ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح

محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور ۷۳۱۴۱۶۹

ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح
محاورات و ضرب الامثال بمعہ ضمیمہ جدید عربی الفاظ

اَلمُنجِد عربی اردو

مؤلف: لویس معلوف

مترجم: مولانا ابو الفضل عبد الحفیظ بلیاوی مدظلہ

تکمیل و نظرثانی: مولانا عبد الصمد صارم الازہری مدظلہ فاضل دارالعلوم دیوبند

خزینہ علم و ادب
الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور
فون: 7211468-7314169

نام کتاب	المنجد عربی اُردو
تصنیف	لویس معلوف
ترجمہ	مولانا ابوالفضل عبدالحفیظ بلیاوی
طابع	نذیر محمد
مطبع	افضل شریف پرنٹرز

ملنے کے پتے

مکتبہ رحمانیہ اقراء سینٹر، غزنی سٹریٹ، اردو بازار، لاہور 7224228 7221395

اسلامی کتب خانہ فضل الٰہی مارکیٹ، چوک اردو بازار، لاہور 7223506 7230718

مکتبۃ العلم ۱۸۔ اردو بازار، لاہور 7211788 7231788

استدعا

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے انسانی طاقت اور بساط کے مطابق کتابت طباعت، تصحیح اور جلد سازی میں پوری پوری احتیاط کی گئی ہے۔
بشری تقاضے سے اگر کوئی غلطی نظر آئے یا صفحات درست نہ ہوں تو ازراہ کرم مطلع فرمادیں۔ ان شاء اللہ ازالہ کیا جائے گا۔ نشاندہی کے لیے ہم بے حد شکر گزار ہوں گے۔

(ادارہ)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرضِ ناشر

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَ کَفٰی وَسَلَامٌ عَلٰی عِبَادِہِ الَّذِیْنَ اصْطَفٰی

امابعد! تقریباً دس سال ہوئے میں مدرسہ مصباح العلوم بریلی میں طلبہ کی خدمت پر مامور تھا کہ بعض بزرگوں اور عزیز طلبہ نے اصرار کے ساتھ خواہش کی کہ ''المنجد'' کے طرز پر ایک لغت کی کتاب ترتیب دی جائے جس میں ترجمہ اُردو میں ہو۔

مولانا بلیاوی کے بھی وہ الفاظ ہیں جنہوں نے ہمیں اس چیز پر آمادہ کیا کہ مولانا کی ''مصباح اللغات'' جو اس سے پہلے ''خزینۂ علم وادب'' شائع کرنے کی سعادت حاصل کر چکا ہے کا موازنہ المنجد سے کیا جائے تا کہ اس چیز کا پتہ چل سکے کہ دونوں کتابوں میں کتنا فرق ہے؟ اس کام کیلئے درسِ نظامی کے ایک طالب علم ''حافظ قاری قاسم صاحب'' کی مدد لی گئی جنہوں نے بے شمار ایسے الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے ''مصباح اللغات'' لکھتے وقت حذف کر دیئے گئے لیکن المنجد کے عربی نسخے میں موجود تھے۔ انہی بھائی نے عربی نسخے شائع کردہ ''دارالمشرق بیروت'' پر نہ صرف یہ کہ ان الفاظ کی نشاندہی کی جو مولانا نے حذف کر دیئے تھے بلکہ ساتھ ساتھ ''مصباح اللغات'' شائع کردہ ''خزینۂ علم وادب'' پر ایسے الفاظ بھی نشان زد کر دیئے جو مولانا نے دیگر لغت کی کتابوں سے لئے تھے اور المنجد میں موجود نہیں تھے انہیں ہم نے حذف کر دیا۔

اس کام پر تقریباً ایک سال کا عرصہ لگ گیا۔ اور ان حصوں کا ترجمہ کروانے کا مرحلہ آیا تو پتہ چلا کہ اکثر حصے جو مولانا نے ''المنجد'' سے حذف کئے تھے وہ یا تو ''سائنسی اصطلاحات'' تھیں یا پھر نباتات و جمادات کے نام اور بہت کم ایسا حصہ پایا گیا جو عام عربی میں مستعمل تھا اور ایسی اصطلاحات کا اُردو میں ترجمہ کرنا فقط عربی زبان سے واقفیت کی بناء پر بے حد مشکل تھا۔

اللہ عزوجل کے بے حد شکر گزار ہیں کہ اسی عرصے میں اللہ عزوجل نے مولانا عبدالصمد صارم الازہری (فاضل دارالعلوم دیوبند) جیسی نابغہ روزگار ہستی سے (اُن کی کتابوں کی پبلشنگ کے سلسلے میں) رابطہ کروا دیا۔ مولانا نے دو چار دفعہ کے انکار کرنے کے بعد المنجد کی تکمیل کے سلسلے میں حامی بھر لی۔ یقین جانئے کہ ۸۰ سال کی لگ بھگ عمر میں مولانا نے جب بھی حافظ صاحب گئے (صبح، دوپہر، شام) مولانا چاہے آرام فرما رہے ہوں یا بیمار ہوں اُنہوں نے کبھی انکار نہیں کیا اور فوراً عربی الفاظ کا ترجمہ لکھوانا شروع کر دیتے۔

اللہ عزوجل مولانا (مرحوم) کو اَجرِ عطا کرے لیکن اس کے ساتھ ہی ہم مولانا کے اہلِ خانہ کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ وہ کبھی بھی ماتھے پہ شکن تک نہیں لاتے تھے کہ اس عمر میں والدِ محترم سے کافی مشقت کا کام لیا جا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ مولانا کے اہل وعیال کو دُنیا و آخرت میں بلند درجے عطا فرمائے بالخصوص اُن کی صاحبزادی پروفیسر عاصمہ فرحت صاحبہ کو کہ اپنی تدریسی مصروفیات کے باوجود مولانا کی کتابوں اور تحقیقی کاموں میں آخر وقت تک اُن کی مددگار رہیں۔

اسکے علاوہ اس کتاب کی تکمیل میں چوہدری خورشید صاحب (سابق کمشنر انکم ٹیکس و انچارج باغ جناح ہارٹی کلچرل سوسائٹی) کے بھی بے حد شکر گزار ہیں کہ اُن سے جب بھی رابطہ کیا گیا انہوں نے پودوں کے اُردو یا انگریزی میں مستعمل نام بتانے میں ہر ممکن راہنمائی فرمائی۔

''خزینۂ علم وادب'' نے اپنے آغاز ۲۵/۱/۱۹۹۵ء سے ہی یہ مصمم ارادہ کر رکھا ہے کہ کتابوں کو اعلیٰ معیار پر شائع کیا جائے گا۔ اس کتاب کو بھی حتی الامکان اغلاط سے مبرا کرنے کی کوشش کی گئی ہے لیکن اگر کسی صاحب علم کو غلطی معلوم ہو تو ادارہ کو ضرور آگاہ کریں۔

المنجد کی تیاری میں جن حضرات نے بھی دامے، درمے، سخنے مدد فرمائی اللہ تعالیٰ انہیں اجرِ عظیم سے نوازے۔

حاجی نذیر محمد ولد سعد اللہ

---

[1] کتاب کی طباعت کے دوران ہی مولانا کی رحلت کی اطلاع ملی۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون)

المنجد کے رموزِ و اِشارات

فا سے مراد	اسم فاعل	مص سے مراد	مصدر	(س) سے مراد	باب سمع یسمع
مفع سے مراد	اسم مفعول	(ض) سے مراد	باب ضرب یضرب	(ک) سے مراد	باب کرم یکرم
ج سے مراد	جمع	(ن) سے مراد	باب نصر ینصر	(ح) سے مراد	باب حسب یحسب
جج سے مراد	جمع الجمع	(ف) سے مراد	باب فتح یفتح		

اگر کسی کلمہ کی تلاش ہو اور وہ مجرد ہو یا اگر مزید ہو تو مجرد بنا کر یا پہلا حرف بدلا ہوا ہو تو اصل کی طرف لوٹا کر پہلے حرف کے باب میں تلاش کرو۔

بعض قیاسی اَحکام

لغت عربی کے متعلم کو فن صرف کے قواعد سے اچھی طرح واقف ہونا چاہیے تا کہ جن قیاسی چیزوں کے ذکر کو چھوڑنے کی عام عادت ہے ان کے استعمال میں غلطی نہ ہونے پائے۔ لیکن پھر بھی بعض قواعد فائدہ کے لئے یہاں لکھ دیئے جاتے ہیں مجرد کو مزید بنا دینے سے حسب ذیل فوائد حاصل ہوتے ہیں:

(۱) تعدیہ: لازم سے متعدی ہونا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کو اضافہ ہونا۔
(۲) تصییر: صاحب ماخذ بنا دینا۔
(۳) تعریض: مفعول کو ماخذ کے محل اور موقع میں لے جانا۔
(۴) وجدان: کسی چیز میں ماخذ کی صفت کا پایا جانا۔
(۵) ابتداء: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا بغیر اس کے کہ وہ فعل ثلاثی مجرد سے آیا ہو اور اگر وہ مادہ مجرد سے آیا ہو تو وہاں وہ معنی نہ ہوں جو ثلاثی مزید میں ہیں۔
(۶) اتخاذ: کسی چیز کو ماخذ بنانا یا ماخذ میں لینا۔
(۷) اشتراک: دو شخصوں کا کسی کام میں شریک ہونا اس طرح کہ ہر ایک فاعل اور مفعول دونوں کی حیثیت رکھتا ہو۔
(۸) اقتضاب: کسی فعل کی ابتداء اسی باب سے ہونا اور ثلاثی مجرد مطلقاً کسی باب سے نہ آنا۔
(۹) الباس ماخذ: کسی چیز کو ماخذ پہنانا۔
(۱۰) بلوغ: ماخذ میں آنا یا ماخذ میں پہنچنا۔
(۱۱) تجنب: ماخذ سے بچنا۔
(۱۲) تحول: کسی چیز کا عین ماخذ ہونا یا مثل ماخذ ہونا۔
(۱۳) تحویل: کسی چیز کو ماخذ یا مثل ماخذ بنا دینا۔
(۱۴) تحلیہ: کسی چیز کو ماخذ سے آراستہ کرنا۔
(۱۵) تخییر: فاعل کا کسی فعل کو اپنی ذات کے لئے کرنا۔
(۱۶) تخییل: فاعل کا اپنی ذات میں ماخذ کا حصول دکھانا یا جتانا جس سے صرف دکھاوا یا بناوٹ مقصود ہو۔
(۱۷) تدریج: کسی فعل کو آہستہ آہستہ کرنا۔
(۱۸) تصرف: ماخذ کے حصول میں کوشش کرنا۔
(۱۹) تعمل: ماخذ کو کام میں لانا یا ماخذ سے کام لینا۔
(۲۰) تکلف: ماخذ میں تصنع یا بناوٹ ظاہر کرنا۔

فائدہ۔ تکلف اور تخییل میں فرق یہ ہے کہ تکلف میں جو تصنع ہے وہ مرغوب فعل ہوتا ہے مگر تخییل میں جس فعل کا ارتکاب ہوتا ہے وہ محض دکھاوا اور جعل ہوتا ہے۔

(۲۱) حسبان: کسی چیز کے متعلق یہ گمان کرنا کہ وہ ماخذ کے معنی سے موصوف ہے۔

فائدہ۔ حسبان اور وجدان میں فرق یہ ہے کہ وجدان میں یقین پایا جاتا ہے اور حسبان میں شک و گمان۔

(۲۲) صیرورت: کسی امر کا ماخذ کے وقت میں واقع ہونا یا اس وقت میں پہنچنا۔
(۲۳) سلب: کسی چیز سے ماخذ کو دور کرنا۔
(۲۴) صیرورت: صاحب ماخذ ہونا۔
(۲۵) طلب: ماخذ کو طلب کرنا چاہنا۔
(۲۶) قصر: اختصار کے لئے کسی کلمہ کا مرکب سے اشتقاق کے طور پر بنانا۔
(۲۷) لزوم و علاج: فعل میں جوارح یعنی اعضاء کے کام کا اثر پایا جانا۔
(۲۹) لیاقت: کسی چیز کا ماخذ کے لائق ہونا۔
(۲۹) مبالغہ: کسی امر کی کیفیت یا اس کی مقدار کی زیادتی کو بیان کرنا۔
(۳۰) مطاوعت: ایک فعل کے دوسرے فعل کو لانا۔ جس سے ظاہر ہو کہ

مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کرلیا۔
(٣١) موافقت: کسی فعل کا ہم معنی ہونا۔
(٣٢) نسبت بماخذ: کسی چیز کا ماخذ سے منسوب ہونا۔
(٣٣) اعطاء ماخذ: ماخذ دینا۔
(٣٤) تشارک: دو چیزوں کا فعل کے صدور میں شریک ہونا۔

باب افعال

(تعریف کے لئے سامنے لکھے ہوئے نمبر کو دیکھو)

(١) ابتداء: جیسے اَشْفَقَ وہ ڈر گیا (مجرد شفق = مہربانی کرنا) (٥)
(٢) بلوغ: جیسے اَعْرَقَ: عراق میں پہنچا (١٠)
(٣) تصییر: جیسے اَشْرَکَ النَّعْلَ = اُس نے تسمہ دار جوتا بنایا۔ (ماخذ شراک بمعنی تسمہ) (٢)
(٤) تعدیہ: جیسے اخرجَ = نکالا۔ (١)
(٥) تعریض: جیسے اَبْعَثَ الحِمارَ = میں گدھے کو بیچنے کی جگہ لے گیا۔ (٣)
(٦) صیئوت: جیسے اَحْصَدَ الزرعُ = کھیتی کے کٹنے کا وقت آگیا۔ (٢٢)
(٧) لیاقت: جیسے اَلامَ الفَرعِ = سردار قابل ملامت ہوا (٢٨)
(٨) سلب: جیسے اَشْکَیْتُہٗ = میں نے اس کی شکایت دُور کی۔ (٢٣)
(٩) صیرورت: جیسے اَلْبَنَ البَقَرُ = گائے دودھ والی ہوگئی۔ (٢٤)
(١٠) مبالغہ: جیسے اَثْمَرَ النخلُ = کھجور کے درخت میں بہت سی کھجوریں لگیں۔ (٢٩)
(١١) نسبت بماخذ: جیسے اَکْفَرْتُہٗ = میں نے اسے کفر سے نسبت دی۔ (٣٢)
(١٢) وجدان: جیسے اَبْخَلْتُہٗ = میں نے اسے بخیل پایا۔ (٣)
(١٣) موافقت مجرد: جیسے اَقَلْتُ البیعَ بمعنی قلتہ یعنی فسختہ (٣١)

باب تفعیل

(١) ابتداء: جیسے کَلَّمَ۔ اس نے کلام کیا (مجرد کلم۔ زخمی کرنا) (٥)
(٢) الباس ماخذ: جیسے جلّل الفرس = اس نے گھوڑے کو جھول پہنائی۔ (٩)
(٣) بلوغ: جیسے خَیَّمَ = وہ خیمہ میں آیا۔ (١٠)
(٤) تحویل: جیسے نَصَّرَ = اس نے نصرانی بنایا۔ (١٣)
(٥) تخلیط: جیسے ذَهَّبَ = اس نے سنہری بنایا۔ (١٤)
(٦) تصییر: جیسے وَتَّرَ القَوْسَ = اس نے کمان کو زہ دار بنایا۔ (٢)
(٧) تعدیہ: جیسے فَرَّحَنِی = اس نے مجھے خوش کیا۔

(٨) سلب: جیسے قَرَّدَ الاِبِلَ اس نے اونٹ سے چیچڑی کو دور کیا۔ (٢٣)
(٩) صیرورت: جیسے نَوَّرَ الشَّجَرُ = درخت شگوفہ دار ہوگیا۔ (٢٤)
(١٠) قصر: جیسے هَلَّلَ اس نے لا الٰہ الا اللہ کہا۔ (٢٦)
(١١) مبالغہ: جیسے جَوَّلَ = وہ بہت گھوما۔ (٢٩)
(١٢) نسبت بماخذ: جیسے فَسَّقَنِی = اس نے مجھے بدکار کہا۔ (٣٢)

باب مفاعلة

(١) اشتراک: جیسے قَاتَلَ زَیْدٌ عمروًا = زید نے عمرو سے مقاتلہ کیا اور عمرو نے زید سے (٧)
(٢) موافقت مجرد: جیسے سَافَرَ: بمعنی سفر۔
موافقت اَفْعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ: بمعنی اَبْعَدْتُہٗ
موافقت فَعَّلَ: جیسے ضَاعَفَ: بمعنی ضَعَّفَ: (٣١)

باب تفعل

(١) ابتداء: جیسے تَکَلَّمَ = اس نے کلام کیا۔ (٥)
(٢) اتخاذ: جیسے تَوَسَّدَ الحَجَرَ = اس نے پتھر کو تکیہ بنایا (٦)
(٣) تجنب: جیسے تَأَثَّمَ = اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔ (١١)
(٤) تحول: جیسے تَنَصَّرَ = وہ نصرانی ہوگیا۔ (١٢)
(٥) تعمل: جیسے تَخَتَّمَ = اس نے انگوٹھی پہنی۔ (١٩)
(٦) تدریج: جیسے تَجَرَّعَ = اس نے گھونٹ کر کے پیا۔ (١٧)
(٧) تکلف: جیسے تَشَجَّعَ = وہ بہادر بنا۔ (٢٠)
(٨) صیرورت: جیسے تموّلَ = وہ مالدار ہوگیا۔ (٢٣)
(٩) مطاوعت فَعَّلَ: جیسے عَلَّمتہ فَتَعَلَّمَ میں نے اسے سکھایا اور وہ سیکھ گیا۔ (٣٠)

باب تفاعل

(١) ابتداء: جیسے تَبَارَکَ اللّٰهُ = اللہ بڑی برکت والا ہے (مجرد برک = اونٹ کا بیٹھنا) (٥)
(٢) تشارک: جیسے تشاتما = دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔ (٣٤)
(٣) تخییل: جیسے تَمَارَضَ = اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا۔ (١٦)
(٤) مطاوعت فاعَلَ: جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ = میں نے اُسے دور کیا وہ دُور ہوگیا۔ (٣٠)

باب انفعال

(١) ابتداء: جیسے اِنْطَلَقَ = وہ گیا۔ (مجرد طلق) (٥)

(۲) لزوم و علاج: جیسے اِنْکَسَرَ = وہ ٹوٹ گیا۔
(۳) مطاوعت فعل: جیسے کَسَرْتُہُ فَانْکَسَرَ = میں نے اسے توڑا وہ ٹوٹ گیا۔
مطاوعت افعل: جیسے اَغْلَقَ الباب فَانْغَلَقَ = اس نے دروازہ بند کیا اور وہ بند ہو گیا۔(۳۰)
فائدہ = باب انفعال ہمیشہ لازم ہوتا ہے متعدی نہیں اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضاءِ ظاہری سے ہو۔

باب افتعال

(۱) اتخاذ: جیسے اِجْتَحَرَ الفارُ = چوہے نے بل بنایا۔(۲)
(۲) تخییر: جیسے اِکْتَالَ الشَّعِیْرَ = اُس نے اپنے لئے جَو ناپے (۱۵)
(۳) تصرف: جیسے اکتسب الفضل = اس نے کوشش کر کے فضیلت حاصل کی۔(۱۸)
(۴) مطاوعت فعل: جیسے غممته فاغتمّ = میں نے اسے غمگین کیا اور وہ غمگین ہوا۔(۳۰)
(۵) طلب: جیسے اِکْتَدَّ فلانًا = اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔ (۲۵)
(۶) موافقت فعل: جیسے اجتذب بمعنی جذب۔
موافقت تفاعل: جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ(۳۱)

باب استفعال

(۱) طلب جیسے استطعمه = میں نے اس سے کھانا طلب کیا۔ (۲۵)
(۲) لیاقت جیسے استرقع الثوب = کپڑا قابل پیوند ہوا۔(۲۸)
(۳) وجدان: جیسے استکرمته = میں نے اس کو کرم سے متصف پایا۔ (۴)
(۴) حسبان: جیسے اِسْتَحْسَنْتُہُ = میں نے اس کو اچھا گمان کیا(۲۱)
(۵) تحول: جیسے اِسْتَحْجَرَ الطین = مٹی پتھر بن گئی(۱۲)
(۶) اتخاذ: جیسے استوطن القری. اس نے دیہاتوں کو وطن بنالیا۔ (۲)
(۷) تکلف: جیسے اِسْتَجْرَأ = اُس نے جرأت دکھلائی۔(۲۰)
(۸) قصر: جیسے اِسْتَرْجَعَ = اس نے اِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّا اِلَیْهِ رَاجِعُوْنَ کہا۔ (۲۶)
(۹) مطاوعت افعل: جیسے اَقَمْتُہُ فَاسْتَقَامَ = میں نے اُسے سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔(۳۰)
(۱۰) موافقت مجرد: جیسے قَرَّ و اِسْتَقَرَّ(۳۱)

موافقت افعل: جیسے اَجَابَ و اِسْتَجَابَ(۳۶)
(۱۱) ابتداء: جیسے اِسْتَعَانَ = زیرِ ناف کے بال کاٹے۔(۵)

باب افعلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِسْوَدَّ اللیلُ = رات بہت تاریک ہو گئی۔(۲۹)
فائدہ: اکثر یہ باب الوان و عیوب کے لئے آتا ہے جیسے اِحْمَرَّ، ابیضّ، اِحْوَلَّ اور ہمیشہ لازم ہوتا ہے۔

باب اِفْعِیْعَال

(۱) مبالغہ: جیسے اِخْشَوْشَبَ = بہت کھردرا ہو گیا۔(۲۹)
(۲) موافقت مجرد: جیسے اِحْلَوْلَى الثَّمَرُ بمعنی حَلا(۳۱)

باب اِفْعِوَّال

(۲) مبالغہ: جیسے اِجْلَوَّذَ = وہ بہت تیز دوڑا۔(۲۹)

باب افعیلال

(۱) مبالغہ: جیسے اِحْمَارَّ بہت سرخ ہوا۔(۲۹)
یہ باب الوان و عیوب کے لئے مخصوص ہے۔

باب تفعلل

(۱) مطاوعت: جیسے دَحْرَجْتُہُ فَتَدَحْرَجَ میں نے اسے لڑھکا دیا وہ لڑھک گیا۔(۳۰)
علماءِ صَرف کے نزدیک ان کے علاوہ اور بھی فوائد ہیں جن کو تطویل کے خوف سے نظر انداز کر دیا گیا۔
اور ان ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے بنالیا جائے بلکہ اس کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ دس ہیں' (۱) مصدر' (۲) اسم مرۃ' (۳) اسم نوع' (۴) ظرف مکان و ظرف زمان' (۵) اسم آلہ' (۶) اسم فاعل' (۷) اسم مفعول' (۸) صفت مشبہ' (۹) اسم تفضیل' (۱۰) مبالغہ۔
ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں ان کے بہت سے اوزان ہیں اور ان کا مدار سماع پر ہے لیکن یوں ضبط میں لایا جا سکتا ہے کہ عموماً:
(۱) جو پیشہ کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعالة ہے جیسے زراعة' تجارة' حیاکة۔
(۲) جو امتناع کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فِعال ہے۔ جیسے آباء' شراد' جماع۔

(۳) جو اضطراب کے معنی پر دلالت کرتے ہوں ان کا وزن فَعَلَان ہے جیسے غَلَیَان' جَوَلَان' خفقان.

(۴) جن کی دلالت امراض پر ہو ان کا وزن فعال ہے جیسے صُداع' زکام' دوار.

(۵) جن کی دلالت سیر پر ہو ان کا وزن فَعَال اور فَعِیل ہے جیسے رَحِیل' و ذمیل

(۶) جن کی دلالت آواز پر ہو ان کا وزن فُعَال اور فَعِیل ہے جیسے صُراخ' خُوار' زَئِیر' نَئِیم۔

(۷) جن کا مدلول رنگ ہو ان کا وزن فُعْلَة ہے جیسے حُمْرَةٌ' زُرْقَةٌ' خُضْرَة.

اور اگر ان معانی پر دلالت نہ ہو تو عموماً

(۱) فعل کا مصدر فُعُولَة اور فَعَالة کے وزن پر آتا ہے جیسے سُهُولَةٌ' نَبَاهَةٌ' فَصَاحَةٌ.

(۲) فعل لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر ہے جیسے فَرَحٌ' عَطَشٌ' بَلَجٌ.

(۳) فعل لازمی کے مصدر فُعُولٌ کے وزن پر جیسے قُعُودٌ' خُرُوْجٌ' نُهُوضٌ.

(۴) فِعِلَ اور فَعَل کے وزن پر جیسے فَهْم' نَصْر.

غیر ثلاثی کے مصادر

ثلاثی کے علاوہ سارے مصادر قیاسی ہیں۔ فعل کا مصدر تفعیل ہے جیسے قَبَّلَ تَقبِیلاً اور تَفعِلَة کے وزن پر بھی آتا ہے کرّم جیسے وَسَّعَ توسعةً قَدَّمَ تقدمة اگر مہموز اللام ہو تو تفعله کا وزن زیادہ اور تفعیل کا کم آتا ہے جیسے نَبَّأ تَنبِئَة وطَّأ توطِئَة' هنّأ تهنئة اور اگر ناقص ہو تو صرف تفعلہ ہی کا وزن آتا ہے۔ جیسے حلّی تحلیه' زکی تزکیة اور اگر اجوف ہو تو صرف تفعیل کا وزن آتا ہے جیسے قوّمَ' تقویمًا' سَوَّدَ تسویدا.

فاعَل کا مصدر فعال و مفاعَلة ہے جیسے قَاتَلَ قِتَالاً و مُقَاتَلَةً ہے لیکن جن مواد میں فاء کلمہ یاء ہو وہاں مُفَاعَلَة کا وزن متعین ہے جیسے یَاسَرَ مُیَاسَرَةً' یَامَنَ مُیَامَنَةً اور یاوَمَ مُیَاوَمَةً و یوامًا شاذ ہے۔

اَفعَل کا مصدر اِفعَالٌ ہے جیسے اَکْرَمَ اِکْرَاماً اور اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں' دو الف کے جمع ہونے کی وجہ سے ایک کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے امات' امانة' اغاث اغاثة' اشار اشارة

تَفَعَّل کا مصدر تَفَعُّلٌ اور تَفَاعَل کا تَفَاعُلٌ ہے لیکن ان دونوں میں جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَانّی' تَانِیًا' تغاضی تَغَاضِیًا.

اِفْتَعَلَ کا مصدر اِفْتِعَالٌ' اِنْفَعَلَ کا اِنْفِعَالٌ' اِفْعَوْعَلَ کا اِفعِیعال اور اِفْعَلَّ کا اِفعِلال ہے جیسے اشترک اشتراکًا. انطلق اِنطِلَاقًا' اِحلَوْذَبَ اِحلِیذابًا اور اِسْوَدّ اِسْوِدَادًا

اِستَفْعَلَ کا مصدر اِستِفعَال ہے لیکن عین کلمہ حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً

فَعْلَلَ کا مصدر فَعْلَلَةٌ اور فِعْلَالٌ ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَةً وَدِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَةً اور وَسْوَاسًا

تَفَعْلَلَ کا تَفَعْلُلٌ۔ اِفْعَنْلَلَ کا اِفْعِنْلَالٌ اِفْعَلَلَّ کا اِفْعِلَّال جیسے تدحرج تدحرجًا. احرنجم احرنجامًا. اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرَارًا

فعل مجہول کے لئے مصدر کا کوئی خاص وزن مقرر نہیں۔ فعل معروف کا مصدر ہی اس کا کام بھی دیتے ہیں جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا جیسا کہ کہا جاتا ہے۔ ضَرَبَ ضَرْبًا

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مفعل کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنظَر' مَضرَب' مرمی اس قاعدہ سے سات الفاظ مَجِیئٌ' مَرجِعٌ' مَسِیرٌ' مَصِیرٌ' مَشِیبٌ' مَرفِقٌ' مَقِیلٌ مستثنیٰ ہیں۔

مثال واوی سے مَفعِل کے وزن پر خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مَورِدٌ' مَوعِدٌ' مَوجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگا کر جیسے مُنحَدَر' مصطبَر' مزدحم.

اسم مرۃ واسم نوع

اسم مرۃ وہ مصدر ہے جو ایک مرتبہ فعل کے واقع ہونے کو ظاہر کرے اور اسم نوع وہ ہے جو فعل کی ہیئت اور نوع کو بتلائے۔ ثلاثی مجرد سے اسم مرۃ کا وزن فَعلَة کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبتُ ضَربَةً جَلَستُ جَلسَةً

ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے جس باب کا اسم مرۃ بنانا مقصود ہو اسی باب کے مصدر کے وزن پر تاء کی زیادتی کے ساتھ لاتے ہیں جیسے اَلتَفَتُّ اِلتِفَاتَةً الطلقت انطلاقة اور اگر غیر ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں تاء ہو تو اسم مرۃ لانے کی صورت میں کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جس سے وحدت ظاہر ہو جیسے ضربته ضربة واحدة' قاتلته

مقاتلة لا غیر وما التفت الیه الا التفاتة واجبة اجابة فقط۔
اسم نوع کا وزن ثلاثی مجرد سے فِعْلَةٌ کے وزن پر جیسے وقف وقفة الاسد و مشی مِشْيَةَ المُختال۔
ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرۃ کے وزن پر جیسے حَسَنُ الانطلاقة قبیح المعاشرة۔

ظرفِ مکان وظرفِ زمان

ظرفِ مکان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کی جگہ کو بتلائے اور ظرفِ زمان وہ ہے جو فعل کے واقع ہونے کے زمانہ کو ظاہر کرے۔
ثلاثی مجرد سے ظرف خواہ زمانی ہو یا مکانی مَفْعَل کے وزن پر آتا ہے جبکہ مضارع کا عین مضموم ہو یا مفتوح جیسے مَنْصَر' مَفْتَح' مَسْمَع اور اگر مضارع کا عین مکسور ہو تو مَفْعِل کے وزن پر جیسے مَجْلِس' مَنْزِل۔
اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنٰی ہیں' ان سب کا وزن مفعِل ہے باوجودیکہ ان کے مضارع کا عین مضموم ہے مَسْجِدٌ' مَشْرِق' مَغْرِب' مَطْلِع' مَجزِرٌ' مَرْفِق' مَفْرِق' مَسْكِنٌ' مَنْسِك' مَنْبِتٌ' مَسِقْط۔
مثال سے ظرفِ زمان ومکان ہمیشہ مَفْعِل کے وزن پر اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَل کے وزن پر جیسے مَوعِد' مَوجِل' مَطوِی' مَومٰی۔
اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مصدر میمی کی مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَل۔ اَخْرَجَ سے مُخْرَج۔ اَخْدَعَ سے مُخْدَع
کسی جگہ میں کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرنے کے لئے مفعلة کا وزن مقرر ہے' جیسے مقبرہ جہاں قبریں زیادہ ہوں۔ مابلہ = جہاں اونٹ زیادہ ہوں۔ مفعاة = جہاں سانپ زیادہ ہوں۔ مسبعة = جہاں درندے زیادہ ہوں۔ کہا گیا ہے کہ یہ وزن ثلاثی مجرد و مزید سے قیاسی ہے اور بعض کا قول ہے کہ کثرت سے آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسمِ آلہ

کام کرنے کے آلے اور اوزار کا نام اسمِ آلہ ہے یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے اس کے تین وزن ہیں۔ مِفْعَل جیسے مِبْرَد۔ مِفْعَالٌ جیسے مِفتاح۔ مِفْعَلَةٌ جیسے مِكْنَسَةٌ اور یہ اوزان بھی قیاسی نہیں۔
مُنْخُلٌ' مُدهُن' مكحلة' مدق' مُسعط' مَنَارَةٌ' مُشط وغیرہ الفاظ اسماء جامدہ کے مانند ہیں۔ ان کا فعل اسے اشتقاق نہیں اور اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں۔ بہت سے مختلف اوزان پر آتے ہیں جیسے قَدُوْم' سِكِّين' فاس وغیرہ۔

اسم فاعل واسم مفعول

اسم فاعل وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس سے فعل واقع ہو ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ' قَاتِلٌ' نَاصِرٌ۔
ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے سے بنتا ہے اور ما قبل آخر مکسور ہوتا ہے جیسے مُجْتَنِبٌ' مُسْتَخْرِجٌ' مُصَرِّف۔
اسم مفعول وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس پر فعل واقع ہو اور ثلاثی مجرد سے مفعول کے وزن پر آتا ہے جیسے مَنْصُوْرٌ' مَضْرُوْبٌ' مَفْتُوْحٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر علامت مضارع کے بجائے میم مضموم لگانے اور ما قبل آخر کو مفتوح کر دینے سے بنتا ہے جیسے مُقْبَلٌ. مُكْرَمٌ. مُدَحْرَج
تنبیہ (۱) قیاس کا تقاضا ہے کہ اسم فاعل اور اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو خواہ مجرد ہو خواہ مزید۔ لیکن کچھ الفاظ بطور شذوذ کے دوسرے سے مشتق ہیں۔ مثلاً اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ. اَمْلَحَ سے مَالِحٌ. ایفَعَ سے یَافِعٌ. اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ. اَحَبَّهُ سے مَحْبُوْبٌ. اَجَنَّهُ سے مَجْنُوْنٌ. حَمَّهُ سے مَحْمُوْمٌ. اَزْكَمَهُ سے مَزْكُوْمٌ. اَسَلَّهُ سے مَسْلُوْلٌ.
(۲) اسم مفعول بمصدر میمی ظرف زمان و مکان ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے سب ایک ہی وزن پر آتے ہیں۔ امتیاز قرائن کی بناء پر ہوتی ہے۔

صفت مُشبہ

صفت مُشبہ وہ ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس میں صفت بطور ثبوت کے ہو۔ ثلاثی سے اس کے اوزان سماعی ہیں مثلاً حَسَنٌ' كَرِيْمٌ' لَيِّنٌ' سَهلٌ' صَعْبٌ' لقيان' غضبان' كسول' عطشٰی' روف اگر مادہ کی دلالت لون یا عیب یا حلیہ پر ہو تو اس کے لئے وزن افعل کا ہے جیسے اَسْوَدُ' اعرج' ابلَجُ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے اور صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتا ہے جیسے مطمئن. مستقیم.

اسم تفضیل

اسم تفضیل وہ ہے جو بہ نسبت دوسرے کے موصوف کی صفت کی زیادتی پر دلالت کرے اس کو افعل التفضیل بھی کہتے ہیں۔ مذکر کا وزن افعل کا اور مؤنث کا وزن۔ فعلٰی کا مقرر ہے اور صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے اور وہ مادے جو رنگ' عیب یا حلیہ پر دلالت کرتے

ہوں ان سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔ وہ ابواب یا وہ مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ افعل کے وزن پر نہیں آسکتا ان سے اسم تفضیل کے معنی کو ظاہر کرنا ہو تو اس کے لئے قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اشد یا اکثر یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں اشد سواداً. اشد استخراجا

اسم تفضیل کا صیغہ معروف سے اور ثلاثی مجرد سے بنا کرتا ہے لیکن بعض الفاظ بطور شذوذ کے مجہول اور ابواب غیر ثلاثی سے آتے ہیں مثلاً "العود احمد" میں احمد' حُمِدَ سے اور" حاتم اعطی من عمرو"میں اعطی سے اور" هذا اسفر اَخْصَرُ مِن ذَاکَ" میں اَخْصَرُ' اِخْتَصَرَ سے ماخوذ ہے اور کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے جیسے " مـابـا لـبـادية انوا منه" میں انوا' نوء سے ماخوذ ہے جس کے معنی پختہ تر کے ہیں۔

خیر و شر اصل میں اَخْیَـر اور اَشَـرّ تھے۔ کثرتِ استعمال کی بنا پر دونوں سے ہمزے ساقط ہو گئے کبھی اصل کے لحاظ سے مع ہمزہ کے بھی آتے ہیں۔

اوازنِ مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو موصوف کی زیادتی صفت پر دلالت کرے ان کے مشہور وزن یہ ہیں

فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ. نَصَّار. فَعَّالَةٌ جیسے عَلَّامَةٌ وَفهامة. فِعيل جیسے صِدِّيق وسكير. مفعيل جیسے مِسْكِيْنٌ وَ مِعْطِيْرٌ. مِفْعَالٌ جیسے مکبسال و مقدام. فعلة جیسے ضحكة و ضُجْعَةٌ. فَعِلٌ جیسے شَرِهٌ وَ حَذِرٌ. فَعِيْلٌ جیسے رَحِيْمٌ وَ عَظِيْمٌ. فَعُوْلٌ جیسے كَـذُوبٌ. وَدُوْدٌ. فَـاعِلَةٌ جیسے زَاوِيَةٌ. فُعَلٌ جیسے غُفَلٌ. فَعُولَةٌ جیسے فَـرُوْقَةٌ. مَفْعَلٌ جیسے مِـخْـرَبٌ. فَاعُوْلٌ جیسے فَـارُوْقٌ. فُـعَّالٌ جیسے كُبَّارٌ...... مبالغہ اوزان سماعی ہیں اور صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں لیکن دَرَّاکٌ' اَدْرَکَ سے۔ مـعـطـاء اعطی سے۔ مهوان اهان سے مِحْسَانٌ احسن سے۔ مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے مِمْلَاقٌ. اَمْلَقَ سے مِخْلَافٌ اَخْلَفَ سے اور سَمِيْعٌ اَسْمَعَ سے۔ نَذِيْرٌ اَنْذَرَ سے۔ زَهُوْقٌ. اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

تنبیہ

(۱) بعض الفاظ مبالغہ میں تا تانیث کے لئے نہیں بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے ہے جیسے علامہ' فہامة

(۲) فعیل اگر فاعل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا۔ خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو جیسے " رجـــل نـصـيـر' امـراة نصيرة". جاء نصير و نصيرة".

(۳) فعیل اگر مفعول کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہوگی جیسے " زيـد قـتـيل. و انت المراة جريحا اور بغیر موصوف کے فرق کیا جائے گا جیسے جاء حبيب و حبيبة.

(۴) فعول اگر فاعل کے معنی میں ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث دونوں میں ایک ہی جیسے یحییٰ البتول' مریم البتول اور موصوف نہ ہو تو فرق کیا جائے گا۔ جیسے جاء بتول و بتولة اور اگر مفعول کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق کیا جائے گا خواہ موصوف ہو یا نہ ہو جیسے "هذا رسول و تلک رسولة. و جاء رسل و رسولة.

مذکر و مؤنث

اسم مذکر میں کسی علامت کی ضرورت نہیں۔ مؤنث کی تین علامتیں ہیں۔ تاء جیسے ظلمة' قوة' نعمة' قدرة الف مقصورہ جیسے علوی' فضلی' کُبری' عُظمیٰ الف ممدودہ جیسے حمراء' سوداء' بیضاء' زرقاء.

یہ تینوں علامتیں اسم کے آخر میں زائد ہوتی ہیں ہر وہ اسم جس کے آخر میں ان تینوں علامتوں میں سے کوئی ایک ہو وہ مؤنث ہے لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں مذکر ہی رہتے ہیں اگر چہ ان کے آخر میں ان علامات میں سے کوئی علامت ہو جیسے طلحة' نخلة' ارطی وغیرہ۔

مؤنث کی دو قسمیں ہیں مؤنث لفظی' مؤنث معنوی' مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث پائی جائے جیسا کہ اوپر کی مثالوں سے ظاہر ہے۔

مؤنث معنوی وہ ہے کہ جس میں کوئی علامت تانیث نہ ہو اور اسے اہل زبان مؤنث مانتے ہوں۔

وہ سارے اسماء جو مؤنث کے اعلام ہوں جیسے مریم زینب وغیرہ یا وہ اسماء جو طبقہ اناث کے ساتھ مختص ہوں جیسے اُخت' اُم وغیرہ یا وہ سارے اسماء جو شہر اور قبیلہ کے نام ہوں جیسے شام' مصر' قریش وغیرہ۔ یا اعضاءِ انسانی میں سے تمام وہ اعضاء جو دو دو ہوں سب مؤنث معنوی ہیں لیکن اخیر کا حکم اکثری ہے اس لئے کہ صدغ' مرفق' حاجب' خد مؤنث نہیں۔

ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ مؤنث ہیں جن کو ائمہ لغت نے جمع کیا ہے۔ (مولانا ذوالفقار احمد صاحب بھوپالی مرحوم و مغفور کی کتاب المتـكـر فی ما يتعلق بالمؤنث والمذكر اس سلسلہ میں بہت جامع کتاب ہے) یہاں پر سارے کا استقصاء تو بہت دشوار ہے مشہور اسماء درج ذیل ہیں

اتان' اذن' ارض' ارنب' اروی' است' اصبع' افعی' الفی' بئر' باع' بنصر' بطلب' جحیم' جهنم' حرب' خنصر' دار' دبر' ذراع' رجل' رحی' ريح' سعير' سقر' سن' ساق' شمس' شمال' ضبع' عروض' عصا' عقب' عين' غول' فاس' فخذ' فلک' قدم' قدوم'

قوس، کاس، کتف، کرش، کف، نار، نعل، ناب، ورک، ید، یمین، ینبوع.

ہوا کے لئے جو اسماء ہیں (مثلاً صبا، قبول، جنوب، دبور، شمال، ہیف، حرور، سموم، صرصر، نکباء) وہ بھی مؤنث سماعی ہیں، ابن الانباری فرماتے ہیں الریح مؤنثة لاعلامة فیها وکذلک سائر اسمائها الاالاعصار فانه مذکر.

ان کے علاوہ کچھ اسماء ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں جائز ہیں ان میں سے مشہور یہ ہیں ابط، ابہام، ازار، بلد، جراد، حال، حانوت، خمر، درع، دلو، روح، زقاق، سبیل، سری، سراویل، سلاح، سکین، سلم، سلم، ساء، سوق، صاع، ضحی، طرس، طریق، عجز، عضد، عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فہر، قدر، قفا، قمیص، کبد، لسان، مسک، ملح، منجنیق، موسی، نفس، وراء.

انہی کے ساتھ حروف تہجی کے اسماء بھی لاحق ہیں۔

مثنی

مثنی وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے۔

کسی اسم کو مثنی بنانا ہو تو اس کے آخر میں حالت رفعی میں الف اور حالت نصبی وجری میں یاء ماقبل مفتوح اور دونوں حالتوں میں نون مکسور لائیں گے۔ جیسے "جاء الرجلان". رایت الرجلین و مررت بالرجلین.

اگر کوئی علم مرکب اضافی ہو تو جزء اول یعنی مضاف کو مثنی لائیں گے جیسے "عبدالاحد، عبدالرحمٰن"

اور اگر مرکب بنائی یا مرکب اسنادی ہو تو اپنی حالت پر رہیں گے اور ان سے پہلے مذکر میں ذوا اور مؤنث میں ذواتا لائیں گے۔ جیسے ذوا معدی کرب، ذواتا بعلبک.

اسم منقوص (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی) میں اگر یاء حذف ہوگئی ہو تو تثنیہ کی حالت میں پھر لوٹ آئے گی جیسے رام رامیان، داع داعیان.

اسم مقصور (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا۔ رحی) میں اگر الف تیسری جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی حالت میں تو اصل کی طرف لوٹ جائے گا جیسے عصاء سے عصوان. فتی سے فتیان.

اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے ذکریان، قہقرآن، خوزلان شاذ ہیں، قیاس کا تقاضا تھا کہ قہقریان، خوزلیان ہوتے۔

اسم ممدود (یعنی وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صفراء خضراء) میں الف اگر تانیث کے لئے ہو تو ہمزہ کو واؤ سے بدل لیں گے جیسے خضراء سے خضراوان بشرطیکہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو اور اگر ہو تو ہمزہ کا باقی رکھنا ضروری ہے تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسے عشواء سے عشواءان

اور اگر ہمزہ اصلی ہو تو اس وقت بھی باقی رکھنا ضروری ہے جیسے لالاء سے لالاءان. قُرّاء سے قُرّاءان

اور اگر ہمزہ نہ تو اصلی ہو اور نہ تانیث کے لئے تو دونوں صورتیں جائز ہیں، ہمزہ کو واؤ سے بدلنا بھی اور باقی رکھنا بھی جیسے سماء سے سماءان اور سماوان

ایسے اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بنانے میں لام کلمہ واپس آئے گا جیسے "اب" کہ اصل میں ابو تھا تثنیہ کی حالت میں ابوان ہوگا ایسے ہی اخ سے اخوان، حم سے حموان، غد سے غدوان لیکن فم اور ید میں واپس نہیں آئے گا۔ فمان اور یدان ہی کہا جائے گا۔

اور ایسے اسماء جن کے محذوف کے عوض میں کچھ ہو تو تثنیہ اپنی حالت پر بنایا جائے گا مثلاً سنة، ابن، اسم ہیں سنتان، ابنان، اسمان کہیں گے۔ کچھ ایسے اسماء ہیں جن کا تثنیہ نہیں آتا۔ مثلاً بعض، اجمع، جمعا، کل اور عریب، دیار، اور اسماء عدد اور اسم تفضیل جس کا استعمال مِن سے ہو جیسے الیدان الافضل من الرجلین

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں جمع سالم اور جمع مکسر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی رہے زیادتی جو کچھ ہو وہ آخر میں اور جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے جمع سالم کی دو قسمیں ہیں جمع مذکر سالم، جمع مؤنث سالم۔

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے جس میں کلمہ کے آخر میں حالت رفعی میں واو ماقبل مضموم اور حالت نصبی وجری میں یاء ماقبل مکسور اور ان دونوں کے بعد نون ہو جیسے "جاء مسلمون رایت مسلمین و مررت بمسلمین"

اس وزن پر جمع بنانے کے لئے شرط یہ ہے کہ اگر اسم محض ہو صفت کے معنی ملحوظ نہ ہوں تو تاء تانیث سے خالی ہو اور مرکب نہ ہو۔ اس لئے طلحہ باوجودیکہ مذکر کا علم ہے مگر واؤ نون سے جمع نہیں آئے گا اسی طرح معدیکرب اور بعلبک وغیرہ میں یہ وزن نہیں آئے گا، بلکہ جمع بنانا ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر اس کلمہ کی طرف اضافت کریں گے مثلاً ذوو معدی کرب،

ذ و و بعلبک ۔

اور اگر صفت ہو تو شرط یہ ہے کہ مذکر ہو' ذوی العقول میں سے ہو اور افعل فعلاء یا فعلان فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسا اسم بھی نہ ہو جس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہوں جیسے جریح و صبور اور ایسا بھی نہ ہو کہ تاء تانیث سے التباس کا خوف ہو جیسے علامۃ کچھ ایسے اسماء ہیں کہ ان میں شرطیں نہیں پائی جاتیں مگر جمع مذکر سالم کے وزن پر ان کی جمع آتی ہے۔ مثلاً ارضون' عالمون' عِلِّیُّوْنَ' اھلون' بنون' سنون اور اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا ہو اور اس کے عوض میں تاء لایا گیا ہو اس کی جمع بھی واؤ نون سے آتی ہے جیسے عضون' سنون' مئون۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے کہ جس کے آخر میں الف و تاء کی زیادتی ہو جیسے ثمرات و شجرات۔ اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بناتے ہوئے اس کو حذف کر دیتے ہیں جیسے طالبۃ سے طالبات' مسلمۃ سے مسلمات۔

اس وزن پر مندرجہ ذیل اسماء کی جمع آتی ہے۔

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات' شجرۃ سے شجرات' امراۃ' شاۃ' قلۃ' اَمَۃٌ' مِلّۃٌ' شفۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات مریم سے مریمات

(۳) ہر وہ اسم جو مصدر ہو اور تین حرف سے زائد ہو جیسے تعریفات اختیارات' امتیازات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث مقصورہ یا ممدودہ ہو۔ جیسے صحراء سے صحراوات' حُمّی سے حمیات۔

اور ان اسماء مقصورہ یا ممدودہ میں الف کی تبدیلی یا بقا کے متعلق وہی صورتیں اختیار کی جائیں گی جن کا ذکر مثنیٰ میں ہو چکا ہے۔ اسماء مذکورہ بالا کے علاوہ میں اس وزن پر جمع کا آنا سماعی ہے' جیسے سماوات' ارضات' سجلات' حمامات' سرادقات' شمالات' امہات' سرادیقات وغیرہ۔

الفاظ اعجمیہ میں سے بعض کی جمع اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغرافات اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اساکل' فناصل' بطارکۃ' کراولۃ

تنبیہ: اگر کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح ہو اور فَعْل اور فَعْلَۃٌ کے وزن پر ہو تو جمع بناتے ہوئے عین کلمہ کو فتح دینا ضروری ہے۔ جیسے تمرۃ تمرات۔ رحْمَۃ رَحَمات۔

اور اگر فِعْل یا فُعْل کے وزن پر ہو تو فتح دینا ساکن رکھنا اور فاء کلمہ کی حرکت جیسی حرکت دینا بھی جائز ہے جیسے کِسْرَۃٌ سے کِسَرات' کِسْرات' کِسِرات' خُطْوۃٌ سے خُطَوات' خُطْوات' خُطُوات۔

اور اگر کلمہ اجوف ہو تو عین کلمہ جمع میں ہمیشہ ساکن رہے گا خواہ فا کی حرکت کیسی ہی ہو جیسے جَوْزۃٌ سے جَوْزات' بیعۃ سے بیعات۔

اور اگر ناقص ہو تو اس کا حکم وہی ہے جو صحیح کا ہے جیسے رمیۃ سے رَمَیات اور رُقْوۃ سے رُقَوات' رُقْوات۔ لیکن اگر فا کلمہ مکسور اور لام کلمہ واوی ہو تو صرف فتحہ دینا اور ساکن رکھنا جائز ہے اور ہم شکل فا بنانا جائز نہیں جروات شاذ ہے۔ اسی طرح اگر فا مضموم ہو اور لام یائی ہو تو بھی دونوں صورتیں ہوں گی اتباع جائز نہیں۔

اور اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے وقت فک ادغام نہیں ہو گا۔ جیسے ضمۃ سے ضمات۔ عزۃ سے عزات

جمع مکسر

اوپر بتلایا جا چکا ہے کہ جمع مکسر وہ ہے جس میں واحد کا وزن اپنی حالت پر باقی نہ رہے کچھ نہ کچھ تغیر ہو جائے۔ اس تغیر کی تین صورتیں ہیں کبھی تو زیادتی سے جیسے رَجُل سے رجال۔ کبھی حذف سے جیسے رسول سے رُسُل۔ کتاب سے کتب اور کبھی محض حرکت کی تبدیلی سے جیسے اَسَد سے اُسُد۔ بَعْث سے بُعُث۔

جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں جمع قلت' جمع کثرت۔

جمع قلۃ وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہوتی ہے اس کے چار وزن ہیں

اَفعال جیسے طِفلٌ سے اَطفالٌ۔ اَفْعُلٌ جیسے نہر سے انھر۔ اَفْعِلَۃٌ جیسے رغیف سے اَرْغِفَۃٌ۔ فِعْلَۃٌ سے فعلۃ جیسے فتی سے فتیۃ

افعال کی دوبارہ جمع افاعیل کے وزن پر ہے جیسے انعام کی جمع اناعیم اور افعل کی جمع افاعل کے وزن پر جیسے اکلب کی جمع اکالب آتی ہے اس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اور اس سے مراد تمام وہ اوزان ہیں جن میں الف جمع کے بعد دو حرف متحرک' یا تین حرف ہوں اور درمیان میں یاء ساکن ہو جیسے مساجد' منابر' اناعیم' قنادیل

(تنبیہ) جمع قلت پر الف لام استغراق داخل ہو اور یا ایسی چیز کی طرف اضافت ہو جس کی دلالت کثرت پر ہو تو کثرت کا فائدہ دیتی ہے جیسے ایھا الشُّیُوْخُ لَا تکُوْنُوا کالفِتیۃ. احفظوا انفُسَکُم.

جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الی غیر النہایۃ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔ اس کے اوزان بہت ہیں' صرف چند قیاسی ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ جمع سالم کی دونوں قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلۃ کا فائدہ دیتی ہیں اور بعض کے نزدیک مطلق جمع کا بغیر قلت و کثرت کا لحاظ کئے ہوئے جس کا مآل یہ ہے کہ قلت و کثرت دونوں کا فائدہ دیتی ہیں۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل فُعْلَة کی جمع جیسے غُلْبَۃٌ کی جمع غُلَب۔ صورت کی جمع صور صُوْرَة کی جمع صُوَر۔

(۲) فِعَل فِعْلَة کی جمع جیسے قِطعة کی جمع قِطَع۔ لیکن فِعلہ کی جمع بھی فُعَل بھی آتی ہے جیسے حلیة کی جمع حلی۔ لحیة کی جمع لحی۔

(۳) فعالل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بلبل کی جمع بلابل حدس کی جمع حنادس اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سفرجل کی جمع سفارج اور خندریس کی جمع خدارس۔

(۴) فواعل ہر ثلاثی کی جمع جس کے فاکلمہ کے بعد واؤ یا الف کی زیادتی ہو جیسے جوہر کی جمع جواہر۔ خاتم کی جمع خواتم۔

(۵) فعائل مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صحیفہ کی جمع صحائف، رسالہ کی جمع رسائل۔

(۶) افاعل افعل (بتثلیث الہمزہ) کی جمع افاعل۔ اِصبع کی جمع جیسے اصابع اُنملة کی جمع اَنَامِل، اجدل کی جمع اجادل

(۷) افاعیل افعول اور افعولة کی جمع جیسے اسلوب کی جمع اسالیب اجوزة کی جمع اراجیز۔

(۸) فعالیل ہر اس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قرطاس کی جمع قراطیس۔ عصفور کی جمع عصافیر۔

(۹) مَفَاعِل مَفْعَل اور مَفعَلة کی جمع جیسے مبضع کی جمع مباضع۔ مکنسة کی جمع مکانس

(۱۰) مفاعیل مَفاعیل اور مَفعیل مَفْعُول کی جمع مفتاح کی جمع مفاتیح۔ مسکین کی جمع مساکین، مقدور کی جمع مقادیر۔

اسم جمع وشبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جس سے جمع کے معنی ظاہر ہوں اور اس کے لئے اسی مادہ سے مفرد نہ ہو جیسے خیل، قوم، رہط، جیش۔

شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی کو ظاہر کرے اور واحد جمع میں تا کی وجہ سے امتیاز ہو مثلاً: ورق کہ اس کا مفرد ورقة ہے ثمر کہ اس کا واحد ثمرة ہے اور اسی قبیل سے ہے وہ کہ واحد اور جمع میں یا نسبتی کی وجہ سے فرق ہو جیسے الرومی۔ رومیوں میں کا ایک۔ المجوسی۔ مجوسیوں میں سے ایک۔ لیکن اس کا لحاظ رہے کہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے۔

ہر اسم جمع اور شبہ جمع کی مفردات کے طرز پر آتی ہے جیسے قوم کی جمع اقوام رفقة کی جمع رفق، نجم کی جمع نجم اور روم کی جمع اروام۔

صفت

صفت ہر وہ اسم ہے جو ایسی ذات پر دلالت کرے جس کے ساتھ کوئی وصف ہو اس کی پانچ قسمیں ہیں۔ (۱) اسم فاعل (۲) اسم مفعول (۳) صفت مشبہ (۴) اسم تفضیل (۵) اوزان مبالغہ۔

صفت کی تانیث

صیغہ صفت کو اگر مؤنث بنانا ہو تو آخر میں تا لگا دو جیسے صادق صادقة، عالم عالمة۔ لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر یا اسم تفضیل ہو اس کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا فعلان کے وزن پر ہو اس کے لئے مؤنث فعلی کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی سکران سے سکری، ظمان سے ظمای لیکن بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی تانیث تاء کے ساتھ آتی ہے اور وہ یہ ہیں الیان، حبلان، خمصان، سخنان، صوجان، ضوجان، قشوان، مصان، ندمان، نصران اور بعض کلمات کی تانیث فعلی کے وزن پر بھی اور تاء کے ساتھ بھی آتی ہے جیسے عطشان سے عطشی اور عطشانة، غضبان سے غضبی اور غضبانة

(۲) صفت کا صیغہ جو افعل کے وزن پر ہو اس کی تانیث فعلاء کے وزن پر ہو جیسے ابیض سے بیضاء، اسمر سے سمراء۔

(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فعلی ہے جیسے اکرم سے کرمی، اصغر سے صغری لیکن اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واؤ کو یاء سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے احلی سے حلیاء۔ ادنی سے دنیا۔

کچھ صفات کے صیغے ایسے ہیں جن میں تذکیر و تانیث برابر ہے اور وہ یہ ہیں

(۱) فَعَّالَةٌ جیسے رَجُلٌ فَهَّامَةٌ، اِمْرَأَةٌ فَهَّامَةٌ

(۲) مِفعَالٌ جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ، امراة مِفْضَالٌ اور میقانة شاذ ہے۔

(۳) مِفعِیل جیسے رجل معطیر، امراة مِعْطِیْر اور مسکینہ شاذ ہے۔

(۴) مِفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ، اِمْرَأَةٌ مِغْشَمٌ۔

(۵) فُعَلَة اور فُعْلَة جیسے رجل ضُحَكَةٌ امراة ضحكة اور اگر عین کو فتح دے دیا جائے تو فاعلیت کے معنی ہوں گے جیسے ضحکة = بہت ہنسنے والا۔ ھمزة = بہت عیب لگانے والا، الھُزَاة = بہت ٹھٹھا کرنے والا۔

(۶) فعول جو فاعل کے معنی میں اور فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو جیسے رجل صبور، غلام قتیل، امراة قتیل لیکن یہ اس وقت ہے

جبکہ موصوف معروف ہو ورنہ تاء کے ساتھ فرق کرنا ضروری ہے
ہاں عدوۃ شاذ ہے۔
کبھی فعیل جو مفعول کے معنی میں ہو باوجود معروف ہونے کے مؤنث کو تاء کے ساتھ لاتے ہیں خالصة سعيدة، عاقبة حميدة اور کبھی فعیل فاعل کے معنی میں مؤنث بغیر تاء کے جیسے امرأة عقيم، يُحيي العظام وهي رَمِيْمٌ.
جو صفات کہ طبقہ اُناث ہی کے ساتھ مخصوص ہیں جب معنی حدوث کا لحاظ نہ ہو تو عموماً آخر میں تاء نہیں آتی جیسے طالق، مرضع، حامل اور حدوث کے معنی کا لحاظ ہو تو تاء آتی ہے جیسے ارضعت فهي مُرضِعَة.

صفت کی جمع

اگر صفت کا صیغہ ذُوی العقول کے لئے ہو خواہ مذکر خواہ مؤنث اس کی جمع جمع سالم لاتے ہیں جیسے رجال صادقون، نساء صادقات جو صفت افعل فعلاء یا فعلان فعلى کے وزن پر یا اسم فاعل ناقص کا یا فعیل بمعنی مفعول ہو ان کے احکام جداگانہ ہیں۔

(۱) جو صیغہ صفت کا افعل فعلاء کے وزن پر ہو اس کی جمع فعل کے وزن پر آتی ہے جیسے احمر کی حمر. ازرق کی زُرْق، اَعرج کی عُرْجُ، اعمى کی عمى لیکن اگر کلمہ اجوف یائی ہو تو فاء کو کسرہ دے دیتے ہیں۔ غِيد، بِيض، هِيف، اِغيد، اِبيض، اهيف کی جمع۔

(۲) جب صفت فعلان فعلى کے وزن پر ہو تو اس کی جمع فعالى یا فِعَالٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے سکارئ و حیارئ سکران و حیران کی جمع اور جیاع و غضاب جوعان اور غضبان کی جمع۔

(۳) اسم فاعل ناقص کی جمع فُعَلَةٌ کے وزن پر آتی ہے جیسے دعاۃ، رماۃ، غزاۃ کہ اصل ان کی دُعَوَةٌ رُمَيَةٌ غزية ہے۔

(۴) ایسے مادہ سے جو ہلاکت، درد یا تَشَتُّتْ کے معنی پر دلالت کرے اس سے فعیل بمعنی مفعول کی جمع فعلى کے وزن پر آتی ہے جیسے جریح کی جمع جرحیٰ، صریع کی جمع صرعیٰ، شتیت کی جمع شتیٰ اور اسی پر حمل کیا گیا ہے اس کو بھی جو معنی میں اس سے مشابہت رکھتا ہو اور فعیل بمعنی فاعل ہو جیسے مریض کی جمع مرضی...... یا فعل کے وزن پر ہو جیسے زمن کی جمع زمنی یا فاعل کے وزن پر ہو جیسے ہالک کی جمع هلكى

صفات کی جمع کے بقیہ قیاسی اوزان چھ ہیں۔ فُعَّالٌ، فَعَلَةٌ، فُعَلٌ، فَوَاعِلُ، فُعَلاَءُ اور اِفعلاء۔

(۱) فُعَّال اور فَعَلَة ہر اس اسم کی جمع ہے جو فاعل کے وزن پر ہو اور اس کا لام کلمہ صحیح ہو جیسے زائر کی جمع زُوَّار. صائم کی جمع صُوَّام اور کاتب کی جمع کتبة، ظالم کی جمع ظَلَمَة۔
فَعَلَة کا وزن عموماً اس فاعل کی جمع کے لئے ہے جو اجوف سے ہو اور کسی پیشے پر دلالت کرتا ہو جیسے ساقة، باعة، حاكة، صاغة کہ اصل میں سوقة، بيعة، حيكة، صوغة تھے۔

(۲) فُعَّل بھی فاعل کی جمع جیسے سُجَّد ساجد کی جمع نُوَّمٌ نائم کی جمع جُوَّعٌ جائع کی جمع۔

(۳) فَوَاعِل فاعلة کی جمع جیسے صواحب صاحبة کی جمع عواذل عاذلة کی جمع اور فاعل کے وزن پر اس فاعل کی جمع بھی آتی ہے۔ جو طبقہ اُناث کے صفات کے لئے ہو جیسے عواقر، عاقر کی جمع حوامل حامل کی جمع طوالق طالق کی جمع۔

(۴) فعلاء فعيل کی جمع جو معنی میں فاعل کے ہو جیسے کرماء کریم کی جمع۔ عُلَمَاءُ علیم کی جمع۔

(۵) افعلاء فعيل کی جمع جو مضاعف یا معتل اللام ہو جیسے اغنیاء غنی کی جمع اقویا قوی کی جمع۔

مذکر اسم تفضیل کی جمع جمع سالم افعلون کے وزن پر آتی ہے جیسے اعظمون اکرمون اور جمع مکسر افاعل کے وزن پر جیسے اصاغر. اکابر
مؤنث اسم تفضیل کی جمع سالم فعليات کے وزن پر جیسے عظميات، کرمیات اور جمع مکسر فعل کے وزن پر جیسے صُغر، کُبر. صیغہ خنثی الجموع کی جمع مکسر تو نہیں آتی لیکن جمع سالم آتی ہے جیسے صواحب کی جمع صواحبات. افاضل کی جمع الافاضلون

نسبة

کسی چیز کی طرف نسبت ظاہر کرنے کے لئے اسم کے آخر میں یاء مشدد لاحق کرنے کا نام نسبت ہے۔ اس کا حکم یہ ہے کہ ماقبل یاء کو مناسبت کی وجہ سے کسرہ دیا جائے جیسے رجل بِصْرِيٌّ.
اگر اسم ثلاثی مکسور العین ہو تو نسبت کرتے وقت عین کو فتحہ دیا جائے گا۔ مثلاً فخذ میں فَخَذِيٌّ اور مَلِكٌ میں مَلَكِيٌّ کہا جائے گا اور اگر رباعی ہو تو افصح یہ ہے کہ عین پر کسرہ باقی رہے گا۔ جیسے مشرق میں مشرقی مغرب میں مغربی یثرب میں یثربی.
اگر کسی ایسے اسم کی طرف نسبت ہو جس کے آخر میں تاء ہو تو اس کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے قاہرہ سے قاہری۔
اگر اسم کے آخر میں تیسرا حرف الف مقصورہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے عصا سے عَصَوِيٌّ. فتی سے فَتَوِيٌّ.
اور اگر چوتھا حرف ہو اور اصلی ہو تو واؤ سے تبدیلی زیادہ ہے جیسا کہ مَرْمِيٌّ سے مرموی اور حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے مَرمِيٌّ اور اگر اصلی

نہ ہو بلکہ زائد ہو تو خواہ تانیث کے لئے ہو خواہ الحاق کے لئے تو وہاں پر حذف مختار ہے حبلی اور ذفری کہا جائے گا اور واؤ سے بدل دیں تو یہ بھی جائز ہے اس صورت میں حبلوی' ذفروی کہا جائے گا لیکن الف تانیث کو جب واؤ سے بدلتے ہیں تو اکثر اس سے پہلے ایک الف بڑھا دیتے ہیں جیسے طوباوی. ذنباوی

اور اگر الف مقصورہ ایسے اسم میں واقع ہو جس کا دوسرا حرف متحرک ہو تو حذف کر دیا جاتا ہے جیسے مصطفیٰ سے مُصْطَفِیٌّ اور بعض واؤ سے بدلنا بھی جائز کہتے ہیں اس صورت میں کہا جائے گا مُصْطَفَوِیٌّ اگر اسم کے آخر میں الف ممدودہ تانیث کے لئے ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا جیسے صفراء سے صفراوی۔ بیضاء سے بیضاوی اور اگر اصلی ہو تو اس کا باقی رکھنا ضروری ہے جیسے قراء سے قرائی۔ ابتداء سے ابتدائی۔ انتہاء سے انتہائی۔

اور اگر اصلی نہ ہو تو باقی رکھنا اور واؤ سے بدلنا دونوں جائز ہے جیسے رداء سے ردائی یا رداوی' سماء سے سمائی یا سماوی۔

اور اگر اسم منقوص ہو اور یاء تیسری جگہ میں ہو تو اس کو واؤ سے بدل دیتے ہیں اور اس کے ماقبل کو فتحہ دیتے ہیں جیسے عمی سے عموی۔ اور اگر چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا جائز ہے جیسے قاضی سے قاضِیٌّ۔ ماضی سے ماضِیٌّ اور واؤ سے بدلنا بھی جائز ہے اور اس صورت میں ماقبل کو فتح دیا جائے گا کہا جائے گا قاضَوِیٌّ' ماضوِیٌّ اور اگر پانچویں جگہ یا اس سے زائد ہو تو حذف کرنا ضروری ہے جیسے مستعلی سے مستعلِیٌّ' معتدی سے معتدِیٌّ۔

اور اگر کلمہ فعیل کے وزن پر ہو اور آخر میں حرف صحیح ہو تو وزن اپنی حالت پر باقی رہے گا۔ جیسے حنیف سے حنیفی' خلیل سے خلیلی اور اگر ناقص ہو تو ایک یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور دوسرے کو واؤ سے بدل دیا جائے گا اور ماقبل کو فتحہ دیا جائے گا جیسے غنیّ سے غَنَوِیٌّ. علیّ سے عَلَوِیٌّ.

اور اگر فعیلہ کے وزن پر ہو مضاعف اور معتل نہ ہونے کی صورت میں یاء کو حذف کر دیا جائے گا اور ماقبل مفتوح ہو گا جیسے مدینہ سے مدنی' فریضہ سے فرضی۔ بعض الفاظ میں یاء کا باقی رہنا شاذ ہے جیسے طبیعی' سلیقی۔

اور اگر مضاعف یا معتل عین ہو تو کچھ حذف نہیں ہو گا طویلہ کی نسبت میں کہا جائے گا طویلی اور عزیزہ میں عزیزی۔

جو حکم فعیل و فعیلۃ کا بیان کیا گیا ہے یہی فُعیل و فُعیلۃ میں بھی جاری ہو گا جیسے عقیل سے عُقَیْلِیٌّ. قصی سے قُصَوِیٌّ. قُلَیْنَةٌ سے قُلَیْنِیٌّ. اُمَیْمَۃٌ سے اُمَیْمِیٌّ.

اگر اسم کے آخر میں واؤ چوتھی جگہ یا اس سے زائد پر ہو اور اس کے ماقبل ضمہ ہو تو نسبت کرتے ہوئے واؤ کو حذف کر دیا جائے گا جیسے

قلنسوۃ سے قَلَنْسِیٌّ اور ترقوۃ سے ترقی کہا جائے گا اور نہیں تو واؤ باقی رہے گا جیسے عدوہ سے عدوی دلوہ سے دلوی۔

اگر اسم کے آخر میں یاء مشدد ہو اور اس سے پہلے دو حرف ہوں تو یاء کا حذف کرنا ضروری ہے جیسے شافعی کی طرف نسبت کرتے ہوئے شافعی ہی کہا جائے گا اور اسکندریہ کی طرف نسبت کرتے ہوئے اسکندری۔

اور اگر یاء سے پہلے ایک ہی حرف ہو جیسے حیی تو دوسرے حرف کو فتح دینا اور تیسرے کو واؤ سے بدل دینا واجب ہے جیسے کہ حیی سے حَیَوِیٌّ.

اور اگر دوسری یاء واؤ سے بدل کر آئی ہو تو نسبت کرتے ہوئے پھر واؤ ہو جائے گی جیسے طی سے طَوَوِیٌّ اگر کسی کلمہ سے آخر حرف کا حرف حذف ہو گیا ہو اور محذوف منہ میں دو حرف باقی ہوں تو نسبت کرتے ہوئے اس محذوف حرف کو واپس لایا جائے گا جیسے اب سے ابوی' اخ سے اخوی۔

لفظ اخت اور بنت کی طرف نسبت تاء کے ساتھ ہوتے ہوئے کہا جاتا ہے اختی و بنتی اور بعض حذف کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں اخوی بنوی اور لفظ ابنۃ کی نسبت میں ابنی اور بنوی کہا جاتا ہے۔ ید اور دم جیسے الفاظ میں محذوف کو لوٹا دینا افصح ہے کہا جائے گا یَدَوِیٌّ دَمَوِیٌّ اور بغیر واؤ کے لائے ہوئے بھی نسبت کرنا جائز ہے جیسے یدی. دمی.

اور اگر کسی کلمہ میں محذوف کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا ہو جیسا کہ ابن اور اسم میں تو عوض کو حذف کر دینا اور محذوف کو لوٹانا جائز ہے۔ اسم اور ابن کی نسبت میں سموی اور بنوی کہنا جائز ہے اور ابنی و اسمی بھی کہنا جائز ہے۔

اور اگر محذوف کے بدلے میں تاء تانیث ہو تو تاء کو حذف کر دیا جائے گا اور محذوف کو دوبارہ لایا جائے گا جیسے سنۃ سے سنوی' لغۃ سے لغوی اور زنۃ سے وَزْنِیٌّ اور صلۃ سے وصلی۔

تثنیہ اور جمع کی طرف نسبت کرنا ہو تو مفرد کی طرف لوٹا دیا جائے گا جیسے عراقین سے عراق' مسلمین سے مسلمی۔

یہی حکم ہے کہ ان کا جو تثنیہ اور جمع کے ساتھ لاحق ہیں جیسے اثنین سے اثنی اور مثنوی. عشرین سے عشری' اربعین سے اربعی.

ایسے جمع جن کے لئے مفرد نہیں جیسے ابابیل و عبادید اور یا مفرد تو ہیں لیکن اسی لفظ سے نہیں جیسے مخاطر' مناجذ' نساء نسبت کرتے ہوئے اپنے حال پر باقی رہیں گے جیسے مخاطری' مناجذی' نسائی۔

بعض علماء صرف کے نزدیک جمع مکسر نسبت کی حالت میں اپنی وضع پر رہے گا جیسے ملائکۃ سے ملائکی. ملوک سے ملوکی اور جو جمع مکسر علم ہو گیا ہو وہ بھی نسبت کی حالت میں مفرد کی طرف لوٹایا نہیں جائے

انف کبیر	سے	اُنافِیٌ	حرمین	″	حِرمِیٌ	رباب	″	رُبِّیٌ
اُمَیّہ	″	اُمَوِیٌ	حضرموت	″	حَضْرَمِیٌ	سہل		سہلِیٌ
بادیہ	″	بَدَوِیٌ	خُزینة	″	خُزَنِیٌ	سلیقة	″	سَلِیقِیٌ
بحرین	″	بِحرَانِیٌ	دَھر	″	دُھرِیٌ	سلیمة الازد	″	سُلَیمِیٌ
بھراء	″	بَھْرَانِیٌ	دَیر	″	دَیْرانِیٌ	سُلَیمُ	″	سُلَیمِیٌ
تھامة	″	تھامِیٌ یا تھَام	داریّا	″	دارَانِیٌ	شام		شام
تیم اللات	″	تیمَلِیٌ	رب	″	رَبّانِیٌ	شعر کبیر	″	شعرانِیٌ
ثقیف	″	ثَقَفِیٌ	رقبة عظیمة	″	رقبانِیٌ	صدر کبیر	″	صدرانِیٌ
جمة عظیمة	″	جُمّانی	رامھرمز	″	رامِیٌ	صنعاء	″	صنعانِیٌ
جذیمة	″	جذمِیٌ	ردینہ	″	رُدِینِیٌ	طبیعة	″	طبیعِیٌ
جلولاء	″	جَلُولِیٌ	روح	″	رُوحَانِیٌ	مروالشاھجھانی		مَروَزِیٌ
بنی الحبلی	″	حُبَلِیٌ	فُقیم کنانه	″	فُقَمِیٌ	امرؤالقیس	″	مَرْقِسِیٌ
طیّ	سے	طَائِیٌ	فراھید	″	فُرھُودِیٌ	ھجر	″	ھَاجِرِیٌ
عمیرة کلب	″	عُمَیرِیٌ	قویم	″	قُوَمِیٌ	ھُذَیلٌ	″	ھُذَلِیٌ
بنی عبیده	″	عَبَدِیٌ	قریش	″	قُرَشِیٌ	انباط	″	نَبَاطِیٌ یا نباطِ
عبدشمس	″	عَبشَمِیٌ	کنت	″	کُنتِیٌ			
عبدالدار	″	عَبدَرِیٌ	لحیة عظیمة	″	لُحیانِیٌ	ناصره	″	نَصْرَانِیٌ
عبدقیس	″	عَبقَسِیٌ	ملیح خزاعة	″	مُلَحِیٌ	یمن	″	یَمَانِ
عبدالله	″	عبدلِیٌ	رَوحاء	سے	رَوْحانِیٌ			
صرواء	″	حَرُورِیٌ	رے	″	رَازِیٌ			

گا۔ جیسے انبار سے انباری' انصار سے انصاری' اھواز سے اھوازی۔

اور مرکب بنائی میں نسبت کرتے ہوئے آخر کا جزء حذف کردیا جائے گا اور اول جزء کی طرف نسبت کریں گے جیسے بعلی و معدی جبکہ بعلبک اور معدی کرب کی طرف نسبت کرنا ہو اور کبھی مجموعہ کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے بعلبکی و معدی کربی۔

اور مرکب اضافی کی صورت میں کسی جزءِ اوّل کی طرف نسبت کرتے ہیں اور کسی میں جزء ثانی میں جیسے امراء القیس سے امرئی دیر القمر سے دیرانی' عبدالاشھل سے اشھلی' ابوبکر سے بکری عبدمناف سے منافی۔ کبھی مرکبات اضافیہ میں پورے کی طرف نسبت کرتے ہیں جیسے عین ایل سے عین' ایلی وادی آش سے وادی آشی' عین حور سے عین حوری۔

اور مرکب اسنادی میں صدر یعنی جزءِ اوّل کی طرف نسبت ہوتی ہے اور عجز یعنی جزء ثانی کو حذف کردیا جاتا ہے جیسے تابط شرا سے تابطی' ذرحبّا سے ذری۔

تصغیر

قلت یا حقارت ظاہر کرنے کے لئے اسم میں کچھ تغیر کرنے کا نام تصغیر ہے۔ ثلاثی مجرد سے فُعَیل کے وزن پر آتا ہے جیسے کلب سے کُلیب. عبد سے عُبَید. رُجَل سے رجیل. ثلاثی مزید رباعی اور خماسی سے اگر چوتھا حرف مدہ نہ ہو تو فُعَیلِل کے وزن پر جیسے جعفر سے جُعَیفِر. سفرجل سے سفیرج اور اگر مدہ ہو تو فُعَیلِیل کے وزن پر جیسے قرطاس سے قُرَیطِیس مضراب سے مُضَیرِیب اگر اسم کے آخر میں علامت تانیث کا یا الف نون زائدتان ہو تو علامت تانیث یا الف' ن سے متصل ہو تو حرف ہوگا وہ اسی حالت پر رہے گا جس پر تصغیر سے پہلے تھا۔ جیسے ثمرہ کی تصغیر ثُمَیرہ' بشری کی بشیری. سمرا کی سمیراء. سکران. سکیران. غضبان کی غضیبان اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء۔

اگر کلمہ مؤنث معنوی کا ہو تو تصغیر بنانے میں تاء مقدرہ کا ظاہر ہونا ضروری ہے جیسے ارض سے اریضة. شمس سے شمیسة لیکن شرط یہ

ہے کہ التباس سے امن ہو ورنہ جہاں التباس کا خوف ہو گا ظاہر نہیں کریں گے مثلاً خمس جبکہ معدود مؤنث ہو تو تصغیر میں خمیس کہیں گے خمیسۃ نہیں تاکہ معدود مذکر کے لفظ خمسۃ کی تصغیر سے التباس نہ ہو۔

اگر کلمہ میں حرف علت ہو اور تعلیل ہو چکی ہو تو تصغیر بنانے میں اصل کی طرف لوٹ جائے گا۔ مثلاً باب کی تصغیر بُوَیب اور ناب کی تصغیر نُیَیب ہوگی۔ اس لئے کہ باب کا الف واؤ اور ناب کا الف یاء تھا اس وجہ سے کہ ان کی جمع ابواب اور انیاب آتی ہے اور قاعدہ ہے کہ جمع تکسیر اسماء کو اصل کی جانب لوٹا دیتی ہے۔

اور اگر کلمہ ایسا ہو کہ یہ معلوم نہ ہو کہ اس کا الف واؤ سے بدلا ہوا ہے یا یاء سے تو وہاں پر ماقبل کے ضمہ کا لحاظ کرتے ہوئے تصغیر میں واؤ لایا جائے گا۔ جیسے عاج سے عویج کہا جائے گا۔

لقاعد کی تصغیر عیید شاذ ہے۔ قیاس کے لحاظ سے عوید ہونا چاہئے تھا اور اگر واؤ یاء بدلے ہوئے نہ ہوں تو اپنی حالت پر رہیں گے مثلاً صور سے صویر۔ بیت سے بییت۔

اگر اسم کا دوسرا حرف الف زائدہ ہو تو واؤ سے بدل دیا جائے گا۔ جیسے خالد سے خویلد۔ ضارب سے ضویرب۔

اور اگر تیسرا حرف الف یا واؤ ہو تو یاء سے بدل کر یاء تصغیر میں مدغم ہو جائے گا جیسے عصا سے عُصَیّ دلو سے دُلَیّ۔ عجوز سے عُجَیِّز۔ کتاب سے کُتَیِّب۔

اور اگر واؤ متحرک ہو اور لام کلمہ نہ ہو تو یاء سے بدلنا اور باقی رہنا دونوں جائز ہے جیسے جدول سے جُدَیِّل یا جُدَیوِل' اسود سے اُسَیِّد یا اُسَیوِد۔

اگر تیسرا حرف یاء ہو تو یاء تصغیر میں ادغام کر دیا جائے گا جیسے نَصیر سے نُصَیِّر۔ جَمِیل سے جُمَیِّل۔

اور اگر چوتھا حرف واؤ یا الف ہو تو یاء سے بدل دیا جائے گا جیسے عصفور سے عُصَیفِیر اور سلطان سے سُلَیطِین۔

اسم تفضیل اگر ناقص ہو تو تصغیر میں تو یاء تصغیر کا مابعد فعل تعجب کی مانند مفتوح رہے گا جیسے ہواحیلی من العسل۔

اسماء محذوفۃ الاعجاز کی تصغیر اس طرح پر ہوگی۔ اُبَیٌّ' اُخَیٌّ' دُمَیٌّ اور اگر ایسا اسم ہو کہ آخیر کا حرف حذف کر کے شروع میں ہمزہ وصل لگایا گیا ہو تو تصغیر بنانے میں ہمزہ وصل حذف کر دیا جائے گا اور محذوف حرف واپس آ جائے گا جیسے ابن کہ اس کی تصغیر بُنَیٌّ ہوگی۔

اور اگر محذوف کے عوض میں تاء ہو تو صرف محذوف کو واپس لائیں گے اور عوض کو حذف نہیں کریں گے جیسے زنۃ عدۃ کی تصغیر وُزَینۃ وُعَیدۃ ہوگی اور اخت اور بنت کی تصغیر اُخَیۃ بُنَیۃ آئے گی۔

مثنی اور جمع سالم کی تصغیر اس طرح آئے گی مؤمنان کی مویمنان' مومنون کی مویمنون' مومنات کی مویمنات۔

اسی طرح جمع قلت کی تصغیر ارغفۃ کی اریغفۃ ہوگی۔

اور جمع کثرت کی تصغیر بنانے کا قاعدہ یہ ہے کہ مفرد کی تصغیر بنا کر واؤ نون لگا دیا جائے گا جیسے غلام کی جمع غلمان کی تصغیر کی صورت یہ ہوگی کہ غُلام کی تصغیر غُلَیِّم بنا کر واؤ نون لگا کر غلیمون کہا جائے گا۔ اسی طرح شاعر کی جمع شعراء کی تصغیر شویعرون ہوگی اور اگر مذکر لایعقل یا مؤنث ہو تو آخر میں اسی طرح الف تاء لگائیں گے جیسے جاریۃ کی جمع جوار کی تصغیر جویریات درہم کی جمع دراہم کی دریہمات اور مرکب اضافی کی تصغیر اس طرح پر ہوگی کہ پہلے جزء کی تصغیر بنا کر دوسرے جزء کو اپنی حالت پر چھوڑ دیں گے مثلاً عبداللّٰہ کی تصغیر عبیداللّٰہ ہوگی اور یہی حالت مرکب بنائی کی ہوگی جیسے معدیکرب کی تصغیر معیدیکرب۔ حضرموت کی تصغیر حضیرموت' نفطویہ کی تصغیر نفیطویہ' خمسۃ عشر کی خمیسۃ عشر' بعلبک کی بعیلبک۔

اور مرکب اسنادی مثلاً تابطشرا کی تصغیر نہیں آتی۔

تنبیہ

کچھ الفاظ ایسے ہیں جن کی تصغیر خلاف قیاس آتی ہے۔ ابیحر' بحر کی۔ انیسیان' انسان کی۔ رویجل' رجل کی۔ اصیلال' اصیل کی۔ عشیشیۃ' عشیۃ کی۔ اُصَیبِیَۃ۔ صبیۃ۔ اغیلمۃ' غلمۃ کی۔ اسی طرح قویس۔ ذریع۔ حریب۔ نعیل۔ عریس۔ ذوید کی ان سب میں قیاس کے مطابق آخر میں تاء ہونی چاہئے تھی۔

ہمزہ کی کتابت کے قواعد

ہمزہ اگر ابتداء میں واقع ہو تو ہمیشہ الف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے اسماء' ابناء' اکرام' اسی طرح اگر ابتداء میں ہو گر اس کے ساتھ کوئی دوسرا حرف متصل ہو جیسے بأجمل' لأفضل لکن لئلا اور لئن اور یومئذ اور حینئذ میں تخفیف کے لئے کثرت استعمال کی بنا پر اپنی حرکت کے موافق لکھا جائے گا۔

اور اگر ہمزہ وصل ہو اور فاء یا واؤ کے بعد واقع ہو تو حذف کر دیا جائے گا بشرطیکہ اس کے بعد ہمزہ ہو جیسے فائتنی' وأذن لی۔

اور اگر ہمزہ درمیان میں واقع ہو اور ساکن ہو تو اپنے ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت کی صورت میں لکھا جائے گا۔ جیسے بأس بوئس بئس لیکن ہمزہ وصل کے بعد ہو اور بدلا ہوا ہو تو اثناء کلام میں اصل کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اسی حرف کی صورت میں لکھا جائے گا

جس سے تبدیلی ہوئی تھی جیسے " یارجل الذن" اور"ھـذا الذی اؤتمنت علیـہ" اور ہمزہ متوسط متحرک کہ اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا خواہ اس سے پہلے ساکن ہو یا متحرک۔ جیسے لـــؤم رؤف سال.

اور اگر مفتوح ہو اور بعد ضمہ وکسرہ کے ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے سؤال' رمـال' مؤنث اور اگر ہمزہ الف اور یاء کے درمیان واقع ہو تو ہمزہ اور یاء دونوں کی صورت میں لکھنا جائز ہے جیسے بقَاء ی یا بقائی.

اور اگر ہمزہ الف اور ضمائر میں سے یاء کے علاوہ کسی اور کے درمیان واقع ہو اور مکسور یا مضموم ہو تو اپنی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں اور مفتوح ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے بـقـاؤُہ بقائہ بقاءہ.

ہمزہ اگر کلمہ کے آخر میں واقع ہو اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے جُزءٌ شیءٌ فَیّْ.

اور اگر ماقبل متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے ھَیُؤ' لَکَأ' ظَمِیْ.

اگر ہمزہ طرف میں واقع ہو اور تاء تانیث لاحق ہو اور ہمزہ سے پہلے حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کو الف کی صورت میں لکھا جائے گا۔ مثلاً نـشاۃ اور اگر متحرک ہو تو ماقبل کی حرکت کے مشابہ حرف سے لکھا جائے گا جیسے فِئۃ لُؤلُؤۃ.

اور اگر ماقبل معتل ہو تو یاء کے بعد یاء کی صورت میں اور الف اور واؤ کے بعد ہمزہ کی صورت میں لکھا جائے گا جیسے خـطیـئۃ بَرِیئۃ قراءۃ' صلاءۃ' مُروءَۃ' سُوءَۃ.

ابدال کے قواعد

ایک حرف کی جگہ میں دوسرے حرف کے رکھنے کا نام ابدال ہے کثیرالوقوع قواعد حسب ذیل ہیں۔

اگر الف ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گا۔ جیسے ضارب سے ماضی مجہول کا صیغہ ضورب اور قَاتَل سے قُوتِلَ.

اگر یاء ساکن ضمہ کے بعد واقع ہو تو واؤ سے بدل جائے گی جیسے ایقن سے مُوقِنٌ. ایسر. مُوسِرٌ.

اسی طرح اگر واؤ ساکن کسرہ کے بعد واقع ہو تو یاء سے بدل جائے گا جیسے موزان سے میزان. موعاد سے میعاد.

واؤ یا یاء متحرک ہوں اور ماقبل مفتوح ہو تو الف سے بدل جاتے ہیں جیسے قال' باع' بابٌ' نابٌ.

لیکن اس قاعدے کے لئے حسب ذیل شرائط ہیں۔ یہ واؤ یاء فا کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں مدہ زائدہ سے پہلے الف تثنیہ سے پہلے اور یائے مشدد اور نون تاکید سے پہلے نہ ہوں۔ ناقص کے عین کلمہ کی جگہ میں نہ ہوں۔ جس کلمہ میں یہ واقع ہوں وہ فعلان و فعلی کے وزن پر نہ ہو اور ایسے لفظ کے ہم معنی نہ ہو جس میں تعلیل نہیں ہوتی۔

اگر کسی کلمہ میں واؤ' یاء جمع ہو جائیں اور ان میں سے پہلا ساکن ہو تو واؤ کو یاء کر کے یاء میں ادغام کر دیتے ہیں' جیسے طَیّ' میّت مری کہ اصل میں طوی' میوت. مرموی تھے۔

واؤ یا یاء اگر الف زائدہ کے بعد طرف میں واقع ہوں تو ہمزہ سے بدل جاتے ہیں جیسے کساء سماء بناء طباء.

جو مدہ زائدہ مفرد میں ہو جب جمع بنایا جائے اور الف فعالل کے بعد واقع ہو تو ہمزہ سے بدل جاتا ہے جیسے عجوز سے عجائز. قلادہ سے قلائد' صحیفۃ سے صحائف.

باب افتعال کے فاء کلمہ میں اگر واؤ یا یاء واقع ہو تو تاء سے بدل جاتے ہیں جیسے اتقی' اتّسر.

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر دال یا ذال یا زاء واقع ہو تو تاء کو دال سے بدل لیتے ہیں' جیسے ادّان' اذدکر' ازدان کہ اصل میں ادتـان' اذتکر' ازتان. تھے اذدکر میں دال کو ذال اور ذال کو دال کرنا دونوں جائز ہے۔ اِدّکر اور اِذّکر دونوں کہہ سکتے ہیں۔

افتعال کے فاء کلمہ میں اگر صاد ضاد طاء ظاء۔ واقع ہوں تو تاء کو طاء سے بدل دیتے ہیں' جیسے اصطبَرَ' اضطرب' اطّرد' اظطَلَمَ' اِظطَلم جیسے میں ظاء کو طاء اور طاء کو ظاء کرنا دونوں جائز ہے۔ اِطّلَمَ اور اِظّلَمَ دونوں کہہ سکتے ہیں۔

ا

اَلْاَلِفُ :الف کی دو قسمیں ہیں ساکنہ و متحرکہ۔ ساکنہ کو حرف لین بھی کہتے ہیں جیسے قَالَ، قَامَ، بَاعَ متحرکہ اور اس کا نام ہمزہ بھی ہے اور یہ کئی معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استفہام جیسے اَقَرأتَ؟ اَمَا قرأتَ؟ اَلَمْ تَقْرَأ؟ اَفِي الْبَيْتِ اَخُوكَ؟

(۲) ندائے قریب: جیسے اَزَيْدُ اَقْبِل (ای زیداً)

(۳) تسویہ: جیسے لَا اُبَالِي اَقُمْتَ اَمْ قَعَدْتَ مجھے تیرے کھڑے ہونے یا بیٹھنے کی کوئی پرواہ نہیں یعنی دونوں میرے نزدیک برابر ہیں۔

آ :حرف ندا ہے بعید کے لئے یا جو بعید کی مانند ہو جیسے غافل اور سونے والا۔

آب :اگست کا مہینہ (رومی مہینے کا نام)

اَبَّ (ن) اَبًّا و اَبَابًا و اَبَابَةً و اِبَابَةً اِلَيْهِ : مشتاق ہونا

اَبَّ (ض ن) اَبًّا و اَبًا و اَبَابًا و اَبَابَةً آمادہ و تیار ہونا۔ و اَبَّ اَبَّهٗ: کسی کے قصد کی مانند قصد کرنا۔ کسی کی روش اختیار کرنا

يَدهٗ اِلَى السَّيْفِ :سونتنے کے لئے ہاتھ بڑھانا۔

اَبَّبَ :چیخنا۔ چلانا۔

تَاَبَّبَ بِهٖ :تعجب کرنا اور خوش ہونا۔ اِئْتَبَّ :تیار ہونا۔ مشتاق ہونا۔

اَبَاهُ يَابَاهُ بِالسَّهْمِ :تیر سے مارنا۔

اَبَتَ (ن ض) و اَبِتَ (س) اَبْتًا و اُبُوتًا النَّهَارُ :سخت گرم ہوا۔ صفت اَبِتٌ وَ اَبْتٌ وَ آبِتٌ

تَاَبَّتَ الْجَمرُ : بھڑکنا۔

اَبْتَةُ الغَضَبِ :غصہ کی تیزی۔

اَبَنَهٗ وَاَبَتَ (ض) اَبْتًا عَلَيْهِ :بادشاہ کے سامنے برا بھلا کہنا۔ غیبت کرنا۔

اَبِثَ (س) اَبَثًا۔ اونٹ کے دودھ پینے سے پیٹ نکل آنا اور مدہوش سا ہونا۔

اَلْاَبِثُ :نشاط سے اکڑتے ہوئے چلنے والا۔

اَبْجَدُ :حروف تہجی کے مجموعوں کا پہلا کلمہ اور وہ مجموعے یہ ہیں : ابجدْ ہوزْ حُطّي كلمنْ سعفصْ قرشتْ ثخذْ ضظغ حروف کی یہ ترتیب جمل کے حساب کی رعایت سے ہے اور یہ تاریخ نکالنے کے لئے مستعمل ہے۔ اِن حرفوں کی ترتیب اکائی دہائی سینکڑہ ہزار پر ہے۔

اَبَدَ (ض) اُبُوْدًا بالمكان: اقامت کرنا۔ الشَّاعِرُ :غریب لغت استعمال کرنا۔

اَبَدَ (ن) اُبُوْدًا الحَيَوَانُ :جنگلی ہونا۔

اَبِدَ (س) اَبَدًا :جنگلی ہونا عَلَيْهِ :غضبناک ہونا۔

تَاَبَّدَ :ابدی ہونا جنگلی ہونا اَلْمَكَانُ :مکان کا ویران ہونا اور جنگلی جانوروں کا مسکن بننا۔

اَلْاَبَدُ :زمانہ جمع آباد و اُبود :ازلی۔ قدیم ہمیشہ رہنے والا کہا جاتا ہے "لا آتيه اَبَدَ الْاَبَدِيْنَ والْآبِدِيْنَ واَبَدَالْاَبَدِ و اَبَدَ الآباد واَبَدَ الدهر الخ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

اَبَــدًا :ظرف زمان ہے۔ مستقبل میں نفی واثبات کی تاکید کے لئے آتا ہے جیسے لا اَفْعَلُهٗ اَبَدًا: میں اس کو ہرگز نہیں کروں گا

[اَفْعَلُهٗ اَبَدًا] :میں اس کو یقیناً کروں گا۔

اَلْاٰبِدَةُ :وہ بڑا معاملہ یا بڑی مصیبت جس سے آدمی گھبرائے۔ مصیبت کہ جس کا چرچا ہمیشہ رہے۔ وحشی۔ عجیب و نادر چیز۔ ج اَبِدُ و اَوَابِد

اَلْاَوَابِدُ: وہ پرندے جو جاڑے اور گرمی دونوں موسموں میں ایک ہی جگہ رہیں۔ اَوَابِدُ الشِّعْرِ: بے مثال شعر۔ اوابِدُ الْكَلَامِ: نادر کلام۔

اَلْاِبِدُ وَالْاِبَدُ. من امة او اتان : ہر سال جننے والی باندی یا گدھی۔

اَلْاَبَدِيُّ:جس کی انتہا نہ ہو۔

اَلْاَبَدِيَّةُ :دوام جس کے لئے انتہا نہ ہو۔

اَبَرَ (ن ض) اَبْرًا واِبَارًا : اَلْعَقْرَبُ فُلَانًا بچھو کا ڈسنا ـهٗ : غیبت کرنا۔ خوراک میں سوئی کھلانا۔ ہلاک کرنا۔ الزَّرْعَ :اصلاح کرنا اور گابھا دینا۔

اِئْتَبَرَ . البِئْرَ :کنواں کھودنا۔

اَلْاِبْرَةُ :سوئی ڈنک چغلی اِبْرَةُ الْقَرْنِ سینگ کا سرا۔ ج اِبَرٌ و اِبَارٌ. اِبْرَاتٌ

اَلْمِئْبَرُ وَالْمِئْبَارُ : سوئی دان...... اَلْمِئْبَرُ : چغل خوری۔ فساد انگیزی۔ باریک ریت۔

اَلْاَبَّارُ :سوئی بنانے والا۔ پسو۔ درخت خرما کو گابھا دینے والا۔

اَلْاِبَرِيُّ :سوئی بیچنے والا۔

اَلْمَابُوْرُ :جہنم۔

اَلْمِئْبَرَةُ :چغلی فساد انگیزی۔ ج مَآبِر۔

اَلْمُؤْتَبَرُ :کھیت والا۔

اَلْاِبْرِيزُ وَالْاِبْرِيزِيُّ. مِنَ الذَّهَبِ :

خالص سونا۔
اَلاِبْرِیْسِمُ وَالاِبْرِیْسَمُ : ریشم۔
اَلاَبْرِیْشَۃُ : بشپ کا مذہبی حلقہ انتظام۔
اَلاِبْرِیْقُ : لوٹا۔ ج اَبَارِیْق : چھاگل (معرب)
اَبَزَ (ض) اَبْزًا واُبُوْزًا. الظَّبْیُ : اُچھلنا۔ کودنا۔ صفت آبِزٌ واَبَّازٌ و اَبُوْزٌ بِصَاحِبِہٖ
اَبْزًا : ظلم کرنا۔
اَلاِبْزِیْمُ وَالاِبْزَامُ : بکسوا۔ ج اَبَازِیْمُ.
اَبَسَہٗ (ض) اَبْسًا : ملامت کرنا۔ ڈرانا...... بِہٖ : تابعدار بنانا۔ فلانًا : قید کرنا بدسلوکی سے پیش آنا۔ حقیر و ذلیل سمجھنا۔
اَبَّسَہٗ : قید کرنا۔ بدسلوکی سے پیش آنا، شرم دلانا۔ الاَبْسُ : قحط، خشک سالی۔ سخت جگہ۔ نرکھوا۔
اِلاُبُس : اصل بد۔ سخت جگہ۔
اِمْرَأَۃٌ اباسٌ : بدخوعورت۔
اَبَشَہٗ (ن) اَبْشًا وَاَبْشَۃً : جمع کرنا
تَاَبَّشَ الْقَوْمُ : اکٹھا ہونا۔
اُلاِبَاشَۃُ مِنَ النَّاسِ : مخلوط جماعت۔
الاَبَّشُ : کسی کے صحن اور دروازہ کو کھانے پینے کی چیزوں سے سجانے والا۔
رَجُلٌ اَبَّاشٌ : کمانے والا مرد۔
اَبِصَ (س) اَبَصًا. خوش ہونا۔ صفت اَبِص آبِصٌ واَبُوصٌ.
اَبَضَ (ن) اَبْضًا. الْبَعِیْرَ : اونٹ کے اگلے پاؤں کو بازو سے باندھنا۔
تَـاَبَّضَ الْبَعِیْرَ : اباض : نامی رسی سے باندھنا (دیکھئے اِلاِبَاضُ) الْبَعِیْرُ : اباض : نامی رسی سے بندھا ہوا ہونا۔
الاَبْضُ : ج آبَاض. والمَاْبِضُ ج مآبِض : زانو کا اندرونی حصہ۔ بند دست۔
الاِبَاضُ : اونٹ کے پاؤں کو بازو سے باندھنے کی رسی۔
تَاَبَّطَ الشَّیْئَ : بغل میں لینا۔
اِسْتَابَطَ الرَّجُلُ : اُوپر سے تنگ اور اندر سے چوڑا گڑھا کھودنا۔

الاِبْطُ : بغل (مذکر و مؤنث) ج آباط۔ اِبْطُ الْجَبَل : دامن کوہ
الاِبَاطُ : بغل میں لی ہوئی چیز۔
اَبِقَ (س) واَبَقَ (ن ض) اِبَاقًا واَبْقًا وَاَبَقًا. الْعَبْدُ : بھاگنا۔ صفت۔ اِبِقٌ ج اُبَّقٌ واُبَّاقٌ
تَـاَبَّقَ : چھپنا۔ الشَّیْءَ : انکار کرنا۔ اوپرا سمجھنا۔
اِلاَبَقُ : بھنگ۔ بھنگا کا چھلنا۔ کتان۔
اَبِلَ (س) اَبَلًا واَبَلَ (ن) اَبَالَۃً. اونٹوں کا اچھی طرح انتظام کرنا۔ صفت اَبِلٌ وآبِلٌ ج اُبَّال
اَبَلَ (ن) اَبَالَۃً : راہب بننا۔
اَبَّلَ : بہت اونٹوں کا مالک ہونا
الاِبِلَ : چھانٹ کر جمع کرنا۔
تَاَبَّلَ الاِبِلَ : چھانٹ کر جمع کرنا۔
الاِبِلُ والاِبْلُ : اونٹ (مفرد کے لئے اس کا استعمال نہیں ہوتا) ج آبال
اَلاُبُلَّۃُ : قبیلہ۔ کہا جاتا ہے [جَاءَ فِی اُبُلَّتِہٖ] وہ اپنے قبیلہ میں آیا۔
اَلاَبِیْلُ : ج آبَال واُبُل وَالاَبِیْلِیُّ و الاَیْبُلِیُّ : راہب۔
اَلاِبَالَۃُ : جماعت۔ مال کا بہترین انتظام۔ حسن سیاست...... والاَبِیْلَۃُ وَالاِیَبَّالَۃُ وَالاِبَّالَۃُ۔ گھاس یا لکڑی کا گٹھا۔ کہا جاتا ہے "ضِغْثٌ عَلٰی اِبَّالَۃٍ" یعنی مصیبت بالائے مصیبت۔
اَلاَبَابِیْلُ : فرقے۔ ابابیل جمع ہے اس کا واحد نہیں طَیْرٌ اَبَابِیْل : غول کے غول پرندے۔
اَلمَابَلَۃُ : بہت اونٹوں والی زمین۔
اِبْلِیْسُ : شیطان کا علم جنس ج اَبَالِس و اَبَالِسَۃ
اَبَنَہٗ : (ن ض) اَبْنًا. بِشَیْءٍ : عیب لگانا۔ تہمت رکھنا الدَّمُ فِی الْجُرْحِ : کالا ہو جانا۔
اَلاُبْنَۃُ : عیب، کینہ، لکڑی کی گانٹھ ج اُبَن،

اَبَّنَـہٗ : عیب لگانا۔ شرم دلانا۔ مردہ کے اوصاف و محاسن شمار کرنا وَتَاَبَّنَہٗ : پیچھے پڑنا۔ انتظار کرنا۔
اِبَّـانُ الشَّیْءِ : کسی چیز کی ابتداء۔ کسی چیز کا وقت۔
اَلاُبْـنَۃُ : عیب، کینہ، لکڑی کی گانٹھ ج اُبَن
اِبَانَۃُ الرَّجُلِ : سارے ساتھی۔
اَلاِبْنُ : بیٹا۔
اَلاَبْنُوْسُ وَالابـنوس : ایک قیمتی سخت کالی لکڑی کا درخت جو گرم شہروں میں پیدا ہوتا ہے۔ (یونانی لفظ)
اَلاَبْنُوْس والآبَنُوس : ایک قسم کی سخت اور کالی لکڑی۔
اَبَہَ (ف) اَبْہًا. لَہٗ : تاڑ جانا۔ لَایُؤْبَہُ لَہٗ : اس کی طرف التفات نہیں کی جاتی۔
اَبَّہَہٗ : خبردار کرنا۔ سمجھانا۔
تَـاَبَّہَ. عَلَیْہِ : تکبر کرنا، بڑا بننا۔ عَنْ کَذَا : اپنے آپ کو بالا و برتر سمجھنا۔
اَلاُبَّہَۃُ وَالاُبْہَۃُ : بڑائی۔ غرور۔ نخوت۔
اَبَا (ن) اِبَاوَۃً و اُبُوَّۃً واُبُوًّا : باپ ہونا۔
اَلْیَتِیْمَ : پرورش کرنا۔ کہا جاتا ہے [ابوتـہ وامـمتـہ] : میں اُس کے لئے ماں باپ بن گیا۔
اَبَّی. فُلانًا : کسی سے یہ کہنا کہ میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔
تَاَبَّی. فُلانًا : باپ بنانا۔
اِلاَبُ : عیسائیوں کے نزدیک تین معبودان میں سے اوّل اقنوم جس کو باپ کہتے ہیں۔
اَلاَبُ : باپ۔ وہ شخص جو کسی چیز کے لئے باعث ایجاد یا باعث اصلاح ہو، اس کا اعراب حالت رفعی میں واؤ سے اور حالت نصبی میں الف سے اور حالت جری میں یا سے آتا ہے۔ تم کہتے ہو۔ [جَاءَ اَبُوْکَ] رَاَیْتُ اَبَاکَ وَ مَرَرْتُ بِاَبِیْکَ اور منادی کی صورت میں یَااَبِیْ اور یَااَبَتِ ج آباء و اُبُوْن
اُبُواَبَاس : ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے خطمی

وغیرہ۔
اَبـو اَیُّـوب :اونٹ۔اَبُـوالْاَبْـرَد:
گدھ۔اَبُوالْاَسْوَد :چیتا۔اَبُوالْاَصْبَع :
گدھ۔اَبُوالْاَضْیَافِ :میزبان۔اَبُوبریص
:چھپکلی۔اَبُـوالْبَشَـر :کنیت سیدنا آدم علیہ
السلام۔ابوثقیف :سرکہ۔اَبُوجَامِع :دستر
خوان۔اَبُوجُـجَادہ :ٹڈی۔اَبُوجَـحَار:
بجو۔اَبُو جعران :گبریلا۔اَبُوجَـمِیل :
ترکاری۔اَبُو جَیب :بھنا ہوا بکری کا بچہ۔
اَبُو خُـدَیج :لقلق. ابو حَیلر :گرگٹ۔
اَبُوالْحُصَین :لومڑی۔ابو خالد :کتا۔اَبُو
خـصـب :گوشت۔اَبُـودَغـفـاء :بے
وقوف۔ابـورزیـن :ایک قسم کا حلوا۔ابـو
رعلة :بھیڑیا۔اَبُوزَجِرا :کوّا۔اَبُوزُهْرَة :
گیدڑ۔اَبُوسُلَیمان :مرغ۔ابوالسُرو :
بخور۔اَبُوغُلَرِ المراة :شوہر۔ابوعِسْلَة :
بھیڑیا۔ابـوالعَفَـاء:گدھا۔اَبُوعَقبة :
سور۔اَبُوالعلاء :فالودہ۔اَبُوعَمْرہ :افلاسُ
بھوک۔اَبُوعَوْف : زنڈی۔ اَبُـو عَوْن :
نمک۔اَبُوغَزوَانْ :بلی۔اَبُوقِتـرہ:کنیت
ابلیس۔اَبُوقِرّہ :گرگٹ۔اَبُـو كَلاَـة :
زبجو۔اُبُـولاحِـق :باز۔اَبُـولُبَـد :
شیر۔اَبُـومَـالِکُ :بھوک' بڑھاپا' گدھ۔
اَبُومثوی :میزبان۔اَبُومذقة :بھیڑیا۔ابو
مُرّة:شیطان۔اَبُومَرْیَم :قاضی کا پیادہ۔اَبُو
الْـمِـنْهَـال :گدھ۔اَبُـومَشْـغُول :نر
چیونٹی۔اَبُـو مَرِیْنا :مچھلی۔اَبُوْ مُعَاوِیَہ :
چیتا۔اَبُـوالـمـنـذِرُ :مرغ۔اَبُـونَعِیْـم :
روٹی۔اَبُوالـوِثَاب :عقاب اور بقول بعض
ازی ہرن۔اَبُـوهُبَیرة :زمینڈک۔اَبُو
الهنبر :نربجو۔اَبُو یَـحْیی :ملک الموت۔
اَبُوالیَـقْظَان :مرغ۔کہا جاتا ہے ''لا اَبَ
لَکَ ولا اباک ولااباکَ'' یہ جملے خبریہ
ہیں مگر معنی میں جملہ انشائیہ دعائیہ کے ہیں۔
مدح وذم دونوں موقعوں پر استعمال کیا جاتا
ہے اور کبھی گالی کے موقع پر بھی اور ''بـابِـی
اَنْـتَ'' کا مقصد یہ ہے کہ میرا باپ تیرے

لو پر فدا ہو۔
اَبَـــی (ف ض)اِبَـاءً و اِبَـاءَةً و تَابِّی.
الشَّیْءُ :ناپسند کرنا۔انکار کرنا۔صفت اَبٍ ج
آبون و اُباۃ و اَبَلَۃ .
اَبَی عَلَیْہِ و تَابّٰی :باز رہنا۔خوددار ہونا۔
اَباہ اِیْبَاءَ . الشَّیْءُ:خوادار بنانا۔
الاَبِیُّ :نفرت کرنے والا۔رذائل سے اپنے
آپ کو بلند رکھنے والا۔
رجُلٌ اَبَاء :خوددار مرد۔
تَـاَتَّـب وائْتَتَـبَ :بے آستین والی قمیص
پہننا۔الاِتْـــب :بے آستین والی قمیص ج
اَتوبٌ و اُتَـب واِتَـاب و آتـاب.واِتْـبُ
الشَّعِیْرِ :جَو کا چھلکا۔
اَتَـــابِک :امیر' سردار۔اس لفظ کا اطلاق
اولاد سلاطین کے اتالیق پر ہوتا تھا۔
اِلاِتَـاد. :دوہنے کے وقت گائے کی ٹانگوں
میں باندھنے کی رسی۔ج آبِدَہ واُتُد.
الاُتْـرُجُّ والاُتْـرُنـج :لیموں۔لیموں کا
درخت۔
اَتَلَ (ض)اَتْـلاً و اَتَلانًا و اَتلاَلا :غصہ کی
وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا......مِـنَ الـطَّعـامِ :
شکم سیر ہونا۔
اَتَمَ (ن) اَتْـمًـا :دو چیزوں کو جمع کرنا۔
بِالْمَكَانِ :اقامت کرنا۔تاخیر کرنا۔
الـمَـاْتَمَ :لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔عموماً
اس کا استعمال اس مجمع کے لئے ہوتا ہے جو
اظہارِ غم کے لئے ہو۔ج مآتِم.
الاَتَـان :گدھی۔ج اُتُن و اُتْن و آتُن و
اِسْتَـاتَن :گدھی خریدنا اور '' كَـانَ حِمَارًا
فَـاسْتَـاتَـنَ'' کا مقصد یہ ہے کہ وہ صاحب
عزت تھا' ذلیل ہو گیا۔
الاَتُّون :حمام کا آتش دان۔چونا بنانے کی
بھٹی۔ج اُتُنٌ و اَتاتِین.
اَتَا (ن)اَتْـوًا و اِتَاءً. الشَّجَرُ :پھل ظاہر
ہونا۔یَـعْـت :بہت پھل دار ہونا......بِـہِ و
عَلَیْہِ :چغل خوری کرنا۔
اَتَوتُہٗ اِتَاوَۃً :رشوت دینا۔

اِتَاءُ الْاَرْضِ :زمین کی پیداوار۔
الاَتَاوَۃُ :خراج۔رشوت۔ج اَتَاوَیٰ.
اَتَی (ض) اِتْـيَانًا و اَتْـيًا اِتْـيَانَةً ،مَاتَاةً :
آنا۔المَكَانَ :حاضر ہونا۔الشَّیْءُ:کرنا......
عَلَی الشَّیْءُ :پورا کرنا۔نافذ کرنا.الـرَّجُلَ :
مرد کے پاس سے گزرنا..........عَـلَـیْـہِ
الدَّهْرُ :ہلاک کرنا۔
اَتَّـی تَاتِیَۃً و تَاتِیًا. الماءَ :پانی بہنے کے لئے
راستہ نکال دینا۔
آتَاہُ مُؤاتاۃً. عَلَی الشَّیْءُ :موافقت کرنا۔
آتَی اِیْتَاءً. فُلانًا الشَّیْءُ :دینا۔اِلَیْہِ الشَّیْءُ :
بھیجنا......اَلرَّجُلَ :بدلہ دینا۔
تَـاَتّـی. الْاَمْـرُ :تیار ہونا آسان ہونا......
لِلْاَمْرِ :نرمی برتنا اور میانہ روی اختیار کرنا۔
مَعْرُوفَہ :درپے ہونا۔
اِسْتَاتَی. الرَّجُلَ :آنے کی درخواست کرنا۔
سست سمجھنا۔
اَلاَتِیّ والاَتَاوِیُّ :اجنبی۔مسافر۔سیل۔
اَتِیّ و اَتَاوِیّ :اچانک آنے والا سیلاب۔
المَاْتَی والمَاْتَاۃُ :جہت۔سمت۔کہا جاتا ہے
''اَتَـی الاَمْـرَ مِـن مَاتَاہُ اَو مَاتَاتِہِ :اس نے
معاملہ کو ٹھیک طریقہ سے انجام دیا۔
اث (س ن ض)اَثَـاثًـا واُثُـوثًـا و اَثَـاثَۃً.
الـنَّـبَـاتُ والشَّعْرُ :گنجان ہونا۔صفت (اَثٌ
وَاَثِیْث ج اثاث .
اَثَّـث .الفِرَاشَ :بچھانا۔
تَاَثَّث :مال پانا۔
اَلاَثَاث :سامان خانہ۔سال۔
اَثَـرَ (ن ض)اَثْـرًا و اَثَـارَۃً واُثْـرَۃً.
الْـحَـدِیْـث :نقل کرنا۔صفت مفعول
(مَاثُورٌ)......ہٗ :اکرام و تعظیم کرنا۔
اَثِرَ (س)اَثَـرًا. یَـفْـعَـل كَـذَا :کرنے
لگا۔لِلْاَمْـــرِ :پورے انہماک سے مشغول
ہونا۔عَلَیْہِ :پکا ارادہ کرنا......عَلَیْهِمْ :اپنے
لئے بہتر چیزوں کو چھانٹ لینا۔
اَثَّرَ فِیْہِ :اثر کرنا۔
آثَـرَہٗ اِیْثَـارًا :اکرام کرنا۔چننا۔فضیلت

دینا۔ اَثَرَ کَذابِکَذا : پیچھے لگانا۔

تَاَثَّرَ و اِئْتَثَرَ. فُلانًا : نقش قدم کی پیروی کرنا...... مِنْہُ وَبِہ : اثر قبول کرنا۔ تم کہتے ہو "مَاتَاَثَّرَ اِلَیَّ اَثَرًا" اس نے میرے ساتھ کچھ بھی احسان نہیں کیا۔

اِسْتَاْثَرَ. بِالشَّیْءِ عَلَی الْغَیْرِ : اپنے لئے مخصوص کر لینا۔

اَللّٰہُ بِہ : وفات دینا۔

اَلاَثَرُ : نشان۔ حدیث۔ سنت۔ مدت ج آثار و اُثُورٌ. عِلْمُ الآثَار : پرانی یادگار چیزوں کا علم۔ کہا جاتا ہے " خَرَجَ فِی (اَثَرِہ) وَفِی (اِثْرِہ) : وہ اس کے بعد نکلا" وَعَلَی الاَثَرِ : یعنی فوراً۔

الاَثَرِیّ : ماہر آثار قدیمہ۔

اَلاُثُرُ والاَثَرُ : زخم کا نشان۔ آثار و اُثُور.

اَلاَثْرُ : تلوار کا جوہر۔ ج اُثُور.

اَلاُثْرَۃُ۔ ج اُثَرٌ والاَثَارَۃُ : بقیہ علم۔ خاندانی و موروثی شرافت۔

اَلاَثَرَۃُ : پسندیدگی۔ ترجیح۔ خودغرضی۔

اَلاَثِیْـــرُ : تلوار کا جوہر۔ معزز۔ ج اُثَـــراء.

فَرَسٌ. اَثِیْرٌ : گھروں کے بڑے نشان والا گھوڑا۔

اَلاَثِیْرُ : قدماء کے نزدیک بمعنی نواں آسمان اور علماء طبیعات کی اصطلاح میں ایتھر کو کہتے ہیں اور یہ وہ مادہ ہے جس کے تموج سے گرمی بڑھتی ہے اور آواز دور تک جاتی ہے۔

حَدِیْثٌ مَاْثُورٌ : وہ بات جو قرناً بعد قرن نقل ہوتی چلی آئے اور اسی سے ہے " اَلسَّیْفُ الْمَاْثُورُ " خاندانی تلوار۔

الــمَاْثُرَۃُ التَمَاْثَرَۃُ : عمدہ فعل۔ خاندانی و موروثی عزت۔ ج مَآثِرٌ.

اَثَفَہٗ (ن) اَثْفًا : پیچھے جانا' طلب کرنا۔

اَثَّفَ تَاْثِیْفًا. القدر : پائے پر رکھنا۔

تَاَثَّفَ. الرَّجُلُ الْمَکَانَ : جم کے رہنا۔

اَلْقَومُ الاَمْرَ وَعَلَیْہِ : اکٹھا ہونا۔

اَلاُثْــفِیَّۃُ : دیگ رکھنے کا پایہ۔ جماعت۔ ج اَثَـافِی. تَاثِفَۃ. اَلاَثَافِیْ : پہاڑ کے ایک حصہ کو جس کے سامنے دو پتھر رکھ کر اس پر ہانڈی رکھتے ہیں' کہا جاتا ہے " رَمَـاہُ اللّٰـہُ بِثَالِثَۃِ الاَثَـافِیْ" اللہ اس کو بدترین مصیبت میں مبتلا کرے۔

اَثَلَ (ن) اُثُوْلاً و اَثُلَ (ک) اَثَـالَۃً : جڑ پکڑنا۔ صفت اَثِیْلٌ و مُؤَثَّلٌ.

اَثَّــلَ. اَلْمَــالَ : زکوٰۃ دینا۔ اصل ٹھہرانا۔ اَلْمَرْءَ : تعظیم کرنا...... اَلْمَجْدُ : مجد و بزرگی کی بنیاد رکھنا۔

تَاَثَّلَ : جڑ پکڑنا۔ اکٹھا ہونا...... اَلْمَالَ : کما کر بڑھانا۔ اَلْبِئْرَ : کھودنا۔

اَلاَثْــــلُ : جھاؤ کا درخت جو کہ ریت والے علاقے کے قریب زیادہ پیدا ہوتا ہے عام طور پر زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔ کبھی کبھی اس سے چھوٹے بڑے پیالے بنائے جاتے ہیں۔ واحد اَثْلَۃٌ ج آثال و اَثَلاثٌ و آثال و اُثُولٌ : کہا جاتا ہے " نحتَ اَثْلَتَہ : اس نے اسے عیب لگایا اور اس کا مرتبہ گھٹایا۔

الاَثَــلَۃُ والاُثْــلَۃُ : گھریلو سامان۔ اصل سامان۔

اَلاَثْـلَۃُ والاَثَـالُ والاُثَـالُ : موروثی مال یا شرافت یا بزرگی۔

اَثِمَ (س) اِثْـمًا و اَثَـمًا و آثَامًا و مَاْثَمًا : گناہ کرنا۔ صفت۔ اَثِیْم ج اُثَـمَاء و آثِم ج اَثَمَۃٌ.

اَثَمَ (ن ض) اَثْـمًا. اللّٰہُ فُلانًا کَذَا : گنہگار قرار دینا اور سزا دینا۔

اَثَّمَہٗ : گناہ کی طرف منسوب کرنا۔

آثَمَہٗ : مبتلائے گناہ کرنا۔

تَاَثَّمَ : گناہ سے بچنا۔

اَلاِثْم ج آثـام والْـمَاْثَمَۃَ والمَاْثَم : ناجائز فعل۔ گناہ۔ جرم۔

الاَثَــمُ : بھیڑیا۔ جوا۔ شراب (آخری معنی کا ابوبکر نے انکار کیا ہے)

اَثَا (ن) اَثْـوًا و اِثَاوَۃً و اَثْیٌ (ض) اَثْیًا و اِثَایَۃً بِہ : چغل خوری کرنا۔

تَـاَثَّوا وتَـآثَوا : بادشاہ کے پاس مقدمہ لے جانا۔

اَلمَاثِیَۃُ والمَاثَاۃُ : چغل خوری۔

اَجَّ (ن) اَجِیْـجًا : بھڑکنا۔ صفت۔ اَجَّاجٌ و اَجُوْجٌ. اُجُوْجًا. اَلْمَاءُ : کھاری ہونا۔

اَجَّجَ. النَّارُ : بھڑکانا...... عَلَی الْعَدُوِّ : دشمن پر حملہ کرنا۔

آجَّ. اَلْمَاءُ : کھاری ہونا۔

تَاَجَّجَ و تَاَجَّ و اِئْتَجَّ : بھڑکنا۔ اِئْتَجَّ الْحَرُّ : تیز گرم ہونا۔

اَلاُجَاجُ : بہت کھاری پانی

اَلاَجَّۃُ : گرمی کی شدت ج اِجاج والاَجِیْج : شور۔ چلنے کی آہٹ

اَجَدَہ و آجَدَہ و اَجَّدَہ : قوی کرنا۔ مضبوط کرنا نَاقَۃٌ اُجُدٌ : مضبوط اونٹنی۔

اَلاِجَادُ : چھوٹا طوق۔

الْـمُؤَجَّد : مضبوط کیا ہوا۔ بِنَـاءٌ مُؤَجَّد : مضبوط عمارت۔ ثَوبٌ مُؤَجَّدُ النَّسِیْج : مضبوط بنا ہوا کپڑا۔

اَجَـــرَ (ض ن) اَجْــرًا واِجَارَۃً و آجَرَ اِیْجَـارًا الـرَّجُـلَ عَلَی کَذَا : بدلہ دینا۔ مزدوری دینا۔

اَجَرَ (ن ض) اَجْرًا و آجَارًا و اُجُوْرًا. العَظْمُ : جڑ جانا...... العَظْمَ : جوڑنا۔

اَجَّرَ. اَلطِّیْنَ : پکانا۔

آجَرَ مُؤَاجَرَۃً. الرَّجُلَ : مزدور بنانا۔

اِیْـجَارًا. الدَّاءَ فُلانًا ومِنْ فُلانٍ : کرایہ پر دینا۔ صفت کا صیغہ مُؤْجِرٌ بکَسْرِ الجِیْم ہے مُؤَاجِر نہیں۔

اِئْتَـجَــرَ : صدقہ کرنا۔ مزدوری طلب کرنا۔ عَلَیْہِ بِکَذَا : اُجرت پر مزدور ہونا۔

اِسْتَـاْجَرَ. الدَّارَ : کرایہ پر لینا...... الرَّجُلَ : مزدور رکھنا۔

اَلاَجْرُ : ثواب۔ ج اُجُورٌ و آجَار.

اَلاَجُرَّۃ : اینٹ۔ ج اَلاَجُرّ.

اَلاُجْـــرَۃ : ج اُجَـرٌ والاِجَارَۃُ : کرایہ۔ مزدوری۔

اَلاَجِیْرُ : مزدور۔ نوکر۔ ج اُجَرَاءُ.

اِجّاص : آلو بخارا ۔ زرد آلو ۔

اَجَلَ (ن) اَجْلاً ۔ عَلَیْہِ شَرًّا : کسی کے خلاف شر اٹھانا ۔

اَجِلَ (س) اَجَلاً : پیچھے رہنا ۔ دیر کرنا ۔ گردن میں درد والا ہونا ۔ صفت اَجِل و اَجْلٰی ۔

اَجَّلَ الشَّیْئَ : مدت مقرر کرنا ۔ مہلت دینا ۔ الرَّجُلَ : درد گردن کا علاج کرنا ۔

تَاَجَّلَ : پیچھے رہنا ۔ مدت معین کرانا ۔

اِسْتَاجَلَ : مدت معین کرانا ۔

اَجَلْ : ہاں ۔

اَلْاَجَلُ : مدت ۔ وقت ۔ موت ۔ ج آجال ۔

اَلْاَجْلُ : سبب ۔ کہا جاتا ہے " مِنْ اَجْلِکَ فَعَلْتُ ھٰذا " تمہاری وجہ سے میں نے ایسا کیا ۔

اَلْاِجْلُ : گردن کا درد ۔ اِلاجل : نیل گایوں کا گلہ ۔ ج آجال ۔

اَلْآجِلُ وَالْآجِلَۃُ : دیر سے ہونے والا ۔ آخرت ۔

اَجَمَ (ض) اَجْمًا : اَجِیْمًا و تَاَجَّمَ النَّھَارُ : سخت گرم ہونا ۔ تَاَجَّمَ عَلَیْہِ : غضبناک ہونا ۔ تَاَجَّمَ الْاَسَدُ : جھاڑی میں داخل ہونا ۔

الاَجَمَۃ : گنجان درخت ۔ جھاڑی ۔ شیر کے رہنے کی جگہ ۔ ج اَجَم و اُجُم و اَجمات و جج آجام ۔

اَجَنَ (ن ض) اَجْنًا و اُجُوْنًا و اَجِنَ (س) اَجَنًا ۔ الماءُ : رنگ اور مزہ بدلنا ۔ صفت آجن و اَجِنٌ ۔

اَجَنَ (ن) اَجْنًا ۔ الثَّوْبَ : کپڑے کو دھونے کے لئے کوٹنا ۔

اَلْاِجَّانَۃُ : کپڑے دھونے کا ٹب ...... ج اَجاجین تغار ۔

اَلْمِیْجَنَۃُ و المِیْجَنُ : دھوبی کی موگری ج مآجِنَ

اَحَّ (ن) اَحًّا : کھانسنا ۔

اَلْاُحَاحُ : پیاس ۔ و الْاَحِیْحُ والْاَحِیْحَۃُ : غصہ ۔

اَحَّدَ وَوَحَّدَ ۔ المُتَعَدِّدَ : ایک کر دینا ۔ العَدَدَ : ایک بڑھا دینا ۔

اِتَّحَدَ بِہٖ : کھا ہونا ۔ متفق ہونا ۔ و اَتَّحَدَ : اکیلا ہونا ۔

اِسْتَاحَدَ : اکیلا ہونا ۔

اَلْاَحَدُ : ایک ۔ اکیلا ۔ یکتا ۔ مؤنث اِحْدٰی کہا جاتا ہے " فُلَانٌ اَحَدُ الْاَحَدِیْنِ " فلاں بے مثل ہے ۔ اِحْدَی الْاَحَدِ : بڑا عجیب معاملہ ۔

اُحَادُ : ایک ایک ۔ کہا جاتا ہے " جَاؤُا اُحَادَ اُحادَ و اُحادَ اُحادَ " : یعنی وہ لوگ ایک ایک کر کے آئے

اَلْاَحَدُ : اتوار کا دن ۔ یک شنبہ ۔ ج آحاد ۔

اُحُدٌ : مدینہ منورہ زادہا اللہ شرفاً کے قریب ایک پہاڑ کا نام ۔

اَلْاَحَدِیَّۃُ : یکتائی ۔

اَحِنَ (س) اَحَنًا : پوشیدہ دشمنی اور کینہ رکھنا ۔ آحَنَ مُؤَاحَنَۃً الرَّجُلَ : کسی سے دشمنی رکھنا ۔

اَلْاِحْنَۃُ : کینہ ج اِحَن ۔

اَلْاَخِیْخَۃُ : دودھ یا گھی ملا ہوا آٹا ۔

اَلْاُخْبُوطُ والاُخْطُبُوط : جگنو کی قسم کا ایک کیڑا ۔

اَخَذَ (ن) اَخْذًا و تَخْاذًا ۔ لینا ۔ ہ وَ بِہٖ : پکڑنا ۔ ہ بِذَنْبِہٖ : سزا دینا ۔ مواخذہ کرنا ۔ عَلٰی یَدِہٖ : کرنے سے روک دینا ۔ مِنْ شَارِبِہٖ : چھانٹنا ۔ کترنا ۔ عَنْہُ : نقل کرنا ۔ سیکھنا ۔ عَلٰی نَفْسِہٖ : نگرانی کرنا ۔ فِیْہِ الْخَمْرُ : اثر کرنا ۔ یَفْعَلُ : کرنے لگنا ۔ فِی کَذَا : شروع کرنا ۔ اِخْذَہٗ و بِاِخْذِہٖ : طریقہ اختیار کرنا ۔ کسی کے اخلاق کو اپنانا ۔

اُخْذَۃٌ : جادو کرنا ۔

آخَذَہٗ مُؤَاخَذَۃً : ملامت کرنا ۔ عتاب کرنا ۔ ہ عَلٰی ذَنْبِہٖ و بِذَنْبِہٖ : سزا دینا ۔

اِتَّخَذَ : کر دینا بنا دینا عاجز ہونا

اِتَّخَذَہٗ وَتَخِذَہٗ (س) تَخْذًا ۔ صَدِیْقًا : دوست بنا لینا ۔

اِسْتَاخَذَ : درد کی وجہ سے سر جھکانا ۔

الْاُخُذُ : آشوب چشم ۔

الْاُخْذَۃُ : افسوں منتر ۔ درندوں کے شکار کے لئے گڑھا ۔

الْآخِذَۃُ : بے حسی یا اعضاء کی یبوست ۔

الْاَخَاذَۃُ : پانی جمع ہونے کی تالاب جیسی جگہ ج اِخَاذَات و اخاذ اِخاذ کی جمع اُخُذ و اُخذ ۔

الْاَخِیْذُ : قیدی ۔ ج اُخذٰی ۔

الْاَخِیْذَۃُ : لڑائی میں دشمن سے چھینا ہوا مال ۔ غصب کیا ہوا مال ۔

الْمَاْخَذُ : راستہ لینے کا طریقہ یا وقت یا وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز لی جائے ج مَآخِذ ۔

اَلْمَآخِذ : پھندے ۔ جال ۔

اَخَّرَہٗ تَاخِیْرًا ۔ ہٗ عَنْہُ : پیچھے کرنا ۔

تَاَخَّرَ و اِسْتَاْخَرَ : پیچھے رہنا ۔

اَلْآخَرُ : غیر ۔ ج آخَرُوْن مؤنث اُخْرٰی و اُخْرَۃٌ ج اُخَر و اُخْرَیَات : بطور کنایہ بولتے ہیں " اَبْعَدَ اللّٰہُ الْآخَرَ " یعنی اللہ اس شخص کو دور کرے جو ہم میں سے نہیں ہے ۔

الْاُخُرُ : پچھلا حصہ ۔ کہا جاتا ہے " شَقَّ الثَّوبَ اُخُرًا و مِنْ اُخُرٍ " اُس نے کپڑے کو پیچھے سے پھاڑ دیا ۔

الْاُخْرَۃُ : دیری ۔ کہا جاتا ہے " جاء اَخَرۃً وبِاَخَرَۃٍ " وہ آخر میں آیا ۔

الْآخِرُ : پچھلا ۔ ج آخِرُوْن : مؤنث اُخرٰی ج اُخْرَیَات : کہا جاتا ہے " لَا اَفْعَلُہ آخِرَ الدَّھْرِ و اُخرَی اللَّیَالِیْ " یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا ۔

اُخْرَیَاتُ الْجَنِیْنَۃ : باغ کا آخری حصہ ۔

الْآخِرَۃُ والْاُخْرٰی : دار البقا اور نسبت کے لئے اُخْرَوِیٌّ ۔

الْمُؤْخِرُ والْمُؤْخِرَۃُ ۔ ج مآخِر و الآخِرۃ ۔ مِنَ الْعَیْنِ : کنپٹی کی طرف آنکھ کا گوشہ ۔

مُؤْخِرَۃُ الرَّحْلِ و مُؤْخَّرَتُہٗ و آخِرَتُہٗ : کجاوہ کا پچھلا حصہ ۔

اَلْمِئْخَارُ مِنَ النَّخْلِ : کھجور کا درخت جس کا

پھل جاڑے کے آخر تک باقی رہے۔ ج مَآخِیر.

مُؤخِرُ. الشَّیْ : چیز کا پچھلا حصہ۔

اَخا (ن) اُخُوَّۃ. ہٗ : بھائی یا دوست بننا۔

اَخـی. لِلـدَّابَۃِ : اخیـہ : بنانا (دیکھئے لفظ آخِیہ)

آخی اِخاءً و مُؤاخاۃً و اِخاوَۃً. ہٗ : بھائی یا دوست بننا۔

تَـآخـي. ہٗ : بھائی بنانا۔ یا بھائی کہہ کے پکارنا۔ تَوَخّی : قصد کرنا۔

تَآخَیَا : باہم بھائی بھائی ہونا۔

اَلْاَخُ والاَخّ والاَخـو والْاَخـوُ : بھائی۔ ساتھی۔ دوست۔ تثنیہ۔ اَخـوَان ج اِخوَۃٌ و اُخـوَۃ و اِخوَانٌ و اُخوَانٌ و اَخُوْن و آخاء : اور بقول بعض الاخوَان اس اَخ کی جمع ہے جو دوستی کے لحاظ سے بھائی کے معنی میں ہے اور اِلاخـوَۃ اس اَخ کی جو نسبی بھائی کے معنی میں ہے اور نسبت کے لئے اَخـوِیٌّ و اَخِيٌّ۔

اَلْاُخْتُ : بہن۔ ج اَخَوَاتٌ.

اَلاخِیَۃُ والْآخِیَۃ : رسّی جس کے دونوں سرے زمین میں گاڑ دیتے ہیں اور اوپر کو حلقہ سا نکلا ہوا ہوتا ہے جس میں جانوروں کو باندھتے ہیں۔ ج اَوَاخِیٌّ و اَخَایَا و اَوَاخ کہا جاتا ہے شَدَّ اللّٰہُ بَیْنَکُمَا اَوَاخِی الْاِخَاءِ : اللہ تعالیٰ تم دونوں کے درمیان بھائی بندی کے علاقہ کو مضبوط کرے۔

اَخِیُون : ناگ پھنی۔

اَدَّ (ض ن) اَدًّا. ہٗ الـوَیـلُ : مصیبت کا اچانک آنا۔ الْاَمْرُ : بھاری اور دشوار ہونا۔ الرَّجُلُ فِی الْاَرْضِ : سفر کرنا۔

تَـاَدَّدَ. الْاَمْرُ : سخت و ہولناک ہونا۔ صفت اِدّید۔

اَلْاَدِیْدُ : شور۔

اَلْـاِدُّ وَالاِدَّۃ : سخت و دشوار کام۔ مصیبت ج اِدَادٌ و اِدَدٌ.

اَدُبَ (ک) اَدَبًا : زیرک و دانش مند ہونا۔ صاحب ادب ہونا۔ صفت اَدیب ج اُدَبَاءُ.

اَدَبَ (ض) اَدْبًا و آدَبَ اِیْدَابًا : دعوت کا کھانا تیار کرنا۔ اَدَبَـہٗ وَ آدَبَـہٗ دعوت میں بلانا۔ کہا جاتا ہے "اَدَبَهُـمْ عَلَی الْاَمْرِ" اس نے ان سب لوگوں کو کام پر جمع کر دیا۔

اَدَّبَ : مہذب بنانا۔ شائستہ بنانا۔ ادب سکھلانا۔ جرم پر سزا دینا۔

تَـاَدَّبَ : مہذب و شائستہ بننا۔ ادب سیکھنا۔ عَنْ فُلَانٍ : کسی کے اخلاق پر اٹھنا۔ بِہٖ : اقتدا کرنا۔

اِسْتَادَبَ : ادب سیکھنا۔

اَلْاَدَبُ : اخلاقی ملکہ جو ناشائستہ باتوں سے روکتا ہو۔ زیرکی۔ خوش طبعی۔ ج آداب : نیز آداب کا اطلاق ہر قسم کے علوم و معارف پر ہوتا ہے یا ان کے صرف دلچسپ حصے پر۔ کسی چیز یا کسی شخص کے مخصوص قوانین جیسے آداب مجلس۔ آداب درس وغیرہ علم ادب۔ وہ علم جس کے ذریعہ بول چال اور تحریر کی غلطیوں سے محفوظ رہے۔

اَلْاُدْبَۃُ والْـمَادُبۃ والمَادَبَۃُ : کھانا جو دعوت کے لئے تیار کیا جائے۔ ج مَآدِب.

اَدِرَ (س) اَدَرًا. الـرَّجُلُ : آماس خصیہ والا ہونا۔ صفت آدَرُ.

اَلْاُدْرَۃ والْاَدَرَۃ : آماس خصیہ۔

الاُدَاف : آلہ تناسل۔ کان۔

اَدَلَ (ض) اَدْلاً. الـجُـرْحُ : کھرنڈ اترنا۔ اللَّبَنَ : بلونا۔ البَابَ : بند کرنا۔ (اقرب).

اَلْاِدْل : گردن کا درد۔ گاڑھا کھٹا دودھ۔

اَدَمَ (ض) اَدْمًـا. الـخُـبْـزَ : سالن لگانا۔ صفت مفعولی مَادُوْمٌ. اَدِیْمٌ.

...... وَ آدَمَ اِیْـدَامًا. بَیْنَ مُتَخَاصِمَیْنِ : صلح کرنا۔ الفت و اتفاق پیدا کرنا۔

اَدَمَ (ن) اَدْمًـا. اَهْـلِہٖ : اپنے لوگوں کے لئے نمونہ بننا۔

اَدِمَ (س) اَدَمًا و اَدُمَ (ک) اُدْمَۃ : گندم گوں ہونا۔

اِئْتَدَمَ : سالن سے روٹی کھانا۔

اَلْاِدَام : ہر موافق و مناسب چیز۔ سالن۔ ج آدَام و اُدُم.

اَلْاُدْم : ہر وہ چیز جس کو سالن بنایا جا سکے۔

اَلْاَدَمَۃ والْاَدَم : چمڑے کا ظاہری یا اندرونی حصہ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِدَامُ قَـوْمِـہٖ و اَدَمُ بَـنِیْ اَبِیْـہِ و اَدَمَۃُ قَوْمِـہٖ" فلاں اپنی قوم کا سردار ہے۔

آدَم : سیدنا ابوالبشر آدم علی نبینا و علیہ الصلوٰۃ و السلام کا اسم گرامی۔ افرادِ جنس پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ ج اَوَادِم : نسبت کے لئے آدَمِیٌّ.

الآدَم : گندم گوں۔ مؤنث اَدْمَاء ج اُدْم.

الآدَّام : چمڑے کی تجارت کرنے والا۔

اَلْاَدِیْم : پکایا ہوا چمڑا۔ اَدِیْـمُ الـنَّـهَـارِ : دن کی روشنی۔ کہا جاتا ہے : "ظَـلَّ اَدِیْـمَ الـنَّـهَـارِ صَـائِـمًا" : وہ پورے دن روزہ سے رہا۔ اَدِیْمُ الـضُّحَی : چاشت کی ابتداء۔ اَدِیْـمُ اللَّیْلِ : رات کی تاریکی۔ والاَدِیْـمُ مِنَ السَّمَـاءِ اَو الْاَرْضِ : آسمان یا زمین کا ظاہری حصہ۔ ج اَدَم و اُدُم و آدِمَۃٌ و آدَامٌ.

اَلْاُدْمَۃ : قرابت۔ وسیلہ۔

اَدَا (ن) اُدُوًّا. الثَّمَرُ : پکنا۔ اللَّبَنُ : گاڑھا ہونا...... اَدَوًا. اللَّبَنَ : بلونا۔ الـرَّجُلَ : دھوکا و فریب دینا۔

تَـاَدَّی و تَـاَدَی : آلہ بنانا۔ تیاری کرنا۔ زمانہ کے حوادث کے دفعیہ کے لئے اسباب مہیا کرنا۔

اَلْاَدَاۃ : آلہ۔ ج اَدَوَات.

الاِدَوَاۃ : چمڑہ کا چھوٹا برتن۔ ج اَدَاوَی.

اَدَی : (ض) اَدْیًـا و اَدَی تَـادِیَۃً. الشَّیْءُ : پہنچانا۔ ادا کرنا۔

آدَی اِیْدَاءً : تیاری کرنا۔ قوی ہونا۔ عَلَیْـہِ : مدد کرنا۔

تَـاَدَّی. لَـہٗ مِنْ حَقِّـہٖ : ادا کرنا۔ اِلَیْـہِ الْخَبَرُ : پہنچنا۔

اِسْتَادَی. فُلَانٌ الـمَالَ : لینا۔ عَـلَیْہِ : مدد چاہنا۔ الْاَدَاء : ادائگی۔ پہنچانا۔

اِذْ : زمانہ ماضی کے لئے ظرف ہے اور اس کے

بعد ہمیشہ جملہ واقع ہوتا ہے اور کبھی جملہ کو حذف کر دیتے ہیں اور اس کے عوض تنوین لاتے ہیں۔ جیسے "مَتٰی جَاءَ کُمُ الْمَوْتُ فَحِیْنَئِذٍ تَعْلَمُوْنَ" یہ اصل میں یوں ہے فَحِیْنَ اِذْ یَجِیْ تَعْلَمُوْنَ :اور کبھی مفاجاۃ کے لئے آتا ہے جیسے "بَیْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَ زَیْدٌ" اور کبھی لام تعلیل کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے جیسے "ضَرَبْتُ اِبْنِی اِذْ سَاءَ" میں نے اپنے بیٹے کو مارا اس وجہ سے کہ اس نے گستاخی کی تھی۔

اِذَا :زمانہ مستقبل کے لئے ظرف ہے اور معنی شرط کو متضمن ہوتا ہے جیسے "اِذَا اجْتَھَدْتَ نَجَحْتَ" جب تم کوشش کرو گے تو کامیاب ہو گے اور حرف مفاجاۃ بھی ہے جیسے "خَرَجْتُ فَاِذَا اَسَدٌ بِالْبَابِ" میں نکلا تو اچانک دروازہ پر شیر تھا۔

آذار و اَذار :ماہ مارچ۔ (رومی مہینے کا نام)

اَلْاِذْرِیُوْنُ :سورج مکھی۔

اِذْمَا :حرف شرط ہے بمعنی اِن اور دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے اِذْ مَا تَقُمْ اَقُمْ۔

اِذَنْ و اِذًا :حرف جواب و جزا ہے۔ مثلاً تم سے کوئی کہے کہ "اَزُوْرُکَ غَدًا" تو اس کے جواب میں تم کہو گے "اِذَنْ اُکْرِمُکَ"۔

اَذِنَ (س) اَذَنًا۔ اِلَیْہِ وَ لَہٗ :کان لگانا۔ سننا۔ کہا جاتا ہے "حَدَّثْتُہٗ فَاَذِنَ لِی اَحْسَنَ الْاَذَنِ :میں نے بات چیت کی تو اس نے اچھی طرح کان لگا کر بات سنی۔

...... اِذْنًا و اَذِیْنًا۔ لَہٗ فِی الشَّیْءِ :اجازت دینا۔ مباح کرنا ...... اِذْنًا و اَذَنًا و اَذَانًا و اَذَانَۃً بِالشَّیْءِ :جاننا۔

اَذَنَہٗ (ن) اَذْنًا :کان پر مارنا۔ گوشمالی کرنا۔

اُذِنَ :کسی کے کان میں درد ہونا۔

آذَنَ اِیْذَانًا۔ فُلَانًا الْاَمْرَ وَبِالْاَمْرِ: جتلانا۔ آگاہ کرنا ...... الرَّجُلَ :کان پر مارنا ...... العُشْبُ :خشک ہونے لگنا ......

و اَذَّنَ تَاْذِیْنًا۔ بِالصَّلٰوۃِ :اذان دینا۔

اَذَّنَ الْوَلَدَ :کان گرم کرنا۔

تَاَذَّنَ :قسم کھانا ...... لِاَمْرِ :آگاہ کرنا۔ جتلانا۔ بِالشَّرِّ :ڈرانا۔ الْاَمِیْرُ فِی النَّاسِ :امیر کا اعلان کرنا اور دھمکانا۔

اِسْتَاْذَنَہٗ :اجازت طلب کرنا۔ عَلَیْہِ :اندر آنے کی اجازت مانگنا۔

اَلْاِذْنُ :اجازت، علم کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ بِاِذْنِیْ" اس نے اس کو میری دانستگی میں کیا۔

اَلْاُذْنُ و الْاُذُنُ :کان (مؤنث) ج آذَانٌ :تصغیر اُذَیْنَۃٌ۔ آذَانُ الْفَارِ ...... الجَدْیِ و الْاَرْنَبِ و ...... الْفِیْلِ :مختلف حیوانات کے کان اُذُنُ الْکُوْزِ :ٹونٹی۔ کہا جاتا ہے" فُلَانٌ اُذُنٌ مِنَ الْاُذُنِ" :فلاں ہر ایک کی بات سن کر مان لیتا ہے اور یہ لفظ واحد ہی تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب میں استعمال ہوتا ہے جیسے " ھِیَ اُذُنٌ ھُمَا اُذُنٌ ھُمْ اُذُنٌ "اور کہا جاتا ہے" جَاءَ نَاشِرًا اُذُنَیْہِ" :وہ لالچ کرتا ہوا آیا و جَاءَ لَابِسًا اُذُنَیْہِ" وہ غافل ہو کر آیا۔

اَلْاِذْنَۃُ :خواہش۔

اَلْاِیْذَانُ :خبردار کرنا۔

اَلْآذَنُ و الْاُذَانِیُّ :بڑے کان والا۔

اَلْاَذِیْنُ و الْمُؤَذِّنُ :اذان دینے والا۔

اَلْاَذِیْنُ :سردار۔ لیڈر۔ کفیل۔

اَلْمِئْذَنَۃُ :اذان دینے کی جگہ۔ منارہ۔ ج مَآذِنُ۔

اَذِیَ (س) اَذًی و اَذَاۃً :تکلیف پانا۔ صفت آذٍ۔

آذَی اِیْذَاءً۔ الرَّجُلَ :تکلیف پہنچانا۔

تَاَذّٰی :تکلیف اٹھانا۔

اَلْاَذٰی و الْاَذِیَّۃُ و الْاَذَاۃُ :تکلیف۔ رنجش۔

اَلْاَذِیُّ :تکلیف زدہ۔

اَلْاَذِیُّ :سخت تکلیف پہنچانے والا۔ سخت تکلیف پانے والا۔

اَلْآذِیُّ :موج دریا۔ ج اَوَاذِیُّ۔

اَرِبَ (س) اَرَبًا :ماہر ہونا۔ صفت اَرِبٌ و اَرِیْبٌ :مونث اَرِیْبَۃٌ۔ اَرِبَ بِالشَّیْءِ :مشتاق ہونا۔ ماہر و دانا ہونا ...... اِلَیْہِ :محتاج ہونا۔ الرَّجُلُ :کسی کے اعضاء کا گر جانا۔ عَلَیْہِ :قوی ہونا۔

اَرَبَ (ض) اَرْبًا۔ الْعُقْدَۃَ :مضبوط گرہ لگانا۔ الرَّجُلَ :عضو پر مارنا۔

اَرُبَ (ک) اَرَابَۃً و اَرْبًا :عقلمند و دانا ہونا صفت اَرِیْبٌ و اَرِبٌ۔

اَرَّبَ۔ الشَّیْءَ :مضبوط کرنا ...... الشَّاۃَ :ٹکڑے ٹکڑے کاٹنا۔

آرَبَہٗ مُؤَارَبَۃً :فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ آرَبَ اِیْرَابًا۔ عَلَیْھِمْ :کامیاب ہونا۔

تَاَرَّبَ :بہ تکلف زیرک بننا ...... الْاَمْرُ :دشوار ہونا۔

اِسْتَارَبَ :مغالطہ دینا۔ دشمنی چھپاتے ہوئے مدارات کرنا۔ قرض لینا۔

اَلْاَرَبُ :حاجت، ضرورت، انتہاء۔ ج آرَابٌ۔

اَلْاِرْبُ :عضو۔ کہا جاتا ہے" قَطَّعْتُ الذَّبِیْحَۃَ اِرْبًا اِرْبًا " یعنی میں نے ذبیحہ کے عضو عضو کو کاٹا۔ ضرورت۔ ج آرَابٌ۔

...... وَالْاِرْبَۃُ :چالاکی، حیلہ۔

اَلْاُرْبُ :انگشت شہادت اور بیچ کی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

اَلْاَرْبُ :چالاکی۔ پیدائش کے وقت کے گائے بکری کے بچے۔

اَلْاُرْبَۃُ :گرہ۔ کتے کے گلے کا پٹہ۔ ج اُرَبٌ۔

اَلْاُرْبِیَّۃُ :ران کی جڑ۔

اَلْاُرْبِیَانُ :جھینگا مچھلی۔

اَلْمَارَبُ و الْمَارَبَۃُ بتثلیث راء مَاْرَبَۃٌ حاجت ج مَآرِبُ۔

اَلْاُرْثَۃُ :گرگٹ کے سر کے بال۔

اِرْثٌ :دیکھئے مادہ ورث۔

اَرَّثَ :بھڑکانا۔ بَیْنَھُمْ :فساد کی آگ بھڑکانا۔ تَاَرَّثَتْ :النَّارُ :بھڑکنا۔

اَلْاُرْثَۃُ و الْاِرَاثُ :ایندھن۔

اَلْاِرَاثُ و الْاِرَاثَۃُ و الْاَرِیْثُ :آگ۔

اَرِجَ (س) اَرَجًا و اَرِیْجًا و تَاَرَّجَ :خوشبو دینا۔ مہکنا۔ صفت اَرِجٌ۔ اَرِجَ النَّاسُ :رونے میں آواز بلند کرنا۔

اَرَجَ (ض) اَرْجًا۔ الْحَقَّ بِالْبَاطِلِ :حق میں

باطل کی آمیزش کرنا۔
اَرَّجَ. القَوْمَ و بَیْنَهُمْ: اُکسانا۔ ایک کو دوسرے کے خلاف بھڑکانا۔ صفت اَرَّاج ...... النَّارَ: روشن کرنا۔
اَلْاَرَّاجُ: بڑا جھوٹا۔
اَلْمُؤَرِّجُ: شیر۔
اَلْاُرْجُوَان: ایک پھولدار درخت کا نام۔ سرخ رنگ۔ سرخ رنگ کے کپڑے۔
اَرَّخَ تَارِیْخًا و آرَخَ مُوَارَخَةً. الکِتَابَ: تاریخ نکالنا۔
التَّارِیْخُ: وقت کا بیان۔ تَارِیْخُ الشَّیْءِ: کسی چیز کے واقع ہونے کا وقت ج تَوَارِیْخ.
عِلْمُ التَّارِیْخِ: ایسا علم جس میں حوادث و واقعات مع تاریخ کے بیان کئے جائیں۔
اَلْاَرْخُ: بیل۔ ج اُرُوْخ.
اَلْاَرْخ: نیل گائے۔ واحد ارخة" اَرَاخ و اِرَاخ.
اَلْاُرْخِیَّةُ: پہاڑی بکری کا بچہ۔
اَلْاَرْدَبُّ: ایک بڑا پیمانہ جس میں چوبیس (۲۴) صاع غلہ آتا ہے۔
اَرَّ(ن) اَرًّا. الدَّابَّةَ: جانور کو ہانکنا۔ دھتکارنا۔ دور کرنا۔ المَرْاَةَ: عورت سے جماع کرنا...... النَّارَ: آگ سلگانا۔ السلح: پاخانہ کرنا۔
اَرَّ(ف) اَرِیْرًا. المَاجِنُ: جوئے میں غلبہ کے وقت ارے رے رے کہنا۔
اَلْاِرَّةُ: آگ۔
اَرَزَ (ن ض ف) اَرْزًا و اُرُوْزًا: سمٹنا سکڑنا۔ کہا جاتا ہے" فُلَانٌ یَارِزُ اِلٰی وَطَنِهٖ" فلاں ہر پھر کے اپنے وطن ہی کی طرف آتا ہے۔
اللَّیْلُ: ٹھنڈی ہونا۔ صفت اَرِیْزٌ و آرِزٌ و آرُوْز اور کہتے ہیں "بِتْنَا لَیْلَةً آرِزَةً یَارِزُ مَنْ فِیْهَا لِشِدَّةِ بَرْدِهَا" ہم نے ایسی ٹھنڈی رات گزاری جس میں ہر شخص سردی کی شدت کی وجہ سے سکڑا جارہا تھا۔" و اَرَزَتْ اَصَابِعُهٗ مِنَ الْبَرْدِ" اس کی انگلیاں سردی کی وجہ سے سکڑگئیں" وَشَجَرَةٌ آرِزَةٌ" وہ درخت جو جڑ پکڑے۔

اَرُزَ. القَوْمِ: قوم کا سردار۔
اَلْاَرْزُ: صنوبر کا درخت۔
اَلْاَرُزُ و الْاُرُزُ و الْاُرْزُ و الرُّزُ: چاول۔ دھان۔
اَلْاَرُوْزُ: بخیل
اَرَسَ (ض) اَرْسًا و اَرَسَ: کاشتکار ہونا۔
اَلْاَرِیْسُ: کاشتکار۔ ج اَرِیْسُوْن.
الاِرِّیْسُ: کاشتکار بڑا کاشتکار ج اَرَارِسَةٌ و ارارِیْس و اَرَارِس.
الارْس: پاکیزہ نسب۔
اَرَشَ (ن) اَرْشًا. ۂ بھڑکانا۔ دیت دینا۔
اَرَّشَ. بَیْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ ایک کو دوسرے کے خلاف اُکسانا۔ الحَرْبَ اَوِالنَّارَ: بھڑکانا۔
اَلْاَرْشُ: دیت۔ رشوت۔ ج اُرُوْش
اَرُضَ (ن) اَرْضًا و اَرُضَ (ک) اَرَاضَةً المَکَانُ: سرسبز اور خوش منظر ہونا۔ صفت اَرِیْض.
اَرِضَتْ (س) اَرَضًا و اُرِضَتْ. الخَشَبَةُ: دیمک خوردہ ہونا۔
اَرَّضَ. الکَلَامَ وَغَیْرَهٗ: آراستہ کرنا۔ تیار کرنا۔
تَاَرَّضَ. بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا۔ زمین میں جم کے رہنا...... لِکَذَا: درپے ہونا۔
اِسْتَارَضَ. السَّحَابُ: زمین سے قریب فضا میں پھیل جانا۔
اَلْاَرْضُ: زمین۔ ج اَرَضُوْنَ و اُرُوْض و اراضٍ و آرَاضٍ: زکام۔ جوڑی بخار۔ کہا جاتا ہے" اَتَانَا ابْنُ اَرْضٍ" ہمارے پاس غیر معروف النسب مسافر آیا" اَرْضُ النَّعْلِ" جوتہ کی تلی۔
اَلْاَرَضَةُ: ایک قسم کا کیڑا جو لکڑی کھاتا ہے ...... دیمک۔ ج اَرَض.
المَارُوْضُ: دیمک کھائی ہوئی لکڑی۔
الاَرْضِیُّ شَوْکِیٌّ: زمین پر پھیلنے والا ایک خاردار پودا۔
الاَرْطٰی: ایک درخت جس کا پھل عناب کی

مانند سرخ ہوتا ہے۔
الْاَرْغُنُ و الْاَرْغُنُوْن: آرگن۔ ایک قسم کا باجہ
اَرَّفَ تَارِیْفًا: حد بندی کرنا۔ الحَبْلَ: گرہ لگانا
اُرِّفَ. عَلَی الْاَرْضِ: محدود کیا جانا۔
الْاُرْفَةُ: دو زمینوں کے درمیان حد فاصل علامت ج اُرَف.
الْاُرْفِیُّ: زمین کی پیائش کرنے والا۔ خالص دودھ۔ کہا جاتا ہے" هو مُوَارِفِی" یعنی اس کے مکان کی حد میرے مکان کی حد کے متصل ہے۔
اَرِقَ (س) اَرَقًا و اِئْتَرَقَ: رات میں نیند نہ آنا۔ صفت اَرَاق و آرِق و اَرِق و اُرُق: آخر کا کلمہ اس شخص کے لئے جس کی عادت ہی بے خوابی کی ہو۔
اَرَّقَهٗ تَارِیْقًا و آرَقَهٗ اِیْرَاقًا: بیدار رکھنا۔
اَلْیَرَقَانُ و الْاَرَقَانُ و الْاُرَقَانُ الْاِرْقَانُ و الْاَرْقَانُ و الْاُرَاق: یرقان۔ بیماری جس میں آدمی کا رنگ سیاہ یا زرد ہو جاتا ہے اور یہ عارضہ کھیت کو بھی ہو جاتا ہے۔
اَرَکَ (ن ض) اُرُوْکًا. الجَمَلُ: پیلو کے پتے کھانا۔
اَرِکَ (س) اَرَکًا و اُرِکَ. الجَمَلُ: پیلو کے پتے کھانے سے پیٹ میں درد ہونا۔
اَرَکَ و اَرِکَ الجُرْحُ: زخم کا اچھا ہو جانا۔
الاَرَاک: درخت پیلو۔ واحد اَرَاکَةٌ. ج اُرُک و ارائِک.
الاَرِیْکَةُ: آراستہ و مزین تخت۔ ج اَرَائِک و اَرِیْک۔ کہا جاتا ہے" هُوَ کَرِیْمُ المَارُوْکِ" وہ کریم الاصل ہے۔ اَرِیْکَةٌ: زخم کا کچا ہونا۔
الاَرْلَةُ: وہ چمڑا جس کو ختنہ کے وقت کاٹتے ہیں۔
اَرَمَ (ض) اَرْمًا. مَا عَلَی المَائِدَةِ: سب کچھ چٹ کر جانا...... الاَرْضَ: زمین میں جڑ و شاخ کچھ باقی نہ چھوڑنا۔ صفت مفعول اَرُوْمٌ و مَارُوْمَةٌ...... الشَّیْءَ: جڑ سے ختم کر

دینا۔۔۔۔الرجل: نرم مزاج بنانا۔الحبل: مضبوط بٹنا۔
الارم: داڑھیں۔کہاجاتا ہے یحرق علیہ الارم: وہ اس کے اوپر غصہ کی وجہ سے دانت پیتا ہے۔ پتھر۔ انگلیوں کے کنارے۔کنکریاں۔
الارم والارم: میدان میں رہنمائی کیلئے نصب کئے ہوئے پتھر۔کہاجاتا ہے" ما بھا ارم او ارم" اس میں کوئی نہیں۔ اس کا استعمال ہمیشہ نفی میں ہوتا ہے۔ ج آرام و اروم۔
الارومۃ والارومۃ والاروم: درخت کی جڑ۔ ج اروم اور حسب کے لئے استعارہ استعمال کیاجاتا ہے۔کہاجاتا ہے" نفس ذات اکرومۃ من اطیب ارومۃ" یعنی کریم النفس وکریم الاصل۔
الارمۃ: نشان راہ۔ج ارم۔
ارن (س) ارنا و ارینا و ارانا. البعیر: نشاط میں آنا۔صفت ارن و اروَن۔
ارنہ (ن) ارنا: دانت سے کاٹنا۔
آرنہ موارنۃ وارانا: مفاخرت کرنا۔
الاران: تابوت۔ج ارن. الاران: تلوار۔
الاران والمران: وحشی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔ج مآرین۔
شاۃ اِران: جنگلی بیل۔
الارنۃ: تر پنیر اور بقول بعض ایک دانہ کا نام ہے جس کو دودھ میں پنیر بنانے کے لئے ڈالتے ہیں۔
الارین والارانی والارنی: ایک قسم کا دانہ جو دودھ کو پنیر بنادیتا ہے۔
الاروَن: زہر اور بقول بعض ہاتھی کا بھیجا۔
الاروِیۃ والاروِیۃ: پہاڑی بکرا (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے مستعمل ہے)۔ ج اراوی و اراوٍ و اروی۔
اری (ض) اریا. النحل: شہد بنانا۔
اری (س) اریا. صدرہ علی: غضب ناک ہونا۔

آری. الدابۃ: جانور کے لئے تھان بنانا۔ ...... النار: سلگانا۔بھڑکانا۔
تاری. بالمکان: اقامت کرنا......عنہ: پیچھے رہ جانا۔
الاری: شہد کھانا جو دیگ کی تلی میں جل کر چپک جائے۔
الآرِیۃ: جانور کا تھان۔
الازۃ: کوہان کی چربی۔
ازت (ن ض) ازّا و ازازا و ازیزا. القدر: جوش مارنا۔سنسنانا......القدر وبھا: جوش دینے کے لئے آگ جلانا۔ازّ علی کذا: بھڑکانا برانگیختہ کرنا۔الشیٔ: جمع کرنا۔
تازّز. المجلس: اہل مجلس کا مضطرب ہونا۔ اسم الازّۃ ہے۔
الازّ: پھوڑے وغیرہ کا درد۔
الازیز: بادل گرج۔دیگ کی سنسناہٹ۔ سردی۔
ازب (ض ن) ازبا. الماء: جاری ہونا۔
الازب: لئیم۔پست قد۔چالاک۔
الازب والازیب: لمبا۔
المئزاب: پرنالہ۔بدرو۔پانی بہنے کی جگہ۔ نابدان۔ج مآزیب۔
الازبۃ: شدت وقحط۔
ازج (ض) ازوجا. فی مشیتہ: تیز چلنا۔
ازج (س) ازجا. العشب: گھاس کا طویل ہونا۔
ازج (ن) ازجا۔عنی: مدد طلب کرنے کے وقت کاہلی کرنا۔
ازّج. البیت: لمبا بنانا۔
الازج: لمبا مکان۔ ج آزج و آزاج و ازجۃ۔
الازِج: نازوانداز سے چلنے والا۔
فرس ازوج: تیز رفتار گھوڑا۔
ازح (ض) ازوحا و تازح: دیرلگانا اور پیچھے رہ جانا۔صفت ازوح. ازحت قدمہ: پھسلنا۔
الازدرخت والازادرخت: ایک درخت کا

نام ہے۔
الازاذ: ایک قسم کی کھجور۔
ازر (ض) ازرا. بالشیٔ: احاطہ کرنا۔النبات: گتھ جانا۔
وازر. فلانا: قوی کرنا۔ازرہ: ڈھانپنا۔
آزرہ موازرۃ: مدد دینا۔غم خواری کرنا۔
تازر وائتزر واتزر: ازار پہننا۔تہ بند باندھنا۔
الازر: قوت۔پیٹھ کہاجاتا ہے" شد بہ ازرہ" اس کو اس کے ذریعہ قوت حاصل ہوئی اور اسی سے قرآن میں ہے" اشدد بہ ازری" یعنی اس کے ذریعے مجھے قوت دے۔
الإزر: جڑ۔تہبند۔
الآزر: تہ بند باندھنے کی جگہ۔
الازرۃ: تہ بند باندھنے کی ہیئت۔کہاجاتا ہے "لکل قوم ازرۃ یا تزرونھا" یعنی ہر ملکے وہرسے۔
الازار: ہر وہ چیز جو تم کو چھپا لے۔چادر۔پاکدامنی۔تہبند۔پشتہ دیوار۔ج آزرۃ و ازر۔
الازارۃ: تہبند۔
المئزر والمئزرۃ: تہبند۔ج مآزر: کہاجاتا ہے"شد للامر مئزرہ" جب کہ مستعدی ظاہر کرے۔" نصر موزر" پوری مدد۔
ازف (س) ازفا و ازوفا: قریب ہونا۔
الرجل: جلدی کرنا۔الجرح: زخم بھر جانا۔
آزفہ ایزافا: جلدی کرانا۔
تازّف. الرجل: پست قد ہونا۔بدخلق ہونا۔
تآزف: قریب قریب قدم رکھنا......القوم: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔
الازف: تنگی وبدحالی اور اسی سے ہے۔" فی عیشہ ازف" اس کی زندگی تنگ ہے۔
الآزفۃ: قیامت کا دن۔
الازفی: تیز قدمی وچستی" یمشی الازفی" وہ تیز چلتا ہے۔
ازق: (ن ض) ازقا و آزق: (س) ازقا

وتازّق: تنگ ہونا۔
اَلْمَازِقَۃُ: پاخانہ۔ ج مَآزِق۔
اَلْمَزْاَوَۃُ وَالْمُتَآزِقَۃ: چھوٹا توشہ دان۔ مَکَانٌ مُتَأَزِّقٌ: تنگ جگہ۔ رَجُلٌ مُتَأَزِّق: پست قد مرد۔
اَلْمُتَأَزِّف: تنگ دل و بدخو مرد۔
اَزَق (ن ض) اَزْقًا و اَزِق (س) اَزَقًا و تَاَزَّق: تنگ ہونا۔
اَلْمَازِق: تنگ جگہ۔ مرادی معنی کے طور پر میدانِ جنگ کو بھی کہا جاتا ہے۔ ج مَآزِق۔
الاَزُون: (علم کیمیا) ایک قسم کی گیس جو تین آکسیجن سے بنتی ہے۔ اس کی علامت O^3 ہے۔
اَزَلَ (ض) اَزْلًا و تَاَزَّلَ: تنگی و سختی میں پڑنا۔ صفت اَزِلٌ. اَزْلَہٗ: روکنا۔ بازرکھنا۔
اَلْاَزْل: بلاو مصیبت۔ جھوٹ۔
اَلْاَزَل: ہمیشگی۔ وہ زمانہ جس کے لئے ابتداء نہ ہو۔
الْاَزَلِیُّ: قدیمی۔ وہ ذات جس کے وجود کی ابتداء نہ ہو۔
المَازِل: تنگ جگہ۔
اَزَمَہٗ (ض) اَزْمًا و اُزُوْمًا: دانت سے کاٹنا۔ الْحَبْلَ: رسی کو مضبوط بٹنا۔۔۔۔۔۔ الدَّھْرُ عَلَیْہِ: سخت ہونا۔ بِصَاحِبِہٖ: ہمیشہ ساتھ ساتھ رہنا۔ عَنِ الشَّیءِ: رکنا۔ عَلَیْہِ ۔۔۔۔۔۔: محافظت کرنا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
تَاَزَّمَ. الْقَوْمُ: تنگی اور قحط سالی لاحق ہونا۔ زمانہ کی سختی سے دردمند ہونا۔
الآزِمُ والآزِمَۃ والاَزُوْم: کچلی۔ نوکدار دانت ج اُزَّمٌ و اَوَازِم و اُزُم. الآزِم: پرہیز کرنے والا۔
الاَزْم: پرہیز۔ کہتے ہیں "اَصْلُ کُلِّ دَوَاءٍ الاَزْمُ: ہر دوا کی جڑ پرہیز ہے۔ الاَزْم: قوت۔
الاَزْمَۃ والآزِمَۃ: سختی و تنگی۔ قحط۔ ج اِزَم و اُزُم وَاَزَمَات و اَوَازِم. الاَزْمَۃ: دن میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔

اَلْمَازِم: تنگ جگہ۔ میدان جنگ۔ ج مَآزِم۔
الْاَزُوْمَۃ: سخت قحط کا سال۔
آزَی مُوَازَاۃً. الرَّجُلَ: ایک دوسرے کے مقابل اور قریب ہونا۔
تَآزَی تَآزِیًا. القَوْمُ: باہم قریب ہونا۔
تَآزَی. عَنْہُ: مڑنا۔
اِزَاءٌ: مقابل۔ سامنے۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ اِزَاءَہٗ وَ بِاِزَائِہٖ: وہ اس کے مقابل بیٹھا۔ اِزَاءُ الْاَمْرِ: کام کا منتظم اور کہا جاتا ہے "ھُمْ اِزَاؤُھُمْ" وہ لوگ ان کے مماثل ہیں۔
اَسَّ (ن) اَسًّا. الدَّارَ: بنیاد رکھنا۔
۔۔۔۔۔۔ بَیْنَ النَّاسِ: فساد پھیلانا۔
اَسَّسَ. البَیْتَ: بنیاد رکھنا۔
الاَسُّ والاِسُّ والاُسُّ: ج اِسَاس والاَسَاس والاَسَس ج اُسُس و آسَاس: بنیاد۔ کسی چیز کی ابتداء۔ الاُسُّ: چولہے میں تھوڑی راکھ۔
الاَسَاس: چغل خور۔
اَسَاس: (کیمسٹری) کا ایک قاعدہ جس کی جذر O.H کے تحت نمکین پودے سے پانی اور نمک الگ کیا جاتا ہے۔
اِسْبِیْدَاج واِسْفِیْدَاج: سفیدہ کاشغری۔
مُؤَسَّسَۃٌ: کارپوریشن' ادارہ' کارخانہ' ایجنسی' انسٹی ٹیوشن' فرم کہا جاتا ہے مُؤَسَّسَۃ عِلْمِیَّۃ: علمی ادارہ مُؤَسَّسَۃ صِنَاعِیَّۃ: کارخانہ۔
الاِسْت: جڑ۔ بنیاد۔ سرین۔
الاست: اصل بنیاد' سرین۔
اِسْبَانِخ: (نبات) ایک مزیدار سبزی۔
اِسْبِیْدَاج یا اِسْفِیْدَاج: سفید چہرے۔
الاَسْبِیْرِیْن: ایک دوائی جو کہ سردرد اور بخار کے لئے استعمال کرائی جاتی ہے۔ اُردو میں اسپرین کے نام سے مشہور ہے۔
الْاِسْب: زانو کے بال۔ اندام نہانی کے بال۔ دُبر کے بال۔ ج آسَاب۔
اِسْبَانَاخ و اِسْفَانَاخ: پالک۔
اِسْبِیْدَاج و اِسْفِیْدَاج: سفید کاشغری۔

الاِسْت: جڑ۔ بنیاد۔ سرین۔
الاُسْتَاذ: معلم۔ مدبر۔ عالم۔ ج اَسَاتِذَۃ و اَسَاتِیْذ. اور تاجروں کی اصطلاح میں حسابات کا جنرل رجسٹر۔
الاِسْتَار: فِی الْعَدَدِ: چار ۔۔۔۔۔۔ فِی الْوَزْنِ: ساڑھے چار مثقال۔ ج اَسَاتِیْر۔ (جدید)
الاِسْتَبْرَق: موٹا ریشمی کپڑا۔ ریشم اور سونے کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا۔
الاِسْتِرَاتِیْجِیَّۃ: یونانی لفظ ہے اور فوجی کے اگلے دستے میں لشکر کو چلانے کا ایک خاص آرٹ ہے۔
الاِسْتِخَارَۃ: مشرقی بادشاہی' کاہنوں کا مخصوص لباس۔
اِسْتُدِیُو یا اُسْتُوْدِیُو: فلموں کے بنانے کا یا تصاویر اتارنے کا مقام۔ (اسٹوڈیو)
الاِسْتِیْلِیْن: ایک بے رنگ اور بے بو گیس خطرناک قسم کی ہے۔ قدرتی ذخائر کے کھوج میں بے حد کام آتی ہے۔
اَسَدَ (ض) اَسْدًا و اَسَدًا و اَسَدَ اِیْسَادًا الْکَلْبَ بالصَّیْدِ: اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
اَسَدَ بَیْنَ القَوْمِ: فساد انگیزی کرنا۔
اَسِدَ (س) اَسَدًا: شیر کو دیکھ کر دہشت کھانا۔ اخلاق میں شیر کی طرح ہونا۔۔۔۔۔۔ عَلَیْہِ: جرأت کرنا۔
تَاَسَّدَ و اِسْتَاْسَدَ: شیر کی مانند ہونا۔
۔۔۔۔۔۔ عَلَیْہِ: جرأت کرنا۔ وَاسْتَاْسَدَ النَّبْتُ: انتہائی لمبا ہونا۔
الاَسَدُ: شیر۔ نر و مادہ دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "ھُوَ الاَسَدُ. ھِیَ الاَسَدُ" ج اُسْد و اُسُوْدٌ و اُسُد و آسُد و آسَاد: جنگل کے شیر اور شیرنی کو لَبُوَۃ کہتے ہیں۔
دَاءُ الاَسَدِ: کوڑھ۔
اَلْمَاْسَدَۃ: شیر کے رہنے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں شیر بہت ہوں۔ ج مَآسِد۔
الاَسَادَۃ: تکیہ۔
اَسَرَہٗ (ض) اَسْرًا و اِسَارَۃً: تسمے سے

باندھنا۔

اَسَرَہٗ اَسْرًا و إِسَارًا واسْتَاسَرَہٗ: قید کرنا۔

تَاَسَّر : عَلَیْہِ......: دیر لگانا۔

اِسْتَاسَرَ: قیدی بننے کے لئے اپنے آپ کو حوالہ کرنا۔

اَلْاَسْر: کہا جاتا ہے "ھٰذالَکَ بِاَسْرِہٖ" یہ کل تمہارے لئے ہے۔

اَلْاَسَار: تسمہ۔ پایاں۔

اَلْاُسْر: پیشاب کا رکنا۔

اَلْاُسْرَۃ: خاندان۔ مضبوط زرہ۔ ج اُسَر.

اَلْاَسِیْر: قیدی۔ ج اَسْرٰی و اُسَرَاء و اُسَارٰی و اَسَارٰی.

مَـاْسُوْرَۃ: ج مَوَاسِیر ہر پوری والا گول چاہے کانا ہو یا لوہا یا سیسہ ہو۔

اَلْاُسْرُب و اَلْاَسْرُوْب و اَلْاُسْرُب: سیسہ۔

اَلْاِسْطَبْل : اصطبل ج اِسْطَبْلَات

اَلْاِسْطَاطِیْقِیْ: علم الجمال وہ علم جس میں خوبصورتی کے بارے میں عموماً بحث کرے یا اس شعور کے بارے میں بحث ہو جو جمال دلوں میں ابھارے۔ (یونانی لفظ ہے)۔

اِسْطِرَالْعَیْن: ایک پودا جس کے پھول سفید یا گلابی یا نیگی ہوتے ہیں۔

اَلْاِسْطِرِ الْغَالِس: ایک درخت جس سے گوند پیدا ہوتی ہے اور طبّ میں بطور دوا استعمال کی جاتی ہے۔

اَلْاَسْر: شیشہ۔

اَلْاُسْرَاب و اَلْاَسْرُوْب و اَلْاُسْرُب: سیسہ

اَلْاِسْطَبْل: اصطبل۔ ج اِسْطَبْلَات.

اَلْاُسْطُرْلَاب: ایک قسم کا آلہ جس سے نجومی ستاروں کی بلندی کا اندازہ کرتے ہیں۔

اَلْاَسْطِقِس وَالْاِسْطِقِس: اصل و عنصر مادہ۔ ج اسطقسات: قدماء فلاسفہ کے نزدیک عناصر اربعہ کو کہتے ہیں۔

اَلْاُسْطُوْرَۃ: قصہ۔ کہانی۔ ج اَسَاطِیر.

اَلْاُسْطُوْل: جنگی جہازوں کا بیڑہ۔ ج اَسَاطِیل.

اَلْاُسْطُوَانَۃ: ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔ ج اَسَاطِیْن: کہا جاتا ہے "ھُمْ اَسَاطِیْنُ الزَّمَانِ" وہ لوگ زمانے کے حکماء اور مخصوص افراد ہیں۔

اَسِفَ (س) اَسَفًا . عَلَیْہِ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت۔ آسِف.

آسَفَہٗ اِیْسَافًا: غضبناک کرنا۔ غمگین کرنا۔

تَاَسَّفَ: افسوس کرنا۔ تَاَسَّفَتْ یَدُہٗ: پھٹ جانا۔ کہتے ہیں "یَااَسَفِیْ وَیَا اَسَفَا عَلٰی کَذَا" مجھے اس پر کس قدر افسوس ہے۔

اَلْاَسُوْف: جلدی غمگین ہونے والا۔ نرم دل۔

اَلْاَسِیْف: غمگین۔ وہ شخص جو موٹا نہ ہوتا ہو۔ ج اُسَفَاءُ مؤنث اَسِیْفَۃ. اَلْاَسِیْفُ: قیدی۔ حدیث میں ہے "لَا تَقْتُلُوا عَسِیْفًا وَلَا اَسِیْفًا" مزدور اور قیدی کو قتل مت کرو۔

اَرْضٌ اَسِیْفَۃٌ و اُسَافَۃٌ: وہ زمین جس میں اچھی طرح پیداوار نہ ہو۔

اَلْاَسَافَۃ: افسوس۔ زمین کی نرمی۔

اَلْاَسِیْفَۃ: باندی۔

اَلْاِسْفَنْج: اسپنج۔ واحد اسْفَنْجَۃ.

اَلْاِسْفَنْد: سفید رائی۔ اسپند۔

اَلْاِسْقَنْقُوْر وَالسَّقَنْقُوْر: ایک قسم کا دریائی جانور ہے جو گرم ممالک میں ہوتا ہے اور سے بڑا اور موٹا ہوتا ہے اور دم چھوٹی ہوتی ہے۔

اسقمری: سمندری لمبی مچھلی جس کا گوشت لذیذ ہوتا ہے۔

اَلْاِسْکَلَۃ: بحر روم کی ہر بندرگاہ۔ ج اَسَاکِل.

اَسُلَ (ک) اَسَالَۃً و اَسِلَ (س) اَسَلًا: نرم ہموار، لمبا و ملائم ہونا۔ صفت اَسِیْل: مؤنث اَسِیْلَۃ۔

اَسَّلَ. الرُّمْحَ: تیز کرنا۔ انی کی مانند بنانا۔

تَاَسَّلَ. ہٗ: اخلاق و عادات میں مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی آسَالٍ مِنْ اَبِیْہِ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔ آسَال: کا مفرد نہیں آتا۔

اَلْاَسَل: پتلی اور لمبی شاخوں والی ایک قسم کی نباتات، واحد اَسَلَۃ: تیزی ہر تیز اور پتلی تلوار اور چھری۔

اَلْاَسَلَۃ: زبان کی نوک۔ ذراع کا باریک حصہ۔

اَلْاِسْم: دیکھئے مادہ س م و.

اُسَامَۃ: شیر کا علم جنس۔

اَسَنَ (ن ض) اَسْنًا و اُسُوْنًا و اَسِنَ (س) اَسَنًا و تَاَسَّنَ. المَاءُ: متغیر ہونا۔ بدبودار ہونا۔ صفت اَسِن. تَاَسَّنَ وُدُّہٗ: بدل جانا۔ تَاَسَّنَ اَبَاہٗ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا۔

اَسِنَ (س) اَسَنًا۔ الرَّجُلُ: سڑے ہوئے پانی والے کنوئیں میں داخل ہونے سے بے ہوش ہونا یا سر چکرانا۔ صفت اَسِن۔

اَلْاُسُن: چربی کا بقیہ۔ ج آسان۔ الاسان: آثار قدیمہ۔ آسَانُ الثِّیَابِ: کپڑے کے بوسیدہ اور پھٹے ہوئے حصے۔

اَلْاِسْن: رسّی کی لڑی۔ ج اُسُوْن.

اَسَا (ن) اَسْوًا و اَسًا. الْجُرْحَ: علاج کرنا۔ ......الرَّجُلَ: تسلی دینا۔ صفت مفعولی اَسِیّ.

وَمَاسُوَّ...... بَیْنَھُمْ: صلح کرانا۔ ہٗ بِفُلَانٍ: کسی کو کسی کے لئے نمونہ قرار دینا۔

اَسّٰی تَاسِیَۃً الرَّجُلَ: علاج کرنا۔ تسلی دینا۔ مدد کرنا۔

اٰسٰی مُوَاسَاۃً. اَلرَّجُلَ فِی مَالِہٖ: مالی ہمدردی کرنا۔ آسَیْتُہٗ. بِنَفْسِی: اپنے برابر سمجھنا۔

تَاَسّٰی: صبر کرنا۔ تسلی پانا...... وائتسٰی. بِہٖ: اقتداء کرنا۔ پیروی کرنا۔

تَآسٰی. الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو تسلی دینا۔

اَلْاُسْوَۃُ وَالْاِسْوَۃُ: اقتداء۔ نمونہ وہ چیز جس سے تسلی حاصل ہو۔ ج اُسًی و اِسًی۔

اَلْاِسَاءُ: دوا۔ ج آسِیَۃ۔

اَلْاَسْوُ: دوا۔

اَلْآسِی: معالج۔ طبیب۔ ج اُسَاۃ و اِسَاء: مؤنث آسِیَۃ: ج آسِیَات و اَوَاسٍ.

اَلْاَسْوَان: غمگین۔

اَلتَّاْسَاء: تسلی دینا۔

الْاُمسا: صبر۔

اَسِیَ (ض) اَسْیًا. لَهُ مِنَ الشَّیْءِ: کسی کے لئے باقی چھوڑنا۔

اَسِیَ (س) اَسًی: غمگین ہونا۔ صفت آسٍ و اَسْیَان ج اَسْیَانُون: مؤنث آسِیَةٌ: اَسْیَانَةٌ ج اَسْیَانَاتٌ و آسِیَات و اَسَایَا۔

اَلْمَأْسَاةُ: تکلیف دہ حادثہ جو غمگین کردے۔ ایسا خوفناک ایکٹ (ڈرامہ) جو لوگوں کو سراسیمہ کردے۔

الآسِیَة: ستون ج اَوَاسٍ: کہا جاتا ہے "مُلْكٌ ثَابِتُ الْاَوَاسِی" مضبوط سلطنت۔

اَلْاَشُّ: سوکھی روٹی۔

اَشِبَ (س) اَشَبًا و تَاَشَّبَ. الشَّجَرُ: گنجان ہونا۔ گتھ جانا۔ صفت اَشِبٌ۔

اَشَبَهُ (ن ض) اَشْبًا: ملامت کرنا۔ عیب گیری کرنا ـــ الْقَوْمُ: مختلف لوگوں کو ملا کر گروہ بنانا۔

اَشَّبَ. الشَّجَرَ: گنجان کرنا ...... الْقَوْمَ: اُکسانا۔

تَاَشَّبَ و اِئْتَشَبَ ـ الْقَوْمُ: مل جل جانا۔

اَلْاَشَبُ: درختوں کا اس طرح گنجان ہونا کہ جس سے گزرنا دشوار ہو۔

اَلْاُشَابَة: لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کمائی جس میں حرام ملا ہوا ہو۔ نَسَبٌ مَاشُوبٌ۔

مُؤْتَشِبٌ: مخلوط غیر خالص نسب۔

اَشِحَ (س) اَشَحًا: غضبناک ہونا۔ صفت اَشْحَان: مؤنث اَشْحٰی (صاحب تاج العروس کا بیان ہے کہ اس کی اصلی جگہ باب الواو ہے اس لئے کہ ہمزہ اس میں اصلی نہیں)

اَشِرَ (س) اَشَرًا: تکبر کرنا۔ اکڑنا صفت اَشِرٌ و اَشُرٌ و اَشْرَان: ج اَشِرُوْنَ و اُشُرُوْنَ و اَشَارٰی و اُشَارٰی۔

اَشَرَ (ض) اَشْرًا. الْخَشَبَةَ: چیرنا ...... و اَشَّرَ. الْاَسْنَانَ: کناروں کو تیز کرنا۔

اُشُر و اُشَر. الْمِنْشَارِ: آرے کے دندانے واحد اُشْرَة۔

اَلْاَشِیْرُ: ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ ٹڈی کے دم کے سرے پر کی گرہ۔ ج اَوَاشِیْر۔

اَلتَّاشِیْرُ: ٹڈی کے منہ کا وہ حصہ جس سے وہ کسی چیز کو کاٹتی ہے۔ ٹڈی کے پاؤں کا خار۔ ج تَآشِیْر۔

اَشَرَ عَلٰی. وَرَقَةٍ: کسی کام کیلئے تحریراً اجازت نامہ لکھنا۔

اَلْمِنْشَارُ: آرہ۔ ج مَآشِیْر و مَوَاشِیْر۔

اَلْاِشْفٰی: ستالی۔ ج اَشَافِیْ' اَشَافِیْ۔

اَلْاِشْقِیل: ایک قسم کی نباتات۔

اَلْاُشْنَة: ایک قسم کی نباتاتی چیز جو درختوں پر پھیلتی ہے۔

اَلْاُشْنَانُ و الْاِشْنَان: ایک قسم کی نباتات جس کو ہاتھ دھونے میں استعمال کرتے تھے۔

اَصَّ. الشَّیْءَ: توڑنا۔ نرم کرنا۔

اَصَّصَ. الشَّیْءَ: مضبوط کرنا۔

تَاَصَّصُوا و ائْتَصُّوا: جمع ہونا اور بھیڑ کرنا۔

اَلْاِصِّیص: شکستہ برتن۔ گملہ۔ پیشاب کرنے کا برتن۔ مضبوط عمارت۔ کچی۔

اَلْاَصِیْصَة: قریب قریب کے گھر۔

اَصَدَ و آصَدَ. الْبَابَ: بند کرنا ـ و آصَدَهُ: چھوٹی قمیص پہنانا۔

اَلْاُصْدَة: چھوٹی قمیص۔ کرتی۔ ج اُصَد و اِصَاد۔

اَلْاَصِدَّة: قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔ ج اِصَد۔

اَلْاَصِیْد: صحن خانہ۔

اَلْاَصِیْدَة: باڑہ۔ چھوٹی قمیص۔ کرتی۔

اَلْاِصَاد والْاَصِیدَة: طبق۔ اَلْاِصَادُ: چوکھٹ۔ پہاڑوں کے درمیان گڑھا۔ جس میں پانی جمع ہو۔

اَلْمُؤْصَد: چھوٹی قمیص۔ کرتی۔

اَصَرَ (ض) اَصْرًا: الشَّیْءَ: توڑنا۔ اَلْخَیْمَةَ: خیمہ کے لئے میخ بنانا ...... فُلَانًا عَلَیْهِ: متوجہ کرانا۔ مہربان بنانا۔

آصَرَهُ مُؤَاصَرَةً: پڑوسی ہونا۔

تَآصَرُوا: باہم پڑوسی ہونا۔

اِتَّصَرَ. الْفُرُوْمُ: کثیر التعداد ہونا ...... النَّبْتُ: لمبی اور گنجان ہونا۔

الْاَصْرُ و الْاُصْرُ و الْاِصْرُ: عہد۔ پیمان۔ بوجھ۔ گناہ۔ ج آصَار کان کا سوراخ۔

الْاَصَار ج اُصُرُو الْاَیْصَر ج اَیَاصِر۔

الْاِصَارَة: خیمہ کی رسیوں کا کھونٹا۔

الْاَصِرَة: تعلق۔ رشتہ داری۔ ج اَوَاصِر۔

اِصْطَبْلٌ: اصطبل۔

اَصْطُرُك: ایک خوبصورت درخت تین سے چھ میٹر لمبا ہوتا ہے اس کے پتے سفید ہوتے ہیں پھول مالٹے کے پھول جیسے ہوتے ہیں۔ دودھ والے درخت کے نام سے مشہور ہے۔ صحت کے لئے بڑا فائدہ مند ہے۔

الْاِصْطَفْلِیْن: گاجر۔ واحد اِصْطَفْلِیْنَة

اَلْاِصْطَخْمَة: راکھ میں پکی ہوئی روٹی۔

اَلْاُصْطُوَانَة: ستون۔ کھمبا۔ جانور کی ٹانگ۔ ج اَصَاطِیْن و اَصَاطِنَة۔

الاصف: ایک قسم کا درخت۔

اَصُلَ (ک) اَصَالَةً: جڑ والا ہونا۔ جڑ پکڑنا۔ شریف الاصل ہونا ...... وَالرَّأْیُ: عمدہ ہونا۔ صفت اَصِیْل۔

اَصِلَ (س) اَصَلًا. اَلْمَاءُ: کیچڑ کی وجہ سے متغیر ہونا ...... اللَّحْمُ: بودار ہونا۔

اَصِلَ فُلَانٌ یَفْعَلُ کَذَا بمعنی طَفِقَ یعنی فلاں ایسا کرنے لگا۔

اَصَّلَهُ: جڑ والا بنانا۔ اصل بیان کرنا۔ شرافت بیان کرنا۔

آصَلَ اِیْصَالًا: شام کے وقت میں داخل ہونا۔ شام کے وقت آنا۔ اسی سے ہے" اَتَیْنَا مُؤْصِلِیْنَ" ہم شام کے وقت آئے۔

تَاَصَّلَ: جڑ والا ہونا۔

اِسْتَاصَلَ. الشَّیْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔

اِسْتَاصَلَتِ الشَّجَرَةُ: جڑ پکڑنا۔

اَلْاَصْلُ: جڑ۔ وہ چیز جو فرع کے مقابل ہو۔ والد مصدر منبع۔ "مَا فَعَلْتُهُ اَصْلًا" میں نے اس کام کو یقیناً نہیں کیا۔ ج اُصُوْل

وَالْاُصُوْلُ وہ قوانین جن پر کسی علم یا فن کی بنیاد ہوتی ہے۔
اَلْاَصِیْلُ: عصر و مغرب کے درمیان کا وقت ج اَصَالٌ و اَصَائِلُ وَ اُصُلٌ و اُصْلَانٌ.
والاَصِیْلُ: بغیر وکیل کے خود لین دین کرنے والا۔
اَلْاَصِیْلَۃُ: جڑ والی۔ "جَاؤُوا بِاَصِیْلَتِھِمْ" وہ سب کے سب آئے۔
اَلْاَصَلَۃُ: ایک قسم کا چھوٹا یا بڑا سانپ۔ ج اَصَلٌ
اَضَّ (ن ض) اَضًّا۔ ہٗ اِلَیْہِ: مجبور کرنا۔ مضطر کرنا۔ فُلَانًا: تھکانا۔
اِئْتَضَّ۔ اِلَیْہِ: پناہ لینا۔ مضطر ہونا۔
اَلْاِضُّ: جڑ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَرِیْمُ الْاِضِّ" فلاں شریف الاصل ہے۔
اَلْاِضَاضُ: پناہ لینے کی جگہ۔ جلن، سوزش۔
اَلْاَضَاۃُ: تالاب۔ جوہڑ۔ ج اَضًى و اَضَیَاتٌ.
اَلْاَضَاءَۃُ: خربوزہ کی فالیز۔ بید کا جنگل۔
اَضِمَ (س) اَضَمًا۔ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ بِہٖ تکلیف پہنچانے لگنا۔
اَلْاَضَمُ: کینہ۔ حسد۔ غصہ۔ ج اَضَمَاتٌ.
اَطَّ (ض) اَطِیْطًا: آواز نکالنا۔ چرچرانا......
اَلْاِبِلُ: بلبلانا۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ اَبَلُّ اَطِیْطٍ وَ صَھِیْلٍ" وہ اونٹ اور گھوڑے والے ہیں۔
اَطَرَہٗ (ض ن) اَطْرًا وَ اَطْرَۃً: موڑنا۔
اِنْاَطَرَ: مڑنا۔
تَاَطَّرَ: دوہرانا۔
اَلْاُطُرُ: کمان کا خم۔
اَلْاَطِیْرُ: گناہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہٗ بِاَطِیْرِ غَیْرِہٖ" اس نے اس کو دوسرے کے جرم میں پکڑ لیا۔
اَلْاِطَارُ: چوکھٹا۔ گھیرا۔ ہر احاطہ کرنے والے چیز ج اُطُرٌ.
اَلْاُطْرَۃُ: ناخنوں پر چڑھا ہوا گوشت۔
اَلْاِطْلُ والْاِطِلُ ج آطَالٌ: اَلْاَیْطَلُ ج اَیَاطِلُ: پہلو۔ کوکھ۔
اَطَمَ۔ اَلْاِطَامُ: قلعوں کو بلند کرنا۔
تَاَطَّمَ۔ السَّیْلُ: سیلاب کا بلند ہونا...... النَّارُ: آگ سے لپٹ اٹھنا...... قَلْبُہٗ: بڑا ابنا۔ غضبناک ہونا۔
اَلْاُطُمُ: قلعہ۔ ج آطَامٌ.
اَلْاُطْـــوُمُ: سمندری کچھوا۔ ایک قسم کی موٹی کھال کی مچھلی۔ زرافہ۔ گائے۔
اَلْاِطْیَمَۃُ: آگ جلانے کی جگہ۔ چولہا۔ ج اَطَایِمُ.
اَفَّ (ن ض) اَفًّا و تَاَفَّفَ و اَفَّفَ: غم اور بے قراری کی وجہ سے اُف اُف کہنا۔
اَلْاَفَفُ: بے قراری۔ وقت۔
اَلْاُفُّ: ناخن کا تراشہ۔ کان کا میل۔
اُفٍّ اسم فعل بمعنی الضجر والکرہ (میں ناپسند کرتا ہوں میں بے قرار ہوں)
الاَفَّافُ: بہت اُف اُف کرنے والا۔
الیَافُوْفُ: تیتر کا بچہ۔ کڑوا کھانا۔ تیز رفتار۔ ج یَاَفِیْفُ: الیَافُوْفَۃُ: پروانہ۔
اَفَخَہٗ: تالو پر مارنا۔
الیَافُوْخُ: تالو۔ بچے کے سر کا وہ نرم حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔ ج یَاَفِیْخُ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ یَافُوْخَ اللَّیْلِ" رات کے اول حصہ میں چلا" وَرَکِبَ یَافُوْخَ فُلَانٍ" وہ اس پر غالب اور فائق ہوگیا۔
اَلْاِفْخَارِسْتِیَّا: عیسائیوں کے نزدیک قربان مقدس کا راز۔
اَفِدَ (س) اَفَدًا: جلدی کرنا۔ صفت آفِدٌ...... واسْتَافَدَ: الرَّحِیْلُ: کوچ قریب ہونا۔
اَلْاَفُوْدُ: بنی اسرائیل کے بڑے پادریوں کا مخصوص لباس۔ (عبرانی لفظ ہے)۔
اَلْاَفَدُ: مدت۔ غایت۔
اَلْاَفَدَۃُ: دیر۔ تاخیر۔
اَفَرَ (ض) اَفْرًا و اُفُوْرًا: خدمت کرنے میں چستی دکھلانا...... القَوْمَ: دھتکارنا۔ دفع کرنا۔
اَفِرَ (س) اَفْرًا۔ البَعِیْرُ: لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
اَلْاُفْرَۃُ: جماعت۔ بلا۔ سختی۔
الْمِئْفَرُ: خادم۔ خدمت میں تیز لڑکا۔
اَلْاِفْرَنْجُ وَالْاِفْرَنْجَۃُ: فرنگی۔ رومیوں اور ترکوں کے علاوہ یورپین۔
اَفَزَ (ض) اَفْزًا: کودنا۔ اچھلنا۔
اَلْاَفْسَنْتِیْنُ: ایک قسم کی دوا کا نام۔
اَفَقَ (ض) اَفْقًا: آفاق میں جانا۔ ...... الجِلْدَ: دباغت دینا۔ صفت مفعولی اَفِیْقٌ ج آفِقَۃٌ و اُفُقٌ
اَفِقَ (س) اَفَقًا: کرم اور علم میں انتہا تک پہنچنا صفت اَفِقٌ و اَفِیْقٌ۔
اُفُقُ الطَّرِیْقِ: راستہ کا درمیانی حصہ۔
اَلْاُفْقُ وَالْاُفُقُ: کنارہ، کنارہ آسمان۔ ہواؤں کے چلنے کی جگہ۔ ج آفَاقٌ.
اَلْاَفِیْقَۃُ: دباغت میں دی ہوئی کھال۔ سخت مصیبت۔
الاُفُقُ: دائرہ الافق۔ یعنی کشتی کے اطراف جو زمین کے ساتھ آ کر ملیں۔
اَلْاَفَّاقُ: کمانے کے لئے آفاق میں پھرنے والا۔
اَلْاَفَقَۃُ والْاَفِقَۃُ: پہلو۔ کوکھ۔
اَلْاَفِیْقُ: چڑے کا بڑا ڈول۔
الاُفُقِیُّ: وہ خط جس پر خط عمودی واقع ہو۔
اَفَکَ (ض) اَفْکًا و اُفُوْکًا و اَفِکَ (س) اَفْکًا و اَفَکًا: جھوٹ بولنا۔ صفت اَفِیْکٌ ج اُفَکَاءُ و اَفُوْکٌ ج اُفُکٌ و اَفَّاکٌ ج اَفَّاکُوْنَ و اَفَکَہٗ اَفَکًا عَنْ رَأْیِہٖ: رائے سے پھیر دینا۔
اُفِکَ۔ اَلْمَکَانُ: بے بارش والی ہونا۔ اُفِکَ الرَّجُلُ: ضعیف العقل ہونا۔
اِئْتَفَکَ۔ اَلْبَلَدُ بِاَھْلِہٖ: الٹ جانا...... اَلْاَرْضُ: خشک سالی سے جل جانا۔
اَلْاِفْکُ والاَفِکَۃُ وَالْاَفِیْکَۃُ: جھوٹ۔ گناہ۔ اَفِیْکَۃٌ کی جمع اَفَائِکُ۔

اَلْاَفِیْک والْمَافُوْک: خیر سے محروم' عاجز رائے والا۔

اَلْاٰفِکَۃ مِنَ السِّنِیْن: خشک سال ج اَوَافِک: الْمُؤْتَفِکَات: ہوائیں جو مختلف سمت سے چلیں۔ وہ بستیاں جن کو اللہ تعالیٰ نے اُلٹ کر تباہ کر دیا۔

اَفَلَ (ض ن) و اَفِلَ (س) اُفُوْلاً. الْقَمَرُ: غائب ہونا۔ غروب ہونا۔ صفت آفِلٌ۔ ج اُفَّل و اُفُوْل کہا جاتا ہے "فُلَانٌ کَعْبُہ سَافِلٌ و نَجْمُہ اٰفِلٌ" یعنی وہ بدنصیب اور برگشتہ قسمت ہے۔

اَفَلَ (ض ن) اُفُوْلًا و اَفِلَ (س) اَفَلًا. الرَّجُلُ: شادماں ہونا...... الْمُرْضِعُ: دودھ کا ختم ہو جانا۔

اَفَّلَہٗ: تعظیم کرنا۔

تَاَفَّلَ: تکبر کرنا۔

اَلْاَفِیْل: اونٹ کا بچہ۔ ج اِفَال و افائل مؤنث افیلۃ.

اَفَنَ (ض) اَفْنًا. النَاقَۃَ: بے وقت دوہنا ...... اللّٰہُ فُلَانًا: ضعیف العقل بنا دینا۔

اَفِنَ (س) اَفْنًا و اَفِنَ: ضعیف العقل ہونا۔ صفت اَفِیْنٌ و مَافُوْنٌ.

تَاَفَّنَ: تکلفاً کسی عادت کو اختیار کرنا۔ گھٹنا۔ ..... اواخر الامور: انجام کی فکر کرنا۔

اَلْاِفَّان: وقت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی اِفَّان ذٰلِکَ" وہ اس کے دوران میں آیا۔

اَلْاَفْیُوْن: افیم۔

اَلْاَفَاقِیَا: دوا کا نام۔

اَلْاُقَۃ: نصف رطل کا وزن۔

اَلْاُقْحُوَان والْقُحُوَان: بابونہ۔ واحد اُقْحُوَانَہ و قُحْوانہ. ج اَقَاحِیُّ و اقاح.

اَقَاحِی الْاَمْرِ: امر کا آغاز۔

اَلْاَقِط والْاِقْط والْاُقُط والْاَقْط والْاَقِط والْاُقْط. اِقِط: پنیر۔

اَلْاِقِطَات: پنیر کا ٹکڑا۔

اَلْاِقْصِیْص: ایک قسم کی گھاس جس کے پتے کانسی کے پتے کی مانند ہوتے ہیں۔ ترش اور کڑوی ہوتی ہے۔ (لیمن گراس)

اَلْاَقَنْثَا والْاَقَنْثُوس: ایک قسم کی خوبصورت پتوں والی گھاس۔

اَکَدَہٗ وَکْدًا. العہد والسَّرَاجَ: مضبوط کرنا ۔ مضبوط باندھنا۔ الشَّیْءُ: ثابت کرنا۔

تَاَکَّدَ وتَوَکَّدَ: مضبوط ہونا ثابت ہونا۔

اَلْاَکِیْد: مضبوط' موثق' ثابت۔

اَلْاَکَائِد والتَّاکِیْد: وہ تسمے جس سے زین کے اگلے حصہ کو باندھیں۔

اَلْاَکِیْنُوم: شعاعوں والا جسم بسیط جس کی رمز (A.C) ہے۔

اَلْاَکِیْدِیْۃُ: پھولوں کی قسم کا ایک پودا جس کے پھل مالٹا رنگ' مزیدار ذائقے والے ہیں۔

اَکَرَ (ن) اَکْرًا و تَاَکَّرًا. الْاَرْضَ: جوتنا اور کاشت کرنا۔

اَلْاَکَّار: کاشتکار۔ ج اَکَرَۃ واکّارون.

اَلْاُکْرَۃُ: گیند۔ گڑھا۔ ج اُکَر.

اَلْاَکَّار: کاشتکار۔ ج اَکَرَۃ واکّارون.

الاَکَّارَاتُ: فقہاء کے نزدیک وہ زمین جو زمینداری کو دی تاکہ وہ اس پر کاشت کریں اور آباد کریں۔

اَلْاَکَارِیْنَا: گانا بجانے کا ایک آلہ۔

اَلْاَکُوْرُوْدِیُوْنَ: گانے بجانے کا آلہ۔

اَکَاسِیَا: ایک درخت کا نام جو امریکہ میں پایا جاتا ہے۔ اس کیپ حول اچھی ہوا والا سفید یا گلابی رنگ پھول ہوتے ہیں۔

اَلْاَکْسِدَۃُ: (کیمیا) جسم کا آکسیجن کے ساتھ متحد ہو جانا۔ اس کی کئی اقسام ہیں ان میں سے ایک لوہے کا زنگ آلود ہونا اور جسم کا گرم ہونا۔

اَلْاِکْسِیْد: وہ جسم جو دو بسیط چیزوں سے مرکب ہو ان دو میں سے ایک آکسیجن ہے۔

اَلْمُؤَکْسَد: جس کی آکسیجن نکل جائے۔

اَلْاَکْسَرْخُوس: مشرقی لوگوں کے نزدیک گرجا کا ایک عہدہ۔

اَلْاَکْسِیْجِیْن: ایک گیس جس میں رنگ و بو نہیں ہوتی سانس لینے کے لئے ضروری ہے اور ایسے ہی جسموں کو گرم کرنے کے لئے اس کی ہوا میں ۱/۵ کی نسبت ہے۔ اس کی تعبیر (O) کے ساتھ ہوتی ہے۔

اَلْحَجَرُ الْاَکْسِیْجَن: وہ گرم جسم شعلے جس کی ہیئت NA(O) اور اس میں نمک چیتل والا ملایا جاتا ہے اور جب وہ پانی میں رکھا جاتا ہے تو پگھل جاتا ہے اور اس سے آکسیجن ظاہر ہوتا ہے۔

اَلْمَاءُ الْاَکْسِیْجَنِی: چھٹے والا اسل عام طور پر محلول شکل میں فروخت ہوتا ہے۔

اَکَفَ و آکَفَ اِیْکَافًا. الحِمَارَ: گدھے پر پالان باندھنا...... الْاُکَاف: پالان بنانا۔

اَلْاُکَاف: پالان۔ ج اُکُف و آکِفَۃ.

اَلْاَکَّاف: پالان بنانے والا۔ پالان بیچنے والا۔

اَکَلَ (ن) اَکْلًا و مَاکَلًا. الطَّعَامَ: کھانا...... الشَّیْءُ: فنا کرنا۔

اَکَلَہٗ (ن) اِکْلًا و اُکَالًا و اَکَالًا. رَاْسُہٗ: سر کھجلانا۔

اَکِلَ (س) اَکَلًا و تَاَکَّلَ. السِّنُّ او العُوْدُ: دانت یا لکڑی کا کھوکھلا ہو کر گر جانا۔

اَکَلَہٗ و آکَلَہٗ اِیْکَالًا. الشَّیْءُ: کچھ کھلانا۔

آکَلَہٗ مُوَاکَلَۃً: ساتھ کھانا۔ کھلانا۔

اِئْتَکَلَ: بعض کا بعض کو کھانا۔ مِنَ الْغَضَبِ: غصہ سے جل اٹھنا۔ غصہ سے تھما جانا۔

اِئْتَکَلَتِ النَّارُ: آگ کا سخت لپٹ والی ہونا۔

اِسْتَاکَلَہٗ. الشَّیْءُ: کھانا تیار کرنے کو کہنا" فُلَانٌ یَسْتَاکِلُ الضُّعَفَاءَ" فلاں غریبوں کا مال کھا رہا ہے۔

اَلْاُکُل والْاُکْل: پھل۔ خوراک۔ کشادہ رزق۔

اَلْاُکْلَۃ: لقمہ۔ غیبت

اَلْاَکْلَۃ: اکل کا اسم مرۃ۔

اَلْاِکْلَۃ: خارش۔ کھانے کی ہیئت۔ غیبت۔

اَلْاَکِلَۃ: خارش۔

اَلْاَکِلَۃ: وہ بیماری جو عضو کو سڑا دے۔

الْاَكَال: کھانا۔ اسی سے ہے "مَا ذُقْتُ اِكَالًا" میں نے کچھ نہیں چکھا۔
الْاُكَال: خارش۔
الْاَكَّال والْاَكِيل والْاَكُول وَالْاَكَلَة: بہت کھانے والا۔
الْاَكُولَة: بکری جو کھانے کے لئے موٹی کی جائے۔
الْاَكُولَة وَالْاَكِيل: بکری جو بھیڑیے وغیرہ کے شکار کے لئے کھڑی کی جائے۔
الْمَاكَل: خوراک۔ ج مَآكِل۔
الْمَاكَلَة: خوراک۔ جو چیز کھائی جائے۔
المِئْكَلَة: چھوٹا پیالہ۔
الْمِئْكَال: چمچہ۔ ج مَآكِيل۔
الْمَاكُول: خوراک۔ جو چیز کھائی جائے۔ ج مآكيل۔
اَكِلُ النَّمْل: ایک جانور ریڑھ والا پستان والا۔
الْاَكِلَة: عضو میں بیماری کا کیڑا۔
اِسْتَاكَمَ: اَلْمَوْضِعُ: ٹیلہ بن جانا۔
الْاَكَمَة: ٹیلہ۔ چھوٹی پہاڑی۔ ج اَكَم واَكَمَات جج اِكَام و اُكُم واٰكَام۔
الْمَاكَم والْمَاكِمَة: سرین کا گوشت۔
الْمَاكُوم: غمگین۔
الْاُكْنَة: آشیانہ۔ گھونسلا۔
الْاِكَاء: مشک وغیرہ کا سر بند۔
اَكَى (ض) اَكْيًا: دستاویز لینا۔
اَلْ: حرف تعریف ہے کبھی عہدی ہوتا ہے جیسے "اِشْتَرَيْتُ عَبْدًا ثُمَّ بِعْتُ الْعَبْدَ" میں نے غلام کو خریدا اور پھر اسی غلام کو بیچ دیا اور کبھی جنسی جیسے "خُلِقَ الْاِنْسَانُ ضَعِيفًا" انسان کو کمزور پیدا کیا گیا ہے اور کبھی اسم موصول ہوتا ہے۔ جب کہ اسم فاعل و اسم مفعول پر داخل ہو جیسے "جَاءَ فِي الضَّارِبُ وَالْمَضْرُوبُ" اور صفت مشبہ پر جو داخل ہوتا ہے اس میں صحیح مذہب یہ ہے کہ وہ حرف تعریف ہے۔
اَلَّ (ن) اَلًّا: نیزے سے مارنا۔ دھتکارنا۔

...... الرَّجُلُ: دوڑنا...... اللَّوْنُ: رنگ صاف ہونا۔ چمکنا۔
اَلَّ (ض) اَلًّا و اَلَلًا و اَلِيلًا. الْمَرِيضُ: کراہنا...... الرَّجُلُ فِي دُعَائِهِ: گڑگڑانا۔
اَلِلَتْ (س) اَلَلًا. الْاَسْنَانُ: دانتوں کا خراب ہونا۔
اَلَّلَ. الشَّيْءَ: کسی چیز کو نوک دار بنانا۔
الْاِلُّ: عہد۔ پڑوسی۔ عمدہ اصل۔ عداوت و کینہ۔
الْاُلُّ: پہلا۔
اَلْاَلُّ
الْاَلَّة: چھوٹا نیزہ۔ جنگ کا سارا سامان۔
الْاِلَّة: نالہ وزاری کرنے کی ہیئت۔ قرابت ج اِلَل۔ نالہ وزاری۔
الْاُلَّة: مویشی جس کی چراگاہ دور ہو۔ ج اُلَل۔
الْاَلِيلَة: مویشی جس کی چراگاہ دور ہو۔
فَرَسٌ مِئَلٌّ: تیز رفتار گھوڑا۔
اَلَا: ایک لفظ ہے جو کلام کے شروع میں مخاطب کو متوجہ کرنے کے لئے اور مابعد کی چیزوں پر زور دینے کے لئے مستعمل ہے جیسے "اَلَا اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ" خبردار رہو یقیناً یہی بے وقوف ہیں۔ حرف تنبیہ جیسے "اَلَا يَا صَاحِ قُمْ" خبردار اے ساتھی کھڑا ہو جا۔ حرف عرض جیسے "اَلَا تَنْزِلُ بِنَا" یعنی براہ کرم ہمارے پاس آیئے۔ حرف تحضیض جیسے "اَلَا تَتُوبُ وَ تَرْتَدِعُ عَنْ غَيِّكَ" تمہیں توبہ کر لینی چاہئے اور اپنی شرارت سے باز آ جانا چاہئے۔
اَلَّا: حرف تحضیض جیسے "اَلَّا تُكْرِمُ اَبَوَيْكَ" تو تم کو اپنے والدین کی عزت کرنی چاہئے۔
اِلَّا: حرف استثناء۔ جیسے "جَاءَ الْقَوْمُ اِلَّا زَيْدًا" زید کے علاوہ سب لوگ آئے اور کبھی صفت کے لئے غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "لِي رِجَالٌ اِلَّا رِجَالُكَ" میرے آدمی تمہارے آدمیوں کے علاوہ ہیں اور کبھی نفی کے بعد حصر کے لئے آتا ہے جیسے "مَا ضَرَبَ اِلَّا زَيْدٌ" یعنی زید ہی نے مارا۔

اَلَبَ (ن ض) اَلْبًا و تَاَلَّبَ: جمع ہونا۔ اَلَبَتِ السَّمَاءُ: پیہم برسنا۔
اَلَبَ (ن ض) اَلْبًا واَلَّبَ: جمع کرنا۔ اَلَّبَ بَيْنَهُمْ: فساد انگیزی کرنا۔
الْاِلْب: کسی شخص کی عداوت پر اکٹھا ہونے والی قوم کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيَّ اِلْبٌ وَاحِدٌ" وہ سب میری عداوت پر ایک ہیں۔ انگشت شہادت اور انگوٹھے کے درمیان کا فاصلہ۔
الْاَلْبَكَة: جنگل کا جانور جو لاطینی امریکہ میں پایا جاتا ہے۔
الْاَلْب: بکری کے بچے کی کھال۔ زہر۔ بخار کی شدت۔ گرمی کی شدت۔ پیاس۔ پھوڑے کے اچھے ہونے کی ابتداء۔
الْاَلْبَة: بھوک۔
الْاَلُوب: سرد ہوا جو خاک کو اڑائے۔ رَجُلٌ اَلُوبٌ: ڈول کو جلدی نکالنے والا مرد۔
المِئْلَب: تیز رفتار۔
اَلَتَ (ض) اَلْتًا و اَلَتَ اِيلَاتًا. الرَّجُلَ حَقَّهُ: حق میں سے گھٹانا۔ اَلَتَ الشَّيْءُ: گھٹنا (لازم ومتعدی) اَلَتَهُ يَمِينًا: قسم دلانا۔ الرَّجُلَ: کسی کو اس کے ارادے سے باز رکھنا۔
الْاَلْتَة: تھوڑا عطیہ۔ گزرے ہوئے واقعہ پر جھوٹی قسم۔
اَلَّذِي: اسم موصول۔ تثنیہ۔ اَلَّذَانِ ج اَلَّذُونَ تصغیر اللَّذَيَّا واللَّذَيَّانِ واللَّذَيُّونَ مؤنث اَلَّتِي ج اَللَّوَاتِي واللَّاتِ واللَّائِي تثنیہ اللَّتَانِ واللَّتَانِ تصغیر اللَّتَيَّا واللُّتَيَّا۔
اَلَزَهُ و بِهِ (ض) اَلْزًا: لازم ہونا۔ چمٹ جانا۔
اَلِزَ (س) اَلَزًا: بے قرار ہونا۔
اَلَسَهُ (ض) اَلْسًا: خیانت کرنا۔ دھوکا دینا۔
اُلِسَ: دیوانہ ہونا۔ صفت مَاْلُوس۔
آلَسَهُ مُؤَالَسَةً: عذر کرنا۔ خیانت کرنا۔
الْاَلْس: دیوانگی۔ خیانت۔
الْاُلَاس: دیوانگی۔

المَألُوس: دیوانہ۔ خلل دماغ والا۔
اَلاَولَع: دیوانگی۔
المَألُوع: دیوانہ۔
اَلِفَہٗ (س) اَلِفًا: مانوس ہونا۔ محبت کرنا۔ صفت اِلف ج اُلاّف وَاَلِیف ج الالف و آلف ج اُلَّاف اور اسم اُلْاُلْفَۃ۔ اَلِفَ المَکانَ و آلفَہٗ اِیلافًا: کسی جگہ سے مانوس ہونا۔
اَلَفَہٗ (ن ض) اَلفًا: ایک ہزار دینار دینا۔
آلَفَہٗ اِلَافًا و مُؤالَفَۃً: باہم اُنس و محبت کے ساتھ رہنا و اَلَفَہ المَکَانَ اِیلافًا: کسی جگہ سے کسی کو مانوس بنا دینا۔ اَلفَھُم: ہزار بنانا۔
آلَفُو: ہزار ہونا۔
اَلَّفَ الکِتَابَ: مسائل کو جمع کرنا .... الشَّیٔ: ایک کو دوسرے سے ملانا بَیْنَھُم: محبت ڈالنا۔ محبت واقع کرنا .... الاَلف: پورے ہزار کرنا۔
تَألَّفَ: اکٹھا ہونا۔ تَألَّفَ الشَّیٔ: اجزاء کا مرتب طور سے اکٹھا ہونا۔
تَألَّفَہٗ: اوپرے دل سے محبت کرنا۔
اِئتَلَفُوا و تَآلَفُوا: اکٹھا ہونا۔
اِستَألَفَ: دوست و ساتھی ڈھونڈھنا۔
الاِلف والاُلفَۃ: دوستی۔
الاَلف: ہزار۔ ج اُلُوف و آلاف۔
الاَلِف: حروف تہجی کا پہلا حرف۔ ہر چیز میں کا ایک۔ مرد جس کی بیوی نہ ہو۔ بازو کے اندرونی حصہ کی ایک رگ کا نام۔
اَوَالِفُ الطَّیر: گھروں میں رہنے والے پرندے۔
الاَلفِیَّۃ: الف کی طرف نسبت اور اصطلاحاً اس قصیدہ کو کہتے ہیں جس میں کسی فن کے قواعد بیان کئے گئے ہوں۔ جس کے اشعار کی تعداد ہزار ہو اور ان میں مشہور تر "الفیہ ابن مالک" ہے۔
الاِیلاف: عہد۔ پروانہ راہداری۔
التَّألِیف: مصدر۔ کتاب۔
الاَلُوف: بہت محبت کرنے والا۔ ج اُلُف۔

المَألَف: مرغوب و مانوس چیز۔ ج مآلِف۔
المُؤلِّف: مصنف۔ ہزار کا مالک۔
اَلَقَ (ض) اَلقًا و تَألُّقًا و ائتلَقَ۔ البَرقُ: بجلی چمکنا۔ کوندنا۔
اَلَقَ: الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔
اُلِقَ اَلقًا: دیوانہ ہونا۔ صفت مَألُوق وَ مَمَالُوق۔
الاِلْقُ: بھیڑیا۔ ج اِلَق: بدخلق۔ الاِلقَۃ: بندریا۔
الاَولَق: دیوانگی۔ جنون۔
الاِلّاق: بغیر بارش کے بجلی۔
الاَلّاق: جھوٹا۔
المَألُوق: دیوانہ۔
المِیلَق: بے وقوف۔
اَلَکَ (ض) اَلکًا و اُلُوکًا و اُلُوکَۃً و اَلُوکًا و مَألَکًا و اَلَکَ اِلاکَۃً: پیغام پہنچانا۔
الفَرَسُ اللِّجَامَ: گھوڑے کا لگام کو چبانا۔
اِستَألَکَ: الاَلُوکَۃَ: کسی کا پیغام لے جانا۔
المَلَکُ۔ وَالمَلاکُ: فرشتہ۔ ج مَلائِک وَ مَلائِکَۃ۔
الاَلُوک والاَلُوکَۃ والمَالِکُ والمَالَکَۃ: پیغام۔ ج اَلائِک وَ مَآلِک۔
المَألُوک: دیوانہ۔
الالِکتُرُون: بہت باریک عنصر جس کا وجود نظر نہ آئے انتہائی خطرناک منفی جارح والا۔
اَلِمَ (س) اَلَمًا: دکھی ہونا۔ صفت اَلِم
اَلَّمَ تَألِیمًا و آلَمَہٗ اِیلامًا: دکھ دینا۔
تَألَّمَ: دکھی ہونا۔
الاَلَم: دکھ۔ ج آلام۔
الاَلِیم: دردناک۔
الاِلماس: ہیرا۔
الاَلُومِنیُوم: ایک سفید سا کان خفیف موصل حرارت اور بجلی کے لئے بہت فائدہ مند ہے گھریلو برتنوں میں عام استعمال ہوتی ہے۔ بسیط جسم جس کی رمز A.L ہے۔
اَلَہَ (ف) اُلُوھَۃً واِلاھَۃً اُلُوھِیَّۃً: پرستش کرنا۔ بندگی کرنا۔

اَلِہَ (س) اَلَھًا: متحیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَلِھتُ عَلَیہ" میں نے اس پر بہت زیادہ جزع فزع کیا۔
اَلَّہَہٗ: غلام بنانا۔ خدا کا مرتبہ دینا۔ پرستش کرنا۔
تَألَّہَ: معبود بن جانا۔ باخدا ہونا۔
اِستَألَہَ: معبود سے مشابہ ہونا۔
الاِلٰہ: معبود۔ ج آلِھَۃ۔
اَللّٰھُمَّ یعنی یَا اللہ حرف شدہ یا کے بدلے میم لگا دی۔ یا اور میم کو جمع کرکے الـلّھم بولنا ناجائز ہے۔
اَللّٰہ: ذات واجب الوجود کا نام۔ اَللّٰھُمَّ: اے اللہ۔
الاُلُوھَۃ والاُلاھَۃ والاِلٰھِیَّۃ والاُلُوھِیَّۃ والاُلْھَانِیَّۃ: معبودیت۔
الاَلاھَۃ: بڑا سانپ۔ نیا چاند۔
الاَلِیھَۃ والاَلاھَۃ: آفتاب۔
عِلمُ الاِلٰھِیَّات: وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات سے بحث کی جائے۔
اَلَا (ن) اَلْوًا و اُلُوًّا و اَلِیًّا و اِلِیًّا و اَلِیَّۃً وائتَلیٰ اِئتلاءً۔ فِی الاَمرِ: کوتاہی کرنا۔ سستی دکھلانا۔ کہا جاتا ہے "لَم یَألُ جُھدًا" اس نے اپنی کوشش میں ذرا بھی کوتاہی نہیں کی۔
آلیٰ اِیلاءً و تَألّیٰ و ائتلیٰ: قسم کھانا۔
الاَلُوُّ: عطیہ۔ بکری کی مینگنی۔
الاَلْوُ والاَلُوَّۃ والاُلُوَّۃ والاِلْیَۃ: اگر کی لکڑی ج اَلاوِیَہ۔
الاَلوۃ و الاُلوۃ والاَلِیَّۃ: قسم۔ اَلِیّۃ کی جمع الایا۔
الاَلِیّ: بہت قسمیں کھانے والا۔
المِئلاۃ: وہ کپڑے کا ٹکڑا جس کو نوحہ کرنے والی عورت اپنے ہاتھ میں لے کر ہلاتی جاتی ہے ج مَآلِی۔
اَلِیَ (س) اَلیً: الکَبشُ: مینڈھے کا بڑی چکی والا ہونا۔ صفت اَلیَان و آلیٰ مؤنث اَلیاء و اَلیَانۃ ج اُلیٰ۔

اَلْاَلِيَة: دنبہ کی چکی۔ مثنی اَلْيَان بغیر تاء کے۔ ج اَلْاَيَا و اَلْيَات.

اَلْاَلِيّ والْاَلِي والْاَلِيّ. نعمت ج آلَاء.

اَلْاَلاء والْاَلِى: ایک قسم کا درخت جو ہمیشہ سبز رہتا ہے اور اس کا پھل کڑوا ہوتا ہے۔ واحدِ اَلْاَلاءَ ةٌ.

اَلْاَلَاي: فوج کا دستہ ج الايات: ترکی کلمہ ہے۔ اس کے لئے عربی "فيلق" ہے۔

اِلَـى: حرف جر ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے انتہاءِ زمانہ کے لئے جیسے "دَرَس اِلَـى الْـمَسَـاءِ" اس نے شام تک پڑھا۔ انتہاء مکان کے لئے جیسے "سَـارَ اِلَى الْبَيْتِ" وہ گھر تک چلا۔ بمعنی عنـد جیسے "كَلَامُـهُ اَشْـهٰى اِلَيَّ مِنَ الرَّحِيْقِ" اس کی گفتگو میرے نزدیک شراب سے زیادہ مرغوب ہے۔ بمعنی لام جیسے "اَلْاَمْـرُ اِلَيْکَ" معاملہ تیرے اختیار میں ہے۔ بمعنی مع جیسے "ضُمَّ هٰذا اِلٰی ذَاکَ" اس کو اس کے ساتھ ملالو۔

اِلَيْکَ: اسم فعل بمعنی دور رہو۔ ہٹو جیسے "اِلَيْکَ عَنِّـي" یعنی تو مجھ سے دور ہو جا اور بمعنی خذ جیسے "اِلَيْکَ الْكِتَابَ" یعنی کتاب کو لے لو۔

اُلَـى. اُوْلَـى: کی جگہ استعمال ہوتا ہے جیسے اَلْعَرَبُ الْاُلٰى" قدماء عرب. اُوْلٰی اسم اشارہ جمع قریب کے لئے ہے۔

اَمْ: حرف عطف ہمزہ استفہام کے بعد تسویہ اور برابری کے مفہوم کے لئے آتا ہے۔ جیسے "اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَا تُوْعَدُوْنَ" اور کبھی بل کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے هَـلْ يَسْتَـوِي الْاَعْـمٰى وَالْبَـصِيْرُ اَمْ تَسْتَوِى الظُّلُمَاتُ وَالنُّوْرُ".

اَمَّ (ن) اَمًّا و اَمَم و تَاَمَّمَ و اِئْتَمَّ: قصد کرنا وَاَمَّهٗ: چندیا پر مارنا۔ دماغ پر صدمہ پہنچانا۔ .... اِمَـامَةً و اَمًّـا و اِمَـامًـا. اَلْقَوْمَ وَبِالْقَوْمِ: امام بننا۔

اَمَّت اُمُوْمَةً: ماں ہونا۔

تَاَمَّمَ. اَلْمَرْاَةَ: ماں بنانا۔

اِئْتَمَّ. بِہٖ: اقتدا کرنا .... واسِتَامَّ. ہ: امام بنانا۔ اِسْتَامَّ الْمَرْاَةَ: ماں بنانا۔

اَلْاُمُّ: ماں۔ کسی چیز کی اصل ج اُمَّهَـات و اُمَّـات اور بقول بعض اُمَّهَـات: انسان کے لئے اور اُمَّات: بہائم کے لئے۔ اُمُّ اَرْبَعٍ و اَرْبَـعِيْنَ: کن کھجورا۔ اُمُّ اَوْرَاص: بحتی۔ جنگلی چوہا۔ اُمُّ الْبَيْض: شتر مرغ۔ اُمُّ التَّنَائِف: دور کا جنگل۔ اُمُّ تَـوْلَـبٍ: گدھی۔ اُمُّ جَعَابِر: ہریسہ۔ اُمُّ جُنْـدُب: ظلم و بے انصافی۔ اُمُّ الجراف: ڈول۔ ڈھال۔ اُمُّ جَعْفَارٍ: بجو۔ اُمُّ جَـعْفَران: گدھ۔ اُمُّ الْـجَيْـش: جھنڈا۔ اُمُّ حُبَـاب: دُنیا۔ اُمُّ حبـیب: گرگٹ۔ اُمُّ حَرْب: جھنڈا۔ اُمُّ حَفْصَة: مرغی۔ اُمُّ خِلْسٍ: گدھی۔ اُمُّ الْـخَبَائِثِ: شراب۔ اُمُّ خناف: بحتی۔ اُمُّ خِـنْـور: بجو۔ اُمُّ دَرَن: دنیا۔ اُمُّ دَرِيْن: قحط زدہ سرزمین۔ اُمُّ وَرزَة: دنیا۔ اُمُّ دفر و اُمُّ دُفَارٍ: دنیا۔ اُمُّ الـدِّمَاغ: دماغ کی جھلی۔ اُمُّ الـرَّاسِ: دماغ یا دماغ کی جھلی۔ اُمُّ راشد: چوہا۔ اُمُّ الرُّبَيْق: بختی و بلا۔ اُمُّ الرُّمْح: جھنڈی۔ اُمُّ سمحة: بکرا۔ اُمُّ سُوَيْد: دُبر۔ اُمُّ صَبَّـار و اُمُّ صبـور: بلا و سخت لڑائی۔ اُمُّ الـصِّبْيَان: ایک قسم کی بیماری جو بچوں کو لاحق ہوتی ہے اور جس سے بچے بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ اُمُّ طَبَـق: بختی و بلا۔ سانپ۔ اُمُّ الـطُّرِيْق: شارع عام۔ اُمُّ الـطَّعام: معدہ۔ گیہوں اُمُّ عَـامِر: بجو۔ اُمُّ عَرِيْط: بچھو۔ اُمُّ عَزم: دُبر۔ اُمُّ فَرْوة: بھیڑ۔ اُمُّ الْفَرَج: ایک قسم کا کھانا جو گوشت چاول شکر سے تیار کرتے ہیں اور بقول بعض ایک قسم کی روٹی جس میں پرند اور بکری کا گوشت بھر کر تنور میں پکاتے ہیں۔ اُمُّ الْـقُـرٰی: مکہ معظمہ۔ اُمُّ الْقُرْآن: سورۃ فاتحہ۔ اُمُّ قَشْعَم: بختی۔ جنگ۔ موت۔ بجو۔ مکڑی۔ اُمُّ الـقَوم: سردار قوم اُمُّ الْـكِتَـاب: لوحِ محفوظ۔ سورۃ فاتحہ یا کل قرآن پاک۔ اُمُّ كَـلْـب: ایک پہاڑی درخت کا نام۔ اُمُّ كَلْبَة: بخار۔ اُمُّ مـازن: چیونٹی۔ اُمُّ الْمَثْوٰی: بیوی۔ اُمُّ مِلْدَم: بخار۔ اُمُّ الـنُّجوم: کہکشاں۔ اُمُّ الـوليد: مرغی۔ اُمُّ هُبَيْرہ: مینڈکی۔ لَا اُمَّ لَکَ: کلمہ ذم ہے اور کبھی مدح و استحسان کے موقع پر بھی بولتے ہیں۔

اَلْاَمَـام: آگے۔ وَ اَمَـامَکَ: کلمہ تحذیر ہے۔ بمعنی بچو۔

اَلْاِمَام: (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) پیش امام۔ جس کی اقتداء کی جائے۔ پیشوا۔ ڈوری جس سے معمار عمارت کی سیدھ قائم کرتے ہیں۔ نمونہ۔ واضح راستہ۔ سبق جتنا ہر روز لڑکے پڑھیں۔ قرآن۔ خلیفہ۔ امیر لشکر۔ مصلح اور منتظم۔

اَلْاِمَامَة: خلافت و پیشوائی۔

اَلْاُمَّة: جماعت۔ لوگوں کا گروہ' طریقہ۔ وقت۔ قد و قامت۔

اَلْاُمِّي: اَن پڑھ۔

اُمِّيَّة: پڑھنا لکھنا نہ جاننے والے لوگ۔

اَمَّة: وقت۔

اَلْاُمِّيَّة والْاُمُوْمَة: ماں ہونا۔ مادریت۔

اَلْاَمِيْمُ والْـمَـاْمُوْم: جس کی گدی پر مارا گیا ہو۔

اَلْاُمَيْمَةُ: لفظ اُمّ: کی تصغیر۔ تھوڑا۔ ج اَمَائِم.

اَلْاَمِيْمَة: پتھر جس سے سر کچلا جائے۔

اَمَـا: حرف تنبیہ ہے اس کے بعد اکثر قسم آتی ہے جیسے اَمَـا وَاللّـٰهِ: حرف عرض جیسے "اَمَـا تَنْزِلُ بِنَا".

اَمَّا: حرف شرط و تاکید جیسے "اَمَّا الَّذِيْنَ آمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ" جو لوگ ایمان لائے وہ اس کے حق ہونے پر یقین رکھتے ہیں۔ حرف تفصیل جیسے "اَمَّـا زَيْـدٌ فَـرَبِـحَ" اس کے جواب میں فاء کا آنا ضروری ہے۔

اِمَّا: حرف تفصیل ہے جیسے اِنَّا هَدَيْنَاهُ السَّبِيْلَ اِمَّـا شَـاكِرًا وَ اِمَّا كَفُوْرًا" ہم نے انسان کو راستہ دکھلا دیا اس کے بعد وہ شکر گزار بندہ بنے یا ناشکرا بن کر جیئے اور اس کے مواقع استعمال میں سے موضع شک و ابہام و اباحت و تخییر ہے جیسے " جَاءَ اِمَّا زَيْدٌ وَ اِمَّا عَمْرٌو"

یعنی یا زید آیا یا عمرو۔ جبکہ یہ معلوم نہ ہو کہ ان دونوں میں سے کون آیا اور جیسے تَعَلَّمْ اِمّا الْفِقْهَ و اِمّا اللُّغَةَ: یعنی یا فقہ یا لغت سیکھو۔

اَلْاَمْبِیْر: بجلی کا سخت کرنٹ۔

اَلْاَمْبِیْر السَّاعِی: ۳۶۰۰ میگاواٹ بجلی کا کرنٹ۔

اَلْاَمِبْرِیُولُوجیا: عِلْمُ الْاَجِنَّة: زچہ بچہ کا علم۔ (پیڈیا ٹرک وگائنا کالوجسٹ)

اَمَتَهُ (ض) اَمْتًا و اَمْتَہ: اندازہ کرنا۔ قصد کرنا۔

اَلْاَمْتُ: کمزوری۔ بلند جگہ۔ شک۔ خالی ہونا۔ نشیب وفراز۔ ج اَمَات و اُمُوت۔

اَمِجَ: (س) اَمَجًا: گرم ہونا۔ پیاسا ہونا۔ (ض) اَمْجًا: تیز چلنا۔

صَیْفٌ اَمِجٌ: سخت گرمی۔

اَمَحَ (ض) اَمْحًا۔ الجُرْحُ: درد کرنا۔

اَمِدَ (س) اَمَدًا۔ عَلَیْهِ غضبناک ہونا۔

اَمَّدَ: مدت بیان کرنا .... السِّقَاءَ: ایک قطرہ نہ چھوڑنا۔

اَلْاَمَدُ: غایت۔ آخری حد۔ غصہ۔ ج آماد: کہا جاتا ہے "طَالَ عَلَیْهِمُ الْاَمَدُ" ان کے اوپر مدت طویل ہوگئی۔

اَلْآمِدُ والْآمِدَةُ: بھری ہوئی کشتی۔

اَمَرَهُ (ن) اَمْرًا و آمِرَةً و اِمَارًا: حکم دینا۔ صفت آمِر اور صفت مفعولی مَاْمُوْر: کہا جاتا ہے "اَمَرَهُ الشَّیْئَ و بِالشَّیْئِ وَ اَمَرَهُ اَنْ یَفْعَلَ وَ بِاَنْ یَفْعَلَ" اس نے اس کو کسی کام کے کرنے یا بنانے کا حکم دیا۔

اَمِرَ (س) اَمَرًا و اَمُرَ (ک) اِمْرَةً و اِمَارَةً: امیر وحاکم ہونا .... عَلَیْهِ: والی ہونا۔

اَمِرَ (س) اَمَرًا و اَمَرَةً الشَّیْئُ: بہت ہونا۔ الرَّجُلُ: بہت مویشی کا مالک ہونا۔ صفت آمِر۔

اَمَّرَهُ: امیر وحاکم بنانا۔

آمَرَهُ مُؤَامَرَةً۔ فِی اَمْرٍ: مشورہ کرنا۔

آمَرَهُ اِیْمَارًا: حکم دینا ...... ہُ اللّٰهُ: مال یا نسل بڑھانا۔

تَاَمَّرَ وائْتَمَرَ و اِسْتَاْمَرَهُ: مشورہ کرنا۔ تَاَمَّرَ عَلَیْهِ: تسلط ہونا۔ زبردستی کرنا۔ اِئْتَمَرَ الْاَمْرَ وَ بِهٖ: فرماں برداری کرنا۔

اِئْتَمَرُوا وَ تَآمَرُوا: باہم مشورہ کرنا۔ اِئْتَمَرُوا بِفُلَانٍ: کسی کے قتل کی سازش کرنا۔

اَلْاَمْرُ ج اَوَامِر: حکم۔ فرمان۔ ج اُمُور۔ کام واقعہ۔ چیز جیسے "لِاَمْرٍ مَا کَانَ کَذَا" کسی چیز کی وجہ سے ایسا ہوا۔ "اُولُوا الْاَمْرِ" اسلامی حکومت کے حکام وعلماء۔

اَلْاَمْرَةُ: امر کا اسم مرۃ۔

اَلْاِمْرَةُ: امر کا اسم نوع۔ حکومت۔ ولایت۔

اَلْاَمَرَةُ: بیابان میں پتھر کا چھوٹا نشان۔ چھوٹا ٹیلہ ج اَمَر۔

اَلْاَمَارَةُ: علامت۔ ج اَمَارَات۔

اَلْاِمْرُ: عجیب۔ خلاف شرع وخلاف عقل سلیم بات۔

اَلْاِمَّرُ والْاِمَّرَةُ: کمزور رائے والا۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ اِمَّرٌ ولَا اِمَّرَةٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

اَلْاَمَّارُ: بہت حکم دینے والا۔ برائی پر اُکسانے والا۔ مؤنث اَمَّارَة۔

التَّامُوْرُ: برتن۔ دل۔ بادشاہ کا وزیر۔

التَّامُوْرَةُ: راہب کا صومعہ۔ شیر کا کچھار۔

التَّامُرِیُّ و التَّامُوْرِیُّ و التُّوْمُرِیُّ: انسان۔

الْاَمِیْرُ: حکم دینے والا۔ والی قوم۔ شریف آدمی۔ اس کلمہ کا اطلاق اس شخص پر ہوتا ہے جو شریف الاصل ہو اگرچہ صاحب اَمر نہ ہو۔ پڑوسی۔ وہ شخص جس سے مشورہ کیا جائے۔

اَمِیْرُ الْبَحْرِ: بحری کمانڈر۔

اَمِیْرُ اَلَای: فوج کے ایک دستہ کا افسر یا بحری بیڑے کا کپتان۔ ج اُمَرَاء۔

اَلْمَالُ الْاَمِیْرِیُّ: شاہی ٹیکس۔

اَلْمُؤْتَمَرُ: کانفرنس۔

اَلْمُؤْتَمَرُ: ج مُؤْتَمَرَات: کانفرنس۔

مُؤْتَمَرٌ دُوَلِیٌّ: انٹرنیشنل کانفرنس۔ مُؤْتَمَرٌ ثَقَافِیٌّ: ادبی کانفرنس۔ مُؤْتَمَرٌ عِلْمِیٌّ: علمی کانفرنس۔ مُؤْتَمَرٌ سِیَاسِیٌّ: سیاسی کانفرنس۔

اَمِیْرُ الْمُؤْمِنِیْنَ: حضرت عمر بن الخطاب اور بعد والے خلفاء کا لقب جو ایک صحابیؓ نے حضرت عمر فاروق کے لیے دیگر بادشاہوں کے خطوط لکھتے وقت تحریر کیا۔

اَلْمُؤْتَمِرُ: فا۔ خود رائے۔ ایام عجوز کا آخری دن۔

المِئْمَرُ: مشورہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَعِیْدٌ مِنَ الْمِئْمَرِ قَرِیْبٌ مِنَ الْمِئْبَرِ" وہ مشورہ سے بعید اور چغلی سے قریب ہے۔

اَمْسِ۔ مبنی علی الکسر: کل گزشتہ۔

اَلْاَمْسُ: (اعرابی حالت میں) گزشتہ ایام میں سے کوئی دن۔ ج آمُس و اُمُوس و آمَاس: نسبت کے لئے اِمْسِیٌّ: خلاف قیاس۔

الْاَمِصُ و الْاَمِیْصُ: وہ گوشت جس کو باریک کرکے کچا کھاتے ہیں اور کبھی ذرا آگ دکھلا لیتے ہیں۔

اَمِضَ (س) اَمَضًا۔ الرَّجُلُ: کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا اور کسی کی ناراضی کو خاطر میں نہ لانا۔ مافی الضمیر کے خلاف بے باکانہ بولنا۔

اَلْاِمَّعُ و الْاِمَّعَةُ: ہر ایک کی رائے کی پیروی کرنے والا۔ لوگوں کے ساتھ بغیر بلائے ہوئے دعوت میں شریک ہونے والا۔ ج اِمَّعُوْنَ: اور اِمّع کی اصل وَاِنِّیْ مَعَکَ ہے۔ اِمَّعَةٌ: کی تاء: تانیث کی نہیں مبالغہ کے لئے ہے۔

تَاَمَّعَ و اِسْتَاْمَعَ: ہر ایک کی رائے کا تابع بننا۔

اَمَقُ۔ الْعَیْنِ: ناک کی طرف کا آنکھ کا گوشہ ج آماق۔

اَمَلَهُ (ن) اَمْلًا و اَمَّلَهُ تَاْمِیْلًا: اُمید کرنا۔

تَاَمَّلَ۔ الْاَمْرَ وَ فِیْهِ: غور کرنا۔ دیر تک سوچنا۔

الْاَمَلُ والْاَمْلُ: اُمید ج آمال۔

الْاَمَلَةُ: اُمید۔

الْآمَلَة: وہ لوگ جن کی مدد کی اُمید رکھی جائے
واحد آمِل.
الْآمِل: جذر (علم کیمیا) C-S-H-B
الْمَأْمَل: اُمید۔ جس کی اُمید رکھی جائے۔
الْمُؤَمَّل: گھوڑ دوڑ میں آٹھویں نمبر کا گھوڑا۔
اَمُنَ (ک) اَمَانَةً: امین ہونا۔ امانت دار ہونا۔
معتمد علیہ ہونا۔ صفت امین۔ ج اُمناء.
اَمَنَ (ض) اَمْنًا: اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ مائل
ہونا۔ صفت آمن۔
اَمِنَ (س) اَمْنًا و اَمْنًا و اَمَانًا و اَمَنَةً: مطمئن
ہونا۔ صفت آمِن و اَمِين و آمِن.
.... الْاَسَدَ وَ مِنْهُ: محفوظ رہنا۔
اَمَّنَ: آمین کہنا۔ .... ہ: امن واطمینان
میں کرنا۔
اَمَّنَ و اِئْتَمَنَ فُلَانًا عَلٰى كَذَا: کسی کو کسی چیز
کا امین بنانا۔ اِئْتَمَنَهُ: امین سمجھنا۔
آمَنَهُ اِيْمَانًا: امن دینا...... بِهِ: تصدیق
کرنا۔ اعتماد و بھروسہ کرنا...... لَهُ: تابعدار و
مطیع ہونا۔
اِسْتَأْمَنَهُ: امن طلب کرنا۔ امین سمجھنا.......
عَلٰى كَذَا: امین بنانا۔
الْاَمْنَة: اطمینان۔ دل کا سکون۔ امانت۔ ہر
ایک پر بھروسہ کرنے والا۔
الْاَمَنَة: معتمد علیہ۔
الْاُمْنِيَّة: آرزو ج اَمَانِي و اَمَان.
الْاَمَانَة: امانت۔ ودیعت۔ ج اَمَانَات
فریضۂ خداوندی۔
الْاِيْمَان: مان لینا۔ تصدیق کرنا۔
الْاَمُوْن: سواری جس کے ٹھوکر کھانے کا خوف
نہ ہو۔ ج اُمُن.
الْاَمِيْن: امانت دار۔ وہ شخص جس کے پاس
امانت رکھی جائے۔ ج اُمَناء.
الْبَلَدُ الْاَمِيْن: مکہ معظمہ۔
الْاُمَّان: امانت دار۔ معتمد علیہ۔ کاشتکار۔ وہ
شخص جو لکھنا نہ جانتا ہو۔
آمِين و اَمِيْن: اسم فعل بمعنی قبول کر۔

الْمُؤْمِن: مان لینے والا۔ تصدیق کرنے والا
نیز اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔
الْمَأْمُوْن: معتمد علیہ۔
الْمَأْمَن: امن و بے خوفی کی جگہ۔
اَمِهَ (س) اَمَهًا و اَمْهًا. الشَّيْءَ: بھولنا۔
اَمَهَ (ن) اَمْهًا. اِلَيْهِ فِي الْاَمْرِ: عہد و پیمان
کرنا۔
تَأَمَّهَ. الْمَرْاَةَ: ماں بنانا۔
الْاُمِيْهَة: بکری کی چیچک یا پھنسیاں جو بکری کو
ہوتی ہیں۔
اَمَا (ن) وَ اَمِيَ (س) وَاَمِيَ: (ض) اُمُوَّةً.
اَمَتِ الْجَارِيَةُ: باندی ہونا۔
اَمَـــتْ: (ن) اُمُوْءَةً. السِّنَّوْرُ: میاؤں
میاؤں کرنا۔
اَمَّى. الْجَارِيَةَ: باندی بنانا۔
تَأَمَّى و اِسْتَأْمَى. الْجَارِيَةَ: باندی بنانا۔
الْاَمَة: لونڈی۔ باندی۔ ج اِمَاء و اَمَوات و
آم: نسبت کے لئے اُمَوِيّ تصغیر اُمَيَّة.
اُمَيَّة: قریش کا ایک قبیلہ۔ نسبت کے لئے
اُمَوِيّ اور بسا اوقات اَمَوِيّ بھی کہتے ہیں۔
اَنْ: (۱) حرف مصدری ہے فعل مضارع کو
نصب دیتا ہے جیسے "اَنْ تَصُوْمُوْا خَيْرٌ
لَّكُمْ" یہ کہ تم روزہ رکھو تمہارے لئے بہتر
ہے۔
(۲): مخفف ہے اَنَّ مثقلہ: سے اور افعال
یقین یا ان کے مشابہ کے بعد آتا ہے جیسے "
عَلِمَ اَنْ سَيَكُوْنُ مِنْكُمْ مَرْضٰى": اللہ نے
جان لیا کہ تم میں سے بیمار ہوں گے۔
"حَسِبُوْا اَنْ لَا تَكُوْنَ فِتْنَةٌ" لوگوں نے
گمان کرلیا کہ آزمائش نہیں ہوگی۔
(۳): مفسرہ بمعنی اَیْ جیسے "فَاَوْحَيْنَا اِلَيْهِ اَنِ
اصْنَعِ الْفُلْكَ" پس وحی بھیجی ہم نے طرف
اس کی یہ کہ بنا کشتی کو۔
(۴): زائدہ تاکید کے لئے جیسے "لَمَّا اَنْ
جَاءَ الْبَشِيْرُ" جب آیا خوشخبری لانے والا۔
اِنْ حرف شرط ہے دو فعلوں کو جزم دیتا ہے
جیسے "اِنْ تَضْرِبْ تُضْرَبْ" اگر تو مارے گا
مارا جائے گا۔
حرف نفی ہے۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے
اور بعضوں کے نزدیک لَيْسَ کا عمل کرتا ہے
جیسے "اِنْ اَحَدٌ خَيْرًا مِّنْ اَحَدٍ اِلَّا
بِالْعَافِيَةِ" یعنی عافیت کے بغیر کوئی کسی سے
بہتر نہیں۔
اور کبھی جملہ فعلیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے " اِنْ
اَدْرِيْ اَقَرِيْبٌ اَمْ بَعِيْدٌ مَّا تُوْعَدُوْنَ" میں
نہیں جانتا کہ جس چیز کا تم سے وعدہ کیا گیا
ہے وہ قریب ہے یا بعید۔
مخفف ہے اِنَّ مثقلہ سے اور اس صورت میں
زائدہ ہوتا ہے جیسے " ما اِنْ زَيْدٌ قَائِمٌ".
اِنَّ: حرف تاکید ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع
دیتا ہے جیسے " اِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ"۔
حرف جواب ہے جیسے کوئی کہے " لَعَنَ اللّٰهُ
نَاقَةً حَمَلَتْنِي اِلَيْكَ" یعنی اللہ اس اونٹنی پر
لعنت کرے جو مجھ کو تیرے پاس لائی ہے۔
اس کے جواب میں کہا جائے " اِنَّ
وَرَاكِبَهَا" یعنی ہاں اور اس کے سوار پر بھی۔
اَنَّ حرف تاکید ہے جو خبر کو رفع اور اسم کو نصب
دیتا ہے اور جملہ کو بتاویل مفرد کر دیتا ہے جیسے
بَلَغَنِي اَنَّ زَيْدًا قَائِمٌ" مجھ کو زید کے قیام کی
خبر پہنچی۔
اَنَّ (ض) اَنِيْنًا و اَنًّا و اُنَانًا و تَاْنَانًا: کراہنا۔
آہ آہ کرنا۔
اَنَّةً و كَاَنَّةً: منانا۔
الْاَنَّان و الْاُنَان و الْاُنَنَة: بہت کراہنے والا۔
الْاَنَّة و الْاَنَانَة: کراہنا (حاصل مصدر)
اَنَا: میں (واحد متکلم کی ضمیر مرفوع منفصل)
الْاَنَانَة: انا کہنا۔
الْاَنَانِيَّة: ڈینگ۔ خود غرضی۔ اِدّعا۔
اَنَبَهُ: جھڑکنا۔ ملامت کرنا۔
اَنَانَاس: ایک مشہور لذیذ خوشبو دار پھل کا نام
ہے اکثر ممالک خط استوائی میں بویا جاتا ہے
اور اس کا شربت اور پھل دونوں ہی بے حد
لذیذ ہوتے ہیں۔ انگریزی زبان میں ' پائن
اپیل' کے نام سے معروف ہے۔

اَلاَنبَجُ: آم کا درخت جس کے پھول کو مانجا یعنی آم بولا جاتا ہے۔ اس کا پھل سخت گٹھلی والا اور مزیدار ہوتا ہے۔
اَلآنَب: بیگن۔
المُؤتَنِب: وہ شخص جس کو کھانے کی خواہش نہ ہو۔
اَلاَنَاب: مشک یا ایک قسم کا عطر۔
اَلاِنبِیق: عرق کشید کرنے والا آلہ۔ ج انابیق: (جدید)
اَنتَ و انتِ: تو (واحد حاضر مذکر و مؤنث کی ضمیر مرفوع منفصل) ج انتُم و انتُنَّ.
اَلانتُرُوبُولُوجیَا: وہ علم (آرکیالوجی) جس میں انسانی طبائع اس کی معیشت' فنون' اوزار اور ایجادات پر بحث ہو۔
اَلاَنتِیمُوَانُ: سفید شفاف جوہر جو طبع شدہ حروف پر لگایا جاتا ہے جس کی رمز S.B ہے۔
اَنَتَ (ض) اَنِیتًا. اَلمَرِیضُ: بیمار کا کراہنا۔ آہ آہ کرنا .... فُلاَنًا: حسد کرنا ...... الشَیءَ: اندازہ کرنا۔
اَنُثَ (ک) اَنَثًا. الحَدِیدُ: لوہے کا کچا ہونا۔ نرم ہونا۔ مخنث ہونا۔ صفت (اَنِیث)
مَکَانٌ اَنِیثٌ: جس زمین میں گھاس وغیرہ جلدی اُگے۔ سَیفٌ اَنِیثٌ: کند تلوار۔
اَنَّثَه: مؤنث بنانا۔ مؤنث سمجھنا۔ مخنث بنانا۔
اَنَّث لَهٗ: نرم ہونا۔ نرمی برتنا۔
آنَثَتْ اِینَاثًا. المَرأَةُ: مادہ۔ جننا۔ صفت (مؤنث)
تَاَنَّثَ: مادہ ہونا .... لَهٗ: نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔
اَلاُنثٰی: مادہ ...... ج اِنَاث و اَنَاثٰی و جج اُنُث.
المُؤنَّث: مادہ۔ ہیجڑا۔
المِئنَاث: وہ عورت جس کی عادت لڑکیاں جننے کی ہو۔ مرد کے لئے بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اس لئے کہ مفعال کا وزن دونوں کے لئے یکساں ہے اور اس کے مقابلے میں مِذکَار ہے ...... یعنی وہ عورت جس کی عادت لڑکے جننے کی ہو۔
اَلاَنَاث: چھوٹے چھوٹے ستارے۔
اَلاَنجَر: جہاز کا لنگر۔
اَلاِنجِیل: وہ آسمانی کتاب جو عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ ج اناجیل: (کلمہ یونانی ہے جس کے معنی بشارت کے ہیں)
اَنَحَ (ض) اَنحًا و اَنِیحًا و اُنُوحًا کانکھنا۔
اَلاَنِح و الاُنَح و الاَنُوح: سوال کرنے پر بخل کی وجہ سے نکھنے والا۔
اَلاَنِحَةُ: پست قد عورت۔
اَنِسَ: (س) و اَنَسَ: (ک) اَنَسًا و اَنَسَةً و اَنَسَ: (ض) اَنَسًا: مانوس ہونا ...... بہ وَ اِلَیهِ: محبت کرنا۔ سکونِ قلب پانا۔
اَنَّسَه: مانوس کرنا۔ آنَسَ الشَیءَ: دیکھنا اور جاننا۔
آنَسَهٗ یُوَانِسُهٗ مُوَانَسَةً: لطف و مہربانی کرنا۔ محبت کرنا۔ تسلی دینا۔
آنَسَهٗ یُونِسُهٗ اِینَاسًا: مانوس کرنا۔ آنس الصَّوتَ: سننا ...... الشَیءَ: دیکھنا اور اسی سے ہے "آنَسَ مِنْ جَانِبِ الطُّورِ نَارًا" موسیٰ علیہ السلام نے طور کی جانب آگ کو دیکھا۔
تَاَنَّسَ: انسان ہونا۔ مانوس ہونا السبع: دور سے شکار کی آہٹ معلوم کر لینا ...... بہ: مانوس ہونا۔
اِستَانَسَ: وحشت کا دور ہونا .... بہ وَ اِلَیهِ: مانوس ہونا ...... لَهٗ: کان لگانا۔ دیکھنا۔
اَلاَنَس: وہ شخص جس سے تم انس حاصل کرو۔ بڑی جماعت ج آناس.
اَلاِنس: آدمی۔ واحد (اِنسِیٌّ و اَنَسِی): ج اُنَاس و اَنَاسِیٌّ. اِنسُکَ و اِبنُ اِنسِکَ وَابنُ اِنسِکَ: تمہارا دوست اور حلیف۔
اَلاُنس و الاُنسَه: اُنسیت۔
اَلاَنِسَةُ: پاکیزہ طبیعت والی لڑکی۔ ج اَوَانِس۔
اَلاِنسَان: آدمی۔ جنس بشری کے افراد پر اس کا اطلاق ہوتا ہے اور مولدین کے اشعار میں انسانة: بھی آیا ہے غیر مزروعہ زمین۔ انسان العین: آنکھ کی پتلی ج اَنَاسِیٌّ و اَنَاسِیَة و آنَاس: پہاڑ کا سایہ۔
اَلاِنسَانِیَة: انسان کی خصوصیات۔ اکثر اس کا استعمال اخلاق محمودہ کے لئے ہوتا ہے۔
اَلاَنُوسَ: بہت اُنس کرنے والا ...... مِنَ الکِلاَبِ: نہ کاٹنے والا کتا۔ ج اُنُس.
اَلاَنِیس: انس کرنے والا۔ وہ شخص جس سے انس حاصل ہو کہا جاتا ہے "مَابِالدَّارِ مِنْ اَنِیسٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں .... اَلاَنِیسُ: ایک آبی پرندہ جس کی آواز گائے کی آواز سے مشابہ ہے۔ مرغ
اَلاَنِیسَة و المَانُوسَة: آگ۔
المُونِس: انس دینے والا۔ پنج شنبہ کے دن کا نام۔ اَبُو مُونِس: شمع۔
المُونِسَات: ہتھیار۔
اَنسُولِین: شوگر کی بیماری کی دواء۔ جو تمام دوائیں آزمانے کے بعد آخری حربے کے طور پر دی جاتی ہے۔
اَلاَنِیسُون. انیسون: (ایک دوا کا نام)
اَنَضَ: (ض) اَنِیضًا. اللَّحمُ: خراب ہونا۔ بگڑ جانا۔
اَنَضَ: (ض) اَنِیضًا: خوف کی وجہ سے آنتوں کا حرکت کرنا۔
آنَضَ اِینَاضًا. اللَحمَ: نیم بریاں کرنا۔
اَنِفَ: (س) اَنَفًا. مِنَ العَارِ: خوددار ہونا۔ ناپسند کرنا۔ صفت (اَنُوف) اور اسم (الاَنَفَة) ...... البَعِیرُ: ناک میں درد ہونا۔ صفت (آنِف)
اَنَفَه: (ن ض) اَنفًا: ناک پر مارنا۔
اِئتَنَفَ و اِستَانَفَ. الشَیءَ: ازسرنو کرنا اور اسی سے ہے "استَانَفَ الدَّعوٰی" یعنی اس نے اپیل کی۔
اَلاَنف: ناک۔ اَنفُ الجَبَل: پہاڑ کا نکلا ہوا گوشہ۔ "اَنفُ کُلِّ شَیءٍ: ہر چیز کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ حَتفَ اَنفِه" وہ اپنی طبعی موت مرا۔
رَغِمَ اَنفُهٗ: وہ ذلیل ہوا۔ حَمِیَ اَنفُهٗ: وہ

غالب وزبردست ہوا۔ ج آناف و اُنوف و آنُف۔

آنِفًا: ابھی۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرتُهُ آنِفًا" میں نے اس کو ابھی یاد کیا۔ یہ ہمیشہ بر بنائے ظرفیت منصوب ہوتا ہے۔

آنِفَةُ الشَّبابِ: آغازِ جوانی۔ کہا جاتا ہے "مَضَتْ آنِفَةُ الشَّبابِ" جوانی کی مستی ختم ہو گئی۔

الأُنُفُ: مِنَ الرِّیاضِ: وہ سرسبز وشاداب حصہ زمین جس کو کسی جانور نے چرا نہ ہو۔ کاسٌ اُنُفٌ: وہ پیالہ جس سے کسی نے پیا نہ ہو۔

الأَنِیفُ: نرم لوہا۔ تمام زمینوں سے پہلے پیداوار اگانے والا پہاڑ۔

اَنْفُ العِجْلِ: زیب وزینت کا ایک پودا اس کے پھول بعض جانوروں کے سر کے مانند ہوتے ہیں اس کے متعدد رنگ ہیں۔

رَجُلٌ اُنافِیٌّ: بڑی ناک والا مرد۔

المُسْتَأنَفُ. مِنَ الأمرِ: وہ کام جس کو ابھی کسی نے نہ کیا ہو۔

اَنِقَ (س) اَنَقًا: خوش ہونا۔ الشيءَ: پسند کرنا ...... بِهِ: پسند کرنا اور ماسوا پر ترجیح دینا ...... الشَّيءُ: خوبصورت وتعجب انگیز ہونا۔ صفت اَنِقٌ و اَنِیقٌ و مُونِقٌ: کہا جاتا ہے "رَوْضَةٌ اَنِقٌ و اَنِیقَةٌ" خوبصورت باغ۔

آنَقَهُ: تعجب میں ڈالنا۔

آنَقَهُ اِیناقًا و نِیقًا: تعجب میں ڈالنا۔ نِیقًا: مصدر خلاف قیاس ہے۔

تَأنَّقَ: نفاست پسند ہونا ...... فِي الکَلامِ اَو العَمَلِ: اچھی طرح کرنا ...... المَکانَ: پسند آنے کی وجہ سے جدا نہ ہونا۔

الأَناقَةُ والإِناقَةُ: حسن پسندیدہ۔

الأَنُوقُ: عقاب۔ "هُوَ اَعَزُّ مِنْ بَیْضِ الأَنُوقِ" وہ عقاب کے انڈے سے زیادہ کمیاب ہے۔ بطور مثل کے اس چیز کے لئے بولتے ہیں جس کا حصول محال ہو۔

اَنُکَ (ن) اَنَکًا. الشَّيءُ: بڑا اور موٹا ہونا۔

الآنُکُ: سیسہ۔ ایک ٹکڑے کو آنکة کہتے ہیں۔

الأَنْکَلِیسُ: مارماہی۔

الأَنامُ والآنامُ والأَنِیمُ: مخلوق۔ انیم کا استعمال صرف اشعار میں ہوتا ہے۔

اَنٰی: (ض) اَنْیًا و اِنًی و آناءً و اَنًی تانیة: قریب ہونا۔ آنا ...... النَّباتُ: پک جانا۔

اَنِي یَأنِي و اَنِيَ: (س) اَنْیًا و اِنًی: دیر کرنا۔ پیچھے رہنا۔ صفت اَنِيٌّ۔

آنٰی اِیناءً. فُلانًا: دیر کرانا پیچھے ڈالنا۔

تَأَنّٰی و اِسْتَأنٰی. فِي الأمرِ و بِهِ: اچھی طرح غور وفکر کرنا ...... الرجلَ: مہلت دینا۔

الأَناةُ: وقار۔ بردباری۔ انتظار ومہلت۔

الأَناءُ و الإِنٰی و الإِنْيُ: وقت کا آپہنچنا۔ پختگی۔

الأَنْـيُ: بردباری۔ نرمی۔ پورا دن یا اس کا ایک جزو۔ ج آناء و اُنِيّ: کہا جاتا ہے "آناءَ اللَّیلِ و اَطْرافَ النَّهارِ" یعنی رات اور دن۔

رَجُلٌ آنٍ: بردبار اور سنجیدہ مرد۔

الإِناءُ: برتن۔ ج آنِیَةٌ و جج اَوانٍ

اَنّٰی: (۱) ظرف مکان ہے اور دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے جیسے "اَنّٰی تَجْلِسْ اَجْلِسْ" جہاں تو بیٹھے گا میں بیٹھوں گا۔

(۲) بمعنی کہاں سے جیسے "اَنّٰی لَکِ هٰذا" یعنی تمہیں یہ کہاں سے حاصل ہوا؟

(۳) ظرف زمان بمعنی کب جیسے "اَنّٰی جِئْتَ" تم کب آئے؟

(۴) استفہامیہ بمعنی کیف جیسے "اَنّٰی یُحْیِي هٰذِهِ اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِها" اللہ اس بستی کو کیونکر زندہ کرے گا اور اسی سے ہے "فَأتُوا حَرْثَکُمْ اَنّٰی شِئْتُمْ"۔

اَنُو فِیلِیس (بعوضة الاجمیة): ملیریا بخار پھیلانے والا مچھر۔

آهْ و آوهْ و اَوْهْ و آهٍ و آوهٍ و آوِ و آها: آہ آہ۔

اَهَّ (ن) اَهًّا و اَهَةً و اِهَّةً و اَهَّةً و تَأْهَةً: آہ آہ کرنا۔

اَهَبَ و تَأَهَّبَ. لِلأمرِ: تیار وآمادہ ہونا۔

الأُهْبَةُ: سامان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ لِلسَّفَرِ اُهْبَتَهُ" اس نے سامان سفر لیا۔

الإِهابُ: کھال۔ کچی کھال۔ ج اُهُبٌ و اَهَبٌ و آهِبَةٌ۔

الأَهَرَةُ: گھریلو سامان۔ اچھی حالت۔ ہیئت۔ ج اَهَرٌ و اَهَرات۔

اَهَلَ: (ن ض) اَهْلًا و اُهُولًا. الرَّجُلُ: شادی شدہ ہونا ...... امرأةً: نکاح کرنا۔ صفت مفعولی (مَاهُولَة)۔

اَهِلَ (س) اَهَلًا. بِهِ: انس حاصل کرنا۔

اُهِلَ. المَکانُ اَوِ البَلَدُ: آباد ہونا۔ صفت آهِلٌ و ما هُولٌ۔

آهَلَهُ اِیهالًا: شادی کر دینا (...... و اَهَّلَهُ) لِلأمرِ: لائق بنانا یا سمجھنا۔ اَهَّلَ بِهِ: کسی سے اَهْلًا وَ سَهْلًا کہنا۔

تَأَهَّلَ و اِتَّهَلَ: شادی شدہ ہونا۔ تَأَهَّلَ لِلأمرِ: لائق ہونا۔

اِسْتَأهَلَ الشَّيءَ: کسی چیز کا اہل ہونا۔ ...... الرَّجُلَ: لائق سمجھنا۔ اسْتَأهَلَ: پگھلی ہوئی چربی لینا یا کھانا۔

اَهْلًا و سَهْلًا: خوش آمدید۔ تقدیر عبارت کی یوں ہے "صادَفْتَ اَهْلًا لا غُرَباءَ وَوَطِئْتَ سَهْلًا لا وَعْرًا" تو نے اپنے لوگوں کو پایا اجنبیوں کو نہیں اور نرم زمین میں آیا سخت میں نہیں۔

الأَهْلُ: کنبہ۔ رشتہ دار۔ ج اَهْلُونَ و اَهالٍ و آهالٌ و اهلات و اَهَلات. اَهْلُ الرَّجُلِ: بیوی۔ اَهْلُ الأمرِ: حکام۔ اَهْلُ المَذْهَبِ: متبعین مذہب۔ اَهْلُ الوَبَرِ: بدو۔ اَهْلُ المَدَرِ وَالحَضَرِ: عرب کے شہری۔

الأَهْلِیَّةُ: قابلیت۔

الآهِلُ والأَهْلِيُّ: پالتو جانور وغیرہ۔

الآهِلُ: بال بچوں والا۔

المُؤَهَّلاتُ: طبعی استعداد جو آدمی کو کسی کام کے قابل بنا دیتی ہے۔

الإِهالَةُ: پگھلی ہوئی چربی۔ ہر وہ روغن جس کو

بطور سالن کے استعمال کیا جائے۔
المَاهُول: آباد مکان۔
اَوْ: حرف عطف میں سے ہے اور اس کے مواقع استعمال حسب ذیل ہیں۔
(۱) شک جیسے "لَبِثْنَا یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ" ہم ایک دن یا دن کے کچھ حصہ میں ٹھہرے۔"
(۲) ابہام جیسے "نَحْنُ اَوْ اَنْتُمْ عَلَی الْحَقِّ" ہم یا تم حق پر ہیں۔
(۳) اباحت جیسے "جَالِسِ الْحَسَنَ اَوِ ابْنَ سِیْرِیْنَ" حسن کے پاس بیٹھو یا ابن سیرین کے پاس۔
(۴) تخییر جیسے "سِرْ رَاکِبًا اَوْ مَاشِیًا" سوار چلو یا پیدل چلو۔
(۵) تقسیم جیسے اَلْکَلِمَةُ اِسْمٌ اَوْ فِعْلٌ اَوْ حَرْفٌ: (کلمہ یا اسم ہے یا فعل یا حرف) کبھی اِلٰی کے معنی میں آتا ہے جیسے "لَاَلْزِمَنَّکَ اَوْ تَقْضِیَنِیْ حَقِّیْ" میں تمہارے ساتھ لازم رہوں گا یہاں تک کہ تم میرا حق پورا کردو اور کبھی اِلَّا کے معنی میں آتا ہے جیسے "لَاَقْتُلَنَّ الْعَدُوَّ اَوْ یَخْضَعَ" میں دشمن کو یقیناً قتل کروں گا مگر یہ کہ وہ تابع ہوجائے۔
آبَ (ن) اَوْبًا و مَآبًا. مِنَ السَّفَرِ: لوٹنا۔ واپس ہونا۔ صفت (آئب) ج اَوَّب و اُیَّاب و اُوَّاب ...... السَّمَاءُ: رات میں کسی چشمہ پر اترنا...... الشَّمْسُ: آفتاب کا غائب ہونا۔ غروب ہونا...... اِلَی اللّٰہِ: توبہ کرنا۔
اَبَهُ (ن) اَوْبًا: قصد کرنا۔ آبَ اِلَیْهِ: کسی کے پاس رات کے وقت جانا۔
اَوِبَ (س) اَوَبًا: غضبناک ہونا۔
اَوَّبَ و اَیَّبَ. عَنْهُ: لوٹنا۔ اَوَّبَ الْاَدِیْمَ: بیچ میں سے گول کاٹنا۔
اَوَّبَ و آوَبَ مُوَاوَبَةً. الْقَوْمُ: سارے دن چلنا اور رات میں قیام کرنا۔
تَاَوَّبَ و تَاَیَّبَ و اِئْتَابَ: لوٹنا...... السَّمَاءَ: رات میں کسی چشمہ پر اترنا۔
الْاَوْب والْاَوْبَةُ الْاِیَابُ: واپسی و الْاَوْب: قصد۔ عادت۔ راستہ۔ جہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا مِنْ کُلِّ اَوْبٍ" وہ لوگ ہر جہت سے آئے۔" وَ کُنْتُ عَلٰی صَوْبِ فُلَانٍ وَ اَوْبِهٖ" میں فلاں کی روش اور طریقے پر تھا۔
الْاَوْبَةُ: جانور کی ٹانگ۔ ج اَوَبَات۔
الْاَوَّاب: توبہ کرنے والا۔ ج اَوَّابُوْن۔
الْمَآب: لوٹنے کی جگہ۔ ج مآوِب: کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمَا ثَلَاثَةُ مَآوِبَ" ان دونوں کے درمیان تین منزل کا فاصلہ ہے۔
اُوتُوبَانکس: ایک پودا جس کے زرد پھول ہوتے ہیں اس سے گوند نکال کر بعض سبز انگوریوں میں ملا کر دوائی دی جاتی ہے۔
اُتُوبِس: بڑی گاڑی سواریوں کو منتقل کرنے کے لئے چلائی جاتی ہے۔ اس کو سوزوکی یا بوسٹر یا بس بولتے ہیں۔
اُوتُوسْتْرَاد: خصوصی شارع خاص گاڑیوں کے لئے جو ہر قسم کی اچھی ڈیزائنگ سے مزین ہوتی ہے اس کے دونوں اطراف درخت اور فٹ پاتھ بنائے جاتے ہیں۔ (لاطینی)
الْاُتُوقْرَاطِی: مطلق العنان حاکم۔ (یونانی لفظ)
اُوتُومَاتِیک: ہر مشین جو خود چل کر بند ہو یا کم ہو بغیر کسی کے چلائے۔ (آٹومیٹک)
الْاَئِبَةُ: وہ پانی جس کو دوپہر کے وقت پیئیں۔
الْاَوْج: بلندی۔ فن موسیقی کا ایک سُر۔
الْاَوَح: انڈے کی سفیدی۔
آدَهُ: (ن) اَوْدًا و اُوُوْدًا. الْاَمْرُ: گراں بار کرنا۔ تھکا دینا...... الْحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ صفت (آئد): اور صفت مفعولی (مَؤُوْد).
(اَوَدًا) الْفَیْئُ: لوٹنا۔ الْعَشِیُّ: مائل ہونا۔ (......اَوْدًا و اُوُوْدًا...... الْعُوْدُ: جھکانا۔ ٹیڑھا کرنا۔
اَوِدَ: (س) اَوَدًا و تَاَوَّدَ: ٹیڑھا ہونا۔ مڑنا۔ صفت (اَوِد) مؤنث (اَوْدَاء) و تَاَوَّدَهُ الْاَمْرُ: شاق گزرنا۔ گراں ہونا۔
اِنْآدَ اِنْئِیَادًا: مڑنا۔ جھکنا۔ ٹیڑھا ہونا۔
الْاَوَد: مشقت۔ ٹیڑھا پن۔
الْاَوْدَةُ: بوجھ۔
الْمَآوِد: مصیبتیں۔
الْاُوَار: گرمی۔ پیاس۔ دھواں۔ ج اُوْر۔
الْآرَة: چولہا۔ آگ جلانے کی جگہ۔
الْاُوْرَانِیُوم: شعاع والا جسم جو ایٹم بم میں داخل کیا جاتا ہے۔
الْاُوْرِیُومِیْن: جدید قسم کی دوائی جو کہ پیچش جیسے امراض میں استعمال ہوتی ہے۔
الْاَوَزَّة: بط: مرغابی۔ ج اَوَز۔
الْمَاوَزَة: وہ جگہ جہاں بطیں زیادہ ہوں۔
آسَ یَؤُوْسُ اَوْسًا و اِیَاسًا: دینا۔ بدلہ دینا۔
اِسْتَآسَهُ: عطیہ مانگنا۔ مدد طلب کرنا۔ ساتھ رہنے کو کہنا۔
الْآوس: عطیہ۔ بھیڑیا۔
الْآس: ایک درخت کا نام ہے جو ریحان کے نام سے مشہور ہے۔ واحد آسَة ہے۔
الْآس: چولہے کی بقیہ راکھ۔ شہد۔ چھتہ میں باقی ماندہ شہد۔ قبر۔
الْاُوسْمِیُوم: سفید کان سخت سب اجسام میں زیادہ ثقیل جسم بسیط جس کا رمز O.S ہے۔
اُوَیْس: بھیڑیا۔
اَفَهُ (ن) اَوْفًا: نقصان پہنچانا۔ فاسد کرنا" آفت اَوْفًا و آفَةً اُوُوْفًا الْبِلَادُ: آفت زدہ ہونا۔
الْآفَةُ: آفت۔ مصیبت۔ ہر وہ عارضہ جو کسی چیز کو فاسد کردے۔ ج آفات۔
آقَ (ن) اَوْقًا. عَلَیْهِ: اوپر سے جھانکنا۔ جھکنا۔ مبتلائے مصیبت کرنا۔ نحوست لانا۔
اَوَّقَ هٗ: کسی پر مشقت ڈالنا۔ کھانا کم کرنا۔
تَاَوَّقَ: رکنا۔
الْاَوْق: بوجھ۔ نحوست۔ بدبختی۔ کہا جاتا ہے "اَلْقٰی عَلَیَّ اَوْقَهٗ" اس نے اپنا بوجھ مجھ پر ڈال دیا۔" وَ بِهٖ اَوْق" وہ منحوس ہے۔
الْاُوْقَة: جماعت۔ اس سے ہے "جَاءَ الْقَوْمُ بِاُوْقَتِهِمْ" قوم پوری کی پوری آئی۔
الْاُوْقَة: گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے ج اُوْقَات و اُوَق.

الأُوقِيَه: نصف رطل کا چھٹا حصہ۔ ج اَوَاقِی و اَوَاقِي۔ الاَوَاقِي: ذخیرے۔
الموروق: منحوس۔ المُوَرِّق: کھانے میں دیر کرنے والا۔
الأُوقيانُوس: بحراٹلانٹک۔ بحرمحیط۔
اُوكـالِيـنُوس: جس کو لغت میں کینا بھی بولتے ہیں۔ معنی: کونین۔ بہت تیزی سے پھیلتا ہے اس کی لمبائی سو میٹر تک چلی جاتی ہے۔ زمین کو خشک کرنے میں فائدہ مند ہے۔ (سفیدہ کا درخت)
الأَوْكَةُ: غصہ۔ بدی۔
الأُوكسِيجَن: آکسیجن۔
الآلُ: سراب۔ یا وہ سرابی کیفیت جو چلچلاتی دھوپ میں زوال سے پہلے محسوس ہوتی ہے۔
آلُ الـرَّجُـل: اہل وعیال۔ اس کا استعمال صرف اشراف ہی میں ہوتا ہے خواہ شرافت دینی ہو یا دنیوی جیسے "آلُ الـنَّـبِـی و آلُ فِرعون" اور آل الحجام و آل الإسكاف نہیں کہا جاتا۔
آلُ الجَبَلِ: پہاڑ کے اطراف۔
الآلَةُ: اوزار۔ ج آل و آلات۔ الآلَة الحَذَّاء: تابوت۔ الآلَةُ الخِيَاطِيَة: سینے کی مشین۔ الآلَة الكِتَابِيَة: ٹائپ رائٹر۔ الآلَة: حالت شدت۔ چوب خیمہ۔
الآلاتِـــي: سازندہ۔ اوزار کے کارخانہ کا منتظم۔
الأَوَّل: پہلا۔ ج اَوَائِل و اَوَالٍ و اَوَّلُون: مؤنث اُولَـى ج اُوَل و اُولَيـات۔ اوّل: جب صفت واقع ہوتا ہے تو غیر منصرف ہوتا ہے جیسے "لَقِيتُهُ عَامًا اَوَّلَ" اور اس کے ماسوا صورتوں میں منصرف ہوتا ہے۔ جیسے مَـا رَأيتُ لـهُ اَوَّلًا وَلَا آخِرًا: اور کہا جاتا ہے: لَقِيتُهُ اَوَّلَ ذِي يَدَيْنِ" یعنی صبح کو سب سے پہلے میں اس سے ملا اور بولتے ہیں" اَعْـمَلُ كَـذَا اَوَّلَ ذِي يَـدَيـن" یعنی یہ کام میں سب سے پہلے کروں گا۔
آلَ(ن) اَوْلًا وَ مَـآلًا۔ إلَيْـهِ: لوٹنا۔ (......اِيـالًا و اولاً) الـرعية: انتظام کرنا۔ (......اَوْلًا و اِيالًا و اِيَالَةً عَلَى القَوم: حاکم ہونا۔
أَوَّلَـهُ: إلَيْـهِ: واپس کرنا (......وتَـأَوَّلَ) الكَلام: تفسیر کرنا۔ وتَـأَوَّلَ فِيهِ الخَيْرَ: خیر و صلاح محسوس کرنا۔
اِئْتَالَ: المالَ: انتظام کرنا۔
المَآلُ: لوٹنے کی جگہ۔ نتیجہ۔ مَـآلُ الكَلَام: مفاد۔
الإِيَـــالَةُ: حکومت۔ سیاست۔ صوبہ۔ ج ایالات۔
اُولَاءِ و اُولَـــى: جمع قریب کے لئے اسم اشارہ ہیں مذکر و مؤنث دونوں کے لئے اور اولاء پر ھاتنبیہ میں داخل ہوتا ہے اور ھٰؤلاء کہا جاتا ہے اور آخر میں ک خطاب بھی لاحق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے اُولٰـئِكَ اور اُولَاءِ و اُولَى الَّذِينَ: کے معنی میں بھی مستعمل ہیں۔
أُولُو: ذو کی جمع۔ مؤنث اُولَات: اس کی واحد ذات ہے۔ تم کہتے ہو جاءَ نِی اُولُو العِلْمِ و اُولَاتُ الفَضْلِ"۔
آمَ (ن) اَوْمًـــا: سخت پیاسا ہونا۔ (آم (ک) اَوْمًا و اُيَامًا و اِيَامًا) النحلَ و عَـلَيْـهَـا: شہد نکالنے کے لئے چھتہ کے نیچے دھواں کرنا۔
أَوَّمَهُ: پیاسا کرنا۔
الأُوَام: پیاس۔ دوران سر (......والايـــام) دھواں۔ ج اُيَّم۔
آنَ: (ن) اَوْنًا. عَلَى نَفْسِهِ: نرمی برتنا۔
أَوَّنَ: (ن) و تَأَوَّنَ. الرَّجُلُ: سنجیدہ و پُروقار ہونا۔
الأَوْنُ: نرمی۔ آرام۔ سکون۔ وقار کے ساتھ چلنا۔
الآن و الأَوَان: وقت۔ ج آوِنَةٌ۔
الآن: ابھی۔
الإِيوَان: محل۔ ج ایوانات و اَوَاوِين۔
الأَوَان: پھوے (اس کے لئے واحد نہیں)
آہ (ن) اَوْهًا و اَوَّهَ و تَأَوَّهَ: دردمند ہونا۔ آہ آہ کرنا۔
الأَوَّاه: بہت آہیں کرنے والا۔
الآهَة: آہ۔ کراہ۔ کھسرہ۔
آوَی: (ض) اَوِيًّا و اِوَاءً. البَيْتَ و اِلَى البَيْتِ: ٹھکانا لینا۔ پناہ دینا۔ اُترنا۔ (و آوَى و اَوَّى) هُ البَيْتَ وَ اِلَى البَيْتِ: ٹھکانا دینا۔ پناہ دینا۔ اُتارنا۔
اَوَى: (ض) اَوْيَةً و اِيَّةً و مَاوِيَةً و مَأْوَاةً. لَهُ: رحم کھانا۔ نرم دل ہونا۔ ترس کھانا۔
تَأَوَّى و تَآوَى. الطُّيُورُ: اکٹھا ہونا۔
اِئْتَوَى و اِتَّوَى: پناہ لینا...... لَهُ: ترس کھانا۔
المَأْوَى و المَأْوَاة: ٹھکانا۔ جائے پناہ۔
اِبْنُ آوَى: گیدڑ۔ بعض اس کی کنیت ابوزُهره کہتے ہیں۔ ج بنات آوَى۔
الآيَةُ: علامت......مِنَ الكِتَاب: آیت
الآيَة: عبرت۔ آیٌ و آيَاتٌ۔
آيَةُ الـرَّجُـلِ: وجود۔ کہا جاتا ہے" خَـرَجَ القَوْمُ بِآيَتِهِمْ" قوم پوری جماعت کے ساتھ نکلی۔
اَیْ: حرف نداء ہے جیسے" اَیْ زَيـدُ" حرف تفسیر جیسے" رَأَيتُ غَضَنْفَرًا اَیْ اَسَدًا"
اِیْ: ہاں۔ ہمیشہ قسم سے پہلے واقع ہوتا ہے جیسے "اِیْ وَاللّٰهِ"
اَیّ: اس کے مختلف مواقع استعمال ہیں۔
(۱) شرط کے لئے اس صورت میں دو فعلوں کو مجزوم کرتا ہے۔ جیسے" اَيًّـا تَـضْـرِبْ اَضْرِبْ" جس کو تو مارے گا میں ماروں گا۔
(۲) استفہام کے لئے جیسے" اَيُّكُمْ اَتَى" تم میں سے کون آیا؟
(۳) اسم موصول جیسے" سَلِّمْ عَلَى اَيُّهُمْ اَفْضَلُ" ان میں سے جو افضل ہے اس کو سلام کر۔
(۴) کمال کے معنی پر دلالت کرنے کے لئے اس صورت میں نکرہ کی صفت واقع ہوتا ہے۔ جیسے" زَيْدٌ رَجُلٌ اَيُّ رَجُلٍ" زید بہت کامل آدمی ہے اور کبھی موصوف باللام منادی پر یا کے بعد مخاطب کو متنبہ کرنے کے

لئے آتا ہے۔ جیسے یَاأَیُّھَا الرَّجُلُ.

اِیَّا: وہ حرف جو ضمائر منصوبہ منفصلہ کے شروع میں لگایا جاتا ہے جس سے مقصد تخصیص پیدا کرنا ہوتا ہے جیسے "اِیَّاکَ اَعْنِیْ"

اَیَا: بعید کے لئے حرف ندا ہے اور کبھی ہمزہ کو سے بدل کر ھَیَا بولتے ہیں۔

آدَیْئِدُ اَیْدًا و آدًا: مضبوط و سخت ہونا۔

اَیَّدَہٗ تَاْیِیْدًا و آیَدَہٗ مُؤَایَدَۃً: قوی کرنا۔ ثابت کرنا۔ صفت (مُؤَیِّد و مُؤیِد): صفت مفعول مُؤَیَّد و مُؤید (فَآیَد): قوی ہونا۔

الآدُو الاَیْدُ: قوت۔

الاِیَـاد: ہر وہ چیز جو کسی چیز کے لئے باعث تقویت ہو۔ پردہ۔ پناہ۔ فضاء آسانی۔ مضبوط پہاڑ۔

اِیَادُ الْجَیْشِ: فوج کا دایاں و بایاں بازو۔

الاَیِّدُ: قوی

الـمُوَیِّـدُ: بڑا معاملہ۔ مصیبت۔ ج مـآوِدُ مَوَایِد۔

اَیَّار: ماہ مئی رومی مہینے کا نام)

اِیْبِیـکَـا: پیٹ کی صفائی کے لئے دوائی استعمال کی جاتی ہے۔

اِیـدِیـولُوجیا: تصورات اور افکار میں بحث کرنے والا فن۔ ایک خاص مذہب جو افکار کو ہی بنیاد تصور کرتا ہے۔

اَیِسَ: (س) اِیَاسًا. مِنْہ: نا اُمید ہونا۔ صفت (آئِس)

اَیَّسَہٗ و آیَسَہٗ اِیْئَاسًا: نا اُمید کر دینا۔

الآئِسَۃ: پچاس یا اس سے زائد عمر والی عورت۔

آضَ یَئِیْضُ اَیْضًا: لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ اَیْضًا" اس نے اس کو بھی کیا۔ ایضاً پر نصب مصدریت یا حالیت کی بنا پر ہے۔ ایک حالت سے دوسری حالت پر ہونا۔ کہا جاتا ہے "آضَ سَوَادُ شَعْرِہٖ بَیَاضًا" اس کے بالوں کی سیاہی سفیدی سے بدل گئی۔

الاَیْقُوْنَۃ: مجسمہ۔ اسٹیچو۔ اس کے مقابل میں عربی لفظ الصَّمَۃُ ہے۔

اَیِکَ (س) اَیَکًا و اِسْتَأیَکَ. الشَّجَرُ: گنجان ہونا۔

الاَیْکُ: گنجان درخت۔ واحد (اَیْکَۃ)

الاَیِکُ: پھل دار۔

اِیـلُ: عبرانی میں اللہ تعالیٰ کا نام۔ معنی قوی قدیر۔

الاَیِّلُ و الاُیَّلُ و الاِیَّلُ: بارہ سنگھا۔ ج اَیَائِل.

اَیْلُول: ماہ ستمبر (رومی مہینے کا نام)

آمَ یَئِیْمُ اَیْمَۃً اُیُوْمًا و اَیْمًا. الرَّجُلُ مِنْ زَوْجَتِہٖ اَوِالْمَرْاَۃُ مِنْ زَوْجِھَا: رانڈ و بیوہ ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (اَیِّم) ج اَیَـائِم و اَیَامیٰ و اَیِّمُوْن و اَیِّمَات۔

اَیَّمَہٗ: رانڈ بیوہ کرنا۔

تَاَیَّمَ: عرصہ تک بے نکاح کے رہنا۔

الاَیْمِ: سانپ۔ نر اژدہا۔ ج اَیُوم۔

اَیْمُ اللّٰہِ: اللہ کی قسم

الآمَۃ: عیب و نقص۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَرْبُ (مَـآئِمَۃٌ مَیْتَمَۃٌ): لڑائی عورتوں کو رانڈ کرنے والی اور بچوں کو یتیم بنانے والی ہے"

آنَ یَـئِیْنُ اَیْنـًا: وقت آنا۔ کہا جاتا ہے آنَ لَکَ اَنْ تَـفْـعَـلَ کَـذَا" تمہارے لئے ایسا کرنے کا وقت آ گیا۔

الاَیْنُ: تھکن۔ ماندگی

الآن و الاَوَان: مادہ اون دیکھو۔

اَیَّانَ: اسم شرط ہے۔ دو فعلوں کو جزم دیتا ہے جیسے "اَیَّانَ تَـضْرِبْ اَضْرِبْ" جب تم مارو گے میں ماروں گا۔ اسم استفہام جیسے "اَیَّـانَ تَرْجِعُ" تو واپس ہوگا؟ اور معنی: کے معنی میں بھی آتا ہے بمعنی کب۔

اَیْنَ: اسم ظرف ہے بمعنی کہاں...... جیسے "اَیْنَ یُـوْسُفُ" یوسف کہاں ہے؟ اور معنی شرط کو متضمن ہو کر دو فعلوں کو جزم دیتا ہے خواہ: اس کے ساتھ لاحق ہو یا نہ ہو جیسے اَیْـنَ اَوْ اَیْـنَـمَا تَقِفْ اَقِفْ" تو جہاں کھڑا ہوگا میں کھڑا ہوں گا۔

اَیُـون: بجلی کے مجموعات میں سے ایک ذرہ جب اس بجلی میں کمی ہو جائے تو مثبت ہوتا ہے اور جب زیادتی ہو جائے تو منفی ہوتا ہے۔

اِیْہ: کچھ اور کہو۔ یا کرو۔ یا سناؤ۔

اَیَا و اَیَاءُ و اَیَاۃُ و اِیَاۃُ. الشَّمْسِ: آفتاب کی روشنی۔ اور ایسا ہی نباتات کی رونق کے معنی میں بھی آتا ہے۔ والاِیَاۃ: آفتاب کے گرد کا دائرہ۔

ب

ب: حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل کے لئے مستعمل ہے۔
اَلْبَاءُ: دوسرا حرف ابتدائی حروف میں سے۔ اس کا مخرج دونوں ہونٹوں کا ملنا ہے۔ حساب جمل میں اس کا نمبر (۲) ہے۔
(۱) اِلْصَاق: جیسے "اَمْسَکْتُ بِالْغُلَامِ" میں نے غلام کو پکڑ لیا۔
(۲) اِسْتِعَانَة: جیسے "کَتَبْتُ بِالْقَلَمِ": میں نے قلم سے لکھا۔
(۳) مُصَاحبت: "اِذْهَبْ بِسَلَامٍ": سلامتی کے ساتھ جاؤ۔
(۴) ظرفیت: جیسے "سَارَ بِاللَّيْلِ": وہ رات میں چلا۔
(۵) بَدَلْ: جیسے "بَاعَ الْکُفْرَ بِالْاِیْمَانِ": اس نے ایمان کے بدلے کفر لیا۔
(٦) تعدیہ: جیسے "ذَهَبْتُ بِهِ اِلَی الْبَيْتِ" میں اس کو گھر تک لے گیا۔
(۷) قسم: جیسے "بِاللّٰهِ": اللہ کی قسم۔
(۸) سببیت: "لَقِيْتُ بِزَيْدٍ الْاَهْوَالَ" میں زید کی وجہ سے خطرات میں پڑ گیا۔
(۹) تاکید: اور یہ زائدہ ہوتا ہے اور زیادتی کے مواقع حسب ذیل ہیں۔
کَانَ: منفی کی خبر میں جیسے "وَ مَا کَانَ بِمُنْکَرٍ" یہ منکر نہیں۔ لیس: کی خبر میں جیسے "لَیْسَ زَیْدٌ بِقَائِمٍ": زید کھڑا نہیں ہے۔ مَا: مشابہ بلیس: کی خبر میں جیسے "مَا اللّٰهُ بِغَافِلٍ" اللہ غافل نہیں ہے۔
اور فعل صیغہ تعجب کے فاعل پر جیسے "اَکْرِمْ بِهِ
اَحْسِنْ بِهِ": اور نفس وعین کے تاکید لانے میں جیسے "جَاءَ الْوَزِيْرُ بِنَفْسِهِ": وزیر خود آیا۔
اور کفی: کے فاعل پر جیسے "کَفٰی بِاللّٰهِ شَهِيْدًا".
اور مفعول پر جبکہ اس کا تعدیہ ایک مفعول کی طرف ہو جیسے "کَفٰی بِالْمَرْءِ کَذِباً اَنْ يُحَدِّثَ بِکُلِّ مَا سَمِعَ": اور مبتدا پر سماعی حیثیت سے جیسے بِحَسْبِکَ دِرْهَمٌ": بجائے "حَسْبُکَ دِرْهَمٌ": کے۔
اور اذا: فجائیہ کے بعد قیاسی حیثیت سے جیسے خَرَجْتُ فَاِذَا بِزَيْدٍ فِي الطَّرِيْقِ"۔
اور اس حال پر جس کا عامل منفی ہو جیسے "فَمَا رَجَعَتْ بِخَائِبَةٍ رِکَابٌ"
اور کبھی عن و علی و الی: کے معنی میں آتا ہے۔
البَابَا: بوپ ج بَابَوات: نسبت کے لئے (بابویٌّ)
بَابَا. هُ وَ بِهِ: کسی سے بابی و اَنْتَ وَ امی کہنا۔
الوَلَدُ: بابا کہنا۔
البُؤْبُؤ: اصل درمیانی حصہ۔ آنکھ کی پتلی۔ عالم۔ خوش طرح سردار
بَابِل: فرات کے کنارے کا وہ مشہور شہر جو کلدانیوں کا دار السلطنت تھا۔ جس کو نمرود نے بسایا تھا۔
البَابِلی: جادوگر۔ شراب۔ زہر۔
البَابُوج و البَابُوش: جوتہ کی ایک قسم۔ ج بَوَابِیج
البَابُور: اسٹیمر۔ اس کی عربی باخرہ ہے
البَابُونَج و البَابُونِج: بابونہ۔
بَاتُولُوجیَا: علم طب کی ایک قسم جس میں بیماریوں کی تشخیص، علامات اور اسباب کی بحث ہوتی۔
بَاجَ (ف) بَاجًا و بَاجَ: چلانا
البَاج و البَاج: قسم۔ شکل۔ کہا جاتا ہے۔ "اَلنَّاسُ بَاجٌ وَاحِدٌ" لوگ ایک روش طریقہ پر ہیں۔ والبَاج: ٹیکس جو بھیڑ بکری کے مالک سے لیا جائے۔
اَلبَاجُوج ج بَوَابِیج: جوتیوں کی ایک قسم (فارسی لفظ، فرانسیسی لفظ)۔
البَادِزهر: زہر باد (ایک بیماری کا نام)
البَادَل: ہنسلی اور گردن کے درمیان کا فاصلہ۔
اَلبَادِلَةُ: بغل اور پستان کے درمیان کا گوشت۔
البَاذَنجان و البَاذِنجان: بینگن۔
بَارَ: (ف) بَارًا و اِبْتَارَ: کھودنا...... الشَّیْ. چھپانا۔ ذخیرہ کرنا...... الخیر: پوشیدہ طور پر کرنا۔
اَبْأَرَ. هُ: کسی کے لئے کنواں بنانا۔
البِئرُ: کنواں۔ ج آبَارٌ و آبَارٌ و بِئَارٌ وَاَبْؤُر: (کلمہ مؤنث ہے)
البَآر: کنواں کھودنے والا۔
البُؤْرَة: گڑھا۔ آتشدان۔ ذخیرہ۔
اَلبَارَامُون. اَلبَيْرَمُون: عیسائیوں کا یوم عید (یونانی)۔
البُؤْرَة البَئِيرَة: ذخیرہ۔

البَارَة: قرش کا چالیسواں حصہ۔ ج بارات۔
البَارِنَامَج و البَرْنَامَج : بجٹ۔ فہرست حدیث کے راویوں اور اسنادِ کتب کی فہرست۔
البَارُوْد: بارود۔
البَارُوْدَة: بندوق۔ ج بَوَارِيْد۔
بَـــارُوْنَة : کسی ممتاز شخصیت کا لقب جس کو یورپ میں زمین حکومت وقت تحفتاً دیا کرتی تھی۔
البَاز : ج بِـيْـزَان و بُؤُوز و اَبْؤُز و (اَلبَازُ و البَازِی) : ج اَبْـوَاز و بِوَازٍ و بِيْزَان و بُزَاة : باز۔
البَازْدَار : باز وغیرہ شکاری پرندہ رکھنے والا۔ ج بَزَادِرَة۔
البَازَار: بازار۔
البَازِرْكَان: سوداگر۔
اَلْبَـــازَفَلِيْـط : عیسائیوں کے نزدیک روح مقدس اقنوم ثالث جس کا ترجمہ فریادطلب کیا گیا۔ (یونانی) ہے۔
بَـــارِيُوم : سفید دھات جس کی علامت Ba ہے۔
البَازَهْر: دیکھئے۔ بادزھر۔
بَـؤُسَ : (ک) بَـاسًـا: مضبوط و بہادر ہونا۔ صفت (بَئِس و بَئِيْسٌ)۔
بَـئِسَ : (س) بُؤْسًـا و بَـئِيْسًـا و بُؤُوسًا و بُـــؤْســـى: سخت حاجت مند ہونا۔ صفت۔ (بائِس) ج بُؤَس۔
بِئْـــسَ : فعل ماضی جامد ہے۔ مذمت کے لئے مستعمل ہے اور بِئْسَ الرَّجُلُ: سے بنا ہے۔
اَبْـاَسَ : مصیبتیں پڑنا......ہُ: مصیبتوں اور سختیوں میں مبتلا کرنا۔
تَبَاءَسَ : بتکلف مفلس بننا
اِبْتَاَسَ : ناپسند کرنا۔ غمگین ہونا۔ اور اسی سے ہے "لَا تَبْتَئِسْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ" : جو کچھ وہ کرتے ہیں اس پر غم نہ کیجئے۔
البَـــــــاْس : بہادری۔ قوت۔ خوف۔ عذاب۔ لَا بَـاْسَ بِهِ : اس پر کوئی اعتراض نہیں لَا بَـاْسَ عَلَيْكَ : تمہارے اُوپر کوئی خوف نہیں۔ لَا بَاْسَ فِيْهِ : اس میں کوئی حرج نہیں۔ لَا بَـاْسَ اَنْ تَعْرِفُوْا : تمہارے جاننے میں کوئی دشواری نہیں۔
البُؤْس: ج اَبْؤُس و (البَاسَاء و البُؤْسى) شدت محتاجی۔ و البَاسَاء لڑائی۔ بھوک۔
بَنَاتُ بِئْسٍ : مصیبتیں۔
بِئْسَ. و بَئِيْسُ العَذَاب : سخت عذاب۔
اَلْبَـــاسَلِيْـق: کہنی کے قریب ایک رگ کا نام۔
بَاش : رئیس۔ باش کاتب۔ ہیڈ کلرک۔
البَاشَـا : پاشا کا معرب۔ جو ایک معزز لقب ہے جس کو سلطان ترکی مخصوص مراتب کے لحاظ سے دیا کرتا تھا۔ ج بَـــاشَـــادَات و بَاشَات.
البَاشَق : ایک شکاری پرندہ۔
تَبَاْطَ : لیٹنا۔ فارغ البال ہونا۔ مطمئن ہونا۔ عَنْهُ : اعراض کرنا۔
بَـاقَهُ (ن) بُـؤُوْقًـا و اِنْبَـاق. عَلَيْهِ الْوَيْلُ: اچانک آنا۔
البَاقَة : گلدستہ۔
بَـؤُلَ : (ک) بَـؤُوْلَة و بَـالَة : کمزور اور ذلیل ہونا۔ صفت (بَئِيْلٌ)
بَالَطُو : کلاج اس کی عربی معطف ہے۔
بَـابُوتُولُوجِيَا : جنگلی جانوروں کی ریسرچ کا علم۔
بَان : لمبے پتوں والا درخت سفید پھولوں والا جس سے تیل نکالا جاتا ہے۔
البَالُ : ویل مچھلی۔
البَالَةُ: عِنْدَ التُّجَّارِ : کپڑوں کا بنڈل۔ اس کی فصیح عربی اِمَالَة ہے۔
البَـــالُو : ناچ گھر۔ اس کی فصیح عربی مرقص ہے (جدید)
البَـــالُوْن : غبارہ۔ اس کی فصیح عربی مُنْطَاد ہے۔ (جدید)
بَـــانْطَلُون : پتلون شلوار کی طرح انگریزی پاجامہ۔
اَلْبَامِيَا : بھنڈی ترکاری۔ (جدید)
بَاْهَ : (ف) بَاْهًا : سمجھنا۔ کہا جاتا ہے " مَا بَاْهَ لِلْاَمْـرِ اَوْبِـالْاَمْرِ" : اس نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔
اَلْبَـــاوَبَـــاب : موٹا درخت جو افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ (Baobab)
بَاَى : (ف) بَـاْوًا . عَلَيْهِمْ : فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔
بَـاى : مالدار یا صاحب گھر۔ ایشیاء کے علاقہ میں صاحب قیادة کو بولتے ہیں۔
البَبّ : طریقہ۔
البَبْر و البَبَر : شیر۔ ببر۔ ج بُبُوْر
البَبْغَـــاء و البَبْغَـــاء و البَبَغَـاء : طوطا۔ ج بَبْغَاوَات
بَتَأَ (ف) بَتْأً. بِالْمَكَان : اقامت کرنا۔
بَتَّهُ : (ن ض) بَتًّـا و اَبَتَّـهُ اِبْتَاتًا : کاٹنا...... الْاَمْرَ: نافذ کرنا...... النِّيَّةَ : پختہ ارادہ کرنا۔ الرَّجُلَ : مشقت میں ڈالنا۔
بَتَّتَـــــــهُ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ توشہ دینا۔ الوَعْدَ: پختہ وعدہ کرنا۔
تَبَتَّتَ : ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ توشہ لینا۔
اِنْبَتَّ : کٹ جانا۔
البَاتّ : کاٹنے والا۔ وَبَيْعٌ بَاتٌّ : لازمی بیع۔
البَتّ : موٹا کپڑا۔ ج بُتُوت.
البَتَات. : توشہ۔ سامان۔ گھریلو سامان۔ ج اَبِتَّة: کہا جاتا ہے۔ هُوَ عَلَى بَتَاتِ اَمْرٍ : وہ کام کے قریب جالگا۔
البَتَّة: بَتَّ : کا اسم مرۃ۔ البَتَّةَ وَ بَتَّةً و بَتَاتًا: یقیناً کہا جاتا ہے " لَا اَفْعَلُهُ البَتَّةَ": میں اس کو یقیناً نہیں کروں گا۔
البَتَّـات و البَتِّى : موٹا کپڑا بننے والا یا بیچنے والا۔
البَتِّيَّة : لکڑی کا بڑا اچیا۔ ج بَتَاتِيّ.
البَتِّيّ : اونی رومال۔
بَتَرَهُ : (ن) بَتْرًا : کاٹنا۔
بَتِرَ (س) بَتَرًا و انْبَتَرَا : کٹ جانا
اَبْتَرَهُ. اللّٰهُ : بے اولاد کر دینا۔

البَدر و البَدار و البَعار : شمشیر براں۔ج
بُتر۔
الأبتر : کٹا ہوا۔ دُم کٹا...... مِنَ الْحَيَّاتِ :
چھوٹا زہریلا سانپ۔ لاولد۔ الأبتران :
غلام و جنگلی گدھا۔ مؤنث بتراء . والبتراء
من الخطب : وہ خطبہ جو حمدِ الٰہی سے خالی
ہو۔
البترول : زمین کی معدنیات میں سے ایک
اعلیٰ قسم کا پٹرول جو کافی صفائی کرنے کے بعد
حاصل ہوتا ہے۔
بتع : (س) بتعا : مضبوط گردن یا مضبوط
جوڑوں والا ہونا۔ صفت (أبتع) : مؤنث
بتعاء ج بتع۔
بتع : (ن) بتوعا منه : پیچھے رہ جانا۔ کہا
جاتا ہے "بتع في الأرض" : وہ دور تک
چلا گیا۔
بتع : (ض) بتعا. النبيذ : شراب بنانا۔
الأبتع : پُرگوشت، گٹھا ہوا۔ کہا جاتا ہے "
جاءوا كلهم أبتعون" : وہ سب کے سب
آئے۔
البتع و البتع : شراب۔ شہد یا عصارہ۔ کھجور
کی تیز نبیذ۔ البتع : مرد دراز قامت۔
بتك : (ن ض) بتكا و بتكه : کاٹنا۔
تبتك و انبتك : کٹنا۔
البتكة : ٹکڑا۔ ج بتك۔
الباتك و البتوك : کاٹنے والا۔ تلوار۔
بتل : (ن ض) بتلا و بتل. الشئ : کاٹ
کر جدا کرنا۔
بتل و تبتل : دنیا سے بے تعلق ہو کر خدا کی
طرف متوجہ ہونا۔ شادی نہ کرنا۔
انبتل : کٹنا۔
عطاء (بتل) : بے مثل عطیہ۔ آخری عطیہ۔
البتول : غیر شادی شدہ عورت جو شادی کی
طرف رغبت نہ کرے۔
البتولة و البتولية : تجرد کی حالت۔
البتيل : دنیا سے بے تعلق۔ وادی کے نچلے
حصے کی نالی۔ "خصر بتيل" : پتلی کمر۔ ج
بتل۔
أبتولا : خوبصورت عمدہ لکڑی والے درخت
جو کہ زیادہ تر روس میں پیدا ہوتے ہیں۔ اس
کی لکڑی انتہائی قیمتی شمار ہوتی ہے۔
البتيلة : بمعنی بتول (...... و البتلاء) : کھجور
کا چھوٹا پودہ جو ایک جگہ سے اٹھا کر دوسری
جگہ لگایا گیا ہو۔
المبتل : وہ کھجور جس کی شاخیں کاٹ کر
دوسری جگہ لگائی گئی ہوں۔
بث : (ن ض) بثا و بثث. الخبر : خبر
پھیلانا...... الشئ : بکھیرنا...... الغبار : غبار
اُڑانا۔
بث و باث و ابث. فلانا الخبر : آگاہ
کرنا۔ بتانا۔
تباث. القوم الأسرار : ایک دوسرے کو راز
بتانا۔
انبث : پھیلنا۔ متفرق ہونا۔ غبار وغیرہ کا
اُڑنا۔
استبثه الخبر : کسی سے خبر پوچھنا۔
البث : پراگندگی حال۔ سخت غم۔
بثبث : الخبر : پھیلانا...... الغبار : اُڑانا۔
بثر : (ض) و بثر (س) و بثر : (ک)
بثرا و بثرا و بثورا و تبثر. وجهه : چہرے
پر پھنسیاں نکلنا۔ صفت (بثر و بثير)
الباثر : فا۔ بغیر کھودے ہوئے نکلنے والا
پانی۔ حاسد۔
البثر : پھنسی واحد (بثرة) ج بثور۔
البثير : بہت۔ کہا جاتا ہے "كثير بثير"۔
المبثور : بہت مالدار۔ وہ شخص جس پر حسد کیا
جائے۔
بثعت (س) بثعا. الشفة خاصة : کثرت
خون سے سرخ ہونا۔
الأبثع : وہ شخص جس کے ہونٹ کثرت خون
سے سرخ ہو گئے ہوں۔ مؤنث بثعاء ج بثع۔
بثق : (ن) بثقا و تبثاقا و بثق. السيل
الموضع : سیلاب کا جگہ کو پھاڑ دینا۔ بثق
النهر : پانی اچھی طرح بہنے کے لئے دریا کے
بند کو توڑ دینا۔
انبثق : الماء : بہہ پڑنا...... بالكلام : تیز
بولنا۔
البثق و البثق : دریا کے کنارے کی ٹوٹی ہوئی
جگہ۔ ج بثوق۔
البج : پرندے کا بچہ۔
بجه (ن) بجا : پھاڑنا۔ نیزہ مارنا۔ بج
الكلاء الناقة : موٹا کرنا۔
انبج : پھٹنا۔
الأبج : کشادہ آنکھ والا۔ مؤنث بجاء...... کہا
جاتا ہے "عين بجاء" کشادہ آنکھ۔
البجة : پھنسی جو آنکھ میں نکلتی ہے۔
بجبج : الصبي : بچے کو بہلانا۔
تبجبج : اللحم : ڈھیلا ہونا۔
بجح (س) بجحا : به : خوش ہونا۔
البجباج : موٹا گوشت سے بھرا ہوا۔
رمل بجباج : جمع شدہ ریت۔
تبجح : فخر کرنا۔ بڑا بننا۔
البجاح : بہت فخر کرنے والا۔
بجد (ن) بجودا و بجد. بالمكان :
اقامت کرنا۔
البجد. من الناس : جماعت...... من
الخيل : سو دو سو سے زائد گھوڑے۔
بجدة الأمر و بجدته و بجدته :
حقیقت۔ اصلیت۔ کہا جاتا ہے : "عنده
بجدة الأمر" وہ حقیقت شناس ہے۔ "وهو
ابن بجدة الأمر" وہ معاملہ کی حقیقت کا
جاننے والا ہے۔
البجاد : دھاری دار کپڑا۔ ج بجد۔
بجر (س) بجرا. الرجل : موٹی جڑ والی
اور باہر کو نکلی ہوئی ناف والا ہونا۔ بڑے
پیٹ والا ہونا۔ دودھ اور پانی سے پیٹ
بھرنے کے باوجود سیراب نہ ہونا۔ صفت
(بجر و أبجر)
تبجر : النبيذ : پینے میں زیادتی کرنا۔
الباجر : فا۔ پھولے ہوئے پیٹ والا۔ ج
بجرة. البجرة : ناف۔ چہرہ۔ عیب ج بجر

کہا جاتا ہے" ذکر عجرہ و بجرہ": اس نے اس کے عیوب ظاہری و باطنی سب بیان کر دیے۔

البجر ج اباجر و اباجیر و (البجری) ج بجاری: برائی۔ مصیبت۔ بڑا معاملہ۔ کہا جاتا ہے" لقیت منہ البجاریٰ": اس سے مجھے مصیبتیں حاصل ہوئیں۔

البحر ج بحور: علماء عروض کی اصطلاح میں شعروں کا وزن۔

البجراء: سخت اور بلند زمین۔ زمین جس میں گھاس نہ اگے۔

البجارم: مصیبتیں۔

بجس: (ن ض) بجسا و بجس۔ الماءَ: پانی جاری کرنا ... الجرح: زخم چیرنا......

بجس فلانا: گالی دینا۔

بجس و انبجس و تبجس۔ الماءُ: پانی جاری ہونا۔ بہنا۔

البجس والبجیس: بہنے والا۔ عین بجیس: بہت پانی والا چشمہ۔ ماء بجیس: بہتا ہوا پانی۔

بجعہ (ف) بجعا: تلوار سے کاٹنا۔

البجع: ایک قسم کا پرندہ جس کی چونچ لمبی اور چوڑی ہوتی ہے اور اس کی چونچ کے نیچے بڑا سا پوٹا ہوتا ہے۔ واحد بجعۃ.

بجل (ن) و بجل (س) بجلاً و بجولاً: خوش ہونا۔ خوش حال ہونا۔ صفت (باجل)

بجل (ک) بجالۃ و بجولاً: معزز ہونا۔ صفت (بجیل)

ابجلۃ الشیُٔ: کافی ہونا۔

بجّلہ: تعظیم کرنا۔

البجل: بہتان' تعجب' دناءت' دون ہمتی۔

بجل: حرف جواب مثل نعم کے۔ اسم فعل بمعنی حسب: تم کہتے ہوئے۔ "بجلک": یعنی تمہارے لئے کافی ہے۔

البجل: بڑا بہتان۔

البجیل: وسیع و فراخ

الابجل: ہاتھ یا پاؤں کی ایک موٹی رگ کا نام۔ ج اباجل

بجم (ض) بجما و بجوما: گھبراہٹ یا عاجزی سے خاموش ہوجانا۔

بجّم: بمعنی مجرد۔ دیر کرنا۔ تیز نظر ڈالنا۔ منقبض ہونا۔

البجم: جھاؤ کا پھل۔ واحد بجمۃ

اَلبُجم: بڑی جماعت۔

بحّ (س) بحا و بححا و بحوحا و بحاحا و بحوحۃ و بحاحۃ: گلوگرفتہ ہونا۔ بیٹھی ہوئی آواز والا ہونا۔ صفت (ابحّ) مؤنث بحّاء: ج بُحّ

ابحّہ و بحّحہ: کسی کی آواز کو بھاری کر دینا۔

البُحّۃ: آواز میں بھاری پن اور خشونت۔

بحبح و تبحبح: اچھی طرح ٹھہرنا۔

تبحبح الدار: گھر کے وسط میں ٹھہرنا۔ " تبحبحت العرب فی لغاتہا" توسع کرنا۔

بُحبُوحۃُ: الدار: وسط۔ درمیان۔

اَلعیش: فراخی زندگانی۔

البحبحۃ: جماعت

اَلبحباحۃ: بدخوعورت۔

بحُت (ک) بُحوتۃً: خالص ہونا۔

باحتہ الوُدَّ: خالص دوستی کرنا...... فلانا: بتانا۔

اَلبحت: محض خالص۔ شراب بحتٌ: سادہ بغیر کسی چیز سے ملا ہوا۔ مسک بحتٌ: خالص مشک۔ عربیٌّ بحتٌ: خالص نسب والا اعرابی مؤنث بحتۃ: بحت کا لفظ واحد' تثنیہ' جمع' مذکر' مؤنث سب کے لئے آتا ہے۔ اگر چاہو تو مؤنث تثنیہ جمع لا سکتے ہو۔

اَلبُحتُر و البُحتُری: پست قد گٹھے بدن والا۔

بحث (ف) بحثا۔ فی الاَرضِ: کھودنا اور اسی سے مثل ہے "کالباحثِ عن حتفِہٖ بظلفِہٖ" یعنی وہ اپنی ہلاکت و بربادی کا سامان خود پیدا کرتا ہے...... عنہٗ: تفتیش کرنا۔

باحثہٗ: خطاب کرنا۔ گفتگو کرنا۔

تباحثوا: باہم گفتگو کرنا۔

تبحّث و انبحث و استبحث۔ عنہٗ: تفتیش کرنا۔

اَلبحث: مصدر۔ مٹی کے نیچے کسی چیز کا تلاش کرنا۔ تفتیش۔ تحقیق۔ سونے وغیرہ کی کان۔ ج اَبحاث ...... ج بُحوث: بڑا سانپ۔

البحیث: بھید۔ کہا جاتا ہے "بَدَابحیثہم" ان کا بھید ظاہر ہوگیا۔

اَلبحّاث: بہت بحث کرنے والا۔

المَبحث: بمعنی بحث۔ یا کھود کرید۔ ج مباحث...... مَباحِثُ البَقر: غیر معلوم جگہ۔ بے آب و گیاہ زمین۔

اَلمَبحَثَۃ: بحث و تدقیق

بحَر الشیُٔ بحرۃً: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ کھولنا۔

تبحّر (ف): بکھرنا۔ جدا جدا کرنا۔ ظاہر ہونا۔

بَحِرَ (س) بَحَرًا: سمندر دیکھ کر ڈر سے حیران یا مبہوت ہونا۔ سخت پیاسا ہونے کی وجہ سے سیراب نہ ہونا۔ صفت (بَحِرٌ)

بَحَرَ (ف) بَحرًا۔ الاَرضَ: شق کرنا...... النَاقَۃَ: کان چیرنا۔ صفت مفعولی (بحیرہ) بَحائر و بُحُر

اَبحَرَ: سمندر میں سفر کرنا...... المَاءُ: کھاری ہونا...... الاَرضُ: زمین میں متعدد پانی کے گڑھے ہونا۔

تَبحّرَ۔ فِی العلم: بہت وسیع علم والا ہونا۔

اِستَبحَرَ۔ فِی العِلمِ والمَالِ: وسیع العلم یا کثیر المال ہونا۔

اَلبَحر: سمندر۔ کھاری پانی۔ بڑا دریا۔ تصغیر اُبَیحِر ج اَبحُر: بُحور و بِحار. اَلبَحرُ المُتَوسِّط او بَحرُ الرُّوم: یورپ ایشیا اور افریقہ کے درمیان کا سمندر۔ اَلبَحرُ المُحِیطُ: پانچ براعظموں کو گھیرنے والا سمندر۔ بَحرُ الظُلُمَاتِ: بحر اٹلانٹک جو یورپ افریقہ اور امریکہ کے درمیان ہے۔

بَحَرَة: پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ پست علاقہ۔ بڑا باغ۔ حوض۔ ج بِحَار و بُحُور
البَحْرِيّ: بحر کی جانب منسوب (......
وَالبَحَّار: ملاح۔
البُحَيْرَة: جھیل۔
البَاحِر: مبہوت۔ بے وقوف۔ فضولی۔
البَاحُور و البَاحُورَاءُ: ماہ جولائی کی سخت گرمی۔ البَاحُور: چاند۔
البُحْرَان: فی عرف الاطباء: امراض حادہ کا وہ تغیر جو اچانک پیدا ہوتا ہے۔ نیز شدت مرض سے قوت مدرکہ میں خلل پیدا ہونا۔
البَحْرَيْن: ایک شہر کا نام نسبت کے لئے (بحرانی) خلاف قیاس۔
بَخَّ (ن) بَخًّا. فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔
بَخْ: اسم فعل ہے تعریف اور اظہار خوشنودی کے لئے مستعمل ہے اور تاکید کے لئے مکرر بولتے ہیں۔ کہتے ہیں بَخٍ بَخٍ کسرہ سے۔ یا تنوین سے بمعنی واہ واہ۔ آفریں شاباش۔
بَخْبَخَ. فِي النَّوْمِ: خراٹے لینا...... البَعِيْرُ: اونٹ کا بلبلانا اور منہ کا جھاگ سے بھر جانا۔
الرَّجُلَ: کسی کو شاباش دینا۔
بَخْبَخَ و تَبَخْبَخَ. الحَرُّ: کم ہو جانا۔
بَخَتَهُ (ن) بَخْتًا: مارنا۔
بَخَّتَهُ: لاجواب کر دینا۔
بُخِتَ: بزدل ہونا۔
البَخْتُ: نصیب (فارسی کلمہ ہے جس کے لئے فصیح لفظ الحظ ہے)
البَخِيْتُ وَالمَبْخُوْتُ: نصیبہ ور۔
بَخْتَرَ بَخْتَرَةً و تَبَخْتَرَ: خوش رفتاری سے چلنا۔ متکبرانہ چال چلنا۔
البَخْتَرِيَّةُ والتَّبَخْتُرِيَّةُ: متکبرانہ چال۔
بَخَرَتْ (ف) بَخْرًا. القِدْرُ: بھاپ نکلنا۔
بَخِرَ (س) بَخَرًا. الفَمُ: گندہ ذہن ہونا۔ صفت (اَبْخَر)
بَخَّرَ: بھاپ نکالنا۔ بَخَّرَهُ و بَخَّرَ عَلَيْهِ: دھونی دینا۔ دھونی دے کے خوشبودار بنانا۔

تَبَخَّرَ: دھونی لینا۔ دھونی سے خوشبودار ہونا۔
البُخَار: بھاپ ج اَبْخِرَة
البَاخِرَة: اسٹیمر
البَخُوْر: ہر وہ چیز جس سے دھونی دی جائے ج اَبْخِرَة و بُخُورات
بَخُوْرُ مَرْيَمَ و بَخُوْرُ الاَكْرَادِ و بَخُوْرُ البَرِّ و بَخُوْرُ السُّوْدَانِ و بَخُوْرُ البَرْبَرِ: مختلف قسم کے نباتات کے نام۔
المِبْخَرَة: عود سوز۔
المَبْخَرَة: باعث گندہ ذہنی۔ اسی سے وہ روایت ہے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے "اِيَّاكُمْ و نَوْمَةَ الغَدَاةِ فَاِنَّهَا مَبْخَرَةٌ مَجْفَرَةٌ مَجْعَرَةٌ": صبح کو سونے سے پرہیز کرو اس لئے کہ اس سے گندہ ذہنی پیدا ہوتی ہے۔ (مجفرة) بدن کے فساد کا سبب اور (مجعرة) طبیعت کی خشکی
بَخَزَ (ن) بَخْزًا. عَيْنَهُ: آنکھ پھوڑنا۔
بَخَسَهُ (ف) بَخْسًا: گھٹانا اور اسی سے ہے " لَا تَبْخَسْ اَخَاكَ حَقَّهُ " اپنے بھائی کا حق مت گھٹاؤ۔ ظلم کرنا۔ بَخَسَ عَلَيْهِ: آنکھ پھوڑنا۔
تَبَاخَسَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو نقصان پہنچانا۔
البَخْسُ. مص: ناقص۔ قرآن عزیز میں ہے "وَشَرَوْهُ بِثَمَنٍ بَخْسٍ" ان کو بہت ہی کم قیمت کو بیچ ڈالا۔
البَخْسُ: وہ زمین جو بغیر سیراب کئے ہوئے پیداوار اگائے۔
البَخْسِيُّ. مِنَ الزَّرْعِ: وہ کھیتی جو بغیر آبپاشی کے پیدا ہو۔
الاَبَاخِسُ: انگلیاں۔
بَخْشَ يُبَخْشُ: سوراخ کرنا۔
اَبْخَشُ: سوراخ۔ اَبْخَشِيْش: مٹھائی عطیہ رشوت کی صورت میں یا عزت کی صورت میں۔ عام عربی میں یہ الفاظ بہت شاذ ہیں۔
البَخْشِيْشُ: بخشش۔ انعام (اس کے لئے فصیح لفظ الراشن اور الحلوان ہیں)

بَخَصَ (ف) بَخْصًا. عَيْنَهُ: آنکھ نکال لینا۔
بَخِصَ (س) بَخَصًا. الرَّجُلُ: کسی کی آنکھ کے اوپر یا نیچے غدہ ہونا۔ صفت (ابخص): مؤنث بَخْصَاء ج بُخْص
تَبَخَّصَ: تیز نظر سے دیکھنا۔ پلکوں کا الٹ جانا۔
البَخَصُ: قدم کا گوشت۔ انگلیوں کی جڑ کا گوشت۔
مَبْخُوْصُ. القَدَمَيْنِ: وہ شخص جس کے قدموں میں گوشت کم ہو۔
بَخَعَ (ف) بَخْعًا. نَفْسَهُ: غم یا غصہ سے اپنے آپ کو ہلکان میں ڈالنا۔ الشَّاةَ: ذبح کرنے میں گدی تک کاٹ دینا۔ ......لَهُ نُصْحَهُ: خالص خیر خواہی کرنا...... الرَّكِيَّةَ: کنواں پانی نکلنے تک کھودنا...... "فُلَانًا خَبَرَهُ" تصدیق کرنا۔
بَخِعَ (س) بُخُوْعًا و بَخَاعَةً. بِالحَقِّ: اقرار کرنا۔ حق کے سامنے جھک جانا۔
بَخَقَ (ف) بَخْقًا و اَبْخَقَ. عَيْنَهُ: کانی کرنا۔ پھوڑنا۔
رَجُلٌ (اَبْخَقُ و بَاخِقٌ و بَخِيْقٌ و مَبْخُوْقٌ): کانا مرد۔
عَيْنٌ (بَخْقَاءُ و بَاخِقَةٌ و بَخِيْقَةٌ و مَبْخُوْقَةٌ): کانی آنکھ۔
البُخَاق: نر بھیڑیا۔
بَخِقَتْ (س) بَخَقًا. عَيْنُهُ: بری طرح کانی ہونا۔
بَخِلَ (س) بَخَلًا و بَخُلَ (ک) بُخْلًا: بخیل ہونا۔ کنجوس ہونا۔ صفت بَخِيْل ج بخلاء عَلَيْهِ و عَنْهُ: کسی سے بخل کرنا۔ صفت باخل ج بُخَّل
بَخَّلَهُ: بخل کی جانب منسوب کرنا۔
اَبْخَلَهُ: بخیل پانا۔
البَخَال و البَخَّال و المُبَخَّل والبَخِل: بہت کنجوس۔
المَبْخَلَة: باعث بخل اور اسی سے ہے "

اَلْوَلَدُ مَبْخَلَةٌ مَجْبَنَةٌ"
لڑکا باعث بخل اور باعث بزدلی ہوتا ہے۔
اَلْبَخْنَقُ: کنٹوپ۔ ایک قسم کا زنانہ سر بند۔
بَخَا (ن) بَخْوًا. غَضَبُهُ: غصہ سے تھمنا۔
بَدَّ (ن) بَدًّا. رِجْلَيْهِ: ٹانگیں پھیلانا......
الرَّجُلَ عَنِ الشَّيْءِ: دور کرنا۔ روکنا۔
بَدَّ (س) بَدَدًا: زیادتی گوشت کی وجہ سے دونوں رانوں میں فاصلہ ہونا۔
بَدَّدَ الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ الرجلُ: تھکنا۔
بَادَّ مُبَادَّةً و بِدَادًا: مبادلہ کے طور پر بیچنا۔
......القومُ فِي السَّفَرِ: ہر ایک کا اپنا اپنا زادِ سفر لانا اور پھر مل کر خرچ کرنا۔
اَبَدَّ. الشَّيْءَ بَيْنَهُم: ہر ایک کا حصہ دینا......
بَدَهُ: زمین کی طرف ہاتھ بڑھانا۔
تَبَدَّدَ: متفرق ہونا......القومُ الشَّيْءَ: آپس میں حصے تقسیم کرنا۔
اِبْتَدَّ. الرجلانِ فُلانًا بالضَّرْبِ: دو آدمیوں کا کسی کو دونوں جانب سے مارنا۔
تَبَادَّ. القَومُ: باہم مقابلہ کے لئے نکلنا اور اپنے اپنے حریف کو پکڑنا۔ دو دو آدمیوں کا فاصلہ سے گزرنا۔
اِستَبَدَّ. بِكَذَا: اپنے آپ کو ترجیح دینا۔
...... اَلاَمْرُ بِفُلانٍ: کسی معاملہ کا بے قابو ہو جانا۔
البَدُّو البَدِيدُ: مثل ونظیر
البُدُّ: چارہ کار۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو" لَابُدَّ مِنْ هٰذَا" یہ لازمی ہے۔ بدلہ
...... والبُدَّةُ والبُدَادُ: حصہ۔
البَدَادُ: مقابلے کے لئے نکلنا۔ ہمسر لوگ۔ کہا جاتا ہے" لَقُوا اَبَدَادَهُم" وہ لوگ اپنے حریفوں سے ملے۔" وبَدَادِ وبَدَادِ بَدَادِ" یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب یہ کہنا مقصود ہو کہ ہر شخص اپنے اپنے قرین کو پکڑے۔" وَجَاءَتِ الْخَيْلُ بَدَادِ" گھوڑے متفرق متفرق آئے۔
البَدُّ والبُدَّةُ: طاقت۔ حاجت۔ الاَبَدُّ: وہ شخص جس کے ہاتھ یا رانوں میں فاصلہ ہو۔ بڑے جسم والا۔ مؤنث بَدَّاءُ: کہا جاتا ہے" ذَهَبُوا (اَبَادِيدَ تَبَادِيدَ)" یعنی وہ لوگ متفرق ہو گئے۔" و طَيْرًا اَبَادِيدَ وَ تَبَادِيدَ" متفرق پرندے۔
اَلْمُسْتَبِدُّ: کام شروع کر کے خاتمہ ہی پر دم لینے والا۔
بَدَأَ: (ف) بَدْءًا و اِبْتَدَءَ و تَبَدَّأَ. الشَّيْءَ وَبِهِ: شروع کرنا۔ پہلے کرنا۔ بدأ بفلانٍ: آگے بڑھانا۔ بَدَأَ الشَّيْءَ: شروع کرنا۔ پیدا کرنا۔
بَدَأَ و اَبْدَأَ. اللّٰهُ الخلقَ: پیدا کرنا۔
صفت (بَادِئٌ و مُبْدِئٌ) اَبْدَأَ الرجلُ: عجیب چیز لانا۔ تعجب انگیز کام کرنا اور کہا جاتا ہے" فُلانٌ مَا يُبْدِئُ وَمَا يُعِيدُ" یعنی فلاں کچھ بھی نہیں بولتا۔
بَدَّأَ: شروع کرانا۔ فضیلت دینا۔
البَدْءُ والبَدْأَةُ والبَدَاءَةُ والبِدْءَةُ: شروع۔ ابتداء۔ کہا جاتا ہے" اَفْعَلُهُ بَدْأً و بَدْءَ بَدْءٍ و اَوَّلَ بَدْءٍ و بَادِيَ بَدْءٍ و بَدَاءَةَ ذِي بَدْءٍ" یعنی میں اس کو ساری چیزوں سے پہلے کروں گا۔
والبَدَاءَةُ: کسی جگہ کے لئے سفر کی ابتداء۔ تم کہتے ہو" اِكْتَرَيْتُ الفَرَسَ لِلْبَدَاءَةِ والرَّجْعَةِ" میں نے گھوڑے کو آمد و رفت کے لئے کرایہ پر لیا۔ بَدْءٌ کی جمع اَبْداءٌ و بُدُوءٌ
اَلْمَبْدَاءُ: اصل۔ سبب ج مَبَادِئُ
اَلْمُبْتَدَاءُ: پہلا۔ وہ اسم مسند الیہ جو عوامل لفظیہ سے خالی ہو
اَلاِبْتِدَائِي: پہلا کہا جاتا ہے۔ اَلْمَحْكَمَةُ الاِبْتِدَائِيَّةُ: وہ محکمہ جو فیصلہ کرنے کا زیادہ اختیار رکھتا ہے۔ اَلتَّعْلِيمُ الاِبْتِدَائِي: ابتدائی تعلیم۔ سیکنڈری ایجوکیشن کا لفظ اب اُردو میں بھی مستعمل ہے۔
اَلشَّهَادَةُ الاِبْتِدَائِيَّةُ: پرائمری سند۔
اَبْدَأَ الرَّجُلُ: عمدہ کلام لانا۔ کہا جاتا ہے۔ فُلانٌ مَا يُبْدِئُ وَمَا يُعِيدُ: یعنی فلاں آدمی نہ تو عمدہ پیش کر سکتا ہے اور نہ اس کو اعادہ کر سکتا ہے۔
بَدَحَ (ف) بَدْحًا. هُ بالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا...... بالسِّرِّ: ظاہر کرنا۔
تَبَادَحُوا. بالشَّيْءِ: باہم مل کر پھینکنا
البَدْحُ ج بُدُوحٌ و بِدَاحٌ و (البَدَاحُ) ج بُدُحٌ و (البُدْحَةُ): وسیع زمین۔
بَذَخَ (ف ض) و بَذِخَ (ک) بَذْخًا و بَذَاخَةً: عالی مرتبہ ہونا۔ صفت (بَذِيخٌ) ج بُذَخَاءُ
تَبَذَّخَ. عَلَيْهِ: بڑا بننا۔
بَدَرَ (ن) بُدُورًا. اِلَى الشَّيْءِ: جلدی کرنا۔
...... هُ اِلَى الشَّيْءِ: کسی چیز کے لئے کسی سے سبقت کرنا۔
بَادَرَ مُبَادَرَةً وَ بِدَارًا. اِلَى الشَّيْءِ: جلدی کرنا...... الشَّيْءَ: وقوع سے پہلے کرنا۔" بَادَرَ فُلانًا الشَّيْءَ و اِلَيْهِ" کسی چیز کے لئے کسی سے سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَبَادَرَ. القَومُ: جلدی کرنا۔
تَبَادَرَ وَ اِبْتَدَرَ. اَلْقَومُ اَمْرًا: بعض کا بعض سے سبقت کرنے کے لئے بڑھنا۔
اَبْدَرَ: ماہ کامل طلوع ہونا۔ چودھویں رات میں چلنا۔
اَلْبَدْرُ: ماہ کامل۔ چودھویں رات کا چاند طبق ج بُدُور
اَلْبَادِرُ: جلدی کرنے والا۔ سبقت کرنے والا ج بَوَادِرُ
اَلْبَدْرِيُّ: جاڑے سے کچھ پہلے کی بارش
اَلْبِدَرَى: مسابقت۔ کہا جاتا ہے" اِسْتَبَقْنَا البِدَرَى" ہم نے ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی لئے دوڑ کی۔
البَدْرَةُ: دس ہزار درہم...... مِنَ المَالِ: بڑی مالیت۔ دس ہزار درہم کی تھیلی۔ ج بِدَرٌ و بُدُور کہتے ہیں" فُلانٌ يَهَبُ الْبُدُورَ" فلاں دس ہزار کی تھیلیاں ہبہ کرتا ہے۔
اَلْمَبْدَرَةُ: بکری کے بچے کی کھال۔
اَلْبَادِرَةُ: تیزی یا تیزی کے وقت کی خفیف الحرکتی۔ ج بَوَادِرُ کہا جاتا ہے" بَدَرَتْ منه

بوادِرُ غضب" اس سے غصہ کی حرکتیں صادر ہوئیں۔ البادِرۃ: تیر کی نوک۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَہٗ بَادِرَۃُ السَّھْمِ" اس کو تیر کی نوک لگی۔ مونڈھے اور گردن کے درمیان کا گوشت۔

بَدَارِ: اسم فعل بمعنی اسرع۔ یعنی جلدی کرنا۔

البَیْدر: کھلیان۔ ج بَیَادِر۔

بَدَعَ (ف) بَدْعًا. الشَّیْئَ: گھڑنا۔ بغیر نمونہ کے کوئی چیز بنانا۔ ابتداء کرنا۔ ایجاد کرنا۔

بَدُعَ (ک) بَدْعًا و بَدَاعَۃً و بُدُوْعًا: بے مثال ہونا۔ انوکھا ہونا۔

بَدِعَ (س) بَدَعًا: موٹا ہونا۔ صفت (بَدِیْع)

بَدَّعَہٗ: بدعت کی نسبت کرنا۔

اَبْدَعَ: کسی کام کو خوش اسلوبی سے کرنا...... بِہٖ: چھوڑ دینا (...... وابْتَدَعَ) الشَّیْئَ: ایجاد کرنا ...... الرَّجُلُ: بدعت نکالنا۔

تَبَدَّعَ: بدعتی ہونا۔

اِسْتَبْدَعَ. الشَّیْئَ: عجیب و نادر سمجھنا۔

اَلْبِدْعُ: انوکھا۔ ناتجربہ کار مرد۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بِدْعٌ فِی الْاَمْرِ" فلاں نے اس کام کو پہلی مرتبہ کیا۔ ج اَبْدَاع و بُدُوْع

اَلْبِدْعَۃ: بغیر نمونہ کے بنائی ہوئی چیز۔ دین میں نئی رسم۔ وہ عقیدہ یا عمل جس کی کوئی اصل قرونِ ثلاثہ مشہود لہا بالخیر میں نہ ملے۔ ج بِدَع

البَدِیْع: اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے "اللّٰہ بَدِیْعُ السَّمٰوٰت وَالْاَرْضِ": اللہ نے آسمان و زمین کو بغیر کسی نمونہ کے پیدا کیا ہے۔ انوکھی چیز۔ انوکھی چیز بنانے والا۔ موٹا نئی مشک۔

عِلْمُ الْبَدِیْع: وہ علم جس سے کلام کی محسناتِ لفظیہ و معنویہ معلوم ہوں۔

اَلْمُبْتَدِعُوْنَ: بدعتی لوگ۔

بَدِغَ (س) بَدَغًا: زمین پر گھسٹنا۔ بالشَّرِّ او بالْاَقْذَارِ: آلودہ ہونا۔

بَدَغَ (ف) بَدْغًا. الْجَوْزَ والْلَّوْزَ: اخروٹ یا بادام توڑنا۔

بَدُغَ (ک) بَدَاغَۃً: پاخانہ میں پاخانہ کرنا۔ صفت (بَدِغ)

بَدَلَ (ن) بَدْلًا و اَبْدَلَ وبَدَّلَ. الشَّیْئَ: بدلنا۔ بدلہ میں لینا۔

بَدِلَ (س) بَدَلًا: ہڈیوں یا جوڑوں میں درد والا ہونا۔

بَدَّلَ و اَبْدَلَ. الشَّیْئَ مِنْہُ: بدلہ میں لینا و بَدَّلَ الشَّیْئَ شیئًا: اخر۔ بدل دینا۔ کہا جاتا ہے "بَدَّلَ اللّٰہُ الخوفَ اَمْنًا": اللہ نے خوف کو امن سے بدل دیا۔

بَادَلَہٗ. بِکَذَا: بدلہ دینا۔

تَبَدُّلًا و تَبَادُلًا. ثَوْبَیْھِمَا: ایک دوسرے سے بدل لینا۔ تَبَدَّلَ: بدل جانا۔ متغیر ہونا۔

تَبَدَّلَہٗ و اِسْتَبْدَلَہٗ. بِکَذا: بدلہ میں لینا جیسے "تَبَدَّلَتِ الدَّارُ بِاُنْسِھَا وَحْشًا": مکان کی اُنسیت وحشت سے بدل گئی۔

اَلْبِدْلُ والبَدَلُ والبَدِیْلُ: بدلہ۔ جانشین۔ سخی۔ فیاض۔ شریف۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ بِدْلٌ وبَدَلٌ" ج اَبْدَال و بُدَلاء البَدَل: جوڑوں یا ہاتھ پیروں یا ہڈیوں کا درد اور اسی سے ہے "رُبَّ بَدَلٍ شرٌّ مِنْ بَدَلٍ" بہت سے عوض ہڈی کے درد سے بُرے ہیں۔

اَلْاَبْدَال: صالحین کی وہ جماعت جن سے دنیا کبھی خالی نہیں رہی۔ کہتے ہیں کہ جب ان میں سے کوئی مرتا ہے تو فوراً دوسرا اس کا قائم مقام ہو جاتا ہے۔

البَدَّال: کھانے پینے کی چیزوں کا بیچنے والا۔ بنیا۔ عوام۔ بقال کہتے ہیں۔

البَادِلَۃ: بغل اور پستان کے درمیان کا گوشت۔

بَدَنَ (ن) بَدْنًا و بُدْنًا و بُدُوْنًا و بَدُنَ (ک) بَدَانَۃً و بَدَانًا: موٹے بدن والا ہونا۔ صفت (بَادِن) مؤنث (بادِن بَادِنَۃ) ج بُدْن و (بَدِین) ج بُدُن

بَدَّنَہٗ: زرہ پہنانا۔ و بَدَّنَ: بڑی عمر کا ہونا۔

البَدَن: جسم۔ ج ابدان: چھوٹی زرہ ج بُدُون

البَدَنَۃُ: وہ گائے یا اونٹ جس کی قربانی مکہ میں حج کے موقع پر کی جائے۔ عورتوں کی بغیر آستین والی قمیص۔ ج بَدَنَات. و بُدُن

المِبْدَان و المُبَدَّن: موٹے جسم والا۔ تناور۔

بَدَہَ (ف) بَدْھًا و بَادَہٗ. الرَّجُلَ: کسی کے پاس اچانک آنا۔ صفت (بادِہ) مؤنث (بَادِھَۃ) ج بَوادِہ

تَبَادَھُوا: الشِّعْرَ والخُطَبَ: باہم بے فکر و تامل کے شعر پڑھنا یا تقریر کرنا۔

اِبْتَدَہَ. اَلْخُطْبَۃَ: بے فکر و تامل کے تقریر کرنا۔ صفت (مُبْتَدِہ و مِبْدَہ)

البُدَاھَۃ والبَدَاھَۃ: ہر چیز کا آغاز۔ کہا جاتا ہے "لَحِقَہٗ فِی بَدَاھَۃِ جَرْیِہٖ": دوڑ کے آغاز ہی میں اس سے جا ملا۔ اچانک۔

بَدِیْھًا و عَلَی الْبَدِیْھَۃِ: فی البدیہہ

البَدِیْھَۃُ: اچانک۔ فوری بے غور و فکر کہا جاتا ہے "اَجَابَ عَلَی الْبَدِیْھَۃِ": اس نے بے غور و فکر جواب دیا۔ ج بَدَائِہ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مَعْلُوْمٌ فِیْ بَدَائِہِ العُقُوْلِ" یہ بدیہی طور پر معلوم ہے۔ "ولِفُلَانٍ بَدَائِہُ فِی الْکَلَامِ" یعنی فلاں کی گفتگو بہت عجیب و غریب ہے۔

البَدِیْھِیُّ: بدیہی۔ (وہ چیز جس کے جاننے کے لئے غور و فکر کی ضرورت نہ ہو)

المِبْدَہ: فی البدیہہ بولنے والا۔ اچانک آنے والا۔

بَدَا (ن) بُدُوًّا وبَدَاءً وبَدْوًا وبَدَائَۃً: ظاہر ہونا۔ صفت (بادٍ) ج بَادُوْن وبُدًّی وبُدَّی ...... لہ فِی اَمْرٍ: خیال سوجھنا۔

بَدَا (ن) بَدَاوَۃً و بِدَاوَۃ و تَبَدّی: بادیہ کی طرف جانا۔ بادیہ میں اقامت اختیار کرنا۔ صفت (البَدْوِیّ و تَبَدّی) ظاہر ہونا۔

اَبْدٰی. الْاَمْرَ: ظاہر کرنا ...... فی کَلَامِہٖ: جرأت دکھلانا۔ اسی سے ہے "السُّلْطَان ذُوْعَدَوَان وَ ذُوْبَدَوَان": بادشاہ جرأت و دلیری والا ہے۔

بَادَیٰ: بالعَدَاوَۃ: کھلم کھلا دشمنی ظاہر کرنا ...... ہ: کوئی بات کسی سے صفائی سے کہنا۔ کھلم

کھلا مقابلہ کرنا۔
تَبَادَی: بدوی صفت ہونا۔
البَدْو والبَادِیَة والبَداوَة: صحراء، جنگل۔ ج بَادِیات وبَوَادِیِ البَدْد: خانہ بدوش ...... عربی قبائل اور بدو کی طرف نسبت کے لئے (بَدْوِیّ و بَدَوِیّ) مؤنث بَدْوِیَّة ج بَدَاوِیُّ.
البَدْوَة: وادی کا کنارہ۔
البَدَاة: کھمبی۔ خاک۔ قائم کردہ رائے۔ ج بَدَوات
بَدَاوَة الْاَمْرِ: آغازِ معاملہ۔ والبداوات: مختلف رائیں۔
بَذَّ (س) بَذْذًا و بَذَاذًا و بَذَاذَةً و بُذُوْذَةً: بدحال ہونا۔ شکستہ حال ہونا۔ صفت (بَذٌّ و بَاذٌّ): مؤنث (بَذٌّ و بَذَّةٌ و بَاذَّةٌ)
بَذَّہ: (ن) بُذًا: غالب ہونا۔ فائق ہونا۔
بَاذَّہُ: سبقت کرنا۔
اِبْتَذَّ. مِنْہُ حَقَّہُ: لینا۔
البَذُو البَذِیذ: مثل ...... اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَذِیذٌ": یگانۂ روزگار مرد۔
بَذَأَ: (ف) بَذْأً. الشَّیْ: ناپسند کرنا ...... الشَّخْصَ و عَلَی الشَّخْصِ: حقارت کرنا، مذمت کرنا۔
بَذَأَ (ف) وبَذِیَ (س) وبَذُوَّ (ک) بَذَائَةً: فحش گو ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ صفت (بَذِی)
اَرْضٌ بَذِیئَةٌ: وہ زمین جس میں گھاس نہ ہو۔
اَبْذَا: فحش گوئی کرنا۔
بَاراہ: جھگڑا کرنا۔ فحش گوئی کرنا۔
ابعَذج: بکری کا بچہ۔ ج بِذجان
بَذَحَہُ (ف) بَذْحًا: چیرنا ...... الجِلْدَ عَنِ العِرقِ: کھال ہٹانا۔
تَبَذَّحَ. السَّحَابُ: برسنا۔
البَذْح: پھٹن۔ ج بُذُوح: کہا جاتا ہے۔ "فِی رِجْلِہِ بُذُوْحٌ" اس کے پاؤں میں بوائی ہے۔
البَذَح: اونوں کی خارش

بَذِخَ (س) بَذَخًا و بَذَخَ (ف) بَذْخًا و بَذُخَ (ک) بَذَاخَةً و تَبَذَّخَ: بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔ بڑی شان والا ہونا۔ صفت (بَاذِخ) ج بَوَاذِخ و (بَذِیخ) ج بُذَخَاء
بَاذَخَہُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
البَذَّاخ: تکبر کرنے والا ...... مِنَ الْاِبِلِ: بہت بلبلانے والا اونٹ۔
البُذَاخِی: بڑا۔
البَیْذَخ: موٹے جسم والی عورت
بَذَرَ: (ن) بَذْرًا. الحَبَّ: بونا ...... اَلْمَالَ: فضول خرچی میں اڑانا ...... العِلْمَ: پھیلانا۔ اشاعت کرنا۔
...... الاَرْضَ: اُگانا
"ذَهَبُو اشَذَرَ و بَذَرَ و شِذَرُ بِذَرَ" وہ لوگ ہر طرف بکھر گئے۔
بَذَّرَ. اَلْمَالَ: فضول خرچی میں بکھیرنا۔ صفت (بَزِرٌ و تِبْذَار و تِبْذَارَة)
تَبَذَّرَ و اِنْبَذَرَ: متفرق ہونا۔ تَبَذَّرَ الْمَاءُ: رنگ بدل کر پیلا پڑ جانا۔
اَلْبَذْر: تخم ریزی کے لئے بیج۔ نسل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہ بَذْرُ سُوْءٍ": وہ بری نسل کا ہے۔ ج بُذُور و بِذَار
اَلْبَذِر والبَیْذَار والبَیْذَارة والتِبْذَار: بہت بک بک کرنے والا۔ فضول خرچی کرنے والا۔
اَلْبَذُوْر وَالْبَذِیر: چغل خور۔ وہ شخص جو اپنے راز کو چھپا نہ سکے۔ ج بُذُر۔
اَلْمَبْذُور: فضول خرچی کرنے والا۔
البُذُرَّی: باطل۔ بہت فضول خرچ۔
المَبْذُور: بہت
بَذْرَق. اَلْمَالَ: بکھیرنا۔ فضول خرچی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔
المُبَذْرِق: راہبر۔ دیدبان۔ رہنما
بَذَعَہ: (ف) بَذْعًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ ڈرانا۔
بَذَعَ الْاِنَاءُ: برتن کا ٹپکنا۔
البَذَع: برتن سے ٹپکا ہوا پانی

البَذَع: خوف۔ ڈر
المَبْذُوْع: خوفزدہ
اِبْذَعَرَّ: متفرق ہونا۔ اِبْذَعَرَّتِ الْخَیْلُ: کسی چیز کی طلب میں دوڑنا
البَاذَق والبَاذِق: انگور کا شیرہ تھوڑا سا پکایا ہوا۔
البَیَاذِقَة: پیادے
البَیْذَق: سفر کا رہنما۔ پیادہ ج بَیَاذِق
المُبَذْنِقَة: وہ شخص جس کا قول عمل سے بہتر ہو۔
اِبْذَقَرَّ: متفرق ہونا۔ بھاگنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اِبْذَقَرَّ الدَّمُ فِی الْمَاءِ": یعنی خون پانی میں نہیں ملا۔
بَذَل: (ن ض) بَذْلاً. الشَّیْ: دینا۔ سخاوت کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَذَلَ نَفْسَہ دُوْنَ اَوْعَنْ فُلَانٍ": اس نے فلاں کی حمایت میں اپنی جان لڑا دی۔ صفت (بَاذِل و بَذُوْل) اور صفت مفعولی (مَبْذُول) بَذَلَ جُهْدَہُ: پوری کوشش کرنا (...... وابْتَذَلَ) الثَّوبُ: کام کے وقت پہننا یا روزانہ استعمال کرنا۔ کَلَامٌ مُبْتَذَل: گھٹیا بات کثیر الاستعمال۔ سَیْفٌ صَذْق المُبْتَذَل: تیز دھار والی تلوار۔
تَبَذَّلَ وَابْتَذَل: چھچھورا ہونا۔ وقار کے خلاف کرنا۔ اِبْتَذَلَ: روزانہ پہننے کے کپڑے استعمال کرنا۔ پرانے بوسیدہ کپڑے پہننا۔
البَذْل: عطا۔ بخشش۔ رَجُلٌ بَذْلٌ: فیاض مرد۔
البِذْلَة. مِنَ الثِّیَابِ: روزانہ استعمالی کپڑے۔
البَذَّالُ والمِبْذَالُ: بہت فیاضی کرنے والا۔
اَلْمِبْذَلُ والمِبْذَلَةُ: روزانہ استعمالی کپڑے۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ج مَبَاذِل
بَذْلَخ بَذْلَخَة وبِذْلَاخًا: قول کے مطابق عمل نہ کرنا۔ صفت مُبَذْلِخ وبِذْلَاخ
بَذُمَ: (ک) بَذَامَة: کسی رائے پر پختگی کے ساتھ ڈٹ جانا۔ صفت بذیم
البُذْم: دوراندیشی۔ قوت۔ طاقت۔ رائے

کی عمدگی۔مروت

اَلْمِبْذَمُ: مضبوط اُونٹنی

بَذَأَ (ن) بَذْوًا وَ اَبْذَی اِبْذَاءً ...... عَلَيْهِ: فحش بکنا۔

بَذُوَ (ک) بَذَاءً و بَذَاءَةً: فحش گو ہونا۔ صفت (بَذِیٌّ) ج اَبْذِيَاء مؤنث (بَذِيَّة)

اَلْبَذَاءُ: بے ہودہ کلام۔

بَرَّ (ن) بِرًّا وَمَبَرَّةً. وَالِدَهُ: اطاعت کرنا۔ حسن سلوک کرنا۔خدمت کرنا۔صفت (بَرٌّ) ج اَبْرَار و (بَارٌّ) ج بَرَرَة

بَرَّ (س ض) بَرًّا و بَرَارَةً و بُرُوْرَةً. فِي قَوْلِهِ: سچ بولنا...... خَالِقَهُ: اطاعت کرنا...... بَرَّتِ الْيَمِيْنُ: قسم پوری ہونا۔ بَرَّتِ الصَّلَاةُ: نماز کا مقبول ہونا۔ بَرَّ اللهُ الصَّلوٰةَ: نماز کو قبول کرنا۔

بَرَّرَهُ: نیک چلن قرار دینا۔وجہ جواز پیدا کرنا۔

بَارَّهُ: حسن سلوک کرنا۔مہربانی کا برتاؤ کرنا۔

اَبَرَّ: خشکی کا سفر کرنا...... عَلَيْهِ: غالب ہونا۔فائق ہونا...... اللهُ حَجَّتَهُ: قبول کرنا......

اَلْيَمِيْنَ تَبَرَّرَ: نیک ہونا۔نیکی کے اظہار کا ارادہ کرنا۔ تَبَرَّرَهُ: اطاعت کرنا۔

تَبَارَّ. الْقَوْمُ: ہر ایک کا دوسرے کے ساتھ نیکی کرنا۔

اِبْتَرَّ: ساتھیوں سے کنارہ کش ہونا۔

اَلْبَرُّ: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔نیکوکار۔خشک زمین۔ج بُرُوْر: کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ بَرًّا" میں گھر سے باہر بیٹھا۔ "خَرَجَ بَرًّا" وہ بیابان کی طرف نکلا۔ "وَ اُرِيْدُ جَوًّا وَ يُرِيْدُ بَرًّا": میں پوشیدگی چاہتا ہوں اور وہ اعلانیہ (یہ قدیم محاورہ نہیں ہے)

اَلْبِرُّ: عطیہ۔طاعت۔صلاحیت۔سچائی۔نیک دل۔لومڑی کا بچہ۔چوہا۔بڑا چوہا۔

اَلْبُرُّ: گیہوں۔واحد (بُرَّة)

اَلْبَرُّ و الْبَارُّ: نیکوکار۔بھلائی کرنے والا۔بہت نیکی کرنے والا۔سچا ج اَبْرَار و بَرَرَة

اَلْبَرِّيّ: ضد بحری...... مِنَ النَّبَات: جنگلی

...... مِنَ الْحَيَوَانِ: وحشی

اَلْبَرِّيَّةُ: جنگل بیابان۔ج بَرَارِيّ

اَلْبَرَّانِي: ظاہر۔کہا جاتا ہے "مَنْ اَصْلَحَ جَوَّانِيَّهُ اَصْلَحَ اللهُ بَرَّانِيَّهُ": جو شخص اپنے باطن کو درست کرلے گا اللہ اس کے ظاہر کو درست کردے گا۔

اَلْبَرِّيَّت: جنگل۔بیابان۔ج بَرَارِيْت

اَبَرُّ: اسم تفضیل۔عرب کا قول "اَصْلَحُ الْعَرَبِ اَبَرُّهُمْ" کا مقصد یہ ہے کہ عرب کا سب سے زیادہ فصیح وہ بدوی ہے جو شہر سے بہت دور ہو۔

اَلْبُرِّيّ: اچھی بات۔

اَلْمَبَرَّةُ: جو نیکی پر اُبھارے۔عطیہ۔ج مَبَرَّات و مَبَار

اَلْمَبْرُوْر. مِنَ الْاَفْعَالِ: شبہ۔جھوٹ خیانت سے خالی۔

اَلْبَرْبِيْر: درخت پیلو کا پہلا پھل۔واحد بَرْبِيْرَة

بَرَأَهُ (ف) بَرْءًا او بُرُوْءًا: نیست سے ہست کرنا۔

بَرِئَ (س) بُرُوْءًا او بَرَاءً او بَرَاءَةً. مِنَ الْعَيْبِ وَالدَّيْنِ: خلاصی پانا۔نجات پانا۔

بَرِئَ (س) و بَرَأَ (ف) و بَرُوَ (ک) بَرْءًا و بُرُوْءًا. مِنَ الْمَرَضِ: شفایاب ہونا۔چنگا ہونا۔

بَرَّأَهُ تَبْرِئَةً: بری کرنا۔پاک کرنا...... مِنَ التُّهْمَةِ: دور کرنا۔

اَبْرَأَ. الْمَرِيْضَ: شفا دینا...... هُ مِنَ الدَّيْنِ: بری کردینا...... الرَّجُلُ: مہینے کی پہلی رات میں داخل ہونا۔

بَارَأَ. شَرِيْكَهُ: شریک سے جدائی اختیار کرلینا۔

تَبَرَّأَ. مِنَ الذَّنْبِ: گناہ سے بیزار ہونا۔

تَبَارَأَ. الزَّوْجَانِ: شوہر بیوی کا ایک دوسرے سے جدا ہونا۔

اِسْتَبْرَأَ: قرض یا گناہ سے برأت طلب کرنا۔

اَلْبَرِيُّ و الْبَرِيْءُ: خالص۔خالی۔گناہ و تہمت سے پاک۔ج [illegible]

اَبْرَاء و اَبْرِيَاء۔مؤنث بَرِيْئَة و بَرِيَّة ج بَرِيْئَات و بَرِيَّات و بَرَايَا

اَلْبَرَاء: مہینے کی پہلی رات۔ "اِبْنُ الْبَرَاءِ" مہینے کی آخری رات۔کہا جاتا ہے "اَنَا بَرَاءٌ مِنْ كَذَا" میں اس سے بری ہوں۔(اس کا تثنیہ جمع نہیں اور نہ اس کے لئے مؤنث ہے)

اَلْبُرْأَةُ: شکاری کی جھونپڑی۔ج بُرَآء

اَلْبَرَاءَةُ: بَرِئَ کا مصدر۔فرمان۔پروانہ۔ج بَرَاءَات

اَلْبَارِئُ: پیدا کرنے والا۔صحت یاب جس کی لاغری باقی ہو۔

اَلْبَرِيَّةُ: مخلوق۔ج بَرَايَا

اَلْبُرَائِل و الْبُرَائِلِيّ: پرندہ کی گردن کے پر۔

اَلْبُرَائِلِيّ: مرغ

بَرْاَلَ و تَبَرْأَلَ و اِبْرَأَلَّ. الطَّائِرُ: پرندہ کا لڑنے کے لئے گردن کے پر کھڑے کرنا۔

اَلْبَرْنَج: مٹی کا پرنالہ۔ج بَرَانِج

بَرْبَرَ: بک بک کرنا۔بڑبڑانا۔صفت (بَرْبَار)

تَبَرْبَرَ: وحشی ہونا۔

اَلْبَرْبَرِيّ: قوم بربر کا ایک فرد۔

اَلْبَرْبَر: مغربی افریقہ کی ایک قوم اور بسا اوقات اس لفظ کا اطلاق زنگیوں اور حبشیوں پر بھی ہوتا ہے۔ج بَرَابِر و بَرَابِرَة

اَلْمُبَرْبِر: شیر۔

بَرْبَسَهُ: طلب کرنا۔

تَبَرْبَسَ: کتے کی مانند چلنا۔

اَلْبِرْبَاس: گہرا کنواں۔

بَرْبَصَ. الْاَرْضَ: سینچنا۔

اَلْبُرْبُط: بربط (باجہ)

بَرَتَ (ض) بَرْتًا. الشَّيْءَ: کاٹنا۔

بَرِتَ (س) بَرَتًا: حیران ہونا۔

اَلْبِرْت و الْمِبْرَت: چینی۔شکر سفید۔

اَلْبُرْت: کلہاڑا۔

اَلْبُرْت و الْبِرِّيت: ماہر راہبر۔ج اَبْرَات

اَلْبُرْتُقَان: نارنگی۔نارنگی کا درخت۔واحد

(بُرْتقانه)
بَـرْتَکَ بَـرْتَکَةً. الثَّوْبَ: پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا...... الشَّیْ: چیونٹی کی مانند کاٹنا۔
اَلْبَـرَاتِکُ: چھوٹے ٹیلے (جمع ہے اس کا واحد نہیں)
بَرِث (س) بَرَثًا: خوش حالی میں زندگی بسر کرنا۔
البَرْث: نرم وہموار زمین ج بِرَاث و اَبْرَاث و بُرُوث
البُرْثُن: مِنَ السِّبَاعِ و الطَّیْرِ: پنجہ۔ چنگل ج بَرَاثِن
البُرْثُنَة: شوکت وقوت۔
بَرِجَ (س) بَرَجًا: کھاتا پیتا ہونا۔ بَرِجت عَیْنُہ: آنکھ کا سیاہ اور کشادہ ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ صفت (اَبْـــرَج) اور آنکھ کی صفت (بَرْجاء) ج بُرج
بَرَج. الشَّیْءُ: ظاہر ہونا۔ بلند ہونا۔
بَرَّج و اَبْرَج: برج بنانا۔
تَـبَرَّجَتِ. اَلْـمَرْاَۃُ: اجنبیوں کے سامنے آراستہ ہو کر نکلنا۔
اَلْبَـــرَج: خوبصورت۔ نمایاں۔ روشن۔ ج اَبْراج
البُــرج: ستون۔ قلعہ۔ محل۔ منار۔ گنبد۔ ج بُرْج و اَبْـراج و اَبْـرِجَة. اَلْبُرْج: آسمانی برجوں میں سے ایک۔ آسمانی برج بارہ ہیں جن کے نام یہ ہیں: حمل، ثور، جوزاء، سرطان، اسد، سنبلہ میزان۔ عقرب۔ قوس۔ جدی۔ دلو اور حوت۔
فَـــلَکُ الْبُـــرُوْج: وہ دائرہ جس کو سورج آسمان میں بناتا ہے اور یہ دائرہ بارہ حصوں پر مشتمل ہے۔ ہر ایک کے ۳۰ درجے ہیں۔ ماہر فن اس کا نام دائرہ گرہن رکھتے ہیں۔
البَارِج: ماہر کشتی بان۔
البَـارِجَة: بڑی جنگی کشتی۔ ج بـوارج: کہتے ہیں "مَا فُلَانٌ اِلَّا بَارِجَةٌ قَدْ جَمَعَ فِیْهِ کُلَّ الشَّـرِّ": یعنی فلاں بڑا شریر ہے۔ "سَـفِیْنَةٌ بَارِجَةٌ": کھلی ہوئی کشتی۔

تَبَارِیْجُ النَّبَات: نباتات کے پھول۔
اَلْاِبْرِیْج: دودھ بلونے کا آلہ۔
اَلْبَـــرْجَـــاس: چراغ کی ایک قسم جو مسافر سواریوں کے ساتھ لٹکاتے تھے۔
الْبُرجُد: موٹا دھاری دار کمبل۔
اَلْبِـرْجِیْـس: ایک ستارہ کا نام جس کو مشتری کہتے ہیں۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
الْبُرْجُمَة ج بَرَاجِم: انگلیوں کے جوڑ۔ ہاتھ پیر کی چھوٹی چھوٹی ہڈیاں۔ انگلیوں کے جوڑ کی پشت۔
اَلْبَـــرَاجِـــم: قبیلہ تمیم کی ایک شاخ۔ "اِنَّ الشَّقِیَّ وافِدُ الْبَرَاجِمِ" امثلہ عرب میں سے ہے اس شخص کے حق میں بولتے ہیں جو لالچ کی وجہ سے اپنی جان کو ہلاکت میں ڈالے۔ اس کا واقعہ یوں ہوا کہ جب سوید بن ربیعہ نے عمرو بن ہند کے بھائی کو مار ڈالا تو عمرو بن ہند نے بنو تمیم کے سو آدمیوں کو جلانے کی قسم کھائی اور بنو دارم (قبیلہ بنی تمیم کی ایک شاخ) کے ننانوے آدمیوں کو قتل کر کے جلانے لگا تو ایک شخص جو براجم میں سے تھا گوشت کے جلنے کی بو پا کر وہاں آموجود ہوا۔ عمرو بن ہند نے اس کو بھی قتل کر کے اپنی قسم پوری کر لی۔
بَرِحَ (س) بَـرَاحًـا و بَـرَحًـا. المَکَانَ وَ مِـنْـهُ: ہٹنا۔ جدا ہونا۔ زائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَـا بَـرِحَ وَلَا بَرِحْتُ غَنِیًّا": بمعنی مَازَالَ وَلَا زِلْتُ. بَرِحَ الخفاءُ: ظاہر ہونا۔
بَرَحَ (ن) بَـرْحًـا. الرَّجُلُ: غضبناک ہونا ...... (...... بُـرُوْحًـا) الصَّیْدُ: داہنی جانب سے گزرنا۔ صفت (بَـــارِح و بَـــرُوح و بَرِیْح)
بَرَّحَ. بِهِ الاَمْرُ: تھکانا۔ سخت تکلیف دینا۔ ...... اللّٰهُ عَنْکَ: تکلیف دور کرنا۔
اَبْرَحَهُ: ہٹانا۔ تعظیم کرنا۔ تعجب میں ڈالنا۔
بَارَحَ. الْمَکَانَ: چھوڑ دینا۔
اَلْبَرْح ج اَبْـراح و (التَّبْرِیح و الْبُرَحَاءُ): سختی۔ تکلیف۔ بلائے

الْبَرَح: دہشت انگیز معاملہ۔
اَمْرٌ (بَرَح): تکلیف دہ معاملہ۔
الْبَـــرَاح: کشادہ زمین جس میں درخت اور عمارت نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "لَا بَـــرَاح" کوئی چارہ کار نہیں۔ "وَجَـاءَ نَـا الْاَمْرُ بَـرَاحًـا" معاملہ نمایاں طور پر سامنے آ گیا۔ "وَجَاءَ بِـالْـکُفْرِ بَرَاحًا" اس نے کھلم کھلا کفر کا اظہار کیا۔
بَـرَاحِ: بـروزن قَـطَامِ: آفتاب کیلئے عَلَم ہے۔
اَلْبَـارِحُ و البَارِحَة: گزشتہ رات۔ اَلْبَارِحَةُ الْاُوْلٰی: گزشتہ رات سے پہلی رات۔ کہا جاتا ہے "هٰـذِہٖ فَـعْلَةٌ بَارِحَةٌ" یہ فعل غلط اور غیر ارادی ہے۔
بَـــرْحَـــی: ایک کلمہ جس کو نشانہ میں غلطی کے وقت بولتے ہیں اور مَـرْحَـی اس کے خلاف ہے۔
البَارِحُ: گرم ہوا۔ ج بَوَارِح۔
ابن بُرَیْح: کوا۔
اَلتَّبَـــارِیْحُ: مشقت ہائے زندگانی۔ کہا جاتا ہے "تَبَارِیْحُ الشَّوْق" سوزشہائے عشق۔
بَرَدَ (ن) بَرْدًا و بَرُدَ (ک) بُرُوْدَةً: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (بَـرْدٌ و بَارِدٌ و بَرُوْدٌ و بُرَادٌ)
بُـرِدَتِ الْاَرْضُ: اولے پڑنا۔ بُـرِدَ الْقَوْمُ: سردی لگنا یا اولے پڑنا۔ بَـرَدَ الْحَقُّ عَلَیْهِ اَوْلَهٗ: ثابت ہونا۔ بَـرَدَ فُلَانٌ: سونا۔ سست ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَدَّ فِی الْاَمْرِ ثُمَّ بَرَدَ" اس نے معاملہ میں کوشش کی پھر ٹھنڈا پڑ گیا۔
بَـرَدَ: (ن) بَـرْدًا: الْـحَدِیْدَ: ریتی سے رگڑنا۔ الْـخُـبْـزَ...... : روٹی پر پانی ڈالنا...... العَیْنَ: ٹھنڈا سرمہ لگانا۔
بَرَدَهٗ (ن) بَـرْدًا اَوْ بَرَّدَهٗ: ٹھنڈا کرنا...... الْـوَجَـعَ: تکلیف کو ہلکا کرنا۔ سکون دینا۔ الْـحَقَّ: ثابت کرنا۔ واجب کرنا...... بـردنا اللّٰهُ و بَرَدَ عَلَیْنَا: رات کو ٹھنڈک لگنا۔
اَبْـرَدَ: موسم سرما یا اولوں میں داخل ہونا...... اِلَـیْهِ الْـبَرِیْدَ: قاصد بھیجنا...... الشَّـیْ: ٹھنڈا

کرنا۔ اَبرَدَهُ المَرضُ: کمزور کردینا۔
تَبَرَّدَ: ٹھنڈک چاہنا۔کہاجاتا ہے "نَزَلَ فِی المَاءِ یتبرد" وہ ٹھنڈک حاصل کرنے کے لئے پانی میں اُترا۔
تَبَارَدَ: کسی کام میں سست ہوجانا۔ٹھنڈک ظاہر کرنا۔
اِبتَرَدَ: ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا۔
اِستَبرَدَهُ: ٹھنڈا پانا۔ اِستَبرَدَ عَلَیهِ لِسانه: اس نے اس پرزبان درازی کی۔
البَرد: سردی۔نیند۔
البَردَانِ و الاَبرَدَانِ: صبح شام
البَرَد: اولہ۔
البَرَدَة: ایک اولہ۔بدہضمی۔
البَرُود: سرمہ جس سے آنکھ کو ٹھنڈک پہنچے۔
ثَوبٌ بَرُودٌ: وہ کپڑا جس کی درز ابھری ہوئی ہو۔
البَرُود: پانی میں تر کی ہوئی روٹی۔
البُرد: دھاری دار کپڑا۔ج بُرود و اَبراد و اَبرُد: کہاجاتا ہے "وَقَعَ بَینَهُم قَلَّمَا بُرود یمانیة" یعنی چادریں ان کے درمیان پھٹیں یعنی سب آپس میں جھگڑے۔
البُردَة: کالاکمبل۔واحد بُردة ج بُرَد۔
البَردِیّ: ایک قسم کا پودہ جس کی چھال کوقدماء مصر کتابت کے لئے استعمال کرتے تھے۔
البُردِیّ: ایک قسم کی عمدہ کھجور۔
البُرَادَة: ریتی کرتے ہوئے لوہے وغیرہ سے جو کچھ گرے۔
البُرداء: جاڑا بخار۔
البَرَّادَة: پانی ٹھنڈا کرنے کا برتن۔
البَرِید: قاصد۔ج بُرُد: تقریباً بارہ میل کی مسافت۔ڈاک خانہ۔
البَارِد: فا۔ عَیشٌ بَارِدٌ: خوشگوار زندگی۔ "غَنِیمَةٌ بَارِدَةٌ" بغیر جنگ اور مشقت کے حاصل کی ہوئی غنیمت۔ حُجَّةٌ بَارِدَةٌ: کمزور دلیل۔ المُرهَفاتُ البَوَارِد: تیز کاٹنے والی تلوار۔
الاَبرَد: چیتا۔ج اَبَارِد مؤنث الاَبرَدَة

المِبرَد: ریتی۔
المَبرَدَة: وہ چیز جو ٹھنڈک پیدا کرنے والی ہو۔کہاجاتا ہے "هذا مَبرَدَةٌ لِلبَدَنِ" یہ بدن کو ٹھنڈک پہنچانے والی ہے۔
البَردَعَة و البَرذَعَة: پالان کے نیچے ڈالنے کا کمبل۔
البِرذَون: ٹٹو گھوڑا۔ترکی گھوڑا۔ج بَرَاذِین
بَرذَنَ الفَرَسُ: ترکی گھوڑے کی طرح چلنا۔ ٹٹو کی طرح چلنا۔......الرَّجلَ: مغلوب کرنا۔
بَرَزَ (ن) بُرُوزًا: میدان کی طرف نکلنا۔
بَرَزَ (ن) وبَرِزَ (س) بَرَزًا: گمنامی کے بعد مشہور ہونا۔صفت (بَارِز)
بَرُزَ: (ک) بَرَازَةً: فضل یا شجاعت میں اپنے ہمسروں سے بڑھ جانا۔صفت (بَرْزٌ): مؤنث (بَرزَة)
اَبرَزَه: نکالنا۔الکِتَابَ: شائع کرنا۔الرَّجلُ: ارادۂ سفر کرنا۔
بَرَّزَ: پاخانہ کرنا۔الشَّئَ: نکالنا۔ظاہر کرنا۔ الفَرَسُ: گھوڑ دوڑ کے میدان میں آگے بڑھ جانا۔ الرَّجُلُ فِی العِلمِ: ہمسروں سے فائق ہونا۔
بَارَزَ مُبَارَزَةً و بِرَازًا: لڑائی کے لئے مقابلہ پرنکلنا۔
تَبَرَّزَ: قضائے حاجت کے لئے میدان میں جانا۔
تَبَارَزَا: مقابلہ پر نکل کر لڑنا۔
اِستَبرَزَه: نکالنا۔
البِرَاز: بارزکا مصدر۔آدمی کا پاخانہ۔
البَرَاز: درختوں سے خالی کشادہ میدان۔(اس کو قضائے حاجت کے لئے بطور کنایہ کے استعمال کرتے ہیں)
المَبرَز و المُتَبَرَّز: قضائے حاجت کی جگہ۔
ذَهَبٌ (اِبرِیز): خالص سونا۔
البَرزَخ: دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ مرنے کے وقت سے دوبارہ اٹھنے تک کا زمانہ۔ج بَرَازِخ۔ بَرَازِخُ الاِیمَان: ایمان کی ابتداء اور آخر کے درمیان کی حالت۔یا

شک ویقین کے درمیان کی حالت۔
البُرزُغ و البُرزَاغ و البُرزُوغ: نشاط۔ جوانی۔کڑیل جوان۔
تَبَرزَقَ۔ القَومُ: بغیر گھوڑوں اوراونٹوں کے جمع ہونا۔
البَرَازِیق: لوگوں کی جماعتیں۔بڑے راستہ کے اردگرد چھوٹے راستے۔واحد بِرزِیق
بَرِسَ (س) بَرَسًا: مقروض پر سختی کرنا۔
بَرَّسَ۔ الارضَ: نرم بنانا۔
البُرس و البِرس: روئی۔
البِرسِیان: ایک قسم کی کھجور۔
اَلبَرشُکُوب: ایسا شیشہ جس کے ذریعے رکاوٹوں کے باوجود کافی حد تک دکھائی دیتا ہے۔
بَرسَمَهُ: برسام میں مبتلا کردینا۔
البِرسَام: ایک ہذیانی بیماری۔
بُرسِمَ: برسام میں مبتلا ہونا۔صفت (مُبَرسَم)
بَرِشَ (س) بَرَشًا و اِبرَشَّ: سفید داغوں والا ہونا۔صفت (اَبرَش و مُبرِش): مکان۔ اَبرَش: مختلف رنگوں کی بہت نباتات والی زمین۔سَنَةٌ بَرشَاءُ: سال جس میں گھاس کی پیداوار بہت ہو۔
البُرشَه و البَرَش: سفید داغ۔
البَرِیش: سفید داغوں والا۔
بَرشَطَ۔ اللَّحمَ: کاٹنا۔
البِرشِع و البِرشَاع: بدخلق۔
بَرشَقَ۔ اللَّحمَ: کاٹنا۔ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فُلانًا بالسُّوطِ: کوڑے سے مارنا۔
اِبرَنشَقَ: شاداں ہونا۔صفت (مُبرَنشِق) ......الشَّجَرُ: کلی نکلنا......النَّورُ: کھلنا۔
بَرشَکَ الجزورَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
بَرشَمَ بَرشَمَةً و بِرشَامًا۔ الرَّجلُ: غم کی وجہ سے خاموش ہونا۔اِلَیهِ: گھورنا۔تیز نظر سے دیکھنا۔
البُرشُم: برقع۔
البَراشِم: تیز نظر والا۔
بَرشَنَ۔ الرسالَةَ: گوند سے چپکانا۔

البُرْشَان: گوند۔ لیگی۔
بَرِصَ: (س) بَرَصًا: برص کی بیماری والا ہونا۔ صفت (اَبْرَص): مؤنث بَرْصَاء: ج بُرْص۔
اَرْض بَرْصَاء: مختلف جگہوں سے چری ہوئی زمین۔ حَيَّةٌ بَرْصَاء: سفید داغوں والا سانپ۔
اَبْرَصَهُ: برص کی بیماری میں مبتلا کر دینا۔
تَبَرَّصَ. الارْض: چرا کر بالکل صاف کر دینا۔
البَرَص: ایک بیماری ہے جس کی وجہ سے جلد سفید ہو جاتی ہے اور سخت تکلیف دہ خارش پیدا ہو جاتی ہے۔
سَامُ اَبْرَصَ: چھپکلی۔ تثنیہ کی صورت میں "هذان سَامَا اَبْرَصَ" اور جمع کی صورت میں "هؤلاءِ سَوَامُ اَبْرَص و اَبَارِص" بولتے ہیں۔
اَبُوبُرَيْص: چھپکلی۔
الاَبْرَص: چاند۔
البُرْصُوم: کپڑے کا وہ ٹکڑا جس سے شیشی بوتل وغیرہ کے سر کو باندھیں۔
بَرَضَ (ن) بَرْضًا. اَلْمَاءُ مِنَ الْعَيْنِ: تھوڑا نکلنا۔
بَرَضَ (ن) بُرُوضًا. النَّبَات: اکھوا نکلنا۔
بَرَّضَ و اَبْرَضَ. المَكَانُ: بہت اکھوا والی ہونا۔
تَبَرَّضَ: تھوڑی چیز پر زندگی گزارنا۔ الشَّيْئَ: تھوڑا تھوڑا لینا...... الماءَ: چوسنا...... الارْضَ: روئیدگی ظاہر ہونا۔
البَرْض: تھوڑا ج بِرَاض و بُرُوض و اَبْرَاض...... کہا جاتا ہے "هذا بَرْضٌ مِنْ عِدِّة" یہ بہت میں سے تھوڑا ہے۔
البُرْضَة: زمین جس میں کچھ نہ اُگے۔
البَارِض: اکھوا۔
عَيْنٌ (بَرُوض): تھوڑے پانی والا چشمہ۔
البَرَاض و البُرَاضَة: تھوڑا۔
المُبَرْوِض: کثرت داد و دہش کی وجہ سے تنگ دست۔
المُبَرْطِس و المُبَرْطِش: بائع اور خریدار کے درمیان دلال۔ المُبَرْطِس: کرایہ پر گھوڑوں اور گدھوں کو چلانے والا۔
البُرْطَاش: پتھر کی چوکھٹ۔ فصیح عربی الاُسْكُفَّة ہے۔
بَرْطَلَهُ بَرْطَلَةً: رشوت دینا۔
تَبَرْطَلَ: رشوت لینا۔
البُرْطُل: ٹوپی۔
البِرْطِيل: رشوت۔ لمبا پتھر ج بَرَاطِيل۔
بَرْطَمَ: اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ الرَّجُلُ: غصہ کی وجہ سے ہونٹ لٹکانا (...... و تَبَرْطَمَ) غصہ سے پھولنا۔
البِرْطَام و البُرَاطِم: موٹے ہونٹ والا۔
بَرَعَ (ن) و بَرِعَ (س) و بَرُعَ (ک) بَرَاعَةً و بُرُوعًا: علم یا فضیلت یا جمال میں کامل ہونا۔ صفت (بارع)
بَرَّعَهُ: علم یا فضیلت یا جمال میں غالب ہونا۔
بَرَّعَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔
تَبَرَّعَ بِالْعَطَاءِ: صدقہ کرنا۔ تبرع کرنا۔
اَلْبَرِيع: عقل و جمال میں کامل۔ بَرْقٌ بَرِيعٌ: دور سے چمکنے والی بجلی۔
البُرْعُث: حلقہ در۔
البِرْعِس وَ البُرْعُوس: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔ البُرْعِس: سختیوں پر صبر کرنے والا۔
تَبَرْعَصَ الرَّجُلُ: کسی کے نیچے تلملانا۔
تَبَرْعَصَتِ الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔
البُرْعُل: بجو کا بچہ۔
بَرْعَمَ بَرْعَمَةً و تَبَرْعَمَ. الشَّجَرُ: شگوفہ نکلنا۔
البُرْعُم و البُرْعُمَة ج بَرَاعِم و (البُرْعُوم و البُرْعُومَة) ج بَرَاعِيم: شگوفہ نا شگفتہ۔ پھل کا غلاف۔
بَرِغَ (س) بَرَغًا: ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا۔
البَرْغ: لعاب۔
بَرْغَثَ. المَكَانُ: بہت پسوؤں والا ہونا۔
البُرْغُوث: پسو۔ ج بَرَاغِيث
بُرْغُوثُ البَحْر: جھینگا۔
اَلبَرْغَل و البُرْغُل: سخت چھنی ہوئی گندم۔
البُرْغز و البُرْغُوز و البُرْغَاز: گائے یا نیل گائے کا بچہ۔ ج بَرَاغِز و بَرَاغِيز۔
البُرْغُش: مچھر۔ واحد (بُرْغُشَة)
البرغي و البُرْغِيّ: پیچ والی کیل۔ ج براغي: فصیح عربی لولب ہے۔
البِرْفِير: ارغوانی رنگ۔ ارغوانی رنگ سے رنگا ہوا کپڑا۔
بَرَقَ (ن) بَرْقًا و بُرُوقًا و بَرَقَانًا و بَرِيقًا. البَرْقُ: ظاہر ہونا...... الشَّيْئُ: چمکنا۔ روشن ہونا...... السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔ الرَّجُلُ: دھمکانا۔
بَرَقَتْ (ن) بَرْقًا و بَرَّقَتْ و اَبْرَقَتْ. اَلْمَرْاَةُ: آراستہ ہونا۔
بَرِقَ (س) بَرَقًا: متحیر ہونا۔ چندھیا جانا۔ خیرہ چشم ہونا۔
بَرَّقَهُ: آراستہ کرنا۔ بَرَّقَ عَيْنَيْهِ و بِعَيْنَيْهِ: آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا۔
اَبْرَقَ: برق زدہ ہونا۔ دھمکانا۔ دور کا سفر کرنا...... بِسَيْفِهِ: چمکانا...... عَنْ وَجْهِهِ: ہٹانا۔
اَبْرَقَتِ السَّمَاءُ: چمکتی ہوئی بجلی والا ہونا۔
اَلْبَرْق: بجلی ج بُرُوق...... کہا جاتا ہے "بَرْقٌ خُلَّبٌ و بَرْقُ خُلَّبٍ و برق الخُلَّب" بے بارش کی بجلی۔
البَارِقَة: بجلی والا بادل۔ تلواریں۔ سَحَابَةٌ (بَرَّاقَة) بجلی والی بدلی۔
البَرْقَة: دہشت۔ خوف۔
البَرَق: گھبراہٹ۔ دہشت۔ بھیڑ کا بچہ۔ ج اَبْرَاق و بُرْقَان۔
البُرْق: گوہ۔
رَجُلٌ (بَرُوق): بزدل۔
البُرْقَة ج بُرَق و (الاَبْرَق) ج اَبَارِق: سخت ترین زمین جس میں ریت گارا پتھر ہو۔ اس کی تصغیر (اُبَيْرِق) ہے۔ الاَبْرَق: سیاہ سفید

رنگ والا۔

البُراق: اس جانور کا نام ہے جس پر نبی کریم ﷺ شب معراج میں سوار ہوئے تھے۔ اس جانور کا قد گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔

التَباریق: تھوڑا سا تیل یا گھی جو کھانے میں ڈالا جائے۔

الثوبُ: آلودہ ہونا۔

مَبْرَق الصُّبْح: صبح طلوع ہونے کی جگہ۔ ج مَبارق و مَباریق۔

الثوبُ: آلودہ ہونا۔

بَرْقَشَهٗ بَرْقَشَةً: مختلف رنگوں سے آراستہ کرنا۔

بَرْقَعَ بَرْقَعَةً و تَبَرْقَعَ ۔ وَجْهُهٗ: بدصورت ہونا...... فِي الْكَلامِ: بے سر پیر کی باتیں کرنا۔

تَبَرْقَشَ: مختلف رنگوں سے آراستہ ہونا۔

البِرْقِش: ایک لطیف آواز اور رنگین پروں والا پرندہ۔

ابُوبُراقِش: ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر کا بالائی حصہ خاکی اور بیچ کا حصہ سرخ اور نیچے کا سیاہ ہوتا ہے اور جب وہ پر نکالتا ہے تو مختلف رنگ دکھائی دیتے ہیں۔ مجازاً متلون المزاج کو کہتے ہیں۔

البَرْقُوش: پرانا جوتا۔

بَرْقَطَ: قریب قریب قدم سے چلنا۔ مڑ مڑ کر دیکھنا...... الكلامَ: بے ترتیب بولنا۔

بَرْقَعَها: برقع اوڑھنا۔

تَبَرْقَعَتْ: برقع اوڑھنا۔

البُرْقُع: برقع۔

بَرْقَلَ: جھوٹ بولنا۔

البَرْقَلة: قول جو عمل سے خالی ہو۔

البِرْقِيل: ایک قدیم قلعہ شکن آلہ۔

البَرْوَق: لمبے تنے والا زیادہ پھولوں والا پودا زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے بکری اس کو نہیں کھاتی۔

البُرْقُوق: شفتالو۔

بَرَكَ: (ن) بُرُوكًا و تَبْراكًا و بَرْكًا و اِسْتَبْرَكَ. البَعِيرُ: بیٹھنا۔ بَرَكَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

بَرَّكَ فِيهِ: برکت کی دعا کرنا۔

بَارَكَ. الرَّجُلُ: برکت کی دعا کرنا۔ راضی ہونا۔ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَ فِيكَ و عَلَيْكَ و بَارَكَكَ: برکت دینا۔ بولتے ہیں "بَارَكَ عَلَى الْأَنْبِيَاءِ و آلِهِمْ" یعنی ان کی عزت وعظمت جو تو نے انہیں بخشی ہے برقرار رکھ اور بُورِكَ فِيكَ اس سائل سے کہتے ہیں جس کو دفع کرنا منظور ہوتا ہے۔

اَبْرَكَهٗ: اونٹ کو بٹھانا۔

تَبَرَّكَ. بِهٖ: برکت حاصل کرنا۔

تَبَارَكَ. بِهٖ: نیک شگون لینا...... اللّٰهُ: مقدس ہونا۔

اِبْتَرَكَ. الْقَوْمُ: گھٹنوں کے بل بیٹھ کر جنگ کرنا۔ اِبْتَرَكُوا فِي الْعَدْوِ: تیز دوڑنے کی کوشش کرنا...... فُلانًا: پچھاڑنا اور اپنے سینہ کے نیچے دبا لینا...... فِي عِرْضِهٖ وَ عَلَيْهِ: گالی دینا۔ اہانت کرنا۔

اِسْتَبْرَكَ: برکت کی فال لینا۔

البَـــــرْك: سینہ۔ اونٹوں کا گلہ۔ واحد (بارک) مؤنث (بارِكَةٌ) ج بُرُوك۔

البَرَكَةُ: زیادتی۔ بہتات۔ نیک بختی۔ نمو

البِـــرْكَة: اونٹ کے بیٹھنے کی ہیئت۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ حوض۔ ج بِـــرَك: دودھ دینے والی بکری۔ ج بَرْكَات۔

البُـــرْكَة: ایک چھوٹا سفید آبی پرندہ۔ پیسنے والے کی اجرت۔ ج بُـــرَك و اَبْراك و بُرْكان۔

البَرِيك: اونٹ۔

البَارُوك: بزدل۔ کابوس۔

البَرّاك: پیائی لینے والا۔ پیسنے والا۔

اَلْمَبْرَك: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ بِفُلَانٍ مَبْرَكُ جَمَلٍ" یعنی فلاں کے پاس کچھ نہیں۔

البَرُوكَة: مادہ سیمی۔

بَـــرْكِيَّة: لمبے پتوں، سیدھے تنے والا پودا۔

البَرْكار وَ البِيكار: پرکار (جدید)

البُـــرْكَـــان: آتش فشاں پہاڑ۔ جوالا مکھی (جدید)

بَرْكَعَهٗ بَرْكَعَةً: کاٹنا۔ پچھاڑنا۔ بَرْكَعَ الْفَـــرَسُ: چاروں پیروں پر کھڑا ہونا اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا۔

بَرْكَعَ و تَبَرْكَعَ. الرَّجُلُ: چوتڑ کے بل گرنا۔

البُرْكُعُ: پست قد مرد۔

البَرْلَمَان: پارلیمانی نظام۔

جُوعٌ (بُرْكُوعٌ): سخت بھوک۔

بَرَمَ (ن) بَرْمًا و بَرَمَ. الحَبْلَ: دولڑیوں کو بٹنا۔ صفت مفعولی (مَبْرُوم و بَرِيم)۔ الْاَمْرَ: مضبوط کرنا۔

بَرِمَ (س) بَرَمًا: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔ ...... بِحُجَّتِهٖ: دلیل کا نہ ملنا۔

اَبْرَمَ. الحَبْلَ: بمعنی بَرَمَ الْحَبلَ...... ہ: زچ کرنا...... عَلَيْهِ فِي الْجِدالِ: خاموش کرنے کے ارادے سے بحث کئے جانا۔

تَبَرَّمَ: زچ ہونا۔

اِنْبَرَمَ. الْحَبْلُ: رسی کا بٹ جانا۔

اَلْبَرَم: درخت غضاہ کا پھل (دیکھئے غضاہ)

بخیل لیئم: وہ شخص جو بخل کی وجہ سے جوئے میں شریک نہ ہو۔ ج ابرام۔

البُرْمَة: پتھر کی ہانڈی۔ ج بُرَم و بِرَام

البَرْم: بداخلاق لوگ۔

البِرَام: چیچڑی۔ ج اَبْرِمه

البَرّام: رسی بٹنے والا۔

البَـــرِيم و البَـــرَام: دھاگہ۔ ہر وہ چیز جو بٹی جائے۔ بٹی ہوئی رسی۔ البریم لشکر۔

البَرِيمَة: سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔

المِبْرَم: تکلہ۔ ج مَبَارِم۔

السِّوَارُ مِنَ الذَّهَبِ الْمَبْرُوم: اصل سونے (۲۴ قیراط تک) کے کنگن۔

المُبْرَم: مفع قضاء۔ مُبْرَم: اٹل فیصلہ۔

البُرْمَا: حلوہ کی ایک قسم۔ (ترکی لفظ)۔

البِرْمِيل: پیپا۔ ج بَرَامِيل۔ (جدید)

البَرْنامَج: میزانیہ۔ بجٹ (جدید)

اَلْبَرْنَاسِيَّة: ان شعراء کا مسلک جنہوں نے رومانی گانوں کو اپنایا اور لفظی صفت کا پورا اہتمام کیا۔
بَرْنَسَهُ: برنس پہنانا۔
تَبَرْنَسَ: برنس پہننا۔
البُرْنُس: وہ لمبی ٹوپی جو عرب میں پہنی جاتی تھی۔ وہ لباس جس کا کچھ حصہ ٹوپی کی جگہ کام دے۔
اَلْبُرْنَيْطَة: ایک خاص علاقے کی ٹوپی۔ (ہیٹ)
البُرْنَيْطَة: انگریزی ٹوپی۔ ہیٹ (پی کیپ)
البَرْنِيَّة: مٹی کا برتن۔ ج بَرَانِيُّ۔
بَرِهَ (س) بَرَهًا: بیماری کے بعد جسم کا اصلی حالت پر آنا۔ صفت (اَبْرَه) مؤنث (بَرْهاء): ج بُرْه۔
اَبْرَهَ: دلیل لانا۔
البُرْهَة و البَرْهَة: عرصہ۔ زمانے کا ایک حصہ۔ ج بُرَه و بُرْهات۔
البَرَاهِمَة: ہندوؤں کی ایک ذات...... مفرد (بَرْهَمَن)
بَرْهَنَ. الشَّيْءُ وَ عَلَيْهِ وَ عَنْهُ: دلیل قائم کرنا۔
تَبَرْهَنَ: دلیل سے ثابت ہونا۔
البُرْهَان: دلیل۔ ج بَرَاهِين۔
اَلْبِرْوَاز: چوکھٹا (جدید) اس کے لئے فصیح لفظ کفاف اور اطار ہے۔
اَلْبِـرُوتِسْتُو: دعویٰ قائم باوجود بیکاری اور نقصان کے ادراک کے۔
اَلْبِرُوتِسْتَانِي: معروف عیسائی مذہب پروٹسٹ کو ماننے والا۔
اَلْبُرُوتُون: ہیدروجن کا ذرہ۔
اَلْبِرُولِتَارِيَا: کام کرنے والا طبقہ (لاطینی لفظ)
اَلْبَرُوم: بدبودار جسم سمندری پانیوں سے نکالا جاتا ہے سرخ بہنے والے مادے کی شکل میں علامت BR۔
اَمْبَرُومز (الصفر): پیتل۔

اَلْبَرُومِيز: ہوا کی پیائش کا آلہ۔
البَرْوَاق و البَرْوَق: ایک قسم کی گھاس جو محض بادل ہی سے سرسبز ہو جاتی ہے اور اسی وجہ سے مثل ہے "اَشْكَرُ مِنْ بَرْوَقَة" یعنی وہ تھوڑی چیز کا بھی شکریہ ادا کرتا ہے۔
بَرَا (ن) بَرْوًا و اَبْرىٰ اِبْرَاءً. النَّاقَةَ: اونٹنی کی ناک میں حلقہ ڈالنا۔
البُـرَة: حلقہ (خواہ کنگن ہو یا بالی یا پازیب ج بُرىٰ و بُرَات و بُرِين و بِرِين: کہا جاتا ہے "اَعْطَتْهُ الدُّنْيَا بُرَتَهَا" یعنی دنیا اس کے ہاتھ میں آ گئی ہے۔
بَرىٰ: (ض) بَرْيًا و اِبْتَرىٰ. السَّهْمَ او القَلَمَ: تیر یا قلم تراشنا۔ صفت مفعولی (بَرِيٌّ و مَبْرِيٌّ)
...... الشَّخْصَ: دُبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔
بَارىٰ. الرَّجُلَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا...... اِمْرَأَةً: فراق کی شرط پر صلح کرنا۔
اَبْرىٰ: مٹی لگنا۔
تَبَارَيَا: باہم آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَرَّىٰ. لِمَعْرُوفِهِ: بھلائی کے درپے ہونا۔
اِنْبَرىٰ: تراشا جانا...... لَهُ: پیش آنا۔
البَرىٰ: مٹی۔
البَارِئُ: فا۔ پیدا کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔ تیر کا تراشنے والا۔ امثال عرب میں سے "اَعْطِ الْقَوْسَ بَارِيَهَا": کمان تراشنے والے کو دو۔ یعنی کام اس شخص کے سپرد کرو جو اس کی اہلیت رکھتا ہو۔
البُرَايَة و البُرَاء: تراشہ۔ چھیلن۔
البَرِيَّة: مخلوق۔ ج بَرَايَا
الاِنْبِرِيَة و التِّبْرِيَة: سر کی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرے۔
البَـرَّاءَةُ والمِبْرَاءُ و المِبْرَاةُ: چاقو۔ تراشنے کا اوزار۔
بَزَّهُ (ن) بَزًّا و بِزِّيزىٰ: چھیننا۔ غالب ہونا...... الشَّيْءَ مِنْهُ: زبردستی لے لینا۔
اِبْتَزَّ. مِنْهُ الشَّيْءَ: زبردستی چھین لینا۔

البَزُّ: کتاں یا روئی کے کپڑے۔ ہتھیار۔ ج بُزُوز۔
البِزَّة: کپڑے۔ ہتھیار۔ ہیئت۔
البَزَّاز: پارچہ فروش۔
البِزَازَة: پارچہ فروشی۔
البَـزَابُورط: پاسپورٹ (جدید) پروانہ راہداری۔ اس کے لئے فصیح لفظ الجَوَاز ہے۔
بَـزْبَـزَ: تیز چلنا۔ سخت ہانکنا۔ بھاگنا۔ بہت حرکت کرنا۔
البَـزْبَاز: بھٹی کے سرے پر لوہے کی جو نلدار سلاخ۔
بَزَجَ (ن) بَزْجًا: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا ...... عَلَىٰ فُلَانًا: بھڑکانا۔ اُکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
بَزَّجَهُ: آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا۔
بَازَجَهُ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
تَبَازَجَا: باہم فخر کرنا۔
بَزِخَ (س) بَزَخًا: نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَخ) مؤنث (بَزْخاء) ج بُزْخ۔
بَزَخَ (ف) بَزْخًا. ظَهْرَهُ بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے پشت پر مارنا...... فُلَانًا: رسوا کرنا۔
تَبَازَخَ. عَنِ الاَمْرِ: پیچھے ہٹنا۔ نکلے ہوئے سینہ اور دھنسی ہوئی پیٹھ والے کی طرح چلنا یا بیٹھنا۔
تَبَازَخَتِ المَرْأَةُ: بڑے سرین والی ہونا۔
بَزَخَ. لَهُ: فروتنی کرنا۔
بَزَرَ (ض) بَزْرًا. المَحْبُوبَ: بونا۔ بیج چھڑکنا (...... وبَزَّرَ) القِدْرَ: مسالہ ڈالنا۔ بَزَرَ الاِنَاءَ: بھرنا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ يَبْزُرُ كَلَامَهُ و تَوْبَلَهُ" فلاں نے اپنی گفتگو میں نمک مرچ ملایا
اَلْبِـزْر: بیج۔ تخم۔ واحد (بِزْرَة) ج بُزُور: مسالہ۔ ج اَبْزَار جج اَبَازِير کہتے ہیں۔ "مِثْلِي لَا يَخْفَىٰ عَلَيْهِ اَبَازِيرُك" یعنی مجھ جیسے پر تمہاری چھپیں پوشیدہ نہیں رہ سکتیں۔ البَـزْر:

رینٹ۔

اَلْمِزْآءُ (الْبَزْآءُ): بہت اولاد والی عورت۔

البزّاز: بیج اور مسالہ کا بیچنے والا۔

اَلْبَــزَر: بیل کا بچہ۔ دھوبی کا تختہ (...... والمِبْزَر): دھوبی کی موگری۔

تَرْتَرَ تَرْتَرَةً : جلدی جلدی بولنا اور بہت بولنا۔ گفتگو میں نرم ہونا۔ بدن کے لحاظ سے ڈھیلا ہونا......الشَّیْ : خوب ہلانا۔
تَتَرْتَرَ : ہل جانا۔
التَرَاتِر : سختیاں۔
تَرِجَ (س) تَرَجًا : الرَّجُلُ : دشوار پانا، مشکل و مشتبہ پانا۔
تَرَجَ (ن) تَرْجًا. : چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
التَرِيْج : مضبوط پٹھوں والا۔ مؤنث تَرِيْجَة اور کہا جاتا ہے "رِيْحٌ تَرِيْجَة" تیز ہوا۔
تَرْجَمَ. الكَلاَمَ : ترجمہ کرنا۔ صفت (تَرْجُمَان وتُرْجُمَان) ج تَرَاجِمَة وَ تَرَاجِم. الرَّجُلَ عادات و اخلاق بیان کرنا۔ عَنْهُ : کسی کے معاملہ کو واضح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرْجَمَه بِالتُرْكِيَةِ" اس نے ترکی زبان میں ترجمہ کیا۔
تُرْجِمَ. الكلامُ : مشتبہ ہونا۔
التَرْجَمَة : ترجمہ۔ سوانح عمری۔ ج تَرَاجِم وَ تَرْجَمَةُ الكِتَاب : کتاب کا دیباچہ۔
تَرِح (ف) تَرْحًا و تَتَرَّحَ : غمگین کرنا۔
تَرَّحَهٗ و اَتْرَحَهٗ : غمگین کرنا۔
التَرَح : غم۔ محتاجی۔ فقیری۔ ج اَتْرَاح
التَرِح : کم خیر والا۔ بہت غم والا۔
المِتْرَاح. مِنَ النُوقِ : اونٹنی جس کا دودھ جلدی سے ختم ہو جائے۔ ج مَتَارِيْح.
تَرَزَ (ض) وتَرِزَ (س) تَرْزًا و تَرَزًا و تُرُوْزًا : الشَّیْ : خشک ہونا۔ مضبوط ہونا۔ سخت ہونا......المَاءُ : پانی کا جم جانا۔
تَرَزَهٗ (ض) تَرْزًا : پچھاڑنا۔

أَتْرَزَ. الشَّيْئُ :سخت کرنا۔خشک کرنا۔کہاجاتا ہے" اَلْجَرْیُ یُتْرِزُ لَحْمَ الدَّابَّةِ" دوڑ جانور کے گوشت کوسخت کر دیتی ہے۔

التَّارِزُ :سخت وقوی اوراسی سے ہے" اِنَّ عَجِینَکُم لَتَارِزٌ" تمہاراخمیر سخت ہے۔خشک چیز جس میں روح نہ ہو۔مردہ۔

التُّرَازُ :اچانک موت۔

تَرَّسَهُ :ڈھال پہناتا یادینا۔(......تَتَرَّسَ) : ڈھال لگانا یاڈھال سے اپنے آپ کو چھپانا صفت(تَارِس) کہاجاتا ہے" لَا یَسْتَوِی الرَّاجِلُ وَالْفَارِسُ والاَکْشَفُ والتَّارِسُ" پیدل اورسوار اور بے ڈھال والا اور ڈھال والا برابر نہیں۔

أَتْرَسَ البَابَ :دروازہ بند کرنا۔

اِتَّرَسَ. بِالتُّرْسِ اَوْ غَیْرِہٖ :ڈھال وغیرہ سے اپنی حفاظت کرنا۔

التُّرس :ڈھال۔ج اَتْرَاس وتِرَاس و تُرُوس وتِرَسَة. تُرْسُ الشَّمْسِ: آفتاب کی ٹکیا۔کہاجاتا ہے" غَابَ تُرْسُ الشَّمْسِ"۔

المِتْرَاس و المِتْرَسَة ج مَتَارِس و (المِتْرَاس) ج مَتَارِیس :دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔دیوار وغیرہ جس کے پیچھے چھپ کر دشمن سے بچیں۔

التَّرَّاس :ڈھال بنانے والا۔ڈھال والا۔

التِّرَاسَة :ڈھال سازی۔

التَّرْسَانَة والتَّرْسَخَانَة :اسلحہ خانہ۔جہاز سازی کا کارخانہ۔

تَرِشَ (س) تَرَشًا :بدخلق ہونا۔صفت (تَرِش).

تَرُصَ (ک) تَرَاصَةً. الشَّیْئُ :سیدھا ہونا۔مضبوط ہونا۔صفت(تریص).

تَرَّصَ واَتْرَصَ. المِیزَانَ :سیدھا کرنا۔صفت مفعولی(تَرِیص ومُتْرَص) کہاجاتا ہے " اَتْرِصْ مِیزَانَکَ فَاِنَّهُ شَائِل" اپنی ترازو درست کرو اس لئے کہ وہ اُٹھی ہوئی ہے۔

المُتْرَصَات :سیدھے کئے ہوئے تیز ے۔

تَرِعَ(ع) تَرَعًا :برائی کی طرف سبقت کرنا۔صفت(تَرِع و تَرِیع) ...... الکُوزُوَالحَوضُ :بھرجانا۔صفت(تَرِعٌ)

تَرَعَهُ (ف) تَرْعًا. عَنْ الاَمْرِ :کسی کام سے پھیرنا۔بازرکھنا۔

تَرَّعَ. البَابَ :دروازہ بند کرنا۔

اَتْرَعَ: الاِنَاءَ :برتن بھرنا۔

تَتَرَّعَ. اِلَیْهِ بِالشَّرِّ :کسی کوجلدی سے برائی پہنچانا۔

اَتْرَعَ. الاِنَاءُ :برتن کا بھرجانا۔

التُرعَة :دروازہ۔کہاجاتا ہے" فَتَحَ تُرْعَةَ الدَّار" اس نے گھر کا دروازہ کھولا۔باغ کی طرف جانے والی نالی۔سیڑھی کا پایہ'منبر کے درجے۔حوض کا دہانہ' دو دریاؤں یا دو سمندروں کے درمیان گہری نہر۔ج تُرَع.

التَّرَّاع :دربان(......والاَتْرَع)مِنَ السَّیْلِ :وہ سیلاب جووادی کوبھردے۔

التِرُغلَة :جنگلی کبوتر۔

تَرِفَ (س) تَرَفًا و تَتَرَّفَ :خوشحال ہونا۔آسائش سے زندگی بسر کرنا۔صفت(تَرِف و تَرِیف)۔

تَرَّفَهُ و اَتْرَفَهُ. المَالُ :سرکش بنادینا۔خراب کردینا۔اَتْرَفَ الرَّجُلُ :سرکشی و بغاوت پراصرار کرنا۔

اِسْتَتْرَفَ :سرکشی کرنا۔تکبر کرنا۔

التُّرفَة :نعمت وآسائش۔خوش ذائقہ کھانا۔پیدائشی طور پر اوپر کے ہونٹ کے درمیان میں اُبھار۔

الاَتْرَفة :وہ شخص جس کے اُوپر کے ہونٹ میں پیدائشی کچھ اُبھرا ہوا ہو۔

المُتْرَف والمُتَرَّف :ظالم۔خوش حال نعمت میں پلا ہوا۔وہ شخص جو بطور خود جو چاہے کرے اورکوئی روکنے والا نہ ہو۔

التِّرْفَاس :زمین کے اندر پیدا ہونے والے انگوری جوکہ سانپ شکل کی ہوتی ہے اورلذیذ کھانا سمجھا تا ہے عام طور پر جنگل میں پیدا

التَّرْقُوَة :ہنسلی کی ہڈی۔ج" التَرَاقِي و التَّرَاقِیْ" کہاجاتا ہے"تَرْقَاه تَرْقَاةً"یعنی اس نے اس کی ہنسلی کی ہڈی پر مارا۔"وبَلَغَتْ رُوْحُه التَراقي" وہ قریب الموت ہوا۔

تَرَکَهُ (ن) تَرْکًا و تِرکَانًا و اِتَّرَکَهُ : چھوڑنا۔

تَارَکَه مُتَارَکَةً وتِرَاکًا :چھوڑنا......الرَّجُلَ :مصالحت کرنا۔

تَتَارَکُوْ. الاَمْرَ بَیْنَهُمْ :چھوڑنا۔

التَّرْکَة والتَّرِیْکَة :شترمرغ کا چھوڑا ہوا انڈا۔انڈے کا خول جس میں سے بچہ نکل چکا ہو۔خود۔وہ عورت جس سے کوئی شادی نہ کرے۔

التِّرْکَة والتَرِکَة :چھوڑی ہوئی چیز اوراسی سے"تَرِکَةُ المَیِّت".

التَرِیْک :چھوڑا ہوا......مِنَ الکَرْمِ اَوِ النَّخلِ :خوشہ یا گچھا۔جس میں سے کھاکر تھوڑا چھوڑ دیا گیا ہو۔

التَّرَّاک :بہت چھوڑنے والا۔

نزم:بجلی سے چلنے والی ریل گاڑی۔

تَرْمَسَ :جنگ سے غائب رہنا۔

تَرْمَسَتِ الدَّابَّةُ :جانور کے جبڑے کے اندرونی حصہ میں ترمس کے مشابہ پھنسیاں نکلنا۔

التُّرْمُس :ایک قسم کا غلہ جوکڑوا ہوتا ہے اور چند دن پانی میں بھگوکر استعمال کیا جاتا ہے۔

اَلتُّرْمُوس :تھرموس' فلاسک۔

اَلتُّرْمُومِتر :تھرمامیٹر۔جسم کی حرارت چیک کرنے کا آلہ۔

التُّرُنج :لیمو۔لیمو کا درخت۔

اَلتِّرِنجَان :خوشبودار پھل جس کا خوشبودار شربت استعمال ہوتا ہے۔

اَلتَّرَانزِیت : کسی شہر یا ملک سے سامان تجارت گزارے یہ جوا اجازت نامہ فری دیا جاتا ہے۔

التَرامِس : چاندی کے مہرے۔
التُرامِس : گدھا۔
التُرُنج : لیمو۔لیموکا درخت۔
تَـرِهَ (س) تَـرَهًـا : باطل چیزوں میں پھنسنا۔
التُـرَّهَة : باطل۔مصیبت۔ج تُـرَّهـات
التُرَّهات: چھوٹے راستے۔
التُرَّهُ : باطل۔ج تَرَارِيَه۔
تَرَى (ض) تَرْيًا. فِي الْأَمْرِ : دیر کرنا۔
التِـريـاق : دوا جو دافع زہر ہو(والتـريـاقة): شراب۔
تسع (ف ض) تَسْعًا. القومَ : نواں ہونا۔ اپنے کو ملا کر نواں بنا دینا۔قوم کے مال کا نواں حصہ لینا ... المالَ: نواں حصہ لینا۔
أَتْـسَـعَ. الـقَـوْمُ ہونا۔التِسْـعَة : نو(۹) مؤنث۔تِسْـعٌ کہا جاتا ہے تِسْـعَةُ رِجَال وتِسْـعُ نِسَـاءٍ وَتِسْعَةَ عَشَرَ رَجُلاً وتِسْعَ عشرةَ اِمْرَأَةً. ج تِسْعَات.
التُسْـعُ و التَسِيْعُ : نواں حصہ۔تِسْع : کی جمع اتساع۔
التاسِع : نواں۔
تِسْعُوْن : نوے(۹۰)
التُسَــــع : مہینہ کی ساتویں آٹھویں نویں راتیں۔
تُسَـاع : نو نو : کہا جاتا ہے" جاء القومُ تُسَـــاع" قوم کے لوگ۔نو نو آئے (یہ غیر منصرف ہے)
التُسَاعِيّ : نو والا۔
التَسَاعِيَةُ : عیسائیوں کی نماز جو نو دن ادا کی جاتی ہے مقررہ عیدوں سے پہلے۔
التَـاسُـوْعَـاءُ : مہینہ کا نواں دن حبل (مُتَسُوْعٌ) : نولڑی کی بٹی ہوئی رسّی۔
تِشْـرِيْـن الاَوّل : ماہ اکتوبر(ترکی مہینے کا نام)
تِشْرِيْنُ الثَانِي : ماہ نومبر۔ج تَشَارِيْن: تشارین کو فصل خریف پر دلالت کے لئے استعمال کر [illegible]

اَلتَشَارِيْن : موسم خزاں پر آگاہی کے لئے جو کلمہ استعمال کیا جاتا ہے۔عام لوگوں کے نزدیک اس کا معنی توت کے پتے جو کہ جانوروں کو ان ستمبر' اکتوبر میں استعمال کرائے جاتے ہیں۔
تَعَّ (ن) تَـعَّةً وتَـعًّـا : ڈھیلا ہونا۔قے کرنا۔
تَعِبَ (س) تَعَبًا : مشقت میں پڑنا۔تھکنا۔ صفت(تَعِبٌ)۔
اَتْعَبَهُ : تھکانا۔اَتْـعَبَ الاناءَ : بھرنا۔القومُ : تھکے ہوئے جانوروں والے ہونا۔
التَعَبُ : مشقت۔تھکن۔ج اَتْعَاب.
الـمَتْعَب والمَتْعَبَة : تھکن۔تھکانا۔تھکن کی جگہ۔باعث تھکن۔کہا جاتا ہے" استخراج الـمعمىّ مَتْعَبةٌ لِلخَواطِر" معمہ کا حل کرنا طبیعت کی تھکن کا باعث ہوتا ہے۔ج مَتَاعِب.
تَـعْتَعَـة : جھنجوڑنا۔حرکت دینا۔تَعْتَع فی الكلام: ہکلانا۔
التَعَاتِع : خوفناک جھوٹی خبریں۔
تَـعَسَ (ف) وتَـعِسَ (س) تَـعْسًـا و تَـعَسًــا : ہلاک ہونا۔پھسلنا اور منہ کے بل گرنا۔صفت(تَعِسٌ و تاعِسٌ و تَعِيْسٌ)
تَعَسَهُ واَتْعَسَهُ. اللّٰه : بدنصیب بنانا۔ہلاک کرنا۔کہا جاتا ہے"تَـعَسًالَهُ "یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے۔
التَعْس : مص ہلاکت۔بدی۔تنزل۔
التَعْسَة : بختی سے گرنا۔
المَتْعَسَة : سبب ہلاکت۔کہا جاتا ہے" هٰذَا الاَمْـرُ مَـنْـحَسَةٌ مَتْعَسَةٌ" یہ معاملہ باعث نحوست وہلاکت ہے۔
تَعِصَ (س) تَعَصًا : زیادہ چلنے سے پٹھوں میں درد ہونا۔
تَغِبَ (س) تَغَبًا : ہلاک ہونا۔
اَتْغَبَهُ : ہلاک کرنا۔
التَغَب : ہلاکت۔میل کچیل۔بھوک۔عیب و

التَغْــب والتَغْبَة : گناہ۔قبیح۔کہا جاتا ہے" مَـا فِيْهِ تَغْبَةٌ" یعنی اس میں کوئی ایسا عیب نہیں جس کی وجہ سے اس کی شہادت رد کی جائے۔
تَغَرَت (ف) تَـغَرًا وتُغُوْرًا. السَّحَابَةُ : پانی بہہ پڑنا۔تَـغَرَ العِرْق : کثرت سے خون جاری ہونا۔
تَـغَرَانًـا. الْقِدْرُ : جوش مارنا۔ابلنا۔جُرْحٌ (تَغَّارٌ) کثرت سے خون بہانے والا زخم۔
تَفَّفَهُ : کسی سے تھو تھو کہنا۔
التُفُّ : ناخن کا میل۔ج تِفَفَة.
التِفَّان : وقت۔کہا جاتا ہے" اَتَيْتُكَ بِتِفَّانِهِ وَعَـلَـى تِـفَّـانِـهِ" میں مناسب وقت میں تمہارے پاس آیا۔
اَلتِفَاف : دودھ والی نبات جس کا تنا خول دار اور اس کے پتے دوہرے ہوتے ہیں پتے توڑنے پر دودھ نکلتا ہے۔
التُفَّة : حقیر وذلیل عورت۔
التُـفَـفَة : ایک قسم کا چھوٹا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
تَفِئَ (س) تَفَأً : سخت غضبناک ہونا۔
تَفِيْئَة و تَفِيَّة. الشَّئْ : وقت۔
تَـفِثَ (س) تَـفَثًا : میل کچیل غالب ہونا۔ صفت(تَفِث) کہا جاتا ہے" قَضَى تَفَثَه" اس نے میل کچیل کو دور کیا۔
تَفَّثَ. الدِّمَاءُ مَكَانَه : آلودہ کرنا۔
التُـفَّـاح : سیب۔سیب کا درخت۔واحد تُفَّاحة ج تَفَافِيْح۔
التُفَّاحَتَان : دونوں ران کے سرے۔
المَتْفَحَة : سیب کی پیداوار کی جگہ۔
اَتْـفَرَ. الشَّـجَرُ : کونپلیں نکلنا......الـرَّجُلُ: ناک کے بالوں کا ہونٹ کے گڑھے تک لمبا ہونا۔
الـرَّجُـلُ (التَافِر والتَفِرِ والتَفْران) : میلا۔گندا۔
التِـفْرَة والتُفْرَة والتَفَرَة : اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔
تَـفِرَةُ. الشَّجَرِ : کونپل۔والتَفِرَة : درخت

کے نیچے اُگنے والی گھاس۔ یا وہ گھاس جس کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے جانور چر نہ سکے۔

التُفْرُوق: غلاف خرما۔

تَفَل (ن ض) تفلاً: تھوکنا۔

تَفِلَ: (س) تَفَلاً. الرَّجُلُ: تیل وخوشبو نہ لگانے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔ صفت (تَفِل) مؤنث (تَفِلة و مِتْفَال)۔

اَتْفَلَهُ: بدبودار کر دینا۔

التَّتفُل والتِّتفِل والتُّتفُل: لومڑی۔ مؤنث تَتفُلَة۔

تَفِهَ (س) تَفَهًا و تُفُوهًا. الشَّيُّ: کم ہونا۔ گھٹیا ہونا۔ حقیر ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَفِهَ عطاءُ فُلانٍ" فلاں کی داد و دہش کم ہے (...... تَفَاهَةً) الطَّعَامُ: بے مزہ ہونا۔ صفت (تَفِه وَ تَافِه ...... تفوها) الرَّجُلُ: کم عقل ہونا۔ صفت (تَافِه) اَتْفَهَ. الشَّيَّ: کم کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَعْطَيْتَ فَاَتْفَهْتَ" تم نے دیا اور کم دیا۔

اِتْقَنَ. الْاَمْرَ: مضبوطی سے کرنا۔

تَقَنَ. الارض: پیداوار زیادہ ہونے کے لئے سینچا۔

التِقْن: طبیعت۔ کہا جاتا ہے "الفَصَاحَةُ مِنْ تِقْنِهٖ" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ گارا جو خشک ہو کر پھٹ جائے۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی رَجُلٌ (تِقْن و تَقِن) کام کا اچھی طرح کرنے والا۔ کام میں ماہر۔ ج اَتْقَان۔

التِقْنَة: حوض کا بقیہ گدلا پانی۔

تَفْتَغ: چھپانا۔ الکلام بولنا اور واضح نہ کرنا۔

التُفْتُفَةُ: زبان ہکلانا۔

اَلتَّقْنِيَّةُ: تکنیک۔

تقي: (دیکھئے مادہ وق ی)

تَكَّهُ (ن) تَكًّا: روند کر کچل دینا۔ تکّہ النَّبِيْذُ: مدہوش کر دینا۔

تَكَّ (ن) تُكُوْكًا. الرَّجُلُ: لاغر ہونا۔ بے وقوف ہونا۔ صفت (تَاكّ) ج تَوَاكُّوْن و تَكَكَة وتُكَّاك و تُكَّك۔

اِسْتَتَكَّ. التِّكَّةَ: پائجامہ میں ازار بند ڈالنا۔

التِّكَّة: ازار بند۔ ج تِكَك۔

المِتَكُّ: پائجامہ میں ازار بند ڈالنے کی سلائی۔

تَكَأَ: (دیکھئے مادہ وک أ)

تَكْتَكَهُ تَكْتَكَةً: روند کر کچل دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا...... السَّاعَةُ: ٹک ٹک کرنا۔

تَكِلَ: (دیکھئے مادہ۔ وک ل)

اَلتَّكْنِيْكُ وَالتَّكْنِيَّةُ: کسی کام میں کامیابی کے لئے ذرائع استعمال کرنا۔

تَلَّهُ (ن) تَلًّا: پچھاڑنا...... الشَّيُّ اِلَيْهِ: دفع کرنا۔ الْحَبْلَ فِي الْبِئْرِ: کنوئیں میں رسّی لٹکانا۔ الشَّيَّ فِي يَدِهِ: رکھنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَّه (بِتَلَّة) سُوءٍ" اس نے اسے بُرے فعل کی تہمت لگائی۔ اِلَيْهِ: عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔

اَتَلَّ. الدَّابَّةَ: باندھنا۔ کھینچنا۔...... المَائعَ: ٹپکانا۔

التَّلَال و التَّلَالَة: گمراہی۔

التَلُّ. مِنَ الْاَرْضِ: چھوٹا ٹیلہ۔ ج تِلَال و تُلُوْل. واحد تَلَّة.

التِلَّة: حالت۔ (...... والتَّلَّة): لیٹنے کی حالت۔ گرنے کی حالت اور کہا جاتا ہے "فِي خُلْقِهٖ تِلَّة" اس کی عادت میں کاہلی ہے۔

التَلِيْل ج اَتِلَّة و تُلُلٌ و تَلائِل: گردن ......
ج تَلْيٰ: پچھاڑا ہوا۔

المِتَلُّ: وہ چیز جس سے کسی کو پچھاڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمْحٌ مِتَلٌّ" سیدھا اور سخت نیزہ قوی و مضبوط آدمی یا اونٹ۔

اِتْلَاَبَّ اِتْلِئْبَابًا. الْاَمْرُ: درست ہونا ...... الْحِمَارُ: سر وسینہ اٹھانا۔ کہا جاتا ہے "قِيَاسٌ مُتْلَئِبٌّ" یعنی قیاس مطرود "طَرِيْقٌ مُتْلَئِبٌّ" سیدھا لمبا راستہ۔

التَلَب: نقصان۔ کہا جاتا ہے "تَبًّا لَهٗ و تَلْبًا" یعنی اللہ اس کے لئے نقصان و ہلاکت کو لازم کرے۔

المَتَالِب: ہلاکت کی جگہیں۔

تَلَدَ (ض ن) تُلُوْدًا. الْمَالُ کالابل والغنم: خاندان میں پرانے زمانے سے مال کا ہونا۔ صفت (تَالِد و تَلْد و تُلْد و تَلَد و تِلَاد و تَلِيْد): اور اس کے خلاف طارِق وَ طَرِيْف ہے۔ (...... ن و تَلِدَ) (س) فِي القَوْمِ و بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ کہتے ہیں "تَلَدَ فُلَانٌ عِنْدَنَا" یعنی فلاں کے ماں باپ ہمارے ہی یہاں پیدا ہوئے۔

اَتْلَدَ. الرَّجُلُ: موروثی مال والا ہوا۔ مال حاصل کرنا۔

تَلَّدَ: مال جمع کرنا۔

التِيلِسْكُوْب: دوربین (جدید) اس کے لئے عربی میں مرقب ہے۔

تَلَعَ (ف) تَلْعًا و تُلُوْعًا. النَّهَارُ: دن چڑھنا۔ الضُّحٰى: چاشت کا وقت ہونا۔ ...... الرَّجُلُ اَوِالظَّبْيُ: سر باہر نکالنا۔

تَلِعَ (س) تَلَعًا. الْاِنَاءُ: بھر جانا۔ (تَلَعًا وتَلَاعَةً) عُنُقُهٗ: گردن لمبی ہونا...... الرَّجُلُ: لمبی گردن یا لمبے قد والا ہونا۔ صفت (اَتْلَع و تَلِيْع)

اَتْلَعَ وتَتَالَعَ وتَتَلَّعَ. فِي مَشْيَتِهٖ: چلنے میں گردن لمبی کرنا۔

التَلِع: ادھر ادھر بہت دیکھنے والا۔ اِنَاءٌ تَلِعٌ: بھرا ہوا برتن۔

التَّلْعَة: بلند زمین۔ پست زمین۔ ج تَلَعَات و تِلَاع و تَلَع.

التَلِعَة: کشتی کا بادبان۔ ج تَلِعَات۔

اَلتَّلِغْرَاف: ٹیلی گراف۔ تیار۔

تَلِفَ (س) تَلَفًا: ہلاک ہونا۔ برباد ہونا۔

اَتْلَفَهُ: ہلاک کرنا۔ برباد کرنا۔ فنا کرنا۔

التَلِيْفَة: ہلاک ہونے والی چیز۔

المِتْلَاف و التَّلَّاف: بہت تلف کرنے والا۔

المُتْلَف والمَتْلَفَة: ہلاکت کی جگہ۔ ہلاکت کا سبب۔ چٹیل میدان۔

تِلِفِزْيُوْن: ٹیلی ویژن
التَّلْفَزَةُ: دور سے دیکھنا۔
تِلْکَ: مؤنث بعید کے لئے اسم اشارہ۔
التَّـلَم: زمین میں ہل کی بنائی ہوئی لیک ج اَتْلاَم.
التِّـلْم: سبز خط لڑکا۔ کاشتکار۔ سنار۔ سنار کی لمبی دھونکنی ج تِلاَم.
التَّلْمُوْد: یہودیوں کے احکام کی کتاب۔
"تَـلْـمَـذَ و تَـلْـمَـذَ لِفُلاَنٍ" شاگرد ہونا۔
تَلْمَذَ و تَلَمَذَ الوَلَد: شاگرد بنانا۔
التِّلْمِيْذ: شاگرد۔ ج تَلاَمِيْذ و تَلاَمِذَه.
التُّلُنَّة و التُّلُوْنَة: حاجت۔
تَلاَنَ: ابھی۔
تَـلِه (س) تَـلَهًا: حیران ہونا...... الشَّيْءُ: تلف ہونا۔ تَـلِهَـه و تَـلِه عَنْهُ: بھولنا اور کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ تَـالِـهُ الـعَـقْـلِ و مَتْلُوْه العَقْل" مرد عقل۔ زائل شدہ۔
اَتْلَهَ. الشَّيْءَ: برباد کرنا۔ تباہ کرنا۔
تَلاَ (ن) تُلُوًّا: پیچھے چلنا...... عنه: چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "تلابَعْدَ قَوْمِهِ" اس نے اپنی قوم کا ساتھ چھوڑ دیا اور پیچھے رہ گیا۔
(...... تِلاَوَةً الْكِتَابَ: پڑھنا۔
تَـلِي (س) تَـلًى. مِنَ الشَّهْرِ يَوْمٌ: ایک دن باقی رہنا۔
اَتْلاَهُ: آگے بڑھنا۔ پیچھے کرنا۔ اَتْلاَهُ فلانا: پیچھے چلانا۔ اَتْلاَهُ عَلٰی فُلاَنٍ: حوالہ کرنا۔ تم کہتے ہو "اَتْلَيْتُ فُلاَنًا ذِمَّةً" یعنی میں نے فلاں کے ذمہ کر دیا۔ "اَتْلَيْتُ حَقِّيْ عِنْدَه" یعنی میں نے اس کے پاس اپنے حق میں سے کچھ باقی نہ رکھا۔
تَـلاَّه تَتْلِيَةً: پیچھے چلنا۔ تَـلَّـيَ الرَّجُلُ: نذر پوری کرنا۔ آخری سانس میں ہونا۔
تَتَلّٰی ٥: پیچھے چلنا۔ پیچھے پڑنا۔ کہا جاتا ہے "تَـتَلَّيْتُ حَقِّيْ" میں اپنے حق کے پیچھے ہوا۔ یہاں تک کہ پورا وصول کر لیا...... الـرَّجُلُ: بہت مال جمع کرنا...... حَقَّه عِنْدَهٗ: کچھ چھوڑ دینا۔

تَتَالَتْ: الاُمُوْرُ اَوِ الْخَيْلُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ کہا جاتا ہے "جَـاءَتِ الْخَيْلُ تَتَالِيًا" یعنی پے در پے آئے۔
تَالاَهُ: موافقت کرنا۔ تابعداری کرنا۔
اِسْتَتْلاَهُ. الشَّيْءُ: پیچھے کرنے کو کہنا۔
...... ٥: انتظار کرنا۔
التَّـالِي: پیچھے چلنے والا۔ میدان گھوڑ دوڑ کا چوتھا گھوڑا۔ ج تَالِيَات.
التَّالِيَة: التَّالِي کا مؤنث۔ ج التَّوَالِي۔
التَّوالِي: سرین۔ تـوالي الخيل: گھوڑے کے پچھلے حصے۔ یعنی دم اور ٹانگ۔
التَّلاَءُ: ذمہ۔
التِّـلْوُ: وہ چیز جو کسی چیز کے پیچھے ہو۔ اونٹنی کا بچہ جس کا دودھ چھڑا دیا جائے اور وہ اپنی ماں کے پیچھے چلے۔ ج اَتْلاَءٌ: مؤنث تِلْوَة.
التَّلُوُّ: ہمیشہ پیچھے چلنے والا۔
التَّلِيُّ: بہت مال والا۔ بہت قسمیں کھانے والا۔
الـتُّـلاَوَة و التَّلِيَّة: بقیہ جیسے "تُلاَوَةُ الدَّيْن" یعنی قرض کا بقیہ۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَتْ تَلِيَّةُ الشَّبَـابِ" جوانی کا بقیہ جاتا رہا اور کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ بَقِيَّةُ الْكِرَامِ وَتَلِيَّةُ الاحرار" فلاں بزرگوں کا اور شرفاء کا بقیہ ہے۔
الـمُـتَـالِي: تابع۔ گویے کے سر میں سر ملانے والا۔
تَمَّ (ض) تَـمًّـا و تِـمًّـا و تَـمَامًا و تِمَامًا و تُـمَـامًا و تَمَامَةً و تِمَامَةً: پورا ہونا...... بِـالشَّيْءِ و عَلَيْهِ: پورا کرنا...... عَلٰی اَمْرِهٖ: جاری و نافذ کرنا...... اِلٰی موضع كـذا: پہنچانا۔ عَـنْـهُ الْـعَيْنَ: تعویذ لگا کر نظر بد دور کرنا۔
تَـمَّـمَـهٗ و اَتَمَّهٗ: پورا کرنا۔ مدت تک پہنچا دینا۔ کہا جاتا ہے "تَمِّمْ عَلَی الْجَرِيْحِ" یعنی اس نے زخمی کو مار ڈالا۔ "تَـمَّـمَ الْمَوْلُوْدَ" تعویذ لگانا۔ اَتَمَّ عَلَی الْمَحَلِّ: ارادہ کرنا اور جانا۔ اَتَـمَّتِ الْحُبْلٰی: ولادت کا زمانہ قریب ہونا...... الْقَمَرُ: بدر کامل ہونا۔

تَتَامَّ. الْقَوْمُ: سب کا آنا۔
اِسْتَتَمَّ. الشَّيْءَ: پورا کرنا...... الشَّيْءُ: پورا کرنے کو کہنا۔
التَّـمُّ: بط کی ایک قسم جس کی گردن لمبی ہوتی ہے۔
التِّمُّ: کلہاڑا۔ البَدْرُ التِّم: ماہ کامل۔
التَّـمَـام بتثليث التاء والاغلب الفتح: کمال۔ وہ چیز جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے اور اسی معنی میں (تَـمٌّ و تِـمٌّ و تُـمٌّ و تِـمَـامَة و تَمَامَة) چاند کے پورا ہونے کی رات اور کہا جاتا ہے "بَـدْرُ تَـمَامٍ و بَدْرُ تِـمَامٍ" "لَيْلَةُ التِّـمَام" جاڑے کی لمبی رات۔
التُّمَامَة: بقیہ۔
التَّتِمَّة: جس سے کسی چیز کو پورا کیا جائے۔
التَّمِيْم: مضبوط۔ پورے قد و قامت والا۔
التَّمِيْمَة: تعویذ۔ ج تَمَائِم و تَمِيْمَات اور "اِمَاطَةُ التَّـمَائِم" کنایہ ہے بڑے ہونے سے۔
تَـمْـتَـمَ تَـمْـتَـمَةً. فِي الكلام: جلدی جلدی بولنا اور واضح نہ کرنا۔ صفت (تَـمْـتَام) مؤنث تَمْتَامَة.
تَمَرَهٗ (ن) تَمْرًا و تُمُوْرًا: کھجور کھلانا۔
...... الـلَّـحْـمَ: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا اور خشک کرنا۔
اَتْمَرَ و تَمَّرَ. الرُّطَبُ: خشک کھجور ہونا۔
...... النَّخْلَةُ: پھل دار ہونا۔ اَتْمَرَ القَوْمُ: بہت کھجوروں والا ہوا۔
تَتَمَّرَ. اللَّحْمُ: خشک ہونا۔
التَّمْر: خرما۔ واحد تَـمْرَة. ج تَمَرَات و تُمُوْر و تُمْرَان. التمرة: چابک کے سرے کی گرہ۔
التَّمْرُ الهِنْدِي: املی۔
التَّمَّار: خرما فروش۔
التَّامِر: بہت کھجوروالا۔ کھجوروالا۔
المُتْمُوْر: کھجور کا توشہ دیا ہوا۔
التَّمْرِيُّ: کھجوروں کا شائق۔

التأمري و التأموري: انسان۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ تَأمُورًا و تُؤمُور" گھر میں کوئی نہیں یا کچھ نہیں۔

تَمُّوز و تَمُوز: ترکی مہینہ۔ مطابق ماہ جولائی۔

التِمساح: گھڑیال۔ ج تَماسِیح۔

تِمساح ج تَماسِیح: مگرمچھ

تَمِه (س) تَمَهًا و تَماهَةً۔ الطَّعامُ: بُو یا مزہ خراب ہونا۔ صفت (تَمِه)

تَانَّ۔ بَيْنَهُما: مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔

اَتَنَّ۔ الْمَرَضُ الصَّبِيَّ: بڑھنے سے روکنا۔ صفت مفعولی (تَنِين)۔ الرَّجُلُ: دور ہونا۔

التِنّ: شخص۔ مثل۔ ہمسر۔ ج اَتْنَان۔

التِنِّيْن: مچھلی۔ اژدھا۔ آسمان میں ایک جگہ کا نام۔ ج تَنانِين۔

تَنَا (ف) تُنُوًّا۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ صفت (تَانِي) ج تُنَّاء۔

التَّنُّوب: واحد التَّنُّوبَةُ: صنوبر کی قسم کے مشہور درخت جس کا تنا سیدھا لمبا ہوتا ہے عام باغوں میں زینت کے لئے بویا جاتا ہے۔

التَّنبَك و التُّنْباك: تمباکو۔

التِنْبَل و التِنْبال و التُّنْبُول و التِنْبالَة: پست قد۔ کندذہن۔ سست ج تَنابِيل و تَنابِلَة۔

التَّنْبُل و التانبول: پان۔

التَنجرة: ہانڈی۔ دیگ (جدید)

التُّنجستِين: تنگستن اک دھات جو بجلی کی تاروں میں استعمال ہوتی ہے۔ اور فولاد جوڑا جاتا ہے۔ علامت "W"۔

تَنَخَ (ن) تُنُوخًا و تَنْخًا و تَتَنَّخَ۔ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

تَنِخَ (س) تَنَخًا: بدہضمی ہونا۔

اَتْنَخَهُ: مبتلاء بدہضمی کرنا۔

التَّنُّوب: صنوبر کی مانند ایک درخت کا نام۔ واحد تَنُّوبَة۔

التَّنُّور: تنور۔ ج تَنانِير۔

التَّنَّار: تنور بنانے والا۔

التَنَضُّب: (دیکھئے مادہ نضب)

التَّنُوفَةُ و التَّنُوفِيَّةُ: بے پانی کا جنگل ج تَنائِف۔

التَّنْك: ٹین (جدید)

التَّنَكْجِي: ٹین بنانے والا۔ (جدید)

تَهْتَهَ: لغویات میں مشغول ہونا۔

التَّهاتِه: لغویات، باطل باتیں۔

تَهِمَ (س) تَهَمًا۔ اللَّحْمُ: خراب ہونا۔ صفت (تَهِم)

اَتْهَمَ و تَاهَمَ و تَتَهَّمَ: سرزمین۔ تہامہ میں آنا یا نازل ہونا۔

التَّهَمَة: بدبو۔

تِهَامَة: مکہ معظمہ۔ ملک حجاز کے جنوبی علاقے۔ نسبت کے لئے تہامی و تہام ج تَهامِيُّون و تَهامُون۔

اِتَّهَمَ و تُهَمَة: (دیکھئے مادہ وہم)

تَهِنَ (س) تَهَنًا: صفت (تَهِن)

تَهَا (ن) تَهْوًا: غافل ہونا۔

التَّهْواء: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضَى تَهْوَاءٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

التَّوّ: اکیلا۔ ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسی۔ ج اَتْوَاء کہا جاتا ہے "جَاءَ تَوًّا" وہ قصد کر کے آیا۔ کوئی چیز اس کو باز نہیں رکھ سکی۔

تَابَ (ن) تَوْبًا و تَوْبَةً و تَابَةً و مَتَابًا و تَتْوِبَةً۔ اِلَى اللّٰهِ: گناہ چھوڑ کر اللہ تعالیٰ کی طرف متوجہ ہونا۔ نادم و پشیمان ہونا۔ صفت (تَائِب)...... اللّٰهُ عَلَيْهِ: بخش دینا اور دوبارہ مہربان ہونا۔ صفت (تَوَّاب)

اِسْتَتَابَهُ: توبہ کرنے کی ترغیب دینا۔

التُّوت: توت کا درخت۔ توت کا پھل۔

التُّوتِيَا: یہ ایک قسم کا پتھر ہے جو بطور سرمہ کے استعمال کیا جاتا ہے۔ ایک قسم کی سمندری سیپی جس پر کانٹے ہوتے ہیں اور اس کے اندر سے انڈے کی زردی کی مانند ایک چیز نکلتی ہے جو کھائی جاتی ہے۔

تَاجَ (ن) تَوْجًا: تاج پہننا۔

تَوَّجَهُ: تاج پہنانا۔

تَتَوَّجَ: تاج پہننا۔

التَّائِج: تاج والا۔

التَّاج: شاہی ٹوپی۔ ج تِيجَان۔ تَاجُ الْجَبَّار: ستارے۔ تَاجُ الْعَمُودِ: ستون کے بالائی حصہ کے نقش ونگار۔

التُّوَيجِيَّة: پانچ قسم کے پھولوں کا گلدستہ۔

تَاحَ يَتُوحُ تَوْحًا۔ لَهُ الشَّيْءُ: تیار ہونا۔

تَاخَتْ (ن) تَوْخًا و تُوُوخًا۔ الْإِصْبَعُ فِي الْجِسْمِ الْوَارِمِ أَوِ الرَّخْوِ: انگلی کا سوجے ہوئے یا نرم حصہ بدن میں دھنس جانا۔

التُّوذَرِي و التُّوذَرِي: ایک دوا کا نام۔

تَارَ (ن) تَوْرًا۔ الْمَاءُ: جاری ہونا۔

اَتَارَهُ اِتَارَةً: بار بار لوٹانا۔

التَّوْر: چھوٹا برتن۔ قاصد۔

التَّارَة: (دیکھئے تار)

التَّوْرَاة و التَّوْرِيَة: آسمانی کتاب جو سیدنا موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ ج تَوْرَاتٌ و تَوْرِيَات

تَازَ (ن) تَوْزًا۔ الشَّيْءُ: سخت ہونا۔

تَافَ (ن) تَوْفًا۔ الْبَصَرُ: نگاہ کا چندھیا جانا۔

التَّافَة و التُّوفَة و التُّوفَة: عیب۔ کہا جاتا ہے "مَا فِيهِ تُوفَة" اس میں کوئی عیب نہیں۔ گناہ۔

تَاقَ (ن) تَوْقًا و تُوُوقًا و تَوَقَانًا و تِيَاقَةً۔ و اِلَيْهِ: شائق ہونا۔ اِلَى الْغَايَةِ: جلدی کرنا۔ صفت (تَائِق و تَوَّاق)۔ عَيْنُهُ بِالدُّمُوعِ: بہنا۔ تَاقَ مِنْهُ: ڈرنا...... بِنَفْسِهِ: جان دینا۔

تَتَوَّقَ۔ اِلَى الشَّيْءِ: آرزومند ہونا۔ شائق ہونا۔

تَالَ يَتُولُ تَوْلًا: جادو کرنا۔ جادو کا علاج کرنا۔

التُّوَلَة و التَّوَلَة: مصیبت ج تولات

التَوْلَة و التِولَة: جادو وغیرہ۔
التُـــوْمَة: موتی کے مشابہ چاندی کا دانہ۔ بالی۔ شترمرغ کا انڈا۔ ج تُوَم و تُوْم: توم کو عوام ثوم (لہسن) کے بجائے استعمال کرتے ہیں۔
المُـتَـوَّم: مالا پہنا ہوا۔ کان میں بالی پہننے والا۔
تَـاوَنَ و تَـتَـاوَن للصَّيْد: کبھی دائیں کبھی بائیں سے حملہ کرنا۔
اَتُّوْن. الحَمَّام: حمام کی بھٹی۔
تَـاہَ (ن) تَـوْهًا: ہلاک ہونا۔ ضائع ہونا۔ راستہ گم کرنا۔ فاسد العقل ہونا۔
التَوْه والتُوْه: ہلاکت۔ فـلاةٌ تَوْهٌ: گمراہ کر دینے والا بیابان۔ ج اَتْوَاه و جج اَتَاوِيْه.
تَوَّهَهٗ و اَتَاهَهٗ: ہلاک کرنا۔
تَـوِیَ (س) تَـوًی. الـمـالُ: برباد ہونا۔ ہلاک ہونا۔ صفت (تـوٍ و تـاوٍ) کہا جاتا ہے "لاتوی عَلَيْه" اسے کوئی نقصان نہیں۔
اَتْوَاهٗ اِتْوَاءً. اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔
الـمَـتْوَاة: باعث ہلاکت۔ باعث نقصان کہتے ہیں "الشُّحُّ مَتْوَاةٌ" بخل باعث نقصان ہے۔ ج مَتَاوٍ و مَتْوِيَات.
التِّيَاتْرُو: تھیٹر۔ اس کی عربی مُمَثَّل ہے اور مولدین کے نزدیک مَسْرَح
اَلتِّيَاحُ: فن کار۔
تَاحَ (ض) تَيْحًا. لَه: مقدر ہونا۔ تیار ہونا ...... فِي مَشْيِه: جھکنا۔
اَتَـاحَهٗ اِتَاحَةً: تیار کرنا۔ مقدر کرنا۔ کہا جاتا ہے اَتَـاحَ اللّٰهُ لَهُ الشَّرَّ "اللہ نے اس کے لئے شر کو مقدر کر دیا۔"
المُتَاح و المُتَيَّاح: امر مقدر۔ فیصل شدہ۔
التَيَّـاح و التِيْـحَـان و التَيَّحَان و التَّيْحَان والـمِـتْـيَـح: لایعنی امور میں مشغول ہونے والا اور کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ تَيِّـحٌ" ہمیشہ بلا میں مبتلا رہنے والا مرد۔
تَـاخَهٗ (ض) تَيْـخًا: کھجور کی چھڑی سے مارنا۔

المِتْيَخَة: کھجور کی چھڑی۔
التَيْد: نرمی کہا جاتا ہے "تَيْدَکَ زَيْدًا" زید سے نرمی کر۔
تَارَ (س) تَيَرَانًا. البَحْرُ: جوش میں آنا۔
التَيَّـــار: جوش مارنے والے سمندر کی لہر۔ مغرور۔ کہا جاتا ہے "قَطَعَ عِرْقًا تَيَّارًا" اس نے تیز بہنے والی رگ کو کاٹا۔ و "فَـــرَسٌ تَيَّارٌ" دوڑنے میں موج کی طرح چلنے والا گھوڑا۔
التِّيَر: تکبر و غرور۔
تَارَةً: (دیکھئے تَأَرَ)
تَـازَهٗ (ض) تَيْـزًا و تَـايَزَهٗ: غلبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَـازَ السَّهْمُ فِي الرَّمِيَّة" شکار میں تیر نے حرکت کی۔
التَّيَّاز: پست قد سخت جوڑوں والا۔
تَاسَ يَتِيْسُ. الجَدْيُ: بکرا بن جانا۔
تَيَّـسَ. فرسَه: سدھانا ...... هٗ عَنْ كَذَا: باز رکھنا۔
تَايَسَ: مدافعت کرنا۔
تَـتَـايَـسَ. الـمَـاءُ: موجوں کا ٹکرانا۔
(اواسْتَتْيَـــسَ) العنز: بکری کی طرح ہو جانا۔
التَيْـــس: بکرا۔ جنگلی بکرا۔ نر ہرن۔ ج تُيُوس و اتياس و تِيَسَـة. لِحْيَةُ التيس: ایک قسم کی نباتات۔
التَّيْسِيَّةُ التَيُـوسِيَّة: بکرے جیسی طبیعت کہتے ہیں۔ فِي فُلَانٍ تَيْسِيَّة و تُيُوسِيَّة
التَيَّاس: بکری والا۔
الاتْيَس: بکری جیسا۔
تَاعَ (ض) تَيْعًا و تَيَعًا و تَيَعَانًا. القَيْئُ: نکلنا ...... المَاءُ: بہنا اور زمین پر پھیلنا۔
...... اليـــه: جلدی کرنا اور مشتاق ہونا۔
(......تَيْعًا) الطَرِيْقَ: طے کرنا ...... السَّمْنَ: روٹی کے ٹکڑے سے گھی اٹھانا۔
اَتَاعَ. مَااَكَلَهٗ: الٹی کر دینا ...... الشَّيْئَ: لوٹانا۔
تَتَيَّعَ. اِلَى الشَّرِّ (تَتَايَعَ) فِي الشَّرِّ: برائی کی طرف سبقت کرنا۔ صفت (تَيِّع و تَيْعَان)
...... الرِيْحُ بِالوَرَق: اڑا لے جانا۔ تَتَيَّعَ فِي الامر: اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يَتَتَايَعُ فِي الْاُمُوْرِ: وہ اپنے آپ کو معاملات میں بغیر سوچے سمجھے ڈال دیتا ہے۔
تَاکَ (ض) تُيُوْکًا: بے وقوف ہونا۔ صفت (تائک) اَحْمَقُ تائِکٌ: بہت بیوقوف۔
اتَاکَ. الشَعْرَ: اُکھیڑنا۔
تِيْکَ: مؤنث کے لئے اسم اشارہ۔ اس کی تصغیر (تَيَّاکَ) ہے اور اس پر هاء تنبیہ میں داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے (هاتيک)
تَامَهٗ (ض) تَيْمًا و تَيْمَةً. الحُبُّ: غلام بنا دینا۔ ذلیل کر دینا۔
التَيْم: مص۔ عشق کی وجہ سے عقل کی خرابی۔ غلام کہا جاتا ہے "هُوَ تَيْمُ اللّٰهِ" وہ اللہ کا بندہ ہے۔
التِّيْـمَة و التِّيْــمَة: بکری جو گھر میں چارہ دے کر دوہی جائے۔ بکری جو بھوک کے وقت ذبح کی جائے۔
التَيْمَاء: بیابان۔ نام ایک مقام کا۔
التِّيْن: انجیر۔ انجیر کا درخت۔ واحد (تِيْنَة)
الـمَتْـانَة: وہ زمین جہاں انجیر کے درخت بہت بوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَتَانَةٌ" بہت انجیر والی سر زمین۔
التِّيَّان: انجیر بیچنے والا۔ انجیر خشک کرنے والا۔
تَاهَ (ض) تِيْهًا: تکبر کرنا ...... (تَيْهًا و تَيَهَانًا): سرگشتہ پھرنا۔ گمراہ ہونا۔ صفت (تَيَّاه و تَيْهَان)
اَلتَّيْبُـوْعُ: ہر ترکاری جس کا دودھ نکلے جب اس کو کاٹا جائے۔
اَلتِّيُوْقَرَاطِيَّةُ: وہ حکومت جس کے قائم ہونے کے متعلق نظریہ ہو کہ اللہ کی قائم کردہ اور اس کو چلانے والے اللہ کے فرستادہ ہیں۔
تَيَّهَ و اَتَاهَ: گمراہ کرنا۔ ضائع کرنا۔
التَائِه و التَّيْهَان و التَيَّاه و التَيِّهَان: متکبر۔ مغرور۔
التِّيْه: ڈینگ۔ غرور۔ گمراہی۔ چٹیل میدان جس میں انسان بھٹک جائے۔ ج اَتْيَـــاه و اَتَاوِيْه و اَتَاوِهَهٗ
اَرْضٌ تَيْهَاء و مَتِيْهَة و مَتْيَهَة و مَتَيْهَة وَتِيْه: راستہ بھٹکانے والی سر زمین۔

ث :الثاء بنیادی حروف میں سے چوتھا حرف ہے۔

ثَئِبَ (س) ثَأَبًا و ثُئِبَ و تَثَاءَبَ: جمائی لینا۔صفت(مَثْئُوب) و تَثَاءَبَ الْأَخْبَارَ: جستجو کرنا۔الثَأْب و الثُّؤَبَاء و التَّثَاؤُب: جمائی۔

ثَأْثَأَ: پیاسا رکھنا۔سیراب کرنا......النَّارَ: آگ بجھانا......الغَضَبَ: غصہ ٹھنڈا کرنا......عَنِ الْأَمْرِ: کسی کام سے روکنا۔

ثَأَجَت: (ف) ثَأْجًا. الْغَنَمُ: ممیانا۔

الثُّؤَاج: بھیڑ بکری کی آواز۔

ثَئِدَ (س) ثَأَدًا. النَّبْتُ: شاداب ہونا۔ الرَّجُلُ أوِ الْمَكَانُ: ٹھنڈا ہونا۔صفت (ثَئِد و ثَئِيد)

الثَأْد و الثَأَد: نمناک مٹی۔تری۔سردی۔برا کام۔نرم وسرسبز نباتات۔

الثَأْدَة: موٹی عورت۔

الثَأْدَاء: لونڈی۔"مَا أَنَا ابْنُ ثَأْدَاءَ": میں عاجز اور کمزور رائے والا نہیں ہوں۔

الثَأَدَة: موٹاپا۔

ثَأَرَ (ف) ثَأْرًا. القَتِيلَ وبالقَتِيلِ: خون کا مطالبہ کرنا۔قاتل کو قتل کرنا۔صفت(ثَائِر) کہا جاتا ہے "ثَأَرَهُ بِكَذَا": یعنی اس نے فلاں کے ذریعہ خون کا بدلہ لیا "وثُئِرَ زَيْدٌ" زید سے خون کا بدلہ لیا گیا۔

أَثْأَرَ و اثَّأَرَ. مِنْهُ: خون کا بدلہ لینا۔

اسْتَثْأَرَ: خون کا بدلہ لینے کے لئے فریاد کرنا۔

الثَأْر والثُّؤْرَة: خون کا بدلہ۔جرم کا بدلہ۔ج أثآر و آثار وثآئر: کہا جاتا ہے "هُوَ ثَأْرُكَ" وہ تمہارے رشتہ دار کا قاتل ہے۔ "وَيَا ثَارَاتِ فُلَانٍ": اے فلاں کے قاتلو! "والثَّأْرُ الْمُنِيمُ": خون کا کامل بدلہ جس کے بعد طالب آرام سے سورہے۔

ثَأَطَ (ف)ثَأْطًا. اللَّحْمُ: خراب ہونا۔بگڑنا۔

ثُئِطَ. الرَّجُلُ: زکام ہونا صفت (مَثْؤُوط)

الثُّؤَاط: زکام۔

الثَأْطَة: بدبودار کیچڑ اور اسی سے مثل ہے "ثَأْطَةٌ مُدَّتْ بِمَاءٍ": اس وقت بولتے ہیں جبکہ ایک خرابی کے ساتھ اسی جیسی دوسری خرابی ہو جائے۔جیسے اُردو میں "مفلسی میں آٹا گیلا" ج ثَأْط۔

الثَأْطَاء: بے وقوف عورت۔

ثُؤْلِلَ و تَثَأْلَلَ. جَسَدُهُ: مسے والا ہونا۔

الثُّؤْلُول: مسہ۔پستان کا سرا۔گھنڈی ج ثَآلِيل۔

ثَأَى (ف) ثَأْيًا و أَثْأَى. الشَّيْءَ: چیرنا۔پھاڑنا۔کمزور کرنا۔فاسد کرنا۔ وأَثْأَى فِي الْقَوْمِ: کشت وخون کرنا۔

ثَئِيَ (س) ثَأًى. الشَّيْءُ: چھد جانا۔

الثَأْيُ: زخم کے نشان۔

الثَأَى: مص۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَرْأَبُ الثَأَى": فلاں فساد کی اصلاح کرتا ہے۔

ثَبَّ (ن) ثَبًّا: جم کر بیٹھنا۔وقار سے بیٹھنا۔ الأَمْرَ: پورا کرنا۔

ثَبُتَ (ک) ثَبَاتَةً و ثُبُوتَةً: بہادر ہونا۔صاحب عزم ہونا۔

ثَبَتَ (ن) ثَبَاتًا و ثُبُوتًا. فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا۔قیام کرنا......عَلَى الأَمْرِ: مداومت کرنا صفت(ثَابِتٌ و ثَبِيتٌ و ثَبْتٌ)...... الأَمْرُ عِنْدَهُ: ثابت ہونا۔موکد ہونا۔

ثَبَّتَهُ و أَثْبَتَهُ: ثابت کرنا......الحقَّ: دلائل سے موکد کرنا۔نام درج رجسٹر کرنا۔لکھنا اور کہا جاتا ہے "طَعَنَهُ فَأَثْبَتَ فِيهِ الرُّمْحَ" اس نے اس کو نیزہ مارا اور گھسادیا۔

أَثْبَتَ و ثَابَتَ. الأَمْرَ: پوری طرح سے پہچاننا۔

اِسْتَثْبَتَ وتَثَبَّتَ. فِي الْأَمْرِ والرَّأْيِ: جلدی نہ کرنا۔مہلت سے کام لینا۔مشورہ کرنا اور حقیقت کی جستجو کرنا۔

الثَّبَت: ثابت ہونا۔حجت۔دلیل۔کہا جاتا ہے "لَا أَحْكُمُ إِلَّا بِثَبَتٍ" میں بغیر حجت و برہان کے فیصلہ نہیں کرتا۔

الثِّبَات: برقع کے بند۔کجاوہ باندھنے کے تسمے۔

الثُّبَات: ایسی بیماری جو حرکت سے عاجز کر دینے والی ہو۔بہادر شہسوار جس کا حملہ بھرپور ہو۔

الإِثْبَات: ایجاب۔نفی کی ضد۔

الأَثْبَات: قوم کے معتبر لوگ۔مفرد ثَبْت کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ثَبْتٌ مِنَ الْأَثْبَاتِ" یہ مجاز ہے جیسے کہ "فُلَانٌ حُجَّةٌ" جبکہ روایت میں ثقہ ہو۔

الثَّوَابِتُ مِنَ النُّجُومِ: سیاروں کے علاوہ ستارے۔واحد ثابتة

الـــمُثْبَـــتُ: ملع۔ تسموں سے بندھا ہوا۔

مَـرِيْضٌ مُثْبَـتٌ: زیادتی مرض کی وجہ سے بچھونے سے جدا نہ ہونے والا۔

الثُّـبُـيْـتُ: عیسائیوں کے نزدیک سات رازوں میں سے ایک راز۔

ثَبَجَ (ن) ثَبْجًـا و ثَبَّـجَ. الْكَلَامَ: ٹھیک طریقے سے گفتگو نہ کرنا...... الْخَطَّ: تحریر میں غیر معروف طریقہ استعمال کرنا۔

ثَبَـجَ (ض) ثُبْـجًـا و ثُبُوْجًـا: پاؤں کی اُنگلیوں پر بیٹھنا۔

ثَبَـجَ و تَثَبَّجَ الرَّاعِي بِالْعَصَا: لاٹھی کو پیٹھ پر رکھ کر اس کے پیچھے ہاتھ رکھنا۔

اِثْبَـأَجَّ. السِّقَاءُ: بھر جانا...... الـرَّجُلُ: موٹا اور ڈھیلا ہونا۔

الثَّبَـجُ: کاندھے اور پیٹھ کا درمیانی حصہ "الثَّبَجُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ" درمیانی حصہ۔ بڑا حصہ بلند حصہ۔ ج "اَثْبَاج وَثُبُوْج" کہا جاتا ہے "يَرْكَبُون ثَبَجَ هٰذَا الْبَحْرِ" وہ لوگ اس سمندر کے بڑے حصے پر سوار رہ گئے۔ "وَتَسَنَّمَتِ الْخُمرُ اَثْبَاجَ الْآكَامِ" گدھے ٹیلوں کی بلندیوں پر چڑھ گئے۔

الْاَثْبَجُ: چوڑی پیٹھ والا۔ کبڑا۔

رَجُلٌ مُثَبَّجٌ: لمبا بے ڈول مرد۔

ثَبَرَهٗ (ن) ثَبْرًا: لعنت کرنا۔ دھتکارنا۔ محروم کرنا۔ ہلاک کرنا...... عَنْ كَذَا: روکنا، ہٹانا۔ (...... ثُبُوْرًا): ہلاک ہونا۔

ثَبِرَت (س) ثَبْرًا. الْقَرْحَةُ: پھٹنا اور بہنا۔

ثَابَرَ ثِبَارًا و مُثَابَرَةً. عَلَى الْاَمْرِ: مداومت کرنا۔ ہمیشگی کرنا۔

ثَبَّر. فُلَانًا بِالشَّيْءِ: کسی کو کسی چیز پر روک دینا...... اللّٰهُ فُلَانًا: ہلاک کرنا۔

تَثَابَرُوْا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

الثَّبْرَةُ: نرم زمین۔ زمین یا پہاڑ کا گڑھا۔

الْمَثْبِرُ: بوچڑ خانہ۔ عورت یا اُونٹنی کے جننے کی جگہ۔

الْمُثَبَّرُ: روکا ہوا۔ محروم۔

ثَبَطَهٗ (ن) ثَبْطًا وَ ثَبَّطَهٗ. عَنِ الْاَمْرِ: روکنا باز رکھنا...... عَلَى الْاَمْرِ: کسی کو کسی کام پر موقوف رکھنا۔

اَثْبَطَهٗ. المرضُ: بیماری کا جدا نہ ہونا۔

تَثَبَّطَ. عَنِ الْاَمْرِ: دیر لگانا۔ رکنا۔

الثَّبِطُ: کمزور۔ بے وقوف۔ ج اَثْبَاط و ثِبَاط مؤنث ثَبِطَة.

ثَبَقَ (ض) ثَبْقًـا و تَثْبَاقًا. النَّهرُ: پانی کا زیادتی سے تیز بہنا...... الْعَيْنُ: جلدی آنسو بہانا۔

الثُّبْل و الثَّبَل: برتن کی تلی کا باقی ماندہ۔

ثَبَنَ (ض) ثَبْنًا. و ثِبَانًا. الثوبَ: کنارہ موڑ کر سینا۔ (...... وتَثَبَّـنَ) الشَّيْءَ: پھانٹر میں لینا۔ پائجامہ کے نیفہ میں رکھ لینا۔

الثُّبْنَة ج ثُبَن و (الثِّبَان) ج ثُبُن: پھانٹر۔

الثَّبِيْن: چادر کا کنارہ جبکہ اس کو موڑ لیں۔

الْمَثْبَنَة: تھیلی جس میں عورت اپنا آئینہ وغیرہ رکھتی ہے۔ ج مَثَابِن.

ثَبَى (ض) ثَبْيًا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

ثَبَّـى. الشَّيءَ: جمع کرنا۔ تعظیم کرنا۔ درست کرنا۔ پورا کرنا۔ کہا جاتا ہے "ثَبَّى اللّٰهُ لَهٗ النِّعَمَ" اللہ تعالیٰ نے اسے نعمتوں کے انبار دیئے...... عَلَى الْاَمْرِ: ہمیشہ رہنا...... عَلَى فُلَانٍ: کسی کے خلاف مدد طلب کرنا۔

الثُّبَة: حوض کا درمیان۔ جماعت۔ شہسواروں کی جماعت۔ ج ثُبَاتٍ و ثُبُون.

الْاُثْبِيَّة: بڑی جماعت۔ ج اَثَابِيُّ.

الثَّبِيُّ: لوگوں کی بہت تعریف کرنے والا۔

ثَتِنَ (س) ثَتَنًا. اللَّحْمُ: بدبودار ہونا۔ اللمعَةُ: ڈھیلا ہونا۔ صفت ثَتِنَة.

ثَجَّ (ن) ثُجُوْجًا. الْمَاءُ: بہنا (...... ثَجًّا) الْمَاءَ: بہانا۔

اِنْثَجَّ. الماءُ: بہنا۔

الثَّجَّة: باغ جس میں حوض ہو۔ ج ثَجَّات مَطَرٌ (ثَجَّاجٌ): بہت برسنے والی بارش۔ عَيْنٌ (ثَجُوْجٌ): بہت پانی والا چشمہ۔

الثَّجْـثَج: زبردست سیلاب۔ الثَّجْثَجَة: دودھ کا جھاگ جو ہاتھ یا برتن میں چپک جائے۔

المِثَجّ: زبان آور خطیب۔

ثَجْثَجَ. الْمَاءَ: بہانا۔ تَثَجْثَجَ: بہانا۔

ثَجَرَ (ن) ثَجْرًا. التمر: کھجور کو بسر کی کمل کے ساتھ ملانا۔

ثَجَّرَهٗ: کشادہ کرنا۔ چوڑا کرنا۔

الـــثُّجْرَة: درمیان۔ وسط۔ کہا جاتا ہے "اَقَامُوا فِي ثُجْرَةِ الوَادِي" انہوں نے وادی کے درمیان اقامت کی۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیانی حصہ کا اردگرد۔ ج ثُجَر کہا جاتا ہے "طَعَنُوْهُمْ فِي الثُّغَرِ والثُّجَر" الثَّجْـر والثَّجِـر وَالْاَثْجَـر. مِنَ الْوَرَق وَنَحْوِهٖ: موٹا اور چوڑا۔

ثَـجِلَ (س) ثَـجَلًا: بڑے پیٹ والا ہونا صفت (الثَّجِل) مؤنث ثَـجْلَاء ج ثُـجْل کہا جاتا ہے "مَزَادَة ثَجْلَاء" کشادہ توشہ دان۔

ثَجَمَتْ (ض) ثَجْمًا وَاَثْجَمَتْ. السَّمَاءُ: جلدی سے برسنا۔ ثَجَمَهٗ عَنْهُ: جلدی سے باز رکھنا۔

ثَجَا (ن) ثَجْوًا: خاموش رہنا۔

اَثْجَاه: خاموش کرنا۔

ثَخُنَ (ک) ثِخْنًا و ثَخَانَةً و ثُخُوْنَةً: موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔ صفت (ثَخِيْنٌ) ج ثُخَنَاء.

اَثْخَنَ. فِي الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا...... فِي الْعَدُوِّ: خونریزی میں مبالغہ کرنا...... فِي الْاَرْضِ: سخت خون ریزی کرنا۔ اَثْخَنَتْهُ الجراحُ: سُست و کمزور کرنا۔

اِثَّخَنَ: سست و کمزور ہونا۔

اِسْتَثْخَنَ. منه المرضُ او النومُ: غالب آنا۔

ثَدَغَ (ف) ثَدْغًا. راسَهٗ: کچلنا۔ پھوڑنا۔

اِنْثَدَغَ: کچلا جانا۔

ثَدَقَ (ن) ثَدْقًا. المطر: بارش ہونا...... السحاب: برسانا۔ صفت ثَادِق.

اِنْثَدَقَ. النَّاسُ عليه: حملہ کرنا۔

ثَدَّمَ. الابريقَ: چھنا لگانا۔

الثَّدْم: گفتگو اور حجت میں عاجز۔ بیوقوف۔ سست۔ مؤنث ثَدْمَة.
الثِدام: چھننا۔
ثَدِنَ (س) ثَدَنًا. اللحم: بدبودار ہونا۔ (...... وثَدُنَ) الرجلُ: پُرگوشت اور بھاری ہونا صفت (ثَدِن ومُثَدَّن)
أثْدَن. الشَّیْءَ: چھوٹا کرنا۔
ثَدَاهُ (ف) ثَدْوًا: تر کرنا۔
ثَدِیَ (س) ثَدًی: تر ہونا۔
الثَّدْی والثَّدَی: پستان (مذکر ومؤنث) ج ثُدِیّ و ثِدِیّ وأثْدٍ
الثَّدْیاء: بڑی پستان والی عورت۔
ثَرَّ (ن ض) ثَرًّا و ثُرُورًا وثَرُورَةً وثَرَارَةً. الشَّیْءُ: کشادہ ہونا...... السَّحَابَةُ او العَیْنُ: بہت پانی والا ہونا۔ صفت مؤنث (ثَرَّةٌ وثَرُورٌ) صفت مذکر (ثَرٌّ) ج ثِرَار کہا جاتا ہے۔ "مَطَرٌ ثَرٌّ" بڑی بوندوں کی کثیر بارش "وفرسٌ ثَرٌّ" کشادہ قدم رکھنے والا گھوڑا۔ "شَاةٌ ثَرَّةٌ" کشادہ سوراخ۔ پستان اور زیادہ دودھ والی بکری۔
ثَرَّهُ (ن) ثَرًّا: متفرق کرنا...... السَّحَابَةُ ماءَهَا: برسانا۔
ثَرَّرَ. المَکانَ: تر کرنا۔
الثَّرُّ: بہت بولنے والا۔
الثَّارَّة: بہت بولنے والی۔
الثَّرَارَة. مِنَ العُیُونِ: بہت پانی والا چشمہ۔
ثَرَبَهُ (ض) ثَرْبًا و ثَرَبَهُ و ثَرَّبَ عَلَیْهِ وأثْرَبَهُ: ملامت کرنا۔ فعل کی مذمت کرنا۔
"أثْرَبَ الکَبْشُ": زیادہ پردے کی چربی والا ہونا۔ صفت (أثْرَب) مؤنث ثَرْبَاء.
الثَّرْب: پردے کی چربی۔ ج ثُرُوب وأثْرُب جمع أثارب.
ثَرْثَرَ ثَرْثَرَةً. الشَّیْءَ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا...... الکلامَ: واہی تباہی بک بک کرنا۔ صفت (ثَرْثَار)
ثَرَدَ (ن) ثَرْدًا وأثْرَدَ واثَّرَدَ. الخُبْزَ: روٹی توڑ کر شوربے میں تر کرنا۔ صفت مفعولی (ثَرِید و مَثْرُود) ثرید تیار کرنا۔ ثَرَدَ الثوبَ: کپڑا رنگ میں بھگونا۔
ثُرِدَ وثَرِدَ. مِنَ المَعْرَکَةِ: میدان جنگ سے زخمی اٹھایا جانا۔
الثَّرْد: ہلکی بارش۔
الثَّرَد: ہونٹوں کی پھٹن۔
الأثْرَد: پھٹے ہوئے ہونٹوں والا۔
الثَّرِید والثَّرِیدَة: شوربے میں ترکی ہوئی روٹی۔ ج ثَرائد و ثُرُود.
أرْضٌ (مَثْرُودَةٌ ومَثْرَدَةٌ): زمین جس میں ہلکی بارش ہوئی ہو۔
ثَرِعَ (س) ثَرَعًا. الرَّجُلُ: طفیلی ہونا۔
الثُّرْعُلَة: مرغ کی گردن کے پر۔
الثُّرْعُل: مادہ لومڑی۔
الثُّرْعُول: ایک قسم کی گھاس۔
ثَرَمَهُ (ض) ثَرْمًا و أثْرَمَهُ: جڑ سے دانت توڑنا۔
ثَرِمَ (س) ثَرَمًا وانْثَرَمَ: ٹوٹے ہوئے دانت والا ہونا۔ صفت أثْرَم: مؤنث ثَرْمَاء: ج ثُرْم.
الثَّرْمَان: ایک درخت ہے اشنان کی مانند جس کو اونٹ اور بکری کھاتے ہیں۔
الأثْرَمَان: شب وروز۔ زمانہ وموت۔
ثَرَا (ن) ثَرَاءً وثَرِیَ (س) ثَرًی. الرَّجُلُ: بہت مال والا ہونا۔ ثراهُ: بالداری میں بڑھ جانا۔ ثَرَ اللّٰهُ القَوْمَ: زیادہ کرنا۔
أثْرَیٰ إثْرَاءً: بہت مال والا ہونا۔ صفت (ثَرِیٌّ و مُثْرٍ وأثْرَی) مؤنث ثَرْوَاء.
الثَّرَاء والثَّرْوَة: مال یا قوم کی کثرت۔
الثُّرَیَّا: مالدار عورت (ثَرْوَاء کی تصغیر) ستاروں کے مجموعے کا نام۔ جھاڑ۔
الثَّرْوَان: بہت مال والا۔
ثَرِیَ (س) ثَرًی وأثْرَیٰ. التُّرَابُ: خشک ہونے کے بعد تر ونرم ہونا۔ صفت (ثَرِیٌّ وأثْرَی) مؤنث ثَرِیَّة وثَرْیَاء. أثْرَتِ الأرْضُ: زمین کا نمناک ہونا۔
ثَرَّیٰ ہٗ: تر کرنا...... المَکانَ: چھڑکنا۔
الثَّرَیٰ: تری۔ (...... والثراء): نمناک مٹی۔ خیر الثَّرَاء کہا جاتا ہے "یَبِسَ الثَّرَیٰ بَیْنَهُم": یعنی وہ لوگ آپس میں دوست ہونے کے بعد دشمن ہوگئے۔ و "فُلَانٌ قَرِیبُ الثَّرَیٰ": یعنی فلاں خیر سے قریب ہے۔
الثَّرِیُّ والثَّرْوِیُّ. مِنَ المَالِ: بہت مال۔
رِمَاحٌ ثَرِیَة: بہت نیزے۔
ثَعَّ (ض) ثَعًّا: کھایا ہوا قے کر دینا۔
إنْثَعَّ. الأکلُ مِنْ فَمِهِ والدَّمُ مِنْ أنْفِهِ او جُرْحِهِ: قے ہونا۔ نکلنا۔ بہنا۔
ثَعَبَ (ف) ثَعْبًا. الماءَ: جاری کرنا۔ عَلَیْهِم الغَارَة: لوٹ ڈالنا۔
إنْثَعَبَ. الماءُ: نالی یا پرنالہ میں پانی جاری ہونا۔
الثَّعْب: وادی میں پانی بہنے کی جگہ۔ ج ثُعْبان. ماءٌ اوْدَمٌ ثَعْبٌ وثَعَبٌ و أثْعُوبٌ: بہتا ہوا پانی یا خون۔
الثُّعْبُوب: پت۔
الثُّعْبَة والثعبة: خبیث قسم کا گرگٹ۔
المَثْعَب: نالی یا پرنالہ۔
الثُّعْبَان: نر سانپ۔ اژدہا۔ ج ثَعَابِین.
ثَعِطَ (س) ثَعَطًا. اللَّحْمُ اوِ المَاءُ: بدبودار ہونا...... الشَّفَةُ: سوجنا اور پھٹنا۔
الثَّعْطَة: گندہ انڈا۔
ثَعِلَتْ (س) ثَعَلًا. أسْنَانُهُ: ایک دوسرے کے اوپر دانتوں والا ہوا۔ صفت (أثْعَل) مؤنث ثَعْلَاء ج ثُعْل.
اثْعَلَ. الأمْرُ: دشوار ہونا اس طرح پر کہ یہ معلوم نہ ہو کہ کس طرح انجام دیا جائے...... الضُّیُوف: بہت ہونا۔
الثَّعْل: اونٹنی یا بکری یا گائے کے تھن میں باکھ کی زیادتی۔ ج ثُعُول.
الثُّعْل: ایک قسم کا کیڑا جو مشک میں بدبو ہونے پر پیدا ہوجاتا ہے۔
الثُّعْلُول: غضبناک۔
ثُعَالة: مادہ لومڑی کا علم (غیر منصرف)
أرْضٌ (مُثْعَلَة): بہت لومڑیوں والی زمین۔

ثعلب وتثعلب: لومڑی کی طرح مکروفریب کرنا۔

الثعلب: لومڑی۔ جس کے متعلق مشہور ہے کہ اس کے بال ہرسال گرجاتے ہیں اور اسی سے ہے "داء الثعلب" اس بیماری کا نام ہے جس میں بال گرتے ہیں۔ مادہ کو ثعلبة اور نرکو ثعلبان کہتے ہیں اور ثعلب کا اطلاق مذکرومؤنث دونوں پر ہوتا ہے۔ ج ثعالب و ثعال. الثعلب: بھالے کا سر جو پھل کے اندر داخل ہو۔

الثعلبة: دم کی ہڈی۔ سرین۔

عنب الثعلب: مکوے۔ کہا جاتا ہے "مکانٌ (مُثعلِبٌ) وَارضٌ (مُثعلِبَةٌ) بہت لومڑیوں والی جگہ یا زمین۔

ثعثغ کلامَهُ: خلط ملط ہونا۔

فهو تثعثغ وتثعاغ کہا جاتا ہے فلاں اپنی کلام میں خلط ملط کرتا ہے۔

ثعب (ف) ثعبا. الجمد: پگھلنا۔ الدَّم: بہنا۔

تثعبت لثته بالدم: مسوڑھے سے خون بہنا۔

الثعب ج ثعاب واثعاب و (الثعب) ج ثعبان وثعبان: پہاڑ کے سایہ میں تالاب جہاں دھوپ نہ پہنچے اور اس وجہ سے پانی ٹھنڈا ہو۔

ثغر (ف) ثغرا. الاناء: سوراخ کرنا یا توڑنا سنه: اکھیڑنا...... الثلمة: بندکرنا...... الجدار: گرادینا...... الرجل: دانت توڑنا۔ کہا جاتا ہے "ثغرهم وثغرعليهم" اس نے ان پر پہاڑ کے درے کو بند کردیا۔

ثغر واثغر: منہ کھلا جانا...... الصبيُّ: دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔

اثغر واتغر. الصبيُّ: دانت ٹوٹنا یا نکلنا۔

الثغر: اگلے دانت۔ منہ۔ سرحد۔ پہاڑ یا وادی کی کشادگی۔ ج ثغور کہا جاتا ہے "امسوا ثغورا" یعنی وہ لوگ متفرق ہوگئے۔

الثغرة: رخنہ۔ ہنسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا گڑھا۔ آسان راستہ اور اسی سے ہے "هو يخترق ثغر المجد" وہ بزرگی کے راستوں پر چلتا ہے۔

الثغور: ملک کی سرحدوں پر خوف کی جگہ۔

المثغر: منفذ۔

الثغرب: زرددانت۔

اثغم. الوادی: درخت ثغامه والی ہونا...... الراس: سفید ہونا...... الرَّجل: غضب ناک بنانا۔ مبتلاء بدہضمی کرنا۔

ثاغمه: بوسہ دینا۔

الثغم: کاٹنے والا کتا۔

الثغام: ایک قسم کا سفید پھولوں والا درخت واحد ثغامة.

الثاغم: سفید۔

الثقلانُ: جن وانس۔

ثغت (ن) ثغاءً. الشَّاةُ: ممیانا کہا جاتا ہے "ماله ثاغية ولا راغية" اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹنی۔ "وما بالدار ثاغ ولا راغ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اثغى اثغاءً. الشَّاةَ: ممیانے پر اکسانا۔ کہا جاتا ہے "اتيته فما اثغى ولا ارغى" میں اس کے پاس آیا تو اس نے نہ بکری دی نہ اونٹنی۔

الثغية: بھوک اور قبیلہ کا خالی ہونا۔ کہا جاتا ہے "اصاب الحيَّ ثغيةٌ" قبیلہ بھوک میں مبتلاء ہے۔

ثفا (ف) ثفئا. القدر: جوش ٹھنڈا کرنا۔

الثفاء: رائی۔ واحد (ثفاءة)

ثفد. الدرع: زرہ کو لباس کے نیچے پہننا۔

الثفافيد: اوپر تلے سفید بادل (...... و المثافيد) کپڑے کے استر۔ واحد مثفد.

اثفر وثفر. الحمار: پیچھے سے ہانکنا۔

استثفر. الكلب بذنبه: دم دبانا۔

المصارع بثوبه: لنگوٹ کسنا۔

الثفر والثفر: زین کے پچھلے حصہ کا تسمہ ج اثفار.

ثفل (ن) ثفلا و ثفل. الرحى: چکی کے نیچے چمڑہ بچھانا...... الشيءَ: یکبارگی بکھیر دینا۔

اثفل. الخمرُ: تھترنا...... الشراب: تلچھٹ والا ہونا۔

ثافله: ہم نشینی کرنا۔

تثفل: مجد و بزرگی سے کوتاہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "تثفله عرق سوء" اس کو بداصلی نے مجد و بزرگی سے کوتاہ بنادیا...... استه: بیٹھنا۔

الثفال: سست رفتار اونٹ وغیرہ۔

الثفال: چکی کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ (...... والثفال) چکی کا نچلا پاٹ۔

الثفل و الثافل: تلچھٹ۔

ثفنت (ض) ثفنا. الناقة: گھٹنے سے مارنا۔

ثفنه: دفع کرنا۔ مارنا۔ ثفن الشيءُ: لازم ہونا۔

ثفنت (س) ثفنا. يده: کام کرنے سے سخت ہونا۔ اثفن العملُ يده: سخت کردینا۔

ثافنه: ہم زانو ہوکر بیٹھنا۔ کسی کے ساتھ لگے رہنا یہاں تک کہ اس کا بھید معلوم کرلینا...... على كذا: مدد کرنا۔

الثفنة. من البعير: اونٹ کا وہ حصہ جو بیٹھتے ہوئے زمین پر لگے اور سخت ہوگیا ہو کہا جاتا ہے "خوى البعيرُ على ثفناته" یعنی اونٹ بیٹھ گیا۔ من الانسان: زانو...... من الخيل: گھوڑے کے زانو کا اندرونی حصہ۔ ج ثفنات السفينة: لوگوں کی جماعت۔

ثفا (ن) ثفوا. ه: تابع ہونا...... پیروی کرنا۔ پیچھے جانا۔

اثفى. الرجلُ: تین عورتوں سے نکاح کرنا (...... وثفى) القدر: ہانڈی کو چولہے کے پایہ پر رکھنا

المثفى: وہ شخص جو تین یا زیادہ بیویوں کو دفن کرچکا ہو۔

المثفاة: وہ عورت جس کے تین یا زیادہ شوہر مرچکے ہوں۔

ثقب (ن) ثقبا. الشيءَ: سوراخ کرنا۔ چھیدنا...... ثقوبا) النارُ: روشن ہونا......

النَّجْمُ: چمکنا...... الطَّائِرُ: اونچا اڑنا......
النَّاقَةُ: بہت دودھ والی ہونا...... رَأيُهُ: نافذ
ہونا...... الرَّائِحَةُ: پھیلنا۔
ثَقُبَ (ک) ثَقَابَةً: سرخی میں آگ کے
مشابہ ہونا۔ صفت (ثَقِيب) مؤنث ثَقِيبَةٌ۔
ثَقَّبَ و تَثَقَّبَ. الشَّيْءَ: سوراخ کرنا۔
چھیدنا۔ ثَقَّبَهُ الشَّيْبُ وَثَقَّبَ فِيهِ
الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ (ثَقَّبَ
واَثْقَبَ) النَّارَ: روشن کرنا (تَثَقَّبَ
وانْثَقَبَ) سوراخ ہونا۔
الثَّقْبُ: سوراخ۔ ج اَثْقُب و ثُقُوب۔
الثُّقْبَة: چھوٹا سوراخ۔ ج ثُقَب و ثُقْب۔
الثِّقَابُ و الثُّقُوبُ: چھپٹی۔ چھوٹی چھوٹی
لکڑیاں جن سے آگ سلگائی جاتی ہے اور
جس کو عوام شخط یا نفط کہتے ہیں۔
الثَّاقِبُ. رَأيٌ ثَاقِبٌ: عمدہ رائے۔ "عَقلٌ
ثَاقِبٌ" عقل کامل۔ حَسَبٌ ثَاقِبٌ: مشہور
حسب کہا جاتا ہے "نَحنُ اَثْقَبُ النَّاسِ
اَحْسَابًا": ہم لوگوں میں حسب کے لحاظ سے
مشہور ہیں۔
الأثْقُوب: اُمور میں بہت زیادہ دخل دینے
والا۔
المِثْقَبُ: برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔ کہا
جاتا ہے "رَجُلٌ مِثْقَبٌ" یعنی سمجھدار تجربہ کار
عمدہ رائے والا۔
المَثْقَب والمِثْقَب: بڑا راستہ۔ سخت دشوار
راستہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَلاَّعُ المَثَاقِبِ":
یعنی وہ بہادر ہے
المُثَقَّبُ: سوراخ کیا ہوا۔
ثَقِفَ (س) وثَقُفَ (ک) ثَقْفًا وثَقَفًا
وثَقَافَةً: زیرک وسبک وچالاک ہونا۔ صفت
(ثَقْفٌ وثَقِفٌ وثَقُفٌ و ثَقِيفٌ)
ثَقِفَهُ (س) ثَقْفًا: کامیاب ہونا۔ فتح مند
ہونا۔ پالینا...... ثَقْفًا وثَقَافَةً وثُقُوفَةً
الكَلامَ: جلدی سے سمجھ لینا۔
ثَقَفَهُ (ن) ثَقْفًا: دانائی میں غالب ہونا۔
...... بالرمح: نیزہ مارنا۔

ثَقَّفَ. الرُّمْحَ: سیدھا کرنا...... الوَلَدَ:
مہذب بنانا۔ تعلیم دینا۔
ثَاقَفَهُ: ہتھیاروں سے باہم کھیلنا۔ دانائی میں
غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ کہا
جاتا ہے "ثَاقَفْتُهُ فَثَقَفْتُهُ": یعنی میں نے اس
پر غالب آنے کی کوشش کی اور غالب ہوگیا۔
تَثَاقَفَا: باہم جھگڑا کرنا۔ دانائی میں ایک
دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرنا۔
الثِّقَافُ: جھگڑا۔ نیزوں کے سیدھا کرنے کا
اوزار۔
اِمْرَأَةٌ (ثَقَاف) ذکی و ذہین عورت۔
الثَّقِيفُ: بہت زیرک و چالاک...... خَلٌّ
ثَقِيفٌ: بہت کھٹا سرکہ۔
المُثَقَّفُ: شعراء کے عرف میں بمعنی نیزہ۔
ثَقُلَ (ک) ثِقَلاً و ثَقَالَةً: بھاری ہونا۔
صفت (ثَقِيل وثُقَال و ثَقَال) ج ثُقَلاءُ
وثِقَال وثُقُل...... السمعُ: کچھ بہرا ہونا......
القولُ: سننا ناگوار ہونا...... المَرْأَةُ: حمل ظاہر
ہونا۔
ثَقَلَهُ (ن) ثَقْلاً: وزن معلوم کرنے کے لئے
ہاتھ میں اٹھانا۔
ثَقُلَ (ک) ثَقْلاً. المَرِيضُ: سخت بیمار
ہونا۔
ثَقَّلَهُ: بوجھل کرنا...... الحَرْفَ: تشدید دینا
...... عَلَيْهِ: بھاری بوجھ لادنا......
المَرَضُ: سخت ہونا۔ "اَثْقَلَتِ المَرْأَةُ" حمل کا
بھاری ہونا اور ولادت کا وقت قریب ہونا۔
تَثَاقَلَ: بتکلف ثقل ظاہر کرنا...... عَنْهُ: دیر لگانا
...... القَومُ: باوجود مدد طلب کئے جانے کے
مدد کے لئے نہ اٹھنا۔
اِثَّاقَلَ. اِلَى الدُّنْيَا: مائل ہونا۔
اِسْتَثْقَلَ. الشَّيءَ: بوجھل ہونا
...... الشَّيءَ: بوجھل پانا...... بِفُلاَنٍ: بوجھ کو
محسوس کرنا۔
الثَّاقِلُ: بوجھل۔ مَرَضٌ ثَاقِلٌ: سخت مرض۔
دِينَارٌ ثَاقِلٌ: پورا دینار۔ ج ثَوَاقِل کہا جاتا
ہے "اَصْبَحَ ثَاقِلاً" یعنی اس کو مرض نے

بوجھل کردیا۔
الثَّقَلُ: مسافر کا سامان اور اس کے نوکر
چاکر۔ کہا جاتا ہے "اَعْطِهِ ثِقْلَهُ" اس کو اس
کے برابر دیدو ج اَثْقَال۔ والأثقال: زمین
کے خزانے اور دفینے۔ مُردے۔ قرآن مجید
میں ہے: ﴿وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ
اَثْقَالَهَا﴾ اور زمین اپنا بوجھ باہر نکال پھینکے
گی۔
الثِّقْل: گرانباری۔
الثَّالُوثُ الاَقْدَس: معبود ذات کے تین
اقانیم میں سے تیسرا۔ اقنوم ثلاثہ۔
الثَّقْلَة والثِّقْلَة والثَّقَلَة والثِّقَلَة
والثُّقْلَة: کل ساز و سامان۔ کہا جاتا ہے
"وَارْتَحَلُوا بِثَقَلَتِهِمْ" وہ لوگ مع اپنے
پورے ساز و سامان کے چلے گئے۔
الثَّقْلَة: پیٹ میں خوراک کی گرانی۔ اونگھ۔ کہا
جاتا ہے "وَجَدتُ ثَقْلَةً فِي جَسَدِي" میں
نے اپنے بدن میں سستی محسوس کی۔
المِثْقَال: تولنے کے اوزان۔ مِثْقَالُ
الشَّيْءِ: چیز کا وزن یا چیز کی ترازو۔ ج
مَثَاقِيل اور مثقال: عرف میں ڈیڑھ درہم
کے وزن کا ہوتا ہے اور کبھی کم اور کبھی
زیادہ۔
ثَكِلَ (س) ثُكْلاً و ثَكَلاً. اِبْنَهُ: گم کرنا۔
صفت (ثَاكِل وثَكْلان) مؤنث ثَاكِل
وثَاكِلَة وثَكْلَى ج ثَوَاكِل وثَكَالَى
اَثْكَلَ. الاُمَّ وَلَدَها واَثْكَلَ الوَلَدُ اُمَّهُ: بچے
سے ماں کو گم کرادینا اور ماں کے سامنے بچے
کا مرجانا۔
الثُّكُول و المِثْكَال: بچے کو بہت گم کرنے والی
عورت۔ جمع مَثَاكِيلُ۔ کہا جاتا ہے "نِسَاءُ
الغُزَاةِ مَثَاكِيلُ" غازیوں کی عورتیں بچے کو گم
کرنے والی ہیں۔
المَثْكَلَة: سبب گمشدگی فرزند۔ کہا جاتا ہے
"رُمُحه لِلْوالدات مَثْكَلَة" اس کا نیزہ ماؤں
کے لئے بچوں کے گم کرنے کا سبب ہے۔
ثَكِمَ (ن) ثَكْمًا. الاَمْرَ والطريقَ: کسی امر یا

کسی راستے کے لئے لازم ہونا۔
الآثار: پیروی کرنا...... لہ الامر: واضح طریقہ سے بیان کرنا۔
وثکم (س) ثکماً۔ بالمکان: اقامت کرنا۔
ثکم الطریق وثکمتہ: راستہ کا درمیان۔
ثلّ (ن) ثلاً۔ البئر: کنوئیں سے مٹی نکالنا ...... الوعاء: برتن سے سب کچھ نکال لینا ...... (ثلاًثلّلاً) القوم: ہلاک کرنا ...... البیت: گرا دینا۔ ڈھا دینا۔ کہا جاتا ہے ثلّ اللہ عرشھم" یعنی اللہ نے ان کے ملک کو برباد کر دیا۔ وثلّ عرشھم: اُن کی عزت ضائع ہوگئی ...... التراب: گرانا۔ ڈالنا ......
ثلّ ذی حافر: لید کرنا۔
الثلّہ اثلالاً: مرمت کرنے کا حکم دینا۔
الرّجل: بہت بھیڑوں والا ہونا۔ فمہ: بے دانت والا ہونا۔
تثلّل۔ البیت: آہستہ آہستہ گرنا۔
انثلّ: ڈھے جانا۔ گرجانا۔
الثلل: ہلاکت۔ دانتوں کا گرنا۔
الثلہ: ہلاکت۔ ج ثلل۔
الثلّۃ: بھیڑوں کا ریوڑ۔ اُون۔ کہا جاتا ہے "کساء جید الثلّۃ" عمدہ اُون کا کمبل۔ کنوئیں کی نکالی ہوئی مٹی۔ ج ثِلَل وثلال: اون، بال اور اُونٹوں کے بال کا مجموعہ۔
الثُلّۃ: لوگوں کی جماعت۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا یفرّق بین الثلّۃ والثُلّۃ" فلاں بھیڑوں اور آدمیوں کی جماعت میں کوئی فرق نہیں کرتا۔
الثِلّۃ: بستی وہلاکی۔ جمع ثِلَل۔
المثلّۃ: بیابان میں سائبان۔
ثلبہ (ض) ثلباً: عیب لگانا۔ ملامت کرنا۔ غیبت کرنا۔ گالی دینا۔ دھتکارنا ......
الشئ: رخنہ ڈالنا۔
ثلّب۔ الرّجل: بہت بوڑھا ہونا اور دانتوں کا گر جانا۔

ثلِب (س) ثلباً۔ الشئ: رخنہ دار ہونا۔ ...... الجلد: سکڑنا۔
الثِلب: بوڑھا اونٹ جس کے دانت گر گئے ہوں۔ ج ثِلَبۃ واثلاب۔
والثَلِب: عیب دار۔ ذلیل۔ رُمح ثَلِب: رخنہ دار نیزہ۔
الإثلب والاَثلب: مٹی یا پتھر کا چورہ۔ ج اثالب۔
المِثلب: وہ شخص جس کی عادت عیب لگانے کی ہو۔
المَثلبۃ: عیب۔ گالی۔ کہا جاتا ہے "ماعرفت فیہ مَثلبۃ" میں اس کے اندر کوئی عیب نہیں جانتا۔ ج مثالب۔ مثالب الامر: کسی امر کے عیوب۔
ثلث (ن) ثلثاً۔ الشئ: تہائی لینا۔ ...... القومَ: تہائی مال لے لینا۔ تیسرا ہونا۔
ثلّث۔ الاثنین: اپنے کو ملا کر تین کر دینا ...... الشئ: مثلث بنانا ...... الشراب: تہائی باقی رہنے تک پکانا ...... الشئ: تین مرتبہ کرنا۔
اثلث۔ القوم: تین ہونا۔ تیس ہونا۔ مثلاً "کانوا تسعۃ وعشرین فاثلثوا" وہ لوگ انتیس تھے تیس ہوگئے۔
الثلاثۃ: تین۔ مؤنث ثلاث۔
ذو الثلاث: تین لٹ والی رسّی اور تم کہتے ہو "فعلہ ثلاثاً" اس نے اس کو تین مرتبہ کیا۔
الثِلث: اُونٹنی کا تیسرا بچہ۔ کہا جاتا ہے "سقی زرعہ الثِلث" اس نے اپنے کھیت کو تین دن میں ایک مرتبہ پانی دیا۔
الثُلث والثُلُث: تہائی۔ ج اثلاث اور اسی معنی میں (الثلیث) ہے۔
الثلاثاء والثُلاثاء ویوم الثلثاء: منگل۔ اس کا تثنیہ ثلاثاء ان اور جمع ثلاثات وثلاثاءات واثالث۔
الخط الثُلثی: موٹے حروف والا خط۔
الثلاث اَومَثلث: وہ تین تین آئے۔ یہ غیر منصرف ہے اور یہ کرو مؤنث دونوں کے

لئے یکساں ہے۔
الثلثان والثلثان: کوئے کا پودہ۔
الثلاثون: تیس (مذکر ومؤنث)
الثالوث: تین سے مرکب۔
المثلث: جو تانت کہ تین لٹ کا ہو۔ بربط۔ باجہ کا تیسرا تانت۔ ج مثالث۔
المثلِّث والمثلِث: بادشاہ کے پاس چغل خوری کرنے والا۔
المثلث: من الاحرف: تین نقطوں والا یا تین حرکتوں والا۔ والمثلث فی الھندسۃ: تین ضلعوں والی شکل۔
المثلوث: تین سے مرکب۔ وہ چیز جس کی تہائی لے لی گئی ہو ...... من الحبال: تین لٹوں کی بٹی ہوئی رسّی۔ کساء مثلوث: اون، بال اور اونٹوں کے بال کا بنا ہوا کمبل۔
المثلوثۃ: تین چمڑے کا بنا ہوا توشہ دان۔
ثلجت (ن) ثلجاً وأثلجت السماءُ: برف گرانا۔ تم کہتے ہو ثُلِجنا "السماء" یعنی ہمارے اوپر برف پڑی۔
ثلجت (ن) ثلوجاً۔ نفسی بہ والیہ: خوش ہونا۔ مطمئن ہونا۔
ثلجت (س) ثلجاً واثلجت۔ نفسی بہ: مطمئن ہونا۔ خوش ہونا۔
ثُلِج۔ فؤادہ: بلید الطبع ہونا۔ صفت (مثلوج) الفؤاد۔ ثلجت الارض وأثلجت: برف پڑنا۔
اثلجہ: خوش کرنا۔ اثلج القوم: برف میں داخل ہونا۔ اثلجت عنہ الحمّی: زائل ہونا۔ اثلج ماء البئر: ختم ہونا۔
الثلج: برف۔ ج ثلوج۔ واحد ثلجۃ۔ ماءٌ ثلج: ٹھنڈا پانی۔
الثلج: عقاب کا چوزہ۔
الثلاّج: برف بیچنے والا۔
الثلاجی: بہت سفید۔ کہا جاتا ہے "فصلٌ ثلاجی"
المثلجۃ: برف کی حفاظت کی جگہ۔
المثلوج: برف پڑی ہوئی چیز۔ رجل

مَثْلُوجُ الْفُؤَادِ: بلید الطبع مرد ماءۃ
مَثْلُوج: برف سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی۔
ثَلَطَ (ض) ثَلْطًا. الثَّورُ وَالْبَعِيرُ: پتلا پاخانہ کرنا۔
ثَلَغَ (ف) ثَلْغًا. رَأسَهُ: کچلنا۔ توڑنا۔
ثَلَغَ (ف) ثَلْغًا. رَأسَهُ: کچلنا۔ توڑنا۔
الْمُثَلَّغ. مِنَ التَّمْرِ: پھٹ کر زمین پر گری ہوئی کھجور۔ تم کہتے ہو "تَنَاثَرَتِ الثِّمَارُ ثُلِغَتْ" پھل بکھر گئے اور پھٹ گئے۔
ثَلَمَ (ض) ثَلْمًا وثَلَّمَ. الْحَائِطَ: رخنہ ڈال دینا..... الإنَاءَ: کنارے سے توڑنا۔
ثَلِمَ (س) ثَلَمًا وتَثَلَّمَ وانْثَلَمَ: رخنہ پڑنا۔
ثَلِمَ ثُلْمَةً فِي مَالِهِ: کچھ ضائع ہونا۔
الثَّلَم ج الثلام و (الثُّلْمَة) فِي الْحَائِطِ وَنَحْوِهِ: شگاف۔ رخنہ۔ خلل۔ ٹوٹی ہوئی جگہ۔
الأَثْلَم: ہر وہ چیز جس کا رخنہ ظاہر ہو۔ مٹی، پتھر۔
ثَمَّ (ن) ثَمًّا. الشَّيءَ: درست کرنا۔ تم کہتے ہو "ثَمَمْتُ أُمُورِي" میں نے اپنے اُمور کو درست کرلیا۔ ثَمَّتِ الشَّاةُ النَّبْتَ بِفَمِهَا: بکری نے گھاس کو اپنے منہ سے صاف کرلیا۔
انْثَمَّ: الْجِسْمُ: گھلنا۔ کمزور ہونا..... الشَّيْخُ: بوڑھا ہونا۔ صفت (ثَمَّة)
ثَمَّ وثَمَّةَ: وہاں۔ اسم ہے جس سے بعد کی طرف اشارہ کیا جاتا ہے۔
الثَّم. ثم کا مصدر بمعنی درست کرنا اور اسی سے ہے "كُنَّا أَهْلَ ثَمِّهِ ورَمِّهِ" ہم اصلاح و مرمت کے اہل تھے اور کہا جاتا ہے "هو ثُمُّهُ وَرُمُّه او ثُمُّهُ وَرِمَّهُ او ثِمَّةُ ورِمَّةُ" وہ اس کا جید و ردی قلیل و کثیر ہے اور کہا جاتا ہے "ماله ثُمٌّ ولا رُمٌّ" یعنی وہ کسی چیز کا مالک نہیں۔
ثُمَّ: حرف عطف ہے۔ ترتیب اور تراخی کے لئے مستعمل ہے اور اس پر تا بھی آتا ہے کہا جاتا ہے ثُمَّتَ۔
الثُّمَّةُ: سوکھی گھاس کا مٹھا۔

الثُّمَام: ایک قسم کی گھاس جو لانبی نہیں ہوتی واحد ثُمَامَة۔
الْخِضَم. مِنَ النَّاسِ: اچھا اور ہر قسم کا کھانا کھانے والا۔
ثَمَأَهُ (ف) ثَمْأً: چربی کھلانا..... الرَّأسَ: کچلنا توڑنا..... الأنْفَ: کنارہ توڑ دینے سے خون بہنا۔
انْثَمَأَ. الرَّأسُ: کچلا جانا۔ ٹوٹنا۔
الثَّمُوت: وہ شخص جو جماع کے وقت پاخانہ کردے۔
ثَمَجَهُ (ض) ثَمْجًا: باہم ملانا۔
الْمُثَمَّج: مختلف رنگوں سے رنگنے والا۔ مؤنث مُثَمِّجَة۔
ثَمَدَ (ن ض) ثَمْدًا واثَّمَدَ واسْتَثْمَدَ. الْمَاءَ: پانی جمع ہونے کے لئے حوض کی مانند بنانا۔ ثَمَدَ الشَّيْءُ فلانًا: کسی کے پاس کسی چیز کا اس طرح ہونا کہ اس کا سارا مال ضائع ہو جائے۔
..... النَّاقَةُ بِالْحَلَبِ: دوہنے میں اونٹنی کا دودھ کو ختم کردینا۔
اثْمَدَ واثَّمَدَ واثْتَمَدَ: تھوڑے پانی کی طرف جانا۔
اسْتَثْمَدَه: بخشش طلب کرنا۔
الثَّمْد والثَّمَد: تھوڑا پانی جو جاڑوں میں جمع رہے اور گرمیوں میں خشک ہو جائے گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ج ثماد۔
الإثْمِد والأُثْمُد: ایک قسم کا پتھر جس سے سرمہ تیار کیا جاتا ہے اور جس کو علماء کیمیا انتیمون کہتے ہیں۔
رَجُلٌ (مَثْمُود) وہ شخص جس کو سائلین کی کثرت مفلس بنائے۔
ثَمَرَ (ن) ثُمُورًا وأَثْمَرَ. الشَّجَرُ: پھلدار ہونا۔ صفت (ثَامِر ومُثْمِر). أثْمَرَ الشَّجَرُ
الثَّمرُ: پھل لانا۔ اثمر القومَ: پھل کھلانا۔
ثَمَّرَ: مَالَه: بڑھانا۔ زیادہ کرنا۔
اسْتَثْمَرَ: الشَّيْءَ: نتیجہ خیز بنانا.....
الرَّجُلُ: پھل پانا۔

الثَّمَر: پھل واحد ثَمَرَة ج ثِمَار جج أثْمار وثُمُر. الثَّمَرة: نسل۔ اولاد۔ ثمرة اللِّسَان: زبان کا کنارہ..... السَّوْط: چابک کے سرے کی گرہ اور اسی سے ہے "أمَرَ الْجَلَّادَ أن يَدُقَّ ثَمَرَةَ سَوْطِهِ" اس نے جلاد کو حکم دیا کہ کوڑے کے سرے کی گرہ کو کچل لے۔ ثمرة القلب: دوستی۔ محبت اور اسی سے ہے "خَصَّنِي بِثَمَرَةِ قَلْبِهِ" اس نے مجھ کو اپنی دوستی کے لئے خاص کیا۔
الثَّامِر: لوبیا۔
شَجَرَةٌ (ثَمْرَاء) پھل دار درخت۔ أَرْضٌ ثَمْرَاء: بہت پھلوں والی زمین۔
ثَمِلَ (س) ثَمَلاً: مست ہونا۔ صفت (ثَمِل)
ثَمَلَهُ (ن ض) ثَمْلاً: فریاد رسی کرنا۔ کھلانا پلانا۔ غم خواری کرنا۔
أثْمَلَهُ: مدہوش کرنا۔ أثْمَلَ اللَّبَنُ: بہت جھاگ والا ہونا۔
(..... وثَمَّلَ) اللَّبَنَ: جھاگ اٹھنے کے لئے اچھالنا۔
تَثَمَّلَ. ما في الإناء: پینا۔
الثَّمَلَة ج ثُمُول و (الثَّمْلَة) ج ثُمَل (الثَّمِيلَة) ج ثَمِيل وثَمَائِل و (الثُّمَالَة) ج ثُمَال: حوض یا برتن میں باقی ماندہ پانی وغیرہ۔ الثُّمَالَة: جھاگ۔
الثَّمَال والمُثْمِل: زہر قاتل۔
ثِمَالُ. الْقَوْمِ: قوم کا فریاد رس۔
الثَّمِيل: کھٹا دودھ۔
الْمَثْمَلَة: حوض۔ تالاب۔
الْمِثْمَلَة: حوض کی تلی کی کیچڑ۔ چرواہے کا تھیلا۔ جس کو وہ اپنے کندھے پر رکھتا ہے۔
ثَمَنَ (ن ض) ثَمْنًا. الرَّجُلَ: کسی شخص کے مال کا آٹھواں حصہ لینا..... الشَّيْءَ: آٹھواں حصہ لینا..... القَوْمَ: آٹھواں ہونا۔
ثَمُنَ (ک) ثَمَانَةً. الشَّيْءُ: قیمتی ہونا۔
ثَمَّنَ. الشَّيْءَ: قیمت کا اندازہ کرنا۔ آٹھ ضلعوں والی بنانا۔

اَثْمَنَ القومُ: آٹھ ہونا۔ اَثْمَنْتُ المالَ زَیدًا اولِزَیْدٍ: قیمت دینا۔

الثَّمَن: بیع شدہ چیز کا بدلہ۔ قیمت ج اَثْمان واَثْمِنَه واَثْمُن۔

الثُّمُن والثُّمْن: آٹھواں حصہ۔ ج اَثْمان اسی معنی میں ثَمِیْنٌ: ہے اور الثَّمِین: قیمتی۔

اَتَوا (ثُمان ومَثْمَن) وہ لوگ آٹھ آٹھ آئے (غیر منصرف ہے)

الثَّمانِیَة: آٹھ۔ مؤنث ثَمان: اور تم کہو گے "ثَمانِیَةَ عَشَرَ رَجُلاً وَثَمانِیَ عَشْرَةَ اِمْرَأَة"

الثَّامِن: آٹھواں۔

الثَّمانُون: اسّی (۸۰)

المُثَمَّن: وہ چیز جس کی قیمت کا اندازہ کیا گیا ہو۔ ہشت پہل۔ آٹھ ضلعوں والی چیز۔

الثُّنَّة: گھوڑے کے پاؤں کے پچھلے حصہ کے بال ج ثُنَن۔

الثُّنْدُؤَة والثَّندوة: مرد کا وہ حصہ جو عورت کے پستان کا ہے۔ ج ثَناد۔

الثُّنطُب: تجربانے والوں کی چھری۔

ثَنی (ض) ثَنْیًا الشَّیْءَ: موڑنا۔ لپیٹنا۔ بعض کو بعض پر تہہ کر دینا ...... روکنا ...... زَیدًا: حاجت سے باز رکھنا۔ دوسرا ہونا۔ تم کہتے ہو "هٰذا وَاحِدٌ فَاثْنِه" یہ ایک ہے تم دوسرے بن جاؤ کہا جاتا ہے "ثَنی عَلَیْهِ بِضَرْبَةٍ ثَانِیَةٍ" اس نے اس کو دوبارہ مارا۔ "وَفُلانٌ لَا یَثْنِي وَلَا یَثْلُثُ" یعنی فلاں چلنے کی طاقت نہیں رکھتا۔ "وَثَنی صَدْرَهٗ" یعنی اس نے اپنے دل میں دشمنی کو پوشیدہ کیا۔

ثَنَّی الشَّیْءَ تَثْنِیَةً: دوہرا کرنا ...... بِالْاَمْرِ: ایک کام کے ساتھ دوسرا کام ملا دینا۔ الکلمۃَ: تثنیہ کی علامت لگانا۔ ایک حرف پر دو نقطے لگانا۔

اَثْنی الرَّجُلُ: دوسرا ہونا ...... عَلَیْهِ: تعریف کرنا ...... عَلَیْهِ بِالضَّرْبِ: دوبارہ مارنا۔

تَثانَوْا عَلَیْهِ: مہربانیاں ظاہر کرنا۔

اِسْتَثْنَی الشَّیْءَ: حکم عام سابق سے نکالنا ...... فُلانًا وَ عَلٰی فُلانٍ: کسی کو غیر کے حکم سے خارج کرنا۔

اِثْنَوْنَی صَدْرُهٗ عَلَی الْبَغْضَاءِ: بغض و عداوت پر مشتمل رہنا۔

الثِّنْیُ مِنَ الثَّوْبِ: پیچ۔ لپیٹ۔ تم کہتے ہو "اَرْسَلْتُه ثِنْیِ کِتَابِي" میں نے اس کو اپنے خط میں ملفوف کر کے بھیجا ...... مِنَ الوَادِي: موڑ ...... مِنَ اللَّیْلِ: وقت ...... مِنَ الحَیَّةِ: کنڈلی ج اَثْنَاء۔ اَثْنَاءُ الکَلامِ: دوران گفتگو۔ تم کہتے ہو "جَاؤُوا فِي اَثْنَاءِ الْاَمْرِ" یعنی وہ لوگ کام کے درمیان میں آئے۔

الثِّنْیُ: دہرائی ہوئی بات۔ ج ثِنْیَة (...... والثُّنْیَان) سردار سے دوسرے درجہ کا آدمی۔

الثَّنَاء: تعریف۔ ج اَثْنِیَة۔

الثِّنَاء: اونٹ کے زانو باندھنے کی دہری رسّی۔

اَتَوا (ثُنَاءَ ومَثْنٰی) وہ لوگ دو دو آئے (غیر منصرف ہے اور مذکر و مؤنث کے لئے یکساں ہے)۔

الثَّنِي: ج ثِنَاء وثُنْیَان: وہ جانور جس کے سامنے کے دانت گر گئے ہوں۔

الثَّنِیَّة: سامنے کے اوپر کے نیچے کے دو دو دانت۔ ج ثَنَایا استثناء: کہا جاتا ہے "حَلَفَ یَمِیْنًا لَیْسَ فِیْهَا ثُنْیَة" اس نے بغیر استثناء کے قسم کھائی۔ گھاٹی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ طَلَّاعُ الثَّنَایَا" یعنی فلاں مشقتوں کا برداشت کرنے والا ہے۔

تَثْنِیَةُ الْاِشْتِرَاعِ: موسیٰ علیہ السلام کی کتابوں میں سے پانچویں کتاب۔

الثُّنَائِي مِنَ الْاَلْفَاظِ: دو حرفوں والا۔

اِثْنَانِ: مؤنث ثِنْتَانِ واِثْنَتَانِ: دو۔

الْاِثْنَانِ ویَوْمُ الْاِثْنَیْنِ: پیر کا دن۔ سوموار۔

الثَّانِي: مؤنث الثَّانِیَة: دوسرا۔

الثَّانِیَة: سیکنڈ۔ ج الثَّوَانِي

الثُّنْوَیٰ والثُّنْیَا مِنَ الْجَزُوْرِ: ذبح کئے ہوئے جانور کا سر و پاؤں مستثنیٰ کیا ہوا۔

المَثْنَی: بربط باجہ کے پہلے تار کے بعد والا تار "مَثْنَی الْوَادِي" وادی کا موڑ۔ ج المَثَانِي۔

المَثَانِي: قرآن کی آیتیں۔ مَثَانِيَ الشَّيْءِ: کسی چیز کی لڑی وغیرہ۔ وَالْمَثَانِي مِنَ الدَّابَّةِ: زانو اور کہنیاں۔

المِثْنَاة: اُون اور بال وغیرہ کی رسّی۔ کجی لپیٹ ج مَثَانِیَة۔

ثَابَ (ن) ثَوْبًا و ثُؤُوْبًا: لوٹنا ...... النَّاسُ: اکٹھا ہونا ...... المَاءُ: حوض میں جمع ہونا (...... ثَوَبَانًا واَثْوَبَ اِثْوَابًا) المَرِیْضُ: چنگا ہونا۔

ثَوَّبَه مِنْ کَذَا: بدلہ دینا ...... الرَّجُلُ: جانے کے بعد واپس ہونا۔ (...... وَتَثَوَّبَ) المُصَلِّي: فرض کے بعد نفل نماز پڑھنا۔

اَثَابَ اِثَابَةً. الرَّجُلُ: چنگا ہونا ...... الرَّجُلَ: بدلہ دینا ...... ہ جزاءہ: دینا۔ ...... الحوضَ: بھرنا۔

تَثَوَّبَ: ثواب حاصل کرنا۔

اِسْتَثَابَ المالَ: لوٹانا ...... الرَّجُلَ: بدلہ مانگنا۔

الثَّائِبُ: فا۔ بارش سے پہلے کی تیز ہوا ...... مِنَ البَحْرِ: سمندر کا بڑھتا ہوا پانی بھاٹا کے بعد۔

الثَّوْبُ کپڑا ج ثِیَاب واَثْوَاب واَثْؤُب کہا جاتا ہے "طَاهِرٌ او دَنَسُ الثِّیَابِ" پاک نفس یا خبیث النفس۔

الثَّوَابُ والمَثُوْبَة والمَثْوَبَة: اعمال کا بدلہ۔ خیر ہو یا شر عمومًا خیر کے لئے مستعمل ہے۔

الثَّوَابُ: شہد۔ شہد کی مکھی۔

الثَّوَّابُ: بزاز۔ کپڑے کا سوداگر۔ کپڑے والا۔

الثِّیَابِي: کپڑوں کا محافظ۔

المَثَابُ والمَثَابَة: جمع ہونے کی جگہ۔ "مَثَابُ الْبِئْرِ ومَثَابَتُهَا" کنوئیں کے ارد گرد کے اونچے پتھر۔

الثُّوْج: مٹی چونا اٹھانے کی ٹوکری۔

ثاخت (ن ض) ثَوْخًا وثَيْخًا. الْاِصْبَعُ فِي الْوَرَمِ والرَّجُلُ فِي الْوَحْلِ: انگلی کا ورم میں یا پیر کا کیچڑ میں دھنسنا۔
ثَارَ (ن) ثَوْرًا وثَوَرَانًا وثُؤُورًا: جوش میں آنا۔ بھڑکنا اور اسی سے ہے "ثَارَتِ الْفِتْنَةُ بَيْنَهُمْ" ان کے درمیان فتنہ وفساد بھڑک اٹھا۔
.... الْغُبَارُ اَوِ الدُّخَانُ: بلند ہونا......
الْجَرَادُ: ٹڈیوں کا ظاہر ہونا ......
.... نَفْسُهٗ: جی کا متلانا...... اِلَيهِ وَبِهٖ: حملہ کرنا۔ کود پڑنا۔
ثَاوَرَهٗ مُثَاوَرَةً وثِوَارًا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
ثَوَّرَهٗ وآثَارَهٗ واِسْتَثَارَهٗ: جوش دلانا۔ ثَوَّرَ الْاَمْرَ: کھود کرید کرنا۔ ثَوَّرَ الْكِتَابَ: معانی میں بحث کرنا۔
تَثَوَّرَ: جوش میں آنا۔
ثَوَرَانُ. الشفق وثَوْرُهٗ: شفق کی سرخی۔
الثَّوْرُ: بیل۔ آسمان کے ایک برج کا نام ج ثِيرَان . وَالثَوارُ وثِيَارٌ وثِيَرَةٌ وثِوَرَةٌ.
الثَّوْرُ: پنیر کا بڑا ٹکڑا۔ ج اَثْوَار وثِوَرَةٌ.
الثَّوْرُ: ناخن کی جڑ کی سفیدی۔
الثَّوْرَةُ: گائے۔ کثرت۔ کہا جاتا ہے ثَوْرَةٌ رِجَالٍ اَوْ رِمَالٍ '' : لوگوں کی یا ریت کی کثرت۔ جوش وہیجان۔ بغاوت۔
الثَّائِرُ: فا۔ کہا جاتا ہے "ثَارَ ثَائِرُهٗ فَارَ فَائِرُهٗ" یعنی وہ غضبناک ہوا۔ "وَرَاَيْتُهٗ ثَائِرَ الرَّاسِ" میں نے اس کو پراگندہ بال دیکھا۔
الثَّائِرَةُ: شور۔ جمع۔ ج ثَوَائِر.
الْمَثْوَرَةُ: بہت بیلوں والی زمین۔
ثَاعَ (ن) ثَوْعًا. الماءُ: بہنا۔

ثَوِلَتْ (س) ثَوَلًا وثَالَتْ (ن) ثَوْلًا. الشَّاةُ خَاصَّةً: دیوانی ہونا...... الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا۔ صفت (اَثْوَلُ) مؤنث ثَوْلَاءُ: ج ثُولٌ: جمع اَثَاوِلَةٌ.
تَثَوَّلَ. النحلُ: اکٹھا ہونا...... عليه القوم: برا بھلا کہنے اور مارنے پیٹنے لگنا۔
اِنْثَالَ اِنْثِيَالًا. عَلَيْهِ التُّرَابُ: گرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْثَالَ عَلَيْهِ النَّاسُ مِنْ كُلِّ وَجْهٍ" لوگ اس پر ہر طرح سے ٹوٹ پڑے ...... عَلَيْهِ الْقَوْلُ: زبان پر خود بخود آ جانا۔
الثَّوْلُ: شہد کی مکھیوں کا جھنڈ۔
الثَّوِيلَةُ: قبیلہ کے جمع ہونے کی جگہ۔ متفرق گھروں کے لوگوں کا جتھا۔ کہا جاتا ہے "اتى ثَوِيلَةٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی جماعت آ گئی۔
الثُّومُ: لہسن۔
الثُّومَةُ: ایک لہسن۔ تلوار کے دستہ کے کنارے کی آرائش۔ تم کہتے ہو "سَيْفِي ثُومَتُهٗ مِنْ فِضَّةٍ" میری تلوار کے دستہ کا کنارہ چاندی کا ہے۔
تَثَاوَنَ: مکروفریب کرنا۔
الثُّوَيْنَى: آٹے میں لگانے کی خشکی۔ پلیتھن۔
ثَوَى (ض) ثَوَاءً وثُوِيًّا. الْمَكَانَ وفيه وبه: اقامت کرنا...... الرَّجُلُ: مرنا۔
ثُوِيَ: دفن کیا جانا۔
ثَوَّاهُ تَثْوِيَةً. فِي الْمَكَانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔
اَثْوَى: اقامت کرنا۔ اَثْوَاهُ: مہمانی کرنا۔
اثواه فِي الْمَكَانِ: ٹھہرانا۔ قیام کرانا۔
تَثَوَّاهُ: مہمان بننا۔
الثَّوَّةُ: گھر کا سامان، راستہ کے نشان کے پتھر۔ ج ثُوًى.

الثَّاوَةُ والثَّايَةُ: اونٹوں کا باڑہ۔
الثَّوِيُّ: مہمان۔ مہمان خانہ، قیدی۔ ج اَثْوِيَاءُ: مؤنث ثَوِيَّةٌ. الثَّوِيَّةُ: بھیڑ بکری گائے اونٹ کا باڑہ۔ عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ ثَوِيَّةُ فُلَانٍ" یہ فلاں کی بیوی ہے۔
الثَّوِيَّةُ: پتھر جو راستہ میں نصب کر دیا جائے تا کہ چرواہے کے لئے علامت رہے جبکہ وہ رات میں واپس ہو۔
الْمَثْوَى: منزل۔ ج مَثَاوٍ. ابو الْمَثْوَى: مہمان۔ اَبُو مَثْوَاهُ: میزبان۔ اُمُّ مَثْوَاهُ: میزبان کی بیوی۔
تَثَيَّبَ وثُيِّبَتْ. الْمَرْاَةُ زوجها: موت یا طلاق کی وجہ سے شوہر سے جدا ہونا۔ صفت (ثَيِّبٌ) والثَّيِّبُ: باکرہ کی ضد۔ شادی شدہ مرد یا عورت۔ (مذکر ومؤنث) دونوں کے لئے یکساں ہے۔ تم کہتے ہو "رَجُلٌ ثَيِّبٌ" شادی شدہ مرد "اِمْرَاَةٌ ثَيِّبٌ" شوہر سے جدا شدہ عورت۔ طلاق یافتہ۔ ثیب: جو عورتوں کے لئے ہے اس کی جمع ثَيِّبَاتٌ ہے اور کہا جاتا ہے "بِئْرٌ ثَيِّبٌ" کنواں جس میں پانی جمع ہو۔
الْمُثَيِّبُ: خاوند سے جدا شدہ عورت۔
الثَّيْتَلُ: پہاڑی بکری۔ نامرد۔ عورتوں کے پاس بیٹھنے والا۔
ثَيِلَ وثَيْتَلَ. الرَّجُلُ: عقل مندی کے بعد بے وقوف بننا۔
الثِّيلُ والثَّيْلُ: ایک قسم کی گرہ دار نباتات جو زمین پر پھیلتی ہے۔
الثَّيْنُ: موتی نکالنے کی جگہ، موتی میں سوراخ کرنے والا۔ موتی میں سوراخ کرنے کا آلہ۔
(الثَّيَّةُ) بکریوں کا باڑہ۔

الجیم: بنیادی حروف میں پانچواں حرف ہے۔ (مذکر و مؤنث) ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔
جَأَبَ (ف) جَأْبًا: مال کمانا۔ گیرو مٹی بیچنا۔
الجاب: گیرو مٹی۔ سخت اور اجڈ آدمی۔ شیر ج جُؤُوب: کہا جاتا ہے "فُلانٌ جَابُ المَصَبر": فلاں اُمور میں بڑا صابر ہے۔
الجاب: موٹا گورخر
جَأْبَةُ البَطْن: ناف۔
جَئِثَ (س) جَأْثًا. الرجلُ: اٹھنے یا بوجھ اٹھانے میں سست ہونا۔
جُئِثَ جَأْثًا و جُؤُوثًا: گھبرانا۔ صفت (مَجْؤُوث)
اَجْأَثَهُ. الحِمْلُ: گرانبار کرنا۔
الجَأَّاث: بدخو۔ سست رفتار۔
جَاجَ (ف) جَاجًا: بزدلی سے کھڑا ہونا۔
جَاجَأَ جَاجَاةً. بالابل: جی جی کہہ کر پانی پلانے کے لئے بلانا۔
تجاجأ: عن كذا: رکنا۔ باز رہنا۔
الجُؤْجُؤ. من الطائر: پرند کا سینہ...... من السفينة: جہاز کا اگلا حصہ۔ ج جَآجِئ۔
جار (ف) جَأْرًا. وَجُؤَارًا الى الله: دعا کرنے میں آواز بلند کرنا۔ گڑگڑانا......
الثورُ: ڈکارنا..... النبات: بلند ہونا۔
الارض: لمبی گھاس والی ہونا۔
الجَأْزُ: مص..... من النبت: لمبی اور تروتازہ نباتات...... والجَئِز والجار): موٹا مرد۔ من الغيث: بہت بارش۔
جاشَ (ف) جَأْشًا. قلبه: غم یا گھبراہٹ سے مضطرب ہونا...... الیه: متوجہ ہونا۔
الجَأْش: قلب۔ سینہ۔ کہا جاتا ہے "رَابِطُ الجاش" یعنی بہادر۔ ج جُؤُوش۔
الجائِشَة: نفس۔
جَأَفَهُ (ف) جَأْفًا وَجَأَفَهُ تَجْئِيفًا: پچھاڑنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ جَأَفَ الشجرةَ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
اِنْجَأَفَتِ. الشجرةُ: جڑ سے اُکھڑنا۔
جَئِلَ (س) جَأَلاَنًا: لنگڑا ہونا۔
جَأَلَ (ف) جَأْلاً. الصوفَ: اکٹھا کرنا۔
الصوف: اکٹھا ہونا۔
جَيْأَلُ وجَيْأَلَة: بجو (یہ دونوں علم اور غیر منصرف ہیں)۔
الجَاوُوس: باجرہ۔
جَأَى (ف) جُؤُوَّةً وجُؤُوَةً. الفرسُ: سرخ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَجْوَا) مؤنث جَأْوَاء
جَأَى (ف) جَأْيًا. الشئ: روکنا۔ چھپانا ...... الثوب: سینا...... عليه: دانتوں سے کاٹنا۔
جَبَّهُ (ن) جَبًّا: کاٹنا۔ غالب ہونا (جِبَابًا)
النخلة: گابھا دینا۔
جَبَّبَ. الفرسُ: زانو اور ایڑی تک سفیدی کا پہنچنا۔ صفت (مُجَبَّب): تیز چلنا۔
جَابَّهُ مُجَابَّةً وجِبَابًا: غالب آنا۔ فخر میں مقابلہ کرنا۔
تَجَابَّ. الرجلان: ایک دوسرے کی بہن سے شادی کرنا۔
اِجْتَبَّ: جبہ پہننا...... الشئ: کاٹنا۔
الجُبُّ: گہرا کنواں۔ کچا کنواں۔ گڑھا ج أجْباب وجِبَاب. وجِبَبَة.
الجُبَّة: جبہ۔ زرہ...... من السِنَان: چھڑ کا بالائی حصہ جس میں نیزہ پیوست ہو۔ آنکھ کے گرد کی ہڈی۔ پنڈلی کی ہڈی کا زیریں حصہ جو سم سے متصل ہو۔ ج جُبَب وجِبَاب.
الجَباب والجُباب: قحط۔
بعيرٌ (اَجَبُّ): کوہان کٹا ہوا اونٹ۔
جَبَأَ (ف) جَبْأً وجَبَاءً او جُبُوءً اوجُبُوْءَةً: البصرُ: نگاہ کا کمزور ہونا...... السيفُ: اُچٹ جانا...... الرجلُ: خوف کی وجہ سے باز رہنا اور واپس آنا۔ صفت (جَبَّأ وجُبَّأ): بمعنی بزدل جَبَأَتْ عليه الحَيَّةُ: دوراخ سے نکل کر گھبرا دینا۔ جَبَأَ على القوم: اچانک نمودار ہونا۔
جَبِئَ (س) جَبَأً: چھپنا...... عنه: باز رہنا اور ڈرنا۔
اَجْبَأَ. الشئ: چھپانا۔ اَجْبَأَتِ الارض: سرخ سانپ کی چھتری والی ہونا۔
اَجْبَأ على القوم: بلند جگہ سے اچانک نمودار ہونا۔
الجَبْءُ: سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری ج اَجْبُؤ وجِبَأَة: گیرو: پہاڑ کا گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔ ٹیلہ۔
ارض (مَجْبَأَة): بکثرت سرخ رنگ کی سانپ کی چھتری والی زمین۔
جَبْجَبَ الرجلُ: سفر کرنا۔ موٹا ہونا۔

الجُبْجُبة: چمڑے کا تھیلا۔ ڈھول۔ موٹی اونٹنی ج جباجب.
ماء (جَبْجَاب وجُبَاجِب): بہت پانی۔
الجِبْت: بُت۔ جادو۔ جادوگر بے برکت۔
جَبَخَ (ف) جَبْخًا: تکبر کرنا۔ جبخ القِدَاح والكِعَاب في القمار: پانسہ پھینکنا۔
الجَبْخَانَة: میگزین (جدید) اس کے لئے عربی لفظ مَسْلَحَة: ہے بارود کارتوس۔
جَبَذَهُ (ض) جَبْذًا او اِجْتَبَذَهُ: کھینچنا۔
جَبَذَ العِنَبُ: چھوٹا اور خشک ہونا۔
جَبَاذِ. مبنی علی الکسر: موت۔
جَبَرَ (ن) جَبْرًا وجُبُورًا وجِبَارَةً وجَبَّرَ العظمَ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنا۔
جَبَرْتُ جَبْرًا او جُبُورًا وَجِبَارَةً: نقصان شدہ واپس کرنا یا اس کا عوض دینا۔
جَبَرَ (ن) جُبُورًا وجَبْرًا وانْجَبَرَ وتَجَبَّرَ واجْتَبَرَ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا...... الفَقِيْرُ: غنی بنانا۔ جَبَرَهُ علی الامر: مجبور کرنا۔
أَجْبَرَهُ علی الامر: مجبور کرنا۔ مذہب جبریہ کی طرف منسوب کرنا۔
اِجْتَبَرَ واسْتَجْبَرَ: فقر کے بعد مستغنی ہونا۔
تَجَبَّرَ: تکبر کرنا۔ سرکش ہونا۔ صفت (جِبِّيْر): حالت گزشتہ کا واپس آنا۔ النبتُ: چرے جانے کے بعد پھر اُگنا۔ تَجَبَّرَ المریضُ: درست حالت والا ہونا۔
الجَبْرُ: مص۔ ٹوٹے ہوئے کی درستی۔ غرور۔ مجبوری۔ قضاء الٰہی کے وقوع کا کلی طور پر مجبورانہ اعتقاد کرنا۔ الجبراء: بہادر مرد۔
اَلْجَبَّارَة: صنوبر کی اقسام میں سے بہت بڑا درخت جس کی لمبائی بہت جلد کئی میٹروں تک پہنچ جاتی ہے۔
الجِبَارَة: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست کرنے کا پیشہ (...... والجَبِيْرَة): ٹوٹی ہوئی ہڈی کے باندھنے کی لکڑی یا پٹی۔ ج جَبَائِر
الجَبَائِر: کنگن وبازوبند۔

الجَبَرُوْت والجَبَرُوْت الجَبَرُوْت: قدرت۔ طاقت۔ عظمت۔
اَلْجَبْرُ: علوم ریاضیہ میں سے ایک علم جو کہ علامات اور حروف کی مدد سے حساب کا علوم شناخت کرتا ہے۔
جَابِر: فا...... ابو جابر: روٹی۔ اُمّ جابر: ہریسہ۔
الجُبَار: بےکار بے قیمت۔ کہا جاتا ہے "ذهب دمه جُبَارًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔ یعنی اس کے خون کا بدلہ نہیں لیا گیا۔ "وانا منه خَلاوَة و جُبَارٌ" میں اس سے پاک و بری ہوں۔
جُبَارٌ: منگل کا دن۔
الجَبَّار: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ قابض: تسلط والا۔ قاہر مغرور وسرکش۔ برج جوزا: کہا جاتا ہے "طَلَعَ الجَبَّار" برج جوزا طلوع ہوا۔ نخلة جَبَّارَةٌ: لمبا کھجور کا درخت جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔
الجَبْرِيَّة والمُجَبِّرَة: فرق اسلامیہ میں سے ایک فرقہ جس کے ماننے والے انسان کے مجبور محض ہونے کے قائل تھے۔
جَبَزَه (ن) جَبْزًا: کاٹنا۔
جَبَزَ (ن) جَبَازَةً. الخبزُ: خشک ہونا۔ صفت (جبیز)
الجِبْز: بخیل۔
الجَبْزَة: ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "جَبَزَله مِنْ مالِهِ جَبْزَةً" یعنی اس نے اس کو اپنے مال کا ایک حصہ دیا۔
الجَبِيْز: خشک روٹی۔
تَجَبَّسَ. فی مشیته: ناز وتکبر سے چلنا۔
الجِبْس: بزدلی۔ کمینہ۔ کند خاطر۔ فاسق۔ ج۔ ریچھ کا بچہ۔ ج اَجْبَاس.
الجَبِيْس: ریچھ کا بچہ ...... والجَبُوس و الاَجْبَس): کمینہ۔ ناکارہ۔
اَلْاَجْبَس: کمزور۔ بزدل۔
جَبَلَهُ: (ض ن) جَبْلًا اللہ: پیدا کرنا کہا جاتا ہے "جَبَلَهُ اللّٰهُ علی الكَرَم" اللہ نے شرافت وکرم اس کی فطرت میں رکھ دی۔
جَبَلَ التراب: پانی ڈال کر گارہ بنانا۔
جَبَّلَهُ: مختلف ٹکڑے کرنا۔
اَجْبَلَهُ: بخیل پانا۔
اَجْبَلَ وَتَجَبَّلَ وَجَابَلَ. المسافرُ: پہاڑ کی طرف جانا۔ پہاڑ میں داخل ہونا۔ پہاڑ میں رہنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبَ حَاجَةً فَاَجْبَلَ" اس نے اپنے مقصد میں کوشش کی اور محروم رہا۔
وتَجَبَّلَ مَاعِنْدَهُ: اس نے اس کا سب کچھ لے لیا۔
الجَبْلَةو الجُبْلَة والجَبَلَة والجِبِلَّة: چہرہ۔ جسم کا سامنے کا حصہ۔ فطرت۔ طبیعت۔ اصل۔ قوت۔ زمین کی سختی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ ذُوجبلة": فلاں سخت طبیعت ہے "وجبلته علی الخیر" اس کی طبیعت میں نیکی ہے۔
الجُبْل والجُبْلَة: لوگوں کی جماعت۔
الجُبْلَة: کوہان۔
الجِبْل: مکان کا صحن۔ بہت بڑا۔ کہا جاتا ہے "حيٌّ جِبْل" بڑا قبیلہ۔
الجَبْل: بڑا پیالہ۔
اَلْجَبَل: پہاڑ۔ ج جِبَال واَجْبَال واَجْبُلُ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ جَبَل" یعنی بخیل مرد۔ "وهُوَ جَبَلُ الوَجْه: وہ بھدے چہرہ والا ہے۔ "وفُلانٌ جَبَلُ قومِه" فلاں اپنی قوم کا سردار و عالم ہے۔ اِبْنَةُ الجَبَل: سانپ۔ مصیبت۔ آواز بازگشت۔
الجِبِلِّی: طبعی۔
الجبال: بدن۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ خَطِيْرُ الجبالِ" فلاں تنومند ہے۔
الجَبِيْل والمِجْبَال: بدصورت۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ جَبِيْلُ الوجه" بدصورت مرد۔ "وامْرأة مِجْبَالٌ" بدصورت عورت۔ سَيْفٌ مِجْبَالٌ: موٹی دھار کی تلوار۔
المُجْبِلَة: خشک سال۔ ہر چیز کی کثرت۔

اصل۔المَجْبُوْل: بڑے ڈیل ڈول والا۔

جَبنَ (ن) جُبْنًا وجُبُنا وجَبَانَةً: بزدل ہونا۔صفت(جَبَان) ج جُبَناء مؤنث جَبَانَة وجَبَان ج جَبَانات.

جَبَّنَ. اللبنَ: پنیر بنانا......الرجلَ: بزدلی پر اُکسانا۔(......وأَجْبَــــنَ واجْتَبَــــنَ) الرجلَ: بزدلی کی طرف منسوب کرنا۔بزدل پانا اور اسی سے ہے فَــقَــاتَــلْــنَــاكُــم فَمَا اَجْبَنَاكُم" ہم نے تم سے جنگ کی تو تم کو بزدل نہیں پایا۔

تَجَبَّنَ. اللبنُ: پنیر بنانا یا پنیر کی طرح جم جانا ......الرجلُ: موٹا ہونا۔

الجُبْن والجُبُن والجُبُنّ: پنیر۔

الجُبْنَة: پنیر کا ٹکڑا۔

الجَبِيْن: پیشانی۔پیشانی کا کنارہ۔ج اَجْبُن وجُبُــن واَجْبِنَة. الـجَبِيْن: بزدل (مذکر و مؤنث)

الــجَبَّــان: پنیر بیچنے والا۔یا پنیر والا۔بہت بزدل۔مؤنث جَبَّــانة (...... والــجَبَّــانَةُ): ہموار زمین۔قبرستان۔صحراج جَبَابِين۔

الـمَجْبَنَة: باعثِ بزدلی۔پنیر بنانے کی جگہ یا وہ جگہ جہاں پنیر بہت ہو۔عوام کی زبان میں بکری کے بچے کی اوجھ کو کہتے ہیں جو دودھ کو پنیر بنا دیا کرتا ہے۔

جَبَهَ (ف) جَبْهًا. الرجلَ: پیشانی پر مارنا۔اچانک آنا۔حاجت سے باز رکھنا۔جبهه بـالـمكروه: برائی سے پیش آنا......الشتاءُ القومَ: اسباب سرما تیار کرنے سے پہلے سرما کا آنا۔الــرجلُ: بغیر رسی ڈول وغیرہ کے پانی پر آنا۔

جَبَّهَه: سرنگوں کر دینا۔

اِجْتَبَهَ الـمـاءَ وغيره: پانی وغیرہ کو ناگوار سمجھنا۔

الجَبَه: پیشانی کی چوڑائی اور خوبصورتی۔

الجَبْهَة: پیشانی۔ج جِبَاه وجَبَهات.

جَبْهَةُ الـقـوم: سردارِ قوم۔جَبْهَة مــن الـنـاس: لوگوں کی جماعت۔ذلت۔تم کہتے ہو"لقيتُ منه جَبْهَةً" مجھے اس سے ذلت حاصل ہوئی۔الـجبهة: گھوڑے۔اس کے لئے واحد نہیں اور اسی سے ہے"لـيـس فـي الــجبهة صــدقة" یعنی گھوڑوں میں زکوٰۃ نہیں۔

الْاَجْبَــــه: خوبصورت پیشانی والا۔شیر۔مؤنث جَبْهَاء.

جَبَا (ن) جَبْـا وجَبْوًا وجِبْيًـا وجِبْوَةً وجِـــبَـــاوَةً وجَبَى (ض) جِبَايَةً. الــخــراجَ: جمع کرنا......الــمــاءَ فـی الحوض: جمع کرنا۔

جَبَّى تَجْبِيَةً: سجدہ کے وقت ہاتھوں کو گھٹنے یا زمین پر رکھنا۔

اَجْبَى. زرعه: پکنے سے پہلے بیچنا اور اسی سے ہے"من اَجْبَى فقد اَرْبٰی" جس نے پکنے سے پہلے (کھیتی کو) بیچا اس نے ربا کا معاملہ کیا۔

اِجْتَبَى. ہ: پسند کرنا۔چن لینا۔

الــجَبَــاء: ج اَجْبَــاء و (الـجَـابِيَة): ج جَــــوَاب: اونٹوں کے پانی پینے کا حوض۔

الجَبَا: کنوئیں کی من۔

المَجْبَى: خراج۔ٹیکس۔

جَثَّهُ (ن) جَثًّا واِجْتَثَّهُ: جڑ سے اُکھیڑنا۔

الـجَثّ والجُثّ: مردہ ٹڈی۔یا شہد کی مردہ مکھی۔کھجور کا غلاف۔شہد میں ملا ہوا شہد کی مکھیوں کا پر وغیرہ۔الجَثّ: موم۔

الجُثَّة: جسم انسانی۔لاش۔ج جُثَث.

الـجَثِيْث. من النخل: کھجور کا پودہ۔واحد (جثيثه)

الـمِـجَثّ والـمِـجَثَّـات: کھرپی۔گھاس کھودنے کا اوزار۔

اِجْثَالَّ. الطيرُ: پر جھاڑنا۔الـنبتُ: لمبا اور پیچیدہ ہونا۔

جَثَلَتْهُ (ض) جَثْلاً. الريحُ: اُڑا لے جانا۔بکھیر دینا۔

جَثِلَ (س) وجَثُلَ (ک) جَثَالَةً وجُثُولَةً. الـشـعـرُ والشجرُ: گھنا اور کالا ہونا۔صفت (جَثْل وجَثِيل)

الجَثْلَة: چیونٹی۔ج جَثْل.

الجُثَال: چنڈول۔

الجُثَالَة: بکھرے ہوئے پتے۔

الـجِثْلِيْق والـجَاثَلِيْق: لاٹ پادری۔ج جَثَالِقَة (جدید)

جَثَمَ (ن ض) جَثْمًا وجُثُومًا. الليلُ: آدمی رات ہونا......الــرجــلُ او الـطــائـر والــحــيــوانُ: سینہ کو زمین سے لگانا۔صفت (جَاثِم) ج جُثَّم.

الجَاثُوْمُ والجُثَام: کابوس۔

رجــل (جُثَــمَة وجَثَّــامَة وجُثَــم وجَثُوم): بہت بیٹھنے والا یا بہت سونے والا۔

الجَثَمَة: ٹیلہ۔پشتہ۔

الجُثْمَة: راکھ وغیرہ کا تودہ۔

الجُثْمَان: بدن۔شخص۔

المَجْثَم: بیٹھنے کی جگہ۔ج مَجَاثِم.

الـمُجَثَّمَة: وہ پرندہ یا خرگوش جس کو باندھ کر تیر وغیرہ مارا جائے یہاں تک کہ مر جائے۔

جَثَـا: (ن) جُثُـوًّا وجثی (ض) جِثِيًّـا وجُثِيًّــا: زانو پر بیٹھنا یا انگلیوں کے بل کھڑا ہونا۔صفت (جَــــاثٍ) ج جُثِــــيّ وجِثِيّ: مؤنث جاثِيَة.

جَاثَى. ہ: گھٹنے سے گھٹنا ملا کر بیٹھنا۔

اَجْثَى. ہ: زانو کے بل بٹھانا۔

تَجَاثَوا: باہم زانو پر بیٹھنا۔

الــــجَثْوَة والجُثْوَة والجِثْوَة: پتھروں کا ڈھیر۔مٹی کا ڈھیر۔قبر۔ج جُثًــــی وجِثًى: شعلہ۔

جُثْوَة. الرجل: بدن۔

جَحْجَحَ. الشئُ: پورا جائزہ لے کر اقدام کرنا۔

عن الامر: ہٹ جانا۔رک جانا۔

الـجَحْجَح والجَحْجَاح: فیاضی کی طرف سبقت کرنے والا سردار۔ج جَحَـاجِح وجَحَاجِيح وجَحَاجِحَة.

جَحَدَه (ف) جَحْدًا وجُحُودًا: کفر کرنا۔

جحدا ...... وجحدہ وجحدبحقہ: باوجود علم کے انکار کرنا۔ صفت (جاحد)۔

جَحِد (س) جحدا۔ الشئُ: کم ہونا ...... النبتُ: چھوٹا رہ جانا ...... الارض: خشک ہونا ...... الرجلُ: بے خبر ہونا۔ صفت (جَحِد وجَحْد واَجحَد) کہا جاتا ہے "عام جَحِد" کم بارش والا سال۔ "ارض جَحِدة" خشک زمین۔ (لام الجحود) عند النحاۃ: لام جو ما نافیہ اور کان کے بعد تاکید نفی کے لئے آئے جیسے "وما کان ربک لیُهلک القرٰی" خدا کا یہ کام نہیں کہ بستیوں کو ہلاک کرے۔

الجحدَب: پست قد۔

جحدرَۃ: پچھاڑنا۔ لڑھکانا۔

تجحدرَ۔ الطائر: پر تول کر اڑنا۔

الجحدَر: پست قد۔

جحدلۃ: پچھاڑنا ...... الاناءَ: بھرنا ...... المالَ: جمع کرنا۔

تجحدَلَ: لڑھکنا۔

جحلم جحلمۃ: تیز دوڑنا۔

جحر (ف) جحرا وجحّر وانجحر۔ الضبُّ او السبع: سوراخ میں داخل ہونا۔

جحرت العینُ: اندر کو دھنس جانا۔ تم کہتے ہو جحر الخیرُ عنّا: خیر ہم تک نہ پہنچی۔

اجحر وجحر۔ السبع: سوراخ میں داخل ہونے پر مجبور کرنا۔ واجحرت السماءُ: بارش نہ ہونا۔ اجحر القومُ: قحط و تنگی میں پڑنا ...... ہ: تنگی ڈالنا ...... ہ الی کذا: مجبور کرنا۔

اجتحر: سوراخ بنانا۔

تجحّرت۔ العینُ: اندر کو دھنسنا اور اسی سے ہے عین (جحراء): گڑھے میں دھنسی ہوئی آنکھ۔

الجحر: گہرا گڑھا۔

الجحرۃ والجحرۃ: خشک سال۔

الجُحر: سوراخ۔ بل۔ ج اجحار وجحرۃ واجحرۃ۔

الجاحر: پیچھے رہ جانے والا جو قافلہ کو نہ پا سکے۔

الجواحر: وہ جانور جو اپنے ریوڑ سے پیچھے رہ جائیں۔

المجحر: چھپنے کی جگہ۔ جائے پناہ۔ ج مجاحر۔

جحس وجحش (ف) جحسا وجحشا۔ الجلد: چھیلنا۔ کھرچنا۔

جاحس وجاحش۔ عن نفسه وعن غیره: مدافعت کرنا ...... ہ: مزاحم ہونا۔ مقاتلہ کرنا۔

الجحش: گدھے کا بچہ۔ تشبیهًا: گھوڑے کے بچے کو بھی کہتے ہیں۔ ج جحاش وجحشان وجحشة۔

الجحشة: گدھے کا مادہ بچہ۔ اون جو ہاتھ پر لپیٹ کر کاتی جائے۔

الجحوش: چھوٹا بچہ۔

المجحوش: وہ شخص جس کا آدھا بدن ماؤف ہو گیا ہو۔

جحظت (س) جحوظا۔ عینه: ابھرے ڈھیلے والی ہونا۔ کہا جاتا ہے رجل (جاحظ) العینین: ابھری ہوئی آنکھ والا مرد۔

جحظ۔ الیه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

الجاحظتان: دونوں آنکھوں کے ڈھیلے۔

جحفه (ف) جحفا: چھیلنا۔ بہالے جانا۔ برباد کردینا ...... ہ برجله: لات مارنا۔

جحف معه وله علی غیره: مائل ہونا ...... له الطعام: کھانا نکالنا۔

جُحف۔ الرجلُ: مبتلائے ہیضہ ہونا۔

اجحف۔ السیلُ: بہالے جانا ...... الدهرُ بالناس: ہلاک کرنا۔ جڑ سے مٹانا ...... فلانٌ بعبده: طاقت سے زیادہ کام کی تکلیف دینا۔ اجحاف: کا استعمال بطور استعارہ کے نقص فاحش میں بھی ہوتا ہے۔

جاحفة: مزاحمت کرنا۔ جاحف عنه: مدافعت کرنا۔

تجاحفوا: لاٹھی اور تلواروں سے لڑنا۔

...... بالکرۃ: بلے سے باہم گیند چھیننا۔

اجتحفه: چھیننا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ہلاک کرنا ...... ماءَ البئر: تمام پانی نکال دینا ...... السیلُ الوادیَ: کھود کر بہالے جانا۔

الجحفة والجُحفة: حوض کے اطراف میں پانی کا بقیہ۔ السیلُ والموت (الجُحاف): ہمہ گیر و تباہ کن۔

الجُحاف: ہیضہ کے اسہال۔

المجحوف: مبتلائے ہیضہ۔

الجحاف: جنگ۔ لڑائی۔

المُجحِفة: مصیبت۔

جحفلة جحفلةً: پچھاڑنا۔ پھینکنا۔ سرزنش کرنا۔

تجحفلوا: جمع ہونا۔

الجحفل: بڑا لشکر۔ ج جحافل۔ رجل جحفلٌ: بڑے مرتبہ کا مرد۔

الجحفلة: کھردار جانور کا ہونٹ۔

جحله (ف) جحلا وجحلة: پچھاڑنا۔

الجُحل ج جحول وجحلان: گرگٹ۔ گوہ کا بچہ۔ گبریلا۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ ...... ج جحال: بڑی مشک اور کہا جاتا ہے "رجل جُحل" موٹا کشادہ پیشانی والا مرد۔

الجُحال: زہر۔

الجَحْل: بڑی چٹان۔ پہاڑ۔ ہر بڑی چیز۔

جحم (ف) جحما۔ النارَ: بھڑکانا ...... العینَ: کھولنا ...... ہ عن الامر: روکنا۔

جحمت (س) جحما وجحما وجحمت (ک) جحوما۔ النارُ: بھڑکنا۔

جحمه بعینیه: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

اجحم۔ عن الامر: رکنا۔ باز رہنا۔

اجحمت النارُ: تیز بھڑکنا۔

تجحّم: تنگ ہونا۔ جلنا ......

الجاحم: فا۔ بھڑکتی ہوئی چنگاری۔ من الحرب: سخت اور گھمسان کی جنگ اور کہا جاتا ہے "نار جاحمة" تیز آگ۔ "عین جاحمة" اٹھی کی اٹھی رہ جانے والی آنکھ۔

الجَحِيم: دوزخ۔ گڑھے میں سخت بھڑکتی ہوئی آگ۔ سخت گرم جگہ۔
جُحْمَة۔ النار: آگ کی بھڑک۔ ج جُحَم۔
الجُحام: آنکھوں کی سوجن۔
الأجْحَم: بہت سرخ آنکھوں والا۔ سوجی ہوئی آنکھوں والا۔ مؤنث جَحْماء: ج جُحْم و جُحُم و جَحْمی۔
الجَحّام: بخیل۔
الجَحْمَرِش: بہت بوڑھی عورت۔ بدصورت موٹا خرگوش۔ ج جَحامِر: تصغیر جُحَيْمِر
الجَحْمَش والجَحْمُوش: بہت بوڑھی عورت۔
جَحِنَ (س) جَحَنًا۔ الصبيُّ: خوراک کی خرابی سے کمزور ہونا۔ صفت (جَحِن)
جَحَنَ (ف) جَحْنًا وأجْحَنَ و جَحَّنَ: فقر یا بخل کی وجہ سے اہل وعیال پر تنگی ڈالنا۔
أجْحَنَهُ: بری خوراک دینا۔
الجَحِن: دیر میں جوان ہونے والا...... من النبات: کمزور اور چھوٹا پودہ۔
جَحا (ن) جَحْوًا: چلنا...... بالمكان: اقامت کرنا۔
اِجْتَحاه: جڑ سے اکھیڑنا۔
الجَحْوَة: ایک قدم۔
جَخَّ (ض) جَخًّا: ہاتھ پیر چھوڑ کر لیٹنا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا ...... برجله: خاک اڑانا۔
ابو جَخادَة: ٹڈی۔
جَخَرَ (ف) جَخْرًا۔ البئر: کشادہ کرنا۔
جَخِرَ (س) جَخَرًا۔ جوف البئر: کشادہ ہونا۔
أجْخَرَ و جَخَّرَ۔ البئر: کشادہ کرنا۔
تَجَخَّرَ۔ الحوض: پانی کے خشک ہوجانے کے بعد مٹی کا پھٹ جانا۔
الجَخِر: بہت کھانے والا۔ بزدل۔
جَخَفَ (ن ض) و جَخِفَ (س) جَخْفًا و جَخيفًا: اپنی حد سے زیادہ فخر کرنا۔ صفت (جَخّاف)
الجَخِيف: مص۔ بھاری لشکر۔ بہت مغرور انسان کے پیٹ کی آواز۔ نفس و روح۔ تم کہتے ہو "وقع ذلك في جخيفي": میرے دل میں یہ واقع ہوا۔
جَخا (ن) جَخْوًا۔ الكوز: سرنگوں کرنا۔ اوندھا کرنا۔
جُخّي و تَجَخّي۔ الكوز: سرنگوں ہونا۔ اوندھا ہونا...... الشيخ: خمیدہ کمر ہونا۔
جَخّي الليلُ: گزر جانا۔
جَدَّ (ض) جَدًّا۔ في اعين القوم: عالی مرتبہ ہونا۔
جَدَّ (ض) جِدَّةً۔ الثوبُ: نیا ہونا۔
(جَدًّا) الشيءَ: کاٹنا (ض ن) جِدًّا) کوشش کرنا...... في الامر: تحقیق کرنا۔ اہتمام کرنا۔ جلدی کرنا...... به الامرُ: سخت ہونا۔
جَدَّ (س) جَدَدًا۔ الثديُ والضرعُ: خشک ہونا۔ صفت (أجَدّ) اور ناقہ کی صفت (جَدّاء) ہے اور کہا جاتا ہے "سَنَةٌ جَدّاء" قحط کا سال۔
جُدَّ (س) جَدًّا و جُدًّا: نصیب والا ہونا۔ صفت (مَجْدُود) کہا جاتا ہے "جُدِدْتَ یافلان" تم خوش قسمت ہو۔
جَدَّدَ و أجَدَّ۔ الشيءَ: نیا کرنا۔ أجَدَّ ثوبًا: نیا پہننا۔ أجَدَّ الامرَ: اچھی طرح تحقیق کرنا...... في الامر: سنجیدگی اختیار کرنا۔ کوشش کرنا۔
أجَدَّ الطريقُ: سخت و ہموار ہونا...... الرجلُ: سخت و ہموار زمین پر چلنا۔
جادَّهُ مُجادَّةً۔ في الامر: کسی سے تحقیق کرنا۔
اِسْتَجَدَّ۔ الشيءُ: نیا ہونا...... الشيءَ: نیا کرنا یا نیا پانا...... الثوبَ: نیا پہننا۔
تَجَدَّدَ: نیا ہونا۔
الجَدُّ: مص۔ دادا۔ نانا۔ ج أجْداد و جُدود و جُدُودَة: مؤنث جَدَّة ج جَدّات۔ الجَدّ: نصیبہ۔ بزرگی۔ عظمت۔ روزی۔ نہر کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "عَثَرَ جَدُّهُ او تَعِسَ جَدُّهُ" وہ نقصان میں رہا یا وہ ہلاک ہوا۔
الجِدّ: مص۔ کوشش۔ سنجیدگی۔ جلدی۔ اچھی طرح ثابت شدہ۔ و "فلانٌ عالمٌ جِدُّ عالِمٍ" فلاں انتہائی درجہ کا عالم ہے۔ و "عَظِيمٌ جِدًّا" بہت ہی بڑا۔ جِدًّا: کا نصب مصدریت کی وجہ سے ہے۔
الجُدّ: حصہ کہا جاتا ہے "فلانٌ ذُوجُدٍّ في كذا" فلاں اس بارے میں خوش نصیب ہے۔ بہت پانی والا کنواں۔ کم پانی والا کنواں۔ چٹیل میدان کے اطراف میں تھوڑا پانی۔ سمندر کا کنارہ۔ ہر چیز کا کنارہ (والجُدِّي): بڑے حصہ والا۔ بہت نصیبہ والا۔
الجَدَد: ہموار سخت زمین۔ اسی سے مثل ہے "مَنْ سَلَكَ الجَدَدَ أمِنَ العِثار" جو ہموار سخت زمین پر چلتا ہے وہ لغزش سے محفوظ رہتا ہے۔ باریک ریت۔ ج أجْداد۔
الجُدَّة: دریا کا کنارہ۔ کتے کے گلے کا پٹا۔ کپڑے کا ٹکڑا۔ و جِدَّةُ الثوبِ: کپڑے کا نیا ہونا۔
الجُدَّة: علامت۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ جُدَّةَ الأمرِ او جُدَّةً مِنَ الأمرِ" اس نے رائے قائم کی۔ ج جُدَد۔
ناقة (جَدّاء): خشک تھن والی اونٹنی۔ سنة جدّاء: قحط کا سال۔
الجادّ: کوشش کرنے والا۔ سرگرمی سے کام کرنے والا۔ سنجیدگی سے کام کرنے والا۔
الجادّة۔ الجادّ: کا مؤنث۔ سڑک کا درمیان۔ ج جَوادّ۔
الجَداد والجِداد: کھجور توڑنا۔
جُدادَة۔ النخل وغيره: کھجور وغیرہ کا کٹا ہوا درخت۔
الجُدّاد: الجھا ہوا دھاگا یا آپس میں گتھی ہوئی ٹہنی۔
الجُدْجُد: نیا۔ ایک قسم کا پرانا سکہ۔ ج جُدُد۔

الجَدِيْد والمَجْلُود: تھپیڑو۔ کٹا ہوا۔

الجَدِيْدَان والأجْدَان: دن رات تثنیۃ ہی مستعمل ہے۔ صرف دن یا رات کو جدید یا اجَدّ نہیں کہتے۔

المُجَدَّد: مص...... مِنَ الأكْسِيَة: مختلف دھاریوں والا۔

جَدَبَ (ن ض) جَدْبًا وجَدُبَ (ک) جُدُوبَةً وتَجَدَّبَ. المكانُ: بارش نہ ہونے کی وجہ سے خشک ہونا۔ صفت (جَدْبٌ وأجْدَبُ وجَدِيبٌ وجَدُوبٌ ومجدوبٌ)

جَدَبَ فلانًا: عیب لگانا۔

أجْدَبَ. المكانُ: بارش نہ ہونے سے خشک ہونا...... القومُ: قحط زدہ ہونا...... الارضَ: خشک پانا...... فلانًا: مہمان داری نہ پانا۔

جَدَّبَهٗ: کمزور کرنا۔

تَجَدَّبَ: عیب دار ہونا۔

الجَدْب: مص۔ خشک سالی۔ عیب۔ کہا جاتا ہے "مكان جدب" قحط زدہ مقام۔ مؤنث جَدْبَةٌ ج جُدُوب: کہا جاتا ہے "أرَضُونَ جُدُوبٌ وأرَضُونَ جَدْبٌ" قحط زدہ زمینیں۔

الجَدُوب والجَدِيب: قحط زدہ۔ أرْضٌ (جَدْباء): قحط زدہ زمین۔

المَجْدَاب. من الآراضي: بنجر زمین۔ ج مَجَادِب.

الأجَادِب: وہ زمینیں جس میں پیداوار نہ ہو۔

مكان (مَجْدُوب): قحط زدہ۔

الجَدَث: قبر۔ ج أجْدَاث وأجْدُث.

الجَدْثَة: گھوڑے کے کھر کی آواز۔ گوشت چبانے کی آواز۔

اِجْتَدَثَ: قبر بنانا۔

الجُدْجُد: سخت ہموار زمین۔ جھینگر۔ ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کا کیڑا جو رات میں آواز کرتا ہے۔ ج جَدَاجِد

جَدَحَ (ف) جَدْحًا واجْدَحَ واجْتَدَحَ. السَّوِيقَ: گھولنا۔ جدح السويق في اللبن: ملانا۔ کہتے ہیں "جَدَحَ جُوَيْنٌ من سويق غيره" (دوسرے کے ستو کو جُوَین نے گھولا) حلوائی کی دوکان اور دادا جی کی فاتحہ" کے طور پر ضرب المثل ہے۔

جَدَّحَهٗ: ملانا۔

المِجْدَح: ستو وغیرہ گھولنے کا سامان۔ ایک ستارہ کا نام۔

المِجْدَاح: سمندر کا کنارہ۔ ج مجادح.

مَجَادِيح. السماءِ: پُھتر۔ واحد مِجْدَح کہا جاتا ہے "أرْسَلَتِ السَّمَاءُ مَجَادِيحَ الغَيْثِ" آسمان نے بارش کے لئے پُھتروں کو آزاد چھوڑ دیا۔

جَدَرَ (ن) جَدْرًا وجُدِرَ وجُدِّرَ: چیچک نکلنا۔ صفت (مَجْدُور ومُجَدَّر)

جَدَرَهٗ (ن) جَدْرًا: لائق ومناسب بنانا...... الجِدَارَ: دیواروں سے گھیرنا...... الرجلُ: دیوار کی اوٹ میں ہوجانا۔

جَدَرَ وجَدُرَ (ک ن) جَدَارَةً واجْدَرَ. النبتُ: کونپل نکلنا۔

جَدُرَ (ک) جَدَارَةً. بكذا: لائق ہونا۔ صفت (جدير) کہا جاتا ہے "هو جَدِيرٌ بكذا ولكذا" ج جَدِيرُوْن وجُدَرَاء مؤنث جَدِيرَة ج جَدِيرات وجَدائِر.

جَدَّرَ واجْتَدَرَ. الحائطَ: دیوار بنانا اور پلاسٹر کرنا۔

الجُدَر والجَدَر: پھنسیاں۔ مار کا نشان۔ زخم کا نشان۔

الجَدِير. بالشَّيْءِ وله: لائق۔ مناسب ج جَدِيرُوْن.

الجَدْر: ج جُدْرَان و(الجِدَار) ج جُدُر وجُدْر: دیوار۔

الجَدَر والجَدْر: ایک قسم کی ریگستانی نباتات ج جُدُور: واحد (جَدْرَة وجَدَرَة)

الجُدَرِيُّ والجَدَرِيُّ: چیچک۔

المِجْدَار: دھوکا (یعنی وہ چیز جو جانوروں اور چڑیوں کو بھگانے کے لئے کھیت میں کھڑی کی جاتی ہے۔

المَجْدَرَة: لائق۔ کہا جاتا ہے "انّه مَجْدَرَة لان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔ (مذکر مؤنث واحد جمع سب کے لئے یکساں ہے) ارض مَجْدَرَة: بہت چیچک والی سرزمین۔

المَجْدُوْر: چیچک زدہ۔ کم گوشت والا اور کہا جاتا ہے "انه مجدور ان يفعل كذا" وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

جَدَعَ (ف) جَدْعًا. الانفَ وما شاكله: کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "لأمرٍ مَّا جَدَعَ قَصِيرٌ أنْفَهٗ" کسی خاص مصلحت سے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ جدع فلانا: قید کرنا۔ باز رکھنا۔ ...... الرجلَ عيالَه: نان نفقہ روک لینا۔ (...... وجَدَّعَ واجْدَعَ) الولَدَ: بُری خوراک دینا۔

جَدِعَ (س) جَدَعًا: بُری خوراک والا ہونا۔ صفت (جَدِع) ...... الرجلُ: کان ناک کا کٹ جانا۔ صفت (أجْدَع): مؤنث جَدْعاء: ج جُدْع.

جَدَّعَهٗ: کسی سے "جدعالک" کہنا یعنی اللہ تجھ کو عیب دار کرے اور تجھ سے خیر کو منقطع کر دے۔

جَادَعَهٗ ومُجَادَعَةً وجِدَاعًا: گالی دینا۔ جھگڑا کرنا۔

تَجَادَعَا: باہم جھگڑنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ اسی سے عرب کا قول ہے "تَرَكْتُ البلادَ تَجَادَعُ أفَاعِيْهَا" میں نے ملک کو اس حال میں چھوڑا کہ وہاں کے اشرار ایک دوسرے کو کھائے جا رہے تھے۔

الجَدَعَة: کاٹنے کے بعد عضو کا بقیہ حصہ۔ کاٹنے کی جگہ۔

جُدَاع بروزن قطام: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "وأجْحَفَتْ بِهِمْ جُدَاعٌ" ان کو قحط کے سال نے برباد کر دیا۔

المِجْدَع: عضو کاٹنے کا اوزار۔

الجُدَاع: موت۔

جَذَف (ض) جَذُوْفًا. الطیرُ: کٹے ہوئے پروں سے اڑنا......الظبیُ: چھوٹے قدم سے چلنا......الرجلُ: تیز چلنے میں ہاتھوں کو ہلانا۔
جَذَف (ض) جَذفًا. الشیئَ: کاٹنا۔ الملاّحُ السفینۃَ: چپو سے چلانا۔ السماء بالثلج: برف گرانا۔
جَذَفَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاتُجذِفوا بِنِعَمِ اللّٰہ" اللہ کی نعمتوں کی ناشکری مت کرو......المَلاّحُ: چپو سے ڈونگی چلانا......علی اللّٰہ: کفر اور اہانت آمیز باتیں کرنا۔
جُذِفَ. علیہ: تنگی میں مبتلا کیا جانا اور اسی سے ہے "وانہ لَمُجذَفٌ علیہ العَیْشُ" وہ تنگ دست ہے۔
اَجذَفَ. القومُ: چلانا۔ شور مچانا۔
الجَذفَۃُ: شور و شغب۔
رَجُلٌ (مَجذُوفُ) الید: چھوٹے ہاتھ والا۔ کٹے ہوئے ہاتھ والا۔ "مَجذُوفُ الْاِزارِ وَالقَمِیصِ: چھوٹا تہبند اور چھوٹی قمیص پہننے والا۔
المِجذاف: چپو۔ مِجذافُ الطَیرِ: پرندہ کے دونوں بازو۔ ج مَجاذِیف۔
التَجدِیف: کلمہ کفر۔ ج تَجادِیف۔
الجُذافی والجَذافاء: غنیمت۔
الجَدَف: قبر۔ ج اَجداف۔
جَدَلَ (ن ض) جَدلاً. الحبلَ: بٹنا۔
جَدِلَ (س) جَدَلاً. الرجلُ: سخت جھگڑالو ہونا۔
(......وجَدَلَ) (ن) جَدْلاً. الحبُّ: خوشہ میں سخت ہونا۔ الولدُ: مضبوط اور سخت ہڈیوں والا ہونا۔
جَدَّلَہٗ (ض ن) جَدلاً وجَدلۃً: زمین پر پٹک دینا۔ جَدَّلَ الشعرَ: گوندھنا۔ چوٹی بنانا۔
جادَلَہٗ مُجادَلَۃً وجِدالاً: جھگڑا کرنا۔
تَجادُلاً: ایک دوسرے سے جھگڑنا۔

تَجَدَّلَ وانْجَدَلَ: زمین پر پٹکا جانا۔
الجَدْل: معں۔ سخت شوں۔ عضو ج جُدول قبر۔
جَدلاءُ ج جُدل: محکم۔
اَلجَدَلُ عِندَ المَنطِقِیّینَ: ایسا قیاس جس میں شہرت کی وجہ سے کسی رائے کو حتمی تصور کر لیا گیا ہو۔ مثلاً فلاں بات پہ بات قسم کھاتا ہے لہٰذا جھوٹا ہے۔
الجَدَل: جھگڑا۔ جھگڑے کی مہارت۔
الجَدلۃ: ہاون کا دستہ۔
الجَدالَۃ: زمین۔ جَدالۃ الخَلْق: گٹھے ہوئے بدن والا۔
الجَدِیل: بٹی ہوئی رسّی۔ ج جُدُل. جُدُل الانسان: انسان کے ہاتھ پیروں کی جوفدار ہڈی۔
الجَدِیلَۃ: طریقہ۔ کہا جاتا ہے "عملی علی جَدِیلَتِہ" اس نے اپنے طریقہ پر کام کیا۔ قبیلہ گوشہ۔ کنارہ رائے کی پختگی۔ کبوتر وغیرہ کا کابک۔
اَلاَجدَلِیّ والاَجدل: شکرا۔ ج اَجادِل.
دِرْعٌ جَدلَاءُ: مضبوط زرہ۔ ج جُدل.
الجَدّال والجَدِل والمِجدَل والمِجدَال: بہت جھگڑالو۔ الجَدّال: کابک بیچنے والا۔
المَجدَل: محل۔ ج مَجادِل.
المَجدَل: لوگوں کی جماعت۔
المَجدُول: بٹا ہوا یا مضبوط بٹا ہوا۔
اَلجَدوَلُ: فہرست لسٹ۔
الجَدوَل والجِدوَل: نالہ۔
جَدَمَہٗ (ن) جَدمًا: کاٹنا۔ جَدَمَتِ النخلۃُ: پھلدار ہو کر خشک ہونا۔ صفت (جادِم)
اِنجَدَمَ: کٹ جانا۔
الجَدَمَۃ: پست قد۔
......والجُدامَۃ: وہ بالیاں جو پہلی مرتبہ گاہنے میں نہ ٹوٹیں۔
اَلجَدَم: پست طبقہ کے لوگ۔

جَدا (ن) جَدوًا. علیہ: عطیہ دینا۔
واجتَدیٰ اِستَجدیٰ. فلانًا: حاجت کا سوال کرنا۔ عطیہ مانگنا۔
اَجدیٰ اِجداءً: عطیہ پانا۔ فلانًا: عطیہ دینا......الامرُ: نفع دینا۔ کہتے ہیں "مایُجدِی عنک ھذا" تم کو یہ فائدہ نہیں دے گا۔
اِجتَداہ: عطیہ دینا۔
الجَدا: عام بارش (...... والجَداءُ): نفع عطیہ۔
الجَادِی: مانگنے والا۔ عطیہ دینے والا۔
الجَادِی: زعفران۔
الجَدوىٰ: عطیہ۔
اَلاَجدیٰ: زیادہ نافع۔
الجَدی: سخی۔
الجَدوَۃ: گلہ۔ ریوڑ۔
جَدیٰ (ض) جَدیًا: عطیہ طلب کرنا۔
اَجدیٰ اِجداءً. الجرحُ: بہنا۔
الجَدْی: پہلے سال کا بکری کا بچہ۔ ج اَجدٍ وجِداء وجِدیان: قطب کے پہلو کے ایک ستارے کا نام جس کو "جَدیُ الفَرقَد" بھی کہتے ہیں آسمان کے ایک برج کا نام۔
الجَدیَۃ: زین یا پالان کے نیچے کی گدی ج جَدی وجَدَیات.
الجَادِیاء: زعفران۔
جَذَّہٗ (ن) جَذًّا: کاٹنا۔ توڑنا۔ جَذَّ فی سیرہٖ: تیز چلنا۔
جَذَّذَ: قوم سے اپنی پیروی چاہنا اور اس کا نہ ماننا۔
اِنجَذَّ: کٹنا۔ ٹوٹنا۔
تَجَذَّذَ: ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔
الجُذاذ والجِذاذ والجِذاذ: توڑا ہوا۔ ٹکڑا۔ سونے کے ڈلے۔
الجَذاذَۃ: ہر چیز کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "جَذاذَتُہ عَلَیہ کَذا" وہ اس سے اتنا زیادہ۔
الجُذاذات: ریزہ۔ برادہ۔ کہا جاتا ہے "عِندی جُذاذاتٌ مِنَ الفِضَّۃِ" میرے

پاس چاندی کے ریزے ہیں۔
الجذُّ: کٹی ہوئی چیز کا چھوٹا ٹکڑا۔تم کہتے ہو "ثُرتُ إلی الصنم فکسّرتہ اَجْذاذًا" میں بت پر ٹوٹ پڑا اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیئے۔
الجُذاذۃ: ٹکڑا۔
الاَجَذُّ: ٹوٹا ہوا۔مؤنث جَذَّاء.
جَذَبَہٗ (ض) جَذْبًا واجْتَذَبَہٗ. الیہ: کھینچنا۔
جَذَبَ الشھرُ: اکثر حصہ گزر جانا۔جَذَبَتِ النّاقۃُ: کم دودھ والی ہونا۔...المُھرعن امہ: دودھ چھڑانا۔
جَاذَبَہٗ. الشَّیَ: کسی چیز کے بارے میں کشمکش کرنا۔
تجاذَبَا. الشَّیْ: کسی چیز کے بارے میں باہم کشمکش کرنا۔
تَجَذَّبَ. اللبنَ: پینا۔
اِنْجَذَبَ: کھنچ جانا۔اِنجذب فی السیر: تیز چلنا یا دور تک جانا اور کہا جاتا ہے "اِنْجذَبَ بھم السَّیْرُ" وہ لوگ دور تک چلے۔
الجَاذِب: فا۔کم دودھ والی اونٹنی۔ج جواذِب وجذاب.
الجَذْبَۃ: دور کی مسافت۔کہا جاتا ہے "بینہ وبین المنزل جذبۃ" اس کے اور منزل کے درمیان مسافت بعیدہ ہے۔
جَذَاب: موت کے لئے عَلَم۔
الجَاذِبِیَّۃ: کھینچنے کی قوت۔
الجَذَّابَۃ: چھوٹی چڑیوں کے شکار کرنے کا کمپا۔
جَذَرَہٗ (ن) جَذْرًا: کاٹنا۔جڑ سے اُکھیڑنا۔
جَذَّرَ. العَدَدَ: عدد کا جذر حاصل کرنا۔
جَذَّرَہٗ واَجْذَرَہٗ: جڑ سے اُکھیڑنا۔
التَجذُّر: جڑ سے اُکھڑنا۔
الجِذْر والجَذْر: جڑ۔جَذْرُ النبات: نباتات کی جڑیں جو زمین میں پھیلی ہوئی ہوں۔ج جُذُوْر: مربع کا جذر۔جذر البقرۃ: گائے کے سینگ۔
الجَذْرِیَّۃ: وہ دانت جو رباعیہ کے بعد ہو۔

المَجْذُور: عدد کا مربع۔
اَلجَذْرُ: عدد اپنے آپ میں ضرب دینا مثلاً 10x10=100 حاصل ہوتے ہیں۔ 100(سو) 10 کا مجذور ہے۔
الجَوْذَر والجُوْذَر والجُوذَر: نیل گائے کا بچہ۔ج جَوَاذِر وجَآذِر.
المُجَذَّر: بہت پست قد۔
جَذَعَ (ف) جَذْعًا. الدابۃَ: بغیر چارہ کے روک رکھنا...... بین البعیرین: ایک رسّی میں باندھنا۔
الجَذَع. مِن البَھائم: چھوٹا بچہ۔ج جِذَاع وجُذعَان اور اسی سے ہے "جُذعَان الجِبَال" چھوٹے پہاڑ۔نوجوان اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ فِی ھٰذَا الاَمرِ جَذَعٌ" فلاں اس معاملہ میں نوآموز ہے۔
"واَعَدتُ الاَمْرَ جَذَعًا" میں نے اس کام کو ازسرنو کیا۔کہا جاتا ہے "ذھبوا (جِذَعَ مِذَعَ) مبنی برفتحہ یعنی متفرق گئے۔
الجِذْع: درخت کا تنہ۔ج جُذُوْع واَجْذَاع. جِذْعُ الاِنْسَانِ: دھڑ۔سر اور ہاتھوں اور ٹانگوں کے علاوہ انسان کا باقی جسم۔
المُجَذَّع والمُجَذَّع: بے اصل و بے ثبات۔
جَذَفَ (ف) جَذْفًا واَجْذَفَ. الطائرُ: تیز اڑنا۔"جَذَفَتْ واَجْذَفَتِ المرأۃُ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔
جَذَفَ وجَذَّفَ. القارِبَ: چپو سے چلانا۔ الشَّیْ: کاٹنا۔
تَجَذَّفَ. فی مشیہ: تیز چلنا۔
المِجْذَاف: کشتی چلانے کا چپو۔
المَجْذُوف: کٹی ہوئی ٹانگ والا۔
جَذِلَ (س) جَذَلاً واجْتَذَلَ: خوش ہونا۔ صفت (جَذِل وجَذْلان) ج جُذلان: مؤنث جَذِلَۃ وجَذْلی.
جَذَلَ (ن) جُذُولاً واسْتَجْذَلَ: سیدھا کھڑا ہونا۔

اَجْذَلَہٗ: خوش کرنا۔
تَجَاذَلَ. القومُ: باہم کینہ رکھنا۔باہم دشمنی کرنا۔
الجِذْل. مِن الشجرۃ: بغیر شاخوں کے درخت کا تنہ۔کھنٹھ۔کہا جاتا ہے "عَادَ الشَّیُ اِلی جِذْلِہٖ" چیز اپنی اصل پر لوٹ آئی۔لکڑی کا کندہ جو خارش والے اونٹ کے بدن پر رگڑنے کے لئے کھڑا کیا جائے۔ جُذَیْل. اس کی تصغیر ہے اور اسی سے ہے "انا جُذَیلھا المُحَکَّک" میں تجربہ کار وواقف کار ہوں اور کہا جاتا ہے "ھو جِذْلُ مالٍ" وہ مال کا بہتر منتظم ہے۔ج جِذَال واَجْذَال وجُذُوْل وجُذُوْلَۃ.
الجَاذِل: فا۔شادماں۔ستون کی مانند ایک جگہ پر کھڑا رہنے والا۔"سِقَاءٌ جَاذِلٌ" دودھ کو بدمزہ کردینے والی مشک۔
جَذَمَ (ض) جَذْمًا وجَذْمَۃً: جلدی سے کاٹنا۔
جُذِمَ جَذَمًا: کٹے ہوئے ہاتھ یا کٹی ہوئی انگلیوں والا ہونا۔
جُذِمَ: کوڑھی ہونا۔صفت (اَجذَم ومَجْذُوْم ومُجَذَّم)
اَجْذَمَ. عَن الشَّیْ: باز رہنا......علیہ: پختہ ارادہ کرنا......فی سیرہ: تیز چلنا......یدہ: کاٹنا۔
اِنْجَذَمَ وتَجَذَّمَ: کٹ جانا۔
الجِذْم والجَذْم: اصل۔جڑ۔ج جُذُوم واَجْذَام.
الجَذْمۃ والجَذَمَۃ: ہاتھ میں کٹنے کی جگہ۔
الجَذْمَۃ: ٹکڑا۔چابک۔کوڑا۔
الجُذْمَۃ: ٹنڈاپن۔
الاَجْذَم: ہتھ کٹا۔یا کٹی ہوئی انگلیوں والا۔ مؤنث جَذْمی وجَذْماء اور کہا جاتا ہے "ھو اَجْذَمُ الحجۃ" وہ شخص ایسا ہے جس کے پاس نہ دلیل ہے نہ زور بیان۔
الجُذَامَۃ: کٹی ہوئی کھیتی کا باقی ماندہ۔
المِجْذَام والمِجْذَامَۃ: اُمور میں جلدی

فیصلہ کرنے والا۔ جلدی سے دوستی کو ختم کر
دینے والا۔
جَذَا (ن) جَذْوًا و جُذُوًّا و اَجْذَیٰ. علی
الشیء: اچھی طرح کھڑا ہونا۔
تَجَاذَیٰ. الحجر: اٹھانا۔
الجَذَاۃ: بڑے درختوں کی جڑیں۔ ج جَذَاء.
الجُذْوَۃ و الجَذْوَۃ و الجِذْوَۃ: بھڑکتا ہوا
انگارہ۔ ج جُذًی و جَذًی و جِذَاء: کہا جاتا
ہے "فلان جُذْوَۃُ شر" فلاں شر کا بانی اور
اسے ہوا دینے والا ہے۔
جَذَیٰ (ض) جَذْیًا و اَجْذَیٰ. فلانا عنه:
منع کرنا۔
تَجَاذَیٰ تَجَاذِیًا: کھسک جانا۔
الجِذْی و الجِذْیَۃُ. مِن الشجرۃ: جڑ۔
جَرَّہٗ (ن) جَرًّا و جَرَّبه: کھینچنا۔ جَرَّ الابلَ:
آہستہ ہانکنا...... الکلمۃ: زیر لگانا...... علی
نفسه جریرۃ: گناہ کا ارتکاب کرنا۔
جَرَّرَہٗ و جَرَّرَبه: سختی سے کھینچنا۔
جَارَّہٗ رَسَنه: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ ٹال
مٹول کرنا۔ کہا جاتا ہے "جارَّہ الدَّینَ" اس
نے قرض ادا کرنے میں ٹال مٹول کی۔
اِنْجَرَّ: کھینچنا۔
جَرَّ و اجْتَرَّ. البعیرُ: جگالی کرنا۔
اَجَرَّ. البعیرُ: جگالی کرنا...... الفَصِیلَ: دودھ
پینے سے روکنے کے لئے زبان چیر دینا......
لسانَه: گفتگو کرنے سے منع کرنا۔ اَجَرَّہٗ
رَسَنه: بالکل آزاد چھوڑ دینا۔ اَجَرَّہ الرمحَ:
نیزہ گھسا کر چھوڑ دینا۔ اَجَرَّہ الدَّینَ: مہلت
دینا۔
اِجْتَرَّ و اجْدَرَّ. الشیءَ: کھینچنا۔
اِسْتَجَرَّ. الشیءَ: کھینچنا...... المالَ: تھوڑا
تھوڑا لینا...... لِفُلان: مطیع و فرمانبردار ہونا۔
الجَرُّ: مٹی اور اسی سے ہے "کان ذلک
عام کذا و هَلُمَّ جَرًّا اِلَی الْیَوْم" یہ واقعہ
فلاں سال میں ہوا اور آج تک ایسا ہی ہے۔
جَرُّ الجبل: دامنِ کوہ۔ بجو وغیرہ کا سوراخ۔
اعراب کی ایک قسم خواہ حرکت سے ہو یا
حرف سے۔
الجَرَّۃ: کھینچنے کی ہیئت۔ خانہ بدوش لوگ۔
(...... و الجِرَّۃ): جگالی۔
الجَرَّۃ: جَرٌّ کا اسم مرۃ۔ گھڑا۔ ج
جَرّ و جِرار.
الجَرَّۃ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔
الجُرَّۃ: گلہ بونے کے لئے سوراخ دار
برتن۔ ہرن کے شکار کے لئے لکڑی کا پھندا
ج جُرَر کہا جاتا ہے فعلت. ذلک من
(جَرَّاک و جُرَّاک و جَرَاک و
جَرَائک): میں نے یہ تمہاری وجہ سے کیا۔
الجِرِّی: ایک قسم کی مچھلی جس کو بام کہتے
ہیں۔
الجِرِّیَۃ و الجِرِّیئَۃ: پرندے کا پوٹا۔
الجَارُور: پانی بہنے کی جگہ۔ سیلاب کا بنایا ہوا
نالہ...... فی اصطلاح المولدین: صندوقچی
جو کھینچنے سے کھلے۔
بئرٌ (جَرُور): گہرا کنواں...... فرسٌ جَرُورٌ:
قابو میں نہ آنے والا گھوڑا "امرأۃ جرور":
لنجی عورت۔
الجَرِیرۃ: گناہ۔ کہا جاتا ہے "فعلت ذلک
من جریرتک" میں نے اس کو تمہاری وجہ
سے کیا۔
الجَرَّار: بہت کھینچنے والا۔ گھڑا بنانے والا۔
گھڑا بیچنے والا۔ جیش جرار: بہت بڑا لشکر
...... عوام چھوٹی صندوقچی کے لئے لفظ جرّار کو
استعمال کرتے ہیں جو کھینچنے سے کھلتی ہو۔
الجَرَّارۃ: زرد رنگ کا بچھو جو دم کو گھسیٹا چلتا
ہے۔
المَجَرّ: پانی بہنے کی جگہ۔ شہتیر۔
المَجَرَّۃ: کہکشاں۔ عوام اس کو "درب
التبانه" کہتے ہیں۔
جَرُؤَ (ک) جَرَاءَۃً و جُرَاءۃً و جُرْأۃ
و جَرَائِیَۃ علیه: دلیری کرنا۔ صفت (جَرِیٌ)
ج اَجْراء و اَجْرِیاء.
جَرَّأَہٗ تَجْرِیئًا: جرأت دلانا۔ دلیر بنانا۔
اِجْتَرَأ: دلیر ہو جانا۔
اِسْتَجْرَأ: ...... خلاف جرأت دکھلانا۔
الجَرِیئَۃ: درندوں کے شکار کرنے کا مکان۔
ج الجَرائی.
الجِرِّیئَۃ: پوٹا۔ حلق۔
جَرِبَ (س) جَرَبًا: خارش والا ہونا۔ صفت
(جَرِب و جَرْبان و اَجْرَب) ج جِراب
و جَرْبی و اَجارِب و جُرْب. جَرِبَ
السیفُ: زنگ آلود ہونا۔
جَرَّبَہٗ تَجْرِیبًا و تَجْرِبَۃً: آزمانا۔
اَجْرَبَ. القومُ: قوم کے اونٹوں میں خارش
پھیلنا۔ کھجلی میں مبتلا کرنا۔
الجَرَب: عیب۔ برائی۔ تلوار کا زنگ۔
الجَرْباء: اجرب کا مؤنث۔ قحط زدہ زمین۔
ستاروں بھرا آسمان۔
الجِراب: تلوار کا میان۔ چمڑے کا برتن۔
کنوئیں کا جوف۔ خصیتین کی تھیلی۔ ج اَجْرِبَۃ
و جُرُب و جُرْب.
الجُراب: خالی کشتی۔
الجَرَبَّۃ: سخت و قوی افراد (انسان ہوں یا
حیوان) کھاؤ اور نکمے اہل و عیال۔
الجِرْبِیاء: شمالی ہوا یا اس کی ٹھنڈک۔
الجِرِبّان و الجُرُبّان. من السیف: میان پر
تلہ۔ دھار...... من القمیص: گریبان۔
المُجَرَّب: آزمودہ۔ دراھم مجرّبۃ:
کھرے دراہم۔
اَلجَرَبَۃ: ایک جگہ سے دوسری جگہ کوچ
کرنے والی قوم۔
جَرْبارۃ: پھولوں کی ایک قسم۔ (جربرہ)
جَرْبِیۃ: پھولوں کی ایک قسم۔ (Gerbra)
الجَوْرَب: پائتابہ (فارسیۃ) ج جَوَارِب
و جَوَارِبَۃ.
جَوْرَبَہٗ: پائتابہ پہنانا۔
تَجَوْرَبَ: پائتابہ پہننا۔
الجِرِّیث: ایک قسم کی مچھلی۔ مار ماہی۔
تَجَرْثَمَ و اجْرَنْثَمَ: اوپر سے نیچے گرنا اور سکڑ
کر زمین پر آ رہنا۔ اِجْرَنْثَمَ: چمٹ کے رہ
جانا۔

الجُرثوم والجُرثومة. من الشیّ: جڑ۔ یا درخت کی جڑ میں جمع شدہ مٹی۔ ج جَراثِیم.
جُرثومة النمل: چیونٹیوں کی بستی اور عصری زبان میں "جراثیم" (Germs) کے لئے استعمال ہوتا ہے۔
جَرِج (س) جَرَجًا. الخاتمُ فی اصبعه: ڈھیلی ہونے سے حرکت کرنا۔ صفت (جرج)
الرجل: سخت زمین میں چلنا۔
الجَرَج: سخت زمین۔
الجُرجة: توشہ رکھنے کا تھیلا۔ خرجی۔ ج جُرَج.
جَرجَرَ. الجملُ: بلبلانا۔ الماءَ فی حلقه: گڑگڑ کرنا۔ (...... وتَجَرجَرَ المَاءَ: غٹ غٹ پینا۔
الجَرجَر: غلہ کی دائیں کرنے کا آہنی آلہ۔ حلق۔ جَراجِر.
الجِرجِر والجَرجَر: لوبیا۔ چنا۔
الجَرجارة: چلی۔
الجِرجِیر: ایک قسم کی ترکاری جو پانی میں پیدا ہوتی ہے۔
جَرَحه (ف) جَرحًا: زخمی کرنا......ہ بلسانه: عیب لگانا۔ مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "جرح الشهادة" اس نے گواہی کو باطل کردیا...... الرجلُ: کمانا۔ صفت (جارح) اوراسی سے ہے "مَالَهُ جارحة" اس کے لئے کوئی کمانے والا نہیں۔
جَرِحَ (س) جَرَحًا: زخمی ہونا۔
جَرَّحَهُ: بہت زخمی کرنا۔ جَرَّحَ الشهادةَ: رد کرنا۔
اِجْتَرَحَ. الشیَّ: کمانا۔ الإثمَ: ارتکاب کرنا۔
اِسْتَجْرَحَ. الشیُّ: فاسد ہونا۔
الجُرح: زخم۔ ج جُرُوح واَجراح.
المَجرُوحة: جس چیز سے مخالف کی گواہی یا دلیل مجروح کی جائے۔
الجِراحة: زخم۔ ج جِراح وجِراحات: جراح کا پیشہ۔ گناہ۔

الجَرّاح والجَراحِیّ: زخموں کا علاج کرنے والا۔ سرجن۔
الجارِحة: جارح کا مؤنث۔ چھری۔ شکاری درندہ یا پرندہ یا کتا۔ عضو انسانی خصوصاً ہاتھ ج جَوارِح. جَوارِحُ النَّهار: کنایہ ہے مصائب سے اوراسی سے ہے "نَعُوذُ بِاللهِ مِنْ طَوارِقِ اللَّیْلِ وجَوارِحِ النَّهارِ" ہم دن اور رات کے مصائب سے اللہ کی پناہ لیتے ہیں۔ "الجَوارِحُ مِنَ الطَّیرِ" شکاری پرندے۔
المَجرُوح. ج مَجارِیحُ و(الجَرِیح): ج جَرحَی: زخمی۔
جَرَد (ن) جَردًا وجَرَّدَ. العودَ: چھیلنا...... الجلدَ: بال اُتارنا...... السیفَ: ننگی کرنا...... القحطُ الارضَ: چٹیل کردینا۔ جَرَّدَه مِن ثوبه وجَرَّدَهُ ثَوبَهُ: ننگا کرنا۔ جَرَّدَ الکِتابَ: اعراب نہ لگانا۔ جَرَّدَ الجَرِیدَةَ: چھیلک دینا۔
جَرِدَ (س) جَرَدًا: چٹیل ہونا۔ ننگا ہونا...... المکانُ: ٹڈی زدہ ہونا...... الفرسُ: چھوٹے بال والا ہونا۔
جُرِدَتِ. الارضُ: ٹڈیوں کے کھانے سے صاف ہوجانا۔
تَجَرَّدَ: ننگا ہونا...... الامر: تمام کاموں سے فارغ ہوکر مشغول ہونا اور کوشش کرنا...... الفرسُ: گھوڑدوڑ میں آگے بڑھ جانا۔
اِنْجَرَدَ: ننگا ہونا...... بنا السیر: بغیر دوسری طرف التفات کئے ہوئے چلتے رہنا...... الثوبُ: گھسنا اور بوسیدہ ہونا۔
اِجتَرَدَ. القطنَ: دھننا۔
الجَرْد: مص مکان جَرْدٌ: بغیر نباتات والی جگہ۔ الثوبُ الجَرد: پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ڈھال۔ مال کا بقیہ ج جُرُود.
الجَرَد والجُرد: بغیر نباتات والی جگہ۔
الجَرَد: بال کا چھوٹا ہونا۔
الجُردة: برہنگی۔
الجَردة: پرانا بوسیدہ کپڑا۔

الجَراد: ٹڈی۔ واحد۔ (جَرادة)
الجُرادة: لکڑی کا چھلکا۔
الجَرِید: کھجور کی ٹہنی جو پتوں سے صاف کرلی گئی ہو۔ واحد (جَرِیدة)
الجَرِیدة: سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں۔ مال کا بقیہ۔ رجسٹر۔ اخبار۔ ج جَرائِد.
الاَجرَد: بغیر نباتات والی زمین۔ بے بال۔ چھوٹے بالوں والا۔ مؤنث جَرداء: ج جُرد. الاَجرد من الخیل: گھڑدوڑ میں آگے رہنے والا گھوڑا۔ لَبَنٌ اَجرَد: بے جھاگ کا دودھ۔ صَخرةٌ جَرداءُ: صاف چکنی چٹان۔ خَمرةٌ جَرداءُ: شراب۔ صافی۔ والجرد: سواروں کا رسالہ جس میں پیادے نہ ہوں اور کہا جاتا ہے "مَا رَأَیتُهُ مُنذُ اَجرَدَینِ" میں نے اس کو پورے دو دن یا دو مہینے یا دو سال سے نہیں دیکھا "شَهرٌ اَجرَدُ" پورا مہینہ۔
سَنَةٌ (جَارُود وجَارُودَة): سخت قحط والا سال۔
التَّجرِید: نحویوں کے نزدیک کلمات کو لفظی عامل سے خالی کرنا جیسے زید قائم اور صرفیوں کے نزدیک زائد حروف سے خالی کرنا جیسے قام زید۔
التَجرِیدة: فوج کا دستہ۔
المِجرَد: دانتوں کے صاف کرنے کا برش۔ روئی دھننے والا آلہ۔
الجَرّاد: تانبے وغیرہ کے برتنوں کی کھائی کرنے والا۔ قلعی گر۔
المُنجَرِد: چھوٹے بالوں والا۔
الجُرذُق والجُرذُقة: روٹی۔ ج جَراذِق.
الجُردَم: سبز سروالی سیاہ ٹڈی۔ بہت بولنے والا۔
جَرِذَ (ن) جَرَذًا. الجرحُ: دہان زخم کا بستہ ہوکر سوجنا۔
جَرَّذَ. الشجرةَ: گانٹھیں اتارنا۔
المُجَرَّذة: نکالنا۔ علیحدہ کرنا......ہ الیه: مجبور

کرنا۔
الجَرَذ: جانور کے کوچ کا ورم۔
الجُرَذ: ایک قسم کا چوہا۔ ج جِرْذَان: کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَتْ جِرْذَانُ بَيْتِه" اس کے گھر میں چوہے قلابازی کھا رہے ہیں۔
ارض (جَرِذَة): بہت چوہوں والی زمین۔
المُجَرَّذ: آزمودہ کار۔
الاَجْرَذ: وہ شخص جو چلنے میں قدم کا اگلا حصہ قریب قریب رکھے اور ایڑی دور دور۔
اُمّ جِرْذَان: ایک قسم کی کھجور۔
جَرَزَ (ن) جَرْزًا: کاٹنا۔ جڑ سے اکھیڑنا ..... ہ الزمانُ: ہلاک کرنا ..... ہ بالشتم: گالی دینا۔ کہا جاتا ہے "جَرَزَ ما عَلَى المَائِدَة" دسترخوان کا سب کچھ صاف کر گیا۔
جَرُزَ (ک) جَرَازَةً: پیٹو ہونا۔
جَرِزَتْ (س) جَرَزًا. الارضُ: بنجر ہونا۔ صفت (جَارِزَة) ج جَوَارِز.
جَارَزَهُ جِرَازًا ومُجَارَزَةً: گالی کے مشابہ خوش طبعی کرنا۔
اَجْرَزَ. البَعِيرُ: لاغر ہونا ..... المكانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت (مُجْرَاز)
تَجَارَزَ. القومُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔
الارض (الجَرْزُ والجَرَزُ والجُرُزُ): بنجر زمین۔ زمین جس کی گھاس چر لی گئی ہو۔ ج اَجْرَاز: کہا جاتا ہے "اَرْضٌ جَرْزٌ واَرَضُ اَجْرَازٌ واَرَضُونَ اَجْرَازٌ".
الجَرْز: عورتوں کا ایک لباس۔
الجُرْز: لوہے یا چاندی کا ستون۔ ج اَجْرَاز وجِرَزَة: کہا جاتا ہے "طَوَتِ الحَيَّةُ اَجْرَازَها" سانپ کنڈلی مار کے بیٹھ گیا۔ "وطَوَى فُلانٌ اَجْرَازَه" فلاں نے سستی کی۔
الجَرَز: خشک سال۔ جسم۔ انسان کا سینہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔
الجَرُوزَة: ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰهُ بِجَرُوزَة" اللہ اس کو ہلاک کرے۔
مُجْرُزَة: گٹھا۔ بنڈل۔ ج جُرَز.

الجُرَاز: شمشیر براں۔
الجَرُوز: بہت کھانے والا جو دسترخوان کو صاف کر دے۔
المَجْرُوز. من الامكنة: نباتات بریدہ جگہ۔
الجَرْزَم: بے سالن کی خشک روٹی۔
جَرَسَ (ض) جَرْسًا: بولنا۔ آواز سنانا ..... الكلامَ: ترنم سے پڑھنا ..... الشيءَ: زبان سے چاٹنا۔
اَجْرَسَ. الطائرُ: اڑنے میں سرسراہٹ کی آواز سنائی دینا ..... الحادي: حدی گانا ..... الجرسَ: بجانا (..... والجرسَ) الحلْيُ: جھنکار ہونا۔ بجنا۔
جَرَّسَهُ. الدهرُ: تجربہ کار بنانا۔ جَرَّسَ بهِم: بدنام کرنا۔
تَجَرَّسَ: بولنا۔ گفتگو کرنا۔ نغمہ سرائی کرنا۔
اِجْتَرَسَ. المالَ: کمانا۔
الجَرْس والجِرْس: آواز۔ آہستہ آواز۔
الجرس: اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ خَيْرِ جِرْسٍ" وہ شریف خاندان سے ہے۔ ج اَجْرَاس.
الجَرَس: گھنٹہ۔ گھڑیال۔ ج اَجْرَاس.
ذات الاَجْرَاس: ایک قسم کا سانپ جس کی آواز گھنٹہ کی مانند ہوتی ہے۔
الجَارِسَة: گھاس کھانے والا کیڑا۔ ج جَوَارِس.
الجَوَارِس: شہد کی مکھیاں۔
الجُرْسَة: آزمودہ کاری۔
المُجَرَّس: تجربہ کار۔ کہا جاتا ہے "ناقةٌ مُجَرَّسَةٌ" سدھائی ہوئی اونٹنی۔
جُرَاسِيَس: سفید یا بنفشی پھولوں والا پودا زیادہ تر آرائش و زیبائش کے لیے اگایا جاتا ہے۔
جَرَشَ (ن) جَرْشًا. الحَبَّ والقمحَ: دلنا۔ (..... وجَرَشَ) الرأسَ: کھجلا کر بھوسی نکالنا۔
اِجْتَرَشَ. لعيالِه: کمائی کرنا ..... الشيءَ: اُچک لینا۔

الجَارُوش والجَارُوشَة: ظروف کی چکی۔ ج جَوَارِيش.
الجَرْش: مس۔ سانپ کے کینچلی سے نکلنے کی آواز۔
والجَرْش والجُرْش والجَوْش. مِنَ الليل: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مضى جرش من الليل" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ ج اَجْرَاش وجُرُوش.
جَرَاشَة. الحَبّ: دلا ہوا غلہ۔ سرکی بھوسی۔
الجَوَارِش: جوارش۔ (دوا)
الجَرِيش والمَجْرُوش: دلا ہوا۔
جَرِضَ (س) جَرَضًا. بريقه: فکر یا غم کی وجہ سے مشکل سے تھوک نگلنا ..... بريقه: یکبارگی نگل لینا۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ يَجْرِضُ عليكَ رِيقَهُ غَيْظًا" یعنی فلاں تمہارے اوپر دانت پیس رہا ہے۔
جَرَضَهُ (ن) جَرْضًا: گلا گھونٹنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَجْرِضُ نفسَه" وہ مرنے والا ہے۔
اَجْرَضَهُ. بريقه: اچھو لگوانا۔
الجَرَض والجَرِيض: تھوک جس سے پھندا لگ جائے اور اسی سے مثل ہے "حَالَ الجَرِيضُ دُونَ القَرِيضِ" شعر کہنے سے شدید غم نے روک دیا۔
الجَرِيض: غمگین۔ ج جَرْضَى اور کہا جاتا ہے "قَتَلَ فلانٌ جَرِيضًا" فلاں مرنے ہی والا ہے۔
الجِرْوَاض والجِرْيَاض والجِرْآض: بہت غمگین۔
الجُرْضُم والجُراضِم والجِرْضَم: بہت کھانے والا۔ ناقة (جُرْضِمٌ وجِرْضَمٌ): موٹی تازی اونٹنی۔
جَرَعَ (ف) جَرْعًا وجَرِعَ (س) جَرَعًا واجْتَرَعَ اِجْتِرَاعًا. الماءَ: یکبارگی پی لینا۔
جَرَّعَهُ. الماءَ: ایک ایک گھونٹ کر کے پلانا۔
تَجَرَّعَ. الماءَ: تھوڑا تھوڑا پینا ..... الغيظَ: غصہ پی جانا۔

أَجْرَعَتْ. النَّاقَةُ: کم دودھ والی ہونا۔ صفت (مُجْرِع) ج مَجَارِع ومَجَارِيْع)

الجُرْعَة الجَرْعَة والجُرْعَة: گھونٹ۔

الجُرْعَة ج جُرَع وجِرْعَان و(الجَرْعَاء) ج جَرْعَاوَات و(الأَجْرَع) ج أَجَارِع: ہموار ریتلا میدان جس میں کچھ نہ اُگے۔

جَرَفَ (ن) جَرْفًا وجُرْفًا وتَجْرَافًا واجْتَرَفَ. الشَّيْءَ: کل یا اکثر حصہ کو لے جانا ......الطِّيْنَ: کھرچ لے جانا۔

أَجْرَفَ: المَرَاعِيَ إِبِلَهُ: اونٹ چرانا۔

أَلْجُرْف: چارہ

أَجْرَفَ. المَكَانُ: سیلاب زدہ ہونا۔

الجُرُوف: مص۔ بہت مال (مویشی چاندی سونا وغیرہ۔ سرسبزی۔ وہ داغ جو اونٹ کی ران یا بدن پر لگایا جاتا ہے۔

الجُرُف ج جِرَفَة و(الجُرْف) ج أَجْرَاف: دریا کے کنارے کا وہ حصہ جس کو پانی نے کھوکھلا کردیا ہو اور اسی سے ہے "فُلَانٌ يَبْنِي عَلَى جُرُفٍ هَارٍ لَا يَدْرِي مَا لَيْلٌ مِنْ نَهَارٍ" فلاں دریا کے گرتے ہوئے کنارے پر گھر بناتا ہے اور اسے لیل و نہار کی تمیز نہیں۔

المُجْرَف. من السيل: تمام چیزوں کو بہالے جانے والا سیلاب اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ جُرَافٌ" تمام کھانا کھا جانے والا امرد۔

(...... والجِرَاف): ایک قسم کا پیمانہ۔

الجَارِف. فا۔ طاعون۔ عام تباہ کن موت (چاہے انسان کی ہو یا مویشی کی)

الجَارُوف: بہت کھانے والا۔ تیز بہالے جانے والا۔ منحوس۔ مؤنث جارُوفَة۔

الجُرَّاف: بہت تیز بہالے جانے والا۔

المُجْرُوف والمُجْتَرَف: وہ شخص جس کا تمام مال برباد ہو گیا ہو۔

المِجْرَف والمِجْرَفَة: بیلچہ۔ پھاوڑہ۔

جَرْفَشَة: پچھاڑنا...... الشَّيْءَ: بہت حرص سے کھانا۔

جَرِلَ (س) جَرَلًا. المَكَانُ: سخت اور پتھریلی ہونا۔

الجَرَل: سخت اور پتھریلی زمین ج أَجْرَال۔

الجَرْوَل: پتھریلی زمین۔ ج جَرَاوِل۔

الجِرْيَال والجِرْيَالَة: شراب یا اس کا رنگ۔

جَرَمَ (ض) جَرْمًا. الشَّيْءَ: کاٹنا۔ پورا کرنا ......النَّاقَةَ: اُون کترنا (...... جَرْمًا وجِرَامًا وجَرَامًا) النَّخْلَ: کھجوریں کاٹنا۔

جَرَمَ (ن) جَرْمًا واجْتَرَمَ. لأهله: کمانا۔

جَرَمَ (ض) جَرِيمَة وأَجْرَمَ واجْتَرَمَ. إليه وعليه: گناہ کرنا۔

جَرِمَ (س) جَرَمًا: گری ہوئی کھجوریں کھانا ......لونُه: صاف ہونا۔

جَرُمَ (ک) جَرِيمَةً: عظیم الجرم ہونا۔ بڑا گناہ کرنا۔

جَرَّمَهُ: کاٹنا۔

جَرَّمَهُ وتَجَرَّمَ عليه: گناہ کی تہمت لگانا۔

تَجَرَّمَ الزمانُ او الشتاءُ: ختم ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "عامٌ مُجَرَّمٌ" پورا سال۔

حَتَا (ف) حَتْوًا واَحْتَا. العقدةَ: گرہ باندھنا...... الثوبَ: کپڑا سینا...... الجدارَ: دیوار مضبوط کرنا...... الشيءَ: لگاتار دیکھنا...... الحِمْلَ عن الدابة: بوجھ اتارنا...... المرأةَ: جماع کرنا...... الرجلَ: مارنا۔
حَتْحَتَ: جلدی کرنا۔
تَحَتْحَتَ. الورقُ: جھڑنا۔
حَتِدَ (س) حَتَدًا: خالص الاصل ہونا۔ صفت (حَتِد)
حَتَدَ (ض) حُتُودًا. بالمكان: اقامت کرنا۔
حَتَّدَ. الشيءَ: خالص اور نفیس ہونے کی وجہ سے چننا۔
الحُتُد والحَتْد. من الشيءِ: اصل جوہر کہا جاتا ہے "عين حُتُد" پانی ختم نہ ہونے والا چشمہ۔
المَحْتِد: اصل۔ کہا جاتا ہے "فلان كريم المَحْتِد" فلاں کریم الاصل ہے۔
حَتَرَه (ن ض) حَتْرًا وحُتُورًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا۔ تھوڑا دینا۔ تھوڑی خوراک دینا۔ حتر له شيئا: تھوڑا دینا...... اهلَه: نان و نفقہ میں تنگی کرنا۔ کہا جاتا ہے "ماحَتَرْتُ اليومَ شيئًا" میں نے آج کچھ نہیں کھایا۔ یا مجھے آج کچھ حاصل نہیں ہوا۔
اَحْتَرَ. الشيءَ: مضبوط کرنا...... الرجلُ: تھوڑی بھلائی یا تھوڑی بخشش والا ہونا...... علينا الرزقَ: کم کرنا یا روک لینا۔
حَتَّرَ: نان نفقہ میں کمی کرنا...... البيتَ: گھر کے گرد گھیرا بنانا۔
الحَتْر والحِتْر والحُتْرَة: تھوڑی چیز یا تھوڑی بخشش۔
حِتَار. الشيءِ: کنارہ۔ گھیرا۔ جیسے "حِتَارُ الاُذُن" کان کا کنارہ۔ "حِتَارُ الظفر" ناخن کے اردگرد کا گوشت۔ "حِتَارُ المُنْخُل

والغِربال" چھلنی کا گھیرا۔ج حُتُور.

الحَترَة: ایک بار بچہ کا دودھ چوسنا۔

الحَتِیرة. عند البعض الحَتِیرَة: کھانا جو عمارت کی تیاری پر کھلایا جائے۔

المُحتِر: اہل وعیال پر نان نفقہ میں تنگی کرنے والا۔

حَترَش حَترَشَةً. الجرادُ: کھانے میں آواز نکالنا۔

تَحَترَش. القومُ: اکٹھا ہونا۔

الحُترُوش: ہلکا پھلکا چست لڑکا۔

الحَتارِش: بچے کی حرکتیں۔کہا جاتا ہے "مااحسن حتارش هذا الصبی" اس بچے کی حرکتیں کس قدر اچھی ہیں۔

تَحَترَف. الشَّیُٔ: بکھر جانا۔کہا جاتا ہے "تَحترف الشیُٔ من یدی" چیز میرے ہاتھ سے بکھر گئی۔

الحُترُفَة: آنکھ کی سرخی تختی۔

حَتَش (ن) حَتشا: آمادگی کے ساتھ جمع ہونا۔

الحَتف: موت۔کہا جاتا ہے "مات حَتفَ اَنفِه اَوحَتفَ فیه" وہ اپنی موت سے مرا۔ج حتوف.

حَتَک (ض) حَتکا وحَتَکانا وتَحَتَّک: چھوٹے قدموں سے تیز چلنا۔

الحَتک والحَوتَک: شتر مرغ کے بچے۔

حَتَلَهٗ (ن) حَتلاً: دینا۔

الحِتل والحاتِل: مثل ومشابہ۔المِحتَل: عطیہ۔گھٹیا چیز۔

حَتَم (ض) حَتما. الشَّیُٔ: مضبوط کرنا۔ الشَّیُٔ علیه: واجب کرنا ...... بالشَّیِٔ: کسی چیز کا حکم لگانا۔

تَحَتَّم: خوش ہونا۔اظہار شادمانی کرنا۔ دسترخوان کے بقیہ کو کھانا ..... الزجاج بعضه علی بعض: شیشہ کا بعض بعض پر گر گر ٹوٹنا۔(..... وانحتم) الامرُ: واجب ہونا۔

تحتَّم الشَّیُٔ علی نفسه: لازم کرلینا۔ واجب کرلینا۔

الحاتِم: فا۔حاکم۔کہا جاتا ہے "حتم الحاتم بکذا" حاکم نے فلاں چیز کا فیصلہ کیا۔کالا کوا۔

الحَتم: محض۔خالص۔کہا جاتا ہے "هوالاخ الحتم" وہ حقیقی بھائی ہے۔ "وهذاولد حتم" یہ حقیقی لڑکا ہے جس کے نسب میں کوئی شبہ نہیں۔فیصلہ۔ج حُتُوم.

الحَتُومَة: ترشی۔

الحُتمة: سیاہی۔

الاَحتَم: سیاہ۔

الحُتامَة: دسترخوان کا چورہ۔

حَتِنَ (س) حَتَنا. الحَرُّ: تیز ہونا۔

اَحتَن. الرَّجلُ: سارے تیر ایک ہی جگہ پڑنا۔

تَحاتَنَ. القومُ فی الامر: برابر ہونا۔کہا جاتا ہے "تَحاتَنَ الدَّمعُ" دو دو قطرے آنسو کے گرے۔"وتَحاتَنَتِ الرِّیاحُ" ہوائیں پے درپے چلیں۔

اِحتَتَنَ: بالکل برابر ہونا۔

الحَتن والحِتن: برابر۔ہمسر۔کہا جاتا ہے "هُما حِتنان" وہ دونوں برابر ہیں۔الحِتن: باطل۔یومٌ (حاتِن) گرمی میں اول آخر برابر دن۔

الحتن: پہاڑ کے کنارے۔

حَتابحَتُو حَتوا: تیز دوڑنا۔

حثاهُ (ض) حَثیا واحتثاهُ: بینا۔مضبوط کرنا۔ ..... الحبلَ: بٹنا۔

فرس (مُحتاة الخلق): مضبوط بدن کا گھوڑا۔

حَثَّ (ن) حَثّا وحَثَّثَ تَحثیثًا واَحَثَّ اِحثاثًا واحتثّ احتثاثا واستحثّ استحثاثا. الرجلَ علی الامر: برانگیختہ کرنا۔اُکسانا۔

حاثَّهٗ: برانگیختہ کرنا۔اُکسانا۔

تَحاثَّ. القومُ: ایک دوسرے کو برانگیختہ کرنا۔

اِحتَثَّ: برانگیختہ ہونا (لازم ومتعدی)

حَثَّث تَحثِیثًا: سونا۔

الحُثّ: بھوسے کے ریزے۔خشک روٹی۔ چمچماتا ہوا ریت۔

الحَثِیث والحَثُوث: تیز کہا جاتا ہے "ولّٰی حَثِیثًا" وہ تیز بھاگا۔

الحَثاث والحِثاث: جلدی۔تھوڑی نیند۔کہا جاتا ہے "مااکتحل فلان حِثاثًا" یعنی وہ ذرا بھی نہیں سویا۔

حَثحَث. البرقُ: بادل میں کوندنا۔ فلانًا: کسی چیز پر برانگیختہ کرنا ...... المیلَ فی العین: سرمہ کی سلائی کو آنکھ میں حرکت دینا۔

تَحَثحَث. القومُ: آمادہ ہونا۔

الحَثحاث والحُثحُوث: تیز جس میں کسی قسم کی سستی نہ ہو۔

حَثِرَ (س) حَثَرا. الجلدُ: پھنسی والا ہونا ...... العَینُ: آشوب چشم کی وجہ سے موٹے پپوٹے والی ہونا ..... العَسَلُ: خراب ہونے کی وجہ سے دانہ دار ہونا۔ صفت (حاثِر وحَثِر) ..... الشَّیُٔ: کشادہ ہونا۔ صفت (حَثِرٌ وحَثَرٌ)

حَثَّر. الدواءَ: گولی بنانا۔

اَحثَر وتَحَثَّر. النخلُ: دانہ ظاہر ہونا۔

الحَثَر: محض۔تلچھٹ۔

الحَثِر: پھنسی والا۔طعام حَثِر: بکھرا ہوا کھانا۔جس میں کوئی برکت نہ ہو۔فُؤادٌ حَثِرٌ: دل جو کچھ محفوظ نہ رکھ سکے۔لسانٌ حَثِرٌ: زبان جس کو کچھ مزہ معلوم نہ ہو۔

حَثرَب. الماءُ: گدلا ہونا ..... البئرُ: گدلے پانی والا ہونا۔

الحُثرُب: گدلا پانی۔نرم زمین میں اُگنے والی ایک قسم کی گھاس۔ ہانڈی کی تلی کی چکنائی۔

حَثِلَ (س) حَثَلاً: بڑے پیٹ والا ہونا۔

اَحثَلَت. الاُمُّ ولدها: خراب غذا دینا۔ صفت مفعولی (حَثِیل) ..... الدهر فلانًا: برا حال کردینا۔تباہ حال کردینا۔

الحَثْل: بُرے طریقہ سے دودھ پلانا۔تباہ حالی۔
الحَثَل: لاغر۔کمزور۔
الحَثْلَة: حوض کا بقیہ پانی۔
الحُثَال و الحُثَالَة: چاول جَو وغیرہ کا چھلکا۔
حُثَالَة الدهن: تیل کا تلچھٹ...... الناس: ادنٰی درجہ کے لوگ۔
الحَثْمَة و الحَثَمَة: چھوٹا ٹیلہ۔و الحَثْمة: ناک کا بانسہ۔ج حِثام۔
الحُثْمَة: بند کے نزدیک پانی کے گرنے کی جگہ۔
حَثَا (ن) حَثْوًا و حَثَى (ض) حَثْيًا و تَحْثَاءً التراب: گرانا۔ڈالنا۔التراب: گرنا...... له: تھوڑا سا دینا۔کہاجاتا ہے "حَثَا فِي وَجْهِهِ الرماد" یعنی اس نے اسے شرمندہ کردیا۔"وحثا في وجه التراب" یعنی وہ اس سے سبقت لے گیا۔
اِسْتَحْثَوا: ایک دوسرے کے چہرے پر مٹی ڈالنا۔
الحَثَا و الحَثَى: بھوسہ کے ریزے۔ڈالی ہوئی مٹی۔
الحَثْواء: بہت مٹی والی زمین۔
الحَثْي: مص۔لپ ج حَثَيَات۔
الحَثْوة: مٹی کا ایک حصہ۔ج حُثى۔
حَجَّهُ (ن) حَجًّا: دلیل میں غالب ہونا۔
الجُرحَ: سلائی لگا کر دیکھنا...... ہ: قصد کرنا۔ کہاجاتا ہے "حَجَّ بنو فلانٍ فُلانًا" یعنی فلاں کے پاس بنو فلاں نے بہت آمدورفت کی "وحَجَجْتُ فُلانًا" یعنی میں فلاں کے پاس بار بار آیا گیا۔حَجَّ الاماكن المقدسة: زیارت کرنا۔صفت (حاجّ) ج حُجّاج و حَجِيج و حُجّ: مؤنث حاجّة ج حَوَاجّ۔ حَجَّ عَلَيْهِ: آنا...... عن الامر: باز رہنا۔
حَاجَّهُ حِجَاجًا و مُحَاجَّة: جھگڑا کرنا۔
حَجَّجَهُ تحجيجًا و أحَجَّهُ و احْجَاجًا: حج کرنے کے لئے بھیجنا۔

تحاجّا تحاجًّا: باہم جھگڑا کرنا۔
اِحْتَجَّ: دعویٰ کرنا اور دلیل پیش کرنا...... بالشيء: دلیل یا عذر بنانا...... البيت: زیارت کرنا۔
اِستَحَجَّ: حجت طلب کرنا۔
الحَاجّ: فا۔مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے والا۔اسم جمع بمعنی حُجّاج۔کہتے ہیں "قَدِمَ الحاجُّ حتى المُشاة" حاجی صاحبان آ گئے یہاں تک کہ پیدل چل کر آنے والے بھی۔
الحِجَّة: حج کا اسم۔سال۔
ذُو الحِجَّة: قمری سال کا بارہواں مہینہ ج ذوات الحِجَّة. الحِجَّة: کان کی لو۔
الحَجَّة: بالی۔کان کی لو۔
الحُجَّة: دلیل۔برہان۔ج حُجَج و حِجَاج۔
الحُجَاج: ابرو کی ہڈی۔ج حُجُج واحِجَّة و حِجاج. حَجَاجُ الشمس: آفتاب کا کنارہ۔
الحَجِيج: دلیل میں غالب آنے والا۔وہ شخص جس کے زخم کو سلائی میں ڈال کر معلوم کیا جائے۔
المَحَجّ: حج کرنے کی جگہ۔
المَحَجَّة: راستہ کا درمیان۔ج مَحَاجّ۔
المِحْجَاج: بڑا جھگڑالو۔زخم معلوم کرنے کی سلائی۔
المَحْجُوج: دلیل میں مغلوب۔مطلوب و مقصود۔حج کرنے کی جگہ۔
حَجَا (ف) حَجْوًا. بالشيء: خوش ہونا۔عنه الشيء: روکنا۔
حَجِيَ (س) حَجًا و حَجًا و تَحَجِّيًا. بالشيء: بخل کرنا۔فریفتہ ہونا۔
الحَجِي: سزاوار۔لائق۔تم کہتے ہو "حَجِي بكذا" وہ فلاں چیز کے لائق ہے۔پناہ لینے والا۔تم کہتے "هو حجي اليهم" وہ ان لوگوں کے پاس پناہ لینے والا ہے۔
المَحْجَا: پناہ لینے کی جگہ۔

حَجَبَهُ (ن) حَجْبًا و حِجَابًا و حَجَبَةً: چھپانا۔اندر آنے سے روکنا۔حَجَبَ بَيْنَهُمَا: حائل ہونا۔حَجَبَ صدرُه: تنگ ہونا۔کہاجاتا ہے۔"فلان يَحْجُب للامير" فلاں امیر کا دربان ہے۔
تَحَجَّبَ و احْتَجَبَ: چھپنا۔
اِسْتَحْجَبَهُ: حاجب بنانا۔دربان بنانا۔
الحِجَاب: مص...... ج حُجُب: پردہ۔ہر وہ چیز جو دو چیزوں کے درمیان حائل ہو۔تعویذ۔حجاب الشمس: آفتاب کی روشنی۔حجابُ القلب: پردہ جو دل اور پیٹ کے درمیان حائل ہے۔
الحاجب ج حَوَاجِب و حُوَاجِب: ابرو...... حَوَاجِبُ الشمس: آفتاب کی شعاعیں...... الشيء: چیز کا کنارہ۔حاجبُ الشمس: آفتاب کا کنارہ جو طلوع ہونے کے وقت ابتداءً ظاہر ہو۔الحاجب ج حُجّاب و حَجَبَة: دربان۔
الحِجَابَة: دربانی۔
حَبَّذا: اس کا اعراب یعنی ترکیب۔حَبَّ: فعل ماضی ذا: اسم اشارہ اس کا فاعل فعل فاعل مل کر خبر مقدم ضمیر یا بعد والا اسم اس کا مبتدا مؤخر۔مبتدا خبر مل کر جملہ اسمیہ خبریں۔
الحَاجِبِيَّة: معتدل علاقوں کی ایک پھولدار انگوری۔
المَحْجُوب: اندھا۔
حَجْحَجَ: گفتگو سے رکنا...... بالمكان: اقامت کرنا...... الرجلُ: پچھلے پاؤں واپس ہونا۔
حَجَرَهُ (ن) حَجْرًا و حُجْرًا و حُجْرانًا. بتثليث الحاء في المصدرين: منع کرنا۔حَجَرَ عَلَيْهِ القاضي: مالی معاملات کے کرنے سے روکنا۔(...... حَجْرًا و مَحْجَرًا) عَلَيْهِ الامرَ: محروم کرنا۔
حَجَّرَ. القمرُ: ہالہ والا ہونا...... الطينُ: پتھر کی مانند سخت ہونا۔

أَحْجَرَهُ: ڈھانپنا۔ چھپانا۔
تَحَجَّرَ واسْتَحْجَرَ: پتھر کی مانند ہونا۔
الرَّجُلُ: حجرہ بنانا۔ تَحَجَّرَ علٰی فلان: تنگی ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "تَحَجَّرَ مَا وَسَّعَهُ اللّٰه" اللہ نے جس چیز میں اس کے لئے وسعت کی تھی اس کو اس نے اپنے لئے تنگ بنا لیا۔ محروم کرنا۔ اِسْتَحْجَرَ علیه: جرأت و دلیری کرنا۔
اِحْتَجَرَ: حجرہ بنانا۔ اِحْتجر الشئ: اپنی گود میں لینا...... بہ: پناہ لینا۔
الحَجْرُ: مص۔ منع۔ روک...... من العین: آنکھ کا خانہ...... والحُجْرُ والحِجْرُ: گود۔ کہا جاتا ہے "نشأ فلانٌ فی حِجْرِ فُلان" فلاں کی پرورش فلاں کی گود میں ہوئی۔ حرام۔ کہا جاتا ہے "هذا حَجْرٌ عَلَیْک" یہ تمہارے اوپر حرام ہے۔ وحُجْرًا له: یعنی دفع ہو۔ عرب اس کو اس وقت بولا کرتے ہیں جبکہ کسی چیز کو مکروہ سمجھیں۔
الحِجْرُ: عقل۔ گھوڑی۔ ج "حُجُور وحُجُورة وأحجار".
الحَجَرُ: پتھر۔ ج أحجار وحِجار وحِجارة وأحْجُر: کہا جاتا ہے "القمه الحَجَر" یعنی اس نے اسے لاجواب کر دیا اور کہا جاتا ہے "اهلُ الحَجَر والمَدَر" یعنی دیہات کے رہنے والے لوگ۔ الحَجَران: سونا چاندی۔ أحجار الخیل: وہ عمدہ گھوڑے جو نسل بڑھانے کے لئے پالے جائیں۔ (مفرد استعمال نہیں کرتے)
الحُجُر: ناخن کے اردگرد کا گوشت۔
الحَجْرة: کنارہ۔ ج حَجْر وحَجَرات وحَوَاجِر: کہا جاتا ہے "اِنْتَشَرَتْ حَجْرَتُه" اس کا مال زیادہ ہو گیا۔
الحُجْرة: چھوٹا کمرہ۔ قبر۔ باڑہ۔ کنارہ۔ ج حُجَر وحُجُرات وحُجَرات وحُجْرات.
حَجْرتا العسکر: لشکر کے دونوں بازو میمنہ ومیسرہ۔
المَحْجِر والمَحْجَرة: بہت پتھروں والی جگہ۔
الحاجِر: فا...... ج حُجْران: بلند زمین جس کے درمیان میں پست جگہ ہو۔ صحرا میں حاجیوں کے اترنے کی جگہ۔ (والحاجور) نہر کے کنارے کا وہ حصہ جو پانی کو روک لے۔
المَحْجِر والمِحْجَر۔ من العین: آنکھ کا خانہ۔ باغ۔ ج مَحاجِر۔
المَحْجَر: گاؤں کا گرداگرد۔ حفاظت کی جگہ اور اسی سے ہے "المَحْجَر الصحی" وہ مقام جہاں وبازدہ لوگ رکھے جائیں تا کہ وبا دوسری جگہ نہ پھیلنے پائے۔
حَجَزه (ن ض) حَجْزًا وحِجازةً: منع کرنا۔ روکنا۔ دفع کرنا...... بَیْنَهُما: فاصل کرنا...... علیه المالَ او العقارَ: مال یا جائیداد کو دعوی کی بنا پر روک لینا۔
أَحْجَزَ وانْحَجَزَ: مُلک حجاز میں آنا۔
انْحَجَزَ: رک جانا۔
حاجَزَه: ایک دوسرے کو منع کرنا۔
تَحاجَزوا: بعض کا بعض کو منع کرنا اور دفع کرنا۔
اِحْتَجَزَ. الشئ: اکٹھا ہونا...... به: باز رہنا...... بالازار: کمر پر باندھنا...... الشئَ: گود میں اٹھانا...... الرجلُ: حجاز میں آنا۔
الحِجْز والحُجْز: جڑ۔ قبیلہ۔ کنارہ۔
الحِجْز: پاک دامن۔ پاک۔
الحِجاز: ملک عرب کا ایک حصہ۔ کمربند۔ اونٹ کے باندھنے کی رسی۔ گانے کا ایک سُر۔
الحُجْزة ج حُجَز وحُجُزات وحُجَزات وحُجْزات: ازار باندھنے کی جگہ۔ نیفہ۔ کہا جاتا ہے "فلان طیّب الحُجْزة" فلاں پاکدامن ہے "وشدید الحُجْزة" یعنی بڑا صابر۔ "وهذا کلامٌ آخذٌ بعضُه بحُجْزة بعضٍ" یعنی یہ کلام ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہے۔
الحاجِز. ج حَجَزة: روک۔ فاصل۔ ظالم۔ الحاجز ج حواجز: تلوار کی دھار۔ برزخ: فاصل و روک۔
الحاجزُ: "النّاری": توپخانہ سے مسلسل گولہ باری کہ دشمن کے سامنے آگ کی دیوار بن جائے۔
الحاجزُ: (الحراری) ایک علمی اصطلاح اس سے مراد وہ حرارت جو کہ طیاروں کے فضاء میں ٹکرانے سے پیدا ہوتی ہے۔
المُحْتَجَز: ازار باندھنے کی جگہ۔
حاجَفَه مُحاجَفَةً: مقابلہ کرنا۔ مدافعت کرنا۔
اِنْحَجَفَ: زاری کرنا۔ گڑگڑانا۔
اِحْتَجَفَ. الشئَ: اپنے لئے خاص کر لینا۔ نفسَه عن کذا: باز رکھنا۔
الحَجَفة: بغیر لکڑی کے چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال۔ سینہ۔ ج حَجَف.
الحَجِیف: جوف سے نکلنے والی آواز۔
المَحْجُوف: وہ شخص جس کے نیچے کے جبڑے میں درد ہو۔
حَجَلَ (ن ض) حَجْلاً وحَجَلانًا: ایک ٹانگ کو دوسری ٹانگ پر اٹھا کر آہستہ آہستہ چلنا۔ المقیّدُ: دونوں پاؤں سے کودنا...... البعیرَ: باندھنا۔
حُجِلَ حَجْلاً. بَیْنَهُما: حائل کیا جانا۔
حَجَلَت (ن) حُجُولاً وحَوْجَلت. العینُ: اندر کو دھنس جانا۔
حَجَّلَ. العروسَ: دلہن کے لئے کمرہ آراستہ کرنا۔ دلہن کو آراستہ کمرہ میں داخل کرنا۔ حَجَّلَتِ المرأةُ بنانَها: مہندی لگانا۔ العینُ: اندر کو دھنس جانا۔ الرجلُ أمرَه: مشہور کرنا۔ المقیّدُ: دونوں پاؤں سے کودنا۔
حَجَلَ وتَحَجَّلَ. الفرسُ: ٹانگوں میں سفیدی والا ہونا۔ صفت (محجّل ومحجول) اور اگر تین ٹانگوں میں سفیدی ہو تو اس کو حجیل: کہتے ہیں۔ حُجِّلَتِ المرأةُ: پازیب پہنایا جانا۔

الحجل واحد حجلة ج حجلان وحجلی: چکور۔

الحجل والحِجل والحِجل: پازیب۔ بیڑی۔ گھوڑے کی ٹانگ کی سفیدی۔ ج أحجال وحجول

الحجلة: پردہ جو دلہن کے لئے مکان کے اندر لگایا جائے۔ کمرہ جو دلہن کے لئے آراستہ کیا جائے۔ ج حجال وحجل: عربوں کے قول "الحجول لربات الحجال" کے معنی یہ ہیں کہ پازیب عورتوں کے لئے ہے۔

الحَجِيلا: پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

الحوجلة والحوجلّة: شیشی۔ ج حواجل وحواجيل

المُحجَّل من الخيل: ٹانگوں میں سفیدی والا گھوڑا۔ يوم محجّل: خوشی کا دن اور کہا جاتا ہے "أمر أغر محجّل" بہت مشہور معاملہ۔

حجم (ن ض) حجمًا۔ البعيرَ: منہ پر جالی لگانا ...الحجّامُ المريضَ: پچھنا لگانا

الحيّةُ: ڈسنا ...الصبيُّ ثدی امه: چوسنا۔

حجمه عن الشئ: منع کرنا۔ حجم طرفه عنه: نگاہ پھیرنا۔

حجم (ن) حجمًا واحجم۔ الثدیُ: اُبھرنا۔ بلند ہونا۔ احجمت المرأة للمولود: پہلی دفعہ دودھ پلانا۔ احجم عن الشئ: ڈر کر باز رہنا یا پیچھے ہٹنا۔

احتجم: پچھنا لگوانا۔

الحجامة: پچھنا لگانے کا پیشہ۔

الحجم: مس۔ جسم کی مقدار۔ اُبھار جو ہاتھ کے گزارنے سے محسوس ہو۔ ج حجوم۔

الحجام: اونٹ کے منہ میں لگانے کی جالی۔

الحاجم ج حجّام وحجمة و(الحجّام) پچھنے لگانے والا۔

المحجم: پچھنا لگانے کی جگہ۔ ج محاجم

المحجم والمحجمة: پچھنے لگانے کا اوزار۔ سینگی۔ ج محاجم۔

المِحجام: خوف کی وجہ سے بہت پیچھے ہٹنے والا۔

حجن (ن) حجنًا وحجّن۔ العودَ: موڑنا۔ ٹیڑھا کرنا۔(...... واحتجن) الشئَ: ٹیڑھے سر کے ڈنڈے سے کھینچنا۔ کہا جاتا ہے "احتجن المالَ" اس نے مال کو جمع کیا۔ نیز اس نے منتشر مال کو اکٹھا کیا اور اس کی اصلاح کی۔ احتجن عليه: روک دینا۔

حجن (س) حجنًا۔ بالدار: اقامت کرنا ......عليه وبه: بخل کرنا۔

تحجّن: مڑ جانا۔ ٹیڑھا ہو جانا۔

الحجن والحجنة: کجی۔ ٹیڑھا پن۔

الحُجنة: اپنے لئے مخصوص طریقہ سے جمع کی ہوئی چیز۔ الحجنُ: چیچڑی۔

الأحجن: ٹیڑھا۔ کہا جاتا ہے "صقر أحجن المخالب" شکرا ٹیڑھے چنگل والا۔ مؤنث حجناء ج حُجن۔

الحجون: کاہل۔ کہتے ہیں "سِرنا عقبةً حجونا" ہم لمبی اور دور دراز گھاٹی پر چلے۔

المحجن والمحجنة: ٹیڑھے سر والا ڈنڈا۔ ٹیڑھے سر والا۔ کہا جاتا ہے "هو محجن مال" وہ مال کا یعنی اونٹوں کا بہترین منتظم ہے۔ مَحجن الطائر: چونچ۔

حجا (ن) حجوًا: ٹھہرنا ...بالمكان: اقامت کرنا ...بالشئ: بخل کرنا ......به خيرًا: گمان کرنا ......السرّ: حفاظت کرنا ...... حجاه: قصد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ منع کرنا ...... القومَ: بدلہ دینا ...... الامرَ: گمان کر کے دعویٰ کرنا۔

حجی (س) حجی۔ به: فریفتہ ہو کر لازم ہونا۔

أحجاه إحجاءً۔ بكذا: لائق بنانا۔ کہا جاتا ہے "ما أحجاه بكذا" وہ اس کے کس قدر لائق ہے۔

حاجاه مُحاجاةً: پہیلی پیش کرنا۔ یا عقل وزیرکی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "حاجيته فحجوته" میں نے زیرکی میں اس کا مقابلہ کیا اور میں غالب رہا۔

تحجّی۔ بالشئ: فریفتہ ہو کر لازم ہونا...... بالمكان: اقامت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تحجيتكم لي هذا المكان" میں تم سے پہلے اس جگہ میں پہنچ گیا اور وہاں پر جم گیا ......الشئَ: قصد کرنا۔

إحتجی۔ الشئَ: چھپانا۔

تحاجوا: آپس میں پہیلی پیش کرنا۔

الحِجی: عقل وزیرکی ج أحجاء۔

الحِجا: کنارہ۔ گوشہ۔ ج أحجاء: پردہ۔

الحَجا: وادی کا موڑ۔ زمین کا بلند حصہ۔ ج أحجاء وحجا۔ الشئ: کنارہ۔

الحجاة: بارش کا پانی پڑنے کی وجہ سے بلبلہ۔ ج حجا۔

الحجی والحجيّ: لائق۔

الأحجية: چیستاں۔ پہیلی۔ ج أحاجي وأحاج۔ كلمة (مُحجية ومُحجّية) پہیلی دار کلمہ کہ جس کے الفاظ بظاہر معنی کے مخالف ہوں۔ کہا جاتا ہے "انه (المحجاة) ان يفعل كذا" یعنی وہ یقیناً اس لائق ہے کہ ایسا کرے۔

حدّ (ن) حدّه حدًّا۔ الدارَ: حد مقرر کرنا ......المذنبَ: حد جاری کرنا ......الشئَ عن الشئ: جدا کرنا ......اللهُ عنّا الشر: روکنا۔ باز رکھنا۔ پھیرنا۔

حدّت (ن ض) حدًّا وحِدادًا۔ المرأةُ: سوگ منانا۔ صفت (حادّ) ج حوادّ۔

حدّ حدًّا وحدّد واحدّ۔ السكين: تیز کرنا۔

حدّت (ض) حِدّة واحتدّت۔ السكين: تیز ہونا ...... باریک دھار ہونا۔

حدّ (ض) حدًّا وحددًا وحدّة۔ عليه: غضب ناک ہونا۔

حدّد۔ الارضَ: حدود قائم کرنا ......إليه وله: قصد کرنا ......الامرَ: معلوم کرانا ......عليه: غضب ناک ہونا ......الزرعُ: بارش مؤخر ہونے کی وجہ سے پیچھے اُگنا۔

حادّه: دشمنی کرنا۔ باہم غضب ناک ہونا۔

حاذَتْ ارضه ارضی: پڑوس میں ہونا۔
اَحَدَّ اِلَیہِ النظر: گھورنا۔ تیز نظر کرنا۔
اَحدَّتِ المرأۃُ: شوہر کے مرنے پر سوگ کرنا۔ صفت (مُحِدّ و مُحِدَّۃ)
تَحَدَّدَ بِھِمْ: در پے ہونا۔
تَحادُّوا: باہم غضب ناک ہونا۔
اِحتَدَّ: قوی ہونا..... عَلَیہِ: غضب ناک ہونا۔
اِستَحَدَّ: دھار تیز کرنا۔ شرم گاہ کے بال مونڈنا۔
الحَدُّ: مص۔ دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ تم کہتے ہو "دارُہُ حدَّ داری" اس کا گھر میرے گھر کے پڑوس میں ہے۔
والحدُّ: کسی چیز کی انتہا۔ الحَدُّ مِنَ السَّیفِ: تلوار کی دھار..... مِنَ الشراب: شراب کی تیزی مِنَ الانسان: وہ بد اور غضب کی بنا پر جو کیفیت پیدا ہو۔ مِن کل شیٔ: تیزی۔
حَدُّ الشَّیٔ: جامع مانع تعریف۔ سزا۔ ج حُدُوْد۔ وحُدُودُ اللّٰہ: اطاعت الٰہی و احکام شرعیہ۔
الحَدَد: مص۔ ممنوع۔ کہا جاتا ہے "ھذا امر حَدَدٌ" یعنی یہ امر ممنوع ہے اس کا کرنا جائز نہیں "وھذا خبرٌ حَدَدٌ" یہ خبر باطل و جھوٹ ہے "ودُوْنَ ھٰذَا حَدَدٌ" اس کے ورے ممانعت ہے "وحَدَدًا ان یکون ھٰذا" اللہ کی پناہ کہ ایسا ہو۔
الحِداد. حدَّتِ المرأۃ: کا مصدر۔ سیاہ ماتمی لباس۔
الحَدَّاد: تیزی والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حُدَّادٌ" تیزی والا مرد۔ سکین حُدَادٌ: تیز چھری۔ ج اَحِدَّۃ اور کہا جاتا ہے "حُدَادُکَ اَنْ تفعل کذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الحَدادۃ: بیوی۔
الحِدادۃ: لوہاری۔
الحَدِید: لوہا۔ مضبوط اور سخت لوہے کو "ذکر" اور نرم کو "اُنثی" اور "اَنِیْث" سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ھو حدیدی" وہ میرا پڑوسی ہے۔ "وداری حَدِیْدَۃُ دارہ" میرا گھر اس کے گھر کے پڑوس میں ہے۔
الحَدِید: ج اَحِدَّاء و حِدَاد: کاٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "سَیفٌ حَدِیدٌ" کاٹنے والی تلوار۔ رجلٌ حَدِیدٌ: تیز فہم یا سریع الغضب۔
الحَدِیدَۃ: لوہے کا ٹکڑا۔ ج حَدائِد و حَدِیدَات و جمع حَدائِدات حَدِیدَۃُ الحَرْث: ہل کی پھار۔ الحَدِیدَۃ: چمچہ۔
الحَدَّاد: لوہار۔ لوہا بیچنے والا۔ دربان۔ جیلر۔ زرہ سالہ۔ شراب فروش۔ سمندر۔
المَحْدُود: حد بندی کیا ہوا۔
حَدَأ (ف) حَدْأً. الشَّیٔ عنہ: پھیرنا۔ ہٹانا۔
حَدِیَٔ (س) حَدَأً. بالمَکان: کسی جگہ میں جم کے رہ جانا..... الیہ: پناہ لینا..... اِلَیہِ وعلیہ: مہربانی کرنا۔ مدد کرنا۔ ظلم سے بچانا..... عَلَیہِ: غضب ناک ہونا۔
الحَدَأۃ: دوسروالی کدال۔ ج حَدَأ و حِدَاء۔
الحِدَأۃ: چیل۔ عوام حُدَیَّۃ کہتے ہیں۔ ج حِدَأ و حِدَاء و حِدْآن۔
حَدِبَ (س) حَدَبًا واَحْدَبَ. الرجلُ: کبڑا ہونا..... صفت (حَدِب و اَحْدَب) مؤنث حَدِبَۃ و حَدْبَاء: ج حُدْب و اَحْداب. وحَدِبات. حَدِبَ علیہ: مہربان ہونا۔
حَدَّبَ و اَحْدَبَ: کبڑا بنانا۔ حَدَّبَ الشَّیٔ: کسی چیز کو ابھرا ہوا بنانا۔
تَحَدَّبَ: کبڑا ہونا..... عَلَیہِ: مہربان..... بہ: تعلق رکھنا۔ المرأۃُ: بچوں پر مہربانی کی وجہ سے دوسرا نکاح نہ کرنا۔
اِحْدَوْدَبَ و تَحادَبَ: کبڑا ہونا۔
اِحْدَوْدَبَ الرملُ: لمبا اور ٹیڑھا ہونا۔
الحَدَب: مص۔ کبڑا پن۔ موج۔ لہر۔ کھال کے اندر نشان۔ زمین کی اونچی جگہ۔ ایک قسم کی گھاس۔
الحَدْبَاء: قحط کا سال۔ دشوار امور۔ لاش۔
الحَدَبَۃ: کبڑا پن۔ پیٹھ میں کبڑا ہونے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فی ظھرہ حَدَبَۃ" اس کی پیٹھ میں کبڑا پن ہے۔ مِنَ الارض: بلند و سخت جگہ۔
الاَحْدَب: تلوار۔ ہاتھ کی ایک رگ کا نام۔
امر اَحْدَب: دشوار کام۔
المُحَدَّب: کبڑا۔ مِنَ الخطوط: اُبھری ہوئی لکیریں۔ لبن (حُدْبُدٌ) جما ہوا دودھ۔
حَدَثَ (ن) حُدُوْثًا. الامرُ: واقع ہونا۔ (..... حَداثَۃً و حُدُوْثًا) نو پید ہونا اور جب قَدُمَ کے مقابلے میں بولتے ہیں تو عین کلمہ کو ضمہ دیتے ہیں جیسے "اَخَذَنِی ما قَدُمَ وما حَدُثَ" یعنی مجھ کو نئے پرانے غموں نے گھیر لیا۔ اس کے علاوہ دوسری جگہ ضمہ نہیں دیتے۔
حَدَّثَ. عن فلان: روایت کرنا۔ ہ کذا وبکذا: خبر دینا۔ بیان کرنا۔
حَادَثَہٗ: گفتگو کرنا۔ حادَثَ السیفَ: تلوار کو جلا دینا اور اسی سے ہے "کنصل السیف حُودِثَ بالصِقال" مانند تلوار کی پھل کے کہ صیقل کرنے سے جلا دیا گیا ہو۔
اَحْدَثَہٗ: ایجاد کرنا۔ پیدا کرنا۔ اَحْدَثَ الرجلُ: پاخانہ کرنا۔ السیفَ: تلوار کو جلا دینا۔
تَحَدَّثَ. بالشیٔ عن الشیٔ: گفتگو کرنا۔ خبر دینا۔
تَحادَثُوا: باہم گفتگو کرنا۔
اِسْتَحْدَثَہٗ: پیدا کرنا۔ الخبرَ: نیا پانا۔ رجل (حِدْثُ) ملوک: بادشاہوں کا قصہ گو۔
الحَدِث و الحَدُث: اچھی گفتگو کرنے والا۔
الحَدَث: نئی چیز۔ خلاف سنت۔ نئی بات۔ دین میں نئی بات۔ پاخانہ۔ ج اَحْداث و اَحْداثُ الدھر: زمانہ کے مصائب۔
الحَدَث: جوان۔ ج اَحْداث و حُدْثان۔
الحَداثَۃ: مص۔ حَداثَۃُ الامرِ: آغاز

وابتداء۔

الحُدْثَى: نئی۔

الحُدْوثَة: آغاز وابتداء۔

الحِدْثان: آغاز وابتداء۔ حِدْثانُ الدهر وحِدْثانه: زمانہ کی سختیاں۔

الاُحْدُوثة: بات۔ افسانہ۔ کہانی۔ ج اَحَادِيث.

حُدُوثُ العالَم: فلاسفہ کے نزدیک دنیا کا حادث ہونا۔ اس کے صانع نے اس کو نیا بنایا ہے وہ ازل سے نہیں۔

الحَادِث: نو پید چیز۔ قدیم کی ضد۔ ج حَوادث. وحادثات. حوادِثُ الدهر: زمانہ کے مصائب۔

الحَدِيث ج حِدَاث وحُدَثاء: نیا۔

الحَدِيث ج اَحَادِيث وحِدْثان وحُدْثان: خبر۔ کہا جاتا ہے "صَارُوْا اَحَادِيثَ" یعنی وہ لوگ ختم ہو گئے صرف ان کی بات ہی بات باقی رہ گئی۔ وعلم الحديث: نبی کریم ﷺ کے اقوال افعال واحوال بتانے والا علم۔

الحِدِّيث: بہت گفتگو کرنے والا۔

الحُدَّاث: گفتگو کرنے والی جماعت۔

الحِدِّيثي: خبر حدیث۔

المُحْدَث: مفع کتاب وسنت واجماع کے خلاف نئی بات۔ ج مُحْدَثات: نیا۔

مُتَحَدَّث. القوم: قوم کے گفتگو کرنے کی جگہ۔

حَدَجَ (ض) حَدْجًا. البعيرَ: اونٹ پر کجاوہ باندھنا...... الاحمالَ: باندھنا...... الابلَ: داغ لگانا...... ہ: مارنا۔ حَدَجَه بالسهم: تیر اندازی کرنا...... ہ بالذنب: تہمت لگانا۔ کہا جاتا ہے "حَدَجَه ببيع سوءٍ" اس نے ایسی بیع اس پر لازم کر دی جس میں گھاٹا ہے۔

حَدَّجَ وحَدَجَ. ببصره: گھورنا۔ تیز دیکھنا۔

اَحْدَجَ. البعيرَ: اونٹ پر بوجھ لادنا۔ اونٹ پر کجاوہ کسنا۔

الحِدْج: بوجھ۔ ج حُدُج وحُدُوج واَحْدَاج. (...... والحِدَاجة) محافہ کی مانند عورتوں کی ایک سواری۔ ج حَدَائِج.

الحَدَج: کچا اور سخت اندرائن۔ کچا خربوزہ۔

اَبُوْحُدَيْج: لقلق پرندہ کی کنیت۔

المِحْدَج: اونٹوں کے داغ لگانے کا اوزار۔

حَدَرَ وحَدُرَ (ن وک) حَدْرًا وحُدُورًا وحَدَارَةً. الرجلُ: مضبوط وموٹا ہونا۔ ...... الجلدُ: سوجنا۔ حَدَرُوْا حَوْلَه وبه: گھیر لینا۔

حَدَرَ (ن وض) حَدْرًا وحُدُورًا: نیچے اترنا۔ الشيءَ: نیچے اتارنا...... اللِثامَ عن حَنَكِه: جھکانا...... العينُ الدمعَ: آنسو بہانا۔ القرآةَ في القراءة: تیزی سے پڑھنا۔ ...... الدواءُ بطنَه: اسہال لانا۔

تَحَدَّرَ وتَحَادَرَ: اترنا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ الدَّمْعَ يَتَحادَرُ على لِحْيَتِه" میں نے دیکھا کہ آنسو اس کی داڑھی پر بہہ رہا تھا۔

اِنْحَدَرَ: نیچے۔ کہا جاتا ہے "اِنْحَدَرْتُ مِنَ الجَبَلِ الى المَدِينَةِ" میں پہاڑ سے شہر کی طرف اترا۔ الجلدُ: سوجنا۔

الحَدَر: ڈھلواں جگہ۔ وہ جگہ جہاں سے اترا جائے۔ آنکھ کا بھینگا پن۔

الحَدُوْر والحَدْرَاء والحَادُوْر: وہ جگہ جہاں سے اترا جائے۔ الحادُوْر: اسہال لانے والی دوا۔ ج حَوادِير.

الحَدْرَة: پپوٹے کے اندر کا زخم۔ عَيْنٌ حَدْرَةٌ: پُر گوشت آنکھ۔

الحُدْرَة: اونٹوں کا ریوڑ۔

الحَادِر: فا۔ موٹا خوبصورت جَبَلٌ حادِرٌ: بلند پہاڑ۔ حَبْلٌ حادِرٌ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ حَيٌّ حادِرٌ: جمع شدہ قبیلہ۔ الحادِر: شیر۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ حادِرَةُ العَيْنَيْنِ" پُر گوشت خوبصورت آنکھوں والی اونٹنی۔

الاَحْدَر. مِنَ الخيل: پُر گوشت گھوڑا۔ مِنَ الرجال: ایک چیز کو دو (۲) دیکھنے والا۔ مؤنث حَدْراء.

الحَدْوَرَة والحُدْوُرَة والحَادُوْرَة: نسوؤں کا بہاؤ۔

الحُنْدُر والحُنْدُوْر والحُنْدُوْرَة والحِنْدَارَة: آنکھ کی سیاہی۔ ج حَنَادِر کہا جاتا ہے "جَعَلْتُه على حُنْدُوْرَةِ عَيْنِي وحِنْدِيْرَةِ عَيْنِي" میں نے اس کو اپنا نصب العین بنایا۔

الحَيْدَر: شیر۔ پست قد۔

الحَيْدَرَة: شیر۔ ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ اللّٰه بالحَيْدَرة" اللہ اس کو مصیبت وہلاکت میں مبتلا کرے۔

حَدَسَ (ن ض) حَدْسًا. في الامر: گمان کرنا۔ تخمینہ کرنا۔ وہم کرنا۔ الشيءَ برجله: روندنا۔ زَيْدًا: پچھاڑنا۔ الشاةَ وبالشاةِ: ذبح کرنے کے لئے لٹانا۔ في الارضِ: اٹکل سے چلنا۔ في السير: تیز چلنا۔ حَدَسَ به الارضَ: پٹک دینا۔

تَحَدَّسَ. الاخبارَ وعن الاخبار: چھپ کر دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔

الحَدِيْس والمَحْدُوْس: زمین پر پچھاڑا ہوا۔

الحَدُوْس: اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنے والا۔

الحَدْس: مص۔ دانائی۔ زیرکی۔

الحَدْسِيّات: دانائی اور زیرکی سے معلوم کی ہوئی باتیں۔

الحِدَاس: غایت۔ انتہاء۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ به الحِدَاسَ" میں اس کی انتہاء کو پہنچ گیا۔

المَحْدِس: مطلب۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ بَعِيْدُ المَحْدِس" فلاں کا مطلب بڑا ہے۔

حَدَقَ (ض) حَدْقًا. القومُ: گھیر لینا۔ حَدَقَه بعينه: کسی کی طرف دیکھنا...... ہ: آنکھ کی سیاہی پر مارنا۔ المريضُ حُدُوْقًا: بیمار کا آنکھ کھولنا اور دیکھنا۔

اَحْدَقَ. القومُ به: گھیر لینا۔ اَحْدَقَتِ الرَّوْضَةُ: باغ میں چار دیواری ہونا۔

حَدَقَ الیہ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
حَدَقَ بہ: چاروں طرف سے گھیر لینا۔
تَحَادَقُوا: ایک دوسرے کو گھیر لینا۔
اِحْدَوْدَقَ القومُ بہ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔
الحَدَقَۃ: آنکھ کی سیاہی۔ ج حَدَق وحَدَقَات واَحداق وحِداق: کہا جاتا ہے "ھُمْ فی مثل حَدَقَۃِ البَعِیر" وہ لوگ فراخی میں ہیں اور ان کے پاس پانی بہت ہے۔ "وھم رُماۃُ الحَدَقِ" یعنی وہ لوگ تیر اندازی میں بڑے ماہر ہیں۔ وتکلّمتُ علی حَدَقِ القَوم: میں نے قوم کی نگاہ کے سامنے گفتگو کی۔
الحَدَق: بیگن۔
الحَدِیقَۃ: باغ جس کی چاردیواری ہو۔ ج حَدائِق۔
حَدَلَ (ض) حَدلاً وحُدُولاً عَلَیْہِ: کسی پر ظلم کرنے کے لئے مائل ہونا۔
حَدِلَ (س) حَدَلاً: بہ نسبت دوسرے کندھے کے ایک بلند کندھے والا ہونا۔
الرجلُ: انکھیوں سے دیکھنا۔ صفت اَحْدَل مؤنث حَدلاء ج حُدْلٌ (شاذ) و(حَدِلٌ) ج حَدَالَی۔ حَدِلَ عَلَیْہِ: ظلم کرنا۔
حادَلَۃ: پھسلانا۔
تَحَادَلَ: کمان پر جھکنا۔
الحَدَل: ازار باندھنے کی جگہ۔ گردن کا درد۔
الحَدِل: مس۔ کہا جاتا ہے "اِنّہ لَحَدِلٌ" وہ غیر عادل ہے۔
الحُدَال: چکنا و ہموار۔
مُحَدَّلَۃُ الطُّرُق: شوارع کو درست کرنے والی گاڑی۔
الحَوْدَلَۃ: پشتہ۔ ٹیلہ۔
حَدَمَہٗ (ض) حَدْمًا: تیز گرم کرنا۔ الدمَ: گہرا سرخ کرنا۔
اِحْتَدَمَ النہارُ: سخت گرمی والا ہونا۔ الشرابُ: تیزی بڑھ جانا۔ اِحْتَدَمَتْ القِدْرُ: سخت جوش والی ہونا۔

اِحْتَدَمَ وتَحَدَّمَ الرجلُ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ سخت غضبناک ہونا۔ اِحْتَدَمَ الدَمُ: گہرا سرخ ہونا۔ عَلَیْہِ غَیْظًا: غصہ سے دانت پیسنا۔
الحَدَمَۃ: آگ کے بھڑکنے کی آواز۔
الحِدَام: غصہ۔ غضب۔
حَدَا (ن) حَدْوًا وحُدَاءً وحِدَاءً: حدی پڑھنے میں آواز بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "ما اَمْلَحَ حُدَاءَہٗ" اس کا حدی پڑھنا کس قدر عمدہ ہے۔ الابلَ وبالابِل: گا کر ہانکنا۔ صفت (حَادٍ) ج حُدَاۃ ...... الریحُ السحابَ: ہانکنا۔ چلانا۔ حداہ علی کذا: برانگیختہ کرنا (واحتَدی) اللیلُ النہارَ: پیچھے آنا۔
الحَادِی وحَادِی النَّجم: دوستاروں کے نام اور حادی عشر میں حادی واحد کا مقلوب ہے۔
الحَدَّاء: حادی کا مبالغہ اور حادی اس کو کہتے ہیں جو اونٹوں کو گا کر ہانکے۔
الحَدْوَاء: شمالی ہوا۔
الحَوادِی: ہر چیز کے آخری حصے۔ ٹانگیں۔
الاُحْدُوَّۃ والاُحْدِیَّۃ: اونٹوں کے ہانکنے کا گیت۔
حَدِیَ (س) حَدًی۔ بالمکان: کسی جگہ میں جم کے رہنا۔
تَحَدّی۔ الرجلَ: مقابلہ کرنا۔
(...... وحَدّی) الشَّیْءَ: کرنے کا ارادہ کرنا۔
الحُدَیَّا: جھگڑا۔ مقابلہ۔ کہا جاتا ہے "ھو حُدَیَّا الناس" وہ لوگوں سے مقابلہ کرنے والا ہے۔ "وانا حُدَیَّاک فی ھذا الامر" میں اس معاملہ میں تیرا مقابلہ کرنے والا ہوں۔
حَذَّہٗ (ن) حَذًّا: جلدی سے کاٹنا۔
الحَذَذ: ہاتھ یا دُم کا ہلکا پن۔ وحَذَذُ القلبِ: تیزی خاطر۔ تیز فہمی۔
الاَحَذّ: ہلکے ہاتھ یا دم والا۔ تیز۔ دبلا۔ امر اَحَذّ: امر منکر۔ سخت امر۔ بے مثل۔ قلبٌ اَحَذّ: ذکی۔ مؤنث حَذّاء۔ کہا جاتا ہے "نَاقَۃ حَذَّاء" تیز رفتار "وقصیدۃ حذّاء" مشہور قصیدہ۔ "وحاجۃ حذّاء" جلدی پوری اور کامیاب ہونے والی حاجت۔ "وعزیمۃ حذّاء" پختہ ارادہ۔ ج حُذّ۔
الحُذّۃ: گوشت کا ٹکڑا۔
حَذِرَ (س) حَذَرًا وحِذْرًا ومَحْذُرَۃ الرجلَ ومن الرجل: بچنا۔ پرہیز کرنا۔ چوکنا رہنا۔ صفت (حَذِرٌ وحَذُرٌ) ج حَذِرُونَ وحَذَارَی۔
حَذَّرَہٗ: خوف دلانا۔ متنبہ کرنا۔ چوکنا کرنا۔
حَاذَرَہٗ: ایک دوسرے سے پرہیز کرنا۔ ڈرتے رہنا۔ (...... وتحذّرمنہ (احتذرہ) پرہیز کرنا۔ بچتے رہنا۔
اِحْذَارّ: غضبناک و منقبض ہونا۔
الحَاذِر: فا۔ مستعد و تیار۔
الحَاذُورَۃ: بہت چوکنا۔
حَذَارِ: اسم فعل بمعنی بچو۔ کہا جاتا ہے "حَذَارِ یک زَیْدًا" یعنی زید سے بار بار بچو۔
الحَذَارِیَات: ڈرانے والے۔
الحِذْرِیَان: چوکنا رہنے والا۔
الحِذْرِی: باطل۔
الحَذِیر: ڈرانے والا۔ کہا جاتا ہے "انا حَذِیرُک منہ" میں تم کو اس سے ڈراتا ہوں۔
المَحْذُور: وہ چیز جس سے پرہیز کیا جائے۔
المَحْذُورَۃ: گھبراہٹ۔ بلا و مصیبت کہ جس سے پرہیز کیا جائے۔ جنگ۔
حَذَفَہٗ (ض) حَذْفًا: گرانا۔ کاٹنا۔ بالعصاء او بالحجر: لاٹھی یا پتھر سے مارنا۔ حذف فی مشیتہ: قریب قریب قدم رکھنا۔
حَذَّفَ الشیءَ: اچھی طرح سے کرنا۔ (گویا کہ جن چیزوں کا علیحدہ کرنا ضروری ہے ان کو علیحدہ کر دیا۔ جس کی وجہ سے سارے عیوب سے پاک صاف ہو گیا) ...... شَعْرَہٗ: زلف نکالنا۔ ہموار کرنا۔
تَحَذَّفَہٗ بالعصاء: مارنا یا پھینک کر مارنا۔

الحذف :مص ۔چھوٹی بھیڑیں۔حذف الزرع: کھیتی کے پتے۔
الحَذف: ایک قسم کی بط۔ واحد حَذَفة.
الحُذفة: پست قد عورت۔
الحُذافة مِنَ الشَّیْ: تھوڑا۔ تراشہ۔
الحِذفار و الحُذفُور ج حَذافِیر: جانب۔ جماعت کثیر۔ آمادۂ جنگ لوگ۔ کہا جاتا ہے "اُشدُدْ حَذافِیرَک" یعنی آمادہ ہو جاؤ۔ و "اَخَذَهٗ اوتَنالَهٗ بِحِذفَارِه وبِحُذفُورِه وبِحَذا فِیرِه" اس نے اس کو تمام لے لیا۔
حَذَق (ض) حَذِق (س) حَذقًا وحِذقًا وحِذاقًا وحَذاقَةً وحِذاقَةً: ماہر ہونا۔ صفت (حاذِق) ج حُذَّاق وحِذاق.
الکتاب: پوری پڑھ لینا۔ العمل: ماہر ہونا۔
حَذَق (ض) حُذُوقًا. الخلُّ: بہت کھٹا ہونا۔
حذَق (ض) حَذقًا. الشَّیْ: کاٹنا ...... الخلُّ فاه: چرپراہٹ لگنا۔
حَذَّقه: ماہر بنانا۔
تَحذَّق: ماہر ہونا۔ وتَحذَّق عَلَیْه: مہارت ظاہر کرنا۔
اِنحذَق: کٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "حَذَقْتُ الحَبلَ فانحَذَق" میں نے رسّی کو کاٹا پس وہ کٹ گئی۔
الحِذقة: ٹکڑا۔ ج حِذَق وحُذاق: (آخری جمع شاذ ہے۔)
الحاذِق: فا۔ ج حُذَّاق وحِذاق ...... من الخل: بہت تیز سرکہ۔
الحذِیق: کٹا ہوا۔
الاِحْذاق: ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "حبلٌ اَحْذاق" کٹی ہوئی رسّی (جمع کے ساتھ صفت ہے جیسے ثوب اخلاق میں)
الحِذاق: بچے کا ختم قرآن۔ ختم قرآن کی دعوت۔
الحُذاقة: تھوڑا کھانا۔
الحُذاقِیّ: فصیح زبان والا۔ تیز چھری۔ گدھے کا بچہ۔

حَذِلَتْ (س) حَذَلًا. العینُ: گری ہوئی پلکوں والا ہونا۔ صفت (حَذلاء)
اَحذَل. العینَ: پلک گرا دینا۔
تَحذَّل. عَلَیْه: مہربان ہونا۔
الحُذل: میلان (...... والحَذَل والحُذُل) کپڑے کے دامن کی گولائی۔
الحُذالَة: ایک قسم کی سرخ گوند۔ چاول وغیرہ کی بھوسی۔ کرتے کے دامن کی گولائی۔
حَذلَق وتَحذلَق: حذاقت ظاہر کرنا یا حذاقت کی ڈینگ مارنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ یَتَحذلَقُ فی کَلامِه" وہ اپنی گفتگو میں ظریف اور ہوشیار بنتا ہے۔
حُذلِق. الشَّیْ: تیز کیا جانا۔
رجل (حِذلِق) بے فائدہ ڈینگ مارنے والا، گپی۔
حَذلَم: جلدی کرنا۔ العودَ: چھیل کر تیز کرنا ...... السقاء: بھرنا۔
تَحذلَم: جلدی کرنا، باادب ہونا۔
الحُذلُوم: ہلکا پھلکا، جلد باز۔
حَذَمه (ض) حَذمًا: کاٹنا ...... (حَذَمانًا) فی مشیته: تیز چلنا۔ دیر کرنا۔
الحِذم والحِذیَم والمِحذَم. مِنَ السیوف: شمشیر براں۔
الحَذَم: بازو کٹے ہوئے پرندہ کی اڑان۔
حَذامِ: ایک عورت کا نام جس کا لقب زرقاء یمامہ تھا اور جو تیزی نظر میں ضرب المثل تھی۔
الحُذام: سست وکاہل۔ کہا جاتا ہے "اشتری عَبدًا حُذامَ المشی" اس نے سست رفتار غلام خریدا۔
حَذا (ن) حَذوًا وحِذاءَ النَّعل: نمونہ پر کاٹنا۔ حَذا النَّعلَ بالنَّعلِ: ایک برابر قطع کرنا۔ حَذاه وحَذا حَذوَه: پیروی کرنا، نقل کرنا (حَذاه وحَذا لَه واَحذاه) نَعلًا: جوتہ پہنانا۔ جوتہ دینا۔ جوتہ بنانا۔ حَذا الشرابُ لِسانَه: زبان کو چھیل دینا ...... الترابَ فی وجوههم: خاک ڈالنا۔ زیدًا شیئًا: کسی کو کچھ دینا۔

حَذاه وحاذاه مُحاذاةً وحِذاءً: مقابل میں ہونا۔ مقابل میں بیٹھنا۔
تَحاذیا: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔ کہا جاتا ہے "بنو فلان یَتَحاذَوْنَ الماءَ" فلاں کی اولاد پانی آپس میں برابر تقسیم کرتی ہے۔
اِحتَذیٰ: جوتہ پہننا ...... مثال فلان وعلی مثاله: پیروی کرنا۔ مشابہت کرنا۔
اِستَحذاه: جوتہ طلب کرنا۔
الحِذاء والحِذة والحَذو والحُذوة والحِذوة: مقابل وبرابر۔ کہا جاتا ہے "داری حِذاءَ دارِه" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "وجَلَسَ حِذاءَه وبحِذائِه" وہ اس کے مقابل بیٹھا۔
الحِذوة والحُذوة: عطیہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔
الحُذاوة: بیٹ۔
الحِذاء: جوتہ۔ اونٹ یا گھوڑے کا سم جس پر پڑے۔ ج اَحذِیَة.
الحَذَّاء: جوتہ بنانے والا۔ ج حَذَّاؤُون کہا جاتا ہے ھو (مُحاذاک) وہ تمہارے مقابل ہے۔
حَذِیَ (ض) حَذیًا. الخلُّ لِسانَه: زبان کو چھیل دینا ...... یدَه: کاٹنا ...... ہ بلِسانه: گالی دینا۔ غیبت کرنا۔
اَحذاه اِحذاءً: مال غنیمت کا حصہ دینا۔ اَحذاه طَعنَةً: نیزہ مارنا۔
الحُذیَا والحُذیّا والحُذایَة والحَذِیَّة: مال غنیمت کا حصہ۔ والحُذیَا: ہدیہ جو بشارت دینے والے کو دیا جائے۔
الحَذِیَّة: ہیرا۔ گوشت کا ٹکڑا جو لمبا کاٹا جائے۔
المِحذاء: لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔
حَرَّ (س) حَرارًا. العَبدُ: آزاد ہونا (حُرِّیَّة) شریف الاصل ہونا۔ (...... حَرَّة) پیاسا ہونا۔
حَرَّ (س ن ض) حَرًّا وحَرَّةً وحُرُورًا حَرارَةً: گرم ہونا۔
حَرَّ (ن ض) حَرًّا. الماءَ: گرم کرنا۔

الارض: ہموار کرنا۔
حَرَّرَ. العبدَ: آزاد کرنا۔ الولدَ او الشيءَ: اللہ تعالیٰ کی عبادت کے لئے وقف کرنا۔
الکتاب: خوبصورت و درست لکھنا۔
الوزنَ: غور کر کے ضبط کرنا۔ المعنیٰ: حشو و زوائد سے پاک کرنا۔
أَحَرَّ. النهارُ: گرم ہونا...... أَحَرَّ صَدْرَهُ: پیاسا کرنا۔
تَحَرَّرَ. العبدُ: آزاد ہونا۔
اِسْتَحَرَّ. القتالُ: سخت جنگ ہونا۔
الحَرُّ: گرمی۔ ج حُرُوْرٌ و اَحَارِرُ: (خلاف قیاس) الحَرُوْرُ: گرم ہوا جو رات میں چلے۔ دھوپ کی گرمی۔ آگ۔ لاغری۔
الحَرَارةُ: گرمی۔
الحُرِّيَّةُ والحُرُوْرَةُ والحُرُوْرِيَّةُ. وتُضَمُّ الحاء فيهما: آزادی۔
الحُرِّيَّةُ: خالص ہونا۔ حُرِّيَّةُ القوم: قوم کے اشراف۔ کہا جاتا ہے "هو مِنْ حُرِّيَّةِ قومِهِ" وہ اپنی قوم کے اشراف میں سے ہے۔
الحَرِيْرُ: ریشم۔ ریشم کا بُنا ہوا۔ ریشم کا کپڑا (...... والمَحْرُوْرُ: غصہ کی وجہ سے گرم۔
الحَرِيْرَةُ: ریشم کا ٹکڑا۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا دودھ اور روغن ملا کر تیار کیا جاتا ہے۔ غصہ کی وجہ سے گرمی والا۔
الحُرُّ: آزاد شریف...... مِن كلِّ شيءٍ: عمدہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فرسٌ حُرٌّ" اصیل گھوڑا۔ "وطينٌ حُرٌّ" بغیر ریت کے خالص مٹی۔ حُرُّ الدار: گھر کا درمیان۔ حُرُّ الارض: زمین کا اچھا حصہ۔ حُرُّ الوَجْهِ: رخسار کہا جاتا ہے "لَطَمَهُ على حُرِّ وَجْهِهِ" اس نے اس کے رخسار پر طمانچہ مارا۔ ج أَحْرَار و حِرَار۔
أَحْرَارُ البُقُوْل: وہ ترکاریاں جو کچی کھائی جائیں۔ الحُرُّ: کبوتر کا بچہ۔ شکرا۔ باز۔ ساقُ حُرٍّ: نرقمری۔ عَيْنُ حُرٍّ: ایک پرندہ کا نام۔
الحُرَّةُ. حُرٌّ: کا مؤنث۔ آزاد عورت۔ شریف عورت۔ ج حَرَائِر و حُرَّات۔

أَرْضٌ حُرَّةٌ: بغیر ریت والی زمین۔ وَرَمْلَةٌ حُرَّةٌ: ریت جس میں گارا نہ ہو۔ لَيْلَةٌ حُرَّةٌ و لَيْلَةُ حُرَّةٍ: ہر مہینے کی پہلی رات۔
الحَرَّةُ: سیاہ پتھروں والی زمین۔ ج حَرَّات و حِرَار و اَحَرُّوْن و حَرُّوْن۔
الحِرَّةُ: پیاس۔ کہتے ہیں "رَمَاهُ اللهُ بالحِرَّةِ تحت القِرَّةِ" اللہ اس کو سردی کے زمانہ میں پیاس میں مبتلا کر دے۔
الحَارُّ: گرم...... مِنَ الاعمال: دشوار کام۔
الحَرَّانُ: بہت پیاسا۔ مؤنث حَرَّىٰ ج حِرَار و حَرَارَىٰ۔
الحَرِيْرِيُّ: ریشم بنانے والا۔ ریشم بیچنے والا۔
المَحْرُوْرُ: وہ شخص جس کو گرمی لاحق ہو گئی ہو۔
حَرَبَ (ن) حَرْبًا. الرجلَ: سب کچھ چھین لینا۔ صفت مفعولی (حَرِيْب) ج حَرْبَىٰ و حُرَبَاء و (محروب)
حُرِبَ. الرجلُ مالَهُ: چھینا جانا۔
حَرِبَ (س) حَرَبًا: کتے کے کاٹے کی دیوانگی والا ہونا۔ سخت غضب ناک ہونا۔ صفت (حَرِبٌ) یعنی سخت غضب ناک۔ ج حَرْبَىٰ و حَرِبَ الرجلُ: ویل و ہلاکت کو پکارنا اور واحَرَبَاهُ کہنا۔
حَرَّبَهُ: غضب ناک بنانا۔ حَرَّبَ السِّنَانَ: تیز کرنا۔
حَارَبَهُ حِرَابًا و مُحَارَبَةً: لڑائی کرنا۔
أَحْرَبَ. الحَرْبَ: جنگ بھڑکانا۔ فلانًا: دشمن کے مال کے لوٹنے کے لئے رہنمائی کرنا۔
النحلُ: شگوفہ نکلنا۔
تَحَارَبَ و اِحْتَرَبَ. القومُ: جنگ کی آگ بھڑکانا۔
اِحْرَنْبَىٰ اِحْرِنْبَاءً: آمادۂ غضب ہونا۔ آمادۂ شرارت ہونا۔ چت لیٹ کر آسمان کی طرف ٹانگیں اٹھانا۔ المکانُ: کشادہ ہونا۔
الحَرْبُ: لڑائی۔ تم کہتے ہو "وقعتْ بينهم

حَرْبٌ" ان کے درمیان لڑائی واقع ہوئی کلمہ مؤنث ہے کبھی مذکر استعمال کرتے ہیں اس کی تصغیر حُرَيْب: ج حُرُوْب. رجل حَرْبٌ: بہادر جنگجو۔ کہا جاتا ہے "انا حَرْبٌ لِمَن يُحَارِبُنِي" میں اس کا دشمن ہوں جو مجھ سے جنگ کرے۔ دَارُ الحَرْبِ: مشرکین کا ملک اور وہاں کے رہنے والوں کو "الحربيون" کہتے ہیں۔
الحَرْبَةُ: چھوٹا نیزہ۔ ج حِرَاب. الحَرِبَةُ: نیزہ مارنا۔ مال چھیننا۔ فساد دین۔ جمعہ کا دن۔ ج حَرَبَات و حَرْبَات۔
الحَرَّابُ: چھوٹے نیزے کو اٹھانے والا، چھوٹا نیزہ بنانے والا۔
الحِرْبَةُ: ہیئت جنگ۔
المِحْرَبَةُ: گون یا بورے کی مانند ایک برتن، پُروا ہے کا تھیلا۔
الحِرْبَاءُ والحِرْبَانَةُ: گرگٹ۔ اس کو تلون مزاج کے لئے بطور مثال کے بولا جاتا ہے۔ ج حَرَابِيُّ۔
الحِرْبَاءُ: زرہ کا حلقہ۔ پشت کا گوشت۔
الحَرَبُ: مص۔ ہلاکت و ویل۔
وَاحَرَبًا: میت پر افسوس اور نوحہ کرنے کے لئے بولا جاتا ہے۔
المِحْرَبُ والمِحْرَابُ: جنگجو۔ بہادر۔
المِحْرَابُ: گھر کی صدر کی جگہ۔ گھر کی اچھی جگہ۔ صدر مجلس۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ کچھار۔ و مِحْرَابُ المَسْجِد: امام کے کھڑے ہونے کی جگہ۔ قبلہ۔ ج مَحَارِيْب: کہا جاتا ہے "إنَّهُ يكره المَحَارِيْبَ" وہ صدر مجلس میں لوگوں سے ممتاز ہو کر بیٹھنے کو مکروہ سمجھتا ہے۔
الحِرْبِشُ والحِرْبِيْشُ: بڑا سانپ، اژدھا۔
حَرَثَ (ن) حَرْثًا. الشيءُ: سخت ملنا۔
حَرِثَ (س) حَرَثًا. الرجلُ: بدخلق ہونا۔
الحَرْثُ: مص۔ جانوروں کے چارہ کھانے کی آواز۔
الحَرِيْثُ: ایک قسم کی مچھلی۔

حَرَثَ (ن ض) حَرْثًا. الارضَ :ہل چلانا' کھیتی کرنا۔صفت(حَارِث) ج حُرَّاث.
حَرَثَ المالَ :کمائی کرنا۔جمع کرنا......النارَ: کریدنا۔الشَّیْئَ :اچھی طرح مطالعہ کرنا۔ الامرَ :یاد کر کے بھڑک اُٹھنا......الخُبزَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا(واَحْرَثَ واحْتَرَثَ) الدَّابَۃَ: تھکانا۔دبلا کرنا۔صفت مفعولی (حَرِیْثَۃ) ج حَرَائِث.
اِحْتَرَثَ. الارضَ :کھیتی کرنا۔المالَ :کمائی کرنا۔
الحَرْث :مص۔کھیتی۔
الحَارِث :فا۔ج حُرَّاث. الحَارِث. وابو الحَارِث :شیر کی کنیت۔
الحَرِیْثَۃ :کمائی۔ج حَرَائِث.
الحِرَاثَۃ :کھیتی۔کاشتکاری۔
المِحْرَث. ج مَحَارِث و(المِحْرَاث) ج مَحَارِیْث :ہل۔کریلنی۔
حَرِجَ (س) حَرَجًا. الشَّیْئُ :تنگ ہونا...... الرجلُ :گنہگار ہونا......العینُ :اندر دھنس جانے کی وجہ سے بینائی کم ہونا۔
عَلَیْہِ الشَّیْئُ :حرام ہونا۔الیہ :پناہ لینا......
الغبارُ :تنگ جگہ میں گھسنا۔
حَرَجَ (ن) حُرُوْجًا. انیابُہ :غصہ سے دانت پیسنا۔
حَرَّجَہ :تنگ کرنا۔حَرَّجَ عَلَیْہِ :کسی سے یہ کہنا کہ تو تنگی میں ہے۔
اَحْرَجَہ :گناہ میں مبتلا کرنا۔تنگی میں ڈالنا۔ تنگ جگہ کے لئے مجبور کرنا۔فلانًا الیہ :مضطر کرنا۔اَحْرَجَ عَلَیْہِ الامرَ :حرام کرنا۔
تَحَرَّجَ :گناہ سے بچنا۔
الحَرَج :گناہ۔بہت درختوں والی تنگ جگہ۔ مردہ لے جانے کا تختہ۔حرمت۔کہا جاتا ہے "لَا حَرَجَ عَلَیْکَ" تمہارا کوئی قصور نہیں' یا تمہارے اوپر کوئی اعتراض نہیں۔
وَحَدِّثْ عَنِ البَحْرِ ولاحَرَجَ :سمندر کے متعلق بیان کرو اور تمہارے اوپر مبالغہ وغیرہ کا کوئی اعتراض نہیں۔

الحِرْج :گناہ۔کوڑی۔شکار میں سے کتے کا حصہ۔درندوں کے شکار کے لئے پھندا۔ بکریوں کا ریوڑ۔ج اَحْرَاج وحِرَاج.
الحَرِج :تنگ۔وہ شخص جو لڑائی سے منہ پھیرے۔بہت درختوں والی تنگ جگہ۔وہ شخص جو کسی معاملہ میں پیش قدمی کرنے سے خوف کھائے۔
الحَرَجَۃ :درختوں کا جھنڈ۔بکریوں کا' اُونٹوں کا گلہ۔ج حَرَج وحَرَجَات.
الحُرْجَۃ :ڈولچی۔
الحَرِیْج :تنگ۔
المِحْرَاج. مِنَ اللیالی :بہت سرد رات۔
المُحَرِّج :تنگ کرنے والا۔کہا جاتا ہے "حَلَفَ بالمحرِّجات" اس نے تنگی میں مبتلا کرنے والی قسمیں کھائیں۔
حَرْجَلَ حَرْجَلَۃ :لمبا ہونا۔دائیں بائیں دوڑنا۔
الحَرْجَلَۃ : مص۔ لنگڑا پن۔ (......والحَرْجَل) گھوڑوں کا گلہ۔کہا جاتا ہے "جاءُ وَاحَراجلۃ" وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔
الحُرْجُل والحُرَاجِل :لمبا۔
حَرْجَمَ. الابلَ :اُونٹوں کو ایک دوسرے پر گرتے ہوئے واپس کرنا۔
اِحْرَنْجَمَ. القومُ او الابلُ :اکٹھا ہونا۔عن الامر :ارادہ کے بعد ہٹ جانا۔
حَرِدَ (س) حَرَدًا وحَرْدًا. عَلَیْہِ :غضب ناک ہونا۔صفت(حَارِد وحَرِد وحَرْدَان) ......الوترُ :کمان کی تاروں میں سے بعض کا بعض سے لمبا ہونا۔صفت(حَرِد)
حَرَدَہ (ض) حَرْدًا :منع کرنا۔ارادہ کرنا ......الخشبَ :سوراخ کرنا۔(حُرُوْدًا) قوم سے علیحدہ و اکیلا ہونا۔صفت(حَرْد و حَرِد) ج حِرادو(حَرِید) ج حُرَدَاء.
حَرَّدَ :جھونپڑی میں پناہ لینا۔الشَّعْرُ :ایک بال کا تنہا اُگنا......ہ :روکنا۔حَرَّدَ الحَبلَ : بٹنے سے گول ہو جانا۔الشَّیْئَ :ٹیڑھا کر دینا۔

اَحْرَدَہ :الگ کر دینا۔اکیلا کر دینا۔اَحْرَدَ فی المشی :تیز چلنا۔
تَحَرَّدَ. الادیمُ :بالوں سے پاک صاف ہونا۔
حَارَدَتْ. الناقۃُ :کم دودھ والی ہونا۔صفت (حَرُوْد مُحَارِد) ...... السنۃُ :کم بارش والا ہونا۔حَارَدَ الرجلُ :دیتے رہنے کے بعد بند کر دینا۔
اِنْحَرَدَ :اکیلا ہونا......النجمُ :ٹوٹنا۔
الحَرَد :مص۔اُونٹ کی اگلی ٹانگ کے پٹھے کا ڈھیلا پن۔
الحَرُوْد :کم دودھ والی اُونٹنی۔
الحَرِیْد :دور۔خشک کی ہوئی مچھلی۔بہت میں سے تھوڑی چیز۔
الاَحْرَد :اگلی ٹانگ کے پٹھے کے ڈھیلا پن والا ہونا۔بخیل کنجوس۔زرہ کے بوجھ سے اچھی طرح نہ چل سکنے والا۔ج حُرْد.
المِحْرَاد :بے بارش کا سال۔جمع مَحَارِد.
الحَرْدَبَۃ :بکی بے عقلی۔
الحِرْذَوْن :زرگوہ۔یا گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔
حَرَزَ (ن) حَرْزًا. المالَ :حفاظت کرنا' اکٹھا کرنا۔
حَرِزَ (س) حَرَزًا :پرہیزگار ہونا۔
حَرُزَ (ک) حَرَازَۃً وحَرَازًا. المکانُ : مضبوط ہونا۔
حَارَزَ. الشَّیْئَ :حفاظت میں مقابلہ کرنا۔ (......واَحْرَزَ) المکانُ الرجلَ :جائے پناہ ہونا اَحْرَزَ الشَّیْئَ :جمع کرنا۔حفاظت کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔
تَحَرَّزَ واحْتَرَزَ. منہ :بچنا۔
اِسْتَحْرَزَ :محفوظ جگہ میں آجانا۔
الحِرْز :مضبوط جگہ۔کہا جاتا ہے "حِرْزٌ حَرِیْزٌ وحَارِزٌ" بہت محفوظ مقام۔حصہ۔کہا جاتا ہے "اَخَذَ حِرْزَہ" اس نے اپنا حصہ لے لیا۔ہر وہ چیز جس میں اشیاء کی حفاظت ہو سکے جیسے صندوق وغیرہ۔ہر وہ چیز جو ضائع

اور تلف ہونے سے بچائے۔فنی اصطلاح
المعوذین: تعویذ۔ج اَحْرَاز.
الحَرَز: مص۔بچوں کا ایک قسم کا کھیل جو اخروٹ سے کھیلتے ہیں۔ ہر وہ چیز جو محفوظ کی گئی ہو۔ج اَحْرَاز.
الحَرِيْز: جمع کی ہوئی چیز۔کہا جاتا ہے "لاحَرِيْزَ مِنْ بَيْعٍ" یعنی اگر اس نے خواہش کے مطابق قیمت دے دی تو میں بیچ دوں گا۔
الحَرِيْزَة. مِنَ الابل: اُونٹ جن کو خوبی کی وجہ سے فروخت نہ کیا جائے۔ج حَرَائِز.
حَرَسَهُ (ن ض) حَرْسًا: حفاظت کرنا۔ صفت (حَارِس) ج حُرَّاس وحَرَسَة وحَرَس وأَحْرَاس. حَارِس السَّمَاء وحَارِس السماك: دو ستاروں کے نام۔
حَرَسَ (ض) حَرْسًا واحْتَرَسَ. الشَّئُ: رات میں چوری کرنا۔
حَرِسَ (س) حَرَسًا: زمانہ دراز تک زندہ رہنا۔
أَحْرَسَ. بالمكان: حفاظت کے لئے قیام کرنا۔
تَحَرَّسَ واحْتَرَسَ. منه: محفوظ رہنا' بچ کر رہنا۔
الحَرْس: مص۔زمانہ۔کہا جاتا ہے "مَضٰى عَلَيْهِ حَرْسٌ" اس پر ایک زمانہ گزر گیا۔ج أَحْرَاس.
الحَرَس: حفاظت کرنے والے۔وحَرَسُ المَلِكِ: شاہی محافظ۔فوج۔واحد (حَرَسِيٌّ)
الحَرَسَان: رات دن۔
الحِرَاسَة: حفاظت۔
الحَرِيْسَة: بکریوں کا باڑہ۔رات میں چوری کی ہوئی بکری۔چوری۔ج حَرَائِس.
الأَحْرَس: پرانا۔جس پر ایک زمانہ گزر گیا ہو۔
الحِرْسَان: ٹڈی کی ایک قسم۔
الحَرْسَم: گوشہ۔
الحَرْسِيم: زہر۔موت۔

الحَرَاشِن: ایک قسم کی مچھلی۔
الحَرَاسِيْن: دُبلے اُونٹ (اس کا واحد نہیں) قحط والے سال۔
حَرَشَ (ض) حَرْشًا وتَحْرَاشًا. الضبَّ: شکار کرنا......البعيرَ: تیز چلنے کے لئے رسّی سے پیٹھ کو رگڑنا......الرجُلَ: خراش لگانا۔
حَرِشَ (س) حَرَشًا: سخت ہونا۔صفت (أَحْرَش) ...... الرجلُ: دھکا دینا۔
حَرَّشَ. بين القوم وبين الكلاب والسباع: ایک کو دوسرے کے خلاف برانگیختہ کرنا۔
تَحَرَّشَ بِهٖ: درپے ہونا۔تَحَرَّشَ الضبَّ وبالضبِّ: شکار کرنا۔
اِحْتَرَشَ. الشَّئُ: جمع کرنا......القومُ: اکٹھا ہونا......الرجلُ: دھکا دینا......اعياله: کمائی کرنا......الضبُّ: شکار کرنا۔
الحَرْش: مص۔اثر۔دھوکا' فریب۔جماعت۔ج حِرَاش.
الحَرِش: کھردرا۔وہ شخص جس کو نیند نہ آئے۔
الحُرْشَة والحَرَش: کھردراپن۔
الحَرِيْش: کنسلائی۔ج حُرُوش: کن کھجورا۔
الحَرِيْش: ایک دریائی جانور۔گینڈا' ایک قسم کا چتی دار سانپ۔
الحَرِيْشَة: ایک قسم کی نباتات۔کہا جاتا ہے "اَخْرَجْتُ له حَرِيْشَتِي" میں نے اس کے لئے اپنا سب کچھ جو میرے قبضے میں تھا نکال دیا۔
الحَرَّاش. مِنَ الحيات: پرانا سیاہ سانپ۔
الأَحْرَش: کھردری گوہ۔دینار احرش: نئے ہونے کی وجہ سے کھردرا دینار ج حرش.
الحَرْشَف: مچھلی کا سفنا۔چھوٹے پرندے۔ٹڈی کہ ابھی پر نہ نکلے ہوں۔ زرہ کی کڑیاں۔کمزور بوڑھے۔کہا جاتا ہے "لَيْسَ ثَمَّهٗ غير حَرْشَفِ رِجَالٍ" وہاں پر سوائے کمزور بوڑھے لوگوں کے کوئی نہیں۔ پیادوں کی جماعت۔سمندر کے کنارے کے پتھر۔
ج حَرَاشِف.
الحُرْشُف: سخت زمین۔
حَرَصَ (ن) حَرْصًا. الجلدَ: چھیلنا۔
القصَّار الثوبَ: دھونے یا کوٹنے میں پھاڑنا۔
حَرَصَ (ض) وحَرِصَ (س) حِرْصًا واحْتَرَصَ. على الشَّئُ: لالچ کرنا صفت (حَرِيْص) ج حُرَصَاء وحِرَاص وحُرَّاص: مؤنث حَرِيْصَة ج حِرَاص وحَرَائِص.
حُرِصَ. المرعٰى: چرکے بالکل صاف کیا جانا۔حَرَّصَهٗ. على الشَّئُ: لالچ دلانا۔
تَحَرَّصَ: بتکلف لالچ کرنا۔وقت کا انتظار کرنا اور اسی سے ہے هو يتحرَّصُ غَدَاهم وعَشَاهم: وہ ان لوگوں کے صبح شام کے کھانے کے وقت کا انتظار کرتا ہے۔
الحِرْص: مص۔لالچ۔
الحَرْصَة والحَارِصَة والحَرِيْصَة: زخم جو کچھ کھال کو پھاڑ دے۔الحَارِصَة والحَرِيْصَة: سخت بارش جو زمین کو صاف کر دے۔
حَرَضَ (ن ض) حُرُوْضًا وحَرِضَ (س) حَرَضًا وحَرُضَ (ک) حَرَاضَةً: مرض فاسد میں مبتلا ہو کر دُبلا ہونا۔صفت (حَرِضٌ وحَرَضٌ وحَارِضٌ وحَارِضَةٌ) کہا جاتا ہے "ناقة حَرَضٌ" دبلی اُونٹنی۔
حَرَضَ (ض) حَرْضًا. نفسَه: خراب کرنا' بگاڑنا۔
حَرَّضَهٗ. على الامر: برانگیختہ کرنا۔فلانًا: کسی کے بدن یا عقل کی خرابی کو دور کرنا۔ الشَّئُ: خراب کرنا' بگاڑنا۔
أَحْرَضَهٗ: گرانا......ه الحزنُ او المرضُ: بدن کو گھلا دینا......ه على الشَّئُ: برانگیختہ کرنا......الرجلُ: ناخلف اولاد کا باپ ہونا۔
حَارَضَ. على العمل: مداومت کرنا۔فلانًا: تیر کی چھڑ سے ایک دوسرے کو مارنا۔
تَحَارَضُوْا. على العمل: ایک دوسرے کو

برانگیختہ کرنا۔

الحَرَض :مص ۔ بدن یا مذہب یا عقل کی خرابی۔۔۔۔۔۔حَرَضُ الثوب : کپڑے کا کنارہ۔

الحَرَض : قریب بہلاکت ۔ بےفیض آدمی ۔ وہ شخص جس کو غم یا عشق گھلا دے ۔ گرا ہوا جو اُٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو ۔ بُری گفتگو۔ ج اَحْرَاض و حُرُضَان و حِرَضَة.

الحُرُض والحُرْض :اشنان جس سے کھانے کے بعد ہاتھ دھوتے تھے۔

الحِرْضَة : گھٹیا قسم کا آدمی جس کو کوئی منہ نہ لگائے ۔ ج حِرَض.

حَرَفَ (ض) حَرْفًا. الشَّيْءَ عن وجه : پھیرنا' جھکانا۔۔۔۔۔۔عن الشَّيْءِ: مائل ہونا۔ لعیاله: اِدھر اُدھر سے کمائی کرنا۔

حَرِفَ. في ماله حَرْفَةٌ: کچھ ضائع ہوجانا۔

حَرَّفَ. القولَ :قول کو اس کے موقع سے پھیردینا۔۔۔۔۔۔القلمَ: ترچھا قط لگانا۔

۔۔۔۔۔۔الشَّيْءَ: کنارہ بنانا۔ جھکانا۔

حَارَفَهُ : معاملہ کرنا اور اسی سے ہے "فَقَدْ عَلِمُوا في الغَزْوِ كَيْفَ نُحَارِفُ" انہوں نے یقیناً جان لیا کہ ہم جنگ میں ان کے ساتھ کیسا معاملہ کرتے ہیں۔۔۔۔۔۔الرجلَ: شر یا خیر کا بدلہ دینا۔۔۔۔۔۔الجرحَ: سلائی سے اندازہ کرنا۔

اَحْرَفَ :فقیری کے بعد مستغنی ہونا۔ اہل و عیال کے لئے مشقت برداشت کرنا۔

الناقة: لاغر کرنا۔۔۔۔۔۔الرجلَ: خیر و شر کا بدلہ دینا۔

تَحَرَّفَ عنه وانْحَرَفَ واحْرَوْرَفَ :ایک جانب کو جھکنا۔ تَحَرَّفَ لِعِيَالِهِ: ہر پیشہ سے کمائی کرنا۔

اِحْتَرَفَ: پیشہ اختیار کرنا ۔ تلاش کرنا ۔ حیلہ کرنا۔۔۔۔۔۔لاهله: کمائی کرنا۔

الحَرْف ج حِرَف: کنارہ' دھار ۔ جانب "حَرْفُ الجَبَلِ" پہاڑ کا تیز سرا۔ کہا جاتا ہے "فلان عَلٰى حَرْفٍ مِنْ اَمْرِهِ" فلاں شخص معاملہ کے ایسے موقع پر ہے کہ اگر پسند خاطر نہ ہو تو ہٹ جائے۔

الحَرْف : پانی بہنے کی جگہ ۔ حرف السَّفِينَةِ والنهر: کشتی یا دریا کا کنارہ ۔ الحَرْف: ج حُرُوف واَحْرُف :حروف تہجی میں سے ایک اور اس کا نام "حروف المبنی" ہے۔۔۔۔۔۔ في النحو : وہ کلمہ جو بغیر دوسرے سے ملے ہوئے معنی نہ دے اور اس کا نام "حروف المعنی" ہے۔ کلمہ جیسے یہ حرف قاموس میں نہیں یعنی یہ کلمہ نہیں۔

الحُرْف: رائی۔ واحد (حُرْفَة)

الحُرْف: محرومی۔ بدبختی۔

الحِرْفَة: پیشہ۔

حَرِيفُ. الرَّجُلِ: ہم پیشہ۔ ج حُرَفَاء.

الحُرْفَة: محرومی۔ کم نصیبی۔ بدبختی۔

الحَرَافَة: چرپراہٹ۔

الحِرِّيف : چرپراہٹ والی چیز۔ کہا جاتا ہے "هذا بَصَلٌ حِرِّيفٌ" یہ تیز پیاز ہے۔

المُحْتَرِف: پیشہ ور۔

المِحْرَف والمِحْرَاف :زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔

المُحْرَف : وہ شخص جس کا مال ضائع ہوگیا ہو۔

المُحَارَف: محروم۔ کم نصیب۔

حَرَقَهُ (ن) حَرْقًا. بالنار: جلانا۔ بالمبرد : ریتی سے رگڑنا۔۔۔۔۔۔الشَّيْءَ: بعض کو بعض سے رگڑنا۔

حَرَقَ (ن ض) حَرْقًا وحَرِيقًا وحُرُوقًا. نَابُهُ عَلَيْهِ :دانت پیسنا۔ کہا جاتا ہے "فلان يَحْرِقُ ويُحَرِّقُ عَلَيَّ الأُرَّمَ" یعنی وہ میرے اوپر دانت پیستا ہے ۔ شدت غضب کے لئے بطور کنایہ کے بولتے ہیں۔

حَرِقَ (س) حَرَقًا. شعرُهُ :کٹ جانا یا گر جانا۔ صفت (حَرِقُ الشَّعْرِ).

حَرِقَ وحُرِقَ :پیر کی کٹی ہوئی رگ یا پٹھے والا ہونا۔

حَرَّقَهُ واَحْرَقَهُ. بالنار: جلانا۔

حَرَّقَ المرعى الابلَ: پیاس لگانا۔

تَحَرَّقَ واِحْتَرَقَ: جلنا۔

حَارَقَ مُحَارَقَةً. المرأةَ: پہلو پر لٹا کر جماع کرنا۔

الحَرْق والحَرَق :مص ۔ جلن ۔ الحَرَق: دھوبی کے ٹیکنے سے کپڑے کی پھٹن۔

الحُرُوق : کپڑے میں جلنے کی وجہ سے سوراخ۔

الحَرِق: سخت چمک والا بادل۔ بال جو دراز نہ ہوں۔

الحُرْقَة والحَرْقَة :گرمی۔ کہا جاتا ہے "في جَوْفِهِ حَرْقَةٌ" اس کے جوف کے اندر گرمی ہے۔

الحُرَقَة والحَارُوقَة والحُرَّاقَة : شمشیر بُراں۔

الحُرَاق والحِرَاق: ہر چیز کو بگاڑنے والا۔

الحُرَاق: بہت کھاری پانی۔ بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الحَرِيق: آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ جلا ہوا۔ سردی یا گرمی سے جلی ہوئی نباتات۔ ج حَرْقَى.

اَلْحَرِيقَةُ: عامة الناس کے نزدیک ۔ کسی جگہ پر آگ بھڑک اٹھنا' حرارت۔

الحُرَّاق: بہت کھاری پانی۔

حَرَّاق: عوام کے نزدیک لقمہ طعام۔

الحَرَّاقَة: کشتی جس پر سے دشمنوں پر آگ پھینکی جائے ۔ ج حَرَّاقَات: عوام کے نزدیک حُرَّاقَة: اس کو کہتے ہیں جو کھال پر رکھ دیا جائے تو آبلہ اٹھ آئے۔

الحُرُوق والحُرُوُق: چقماق کا سوختہ۔

الحَرِيقَة: گرمی (۔۔۔۔۔۔والحَرُوقَة) ایک قسم کی خوراک جس کو پانی جوش دے کر آٹا ڈال کر تیار کرتے ہیں۔

المِحْرَق: ریتی۔

المُحْرَقَة: ذبیحہ جس کو اظہار عبودیت کے لئے جلا دیا کرتے تھے ۔ ج مُحْرَقَات.

الحَارِق: پیر کی رگ یا پٹھا۔

عمامة (حُرْقانِيَّة) خاکستری رنگ کا عمامہ۔
الحِرْقِد: زبان کی جڑ۔ ج حَرَاقِد.
الحَرْقَدَة: نرخرہ کی گرہ۔
حَرْقَصَ. في المشي: قریب قریب قدم رکھنا۔ الكلام: جلدی جلدی بولنا۔
الحُرْقُوص: پسو کی مانند ایک کیڑا۔
اَلْحِرْقَوص: بھنے ہوئے گوشت کا ٹکڑا۔
الحَرْقَفَة: سرین کی ہڈی کا سرا۔ ج حَرَاقِف وحَرَاقِيف.
الحُرْقُوف: دبلا جانور۔
حَرَكَ (ن) حَرْكًا: حق ادا کرنے سے باز رہنا۔ حَرَكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان میں مارنا۔ حَرَكَ حارِكَهُ: دونوں کندھوں کے درمیان کاٹ دینا ...... ہ بالسيف: تلوار سے مارنا۔
حَرِكَ (س) حَرَكًا: کریا دونوں کندھوں کے درمیان کمزوری والا ہونا۔ نامرد ہونا۔ صفت (حَرِيك) مؤنث حَرِيكَة.
حَرُكَ (ک) حَرَكًا وحَرَكَةً: ہلنا۔
حَرَّكَهُ: ہلان۔ کہا جاتا ہے "حَرَّكَ مِنِّي الْأَمْرُ" مجھے معاملہ نے مضطرب کر دیا۔
الحَارِك: فا۔ دونوں کندھوں کے درمیان کا بالائی حصہ۔
اَلْحَرَكَةُ الْيَوْمِيَّة: (فلکیات) آسمانی گیند کی گردش کا تصور جہان کے محور کے اردگرد جس کا سبب زمین کی گردش اپنے محور کے گرد۔
الحَرَاك: حرکت۔
الحَرِك: سبک و تیز خاطر رفتار۔ کہا جاتا ہے "غُلامٌ حَرِكٌ" سبک و تیز خاطر لڑکا۔
المِحْرَاك: حرکت دینے والا آلہ۔ کریلی۔
اَلْمُحَرِّك ج مُحَرِّكَات: مختلف جہازوں گاڑیوں کے انجن۔
المَحْرَك: گردن اور سر میں جوڑ کی جگہ۔
حَرْكَتْ حَرْكَتَهُ. الريحُ الاشجارَ: ہلانا۔

الحَرْكَلَة: سرین کا وہ حصہ جو بیٹھنے میں زمین سے لگے۔ ج حَرَاكِك وحَرَاكِيك.
الحُرْكُوك: کندھوں کے درمیان کا حصہ۔
حَرْكَلَ. الصائدُ: شکار سے محروم واپس آنا۔
الحَرْكَلَة: ایک قسم کی رفتار۔ پیادے۔
حَرَمَهُ (ض) وحَرِمَهُ (س) حِرْمًا وحَرِيمًا وحِرْمَانًا وحَرْمًا وحِرْمَةً وحَرِيمَةً الشيءَ: منع کرنا۔ روکنا۔ محروم کرنا۔ صفت مفعولی (محروم)
حَرِمَ (س) حَرَمًا وحَرَامًا وحَرُمَ (ک) حُرْمًا وحُرُمًا وحُرْمَةً وحُرُمَةً وحَرَامًا. عَلَيْهِ الامرُ: حرام ہونا۔
حَرِمَ (س) حَرَمًا وحَرَامًا. في القمار: جوئے میں ہارنا۔
حَرَّمَ. الشيءَ: حرام کرنا۔ حَرَّامَ الصلوٰة: نماز کا تحریمہ باندھنا (...... وأَحْرَمَ) باحرام میں داخل ہونا۔ حَرَمَه واحرمه في القمار: غالب ہونا۔ وأَحْرَمَ: حرم میں داخل ہونا۔
اَحْرَمَ الشيءَ: حرام کرنا۔ اَحرم عن الشيء: رکنا، باز رہنا۔
تَحَرَّمَ. منه بِحُرْمَةٍ: کسی کے ذمہ میں آکر محفوظ ہونا۔ تحرّم به: ایک ساتھ زندگی بسر کرنے کی وجہ سے دونوں کے درمیان حرمت قائم ہوجانا۔ کہا جاتا ہے "تَحَرَّمْتُ بِطَعَامِكَ ومَجَالِسِكَ" یعنی ایک ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے اُٹھنے کی وجہ سے مجھ سے جس چیز کا لینا تمہارے لئے جائز تھا وہ ممنوع ہوگیا۔
اِحْتَرَمَهُ: ڈرنا۔ حرمت وعزت کی رعایت کرنا۔ احترم الشيءُ: محروم ہونا۔ "لاتحترم فتحرم" میں دونوں معنی جمع ہوگئے ہیں۔ یعنی ڈرو مت ورنہ خیر سے محروم رہو گے۔
اِسْتَحْرَمَ. الشيءَ: حرام سمجھنا۔
الحِرْم: مص۔ حرام ایسا واجب جس کا ترک کرنا جائز نہ ہو۔ ج حُرُم: احرام کا زمانہ۔
الحُرُم: مص۔ ج کا احرام

الحَرَم: مص۔ ہر وہ چیز جس کی حفاظت کی جائے اور جس کی طرف سے مدافعت کی جائے۔ مقدس ج أَحْرَام. الحَرَم الاقصى: بیت المقدس۔
الحَرَمَان: مکہ مکرمہ ومدینہ منورہ۔
الحِرْمان: محرومی۔
الحُرْمَة والحُرُمَة الحُرَمَة: ذمہ بیت، ہر وہ چیز جس کی ادائیگی ضروری ہو اور جس کے اندر کوتاہی حرام ہو۔ حصہ۔ قابل حفاظت چیز جس کی پردہ دری حرام ہو۔ حُرْمَةُ الرجل: بیوی۔ ج حُرَم وحُرُمات وحُرْمَات.
الحَرْمَة: حفاظت۔
الحَرِيم: مص۔ ہر وہ چیز جو حرام ہونے کی وجہ سے چھوئی نہ جائے۔ محرم کا کپڑا۔ حَرِيم الرجل: جس کی طرف سے مدافعت اور اس کی حفاظت کی جائے اور اسی وجہ سے بیوی کو حریم کہتے ہیں۔ قصر شاہی کے اردگرد وسیع جگہ۔ ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ ج حُرُم وأَحْرُم وأَحَارِيم.
الحُرُم: ایک شخص کی بیویاں۔ الاشهر الحُرُم اربعة: ذوالقعدہ وذوالحجہ ومحرم ورجب کہ ان مہینوں میں عرب قتل وقتال حرام سمجھتے تھے۔
الحَرِيمَة: مص۔ ہر مرغوب چیز سے جو فوت ہوجائے۔
الحَرَام: مص۔ ضد حلال۔ ج حُرُم کہا جاتا ہے "حرامُ الله لا افعل هذا" قسم کے لئے جیسے "يمينُ الله لاافعل" احرام باندھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجل حرام وقوم احرام" احرام باندھنے والا امرد احرام باندھنے والی قوم۔ دونوں صورتوں میں واحد ہی مستعمل ہے اس وجہ سے کہ یہ مصدر ہے۔
الشهرُ الحَرَام: ماہ محرم۔ البلد الحرام: مکہ مکرمہ۔ المسجد الحَرَام: مسجد کعبہ۔
الحَرَامِي: حرام کام کرنے والا۔
مُحَرَّم: قمری سال کا پہلا مہینہ۔ المحرَّم: جس کے لئے ذمہ ہو۔ جلد محرم: بے

کمائی ہوئی کھال مَسُوط محرّم: کوڑا جو زم نہ کیا گیا ہو۔ اَعْرابی مُحرَّم: اُجڈ دیہاتی۔

المُحْرَم: حرام۔ ج مَحَارِم. مَحَارِمُ اللیل: رات کے خطرات۔

المُحْرِم: احرام باندھنے والا۔ صلح کرنے والا۔ ہر وہ شخص جو تمہاری حفاظت میں ہو۔ کہا جاتا ہے "انه لمُحْرِم عنک" یعنی اس کی تکلیف تمہارے اوپر حرام ہے۔

المَحْرُوْم: خیر سے روکا ہوا۔ وہ شخص جس کے مال میں زیادتی نہ ہو۔ وہ بدنصیب جو کمائی نہ کر سکتا ہو۔

المَحْرَمة والمَحْرُمَة: ہر وہ چیز جس کی پردہ دری جائز نہ ہو۔ ج مَحَارِم.

حَرْمَدَ. فی الامر: اصرار کرنا۔

الحِرْمِد والحِرْمَدُ: رنگ و بو بدلا ہوا اور بقول بعض سیاہ کیچڑ۔

حَرْمَزَة: لعنت کرنا۔

الحَرْمَل: کالا دانہ۔

الرُّؤْيَةُ: آنکھ یا دل سے دیکھنا۔ ج رُؤًى.
الرِّئَةُ: دیکھنا۔
الرِّئَاء: مص۔ حقیقت کے خلاف دکھاوا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ رِئَاءً" اس نے اس کو نمود اور دکھاوے کے لئے کیا اور کہا جاتا ہے "هُـمْ رِئَـاءُ أَلْفٍ" وہ لوگ دیکھنے میں تقریبًا ہزار ہیں۔ "و قَوْمٌ رِئَاءٌ" ایک دوسرے کے مقابل قوم۔ و "دُوْرُنَـا رِئَـاءٌ": ہمارے گھر ایک دوسرے کے مقابل ہیں۔

الرِّئْبَة: منظر یا حسن منظر۔
الرِّءْ آء: بہت دیکھنے والا۔
الرِّئَة: پھیپھڑا۔ ج رِئات و رِئُون اور نسبت کے لئے (رِئَوِيّ)
رَئِيُّ القوم: قوم کا سردار جس کی رائے سے سب اتفاق کریں۔ الرِّئِيُّ: بڑا سانپ۔ کپڑا جو خریدار کے سامنے پھیلایا جائے۔ فُلانٌ (اَرْآئِي) بکذا: وہ اس کے لائق ہے۔
المِرْآة: آئینہ۔ ج مَرَاءٍ و مَرَايَا: اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں جیسے "يَتَمَرْأَى": یعنی وہ آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھ رہا ہے (اس کو سیبویہ نے بیان کیا ہے)
المَرْأَى والمَرْآة: منظر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَرْآةٌ بِكَذَا": وہ اس کے لائق ہے۔
وتُجزِئُ عَن مَجهُولِهِ مَرْآته: اس کا ظاہر باطن پر دلالت کرتا ہے۔ و"هُوَ مِنِّي مَرْأَى وَمَسْمَعٌ او بِمَرْأَى وَبِمَسْمَعٍ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا اور اس کی بات سن سکتا ہوں۔
رَبَّ (ن) رَبًّا: القومَ: بالادست ہونا۔ انتظام کرنا...... النِّعْمَةَ: زیادہ کرنا...... الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ مالک ہونا...... الاَمْرَ: کسی کام کو درست کرنا۔
...... الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ خوشبو دار بنانا۔
...... بالمَكَانِ: اقامت کرنا (...... رَبًّا و رُبًّا)
...... الزِّقَّ: مشک پر کھجور کا شیرہ مل دینا تاکہ بو اچھی ہو جائے اور گھی وغیرہ نہ بگڑے۔
(...... رَبًّا و رَبَّبَ تَرْبِيبًا و تَرِبَّةً وارْتَبَّ ارْتِبَابًا) الوَلَدَ: لڑکے کی بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ درجہ بدرجہ کمال کو پہنچانا۔
ورَبَّبَ الدُّهْنَ: تیل کو عمدہ اور خوشبودار بنانا۔
اَرَبَّ بالمَكَانِ: اقامت کرنا...... مِنهُ: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَرَبَّتِ السَّحَابَةُ" جبکہ لگاتار برسے۔
تَرَبَّبَ القَومُ: اکٹھا ہونا۔
...... الصَّبِيَّ: بچے کے بالغ ہونے تک پرورش کرنا۔ تم کہتے "رَأَيتُهُ يَتَرَبَّبُ أَرْضَكُمْ" میں نے دیکھا کہ وہ تمہاری زمین پر اپنی ملکیت کا دعویٰ کر رہا تھا۔
اُرْتُبَّ العِنَبُ: انگور کا پکانے سے رُب تیار ہونا۔
الرَّبُّ: مصلح مالک۔ سردار۔ درست کرنے والا۔ پرورش کرنے والا اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اور اس کی طرف نسبت کے لئے (رَبِّي ورُبَّانِي ورُبُوبِيّ)
الرَّبَّانِي: عارف باللہ۔ عالم۔
الرُّبَّانِيُّ: ملاحوں کا چیرمین۔
الرَّبَّة: رب کا مؤنث۔ دیوی۔ مالکہ۔ بڑا گھر۔
الرِّبَّة: بڑی جماعت۔ ایک قسم کا درخت۔ ج اَرِبَّة ورِبَاب۔
الرُّبُّ: پھلوں کے رس کو پکا کر گاڑھا کیا ہوا شیرہ۔ ج رِبَاب ورُبُوب۔
رُبَّ ورُبَّةَ ورُبَّمَا ورُبَّتَمَا: حرف جر ہے حسب سیاق کلام تکثیر و تقلیل کا فائدہ دیتا ہے اور نکرہ پر داخل ہوتا ہے اور زائد کے حکم میں ہوتا ہے اور نکرہ کے لئے شرط ہے کہ موصوف ہو اور جب اس کے آخر میں "ما" لاحق ہوتا ہے تو عمل نہیں کرتا اور اس صورت میں فعل اور معرفہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "رُبَّمَا الخَلِيلُ مُقْبِلٌ ورُبَّمَا اَقْبَلَ الخَلِيلُ" اور کبھی اس صورت میں بھی عمل کرتا ہے جیسے "رُبَّمَا ضَرْبَةٍ بِسَيفٍ صَقِيلٍ"
الرَّابُّ: سوتیلا باپ۔
الرَّابَّة: سوتیلی ماں۔
الرَّبَب: بہت پانی۔ میٹھا پانی۔
الرَّبَاب: سارنگی کی مانند ایک چیز۔ سفید بادل۔ واحد (رَبَابَة)
الرِّبَاب: عہد۔ دوست۔ دس۔ دس آدمیوں کی جماعتیں۔
الرَّبَابَة: الرب کا اسم۔ مملکت۔ عہد و پیمان جیسے "كُنتُ امْرَءًا اَفْضَتْ اِلَيكَ رِبَابَتِي"
الرُّبَّى: بکری جس نے بچہ جنا ہو یا جس کا بچہ مر گیا ہو۔ بکری جس نے ابھی بچہ جنا ہو۔ مضبوط گرہ۔ حاجت۔ نعمت۔ احسان۔
الرُّبُوبَة والرُّبُوبِيَّة: الرب کا اسم۔
الرِّبَاب: جماعت۔
الرُّبَّان: ملاحوں کا سردار۔
الرَّبِيبُ والرَّبُوب: سوتیلا لڑکا۔ سوتیلا باپ۔ ج اَرِبَّة۔ الربيب: سلک کو بنانے والا اور درست کرنے والا۔
الرَّبِيبَة: دایہ۔ سوتیلی لڑکی۔ سوتیلی ماں۔ ج رَبَائِب۔
المَرْبُوب: پرورش کیا ہوا۔ غلام۔ بندہ۔
المَرَبُّ: جائے اقامت یا جائے اجتماع۔ تم کہتے ہو "هٰذَا مَرَبُّ القَوْمِ" یہ قوم کے جمع ہونے کی جگہ ہے۔ لوگوں کو جمع کرنے والا آدمی۔
(...... المِرْبَاب): بہت پیداوار والی زمین۔
المُرَبَّب: جس کے اوپر انعام کیا جائے۔
المَرَبَّة: مملکت۔
رَبَا (ف) رَبْأً: چڑھنا۔ بلند ہونا۔ علی جبلٍ: پہاڑ پر سے جھانکنا...... فی الامرِ: غور و فکر کرنا...... القومَ ولِلقومِ: دیدبان بننا...... الشیءَ: بلند کرنا...... المالَ: حفاظت کرنا۔ انتظام کرنا۔ لے جانا اور کہا جاتا ہے "اِنِّي اَرْبَأُ بِكَ عَن ذٰلِكَ" یعنی میں اس کو تمہارے لئے پسند نہیں کرتا۔ "وما رَبَأْتُ رَبْأَهُ": نہ تو میں نے اس کو جانا اور نہ اس کی پرواہ کی۔ واَرْبَأْتُهُ: یعنی اس کی حفاظت کرو۔
رَبَأَهُ تَرْبِئَةً: لے جانا۔
رَبَأَهُ لُرْبِئَةً: لے جانا۔
رَابَأَهُ مُرَابَأَةً: چوکنا رہنا۔ بچنا۔ نگہبانی کرنا۔ حفاظت کرنا۔
اِرْتَبَأَ اِرْتِبَاءً بهم: دیدبان بننا۔
المِرْبَأَة: دیدبانی کی جگہ پر چڑھنا...... علی الجبل: پہاڑ پر سے جھانکنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَبَا الشَّمْسَ مَتَى تَغْرُبُ": یہ دیکھتے رہو

کہ آفتاب کب ڈوبتا ہے۔
الرَبِیُّ والرَبِیئَۃُ: فوج کا دیدبان۔ ج رَبَایَا: کہا جاتا ہے "بَثُّوا رَبَایَاھُمْ" انہوں نے اپنے دیدبانوں کو پھیلا دیا۔
المَرْبَا والمِرْبَا والمَرْبَاۃ المُرْتَبَا: دیدبانی کی جگہ۔ المِرْبَا: سیڑھی۔
رَبَتَ (س) رَبْتًا ورَبَّتَ تَرْبِیْتًا: پرورش کرنا۔
رَبَّتَ الصَبِیَّ: بچے کو سلانے کے لئے تھپکنا۔
رَبِتَ (س) رَبَتًا. الشَیُٔ: بند ہونا۔
رَبَثَہٗ (ن) رَبْثًا ورَبَّثَہٗ. عَنْ کَذَا: منع کرنا۔ روکنا۔ بوجھل کرنا۔
تَرَبَّثَ: ٹھہرنا۔ دیر کرنا۔
اِرْتَبَثَ وارْبَثَّ. القَوْمُ: پراگندہ ہونا۔ متفرق ہونا...... اَمْرُھُمْ: کمزور ہونا۔ بکھر جانا۔
الرِبِّیْثٰی: مانع۔ روک۔
الرَبِیْثَۃ: مکر۔ مانع۔ ج رَبَائِث.
الرَبِیْث والمَرْبُوْث: رُکا ہوا۔
رَبُجَ (ک) ورَبِجَ (س) رَبَاجَۃً: کودن ہونا۔ بلید ہونا۔
تَرَبَّجَ: متحیر ہونا۔ کودن ہونا۔
الاِرْبِجَان: ایک قسم کی نباتات۔
رَبِحَ (س) رِبْحًا ورَبَحًا ورَبَاحًا. فِیْ تِجَارَتِہٖ: نفع اُٹھانا۔
رَبَّحَہٗ: نفع کرانا۔
رَابَحَہٗ مُرَابَحَۃً وَاَرْبَحَہٗ. عَلٰی سِلْعَتِہٖ: نفع دینا۔ اَرْبَحَ الناقۃ: صبح اور دوپہر میں دوھنا۔
تَرَبَّحَ واسْتَرْبَحَ: نفع طلب کرنا۔
الرَابِح: فا۔ مَالٌ رَابِحٌ: نفع دینے والا مال۔
الرِبْح ج اَرْبَاح (الرَبَح والرَبَاح): نفع۔
الرُبَح: اُونٹ جو بیچنے کے لئے لائے جائیں۔ اُونٹ کے چھوٹے بچے۔
الرَبَاح: شراب۔
الرَبَاحِی: کافور کی ایک قسم۔
الرُبَاح والرُبَّاح: نر بندر۔ بکری کا بچہ۔ اُونٹ کا بچہ۔ ج رَبَابِیح.

مُتْجَر (رَبِیح): فائدہ مند تجارت۔
الرِبَحْل: بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث رِبَحْلَۃ.
رَبَخَ (س) رَبْخًا. البَعِیرُ: اُونٹ کا ریت میں مشکل سے چلنا (...... رَبْخًا رُبُوخًا رَبَاخًا) المرأۃُ: جماع کے وقت شدتِ شہوت سے عورت کا بے ہوش ہو جانا۔
اَرْبَخَ. الرَمْلُ: تہ بتہ ہونا...... الرَجُلُ: سختیوں میں مبتلا ہونا۔
تَرَبَّخَ. الرَجُلُ: سست و ڈھیلا ہونا۔
الرَبِیْخ: بڑا پالان۔
رَبَدَ (ن) رُبُوْدًا. بالمَکَان: اقامت کرنا۔
رَبَدَہٗ (ن) رَبْدًا: روکنا۔ منع کرنا۔
رَبَدَ الابل: اُونٹ کو باڑہ میں باندھنا۔
رَبَّدَتِ. الشَاۃُ: تھن میں سیاہ سفید داغوں والی ہونا۔ تَرَبَّدَ الضَرْعُ: تھن کا سیاہ سفید داغ والا ہونا۔
تَرَبَّدَتِ. السَمَاءُ: آسمان کا ابر آلود ہونا...... الرَجُلُ: تیوری چڑھانا...... اللَوْنُ: رنگ بدل جانا۔
اِرْبَدَّ اِرْبِدَادًا واِرْبَادَّ اِرْبِیْدَادًا: خاکستری رنگ والا ہونا۔
الرَبْد: مص۔ ایک قسم کی نباتات۔
الرُبْد: تلوار کا جوہر۔
الرَابِد: مص۔ ایک قسم کی نباتات۔
الاَرْبَد: خاکستری رنگ والا۔ عَامٌ اَرْبَدُ: قحط والا سال۔ مؤنث رَبْدَاء. الرَبْدَاء: سخت و شدید۔ کہا جاتا ہے "دَاھِیَۃٌ رَبْدَاء" بلائے بد۔ ج رُبْد. الاَرْبَد: ایک قسم کا زہریلا سانپ۔ شیر۔
المِرْبَد: اُونٹ وغیرہ کا باڑہ۔ گھروں کے پیچھے کا میدان جو کام آئے۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔
الرَبِیْد: کھجوریں جن پر پانی چھڑکا گیا ہو۔
الرَبِیْدَۃ: دستاویز اور چک وغیرہ رکھنے کی صندوق۔

المُتَرَبِّد: شیر۔
رَبِذَ (س) رَبَذًا: چلنے یا کام کرنے میں پھرتیلا ہونا۔ صفت (رَبِذ) کہا جاتا ہے۔ "ھُوَ رَبِذُ العِنَان" وہ تنہا بھاگنے والا ہے۔ مؤنث رَبِذَۃ. لِثَۃٌ رَبِذَۃٌ: کم گوشت والا مسوڑھا۔
اَرْبَذَ. الثَوبَ او الحَبْلَ: کپڑے یا رسی کو کاٹنا۔
الرِبْذَۃ والرَبَذَۃ: چیتھڑا جس سے سنار زیورات کو صاف کرتا ہے۔ کوڑے کا پھندنا۔ رنگی ہوئی روئی کا ٹکڑا جس کو اُونٹ کے کان یا گردن میں لٹکاتے ہیں اون جس سے اُونٹ کی مالش کی جاتی ہے۔ شیشی کا سر بند۔ ج رِبَذ ورِبَاذ ورَبَذ.
الرِبْذَۃ: بے خبر آدمی۔ ہر پلیدی۔
الرَبَذِیُّ: کمان کا چلہ۔ کوڑا۔
رَبُزَ (ک) رَبَازَۃً: زیرک و دانا۔
...... الکَبْشُ: مینڈھے کا فربہ ہونا۔
رَبَّزَ. القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
اِرْتَبَزَ. الشَیُٔ: پورا و کامل ہونا۔
الرَبِیْز: زیرک و دانا۔
رَبَسَہٗ (ن) رَبْسًا. بِیَدَیْہِ: دُھتڑ مارنا۔
(...... ورَبَّسَ) القِرْبَۃَ: مشک بھرنا۔
اَرْبَسَہٗ اِرْبَاسًا: غضبناک کر دینا۔
اِرْتَبَسَ. العُنْقُوْدُ: گچھے کا ایک دوسرے میں گتھنا۔ ٹھوس ہونا۔
اِرْبَسَّ. اِرْبِسَاسًا. الرجلُ: ملک میں جانا۔ فِیْ اَمْرِہٖ: تصرف کرنا...... اَمْرُھُمْ: کام کے خراب ہو جانے سے لوگوں کا متفرق ہو جانا۔
الرَبْس: مص۔ امر منکر۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَالٍ رَبْسٍ" وہ بہت مال لایا۔
الرَبِیْسَاۃُ: سخت مصیبت۔ ج رُبْس "جَاءَ بِاُمُوْرٍ رُبْسٍ" وہ مصائب لایا۔
الرَبِیْس: بہادر۔ مصیبت۔ دھتڑ مارا ہوا۔ مصیبت زدہ۔ ٹھوس۔ (اُمُّ الرُبَیْس): بڑا سانپ۔ مصیبت کی کنیت۔
الرَبَسَۃ: میلی کچیلی بدہیئت عورت۔
الرِیْبَاس: چقندر کی مانند ایک سبزی جس کا

مزہ شیریں مائل کھٹا ہوتا ہے۔
اَرْبَضَ. الشَّجَرُ: پتے دار ہونا اور بقول بعض پھلدار ہونا۔
الاَرْبَض: مختلف رنگوں والا۔ مؤنث رَبْضَاء.
اَرْضٌ رَبْضَاءُ: مختلف رنگوں کی بہت گھاس والی زمین۔
الرُّبْضَة: رنگوں کا اختلاف۔
الرَّبَض: نوجوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔
رَبَصَ (ن) رَبْصًا. بِهٖ: کسی کے لئے خیر وشر کا انتظار کرنا۔ برائی پہنچانے کے لئے موقعہ کی تاک میں رہنا۔
تَرَبَّصَ: انتظار کرنا...... عَنِ الاَمْرِ: رک جانا...... فِي الْمَكَانِ: ٹھہرنا...... بِفُلانٍ: بمعنی رَبَصَ...... بِسِلْعَتِهٖ: گرانی کا انتظار کرنا۔
الرُّبْصَة: انتظار۔ رنگ برنگ۔
رَبَضَتْ (ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا ورِبْضَةً. الدَّابَّةُ: جانور کا گھٹنے کے بل بیٹھنا۔ رَبَضَ الاَسَدُ عَلٰى فَرِيْسَتِهٖ او القِرْنُ عَلٰى قِرْنِهٖ: دبوچ کر بیٹھنا۔
رَبَضَ (ن ض) رَبْضًا ورُبُوْضًا. فُلانًا او المَكَانَ: پناہ لینا۔
رَبَّضَهُ. بِالْمَكَانِ: ٹھہرانا...... الدَّوَابَّ: جانوروں کو بیٹھنے کی جگہ میں روک رکھنا۔ بوجھل کرکے بٹھا دینا...... الشَّمْسُ: آفتاب کا سخت گرم ہونا یہاں تک کہ جانور کو بٹھا دے۔
تَرَبَّضَ: ضعف کی وجہ سے ٹھہرے رہنا۔
الرَّابِض: فا...... (الرُّبَّاض): شیر۔
الرَّابِضَة. رابض: کا مؤنث۔ بڑے بڑے کاموں سے عاجز۔ نک چھپے کے لئے کہا جاتا ہے "اَرْنَبَةٌ رَابِضَةٌ عَلٰى وَجْهِهٖ".
الرُّبْض والرَّبْض والرُّبُض والرَّبَض: بیوی۔ بہن۔ ماں۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ رَبْضٌ عَنِ الاَسْفَارِ اَوْعَنِ الحَاجَاتِ" یعنی سفر میں یا ضرورت کے لئے نہ نکلنے والا مرد۔
الرُّبْض: عمارت کی بنیاد۔ کسی چیز کا وہ حصہ جو زمین سے لگے۔ چیز کا درمیان۔

الرَّبْض. مِنَ الْبَقَرِ: بیٹھی ہوئی گائے کا گلہ۔
الرَّبَض: بکریوں کا باڑہ۔ قوم کے رہنے کی جگہ۔ شہر کا گرد و نواح۔ شہر کی فصیل۔ آنتیں۔ کجاوہ کی رسی۔ ہر وہ چیز جس کی پناہ لی جائے یا جس سے آرام حاصل کیا جائے۔ ج اَرْبَاض.
الرُّبْضَة والرِّبْضَة: ضعف کی وجہ سے ٹھہرنے والا یا بہت بیٹھنے والا امر۔
الرِّبْضَة: لاشوں کے ڈھیر کی جگہ۔ لاش۔ بکریوں کا گلہ۔ آدمیوں کا گروہ۔ بکری کے بیٹھنے کی ہیئت۔
الرَّبُوْض. مِنَ القُرٰى: آباد گاؤں...... مِنَ الدُّرُوْعِ: کشادہ زرہ...... مِنَ الشَّجَرَةِ: بڑا درخت۔ ج رُبُض. قِرْبَةٌ رَبُوْضٌ: بڑی مشک جو اٹھائی نہ جاسکے۔
الرَّبِيْض: باڑے میں بیٹھی ہوئی بھیڑیں۔ مع اپنے چرواہوں کے پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
المَرْبِض: جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِض (...... والمَرْبَض): پیٹ میں آنتوں کی جگہ۔
رَبَطَهٗ (ن ض) رَبْطًا: باندھنا۔ مضبوط کرنا...... اللّٰهُ عَلٰى قَلْبِهٖ: قوی کرنا۔ صبر دینا۔ (رَبَاطَة): مضبوط دل ہونا۔
رَابَطَ رِبَاطًا ومُرَابَطَةً. الاَمْرَ: مداومت کرنا...... الجَيْشُ: لشکر کا دشمن کی سرحد کے پاس ہمیشہ قیام رکھنا۔
تَرَابَطَ المَاءُ فِي المَكَانِ: پانی کا جمع ہوکر ٹھہر رہنا اور گدلا ہونا۔
اِرْتَبَطَ. فَرَسًا: حفاظت سرحد کے لئے تیار کرنا...... فِي الحَبْلِ: بندھنا اور لٹکنا۔
الرِّبَاط: مص۔ جس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔ دل۔ گھوڑا۔ قلعہ یا وہ جگہ جہاں لشکر حفاظت سرحد کے لئے قیام کرے۔ ج رُبُط.
الرِّبَاط: فقراء کے لئے مکان موقوفہ۔ ج رِبَاطَات: کہا جاتا ہے "قَرَضَ رِبَاطَهٗ" یعنی وہ مرگیا یا مرض سے تندرست ہوگیا۔

الرَّابِط: فا۔ راہب۔ زاہد۔ تارک الدنیا فلسفی۔ رَابِطُ الجَاشِ: قوی دل غیر خائف۔
الرَّابِطَة. رابط: کا مؤنث۔ تعلق۔ علاقہ۔
الرَّبِيْط: بندھا ہوا۔ راہب۔ زاہد فلسفی۔
رَبِيْطُ الجَاشِ: بہادر۔
الرَّبِيْطَة: باندھے ہوئے جانور۔ خلاف قیاس دَابَّةٌ رَبِيْطَةٌ اور دَوَابٌّ رَبِيْطَة: کہا جاتا ہے اور دابة ربيط بھی کہا جاتا ہے۔
الرَّبَّاط: تانت کو باندھنے والا۔
الرُّبُط: بندھے ہوئے اور چارہ دیے ہوئے گھوڑے۔ واحد (رَبِيْط)
المَرْبَط والمَرْبِط: جانوروں کے باندھنے کی جگہ۔ ج مَرَابِط.
المُرَابَطَة: آپس میں تعلق رکھنے والی جماعت۔ ج مُرابطات.
رَبَعَ (ف) رَبْعًا: توقف کرنا۔ انتظار کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِرْبَعْ عَلَيْكَ اَوْعَلٰى نَفْسِكَ او عَلٰى ظَلْعِكَ" یعنی ٹھہرو۔ توقف کرو...... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا...... عَنْهُ: رکنا۔ عَلَيْهِ: مہربانی کرنا...... الرَّجُلُ: فراخی سال میں پہنچنا۔ آزمائش قوت کے لئے پتھر اٹھانا...... بِمَعِيْشَتِهٖ: راضی رہنا...... الاِبِلُ: چوتھے دن پانی پینے کے لئے آنا۔ رَبَعَتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى: چوتھے دن بخار آنا (...... رُبُوْعًا) الربيعُ: موسم بہار آنا۔
رَبَعَ: (ف ن ض) رَبْعًا. الحَبْلَ: چار بل کی رسی بٹنا...... القَوْمَ: اپنے آپ کو ملا کر چار یا چالیس کرنا۔ چوتھائی مال لینا۔
رُبِعَ. القَوْمُ: موسم بہار کی بارش پانا اور ایسا ہی زمین کے لئے ہے۔ زمین کی صفت (مَرْبُوْعَة)...... الرَّجُلُ: چوتھے دن بخار آنا۔
رَبَّعَ. البَيْتَ او الحَوْضَ: مکان یا حوض چوکور بنانا۔
رَابَعُوْا. الحِمْلَ: بوجھ جس لکڑی کے ذریعہ

اٹھایا جائے اس کو بوجھ کے نیچے داخل کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَابَعتُہ" میں نے اس کے ساتھ بوجھ کو لکڑی کے سہارے سے اُونٹ کی پیٹھ پر لادا۔

اَرْبَعَ: چوتھے سال میں داخل ہونا۔

...... القَوْم: چار ہونا۔ موسم بہار میں داخل ہونا۔ موسم بہار کی اقامت گاہ یا سبزہ زار اور پانی پر وارد ہونا ...... الإبلَ: پانی پر جانے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ اَرْبَعَ الرَّجُلُ: بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا۔

اُرْبِعَ. الرَّجُلُ: چوتھیا بخار والا ہونا۔

تَرَبَّعَ. فِي جُلُوسِہٖ: چار زانو ہوکر بیٹھنا۔

(...... وارْتَبَعَ) الجَمَلُ: اُونٹ کا بہار کا سبزہ چر کے موٹا ہونا ...... بالمَكَان: فصل بہار میں اقامت کرنا۔ وارْتَبَعَ الحَجَر: پتھر اٹھانا۔

اِسْتَرْبَعَ. الرَّمْلُ: ریت کا تہ بتہ ہونا۔

...... الشيءَ: طاقت رکھنا۔

الرَّبْع: مص۔ گھر۔ گھر کا اردگرد۔ اترنے کی جگہ۔ موسم گزارنے کی جگہ۔ لوگوں کی جماعت۔ لاش۔ ج رِبَاع ورُبُوْع واَرْبُع واَرْبَاع (...... والرَّبِع): میانہ قد۔

الرُّبْع والرُّبُع: چوتھائی ج اَرْبَاع ورُبُوع.

الرُّبَع: اُونٹنی کا بچہ جو ابتدائی موسم بہار میں پیدا ہوا اور اگر آخر میں پیدا ہو تو اس کو هُبَع کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُمْ رُبَع ولاهُبَع" ج رِبَاع واَرْبَاع مؤنث رُبَعَة ج رُبَعَات ورِبَاع.

الرِّبْع: تین دن اُونٹوں کو روک کر چوتھے دن پانی پلانا۔ حُمَّى الرِّبْع: چوتھیا بخار۔

الرَّابِع: فا۔ چوتھا۔ رَبِيْعٌ رَابِع: بہت فراخی اور ارزانی کا موسم بہار۔ اِبلٌ رَوَابِع: چوتھے دن پانی پینے والے اُونٹ۔

رُبَاع: چار چار۔ کہا جاتا ہے "اَتَوْا رُبَاعَ": وہ لوگ چار چار آئے۔

الرَّبْعَة: میانہ قد (مذکر ومؤنث) ج رَبْعات ورَبَعَات: عطر فروش کا ڈبہ۔ کہا جاتا ہے "فَتحَ العَطَّارُ رَبْعَتَہ" عطر فروش نے اپنا ڈبہ کھولا۔

الرَّبَاع: اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى رَبَاعِهِمْ" وہ لوگ اپنی اچھی حالت پر ہیں۔

الرَّبَاعَة والرِّبَاعَة: اچھی حالت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ فِيْهِم مِنْ يَضْبِطُ رَبَاعَتَہ اِلَّا فُلَانٌ" ان لوگوں میں فلاں کے علاوہ کوئی اپنی خوشحالی کو برقرار رکھنے والا نہیں۔ سرداری۔ کہا جاتا ہے "لَايُقِيمُ رَبَاعَةَ القَوْم اِلَّا فُلَان" قوم کی سرداری کو فلاں ہی برقرار رکھ سکتا ہے۔ و "هُوَ رَبَاعَةُ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ مملوک چیز جس سے انسان کی حالت اچھی ہو۔

الرَّبَاعِيَہ: سامنے کے چار دانتوں اور کچلیوں کے درمیان والا دانت۔ ج رَبَاعِيَات.

الرَّبَاعِي: وہ جانور جس کے رباعی دانت گر گئے ہوں۔ ج رُبْع ورُبُع ورِبْعَان ورِبَاع ورُبَع واَرْبَاع مؤنث رَبَاعِيَة ج رَبَاعِيَات.

الرُّبَاعِيُّ: چار سے مرکب۔

الرَّبِيْع: ج اَرْبِعَة ورِبَاع واَرْبِعَاء: موسم بہار۔ موسم بہار کی بارش۔ موسم بہار کی پیداوار۔ سبز چارہ۔ کہا جاتا ہے "رَبِيْعٌ رَابِعٌ" فراخی اور ارزانی کا موسم بہار ...... ج اَرْبِعَا ورُبْعَان: زمین کے لئے پانی کا حصہ ...... ج رُبُع: چوتھائی۔

الرَّبِيْعِيُّ. مِنَ المَسَاكِن: موسم بہار کی اقامت گاہ۔

الرَّبِيْعَة: پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اٹھایا جائے۔ باغ۔ لوہے کا خود۔ توشہ دان۔ خوشبو وغیرہ رکھنے کا برتن۔

الرُّوَيْبِع: کمزور۔ کمینہ۔

الرُّوَيْبِعَة: پستہ قد۔ چار زانو بیٹھنے والے کی نشست۔ اُونٹ کے بچوں کی ایک بیماری۔

اَرْبَعَة: چار۔ مؤنث اَرْبَع. الرِّيَاحُ الْاَرْبَع: پچھوائی۔ پروائی۔ دکھنی۔ اُتری ہوائیں۔

ذَوَاتُ الاَرْبَع: چار پائے۔

اُمُّ اَرْبَع واَرْبَعِين: ایک قسم کا کیڑا۔

الْاَرْبِعَاءُ. مثلثة الباء: بدھ کا دن۔ تثنیہ اَرْبِعَاوَان۔ ج اَرْبِعَاءَات واَرْبِعَاوَات.

قَعَدَ (الاُرْبُعَاء والاُرْبُعَاوَى): وہ چار زانو بیٹھا۔

الاُرْبُعَاء: ستون خانہ۔

اَرْبَعُوْن: چالیس۔

المُرْتَبَع: موسم بہار کی بارش (...... والمُرتَبِع): موسم بہار کی اقامت گاہ۔

المِرْبَع والمِرْبَعَة: لکڑی جو جانور پر بوجھ لادنے کے لئے استعمال کی جائے۔

المُرْبِع: موسم بہار میں بچہ جننے والی اُونٹنی۔

المُرْبَع: چوتھیا بخار والا۔

المُرَبَّع: چار ستون والا یا چار ضلعوں والی شکل۔ حاصل ضرب جو کسی عدد کو اسی سے ضرب دے کر حاصل ہو جیسے ۴×۴=۱۶

المِرْبَاع: وہ جگہ جہاں کی سبزی ابتدائی موسم بہار میں اُگے۔ مال غنیمت کی چوتھائی جو زمانہ جاہلیت میں سردار لیا کرتا تھا۔ موسم بہار میں بچہ دینے والی اُونٹنی۔

(...... والمُرتَبِع والمَرْبُوْع): درمیانہ قد۔

المَرَابِيْع: ابتدائے موسم بہار کی بارشیں۔

اليَرْبُوْع: ایک قسم کا چوہا جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی ہوتی ہے۔ ج يَرَابِيْع.

رَبَغَ (ف) رَبْغًا. القَوْمُ فِي النَّعِيم: خوشحال زندگی بسر کرنا۔

رَبِغَ (ف) رَبَغًا. عَيْشُہ: فراخ وآسودہ ہونا ...... الرَّجُلُ: بدکار وشوخ چشم ہونا۔

صفت (رَبِغ)

رَبُغَ (ک) رَبَاغَةً: بہت ہونا۔

الاَرْبَغ: کثیر وکشادہ۔

رَبَقَہ (ن ض) رَبْقًا ورَبَّقَہ: پھندے سے باندھنا ...... ہ فِي الاَمْرِ: کام میں ڈالنا۔ ورَبَّقَ الكَلامَ: جھوٹ سے مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَبَّقَ الرَّجُلُ اَلْنَاءَ حَبْلِہ واَرْبَاقَہ" مرد نے اپنے بکری کے بچوں کے لئے رسی کا پھندا بنایا۔

تَرْبِقَةً: لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "تَرَبَّقْتُ الشَّيْءَ فِي عُنُقِي" میں نے چیز کو اپنی گردن میں لٹکایا۔
اِرْتَبَقَ. فِي الحِبَالَةِ: لٹکانا ...... فِي الْاَمْرِ: کسی کام میں پھنسنا اور اسی سے ہے "اِرْتَبَقْتُ فِي حَبَالَتِهٖ" یعنی میں اس کے مکر و فریب میں پھنس گیا۔
الرِّبْقُ: پھندوں والی رسّی۔
الرِّبْقَةُ والرُّبْقَةُ: رسی کا پھندا۔ ج رِبَق ورِبَاق وأرْبَاق: کہا جاتا ہے "حَلَّ رِبْقَتَهٗ" اس نے اس کے رنج و غم کو دور کر دیا۔ و "نَقَضُوا الحِبَالَ واكلُوا الرِّبَاق" انہوں نے عہد و پیمان توڑ دیئے۔
الرَّبِيْقُ: پھندے سے باندھا ہوا یا پھندے میں پھنسا ہوا۔
المُرَبَّقَةُ: چربی سے تر کی ہوئی روٹی۔
الرَّبِيْقُ: بکری باندھنے کی رسی۔
اُمُّ الرُّبَيْقِ: بلا۔
رَبَكَ (ن) رَبْكًا. الشَّيْءَ: ملانا۔ الرَّبِيْكَةَ: گارا بنانا ...... ہ: کیچڑ میں گرانا۔
رَبِكَ (س) رَبَكًا: پیچیدہ و دشوار معاملہ میں پھنسنا۔ صفت (رَبِكٌ ورَبِيكٌ)
اِرْتَبَكَ. فِي الوَحْلِ: کیچڑ میں گرنا ...... فِي الأمْرِ: پھنس کے رہ جانا ...... فِي كَلَامِهٖ: رک رک کے گفتگو کرنا ...... الصَّيْدُ فِي الحِبَالَةِ: شکار کا جال میں تڑپنا۔ پھڑ پھڑانا ...... الأمْرُ: معاملہ کا پیچیدہ ہونا۔
اِرْبَاكَ اِرْبِيكَاكًا. رَايُهٗ: رائے کا گڑبڑ ہو جانا ...... الرَّجُلُ عَنِ الأمْرِ: کام سے رک جانا۔
الرَّبِيْكَةُ: گارا۔ دودھ ملا ہوا مکھن۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِرَبِيكَةٍ" اس نے اس کو پیچیدہ معاملہ میں پھنسا دیا ...... والرَّبِيكُ والرَّبُوكُ): ایک قسم کا کھانا جو پنیر کھجور اور گھی ملا کر تیار کرتے ہیں اور کبھی پانی ڈال کر پیتے ہیں۔
الأرْبَكُ. مِنَ الإبِلِ: کالا اونٹ۔

رَبَلَ (ن ض) رَبْلًا. القَوْمُ: بڑھنا۔ زیادہ تعداد والی ہونا۔ رَبَلَتِ المَرَاعِيُ: بہت گھاس والی ہونا۔
رَبَّلَ وأرْبَلَ. المَكَانُ: موسم خزاں کی نباتات والی جگہ ہونا۔
رَابَلَ: بدکار ہونا اور برائی کا منتظر رہنا۔
تَرَابَلَ: لوگوں پر لوٹ ڈالنا۔
تَرَبَّلَ: موسم خزاں کی سبزی کھانا۔ شکار کرنا۔ بہت گوشت والا ہونا ...... جِسْمُهٗ: پھولنا ...... الأرْضُ: موسم خزاں کی بہت سبزی والی ہونا۔ موسم خزاں کے آنے پر خشک ہونے کے بعد سرسبز ہونا۔ تَرَبَّلَ القَوْمُ: موسم خزاں کی سبزی چرانا۔
اِرْتَبَلَ. مَالُهٗ: بہت ہونا۔
الرَّبْلُ: موسم خزاں کے پودے و سبزی جو بغیر بارش کے رات کی نمی کی وجہ سے پھوٹے۔ ج رُبُوْل۔
الرِّبْلُ: بہت سبز رنگ کی ایک قسم کی گھاس۔
رَجُلٌ (رَبِلٌ): موٹا مرد۔
الرَّبَلَةُ والرَّبْلَةُ: ران کی جڑیں۔ موٹا گوشت۔ ج رَبَلَات۔
الرَّبِيْلُ: تہالوٹ ڈالنے والا چور۔ موٹا۔
الرَّبَالَةُ والرَّبِيْلَةُ: گوشت کی زیادتی۔ کہا جاتا ہے "ضَمَرَ بَعْدَ رَبَالَه" وہ موٹائی کے بعد دبلا ہو گیا۔ الرَّبِيْلَةُ: تری۔ نعمت۔ فراخی۔ زندگی۔
الرِّيْبَال: لمبی پیچیدہ نباتات۔ شیر۔ ج رَيَابِيْل۔
المِرْبَال: بہت موسم خزاں کے نباتات والی زمین۔
الرِّبَيْل: ناز و نعم میں پلی ہوئی موٹی عورت' موٹی اونٹنی۔
اَرْبَنَهٗ: بیعانہ دینا۔
تَرَبَّنَ: جہاز کا کپتان ہونا ...... السَّفِيْنَةَ: کشتی چلانا۔
الرُّبُوْن والأرْبُوْن = الأرْبَان: بیعانہ۔
الرُّبَّان والرُّبَّانِي: جہاز کا کپتان۔ ج رَبَابِنَة

ورَبَابِيْن. رُبَّانُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا بڑا حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِرُبَّانِهٖ اَوْ بِرُبَّانِيَّة" اس نے سارا لے لیا۔
رَبَا يَرْبُوْ رِبَاءً ورُبُوًّا. المَالُ: زیادہ ہونا۔ بڑھنا ...... الرَّابِيَةَ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ (رَبْوًا) الفَرَسُ: پھولنا۔ سانس چڑھنا۔ (...... رَبْوًا ورُبُوًّا) الوَلَدُ: لڑکے کا بڑھنا اور نیز کہا جاتا ہے "رَبَيْتُ ورَبِيْتُ رَبَاءً ورُبِيًّا" میں نے نشو و نما پائی۔
رَبَّى تَرْبِيَةً وتَرَبِّي. الوَلَدَ: لڑکے کا پرورش کرنا۔ غذا دینا۔ مہذب بنانا۔ رَبَّى التُّفَّاحَ بالسُّكَّرِ: مربہ ڈالنا۔
رَابَى مُرَابَاةً: سود پر مال دینا۔
الرَّجُلَ: بہتر سلوک کرنا۔
اَرْبَى اِرْبَاءً: سود لینا ...... الشَّيْءَ: بڑھانا ...... ہ: اُمید دلانا (...... عَلَيْهِ فِي كَذَا وارْتَبَا ارْتِبَاءً): زیادہ کرنا۔
الرِّبَا: زیادتی۔ سود۔ بیاج۔ نسبت کے لئے رِبَوِيٌّ۔
الرَّبَا: زیادتی۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لِفُلَانٍ عَلَيَّ رَبَاءٌ" فلاں کا میرے اوپر احسان ہے۔
الرَّابِيَةُ: ج رَوَابٍ و(الرُّبْوَةُ والرِّبْوَةُ والرَّبْوَةُ والرِّبَاوَة) ج رُبًى ورُبِيٌّ: ٹیلہ۔
الرَّبْوَةُ. عِنْدَ الحُسَّابِ الرِّبْوَة: دس لاکھ۔ بڑی جماعت (مانند دس ہزار کے) ج رُبًى۔
الرُّبَّةُ: حشرات الارض کی ایک قسم۔ بلی۔
الرَّبَاةُ والرَّبَاوَةُ: ہشکیت۔ ٹیلہ۔
الرَّبْوُ: ٹیلہ۔ چڑھی ہوئی سانس۔ جماعت۔ ج أرْبَاء. الرَّبْوُ والرَّبْوَةُ عِنْدَ الاطِبَّاءِ: جوف کی سوجن۔ ایک بیماری جو پھیپھڑے میں ہو جاتی ہے جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہوتی ہے۔
الأرْبِيَةُ: اہل خاندان۔ چچا زاد بھائی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي اُرْبِيَّةِ قَوْمِهٖ" یعنی وہ اپنے اہل اور اپنے قبیلہ میں آیا۔ ران کی جڑ یا ران کے بالائی حصہ اور پیٹ کے درمیان کا حصہ۔

رَتَّ (ض) رَتًّا: ہکلانا۔ تتلانا۔ صفت مذکر (اَرَتُّ): وصفت مؤنث (رَتَّاءُ ورُتّی) ج رُتٌّ۔
اَرَتَّهُ اِرْتَاتًا. اللّٰهُ: ہکلا کر دینا۔
الرَّتُّ: سخت۔ نرسور۔ جنگلی سور۔ ج رِتَتَه۔
الرَّتُّ: رئیس۔ سردار۔ ج رُتُوتٌ: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ رُتُوتِ النَّاسِ" وہ لوگوں کا سردار ہے۔
الرُّتَّة: ہکلا پن۔ لکنت۔ زبان کی بستگی۔
رَتَأَ (ف) رُتُوءًا: گلا گھونٹنا...... العُقْدَةَ: گرہ مضبوط کرنا...... فِي المَكَانِ: اقامت کرنا...... الرَّجُلُ: چلا جانا۔
اَرْتَأَ: رک رک کر ہنسنا۔
رَتَبَ (ن) رَتْبًا ورُتُوبًا. الشَّيْءُ: قائم و ثابت ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَتَبَ فِي الصَّلٰوةِ" وہ نماز میں سیدھا کھڑا ہوا۔
رَتَّبَهُ: ثابت کرنا۔ مرتبہ کے لحاظ سے رکھنا۔
اَرْتَبَ: سیدھا کھڑا ہونا۔ باوجود بے نیازی کے سوال کرنا...... الغُلَامُ الكَعْبَ: نصب کرنا۔ کھڑا کرنا۔
تَرَتَّبَ: ترتیب وار ہونا۔ سیدھا کھڑا ہونا۔
الرَّتَبُ: سختی و تنگی۔ بلند زمین۔ قریب قریب چٹانیں جن میں بعض بعض سے بلند ہوں۔
(...... والرَّتَبُ): خنصر و بنصر کے درمیان کا فاصلہ۔ چھنگلیا کے پاس والی انگلی اور بیچ کی انگلی کے درمیان کی جگہ۔
الرَّتَبَة: انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الرُّتْبَة: مرتبہ۔ ج رُتَبٌ۔
التُّرْتُبُ والتُّرْتَبُ: قائم و ثابت چیز۔ ہمیشگی۔ مٹی۔ غلام جس کے یکے بعد دیگرے تین مالک ہوں۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا تُرْتُبًا" وہ سارے آئے۔
التُّرْتُبَّة: راستے کے مانند جس پر آدمی چلے۔
الرَّاتِبُ: فا۔ عَيْشٌ رَاتِبٌ: عیش دائم۔
والرَّاتِبُ عِنْدَ المُحَدِّثِيْنَ: تنخواہ۔ وظیفہ۔ ج رَوَاتِبُ۔ الرَّوَاتِبُ: سنن مؤکدہ۔

المَرْتَبَة: درجہ۔ اعلیٰ درجہ۔ ج مَرَاتِبُ۔
رَتَجَ (ن) رَتْجًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا (...... رَتَجَانًا) الصَّبِيُّ: بچے کا چلنے لگنا۔
رَتِجَ (س) رَتَجًا. الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔
اَرْتَجَ. البَابَ: دروازہ مضبوط بند کرنا...... الثَّلْجُ: برف کا لگاتار گرنا۔
...... الخِصْبُ: ساری زمین کو عام ہونا۔
...... الدَّجَاجَةُ: مرغی کا انڈوں سے بھر جانا۔
...... البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔
اُرْتِجَ واُرْتُتِجَ واسْتُرْتِجَ۔
الخَطِيْبُ: خطیب کا تقریر میں بند ہو جانا۔
الرَّتَجُ والرِّتَاجُ: پھاٹک۔ بڑا بند دروازہ جس میں ایک چھوٹا سا دروازہ ہو۔
سِكَّةٌ (رَتَج): بند گلی۔ مَالٌ رِتَجٌ: مال جس کے حاصل کرنے کی کوئی سبیل نہ ہو۔
الرِّتَاجَة: چٹان۔ ج رَتَائِجُ۔
(...... والمَرْتَج): تنگ راستہ۔ ج مَرَاتِجُ۔
المِرْتَاجُ: تنگ راستہ۔ تنگی۔ مَكَانٌ (مُرْتَجٌ): بہت نباتات والی جگہ۔
رَتَخَ (ف) رُتُوْخًا. العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا پانی زیادہ کرنے سے پتلا ہونا...... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا...... مِنَ الخَبَرِ: پیچھے رہنا۔
رَتَعَ (ف) رَتْعًا ورُتُوْعًا ورِتَاعًا: آسودہ زندگی بسر کرنا...... فِي المَكَانِ: اقامت کرنا اور فراخی کے ساتھ کھانا پینا۔ صفت (رَاتِعٌ) ج رُتَّعٌ ورُتُعٌ ورِتَاعٌ ورُتُوْعٌ ورَاتِعُوْنَ۔
رَتَعَ فِيْ مَالِ فُلَانٍ: دوسرے کے مال سے کھانے پینے میں فائدہ اٹھانا...... فِيْ لَحْمِ فُلَانٍ: غیبت کرنا۔
اَرْتَعَ. القَوْمُ: سرسبز زمین میں پہنچنا اور چرانا...... الأَرْضُ: چرنے والے کو آسودہ کرنا...... الغَيْثُ: بارش کا چارہ کو اُگانا۔
الدَّوَابَّ: جانوروں کو چرانا۔
الرَّتْعَة: سبزے کی کثرت اور اسی سے ہے "اَسْمَنَنِي القَيْدُ والرَّتْعَةُ" مجھ کو قید اور آسودگی نے موٹا کر دیا۔
الرَّتِعُ: آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔ کَلَأٌ رَتِيْعٌ: چرنے والے کے لئے کافی گھاس۔
الأَرْتَاعُ مِنَ النَّاسِ: بہت لوگ۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ اَرْتَاعًا مِنَ النَّاسِ": میں نے بہت لوگوں کو دیکھا۔
الرَّتَّاعُ: سرسبز چراگاہ میں اپنے اونٹوں کو لے جانے والا۔
المُرْتِعُ: آسودہ زندگی والا جس کو ہر چیز حاصل ہو۔
المَرْتَعُ: چراگاہ۔
رَتَقَ (ن) رَتْقًا. الثَّوْبَ: جوڑنا۔
الفَتْقَ: درست کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ الرَّاتِقُ الفَاتِقُ" وہ اصلاح کرنے والا ہے۔ "رَتَقَ فَتْقَهُمْ": اس نے ان کے درمیان صلح کرا دی...... الشَّيْءَ: بند کرنا۔
اِرْتَتَقَ. الشَّيْءُ: جڑ جانا۔
الرِّتَاقُ: دو کپڑے جن کے کنارے جوڑ دیئے گئے ہوں۔
الرَّتَقَة: انگلیوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الرُّتُوْقُ: عزت و شرف۔
رَتَكَ: (ض ن) رَتْكًا ورَتَكًا ورَتَكَانًا البَعِيْرُ: اونٹ کا چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔
اَرْتَكَ. البَعِيْرَ: اونٹ کو چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑانا۔ اَرْتَكَ الضَّحِكَ: آہستہ ہنسنا۔
المَرْتَكُ: مردا سنگ۔
رَتِلَ: (س) رَتَلًا. الشَّيْءُ عمدہ نظم و ترتیب سے ہونا۔ صفت (رَتِلٌ)
رَتَّلَ. الكَلَامَ: اچھی طرح ترتیب دینا۔
...... القُرْآنَ: قرآن کو ٹھہر ٹھہر کر عمدہ طریقے سے پڑھنا۔
تَرَتَّلَ. فِي القَوْلِ: ٹھہر ٹھہر کے اچھی طرح بولنا۔
الرَّتَلُ: حسن۔ عمدہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "كَلَامٌ

رَتَــلٌ "خوبی۔ آراستگی۔ ہر چیز کی خوبی۔
ثغرٌ رتلٌ "خوبصورت ہموار دانت۔
التَّرتِيل: پڑھنے کے وقت آواز پست کرنا۔ آواز کو عمدہ بنانا۔ مولدین کے نزدیک ترتیل آواز کو پڑھنے یا گانے میں اس طرح بنانا کہ سارے حرف اچھی طرح ادا ہوں۔
الارتَل: اچھی ترتیب والا۔ تتلانے والا۔
الـرُّتَيلاء: کیڑے کوڑے وغیرہ جیسے مکڑی مکھی وغیرہ۔ ج رُتَيلاوَات: ایک قسم کی نباتات جس کے پھول سوسن کے پھول کی طرح ہوتے ہیں۔
رَتَمَهُ (ض) رَتمًا: توڑنا یا کوٹنا...... فی بنی فلانٍ: پرورش پانا اور کہا جاتا ہے "مَارَتَمَ بِكَلِمَةٍ": وہ ایک لفظ نہیں بولا۔ (...... رَتِيمًا) رتم کے دانے کھانے سے بے ہوش ہونا۔ سست ہونا۔
اَرْتَمَ وتَرتَّمَ وارتتَمَ: یاد رکھنے کے لئے انگلی پر دھاگا لپیٹنا۔ ارتَمتُ زَيدًا: یاد آنے کے لئے میں نے زید کی انگلی میں دھاگا باندھا۔
الرَّتَم: ایک قسم کا درخت جس کے دانے مسور کی مانند ہوتے ہیں واحد (رَتَمَة) الرَّتَم: بھرا ہوا توشہ دان۔ کامل حیاء۔ آہستہ گفتگو۔ راستہ۔
الرَّتام: بوسیدہ۔
الرَّتَمَة: ج رَتَم ورِتَام و (الرَّتِيمَة) ج رَتَائِم: دھاگا جو کسی مقصد کے یاد رکھنے کے لئے انگلی پر لپیٹ لیا جائے۔
الـرَّتِيم: آہستہ چال۔ وہ شخص جس کو رتم کے دانے کھانے سے بے ہوشی طاری ہوئی ہو۔ ج رَتمَى۔
شَرٌّ (رَتِم ورَتَم): دائمی فساد۔
رَتَنَ: (ن) رَتْنًا. الشَّحم بالعَجِين: گندھے ہوئے آٹے میں چربی ملانا۔
رَتَاهُ يَرْتُوهُ رَتْوًا: ڈھیلا کرنا۔ باندھنا۔ القَلبَ: دل کو قوی کرنا...... ه اِليه: ملانا۔ الدَّلوَ: ڈول کو آہستگی سے کھینچنا (...... رَتْوًا ورُتُوًّا) بـرَاسِه: سر سے اشارہ کرنا......

الرَّتْجَلُ: قدم رکھنا۔
رَتَى فِی فَزَعِه: سست بازو ہونا۔
الرَّتْوَة: قدم بلند زمین تھوڑا سا وقت۔ حد نظر تک۔ کہا جاتا ہے "بَينَنَا وبَينَهُم رَتْوَة" ہمارے اور ان کے درمیان بہت فاصلہ ہے جو بمقدار حد نظر کے ہے۔
الرَّاتِی: دوسروں سے زائد علم والا۔
رَثَّ: (ض) رَثَاثَةً ورُثُوثَةً. الثَّوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَثٌّ) ج رِثَاث۔
اَرَثَّ اِرثَاثًا. الثَّوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا کرنا۔
اُرْتُثَّ: زخمی کو میدان جنگ سے لایا جانا۔ صفت (مُرْتَثٌّ)
الـرَّثُّ: مص۔ گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَاث: کہا جاتا ہے "كَلَامٌ غَثٌّ رَثٌّ" یعنی گھٹیا درجہ کا کلام۔
الاَرَثُّ: بوسیدہ۔ پرانا۔
الرَّثِيث: بوسیدہ۔ پرانا۔ زخمی نیم مُردہ۔
الـرِّثَّـة: گھر کا ردی سامان۔ ج رِثَث ورِثَاث: کمزور لوگ۔
الرَّثَاثَة: مص۔ کہنگی۔ بوسیدگی۔
رَثَأَ: (ف) رَثْأً. اللَّبَنَ: دودھ کا دہی بنانا۔ گاڑھا کرنا...... الشَّیْءَ بالشَّیْءِ: ملانا...... غَضَبَه: غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔
اَرْثَأَ وارْتَثَأَ. اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا ہونا۔ اِرْتَثَأَ فی رَأيِه: رائے میں گڑبڑی کرنا۔ اِرْتَثَأَ عَلَيهِمُ الاَمرُ: گڑبڑ ہونا۔ اِرْتَثَأَ الرَّثِيئَةَ: دہی پینا۔
الـرَّثْءُ والـرَّثْأَةُ: بے وقوفی۔ کم سمجھی۔ کمزور دلی۔
الـرَّثِيئَة. رَثَأَ اللَّبَنَ: کا اسم۔ دہی۔ بے وقوفی۔ میٹھا ملا ہوا ترش دودھ۔
رَجُلٌ (مَرْثُوْد): کمزور دل۔ کم سمجھ۔
رَثَدَ: (ن) رَثْدًا وارْتَثَدَ. المَتَاعَ: سامان کو اوپر نیچے رکھنا۔ صفت مفعولی (رَثِيد ومَرْثُوْد)

رَثِدَ: (س) رَثَدًا وارْثَدَ. المَاءُ: پانی کا گدلا ہونا اور کہا جاتا ہے "اِحْتَفِرْ حَتّٰى اَرْثَدَ": اس نے کھودا یہاں تک کہ نمناک مٹی تک پہنچ گیا۔ اَرْثَدَ القَومُ: جماعت ہونا۔
الرِّثَد والرِّثْدَة: لوگوں کی جماعت جو مقیم ہو سفر نہ کرتی ہو۔
الـرَّثَد: ترتیب سے تہ بتہ رکھا ہوا سامان۔
رَثَدُ البَيتِ: گھر کا ردی سامان۔
المَرْثَد والمِرْثَد: فیاض سخی مرد۔ المَرْثَد: شیر۔
رَثَطَ: (ن) رُثُوطًا وارْثَطَ وتَرَثَّطَ. فی قُعُودِه: نشست میں جم کے رہنا۔
رَثِعَ: (س) رَثَعًا بہت حریص ولالچی ہونا۔ صفت (رَثِع) ج رَثِعُون۔
اِرْثَعَنَّ اِرْثِعْنَانًا. المَطَرُ: لگاتار برسنا...... فُلَانٌ: کمزور اور سست ہونا...... الشَّعرُ: بال کا لٹکنا۔
رَثَمَ (ض) رَثْمًا. الانفَ: ناک توڑ کر خون آلود کر دینا۔ صفت مفعولی (رَثِيم ومَرْثُوم)
رَثِمَ: (س) رَثَمًا وارْثَمَّ. الفَرَسُ: ناک کے کنارے پر سفید داغ والا ہونا۔ صفت مذکر (رَثَمُ واَرْثَم): صفت مؤنث (رَثْمَة ورَثْمَاء) ج رُثْم۔
الـرَّثَم والـرُّثْمَة: گھوڑے کی ناک کے کنارے کا سفید داغ۔
الرِّثْمَة: ہلکی بارش۔ ج رِثَام۔
المَرْثَم والمِرْثَم: ناک۔ ج مَرَاثِم۔
رَثَّنَ تَرْثِينًا: اچھی طرح سے بارش ہونا۔
الرَّثَان: لگاتار بارش۔
اَرْض (مَرْثُونَة ومُرَثَّنَة): بارش شدہ زمین۔
رَثَا: يَرْثُو رَثْوًا ورَثَى يَرْثِى رَثْيًا ورِثَاءً ورِثَايَةً ومَرْثَاةً ومَرْثِيَةً. المَيِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔ مرثیہ کے اشعار کہنا۔
رَثَى لَهُ: رحم کرنا۔
رَثَى يَرْثِى رِثَايَةً. عَنهُ حَدِيثًا: یاد کرنا۔
رَثِیَ يَرْثَى رَثًى ورَثْيًا: جوڑوں کے درد والا ہونا۔

رَثَى وتَرثَّى. المَيِّتَ: رونا اور محاسن شمار کرنا۔

الرَّثَّاءَة والرَّثَّايَة: نوحہ کرنے والی عورت۔

الـرَّثْيَة: جوڑوں کا درد (...... والـرَّثِيَّة): کمزوری۔ سستی۔ بے وقوفی۔

الـمَرْثَاة والمَرْثِيَة: وہ اشعار وغیرہ جس میں میت کے محاسن بیان کئے جائیں۔ مـراثٍ و "المَراثِي السَّبع" عرب کے سات مشہور اور منتخب مرثیے۔

رَجُلٌ (مَرثُوٌّ): کمزور عقل والا مرد۔

الرَّثُوُ: وہی۔

رَجَّ: (ن) رَجًّا: ہلانا۔ حرکت دینا۔

رَجَّهُ: (ن) ورَجَّ رَجًّا: ہلنا۔ حرکت دینا۔

اِرْتَجَّ. البحرُ: موج مارنا...... الكَلامُ: ملتبس ہونا۔

الرُّجَّة: حرکت۔ رَجَّةُ القوم: لوگوں کی آواز کا اختلاط۔

رَجاجُ. الغنم او النّاس: کمزور و لاغر۔ کہا جاتا ہے "نَعْجَةٌ رَجاجَةٌ": لاغر بھیڑ۔

نـاقةٌ (رَجَّاء): بڑے کوہان والی اونٹنی جس کا کوہان چلنے میں ہلے۔

اَرْجَـا. الامرَ: کام کا مؤخر کرنا۔ اَرْجَـاتِ الحَامِلُ: وضع حمل کا زمانہ قریب ہونا۔

الصَّائدُ: شکاری کا کچھ نہ پانا۔

رَجِبَ: (ن) رَجَبًا. مِنهُ: شرم کرنا۔

رَجَبَـه بِكَلامٍ سَيِّئٍ: تہمت لگانا (...... رَجَبًا ورُجُوبًا واَرْجَبَ): ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجِبَ: (س) رَجَبًا. مِنهُ: گھبرانا۔ شرم کرنا۔ رَجِبَهُ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَّبَهُ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔ النَّخلةَ: درخت خرما میں ٹیک لگا دینا۔ اردگرد کانٹے لگا دینا اور اسی سے ہے "انَـا جُـذَيْلُهَا المُحَكَّكُ وعُـذَيْقُهَا المُرَجَّبُ" اس قول میں جُذَيْل جذل کی اور عُـذَيْق عِـذق کی تصغیر ہے۔ جذل: کے معنی تنا اور عذق کے معنی پھل دار درخت خرما۔ محکک جس سے خارشی اونٹ اپنے بدن کو رگڑے اور مـرجّـب: جس میں

پھل کے بوجھ کی وجہ سے تھونی لگا دی گئی ہو۔

رَجَّبَ الـرَّجُلُ: رجب کے مہینے میں جانور ذبح کرنا۔

تَـرَجَّـبَ: خوفزدہ ہونا۔ ہیبت زدہ ہونا......

الرَّجُلَ: ڈرنا۔ تعظیم کرنا۔

رَجَـــبُ: قمری سال کا ساتواں مہینہ۔ ج اَرْجَـاب ورُجُوب ورِجَـاب: کہا جاتا ہے "اَجَّلْتُكَ اِلَى سَبْعَةِ اَرْجَابٍ" میں نے تجھ کو سات رجب یعنی سات سال تک کی مہلت دی۔

رَجَبَان: ماہ رجب و شعبان۔

الـرُّجْبَة: سہارا جو کھجور کے درخت کے لئے لگایا جائے۔ شکار کرنے کا مچان۔ ج رُجَب.

الرَّاجِبَة: انگلی کی جڑ کا جوڑ۔ ج رَوَاجِب.

الاَرْجَاب: آنتیں۔ (واحد نہیں)

المُرَجَّب: مُعظّم۔ خوفناک۔ معظم۔

رَجَحَ: (ف ن ض) رُجْـحَـانًا ورُجُوحًا. المیزانُ: جھکنا...... الرَّائِي: غالب ہونا۔

...... ہ: دوسرے سے بوجھل ہونا۔

...... دوسرے سے زیادہ بردبار ہونا ...... ہ

بِيَدِهِ: ہاتھ سے وزن کا اندازہ کرنا (رَجَاحَةً) حلیم و بردبار ہونا۔ بوجھل ہونا۔

رَجَّحَهُ واَرْجَحَهُ: جھکا دینا۔ بوجھل کر دینا۔

رَجَّحَ واَرْجَحَ لَهُ: جھکا ہوا دینا۔

رَاجَـحَـهُ: جھکنے میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا۔

تَـرَجَّـحَ. الرَّائِي عِـنْـدَهُ: غالب و برتر ہونا ...... فِـي الـقَـوْل: مائل ہونا...... الشَّيْءُ: ہلنا...... الاُرْجُوحَة بِهِ: جھکنا۔

اِرْتَـجَـحَ. فِي الاُرْجُوحَةِ: جھولے میں جھکنا...... الاِبِلُ: آہستہ دوڑنے میں ہلنا۔

الرُّجُح. مِنَ الجِفان: بھرے ہوئے بڑے پیالے...... مِنَ الكَتَائِبِ: لشکر گراں۔

الاُرْجُـوحَةُ ج اَرَاجِيـح (الـرُّجَـاحَة والرُّجَاحَة والمَرْجُوحَة): جھولا۔

الاَرَاجِيح: بیابان۔ آہستہ قدم سے دوڑنے

میں اونٹوں کی جنبش۔

اِمْرَاَةٌ (رَجَاح): بڑے سرین والی عورت۔

رَجَدَ (ن) رَجْـدًا: خوشوں کو کھلیان میں لے جانا۔ صفت (رَجَّاد)

اِعْتِرَاجَحة اَو البَيَانَةُ العَدَدِيَّة: (علم جبرا) دو مخالف عدد کا مجموعہ۔

رُجِدَ رَجْدًا ورُجْدُو اُرْجِدَ: کانپنا۔

رَجَزَ (ن) رَجْزًا: رجز پڑھنا۔ صفت (رَاجِز ورَجَّاز ورَجَّازَة) رَجَزَ بِهِ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَجَّزَهُ: کسی کے سامنے رجز پڑھنا۔

رَاجَزَ. صَاحِبَهُ: رجز پڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

تَـرَجَّـزَ: رجز پڑھنا...... الـرَّعْـدُ: لگاتار گڑگڑانا...... السَّحَابُ: بادل کا پانی کی کثرت کی وجہ سے آہستہ حرکت کرنا۔

اِرْتَـجَـزَ: رجز پڑھنا...... الـرَّعْـدُ: لگاتار گڑگڑانا...... بِفُلانٍ: کسی کے متعلق رجز کے اشعار کہنا...... الرَّجَزَ فِي القِتَالِ: لڑائی میں رجز کے اشعار پڑھنا۔

تَـرَاجَـزَ. القَوْمُ: رجز پڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔

الرُّجْز والرِّجْز: گندگی۔ عذاب۔ بتوں کی پرستش۔ بت۔ الرِّجز: گناہ۔

الـرَّجَـز: اوزان شعر میں سے ایک وزن کا نام۔ اونٹوں کے سرین کی ایک بیماری کا نام۔

الـــرِّجَازَة: عورتوں کے لئے اونٹ پر کی ہودج سے چھوٹی ایک سواری۔ برتن یا کمبل جس میں پتھر ڈال کر بوجھ برابر کرنے کے لئے ایک طرف لٹکا دیا جاتا ہے۔

الاُرْجُوزَة: بحر رجز کا قصیدہ۔ ج اَرَاجِيز.

الاَرْجَز: رجز کی بیماری والا۔

رَجَسَ: (ن ض) رَجْسًا. البَعيرُ: اونٹ کا آواز کرنا...... السَّمَاءُ: آسمان کا گڑگڑانا۔

...... فُـلانًـا عَـنِ الاَمْـرِ: روکنا (...... واَرْتَجَـسَ): پانی کی گہرائی کا اندازہ کرنا۔

رَجِسَ: (س) وَرَجُسَ: (ک) رَجَاسَةً: بُرا کام کرنا۔ صفت (رَجِسٌ)
اِرْتَجَسَتِ السَّمَاءُ: گڑگڑانا۔ البِنَاءُ: عمارت کے ہلنے سے آواز سنائی دینا۔
الرِّجْسُ والرَّجَسُ والرِّجِسُ: گندگی پلیدی۔ الرِّجْسُ: بُرا عمل۔ بُرے عمل کی سزا۔ شیطان کا وسوسہ۔ خفیف حرکت۔
الرَّجَّاسُ: سمندر۔ کہا جاتا ہے "بَعِيرٌ أو سَحَابٌ رَجَّاسٌ" بہت تیز آواز والا بادل یا اُونٹ۔
بَعِيرٌ رَجُوسٌ مِرجس: تیز آواز نکالنے والا اُونٹ۔
المِرْجَاس: پانی کی گہرائی ناپنے والا آلہ۔
المَرْجُوسَةُ: فساد و گڑگڑاہٹ۔
رَجَعَ: (ض) رُجُوعًا ومَرْجِعًا ومَرْجَعَةً ورُجْعَى ورُجْعَانًا: واپس آنا۔ لوٹنا (......رَجْعًا ومَرْجِعًا ومَرْجَعًا) الكَلامُ فِيهِ: فائدہ دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا قَالُوا إلّا سَجْعًا لَيْسَ فِيهِ رَجْعٌ" یہ صرف تُک ہے اس میں کوئی فائدہ نہیں۔ العَلَفُ فِي الدَّابَّةِ: چارہ کا جانور میں اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدُه عَلَى بَدْئِهِ" وہ جس راستہ سے آیا تھا اسی سے واپس گیا...... الشَّيْءَ عَنْهُ او إلَيْهِ: پھیرنا۔ واپس کرنا۔ رد کرنا (......رُجُوعًا ورِجَاعًا) الطَّيْرُ: گرم جگہ سے سرد جگہ میں جانا۔
رَجَّعَ فِي صَوْتِهِ: حلق میں آواز کو گھمانا۔ (......وتَرَجَّعَ) فِي المُصِيبَةِ: ﴿إنَّا لِلّٰهِ وإنَّا إلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ کہنا۔ رَجَعَتِ الدَّابَّةُ: قدم رکھنا۔ تَرَجَّعَ النَّاقَةُ: ایک اُونٹنی کی قیمت سے اسی جیسی دوسری خریدنا۔
رَاجَعَهُ فِي الأمْرِ: دوسرے سے معاملہ میں بات چیت کرنا...... ہ الكَلامَ: دوبارہ گفتگو کرنا...... الرَّجُلُ: اپنی پہلی بھلی یا بُری عادت کی طرف لوٹ جانا۔
أرْجَعَهُ: رد کرنا۔ پھیرنا...... الدَّابَّةُ: چوپایہ کا گوبر کرنا۔ النَّاقَةُ: اُونٹنی کا لاغر ہونا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا...... الرَّجُلُ فِي المُصِيبَةِ: ﴿إنَّا لِلّٰهِ وإنَّا إلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾ کہنا...... اللّٰهُ بَيْعَتَهُ: نفع کرانا۔
اِرْتَجَعَ. النَّاقَةُ: ایک اُونٹنی کی قیمت سے اس جیسی دوسری خریدنا۔ اِرْتَجَعَ إلَى الشَّيْءِ: واپس کرنا۔ اِرْتَجَعَهُ: واپس کرنا۔ المَرْأَةُ جِلْبَابَهَا: چہرہ پر دوبارہ ڈال لینا۔
اِرْتَجَعَ عَلَى الغَرِيمِ: مطالبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاعَ خَيْلَهُ فَارْتَجَعَ مِنْهَا رِجْعَةً صَالِحَةً" اس نے اپنے گھوڑے کو بیچ دیا اور اس کی قیمت کو نفع بخش کام میں خرچ کیا۔
تَرَاجَعَ القَوْمُ: اپنے اپنے مقامات پر واپس آنا...... القَوْمُ الكَلامَ بَيْنَهُمْ: قوم کا آپس میں گفتگو میں اُلٹ پھیر کرنا۔
اِسْتَرْجَعَ مِنْهُ الشَّيْءَ: واپس لینا...... فِي المُصِيبَةِ ﴿إنَّا لِلّٰهِ وإنَّا إلَيْهِ رَاجِعُونَ﴾: کہنا۔
الحَمَامُ فِي غِنَائِهِ: کبوتری کا گٹ گری کرنا۔
الرَّجْعُ: مص۔ خط کا جواب۔ بارش کے بعد بارش۔ نفع۔ موسم بہار کی سبزی۔ تالاب۔ ج رِجَاعٌ ورُجْعَانٌ ورِجْعَانٌ. الرَّجْعُ: لید ...... مِنَ الأرْضِ: زمین کا وہ حصہ جس میں سیلاب دور تک پھیلا ہو...... مِنَ الكَتِفِ: مونڈھے کا نچلا حصہ۔ کہا جاتا ہے "كَوَاهُ عِنْدَ رَجْعِ كَتِفِهِ" اس کی مونڈھے کے نچلے حصہ پر اس نے داغ لگایا۔ رَجْعُ الصَّدَى: آواز بازگشت۔
الرَّجِيعُ مِنَ الكَلامِ: واپس کی ہوئی گفتگو۔ لید۔ گوبر۔ تالاب۔ موسم بہار کی سبزی۔ اُونٹ کی جگالی۔ ہر واپس کی ہوئی چیز۔ پرانا کپڑا۔ پسینہ۔ ٹھنڈا کھانا جو دوبارہ گرم کیا جائے۔ بَعِيرٌ رَجِيعٌ: سفر سے تھکا ہوا اُونٹ۔ ج رَجَائِعُ. دَابَّةٌ رَجِيعُ أسْفَارٍ: بار بار سفر میں لوٹ لوٹ جانے والا چوپایہ۔
الرَّاجِعُ: فا۔ عورت جس کے شوہر کی وفات ہو چکی ہو اور وہ اپنے کنبہ میں چلی گئی ہو۔ ج رَوَاجِعُ.
الرُّجْعَةُ. رجع: کا اسم نوع۔ جمع۔ اُونٹ۔ چھوٹے چھوٹے معمولی جنس کی قیمت سے دوسرے اُونٹ خرید کر نفع اٹھائیں۔
الرَّجْعَةُ: واپسی۔
والرُّجْعَةُ والرُّجْعَى والرُّجْعَانُ والرَّجُوعَةُ: خط کا جواب۔ المَرْجِعُ: لوٹنے کی جگہ مونڈھے کا نچلا حصہ۔
المَرْجُوعُ والمَرْجُوعَةُ: خط کا جواب۔ گودنے کے نشانات جو دوبارہ تازہ ہو گئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِهٰذَا البَيْعِ مَرْجُوعٌ" اس بیع کی واپسی نہیں۔
المُرَاجِعُ. مِنَ النِّسَاءِ: عورت جس کے شوہر کا انتقال ہو گیا ہو اور وہ اپنے کنبہ میں واپس آ گئی ہو۔
الرِّجَاعُ: مہار کا وہ حصہ جو اُونٹ کی ناک پر ہو۔ ج أرْجِعَةٌ ورُجُعٌ.
رَجَفَ: (ن) رَجْفًا ورَجَفَانًا ورَجِيفًا: تیز ہلانا۔ ہلنا (لازمی ومتعدی) الرَّجُلُ: بہت کانپنا۔ کسی خوف کے لاحق ہونے سے قرار نہ پکڑنا۔ الأرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ القَوْمُ: لڑائی کے لئے تیار ہونا...... الرَّعْدُ: گڑگڑانا...... الأسْنَانُ: دانتوں کا کرنا۔
أرْجَفَ: لوگوں کو بھڑکانے کے لئے بری خبروں کو پھیلانا...... القَوْمُ: بالشَّيْءِ وفِيهِ: گھسنا...... الرِّيحُ الشَّجَرَ: ہوا کا درخت کو ہلانا۔
أرْجَفَتِ الأرْضُ: زمین میں بھونچال ہونا۔ زلزلہ ہونا۔
تَرَجَّفَ وارْتَجَفَ: بہت زیادہ کانپنا۔
اِسْتَرْجَفَ. رَأسَهُ: حرکت دینا اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوا يَسْتَرْجِفُونَ الأرْضَ نَجْدَةً" وہ لوگ نکلے اس حال میں کہ انہوں نے زمین میں شجاعت و دلیری کی وجہ سے زلزلہ ڈال دیا۔
الرَّجْفَةُ: اسم مرۃ۔ زلزلہ۔ بھونچال۔
الرَّاجِفُ: فا۔ جوڑی والا بخار۔
الرَّاجِفَةُ: قیامت کے روز صور کا پہلا نفخہ۔

الرَّجَّاف: بہت کانپنے والا۔ سمندر۔ قیامت کا دن۔
الاَرَاجِیف: گھڑی ہوئی جھوٹی خبریں۔ کہتے ہیں "اِذَا وَقَعَتِ المَخَاوِیفُ کَثُرَتِ الاَرَاجِیف" جب خوف بڑھ جایا کرتا ہے تو جھوٹی خبریں بہت اڑتی ہیں۔
التَّرَجَّاف: اضطراب۔ بے قراری۔
رَجَلَ: (ن) رَجْلاً. الفَصِیلَ: اُونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑ دینا۔ الشَّاۃَ: بکری کی ٹانگیں باندھ دینا۔
رَجَلَہ: ٹانگ پر مارنا۔
رَجِلَ: (س) رَجَلاً: پیدل چلنا۔ بیمار ٹانگ والا ہونا...... الدَّابَّۃُ: ایک ٹانگ میں سفیدی والا ہونا۔ الشَّعرُ: بال کا کچھ گھنگھریالے ہونا۔ الفَصِیلُ: اُونٹ کے بچے کا ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوٹنا۔
رَجَّلَہ: قوی کرنا...... الشَّعرَ: کنگھی کرنا۔
اَرْجَلَہٗ: مہلت دینا۔ پیدل چلانا۔ الفَصِیلَ: اُونٹ کے بچے کو ماں کا دودھ پینے کے لئے آزاد چھوڑنا۔
تَرَجَّلَ: سواری سے اُتر کر پیدل چلنا...... المَرْأَۃُ: مرد جیسی ہونا...... الشَّمسُ: آفتاب کا بلند ہونا...... البِیرَ وفی البِئرِ: بغیر کچھ لٹکائے ہوئے کنوئیں میں اُترنا...... الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا۔
اِرْتَجَلَ: دیگچی میں پکانا۔ الشَّاۃَ: ٹانگیں باندھنا...... ہ: پاؤں سے پکڑنا...... الزَّنْدَ: پاؤں کے نیچے رکھنا...... الکَلامَ: فی البدیہہ کہنا۔
...... بِرَأْیِہٖ: منفرد ہونا...... الرَّجُلُ: پیدل چلنا۔
...... النَّہَارُ: دن کا چڑھنا...... الفَرَسُ: درمیان دو رفتاروں کے آرام لینا۔ کہا جاتا ہے "اِرْتَجِلْ رَجْلَکَ" اپنی شان کو لازم پکڑ۔
الرَّجِل: مص۔ پیدل چلنے والا۔ مرد۔ شَعْرٌ رَجِلٌ: کچھ گھنگھریالے بال۔

الرِّجْل. ج اَرْجُل: پاؤں۔ ج اَرَاجِل: کسی چیز کا حصہ۔ ٹڈی دل (یہ بغیر واحد کے جمع ہے) کہا جاتا ہے "جَاءَت رِجْلٌ دِفَاعٌ" یعنی بہت بڑا لشکر آیا (جو ٹڈی دل کے مشابہ ہے) عہد۔ زمانہ۔ کہا جاتا ہے "کَانَ ذَالِکَ فِی رِجْلِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے عہد میں ایسا تھا۔ الرِّجْل: پاجامہ۔ سفید کورا کاغذ۔ فقیری۔ آدمی کا پاخانہ۔ بہت سونے والا امرد۔ خوف تم کہتے ہو "اَنَا مِنْ اَمْرِیْ عَلٰی رِجْلٍ" مجھے اپنے امر کے فوت ہونے کا خوف ہے۔ پیش قدمی۔ رِجْلُ البَحْرِ: کھاڑی خلیج۔ رِجْلاَ السَّہْمِ: تیر کے دونوں کنارے۔ رِجْلُ الغُرَابِ ورِجْلُ الجَرَادِ: دو نباتات کے نام۔ رِجْلُ الجَبَّارِ ورِجْلُ الجَوْزَاءِ ورِجْلُ قَنْطُورَس: ستاروں کے نام۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یُقَدِّمُ رِجْلاً ویُؤَخِّرُ اُخْرٰی": یعنی وہ اپنے معاملہ میں متردد ہے کبھی ایک قدم اٹھاتا ہے کبھی دوسرا۔
الرَّجُل: مرد۔ پیدل چلنے والا۔ ج رِجَال ورِجَلَۃ ورَجْلَۃ واَرَاجِل ورِجَالاَت: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ رَجُلٌ فِی الرِّجَال": فلاں کامل مرد ہے۔
الرَّجْل: مص...... مِنَ الشَّعرِ: کم گھنگھریالے بال۔ ج اَرْجَال ورَجَالٰی۔
الرَّاجِل: پیدل چلنے والا۔ الرَّجِلُ مِنَ الشَّعرِ: کم گھنگھریالے بال۔
الرَّاجِل: فا۔ پیدل چلنے والا۔ ج رَجْل ورَجَّالَۃ ورُجَّال ورِجَال ورَجَالٰی ورُجَالٰی ورُجْلان: کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَیَّالَۃُ والرَّجَّالَۃُ" سوار و پیادے سب آئے۔ و "اَغَارَ عَلَیْہِم بِخَیْلِہٖ ورَجْلِہٖ": اس نے ان پر اپنے سوار و پیادوں سے لوٹ ڈالی۔ رَجُلٌ رَاجِلٌ: پیدل چلنے والا امرد۔
الرِّجْلَۃ: خرفہ کا ساگ۔ خرفہ کا ساگ اُگنے کی جگہ۔ ج رِجَل۔
الرُّجْلَۃ: چلنے کی قوت۔ مردانگی۔ الرُّجْلَۃ: جانور کی ایک ٹانگ کی سفیدی۔

الرَّجُلَۃ: عورت۔
الرَّجِیْل: ج اَرْجِلَۃ واَرَاجِل واَرَاجِیل: پیدل چلنے والا...... ج رَجْلٰی ورُجَالٰی ورَجَالٰی: بہت چلنے پر قادر۔ کَلامٌ رَجِیلٌ: فی البدیہہ کلام۔ رَجُلٌ رَجِیلٌ: قوی مضبوط مرد۔
مَکَانٌ رَجِیلٌ: جگہ جس کے دونوں کنارے دور دور ہوں۔ فَرَسٌ رَجِیلٌ: سدھا ہوا سواری شدہ گھوڑا جس کو پسینہ نہ آئے۔
الاَرَاجِیل: شکاری لوگ۔
الرُّجُولَۃ والرُّجُولِیَّۃ والرُّجُولِیَّۃ والرُّجْلِیَّۃُ: مردی۔ مردانگی۔
الرَّجْلَان: پیدل چلنے والا۔ ج رُجَالٰی ورَجَالٰی ورَجْلٰی: مؤنث رَجْلٰی۔ ج رِجَال ورَجَالٰی۔
الاَرْجَل. مِنَ الدَّوَابِّ: ایک ٹانگ میں سفید داغ والا جانور۔ رَجُلٌ اَرْجَلُ: بڑے پاؤں والا امرد۔ مؤنث رَجْلاءُ ج رُجْل اور کہا جاتا ہے "ھُوَ اَرْجَلُھُم" وہ ان لوگوں میں کامل مردانگی والا ہے۔
التَّرْجِیْل: مص جانور کے ایک ٹانگ کی سفیدی۔
التَّرَاجِیل: کرفس (ایک دوا کا نام)
المِرْجَل: دیگ۔ کنگھی۔ ج مَرَاجِل۔
المُرَجَّل. مِنَ النَّسِیْجِ ونَحوِہٖ: کپڑا جس پر آدمی کی تصویریں بنی ہوئی ہوں۔ شراب سے بھری ہوئی مشک۔
المُمَرْجَل. مِنَ الثِّیَابِ: کپڑا جس پر دیگ کی صورت بنی ہوئی ہو۔
اِمْرَاَۃٌ (مُرْجِل): لڑکے ہی جننے والی عورت۔
رَجَمَہٗ: (ن) رَجْمًا: سنگسار کرنا۔ پتھراؤ کرنا۔ لعنت کرنا۔ گالی دینا۔ چھوڑنا۔ دھکیلنا۔
...... القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔
الرَّجْمُ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَرْجُمُ" وہ تیز بھاگتا ہوا آیا۔

رَجَـــمَ: اٹکل سے بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "رَجَـمَ بـالـغَيْبِ" اس نے اٹکل پچو باتیں کیں۔ القَبْرَ: نشان کے لئے پتھر لگانا۔

رَاجَـمَـهٗ مُـرَاجَمَةً: ایک دوسرے کو پتھراؤ کرنا۔ عَنْ قَوْمِهٖ: مدافعت کرنا...... فی الحَرْبِ او الكَلامِ او العَدْوِ: لڑائی یا گفتگو یا دوڑنے میں سخت مقابلہ کرنا۔

تَرَاجَمُوْا: ایک دوسرے کو پتھر مارنا۔ بالكَلامِ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔

اِرْتَجَمَ. الشَّيْءُ: تہ بتہ ہونا۔

الرَّجَم: مص دوست۔ ہم نشین۔ وہ چیز جس سے پتھراؤ کریں۔ ج رُجُوم. الـرَّجْمُ: اٹکل کی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "رَجْمًا بِالغَيْبِ" اٹکل پچو۔ وصَارَ فُلانٌ رَجْمًا: فلاں حقیقت حال سے واقف نہیں۔

الرَّجَم: کنواں۔ تنور۔ قبر۔ ج رِجَام.

الرُّجْمَة الرِّجْمَة: قبر۔ قبر کا پتھر جو بطور نشان لگایا جائے۔ بجو کا بھٹ۔ ج رُجَم ورِجَام.

الرَّجِيْم: سنگسار کیا ہوا۔ ملعون۔

الـرِّجَام: کنوئیں کی من۔ پتھر یا پتھر کی مانند کوئی چیز جس میں رسی باندھ کر کنوئیں کی گہرائی معلوم کی جائے۔ ٹیلے۔ واحد (رُجْمَة).

المِرْجَم. مِنَ الرِّجَال: مضبوط قوی مرد۔

فَرَسٌ مِرْجَمٌ: بہت روندنے والا گھوڑا۔

حَـدِيْـثٌ (مُرَجَّم): ظنی بات۔ بات جس کی حقیقت معلوم نہ ہو۔

الـمِـرْجَام: پتھروں کے پھینکنے کا آلہ۔ مِـنَ الابِلِ: مضبوط اونٹ۔

المَرَاجِم: قبیح کلمات۔ کہا جاتا ہے "تَرَامَوْا بـالـمَرَاجِمِ" انہوں نے ایک دوسرے سے قبیح کلمات کہے۔

رَجَـنَ: (ن) ورَجِـنَ (س) ورَجُـنَ (ک) رُجُوْنًا. بالمَكَانِ: اقامت کرنا...... الحَيَوَانُ: مانوس ہونا۔

رَجَنَ: (ن) رَجْـنًـا ورُجُوْنًا وارْتَجَنَ الـدَّابَّةَ: چارہ کھانے کے لئے گھر پر روکنا۔

رَجَنَ فُلانًا: شرم کرنا۔ وارْتَجَنَتِ النَّاقَةُ: گھر پر ٹھہرنا۔

اِرْتَجَنَ. بالمَكَانِ: اقامت کرنا...... الزُّبْدُ: پکانے سے صاف نہ ہونا اور خراب ہو جانا...... عَلَى القَوْمِ اَمْرُهُمْ: گڑبڑ و فاسد ہونا۔

الرَّجِيْنُ: مہلک زہر۔

الرَّجِيْنَةُ: جماعت۔

المَرْجُوْنَةُ: خشک کدو اندر سے خالی جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔ کہا جاتا ہے "هُـمْ فِـيْ مَرْجُوْنَةٍ" وہ لوگ اقامت کرنے یا کوچ کرنے میں متردد ہیں۔

رَجَـهَ: (ض) رَجْهًا: ہلنا...... الـشَّيْءَ: دانتوں سے پکڑنا۔

اَرْجَهَ. الامْرَ: وقت سے پیچھے ہٹنا۔

رَجَـا: (ن) رَجَـاءً ورَجْـوًا ورَجَـاةً ومَـــرْجَـاةً ورَجَاوَةً ورَجَاءَةً: پُرامید ہونا...... الشَّـيْءَ: اُمید کرنا۔ خوف کرنا......

الرَّجُلَ: کسی کے متعلق کچھ اُمید لگانا۔

رَجِيَ: (س) رَجًا: کلام سے رک جانا۔

رُجِيَ. عَلَيْهِ: کلام منقطع ہونا۔

رَجّٰى وتَـرَجّٰى وارْتَـجٰى. الشَّيْءَ: اُمید کرنا۔

رَجّٰى وارْتَجٰى فُلانًا: اُمید لگانا۔ وارْتَجٰى الشَّيْءَ: خوف کرنا۔

اَرْجٰى. الامْـرَ: موخر کرنا...... الـصَّـيْدَ: نہ پانا۔ اَرْجَـى الـبِـئْـرَ: کنوئیں کا من بنانا۔ "اَرْجَتِ النَّاقَةُ: جننے کے قریب پہنچنا۔

الرَّجَا والرَّجَاء: کنارا۔ رَجَوَا البِئْرِ: کنوئیں کے دونوں پہلو۔ الـرَّجَـاء: چھوٹا حمل کہ دیکھنے میں تو حمل معلوم ہو مگر واقعی نہ ہو۔

الرَّجِيَّةُ: اُمید کی چیز۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ لِيْ فِـيْ فُلانٍ رَجِيَّةٌ" فلاں سے مجھے کوئی اُمید نہیں۔

الارْجِيَّةُ: جو چیز موخر وملتوی کی جائے۔

الرَّجَّة: سانپ جو کنڈلی مارے ہوئے ہو۔

الرَّجَح: کمر کی چوڑائی۔

الرُّجْح: چوڑے پیالے۔

الارْجَحُ: بھرے کولہے والا۔ مؤنث رَجْحَاءُ: ج رُجْحٌ.

رَحِبَ: (س) رَحَبًا ورَحُبَ (ک) رُحْبًا ورَحَابَةً. المَكَانُ: جگہ کشادہ ہونا۔ صفت (رَحْبٌ ورَحِيْبٌ ورُحَابٌ) اور کہا جاتا ہے "رَحُـبَـكُـمُ الامْـرُ" یعنی معاملہ تمہارے لئے وسیع ہے (اور یہ شاذ ہے۔)

رَحَّبَ. المَكَانَ: کشادہ کرنا...... (...... به مَرْحَبًا): بہتر طریقہ سے استقبال کرنا۔ خوش آمدید کہنا۔ مرحبا کہنا۔

اَرْحَبَ. المَكَانُ: کشادہ ہونا...... المَكَانَ: کشادہ کرنا اور کہا جاتا ہے "اَرْحِبْ يَا وَلَدُ" یعنی اے لڑکے ہٹ جا۔

تَرَاحَبَ: کشادہ ہونا۔

الرَّحْبُ: کشادہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ رَحْبٌ وأَرْضٌ رَحْبَةٌ" کشادہ جگہ و کشادہ زمین۔ "ورَحْبُ الصَّدْرِ" کشادہ دل۔ و "رَحْبُ الفَهْمِ" زیادہ عقل والا۔ و "رَحْبُ البَاعِ او الذِّرَاعِ": فیاض۔ سخی۔

الرُّحْبٰى: سب سے چوڑی پسلی۔ الرُّحْبَيَانِ: بغل سے متصل دونوں طرف کی پسلیاں۔

الـرَّحْبَة والـرُّحْبَة: کشادہ زمین جس میں بکثرت گھاس ہو اور بہت لوگ آئے ہوں۔ مکانوں کے درمیان کھلی ہوئی جگہ...... مِـنَ الدَّارِ: مکان کا صحن...... مِنَ الوَادِيْ: وادی کے دونوں جانب پانی بہنے کی جگہ۔ ج رِحَـاب ورَحَـب ورَحَبَـات ورَحْبَات.

الرَّحِيْب: بہت کھانے والا۔

التَّرْحَاب: خوش آمدید۔

رَحَائِبُ. النُّجُوْمِ: کشادہ اطراف۔ واحد رَحِيْبَةٌ.

الـمَـرْحَـب: کشادگی اور مسافر سے خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا جاتا ہے "مَـرْحَبًـا بِـكَ" یعنی تم نے کشادگی پائی۔ و "مَرْحَبَكَ اللهُ ومَسْهَلَكَ" اللہ تم کو

کجاوہ اور نرم زمین میں اتارے۔ "أَهْلاً وَمَرْحَبًا" یعنی اپنے لوگوں میں نازل ہوئے اور کشادگی پائی اس لئے مانوس ہو جاؤ۔ وحشت مت کرو اور بددعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَا مَرْحَبًا بِكَ"۔

رَحْرَحَ: مراد کی گہرائی کو نہ پہنچنا ...... الشَّيْءَ عَنْ فُلَانٍ: چھپانا ...... بِالْكَلَامِ: واضح کلام نہ کرنا۔

تَرَحْرَحَ. الفَرَسُ: گھوڑے کا پیشاب کے لئے ٹانگیں پھیلانا۔

الرَّحْرَح والرَّحْرَاح والرَّحْرَحَان: پھیلا ہوا۔ کشادہ۔ اتھلا۔ تھوڑی گہرائی والا۔ اور کہا جاتا ہے "عَيْشٌ رَحْرَحٌ وَرَحْرَاحٌ" یعنی آسودہ و فراخ زندگی۔

رَحَضَ: (ف) رَحْضًا وارْتَحَضَ. الثَّوْبَ: کپڑا دھونا۔

رُحِضَ. المَحْمُومُ: پسینہ آنا۔

اِرْتَحَضَ. الرَّجُلُ: رسوا ہونا۔

ثَوْبٌ (رَحْضٌ): کپڑا جو دھویا جائے یہاں تک کہ پرانا ہو جائے۔ الرَّحْض: مشک۔ پرانا توشہ دان۔

الرُّحَاض: پسینہ کی آمد۔

الرُّحَاضَة: وہ پانی جو دھونے کے بعد گرے۔ دھوون۔

الرُّحَضَاء: بخار اترتے وقت کا پسینہ۔ پسینہ جو کھال کو شرابور کر دے۔

الرَّحِيض: دھویا ہوا۔

المِرْحَاض: غسل خانہ۔ ہاتھ پاؤں دھونے کی جگہ۔ دھوبی کا تختہ جس پر کپڑے پٹک کر دھوتا ہے (عوام اس کو مِخْبَاط: کہتے ہیں) پاخانہ۔ ج مَرَاحِيض۔

المِرْحَضَة والمِرْحَاضَة: کوئی چیز جس میں وضو کیا جائے۔

الرُّحَاق والرَّحِيق: شراب۔ الرَّحِيق: ایک قسم کی خوشبو۔ حَسَبٌ رَحِيقٌ: بےداغ حسب ...... مِسْكٌ رَحِيقٌ: خالص مشک۔

رَحَلَ: (ف) رَحْلاً ورَحِيلاً وتَرْحَالاً. عَنِ المَكَانِ: ترک وطن کرنا ...... إِلَى المَكَانِ: منتقل ہونا ...... البَعِيرَ: کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَحَلْتُ لَهُ نَفْسِي" میں نے اس کی تکالیف پر صبر کیا ...... ہ بِالسَّيْفِ: کسی پر تلوار اٹھانا ...... البِلَادَ: پھرنا۔ گھومنا۔

رَحَّلَهُ: کوچ کرانا۔ کوچ کرنے میں کوشش کرانا ...... الثَّوْبَ: نقش و نگار کرنا۔

رَاحَلَهُ: کوچ کرنے میں مدد دینا۔

أَرْحَلَ: سواری کے بہت جانور والا ہونا ...... الدَّابَّةُ: چوپائے کا کمزوری و لاغری کے بعد موٹا و مضبوط ہونا ...... ہ: سواری دینا۔

...... الإِبِلَ أَوِ النَّاقَةَ: اونٹ یا اونٹنی کو سواری کے لئے سدھانا۔

تَرَحَّلَ. القَوْمُ عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا۔ فُلَانًا: کسی کے ساتھ ناپسندیدگی سے پیش آنا۔

اِرْتَحَلَ. عَنِ المَكَانِ: منتقل ہونا۔ کوچ کرنا ...... البَعِيرَ: اونٹ پر کجاوہ کسنا۔ سوار ہونا۔

...... الأَمْرَ: کسی معاملہ پر غالب ہونا۔

اِسْتَرْحَلَهُ: سواری طلب کرنا۔ سواری پر کجاوہ کسنے کے لئے کہنا ...... النَّاسَ نَفْسَهُ: اپنے آپ کو لوگوں کے سامنے ذلیل کرنا۔

الرَّحْل: مص۔ کجاوہ۔ منزل۔ قیام گاہ۔ تم کہتے ہو "عَادَ المُسَافِرُ إِلَى رَحْلِهِ" مسافر اپنی قیام گاہ پر واپس آیا۔ سامانِ سفر کہا جاتا ہے "حَطَّ رَحْلَهُ وَأَلْقَى رَحْلَهُ" اس نے اپنا کجاوہ اتارا اور سامان ڈال دیا۔ یعنی اس نے اقامت کر لی۔ ج رِحَالٌ وأَرْحُلٌ.

الرِّحَال: مقام حیرہ کے بنے ہوئے غالیچے۔

الرِّحْلَة: کوچ۔ تم کہتے ہو "غَدًا رِحْلَتُنَا" کل ہمارا کوچ ہے۔ سفر نامہ۔

الرُّحْلَة: جہت سفر۔ تم کہتے ہو "دِمَشْقُ رُحْلَتُنَا" ہماری جہت و سفر دمشق ہے۔ سفر۔ عَالِمٌ رُحْلَةٌ: ایسا عالم جس کے پاس لوگ کوچ کر کے آئیں۔ بَعِيرٌ ذُو رُحْلَةٍ ورِحْلَةٍ: مضبوط و قوی اونٹ۔

الرَّحِيل: مص۔ کوچ۔ اونٹ جس پر کجاوہ کسا جائے۔ جَمَلٌ رَحِيلٌ وَنَاقَةٌ رَحِيلَةٌ: چلنے میں قوی اونٹ۔

الرَّاحِل: فا۔ ج رَاحِلُون. ورُحَّل ورُحَّال.

الرَّاحِلَة. مِنَ الإِبِلِ: سواری کے لائق اونٹ۔ سفر و باربرداری کے لئے مضبوط اونٹ اور اونٹنی (ۃ مبالغہ کے لئے ہے) ج رَوَاحِل.

الرِّحَالَة: بغیر لکڑی کے صرف چمڑے کا زین۔ ج رَحَائِل.

الأَرْحَل. مِنَ الخَيْلِ وَالشَّاءِ: سفید پیٹھ والا گھوڑا یا بکری۔

الرَّحَّال: کجاوے بنانے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔ ج رَحَّالَة.

الرَّحَّالَةُ: بہت سفر کرنے والا۔

الرَّحُول: بہت منتقل ہونے والا۔

الرَّاحُول: کجاوہ۔

المَرْحَلَة: مسافر کے ایک دن کا سفر۔ ج مَرَاحِل.

المُرْحِل: بہت سواری کے جانور والا۔

(...... والمِرْحَل) مِنَ الجِمَالِ: مضبوط و قوی۔

المُرَحَّل. مِنَ الإِبِلِ: کجاوا کسا ہوا اونٹ۔ ...... مِنَ الثِّيَابِ: کجاوہ کے مانند نقش و نگار ڈالا کپڑا۔

مُرْتَحَل. البَعِيرِ: اونٹ کے کوچ کرنے کی جگہ۔

رَحِمَهُ: (س) رَحْمَةً وَمَرْحَمَةً ورُحْمًا ورُحُمًا: نرم دل ہونا۔ مہربان ہونا۔ شفقت کرنا۔ بخش دینا۔

رَحِمَتْ (س) ورَحُمَتْ (ک) رَحَمًا ورَحْمًا ورَحَامَةً ورُحِمَتْ. المَرْأَةُ: ولادت کے بعد رحم میں درد والی ہونا۔ صفت (رَحُومٌ رَحِمَةٌ ورَحْمَاء)

رَحَّمَ وتَرَحَّمَ. عَلَيْهِ: کسی کے متعلق "رَحْمَةُ

"رحمہ اللہ" کہنا۔
تَراحَمَ. القَومُ: ایک دوسرے پر مہربانی کرنا۔
استرحمہ: مہربانی طلب کرنا۔
الرِّحم والرُّحم: (مؤنث) بچہ دانی۔ قرابت۔ رشتہ داری۔ کہا جاتا ہے "ذوالرحم" یعنی رشتہ دار۔ ج أرحام۔
الرُّحام: بچہ دانی کے ایک مرض کا نام۔
الرَّحمة والرَّحمیٰ والرُّحم: نرم دلی و مہربانی جس کا نتیجہ مغفرت واحسان ہے۔
الرَّحَموت: بڑی مہربانی۔
الرَّاحم والرَّحوم: مہربانی کرنے والا۔
تَـزَنَّدَ: غضبناک ہونا۔ جواب نہ دے سکنا۔ تم کہتے ہو "سَـاَلْتُـهٗ مَـسْـئَلَـةً فَتَزَنَّدَ": میں نے اس سے ایک مسئلہ پوچھا اور وہ جواب نہیں دے سکا۔
......فِيْ الاَمْرِ كَذَا: تنگ دل ہونا۔
الــزَنْـد: مص۔ ہاتھ کا گٹا۔ چقماق کی اوپر والی لکڑی یا پتھر اور نچلے کو (الــزَنْـدَة): اور

دونوں کو (المزندان): کہتے ہیں۔ ج زِنَادٌ و أَزْنُدٌ و أَزْنَاد.
اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَارِيُ الزَّنْدِ" فلاں کامیاب ہے۔ و "فُلَانٌ كَابِي الزَّنْدِ" فلاں ناکامیاب ہے۔ و "هُمَا كَزَنْدَيْنِ": وہ دونوں مساوی ہیں، اس کا استعمال عموماً دنائت وخست میں ہوتا ہے اور ان دونوں آدمیوں کے لئے بھی بولتے ہیں جن کی وجہ سے حاجت پوری ہو اور جو تمہاری مدد کرے اس کے لئے کہتے ہو "وَرَتْ بِكَ زِنَادِي": یعنی تمہاری وجہ سے میری حاجت پوری ہوئی۔
المُزَنَّد: تنگ۔ بخیل۔ منہ بولا بیٹا۔ کم چوڑا کپڑا۔ عطاء مُزَنَّد: تھوڑی بخشش۔
تَزَنْدَق: بے دین ہونا۔ دوخدا ماننا۔ باطنی کافر ہونا۔ صفت زِنْدِيق۔ ج زَنَادِقَة وزَنَادِيق.
الزَّنْدَقَة: ظاہری ایمان و باطنی کفر۔ رَجُل (زِنْدَق وزِنْدِقِي): بہت بخیل۔
زَنَرَ: (ن) زَنْرًا. الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔ ...... الغُلَامَ: لڑکے کو جنیو پہنانا۔
زَنَّر. إِلَى بَعِيْنِه: گھور کر دیکھنا۔
تَزَنَّر: جنیو پہننا ...... الشَّيْءُ: باریک ہونا۔
الزُّنَّار. ج زَنَانِير و(الزُّنَّارَة): جنیو۔
الزَّنَانِير: چھوٹی کنکریاں۔
الزَّنْزَلَخْت: ایک درخت کا نام۔
زَنِفَ: (س) زَنَفًا وتَزَنَّفَ: غضبناک ہونا۔
زَنَقَ: (ن ض) زَنْقًا وزُنُوقًا. الفَرَسَ: گھوڑے کا نچلے جبڑے کے نیچے تسمہ لگانا۔ ...... البَغْلَ: خچر کی ٹانگوں میں پائے بند باندھنا۔ ...... (زَنَّقَ وأَزْنَقَ. عَلَى أَوْلَادِهِ: اولاد پر نفقہ میں تنگی کرنا۔)
الزَّنَق: نیزے کی نوک۔ گھوڑے کا نچلا جبڑا جہاں تسمہ باندھتے ہیں۔ ج زُنُوق.
الزَّنَقَة: تنگ گلی۔
الزِّنَاق: گھوڑے کے نچلے جبڑے کے نیچے کا تسمہ۔ خچر کا پائے بند۔ گلوبند۔ عورتوں کا ایک زیور۔ ج زُنُق.
الزِّنَاقَة: گھوڑے کے جبڑے کے نیچے کے تسمہ کا حلقہ۔
الزَّنِيق: درست۔ مضبوط۔ کہا جاتا ہے "رَأْيٌ زَنِيقٌ" درست رائے۔
المُزَنَّق: مفلس۔ بند پیشاب والا۔
الزُّنْك: (علم کیمیا) توتیا۔
زَنَّمَ. لَهُ الخَصْمَ: کسی کو وکیل خصومت بنا کر بھیجنا۔
الزَّنَمَة: کان کا وہ حصہ جو کاٹ دیا جائے اور لٹکتا رہے۔ حلق کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت۔ علامت زَنَمَتَا الأُذُنِ: کان کی لو کے قریب اُبھرا ہوا حصہ۔ کہا جاتا ہے "فِي كَلَامِهِ زَنَمَةُ خَيْرٍ أَوْ زَنَمَةُ شَرٍّ" یعنی اس کے کلام میں خیر یا شر کی علامت ہے۔
الزَّنِم. مِنَ الجِمَالِ: اونٹ جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ دیا جائے اور وہ لٹکتا رہے۔ مؤنث زَنِمَة.
الأَزْنَم. مِنَ الجِمَالِ: بمعنی الزَّنِم: مؤنث زَنْمَاء. ج زُنْم.
الزُّنَام: مصیبت۔
الزَّنِيم: کمینہ۔ منہ بولا بیٹا ...... والمُزَنَّم: اجنبی آدمی جو قوم میں داخل ہو جائے اور قوم کے لوگ اس کے حاجت مند نہ ہوں۔
نَاقَة (مُزَنَّمَة): اونٹنی جس کے کان کا کچھ حصہ کاٹ کر لٹکتا ہوا چھوڑ دیا جائے۔
زَنَا: (ن) زُنُوًّا: تنگ ہونا۔ صفت (زَنِيّ).
زَنَّى تَزْنِيَةً. عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔
زَنَى: (ض) زِنًى وزِنَاءً وزَانَى مُزَانَاةً وزِنَاءً: زنا کرنا۔ صفت (زَانٍ) ج زُنَاة: صفت مؤنث زَانِيَة ج زَوَانٍ.
زَنَّى. ہ: زنا کی نسبت کرنا یا زانی کہنا۔
أَزْنَى إِزْنَاءً: زنا کرنے پر اُکسانا۔
الزَّانِيَة: زنا کرنے والا۔ (تا مبالغہ کے لئے ہے۔)
الزَّنَّاءَة: بہت زنا کرنے والی۔ بندریا۔
الزِّنْيَة: مرد کا آخری بچہ۔
زَہ: کلمہ استحسان بمعنی خوب اور کبھی تحکم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے برائی کرنے والے کیلئے کہا جائے "أَحْسَنْتَ"۔
زَهَدَ وزَهِدَ: (س ف) وزَهُدَ (ک) زُهْدًا وزَهَادَةً. فِي الشَّيْءِ وعَنْهُ: بے رغبتی کرکے چھوڑ دینا اور اسی سے ہے "زَهَدَ فِي الدُّنْيَا": اس نے دنیا سے منہ موڑ کر اپنے آپ کو عبادت کے لئے فارغ کر لیا۔ صفت فاعلی (زَاهِد): وصفت مفعولی (مَزْهُود) فِيهِ وعَنْهُ)
زَهَدَ زَهْدًا. النَّخْلَةَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔
زَهَّدَهُ. فِي الشَّيْءِ وعَنْهُ: بے رغبت کرانا۔
(زَهَدَ وأَزْهَدَ) النَّخْلَ: کھجور کے درخت پر پھلوں کا اندازہ کرنا۔
تَزَهَّدَ: عبادت کے لئے دنیا کو چھوڑ دینا۔
تَزَاهَدَ. القَوْمُ فُلَانًا: حقارت کرنا۔
ازْدَهَدَ. الشَّيْءَ: کم سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "خُذْ (زَهْدَ) مَا يَكْفِيكَ": جتنا تم کو کافی ہو اس کو لے لو۔
الزُّهْد والزَّهَادَة: حقارت کی وجہ سے بے رغبتی۔
الزَّهَد: زکوۃ۔ ج زِهَاد.
أَرْض (زَهَاد): زمین جو بہت پانی برسنے سے بہے۔
الزَّاهِد: فا۔ آخرت کی محبت کی وجہ سے دنیا سے بے رغبت۔ تنگ خو۔ ج زُهْد وزُهَّاد وزَاهِدُونَ.
الزَّهِيد: کم حقیر۔ مؤنث زَهِيدَة: کہا جاتا ہے "هُوَ زَهِيدُ الخُلُقِ": وہ تنگ خو ہے۔ "هُوَ زَهِيدُ العَيْنِ": وہ سیر چشم ہے۔ تھوڑے پر قناعت کرتا ہے۔ و "وَادٍ زَهِيدٌ" کم پانی کو لینے والی وادی۔ ج زُهْدَان.
الزَّهِيد: بہت بے رغبتی کرنے والا
المُزْهِد: کم مال والا۔
زَهَرَ: (ف) زُهُورًا. السِّرَاجُ أَوِ القَمَرُ أَوِ الوَجْهُ: چمکنا۔ روشن ہونا ...... الشَّيْءُ:

صاف رنگ والی ہونا۔۔۔۔۔۔الزَّنْدُ: چقماق سے آگ روشن ہونا۔ کہا جاتا ہے "زَهَرَتْ بِکَ زِنَادِی اَوْنَارِی": تمہاری وجہ سے مجھے قوت حاصل ہوئی اور میں معزز ہوا۔

زَهَرَ: (س) زَهَرًا اور زَهُرَ (ک) زُهُوْرَةً. الرَّجُلُ: خوبصورت وبارونق ہونا۔

اَزْهَرَ. النَّبَاتُ: کلی نکلنا۔۔۔۔۔۔النَّارَ: آگ روشن کرنا۔

اِزْدَهَرَ: روشن ہونا۔ چمکدار ہونا۔

بالامر: نگہداشت کرنا۔ دل میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِزْدَهِرْ بِهٰذَا فَاِنَّ لَهُ شَانًا": اس کی حفاظت کرو اس لئے کہ اس کے لئے ایک خاص شان ہے۔

اِزْهَرَّ واِزْهَارَّ. النَّبَاتُ: کلی لانا۔ شگوفہ دار ہونا۔

تَزَاهَرَ. السِّرَاجُ ونَحْوُهٗ: چراغ وغیرہ کا روشن ہونا۔

الزَّهْرُ والزَّهَرُ: کلی۔ شگوفہ۔ واحد (زَهْرَةٌ وزَهَرَةٌ) زَهْرَةُ الدُّنْيَا: دنیا کی رونق وخوبی۔ ج اَزْهُرٌ واَزْهَارٌ وزُهُوْرٌ: جج اَزَاهِرُ واَزَاهِيْرُ. زَهْرُ النَّرْدِ: تاش۔

الزِّهْرُ والزِّهْرَةُ: حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْهُ زِهْرِی وزِهْرَتِی": اس سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔

الزُّهْرُ: مہینے کی پہلی تین راتیں (مانند غُرَر کے)

الزَّهْرَةُ: خوبصورتی۔

اَلزُّهَرَةُ: ایک سیارے کا نام جو کہ سورج سے ۱۰۸ ملین کلومیٹر دور ہے۔ اس کی چمک کبھی صبح کے وقت کبھی شام کے وقت بہت ہوتی ہے۔ شام اور عراق کے آس پاس باشندے اس کو پوجتے ہیں اور اس کو العزی کا نام دیتے ہیں۔ بعض قدماء کے نزدیک خوبصورتی کا دیوتا ہے۔

اَلزَّهْرِيَّةُ: بادیات۔ الزَّهْرُ: پھولوں میں اعضاء تناسل کا مجموعہ۔

سَادِيَاتُ الزَّهْرِ: انگوریوں کی ایک شاخ جن میں اعضاء تناسل ظاہر ہوں اور ان کو اللهو کا نام دیا جا سکتا ہے۔

مَسْتُوْرَاتُ الزَّهْرِ: پودوں کی وہ قسم جو کہ نہ پھول نکالیں اور نہ ان کے دانے نکلے (بانجھ پودے)

زَهْرَةُ الآلَامِ: زمین پر لگی ہوئی خوبصورت انگوری جس کے بڑے بڑے پھول ہوتے ہیں اس کے پھول مسیح کو عذاب دینے کے اوزار کے مشابہ ہوتے ہیں، خوبصورتی کے لئے بوئی جاتی ہے۔

زَهْرَةُ الْخَوَاطِی: خنازیری پھولوں کی قسم ہے۔ زینت کے لئے اور جو شانہ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔

زَهْرَةُ الرَّبِيْعِ: باغوں میں موسم ربیع میں لگائے جانے والا پھول جو کہ زینت کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ اس قسم کے پھول کی انواع پر ہیں۔

زَهْرَةٌ مِنْ فَصِيْلَةِ الْمُرَكَّبَاتِ: ایک انگوری جس کے پتے زمین پر پھیل جاتے ہیں چھوٹا سا تنا ہوتا ہے جس پر چھوٹے چھوٹے پھول ہوتے ہیں۔

زَهْرَةُ الْعَسَلِ: ایک درخت جس کے پھول زرد یا سرخی مائل ہوتے ہیں۔

زَهْرَةُ الصَّمَدِ: خوبصورتی پتیوں والا پودا۔

اَلزُّهَيْرَةُ: ابتدائی چھوٹے چھوٹے پھول۔

اَلْمِزْهَرِيَّةُ: شیشے کا برتن پھول سجانے کے لئے۔

الزَّاهِرُ: نفا۔ خوشنما پودہ۔ چمکدار صاف رنگ والا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ زَاهِرٌ": بہت سرخ۔

الزَّاهِرِيَّةُ: نازکی چال۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِی الزَّاهِرِيَّةَ": وہ ناز سے چلتا ہے۔

الأزْهَرُ: روشن۔ صاف رنگ والا۔ روشن چہرہ والا۔ جمعہ کا دن۔ تازہ دودھ۔ سپید رنگ کا شیر۔ چاند۔ جنگلی بیل۔ مؤنث زَهْرَاءُ ج زُهْرٌ.

الزُّهَّارُ: بہت چمکدار۔ کہا جاتا ہے "نَجْمٌ زُهَّارٌ وقَمَرٌ نَوَّارٌ".

المِزْهَرُ: قا۔ مہمانوں کے لئے آگ روشن رکھنے والا۔

المِزْهَرُ: ایک قسم کا باجا۔ ج مَزَاهِرُ.

زَهْزَفَ. الشَّیْءَ: کھوٹا بنانا۔

زَهْزَقَ. الرَّجُلُ: بہت ہنسنا۔ زَهْزَقَتِ الاُمُّ ولَدَهَا: ماں کا بچہ کو کدانا۔

الزَّهْزَقُ: کمینہ۔ فرومایہ۔

زَهَفَ: (ف) زُهُوْفًا. الرَّجُلُ: ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ جھوٹ بولنا۔۔۔۔۔۔لِلْمَوْتِ اواِلَی المَوْتِ: قریب الرگ ہونا۔

زَهِفَ: (س) زَهَفًا. لِلشَّیْءِ: جلدی کرنا۔ چست ہونا۔

اَزْهَفَ. اِلَيْهِ الطَّعْنَةَ: قریب کرنا۔

اَزْهَفَتْهُ الطَّعْنَةُ: قریب بہ ہلاکت کرنا۔

اَزْهَفَ عَلَى الجَرِيْحِ: حملہ کرکے فوراً مار ڈالنا۔۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ خیانت کرنا۔ چغل خوری کرنا۔ برائی کی طرف جلدی کرنا۔۔۔۔۔۔فُلَانًا: ذلیل کرنا۔ کسی کے ساتھ بدی کرنا۔ ہلاک کرنا۔۔۔۔۔۔الشَّیْءَ: ڈھیلا کرنا۔ جلدی کرانا۔ لے جانا۔ خراب کرنا۔

۔۔۔۔۔۔ہ بالشَّرِّ: برائی پر اکسانا۔۔۔۔۔۔بِمَا طَلَبَهُ: پورا کرنا۔۔۔۔۔۔بالشَّیْءِ: تعجب کرنا۔۔۔۔۔۔الخَبَرَ: خبر میں زیادتی کرنا۔۔۔۔۔۔لَهُ حَدِيْثًا: جھوٹی بات بیان کرنا۔۔۔۔۔۔اِلَيْهِ حَدِيْثًا: قول ردی کی نسبت کرنا۔

اِنْزَهَفَ. الدَّابَّةُ: نارو غیرہ سے اُچھلنا۔

تَزَهَّفَ. عَنْهُ: اعراض کرنا۔

اِزْدَهَفَ. اِلَى المَوْتِ: موت سے قریب ہونا۔۔۔۔۔۔عَنْهُ: اعراض کرنا۔۔۔۔۔۔الشَّیْءَ: منحرف ہونا۔۔۔۔۔۔ہ: جلدی کرانا۔ ہلاک کرنا۔۔۔۔۔۔ہ الدَّابَّةُ: جانور کا گرا دینا۔۔۔۔۔۔الشَّیْءَ وبِهٖ: لے جانا۔۔۔۔۔۔العَدَاوَةَ وبِهَا: دشمنی اختیار کرنا۔۔۔۔۔۔الحِمْلَ: بوجھ اٹھانا۔۔۔۔۔۔فُلَانٌ: بدی میں گھسنا۔ گفتگو میں زیادتی کرنا۔۔۔۔۔۔فِی کَلَامِهٖ: تحقی کرنا اور آواز بلند کرنا۔

زَهَقَ: (ف) زُهُوْقًا. العَظْمُ: ہڈی کا مغز

سے پُر ہونا۔۔۔۔۔البَاطِلُ: نیست و نابود ہونا۔ کمزور ہونا(۔۔۔۔۔زُھُقًا وزُھُوْقًا) النَّفْسُ۔۔۔۔۔: روح کا جسم سے نکلنا(۔۔۔۔۔الرَّاحِلَةُ: سواری کا آگے بڑھنا۔۔۔۔۔الشَّیْءُ: تباہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔۔۔۔۔السَّھْمُ: تیر کا نشانہ سے گزر جانا۔

أَزْھَقَ. العَظْمُ: ہڈی کا مغز سے پُر ہونا۔ ۔۔۔۔۔الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔۔۔۔۔البَاطِلَ: باطل کو نیست و نابود کرنا۔۔۔۔۔السَّھْمَ: تیر کا نشانہ سے گزارنا۔۔۔۔۔النَّاقَةُ السَّرْجَ: زین کو آگے بڑھا کر گردن پر ڈال لینا۔۔۔۔۔فِیْ السَّیْرِ: تیز چلنا۔

زَاھَقَ. الحَقُّ البَاطِلَ: حق کا باطل کو نیست و نابود کرنا۔۔۔۔۔الإِنَاءَ: برتن کو الٹ دینا۔

إِنْزَھَقَ: آگے بڑھنا۔ اِنْزَھَقَتِ الدَّابَّةُ: مار وغیرہ سے اُچھلنا۔

الزَّاھِقُ: پست زمین۔۔۔۔۔(والزَّھَقُ): گڑھا۔

الزَّاھِقُ: فا۔ موٹا جانور۔ قوی۔ لاغر (ضد) شکست خوردہ۔۔۔۔۔مِنَ السِّھَامِ: نشانہ سے تجاوز کرنے والا تیر۔۔۔۔۔مِنَ المِیَاہِ: تیز بہنے والا پانی۔ ج زُھُقٌ وزُھَّقٌ (۔۔۔۔۔والزَّھُوْقُ) ہلاک ہونے والا۔ باطل۔ گہرا کنواں۔

الزَّھِقُ: پھرتیلا۔ سبک۔

فَرَسٌ (زُھْقَی): سبقت لے جانے والا گھوڑا۔

الزَّاھِقَةُ. الزَّاھِقُ: کا مؤنث۔ بِئْرٌ زَاھِقَةٌ: گہرا کنواں۔

الزُّھَاقُ والزِّھَاقُ: مقدار۔ تقریباً۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِیْ زُھَاقُ مِائَةِ دِیْنَارٍ" میرے پاس تقریباً سو دینار ہیں۔

جَاءَتِ الخَیْلُ (أَزَاھِقَ وأَزَاھِیْقَ): گھوڑوں کی متفرق جماعتیں آئیں۔

الأُزْھُوْقَةُ: عجیب قسم کی دوڑ۔ ج أَزَاھِیْقُ: کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذَاتُ أَزَاھِیْقَ" عجیب قسم سے دوڑنے والا گھوڑا۔

المَزْھَقَةُ: سبب بطلان۔ سبب ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مَزْھَقَةٌ لِأَرْوَاحِ المَطِیِّ": اونٹ سواریوں کی روح کے لئے باعث ہلاکت ہیں۔ یعنی سواریاں پوری کوشش کرتی ہیں اور اونٹوں کے ساتھ لاحق نہیں ہوتیں۔

زَھَکَ: (ف) زَھْکًا: کوٹنا۔۔۔۔۔الرِّیْحُ الأَرْضَ: ہوا کا خاک کو اڑانا۔

زَھِلَ: (س) زَھَلًا. الشَّیْءُ: سفید و چکنا ہونا۔

زَھَلَ: (ف) زَھْلًا. عَنِ الشَّیْءِ: دور ہونا۔

الزَّاھِلُ: فا۔ مطمئن دل والا

الزُّھْلُوْلُ: چکنا۔ ج زَھَالِیْلُ.

رَجُلٌ (زَھْلَبٌ): سبک داڑھی والا مرد۔

زَھْلَقَ. الشَّیْءَ: چکنا و سفید کرنا۔ کہا جاتا ہے "زَھْلَقَ لَہُ الحَدِیْثَ" اس نے اس کو نرم گفتگو سے مخاطب کیا۔

تَزَھْلَقَ: چکنا و سفید ہونا و تَزَھْلَقَ الحَیَوَانُ" موٹا ہونا۔

الزِّھْلِقُ: چکنا۔ ہلکا پھلکا تیز آدمی۔ تیز ہوا۔ تنّور کی لو کی جگہ۔ حِمَارٌ زِھْلِقٌ: ہموار پیٹھ و موٹا گدھا۔ ج زَھَالِقُ.

الزُّھْلُوْقُ: موٹا۔

زَھَمَ: (ن) زَھْمًا وأَزْھَمَ. العَظْمُ: ہڈی کا پُر مغز ہونا۔ زَھَمَہُ عَنْ کَذَا: روکنا۔ زَھَمَ الرَّجُلُ عَلَیْہِ: بہت باتیں کہنا۔

زَھِمَ: (س) زَھَمًا: بدہضمی والا ہونا۔ صفت (زَھْمَانُ) چکناہٹ والا چربی دار ہونا۔ صفت (زَھِمٌ): مؤنث زَھِمَةٌ.

زَاھَمَہُ: باہم دشمنی کرنا۔ باہم دوستی کرنا۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔ (ضد)

الزُّھْمُ: بدبودار ہوا۔ چربی۔ ایک خوشبو کا نام جو الزَّبَاد کے نام سے مشہور ہے۔ (دیکھئے لفظ الزَّبَاد)

الزُّھْمَةُ والزُّھُوْمَةُ والزَّھَمُ: سڑے ہوئے گوشت کی بدبو۔

زَھَا: (ن) زَھْوًا وزُھُوًّا وزَھَاءً: چمکنا۔ روشن ہونا۔ بڑھنا۔ نشو و نما پانا۔۔۔۔۔النَّخْلُ: درخت خرما کا لمبا ہونا۔۔۔۔۔البُسْرُ: رنگ پکڑنا ۔۔۔۔۔الغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا۔۔۔۔۔النَّبْتُ: پھل دار ہونا۔۔۔۔۔الشَّاةُ: بکری قریب ولادت کی وجہ سے تھن والی ہونا۔۔۔۔۔الرِّیْحُ: چلنا ۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔ تکبر کرنا۔ (زَھَا (ن) زَھْوًا) فُلَانًا: حقارت کرنا۔۔۔۔۔الکِبْرُ فُلَانًا: خود پسند بنانا۔ زَھَا السِّرَاجَ: روشن کرنا۔

۔۔۔۔۔الرِّیْحُ النَّبَاتَ: تر شدہ گھاس میں ہوا کی وجہ سے لہلہاہٹ ہونا۔۔۔۔۔الأَمْوَاجُ السَّفِیْنَةَ: موجوں کا کشتی کو بلند کرنا۔۔۔۔۔فُلَانَ بِالسَّیْفِ: تلوار چمکانا۔۔۔۔۔فُلَانًا بِالعَصَاءِ: لاٹھی سے مارنا۔۔۔۔۔السَّرَابُ الأَکَمَةَ یَزْھَاھَا: نمایاں کرنا (یَزْھُوْھَا: مستعمل نہیں ہے۔)

زُھِیَ. الرَّجُلُ بِکَذَا: تکبر کرنا۔

أَزْھَی: تکبر کرنا۔۔۔۔۔النَّخْلُ: لمبا ہونا۔۔۔۔۔ البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔

زَھَّیَ البُسْرُ: رنگ اختیار کرنا۔ زَھَّتِ المِرْوَحَةُ الرِّیْحَ: پنکھے کا ہوا کو حرکت میں لانا۔

إِزْدَھَی. الرَّجُلُ: مغرور بنانا۔ حقارت سے دیکھنا۔۔۔۔۔ہ عَلَی الأَمْرِ: مجبور کرنا۔ ہ وبِہ: حقارت کرنا۔

الزُّھَاءُ: مص۔ مقدار۔ تقریباً کہا جاتا ہے "عِنْدِیْ زُھَاءُ خَمْسِیْنَ دِرْھَمًا" میرے پاس تقریباً پچاس درہم ہیں۔

الزَّھْوُ: مص۔ فخر۔ تکبر۔ غرور۔ جھوٹ و باطل۔ ظلم۔ سرسبز نباتات۔ زرد یا سرخ پکی کھجور۔

(۔۔۔۔۔والزُّھَا): ترو تازگی و خوبصورتی۔ زُھَا الدُّنْیَا: دنیا کی زینت و آرائش۔

الزَّھْوُ: زرد یا سرخ پکی کھجور۔

الزَّاھِی: فا۔ پُر رونق چمکدار چہرے والا۔ مؤنث زَاھِیَةٌ.

المُزْدَھَی والمَزْھُوُّ: متکبر و مغرور۔

زَاءَ یَزُوْءُ زَوْءًا. بِہِ الدَّھْرُ: ۔۔۔۔۔زمانہ کا

پلٹ جانا۔
زَابَ یَزُوبُ زَوْبًا: چپکے سے بھاگ جانا...... الماءُ: جاری ہونا۔
زَاجَ: (ن) زَوْجًا۔ بَیْنَھُمْ: بھڑکانا۔ فساد ڈالنا۔
زَوَّجَہٗ۔ اِمْرَأَۃً اَوْبِامْرَأَۃٍ اَوْلِامْرَأَۃٍ: نکاح کرانا...... الشَّیْئَ بِالشَّیْئِ وَاِلَیْہِ: ملانا۔
زَاوَجَہٗ: باہم میل ملاپ رکھنا۔ باہم قریب ہونا(...... وازْوَجَ) بَیْنَھُمَا: قریب کرنا۔
تَزَوَّجَ۔ اِمْرَأَۃً وَبِامْرَأَۃٍ: نکاح کرنا...... فِیْ قَوْمٍ: کسی قوم میں نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَہُ النَّوْمُ": اس کو نیند آ گئی۔
اِزْدَوَجَ و تَزَاوَجَ۔ الکَلَامُ: کلام کا ایک حصہ دوسرے حصہ کے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا...... القَوْمُ: باہم شادی بیاہ کرنا۔
الزَّاج: پھٹکری (کلمہ فارسی) عوام "الجاز" کہتے ہیں۔
الزَّوْج: شوہر۔ بیوی۔ ساتھی۔ جوڑا۔ کہا جاتا ہے "عِنْدِیْ زَوْجَا حَمَامٍ" میرے پاس ایک جوڑا کبوتر ہے۔ واشْتَرَیْتُ زَوْجَیْ نِعَالٍ": میں نے ایک جوڑہ جوتا خریدا۔ ہر چیز کی قسم۔ ج اَزْوَاج وزِوَجَۃ۔ جج اَزَاوِیج۔
الزَّوْجَۃ: بیوی۔ ج زَوْجَات۔
الزِّوَاج: شادی بیاہ۔
زَاحَ یَزُوحُ زَوْحًا وزَوَاحًا...... عَنِ المَکَانِ: دور ہونا۔ ہٹنا۔ جانا...... العِلَّۃُ: زائل ہونا(...... زَوَّحَ) الاِبِلَ: پراگندہ کرنا۔ جمع کرنا (ضد)
اَزَاحَہٗ: جگہ سے ہٹانا...... الاَمْرَ: کام کو پورا کرنا۔ انجام کو پہنچانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَاحَ اللّٰہُ العِلَلَ: اللہ تعالیٰ علتوں کو دور کریں۔ و"اَزَحْتُ عِلَّتَہٗ فِیْ مَا احْتَاجَ اِلَیْہِ" یعنی میں نے اس کی ضرورت پوری کر دی۔
اِنْزَاحَ: زائل ہونا۔
زَادَ یَزُوْدُ زَوْدًا: توشہ لینا۔
اَزَادَہٗ وزَوَّدَہٗ: توشہ دینا۔
اِزْدَادَ و اِسْتَزَادَ: توشہ مانگنا۔

تَزَوَّدَ: توشہ لینا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّدَ مِنَ الاَمِیْرِ کِتَابًا اِلٰی عَامِلِہٖ" وہ امیر کا خط اس کے عامل کے پاس لے گیا تا کہ اس سے فائدہ اٹھائے "وتَزَوَّدَنِیْ طَعْنَۃً بَیْنَ اُذُنَیْہِ" یعنی میری جانب سے اس کو دونوں کانوں کے درمیان نیزے کا زخم لگا۔
الزَّاد: توشہ۔ زادِ راہ۔ ج اَزْوِدَۃ وازْوَاد۔
المِزْوَد والمَزَاد والمَزَادَۃ: توشہ دان۔ ج مَزَاوِد۔ نُفَاضَۃُ المَزَاوِدِ: توشہ دان کا بچا کھچا۔ یہ خست کے لئے ضرب المثل ہے۔
وھُمْ مِلَاءُ المَزَاوِدِ: وہ لوگ اغنیاء ہیں۔
زَارَہٗ یَزُوْرُہٗ زِیَارَۃً ومَزَارًا وزَوْرًا وزُوَارًا و زُوَارَۃً وازْدَارَہٗ: ملاقات کیلئے جانا۔ صفت (زَائِر) ج زَائِرُوْنَ وزُوَّر وزُوَّار: مؤنث زائرۃ ج زُوَّر وزُوَر وزائِرات۔
زَارَ زَوَارًا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کے ہونٹوں میں زیار باندھنا (دیکھئے لفظ زیار)
زَوِرَ یَزْوَرُ زَوَرًا: کج ہونا۔ ٹیڑھے سینے والا ہونا۔
زَوَّرَ: جھوٹ کو آراستہ کرنا...... الکَلَامَ: باطل ٹھہرانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا ...... الشَّھَادَۃَ: شہادت کو باطل قرار دینا...... نَفْسَہٗ: جھوٹ و بہتان کی علامت لگانا...... عَلَیْہِ: کسی پر جھوٹ باندھنا...... عَنْہُ: کسی سے پھر جانا...... فُلَانًا عَلٰی نَفْسِہٖ: کسی پر تہمت لگانا۔ الشَّیْئَ: درست کرنا۔ سیدھا کرنا ...... الشَّیْئَ لِنَفْسِہٖ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لئے خاص کر لینا...... الزَّائِرَ: عزت و اکرام کرنا۔ تم کہتے ہو "زُرْتُھُمْ فَزَوَّرُوْنِیْ" میں نے ان لوگوں سے ملاقات کی اور انہوں نے میری تعظیم کی...... القَوْمُ صَاحِبَھُمْ: بھلائی کرنا۔
اَزَارَہٗ: زیارت کرنے پر برانگیختہ کرنا ...... الشَّیْئَ: چلانا۔
اِزْدَارَہٗ: ملاقات کے لئے جانا۔
تَزَوَّرَ: جھوٹ بولنا...... الشَّیْئَ: کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لئے خاص کر لینا۔
تَزَاوَرَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کی زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ یَتَزَاوَرُوْنَ وبَیْنَھُمْ تَزَاوُرٌ" وہ آپس میں ایک دوسرے کی زیارت کرتے ہیں (...... وازْوَرَّ و اِزْوَارَّ) عَنْہُ: انحراف کرنا۔
اِسْتَزَارَہٗ: ملاقات کے لئے کہنا۔
الزَّوْر: مص۔ سینہ کے درمیان کا بالائی حصہ یا سینہ کی ہڈیوں کے ملنے کی جگہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ عَرِیْضُ الزَّوْرِ" چوڑے سینہ والا گھوڑا اور کہا جاتا ہے "اَلْقٰی زَوْرَہٗ" یعنی اس نے اقامت کر لی۔ اللَّوْر: پختہ ارادہ عقل۔ خیال جو خواب میں آئے۔ زیارت کرنے والا (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے) کہا جاتا ہے رَجُلٌ زَوْرٌ اِمْرَأَۃٌ زَوْرٌ ورِجَالٌ زَوْرٌ ونِسَاءٌ زَوْرٌ: سردار۔ رئیس۔ درخت خرما کی شاخ کہ جس میں پتے ابھی نہ نکلے ہوں۔ پتھر جو کنواں کھودتے وقت نکل آئے اور اس کو توڑ نہ سکیں اور چھوڑ دیں۔
الزُّوْر: عقل۔ جھوٹ۔ باطل۔ اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا قوت۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ زُوْرٌ ولَاصُوْرٌ": نہ تو اس کے اندر قوت ہے اور نہ کوئی رائے جس کی طرف رجوع کیا جائے۔ رائے۔ سردار۔ رئیس۔ کھانے کی لذت۔ کپڑے کی نرمی و صفائی۔ راگ و گانے کی مجلس۔ یہودیوں و نصرانیوں کی عیدیں۔
الزَّوَر: مص۔ کجی۔ سینہ کے بالائی حصہ کی کجی۔
الزِّیْر: منکا۔ کتان۔ باریک تانت۔ عادت۔ عورتوں سے بغیر ارادہ و بدی کے بات چیت کرنے کو پسند کرنے والا۔ ج اَزْوَار واَزْیَار وزِیَرَۃ۔
الزِّیْرَۃ: ملاقات کی ہیئت۔ کتاں کا ٹکڑا۔
الزِّیَار: وہ لکڑیاں جن سے سلوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر قابو میں کرتا ہے۔ اس سے فعل کا اشتقاق کرتے ہیں اور کہتے ہیں زَیَّرَ الفَرَسَ (...... والزِّوَار): ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز کی درستی ہو۔ سینہ بند اور تنگ

کے درمیان کی رسی۔ ج اَزْوِرَة.
الزَبِر: غضبناک۔
الــــزَارَة: اونٹوں کا گلہ۔ بانس نرکل وغیرہ کی جھاڑی جس میں پانی بھی ہو (...... والزَاوِرَة والزَاوَرَة والزَاوُوَرَة): پوٹا۔ زَاوِرَةُ القَطَا: قطا پرندہ کا وہ حصہ جس میں وہ اپنے بچوں کے لئے پانی لے جائے۔
الــزِوَرُّ: سخت چال۔ سخت۔ سفر کے لئے تیار کیا ہوا اونٹ (...... والــزَوِير والــزُوَيْر): سردار قوم۔ رئیس قوم۔
الـــزَوْرَة. زار: کا اسم مرة۔ دوری اونٹنی جو شدت و صلابت کی وجہ سے کنکھیوں سے دیکھے۔
الاَزْوَر: ٹیڑھے سینے والا۔ باریک وسط سینہ والا۔ مائل ہونے والا۔ ترچھی نظر سے دیکھنے والا۔ مؤنث زَوْرَاء. ج زُوْر: کہا جاتا ہے "قَوْمٌ عَنْ مَوَاقِفِ الحَقِ زُوْرٌ" حق کے مواقع سے ہٹی ہوئی قوم۔
الزَوْرَاء: گہرا کنواں۔ کمان۔ پیالہ۔ چاندی کا برتن۔ شہر بغداد۔ دجلہ بغداد۔ فَلَاَةٌ زَوْرَاء: دور دراز بیابان۔ كَلِمَةٌ زَوْرَاء: گھٹیا بات۔ مِنَارَةٌ زَوْرَاء: ٹیڑھا منارہ۔
الزَوَّار والزَوُوْر: بہت ملاقات کرنے والا۔
المزار: مص۔ ملاقات۔ زیارت کرنے کی جگہ۔ ج مَزَارَات.
اَلزُومُبَرَاء: بحر اوقیانوس کے ساحل پر پیدا ہونے والا ایک پھول دار جس کو مچھلی پسند کرتی ہے۔
الزَوْرَق: چھوٹی کشتی۔
الزَوْش: کمینہ غلام۔
الاَزْوَش: متکبر و مغرور۔
زَوَّطَ: بڑے لقمے بنانا۔
الاَزْوَط: جس کی ایک آنکھ تنگ سوراخ والی ہو۔
زَاعَ يَــزُوْعُ زَوْعًــا. فُلَانًا: روکنا۔ آگے دھکیلنا...... الــدَابَةَ: جانور کو تیز چلانے کے لئے لگام ہلانا...... الشَــيْئَ: موڑنا۔ لَــهُ مِنَ البِطِيخَةِ (زَوْعَة): خربوزے کی قاش اتار کر دینا (...... وتَــزَوَّعَ) اللَــحْمُ: گوشت کا پٹھے سے اتر جانا۔
زَوَّعَ. الاِبِلَ: متفرق کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
الــزُوْعَة: لوگوں کی ایک جماعت...... مِــنَ البَــطِيخَةِ ونَحْوِهَا: خربوزہ وغیرہ کی پھانک، قاش...... مِــنَ النَبَــتِ: گھاس کا وہ حصہ جو خشک ہونے لگے۔
الــــزَاعَة: پولیس کی جماعت (جمع ہے مثل باعة وسَادة: کے)
الزَوْع والزُوْع: بکری۔
زَاغَ يَزُوْغُ زَوْغًــا. الشَيْئَ: کسی چیز کو جھکانا...... الــــــنَاقَةَ: اونٹنی کو مہار سے کھینچنا۔ (...... زَوْغًــا وزَوَغَــانًــا): مائل ہونا۔ ظلم کرنا...... البَصَرُ: نگاہ میں ہونا۔
اَزَاغَه اِزَاغَةً: جھکانا۔
الزَاغ: کوا۔
زَافَتْ تَزُوْفُ زَوْفًا. الحَمَامَةُ: کبوتر کا باز و دم کو پھیلا کر زمین پر کھینچنا...... الطَائِرُ فِي الهَوَاءِ: پرندہ کا فضا میں گولائی میں اڑنا...... الــرَجُلُ: مرد کا ہاتھ پاؤں چھوڑ کر اعضاء ڈھیلے کر کے چلنا...... الــمَاءُ: پانی کا بلبلے والا ہونا (...... وتَــزَاوَفَ): اپنے آپ کو ہلکا پھلکا کرنے کے لئے ورزش کی مشق کرنا۔
الزُوُوْف: چلنے میں ڈھیلا پن۔
الزُوْفَى والزُوْفَاء: ایک دوا کا نام۔
زَوَّقَ. الــــكَلَامَ: آراستہ کرنا۔ مزین کرنا...... البَيْتَ: نقش و نگار کرنا...... الدِرْهَمَ: پارہ کا طمع کرنا۔
الزَوَاق: لڑکی کی زینت۔
الـــــزَوَقَة: گھروں میں نقش و نگار کرنے والے۔
الزَاوُوْق والزُوُوْق: پارہ۔
زَاكَ يَزُوْكُ زَوْكًا وزَوَكَانًا: مونڈھوں کو حرکت دینا اور ٹانگوں کو کشادہ کرنا۔ تکبر سے چلنا۔
تَزَاوَكَ تَزَاوُكًا: شرم کرنا۔
الزَوْك: مص۔ کوے کی چال۔
زَالَ يَزُوْلُ زَوْلًا وزَوَالًا وزَوَلَانًا وزُؤُوْلًا و زُوُوْلًا وزَوِيْلًا: جاتا رہنا۔ پھر جانا اور اسی سے ہے۔ "زَالَ عَنْــهُ مُلْكُه": اس کی سلطنت جاتی رہی۔ جدا ہونا۔ ہلاک ہونا (...... زَوَلًا): حرکت کرنا اور اسی سے ہے "اَرَى النُجُوْمَ تَزُوْلُ ولا تَغِيْبُ": یعنی میں دیکھ رہا ہوں کہ ستارے حرکت کر رہے ہیں اور غائب نہیں ہوتے۔ و "فُلَانٌ يَــزُوْلُ فِي النَّـــاسِ": فلاں لوگوں میں بہت چلتا پھرتا ہے۔
زَالَــتْ: (ن) زَوَالًا و زُوُولًا وزَوَلَانًــا وزِيَالًا. الشَمْسُ: آفتاب کا ڈھلنا۔ الخَيْلُ بِرُكْبَانِهَا: لے کر اٹھنا اور اسی سے ہے "زِيْلَ بِنَعْشِه": یعنی اس کی نعش اٹھائی گئی۔ کہا جاتا ہے "زَالَ زَائِلُ الظِلِّ": یعنی دوپہر ہو گئی۔ و "زَالَ اَوْزِيْلَ زَوِيْلُــه وزَوَالُــه": ڈر اور خوف کی وجہ سے اس کی جانب جھک گئی۔
اَزَالَــهُ وزَوَّلَهُ وازْدَالَهُ: ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "اَزَالَ اللّٰــهُ زَوَالَــهُ": یعنی اللہ اسے ہلاک کرے۔ زَوَّلَ الشَيْئَ: کسی چیز کو لانا۔
زَاوَلَهُ: کوشش کرنا۔ قصد کرنا۔ تلاش کرنا۔
تَــزَوَّلَ. الشَــيْئَ: کسی چیز کو لانا...... الــغُلَامُ: لڑکے کا انتہائی زیرک و ظریف ہونا۔
تَزَاوَلَ. القَوْمُ: باہم کوشش کرنا۔
اِنْزَالَ عَنْه: جدا ہونا۔
اِزْوَلَّ اِزْوِلَالًا. الشَيْئُ: زائل ہونا۔
الــــزَوْل: مص۔ تعجب۔ عجیب۔ کہا جاتا ہے "سَيْرٌ زَوْلٌ": یعنی عجیب سیر۔ و "شَــتْوَةٌ زَوْلَةٌ" عجیب سردی۔ الــزَوْل: وجودِ انسانی۔ فیاض مرد سبک و ظریف و زیرک۔ بہادر۔ بلا۔ ج اَزْوَال.
الــــزَوَال: مص۔ سورج کا ڈھلنا۔ کہتے ہیں "السَاعَةُ الرَابِعَةُ زَوَالِيَّة".
الــــزَائِل: فا۔ کہا جاتا ہے "لَيْــلٌ زَائِــلُ النُجُوْم": یعنی لمبی رات۔
الزَوَّال: بہت حرکت کرنے والا۔

الزائلة. الزائل: کا مؤنث۔ زندہ یا متحرک چیز۔ ج زوائل۔ الـزوائل: ستارے۔ عورتیں۔ شکار۔

الزویل: مص۔ حرکت۔ جانب۔

المِزوَلة: دھوپ گھڑی۔ ج مزاول۔

زام یزوم زومًا. الرجلُ: مرنا۔

الزام: ہر چیز کی چوتھائی۔ زامٌ من النھار: دن کی چوتھائی۔ زامانٌ من النھارِ: دن کا نصف حصہ۔

الزامة: جماعت۔ گروہ۔ ج زامات۔

الزوم. عنـد العامّة: عوام کے نزدیک کسی چیز کا شیرہ یا نچوڑا ہوا اور اس کے لئے فصیح لفظ النسغ ہے وہ پانی جس سے کپڑا دھویا جائے اور اس کے لئے فصیح لفظ الغسالة: ہے۔

الزویم: ہر چیز کا ڈھیر۔

زومل. الابلَ: اونٹوں کو ہانکنا۔

الزوملة: مص۔ گدھے مع بوجھوں کے۔ کہا جاتا ہے "ھو ابن زوملتھا" وہ اس کا جاننے والا ہے۔

الزان: بدبختی۔

الزون والزُّون والزوَن: پستہ قد۔ الزون: بت یا مندر۔

الزونة: زینت۔ سمجھدار عورت۔

الزوان والـزُّوان والزِّوان دیکھئے الزؤان بالھمزة.

زوی یزوی زویًا وزیًّا. الشیَ: جدا کرنا۔ یکسو کرنا۔ روکنا۔ جمع کرنا۔ قبضہ کرنا ...... المالَ وغیرہ: اکٹھا کرنا عنہ السرَّ: راز کو پوشیدہ رکھنا۔ عنـه حقَّـهُ: کسی کا حق روک لینا...... الـدھـرُ القومَ: زمانہ کا قوم کو تباہ و برباد کرنا۔

زوّی و تـزوّی وانـزوی: گوشہ نشین ہونا۔

تزوّی والزّوی: سکڑنا۔ زوی الکلامَ: دل میں سوچنا۔ انـزوی الـقـومُ بعضھم الی بعض: سمٹنا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا۔

الـزاویة. من البیت: گوشہ۔ ج زوایا.

الزاویة. عنـد الـحـجـارین والنجارین وغیرھم" دو مستقیم ضلعوں کا ایک آلہ کہ جس کے ضلعوں کا ایک ایک سرا باہم اس طرح جڑا ہوا ہوتا ہے کہ ان کے درمیانی گوشہ زاویہ قائمہ بن جاتا ہے۔

تزیّب. لحمُهُ: گوشت کے لوتھڑے بننا۔

الزیب: ہوا کی تیزی۔

رجلٌ (زیبٌ وازیبٌ): بہادر و دلیر مرد۔

الازیـب: شادماں۔ پست قدم۔ قریب قریب قدم رکھنے والا۔ کمینہ۔ منہ بولا بیٹا۔ اجنبی۔ امرید۔ بلامعیبت۔ دشمنی۔ بہت پانی۔ شادمانی۔ سختی۔ جنوبی ہوا۔

الازیبُ: شدید۔ بخیل۔

الزیبق: پارہ۔

زات یـزیـت زیتًا وزیّت. الطعامَ: کھانے میں زیتون کا تیل ڈالنا...... الشیَ: کسی چیز پر زیتون کا تیل لگانا...... الـقـومَ: لوگوں کو زیتون کا تیل کھلانا یا توشہ دینا۔

ازات ازاتةً: بہت تیل والا ہونا۔

ازدات ازدیاتًا: روغن زیتون ملنا۔

استزات: روغن زیتون طلب کرنا۔

الـزیت: مص۔ زیتون کا تیل۔ ج زیوت و (الـزیّـات): تیلی۔ زیت کا اطلاق مطلقا تیل کے لئے بھی ہوتا ہے۔ چاہے وہ کسی چیز کا ہو۔

الـزیتـون: زیتون کا درخت۔ زیتون کا پھل۔ واحد زیتونة.

الـزیتونیة: وہ درخت جس کے پتے درخت زیتون جیسے ہوتے ہیں اس کے پھول زرد اور خوشبودار ہوتے ہیں۔ وہ مشرق وسطی میں بہت پیدا ہوتا ہے لوگ دوران سفر اس کو استعمال کرتے ہیں۔

المِزیَتة: مخصوص تیل کی طویل بوتل جس کے ساتھ اوزار کو تیل لگایا جاتا ہے۔

الزیتونی: زیتون کے رنگ والا۔

الـمـزیت والـمـزیوت: جس میں تیل استعمال کیا گیا ہو۔

الزیج: گاڑی کا میٹر جس کے ساتھ گاڑی کی رفتار معلوم ہوتی ہے۔

الـزیـج: معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔ علم نجوم کی اصطلاح میں وہ جدول جو سیاروں کی رفتار بتاتی ہے۔ جنتری۔ ج زیـجـات وزیجة (دخیل)

زاح یـزیـح زیـحـا وزیـوحـا وزیوحا وزیحانًا وانزاح: دور ہونا۔ چلے جانا۔ زاح اللثامَ: نقاب اتارنا۔ کھولنا۔

ازاحة: دور کرنا۔ لے جانا۔

المزاح: دور چلے جانے کی جگہ۔

زاخ یزیخ زیخًا وزیخانًا: ظلم کرنا۔ علیحدہ ہونا۔

ازاخة: علیحدہ کرنا۔

تزیّخ: فروتنی کرنا۔

زاد یـزیـد زیدًا وزیدًا وزیدا و زیادة ومـزیـدًا وزیـدانـا: بڑھنا۔ زیادہ ہونا ...... الشـیَ: بڑھانا، زیادہ کرنا ...... فلانًا: زیادہ دینا۔

زاید: بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔

المـزایـدة: بولی کی بیع یعنی کوئی چیز بیع کے لئے پیش کی جائے اس پر مختلف افراد زیادہ قیمت لگائیں جو زیادہ لگادے اس کو حق خرید مل جائے۔

تـزیّد. السعرُ: بھاؤ گراں ہونا...... الرجلُ فی حدیثہ: واقع سے زیادہ بیان کرنا...... فی الشیَ: بڑھانے میں تکلف کرنا۔

تـزاید. فی حدیثہ: واقعہ سے زیادہ بیان کرنا۔

تـزایدوا فی ثمن السلعة: ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی دینا۔

ازداد: زیادہ ہونا۔ زیادہ کرنا۔ زیادہ طلب کرنا۔

استـزادة: زیادہ طلب کرنا۔ کوتاہی کرنے والا سمجھنا اور شکایت کرنا۔

الزائد: فا۔ مؤنث زائدة. زائدة الکبد: جگر کا چھوٹا سا ٹکڑا جو اسی کے ساتھ ایک

جانب میں ہوتا ہے۔ج زَوائِد. والزَّوائِد مِنَ الاسْنَانِ: کچلیوں کے قریب والے دانت۔

الزِّيَادَة: مص۔جو چیز بڑھائی جائے۔ج زِيَادَات وزَيَائِد وزِيَادَةُ الكَبِد بمعنی زَائِدَةُ الكَبِد.

الزَّيْد والزِّيْد: زیادتی۔بڑھاؤ۔کہا جاتا ہے "هُمْ زَيْدٌ عَلَى مِائَةٍ" وہ سو سے زائد ہیں۔

المَزِيْد: مص وظ۔کہا جاتا ہے "لا مَزِيْدَ عَلَى هٰذَا الامْرِ" یعنی اس معاملہ میں زیادہ گنجائش نہیں۔

المَزَادَة: توشہ دان۔چمڑے کے کئی ٹکڑے ملا کر ایک تھیلا سا بناتے ہیں جس میں پانی رکھتے ہیں۔زیر: دیکھئے مادہ (زور)

الزِّيْز: ایک کیڑا جو درختوں پر رہا کرتا ہے اور زیز زیز کی آواز نکالتا ہے۔

الزَّيْزَى والزَّيْزَاء والزِّيْزَاء والزَّازِيَة: چھوٹا سا ٹیلہ یا سخت زمین۔پر یا اس کے کنارے۔ج الزَّيَازِي.

الزَّيَازِيَة: بھیڑ۔

الزَّيْلَبَاتُ: چھوٹے چھوٹے پروں والے کیڑے۔

الزَّيْزَفُوْن: ایک درخت ہے جس کے پھول کو پانی میں بھگو کر دوا استعمال کرتے ہیں اور امثال عرب میں سے ہے۔هُوَ كَالزَّيْزَفُوْنِ يَزْهَرُ ولايُثْمِرُ: وہ زَيْزَفُون: کی مانند ہے پھول تو دیتا ہے پھل نہیں۔

زَاطَ يَزِيْطُ زَيْطًا وزِيَاطًا: شور مچانا اور بہت جھگڑنا۔صفت (زَيَّاط)

زَاغَ يَزِيْغُ زَيْغًا وزَيَغَانًا وزَيْغُوْغَةً: جھکنا۔ٹیڑھا ہونا……البَصَرُ: نگاہ کا تھکنا۔

زَيَّغَهٗ: ٹیڑھا کرنا۔کجی درست کرنا۔

اَزَاغَهٗ. عَنِ الطَّرِيْقِ: بدراہ کرنا……الرَّجُلَ: کجی میں ڈالنا۔

تَزَايَغَ: جھکنا۔

الزَّائِغ. فا۔ج زَاغَة وزَائِغُوْنَ.

الزَّاغ: ایک قسم کا کوا جس کے پیٹ اور پیٹھ کے پر کچھ سفیدی مائل ہوتے ہیں اور ایک قسم ہے الزَّاغُ الجَبَلِي: جو مردار کھاتے ہے۔ج زِيْغَان.

الزَّيْغ: مص۔حق سے انحراف۔شک۔

التَّزْيِيْغ: جھکاؤ۔

زَافَت (ض) زُيُوْفًا. الدَّرَاهِمُ: کھوٹے ہونا۔(زَاف زَيْفًا) الدراهمَ: کھوٹے کرنا یا کھوٹے سمجھنا……الحَائِطُ: دیوار پھاندنا (……زَيْفًا وزَيَفَانًا): مٹک کر چلنا……البَعِيْرُ: اونٹ کا جھکتے ہوئے دوڑنا۔

زَيَّفَ. الدَّرَاهِمَ: کھوٹے بتانا یا سمجھنا۔الرَّجُلَ: حقارت کرنا……البِنَاءُ: بلند ہونا۔

تَزَيَّفَت. الدَّرَاهِمُ: کھوٹے ہونا۔

الزَّائِف: فا۔شیر……مِنَ الدَّرَاهِمِ: کھوٹا درہم۔ج زُيَّف وزُيُوْف

الزِّيْف: چھجہ جو دیوار کی حفاظت کے لئے ہوتا ہے۔کنگرہ۔سیڑھی کے پائے۔ج زِيَاف واَزْيَاف وزُيُوْف اور کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ زَيْفٌ" کھوٹا درہم۔

الزَّيَّاف: مٹک کر چلنے والا۔شیر۔مؤنث زَيَّافَة.

زَيَّقَ. الثَّوْبَ: کپڑے میں گوٹ لگانا۔

تَزَيَّقَتِ. المَرْاَةُ: زینت کرنا۔سرمہ لگانا۔

الزِّيْق. مِنَ الثَّوْبِ: کپڑے کی گوٹ۔معماروں کی ڈوری جس سے وہ دیوار کی ہمواری کا اندازہ کرتے ہیں۔

زَاكَ (ض) زَيَكَانًا: ناز و تکبر سے چلنا۔

الزِّيْك: چھوٹے جواہر جو بڑے جوہر کے گرداگرد جڑے ہوئے ہوں۔

زَالَهٗ يَزَالُهٗ ويَزِيْلُهٗ زَيْلاً. عَنْ مَكَانِهٖ: ہٹانا۔علیحدہ کرنا۔کہا جاتا ہے "مَازِلْتُ اَفْعَلُ" میں ہمیشہ کرتا رہا۔وَمَازِلْتُ بِزَيْدٍ ومَا زِلْتُ زَيْدًا حَتّٰى فَعَلَ" میں ہمیشہ زید کے ساتھ لگا رہا یہاں تک کہ اس نے کر دیا۔و "زِلْتُ اَفْعَلُ" بمعنی "مَازِلْتُ اَفْعَلُ" حرف نفی کی تقدیر سے اور یہ قلیل الاستعمال ہے۔

اَزَالَهٗ اِزَالَةً واِزَالاً. عَنْ مَكَانِهٖ: ہٹانا۔

زَيَّلَهٗ: متفرق کرنا۔پراگندہ کرنا۔

زَايَلَهٗ: باہم دگر جدا ہونا۔

تَزَايَلُوْا وتَزَيَّلُوْا: پراگندہ ہونا۔جدا ہونا……عَنْهُ: شرم کرنا۔کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَزَايَلُ عَنْكَ فَلا اَتَجَاسَرُ عَلَيْكَ" میں تم سے شرم کرتا ہوں اس لئے میں تمہارے سامنے دلیری نہیں کر سکتا۔

الزَّيَل: دونوں رانوں کے درمیان کی دوری۔

الاَزْيَل: دونوں رانوں کے درمیان فاصلہ والا۔رَجُل (مِزْيَلٌ ومِزْيَالٌ): خوش طبع۔زیرک۔

زَامَ يَزِيْمُ ويَزَامُ زَيْمًا. لِفُلانٍ فَاسْكَتَهٗ: ایک کلمہ بول کر خاموش کر دینا۔

تَزَيَّمَتِ. الخَيْلُ وغَيْرُهَا: گھوڑے وغیرہ کا پراگندہ ہونا……اللَّحْمُ: گوشت کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔آپس میں گتھا ہوا ہونا۔

الزِّيْمَة: گوشت وغیرہ کا ٹکڑا۔ج زِيَم.

زَانَهٗ يَزِيْنُهٗ زَيْنًا: زینت دینا……الشَّيْءَ: خوبصورت بنانا۔آراستہ کرنا۔

زَيَّنَهٗ تَزْيِيْنًا واَزَانَهٗ اِزَانَةً واَزْيَنَهٗ اِزْيَانًا: زینت دینا۔

تَزَيَّنَ تَزَيُّنًا وازْيَّنَ ازِّيَانًا وازْدَانَ ازْدِيَانًا وازْيَنَّ ازْيِنَانًا وازْيَانَّ ازْيِيْنَانًا: آراستہ ہونا۔

الزَّائِن: فا۔اِمْرَاَةٌ زَائِنٌ: آراستہ عورت۔

الزَّيْن: مص۔آراستگی۔ج اَزْيَان.

الزَّيْن: ایک درخت کا نام جس سے تیر بناتے ہیں۔زَيْنُ الدِّيْكِ: مرغ کی کلغی۔

اَلزَّانُ: بلوط کی قسم سے ایک درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے اس کے پھول سے مفید غذائی تیل نکالا جاتا ہے اور وہ خوبصورتی کے لئے بویا جاتا ہے۔

الزَّانَة: بدہضمی۔

اَلزِّيْنِيَّة: انتہائی خوبصورت پھول کی قسم جس کی اہمیت باغوں میں بہت ہے۔Zinnia

اَلزَّاوِيَةُ: زَاوِيَةٌ مُسْتَقِيْمَة: وہ زاویہ جس

کے دونوں ضلع نقطہ زاویہ کے دونوں جانب برابر ہوں۔ دونوں جانب کو دو ضلع کا نام دیا جاتا ہے۔ نقطہ کو رأس الزاویہ کہا جاتا ہے۔ زاویۃ قائمۃ مستقیمۃ: کا نصب ہوتا ہے۔ زاویۃ حادۃ: قائمہ سے زیادہ چھوٹا ہوتا ہے۔ زاویۃ منفرجۃ: قائمہ سے بڑا اور مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ نافرۃ مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔ منعکسۃ: مستقیمہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔

الزِینَۃ: آراستگی جس سے زینت کی جائے۔

اَمْرَاضُ الزِینَۃِ عِنْدَ الاَطِبَّاءِ: بال یا کھال یا ناخن کے امراض۔

الزَیَان: خوبصورت۔ کہا جاتا ہے "قَمَرٌ زَیَانٌ" خوبصورت چاند۔

الزِیَان: ہر وہ چیز جس سے زینت کی جائے۔

المُزَیِّن: نا۔ نائی۔ (مولد)

زَیَّاہ تَزْیِیَۃً: پوشاک پہنانا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِہٖ زَائِیٌ فَزَیِّهَا" یعنی اس کو حرف زا سے پڑھو۔

تَزَیَّا: آراستہ ہونا...... بِزِیِّ القَوْمِ: قوم کا لباس پہننا۔

الزِیُّ: ہیئت۔ شکل۔ پوشش۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ بِزِیِّ العَرَبِ" وہ عرب کے لباس میں آیا اور "جَاءَ نَا بِزِیٍّ غَرِیْبٍ" وہ ہمارے پاس عجیب لباس میں آیا۔ ج اَزْیَاء۔

س

س : السین: بنیادی حروف میں سے بارہواں حرف ہے۔

السِین: فعل مضارع کو مستقبل قریب کے معنی کے لئے خاص کر دیتا ہے۔

سَأَبَهٗ (ف) سَأْبًا: گلا گھونٹنا...... السِقَاءَ: مشک کو کشادہ کرنا۔ ...... و سَئِبَ (س) سَأَبًا مِنَ الشَرَابِ: آسودہ و سیراب ہونا۔

السَأب: مص۔ بڑی مشک۔ ج سُؤُوب۔

السُؤْبَان: مال کا بہترین منتظم۔

المِسْأَب: بڑی مشک۔ بہت پانی پینے والا۔

سَأَتَهٗ (ف) سَأْتًا: گلا گھونٹنا۔ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا۔

السَأت: گلے کی ایک جانب۔

سَأَدَهٗ (ف) سَأْدًا و سَأَدًا: گلا گھونٹنا۔

سُئِدَ: کھاری پانی کے پینے سے بیمار ہونا۔ صفت (مَسْئُود)

سَئِدَ (س) سَأْدًا: پینا...... الجَرْحُ: زخم ٹوٹ کر بہنا۔ صفت (سَئِد)

اَسْأَدَ اِسْآدًا: ساری رات چلنا۔ کہتے ہیں "اَسْعَدَ یَوْمَہٗ اِسْعَادًا مَنْ اَسْأَدَ لَیْلَۃً اِسْآدًا" جو شخص ساری رات چلتا رہا اس نے اپنے دن کو کامیاب بنایا۔

السُؤَاد: کھاری پانی پینے کی وجہ سے بیماری۔

السُؤْدَۃ: بقیہ جوانی۔

المِسْأَد: تیل یا شہد کی مشک۔

سَأَرَ (ف) سَأْرًا و اَسْأَرَ. الشَارِبُ فِی الاِنَاءِ: کچھ باقی چھوڑنا۔ صفت (سَآر) اور کہا جاتا ہے "اَسْأَرَ الحَاسِبُ فِی حِسَابِہٖ" حساب لگانے والے نے حساب کو پوری طرح سے نہیں کیا۔

سَئِرَ (س) سَأَرًا. الشَیْءُ: باقی رہنا۔

تَسَأَّرَ. النَبِیْذَ: جھوٹا نبیذ پینا۔

السُؤْر: جھوٹا پانی وغیرہ۔ بقیہ ج اَسْآر: کہا جاتا ہے "هُوَ سُؤْرُ شَرٍّ" وہ شریر ہے۔

السُؤْرَۃ: بقیہ جوانی۔ مِنَ المَالِ: عمدہ مال۔ ج سُؤَر۔

السَائِر. فا. مِنَ الشَیْءِ: بقیہ۔

سَأْسَأَ سَأْسَأَۃً. بِالحِمَارِ: گدھے کو روکنے کے لئے ڈانٹنا پینے یا چلنے کے لئے آواز دینا۔

تَسَأْسَأَتِ. الاُمُوْرُ: مختلف ہونا۔

سَأَفَتْ (ف) سَأْفًا و سَئِفَتْ (س) سَأَفًا یَدُہٗ: ناخن کے اردگرد پھٹنا۔ ہاتھ کی صفت (سَئِفَۃٌ) (سَئِفَ وانْسَأَفَ) لِیْفُ النَخْلِ: پھٹنا۔ پراگندہ ہونا۔ چھلنا۔

السَأف: کھجور کی شاخ۔ دم کے بال۔

السَائِفَۃ: ریت کے تودے کے نیچے کی باریک ریت۔ ج سَوَائِف۔

سَأَلَ (ف) سُؤَالًا و سَآلَۃً و مَسْأَلَۃً و تَسْآلًا: طلب کرنا۔ مانگنا۔ درخواست کرنا۔ اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ جیسے "سَأَلْتُ اللّٰهَ نِعْمَۃً" اور جب استخبار کے معنی میں ہو تو مفعول اول کی طرف بنفسہٖ اور مفعول ثانی کی طرف عن سے متعدی ہوتا ہے جیسے "سَأَلْتُہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ" اور کبھی ہمزہ کی تخفیف ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "سَالَ یَسَالُ سَلْ" مثل خاف یخاف خف کے اور اسم مفعول "مَسُوْلٌ" مانند مخوف کے۔

سَاءَلَہٗ و سَایَلَہٗ مُسَاءَلَۃً و مُسَایَلَۃً و سَائَلَ عَنْہُ: بمعنی سال۔

اَسْأَلَہٗ. سُؤْلَہٗ و سُؤْلَتَہٗ و مُسْأَلَتَہٗ: حاجت پوری کرنا۔

تَسَأَّلَ و تَسَوَّلَ: مانگنا۔

تَسَاءَلَ و تَسَاوَلَ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے پوچھنا۔

السُؤْل والسُوْل والسُؤْلَۃ والسُوْلَۃ: درخواست۔ التجا۔

السَأَّال والسُؤْلَۃ والسَؤُوْل: بہت سوال کرنے والا۔

السَائِل: فا۔ مانگنے والا۔ ج سَائِلُوْنَ وَسُؤَّلٌ وسُؤَّال وسَأَلَۃ۔

المَسْأَلَۃ: حاجت۔ مطلب۔ ج مَسَائِل۔

المَسْئُوْلِیَّۃ: ذمہ داری۔

سَئِمَ (س) سَأْمَۃً و سَأْمًا و سَآمَۃً و سَأَمًا و سَآمَۃً. الشَیْءَ و مِنْہُ: کسی چیز سے ملول ہونا۔ اکتا جانا۔ صفت (سَؤُوْمٌ)

اَسْأَمَہٗ اِسْآمًا: ملول کرنا (اکتا دینا)

سَأَا (ن) سَأْوًا: دوڑنا...... الشَیْءَ: کسی چیز کی نیت کرنا۔ قصد کرنا...... الرَجُلَ: ...... کسی کو تکلیف کرنا...... الثَوْبَ: کپڑے کو کھینچ کر پھاڑنا۔ بَیْنَہُمْ: لوگوں میں فساد ڈالنا۔

السَأو: مص۔ وطن۔ وہ جہت جہاں کا ارادہ

کیا جائے اور کہا جاتا ہے "هُوَ بَعِيدُ السَّاوِ" وہ بڑی ہمت والا ہے۔

سَبَّهُ (ن) سَبًّا وسَبِّيبَى: سخت گالی دینا۔ مقعد میں نیزہ مارنا (سَبًّا) الحَبْلَ: رسّی کو کاٹنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو زخمی کرنا۔ کونچیں کاٹنا۔

سَبَّبَهُ: بہت گالی دینا...... الاَسْبَابَ: اسباب پانا...... لِلْمَاءِ مَجْرىً: پانی کے لئے نالی درست کرنا...... الامْرَ: سبب بنا۔

سَابَّهُ مُسَابَّةً وسِبَابًا: گالی دینا۔

تَسَبَّبَ: اسباب ڈھونڈنا...... بِهِ إلَيْهِ: وسیلہ بنا...... بِالامْرِ: سبب ہونا۔

تَسَابَّ. الرَّجُلاَنِ: باہم قطع تعلق کرنا اور گالی گلوچ کرنا۔

إِسْتَبَّ. القَوْمُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔

إِسْتَسَبَّ. لَهُ: گالی کے لئے پیش کرنا۔

إِسْتَسَبَّ لَهُ الامْرُ: کام کا درست ہونا۔

السِّبُّ والسُّبَبَة والسِّمَسَب والمَسَبَّة: بہت گالی دینے والا۔ السِّب ج سُبُوب: رسی۔ عمامہ۔ کھونٹی۔ کتاں کا باریک ٹکڑا۔ پردہ۔

السَّبَّة. مِنَ الحَرِّ اوالبَرْدِ او الدَّهْرِ: عرصہ مقعد۔

السُّبَّة: انگشت شہادت...... عِنْدَ المُوَلِّدِين: ہفتہ۔

السُّبَّة: جس کو لوگ بہت گالی دیں۔ عار، بے عزتی۔

السَّبَب: رسّی۔ ذریعہ۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَالِي إلَيْهِ سَبَب" میرے لئے اس کی طرف کوئی راستہ نہیں۔ و "قَطَعَ اللّٰهُ بِهِ السَّبَبَ" اللہ نے اس کی زندگی ختم کردی۔ دوستی۔ رشتہ داری۔ فِي العَرُوْضِ: دو حرف متحرک یا ایک متحرک اور ایک ساکن۔ ج أَسْبَاب. أَسْبَابُ السَّمَاءِ: آسمان کے اطراف یا آسمان میں چڑھنے کی جگہ اور کہا جاتا ہے "تَعَاطَى الاَسْبَابَ" اس نے اُمور معیشت کے اسباب حاصل کیے۔

و "تَقَطَّعَتْ بِهِمُ الاَسْبَابُ" ان کی دوستیاں اور تعلقات ختم ہوگئے۔

السَّبِيب والسَّبِيبَة: بالوں کا گچھا۔ ...... مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی دم کے بال۔ گھوڑی کی پیشانی کے بال۔ ایال۔ ج سَبَائِب کہا جاتا ہے "قَدْ عَقَدُوا اَسَابِبَ خَيْلِهِم" انہوں نے اپنے گھوڑوں کے دم کے بال میں گرہ لگائی۔

السَّبِيبَة: کتاں کا باریک ٹکڑا۔

السَّبَّاب: بہت گالی دینے والا۔ مؤنث سَبَّابَة.

الاُسْبُوبَة: باعث گالی۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ أُسْبُوبَةٌ يَتَسَابُّونَ بِهَا" ان کے درمیان گالی کا سبب ہے جس کی وجہ سے وہ ایک دوسرے کو گالی دیتے ہیں۔

السَّبَّابَة والمِسَبَّة: انگشت شہادت۔

سَبَأَ (ف) سَبْأً وسِبَاءً ومَسْبَأً. الخَمْرَ: شراب پینے کے لئے خریدنا۔ الجِلْدَ: کھال اتارنا...... الجِلْدَ بِالنَّارِ: کھال کو آگ میں جلانا۔ ...... الرَّجُلَ: کوڑے مارنا۔ مصافحہ کرنا۔ ...... النَّارُ الجِلْدَ: آگ کا کھال کو جھلس دینا۔

أَسْبَأَ...... لِاَمْرِ اللّٰهِ: حکم الٰہی کے لئے جھک جانا۔ ...... عَلَى الشَّرِّ: مطیع ہونا۔

إِنْسَبَأَ. الجِلْدُ: کھال کا اُترنا۔ چھل جانا۔

إِسْتَبَأَ إِسْتِبَاءً. الخَمْرَ: شراب کو پینے کے لئے خریدنا۔

السَّبَأ والسَّبِيئَة: شراب۔

السَّبَّاء: مے فروش۔

السُّبْأَة: دور کا سفر۔

السَّبِي. مِنَ الحَيَّةِ: سانپ کی کینچلی۔

المَسْبَأ: پہاڑی راستہ۔ راستہ۔

سَبَتَ (ن ض) سَبْتًا: ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔ سبت منانا۔ آرام لینا...... الشَّيْءَ: کسی چیز کو کاٹنا...... الرَّأسَ: سر مونڈنا...... الرَّجُلُ: حیران ہونا...... الشَّعْرَ: بال لٹکانا ...... عُنُقَهُ: گردن پر مارنا۔

سُبِتَ. الرَّجُلُ: نیند کا آجانا۔

أَسْبَتَ: ہفتہ کے دن میں داخل ہونا۔

إِنْسَبَتَ. الشَّيْءُ: کسی چیز کا دراز ہونا۔ ...... الجِلْدُ: کھال کا نرم ہونا...... الوَجْهُ: چہرہ کا لمبا ہونا۔

إِسْتَسْبَتَ. اليَهُوْدُ: یہودیوں کا ہفتہ کا دن منانا۔

السَّبْت: مص۔ سنیچر۔ شنبہ۔ ج أَسْبُت وسُبُوْت. السُّبَت: بہت سونے والا۔ عمدہ گھوڑا۔ دلیر لڑکا۔ چالاک مرد۔ زمانہ۔ ہفتہ۔ (...... السَّبْتَة): زمانہ کا ایک عرصہ۔

السِّبْت: پکائی ہوئی کھال۔ رنگی یا دباغت دی ہوئی کھال۔

السُّبْت والسَّبْت: خطمی کی مانند ایک پودہ۔

السُّبَات: نیند یا اونگھ۔ زمانہ۔ چالاک مرد۔

اِبْنَا سُبَاتٍ: دن رات (السَّابُوْت) ایک قسم کی سمندری مچھلی۔

السِّبْتَان: بے وقوف۔

السَّبْتَاء: بیابان۔

السَّبَنْتَى: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِت وسَبَاتَى: مؤنث سَبَنْتَاة.

السَّبَنْتَاة: زبان دراز عورت۔

المُسْبِت: ق۔ وہ شخص جو مرض وغیرہ کی وجہ سے نہ حرکت کرے نہ آنکھیں کھولے۔

المَسْبُوْت: مغ۔ میت یا بے ہوش سر منڈا ہوا۔

تَسَبَّجَ: سیاہ کمبل اوڑھنا۔

السُّبْجَة: کالا کمبل۔ ج سُبَج: بغیر آستین کا کرتا۔

السَّبَج: سیاہ مہرے۔

السَّبَّاج: کالا کمبل بیچنے والا۔

ثَوْب (مُسَبَّج): چوڑا کپڑا۔

سَبَحَ (ف) سَبْحًا. الرَّجُلُ: اپنی معاش کے لئے تصرف کرنا۔ سونا اور آرام لینا۔ دور تک نکل جانا...... عَنِ الاَمْرِ: فارغ ہونا۔ فِي الكَلاَمِ: بہت بولنا...... فِي الاَرْضِ: کھودنا

......الـقـوْمُ: بکھرنا اور زمین میں پھیلنا۔
(......سَبْحًا وسِبَاحَةً. فِی المَاءِ وبِالمَاءِ): تیرنا اور بطور استعارہ کے گھوڑے کی رفتار اور سیارے کی چال کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے (......سُبْحَانًا): سبحان اللہ کہنا۔
سَبَّحَ تَسْبِيحًا: نماز پڑھنا۔ سبحان اللہ کہنا
......اللّٰهَ ولِلّٰهِ: خدا کی پاکی بیان کرنا۔
اَسْبَحَهُ: تیرانا۔
السَّبْحَةُ. سَبَحَ کا اسم مرۃ۔ کھال کے کپڑے۔
السُّبْحَةُ: دعا۔ تم کہتے ہو "قَضَيْتُ سُبْحَتِي" میں نے اپنی دعا پوری کر لی۔ نفل نماز۔ تسبیح۔ سُبْحَةُ اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کا جلال۔
ج سُبَحٌ وسُبُحَاتٌ وسُبْحَاتٌ وَجْهِ اللّٰهِ: اللہ تعالیٰ کے انوار یا وہ دلائل عظمت جن سے باری تعالیٰ کی تقدیس کی جائے۔
السُّبْحَةُ: روئی کا ٹکڑا۔
اَلسُّبْحَةُ: تحجر لکڑی، پلاسٹک یا کسی دھات کے منکے جو کہ لڑی میں پروئے جاتے ہیں تا کہ ان سے اذکار گنے جائیں۔
سُبْحَانَ: مص۔ کہا جاتا ہے "سُبْحَانَ اللّٰهِ" یعنی میں اللہ تعالیٰ کی عیوب ونقائص سے پاکی بیان کرتا ہوں۔ "سُبْحَانَ مِنْ كَذَا" موقع تعجب کے لئے اور یہ اضافت کے معنی میں ہے۔ یعنی "سُبْحَانَ اللّٰهِ مِنْ كَذَا" کے معنی میں۔ "اَنْتَ اَعْلَمُ بِمَا فِي سُبْحَانِكَ" یعنی جو کچھ تیرے نفس میں ہے اس کا تو زیادہ جاننے والا ہے۔
التَّسْبِيحَةُ: مص۔ تسبیح کے کلمات۔ ج تَسَابِيحُ.
السَّابِحُ: فا۔ ج سَابِحُونَ وسُبَّاحٌ وسُبَّحَاءُ: مؤنث سَابِحَةٌ ج سَابِحَاتٌ وسَوَابِحُ. والسَّابِحُ مِنَ الخَيْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ السَّوَابِحُ: تیز رفتار گھوڑے۔
السَّابِحَاتُ: کشتیاں۔ ستارے یا مؤمنین کی ارواح جو آسانی سے قبض کی جاتی ہیں یا فرشتے جو آسمان و زمین کے درمیان تسبیح کرتے رہتے ہیں۔
السَّبَّاحُ. صَابِحٌ: کا مبالغہ۔ بڑا تیراک۔ ج سَبَّاحُونَ.
السَّبُوحُ: تیراک ج سُبُحَاءُ. فَرَسٌ سَبُوحٌ: تیز رفتار گھوڑا جو اپنی رفتار میں اِدھر اُدھر نہ ہوتا ہو۔
السُّبُّوحُ والسَّبُّوحُ: باری تعالیٰ کی صفات میں سے ہے۔ اس لئے کہ اس کی تسبیح کی جاتی ہے۔
ثَوْبٌ (مُسَبَّحٌ): مضبوط کپڑا۔
المُسَبِّحَةُ والسَّبَّاحَةُ: انگشت شہادت۔
المِسْبَحَةُ. عِنْدَ العَامَّةِ: عوام کے نزدیک بمعنی نفل نماز۔ تسبیح یا تسلی۔
سَبْحَلَ سَبْحَلَةً: سبحان اللہ کہنا۔
السِّبَحْلُ: موٹا۔ جَارِيَةٌ سِبَحْلَةٌ موٹی لمبی لڑکی۔
سَبْحَنَ: سبحان اللہ کہنا۔
سَبَخَ (ن) سَبْخًا: گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا۔ دور ہونا۔
سَبِخَ (س) سَبَخًا. المَكَانُ: شورے والی ہونا۔ صفت (سَبِخٌ)
سَبَّخَ. عَنْهُ: ہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اللّٰهُمَّ سَبِّخْ عَنِّي الحُمّىٰ اوِ الشِّدَّةَ" اے اللہ مجھ سے بخار یا سختی کو ہلکا کر دے۔ ......الحَرُّ: ٹھنڈا کرنا ......القُطْنَ ونَحْوَهُ: روئی دھننا۔
......الـرَّجُلُ: گہری نیند سونا۔ فارغ ہونا ......العِرْقُ: رگ کا ساکن ہونا ......الحَرُّ: گرمی کا کم ہو جانا۔
اَسْبَخَ. فِي الحَفْرِ: کھودنے میں زمینی شور تک پہنچنا۔ المَكَانُ: زمین شور والی ہونا۔
تَسَبَّخَ. الحَرُّ والغَضَبُ: گرمی یا غصہ کا ٹھنڈا پڑنا۔
اَرْضٌ (سَبَخَةٌ) ج سِبَاخٌ (وسَبِخَةٌ): ج سَبِخَاتٌ: زمین شور۔
السَّبْخَةُ والسَّبَخَةُ: نمکین ودلدلی زمین۔ کائی کی مانند جو پانی کے اوپر آجائے۔ ج سِبَاخٌ.
السِّبَاخُ. مِنَ الاَرْضِ: ویران کھیت جو جوتا نہ گیا ہو۔
السَّبِيخُ: روئی کا پھایا یا بکھرے ہوئے پر وغیرہ۔
السَّبِيخَةُ: دھنکی ہوئی روئی کا گالا۔ ج سَبَائِخُ تم کہتے ہو "طَارَتْ سَبَائِخُ القُطْنِ" روئی کے گالے اُڑے۔
سَبَدَ (ن) سَبْدًا. الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔
......شَارِبَهُ: مونچھوں کا بڑھ کر ہونٹوں کو گھیر لینا۔
سَبَّدَ الشَّعْرُ: بال کا مونڈنے کے بعد نکلنا
......الفَرْخُ: چوزے کے پر نکلنا اور سخت ہونا
......الرَّجُلُ: سر میں تیل نہ لگانا۔
......رَأْسَهُ: سر میں کنگھی کرنا اور تر کرنا پھر چھوڑ دینا۔
......شَعْرَهُ: بال کو جڑ سے مونڈنا......
العُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگنا۔
اَسْبَدَ. الشَّعْرَ: بال مونڈنا ......العُشْبُ: پرانی گھاس میں نئی گھاس اُگنا۔
السِّبْدُ بھیڑیا۔ مصیبت۔ ج اَسْبَادٌ.
الاَسْبَادُ: کالے کپڑے۔ سَادٌ ......العُشْبِ: گھاس کا سرا ابتدائی روئیدگی کے وقت اور کہا جاتا ہے "هُوَ سِبْدٌ مِنَ الاَسْبَادِ" وہ چوری میں بڑا ہوشیار ہے۔
السَّبَدُ: کم بال۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ سَبَدٌ ولَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ تو بال ہیں نہ اُون یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔
السَّبَدُ: سبز گھاس کا بقیہ۔
السُّبَدُ: چیتھڑا جس سے حوض کی نالی بند کی جائے۔ بدبختی۔ ج سِبْدَانٌ: ایک قسم کا پرندہ جس کے پر دھاری دار ہوتے ہیں اور اس کا منہ کشادہ اور سر و چونچ چوڑی ہوتی ہے۔
السَّبَدُ والسَّبَدَةُ: پیڑو۔
السَّبَنْدَى: لمبا۔ دلیر۔ چیتا (الف الحاق کے لئے ہے تانیث کے لئے نہیں) ج سَبَانِدُ وسَبَانِدَةٌ. السَّبَانِدَةُ: کھیل کود میں رہنے والے لوگ۔

سَبَرَ (ن ض) سَبْرًا وأَسْبَرَ واسْتَبَرَ. الجَرْحَ او البِئْرَ او المَاءَ: گہرائی کی آزمائش کرنا۔
......الامْرَ: تجربہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهٖ مَفَازَةٌ لَاتُسْبَرُ" اس بیابان کی وسعت کا اندازہ معلوم نہیں۔
السَّبْرُ: مص۔ شیر (......والسِّبْرُ) اصل۔ رنگ۔ جمال۔ ہیئت۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ الحِبْرِ والسِّبْرِ" جبکہ اچھی ہیئت والا اور جمیل ہو۔ "وَرَأَيْتُهُ سَيِّئَ السِّبْرِ" جبکہ لاغر اور رنگ بدلا ہوا ہو۔ وقَدْ غَلَبَ عَلَيْهِ سِبْرُ فُلَانٍ" اس پر فلاں کی مشابہت غالب ہے۔ السِّبْرُ: دشمنی۔ ج أَسْبَار.
السَّبْرَةُ: ٹھنڈی صبح۔ ج سَبَرَات.
السُّبَرُ والسُّبْرَةُ: ایک شکاری پرندہ۔
السِّبَارُ ج سُبُرٌ (المِسْبَرُ والمِسْبَارُ) ج مَسَابِرُ ومَسَابِيرُ: زخم کی گہرائی معلوم کرنے کی سلائی۔ السِّبَارُ: افریقہ کے جنگلوں کا ایک درندہ جو بجو کے مشابہ ہوتا ہے۔
السَّابُورَةُ: مٹی ذخیرہ اٹھانے کے لئے ٹوکرا۔
السِّبَارَةُ: ایک قسم کا جہاز۔
السَّابِرِيُّ: سابور کی جانب منسوب۔ عمدہ کھجور۔ باریک بنی ہوئی مضبوط زرہ۔
السَّبُّورَةُ۔ سلیٹ۔ بلیک بورڈ۔
المَسْبَرُ: ہیئت وحسن وجمال۔ کہا جاتا ہے "حَمِدْتُ مَسْبَرَهُ ومَخْبَرَهُ".
المِسْبَارُ: زخم کی گہرائی معلوم کرنے والا۔ ج مَسَابِيرُ.
مَسْبَرَةُ. الجَرْحِ: زخم کی گہرائی۔
المِسْبَرَةُ: آزمائش۔
المَسْبُوْرُ: مفع۔ اچھی ہیئت والا۔
سَبْرَتَ. الرَّجُلُ: قناعت کرنا۔
السُّبْرُتُ والسُّبْرُوْتُ والسِّبْرِيْتُ والسِّبْرَاتُ: مسکین ومحتاج۔ ج سَبَارِيْتُ وسَبَارٍ. السُّبْرُوْتُ: تھوڑی چیز۔ امرد لڑکا۔
السُّبْرُوْتُ مِنَ الاَرْضِ: چٹیل بیابان۔
المُسْبَرَتُ: وہ شخص جس کے بال نہ ہوں۔
سَبْسَبَ. المَاءَ: پانی بہانا......الرَّجُلُ: نرم و آہستہ چلنا۔ بری گالی دینا۔
تَسَبْسَبَ. المَاءُ: پانی بہنا۔
السَّبْسَبُ: بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔ ج سَبَاسِبُ اور کہا جاتا ہے "اَرْضٌ سَبَاسِبُ او سُبَاسِبُ" بیابان۔ دور کی ہموار زمین۔
سَبِطَ (س) سَبْطًا وسَبَطًا وسُبُوْطًا وسَبُطَ(ن) سُبُوْطَةً وسَبَاطَةً.
الشَّعْرُ: بالوں کا سیدھا ہونا۔
سَبُطَ (ک) سَبَاطَةً. المَطَرُ: بہت بارش ہونا اور دور تک ہونا۔
سُبِطَ سَبْطًا: بخار ہونا۔
سَبَّطَتِ. النَّاقَةُ والنَّعْجَةُ: اونٹنی یا بھیڑ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ صفت (مُسَبِّط)
اَسْبَطَ: خوف کی وجہ سے چپ رہنا۔ کمزور ہونا۔ گر کر بے حس و حرکت ہونا ...... بِالاَرْضِ: چمٹنا......فِيْ نَوْمِهٖ: نیند میں آنکھیں بند کرنا......عَنِ الاَمْرِ: غفلت کرنا۔
السِّبْطُ: اولاد کی اولاد۔ اس کا اطلاق اکثر نواسوں پر ہوتا ہے۔ جیسے حفید کا اطلاق پوتوں پر......مِنَ اليَهُوْدِ: یہ لفظ یہودیوں کے لئے ایسے ہی مستعمل ہے جیسے عرب کے لئے قبیلہ کا لفظ۔ ج اَسْبَاط.
السَّبْطُ والسَّبِطُ. مِنَ الشَّعْرِ: سیدھے بال۔ السَّبْطُ مِنَ المَطَرِ: بکثرت بارش۔ ج سِبَاط. کہا جاتا ہے "هُوَ سَبْطُ اليَدَيْنِ اَوْسَبْطُ البَنَانِ" یعنی وہ فیاض وکریم ہے۔ و"سَبْطُ الجِسْمِ" عمدہ قد وقامت والا۔
السَّبَطُ: تروتازہ لمبی گھاس۔ چینا کی مانند ایک پودہ۔ واحد (السَّبَطَة) شَعْرٌ سَبْطٌ: سیدھے بال۔ السَّبَطُ: درخت جس کی ڈالیاں بہت ہوں اور جڑ ایک ہو۔
سَبَاطٌ: بروزن قطام بمعنی بخار۔
سُبَاطٌ: ایک ترکی مہینہ مطابق ماہ فروری۔ اس کو شباط بھی کہتے ہیں (اور یہ منصرف اور غیر منصرف دونوں ہے۔)
السُّبَاطَةُ: بال جو کنگھی کرنے سے گریں۔ کوڑا کرکٹ۔ کوڑا خانہ۔
السَّابُوْطُ: ایک سمندری جانور۔
السَّابَاطُ: چھت جو دو مکانوں کے درمیانی راستہ پر ہو۔ ج سَوَابِيطُ وسَابَاطَات.
السَّبَطَانَةُ: نے۔ جس میں گولی ڈال کر پرندہ کو مارتے ہیں۔
اِسْبَطَرَّ اِسْبِطْرَارًا: دراز ہو کر لیٹنا۔
اِسْبَطَرَّتِ الاِبِلُ: تیز چلنا......لَهُ البِلَادُ: کسی کے لئے ممالک وبلاد کا درست ہونا۔
السِّبَطْرُ: تیز خاطر وچالاک۔ لمبا۔ اَسَدٌ سِبَطْرٌ: حملہ کرنے کے وقت دراز ہونے والا۔ کہا جاتا ہے "جِمَالٌ سِبَطْرَاتٌ" لیٹے ہوئے اونٹ (اس میں تا تانیث کی نہیں بلکہ ایسی ہی ہے جیسے "حَمَّامَات اور رِجَالَات" مذکر کی جمع میں۔)
السُّبَاطِرُ والسَّبَيْطَرُ: لمبا مرد۔
السِّبَطْرَى: متکبرانہ چال۔
سَبَعَ (ف ن) سَبْعًا. القَوْمُ: ساتواں ہونا۔ مال کا ساتواں حصہ لینا......الحَبْلَ: سات لڑی کی رسی بنانا......الشَّيْءَ: سات بنانا......الرَّجُلَ: غیبت کرنا۔ گالی دینا...... الشَّيْءَ: چرانا۔ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکری کو پھاڑنا۔
سُبِعَتِ. الوَحْشِيَّةُ: درندے کا بچے کو کھا جانا۔ صفت (مَسْبُوْعَة)
سَبَّعَهُ: سات بنانا یا سات گوشہ کا بنانا...... الاِنَاءَ: برتن کو سات مرتبہ دھونا......اللّٰهُ لَكَ: سات مرتبہ یا سات گنا دینا یا سات اولاد دینا......المَرْأَةُ: عورت کا ساتویں مہینے بچہ جننا......القَوْمُ: پورے سات سو ہونا۔
سَابَعَهُ مُسَابَعَةً وسِبَاعًا: گالی گلوچ کرنا۔
اَسْبَعَ. القَوْمُ: سات ہونا......الرَّاعِيْ: چرواہے کے جانوروں میں درندہ کا آپڑنا ......الشَّيْءَ: سات بنانا......المَكَانُ: بہت

درندوں والی ہونا......ہ: درندے کا گوشت کھلانا......الـرَّجُلُ: گھاٹ پر ساتویں دن جانے والے اونٹوں کا مالک ہونا۔ ایسے اونٹوں کو (سَوَابِع) کہتے ہیں۔

اِسْتَبَعَ. الشَّيْءُ: کسی چیز کو چرانا......الغَنَمَ: بکری کو پھاڑنا......القَوْمُ: سات ہونا۔

السَّـابِـع: فا۔ ساتواں۔ ج سَبَـعَةٌ و سَابِعُوْنَ.

سَبْعَةٌ: سات۔ مؤنث۔ سَبْع.

السَّبْـع. سَبْـعَةٌ: کا مؤنث۔ يَـوْمُ السَّبْع: قیامت کا دن۔ السَّبْعُ المَثَانِي: سورۂ فاتحہ یا پہلی سات سورتیں۔ کہا جاتا ہے "طَـافَ بِـالْبَيْتِ سَبْعًا" اس نے بیت کا سات مرتبہ طواف کیا۔

السَّبُع والسَّبْع والسَّبَع: درندہ۔ ج أَسْبُع وسِبَـاع وسُبُـوع وسُبُوعَة: مؤنث سَبُعَة وسَبْعَة. السَّبُع مِنَ الطَّيْرِ: شکاری پرندہ۔

السُّبْع: ساتواں حصہ۔ ج أَسْبَاع. وحُمَّى السُّبْع: ساتویں روز کی باری کا بخار۔

السِّبْع: اُونٹوں کا ساتویں دن گھاٹ پر آنا۔

السُّبَـاعِيّ سات گوشے والا۔ سات حروف والا لفظ۔ بڑا اونٹ۔ سُبَـاعِيّ البَـدَن: پورے قد و قامت والا۔ مَـوْلُـوْدٌ سُبَاعِيٌّ: ساتویں مہینے پیدا ہونے والا بچہ۔

السَّبْعُوْنَ. مِنَ العَدَدِ: ستر (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے)

السَّبِيْع: ساتواں حصہ۔

الأُسْبُوْع: ہفتہ۔ ج أَسَـابِيع أَرْض (مَسْبَعَة): بہت درندوں والی زمین۔

المُسْبَع: ساتویں مہینے پیدا شدہ بچہ۔ وہ بچہ جس کی ماں مرگئی ہو اور کوئی دوسری عورت دودھ پلائے۔ منہ بولا بیٹا۔

المَسْبُوْع: درندہ سے خائف۔

سَبَغَ (ن) سُبُوْغًا. العَيْشُ: زندگی کا وسیع و فراخ ہونا......الثَّوْبُ: کپڑے کا زمین تک لمبا ہونا......الشَّيْءُ: پورا ہونا......إِلٰى وَطَنِه: مائل ہونا......الـمَطَـرُ: بارش کا زمین سے قریب ہونا۔

إِسْبَغَ. اللّٰه عَلَيْهِ النِّعْمَةَ: نعمت کا کامل کرنا، پوری کرنا......الثَّوْبَ: کپڑے کا لمبا و کشادہ کرنا......الـرَّجُلُ: پوری زرہ پہننا......لَـهُ النَّـفَقَةَ: کسی کے لئے کشادگی سے خرچ کرنا اور تمام ضروریات پوری کرنا۔

السَّابِغ. فا. دِرْعٌ سَابِغَةٌ: پوری زرہ۔ ج سَـوَابِغ. ذَنَبٌ سَابِغٌ: لمبی دم۔ سَـابِغُ الإِلْيَتَيْنِ: بڑے چوتڑوں والا۔

السَّبْغَة: آسودگی۔ وسعت۔

اَلتَّسْبِيْـغ: علم عروض والوں کے نزدیک فاعلاتن کے آخر میں حرف ساکن زائد کرنا مقطوع رمل: کی قسم ٹن وہ فاعلاتان: ہو جاتا ہے۔

التَّسْبِغ والتَّسْبِغَة خود کا وہ حصہ جو زرہ کی کڑیوں سے مل کر گردن کو چھپاتا ہے۔ ج تَسَابِغ (دونوں لفظ فتحہ با سے بھی ہیں۔)

سَبْغَل. إِسْبَغَلَّ الثَّوْبُ: کپڑے کا پانی سے تر ہونا......الشَّعْرُ: بالوں کا تیل سے تر ہونا۔

المُسْبَغِلّ: فراخ و دراز۔

سَبَقَهُ (ن ض) سَبْقًا. إِلٰى كَذَا: آگے بڑھ جانا......هُ عَـلٰـى كَـذَا: غالب ہونا۔ سَبَقَ عَـلٰـى قَوْمِهِ: قوم سے بخشش و کرم میں بڑھ جانا۔ صفت (سَابِق) ج سَابِقُوْن وسُبَّاق.

سَبَّقَهُ: شرط لینا یا دینا......الشَّـاةُ: بکری کا ناتمام بچہ گرانا......الطَّيْرَ: پرندہ کے پیر میں بندھن ڈالنا۔ سَبَّقَ البَـدْرَةَ بَيْنَ الشُّعَرَاءِ: دس ہزار کی تھیلی شعراء کے درمیان رکھنا تا کہ جو غالب ہو وہ لے لے۔

أَسْبَقَ. القَوْمُ إِلَى الأَمْرِ: سبقت کرنا۔

سَابَقَهُ سِبَاقًا ومُسَابَقَةً: آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَـابَـقْـتُ بَيْنَ الخَيْلِ" میں نے گھڑ دوڑ میں مقابلہ کرایا۔

تَسَابَقَ واِسْتَبَقَ. القَوْمُ: ایک دوسرے پر آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔ اِسْتَبَقَا البَابَ اوالـى البَـاب: دونوں نے دروازے کی طرف آگے بڑھنے کی کوشش کی [illegible] الصِّرَاط: دونوں آگے بڑھ گئے اور راستہ کو چھوڑ دیا۔ یہاں تک کہ گمراہ ہو گئے۔

السَّبَق. ج أَسْبَاق و(السُّبْقَة): شرط جو آگے بڑھنے پر رکھی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے هُمَا (سِبْقَان): وہ دونوں ایک دوسرے پر سبقت کرنے والے ہیں۔

السَّـابِـق: فا۔ گھڑ دوڑ کے میدان کا پہلا گھوڑا۔ اس کو مجلی بھی کہا جاتا ہے بقیہ گھوڑوں کے نام ترتیب وار یہ ہیں۔ الـمُـصَـلِّي. المُسَلِّي. التَّالِي. المُرْتَاح. العَاطِف. الحَظِيّ. المُؤَمِّل. اللَّطِيم. السُّكَيْت. ج سَابِقُوْن وسُبَّاق اور کبھی اس کو اسم قرار دے کر سَوَابِق: جمع لاتے ہیں۔ جیسے خَاتَم وخَوَاتِم.

السَّابِقَة. السَّابِق: کا مؤنث۔ اوّلیت۔ کہا جاتا ہے "لَـهُ سَابِقَةٌ فِي هٰذَا الأَمْرِ" اس کو اس معاملہ میں اوّلیت حاصل ہے۔ ج سَوَابِق وسَابِقَات. السَّوَابِق: گھوڑے۔

السِّبَّاق: بہت آگے بڑھنے والا۔

السِّبَاق: مص۔ پائے بند۔ بندش۔ سِبَـاق الخَيْلِ: گھڑ دوڑ۔

السَّبُوْق والـمُسْبِق. مِنَ الخَيْلِ: آگے بڑھنے والا گھوڑا۔

سَبَكَ (ن ض) سَـبْـكًـا وسَبَّكَ. الفِضَّةَ: پگھلا کر سانچہ میں ڈھالنا......الكَلَامَ: کلام کو حشو و زوائد سے پاک کر کے عمدہ بنانا۔ سَبَّكَتْهُ التَّجَارِبُ: مہذب بنانا۔

اِنْسَبَكَ. الـذَّهَـبُ ونَـحْوُهُ: پگھلنا۔ ڈھلنا۔

السَّبِيْك: پگھلا ہوا۔ میل کچیل سے صاف کیا ہوا۔ کہا جاتا ہے "تِبْرٌ سَبِيْك".

السَّبِيْـكَة: چاندی وغیرہ کا ڈلا جو پگھلا کر سانچہ میں ڈھالا گیا ہو۔ ج سَبَائِك.

الـمَسْبَك: پگھلانے اور ڈھالنے کی جگہ۔ ج مَسَابِك.

اِسْبَكَرَّ: دراز ہو کر لیٹنا......الأَسَدُ حملہ کے وقت دراز ہونا۔ اِسْبَكَـرَتِ الـجَـارِيَةُ:

پورے قد والی ہونا۔
سَبَلَ (ن) سَبْلاً: گالی دینا۔
سَبَّلَ۔ المَالَ: اللہ کی راہ میں خیرات کرنا ...... الشَّیْءَ: مباح کرنا ...... السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔
أَسْبَلَ۔ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا ...... الدَّمْعَ: آنسو بہانا ...... المَاءَ: پانی گرانا ...... الطَّرِیْقُ: بہت آمد ورفت والا ہونا ...... السَّمَاءُ: برسنا ...... الدَّمْعُ او المَطَرُ: بکثرت آنسو بہنا یا بکثرت بارش ہونا ...... الزَّرْعُ: خوشہ نکلنا۔ عَلٰی فُلَانٍ: کسی کے خلاف بہت گفتگو کرنا۔
السَّبَلُ: بارش جو ابھی زمین تک نہ پہنچی ہو۔ آنکھ کی ایک بیماری جس میں آنکھ پر پردہ ہو جاتا ہے۔ بہنے والی بارش یا خون۔ خوشہ۔ تاک۔ اَسْبَلَ الدَّمْعُ او المَطَرُ کا اسم۔ کہا جاتا ہے "سَبَلٌ مِنْ رِمَاحٍ" نیزوں کا مجموعہ خواہ کم ہو یا زیادہ "ثِیَابٌ سَبَلٌ" لٹکائے ہوئے کپڑے۔
السَّبَلَةُ: مونچھ کے بال۔ اوپر کے لب کے درمیان کا دائرہ۔ داڑھی کا اگلا حصہ۔ ج سِبَال (...... والسُّبُوْلَة والسُّبُوْلَة): خوشہ۔ کہا جاتا ہے "مَلَأَ الْاِنَاءَ اِلٰی سَبَلَتِهٖ" اس نے برتن کو کنارہ تک بھر دیا۔ و "جَرَّ سَبَلَتَهٗ" اس نے تکبر سے اپنے کپڑے کھینچے۔ و "بَعِیْرٌ خَشِنُ السَّبَلَةِ" باریک کھال والا اونٹ۔ و "جَاءَ وَقَدْ نَشَرَ سَبَلَتَهٗ" وہ دھمکی دیتا ہوا آیا۔
السَّبِیْلُ راستہ یا واضح راستہ (مذکر و مؤنث) ج سُبُل وسُبْل وأَسْبُل وأَسْبِلَة وسُبُوْل اِبْنُ السَّبِیْلِ: مسافر۔ سَبِیْلُ اللّٰہِ: جہاد۔ طلب علم۔ حج۔ امور خیر جن کا اللہ نے حکم دیا ہو۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ لَكَ عَلَیَّ سَبِیْلٌ" تم کو میرے اوپر مواخذہ کا کوئی حق نہیں۔ و "لَیْسَ عَلَیَّ فِیْ كَذَا سَبِیْلٌ" میرے اوپر اس میں کوئی مواخذہ نہیں اور مولدین کہتے ہیں "مَا عَلَی الْمُحْسِنِیْنَ سَبِیْلٌ" محسن پر کوئی معارضہ نہیں۔ و سَبِیْلُنَا

اَنْ نَفْعَلَ كَذَا" یعنی ہم اس کام کے لائق ہیں۔
السَّبِیْلَة: راستہ یا واضح راستہ۔
السَّابِلَة: رہ چلتا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَبِیْلٌ سَابِلَةٌ": راستہ پر گزرنے والے لوگ۔ ج سَوَابِل۔
عَیْنٌ (سَبْلَاءُ): لمبے پلکوں والی آنکھ۔ اِمْرَأَةٌ سَبْلَاءُ: مونچھوں والی عورت۔
الاَسْبَلُ والمُسْبِلُ والمُسْبَلُ والمُسَبَّلُ والمُسْبَلُ: لمبی مونچھوں والا۔
المُسْبِلُ: گوہ۔ جوئے کے تیروں میں سے پانچواں یا چھٹا تیر۔ ماہ ذی الحجہ۔
اَسْبَنَتِ۔ المَرْأَةُ: ہمیشہ سیاہ تہ بند باندھنا۔
السَّبِیْنَة: عورتوں کا سیاہ تہ بند۔
السَّبَنْتُ والسَّبَنْتَة: عرصہ۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهٗ سَبَنْتًا" اس کے پاس میں نے عرصہ تک اقامت کی۔
السَّبَنْتٰی: دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ چیتا۔ ج سَبَانِت وسَبَاتٍ۔
السَّبَنْدٰی: دلیر۔ جنگ میں پیش قدمی کرنے والا۔ ج سَبَانِد۔
سَبِهَ سَبَهًا وسُبِّهَ تَسْبِیْهًا: بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت (مَسْبُوْه ومُسَبَّه)
السَّبَهُ: بڑھاپے کی وجہ سے زوال عقل۔
رَجُلٌ (سَبِهٌ وسُبَاهٌ): مغرور مرد۔
السُّبَاه: سکتہ۔ زوال عقل۔
رَجُلٌ (مُسَابِیٌّ): بڑھاپے کی وجہ سے عقل زائل شدہ مرد۔
المُسَبَّهُ: فصیح زبان والا۔
سَبَهْلَل: کہا جاتا ہے "جَاءَ الرَّجُلُ سَبَهْلَلًا" مرد بغیر ہتھیار اور ڈنڈے کے آیا۔ یعنی لاپروائی سے آیا یا بغیر کسی کام کے آیا۔ و "هُوَ یَمْشِیْ سَبَهْلَلًا" وہ بیکار آتا جاتا ہے۔
سَبٰی یَسْبِیْ سَبْیًا وسِبَاءً۔ العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا ...... الرَّجُلَ: دور کرنا۔ جلا وطن کرنا۔

الخَمْرَ: شراب کو ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا ...... الخَاطِرُ المَاءَ: پانی تک کھودنا ...... فُلَانًا: کسی کو اپنی محبت میں قید کرنا۔
اِسْتَبٰی اِسْتِبَاءً۔ العَدُوَّ: دشمن کو قید کرنا ...... قَلْبَ فُلَانٍ: کسی کے دل کو اپنی محبت میں قید کرنا ...... الخَمْرَ: شراب ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانا۔
تَسَابٰی۔ القَوْمُ: بعض کا بعض کو قید کرنا۔
تَسَبّٰی۔ فُلَانٌ لِفُلَانٍ: کسی کا کسی سے اظہار محبت کرنا اور اپنی طرف مائل کرانا۔
السَّبْیُ: مص۔ قیدی۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا بِسَبْیٍ كَثِیْرٍ" عموماً اسیر کا لفظ مردوں کے لئے اور سَبْیٌ کا اطلاق عورتوں پر ہوتا ہے۔ ج سُبِیٌّ۔ وسَبْیُ الحَیَّةِ: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔
السَّبِیُّ: قیدی مرد۔ قیدی عورت۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَبِیٌّ وجَارِیَةٌ سَبِیٌّ" ج سَبَایَا سَبِیُّ الحَیَّةِ: سانپ کی کینچلی جس کو چھوڑ دے۔
السَّبِیَّةُ: قیدی عورت۔ ایک شہر سے دوسرے شہر میں بھیجی ہوئی شراب۔ موتی جس کو غوطہ خور نکالے۔
السَّبِیُّ والسَّبَاءُ لکڑی جس کو سیلاب ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائے۔ ج سَوَابِی۔ السَّابِیَا: جنگلی چوہے کے سوراخ کی مٹی۔
السَّتُّ: عیب۔ بری گفتگو۔
السِّتَّةُ: چھ۔ مذکر کے لئے مستعمل ہے اور مؤنث کے لئے سِتٌّ۔
السِّتَات: چھتا۔
السِّتُّوْن: ساٹھ (مذکر و مؤنث)
السَّتَب: ایک قسم کی تیز چال۔
سَتَرَ (ن ض) سَتْرًا وسَتَرًا وسُتُوْرًا۔ الشَّیْءَ: کسی چیز کو چھپانا۔ ڈھانکنا۔
سَاتَرَهٗ مُسَاتَرَةً۔ العَدَاوَةَ: خفی دشمنی کرنا۔
تَسَتَّرَ واِسْتَتَرَ واِنْسَتَرَ: چھپنا۔ ڈھک جانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یَسْتَتِرُ مِنَ اللّٰہِ

بستر" یعنی وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتا نہیں۔

السِّتر: پردہ۔ خوف۔ حیاء۔ ج سُتُور وأستار: کہا جاتا ہے "مَا لَہٗ سِتْر ولا حِجْر" یعنی اسے حیاء و عقل نہیں۔ و "هتك الله سِتْرَہٗ" اللہ نے اس کے پردہ کو پھاڑ دیا۔ یعنی اس کی برائیاں ظاہر کر دیں۔

السَّتَر: مص۔ ڈھال۔

السِّتار: پردہ۔ ج سُتُر: کہا جاتا ہے "مدّ اللَّيلُ سِتارَہٗ" رات نے اپنے پردہ کو پھیلا دیا۔ یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُّتْرَۃُ: ج سُتَر و (السِّتارَۃ) ج سَتائِر: پردہ۔ سُتْرَۃُ السَّطح: چھت پر پردہ کی دیوار۔

السَّتِیر: چھپا ہوا۔ پاکدامن۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَتِيرٌ وامْرَأَۃٌ سَتِيرَۃٌ" ج سُتَراء: مثل فُقَلاء وفُهَلاء۔ وشَجَر سَتِير: بہت ڈالیوں والا درخت۔

المَسْتُور: مفع۔ پاک دامن۔ ج مَسْتُورُون ومَساتِير۔

السَّتّار۔ ساتر: کا مبالغہ اور یہ صفات باری تعالیٰ میں سے ہے۔

الإسْتار۔ مِنَ العَدَدِ: چار ..... فِي الوَزْنِ: چار مثقال۔ ج أساتر وأساتير۔

المِسْتَر والإسْتارَۃ: پردہ۔

المُسْتَتَر: مفع۔ جارِیَۃٌ مُسْتَتَرَۃٌ: پردہ نشین لڑکی۔

المِسْتَع والمُسْتَع: چست و چالاک اور بہت کارگزار مرد۔

السَّتُّوق والسُّتُّوق: کھوٹا درہم جس پر چاندی کا ملمع ہو۔

المُسْتُقَۃ والمُسْتَقَۃ: لمبے آستین کی پوستین۔ چنگ وغیرہ بجانے کا آلہ۔

سَتَلَ (ن) سَتْلاً وتَساتَلَ وانْسَتَلَ واسْتَتَلَ۔ القَوْمُ: پے در پے یکے بعد دیگرے نکلنا ...... اللؤلؤ: موتیوں کا لگاتار گرنا ...... الدَّمْعُ: آنسو قطرہ قطرہ بہنا۔

صفت (ساتِل)

سَطِلَ (س) سَطَلاً وسَاطَلَۃً: پیروی کرنا۔

السَّعَل: مص۔ عقاب یا ایک قسم کا پرندہ جو عقاب یا گدھ کے مشابہ ہوتا ہے۔ ج سِعْلان وسِعْلان۔

السُّتالَۃ: ردی چیز۔

المَسْتَل: تنگ راستہ۔ ج مَساتِل۔

أسْتَنَ۔ الرَّجُلُ فِي السَّنَۃِ: قحط سالی میں پڑنا۔

الأسْتَن والأسْتان: بوسیدہ درخت کی جڑیں۔

الإسْتانَۃ: شہر قسطنطنیہ۔

سَتَہَ (ف) سَتْہًا۔ الرَّجُلَ: پیچھے لگنا۔ چوتڑ پر مارنا۔

السَّتْہ والسِّتْہ والسَّتَہ: سرین۔ ج استاہ۔

الأسْتَہ والسُّتاهِيّ: بڑی سرین والا۔ ج سُتْہ وسُتْهان وسَتاهِيّ: مؤنث سَتْهاء۔

سَتا (ن) سَتْوًا: جلدی کرنا۔

أسْتَى وسَتَّى۔ الثَّوْبَ: کپڑا بننے کے لئے تانے کو پھیلانا۔

السَّتا: تانا۔ بھلائی۔ کہا جاتا ہے "نَالَ مِنْہُ سَتًا" اس نے اس سے بھلائی حاصل کی۔

الأسْتِيّ: تانا تنا ہوا کپڑا۔

سَتاۃُ۔ الثَّوْبِ: کپڑے کا تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا أنْتَ لُحْمَۃً ولا سَتاۃً" نہ تو تو بانا ہے اور نہ تانا۔ یعنی نہ تو تو نافع ہے نہ نقصان رساں۔

سَجَّ (ن) سَجًّا: پتلا پتلا پاخانہ کرنا۔ الحائِطَ: دیوار لیپنا۔

السَّجَّۃ والسَّجاج: بہت پانی والا دودھ۔

السُّجُج: لپی ہوئی چھتیں۔ پاک نفوس۔

المِسَجَّۃ: لکڑی کا ایک اوزار جو لپائی کے کام آتا ہے۔

السَّجْب: پرانی مشک۔ ج سُجُب۔ سِقاءٌ (ساجِبٌ): خشک مشک۔ ج سَواجِب۔

سَجَعَت (ف) سَجْعًا۔ الحَمامَۃُ: کبوتر کا کوکو کرنا (...... وسَجَعَ لَہٗ بِكَلامٍ: تعریض کرنا۔ اشارہ کنایہ سے بات کرنا۔

سَجُحَ (س) سَجْحًا وسَجاحَۃً: اعتدال کے ساتھ طول ہونا۔ کم گوشت والا ہونا ...... الخَدُّ: رخسار کا ملائم ہونا ...... خُلُقُہٗ: اخلاق کا نرم ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي عَقْلِہٖ رَجاحَۃٌ وفِي خُلُقِہٖ سَجاحَۃٌ" اس کی عقل میں پختگی اور اخلاق میں نرمی ہے۔

أسْجَحَ۔ الوَالِيّ: معاف کرنا ...... الرَّجُلُ: نرم اور لطافت آمیز گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "إذَا سَألْتَ فَأسْجِحْ" یعنی جب تم سوال کرو تو نرم الفاظ بولو۔

إنْسَجَحَ۔ لَہٗ بِكَذَا: سخاوت و جواں مردی کیا جانا۔

السُّجُح: نرم آسان۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُجُحٌ" نرم اخلاق کا مرد۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "بُيُوتُهُمْ عَلَى سُجُحٍ وَاحِدٍ" ان کے مکانات ایک اندازہ کے ہیں (...... والسُّجُح) راستہ کا درمیانی حصہ۔

السَّجِيح: نرم و آسان۔

السَّجْحَۃ والسَّجِيحَۃ: عادت۔ فطرت۔ طبیعت۔ السَّجِيحَۃ: اندازہ ...... کہا جاتا ہے "رَكِبَ سَجِيحَۃً رَأيِہٖ" اس نے ایک رائے کو اپنے لئے پسند کیا اور اس پر چل پڑا۔

الأسْجَح: خوبصورت متناسب اعضاء والا۔ مؤنث سَجْحاء۔ ج سُجْح۔

سَجاحِ: بروزن قطام۔ نام ایک عورت کا جس نے حضرت ابوبکر صدیقؓ کے عہد خلافت میں دعوئے نبوت کیا تھا۔

السِّجاح: سامنے۔ کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ سِجاحَ وَجْهِہٖ" میں اس کے منہ کے سامنے بیٹھا۔

السُّجاح: فضائے آسمانی۔

المَسْجُوح والمَسْجُوحَۃ: عادت۔

سَجَدَ (ن) سُجُودًا: فروتنی سے جھکنا۔ عبادت کے لئے زمین پر پیشانی کو رکھنا۔ صفت مذکر (ساجِد) ج سُجَّد وسُجُود و صفت مؤنث (ساجِدَۃ) ج ساجِدات ومَواجِد۔

کہا جاتا ہے "هُوَ سَاجِدُ الْمَنْخِرِ" وہ پست وذلیل ہے۔و "عَيْنٌ سَاجِدَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔و "نَخْلَةٌ سَاجِدَةٌ" جھکا ہوا کھجور کا درخت۔

سَجِدَتْ (س) سَجَدًا. رِجْلُه: پیر کا پھولنا۔

اَسْجَدَ: سر جھکانا۔عَيْنَه: نگاہ پست کرنا۔

الاَسْجَدُ: پھولے ہوئے پاؤں والا۔

السَّجَّادُ: بہت سجدہ کرنے والا۔

السِّجْدَةُ. سجد: کا اسم۔

السجادة والمسجدة: جائے نماز۔

المَسْجَدُ والمَسْجِدُ: سجدہ گاہ۔عبادت گاہ۔ج مَسَاجِد. المَسْجِدُ الحَرَامُ: بیت اللہ شریف۔المَسْجِدُ الاَقْصٰى: مسجد بیت المقدس۔المَسْجِدَانِ: مکہ ومدینہ کی مسجدیں۔

المَسْجَدُ: آدمی کی پیشانی۔ج مَسَاجِد.

سَجَرَ (ن) سَجْرًا. التَّنُّوْرَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا...... المَاءُ النَّهْرَ: پانی کا دریا کو بھرنا...... البَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا...... المَاءُ فِي حَلْقِهِ: پانی ٹپکانا...... الكَلْبَ: گلے میں لکڑی باندھنا...... الشَّيْءَ: بھیجنا(......سَجْرًا وسُجُوْرًا)النَّاقَةُ: لمبی آواز نکالنا۔

سَجَّرَ. المَاءَ: پانی جاری کرنا......التَّنُّوْرَ: تنور میں ایندھن ڈال کر گرم کرنا......النَّاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا۔

سُجِّرَ. البَحْرُ: سمندر کا چڑھنا۔بلند موجوں والا ہونا۔

سَاجَرَهُ: مخلص دوست بنا۔

اِنْسَجَرَ. الاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا......الاِبِلُ فِي سَيْرِهَا: اونٹوں کا لگاتار چلنا۔

السَّجْرُ: مص۔بادل کی گرج۔بِئْرٌ سَجْرٌ: بھرا ہوا کنواں۔

السُّجْرَةُ: پانی جو دریا کو بھر دے۔ج سُجَر (......والسَّجَر)فِي العَيْنِ: سرخی ملی ہوئی سپیدی۔

السَّاجِرُ: فا۔سیلاب جو ہر چیز کو بھر دے۔وہ جگہ جس کو سیلاب آکر بھر دے۔

السَّاجُوْرُ: لکڑی جو کتے کے گلے میں لٹکائی جاتی ہے۔ج سَوَاجِيْر اور اسی سے ہے "سوجر الكَلْبَ" یعنی اس نے کتے کے گلے میں لکڑی لٹکائی اور کہا جاتا ہے "فِي اَعْنَاقِهِمْ سَوَاجِرُ" ان کے گلوں میں طوق ہیں۔

المِسْجَرُ والسَّجُوْرُ: تنور میں جھونکنے کی لکڑی وغیرہ۔

السَّجِيْرُ: مخلص دوست۔ج سُجَرَاءُ.

الاَسْجَرُ: آنکھوں میں سرخی والا۔مؤنث سَجْرَاءُ: خالص کیچڑ والا تالاب۔شیر۔

شَعْرٌ (مُسَجَّرٌ ومُنْسَجِرٌ): لٹکے ہوئے بال۔

المُسَجَّرُ: وہ دریا وغیرہ جس کا پانی کم ہو گیا ہو۔

المَسْجُوْرُ: مفع۔ساکن اور بھرا ہوا۔خالی (ضد)زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔اللُّؤْلُؤُ المَسْجُوْرُ: پروئے ہوئے موتی۔لڑی سے بکھرے ہوئے موتی۔لُؤْلُؤَةٌ مَسْجُوْرَةٌ: بہت آبدار موتی۔

السَّجُوْرِيُّ: بے وقوف۔

سَجِسَ (س) سَجَسًا. المَاءُ: گدلا اور متغیر ہونا۔صفت(سَجِسٌ وسَجْسٌ وسَجِيْسٌ)

سَجَّسَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا بدبودار وخراب ہونا۔

السَّجَسُ: مص۔فساد۔گدلاپن۔کہا جاتا ہے "لَا آتِيكَ سَجِيْسَ اللَّيَالِيْ" میں تیرے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

السَّجْسَجُ: زمین جو نہ سخت ہو نہ نرم۔پو پھٹنے اور آفتاب نکلنے کے درمیان کا وقت۔کہا جاتا ہے "يَوْمٌ سَجْسَجٌ" دن کہ جس میں نہ تو تکلیف دہ گرمی ہو اور نہ سخت سردی ہو۔و "هَوَاءٌ سَجْسَجٌ" گرم اور سرد کے درمیان معتدل فضا۔"رِيْحٌ سَجْسَجٌ" نرم و معتدل ہوا۔ج سَجَاسِيْج وسَجَاسِج.

سَجَعَ (ف) سَجْعًا. الخَطِيْبُ: مقفّٰی کلام بولنا۔صفت(سَاجِع وسَجَّاع وسَجَّاعَة) الحَمَامَةُ: کبوتر کا کوکو کرنا۔صفت(سَاجِعَة وسَجُوْع). ج سُجَّع وسَوَاجِع...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا لمبی آواز نکالنا(اور یہ کمان کے لئے بھی مستعمل ہے)......کہا جاتا ہے "سَجَعَ فُلَانٌ ذٰلِكَ المَسْجَعَ" فلاں نے اس مقصد کا ارادہ کیا۔

سَجَّعَ. الخَطِيْبُ والحَمَامَةُ: بمعنی سَجَعَ (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)

السَّاجِعُ: فا۔گفتگو۔رفتار وغیرہ میں درمیانی چال چلنے والا۔وَجْهٌ سَاجِعٌ: اچھی خلقت کا معتدل چہرہ۔نَاقَةٌ سَاجِعَةٌ: طرب ونشاط کے ساتھ آواز نکالنے والی اونٹنی۔

السَّجْعُ: مقفّٰی کلام۔ج اَسْجَاع.

السَّجْعَةُ والاُسْجُوْعَةُ: قافیہ دار کلام کا ایک ٹکڑا۔ج اَسَاجِيْع.

المَسْجَعُ: مقصد۔

سَجَفَ (ن) سَجْفًا وسُجُوْفًا. البَيْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا۔

سَجِفَ (س) سَجَفًا: پتلی کمر والا ہونا۔

اَسْجَفَ. السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔البَيْتَ: مکان کا پردہ لٹکانا......اللَّيْلُ: تاریکی بڑھنا۔

السَّجْفُ والسِّجْفُ. ج سُجُوْف واَسْجَاف و(السِّجَاف والسَّجِيْف) دروازے کے دو پردے جن کے بیچ میں کھلا ہوا ہو۔پردہ۔السِّجَافُ: گوٹ۔سنجاف۔کہا جاتا ہے "اَرْخَى اللَّيْلُ سُجُوْفَه" رات نے پردے ڈال لئے۔یعنی تاریکی پھیل گئی۔

السُّجْفَةُ: رات کا ایک حصہ۔

السِّجَافَةُ: پردۂ حجاب۔

سَجَلَ (ن) سَجْلًا. بِه: اوپر سے پھینکنا...... المَاءَ: پانی گرانا...... الكِتَابَ: لگاتار پڑھنا۔

سَجَّلَ. بالشَّيْءِ: اوپر سے پھینکنا۔سَجَّلَ. الرَّجُلُ: عہد نامہ لکھنا......الاَوْرَاقَ: بکھری

اور محکموں میں اوراق کو تحریر میں لانا۔
الْقَاضِيْ عَلَيْهِ: فیصلہ کرنا...... بِهٖ
بکذا: مشہور کرنا...... لَهٗ بِمَالِهٖ: ثابت کرنا۔
سَاجَلَهٗ مُسَاجَلَةً وسِجَالاً: مقابلہ کرنا۔ دوڑ
یا شعر گوئی میں مقابلہ کرنا۔
اَسْجَلَ: بہت خیر والا ہونا...... ہ: بہت
دینا۔ الحَوْضَ: بھرنا۔ الكَلَامَ: کلام کو بلا
کسی قید کے بولنا۔ النَّاسَ: چھوڑنا۔
لَهُمُ الْاَمْرَ: لوگوں کے لئے کسی معاملہ کو مباح
کردینا اور اسی سے ہے "هٰذَا مُسْجَلٌ لَهٗ
اِنْ شَاءَ اَخَذَهٗ وَاِنْ شَاءَ تَرَكَهٗ" یہ اس کے
لئے مباح ہے چاہے لے لے چاہے چھوڑ
دے۔ "اَسْجَلَ الْاَنْعَامَ فِي الزَّرْعِ" کھیت
میں جانوروں کو آزادانہ چھوڑنا۔
تَسَاجَلَا: باہم مقابلہ کرنا۔
اِنْسَجَلَ: اوپر سے گرنا۔ کہا جاتا ہے "سَجَلَ
الْمَاءَ فَانْسَجَلَ" اس نے پانی گرایا پس وہ
گرا۔
السَّجْلُ: مص۔ بڑا ڈول جس میں پانی ہو۔
ڈول بھر۔ عطیہ۔ سخی مرد۔ بڑا تھن۔ ج
سِجَالٌ وسُجُوْلٌ اور کہا جاتا ہے "اَلْحَرْبُ
بَيْنَهُمْ سِجَالٌ" یعنی لڑائی میں غلبہ کبھی ایک کو
ہوتا ہے کبھی دوسرے کو۔ السِّجْلُ: حصہ۔ کہا
جاتا ہے "اَعْطَاهُ سِجْلَهٗ مِنْ كَذَا" اس نے
اس کو اس کا حصہ فلاں چیز سے دیا۔
السِّجِلُّ: معاہدات کا رجسٹر۔ احکام کا
رجسٹر۔ قاضی کا رجسٹر جس میں دعوے اور
احکام وغیرہ لکھے جاتے ہیں تاکہ قاضی کے
پاس محفوظ رہے۔ ج سِجِلَّاتٌ۔
السِّجِّيْلُ: کنکر۔
عَيْنٌ (سَجُوْلٌ): بہت آنسو بہانے والی
آنکھ۔
السُّجْلَةُ: حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ
سُجْلَةً مِنْ كَذَا" اس نے اس کو اس کا حصہ
فلاں چیز سے دیا۔ شَيْءٌ سَجِيْلٌ: بہت سخت
چیز۔ ضَرْعٌ سَجِيْلٌ: لٹکا ہوا بڑا تھن۔ دَلْوٌ
سَجِيْلٌ وسَجِيْلَةٌ: بڑا ڈول۔ نَاقَةٌ

سَجْلَاءُ: بڑے تھنوں والی اونٹنی۔
السَّوْجَلَةُ والسَّوْجَلُ والسَّاجُوْلُ: شیشی کا
غلاف۔ ج سَوَاجِيْلُ۔
الْمُسْجَلُ: مفع۔ ہر ایک کے لئے جائز۔ کہا
جاتا ہے "فَعَلْنَاهُ والدَّهْرُ مُسْجَلٌ" ہم
لوگوں نے اس کام کو ایسے وقت میں کیا کہ
کوئی کسی سے نہیں ڈرتا تھا۔
السِّجِلَّاطُ: چنبیلی۔
سَجَمَ (ن) سُجُوْمًا وسِجَامًا۔ الدَّمْعُ:
آنسو بہنا۔ صفت (سَاجِمٌ)
سَجَمَ (ن ض) سَجْمًا وسُجُوْمًا عَنِ
الاَمْرِ: دیر کرنا۔ (ض ن) سَجْمًا وسُجُوْمًا
وسَجَمَانًا الْعَيْنُ اَوِ السَّحَابَةُ الْمَاءَ: آنکھ کا
آنسو یا بادل کا پانی بہانا۔
سَجَّمَ تَسْجَامًا وتَسْجِيْمًا واَسْجَمَ۔ الْمَاءَ
: پانی گرانا۔ اَنْسَجَمَتِ السَّحَابَةُ: دیر تک
برسانا۔
اِنْسَجَمَ۔ الْمَاءُ: پانی گرنا۔ بہنا...... الْكَلَامُ
: کلام کا مرتب ہونا۔
تَسَاجَمَتِ۔ الدُّمُوْعُ: آنسو بہنا۔ گرنا۔
اَلسَّجْمُ: پانی۔ آنسو۔
عَيْنٌ (سَجُوْمٌ): آنسو بہانے والی آنکھ۔ ج
سُجُوْمٌ۔ نَاقَةٌ (سَجُوْمٌ ومِسْجَامٌ): بہت
دودھ والی اونٹنی۔ ج سُجُوْمٌ ومَسَاجِيْمُ۔
مَكَانٌ (مَسْجُوْمٌ): بارش شدہ جگہ۔
سَجَنَهٗ (ن) سَجْنًا: قید کرنا۔ سَجَنَ الْهَمَّ
: غم پوشیدہ کرنا۔
سَجَّنَ۔ الشَّيْءَ: پھاڑنا۔
السِّجْنُ: قید خانہ۔ ج سُجُوْنٌ۔
السَّجَّانُ: داروغہ جیل۔
السَّجِيْنُ: قیدی۔ ج سُجَنَاءُ وسَجْنَى۔
مؤنث سَجِيْنٌ وسَجِيْنَةٌ ج سَجْنَى
وسَجَائِنُ۔ ضَرْبٌ سِجِّيْنٌ: سخت مار جو
مضروب کو زمین پر بٹھا دے۔
اَلْمَسْجُوْنُ: مفع۔ قیدی۔
السَّاجِنَةُ۔ السَّاجِنُ کا مؤنث۔ پہاڑ میں
پانی بہنے کی جگہ۔ ج سَوَاجِنُ۔

السِّجِّيْنُ: ہمیشہ۔ سخت۔ وہ شخص جو ہمیشہ بلا
بیوی کے رہے۔ ایک مقام کا نام جس میں
کفار و فجار کے اعمال نامے ہیں۔ جہنم کی
ایک وادی کا نام۔ برملا و اعلانیہ۔ کہا جاتا
ہے "جَاءَ سِجِّيْنًا" وہ برملا آیا۔ کھجور کے
درخت کے اردگرد کا گڑھا۔
السَّجَنْجَلُ: آئینہ۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج
سَنَاجِلُ۔
سَجَا يَسْجُوْ سَجْوًا وسُجُوًّا۔ اللَّيْلُ: رات
کا سنسان ہونا۔ ہمیشہ رہنا۔ النَّاقَةُ: لمبی آواز
نکالنا۔
سَجَّى تَسْجِيَةً۔ الْمَيِّتَ: میت کو کپڑے
سے ڈھکنا اور اسی سے ہے "سَجِّ مَعَايِبَ
اَخِيْكَ" اپنے بھائی کے عیوب کو چھپاؤ۔
اَسْجَتْ اِسْجَاءً۔ النَّاقَةُ: اونٹنی کا زیادہ
دودھ والی ہونا۔ اَسْجَى الْبَحْرُ: سمندر کی
موجوں میں سکون ہونا...... الوَجْلَ: کسی چیز کو
چھپانا۔
سَاجَاهُ: کسی کام کو ہمیشہ کرنا۔ کہا جاتا ہے
"اَتَانَا بِالطَّعَامِ فَمَا سَاجَيْنَاهُ" وہ ہمارے
پاس کھانا لایا ہم نے اس کو نہیں چھوا۔
السَّاجِيْ: فا۔ ساکن۔ قرار یافتہ۔ نرم۔ کہا
جاتا ہے "عَيْنٌ سَاجِيَةٌ" جھکی ہوئی آنکھ۔
"وَلَيْلَةٌ سَاجِيَةٌ" سنسان رات۔ بہت
تاریک رات جو ہر چیز کو ڈھانک لے۔
اِمْرَاَةٌ (سَجْوَاءُ) الطَّرْفِ: جھکی ہوئی نگاہ
والی عورت۔ نَاقَةٌ سَجْوَاءُ: دوہنے کے وقت
خاموش رہنے والی اونٹنی۔ رِيْحٌ سَجْوَاءُ: نرم
ہوا۔
السَّجِيَّةُ: طبیعت۔ عادت۔ ج سَجِيَّاتٌ
وسَجَايَا۔
سَحَّ (ن) سَحًّا: بہت موٹا ہونا۔
الْمَاءَ: پانی کو لگاتار بہت گرانا اور اسی سے
ہے "اِسْتَنْشَدْتُهُ قَصِيْدَةً فَسَحَّهَا عَلَيَّ
سَحًّا" میں نے اس سے قصیدہ پڑھوایا اس
نے میرے سامنے لگاتار پڑھا...... ہ: مارنا۔
کہا جاتا ہے "سَحَّهٗ مِائَةَ سَوْطٍ" اس نے

اس کو سو کوڑے مارے (...... سَحًّا و سُحُوْحًا
و تَسَحْسَحَ): بہت بہنا۔
سَحَّتْ (ض) سُحُوْحًا و سُحُوْحَةً:
الشَّاةُ: بہت موٹی ہونا گویا کہ موٹاپے کی وجہ
سے چربی بہاتی ہے۔ صفت (سَاحٌّ و سَاحَّة)
ج سِحَاح و سُحَاح.
اِنْسَحَّ. اِبِطُ البَعِيْرِ عَرَقًا: اونٹ کی بغل
سے پسینہ بہنا۔
السَّحُّ و السُّحُّ: خشک متفرق کھجوریں۔
السَّحَاح: فضاء آسمانی۔
سَحَابَةٌ (سَحُوْحٌ): بہت بارش والا بادل۔
غَارَةٌ (سَحَّاء): اچانک دشمن پر مصیبت
لانے والی لوٹ۔
عَيْنٌ (سَحَّاحَةٌ): بہت آنسوؤں والی آنکھ۔
فَرَسٌ (مِسَحٌّ) تیز رفتار عمدہ گھوڑا۔
سَحَبَهُ (ف) سَحْبًا: زمین پر گھسیٹنا۔
الرَّجُلُ: بہت کھانا پینا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ
يَسْحَبُ ذَيْلَهُ" وہ متکبرانہ چال چلتا ہوا آیا۔
تَسَحَّبَ. عَلَيْهِ: ناز کرنا...... مِنَ الْاَكْلِ
اوالشُّرْبِ: بہت کھانا...... پینا...... فِيْ حَقِّ
فُلَانٍ: چھین کر اپنے حق میں ملا لینا۔
اِنْسَحَبَ: گھسٹنا۔
السُّحْبَةُ: آنکھ کا پردہ (...... والسُّحَابَة)
تالاب کا باقی ماندہ پانی۔
السَّحَاب: بادل۔ ج سُحُب: واحد
(سَحَابَة) ج سَحَائِب: کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ
عِنْدَهُ سَحَابَةَ يَوْمِنَا" میں نے اس کے پاس
پورے دن اقامت کی۔
السَّحْبَل: کشادہ وادی۔ بڑا ڈول۔ بڑی
مشک۔ بڑا پیٹ۔ بڑی گوہ۔
سَحَتَ (ف) سَحْتًا و سُحْتًا: حرام مال
کمانا...... ہ: ہلاک کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ ذبح
کرنا۔ سَحَتَ الشَّحْمَ عَنِ اللَّحْمِ: چربی کو
گوشت سے علیحدہ کرنا...... وَجْهَ الْاَرْضِ
: مٹانا۔
اَسْحَتَهُ: خراب کرنا۔ ہلاک کرنا۔ جڑ سے
اکھیڑنا۔ اَسْحَتَتْ تِجَارَتُهُ: تجارت میں

حرام داخل ہونا۔
اُسْحِتَ: مال ضائع ہونا۔
السَّحْت: مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ عذاب اور کہا
جاتا ہے "ضَالَّةٌ اَوْ دَمُهُ سَحْتٌ" اس کا مال یا
خون اس شخص کے لئے جو ان کو معدوم کرے
مباح ہے۔
السُّحْت و السُّحُت: حرام۔ ہر وہ کمائی جو
خبیث و قبیح ہو اور اس سے عار لازم آئے۔
جیسے رشوت وغیرہ۔ ج اَسْحَات.
مَالٌ (سُحْتٌ و سُحُتٌ و سَحِيْتٌ
و مُسْحَتٌ و مَسْحُوْتٌ): تلف شدہ مال۔
ہلاک شدہ مال۔ رَجُلٌ سُحْتٌ و سَحِيْتٌ:
بڑا پیٹو۔ آسودہ ہونے والا۔ عَامٌ (اَسْحَتُ)
و اَرْضٌ (سَحْتَاء): بے نباتات والا سال یا
زمین۔
السُّحْتُوت و السِّحْتِيْت: کم روغن اور
زیادہ پانی والا ستو۔ تھوڑی چیز۔
السُّحْتُوت و السِّحْتِيّ: پرانا کپڑا۔
السَّحِيْتَة: سب کچھ بہا لے جانے والا
بادل۔
ج سَحَائِت.
مَسْحُوْتُ. الْجَوْفِ و الْمِعْدَةِ: آسودہ نہ
ہونے والا۔ زیادہ بدہضمی ہونے والا۔
(ضد)
سَحَجَهُ (ف) سَحْجًا و سَحْجَةً: چھیلنا......
الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: کسی چیز کو کسی چیز سے رگڑ کر
چھیلنا۔ صفت مفعولی (مَسْحُوْج و سَحِيْج)
سَحَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا جلدی چلنا۔
تَسَحَّجَ و اِنْسَحَجَ: چھلنا۔
السَّحَّاج: بہت چھلنے والا۔ کہا جاتا ہے
"زَمَنٌ سَحَّاجٌ" بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو
چھیل کر رکھ دے۔
السَّحُوْج و الْمِسْحَاج: بہت قسم کھانے
والی عورت۔
الْمِسْحَج و الْمِسْحَاج. مِنَ الدَّوَابِّ: تیز
چلنے والا جانور۔ دانتوں سے بہت کاٹنے
والا۔

المِسْحَاج: لکڑی کاٹنے کا اوزار۔ زمن
مِسْحَاج: بہت سخت زمانہ جو ہر چیز کو چھیل
دے۔
سَحَرَهُ (ف) سِحْرًا: دھوکا دینا۔ جادو
کرنا۔ فریفتہ کرنا...... ہ عن كَذَا: پھیرنا۔
دور کرنا۔
سَحَرَ عن الاَمْرِ: کسی معاملہ سے دور ہونا
...... و سَحَرَ الفِضَّةَ: چاندی پر سونے کا
جھول چڑھانا۔
سَحَرَهُ (ف) سَحْرًا: پھیپھڑے پھاڑنا۔
صفت مفعولی (مَسْحُوْر و سَحِيْر) ......
المَطَرُ الطِّيْنَ: خراب کرنا۔
سَحِرَ (س) سَحَرًا: صبح سویرے آنا۔ ڈول
وغیرہ کھینچنے سے پھیپھڑے کا کٹ جانا۔
صفت (سَحِر و سَحِيْر)
سَحَّرَهُ: جادو کرنا۔ سحری دینا یا کھلانا۔ غذا
دینا۔ مشغول کرنا۔
اَسْحَرَ: صبح کے وقت جانا۔
تَسَحَّرَ: سحری کھانا۔
اِسْتَحَرَ: صبح کے وقت میں داخل ہونا یا صبح
کے وقت نکلنا۔ الدِّيْكُ: مرغ کا صبح کے
وقت بانگ دینا۔
السِّحْر: مص۔ وہ چیز جس کا ماخذ لطیف و
دقیق ہو۔ باطل کو حق کی صورت میں ظاہر
کرنا۔ جادو۔ دھوکا۔ حیلہ۔ فساد۔ ہر وہ چیز
جس کے حاصل کرنے میں شیطانی تقرب کی
ضرورت ہو۔ ج اَسْحَار و سُحُوْر. السِّحْر
الکلامی: کلام کی لطافت جو جادو کا کام
کرے اور خیالات کو پلٹ دے اور اسی سے
ہے "اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْرًا".
السَّحَر: صبح سے کچھ پہلے۔ السَّحَر الاَعْلٰى
: صبح کاذب۔ و السَّحَر الآخِر: صبح صادق۔
السُّحْرَة: ہر چیز کا کنارہ۔ ج اَسْحَار.
السَّحْر و السَّحَر و السُّحْر: پھیپھڑا۔ ج
سُحُوْر و سُحُر و اَسْحَار اور کہا جاتا ہے
"اِنْقَطَعَ مِنْهُ سَحَرِی" میں اس سے ناامید
ہو گیا۔ "و انْتَفَخَ سَحْرُهُ" وہ بزدل ہو گیا۔

گویا خوف کی وجہ سے اس کا پھیپھڑا پھول گیا۔ و "مَاتَ فلان بَیْنَ سَحْرِی وَنَحْرِی" فلاں کا انتقال میرے سینے سے ٹیک لگائے ہوئے ہوا۔

السَّحَرِی والسَّحَرِیَّة: صبح سے کچھ پہلے۔

السُّحْرَة: صبح کاذب۔

السُّحَارَة: پھیپھڑا۔مِنَ الشاة: بکری کے پھیپھڑے اور نرخرہ کا وہ حصہ جس کو قصاب کاٹ لیتا ہے۔

السَّحُوْر: سحری۔ وہ کھانا جو صبح سے کچھ پہلے کھایا جائے۔

السَّحِیْر: پیٹ کی بیماری والا......مِنَ الخیل: بڑے پیٹ والا گھوڑا۔

السَّحَّار: جادوگر۔

السَّاحِر: فا۔ عالم۔ ج سَحَرة وسُحَّارٌ وسُحَّارٌ وسَاحِرُوْنَ: مؤنث السَّاحِرَةُ. ج سَاحِرَات وسَوَاحِر.

السَّوْحَر: بید کا درخت۔

المُسَحَّر: وہ شخص جس کا پھیپھڑا دور کر دیا گیا ہو۔ خوف دلایا ہوا۔ جادو کیا ہوا۔ کھوکھلا۔

المَسْحُوْرَة: مفع۔ خراب کیا ہوا کھانا۔ کثرت بارش یا کسی اور وجہ سے خراب جگہ۔

عنز مَسْحُوْرَة: کم دودھ والی بھیڑ۔

اَرْض مَسْحُوْرَة: بنجر زمین۔

تَسَحْسَحَ. المَاءُ: پانی کا اوپر سے بہنا۔

السَّحْسَح والسَّحْسَحَة: گھر کا صحن (السَّحْسَح والسَّحْسَاح) مِنَ المطر: بہت سخت بارش جو زمین کے کنکر پتھر وغیرہ کو بہا لے جائے۔

سَحَطَ (ف) سَحْطًا ومَسْحَطًا: جلدی ذبح کرنا......الطَّعَامُ: پھندا لگانا...... سَحَطَ الشَّرابَ: پانی ملانا......السَّخلَ: بکری کے بچے کو ماں کے ساتھ چھوڑنا۔

اِنْسَحَطَ. من یده: ہاتھ سے پھسل کر گرنا ......عن النَّخلة ونحوها: لٹکنا اور بغیر ہاتھ سے پکڑے ہوئے اترنا۔

المَسْحَط: حلق۔

شَاة (سَحِیْط ومَسْحُوْطَة): ذبح کی ہوئی بکری۔

سَحَفَ (ف) سَحْفًا. الشَّعَرَ عَنِ الجِلْدِ: بال کو کھال سے زائل کرنا......الرَّاسَ: سر مونڈنا (......واَسْحَفَتِ) الرِّیْحُ السحاب: ہوا کا بادلوں کو اڑا دینا۔ و اَسْحَف

السَّحْفَة: پیٹھ کی چربی کو بیچنا۔

السَّحْفَة: پیٹھ کے اوپر کی چربی۔ ج سِحَاف وسُحُف.

السُّحَاف: سل کی بیماری۔

السَّحِیْف: چکی کی آواز پیسنے کے وقت۔ دودھ دوہنے کی آواز۔

السَّحِیْفَة: سخت بارش جو ہر چیز کو بہا لے جائے۔ چربی جو چھیل کر جدا کی جائے۔ ج سَحَائِف.

السَّحُوْف: سخت بارش جو ہر چیز کو بہا لے جائے "نَاقَةٌ سَحُوْف" بے چربی والی اونٹنی۔ اونٹنی جس کے تھن لمبے ہوں اور تھن کے سوراخ تنگ ہوں۔ جَمَلٌ اَوْنَاقَةٌ سَحُوْف: زیادہ چربی والا اونٹ یا اونٹنی۔

مَسْحَف. الحَیَّة: زمین پر سانپ کے چلنے کے نشانات۔

المِسْحَفَة: گوشت چھیلنے اور چمڑا کھرچنے کا آلہ۔

رَجُلٌ (مَسْحُوْف): سل کی بیماری والا۔

اَرْض (مُسْحِفَة): باریک گھاس والی زمین۔

سَحَقَهُ (ف) سَحْقًا: بہت زیادہ کوٹنا۔ باریک کرنا۔ ہلاک کرنا......الرِّیْحُ الارضَ: ہوا کا تیز چلنے کی وجہ سے صاف کر دینا ......الرَّاسَ: سر مونڈنا......الشَّیْئُ الشدیدَ: نرم کرنا......القَمْلَةَ: جوں کو مار ڈالنا...... الثَّوبَ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ کرنا...... العینُ ومعها: آنکھ کا آنسو بہانا۔ کہا جاتا ہے "سَحَقَه اللّٰه" اللہ نے اس کو دور کر دیا۔

سَحِقَ (س) وسَحُقَ (ک) سَحْقًا: دور ہونا۔

سَحُقَ (ک) سُحُوْقَة. الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ پرانا ہونا......النخلَةُ: درخت خرما کا طویل ہونا۔ صفت (سَحُوْق) ج سُحُق.

سَحَّقَ: بہت باریک پیسنا۔

اَسْحَقَهُ: دور کرنا۔ ہلاک کرنا......الثوبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا......خُفُّ البَعِیْر: گھس جانا۔ الضَّرْعُ: دودھ خشک ہو جانا اور تھن کا پیٹ سے لگ جانا۔

اِنْسَحَقَ: باریک ہونا......القلبُ: دل کا شکستہ ہونا......الشَّیْئُ: کشادہ ہونا' دور ہونا ......الثوبع: باوجود نئے ہونے کے رواں گر جانا۔ ......الدلو: ڈول کا خالی ہو جانا۔

السَّحْق: مص۔ بوسیدہ کپڑا۔ کہا جاتا ہے "ثوبٌ سَحْقٌ وسَحْقُ ثوب" باعتبار وصف یا اضافت کے۔ نیز کہا جاتا ہے "سحق درهم" کھوٹا درہم ج سُحُوق.

السُّحْق والسُّحُق: دوری۔ کہا جاتا ہے "سُحْقًا لَهُ" یعنی اللہ اس کو اپنی رحمت سے دور کرے۔

السَّحِیْق: دور۔ مِسْکٌ سَحِیْقٌ: باریک پسی ہوئی مشک۔

السَّوْحَق: لمبا یا لمبا مرد۔

السَّحَاقَة: بہت پیسنے والا۔ اِمْرَأة سحاقة: عورت جس کی پستانیں بہت لمبی ہوں اور لٹک آئی ہوں۔

السَّحِیْقَة. سحیق: کا مؤنث۔ زور کی بارش جو ہر چیز کو بہا لے جائے۔ ج سَحَائِق.

ومع (منسحق): بہے ہوئے آنسو۔ ج مَسَاحِیق (نادر) کہا جاتا ہے "جَرَتْ مِنْ عَیْنِهٖ مَسَاحِیْقُ الدُّمُوْع" اس کی آنکھ سے آنسوؤں کی قطاریں بہہ پڑیں۔

الاَسْحَق: دور۔

لمِسْحَق: جس سے پیسا جائے۔

سَحَلَ (ف) سَحْلاً. الشَّيْءَ: چھیلنا۔ پیسنا۔ کوٹنا۔۔۔۔۔الرجلَ: گالی دینا۔ ملامت کرنا۔ ۔۔۔۔۔الغريمَ مائة درهم: قرض خواہ کو نقد ادا کرنا۔ ۔۔۔۔۔ہ مائة سوط: مارنا۔۔۔۔۔الثوبَ: کچے دھاگے سے بنا۔ الحَبلَ: رسی کو اکہرا بٹنا۔ سَحَلَتْ سَحْلاً وسُحُولاً. العينُ: رونا۔

سَحَلَ (ض) سَحِيلاً وسُحَالاً. البغلُ: خچر کا ہنہنانا۔

سَاحَلَهُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ سَاحَلَ القَوْمَ بأولادهم: ساحل پر لانا۔

أَسْحَلَهُ: گالی خوردہ پانا۔

إِنْسَحَلَ: چھلنا۔ پسنا۔ باریک ہونا۔ بالكلام: گفتگو جاری کرنا۔ اِنْسَحَلَتِ الدراهمُ: چمکدار ہونا۔

السَّحْلُ: مص (السَّحْل) ج أَسْحَال وسُحُول وسَحْل و(السَّحِيلُ) کپڑا جس کا سوت کچا ہو۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔

السَّاحِلُ: فا۔ سمندر کا کنارہ۔ ج سَوَاحِلُ.

السِّحَالُ: لگام۔

السَّحْلَةُ: چھوٹا خرگوش جو اپنی ماں سے جدا ہوگیا ہو۔

السُّحَالَةُ: چاندی، سونے کا بُرادہ۔ گیہوں، جو کی بھوسی۔ ناکارہ لوگ۔

الإِسْحِلُ: ایک درخت کا نام جس کی مسواکیں بنائی جاتی ہیں۔

الأَسَاحِلُ: پانی کی نالیاں۔

المِسْحَلُ: سنگ تراشی کا اوزار۔ ریتی۔ زبان۔ لگام۔ بلیغ خطیب۔ بہادر۔ چست ساتی۔ جلاد۔ حدود کو قائم کرنے والا۔ پختہ ارادہ۔ اکہری بٹی ہوئی رسی۔ گمراہی۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ فُلَانٌ مِسْحَلَهُ" فلاں نے گمراہی اختیار کی۔ المِسْحَلُ: شیطان۔ داڑھی کی ایک جانب چھلنی۔ توشہ دان کا منہ۔ بہت پانی والا۔ پرنالہ۔ بہت بارش۔ خسیس آدمی۔ سخاوت و فیاضی۔ گدھے کا بچہ۔ گورخر۔ ماہر قرآن۔ روئی کا پاکیزہ کپڑا۔ ج مَسَاحِلُ.

السُّحَالُ والسَّحِيلُ: ہنہناہٹ۔

شَابٌ (مُسْحَلَانٌ ومُسْحُلَانِيٌّ): لمبا یا سیدھے بالوں والا جوان۔ مؤنث مُسْحُلَانَةٌ و مُسْحُلَانِيَّةٌ)

المَسْحُولُ: مفع۔ چھوٹا۔ حقیر۔ ہموار کشادہ جگہ۔

السُّحْلُبِيَّاتُ: تحلی انگوریاں جو کہ اپنی ترکیب میں بے مثل ہیں ان کے پھول مرغوب ہوتے ہیں۔ ان کا عرق نچوڑ کا پیا جاتا ہے۔

السَّحْلَلُ: بڑے پیٹ والا۔

سَحِمَ (س) وسَحُمَ (ک) سَحَمًا: کالا ہونا۔ صفت (أَسْحَمُ) مؤنث سَحْمَاءُ. ج سُحْمٌ.

سَحَّمَ. وَجْهَهُ: چہرہ کالا کرنا۔

أَسْحَمَتِ. السماءُ: برسانا۔

السُّحَامُ والسُّحَامُ والسُّحْمَةُ: سیاہی۔

الأَسْحَمُ: سینگ۔ بادل۔ سرپستان۔ شراب کی مشک۔ بت۔ خون جس میں قسم کھانے والے اپنے ہاتھ کو ڈبوتے تھے۔

الَمِسْحَمُ: لوہا۔۔۔۔۔والسَّحِيمُ والأَسْحَمَانُ): ایک درخت کا نام۔

السَّحَمَةُ: لوہے کا ٹکڑا۔

السُّحَيْمُ: لوہار کے ہتھوڑے۔

سَحَنَ (ف) سَحْنًا. الحَجَرَ: پتھر توڑنا۔۔۔۔۔الخشبةَ: لکڑی کو رگڑ کر نرم و چمکدار بنانا ۔۔۔۔۔الشيءَ: باریک پیسنا۔

سَاحَنَهُ: ملاقات کرنا۔ بہتر میل ملاپ سے رہنا۔ سَاحَنَةَ الشَّيْءَ: کسی چیز میں شرکت کرنا (۔۔۔۔۔وتَسَحَّنَهُ) کسی کے چہرہ مہرہ رنگ و روغن کو دیکھنا۔

السَّحْنَةُ والسِّحْنَةُ والسَّحْنَاءُ والسَّحَنَاءُ: ہیئت رنگ کھال کی تابانی۔

المِسْحَنَةُ: پتھروں کو توڑنے کا اوزار۔ ج مَسَاحِنُ.

سَخَاهُ يَسْخَاهُ ويَسْخُوهُ ويَسْخِيهِ سَخْيًا: چھیلنا۔۔۔۔۔الطِّينَ: کھرچنا۔ صفت (سَاخٍ) ج سُخَاةٌ وسَاخُونَ: مؤنث سَاخِيَةٌ۔۔۔۔۔الشعرَ: مونڈنا (۔۔۔۔۔وأَسْخَى إِسْخَاءً وسَخَّى تَسْخِيَةً) الكتابَ: خط پر کسی چیز سے مہر کرنا۔

إِسْتَخْى إِسْتِخَاءً. الشيءَ: چھیلنا۔ الشعرَ: مونڈنا۔ اِسْتَخْى مِنْهُ: شرم کرنا۔

السِّخَاءُ. مِنَ الكتابِ خط پر مہر کرنے کی چیز۔ واحد سِخَاءَةٌ. السِّخَاءَةُ: دماغ کی جھلی۔ ج سَخَايَا.

السَّخَاةُ: میدان۔ جانب۔ ایک قسم کی خاردار گھاس۔ چکاوڑ۔ ج سَخًى.

السِّخَايَةُ: بادل کا ٹکڑا۔ دماغ کی جھلی۔ کسی چیز کا برادہ۔ بیلچہ بنانے کا پیشہ۔

السَّاخِيَةُ: سیلاب، زور کی بارش۔ السَّخَّاءُ: بیلچہ بنانے والا۔

الأَسْخُوَانُ: بہت کھانے والا۔ لمبے قد کا خوبصورت۔

المِسْخَاةُ: بیلچہ۔ کدال۔ ج مَسَاخٍ.

سَخَّتْ (ن) سَخًّا. الجرادةُ: ٹڈی کا زمین میں دم چبھونا۔۔۔۔۔فِي السَّيْرِ او الحفرِ: دور تک جانا یا کھودنا۔

السَّخَاخُ: نرم عمدہ زمین۔

سَخَا (ف) سَخًّا. النارُ تحتَ القِدْرِ: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا۔ سلگانا۔

السَّخَبُ: شور۔

السِّخَابُ: لونگ وغیرہ کا ہار جس میں موتی جواہر وغیرہ نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "وَجَدْتُكَ وَارِثَ السِّخَابِ" یعنی میں نے تم کو مانند بچے کے ناسمجھ پایا۔ ج سُخُبٌ.

إِسْخَاتَّ إِسْخِيتَاتًا. الجُرحُ: زخم کے ورم کا ہلکا ہونا۔

السُّخْتُ السِّخْتِيتُ: سخت۔

السُّخْتُ: کھر دار جانوروں کے پیٹ سے جو کچھ نکلے قبل اس کے کہ کچھ کھائیں۔

السَّخُوت: تاباں۔ چمکیلا۔
السِّخِّيت: بلند اٹھا ہوا غبار۔ سفید آٹا۔ سخت۔ کم گھی والا ستو۔
السِّخِيَان والسِّخْيَان: دباغت دی ہوئی بکری کی کھال۔
سَخِرَہُ (ف) سِخْرِيًّا وسُخْرِيًّا ومَسْخَرَۃً وتَسَخَّرَہُ واسْتَسْخَرَہُ: بیگار لینا۔ مغلوب کرنا۔ ذلیل کرنا۔
سَخَرَتْ (ف) سَخْرًا۔ السَّفِينَۃُ: کشتی کا عمدہ رفتار سے چلنا۔ صفت (سَاخِرَۃٌ) ج سَوَاخِر۔
سَخِرَ (س) سَخَرًا وسَخْرًا وسُخْرًا ومَسْخَرًا وتَسَخَّرَ واسْتَسْخَرَ۔ بِہٖ ومِنْہُ: ٹھٹھا کرنا۔ تم کہتے ہو "انَا اَقُوْلُ ھٰذَا ولَا اَسْخَرُ" میں اس کو کہتا ہوں اور ہنسی نہیں کرتا ہوں۔ یعنی بالکل سچی بات کہہ رہا ہوں۔
السُّخْرَۃ: جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ بیگار۔ بیگاری (...... والسُّخْرِيَّۃُ) ٹھٹھا۔
المَسْخَرَۃ: وہ جس سے ٹھٹھا کیا جائے۔ (لغت عامہ)
سَخِطَ (س) سَخَطًا۔ الرَّجُلَ وعَلَيْہِ: ...... غضبناک ہونا ...... الشَّيْئَ: ناپسند کرنا۔
اَسْخَطَہٗ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّطَہٗ: ناراض ہوکر غضبناک ہونا اور ناپسند کرنا ...... العَطَاءَ: کم سمجھنا۔
السُّخْط والسُّخُط والسَّخَط: ناراضی اور بقول بعض بڑے لوگوں کی ناراضی۔
المَسْخُوط: مفع۔ ناپسندیدہ۔
المَسْخَط والمَسْخَطَۃ: سبب ناراضی۔ ج مَسَاخِط۔
سَخُفَ (ک) سُخْفًا وسَخَافَۃً: کمزور عقل والا ہونا۔ سَخُفَ الغَزْلُ: باریک ہونا ...... السِّقَاءُ: کمزور ہونا۔
سَخَّفَہٗ: کم عقل قرار دینا۔
سَاخَفَہٗ: بے وقوفی میں مدد دینا۔
السُّخْفَۃ والسَّخْفَۃ: لاغری۔ کمزوری۔ کم عقلی۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا مِنْ سُخْفَۃِ عَقْلِکَ" یہ تمہاری کم عقلی کی وجہ سے ہے۔
السُّخْف: تنگ گزارہ کی زندگی (.. والسُّخْف): کم عقلی۔
السَّخِيف: کم عقل۔ ثَوْبٌ سَخِيفٌ: باریک جھرجھرا کپڑا۔ رَجُلٌ سَخِيفٌ: کمزور عقل والا مرد۔ سَخِيفُ العَقْلِ: ناقص عقل والا۔ رَائٌ سَخِيفٌ: کمزور رائے۔ سَحَابٌ سَخِيفٌ: پتلا بادل۔
السَّخَافَۃ: مص۔ ہر چیز کی کمزوری۔
اَرْضٌ (مَسْخَفَۃٌ): کم گھاس والی زمین۔
سَخَلَہٗ (ف) سَخْلًا: صاف کرنا۔ چھانٹ دینا۔ سَخَلَ الشَّيْئَ: فریب سے لینا۔
سَخَّلَہٗ: عیب لگانا۔ کمزور کرنا۔
اَسْخَلَ۔ الاَمْرَ: پیچھے کرنا۔
السَّخْل: کمزور ...... مِنَ القَوْمِ: رذیل۔ ج سُخْل وسُخَّال۔
السَّخْلَۃ: بکری کا بچہ۔ ج سَخْل وسِخَال وسُخْلَان وسِخَلَۃ۔
السُّخَالَۃ: بچھوڑن۔ چھلکن۔
المَسْخُول: فرومایہ۔ ضعیف۔ مجہول اور اسی سے ہے "کَوَاکِبُ مَسْخُوْلَۃٌ" یعنی مجہول ستارے۔
سَخِمَ۔ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا ...... الماءَ: پانی گرم کرنا ...... اللّٰہُ وَجْھَہٗ: سیاہ رو کرنا ...... بِصَدْرِہٖ: غضبناک کرنا۔
تَسَخَّمَ۔ عَلَيْہِ: کینہ رکھنا۔ غضبناک ہونا۔
السُّخْم: سیاہی۔
السُّخْمَۃ: سیاہی۔ کینہ۔ غضب۔
السُّخَام: کوئلہ۔ ہانڈی کی سیاہی۔ پرندہ کے بازوؤں کے نیچے کے نرم پر۔ لَيْلٌ سُخَامٌ: کالی رات (...... السُّخَامِي والسُّخَامِيَۃ): خوشگوار شراب۔
الاَسْخَم: کالا۔ مؤنث سَخْمَاءُ۔ ج سُخْم۔
السُّخَامِيُّ: کالا۔
السَّخِيمَۃ: کینہ۔ کہا جاتا ہے.. سَلَلْتُ سَخِيمَتَہٗ بِاللُّطْفِ والتَّرَضِّي" میں نے اس کے کینہ کو لطف و رضامندی سے نکال لیا۔ پاخانہ۔ حدیث میں ہے "مَنْ سَلَّ سَخِيمَتَہٗ عَلٰى طَرِيقٍ فَعَلَيْہِ لَعْنَۃُ اللّٰہِ" جس شخص نے راستہ پر پاخانہ کیا اس پر اللہ کی لعنت ہو۔ ج سَخَائِم۔
المَسْخُوم: مفع۔ کینہ ور۔
سَخَنَ (ن) وسَخِنَ (س) وسَخُنَ (ک) سُخُونَۃً وسَخَانَۃً وسَخَنًا وسُخْنًا وسُخْنَۃً: گرم ہونا۔
سَخَنَہٗ (ن) سَخْنًا۔ بالضَّرْبِ: تکلیف دہ طور پر مارنا اور اسی سے ہے "مَا اَسْخَنَ ضَرْبَتَہٗ" اس کی مار کس قدر تکلیف دہ ہے۔
سَخِنَتْ (س) سَخَنًا وسُخُونًا وسُخْنَۃً عَيْنُہٗ: آنکھ کا تکلیف سے جل اٹھنا۔
اَسْخَنَ وسَخَّنَ۔ الشَّيْئَ: گرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْخَنَ عَيْنَہٗ وبِعَيْنِہٖ" یعنی اس نے اسے رلا دیا۔
السُّخْن والسُّخْنَۃ والسِّخْنَۃ والسَّخْنَۃ والسِّخْنَۃ والسُّخُونَۃ: گرمی۔ بخار۔ کہا جاتا ہے "عَلَيْکَ بِالاَمْرِ عِنْدَ سُخْنَتِہٖ" معاملہ کو اس کے ابتداء ہی میں ٹھنڈا ہونے سے پہلے سنبھال لو۔
السُّخْن والسَّخْنَان والسُّخْنَان والسَّخَّان: گرم۔
مَاءٌ (سَخِيْنٌ): گرم پانی۔ ضَرْبٌ سَخِيْنٌ: تکلیف دہ مار۔ السِّخِّيْن: کدال۔ بیلچہ۔ قصائیوں کی چھری۔ ہل کا دستہ۔ ج سَخَاخِيْن۔
السَّاخِن: فا۔ گرم۔ ج سُخَّان: مؤنث سَاخِنَۃ: کہا جاتا ہے "لَيْلَۃٌ سَاخِنَۃٌ" گرم رات۔
السُّخَاخِيْن: گرم۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ سُخَاخِيْنٌ" گرم پانی (کلام عرب میں مفاعیل کا وزن اس کے علاوہ کوئی نہیں۔)
السَّخِيْن: ہر وہ چیز جو نہ گرم ہو نہ ٹھنڈی۔
السَّخِيْنَۃ: ایک قسم کا کھانا جو آٹے سے تیار کیا جاتا ہے۔ گرم کھانا۔

الغساحین: ہانڈیاں۔ موزے۔ چادر کی مانند ایک کپڑا جس کو علماء سر پر ڈالتے ہیں۔ (جمع ہے اس کا واحد نہیں اور ربما تسخن یا تسخان: واحد ہے۔)

المِسخَنة: ہانڈی۔ ج مساخن.

سخا یسخو وسخِی یسخی وسخو یسخو سخا وسخاء وسخاوة وسخوًا وسخوة: فیاض ہونا۔ سخی ہونا۔ کہا جاتا ہے "سخیت نفسی وبنفسی عن الشیئ" یعنی میں نے اسے چھوڑ دیا اور میرے نفس کا میلان ادھر نہیں ہوا۔

سخا النار یسخوھا سخوًا ویسخاھا سخوًا وسخیًا: راکھ نکال کر آگ جلانا...... القدر: ہانڈی کے نیچے آگ جلانا...... الرجل: حرکت سے سکون اختیار کرنا۔

تساخی وتسخی: بتکلف فیاض بننا۔

السخاوة: فیاضی۔ بخشش۔

السخاءة: ایک قسم کی سبزی۔ ج سخاء.

السخی: فیاض۔ ج اسخیاء وسخواء۔ مؤنث سخیة. ج سخایا وسخیات.

الارض (السخواء): کشادہ نرم زمین۔ ج سخاوی وسخاو.

ارض (سخاویة) نرم کشادہ زمین۔ ج سخاوی.

مسخی النار: وہ جگہ جو ہانڈی کے نیچے کشادہ کی جائے تا کہ آگ جلنے میں آسانی ہو۔

المسخاة: چھوٹی۔ آگ کی کریدنی۔

سد (س) سدًا. الاناء: برتن بند کرنا...... الثلمة: رخنہ درست کرنا...... الباب: دروازہ بند کرنا۔

سد (س ض) سدًا وسدادًا: درست ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھو یسد فی قوله" وہ ٹھیک بات کہتا ہے اور "قلت له سدادًا من القول وسدًا" میں نے اس سے ٹھیک بات کی...... الشیئ: سیدھا ہونا۔

سدد. الرمح: سیدھا کرنا...... ہ: راہ راست کی طرف رہنمائی کرنا۔

اسد. الشیئ: سیدھا ہونا...... الرجل: راہ راست کو پہنچنا یا طلب کرنا۔

تسدد: سیدھا ہونا...... الشیئ: درست ہونا۔

انسد واستد انسدادًا واستدادًا: بند ہونا۔

استد. الشیئ: درست ہونا۔

السد والسد ج اسداد: دو چیزوں کے درمیان آڑ۔ پہاڑ۔ کہا جاتا ہے "ضربت علیه الارض بالاسداد" یعنی اس کے اوپر راستے بند ہو گئے۔ والسد ج اسدة: عیب مثل اندھے پن کے۔ والسد. ج سدود: کالا بادل جس نے افق کو گھیر لیا ہو اور کہا جاتا ہے "جراد سد" یعنی ٹڈی دل۔ والسد. ج سِدَدة: وادی جس میں پتھر اور چٹان ہوں اور پانی اس میں مدت تک رہے۔ وادی مسائیة.

کلام (سِدّ) صحیح ودرست کلام۔

السدد: مص۔ درستی۔ جو درست ہو۔

السداد: مص۔ درستی وراستی۔ ہدایت۔

السداد: ڈھکنا۔ دودھ جو تھن کے سوراخ میں خشک ہو جائے اور دودھ کی نالی کو بند کر دے۔

السدادة: ڈھکنا۔

السداد: ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔

رجل (سداد): راہ راست پر رہنے والا مرد۔

السدة: دروازہ۔ برآمدہ۔ بیٹھنے کی جگہ جیسے منبر۔ ناک کی بیماری جس کی وجہ سے سانس لینی دشوار ہو۔ ج سدد.

عین (سادة): اچھی طرح نہ دیکھ سکنے والی آنکھ۔ ج سُدّ.

الاسد. ج سُدّ (السدید): ٹھیک درست۔ حق کا قصد کرنے والا۔

المسد: بند کرنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "سد مسده" یعنی قائم مقام ہے۔

سدج (ن) سدجًا. بالظن: گمان کرنا۔ (...... وتسدج: جھوٹ بولنا۔ جھوٹی باتیں گھڑنا۔ صفت (سداج)

انسدج: اوندھا گرنا۔

سدحه (ف) سدحًا: ذبح کر کے زمین پر پھیلانا۔ پچھاڑنا...... الناقة: اونٹنی کو بٹھانا...... القربة: مشک بھرنا۔ سدح بالمکان: اقامت کرنا۔ (سدحه وسدّحه) قتل کرنا۔

انسدح: چت لیٹ کر ٹانگیں پھیلانا۔

السادح: فا۔ مالدار۔ صاحب فراخی وارزانی۔ مؤنث سادحة. السادحة: گھٹا ٹوپ بادل۔

السدیح والمسدوح: چت لیٹا ہوا۔

انسدح: پھیلنا۔

سدر (ن ض) سدرًا وسدورًا. الشعر: بال لٹکانا...... الثوب: کپڑا اٹھانا۔ لٹکانا۔

...... الرجل فی البلاد: جا کر واپس نہ آنا۔

سدِر (س) سدرًا وسدارة: حیران ہونا۔ لاپرواہ ہونا...... البصر: شدت گرمی کی وجہ سے چندھیا جانا۔ صفت (سادر) کہا جاتا ہے "تکلم سادرًا" اس نے بغیر تحقیق کے گفتگو کی۔

انسدر. الشعر: بال لٹکنا اور کہا جاتا ہے "انسدر یعدو": وہ آہستہ دوڑ کے نیچے اترتا اور ہمیشہ چلتا۔

تسدر. بثوبه: اوڑھ لینا۔

السدر: بیر کا درخت۔ ج سدور.

السدرة: بیر کا درخت۔ ج سدرات وسِدِرات وسِدَرات وسِدَر وسدر. وسدرة المنتہی: ساتویں آسمان میں عرش اعظم کی داہنی جانب بیر کا درخت جو لوگوں کے اعمال کے لئے معیّن ہے اور ملائکہ وغیرہ کے علم کی انتہا وہیں تک ہے۔

السدر: حیران۔ سمندر۔ ناقة سدرة: بوڑھی اونٹنی۔

السِّدَار: پردہ کی مانند جو خیمہ کے عرض میں لگایا جاتا ہے۔
السَّدَّار: بیر کے پتوں کا بیچنے والا۔
السَّدِيْر: تازہ گھاس۔ حیرہ کے اطراف میں ایک دریا کا نام۔ شاہ نعمان کے ایک محل کا نام۔ یمن میں ایک جگہ کا نام جہاں سے یمنی چادریں آتی تھیں۔ سَدِيْرُ النَّخْلِ: وہ جگہ جہاں درخت خرما بہت سے ہوں۔
الأَسْدَرَانِ: آنکھ کی دور گیں۔ دونوں مونڈھے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ يَضْرِبُ أَسْدَرَيْهِ" وہ بے حصول مقصود خالی ہاتھ آیا۔
سَدَسَ (ض) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا ہونا۔
سَدَسَ (ن) سَدْسًا. القَوْمَ: چھٹا حصہ لینا۔
سَدَّسَ. الشَّيْءَ: چھ پہل بنانا۔
أَسْدَسَ. القَوْمُ: چھ ہونا۔ چھٹے روز گھاٹ پر آنے والے اونٹوں والا ہونا...... البَعِيْرُ: آٹھویں سال میں دانت گرانا۔
السِّدْسُ: اونٹ کے لئے چھٹے روز پانی پینے کی باری۔ ست کی اصل سدس ہے۔
السُّدْسُ والسُّدُسُ: چھٹا حصہ۔ ج أَسْدَاس: اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَضْرِبُ أَخْمَاسًا لِأَسْدَاسٍ: وہ مکر و فریب کی کوشش کرتا ہے۔
السَّدَسُ: آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔
السَّادِس: ت۔ چھٹا۔ مؤنث سَادِسَةٌ۔
السُّدَاسِيُّ: چھ سے مرکب۔ چھ حرفوں والا کلمہ جیسے زنجبیل۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا (سُدَاسَ) وہ لوگ چھ چھ ہوکر آئے اور یہ کلمہ عدل اور وصفیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
السُّنْدُسُ والسَّنْدُوْسُ: سبز رنگ کی چادر۔
السُّدُوْسُ: چراغ کی سیاہی۔
السَّدِيْسُ: چھٹا حصہ۔ ج سُدُسٌ: چھ سے مرکب۔ آٹھویں سال کی عمر کا اونٹ۔ چھ سال والی بکری۔
المُسَدَّسُ: شش پہل۔ وہ سطح جو چھ باہم برابر ضلعوں سے گھری ہو۔

المُسْدَسُ: ریوالور جس میں چھ کارتوس ہوتے ہیں۔
سَدَعَهُ (ف) سَدْعًا: ذبح کر کے پھیلانا ...... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ٹکرانا۔
سُدِعَ: رنج و اذیت پہنچایا جانا۔
السَّدْعَةُ: رنج و اذیت۔
المِسْدَعُ: اپنے ارادہ پر چلنے والا۔ ہادی رہنما۔
سَدَفَ (ض) سَدْفًا. القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا...... الحِجَابَ: پردہ لٹکانا۔ صفت مفعولی (مَسْدُوْف)
أَسْدَفَ: سونا۔ بھوک یا بڑھاپے کی وجہ سے نگاہ کا دھندلا ہونا...... القَوْمُ: تاریکی میں داخل ہونا...... اللَّيْلُ: تاریک ہونا۔ صفت (أَسْدَفُ) مؤنث سَدْفَاءُ ج سُدْفٌ......
الفَجْرُ: روشن ہونا...... السِّتْرَ: پردہ اٹھانا ...... المَرْأَةُ القِنَاعَ: برقعہ ڈالنا۔ أَسْدَفَ عَنْ كَذَا: الگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَسْدِفِ البَابَ" یعنی دروازہ کھول دو یا دروازہ سے ہٹ جاؤ تاکہ گھر میں روشنی ہو سکے۔
سَدَّفَهُ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
السَّدَفُ: تاریکی۔ روشنی (ضد) بھیڑ۔ ج أَسْدَاف۔
السُّدْفُ: وجود وجو دور سے دکھائی دے۔ ج سُدُوْف۔
السُّدْفَةُ والسَّدْفَةُ: تاریکی۔ روشنی (ضد) السُّدْفَةُ: دروازہ۔ دروازے کا چھجا جو اس کو بارش سے بچائے۔
السَّدِيْفُ: کوہان کی چربی کا ایک ٹکڑا۔ ج سِدَاف۔ وسَدَائِف۔
السِّدَافَةُ: پردہ۔
السَّدَقُ والسَّوْذَقُ سذق وسوذق کی تصحیف ہے۔
سَدِكَ (س) سَدَكًا وسُدُوْكًا بالأَمْرِ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔ صفت (سَدِكٌ) بِهِ: کہا جاتا ہے "هُوَ سَدِكٌ بِالرُّمْحِ" بہت تیزہ مارنے والا ہے۔

سَدَلَ (ن ض) سَدْلًا وسُدُوْلًا. الشَّعْرَ أَوِ الثَّوْبَ: بال یا کپڑا لٹکانا۔ سَدَلَ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا...... فِي البِلَادِ: جانا۔
سَدِلَ (س) سَدَلًا. خِلْقَةً: جھکاؤ والا ہونا۔
تَسَدَّلَ وانْسَدَلَ: لٹکنا۔
سَوْدَلَ. الرَّجُلُ: لمبی مونچھوں والا ہونا۔
السِّدْلُ: ہار جو سینہ تک لمبی ہو۔
(...... والسَّدَلُ): پردہ۔ ج أَسْدَال وأَسْدُل وسُدُوْل: کہا جاتا ہے "أَرْخَى اللَّيْلُ سُدُوْلَهُ" رات نے اپنے پردے لٹکائے یعنی تاریکی چھا گئی۔
السَّدَلُ: جھکاؤ۔ میلان۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ سَدَلٌ إِلَى جَانِبٍ" اس کے اندر ایک جانب میلان ہے۔
السَّدِيْلُ: ہودہ پر جو لٹکایا جائے۔ پالکی وغیرہ کا پردہ۔ ج سُدُل وأَسْدَال وسَدَائِل۔
شَعْرٌ (مُسَدَّلٌ): بہت لمبے بال۔
السَّوْدَلُ: مونچھ۔
سَدَمَ (ن) سَدْمًا. البَابَ: دروازہ بند کرنا۔ بھیڑنا۔
سَدِمَ (س) سَدَمًا: ندامت کے ساتھ غمگین ہونا۔ غم کے ساتھ غضبناک ہونا...... بِالشَّيْءِ: بہت خواہش مند ہونا۔ حریص ہونا ...... المَاءُ: پانی کا بہت دنوں کی وجہ سے متغیر ہونا اور کائی سے ڈھک جانا۔
سَدَّمَ. المَاءَ طُوْلُ عَهْدِهِ: متغیر کر دینا۔ مَاءٌ (سَدْمٌ وسَدَمٌ وسِدَمٌ وسُدُمٌ) کائی سے ڈھکا ہوا یا زیادہ دنوں کی وجہ سے متغیر پانی جمع کے لئے کہا جاتا ہے۔
مِيَاهٌ سُدُمٌ وأَسْدَامٌ وسِدَامٌ. رَجُلٌ سَدِمٌ: غضبناک مرد۔
السَّدَمُ: ندامت کے ساتھ غم۔ غم کے ساتھ غصہ۔
السَّدْمَانُ: ندامت کے ساتھ غمگین۔ غم کے ساتھ غضبناک۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَدْمَانُ نَدْمَانُ"۔

اَلسَّدِيْم: کرہ آسانی پر مدھم دکھائی دینے والے ستارے۔ اَلسَّدِيْم: تیز تلوار یا اس کی دھار۔

السَّدِيْم. ج سِدَام: بہت یاد کرنے والا۔ ج سُدُم: کپڑا یا باریک کپڑا۔

سَدَن (ن ض) سَدْنًا وسِدَانَةً: کعبہ یا بت خانہ کی خدمت کرنا۔ دربان ہونا۔ صفت (سَادِن) ج سَدَنَة: کہا جاتا ہے "هُوَ سَادِنُ فُلَانٍ وآذِنُـــه" یعنی فلاں کا دربان ہے۔

سَدَّنَ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔

السِّـــدْن والسَّـــدَن. ج اَسْـــدَان. و (السدان): پردہ۔

سِدَانَةُ الكَعْبَة: کعبہ کی خدمت۔

السَّدِيْن: چربی۔ اون۔ خون۔ پردہ۔

السَّدَان: نہالی (صحیح لفظ سدان: ہے)

سَدَا يَسْدُو سَدْوًا. بِيَدِهِ نَحْوَ الشَّيْئِ: کسی چیز کی طرف سے ہاتھ بڑھانا...... الصَّبِيُّ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا۔ سَدَتِ النَّاقَةُ فِي المَشْيِ: کشادہ قدم رکھنا اور کہا جاتا ہے "سَدَا سَدْوَهُ" اس نے اس کے جیسا قصد کیا اور اس کی پیروی کی۔

اَسْدَى اِسْدَاءً. النَّخْلُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔

اِسْتَدَى اِسْتِدَاءً. بِيَدِهِ: ہاتھ بڑھانا...... الصَّبِيُّ بِالجَوْزِ: اخروٹ سے کھیلنا...... الفَرَسُ: پسینہ والا ہونا۔

السَّادِي: فا۔ چھٹا۔ مؤنث سَادِيَة. ج سَوَاد. النُّوْقُ السَّوَادِي: کشادہ قدم رکھنے والی اونٹنیاں۔

سَدِيَ يَسْدَى سَدًى. البُسْرُ: غلاف خرما کا ڈھیلا پڑنا۔ صفت (سَدٍ)...... الاَرْضُ: زمین کا بہت نمناک ہونا...... اللَّيْلَةُ: بہت شبنم والی ہونا۔ صفت (سَدِيَة)......

سَدَى يَسْدِي سَدْيًا. الثَّوْبَ: تانا تننا۔

سَدَّى. الثَّوْبَ (تَسْدِيَةً): تانا تننا۔ ......اِلَيْهِ: احسان کرنا...... مَعْرُوْفًا: بھلائی کرنا۔

......الاَرْضُ: نمناک کرنا۔

اَسْدَى اِسْدَاءً. الثَّوْبَ: تانا تننا۔ کہا جاتا ہے "اَلْحِمْ مَا اَسْدَيْتَ" یعنی جس احسان کو تم نے شروع کیا ہے اسے پورا کرو...... اِلَيْهِ: احسان کرنا...... الاَرْضُ: نمناک کرنا...... بَيْنَهُمَـا: اصلاح کرنا...... الاَمْرَ: بیکار چھوڑنا۔

تَسَدَّى تَسَدِّيًا. الشَّيْئَ: سوار ہونا۔ چڑھنا۔ اوپر سے پکڑنا...... الثَّوْبَ: تانا تننا۔

السَّدَى: تانا۔ ج اَسْدِيَة: نمی۔ شبنم۔ شہد۔ بھلائی (...... والسَّدَاء): سبز کچی کھجور۔

السَّدَاة. مِنَ الثَّوْبِ: تانا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَنْتَ بِلُحْمَةٍ وَلَا سَدَاةٍ" یعنی تم سے نہ کچھ نفع ہے نہ نقصان۔

اِبِلٌ (سُدًى وسَدًى): بے کار چھوڑے ہوئے اونٹ (واحد و جمع کے لئے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَ كَلَامُهُ سُدًى" اس کی گفتگو لغو بیکار گئی۔

الاَسْدِيُّ والاُسْدِيُّ: وہ کپڑا جس کا تانا کیا گیا ہو۔

المِسْدَاة: تانا تننے کا آلہ۔

السَّـــذَاب: ایک بدبودار پودہ جس کے پتے صعتر کی طرح ہوتے ہیں۔

السُّذْبَة: ایک قسم کا برتن۔

السَّاذَج: سادہ کا معرب۔ ایک قسم کی گھاس جو بغیر جڑ کے پانی کے اوپر پھیلتی ہے۔ تیز بات۔

السَّذَاجَة: سادگی۔

السَّـــذَق: سدہ کا معرب۔ ایرانیوں کا ایک جشن ہے جس میں رات کے وقت صحرا و بیابان میں آگ جلایا کرتے تھے۔

السَّـــوْذَق السَّيْـــذَاق والسَّيْـــذَقَـــان والسَّيْذُقَان: کنگن۔ شکرا۔ السَّوْذَق: زنجیر کا حلقہ۔

السَّوْذَقِيُّ: چست۔ چالاک۔ متکبر۔

السَّذَانِق والسَّوْذَنِيق والسَّوْذَانِق: شکرا۔

سَرَّهُ (ن) سُرُوْرًا ومَسَرَّةً وسَرًّا وسُرًى وتَسِرَّةً: خوش کرنا۔

سَــرَّهُ (ن) سَـــرًّا: ناف میں نیزہ مارنا۔ الصَّبِيَّ: بچے کا نال کاٹنا...... فُلَانًا: پھولوں کا گلدستہ دے کر مبارک باد دینا۔

سَرَّ (س) سَرًّا: ناف میں درد ہونا۔

سُـــرَّ سُـــرُوْرًا: خوش ہونا۔ صفت (مَسْرُوْر)...... الصَّبِيُّ: ولادت کے وقت نال کا کاٹا جانا۔

اَسَرَّهُ اِسْرَارًا: خوش کرنا۔ اَسَرَّ السِّرَّ: بھید چھپانا۔ بھید ظاہر کرنا (ضد)...... اِلَيْهِ بِكَذَا: چپکے سے بیان کرنا...... اِلَيْـــهِ المَـــوَدَّةَ وبِالمَوَدَّةِ: اپنی دوستی کو چھپانا۔

سَرَّرَهُ: خوش کرنا۔ سَرَّرَهُ سَرِيَّةً: لونڈی سے شادی کرانا۔ اس میں لغت سَرَّاه: بھی ہے۔

سَـــارَّهُ: پوشیدہ بات کرنا۔ کان میں بات کرنا۔

تَسَـــرَّرَ: لونڈی بنانا۔ ایک لغت اس میں تَسَرَّى: بھی ہے جیسے تَظَنَّن: میں تَظَنَّى...... الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

تَسَارَّ. القَـوْمُ: باہم سرگوشی کرنا اور ایک دوسرے کے بھید پر مطلع ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَارُّ زَيْدٌ اِلَى مَاتَكْرَهُ" یعنی جس سے تم کو نفرت ہے زید کو اس سے خوشی حاصل ہوتی ہے۔

اِسْتَسَرَّ اِسْتِسْرَارًا: لونڈی کو ہم خوابی کے لئے مخصوص کرنا...... عَنهُ: چھپنا...... القَمَرُ: چاند کا ایک دو راتیں پوشیدہ رہنا (یہ سرار سے ماخوذ ہے)...... الشَّيْئُ: چھپانے میں مبالغہ کرنا...... الرَّجُلُ: خوش ہونا...... الرَّجُلُ: اپنے بھید کو کسی سے ظاہر کرنا۔

السَّرُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ بَرٌّ سَرٌّ" نیکی کر کے خوش ہونے والا مرد اور اسی طرح "قَوْمٌ بَرُّوْنَ سَرُّوْنَ" نیکی کر کے خوش ہونے والے لوگ۔

السِّرُّ: ج اَسْرَار: بھید۔ راز۔ کہا جاتا ہے "صُدُوْرُ الاَحْرَارِ قُبُوْرُ الاَسْرَارِ: احرار کے سینے بھید کے لئے قبریں ہیں۔ و "رَجُلٌ

سِرِّیٌّ" کاموں کو پوشیدہ طور پر کرنے والا مرد۔و "فُلَانٌ سِرُّ ھٰذَا الْاَمْرِ فلان" اس امر کا جاننے والا ہے۔اَلسِّـــرُّ: طریقہ۔ وسط۔وادی کا درمیان۔خالص چیز۔عمدہ و افضل چیز۔پاک و عمدہ زمین۔قمری مہینہ کی پہلی رات یا آخری رات یا درمیان مہینہ۔ اصل ہر چیز کا جوف و مغز۔ج اَسِرَّۃٌ: جیسے قن کی جمع اَقِنَّۃ۔

اَلسِّرُّو السُّرُّ: ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔ج اَسْرَار: جج اَسَارِیْرُ. اَلْاَسَارِیْرُ: چہرہ کی خوبیاں۔

اَلسُّرُّ: نال جس کو دائی جنائی ولادت کے وقت بچہ کی ناف سے کاٹتی ہے۔ج اَسِرَّۃٌ اور سُرٌّ کا اطلاق سرور کے معنی پر بھی ہوتا ہے۔

اَلسَّــرَرُ والسُّـــرَرُ: ہتھیلی اور پیشانی کے خطوط۔ناف کا وہ حصہ جس کو دائی جنائی کے وقت کاٹتی ہے۔السَّرَرُ: قمری مہینے کی آخری رات۔کسی چیز کا کھوکھلا ہونا۔

اَلسَّرَّۃُ: گلدستہ۔

اَلسُّـــرَّۃُ: نال جس کے ذریعہ سے جنین کے پیٹ میں غذا پہنچتی ہے۔ناف۔ج سُـــرَّات و سُرَر۔ سُـــرَّۃُ الْوَادِیْ: وادی کا درمیان یا وادی کی بہترین جگہ۔سُــــرَّۃُ الْبَلَدِ: وسط شہر۔ سُــرَّۃُ الْحَوْضِ: حوض کی تہ میں پانی ٹھہرنے کی جگہ۔سُرَّۃُ الْفَرَسِ: ایک ستارہ۔

اِمْرَأَۃٌ سُرَّۃٌ: لوگوں کو خوش کرنے والی عورت۔

اَلسُّرُوْرُ: خوشی۔نازبو کی شاخیں۔

اَلسَّرِیْرُ: تخت۔عموماً تخت شاہی کے لئے بولا جاتا ہے۔کہا جاتا ہے "زَالَ عَنْ سَرِیْرِہٖ" یعنی اس کی عزت جاتی رہی۔خواب گاہ۔ گردن اور سر کے ملنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "ضَرَبُوْا اَسِرَّۃَ رُؤُوْسِھِمْ" انہوں نے ان کی گردن میں سر کے ملنے کی جگہ پر مارا۔ نعمت۔فراخی زندگانی۔ٹیلہ پر کی ریت۔ج اَسِرَّۃٌ و سُرُرٌ۔

اَلسَّرِیْرَۃُ: بھید۔راز۔وہ امر جس کو پوشیدہ رکھا جائے۔نیت۔کہا جاتا ہے "ھُوَ طَیِّبُ السَّـــرِیْـــرَۃِ" وہ پاک دل صاف نیت والا ہے۔ج سَرَائِر۔

اَلسُّرِّیَّۃُ: لونڈی جو ہم خوابی کے لئے مخصوص کی جائے۔ج سَرَارِیُّ: اغلب یہی ہے کہ اس کا اشتقاق سِرٌّ سے ہے اور بعضوں کے نزدیک سرور سے ہے۔

اَلسِّرِّیْرُ: بھائیوں سے اچھا سلوک کرنے والا اور ان کو خوش رکھنے والا۔

اَلسَّرَّاءُ: خوشی۔خوش حالی۔کہا جاتا ہے "ھُوَ صَدِیْقٌ لَھُمْ فِی السَّرَّاءِ والضَّرَّاءِ" وہ ان لوگوں کا خوش حالی و بدحالی میں دوست ہے۔سنگریزہ والی زمین۔اَرْضٌ سَرَّاءُ: عمدہ زمین۔اَلسَّرَّاءُ: مجوف نالی۔

اَلسِّرَارُ: ہتھیلی یا پیشانی کے خطوط۔لکیریں۔ ج اَسِـــرَّۃٌ. اَلسِّرَارُ: قمری مہینے کی آخری رات۔

اَلسَّرَارُ: خالص نسب۔سَرَارُ الشَّھْرِ: قمری مہینے کی آخری رات۔سَرَارُ الْوَادِیْ: وادی کی عمدہ جگہ۔

اَلسَّرَارَۃُ: خالص نسب۔وادی کا درمیان۔ سَـــرَارَۃُ الشَّیْءِ: عمدہ خالص۔ج سَرَار۔

اَلسَّرَارَۃُ: وہ خالص ہے جس کا خالص ہونا ظاہر ہے۔و "ھُوَ فِیْ سَرَارَۃٍ مِنْ عَیْشِہٖ" وہ اچھی زندگی میں ہے۔

اَلسَّارُوْرَاءُ: خوشی و خوش حالی۔

اَلْاَسَـــرُّ: کھوکھلا چقماق ...... مِــنَ الرِّجَالِ: اجنبی۔زیادہ موٹا۔

اَلْمَسَرَّۃُ: مص۔خوشی۔نازبو کی شاخیں۔ج مَسَارّ.

اَلْمِسَـرَّۃُ: ایک جوف دار آلہ جس کو سننے والے کے کان میں لگا کر بات کرتے ہیں۔

اَلْمَسْرُوْرُ: خوش۔مؤنث مَسْرُوْرَۃٌ.

سَرَأَتْ (ف) سَرْأً و سَرَأَتْ تَسْرِئَۃً الْجَرَادَۃُ اوالسَّمَکَۃُ اوالضَّبَّۃُ: ٹڈی یا مچھلی یا گوہ کا انڈا دینا...... اَلْمَرْأَۃُ: بہت اولاد والی ہونا۔

اَسْرَأَتِ السَّمَکَۃُ: انڈے دینے والی ہونا۔

السَّرْءُ و السِّرْءُ و السَّرْأَۃُ و السِّرْأَۃُ: ٹڈی مچھلی گوہ وغیرہ کا انڈا۔

السِّرْءُ مِنَ السَّمَکِ ونَحْوِھَا: بہت انڈے والی۔ج سُرُوْءٌ و سُرَّا.

اَرْضٌ مَسْرُوْءَۃٌ: ٹڈیوں والی زمین۔

سَرَبَ (ن) سُرُوْبًا. الْمَاءُ: پانی کا جاری ہونا...... الرَّجُلُ: گھستے چلے جانا۔ الْاِبِلُ: چرنے کے لئے جانا (......سَرْبًا) الْقِرْبَۃُ: مشک سینا۔

سَرِبَ (س) سَرَبًا. الْاِنَاءُ: برتن ٹپکنا...... الْمَاءُ مِنَ الْاِنَاءِ: برتن سے پانی کا بہنا۔

سُــــرِبَ: ناک کے نتھنوں میں چاندی کا دھواں پہنچنے سے تکلیف لاحق ہونا۔صفت مَسْرُوْبٌ.

سَرَّبَ. الْاِبِلَ: گروہ گروہ بھیجنا۔ اِلَــیَّ الْاَشْــیَاءَ: ایک کے بعد ایک دینا...... الْــحَــافِــرُ: دائیں بائیں کھودنا...... الْقِرْبَۃَ: مشک میں پانی ڈالنا (......واَسْرَبَ) اَلْمَاءَ مِنَ الْاِنَاءِ: برتن سے پانی بہانا۔

تَسَرَّبَ. مِنَ الْمَاءِ: پانی سے بھر جانا۔ ...... الْوَحْشُ فِیْ حُجْرِہٖ: وحشی جانور کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔

اِنْسَرَبَ: سوراخ میں داخل ہونا۔ ...... الْمَاءُ مِنَ الْاِنَاءِ: برتن سے پانی بہنا۔

اَلسَّــــرْبُ: مص۔جانور۔جانب۔سینہ۔ راستہ۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُــخَــلَّـــی السَّـــرْبِ" فلاں پر کوئی تنگی نہیں کی گئی ہے۔ "خَلِّ لَہٗ سَرْبَہٗ" اس کا راستہ چھوڑ دو۔

اَلسِّــــرْبُ: ہرنوں کا گلہ۔پرندوں کی ڈار۔عورتوں کی جماعت۔کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔راستہ۔دل۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاسِعُ السِّــرْبِ" فلاں کشادہ دل ہے۔ج اَسْرَاب.

اَلسَّــرَبُ: وحشی جانور کا سوراخ۔تہ خانہ۔نالی جس سے پانی آئے۔مشک سے بہنے والا پانی اور کہا جاتا ہے "طَرِیْقٌ سَرَبٌ" چلتا ہوا راستہ۔ج اَسْرَاب.

السَّرب: بہنے والا پانی۔مَزَادَةٌ سَرِبَةٌ: بہنے والی مشک۔
السُّرْبَة: قریب کا سفر۔مشک کی سیون۔
السُّرْبَة: ہرن اونٹ وغیرہ کا ریوڑ۔طریقہ۔انگور کی بیل کی قطار۔کھجور کے درختوں کا جھنڈ۔سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔ج سُرَب۔
السَّرَاب: وہ ریگستانی ریت جو دوپہر کے وقت دھوپ کی تیزی کی وجہ سے پانی جیسا عکس نظر آتا ہے اور اس میں مکانوں اور درختوں کا سایہ عکس کی طرح معلوم ہوتا ہے جھوٹ اور مکروفریب کے لئے اس سے مثال دی جاتی ہے۔کہا جاتا ہے "هُوَ اَخْدَعُ مِنَ السَّرَابِ" وہ سراب سے زیادہ فریبی ہے۔
السَّارِب: فا۔کھلم کھلا ظاہر۔ظَبْيَةٌ سَارِبَةٌ: چراگاہ میں جانے والی ہرن (والسَّرُوْب) سیدھا جانے والا۔
والمَسْرَب. ج مَسَارِب: جانے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "لِلْوَحْشِ وَالنَّعَمِ مَسَارِبُ وَمَسَارِحُ" وحشی جانوروں اور چوپاؤں کے لئے چلنے پھرنے کی جگہیں ہیں۔مَسْرَبُ الماءِ: پانی بہنے کی جگہ۔
المَسْرُبَة والمَسْرَبَة: چراگاہ۔سینہ کے درمیان میں پیٹ تک کے بال۔آنسو نکلنے کی جگہ۔دبر۔ج مَسَارِب۔
المُنْسَرِب: بہت لمبا۔تیز بہنے والا پانی۔
سَرْبَخَ. الرَّجُلُ: خفیف و سبک ہونا۔آہستہ چلنا۔دوپہر میں چلنا۔
السَّرْبَخ: کشادہ زمین جس میں آدمی گم ہو جائے۔
قفر (سِرْبَاخٌ ومُسْرَبِخٌ): بیابان دور دراز جس میں آدمی گم ہو جائے۔
سَرْبَلَهُ: کرتا پہنانا۔
تَسَرْبَلَ. بالسِّرْبال: کرتا پہننا۔
السِّرْبَال: کرتا یا ہر وہ لباس جو پہنا جائے۔ج سَرَابِیل۔
سَرَجَ (ن) سَرْجًا: جھوٹ بولنا...... المَرْاَةُ شَعْرَهَا: چوٹی بنانا۔
سَرِجَ (س) سَرَجًا: جھوٹ بولنا۔خوبصورت چہرہ والا ہونا۔
سَرَّجَ. الشَّيْءَ: خوبصورت بنانا۔سَرَّجَهُ اللهُ: توفیق دینا۔سَرَّجَ الشَّعْرَ: چوٹی بنانا...... الحَدِيْثَ: گھڑنا۔کہا جاتا ہے "سَرَّجَ عَلَيَّ اُسْرُوْجَةً" اس نے میرے اوپر جھوٹ گھڑا۔"وَ اِنَّهُ لَيُسَرِّجُ الاَحَادِيْثَ تَسْرِيْجًا": وہ جھوٹی باتیں گھڑتا ہے۔عوام کہتے ہیں "سَرَّجَ الثَّوْبَ": اس نے دور دور سلائی کی اور صحیح شَرَّجَهُ: شین معجمہ سے ہے۔
اَسْرَجَ. الفَرَسَ: گھوڑے پر زین کسنا...... السِّرَاجَ: چراغ روشن کرنا۔
تَسَرَّجَ. عَلَيْهِ: جھوٹا گمان کرنا۔
السَّرْج: زین۔ج سُرُوْج۔
السِّرَاج: چراغ۔ج سُرُج. سِرَاجُ اللَّيْلِ: جگنو۔
السِّيْرَج: تل کا تیل۔اس کو شیرج بھی کہا جاتا ہے۔
السَّرَّاج: جھوٹا۔زین ساز و(السِّرَاجَةُ): زین سازی کا پیشہ۔
السُّرَيْجِيَّات: سریج لوہار کی طرف منسوب تلواریں۔
المَسْرَجَة: چراغ دان۔ج مَسَارِج۔
المِسْرَجَة: چراغ۔ج مَسَارِج۔
السَّرْجَم: لمبے قد والا۔
السِّرْجِن والسِّرْجِيْن والسِّرْجُوْن: گوبر۔
سَرَحَتْ (ف) سَرْحًا وسُرُوْحًا. المَوَاشِي: جانوروں کا چرنے کے لئے جانا...... السَّيْلُ: سیلاب کا آہستہ بہنا (...... سَرْحًا) المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔سَرَحَهُ: بھیجنا۔سَرَحَ مَا فِي صَدْرِهِ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔
سَرِحَ (س) سَرَحًا. الرَّجُلُ: کسی کا اپنے امور کے لئے نکلنا۔
سَرَّحَ. المَوَاشِيَ: جانوروں کو چرنے کے لئے چھوڑنا...... القَوْمَ: آزاد کرنا چھوڑ دینا...... الزَّوْجَةَ: طلاق دینا۔اسم (السَّرَاح) ہے۔اِلَيْهِ رَسُوْلاً: پیغامبر بھیجنا...... الاَمْرَ: آسان کر دینا...... اللهُ فُلاَنًا لِلْخَيْرِ: بھلائی کی توفیق دینا...... الشَّعْرَ: کنگھا کرنا...... عَنْهُ: کشادگی کر دینا۔
اِنْسَرَحَتِ. الدَّابَّةُ: جانور کا نرم ہونا اور تیز چلنا...... الرَّجُلُ: چت لیٹنا اور ٹانگیں کشادہ کرنا۔ننگا ہونا۔
تَسَرَّحَ. مِنَ المَكَانِ: نکلنا...... عَنْهُ: کشادگی کیا جانا...... الكَتَّانُ: کتاں کے اجزاء کا علیحدہ علیحدہ ہونا۔
السَّرْح: مص۔جانور۔گھر کے سامنے کا صحن۔ہر لمبا درخت۔بے کانٹوں کا درخت۔واحد (سَرْحَةٌ) ج سُرُوْح۔
السَّرْحَة: جوان گدھی جو ابھی حاملہ نہ ہوئی ہو۔
خَيْلٌ (سُرُحٌ وناقَةٌ سُرُحٌ): تیز اور نرم رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔مِشْيَةٌ سُرُحٌ: نرم چال۔عَطَاءٌ سُرُحٌ: بغیر ٹال مٹول کے فوری بخشش۔
السُّکَاتُ: مص۔ ایک بیماری جو بولنے سے روک دیتی ہے۔ السُّکَاتُ مِنَ الحَیَّاتِ: وہ سانپ جو بے خبری میں ڈس لے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَلٰی سُکَاتِ الأَمْرِ": وہ کام کے پورا کرنے کے قریب ہے (۔۔۔والسُّکَاتَۃُ) مِنَ الجَوَابِ: خاموش کردینے والا جواب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ بِسُکَاتِہِ وصُمَاتِہِ": اس نے اس کو خاموش کردیا۔
السَّکْتُ والسِّکِّیتُ والسَّاکُوتُ والسَّاکُوتَۃُ والسِّکِّیتُ والسُّکَیْتُ: بہت چپ رہنے والا۔
السُّکَیْتُ: گھڑ دوڑ کے میدان کا آخری گھوڑا۔
اَسْکَاتٌ. القَوْمِ: قوم کے اوباش لوگ۔ الشَّيْءِ: چیز کا بقیہ۔ گرمی کے آخر کے معتدل ایام۔
المُسَکِّتُ: جوئے کے کھیل کا آخری تیر۔
سَکَرَ (ن) سَکْرًا. الإِنَاءَ: برتن بھرنا۔۔۔۔النَّهْرَ: دریا میں بند لگانا۔۔۔۔البَابَ: دروازہ بند کرنا (۔۔۔۔سُکُورًا وسَکَرَانًا) الرِّیحُ: ہوا کا رک جانا۔۔۔۔الحَرُّ: گرمی کا کم ہو جانا۔
(۔۔۔۔وسُکِّرَ وسُکِّنَ بَصَرُہُ: نگاہ دھندلی ہونا۔
سَکِرَ (س) سَکَرًا. الحَوْضُ: حوض کا بھر جانا۔۔۔۔الرَّجُلُ عَلَیْہِ: غضبناک ہونا (۔۔۔۔سَکْرًا وسَکَرًا وسُکْرًا وسُکُرًا وسَکَرَانًا) مِنَ الشَّرَابِ: مست ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت مذکر (سَکِرٌ وسَکْرَانُ) وصفت مؤنث (سَکِرَۃٌ وسَکْرَیٰ وسَکْرَانَۃٌ) ج سُکَارَیٰ وسَکَارَیٰ وسُکَارَیٰ.
سَکَّرَہُ: گلا گھونٹنا۔۔۔۔البَابَ: دروازہ بند کرنا۔
اَسْکَرَہُ. الشَّرَابُ: مدہوش کرنا۔ مست کرنا۔
تَسَاکَرَ: مستی ظاہر کرنا۔ نشہ آور چیز استعمال کرنا۔
السَّکَرُ: شراب اور ہر نشہ آور چیز۔ سرکہ۔
السِّکْرُ: دریا کا بند۔ جس چیز سے دریا کو بند کیا جائے۔ ج سُکُورٌ.
السُّکْرُ: مص۔ نشہ۔ مستی۔
سَکْرَۃُ. المَوْتِ او الهَمِّ: موت یا غم کی سختی۔ ج سَکَرَاتٌ.
السُّکَّرَۃُ: ایک قسم کا دانہ جو گیہوں کے کھیت میں ہوتا ہے اور گیہوں کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے اور اس کے کھانے سے نیند بہت آتی ہے۔
السُّکَّرُ: شکر (سُکَّرَۃٌ) اس سے خاص ہے۔
السَّاکِرُ: فَلَیْلٌ سَاکِرٌ: بے ہوا والی رات۔ مؤنث سَاکِرَۃٌ.
السَّکَّارُ: نشہ آور چیزوں کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
السِّکِّیرُ والسَّکُورُ والمِسْکِیرُ: بہت نشے والا۔
السَّیْکَرَانُ: ایک قسم کی گھاس جو ہمیشہ سبز رہتی ہے اور اس کے دانہ کو کھایا جاتا ہے۔
السُّکُرُجَۃُ والسُّکُرُّجَۃُ: چھوٹی پیالی۔

سَکَعَ وسَکِعَ (ف س) سَکْعًا وسَکَعًا :لا علمی میں پھرنا۔کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیْنَ سَکَعَ" میں نہیں جانتا کہ وہ کہاں گیا۔
تَسَکَّعَ. فِی اَمْرِہٖ اَوْ سَیْرِہٖ :حیران پھرنا۔مدت تک باطل میں رہنا...... الظُّلْمَةَ : اندھیرے میں ٹاپک ٹوئیاں مارنا۔
السَّاکِعُ :فا۔(......والسَّکِعُ) :مرد مسافر اجنبی۔
رَجُلٌ (سُکَعٌ) :متحیر مرد۔السُّکَعُ:ایک قسم کی نباتات۔
المُسَکِّعَةُ :وہ معاملہ جس میں کوئی تدبیر بجھائی نہ دے۔
اَرْضٌ (مُسَکِّعَةٌ) :بغیر کسی علامت ونشان کے زمین۔
سَکِفَ (س) سَکْفًا. البَابَ:دروازے میں چوکھٹ لگانا۔
تَسَکَّفَ. البَابَ :چوکھٹ پر قدم رکھنا۔
اَسْکَفَ :موچی بننا۔
السَّاکِفُ :فا۔دروازہ کے اوپر والی لکڑی جو دہلیز کے مقابل ہوتی ہے۔
الاُسْکُفُ. مِنَ العَیْنِ :پلکوں کے اُگنے کی جگہ یا نچلا پپوٹا۔کہا جاتا ہے "وَقَفَتِ الدَّمْعَةُ عَلٰی اُسْکُفِّ عَیْنِہٖ" :آنسو اس کی آنکھوں میں پلک اُگنے کی جگہ ٹھہر گیا۔
الاُسْکُفَّةُ والاُسْکُوْفَةُ :دہلیز۔
الاُسْکَفُ والاِسْکَافُ والاُسْکُوْفُ والسُّکَّافُ والسَّیْکَفُ :موچی۔ (والسِّکَافَةُ) :موچی کا پیشہ۔
اَلسُّکُولاَسْتِیْک :دینی تعلیم جس کی بنیاد یونانی فلسفہ ہو۔
سَکَمَ (ن) سَکْمًا :کمزوری سے چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا۔صفت(سَیْکَم)
الاِسْکِیْمُ :راہب کا کپڑا یا راہب کا سر پر ڈالنے کا کپڑا۔(کلمہ معرب ہے)
سَکَنَ (ن) سُکُوْنًا :ٹھہرنا...... اِلَیْہِ :آرام لینا...... عَنْہُ الوَجَعُ :درد کا دور ہونا...... الحَرْفُ :بغیر حرکت کے ہونا۔جزم والا ہونا۔(...... سَکَنًا وسُکْنٰی) الدَّارَ وفِی الدَّارِ :اقامت کرنا۔رہنا۔صفت (سَاکِنٌ) ج سُکَّان وسَاکِنُوْن.
سَکُنَ (ن) سُکُوْنًا وسُکْنًا (ک) سُکُوْنَةً :مسکین ہونا۔
سَکَّنَ. المُتَحَرِّکَ :ٹھہرانا...... الحَرْفَ : جزم دینا۔
سَاکَنَہٗ. فِی دَارٍ وَاحِدَةٍ :ساتھ بود وباش کرنا۔
اَسْکَنَ. الرَّجُلُ :مسکین ہونا......ہ :غریب ومسکین بنانا......ہ الدَّارَ :کسی کو بود وباش کرانا...... الفَقْرُ فُلَانًا :بے حرکت بنانا۔
تَسَکَّنَ وتَمَسْکَنَ :مفلس ومسکین ہونا۔
تَسَکَّنَ :مطمئن وصاحب وقار ہونا۔(سکینہ سے ماخوذ ہے۔)
تَسَاکَنُوْا. فِی الدَّارِ :باہم مل کر رہنا۔
اِسْتَکَانَ اِسْتِکَانَةً واسْتَکَنَّ :ذلیل وعاجز ہونا۔
السَّکْنُ :گھر والے۔گھر۔
السَّکَنُ :آگ۔رحمت۔برکت۔ہر وہ چیز جس سے اُنس حاصل کیا جائے۔الاَسْکَان کا واحد بمعنی غذا وخوراک(......والسُّکْنٰی) : رہنے والا۔رہنے کی جگہ۔
السَّکِنَةُ :سر اور گردن کے اتصال کی جگہ۔ ج سَکِنَات اور کہا جاتا ہے "تَرَکْتُھُمْ عَلٰی سَکِنَاتِھِمْ" میں نے اُن کو اُن کی حالت سابقہ پر چھوڑ دیا۔
السَّکِیْنَةُ :وقار۔اطمینان۔ہیبت۔
السُّکَیْنُ :ہلکا پھلکا تیز رفتار گدھا۔
السُّکَیْنَةُ :گدھی۔
السُّکُوْنُ :عدم حرکت۔آرام۔جزم۔
السُّکَّانُ. مِنَ السَّفِیْنَةِ :چپوار۔ج سُکَّانَات.
السِّکِّیْنُ :چھری۔ج سَکَاکِیْن. و(السَّکَّانُ) چھری بنانے والا۔
السِّکِّیْنَةُ :چھری۔اطمینان۔وقار۔
المَسْکِنُ والمَسْکَنُ :گھر۔مکان۔منزل۔ج مَسَاکِن.
المَسْکَنَةُ :فقیری۔ذلت۔کمزوری۔
المِسْکِیْنُ :وہ شخص جس کے پاس کچھ نہ ہو یا وہ شخص جس کے پاس اتنا نہ ہو جو اس کے عیال کے لئے کافی ہو۔ذلیل ومغلوب۔ج مِسْکِیْنُوْن ومَسَاکِیْن :مؤنث مِسْکِیْنَة ومِسْکِیْنَة.
سَلَّ (ن) سَلًّا واِنْسَلَّ. الشَّیْءَ مِنَ الشَّیْءِ :کسی چیز میں سے آہستہ آہستہ نکالنا۔...... السَّیْفَ :تلوار سونتنا۔کہا جاتا ہے "اِنْسَلَّ فُلَانٌ بِکَذَا" فلاں شخص فلاں چیز کو چپکے سے لے گیا۔
سَلَّ (ض) سَلًّا :گرے ہوئے دانتوں والا ہونا۔صفت مذکر(اَسَلُّ) :وصفت مؤنث (سَلَّاء)
سُلَّ. سِلّ کی بیماری میں مبتلا ہو کر دبلا ہونا۔ صفت(مَسْلُوْل)
اَسَلَّ اِسْلَالًا. اللّٰہُ فُلَانًا :سل کی بیماری میں مبتلا کرنا...... الشَّیْءَ :چپکے سے چرانا۔
تَسَلَّلَ وانْسَلَّ. مِنَ الزِّحَامِ :بھیڑ میں چپکے سے کھسک جانا۔کہا جاتا ہے "اِنْسَلَّ قَیْدُ الفَرَسِ مِنْ یَدِہٖ" اس کے ہاتھ سے گھوڑے کی رسی نکل گئی۔
السَّلُّ :مص۔عطر فروشوں کا ڈبہ۔ج سِلَال.
السِّلُّ والسُّلُّ والسُّلَالُ :لاغری سل کی بیماری۔
السَّلَّةُ :پوشیدہ چوری۔سل کی بیماری۔حوض کا نقص۔ٹوکری عطر فروشوں کا ڈبہ۔ج سِلَال :کہا جاتا ہے "اَتَیْنَاھُمْ عِنْدَ السَّلَّةِ وعِنْدَ السِّلَّةِ" یعنی ان کے پاس ہم تلوار کھینچنے کے وقت پہنچے(سَلَّة :بالفتح اسم [illegible] اور سِلَّة :بالکسر اسم نوع ہے جو لغوی [illegible]
السَّلَّةُ :تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
السَّلِیْلُ :کھینچا ہوا سونتا ہوا [illegible] کہا جاتا ہے "ھُوَ سَلِیْلُ الاَکَارِمِ" :وہ بزرگوں کی اولاد ہے۔خالص شراب۔حرام [illegible]

کوہان۔ وادی میں پانی بہنے کی جگہ۔ گھوڑے کا مغز۔ بھیرا۔ ج سُلان۔

السَّلِیلَۃ: پٹی۔ پیٹھ کے گوشت کا لمبا ٹکڑا۔ ایک قسم کی لمبی مچھلی۔

السُّلالَۃ: کسی چیز سے نکالا ہوا۔ خلاصہ نسل و ولد۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ سُلالَۃٌ طَیِّبَۃٌ ومِنْ سُلالَۃٍ طَیِّبَۃٍ"۔

السَّالُّ: قا۔ چور۔ وادی میں پانی بہنے کی تنگ جگہ۔ ج سُلّان وسَوَالّ۔

السَّلّال: ٹوکری بنانے والا۔ چور۔

الاَسَلّ: چور۔

المِسَلَّۃ: سوجا۔ ج مِسَلّات ومَسَالّ مِسَلَّۃ فرعون: لمبا مربع ستون جو فراعنہ مصر کی یادگار ہیں۔

اَلمُتَسَلْسِلَۃ: علم حساب مقرر قاعدہ مسلسل اعداد کا مجموعہ جب کہ بعد والا عدد گنا کیا جائے تو پہلے برابر ہوگا ایک زائد ہوگا۔ جیسے ۱'۳'۷'۱۵'۳۱۔

اَلسِّلْسِلَۃُ المُتَسَلْسِلَۃ: وہ جس کے حدود کے عدد انتہا نہ ہو اور اس حدود کے مجموعہ پر غور کیا جائے گا جب مجموعہ ختم والا ہوگا تو اس کا نام سلسلہ متقاربہ بولا جائے گا۔ ورنہ سلسلہ دور والا ہوگا۔

سَلا (ف) سَلْأً واسْتَلأَ. السَّمْنَ: گھی صاف کرنا۔ سَلا السِّمْسِم: تل سے تیل نکالنا۔ کہا جاتا ہے "سَلأَہٗ مِائَۃَ سَوْطٍ": اس نے اس کو سو کوڑے مارے۔ سَلا الجِذْعَ: تنہ سے کانٹے دور کرنا۔

السِّلاء. سَلاء: کا اسم۔ صاف کیا ہوا گھی۔ ج اَسْلِئَۃ۔

السُّلاء: کھجور کے درخت کا کانٹا۔ واحد (سُلاءَۃ) درخت خرما کے کانٹے کی مانند تیر کا پھل۔ ایک قسم کا پرندہ۔

سَلَبَ (ن) سَلْبًا وسَلَبًا. الشَّیْءَ: زبردستی چھیننا ...... القَصَبَۃَ او الشجرۃَ: چھیلنا ...... النَّفْسَ: تلوار کشی کرنا۔ صفت (سَالِبٌ) ج سُلّاب وسَالِبُون مؤنث سَالِبَۃ ج سَالِبَات وسَوَالِب (...... واسْتَلَبَہٗ) ثَوْبَہٗ: کپڑے کو چھین لینا۔

سَلِبَ (س) سَلَبًا: ماتم کے کپڑے پہننا۔

تَسَلَّبَتِ. الشَّجَرَۃُ: پتے یا پھل گر جانا۔

(...... وسَلَبَتْ) النَّاقَۃُ او المرأۃُ: مرے ہوئے بچے والی ہونا یا ناتمام بچہ گرانا۔ صفت (سَلِیب ومَسْلُوب) ج سُلُبٌ وسَلائِب و(سَالِبٌ ومُسْلِبٌ ومُسَلِّبٌ ومُسَلَّبٌ)

اِنْسَلَبَ: بہت تیز چلنا (اس کو عموماً ناقہ کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔)

السَّلْب: مص۔ ہلکی تیز چال۔ فرسٌ سَلْبُ القَوائِم: پتلی ٹانگوں والا گھوڑا۔

السَّلَب: چھینی ہوئی چیز۔ تم کہتے ہو "اَخَذَ سَلَبَ القَتِیلِ" اس نے مقتول کے سامان کو لیا۔ ج اَسْلاب: لمبا درخت ...... الذَّبِیحَۃ: ...... ذبح شدہ جانور کا چمڑا، پائچہ اور پیٹ۔ ...... مِنَ القَصَبَۃ: نرکل کا چھلکا۔ السَّلَب: درخت کا ریشہ یا چھلکا جس سے رسیاں بنائی جاتی ہیں۔

السُّلْبُنۃ: بیروت میں پیدا ہونے والا پودا جس کے پتے ترے جیسے اور پھول خود جیسے ان کو بطور سلاد کھاتے ہیں۔

السَّلُب: لمبا۔ ہلکا۔

السُّلْبَۃ: برچھی۔

السَّلّاب: بہت چھیننے والا۔ رسیوں کے لئے درخت سے ریشے نکالنے والا۔

السَّلّابَۃ والسَّلَبُوت: بہت چھیننے کا عادی (یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لئے ہے۔)

السِّلاب: ماتمی سیاہ لباس۔ کہتے ہو "لَبِسَتِ. الثَّکْلَی السِّلابَ" گم کردہ فرزند عورت نے ماتمی لباس پہنا۔ ج سُلُب۔

السِّلْب: ہل کا ہتھا۔

السَّلِیب: عقل یا مال کھویا ہوا۔ شَجَرَۃٌ سَلِیبٌ: درخت جس کی شاخیں اور پتے دور کر دیے گئے ہوں۔ ج سُلُبٌ۔

الاُسْلُوب: طریقہ۔ راستہ۔ روش۔ ج اَسَالِیب. الاُسْلُوب: ناک کی بلندی اور اسی سے ہے "اَنْفُہٗ فِی اُسْلُوبٍ" اس کی ناک دائیں بائیں نہیں ہوتی۔ متکبر و مغرور کے لئے کہا جاتا ہے۔

سَلَتَ (ض ن) سَلْتًا. المِعَی: آنتوں کو ہاتھ سے نکالنا ...... الشَّعْرَ او الرَّاسَ: بال یا سر مونڈنا ...... المَرْأَۃُ الخِضَابَ عَنْ یَدِھَا: ...... چھڑا دینا۔ اتار دینا ...... الشَّیْءَ: کاٹنا۔ ......ہ: کوڑے مارنا جیسے "سَلَتَہٗ مِائَۃَ سَوْطٍ" اس نے اس کو سو کوڑے مارے ...... بِسَلْجِہٖ: بیٹ کرنا (...... وامْتَلَتَ) القَصْعَۃَ: پیالہ کو انگلی سے چاٹنا۔

اِنْسَلَتَ: چپکے سے بے خبری میں نکل جانا۔

السُّلْت: جو یا بغیر چھلکے کا جو۔

شِیلم: یورپی گندم جس کی روٹی زرد پکتی ہے۔

السُّلاتَۃ: وہ چیز جو دور کی جائے یا نکالی جائے۔ پیالہ کو صاف کرنے کے لئے انگلی سے جو چاٹا جائے۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ مِنی فَلْتَۃً و(سَلْتَۃً)": وہ مجھ سے آگے بڑھ گیا۔

الاَسْلَت: وہ شخص جس کی پوری ناک کٹ گئی ہو۔ مؤنث سَلْتَاء ج سُلْت. اِمْرَاَۃٌ سَلْتَاءُ: مہندی نہ لگانے والی عورت۔

المَسْلُوت: مفع۔ سر مونڈا ہوا۔ جس سے گوشت علیحدہ کر دیا گیا ہو۔

السِّلْتِم: بلا۔ سختی۔ بھوت۔ سخت قحط سالی۔ بہت بوڑھا اونٹ۔ تھوڑی اور حقیر چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا اَصَابَ مِنْہُ سِلْتِمًا" اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔

سَلِجَ (س) سَلْجًا وسَلَجَانًا. اللُّقْمَۃَ: لقمہ نگلنا۔ (...... وسَلَجَتْ (ن) سُلُوجًا) الاِبِلُ: سلج گھاس کے چرنے سے پیٹ چلنا۔ سَلَجَ الفَصِیلُ النَّاقَۃَ: دودھ پینا۔

تَسَلَّجَ. الطَّعَامَ: آسانی سے نگلنا۔

(...... واسْتَلَجَ) الشَّرَابَ: ڈگ ڈگا کے پینا۔

السَّلْج: مص۔ عطیہ۔

السُّلَحَة: سمندر کی سیپی۔ ج سُلَح.

السُّلَّح: ایک قسم کی گھاس جس کو اونٹ چرتا ہے۔ ج سَلَالِيح.

السِّلْحَان: حلق۔

السَّلِيح مِنَ الاكل: لذیذ کھانا جو آسانی سے نگلا جائے۔

السَّلجَلج و السُّلجُلج مِنَ الطعام: خوش مزہ خوراک۔

السَّلْجَم: شلغم۔ گھنی داڑھی لمبے جبڑوں والا سر۔ بہت پانی والا پرانا کنواں (...... والسُّلاجم): لمبا گھوڑا یا تیر کا لمبا پھل یا لمبا آدمی۔ بوڑھا اونٹ۔ ج سَلَاجِم.

سَلَحَ (ف) سَلْحًا: بیٹ کرنا۔ پاخانہ کرنا۔ (یہ پرندہ اور چوپائے کے لئے خاص ہے۔ انسان کے لئے اس کا استعمال مجازًا ہے۔)

سَلَّحَهُ: ہتھیار پہنانا ......ہ: السَّيفَ وبِـــــالسَّيفِ: کسی کو تلوار باندھنا (...... واَسْلَحه): ہتھیار بند بنانا۔

تَسَلَّحَ: ہتھیار بند ہونا۔

السَّلْح: مص۔ پتلا پاخانہ۔ ج سُلُوح وسُلْحَان.

السُّلَّح: ایک قسم کا شیرہ ہے جس کو گھی کی مشک پر ملتے ہیں۔

السَّلَح: تالابوں میں بارش کا پانی۔

السُّلَح: ج سِلْحَان و (السُّلَحَة): چکور کا بچہ۔

السِّلَح و السُّلْحَان: ہتھیار۔

السَّالِح: فا۔ ہتھیار بند (فاعل ذیکذا ہے۔ مثل تَامِر ولَابِن کے۔)

السِّلَاح: ہتھیار (مذکر و مؤنث) ج اَسْلِحَة وسُلَح وسُلْحَان.

السِّلَاحدار: ہتھیار بند۔ ج سِلَاحْدَارِيَّة (کلمہ فارسی ہے سلاح اور دار سے مرکب ہے۔)

السُّلَاح: پاخانہ۔ اسہال۔

السَّلِيح: قاصد۔ پیغمبر (سریانیہ)

المَسْلَخَة: میگزین۔ (دیدبانی کی جگہ) ج مَسَالِح: ہتھیار بند لوگ۔

سَلْحَبَ. اِسْلَحَبَّ الطَّرِيقُ: راستہ کا سیدھا واضح دراز ہونا۔ صفت (مُسْلَحِبٌّ).

السَّلْحُوت: بے باک عورت۔

السُّلَحْفَاة و السِّلَحْفَاة و السُّلَحْفَاء والسُّلَحْفى والسُّلَحْفِيَة: کچھوا ج سَلَاحِف (نر کو غیلم کہا جاتا ہے)

سَلَخَ (ف ن) سَلْخًا. الخَرُوفَ: بکری کے بچے کی کھال اتارنا ...... المَرْأَةُ دِرْعَهَا: عورت کا قمیص اتارنا ...... الحَيَّةُ: سانپ کا کینچلی سے نکلنا ...... اللّٰهُ النَّهَارَ مِنَ اللَّيْلِ: دن کو رات سے علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا ...... الشَّهْرُ: مہینہ ختم ہونا ...... الرَّجُلُ الشَّهْرَ: آخر تک گزارنا۔

سَلَّخَ. الحَرُّ جِلدَه: گرمی کا کھال کو اُتار دینا۔

اِنْسَلَخَ. مِنْ ثِيَابِه: ننگا ہونا ...... الشَّهْرُ مِنْ سَنَةٍ: گزرنا ...... النَّهَارُ مِنَ اللَّيْلِ: علیحدہ ہونا ...... الحَيَّةُ مِنْ قِشْرِهَا: سانپ کا کینچلی سے نکل جانا۔

تَسَلَّخَ. جِلْدُهُ: کھال کا اُتر جانا۔

اِسْلَنْخَ اِسْلِنْخَاخًا. الرَّجُلُ: پہلو پر لیٹنا۔

سَلْخُ. الشَّهْرِ (مُنْسَلَخُهُ): مہینے کا آخری دن (سَلْخُ الحَيَّةِ وسِلْخُهَا وسَلَخْتُهَا): سانپ کی کینچلی۔ السِّلْخ: جانور کی اتری ہوئی کھال۔

السَّلَخ: دھاگا جو تکلہ کے اوپر ہو۔

السَّلِيخ: جس کی کھال اتاری گئی ہو۔ کہا جاتا ہے شَيْءٌ سَلِيخٌ مَلِيخٌ: بے مزہ چیز۔

السَّلَاخَة. فِي الشَّيْءِ: بے مزہ ہونا۔

السَّلِيخَة: فرزند۔ بان کے پھل کا تیل۔ گاڑھا ہونے سے پہلے ...... مِنْ شَجَرِ الرِّمْثِ ونَحْوِهٖ: خشک لکڑی جس پر پتے وغیرہ کچھ نہ ہوں۔

السَّالِخ: فا۔ اونٹوں کی کھلی۔ سَالِخ: کالے سانپ کے لئے صفت ہے اس لئے کہ وہ ہر سال کینچلی چھوڑ دیتا ہے۔ مادہ سانپ کو (اَسْوَدَة) کہتے ہیں اس کی صفت سَالِخَة نہیں آتی اور صفت کے موقع پر سَالِخ کا تثنیہ بھی نہیں آتا۔ بلکہ کہا جاتا ہے اَسْوَدُ سَالِخٍ واَسْوَدَانِ سَالِخٍ اور جمع کے لئے اَسَاوِدُ سَالِخَة وسَوَالِخ وسُلَّخ وسُلَّخَة.

الاَسْلَخ: پیشانی پر گنجا۔ گہرا سرخ۔

السَّلَّاخ: بہت کھال اتارنے والا۔

المَسْلَخ: کھال اتارنے کی جگہ۔

المِسْلَاخ: کینچلی۔ کھال ...... مِنَ النَّخْلِ: جس سے کچی کھجوریں گر جائیں۔

السِّلُّور: سمندر کی ایک مچھلی۔

سَلِسَتْ (س) سَلَسًا. النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخ کی جڑوں کا گر جانا۔ صفت (سَلِسٌ اور اگر یہ بار بار ہوتا ہو تو ایسے درخت کو (مِسْلَاس) کہتے ہیں۔)

الخَشَبَةُ: لکڑی کا بوسیدہ ہونا۔

سَلِسَ (س) سَلَسًا وسَلَاسَةً وسُلُوسًا: آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَلِسٌ وسَالِسٌ): کہا جاتا ہے "سَلِسَ بِحَقِّي" اس نے آسانی سے میرے حق کو دے دیا۔

سُلِسَ سَلَاسًا وسَلْسًا وسَلَسًا: کسی کی عقل کا زائل ہونا۔ صفت (مَسْلُوس)

سَلَّسَ. الحَلْيَ: زیور کو جوہر سے مزین و آراستہ کرنا۔

اَسْلَسَتْ. النَّخْلَةُ: درخت خرما کی شاخ کی جڑوں کا گر جانا۔ اَسْلَسَ قِيَادَهُ: نرم اور آسان بنانا۔

تَسَلَّسَ. الشَّيْءُ: لٹکنا۔

السَّلْس: مص۔ خرمہرہ وغیرہ پرونے کا دھاگا۔ کان کی بالی۔ ج سُلُوس. السُّلُوس: اور خیاں۔

السَّلَس: مص۔ نرمی۔ تابعداری۔ پیشاب کا نہ رکنا۔

السَّلِس: آسان۔ نرم تابعدار۔ مستقر۔

سَلْسَلٌ: ہلنے والی بیخ۔ شَرَابٌ سَلْسَلٌ

:آسانی سے حلق میں اترنے والی شراب۔ کہاجاتا ہے "هُوَ سَلِسُ البَوْلِ" اسے پیشاب کوروکنے کی طاقت نہیں۔

السَّلْسَبِيل :نرم۔ج سَلَاسِب وسَلَاسِيب :مؤنث سَلْسَبِيلَة :ج سَلْسَبِيلَات :شراب۔خوشگوار آسانی سے حلق سے اُترنے والا پانی۔ جنت کے ایک چشمہ کانام۔

سَلْسَلَ سَلْسَلَةً. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ :ایک کو دوسرے سے جوڑنا اور اسی سے ہے "سَلْسَلَ فُلَانًا إِلَى فُلَانٍ" اس نے فلاں کی نسبت فلاں کی جانب کی...... المَاءَ :پانی کو پست زمین میں بہانا اور کہاجاتا ہے "مَا سَلْسَلَ طَعَامًا" اس نے کھانا نہیں کھایا۔

تَسَلْسَلَ. المَاءُ :پانی کا پست زمین میں بہنا ......الثَّوْبُ :کپڑے کا پہننے سے پتلا پڑنا...... فِرِنْدُ السَّيْفِ :تلوار کے جوہر کا چمکنا۔

السَّلْسَلُ والسَّلْسَال والسُّلَاسِل :خوشگوار پانی۔ آسانی سے حلق سے نیچے اُترنے والی عمدہ شراب۔

السَّلْسَلَة :مص۔کوہان کا لمبا ٹکڑا۔

السِّلْسِلَة :زنجیر۔کوہان کا لمبا ٹکڑا۔ج سَلَاسِلُ البَرْقِ :چوڑائی میں کوندنے والی بجلی۔سَلَاسِلُ الكِتَابِ :کتاب کی سطریں۔

المُسَلْسَل مِنَ الثِّيَاب :دھاری دار کپڑا۔ شَعْرٌ مُسَلْسَلٌ :گھنگریالے بال۔سَيْفٌ مُسَلْسَلٌ :چمکدار تلوار(......والمُتَسَلْسِل) مِنَ الثِّيَاب :خراب بنا ہوا کپڑا یا بوسیدہ کپڑا۔

سَلِطَ (س) وسَلُطَ (ک) سَلَاطَةً وسُلُوطَةً :زبان دراز ہونا۔

سَلَّطَهُ. عَلَيْهِ :کسی پر غالب بنانا۔قدرت دینا۔قابض بنانا۔

تَسَلَّطَ. عَلَيْهِ :کسی پر غالب ہونا۔قادر ہونا۔قابض ہونا۔

السَّلْط :سخت۔زبان دراز۔لمبی زبان۔

السَّلِيط :تیر کا پھل جس کے بیچ میں ابھار نہ ہو۔ج سِلَاط۔

السُّلُط :لمبی ٹانگیں۔

السُّلْطَة :ملکیت۔قدرت۔

السِّلْطَة :باریک لمبا تیر۔گھاس بھوسہ باندھنے کا کپڑا۔ج سِلَط وسِلَاط۔

السَّلِيط :سخت۔ہر چیز میں سے تیز۔عمدہ زیتون کا تیل۔ہر قسم کے دانہ کا تیل۔لِسَانٌ سَلِيطٌ :لمبی زبان۔رَجُلٌ سَلِيطٌ :زبان دراز مرد۔السَّلِيط :فصیح زبان آور(یہ صفت مرد کے لئے باعث مدح اور عورت کے لئے باعث مذمت ہے)امْرَأَةٌ سَلِيطَةٌ: زبان دراز اور بدزبان عورت۔

اِمْرَأَةٌ (سَلَّاطَةُ اللِّسَان وسَلَطَانَةٌ) :تیز زبان وزباں دراز عورت۔

اَلتَّسَلُّطِيَّة :توسیع پسندی استعماری سیاست۔

السُّلْطَان :حجت۔تم کہتے ہو "لَهُ سُلْطَانٌ مُبِينٌ" اس کے لئے روشن حجت ہے۔قبضہ قدرت۔بادشاہ۔ج سَلَاطِين۔

سَلْطَنَهُ سَلْطَنَةً :بادشاہ بنانا۔

تَسَلْطَنَ :بادشاہ بننا۔

المِسْلَاط :کنگھی کا دندانہ۔ج مَسَالِيط۔

رَجُلٌ مَسْلُوطٌ. اللِّحْيَة :سبک رخسار مرد۔

اِسْلَنْطَحَ. الوَادِي :وادی کا وسیع ہونا۔ ......الرَّجُلُ :منہ کے بل گرنا یا چت گرنا۔ ......الشَّيْءُ :لمبی چوڑی ہونا۔

السُّلَاطِح :چوڑا۔

السُّلْطَح :چکنا پہاڑ۔

السَّلَنْطَح والمُسْلَنْطِح :کشادہ فضا۔

اِسْلَنْطَعَ. الرَّجُلُ :چت لیٹنا۔

السُّلْطُوع :چکنا پہاڑ۔

السَّلَنْطَع :پاگل کی طرح گفتگو میں جہالت کرنے والا۔(......والسِّلِنْطَاع) لمبا مرد۔

سَلَعَ (ف) سَلْعًا. الرَّأْسَ :سر پھاڑنا۔ ...... جِلْدَهُ بِالنَّارِ :کھال کو جلا کر داغ دار کرنا۔

سَلِعَ (س) سَلَعًا. الرَّجُلُ :برص والا ہونا۔ ...... قَدَمُهُ :قدم کا پھٹنا۔

أَسْلَعَ :پھٹے ہوئے سر والا ہونا۔جسم میں زخم والا ہونا۔

سَلَّعَهُ :پھاڑنا۔

تَسَلَّعَ. عَقِبُهُ :ایڑی کا پھٹنا۔

اِنْسَلَعَ :پھٹنا۔

السَّلْع :مص۔پیر کی بوائی۔ج سُلُوع :۔ واحد(سَلْعَة) (...... والسِّلْع) :مثل ہم عمر۔ کہاجاتا ہے "هٰذَا سِلْعُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے و "غُلَامَانِ سِلْعَانِ" دو ہم عمر لڑکے اور ایسا ہی غِلْمَانٌ أَسْلَاعٌ ...... فِي الجَبَلِ :دراڑ۔ج أَسْلَاع وسُلُوع۔

السَّلَع :مص۔ایک کڑوا درخت۔ایک بدمزہ سبزی۔ایک قسم کا ایلوا۔جلد میں جلنے کا داغ۔

السَّلْعَة والسَّلَعَة :زخم جو جلد کو پھاڑ دے۔ ج سَلَعَات وسِلَاع۔

السِّلْعَة :سامان وسامان تجارت۔ج سِلَع (...... والسِّلْعَة والسَّلْعَة والسِّلَعَة) :بدن کا پھوڑا یا گوشت اور کھال کے درمیان غدود جیسی زیادتی۔جونک۔

الأَسْلَع :برص کی بیماری والا۔کبڑا۔پھٹے ہوئے پیر والا۔کھال میں جلنے کا داغ۔ مؤنث سَلْعَاء :ج سُلْع

السَّوْلَع :کڑوا ایلوا۔کہاجاتا ہے "هُوَ أَمَرُّ مِنَ السَّوْلَعِ" وہ ایلوے سے زیادہ کڑوا ہے۔

السَّلِيعَة :طبیعت۔کہاجاتا ہے "إِنَّهُ لَكَرِيمُ السَّلِيعَةِ" وہ شریف طبیعت ہے۔

المِسْلَع :رہبر ورہنما۔

المَسْلُوع :جسم پر پھوڑے والا یا غدود جیسی زیادتی والا۔

المَسْلُوعَة :واضح راستہ۔

سَمٌّ مُسَلِّعٌ :بہت تیز زہر۔

المُسْلَعِف :سخت۔

السَّلْغَام: کشادہ حلق والا۔ بڑے پیٹ والا۔ لمبی ناک والا۔ بھیڑیا۔ اَبُوْ سِلْغَامَة: بھیڑیے کی کنیت ہے۔
سَلْغَنَ۔ فِیْ عَدْوِہٖ: تیز دوڑنا۔
سَلَغَ (ف) سَلْغًا۔ رَاْسَه: کسی کے سر کو کچل دینا۔
سَلَغَت (ف) سُلُوْغًا۔ البَقَرَةُ اوِ الشَّاةُ: گائے یا بکری کے کچلی کے دانت نکلنا۔ صفت (سَالِغ)
الاَسْلَغ: گہرا سرخ۔ مرض برص والا۔ لَئِیْم ...... مِنَ اللَّحْمِ: کچا گوشت۔
سُلْغُفَة: لگنا۔
سَلَفَ (ن) سَلْفًا۔ الاَرْضَ: زمین کو زراعت کے لئے ہنگے سے ہموار کرنا۔
المَزَادَةَ: توشہ دان پر تیل ملنا۔
سَلَفَ (ن) سَلَفًا وسُلُوْفًا: گزرنا۔ آگے ہونا۔ تم کہتے ہو "سَلَفَ لَهٗ عَمَلٌ صَالِحٌ" اس سے عمل صالح کا صدور پہلے ہوا۔
و "سَلَفَ القَوْمَ" وہ قوم سے آگے ہو گیا۔
سَلَّفَهٗ۔ مَالاً: قرض دینا ...... الشَّیْءَ: پیشگی دینا ...... الضَّیْفَ: مہمان کے سامنے ناشتہ پیش کرنا ...... الرَّجُلُ: سلفہ کھانا۔ (دیکھئے سلفه)
اَسْلَفَ۔ الاَرْضَ: زمین کو زراعت کے لئے ہنگے سے ہموار کرنا ...... ہ مَالاً: قرض دینا۔ ...... فِی الشَّیْءِ: قبضہ کرنا۔ الشَّیْءَ: کسی کو کوئی چیز سپرد کرنا۔ اَسْلَفَتِ المَرْاَةُ: پینتالیس سال کی ہونا۔ صفت (مُسْلِف) (یہ عورتوں ہی کے لئے مخصوص ہے۔)
سَالَفَهٗ۔ فِی الاَمْرِ: برابری کرنا ...... ہ فِی الاَرْضِ: ساتھ ساتھ چلنا ...... الجَمَلُ: آگے بڑھنا۔
تَسَلَّفَ واسْتَسْلَفَ۔ المَالَ: قرض لینا۔
تَسَلَّفَ الرَّجُلُ: سلفہ کھانا (دیکھئے سُلْفَه)
تَسَالَفَ۔ الرَّجُلاَنِ: ہم زلف ہونا۔ یہ دونوں مرد (سِلْفَانِ): کہے جاتے ہیں۔

اِسْتَسْلَفَ۔ المَالَ: قرض لینا۔
السَّلْفُ: مص۔ توشہ دان۔ ج سُلُوْف واَسْلُف۔
السِّلْفُ: چیڑا۔ سِلْفُ الرَّجُلِ: ہم زلف۔ ج اَسْلاَف۔
السَّلَفُ: مص۔ قرض۔ ہر عمل صالح پیش کردہ۔ السَّلَفُ: گزشتہ آباء واجداد۔ ومَذَاهِبُ السَّلَفِ: متقدمین کے مذاہب۔ ج اَسْلاَف۔
السَّلِیْف: چیڑا۔ ہم زلف۔ رَجُلٌ سَلِیْفٌ: گزرا ہوا مرد۔ ج اَسْلاَف۔ اَرْضٌ سَلِفَةٌ: کم درختوں والی زمین۔
السُّلَفُ: چکور کا چوزہ۔ ج سِلْفَان وسُلْفَان۔
السُّلْفَة: ہر وہ چیز جس کو غذا سے پہلے وقت گزاری کے لئے کھایا جائے۔ کھانا جس کو آنے والے کے لئے محفوظ رکھیں۔ جماعت متقدمین۔ چرمی موزے کا استر جو باریک چمڑے کا ہو۔ ج سُلَف: ہنگے سے ہموار کی ہوئی زمین۔ کہا جاتا ہے "جَاءُوْا سُلْفَةً سُلْفَةً" وہ یکے بعد دیگرے آئے۔
السُّلاَفُ والسُّلاَفَة: نچوڑنے سے پہلے جو خود بخود بہے (یہ بہترین شراب ہے) سُلاَفُ العَسْكَرِ: مقدمہ لشکر۔ سُلاَفَةُ کُلِّ شَیْءٍ عَصَرْتَهٗ: ہر نچوڑی ہوئی چیز کا ابتدائی حصہ۔ ج سُلاَفَات۔
الاُسْلُوْفَة: دامادی۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَهُمْ اُسْلُوْفَةٌ" ان کے درمیان رشتہ داری ہے۔
السَّالِف: فا۔ گزرا ہوا۔ پیش رفتہ۔ تم کہتے ہو "کَانَ ذٰلِکَ فِیْ سَالِفِ الاَیَّامِ" یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔ ج سَلَف وسُلاَّف۔
السَّالِفَة: گزری ہوئی۔ گردن کا وہ حصہ جو بالی لٹکنے کی جگہ ہے۔ سَالِفَةُ الفَرَسِ: گردن کا اگلا حصہ۔ ج سَوَالِف۔
السَّلُوْف۔ مِنَ الاِبِلِ: گھاٹ پر جاتے ہوئے آگے آگے رہنے والا اونٹ ...... مِنَ الخَیْلِ: تیز رفتار گھوڑا۔ سَهْمٌ سَلُوْفٌ: لمبا تیر۔ ج سُلُف۔

السَّلِیْف: پیش رو۔ جماعت متقدمین۔ ج سُلُوْف۔
المُسْلِف: پینتالیس سالہ عورت۔
المِسْلَفَة: وہ اوزار جس کو زمین ہموار کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں اور جس کا نام ہنگا۔ چیلا۔ سراون ہے۔
المَسْلُوْفَة: ہموار کی ہوئی زمین۔
سَلَقَ (ن) سَلْقًا۔ البَیْضَ اوِ البَقْلَ: انڈے یا سبزی اُبالنا۔ جوش دینا ...... سَلَقَهٗ بِالکَلاَمِ: بدزبانی سے تکلیف پہنچانا۔ قرآن مجید میں ہے "سَلَقُوْکُمْ بِاَلْسِنَةٍ حِدَادٍ" تم کو وہ لوگ تیز تیز زبانوں سے طعنے دیتے ہیں ...... بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا ...... بِالسَّوْطِ: مار کر کھال اُدھیڑ دینا۔ سَلَقَ اللَّحْمَ عَنِ العَظْمِ: گوشت ہڈی سے جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا ...... الشَّیْءَ بِالمَاءِ الحَارِّ: گرم پانی سے بال اون وغیرہ دور کرنا ...... الدَّابَّةُ الرَّاكِبَ: باطن ران کو چھیل دینا ...... المَزَادَةَ: توشہ دان پر تیل ملنا ...... البَرْدُ النَّبَاتَ: جلا دینا ...... الرَّجُلَ: چت پچھاڑنا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُهٗ فَسَلَقْتُهٗ لِقَفَاهُ" میں نے اس کو پکڑا اور چت پچھاڑ دیا ...... العُوْدَ فِی العُرْوَةِ: کسی چیز کے دستہ میں لکڑی لگانا ...... القَدَمُ فِی الطَّرِیْقِ: قدم کا راستے میں نشان ڈالنا۔ ...... الرَّجُلُ: دیوار چڑھنا۔
سُلِقَ۔ السِّلْقَةَ وعَلَیْهَا: سلقہ پیدا کیا جانا۔
اَسْلَقَ۔ العُوْدَ فِی العُرْوَةِ: کسی چیز کے دستہ میں لکڑی داخل کرنا۔ لگانا ...... الرَّجُلُ: مادہ بھیڑیے کا شکار کرنا۔
تَسَلَّقَ: چت سونا ...... الجِدَارَ: دیوار پر چڑھنا۔ دیوار پھاندنا ...... عَلٰی فِرَاشِهٖ: درد یا غم سے تڑپنا۔ بے قرار ہونا۔
اِنْسَلَقَ۔ اللِّسَانُ: زبان کا چھل جانا۔
سَلْقَیْتُهٗ سِلْقَاءً: چت لٹانا۔ سَلْقَیْتُهٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

اِسْلَنْقٰی اِسْلِنْقَاءً وَاِسْلَنْقٰی اِسْلِنْقَاءً: چت لیٹنا۔فَعْلٰی و اِفْعَنْلٰی و افْعَلّٰی کے اوزان ملحقات رباعی سے ہیں۔)

السَّلْقُ :مص۔(.....والسَّلَق) :زخم کا داغ۔والسَّلَق :ہموار وعمدہ زمین۔کشادہ راستہ۔ج اَسْلَاق وسُلْقَان وسِلْقَان.

السِّلْق :چقندر۔پانی بہنے کی جگہ۔بھیڑیا۔ج سُلْقَان وسِلْقَان.

السِّلْقَة :مادہ بھیڑیا۔ج سِلْق وسِلَق.

السِّلْقَة :زبان دراز عورت۔ٹڈی جو کہ انڈے دے چکی ہو۔

السَّالِقَة مِنَ النِّسَاء :دوہتڑ مارنے والی۔واویلا کرنے والی عورت۔ج سَوَالِق.

السُّلَاق :زبان کی جڑ کی پھنسیاں یا دانت کی جڑوں کی خراش۔پوٹوں کی موٹائی سرخی وزخم کے ساتھ۔

السَّلَاقَة :بدزبانی۔

السُّلَاقَة :دواؤں کا جوشاندہ۔

السَّلَائِق :راستہ پر قدم وغیرہ کے نشانات۔

السَّلُوْقِیُّ والسَّلَاقِیُّ مِنَ الکِلَاب :ایک خاص قسم کا شکاری کتا۔

السَّلُوْقِیَّة. السلوقی :کا مؤنث۔جہاز کے کپتان کے بیٹھنے کی جگہ۔السَّلُوْقِیَّة مِنَ الدُّرُوْع :وہ زرہیں جو یمن کے ایک علاقہ سلوق کی جانب منسوب ہیں۔

السَّلَّاق :اسم مبالغہ۔خطیب (سَلَّاق وسَلِق ومِسْلَاق): بلیغ لیکچرار۔

السُّلَّاق :نصرانیوں کی ایک عید۔(کلمہ سریانیہ ہے۔)

السَّلِیْق :چھوٹے درختوں کے گرے ہوئے پتے۔چھتے کی لمبائی میں شہد کی ایک مقدار۔

سَلِیْقُ الطَّرِیْق :راستہ کا پہلو۔ج سُلُق.

السَّلِیْقَة :طبیعت۔ج سَلَائِق :اُبالی ہوئی سبزی۔

السَّلِیْقِیَّة :سلیقہ کی جانب منسوب۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَکَلَّمُ بِالسَّلِیْقِیَّة" وہ بغیر سیکھے ہوئے بالطبع گفتگو کرتا ہے۔و "اِضطَرَبَ

کَلَامُ الْعَرَبِ وغَلَبَتِ السَّلِیْقِیَّة" یعنی وہ لوگ سلیقہ سے گفتگو کرتے ہیں۔بغیر اس کے کہ اعراب کا قصد کریں اور غلطی سے بچنے کا ارادہ کریں۔

سَلَکَ (ن) سَلْکًا وسُلُوْکًا. المَکَانَ : داخل ہونا......الطَّرِیْقَ :راستہ کی اتباع کرتے ہوئے چلنا......و اَسْلَکَ) الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ :کسی چیز کو کسی چیز میں داخل کرنا۔

سَلَکَهُ المَکَانَ واَسْلَکَهُ المَکَانَ وفِیْهِ وعَلَیْهِ :کسی جگہ میں داخل کرنا۔ومِنْ کَلَامِ المُوَلِّدِیْنَ سَکَّکَ الغَزْلَ :سوت کو چرخہ پر چڑھانا۔

اِنْسَلَکَ. فِی الشَّیْءِ :کسی چیز میں داخل ہونا۔

السِّلْک :لڑی۔ج سُلُوْک واَسْلَاک.

السُّلَک :سنگ خوار یا چکور کا چوزہ۔مؤنث سُلَکَة ج سِلْکَان.

السِّلْکَة :سلائی کا دھاگہ۔ج سِلْک وج اَسْلَاک وسُلُوک.

السُّلْکٰی :نیزہ کی سیدھی ضرب اور کہا جاتا ہے "اَمْرُهُمْ سُلْکٰی" یعنی ان کا معاملہ ایک طریقہ پر ہے۔

المَسْلَک :راستہ۔ج مَسَالِک.

المَسْلَکَة :دھجی جو کپڑے کے کنارے سے پھاڑی جائے۔

المِسْلَکَة :چرخہ۔(مولد)

المُسْلَک :نحیف ولاغر۔

سَلِمَ (س) سَلَامَةً وسَلَامًا. مِنْ عَیْبٍ او آفَةٍ :نجات پانا۔بری ہونا۔لَهُ المَالُ :مخصوص ہونا اور کہتے ہیں "لَا بِذِی تَسْلَمُ مَا کَانَ کَذَا" یعنی نہیں قسم ہے اس ذات کی جو تمہیں محفوظ رکھتی ہے ایسا نہیں تھا اور مخاطب کے تثنیہ وجمع تذکیر وتانیث کے لحاظ سے "بِذِیْ تَسْلَمَان و تَسْلَمُوْنَ وتَسْلَمِیْنَ" استعمال کرتے ہیں اور غلطی

سلامتی کے ساتھ جاؤ۔

سَلَمَهُ (ن) سَلْمًا. الحَیَّةُ :سانپ کا ڈسنا۔

سَلَمَ (ض) سَلْمًا. الجِلْدَ :کھال کو سلم درخت کے پتوں سے دباغت دینا۔

الدَّلْوَ :ڈول بنانے سے فارغ ہونا اور مضبوط وعمدہ بنانا۔

سَلَّمَهُ. وسَلَّمَ عَلَیْهِ. السَّلَامُ عَلَیْکَ کہنا ......ہ مِنَ الآفَةِ :محفوظ رکھنا......ہ اِلٰی فُلَانٍ :سپرد کر دینا۔سَلَّمَ بِالاَمْرِ :راضی ہونا...... اِلَیْهِ :فرمانبردار ہونا......الشَّیْءَ :خالص کرنا۔سَلَّمَهُ الشَّیْءَ فَتَسَلَّمَهُ :کسی کو کوئی چیز سپرد کرنا اور اس کا قبول کر لینا۔

سَالَمَهُ :مصالحت کرنا۔

اَسْلَمَ :فرمانبردار ہونا۔دین اسلام اختیار کرنا۔بیع سلم کرنا......العَدُوَّ :دشمن کو چھوڑ دینا۔اَمْرَهُ اِلَی اللّٰهِ :سپرد کر دینا اور تم کہتے ہو "اَسْلَمْتُهُ وسَلَّمْتُهُ" جبکہ تم کسی کو چھوڑ دو اس وقت جبکہ کوئی شخص تکلیف پہنچانا چاہتا ہو۔

اُسْلِمَ :سانپ سے ڈسا جانا۔

تَسَلَّمَ :مسلمان بننا......الشَّیْءَ :قبضہ کرنا ......مِنْهُ :بیزار ہونا۔

تَسَالَمَ. القَوْمُ :باہم مصالحت وموافقت کرنا۔تَسَالَمَتِ. الخَیْلُ :بغیر لڑے بھڑے ساتھ ساتھ چلنا۔

اِسْتَلَمَ. الحَجَرَ :چھونا۔(سَلِمَة :بمعنی پتھر سے ماخوذ ہے) بوسہ دینا اور بسا اوقات پتھر کے علاوہ دوسری چیزوں کے لئے استعمال ہوتا ہے۔جیسا کہ تم کہتے ہو "اِسْتَلَمْتُ یَدَهُ" میں نے اس کے ہاتھ کو چھوا یا بوسہ دیا۔

......الزَّرْعُ :خوشہ نکلنا۔

اِسْتَسْلَمَ :فرماں بردار ہونا۔

تَمَسْلَمَ :مسلمان کہلانا (یہ مسلم سے ماخوذ ہے جیسے مسکین سے تَمَسْکَنَ)

السَّلْمُ :مص۔ایک گوشہ والا ڈول۔ج

السِلْم: صلح کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "اَنَا سِلْمٌ لِمَنْ سَالَمَنِي وَحَرْبٌ لِمَنْ حَارَبَنِي" میں صلح کرنے والوں کے لئے صلح جو اور لڑنے والوں کے لئے لڑاکا ہوں۔ قَوْمٌ سِلْمٌ وسِلْمٌ: صلح کرانے والی قوم۔ سلامتی۔ اسلام۔

السَلَم: سلامتی۔ تابعداری۔ قید۔ قیدی۔ ایک قسم کا کانٹے دار درخت جس کے پتوں سے دباغت دی جاتی ہے اور اسی سے ذوسَلَم نام رکھا گیا ہے۔ واحد (سَلَمَةٌ)

السُلَّم: سیڑھی (مذکر ومؤنث) ج سَلالِم وسَلالِيم: وسیلہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "اِتَّخَذَهُ سُلَّمًا اِلَى حَاجَتِهِ" اس نے اس کو اپنی حاجت کے لئے وسیلہ بنایا۔

السَلِمَة: پتھر۔ ج سِلام: نازک ہاتھ پیروں والی عورت۔

السَلام: مص۔ تسلیم کا اسم جیسے تکلیم سے کلام۔ طاعت وفرمانبرداری کے لئے جھکنا۔

السَلام: اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے اس لئے کہ باری تعالیٰ نقائص وعیوب سے پاک ہیں۔ دار السَلام: جنت۔ مَدِينَةُ السَلام: بغداد۔ نَهْرُ السَلام: دریائے دجلہ (...... والسِلام): ایک قسم کا کڑوا درخت۔ واحد (سَلامَةٌ وسِلامَةٌ)

السَلامَة: مص۔ عیوب و آفات سے پاکی۔

السُلامَى: چھوٹی ہڈیوں میں سے ہر جوڑ دار ہڈی جیسے انگلیوں کی ہڈیاں۔ پھر توسعاً ہر ہڈی اور ہڈی کے جوڑوں پر اطلاق ہونے لگا۔ ج سُلامَيات۔

السَلامَى: دکھنی ہوا۔

السُلَيْمانِي: ایک قسم کا زہر جس کا جز واعظم پارہ ہے۔

السَلَم واحد السَلَمَة: ایک درخت کا نام (ببول)۔

السَلْمُون: ایک بڑی مچھلی کا نام۔

السَلِينُوس: پھولوں کی جنس کا ایک نام۔

السالِم: فا۔ آنکھ اور ناک کے درمیان کی کھال۔

السَلِيم: ج سَلْمَى: ڈسا ہوا۔ سخت زخمی جو قریب بہلاکت ہو (ان دونوں کو تفاؤلاً سلیم کہتے ہیں)...... ج سُلَماء: آفات سے محفوظ۔

الأَسْلَم: آفات سے بہت محفوظ۔ مؤنث سَلْمَى۔

الأُسَيْلِم: چھوٹی انگلی اور اس کے پاس والی انگلی کے درمیان کی ایک رگ۔

الإِسْلام: مص۔ بغیر کسی پس وپیش کے امرو نہی کی فرمانبرداری کر لینا۔ مذاہب اسلام اور کبھی مسلمانوں کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

المُسْلِم: دین اسلام کا پیرو۔ ج مُسْلِمُون مؤنث مُسْلِمَةٌ ج مُسْلِمات۔

أَرْضٌ (مَسْلُوماء): بہت درخت سلم والی زمین۔

اِسْلَهَبَّ. الفَرَسُ: گھوڑے کا لمبا ہونا۔

سَلا يَسْلُو سَلْوًا وسُلُوًّا وسُلْوانًا وسِلِيًّا. يَسْلَى سُلِيًّا. الشَيءَ وعَنْهُ: بھول جانا۔ تسلی پانا۔ بے غم ہونا۔

أَسْلَى إِسْلاءً. القَوْمُ: درندوں سے مامون ہونا۔ أَسْلاهُ عَنْ هَمِّهِ: بے غم کر دینا۔

سَلَّى تَسْلِيًا: بتکلف تسلی ظاہر کرنا۔ تسلی پانا۔ کہا جاتا ہے "سَلاهُ وأَسْلاهُ فَتَسَلَّى" اس نے اسے تسلی دی اور اسے تسلی حاصل ہوگئی (...... وانْسَلَى) الهَمُّ: غم زائل ہونا۔

اِسْلَنْتَ اِسْتِلاءً. الشاةُ: موٹی ہونا۔

السُلْوَة والسَلْوَة: تسلی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِي سُلْوَةٍ مِنَ العَيْشِ" وہ فراخی وفارغ البالی کی زندگی میں ہے۔ "اَسْقَيْتَنِي سَلْوَةً مِنْ نَفْسِكَ" یعنی میں نے تجھ سے وہ چیز دیکھی جس سے مجھے تسلی ہوگئی۔

السُلْوان: مص۔ (...... والسُلْوانَة والسُلْوانَة) ایک قسم کا مہرہ جس کو تعویذ کے طور پر یا نظر بد سے بچنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

السَلْوَى: شہد۔ باعث تسلی۔ لوا۔ واحد (سَلْواةٌ)

المَسْلاة: ہر وہ مقام جہاں پر تسلی زیادہ ہو۔ ہر وہ چیز جو باعث تسلی ہو۔

المُسَلِّي: فا۔ گھڑ دوڑ کا تیسرا گھوڑا۔

سَلِيَتْ تَسْلَى سَلًى. الشاةُ: ٹوٹی ہوئی جھلی والی ہونا۔ صفت (سَلْياء)

أَسْلَتِ. الشاةُ: بکری سے جھلی نکالنا۔

السَلَى: جھلی (وہ جھلی جس میں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے اور اگر وہ پیٹ میں ٹوٹ جاتی ہے تو بچہ اور ماں دونوں مر جاتے ہیں) ج أَسْلاء۔ "اِنْقَطَعَ السَلَى فِي البَطْنِ" اس وقت بولتے ہیں جبکہ سارے حیلے ختم ہو جائیں اور مصیبت بڑھ جائے۔ و"هُوَ اَكِلُ السَلاءِ" وہ خسیس وکمینہ ہے۔

السَلِيلُوبِيد: وہ مادہ جو کہ کافور اور روئی کے ملانے سے سخت صاف ہر قسم کی صورت بنانے کے قابل ہو جاتا ہے اس سے کنگھی وغیرہ بنائی جاتی ہے۔

سَمَّهُ (ن) سَمًّا: زہر دینا...... الطَعامَ: کھانے میں زہر ڈالنا...... القارُورَةَ: بند کرنا...... الشَيءَ: درست کرنا...... بَيْنَهُما: صلح کرانا...... الأَمْرَ: آزمانا اور تہ تک پہنچنا۔ سَمَّ النِعْمَةَ إِلَيْهِ: مخصوص کرنا۔ سَمَّ الشَيءُ: سب کو عام ہونا۔

سَمَّتْ (ن) سُمُومًا. الرِيحُ: جھلسنا۔

سُمَّ. اليَوْمُ: دن کا سخت گرم ہونا یا گرم ہوا والا ہونا...... النَباتُ: بادِ سموم سے جھلسنا۔ صفت (مَسْمُوم)

سُمَّ. الطَعامُ: کھانے میں زہر ڈالنا۔

أَسَمَّ إِسْمامًا. اليَوْمُ: بادِ سموم چلنا۔

السُمُّ والسَمُّ والسِمُّ: سوئی کا ناکا۔ زہر ج سِمام وسُمُوم. سَمُّ الحِمار: کنیر۔ سَمُّ الفار: سنکھیا۔ سَمُّ السَمَک: ماہی زہرہ (ایک دوا کا نام) سَمٌّ ساعَة: فوراً ہلاک

کرنے والا زہر۔کہا جاتا ہے "اَصَابَ سَمَّ خَاجِبِهِ" اس نے اپنا مقصد حاصل کرلیا۔
السَّمّ: ہر وہ چیز جو سمندر سے نکلے مثل سیپ گھونگا وغیرہ کے۔
السُّمَّةُ: قرابت۔کھجور کی چٹائی جس کو درخت خرما کے نیچے بچھا دیں تاکہ کھجوریں اسی پر گریں۔زینت کے لئے پرئی ہوئی کوڑیاں۔ج سُمَم وسِمَام۔
سُمَيَّةُ. الشَّيْ: کسی چیز کا زہریلا اثر۔
السَّمَام: ہلکا پھلکا تیر۔ایک چھوٹا سا پرندہ۔ واحد (سَمَامَة)
السِّمَام والسُّمُوم. مِنَ الإنسان: منہ۔ نتھنے۔کان۔السَّمَام: بھیڑیا۔
السَّمُوم: گرم ہوا۔مؤنث۔ج سَمَائِم۔
السَّمَامَةُ: کالبد انسانی۔تم کہتے ہو "فُلانٌ بَهِيُّ السَّمَامَةِ" فلاں خوبصورت بدن والا ہے۔کھنڈرات۔جھنڈا۔گھوڑے کی گردن کا خوبصورت دائرہ۔ابابیل کی مانند ایک پرندہ جس کے انڈوں کا حاصل کرنا غیر ممکن ہے۔ اسی وجہ سے عرب کا قول ہے "كَلَّفَنِي بَيْضَ السَّمَائِمِ" تم نے مجھ کو تکلیف ما لا یطاق دی۔اور ایک قول بَیْضَ السَّمَامِ کا ہے۔سَمَائِم سِمْسِمَة کی جمع ہے جس کے معنی سرخ چیونٹی کے ہیں۔
السَّامُّ: زہریلا۔
السَّامَّةُ. سام: کا مؤنث۔خاص۔کہا جاتا ہے "عَرَفَ ذٰلِكَ السَّامَّةُ والعَامَّةُ" اس کو خاص اور عام سب جانتے ہیں۔
سَامُّ أَبْرَص وسَمُّ أَبْرَص: چھپکلی۔ ٹی۔ سَامَّا أَبْرَص۔ ج أَبَارِص وسَوَامُّ أَبْرَص۔
يَوْمٌ سَامٌّ ومَسِمٌّ ومَسْمُومٌ: ...... گرم ہوا والا دن۔
الأَسَمُّ. الأَنْفِ: تنگ نتھنے والا۔
المَسَام. مِنَ الجِلْدِ: جسم کے باریک سوراخ اور بعض لوگ۔اس کو مَسَمّ بمعنی سوراخ کی جمع قرار دیتے ہیں جیسے مَحَاسِن حُسْن کی جمع۔

أَهْلُ (المَسَمَّةِ): خاص لوگ۔رشتہ دار۔
سَمَأَلَ. الخَلُّ: مکھی والا ہونا۔
إِسْمَأَلَّ. إِسْمِئْلَالًا: دبلا ہونا۔
الظِّلُّ: کوتاہ ہونا۔
السَّمْأَلُ: سایہ۔
السَّمَوْأَل: سایہ۔سرکہ کے اوپر کی مکھی۔ایک شخص کا نام جو وفاء عہد کے لئے ضرب المثل ہے۔
المُسْمَئِلُّ: قا۔پرانا کپڑا۔
سَمَتَ: (ن ض) سَمْتًا. سَمَتَ الشَّيْ و راستہ اختیار کرنا۔راہ راست پر چلنا۔گمان سے راستہ پر چلنا۔سَمَتَ نَحْوَهُ: قصد کرنا اور اسی سے ہے "وَهُنَّ إِلَى البَيْتِ العَتِيقِ سَوَامِتُ" وہ سب خانہ کعبہ کی جانب قصد کرنے والی ہیں۔سَمَتَ لَهُمْ: رائے و تدبیر و طریقہ گفتگو کی رہنمائی کرنا۔
سَمَّتَ: راستہ اختیار کرنا...... لِلْعَاطِسِ: يَرْحَمُكَ اللهُ: کہہ کے دعا کرنا...... عَلَى الشَّيْ: کسی چیز پر اللہ کا نام لینا۔
سَامَتَهُ: مقابل ہونا۔
تَسَمَّتَهُ: قصد کرنا۔
السَّمْتُ: مص۔راستہ۔کہا جاتا ہے "خُذْ فِي هٰذَا السَّمْتِ" اس راستہ کو اختیار کرو۔ج سُمُوت سَمْتُ الرَّاسِ فِي عِلْمِ الْهَيْئَةِ: علم ہیئت کی اصطلاح میں کسی کھڑے ہوئے شخص کے سر کی سیدھ میں آسمان کا وہ نقطہ جس پر کرۂ ارض کے مرکز سے نکلا ہوا خط پہنچے۔سَمْتُ الرَّاس کہلاتا ہے اور اس کے مقابل کو سَمْتُ القَدَم یا سَمْتُ الرِّجْلِ کہتے ہیں اور سمت کا لفظ اہل خیر و صلاح کی ہیئت کے لئے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔کہا جاتا ہے "مَا أَحْسَنَ سَمْتَ فُلَانٍ" اس کی ہیئت و حالت کس قدر اچھی ہے۔
سَمُجَ: (ک) سَمَاجَةً وسُمُوجَةً: قبیح ہونا۔صفت (سَمْج وسَمِج وسَمِيج) ج سِمَاج ومَسْمُوجُون وسُمَجَاء وسَمَاجَى۔
سَمَّجَهُ: قبیح بتانا

إِسْتَسْمَجَهُ: قبیح سمجھنا۔
سَمْجَرَ سَمْجَرَةً. اللَّبَنَ: دودھ میں پانی زیادہ ملانا۔
سَمُحَ: (ک) سَمَاحًا وسُمُوحًا وسَمَاحَةً وسُمُوحَةً وسَمْحًا وسِمَاحًا: فیاض و سخی ہونا۔صفت (سَمْح وسَمِيح ومِسْمَح ومِسْمَاح) ج سِمَاح وسُمَحَاء ومَسَامِيح: تم کہتے ہو "رِجَالٌ ونِسَاءٌ سِمَاح وسُمَحَاء و مَسَامِيح"۔
سَمَحَ: (ف) سَمَاحَةً وسَمَاحًا. بِكَذَا: بخشش کرنا...... لَهُ بِالشَّيْ: دینا...... العُودُ: لکڑی کا نرم ہونا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا مطیع و تیز رفتار ہونا۔
سَمَّحَ: نرم ہونا اور نرم برتاؤ کرنا...... الرُّمْحَ: نیزہ کو نرم کرنا...... الرَّجُلُ: آہستہ چلنا۔دوڑنا۔بھاگنا۔
أَسْمَحَ. الرَّجُلُ: فیاض و سخی ہونا۔أَسْمَحَتِ الدَّابَّةُ: سرکشی کے بعد نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "أَسْمَحَتْ قَرُونَتُهُ" یعنی اس کا نفس تابع و فرمانبردار ہوگیا۔
سَامَحَهُ. فِي الأَمْرِ وبِالأَمْرِ: نرم برتاؤ کرنا۔نرمی کرنا۔مقصد میں موافقت کرنا...... ہ بِذَنْبِهِ: درگزر کرنا۔
تَسَمَّحَ و تَسَامَحَ. فِي كَذَا: نرمی برتنا۔
السَّمَاح: مص۔بَيْعُ السَّمَاحِ: وہ بیع جس میں قیمت گھٹانے میں نرمی ہو۔کہتے ہیں "السَّمَاحُ رِبَاحٌ": یعنی معاملات میں نرمی نفع بخش ہوتی ہے۔
السِّمَاح: مص۔چمڑے کا خیمہ۔
السَّمْحَةُ. السَّمْح: کا مؤنث۔ج سِمَاح۔
المَسْمَح: وسعت و فراخی۔
السَّمْحَج: دراز پشت گھوڑا یا گدھی۔پتلی کمر اور سخت گوشت والا گھوڑا۔
السَّمْحَاق: سر کی ہڈی پر باریک جھلی۔
سَمَاحِيقُ. السَّمَاءِ: بادل کے پتلے ٹکڑے اور کہا جاتا ہے: "عَلَى ثَرْبِ الشَّاةِ

سَمَاحِیْقَ مِنَ الشَحْمِ" بکری کے اوجھ کی چادر پر چربی کی کچھ جھلی سی ہے۔
سَمَخَ (ن) سَمْخًا. الزَرْعُ: کھیتی کا اُگنا۔
(سَمَخَهٗ (ن) سَمْخًا) کان کے سوراخ پر چوٹ لگا کر زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَخَنِیْ بِحِدَّةِ صَوْتِهٖ وَكَثْرَةِ كَلَامِهٖ" اس نے آواز کی تیزی اور کثرت گفتگو سے میرے کان کو زخمی کر دیا۔
...... زَرْعٌ حَسَنُ (السِمْخَة) اچھی اُگنے والی کھیتی۔
السِمَاخ: کان کا سوراخ۔
سَمَدَ: (ن) سُمُوْدًا: حیران کھڑا ہونا۔ متحیر ہونا۔ گانا۔ تکبر سے سر اٹھانا اور سینہ تاننا ......فِی العَمَلِ: کوشش کرنا اور تکلیف اٹھانا ......الإبِلُ: اونٹ کا تیز چلنا (......سَمْدًا) الرَّجُلَ: قصد کرنا۔
سَمَّدَ. الاَرْضَ: کھاد ڈالنا ......الشَعْرَ: بال کو جڑ سے مونڈنا ......الرَّجُلَ: کھیل کود میں ڈالنا۔ غافل کر دینا۔
اِسْمَدَّ اِسْمِدَادًا واِسْمَادَّ اِسْمِئْدَادًا الرَّجُلُ: غصہ سے پھولنا ......یَدَهٗ: ہاتھ کا سوجنا ......الشَّیْئُ: ضائع ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَكَ (سَمْدًا)" وہ تمہارے واسطے ہمیشہ کے لئے ہے۔
السَمَاد: کھاد۔
السَامِد: قا۔ وَطْبٌ سَامِدٌ: بھری ہونے سے کھڑی مشک۔
اِسْمَدَرَّ اِسْمِدْرَارًا: نگاہ کمزور ہونا۔
السَمَنْدُوْر: آنکھ کا پردہ۔ بادشاہ (اس وجہ سے کہ اس کی طرف دیکھنے سے آنکھیں خیرہ ہو جاتی ہیں۔)
السَمَادِیْر: نشہ یا بے ہوشی یا دورانِ سر کی وجہ سے نگاہ کی کمزوری۔
السَمَنْدَر والسَمَنْدَل: ایک جانور جو پانی اور خشکی میں رہتا ہے اور کہا گیا ہے کہ اس کے جسم پر کچھ ایسا مادہ ہوتا ہے جو آگ بجھا دیتا ہے اور اسی بنا پر لوگوں کا خیال ہے کہ وہ جلتا نہیں۔

السَمَیْدَع: فیاض سردار۔ شریف بہادر بھیڑیا۔ تلوار۔ ج سَمَادِع۔
السَمِیْد والسَمِیْذ: سفید آٹا۔
سَمَرَ: (ن) سَمْرًا. العَیْنَ: گرم سلائی سے آنکھ پھوڑنا (......سَمَرًا وسُمُوْرًا) رات میں قصہ گوئی کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُهٗ مَا سَمَرَ السَمِیْرُ او ابْنُ سَمِیْرٍ وابْنَا سَمِیْرٍ" میں اس کو جب تک لوگ قصہ بیان کرتے رہیں گے نہیں کروں گا یعنی کبھی نہیں کروں گا۔
سَمَرَ (ن ض) سَمْرًا وسَمَّرَ. اللَبَنَ: دودھ کو پانی ملا کر پتلا کرنا ......الخَمْرَ: شراب پینا ......النَبَاتَ: گھاس چرنا ...... البَابَ وغیرہ: دروازے کو میخ سے مضبوط کرنا ......السَهْمَ: تیر چلانا۔
سَمِرَ (س) وسَمُرَ (ک) سُمْرَةً اِسْمَرَّ اِسْمِرَارًا واِسْمَارَّ اِسْمِیْرَارًا: سفیدی۔ سیاہی کے درمیان رنگ والا ہونا۔ گندم گوں ہونا۔ صفت (اَسْمَر) مؤنث سَمْرَاء۔ ج. سُمْر۔
سَامَرَهٗ: رات کو باتیں کرنا۔ رات کو قصہ گوئی کرنا۔
تَسَمَّرَ: میخ لگنے سے مضبوط ہونا۔
تَسَامَرَ. القَوْمُ: رات کو باہم باتیں کرنا۔
السَمْر: مص۔ قَوْمٌ سَمْرٌ: رات کو باتیں کرنے والے لوگ۔
السَمَر: رات کو باتیں سنانے والا۔ ج اَسْمَارَ: رات، رات کی تاریکی۔ کہا جاتا ہے لا آتِیْهِ سَمَرًا" میں اس کے پاس رات کو نہیں آؤں گا۔ رات کی گفتگو۔ چاند کا سایہ اور کبھی سمر قمر کے مقابلے میں بولتے ہیں جہاں سایہ ہو اس کو سَمَر اور جہاں چاندنی ہو اس کو قمر کہتے ہیں۔ زمانہ۔ رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس اور "حَلَفْتُ بِالسَمَرِ والقَمَرِ" و "لا آتِیْكَ السَمَرَ والقَمَرَ" "لا اُكَلِّمُهُ السَمَرَ والقَمَرَ" ان سب

ترکیبوں میں "تَحْتَ ظُهُوْرِ السَمَرِ والقَمَرِ" محذوف ہے۔ مراد ہمیشگی ہے۔
السَمَرَة: رات کی گفتگو۔
السَمُر: ببول کا درخت۔ ج اَسْمُر۔ واحد (سَمُرَة)
السَامِر: قا۔ ج سُمَّر وسُمَّار: رات کو باتیں کرنے والوں کی مجلس۔ تم کہتے ہو "اَمْسَیْتُ البَارِحَةَ فِی سَامِرِ الحَیّ" میں گزشتہ رات قبیلہ کی مجلس گفتگو میں تھا (والسَامِرَة) اسم جمع بمعنی رات کو باتیں کرنے والے۔
السَامُوْر: ہیرا۔
السَمَار: بہت پانی ملا ہوا دودھ۔
الاَسْمَرُ: نیزہ۔ ہرن کا دودھ۔ کہا جاتا ہے "عَامٌ اَسْمَر" بغیر بارش کا خشک سال۔
الاَسْمَرَان: پانی اور گیہوں، پانی اور نیزہ۔
السَمُوْر: تیز رفتار۔ اصیل اونٹنی۔
السَمُّوْر: ایک جانور جو نیولے کے مشابہ اور اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے اور اس کی کھال سے بہت بیش قیمت پوستین تیار ہوتی ہے اور بسا اوقات اس جانور کی کھال کو بھی سَمُّوْر کہتے ہیں۔ ج سَمَامِیْر۔
السَمِیْر: رات کو باتیں سنانے والا۔ رات کا قصہ گو۔ زمانہ۔ اِبْنَا سَمِیْر: دن اور رات۔ کہا جاتا ہے "لا اَفْعَلُهٗ سَمِیْرَ اللَیَالِیْ" میں اس کو کبھی نہیں کروں گا اور کہا جاتا ہے "اِبْنُ سَمِیْرٍ" بے چاند کی رات۔
السِمِّیْر: رات میں باتیں سنانے والا۔
المِسْمَار: کیل۔ میخ۔ اونٹوں کا بہتر رکھوالا۔ ج مَسَامِیْر۔
المُسَمَّر: کم گوشت، مضبوط پٹھوں والا۔ مکدر زندگانی۔
السَمْرَاء اَسْمَر: کا مؤنث۔ گیہوں۔ گیہوں کا آٹا جس سے بھوسی جدا نہ کی گئی ہو۔
السُمَیْرِیَّة: ایک قسم کی کشتی۔
سَمْرَتَ. السُمْرُوْت: لمبا (السُمْرُوْتَة)

لمبا۔

السَّمَرْمَر: ایک قسم کا پرندہ جو ٹڈیوں کا بہت شکار کرتا ہے اور ٹڈیاں اس کی آواز سے بھاگتی ہیں۔ السَّمَرْمَرَة: بھوت۔

سَمْسَرَ سَمْسَرَةً: دلال ہونا۔

السِّمْسَار: دلال۔ چیز کا مالک و منتظم۔

سِمْسَارُ الْأَرْضِ: زمین کا ماہر۔ ج سَمَاسِرَة و سَمَاسِر و سَمَاسِيرُ.

السَّمْسَرَة: مص۔ دلالی کا پیشہ۔ دلالی کی اُجرت۔

السِّمْسِق و السَّمْسَق و السُّمْسُق و السُّمْسُق: چنبیلی۔ مرزنجوش۔

سَمْسَمَ الثَّعْلَبُ: لومڑی کا دوڑنا ...... الرَّجُلُ: نرم چال چلنا۔

السَّمْسَم: لومڑی۔ بھیڑیا۔ زہر۔

السُّمْسُم: سرخ چیونٹی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد (سُمْسُمَة) ہلکا پھلکا مرد۔ ج سماسم.

السِّمْسِيم: تل و ضیا۔ سانپ کی ایک قسم۔

رَجُلٌ (مُسَمْسِمُ) الْوَجْهِ: خالدار چہرے والا مرد۔

سَمَطَ: (ن) سُمُوْطًا۔ الرَّجُلُ: چپ رہنا۔

عَلَى الْيَمِيْنِ: قسم کھانا...... اللَّبَنُ: مٹھاس میں تغیر ہونا۔ صفت (سَامِط)

سَمَطَ: (ن ض) سَمْطًا۔ الجَدْيَ: بکری کے بچہ کو بالوں سے صاف کرکے بھونا۔

...... الشَّيْءَ: لٹکانا...... السِّكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَطْتُ الرَّجُلَ يَمِيْنًا عَلَى حَقِّي" میں نے مرد کو اپنے حق پر قسم کھلائی۔

...... سَمَّطَ: چپ رہنا...... الشَّيْءَ: لازم ہونا۔ زین کے تسمہ سے لٹکانا...... الشَّاعِرُ: مُسَمَّطَ: اشعار نظم کرنا (دیکھو مُسَمَّط) "سَمَّطَ قَصِيْدَةَ فُلَانٍ" کسی کے قصیدہ کے اشعار کے ہر ہر شعر کے مصرعوں میں اپنی جانب سے ایک مصرعہ بڑھانا۔

أَسْمَطَ: چپ ہونا۔

تَسَمَّطَ. الشَّيْءُ بِهِ: لٹکنا۔

السِّمْط: لڑی جس میں مہرہ یا موتی پروئے ہوئے ہوں۔ زین کا تسمہ جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ کہا جاتا ہے "عَلَّقَهُ بِسُمُوْطِ سَرْجِهِ" اس نے اس چیز کو زین کے تسموں سے لٹکایا...... مِنَ الْعِمَامَةِ: پگڑی کا شملہ۔ گلوبند (زیور) سے لمبا ہار۔ السِّمْط مِنَ الثِّيَاب: چادر کے نیچے نمایاں ہونے والا کپڑا ...... مِنَ الرَّمْلِ: ریت کی لکیر۔ رَجُلٌ سِمْطٌ: ہلکا پھلکا چالاک مرد۔ ج سُمُوْط.

السَّمْط: مص۔ فقیر۔

السُّمْط: اونی کپڑا۔

نَعْلٌ (سُمْطٌ و أَسْمَاطٌ) اکہرے چمڑے کا جوتا۔ نَاقَةٌ سُمْطٌ و أَسْمَاطٌ: بے داغ کی اونٹنی۔ سَرَاوِيْلُ أَسْمَاطٌ: اکہرا پاجامہ۔

السَّامِط: فَمَاءٌ سَامِطٌ: جوش دیا ہوا پانی جو کسی چیز سے بال وغیرہ صاف کردے۔

السِّمَاط: صف بستہ چیز۔ دسترخوان۔

سِمَاطُ الطَّرِيْقِ: راستہ کے دونوں جانب۔

سِمَاطُ الْقَوْمِ: قوم کی قطار۔ ج سُمُط اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى سِمَاطٍ وَاحِدٍ" وہ ایک نظام میں ہیں۔

السَّمِيْط: بال صاف کرکے بھونا ہوا بکری کا بچہ۔ مرد سبک حال۔ فقیر۔ پختہ اینٹوں کا ردہ۔ نَعْلٌ سَمِيْطٌ: ایک چمڑے کا جوتہ۔

السُّمَيْط: پختہ اینٹوں کا ردہ۔

المُسَمَّط. مِنَ الشِّعْرِ: وہ شعر جو اجزاء عروضیہ پر ہو اور قافیہ کے حروف روی کے علاوہ دوسرے قافیہ پر ہو اور کہا جاتا ہے "حُكْمُكَ مُسَمَّطًا" تمہارا حکم پورا کیا ہوا ہے۔ تم پر کوئی اعتراض نہیں۔ اس کی تقدیر یہ ہے "لَكَ حُكْمُكَ مُسَمَّطًا" اور مُسَمَّطًا حالیت کی وجہ سے منصوب ہے۔ و "هُوَ لَكَ مُسَمَّطًا" وہ تمہارے لئے خوشگوار ہے۔ و "خُذْ حُكْمَكَ مُسَمَّطًا" تم اپنے حکم کو جاری کرو جور نہیں ہوگا۔

السَّمِيْطَر: ایک قسم کا پرندہ جس کی گردن لمبی

ہوتی ہے اور ہمیشہ اتھلے پانی کے قریب دکھائی دیتا ہے۔

سَمِعَ (س) سَمْعًا و سِمْعًا و سَمَاعًا و سَمَاعَةً و سَمَاعِيَةً و مَسْمَعًا. الصَّوْتَ: سننا۔ صفت (سَامِع) ج سُمَّاع و سَمَعَة و سَامِعُوْنَ ...... لَهُ اللّٰهُ: قبول کرنا...... مِنْهُ و لَهُ: دینا۔

إِلَيْهِ: کان لگانا۔ متوجہ ہونا۔

سَمَّعَهُ. الصَّوْتَ: سنانا۔ سَمَّعَ بِهِ: عیوب کو پھیلانا۔ رسوا کرنا۔ بری باتیں سنانا اور گالی دینا۔ سَمَّعَ بِكَذَا: کسی کے متعلق کوئی چیز پھیلانا۔

...... بِفُلَانٍ فِي النَّاسِ: شہرت دینا۔

أَسْمَعَهُ: سنانا۔ گالی دینا۔ ڈول میں دستہ لگانا۔

تَسَمَّعَ و اسْتَمَعَ. الرَّجُلَ و إِلَيْهِ: کان لگانا۔

تَسَامَعَ. بِهِ النَّاسُ: کسی کے متعلق لوگوں کا ایک دوسرے سے سننا۔

إِسْتَمَعَ. لَهُ و إِلَيْهِ: کان لگانا۔

إِسْتَسْمَعَهُ: سننا۔

السَّمْع: مص۔ سننے کا حاسہ۔ کان۔ سنی ہوئی بات۔ سنا ہوا ذکر۔ ج أَسْمَاع و أَسْمُع و جج أَسَامِع و أَسَامِيْع۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَا بَيْنَ سَمْعِ الْأَرْضِ و بَصَرِهَا" جبکہ کوئی نہ جانتا ہو کہ کہاں گیا یا ایسی زمین میں ہو جہاں اس کو کوئی دیکھنے والا سننے والا نہ ہو۔ و "أَلْقَى نَفْسَهُ بَيْنَ سَمْعِ الْأَرْضِ و بَصَرِهَا" اس نے اپنے آپ کو ایسی جگہ میں ڈال دیا جہاں کوئی دیکھنے والا سننے والا نہیں۔ و "سَمْعَكَ إِلَيَّ" میری بات سنو۔ میری طرف توجہ کرو۔ و "سَمْعُ أُذُنِي فُلَانًا يَقُوْلُ ذٰلِكَ" فلاں کو یہ کہتے ہوئے میرے کانوں نے سنا اور کہتے ہیں "سَمْعَ أُذُنِي و سَمْعَةَ أُذُنِي و سِمْعَةَ أُذُنِي".

أُمُّ السَّمْع: دماغ۔

السِّمْع: اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سِمْعٌ" اچھی شہرت کا مرد۔ و "هٰذَا أَمْرٌ ذُوْ

سِمْع" یہ سننے کے لائق ہے اور جب کوئی آدمی کسی غیر پسندیدہ خبر کو سنتا ہے تو کہتا ہے "سِمْعًا لا بلغًا او سَمْعًا لا بَلْغًا" یعنی خدا کرے کہ سنی جائے اور پہنچے نہیں۔ السِمْع: بھیڑیے کا بچہ بجو سے۔ مؤنث (سِمْعَةٌ) اس کی قوت سامعہ بہت تیز ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے مثال ہے "هُوَ اَسْمَعُ مِنْ سِمْعٍ"۔

السَّمْعَة. سَمِع: کا اسم مرة۔ اُذُنٌ سَمْعَةٌ: سننے والا کان۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ رِيَاءً وسُمْعَةً" اس نے یہ کام دکھانے اور سنانے کے لئے کیا۔

السُّمْعَة: شہرت۔ سنی ہوئی بات۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ رِيَاءً وسُمْعَةً" اس نے یہ کام دکھانے اور سنانے کے لئے کیا۔

السَّمَاع: مص۔ شہرت۔ گیت اور اصطلاح میں سماع خلاف قیاس کو کہتے ہیں یعنی جس کو عرب سے سن کر استعمال کیا جائے اور اس پر قیاس نہ کیا جا سکے اور کہا جاتا ہے "هٰذا امر ذُوْ سَمَاعٍ" یہ امر سننے کے قابل ہے۔ و "قَالُوْا ذَالِكَ سَمَاعَ اُذُنِي" لوگوں نے اس کو میرے سامنے کیا۔

سَمَاع: بروزن قطام اسم فعل بمعنی اِسْمَع۔

السَّمَّاع: بہت سننے والا۔ فرمانبردار۔ جاسوس۔

السَّمِيْع: سننے والا۔ سنانے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ سنی ہوئی بات۔ ج سُمَعَا۔ اُمُّ السَّمِيْعِ: دماغ۔ اُذُنٌ سَمِيْعٌ وسَمِيْعَةٌ: سننے والا کان۔

السَّامِعَة: کان۔

السَّامِعَان: دونوں کان۔

اُذُنٌ (سَمْعَةٌ وسَمِعَةٌ وسَمُوْعٌ وسَمِيْعٌ وسَمَّاعَةٌ) سننے والا کان۔ السَّمَّاعَة: ایک آلہ کا نام جو سننے کی طاقت کو بڑھا دیتا ہے۔

التَّسْمِعَة: کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهُ تَسْمِعَتَكَ او تَسْمِعَةً لَكَ" میں نے اس کو کیا ہے تا کہ تم سن سکو۔

المَسْمَع: سننے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّي بِمَرْأَى وَمَسْمَعٍ" یا "هُوَ مِنِّي مَرْأًى وَمَسْمَعٌ" وہ ایسی جگہ ہے کہ میں اس کو دیکھ سکتا ہوں اور اس کی باتوں کو سن سکتا ہوں۔

المِسْمَع والمِسْمَعَة: کان۔ ج مَسَامِع: ڈول کا دستہ جس میں رسی باندھی جاتی ہے۔

المُسْمِع: فا۔ قید۔

المُسْمِعَة: گانے والی۔ کہا جاتا ہے "غَنَّتْهُمْ مُسْمِعَةٌ"۔

المُسَمَّع: مفع۔ قید کیا ہوا (السَّمَعْمَع) شیطان خبیث۔

اِسْمَغَدَّ اِسْمِغْدَادًا: زخم کا سوجنا۔

سَمَقَ: (ن) سَمْقًا وسُمُوْقًا. النَّبَاتُ: بلند ہونا۔ صفت (سَامِق وسَمِيْق)

السُّمَاق: خالص۔ کہا جاتا ہے "اُحِبُّكَ حُبًّا سُمَاقًا" میں تم سے خالص محبت کرتا ہوں۔

السُّمَّاق والسَّمُوْق: ایک درخت جس کا پھل بہت کھٹا ہوتا ہے۔ پھل کو بھی کہتے ہیں۔ واحد سُمَّاقَة وسَمُوْقَة۔

السَّمِيْق: ہل کا جوا۔

السِمِقُّ مِنَ الرِّجَالِ: لمبا مرد۔

اِسْمَقَرَّ اِسْمِقْرَارًا. اليَوْمُ: بہت گرم ہونا۔

سَمَكَ (ن) سَمْكًا. الشَّيْءُ: بلند کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَكَ اللّٰهُ السَّمَاءَ" اللہ نے آسمان کو بلند کیا۔

سَمَكَ: (ن) سَمْكًا وسُمُوْكًا وسَمُكَ (ن) سَمَاكَةً: بلند ہونا۔

سَمَّكَ. الشَّيْءَ: کسی چیز کو دبیز بنانا۔

تَسَمَّكَ: بلند ہونا۔

اِسْتَسْمَكَ. الثِّيَابَ: کپڑوں میں سے لمبا اختیار کرنا۔ مچھلی کھانا۔

السَّمْك: مص۔ چھت یا چھت کی دبازت۔ ہر اونچی اور موٹی چیز کا قد۔

السَّمَك: مچھلی۔ ج سِمَاك وسُمُوْك واسماك: واحد (سَمَكَة)

السِّمَاك: چیز کے اٹھانے کا اوزار۔ ج

سُمُك...... مِنَ الزَّوْرِ: ہنسلی سے ملی ہوئی پسلی۔

السِّمَاكَان: دو روشن ستارے ایک کو السِّمَاكُ الرَّامِح اور دوسرے کو السِّمَاكُ الاَعْزَل کہتے ہیں۔

السُّمَيْكَاء: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے۔

السَّمَّاك: مچھیرا۔ مچھلی بیچنے والا۔

السَّمِيْك والمَسْمُوْك: لمبا۔

المَسْمُوْكُ مِنَ الخَيْلِ: مضبوط گھوڑا۔

المِسْمَاك: خیمہ وغیرہ اٹھانے کی لکڑی۔

المُسْمَكَات والمَسْمُوْكَاتُ السَّبْعُ: ساتوں آسمان۔

سَمَلَ: (ن) سَمْلًا. عَيْنَهُ: آنکھ پھوڑنا۔ الحَوْضَ: کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا...... بَيْنَهُمْ: صلح کرانا...... الدَّلْوُ: ڈول کا تھوڑا پانی نکالنا۔

سَمَلَ: (ن) سُمُوْلًا وسُمُوْلَةً وسَمُلَ (ک) سَمَالَةً. الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا۔ صفت (سَمِل)

سَمَّلَ. الحَوْضَ: حوض کا تھوڑا پانی دینا۔ ...... الحَوْضَ: کیچڑ وغیرہ سے صاف کرنا ...... فُلَانًا بِالقَوْلِ: نرمی سے بات کرنا۔

اَسْمَلَ. الثَّوْبُ: کپڑے کا پرانا و بوسیدہ ہونا ...... بَيْنَهُمْ: صلح کرانا۔

تَسَمَّلَ: تھوڑا پانی پینا...... النَّبِيْذَ: نبیذ کے پینے میں اصرار کرنا۔

اِسْتَمَلَ. عَيْنَهُ: آنکھ پھوڑنا۔

السَّمَّال: آنکھوں کو پھوڑنے والا۔

السَّمِل: پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ج اَسْمَال: حوض کا بقیہ پانی۔

ثَوْبٌ (سَمَلَةٌ وسَمُوْلٌ وسَمِيْلٌ) پرانا بوسیدہ کپڑا۔

السَّمَال: پانی کے حوض کا کیڑا۔

السُّمْلَة والسَّمَلَة: تھوڑا پانی۔ ج سَمَل واَسْمَال وسِمَال وسُمُوْل۔

السُّمْلَانُ. مِنَ المَاءِ والنَّبِيْذِ: پانی یا شراب

کا بقیہ۔

السَّوْمَل: پرانا بوسیدہ کپڑا۔

السَّوْمَلَة: چھوٹی پیالی۔

السَّمَوَّل: وسیع زمین۔ نرم مٹی والی زمین۔

سَمْلَجَ. اللَّبَنَ فِي حَلْقِهٖ: آسانی سے نگلنا۔

السَّمَلَّج والسُّمَالِج: میٹھا دودھ۔

السَّمَلَّع: بھیڑیا۔ بد اور خبیث کے لئے بھی بولتے ہیں۔

السَّمَلَّق: ہموار و بنجر زمین۔

سَمِنَ: (س) سِمَنًا وسَمَانَةً: موٹا ہونا۔ صفت (سَامِنٌ وسَمِيْنٌ) ج سِمَان.

سَمَنَ: (ن) سَمْنًا وسَمَّنَ. الطَّعَامَ: گھی ڈالنا۔ وسَمَّنَهٗ: موٹا کرنا۔ سَمَّنَ القَوْمَ: گھی کا توشہ دینا۔ سَمَّنَ لَهٗ: بہت دینا۔

اَسْمَنَ: موٹا ہونا۔ بہت گھی والا ہونا۔ موٹے جانوروں والا ہونا۔ موٹا جانور خریدنا یا اس کا مالک ہونا یا اسے ہبہ کرنا۔

...... الفَرَسَ: گھوڑے کو موٹا کرنا...... الخُبْزَ: روٹی گھی میں تر کرنا...... الرَّجُلَ: گھی کھلانا۔

تَسَمَّنَ: موٹا ہونا۔ بغیر شرافت کے مدعی شرافت ہونا۔

اِسْتَسْمَنَ: اپنے لئے گھی طلب کرنا...... ہ: موٹا پانا یا سمجھنا اور اسی سے مثال ہے "اِسْتَسْمَنْتَ ذَاوَرَمٍ" تم نے سوجے ہوئے کو موٹا سمجھ لیا۔ اس موقعہ پر بولتے ہیں جبکہ کوئی شخص حقیقت واقعہ کے خلاف محض ظاہر سے دھوکا کھا جائے۔

السَّامِن: فا۔ بہت گھی والا (فاعل ذیکذا ہے باب تامِر ولابِن سے۔)

السَّمْن: مص۔ گھی۔ ج اَسْمُن وسُمُوْن سُمْنَان.

السَّمَّان: گھی بیچنے والا۔

السَّمْنَة: گھی۔ یہ السمن سے خاص ہے۔

السُّمْنَة: موٹا کرنے والی ایک دوا۔ ایک قسم کی گھاس جس کے دانے فلفل کی طرح ہوتے ہیں اور اس کو عورتیں فربہی کے لئے استعمال کرتی ہیں۔

السَّمِيْن: موٹا...... مِنَ الكَلَامِ: بے موقع گفتگو۔

السَّمِيْنَة. السَّمِيْن: کا مؤنث۔ ج سِمَان.

اَرْضٌ سَمِيْنَةٌ: بغیر پتھر والی زمین۔

المُسْمِن: پیدائشی موٹا۔

طَعَامٌ (مُسْمَنَةٌ) موٹا کرنے والی خوراک۔

السُّمَانَى: بٹیر کی قسم کا ایک پرندہ۔ واحد و جمع دونوں کے لئے اور کہا گیا ہے کہ واحد (سُمَانَاةٌ) ہے ج سُمَانَيَات.

السَّمَنْجُوْنِيّ: آسمانی رنگ والا۔ (جدید)

السَّمَنْدُ والسَّمَنْدَل والسَّنْدَل: ایک قسم کا پرندہ۔

سَمَهَ: (ف) سُمُوْهًا: مدہوش ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا بغیر تھکن کے بہت تیز دوڑنا۔

سَمَّهَ. الإبِلَ: بیکار چھوڑ دینا۔ صفت مفعولی (سُمَّهٌ)

السَّامِه: حیران۔ ج سُمَّهٌ.

السُّمَّهَى: فضاء آسمانی۔ ترمرے۔ (یعنی وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں فضاء آسمانی سے مکڑی کے جالے کی مانند اترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے)

(...... والسُّمَّه والسُّمَّهَى والسُّمَيْهَى والسُّمَيْهَاء والسُّمَّيْهَاء) جھوٹی اور باطل چیزیں۔

سَمْهَجَ. كَلَامَهٗ: جھوٹ بولنا۔ الحَبْلَ: رسی مضبوط بٹنا...... الشَّيْءَ: چھوڑنا۔

...... الدَّرَاهِمَ: رواج دینا...... اليَمِيْنَ: قسم میں سختی کرنا۔

السِّمْهَاج: جھوٹ۔

اِسْمَهَدَّ. السَّنَامُ: کوہان کا بڑا ہونا۔

السَّمَهْدُ: خشک و سخت چیز۔

السُّمْهُد والسُّمَهْدَد: بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ۔

اِسْمَهَرَّ: مضبوط و سخت ہونا۔ نیزہ کی طرح سیدھا ہونا...... الظَّلَامُ: بہت اندھیرا ہونا۔

سَمْهَرِيٌّ ورِمَاحٌ سَمْهَرِيَّةٌ" قَدٌّ سَمْهَرِيٌّ: معتدل قد۔

سَمَا يَسْمُوْ سُمُوًّا: بلند ہونا...... البَصَرُ: اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "سَمَوْتُ اِلَيْهِ بَصَرِي" اس کی طرف میں نے نگاہ اٹھائی و "سَمَا اِلَيْهِ بَصَرِي" اس کی طرف میری نگاہ اٹھی۔ و "نَفْسُهٗ تَسْمُوْ اِلَى مَعَالِي الْاُمُوْرِ" اس کا نفس بڑے بڑے اُمور کی طرف مائل ہے

...... بِهٖ: بلند کرنا...... القَوْمُ: شکار کے لئے جانا

(سَمَا يَسْمُوْ سَمْوًا) الرَّجُلَ زَيْدًا وبِزَيْدٍ: نام رکھنا۔

سَمَّى. الرَّجُلَ زَيْدًا اَوْ بِزَيْدٍ: نام رکھنا...... الشَّارِعُ فِي العَمَلِ: کام شروع کرنے والے کا اللہ کا نام لینا۔

اَسْمَى. الشَّيْءَ: بلند کرنا...... الرَّجُلَ زَيْدًا وبِزَيْدٍ: نام رکھنا...... ہُ مِنْ بَلَدٍ اِلَى بَلَدٍ: روانہ کرنا۔

سَامَى مُسَامَاةً. الرَّجُلَ: فخر کرنے میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُسَامَى" فلاں سے فخر میں مقابلہ نہیں کیا جا سکتا۔

تَسَامَى تَسَامِيًا. اَلقَوْمُ: باہم فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو نام لے کر پکارنا...... عَلَى الخَيْلِ: گھوڑے پر سوار ہونا۔

تَسَمَّى: نام پانا...... اِلَى وبِالْقَوْمِ: منسوب ہونا۔

اِسْتَمَى اِسْتِمَاءً. الصَّائِدُ: شکار کی جرابیں پہننا۔ شکار کرنا...... ہ: کسی کی زیارت کو جانا۔ کسی کے اندر خیر و صلاح معلوم کرنا۔

اِسْتَسْمَى اِسْتِسْمَاءً: نام پوچھنا۔

السَّامِي: فا۔ ج سَامُوْن وسُمَاة: مؤنث سَامِيَةٌ: ج سَامِيَات وسَوَامٍ: کہا جاتا ہے "رَدَدْتُ مِنْ سَامِي طَرْفِهٖ" یعنی میں نے اس کے نخوت و غرور کو توڑ دیا۔ السَّامِي: شکار کی اونی جراب پہنے ہوئے شکاری۔ ج سُمَاة.

احاطہ کئے ہوئے ہو۔ ہر وہ چیز جو تم سے اوپر ہو۔ گھوڑے کی پیٹھ۔ ہر چیز کی چھت۔ بارش' بادل' گھاس۔ نیکوں کی روحوں کے رہنے کی جگہ۔ ج سَمَاوَات وسَمٰوَات: (الف کو صرف کتابت میں حذف کرکے) وسُمِیٌّ واَسْمِیَة (...... والسَمَاوَة) گھر کا چھجہ۔ وسَمَاوَةُ کُلِّ شئٍ: ہر چیز کا ڈھانچہ۔

السُمَاء: اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "شَاعَ سُمَاهُ" اس کی شہرت و نیک نامی پھیل گئی۔

اِلاسْم والاُسْم: نام۔ وہ لفظ جو کسی جوہر یا عرض کی تعیین و تمیز کے لئے وضع کیا گیا ہو۔ اس کا ہمزہ ہمزہ وصل ہے۔ ج اَسْمَاء واَسَامٍ واَسَامِي واَسْمَاوَات اور بَسْمَلَه میں ہمزہ کو حذف کر دیتے ہیں اور دوسری جگہ باقی رکھتے ہیں۔ بَسْمَلَه: کے معنی بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

اسم الجلالة: باری تعالٰی کا نام۔

السَمُ والسِمُ والسُمُ: اسم کے لغات۔ کہا جاتا ہے "هذا سَمُه" یعنی یہ اس کا نام ہے۔

السَمِيُّ: بلند ہونے والا۔ سَمِيُّک: ہم نام نظیر۔

بَسْمَلَةٌ: عیسائیوں کے نزدیک باپ' بیٹے اور روح مُ دس کے نام پڑھنا۔ مسلمانوں کے نزدیک: بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اَلاِسْمِيَة: ان فلاسفہ کا مذہب جو کہ اجناس اور انواع کے بذات خود وجود یا حقیقت کا انکار کرتے ہیں۔

السَمَوِيُّ: اسم کی جانب منسوب۔

المِسْمَاة: شکاری کی اونی جراب۔

المُسَمّٰى: مقرر۔ معین۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ مُسَمّٰى قَوْمِه ومِنْ مُسَمَّاتِهِمْ" وہ قوم کے بہترین لوگوں میں سے ہے۔

سَنَّ (ن) سَنًّا. السِكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ "هٰذَا مِمَّا يَسُنُّکَ عَلٰى طَعَام" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو تمہیں کھانے کی رغبت دلاتی ہے...... الرُمْحَ: تیر پر پھل لگانا ...... الاَسْنَانَ: مسواک کرنا ...... العُقْدَةَ: گرہ کھولنا ...... الاِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا ...... الرَجُلَ: کسی کو بھالا مارنا۔ دانت سے کاٹنا۔ دانت توڑنا۔ حد سے زیادہ تعریف کرنا۔ ...... الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ آسان کرنا۔ جاری کرنا۔

...... الطَرِيْقَةَ: طریقہ اختیار کرنا ...... عَلَيْهِمْ السُنَّةَ: طریقہ مقرر کرنا ...... الطِيْنَ: مٹی کا برتن وغیرہ بنانا ...... الشَيْءَ: تصویر بنانا ...... المَاءَ او التُرَابَ: پانی یا مٹی آہستہ آہستہ گرانا۔

...... العَيْنُ الدَمْعَ: آنکھ کا آنسو بہانا ...... الاَمِيْرُ رَعِيَّتَه: بہتر انتظام کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ فُلَانٌ طَرِيْقًا مِنَ الخَيْرِ" فلاں نے خیر کا طریقہ جاری کیا جس کو اس کی قوم پہلے سے نہیں جانتی تھی۔

سُنِّتِ. الارضُ: زمین کا چرنے سے صاف ہونا۔

سَنَّنَ. السِكِّيْنَ: چھری تیز کرنا۔ صیقل کرنا۔ ...... الرُمْحَ: نیزے پر پھل لگانا ...... الرُمْحَ اِلَيْه: کسی کے سامنے نیزہ کرنا ...... القَوْلَ: اچھی گفتگو کرنا ...... الاَسْنَانَ: مسواک کرنا۔

اَسَنَّ. الرَجُلُ: بوڑھا ہونا ...... الصَبِيُّ: بچے کا دانت نکلنا۔ اَسَنَّ اللهُ سِنَّهُ: دانت اُگانا ...... المَاءَ: پانی گرانا ...... الرُمْحَ: نیزے پر پھل لگانا۔

اِسْتَنَّ. المَاءُ: پانی گرنا ...... الطَرِيْقُ: راستہ واضح ہونا ...... الفَرَسُ: گھوڑوں کا آگے پیچھے دوڑنا ...... السَرَابُ: سراب کا چمکنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَنَّ بِهِ الهَوَىٰ حَيْثُ اَرَادَ" یعنی اس کو خواہش نفس ہر طرف لے گئی ...... الرَجُلُ: دانتوں کو خلال کرکے صاف کرنا۔ (...... وتَسَنَّنَ) بِسُنَّتِه: عمل کرنا۔ پیروی کرنا اور اسی سے ہے "اِسْتَنَّ بِسِيْرَةِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کی سیرت کی پیروی کی۔ و تَسَنَّنَ فِي عَدْوِه: اپنے رخ پر دوڑنا۔

اِسْتَسَنَّ: زیادہ عمر والا ہونا ...... الطَرِيْقَةَ: طریقہ اختیار کرنا ...... الطَرِيْقُ: آمد و رفت والا ہونا ...... العَيْنُ: بہتے ہوئے آنسو والی ہونا ...... بِسَيْفِه: تلوار کو حرکت دینا ...... بالشَيْءِ: تابعداری کرنا۔

السِنُّ: ج اَسْنَان واَسِنَّة اَسُنٌّ: دانت (مؤنث) درانتی یا کنگھی وغیرہ کا دندانہ۔ لہسن کا جوا۔ قلم میں تراشنے کی جگہ۔ ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ چریدگی اور اسی سے ہے "اَعْطُوا السِنَّ حَظَّهَا مِنَ السِنِّ" یعنی جانوروں کو ان کے چرنے کا حق دو۔ ج اَسْنَان: عمر (مؤنث) کہا جاتا ہے "طَعَنَ وطُعِنَ فِي سِنِّه" یعنی وہ بوڑھا ہوگیا۔ و "هُوَ حَدِيْثُ السِنِّ" وہ نئی عمر کا ہے "هُوَ كَبِيْرُ السِنِّ و كَبُرَتْ سِنُّه" وہ بوڑھا ہے و "هُوَ سِنُّ فُلَانٍ" وہ فلاں کا ہم عمر ہے۔ و "لَكَ اِبْنَ سِنُّ اِبْنِكَ و اَوْلَادُ اَسْنَانُ بَنِيْكَ" اس کے لڑکے تمہارے لڑکوں کے ہم عمر ہیں۔

السَنَن: طریقہ۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ فُلَانٌ عَلٰى سَنَنٍ وَاحِدٍ" فلاں ایک ہی طریقہ پر قائم رہا ...... اِمْضِ عَلٰى سَنَنِکَ" تم اپنے طریقہ پر چلے چلو "مَرَّ السَهْمُ فِي سَنَنِه" تیر سیدھا نکل گیا ادھر اُدھر نہیں ہوا۔

(...... والسِنَن والسُنَن والسُنُن) مِنَ الطَرِيْقِ: کشادہ راستہ۔ بڑا راستہ۔

السَنَّة. سَنَّ: کا اسم مرۃ۔ مادہ ریچھ۔ مادہ چیتا۔

السُنَّة: خصلت۔ طریقہ۔ طبیعت۔ شریعت۔ چہرہ یا اس کا دائرہ۔ ج سُنَن۔

اَهْلُ السُنَّة: وہ لوگ جو حضرت ابوبکر صدیق' عمر فاروق اور عثمان غنی رضی اللہ عنہم کی خلافت کے قائل ہیں۔

السُنِّيَة: اسلام کا ایک بڑا فرقہ جو سنت کی جانب منسوب ہے۔ واحد (سُنِّي)

السِنَّة: دوسروں والا کلہاڑا۔ سِنَّة مِنَ الثَوْمِ: لہسن کا ایک جوا۔

السِنَان: نیزے کا پھل۔ ج اَسِنَّة. السِنَان: سان۔ کہا جاتا ہے "سَنَّ سِكِّيْنَهُ بالسِنَانِ" اس نے اپنی چھری کو سان سے تیز کیا۔

السَّنُون: مَن۔
السَّنِين: سان پر تیز کیا ہوا۔ پتھر کے رگڑنے سے جو گرے وہ زمین جس کی گھاس کو چر لیا گیا ہو۔ سَنِينُ المَرءِ: ہم عمر۔ مؤنث سَنِينَةٌ السَّنِينَةَ: ایک طرز پر چلنے والی ہوا۔ ریت کا بلند ٹیلہ۔ ج سَنَائِن۔
المِسَنُّ: سان جس پر چھری وغیرہ کو تیز کیا جائے۔
المُسِنّ. مِنَ الدَّوَابِ: بڑی عمر والا جانور۔ ج مَسَانٌ۔
المَسْنُون: مثل۔ حَمَأٌ مَسْنُونٌ: بدبودار کیچڑ رَجُلٌ مَسْنُونُ الوَجْهِ: چمکدار کتابی چہرے والا۔ مَرْمَرٌ مَسْنُونٌ: نرم چکنا کیا ہوا سنگ مرمر۔
طَرِيقٌ (مُسْتَسِنٌّ ومُسْتَسَنٌّ) آمدورفت والا راستہ۔
مُسْتَسَنُّ. الطَّرِيقِ: راستہ کا نمایاں حصہ۔
المُسْتَنُّ: شیر۔
السَّنَاب: سخت برائی۔
السِّنَاب والسِّنَابَة: لمبی پیٹھ اور پیٹ والا۔
السَّنِب: بہت دوڑنے والا۔
السَّنْب والسَّنْبَة والسَّنْبَة: زمانہ کا ایک حصہ۔
السَّنُوب والسَّنَاب والسِّنَّاب. والسَّنُبُوت: غضبناک۔ بہت شر والا۔ غیبت کرنے والا۔ جھوٹا۔
السُّنْبَاء: دُبر۔
السُّنْبَاذَج: سان کا پتھر۔ (جدید)
السَّنْبُوسَق والسَّنْبُوسَک: سموسہ ('')
السُّنْبُوق: ڈونگی۔ چھوٹی کشتی۔
السُّنْبُک: کھر کا کنارہ والسُّنْبُک مِنَ السَّيْفِ: آرائش تلوار کا کنارہ...... مِنْ بَيْضَةِ الحَدِيدِ: خود کا بالائی حصہ...... مِنَ المَطَرِ: ابتداء بارش۔ ہر چیز کا اول۔ کم نفع والی سخت زمین۔ ج سَنَابِک: کہا جاتا ہے۔ "طَلَبَ الرِّزْقَ فِي سَنَابِكِ الأَرْضِ" اس نے اطراف زمین میں روزی تلاش کی۔
سَنْبَلَ. الزَّرْعُ: خوشوں والی ہونا۔
...... الرَّجُلُ ثَوْبَهُ: کپڑے کو لٹکا کر کھینچنا۔
السُّنْبُل. مِنَ الزَّرْعِ كَالبُرِّ والشَّعِيرِ: خوشہ بالی۔ واحد (سُنْبُلَة) ج سَنَابِل وسُنْبُلاتٌ: ایک خوشبودار گھاس۔ السُّنْبُلُ الرُّومِيُّ: ایک خوشبودار بوٹی والسُّنْبُلَة: آسمان کے ایک برج کا نام۔
أَسْنَتَ. القَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔
سَنَّتَ. القِدْرَ: ہانڈی میں زیرہ ڈالنا۔
سَانَتُوا. الأَرْضَ: نباتات تلاش کرنا۔
عَامٌ (سَنِيتٌ وسَنِيتٌ مُسْنِتٌ) قحط سالی۔
رَجُلٌ سَنِتٌ: بے نفع مرد۔
السَّنُوت والسِّنُّوت: زیرہ اور بقول بعض شہد یا پنیر۔
المُسْنَت: مسکین جس کے پاس کچھ نہ ہو۔
السُّنْتُب: بدخلق۔
سَنَج: (ن) سَنْجًا. الثَّوْبَ: کپڑے کے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں رنگنا۔
السِّنَاج: دیوار وغیرہ پر دھوئیں کا اثر (...... والسِّنْج) چراغ۔
سَنْجَة. المِيزَانِ: باٹ۔ ج سَنْجَات (دخیل)
السُّنْجَة: سیاہ سفید رنگ (ثَوْبٌ مُسَنَّجٌ) سیاہ سفید دھاری دار کپڑا۔
السِّنْجَاب والسُّنْجَاب: چوہے سے بڑا ایک جانور جس کی دم بہت گچھے دار بالوں سے اوپر کو اٹھی ہوئی ہوتی ہے اور اس کی کھالوں سے پوستین بناتے ہیں۔
السِّنْجَق: جھنڈا۔ ج سَنَاجِق: جدید۔
سَنَح: (ف) سُنْحًا وسُنُحًا وسُنُوحًا. الأَمْرُ أَوِ الرَّأْيُ: پیش آنا۔ ظاہر ہونا۔ سوجھنا۔
لِيَ الشِّعْرُ: آسان ہونا...... بِكَذَا: اشارہ سے سمجھانا...... الرَّجُلَ عَنْ رَأْيِهِ: رائے سے پھیر دینا۔
...... بِهِ وعَلَيْهِ: تنگی ڈالنا۔ تکلیف پہنچانا۔
(...... سُنُوحًا وسَانِح سِنَاحًا ومُسَانَحَة) الطَّيْرُ أَوِ الظَّبْيُ: پرندہ یا ہرن کا بائیں سے دائیں طرف گزرنا۔
تَسَنَّح. مِنَ الرِّيحِ: ہوا کی طرف پشت پھیرنا۔
تَسَنَّحَهُ واسْتَسْنَحَهُ. عَنْ كَذَا: کھود کرید کرنا۔
السُّنْح: یمن۔ برکت...... مِنَ الطَّرِيقِ: درمیانی راہ۔
السَّانِح: فا۔ بائیں جانب سے آنے والا۔ اور اس کے مقابلہ میں بارح ہے۔ جس کے معنی ہیں دائیں جانب سے آنے والا۔ عرب "سَانِح" سے نیک شگون اور "بَارِح" سے بدشگون لیا کرتے تھے اور اسی سے مثال ہے "مَنْ لِيْ بِالسَّانِحِ بَعْدَ البَارِحِ" یعنی میرے لئے منحوس کے بعد مبارک کا ضامن کون ہوگا۔ اس کو مکروہ کے بعد محبوب کی توقع کے موقعہ پر بولتے ہیں۔
السَّنِيح: بائیں جانب سے آنے والا۔ موتی۔ زیور۔ ج سُنُح۔
السَّنَخْنَخ: رات کو نہ سونے والا۔
سَنَخ: (ف) سُنُوخًا. فِي العِلْمِ: راسخ ہونا۔
سَنِخَ: (ف) سَنَخًا: بگڑنا۔ متغیر ہونا۔ صفت (سَنِخٌ) مؤنث سَنِخَة ...... مِنَ الطَّعَامِ: بہت کھانا...... الفَمُ: دانتوں سے خالی ہونا۔ أَسْنَانُهُ: دانتوں کی جڑوں کا تباہ ہونا۔
السِّنْخ: اصل...... مِنَ السِّنِّ: دانت اُگنے کی جگہ۔ ج أَسْنَاخ وسُنُوخ. سَنَائِخ النَّصْلِ: پھل کا اتنا حصہ جو تیر کے اندر داخل ہو۔ سِنْخُ الكَلِمَةِ: کلمہ کا اصل ماخذ۔ سِنْخ الحُمَّى: بخار کی تیزی۔
السَّنَخ: اونٹ۔
السَّنْخَة والسَّنَاخَة: بدبودار ہوا۔
سَنَدَ (ن) سُنُودًا واسْتَنَدَ وتَسَانَدَ. إِلَيْهِ: اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ سَنَدَ إِلَى الجَبَلِ:

پہاڑ پر چڑھنا۔ سَنَدَ لِلْاَرْبَعِيْن: چالیس کے قریب ہونا۔ سَنَدَ ذَنَبُ النَّاقَةِ: اونٹنی کے دم کا دائیں بائیں سرین پر لگنا۔

سَنَّدَ. سَنَدَ: (ایک قسم کی چادر) اوڑھنا۔ ...... الشَّيْءَ: ٹیک لگا کر مضبوط کرنا۔

سَانَدَ مُسَانَدَةً وسِنَادًا. شِعْرَهُ فِيْ شِعْرِهِ: شعر میں مختلف ردیف لانا ...... الرَّجُلَ: مدد کرنا ...... ہ عَلَى العَمَلِ: کفایت کرنا ...... ہ اِلَى الشَّيْءِ: ٹیک لگانا۔

اَسْنَدَ. فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا ...... ہ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھانا ...... فِي العَدْوِ: دوڑنے میں کوشش کرنا ...... اَسْنَدَهُ اِلَى الشَّيْءِ: ٹیک لگانا۔

السَّنَدُ ایک قسم کی چادر۔ سہارا اور مولدین کے نزدیک بمعنی دستاویز مستعمل ہے۔ ج سَنَدَات: پہاڑ کا وہ حصہ جو تمہارے مقابل ہو۔ ج اَسْنَاد۔

السَّنَدَة: ایک قسم کی نباتات۔

السِّنَاد: قافیہ کا ہر عیب جو حرف روی سے پہلے ہو۔ نَاقَةٌ سِنَادٌ: لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔ دبلی، قوی۔

الاِسْنَاد: مص۔ عِنْدَ اَهْلِ المُنَاظَرَةِ: حوالہ دینا۔ ج اَسَانِيْد والاِسْنَادُ فِيْ عِلْمِ العَرَبِيَّةِ: دو کلموں کے درمیان نسبت تامہ واقع کرنا جیسے مبتدا و خبر یا فعل و فاعل کے درمیان نسبت۔ جیسے زَيْدٌ قَائِمٌ وقَامَ زَيْدٌ۔

السَّنْدَان: نہائی۔ اہرن۔ ج سَنَادِيْن (دخیل)

السِّنْدَان: بڑا اور مضبوط مرد۔ قوی بھیڑیا۔

السِّنْدَانَة: گدھی۔

السِّنْدِيَان: شاہ بلوط کا درخت۔ واحد (سِنْدِيَانَةٌ) فارسی کلمہ ہے۔

السَّنِيْد: لے پالک۔ منہ بولا بیٹا۔

المُسْنَد. مِنَ الحَدِيْثِ: جس کی سند قائل تک پہنچائی جائے۔ ج مَسَانِد ومَسَانِيْد۔

المُسْنَد: ایک قسم کا طرز تحریر جس کو بنو حمیر استعمال کرتے تھے۔ منہ بولا بیٹا۔

زمانہ۔

المَسْنَد والمِسْنَد: جس پر ٹیک لگائی جائے۔ ج مَسَانِد کہا جاتا ہے۔ "خَرَجَ القَوْمُ (مُتَسَانِدِيْنَ)" لوگ مختلف جھنڈوں کے نیچے ہو کر نکلے۔ کسی ایک امیر کے تحت میں نہیں تھے۔

المُسْتَنَد: جس پر اعتماد و بھروسہ کیا جائے۔

السِّنْدَأْوُ والسِّنْدَأْوَةُ: ہلکا۔ دلیر۔ پیش قدمی کرنے والا۔ پست قد۔ موٹے سر اور پتلے جسم والا۔ السِّنْدَأْوَةُ: کپڑے کا ٹکڑا جس کو عمامہ کے نیچے تیل سے بچانے کے لئے باندھا جاتا ہے۔

جَمَلٌ (سِنْدَأْبٌ) قوی اور سخت اونٹ۔

سَنْدَرَ: جلدی کرنا۔

السَّنْدَرَة: مص۔ جلدی۔ ایک درخت جس سے تیر و کمان بناتے ہیں۔ ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول "اَكِيْلُكُمْ بِالسَّيْفِ كَيْلَ السَّنْدَرَةِ" کا مطلب یہ ہے کہ میں تم لوگوں کو بہت زیادہ قتل کروں گا۔

السَّنْدَرِيُّ: دلیر۔ لمبے قد والا۔ مضبوط۔ کمان۔ نیلگوں۔ نیزہ۔ تیر۔ تلوار وغیرہ کا سفید پھل۔ بڑی آنکھوں والا۔ عمدہ۔ ردی۔ ایک بڑا پیمانہ (...... والسَّنْدَر والسِّنْدَر) دلیر۔

السِّنْدَرُوْس: ایک قسم کا گوند یا کہربا کی مانند ایک معدنی چیز۔

السُّنْدُس: ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

السَّنْدَل: ایک قسم کا پرندہ۔ چرمی موزہ کا پاتابہ۔

سَنِرَ (س) سَنَرًا: بدخلق ہونا۔

السَّنَوَّر (س) سَنَرًا: بدخلق ہونا۔

السَّنَوَّر ایک ہتھیار زرہ کی مانند چمڑے کا بنا ہوا لباس۔ لوہے کا ہر ایک ہتھیار۔

السِّنَّوْر: بلی۔ سردار۔ دُم کی جڑ۔ گردن کی ہڈی کے مہرے۔ ج سَنَانِيْر۔

السُّنَّار: بلی۔

سِنْسِنَتْ. الرِّيْحُ: ٹھنڈی ہوا چلنا۔

السِّنْسِن: پیاس۔ پسلی کی ہڈیوں کے سرے۔ ج سَنَاسِن (...... والسِّنْسِنَة) ریڑھ کی ہڈیوں کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الرِّيْحُ سَنَاسِنَ" ہوا ایک ہی طریقہ پر آئی۔

سَنُطَ: (ک) سَنَاطَةً وسَنِطَ: (س) سَنَطًا: کوسج یا ہلکی داڑھی والا ہونا۔ صفت (سِنَاط وسُنَاط وسُنُوط) ج سُنُط واَسْنَاط۔

السِّنْط: گٹا۔ پہنچا۔

السُّنْطَبَة: بے ڈول لمبائی۔

السِّنْطَاب: لوہار کا ہتھوڑا۔

السِّنْطِيْر والسَّنْطُوْر: ایک قسم کا ستار جس کے تار تانبے کے ہوتے ہیں۔

سَنْطَلَ. الرَّجُلُ: سر جھکا کر چلنا۔

السَّنْطَلَة: مص۔ لمبائی۔

السُّنْطَالَة: سر جھکا کر سکون کی چال۔

السِّنْطِيْل: لمبا۔

المُسَنْطِل: مفع۔ سست چال چلنے والا۔ جو قریب گرنے کے ہو۔ بے ڈول جسم کا بڑے پیٹ والا۔

اِسْطُبُوْل: ایک پودے کا نام جس کا تنا ملائم پھول گلابی ہوتے ہیں۔

السَّنْطَلِيْل: لمبے قد والا۔

سَنَعَ: (ف ن) وسَنُعَ (ک) سَنَاعَةً وسُنُوْعًا: حسین و خوبصورت ہونا۔ صفت مذکر (سَنِيْعٌ) مؤنث سَنِيْعَةٌ۔

اَسْنَعَ. الغُلَامُ: لڑکے کا طویل و خوبصورت ہونا ...... الرَّجُلُ: خوبصورت بچوں والا ہونا۔ گٹے کا درد والا ہونا ...... الشَّيْءَ: زیادہ کرنا۔

السِّنْع: گٹے کے مقام کی باریکی۔ گٹے کا جوڑ۔ ج سِنَعَةٌ واَسْنَاع۔

السَّنَع: خوبصورتی۔

الاَسْنَع: لمبا۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَسْنَعُ مِنْ ذَاكَ" یہ اس سے افضل ہے۔ مؤنث

سَنْعاء.
السَّنِيْعَة: پہاڑی راستہ۔ج صَنَائِع.
السُّنْعُبَة: نیولا۔اوپروالے ہونٹ کے اندرونی حصہ میں ابھرا ہوا گوشت۔
سَنَفَ: (ن ض) سَنْفًا. البَعِيرَ: اونٹ پر تنگ باندھنا...... النَاقَةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا۔
اَسْنَفَ. البَعِيرُ: چلنے میں گردن آگے بڑھانا۔ اَسْنَفَتِ النَاقَةُ: اونٹنی کا اونٹ سے آگے نکل جانا...... الرِيحُ: ہوا کا تیز چلنا۔ البَرْقُ: بجلی کا قریب ظاہر ہونا...... الاَمْرَ: مضبوطی سے کرنا...... البَعِيرَ: تنگ باندھنا۔
السَّنَفُ: لکڑی جو پتوں سے خالی ہو' پھلی کا چھلکا۔ پتا۔ج سُنُوف
السِّنْفُ: ایک تخم دانہ جو گیہوں' جو میں ہوتا ہے۔ جماعت۔صنف۔ پھلی۔ واحد (سِنْفَة) ج سِنَفٌ جج سِنَفَة.
السَّنِيْفُ: بچھونے کی گوٹ۔ ایک کپڑا جس کو اونٹ کے مونڈھوں پر باندھتے ہیں۔ج سُنُفٌ وسُنُفٌ واَسْنِفَة.
المُسْنَفَة. مِنَ السِّنِيْنَ: خشک سال۔ مِنَ الاَرَاضِي: قحط زدہ زمین۔
سِنَافُ. البَعِيرِ: اونٹ کا تنگ۔ج سُنُفٌ وسُنُفٌ واَسْنِفَة.
السُّنْفَتَانِ والسُّنْفَتَانِ: دولکڑیاں جن میں کنوئیں کی چرخی پھنسی ہوئی ہوتی ہے۔
المِسْنَاف: وہ اونٹ جو کجاوہ کو ادھر اُدھر کرتا ہو جس کی وجہ سے تنگ باندھنا پڑے۔ج مَسَانِيْف.
سَنِقَ: (س) سَنَقًا: بدہضمی ہونا۔ (بقول بعض سَنِقَ: صرف حیوانات کے لئے مخصوص ہے۔)
اَسْنَقَهُ. النَعِيمُ: نازونعمت والا ہونا۔ خوش حال ہونا۔
السُّنْقُرُ والسُّنْقُرُ: ایک شکاری پرندہ جو شکرے سے بڑا اور خوبصورت ہوتا ہے۔
السُّنُكُ: نمایاں راستے۔

السِّنِكْسَار والسِّنَكْسَار. عِنْدَ النَصَارِي اليونانيين: نصرانیوں کے اولیاء وصالحین کے حالات کا مجموعہ جو گرجوں میں پڑھا جاتا ہے۔ (جدید)
سَنِمَ: (س) سَنَمًا. البَعِيرُ: بڑے کوہان والا ہونا...... النَبْتُ: خوشہ یا پھول نکلنا۔
سَنَّمَ. الكَلَاُ البَعِيرَ: موٹے کوہان والا کر دینا...... الاِنَاءَ: برتن بھرنا...... الشَيْءَ: بلند کرنا...... القَبْرَ: قبر کو کوہان نما کرنا...... المِكْيَالَ: پیمانہ کو بھر کر کوہان جیسا کر دینا۔
اَسْنَمَ. الكَلَاُ البَعِيرَ: موٹے کوہان والا کر دینا...... الدُخَانُ: دھوئیں کا بلند ہونا۔
اَسْنَمَتِ النَارُ: آگ سے لپٹ اُٹھنا۔
تَسَنَّمَ. النَاقَةَ: اونٹنی کے کوہان پر سوار ہونا...... الشَيْءَ: کسی چیز پر چڑھنا...... فُلَانًا: غفلت میں پکڑ لینا...... ہ الشَيْبُ: بڑھ جانا۔ پھیل جانا۔
السَّنِمُ. مِنَ الاِبِلِ: بڑے کوہان والا اونٹ...... مِنَ النَبَاتِ: زمین سے بلند شگوفے والے پودے۔
السَّنَامُ: کوہان۔ج اَسْنِمَةٌ: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ سَنَامُ قَوْمِهٖ" وہ اپنی قوم میں بڑا ہے۔
سَنَمَةُ. النَبَاتِ: نباتات کا اوپر کا حصہ جیسے بالی' شگوفہ۔ رَجُلٌ (سَنِيْمٌ) عالی مرتبہ مرد۔
السُّنُمُ: گائے۔
التَسْنِيمُ: جنت کے ایک چشمہ کا نام۔
المُسَنَّمُ. مِنَ الجِمَالِ: اونٹ جس پر سواری نہ کی جائے۔
السِّنِمَّار: چاند۔ چور۔ رات میں نہ سونے والا۔
السَّنْمُورَة: ایک قسم کی مچھلی جس کو نمک لگا کر خشک کرتے ہیں۔ (جدید)
سَنِهَ: (س) سَنَهًا: بہت برسوں والا ہونا۔ صفت (سَنِهٌ)...... الطَعَامُ اَوِ الشَرَابُ: بگڑ جانا۔ متغیر ہونا۔
سَانَهَ. الرَجُلَ: سال وار معاملہ کرنا۔
سَانَهَتِ النَخْلَةُ: ایک سال کے ناغہ سے پھل لانا۔
تَسَنَّهَ: بہت برسوں والا ہونا...... الخُبْزُ: بدبودار ہونا...... عِنْدَهٗ: ایک سال تک اقامت کرنا۔
السَّنْهَاء. مِنَ النَخْلِ: ایک سال کے ناغہ سے پھل دینے والا درخت خرما۔ خشک سالی والا۔ کہا جاتا ہے "سَنَةٌ سَنْهَاء" بغیر بارش و بغیر پیداوار کا سال۔
سَنَا يَسْنُو سَنْوًا وسَنَاوَةً وسُنُوًّا وسِنَايَةً. السَحَابُ الاَرْضَ: بادل کا زمین کو سیراب کرنا...... البَرْقُ: بجلی کوندنا...... البَابَ: دروازہ کھولنا۔ سَنَتِ النَارُ: روشنی بلند ہونا...... السَمَاءُ: برسنا۔ سَنَا عَلَى الدَابَّةِ: جانور پر پانی لانا...... الدَلْوَ: ڈول کا کنوئیں سے کھینچنا۔
سَانٰى سِنَاءً ومُسَانَاةً. الرَجُلَ: ایک سال کے لئے معاہدہ کرنا یا اجرت پر رکھنا۔
تَسَنّٰى تَسَنِّيًا. الشَيْءَ: چڑھنا۔ "تَسَنَّتِ العُقْدَةُ" گرہ کھلنا۔
السَّنَةُ: سال۔ج سُنُوْن وسِنُوْن وسَنَوَات وسَنَهَات. تصغیر سُنَيَّة وسُنَيْنَة وسُنَيْهَة: نسبت کے لئے سَنَوِي سَنَهِي.
سَنَةٌ سَنْوَاءُ: سخت سال۔
السَّنَاءُ: بجلی کی چمک۔ ایک دست آور دوا کا نام۔
السنة الضوئية: (فلکیات) وہ مسافت جس میں روشنی ایک سال بھر میں طے کرتی ہے۔ یعنی ۹۴۶۸ ارب کلومیٹر سب سے قریب ستاری طرف چار ضوئی سالوں سے زیادہ دور ہے۔
السَانِي: فا۔ پانی لانے والا۔ج سُنَاة.
السَانِيَة: رہٹ۔ اونٹنی جس پر کنوئیں سے پانی لایا جائے۔ج سَوَانٍ.
اَلسَّنَةُ الاِنْقِلَابِيَّة اَوِ الاِسْتِوَائِيَّة: وہ وقت جو کہ سورج کے گزرنے کے لئے ہوتا ہے اعتدال ربیع کے نقطہ پر دو دفعہ مسلسل۔ جس کی قیمت (مقدار) ۳۶۵٬۲۴۲۲ شمسی

درمیانے دن۔

المَسْنُوُّ والمَسْنِيُّ: رہٹ سے سیراب کی ہوئی چیز۔

اَلسَّنَةُ النُّجُومِيَّةُ اَوِ الْمَدَرِيَّةُ: زمین کا سورج کے اردگرد گردش کرنے کا وقت جب کہ اس کو سورج کے مرکز سے کسی سیارے کے ساتھ جمع ہوتے ہوئے دو دفعہ دیکھا جاتا ہے۔

المُسَنَّاةُ: بند جو سیلاب کو روکے۔ ج مُسَنَّوَات ومُسَنَّيَات: کہا جاتا ہے "عَقَدُوْا مُسَنَّيَاتٍ لِحَبْسِ المِيَاهِ" انہوں نے پانی روکنے کے لئے بند باندھا۔

سَنِيَ: (س) سِنَاءً: بلند مرتبہ ہونا۔

سَانَى مُسَانَاةً وسِنَاءً. الرَّجُلَ: خوشنود کرنا۔ مدارات کرنا۔ مطالبہ میں نرمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَانَيْتُهُ حَتّٰى اِسْتَخْرَجْتُ مَا عِنْدَهُ" میں نے اس کے ساتھ نرمی کر کے جو کچھ اس کے پاس تھا سب نکلوا لیا۔

اَسْنَى اِسْنَاءً. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔ ...... النَّارَ: آگ روشن کرنا...... لَهُ الجَائِزَةَ: بیش قیمت انعام دینا "جَاوَرْتُهُ فَاَسْنٰى جِوَارِيْ" میں اس کا پڑوسی تھا۔ اس نے پڑوسی کا حق ادا کر دیا...... القَوْمُ: ایک سال کسی جگہ مقیم رہنا۔

تَسَنَّى. الاَمْرُ: تیار ہونا...... الرَّجُلُ: آسانی و نرمی کرنا...... الشَّيْءُ: متغیر ہونا...... القُفْلَ: تالا کھلنا...... الرَّجُلَ: راضی کرنا۔

السَّنَى: بجلی۔ ریشم۔ ایک دست آور دوا کا نام۔

السَّنَاءُ: مص۔ بمعنی سنی۔ بلندی۔ روشنی۔

السَّنَايَا: شریف و عالی مرتبہ مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سَنَايَا" (جمع کے وزن پر مفرد ہے)

السَّنِيُّ: عالی مرتبہ۔ مؤنث سَنِيَّةٌ۔

السَّنَايَةُ: تمام چیز۔ پوری کی پوری۔ کہا جاتا ہے "اَخَذْتُهُ بِسَنَايَتِهِ" میں نے اس کو سارا کا سارا لے لیا۔

السُّنُوْنُو: ابابیل۔ واحد سُنُوْنُوَةٌ وسُنُوْنِيَةٌ۔

سَهَبَ: (ف) سَهْبًا. الشَّيْءَ: ناپنا۔

اَسْهَبَ. الكَلَامَ وفِي الكَلَامِ: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِب ومُسْهَب) ثانی نادر ہے۔

...... الرَّجُلُ: بہت دینا۔ حریص و لالچی ہونا۔

...... الفَرَسُ: گھوڑے کا کشادہ قدم رکھنا۔ اَسْهَبُوْا الدَّابَّةَ: جانور کو چرنے کے لئے چھوڑ دینا۔

اُسْهِبَ: مدہوش ہونا۔ عقل کھو بیٹھنا یا زیادتی محبت یا مرض یا خوف کی وجہ سے رنگ بدل جانا۔ اُسْهِبَتِ البِئْرُ: زیادہ گہرائی کی وجہ سے پانی نہ ملنا۔ صفت (مَسْهَبَةٌ ومُسْهَبَةٌ)

اِسْتَهَبَ: بہت دینا۔

السَّهْبُ: مص۔ بیابان...... مِنَ الخَيْلِ: کشادہ قدم سے تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى سَهْبٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

السَّهْبُ والسُّهْبُ. مِنَ الاَرْضِ: وسیع و ہموار میدان۔ کہا جاتا ہے "قَطَعُوْا سُهْبًا او شُهْبًا مِنَ الاَرْضِ" انہوں نے زمین کے ہموار میدان کو طے کیا۔

السَّهْبَلُ: دلاور۔

سَهَجَتْ: (ف) سَهْجًا. الرِّيْحُ: ہوا کا لگاتار تیز چلنا...... الرِّيْحُ الاَرْضَ: ہوا کا زمین کو صاف کر دینا...... الطِّيْبَ: خوشبو گھسنا ...... القَوْمُ لَيْلَتَهُمْ: تمام رات چلنا۔

السَّاهِجُ: ج۔ سُهَّجٌ (والسَّيْهَجُ والسَّيْهُوجُ والسَّهْوَجُ) مِنَ الاَرْيَاحِ: تیز ہوائیں۔

المَسْهَجُ: تیز ہوا کی گزرگاہ۔ جہاں تیز ہوا چلے۔

المِسْهَجُ: ہرحق و باطل میں بولنے والا۔ فصیح و بلیغ۔

سَهْجَرَ سَهْجَرَةً: ڈرتے ہوئے دوڑنا۔

سَهِدَ: (س) سَهَدًا وسُهْدًا: بیدار رہنا۔ کم نیند والا ہونا۔

سَهَّدَهُ: بیدار رکھنا۔ کہا جاتا ہے "سَهَّدَهُ الهَمُّ" اس کو غم نے بیدار رکھا۔

السُّهْدُ والسُّهَادُ: بے خوابی۔

السُّهُدُ: کم نیند والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُهُدٌ" کم سونے والا امرد "عَيْنٌ سُهُدٌ" کم سونے والی آنکھ۔

السَّهْدَةُ: بیداری اور کہا جاتا ہے مَا رَاَيْتُ مِنْهُ سَهْدَةً میں نے اس کے اندر خیر کی طرف رغبت نہیں دیکھی۔ السَّهْوَدُ: بہت لمبا۔ کہا جاتا ہے "غُلَامٌ سَهْوَدٌ" نازک اندام جوان لڑکا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَسْهَدُ مِنْكَ رَاْيًا" وہ تم سے زیادہ ہوشیار ہے۔

المُسَهَّدُ: مثل۔ کم نیند والا۔

السَّهْلَدُ: بعید۔

سَهِرَ: (س) سَهَرًا: ساری رات بیدار رہنا۔ صفت (سَاهِرٌ وسَهْرَانُ) اور کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ سَاهِرَةٌ" رت جگے والی رات۔

سَهَرَ البَرْقُ: بجلی کا رات کو چمکنا۔

اَسْهَرَ: جاگتے رکھنا۔

سَاهَرَهُ: اکٹھے جاگنا۔

السُّهَارُ: بیداری۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ سُهَارُ العَيْنِ" کم سونے والا امرد۔

السَّاهُوْرُ: بیداری۔ زیادتی۔ چاند کا ہالہ۔ چاند کہا جاتا ہے "دَخَلَ القَمَرُ فِي السَّاهُوْرِ" یعنی چاند گہن میں آ گیا۔ سَاهُوْرُ عَيْنِ المَاءِ: چشمہ کا منبع۔ السَّاهُوْرُ: مہینے کے باقی نو دن۔

السُّهَّارُ والسُّهَرَةُ: بہت بیدار رہنے والا۔

السَّاهِرَةُ. السَّاهِرُ: کا مؤنث۔ زمین اور بقول بعض سطح زمین۔ ہمیشہ جاری رہنے والا چشمہ۔ چاند۔ خوفناک جنگل۔

الاَسْهَرَانِ: آنکھ کی دو رگیں ناک کی دو رگیں۔

المِسْهَارُ: بیداری پر قادر۔

سَهَفَ: (س) سَهْفًا. القَتِيْلُ: مقتول کا نزع کی حالت میں تڑپنا۔

سَهِفَ: (س) سَهَفًا: بہت پیاسا ہونا۔ ہلاک ہونا۔

اِسْتَهَفَهُ: خفیف سمجھنا۔

السَّاهِف: قا۔ ہلاک ہونے والا۔ جس پر جان کنی کے وقت پیاس کا غلبہ ہو۔ سَاهِف الوَجه: متغیر چہرے والا۔
السَّهَف: مس۔ مچھلی کے سفنے۔
السُّهَاف: پیاس کی بیماری جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔ طَعَامٌ (مَسْهَفَةٌ) بہت پانی پلانے والا کھانا۔ رَجُلٌ مَسْهُوف: بہت پانی پینے والا جو سیراب نہ ہوتا ہو۔
السَّهْوَق: بڑا جھوٹا۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ درختوں کا شاداب تنا۔
السَّهْوَق: کشادہ قدم والا۔
سَهَكَ: (ف) سَهْكًا۔ الرِّيحُ: ہوا کا تیز چلنا۔۔۔۔۔ الرِّيحُ التُّرَابَ عَن وَجهِ الأَرضِ: غبار اڑانا۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ: کسی چیز کو گھسنا۔
سَهَكَتْ سُهُوكًا۔ الدَّابَّةُ: جانور کا آہستہ چال چلنا۔
سَهِكَ: (س) سَهَكًا: بدبودار ہونا۔ صفت (سَهِك) کہا جاتا ہے "يَدِي سَهِكَةٌ مِنَ السَّمَكِ" میرا ہاتھ مچھلی کی وجہ سے بدبودار ہے۔
السَّهَك والسَّهَكَة والسُّهُوكَة: پسینہ یا سڑے ہوئے گوشت یا مچھلی کی بدبو۔
السَّهَكُ: لوہے کا زنگ۔
رِيحٌ (سَاهِكَةٌ) بہت تیز ہوا۔ ج سَوَاهِك وسَاهِكَات۔ (رِيحٌ سَهُوك وسَيْهَك وسَيْهُوك وسَيْهَكَة) بہت تیز ہوا۔
السَّيْهَك: غبار جس کو ہوا اڑا دے۔
السَّهَاك والمِسْهَك: ہوا کی تیزی کی طرح بلاغت سے گفتگو کرنے والا۔
المِسْهَك مِنَ الخَيلِ: تیز رفتار گھوڑا۔
المَسْهَكُ والمَسْهَكَة: تیز ہوا کی گزرگاہ۔
سَهُلَ: (ک) سُهُولَةً۔ المَكَانُ: نرم ہونا۔
سَهُلَ: (ک) سَهْلًا وسَهَالَةً۔ الأَمرُ: آسان ہونا۔ صفت (سَهْل وسَهِل)
سَهَّلَ الأَمرَ لَهُ وعَلَيهِ: آسان کر دینا۔ ۔۔۔۔۔ المَوضِعَ: نرم کر دینا۔
سَاهَلَهُ مُسَاهَلَةً: نرم برتاؤ کرنا۔
أَسْهَلَ: پہاڑ سے میدانی زمین کی طرف اترنا ۔۔۔۔۔ الدَّوَاءُ: پیٹ کو نرم کرنا۔ دست لانا۔ الرَّجُلُ: لوگوں کے ساتھ نرمی برتنا۔ الأَمرَ: نرم پانا۔
أُسْهِلَ۔ الرَّجُلُ: اسہال والا ہونا۔
تَسَهَّلَ۔ الأَمرُ: آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَسَهَّلَ لِي أَنْ أَفعَلَهُ" میرے لئے اس کا کرنا آسان نہیں ہوا۔
تَسَاهَلَا: ایک دوسرے سے نرمی کا برتاؤ کرنا۔
تَسَاهَلَ الأَمرُ عَلَيهِ: آسان ہونا۔
اِسْتَهَلَ۔ المَكَانَ: نرم سمجھ کر اقامت کرنا۔
اِسْتَسْهَلَهُ: آسان سمجھنا۔
السَّهْل: نرم زمین۔ ہموار زمین۔ ج سُهُول وسُهُولَة: اور نسبت کے لئے (سُهْلِي) جیسے "بَعِيرٌ سُهْلِيٌّ" نرم زمین میں چرنے والا اونٹ اور تم کہتے ہو "أَرضٌ سَهْلٌ" "سَهْلُ الوَجهِ" کم گوشت والا چہرہ۔
سَهْلُ الخُلُقِ: نرم اخلاق والا اور کسی کو خوش آمدید کہنے کے موقع پر کہا کرتے ہیں "أَهلًا وسَهلًا" یعنی تم اپنے ہی لوگوں میں آئے۔ اجنبیوں میں نہیں اور تم نے نرم زمین پر قدم رکھا۔ سخت زمین پر نہیں۔
السِّهْلَة والسِّهْل: ریت جیسی مٹی جس کو پانی بہا لاتا ہے۔ السِّهْلَةُ: اسہال۔
الإِسْهَال۔ عِندَ الأَطِبَّاءِ: دست آنا۔
السَّهُول: دست آور دوا۔
سُهَيل: ایک روشن ستارہ جو بلادِ عرب میں گرمی کے آخر زمانہ میں طلوع ہوتا ہے۔ مشہور ہے کہ اس کے طلوع ہونے پر گبریلے مرجاتے ہیں۔ متنبی کہتا ہے۔
وتُنكِرُ مَوتَهُم وأَنَا سُهَيلٌ
طَلَعتُ بِمَوتِ أَولَادِ الزِّنَاءِ
سَهَمَ (ف) وسَهُمَ (ک) سُهُومَةً وسُهُومًا: لاغری کی وجہ سے رنگ متغیر ہونا ۔۔۔۔۔ وَجهُهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ سَهَمَهُ: قرعہ اندازی میں غالب ہونا۔
سُهِمَ: لو کی لپٹ لگنا۔
سَاهَمَهُ: قرعہ اندازی کرنا۔
أَسْهَمَ۔ لَهُ فِي كَذَا: حصہ مقرر کرنا ۔۔۔۔۔ بَينَ القَومِ: قرعہ ڈالنا ۔۔۔۔۔ فِي الكَلَامِ: لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِم مُسْهَم)
تَسَاهَمَ واسْتَهَمَ۔ القَومُ: باہم قرعہ اندازی کرنا۔ تَسَاهَمُوا الشَّيءَ: باہم تقسیم کرنا۔
السَّهْم: ج سِهَام: قرعہ اندازی کا تیر۔ تیر۔ سَهْمُ الرَّامِي: ایک ستارہ۔ ج أَسْهُم وسُهْمَة وسُهْمَان: حصہ۔ کہا جاتا ہے "أَصَابَهُ فِي القِسْمَةِ سَهْمَانِ" تقسیم میں اس کو دہرا حصہ ملا۔
السُّهْمَة: قرابت۔ تقسیم۔ حصہ۔
السُّهْم: آفتاب کی کرنیں۔ حرارتِ غالبہ۔ پیاس۔ عقلاء۔ حکماء۔
السَّاهِمَة۔ مِنَ النُّوقِ: دبلی پتلی اونٹنی۔
السَّهَام: لو کی گرمی۔ گرمی کی تیزی۔ ترمرے یعنی مکڑی کے جالے کی طرح ایک چیز جو سخت گرمی کے زمانہ میں فضا میں معلوم ہوتی ہے۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
السُّهَام: دبلے پن کے ساتھ رنگ متغیر ہونا۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
السَّهِيم: شریک۔ حصہ دار۔
المُسْهَم: لاغری کی وجہ سے رنگ بدلا ہوا دوغلا گھوڑا۔
المُسَهَّمَة۔ مِنَ الثِّيَابِ: دھاری دار کپڑا۔
المُسَهَّم والمَسْهُوم۔ مِنَ الإِبِلِ: سُهَام: بیماری والا اونٹ۔
السَّهُوم: عقاب۔
سَهَا يَسْهُو سَهْوًا وسُهُوًّا۔ فِي الأَمرِ وعَنِ الأَمرِ: غافل ہونا۔ بھولنا۔ دل کا دوسری طرف متوجہ ہونا۔ صفت (سَاهٍ وسَهْوَان)
۔۔۔۔۔ إِلَيهِ: پست نگاہ سے دیکھنا۔
سَهُوَ يَسْهُو سَهَاوَةً۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا

آسانی سے تابع ہونا۔ صفت (سَهْوٌ)
اَسْهٰی۔ الرَّجُلُ: سہو بتانا (دیکھئے نیچے لفظ سَهْوَة)
سَاهٰی۔ الرَّجُلَ فِی الْمُعَاشَرَةِ: نرمی کرنا۔ خوش خلقی کا برتاؤ کرنا ...... ہ: غافل کرنا۔ استہزاء کرنا۔
سَهَّاهُ: فریہ پانی میں گرم کرکے خشک کرنا۔
السَّهْوُ: مص۔ سکون۔ نرمی۔ کہا جاتا ہے "اِفْعَلْهُ سَهْوًا رَهْوًا" یعنی اس کام کو بغیر کسی تقاضے کے آسانی ونرمی سے کرو۔ "مَاءٌ سَهْوٌ" تھرا ہوا صاف پانی "جَمَلٌ سَهْوٌ" نرم تابعدار اونٹ "اَمْرٌ سَهْوٌ" نرم کام۔ "رِيحٌ سَهْوٌ" نرم ہوا۔ ج سِهَاءٌ۔
السُّهٰی والسُّهَا: بنات نعش صغری میں بہت ہی چھوٹا سا ستارہ اور اسی سے مثل ہے "اُرِيهَا السُّهٰی وتُرِينِي الْقَمَرَ" جو سوال از آسمان و جواب از ریسمان کے موقع پر بولتے ہیں۔
السِّهْوُ والسَّهْوَاءُ: رات کا ایک حصہ۔
السَّهْوَةُ۔ السَّهْوُ: کا مؤنث۔ سہا: کا اسم مرۃ۔ ج ...... سِهَاءٌ: کانس۔ مہتابی۔ طاقچہ روشندان۔ صحن کے سامنے کا پردہ۔ پانی کے سامنے کا خیمہ جو اعراب قائم کیا کرتے تھے۔ پتھر کی چٹان۔ پالکی۔ نرم کمان۔
السَّاهِي: فا۔ کہا جاتا ہے "بَعِيرٌ سَاهٍ رَاهٍ" یعنی نرم رفتار اونٹ۔ ج جِمَالٌ سَوَاهٍ رَوَاهٍ ...... الاَسَاهِي۔ الوان: رنگ (اس کے لئے مفرد نہیں۔)
سَهْوَكَةٌ: پچھاڑنا۔ ہلاک کرنا۔
تَسَهْوَكَ: پچھاڑا جانا۔ ہلاک ہونا۔ پشت پھیرنا۔ نرم چلنا۔
سَاءَ يَسُوءُ سَوَاءً۔ الشَّيْءُ: قبیح ہونا۔ برا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَتْ سِيرَتُهُ" اس کی عادت بری ہے۔
سَاءَهُ يَسُوءُهُ سَوْءًا وسُوءًا وسَوَاءً وسَوَائِيَةً وسَوَائِيَةً ومَسَاءً ومَسَاءَةً ومَسَائِيَةً ومَسَائِيَةً الاَمْرُ فُلانًا: غمگین کرنا۔ مکروہ سلوک کرنا ...... بِهِ ظَنًّا: برا گمان کرنا۔

سَوَاءَةً تَسْوِئَةً وتَسْوِيئًا: خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
سَوَّأَ عَلَيْهِ عَمَلَهُ: عیب لگانا سرزنش کرنا۔
اَسَاءَ اِسَاءَةً۔ الشَّيْءَ: خراب کرنا۔ بگاڑنا ...... اِلَيْهِ: برا سلوک کرنا۔
اِسْتَاءَ: غمگین ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَاءَهُ فَاسْتَاءَ" اس نے اسے غمگین بنایا اور وہ غمگین ہوا۔
السُّوءُ۔ سَاءَةً: کا اسم۔ آفت۔ شر وفساد۔ ج اَسْوَاءٌ۔
السَّوْءُ: مص۔ رَجُلُ سَوْءٍ۔ ورَجُلُ السَّوْءِ: بدکار مرد۔ والسَّوْءُ: فساد۔ آگ۔ آنکھ کی کمزوری۔
السَّيِّئُ: قبیح۔ برا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَيِّئُ الظَّنِّ" وہ لوگوں سے بدگمان ہے۔
السَّيِّئَةُ۔ السَّيِّئُ: کا مؤنث۔ برائی۔ گناہ۔ ج سَيِّئَاتٌ۔
السَّوْءَةُ: فاحشہ۔ بری عادت۔ شرمگاہ۔ ج سَوْءَاتٌ۔
الاَسْوَاءُ: اسم تفضیل مؤنث سُوءَى: برا۔
السُّوءَى: جہنم کی آگ۔
السَّوْءَاءُ: بری عادت۔ بدشکل عورت۔
الْمَسَاءَةُ: برا قول یا فعل۔ ج مَسَاوِئُ۔
المَسَاوِئُ: برائیاں۔ عیوب۔ نقائص۔
السُّوبَةُ: دور کا سفر۔
السُّوبِيَةُ: گیہوں کی شراب۔
سَاجَ يَسُوجُ سَوْجًا وسُوَاجًا وسَوَجَانًا: آہستہ آنا جانا۔
سَوَّجَ وسَيَّجَ۔ الْكَرْمَ ونَحْوَهُ او عَلَى الْكَرْمِ: انگور وغیرہ میں باڑ لگانا۔
السِّيَاجُ: دیوار۔ انگور وغیرہ کی باڑ۔ ج سِيَاجَاتٌ واَسْوِجَةٌ وسُوجٌ۔
السَّاجُ: ساکھو کا درخت۔ ج سِيجَانٌ: واحد۔ (سَاجَةٌ) کشادہ گول چادر۔ كِسَاءُ (مُسَوَّجٌ) گول کیا ہوا کمبل۔
السَّاحَةُ: گوشہ۔ کنارہ۔ مکانوں کے درمیان کا چوک۔ ج سَاحٌ وسُوحٌ

وساحات۔
سَاخَ يَسُوخُ سَوْخًا وتَسَوُّخًا۔ فِي الطِّينِ: گارے میں دھنس جانا۔ سَاخَ الشَّيْءُ فِي الْمَاءِ: دھنس ہونا (سَاخَتْ) بِهِمُ الاَرْضُ۔ سُؤُوخًا وسُوُوخًا وسَوَخَانًا: تکل لینا۔
السُّوَاخُ والسُّوَّاخُ والسُّوَّاخَى والسُّوَاخِيَةُ: بہت کیچڑ۔ کہا جاتا ہے "مُطِرْنَا حَتَّى صَارَتِ الاَرْضُ سُوَّاخَى" ہمارے اوپر بارش ہوئی۔ یہاں تک کہ زمین کیچڑ ہو گئی۔ و"بَطْحَاءُ سُوَّاخَى" سنگریزہ والی زمین جس میں پیر دھنس جائے۔
سَادَ يَسُودُ سِيَادَةً وسُودَدًا وسُودًا وسَيْدُودَةً وسُودًا: شریف ہونا۔ بزرگ ہونا ...... قَوْمَهُ: سردار ہونا ...... ہ: بزرگی و شرافت کے فخر کرنے پر غالب ہونا۔ صفت (سَائِدٌ) ج سَادَةٌ جج سَادَاتٌ ...... الرَّجُلَ: کسی سے راز کی بات کہنا۔ (سُوَادًا)۔ الرَّجُلُ: زرد کائی جمے ہوئے پانی کو پینا۔
سَوِدَ يَسْوَدُ سَوَدًا وسُودَةً يَسْوَادُّ واِسْوَادَّ اِسْوِيدَادًا: کالا ہونا۔
سَوَّدَ: دلیر ہونا ...... ہ: سردار بنانا ...... الشَّيْءَ: کالا کرنا ...... الرَّجُلُ: سرداروں کو قتل کرنا۔
سَاوَدَهُ: مکر وفریب کرنا۔ رات کے اندھیرے میں ملنا۔ سرداری یا سیاہی میں مقابلہ کرنا۔ راز کی بات کہنا ...... الاَسَدَ: شیر کو ہٹانا۔ ہانکنا۔
اَسْوَدَتِ اِسْوَادًا واَسَادَتْ اِسَادَةً الْمَرْأَةُ: کالا بیٹا جننا۔ سردار جننا۔
تَسَوَّدَ: نکاح کرنا۔ سردار ہونا۔ کالا ہونا۔
اِسْتَادَ۔ الْقَوْمَ: سردار قوم کو قتل کرنا یا قید کرنا ...... فِي بَنِي فُلَانٍ: سردار قوم کی لڑکی سے منگنی کرنا۔
السُّودُ: سیاہ پتھروں والا ہموار میدان ...... السُّوَادُ: ایک قلعہ کو (سُودَةٌ) کہتے ہیں ......
السُّودَةُ: کھجور کے درختوں والی زمین۔
السُّودَدُ: مص۔ سرداری ...... ایک قسم کی

باتا ہے۔
السَّوَاد: سیاہی۔ وجود۔ تم کہتے ہو۔ "رَأَیْتُ سَوَادَہٗ" میں نے وجود کو دیکھا۔ ج اَسْوِدَۃ
وعُقُود: بہت مال۔ بہت تعداد۔ سَوَادُ البَلْدَۃ: شہر کے ہر دگرد کی آبادیاں۔ سَوَادُ اللَّیْلِ: پوری رات۔ سَوَادُ النَّاسِ: عام لوگ۔ سَوَادُ العَسْکَرِ: اسلحہ وسامان فوج۔ سَوَادُ العَیْنِ: آنکھ کا سیاہ حصہ۔ پتلی۔ سَوَادُ القَلْبِ: دل کا سیاہ نقطہ۔
السُّوَاد: رازدارانہ گفتگو۔ دانتوں کی ایک بیماری۔ رنگ کی زردی۔
السِّوَاد: آواز۔
السَّوَادِیَّۃ والسُّوْدَانِیَّۃ: بھجنگا۔
السُّــــــوْدَان: سوڈان کا باشندہ۔ واحد (سودانی) سیاہ رنگ کے لوگ۔
السِّیْد: بھیڑیا۔ شیر۔ ج سِیْدَان. السِّیْدَۃ: مادہ بھیڑیا۔
السِّیدَانَۃ: بھیڑیا۔
السَّیِّد: سردار۔ تخفیفاً (سَیْد) بھی ایک لغت ہے۔ ج أَسْیَاد وسَادَۃ وسَیَائِد.
عِنْدَ المُسْلِمِیْنَ: حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی اولاد اور ان کی نسل سے جو لوگ ہوں۔
السَّیِّدَان: حضرت حسین رضی اللہ عنہ۔
السَّائِد: قا۔ ج سَادَۃ. جج۔ سَادَات.
أَسْوَد: ج۔ سُوْدٌ وسُوْدَانٌ: مؤنث سَوْدَاء: کالا ...... مِنَ العَیْنِ: آنکھ کی پتلی۔ مِنَ القَوْمِ: بزرگ تر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَسْوَدُ مِنْ فُلَانٍ" وہ فلاں سے بزرگ تر ہے۔ تصغیر أُسَیْوِد وأُسَیْد. الأَسْوَدَان: کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو۔
والأَسْوَد: مؤنث أَسْوَدَۃ: ج أَسَاوِدَۃ: بڑا کالا سانپ جس کو حنش بھی کہتے ہیں۔
السَّهْمُ الأَسْوَد: مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے۔ گویا بہت ہاتھوں کے چھونے کی وجہ سے کالا ہو گیا ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَسْوَدُ الکَبِدِ" فلاں دشمن ہے۔ وعلٰی هٰذَا القِیَاسِ "هُمْ سُوْدُ الأَکْبَادِ".

السَّوْدَاء والسُّوَیْدَاء. عِنْدَ الأَطِبَّاءِ: ایک خلط کا نام۔ مالیخولیا کی بیماری۔ الحَبَّۃُ السَّوْدَاء: کلونجی۔ سَوْدَاءُ القَلْبِ وسُوَیْدَاؤُہ: دل کا سیاہ نقطہ۔
السُّوْدَدُ والسُّوْدُد: مرتبہ بلند۔ سرداری۔ مادۃ (مَسُوْدَۃ)
المَسْوُوْد: مرض مالیخولیا کا بیمار۔
المُسْوَدَّۃ والسَّوَاد. عِنْدَ الکُتَّابِ: پہلی تحریر جس کو صاف نہ کیا گیا ہو۔ اس کے مقابلہ میں صاف شدہ کو مُبَیَّضَۃ: کہتے ہیں۔
...... عِنْدَ الطَّبَّاعِیْنَ: پروف (المُسْوَدَّۃ والمُسْوَدَّۃ) مِنَ الأَیَّامِ: سخت زمانہ۔ مصائب کے دن۔
السَّوْذَق والسُّوْذَق والسَّوْذَانِق والسَّوْذَنِیْق: شکرا یا شاہین۔
سَارَ یَسُوْرُ سَوْرًا. الحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا (...... سَوْرًا وسُؤُوْرًا) إِلَیْہِ: کودنا ...... الشَّرَابُ فِیْ رَأْسِہٖ: شراب کا سر کو چکرانا۔
سَوَّرَ. المَدِیْنَۃَ: شہر پناہ پانا ...... المَرْأَۃَ: کنگن پہنانا ...... الحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا۔
سَاوَرَہٗ سِوَارًا ومُسَاوَرَۃً: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ حملہ کرنا۔ تم کہتے ہو "سَاوَرَتِ الحَیَّۃُ الرَّاکِبَ" سانپ نے سوار پر حملہ کیا
...... ہ الشَّرَابُ: سر کو چکرانا۔
تَسَوَّرَ: کنگن پہننا ...... الحَائِطَ وعَلَیْہِ: دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔
السُّوْر: شہر پناہ۔ ج أَسْوَار وسِیْرَان.
السُّوْر: عمدہ اونٹ۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ سُوْرٌ مِنَ الإِبِلِ" اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔
سُوْرِیَۃ وسُوْرِیَّۃ: ملک شام۔
السَّوْرَۃ. سَارَ: کا اسم مرۃ۔
سَوْرَۃ. الخَمْرِ و (سُوَارُهَا) شراب کی تیزی۔ سَوْرَۃُ السُّلْطَانِ: بادشاہ کا دبدبہ۔ سَوْرَۃُ المَجْدِ: بزرگی کا اثر۔ سَوْرَۃُ البَرْدِ: سردی کی تیزی۔

السُّوْرَۃ: مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ عِنْدَکَ سُوْرَۃٌ" تیرے نزدیک اس کا مرتبہ ہے "وَلَہٗ سُوْرَۃٌ فِی المَجْدِ" اس کے لئے بزرگی کا مرتبہ ہے۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ عَلَیْکَ سُوْرَۃٌ" اسے تمہارے اوپر فضیلت ہے۔ شرف۔ علامت۔ لمبی و خوبصورت عمارت ...... مِنَ الکِتَابِ: قرآن پاک کی سورت اور اس کو السُّوْرَۃ: بھی کہا جاتا ہے۔ ج سُوَرٌ وسُوْر وسُوْرَات وسُوَرَات.
السِّوَار والسُّوَار والأُسْوَار: کنگن۔ ج سُوْر وأَسوِرہ وأَسْوِرَۃ وأَسَاوِر وأَسَاوِرَۃ وسُؤُوْر. الأَسَاوِرَۃ: عجمیوں کی ایک پرانی قوم جو بصرہ میں آ کر رہ پڑی تھی۔
السَّوَّار: وہ شخص جس کے سر کو شراب جلد چکرا دے۔ شراب پینے کے بعد اپنے ہم نشین پر حملہ کرنے والا۔ کَلْبٌ سَوَّار: لوگوں پر حملہ کرنے والا کتا۔ السَّوَّار: شیر۔
الأُسْوَار والإِسْوَار: گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا۔ تیرانداز ...... عِنْدَ الفُرْسِ: فوجی افسر۔ ج أَسَاوِر وأَسَاوِرَۃ.
السُّوَّارِی: بلندی۔
المِسْوَر والمِسْوَرَۃ: چمڑے کا تکیہ۔ ج مَسَاوِر.
المُسَوَّر: کلائی میں کنگن پہننے کی جگہ۔ مَلِکٌ مُسَوَّرٌ: طاقتور بادشاہ۔
السُّوْرَنْجَان والسَّوْرَنْجَان: ایک دوا کا نام۔ جنگلی سنگھاڑا۔
سَاسَ یَسُوْسُ سِیَاسَۃً. الدَّوَابَّ: دیکھ بھال رکھنا۔ سدھانا ...... القَوْمَ: اُمور کی تدبیر و انتظام کرنا ...... الأَمْرَ: انتظام کرنا۔ صفت (سَائِس) ج سَاسَۃ وسُوَّاس اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُجَرَّبٌ قَدْ سَاسَ وسِیْسَ عَلَیْہِ" فلاں تجربہ کار ہے جو ادب آموز ہے یا مودب ہے۔
سَاسَ یَسَاسُ وسَوِسَ یَسْوَسُ وسِیْسَ یَسَاسُ سَوْسًا وتَسَوَّسَ. الطَّعَامُ: گھن پڑنا

......الشَّاةُ: بکری کا بہت جوں والی ہونا۔
سُوِّسَ. الطَّعَامُ: گھن پڑنا......لَهٗ اَمْرًا: مزین کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّسَ فُلَانٌ اَمْرَ الْقَوْمِ" فلاں قوم کے اُمور کا مالک بنایا گیا۔
اَسَاسَ. الطَّعَامُ: گھن پڑنا۔ اَسَاسَهُ القَامُ: رئیس وسردار بنالینا۔ اَسَاسَتِ الشَّاةُ: بہت جوں والی ہونا۔ صفت (مُسِيْس)
السَّاسُ: بتقلم۔ دانت کی جڑ جس کو کیڑوں نے کھالیا ہو (اس کی اصل سَائِس ہے مثل هَارٍ و هَائِرٍ و صَافٍ صَائِفٍ: کے۔)
السُّوْسُ: اون یا لکڑی کا کیڑا۔ گھن۔ واحد (سُوْسَة) کسی چیز کا کھانے والا۔ السُّوْسُ: اصل طبیعت۔ تم کہتے ہو "اَلْفَصَاحَةُ مِنْ سُوْسِهٖ" فصاحت اس کی طبعی چیز ہے۔ ملیٹھی کا درخت۔
السَّوَسُ: ایک بیماری جو جانوروں کی سرین پر ہوتی ہے۔
السُّوَاسُ: گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو خشک کردیتی ہے۔
السِّيَاسَةُ: مص۔ پالیٹکس۔ ملکی تدبیر و انتظام۔ السِّيَاسَةُ الْمَدَنِيَّةُ: شہری انتظام۔ عدل و استقامت کے ساتھ اس طرح پر انتظام کرنا کہ سب کی معاشی حالت اچھی ہو۔
السُّوْسَنُ و السَّوْسَنُ و السُّوْسَانُ: ایک خوشبودار بوٹی۔ جنگلی و بستانی دو قسم کی ہوتی ہے۔ واحد (سُوْسَنَةٌ) ج سَوَاسِن۔
اَلسُّوْسِيُوْلُوْجِيَا: ہیئت اجتماعیہ کے حالات کا علم۔
سَاطَهٗ يَسُوْطُهٗ سَوْطًا: کوڑے مارنا...... الشَّيْءَ: مخلوط کرنا...... الْحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا...... الاَمْرَ: تہ و بالا کردینا...... سَوْطًا نَفْسَهٗ: جی کا متلانا۔
سَوَّطَ. الكُرَّاثُ: گندنا کی شاخیں نکلنا...... الاَمْرَ: مخلوط کرنا۔ گڈمڈ کرنا...... الْحَرْبَ: لڑائی برپا کرنا۔
اِسْتَوَطَ. الاَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

السَّوْطُ: کوڑا۔ چابک۔ ج اَسْوَاطٌ وسِيَاطٌ۔ السَّوْطُ: حصہ۔ تختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ اور کہا جاتا ہے "قسما بعصاطبان سَوْطًا وَاحِدًا" وہ دونوں ایک طرز پر کام کرتے ہیں۔ السِّيَاطُ: گندنا کی شاخیں۔
السَّوَّاطُ: سپاہی جس کے پاس کوڑا ہو۔
السَّوِيْطُ: گڈمڈ۔ ملا ہوا۔
الْمِسْوَاطُ: بغیر چابک کے نہ چلنے والا گھوڑا۔ (...... والمِسْوَطُ) لکڑی وغیرہ کی کوئی چیز جس سے کسی چیز کو کسی چیز میں مخلوط کیا جائے۔
الْمِسْيَاطُ: پانی جو حوض کے تہ میں باقی رہ جائے۔
مَسُوْطَرٌ: دیکھئے۔ مَيْطَر
سَاعَ يَسُوْعُ سَوْعًا: ضائع ہونا۔
سَاعَتِ الْاِبِلُ: بغیر چرواہے کے آزادی سے چرنا۔
سَاوَعَهٗ مُسَاوَعَةً وسِوَاعًا: گھنٹہ بھر کے لئے معاملہ کرنا...... الرَّجُلُ: ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
اَسَاعَ اِسَاعَةً. الشَّيْءَ: بیکار چھوڑنا۔ ضائع کرنا۔
اَسْوَعَ اِسْوَاعًا: ایک گھنٹہ مؤخر ہونا۔ ایک وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
السَّوْعُ و السُّوَاعُ: رات کا ایک حصہ۔
السَّائِعُ: ہلاک ہونے والا۔ ج سَاعَةٌ۔
السَّاعَةُ: گھنٹہ۔ وقت موجود۔ ابھی۔ کہا جاتا ہے "اِقْضِنِيْ حَقِّي السَّاعَةَ" میرے حق کو ابھی ادا کرو۔ گھڑی (مولدة) ج سَاعَات وسَاعٌ۔ السَّاعَةُ الرَّمْلِيَّةُ: ریت گھڑی۔ السَّاعَةُ الشَّمْسِيَّةُ: دھوپ گھڑی۔
سَاعَةٌ سَوْعَاءُ: سخت وقت۔
السُّوَيْعَةُ: ساعت کی تصغیر یعنی تھوڑا وقت۔
رَجُلٌ مِسْيَاعٌ و مُسِيْعٌ لِلْمَالِ: مال کا بہت ضائع کرنے والا۔ تابع کے طور پر کہا جاتا ہے "هُوَ مِضْيَاعٌ مِسْيَاعٌ و مُضِيْعٌ مُسِيْعٌ"۔

السُّوَاعُ و السُّوْعَاءُ: مذی یا ودی۔ حدیث میں ہے "فِي السُّوْعَاءِ الْوُضُوْءُ"۔ السُّوَاعُ: ایک بت کا نام جس کی پرستش نوح علیہ السلام کے زمانہ میں ہوتی تھی اور بعد میں قبیلہ ہذیل اس کی پرستش کرتا تھا۔
الْمُسَوَّعُ: جائز۔
سَاغَ: (ن) سَوْغًا وسَوَاغًا وسَوَغَانًا. الاَمْرُ: جائز ہونا۔ صفت (سَائِغ)۔ الشَّرَابُ: خوشگوار ہونا۔ صفت (سَائِغ وسَيِّغ واَسْوَغ) کہا جاتا ہے "سَاغَ لِي الشَّرَابُ"۔ "سَاغَتْ بِهِ الْاَرْضُ" دھنسا جانا۔
سَاغَ يَسُوْغُ سَوْغًا وسَاغَ يَسِيْغُ سَيْغًا. الشَّرَابَ: خوشگوار کرنا۔ جید افصح (اَسَاغَهٗ) ہے۔
سَوَّغَ. الاَمْرَ: جائز کرنا......لَهٗ كَذَا: وہ چیز کسی کے لئے خاص کردینا۔
اَسَاغَ. الطَّعَامَ اوِ الشَّرَابَ: خوشگوار بنانا اور کہا جاتا ہے "اَسِغْ لِيْ غُصَّتِيْ" یعنی مجھے مہلت دے۔
اَسْوَغَ اِسْوَاغًا. الصَّبِيُّ اَخَاهُ: ساتھ پیدا ہونا یا ایک کے بعد دوسرا پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث (سَوْغٌ وسَوْغَةٌ وسَيِّغٌ) کہا جاتا ہے "هٰذَا سَوْغُ هٰذَا وهُوَ اَخُوْهُ سَوْغُهٗ وهِيَ اُخْتُهٗ سَوْغُهٗ وهُوَ اَخُوْهُ سَيِّغُهٗ وهِيَ اُخْتُهٗ سَيِّغُهٗ" یہ سب ان موقعوں پر بولتے ہیں جبکہ دونوں بچے ساتھ پیدا ہوئے ہوں یا یکے بعد دیگرے اور ان کے درمیان کوئی تیسرا نہ ہو۔
اِسْتَسَاغَ. الشَّرَابَ: خوشگوار پانا۔
السَّيِّغُ. مِنَ الشَّرَابِ: خوشگوار شراب۔
السِّوَاغُ: حلق کے پھندے کو دور کرنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "الْمَاءُ سِوَاغُ الْغُصَصِ" پانی پھندے کو دور کرنے والا ہے۔
سَافَ يَسُوْفُ ويَسَافُ سَوْفًا. المَالُ: ہلاک ہونا۔ جانوروں میں بیماری واقع ہونا۔

سَافَ يَسُوْفُ سَوْفًا. عَلَيْهِ: صبر کرنا......
وَاسْتَافَ اِسْتِيَافًا) الشَّيْئَ: سونگھنا۔
سَوَّفَهُ: ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب کروں گا
...... الْاَمْرَ: پورا اختیار دینا۔
سَاوَفَهُ مُسَاوَفَةً: سونگھنا۔ راز کی بات کہنا۔
ٹالنا۔
اَسَافَ اِسَافَةً: مال ہلاک ہونا۔ اولاد کا
مرنا۔ صفت (مُسِيْف) اور اولاد کو (مُسَاف)
کہتے ہیں۔ اَسَافَهُ اللّٰهُ: ہلاک کرنا۔
سَوْفَ: مبنی بر فتحہ۔ حرف استقبال ہے "س"
سے اور اس کا زمانہ طویل ہوتا ہے اور یہ فعل
سے جدا نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ
يَقْتَاتُ السَّوْفَ" فلاں آرزوؤں میں
زندگی بسر کرتا ہے۔
السَّائِفَةُ: باریک ریت اور ریتلی اور سخت
زمین کے درمیان والی زمین۔
السُّوَافُ والسَّوَافُ: جانوروں کی بیماری و
ہلاکت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِي الْمَالِ
سَوَافٌ" مال میں ہلاکت واقع ہوئی اور اسی
سے مثل ہے "اَسَافَ حَتّٰى مَا يَشْتَكِي
السُّوَافَ" اس شخص کے حق میں بولا کرتے
ہیں جو سختیوں کے برداشت کرنے کا عادی ہو
جائے۔
السَّافُ والسَّافَةُ: مٹی یا کچی اینٹوں کا ردہ۔
ج آسُف وسَافَات: کہا جاتا ہے "بَنٰى
سَافَيْنِ اَوْ ثَلَاثَ سَافَاتٍ" اس نے دو یا تین
ردے بنائے۔ السَّافُ: ایک شکاری پرندہ۔
السَّافَةُ والسُّوْفَةُ: ریتلی اور سخت زمین کے
درمیان کی زمین۔ ج سُوْف وسُوَف.
الْمَسَافَةُ والْمَسَافُ. ج مَسَاوِف
و(السِّيْفَةُ) دوری۔ فاصلہ۔ تم کہتے ہو "كَمْ
مَسَافَةُ هٰذِهِ الْاَرْضِ وَمَسَافَتُهَا
وَسِيْفَتُهَا" اس زمین کا کتنا فاصلہ ہے۔
"بَيْنَهُمْ مَسَاوِفُ مَرَاحِلَ" ان کے
درمیان بہت بعد ہے۔ الْمَسَافُ: ناک۔
الْمُسِيْفُ: وہ عورت جس کا بچہ مرگیا ہو۔
الْمُسْتَافُ: قطع مسافت کرنے والا۔ سونگھنے

کی جگہ۔
اَلسُّوْفِيَاتُ: روسی قائدین نے انقلاب
روس کے بعد اس لفظ کو کارکنوں، زمینداروں
اور فوجی قائدین کی جماعت پر بولا ہے۔ بعد
میں مملکت روس پر اس کا استعمال ہونے لگا۔
اسی سے ہے سوف ازم۔
الْمُسَوَّفُ: قانع۔ صابر۔ خود مختار۔
الْمِسْوَفُ: عطردان۔
سَاقَ يَسُوْقُ سَوْقًا وسِيَاقًا وسِيَاقَةً
ومَسَاقًا اِسْتَاقَ واسْتِيَاقًا. الْمَاشِيَةَ: جانور
کو پیچھے سے ہانکنا۔ صفت (سَائِق) ج سَاقَة
و سُوَّاق وسَائِقُوْنَ: صفت مفعولی (مَسُوْقَة)
اور کہا جاتا ہے "سَاقَهُ مَسَاقَ غَيْرِهٖ" اس
نے اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔ سَاقَ
الْحَدِيْثَ: بیان کرنا۔
سَاقَهُ يَسُوْقُهُ سَوْقًا وسِيَاقًا: پنڈلی پر مارنا۔
سَاقَ اِلَيْهِ الْمَالَ: بھیجنا۔ پیش کرنا...... مِنَ
اِمْرَاَتِهٖ: مہر دینا...... الْمَرِيْضُ نَفْسَهُ عِنْدَ
الْمَوْتِ ويُبْنٰى عَلَى الْمَجْهُوْلِ: جانکنی
ہونا۔
سَوِقَ يَسْوَقُ. سَوَقًا: اچھی اور پر گوشت
پنڈلی والا ہونا۔
سَوَّقَ. النَّبْتُ: تنہ دار ہونا...... والْاَمْرَ:
مالک بنانا...... الْمَاشِيَةَ: جانور کو پیچھے سے
ہانکنا۔
سَاوَقَهُ: ہانکنے میں فخر کرنا۔
اَسَاقَهُ اِسَاقَةً واسْتَسَاقَهُ اِسْتَسَاقَةً
الْمَاشِيَةَ: ہانکنے کے لئے دینا۔
تَسَوَّقَ: خرید و فروخت کرنا۔
تَسَاوَقَتْ. الْمَاشِيَةُ: قطار میں چلنا۔ چلنے
میں بھیڑ کرنا۔
اِنْسَاقَ: ہانکا جانا...... الْاِبِلُ: قطار میں چلنا۔
السَّاقُ: پنڈلی (مؤنث) ج سُوْق وسِيْقَان
واَسْوُق. سَاقُ الشَّجَرَةِ: درخت کا تنہ۔
سَاقُ الْحَمَامِ وسَاقُ الْغُرَابِ: دو نباتات
کے نام۔ سَاقُ حُرٍّ: زقری۔ کہا جاتا ہے
"كَشَفَ الْاَمْرُ عَنْ سَاقِهٖ" یعنی معاملہ سخت

ہوگیا۔ و "قَامَتِ الْحَرْبُ عَلٰى سَاقٍ" یعنی
جنگ سخت ہوگئی۔ و "وَلَدَتِ الْمَرْاَةُ ثَلَاثَةَ
بَنِيْنَ عَلٰى سَاقٍ وَاحِدَةٍ" عورت کے تین
بچے لگاتار پیدا ہوئے ان کے درمیان میں
کوئی لڑکی نہیں۔
السَّاقَةُ: جلو۔ لشکر کا پچھلا دستہ۔ کہا جاتا ہے
"فُلَانٌ فِيْ سَاقَةِ الْجَيْشِ" فلاں لشکر کے
پچھلے دستہ میں ہے۔
السُّوْقُ: بازار۔ (مؤنث اور کبھی مذکر بھی
استعمال کیا جاتا ہے) ج اَسْوَاق. سُوْقُ
الْحَرْبِ: میدان جنگ۔
السَّوَقُ: پنڈلی کی لمبائی۔
السُّوْقَةُ: رعیت۔ عوام۔ معمولی لوگ (واحد،
جمع، مذکر، مؤنث)
السَّيِّقُ. مِنَ السَّحَابِ: بادل جس کو ہوا اڑا
دے۔
السَّيِّقَةُ: جانور جن کو دشمن ہانک کرلے
جائے۔ کہا جاتا ہے "الْمَرْءُ سَيِّقَةُ الْقَدَرِ"
مرد تابع قضاء و قدر ہے۔ السَّيِّقَةُ: شکاری کی
اوٹ۔ ج سَيَائِق. وسَيِّقَات.
السَّوِيْقُ: ستو۔ ج اَسْوِقَة: شراب۔
السِّيَاقُ: مص۔ عورت کا مہر۔ سِيَاقُ
الْكَلَامِ: اسلوب کلام۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَتْ
هٰذِهِ الْعِبَارَةُ فِيْ سِيَاقِ الْكَلَامِ" یعنی یہ
عبارت وسط کلام میں داخل ہے۔
السَّوَّاقُ: ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا یا بنانے
والا۔
الْاَسْوَقُ: لمبی پنڈلیوں والا۔ مؤنث سَوْقَاء
ج سُوْق.
السُّوَّاقُ: لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر کھڑا
ہونے والا پودا۔
الْمِسْوَقُ: لکڑی جس سے جانوروں کو
ہانکیں۔ اونٹ جس کی اوٹ میں چھپ کر
شکار کو دھوکا دیں۔
الْمُنْسَاقُ: تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا
پہاڑ۔
سَوْكَ يَسُوْكُ سَوْكًا وسَوَّكَ. الشَّيْئَ:

رگڑنا۔ ملنا اور اسی سے ہے "سَاكَ الاَسْنَانَ بِالعُوْدِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔

سَاكَ سِوَاكًا وتَسَاوَكَ: آہستہ چلنا۔ کمزوری کی وجہ سے لڑکھڑا کر چلنا۔

تَسَوَّكَ تَسَوُّكًا واِسْتَاكَ اِسْتِيَاكًا: مسواک کرنا۔

السِّوَاكُ: مس۔ ج سُوْك و(المِسْوَاكُ) ج مَسَاوِيْك: دانت صاف کرنے کی لکڑی۔ مسواک۔

سَالَ يَسَالُ سُوَالاً وسَوَالاً. سَأَلَ: کا ایک لغت۔

سَوِلَ يَسْوَلُ سَوَلاً: ناف کے نیچے ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَسْوَلُ: مؤنث سَوْلَاءُ۔ ج سُوْل۔

سَوَّلَ. لَهُ الشَّيْطَانُ: گمراہ کرنا۔ کسی کام کرنے کے لئے روغن قاز ملنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ تَسْوِيْلَاتِ الشَّيْطَانِ" یہ شیطان کی گمراہیوں میں سے ہے۔ و "سَوَّلَتْ لَهُ نَفْسُه كَذَا" اس کے نفس نے اس کو مزین کر دیا۔

تَسَوَّلَ. البَطْنُ: ڈھیلا پڑنا۔

السُّوُلُ. السُّوْلُ: کا مخفف۔

السُّوْلَةُ: بہت پوچھنے والا۔

السَّوْلَاءُ. اَسْوَلُ: کا مؤنث۔ بڑا ڈول۔

السَّوِيْلُ: برابر۔ کہا جاتا ہے "اَنَا سَوِيْلُكَ فِي هٰذَا الاَمْرِ" میں اس کام میں تمہارے برابر ہوں۔

سَامَ يَسُوْمُ سَوْمًا وسَوَامًا. السِّلْعَةَ: فروخت کے لئے پیش کرنا اور قیمت بتلانا۔

...... المُشْتَرِيُ السِّلْعَةَ: بھاؤ کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَامَ بِسِلْعَتِه كَذَا وكَذَا" اس نے اپنے سامان کا اتنے اور اتنے کا بھاؤ کیا۔

سَامَتِ المَاشِيَةُ: جانور کا چراگاہ میں جانا۔

سَامَهُ الاَمْرَ: تکلیف دینا۔ سَامَهُ خَسْفًا: ذلیل کرنا...... الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ: پرندہ کا

...... الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا اور جلدی سے گزرنا۔

سَامَ النَّاقَةَ عَلَى الحَوْضِ: اونٹنی کو حوض پر لے جانا۔

سَوَّمَهُ. الاَمْرَ: کرنے کی تکلیف دینا۔

...... ہ فِي مَا يَمْلِكُهُ: حاکم بنانا۔ پوری قدرت دینا...... فُلَانًا: کسی کو اس کے منشاء پر چھوڑ دینا کہ جو چاہے کرے۔ امثال عرب میں سے ہے "عَبْدٌ وَمُسَوَّمٌ" اس کمینہ کے متعلق بولتے ہیں جس کو آزاد چھوڑ دیا گیا ہو

...... الخَيْلَ: گھوڑوں کو چرنے کے لئے چھوڑنا...... عَلَيْهِمْ: لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا

...... الفَرَسَ: گھوڑے پر داغ لگانا۔

سَاوَمَ سِوَامًا ومُسَاوَمَةً. بِالسِّلْعَةِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

تَسَاوَمَ. السِّلْعَةَ: فروخت کرنے میں جھگڑنا...... فِي السِّلْعَةِ: سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

اَسَامَ اِسَامَةً. المَاشِيَةَ: جانور کو چراگاہ کی طرف روانہ کرنا...... اِلَيْهِ بِبَصَرِه: نظر ڈالنا۔

اِسْتَامَ. فُلَانًا السِّلْعَةَ: قیمت دریافت کرنا

...... بِهَا: زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔

تَسَوَّمَ: علامت لگانا۔

السَّامُ: موت۔ زہر قل۔ واحد (سَامَةٌ) السَّامَةُ: موت۔ چاندی یا سونے کا ٹکڑا۔ کنوئیں کے اوپر کا گڑھا۔ ج سِيَمٌ۔

السِّيْمَةُ والسُّوْمَةُ والسِّيْمَا والسِّيْمِيُّ: علامت ہیئت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ سُوْمَةُ الصَّلَاحِ وسِيْمَةٌ: اس کے اندر بھلائی کی علامت ہے۔

السِّيْمِيَا والسِّيْمِيَاءُ: علامت۔ خوبصورتی۔

السَّائِمُ: فا۔ خود سری سے چلنے والا چرواہا۔

السَّائِمَةُ والسَّوَامُ: چرنے والا اونٹ۔ جانور ج سَوَائِمُ۔

السُّوَامُ: مس۔ ایک پرندہ۔

المَسَامُ: جلدی گزرنا۔

المُسَامَةُ: چوکھٹ کے نیچے والی لکڑی۔

المُسَوَّمُ: خوبصورت بناوٹ والا۔ علامت لگایا ہوا۔ الخَيْلُ المُسَوَّمَةُ: چرائے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔

سَوِيَ يَسْوَى سِوًى. الرَّجُلُ: درست کام والا ہونا۔

سَوَّى. الشَّيْءَ: درست کرنا۔ سیدھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّيْتُ المُعْوَجَّ فَمَا اسْتَوَى" میں نے ٹیڑھے کو درست کیا وہ درست نہیں ہوا۔ ہموار کرنا اور مطلقاً جانے اور کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے الاَنْهَارُ يُسَوِّي الاَنْهُرَ۔ (...... وسَاوَى) بَيْنَهُمَا وسَوَّاهُ وسَاوَاهُ بِه: برابر کرنا۔ کہا جاتا ہے "سُوِّيَتْ عَلَيْهِ الاَرْضُ: یعنی وہ ہلاک ہو گیا اور دفن کر دیا گیا۔ وسَاوَى الشَّيْءُ: برابر کرنا۔

سَاوَى الرَّجُلُ قِرْنَهُ: ہم شکل ہونا۔ قدر و قیمت میں برابر ہونا۔ علم و شجاعت میں ایک جیسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَا يُسَاوِيْ دِرْهَمًا" یہ ایک درہم کے برابر نہیں ہے۔

اَسْوَى اِسْوَاءً: برسوا ہونا۔ [illegible] ...... الشَّيْءُ: ہموار کرنا۔ درست امور والا ہونا......

...... اَسْوَاهُ: برابر کرنا۔

تَسَوَّى: ہموار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَسَوَّتْ بِهِ الاَرْضُ" یعنی وہ ہلاک ہو گیا اور دفن کر دیا گیا۔

تَسَاوَيَا. فِي كَذَا: ہم شکل ہونا۔ برابر ہونا۔ ایک جیسا ہونا۔

اِسْتَوَى. الشَّيْءُ: معتدل اور برابر ہونا۔ سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "سَوَّيْتُ الشَّيْءَ فَمَا اسْتَوَى" میں نے چیز کو سیدھا کیا وہ سیدھی نہیں ہوئی...... الرَّجُلُ: درست [illegible] ہونا۔ پوری جوانی کو پہنچنا...... عَلَيْهِ: غالب ہونا...... عَلَى ظَهْرِ الدَّابَّةِ: جم کر بیٹھنا "اِسْتَوَى عَلَى سَرِيْرِ المُلْكِ" کا مطلب کامل قبضہ و تصرف ہے...... اِلَى الشَّيْءِ: قصد و ارادہ کرنا۔ اِسْتَوَتْ بِهِ الاَرْضُ: ہلاک ہو کر مدفون ہونا۔ اِسْتَوَى الطَّعَامُ: کھانا [illegible] ہونا۔

السَّوِيُّ: ارادہ۔

السَّوَاءُ: برابر۔ درمیان۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ سَوَاءَهُ" اس نے اس کے وسط میں مارا اور "لَقِيتُهُ فِي سَوَاءِ النَّهَارِ" میں نے اس سے دوپہر میں ملاقات کی اور سواء غیر کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "جَاءُوا سَوَاءَ زَيْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے اور مستوی کے معنی میں بھی جیسے "مَكَانٌ سَوَاءٌ وَثَوْبٌ سَوَاءٌ" یعنی لمبائی چوڑائی برابر والی جگہ یا کپڑا اور "سَوَاءُ السَّبِيلِ" سیدھا راستہ۔ وهٰذا دِرْهَمٌ سَوَاءٌ: یہ پورا درہم ہے۔ سَوَاءُ الْجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ السَّوَاءُ: مثل مانند "هُمَا فِي هٰذَا الْأَمْرِ سَوَاءٌ" وہ دونوں اس معاملہ میں ایک جیسے ہیں اور اگر تم چاہو تو بجائے سَوَاءٌ کے سَوَاءَانِ بھی کہہ سکتے ہیں اور جمع کی صورت میں هُمْ. سَوَاءٌ یا هُمْ أَسْوَاءٌ اور خلاف قیاس "هُمْ سَوَاسٍ وَسَوَاسِيَةٌ وَسَوَاسْوَةٌ" بھی کہہ سکتے ہیں۔ ولَيْلَةُ السَّوَاءِ: تیرہویں یا چودھویں کی رات۔ اور کہا جاتا ہے "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سَوَاءٍ وَالْعَدَمُ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور جب سواء کے بعد ہمزۂ تسویہ ہو تو اَمْ کا ہونا ضروری ہے۔ چاہے دو اسم واقع ہوں یا فعل۔ جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ أَزَيْدٌ جَاءَ أَمْ عَمْرٌو" میرے لئے برابر ہے چاہے زید آئے یا عمرو۔ و "سَوَاءٌ عَلَيَّ أَقُمْتَ أَمْ قَعَدْتَ" میرے لئے برابر ہے چاہے تم کھڑے رہو یا بیٹھو اور سواء کے بعد دو فعل بغیر ہمزۂ تسویہ کے واقع ہوں تو ثانی کا عطف اَوْ کے ذریعے ہوگا جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ قُمْتَ أَوْ قَعَدْتَ" اور اگر دو مصدر واقع ہوں تو ثانی کا عطف وَاوْ اور اَوْ دونوں سے جائز ہے جیسے "سَوَاءٌ عَلَيَّ قِيَامُكَ أَوْ قُعُودُكَ وقِيَامُكَ وقُعُودُكَ"۔

السِّوَى والسُّوَى: برابر۔ وسط۔ غیر مانند سواء کے اور یہ حروف استثناء میں سے ہیں جیسے "جَاءُوا سِوَى زَيْدٍ" اور تم کہتے ہو "عِنْدِي رَجُلٌ سِوَاكَ" تمہاری جگہ میرے پاس دوسرا شخص ہے۔ و "مَرَرْتُ بِرَجُلٍ سِوَى وَالْعَدَمِ" میرا گزر ایسے شخص پر ہوا جس کا وجود و عدم برابر ہے اور کہا جاتا ہے "هُمَا عَلَى سَوِيٍّ" یعنی ان کے درمیان تفاوت نہیں۔

السَّوِيُّ: ہموار۔ درست۔ برابر۔ انصاف۔ مَكَانٌ سَوِيٌّ: بیچ کی جگہ۔ غُلَامٌ سَوِيٌّ بے عیب لڑکا۔ ج أَسْوِيَاءُ.

السَّوِيَّةُ. السَّوِيُّ: کا مؤنث۔ برابر۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى سَوِيَّةٍ فِي هٰذَا الْأَمْرِ" وہ سب اس معاملہ میں برابر ہیں۔ و "قَسَمْتُ بَيْنَهُمَا بِالسَّوِيَّةِ" میں نے ان دونوں کے درمیان برابر تقسیم کر دیا۔ لونڈیوں اور محتاجوں کی سواری۔ ج سَوَايَا.

السِّيُّ: بیابان۔ برابر۔ مثل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا سِيَّانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ مَكَانٌ سِيٌّ: ہموار جگہ اور مؤنث کے لئے کہا جاتا ہے "مَا هِيَ بِسِيٍّ لَكَ وَلَيْسَتِ الْمَرْأَةُ لَكَ بِسِيٍّ وَمَا لَكَ بِأَسْوَاءٍ" یہ عورت یا یہ عورتیں تمہاری مثل نہیں اور "لَاسِيَّمَا" سی اور ما سے مرکب ہے اور کلمہ استثناء ہے اور مشہور یہ ہے کہ اس کا استعمال واو کے ساتھ ہوتا ہے اور لَاسِيَمَا تخفیف کے ساتھ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور کبھی لا محذوف ہوتا ہے اور یہ ضعیف لغت ہے۔

لَاسِيَّمَا: اس لفظ کے ذریعے اس کے بعد والے لفظ کو معنی میں ترجیح ہوتی ہے اس کے ماقبل اس کلمہ (لاسیما) کے بعد والے لفظ کے اعراب میں دو توجیہ ہیں۔

(۱) مرفوع اس بنیاد پر کہ وہ مبتدا محذوف کی خبر ہے مثلاً یعجبنی الربیع لاسیما ازهاره۔

لا نفی جنس سی: اسم ما موصولہ مجرور مضاف الیہ سی مبتدا محذوف ازھارہ: اس کی خبر۔

مبتداء خبر مل کر صلہ موصول کا۔

(۲) مجرور اس بنیاد پر کہ ما زائدہ سی مضاف اور ازھارہ: مضاف الیہ۔ اس صورت میں لا کا اسم: سی اور خبر موجودة.

الأَسْوَى: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْمَكَانُ أَسْوَى هٰذِهِ الْأَمْكِنَةِ"۔

الِاسْتِوَاءُ: مص۔ درستی۔ اعتدال و (خط الاستواء) عِنْدَ الْجُغْرَافِيِّينَ: وہ دائرہ جو کرۂ زمین کے گرد قطبین سے برابر فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور جو زمین کو دو نصف حصوں شمالی و جنوبی میں تقسیم کرتا ہے۔ اس خط پر سال بھر دن رات برابر رہتے ہیں۔

سَيَّأَتْ وتَسَيَّأَتْ. النَّاقَةُ: اونٹنی کا بغیر دوہنے کے دودھ بہانا۔ کہا جاتا ہے "تَسَيَّأَتْ عَلَيَّ الْأُمُورُ" میرے اوپر امور مختلف ہو گئے۔ "وتَسَيَّأَ فُلَانٌ بِحَقِّي" فلاں نے میرے حق کا انکار کے بعد اقرار کر لیا۔

إِنْسَيَأَ. اللَّبَنُ: دودھ کا بغیر دوہنے کے بہنا۔

السَّيُّ والسِّيُّ: دودھ جو تھن کے اطراف میں ہو اور بغیر دوہے ہوئے نکلے۔ ج سُيُوءٌ.

سَابَ يَسِيبُ سَيْبًا. الْمَاءُ: پانی کا ہر طرف کو بہنا...... الرَّجُلُ: تیز چلنا...... فِي كَلَامِهِ: ...... بغیر غور و فکر کے بولنا...... الدَّابَّةُ: جانور کا آزادانہ چلنا۔

سَيَّبَهُ: چھوڑ دینا...... الْعَبْدَ: غلام کو آزاد کر دینا۔

إِنْسَابَ إِنْسِيَابًا: تیز چلنا۔ إِنْسَابَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا تیزی کے ساتھ رینگنا۔

...... فُلَانٌ نَحْوَنَا: لوٹنا۔

السَّيْبُ: مص۔ بارش۔ داد و دہش۔ مال زیادتی۔ گھوڑے کے دُم کے بال۔ کشتی کا چپو۔ ج سُيُوبٌ.

السِّيبُ: پانی بہنے کی جگہ۔ ج سُيُوبٌ

سِيبٌ: (فارسی)

السَّيَابُ والسِّيَابُ والسُّيَابُ: کچی کھجور (بعضوں کے نزدیک بمعنی بلح اور بعضوں

وسَيَابَة. السَيَابَةُ: شراب۔
السِّيُهان. صِئبَان: کا محرف کلمہ ہے۔ بمعنی جوں کے انڈے۔
السَّائِبَةُ: چھوڑی ہوئی۔ آزاد کیا ہوا۔ غلام۔ وہ اونٹنی جو زمانۂ جاہلیت میں نذر وغیرہ کے لئے چھوڑ دی جاتی تھی یا وہ اونٹنی جس کے دس مادہ بچے ہوں تو اس پر نہ تو سوار ہوتے تھے اور نہ اس کے دودھ کو سوائے (اس کے بچے کے اور مہمان کے کوئی پیتا تھا اور گھاس، پانی وغیرہ سے بھی اس کو نہیں روکا جاتا تھا اور اس کو چھوڑ دیتے تھے۔ یہاں تک کہ مر جاتی تھی۔) ج سُيَّب وسَوَائِب.
سَيَّجَ. الكَرْمَ: انگور میں باڑ لگانا۔
خزیمہ شعب ہے کنانہ قبیلہ قریش عمارہ قصی بطن ہاشم فخذ اور عباس فصیلہ ہے۔ عشیرہ سے مراد ایک باپ کے قریب ترین بیٹے۔

تَشَعَّبُوا: متفرق ہونا۔ تَشَعَّبَ الزَّرْعُ: شاخوں والی ہونا ...... النَّهْرُ: متفرق شاخیں نکلنا ...... عَنْهُ: دور ہونا۔ تَشَعَّبَهُمُ الفِتْنَةُ: جدا جدا کر دینا۔ تَشَعَّبَتْ أَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: متفرق شاخیں پھیلنا ...... الشَّيْءُ: درست ہونا۔

اِنْشَعَبَ. عَنْهُ: دور ہونا ...... أَغْصَانُ الشَّجَرَةِ: جڑ سے شاخیں نکلنا ...... الطَّرِيقُ أَوِ النَّهْرُ: جدا ہونا۔ اِنْشَعَبَ الرَّجُلُ وانْشَعَبَ نَفْسُهُ: مرنا ...... الشَّيْءُ: درست ہونا۔

اِنْشَعَبَ بِهِ القَوْلُ: بات میں سے بات نکلنا۔

الشَّعْبُ: مص۔ بڑا قبیلہ۔ لوگوں کی جماعت نسل۔ کہا جاتا ہے "هُمَا شَعْبَانِ" وہ دونوں ایک جیسے ہیں۔ دوری۔ دور۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ شَعْبٌ" دور کا پانی۔ سر کے ٹکڑوں کے ملنے کی جگہ۔ شگاف۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَأَمَ شَعْبُهُمْ" وہ لوگ متفرق ہونے کے بعد جمع ہو گئے۔ ج شُعُوب۔

الشُّعُوبِيَّةُ: وہ لوگ جو عرب کی حقارت کریں اور عجم پر فضیلت نہ دیں۔ واحد (شُعُوبِيٌّ)

الشِّعْبُ: پہاڑی راستہ۔ پانی کا راستہ۔ درہ کوہ۔ بڑا قبیلہ۔ جانب۔ ج شِعَاب اور کہتے ہیں۔ "شَغَلَتْ شِعَابِي جَدْوَايَ" یعنی اہل و عیال پر خرچ کی وجہ سے دوسروں پر مہربانی کرنے سے باز رہا۔

الشَّعَبُ: مص۔ دونوں کندھوں یا دونوں سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔

الشُّعْبَةُ: فرقہ۔ کسی چیز کا گروہ۔ شاخ۔ دونوں سینگوں یا دو شاخوں کے درمیان کا فاصلہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ وادی کی بڑی نالی۔ پہاڑ کی دراڑ۔ ج شُعَبٌ وشِعَابٌ وشُعَبُ الدَّهْرِ: زمانہ کے احوال۔ شُعَبُ السَّفُّودِ: سیخ کے دندانے جس میں بھوننے کے لئے گوشت لٹکاتے ہیں۔ شُعَبُ اليَدِ: انگلیاں۔ شُعَبُ الفَرَسِ: گھوڑے کے اطراف جو بلند ہوں جیسے سر وغیرہ۔ شُعَبُ الجِسْمِ: ہاتھ پاؤں۔ شُعْبَتَا الرَّجُلِ: کجاوہ کا اگلا پچھلا حصہ اور کہا جاتا ہے "هٰذِهِ مَسْأَلَةٌ كَثِيرَةُ الشُّعَبِ" یہ ایسا مسئلہ ہے جس

کی تفریعات بہت ہیں۔

شَعْبَانٌ: قمری مہینوں کا آٹھواں مہینہ۔ ج شَعْبَانَات وشَعَابِين (کلمہ غیر منصرف ہے)

شَعُوبُ: موت کے لئے علم ہے اور غیر منصرف ہے۔

الأَشْعَبُ: جس کے کندھوں یا سینگوں کے درمیان بہت فاصلہ ہو۔ ٹوٹے ہوئے سینگ والا۔ مؤنث شَعْبَاء۔ ج شُعْب۔

الشَّعَّاب: شگاف کو درست کرنے والا۔ پیشہ کا نام (الشِّعَابَة) ہے۔

الشَّعِيب: کجاوہ۔ پرانی مشک۔ توشہ دان۔ ج شُعُب۔

الشَّاعِبَان: دونوں کندھے۔

المَشْعَب: راستہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَشْعَبُ الحَقِّ" یہ حق کا راستہ ہے جو حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہے۔ ج مَشَاعِب۔

المِشْعَب: سوراخ کرنے کا آلہ۔ ج مَشَاعِب۔

المُشَعَّب: درست کیا ہوا۔

شَعْبَذَ: شعبدہ بازی کرنا۔ بازی گری کرنا۔

شَعِثَ (س) شَعَثًا. الأَمْرُ: پراگندہ ہونا۔ (...... شَعَثًا وشُعُوثَةً) الشَّعْرُ: بالوں کا غبار آلود ہونا۔ چکٹ جانا۔

شَعَّثَ. الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔ بکھیرنا۔ پراگندہ ہونا ...... ہ بِخَيْرٍ: خیر پہنچانا ...... مِنْ فُلَانٍ: چشم پوشی کرنا ...... منه شَيْئًا: لے لینا۔ نکال لینا ...... عَنْهُ: مدافعت کرنا ...... مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا ...... الشَّاعِرُ: شعر میں تعیب جاری کرنا (تحقیق علم عروض کی اصطلاح میں "فاعلاتن" کے وتد کے دو متحرک میں سے ایک متحرک حذف کرنے کو کہتے ہیں۔ جس کی وجہ سے وہ مفعولن کے وزن پر ہو جاتا ہے۔)

تَشَعَّثَ: پراگندہ ہونا۔ بکھرنا ...... مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا کھانا ...... الشَّعْرُ: بالوں کا چکٹ جانا اور غبار آلود ہونا ...... الشِّعْرُ: شعر میں تشعیث جاری ہونا۔

الأَشْعَثُ: چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔ مؤنث شَعْثَاء۔ ج شُعْث۔

الشَّعَثُ: پراگندگی معاملہ۔

الشَّعْثُ: مص۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَهُمْ" اللہ نے ان کے امر کو جمع کر دیا۔

الشَّعِثُ والشَّعْثَان: چکٹے ہوئے اور غبار آلود بال والا۔

شَعَرَ (ن) شَعْرًا وشَعَرًا. الثَّوْبُ: کپڑے میں بال بھرنا ...... الرَّجُلُ: شعر کہنا ...... بِفُلَانٍ: کسی کے لئے شعر کہنا۔

شَعَرَ (ن) وشَعُرَ (ک) شِعْرًا وشَعْرًا وشِعْرَى وشُعْرَى وشِعْرَى وشِعْرَةً بتثلیث الشین وشُعُورًا وشُعُورَةً ومَشْعُورًا ومَشْعُورَةً ومَشْعُورَاء بِهِ: جاننا۔ محسوس کرنا ...... لَهُ: سمجھنا۔

شَعِرَ (س) شَعَرًا: زیادہ اور لمبے بال والا ہونا۔

شَعَّرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ...... الثَّوْبَ ونَحْوَهُ: کپڑے میں بال بھرنا۔

أَشْعَرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ...... الثَّوْبَ: کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا ...... ہ الأَمْرَ وبِالأَمْرِ: جتا دینا۔ خبر دینا۔ ہ الشِّعَارَ: شعار (وہ کپڑا جو بالوں سے متصل ہو) پہنانا اور کہا جاتا ہے "أَشْعَرَ الهَمُّ قَلْبِي" غم میرے دل کے ساتھ چپک گیا۔ أَشْعَرَهُ بِكَذَا: مقرر کرنا۔ ایک دوسرے کو علامت مقررہ سے پکارنا ...... أَمْرَ فُلَانٍ: مشہور کرنا ...... الرَّجُلَ: برے نام سے مشہور کرنا ...... ہ شَرًّا: ڈھانپ لینا۔

شَاعَرَهُ فَشَعَرَهُ: شعروں میں غالب ہونے کے لئے مقابلہ کرنا اور غالب ہونا۔

أُشْعِرَ. المَلِكُ: بادشاہ کا قتل کیا جانا۔

تَشَعَّرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا۔

تَشَاعَرَ: بتکلف شاعر بننا۔

اِسْتَشْعَرَ. الجَنِينُ: جنین کے شکم مادر میں بال نکلنا ...... الشِّعَارَ: پہننا ...... القَوْمُ: ایک دوسرے کو علامت خاص سے پکارنا ...... بِالثَّوْبِ: شعار کو کپڑوں کے نیچے پہننا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَشْعِرْ خَوْفَ اللّٰهِ" اللہ کے خوف کو اپنے قلب کے لئے شعار بنالو۔

الشَّعْرُ والشَّعَرُ: بال۔ ج أَشْعَار وشِعَار وشُعُور: واحد (شَعْرَة) ج شَعَرَات۔ شَعْرُ الغُولِ: ایک قسم کی نباتات۔

الشِّعْرُ: مص۔ کلام منظوم۔ ج أَشْعَار۔ "لَيْتَ شِعْرِيْ فُلَانًا او عَنْ فُلَانٍ اَوْ لِفُلَانٍ مَا صَنَعَ" یعنی کاش مجھے فلاں کے متعلق علم ہو گیا ہوتا کہ اس نے کیا کیا۔

الشِّعْرَة: بال کا ایک ٹکڑا ...... والشِّعْرَة: ناف کے نیچے بال اُگنے کی جگہ۔

الشَّعِرُ والشَّعْرَانِيُّ: بہت اور لمبے بال والا۔

الشَّعَار: درختوں والی جگہ۔ نرم زمین میں گنجان درخت جہاں لوگ سردی میں گرمی حاصل کریں اور گرمی کے زمانہ میں سایہ لیں۔ درخت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ شَعَارُ الحَجِّ: احکام حج و رسوم حج۔ واحد (شَعَارَة)

الشِّعَار: مخصوص لفظ جس سے فوج والے ایک دوسرے کو پہچانیں یا لڑائی کے موقع پر ایک دوسرے کو پکاریں۔ مولدین اس کو "سِرُّ اللَّيْلِ" کہتے ہیں۔ لڑائی یا سفر میں مقرر کردہ علامت۔ بدن کے بالوں سے متصل لباس۔ گھوڑے کا جھول۔ کڑک۔ گنجان درخت۔ ج أَشْعِرَة وشُعُر۔ شِعَارُ الحَجِّ: علامت و رسوم حج۔ وشِعَارُ المَمْلَكَةِ: حکومت کے علامات۔ واحد (شِعَارَة)

الشَّعِيرُ: جو۔ واحد (شَعِيرَة) ج شَعِيرَات

اور شُعَيْرَة: کا اطلاق اس پائش پر بھی ہوتا ہے جو چھری کے بالوں کے چھ بال کے ... ہو۔ نیز گوٹا جی جو آنکھ کے پلک کے کنارے ...

پر ہوتی ہے۔
الشَّعِيرَةُ: علامت۔ج شَعَائِر. شَعَائِرُ الحج: حج کے رسوم و علامات۔
الشَّعِيرِي: شعیر کی جانب منسوب۔ جو کا بیچنے والا۔
الأَشْعَر: بہت اور لمبے بال والا۔ مؤنث شَعْرَاء۔ ج شُعْر: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ أَشْعَرُ الرَّقَبَةِ" یعنی فلاں گردن پر بہت بالوں والا ہے گویا کہ وہ شیر ہے۔ الأَشْعَر: ج أَشَاعِر: جانور کے کھر کے گردا گرد کا چمڑا۔ گوشت جو ناخن کے کے نیچے نکلے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا البَيْتُ أَشْعَرُ مِنْ هٰذَا" یہ شعر اس سے اچھا ہے۔
الشَّعْرَاء. الأَشْعَر: کا مؤنث۔ پوستین۔ جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی لوگوں کی کثرت اور بھیڑ۔ ایک قسم کا آرڈر۔ ایک شور قسم کا درخت۔ أَرْضٌ شَعْرَاء: بہت درختوں والی زمین۔ رَمَالٌ شَعْرَاء: یعنی نامی گھاس اُگانے والا ریگستان۔
الشَّعْرَاء مِنَ الدَّوَاهِي: سخت مصیبتیں۔ ج شُعْر.
الشَّاعِر: فا۔ شعر کہنے والا۔ ج شُعَرَاء مؤنث شَاعِرَة. ج شَوَاعِر و شَاعِرَات.
شِعْرٌ شَاعِرٌ: عمدہ شعر۔
الشِّعْرَى: ایک ستارہ کا نام جو سخت گرمی میں طلوع ہوتا ہے۔
الشُّعْرُور: گھٹیا درجہ کا شاعر۔ سب سے بہترین درجہ کے شاعر کو خِنْذِيذ اور اس کے بعد شاعر اس کے بعد شُوَيْعِر اور اس سے بھی کم درجے والے کو شُعْرُور کہتے ہیں۔ اس کے بعد صرف ایک ہی درجہ ہے جو مُتَشَاعِر کہلاتا ہے۔ الشُّعْرُور: چھوٹی ککڑی۔ ج شَعَارِير واحد (شُعْرُورَة)
المَشْعَر: علامت۔ درخت کے نیچے سایہ لینے کی جگہ۔ رسوم حج کے ادا کرنے کی جگہ۔ ج مَشَاعِر. المَشَاعِر: حواس۔
شَعْشَعَ. الشَّرَابَ: پانی ملانا...... الشَّيءَ: بعض کو بعض سے ملانا۔ شَعْشَعَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کی روشنی پھیلنا...... الضَّوْءُ: روشنی پھیلنا۔ شَعْشَعَ عَلَيْهِمُ الخَيْلَ: سواروں سے حملہ کرنا۔
تَشَعْشَعَ. الشَّهْرُ: مہینے کے تھوڑے دن باقی رہنا۔
الشَّعْشَع والشُّعْشُع والشَّعْشَاع والشَّعْشَعَان والشَّعْشَعَانِيّ: لمبا۔ خوبصورت زیرک۔ سبک (...... والشَّعْشَع) مِنَ الظِّلِّ: ہلکا سایہ۔
شَعَفَهُ (ف) شَعْفًا. الحُبُّ: محبت کا دل پر غالب ہونا...... بِالقَطِرَان: قطران ملنا...... الشَّيءُ الشَّيءَ: غالب ہونا۔
شَعِفَ (س) شَعَفًا. بِفُلَانٍ وبِحُبِّ فُلَانٍ: شیفتہ و فریفتہ ہونا...... النَّاقَةُ: اُونٹنی کو شعف کی بیماری ہونا (دیکھو لفظ شعف) صفت (شَعْفَاءُ)
شُعِفَ. بِفُلَانٍ: کسی کی محبت میں دیوانہ ہونا۔
الشَّعَفُ: مص۔ کوہان کی چوٹی۔ ایک بیماری جو اُونٹنی کو لاحق ہوتی ہے جس کی وجہ سے اس کی آنکھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔
الشَّعْفَةُ: اسم مرة۔ بارش کی ایک بوند۔ ہلکی بارش جو زمین کو تر کردے۔
الشَّعَفَةُ: پہاڑ کی چوٹی۔ سر کے بالوں کی لٹ۔ الشَّعَفَةُ مِنَ القَلْبِ: دل کا سرا جو شبہ رگ کے ساتھ لٹکا ہوا ہے و شَعَفَةُ كُلِّ شَيءٍ: ہر چیز کی چوٹی۔ ج شَعَف و شُعُوف و شِعَاف و شَعَفَات.
الشِّعَاف: محبت کی دیوانگی۔ شیفتگی۔ فریفتگی۔
الشَّعَاف: شیفتگی و فریفتگی۔
المَشْعُوف: محبت میں دیوانہ و شیفتہ۔
شَعَلَ (ف) شَعْلًا. النَّارَ: آگ بھڑکانا...... الأَمْرَ: غور کرنا۔
شَعِلَ (س) شَعَلًا واشْعَلَّ. الفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی میں سفید داغ ہونا۔ صفت (شَاعِلٌ وشَعِلٌ وأَشْعَلُ)
شَعَّلَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
أَشْعَلَ. النَّارَ: آگ بھڑکانا۔ ہ: غضبناک کرنا۔ غصہ دلانا...... الجَمْعَ: متفرق کرنا...... الخَيْلَ فِي الغَارَةِ: سواروں کو چاروں طرف پھیلا دینا...... السَّقْيَ: اچھی طرح سیراب کرنا۔ اشْعَلَتِ القِرْبَةُ: مشک کا متفرق ٹپکنا...... الطَّعْنَةُ: جگہ جگہ خون ٹپکنا...... العَيْنُ: زیادہ آنسوؤں والی ہونا۔
إِشْعَلَّ إِشْعِلَالًا واشْعَالَّ إِشْعِيلَالًا. رَأْسُ الرَّجُلِ: کھڑے بال والا ہونا...... الفَرَسُ: گھوڑے کی دُم یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔
تَشَعَّلَتْ واشْتَعَلَتْ. النَّارُ: آگ بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے "إِشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا" سر کے بالوں میں سفیدی پھیل گئی۔ و "إِشْتَعَلَ فُلَانٌ" وہ غصہ سے بھڑک اٹھا۔
الشَّعْل: مص۔ غُلَامٌ شَعْلٌ: سبک تیز خاطر لڑکا۔
الشَّعَل: مص۔ گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی اور کبھی سر کے پچھلے حصہ پر ہوتی ہے۔
الشُّعْلَة: گھوڑے کی دم یا پیشانی کی سفیدی۔ آگ کی بھڑک۔ آگ کا شعلہ۔ ج شُعَل.
الشَّعِيل: ہانڈی یا توے کے نیچے ستاروں کی مانند چمکتا ہوا جو دکھائی دیتا ہے۔
الشَّعِيلَة: بھڑکی ہوئی آگ۔ جلتی ہوئی بتی۔ ج شُعُل.
الأَشْعَل. مِنَ النَّاسِ: پیدائشی آنکھوں میں سرخی والا۔
المِشْعَل والمِشْعَال: چھنا۔ چمڑے کا ایک برتن جس میں نبیذ بنایا کرتے تھے۔ ج مَشَاعِل ومَشَاعِيل.
المَشْعَلُ والمَشْعَلَة: قندیل۔ ج مَشَاعِل
المَشْعَلَة: آگ بھڑکانے کی جگہ۔
الشُّعْلُول: آگ کی بھڑک۔ لوگوں کا گروہ۔ ج شَعَالِيل: کہا جاتا ہے "ذَهَبُوا شَعَالِيلَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔
شَعَمَ (ف) شَعْمًا. الرَّجُلُ: لوگوں کے درمیان صلح کرانا۔

اَشْعَنَ. عَدُوَّهٗ: دشمن کی پیشانی کے بال پکڑنا۔
اِشْعَانَّ واشْعَنَّ. شَعْرُهٗ: چٹک جانا اور غبار آلود ہونا۔
الشَّعَنُ: خشک ہونے کے بعد جو گھاس یا پتے گر جائیں۔ شَعْرٌ (مَشْعُوْنٌ) پراگندہ بال۔
الشَّعَانِیْن: عیسائیوں کا ایک تہوار (دیکھو لفظ سَعَانِیْن)
رَجُلٌ (مُشْعَانُّ) الرَّاسِ: پراگندہ اور کھڑے بالوں والا مرد۔
شَعَبَ. الکَبْشُ: سیدھے نکلنے کے بعد کان کی طرف مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا۔ صفت (مُشْعَبٌ ومُشْعِبٌ)
شَعَا یَشْعُوْ شَعْوًا. الشَّعَرُ: بالوں کا کھڑا ہونا۔
شَعِیَتْ تَشْعٰی شَعًا. الغَارَۃ: چاروں طرف لوٹ پڑنا۔ صفت (شَعْوَاء)
اَشْعٰی. بِهٖ: اہتمام کرنا...... القَوْمُ الغَارَۃَ: چاروں طرف لوٹ ڈالنا۔
غَارَۃٌ (شَعْوَاء) پھیلی ہوئی لوٹ۔ شَجَرَۃٌ شَعْوَاء: پھیلی ہوئی ٹہنیوں والا درخت۔
الشَّاعِی: فا۔ دور۔ متفرق۔ مشترک حصہ۔ مؤنث شَاعِیَة ج شَوَاعٍ: کہا جاتا ہے "جَاءَتِ الخَیْلُ شَوَاعِیَ وشَوَائِعَ" گھوڑے متفرق آئے۔
الشُّعٰی: پراگندہ بالوں کا گچھا۔ واحد (شَعْوَۃٌ)
شَعْوَذَ شَعْوَذَۃً: شعبدہ بازی کرنا۔ نظر بندی کرنا۔ بازی گری کرنا۔ صفت (مُشَعْوِذٌ ومُشَعْوَذٌ)
شَغَبَ (ف) وشَغِبَ (س) شَغْبًا وشَغَبًا وشَغَّبَ. القَوْمَ وبِهِمْ وعَلَیْهِمْ: فساد برپا کرنا۔ جاہی ڈالنا۔ صفت (شَغِبٌ وشِغَبٌ وشَغَّابٌ ومِشْغَبٌ ومُشَاغِبٌ وذُو مَشَاغِبَ)
شَغَبَ (ف) شَغْبًا. عَنِ الطَّرِیْقِ: ہٹنا۔ پھر جانا۔

شَاغَبَهٗ: جھگڑا کرنا۔
تَشَاغَبَ. الرَّجُلُ: نافرمانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبْتُ مِنْهُ کَذَا فَتَشَاغَبَ" میں نے اس سے فلاں چیز طلب کی وہ دینے سے باز رہا۔
الشَّغْبُ والشَّغَبُ: مص۔ شور و غوغا۔
الشَّغُوْبُ: فساد انگیز۔ جھگڑالو۔
تَشَغْبَرَتْ. الرِّیْحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔
الشَّغْبَرُ: گیدڑ۔
شَغَرَتْ (ن) شُغُوْرًا. الاَرْضُ: بغیر محافظ و نگراں کے ہونا۔ صفت (شَاغِرَۃٌ) ...... الرَّجُلُ: دور ہونا...... البِئْرُ: بھاؤ گھٹنا...... النَّاسُ: لوگوں کا متفرق ہونا۔
شَغَرَهٗ (ن) شَغْرًا وشِغَارًا. عَنْ بَلَدِهٖ: جلا وطن کرنا۔
شَغَرَ (ف) شَغْرًا. الکَلْبُ: کتے کا ایک ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرنا...... النَّاقَۃَ: اونٹنی کا ٹانگ اٹھا کر بچہ کو مارنا۔
شَاغَرَهٗ مُشَاغَرَۃً وشِغَارًا: کسی کے ساتھ اپنی بہن یا بیٹی کا اس شرط پر نکاح کرنا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کا نکاح بغیر مہر کے اس سے کر دے...... الرَّجُلَانِ عَلَیْهِ: ہجوم کرنا۔ حملہ کرنا۔
اَشْغَرَ. المَنْهَلُ: چشمہ کا راستہ سے دور ہونا۔ ...... الرُّفْقَۃُ: ساتھیوں کا راستہ سے جدا ہونا۔ ...... الحِسَابُ عَلَیْهِ: کثرت اور پھیلاؤ کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔
اِشْتَغَرَ. الحِسَابُ عَلَیْهِ: خلط ملط ہونے اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے ناقابل ضبط ہونا۔ ...... الاَمْرُ: بڑا اور وسیع ہونا۔ خلط ملط ہونا۔ ...... عَلَیْهِ: دست درازی کرنا۔ فخر کرنا...... الحَرْبُ بَیْنَ القَوْمَیْنِ: وسیع پیمانہ پر اور سخت جنگ ہونا۔ فِی الفَلَاۃِ: بیابان میں دور تک جانا۔

تَشَغَّرَ. البَعِیْرُ: تیز دوڑنا...... فِی اَمْرٍ قَبِیْحٍ: الجھا کو پھنسنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّقُوْا (شَغَرَ بَغَرَ وشِغَرَ بِغَرَ) وہ لوگ ہر طرف متفرق ہو گئے اور بکھر گئے۔ اِنَاءٌ (شَغَارٌ) خالی برتن۔
الشِّغَارُ: مص۔ دھتکار۔ جلاوطنی۔ بِئْرٌ شِغَارٌ وآبَارٌ شِغَارٌ: بہت پانی والے وسیع کنوئیں۔
الشَّغَّارَۃُ: چقماق۔
الشِّغِّیْرُ: بدخلق۔
المِشْغَرُ: وحشی جانوروں کے بھگانے کا چھوٹا نیزہ۔
الشَّوْغَرُ: مضبوط خلقت۔
الشَّوْغَرَۃُ: کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی زنبیل۔
الشُّغْرُوْرُ: ایک قسم کی گھاس۔
الشَّغْرَبِیَّۃُ: ٹانگ میں ٹانگ لگا کر زمین پر پٹکنا۔
شَغَزَ (ف) شَغْزًا. علیهم: زیادتی کرنا۔ دست درازی کرنا...... بَیْنَهُمْ: جھگڑا کرانا۔ فساد ڈالنا۔
الشَّغْزَبِیَّۃُ: بمعنی الشَّغْرَبِیَّۃ.
تَشَغْزَبَتِ. الرِّیْحُ: ہوا کا بل کھاتے ہوئے چلنا۔
شَغْشَغَ. الشَّیْءَ: داخل کرنا۔ نکالنا۔ اندر باہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ الطَّاعِنُ" جبکہ نیزہ مارنے والا نیزہ کو نیزہ زدہ کے جسم میں حرکت دے...... المُلْجِمُ: جانور کو سدھانے کے لئے لگام کو ہلانا۔ فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا ...... فِی الشُّرْبِ: کم کرنا...... فِی الاِنَاءِ قَلَّۃً او غَیْرَهٗ: بغیر بھرنے کے ڈالنا...... البِئْرَ: گدلا کرنا اور کہا جاتا ہے "شَغْشَغَ شُرْبِی" اس نے میرے پینے کی چیز کو گدلا کر دیا۔
شَغَفَهٗ (ف) شَغْفًا: دل کے پردے کو زخمی کرنا...... فُؤَادَهٗ: دل پر غالب ہونا ...... لِبِیْسُ: سبزی نکل آنا۔
شَغِفَ (س) شَغَفًا وشُغِفَ. بِهٖ: فریفتہ ہونا۔ شُغِفَ حُبُّهٗ: محبت کا دل کے پردے میں پہنچنا۔

تَشَغَّفَ. القَلْبَ: وسوسہ ڈال کر پراگندہ کرنا۔ الشَغَف: مص۔ دل کا پردہ۔
الشَّغَف: مص۔ انتہائی محبت۔ شَغَف القَلْب: دل کا پردہ۔
الشَغَاف: دل کا پردہ۔ سویداء: دل۔ ج شُغُف واَشْغِفَة.
الشَغَاف والشُغَاف: ایک بیماری جو دائیں طرف کی پسلیوں کی نیچے ہوتی ہے۔
الشَغْفُو: خوبصورت عورت۔
شَغَلَهُ (ف) شَغْلاً وشُغْلاً واَشْغَلَهُ. بِكَذَا: مشغول کرنا...... عَنْهُ: غافل کرنا۔ شُغِلَ عَنْهُ بِكَذَا: مشغول رہنا۔ کسی میں لگا رہنا اور اسی سے کہا جاتا ہے "مَا اَشْغَلَهُ" یعنی وہ کس قدر مشغول ہے اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ فعل مجہول سے صیغہ تعجب نہیں بنایا جاتا۔
شَغَّلَهُ: مشغول کرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔)
تَشَغَّلَ وتَشَاغَلَ واِشْتَغَلَ. بِكَذَا: مشغول ہونا۔ اِشْتَغَلَ قَلْبُهُ: جلائے افکار ہوکر پریشان ہونا۔ اِشْتَغَلَ فِيْهِ السَّمُّ: زہر کا اثر کرنا...... الدَّوَاءُ فِيْهِ: دوا کا مفید ہونا۔
وتَشَاغَلَ عَنْهُ: غافل ہونا۔
الشُغْلُ والشُغُلُ والشَغَلُ: مصروفیت۔ مشغولیت۔ ج اَشْغَال وشُغُول.
الشُغُل: پری۔ بھراؤ۔
الشَاغِل: فا۔ مبالغہ کی صورت میں "اَنَا فِي شُغْلٍ شَاغِلٍ" کہا جاتا ہے۔
الشَغْلَة: اسم مرۃ۔ کھلیان۔ غلہ کا ڈھیر۔ ج شَغَل.
الشَغِل: کام میں لگا ہوا۔ معروف۔
الشَغَّال: بہت کام والا۔
الاُشْغُولَة والمَشْغَلَة: کام۔ مشغلہ۔
المَشْغُوْل: ملع۔ بھرا ہوا۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ مَشْغُوْلٌ" بھری ہوئی جگہ۔ دَار مَشْغُوْلَة: آباد گھر۔ جَارِيَةٌ مَشْغُولَة: شوہر والی۔ مَالٌ مَشْغُوْلٌ: تجارت و کاروبار میں لگا ہوا مال۔

الشَغِم: لالچی۔ بہت حریص۔
الشُغْمُوْم والشِغْمِيم: خوبصورت لمبا۔
الشُغْنَة: ٹرٹہنی۔ ج شُغَن.
الشُغْنُب والشُغْنُوب: نازک و ترٹہنی۔
شَغَتْ تَشْغُو شُغُوًّا وشَغِيَتْ تَشْغَى شَغًا. السِنُّ: ایک دانت کا دوسرے دانتوں سے بڑھنا۔ ناہموار ہونا۔ دانت کی صفت۔ شَاغِيَة. ج شَوَاغ: اور ایسے دانت والے کو (اَشْغَى) اور مؤنث کے لئے (شَغْوَاء وشَغْيَاء) ج شُغْو.
اَشْغَى اِشْغَاءً. القَوْمُ بِهِ: لوگوں کی مخالفت کرنا...... فُلَانٌ رَايَهُ: پریشان کرنا۔
الشَغْوَا: عقاب۔
شَفَّ (ض) شُفُوْفًا وشَفِيْفًا وشَفَفًا. الشَيْءُ: اتنا باریک ہونا کہ دوسری طرف کی چیز نظر آئے۔ صفت (شَفِيْف وشَفَّاف) عَنْهُ الثَوْبُ: کپڑے کا چھوٹا ہونا۔ تنگ ہونا (...... شُفُوْفًا) الجِسْمُ: بدن کا دبلا ہونا (...... شَفًّا) الشَيْءُ: زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَفَفْتَ عَلَيْهِ" تم نے اس پر زیادہ کیا۔ کم ہونا۔ گھٹنا "هٰذَا دِرْهَمٌ يَشِفُّ قَلِيْلاً" یہ درہم کچھ کم ہے۔ حرکت کرنا۔
...... لَهُ الاَمْرُ: قائم رہنا۔ ہمیشہ رہنا (...... شَفِيْفًا) فَمُ فُلَانٍ: دانتوں اور مسوڑوں میں سردی کی وجہ سے درد ہونا۔
شَفَّهُ (ن) شَفًّا وشُفُوْفًا وشَفَفَهُ. المَرَضُ او الهَمُّ: کمزور کرنا۔ دبلا کرنا۔ شَفَّ المَاءَ: سب پانی پی لینا۔
اَشَفَّهُ. عَلٰى فُلَانٍ: فضیلت دینا۔ اَشَفَّ الفَمُ: منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشَفَّ عَلٰى فُلَانٍ: سبقت لے جانا۔ بڑھنا...... الدِرْهَمَ: زیادہ کرنا یا کم کرنا۔
اِشْتَفَّ وتَشَافَّ. مَا فِي الاِنَاءِ: برتن سے سارا پانی پی جانا اور کہا جاتا۔ "اِشْتَفَّ البَعِيْرُ الحِزَامَ" اونٹ نے سارے تنگ کو گھیر لیا۔
اِسْتَشَفَّ. لَهُ السِتْرُ: پردے کے پیچھے کی چیز نظر آنا...... الثَوْبَ: کپڑے کے عیوب کو دیکھنے کے لئے روشنی میں پھیلانا...... الشَيْءَ: دیکھنا اور معلوم کرنا...... الكِتَابَ: غور کرنا۔ ......ہ: پار کی چیز دیکھنا...... مَا فِي الاِنَاءِ: برتن سے سب پی لینا...... پوری پوری رغبت کرنا۔
...... فِيْ تِجَارَتِهِ: تجارت میں فائدہ اٹھانا۔
الشَفُّ والشِفُّ: کپڑا یا باریک پردہ۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ شَفٌّ وشِفٌّ" باریک کپڑا۔ ہوا۔ زیادتی۔ نقصان۔ ایک قسم کی بدبودار پھنسی۔ ج شُفُوْف. الشِفُّ: تھوڑی چیز۔
الشَفِيْف: مص۔ آفتاب کی سخت گرمی۔ سردی کی شدت۔ ٹھنڈی ہوا۔ ج شِفَاف ثَوْبٌ شَفِيْف: باریک کپڑا۔
الشَفَف: مص۔ کم۔ ہلکا پن۔ بدحالی۔
الشَفَّان: بارش کے ساتھ ٹھنڈی ہوا۔
الشُفَافَة: برتن کا بقیہ پانی۔ شُفَافَةُ النَهَارِ: دن کا بقیہ حصہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَشَفُّ مِنْ فُلَانٍ" فلاں فلاں سے کچھ تھوڑا سا بڑا ہے۔
المَشْفُوْف: بدبودار پھنسیوں والا۔
شَفْتَرَ واشْفَتَرَ. القَوْمُ: تتر بتر ہونا۔ پراگندہ ہونا۔ اِشْفَتَرَ العُوْدُ: ٹوٹنا...... السِرَاجُ: زیادہ چوڑی بتی کا ہونا۔
شَفْتَنَ شَفْتَنَةً: جماع کرنا۔
شَفِرَ (س) شَفَارَةً: گھٹنا۔ کم ہونا۔
شَفَّرَ. المَالُ: کم ہونا...... الشَمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا...... عَلَى الاَمْرِ: متوجہ ہونا...... الشَيْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الشَفْر والشُفْر: ج اَشْفَار و(الشَفِير) پلک کی جڑ۔ ہر چیز کا کنارہ...... مِنَ الوَادِي: وادی کا بالائی کنارہ۔ کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَارِ شَفْرٌ وشُفْرٌ وشَفْرَةٌ" گھر میں کوئی نہیں۔
الشَفْرَة: بڑی چوڑی چھری۔ تلوار کی دھار۔ نیزے کے پھل کا پہلو۔ موچی کی رانپی۔ ج شَفْر وشِفَار وشَفَرَات. الشَفْرَة: نوکر۔

خادم۔ عیش (مُشفِر) تنگ زندگی۔
المِشفَر: شدت۔ روک۔ زمین یا ریگستان کا ٹکڑا۔ ہونٹ۔ اُونٹ کے ہونٹ کے لئے خاص طور پر مستعمل ہے۔ ج مَشافِر.
الشُفارِج: میوہ وغیرہ رکھ کر محفل میں لانے کی تھالی۔
شَفَزَهُ (ض) شَفزًا: لات مارنا۔ ٹھوکر مارنا۔
شَفشَفَ. الرَّجُلُ: کانپنا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (مُشَفشِفٌ ومُشَفشَفٌ) ...... بِهِ: خلط ملط ہونا...... الدَّوَاءَ عَلَى الجُرحِ: زخم پر دوا چھڑکنا...... الهَمُّ فُلَانًا: دُبلا کرنا...... الصَقِيعُ النَّبَاتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔ خشک کر دینا...... الحَرُّ والبَردُ الشَّيءَ: خشک کرنا...... عَلَيهِ: ڈرنا۔
تَشَفشَفَ. النَّبَاتُ: خشک ہونے لگنا۔
الشَفشَاف: اولوں والی بارش۔ عوام شَفشَاف: کہتے ہیں۔ ٹھنڈی ہوا۔ ثَوبٌ شَفشَاف: چھدرا بُنا ہوا کپڑا۔
شَفَعَ (ف) شَفعًا. الشَّيءَ: جوڑا کرنا۔ دوہرا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ وَترًا فَشَفَعَهُ بِآخَرَ" وہ طاق تھا اس نے دوسرا ملا کر جفت کر دیا...... جَارَهُ: پڑوسی کو حق شفعہ دینا...... النَّاقَةُ: ایک بچہ ہوتے ہوئے حاملہ ہونا۔ تم کہتے ہو (شُفِعَ) لِيَ الأَشخَاصُ: نظر کی کمزوری سے ایک چیز دو دکھائی دینا۔ آنکھ کی صفت (شَافِعَة)
شَفَعَ (ف) شَفَاعَةً. لِفُلَانٍ أَو فِيهِ إِلَى زَيدٍ: سفارش کرنا۔ شَفَعَ عَلَيهِ بِالعَدَاوَةِ: کسی کے خلاف دوسرے کی مدد کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُعَادِينِي وَلَهُ شَافِعٌ" فلاں شخص مجھ سے دشمنی کرتا ہے اور اس کے لئے میری عداوت میں ایک شخص مددگار ہے...... لِفُلَانٍ فِي المَطلَبِ: کسی کے لئے کوشش کرنا۔
شَفَّعَ. الشَّيءَ: جفت بنانا۔ شَفَّعَنِي فِي فُلَانٍ: سفارش قبول کرنا۔
تَشَفَّعَ. لِي وَإِلَيَّ بِفُلَانٍ أَو فِي فُلَانٍ: سفارش کرنے کو کہنا۔
اِستَشفَعَ. زَيدٌ إِلَى عَمرٍو: سفارش کرنے کی درخواست کرنا...... لِفُلَانٍ عَلَى فُلَانٍ: مدد طلب کرنا۔
الشَفعُ: مص۔ جفت۔ عدد۔ کہا جاتا ہے "أَشَفعٌ هُوَ أَم وَترٌ" کیا وہ جفت ہے یا طاق۔ ج أَشفَاع وشِفَاع.
الشُفعَةُ. عِندَ الفُقَهَاءِ: زمین یا مکان میں ہمسائیگی کی وجہ سے حق خرید۔ دیوانگی۔ آنکھ ...... مِنَ الضُّحَى: چاشت کے وقت دو رکعتیں۔ ج شُفَع.
الشَافِعُ: فا۔ نَاقَةٌ. شَافِعٌ: بچے والی حاملہ اُونٹنی۔ عَينٌ شَافِعَةٌ: کمزوری سے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ۔ نَاقَةٌ (شَفُوعٌ) ایک دفعہ کے دوہنے میں دو برتن بھرنے والی اُونٹنی۔
الشَفِيعُ: سفارش کرنے والا۔ حق شفعہ والا۔ ج شُفَعَاء. الشَّفِيعُ مِنَ العَدَدِ: جفت۔
الأَشفَعُ: لمبا۔
المُشَفَّعُ: وہ شخص جس کی سفارش مقبول ہو۔
المُشَفِّعُ: سفارش قبول کرنے والا۔
المَشفُوعُ: پاگل دیوانہ۔ اِمرَأَةٌ مَشفُوعَةٌ: نظر بد لگی ہوئی عورت۔
شَفِقَ (س) شَفَقًا. عَلَيهِ: مہربان ہونا۔ خیرخواہی و اصلاح کا خواہش مند ہونا۔ صفت "شَفِقٌ وشَفُوقٌ وشَفِيقٌ" شَفِقَ مِنَ الأَمرِ: خوف کرنا۔ لالچ کرنا...... عَلَى الشَّيءِ: بخل کرنا۔
شَفَّقَهُ: مہربان بنانا۔ شَفَّقَ الشَّيءَ: کم کرنا...... الثَّوبَ: کپڑا خراب بننا۔
أَشفَقَ. الشَّيءَ: کم کرنا...... عَلَيهِ مِنهُ: کسی سے چوکنا رہنا۔ خوف کرنا۔ لالچ کرنا...... عَلَى الصَّغِيرِ: مہربان ہونا...... الرَّجُلُ: شفق کا وقت پانا...... الرِّيحُ: ہوا کا تیز ہونا اور خاک اُڑانا۔
الشَفَقُ: مص۔ غروب آفتاب کے بعد اُفق آسمان کی سرخی۔ مہربانی۔ ردی چیزیں دن۔ خوف۔ جانب۔ ثَوبٌ شَفَقٌ: کمزور کپڑا۔ ج أَشفَاق.
الشَفَقَةُ: مہربانی۔ رحمت۔ خوف کے ساتھ مہربانی۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَتنِي مِنهُ شَفَقَةٌ" اس پر مجھے ترس آیا۔ "وَلِيَ عَلَيهِ شَفَقَةٌ" مجھے اس پر ترس ہے۔
المِشفَلَةُ: اوجھ۔ ج مَشَافِل.
شَفَنَ (ض) وشَفِنَ (س) شُفُونًا. الرَّجُلَ وإِلَى الرَّجُلِ: ترچھی نظر سے دیکھنا یا بنظر اعراض دیکھنا۔ صفت (شَافِنٌ وشَفُونٌ)
الشَفنُ والشَفِنُ: زیرک دانا۔ الشَفَنُ: انتظار۔ میراث کا منتظر۔
الشَفُونُ: بہت غیرت مند جس کی نگاہ شدت حذر کی وجہ سے نظر کرنے سے نہ تھکے۔ ج شُفُن.
الشَفَنتَرِيُّ والشَفَنتَرَى: متفرق۔
شَفَهَ (ف) شَفهًا. فُلَانًا: ہونٹ پر مارنا۔ بہ اصرار کر کے سوال کرنا اور سب کچھ خرچ کرا دینا...... الإِنَاءَ: سب پی کر خالی کر دینا۔ "كَادَتِ العِيَالُ تَشفَهُ مَالِي" قریب ہے کہ میرے اہل و عیال میرے مال کو ختم کر دیں...... هُ عَنِ الأَمرِ: غافل کر دینا۔
شُفِهَ. زَيدٌ: بہت سائلین کا ہونا...... الشَّيءُ: بہت طالبین کا ہونا...... الطَّعَامُ: بہت کھانے والوں کا ہونا۔ صفت (مَشفُوهٌ)
شَافَهَهُ شِفَاهًا ومُشَافَهَةً: رو در رو گفتگو کرنا...... الشَّيءَ: قریب ہونا۔
الشَفَةُ والشِفَةُ. مِنَ الإِنسَانِ: ہونٹ۔ ج شِفَاه وشَفَهَات اور نسبت کے لئے (شَفَهِيٌّ وشَفَوِيٌّ) اور تصغیر (شُفَيهَةٌ) کہا جاتا ہے "هُوَ خَفِيفُ الشَّفَةِ" وہ سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا یا کم سوال کرنے والا ہے۔ (ضد) و "لَهُ فِي النَّاسِ شَفَةٌ حَسَنَةٌ" اس کی لوگوں میں اچھی شہرت ہے۔ "وَمَا أَحسَنَ شَفَةَ النَّاسِ عَلَيكَ" تمہارے متعلق لوگوں کی تعریف کس قدر اچھی ہے۔ و "مَا كَلَّمتُهُ بِبِنتِ شَفَةٍ" میں نے اس سے ایک لفظ بھی نہیں کہا۔

شَـفَةُ الشَّـيْ كَـالنَّـهْـرِ: ڈول جیسی چیز کا کنارہ۔

الشَّفَاة: پیاسا۔

الشُّفَاهِي والاَشْفَه: بڑے ہونٹوں والا۔

الحُـرُوْفُ الشَّـفَهِيَّةُ: ہونٹوں سے نکلنے والے حروف اور وہ ب ف م ہیں۔

المَشْفُوْه: مثلاً ماءٌ مَشْفُوْهٌ: ایسا پانی جس پر بہت پینے والے آتے ہوں اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَشْـفُوْهٌ عَنَّا" یعنی فلاں ہم سے غافل ہے اس کے پاس کثرت سے لوگ آتے ہیں۔ و "هُوَ مَشْـفُوْهُ المَوَارِدِ" وہ بڑا مہمان نواز اور بہت داد و دہش والا ہے۔

شَفَا يَشْفُوْا شَفْوًا. الهلالُ: چاند کا طلوع ہونا...... الشَّخصُ: ظاہر ہونا...... الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا......

الشَّفَا: نئے چاند کا بقیہ حصہ جو ابھی غروب نہ ہوا ہو۔ ہر چیز کا حد و کنارہ۔ تثنیہ شَفَوَان. ج اَشْـفَاء آدمی کے لئے موت کے وقت اور چاند کے لئے چھپنے کے وقت اور آفتاب کے لئے غروب ہونے کے وقت کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ مِنْهُ اِلاَّشَفَا" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہ گیا ہے۔

الاَشْـفَـى: جس کے دونوں ہونٹ ملتے نہ ہوں۔

شَفَى يَشْفِي شِفَاءً. اَللّٰهُ فُلانًا مِنَ المَرضِ: تندرست کرنا۔ صحت یاب کرنا ...... فُلانٌ فُلانًا: کسی کے لئے شفا مانگنا...... الشَّـمْـسِ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔ (...... وشَـفِيَ (س) شَفِيَ الهِلالُ: نئے چاند کا غروب ہونا۔

شُـفِيَ. المَـرِيْـضُ: صحت پانا۔ تندرست ہونا۔

اَشْـفَى اِشْـفَاءً. فُلانًا: شفا مانگنا...... عَـلَيْهِ: کنارے پر آ لگنا اور اسی سے ہے "اَشْـفَـى المَرِيْضُ عَلَى المَوْتِ" مریض موت کے کنارہ پر آ لگا...... العَلِيْلُ: حصولِ صحت سے باز رہنا (ہمزہ سلب کے لئے)

...... المُسَـافِرُ: آخری رات کی چاندنی میں چلنا...... المَرِيْضَ: مفید دوا بتانا۔ تم کہتے ہو "اَشْـفِنِيْ" یعنی مجھے کوئی ایسی چیز دو جس سے صحت حاصل ہو۔ اَشْـفَاهُ الشَّـيْ: مفید چیز دینا۔ شفا حاصل کرانے والی چیز دینا۔

تَشَـفَّى. مِنْ غَيْظِهِ: غصے سے ٹھنڈا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَـفَّيْتُ مِنْ فُلانٍ" یعنی اس نے اپنے دشمن کو ایسی تکلیف پہنچائی کہ جس سے اس کا دل ٹھنڈا ہو گیا (...... واشْتَفَى) بِكَذَا: شفا حاصل کرنا۔

اَلْمُسْـتَشْفَى: ہسپتال (دواخانہ)

اِسْتَشْـفَى. بِهِ: شفا چاہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ يُسْتَشْـفَى بِرَايِهِ" فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے...... المَرِيْضُ مِنْ عِلَّتِهِ: صحت یاب ہونا۔

الشِّـفَاء: مص۔ دوا۔ (مجاز ہے اس لئے کہ سبب کا نام وہ رکھا گیا جو مسبب کا تھا)

ج اَشْفِيَةٌ ج اَشَافٍ.

الشَّـافِي: مَا يَـبْرَأُ مِنَ الاَدْوِيَةِ وَنَحْوِهَا: مفید دوا وغیرہ۔ الـجَوَابُ الشَّافِي: ایسا جواب جس میں پھر سوال کی ضرورت نہ ہو۔

الاِشْفَى. مُثَالِي. سُوجَا ج اَشَافٍ.

شَـقَّ (ن) شَـقًّا. الشَّـيْ: پھاڑنا۔ جدا جدا کرنا۔ اور اسی سے ہے شَقَّ عَصَاءَ القَوْمِ" اس نے قوم کی جمعیت کو توڑ دیا۔ و "شَـقَّ فُلانٌ العَصَـا" فلاں جماعت سے علیحدہ ہو گیا۔

شَـقَّ (ن) شَـقًّا ومَشَقَّةً. الاَمْرُ: دشوار ہونا ...... عَـلَـى فُلانٍ: مشقت میں ڈالنا...... البَـرْقُ: بجلی کا وسط آسمان تک سیدھی پھیلنا ...... الفَرسُ: دوڑنے میں ایک جانب کو جھکنا ...... شُقُوْقًا) النَّبتُ: اُگنا...... نَابُ البَعِيْرِ: دانت نکلنا (...... شَـقًّا) الصُّبْحُ: فجر طلوع ہونا۔

شَقَّقَ. الـحَطَبَ: لکڑی پھاڑنا۔ چیرنا...... الكَلامَ: برمحل کہنا۔

شَـاقَّهُ شِقَاقًا ومُشَاقَّةً: مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔

تَشَقَّقَ. الْحَطَبُ: لکڑی کا پھٹنا۔ چرنا۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا اور کہا جاتا ہے "تَشَـقَّقَتْ عَصَاهُمْ بِالبَيْنِ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔

تَشَـاقَّ. الـقَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ باہم عداوت کرنا...... الرَّجُلانِ: باہم خوب جھگڑا کرنا۔ تَشَاقُّوْا ثِيَابَهُمْ: ایک کا دوسرے کے کپڑوں کو پھاڑنا۔

اِنْشَـقَّ. الشَّـيْ: شگاف پڑنا...... الاَمْـرُ: پراگندہ و پریشان ہونا...... الفَجْرُ: فجر طلوع ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَـقَّتْ عَصَاهُمْ" ان کا معاملہ تتر بتر ہو گیا۔

اِشْتَقَّ. الشَّيْ: آدھا لینا...... الـكَلِمَةَ مِنَ الكَلِمَةِ: مشتق کرنا جیسے الضَّرْبُ: سے ضَـرَبَ ...... الفَـرسُ فِيْ عَدْوِهِ: دائیں بائیں جانا...... فِيْ الكَلامِ او الخُصُوْمَةِ: اِدھر اُدھر ہٹ جانا...... الطَّرِيْقَ فِيْ الفَلاةِ: بیابان میں راستہ طے کرنا۔

الشَّـقُّ: مص۔ شگاف۔ پھٹن۔ صبح پھٹی ہوئی جگہ۔ مشقت۔ ہر چیز کا آدھا۔ ج شُقُوْق.

الشِّـقُّ: جانب۔ کنارہ۔ انسان کی ایک جانب جس چیز کی جانب تمہاری نظر ہو۔ مشقت۔ سگا بھائی۔ ہر چیز کا آدھا۔ کہا جاتا ہے "الـمَالُ بَيْنِي وبَيْنَكَ شِقَّ اَوْ شَقَّ شَـعْرَةٍ" مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے۔

الشِّقَّةُ: کپڑے وغیرہ کی لمبی چٹ۔ پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ چیز کا آدھا حصہ جبکہ پھاڑ لیا جائے۔ ج شِقَق وشِقَاق.

الشِّـقَّةُ والشُّـقَّةُ: دور کا سفر۔ مسافت جس کو مسافر طے کرے۔ راستہ جس کا طے کرنا چلنے والے کے لئے دشوار ہو۔ وہ جانب جہاں کا مسافر قصد کرے۔ مشقت۔ ج شُقَق.

الشَّقِيْقُ: دو حصوں میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ حقیقی بھائی۔ نظیر۔

الشَّـقِـيْـقَةُ: حقیقی بہن۔ باغوں کے درمیان

تحت زمین۔ بہت بارش۔ من الرزق: اُفق آسمان میں پھیلنے والی بجلی۔ آدھا سیسی کا درد۔ ج شقائق۔ شقیق النعمان: گل لالہ۔ واحد شقیقۃ النعمان۔

الاشق من الخیل: دائیں بائیں دوڑنے والا گھوڑا۔ فرس اشق المنخرین: وسیع نتھنوں والا گھوڑا۔

المشقۃ والمشقۃ: دشواری۔ محنت۔ ج مشاق ومشقات۔

شقأ (ف) شقأ وشقوءا۔ الناب: دانت نکلنا۔ شقر الراس: مانگ نکالنا اور کنگھا کرنا۔ ولہ: سر پھاڑنا۔ فلاناً: کسی کی مانگ پھاڑنا۔

المشقأ: مانگ۔

المشقأ والمشقاء والمشقأۃ: کنگھا۔

شقح (ک) شقاحۃ: قبیح ہونا۔ صفت (شقیح)

شقح (ف) شقحا۔ الشیٔ: توڑنا۔ الجوزۃ: گری نکالنا۔ ہ اللہ: قبیح بنانا۔ الکلب: کتے کا پیشاب کرنے کے لئے ٹانگ اٹھانا۔

شاقحہ مشاقحۃ: باہم گالی گلوچ کرنا۔

اشقحہ: دور کرنا۔ اشقح وشقح البسر: رنگ پکڑنا۔ النخل: درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ کہا جاتا ہے (شقحا وشقحا لہ) یعنی اس کے لئے دوری ہو۔

الاشقح: سرخ زرد رنگ ملا ہوا۔ مؤنث شقحاء ج شقح۔

الشقحی: سرخ رنگ والا۔

شقذ (س) شقذا: تیز نظر بدلگانے والا ہونا۔ بے نیند ہونا۔ صفت (شقذ وشقذ وشقیذ وشقذان)

شقذ (ض) شقذا وشقذ (س) شقذا: دور جانا۔

شاقذہ: باہم دشمنی کرنا۔ دور کرنا۔

اشقذہ: دھتکارنا۔

الشقذ والشقذ والشقذ: گرگٹ کا بچہ۔ ج

شقذان وشقذان۔ الشقذ: جس۔ کہا جاتا ہے "مالہ شقذ ولا نقذ" اس کے پاس کچھ نہیں۔ و "ھذا لیس بہ شقذ ولا نقذ" اس میں کوئی خلل اور نقصان نہیں۔

الشقذان: بھیڑیا۔ حشرات الارض۔ کیڑے کوڑے۔ بھٹ۔ تتر وغیرہ کے چوزے۔

الشقذان: مس ج شقذان و (الشقذ والشقذ) گرگٹ۔ بھیڑیا۔

الشقذاء: بہت بھوکا عقاب۔

شقر (س) وشقر (ک) شقرا وشقرۃ: سرخ زرد رنگ کا ہونا۔ صفت (اشقر) مؤنث شقراء: ج شقر۔

اشقر: گہرا سرخ وزرد رنگ کا ہونا۔

الشقر: امر مقصود و پوشیدہ۔ ج شقور کہا جاتا ہے "افضیت الیہ بشقوری" میں نے اپنے ان امور کو اس پر مطلع کر دیا جن کو دوسروں سے چھپاتا تھا۔ و "بثہ شقورہ" اس نے اپنے حالات کی اس سے شکایت کی۔

الشقر: سرخ۔ جھوٹ۔ کہا جاتا ہے "جاءہ بالشقر والبقر" وہ جھوٹ اور مصیبت لایا۔

الشقر والشقران والشقار والشقاری: ایک قسم کی سرخ رنگ کی نباتات یا گل لالہ۔

الشقراق والشقراق: فاختہ سے بڑا ایک پرندہ جس کو شقرق اور شرقرق بھی کہتے ہیں۔

شقشق شقشقۃ۔ الجمل: اونٹ کا بلبلانا۔ ...الطیر: پرندہ کا آواز کرنا۔

الشقشقۃ: بوقت مستی اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ ج شقاشق اور فصیح کے لئے "خطیب ذو شقشقۃ" کہا کرتے ہیں۔ و "فلان شقشقۃ قومہ" فلاں اپنی قوم میں شریف و فصیح ہے۔

شقص۔ الذبیحۃ: ذبح کئے ہوئے جانور کو حصہ داروں کے لئے کاٹ کر برابر حصہ کرنا۔

الشقص: حصہ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔ زمین کا قطعہ۔

الشقیص: شریک۔ شرکت۔ حصہ۔ عمدہ گھوڑا۔ بہت میں سے تھوڑا۔

المشقص: چوڑا پھل یا چوڑے پھل کا تیر۔ ج مشاقص۔

المشقص: قصاب۔

الشقیط: مٹی کا ملکا یا پکی ہوئی مٹی۔

الشقیط: پکی ہوئی مٹی۔

شقع (ف) شقعا۔ فی الاناء: برتن میں منہ ڈال کر پینا۔

الشقف: ٹھیکری۔ ٹھیکری کے ٹکڑے۔ واحد (شقفۃ)

الشقلوف۔ حمد الشقلیوف: لوہے کا بڑا ہتھوڑا۔ فصیح لفظ ملطیس اور ملطس ہے۔

شقل (ن) شقلا۔ الدراہم: تولنا۔ ...۔ المراۃ: جماع کرنا۔

شوقل شوقلۃ: ظلم و بردبار ہونا۔

الشاقول: معماروں کا ساہول جس سے دیوار کی ہمواری دیکھتے ہیں۔

شقن (ن) شقنا وشقن۔ العطیۃ: کم دینا۔ واشقن الرجل: کم مال ہونا۔

شقن (ک) شقونۃ۔ العطاء: کم ہونا۔ صفت (شقن وشقین وشقین)

المشقن: (چا) جوتے اور بوئے ہوئے کھیت کی مٹی کے برابر کرنے کا آلہ۔

شقا یشقو شقوا وشقی۔ فلاناً: بدبخت بنانا۔ اشقی شقوۃ: بخشی کرنا۔

شقی یشقی شقا وشقاء وشقاوۃ وشقاوۃ وشقوۃ وشقوۃ: بدبخت ہونا۔ صفت (شقی) ج اشقیاء۔

شاقی۔ فلاناً: بدبخت ہونے میں مقابلہ کرنا۔ تم کہتے ہو "شاقانی فشقوتہ" اس نے بدبخت ہونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا یعنی میں اس سے زیادہ بدبخت ہوا۔ ...فی الحروب: لڑائی وغیرہ میں مشغول کرنا۔ ...ہ علی کذا: صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔

الشَّالِی: ق ... بینَ الجبَالِ: پہاڑ کا لمبا لگا ہوا گوشہ۔ ج شَوَالِی وشُلْیَان۔
الشقا والشقاء: مص۔ سختی۔ بدبختی۔
الشقی: شقی۔
شَکَّ (ن) شَکًّا. فِی الْاَمْرِ: شبہ کرنا۔ صفت فاعل (شَاکٌّ) اور صفت مفعول (مَشْکُوک) فِیہِ عَلَیْہِ الْاَمْرُ: مشتبہ ہونا ...... ہ بالرُّمح: ہڈی تک چھیدنا۔ شَکَّتْ الشَّوْکَۃُ رِجْلَہٗ: کانٹا چبھنا۔ شَکَّ الْقَوْمُ بیُوتَھُم: گھروں کو ایک طرز یا ایک قطار میں بنانا ...... الخیاط الثوبَ: کپڑے میں دور دور ٹکے لگانا ...... اِلَیہِ الْبِلَادَ: طے کر کے پہنچنا ...... الشَّیُٔ اِلَی الشَّیٔ: ملانا ...... عَلَیْہِ الامرُ: دشوار ہونا ...... فِی السِّلَاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ صفت (شَاکُّ السِّلَاحِ وشَاکٌ فِی السِّلَاحِ) ج شُکَّاک۔
شَکَّ (س) شَکًّا. فُلَانٌ وَاِلَیْہِ: مائل ہونا۔
شَکَّکَہٗ: شک وشبہ میں ڈالنا۔
تَشَکَّکَ. فِی الْاَمْرِ: شبہ کرنا۔
الشَّکُّ: مص۔ شبہ۔ ہڈی میں تھوڑی سی درز۔ ایک دوا جو چوہوں کے لئے قاتل ہے۔ ج شُکُوک۔
الشِّکَّۃُ: اسم نوع۔ ہتھیار۔ لکڑی وغیرہ کا بچر جو کباڑے کے سوراخ کو تنگ کرنے کے لئے لگاتے ہیں۔ ج شِکَک اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُخْتَلِفُ الشِّکَّۃِ" فلاں مختلف اخلاق والا ہے۔
الشُّکَّۃُ: مسافت۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا شُکَّۃٌ بَعِیدَۃٌ" ان دونوں کے درمیان بڑی مسافت ہے۔
الشَّاکَّۃُ. الشَّاکُّ کا مؤنث گلے کی سوجن۔ ج شَوَاکّ. بیُوتٌ (شُکَاکٌ) ایک قطار کے مکانات۔
الشِّکَاکَۃُ: زمین کا گوشہ۔
الشُّکَیْکَۃُ: طریقہ۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "دَعْہُ عَلٰی شُکَیْکَتِہٖ" اس کو اس کی عادت

پر چھوڑ دو۔ فرقہ۔ میوہ کی ٹوکری۔ ج شُکَائِک وشُکَک۔
اَلْمِشَکُّ: سوراخ کرنے کا آلہ۔ زرہ۔ ج مَشَاکّ۔
الشِّکَالُ: سخت لگام۔
الشَّکُوک: بہت بالوں والی اونٹنی کہ جس کی لاغری وفربہی معلوم نہ ہو سکے۔
الشُّکْشُکَۃ: تیز ہتھیار یا ہتھیار کی تیزی۔
شَکَا (ف) شَکْأً. نَابُ الْبَعِیرِ: دانت نکلنا۔
شَکِیَ (س) شَکْأً. ظُفْرُہٗ: ناخن پھٹنا۔
اَشْکَاتِ. الشَّجَرَۃُ: شاخیں نکالنا۔
الشُّکْبُ: بدلہ۔ بخشش۔
الشُّکْبَان: گھاس جمع کرنے کی جھولی۔
الشَّوْکَحَۃ: بڑے پھاٹک میں چھوٹا دروازہ۔ ج شَوَکِح۔
شَکَدَ (ن) شَکْدًا وشُکْدًا: بخشا۔ دینا۔
اَشْکَدَ: دینا۔ ردی مال جمع کرنا۔
الشُّکْد: بخشش۔ شکریہ۔
شَکَرَ (ن) شُکْرًا وشُکُورًا وشُکْرَانًا. الرَّجُلَ ولَہٗ (وباللام افصح) شکریہ ادا کرنا۔ شکر کرنا۔ بہتر سلوک پر تعریف کرنا اور کہا جاتا ہے "شَکَرَ اللّٰہُ سَعْیَکَ" یعنی اللہ تمہاری کوشش کی جزا دے اور "شَکَرْتُ لِفُلَانٍ نِعْمَتَہٗ" اللہ میں نے فلاں کی نعمت کا شکریہ ادا کیا۔ وَشَکَرَ اللّٰہَ وَلِلّٰہِ وَبِاللّٰہِ وَنِعْمَۃَ اللّٰہِ وبِنِعْمَۃِ اللّٰہِ: اس نے اللہ کا شکر یا اللہ کی نعمت کا شکر ادا کیا۔ صفت (شَاکِر) ج شَاکِرُوْن وشُکُر. شَاکِرُبَہ: ایک قسم کی گھاس۔
شَکِرَتْ (س) شَکَرًا. النَّاقَۃُ: اونٹنی کا بھرے ہوئے تھن والی ہونا۔ صفت (شَکِرَۃ) ج شَکِرَات وشَکَارَی وشَکْرَی و(مِشْکَار) ...... الشَّجَرَۃُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا ...... الرَّجُلُ: بخل کے بعد سخی ہونا۔
اَشْکَرَ. الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔

صفت (شَکْرَان) مؤنث شَکْرَی. ج شُکَارَی وشَکَارَی. عَیْنٌ شَکْرَی: آنسوؤں سے بھری ہوئی آنکھ۔ اَشْکَرَ الشَّجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا۔
شَاکَرَہٗ: شکر گزاری دکھلانا ...... ہ الحدیثَ: گفتگو شروع کرنا۔
اِشْتَکَرَ. الضَّرْعُ: تھن کا دودھ سے بھرنا۔ اِشْتَکَرَتِ الرِّیَاحُ: ہوا کا تیز چلنا ...... السَّمَاءُ: بارش لانا ...... الرَّجُلُ فِی عَدْوِہٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ اِفْتَکَرَا لبَرْدُ وَالحَرُّ: سردی یا گرمی کا تیز ہونا ...... الشَّجَرُ: درخت کی جڑ میں سے شاخ نکلنا ...... الجَنِینُ: رواں نکلنا۔
تَشَکَّرَ. لَہٗ: شکر ادا کرنا۔
الشَّکُوْرُ: بہت شکر گزار (مذکر ومؤنث) ج شُکُر. الشَّکُورُ فِی اَسْمَائِہٖ تَعَالیٰ: تھوڑے عمل کا زیادہ بدلہ دینے والا۔
الشَّکِیرُ: بڑے درختوں کی جڑ میں جو شاخ نکل آئے۔ بڑوں میں چھوٹے (پودے یا گھاس یا پر یا بال) بال جو چہرہ اور پس گردن کے متصل ہوں۔ درخت کی ڈاڑھی۔ شَکِیرُ الْاِبِلِ: چھوٹے اونٹ۔ ج شُکُر۔
الشَّکْرَۃ. اسم مرۃ (والشَّکَرِیَّۃ) تھنوں کا دودھ سے بھرنا۔ کہا جاتا ہے نَبَاتٌ (مُشْکِرَۃ) یعنی دودھ والا پودہ۔
الشُّکْرَان: شکر گزاری۔
الشَّوْکَرَان والشَّیْکَرَان والشَّیْکُرَان: ایک زہریلا پودہ۔ (دخیل)
الشَّاکِرِیُّ: خادم نوکر۔ چاکر۔ ج شَاکِرِیَّۃ (دخیل)
الشَّاکِرِیَّۃ: خادم کی اُجرت۔ عوام شاکریۃ کو ٹیڑھے سر والی چھری کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں۔
الشَّکَائِر: پیشانیاں۔
شَکَزَہٗ (ن) شَکْزًا: انگلی چبھونا۔ زبان سے تکلیف دینا۔ شَکَزَہٗ بِالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔

الشَّكِزُ و الشَّكِزُ: بدخلق۔
الشَّكَّازُ: شاکز کا مبالغہ۔ جنگجو۔
شَكُسَ (ک) شَكَاسَةً وشَكِسَ (س) شَكَسًا: بخیل ہونا۔ درشت خو ہونا۔ سخت مزاج ہونا۔ صفت (شَكِسٌ وشَكْسٌ) ج شُكُسٌ۔
شَاكَسَهُ مُشَاكَسَةً: مخالفت کرنا۔ سختی سے پیش آنا۔
تَشَاكَسَ. القَوْمُ: باہم مخالفت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اللَّيْلُ والنَّهَارُ يَتَشَاكَسَانِ" دن اور رات ایک دوسرے کی ضد ہیں۔
الشَّكِيسُ: نحوست۔
المُشَكِّسُ: بخیل۔ سخت مزاج۔
الشُّكُسُ: نئے چاند نکلنے سے ایک دو دن پہلے۔
الشَّكِصُ والشَّكِيصُ: بدخلق۔ الشَّكِيصَةُ: اُونٹنی جس کے نہ تو تھن میں دودھ ہو نہ حاملہ ہو۔
الشِّكَاصُ: ناہموار دانتوں والی عورت۔
شَكِعَ (س) شَكَعًا. المَرِيضُ: بہت آہ و زاری کرنا۔ صفت (شَاكِعٌ وشَكِعٌ وشَكُوعٌ) الزَّرْعُ: کھیتی کا زیادہ دانوں والی ہونا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ دردمند ہونا۔
أَشْكَعَهُ: غضبناک کرنا۔ ملول کرنا۔ تنگ دل کرنا۔ زچ کر دینا۔
شَكَلَ (ن) شَكْلاً وشُكُلاً. الأَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ شَكَلَ وشَكَّلَ العِنَبُ: انگور کا پکنے لگنا۔ شَكَلَ وشَكَّلَ الكِتَابَ: اعراب لگانا۔ شَكَلَ وشَكَّلَ الدَّابَّةَ بالشِّكَالِ: جانور کو پائے بند ڈالنا۔ شَكَّلَ الشَّيْءَ: تصویر بنانا۔ شَكَّلَتْ وشَكَلَتِ المَرْأَةُ شَعْرَهَا: دائیں اور بائیں جانب زلف کی دو لٹیں بٹنا۔
شَكِلَ (س) شَكَلاً: سرخ و سفید ہونا۔۔۔۔۔ الشَّيْءُ: سفید مائل بسرخ ہونا۔۔۔۔۔ المَرْأَةُ: عورت کا ناز و انداز والی ہونا۔

أَشْكَلَ. الأَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے أَشْكَلَتْ عَلَيَّ الأَخْبَارُ: میرے اوپر خبریں مشتبہ ہو گئیں۔۔۔۔۔ العِنَبُ: انگور پکنے لگنا۔۔۔۔۔ النَّخْلُ: درخت خرما پک کر تیار ہونا۔۔۔۔۔ الكِتَابَ: اعراب لگانا۔۔۔۔۔ الشَّيْءُ: مشکل ہونا۔۔۔۔۔ المَرِيضُ: بیمار کا صحت کے قریب ہونا۔
شَاكَلَهُ مُشَاكَلَةً: مشابہ ہونا۔ موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِي فُلانٍ مُشَاكَلَةٌ مِنْ أَبِيهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔
تَشَكَّلَ: صورت اختیار کرنا۔۔۔۔۔ العِنَبُ: انگور پکنے لگنا۔
اِشْتَكَلَ واسْتَشْكَلَ. الأَمْرُ: مشتبہ ہونا۔
الشَّكْلُ: مثل۔ مشابہت۔ شکل۔ نظیر۔ مشکل معاملہ۔ قصد و ارادہ۔ کہا جاتا ہے "سَأَلْتُهُ عَنْ شَكْلِ فُلانٍ" میں نے فلاں کے ارادہ کو دریافت کیا۔ عورت کا ناز و انداز۔ محسوس یا متوہم چیز کی صورت شکل مثلاً گولائی۔ کجی۔ سیدھا پن وغیرہ۔ ج أَشْكَالٌ وشُكُولٌ۔
الأَشْكَالُ: چاندی یا موتیوں کے زیورات جو ایک دوسرے کے مشابہ ہوتے ہیں اور جن کو عورتیں کان میں پہنتی ہیں اور کہا جاتا ہے "أُمُورٌ أَشْكَالٌ" یعنی مشتبہ امور۔ شَكْلُ الكِتَابِ: کتاب کی حرکات۔ الشَّكْلَةُ: ایک حرکت مثلاً زیر زبر یا پیش۔
الشِّكْلُ: شکل۔ عورت کا ناز و انداز۔
الشُّكْلَةُ: سرخی مائل بہ سفیدی (۔۔۔۔۔ والشَّاكِلُ) مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِيهِ شُكْلَةٌ أَوْ شَاكِلٌ مِنْ أَبِيهِ" اس میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ اِمْرَأَةٌ (شَكِلَةٌ) ناز و انداز والی عورت۔
الشِّكَالُ: جانور کا پائے بند۔ ڈوری جو اونٹ کے پیش بند اور تنگ کے درمیان باندھتے ہیں۔ اگلی ٹانگ اور پچھلی ٹانگ باندھنے کا بندھن۔ ج شُكُلٌ. الشِّكَالُ فِي الخَيْلِ: تین ٹانگوں کا سفید اور ایک دوسرے رنگ کا ہونا یا اس کے برعکس۔

الشَّاكِلَةُ. الشَّاكِلُ: کا مؤنث۔ شکل۔ جانب۔ جیسے شَاكِلَةُ الطَّرِيقِ: طریقہ۔ مذہب۔ نیت۔ حاجت۔ کوکھ۔ ج شَوَاكِلُ اور اسی سے ہے "أَصَابَ شَاكِلَةَ الصَّوَابِ" اس نے طریقہ صواب پالیا۔ و"فُلانٌ يَرْمِي بِوَابِهِ الشَّوَاكِلَ" یعنی فلاں وجوہ صواب کو پالیتا ہے۔ الشَّوَاكِلُ: بڑے رستے سے نکلے ہوئے راستے۔ کہا جاتا ہے هٰذَا طَرِيقٌ ذُو شَوَاكِلَ: یہ راستہ ایسا ہے جس سے مختلف راستے نکلتے ہیں۔
الأَشْكَلُ: سفید مائل بسرخی۔ آنکھوں کی سفیدی میں سرخی والا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا أَشْكَلُ بِهِ" اس کے مشابہ ہے۔ ج شُكْلٌ۔
الشَّكْلاءُ. أَشْكَلُ: کا مؤنث۔ حاجت۔
الشَّوْكَلَةُ: ناحیہ۔ جانب (الشَّوْكَلُ) کا واحد بمعنی عوسج اور عوسج: ایک کانٹے دار درخت کا نام ہے۔
الأَشْكَلَةُ: التباس۔ مشابہت۔ کہا جاتا ہے "فِيهِ أَشْكَلَةٌ مِنْ أَبِيهِ" اس کے اندر اس کے باپ کی مشابہت ہے۔ حاجت جو انسان کو پابند کر دے۔ تم کہتے ہو "لَنَا عِنْدَهُ أَشْكَلَةٌ" اس کے پاس ہماری حاجت ہے۔
الشَّكِيلُ: خون آمیز جھاگ جو لگام کے لوہے پر ظاہر ہو۔
المُشْكِلُ والمُشْكِلَةُ: امر دشوار یا امر مشتبہ۔ ج مَشَاكِلُ ومُشْكِلاتٌ۔
المَشْكُولُ. مِنَ الخَيْلِ: تین ٹانگوں میں سفیدی اور ایک ٹانگ میں دوسرے رنگ والا۔ پائے بند سے بندھا ہوا۔
المُشَكَّلُ: صورت و شکل والا۔
شَكَمَهُ (ن) شَكْمًا: دینا۔ بدلہ دینا۔۔۔۔۔ فُلانًا: رشوت دینا۔
شَكَمَهُ (ن) شَكْمًا وشَكِيمًا: دانت سے کاٹ لینا۔
شَكِمَ (س) شَكَمًا: بھوکا ہونا۔
أَشْكَمَهُ: بدلہ دینا۔
الشُّكْمُ والشُّكْمَى: ثواب۔ بدلہ۔ عطیہ۔

الشَکِیم: غیرت۔

الشَّکِیمَۃ: تکبر۔ ظلم کی داد رسی۔ عہد۔ طبیعت۔ چیتا۔ زہر۔ مشابہت ......مِنَ اللِجَام: لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔ ج شَکَائِم وشُکُم وشَکِیم اور اسی سے ہے "فُلاَنٌ ذُوْشَکِیمَۃ" او شَدِیْدُ الشَّکِیْمَۃِ: یعنی فلاں خوددار اور غیرت مند ہے۔

شَاکَھَہ شِکَاھًا ومُشَاکَھَۃً: مشابہ ہونا۔

اَشْکَہَ۔ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔

تَشَاکَھَا: باہم مشابہ ہونا۔

شَکَا یَشْکُوْ شَکْوَی وشَکْوًا وشَکَاۃً وشَکَاوَۃً وشِکَایَۃً وشَکِیَّۃً۔ اِلَیْہِ زَیْدًا: شکایت کرنا۔ شکایت کرنے والے کو (شَاکٍ) جس کی شکایت کی جائے اس کو (مَشْکُوٌّ ومَشْکِیٌّ) اور جس سے شکایت کی جائے اس کو (مَشْکُوٌّ اِلَیْہِ) اور شکایت کو (شَکْوَی) کہتے ہیں۔ شَکَا الاَمْرَ او العِلَّۃَ: ذکر کرنا یا دردمند ہونا ......مَرَضَہ لِلطَّبِیْبِ: طبیب سے مرض کی کیفیت بیان کرنا ......اَمْرَہُ اِلَی اللّٰہِ: ظاہر کرنا۔

شَکَا یَشْکُوْ شَکْوًا وشَکْوَی وشَکَاۃً۔ العُوْضُ فُلاَنًا: الم پہنچانا۔ دردمند بنانا۔

شَکَّی تَشْکِیَۃً۔ الشَّاکِي: شکایت قبول کرنا۔

اَشْکَی اِشْکَاءً۔ فُلاَنًا: شکایت قبول کرنا۔ شاکی پانا۔ کسی کے سامنے شکایت اور تکلفات شوق کو بیان کرنا۔ کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا کہ وہ شکایت کرنے پر مجبور ہو۔ کسی سے شکایت کو زائل کر دینا ......فُلاَنًا مِنْ فُلاَنٍ: کسی سے کوئی چیز کسی کی خوشنودی کے لئے لینا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ یَشْکِي بِکَذَا" وہ فلاں چیز کے ساتھ مہتم ہے۔

شَاکَاہ: شکایت کرنا۔

تَشَکَّی: بیمار ہونا ......اِلَیْہِ: شکایت کرنا۔ مِنْ جُرْحٍ: دردمند ہونا۔

اِشْتَکَی: بیمار ہونا ......اِلَیْہِ: شکایت کرنا ......مِنْ جُرْحِہٖ: دردمند ہونا۔

تَشَاکَی تَشَاکِیًا۔ القَوْمُ: باہم دگر شکایت کرنا۔

الشَّکْو والشَّکْوَی والشَّکَاء والشَّکَاۃ والشَّکْوَاء: بیماری۔ الشَّکْوَی: جس چیز کی شکایت کی جائے۔ ج شَکَاوَی۔ الشَّکْو: چھوٹا اونٹ۔

الشَّکْوَۃ۔ شَکَا: کا اسم مرۃ۔ شَکْو: بمعنی مرض کا واحد ج شَکَوَات وشِکَاء (......الشُّکَیَّۃ) پانی یا دودھ کا چمڑے کا برتن۔

الشَّکِيّ: جس کی شکایت کی جائے۔ دردمند۔ مؤنث (شَکِیَّۃٌ۔ ج شَکَایَا (......والشَّاکِي) معمولی بیمار رَجُلٌ شَاکِي السِّلاَحِ: ہتھیار بند صاحب شوکت ورعب مرد (یہ شائک کا مقلوب ہے۔)

الشَّکَاۃ: عیب۔

المِشْکَاۃ: طاق۔ چراغ رکھنے کا طاق۔ چراغ دان۔

شَکَی یَشْکِي شَکْیًا۔ اِلَیْہِ: شکایت کرنا۔

الشَّکِیَّۃُ: بقیہ۔

شَلَّ (ن) شَلًّا۔ الثَّوْبَ: کپڑے میں ہلکی سلائی کرنا۔ شَلَّتِ العَیْنُ دِمْعَھَا: آنکھ کا آنسو بہانا ......الدِّرْعَ وشَلَّھَا عَلَیْہِ: زرہ پہننا ......الشَّيْءَ: کاٹنا۔

شَلَّ (ن) شَلًّا وشَلَلاً۔ الاِبِلَ: اونٹوں کو بھگانا۔ دھتکارنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ فُلاَنٌ یَشُلُّھُمْ بِالسَّیْفِ" فلاں گزرا اس حال میں کہ لوگوں کو تلوار سے بھگا رہا تھا۔ والصُّبْحُ یَشُلُّ الظَّلاَمَ" صبح تاریکی کو دور کر دیتی ہے۔

شَلَّتْ (س) شَلًّا وشَلَلاً وشُلَّتْ واُشِلَّتْ اِشْلاَلاً۔ یَدُہٗ: خشک ہونا۔ لنجا ہونا۔ ایسے ہاتھ کو (شَلاَّء) اور ایسے ہاتھ والے کو (اَشَلُّ) کہتے ہیں۔ جو شخص اچھی طرح تیر چلائے یا نیزہ بازی کرے اس کے لئے دعا کے طور پر کہتے ہیں "لاَ شَلَّتْ یَدَاکَ او لاَ شُلَّتْ عَشْرُکَ" تمہارے ہاتھ یا تمہاری دس انگلیاں بے کار نہ ہوں۔

اَشَلَّ: بیمار ہاتھ والا ہونا۔

اِنْشَلَّ۔ المَطَرُ: برسنا ......السَّیْلُ: سیلاب بڑھنا شروع ہونا ......الذِّئْبُ فِي الغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی ڈالنا۔ اِنْشَلَّتِ الاِبِلُ: بھاگنا۔

شَلاَلِ: مبنی علی الکسر۔ شَلَّ: کا اسم ہے۔ تیر انداز کے لئے دعا کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "لاَ شَلاَلِ" بمعنی لاَ شُلَّتْ یَدُکَ۔

الشَّلَلُ: مص۔ کپڑے دھونے کا داغ جو دھونے سے بھی نہ جائے۔ ہاتھ کی خرابی۔

الشَّلَلُ والشُّلُلُ والشَّلُوْلُ: تیز۔ خوش مزاج۔

الشِّلاَلُ: متفرق لوگ۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ شِلاَلاً" اونٹوں کو بھگاتے ہوئے لوگ آئے۔

الشَّلَّۃُ: اسم مرۃ (...... والشُّلَّۃُ والشُّلَی) دور کا مقصد۔ جہت سفر۔

الشَّلِیْلُ: اونی کپڑا کا ٹکڑا جس کو کجاوہ کے پیچھے جانور کے سرین میں ڈالتے ہیں۔ چھوٹی زرہ جو بڑی زرہ کے نیچے پہنی جائے۔ کرتہ جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔ وادی میں پانی بہنے کا بڑا نالہ۔ ج اَشِلَّۃ۔

الشَّلاَّلُ: آبشار۔ ج شَلاَّلاَت۔

المِشَلُّ: گردن پر ڈالنے کا کپڑا۔ رَجُلٌ مِشَلٌّ: سبک دست۔ تیز۔ خوش مزاج۔

شَلَّحَہٗ تَشْلِیْحًا: ننگا کرنا۔

الشَّلْحَاء والشَّلْحَی: تیز تلوار۔ ج شُلُحٌ۔

المُشَلَّحُ: حمام کا کمرہ جس میں کپڑے اتارے جائیں۔

شَلَخَہٗ (ن ف) شَلْخًا۔ بالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا۔

الشَّلْخُ: مص۔ اصل۔ جڑ۔ آدمی کی اولاد۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَلْخُ سُوْءٍ" وہ بری اولاد ہے۔

شَلْشَلَ شَلْشَلَۃً وشِلْشَالاً۔ المَاءُ: پانی

ٹپکنا۔۔۔۔۔۔الماءَ وبالماءِ : پانی متفرق چھڑکنا ۔۔۔۔۔۔الماءَ: پانی ٹپکانا۔۔۔۔۔۔السیفُ الدمَ: گرانا۔ صفت مفعولی (شَلْشَل ومُشَلْشِل ومُشَلْشَل)

تَشَلْشَلَ. الماءُ: پانی کا چھینٹا۔ بکھرنا۔۔۔۔۔۔ السیفُ بالدمِ: گرانا۔ کہا جاتا ہے "جاءَ و جُرحُهُ یَتَشَلْشَلُ دَمًا" وہ اس حال میں آیا کہ اس کے زخم سے خون ٹپک رہا تھا۔

الشَّلْشَل: ٹپکنے والی مشک۔ ماءٌ شَلْشَلٌ: لگاتار ٹپکنے والا پانی۔ ماءٌ ذُو شَلْشَلٍ: ٹپکنے والا پانی۔ (الشَّلْشَل والشُّلْشُل) مِنَ الرِّجالِ: تیز وسبک دست۔ خوش مزاج۔

الشَّلْطُ والشَّلْطاءُ: چھری۔

الشِّلْطَة: باریک اور لمبا تیر۔ ج شِلَط.

شَلَغَ (ف) شَلْغًا. الرأسَ: کچلنا۔ توڑنا۔

الشِّلْف. مِنَ الحدیدِ عندَ العامةِ: لوہے کی سلاخ۔

الشَّالُوف. عِندَ العامةِ: آبشار۔ آبشار گرنے کی جگہ۔

الشَّلَّافة. مِنَ النساءِ: بدکار عورت۔

شَلَقَهُ (ن) شَلْقًا: لمبا پھاڑنا یا چیرنا۔۔۔۔۔۔ه بالسوطِ: کوڑے سے مارنا۔

الشِّلْق والشَّلِیق: نرم کانٹوں والی ایک مچھلی۔ ج أَشْلاق.

الشِّلْقاء: چھری۔

الشَّلَقَة والشِّلْقَة: کوہ کے انڈے۔

الشَّلَّقَة: گھوڑوں کو سدھانے والے۔

الشَّلَقَة: موگری جس سے کسی چیز کو توڑیں۔

الشَّلَاق: فقیروں کا تھیلا۔

الشَّوْلَقِیّ: مٹھائی بیچنے والا یا مٹھائی کی زیادہ خواہش رکھنے والا۔

المِشْلِیق: ہنستے وقت منہ کھولنے والا۔

الشَّیْلَم والشَّوْلَم والشَّالَم: ایک قسم کا کڑوا دانہ جو گیہوں میں پیدا ہوتا ہے۔

الشِّلْم: چنگاری۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یَتطایرُ شِلْمُه" فلاں کے غصہ کی وجہ سے چنگاری اڑ رہی ہے۔

شَلا یَشْلُو شَلْوًا: چلنا۔۔۔۔۔۔الشیءَ: باہر کرنا۔

أَشْلَى إِشْلاءً. الکلبَ علی الصیدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔ بھڑکانا۔۔۔۔۔۔الناقةَ: اونٹنی کو دودھ نچوڑنے یا چارہ کے لئے بلانا۔

اِشْتَلَى. فُلانًا: چھڑانا۔

اِسْتَشْلَى: غضبناک ہونا۔۔۔۔۔۔ه: چھڑانا۔

الشِّلْو: عضو۔ اونٹنی کا بچہ۔ ہر پوست کشیدہ جس میں کچھ کھا لیا گیا ہو اور کچھ باقی رہ گیا ہو۔ ج أَشْلاء. إِشْلاءُ اللِّجامِ: لگام کے تسمے جو پرانے ہوں۔ أَشْلاءُ الإنسانِ: اعضاء انسانی۔ کہا جاتا ہے "بَنُو فُلانٍ أَشْلاءٌ فی بَنِی فُلانٍ" بنو فلاں بقایا ہیں بنو فلاں کے۔

الشِّلْو الشَّلاءُ: ہر چیز کا جسم۔

الشَّلِیّ: ہر چیز کا بقایا۔

الشَّالِیَة: مال کا بقیہ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَلَایا.

المُشَلِّی: لاغر نحیف۔

شَمَّ (س ن) شَمًّا وشَمِیمًا وشِمِّیمی. الوردَ: گلاب کا پھول سونگھنا۔۔۔۔۔۔ شَمَمًا: تکبر کرنا۔ الجبلُ: أو الأنفُ: چوٹی بلند ہونا۔ صفت (أَشَمّ وشَمِیم)

شُمَّ: آزمائش کیا جانا۔

شَمَّمَ. الزهرَ: پھول سونگھنا۔۔۔۔۔۔ه الزهرَ: پھول سونگھانا۔

أَشَمَّ: سر اٹھا کر گزرنا۔۔۔۔۔۔ الوردَ: گلاب کا پھول سونگھانا۔۔۔۔۔۔ عنِ الأمرِ: الگ ہونا۔ ہٹنا۔ أَشَمَّ القارئُ الحرفَ: اشمام کر کے وقف کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَشْمِمْنِی یَدَکَ" مجھے اپنا ہاتھ دو۔ و"عَرَضْتُ عَلَیهِ کَذا فَإِذا هُوَ مُشِمٌّ لا یُرِیدُهُ" میں نے اس پر فلاں چیز پیش کی اس نے ناک بھوں چڑھا لی۔ اس کی خواہش اسے نہیں۔

شَامَّ مُشامَّةً وتَشامًّا تَشامًّا: ایک دوسرے کو سونگھنا۔

اِشْتَمَّ. الشیءَ: سونگھنا۔

تَشَمَّمَه: آہستہ آہستہ سونگھنا۔

اِسْتَشَمَّه: سونگھنے کی درخواست کرنا۔ سونگھنا۔

الشَّمّ: مص۔ سونگھائی۔

الشَّامَّة: سونگھنے کی حس۔

الشَّمَم: مص۔ نزدیکی۔ دوری (ضد) ناک کے بانسہ کی بلندی حسن و ہمواری کے ساتھ۔

الشَّمِیم: مص۔ بلند۔ عمدہ خوشبو۔

الأَشَمّ: مغرور سردار۔ کریم۔ اونچی ناک والا۔ مؤنث شَمّاء. ج شُمّ.

الشَّمّام والشَّمُوم: بہت سونگھنے والا۔

الشَّمّام: ایک قسم کا زرد رنگ کا خربوزہ۔ واحد (شَمّامة) ج شَمّامات. الشمامات: عمدہ خوشبوئیں۔

الإشمام. عِندَ القُرّاءِ والنحاةِ: بغیر آواز کے ہونٹ سے حرکت کی طرف اشارہ کرنا۔

المَشْمُوم: مفع۔ جو چیز سونگھنے سے معلوم ہو۔ مشک۔

شَمِتَ (س) شَمَاتًا وشَماتَةً. بفلانٍ: کسی کی مصیبت پر خوش ہونا۔ صفت فاعلی۔۔۔۔۔۔ (شامِت) ج شُمّات اور صفت مفعولی (مَشْمُوت) بِه.

شَمَّتَ. العاطِسَ وشَمَّتَ علیهِ: یَرْحَمُکَ اللهُ: کہہ کر دعا کرنا۔ یا دعا کرنا کہ ایسی حالت میں مبتلا نہ ہو جس پر کسی کو شماتت کا موقع ملے۔۔۔۔۔۔ه: محروم کرنا۔ شَمَّتَ بَیْنَهُما: جمع کرنا۔

أَشْمَتَهُ. اللهُ بِعَدُوِّهِ: دشمن کے غم سے خوش کرنا۔

تَشَمَّتَ. القومُ: بلا غنیمت کے محروم واپس آنا۔

الشّامِت: فا۔ ج شُمّات.

الشّامِتة. الشّامِت: کا مؤنث۔ جانور کی ٹانگ۔ ج شَوامِت کہا جاتا ہے "باتَتْ بِلَیْلَةِ الشَّوامِتِ" اس نے سخت مصیبت میں رات گزاری جس پر خوش ہونے والی عورتوں نے خوشی منائی۔ وبات طوع الشوامت:

معیت پر خوش ہونے والی عورتوں کی خواہش کے مطابق اس نے رات گزاری۔
الشِمَات والشَمَاتَی: محروم لوگ (جمع ہے واحد نہیں) کہا جاتا ہے "رَجَعَ القَوْمُ شِمَاتًا او شَمَاتَی" قوم محروم واپس آگئی۔
شَمْپَانیا: فرانس میں بطور رواج عورتیں سر پرلیتی ہیں۔ وہاں کے شہر کے نام پر۔
شَمَجَ (ن) شَمْجًا. الشَئَ: ملانا...... الثَوْبَ: کپڑے کو دُور دُور سینا۔ شَمَجَهُ عَنْ کَذَا: الگ کرنا...... فُلانًا: جلدی کرانا۔
الشَمَاج: انگور کا وہ حصہ جو کھانے کے بعد پھینک دیا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَاذُقْتُ شَمَاجًا" یعنی میں نے کچھ نہیں چکھا۔ نَاقَة (شَمَجَی) تیز رفتار اُونٹنی۔
شَمْجَرَ. الرَّجُلُ: خوفزدہ کی طرح دوڑنا۔
الشَمَخط والشِمْخَاط والشُمْخُوط: بہت لمبا۔
شَمَخَ (ف) شَمْخًا وشُمُوخًا. الجَبَلُ: پہاڑ کا بلند ہونا۔ صفت (شَامِخٌ) ج شُمَّخ: مؤنث شَامِخَة ج شَوَامِخ وشَامِخَات (وشَمَخَ) اَنْفَه وبِاَنْفِه: تکبر سے ناک چڑھانا۔ صفت (شَمَّاخ)
تَشَامَخَ: بلند ہونا۔ تکبر کرنا۔
تَشَمَّخَ. بِاَنْفِه: تکبر کرنا۔
الشَامِخ: فَا۔ نَسَبٌ شَامِخٌ: شریف نسب رَجُلٌ شَامِخٌ: متکبر مرد۔
الشَمَّاخ. شَامِخ: کا مبالغہ جَبَلٌ شَمَّاخٌ: بہت بلند پہاڑ...... مَفَازَةٌ (شَمُوخٌ وشَمَخٌ) دور اطراف والا۔ بیابان۔
شَمْخَرَ شَمْخَرَةً: تکبر کرنا۔
اِشْمَخَرَّ اِشْمِخْرَارًا. الشَئُ: طویل ہونا...... الجَبَلُ: پہاڑ کا بلند ہونا۔
الشَمْخَر والشِمْخِر: متکبر مرد۔ بلند نظر۔ موٹا آدمی یا اُونٹ۔
الشَمَذَرُ والشِمَذَرُ والشِمْذَارُ: تیز رفتاری۔
الشِمَذَارَة والشِمِذَر: چست لڑکا۔

شَمَرَ (ن ض) شَمْرًا: تیز چلنا۔ تکبر سے چلنا...... النَخْلَ: کھجوریں کاٹنا۔
شَمَّرَ تَشْمِيرًا: تیز گزرنا......ہ: تیز چلانا۔ ...... الشَئَ: سمیٹنا...... السَفِيْنَةَ او الصَقْرَ: چھوڑنا۔
...... الثَوْبَ عَنْ سَاقَيهِ: اُٹھانا...... فِی الاَمْرِ: چستی کرنا...... لِلاَمْرِ: ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔
...... اِلَى المَكَانِ: قصد کرنا۔ شَمَّرَتِ الحَرْبُ وشَمَّرَتْ عَنْ سَاقَيهَا: سخت ہونا۔
اَشْمَرَهٗ: جلدی کرانا......ہ بِالسَيْفِ
تَشَمَّرَ وانْشَمَرَ: تیز چلنا یا تکبر سے چلنا...... الاَمْرَ: ارادہ کرنا اور آمادہ ہونا۔
الشِمْر: فیاض۔ سخی۔ صاحب بصیرت۔ پرکھنے والا۔ تجربہ کار۔
الشُمْرَة والشَمَار: ایک قسم کا پودہ ہے جس کے پھول زرد رنگ کے اور دانے سبز رنگ کے لمبے ہوتے ہیں۔ شَرٌّ (شِمِرٌّ) سخت بُرائی۔
الشَمُّور: الماس۔ ہیرا۔
الشِمِّير والشَمَرِیّ والشِمِرِّی والشِمِّرِیّ: تجربہ کار۔ دانائے اُمور۔ محنت سے کام کرنے والا۔ مِنَ الاِبِلِ: تیز رفتار۔ نَاقَة او الشَاة (شَامِرٌ او شَامِرَة) اُونٹنی یا بکری جن کے تھن پیٹ سے لگے ہوئے ہوں۔ لِثَةٌ شَامِرَةٌ: دانتوں کی جڑوں سے لگا ہوا مسوڑھا۔ ج شَوَامِر۔
المُشَمِّر: فَا۔ تجربہ کار۔ محنت سے کام کرنے والا۔
شَمْرَجَ. الثَوْبَ: دور دور ٹانکے لگا کر خراب سلائی کرنا...... فِی الكَلَامِ: گڑبڑ کرنا۔ خلط ملط کرنا۔
الشِمْرَاج: جھوٹ سے مخلوط گفتگو کرنا۔ ج شَمَارِيج. الشَمَارِيج: باطل باتیں۔
الشُمْرُج: باریک بناوٹ کا کپڑا۔
ثَوْبٌ (مُشَمْرَجٌ) باریک بناوٹ کا کپڑا۔
شَمْرَخَ. العِذْقَ: کھجور یا انگور کے گچھوں کو کاٹنا۔
الشُمْرُوخ والشِمْرَاخ: کھجور یا انگور کا گچھا۔ الشِمْرَاخ: پہاڑ کی چوٹی۔ بادل کا بالائی حصہ۔ الشُمْرُوخ: باریک ٹہنی جو سخت شاخ کے اوپر کے حصہ میں نکلے۔ ج شَمَارِيخ.
الشَمَرْدَل: جوان تیز رفتار خوبصورت اُونٹ وغیرہ۔
الشَمَرْدَلَة: خوبصورت اُونٹنی۔
الشَمَرْطَل والشَمَرْطُول: لمبا ڈیل ڈول مرد۔
الشَمَارِق والشَمَارِيق والمُشَمْرَق. مِنَ الثِيَابِ: کپڑا جو ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا ہو۔
شَمَزَتْ (ن) شَمْزًا. نَفْسُهٗ مِنْهُ: کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔
تَشَمَّزَ. الوَجْهُ: سکڑنا۔
اِشْمَأَزَّ اِشْمِئْزَازًا: خوفزدہ ہونا۔ کراہت کی وجہ سے بدن پر رونگٹے کھڑے ہونا ...... الشَئُ: مکروہ جاننا...... مِنْهُ: منقبض ہونا اور کراہت کی وجہ سے نفرت کرنا۔
شَمَسَ (ن) شُمُوسًا وشِمَاسًا: باز رکھنا۔ انکار کرنا...... لَهٗ: دشمنی ظاہر کرنا۔ برائی کا ارادہ کرنا...... الفَرَسُ: نہ چڑھنے دینا نہ زین لگانے دینا نہ ایک جگہ قرار لینا۔ صفت (شَمُوسٌ) ج شُمُسٌ وشُمْسٌ و(شَامِسٌ) ج شَوَامِس.
شَمَسَ (ن ض) شَمْسًا وشَمِسَ (س) شَمَسًا واَشْمَسَ. اَليَوْمُ: دھوپ والا ہونا۔ صفت (شَامِسٌ ومُشْمِسٌ) وشَمِسَ لِیْ: عداوت ظاہر ہونا اور چھپانے پر قادر نہ ہونا۔
شَمَّسَ. الكَافِرُ: آفتاب کی پرستش کرنا...... الشَئَ: دھوپ میں پھیلانا......ہ: نفرت دلانا۔
...... فُلَانٌ: شماس ہونا (دیکھو لفظ شماس)
شَامَسَهٗ: دشمنی کرنا۔
تَشَمَّسَ: دھوپ میں بیٹھنا یا کھڑا ہونا ...... عَلَيْنَا: بخل کرنا۔

الشَّمْسُ: مث۔ آفتاب۔ تصغیر شُمَيْسَة۔ ج شُمُوسٌ الشَّمْسِ: ایک قسم کی کنگھی۔ ایک قسم کا ہار۔ کہا جاتا ہے "بَسَطَ الشَّيْءَ فِي الشَّمْسِ" اس نے چیز کو دھوپ میں پھیلایا۔ و "دَخَلَتِ الشَّمْسُ فِي الْبَيْتِ" دھوپ گھر میں داخل ہو گئی۔

اَلشَّمْسُ: سورج جس کے درجہ حرارت کی مقدار سطح ۶۰۰۰ اور اندرونی ۹۰۰۰ ملین ذکر کی گئی ہے۔ اس کا قطر زمین کے قطر سے ۱۰۹ گنا زیادہ ہے۔

الشَّمِسُ والشَّمْسُ والشَّمُوسُ. مِنَ الْأَيَّامِ: دھوپ والا دن۔

الشَّمُوسُ: بہت سخت دشمنی کرنے والا۔ ج شُمُسٌ وشُمْسٌ.

الشَّامِسُ: فا۔ مِنَ الْأَيَّامِ: دھوپ والا دن۔ مِنَ الْخَيْلِ: گھوڑا جو نہ قرار پکڑے اور نہ سوار ہونے دے...... مِنَ الرِّجَالِ: دشوار خو۔ ج شَوَامِس.

الشَّمْسِيَّة. عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْن: چھتری (دھوپ یا بارش سے بچنے کے لئے) اور افصح یہ ہے کہ دھوپ سے بچانے والی کو ظُلَّة یا مُظَلَّة کہا جائے اور بارش سے بچانے کو غَالَة.

الشَّمَّاس: قسیس سے نیچے درجہ کا پادری۔ (کلمۂ سریانیہ ہے اس کے معنی خادم کے ہیں۔)

الْمُتَشَمِّس: فا۔ سخت۔ مضبوط۔ بخیل۔

الشِّمْشِل: ہاتھی۔

الشِّمْشِقَة: بمعنی۔ الشِّقْشِقَة.

الشَّمْشَلِيْق: ڈھیلے ڈھالے اعضاء کی بڑھیا۔ تیز رفتار۔

شَمَصَ (ن) شَمْصًا وشَمَصًا. الدَّوَابَّ: جانوروں کو تیز ہانکنا۔ شَمَّصَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا...... الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ یہاں تک کہ غضبناک ہو جائے۔ شَمَّصَ الشَّيْءَ: بے قرار کرنا۔

شَمِصَ (س) شَمَصًا: جلدی جلدی بولنا۔

اَشْمَصَ وانْشَمَصَ: خوفزدہ ہونا۔

تَشَمَّصَ: سکڑنا۔

الشِّمَاص: نکل جانا۔

الشُّمَاص: جلدی۔

الشَّمُوْص. مِنَ الْخَيْلِ: سرکش گھوڑا جو نہ سوار ہونے دے اور نہ زین کسنے دے۔

شَمْصَرَ شَمْصَرَةً. عَلَيْهِ: کسی پر سختی کرنا۔

شَمَطَ (ض) شَمْطًا. الشَّيْءَ: ملانا...... الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا...... الشَّجَرُ: درخت کا جھڑے ہوئے پتوں والا ہونا۔

شَمِطَ (س) شَمَطًا واشْمَطَّ اِشْمِيْطَاطًا واشْمَاطَّ اِشْمِيْطَاطًا واشْمَأَطَّ اِشْمِئْطَاطًا: سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔ صفت (اَشْمَط) ج شُمْط وشمطان: مؤنث شَمْطَاء ج شُمْط.

شَمَّطَهُ واَشْمَطَهُ. بِهِ: ملانا۔ اَشْمَطَ الرَّجُلُ: سر میں کھچڑی بالوں والا ہونا۔

الشَّامِط: وہ دیگ جس میں پوری بکری مع مسالا کے آ جائے۔

الشَّمَط والشَّمْط والشِّمْط: مسالا۔ ج شِمَاط واَشْمَاط.

الشَّمِيْط: مخلوط۔ صبح (چونکہ اس میں کچھ رات کی تاریکی ملی ہوئی ہوتی ہے۔)

الشَّمَطَات. فِي الرَّأْسِ: سر کے کچھ تھوڑے سے سفید بال۔

الشَّمُوْط. عِنْدَ الْعَامَّةِ: چیتا کا خوشہ۔ دھاگے کا لپٹا ہوا گولا۔

الشِّمْطَاط والشُّمْطُوْط والشِّمْطِيْط: گروہ۔ گلہ۔ ج شَمَاطِيْط: کہا جاتا ہے "جَاءُوْا شَمَاطِيْط: لوگ متفرق آئے۔ ثَوْبٌ شَمَاطِيْط: پھٹا ہوا کپڑا۔ الشُّمْطُوْط: لمبا۔

الشُّمْطَالَة: گوشت کا ٹکڑا مع چربی کے۔

شَمَظَهُ (ض ن) شَمْظًا: منع کرنا۔ کچھ نرمی اور کچھ سختی سے گفتگو کرنا۔ برانگیختہ کرنا اور معمولی حرکت دینا...... الشَّيْءَ: ملانا۔ تھوڑا تھوڑا لینا۔

شَمَعَ (ف) شَمْعًا وشُمُوْعًا ومَشْمَعًا: کھیل کود کرنا۔ مزاح کرنا۔ صفت (شَمُوْع) کہا جاتا ہے "اَشَامِعٌ اَنْتَ اَمْ جَادٌّ" تم مذاق کر رہے ہو یا واقعی بات کہہ رہے ہو۔ (...... شُمُوْعًا) الشَّيْءُ: متفرق ہونا۔

شَمَّعَ. الشَّيْءَ: پگھلے ہوئے موم میں غوطہ دینا یا اوپر سے ڈالنا...... الرَّجُلَ: کھیل کود یا مزاح پر اُکسانا۔

اَشْمَعَ. السِّرَاجُ: روشنی پھیلنا۔

الشَّمْعُ والشَّمَعُ: موم بتی۔ واحد (شَمْعَة وشَمَعَة) ج شَمَعَات. و (الشَّمَّاع) موم بتی بنانے والا یا بیچنے والا۔ و (الْمَشْمَعَة) موم بتی کا کارخانہ یا بکنے کی جگہ۔

الشِّمَاع والشِّمَاعَة: خوش طبعی۔ ہنسی مذاق۔

الشَّمُوْع. مِنَ النِّسَاءِ: ہنسی مذاق کھیل کود والی عورت۔

الشَّمْعَدَان: چراغ دان۔ ج شَمَاعِد وشَمْعَدَانَات: دان فارسی کا کلمہ ہے۔ شمعدان کے مقابل عربی میں مَنَارَة ہے۔

مِسْكٌ (مَشْمُوْع) عنبر ملا ہوا مشک۔

اِشْمَعَطَّ اِشْمِعْطَاطًا: غصے سے بھر جانا۔ ...... الْقَوْمُ فِي الطَّلَبِ: کسی چیز کو ڈھونڈنے میں جلدی کرنا اور پھیل جانا...... الإِبِلُ والْخَيْلُ: اُونٹوں اور گھوڑوں کا متفرق ہونا۔

شَمْعَلَ وتَشَمْعَلَ واشْمَعَلَّ. الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ پھیلنا۔ بکھرنا۔ اِشْمَعَلَّتِ الْحَرْبُ: لڑائی کا بھڑکنا...... الْغَارَةُ: ہر جانب سے غارت واقع ہونا...... الإِبِلُ: اُونٹوں کا خوشی میں ہو کر اِدھر اُدھر متفرق ہونا۔ اِشْمَعَلَّ الرَّجُلُ: اوپر سے جھانکنا۔ بغیر ہنسی مذاق کے گزر جانا۔

شَمِقَ (س) شَمَقًا: جنون کی حد تک جوش ہونا۔

تَشَمَّقَ: شادماں ہونا۔

الشَّمَاقَة: جنون۔ شادمانی۔ چستی۔

الشَّمِقُ والشَّمَقْمَق لمبا۔ شادماں۔

شَمَلَتْ (ن) شُمُولاً. الرِّيحُ: بادشالی چلنا (..... شَمْلاً. الشَّیْءَ): بادشالی کے سامنے کرنا ..... بہ: بائیں جانب لینا ..... النَّخلَةَ: تیار کھجوروں کو چن لینا۔

شَمَلَ (ن ض) شَمْلاً. الشَّاةَ: بکری کے تھن پر تھیلا چڑھانا۔

شَمِلَهُ (س) شَمْلاً وشُمُولاً: چادر میں لپیٹنا۔

شَمِلَ (س) شَمَلاً وشَمِلَ وشَمَلاً. القَوْمُ: بادشالی لگنا۔

شَمَلَ (ن) وشَمِلَ (س) شَمْلاً وشَمَلاً وشُمُولاً. الاَمْرُ القَوْمَ: عام ہونا۔ شامل ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَمَلَ القَوْمَ خَیْرًا او شَرًّا" اس کی بھلائی یا برائی ساری قوم کو عام ہوگئی۔

شَمَّلَهُ تَشْمِیلاً: چھوٹی چادر میں لپیٹنا۔

شَمَّلَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ بائیں ہاتھ سے پکڑنا۔

اَشْمَلَ. القَوْمُ: بادشالی میں داخل ہونا۔ الرِّیحُ: بادشالی چلنا ..... الشَّاةَ: بکری کے تھن کے لئے تھیلا بنانا ..... القَوْمَ خَیْرًا او شَرًّا: خیر یا شر کو سب کے لئے عام کرنا ..... الرَّجُلُ: بڑی چادر والا ہونا۔ اَشْمَلَهُ: بڑی چادر دینا ..... النَّخلَةَ: پختہ کھجوروں کو چن لینا۔

تَشَمَّلَ. بالشَّمْلَةِ: چادر میں لپیٹنا۔

اِشْتَمَلَ: جلدی کرنا ..... فِی الحَاجَةِ: آمادہ ہونا، ارادہ کرنا ..... بالثَّوْبِ: سارے جسم پر لپیٹنا۔ الاَمْرَ عَلَیْهِ: گھیرنا۔ احاطہ کرنا۔ عَلٰی فُلَانٍ: بچانا۔

اِنْشَمَلَ: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْشَمَلَ فی حاجته" اس نے اپنی حاجت میں جلدی کی۔

الشَّمْلُ: مص۔ بادشالی۔ امر مجتمع۔ امر متفرق (ضد) کہا جاتا ہے "جَمَعَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے امور متفرق کو جمع کرے۔ "فَرَّقَ اللّٰهُ شَمْلَهُمْ" اللہ ان کے اجتماع کو توڑ دے (..... والشَّمَلُ) کھجوروں کا گچھا اور بقول بعض کم دانوں والا گچھا۔

الشَّمَلُ: مص۔ بادشالی۔ پناہ۔ تھوڑی بارش۔ تھوڑی تعداد کھجور آدمی وغیرہ کی۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَنَا شَمَلٌ مِنَ المَطَرِ" ہم لوگوں پر تھوڑی بارش ہوئی۔ و "مَا عَلٰی النَّخلَةِ الاَّ شَمَلٌ" کھجور کے درخت پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ ج اَشْمَال۔

الشَّمْلَةُ: جسم کو ڈھانکنے والی چادر۔ ج شَمَلاتٌ اُمُّ شَمْلَةَ: دنیا۔ شراب۔ آفتاب۔

الشِّمْلَةُ: لپٹنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَسَنُ الشِّمْلَةِ"۔

الشَّمَالُ والشِّمَالُ والشَّمْاَلُ والشَّمْأَلُ والشَّمِیلُ والشَّمُولُ والشَّوْمَلُ والشَّیْمَلُ: بادشالی۔ کہا جاتا ہے "هَبَّتِ الشَّمَالُ او رِیحٌ شَمَالٌ": بادشالی چلی۔ ج شَمَالاتٌ۔ الشِّمَالُ: بکری کے تھن کا غلاف۔ والشِّمَالُ۔ ج اَشْمُلٌ وشُمُلٌ وشِمَالٌ (بلفظ الواحد) وشَمَائِلُ: بایاں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِنْدِی بالشِّمَالِ" فلاں میرے نزدیک کم رتبہ والا ہے۔ و "هُوَ عِنْدِی بالیَمِینِ" وہ میرے نزدیک اچھے مرتبہ پر ہے۔ الشِّمَالُ: اثر۔ بدبختی۔ بکری کے تھن کا داغ۔ کھیتی کا ایک مٹھا جس کو ہاتھ میں پکڑ کر کاٹنے والا کاٹے۔ طَیْرٌ شِمَالٌ: وہ پرندہ جس سے بدشگونی کی جائے۔ نَاقَةٌ شِمَالٌ: تیز رفتار اونٹنی۔

الشِّمَالُ. ج شَمَائِلُ: سیرت۔ عادت۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ مِنْ شِمَالِی اَنْ اَعْمَلَ بِشِمَالِی" میری عادت نہیں کہ بائیں ہاتھ سے کام کروں۔

الشَّمِیلَةُ: طبیعت۔ ج شَمَائِل۔

الشَّمِیلُ: چادر سے لپٹا ہوا۔

الشَّمُولُ: شراب یا ٹھنڈی شراب۔

الشِّمِلُ: تھوڑی کھجوروں کا گچھا۔ نَاقَةٌ شِمِلَّةٌ: تیز رفتار اونٹنی۔

الشِّمَالُ: بایاں۔

الشَّمْأَلَةُ: شکاری کے لئے شکار سے چھپنے کی جگہ۔ ج شَمَائِل۔

المِشْمَلُ: چھوٹی تلوار۔ خنجر پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ (..... والمِشْمَلَةُ والمِشْمَالُ) جسم کو ڈھانکنے والی بڑی چادر۔ لحاف۔

المَشْمُولُ: مفع۔ جس پر بادشالی چلی ہو۔ پسندیدہ اخلاق والا۔

المَشْمُولَةُ: شراب اور بقول بعض ٹھنڈی شراب۔ لَیْلَةٌ مَشْمُولَةٌ: ٹھنڈی رات۔ اخلاق مَشْمُولَةٌ: برے اخلاق۔

شَمْلَلَ. الرَّجُلُ: جلدی کرنا ..... النَّخلَةَ: پختہ کھجوروں کو چن لینا۔ جَمَلٌ او نَاقَةٌ (شِمْلالٌ وشِمْلِیلٌ) تیز رفتار اونٹ یا اونٹنی۔ والشِّمْلالُ: بایاں۔

الشُّمْلُولُ: کھجوروں یا بارش کی تھوڑی مقدار یا آدمیوں کی تھوڑی تعداد۔ ج شَمَالِیلُ۔

الشُّمْلِیلُ: شاخ کے سر پر متفرق ٹہنیاں۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَی النَّخلَةِ الاَّ شَمَالِیلُ" درخت خرما پر تھوڑی سی کھجوریں ہیں۔ و "ذَهَبُوا شَمَالِیلَ" وہ متفرق ہوکر چلے گئے۔ "ثَوْبٌ شَمَالِیلُ" پھٹا پرانا کپڑا۔

شَمْلَقَ. اِمْرَأَةٌ (شَمْلَقٌ) بری عادت والی عورت۔

الشَّمَنْدَرُ والشَّمَنْدُورُ: چقندر۔ شلغم نما۔

الشَّمَنْدَفِرُ والشَّمَنْدُوفُرُ: انجن۔ ریل گاڑی۔

شَمْهَدَ. السِّکِّینَ: تیز کرنا۔ الحَدِیدَةَ: پتلا کرنا۔

الشُّمْهُدُ: تیز چیز۔ ہلکا پھلکا۔ تیز دانتوں والا کتا۔

شَمَا یَشْمُو شُمُوًّا. الرَّجُلُ: بلند شان والا ہونا۔

الشَّمَا: موم۔

شَنَّ (ن) شَنًّا. المَاءَ عَلَی الشَّرَابِ: متفرق چھینٹا دینا۔ (..... واَشَنَّ) الغَارَةَ

عَلَيْهِمْ: چاروں طرف سے لوٹ ڈالنا۔
شَنَّتْ (ض) واَشَنَّتْ وشَنَّتْ. القِرْبَةُ: مشک پرانی اور خشک ہونا۔
تَشَنَّنَ وتَشَانَ. الجِلْدُ: کھال خشک ہونا۔ سکڑنا...... جِلْدُ الإنْسَانِ: بڑھاپے کے وقت جھری والا ہونا(...... واَشْتَنَّ) السِقَاءُ: مشک پرانی ہونا۔ تَشَانُّ الشَيْآن: باہم ملنا۔
اِسْتَشَنَّ: دبلا ہونا...... إلَى اللَّبَنِ: دودھ کا خواہش مند ہونا۔ اِسْتَشَنَّتْ القِرْبَةُ: مشک پرانی ہونا۔
الشَّنّ: مص۔ ج شِنَان واَشْنَان و(الشَنَّةُ) چھوٹی پرانی مشک۔ قَوْسٌ شَنَّةٌ: پرانی کمان۔ کہا جاتا ہے "قِرْبَةٌ اَشْنَانٌ" پرانی مشک۔ ہر جزء کو مشک قرار دے کر اَشْنَان: جمع لاتے ہیں۔
الشَّنُون: موٹا۔ دبلا (ضد) بھوکا۔
الشَّنِيْن: دودھ جس پر پانی ڈالا گیا ہو۔
الشُّنَان: ٹھنڈا پانی۔ پانی برسانے والا۔ بادل۔ مَاءٌ شُنَانٌ: متفرق پانی۔
الشُّنَانَة: مشک یا درخت سے ٹپکنے والا پانی۔
الاُشْنَان: ایک قسم کی گھاس جو ہاتھ دھونے کے کام آتی ہے۔
شَنَأَ (ف) وشَنِئَ (س) شَنْأً وشُنْأً وشَنْأَةً وشَنَآنًا وشَنْآنًا ومَشْنَأً ومَشْنَأَةً ومَشْنُؤَةً. الرَّجُلَ: بغض رکھنا۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ صفت فاعلی (شَانِئٌ) ج شُنَّا: مؤنث شَانِئَةٌ۔ شَوَانِئ وصفت مفعولی (مَشْنُوْءٌ)
شَنِئَ (س) شَنَاءَةً. الشَيْءَ: نکالنا...... حقه او بحقه: اقرار کر کے دینا۔
شُنِئَ: جمیل ہوتے ہوئے مکروہ ہونا۔
تَشَانَأ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔ الشَنَاءَةُ: بغض۔ دشمنی۔
الشَوَانِي. شَانِئَة: کی جمع۔ شَوَانِي المَال: ایسے اموال جن کے لئے بخل نہ کیا جائے۔
الشَّنْآن: بغض رکھنے والا۔ مؤنث شَنْآنَةٌ وشَنْأَى. رَجُلٌ (شَنَائِيَةٌ) بغض رکھنے والا مرد۔
المِشْنَأ: وہ شخص جس سے لوگ بغض رکھیں۔ ایسے امور کا ارتکاب کرنے والا جن کی وجہ سے لوگ دشمنی کریں۔
المَشْنَأ: فتیح (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے) لوگوں سے دشمنی کرنے والا۔
شَنِبَ (س) شَنَبًا. اليَوْمُ: ٹھنڈا ہونا۔ صفت (شَانِبٌ وشَنِبٌ) اور اسم (الشُّنْبَة) ...... الرَّجُلُ: سفید خوبصورت دانتوں والا ہونا۔ صفت (اَشْنَب وشَانِب وشَنِيب ومِشْنَب)
المَشَانِب: خوشبودار منہ۔
الشَّنْبَاء: سفید خوبصورت دانتوں والی عورت۔ انار کی ایک قسم جس میں گٹھلی نہیں ہوتی صرف رس ہی رس ہوتا ہے۔
شَنُبَ. الهَوَى قَلْبَه: محبت کا دل میں جاگزیں ہونا۔
الشَّنْبَث والشُّنَابِث: شیر۔ سخت۔
شَنْبَلَهُ شَنْبَلَةً: بوسہ دینا۔
الشَّنْتَة: قاتل۔
شَنْتَرَ. ثَوْبَهُ: کپڑے کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الشُّنْتُرَة: انگلی۔ دو انگلیوں کے درمیان کا حصہ۔ ج شَنَاتِر۔ کہتے ہیں "لَاضُمَّنَّكَ ضَمَّ الشَّنَاتِرِ" یعنی میں تجھ کو انگلیوں کی طرح ملاؤں گا۔
شَنِجَ (س) شَنَجًا واَشْنَجَ وتَشَنَّجَ وانْشَنَجَ. الجِلْدُ: کھال کا گرمی یا سردی سے سکڑنا۔ جھری دار ہونا۔ جلد کی صفت (شَنِج اور صاحب جلد کی صفت (شَنِج واَشْنَج)
شَنْجَهُ: سکیڑنا۔
الشَّنَج: مص۔ اُونٹ۔
شَنَّخَ. عَلَيْهِ: برا بھلا کہنا۔
الشَّنَاح والشَّنَاحِي والشَّنَاحِيّ والشَّنَاحِيَة: موٹا اور لمبا اُونٹ۔ مؤنث شَنَاحِيَة.
شَنَّخَ. النَّخْلَ: درخت خرما کے کانٹے دور کرنا۔
الشِّنَاخ: پہاڑ کی نوک۔
الشِّنْخَاب والشُّنْخُوب والشُّنْخُوبَة: پہاڑ کی چوٹی۔ ج شَنَاخِيب. الشُّنْخُوب: کندھے کے اوپر کا حصہ۔ ریڑھ کی ہڈی۔
الشَّنْخَفَة: تکبر و غرور۔
الشِّنْخِف: لمبا موٹا۔
الشَّنْخِيف: موٹا آدمی۔
الشِّنْخِم: موٹا۔
الشُّنْذُخ: گٹھے بدن کا مضبوط و لمبا۔ شیر۔ سفر سے واپسی یا عمارت کی تیاری کی دعوت۔ رَجُلٌ شِنْذِيرَةٌ وشِنْذَارَةٌ: گندی زبان والا مرد۔
شَنَّرَ. عَلَيْهِ: عیب لگانا۔ رسوا کرنا۔
الشَّنَار: عار۔ بدترین عیب۔
الشِّنْظِير والشِّنْظِيرَة: بدخلق۔ بداشرے۔ بدعیبی۔
الشَّنَارِيّ: بلی۔
شَنْزَ. الشُّوْنِيز والشِّيْنِيز: کلونجی۔
الشَّنْزَب: بہت سخت۔
شَنْزَرَ شَنْزَرَةً. الرَّجُلُ: سخت ہونا۔
الشَّنْزَرَة: مص۔ سختی۔
الشِّنْشِنَة: عادت۔ طبیعت۔ گوشت کا ٹکڑا۔ ج شَنَاشِن.
الشَّنْشَنَة: کاغذ یا نئے کپڑے کی حرکت کی آواز۔
شَنَصَ (ن) شَنِصَ (س) شُنُوصًا. بِهِ: چمٹنا۔ فَرَسٌ (شَنَاصٌ وشَنَاصِيٌّ وشُنَاصِي وشَنَاصِيَةٌ) عمدہ مضبوط لمبا گھوڑا۔
الشُّنْصُرَة والشِّنْصِير: موٹائی۔ سختی۔
الشِّنْصِير: جائے پناہ۔
الشُّنُط: پکے ہوئے گوشت کے ٹکڑے۔
المُشْنَط: بھنا ہوا گوشت۔ شِوَاءٌ مُشَنَّطٌ: اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔
شَنَطَ. شِنَاطٌ. الجَبَل: پہاڑ کی چوٹی۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ ذَاتُ شِنَاطٍ" گٹھے بدن والی پر گوشت عورت۔

الشَّنْظَب: لمبا اور خوبصورت۔
شَنْظَر بِهِم: گالی دینا۔ فحش بکنا۔
الشِّنْظِيْر والشِّنْظِيْرَةُ والشُّنْظُوْرَةُ: بد خلق۔ چٹان جو پہاڑ سے پھٹ کر گرے۔
شِنْظِيْرَة کی جمع شَنَاظِيْر۔ شَنَاظِيْرُ الجَبَلِ: پہاڑ کے اطراف۔
الشُّنْظُوْف: ہر چیز کی شاخ۔
شَنْظَى بِهِ: برا بھلا سنانا۔
شُنْظُوَةُ الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کا کنارہ۔ ج شَنَاظٍ۔
شَنَعَهُ (ف) شَنْعًا: قبیح سمجھنا۔ گالی دینا۔ رسوا کرنا۔
شَنِعَ (س) شَنَعًا بِهِ: قبیح سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "رَأى اَمْرًا شَنِعَ بِهِ" اس نے ایسا معاملہ دیکھا جس کو قبیح سمجھا۔
شَنُعَ (ک) شَنَاعَةً وشُنْعًا وشَنْعًا وشُنُوْعًا: قبیح ہونا۔ صفت (شَنِيْع) ج شُنُعٌ و(شَنِعٌ واَشْنَعُ)
شَنَّعَ الرَّجُلَ: بہت برا بھلا کہنا۔۔۔۔عَلَيْهِ الاَمْرَ: قبیح قرار دینا۔۔۔۔الرَّجُلُ: آمادہ وتیار ہونا۔۔۔۔ واَشْنَعَ البَعِيْرُ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔
تَشَنَّعَ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ لِلْاَمْرِ: تیار ہونا۔۔۔۔السِّلَاحَ: ہتھیار پہننا۔۔۔۔الغَارَةَ: لوٹ ڈالنا۔۔۔۔القَوْمُ: اختلاف رائے کی وجہ سے خراب حالت والی ہونا۔۔۔۔الرَّجُلُ: برے کام کا ارادہ کرنا۔۔۔۔الفَرَسَ: گھوڑے پر سوار ہونا۔ چڑھنا۔۔۔۔الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
اِسْتَشْنَعَهُ: قبیح سمجھنا۔ مکروہ سمجھنا۔
الشُّنْعَةُ والشَّنَاعَةُ والشُّنُوْعُ: قباحت۔
المُشَنِّعُ: قبیح۔ بے حقیقت خبروں کا پھیلانے والا۔
المَشْنُوْعُ: مص۔ برائی میں مشہور۔
الشِّنْعَابُ: لمبے قد وقامت کا مرد۔
الشُّنْعُوْف والشِّنْعَاف: پہاڑ کی چوٹی۔ بلند پہاڑ۔ لمبا وکمزور مرد۔

الشَّنْعَفَةُ: لمبائی۔
شَنَفَ (ن ض) شَنْفًا اِلَيْهِ: تعجب یا اعتراض کی نظر سے دیکھنا۔
شَنِفَ (س) شَنَفًا فُلَانًا اور لِفُلَانٍ: بغض رکھنا۔۔۔۔لَهُ: سمجھ جانا۔۔۔۔بِهِ: تاڑ جانا۔
شَنَّفَ الكَلَامَ: حزین کرنا۔۔۔۔اِلَيْهِ: کنکھی سے دیکھنا۔۔۔۔واَشْنَفَ الجَارِيَةَ: لڑکی کے لئے ایزرنگ بنانا۔ بالی بنانا۔
تَشَنَّفَتِ الجَارِيَةُ: لڑکی کا ایزرنگ پہننا۔ بالی پہننا۔
الشَّانِفُ: فا۔ اعراض کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهُ لَشَانِفٌ عَنَّا بِاَنْفِهِ" وہ اپنے آپ کو ہم سے برتر سمجھتا ہے۔
الشَّنْفُ: مص۔ بالی۔ ایزرنگ۔ ج شُنُوْف واَشْنَاف۔
الشَّنِفُ: بغض رکھنے والا۔
شَنَقَ (ن ض) شَنْقًا البَعِيْرَ: سوار ہونے کی حالت میں لگام کھینچنا۔۔۔۔القِرْبَةَ: مشک کو سر پر باندھ کر دونوں ہاتھوں سے سر بند کو پکڑنا۔۔۔۔رَاسَ الدَّابَّةِ: درخت یا اونچے کھونٹے سے جانور کے سر کو باندھنا اور اسی سے مولدین کے نزدیک لفظ "الشَّنْق" ہے جس کے معنی مجرم کو پھانسی دینے کے ہیں۔۔۔۔الشَّيْءَ: لٹکانا۔۔۔۔الخَلِيَّةَ: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔
شَنِقَ (ض) شَنْقًا وشَنِقَ (س) شَنَقًا: کسی چیز سے محبت کرنا اور گرویدہ ہو کر رہنا۔
شَنَّقَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔۔۔۔الخَلِيَّةَ: شہد کے چھتے میں لکڑی ڈالنا۔
اَشْنَقَ البَعِيْرَ والقِرْبَةَ: بمعنی شَنَقَ البَعِيْرَ والقِرْبَةَ۔۔۔۔البَعِيْرُ: اونٹ کا سر اٹھانا۔۔۔۔عَلٰى فُلَانٍ: دست درازی کرنا۔۔۔۔الرَّجُلُ: خون بہا لینا یا خون بہا واجب ہونا۔ (ضد)۔۔۔۔الشَّيْءَ: لٹکانا۔۔۔۔غَنَمَهُ اِلٰى غَنَمِ زَيْدٍ: ملا کر بڑھانا۔۔۔۔اليَدَ اِلَى العُنُقِ: ہاتھ کا گلے میں گھیرا ڈالنا۔
شَانَقَهُ مُشَانَقَةً وشِنَاقًا: اپنے مال کو کسی کے مال سے ملانا۔

تَشَانَقَا: اپنے مال کو دوسرے کے مال سے ملانا۔
الشَّنَقُ: مص۔ تاوان زخم۔ رتی۔ سر کی لمبائی۔ گٹھری۔
الشِّنَاقُ: مص۔ مشک کا بندھن۔ تانت سر کی لمبائی۔ ہر وہ ڈوری جس سے کوئی چیز لٹکائی جائے۔ رسی جس سے اونٹ کے سر کو کھینچا جائے۔ ہاتھوں کو مونڈھوں سے ملا کر باندھنے کی رسی۔ ج شُنُق واَشْنِقَة۔
القَلْبُ (والشَّنِقُ) مشتاق وخواہش مند دل۔ ج اَشْنَاق۔ فَرَسٌ (اَشْنَقُ) لمبے سر کا گھوڑا اور ایسا ہی بَعِيْرٌ اَشْنَقُ: مؤنث شَنْقَاء وشِنْقَاء۔
الشُّنْقَاءُ: وہ پرندہ جو اپنے بچہ کو چوگا دے۔
الشَّنِيْقُ: پھانسی دیا ہوا۔ وہ لکڑی جس پر تھوڑا سا شہد لگا کر چھتے میں رکھ دیتے ہیں۔ منہ بولا بیٹا۔
الشِّنِّيْقُ: خود پسند۔ الشِّنِّيْقَةُ: عشق باز عورت۔
اَلْمُشَنْكَلُ: ج شَنَاكِلُ: دروازہ یا کھڑکی کا دستہ بند کرنے اور کھولنے کے لئے۔ کپڑے لٹکانے کے لئے کیل۔
المِشْنَاقُ: ہر چیز کی طرف نظر ڈالنے والا۔
شَنَمَ (ن) شَنْمًا الجِلْدَ: خراش لگانا۔ مَاءٌ (شَنِمٌ) ٹھنڈا پانی۔
الشُّنُمُ: کٹے ہوئے کان والے۔
الشِّنْمُ: چنگاری جو اڑے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَايَرُ شِنَمُهُ" فلاں سے غصہ کی وجہ سے چنگاری اڑ رہی ہے۔
شَنْهَقَ اوشَهْنَقَ الحِمَارُ: گدھے کا ڈھینچوں ڈھینچوں کرنا۔ یہ کلمہ عوام کے نزدیک ہے۔ فصیح لفظ نَهَقَ یا شَهَقَ ہے۔
الشَّانِيَةُ: بڑا جنگی جہاز۔ ج شَوَانٍ (مفرد کا استعمال نادر ہے۔)
شَهِبَ (س) وشَهُبَ (ک) شَهَبًا: سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (شَاهِب واَشْهَب) عَامٌ اَشْهَبُ: خشک

سال۔ یَوْمٌ اَشْهَبُ: ٹھنڈی ہوا اور پالے کا دن۔ جَيْشٌ اَشْهَبُ: قوی و مضبوط لشکر۔ ج شُهْبٌ.

شَهَبَهُ (ف) شَهْبًا وشَهَبَةً. الحَرُّ: گرمی کا جلس دینا۔

اَشْهَبَ. العَامُ القَوْمَ: قوم کے اموال کو تباہ کر دینا۔

اِشْهَبَّ واشْهَابَّ واشْتَهَبَ: سیاہی ملی ہوئی سفید رنگ والا ہونا۔ الـزرع: خشک و زرد ہونا اور کچھ سبزی باقی رہنا۔

الشَّهْبُ: مص۔ برف سے ڈھکا ہوا پہاڑ۔

الشُّهْبُ والشُّهْبَةُ: سفیدی جس میں کچھ کچھ سیاہی ملی ہوئی ہو۔

الشِّهَابُ: آگ کی چمک۔ ٹوٹا ہوا تارہ۔ تارہ۔ نیزہ کا پھل۔ ج شُهُبٌ وشُهْبَانٌ وشِهْبَانٌ واَشْهُبٌ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ شِهَابُ حَرْبٍ" جبکہ جنگ میں کود پڑنے والا ہو۔

الاَشْهَبُ: شیر۔ دشوار کام۔

الشَّهْبَاءُ اَشْهَبُ کا مؤنث۔ شہر حلب کا لقب ...... مِنَ الكَتَائِبِ: بہت ہتھیاروں والا بڑا لشکر۔ سَنَةٌ شَهْبَاءُ: بغیر بارش اور سبزی کے خشک سال یا بہت برف والا سال۔

الشَّهَابُ والشَّهَابَةُ: دودھ جس میں دو تہائی پانی ملا ہوا ہو۔

الاَشَاهِبُ: منذر لخمی کی اولاد۔

الشَّافَتْرَجُ والشَّتْهَرُ شاهتره.

شَهِدَ (س) شُهُوْدًا. المَجْلِسَ: حاضر ہونا ...... الشَّيْءَ: معائنہ کرنا۔ اطلاع پانا ...... الجُمُعَةَ: پانا ...... عَلَى كَذَا: گواہی دینا۔ صفت (شَاهِدٌ) ج شُهُوْدٌ وشُهَّدٌ.

شَهِدَ (س) وشَهُدَ (ک) شَهَادَةً. عِنْدَ الحَاكِمِ لِفُلَانٍ اَوْ عَلَى فُلَانٍ: گواہی دینا۔ صفت (شَاهِدٌ) ج شَهْدٌ وشُهُوْدٌ واَشْهَادٌ.

شَهِدَ اللهُ: جاننا یا قبول فرمانا۔ شَهِدَ بِكَذَا: قسم کھانا۔

شَاهَدَهُ مُشَاهَدَةً: معائنہ کرنا۔

اَشْهَدَهُ: حاضر کرنا۔ اَشْهَدَ فُلَانًا عَلَى كَذَا: گواہ بنانا۔

اِسْتَشْهَدَهُ: گواہی دینے کو کہنا۔

اِسْتَشْهَدَ بِهِ: گواہی کے معاملہ کو مدد دینا۔

اُشْهِدَ واُسْتُشْهِدَ: اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔

تَشَهَّدَ: گواہی طلب کرنا ...... المُسْلِمُ: التحیات پڑھنا۔

الشُّهْدُ والشَّهْدُ: شہد جو موم سے جدا نہ کیا گیا ہو۔ ج شِهَادٌ اور (الشُّهْدَةُ والشَّهْدَةُ) اس سے خاص ہے۔

الشَّهَادَةُ: مص۔ یقینی خبر۔ گواہی۔ قسم۔ اللہ کے راستہ میں قتل ہونا۔ عالم ظاہر جو عالم غیب کے مقابل ہے۔

الشَّاهِدُ: فا۔ زبان اور اسی سے قول ہے "مَا لَهُ رُوَاءٌ وَلَا شَاهِدٌ" یعنی اس کے لئے نہ تو حسن منظری ہے نہ زبان۔ قوام۔ ستارہ۔ صَلَاةُ الشَّاهِدِ: مغرب کی نماز۔ وہ عبارت جو کسی قاعدہ نحو وغیرہ کے ثابت کرنے کے لئے نقل کی جائے۔ الشَّاهِدُ مِنَ الاُمُوْرِ: جلدی۔

الشَّاهِدَةُ. الشَّاهِدُ: کا مؤنث۔ زمین۔ ج شَاهِدَاتٌ وشَوَاهِدُ.

الشَّهِيْدُ والشَّهِيْدُ: حاضر۔ گواہی میں امانت دار۔ وہ ذات جس کے علم سے کوئی چیز غائب نہ ہو۔ اللہ کی راہ میں مقتول۔ اسم (الشَّهَادَةُ) ج شُهَدَاءُ مؤنث شَهِيْدَةٌ.

المَشْهَدُ: لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اللہ کی راہ میں مقتول ہونے کی جگہ۔ ج مَشَاهِدُ.

المَشْهَدَةُ والمَشْهُدَةُ: لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ۔

المُشْهَدُ: اللہ کے راستہ کا مقتول۔

المُشْهِدُ: فا۔ اِمْرَاَةٌ مُشْهِدَةٌ: وہ عورت جس کا شوہر موجود ہو اور اس کا مقابل "اِمْرَاَةٌ مُغِيْبَةٌ" ہے۔ یعنی وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو۔

المَشْهُوْدُ: مفع۔ جمعہ کا دن۔ قیامت کا دن۔ عرفہ کا دن۔

شَهْدَرَ شَهْدَرَةً. الغُلَامُ او الجَارِيَةُ: لڑکے یا لڑکی کا تین اور چھ سال کے درمیان حرکت کرنا۔

الشَّهْدَرُ: دولت مند۔ مؤنث شَهْدَرَةٌ.

الشِّهْدَارَةُ: بدزبان۔ فساد انگیز۔ گٹھے بدن کا پستہ قد۔

شَهَرَهُ (ف) شَهْرًا وشُهْرَةً. بِكَذَا: مشہور کرنا۔ شَهَرَ وشَهَّرَ السَّيْفَ: تلوار کو سونت کر بلند کرنا۔ وشَهَّرَ فُلَانًا: رسوا کرنا۔

اَشْهَرَ: ایک مہینہ کسی حال میں ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَشْهَرْنَا فِي هٰذَا المَكَانِ" ہم نے اس جگہ ایک مہینہ قیام کیا۔ اَشْهَرَتِ المَرْاَةُ: ولادت کے مہینے میں داخل ہونا ...... الاَمْرَ: ظاہر کرنا۔ مشہور کرنا۔

شَاهَرَهُ شِهَارًا ومُشَاهَرَةً: ماہواری پر معاملہ کرنا۔

اِشْتَهَرَ. الاَمْرُ: مشہور ہونا ...... الاَمْرَ: مشہور کرنا ...... بِالفَضْلِ: فضیلت میں مشہور ہونا۔

الشَّهْرُ: ماہ۔ کسی سال کے کل ماہ مع ایام درج ذیل: کانون الثانی (۳۱ دن)۔ شباط (۲۸ دن)۔ لیپ سال میں (۲۹ دن) آذار (۳۱ دن) نیسان (۳۰ دن) ایار (۳۱ دن) حزیران (۳۰ دن) تموز (۳۱ دن) آب (۳۱ دن) ایلول (۳۰ دن) تشرین الاول (۳۱ دن) تشرین الثانی (۳۰) کانون الاول (۳۱)۔

یعنی جنوری، فروری، مارچ، اپریل، مئی، جون، جولائی، اگست، ستمبر، اکتوبر، نومبر، دسمبر۔

محرم (۳۰ دن) صفر (۲۹ دن) ربیع الاول (۳۰ دن) ربیع الثانی (۲۹ دن) جمادی الاول (۳۰ دن) جمادی الآخرۃ (۲۹ دن) رجب (۳۰ دن) شعبان (۲۹ دن) رمضان (۳۰ دن) شوال (۲۹ دن) ذوالقعدہ (۳۰ دن) ذوالحجہ (۲۹ دن)

عربوں کے نزدیک حرمت والے چار ماہ ہیں: ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم اور رجب۔

الشَّهْر : مص۔ دانا۔ نیا چاند۔ چاند۔ مہینہ۔ ج اَشْهُر وشُهُور۔
الشُّهْرَة : شہرت۔ برائی میں مشہوری۔ رسوائی۔
الشَّهِير : مشہور۔ نامور۔ مؤنث شَهِيرَة۔
المَشْهُور : مثل۔ شہرت یافتہ۔ مؤنث مَشْهُورَة۔
الشَّهْرَب : بڑی عمر والا۔ مؤنث شَهْرَبَة : درخت خرما کے نیچے کا چھوٹا حوض۔
شَهَقَ (ف ض) وشَهِقَ (س) شَهِيقًا وتَشْهَاقًا۔ الحِمَارُ : گدھے کا رینگنا (...... شَهْقًا وتَشْهَاقًا وشُهَاقًا) الرَّجُلُ : رونے میں سسکی لینا۔ (...... شُهُوقًا) الجَبَلُ وغَيْرُهُ : پہاڑ وغیرہ کا بلند ہونا۔ صفت (شَاهِق) اور تم کہتے ہو "شَهَقَتْ عَيْنِي عَلَيْهِ" جبکہ تم کو کوئی چیز پسند آئے اور تم اس پر نظر جما دو۔
تَشَهَّقَ عَلَيْهِ : نظر جما دینا۔
الشَّهْقَة : اسم مرۃ۔ چیخ۔
الشَّاهِق : فا۔ ذو شاهِق : زیادہ غضبناک۔
التَّشْهَاق : مص۔ کہا جاتا ہے "ضَحِكٌ تَشْهَاقٌ" زور کی ہنسی۔ وصف بالمصدر کی بنا پر۔
شَهِلَ (س) شَهَلاً واشْهَلَّ اشْهِلالاً : آنکھ میں سیاہی مائل بسرخی ہونا۔ صفت (اَشْهَل) مؤنث شَهْلاء۔ ج شُهْل : آنکھ کی صفت بمعنی شَهْلاء : واقع ہوتی ہے۔
شَاهَلَهُ مُشَاهَلَةً : گالی گلوچ کرنا۔
تَشَهَّلَ : بے رونق چہرہ والا ہونا۔
الشَّهَل والشُّهْلَة : آنکھ کی سیاہی مائل بسرخی۔
الشَّهْلاء : حاجت۔ کہا جاتا ہے "قَضَيْتُ مِنْ فُلانٍ شَهْلائِي" فلاں میں سے میں نے اپنی حاجت پوری کی۔
الشَّهْلَة : بڑھیا۔
شَهَمَ (ف ن) شَهْمًا وشُهُومًا۔ الفَرَسَ : ڈانٹنا۔ ...... الرَّجُلَ : گھبرا دینا۔ خوفزدہ کرنا۔
شَهُمَ (ک) شَهَامَةً وشُهُومَةً : تیز فہم ہونا۔ ذکی ہونا۔
الشَّهْم : تیز خاطر۔ ذکی۔ سردار جس کا حکم جاری ہو۔ ج چالاک گھوڑا۔ ج شُهُوم۔
الشَّيْهَم : خارپشت۔ ج شَيَاهِم۔
الشَّهَام : غول بیابانی۔
الشَّيْهَمَة : بڑھیا۔
المَشْهُوم : تیز خاطر۔ ذکی۔ خوفزدہ۔
الشَّاهِين : ایک شکاری پرندہ۔ ج شَوَاهِين وشَيَاهِين : ترازو کا عمود۔
شَهَا يَشْهُو وشَهِيَ يَشْهَى شَهْوَةً واشْتَهَى۔ الشَّيْءَ : خواہش کرنا۔ رغبت شدید کرنا۔
شَهُوَ يَشْهُو۔ الطَّعَامُ : لذیذ ہونا۔
شَهَّى۔ الرَّجُلَ : خواہش کرنے پر اکسانا ...... عَلَيْهِ كَذَا : طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الشَّيْءُ يُشَهِّي الطَّعَامَ" یہ چیز کھانے کی خواہش بڑھاتی ہے۔
شَاهَاهُ : مشابہ ہونا۔
اَشْهَاهُ : خواہش کے مطابق دینا۔ نظر بد لگانا۔
تَشَهَّى۔ الشَّيْءَ : خواہش کرنا ...... عَلَيْهِ كَذَا : بار بار خواہش کرنا۔
الشَّهْوَة : مص۔ خواہش۔ ج شَهَوَات وشُهًى۔
الشَّهَّاء : بہت خواہش کرنے والا۔
الشَّهِيّ : خواہش مند (...... والمُشْتَهَى) مرغوب۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ شَهِيٌّ" لذیذ چیز۔
الشَّهْوَان : مؤنث شَهْوَى ج شَهَاوَى و(الشَّهْوَانِيّ) خواہش مند۔
الشَّاهِيَة : خواہش۔
شَابَ يَشُوبُ شَوْبًا وشِيَابًا۔ الشَّيْءَ : ملانا ...... الرَّجُلَ : خیانت کرنا۔ دھوکا دینا (...... وشَوَّبَ تَشْوِيبًا) عَنْهُ : آہستگی سے ہٹانا۔
اِنْشَابَ اِنْشِيَابًا واشْتَابَ اِشْتِيَابًا : ملنا۔
الشَّوْب : مص۔ وہ چیز جو دوسرے سے ملائی جائے۔ گندھے ہوئے آٹے کا پیڑا۔ شہد۔
الشَّوْبَة : اسم مرۃ۔ دھوکا۔
الشَّائِبَة۔ الشَّائِب : کا مؤنث اور شَوَائِب کا واحد بمعنی عیوب۔
الشِّيَاب : مص۔ ملاوٹ۔
لَيْلَةُ (الشَّيْبَاء) مہینے کی آخری رات۔
المَشُوب والمَشِيب : ملا ہوا۔
المِشْوَاب : بوتل کا غلاف۔ ج مَشَاوِب۔
شَوَّحَ۔ الشَّيْءَ : انکار کرنا۔ نہ پہچاننا۔
الشَّوْحَة : چیل۔ ایک درخت جس کی شاخیں مخروطی شکل کی ہوتی ہیں اور یہ (الشَّوْح) کا واحد ہے۔
الشَّوْحَط : ایک درخت جس کی لکڑی سے کمان بنائی جاتی ہے۔ واحد (الشَّوْحَطَة)
شَوَّذَتْ۔ الشَّمْسُ : مائل بغروب ہونا۔
شَوَّذَ السَّحَابُ الشَّمْسَ : ڈھانکنا۔ گھیر لینا۔
...... ہ : کسی کو عمامہ باندھنا۔
تَشَوَّذَ و اِشْتَاذَ : پگڑی باندھنا۔
الاَشَاوِذ : مخلوق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ خَيْرُ الاَشَاوِذِ" وہ مخلوق میں بہتر ہے۔
المِشْوَذ والمِشْوَاذ : عمامہ۔ بادشاہ۔ سردار۔ ج مَشَاوِذ ومَشَاوِيذ۔
شَارَ يَشُورُ شَوْرًا وشِيَارًا وشِيَارَةً ومَشَارًا ومَشَارَةً۔ العَسَلَ : چھتے سے شہد نکالنا۔ صفت مفعولی (مَشُور) (...... شَوْرًا وشِوَارًا) الدَّابَّةَ : جانور کو سدھانا۔ تجربہ کے لئے سوار ہونا۔ خریدار کو دکھانے کے لئے سوار ہونا۔
شَارَتِ الاِبِلُ : اُونٹ کا موٹا و خوبصورت ہونا۔
شَوَّرَ۔ الدَّابَّةَ : جانور کو سدھانا۔ تجربہ کے لئے سوار ہونا۔ خریدار کو دکھانے کے لئے سوار ہونا ...... بِهِ : شرمندہ کرنا ...... اِلَيْهِ : اشارہ کرنا۔
...... النَّارَ وبِالنَّارِ : آگ کو بلند کرنا۔
اَشَارَ۔ العَسَلَ والدَّابَّةَ : بمعنی شَارَهُمَا ......

النَّارَ وبِالنَّارِ: آگ کو بلند کرنا ...... بِہٖ: پہنچوانا۔ اَشَارَ اِلَیْهِ واَشَارَ بِیَدِہٖ: اشارہ کرنا ...... عَلَیْهِ: حکم دینا۔ نصیحت کرنا۔ صحیح طریقہ بتانا ...... فُلَانًا: عَسَلًا: شہد نکالنے میں مدد دینا۔

اَشْوَرَ اِشْوَارًا. النَّارَ وبِالنَّارِ: آگ کو بلند کرنا۔

شَاوَرَہٗ. فِی الْاَمْرِ: مشورہ طلب کرنا۔

شَارَاتُ الزَّنْکِ: عزت کے شعار ٹوپیوں پر یا محل کی دیواروں پر۔

اِشْتَارَ اِشْتِیَارًا. العَسَلَ: شہد نکالنا۔

اِشْتَارَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا کچھ موٹا ہونا۔

تَشَوَّرَ: شرمندہ ہونا۔

تَشَاوَرَ واِشْتَوَرَ. القَوْمُ: باہم مشورہ کرنا۔

اِسْتَشَارَ: عمدہ لباس پہننا۔ العَسَلَ: شہد نکالنا۔ اِسْتَشَارَتِ الْاِبِلُ: موٹا و خوبصورت ہونا۔ اِسْتَشَارَ الْاَمْرُ: واضح و روشن ہونا ...... ہٗ: مشورہ طلب کرنا۔

الشَّوْر: مص۔ شہد جو چھتے سے نکالا جائے۔

الشَّارَۃُ والشَّوْرَۃُ والشُّوْرَۃُ والشَّوَار والشُّوَار والشِّوَار والشِّیَار: حسن و جمال۔ ہیئت۔ منظر۔ لباس و زینت۔ گھر کا عمدہ سامان۔ کہا جاتا ہے "رِیحٌ شَوَارٌ" نرم ہوا۔ و "خَیْلٌ شِیَارٌ" خوبصورت موٹے گھوڑے۔ الشُّوْرَۃُ: شہد کا چھتہ۔

الشَّوَار: اندام نہانی۔

الشَّوْرَۃُ: شار کا اسم مرۃ۔ شرمندگی۔

الشُّوْرَی: ایک قسم کی دریائی گھاس۔

الشُّوْرٰی: اسم ہے "تَشَاوَرَ" کا یا اَشَارَ عَلَیْهِ کا۔ مَجْلِسُ شُوْرٰی: کونسل و "تَرَکَ عُمَرُ الْخِلَافَۃَ شُوْرٰی" کا مطلب یہ ہے کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مسئلہ خلافت کو باہم مشورہ کے لئے چھوڑ دیا۔

الشَّیِّرُ: خوبصورت۔ جس سے مشورہ کیا جائے۔ وزیر۔ ج شُوَرَاء۔

المَشَار: شہد کا چھتہ۔

المَشَارَۃُ: قابل کاشت زمین کا ٹکڑا۔ ج مَشَاوِر ومَشَایِر۔

المَشُوْر: مُقَع۔ آراستہ۔ مزین۔

المِشْوَر: شہد نکالنے کا آلہ۔ ج مَشَاوِر۔

المُشِیْر: فا ...... فِی اِصْطِلَاحِ اَرْبَابِ السِّیَاسَۃِ: کونسلر۔ المُشِیْرِیَّۃُ: کونسلر کا درجہ۔

المُشِیْرَۃُ: انگشت سبابہ۔

المَشُوْرَۃُ والمَشْوَرَۃُ. اَشَارَ عَلَیْهِ: کا اسم۔ مشورہ۔ نصیحت۔ ج مَشُوْرَات۔

الشُّوَار: گرنے کے قریب جگہ کا کنارہ۔

المِشْوَار: منظر۔ جانوروں کو دکھانے کی جگہ۔ شہد نکالنے کا آلہ۔ دُھنے کی کمان کی تانت۔ ج مَشَاوِیر: کہا جاتا ہے "اَخَذَتِ الْخَیْلُ مِشْوَارَهَا" یعنی گھوڑے موٹے اور خوبصورت ہوئے۔

الشَّوْرَۃُ: درختوں کی قطار۔ زمین کا طویل قطعہ۔

المِشْوَارَۃُ: شہد نکالنے کی جگہ۔

الشُّوْرَبَۃُ: چاول، دال یا سبزی کا شوربہ جو کہ گوشت کے ساتھ یا گھی کے ساتھ پکا ہو۔

شَوِزَ. (شِیزَ بِہٖ شَوَزًا) عَلَی الْمَجْهُوْلِ: فریفتہ ہونا۔

الاَشْوَز: مغرور۔ متکبر۔

المَشْوُز: بے آرام۔

شَاسَ یَشَاسُ وشَوِسَ یَشْوَسُ شَوَسًا وتَشَاوَسَ: غصہ یا تکبر کی بنا پر ترچھی نظر سے دیکھنا۔ دیکھنے کے لئے آنکھیں چھوٹی کرنا۔ لڑائی میں بہت دلیر ہونا۔ صفت (اَشْوَس) مؤنث شَوْسَاء۔ ج شُوْس۔ الشُّوْس: لمبے اور کہا جاتا ہے "رُمِیَ فُلَانٌ بِخُطُوْبٍ شُوْسٍ" فلاں کے اوپر سخت مصیبتیں پڑیں۔

تَشَاوَسَ تَشَاوُسًا: بمعنی شَوِسَ: نخوت و تکبر ظاہر کرنا۔

شَوَّشَ. الْاَمْرَ: مخلوط کرنا۔ بے ترتیب کرنا۔

تَشَوَّشَ. عَلَیْهِ الْاَمْرُ: مخلوط ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

تَشَاوَشَ. القَوْمُ: گڈمڈ ہونا۔

الشَّوَاش: اختلاف و اضطراب۔

عِبَارَۃٌ (مُشَوَّشَۃٌ): ترکیب یا معنی کے لحاظ سے نادرست عبارت۔

الشَّاش: روئی کی چادر۔ ریشم کی پگڑی۔

الشَّاوِیش: سارجنٹ۔ (جدید)

الشَّاشَۃُ البَیْضَاءُ: سینما کی سفید سکرین۔

شَاصَہٗ یَشُوْصُہٗ ویَشَاصُہٗ شَوْصًا: جگہ سے ہلانا۔ ہاتھ سے ملنا۔ دھونا۔ شَاصَ فَاہُ بِالسِّوَاکِ: منہ کو مسواک سے صاف کرنا ...... شَوْصًا وشَوَصَانًا: پھڑکنا ...... الرَّجُلُ: ڈاڑھ یا پیٹ کے درد والا ہونا ...... الجَنِیْنُ: جنین کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا ...... بِہٖ العِرْقُ: رگ کا حرکت کرنا ...... فُلَانٌ بِفُلَانٍ: کسی کا کسی پر شر کو برانگیختہ کرنا۔

شَوِصَتْ (س) شَوَصًا. عَیْنُہٗ: اتنی موٹی ہونا جس سے دونوں پلکیں نہ مل سکیں۔ بہت پھڑکنے والی پلکوں والی ہونا۔ جس کو یہ کیفیت لاحق ہو اس کو (اَشْوَص) کہتے ہیں اور آنکھ کی صفت (شَوْصَاء) ج شُوْص۔

شَوَّصَ تَشْوِیْصًا واَشَاصَ اِشَاصَۃً. الرَّجُلُ: مسواک کرنا۔

الشَّوْصَۃُ: رگ کی حرکت۔ پسلیوں کے پردہ کا ورم۔ پیٹ کا ریاحی درد۔

الشِّیَاص: بدخلقی۔

شَاطَ یَشُوْطُ شَوْطًا. بِہٖ الغَضَبُ: بھڑکنا۔ شَوْطًا: لمبا سفر کرنا ...... القِدْرُ: ہانڈی کا جوش دینا ...... اللَّحْمُ: گوشت کا جلنا ...... الصَّقِیْعُ النَّبَاتَ: پالے کا نباتات کو جلا دینا۔

تَشَوَّطَ. الفَرَسَ: گھوڑے کو چلا کر تھکانا۔

الشَّوْط: غایت۔ چکر۔ غایت تک ایک مرتبہ دوڑ۔ کہا جاتا ہے "جَرَی الْفَرَسُ شَوْطًا" گھوڑے نے ایک چکر لگایا۔ ج اَشْوَاط۔

شَاطَ یَشُوْطُ شَوْطًا. بِفُلَانٍ: ہلاک کر دینا ...... بِہٖ الغَضَبُ: غصہ بھڑکنا۔

تَشَاوَطَ. القَوْمُ: باہم گالی گلوچ کرنا۔

الشُّوَاط والشِّوَاط: بغیر دھوئیں کا شعلہ۔

آگ یا دھوپ کی گرمی۔ پیاس کی شدت۔ پیچ وپکار۔ کالی کوچ۔

شَوِعَ يَشْوَعُ شَوَعًا. الرَّاسُ :پراگندہ اور گرد آلود بالوں والا ہونا......الفَرَسُ :ایک رخسارے میں سفیدی والا ہونا۔ صفت (اَشْوَع) مؤنث شَوْعَاء۔ ج شُوْع۔

شَوَّعَ تَشْوِيْعًا. القَوْمَ :جمع کرنا۔

الشُّوْع :بان کا درخت۔ واحد شُوْعَة ج شِيَاع۔

المِشْوَاعَ :تنور کی آگ ہلانے کی سیخ۔ (اس کی اصل مِشْيَاع ہے۔)

شَافَهُ يَشُوْفُهُ شَوْفًا :صیقل کرنا۔

الجَمَلَ بِالقَطِرَان :اُونٹ پر قطران ملنا۔

شِيْفَتِ. الجَارِيَةُ :بناؤ سنگھار کیا جانا۔

شَوَّفَ. الجَارِيَةَ :لڑکی کا بناؤ سنگھار کرنا۔ مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔

اَشَافَ اِشَافَةً. عَلَيْهِ :اوپر سے جھانکنا...... مِنْهُ :خوف کھانا......الشَّيْءُ :بلند ہونا۔

تَشَوَّفَ تَشَوُّفًا :مزین ہونا......مِنَ السَّطْحِ :دیکھنا۔ اوپر سے جھانکنا......اِلَى الشَّيْءِ :جھانکنا......الشَّيْءُ :بلند ہونا۔

اِشْتَافَ اِشْتِيَافًا. اِلَيْهِ :گردن اٹھا کے دیکھنا ......البَرْقَ :بجلی کو باُمید بارش دیکھنا۔

(......واسْتَشَافَ) الجُرْحُ :زخم سخت ہونا۔

الشَّوْف :مص۔ پنکھا۔

الشِّيَاف :آنکھ میں استعمال کرنے کی دوا کی بتی۔

الشَّيِّفَة والشَّيِّفَان :دیدبان۔ دشمن کی حرکت کی دیکھ بھال کرنے والا۔

الشَّوَّاف. مِنَ الرِّجَال :تیز نظر والا۔

المُشَوَّف :مفع۔ آراستہ کیا ہوا۔ مِنَ الجِمَالِ :قطران ملا ہوا اُونٹ۔

شَاقَنِي يَشُوْقُنِي شَوْقًا وتَشْوَاقًا. الحُبُّ اِلَيْهِ :شوق دلانا۔ صفت مفعولی (مَشُوْق) و صفت فاعلی (شَائِق) شَاقَ القِرْبَةَ :مشک کو دیوار سے ٹیک لگا کر کھڑا کرنا۔ صفت مفعولی (مَشُوْقَة) ......الطُّنُبَ اِلَى الوَتَدِ :خیمہ کی رسیوں کو کھونٹے میں باندھنا۔

تَشَاقَهُ اَشَاقَهُ :شائق پانا۔

شَوَّقَهُ. اِلَيْهِ :شوق کرنے پر برانگیختہ کرنا۔

تَشَوَّقَ. الشَّيْءَ واِلَيْهِ :بہت شوق ظاہر کرنا۔

اِشْتَاقَهُ. واشْتَاقَ اِلَيْهِ :بہت خواہش کرنا۔

الشَّوْق :مص۔ سخت خواہش۔ ج اَشْوَاق۔

الشِّيَاق والشِّيْق :وہ چیز جس سے کسی چیز کو کھینچ کر دوسری چیز میں باندھیں جیسے خیمے کی طنابیں۔

الشَّيِّق :آرزومند۔

الرَّجُلُ (الاَشْوَق) لمبا مرد۔ ج شُوْق۔

الشُّوْق: عُشَّاق۔

شَاكَهُ يَشُوْكُهُ شَوْكًا :کانٹا چبھانا۔ شَاكَتْهُ الشَّوْكَةُ: کانٹا چبھنا۔

شَاكَ يَشَاكُ شَاكَةً وشِيْكَةً :کانٹوں میں پڑنا......ہ بِالشَّوْكَةِ :کانٹا چبھانا...... الشَّوْكَ :کانٹوں میں پڑنا(...... شَوْكًا) شوکت ظاہر ہونا...... لِحْيَا البَعِيْرِ :لمبے دانتوں والا ہونا۔ ثَدْيُ الجَارِيَةِ :نمودار ہونا شروع ہونا۔

شِيْكَ :کانٹا چبھنا......الجَسَدُ: بدن پر سرخ پھنسیاں ظاہر ہونا۔ صفت (مَشُوْك)

اَشَاكَهُ: کانٹا چبھانا۔

اَشْوَكَ. المَكَانُ :کانٹوں والی ہونا۔

اَشْوَكَتِ الشَّجَرَةُ :خاردار یا بہت کانٹوں والا ہونا۔ صفت (مُشْوِكَة)

شَوَّكَ. الشَّجَرُ :درخت کا خاردار ہونا۔ کانٹے نکلنا......الحَائِطَ :دیوار پر کانٹے رکھنا......الفَرْخُ: چوزنے کانٹے پر نکالنا ......شَارِبُ الغُلَامِ :لڑکے کی مونچھ کا سخت ہونا......الرَّاسُ بَعْدَ الحَلْقِ :سر میں نئے بال نکلنا۔

الشَّوْك :مص۔ کانٹا۔ ج اَشْوَاك : واحد (شَوْكَة)

الشَّوْكَة: شوک کا واحد۔ بچھو کا ڈنک۔ سرخ پھنسی۔ ہتھیار اور اس کی تیزی۔ قوت و طاقت۔ دشمن کو تکلیف پہنچانے۔ کہا جاتا ہے "لا تَشُوْكُكَ مِنِّي. شَوْكَةٌ" یعنی مجھ سے تمہیں کوئی تکلیف نہیں پہنچے گی۔ شَوْكَةُ الحَائِكِ :تانا بانا درست کرنے کا آلہ۔

الشَّوْكَةُ المُبَارَكَةُ والشَّوْكَةُ اليَهُوْدِيَةُ و الشَّوْكَةُ البَيْضَاءُ: جڑی بوٹیوں کے نام ہیں۔ رِيْحُ الشَّوْكَةِ: ایک تکلیف دہ پھنسی جو عموماً ہاتھ کے انگوٹھے میں ہوتی ہے۔

شَوْكُ الدِّرَاجِ :کانٹے دار پودا جو کہ جانوروں کے لئے گھاس اور دھوبیوں کے لئے نمدہ کے کام آتا ہے۔

الشَّائِك ج شَاكَة و (الشَّوْك) خاردار۔ شَائِكُ السِّلَاحِ وشَوْكُ السِّلَاحِ: ہتھیاروں سے مسلح اور (شَاكُّ السِّلَاحِ) بالتشدید اور (شَاكُ السِّلَاحِ) بالتخفیف اور (شَاكِي السلاح) بھی مستعمل ہیں۔ اَرْضٌ اور شَجَرَةٌ (شَاكَة) بہت کانٹوں والی زمین یا درخت۔

الاَشْوَك. مِنَ الثِّيَابِ ونَحْوِهَا : کھردرا۔ مؤنث شَوْكَاء۔

الشَّوْكَرَان :ایک زہریلا پودا۔ (دخیل)

شَالَ يَشُوْلُ شَوْلًا وشَوَلَانًا. الذِّنْبُ وغیرہ :اٹھنا۔ بلند ہونا۔ شَالَ الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: اُٹھانا۔ بلند کرنا۔

المِيْزَانُ :ترازو کے ایک پلڑے کا اونچا ہونا۔ شَالَتِ القِرْبَةُ اوالزِّقُّ: پھونکنے یا بھرنے کی وجہ سے مشک کی ٹانگوں کا کھڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "شَالَتْ نَعَامَتُه" وہ ہلکا ہوا، وہ غضبناک ہوا پھر ٹھنڈا ہو گیا۔ وہ مر گیا وشَالَتْ نَعَامَتُهُمْ :انہوں نے اپنے مکانات خالی کر دیے اور متفرق ہو گئے یا ان کا اتفاق ٹوٹ گیا اور ان کی عزت جاتی رہی۔

اَشَالَ. الشَّيْءَ :بلند کرنا، اٹھانا۔

شَوَّلَ تَشْوِيْلًا. لَبَنَ النَّاقَةِ :اُونٹنی کے دودھ کا کم ہونا۔ گھٹنا۔ شَوَّلَتِ النُّوْقُ :دودھ خشک ہونا۔ شَوَّلَ المَاءُ :کم ہونا ......المَزَادَةُ :کم پانی والا ہونا......فِي المَزَادَةِ :تھوڑا پانی باقی رکھنا۔

شَاوَلَ. الحَجَر :اٹھانا......ہ وبِہٖ :ہٹانا (...... وتَشَاوَلَ) ایک دوسرے پر نیزہ سے حملہ کرنا۔

اِنْشَال اِنْشِيَالاً :بلند ہونا۔

اِشْتَال اِشْتِيَالاً :بلند ہونا......لَهٗ :تعرض کرنا۔گالی دینا۔

اِسْتَشَالَتِ. النَاقَةُ ذَنَبَهَا :اُونٹنی کا دُم کو اٹھانا۔

الشَوْل :مص۔سبک ہلکا' ڈول وغیرہ کا بقیہ پانی۔تھوڑا پانی۔ج اَشْوَال.

الشَوِل :کام اور خدمت میں چست۔

الشَوْلَة :اسم مرۃ۔بچھو کے ڈنک کا وہ حصہ جو اوپر کو اٹھا ہوا ہوتا ہے......مِنَ النِسَاءِ :بے وقوف عورت۔

شُوْلَة وشَوَّالَة :بچھو کا اسم علم......الشَوَّالَة: چغل خور عورت۔

الشِوَال. عِنْدَالعَامَّةِ :بالوں یا اون کا بڑا بورا(یہ جوالق کی تحریف ہے)

الشَال :کندھوں پر ڈالنے کی چادر۔ج شِيْلَان وشَالَات :اور(الشَالَة)اخص ہے (اعجمیہ) النَاقَة (الشَائِل) بغیر دودھ والی مستی کے وقت دُم اٹھانے والی اُونٹنی۔ج شُوَّل وشُوَّل وشُيَّل وشِيَّل.

الشَائِلَة. الشَائِل :کا مؤنث......مِنَ الإبِل: اُونٹنی جس کے حمل کو یا بعد وضع حمل کے ساتھ مہینے ہو چکے ہوں اور دودھ خشک ہو گیا ہو۔ج شَوْل. اَشْوَال وشَوَائِل.

شَوَّال :قمری سال کا دسواں مہینہ اور کبھی الف لام داخل کر کے الشَوَّال: بھی کہا جاتا ہے۔ج شَوَّالَات :وجج شَوَاوِيل.

المِشْوَل :چھوٹی درانتی۔

المِشْوَال :پتھر جو طاقت کی آزمائش کے لئے اٹھایا جائے۔

شَانَ يَشُوْنُ شَوْنًا. الرُؤُوس :دماغ کے کیڑے نکالنے کے لئے سر کو کھولنا۔

تَشَوَّنَ :کم عقل ہونا۔

الشُوْنَة :بے وقوف عورت۔

الشُوْنَة :غلہ جمع کرنے کی جگہ۔جنگی جہاز۔ ج شُوَان.

الشَوَّان: غلہ جمع کرنے والا۔

شَاهَ يَشُوْهُ شَوْهًا وشَوْهَةً. الوَجْهُ :چہرہ بدشکل ہونا......الرَجُلَ :خوفزدہ کرنا۔گھبرا دینا۔حسد کرنا۔نظر بد لگانا۔کہا جاتا ہے "شَاهَت نَفْسُه اِلٰی کَذَا" اس نے فلاں چیز پر آنکھ لگائی۔

شَوِهَ يَشْوَهُ شَوَهًا. الوَجْهُ :چہرہ کا بدشکل ہونا...... العُنُقُ :گردن لمبی ہونا۔چھوٹی ہونا۔(ضد)

شَوَّهَ. اللّٰهُ وَجْهَهٗ :چہرہ کا بدشکل بنانا۔کہا جاتا ہے "لَا تُشَوِّهْ عَلَيَّ" مجھے نظر بد نہ لگاؤ۔

تَشَوَّهَ :بدشکل ہونا۔تَشَوَّهَ الرَجُلُ شَاةً : شکار کرنا......لِفُلَانَ :اپنے آپ کو کسی کے لئے ناشناساں کرنا۔نظر بد لگانے کے لئے کسی کی طرف نگاہ اٹھانا۔کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَشَوَّهُ اَمْوَالَ النَاسِ لِيُصِيْبَهَا بِالْعَيْنِ" وہ نظر بد لگانے کے لئے لوگوں کے اموال کی طرف نگاہ اٹھاتا ہے۔

الشَوَه :مص۔بدشکلی۔خوبصورتی (ضد) گردن کی لمبائی و بلندی۔سر بلند کرنا۔

الشَوْهَة :دوری۔بدشکلی۔

الشَاه :بادشاہ' نسبت کے لئے (شاہی و شاہانی)

الشَائِه :فا۔حسد کرنے والا۔ج شُوَّه.

شَاه بَنْدَر :سوداگروں کا رئیس۔

شَاه بَلُّوط :شاہ بلوط کا درخت۔

رَجُلٌ (شَاهُ البَصَرِ وشَائِهُهٗ وشَاهِيُه) تیز نظر والا۔

الشَاة :بکری۔بکرا۔جنگلی گائے۔ج شَاء وشِيَاه وشِوَاه وأشَاوِه وشِيْه وشَيْه وشَوِيٌّ اور شاۃ کی تصغیر شُوَيْه وشُوَيْهَة ج شُوَيْهَات اور نسبت کے لئے شَاوِيٌّ جیسے سَمَاء سے سَمَاوِيٌّ.

الشَاهِيُّ: بکری والا۔

الشَاهْتَرَج :ایک گھاس نما پودا جس کے پتے ڈنٹھل ہوتے ہیں۔انگوری شکل کے پھول ہوتے ہیں۔اس کے پھول اور بیج خارش کے لئے بطور دواء استعمال ہوتے ہیں۔

الاَشْوَه :بدشکل۔جلدی نظر بد لگانے والا۔متکبر۔مؤنث شَوْهَاء. ج شُوْه. الشَوْهَاء: ترش رو عورت۔بدشکل عورت۔خوبصورت (ضد) منحوس عورت۔فَرَسٌ شَوْهَاء :تیز نگاہ والا گھوڑا۔اَرْض (مَشَاهَة) بہت بکریوں والی زمین۔

المُشَوَّه :بدشکل۔ناہموار شکل و صورت والا۔

شَوَى يَشْوِي شَيًّا. اللَحْمَ :گوشت کو آگ میں بھونا۔صفت مفعولی(مَشْوِيٌّ)

الْمَاء: پانی گرم کرنا۔

شَوَّى اَشْوَى. القَوْمَ :بھنا ہوا گوشت کھلانا ......الرَجُلَ :جسم کے ایسے حصہ پر زخم لگانا جس سے قتل واقع نہ ہو۔اَشْوَى السَهْمُ : تیر کا نشانہ سے چوک جانا۔اَشْوَى الزَرْعُ : بھوننے کے قابل ہونا......الرَجُلُ: رات کے کھانے سے کچھ چھوڑ دینا۔گھٹیا مال جمع کرنا۔اَشْوَى السَعَفُ :درخت خرما کی شاخ کا خشک ہو کر زرد پڑنا اور اسی سے ہے "مَا اَعْيَاه وما اَشْوَاه" وہ کس قدر کمزور ہے۔

اِنْشَوَى اِنْشِوَاءً واِشْتَوَى اِشْتِوَاءً :بھن جانا۔اِشْتَوَى الرَجُلُ :بھونا۔

الشَوَى :گھٹیا مال۔آسان معاملہ۔ہاتھ پیر۔جسم کے اطراف۔وہ اعضاء جن پر زخم لگنے سے قتل واقع نہ ہو(...... الشَوَاة). کھوپڑی کا چمڑا۔

الشِوَاء والشُوَاء :بھنا ہوا گوشت وغیرہ والشِوَاءَة والشُوَاءَة والشَوَاءَة: بھنے ہوئے گوشت وغیرہ کا ایک ٹکڑا۔

الشَوَّاء :گوشت بھوننے والا۔

الشُوَايَة والشَوَايَة والشِوَايَة والشَوِيَّة مِنَ المَالِ :ردی مال۔ہلاک شدہ قوم یا مال کا بقیہ۔ج شَوَايَا سَعَفَة (شَاوِيَة) درخت خرما

کی خشک شاخ۔
الشِوَیٌ: بھنا ہوا گوشت۔
المِشْوَلَۃ: گوشت بھوننے کا آلہ۔ ج مَشاوِل۔
شَاءَہٗ یَشَاءُہٗ شَیْئًا ومَشِیئَۃً ومَشَاءَۃً ومَشَائِیَۃً: چاہنا۔ صفت فاعل (شَاءٍ) اور صفت مفعولی (مَشِیٌّ) ...... اللّٰہُ الشَّیْئَ: مقدر کرنا۔ تعجب کے موقع پر "مَا شَاءَ اللّٰہُ" کہا جاتا ہے۔
شَیَّأَہٗ عَلَی الْاَمْرِ: برانگیختہ کرنا۔ شَیَّأَ اللّٰہُ وَجْهَہٗ: چہرہ کا بدشکل بنانا۔
اَشَاءَہٗ اِلَیْہِ اشَاءَۃً: مجبور کرنا۔
تَشَیَّأُوْا تَشَیُّوًا: غصہ ٹھنڈا ہونا۔
الشَّیْئُ: مص۔ چیز جس کے ساتھ علم وخبر کا تعلق ہو سکے۔ ج اشیاء ج اَشَاوَیٰ واَشَایَاوَات واَشَاوَات واَشَایَا اور تصغیر شُیَیْئٌ وشِیَیْئٌ اور اَشْیَاءُ کا کلمہ غیر منصرف ہے۔
الشِّیئَۃُ. شَاءَ کا اسم (...... والمَشِیئَۃُ) ارادہ۔
المُشَیَّأُ: بدشکل۔ ناہموار صورت والا۔
شَابَ یَشِیْبُ شَیْبًا وشَیْبَۃً ومَشِیْبًا: سفید بالوں والا ہونا۔ بوڑھا ہونا۔ صفت مذکر (اَشْیَبُ وشَائِبٌ) صفت مؤنث (شَائِبَۃٌ) (مؤنث کی صفت میں شَیْبَاءُ نہیں بلکہ شَمْطَاءُ آتا ہے) کہا جاتا ہے (شَابَتْ رُؤُوْسُ الْآکَامِ" ٹیلوں کی چوٹیاں برف سے سفید ہوگئیں۔
اَشَابَ الرَّجُلُ: بوڑھی اولاد والا ہونا۔
اَشَابَ وشَیَّبَ الحُزْنُ فُلَانًا وبِفُلَانٍ: غم کا بوڑھا کر دینا۔
الاَشْیَبُ: سفید سر والا ...... مِنَ الاَیَّامِ: برف وبادل والا دن۔ ج شِیْبٌ وشُیُبٌ
الشِّیْبُ: برف سے ڈھکے ہوئے پہاڑ۔
الشَّائِبُ: فا۔ سفید سر والا۔ مؤنث شَائِبَۃٌ۔ ج شُیَّبٌ: مبالغہ کے طور پر "شَیْبٌ شَائِبٌ" کہا جاتا ہے مانند لَیْلٌ لَائِلٌ کے۔
بَنُوْ (شَیْبَانَ) اولہ برف بادل کا دن

(...... وشَیْبَانُ) ماہ دسمبر (چونکہ اس ماہ میں برف اولہ کی وجہ سے زمین سفید رہتی ہے۔)
الشِّیْبَۃُ: اسم مرۃ۔ شباب کا اسم۔ ایک پودہ ہے جس کا نام (الفسنتین) ہے۔
الشِّیْثَان: ٹڈی وغیرہ کی چھوٹی ٹکڑی۔
شَاحَ یَشِیْحُ شَیْحًا. عَلٰی حَاجَتِہٖ: چوکنا رہنا۔ کوشش کرنا۔
شَیَّحَ: ڈرانا۔ شَیَّحَ خَصْمَہٗ: تنگ نگاہوں سے دیکھنا۔
اَشَاحَ اِشَاحَۃً. فِیْ اَمْرِہٖ: کوشش کرنا چوکنا رہنا۔ محتاط رہنا...... وَجْهَہٗ وبِوَجْهِہٖ واَشَاحَ عَنْہُ وَجْهَہٗ: نفرت سے منہ پھیر لینا ...... المَکَانُ: شیح نامی گھاس اگانا ...... الفَرَسُ بِذَنَبِہٖ: گھوڑے کا دم کو ڈھیلا چھوڑ دینا۔
شَایَحَ مُشَایَحَۃً وشِیَاحًا: جنگ کرنا۔ فِی الاَمْرِ: کوشش کرنا۔
الشِّیْحُ: ایک قسم کی گھاس۔ واحد (شِیْحَۃٌ) ...... مِنَ الرِّجَالِ: کاموں میں کوشش کرنے والا۔ چوکنا رہنے والا۔
الشِّیَاحُ: مص۔ کوشش۔ احتیاط۔ قحط۔
الشَّیْحَانُ والشِّیْحَانُ والمُشِیْحُ: لمبا۔ غیرت مند۔ محتاط۔
شَاخَ یَشِیْخُ شَیْخًا وشُیُوْخَۃً وشُیُوْخًا وشَیْخُوْخَۃً وشُیُوْخِیَّۃً وشَیْخُوْخِیَّۃً: بوڑھا ہونا۔
شَیَّخَ: بوڑھا ہونا ...... ہ تعظیم کے لئے یا شیخ کہہ کے پکارنا ...... عَلَیْہِ: عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا ...... بِہٖ: رسوا کرنا۔
الشَّیْخِیَّۃُ: پھول کی ایک جنس جو کہ بطور زیب و زینت بوئے جاتے ہیں۔
تَشَیَّخَ: بوڑھا ہونا۔
الشَّیْخُ: بڈھا۔ ج شُیُوْخٌ وشِیُوْخٌ واَشْیَاخٌ وشِیْخَۃٌ وشِیَخَۃٌ وشِیْخَانٌ ومَشْیَخَۃٌ ومَشِیْخَۃٌ و جج مَشَائِخُ واَشَایِخُ: مؤنث شَیْخَۃٌ اور شیخ کی تصغیر شُیَیْخٌ وشِیَیْخٌ. شَیْخُ المَرْأَۃِ: شوہر اور شیخ

کا اطلاق استاد۔ عالم۔ سردار قوم اور ہر اس شخص پر ہے جو لوگوں کے نزدیک علم و فضیلت و مرتبہ کے لحاظ سے بڑا ہوتا ہے۔
شَیْخُ النَّارِ: ابلیس سے کنایہ ہے۔
الشَّیْخُوْنُ: بڈھا۔
شَادَ یَشِیْدُ شَیْدًا وشِیَادًا. البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا ...... الحَائِطَ: دیوار پر گچ کرنا۔ جِلْدَہٗ بالطِّیْبِ: جسم پر خوشبو ملنا۔ شَادَ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا (شَادَ الاِبِلَ شِیَادًا) اونٹوں کو بلانا۔
اَشَادَہٗ اِشَادَۃً: ہلاک کرنا۔ اَشَادَ بِذِکْرِہٖ: تعریف کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْہِ قَبِیْحًا وبِقَبِیْحٍ: بدنام کر کے مشہور کرنا۔ اَشَادَ عَلَیْہِ: کسی کے متعلق برائی مشہور کرنا ...... المُغَنِّی: گانے میں آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ صَوْتَہٗ وبِصَوْتِہٖ: برے طریقہ سے آواز بلند کرنا۔ اَشَادَ الضَّالَّۃَ: گم شدہ چیز کی تعریف کرنا......
البُنْیَانَ: لپا کرنا۔
الشِّیْدُ: گچ وغیرہ کا پلستر۔
المَشِیْدُ: مفع۔ پلستر کیا ہوا (...... والمُشَیَّدُ) بلند کیا ہوا۔
الشِّیَارُ: یوم شنبہ۔ ج اَشْیِرٌ وشُیُرٌ وشِیَرٌ.
شَیَّزَہٗ. البُرْدَ: سرخی سے دھاری بنانا۔
الشِّیْزُ والشِّیْزَیٰ: آبنوس کی لکڑی یا بہت سیاہ رنگ کی مضبوط لکڑی۔
الشِّیْشَۃُ: تمباکو نوشی کا آلہ۔
اَشَاشَتِ. النَّخْلَۃُ: نرم گٹھلی کی کھجور والا ہونا۔
الشِّیْشُ: نرم گٹھلی کی کھجور۔ والشِّیْشُ عِنْدَ العَامَّۃِ: گوشت بھوننے کی لوہے کی سیخ۔ فصیح لفظ سَفُّوْدٌ ہے۔
شَیَّصَ. القَوْمَ: رنج وتکلیف پہنچانا۔ عذاب دینا۔ شَیَّصَتِ النَّخْلَۃُ: ردی کھجور والا ہونا۔
الشِّیْصُ: ایک قسم کی ردی کھجور۔ ایک قسم کی مچھلی۔ واحد (شِیْصَۃٌ)
الشِّیْصُ: بدخلق۔

الشِّيْصَاء : نرم گٹھلی کی کھجور۔ واحد (شِيْصَاءَة)

الْمُشَايَصَة : ایک دوسرے سے جدائی۔ منافرت۔

شَاطَ يَشِيْطُ شَيْطًا وشِيَاطَةً وشَيْطُوْطَةً. الشَّيْئُ : جلنا۔ شَاطَتِ الْقِدْرُ : ہانڈی کی تلی میں جلی ہوئی چیز کا لگنا۔ شَاطَ الزَّيْتُ : زیتون کے تیل کا گاڑھا ہونا۔ شَاطَتِ الذَّبِيْحَةُ : ذبیحہ کا گوشت تقسیم کر کے ختم ہو جانا ...... فُلَانٌ : ہلاک ہونا ...... فِي الْاَمْرِ : جلدی کرنا ...... دَمُهٗ : بیکار جانا ...... فُلَانٌ الدِّمَاءَ : ملانا۔ یعنی قاتل کو مقتول کے خون پر قتل کرنا۔

شَيَّطَ وَاَشَاطَ. اَلصَّقِيْعُ النَّبْتَ او الدَّوَاءُ الْجُرْحَ : جلانا ...... الرَّاسَ او الْكُرَاعَ : سری یا پائے کے بالوں کو جلانے کے لئے جھلسنا ...... الْقِدْرَ : ہانڈی کو جوش دینا۔ اَشَاطَ فُلَانًا : ہلاک کرنا۔ اَشَاطَ اللَّحْمَ عَلَى الْقَوْمِ : گوشت تقسیم کرنا۔ اَشَاطَ السُّلْطَان دَمَهٗ وبِدَمِهٖ : قتل کرنے کے لئے سامنے لانا۔

تَشَيَّطَ : جلنا۔ کثرت جماع کی وجہ سے لاغر و کمزور ہونا۔

اِشْتَاطَ اِشْتِيَاطًا. عَلَيْهِ : غصہ سے بھڑک اٹھنا ...... الْحَمَامُ : کبوتر کا خوش ہو کر اُڑنا ...... مِنَ الْاَمْرِ : ہلکا ہونا ...... فِي الْحَرْبِ : اپنے آپ کو قتل کے لئے پیش کرنا۔

الشِّيَاط : روئی اون وغیرہ کے جلنے کی بو۔

النَّشِيْط والْمُشَيَّط : گوشت جو قوم کے لئے بھونا جائے۔

الشَّطِيّ : غبار جو فضا میں بلند ہو۔

الْمُسْتَشِيْط : بہت ہنسنے والا۔ موٹا اُونٹ۔

شَيْطَن وشَيْطَان (دیکھو مادہ شطن)

شَاعَ يَشِيْعُ شَيْعًا. بِالْخَبَرِ : خبر کو پھیلانا۔ الْاِنَاءَ : برتن کو بھرنا۔

شَاعَ يَشِيْعُ شَيْعًا وشُيُوْعًا ومَشَاعًا وشَيَعَانًا وشَيْعُوْعَةً. الْخَبَرُ : پھیلنا ...... فِيْهِ الشَّيْبُ : بڑھاپا ظاہر ہونا۔

شَاعَهٗ شِيَاعًا : پیچھے جانا۔ ہمراہ جانا اور اسی سے ہے "شَاعَكُم السَّلَامُ وشَاعَكُمُ اللّٰهُ بِالسَّلَامِ" یعنی سلامتی تمہارے ساتھ رہے اور اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔

اَشَاعَ اِشَاعَةً. الْخَبَرَ وبِالْخَبَرِ : پھیلانا اور کہا جاتا ہے "اَشَاعَكُمُ اللّٰهُ السَّلَامَ وبِالسَّلَامِ" اللہ تعالیٰ سلامتی کو تمہارے ساتھ کریں۔ اَشَاعَ بِالْاِبِلِ : پیچھے رہے ہوئے اُونٹ کو بلانا۔

شَيَّعَهٗ : رخصت کرنے یا مکان تک پہنچانے کے لئے ہمراہ جانا۔ شَيَّعَ شَهْرَ رَمَضَان : شش عید کے روزے رکھنا ...... الرَّجُلَ : جرأت دلانا۔ قوی کرنا ...... النَّارَ : آگ تیز کرنے کے لئے لکڑیاں ڈالنا ...... الشَّيْئَ بِالنَّارِ : جلانا۔ الرَّجُلُ : شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ...... الشَّيْئَ : کسی چیز کو بھیجنا اور اس کے پیچھے جانا۔

شَايَعَهٗ : کام کے لئے کسی کے ہمراہ جانا۔

شَايَعَ بِهِمُ الدَّلِيْلُ : رہنما کا لوگوں کو پکارنا۔ بِالْاِبِلِ : پکارنا' آواز دینا۔

تَشَيَّعَ : شیعہ ہونے کا دعویٰ کرنا ...... اللَّبَن فِي الْمَاءِ : بکھرنا ...... ہ الْغَضَبُ : دل میں غصہ بھڑکنا۔ فُلَانٌ فِي الشَّيْئِ : کسی چیز کی محبت میں ہلاک ہونا ...... ہ الشَّيْبُ : بڑھاپا نمایاں ہونا۔

تَشَايَعَ تَشَايُعًا. الْقَوْمُ : مختلف گروہ ہونا۔

تَشَايَعُوْا عَلَى الْاَمْرِ : باہم موافق ہونا۔

تَشَايَعُوْا عَلَى الْاَمْرِ : باہم موافق ہونا۔

تَشَايَعُوْا فِي الدَّارِ : شریک ہونا۔ تَشَايَعَت الْاِبِلُ : متفرق ہونا۔

اِشْتَاعَ اِشْتِيَاعًا. فِي الدَّارِ : شریک ہونا۔

اَلشُّيُوْعِيَّةُ : کارل مارکس کا اجتماعی نظریہ۔ (مارکسزم)

الشَّيْع : مص۔ مقدار۔ مثل۔ ج اَشْيَاع کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْعُ ذَاكَ" یہ اس کے مثل ہے اور اسی سے ہے "كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِم" یعنی جیسا ان کے امثال کے ساتھ کیا گیا۔ واَقَمْتُ عِنْدَهٗ شَهْرًا او شَيْعَ شَهْرٍ : میں نے اس کے پاس ایک مہینہ یا ایک مہینے کے بقدر اقامت کی۔ و "كَانَ مَعَهٗ مِائَةُ رَجُلٍ اَوْ شَيْعُ ذٰلِكَ" اس کے ساتھ سو آدمی یا اسی کے بقدر تھے۔ و "نَزَلُوْا مَوْضِعَ كَذَا او شَيْعَهٗ" وہ لوگ فلاں مقام میں یا اس کے قریب اُترے۔ "آتِيكَ غَدًا وشَيْعَهٗ" میں تمہارے پاس کل یا اس کے بعد آؤں گا۔

الشَّاعَة : بیوی۔ پھیلی ہوئی خبریں اور یہ شائع : کی جمع ہے۔

شِيْعَةُ. الرَّجُلِ : پیرو' مددگار۔ ج شِيَع واَشْيَاع والشِّيْعَةُ : فرقہ (واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے) اس لفظ کا غلبہ استعمال ان لوگوں کے لئے ہے جو حضرت علی رضی اللہ عنہ کے طرفدار ہیں۔ واحد (شِيْعِيٌّ)

الشَّيِّع : حصہ دار۔ شریک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيِّعٌ لِهٰذَا" یہ اس کا حصہ دار ہے۔ ج شُيَعَاء مؤنث شَيِّعَةٌ کہا جاتا ہے "الدَّار شَيِّعَةٌ بَيْنَهُمَا" گھر ان دونوں کے درمیان مشترک ہے۔

الشِّيَاع : آگ سلگانے کی چیز۔ چرواہے کی بانسری یا اس کی آواز۔

الشَّيُوْع : آگ سلگانے کی چیز۔

الشَّائِع : فا۔ حَدِيْثٌ شَائِعٌ وشَاعٌ بحذف عین : پھیلی ہوئی بات۔ سَهْمٌ شَائِعٌ وشَاعٌ : مشترک غیر منقسم حصہ۔

الْمَشَاع والْمُشَاع : پھیلا ہوا۔ مشترک غیر منقسم اور اسی سے ہے "مُشَاعُ الْقُرَى" وہ چیزیں جس میں آبادی کے سب لوگ شامل ہوں۔

الْمُشِيْع : بھرا ہوا برتن۔ کمینگی سے بھرا ہوا کینہ ور۔

الْمِشْيَعَة : ٹوکری جس میں عورتیں روئی رکھتی ہیں۔

الْمُشَيَّع : مفع۔ بہادر۔ جلد باز۔

الْمِشْيَاع : تنور کی آگ ہلانے کی تیلی۔

رَجُلٌ مِشْيَاع: راز کو پھیلانے والا مرد۔
المُشَايَع والمُشْتَاع: شریک۔
شَاقَه يَشِيقه شَيْقًا. اِلَيه: کھینچ کر باندھنا۔
کہا جاتا ہے "شَاقَ الكُتُبَ اِلَى الوَتَدِ" اس نے طنابوں کو کھینچ کھینچ کر میخ سے باندھا۔
الشِّيق: پہاڑ کی چوٹی اور بقول بعض پہاڑ کی دشوار جگہ۔ جانب پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ الشِّيق: ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِيقَة)
الشَّيَّال: قلی۔ بوجھ اُٹھانے والا۔ و (الشِّيَالَة) بوجھ اٹھانے کا پیشہ۔
شَامَ يَشِيمُ شَيْمًا: بدن میں تل والا ہونا۔ صفت (اَشْيَم) مؤنث شَيْمَاء ج شِيم وشُوم.
السَّيْفَ: تلوار کو میان میں کرنا۔ میان سے سونتنا۔ (ضد)...... البَرْق: بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "شَامَ مَخَايِلَ الشَّيْءِ" یعنی اس نے فلاں چیز کی طرف انتظار کرتے ہوئے نگاہ اٹھائی (......

شَيْمًا وشُيُومًا) الرَّجُلَ: جم کے حملہ کرنا ...... فِي الشَّيءِ: داخل ہونا۔ الشَّيءَ فِي الشَّيءِ: چھپانا ...... الشَّيءَ: تخمینہ و اندازہ کرنا۔
کہا جاتا ہے "شِمْ مَا بَيْنَهُمَا" ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔
شَيَّمَ وَاَشَامَ وانْشَامَ واشْتَامَ. فِي الشَّيءِ اَوْ الاَمْرِ: داخل ہونا۔ شَيَّمَ يَدَيْهِ فِي رَاْسِ فُلاَنٍ اَوْ ثَوْبِهِ: لڑائی کرنے کے لئے سر یا کپڑے کو پکڑنا۔ انْشَامَ الرَّجُلُ: منظور نظر ہونا۔
تَشَيَّمَ: اَبَاهُ: خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا ...... الشَّيءُ فِي الشَّيءِ: داخل ہونا ......
الشَّيْبُ فُلاَنًا: بڑھاپا غالب ہونا۔
الشَّامَة: تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کا داغ۔ کالی اُونٹنی۔ ج شَام وشَامَات کہا جاتا ہے "سَارُوْا شَامًا فِي البِلاَدِ" وہ لوگ شہروں میں متفرق ہو گئے۔ جس طرح تل بدن پر متفرق ہوتے ہیں۔

الشِّيمَة والشِّيْمَة: عادت۔ طبیعت۔ ج شِيَم.
الشَّيَم: ہر وہ زمین جو اب تک کھدی نہ ہو اور اپنی سختی پر باقی ہو۔
الشَّيَام: نرم زمین۔ مٹی۔
الشِّيَام: مٹی۔ چوہا۔ ج شِيَم.
المَشِيْم والمَشُوْم والمَشْيُوْم: تل والا۔
المَشِيْمَة: بچہ کی جھلی جس میں بچہ پیدائش کے وقت لپٹا ہوا ہوتا ہے۔ ج مَشِيْم ومَشَائِم.
شَانَه يَشِيْنُهُ شَيْنًا: عیب لگانا۔
شَيَّنَ: حرف "ش" لکھنا۔
المَشَايِن: عیوب۔
شَاهَهُ يَشِيْهُهُ شَيْهًا: نظر بد لگنا۔
الشَّيُوْه: نظر بد لگانے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ شَيُوْةٌ مِنْ اَشْيَهِ النَّاسِ" وہ بہت نظر بد لگانے والا ہے۔
الشِّيَة (دیکھو ش ی) الشَّاي: چائے۔

ص : الصاد: چودھواں حرف بنیادی حروف سے۔ حروف اسلیہ سے ہے۔

صَئِبَ : (س) صَأَبًا. مِنَ الشَّرَابِ : شراب سے سیر ہونا۔ بھر جانا۔ صَئِبَ وَاَصْأَبَ الرَّاسُ : سر میں جوں ہونا یا زیادہ جوں ہونا۔

الصُّؤَابَة : جوں کے انڈے۔ ج صُؤَاب صِئْبَان. الصِّئْبَان : چھوٹے چھوٹے موتی کے مانند اولے۔

الصُّنْوَبَة: غلہ کا ڈھیر۔

المِصْئَاب : شراب سے بھرا ہوا۔

صَأْصَأَ. الجَرْوُ : پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا...... الرَّجُلُ : مرد کا بزدل ہونا ...... مِنَ فُلَانٍ : ڈرنا (...... تَصَأْصَأَ) مِنْهُ : خوف کرنا۔ تابع ہونا۔

الصِّئْصَا : ردی کھجوریں۔

صِئْصِئَةُ. الدِّيْکِ : مرغ کی ٹانگ کا خار۔

صَئِکَ (س) صَأْکًا: بدبودار پسینہ نکلنا ...... الدَّم: خون جمنا...... بِه : چپکنا۔

صَاءَ کَهُ مُصَاءَ کَةً : سختی کرنا۔ تنگی کرنا۔

الصَّئِکُ. مِنَ الرِّجَالِ : مضبوط آدمی۔

صَؤُلَ (ک) يَصْؤُلُ صَآلَةً. البَعِيْرُ : اُونٹ کا آدمیوں پر دوڑنا اور مار ڈالنا۔ صفت صَئِل وصَؤُوْل.

صَأَلَ يَصْئِلُ صَئِيْلاً. الفَرَسُ : گھوڑے کا ہنہنانا۔

صَأَمَ يَصْأَمُ صَأْمًا. الجَيْشَ عَلَى القَوْمِ : لشکر کی رہنمائی کرنا۔

صَئِمَ يَصْأَمُ صَأَمًا : بہت پانی پینا۔

الصَّائِم : پیاسا۔

صَأَى يَصْئِي وَيَصْأَى صُئِيًّا صَئِيًّا صِئِيًّا تَصَاءَ ى. الفَرْخُ : پرندہ کے بچے کا چوں چوں کرنا۔ بچھو کا آواز کرنا۔ اسی سے ضرب المثل ہے "يَلْدَغُ وَيَصِيْ" یعنی ظلم کرتا ہے اور شور مچاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِمَا صَأَى وَصَمَتَ" یعنی مال ناطق اور مال صامت لایا۔

اَصْأَى : چوں چوں کرانا۔

صَبَّ : (ن) صَبًّا. المَاءَ : پانی انڈیلنا ...... فِي الوَادِيْ : وادی میں اترنا ...... الدِّرْعَ : زرہ پہننا۔ صَبَبْتُ الدِّرْعَ عَلَى فُلَانٍ : میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔ کہا جاتا ہے "صَبَّ عَلَيْهِ البَلَاءَ مِنْ صَبَبٍ" اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔ صَبَّ اللّٰهُ عَلَيْهِ صَاعِقَةً: اللہ اس کے اوپر بجلی ڈالے۔

صَبَّ. رِجْلَهُ فِي القَيْدِ : یعنی بیڑی پہنا دی۔

صَبَّ : (ض) صَبًّا. المَاءُ: پانی گرنا۔

صُبَّ. الشَّيْءُ : مٹایا جانا۔ محو کیا جانا۔

صَبَّ : (س) صَبَابَةً. اِلَيْهِ: عاشق ہونا۔

اَصَبَّ اِصْبَابًا. القَوْمُ : قوم کا نیچے اترنا۔

اِنْصَبَّ. المَاءُ : پانی گرنا ...... عَلَيْهِ: اترنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فِي الوَادِيْ" اس کے قدم وادی میں جم گئے۔

اِصْطَبَّ. المَاءُ : پانی گرنا۔

اِصْطَبَّ وتَصَابَّ. المَاءَ : بچا ہوا پانی پینا۔

اِصْطَبَّ وتَصَابَّ. العَيْشَ : بقیہ زندگی گزارنا۔

تَصَبَّبَ. المَاءُ ونَحْوُهُ : پانی بہنا۔

الصَّبُّ : عاشق ج صَبُّوْن مؤنث صَبَّة ج صَبَّات. مَاءٌ صَبٌّ: پانی بہا ہوا۔

الصُّبُّ وَالصُّبَّة : گرایا ہوا (کھانا وغیرہ)

الصُّبَّة : آدمیوں کی جماعت۔ گھوڑے، اُونٹ، بکریوں کا گلہ۔ تھوڑا مال۔ برتن میں پانی یا دودھ کا بقیہ۔ شوربا۔ رات کا کچھ حصہ۔

الصَّبَب : نشیب۔ ج اَصْبَاب.

الصُّبَابَة: برتن میں بچا ہوا پانی۔ ج صُبَابَات کہا جاتا ہے "لَمْ اُدْرِکْ مِنَ العَيْشِ اِلَّا صُبَابَةً" میں نے زندگی سے صرف تھوڑا سا حاصل کیا۔

الصَّبَابَة : عشق۔ سوزش عشق۔

الصَّبِيْب : زرد رنگ۔ اولہ۔ عمدہ شہد۔ پسینہ۔ خون۔ عندم کا نچوڑ۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔ گرائی ہوئی چیز۔ تلوار کی دھار۔ کہا جاتا ہے "وَضَعْتُ صَبِيْبَ السَّيْفِ فِي بَطْنِهِ" یعنی تلوار کی دھار کو اس کے پیٹ پر رکھا۔

المَصَبُّ : گرنے کی جگہ۔ ج مَصَابّ.

المِصَبُّ: حروف ڈھالنے کا سانچہ۔

المَصْبُوْب : گرایا ہوا۔ المَصْبُوْبُ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر برانگیختہ کیا ہوا۔

صَبَا (ف) صَبُؤَ (ک) صَبْأً وصُبُوْءًا : مذہب تبدیل کرنا۔ صابئین کا دین اختیار کرنا

صفت صابی ...... عَلَیْهِمْ: اچانک پہنچ جانا ...... العَدُوَّ عَلَیْهِمْ: دشمن کی رہنمائی کرنا (...... واَصْبَا اِصْبَاءً) ...... النَّابُ او النَّبَات: دانت نکلنا۔ نباتات اُگنا و اَصْبَا القَوْمَ: قوم پر اچانک پہنچ جانا۔

الصَّابِئُوْنَ والصَّابِئة: ایک قوم جو ستاروں کی پرستش کرتی تھی اور یہ بھی کہا جاتا ہے کہ نوح علیہ السلام کے دین کے پیرو تھے اور کہا گیا ہے کہ ان کے علاوہ ہیں۔

الصَّبَاوُت والصَّبَاوُوْت: جمع صِبِیْ: عبرانی کا لفظ ہے جس کے معنی خوبصورتی اور شرافت کے ہیں اور اسی سے ہے "رَبُّ الصَّبَاوُت" یعنی شرافت والا۔

صَبَحَ: (ف) صَبَاحًا. القَوْمُ: صبح کے وقت آنا ...... عَنِ الحَق: حق ظاہر کرنا۔

صَبِحَ: (س) صَبَحًا وصُبْحَةً: چمکدار روشن ہونا ...... الشَّعْر: بال کا چمکدار ہونا ...... الحَدِیْد: لوہے کا چمکدار ہونا۔

صَبُحَ: (ک) صَبَاحَةً. الوَجْه: چہرے کا روشن و چمکدار ہونا ...... الغُلَامُ: لڑکے کا خوبصورت ہونا۔ صفت صُبَاحٌ صَبِیْحٌ.

صَبَّحَهٗ: صبح کے وقت آنا۔ صبح کی شراب پلانا۔ صَبَّحَ القَوْمُ المَاءَ: قوم کو لے کر چلنا اور صبح کو پانی پر پہنچنا ...... الرَّجُلَ: صبح کو سلام کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَبَّحَکَ اللّٰهُ بِخَیْرٍ".

اَصْبَحَ: صبح میں داخل ہونا۔ آدھی رات میں بیدار ہونا ...... المِصْبَاح: چراغ جلانا۔ الحَقُّ: حق ظاہر ہونا۔

اَصْبِحْ. یَارَجُلُ: اے شخص چوکنا رہو۔ عرب جب کسی سے بدفالی لیا کرتے تھے تو کہا کرتے تھے صَبَاحُ اللّٰہ لَا صَبَاحُکَ.

تَصَبَّحَ: صبح کے وقت سونا۔ ناشتہ کرنا۔ تَصَبَّحَ بِهٖ: صبح کے وقت ملنا۔

تَصَابَحَ: بتکلف خوبصورت بننا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَصَابَحُ وَیَتَحَاسَنُ" فلاں بتکلف خوبصورت و حسین بنتا ہے۔

اِصْطَبَحَ: چراغ روشن کرنا۔ کہا جاتا ہے "الشَّمْعُ مِمَّا یُصْطَبَحُ بِهٖ" موم ان چیزوں میں سے ہے جن سے روشنی کی جاتی ہے۔ الرَّجُلُ: صبح کی شراب پینا۔

اِصْبَاحَّ اِصْبِیْحَاحًا. الشَّعْرُ: بال کا مائل بسرخی ہونا۔

اِسْتَصْبَحَ. الرَّجُلُ: چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔

الصُّبْح: دن کا ابتدائی حصہ۔ ج اَصْبَاح.

الصُّبْحَة: مص۔ ناشتہ۔ سیاہ رنگ۔ مائل بسرخی (...... والصَّبْحَةُ): صبح کی نیند۔

الصَّبَاح والصَّبِیْحَة الاُصْبُوْحَة: دن کا ابتدائی حصہ اور وہ شام کی ضد ہے۔ تم کہتے ہو "آتِیْهٖ صَبَاحَ مَسَاءً" دونوں جزء کو مبنی کر کے اور "آتَیْتُهٗ ذَا صَبَاحٍ" یعنی صبح کے وقت اور "عِمْ صَبَاحًا" یعنی تمہاری زندگی صبح کے وقت اچھی ہو۔ "یَوْمُ الصَّبَاح" لوٹ کا دن۔

الصُّبَاح: قندیل کا شعلہ۔ غُلَامٌ صُبَاحٌ: خوبصورت لڑکا۔ مؤنث صُبَاحَةٌ ج صِبَاح.

الصُّبَاحِیَة: چوڑا نیزہ۔

الصُّبَاحِیُّ: بہت سرخ خون۔

الاَصْبَح: شیر۔ بال جس میں خلقتاً سفیدی سرخی مائل ہو۔ سفیدی سرخی مائل بال والا۔ مؤنث صَبْحَاءُ. ج صُبْح.

الصَّبُوْح: جو چیز صبح کے وقت کھائی یا پی جائے۔ دودھ جو صبح کو دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "آتَیْتُهٗ ذَا صَبُوْحٍ" یعنی صبح کے وقت میں اس کے پاس آیا۔

اَلصُّبَاحِیَّةُ: بچوں کو سال کے آخر میں جو دیا جائے یا رخصتی والی رات دلہن کو جو دیا جائے۔

الصَّبِیْح: خوبصورت۔ ج صِبَاح: مؤنث صَبِیْحَة: ج صِبَاح.

الصَّبْحَان: خوبصورت۔ مؤنث صَبْحیٰ۔ ج صُبَاحیٰ: وہ شخص جو صبح کی شراب پئے۔

رَجُلٌ صَبْحَانٌ: جلدی صبح کی شراب پینے والا۔

الصَّبَاحِیَّة: خوبصورتی۔

المُصْبَح: صبح کرنا۔ صبح کرنے کا وقت۔ صبح کرنے کا مقام۔

المِصْبَح: بڑا پیالہ۔ چراغ۔

المِصْبَاح: چراغ۔ چوڑا نیزہ۔ بڑا پیالہ۔ جس میں صبح کی شراب پی جائے۔ ج مَصَابِیْح.

صَبَرَ: (ض) صَبْرًا. عَلَی الاَمْرِ: دلیری کرنا۔ بہادری کرنا۔ صفت صَابِرٌ صَبِیْرٌ صَبُوْرٌ ...... عَنِ الشَّیْءِ: رک جانا ...... الدَّابَّة: جانور کو بغیر چارہ کے باندھ رکھنا ...... ہ: مجبور کرنا اور لازم کر دینا ...... ہ عَنِ الاَمْرِ: روک دینا۔ بند کر دینا۔ (کام سے) اسی سے ہے۔ صَبَرْتُ نَفْسِیْ عَنْ کَذَا: یعنی میں نے اپنے نفس کو فلاں چیز سے روک دیا۔ وَصَبَرْتُ عَلٰی مَا اَکْرَهُ وَصَبَرْتُ عَمَّا اُحِبُّ: جس چیز کو میں مکروہ سمجھتا ہوں اس سے اپنے آپ کو روک دیا اور جس چیز کو محبوب سمجھتا ہوں اس سے صبر کیا۔ کہا جاتا ہے "قُتِلَ صَبْرًا" وہ قتل کے لئے بند کیا گیا۔ وحُلِفَ صَبْرًا: قسم کھانے کے لئے بند کیا گیا۔

صَبَرَ: (ن) صَبْرًا وصَبَارَةً بِهٖ: ضامن ہونا۔ ...... ہ: ضامن دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبِرْنِیْ: یعنی مجھ کو ضامن دو۔

صَبَّرَهٗ: صبر دلانا۔ صبر کرنے کو کہنا ...... المَیِّتَ: مردہ کے پیٹ میں ایلوا ڈالنا تاکہ بدبودار نہ ہو۔ صَبَّرَ الکَاسَ: پیالہ کو لبالب بھرنا۔

اَصْبَرَ. اللَّبَنُ: کھٹے پن کا تلخی تک پہنچ جانا۔ ایلوے کی مانند کڑوا ہونا۔ صبر دلانا ...... الرَّجُلَ: ام صبور: یعنی مصیبت میں پڑنا۔ شیشی کو کاگ لگانا ...... القاضِی فُلَانًا: قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔

صَابَرَهٗ صِبَارًا و مُصَابَرَةً :صبر کرنے میں غالب رہنا۔
تَصَبَّرَ :تکلف سے صبر ظاہر کرنا......عَلَیْہِ: صبر کرنا۔
اِصْطَبَرَ واصَّبَرَ. عَلَیْہِ :صبر کرنا......مِنْهُ: بدلہ لینا۔
اِصْبَارًا اِصْبِرَارًا. عَلَیْہِ :صبر کرنا۔
اِسْتَصْبَرَ. الشَّیْئُ :موٹا ہونا۔سخت ہونا۔تہ بتہ ہونا۔
الصَّبْر :بہادری۔مصیبت کی شکایت نہ کرنا۔شَهْرُ الصَّبْرِ :رمضان کا مہینہ۔یَمِیْنُ الصَّبْرِ :وہ قسم جس کو کھانے کے لئے قید کردیا جائے۔
الصِّبْر والصُّبْر :کنارہ۔سفید بال۔ج اَصْبَار کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّیْئَ بِاَصْبَارِهٖ" یعنی پورا لے لیا۔و "مَلَأَ الْکَاسَ اِلٰی اَصْبَارِهَا" پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔
الصُّبْر والصَّبْر :کنکریلی زمین جو سخت نہ ہو۔
الصَّبِر :برف۔ج اَصْبَار۔
الصَّبِر :ایلوا۔ج صُبُوْر واحد صَبِرَة:اس لفظ میں ب کو بہت کم ساکن کیا جاتا ہے۔
الصُّبْرَة :غلہ کا ڈھیر۔سخت پتھروں کا ڈھیر۔ جمع صِبَار کہا جاتا ہے "اَخَذَهٗ صُبْرَةً" یعنی بغیر وزن اور پیمانے کے کل لے لیا۔
الصَّابِر :فا۔اَبُوْصَابِر :تمک۔
الصَّابُوْرَة :بوجھ جو سواری یا کشتی جہاز وغیرہ میں رکھا جائے تاکہ اِدھر اُدھر نہ جھکنے پائے۔
الصَّبْرَة والصَّبَارَّة :سخت سردی۔صَبَرَّةُ الشِّتَاءِ :سردی کا درمیانی زمانہ۔
الصِّبَار :کاگ۔ایک کھٹے درخت کا پھل۔
الصَّبَارَة :ضمانت۔سردی کی شدت۔
(...... والصُّبَارَة) :چکنے پتھر۔
الصُّبَّار والصَّبَّار :املی۔ناگ پھنی۔واحد صُبَّارَة. صَبَّارَة.
الصَّبَارَة :بنجر سخت زمین۔
الصَّبُوْر :ج صُبُر :بردبار۔یہ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے (...... والصَّبَّار) :بہت زیادہ صبر کرنے والا۔
الصَّبُوْرَة. مِنَ الرِّجَالِ :قتل کے لئے قید کیا ہوا۔
الصَّبِیْر :صبر کرنے والا۔ضامن۔قوم کا چودھری۔ج صُبَرَاء۔
الصَّبِیْرُو الصَّبِیْرَةُ :چوڑی روٹی۔
اُمّ صَبَّارٍ واُمّ صَبُّوْرَةٍ :مصیبت۔
الْمَصْبُوْر :قتل کے لئے قید کیا ہوا۔ڈھیر۔مؤنث مَصْبُوْرَة۔
صَبْصَبَ :متفرق کرنا۔
تَصَبْصَبَ :متفرق ہونا۔تَصَبْصَبَ اللَّیْلُ :رات کا اکثر حصہ گزر جانا......الْحَرُّ :گرمی زیادہ ہونا......عَلَیْنَا فُلَانٌ :بہت جرأت کرنا۔
الصَّبْصَاب والصَّبْصَب والصُّبَاصِب :سخت مضبوط۔
صَبَعَ :(ف) صَبْعًا. بِهٖ وعَلَیْہِ :انگلی سے اشارہ کرنا......فُلَانًا عَلَیْہِ :اشارہ سے رہنمائی کرنا۔
صَبَعَهٗ :(ف) صَبْعًا و مَصْبَعَةً :متکبر بنانا۔ اسی سے ہے "مَنْ وَلَّاهُ السُّلْطَانُ صَبَعَهُ الشَّیْطَانُ" جس کو سلطان والی بنادیتا ہے۔شیطان اس کو متکبر بنادیتا ہے۔انگلی پر مارنا۔
صَبَعَ الشَّیْئَ :کسی چیز میں انگلی داخل کرنا...... بَیْنَ الْقَوْمِ :کسی دوسرے کو قوم کا پتہ بتادینا۔ فِی الطَّعَامِ :کھانے میں انگلی ڈالنا۔
الْاَصْبَع الِاصْبَع الْاُصْبَع الْاَصْبِع الِاصْبِع الْاُصْبِع الِاصْبُع الْاُصْبُع :انگلی۔ مؤنث۔سماعی ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ج اَصَابِع اَصَابِعُ الْفَتَیَاتِ :ایک پھول کی قسم۔ فرنجمشک اَصَابِعُ الْعَذَارٰی او اَصَابِعُ الْعَرُوْسِ :انگور کی ایک قسم جو لمبی ہوتی ہے۔
الْمَصْبَعَة :غرور۔تکبر۔گھمنڈ۔
اَصَابِعُ الْیَدِ :ہاتھ کی انگلیاں۔ خِنْصَرٌ :(چھنگلیا) بِنْصَرٌ :(چھنگلیا کے ساتھ والی) وُسْطٰی :(درمیان والی) مُسَبِّحَة :(انگشت شہادت) الْاِبْهَام :(انگوٹھا)۔
الْمَصْبُوْع :گھمنڈی۔متکبر۔
اَلْمُصَبَّغ :گوشت بھونے کا سیخ۔
صَبَغَ :(ن ض ف) صَبْغًا وصِبْغًا. الثَّوْبَ :کپڑے کو رنگنا......یَدَهٗ فِی الْمَاءِ :پانی میں ہاتھ ڈبونا......یَدَهٗ بِالْعَمَلِ :کام میں مشغول ہونا۔فُلَانًا بِالنِّعَمِ :نعمتوں سے چھپا دینا۔
صَبَغَهٗ بِالْمَاءِ فَاصْطَبَغَ :پانی سے تر کر دینا۔کہا جاتا ہے "صَبَغُوْنِیْ فِیْ عَیْنِکَ" یعنی انہوں نے میری برائی تمہارے سامنے بیان کرکے میری کیفیت بدل دی۔
صَبَغَ :(ن) صُبُوْغًا. ضَرْعُ النَّاقَةِ :اونٹنی کے تھن کا بھر جانا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبَّغَ :گہرا رنگنا(...... واَصْبَغَ) :کھجور کا پکنے لگنا۔اَصْبَغَ عَلَیْہِ النِّعْمَةَ :کامل کرنا۔
تَصَبَّغَ. فِیْ دِیْنِهٖ :دین میں کامل و پختہ ہو جانا۔
اِصْطَبَغَ :سالن لگانا۔کہا جاتا ہے "اِصْطَبَغَ بِالْخَلِّ اَوْ فِی الْخَلِّ" اس نے سرکہ کو سالن بنایا۔بِکَذَا :رنگین ہونا۔
الصِّبْغ والصِّبَغ ج اَصْبَاغ والصِّبَاغ ج اَصْبِغَة والصِّبْغَة :رنگ۔
الصِّبْغ :سالن۔
الصِّبْغَة :نوع۔ملت۔دین۔[illegible]۔رنگ۔
الصِّبْغَة :ادھ کچری کھجور۔
الصِّبَاغَة :رنگریزی کا پیشہ۔
الصَّابِغ :رنگنے والا۔لقب ہے یوحنا کا۔
الصَّبِیْغ :رنگا ہوا۔کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ صَبِیْغٌ ثِیَابٌ صَبْغٌ"۔
الصَّبَّاغ :رنگریز۔جھوٹا۔
الْاَصْبَغ :بڑا سیلاب......مِنَ الطَّیْرِ والشَّاءِ :پرندہ یا بکری جس کی دم سفید ہو......مِنَ الْخَیْلِ :گھوڑا جس کی پیشانی یا کان کے اطراف سفید ہوں۔مؤنث صَبْغَاء ج صُبْغ۔

المَصْبَغَة: رنگنے کی جگہ۔

صَبَنَ: (ض) صَبْنًا۔ الشَّئَ عَنْهُ: روک دینا۔ دوسری چیز کی طرف پھیر دینا ...... المُقَامِرُ الكَعْبَيْنِ: جواری کا پانسہ کو پھینکنے کے لئے درست کرنا۔

اِنْصَبَنَ واصْطَبَنَ عَنْهُ: رک جانا۔ پھر جانا۔

الصَّابُوْن: صابن۔ کلمہ فارسی الاصل ہے۔ عربی میں (غاسول) کہتے ہیں۔ ایک ٹکڑے کو (صابونہ) کہتے ہیں اور اس کے بیچنے ڈالنے اور بنانے والے کو صَبَّان وصَابُوْنِی کہتے ہیں۔

الصَّابُوْنِيَّة: ایک قسم کا پودہ جس سے دھویا جاتا ہے۔

المَصْبَنَة: صابون کا کارخانہ۔

صَبَا يَصْبُوْ صَبْوَةً وصُبُوَّةً وصُبُوًّا اِلَيْهِ وَلَهُ: مشتاق ہونا۔

صَبَا يَصْبُوْا صَبْوًا وصُبُوًّا وصِبَاءً اوصَبَاءً: بچپنے کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی سی خصلت اختیار کرنا۔ صفت صَابٍ: مؤنث صَابِيَةٌ۔

صَبَتْ صَبَاءً وصُبُوًّا۔ الرِّيْحُ: پروائی ہوا کا چلنا۔

صُبِيَ و اَصْبَي۔ القَوْمُ: پروائی ہوا کا لگنا۔

اَصْبَي۔ الرَّجُلُ: بچے والا ہونا۔ اَصْبَي الشَّئُ فُلَانًا: شوق میں ڈال دینا۔ کہا جاتا ہے اَصْبَتْهُ المَكَارِمُ: اس کو مکارم نے شوق میں ڈال دیا۔

صَبِيَ يَصْبَي صَبَاءً واسْتَصْبَي: بچوں جیسا کام کرنا۔ صَبِيَ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔

اِسْتَصْبَاه: کسی کے ساتھ ایسا معاملہ کرنا جیسا بچوں سے کیا جاتا ہے۔

صَابِي مُصَابَاةً: نیزہ مارنا۔ نیزے کو مارنے کے لئے جھکانا ...... السَّيْفَ: تلوار کو میان میں الٹی طرف سے کرنا ...... الكَلَامَ: بے قاعدہ بولنا ...... بَيْتَ الشِّعْرِ: اچھی طرح نہ پڑھنا۔

تَصَبَّي تَصَبِّيًا وتَصَابَي تَصَابِيًا: کھیل کود کی طرف مائل ہونا ...... المَرْأَةَ: عورت کو فریب دینا اور مفتون بنانا۔ تَصَبَّاهُ الشَّئُ: شوق میں ڈالنا۔

الصَّبَا: پروائی ہوا (مؤنث ہے) اس کے مقابل کی ہوا کا نام دَبُوْر ہے۔ تثنیہ اس کا صَبَوَان اور صَبَيَان اور جمع صَبَوَات اور اَصْبَاء۔

الصِّبَا: شوق۔

الصِّبَاء والصَّبَاء: بچپنا۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهُ فِي صِبَاه او فِي صَبَائِهِ: یعنی اس کو بچپنے میں دیکھا تھا۔

الصَّبْوَة: بچپن۔ جوانی کی نادانی۔

الصَّبِيُّ: بچہ جو جوان سے کم عمر ہو۔ آنکھ کی پتلی۔ ج صَبْيَان وصِبْيَان وصُبْوَان وصِبْوَان واَصْبِيَة وصِبْيَة وصَبْيَة وصُبْيَة وصِبْوَة واَصْبٍ مؤنث صَبِيَّة۔ ج صَبَايَا۔ الصَّبِيَّة: لڑکی۔ الصَّبِيُّ: تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔ کہا جاتا ہے "بِهِ وَجَعٌ فِي صَبِيِّ قَدَمِهِ" اس کے پنجے میں درد ہے۔

الصَّبِيَّان: ڈاڑھی کے کنارے جو ٹھوڑی کے قریب ہیں۔

الصُّبَيَّة الاُصَيْبِيَة۔ صَبِيٌّ: کی جمع صِبْيَة: اور اَصْبِيَة: کی تصغیر ہے۔

الصَّابِيَة: پروائی اور شمالی ہوا کے درمیان کی ہوا۔ المُصَابِيَة: مصیبت۔

صَتَّهُ: (ن) صَتًّا: زور سے دھکا دینا۔ ہاتھ سے مارنا ...... بِكَلَامٍ اَوْ بِدَاهِيَةٍ: تہمت لگانا۔ مصیبت ڈالنا۔

صَاتَّهُ مُصَاتَّةً وصِتَاتًا: جھگڑا کرنا۔

تَصَاتَّ۔ القَوْمُ: آپس میں جھگڑا کرنا۔ آپس میں جنگ کرنا۔

الصَّتُّ والصِّتُّ والصُّتَّة: جماعت الصِّتُّ والصُّتَّة: ضد۔ ہٹ۔

الصَّتَت: در پے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ بِصَتَتِهِ" وہ اس کے درپے ہے۔

الصَّتِيْت: جماعت۔ آواز۔ شور۔

المِصْتِيْت: اپنے کاموں میں مستعد۔

صَتَعَهُ: (ف) صَتْعًا: پچھاڑ دینا ...... لَهُ: کسی کا قصد کرنا۔

تَصَتَّعَ: کسی کام میں تردد کرنا۔

الصَّتَع: مضبوط جوان۔ گورخر۔

صَتَّمَ۔ الشَّئُ: مکمل کرنا۔

تَصَتَّمَ: تیز دوڑنا۔

الصَّتْم والصَّتَم: سخت مضبوط۔ کامل مضبوط

الصَّتْمَة والصَّتِيْمَة: سخت پتھر۔

المُصَتَّم: کلی یا وادی جو غیر نافذہ ہو۔

صَجَّ: (ن) صَجًّا: لوہے پر لوہا مارنا جس سے آواز نکلے۔

الصَّجْج والصَّجِيْج: لوہے پر لوہا گرنے کی آواز۔ جھنکار۔

صَحَّ: (ض) صُحًّا وصِحَّةً وصَحَاحًا: تندرست ہونا۔ ہر عیب سے پاک صاف ہونا ...... الخَبَرُ: مطابق واقع ثابت ہونا۔ صفت صَحِيْحٌ وصَحَاحٌ: کہا جاتا ہے "صَحَّ لِيْ عَلَي فُلَانٍ كَذَا" یعنی میرے لئے فلاں پر اتنا ثابت ہوا۔

صَحَّحَ۔ المَرِيْضَ: تندرست کر دینا۔ چنگا کر دینا ...... الكِتَابَ: کتاب کی غلطی درست کر دینا۔

اَصَحَّهُ اِصْحَاحًا: تندرست کرنا یا تندرست پانا۔ مرض کا زائل کر دینا۔ اَصَحَّ الرَّجُلُ: آدمی کا تندرست بال بچے یا مویشی والا ہونا۔

تَصَحَّحَ۔ بِكَذَا: فلاں چیز سے علاج کرنا۔

اِسْتَصَحَّ۔ مِنْ مَرَضِهِ: مرض سے تندرست ہونا ...... الكَلَامَ: صحیح پانا۔

الصِّحَّة: مص۔ تندرستی۔

الصَّحَاح: مص۔ مِنَ الطَّرِيْقِ: راستہ کا دشوار حصہ۔

الصَّحِيْح: تندرست۔ عیب وغیرہ سے بری۔ بھروسہ کے قابل۔ ج اَصِحَّاء وصِحَاح واَصِحَّة صَحَائِح۔

المَصَحّ: صحت کی جگہ۔

الـمَصَحَّةُ والمَصِحَّةُ :صحت دینے والی۔ صحت محفوظ رکھنے والی۔ کہا جاتا ہے "الصَّوْمُ مَصَحَّةٌ" یعنی روزہ صحت دینے والا ہے یا صحت کا حافظ ہے۔ "اَرْضٌ مَصِحَّةٌ" ایسی زمین جو وبائی امراض سے پاک ہو یا جس میں بیماریاں وغیرہ زیادہ نہ ہوتی ہوں۔

صَحِبَ (س) صُحْبَةً وصَحَابَةً وصِحَابَةً وصَاحَبَةً مُصَاحَبَةً :ساتھی ہونا۔ دوستی کرنا۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔

صَحَبَ (ف) صَحْبًا. المَذْبُوْحَ :کھال اُتارنا۔

اَصْحَبَ. الرَّجُلُ :ساتھی والا ہونا۔ بیٹے کا بالغ ہو کر اپنے ہی مانند ہونا۔ دشواری کے بعد تابعدار ہونا...... الـمَاءُ: پانی کا کائی والا ہونا...... ہ فُلانًا: محفوظ رکھنا...... ہ عَنْ کَذَا: روک دینا...... ہ الشَّئَ: ساتھ کر دینا۔

تَصَحَّبَ. مِنْهُ: شرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَا یَتَصَحَّبُ مِنْ شَئٍ" یعنی فلاں نہ تو پرہیز کرتا ہے اور نہ شرم کرتا ہے۔

اِصْطَحَبَ. فُلانًا: حفاظت کرنا۔

اِصْطَحَبُوْا: ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔

اِسْتَصْحَبَه: ساتھی بنانا۔ ساتھی بننے کے لئے کہنا۔ ساتھی بنا۔ اِسْتَصْحَبَهُ الشَّئَ: کسی چیز کو ساتھ رکھنے کے لئے کہنا...... الشَّئَ: کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔

الصَّاحِب: ساتھی۔ ایک ساتھ زندگی بسر کرنے والا۔ مالک۔ وزیر۔ گورنر۔ کہا جاتا ہے "صَاحِبُ حَمَاةٍ" یعنی حاکم حماۃ اور "یا صَاحِ" یا صاحب کی ترخیم ہے۔ ج صَحْب واَصْحَابٌ وصُحْبَةٌ وصِحَاب وصُحْبَان وصِحَابَة وصَحَابَة اور اَصْحَاب کی جمع اَصَاحِیْب۔

الصَّاحِبَة: صاحب کا مؤنث۔ بیوی۔ ج صَاحِبَات وصَوَاحِب۔

الصَّحَابَة: وہ حضرات (رضی اللہ عنہم) جو سرور کائنات ﷺ کے دیدار سے مشرف ہوئے ہوں اور ایمان لائے اور ایمان ہی پر انتقال ہوا ہو۔

الصَّحَابِیُّ: جو صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی طرف منسوب ہوں۔ نیز صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے فرد واحد (رضی اللہ عنہ)

الـمُصَاحِبُ: ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے فرمانبردار ہونے والا۔

الـمُصْحَبُ: پاگل آدمی جو خود بخود باتیں کرے۔ عُوْدٌ صَحْبٌ: وہ لکڑی جس سے چھلکا علیحدہ نہ کیا گیا ہو۔ اَدِیْمٌ مُصْحَبٌ: وہ چمڑا جس سے بال دور نہ کئے گئے ہوں۔

الـمُصْحِب والمِصْحَاب: فرمانبردار۔ ذلیل۔ اَدِیْمٌ مُصْحِبٌ: جس چمڑے پر بال یا اون ہوں۔ عُوْدٌ مُصْحِبٌ: وہ لکڑی جو چھیلی نہ گئی ہو۔

الـمَصْحُوْب: مع۔ ادیم مصحوب: وہ چمڑا جس پر سے بال نہ اتارے گئے ہوں۔ عُوْدٌ مَصْحُوْبٌ: وہ لکڑی جس پر سے چھال دور نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "اِذْهَبْ مَصْحُوْبًا مُصَاحَبًا" یعنی محفوظ خیریت و عافیت کے ساتھ جاؤ۔

صَحَرَ :(ف) صَحْرًا. اللَّبَنَ: دودھ کو ابالنا۔ صَحَرَتْهُ الشَّمْسُ: دھوپ کا دماغ کو تکلیف پہنچانا۔

صَحَرَ :(ف) صَحِیْرًا وصُحَارًا. الحِمَارُ: گدھے کا زور سے رینگنا۔

صَحِرَ :(س) صَحَرًا: سرخی مائل ٹیالا ہونا۔ صفت اصحر مؤنث صحراء ج صُحْر اور رنگ کا نام صُحْرَة۔

اَصْحَرَ: جنگل کی طرف جانا...... المَكَانُ: جنگل کی مانند وسیع ہونا...... الاَمْرَ وبالاَمْرِ: ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "لاتُقْحِرْهُ اَمْرَکَ" یعنی اس کے سامنے اپنے امر کو ظاہر نہ کرو اور "اَصْحِرْ مَا فِیْ قَلْبِکَ" یعنی اپنے مافی الضمیر کو ظاہر کرو...... الرَّجُلُ: کانا ہونا۔

اِصْحَارًّا اِصْحِیْرَارًا: سرخی مائل ٹیالے رنگ والا ہونا۔

الصُّحْرَة: سرخ سفید رنگ۔

الصَّحْرَاء: بیابان جس میں نباتات نہ ہو۔ ج صَحَارٰی صَحَارٍ وصَحَارِیُ و صَحْرَاوَات۔

الصَّحِیْرَةُ: دودھ جو ابالا جائے اور اس میں گھی اور آٹا ملا دیا جائے۔

الـمُصَاحِر: وہ شخص جو اپنے مقابل سے بیابان میں جنگ کرے اور فریب نہ دے۔

المُصْحِرُ: شیر۔

صَحْصَحَ. الاَمْرُ: روشن ہونا۔ ظاہر ہونا۔

الصَّحْصَح والصَّحْصَاح والصَّحْصَحَان: ہموار زمین جو نباتات وغیرہ سے خالی ہو۔ ج صَحَاصِح. التُّرَّهَاتُ الصَّحَاصِحُ وتُرَّهَاتُ الصَّحَاصِحِ: لغویات۔ خرافات۔ اضافت کے ساتھ بہتر ہے۔

الصُّحْصُح والصُّحْصُوح. مِنَ الرِّجَالِ: مرد باریک بیں۔

الـمُصَحْصِح: خالص محبت والا۔ باطل کوش۔

صَحَّفَ. الکَلِمَةَ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔

اَصْحَفَ. الکِتَابَ: کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا۔

تَصَحَّفَ. القَارِئُ: پڑھنے میں غلطی کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَحَّفَتْ عَلَیْهِ الصَّحِیْفَةُ" یعنی صحیفہ میں کلمہ اس پر متغیر ہو گیا۔

الصَّحْفَة: بڑا چوڑا پیالہ جس سے پانچ آدمی آسودہ ہو جائیں۔ ج صِحَاف۔

الصِّحَاف: چھوٹے چھوٹے چشمے۔

الصِّحَافَة: ایڈیٹری۔ عَالَمُ الصِّحَافَةِ: محررین اخبار۔

الصَّحِیْفَةُ: لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِیْفَةُ الوَجْهِ: چہرے کی کھال۔ کہا جاتا ہے صُنْ صَحِیْفَةَ وَجْهِکَ: اپنے چہرے کی کھال کو بچاؤ۔ ج صَحَائِف وصُحُف۔

الصُّحَیْفَة: چھوٹا پیالہ جس سے ایک آدمی آسودہ ہو۔

الصَّحِیْف: روئے زمین۔

المصحّف: پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔

الصَّحَفِيّ: بغیر استاد کے کتب بینی سے علم حاصل کرنے والا۔(...... والمُصَحِّف): پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔

المَصْحَف والمِصْحَف والمُصْحَف: مجلد کتاب۔ مَصَاحِف: جمع۔

المُصَحَّف: تغیر کیا ہوا۔

صَحِلَ (س) صَحَلا صَوْتُه: پڑی ہوئی آواز والا اور بھاری آواز والا ہونا۔ صفت صَحِلٌ وأَصْحَل.

اِصْطَحَمَ. الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔

اِصْحَامَّ اِصْحِيمَامًا. النَّبَاتُ: پودہ کا بہت سرسبز ہونا۔ سبزی کا زردی سے ملنا۔ صفت أَصْحَم: مؤنث صَحْمَاء: رنگ۔

صُحْمَة...... الأَرْضُ: زمین کے نباتات کا متغیر ہونا...... الزَّرْعُ: سردی لگ جانا اور خشک ہونا شروع ہونا۔

صَحَنَه (ف) صَحْنًا: مارنا۔ کہا جاتا ہے "صَحَنَهُ عِشْرِيْنَ سَوْطًا" اس نے اس کو بیس کوڑے مارے۔ صَحَنَهُ بِرِجْلِهٖ: پیر سے مارنا...... الرَّجُلَ: کسی کو پیالہ میں کچھ دینا۔ صَحَنَهُ دِيْنَارًا: دینار دینا...... بَيْنَهُمْ: اصلاح کرنا۔

الصَّحْن: چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا باطنی حصہ اور اسی سے ہے "فَرَسٌ وَاسِعُ الصَّحْن" "صَحْنُ الدَّار: انگنائی۔ الصَّحْن مِنَ الأَرْض: ہموار زمین۔ ج صُحُوْن

الصَّحْنَان: جھانجھ ایک قسم کا باجا۔

صَحْنَا. الأُذُنَيْنِ: کان کے اندرونی حصے۔

فَرَسٌ صَحُوْنٌ: لات مارنے والا گھوڑا۔

الصَّحْنَى والصَّحْنَاة والصَّحْنَاء والصَّحْنَاءَة: چھوٹی نمک ملی ہوئی مچھلی۔

المِصْحَنَة: برتن جو بڑے پیالے کی مانند ہو۔

صَحَا يَصْحُو صَحْوًا وصُحُوًّا وصَحِيَ يَصْحَى صَحًا وأَصْحَى إِصْحَاءً. اليَوْمُ: دن کا بغیر بادل کے صاف ہونا۔ صفت صَحْو و صَاحٍ ومُصْحٍ...... السَّكْرَانُ: نشہ اتر جانا...... الرَّجُلُ: بچپنے کی جہالت کو چھوڑ دینا۔ افاقہ میں آنا۔ صفت صَاحٍ. ج صَاحُوْن صُحَاة: مؤنث صَاحِيَة ج صَاحِيَات وصَوَاحٍ. أصحاه: ہوش میں لانا۔ اَصْحَى القَوْمَ: آسمان کا قوم پر بے ابر ہونا۔

الصَّحْو: کہا جاتا ہے "سَمَاءٌ صَحْوٌ ويَوْمٌ صَحْوٌ" یعنی آسمان اور دن بے ابر و باد ہیں اور یہ وصف بالمصدر ہے۔

المَصْحَاة: باعث افاقہ۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ مَسْلَاةٌ مِنْ كَرْبِ الهَمِّ ومَصْحَاةٌ مِنْ سُكْرِ الهَمِّ" یعنی اس میں غم سے تسلی اور نشۂ غم سے افاقہ ہے۔

المِصْحَاة: برتن۔ طشت۔ پیالہ۔

صَخَّ: (ن) صَخًّا. الحَدِيْدَ بِالحَدِيْدِ: لوہے کو لوہے پر مارنا...... الصوتُ الاذنَ: آواز کا کان کو بہرا کر دینا(...... صَخَّ صَخِيْخًا) الحَدِيْدُ: لوہے کا آواز کرنا...... لحَدِيْثِهٖ: کان لگانا۔

الصَّخَّة: اسم مرۃ۔ باری(...... والصخ والصخيخ): پتھر یا لوہے کی آواز۔

الصَّخِيْخ: خوف زدہ کوے کی آواز۔

الصَّاخَّة: سخت آواز جو بہرا کر دے۔ مصیبت۔ قیامت۔

صَخِبَ: (س) صَخَبًا: شور مچانا۔

صَاخَبَهُ مُصَاخَبَةً: ایک دوسرے کا شور مچانا۔

تَصَاخَبَ. القَوْمُ: باہم شور مچانا اور ر پیٹ کرنا۔

اِصْطَخَبَ. الطَّيْرُ او الضِفْدَعُ: پرندیا مینڈک کی آواز کا مختلط ہونا۔

الصَّخَب: مص۔ شور۔

الصَّاخِب والصَّخِب والصَّخَّاب والصَّخُوْب والصَّخْبَان: شور مچانے والا۔ مؤنث صَخِبَة وصُخُبَة وصَخَّابَة وصَخُوْبٌ وصَخْبَى.

صَخِدَ: (س) صَخَدًا وصَخَدَانًا...... اليَوْمُ: سخت گرم ہونا۔

صَخَدَتْه: (ف) صَخْدًا. الشَّمْسُ: جلانا۔ الصُّرَدُ: لٹورے کا آواز کرنا۔

صَخَدَ: (ف) صُخُوْدًا. إِلَيْهِ: کان لگانا۔

أَصْخَدَ. الحَرُّ: گرمی تیز ہونا...... الرَّجُلُ: گرمی میں داخل ہونا...... الحِرْبَاءُ: گرگٹ کا دھوپ کھانا۔

الصَّاخِدَة: دوپہری۔

الصَّخْدَان والصَّخَدَان: سخت گرمی کا دن۔

صَيْخَدُ. الشَّمْسِ: گردۂ آفتاب۔

هَاجِرَةٌ صَيْخُوْدٌ: سخت گرم دوپہری۔ ج صَيَاخِيْد. صَيَاخِيْدُ الحَرِّ: گرمی کی تیزی۔

المَصْخَدَة: دوپہر۔ ج مَصَاخِد.

المُصْطَخِد: دھوپ میں کھڑا ہونے والا۔

صَخَّرَهُ: فرمانبردار کرنا۔

أَصْخَرَ. المَكَانُ: پتھریلا ہونا۔ صفت مُصْخِر.

الصَّخْرَة والصَّخَرَة: ٹھوس بڑا پتھر۔ چٹان۔ ج صُخُرٌ وصَخَرٌ وصُخُوْرٌ وصُخُوْرَةٌ وصَخَرَات کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَخْرَةُ الوَادِي" فلاں بہت مستقل ہے۔

الصَّخِر. مِنَ الأَمْكِنَة: پتھریلی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَخِرُ الوَجْهِ اوَاَصْخَرُ الوَجْهِ" یعنی وہ بے حیاء ہے۔

اَلصَّخْرَاوِيَّةُ: انتہائی خوشبو والا درخت۔ جس کے پھولوں کی خوشبو دور دور تک پھیل جاتی ہے۔

الصَّاخِر: لوہے پر لوہے کی جھنکار۔

الصَّاخِرَة: پینے کے لئے مٹی کا پیالہ۔

صَخَفَ (ف) صَفْخًا. الأَرْضَ: زمین کھودنا۔

المِصْخَفَة: زمین کھودنے کا آلہ۔ کدال۔ پھاوڑا۔

صَخَمَتْهُ: (ن) صَخْمًا. الشَّمْسُ:

آفتاب کا جھلس دینا۔
اِصْطَخَمَ. الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا۔
صَخِيَ يَصْخَى صَخًا. الثَّوْبُ: کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت صَخٍ.
الصَّخَاةُ: میل کچیل۔ ایک قسم کی سبزی۔
صَدَّهُ: (ن) صَدًّا. عَنْ كَذَا: روک دینا۔ منع کرنا۔ کہا جاتا ہے "صُدَّ السَّبِيلُ" یعنی راستہ کے درپے گھاٹی وغیرہ کی روک واقع ہوگئی۔
صَدَّ (ن ض) صَدًّا وصُدُودًا. عَنْهُ: اعراض کرنا۔ صفت صَادٌّ: جمع صُدَّاد: مؤنث صَادَّةٌ: جمع صَوَادُّ وصُدَّاد.
صَدَّ: (ن ض) صَدِيدًا. مِنَ الشَّيْءِ: چیخ پڑنا۔ چلانا۔
صَادَّهُ: مدافعت کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ يُصَادُّهُ وَيُصَادُّهُ" یعنی وہ مدافعت کرنے لگا۔
صَدَّدَ: تالی بجانا ...... الجُرْحُ: پیپ دینا۔
اَصَدَّهُ. عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔ الجُرْحُ: پیپ دینا یا بہہ پڑنا۔
تَصَدَّدَ لَهُ: درپے ہونا۔
اَصْطَدَّتْ. المَرْأَةُ: عورت کا پردہ کرنا۔
الصُّدُّ: معن ...... الصُّدُّ: بلند بادل۔ وادی کا کنارہ۔ اَصْدَادٌ و صُدُودٌ.
الصَّدَدُ: درپے۔ قصد۔ میلان۔ کنارہ۔
الصِّدَادُ: پردہ۔ ج اَصِدَّةٌ
الصَّدُودُ: روکنے والا (مفعول بمعنی فاعل) چھوٹی کرتی۔
الصَّدِيدُ: معن۔ پیپ خون سے ملی ہوئی۔ صَدِيدُ الفِضَّةِ: پگھلی ہوئی چاندی۔
الصُّدَّادُ: سانپ چھپکلی۔ پانی پر جانے کا راستہ۔ ج صَدَائِدُ.
صَدِئَ: (س) صَدًا وصَدُوْءً (ک) صَدَاءَةً. الحَدِيدُ: زنگ لگ جانا۔ صفت صَدِئٌ: مؤنث صَدِئَةٌ ...... الشَّيْءُ: زنگ کے رنگ کے مشابہ ہونا۔ صفت اَصْدَأُ: مؤنث صَدْآءُ ...... الرَّجُلُ: سیدھا کھڑا ہونا
اور دیکھنا۔
صَدَأَ: (ف) صَدْأً وصَدْأً تَصْدِئَةً. الشَّيْءَ: زنگ دور کرنا ...... المِرْآةَ: آئینہ کو صاف کرنا۔
اَصْدَأَهُ: مورچہ والا اچھا بنانا۔
تَصَدَّأَ لَهُ: درپے ہونا۔
الصَّدَأُ: زنگ۔ مورچہ۔ رَجُلٌ صَدَأٌ: نازک بدن مرد۔
الصَّدِئُ: جس پر مورچہ لگ گیا ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ فُلَانٌ صَاغِرًا صَدِئًا" فلاں شخص لوٹا اس حال میں کہ اس پر ذلت کا دھبہ لگ چکا تھا۔
الصُّدْأَةُ: مورچہ کا رنگ۔
صَدَحَ: (ف) صَدْحًا وصُدَاحًا. الرَّجُلُ او الطَّائِرُ: سریلی آواز بلند کرنا۔ صفت (صَادِحٌ وصَدَّاحٌ وصَيْدَحٌ وصَيْدَاحٌ وصَدُوحٌ وصَيْدَحِيٌّ ومِصْدَحٌ ومِصْدَاحٌ).
الصَّدَحُ: علم۔ خالی مکان۔ چھوٹا پتھریلہ ٹیلہ۔ شَيْءٌ صَدَحٌ: سیاہ چیز۔ ج صِدْحَانٌ.
الصُّدْحَةُ والصِّدْحَةُ والصَّدْحَةُ: مہرہ جس کو بطور تعویذ استعمال کیا جاتا ہے۔
صَدَرَ: (ن ض) صَدْرًا ومَصْدَرًا. عَنِ المَكَانِ وعَنِ المَاءِ: واپس ہونا ...... اِلَى المَكَانِ: متوجہ ہونا ...... الرَّجُلُ عَنْ كَذَا: واپس کر دینا ...... (صُدُورًا) الاَمْرُ: پیدا ہونا۔ حاصل ہونا۔ واقع ہونا ...... مِنْهُ: ظاہر ہونا ...... عَنْهُ: پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا۔
صَدَرَهُ صَدْرًا: سینہ پر مارنا۔
صُدِرَ: سینہ میں درد ہونا۔ صفت مَصْدُوْرٌ.
صَدَّرَهُ: واپس کرنا۔ آگے بڑھانا۔ صدر مجلس میں بٹھانا۔ صَدَّرَ الكِتَابَ بِكَذَا: کتاب پر کسی چیز سے شروع کرنا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کا آگے بڑھنا۔
اَصْدَرَهُ. عَنْ كَذَا: واپس کرنا۔ اَصْدَرَ الاَمْرَ: ظاہر کرنا ...... الرَّجُلُ: لے جانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُوْرِدُ وَلَا يُصْدِرُ" یعنی فلاں کام کو شروع کرتا ہے اور ختم نہیں کرتا۔
صَادَرَهُ. عَلَى الشَّيْءِ وبِهِ: اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔
تَصَدَّرَ: صدر مجلس میں بیٹھنا کہا جاتا ہے "تَصَدَّرَ المَجْلِسَ" مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا ...... الفَرَسُ: گھوڑے کے آگے کو سینہ نکالنا۔
تَصَادَرُوا. عَلَى مَاشَاؤُوا. صَدَرُوا.
الصَّدْرُ: ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ۔ سینہ۔ ہر چیز کا ابتدائی حصہ۔ ہر چیز کا ایک ٹکڑا۔ تم کہتے ہو "اَخَذْتُ صَدْرًا مِنْهُ" میں نے اس میں سے ایک حصہ لے لیا۔ صَدْرُ القَوْمِ: رئیس۔
الصَّدْرُ الاَعْظَمُ: وزیر اعظم۔ ج صُدُوْرٌ.
بَنَاتُ الصَّدْرِ: افکار۔
ذَاتُ الصَّدْرِ: سینہ کی ایک بیماری کا نام۔
صُدُوْرُ الوَادِي: وادی کا اگلا اور اعلی حصہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ الشَّيْءَ بِصَدْرِهِ" یعنی اول حصہ کو لے لیا۔ فُلَانٌ بَعِيدُ الصَّدْرِ یعنی غیر مہربان۔
الصَّدَرُ: پانی پر سے واپسی۔ سفر سے واپسی۔ صَادِرٌ کا اسم جمع۔
الصَّادِرُ: فا۔ لوٹنے والا۔ پانی پر سے لوٹنے والے پر عموماً بولا جاتا ہے اور اس کا مقابل وارد ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا اور اسی سے ہے "مَالَهُ صَادِرٌ وَلَا وَارِدٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔ طَرِيقٌ صَادِرٌ: پانی پر لے جانے والا راستہ۔ طَرِيقٌ وَارِدٌ صَادِرٌ: ایسا راستہ جس سے پانی پر لوگ آئیں جائیں۔
الصُّدْرَةُ. مِنَ الاِنْسَانِ: سینہ یا سینے کا اوپر کا حصہ۔ صدری۔ واسکٹ۔
المُصَدَّرُ: تنگ اونٹ کے سینے کا۔
الصِّدَارُ: صدری۔ اونٹ کے سینے پر نشان۔
الصَّدَارَةُ: تقدم۔ وزارت عظمیٰ کا عہدہ (والصُّدَيْرَةُ): سینے کا اوپر کا حصہ ج

صُدُور.

الأَصْدَر: مضبوط بڑے سینے والا۔

الأَصْدَرَان: کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

المَصْدَر: جائے صدور۔ ج مَصَادِر اور اسی سے مصادر افعال ہیں اس لئے کہ مصادر مشتقات کے لئے اصل وجڑ ہیں۔

المُصْدِر: فَـرَجُلٌ مُصْدِرٌ: کاموں کو پورا کرنے والا۔

المُصَدَّر: قوی اور بڑے سینے والا۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر۔ بھیڑیا۔

صَدَعَ: (ف) صُدُوْعًا. إِلَى كَذَا: مائل ہونا۔

صَدَعَ: (ف) صَدْعًا. الشَّيْءَ: اس طرح پھاڑنا کہ جدا نہ ہو...... القَوْمَ: متفرق کردینا...... الأَمْرَ: ظاہر کرنا...... بِالحَقِّ: حق بات کو کھلم کھلا بیان کرنا...... فِي الأَمْرِ: کر گزرنا...... الأَمْرَ بِالحَقِّ: حق کا فیصلہ کرنا...... فُلَانًا: قصد کرنا۔ صَدَعَهُ عَنْ كَذَا: روک دینا...... النَّهْرَ: کاٹ دینا...... فِي المَكَانِ: گزرنا۔ عبور کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّرِيْقُ يَصْدَعُ فِي أَرْضِ كَذَا" یہ راستہ فلاں زمین میں گزرتا ہے...... اللَّيْلَ: رات میں چلنا۔

صُدِعَ وصُدِّعَ: دردِ سر میں مبتلا ہونا۔ صفت مَصْدُوْع.

صَدَّعَ. الشَّيْءَ: پھاڑنا...... الفَلَاةَ او النَّهْرَ: بیابان یا نہر کو طے کرنا۔

تَصَدَّعَ. القَوْمُ: متفرق ہونا۔ تَصَدَّعَتِ الأَرْضُ بِهِ: وہ زمین میں بھاگ کر غائب ہو گیا۔

تَصَدَّعَ وانْصَدَعَ. الشَّيْءُ: پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَصَدَّعَتْ وانْصَدَعَتِ الأَرْضُ بِالنَّبَاتِ" یعنی زمین میں روئیدگی ظاہر ہوئی۔ اِنْصَدَعَ الصَّبَاحُ: صبح کی روشنی پھیلنا۔

الصَّادِع: فا۔ قاضی۔ جَبَلٌ صَادِعٌ: دور تک پھیلا ہوا پہاڑ۔ وَادٍ صَادِعٌ: دور تک پھیلی ہوئی وادی۔ سَبِيْلٌ صَادِعٌ: دور تک پھیلا ہوا راستہ۔ صُبْحٌ صَادِعٌ: روشن صبح۔

الصَّدْع: شگاف۔ ج صُدُوْع.

الصَّدْع والصَّدَع: ہلکا پھلکا مرد۔ قوی جوان۔ صَدْعُ الحَدِيْدِ: لوہے کا چھوچہ زنگ۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ عَلَيْهِم صَدْعٌ وَاحِدٌ" لوگ ان کے اوپر عداوت میں متفق ہیں۔

الصِّدْع: آدمیوں کی جماعت۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔

الصَّدْعَة: اسم مرة۔ پھٹن۔ پراگندگی۔ تفرق۔ ج صَدَعَات: کہا جاتا ہے "رَأَيْتُ بَيْنَهُمْ صَدَعَاتٍ" یعنی رائے اور خواہشات میں اختلافات "وأَصْلِحُوْا مَا فِيْكُمْ مِنَ الصَّدَعَاتِ" یعنی جمع ہوجاؤ اور متفرق مت ہو۔

الصِّدْعَة ج صِدَع والصَّدِيْع ج صُدُع: بکریوں کا ریوڑ۔ اونٹوں کا گلہ۔ دو برابر میں پھٹی ہوئی چیز کا آدھا حصہ۔ صَدِيْع: بمعنی مصدوع: صبح۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ وہ کپڑا جو زرہ کے نیچے پہنا جائے۔

الصُّدَاع: دردِ سر۔

التَّصْدَاع: تفریق۔

المَصْدَع: سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج مَصَادِع.

المِصْدَع: نیزہ۔ تیر۔ چھری کا چوڑا پھل۔ خَطِيْبٌ مِصْقَعٌ مِصْدَعٌ: بلیغ خطیب۔

صَدَغَهُ (ف) صَدْغًا. عَنِ الأَمْرِ: باز رکھنا۔ روکنا۔ سیدھا کرنا...... النَّمْلَةَ: چیونٹی کو مارنا۔

صَدَغَهُ: (ف) صَدْغًا: موڑھے سے موڑھا ملا کر چلنا۔

صَدَغ: (ن) صَدْغًا وصُدُوْغًا. إِلَى الشَّيْءِ: مائل ہونا۔

صَدُغَ: (ک) صَدَاغَةً: کمزور و ناتواں ہونا۔

صُدِغَ: کنپٹی کے درد میں مبتلا ہونا۔

صَادَغَهُ: موڑھے سے موڑھا ملا کر چلنے

الصُّدْغ: کنپٹی۔ کنپٹی کے بال۔ ج أَصْدَاغ.

الصَّدَغ: کجی۔ ٹیڑھاپن۔

الصِّدَاغ: کنپٹی پر نشان۔

الصَّدِيْغ: کمزور۔ تین دن کا بچہ۔

الأَصْدَغَان: دونوں کنپٹی کے نیچے کی رگیں۔

المِصْدَغَة: تکیہ۔

بَعِيْرٌ مُصْدَغٌ ومَصْدُوْغٌ: کنپٹی پر نشان والا اونٹ۔

صَدِفَ: (ن ض) صَدْفًا وصُدُوْفًا: پھر جانا۔

صَدَفَ: (ض) صَدْفًا. عَنْهُ: اعراض کرنا...... فُلَانًا: پھیر دینا۔ ہٹانا۔

صَدِفَ: (س) صَدَفًا: گھوڑے کی رانوں کا قریب اور کھروں کا دور ہونا۔

أَصْدَفَهُ. عَنْهُ: پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔

صَادَفَهُ: پانا۔

تَصَادَفَ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔

الصَّدَف: سیپی۔

الصَّدَفَة: ایک سیپی۔ ج أَصْدَاف. صَدَفَةُ الأُذُنِ: کان کا اندرونی حصہ۔

الصَّدَفُ. فِي الخَيْلِ: رانوں کی نزدیکی اور کھروں کی دوری۔ الصَّدَفُ الصَّدَفَةُ: جانب۔ کنارہ۔

الصَّدَف والصُّدُف والصُّدَف والصَّدُف: پہاڑ کا کنارہ۔ الصَّدَف: زبان اور جبڑے کا درمیانی حصہ۔

فَرَسٌ أَصْدَفُ: وہ گھوڑا جس کی رانیں قریب قریب اور کھر دور ہوں۔

الأَصْدَاف: سمندر کی موجیں۔

الصُّدْفَة: ملاقات۔

الصَّدَفِيَّات: نرم مزاج جانور جو کہ پانی میں زندگی بسر کرتا ہے اس میں ہڈی نہیں ہوتی اور جلد مچھلی کی طرح ہوتی ہے۔

الصَّدُوْف: گندہ ذہن۔ بہت اعراض کرنے والا۔

المَصْدُوْف: مفع۔ چھپا ہوا۔

صَدَق :(ن) صَدْقًا وصِدْقًا ومَصْدُوْقَةً تَصْدَاقًا :سچ بولنا......فِیْ وَعْدِہٖ ووَعِیْدِہٖ : پورا کرنا......فِی الجملة :بہادری ظاہر کرنا۔کہا جاتا ہے "صَدَق القِتَالَ وصَدَق فُلانًا القِتَالَ" سخت جنگ کی......ہ النَصِیْحَة او المَحَبَّةَ : خالص نصیحت یا محبت کرنا......ہ الحَدِیْث : سچی بات بیان کرنا۔سچی خبر دینا۔

صَدَّقَہٗ :سچا جاننا۔سچا سمجھنا۔

صَادَقَہٗ صِدَاقًا ومُصَادَقَةً :دوست بنا۔

صَادَقَه المَودَّةَ: خالص دوستی کرنا۔

اَصْدَق. الِابْنَةَ :بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔

تَصَدَّق :صدقہ دینا......عَلَی الفَقِیْرِ بِکَذَا :فقیر کو کوئی چیز صدقہ میں دینا۔

تَصَادَقَا :محبت کرنا۔دوستی کرنا۔تَصَادَقَا الحَدِیْثَ اوالمَوَدَّةَ اوفِیْھِمَا :ایک دوسرے سے سچی بات کہنا یا خالص دوستی کرنا۔

الصَدْق :مص۔سیدھا ٹھوس نیزہ ہو یا (کوئی اور چیز) کہا جاتا ہے "رُمْحٌ صَدْق وقَنَاةٌ صَدْقَةٌ" سیدھا ٹھوس نیزہ۔کامل۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَدْقُ اللِقَاءِ والنَظَر" ملاقات اور شفقت میں کامل شخص۔ ج صُدُق وصُدْق وصَدْقُوْن :مؤنث صَدْقَةٌ ج صَدْقَات.

الصِدْق :سچ۔فضیلت۔صلاح۔سختی۔مضبوطی۔کہا جاتا ہے "ھُوَ رَجُلُ صِدْقٍ وصَدِیْقُ صِدْقٍ" مردانگی اور دوستی میں سچا ہے۔یعنی کامل ہے۔

الصَدَقَة :خیرات۔ج صَدَقَات.

الصَدُقَةُ والصُدْقَة والصَدْقَة والصُدُقَة : مہر۔

الصَدَاق والصِدَاق :مہر۔ج اَصْدِقَة وصُدُق.

الصَدَاقَة :سچی دوستی۔

الصَادِق :سچا۔تَمْرٌ صَادِقُ الحَلاوَةِ: بہت میٹھی کھجور۔نِیَّةٌ صَادِقَةٌ :خالص نیت۔حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ :شدید حملہ۔

الصَدُوْق :ہمیشہ سچ بولنے والا۔ج صُدُق وصُدْق.

الصَدِیْق :پیارا دوست۔ج اَصْدِقَاء وصُدَقَاء وصُدْقَان۔جج اَصَادِق مؤنث صَدِیْقَة.

الصِدِّیْق :بہت سچا۔سچائی میں کامل۔عمل سے اپنی بات کو سچ کر دکھانے والا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا لقب۔

المِصْدَاق :کسی کی سچائی کا گواہ۔کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ ذُوْ مَصْدَقٍ او ذُوْمِصْدَقٍ" یعنی بہادر ہے جنگجو ہے یا تیز دوڑنے والا ہے۔

المَصْدُوْقَةُ :سچائی۔

اَلتَصْدِیْقُ :علم منطق میں وہ شے جس کے وجود کے علاوہ اس پر حکم بھی لگا دیا جائے وہ تصدیق ہے اگر وجود مانا جائے اور حکم نہ لگایا جائے تو وہ تصور ہے۔

اس کی مثال: کسی حیوان کو دیکھ کر اس پر ناطق یا غیر ناطق نہ لگانا تصور ہے۔

صَدَمَہٗ :(ض) صَدْمًا :دفع کرنا۔ہٹانا۔آپڑنا۔کہا جاتا ہے "صَدَمَہٗ اَمْرٌ شَدِیْدٌ" اس کے اوپر مصیبت آپڑی۔"صَدَمَتْہُ حُمَیَّا الکَاسِ" یعنی اس کے اوپر شراب کے پیالہ کی تیزی کا اثر ہوا۔

صَادَمَہٗ مُصَادَمَةً :مارنا۔

اِصْطَدَمَ وتَصَادَمَ. الفَارِسَان :ایک دوسرے کو مارنا۔ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔

الصِدَام :جانوروں کے سر میں ایک بیماری۔

الصَدْمَة :اسم مرۃ۔دفعةٌ واحدةٌ کہا جاتا ہے "صَرعَہٗ بِصَدْمَةٍ" ایک ہی مرتبہ میں پچھاڑ دیا۔"اَعْطَاہُ رِزْقَ شَھْرَیْنِ بِصَدْمَةٍ" دو مہینے کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔

الصَدْمَتَان والصَلِمَتَانِ :پیشانی کے دونوں جانب۔

الاَصْدَم :وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب کے بال گر گئے ہوں۔

رَجُلٌ مِصْدَمٌ :جنگجو بہادر۔

صَدَّ یَصُدُّوْا صَدُوًا وصَدًی. بِیَدَیْہِ : دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔

صَدِیَ یَصْدَی صَدًی :سخت پیاسا ہونا۔ صفت صَدٍ وصَادٍ وصَدْیَان :مؤنث صَدْیَا وصَادِیَة ج صَوَادٍ کہا جاتا ہے "آنَا صَدْیَان اِلٰی حَدِیْثِکَ وَلِی اَحْشَاءٌ صَوَادٍ" یعنی میں تمہاری بات چیت کا بہت مشاق ہوں۔صَدِیَ الشَّیْءُ :لمبا ہونا۔

صَادَاہُ مُصَادَاةً :مقابلہ کرنا۔مدارات کرنا۔

اَلصَّدَی : اَلْھَامَةُ: یعنی زمانہ جاہلیت کے عقیدہ کے مطابق جب مقتول کو قبر میں ڈال دیا جائے اور اس کا انتقام نہ لیا جائے تو میت کی قبر سے ایک جانور باہر نکل کر آواز دیتا ہے اور انتقام کا نعرہ لگاتا ہے۔اس کو بوم القبر (قبر کا الو) یا اَلْھَامَةُ بولتے ہیں۔نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہامہ جیسی لغویات کا سختی سے رد فرمایا۔

صَدّٰی تَصْدِیَةً. بِیَدَیْہِ :دونوں ہاتھوں سے تالی بجانا۔

اَصْدَی اِصْدَاءً :مرنا......الجَبَلُ :گونجنا۔آواز بازگشت کرنا۔

تَصَدّٰی لَہٗ :درپے ہونا......لِلْاَمْرِ :کسی معاملے کے لئے متوجہ ہونا۔

الصَدٰی :سخت پیاس۔آواز بازگشت۔گونج۔دماغ۔انسانی لاش۔تعرض۔ج اَصْدَاء کہا جاتا ہے "ھُمُ الیَوْمَ اَعْدَاءٌ وھُمْ غَدًا اَصْدَاءٌ" یعنی وہ آج کے دن دشمن ہیں اور کل مُردہ ہوں گے "ومَنَعَتْ صَدَاہُ" یعنی اس کے درپے ہونے کو روک دیا۔و "صُمَّ صَدَاہُ" یعنی ہلاک ہو گیا۔و "اَصَمَّ اللّٰہُ صَدَاہُ" یعنی ہلاک کر دے۔

الصَدٰی :الو کی ایک قسم جس کا سر بڑا ہوتا ہے اور جدھر تم پھرو اُدھر ہی اپنے سر کو پھراتا ہے اور ویرانے تاریک مقامات میں رہا کرتا ہے اور اس کا نام ہامہ بھی ہے۔

زمانہ جاہلیت میں خیال تھا کہ یہ مقتول کے

سرے کٹتا ہے اور جب تک کہ اس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے چیختا رہتا ہے اور کہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ اور اسی وجہ سے اس کو صدیٰ کہا جاتا ہے۔

صَرَّ: (ن) صَرًّا. الصُّرَّةَ: تھیلی کو باندھنا ......الدَّرَاهِمَ فِي الصُّرَّةِ: تھیلی میں رکھنا ......الفَرَسُ أُذُنَهُ وبِأُذُنِهِ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا......النَّاقَةَ بِالنَّاقَةِ: تھن کو باندھ دینا تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔

صَرَّ: (ض) صَرًّا وصَرِيْرًا. الشَّئُ: چرچرانا......الرَّجُلُ: زور سے چیختا چلانا۔ پیاسا ہونا۔ الأُذُنُ: کان بجنا۔

صُرَّ. النَّبَاتُ: ٹھنڈی ہوا لگ جانا۔

صَرَّتِ النَّاقَةُ: آگے بڑھنا۔ صَرَّ أُذُنَه: سننے کے لئے کان کھڑے کرنا۔

صَارَّهُ مُصَارَّةً. عَلٰى كَذَا: مجبور کرنا۔

أَصَرَّ. عَلَى الأَمْرِ: پختہ ارادہ کرنا۔ ثابت قدم رہنا اور اکثر برائی اور گناہوں میں استعمال کیا جاتا ہے "أَصَرَّ عَلَى الذَّنْبِ" جبکہ باز نہ آئے۔ قرآن مجید میں ہے ﴿كَانُوْا يُصِرُّوْنَ عَلَى الحِنْثِ العَظِيْمِ﴾: یعنی بڑے بھاری گناہ پر اصرار کیا کرتے تھے......السُّنْبُلُ: خوشے میں خار نکلنا...... الفَرَسُ أُذُنَه وبِأُذُنِهِ: گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔

الصِّرُّ والصِّرَّةُ: سردی۔ رِيْحٌ صِرٌّ: سخت ٹھنڈی ہوا۔ تیز آواز والی ہوا۔ الصِّرَّةُ: چیخ۔

الصَّرَّةُ: شور۔ چیخ۔ لڑائی یا گرمی کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت۔ تعویذ کے مہرے۔

الصُّرَّةُ: تھیلی۔ بٹوہ۔ ج صُرَر.

يَمِيْنٌ صِرّٰى: سخت قسم۔ کہا جاتا ہے "هِيَ مِنِّيْ صِرّٰى" یہ میری جانب سے پکی بات ہے۔

الصَّرَز: خوشہ کا خار۔ واحد صَرَزَة.

الصَّارُّ: فَاشْجَرٌ صَارٌّ: گنجان درخت۔

الصَّارَّة. الصَّارُّ: کا مؤنث۔ حاجت۔

پیاس۔ ج صَوَارّ.

الصَّرُوْرُ والصَّارُوْرُ والصَّرُوْرِيّ والصَّارُوْرِيّ: جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد جمع دونوں کے لئے)

الصَّرَارِيُّ: ملاح۔ ج صَرَارِيُّوْنَ.

الصِّرَارُ: دھاگا جس سے تھن کو باندھ دیا جائے تاکہ بچہ دودھ نہ پی سکے۔ بلند مکان جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔ ج أَصِرَّة.

الصَّرَّارُ. صَارٌّ: کا اسم مبالغہ۔ صَرَّارُ اللَّيْلِ: جھینگر۔

الصَّرَّارَةُ: سانپ کھانے والا عقاب۔

الصَّرَارَة والصَّرُوْرَة والصَّارُوْرَة والصَّارُوْرَاء: وہ شخص جو نکاح نہ کرے اور حج نہ کرے (واحد اور جمع دونوں کے لئے)

صَرَّارُ اللَّيْلِ: ٹڈی کی مانند ایک سیاہ رنگ کیڑا جو رات کو آواز کرتا ہے۔

الصَّرَّارَة: عقاب کی ایک قسم ہے جو سانپ کو کھا جاتا ہے۔ الصَّرِيْرَة: تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم۔ ج صَرَائِر.

المَصَارِّ: آنتیں۔

المَصْرُوْر: مفع۔ بندھا ہوا قیدی۔

صَرَبَ: (ض) صَرْبًا: کاٹنا' کمانا' دودھ کو ترش بنانا۔ پیشاپ یا دودھ کو روکنا ...... الصَّبِيُّ: بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا۔

صَرِبَ: (س) صَرَبًا. اللَّبَنُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔

أَصْرَبَ. إِلَيْهِ مَالًا: دینا۔

صَرَّبَ: ترش دودھ پینا۔

إِصْطَرَبَ. اللَّبَنَ فِي الوَطْبِ: دودھ کو ترش ہونے کے لئے برتن میں تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔

إِصْرَابَّ. الشَّئُ: صاف اور چکنا ہونا۔

الصَّرْب والصَّرَب: بہت زیادہ ترش دودھ۔ سرخ گوند۔ ببول کا گوند۔ واحد صَرْبَة وصَرَبَة.

الصِّرْب: غریب عربوں کے تھوڑے

الصَّرِيْب: کھٹا دودھ۔ ج صُرُب.

المَصْرُوْب: مفع۔ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ۔

المِصْرَب: برتن جس میں دودھ جمع کیا جائے۔ ج مَصَارِب.

صَرَّجَ. الحَوْضَ: حوض کو چونا' مٹی ملا کر بنانا۔ الحَوْضَ بِالنُّوْرَةِ: حوض پر چونے کی قلعی کرنا۔

الصَّارُوْج: چونا مٹی ملا ہوا (معرب)

صَرُحَ: (ک) صَرَاحَةً وصُرُوْحَةً: صاف ہونا۔ خالص ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت صَرِيْح: جمع صُرَحَاء: مؤنث صَرِيْحَة.

صَرَحَ: (ف) صَرْحًا. الأَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَرَّحَ. المُتَكَلِّمُ: بغیر کنایہ کے کھلم کھلا کہنا بِمَا فِيْ نَفْسِهِ: ظاہر کرنا......الأَمْرَ: واضح کرنا۔ الأَمْرُ: واضح ہونا......لازم ومتعدی ہے۔ النَّهَارُ: دن کا بے بادل ہونا۔ الخَمْرُ: شراب کا صاف ہونا۔ بے جھاگ ہونا۔ مثال ہے "صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مُحْضِهِ" یعنی حق پوری طرح ظاہر ہوگیا۔ صَرَّحَتِ السَّنَةُ: خشک سالی ہوئی۔ صَرَّحَ الرَّامِي: تیرانداز کا خطا کرنا۔

أَصْرَحَ. الأَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔

صَارَحَهُ صِرَاحًا وصُرَاحًا ومُصَارَحَةً: کھلم کھلا کہنا۔ کہا جاتا ہے "شَتَمَهُ مُصَارَحَةً او صِرَاحًا" رودررو گالی دی۔ صَارَحَ

صَرَّحَ بِمَا فِيْ نَفْسِهِ: دل کی بات ظاہر کر دینا۔

إِنْصَرَحَ. الحَقُّ: واضح ہونا۔ منکشف ہونا۔

تَصَرَّحَ. الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ: شراب سے جھاگ دور ہونا۔

الصَّرْح: قصر۔ محل۔ ہر بلند عمارت۔ ج صُرُوْح.

الصَّرْحَة: سخت زمین۔ صَرْحَةُ الدَّارِ: گھر کا صحن۔ ج صَرَحَات.

خالص۔
الصُّرَاحَة والصُّرُوحَة :خلوص۔ وضاحت۔
الصُّرَاحِيَة. مِنَ الخَمرِ :خالص شراب۔ شراب کا برتن۔ کہا جاتا ہے "کَذِبٌ صُرَاحِيَّةٌ" یعنی سفید جھوٹ۔
الصُّرَاحِي :واضح۔ ظاہر۔
یَومٌ مُصرِحٌ ومُصَرِّحٌ :بے بادل کا دن۔
صَرَخَ :(ن) صُرَاخًا وصَرِيخًا :سخت چیخنا۔ فریاد کرنا......القَومَ: فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
أَصرَخَهٗ :فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔
تَصَرَّخَ :بتکلف چیخنا۔
تَصَارَخَ واصطَرَخَ. القَومُ :چیخ وپکار مچانا اور مدد طلب کرنا۔ اِصطَرَخَ :بمعنی صَرَخَ.
الصَّارِخُ :فا۔ مرغ۔
اَلصَّارُوخُ :راکٹ (ایسا ہتھیار جو بم کو لے کر اُڑتا ہے)۔
میزائل: اس کی تین اقسام ہوتی ہیں۔
(۱) اپنے آپ اپنے آلات کے زور پر مخصوص ہدف کی طرف چلتا ہے۔
(۲) راڈار کی طاقت سے خاص شعاعوں یا دھوئیں کے پیچھے اُڑتا ہے۔ (۳) خاص قوت کے ذریعے جو اس کو ہدف مقرر کی طرف لے جاتا ہے۔
الصَّارِخَة. الصَّارِخُ :کا مؤنث۔ فریاد رسی۔ دادخواہی۔ دادخواہی کی آواز۔ تم کہتے ہو "سَمِعتُ صَارِخَةَ القَومِ" میں نے قوم کی دادخواہی کی آواز سنی۔
الصَّرَّاخُ :بہت زیادہ چیخنے والا۔ مور۔
الصَّرِيخُ :مص۔ فریادرس۔ دادخواہ۔ ج صُرَخَاء.
صَرِدَ :(س) صَرَدًا. السَّهمُ :تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ نشانہ پر بیٹھنا......الرَّجُلُ :سردی برداشت کر لینا۔ سردی محسوس کرنا...... السِّقَاءُ :جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا۔ کہا جاتا ہے "صَرِدَ قَلبِي عَنهُ" یعنی میرا دل اس سے ہٹ گیا۔

صَرَدَ :(ن) صَرْدًا وأَصرَدَ. الرَّامِي السَّهمَ :نشانہ لگانا۔ أَصرَدَ السَّهمُ :تیر کا نشانہ پر لگنا۔
صَرَّدَ. الشَّيْءَ :ٹکڑے ٹکڑے کرنا...... العَطَاءَ :کم دینا......الرَّجُلَ :سیرابی سے کم پلانا۔
الصَّرْدُ :محض خالص۔ کہا جاتا ہے "سَقَاهُ الخَمرَ صَرْدًا" خالص شراب پلائی۔ أُحِبُّهٗ حُبًّا صَرْدًا :خالص محبت کی۔ پہاڑ میں اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی۔ یَومٌ صَرْدٌ :ٹھنڈا دن۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ صَرْدًا" شدت سردی سے مرگیا۔ أَرضٌ صَرْدٌ :سرد ملک۔ ج صُرُودٌ :اس کے خلاف أَرضٌ جُرُومٌ : ہے۔ یعنی گرم ممالک۔
الصَّرَدُ :بڑا لشکر۔ بھالے کی کیلیں جس میں نیزہ لگایا جائے۔
الصَّارِدُ :فا۔ سَهمٌ صَارِدٌ :نشانہ پر لگنے والا تیر۔
الصَّوَارِدُ :ٹھنڈی ہوائیں۔
الصُّرَدُ :لٹورا (ایک پرندہ کا نام) ج صِردان.
الصُّرَدَانِ :زبان کے اندرونی حصہ کی دو رگیں۔
الصَّرِدُ. مِنَ الخَيلِ :وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زخمی ہو......مِنَ الرِّجَالِ :سردی کو برداشت کرنے والا۔ سردی کو محسوس کرنے والا۔ ج صَرْدَى یَومٌ صَرِدٌ :سخت ٹھنڈا دن۔
الصُّرَّادُ والصُّرَيْدُ :بے پانی کا پتلا بادل۔
نَفجَةٌ صَرِيدَةٌ :سردی زدہ۔ بھیڑ۔ ج صَرَائِدُ.
المِصرَادُ :بے درخت کی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَهمٌ
مِصرَادٌ :نشانہ پر لگنے والا تیر۔
سَهمٌ مُصَرِّدٌ :نشانہ پر لگنے والا تیر۔
المُصطَرِدُ :سخت غضبناک۔
صَرصَرَ. الصُّرَدُ او الصَّقرُ :آواز کرنا......الرَّجُلُ :چیخنا......الشَّيْءَ :چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔

الصَّرصَرُ. مِنَ الرِّيَاحِ :تیز چلنے والی یا زیادہ ٹھنڈی ہوا۔ مرغ...... الصُّرصُرُ ج صَرَاصِرُ. الصُّرصُورُ ج صَرَاصِيرُ: جھینگر۔ مجیرا۔ الصُّرصُورُ :کشتی۔
الصِّرَاطُ :راستہ۔ ج صُرُط.
الصُّرَاطُ :لمبی تیز تلوار۔
صَرَعَهٗ :(ف) صَرعًا وصِرعًا ومَصرَعًا :پچھاڑ دینا۔ زمین پر گرا دینا...... الشِّعرَ :دو مصرعے بنانا......البَابَ :دو کواڑ لگانا۔
صُرِعَ :مرگی ہونا۔ کہا جاتا ہے "صُرِعَ الشَّجَرُ" یعنی کاٹ دیا گیا اور ڈال دیا گیا۔
صَرَّعَهٗ :سخت پچھاڑنا......الشِّعرَ :مصرعے لگانا......البَابَ :کواڑ لگانا۔
صَارَعَهٗ صِرَاعًا ومُصَارَعَةً :کشتی لڑنا۔
تَصَارَعَ واصطَرَعَ. الرَّجُلَانِ :باہم کشتی لڑنا۔
اِنصَرَعَ :پچھاڑا جانا۔
تَصَرَّعَ. لِصَاحِبِهٖ :تواضع کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَازِلتُ أَتَصَرَّعُ لَهٗ وإِلَيهِ حَتَّى أَجَابَنِي" میں عاجزی ظاہر کرتا رہا یہاں تک کہ اس نے میری بات مان لی۔
الصَّرعُ :مص۔ مرگی۔ مثل۔ مقابل۔ قسم کہا جاتا ہے "هُوَ صَرعُ كَذَا" یعنی وہ فلاں کے مقابل ہے۔ ج أَصرُعٌ صُرُوعٌ.
والصَّرعَانِ :رات دن یا صبح شام۔ کہا جاتا ہے "أَتَيتُهٗ صَرعَيِ النَّهَارِ" یعنی میں اس کے پاس صبح شام آیا اور "هُوَ ذُو صَرعَينِ" وہ دو قسم یعنی رنگ کا ہے "تَرَكتُهُم صَرعَينِ" یعنی میں نے ان کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ ایک حالت سے دوسری حالت میں منتقل ہوتے رہتے ہیں۔
الصِّرعُ :مص۔ مثل۔ قسم۔ رسی کی لڑی۔ ج أَصرُعٌ صُرُوعٌ :کشتی لڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا صَرعَانِ" یعنی دونوں کشتی لڑنے والے ہیں۔

الصَّرْعَة: اسم مرة۔ حالت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَفْعَلُهُ عَلٰى كُلِّ صَرْعَةٍ" مراد یہ ہے کہ ہر حالت میں کرتا ہے۔

الصُّرْعَة: جس کو لوگ پچھاڑ دیں۔

الصُّرَعَة والصَّرَّاع والصِّرِّيع والصُّرُوع: لوگوں کو زیادہ پچھاڑنے والا۔ کہا جاتا ہے "قومٌ صُرَعَةٌ" یعنی ایسی قوم جو ہر کشتی لڑنے والے کو پچھاڑ دے۔ الصُّرَعَة: حلیم و بردبار۔ اس لئے کہ اس کی بردباری غضب وغصہ کو پچھاڑ دیتی ہے۔ الصُّرُوع: جمع صَرْع کی ہے۔

الصِّرَاعَة: کشتی کا فن۔

الصَّرِيع: زمین پر پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ ج صَرْعٰى: کہا جاتا ہے "بَاتَ صَرِيعَ الْكَأْسِ" یعنی مجنون ہو کر رات گزاری۔ درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔ ج صُرُع۔

المَصْرَع: مص۔ پچھاڑنے کی جگہ۔ ج مَصَارِع۔

المِصْرَاع مِنَ الْبَابِ: دروازے کا ایک پٹ ...... مِنَ الشِّعْرِ: شعر کا ایک مصرعہ ج مَصَارِيع۔

صَرَفَهُ: (ض) صَرْفًا: پھیرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوبَهُمْ" مراد یہ ہے کہ اللہ ان کے قلوب کو گمراہ کردے۔ صَرَفَ الشَّرَابَ: خالص شراب پینا ...... الدَّنَانِيرَ: دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدل لینا ...... الْمَالَ: خرچ کرنا ...... الْكَلِمَةَ: منصرف بنانا۔ یعنی جر و تنوین لاحق کرنا۔

صَرَفَ: (ن) صَرِيفًا. بِنَابِهِ: دانت پیسنا ...... الْبَابُ: بند کرتے ہوئے یا کھولتے ہوئے دروازے سے آواز نکلنا۔

صَرَّفَهُ: مبالغہ کے ساتھ صرفہ کے معنی میں ہے۔ صَرَّفَ الشَّيْءَ: بیچنا ...... الدَّرَاهِمَ: تبدیل کرنا ...... الْخَمْرَ: خالص شراب پینا ...... الْكَلَامَ: بات سے بات نکالنا ...... فِي الْأَمْرِ: سپرد کردینا ...... صَرَّفَ الْمَاءَ: جاری کر دینا۔ اللّٰهُ الرِّيَاحَ: ایک جانب سے دوسری جانب پھیر دینا۔

صَارَفَهُ: مبادلہ کرنا۔ صَارَفَ نَفْسَهُ عَنِ الشَّيْءِ: پھیر دینا۔ باز رکھنا۔

أَصْرَفَهُ. عَنْ كَذَا: رد کر دینا۔ ہٹا دینا۔ أَصْرَفَ الشَّرَابَ: کچھ نہ ملانا۔

تَصَرَّفَ. فِي الْأَمْرِ: کسی معاملہ میں تصرف کرنا۔ تَصَرَّفَتْ بِهِ الْأَحْوَالُ: مصائب و آفات کا غالب آ جانا۔

اِنْصَرَفَ. الرَّجُلُ: باز رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الْكَلِمَةُ: منصرف ہونا۔

اِصْطَرَفَ: کمائی کرنے کے لئے پھرنا ...... الدَّرَاهِمَ: بدل لینا۔ تم کہتے ہو "اِصْطَرَفْتُ هٰذِهِ الدَّرَاهِمَ بِدِينَارٍ" یعنی میں نے ان دراہم کو دینار سے بدل لیا۔

اِسْتَصْرَفَ. اللّٰهَ الْمَكَارِهَ: مکروہات کو پھیر دینے کی دعا کرنا۔

الصَّرْف: ایک علم کا نام ہے جس میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و ہیئت وغیرہ سے بحث کی جاتی ہے۔ صَرْفُ الدَّهْرِ وصُرُوفُهُ: مصائب زمانہ۔ فضیلت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ عَلَيَّ صَرْفٌ" اس کو مجھ پر فضیلت ہے۔ صَرْفُ الْحَدِيثِ او الْكَلَامِ: کلام کی زیادتی اور تحسین و تزئین۔ صَرْفُ الْمَالِ: خرچ کرنا۔

الصِّرْف: خالص۔ جیسے "شَرَابٌ صِرْفٌ" خالص شراب۔ ایک قسم کا سرخ رنگ۔

الصَّرْفَان الصِّرْفَان: رات دن۔

الصَّرَفَان: موت۔ پیتل۔ سیسہ۔

الصِّرَافَة: صراف کا پیشہ۔

الصَّرْفَة: اسم مرة۔ گردش۔ مہرہ، منتر یا تعویذ کا۔ ایک منزل منازل قمر میں سے۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دودھ کر اگلی صبح تک کے لئے چھوڑ دینا۔

الصَّرُوف: وہ اونٹنی جس کے دانتوں سے آواز نکلے۔

الصَّرِيف: مص۔ چاندی خالص۔ صَرِيفُ الْبَابِ: دروازے کی چرچراہٹ۔ صَرِيفُ الْقَلَمِ: قلم کے چلنے کی آواز ...... والمَصْرُوف): ہر شے خالص۔ درخت کی خشک شدہ شاخ۔

الصَّرِيفَة. الصَّرِيف کا مؤنث۔ درخت خرما کی خشک ٹہنی۔ چپاتی۔ ج صُرُف وصَرَائِف وصَرِيف۔

تَصَارِيفُ. الدَّهْرِ: مصائب زمانہ۔

الصَّرَّاف والصَّيْرَف والصَّيْرَفِي: روپے پیسے کی تجارت کرنے والا۔ ج صَيَارِفَة۔

الصَّرَّاف والصَّرْفِي: علم صرف کا جاننے والا۔

الْمُتَصَرِّف: ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔

الْمُتَصَرِّفِيَّة: ملک کا ایک حصہ۔ ملک کے ایک حصہ کا حاکم۔

الصَّرِيقَة: چپاتی۔ ج صَرِيق و صُرُق وصَرَائِق۔

صَرْقَعَ. أَصَابِعَهُ: انگلیاں چٹخانا۔

صَرْقَاعَة: کوچھن۔ کوچھن کا وہ کنارہ جس سے آواز نکلے۔

صَرُمَ: (ک) صَرَامَةً. السَّيْفُ: کاٹنا ...... الرَّجُلُ: دلیر و چالاک ہونا۔

صَرَمَ: (ض) صَرْمًا وصُرْمًا. الْحَبْلَ: توڑنا ...... الشَّيْءَ: کاٹنا۔ فلانًا: چھوڑنا۔ گفتگو بند کرنا ...... فُلَانٌ عِنْدَنَا شَهْرًا: اقامت کرنا۔

صَرَّمَهُ: صرم کا مبالغہ ہے۔

صَارَمَهُ مُصَارَمَةً: مقاطعہ کرنا۔ علیحدہ ہونا۔

أَصْرَمَ. الرَّجُلُ: محتاج ہونا ...... النَّخْلُ: پھل توڑنے کا وقت قریب ہونا۔

تَصَرَّمَ. الرَّجُلُ: بہادری کرنا۔

تَصَرَّمَ وانْصَرَمَ: کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔

تَصَرَّمَتْ وانْصَرَمَتِ السَّنَةُ: سال ختم ہونا۔

تَصَارَمَ. الْقَوْمُ: قطع تعلق کر لینا۔

اِصْطَرَمَ. الشَّيْءَ: کاٹنا۔

الصَّرْم: مص۔ کھال (معرب چرم)

الصَّرَّام: چرم فروش۔
الصِّرْم: جماعت۔ مکانوں کا اجتماع۔ قسم۔ چمڑے کا موزہ نعل لگا ہوا۔ ج اَصْرَام وأَصَارِم وأَصَارِيم وصُرْمَان.
الصُّرْم: مص۔ بے تعلقی۔
الصِّرْمَة: قسم۔ اونٹوں کا گلہ۔ بادل کا ٹکڑا۔ چاندی کا ٹکڑا۔ ج صِرَم.
الصَّارِم: فا۔ بہادر۔ شیر۔ کاٹنے والی تلوار۔ ج صَوَارِم.
الصَّرَامَة: مص۔ رَجُلٌ صَرَامَةٌ: مستقل بالرائے۔ دھن کا پکا۔
الصَّرُوْم: کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح کاٹنے والا۔ الصَّرَام: جنگ۔ مصیبت۔
رَجُلٌ صُرَّامٌ: کاٹنے میں قوی مرد۔
الصَّرِيْم: کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک حصہ۔ صبح۔ لکڑی جو بکری کے بچے کے منہ میں باندھ دی جائے تا کہ دودھ نہ پیے۔ زمین جس کی کھیتی کٹ چکی ہو۔ غلہ جو کھیت سے کٹ چکا ہو۔ صَرِيْمَا اللَّيْلِ: رات کا اول و آخر حصہ۔ اَمْرٌ صَرِيْمٌ: لازمی امر۔
الصَّرِيْمَة: عزیمت۔ رات کا ٹکڑا۔
الصَّيْرَم: پختہ رائے والا۔ مصیبت۔ دن میں ایک بار کھانا۔
الأَصْرَم: جس کے کانوں کے کنارے کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ ج صُرْم (...... المُصْرَم): بہت بال بچے والا مفلس۔
الأَصْرَمَان: رات۔ دن۔ کوا اور بھیڑیا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِوَحْشِ الأَصْرَمَيْنِ" یعنی ایسے جنگل میں قتل کیا جس میں صرف بھیڑیے اور کوے ہیں۔
الصَّرْمَاء. الأَصْرَم: کا مؤنث۔ بے پانی کا جنگل۔ ہانڈی۔ کم دودھ والی اونٹنی۔
المَصْرِم: ایسی جگہ جو تنگ ہو اور جلدی سیلاب آ جائے۔
المِصْرَم: درانتی۔
الصُّرْنَايَة: بانسری کی قسم کا ایک باجہ۔
صَرَا يَصْرُو صَرْوًا. إِلَيْهِ: دیکھنا۔

صَرَى يَصْرِي صَرْيًا. الشَّيْءَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "صَرَى اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ" اللہ اس شر کو دور کرے۔ صَرَى بَوْلَهُ: پیشاب روک دینا۔ ...... فُلَانًا: منع کرنا۔ بچانا۔ ہلاکت سے نجات دینا۔ ...... الشَّيْءُ: بلند ہونا۔ نیچے ہونا ...... القَوْمَ: آگے بڑھ جانا۔ پیچھے ہٹ جانا ...... بَيْنَهُمْ: فیصلہ کرنا۔
صَرِيَ يَصْرَى صَرًى. المَاءُ: دیر تک ٹھہرنے سے متغیر ہونا ...... اللَّبَنُ: دودھ کا مزہ بدل جانا ...... فُلَانٌ فِي يَدِ فُلَانٍ: کسی آدمی کا کسی کے ہاتھ میں قید ہونا ...... الدَّمْعُ: آنسو کا بھر آنا اور نہ بہنا۔
صَرِيَتْ وأَصْرَتْ: النَّاقَةُ: اونٹنی کے تھن میں دودھ بھر جانا۔
صَرَّى تَصْرِيَةً. الشَّاةَ: دودھ زیادہ معلوم ہونے کے لئے تھن میں روک دینا۔
الصَّرَى: باقی ماندہ (...... الصِّرى) پانی جو دیر تک ٹھہرا رہے۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ صَرًى" دودھ جس کا مزہ بدل گیا ہو۔
الصَّارِي: فا۔ ملاح۔ ج صُرَّاء وصَرَارِيّ وصَرَارِيُّون: بادبان کا ڈنڈا۔ ج صَوَارٍ.
الصَّارِيَة. الصَّارِي: کا مؤنث۔ کنواں جس کا پانی دیر تک ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو گیا ہو۔
الصَّرَاة والصَّرَّى والمُصَرَّاة. مِنَ الشَّاةِ أو النُّوقِ: وہ بکری یا اونٹنی جس کے تھن میں دودھ کئی روز چھوڑ دیا گیا ہو تا کہ جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَة والمِصْطَبَّة: چبوترہ۔
المِصْطَب: لوہار کی نہائی۔
المُصْطَلَح: خشک جنگل۔ وہ جگہ جو غلہ کی گہائی کے لئے ہموار کی جائے۔ ج مَصَاطِح.
صَطَرَ: (ن) صَطْرًا: لکھنا۔
صَيْطَرَ: داروغہ ہونا۔ محافظ ہونا۔

المُصْطَلِع: فصیح و بلیغ۔
الأُصْطُمَّة: چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ۔ وسط۔
صَعُبَ: (ک) صُعُوْبَةً. عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا۔ صفت صَعْبٌ: مؤنث صَعْبَةٌ ج صِعَاب.
أَصْعَبَ. الأَمْرُ: مشکل ہونا ...... الشَّيْءَ: مشکل پانا ...... الجَمَلُ: سواری چھوڑ دینے کی وجہ سے سرکش ہو جانا۔
صَاعَبَهُ مُصَاعَبَةً: سختی کرنا۔
صَعَّبَهُ: دشوار بنانا۔
تَصَعَّبَ: دشوار ہونا۔ مشکل ہونا۔ الأَمْرَ: دشوار بنانا۔
تَصَاعَبَ: باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ: مشکل ہونا۔ الشَّيْءَ: مشکل پانا۔
الصَّعْب: مص۔ دشوار۔ مشکل۔ خوددار۔ شیر۔
الصَّعُوْب: دشوار۔ ج صُعُب.
الصُّعْبُوْب: دشوار۔
المَصَاعِب: سختیاں۔ مشقتیں۔
المُصْعَب: سانڈ۔ گھوڑا جو سواری چھوڑ دینے سے سرکش ہو۔ ج مَصَاعِب ومَصَاعِيْب: کہا جاتا ہے "جِمَالٌ مَصَاعِبُ ومَصَاعِيْبُ" سرکش اونٹ۔
صَعْتَرَ. النَّحْلُ: پہاڑی پودینہ کھانا۔ الرَّجُلُ الشَّيْءَ: مزین کرنا۔
الصَّعْتَر: پہاڑی پودینہ۔
الصَّعْتَرِيّ: چالاک۔ کریم۔ بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُوْدًا وصَعَدًا وصُعُدًا فِي السُّلَّمِ: سیڑھی پر چڑھنا ...... بِهِ: چڑھانا (...... صُعُوْدًا) المَكَانَ: نیچے جھکتے ہوئے چڑھنا۔
صَعَّدَ. فِي وعَلَى الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا ...... فِي الوَادِي: وادی میں اترنا۔
صَعَّدَ فِيهِ النَّظَرَ: اوپر سے نیچے غور سے دیکھنا۔
أَصْعَدَ: مکہ کو جانا ...... فِي الأَرْضِ: اونچی

زمین کی طرف جانا۔۔۔فِي الْوَادِي: وادی میں اترنا۔۔۔فِي العُلُوِّ: تیز دوڑنا۔۔۔۔۔ء: چڑھانا۔اَصْعَدَتِ السَّفِينَةُ: بادبان کھینچ دینے سے ہوا کا کشتی کو لے اڑنا۔

تَصَعَّدَ وتَصَاعَدَ: چڑھنا۔تَصَعَّدَهُ وتَصَاعَدَهُ الأَمْرُ: دشوار و مشکل ہونا۔

تَصَعَّدَ النَّفَسُ: مشکل سے سانس نکلنا۔

اِصَّعَّدَ: چڑھنا۔

الصَّاعِدُ: فا۔کہا جاتا ہے "بَلَغَ كَذَا فَصَاعِدًا" یعنی اس سے اوپر اور یہ باعتبار حالیت کے منصوب ہوا کرتا ہے۔

الصَّعَّادُ: بہت چڑھنے والا۔

الصُّعُدُ: بلندی۔کہا جاتا ہے "هَبَطَ مِنْ صُعُدٍ" بلندی سے اترا و "هٰذَا النَّبَاتُ يَنْمُوْ صُعُدًا" یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔ایک درخت ہے جس سے تارکول پگھلایا جاتا ہے۔

الصَّعَدُ: مشقت۔عَذَابٌ صَعَدٌ: سخت عذاب۔

الصَّعِيدُ: مٹی۔قبر۔راستہ۔زمین کا بلند حصہ۔کہا جاتا ہے "صَارَتِ الْحَدِيقَةُ صَعِيدًا" یعنی باغ ہموار زمین ہو گیا جس میں درخت وغیرہ نہیں۔ج صُعُدٌ وصُعُدَاتٌ وصُعْدَانٌ: مصر میں چند شہروں کا نام صعید ہے۔

الصُّعُوْدُ: چڑھائی۔خَمِيسُ الصُّعُوْدِ: جمعرات کا دن جس میں سیدنا حضرت مسیح علیہ السلام آسمان پر تشریف لے گئے۔

الصَّعُوْدُ: چڑھائی۔چڑھتا ہوا راستہ۔دشوار گزار گھاٹی۔ج صُعُدٌ واَصْعِدَةٌ وصَعَائِدُ کہا جاتا ہے "لَأُرْهِقَنَّكَ صَعُوْدًا" یعنی میں تم کو مصیبت میں پھنساؤں گا۔

الصُّعَدَاءُ: غم یا تھکن کی وجہ سے لمبی سانس۔

الصَّعْدَاءُ: مشقت۔

الصَّعْدَةُ: اسم مرة۔سیدھا نیزہ۔ج صِعَادٌ وصَعَدَاتٌ۔

الصَّعُوْدَاءُ: دشوار گزار گھاٹی۔

المُصْعَدُ مِنَ الأَشْرِبَةِ: آگ سے گرم کیا ہوا۔

التَّصْعِيدُ: جامد جسم کا دھواں کی شکل میں تبدیل ہونا۔بغیر پگھلنے کے۔

المُصَعِّدُ: بجلی یا گیس کے بند کرنے کے مقام۔

المِصْعَدُ: اوپر لے جانے کے لئے خودکار زینہ۔

جَبَلٌ مُصْعِدٌ: بلند پہاڑ۔

المِصْعَادُ: درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔

صَعِرَ: (س) صَعَرًا۔وَجْهُهُ: ٹیڑھا ہونا۔ایک جانب کو جھکنا۔صفت اَصْعَرُ: مؤنث صَعْرَاءُ ج صُعْرٌ۔۔۔۔۔رَأْسُهُ: سر کا چھوٹا ہونا۔

صَعَّرَ وصَاعَرَ واَصْعَرَ: تکبر و غرور کی بنا پر رخسارہ ٹیڑھا کرنا اور کبھی خلقتاً ہوتا ہے۔

تَصَعَّرَ وتَصَاعَرَ: تکبر کی وجہ سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا۔

صَعْرَرَ الشَّيْءَ: گھمانا۔

تَصَعْرَرَ: گھومنا۔

اِصْعَنْرَرَ واِصْعَرَّرَ: پیچ و تاب کھانا۔

اِصْعَرَّتِ الإِبِلُ: تیز دوڑنا۔

الصَّعَّارُ: مغرور و متکبر۔

الصُّعْرُرُ والصُّعْرُوْرُ: درخت کا پانی جو گوند کی طرح جم جائے۔ج صَعَارِيرُ۔

الصُّعْرُوْرَةُ: کبریلا کی گولی۔

صَعْصَعَ القَوْمَ: متفرق کر دینا۔۔۔۔۔الشَّيْءَ: حرکت دینا۔مِنْ فُلَانٍ: خوف کرنا۔رَأْسَهُ بِالدُّهْنِ: سر کو تیل سے چکنا کرنا۔تَصَعْصَعَ: متحرک ہونا۔متفرق ہونا۔الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ذلیل ہونا۔عاجزی کرنا۔کہا جاتا ہے "تَصَعْصَعَ بِهِمُ الدَّهْرُ" یعنی زمانے نے ان کو پراگندہ کر دیا۔

تَصَعْصَعَتْ صُفُوْفُهُمْ" یعنی ان کی صفیں منتشر ہو گئیں۔

الصَّعْصَعُ: متفرق (۔۔۔۔۔ والصُّعْصُعُ): ایک پرندہ ہے جس کے بدن پر نقطے ہوتے ہیں۔ج صَعَاصِعُ: کہا جاتا ہے "ذَهَبُوْا صَعَاصِعَ" وہ لوگ متفرق ہو کر چلے گئے۔

صَعِفَ صَعَفًا: کپکپی لاحق ہونا۔صفت مَصْعُوْفٌ۔

اَصْعَفَ الزَّرْعُ: کھیتی کے خوشوں کا اس لائق ہونا کہ مل دل کر اسے کھایا جا سکے۔

الصَّعْفَةُ: کپکپی۔سردی یا گھبراہٹ کی وجہ سے۔

الصَّعْفَقُ والصَّعْفُوْقُ والصَّعْفَقِيُّ: وہ شخص جو بغیر سرمایہ کے بازار میں تجارت کے لئے جائے اور جب کوئی شخص کچھ خریدے تو اس کے ساتھ شریک ہو جائے۔کمزور جس کے پاس ہتھیار بھی نہ ہو اور شجاعت بھی نہ ہو۔

الصَّعْفُوْقُ: کمینہ۔ج صَعَافِيقُ وصَعَافِقَةٌ۔

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً۔السَّمَاءُ القَوْمَ: بجلی گرانا۔صَعَقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ: بجلی گرنا۔

صَعِقَ: (س) صَعْقًا۔الرَّعْدُ: زور سے بادل گرجنا۔۔۔۔۔الرَّكِيَّةُ: کنوئیں کا گر جانا (۔۔۔۔۔ وصُعِقَ صَعْقًا وصَعَقًا وصَعْقَةً وتَصْعَاقًا): کرج سے غشی طاری ہو جانا۔صفت صَعِقٌ: مرنا۔صَعِقَ الثَّوْرُ صُعَاقًا: بیل کا سخت ڈکارنا۔

اَصْعَقَتْهُ السَّمَاءُ: بجلی گرانا۔اَصْعَقَهُ: قتل کرنا۔

الصَّعْقُ: مص۔چیخ۔موت۔

الصُّعَاقُ: بادل کی گرج۔

الصَّاعِقَةُ: مص۔آگ ہے جو بہت ہی کڑک اور گرج کے ساتھ آسمان سے گرتی ہے۔موت۔ہر مہلک عذاب۔عذاب کی چیخ۔ج صَوَاعِقُ۔

المَصْعُوْقُ: غشی والا۔اچانک مرنے والا۔

الصَنِيْع : مص۔ بنایا ہوا۔ صیقل شدہ تلوار۔ تیر۔ صاف ستھرا کپڑا۔ سدھا ہوا گھوڑا۔ کھانا۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ صَنِيْعِيْ" یعنی فلاں میرا تربیت یافتہ ہے۔ "سَيْفٌ صَنِيْعٌ" جس کی جلاء کی دیکھ بھال کی جائے۔ "رَجُلٌ صَنِيْعُ اليَدَيْنِ" کاری گری میں ماہر۔ مؤنث "صَنِيْعَةُ اليَدَيْنِ" قَوْمٌ صُنْعُ الاَيْدِيْ وصُنْعِيُّ الاَيْدِيْ وصُنْعِيُّ الاَيْدِيْ وصَنَعِيُّ الاَيْدِيْ واَصْنَاعُ الاَيْدِيْ : کاریگری میں ماہرین۔

الصَنِيْعَة : احسان۔ ج صَنَائِع کہا جاتا ہے "هُوَ صَنِيْعَتِيْ" میرا تربیت یافتہ ہے۔

الصَانِع : فا۔ کاریگر۔ ج صُنَّاع کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ صَانِعَةُ اليَدَيْنِ" یعنی کاریگری میں ماہر عورت۔

صَنْعَاء : موجودہ یمن کا دارالحکومت۔ نسبت کرنے میں صَنْعَانِي اور صَنْعَانِيّ کہا جاتا ہے۔

الصَنَاعَة : لکڑی جو پانی کو روکنے کے لئے نالی میں لگادی جائے۔

المَصْنَعَة والمَصْنُعَة والمَصْنَع : حوض جس میں بارش کا پانی جمع کیا جائے۔ ج مَصَانِع المَصَانِع : گاؤں۔ قلعے۔ محلات۔ المَصْنَعَة کھانے کی دعوت۔ کہا جاتا ہے "كُنَّا فِيْ مَصْنَعَةِ فُلَانٍ" ہم فلاں کے یہاں دعوت میں تھے۔ مقام شہد کی مکھیوں کے لئے جو آبادی سے علیحدہ بنایا جائے۔

صَنَّفَ. الشَيْءَ : قسم قسم بنانا اور بعض کو بعض سے جدا کرنا ...... الكِتَابَ : کتاب تصنیف و تالیف کرنا ...... الشَجَرَ : پتے نکلنا ...... التَمْر : کھجور کا ادھ پکرا ہونا۔

تَصَنَّفَ. الشَجَرُ او النَبَاتُ : پتے [illegible] مختلف قسمیں ہونا۔ تصنفت الشفة : ہونٹ کا چھل جانا۔ تصنف الساق : پنڈلی کا [illegible] چھلنا۔

الصِنْف : صفت۔ کہا جاتا ہے "[illegible]"

صِنْفُ الثَوْبِ : کپڑے کا کنارا۔

الصِنْف والصَنْف : نوع۔ قسم۔ کہا جاتا ہے

"عِنْدَهُ صِنْفٌ مِنَ الْأَمْتِعَةِ" یعنی اس کے پاس ایک قسم کا سامان ہے۔ ج اَصْنَاف وصُنُوف۔
الْأَصْنَفُ: شتر مرغ جس کی ٹانگیں چھلی ہوئی ہوں۔
الصَّنَابِرُ: ہر چیز کا خالص۔ کہا جاتا ہے "وَلَدٌ صَنَابِرَةٌ" یعنی جس کا باپ معلوم نہ ہو۔
صَنِقَ (س) صَنَقًا. جَسَدُهُ او ابطهُ: تیز بدبودار ہونا۔ صفت صَنِقٌ۔
أَصْنَقَ. عَلَيْهِ: اصرار کرنا...... فِي مَالِهِ: اچھی طرح سے عمل کرنا...... الرَّجُلُ الْعَرَقَ: پسینہ کا بدبودار کر دینا۔
الصَّنَقُ: معی۔ بغل کی تیز بدبو۔
الصَّنِقُ: بدبودار۔ وَرَجُلٌ صَنِقٌ: بھاری بھر کم مرد۔
الصَّانِقُ: بہت سخت بدبودار۔ ج صَنَقَةٌ۔
الْمُصْنَقُ والمِصْنَاقُ: اونٹوں کی اچھی خدمت کرنے والا۔
صَنِمَ (س) صَنَمًا. العَبْدُ: قوی ہونا۔ صفت صَنِمٌ مؤنث صَنِمَةٌ: ج صَنِمَاتٌ...... الرَّائِحَةُ: خراب ہونا۔
صَنَّمَ: آواز دینا۔ چلانا۔ تصویر بنانا۔
الصَّنَمُ: بت۔ ج اَصْنَام۔
الصَّنَمَةُ: جانور کے پر کا قلم۔ مصیبت۔
أَصْنَى إِصْنَاءً او تَصَنَّى وتَصَنِّيًا: حرص کی وجہ سے چولہے کے پاس بیٹھ کر کباب بنانا اور گوشت بھوننا یہاں تک کہ راکھ وغیرہ لگ جائے۔ اَصْنَى النَّخْلُ: درخت خرما کی ایک جڑ سے دو درخت کا ہونا۔
الصِّنَاءُ والصِّنَى: راکھ۔
الصِّنْوُ: دو پہاڑوں کے درمیان گہرائی۔ جس میں تھوڑا پانی بہے۔ ج صُنُوٌّ۔
الصِّنْوُ والصُّنْوُ: حقیقی بھائی۔ بیٹا۔ چچا۔ مؤنث صِنْوَةٌ وصُنْوَةٌ۔ ج اَصْنَاء وصِنْوَان: ایک جڑ سے دو یا دو سے زیادہ درخت خرما نکلیں تو ہر ایک کو ان میں سے "صِنْو یا صُنْو" کہا جاتا ہے تثنیہ صِنْوَان وصِنْيَان: تثنیہ صاد کے ساتھ اور جمع صُنْوَان: کہا جاتا ہے "رَكِيَّتَانِ صِنْوَانِ" یعنی پاس پاس والے کنوئیں یا جو ایک ہی چشمہ سے جاری ہوں۔
الصُّنْوَةُ والصِّنْوَةُ: پودہ۔ درخت کا قلم۔
الصَّانِي: ہمیشہ خدمت کرنے والا۔
الصِّنَايَةُ: کل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِصِنَايَتِهِ" یعنی کل لے لیا۔
صَهْ: اسم فعل ہے بمعنی خاموش رہ اور یہی لفظ مؤنث و مذکر کے لئے اور جمع میں بھی استعمال ہوتا ہے اور صَهٍ: بتنوین کے ساتھ بولا جاتا ہے جس کا مطلب ہوتا ہے کہ کسی وقت میں خاموش رہو۔
صَهْ. القَوْمَ: ڈانٹنا۔
صَهِبَ: (س) صَهَبًا وصُهْبَةً وصُهُوبَةً واصْهَبَّ وإصْهَابَ. الشَّعْرُ: بالوں کا سرخ ہونا یا سرخ سفید ہونا۔ صفت اَصْهَب۔
الصُّهَابُ: ایک مقام کا نام ہے جس کی طرف اونٹ منسوب ہوتے تھے۔
الصُّهَابِي. مِنَ الْجِمَالِ: جو موضوع صہاب کی طرف منسوب ہوں۔ جو بہت زیادہ سفید نہ ہو زیادہ جو کم نہ ہو۔ سخت اور اسی معنی میں ہے "الْمَوْتُ الصُّهَابِي" یعنی سخت قسم کی موت۔
الصَّيْهَبُ: سخت گرمی۔ گرم دن۔ لمبا آدمی۔ سخت پتھر۔ ہموار زمین۔ دھوپ کی وجہ سے ایسی گرم زمین کہ جس پر گوشت بھن جائے۔ ج صَيَاهِب۔
الاَصْهَبُ: سفیدی سرخی مائل۔ ٹھنڈا دن۔ شیر۔ اَصْهَبُ السِّبَالِ: دشمن۔ مؤنث صَهْبَاء ج صُهْبٌ۔
الصَّهْبَاءُ: شراب۔
الْمُصَهَّبُ: گوشت چربی ملا ہوا۔ گوشت کم بھنا ہوا۔
الصُّهَابِيَةُ: ٹڈی۔ اونٹنیاں جو صہاب نامی اونٹ کی جانب منسوب ہیں۔
صَهْلَدَهُ (ف) صَهْدًا. الشَّمْسُ: آفتاب کا جھلسنا۔
الصَّهْدَانُ: گرمی کی شدت۔
الصَّهْيَدُ والصَّيْهُودُ: گرمی کی شدت۔ بیابان بے آب و گیاہ۔ متحرک سراب۔
عِزٌّ صَيْهُودٌ: عزت بلند۔
الصَّيْهُودُ: تن و توش والا۔
صَهَرَ (ف) صَهْرًا. الشَّيْءَ: پگھلانا۔ صَهَرَتْهُ الشَّمْسُ: آفتاب کا گرم کر دینا۔ صَهَرَ الشَّيْءُ: پگھلی ہوئی چربی ملنا...... الخُبْزَ: پگھلی ہوئی چربی کو سالن بنانا۔ صفت مفعول صَهِير ومَصْهُور...... فُلَانًا بِالْيَمِينِ: سخت قسم کھلانا...... الشَّيْءَ: قریب کرنا۔
صَاهَرَ مُصَاهَرَةً. القَوْمَ وإِلَى القَوْمِ......
أَصْهَرَ. بِهِمْ وإِلَيْهِمْ وفِيهِمْ: داماد بننا۔ سسر بننا۔ أَصْهَرَ الْجَيْشُ لِلْجَيْشِ: بعض لشکر کا بعض سے قریب ہونا۔ أَصْهَرَهُ: قریب کرنا۔
إِنْصَهَرَ. الشَّيْءُ: پگھلنا۔
إِصْطَهَرَ. الشَّيْءَ: پگھلانا (...... واصْهَارٌ)
الْحِرْبَاءُ: گرگٹ کی پیٹھ کا سورج کی گرمی سے چمکنا۔
الصَّهْرُ: گرمی۔
الصِّهْرُ: قرابت۔ قبر۔ داماد یا بہنوئی۔ ج أَصْهَار: مؤنث صِهْرَةٌ۔
الصُّهَارَةُ: جو پگھلایا جائے۔ چربی کا ٹکڑا۔ ہڈی کا گودا۔
الصَّهُورُ: پگھلانے والا۔ گوشت بھوننے والا۔ ج صُهُر۔
الصَّهِيرُ: پگھلنے والا۔
صَهْرَجَ. الغُرْفَةَ: چونہ مٹی ملا کر لیپنا۔
الصِّهْرِيجُ والصُّهَارِجُ: پانی کا حوض۔ ج صَهَارِيجُ۔ وصِهْرِيٌّ: بھی ایک لغت ہے۔ حوض۔ صُهَارِجُ: حوض چونہ مٹی سے لیپا ہوا۔
الصَّهْصَلِقُ والصَّهْصَلِيقُ. مِنَ الاَصْوَاتِ: تیز آواز۔

صَهصَهَ بِالْقَوْمِ: صہ صہ کہہ کے لوگوں کو خاموش کرنا۔
صَهَلَ (ف ض) صَهِيلاً وَصَاهِلَةً وَصُهَالاً۔ الفَرَسُ: ہنہنانا۔
تَصَاهَلَتِ الخَيْلُ: ایک دوسرے کی طرف ہنہنانا۔
الصَهَل: آواز کی تیزی جیسے گلا پڑنے کے۔
الصَاهِل: فا۔ گھوڑا جسے "نَاہِج" کہتے کے لئے۔ ج صَوَاهِل۔ الصَوَاهِل: گھاس وغیرہ میں مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
الصُهَال والصَهِيل: گھوڑے کی آواز۔
الصَهَّال: بہت ہنہنانے والا۔
صَهَا يَصْهُو صَهْوًا وَصَهِيَ يَصْهَى۔۔۔۔ صَهِيَ: زخم کا ہرا ہونا۔ زخم کا رسنا۔ صَهَا الرَّجُلُ: مالدار ہونا۔
صَهِيَ يَصْهَى صَهْيًا: عمر رسیدہ ہونا۔
صَاهَى۔ الدَّابَّةَ: جانور کی پیٹھ پر سوار ہونا۔
أَصْهَى إِصْهَاءً۔ الفَرَسُ: گھوڑے کی پیٹھ کا دردمند ہونا۔
الصَهْوَة: گھوڑے کی پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "إِسْتَوَى عَلَى صَهْوَةِ العِزِّ" یعنی اسے عزت حاصل ہوئی۔ کوہان کا پچھلا حصہ۔ ج صِهَاءٌ وَصَهَوَات۔۔۔۔: پہاڑ کی چوٹی کا برج۔ ج صُهِيّ۔۔۔۔: زمین کا پست حصہ جس میں پانی جمع ہو۔ پانی کا منبع۔ ج صِهَاء۔
صَابَ يَصُوبُ صَوْبًا وَمَصَابًا۔ المَطَرُ: بارش ہونا۔۔۔۔ الشَّيْءُ: اوپر سے اترنا۔۔۔۔ صَوْبًا۔ المَاءَ: بہانا۔۔۔۔ السَّمَاءُ الأَرْضَ: برسانا۔۔۔۔ هُ المَطَرُ: بارش کا پہنچنا۔۔۔۔ صَوْبًا وَصَيْبُوبَةً۔ السَّهْمُ نَحْوَ الرَّمِيَّةِ: تیر کا ٹھیک نشانہ پر لگنا۔
صَابَ يَصِيبُ صَيْبًا۔ السَّهْمُ القِرْطَاسَ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔
صَوَّبَ۔ لَهُ رَأْيَهُ: تصدیق کرنا۔۔۔۔ فُلَانًا: کسی کی تصدیق کرنا۔۔۔۔ السَّهْمَ: سیدھا کرنا۔۔۔۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑنے کے لئے چھوڑنا۔۔۔۔ الإِنَاءَ: جھکا دینا۔۔۔۔ المَاءَ: گرا دینا۔۔۔۔ رَأْسَهُ: پست کرنا۔۔۔۔ المَكَانُ وَغَيْرُهُ: ڈھلوان ہونا۔
أَصَابَ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: درست کرنا۔۔۔۔ الشَّيْءَ: صواب سمجھنا۔۔۔۔ مِنَ الشَّيْءِ: لینا۔۔۔۔ الشَّيْءَ: پانا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ پست کرنا۔۔۔۔ إِصَابَةً وَمُصَابَةً۔ الدَّهْرُ القَوْمَ بِأَمْوَالِهِمْ أَوْ نُفُوسِهِمْ: تکلیف دینا۔ أَصَابَتْ المُصِيبَةُ فُلَانًا: نازل ہونا۔ أَصَابَهُ بِعَيْنِهِ: نظر بد لگانا۔
تَصَوَّبَ: نیچے اترنا۔
إِنْصَابَ إِنْصِيَابًا۔ المَاءُ: پانی کا بہنا۔
إِسْتَصَابَ إِسْتِصَابَةً أَوْ إِسْتَصْوَبَ إِسْتِصْوَابًا۔ الرَّأْيَ أَوِ الفِعْلَ: صواب سمجھنا۔
الصَّابُ: ایک کڑوا درخت ہے صَابَةٌ واحد اور "صَابَةٌ" اس درخت کے عصارہ کو بھی کہتے ہیں۔
الصَّوْبُ: جانب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُسْتَقِيمُ الصَّوْبِ" جب کہ اپنے ارادہ سے دائیں بائیں جانب مائل نہ ہو۔ صوب مطر سے تشبیہ دے کر عطا کے معنی بھی آتے ہیں۔ ضد خطا (۔۔۔۔ الصَّيِّبُ): بارش والا بادل۔
الصَّابَةُ: مصیبت۔ عقل کی کمزوری۔ کہا جاتا ہے "فِي عَقْلِهِ صَابَةٌ" یعنی تھوڑا سا جنون ہے۔
الصُّوبَةُ: غلہ کا ڈھیر۔
الصَّوَابُ: ٹھیک۔ لائق۔ حق۔
الصَّائِبُ: ٹھیک کرنے والا۔ ج صُيَّاب۔
الصَّوِيبُ وَالمُصِيبُ: درست کار۔
صَيُّوبٌ: ٹھیک کرنے والا۔ بارش۔
مَطَرٌ صَيُّوبٌ: بہنے والی بارش۔
صُوَابَةُ القَوْمِ وَصُيَّابُهُمْ وَصُيَّابَتُهُمْ: قوم کے منتخب لوگ۔
الأَصْوَبُ: سخت مصیبت والا۔
المُصِيبَةُ: بلا۔ ہر امر مکروہ۔ ج مَصَائِب وَمَصَاوِب وَمُصِيبَات۔
المُصَاب وَالمُصَابَة وَالمَصُوبَة: بلا۔ ہر امر مکروہ۔
المُصَاب: جس میں کچھ جنون ہو۔
المِصْوَب: چمچہ۔ ڈوئی۔
الصَّوْبَج وَالصُّوبَج: بیلن۔
صَاتَ يَصُوتُ وَيَصَاتُ صَوْتًا: آواز دینا۔ پکارنا۔
صَوَّتَ تَصْوِيتًا وَأَصَاتَ إِصَاتَةً: آواز دینا۔ أَصَاتَ بِفُلَانٍ: کسی کے متعلق غیر پسندیدہ چیز کو مشہور کرنا۔ أَصَاتَ الطَّسْتَ وَصَوَّتَهُ: طشت بجانا۔
إِنْصَاتَ۔ الرَّجُلُ: جھکے سے جانا۔ جھکاؤ کے بعد قد کا سیدھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "إِنْصَاتَ بِهِ الزَّمَانُ" یعنی مشہور ہو گیا۔ و "دُعِيَ فَانْصَاتَ": بلایا گیا پس متوجہ ہوا۔
الصَّوْتُ: آواز۔ ہر قسم کا راگ۔ ج أَصْوَات۔ نحویوں کے نزدیک اسما اصوات وہ ہیں کہ جن سے کسی آواز کی حکایت کی جائے جیسے پتھر پر پتھر کی آواز کے لئے طق۔ اور یا جن سے جانور وغیرہ کو آواز دی جائے یا ڈانٹا جائے جیسے گھوڑے کے لئے هَلًا اور خچر کے لئے عَدَس۔ اور یا تعجب کے لئے جیسے وَي یا اظہار درد کے لئے جیسے أَح یا اظہار حسرت و افسوس کے لئے جیسے آہ۔
الصَّوْتُ وَالصَّاتُ وَالصِّيتُ وَالصِّيتَةُ: اچھی شہرت۔ کہا جاتا ہے "إِنْتَشَرَ صَوْتُهُ بَيْنَ النَّاسِ" اس کی شہرت لوگوں میں پھیل گئی۔ الصِّيتَةُ: نوع آواز۔
الصَّاتُ وَالصَّيِّتُ: بلند آواز والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَاتٌ وَصَوْتٌ صَيِّتٌ"
المِصْوَات: بہت آواز دینے والا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ مِصْوَات" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الصَّوْجَان: خشک سخت۔ مؤنث صَوْجَانَة۔ نَخْلَةٌ صَوْجَانَةٌ: خشک درخت خرما جس کے پتے بھی خشک ہوں۔ کہا جاتا ہے

"اِنِّیْ صُوْحَانٍ هُوَ" : یعنی کون آدمی وہ ہے۔
صَاحَهٗ یَصُوْحُهٗ صَوْحًا : پھاڑنا۔
صَوَّحَهٗ. الشَّمْسُ اَوِ الرِّیْحُ : خشک کرنا۔
صَوَّحَ الْبَقْلُ: خشک ہونا۔
تَصَوَّحَ : پھٹنا۔ خشک ہونا۔
اِنْصَاحَ. اِنْصِیَاحًا : پھٹنا...... الْفَجْرُ: روشن ہونا۔
الصَّوْحُ وَالصُّوْحُ : نہر کا کنارہ۔ دامن کوہ۔
الصَّاحَةُ : بنجر زمین۔
الصُّوَّاحُ : گھوڑے کا پسینہ۔ کھجور کا خشک شگوفہ۔
الصُّوْحَانُ : خشک۔
صَاخَ یَصُوْخُ صَوْخًا. فِی الْاَرْضِ : زمین میں دھنسنا۔
اَصَاخَ اِصَاخَةً. لَهٗ وَاِلَیْهِ : کان لگانا۔ کہا جاتا ہے اصاخ عَنْ کَذَا : یعنی فلاں چیز سے رجوع کیا و "اَصَاخَ عَلٰی حَقِّ فُلَانٍ" : فلاں کے حق ضائع کرنے پر خاموش رہا۔
الصَّاخَةُ : مصیبت۔ بڑی پر صدمہ کا اثر۔ ج صَاخٌ وصاخات.
بَلَدٌ صَوَّاخٌ : وہ شہر جس میں پیر دھنس جاتے ہوں۔
اَلصُّوْدِیُوْم : سوڈیم ایک سفید دھات چاندی کی طرح جس سے نمک کھانے والا بنتا ہے۔ سوڈیم کاربونیٹ: غسل اور بدہضمی وغیرہ کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ سوڈیم نائٹریٹ : فصل کو بار آور کرنے کے لیے ایک کھاد۔
صَارَ یَصُوْرُ صَوْرًا : آواز دینا...... الشَّیْءَ : جھکا دینا۔ تم کہتے ہو "صَارَ عُنُقَهٗ اَوْ وَجْهَهٗ اِلَیَّ" یعنی اس نے اپنی گردن یا اپنے چہرے کو میری طرف مائل کیا۔ کسی چیز کو اپنی طرف جھکانا۔ کہا جاتا ہے "صُرْتُ الْغُصْنَ لِاَجْتَنِیَ الثَّمَرَ" یعنی میں نے ٹہنی اپنی طرف جھکائی تاکہ پھل توڑوں...... الشَّیْءَ : کاٹنا۔ جدا کرنا۔

صَوِرَ یَصْوَرُ صَوَرًا : جھکنا۔ صفت اَصْوَرُ: کہا جاتا ہے "هُوَ اَصْوَرُ اِلٰی کَذَا" : جب کہ اپنی گردن یا چہرے کو مائل کرے۔
صَوَّرَهٗ : تصویر بنانا۔
صُوِّرَ لِیْ : خیال میں آنا۔
اَصَارَهٗ : جھکا دینا۔ توڑنا۔
تَصَوَّرَ. الشَّیْءَ : ذہن میں لانا۔ خیال میں لانا...... الرَّجُلُ : گرنا یا گرنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهٗ فَتَصَوَّرَ" : اس نے نیزہ مارا پس وہ گر گیا۔ تَصَوَّرَ لَهُ الشَّیْءُ" اس کے ذہن میں صورت آ گئی۔
اِنْصَارَ اِنْصِیَارًا : جھکنا۔ ٹوٹنا۔
الصَّوْرُ : چھوٹا درخت خرما۔ ج صِیْرَان واَصْوَار : گردن کا پہلو۔ نہر کا کنارہ۔ ج صِیْرَان.
الصُّوْرُ : نرسنگھا
الصَّوَرُ : کجی۔ ٹیڑھا۔ کہا جاتا ہے "فِیْ عُنُقِهٖ صَوَرٌ" یعنی اس کی گردن میں کجی ہے۔
الصَّارَةُ. مِنَ الْجَبَلِ : پہاڑ کی چوٹی۔
صَارَةُ الْمِسْکِ : مشک کا ڈبہ۔
الصَّوْرَةُ : اسم مرة۔ جھکاؤ۔ سر کی خارش
الصُّوْرَةُ : شکل۔ ج صُوَر. صِوَر. صُوْر.
الصُّوْرَةُ: صفت۔ نوع۔ چہرہ۔
الصُّوَارُ وَالصِّوَارُ : گائیوں کا گلہ۔ اچھی بو۔ تھوڑا سا مشک۔ مشک کا ڈبہ۔ ج صِیْرَان.
الصُّوَّارُ : گائیوں کا گلہ۔
الصِّیَارُ : گائیوں کا گلہ۔ ج صِیْرَان.
الصَّیِّرُ : اچھی صورت والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ صَیِّرٌ شَیِّرٌ" مرد اچھی صورت ہیئت کا۔
الْاَصْوَرُ : جھکاؤ والا۔
التَّصْوِیْرَةُ : تیچو۔ مجسمہ۔ بُت۔
الْمُصَوِّرُ : فا۔ تصویر بنانے والا۔
مُصَوِّرُ الْکَائِنَاتِ : اللہ تعالیٰ۔
الصُّوْصُ : لئیم۔ بخیل۔ جو رات کو چھپ کر آئے تا کہ مہمان نہ دیکھ لے۔ الصُّوْصُ عِنْدَ الْعَامَّةِ : عوام کے نزدیک مرغی کا بچہ جبکہ وہ انڈے سے نکلے اور فصیح لفظ فُوْب ہے۔

صَاعَ یَصُوْعُ صَوْعًا. الْحَبَّ : صاع سے ناپنا...... الْقَوْمَ : ایک کا دوسرے پر حملہ کرنا...... الشَّیْءَ : موڑنا۔ متفرق کرنا...... الْقَوْمَ : قوم پر اطراف سے آنا...... النَّحْلُ : شہد کی مکھیوں کا ایک دوسرے کے پیچھے جانا...... الرَّجُلَ : خوف دلانا۔ گھبرا دینا۔
صَوَّعَ. الشَّیْءَ : گول اور نوکدار بنانا...... لِلْقُطْنِ : روئی دھننے کے لئے جگہ صاف کرنا...... الرِّیْحُ النَّبَاتَ : ہوا کا پودوں کو حرکت دینا...... الطَّائِرُ بِرَاْسِهٖ : پرندہ کا سر کو حرکت دینا...... الْفَرَسُ : سرکشی کرنا۔ کہا جاتا ہے "صُوِّعَ بِهٖ فَرَسُهٗ" یعنی سرکشی کی اور قبضہ میں نہیں آیا۔
تَصَوَّعَ : متفرق ہونا۔ دور ہونا۔ پھیلنا۔ النَّبَاتُ : پودہ کا ہلنا لہلہانا...... الشَّعْرُ : پراگندہ ہونا۔
اِنْصَاعَ اِنْصِیَاعًا : جلدی لوٹنا۔ گزرنا۔
الصَّاعُ وَالصَّوْعُ وَالصُّوْعُ : ایک قسم کا پیمانہ جو اسی روپے کے سیر سے ساڑھے تین سیر کے مساوی ہے۔ ج اَصْوَاعٌ اَصْوُعٌ وَاَصْؤُعٌ وَصُوْعٌ وَصِیْعَانٌ. الصَّاعُ : پست زمین۔ کھیلنے کا ڈنڈا۔ سینہ کا وسط۔ وہ زمین جس میں جھاڑو دے کر کھیلا جائے۔
الصَّاعَةُ : پست زمین۔ روئی یا اُون دھننے کے لئے زمین۔ کہا جاتا ہے "اِتَّخِذْ لِصُوْفِکَ صَاعَةً" : اپنی اُون دھننے کے لئے زمین بنا لو۔
الصُّوَاعُ وَالصِّوَاعُ : پانی پینے کا پیالہ۔ ج صِیْعَان.
صَاغَ یَصُوْغُ صَوْغًا. الْمَاءُ : پانی کا نیچے اتر جانا...... الشَّیْءَ : درست نمونہ پر آراستہ کرنا...... الْکَلِمَةَ : وزن مخصوص پر دوسرے کلمہ سے کوئی کلمہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "صَاغَ الْکَلَامَ" : یعنی گھڑ لیا۔ صَاغَ اللّٰهُ فُلَانًا صِیْغَةً حَسَنَةً" یعنی فلاں کو اللہ تعالیٰ نے اچھے طریقے سے پیدا کیا۔ "وَصِیْغَ عَلٰی

صِبْغَتِهٖ" : یعنی وہ اس کی پیدائش پر پیدا کیا
گیا۔ وطَـاغَ لَهُ الشراب : اس کے لئے
شراب خوشگوار ہوئی۔
صَاغَ يَصُوْغُ صِيْغَةً وَصِيَاغَةً وَصَيْغُوْغَةً
الشَّيْئَ : پگھلانا، ڈھالنا۔
اِنْصَاغَ اِنْصِيَاغًا : پگھلنا، ڈھلنا۔ کہا جاتا
ہے "هُوَ صَوْغُ اَوْ صَوْغَةُ اَخِيْهِ" : یعنی وہ
اس کے ساتھ پیدا ہوا یا اس کے بعد پیدا ہوا
کہ ان دونوں کے درمیان اور کوئی نہیں۔
"هٰذَا صَوْغُ هٰذَا" یعنی وہ اس کے مطابق
ہے۔ "هُمَا صَوْغَانِ" یعنی وہ پیدائش وغیرہ
میں ایک جیسے ہیں۔
الصِّيْغَةُ : قسم۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ
صِيْغَةٍ كَرِيْمَةٍ" یعنی وہ اصل کریم سے ہے
"وَ صِيْغَةُ الْاَمْرِ كَذَا وَكَذَا : مراد وہ وزن
ہے جس پر امر کا صیغہ بنایا جائے۔ ج صِيَغٌ۔
الصَّائِغُ : زرگر۔ سنار۔ ج صَاغَةٌ وَصُيَّاغٌ
وَصُوَّاغٌ۔ الصِّيَاغَةُ : زرگری۔ سناری کا
پیشہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صَاغَةِ الْكَلَامِ"
یعنی وہ لپاڑیا ہے۔
الصَّوَّاغُ وَالصَّيَّاغُ وَالصَّيِّغُ : لپاڑیا۔
جھوٹا۔ المَصَاغُ : ڈھالے ہوئے زیور۔
صَافَ يَصُوْفُ صَوْفًا. عَنْ كَذَا : اعراض
کرنا ...... السَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ : تیر کا نشانہ
سے خطا ہو جانا ...... صَوْفًا وَصُوُوْفًا
وَصَوِفَ يَصْوَفُ صَوَفًا) الْكَبْشُ :
مینڈھے کا بہت اون والا ہونا۔ صفت
اَصْوَفُ. صَوَّفَهُ : صوفی بنانا۔
اَصَافَهُ : مائل کرنا۔ جھکانا۔
تَصَوَّفَ : صوفی بننا۔ صوفیوں کی سی عادت
بنانا۔
الصُّوْفُ : اون۔ ج اَصْوَافٌ. صُوْفَةٌ :
اون کا ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِصُوْفِ
رَقَبَتِهٖ" یعنی زبردستی پکڑ لو "اَعْطَاهُ اِيَّاهُ
بِصُوْفِ رَقَبَتِهٖ" یعنی تمام یا مفت دے دیا۔
الصَّوَّافُ : اون کا بیچنے والا۔
الصُّوْفِيَّةُ : عبادت گزاروں کی جماعت۔
واحد صوفی۔
الصَّافُ وَالصَّافِي وَالْاَصْوَفُ وَ الصَّائِفُ
: اون والا۔
الصُّوْفَانُ : بہت اون والا۔ مؤنث صُوْفَانَةٌ۔
الصُّوْفَانُ : ایک نرم خشک چیز ہے جو درخت
کی لکڑی کے اندر ہوتی ہے جو جلدی آگ
پکڑ لیتی ہے۔
الصَّوِفُ وَالصُّوْفَانِيُّ : بہت اون والا۔
جُبَّةٌ صَيِّفَةٌ : بہت اون والا جبہ۔
صَاقَ. الدَّابَّةَ : ہانکنا۔
الصَّوِيْقُ : ستو۔ سویق میں ایک لغت ہے۔
الصَّاقُ : پنڈلی۔ ج صُوْقٌ ساق میں ایک
لغت ہے۔
صَاكَ يَصُوْكُ صَوْكًا. بِهِ الزَّعْفَرَانُ اَوِ
الْمِسْكُ اَوْ نَحْوُهُمَا : زعفران یا مشک
وغیرہ کا چپکنا۔
تَصَوَّكَ. فِيْ رَجِيْعِهٖ وَبِرَجِيْعِهٖ : گوبر میں
لتھڑنا۔
صَالَ يَصُوْلُ صَوْلًا وَصَوْلَةً. عَلَيْهِ : کود
پڑنا ...... صَوْلًا وَصِيَالًا وَصَالًا وَصُؤُوْلًا
وَصَيَلَانًا وَمَصَالَةً عَلَيْهِ : حملہ کرنا اور
زبردستی کرنا۔
صِيْلَ. لَهُ الْاَمْرُ : کوئی معاملہ مقدر کیا جانا۔
صَوَّلَ. الْبَيْدَرَ : کھلیان کے اطراف و
جوانب کو جھاڑ دینا ...... الشَّيْئَ : پانی سے
نکالنا۔ پانی میں ڈال کر صاف کرنا۔
صَاوَلَهُ مُصَاوَلَةً وَصِوَالًا وَصِيَالَةً : ایک کا
دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک دوسرے پر کود
پڑنا۔
تَصَاوَلًا : ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔ ایک
دوسرے پر کود پڑنا۔
الصَّوْلَةُ : حملہ۔ قدرت۔ قہر۔ کہا جاتا ہے
"لَقِيْتُهُ اَوَّلَ صَوْلَةٍ" یعنی اول وہلہ میں
ملاقات کی۔
صُوْلَةُ الْحِنْطَةِ : پانی میں سے نکالا ہوا اور
صاف کیا ہوا گیہوں۔
الصُّوَالَةُ : گیہوں وغیرہ کا کوڑا کرکٹ جو پانی
سے صاف کرنے میں نکلے۔ کھلیان کے
ارد گرد کا کوڑا کرکٹ۔
الصَّئُوْلُ. مِنَ الرِّجَالِ : لوگوں کو مارنے
والا۔ لوگوں پر زبردستی کرنے والا۔
الْمِصْوَلُ : بھگونے کا برتن۔ ج مَصَاوِلُ۔
الْمِصْوَلَةُ : کھلیان کا جھاڑو۔
صَامَ يَصُوْمُ صَوْمًا وَصِيَامًا وَاصْطَامَ :
روزہ رکھنا۔ چلنے پھرنے بولنے کھانے پینے
سے رک جانا۔ صفت صَائِمٌ ج صَائِمُوْنَ
وَصُوَّامٌ وَصُيَّامٌ وَصُوَّمٌ وَصُيَّمٌ وَصِيَامٌ۔
صَامَ الشَّهْرَ : روزہ رکھنا۔ مَيِّتَةٌ : موت چکھنا
...... النَّعَامُ : شتر مرغ کا بیٹ کرنا۔ صَامَ
النَّهَارُ : دوپہر ہونا۔ صَامَتِ الشَّمْسُ :
آفتاب کا وسط آسمان پر پہنچنا۔ کہا جاتا ہے
"جِئْتُهُ وَالشَّمْسُ فِيْ مَصَامِهَا" : یعنی میں
اس کے پاس ایسے وقت پہنچا کہ آفتاب وسط
آسمان میں تھا۔ صَامَتِ الرِّيْحُ : ہوا کا رک
جانا۔
صَوَّمَهُ : روزہ رکھوانا۔
الصَّوْمُ : روزہ۔ کام سے رکنا۔ روزہ دار یہ
لفظ مذکر و مؤنث واحد جمع سب پر بولا جاتا
ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صَوْمٌ هِيَ صَوْمٌ هُمْ
صَوْمٌ. شَهْرُ الصَّوْمِ : رمضان۔ صَوْمُ
النَّعَامِ : شتر مرغ کی بیٹ۔
الصَّوَامُ. مِنَ الْاَرَاضِيْ : خشک بے پانی کی
زمین۔
الصَّوْمَانُ : روزہ دار۔ ج صَوَامِيْ۔
الصَّائِمُ : روزہ دار۔ يَوْمٌ صَائِمٌ : وہ دن جس
میں روزہ رکھا جائے۔ مَاءٌ صَائِمٌ : ٹھہرا ہوا
پانی۔ الصَّائِمَةُ مِنَ السَّكَاكِيْنِ : کند چھری
...... مِنَ الْخَيْلِ : بغیر چارہ کے کھڑا ہونے
والا گھوڑا۔ والصَّائِمَةُ مِنَ الْبَكَرَاتِ : نہ
گھومنے والی چرخی۔
الصَّوَّامُ : بہت روزہ دار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ
صَوَّامٌ قَوَّامٌ" : یعنی وہ دن میں روزہ
رکھنے والا اور رات میں عبادت کرنے والا
ہے۔

مَصَامُ الفَرَسِ وَمَصَامَتُهَا: گھوڑے کے کھڑے ہونے کی جگہ۔
صَوْمَعَ الشَّیَٔ: جمع کرنا...... البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا۔
الصَّوْمَعَة والصَّوْمَع: راہب کی کٹی گرجا۔
الصَّوْمَعَة: عقاب۔ ایک قسم کی لمبی ٹوپی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج صَوَامِع۔
صَوْمَلَ الرَّجُلُ: کمال کا بھوک کی وجہ سے خشک ہو جانا۔
صَانَهُ یَصُونُهُ صَوْنًا وَصِیَانًا وَصِیَانَةً واصْطَانَهُ اِصْطِیَانًا: حفاظت کرنا۔ صفت مفعولی مَصُون. مَصُوُوْن: دوسرا کم استعمال ہوتا ہے۔ صَانَ الثَّوْبَ او العِرْضَ: کپڑے اور آبرو کو عیب لگانے والی چیزوں سے محفوظ رکھنا۔
تَصَوَّنَ وتَصَاوَنَ مِنَ العَیْبِ: اپنے نفس کی عیب سے حفاظت کرنا۔ تَصَوَّنَهُ: بچنے کے لئے تکلف کرنا۔
الصِّوَان والصُّوَان والصَّوَان والصِّیَان والصُّیَان والصَّیَان: کپڑوں یا کتابوں کے محفوظ کرنے کا برتن۔
الصَّوَّانَة: ایک سخت قسم کا پتھر۔ ذبر۔
المَصَان والمُصَّوَان: کمان وغیرہ کا غلاف۔
الصَّوُّ: خالی۔ کہا جاتا ہے اِنَاءٌ صَوٌّ "خالی برتن۔
الصُّوَّة: گونج۔ آواز بازگشت۔ ٹیلہ۔ نشان راہ کا پتھر۔ ج صُوًی ج ج أصْوَاء۔ الصُّوَی والأصْوَاء: قبور۔
صَوِیَ یَصْوَی صُوِیًّا صَوَی یَصْوِی صُوِیًّا صَوَّی تَصْوِیَةً وأصْوَی إصْوَاءً النَّخْلُ: خشک ہونا۔ صفت صَوٍ وصَاوٍ...... الفَرْعُ: تھن کا خشک ہو جانا۔
صَوِیَ (س) صَوًی الرَّجُلُ: قوی ہونا۔
صَابَ یَصِیبُ صَیْبًا: درست ہونا۔ صفت صَائِب. صَابَهُ السَّهْمُ: تیر کا نشانہ پر لگنا۔ سَهْمٌ صَیُوب: تیر نشانے پر لگنے والا۔ ج صُیُوب۔
الصَّیَابُ والصَّیَابَة والصُّیَّاب والصُّیَّابَة: خالص۔ ہر چیز میں سے عمدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ صُیَّابِهِمْ وَمِنْ صُیَّابَتِهِمْ" یعنی وہ سب میں عمدہ ہے۔
الصُّیَّابَة: سردار۔ جماعت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ صُیَّابَةُ قَوْمِهِ": وہ اپنی قوم کا سردار ہے۔ صُیَّابَةُ القَوْمِ: یعنی جماعت قوم۔
صَاحَ یَصِیحُ صَیْحًا وَصَیْحَةً وَصِیَاحًا وَصُیَاحًا وَصَیَحَانًا: چیخنا چلانا...... بِهِ: پکارنا۔ آواز دینا...... عَلَیْهِ: ڈانٹنا......
العُنْقُوْدُ: ترخوشے کا بڑھنا۔
صِیحَ بِهِمْ: گھبرانا...... فِیهِمْ: ہلاک ہونا۔
صَیَّحَ: چیخنے میں مبالغہ کرنا...... الشَّیْءَ: توڑ دینا۔ پھاڑنا۔ صَیَّحَتِ الرِّیحُ او الشَّمْسُ البَقْلَ: ہوا یا آفتاب کا ساگ کو خشک کرنا۔
صَایَحَ وتَصَایَحَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو پکارنا۔ صَایَحَ بِهِ: آواز دینا۔ پکارنا۔
تَصَایَحَ جَفْنُ السَّیْفِ: تلوار کے میان کا پھٹ جانا۔
تَصَیَّحَ وانْصَاحَ: پھٹ جانا۔ تَصَیَّحَ البَقْلُ: اوپر کی جانب سے خشک ہونا۔ شروع ہونا۔
انْصَاحَ الفَجْرُ والبَرْقُ: ظاہر ہونا۔
انْصَاحَتِ الأرْضُ: زمین کا کچھ حصہ روئیدگی سے ڈھک جانا اور کچھ کا خالی رہنا۔
الصَّیْحَة: چیخ۔ عذاب۔ اچانک غارت۔
الصَّائِحَة: مؤنث صَائِح: نوحہ کی چیخ۔
الصَّیَّاح: بہت چیخنے والا۔
صَادَ یَصِیدُ وَیَصَادُ صَیْدًا وَتَصَیَّدَ واصْطَادَ الطَّیْرَ: پرندے کا شکار کرنا۔ صفت صَائِد. صَادَ فُلانًا: کسی کے لئے شکار کرنا۔ صَادَ واصْطَادَ المَکَانَ: فلاں جگہ میں شکار کرنا۔ صَادَ زَیْدًا: ٹیڑھی گردن کا کر دینا۔
صَیِدَ یَصْیَدُ صَیَدًا: ٹیڑھی گردن کا ہونا۔
أصَادَهُ: شکار پر اکسانا۔ أصَادَ البَعِیرَ: تکلیف دینا۔ علاج کرنا (کجی گردن کا)
الأصْیَد: تکبر سے سر کو بلند کرنے والا۔ وہ اونٹ جس کی گردن ٹیڑھی ہو۔ بادشاہ اس کے لئے کہ وہ بھی فخر وغرور کی وجہ سے إدھر اُدھر نہیں دیکھتا۔ شیر۔ مؤنث صَیْدَاءُ ج صِیْد۔
الصَّاد: حروف تہجی کا ایک حرف جس کا عدد بحساب جمل ۹۰ ہے۔ تانبا۔ پتیل۔ ج صِیدَان: ایک مرض ہے جو اونٹ کو ہوتا ہے۔ جس کی وجہ سے اس کی ناک ہمیشہ بہتی رہتی ہے اور وہ اپنے سر کو بلند کرتا ہے۔ شیر۔
الصَّیْد: شکار۔
الصَّیْدَاء: مؤنث أصْیَد: کنکر۔ أرْضٌ صَیْدَاءُ: سخت زمین۔
الصَّیَد: مص (...... والصِّیْد): اونٹ کی مذکورہ بالا بیماری۔
الصَّیَّاد: شکاری۔ شیر۔
الصَّیُوْد: شکاری۔ کہا جاتا ہے کَلْبٌ صَیُودٌ وَصَقْرٌ صَیُودٌ. ج صِیْد وصُیُود.
الصَّیُوْدُ مِنَ النِّسَاءِ: بدخلق عورت۔
الصَّیْدَان: سونا۔ تانبا۔ صَیْدَانُ الحَصَی: کنکریاں۔
الصَّیْدَانَة: بھوت...... مِنَ النِّسَاءِ: بدخلق۔ بہت بولنے والی۔
المِصْیَد والمِصْیَدَة والمَصْیَدَة والمَصِیْدَة: جال۔
المَصِیْد: شکار کیا ہوا۔
المَصَاد والمُصْطَاد والمُتَصَیَّد: شکار گاہ۔
الصَّیْدَلَة: دوا فروشی۔
الصَّیْدَلِیّ والصَّیْدَلانِیّ: دوا فروش۔ ج صَیَادِلَة: یہ کلمہ دخیل ہے اور اس کے لئے اجزائی کا لفظ بھی استعمال کیا جاتا ہے اور دواخانہ کو اجزائیہ کہتے ہیں۔
الصَّیْدَن: مضبوط عمارت۔ چاندی کی سل۔ تنگ چادر۔ بجو۔ لومڑی۔ بادشاہ۔ عطر فروش۔ ایک چھوٹا سا جانور جو اپنے آپ کو لوگوں کی نگاہ سے محفوظ رکھنے کے لئے زمین

میں بحث بتاتا ہے۔
الصَّیْدَنَانِي: بحث۔
صَارَ یَصِیْرُ صَیْرًا وصَیْرُورَةً ومَصِیْرًا: لوٹنا۔ ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف پلٹنا۔ جیسے "صَارَ زَیْدٌ غَنِیًّا" یعنی فقر سے غنا کی طرف پلٹ گیا۔ منتقل ہونا...... اِلَی کَذَا او اِلَی فُلَانٍ: پہنچنا۔ اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے۔
صَارَهٗ یَصُوْرُهٗ ویَصِیْرُهٗ صَیْرًا: کاٹنا۔
...... الشَّيْءَ: روک دینا۔
صَیَّرَهٗ واَصَارَهٗ اِصَارَةً: ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف کر دینا۔
تَصَیَّرَهٗ: مشابہ ہونا۔
الصَّیْرُ: انجام۔
الصِّیْرُ: کسی شے کا کنارہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَلٰی صِیْرِ الاَمْرِ": یعنی فلاں کام کے پورے ہونے کے کنارے پر ہے۔ دروازے کی جھری۔ چھوٹی نمکین مچھلیاں۔ یہودیوں کا پادری۔ انجام کار۔
الصِّیَارُ: گایوں کا گلہ۔ چنگ کی آواز۔
الصِّیَارَةُ والصِّیرَةُ: گائے بکریوں کا باڑہ۔ ج صِیَرٌ وصِیَرٌ۔
الصَّائِرَةُ: خشک گھاس۔
الصَّیِّرُ: جماعت۔ قبر۔
الصَّیُّوْرُ: عقل رائے (...... الصَّیُّوْرَةُ) انجام کار۔
المَصِیْرُ: انجام کار۔ پانی کا گھاٹ۔ ج مَصَائِرُ۔
الصِّیْصَةُ والصِّیْصِیَةُ: کپڑا بننے والے کا کوچ۔ مرغ کا خار۔ ہرن اور گائے کا سینگ۔ چھوارے توڑنے کا دستہ۔ قلعہ۔

گرمی اور ہر پناہ لینے کی جگہ۔ ج صَیَاصِيُّ۔
صَاعَ یَصِیْعُ صَیْعًا واَصَاعَ۔ الغَنَمَ: متفرق کرنا...... القَوْمُ: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
تَصَیَّعَ المَاءُ: متحرک ہونا۔ جوش مارنا۔
اِنْصَاعَ الرَّجُلُ: تیزی سے واپس ہونا۔
...... الطَّیْرُ: فضاء آسمان میں چڑھنا۔
صَافَ یَصِیْفُ صَیْفًا وصَیَّفَ وتَصَیَّفَ واصْطَافَ۔ المَكَانَ: موسم گرما میں اقامت کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّعَامُ یُصَیِّفُنِي" یعنی یہ کھانا میرے لئے گرم موسم گرما بھر کے لئے کافی ہے۔
صَافَ: (ض) صَیْفًا وصُیُوْفًا۔ السَّهْمُ عَنِ الهَدَفِ: تیر کا نشانہ سے خطا کرنا...... عَنِّي وَجْهَهٗ: منہ پھیر لینا۔
صِیْفَ وصُیِّفَ۔ المَكَانُ او الرَّجُلُ: مکان یا آدمی پر موسم گرما میں بارش ہونا۔ صفت مفعولی مَصِیْفٌ مَصْیُوْفٌ ومُصَیَّفٌ۔
صَایَفَهٗ مُصَایَفَةً وصِیَافًا: موسم گرما کے لئے معاملہ کرنا۔
اَصَافَ اِصَافَةً: بڑھاپے میں شادی کرنا یا بڑھاپے میں بچہ پیدا ہونا...... القَوْمُ: زمانہ گرمی میں داخل ہونا...... اللّٰهُ عَنْهُ الشَّرَّ: اللہ کا شر کو دور کرنا۔ اَصَافَتِ الدَّابَّةُ: جانور کا گرمی کے زمانہ میں بچہ دینا۔
الصَّیْفُ: موسم گرما۔ ج اَصْیَافٌ۔
الصَّیْفَةُ: موسم گرما۔ یہ صَیْفٌ سے اخص ہے۔ ج صِیَفٌ۔
الصَّیْفُ والصَّیْفَةُ: موسم گرما کی بارش۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْنَا صَیْفَةٌ غَزِیْرَةٌ": ہم پر

موسم گرما کی بارش بڑی زیادہ مقدار میں پڑی۔
الصَّیْفُ والصَّیْفِيُّ: گھاس جو موسم گرما میں اگتی ہے۔
الصَّائِفُ والصَّافُ: گرم۔ صَیْفٌ صَائِفٌ: تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے۔ جیسے "لَیْلٌ لَائِلٌ"۔
الصَّائِفَةُ: مؤنث الصَّائِفِ: گا۔ موسم گرما کا وقت۔ گرمی کے زمانہ میں جنگ۔ "صَائِفَةُ القَوْمِ" زمانہ گرما کی خوراک۔ ج صَوَائِفُ۔
المَصِیْفُ والمُتَصَیَّفُ والمُصْطَافُ: موسم گرما بسر کرنے کا مکان۔ المِصْیَفُ: بدی جہاں پر بل کھاتی ہو۔
اَرْضٌ مِصْیَافٌ: زمین جس میں روئیدگی مؤخر ہو جائے اور موسم گرما میں اس میں بارش زیادہ ہوئی۔ ج مَصَائِیْفُ۔
المَصَائِیْفُ: وہ بچے جو گرمی میں پیدا ہوں۔
الصِّیْقُ: چڑچڑے۔ ج صِیْقَانٌ: تپش بدبو۔ آواز (...... والصِّیْقَةُ): وہ غبار جو فضاء آسمانی میں چکر لگائے۔ ج صِیَقٌ۔
صَاكَ یَصِیْكُ صَیْكًا۔ بِهِ الطِّیْبُ او الدَّمُ: خوشبو یا خون کا چپکنا۔
صِیْلَ لَهٗ كَذَا: مقدر کیا جانا۔
الصِّیْمُ: بہت سخت۔
الصِّیْنُ: ملک چین۔
الصِّیْنِيُّ: چینی برتن۔ واحد صِیْنِیَّةٌ۔
الصِّیْنِیَّةُ: کسی دھات کا طبق جو کسی چیز کو پیش کرنے کے لئے بنایا گیا ہو۔

ض

ض: الضاد: پندرھواں حرف بنیادی حروف ہے مخارج کے لحاظ سے حروف شجریہ سے ہے۔

الضِب: ایک دریائی جانور۔ موتی۔

الضُوبان: موٹا قوی مرد یا اونٹ۔

ضَأدَ: (ف) ضَأدًا: خصومت میں غالب آنا۔

ضُئِدَ وضُؤادًا: زکام زدہ ہونا۔

أضأدَهٗ إضأدًا: زکام میں مبتلا کرنا۔

الضُؤد والضُؤدَةُ والضُؤدَةُ: زکام۔

المَضؤُود: زکام زدہ۔

ضَأزَهٗ: (ف) ضَأزًا وضَأزًا: ظلم کرنا۔

ضَأزهٗ حَقَّهٗ: حق گھٹانا۔

قِسمَةٌ ضُوزٰی وضَازٰی وضِئزٰی: ناقص تقسیم۔

الضَأز: کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الضُوزَة: حقیر مرد۔

ضَأضَأَ ضَأضَأةً وضَوضَأَ ضَوضَأةً. القَومُ فِي الحَربِ: قوم کا لڑائی میں شور مچانا۔

الضَأضَأُ والضَوضَأُ والضَوضَى: لڑائی کا شور۔

الضُؤضُؤُ والضِئضِئُ: اصل۔ کان۔ معدن۔ الضُؤضُؤ: ایک قسم کا پرندہ جس کے پروں پر طرح طرح کے نقطے ہوتے ہیں۔

ضَئِطَ: (س) ضَأطًا. الرَجُلُ: چلنے میں موٹا ہونا اور جسم کو حرکت دینا۔

ضُئِكَ: زکام زدہ ہوا۔ الضُؤاك: زکام۔

ضَؤُلَ: (ک) ضَآلَةً وضُؤُولَةً: لاغر ہونا۔ حقیر ہونا۔

ضَاءَلَ. شَخصَهٗ: اپنے آپ کو حقیر کرنا۔

تَضَاءَلَ: حقیر ہونا۔ کمزور ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ الشَیُٔ: سکڑنا۔

اِضطَأَلَ: چھوٹا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت مُضطَئِل۔

الضَئِيل: چھوٹا۔ باریک۔ حقیر۔ دُبلا۔ ج ضُؤلَاء وضِئَال وضَئِيلُون۔

الضُؤلَة: کمزور۔ دُبلا۔

الضَئِيلَة۔ ضَئِيل: کا مؤنث۔ باریک سانپ۔ حلق کا کوا۔

ضَأَنَ (ف) ضَأنًا. الضَأنَ: بھیڑ کو بکریوں سے جدا کرنا۔

أضأنَ إضأنًا: بہت بھیڑ والا ہونا۔

الضَأن: بھیڑ۔ دُنبہ۔

الضَأنِيّ: مولدین کے نزدیک بھیڑ کا گوشت۔

الضَائِن سو کمزور۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضَائِنٌ" کمزور مرد۔ ریت کا سفید چوڑا قطعہ۔ اون والا۔ بھیڑ دُنبہ۔ ج ضَأنٌ وضَأنٌ وضَئِين وضِئِين۔

الضَائِنَة: مؤنث ضَائِن ج ضَوَائِن۔

الضَئِنِيّ: دہی جمانے کی بڑی مشک بھیڑ کی کھال کی۔

ضَأَى يَضأَى ضَأيًا. الرَجُلُ: جسم کا لاغر ہونا۔

ضَبَّ (ض) ضَبًّا: چپ ہونا...... النَاقَةَ: اونٹنی کو پوری ہتھیلی لگا کر دوہنا...... عَلَى الشَیءِ: جمع کرنا...... الشَیءُ: زمین سے چمٹنا...... عَلَيهِ: مضبوطی سے پکڑنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَضِبُّ فُوهُ او تَضِبُّ لِثَاتُهٗ بِكَذَا اَو عَلَى كَذَا" جبکہ حرص زیادہ ہو جائے (...... ضَبًّا وضَبِيبًا) الرِيقُ اَوِ الدَمُ: تھوک یا خون بہنا۔

ضَبَّتْ (ض) ضَبًّا وضُبُوبًا الشَفَةُ: ہونٹ میں ایسی بیماری ہونا جس کی وجہ سے خون بہے۔

ضَبَّ يَضُبُّ وضَبِبَ يَضَبُّ ضَبَابَةً المَكَانُ: کسی جگہ میں زیادہ گوہ ہونا۔ صفت ضَبٌّ مؤنث ضَبَّة۔

ضَبَّبَ. عَلَى الشَیءِ: سخت قبضہ کرنا۔ جمع کرنا ضَبَّبَ عَلَى الضَبِّ: گوہ کو بھڑکانا۔

ضَبَّبَ البَابَ: دروازے میں بلی لگانا۔

اَضَبَّ: خاموش ہونا۔ چیخنا اور گفتگو کرنا (ضد)...... المَاءُ او الرِيقُ: پانی یا تھوک بہنا...... اليَومُ دن کا کہر والا ہونا...... المَكَانُ: زیادہ روئیدگی والا ہونا...... الشَعرُ: بال کا زیادہ ہونا...... القَومُ: کسی کام کے لئے اکٹھا اٹھ کھڑا ہونا...... القَومُ فِي بُغيَتِهِم: حصول مطلب کے لئے متفرق ہونا۔ اَضَبُّوا لِفُلَانٍ: کسی کے طلب کرنے کے لئے متفرق ہونا...... المَاءَ او الدَمَ: بہانا...... عَلَى الاَمرِ: حاوی ہونا...... عَلَى الشَیءِ: چھپانا...... عَلَى المَطلُوبِ: کامیابی کے قریب

ہونا۔ اَضَبُّوا عَلَيْهِ : جو کچھ دل میں ہو اس پر خاموش رہنا...... عَلٰی غِلٍّ فِیْ قَلْبِهٖ : کینہ کو دل میں پوشیدہ رکھنا۔

تَضَبَّبَ. الصَّبِيُّ : بچے کا موٹا ہونے لگنا۔

الضَّبُّ : گوہ۔ ج اَضُبٌّ وضِبَّان وضِبَاب ومَضَبَّة: عرب کہتے تھے "لا اَفْعَلُهٗ حَتّٰى يَرِدَ الضَّبُّ" یعنی میں یہ کام نہیں کروں گا یہاں تک کہ گوہ پانی پر آئے اس لئے کہ ان کا خیال تھا کہ گوہ پانی پر نہیں آیا کرتی۔

بَقْلَةُ الضَّبِّ : ایک خوشبودار نباتات۔

الضَّبُّ : اُونٹ کے سینہ یا قدم کا ورم۔ اُونٹ کے اگلے پیر کا مرض۔ ہونٹ کا مرض جس سے خون بہے۔

الضَّبُّ والضِّبُّ : پوشیدہ کینہ۔ ج ضِبَاب کہا جاتا ہے "رَجُلٌ خَبٌّ ضَبٌّ" یعنی دغا باز حیلہ گر مرد۔

الضَّبَّة. ضَبٌّ : کا مؤنث۔ شگوفہ قبل اس کے کہ کھلے۔ سختی سے نچوڑ کر دوھنا۔ دروازے کا لوہے یا لکڑی کا موسلا۔ ج ضِبَاب.

الاَضَبُّ. مِنَ الجِمَالِ : وہ اونٹ جس کو (طب) : کی بیماری لاحق ہو۔ مؤنث ضَبَّاء. ج ضُبٌّ.

الضَّبُوْبُ : تھن میں تنگ سوراخ والی بکری۔

ضَبِيْبُ. السَّيْفِ : تلوار کی دھار۔

الضَّبَابَة : کہرا۔ ج ضَبَاب.

الضَّبِيْبَة : ایک قسم کی خوراک جو گھی اور کھجور کے شیرہ سے بچوں کے لئے تیار کی جاتی ہے۔

اَرْضٌ مَضَبَّة : زیادہ گوہ والی زمین۔ ج مَضَابٌ.

المِضْبَاب: بخیل۔

ضَبَأَ : (ف) ضَبْأً وضُبُوْءًا. الرَّجُلُ : زمین یا درخت سے چمٹنا۔ صفت ضَبِیْءٌ...... الصَّائِدُ : شکاری کا فریب دینے کے لئے چھپنا...... ہ بِالاَرْضِ : چمٹانا...... اِلَيْهِ : پناہ لینا...... مِنْهُ : شرم کرنا...... عَلَى القَوْمِ : اچانک آ جانا۔

اَضْبَأَ. الشَّيْءَ : چھپانا...... عَلَيْهِ: خاموش رہنا اور چھپانا...... مَا فِیْ يَدِهٖ وعَلَيْهِ : پکڑے رکھنا۔

اِضْطَبَأَ اِضْطِبَاءً. مِنْهُ : چھپنا۔

الضَّابِيْ : راکھ۔

المَضْبَأ : چھپنے کی جگہ۔ ج مَضَابِیْ.

ضَبَثَ : (ض) ضَبْثًا واضْطَبَثَ بِالشَّيْءِ وعَلَيْهِ: سختی سے قبضہ کرنا۔ ضَبَثَ بِهٖ: حملہ کرنا۔ ضُبِثَ عَلَيْهِ: مارا جانا۔

الضَّبْثَة : قبضہ۔ ج ضَبَثَات واَضْبَاث.

الضُّبَاث: شیر کے بچے۔

الضَّبَاث والضَّبِث والضَّبُوْث : شیر۔

المَضَابِث : چنگل اور شیر کے پنجے۔

مِضْبَث: واحد۔

ضَبَحَ (ف) ضَبْحًا وضُبَاحًا. الخَيْلُ فِیْ عَدْوِهَا : گھوڑے کا دوڑنے کی حالت میں جوف سے آواز نکالنا۔ (...... ضُبَاحًا) الاَرْنَبُ والثَّعْلَبُ والقَوْسُ : آواز کرنا...... ضَبَحَ النَّارُ العُوْدَ : آگ کا لکڑی کو متغیر کر دینا۔

ضَابَحَه : رو در رو مقابلہ کرنا۔ گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔

اِنْضَبَحَ. لَوْنُهٗ : راکھ کے رنگ کا ہو جانا۔

تَضَابَحَا : ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا۔ برا بھلا کہنا۔

الضَّبْحَاء : کمان کہ جس میں آگ کا اثر ہو۔

الضِّبْح : راکھ۔

المَضْبُوْح : سنگدان کا پتھر۔

ضَبَدَ : (ن) ضَبْدًا: تر اور گدر کھجوروں کو ملانا۔

ضَبَّدَهٗ : غصہ آور چیزوں کو یاد دلانا۔

الضَّبَد : غصہ۔ غضب۔

ضَبَرَ : (ن) ضَبْرًا. الحِجَارَةَ : تہ بتہ رکھنا۔ الكُتُبَ : جمع کرنا یا بنڈل بنانا...... (ضَبْرًا وضَبَرَانًا) الفَرَسُ او المُقَيَّدُ : ٹانگوں کو جمع کرنا اور کودنا۔

ضَبَّرَ. الشَّيْءَ : جمع کرنا۔

الضَّبْر : لکڑی کی بنی ہوئی چیز جس پر کھال منڈھی ہوئی تھی اور جس کے اندر داخل ہو کر جنگ کے لئے قلعے کے قریب پہنچتے تھے۔ ج ضُبُوْر. الضَّبْر : فَرَسٌ ضَبْرٌ : گھوڑا تام الخلقة.

الضَّبْر والضَّبِر : جنگلی اخروٹ کا درخت۔

الضِّبْر : بغل۔

الضِّبَار والضُّبَار : کتابیں۔ ان کا واحد نہیں۔

الضَّبَارَة : خلقت کی مضبوطی۔

الضِّبَارَة والضُّبَارَة : کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج ضَبَائِر.

الاِضْبَارَة: کتابوں کا بنڈل یا تیروں کا گٹھا۔ ج اَضَابِيْر.

الضِّبَارَة : لوگوں کی جماعت۔ مجمع کہتے ہیں "رَاَيْتُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ المَكَانِ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ" میں نے ان کو دیکھا کہ لوگ جوق در جوق نکل رہے تھے۔

الضَّبِيْر : بہت زیادہ کودنے والا۔

الضَّبْر والضَّبُوْر : سخت۔ شیر۔

الضُّبَّار : بلوط کی مانند ایک درخت۔ واحد ضُبَّارَة.

المِضْبَر : کودنے والا۔ شیر۔ المضبورة دارنتی۔

ضَبَزَهٗ : (ض) ضَبْزًا: آنکھیوں سے تیز دیکھنا۔

الضَّبِز والضَّبِيْز. مِنَ الذِّئَاب : تیز نظر بھیڑیا۔

ضَبَسَ : (ن) ضَبْسًا عَلَى الغَرِيْمِ : قرضدار پر سختی سے تقاضا کرنا۔

ضَبِسَتْه : (س) ضَبْسًا. نَفْسُه : جی کا بگڑنا اور متلانا۔

الضَّبْس : بخیل۔

الضِّبْس : شریر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ضِبْسُ شَرٍّ" وہ برائی کا ساتھی ہے یعنی شریر ہے۔

الضَّبِس : سخت مزاج۔ فریبی۔

الضَّبِیْس: تخت مزاج۔ گراں تن۔ گراں جان۔ بزدل۔ بے وقوف۔
ضَبَطَهٗ: (ن ض) ضَبْطًا وضَبَاطَةً: لازم ہونا۔ غالب ہونا۔ قوی ہونا۔ خوب حفاظت کرنا۔ العَمَل......: مضبوط کرنا۔ الکتاب......: صحیح کرنا۔ اعراب لگانا...... عَلَیْهِ: گرفتار کرنا۔
ضَبِطَ: (س) ضَبَطًا: دونوں ہاتھوں سے کام کرنا۔ صفت اَضْبَط: مؤنث ضَبْطَاء۔ ج ضُبْط
ضُبِطَتِ الاَرْضُ: زمین پر بارش ہونا۔
تَضَبَّطَ: زبردستی گرفتار کرنا۔ تَضَبَّطَ الضَّانُ: موٹا ہونا۔ تھوڑی سی گھاس کھانا۔
اِنْضَبَطَ: قابو میں آنا۔ مضبوط ہونا۔
الضَّبْطُ: مس۔ روک۔ گرفتاری۔
الضَّابِطُ: فا۔ قوی۔ ہوشیار۔ حاکم۔ فوج کا جنرل۔ ج ضُبَّاط (...... والضَّابِطَةُ) عِنْدَ العُلَمَاءِ: وہ قاعدہ کلیہ جو اپنے سارے جزئیات پر منطبق ہو۔
الضابطة: واحد الضوابط۔ حاکم کا لشکر جس سے مال کو جمع کرنے حفاظت کرنے اور مجرمین وغیرہ کو حکومت کے سامنے حاضر کرنے کی خدمت لی جاتی ہے۔
الضَّابِطُ والاَضْبَطُ: شیر۔
ضَبَعَ: (ف) ضَبْعًا وضُبُوْعًا وضَبَعَانًا البَعِیْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا اور اپنے پہلوؤں کو پھیلانا...... القَوْمُ الصُّلْحَ: صلح کی طرف مائل ہونا۔ ضَبَعَهٗ ضَبْعًا: مارنے کے لئے ہاتھ بڑھانا...... الرَّجُلُ: ظلم کرنا...... عَلٰی فلان: بددعا کے لئے ہاتھ اٹھانا۔
ضَبِعَ الرَّجُلُ: بزدل ہونا۔ ضَبَعَتِ الخَیْلُ والاِبِلُ: چال میں پہلوؤں کو پھیلانا۔
ضَابَعَهٗ مُضَابَعَةً: ایک دوسرے کی طرف تلوار کا ہاتھ بڑھانا۔ الرَّجُلُ: مصافحہ کرنا۔
اِضْطَبَعَ: بازو ظاہر کرنا۔ داہنی بغل سے چادر کو نکال کر بائیں کاندھے پر [illegible]

الشَّیْءَ: بغل میں لینا۔
الضَّبْعُ والضَّبُعُ: بجو۔ لفظ مؤنث ہے۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج ضِبَاع واَضْبُع وضُبُع وضُبُوْعَة وضَبُعَات ومَضْبَعَة اور تصغیر ضبع کی اُضَیْبِع۔ خلاف قیاس اور مادہ کے لئے ضبعة کا استعمال کیا جاتا ہے اور بجو کی دو قسمیں مشہور ہیں۔ ضبع مخططة: (دھاری دار) ضبع رقطاء: (خال دار) اور ضبع رقطاء مخططة: سے بڑا اور قوی ہوتا ہے۔
الضَّبْعُ: بازو کا وسط۔ بازو۔ بغل۔
الضَّبْعُ والضِّبْعُ والضَّبُعُ: جانب۔ کنارہ۔ ج اَضْبَاع۔
الضَّبُعُ: قحط کا سال۔
الضَّبْعُ والضِّبَاعُ: دعا کے لئے ہاتھ اٹھانا۔
الضِّبْعَانُ: نر بجو۔ ثنیٰ ضِبْعَانِ۔ ضَبُعَانِ: غلط ہے۔ ج ضَبَاعِیْن۔ مؤنث ضِبْعَانَةٌ ج ضَبَاعِیْن وضِبْعَانَات۔
الضَّابِعُ: فا...... مِنَ الخَیْلِ والاِبِلِ: تیز دوڑنے والا۔ ج ضُبُع۔
ضَبَنَ (ن) ضَبْنًا المَکَانُ: تنگ ہونا۔ صفت ضَبِنٌ...... عَنْهُ الهَدِیَّةَ: ہدیہ کو روک دینا۔ منع کرنا۔ ضَبَنَهٗ: بغل اور پہلو کے درمیان اٹھانا۔
اَضْبَنَ واضْطَبَنَ: بغل اور پہلو کے درمیان اٹھانا۔
الضِّبْنُ: بغل اور پہلو کے درمیان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِی ضِبْنِ فُلَانٍ او ضِبْنَتِهٖ" یعنی فلاں آدمی فلاں کی پناہ میں ہے۔
الضِّبْنَةُ والضَّبْنَةُ والضُّبْنَةُ: بال بچے۔
الضِّبْنَةُ والضُّبْنَةُ: بیوی۔
الضِّبْنُ والمَضْبُوْنُ: لنجا۔
ضَبَا یَضْبُو ضَبْوًا اِلَیْهِ: پناہ لینا۔ ضبته النار: آگ کا بھون دینا اور متغیر کر دینا۔
اَضْبَی الشَّیْءَ: اٹھانا۔ روکنا...... عَلَیْهِ: فتح مندی کے لئے جا پہنچنا۔
الضَّاحِی: فا۔ راکھ۔

الضَّبْوَةُ عِنْدَ العَامَّةِ: تمباکو کے لئے چمڑے کا بٹوہ اور صحیح لفظ الضَّبَّة ہے اور ممکن ہے کہ یہ ضَبَّة کی تحریف ہو۔
المُضْبَاةُ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی۔
المَضْبَاةُ: بھوبھل میں روٹی پکانے کا گڑھا۔
ضَجَّ (ض) ضَجًّا وضَجِیْجًا وضُجَاجًا وضَجَاجًا: چیخنا۔ شور مچانا۔
اَضَجَّ اِضْجَاجًا۔ القَوْمُ: چیخنا۔ شور مچانا۔
ضَجْجَجَ۔ الرَّجُلُ: جانا اور مائل ہونا...... الطَّائِرُ ونَحْوُهٗ: زہر دینا۔
ضَاجَّهٗ ضِجَاجًا ومُضَاجَّةً: جھگڑا کرنا اور شور مچانا۔
الضَّجَّةُ: چیخ پکار۔ شور۔
الضَّجَاجُ: ہاتھی دانت۔ ایک قسم کا مہرہ۔
الضِّجَاجُ: گوند جو کھایا جاتا ہے۔ ہر اس درخت کا پھل جو پرندوں یا درندوں کو بطور زہر کے دیا جائے۔
الضَّجُوْجُ مِنَ النُّوْقِ: دودھ دوہتے وقت چلانے والی اونٹنی۔
الضَّجَّاجُ: بہت شور مچانے والا۔
ضَجِرَ: (س) ضَجَرًا وتَضَجَّرَ۔ مِنْهُ: تنگ دل ہونا۔ بے قرار ہونا۔ زچ ہو جانا۔ صفت ضَجِرٌ۔
اَضْجَرَهٗ: ستانا۔ زچ کر دینا۔ بے قرار کر دینا۔ تنگ دل کر دینا۔
الضَّجَرُ: غم کی وجہ سے تنگ دلی۔ بے قراری۔
الضَّجِرُ: تنگ مکان۔
الضُّجْرَةُ: بے قراری۔ تنگ دلی۔
الضَّجُوْرُ والضَّجِرَةُ: بہت بے قرار۔ بہت تنگ دل۔ المُضْجِرُ: بے قرار کرنے والا۔ تنگ دل کرنے والا۔ ج مَضَاجِرُ ومَضَاجِیْرُ۔
ضَجَعَ (ف) ضَجْعًا وضُجُوْعًا واِنْضَجَعَ واضَّجَعَ واضْطَجَعَ: پہلو کے بل لیٹنا۔ ضَجَعَ النَّجْمُ: ستارہ کا ڈوبنے کی طرف مائل ہونا۔

اَضْجَعَهُ : پہلو کے بل لٹانا......الشَيْءَ: پست کرنا......الحَرْفَ: حرف کا کسرہ کی طرف امالہ کرنا......جَوَالِقَهُ: بھری ہوئی گون کو خالی کر دینا۔

ضَجَعَتِ. الشَّمْسُ : غروب کے لئے مائل ہونا(...... وتَضَجَّعَ) فِيْ الْاَمْرِ : کوتاہی کرنا۔

ضَاجَعَهُ : ساتھ لیٹنا۔صفت مُضَاجِع: کہا جاتا ہے "ضَاجَعَهُ الهَمُّ" یعنی اس کو غم لازم ہے۔

تَضَاجَعَ. عَنِ الْاَمْرِ :غفلت کرنا۔

الضَجْعُ :مص۔ہر وہ چیز جس سے کپڑا دھویا جائے۔صابون۔

الضَجْعَة :صابون کا ایک ٹکڑا۔ایک بار کا سونا۔رائے کی کمزوری۔آرام۔راحت۔

الضِجْع :جھکاؤ۔کہا جاتا ہے "ضَجْعُهُ اِلَيَّ" یعنی اس کا میلان میری طرف ہے۔

الضِجْعَة :پہلو پر لیٹنے کی ہیئت۔کاہلی۔

الضُجَعَة :رائے کی کمزوری (...... والضُجَعة والضُجَعِيّ والضِجْعِيّ والضُجْعِيَّة والضِجْعِيَّة) :بہت زیادہ لیٹنے والا۔کاہل۔

الضَّاجِع :فا۔لیٹنے والا۔کاہل۔وادی کا موڑ۔وادی کا ڈھلوان۔بے وقوف......مِنَ الدَّوَابِ: بے برکت جانور......مِنَ النُّجُوْمِ: غائب ہونے کی طرف مائل ستارہ۔ج ضَوَاجِع. رَجُلٌ ضَجِع :بہت زیادہ لیٹنے والا۔کاہل۔کہا جاتا ہے "اَرَاکَ ضَاجِعًا اِلَيْهِ" یعنی میں تم کو اس کی طرف مائل دیکھتا ہوں۔

الضَّاجِعَة :مؤنث ضَاجِع: نہر کا دھانہ۔ٹیلہ۔ج ضَوَاجِع (...... والضَجْعَاء) :زیادہ بکریاں۔

الضَجُوْع والمَضْجُوْع :کمزور رائے والا۔الضَجُوْع: مشک جو لے جانے والے کو جھکا دے۔کشادہ ڈول۔پانی کی زیادتی سے آہستہ آہستہ چلنے والا بادل۔

الضَجِيْع :ساتھ لیٹنے والا۔مؤنث ضَجِيْعَة.

المَضْجَع: خواب گاہ۔ج مَضَاجِع.

اَلْمُضْطَجَع :خواب گاہ۔مَضَاجِعُ الغَيْثِ : بارش کی جگہ۔

ضَجِمَ (س) ضَجَمًا الفَمُ او العُنُقُ :منہ یا گردن کا ٹیڑھا ہونا۔جس کا ٹیڑھا ہو جائے اس کو اضجم اور مؤنث کو ضَجْمَاء کہتے ہیں۔کہا جاتا ہے "فِيْ فَمِهِ ضَجَمٌ" یعنی اس کے منہ میں کجی ہے۔

تَضَاجَمَ. الفَمُ :منہ کا ٹیڑھا ہونا۔الاَمْرُ بَيْنَهُمْ: مختلف فیہ ہونا۔

الضَحُّ : آفتاب کی روشنی۔جس پر آفتاب کی روشنی پڑے۔

ضَحْضَحَ وتَضَحْضَحَ. السرابُ: سراب کا متحرک ہونا اور چمکنا۔ضَحْضَحَ الاَمْرُ : ظاہر ہونا۔

الضَحْضَح :تھوڑا پانی۔

الضَحْضَاح :تھوڑا پانی یا نایاب پانی۔بہت اُونٹ۔

ضَحِكَ (س) ضَحِكًا وضِحْكًا وضِحِكًا وضَحِكًا :ہنسنا۔کہا جاتا ہے "ضَحِكَ مِنْهُ وبِهِ وعَلَيْهِ" اس نے کشادہ روئی کی اس طرح پر کہ دانت ظاہر ہو گئے۔القِرْدُ :بندر کا آواز کرنا......السَحابُ : بادل کا چمکنا......الطَرِيْقُ :راستہ کا ظاہر ہونا۔ضَحِكَتِ الاَرْضُ عَنِ النَبَاتِ :اگانا......الشَيْبُ بِرَاسِهِ: بڑھاپا ظاہر ہونا......طَلَعُ النَخْلَةُ: درخت خرما کا شگوفہ نکلنا(...... ضَحْكًا) الرَجُلُ: تعجب کرنا۔

ضَاحَكَهُ :ایک دوسرے کے ساتھ ہنسنا۔ہنسی میں غالب آنا۔

اَضْحَكَهُ :ہنسانا۔اَضْحَكَ الحَوْضَ : لبریز کر دینا۔

تَضَحَّكَ وتَضَاحَكَ واسْتَضْحَكَ : ہنسنا۔وتَضَاحَكَ الرَجُلُ :بتکلف ہنسنا۔تَضَاحَكَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو ہنسانا۔

الضَحْكُ :مص۔سفید دانت۔کلی۔جھاگ۔برف۔درمیان راستہ۔تعجب۔شہد یا شہد مع موم کے۔کھجور کا شگوفہ غلاف سے نکلا ہوا۔

الضَاحِك :فا۔ہنسنے والا۔پہاڑ میں نہایت چمکتا ہوا پتھر۔کہا جاتا ہے "لَسْنَهُ رَاءٍ ضَاحِكٌ" یعنی ظاہر ہے جس میں کوئی التباس نہیں۔

الضَاحِكَة :مؤنث ضَاحِك: دانت جو ہنستے ہوئے ظاہر ہو جائیں۔ج ضَوَاحِك کہا جاتا ہے "اِفْتَرَّ عَنْ ضَوَاحِكِهِ" اس نے ہنسنے میں دانتوں کو ظاہر کیا۔

الضَحَكَة والضُحْكَة والضَحَّاك والضَحُوْك والمِضْحَاك :بہت زیادہ ہنسنے والا۔الضَحُوْك والضَحَّاك: درمیان راستہ۔الضَحُوْك کی ج ضُحُك.

الضُحْكَة: جس آدمی پر لوگ ہنسیں۔

الضُحَكَة :جو لوگوں پر ہنسے۔

الاُضْحُوْكَة :وہ چیز جس پر ہنسی آئے۔ج اَضَاحِيْك.

ضَحَلَ (ف) ضَحْلاً. الغَدِيْرُ: تالاب کا پانی کم ہونا......المَاءُ :پانی کا پایاب ہو جانا۔کہا جاتا ہے "مَا اَضْحَلَ خَيْرَكَ" یعنی کس چیز نے تمہاری خیر و برکت کو کم کر دیا۔

الضَحْل :پایاب پانی۔ج ضِحَال واَضْحَال وضُحُوْل.

المَضْحَل: وہ جگہ جہاں پانی کم ہو۔

ضَحَا يَضْحُو ضَحْوًا وضُحُوًّا وضُحِيًّا الرَجُلُ :دھوپ کھانا......الشَيْءُ :دھوپ کا لگنا......الطَرِيْقُ :ظاہر ہونا۔کہا جاتا ہے "ضَحَا ظِلُّهُ" یعنی مر گیا اور یہ ان کے قول "شَجَرَةٌ ضَاحِيَةٌ" (غیر سایہ دار درخت) سے ماخوذ ہے۔

ضَحِيَ يَضْحَى ضَحًا وضَحَاءً: دھوپ لگنا۔دھوپ کھانا۔کھل جانا۔ضَحِيَتِ اللَيْلَةُ: بے بادل ہونا۔

ضَحّٰی تَضْحِیَۃً الْغَنَمَ: چاشت کے وقت کھانا کھلانا..... بالشاۃ: بقرعید کے زمانہ میں چاشت کے وقت ذبح کرنا یا مطلقاً ذبح کرنا۔ الغَنَمَ: چاشت کے وقت چرانا...... الرَّجُلَ: فدیہ ہوجانا...... عَنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا۔ جلدی نہ کرنا۔ اِلَیْہِ: بیان کرنا۔ ظاہر کرنا۔

ضَاحٰی مُضَاحَاۃً الرَّجُلَ: چاشت کے وقت آنا۔

اَضْحٰی: چاشت کے وقت میں داخل ہونا۔ اَضْحٰی یَفْعَلُ کَذَا: چاشت کے وقت ایسا کرتا تھا یا مطلقاً ایسا کرتا تھا (یہ کلمہ ان جیسے جملوں میں کَانَ جیسا عمل کرتا ہے)...... الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔ عَنِ الْاَمْرِ: دور رہنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْحَی اللّٰہُ ظِلَّکَ" یعنی اللہ تیرے سائے کو دور کردے۔ مراد یہ ہے کہ تجھے ہلاک کردے۔

تَضَحّٰی تَضَحِّیًا: چاشت کے وقت کھانا۔ چاشت کے وقت تک سونا۔ دھوپ کھانا۔

اِسْتَضْحٰی اِسْتِضْحَاءً لِلشَّمْسِ: موسم سرما میں دھوپ کھانا۔

الضَّحَاءُ: چاشت کا وقت۔

الضَّحْوُ الضَّحْوَۃُ: چاشت کا وقت۔

الضُّحٰی: چاشت۔ آفتاب۔ بیان۔ کہا جاتا ہے "مَا لِکَلَامِہٖ ضُحًی" یعنی اس کے کلام کے لئے بیان نہیں۔

الضَّحْیَانُ: چاشت کے وقت کھانے والا۔ مؤنث ضَحْیَانَۃٌ۔

الضَّحِیَّۃُ: دن کا بلند ہونا۔ قربانی کی بکری۔ ذبیحہ۔ ج ضَحَایَا۔

الاَضْحَاۃُ: قربانی۔ ج اَضْحٰی۔

الاُضْحِیَّۃُ الاِضْحِیَّۃُ: قربانی۔ ج اَضَاحِیُّ۔

یَوْمُ الْاَضْحٰی: قربانی کا دن۔ الاَضْحٰی مِنَ الْخَیْلِ: سفید سیاہی مائل گھوڑا۔ مؤنث ضَحْیَاءُ۔

الضَّاحِی: فا۔ دھوپ کھانے والا۔ ضَاحِی الْجِلْدِ: جسم کا کھلا ہوا حصہ۔

الضَّاحِیَۃُ مؤنث ضَاحِی: ہر شے کا کھلا ہوا حصہ۔ ج ضَوَاحٍ۔ ضَوَاحِی الْمَدِیْنَۃِ: اطراف شہر۔ ضَوَاحِی الْحَوْضِ: حوض کے اطراف۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَہٗ ضَاحِیَۃً" یعنی اعلانیہ کیا۔ شَجَرَۃٌ ضَاحِیَۃُ الظِّلِّ: بے سایہ درخت۔

یَوْمٌ اَضْحِیَانٌ: بے بادل کا دن۔

لَیْلَۃٌ اِضْحِیَانَۃٌ واِضْحِیَۃٌ: چاندنی رات۔

اَرْضٌ مَضْحَاۃٌ: سورج کے سامنے کی زمین یا جس سے سورج غائب نہ ہو۔

ضَحَّ (ن) ضَحًّا. الْمَاءَ: پانی گرانا۔

ضَحَّتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا۔

اِنْضَحَّ الْمَاءُ: گرنا۔

الْمِضَحَّۃُ: پکاری۔

ضَخَرَ (ف) ضَخْرًا عَیْنَہٗ: آنکھ نکال لینا۔

ضَخُمَ (ک) ضَخَامَۃً وضِخَمًا: موٹا ہونا۔ صفت ضَخْمٌ۔ ج ضِخَامٌ: مؤنث ضَخْمَۃٌ۔ ج ضَخْمَاتٌ۔

ضَخَّمَہٗ: موٹا بنانا۔

الضُّخَامُ: ہر شے کا بڑا۔

الاَضْخَمُ: موٹا۔ زیادہ موٹا۔

الْمِضْخَمُ: بہت مارنے والا۔ سردار۔ عالی مرتبہ۔

ضَدَّ (ن) ضَدًّا فُلَانًا فِی الْخُصُوْمَۃِ: جھگڑے میں غالب آنا۔ ضَدَّہٗ عَنْ کَذَا: نرمی سے ہٹانا۔ باز رکھنا...... الْقِرْبَۃَ: مشک کو بھر دینا۔

ضَادَّہٗ مُضَادَّۃً: مخالفت کرنا۔

اَضَدَّہٗ: غضبناک ہونا۔ ضد کرنا۔

تَضَادَّا اِتِّضَادًّا: ایک دوسرے کی مخالفت کرنا۔

الضِّدُّ: مخالف۔ مثل ونظیر۔ دشمن۔ ج اَضْدَادٌ وضِدٌّ۔

الاَضْدَادُ: ایسے کلمات جو معانی متضادہ پر دلالت کریں جیسے کہ لفظ ضد کہ اس کے معنی مخالف اور نظیر دونوں کے ہیں۔

الضَّدِیْدُ: ضد۔ نظیر۔ کہا جاتا ہے "لَا ضَدِیْدَ لَہٗ" یعنی اس کا کوئی مثل نہیں۔

ضَدِیَ یَضْدٰی ضَدًی. عَلَیْہِ: غضبناک ہونا۔ صفت ضَادٍ۔ مؤنث ضَادِیَۃٌ۔ ج ضَوَادٍ وضَادِیَاتٌ۔

ضَادَاہُ مُضَادَاۃً: مخالفت کرنا۔

اَضْدٰی اِضْدَاءً. الْاِنَاءَ: برتن کو بھر دینا۔

ضَرَّ (ن) ضَرًّا وضُرًّا. فُلَانًا وبِفُلَانٍ: نقصان دینا...... ہٗ اِلٰی کَذَا: مجبور کرنا۔

ضُرَّ. بَصَرُہٗ: اندھا ہونا۔

ضَارَّہٗ ضِرَارًا ومُضَارَّۃً: نقصان دینا۔ مخالفت کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔ ضَارَّ اِمْرَاَتَہٗ: اپنی بیوی پر سوکن لانا۔

ضَرَّرَہٗ تَضْرِیْرًا: بہت زیادہ نقصان دینا۔

اَضَرَّہٗ: تکلیف پہنچانا...... ہٗ عَلَی الْاَمْرِ: مجبور کرنا۔ اَضَرَّ بِہٖ: بہت قریب ہونا...... اِلَیْہِ وعَلَیْہِ: جلدی کرنا۔ اَضَرَّ بِعَدْوِہٖ: کچھ تیز دوڑنا...... عَلَی السَّیْرِ الشَّدِیْدِ: تیز چلنے میں صبر کرنا...... الرَّجُلُ: سوکن کر کے لانا۔ اندھا ہونا۔

تَضَرَّرَ: نقصان پہنچانا۔

اِضْطَرَّہٗ. اِلٰی کَذَا: محتاج کرنا۔ مجبور کرنا۔

اُضْطُرَّ: مجبور کیا جانا۔

اِسْتَضَرَّ بِہٖ: نقصان پہنچانا۔

الضَّرُّ والضُّرُّ والضَّرَرُ: نقصان۔ تنگی۔ سختی۔ بدحالی۔ ج اَضْرَارٌ اور عوام کے استعمال میں ضَرّہ: چھوٹی چیونٹی کے معنی میں ہے مگر صحیح لفظ (ذَرّ) ہے۔

الضِّرُّ والضُّرُّ: سوکن کر کے لانا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ضِرُّ اَضْرَارٍ" یعنی مصیبتوں میں ایک مصیبت ہے۔

الضَّرَّاءُ: سختی۔ قحط۔ جانی ومالی نقصان۔

الضَّرَّۃُ: جانی ومالی نقصان۔

الضَّرُوْرَۃُ: حاجت۔ تنگ حالی۔ تکلیف۔ پستان کی جڑ۔ پستان۔ تھن۔ مال کثیر۔

ضَرَّۃُ الْمَرْاَۃِ: سوکن۔ ج ضَرَائِرُ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَہُمْ دَاءُ الضَّرَائِرِ" یعنی ان کے

درمیان حسد ہے۔ الضَّرَّتَان: چکی کے دونوں پاٹ۔

الضَّارُّ: نقصان پہنچانے والا۔ یہ اللہ تعالیٰ کے اسماءِ حسنیٰ میں سے ہے۔

الضَّرُوْرَة والضَّارُوْرَة والضَّارُوْرُ والضَّارُوْرَاء: حاجت۔ الضَّارُوْرَة: بمعنی ضرر۔

الضَّرَارَة: اندھا ہونا۔ جانی و مالی نقصان۔

الضَّرِيْر: اندھا۔ لاغر مریض۔ نقصان زدہ۔ ج اَضِرَّاء و اَضْرَار: مؤنث ضَرِيْرَة۔ ج ضَرَائِر۔

الضَّرِيْر: غیرت۔ مخالفت۔ صبر۔ وادی کا کنارہ۔ نفس۔ بقیہ جسم۔ صابر۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ ضَرِيْرٌ وَذُوْ ضَرِيْرٍ عَلَى الشَّيْءِ" یعنی جب کہ صابر ہو "نَاقَةٌ ذَاتُ ضَرِيْرٍ" یعنی دیر میں تھکنے والی۔

الضَّرُوْرِيّ: جس پر انسان کو مجبور کیا جائے۔ جس میں اختیار مسلوب ہو اور منطقیوں کی اصطلاح میں بمعنی بدیہی۔

التَّضِرَّة والتَّضُرَّة: بدحالی۔

المَضَرَّة: نقصان۔ ج مَضَارّ۔

ضَرَأَ (ف) ضَرْأً۔ الشَّيْءُ: مخفی ہونا۔ چھپنا۔ اِنْضَرَأَتْ اِنْضِرَاءً۔ الاِبِلُ: اونٹوں میں موت کا واقع ہونا۔۔۔۔۔۔ الشَّجَرَةُ: درخت کا خشک ہونا۔

ضَرَبَ (ض) ضَرْبًا۔ الشَّيْءُ: متحرک ہونا۔ ۔۔۔۔۔۔ العِرْقُ: رگ کا پھڑکنا۔۔۔۔۔۔ الجُرْحُ او الضِّرْسُ: زخم یا داڑھ میں درد ہونا۔۔۔۔۔۔ العَقْرَبُ: بچھو کا ڈنک مارنا۔۔۔۔۔۔ اللَّيْلُ: رات کا طویل ہونا۔۔۔۔۔۔ الزَّمَانُ: گزرنا۔۔۔۔۔۔ الطَّيْرُ: پرندوں کا خوراک کی تلاش میں جانا۔۔۔۔۔۔ ہ: مارنا۔۔۔۔۔۔ البَرْدُ: سردی لگنا۔ ضَرَبَ الخَيْمَةَ: خیمہ قائم کرنا۔ ضَرَبَتِ العَنْكَبُوْتُ نَسِيْجَهَا: مکڑی کا جالا تننا۔ ضَرَبَ الاَجَلَ: مدت مقرر کرنا۔۔۔۔۔۔ المَثَلَ: مثال بیان کرنا۔۔۔۔۔۔ الدِّرْهَمَ: درہم پر ٹھپہ لگانا۔۔۔۔۔۔ الخَاتَمَ: انگوٹھی ڈھالنا۔۔۔۔۔۔ الصَّلٰوةَ: نماز قائم کرنا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔۔۔۔۔۔ الحَبَائِبَ كَذَا فِيْ كَذَا: ضرب دینا۔۔۔۔۔۔ الجِزْيَةَ عَلَيْهِمْ: جزیہ مقرر کرنا۔۔۔۔۔۔ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةَ: ذلت کو لازم کر دینا۔۔۔۔۔۔ لَهٗ سَهْمًا مِنْ مَالِهٖ: مال سے حصہ مقرر کرنا۔۔۔۔۔۔ عَلٰى يَدِهٖ: روک دینا۔۔۔۔۔۔ القَاضِيْ عَلٰى يَدِهٖ: قاضی کا کسی کو تصرف سے منع کر دینا۔ ضَرَبَ بِنَفْسِهٖ الاَرْضَ: اقامت کرنا۔ سفر کرنا۔۔۔۔۔۔ فِي المَاءِ: تیرنا۔۔۔۔۔۔ بَيْنَهُمْ: فساد کرا دینا۔۔۔۔۔۔ فُلَانًا عَنْ فُلَانٍ: روک دینا۔ منع کر دینا۔۔۔۔۔۔ بِيَدِهٖ: اشارہ کرنا۔۔۔۔۔۔ عَنْ فُلَانٍ كَذَا: روک لینا۔۔۔۔۔۔ الدَّهْرُ بَيْنَنَا: جدا کر دینا۔۔۔۔۔۔ بِالقِدَاحِ: تیروں کو گھمانا۔۔۔۔۔۔ عَلٰى اُذُنِهٖ: سننے سے منع کرنا۔۔۔۔۔۔ عَلَى المَكْتُوْبِ: مہر لگانا۔۔۔۔۔۔ فِي البُوْقِ: بگل بجانا۔۔۔۔۔۔ اِلَيْهِ: مائل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبْتُ عَنْهُ صَفْحًا" یعنی میں نے اعراض کیا اور اس کو چھوڑ دیا و "ضَرَبْتُ عَنْهُ جَزُوْلِيْ" میں نے اس سے بے رغبتی کی اور اس سے باز رہا و "ضَرَبَ بِذَقْنِهِ الاَرْضَ" یعنی بزدلی کی اور خوف کیا و "ضَرَبَ فِي الاَرْضِ ضَرْبًا و ضَرَبَانًا" تجارت یا غزوہ کے لئے سفر کرنا۔

ضَرِبَ (س) ضَرَبًا۔ النَّبَاتُ: نباتات کا سردی یا ہوا سے مرجھا جانا۔

ضُرِبَتِ۔ الاَرْضُ: زمین پر کہرا پڑنا۔

ضَرَّبَهٗ: بہت مارنا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔۔۔۔۔۔ المِظَلَّةَ بِالخُيُوْطِ: چھتری کو دھاگے سے مضبوط کرنا۔۔۔۔۔۔ ہ النَّجَّادُ المُضَرَّبَةَ: درزی کا رضائی کو سینا۔۔۔۔۔۔ ضَرَّبَتْ عَيْنُهٗ: آنکھوں کا دھنس جانا۔ ضَرَّبَ بَيْنَهُمْ: بھڑکا دینا۔۔۔۔۔۔ ہ فِي الحُرُوْبِ: برانگیختہ کرنا۔ ترغیب دینا۔ دلاور کرنا۔

ضَارَبَهٗ مُضَارَبَةً و ضِرَابًا: ایک دوسرے پر تلوار مارنا۔ مارنے میں بڑھ جانا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ضَارَبَهٗ و ضَارَبَ لَهٗ فِي المَالِ و بِالمَالِ: کسی کے مال سے تجارت کرنا اور نفع میں شریک ہونا۔

اضْرِبْ فِي المَكَانِ: اقامت کرنا۔ سر جھکانا۔۔۔۔۔۔ عَنْهُ: اعراض کرنا۔۔۔۔۔۔ القَوْمُ: پالے سے ڈھک جانا۔۔۔۔۔۔ الخُبْزُ: پکنا۔ کہا جاتا ہے "اَضْرَبَ جَاشًا لِاَمْرِ كَذَا" یعنی اس نے فلاں کام پر اپنے آپ کو مستقل کر لیا۔

تَضَرَّبَ۔ الشَّيْءُ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔

تَضَارَبَ۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔

اِضْطَرَبَ: متحرک ہونا۔ موج مارنا۔ ایک دوسرے کو مارنا۔۔۔۔۔۔ الاَمْرُ: خلل پذیر ہونا۔۔۔۔۔۔ القَوْمُ: ایک دوسرے کو مارنا۔۔۔۔۔۔ فِي اَمْرِهٖ: متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے اِضْطَرَبَتْ خَلْقُهُمْ یعنی ان کا کلمہ مختلف و متفرق ہو گیا۔۔۔۔۔۔ ہ كَذَا: تنگ دل ہونا۔۔۔۔۔۔ خَاتَمًا: حصہ مقرر کرنے کا سوال کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِضْطَرَبْتُ خَاتَمًا مِنْ ذَهَبٍ" یعنی میں نے سونے کی انگوٹھی بنانے کے لئے کہا۔

اِسْتَضْرَبَ۔ العَسَلُ: شہد کا سفید اور گاڑھا ہونا۔

الضَّرْب: مثل۔ شکل۔ قسم۔ ج اَضْرَاب۔ خفیف بارش۔ کہا جاتا ہے "مُطِرْنَا ضَرْبًا" ایسا آدمی جس کی مار کا نشان باقی رہے۔۔۔۔۔۔ فِي العَرُوْضِ: فن عروض کی اصطلاح میں شعر کے مصرعہ ثانی کا آخری جزء۔ ج ضُرُوْب و اَضْرَاب۔ و ضَرْب۔ جزئهم ضَرْب: ٹھپہ لگا ہوا درہم۔ دَارُ الضَّرْب: ٹکسال۔

الضَّرْب والضَّرَب: سفید گاڑھا شہد۔

الضَّرْبَة: اسم مرۃ۔ دفعتاً واحدۃً۔ کہا جاتا ہے "لَا آخُذُ مَالِيْ عَلَيْكَ اِلَّا ضَرْبَةً وَاحِدَةً" یعنی میرا مال جو تمہارے ذمہ ہے اس کو ایک ہی دفعہ لوں گا۔ آفت۔ فتنہ۔

الضَّرَبَان: حس۔ ضَرَبَانُ القَلْبِ: دل کے حوادث۔

الضَّرُوْب والضَّرِب: مارنے والا۔

الضَّرَّاب: زیادہ مارنے والا۔

الضَّاوِب: قابلِ پست جگہ۔ جس میں درخت ہوں۔ وادی کے مشابہ۔ تاریک رات جس کی تاریکی محیط ہو۔ ج ضَوَارِب. الطَّيْرُ الضَّوَارِب: خوراک تلاش کرنے والے پرندے۔

الضَّرِيب: مارنے والا۔ ج ضُرَبَاء ...... پٹا ہوا۔ ج ضَرْبَى ...... قسم۔ شکل۔ شکل۔ حصہ۔ آدمی کی ہیئت۔ برف پالا۔ ج ضَرَائِب.

الضَّرِيبَةُ: طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ ضَرِيبَتُهُ الَّتِي ضُرِبَ عَلَيْهَا" یعنی یہ اس کی عادت ہے جس پر وہ پیدا کیا گیا ہے۔ تلوار سے مارا ہوا۔ بدن کا وہ حصہ جہاں مار واقع ہو۔ جزیہ ...... مِنَ السَّيْفِ: دھار ...... مِنَ الصُّوفِ وَنَحْوِهِ: اون یا روئی کی پونی۔ ج ضَرَائِب.

الْمَضْرِب: مارنے کی جگہ یا وقت۔ اصل (...... والْمَضْرَبُ): تلوار یا اس کی دھار۔ ہڈی جس میں گودا ہو۔ ج مَضَارِب.

الْمِضْرَب والْمِضْرَاب: مارنے کا اوزار۔ زخم۔ بہت مارنے والا۔ الْمِضْرَب: بڑا خیمہ۔ ج مَضَارِب.

الْمُضْرِب والْمُضْرِبَة مِنَ الْحَيَّاتِ: غیر متحرک سانپ۔

مَضْرِبَةُ السَّيْفِ ومَضْرَبَتُهُ: تلوار کی دھار۔

بِسَاطٌ مُضَرَّبٌ: سلا ہوا بچھونا۔

الْمُضَرَّبَةُ: دلائی۔ رضائی۔

ضَرَجَ: (ن) ضَرْجًا. الشَّيْءَ: پھاڑنا ...... الثَّوْبَ بِالدَّمِ: خون میں تھیڑنا ...... الشَّيْءَ إِلَى الْأَرْضِ: ڈالنا۔

ضَرَّجَهُ: لتھیڑنا ...... ضَرَّجَ الثَّوْبَ: سرخ رنگنا جو گلابی سے کچھ زائد ہو ...... الْأَنْفَ بِالدَّمِ: خون آلود کر دینا ...... الْكَلَامَ: آراستہ کرنا ...... الْإِبِلَ: لوٹ میں دوڑانا۔

ضَرَّجَ وأَضْرَجَ. الْجَيْبَ: لٹکانا۔

تَضَرَّجَ: پھٹنا ...... الزَّهْرُ: پھول کا کھلنا ...... الشَّيْءُ: لت پت ہونا ...... الْخَدُّ: رخسارہ کا سرخ ہونا ...... الْمَرْأَةُ: عورت کا بناؤ سنگھار کرنا۔

اِنْضَرَجَ: پھٹنا ...... لَنَا الطَّرِيقُ: کشادہ ہونا ...... مَا بَيْنَ الْقَوْمِ: دوری ہونا۔

اِنْضَرَجَتِ الْعُقَابُ: شکار پر ٹوٹ پڑنا۔

الضَّرِيجُ: ہلکا سرخ رنگا ہوا۔ عَدْوٌ ضَرِيجٌ: تیز دوڑ۔

الْإِضْرِيجُ: زرد رنگ کی چادر۔ سرخ ریشم۔ سرخ رنگ۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔

الْمِضْرَجُ: پرانا مستعمل کپڑا۔ ج مَضَارِج

الْمَضَارِجُ: مشقتیں۔

عَيْنٌ مَضْرُوجَةٌ: بڑی خوبصورت آنکھ۔

الضَّرْجَعُ: چیتا۔ ج ضَرَاجِع.

ضَرَحَ (ف) ضَرْحًا. الشَّيْءَ: پھاڑنا۔ علیحدہ کرنا۔ دفع کرنا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَحَ شَهَادَةَ فُلَانٍ عَنِّي" یعنی فلاں کی شہادت کو رد کر دیا۔ "ضَرَحْتُ عَنِّي الثَّوْبَ" میں نے کپڑے کو اُتار دیا۔ الْقَبْرَ: قبر کھودنا۔ ضَرَحَ لِلْمَيِّتِ: میت کے لئے صندوقی قبر بنانا۔

ضَرَحَتْ (ن) ضُرُوحًا وضَرْحًا. السُّوقُ: کساد بازاری ہونا ...... ضَرْحًا وضِرَاحًا. الدَّابَّةُ بِرِجْلِهَا: دولتی مارنا۔

ضَارَحَهُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔ تیر مارنا۔ قریب ہونا اور مقابل ہونا۔

أَضْرَحَهُ: فاسد کرنا۔ دور کرنا۔ أَضْرَحَ السُّوقَ: کساد بازاری کرنا۔

اِنْضَرَحَ. الشَّيْءُ: پھٹنا ...... مَا بَيْنَ الْقَوْمِ: دوری ہو جانا۔ تعلقات کا ختم ہو جانا۔

اِضْطَرَحَ. الشَّيْءَ: ڈال دینا۔ پھینک دینا۔

الضُّرَاحُ: چوتھے آسمان میں ﴿بیت المعمور﴾

طَرَّ (ن ض) طَرًّا وطُرُوْرًا. الشَّارِبُ او النَّبَاتُ: مونچھ یا نباتات کا اگنا۔ طَرَّتِ النُّجُوْمُ: ستاروں کا روشن ہونا...... يَدُهُ: زخم کی وجہ سے گر جانا۔ الرَّجُلُ مِنَ السَّطْحِ: گرنا۔
أَطَرَّهُ: گرانا۔ کاٹنا۔ دھتکارنا۔ أَطَرَّهُ عَلَى الأَمْرِ: برانگیختہ کرنا۔
طَرَّرَتِ الجَارِيَةُ: لڑکی کا اپنی زلفوں کو سنوارنا۔
الطُّرُّ: کنارہ ج أَطْرَارٌ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْمِيْ أَطْرَارَ البِلَادِ" یعنی وہ اطراف بلاد کی حفاظت کرتا ہے۔ "و جَاؤُوا طُرًّا" یعنی سب آئے۔
الطُّرَّةُ: کبر۔
الطُّرَّةُ: پیشانی۔ پیشانی کے بال۔ کپڑے کا نقش و نگار۔ کنارہ۔ کتاب کا حاشیہ۔ نہر کا کنارہ۔ وادی کا کنارہ۔ بادل کا لمبا ٹکڑا۔ ج طُرَّات و طُرَر وطِرَار وأَطْرَار اور اس لفظ کو اس علامت کے لئے بھی استعمال کرتے ہیں جو شاہی فرامین وغیرہ میں لگایا جاتا ہے جس میں بادشاہ کا نام مع لقب کے ہوتا ہے اور صواب لفظ طُغراء ہے۔
غُلَامٌ طَارٌّ و طَرِيرٌ: جوان جس کی مسیں بھیگ گئی ہوں۔ سِنَانٌ طَرِيرٌ: تیز نیزہ۔
المُطِرُّ: فا۔ غَضَبٌ مُطِرٌّ: بےموقع غضب۔
الطِّرْيَان: تشتری۔ طباق۔
المِطَرَّةُ: عادت۔ کہا جاتا ہے "لَهُمْ مِطَرَّةٌ حَسَنَةٌ" ان کی اچھی عادت ہے۔
طَرَأَ: (ف) طَرْأً وطُرُوْءًا. عَلَيْهِم: دور سے اور اچانک آ جانا۔ کہا جاتا ہے "طَرَءَ عَلَيَّ هَمٌّ لَا أُطِيقُهُ" میرے اوپر ایسا غم آ پڑا ہے جس کی مجھے طاقت نہیں۔
طَرُؤَ: (ک) طَرَاءَةً وطَرَاءً: النَّبَاتُ: تروتازہ ہونا۔ صفت طَرِيءٌ۔
أَطْرَأَهُ: حد سے زیادہ مدح کرنا۔
الطَّارِيءُ: فا۔ اجنبی۔ مسافر۔ غیر اصلی۔ ج طُرَّاء طُرَأَة۔
الطَّارِئَةُ: مؤنث طَارِيءٌ: مصیبت۔ ج طَوَارِئ وطارئات اور طَارِئَة: کو ان لوگوں پر بھی بولا جاتا ہے جو غیر ملکی ہوں اور کسی جگہ آباد ہو جائیں۔
الطُّرْآن: راستہ۔ امر منکر۔ غیر پسندیدہ بات۔ کہا جاتا ہے "حَمَامٌ طُرْآنِيٌّ" یعنی وہ کبوتر جو نہ معلوم کہاں سے آیا "كَلَامٌ طُرْآنِيٌّ" جو کلام غیر پسندیدہ اور ادب و تہذیب سے گرا ہوا ہو۔
طُرَاةُ. السَّيْلِ: سیلاب کا زور
طَرِبَ: (س) طَرَبًا: خوشی یا غم سے جھومنا۔ صفت طَرِبٌ۔
طَرَّبَ: گانا...... فِي صَوْتِهِ: سُر نکالنا......عَنِ الطَّرِيقِ: ہٹ جانا۔ طَرَّبَهُ وأَطْرَبَهُ وتَطَرَّبَهُ: خوشی پر برانگیختہ کرنا۔
اِسْتَطْرَبَ: بہت خوش ہونا......فلانًا: خوش ہونے کو کہنا...... الإِبِلَ: حُدِي: سے حرکت میں لانا۔
الطَّرُوْب والمِطْرَاب والمِطْرَابَة: بہت زیادہ خوش۔
المَطْرَب والمَطْرَبَة: تنگ راستہ۔ ج مَطَارِب. المَطَارِب: متفرق راستے۔
الطِّرْبَال: ہر بلند۔ عمارت۔ دور سے نظر آنے والا جھنڈا۔ بڑی چٹان پہاڑ کی جو فضا میں ہو ج طَرَابِيل. طَرَابِيلُ الشَّام: ملک شام کے گرجے۔
الطِّرْبِيل: گانے کی مشین۔ ج طَرَابِيل۔
طَرَحَ: (ف) طَرْحًا. الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: پھینک دینا...... عَنْهُ: ڈال دینا اور دور کر دینا۔ کہا جاتا ہے "طَرَحَتِ النَّوَى بِفُلَانٍ كُلَّ مَطْرَحٍ" یعنی فراق نے فلاں کو دور ڈال دیا۔ طَرَحَ الثَّوْبَ عَلَيْهِ: کسی چیز پر کپڑا ڈالنا۔ طَرَحَتِ الأُنْثَى: حمل گرانا۔ طَرَحَ الحَاسِبُ: حساب کرنے والے کا کسی بڑے عدد کو چھوڑ دینا...... عَلَيْهِ المَسْأَلَةَ: مسالہ پیش کرنا۔
طَرِحَ: (س) طَرَحًا: بدخلق ہونا۔ خوش عیش ہونا۔
طَرَّحَ. طرح کا مبالغہ۔ طَرَّحَ بِهِ السَّفَرُ إِلَى نَاحِيَةِ كَذَا: سفر نے اس کو فلاں گوشہ میں پھینک دیا۔ طَرَّحَ الأُنْثَى: حمل گروانا...... البِنَاءَ: عمارت کو بہت بلند کرنا۔
طَارَحَهُ مُطَارَحَةً. الكَلَامَ او الشِّعْرَ و الغِنَاءَ: گفتگو یا شعر یا گانے میں مقابلہ کرنا۔
اِطَّرَحَهُ: پھینک دینا۔ دور کر دینا۔
تَطَارَحَ. القَوْمُ الكَلَامَ والغِنَاءَ: ایک کا دوسرے سے کلام یا گانے میں مقابلہ

کرنا۔

الطِرح: ڈالا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ حمل نا تمام۔

الطَرح والطُرُوح والطَرَاح: مکان بعید۔

الطَرُوح: لمبی شاخوں والا درخت ج طُرُوح۔

الطَرحَة: چادر سبز رنگ کی اور عوام کے نزدیک بمعنی اوڑھنی۔

الطَرِيح: ڈالا ہوا' پھینکا ہوا ج طَرحیٰ۔

الطُرَح: ڈالا ہوا' پھینکا ہوا۔

الأُطرُوحَة: سوال جو تم کسی کے سامنے پیش کرو۔

المَطرَح: ڈالنے کی جگہ۔ بچھانے کی جگہ۔ ج مَطَارِح۔ کہا جاتا ہے "مَا طَرَحَکَ هٰذَا المَطرَحَ" یعنی تمہیں اس میں کس نے ڈال دیا۔

طَرف مِطرَح: دور بین نگاہ۔ رُمحٌ مِطرَحٌ: لمبا نیزہ۔

المُطرَح: مقع۔ قَولٌ مُطرَحٌ: وہ قول جس کی طرف توجہ نہ کی جائے۔

الطَرخَان والطُرخَان: رئیس۔ ج طَرَاخِنَة۔

الطَرخُون: ایک قسم کی نباتات ہے جس کا ریشہ عاقر قرحا ہے۔

الطَرِيخ: ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔

اطرَخَمَ. اللَيلُ: تاریک ہونا...... الرَّجُلُ: نگاہ کمزور ہونا۔

طَرَدَهٗ (ن) طَردًا وطَرَدًا: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ دھتکارنا...... ہ مِن بِلَادِہٖ: جلا وطن کرنا۔ طَرَدَ الإبلَ: ادھر سے اُدھر سے جمع کرکے ہانکنا۔

طَرِدَ (س) طَرَدًا: شکار کا پیچھا کرنا۔

طَرَّدَ السَوطَ: اُٹھانا۔ طَرَّدَهٗ عَنِ البَلَدِ: جلا وطن کرنا۔

طَارَدَ طِرَادًا ومُطَارَدَةً. الأقرَانُ: ایک کا دوسرے کے اوپر حملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "هُم فُرسَانُ الطِرَادِ" وہ لوگ نیزہ بازی کے شہسوار ہیں۔

أطرَدَهٗ: جلا وطن کرنے کا حکم دینا۔ جلا وطن کرنا۔

تَطَارَدَ. القَومُ: بعض کا بعض پر حملہ کرنا۔

اِنطَرَدَ: جلا وطن ہونا۔

اِطَّرَدَ: دور ہونا...... الأمرُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا اور درست ہونا...... الأنهَارُ: جاری ہونا...... القَومُ إلَى المَنبَرِ: پے در پے چلنا۔

اِستَطرَدَ لَهٗ: فریب دینے کے لئے شکست کو ظاہر کرنا۔ کلام کو اس طرح بیان کرنا کہ اس سے دوسرا کلام لازم آجائے۔ اِستَطرَدَ إلَيهِ الأمرُ: پہنچنا۔

الطَرَد: کھجور کے پودے۔ ج طُرُود۔

الطَرَد: پانی جس میں جانور گھستے ہوں۔

الطَرَّاد. طَارِد: کا مبالغہ۔ تیز رفتار جنگی جہاز' کشادہ مکان۔ لمبا دن۔

الطَرِيد: دھتکارا ہوا۔ بھاگنے والا جو تمہارے بعد پیدا ہوا اور تم بھی اپنے بعد پیدا ہونے والے کا طرید کہلاؤ گے...... مِنَ الأيَّامِ: لمبا دن۔ الطَرِيدَان: رات دن۔

الطَرِيدَة: بھگایا ہوا شکار۔ ریشم وغیرہ کا مستطیل ٹکڑا۔ چرایا ہوا اونٹ۔ تنور وغیرہ کے صاف کرنے کے لئے بھیگا ہوا چیتھڑا۔ ج طَرَائِد۔

الطِرَاد: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَمشِي مَشيًا طِرَادًا" یعنی فلاں سیدھی چال چلتا ہے۔ چھوٹا نیزہ۔

المِطرَد: چھوٹا نیزہ۔ ج مَطَارِد۔

يَومٌ مُطَّرِدٌ: لمبا دن۔

حُكمٌ مُطَّرِدٌ: عام حکم اور اسی سے ہے "قَاعِدَةٌ مُطَّرِدَةٌ"۔

المَطرَدَة والمِطرَدَة: وسط شاہراہ۔

المَطرَدَة: دھتکارنے کا سبب۔

طَرِزَ (س) طَرَزًا: بد خلقی کے بعد اچھا اخلاق ہونا...... فِي المَلبَسِ: لباس فاخرہ استعمال کرنا۔

طَرَزَهٗ (ن) طَرزًا: گھونسہ مار کے ہٹانا۔

طَرَّزَ. الثَوبَ: بیل بوٹے بنانا۔

تَطَرَّزَ. الثَوبُ: بیل بوٹے والا ہونا...... فِي لُبسِهٖ: لباس فاخرہ پہننا۔

الطَرز: ہیئت۔ طریقہ۔ ترتیب۔

الطِرَاز: کپڑے کا نقش و نگار۔ مقام جہاں کپڑے اچھے بُنے جائیں۔ طریقہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَلٰی طِرَازِ ذَاکَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے "لَيسَ هٰذَا مِن طِرَازِ ذَاکَ" یعنی یہ اس کے طریقہ پر ہے۔ "لَيسَ هٰذَا مِن طِرَازِ ذَاکَ" یعنی یہ تمہارے طور و طریقے پر نہیں۔ ج طُرُز۔

الطِرَازَة: بیل بوٹے بنانے کا پیشہ۔

الطَرَّازَة والمُطَرِّز: بیل بوٹے بنانے والا۔

طَرَسَ (ض) طَرسًا. الشَيءَ: مٹانا...... الکِتَابَ: لکھنا۔

طَرَّسَ. الکِتَابَ: اچھی طرح مٹانا...... البَابَ: دروازہ کالا کرنا...... الکَاتِبُ: لکھے ہوئے پر لکھنا۔ طَرَّسَهٗ: فاسد کر دینا۔ بگاڑ دینا۔

تَطَرَّسَ فِي المَآكِلِ: عمدہ کھانے کھانا...... عَنِ الشَيءِ: پرہیز کرنا۔

الطِرس: صحیفہ کہ جس کو مٹا کر پھر لکھا جائے۔ ج أطرَاس وطُرُوس۔

طَرِشَ (س) طَرَشًا: بہرا ہونا۔ صفت أطرَش مؤنث طَرشَاء ج طُرش۔

تَطَارَشَ: تکلف بہرا بننا۔

الطَرَش والطُرشَة: بہرا پن۔

الأطرُوش والأُطرُوش: بہرا۔

طَرشَمَ. اللَيلُ: تاریک ہونا۔

طَرِطَ (س) طَرَطًا: بے وقوف ہونا۔ صفت طَرِط: ابروؤں پر کم بال ہونا۔ صفت۔

طَارِط. الحَاجِبَينِ وطَرِطُهُمَا وأطرَطُهُمَا وأطرَط مؤنث طَرطَاء. اِمرَأةٌ طَرطَاءُ العَينَينِ: جس کی پلکوں پر کم بال ہوں۔

طَرطَرَ: شیخ بگھارنا۔ ڈینگ مارنا۔ فخر کرنا۔

طَرْطُوْر: لمبا پتلا مرد۔ لمبی نوکدار ٹوپی اور طَـرْطُوْر: اہل لبنان وشام کے نزدیک عورتوں کے زیورات میں سے ایک زیور ہے جس کو سر پر استعمال کیا جاتا ہے اور بسا اوقات اسے طَنْطُوْرَة: بھی کہتے ہیں۔
طَرَفَهُ: (ض) طَرْفًا: طمانچہ مارنا۔ طَرَفَه عَنْهُ: واپس کرنا۔ باز رکھنا۔ طَرَفَ بَصَرَهُ اَوْ بِعَيْنِهِ: جھپکانا۔ عَيْنَهُ: آنکھ میں کوئی چیز لگانا جس سے پانی نکلے اور بند ہو جائے۔ صفت مَطْرُوْفَة. طَرَفَتْ عَيْنُهُ: نظر پھرانا...... فُلَانً: دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَتْ مِنْهُمْ عَيْنٌ تَطْرِفُ" یعنی ان میں سے کوئی باقی نہیں رہا سب مرگئے یا قتل کیے گئے۔
طَرُفَ: (ک) طَرَافَةً: نیا مال ہونا۔
طَرَّفَهُ: ایک گوشہ میں کرنا۔ آنکھ میں کچھ پڑ جانا۔ طَرَّفَ الخَيْلَ: گھوڑوں کی اگلی قطار کو پیچھے کر دینا۔ بَنَانَهُ: پورے کو مہندی سے رنگنا ...... الشَّيْءُ: پسند کرنا۔
اَطْـرَفَ: نئی عمدہ چیز لانا۔ پلکوں کو بند کرنا۔ كَذَا بِكَذَا: لاحق کرنا...... ہ الشَّيْءُ: تحفہ دینا۔
تَطَرَّفَ: ایک کنارہ میں ہونا...... الشَّيْءُ: کنارہ پر ہونا۔ حد اعتدال سے بڑھ جانا ...... الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا...... الشَّيْءُ: اطراف سے لینا۔ پسند کرنا ...... عَلَيْهِمْ: غارت ڈالنا۔
اِطَّرَفَ. الشَّيْءُ: نئی چیز خریدنا۔
اِسْتَطْرَفَهُ: نیا سمجھنا...... الشَّيْءُ: نیا پانا۔ فائدہ لینا۔ پسند کرنا۔
الطَّرْف: آنکھ۔ کسی چیز کا کنارہ۔ ہر شے کا منتہیٰ۔ ج اَطْـرَاف. الطَّرْف: شریف۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ بِطَرْفٍ خَفِيٍّ" یعنی خوف یا حیاء کی وجہ سے نیم باز آنکھوں سے دیکھا۔
الطِّرْف: نجیب الطرفین۔ ج اَطْـرَاف: اصیل (گھوڑا وغیرہ) ج طُرُوْف واَطْرَاف: مؤنث طِرْفَة: نیا مال۔ مِنَ النَّبَاتِ: جو ابھی اپنے غلاف شگوفہ میں ہی ہو...... مِنَ النَّاسِ: جو بوجہ ملال طبع کسی کے ساتھ معاشرت پر قائم نہ رہے۔ ایسا حریص نگاہ کا کہ جس چیز کو دیکھے اس کے متعلق خواہش کرے کہ وہ اس کے پاس ہو۔ رَجُلٌ طِرْفٌ فِي نَسَبِهٖ: نئی شرافت والا۔ اِمْرَاَةٌ طِرْفُ الْحَدِيْثِ: خوش کلام عورت۔
الطَّرَف: ہر شے کا منتہیٰ۔ گوشہ۔ چیز کا ٹکڑا۔ شریف۔ ج اَطْرَاف جج اَطَارِيْف. اَطْرَافُ البَــدَنِ: دونوں ہاتھ دونوں پیر اور سر۔ اَطْـرَافُ النَّاسِ: ادنیٰ قسم کے لوگ۔ شرفاء اور خاندانِ شرفاء۔ اَطْــرَافُ الــرَّجُلِ: اقرباء۔
الطَّرِف: غیر مستقل۔ جو کسی ساتھی کی صحبت پر قائم نہ رہے۔ نئی شرافت والا۔
الــطَّــرْفَة: خون کا نقطہ جو آنکھ میں ہو جاتا ہے۔
الطُّرْفَة: ملیح بات۔ نئی عمدہ چیز۔ ج طُرَف.
الطَّرْفَاء: جھاؤ کا درخت۔
الــطَّارِف: فا۔ نیا مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَّالِدُ: پرانا مال۔
الطَّارِفَة: مؤنث طَارِف: کہا جاتا ہے "جَاءَ بِــطَــارِفَةِ عَيْنٍ" یعنی اتنا مال کثیر لایا کہ جو دیکھے اس کی آنکھ کو چکا چوند لگ جائے ج طَوَارِف الطَّوَارِف: آنکھیں۔ کہا جاتا ہے "لَا تَرَاهُ الطَّوَارِفُ طَوَارِفُ الْخِبَاءِ" خیمہ کا وہ حصہ جو باہر نظر ڈالنے کے لئے اٹھا دیا جائے۔ طَوَارِفُ القَــرَائِح: طبیعت کے لطائف و ظرائف۔
الــطَّرِيْف: نادر میوہ...... مِــنَ الــمَـالِ: نیا حاصل کردہ مال اور اس کے مقابلہ میں ہے۔ التَّلِيْد: پرانا مال۔ الطَّرِيْف: نئے مال والا۔ نئی شرافت والا۔ ج طُرُف وطِرَاف.
الــطَّرِيْفَة. طَرِيْف: کا مؤنث۔ نادر و مستحسن بات ج طَــرَائِفُ: کہا جاتا ہے "طَــرَائِفُ الْحَدِيْثِ" پسندیدہ باتیں۔ "هَلْ وَرَاءَكَ طَرِيْفَةُ خَبَرٍ تَطْرُفُنَا بِهٖ" یعنی کوئی خبر جدید ہے جو تم ہمارے سامنے پیش کرو۔
الْاُطْرُوْفَة: نئی عمدہ نادر بات۔
الــطِّرَاف: چمڑے کا خیمہ۔ اتنا حصہ کھیتی کا جو اطراف سے کاٹ لیا جائے۔ ج طُــرُف: شرافت و بزرگی۔
المُطْرِف. مِنَ المَالِ: نیا مال حاصل کرنے والا۔
الــمِطْرَف والمُطْرَف: نقش و نگار والی ریشم کی چادر ج مَطَارِف.
طَـرْفَسَ: نظر تیز کرنا۔ گھورنا۔ بہت کپڑے پہننا...... الــلَّيْــلُ: رات کا تاریک ہونا...... الــمَوْرِدُ: گھاٹ کا گدلا ہونا...... الــمَاءَ: پانی پر آنے جانے والوں کا زیادہ ہونا۔
الطِّرْفِسَان: تاریکی۔ بچھونا۔ غالیچہ۔
الطِّرْفِسَاء: تاریک۔
طَرَقَهُ: (ن) طَرْقًا: ہتھوڑا مارنا...... النَّجَّارُ الصُّوفَ: اُون دھنا...... الشَّيْءَ: بجانا...... البَــابَ: دروازہ کھٹکھٹانا...... اِلإِبِــلُ الــمَـاءَ: اُونٹوں کا پانی میں گھسنا۔ الــرَّجُلُ: جادو منتر کے طور پر کنکری پھینکنا (...... طَرْقًا وطُرُوْقًا) الْقَوْمُ: رات کے وقت آنا۔
طَـرِقَ: (س) طَـرَقًا: گدلا پانی پینا (...... طَـرَقًا) البَعِيْرُ: اُونٹ کے گھٹنے میں کمزوری یا اس کی پنڈلی میں کجی ہونا۔ صفت اَطْــرَق۔ مؤنث طَرْقَاء ج طُرْق.
طَـرَّقَ لَهٗ: راستہ بنانا...... الــمَوْضِعَ: راستہ اختیار کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لَا تُــطَــرِّقُــوا الــمَـسَـاجِـدَ" یعنی مسجدوں کو راستہ مت بناؤ۔ "طَرَّقَ طَرِيْقَةً حَسَــنَةً" اچھا طریقہ گھڑ لینا...... الــحَدِيْـدَ: لوہے کو کوٹنا اور پھیلانا۔ طَرَّقَتِ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: بچے کو مشکل سے جننا۔ الــقَطَاةُ: انڈے دینے کا وقت قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "طَــرَّقَ بِــحَــقِّــي" یعنی میرے حق کا انکار کیا پھر اقرار کر لیا۔
طَــارَقَ. بَيْــنَ الثَّوْبَيْــنِ: اُوپر نیچے پہننا۔ الظَّلَامُ او الــغَمَامُ: تاریکی یا بادل کا پیاپے آنا۔
اَطْــرَقَ: خاموش ہونا۔ نگاہ جھکا کر زمین کی

طرف دیکھنا۔کہا جاتا ہے "اَطْرَقَ رَاْسَهٗ" یعنی سر جھکانا...... اِلَی اللَّهْوِ: مائل ہونا...... الصَّیْدَ: جال لگانا...... اَطْرَقَتِ الْاِبِلُ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنا۔الرَّجُلُ: پیدل چلنا۔نکاح کرنا۔

تَطَرَّقَ. اِلَیْهِ: چلنا یہاں تک کہ پہنچنا۔اِلَی الْاَمْرِ: راستہ تلاش کرنا۔

اِطَّرَقَتِ. الْاِبِلُ: بعض کا بعض کے پیچھے چلنا۔متفرق ہونا اور سیدھے راستہ کو چھوڑ دینا۔اَطْرَقَ جَنَاحُ الطَّیْرِ: پرندے کے بازوؤں کا ایک پر ایک جم جانا...... التُّرَابُ: مٹی کا تہ بتہ ہونا۔

تَطَارَقَ الشَّیْءُ: پے در پے ہونا۔تَطَارَقَتِ الْاِبِلُ: بعض کا بعض کے پیچھے ہونا۔

اِسْتَطْرَقَ. الشَّیْءُ: راستہ بنانا...... بَیْنَ الصُّفُوْفِ: صفوں کے درمیان چلنا...... ہ: کنکری پھینکنے کو کہنا۔

الطَّرْقُ والطُّرْقُ والطَّرْقَةُ: مرتبہ۔دفعہ کہا جاتا ہے "اَتَیْتُهٗ طَرْقَیْنِ" یعنی میں اس کے پاس دو مرتبہ آیا۔

الطَّرْقُ والطِّرْقُ: پھندا۔جال۔ج اَطْرَاق۔

الطَّرْقَةُ: پھندا۔جال۔ج طِرَق۔

الطِّرْقُ: مشک کی سلوٹ۔ج اَطْرَاق: پانی جمع ہونے کے مواضع۔اُونٹوں کے پیر کے نشانات۔اَطْرَاقُ الْبَطْنِ: پیٹ کی سلوٹ۔

الطِّرْقَةُ. طِرْق کا اسم نوع۔طریقہ۔ج طِرَق۔

الطُّرْقَةُ: راستہ۔طریقہ۔عادت۔لالچ۔تہ بتہ چیز۔ج طُرَق۔

الطِّرَاقُ: جوتے کا چمڑا۔لوہا کہ جس کو چوڑا کر کے ڈھال وغیرہ پر منڈھیں۔جوتے کے چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتا گانٹھیں۔ج طُرُق۔

الطَّرِیْقُ: راستہ (مذکر ومؤنث) ج طُرُق اَطْرُق واَطْرِقَة واَطْرِقَاء وجج طُرُقَات۔

الطَّرِیْقَةُ: عادت۔حالت۔مذہب دھاری۔کپڑے کا مستطیل ٹکڑا۔لمبا کھجور کا درخت۔خیمے کا ستون۔سائبان کا ستون۔قوم کا شریف اور افضل۔واحد اور جمع دونوں میں مستعمل ہے۔کہا جاتا ہے "هُوَ طَرِیْقَةُ قَوْمِهٖ وهُمْ طَرِیْقَةُ قَوْمِهِمْ. یاوَهُمْ طَرَائِقُ قَوْمِهِمْ ج طَرَائِق. ثَوْبٌ طَرَائِقُ: پرانا کپڑا طَرَائِقُ الدَّهْرِ: حوادثِ دہر۔

الطَّارِقُ: فا۔رات کو آنے والا۔ج طُرَّاق واَطْرَاق: صبح کا ستارہ۔

الطَّارِقَةُ. طارق کا مؤنث۔مصیبت۔قبیلہ مرد۔چھوٹا تخت۔ج طَوَارِق وطَارِقَات۔

الطِّرِّیْقُ: مؤنث طِرِّیْقَة. المِطْرَاق ج مَطَارِیْق: بہت سر جھکانے والا۔

المِطْرَقُ والمِطْرَقَةُ: روئی اُون دھننے کا ڈنڈا۔ہتھوڑا۔ج مَطَارِق۔

المَطْرُوْقُ: مفع۔وہ شخص جس میں نرمی اور ڈھیلا پن ہو۔وہ شخص جس میں جنون اور بے وقوفی ہو۔مَاءٌ مَطْرُوْقٌ: وہ پانی جس میں اُونٹ مینگنی و پیشاب کریں۔

المِطْرَاقُ: نظیر۔ج مَطَارِیق. المَطَارِیْقُ: پیدل چلنے والے لوگ۔اُونٹوں کی قطار۔

طَرِمَ (س) طَرَمًا. بَیْتُ النَّحْلِ: شہد سے بھرنا(...... طَرَمًا) العَسَلُ: چھتے سے شہد بہنا۔

اَطْرَمَتْ. اَسْنَانُهٗ: دانتوں پر میل جمنا۔اَطْرَمَ فُوْهُ: منہ کا بدمزہ یا بدبودار ہونا۔

تَطَرَّمَ فِی الْکَلَامِ: کلام کرنے میں رُک جانا۔

الطَّرْمُ والطِّرْمُ والطِّرْیَمُ: شہد۔الطِّرْیَمُ: تہ بتہ بادل۔رَجُلٌ طِرْیَمٌ: مرد دراز قد۔

الطُّرْمَةُ: جگر۔

الطَّرْمَةُ والطِّرْمَةُ والطُّرْمَةُ: اُوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔

الطُّرَامَةُ: دانتوں کی زردی۔دانتوں کے درمیان کا بقیہ کھانا۔منہ کے اوپر خشک تھوک۔الطَّرِیْمُ: غصہ۔

الطُّرْمُوْثُ: بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

طَرْمَحَ. البِنَاءَ: لمبی بنانا۔

الطِّرْمَاحُ والطِّرِمَّاحُ والطُّرْمُوْحُ: لمبا۔

الطِّرْمَاحُ: مشہور۔عالی نسب۔پیش بیں۔

طَرْمَذَ: بے کار ڈینگ مارنا۔جھوٹا فخر کرنا۔صفت طِرْمَاذ وطِرْمِذَان۔

طَرْمَسَ: گھبراہٹ سے خاموش رہنا۔مکروہ جاننا۔بھاگنا...... الوَجْهُ: ترش رو ہونا...... الکَاتِبُ الکِتَابَةَ: مٹانا(...... واطْرَمَّسَ) اللَّیْلُ: تاریک ہونا۔

الطِّرْمَاسُ والطِّرْمِسُ والطِّرْمِسَاءُ: سخت تاریکی۔

الطُّرْمُوْسُ والطُّرْمُوْسَةُ: بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔

الطُّرْمُوْقُ: چمگادڑ۔

طَرُوَ یَطْرُوْ وطَرِیَ یَطْرَی طَرَاوَةً وطَرَاءَةً وطَرَاوَةً وطَرَاءً. الغُصْنُ واللَّحْمُ: ٹہنی یا گوشت کا تازہ و نرم ہونا۔صفت طَرِیّ۔

طَرَا یَطْرُوْ طُرُوًّا. عَلَیْهِمْ: دُور سے آنا۔

طَرَّی. الشَّیْءَ: تر و تازہ کرنا...... الطِّیْبَ: خوشبوؤں کو مخلوط کرنا...... الطَّعَامَ: کھانے میں مسالہ ملانا۔

اَطْرَی اِطْرَاءً فُلَانًا: تعریف میں مبالغہ کرنا۔

اِطْرَوْرَی: تخمہ ہونا اور پیٹ پھولنا۔

الطَّرَا: جو کچھ زمین میں غیر جنس زمین سے ہو۔لاتعداد مخلوق۔

الطَّرِیُّ: نرم تازہ۔

الاِطْرِیَةُ: سویاں۔

الاُطْرُوَانُ مِنَ الشَّبَابِ: ابتدائے شباب۔عنفوانِ شباب۔

طَرِیَ: (س) طَرْیٌ. اِلَیْهِ: متوجہ ہونا۔

طَرَزَهٗ: (ن) طَرْزًا: گھونسہ مار کے ہٹانا۔

طَسَّهٗ: (ن) طَسًّا: غالب آنا اور [illegible] کرنا...... فِی الْمَاءِ: غوطہ دینا۔[illegible] الْقَوْمَ: سیر میں دور تک چلا جانا۔کہا جاتا [illegible] "مَا اَدْرِی اَیْنَ طَسَّ" میں نہیں جانتا [illegible] گیا۔

طَسَّ جانا...فِي الْبِلَادِ: سفر کرنا۔
الطَّسّ: ہاتھ دھونے کے لئے تانبے کا برتن۔ مؤنث۔ ج أَطْسَاس وطُسُوس وطِسِيس۔
الطِّسَّة والطَّسَّة: ہاتھ دھونے کے لئے تانبے کا برتن۔ مؤنث۔ ج طِسَّات وطَسَّات وطِسَس وطِسَاس۔
الطَّسَّاس: برتن مذکور کو بنانے والا۔ یا بیچنے والا۔
الطِّسَاسَة: برتن مذکور بنانے کا پیشہ۔
طَسَأَ: (ف) طَسْأً وطَسِئَ: (س) طَسَأً: تخمہ ہونا۔ صفت طَاسِئٌ طَسِئٌ۔ طَسَأَ مِنْهُ: شرم کرنا۔
اَطْسَأَهُ: بدہضمی کرنا۔
الطُّسْأَة: تخمہ۔ ہیضہ۔
الطَّسْت: ہاتھ دھونے کا تانبے کا برتن۔ ج طُسُوت۔
طَسَعَ: (ف) طَسْعًا فِي الْبِلَادِ: جانا۔
طَسِعَ: (س) طَسَعًا: بے غیرت اور مفلس ہونا۔ صفت طَسِعٌ وطَسِيعٌ۔
طَسَمَ: (ن) طَسْمًا. الشَّيْءَ: مٹانا۔
طَسَمَ: (ض) طُسُومًا: مٹنا۔
طَسِمَ: (س) طَسَمًا: ہیضہ ہونا۔ تخمہ ہونا۔
الطَّسَم: تاریکی۔ تیرگی۔ گرد آلودگی۔
طَسَمٌ او اَطْسَامٌ مِنْ سَحَابٍ: تھوڑے سے بادل۔
الطَّسَام والطُّسَام والطَّسَّام. مِنَ الغُبَارِ: بہت زیادہ غبار۔
طَشَّتْ: (ن ض) طَشًّا وأَطَشَّتِ السَّمَاءُ: پھوار برسنا۔
طُشَّ. الرَّجُلُ: زکام جیسی بیماری لاحق ہونا۔
الطُّشَاش والطُّشَّة: زکام جیسی ایک بیماری کا نام۔
الطَّشَاش: کمزور نگاہ۔
الطِّشَّة: چھوٹا بچہ۔

طَعِمَ: (ض) طَعْمًا وطُعْمًا. الشَّيْءَ: چکھنا ...... عَلَيْهِ: قادر ہونا۔
طَعِمَ: (س) طَعْمًا وطَعَامًا الطَّعَامَ: کھانا (...... طَعْمًا الغُصْنُ: ایک درخت کی ٹہنی کا دوسرے درخت کی ٹہنی میں گھس جانا۔
طَعَمَ: (ف) طُعْمًا: آسودہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَطْعَمُ آكِلُ هٰذَا" یعنی اس کا کھانے والا آسودہ نہیں ہوتا۔
طَعَّمَ الغُصْنَ: ٹہنی کو دوسرے درخت کی ٹہنی سے پیوند لگانا اور عرف اطباء وعوام میں ٹیکہ لگانے کے معنی میں مستعمل ہے۔ "طَعَّمَ العَظْمُ" گودے دار ہونا۔
اَطْعَمَ. الغُصْنَ: پیوند لگانا ......ہُ: کھانا کھلانا۔ خوراک دینا ...... الشَّجَرُ: پھل دینا۔ پھل پکنا ...... الشَّيْءُ: مزے دار ہونا یا مزے کا بدل جانا۔
طَاعَمَ وتَطَاعَمَ. الحَمَامُ: مادہ کی چونچ میں چونچ ڈالنا۔ طَاعَمَهُ: ساتھ کھانا۔
تَطَعَّمَ. الشَّيْءَ: چکھنا۔
اِطَّعَمَ: مزیدار ہونا۔ اِطَّعَمَتِ الشَّجَرَةُ: پھل کا پکنا اور عمدہ ہونا۔ عرب بولتے ہیں "هُوَ لَا يَطَّعِمُ" یعنی نہ تو وہ ادب سیکھتا ہے اور نہ ایسی چیز حاصل کرتا ہے جو اسے درست کردے۔
اِسْتَطْعَمَ: مزہ پانا ......ہُ: کھانا مانگنا۔
الطَّعَامَ: مزہ معلوم کرنے کے لئے چکھنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطْعَمَهُ الحَدِيثَ" یعنی اس نے بات کہنے کے لئے کہا۔
الطَّعْم: مزہ۔ ج طُعُوم: کھانے کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُو طَعْمٍ" یعنی صاحب عقل وتجربہ ہے۔
الطُّعْم: کھانا۔ قدرت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا طَعَامُ طُعْمٍ" یعنی ایک شخص کو سیر کرنے والا ہے۔ دانے جو شکار کے لئے ڈالے جائیں۔
الطِّعْمَة: کھانے کا طریقہ۔ کسب وکمائی کا ذریعہ۔
التَّطْعِيم: ایک گوشہ یا ٹہنی دوسری ٹہنی میں لگانا۔ (پیوند کاری کرنا)۔ (ٹشو گرفٹنگ)

الطُّعْمَة: خوراک۔ کھانے کی دعوت۔ رزق۔ کسب وکمائی کا ذریعہ۔ کہا جاتا ہے "جَعَلْتُ ضَيْعَتِي طُعْمَةً لِفُلَانٍ" یعنی میں نے فلاں کو اپنی جائیداد زراعت کے لئے عاریت پر دے دی ج طُعَم۔
الطَّعَام: خوراک ج أَطْعِمَة جج أَطْعِمَات: گیہوں۔
الطَّعِم والطَّاعِم: خوش خوراک۔ کہا جاتا ہے "أَنَا طَاعِمٌ عَنْ طَعَامِكُمْ" یعنی میں تمہارے کھانے سے مستغنی ہوں۔
جَزُورٌ طَعُومٌ وطَعِيمٌ: ذبح کرنے کے اونٹ نہ دبلے نہ موٹے۔ الطَّعُومَة: بکری جو کھانے کے لئے روک لی گئی ہو۔
الطَّعَامِي: کھانا بیچنے والا۔
المَطْعَم: کھانے کی جگہ۔ خوراک۔ ج مَطَاعِم۔
المِطْعَم: زیادہ کھانے والا۔
المِطْعَام: مہمان نواز۔
المُطْعَم: مفع۔ رزق دیا ہوا۔
المَطْعُوم: مفع۔ خوراک۔ جو چکھا جائے۔ پیوند۔ ٹیکہ۔
طَعَنَهُ: (ف ن) طَعْنًا: نیزہ مارنا اور چبھونا ...... فِي المَفَازَةِ: جانا ...... فِي السِّنِّ: بوڑھا ہونا ...... الفَرَسُ فِي العِنَانِ: لگام کھینچ کر تیز چلنا (...... طَعْنًا وطَعَنَانًا: فِي الرَّجُلِ وعَلَيْهِ: عیب لگانا۔ طَعَنَهُ: مارنا ...... اللَّيْلَ: ساری رات چلنا۔
طُعِنَ. الرَّجُلُ: طاعون زدہ ہونا۔
تَطَاعَنَ. القَوْمُ تَطَاعُنًا وطِعَانًا واطَّعَنُوا: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔
الطَّعْنَة: نیزے کی ضرب۔ نیزے کی ضرب کا نشان۔ ج طَعَن وطَعَنَات۔
الطَّاعُون: پلیگ۔ وبا کی موت۔ ج طَوَاعِين۔
الطَّعَّان والمِطْعَن والمِطْعَان: بہت نیزہ مارنے والا۔ ج مَطَاعِن ومَطَاعِين اور اس کا

سے ہے "هُوَ طَعَّانٌ فِي أَعْرَاضِ النَّاسِ" یعنی وہ لوگوں کی آبرو پر بہت زیادہ طعنہ کرنے والا ہے۔
الطَّعِين: نیزہ زدہ۔ پلیگ زدہ۔ ج طُعُن۔
الطِّعِّين: جنگ میں نیزہ مارنے میں ماہر۔
المَطْعَنَة: نیزہ بازی۔
طَغَرَهٗ: (ف) طَغْرًا: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الطُّغْرَاء والطُّغْرَى: شاہی فرامین اور سکون کی علامت۔ ج طُغْرَاءَات و طُغْرَيات۔
الطُّغْرَائِيّ: طغرا بنانے والا۔
تَطَغَّمَ عَلَيْهِ: جاہل بننا۔
طُغْمَة: جماعت جن کا معاملہ ایک ہو۔ ج طُغُمَات و طُغَم۔
الطِّغْم: سمندر۔ بہت پانی۔
الطَّغَام: کمینے لوگ (واحد و جمع) معمولی پرندے۔ واحد طَغَامَة۔ الطَّغَامَة: بے وقوف۔
الطَّغُومَة والطَّغُومِيَّة: بے وقوفی۔ کمینہ پن۔
طَغْمَشَ الرَّجُلُ: کمزور نظر ہونا۔ ...إِلَيْهِ: کمزور نظر سے دیکھنا۔ صفت مُطَغْمِش۔
الطَّغْمَشَة: ضعف بصر۔
طَغَا يَطْغُو طُغُوًا وطُغْوَانًا: حد سے بڑھ جانا۔ ...البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا۔ ...السَّيْلُ: سیلاب کا چڑھ آنا۔
تَطَاغَى المَوْجُ: موجوں کا جوش مارنا۔
أَطْغَاهُ وطَغَّاهُ: سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔
أَطْغَاهُ المَالُ ونحوُهٗ: سرکش بنا دینا۔
الطُّغْوَة: بلند جگہ۔ ج طُغُوَات۔
الطَّغْوَى: سرکشی۔
الطَّاغُوت: ہر حد سے تجاوز کرنے والا۔ بدی و شرارت کا سرغنہ۔ شیطان۔ معبود باطل۔ ج طَوَاغ و طَوَاغِيت۔ الطَّوَاغِي والطَّوَاغِيت: بت خانے۔
طَغَى وطَغِيَ يَطْغَى طَغْيًا وطُغْيَانًا وطِغْيَانًا بمعنی طَغَا: وادی۔ ...الكَافِرُ: کفر میں غلو کرنا ...الرَّجُلُ: ظلم اور گناہوں میں حد سے
بڑھ جانا۔ ...المَاءُ: بلند ہونا۔
طَغَّى وأَطْغَى فُلانًا: سرکشی پر برانگیختہ کرنا۔ سرکش بنانا۔
الطَّغْيَة: اسم مرۃ۔ سرکش گھوڑا وغیرہ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ہر بلند جگہ۔
الطَّاغِي: فا۔ ظالم۔ طُغَاة۔ طَاغُون۔
الطَّاغِيَة: مؤنث طَاغِي: جبار۔ متکبر۔ سرکش۔ بے وقوف۔ بجلی۔ رومی بادشاہوں کا لقب اور بسا اوقات عرب رومی بادشاہوں کے علاوہ دوسروں پر اطلاق کرتے تھے۔
طَفَّ: (ن ض) طَفًّا الشَّيْءُ مِنْهُ: قریب ہونا ...الحَائِطَ: دیوار پر چڑھنا۔ طَفَّهٗ بِرِجْلِهٖ او بِيَدِهٖ: پیر سے ہاتھ سے اٹھانا۔
طَفَّفَ المِكْيَالَ: کم ناپنا۔ ...الطَّائِرُ: پرندہ کا باز و پھیلانا ...عَلَى عِيَالِهٖ: بال بچوں پر بخل کرنا۔ طَفَّفَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا ...بِهٖ مَوْضِعَ كَذَا: قریب کرنا۔
أَطَفَّ عَلَيْهِ: جھانکنا ...الكَيْلَ: بھرنا ...لَهٗ: فریب دینے کا ارادہ کرنا ...عَلَيْهِ: مشتمل ہونا ...عَلَيْهِ بِحَجَرٍ: پھینکنے کے لئے اٹھانا ...لَهُ السَّيْفَ: تلوار کو جھکانا۔
اِسْتَطَفَّ عَلَيْهِ: جھانکنا۔ اِسْتَطَفَّتِ الحَاجَةُ: حاجت کا پورا ہونا۔
الطَّفُّ: بلند زمین۔ کنارہ۔ جانب۔ صحن۔ مکان۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج طُفُوف۔ (...والطَّفَف والطَّفَاف والطِّفَاف والطُّفَافَة) مِنَ الإِنَاءِ: برتن کا کنارہ۔ کنارے تک بھرا ہوا۔ الطَّفَاف والطِّفَاف: رات کی تاریکی۔ طَفَافُ الشَّمْسِ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَتَانَا عِنْدَ طَفَافِ الشَّمْسِ" غروب آفتاب کے قریب ہمارے پاس آیا۔
الطَّفِيف: کم۔ ناکمل۔ حقیر خسیس۔
الطُّفَافَة: باغ کا گرداگرد۔ قلعہ زمین جو پہاڑوں اور میدان کے درمیان ہو۔
الطَّفُّ والطَّفَاف مِنَ الخَيْلِ: ہلکا پھلکا تیز
رفتار گھوڑا۔
إِنَاءٌ طَفَّان: لبالب برتن۔
طَفِئَت: (س) طُفُوءًا۔ النَّارُ: آگ کا بجھنا ...عَيْنُهٗ: آنکھ کا بے نور ہونا۔
أَطْفَأَ النَّارَ: آگ کا بجھانا۔ کہا جاتا ہے "أَطْفَأَ الفِتْنَةَ او الحَرْبَ" یعنی فتنہ یا لڑائی کا فرو کر دیا۔
اِنْطَفَأَتْ اِنْطِفَاءً۔ النَّارُ: آگ کا بجھنا۔
المُطْفِئ: فا۔ مُطْفِئُ الجَمْرِ: ایام عجوز کا چوتھا یا پانچواں دن۔ مُطْفِئُ الرَّضْفِ: مصیبت۔ مُطْفِئَةُ الرَّضْفِ: چربی کہ جو گرم پتھر پر پڑے تو پگھل جائے اور اس کی گرمی کو دور کر دے۔
المِطْفَأَة: آگ بجھانے کا آلہ۔ ج مَطَافِئ۔
طَفَحَ: (ف) طَفْحًا وطُفُوحًا الإِنَاءُ: بھر جانا اور بہہ پڑنا ...الإِنَاءَ: بھر دینا (لازم و متعدی) ...السَّكْرَانُ: شراب سے بھر ہونا ...المَرْأَةُ بِالوَلَدِ: پورے دنوں پر پہنچنا اور کہا جاتا ہے "اَطْفَحْ عَنِّي" یعنی جاؤ۔
طَفَّحَ وأَطْفَحَ الإِنَاءَ: بھرنا یہاں تک کہ بہہ پڑے۔
اِطَّفَحَ القِدْرُ: جھاگ نکالنا۔
الطُّفَاح: بُری۔
الطُّفَاحَة: ہانڈی کے جھاگ۔
الطَّفْحَان: لبریز جو بہہ پڑے۔ مؤنث طَفْحَى۔
الطَّافِحَة: مؤنث طَافِح: خشک۔
فَرَسٌ طَفَّاحُ القَوَائِمِ: بہت تیز دوڑنے والا گھوڑا۔
المِطْفَحَة: کفگیر۔
طَفَدَ: (ض) طَفْدًا۔ المَيِّتَ: دفن کرنا۔
الطَّفْد والطَّفَد: قبر۔ ج أَطْفَاد۔
طَفَرَ: (ض) طَفْرًا وطُفُورًا: کودنا۔ اونچائی میں کودنا۔
طَفَرَ اللَّبَنُ: بالائی والا ہونا ...وطَفَرَ الفَرَسُ النَّهْرَ: گھوڑے کو نہر کے ایک جانب سے

سے دوسری جانب کدوانا۔
الطَّفْرَة: اونچائی کی کودائی...... مِنَ اللَّبَن: بالائی۔
طَفِسَ: (س) طَفَسًا وطَفَاسَةً: گندا ہونا۔ صفت طَفِسٌ.
طَفَسَ: (ن) طُفُوسًا. الرَّجُلُ: مرنا۔
طَفْطَفَ طَفْطَفَةً: دشمن کے ہاتھوں میں ڈھیلا ہونا۔
الطَّفْطَفَة والطِّفْطِفَة: کمر۔ ڈھیلا گوشت۔ ج طَفَاطِف.
الطَّفْطَاف: جانب۔ دریا کا کنارہ۔ درخت کی تروتازہ نرم شاخیں۔
طَفِقَ: (س) وطَفَقَ (ض) طَفْقًا وطُفُوقًا. يَفْعَلُ كَذَا: شروع کرنا۔ طَفِقَ المَوْضِعَ: لازم ہونا۔ طَفِقَ بِمُرَادِهِ: کامیاب ہونا۔
أَطْفَقَهُ. بِمُرَادِهِ: کامیاب کرانا۔
طَفُلَ: (ک) طُفُولَةً وطَفَالَةً: نرم و نازک پروردہ ہونا۔
طَفَلَ: (ن) طُفُولًا: رات کے وقت داخل ہونا۔ طَفَلَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے قریب ہونا۔
طَفِلَ (س) طَفَلًا وطَفِلَ النَّبَاتُ: نباتات کا مٹی لگ جانے سے طویل نہ ہونا۔
طَفَّلَ اللَّيْلُ: قریب ہونا۔ طَفَّلَتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا ڈوبنے کے قریب ہونا ...... الرَّجُلُ: طُفیلی ہونا...... الكَلَامَ: غور کرنا۔
طَفْلَةٌ: نرمی برتنا اور یہ طَفَّلَ الرَّاعِي الإِبلَ سے ماخوذ ہے جبکہ چرواہا چلنے میں اونٹوں سے نرمی کرے تاکہ اونٹ کے بچے بھی ساتھ ہو جائیں۔
أَطْفَلَ: رات کے وقت داخل ہونا۔
إِطْفَلَّتِ الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب کے وقت سرخ ہونا...... الأُنْثَى: بچہ والی ہونا۔
أَطْفَلَ الكَلَامَ: سوچنا۔
تَطَفَّلَ: بچوں کی سی عادت اختیار کرنا۔ طُفیلی ہونا۔

الطَّفْل: نرم و نازک۔ ج طِفَال وطُفُول: مؤنث طَفْلَة.
الطِّفْل: ہر چیز کا چھوٹا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَسْعَى لِي فِي أَطْفَالِ الحَاجَات" یعنی وہ میری چھوٹی چھوٹی حاجتوں میں کوشش کرتا ہے۔ ہر وحشی جانور کا بچہ۔ مؤنث طِفْلَة کہا جاتا ہے جَارِيَةٌ طِفْلٌ وطِفْلَةٌ اور طِفْلٌ: واحد وجمع دونوں کے لئے مستعمل ہے اس لئے کہ اسم جنس ہے۔ الطِّفْل: حاجت رات۔ آفتاب جو قریب غروب ہو۔ چنگاری۔ کہا جاتا ہے "تَطَايَرَتْ أَطْفَالُ النَّارِ" یعنی چنگاری اڑی۔ رِيحٌ طِفْلٌ: نرم نرم چلنے والی ہوا۔ ج أَطْفَال.
الطَّفَل: بچپنے کی حالت۔ تاریکی۔ طَفَلُ الغَدَاةِ: طلوع آفتاب کے کچھ بعد۔ طَفَلُ العَشِيِّ: غروب آفتاب سے کچھ قبل۔
الطُّفَيْلِي مِنَ النَّبَاتِ وَالحَيَوَانِ: دوسروں کے سہارے زندگی گزارنے والے۔ جانور، درخت و پودے۔
الطُّفَال والطِّفَال: خشک گارا۔
الطُّفُولِيَّة والطَّفَالَة والطُّفُولَة: بچپنا۔
الطُّفَيْل: گدلا پانی جو حوض میں باقی رہ جائے۔
الطُّفَيْلِيّ: بے بلائے دعوت میں شریک ہونے والا اور یہ ایک شخص جس کا نام طفیل تھا اس کی طرف منسوب ہے۔
المُطْفِل: بچہ والی (انسان ہو یا جانور) ج مَطَافِل ومَطَافِيل: کہا جاتا ہے "لَيْلَةُ مُطْفِلٍ" بچوں کو ہلاک کرنے والی ٹھنڈی رات۔
طَفَنَ: (ن) طَفْنًا: مرنا...... ہ: قید کرنا۔
إِطْفَانَ. المَكَانُ: قابل اطمینان ہونا ...... الرَّجُلُ: اچھی عادت والا ہونا۔
الطَّفَانِين: جھوٹ۔ لغو۔ بے ہودہ گفتگو۔ قید۔
طَفَا يَطْفُو طَفْوًا وطُفُوًّا: پانی پر آجانا اور تہ نشین نہ ہونا اور لکڑی سے ...... "السمک ..."

الطَّافِي: جو مچھلی کہ پانی میں مرجائے اور اوپر آجائے ...... الظَّبْيُ: ہرن کا تیز دوڑنا ...... فَوْقَ الفَرَسِ: کود کر گھوڑے پر بیٹھنا ...... فِي الأَرْضِ: داخل ہونا ...... فُلَانٌ: مرنا۔
الطُّفَاوَة: ہانڈی کا جھاگ۔ کہا جاتا ہے "أَصَبْنَا طُفَاوَةً مِنَ الرَّبِيعِ" یعنی کچھ تھوڑا سا حصہ ملا۔ آفتاب یا ماہتاب کا ہالہ۔
الطُّفْوَة: باریک گھاس۔
الطُّفْيَة: خبیث قسم کا ایک سانپ ج طُفًى.
طَقْ: پتھر پر پتھر پڑنے کی آواز کی نقل۔
الطَّقْس: طریقہ۔ طریقہ دینیہ پر عموماً استعمال ہوتا ہے۔ ج طُقُوس اور عوام کے نزدیک بمعنی حالت جو اور تغیرات جو اس میں لاحق ہوں۔
طَقْطَقَتْ طَقْطَقَةً. الدَّوَابُّ: جانوروں کے پاؤں سے آواز نکلنا۔
طَلَّ (ن) طَلًّا. الغَرِيمَ: ٹالنا ...... ہ حَقَّهُ: کم کرنا یا باطل کرنا۔ طَلَّتِ السَّمَاءُ الأَرْضَ: زمین پر ہلکی بارش ہونا ...... ہ بِالدُّهْنِ: تیل ملنا۔ طَلَّ الإِبِلَ: اونٹ کو تیز ہانکنا۔
طَلَّ (س) وطُلَّ طَلًّا وأُطِلَّ الدَّمُ: بغیر قصاص کے چھوڑ دینا۔ صفت طَلِيلٌ ومَطْلُولٌ ومُطَلٌّ.
أَطَلَّ الدَّمَ: بغیر قصاص کے چھوڑ دینا۔ الزَّمَانُ: قریب ہونا ...... عَلَيْهِ: جھانکنا ...... عَلَى حَقِّي: غالب آنا۔ کہا جاتا ہے "أَطَلَّ عَلَى فُلَانٍ بِالأَذَى" یعنی ہمیشہ تکلیف پہنچائی۔
تَطَالَّ: گردن اٹھا کر دور کی چیز دیکھنا اور کہا جاتا ہے "تَطَالَلْتُ لَهُ" میں نے اس کو دیکھنے کے لئے گردن اٹھائی۔
اِسْتَطَلَّ. عَلَيْهِ: جھانکنا ...... الفَرَسُ ذَنَبَهُ وبِذَنَبِهِ: گھوڑے کا دم اٹھانا۔
الطَّلّ: ہلکی بارش۔ کی ج طِلَال وطِلَل: خوش نما دل پسند۔ بڑی عمر والا۔ سانپ (...... الطَّلّ): دودھ و بقول بعض خون۔ اونٹنی کے دودھ کی قلت۔

الطِلّ: سانپ۔
الطَلَّة: خوش نما دل پسند۔ لذیذ خوشبو۔ لذیذ شراب۔ بیوی۔ ہلکی بارش کا تر کیا ہوا باغ۔ کھانے پینے کی وسعت۔ بڑھیا عورت۔ بدزبان۔
الطُلَّة: ایک مرتبہ دودھ پینے کی مقدار گردن ج طُلَل۔
الطُلَّاء: بے بدلہ خون۔
الطَلَل: بلند جگہ۔ ویران مکانات کے نشانات۔ ہر چیز کا جسم اور اسی سے ہے "اَعْجَبَنِیْ طَلَلُهٗ وَرَاقَنِیْ هَیْكَلُهٗ" یعنی اس کا جسم اور ڈیل ڈول مجھے پسند آیا ج اَطْلَال وطُلُوْل وطَلَلُ السَفِیْنَة: کشتی کا پردہ۔ طَلَلُ الْمَاء: پانی کی سطح الطَلَلُ مِنَ الدَارِ: چبوترہ۔
الطَلَالَة: ہر چیز کا جسم۔ اچھی ہیئت۔ اچھی حالت۔ تر و تازگی۔ شادمانی۔ ویران مکان کے نشانات۔
الطَلِیْل: پرانی چٹائی۔ ج طِلَّة واَطِلَّة وطُلُل۔
المُطَلّ: بلند مکان جس سے جھانکا جائے۔
المَطْلُوْل: مفع ...... مِنَ الاَمَاكِن: جس پر ہلکی بارش ہوئی ہو۔
المُطَلَّل: کہر۔
طَلَبَ: (ن) طَلَبًا. الشَیْءَ: ڈھونڈنا۔ اِلَیْهِ: راغب ہونا۔
طَلِبَ: (س) طَلَبًا: دور ہونا۔
تَطَلَّبَ واطَّلَبَ. الشَیْءَ: تکلف کے ساتھ اور بار بار ڈھونڈنا۔
طَلَبَ. الشَیْءَ: مہلت سے ڈھونڈنا۔
طَالَبَهٗ طِلَابًا ومُطَالَبَةً: اپنا حق مانگنا۔
اَطْلَبَهٗ: مانگنے کے لئے مجبور کرنا۔ طلب کردہ چیز کو دینا۔ کہا جاتا ہے "اَطْلَبَهُ الفَقْر" یعنی فقر نے مانگنے پر مجبور کر دیا۔ اَطْلَبَ الْمَاءُ: دور ہونا کہ بغیر ڈھونڈے نہ مل سکے۔
الطِلْبَة: اسم ہے مطالب کا۔ طلب کی نوعیت (...... والطَلِبَة): جو چیز طلب کی جائے۔
الطِلْب: جو چیز طلب کی جائے۔ طلب کرنے والا۔ ج اَطْلَاب وطَلِبَة۔
الطُلْبَة: دور کا سفر۔
الطَالِب: فا۔ شاگرد۔ ج طَلَبَة وطُلَّاب وطَلَب وطُلُب۔
الطَلُوْب: بہت زیادہ طلب کرنے والا۔ بِئْرٌ طَلُوْبٌ: کنواں جس کا پانی دور ہو۔ ج طُلُب۔
الطَلِیْب: بہت زیادہ مانگنے والا۔ ج طُلَبَاء۔
الطَلَّاب: بہت زیادہ مانگنے والا۔
الطَلِیْبَة: مؤنث طَلِیْب: ج طَلَائِب۔
المَطْلَب: طلب کرنا۔ مقصد۔ کسی علم کا کوئی مسئلہ ج مَطَالِب۔
المُطْلِب: فا۔ مَاءٌ مُطْلِبٌ: دور کا پانی۔
المَطْلُوْب: مفع۔ جو طلب کیا جائے۔ ج مَطَالِیْب۔
طَلَثَ: (ن) طُلُوْثًا. الْمَاءُ: پانی بہنا۔ جاری ہونا۔
طَلَثَ عَلٰی كَذَا: زیادہ ہونا۔
الطُلَثَة: جاہل۔ ضعیف العقل۔ کمزور بدن۔
طَلَحَ: (ف) طَلْحًا وطَلَاحَةً البَعِیْرُ: اونٹ کا تھکنا۔ صفت طَلْحٌ وطِلْحٌ وطَلِیْحٌ۔
طَلَحَ البَعِیْرَ وطَلَّحَهٗ واَطْلَحَهٗ: تھکانا۔
طَلَحَ عَلٰی فُلَانٍ: اصرار کرنا۔ طَلَحَ البَعِیْرُ: تھکنا۔
طَلَحَ: (ن) طَلَاحًا: فاسد ہونا۔ خراب ہونا۔
طَلِحَ: (س) طَلَحًا وطُلِحَ: پیٹ خالی ہونا۔ صفت طَلِیْحٌ وطَلْحٌ وطِلْحٌ. طَلِحَتِ الاِبِلُ طَلَحًا: ببول کھانے سے پیٹ خراب ہونا۔
الطَلْحُ: شگوفہ۔ درخت خرما۔ کیلا۔ حوض کا بقیہ گدلا پانی۔ ببول کا درخت۔ واحد طَلْحَة۔
الطِلْح: لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَعِیْرٌ طِلْحٌ ونَاقَةٌ طِلْحٌ ج اَطْلَاحٌ وطِلَاحٌ۔
مَكَانٌ طَلِحٌ: جس میں ببول کے درخت زیادہ ہوں۔
الطَلْح: نعمت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِیْ طَلْحٍ" وہ خوش عیش ہے۔
الطَالِحُ: فا۔ بدکار۔ ج طَالِحُوْن وطُلَّحٌ۔
نَاقَةٌ طَالِحٌ واِبِلٌ طُلَّحٌ: تھکے ہوئے اونٹ۔
الطِلَاح: کیکر کا درخت۔ اِبِلٌ طِلَاحٌ: سفر کی وجہ سے تھکا ہوا اونٹ۔
الطَلِیْح: چیچڑی۔ لاغر۔ تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے بَعِیْرٌ طَلِیْحٌ ونَاقَةٌ طَلِیْحَةٌ وطَلِیْحٌ ج طَلَائِح وطَلْحٰی۔
الطَلْحِیَّة: کاغذ کا ایک ورق ج طَلَاحِی۔
المُطَلِّح فِی الكَلَامِ: بہتان گھڑنے والا ...... فِی المَالِ: مال میں ظلم کرنے والا۔
طَلَخَ: (ن) طَلْخًا. الشَیْءَ: کالا کرنا ...... الكِتَابَةَ: خراب کر دینا ...... فُلَانًا بِالقَذَرِ: لت پت کر دینا۔
اِطْلَخَّ. الدَمْعُ: بہنا۔ بکھرنا۔
الطَلْخ: خراب پانی۔
الطَلْخَاء: بے وقوف عورت۔
اطْلَخَمَّ. الرَجُلُ: تکبر کرنا۔ غرور کرنا۔
اُمُوْرٌ مُطْلَخِمَّات: سخت و دشوار امور۔
طَلَسَ: (ض) طَلْسًا. البَصَرُ: نگاہ کا ضائع ہونا (...... وطَلَّسَ) الكِتَابَة: لکھے ہوئے کو مٹا دینا۔
طَلِسَ: (س) طَلَسًا وطَلُسَ (ک) طُلْسَةً: خاکستری مائل بہ سیاہی ہونا۔ صفت اَطْلَس: ج طُلْس۔
طُلِسَ بِهٖ فِی السِجْنِ: قید خانے میں ڈالا جانا۔
تَطَلَّسَ. الكِتَابُ: مٹنا (...... تَطَیْلَسَ) الرَجُلُ: طَیْلَسَان: استعمال کرنا۔
اِنْطَلَسَ الاَمْرُ: پوشیدہ ہونا۔
اِطْلَنْسَی اِطْلِنْسَاءً. العَرَقُ: سارے جسم پر پسینہ بہنا۔
الطِلْس: کالی چادر۔
الطِلْس: مٹایا ہوا کاغذ۔ میلا کپڑا ج اَطْلَاس۔
الطُلْسَة: خاکستری مائل بہ سیاہی۔ پٹا پٹا

بادل ج طُلَس۔
السَّطّلامَۃ: چیتھڑا جس سے لکھی ہوئی تختی صاف کی جائے۔
الطِّلِیس: اندھا۔
الطَّیلَس: سبز رنگ کی چادر جس کو مشائخ و علماء استعمال کرتے تھے اور یہ عجمیوں کا لباس ہے ج طَیالِس۔
الطَّیلَسَان: بمعنی طَیلَس ج طَیالِس وطَیالِسَۃ۔
الاَطلَس: بھیڑیا جس کے بال گر گئے ہوں اور اس کا رنگ خاکستری مائل بہ سیاہی ہو۔ پرانا کپڑا۔ میلا۔ چور۔ ریشمی کپڑا۔
طَلسَمَ عَنِ القِتَالِ: لڑائی سے پیچھے ہٹنا ...... الرَّجُلُ: سر جھکانا اور منہ بگاڑنا ...... السَّاحِرُ: جادوگر کا منتر لکھنا۔
الطِّلَسم: جادو کی لکیریں یا تحریر ج طَلاسِم۔
الطِّلَّسم: بمعنی طِلَسم ج طِلَّسمَات۔
الطَّلَش: چھری۔
طَلطَلَہ: حرکت دینا۔
الطُّلَطِل والطُّلَطِلَۃ: مصیبت۔
الطُّلاطِلَۃ: مصیبت۔ موت۔ حلق کا کوا۔
الطُّلاطِل: موت۔ سخت مرض۔
طَلَعَ (ن) طُلُوعًا ومَطلَعًا ومَطلِعًا الکَوکَبُ ونَحوُہ: ستارہ وغیرہ کا نکلنا ...... عَلَیہِم: متوجہ ہونا ...... عَنہُم: غائب ہونا اور دور ہونا۔
طَلَعَ (ف ن) وطَلِعَ (س) طُلُوعًا الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا ...... عَلَی الاَمرِ: جاننا ...... البِلادَ: ملکوں کا قصد کرنا۔
المَکَانَ: پہنچنا ...... مِنَ البِلادِ: شہروں سے نکلنا ...... وطَلَّعَ النَّخلُ: شگوفہ نکلنا۔ طَلَّعَ الکَیلَ: پیمانہ کو بھرنا۔
طَالَعَہ مُطَالَعَۃً وطِلاعًا: زیادتی غور وفکر سے مطلع ہونا ...... الکِتَابَ: کتاب پڑھنا ...... ہ بِالاَمرِ: پیش کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَالِعنِی کُلَّ وَقتٍ بِکُتُبِکَ" یعنی اپنی کتابوں کو ہر وقت میرے سامنے پیش کرو۔
اَطلَعَ الکَوکَبُ: ستارہ کا نکلنا ...... النَّبَاتُ: نباتات کا اُگنا ...... النَّخلُ: شگوفہ نکلنا ...... الشَّجَرُ: درخت کے پتے نکلنا ...... النَّخلَۃُ: درخت خرما کا طویل ہونا ...... عَلَی الشَّیءِ: جھانکنا ...... الفَجرَ: فجر کے طلوع ہونے کو دیکھنا ...... ہ عَلَی سِرِّہ: واقف کر دینا۔ اَطلَعَ اِلَیہِ مَعرُوفًا: اچھا سلوک کرنا۔ اَطلَعَہ طِلعَ اَمرِہ: حقیقت حال کو ظاہر کر دینا ...... الرَّجُلُ: قے کرنا ...... الرَّامِی: تیز کا نشانہ کے اوپر سے نکل جانا ...... عَلَی فُلانٍ: اچانک پہنچ جانا۔
اِطَّلَعَ الاَمرَ وعَلَیہِ: جاننا ...... عَلَینَا: اچانک آ جانا ...... الفَجرَ: طلوع فجر کو دیکھنا۔
اِطَّلَعَ طِلعَ العَدُوِّ: دشمن کی حقیقت حال سے واقف ہونا۔
تَطَلَّعَہ: جاننا۔ چہرے کی طرف دیکھنا۔
الرَّجُلَ: پالینا۔ غالب آنا۔ تَطَلَّعَ المِکیَالُ: پیمانہ کا بھر جانا ...... المَاءُ مِنَ الاِنَاءِ: پانی کا برتن سے اُبل پڑنا۔
اِستَطلَعَہ: ظاہر ہونے کی خواہش کرنا۔ حقیقتِ حال دریافت کرنا۔ "اِستَطلَعَ رَایَ فُلانٍ واستَطلَعَہ رَایَہ" کسی کی رائے و تدبیر پر غور کرنا۔
الطِّلعُ: مقدار۔ تم کہتے ہو "الجَیشُ طِلعُ الفٍ" یعنی لشکر ہزار کی مقدار میں ہے ...... "مِنَ النَّخلِ": کھجور کا گابھا۔ شگوفہ۔
الطِّلعُ: اسم ہے اطلاع کا۔ کہا جاتا ہے "اِطَّلَعَ طِلعَ العَدُوِّ" وہ دشمن کی حقیقتِ حال کو جان گیا۔ سانپ۔
الطَّلعُ والطِّلعُ: بلند مکان جہاں سے جھانکیں۔ گوشہ۔
الطَّلعَۃ: دیدار۔ چہرہ۔
اِمرَاَۃٌ طُلَعَۃٌ: عورت بہت زیادہ ظاہر ہونے والی۔ کہا جاتا ہے "نَفسٌ طُلَعَۃٌ" یعنی اپنی خواہشات کی طرف زیادہ میلان رکھنے والا نفس۔
الطِّلاعُ مِنَ الاِنَاءِ: پُری ج طُلَعٌ۔ وطِلاعُ الشَّیءِ: مقدار شی۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا طِلاعُ ھٰذَا" یعنی یہ اس کی مقدار ہے "عَینٌ طِلاعٌ" آنسو سے بھری ہوئی آنکھ۔ قَدَحٌ طِلاعٌ: بھرا ہوا پیالہ۔
الطَّلاعُ: مبالغہ طالع کہا جاتا ہے "ھُوَ طَلّاعُ الثَّنَایَا والاَنجُدِ" یعنی وہ بڑے بڑے اُمور کا قصد کرتا ہے یا وہ امور میں تجربہ کار ہے جن کی تدبیر اچھی طرح کرتا ہے۔
الطُّلَعَاء والطُّلَوِلَع: قے۔
الطَّلِیعَۃُ مِنَ الجَیشِ: ہراول۔ مقدمۃ الجیش: جو لشکر کے پہلے بھیجا جائے تا کہ دشمن کے احوال و کوائف کی تفتیش کرے۔ واحد و جمع دونوں میں مستعمل ہے۔ ج طَلائِع۔
الطَّالِعُ: فا۔ پہلی رات کا چاند۔ فجر کاذب ...... عِندَ اَصحَابِ الفَالِ: زائچہ۔ ستاروں کے طلوع سے جس پر سعد و نحس کا شگون لیا جائے۔ ج طَوَالِع۔
الطُّلُوعُ: بمعنی طالع۔
المَطلَعُ والمَطلِعُ: ستاروں کے طلوع ہونے کی جگہ۔ سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ۔ ج مَطَالِع۔ مَطلَعُ الاَمرِ: کسی کام کے حصول کا ذریعہ وطریقہ۔ مَطلَعُ القَصِیدَۃِ: قصیدہ کا پہلا شعر۔
المُطَّلِعُ: فا۔ قوی غالب۔
المُطَّلَعُ: مفع۔ آنے کی جگہ۔ اونچے سے جھانکنے کی جگہ۔
طَلَفَ عَلَیہِ: زیادہ کرنا۔
اَطلَفَہ کَذَا: ہبہ کرنا۔ اَطلَفَ الدَّمَ: خون کو رائیگاں کر دینا۔
الطَّلَفُ: داد و دہش۔ آسان چیز۔ زائد چیز (...... والطَّلَفُ): رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ دَمُہ طَلَفًا" یعنی اس کا خون رائیگاں گیا۔
الطَّلِیفُ: ماخوذ۔ رائیگاں۔ باطل۔

طَلَقَ :(ض) طَلْقًا. الشئَ فُلانًا : دینا۔ طَلَقَ یَدَهٗ بِخَیْرٍ : بھلائی کے لئے ہاتھ کھولنا۔

طَلَقَتْ :(ن) طَلاقًا. المَرْاَةُ مِنْ زَوْجِهَا: عورت کا شوہر سے جدا ہونا اور اس کو چھوڑ دینا۔ صفت طَالِق ج طُلَّق وطَالِقَة. ج طَوَالِق النَاقَةَ: پاؤں باندھنے کی رسی سے کھل جانا۔

طَلِقَ :(س) طَلَقًا: بعید ہونا۔

طَلُقَ :(ک) طُلُوْقًا وطُلُوْقَةً. اللِسَانُ: فصیح خوش بیان ہونا۔

طَلُقَ :(ک) طُلُوْقَةً وطَلاقَةً الرَجُلُ : ہنس مکھ ہونا۔

طُلِقَتِ المَرْاَةُ طَلْقًا : دردِ زہ والی ہونا۔ صفت مَطْلُوْقَةٌ.

طَلَّقَ قَوْمَهٗ :قوم کو چھوڑ دینا۔ جدائی اختیار کرنا...... المَرْاَةَ زَوْجُهَا :قید نکاح سے علیحدہ کر دینا۔ النَخْلَةَ :درخت خرما میں گابھا دینا۔

اَطْلَقَ المَرْاَةَ والنَخلَة :بمعنی طَلَّقَ...... المَوَاشِيَ: چھوڑ دینا...... الاَسِيْرَ: قیدی کو آزاد کرنا...... یَدَهٗ بِخَیْرٍ: بھلائی کے لئے ہاتھ کھولنا...... فِيْ کَلامِهٖ: تعمیم کرنا۔ مقید نہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَطْلَقَ رِجْلَهٗ" یعنی جلدی کی "اَطْلَقَ الدَوَاءُ بَطْنَهٗ" یعنی دوا نے اس کے پیٹ کو چلا دیا یعنی دست جاری ہو گیا۔ "اَطْلَقَ خَیْلَهٗ فِيْ الحلبة" یعنی اپنے گھوڑے کو میدانِ مسابقت میں دوڑایا۔

تَطَلَّقَ وَجْهُهٗ :کشادہ رو ہونا۔ تَطَلَّقَتِ الخَیْلُ :گھوڑوں کا بغیر روک کے منتہی پر پہنچ جانا۔

اِنْطَلَقَ :جانا...... لِسَانُهٗ: زبان کا رواں ہونا...... وَجْهُهٗ :کشادہ رو ہونا...... نَفْسُهٗ لِلاَمْرِ :شرح صدر ہونا...... اُنْطُلِقَ بِهٖ :لے جایا جانا۔

اِطَّلَقَ :ہنس مکھ ہونا۔

اِسْتَطْلَقَ. البَطْنُ :پیٹ چلنا...... الظَبْيُ : ہرن کا تیزی سے دوڑنا اور کسی چیز کی طرف مائل نہ ہونا...... الاَمْرَ: کام میں جلدی کرنا۔

الطَلْق :مص۔ دردِ زہ۔ ہرن۔ ج اطلاق (...... والطِلْق والطُلُق والطُلَّق والطَلِق والطَلِيْق) : آزاد۔ غیر مقید۔ کہا جاتا ہے "حُبِسَ طَلْقًا وطُلُقًا" یعنی بغیر ہتھکڑی کے قید کیا گیا۔ یوم طَلْق :دن جس میں نہ سردی ہو نہ گرمی۔ فَرَسٌ الیَدِ :گھوڑا جس کی اگلی ٹانگوں میں سفیدی نہ ہو۔ رَجُلٌ طَلْقُ الیَدَیْنِ: سخی۔ رَجُلٌ طَلْقُ الوَجْهِ وطَلُقُهٗ وطُلُقُهٗ وطَلِقُهٗ وطَلِيْقُهٗ: کشادہ رو مرد۔ ہنس مکھ۔ کہا جاتا ہے "لِسَانُهٗ طَلْقٌ وطَلِقٌ طَلِيْقٌ" یعنی اس کی زبان تیز و طرار ہے۔ الطِلْق: حلال۔ حصہ۔ کھال کا بنا ہوا بند۔ الطِلْق والطَلَق: ابرک۔

الطَلَق :مص۔ گھوڑے کی دوڑ کا ایک چکر۔ آنت۔ رسی مضبوط بٹی ہوئی۔ کھال کا بنایا ہوا بندج اطلاق کہا جاتا ہے "اَصَبْتُ مِنْ مَالِهٖ طَلَقًا" مجھے اس کے مال میں سے حصہ ملا۔ کہا جاتا ہے "عَلَی الاِطْلاقِ او مُطْلَقًا" یعنی عام طریقہ سے بلا کسی استثناء کے۔

الطُلَقَاء: وہ حضرات جو فتح مکہ کے دن اسلام لائے اور ان پر احسان کیا گیا۔

الطَلاق والمِطْلاق والمِطْلِيْق: بہت زیادہ طلاق دینے والا۔

المُطْلَق :خلاف مقید...... مِنَ الخَیْلِ: وہ گھوڑا جس کی ایک ٹانگ میں سفیدی نہ ہو۔

طَلَمَ:(ن) طَلْمًا وطَلَّمَ. الخُبْزَةَ :روٹی کو ہاتھ سے ہموار کرنا۔ طَلَّمَ العَرَقَ عَنْ جَبِیْنِهٖ: پیشانی سے پسینہ پونچھنا۔

الطُلَّم: روٹی پھیلانے کا تختہ۔

الطَلَم: دانتوں کا میل۔

الطُلْمَة: روٹی ج طُلَم. المِطْلَمَة: بیلن۔ عام لوگ اسے شوبک کہتے ہیں۔

طَلْمَسَ: ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا...... الکِتَابَ: مٹانا۔

اِطْلَمَسَ. اللَیْلُ: سخت تاریک ہونا۔

الطِلْمِسَاء: تاریکی۔ بغیر کسی علامت کے زمین۔ چِلا چِلا بادل۔

طَلَهَ :(ف) طَلْهًا. الرجُلُ فِي البِلادِ: جانا۔ آہستہ چلنا۔

اِطْلَهَ اِطْلاهًا: مطلع ہونا۔

الطُلَه: چِلا بادل۔

الطُلْهَة: بقیہ مال۔

طَلاهُ یَطْلُوْهُ طَلْوًا: ٹانگ باندھنا۔

طَلاَ یَطْلُوْ طَلاوَةً الرَجُلُ: دیر کرنا۔

اَطْلَتِ الوَحْشِيَّةُ: بچے والی ہونا۔

اِطْلَوْلَی اِطْلِیْلاءً: اچھی گفتگو والا ہونا۔

الطَلاء والطَلْو :ہرن کا بچہ پیدا ہوتے وقت۔ ہر چیز کا چھوٹا ج اَطْلاء وطِلاءٌ وطُلِيٌّ وطِلْیَانٌ وطُلْیَان.

الطِلْو: بھیڑیا۔

الطِلْوَة: جانوروں کا بچہ۔

الطُلْوَة: صبح کی سفیدی۔

الطُلاوَة والطَلاوَة والطِلاوَة: وہ حسن رونق۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا کَلامٌ مَا عَلَیْهِ طَلاوَةٌ" یعنی یہ ایسی گفتگو ہے جس میں کوئی خوبی و رونق نہیں۔ منہ میں کھانے کا بقیہ۔ جادو۔ خون یا دودھ پر کی پتلی جھلی۔ الطَلاوَة جو کسی چیز پر طلاء کیا جائے۔

طَلَی یَطْلِي طَلْیًا: ٹانگ باندھ کر رکھنا...... البَعِیْرَ القَطِرَانَ او بِالقَطِرَانِ: اُونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے القَطِرَان) ...... الشئَ: روکنا۔

طَلِيَ :(س) طَلًی فُوْهُ: دانتوں میں زردی ہونا...... لِسَانُهٗ: زبان کا ثقیل ہونا۔

طَلَّی تَطْلِیَةً: گانا...... فُلانًا: قید کرنا۔ گالی دینا...... البَعِیْرَ القَطِرَانَ: اُونٹ پر قطران ملنا (دیکھئے القَطِرَان) ...... اللَیْلُ الآفَاقَ: رات کا آفاق کو ڈھانپ لینا۔

اَطْلَی: کمزوری یا کسی وجہ سے گردن کا جھکنا...... تَطَلَّی: کھیل کود میں منہمک رہنا...... واطَّلَی) بِالقَطِرَانِ :قطران سے لت پت ہونا۔

الطَّلِی: مخص۔قطران لگا ہوا۔سخت مریض۔
ہرن کا بچہ ج اَطْلاء۔خواہش۔کہا جاتا ہے
"قضی طلاوہ" یعنی اپنی خواہش پوری کی۔
الطِّلی: لذت۔
الطِّلاء: قطران۔انگور کا رس جس میں سے
پکانے کی وجہ سے دو تہائی جاتا رہے اور
شراب سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے۔رسّی جس
سے ہرن کے بچے کے پیر کو باندھیں (......
والطِّلاوۃ): ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے۔
الطُّلاء: خون کے اوپر کی باریک جھلی۔
الطُّلی: دودھ ایک مرتبہ پینے کی مقدار۔
الطُّلیۃ والطُّلاۃ: گردن ج طُلًی۔
الطَّلِیّ: بکری کا چھوٹا بچہ۔ج طُلْیان (......
والطِّلیان): دانتوں کی زردی۔
المِطْلی والمِطْلاء: تنگ نالہ ج مَطالٍ۔
المُطَلّی: دائم المرض۔کمزور مریض۔قیدی
کہ جس کی رہائی کی اُمید نہ ہو۔
طَمَّ: (ن) طَمًّا وطُمُومًا۔ الاناءَ: برتن بھرنا
......الشعرَ: بال کاٹنا یا کم کرنا......الماءُ:
ڈھانپ لینا......الشیءُ: زیادہ ہونا
......الامرُ: بڑا ہونا۔
طَمَّ: (ض ن) طَمًّا البئرَ: کنوئیں کو پاٹ
دینا۔
طَمَّ: (ن ض) طَمًّا وطَمِیمًا۔ الفرسُ:
گھوڑے کا آہستہ آہستہ دوڑنا۔
طَمَّمَ وتَطَمَّمَ۔ الطائرُ: پرندہ کا ٹہنی پر
اُترنا۔
اَطَمَّ اِسْتَطَمَّ الشَّعْرُ: بال کاٹنے کا وقت
قریب ہونا۔
الطِّمُّ: پانی۔سمندر۔عدد کثیر۔عمدہ گھوڑا۔
تعجب۔تعجب انگیز۔کہا جاتا ہے "جاء بالطِّمِّ
والرِّمِّ" یعنی بہت مال لایا۔
الطُّمَّۃ مِنَ النَّاس: جماعت طُمَّۃُ القوم:
قوم کے جمع ہونے کی جگہ۔
الطَّمِیمُ: آہستہ دوڑ۔عمدہ گھوڑا۔طَمِیمُ
النّاس: مختلف قسم کے لوگ۔
فرسٌ طَمُومٌ: تیز رفتار گھوڑا۔

الطّامّۃ: بڑی مصیبت۔قیامت۔
الاطّامیم: تاکید۔
طَمْآن: دیکھو مادہ "طَمَنَ"۔
طَمَثَ: (ن ض) طَمْثًا۔ الشیءَ: چھونا۔
طَمِثَتْ وطَمُثَتْ: (ن ک) طَمْثًا۔
المرأۃُ: حائضہ ہونا۔صفت طامث۔
الطَّمْثُ: مس۔میل کچیل۔فساد۔خون
حیض۔تہمت۔کہا جاتا ہے "ما بفلان طَمْثُ
رِیبۃٍ" یعنی فلاں کے ساتھ تہمت کا میل کچیل
نہیں۔
طَمَحَ: (ف) طَمْحًا وطِماحًا وطُمُوحًا
بصرُہ الیہ: نگاہ اٹھانا۔بِبَصَرِہِ وانفِہِ: بلندی
کی جانب دیکھنا......بِاَنْفِہِ: مغرور ہونا۔
ناک چڑھانا......بِہِ: لے جانا......فی
الطَّلَب: کوشش کرنا۔
طَمَحَتْ: (ف) طِماحًا وطُمُوحًا۔
الدّابّۃُ: جانور کا سرکش ہونا......المرأۃُ علی
زوجِها: عورت کا نافرمان ہونا۔صفت
طامح ج طَوامِح۔
طَمَّحَ الفرسُ: گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کو اُٹھانا
......بالشیءِ فی الھواءِ: پھینکنا۔
اَطْمَحَ بَصَرَہُ الیہ: نگاہ اُٹھانا۔
بحرٌ طَمُوحُ الموجِ: بلند موج والا سمندر۔
طَمَحاتُ الدَّھر وطَمَحاتُہ: مصائب۔
الطَّمّاح: غرور۔فخر۔
الطَّمّاح: دور۔حریص۔
طَمَخَ: (ن) طَمْخًا۔ بانفہ: تکبر کرنا۔
طَمَرَ: (ض) طَمْرًا۔ الشیءَ: دفن کرنا۔
چھپانا (...... طَمْرًا وطُمُورًا وطِمارًا
وطَمَرانًا): کودنا۔اُچھلنا۔
طَمَرَ: (ن) طُمُورًا: جانا۔سفر کرنا۔
طَمَرَ: (ن) طُمْرًا۔ المطمورۃ: کھیتی
بھرنا۔
(...... وطَمِرَ: (س) طَمَرًا) الجرحُ:
سوج جانا۔
الیدُ: ورم آجانا۔
طُمِرَ فی ضِرْسِہِ: داڑھ میں درد ہونا۔

طَمَّرَ الشیءَ: لپیٹنا اور دفن کرنا......البیتَ:
پردہ لٹکانا۔
اِطْمَرَّ علی فرسِہِ: پیچھے سے کود کر سوار
ہونا۔
الطِّمْرُ: پرانا کپڑا جو کسی چیز کا مالک نہ ہو ج
اَطْمار: کہا جاتا ہے "لاحَتِ الشمسُ فی
الاطمار" یعنی زرد رنگ کا ہوگیا اور اس کی
کچھ روشنی جاتی رہی۔
الطِّمِرّ والطِّمْر والطِّمْرِیر والطُّمْرُور:
لمبی ٹانگوں کا تیز رفتار گھوڑا۔
الطّامِر: فا۔پسو۔ج طَوامِر کہا جاتا ہے
"ھو طامِرُ بنُ طامِر" وہ مجہول ہے یہ بھی
نہیں معلوم کہ اس کا باپ کون ہے۔
الطُّمْرُ: جہل نادانی۔
طُمُرَّۃُ الشباب: ابتدائے شباب۔عنفوان
شباب۔
الطّامُور والطُّومار: صحیفہ۔ج طَوامیر کہا
جاتا ہے "کَتَبَ فی الطُّومار والطَّوامیر"۔
المِطْمَر والمِطْمار: معماروں کا دھاگا۔
پرانے لباس والا۔کہا جاتا ہے "ھو علی
مِطْمارِ اَبِیہِ" وہ صورت و سیرت میں اپنے
باپ کے مشابہ ہے۔
المَطْمُورَۃ: کھیتی۔قید۔
طَمَسَ: (ن) طُمُوسًا: دور ہونا۔کہا جاتا
ہے "لا اَدْرِی اَیْنَ طَمَسَ" میں نہیں جانتا
کہاں گیا......بعینہ: دور تک دیکھنا۔
طَمَسَ: (ن ض) طَمْسًا وطُمُوسًا
وتَطَمَّسَ وانْطَمَسَ: مٹنا۔طَمَسَ النجمُ
او البصرُ: ستارہ یا نگاہ کا بے نور ہونا۔
طَمَسَ: (ض) طَمْسًا الشیءَ: مٹانا۔
ہلاک کرنا۔ڈھانپ لینا۔جڑ کھو دینا......
الغیمُ النجومَ: بادل کا ستارے کی روشنی کو
زائل کردینا۔
طَمَسَ: (ض) طَماسۃً الشیءَ: اندازہ
کرنا۔
رُبُوعٌ طِماسٌ: مٹے ہوئے مکانات۔
الطَّمِیس والمَطْمُوس: اندھا۔

طَمْطَم: وسط سمندر میں تیرنا۔
الطَمْطَام: وسط سمندر۔
الطِمْطِمُ والطِمْطِمِيّ والطُمْطُمَانِيّ: زبان کی لکنت والا۔
طَمِعَ: (س) طَمَعًا وطَمَاعًا وطَمَاعِيَةً فِي الشَّيْءِ وبه: لالچ کرنا۔ صفت طَامِعٌ وطَمِعٌ وطَمُعٌ ج طَمِعُونَ وطُمَعَاء واَطْمَاع وطَمَاعَى۔
طَمُعَ: (ک) طَمَاعَةً: بہت لالچ کرنا۔
طَمَّعَهُ: لالچ پر برانگیختہ کرنا۔
اَطْمَعَه: لالچ میں ڈالنا۔
تَطَمَّعَ: لالچی ہونا۔ خواہش مند ہونا۔
الطَمَعُ: وہ چیز جس کی خواہش کی جائے۔ لشکر کی تنخواہ۔ ج اَطْمَاع۔
الطَمَاعَة: خواہش مندی۔
الطَمَّاع والمِطْمَاع: بہت زیادہ لالچی۔
المَطْمَع: جس کی خواہش کی جائے۔ ج مَطَامِع۔
المَطْمَعَة: باعث طمع۔ لالچ پر اکسانے والی چیز۔
طَمِفَتْ: (س) طَمَفًا عَيْنُهُ: آنکھ کا بہت کیچڑ والی ہونا۔
طَمَلَ: (ن) طَمْلاً الخَبَّازُ الخُبْزَ: روٹی کو بیلن سے چوڑی کرنا۔۔۔۔۔۔ الثَّوْبَ: کپڑے کو گیرا رنگنا۔
۔۔۔۔۔۔ الدَّمَ السَّهْمَ وغَيْرَهُ: خون کا تیر کو لتھیڑنا۔ الرَّاعِي: چرواہے کا سختی سے ہانکنا۔
طَمِلَ: (س) وطَمِلَ طَمَلاً: خون تیل یا تارکول سے لتھیڑنا۔ صفت طَمِلٌ۔
اَطْمَلَ الكِتَابَ: مٹا دینا۔
اِنْطَمَلَ الرَّجُلُ: چوروں کے ساتھ شریک ہونا۔
الطَمْلُ: خمیر۔ گوندھا ہوا آٹا۔ مخلوق۔
الطِمْلُ: بے وقوف۔ کمینہ۔ بدکار۔ بدزبان جو نہ اپنے فعل پر شرمائے اور نہ کسی کے کچھ کہنے کی پروا کرے۔ کالا کمبل۔ فقیر۔ بدحال بدشکل ہار۔ پرانا کپڑا۔ ج طُمُول (۔۔۔۔۔۔ والطُمْلَة والطُمْلَة): گدلا پانی۔ کیچڑ۔
الطَامِلُ: فا۔ مرد بدکار جو اپنے فعل کی پرواہ نہ کرے۔
الطُمْلُول: گدلا پانی۔ گمنام۔ چٹائی۔ ہار۔ تلوار وغیرہ کا چوڑا پھل۔ بکری کا بچہ۔ سَهْمٌ طَمِيلٌ: خون سے لت پت تیر۔ خُبْزٌ طَمِيلٌ: بیلن سے چوڑی کی ہوئی روٹی۔
الطُمُّول: بدکار جو اپنے فعل کی پروانہ کرے۔
الطَمُولَة: بدکار کی بدکاری۔
المِطْمَلَة: بیلن۔
طَمْأَنَ طَمْأَنَةً وطَأْمَنَ. ظَهْرَهُ: پیٹھ کو پست کرنا۔ جھکانا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ: ساکن کرنا۔
تَطَامَنَ: پست ہونا۔
اِطْمَأَنَّ اِطْمِئْنَانًا وطُمَأْنِينَةً اِلَيْهِ: آرام لینا۔ قرار پکڑنا۔ پست ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِطْمَأَنَّ عَمَّا كَانَ يَفْعَلُهُ" یعنی چھوڑ دیا۔
الطَمِنُ: ساکن ج طَمُون۔
المُطْمَئِنُّ: ساکن۔۔۔۔۔۔ مِنَ الاَرْضِ: نرم پست زمین۔
طَمَا يَطْمُو طُمُوًّا وطَمَى يَطْمِي طَمْيًا الْمَاءُ: پانی کا بلند ہونا اور نہر کو بھر دینا۔۔۔۔۔۔ البَحْرُ: سمندر کا بھر جانا۔۔۔۔۔۔ النَّبْتُ: نباتات کا طویل ہونا۔ بڑھنا۔
طَمَتْ هِمَّتُهُ: ہمت بلند ہونا۔ طَمَا بِهِ الهَمُّ او الخَوْفُ: غم یا خوف کا تحت ہونا۔
طَنَّ: (ض) طَنًّا وطَنِينًا وطَنَّ الذُّبَابُ او النَّاقُوسُ وشِبْهُ ذٰلِكَ: بھنبھنانا۔ بجنا۔ آواز دینا۔ وطَنَّ فُلاَنٌ: مرنا۔
اَطَنَّ: بجانا۔ آواز کرانا۔ اَطَنَّ السَّاقَ: پنڈلی کو کاٹ دینا۔
الطُنُّ: جسم ج اَطْنَان وطِنَان: بانس کا گٹھا اور ایک بانس طُنَّةٌ کہلاتا ہے۔ الطُنُّ: دھنکی ہوئی روئی کا بوجھ۔
الطَنَّانُ: زیادہ بجنے والا۔ کہا جاتا ہے "لِفُلاَنٍ ذِكْرٌ طَنَّانٌ" یعنی فلاں کا ذکر مشہور ہے۔ "وَتِلْكَ قَصِيدَةٌ طَنَّانَةٌ" یعنی اس قصیدہ کی ہر جگہ میں شہرت ہے۔
الطُنَانَة: زیادہ چمکیلے بالوں والے مختلف اقسام کے کیڑے جن کے اڑنے سے بھنبھنانے کی آواز آتی ہے پھولوں کے لئے فائدہ مند ہے۔
الطَنِيّ مِنَ الرِّجَالِ: بڑے ڈیل ڈول کا۔
طَنَأَ: (ف) طَنْأً وطُنُوءًا: (س) طَنَأً: شرم کرنا۔
اَطْنَأَ: کسی مکان کی طرف مائل ہونا۔
اَطْنَأَ اِلَى الحَوْضِ: حوض کی طرف جانا اور پانی پینا۔
اَطْنَأَ اِلَى البَاطِ: بچھونے کی طرف جانا اور کاہلی سے اس پر سو جانا۔ کہا جاتا ہے "حَيَّةٌ لاَ تُطْنِيءُ" سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً ہی مر جائے۔
الطِنْءُ: بقیہ روح۔ کہا جاتا ہے "رُمِيَ فُلاَنٌ فِي طِنْئِهِ" یعنی مر گیا۔ بجھی ہوئی راکھ۔ خواہش نفس کی طرف میلان۔ بدکاری۔ بچھونا۔ فَرْشٌ بَاغٌ۔ ہمت۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ بَعِيدُ الطِنْءِ" یعنی فلاں بڑی ہمت والا ہے۔ منزل۔ تہمت۔
طَنِبَ: (س) طَنَبًا الرُّمْحُ: نیزے کا ٹیڑھا ہونا۔۔۔۔۔۔ الفَرَسُ: گھوڑے کا لمبی پیٹھ اور لمبی اور کمزور ٹانگوں والا ہونا۔ صفت اَطْنَب: مؤنث طَنْبَاء۔
طَنَّبَ الخَيْمَةَ: خیمہ لگانا۔۔۔۔۔۔ بالمَكَانِ: اقامت کرنا۔۔۔۔۔۔ الذِّئْبُ: بھیڑیے کا بھونکنا۔۔۔۔۔۔ السِّقَاءَ: مشک کے سوراخ پر پیوند لگانا۔
طَانَبَ القَوْمَ: قوم کے خیموں کی رسی کے ساتھ اپنے خیمہ کی رسی ملانا۔
اَطْنَبَ الرِّيحُ: ہوا کا غبار کو اڑانا۔ الاِبِلُ: بعض اونٹوں کا بعض کے پیچھے چلنا۔ فِي الوَصْفِ او العَدْوِ: مبالغہ کرنا۔
تَطَانَبَ القَوْمُ: خیمے کی رسیوں کو بعض کو بعض کی طرف کرنا۔
الطُنُبُ: خیمہ کی لمبی رسی۔ جسم کا پٹھا۔ درخت کی جڑ ج اَطْنَاب وطِنَبَة: کہا جاتا ہے

"طَلَعَتِ الشَّمْسُ أَطْنَابَهَا" یعنی آفتاب طلوع ہوا۔ "تَقَعَّبَتْ أَطْنَابَهَا" یعنی غروب ہوا۔...... والإِطْنَابَة) :کمان کے قبضہ پر باندھنے والا تسمہ ج أَطَانِيْب کہا جاتا ہے "خَيْلُ إِطَانِيْب" بعض بعض کے پیچھے چلنے والے۔

المَطْنَب :کندھا۔ مونڈھا۔ ج مَطَانِب.

المُطْنِب :فا۔ بہت تعریف کرنے والا۔

جَيْشٌ مِطْنَابٌ :بہت بڑا لشکر۔

الطُّنْبُوْر والطِّنْبَار :ستار ج طَنَابِيْر.

طَنْبَلَ طَنْبَلَةً الرَّجُلُ :عقل مندی کے بعد بے وقوف بننا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ بَيْنَهُم طَنْبَلَةٌ" یعنی ان کے درمیان شر و فساد ہے۔

الطُّنْبُل :بے وقوف۔ کند ذہن۔

الطُّنْجَرَة :تانبے کی دیگچی۔

الطِّنْجِيْر :کڑاہی۔ کنایۃً از بزدل و کمینہ۔

طَنِخَ :(س) طَنَخًا :بدہضمی ہونا۔ دل پر چربی غالب ہونا۔ موٹا ہونا۔ صفت طَنِخٌ وطَنَاخِيْ طَنِخَتْ نَفْسُه :جی کا بگڑنا۔

أَطْنَخَهُ وطَنَّخَهُ :بدہضمی کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ طِنْخٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

طَنَزَ :(ن) طَنْزًا بِهِ :تمسخر کرنا۔

تَطَانَزَ. القَوْمُ :ایک دوسرے کے ساتھ تمسخر کرنا۔

الطَّنَّاز :تمسخر کرنے والا۔

الطُّنْطُلَة. عِنْدَ العَامَّةِ :حلق کا کوا۔ صحیح لفظ طُلَاطِلَة :ہے۔

طَنْطَنَ طَنْطَنَةً. الجَرَسُ والطَّسْتُ والذُّبَابُ ونَحْوُهَا :جرس کا بجنا۔ طشت کا آواز دینا۔ مکھی کا بھنبھنانا۔

طَنِفَ :(س) طَنَفًا :متہم ہونا (...... طَنَافَةً وطُنُوْفَةً وطَنَفًا) بد باطن ہونا۔ صفت طَنِف.

طَنَّفَهُ :متہم کرنا۔ طَنَّفَ الجِدَارَ :دیوار پر کانٹے کی باڑھ لگانا۔ کارنس نکالنا۔ مہتابی بنانا ...... نَفْسَهُ إِلَى كَذَا :لالچ کے قریب کرنا۔

تَطَنَّفَ القَوْمَ :قوم پر پہنچ کر گھیر لینا۔

الطَّنَف والطُّنُف والطِّنَف والطُّنُفُ :پہاڑ کی چوٹی۔ پہاڑ کی اُبھری ہوئی چٹان۔ چھجہ۔ کارنس۔ مہتابی ج طُنُوْف وأَطْنَاف.

المُطَنَّف :چھجہ یا کارنس والا۔ پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنے والا۔

طَنْفَسَ :بد خلق ہونا۔ بہت کپڑے پہننا۔

الطِّنْفِس :ردی۔ بدشکل۔

الطُّنْفُسَة والطَّنْفَسَة والطِّنْفِسَة :فرش۔ چٹائی۔ کپڑا۔ ج طَنَافِس.

الطُّنُو :بدکاری۔

الطِّنْو :فرش۔

طَنِيَ :(س) طَنًى وأَطْنَى :تلی یا پھیپھڑے کا پہلو یا پسلیوں سے چمٹنا۔ صفت طَنٍ وطَنِيٌّ فِيْ فُجُوْرِهِ او فَسَادِهِ :بدکاری یا فساد میں ہمیشہ مبتلا رہنا (...... طَنِيَ) اللَّدِيْغُ مِنْ لَدْغِ العَقْرَبِ :بچھو کے کاٹے کا اچھا ہو جانا۔

أَطْنَاهُ المرض :مرض کا باقی رہ جانا۔

طَنَّى :تلی یا پھیپھڑے کی بیماری کا علاج کرنا۔

الطَّنَى :تہمت۔ بجھی ہوئی راکھ۔ مرض۔

الطِّنَى :بدکاری و فساد۔

الطَّانِي :فا۔ زناکار ج طُنَاة.

طَهَرَ (ن) وطَهُرَ (ک) طُهْرًا وطُهُوْرًا وطَهَارَةً :پاک ہونا۔ صفت طَاهِرٌ ج أَطْهَار طَهُرٌ ج طَهِرُوْنَ وطَهِيْر ج طَهَارَىٰ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَاهِرُ الثِّيَاب" یعنی پاک دامن۔

طَهَرَهُ :(ف) طَهْرًا :دور کرنا۔

طَهَّرَهُ :پاک کرنا۔ طَهَّرَ الشَّيْءَ بِالمَاءِ :دھونا۔

تَطَهَّرَ واطَّهَّرَ :میل کچیل سے پاک ہونا۔ نہانا۔

الأَطْهَار :عورت کی پاکی کا زمانہ۔

الطَّهُوْر :جس سے پاکی حاصل کی جائے۔

الطُّهْرَةُ :پاکی۔ پانی سے نہانا۔

المَطْهَر :موت کے بعد ایک مدتِ معینہ کے لئے ابرار و صالحین کے نفوس کو پاک کرنے کی جگہ (کلمۂ نصرانیہ)

المَطْهَرَة والمِطْهَرَة :لوٹا۔ طہارت حاصل کرنے کا مکان۔ کہا جاتا ہے "السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِلْفَمِ" یعنی مسواک منہ کی صفائی کا سبب ہے۔ ج مَطَاهِر.

المُطَهِّرة :متعدی امراض کے مریض کے کپڑے اور سامان کے صاف کرنے کا آلہ۔

طَهَسَ :(ف) طَهْسًا. فِيْ الأَرْضِ :داخل ہونا اور گھسنا۔

طَهَشَ :(ف) طَهْشًا العَمَلَ :کام کو بگاڑ دینا۔

أَطْهَفَ. السِّقَاءُ :نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔ فِي الكَلَامِ :آسان اور روانی سے کہنا...... لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهِ طَهْفَةً :کچھ حصہ دینا۔

الطَّهْف :بھوسہ۔

الطَّهَف :پناہ۔

زُبْدَةٌ طَهْفَة :نرم مکھن۔

الطِّهْفَة. مِنَ الشَّيْءِ :ٹکڑا۔

الطَّهَاف. مِنَ السَّحَابِ :بلند بادل۔

الطُّهَافَة :گیسو۔

طَهَقَ :(ف) طَهْقًا :تیز چلنا۔

طَهَلَ وطَهِلَ (ف س) طَهْلًا وطَهَلًا وتَطَهَّلَ. المَاءُ :بدبودار ہونا۔ صفت طَاهِلٌ وطَهِلٌ.

أَطْهَلَتِ. الأَرْضُ :تھوڑی سی گھاس اُگانا۔

الطُّهْلَة :تھوڑی سی گھاس۔ بقیہ شے۔

طَهَمَ الشَّيْءُ :موٹا ہونا...... مِنْهُ :نفرت کرنا۔

تَطَهَّمَ الطَّعَامَ :ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَطَهَّمُ عَنَّا" فلاں ہم سے وحشت کرتا ہے۔

المُطَهَّم :موٹا۔ کمزور۔ مکمل اور خوش نما اور اسی سے ہے "جَوَادٌ مُطَهَّمٌ" یعنی خوبصورت۔ عمدہ گھوڑا۔

طَهَا يَطْهُوْ طَهْوًا :سفر کرنا۔ جانا۔

طَهَا يَطْهُوْ ويَطْهِيْ طَهْوًا وطُهُوًّا وطُهِيًّا وطِهَايَةً. اللَّحْمَ :پکانا یا بھوننا۔

أطْهَى إطْهَاءً: پکانے یا بھوننے میں ماہر ہونا۔
الطَّهْوُ: کام۔
الطَّهْيُ: تنکا۔
الطُّهْيُ: گناہ۔ پکا ہوا۔
الطَّهْيُ: سخت مار۔ پتلا بادل۔
الطَّاهِي: فا۔ باورچی۔ نانبائی۔ بھوننے والا۔ ج طُهَاةٌ وطُهِيٌّ: مؤنث طَاهِيَةٌ ج طَوَاهٍ وطَاهِيَاتٌ۔
الطِّهَايَةُ: پکانے کا پیشہ۔
الطُّهَاوَةُ: دودھ یا خون کے اوپر کی باریک جھلی۔
الطَّهَاءَةُ: بلند بادل۔
طَاءَ يَطَاءُ ويَطُوءُ طَوْءًا: آنا جانا۔ فِي الْأَرْضِ: دور تک نکل جانا۔
تَطَاءَتْ تَطَايُؤًا. الأسْعَارُ: بھاؤ کا گراں ہونا۔
الطَّاءَةُ: کیچڑ۔ چراگاہ میں دور نکل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُوئِيٌّ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
الطُّوبُ: پکی اینٹ۔ واحد طُوبَةٌ۔
الطُّوَابُ: خشت پز۔
طَاحَ يَطُوحُ طَوْحًا: حیران ہونا۔ ہلاکت کے قریب ہونا...... السَّهْمُ: نشانہ سے خطا کرنا۔
طَوَّحَهُ: حیران کرنا۔ آوارہ پھرانا۔ طَوَّحَ بِهِ: خطرناک امور پر برانگیختہ کرنا۔ فضاءِ آسمانی میں پھینکنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّحَتْ بِهِ طَوَائِحُ الزَّمَنِ" یعنی زمانے کے حوادث نے اس کو پھینک دیا۔
طَوَّحَ تَطْوِيحًا وطَيَّحَ تَطْيِيحًا الشَّيْءَ: ضائع کرنا۔
طَاوَحَهُ مُطَاوَحَةً بِكَذَا: ایک دوسرے پر پھینکنا۔
أَطَاحَهُ: ہلاک کرنا۔ فنا کرنا۔ أَطَاحَ الشَّعْرَ: بال گرا دینا۔
تَطَوَّحَ فِي الْبِلَادِ: سرگرداں ہونا اور ادھر ادھر پھرنا۔ فِي الْبِئْرِ: کنوئیں میں گرنا۔ کہا جاتا ہے "نَامَ عَلَى مَطَاحِهِ. يَتَطَوَّحُ" یعنی وہ ہوا میں آمدورفت رکھتا ہے۔
تَطَاوَحَ تَطَاوُحًا القَوْمُ فُلَانًا بِالْأَمْرِ او بِالضَّرْبِ: آپس میں تنازع کرنا۔
تَطَاوَحَتْ بِهِ النَّوَى: فراق اور بُعد نے اس کو پھینک دیا۔
الطَّوْحُ: دور۔ بعید۔ کہا جاتا ہے "نِيَّةٌ طَوْحٌ" دور کی نیت۔
الطَّوَائِحُ: شدائد۔ مہلکات۔
المَطَاوِحُ: ہلاکت کی جگہیں۔ واحد مَطَاحَةٌ۔
المِطْوَاحُ: لاٹھی۔
طَاحَهُ يَطُوحُهُ طَوْحًا: قول یا فعل کی تہمت لگانا۔ صفت طَوَّاحٌ۔
طَادَ يَطُودُ طَوْدًا: ثابت رہنا۔
طَوَّدَ وتَطَوَّدَ فِي الْبِلَادِ: پھرنا۔ طَوَّدَ بِهِ: مہلک جنگلوں میں جانے پر برانگیختہ کرنا۔
إنْطَادَ: ہوا میں بلند ہونا۔
الطَّوْدُ: مص۔ پہاڑ۔ ٹیلہ۔ ج أطْوَادٌ وطِوَدَةٌ۔
المَطَادَةُ: دور دراز کا بیابان۔
المَطَاوِدُ: خطرناک مقامات۔
المُنْطَادُ: بلند۔ غبارہ۔ ج مَنَاطِيدُ۔
طَارَ يَطُورُ طَوْرًا وطَوَرَانًا بِفُلَانٍ: قریب ہونا۔
الطَّوْرُ: اندازہ و حد۔ کہا جاتا ہے "عَدَا طَوْرَهُ" یعنی حد سے بڑھ گیا۔ و "جَاوَزَ طَوْرَهُ" اندازہ سے تجاوز کر گیا۔ ہیئت۔ حال۔ باری۔ کہا جاتا ہے "أتَيْتُهُ طَوْرًا بَعْدَ طَوْرٍ" یعنی بار بار ج أطْوَارٌ اور کہا جاتا ہے "النَّاسُ أطْوَارٌ" یعنی لوگ مختلف قسم کے اور مختلف حالات کے ہیں۔
الطُّورُ: پہاڑ۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ وہ چیز جو کسی چیز کے اندازہ پر ہو یا اس کے مقابل ہو۔
الطُّوَارُ: وہ چیز جو کسی چیز کے مقابل ہو۔ یا اس کے اندازہ پر ہو۔ (...... والطُّوَارُ): مکان کے سامنے کا صحن۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الدَّارُ عَلَى طُوَارِ دَارِي" یعنی اس کی دیوار میرے مکان کی دیوار سے ملی ہوئی ہے۔
الطُّورِيُّ والطُّورَانِيُّ: وحشی پرندہ ہو یا آدمی۔ الطُّورِيُّ: اجنبی۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ طُورِيٌّ او طُورَانِيٌّ" یعنی کوئی نہیں۔
طَارَةُ المُنْخُلِ: چھلنی کا گھیرا اور یہ محرف ہے۔ صحیح "الإطَار" ہے۔
الطَّارَةُ والطَّارُ. عِنْدَ الْعَامَّةِ: دائرہ۔ دف۔ کہا جاتا ہے "لَقِيَ مِنْهُ الْأَطْوَرِينَ" یعنی اس کو اس سے بڑی مصیبت پہنچی اور مبالغہ کے ارادہ سے جمع سالم لایا جاتا ہے "بَلَغَ فُلَانٌ فِي الْعِلْمِ أطْوَرَيْهِ" فلاں علم کی دونوں حد اوّل و آخر یعنی علم کی انتہا پر پہنچ گیا۔
الطُّورْبِيلُ یا الطُّورْبِيدُ: سمندری سرنگ (تل)۔
طَاسَ يَطُوسُ طَوْسًا. الوَجْهُ: چہرے کا خوبصورت ہونا...... الشَّيْءُ: روندنا۔
طَوَّسَهُ: مزین کرنا۔ طَوَّسَ المُصَوِّرُ: مور کی شکل بنانا۔ طَوَّسَ بِهِ: لے جانا۔
تَطَوَّسَ لِلْحَمَامَةِ: کبوتری کے سامنے پروں کو پھیلانا۔ تَطَوَّسَتِ الْمَرْأَةُ: آراستہ و مزین ہونا۔
الطُّوسُ: چاند۔
الطُّوسُ: ایک مسہل دوا کا نام۔
الطَّاسُ: پانی پینے کا برتن۔ پیالہ ج طَاسَاتٌ۔
الطَّاوُوسُ الطَّاوُسُ: مور۔ تصغیر طُوَيْسٌ ج أطْوَاسٌ وطَوَاوِيسُ۔
طَوَّشَ الرَّجُلُ: ٹال مٹول کرنا...... الذَّكَرَ: آختہ کرنا۔
الطَّوَاشِيُّ: آختہ۔ خصی۔ ج طَوَاشِيَةٌ مولد ہے اور کہا گیا کہ لفظ عجمی ہے۔
طَاعَ يَطُوعُ ويَطَاعُ طَوْعًا لِفُلَانٍ: فرماں

برداری ہونا۔ صفت طَائِع ج طُوَّع و طَائِعُوْن کہا جاتا ہے "اَمَرَهٗ فَاَطَاعَ" اسے حکم دیا اور اس نے اطاعت کی۔ اس موقع پر باب افعال ہی سے استعمال ہے مجرد سے نہیں۔ "لِسَانُهٗ لَایَطُوْعُ بِکَذَا" یعنی اس کی زبان تابعداری نہیں کرتی و "طَاعَ لَهُ الْمَرْتَعُ" یعنی چراگاہ اس کے لئے وسیع ہے۔

اَطَاعَهٗ اِطَاعَةً و طَاعَةً: فرمانبردار ہونا۔ اَطَاعَ الشَّجَرُ: پھل پکنا۔ اَطَاعَ لَهُ المرعى: و اَطَاعَةٌ: چراگاہ کا کشادہ ہونا۔

اِنْطَاعَ اِنْطِيَاعًا. لَهٗ: فرمانبردار ہونا۔

تَطَوَّعَ: بتکلف اطاعت کرنا۔ تَطَوَّعَ فِی الْجُنْدِيَّةِ: لشکر میں رضا کارانہ شامل ہو جانا۔ بِالشَّیْءِ: تبرع کرنا..... بِالشَّیْءِ و لِلشَّیْءِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا..... الشَّیْءَ: ارادہ کرنا۔ قصد کرنا۔

تَطَاوَعَ لِلْاَمْرِ: بتکلف استطاعت ظاہر کرنا۔

اِسْتَطَاعَ اِسْتِطَاعَةً. الْاَمْرَ: طاقت رکھنا اور حذف تاء کے ساتھ اِسْطَاعَ یَسْطِيْعُ بھی کہا جاتا ہے۔

الطَّوَاعَةُ: طوع کا اسم مصدر ہے۔

الطَّوَاعِيَةُ: فرماں برداری۔

الطَّاعُ و الطَّوْعُ و الطَّيِّعُ: فرمانبردار۔ کہا جاتا ہے "هُوَ طَوْعُ يَدِكَ" یعنی وہ تمہارا تابع ہے۔

فَرَسٌ طَوْعُ الْعِنَانِ: یعنی نرم و تابعدار گھوڑا۔ "عَمِلَهٗ طَوْعًا" یعنی اس نے اس کام کو بخوشی کیا۔

الطُّوَّاعُ و المِطْوَاعَةُ: فرمانبردار۔

الْمُطَّوِّعَةُ: رضا کارانہ جہاد میں شامل ہونے والے۔

الْمُتَطَوِّعُ و الْمُطَّوِّعُ: فرائض و واجبات کے علاوہ اعمال صالحہ کو بطور نفل ادا کرنے والا۔

طَافَ يَطُوْفُ طَوْفًا و طَوَافًا طَوَفَانًا بِالْمَكَانِ و حَوْلَهٗ: گھومنا۔ چکر لگانا..... فِی البلاد: ملک میں پھرنا..... بِهِ الْخَيَالُ فِی النوم: خواب میں نظر آنا۔

طَوَّفَهٗ تَطْوِيْفًا و تَطْوَافًا: گھومنا۔ طَوَّفَ فِی الْبِلَادِ: ملک میں پھرنا۔

طَوَّفَ و تَطَوَّفَ و اِسْتَطَافَ اِسْتِطَافَةً بِالشَّیْءِ و حَوْلَهٗ: بہت چکر لگانا۔ "طَوَّفَ النَّاسُ او الْجَرَادُ" آدمی یا ٹڈیوں کا زمین پر چھا جانا۔ اِسْتَطَافَهٗ: گھومنا۔ چکر لگانا۔

اَطَافَ. بِالشَّیْءِ: نازل ہونا۔ احاطہ کر لینا۔ قریب ہونا..... عَلَيْهِ و بِهِ: رات کو آنا..... عَلَيْهِ: گرد گھومنا۔

الطَّوْفُ: پانی پر تیرنے والی چیز۔ کشتی۔

الطَّوْفُ: رات کو پہرا دینے والے چوکیدار۔ دیوار ج اَطْوَاف.

الطَّافُ: بہت زیادہ طواف کرنے والا۔

الطُّوفَانُ: سخت سیلاب۔ سخت بارش۔ رات کا سخت اندھیرا۔ موت تباہ کن۔

مِنْ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا زیادہ۔

الطَّائِفُ: ق۔ چوکیدار۔

الطَّائِفَةُ: مؤنث طائف: جماعت۔ گروہ۔ ٹکڑا کسی چیز کا وہ لوگ جو ایک مذہب یا رائے کے ہوں۔ ج طَائِفَات طَوَائِف.

الطَّوَّافُ: بہت پھرنے والا۔ بہت چکر لگانے والا۔ خادم۔ کنگھی۔ کنگھی بنانے والا۔

الْمَطَافُ: طواف کرنے کی جگہ۔

طَاقَ يَطُوْقُ طَوْقًا و طَاقَةً و اَطَاقَ الشَّیْءَ: قادر ہونا۔

اَطَاقَ عَلَى الشَّیْءِ: قادر ہونا۔ طاقت رکھنا۔

طَوَّقَهُ الشَّیْءَ: کسی کام کی تکلیف دینا۔ طَوَّقَهٗ الطَّوْقَ: طوق پہنانا۔ کہا جاتا ہے "طَوَّقَهٗ بِالسَّيْفِ وَغَيْرِهٖ" اس نے اسے تلوار باندھ دی۔

اِطَّوَّقَ و تَطَوَّقَ: طوق پہننا۔ تَطَوَّقَتِ الْحَيَّةُ: کنڈلی مارنا۔

الطَّاقُ: محراب۔ طاقچہ۔ ج طَاقَات و طِيْقَان. الطَّاق: بغیر گریبان کے ایک قسم کا کپڑا (..... الطَّائِقُ): پہاڑ سے نکلا ہوا بڑا پتھر۔ و طَائِقُ کُلِّ شَیْءٍ: احاطہ کرنے والا۔

الطَّوْقُ: گلے کا زیور۔ گلا۔ ہر احاطہ کرنے والا ج اَطْوَاق.

الطَّوْقُ و الطَّوْقَةُ: قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا فِیْ طَوْقِیْ" یعنی یہ میری طاقت میں ہے "لَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ

لَنَـابِـه" یعنی ہمارے اوپر وہ نہ ڈال جس کی ہمارے اندر وسعت نہ ہو اور ہمارے لئے وہ دشوار ہو۔ دھاگے کی ایک لٹ۔ بالوں کا مٹھا۔ پھولوں کا گلدستہ اور عام لوگ روشن دان کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔
المُطَوَّقَة: کنٹھے دار کبوتر۔ بوتل جس کی گردن طوق کے مانند ہو۔
طَالَ يَطُوْلُ طَوْلاً: لمبا ہونا...... عَلَيْهِ: غالب ہونا۔ فخر کرنا۔ احسان کرنا۔
طَوَّلَهُ: لمبا کرنا۔ طَوَّلَ لَهُ: مہلت دینا...... لِلدَّابَةِ: جانور کی رسی ڈھیلی کر دینا۔
تَطَوَّلَ تَطَوُّلاً. عَلَيْهِ: احسان کرنا۔
اَطَالَهُ وَاَطْوَلَهُ اِطَالَةً وَاِطْوَالاً: لمبا کرنا۔
اَطَالَتِ المَرْاَةُ: لمبے لمبے بچے جننا۔
طَاوَلَهُ مُطَاوَلَةً: ٹال مٹول کرنا۔ لمبائی یا فضل و بخشش میں غالب ہونا۔
تَطَاوَلَ: دیکھتے ہوئے گردن بلند کرنا...... تکبر کرنا۔ فخر کرنا۔ ظلم کرنا۔ لمبائی ظاہر کرنا...... عَلَيْهِ العُمْرُ: بڑھنا۔ تَطَاوُلاً: ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
اِسْتَطَالَ اِسْتِطَالَةً: طویل ہونا...... عَلَيْهِ: فضل و احسان کرنا۔ بلند ہو کر دیکھنا...... عَلٰى عِرْضِه: بدنامی کی شہرت دینا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَطَالُوا عَلَى القَوْمِ" یعنی قوم نے جتنا قتل کیا تھا اس سے زیادہ قتل کیا۔
الطَّوْل: فضل۔ بخشش۔ قدرت۔ غنا۔
الطُّوْل: لمبائی ج اَطْوَال۔
اَلطُّوْلُ السَّمَاوِي الكَوْكَب: وہ زاویہ جو آسمانی کرہ کے دو دائروں کے سطح کے درمیان واقع ہونے والا ہے ان میں سے ایک کوکب کے پاس سے اور دوسرا نقطہ اصل کے پاس سے گزرتا ہے۔
الطِّيَلَة: عمر۔ کہا جاتا ہے "اَطَالَ اللّٰهُ طِيَلَتَهُ" اللہ تعالیٰ اس کی عمر کو طویل کرے۔ زمانہ بھر۔
الطُّوَل: لمبی ٹانگوں کا ایک آبی پرندہ۔

الطِّيَل والطِّوَل والطُّوَال والطِّيَال: زمانہ بھر۔
الطَّائِل والطَّائِلَة: قدرت۔ فضل۔ غنا۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ طَائِلَة" یعنی ان کے درمیان عداوت ہے ج "طَوَائِل هٰذَا اَمْرٌ لَا طَائِلَ فِيهِ" یہ ایسا امر ہے جس میں کوئی نفع نہیں "مَا هُوَ بِطَائِلٍ او هُوَ غَيْرُ طَائِلٍ" یعنی گھٹیا ہے اور اس میں مذکر و مؤنث دونوں برابر ہیں۔
الطَّوِيْل: لمبا۔ ج طِوَال و طِيَال مؤنث طَوِيْلَة ج طَوِيْلَات کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَوِيْلُ البَاعِ" یعنی سخی ہے۔ "هُوَ قَصِيْرُ البَاعِ" یعنی بخیل ہے۔
الاَطْوَل: اسم تفضیل۔ ج اَطَاوِل: مؤنث طُوْلٰى ج طُوَل. الطُّوْلٰى: بلند مرتبہ۔ و السَّبْعُ الطُّوَل: سات بڑی سورتیں قرآن پاک کی۔
الطُّوَال: لمبا۔ مؤنث طُوَالَة۔
الطُّوَّال: بہت زیادہ لمبا۔
المِطْوَل: رسی۔ جانور کا رسہ ج مَطَاوِل۔
طَوَى يَطْوِي طَيًّا. الثَّوْبَ: کپڑے کو لپیٹنا...... ه اللّٰهُ عُمْرَهُ: موت دینا۔ کہا جاتا ہے "طَوَى فُلَانٌ وَهُوَ مَنْشُوْرٌ" جبکہ کسی کا ذکر حسن اور اثر جمیل باقی رہ جائے۔ طَوَى الحَدِيْثَ: بات چھپانا...... كَشْحَهُ عَلَى الاَمْرِ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَوَى كَشْحَهُ عَنِّي" یعنی اس نے مجھ سے اعراض کیا اور مفارقت اختیار کی۔ وطَوَى البِلَادَ: قطع مسافت کرنا...... البِئْرَ: پتھروں سے کنوئیں کا من بنانا۔ طَوَى الرَّجُلُ: بھوکے رہنے کا ارادہ کرنا...... السَّيْرُ فُلَانًا: لاغر کرنا۔
طَوِيَ (س) طَوًى وَاَطْوَى: بھوکا ہونا۔ صفت طَيَّان وطَوٍ وطَاوٍ۔ مؤنث طَيًّا طَوِيَة وطَاوِيَة۔
تَطَوَّتِ الحَيَّةُ: سانپ کا کنڈلی مارنا۔
اِنْطَوَى. القَوْمُ عَلَيْهِ: اکٹھا ہونا...... (واطَّوَى): لپیٹا جانا۔

الطَّوَى: بھوک۔ مشک۔
الطُّوَى والطِّوَى: لپٹی ہوئی چیز۔
الطَّيّ: لپیٹ۔ ضمن۔ کہا جاتا ہے "الغَيُّ فِي طَيِّ قَلْبِهِ" یعنی گمراہی اس کے دل کے ضمن میں ہے۔
الطِّيَّة: حاجت۔ ضمیر۔ نیت۔ لپٹنے کی ہیئت۔ گوشہ۔ جہت۔ کہا جاتا ہے "مَضَى لِطِيَّتِهِ" یعنی اپنی نیت پر کاربند ہوا "لَقِيْتُهُ بِطِيَّاتِ العِرَاقِ" میں نے اس سے عراق کے اطراف میں ملاقات کی۔
طَاوِي. البَطْنِ: پتلے پیٹ والا۔
الطَّايَة: سطح۔ چھت۔ کھجور خشک کرنے کی جگہ۔ ریگستان میں بڑی چٹان۔ زمین کہ جس میں پتھر نہ ہو۔ ج طَايَات.
الطَّوِيّ: گیہوں کا بورا۔ رات کا حصہ۔ ج الاَطْوَاء (...... والطَّوِيَّة): من بنا ہوا کنواں۔ الطَّوِيَّة: نیت۔ ضمیر۔
الاَطْوَاء: ٹڈی کی دم کی گرہ۔ واحد طُوى۔
المَطْوَى: لپیٹ۔ ج مَطَاوٍ. مَطَاوِي الحَيَّةِ: سانپ کی کنڈلی۔
المِطْوَى: جس پر کتا ہوا سوت لپیٹا جائے۔
طَابَ يَطِيْبُ طِيبًا وطَابًا وطِيبَةً وتَطْيَابًا: لذیذ ہونا۔ میٹھا ہونا۔ اچھا اور عمدہ ہونا۔
طَابَتِ النَّفْسُ بِكَذَا: دل خوش ہونا۔ طَابَ عَيْشُهُ: خوش عیش ہونا...... عَنِ الشَّيْءِ نَفْسًا: خوشی سے چھوڑ دینا...... الشَّيْءُ: اچھا کرنا۔
طَابَتِ الاَرْضُ: گھاس اُگانا۔
طَيَّبَ. الشَّيْءَ: اچھا کرنا یا اچھا پانا۔ خوشبو لگانا۔ طَيَّبَ خَاطِرَهُ: تسکین دینا۔ مطمئن کر دینا۔
اَطَابَ اِطَابَةً الشَّيْءَ: اچھا کرنا۔ شیریں کلامی کرنا۔
اَطَّيَبَ اِطِّيَابًا. الشَّيْءَ: اچھا پانا۔
طَايَبَهُ مُطَايَبَةً: ہنسی مذاق کرنا۔ کھیل کود کرنا۔
تَطَيَّبَ: خوشبو لگانا۔
اِسْتَطَابَ اِسْتِطَابَةً. القَوْمُ: شیریں پانی

مانگنا۔(...... واسْتَطْيَبَ اِسْتِطْيَابًا) الشَّيْئَ: اچھا پانا۔
الطَّابُ: لذیذ۔مزےدار۔
الطِّيْبُ: خوشبو۔ج اَطْيَاب وطُيُوْب: حلال۔کہا جاتا ہے "هٰذَا طِيْبٌ لَكَ" یعنی یہ تمہارے لئے حلال ہے۔ ہر چیز سے افضل۔
الطَّابَةُ: شراب۔مدینہ منورہ کا لقب۔
الطِّيْبَةُ: حلال۔طيبة الخمر: صاف شراب۔کہا جاتا ہے "فَعَلْتُ ذٰلِكَ بِطِيْبَةٍ" یعنی میں نے اس کو رضامندی سے کیا کسی نے مجھے مجبور نہیں کیا۔
الطَّيَّابُ: بہت زیادہ پاکیزہ۔
الأَطْيَبُ: اسم تفضیل ج اَطَايِب مؤنث طُوْبٰى ج طُوْبَيَات.
الطُّوْبٰى: رشک۔سعادت۔خیر۔
الطَّيِّبُ: پاکیزہ۔اچھا۔حلال۔مؤنث طَيِّبَة ج طَيِّبَات وطُوْبٰى: کہا جاتا ہے "كَلِمَةٌ طَيِّبَةٌ" پاکیزہ کلمہ جس میں کوئی مکروہ بات نہ ہو۔"بَلْدَةٌ طَيِّبَةٌ" مامون شہر جس میں برکت زیادہ ہو۔
الأَطَايِبُ والمَطَايِبُ. مِنَ الشَّيْئِ: عمدہ اشیاء۔
شَرَابٌ مُطَيَّبَةٌ: عمدہ شراب جس کے پینے سے دل خوش ہو۔
طَاحَ يَطِيْحُ طَيْحًا: بمعنی طَاحَ يَطُوْحُ طَوْحًا یعنی ہلاک ہونا۔سرگرداں پھرنا۔
طَيَّحَهُ: ہلاک کرنا......الشَّيْئَ: ضائع کرنا۔
أَطَاحَهُ: ہلاک کرنا۔
تَطَايَحَ. الشَّيْئُ: بکھرنا۔
الطَّيْحَةُ: تباہی۔کہا جاتا ہے "أَصَابَتْهُمْ طَيْحَةٌ" یعنی ایسے اُمور پیش آئے جس نے تفریق کرادی۔"وطَوَّحَتْهُم طَيْحَاتٌ" یعنی ان کو حوادث نے ہلاک کردیا۔
طَاخَ يَطِيْخُ طَيْخًا: بُرے کام سے آلودہ ہونا۔تکبر کرنا۔باطل میں منہمک ہونا۔
...... الأَمْرَ: کام کو بگاڑ دینا۔

طَاخَهُ وطَيَّخَهُ: قبیح بات میں آلودہ کرنا۔
طَيَّخَ أَصْحَابَهُ: گالی دینا۔
تَطَيَّخَ: برائی سے آلودہ ہونا۔
الطَّيْخَةُ: فتنہ(...... والطَّائِخ والطَّيَّاخ): بے برکت۔بے وقوف۔
طَارَ يَطِيْرُ طَيْرًا وطَيَرَانًا وطَيْرُوْرَةً الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنا......صِيْتُهُ: مشہور ہونا۔
...... الشَّعْرُ: بال لمبے ہونا......بِكَذَا: سابق ہونا۔
...... إِلٰى كَذَا: دوڑنا۔کہا جاتا ہے "طَارَ طَائِرُهُ" وہ غضبناک ہوا۔طیش میں آکر جلد بازی کرنا۔
طَيَّرَهُ وطَيَّرَ بِهِ وأَطَارَهُ إِطَارَةً وطَايَرَهُ مُطَايَرَةً: اڑانا۔أَطَارَ وطَيَّرَ المَالَ: تقسیم کرنا۔طَيَّرَ نَوْمَهُ: نیند اڑا دینا۔
اِطَّيَّرَ وتَطَيَّرَ. بِالشَّيْئِ ومِنْهُ: بدفالی لینا۔
تَطَايَرَ: متفرق ہونا...... الشَّيْئُ: لمبا ہونا۔
السَّحَابُ فِي السَّمَاءِ: بادل کا چاروں طرف گھر جانا۔
اِنْطَارَ. الشَّيْئُ: پھٹنا۔
اِسْتَطَارَ اِسْتِطَارَةً الشَّيْئُ: متفرق ہونا۔منتشر ہونا......الحَائِطُ: دیوار کا پھٹنا......
السَّيْفَ: جلدی سے سونتنا۔الطَّيْرَ: پرندے کو اڑانا۔
اُسْتُطِيْرَ: خوفزدہ ہونا۔جلدی سے لے جایا جانا......الصَّدْعُ فِي الحَائِطِ: دیوار میں پھٹن ظاہر ہونا......الفَرَسُ: گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
الطَّائِرُ: فا۔پرندہ ج طَيْر اور طُيُوْر وأَطْيَار: جمع الجمع نام ایک ستارے کا جس کو نسر طائر بھی کہتے ہیں جس سے اچھا یا برا شگون لیں۔نصیب۔روزی۔دماغ۔کہا جاتا ہے "هُوَ مَيْمُوْنُ الطَّائِرِ" وہ مبارک چہرے والا ہے۔"سِرْ عَلَى الطَّائِرِ المَيْمُوْنِ" مبارک شگون پر سفر کرو (مسافر کے لئے دعا ہے) "هُوَ سَاكِنُ الطَّائِرِ" یعنی حلیم صاحب وقار ہے "طَارَ طَائِرُ فُلَانٍ" جبکہ غضبناک ہو یا جلد بازی کرے۔

الطَّيْرُ: جمع طائر اور کبھی واحد پر بھی بولا جاتا ہے اسم ہے تَطَيُّر: کا بمعنی بدشگونی اور اسی سے عرب کا قول ہے "لَا طَيْرَ إِلَّا طَيْرُ اللّٰهِ" جیسا لَا أَمْرَ إِلَّا أَمْرُ اللّٰهِ اور طَيْرُ اللّٰهِ لَا طَيْرُكَ: جیسا صَبَاحُ اللّٰهِ لَا صَبَاحُكَ اور کہا جاتا ہے "كَأَنَّ عَلٰى رُؤُوْسِهِم الطَّيْرَ: یعنی وہ ہیبت کی وجہ سے بالکل ساکن اور خاموش ہے اور اصل اس کی یہ ہے کہ کوا اُونٹ کے سر پر بیٹھتا ہے اور چیچڑی چنتا ہے جس سے اُونٹ کو آرام ملتا ہے اور وہ اس ڈر سے کہ کوا اڑ نہ جائے بالکل حرکت نہیں کرتا۔"وأُزْجُرْ أَحْنَاءَ طَيْرِكَ" دور کر اپنی خفت وغصہ کو۔
الطِّيَرَةُ والطِّيْرَةُ: بدشگون جس سے لیا جائے۔
الطَّيْرَةُ والطَّيْرُوْرَةُ: طیش۔ہلکا پن۔اوچھا پن۔کہا جاتا ہے "إِيَّاكَ وطَيْرَاتِ الشَّبَابِ" اپنے آپ کو جوانی کے طیش سے بچاؤ۔
الطُّوَيْرُ. طَيْر: کی تصغیر۔
الطَّيَّارُ: منتشر۔ترازو کی زبان۔سکہ تولنے کی ترازو۔
الطَّيَّارَةُ: ہوائی جہاز۔اس کی کئی اقسام ہیں:
(۱) طَائِرَةُ رُكَّاب: سواریوں کے لئے ہوائی جہاز اندرونی وبیرونی سفر کے لئے۔
(۲) طَائِرَةٌ حَرْبِيَّةٌ: ہوائی جنگی جہاز۔اس کی کئی اقسام ہیں۔
(۱) طَائِرَةُ طرار: دشمن کو دھکیلنے کے لئے۔
(۲) الطَّائِرَةُ انفائة: زمین پر روشنی چھوڑنے والا جہاز۔
(۳) الطَّائِرَةُ النَّافُوْرِيَّة: تیز ترین ہوائی جہاز۔
(۴) الطَّائِرَةُ القَانِصَةُ: دشمن کے ہوائی جہاز کو گرفتار (شکار) کرنے والا ہوائی جہاز۔
(۵) طَائِرَةُ الإِنْقِضَاضِ: دشمن کے ہوائی جہاز کو مار گرانے والا جہاز۔

(٦) اَلْقَلِعَة الطَّائِرَة : دشمن کے علاقوں پر بمباری کرنے والا بڑا ہوائی جہاز۔
الطَّيَّار والمُطَار. مِنَ الخَيلِ : تیز خاطر چست چالاک گھوڑا۔
اَرْض مُطَارٌ : کثرت سے پرندوں والی زمین۔
الطَّيَّارَة : مؤنث طَيَّار : ہوائی جہاز۔
المَطَار : اڑنے کی جگہ۔
المُطَيَّر : مفع۔ پھٹا ہوا۔ ٹوٹا ہوا۔ ایک قسم کی چادر۔
المُسْتَطِير : فا۔ پھیلنے والا۔ کہا جاتا ہے "صُبح مُسْتَطِيرٌ" یعنی صبح منتشر اور ایسا ہی بجلی، بڑھاپا اور شر کے لئے مستعمل ہے۔
طَاسَ يَطِسُ طَيْسًا الشَّئُ : زیادہ ہونا۔
الطَّيس : عدد کثیر۔ مٹی۔ ہر وہ مخلوق جس کی نسل بہت ہوتی ہو۔ جیسے مچھلی۔ چیونٹی۔
طَاشَ يَطِيشُ طَيْشًا : اوچھا ہونا۔ عقل زائل ہونا...... السَّهْمُ عَنِ الغَرَضِ : تیر کا نشانہ سے خطا کرنا۔ صفت طَائِش.

اَطَاشَ اِطَاشَةً. السَّهْمَ عَنِ الغَرَضِ : تیر کا نشانہ سے خطا کرا دینا۔
الطَّيَّاش : بمعنی طَائِش : جو خفت عقل کی وجہ سے ایک طریقے پر نہ جمے۔
الطَّيْشَان : ہلکی۔ اوچھاپن۔
طَاعَ يَطِيعُ طَيْعًا : بمعنی طَاعَ يَطُوعُ طَوْعًا.
طَافَ يَطِيفُ طَيْفًا ومَطَافًا الخَيَالُ : خواب میں خیال آنا۔
طَيَّفَ تَطْيِيفًا واَطَافَ اِطَافَةً وتَطَيَّفَ تَطَيُّفًا : بہت پھرنا۔
الطَّيْف : خیال و خواب میں آئے۔ غضب۔ جنون۔
الطِّيَاف : رات کی تاریکی۔
اَلطَّيْف : وہ صورت جو موشور میں سفید روشنی گزرنے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے جس کی وجہ سے مختلف رنگ سرخ، مالٹا، زرد، سبز، بنفشی اور صورت کے ذریعے گیس کی تلاش میں سہولت حاصل ہوتی ہے۔
طَامَ يَطِيمُ طَيْمًا : نیکو کار رہنا...... اللّٰهُ فُلانًا عَلَى الخَيْرِ : اللہ کا کسی کو خیر پر پیدا کرنا۔
الطِّيمَاء : جبلت۔ طبیعت۔
طَانَ يَطِينُ طَيْنًا وطَيَّنَ الحَائِطَ : دیوار کو گارے سے لیپنا۔ طَانَ الكِتَابَ : خط پر مہر لگانا۔ طَانَهُ اللّٰهُ عَلَى الخَيْرِ : اللہ کا خیر پر پیدا کرنا۔
تَطَيَّنَ : گارے سے لیپا جانا۔ گارے سے لتھڑنا۔ لت پت ہونا۔
الطِّين والطِّينَة : گارا۔ مٹی اور چونہ یا ریت چونہ ملا ہوا الطِّينَة : گارے کا ایک حصہ۔ خلقت جبلت۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَابِسُ الطِّينَةِ" وہ سخت دل اور خشک مزاج ہے۔ "لَهُ طِينَةٌ طَيِّبَةٌ" اس کی طبیعت نرم ہے۔
مَكَانٌ طَانٌ : بہت گارے کی جگہ۔
الطِّيَانَة : گارا بنانے کا پیشہ۔
الطَّيَّان : گارا بنانے والا۔
اَلطَّيُّون : ایک بدبودار پودا جس کے پھول زرد ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ ایک کیڑے مار دوائی بھی تیار کی جاتی ہے۔

ظ: اَلظَّاءُ: سترواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ یہ لثوی حروف میں سے ہے۔ یعنی حلق کا کوا اس کا مخرج ہے۔

ظَأَبَ (ن) ظَأْبًا: نکاح کرنا۔ ظلم کرنا۔ شور کرنا...... التَّيْسُ: بکری کا ممیانا۔

ظَاءَبَهُ مُظَاءَبَةً: سالی سے نکاح کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَزَوَّجَا بِالْمُظَاءَبَةِ" یعنی دونوں ہم زلف ہوئے۔

تَظَاءَبَا: ہم زلف ہونا۔

الظَّأْبُ: مص۔ ہم زلف۔ ساڑھو۔ ج ظُؤُوب واَظْؤُب.

ظَأَرَ (ف) ظَأْرًا وظِئَارًا واَظْأَرَ واِظَّارًا وظَاءَرَ مُظَاءَرَةً. النَّاقَةَ او الْمَرْأَةَ عَلٰى وَلَدِ غَيْرِهَا: مہربان کرانا۔ فَظَأَرَت واِظَّأَرَت: مہربان ہونا۔ اور صفت "ظَؤُور" وظَؤُورَة ج اِظْآر وظُؤَار. ظَاءَرَهُ اِلٰى كَذَا: مہربان کرانا۔ اِظَّأَرَ عَلٰى عَدُوِّهِ: حملہ کرنا۔ ظَأَرَهُ وظَاوَرَهُ واَظْأَرَهُ عَلٰى كَذَا: مہربان کرنا۔ ظَاءَرَهُ عَلَى الْاَمْرِ: طلب کرنا یا مجبور کرنا۔ ظَاءَرَ الرَّجُلُ: دایہ بنانا۔ ظَاءَرَتِ الْمَرْأَةُ: دایہ گری کرنا۔

اِظَّأَرَ. لِوَلَدِهِ ظِئْرًا: لڑکے کے لئے دایہ مقرر کرنا۔

الظِّئْرُ: غیر کے بچے پر مہربانی کرنے والی۔ غیر کے بچے کو دودھ پلانے والی ج اَظْؤُر واَظْآر وظُؤُور وظُؤُورَة وظُؤَار. ظِئْرُ الْقَصْرِ: ستون۔

الظِّئْرَة: تھونی۔ کھمبا۔

الظُّؤْرَة: دایہ۔ دائی پلائی۔

ظَاءَمَهُ مُظَاءَمَةً وتَظَاءَمَا تَظَاؤُمًا: ہم زلف بنا۔

الظَّأْم: ہم زلف۔ ساڑھو۔

الظُّبَة: تلوار وغیرہ کی دھار۔ ج ظُبَات وظُبًى وظُبُوْن وظِبُوْن واَظْبٍ.

اَظْبَى الْمَكَانُ: بہت ہرنیوں والی ہونا۔

الظَّبْيُ: ہرن نر یا مادہ ج ظِبَاءٌ واَظْبٍ وظُبِيٌّ وظَبَيَات.

صحت جسم کے متعلق عرب کا قول ہے "بِهِ دَاءُ الظَّبْيِ" یعنی اسے کوئی مرض نہیں اس لئے کہ ہرن کو سوائے مرض الموت کے کوئی بیماری نہیں ہوتی۔ دوسرا قول یہ ہے کہ "اِذَا اَتَيْتَهُمْ فَارْبِضْ فِي دَارِهِمْ ظَبْيًا" یعنی جب تم کسی قوم کے پاس جاؤ تو ہرن بن کر اقامت کرو۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح ہرن کو کوئی شک ہوتا ہے تو وہ نہیں ٹھہرتا اسی طرح تم بھی شک ہونے پر چل دو۔

الظَّبْيَة: ہرنی۔ بکری۔ گائے۔ عورت اور اونٹنی کی اندام نہانی۔ ج ظِبَاء وظَبَيَات. الظَّبْيَة: وادی کا موڑ۔ ہرن کے بال دار چمڑے کا چھوٹا تھیلہ۔

اَرْضٌ مَظْبَاة: بہت ہرن والی سرزمین۔

ظَرَّ (ن) مَظَرَّةً: دھار دار پتھر توڑنا۔ النَّاقَةَ: اونٹنی کو دھاری دار پتھر سے ذبح کرنا۔

اَظَرَّ: دھار دار پتھروں کی زمین میں واقع ہونا۔

...... الْمَكَانَ: بہت دھار دار پتھروں والا ہونا۔

الظِّرّ والظُّرَر والظُّرَرَة: پتھر۔ دھار دار پتھر ج ظُرَّان وظِرَّان وظِرَار واَظِرَّة.

الظِّرَّان: چقماق کے ٹکڑے جو زمانہ قدیم میں نیزے اور بھالے اور کلہاڑے وغیرہ کی شکل پر بنائے جاتے تھے اور دیا سلائی کے بنانے سے پہلے اسی کا استعمال کیا کرتے تھے۔ "والطُّور الظِّرّى والظِّرَّانِي" مذکور چقماق کے استعمال کا زمانہ۔

اَرْضٌ ظَرِيرَةٌ ومَظَرَّة: بہت چقماق والی سرزمین۔ الظَّرِير: رہنمائی کا نشان۔ ج ظِرَارٌ واَظِرَّة وظِرَّان.

الْمِظَرَّة: چقماق۔ ج مَظَارّ.

ظَرِبَ (س) ظَرَبًا. بِكَذَا: چپکنا۔

الظَّرِب: ابھرا ہوا تیز پتھر۔ چھوٹا ٹیلہ۔ ج ظِرَاب واَظْرُب.

الظُّرُبّ مِنَ الرِّجَالِ: چھوٹے قد کا موٹا۔

الظَّرِبَان والظَّرِبَاء: بلی کے برابر خاکستری رنگ کا سیاہی مائل بدبودار جانور۔ ج ظَرَابِي وظَرَابِين: کہا جاتا ہے "فَسَا بَيْنَهُمُ الظَّرِبَانُ" یعنی ان میں نا اتفاقی ہوگئی۔

الظِّرْبٰى والظِّرْبَاء. ظِرْبَان: کا اسم جمع۔

الاَظْرَب: نواجذ کے پیچھے کے چار دانت

اَظْرَابُ اللِّجَامِ: لگام کے لوہے کے اطراف کی گرہ۔

ظَرُفَ (ک) ظَرْفًا وظَرَافَةً: خوش شکل ہونا۔ چالاک ہونا۔ ذہین ہونا۔ صفت ظَرِيف۔ ج ظُرَفَاء وظِرَاف وظُرُف

وظُرُوْف وظَرِيْفُوْن: مؤنث ظَرِيْفَة ج ظَرِيْفَات وظَرَائِف. ظَرَفَهٗ ظَرِيْف: تر ہونا۔ کہا جاتا ہے "ظَارَفَنِيْ فَظَرَفْتُهٗ".

اَظْرَفَ: ظریف اولاد پیدا ہونا...... المَتَاعَ: برتن بنانا۔

تَظَرَّفَ وتظَارَفَ: ظرف بننا۔

اِسْتَظْرَفَ: ظریف طلب کرنا...... ہ: ظریف سمجھنا۔ ظریف پانا۔

الظَرْف: دانائی۔ حذاقت۔ فوقیت۔ برتن۔ کہا جاتا ہے "مِنَ الظَّرْفِ جُوْدُ المُهْدِی بِالظَّرْف" پہلا ظرف بمعنی دانائی اور دوسرا بمعنی برتن جس میں ہدیہ بھیجا جائے اور عوام مشکیزہ کے معنی میں بھی استعمال کرتے ہیں۔

الظرف: ہر وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز رہے اور اسی سے ہے "ظُرُوْفُ الزَمَانِ والمَكَان" اور کہا جاتا ہے "هُوَ نقی الظرف" یعنی وہ امین ہے "رَأَيْتُهٗ بِظَرْفِهٖ" میں نے اسی کو دیکھا ہے۔

الظُرَاف والظُرَّاف: ظریف ج ظُرَفَاء وظُرَّافُوْن.

المَظْرُوْف: مفع۔ برتن میں جو چیز ہو۔ کہا جاتا ہے "بَعَثْتُ بِالرَسَائِل مَظْرُوْفَةً".

ظَرَیٰ (ض) ظَرْيًا. المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔

ظَرِیَ (س) ظَرًى. الغُلَامُ: لڑکے کا زیرک ہونا۔

اِظْرَوْرَیٰ اِظْرِيْرَاءً: پیٹ پھولنا۔

الظَارِی: فا۔ کاٹ کھانے والا۔

الظَرَوْرَیٰ: زیرک۔ عقل مند۔ ظریف۔

ظَعَنَ (ف) ظَعْنًا وظَعَنًا وظُعُوْنًا مَظْعَنًا: کوچ کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَعَنُوْا عَنْ دِيَارِهِم" وہ لوگ اپنے ملکوں سے کوچ کر گئے۔

اَظْعَنَ: کوچ کرانا۔ سفر کرانا۔

اِظَّعَنَ. الهَوْدَجَ: ہودے میں سوار ہونا۔

الظِعَان والظَعُوْن والظِعَام: ہودہ باندھنے کی رسی۔

الظَعُوْن والظَعُوْنَة: باربردار اُونٹ۔ ہودہ اٹھانے والا اُونٹ ج ظُعُن.

الظَعِيْنَة: ہودہ ج ظَعَائِن وظُعْن وظُعُن ج اَظْعَان وظُعُنَات: بیوی یا عورت جب تک ہودے میں رہے۔ یا مطلقاً عورت۔ کہا جاتا ہے "هٰؤُلَاءِ ظَعَائِنُه" یہ اس کی عورتیں ہیں۔

المِظْعَان. مِنَ الخيل والنوق: نرم چال چلنے والا گھوڑا یا اُونٹنی۔

ظَفَرَهٗ (ض) ظَفْرًا: چہرے پر ناخن مارنا۔ ناخن توڑنا۔

ظَفِرَ (س) ظَفَرًا واظْفَرَ المَطْلُوْبَ وبِهٖ وعَلَيْهِ: کامیاب ہونا۔ غالب ہونا۔ ظَفِرَتْ عَيْنُهٗ: ناخنہ ہونا۔ آنکھ کی صفت ظَفِرَةٌ اور شخص کی مَظْفُوْر.

ظَفَّرَهٗ: کامیابی کی دعا کرنا۔ ظَفَّرَ الشَّیْءُ: کسی چیز میں ناخن چبھونا...... الثَوْبَ: کپڑے پر خوشبو لگانا...... الجِلْدَ: کھال کو ملنا۔ ظَفَّرَهٗ واَظْفَرَهٗ بِعَدُوِّهٖ: دشمن پر کامیاب کرانا۔ فتح مند کرانا۔ اَظْفَرَ فُلَانًا: منہ پر ناخن مارنا۔

تَظَافَرَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

الظِفْر والظُفْر والظُفُر: ناخن ج اَظْفَار ج اَظَافِيْر: کہا جاتا ہے "مَابَقِيَ فِيْ الدَّارِ ظُفُر" یعنی گھر میں کوئی باقی نہیں رہا "ورَأَيْتُهٗ بِظُفُرِهٖ" یعنی میں نے اس کو دیکھا "فَلَم اَظْفَارَهٗ عَنْ اَذَى النَاسِ" یعنی لوگوں کو تکلیف پہنچانی کم کر دی یا بالکل چھوڑ دیا۔ و "كَسَرَ اَظْفَارَهٗ فِيْ فُلَانٍ" یعنی غیبت کی۔ "ظُفُرُ القِطِّ وظُفُرُ النَسْرِ وظُفُرُ العُقَاب" نباتات کی قسمیں۔

الظُفْرُ والظَفَرَة: ناخنہ (آنکھ کی ایک بیماری) الظَفَرة: ظافر کی جمع ہے۔

الظَفِر والظَفِيْر والظِفِّيْر: ہر معاملہ میں کامیاب۔

الاَظْفَر: لمبے چوڑے ناخن والا۔

الاَظْفَار: ناخن کے مشابہ ایک خوشبودار چیز۔ اس کا واحد نہیں۔ اَظْفَارُ الثَوْب: کپڑے کی شکنیں۔ الاَظْفَار: نسر طائر کے آگے کے ستارے۔

المُظَفَّر والمِظْفَار: ہر معاملہ میں کامیاب۔

ظَلَّ (س) ظَلًّا وظُلُوْلًا. يَفْعَلُ كَذَا: ہمیشہ رہنا۔ تم کہہ سکتے ہو "ظَلِلْتُ وظَلْتُ وظِلْتُ".

ظَلَّ ظَلَالَةً. اليَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا...... الشَّیْءُ: لمبا ہونا۔

ظَلَّلَهٗ: سایہ ڈالنا۔ ظَلَّلَ بِالسَوْطِ: دھمکانے کے لئے حرکت دینا۔

اَظَلَّ. اليَوْمُ: دن کا سایہ دار ہونا ہ: سایہ ڈالنا۔ اپنی پناہ میں لینا۔ اَظَلَّ الاَمْرُ فُلَانًا: پہنچ جانا۔ قریب ہونا اور اسی سے ہے۔ اَظَلَّكَ الشهر: یعنی مہینہ آ گیا۔

تَظَلَّلَ. بِالشَجَرَةِ: درخت کے سایہ میں بیٹھنا۔

اِسْتَظَلَّ بِالظِلِّ: سایہ کے نیچے بیٹھنا...... مِنَ الشَّیْءِ: سایہ لینا...... الكَرْمُ: انگور کی شاخ کا گھنا ہونا...... العُيُوْن: چشمے کے پانی کا نیچے اُتر جانا...... الشَمْسُ: آفتاب کا بادل میں چھپ جانا۔

الظِلّ: سایہ ج ظِلَال واَظْلَال وظُلُوْل: عزت۔ آرام و آسودگی۔ ظِلٌّ مِنَ اللَيْلِ: رات کا حصہ یا اس کی سیاہی...... مِنَ القَيْظِ: گرمی کی شدت...... مِنَ الثَوْبِ: کپڑے کا رواں۔

ظِلُّ الشَبَابِ او الشِتَاء: جوانی یا جاڑے کی ابتداء۔ کہا جاتا ہے "بَقِيَ عِنْدِيْ ظِلَّ النَهَار" وہ میرے پاس تمام دن رہا اور یہ اس لئے کہ ظل کا بقاء و زوال شئے کے زوال و بقا پر موقوف ہے۔ "وهُوَ فِيْ ظِلِّهٖ" یعنی وہ اس کی پناہ میں ہے "ومَشَيْتُ عَلٰى ظِلِّيْ او انْتَعَلْتُ ظِلِّيْ" میں چلا اس حال میں کہ دوپہر ہو چکی تھی اس لئے میرا سایہ نہیں تھا۔ و "كَانَ ذٰلِكَ اليوم اَطْوَلَ مِنْ ظِلِّ القَنَاةِ" یعنی یہ دن نیزے کے سائے سے بھی زیادہ طویل تھا۔ عرب نیزہ کے سائے کو بہت زیادہ طویل سمجھتے تھے۔ "فُلَانٌ يُبَارِی

ظِلٌّ رَابِیَۃٌ" بولا کرتے تھے جب کوئی تکبر کرتا تھا۔ مُلاعِبُ ظِلِّہٖ او خاطِفُ ظِلِّہٖ" ایک پرندہ کا نام ہے۔

الظَّلَلُ: درخت کے نیچے کا پانی جس کو دھوپ نہ لگے۔

الظِّلَّۃُ: اسم مرۃ۔ اقامت۔

الظُّلَّۃُ: تنگ سائبان۔ ہر وہ کہ جس کی سردی و گرمی میں پناہ لیں۔ ہر سایہ دار ج ظُلَل و ظِلال۔

الظَّلال والظِّلال والظِّلَّۃ والظِّلَالَۃ: ہر سایہ دار۔ ظِلالُ البَحرِ: سمندر کی موجیں۔

الظَّلِیل: سایہ دار۔ ہمیشہ سایہ والا۔

الظَّلِیلَۃ: مؤنث ظَلِیل: زیادہ درختوں کا باغ۔ وادی کے نچلے حصے۔ پانی کا چشمہ۔

المِظَلَّۃ والمَظَلَّۃ: جس سے سایہ لیا جائے۔ بڑا خیمہ۔ چھتری۔ ج مَظالّ۔ عِید المَظال: یہودیوں کی عید جس میں درخت کے پتوں سے خیمے بناتے ہیں اور مصر کی آزادی کی یادگار میں ان خیموں میں چند روز قیام کرتے ہیں۔

یَومٌ مُظِلٌّ: سائے والا دن۔

ظُلْظُل: کشتیاں۔

ظَلَعَ (ف) ظَلْعًا۔ البَعِیرُ: اونٹ کا چلنے میں لنگڑانا۔ صفت ظالِع۔ ظَلَعَتْ بِهِمُ الاَرضُ: زمین تنگ ہونا۔

الظَّلْع: عیب۔ کہا جاتا ہے "اِربَعْ علی ظَلْعِک" یعنی تم ضعیف ہو جس چیز کی طاقت نہیں رکھتے ہو اس سے رُک جاؤ۔ "لا یَربَعُ عَلی ظَلْعِکَ مَن لَیسَ یَحزُنُهُ اَمرُک" یعنی تمہاری شان کا اہتمام وہی کرے گا جو تمہارا غم خوار ہوگا۔ "اِرقَ عَلی ظَلْعِک" اور کبھی ہمزہ کے ساتھ "اِرْقَأ" کہا جاتا ہے یعنی پہلے اپنی حالت کو درست کرو یا اتنی ہی تکلیف اٹھاؤ جتنی کی طاقت رکھتے ہو۔ مطلب یہ ہے کہ اپنی حد سے آگے مت بڑھو اور اپنی کوتاہی و عاجزی کو دیکھو اور اپنے عیوب کی وجہ سے خاموش رہو اس لئے کہ سیڑھی پر چڑھنے والا اگر لنگڑا ہوتا ہے تو وہ اپنے نفس کے ساتھ نرمی کرتا ہے۔

الظَّلَع: لنگڑا پن۔

الظّالِع: فا۔ جھکنے والا۔ متہم (مذکر و مؤنث) اور مؤنث کے لئے ظالِعَۃ بھی بولا جاتا ہے ج ظُلَّع۔

الظُّلّاع: جانور کی ٹانگ میں بیماری جو تھکن سے نہ ہو۔

ظَلَفَہُ (ن) ظَلْفًا: کھر پر لگنا۔ ظَلَفَ نَفْسَہُ عَنِ الشَّیءِ: باز رکھنا۔

ظَلِفَ (ن ض) ظَلْفًا۔ القَومُ: قوم کے نشان قدم پر چلنا۔ ظَلَّفَ وظالَفَ مُظالَفَۃَ الاَثَرِ: قدم کے نشانات کو مٹا دینا۔

ظَلِفَتْ (س) ظَلَفًا الاَرضُ: سخت ہونا۔ ...... مَعِیشَۃُ فُلانٍ: تکلیف دہ ہونا ...... نَفْسُہُ: رُک جانا۔

ظَلِفَ الرَّجُلُ: سخت زمین میں روکا جانا تاکہ کوئی نشان قدم کا پتہ نہ لگ سکے۔

ظَلَّفَہُ عَن کَذا: دور کرنا۔ ظَلَّفَ عَلی کَذا: زیادہ کرنا۔

اَظلَفَہُ: دور کرنا۔

اِظَّلَفَ وتَظَلَّفَ: سخت پتھریلی زمین میں پڑنا۔

الظِّلْف: پھٹے ہوئے کھر۔ ج ظُلُوف واَظلاف: کہا جاتا ہے "جاءُوا عَلی ظِلْفِہٖ" یعنی اس کے نشانِ قدم پر آئے۔ الظِّلَف: حاجت و تنگی عیش۔ سخت زندگی۔

الظَّلَف: باطل۔ مباح۔ بے کار۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ ظَلَفًا وظَلَفًا وظَلِیفًا" یعنی اس کا خون بے کار گیا۔

الظَّلَف والظَّلِف: پانی اور کیچڑ سے بلند جگہ۔ "رَجُلٌ ظَلِفُ النَّفسِ: اوصاف ذمیمہ سے پاک صاف۔

اَرضٌ ظَلِفَۃٌ وظَلِیفَۃٌ وظَلَفَۃٌ: سخت پتھریلی زمین۔

الظَّلِیف: بدحال۔ ذلیل۔ سخت مشکل کام ج ظُلُف ظُلَّف

رَجُلٌ ظَلِیفُ النَّفسِ: اخلاقِ رذیلہ سے پاک صاف۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَہُ بِظَلِفِہٖ وبِظَلِیفِہٖ وبِظَلَفَتِہٖ وبِظَلِیفَتِہٖ" یعنی سب کچھ لے لیا کچھ نہیں چھوڑا۔

الظَّلْفاء: ہموار لمبا پتھر۔

الاُظْلُوفَۃ: تیز پتھروالی زمین ج اَظالِیف۔

ظَلَمَ (ض) ظُلْمًا وظَلْمًا ومَظْلِمَۃً: بے موقع رکھنا ...... ہ: ظلم کرنا ...... ہ حَقَّہُ: گھٹانا ...... الاَرضَ: بے موقع کھودنا ...... الطَّرِیقَ: راستہ سے ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "مَا ظَلَمَکَ اَنْ تَفعَلَ کَذا" یعنی تم کو کس چیز نے ایسا کرنے سے منع کیا۔ ظَلَمَ البَعِیرَ: بغیر کسی مرض اور علت کے ذبح کرنا اور ہر وہ کام جس کو وقت سے پہلے کیا جائے اس پر ظلم کا اطلاق ہوتا ہے۔

ظَلِمَ (س) ظَلْمًا واَظْلَمَ اللَّیلُ: رات کا تاریک ہونا۔ اَظلَمَ اللّٰہُ اللَّیلَ: رات کو تاریک کرنا۔ اَظلَمَ الرَّجُلُ: تاریکی میں داخل ہونا۔ مظلوم ہونا۔

ظَلَّمَہُ: ظلم کی طرف نسبت کرنا ...... ہ الحاکِمَ: ظلم کی شکایت دور کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَظَلَّمَ فُلانٌ اِلَی الحاکِمِ مِن فُلانٍ فَظَلَّمَہُ" یعنی فلاں نے فلاں کی حاکم سے ظلم کی شکایت کی اس نے شکایت دور کردی۔

تَظَلَّمَ مِنہُ: ظلم کی شکایت کرنا ...... ہ حَقَّہُ: گھٹا دینا ...... الرَّجُلُ: ظلم پر صبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "ظَلَمْتُہُ فَتَظَلَّمَ" میں نے اس پر ظلم کیا اس نے صبر کیا۔

تَظالَمَ القَومُ: بعض کا بعض پر ظلم کرنا۔

اِظَّلَمَ وانظَلَمَ: ظلم برداشت کرنا۔

الظَّلْم: برف۔ دانتوں کی چمک۔ ج ظُلُوم۔

الظَّلْم: بے موقع رکھنا۔ حق گھٹانا۔ ظلم۔

الظَّلْم: بدن۔ پہاڑ۔ ج ظُلُوم۔

لَیلٌ ظَلِمٌ: بہت تاریک رات۔

الظُّلْمَۃ والظُّلُمَۃ: تاریکی ج ظُلَم وظُلُمات وظُلْمات وظُلَمات۔

الظُّلَم: قمری مہینے کی انیسویں، بیسویں

اکیسویں راتیں۔
الظُلامَة و المَظْلِمَة: ظلم جو تم اٹھاؤ۔ جو چیز تم سے ظلماً لے لی جائے۔ ج مَظَالِم.
الظالِم: فا۔ ج ظَالِمُوْن و ظَلَمة و ظُلّام.
الظَلام و الظَلْماء: تاریکی۔ ابتدائی رات۔
لَیلَة ظَلْمَاء: بہت تاریک رات اور لَیْل ظَلْماء بھی کہا جاتا ہے اور یہ شاذ ہے۔
الظِلام: ظلم۔ بے انصافی۔ کہا جاتا ہے "نَظَرَ اِلَی ظِلَامًا" اس نے مجھ کو ترچھی نظر سے دیکھا۔
الظَلّام و الظِلِّیم و الظَلُوم: بہت زیادہ ظلم کرنے والا۔
الظَلِیم: مظلوم۔ نر شتر مرغ ج ظِلْمان و ظُلْمان و اَظْلِمَة.
الظَّلامِيُّ: جو شخص ظلامیہ مذہب پر ہو۔
اَلظَّلامِيَّةُ: وہ لوگ جن کا نظریہ ہے کہ عوام کو تعلیم و تعلّم دینا بے فائدہ ہے۔
الظَلِیْمَة: جو تم سے ظلماً لی جائے۔
اَمْرٌ مِظْلام: دشوار و مشکل کام۔
ظَمِئَ (س) ظَمَأً و ظَمَاءً و ظَمَاءَةً: سخت پیاسا ہونا ...... اِلَیْهِ: مشتاق ہونا۔ صفت مذکر ظَمِئٌ و ظَامِئٌ و ظَمْآن اور صفت مؤنث ظَمِئَة و ظَامِئَة و ظَمْآی و ظَمْآنَة. ج ظِمَاء: مذکر و مؤنث دونوں کے لئے۔
ظَمَّأَهُ و اَظْمَأَهُ: پیاسا کرنا۔ دُبلا کرنا۔
تَظَمَّأَ: پیاس پر صبر کرنا۔
الظِمْءُ: پیاس۔ ج اَظْمَاء.
الظَمَأ و الظَمَاء: پیاس۔
المِظْمَاء: سخت پیاس والا۔
المَظْمَأ: پیاس لگانے والی جگہ۔
ظَمِيَ يَظْمَى ظَمًى: گندم گوں ہونا۔ صفت اَظْمَى: مؤنث ظَمْيَاء ج ظُمْي. شَفَة ظَمْيَاءُ: پژمردہ گندمی ہونٹ۔ عَيْنٌ ظَمْيَاءُ: باریک پلکوں والی آنکھ۔ لِثَة ظَمْيَاءُ: کم خون والے مسوڑھے۔ سَاق ظَمْيَاء: کم گوشت والی پنڈلی۔

الظَمْيَاءُ: سیاہ اونٹنی۔
الـمَـظْـمِـيّ: وہ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔
ظَنَّ (ن) ظَنًّا: جاننا اور یقین کرنا اور اسی سے ہے "ظَنُّوْا اَنْ لَا مَلْجَأَ مِنَ اللّٰهِ اِلَّا اِلَيْهِ" یعنی یقین کیا کہ اللہ کے عذاب سے کوئی جائے پناہ نہیں مگر اسی کی طرف اور گمان کے معنی میں بھی مستعمل ہے جیسے "ظَنَنْتُ زَيْدًا صَاحِبَكَ".
ظَنَّهُ و اَظَنَّهُ و اِظَّنَّهُ و اطَّنَّهُ بِكَذَا: تہمت لگانا۔ اَظَنَّ الشَّيْءَ: وہم میں ڈالنا۔
اَظَنَّ فِيْهِ النَّاسَ: تہمت کے لئے پیش کرنا۔
تَظَنَّنَ و تَظَنَّى: گمان کرنا۔
الظَنُّ: گمان اور شک و یقین کے معنی میں بھی مستعمل ہے۔ ج ظُنُوْن جج اَظَانِيْن (خلاف قیاس)
الظِنَّة: تہمت۔ کہا جاتا ہے "فِيْهِ ظِنَّةٌ" اس میں تہمت ہے۔ تھوڑی چیز۔ ج ظِنَن و ظَنَائِن.
الظَنَانَة: تہمت۔
الظَنَّان و الظَنُوْن: بدگمان۔ رَجُلٌ ظَنُوْنٌ: کم حیلہ۔ کمزور۔ جس پر بھروسہ نہ کیا جائے۔ بِئْرٌ ظَنُوْنٌ: کنواں جس کے متعلق معلوم نہ ہو کہ پانی ہے یا نہیں۔ دَيْنٌ ظَنُوْنٌ: قرض جس کے متعلق یہ معلوم نہ ہو کہ وصول ہوگا یا نہیں۔
رَجُلٌ ظَنُوْنٌ: جس کی خبروں پر بھروسہ نہ کیا جائے۔
الظَنِيْن: متہم۔ بدگمانی کی وجہ سے جس سے دشمنی کی جائے۔ بے برکت۔ ج اَظِنَّاء.
الاَظَنُّ: خیال رکھے جانے کے لائق۔
نَفْسٌ ظَنَّاء: نفس متہم۔
مَظِنَّةُ الشَّيْءِ: جگہ جہاں چیز کے موجود ہونے کا گمان ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَظِنَّةُ الخَيْرِ وفِي المَسْاَلَةِ مَظِنَّةُ اِعْتِرَاضٍ" ج مَظَانّ.
الظُنْبُوْب: قدم کی جانب پنڈلی کی ہڈی کا کنارہ ج ظَنَابِيْب: کہا جاتا ہے "قَرَعَ ظَنَابِيْبَ الاَمْرِ" یعنی آسان کر دیا۔ "قَرَعَ لِهٰذَا الاَمْرِ ظُنْبُوْبَهُ و سَاقَهُ" یعنی کوشش کی اور کوتاہی نہیں کی۔

ظَهَرَ (ف) ظُهُوْرًا: ظاہر ہونا۔ باہر آنا۔
ظَهَرَهُ ظَهْرًا: پیٹھ پر مارنا۔ ظَهَرَ بِعِلْمِهِ: فخر کرنا ...... الشَّيْءَ وبِهِ: پیٹھ پیچھے ڈال دینا ...... الثَّوْبَ: ابرہ بنانا (...... ظَهْرًا و ظُهُوْرًا) البَيْتَ: مکان پر چڑھنا ...... عَلَيْهِ: اعانت کرنا ...... بِفُلانٍ وعَلَيْهِ: غالب ہونا ...... عَلَى السِّرِّ: بھید پر مطلع ہونا ...... فُلانٌ بِحَاجَتِيْ: حاجت کو ہلکا سمجھنا اور پیٹھ پیچھے ڈالنا۔
ظَهَرَ (ن) ظَهَارَةً: مضبوط پیٹھ والا ہونا۔
ظَهِرَ (س) ظَهَرًا: پیٹھ میں شکایت ہونا۔ صفت ظَهِرٌ.
اَظْهَرَ الشَّيْءَ: ظاہر کرنا۔ پیٹھ پیچھے ڈالنا ...... الكِتَابَ: از بر پڑھنا۔ اَظْهَرَهُ عَلَى عَدُوِّهِ: دشمن پر غالب کرانا ...... ہ عَلَى السِّرِّ: بھید پر مطلع کرنا ...... بِهِ: مرتبہ بڑھانا (...... وظَهَّرَ) دوپہر میں چلنا۔ دوپہر میں داخل ہونا۔
ظَهَّرَ واَظْهَرَ حَاجَتِيْ: ضرورت کو پیٹھ پیچھے ڈال دینا۔ غافل ہونا۔
ظَاهَرَهُ مُظَاهَرَةً وظِهَارًا: مدد کرنا۔ ظَاهَرَ بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ: اوپر نیچے کپڑے پہننا۔ تَظَاهَرَ: ظاہر ہونا ...... بِالشَّيْءِ: ظاہر کرنا ...... القَوْمُ: ایک دوسرے سے دور ہونا۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِسْتَظْهَرَ: احتیاط کرنا ...... الشَّيْءَ: بچانے کے لئے پیٹھ پیچھے کرنا ...... بِهِ: مدد طلب کرنا ...... لَهُ: تیاری کرنا ...... عَلَيْهِ: چڑھنا غالب ہونا ...... الدَّرْسَ: سبق کو زبانی پڑھنا۔
الظَهْر: پیٹھ۔ پیٹ کا مقابل ج اَظْهُر و ظُهُوْر و ظُهْرَان. الظَهْر: باربرداری کا اونٹ۔ مال کثیر۔ تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔ خشکی کا راستہ۔ کہا جاتا ہے "سَارُوْا فِيْ طَرِيْقِ الظَهْرِ" یعنی خشکی کے راستہ میں چلے۔ سخت زمین۔ قَلْبٌ ظَهْرٌ: پرانی ہڈی کہا جاتا ہے "قَرَاَهُ عَلَى ظَهْرِ قَلْبِهِ او علی

ظَهْرِ لِسَانِهٖ" یعنی حفظ بغیر کتاب کے از بر
پڑھا"واَعْطاهُ عَنْ ظَهْرِ يَدٍ" یعنی بغیر بدلے
کے دیا۔"وهُوَ نَازِلٌ بَيْنَ ظَهْرَيْهِمْ
وظَهْرانَيْهِمْ وبَيْنَ اظهرهم" وہ ان کے
درمیان نازل ہوا۔"وأيته بين ظهرانَي
اللَّيْل" یعنی میں نے اس کو عشاء اور فجر کے
درمیان دیکھا۔"قَلَّبَ لَهُ ظَهْرَ الْمِجَنِّ"
یعنی وہ اس کے لئے بدل گیا اور دشمنی کی
"قَلَّبَ الْاَمْرَ ظَهْرًا الْبَطْنِ" اس نے معاملہ
میں خوب غور کیا۔"قَتَلَهُ ظَهْرًا" اس نے
اچانک مار ڈالا۔"هُوَ يَاكُلُ عَلٰى
ظَهْرِ يَدَيْ" یعنی میں اس پر خرچ کرتا ہوں۔
"لَا تَجْعَلْ حَاجَتِي بِظَهْرٍ" یعنی میری
حاجت کو مت بھولو اور پیٹھ پیچھے مت ڈالو۔
الظِّهْرِيّ: اُونٹ برائے ضرورت۔ پیٹھ پیچھے
ڈالا ہوا۔ بھولا ہوا۔ ج ظَهَارِيّ.
الظُّهْر: دن کے آدھے ہونے کا وقت ج
اَظْهَار.
الظَّاهِرِيَّةُ: ان لوگوں کا مسلک جن کے
نزدیک علم شریعت ظاہری نصوص ہی کے
ساتھ حاصل ہوتے ہیں۔ فرقہ ظاہریہ کے
نام سے موسوم ہیں۔ محسوس واقعات۔
الظِّهْرَة: مدد۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ حَاجَتِي
ظِهْرَةً" میری حاجت کو پس پشت ڈال دیا
اور بھول گیا۔
اَلْمُظْهَرُ: اسم ظاہر جو کہ ضمیر کا الٹ ہوتا ہے۔
الظِّهْرَة والظُّهْرَة: مددگار۔ الظُّهْرَة: پھوا۔
الظَّهَرَة: گھر کا سامان کہا جاتا ہے......
"جَاءَنَا بِظَهَرَتِهِ وبِظُهْرَتِهِ وبِظَهْرَتِهِ"
ہمارے پاس مع اپنی قوم کے آیا۔
الظَّهِيْر: مددگار۔ مضبوط پیٹھ والا۔ بیمار پیٹھ
والا۔
الظَّهِيْرَة: مؤنث ظَهِيْر: دن کے آدھے
ہونے کی حد۔ ج ظَهَائِر.
الظُّهَار: تیر کے پر کا چھوٹا پہلو۔
الظِّهَارَة: کپڑے کا ابرا۔
الظَّاهِر: فا۔ باطن کا ضد۔ ظَاهِرُ الْبَلَدِ:
بیرون شہر۔ کہا جاتا ہے "قَرَأَهُ ظَاهِرًا" یعنی
حفظ بغیر کتاب کے پڑھا۔
الظَّاهِرَة: مؤنث ظاہر...... مِنَ الْعُيُوْنِ:
اُبھری ہوئی آنکھ ج ظَاهِرَات وظَوَاهِر.
ظَاهِرَةُ الرَّجُلِ: کنبہ۔ قبیلہ۔ ظَاهِرَةُ الْجَبَلِ:
پہاڑ کی چوٹی الظَّوَاهِر: بلند زمینیں۔
الْمَظْهَر: جائے ظہور۔
الْمُظْهِر: فا۔ سواری والا۔
الْمُظَهَّر: قوی پیٹھ والا۔
الظَّوْءَة: بے وقوف۔
ظَافَهُ و يَظُوفُهُ ويَظَافُهُ ظَوْفًا: دھتکارنا۔ دفع کرنا۔
ظُوْف. الرَّقَبَةِ وظَافُهَا: گردن کی کھال۔ کہا
جاتا ہے "تَرَكْتُهُ بِظُوْفِ رَقَبَتِهِ اَوْ بِظَافِهَا"
یعنی میں نے اُس کو تنہا چھوڑ دیا۔
اَظْوَى: بے وقوف۔
الظِّيَة: مردار جب سڑنا شروع ہو۔
الظَّيَّ والظَّيَان: شہد۔ الظَّيَان: جنگلی
چنبیلی۔ ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں
سے کھال کو دباغت دی جاتی ہے۔
الْمَظْيَاة والْمَظْوَاة مِنَ الْاَرَاضِي: جنگلی
چنبیلی والی زمین۔
ظَيَّأَ تَظْيِئًا: غمگین کرنا۔
الظَّيْأَة: بے وقوف۔

ع

ع : اَلْعَیْن : اٹھارواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ حروف حلق میں سے ایک یعنی اس کا مخرج حلق ہے۔

عَبَّ : (ن) عَبًّا: تغیر کے بعد چہرے کا خوبصورت ہونا...... الْمَاءَ: جانوروں کی طرح منہ لگا کا پانی پینا۔ عَبَّتِ الدَّلْوُ: ڈول کا بھرتے وقت گڑگڑانا (...... عُبَابًا) الْبَحْرُ: موج کا زیادہ ہونا اور بلند ہونا۔

تَعَبَّبَ النَّبِیْذَ: ڈگڈگا کے پینا۔

الاَعَبّ: فقیر۔ سخت ناک والا۔

الْعَبُّ: مص۔ اولے۔ عَبُّ الشَّمْسِ: آفتاب کی روشنی۔

الْعُبّ: آستین کا سرا۔ ج عُبَاب.

الْعُبَب: اُچھلنے والا پانی۔

الْعَبَاب: منہ لگا کر پانی پینا۔

الْعُبَاب: سیلاب کا چڑھاؤ۔ عُبَابُ الْبَحْرِ: موج۔ کہا جاتا ہے "جَاؤُ بِعُبَابِهِم" سب آئے۔ الْعُبِّيَّة والْعِبِّيَّة: نخوت۔ فخر۔ تکبر۔ غرور۔

الْيَعْبُوب: تیز بہنے والا دریا۔ تیز رفتار لمبا گھوڑا۔ بادل ج يَعَابِيب.

عَبَأَ: (ف) عَبْأً وعَبَأً تَعْبِئَةً وتَعْبِيْئًا الْمَتَاعَ: سامان کرنا...... الْجَيْشَ لِلْحَرْبِ: لشکر مرتب کرنا۔ عَبَأَ اِلٰى فُلَانٍ ولَهٗ: قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَعْبَأُ بِهٖ" مجھے اس کی پرواہ نہیں۔

اِعْتَبَأَ مَا عِنْدَهٗ: سب کچھ لے لینا۔

الْعِبْءُ: بوجھ۔ بوری۔ گٹھری۔ ج اَعْبَاء (...... والْعَبّ): مثل نظیر۔ ج اَعْبَاء.

الْعَبَاء: چغہ۔ ج اَعْبِئَة.

الْعَبَاءَة: چغہ۔

الْمَعْبَأ: راستہ۔

الْمِعْبَأ: حیض والی عورت کا چیتھڑا۔

عَبَتَ: (ن) عَبْتًا يَدَهٗ: ہاتھ موڑنا۔

عَبَثَ: (ن) عَبْثًا الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔

عَبِثَ: (س) عَبَثًا: کھیل کود کرنا۔ مذاق کرنا ...... بِالدِّيْنِ: حقارت کرنا۔ صفت عَابِث وعَبِث.

عَبِيْثَة النَّاسِ: مختلف قسم کے لوگ۔

الْعَبَث: بے فائدہ۔ لغو۔ بے نتیجہ۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ ذٰلِكَ عَبَثًا" اس نے یہ کام لغو کیا۔

الْعَبِيْث: ایک قسم کا پھول۔

الْعَبَوْثُرَان والْعَبَيْثُرَان: ایک قسم کا خوشبودار پودہ۔ ثاء کے فتحہ سے بھی ہیں۔

عَبَدَ (ن) عِبَادَةً وعُبُوْدَةً وعُبُوْدِيَّةً ومَعْبَدًا ومَعْبَدَةً. اللّٰهَ: ایک جاننا۔ خدمت کرنا۔ ذلیل ہونا۔ خضوع کرنا۔ پرستش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَبَدَكَ عَنِّي" یعنی کس چیز نے تم کو مجھ سے روکا۔

عَبُدَ (ک) عُبُوْدَةً وعُبُوْدِيَّةً: باپ دادا سے غلام رہنا۔

عَبِدَ: (س) عَبَدًا وعَبَدَةً عَلٰى فُلَانٍ: غضبناک ہونا...... مِنْهُ: ناک چڑھانا۔ مَا قَالَهٗ: انکار کرنا...... عَلٰى نَفْسِهٖ: ملامت کرنا...... الرَّجُلُ: نادم و پشیمان ہونا...... هٗ: لازم ہونا۔ جدا ہونا...... عَلَى الشَّيْءِ: حریص ہونا۔ صفت عَابِد وعَبِد.

عَبَّدَهٗ: فرماں بردار بنانا۔ غلام بنانا۔ عَبَّدَ الطَّرِيْقَ: راستہ کو چلتا ہوا بنانا۔ پامال کرنا۔ الرَّجُلُ: جلدی کرنا۔ بھاگنا...... الْبَعِيْرَ: قطران ملنا (دیکھئے الْقَطِرَان) کہا جاتا ہے "عَبَّدَ يَعْدُو" یعنی کچھ تیز دوڑا۔ "مَا عَبَّدَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں دیر نہیں کی۔

اَعْبَدَهُ الْغُلَامَ: غلام کا مالک بنانا۔ اَعْبَدَ الْغُلَامَ: غلام بنانا...... الْقَوْمُ: جمع ہونا۔

تَعَبَّدَ: عبادت کے لئے علیحدہ ہونا...... هٗ: اطاعت کے لئے بلانا۔ غلام بنانا۔ غلام جیسا برتاؤ کرنا۔

تَعَبَّدَ الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔

اِسْتَعْبَدَهٗ واِعْتَبَدَهٗ: غلام بنانا۔

الْعَبْد: آدمی۔ غلام۔ ج عَبِيْد وعِبَاد وعَبَدَة وعَبْدُوْن واَعْبُد وعُبْدَان وعِبْدَان وعِبِدَّان واَعَابِد ومَعْبَدَة وعِبِدَّاء وعِبِدّى وعُبُد وعُبُد ومَعْبُوْدَاء ججَ اَعَابِد ومَعَابِد واَعْبِدَة عَبْدَقِنّ وعَبْدُقِنٍّ: خاندانی غلام۔

الْعَبْدِيَّة والْعُبُوْدَة والْعُبُوْدِيَّة والْعُبْدِيَّة: فرمانبرداری۔ غلامی۔ خَرَاهِمُ عَبْدِيَّة: پرانے دراہم۔

الْعِبَاد: عبد کی جمع۔ حیرہ کے چند نصرانی عربی قبائل۔ نسبت کے لئے عِبَادِي.

الْعَبَادِيْد والْعَبَابِيْد: لوگوں کے فرقے۔ گھوڑوں کے گلے۔ دور کے راستے۔ (ان

کا واحد نہیں)
العَابِد: فا۔ خادم۔ ج عَبَدَة. عُبَّاد. عَابِدُوْن: مؤنث عَابِدَة ج عَابِدَات وعَوَابِد.
العَبَدَة: قوت۔ بقاء۔ موٹاپا۔ زندگانی۔ خوشبو پینے کا پتھر۔ خودداری۔
المَعْبَد: عبادت گاہ۔ ج مَعَابِد.
المُتَعَبَّد: عبادت گاہ۔
المِعْبَد: کسی۔ پھاوڑا۔ ج مَعَابِد.
المُعَبَّد: مفع۔ روندا ہوا راستہ۔ مکرم معظم۔ میخ۔ کھونٹی۔ قطران ملا ہوا اُونٹ بَعِيْرٌ مُعَبَّدٌ: اُونٹ جس کی سواری چھوڑ دی گئی ہو۔ مؤنث مُعَبَّدَة. المُعَبَّدَة: قار ملی ہوئی کشتی۔
عَبَرَ: (ن) عَبْرًا: غمگین ہونا اور آنسو بہانا ...... العَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا ...... الكِتَابَ: چپکے چپکے غور کرنا ...... الدَّرَاهِمَ: کمیت و کیفیت دراہم کو دیکھنا (...... عَبْرًا وعُبُوْرًا) السَّبِيْلَ: طے کرنا۔ مرنا۔ گزرنا ...... النَّهْرَ والوَادِي: پار کرنا عَبَرَ بِهِ المَاءَ: گزر جانا (...... عَبْرًا وعِبَارَةً) الرُّؤْيَا: خواب کی تعبیر بیان کرنا۔
عَبِرَ: (س) عَبَرًا: آنسو بہانا۔ صفت مذکر و مؤنث عَابِر: عبرت حاصل کرنا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا مِمَّنْ يَعْبُرُ الدُّنْيَا وَلَا يَعْبُرُهَا" اے اللہ! ہم کو ان لوگوں میں سے بنا جو دنیا سے عبرت حاصل کرتے ہیں اور بغیر تیری رضا مندی حاصل کئے جلدی مرتے نہیں۔
عَبَّرَ. الرُّؤْيَا: خواب کی تعبیر بیان کرنا ...... عَمَّا فِيْ نَفْسِهِ: دل کی بات ظاہر کرنا ...... عَنْ كَذَا: بولنا ...... عَبَّرَهُ بِالمَاءِ: پار کرانا ...... الدَّرَاهِمَ: دراہم کی کمیت و کیفیت دیکھنا ...... بِهِ: ہلاک کرنا ...... بِهِ الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
اِعْتَبَرَ الشَّيْءَ: آزمانا۔ غور کرنا ...... مِنْهُ: تعجب کرنا ...... بِهِ: نصیحت حاصل کرنا۔ الرَّجُلَ: اعتبار کرنا۔

اِسْتَعْبَرَ: آنسو بہانا۔ غمگین ہونا ...... الدَّرَاهِمَ: کمیت و کیفیت معلوم کرنا۔ اِسْتَعْبَرَهُ الرُّؤْيَا أو الدَّرَاهِمَ: تعبیر بیان کرانا۔ دراہم کی کیفیت و کمیت پوچھنا ...... العَيْنُ: آنکھ کا ڈبڈبا آنا۔
العَابِر: فا۔ گزرنے والا۔ کسی چیز میں غور کرنے والا۔ ج عَابِرُوْن وعُبَّار وعَبَرَة: مؤنث عَابِرَةٌ: کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَابِرَ سَبِيْلٍ" بغیر ٹھہرے ہوئے گزرتے ہوئے داخل ہوا۔
العَبَّار: مبالغہ عَابِر: خواب کی تعبیر بتانے والا۔ جَمَلٌ عَبَّارٌ: چلنے میں قوی اُونٹ۔
العَبْر والعِبْر. مِنَ الوَادِي: کونہ۔ کنارہ۔ مجلس۔ عَبْر وعِبْر: بہت آدمیوں والی مجلس۔
بَنَاتُ عِبْرٍ: جھوٹ۔ باطل۔ اَبُوْبَنَاتِ عِبْرٍ: جھوٹا۔
العُبْر: ہر چیز کی کثرت۔ انسان کی ہی کثرت پر استعمال ہوتا ہے۔ تیز چلنے والا بادل۔ عورت جس کا بچہ کھو گیا ہو۔ عقاب (والعَبَر): آنکھ کی گرمی جو آنسو بہاتی ہے۔
العَبْرَ والعِبْر والعُبْر: قوی۔ مضبوط (مذکر مؤنث واحد جمع) کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِبْرٌ لِكُلِّ عَمَلٍ" یعنی ہر عمل کے لائق ہے "جِمَالٌ عُبْرُ اَسْفَارٍ" چلنے میں قوی اُونٹ۔
العَبْرَة: عبر کا اسم مرۃ۔ آنسو ج عِبَر وعَبَرَات: غم۔
العِبْرَة: نصیحت۔ کہا جاتا ہے "لَكَ بِفُلَانٍ عِبْرَةٌ" احوال و کیفیات میں غور و فکر تعجب۔ اصل جو نظائر کا مرجع ہو۔
اَلعِبَارَةُ الجَبْرِيَّة: اعداد اور حروف کا مجموعہ جن کے ساتھ الجبرا کیا جا سکے۔
العِبَارَة: اسم ہے عَبَّرَ: کا۔ معنی پر دلالت کرنے والے الفاظ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ العِبَارَةِ" فلاں اچھا بیان کرنے والا ہے۔ "هٰذَا عِبَارَةٌ عَنْ كَذَا" یہ اس کے ہم معنی ہے۔

اَلعَابُوْر: وہ پرندوں کی جماعت جو کسی ایک علاقہ میں ٹھکانہ نہ بنائیں جیسے ترغل: درواراورفری۔ (سریانی لفظ)
العَبِر: مؤنث عَبِرَة. العَبْرَان: مؤنث عَبْرَى ج عَبَارَى: آنسو بہانے والا۔ غمگین۔
العِبْرِيّ والعِبْرَانِيّ: یہودی۔ یہودیوں کی زبان۔
العِبْرَانِيَّة: یہودیوں کی زبان۔ یہودیت۔
العَبِيْر: ایک مرکب خوشبو کا نام۔ سَهْمٌ عَبِيْرٌ: بہت پروں والا تیر۔ قَوْمٌ عَبِيْرٌ: بہت لوگ۔
المَعْبَر: گزرگاہ گھاٹ۔
المِعْبَر والمِعْبَرَة: دریا عبور کرنے کا ذریعہ۔
المُعْبَر: بہت بالوں یا پروں والا۔ غُلَامٌ مُعْبَرٌ: لڑکا جس کو احتلام ہونے لگے اور ابھی تک ختنہ نہ ہوا ہو۔
اَلعَتْرَبُ: سماق نامی درخت جس کا پھل کھٹا ہوتا ہے۔
العَبُوْر: بکری کا بچہ۔ ج عَبَائِر: غیر مختون ج عُبْر. العَوْبَر: چیتے کا بچہ۔ تیندوے کا بچہ۔
عَبَسَ: (ض) عَبْسًا وعُبُوْسًا: ترش روئی کرنا۔ تیوری چڑھانا۔ چیں بجبیں ہونا (وعَبَّسَ) الوَجْهُ: ترش رو۔ عَبَّسَ وَجْهَهُ: ترش روئی کرنا۔
عَبِسَ: (س) عَبَسًا البَعِيْرُ: اُونٹ کی دُم کی مینگنی کا خشک ہونا ...... الوَسَخُ فِيْ يَدِهِ وعَلَيْهَا: میل خشک ہونا۔
اَعْبَسَ الرَّجُلُ: میلا ہونا ...... الاِبِلُ: دُم پر خشک مینگنی والا ہونا ...... الثَّوْبُ: میل خشک ہونا۔
تَعَبَّسَ: ترش رو ہونا۔
العَبَس: مص۔ اُونٹ کی دُم پر خشک مینگنی۔
العَبُوْس والعَبَّاس: بہت ترش رو۔ شیر۔ يَوْمٌ عَبُوْسٌ: سخت دن۔
عَبَشَ: (ن) عَبْشًا. الشَّيْءَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔
العَبْش: درست۔ صلاح ...... والعَبْش

والعُبْشَة): غباوت۔ کند ذہنی۔

العَبْشَة والعَبَشَة: غفلت۔

عَبَط: (ض) عَبْطًا. الذَّبِيْحَةَ: موٹے تازے کو ذبح کرنا ...... الضَرْعَ: تھن کو خون آلود کر دینا ...... التُرَابَ: مٹی اُڑانا ...... الرَجُلَ: غیبت کرنا ...... الدَوَاهِي فُلانًا: بلا کسی سبب کے مصیبت پہنچنا ...... الكِذْبَ: بلا کسی عذر کے جھوٹ گھڑنا ...... عِرْضَه: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ عَبَطَتِ الرِيْحُ وَجْهَ الاَرْضِ: سطح زمین کا صاف کر دینا ...... الشَّيْئُ: پھٹ جانا۔

اَعْبَطَهُ المَوْتُ: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا۔

اِعْتَبَطَ. الذَبِيْحَةَ: موٹا تازہ ذبح کرنا ...... هُ المَوْتُ: صحت و جوانی میں موت واقع ہونا ...... الرَجُلَ: ظلماً قتل کرنا ...... العِرْضَ: گالی دینا۔ بے آبرو کرنا ...... الرَجُلُ: بخار آنا۔ زخمی کیا جانا۔

العَبْط: سفید جھوٹ۔ خالص افترا۔ کہا جاتا ہے مَاتَ عَبْطَةً: یعنی صحیح تندرست جوان مر گیا۔

العَبِيْط: تندرست موٹا تازہ ذبح کیا ہوا جانور۔ ج عُبُط وعِبَاط. اَدِيْمٌ عَبِيْطٌ: پھٹا ہوا چمڑا۔ دَمٌ عَبِيْطٌ: تازہ خون۔

الاِعْتِبَاط: مصدر اِعْتَبَطَ. الحَذْفُ الاِعْتِبَاطِي عِنْدَ النُحَاةِ: وہ حذف جو بغیر کسی علت کے ہو۔

العَوْبَط: مصیبت۔ سمندر کا وہ حصہ جہاں پانی زیادہ ہو۔ ج عَوَابِط.

عَبْعَبَ. الجَيْشُ: لشکر کا شکست کھانا۔

تَعَبْعَبَ. الشَّيْئُ: پورے کو ہلاک و برباد کر دینا۔

العَبْعَب: کشادہ کپڑا۔ اُونٹ کے بالوں کا نرم کمبل (...... والعَبْعَاب): بلند قد والا۔ کشادہ حلق والا۔ کامل الخلقت۔

عَبِقَ: (س) عَبَقًا وعَبَاقَةً وعَبَاقِيَةً الطِيْبُ بِهٖ: خوشبو لگانا ...... المَكَانُ بالطِيْبِ: [illegible]

خوشبو سے بھڑک اُٹھنا ...... فُلانٌ بِالشَّيْئِ: حریص ہونا ...... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔

عَبَّقَ رَائِحَةَ الطِيْبِ: خوشبو پھیلانا۔

العَبَقَة: گھی وغیرہ کا بقیہ۔

العَبِق: خوشبودار۔ وہ چیز جس سے خوشبو بھڑکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَبِقٌ لَبِقٌ" یعنی ظریف مرد۔

العَبَاقِيَة: مص۔ مکار۔ مصیبت۔ چہرے پر زخم کا نشان۔ شاطر چور۔

عَبْقَر عَبْقَرَةُ السَرَابُ: سراب کا چمکنا۔

عَبْقَر: نام ایک مقام کا جس کے متعلق عرب کا گمان تھا کہ وہاں جنات بہت ہیں۔

العَبْقَرِيّ: عبقر کی طرف منسوب۔ سردار۔ ہر چیز سے فائق۔ تعجب انگیز چیز۔ مؤنث عَبْقَرِيَّةٌ (...... والعَبَاقِرِيّ): ایک قسم کا نفیس فرش۔

عَبَكَ: (ن) عَبْكًا. الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ: ملانا۔

العَبَكَة: ٹکڑا۔ مشک کی میل۔ رسی کی گانٹھ کہتے ہیں "يَبْلَى الحَبْلُ وتَبْقَى العَبَكَةُ" یعنی رسی جل جائے اور بل نہ جائے۔

عَبَلَ: (ض) عَبْلاً. الشَجَرَةَ: درخت سے پتے گرانا ...... الحَبْلَ: رسی بٹنا ...... الشَّيْئَ: کاٹنا۔ رد کرنا۔ روکنا ...... بِهٖ: لے جانا ...... الشَجَرُ: پتے نکلنا۔

عَبِلَ: (س) عَبَلاً وعَبُلَ: (ک) عُبُوْلاً وعَبَالَةً: موٹا ہونا۔ صفت عَبْلٌ وعَبِلٌ ج عِبَالٌ وعُبَّال ج عُبُل: مؤنث عَبْلَةٌ ج عَبْلات وعِبَال.

اَعْبَلَ: موٹا ہونا۔ سفید ہونا ...... الشَجَرُ: درخت کا لپٹی ہوئی پتیوں والا ہونا۔

العَبَل: لپٹی ہوئی پتیاں۔ گرے ہوئے پتے۔ ج اَعْبَال.

العَبِيْل: موٹا۔ مؤنث عَبِيْلَةٌ.

الاَعْبَل: سخت قسم کا پتھر جو سفید، سرخ اور کالا ہوتا ہے ج اَعْبِلَة.

العَبَال: جنگلی گلاب [illegible]

العَبْلاءُ: چٹان۔ بقول بعض سفید چٹان۔ ج عِبَال.

المِعْبَلَة: تیر کا لمبا چوڑا پھل ج مَعَابِل.

العَبُوْل: موت۔

عَبُمَ: (ک) عَبَامَةً وعَبَامًا: بے وقوف ہونا۔

مَاءٌ عُبَامٌ: بہت پانی۔

العَبَام: سست تھکا ہوا۔ موٹا۔ بے وقوف۔ بے عقل۔ بے ادب۔ بزدل۔ ج عُبُم.

العَبَامَاءُ: بے وقوف۔

عَبَنَ: (ن) عَبْنًا: موٹا اور کھردرا ہونا۔ صفت عَفْبَنٌ وعَبَنّی: مؤنث عَبَنَّاةٌ ج عَبَنَّيَات.

العَبْهَر: نرگس۔ چنبیلی (...... والعَبَاهِر): بھرے ہوئے جسم والا۔ لمبا۔

عَبْهَلَةٌ: عتاب کرنا۔ عَبْهَلَ الاِبِلَ: اُونٹ کو آزاد چھوڑ دینا۔

العَبَاهِل. مِنَ الاِبِلِ: آزاد چھوٹے ہوئے اُونٹ۔

العَبَاهِلَة: یمن کے بادشاہ جو اسلامی حکومت کے زمانے میں اپنی سلطنت پر چھوڑ دیئے گئے تھے۔ واحد عَبْهَل.

عَبَا يَعْبُوْ عَبْوًا: چہرے کا چمک اٹھنا ...... المَتَاعَ: تیار کرنا۔

جَارِيَةٌ عَابِيَةٌ: خوبصورت لڑکی۔

عَبَّى تَعْبِيَةً. الجَيْشَ: لشکر کو ترتیب دینا۔

تَعَبَّى: تیار ہونا۔

العَبِي: حصہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا عَبِيُّكَ مِنَ الجَزُوْرِ" ذبح کیے ہوئے (اُونٹ یا بکری) سے یہ تمہارا حصہ ہے۔

رَجُلٌ عَبَاءٌ وعَبًا: بھاری جسم والا اکھڑ۔

العَبَايَة: چغہ۔ ج عَبَايَات وعَبِي.

عَتَّه: (ن) عَتًّا بِالمَسْأَلَةِ: سوال کرنے میں اصرار کرنا ...... ه بِالكَلامِ: جھڑکی دینا۔

عَاتَّهٗ: جھگڑا کرنا۔ بار بار کلام کو لوٹانا۔

تَعَتَّتَ فِيْ كَلَامِهٖ: بار بار کلام کو دہرانا۔

العَتَت: کلام وغیرہ میں سختی۔

عَتَبَ (ن ض) عَتْبًا وعُتْبَانًا ومَعْتَبًا ومَعْتَبَةً ومَعْتِبَةً. عَلَيْهِ: کسی فعل پر سرزنش کرنا۔ خفگی ظاہر کرنا۔
(...... عَتْبًا وعِتَابًا وعِتِّيبَى) فُلانًا: ملامت کرنا (...... عَتَبًا وعُتْبَانًا وتَعْتَابًا): ایک پاؤں پر کودنا (...... اَلْبَعِيرُ): تین ٹانگوں پر چلنا (...... عُتْبَانًا) البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا ......مِنْ مَكَانٍ إلَى مَكَانٍ ومِنْ قَوْلٍ إلَى قَوْلٍ: ایک جگہ سے دوسری جگہ یا ایک بات سے دوسری بات کی طرف منتقل ہونا۔
عَتَّبَ. الرَّجُلُ: دیر کرنا...... البَابَ: دروازے کی دلہیز بنانا۔ عَاتَبَهُ عِتَابًا ومُعَاتَبَةً عَلَى كَذَا: ملامت کرنا۔ غصہ کرنا۔ ناز سے خطاب کرنا۔
أَعْتَبَهُ: سبب ناراضی وملامت کو دور کرنا۔ رضامند کرنا۔ أَعْتَبَ عَنْهُ: پھر جانا۔
تَعَتَّبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لا يَتَعَتَّبُ بِشَيْءٍ ولا يُتَعَتَّبُ عَلَيْهِ فِي شَيْءٍ" یعنی اس پر عیب نہیں لگایا جاتا۔ تَعَتَّبَ بَابَ فُلانٍ: کسی کی چوکھٹ کو پھلانگنا۔ کسی کی چوکھٹ پر پڑا رہنا۔
تَعَاتَبَ الرَّجُلانِ: ایک دوسرے پر ناراضی کا اظہار کرنا۔ ناز سے ایک دوسرے سے گفتگو کرنا۔
إِعْتَتَبَ: میانہ روی اختیار کرنا۔ الطَّرِيقَ: آسان راستہ چھوڑ کر دشوار اختیار کرنا...... مِنْهُ وعَنْهُ: پھر جانا۔
إِسْتَعْتَبَهُ: رضامند کرنا۔ رضامندی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "إِسْتَعْتَبْتُهُ فَأَعْتَبَنِي" اس سے میں نے رضامندی طلب کی اس نے مجھے رضامند کر دیا اور اسی سے ہے "مَا بَعْدَ المَوْتِ مُسْتَعْتَبٌ" یعنی موت کے بعد طلب رضامندی کا موقع نہیں۔
العَتَبُ: لنگڑاہٹ۔ کہا جاتا ہے "بِرِجْلِهِ عَتَبٌ" اس کے پیر میں لنگڑاہٹ ہے۔
العَتْبُ: بہت عتاب کرنے والا۔

العَتَبُ: انگشت شہادت اور بیچ والی انگلی یا بیچ والی اور چھنگلیا کے پاس والی انگلی کا درمیان۔ فساد۔
العَتَبُ والعَتَبَةُ: مکروہ امر۔ شدت۔ سخت زمین۔
العَتَبَةُ: چوکھٹ۔ سیڑھی کا زینہ۔ ج عَتَبٌ وعَتَبَاتٌ. عَتَبَاتُ المَوْتِ: موت کی سختیاں۔
العُتْبَةُ: وادی کا موڑ۔
العُتْبَى: رضامندی۔
الأُعْتُوبَةُ: باعث عتاب۔ ج أَعَاتِيبُ۔
العَتُوبُ: جس پر عتاب کا اثر نہ ہو۔ راستہ۔
المَعْتَبَةُ والمَعْتِبَةُ: مص۔ عتاب۔ غضب۔
المَعْتُوبُ: مفع۔ جس پر عتاب کیا جائے۔
أُمُّ عِتْبَانَ أُمُّ عَتَّابٍ: بجو۔
عَتُدَ: (ک) عَتَادًا وعَتَادَةُ الشَّيْءُ: تیار ہونا آمادہ ہونا۔
عَتَّدَ واَعْتَدَ. الشَّيْءَ: تیار کرنا۔
تَعَتَّدَ فِي صَنْعَتِهِ: غور سے کرنا۔
العَتَادُ: سامان جو کسی مقصد کے لئے تیار کیا جائے۔ سامانِ جنگ۔ بڑا پیالہ۔ ج أَعْتُدٌ وعُتُدٌ وأَعْتِدَةٌ۔
العَتَدُ والعَتِدُ مِنَ الخَيْلِ: دوڑنے کے لئے تیار گھوڑا۔ مضبوط۔ تَامُّ الخِلْقَةِ: (مذکر ومؤنث)
العُتْدَةُ: سامان۔ کہا جاتا ہے "خُذْ لِلأَمْرِ عُتْدَتَهُ" کام کے لئے اس کا سامان لو۔ ج عُتَدٌ۔
العَتُودُ: ایک سالہ بکری کا بچہ ج أَعْتِدَةٌ وعِدَّانٌ۔
العَتِيدُ: تیار۔ آمادہ۔ بھاری بھرکم جسم کا۔
العَتِيدَةُ: مؤنث عَتِيدٌ: سنگھاردان۔
عَتَرَ (ض) عَتْرًا. الشَّيْءُ: مضبوط ہونا (...... عَتْرًا) العَتِيرَةَ: ذبح کرنا (تَعْتَارًا) (... عَتَرَانًا) الرُّمْحُ: حرکت کرنا۔
اَلعُشَرُ واحد عُشَرَۃ: ایک درخت کی قسم جس سے گوند کثرت سے پیدا ہوتی ہے۔

العَشَارِب والعَشَرَّب: شیر رَجُلٌ عَشَارِب: دلیر مرد۔

عَشَزَ (ض) عَشَزَانًا: کٹی ہوئی ٹانگ والے کی طرح چلنا...... عَلَى عَصَاهُ: لاٹھی پر ٹیک لگانا۔

العَشَوَّز: دشوار گزار راستہ یا زمین ج عَشَاوِز (...... والعَشَوْزَن) مضبوط۔ قوی۔ موٹا۔

عَشِقَہ (س) عِشْقًا وعَشَقًا ومَعْشَقًا: بہت محبت کرنا۔ محبت میں حد سے بڑھ جانا۔ صفت مذکر عَاشِق: ج عُشَّاق وعَاشِقُوْن: صفت مؤنث عَاشِقَۃ وعَاشِق ج عَوَاشِق

عَشِقَ بِالشَّیْءِ: چمٹنا۔

تَعَشَّقَ: بتکلف عاشق بننا...... ہ: بہت محبت کرنا۔

العِشْق: محبت کی زیادتی۔ پارسائی اور فسق دونوں طرح سے ہوتا ہے۔

العَشَقَۃ: عشق۔ پیچان۔ بیلو۔ ج عَشَق.

المَعْشُوق: عاشق۔ معشوق۔ المَعْشُوق والعَشُوْق: پھولوں کے پودوں کی دیکھ بھال کرنے والا ج عُشُق.

العَشَّاق والمِعْشِیْق: بہت زیادہ عشق والا۔

عَشِمَ (س) عَشَمًا وعُشُوْمًا وتَعَشَّمَ الشَّیْءُ: خشک ہونا۔

العَشَم: لالچ۔ خُبْزٌ عَشِمٌ: سوکھی یا خراب روٹی۔

العَشَمَۃ: لالچ۔ خشک روٹی۔ لاغری کی وجہ سے خشک۔ پیر فرتوت۔ (مذکر و مؤنث) کہا جاتا ہے "شَیْخٌ عَشَمَۃٌ وعَجُوْزٌ عَشَمَۃٌ".

خُبْزٌ عَشَمٌ: خشک یا خراب شدہ روٹی۔

والعَشَم اور العُشُوم: بوڑھا مرد۔ خشک درخت۔ عمر رسیدہ بوڑھا۔ مؤنث عَشَمَاء.

عَشَنَ (ن) عَشْنًا واعْتَشَنَ وعَشَّنَ واعْتَشَنَ: رائے لگانا۔ تخمینہ کرنا۔ اِعْتَشَنَ فُلَانًا: ناحق حملہ کر دینا۔

العُشَان والعُشَانَۃ: گری ہوئی ردی کھجوریں۔ العُشَانَۃ: کھجور کی شاخ کی جڑ۔

عَشَا یَعْشُوْ عَشْوًا: رتوندے والے کی طرح کام کرنا...... الإِبِلَ: اونٹوں کو رات میں چرانا۔

...... الرَّجُلَ: رات میں قصد کرنا...... ہ والیہ: قصد کرنا اور بخشش طلب کرنا...... عَنْہُ: اعراض کرنا اور دوسرے کی طرف مائل ہونا (...... عَشْوًا وعَشْیًا) الرَّجُلَ: رات کا کھانا کھلانا...... عَشْوًا وعُشُوًّا النَّارَ والی النار: رات کو آگ کی طرف راستہ پانے یا مہمانی کی امید میں جانا...... عَشْوًا

وعَشِیَ یَعْشَی عَشًا: نگاہ کمزور ہونا۔ رتوندی ہونا۔ صفت عَشٍ واَعْشَی. عَشِیَ

العَشَاء: رات کا کھانا کھانا۔ صفت عَشْیَان.

عَشِیَ عَلَیْہِ: ظلم کرنا۔ عَشِیَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا رات میں چرنا۔ صفت عَاشِیَۃ ج عَوَاشِی.

عَشَّی تَعْشِیَۃً. الرَّجُلَ: شام کا کھانا کھلانا...... الطَّیْرَ: آگ روشن کر کے اندھا کر شکار کرنا...... عَنِ الشَّیْءِ: نرمی برتنا۔ ملاطفت کرنا...... الإِبِلَ: اونٹ کو رات میں چرانا۔

اَعْشَی إِعْشَاءً الرَّجُلَ: دینا۔ رات کا کھانا کھانا...... اللّٰہُ الرَّجُلَ: رتوندی میں مبتلا کر دینا۔

تَعَشَّی: رات کا کھانا کھانا۔

تَعَاشَی: رتوندی والا ظاہر کرنا۔

عَشَّہٗ: جاہل بننا۔

اِعْتَشَی اِعْتِشَاءً: عشاء کے وقت چلنا...... النَّارَ: رات میں دیکھنا اور قصد کرنا۔

اِسْتَعْشَی اِسْتِعْشَاءً نَارًا: آگ کی روشنی میں راستہ پانا...... الرَّجُلَ: سمجھانا۔

العَشَاء: شام کا کھانا ج اَعْشِيَة۔

العَشَا والعَشَاوَة: نگاہ کی کمزوری۔ رتوندی۔

العَشِيّ: شام کا کھانا۔

العِشَاء والعَشِيّ: رات کی ابتدائی تاریکی اور بقول بعض مغرب سے عشاء تک کی تاریکی یا دن کا آخری حصہ۔

العِشَاءَان: مغرب اور عشاء۔ بعير عَشِيٌّ: رات کو دیر تک چرنے والا۔

العَشِيَّة: شام ج عَشِيٌّ وعَشَايَا وعَشِيَّات: اور نسبت کے لئے "عَشَوِيّ"۔

الغَشِيَّة: بادل۔

العَشْوَة: تاریکی۔ رات کے اول ربع کی تاریکی۔

العُشْوَة والعِشْوَة: آگ کا شعلہ جو رات کو دور سے دکھائی دے۔

العَشْوَة العِشْوَة والعُشْوَة: امر مشتبہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَوْطَأَه عَشْوَةً" یعنی اس نے اسے امر مشتبہ میں پھنسا دیا اور یہ اس وقت کہ جب کوئی ایسی خبر دے کہ جس کی وجہ سے حیرت و مصیبت میں پڑ جائے۔

العَشْوَاء: مؤنث الاَعْشٰی: اونٹنی جس کو سامنے نظر آئے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاء" یعنی وہ امور میں بغیر کسی بصیرت کے تصرف کرتا ہے۔ "هُوَ يَخْبِطُ مِنْ عَشْوَاء" و "اِنَّهُم لَفِي عَشْوَاء مِنْ اَمْرِهِم" یعنی حیرانی و سرگردانی میں ہیں۔ و "رَكِبَ العَشْوَاء" یعنی اپنے کام کو بغیر ہدایت کے اختیار کیا۔ العَشْوَاء: تاریکی کھجور۔ کھجور کا درخت۔

عَصَّ (س) عَصًّا وعَصِيصًا: سخت ہونا۔

عَصَّصَ عَلٰى غَرِيمِه: قرض دار سے اصرار کرنا۔

العُصّ: اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيمُ العُصّ"۔

العُصْعُص والعُصْعُوص: دم کی ہڈی۔

عَصَبَ (ض) عَصْبًا الشَّيْءَ: لپیٹنا۔ موڑنا۔ بٹنا۔ باندھنا ...... القُطْنَ: روئی کاتنا۔ الرِّيقُ بِالفَمِ: تھوک کا منہ پر خشک ہونا ...... النَّاقَةَ: دوہنے کے لئے اونٹنی کی رانیں باندھنا ...... الرَّجُلُ بَيْتَهُ: اقامت کرنا ...... الغُبَارُ رَأْسَهُ: سر پر غبار لگ جانا ...... القَوْمُ بِهِ: اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا ...... عَصْبًا وعُصُوبًا الاَسْنَانُ: دانتوں کا میلا ہونا ...... الاُفُقُ: کنارۂ آسمان کا سرخ ہونا ...... عَصْبًا وعِصَابًا الشَّيْءَ: قبضہ کرنا۔

عَصِبَ (س) عَصَبًا اللَّحْمُ: گوشت کا زیادہ پٹھے والا ہونا۔ صفت۔ عَصِبٌ ...... القَوْمُ بِهِ: اجتماع کرنا۔ احاطہ کرنا۔

عَصَّبَهُ: بھوکا رکھنا۔ ہلاک کرنا۔ پٹی باندھنا۔ عَصَّبَ فُلَانًا: سردار بنانا۔

اَعْصَبَ الاِبِلُ: اونٹوں کا تیز چلنا۔

تَعَصَّبَ: پٹی باندھنا۔ عصبیت سے کام لینا۔ سردار ہونا ...... لَهُ ومَعَهُ: مائل ہونا اور مدد کی کوشش کرنا ...... عَلَيْهِ: مقابلہ کرنا اور عصبیت دکھلانا ...... فِي دِينِهِ ومَذْهَبِهِ: دین و مذہب میں غیور ہونا اور سخت حفاظت کرنا ...... بِالشَّيْءِ: راضی ہونا۔

اِعْتَصَبَ القَوْمُ: گروہ بننا ...... المَلِكُ: بادشاہ کا تاج پہننا ...... التَّاجُ عَلٰى رَأْسِهِ: تاج کا سر پر فٹ ہونا ...... بِالشَّيْءِ: قناعت کرنا اور راضی ہونا۔

اِنْعَصَبَ الشَّيْءُ: سخت ہونا۔

اِعْصَوْصَبَ الشَّرُّ: سخت ہونا ...... القَوْمُ: مجتمع ہونا اور گروہ گروہ ہونا۔

العَصْب: عمامہ۔ پگڑی۔ ایک قسم کی چادر (...... والعَصَب) عشق پیچاں۔

العَصَب: پٹھ۔ پٹھا۔ قوم کے چیدہ لوگ۔ عشق پیچاں ج اَعْصَاب۔

العَصَبَة: عصب کا واحد۔ باپ کی جانب سے رشتہ دار۔ ج عَصَبَات۔

العِصْبَة: پٹی باندھنے کی ہیئت۔

العُصْبَة مِنَ الرِّجَالِ والخَيْلِ والطَّيْرِ: مردوں یا گھوڑوں یا پرندوں کی جماعت۔ ج عُصَب۔

العِصَاب: جس سے باندھا جائے۔

العِصَابَة: جماعت مردوں گھوڑوں پرندوں کی۔ پگڑی۔ عمامہ۔ پٹی۔ ج عَصَائِب۔

العَاصِب: رَجُلٌ عَاصِبٌ: وہ شخص جس کے منہ پر تھوک خشک ہو جائے۔

المَعْصِب: پیچ دار آنتوں کے بندھا ہوا اور بٹا ہوا ج مَعَاصِب واَعْصِبَة۔ يَوْمٌ عَصِيبٌ: سخت گرم۔

التَّعَصُّب: مص۔ دلیل ظاہر ہونے کے بعد بھی حق کو نہ قبول کرنا۔ ج تَعَصُّبَات۔

المُتَعَصِّب: قوم کی عصبیت کی بنا پر ظلم میں مدد کرنے والا۔

العَصَبِيَّة: دھڑا بندی۔

المُعَصَّب: مفع۔ سردار۔ تاج پہننے والا۔ فقیر۔ بھوکا۔

المَعْصُوب: مفع۔ باریک تلوار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَعْصُوبُ الخَلْقِ" یعنی مضبوط بناوٹ کا پرگوشت۔

العَصَبْصَب: سخت گرم دن یا مطلقاً سخت۔

عَصَدَ (ض) عَصْدًا واَعْصَدَ الشَّيْءَ: موڑنا۔ گرہ دینا۔ کہا جاتا ہے "عَصَدَهُ عَلَى الاَمْرِ" یعنی اس کو کام پر مجبور کیا ......

عُصُودًا الرَّجُلُ: مرنا۔

العَصِيد: گرہ لگایا ہوا۔ موڑا ہوا۔

العَصِيدَة: ایک قسم کا کھانا جو گھی آٹا ملا کر پکایا جاتا ہے۔

عَصَرَ (ض) عَصْرًا العِنَبَ او الثَّوْبَ: انگور یا کپڑے کو نچوڑنا ...... الدُّمَّلَ: پھوڑے کو نچوڑ کر پیپ نکالنا ...... الرَّكْضُ الفَرَسَ: پسینہ لانا ...... الشَّيْءَ عَنْهُ: منع کرنا ...... فُلَانًا: قید کرنا۔ عطیہ دینا۔

عَصَّرَ الشَّيْءَ: بار بار نچوڑنا ...... الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشے نکلنا۔ عَصَّرَتِ المَرْأَةُ: عورت کا بالغ ہونا۔ حیض آنا۔

اَعْصَرَ: عصر کے وقت میں داخل ہونا۔

اَعْـصَـرَتِ الْـمَرْاَةُ :عورت کا بالغ ہونا۔
حائضہ ہونا۔صفت مُعْصِر ۔ج مَعَاصِر
ومَعَاصِيْر۔
الرِّيْحُ:ہوا کا بگولہ لانا۔
اَعْصِرَ الْقَوْمُ :بارش کیا جانا۔
عَاصَرَهُ مُعَاصَرَةً :ایک زمانہ میں ہونا۔
تَعَصَّرَ :نچوڑا جانا......بِهٖ:پناہ لینا۔
اِعْتَصَرَ العِنَبَ او الثَّوْبَ ونَحْوَهُمَا :انگور
یا کپڑا وغیرہ نچوڑنا......العَصِيْرَ:شراب بنانا
......الـعَطِيَّةَ:عطیہ واپس لینا......مِنْ فُلَانٍ
مَـالاً :تاوان میں یا کسی دوسرے طریقہ سے
مال لینا......مِنَ الشَّيْءِ:لینا......بِفُلَانٍ:پناہ
لینا......عَـلَـيْـهِ :بخل کرنا۔کہا جاتا ہے
"اِعْتَصَرَ بِالْمَاءِ مَا غَصَّ بِهٖ مِنَ الطَّعَامِ"
کھانے کو حلق سے نیچے اُتارنے کے لئے
تھوڑا پانی پیا۔
اِنْعَصَرَ :نچڑنا......العِنَبُ ونَحْوُهُ :شیرہ نکل
جانا۔
العَاصِرُ :فا ج عَصَرَة وعَاصِرُوْن:مؤنث
عَاصِرَة ج عَوَاصِر وعَاصِرَات. رَجُلٌ
عَاصِرٌ:بے برکت۔بخیل۔
العَصْرُ :دن۔رات۔دن کا آخری حصہ۔
آفتاب کے سرخ ہونے تک۔صبح۔قبیلہ۔
گروہ۔عطیہ ج اَعْصُر وعُصُوْر.
العَصْرَانِ:صبح شام۔دن۔رات۔کہا جاتا
ہے"جَاءَ نِي عَصْرًا" وہ میرے پاس دیر
میں آیا۔
العَصْرُ والعِصْرُ والعُصُرُ :زمانہ ج
عُصُوْر واَعْصُر وعُصُر واَعْصَار اور
اَعْصَار کی جمع اَعَاصِير.
العُصْرُ والعَصَرُ والعُصْرَة والمُعْتَصَرُ:
جائے پناہ۔
العَصَرُ :عصر۔سکون الصاد میں ایک لغت
ہے بمعنی زمانہ۔غبار۔خوشبو کی بھڑک۔
العَصَرَة :خوشبو کی بھڑک۔عاصر کی جمع۔
غبار۔بگولہ۔
العَصِيْر والعَصِيْرَة والعُصَارُ :رس۔نچوڑ۔

العَصِيْر :نچوڑا ہوا۔
العِصَار :تخت غبار۔وقت۔
العُصَارَة :رس۔نچوڑ۔نچوڑنے کے بعد
پھوک۔کہا جاتا ہے"رَجُلٌ كَرِيْمُ
العُصَارَة"یعنی سوال کے وقت جواد و سخی۔
الاِعْصَار :بگولہ ج اَعَاصِر واَعَاصِيْر
کہتے ہیں"وَعْدُهُ اِعْصَارٌ لَيْسَ بَعْدَهُ
اِعْصَار"یعنی اس کے وعدہ کے لئے وفا
نہیں۔اس قول میں پہلا اعصار بمعنی بگولہ
اور دوسرا اعصار مصدر ہے۔اَعْصَرَ القَوْمُ:
کا بمعنی بارش ہونا۔
المَعْصَرَة والمَعْصَر :نچوڑنے کی جگہ۔کہا
جاتا ہے"هُوَ كَرِيْمُ المَعْصَر"یعنی سوال
کے وقت سخی ہے۔
المِعْصَر والمِعْصَرَة :انگور وغیرہ نچوڑنے کا
آلہ۔
اَلْعَصْرِيَّةُ :نماز عصر کے بعد اجتماع برائے
ملاقات تسلی اور وقت گزاری کے لئے۔
المُعْصَار :وہ چیز جس میں کچھ نچوڑیں۔
المُعْصِرَات :بادل۔
العُصْعُصُ والعَصْعَصُ :دُم کی ہڈی۔ج
عَصَاعِص. والعُصْعُصُ :مردکم خیر وشوار
خو۔مضبوط توانا۔
العُصْعُوْص :دُم کی ہڈی۔ج عَصَا
عِيْص.
عَصَفَتْ (ض) عَصْفًا وعُصُوْفًا الرِّيْحُ:
ہوا کا تیز چلنا۔صفت عَاصِفَة وعَاصِفٌ
النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا :اونٹنی کا تیز لے جانا......
الرَّجُلُ :دوڑنا۔عَصَفَ الشَّيْءُ :مائل ہونا۔
کہا جاتا ہے"عَصَفَتِ الحَرْبُ بِالْقَوْمِ"
جنگ نے قوم کو تباہ و برباد کردیا۔"عَصَفَ
الدَّهْرُ بِهِمْ"زمانے نے ان کو ہلاک کردیا
(...... واِعْتَصَفَ) عِيَالَهُ :بال بچوں کے
لئے کمانا۔
عَصَفَ (ن) عَصْفًا. الزَّرْعَ :کھیتی تیار
ہونے سے پہلے کاٹنا۔
اَعْصَفَ الزَّرْعُ :کھیتی کا کاٹنے کے لائق

ہونا۔اَعْصَفَتِ الرِّيْحُ :ہوا کا تیز چلنا۔
صفت مُعْصِفَة ومُعْصِف ج مَعَاصِف
ومَعَاصِيْف ...... الرَّجُلُ :ہلاک ہونا۔
راستے سے ہٹ جانا۔اَعْصَفَتِ الحَرْبُ
بِهِمْ :تباہ و برباد کردینا۔
اِسْتَعْصَفَ الزَّرْعُ :تناور ہونا۔
العَصْفُ :مص۔کھیت کے پتے۔عَصْفُ
التِّبْنِ :گھاس کے تنکے۔عَصْفُ الاَثْمِدِ
وغیرہ:اثمد وغیرہ کا غبار۔
العَصْفَة. عَصَفَ :کا اسم مرۃ۔شراب کی
بُو۔کھیتی کے ڈنٹھل کے پتے۔
اَلْعَصْفِيَّةُ:سرو کی مانند ایک درخت تیزی
سے بڑھنے والا خوبصورتی کے لئے بویا جاتا
ہے۔
العَاصِف :فَا۔سَهْمٌ عَاصِفٌ:نشانہ سے
تیز جاتا تیر۔يَوْمٌ عَاصِفٌ:تیز ہوا کا دن۔
العَاصِفَة :مؤنث عَاصِف ج عَاصِفَات
وعَوَاصِف.
العَصُوْف:تیز ہوا۔ج عُصُف.
العَصِيْف:تیز ہوا۔
العَصِيْفَة :پتے کہ جن کے درمیان میں خوشہ
ہو۔
العُصَافَة :تنکے جو خوشے سے گریں۔کوڑا
کرکٹ جس کو ہوا اڑا کر لائے۔
عَصْفَرَ. الثَّوْبَ :کپڑے کو زرد رنگ سے
رنگنا۔
تَعَصْفَرَ. الثوب :زرد رنگ سے رنگا
ہونا۔تَعَصْفَرَتِ العُنُقُ:گردن ٹیڑھی ہو جانا۔
العُصْفُر :زرد رنگ۔
العُصْفُوْر :چڑیا۔کبوتر سے ہر چھوٹا پرندہ ج
عَصَافِيْر :مؤنث عُصْفُوْرَة. العُصْفُوْر
پیشانی۔پیشانی کے بال کے نکلنے کی جگہ کا
جز۔لکڑی جس سے پالان کے ...
باندھے جاتے ہیں۔گھوڑے کی ...
ہڈی اٹھی ہوئی اور وہ دائیں بائیں دو ...
ہیں۔کتاب۔کشتی کی میخ۔سردار ...
ہے"نَقَّتْ او صَاحَتْ عَصَافِيْرُ بَطْنِهِ" ...

بھوکا ہوا۔
العُصْفُرَۃ: گل خیری کا زرد پھول۔
العُصْفُوْل: زنڈی۔ ج عَصَافِیْل۔
العَصَافِیْل: بگولہ۔
عَصِلَ (س) عَصَلاً. الشئُ: سختی کے ساتھ ٹیڑھا ہونا۔ صفت عَصِلٌ و اَعْصَل: مؤنث عَصِلَۃ و عَصْلاء ج عِصَال و عُصْل (...... و اَعْصَل) سخت ہونا۔
عَصَلَ (ن) عَصْلاً العُوْدَ: لکڑی کو ٹیڑھا کرنا۔
عَصِلَ السَّهْمُ: تیر کا ٹیڑھا ہونا۔ دیر کرنا۔
العِصْل والعَصَل: آنت ج اَعْصَال۔
المِعْصَل: قرض دار پر سختی کرنے والا۔
المِعْصَال والمِعْصِیْل: ٹیڑھے سر کی لاٹھی اور جس کو عام لوگ "مُعْقَفَلَة" یا "بَاکُور" کہتے ہیں۔ ڈنڈا۔ ج مَعَاصِیْل۔
عَصْلَبَ: سخت غضبناک ہونا۔ سخت پٹھے والا ہونا۔
العَصْلَب والعُصْلُب والعَصْلَبِیُّ والعَصْلُوْب: بڑے ڈیل ڈول کا مضبوط مرد۔
عَصَمَ (ض) عَصْمًا الرَّجُلَ: کمائی کرنا۔ ـــ الشئَ: روک لینا۔ ـــ اللّٰهُ فُلاَنًا مِنَ المَكْرُوهِ: محفوظ رکھنا۔ بچانا۔ عَصَمَ القِرْبَةَ: مشک کو رسی سے باندھنا...... اِلَى فُلاَنٍ: پناہ لینا۔
عَصِمَ (س) عَصَمًا. الظَّبْیُ: سفید ٹانگوں والا ہونا۔
اَعْصَمَ بِهِ: پکڑنا اور لازم ہونا۔ ـــ بِالْفَرَسِ: ایال پکڑنا ـــ مِنَ الشَّرِّ: باز رہنا ...... القِرْبَةَ: رسی سے باندھنا۔
اِعْتَصَمَ بِهِ: ہاتھ سے پکڑنا ...... بِصَاحِبِهِ: لازم ہونا ...... بِاللّٰهِ: اللہ کی مہربانی سے گناہ سے باز رہنا ...... مِنَ الشَّرِّ والمَكْرُوهِ: پناہ لینا اور باز رہنا۔
اِنْعَصَمَ: محفوظ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَصَمْتُهُ فَانْعَصَمَ" میں نے اس کی حفاظت کی اور وہ محفوظ ہو گیا۔
اِسْتَعْصَمَ بِهِ: مضبوط پکڑنا اور لازم ہونا۔ پناہ لینا اور باز رہنا۔ بچانے والی چیز کا قصد کرنا۔
العُصْم والعُصُم: ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العِصَام: سرمہ دُم کا باریک حصہ ـــ مِنَ القِرْبَةِ: مشک باندھنے کی رسی۔ ـــ مِنَ الوِعَاءِ: دستہ۔ عہد اور یہ باب مجاز سے ہے ج اَعْصِمَة و عُصُم و عِصَام۔
العِصَامِیّ: نعمان بن منذر بادشاہ حیرہ کے حاجب عصام کی جانب نسبت۔ ذاتی شرافت رکھنے والا اور اسی سے مثل ہے "كُنْ عِصَامِیًّا لاَ عِظَامِیًّا" یعنی عصام کی طرح ذاتی شرافت پیدا کرو آبا و اجداد جو مردہ ہو چکے ہیں ان کی ہڈیوں پر مت فخر کرو۔
العِصْمَة: بچاؤ۔ گناہوں سے بچنے کا ملکہ۔
العِصْمَة: گلوبند۔ پٹہ ج عِصَم واعْصَم وعِصَمَات: ج اَعْصَام۔
العُصْمَة: گلوبند۔ پٹہ۔
الاَعْصَم: اگلے ایک یا دونوں سفید پاؤں والا جانور۔ مؤنث عَصْمَاء ج عُصْم۔
العَصِیْم: پسینہ۔ ہر چیز کا بقیہ۔ خضاب وغیرہ کا اثر۔
العَصُوْم والعَیْصُوْم: بہت کھانے والا (مذکر و مؤنث)
العَاصِمَة: مدینہ منورہ کا لقب۔ دار السلطنت۔ ج عَوَاصِم۔
المِعْصَم: کلائی ج مَعَاصِم۔
المُعْتَصَم: پناہ لینے کی جگہ۔
عَصَا يَعْصُوْ عَصْوًا. الرَّجُلَ: لاٹھی سے مارنا ...... الجُرْحَ: زخم کو باندھنا ...... القَوْمَ: نیکی یا برائی پر جمع کرنا۔
عَصِیَ يَعْصَى عَصًا: لاٹھی لینا (...... واعْتَصَی) بالسَّیْفِ: تلوار مارنا۔ واعْتَصَی الشئَ: کسی چیز کو لاٹھی بنانا۔ اِعْتَصَى عَلَيْهِ: ٹیک لگانا۔
عَصَّى تَعْصِيَةً فُلاَنًا العَصَا: لاٹھی دینا۔
اَعْصَى اِعْصَاءً. الكَرْمُ: شاخیں نکلنا اور پھل نہ آنا۔
عَاصَاهُ مُعَاصَاةً فَعَصَاهُ: لاٹھی سے مار پیٹ کرنا اور غالب آنا۔
العَصَا: لاٹھی۔ سہارے کی چیز (مؤنث) ج عُصِیٌّ وعِصِیٌّ واَعْصٍ واَعْصَاء اور تثنیہ عَصَوَان العَصَاء: اجتماع۔ جماعت۔ پنڈلی کی ہڈی۔ زبان۔ کہا جاتا ہے "شَقَّ العَصَا" جماعت کی مخالفت کی۔ "اِنْشَقَّتْ عَصَا القَوْمِ" آپس میں اختلاف پڑ گیا۔ "قَرَعَ لَهُ العَصَا" متنبہ کیا۔ "قَشَرَ لَهُ العَصَا" عذر یہ ظاہر کر دیا۔ "قَرَعَهُ بِعَصَا المَلاَمَةِ" حد سے زیادہ ملامت کی۔ "اَلْقَى المُسَافِرُ العَصَا" مسافر اپنی جگہ پر پہنچ گیا۔ اَلْقَى عَصَا التَّرْحَالِ: یعنی اس نے اقامت کی۔ "النَّاسُ عَبِيْدُ العَصَا" یعنی جو تکلیف پہنچاتا ہے لوگ اس سے ڈرتے ہیں۔
العُصَيَّة: عصا کی تصغیر۔ چھوٹا ڈنڈا۔
عَصَى يَعْصِى عَصْيًا ومَعْصِيَةً سَيِّدَهُ: نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ دشمنی کرنا۔ صفت عَاصٍ ج عُصَاة وعَاصُوْن...... الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنا ...... العِرْقُ: رگ سے خون بند نہ ہونا۔
عَاصَاهُ مُعَاصَاةً وتَعَصَّى عَلَيْهِ تَعَصِّيًا: نافرمانی کرنا۔ تَعَصَّى الاَمْرُ: دشوار ہونا۔
اِعْتَصَتْ اِعْتِصَاءً. النَّوَاةُ: گٹھلی کا سخت ہونا۔
اِسْتَعْصَى. سَيِّدَهُ: مالک کی نافرمانی کرنا ...... الشئُ عَلَيْهِ: دشوار ہونا سخت ہونا۔
العَصِیّ: نافرمان۔ گنہگار ج عَصِيُّوْن واَعْصِيَاء۔
العَصَّاء: نافرمان۔ گنہگار ج عَصَّاؤُوْن۔
المَعْصِيَة: گناہ۔ لغزش ج مَعَاصِی۔
عَضَّهُ (س) عَضًّا وعَضِيْضًا: دانت سے پکڑنا۔ کاٹنا۔ با اور علی کے صلہ کے ساتھ عَضَّ بِهِ: اور عَضَّ عَلَيْهِ: بھی بولا جاتا ہے

...... ہ الزَّمَانُ: سخت ہونا الشَّیْءُ :لازم ہونا اور پکڑنا۔
عَضَّضَ :بہت کاٹنا۔
عَاضَّتْ مُعَاضَّةً وعِضَاضًا الدَّوَابُّ : جانوروں کا ایک دوسرے کو کاٹنا۔
اَعَضَّهُ الشَّیْءَ :دانت سے کٹوانا۔اَعَضَّتِ البِئْرُ :بہت پانی والا ہونا۔
تَعَاضَّا :ایک دوسرے کو دانت سے کاٹنا۔
العِضُّ :بدخلق۔خبیث۔بخیل۔بہت قوی۔معیبت۔ہمسر۔مال کا منتظم ج اَعْضَاض وعُضُوض۔ العِضُّ: چھوٹا کانٹے دار درخت ج اَعْضَاض۔
العُضُّ :جو۔گیہوں۔اسپست۔سوکھی گھاس۔چھوٹا کانٹے دار درخت۔
العَضَاض :جو چیز دانت سے کاٹی جائے اور کھائی جائے۔موٹا درخت۔
العِضَاض :دانت سے کاٹنا۔کہا جاتا ہے "هُوَ عِضَاضُ عَيْشٍ" یعنی سخت زندگی پر بڑا صابر ہے۔
العَضِيْض :مص۔سخت کاٹ۔ہمسر۔
العَضُوْض والعَضَّاض :بہت کاٹنے والا۔
بِئْرٌ عَضُوْضٌ :بہت پانی والا کنواں۔
العُضَاض العُضَّاض :ناک کا اوپر کا سخت حصہ۔
عَضَبَ (ض) عَضْبًا: قطع کرنا......ہ المَرَضُ :حرکت سے روکنا......ہ بِالرُّمْحِ :نیزہ مارنا......ہ بِالعَصَا :لاٹھی مارنا......ہ عَنِ الاَمْرِ :روک دینا......ہ بِلِسَانِهٖ :گالی دینا۔عَضَبَ عَنْهُ :رجوع کرنا(...... واَعْضَبَ)
النَّاقَةَ وَنَحْوَهَا :اونٹنی کا کان پھاڑ دینا۔
عَضِبَ (س) عَضَبًا الکَبْشُ :مینڈھے کا پھٹے ہوئے کان والا ہونا۔ٹوٹے ہوئے سینگ والا ہونا۔
عَضُبَ (ک) عُضُوْبًا وعُضُوْبَةً :چرب زبان ہونا۔
عَاضَبَهٗ مُعَاضَبَةً القَرْنُ :سینگ کا ٹوٹ جانا۔
العَضْب :تیز تلوار۔چرب زبان۔
الاَعْضَب :پھٹے کان والا۔ٹوٹے سینگ والا۔جس کا بھائی نہ ہو۔بے مددگار۔مؤنث عَضْبَاء ج عُضْب۔
العَضَّاب :بہت کاٹنے والا۔بہت گالی دینے والا۔
المَعْضُوْب :کمزور۔لجا۔کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمَعْضُوْبُ اللِّسَانِ" جب کہ بولنے میں عاجز ہو۔
عَضْبَرَ عَضْبَرَةً الکَلْبُ :شیر کی مانند ہونا۔
العَضْبَارَة :چکی کا پاٹ۔دھوبی کا پتھر۔
عَضَدَهٗ (ن) عَضْدًا :مدد کرنا۔بازو پر مارنا۔
عَضَدَ (ض) عَضْدًا الشَّجَرَةَ :درخت کو ہنسیا سے کاٹنا۔اونٹوں کے لئے پتے جھاڑنا۔
عَضِدَ (س) عَضْدًا وعُضِدَ عَضَدًا :بازو میں درد ہونا۔صفت عَضِدٌ :مؤنث عَضِدَة۔
عَضَدَ و اَعْضَدَ السَّهْمُ :تیر کا دائیں بائیں نکل جانا۔
عَاضَدَهٗ مُعَاضَدَةً :مدد کرنا۔
تَعَاضَدُوْا :ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِعْتَضَدَهٗ وتَعَضَّدَهٗ :بغل میں لینا۔
اِعْتَضَدَ بِهٖ :مدد مانگنا۔مضبوط ہونا۔
اِسْتَعْضَدَ الشَّجَرَةَ :درخت کو ہنسیا سے کاٹنا۔......الثَّمَرَةَ: پھل چننا۔
العَضْد :مص۔مددگار۔گوشہ۔ج اَعْضَاد۔
العَضُد والعُضُد والعَضِد :بازو ج اَعْضَاد واَعْضُد۔
عَضُدُ کُلِّ شَیْءٍ وعَضُدُهٗ واَعْضَادُهٗ :وہ چیز جس سے عمارت کے اردگرد مضبوط کی جائے۔جیسے حوض کے کنارے پتھر کھڑے کر دیئے جائیں۔عَضُدُ الطَّرِیْقِ :راستہ کا پہلو۔کہا جاتا ہے "فَتَّ فِیْ عَضُدِهٖ" یعنی اپنے اعوان وانصار سے جدا ہو گیا۔
العَضَد :کٹا ہوا درخت۔توڑا۔اونٹ کے بازو میں ایک مرض۔جھاڑے ہوئے پتے۔
العَضَاد :پستہ قد مرد یا عورت۔موٹے بازو والا۔
العِضَاد :بازو بند۔تعویذ وغیرہ جو بازو پر باندھا جائے۔درانتی۔ہنسیا۔اونٹ کے بازو میں علامت۔
العِضَادَة مِنَ الطَّرِیْقِ :راستہ کا پہلو۔عِضَادَتَا البَابِ :چوکھٹ کے دونوں بازو۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عِضَادَةُ فُلَانٍ" فلاں فلاں کا معاون ومددگار ہے۔
العِضَادِیُّ والعَضَادِیُّ والعُضَادِیُّ :موٹے بازو والا۔
العَضِيْد :کھجور کے درختوں کی قطار۔درخت سے کٹا ہوا۔ج عِضْدَان۔
الاَعْضَد :دُبلے بازو والا۔جس کا ایک بازو چھوٹا ہو۔
العَوَاضِد :درخت خرما جو نہر کے دونوں جانب ہوں۔
المِعْضَد :درخت کاٹنے کا ہنسیا ج مَعَاضِد۔
المِعْضَاد :بازو بند۔ہڈی کاٹنے کی بڑی چھری۔ہنسیا۔درانتی۔
المِعْضَدَة :تھیلی۔بٹوہ۔
العَضْرَس والعُضَارِس :سردی۔اولے۔برف۔ٹھنڈا میٹھا پانی۔گورخر۔ج عَضَارِس۔
العُضْرُط :کھانے پر مزدوری کرنے والا۔ج عَضَارِط وعَضَارِطَة۔
العُضْرُط والعِضْرِط :کمینہ۔
قَوْمٌ عَضَارِیْط :فقیر لوگ۔
عَضَلَ (ن) عَضْلًا عَلَیْهِ :تنگی کرنا۔منع کرنا۔......بِهِ الاَمْرُ :سخت ہونا......الرَّجُلَ: عضلہ پر مارنا۔
عَضَلَ (ض ن) وعَضِلَ (س) عَضْلًا وعِضْلًا وعِضْلَانًا المَرْاَةَ عَنِ الزَّوْجِ: نکاح کرنے سے روکنا۔منع کرنا......الرَّجُلَ :رانڈ کر دینا۔
عَضِلَ (س) عَضَلًا :بہت سخت گوشت

ہونا۔ پنڈلی کا عضلہ کا موٹا ہونا۔ صفت عَضِل وعَضْل.

عَضَلَ عَلَيْهِ: تنگی کرنا۔ کسی کے حصول مقصد میں حائل ہونا۔ عَضَلَ المَرْأَةَ عَنِ الزَّوَاجِ: نکاح کرنے سے روکنا...... المَكَانُ: تنگ ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَضَلَتِ الأَرْضُ بِأَهْلِهَا" لوگوں کی کثرت کی وجہ سے زمین تنگ ہوگئی۔ عَضَّلَتِ المَرْأَةُ او الدَّجَاجَةُ وغَيْرُهُمَا مِنَ الحَيْوَانِ بِوَلَدِهَا: بچہ جننا دشوار ہوگیا۔ صفت مُعَضِّل.

أَعْضَلَ الأَمْرُ: سخت ہونا۔ مشکل ہونا۔ أَعْضَلَتِ المَرْأَةُ ونَحْوُهَا مِنَ الحَيْوَانِ بِوَلَدِهَا: بچہ جننا مشکل ہونا۔ صفت مُعْضِلٌ ومُعْضِلَةٌ ج مَعَاضِيلُ. أَعْضَلَ بِهِ الأَمْرُ: مشکل ہونا۔ حیلوں کا تنگ ہونا...... الأَمْرُ فُلَانًا: غالب آنا اور عاجز کردینا۔ أَعْضَلَنِي فُلَانٌ: فلاں کے کام نے مجھ کو تھکا دیا۔ عاجز کردیا...... وتَعَضَّلَ الدَّاءُ الأَطِبَّاءَ: بیماری کا اطباء کو عاجز کردینا۔

العِضْلُ: بہت بُرا۔ بڑا چالاک۔

العَضَلُ: بڑا چوہا۔ ج عِضْلَان.

العَضَلَةُ: سخت گوشت۔ گوشت پٹھے کا مجموعہ ج عَضَلٌ وعَضَلَاتٌ. العَضَلَةُ: کنیر کے مشابہ ایک درخت۔

العَضِيلَةُ: بمعنی عَضَلَةٌ ج عَضَائِلُ.

العُضْلَةُ: مصیبت۔ ج عُضَلٌ وعُضَلٌ.

العُضَالُ: سخت۔ دَاءٌ عُضَالٌ: عاجز کردینے والا مرض۔

المُعْضِلُ: فا۔ بہت برا۔ دَاءٌ مُعْضِلٌ: تھکا دینے والا یا لاعلاج مرض۔

المُعْضِلَةُ: مؤنث مُعْضِل: پیچیدہ مشکل مسئلہ ج مُعْضِلَاتٌ. المُعْضِلَاتُ: سختیاں۔

المُعْضِلَةُ والمُعَضِّلَةُ: پیچیدہ مشکل معاملہ۔

العَضْمُ: کمان کا قبضہ ج عِضَامٌ: گیہوں صاف کرنے کا شاخ دار آلہ ج عُضُمٌ وأَعْضِمَةٌ.

عَضَهَ (ف) عَضْهًا وعَضَهًا وعِضْهَةً وعَضِيهَةً: جھوٹ بولنا۔ چغل خوری کرنا۔ جادو کرنا...... عَضْهًا البَعِيرُ: ببول کا درخت کھانا...... الرَّجُلَ: صریح گالی دینا۔ بہتان لگانا۔

عَضِهَ (س) عَضَهًا وأَعْضَهَ: بہتان لگانا۔ جھوٹ بولنا۔

العَاضِهُ: فا۔ جادوگر۔ حَيَّةٌ عَاضِهَةٌ وعَاضِهَةٌ: سانپ جس کا ڈسا ہوا فوراً مر جائے۔ ج عَوَاضِهُ.

العِضَةُ: جھوٹ۔ جادو۔ ج عِضُونَ.

العِضَاهُ: ہر بڑا کانٹے دار درخت۔ واحد عِضَاهَةٌ وعِضَةٌ: کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَنْتَجِبُ غَيْرَ عِضَاهِهِ: جبکہ دوسرے کے شعر کو اپنی جانب منسوب کرے۔

العِضَاهِيُّ والعِضَهِيُّ والعِضَوِيُّ مِنَ الإِبِلِ: کانٹے دار درخت کھانے والا اونٹ۔

مَكَانٌ عَضِهٌ: بہت کانٹے دار درختوں والی جگہ۔

العَاضِهَةُ: مؤنث عاضِه: جھوٹ۔ بہتان۔ ج عَوَاضِهُ.

عَضَا يَعْضُو عَضْوًا وعَضَّى تَعْضِيَةً الشَّيْءَ: متفرق کرنا...... الشَّاةَ: جدا جدا کرنا۔ عَضَّى القَوْمَ: ممبر بنانا۔

العُضْوُ والعِضْوُ: بدن کا حصہ۔ عضو۔ کسی جماعت یا کمیٹی کا ممبر ج أَعْضَاءٌ.

العِضَةُ: فرقہ۔ ٹکڑا۔ جھوٹ۔ ج عِضُونَ.

رَجُلٌ عَاضٍ: مردخوش عیش۔ مرفہ الحال۔

عَطَّ (ن) عَطًّا وعَطَّطَ واعْتَطَّ الثَّوْبَ: کپڑا پھاڑنا۔ صفت مفعولی عَطِيطٌ. عَطَّ الرَّجُلَ إِلَى الأَرْضِ: پچھاڑ دینا اور غالب ہونا۔

إِنْعَطَّ العُودُ: لکڑی کا مڑنا...... وتَعَطَّطَ الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا۔

العُطَاطُ: بڑا بہادر۔ شیر۔

الأَعَطُّ: لمبا۔

عَطِبَ (س) عَطَبًا واعْتَطَبَ: ہلاک ہونا...... الفَرَسُ ونَحْوُهُ: گھوڑے کا تھکنا۔

عَطِبَ عَلَيْهِ: سخت غضبناک ہونا۔

إِعْتَطَبَ النَّارَ: آگ کو چیتھڑے میں لینا۔

عَطَبَ (ن) عَطْبًا وعُطُوبًا. القُطْنُ: روئی کا نرم ہونا۔ ملائم ہونا۔

عَطَّبَ. الشَّرَابَ: خوشبودار کرنے کی تدبیر کرنا...... الكَرْمُ: خوشہ انگور کی گرہیں ظاہر ہونا۔

أَعْطَبَهُ: ہلاک کرنا۔

العُطْبُ العُطُبُ: روئی۔

العُطْبَةُ: روئی کا ایک ٹکڑا۔ چیتھڑا جس میں آگ لگائی جائے۔ کہا جاتا ہے "أَجِدُ رِيحَ عُطْبَةٍ" جلی ہوئی روئی یا چیتھڑے کی بو محسوس کرتا ہوں۔

المُعْطِبُ: فقیر۔

المَعْطَبُ: ہلاکت کی جگہ۔ ج مَعَاطِبُ.

لعُطْبُل والعُطْبُول والعُطْبُولَة

العَيْطَبُول: جوان خوبصورت دراز گردن عورت۔ ج عَطَابِل وعَطَابِيل. العُطْبُل والعُطْبُول: دراز گردن ہرنی۔

عَطِرَ (س) عَطَرًا: خوشبودار ہونا۔ صفت عَطِرٌ.

عَطَّرَهُ: خوشبودار کرنا۔

تَعَطَّرَ واسْتَعْطَرَ: خوشبودار ہونا۔ تَعَطَّرَتِ البِنْتُ: بغیر نکاح کے والدین کے پاس رہنا۔

العِطْرُ: خوشبو۔ ایک قسم کی نباتات۔ ج عُطُور.

العَاطِرُ: عطر کو پسند کرنے والا۔ عطر زیادہ لگانے والا۔ ج عُطُر.

العَطَّارُ: بہت خوشبو والا۔ عطر فروش۔ پیشہ کو (العِطَارَة) کہتے ہیں۔

المِعْطَارُ والمِعْطِيرُ: بہت خوشبو والا۔ (مذکر و مؤنث)

عُطَارِدُ: بدھ ستارہ اور اس کو فارسی میں دبیر فلک کہتے ہیں۔ منصرف و غیر منصرف)

عَطَسَ (ن ض) عَطْسًا وعُطَاسًا: چھینکنا...... الصُّبْحُ: پو پھٹنا۔ روشن ہونا۔ کہا جاتا

ہے عَطَسَ فُلانٌ وعَطَسَتْ بِهِ اللُّجُم: یعنی مر گیا۔
عَطَّسَ: چھینکوانا۔
العَاطِس: فا۔ سامنے سے آنے والا ہرن۔ صبح۔
العَاطُوس: ناس۔ عوام عطوس کہتے ہیں۔ ایک منحوس چوپایہ۔
المَعْطَس والمَعْطِس: ناک۔ ج مَعَاطِس: کہا جاتا ہے "أُرْغِمَتِ المَعَاطِس" یعنی دشمن مغلوب ہوگئے۔
عَطِشَ (س) عَطَشًا: پیاسا ہونا۔ اِلَيْهِ: مشتاق ہونا۔ صفت عَطْشَان ج عِطَاش وعُطْشَى وعَطَاشَى مؤنث عَطْشَى وعَطْشَانَة ج عِطَاش۔
أَعْطَشَهُ وعَطَّشَهُ: پیاسا کرنا۔ أَعْطَشَ الرَّجُلُ: پیاسے جانور والا ہونا۔
عَاطَشَهُ فَعَطَشَهُ: پیاس لگنے میں غلبہ کرنا اور غالب ہونا۔ صفت مفعول مَعْطُوش۔
تَعَطَّشَ: پیاسا بننا۔
العَطِش والعَطْش: پیاسا۔ مؤنث عَطِشَة عَطْشَة۔
العُطَاش: بیماری کا نام جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔
المُعْطِش: پیاس کا وقت ج مَعَاطِش۔
المَعْطَشَة: زمین جہاں پانی نہ ہو ج مَعَاطِش۔
المُعَطَّش: بہت پیاسا (مذکر و مؤنث)
عَطْعَطَ. القَوْمُ عَطْعَطَةً: لڑائی وغیرہ میں چیخ پکار مچانا۔ عَطْعَطَ الكَلَامَ: کلام میں خلط ملط کرنا۔
عَطَفَ (ض) عَطْفًا وعُطُوفًا اِلَيْهِ: مائل ہونا۔۔۔۔ عَلَيْهِ: مہربانی کرنا۔۔۔۔ عَنْهُ: پھر جانا۔۔۔۔ وعَنِ الأمْرِ: ہٹا دینا۔ عَطَفَ العِنَانَ: لگام پھیرنا۔۔۔۔ كَلِمَةً عَلَى أُخْرَى: حرف عطف سے ایک کلمہ کو دوسرے کے ساتھ جوڑنا۔ الوِسَادَةَ: تکیہ کو دوہرا کرنا۔۔۔۔ الشَّيْءَ: جھکانا۔ موڑنا۔ عَطَفَتِ النَّاقَةُ عَلَى وَلَدِهَا: اونٹنی کا اپنے بچے پر شفیق ہونا اور اس کا دودھ بہنا۔ عَطَفَ اللهُ قَلْبَهُ وبِقَلْبِهِ: دل کو مہربان کر دینا۔
عَطِفَ (س) عَطَفًا: لمبی پلکوں والا ہونا۔
عَطَّفَ الوِسَادَةَ: تکیہ کو دوہرا کرنا۔ النَّاقَةَ عَلَى وَلَدِهَا: مہربان کرانا۔ الشَّيْءَ: جھکانا۔
تَعَطَّفَ: جھکنا اور مائل ہونا۔۔۔۔ عَلَيْهِ: رحم دل ہونا اور احسان کرنا۔۔۔۔ الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ: کپڑا اوڑھ لینا۔
اِعْتَطَفَ. الثَّوْبَ وبِالثَّوْبِ: کپڑا اوڑھ لینا۔
اِنْعَطَفَ: مڑنا۔
تَعَاطَفَ. القَوْمُ: بعض کا بعض پر مہربانی کرنا۔۔۔۔ فِي مِشْيَتِهِ: ناز سے سر ہلاتے ہوئے چلنا۔
اِسْتَعْطَفَهُ: مہربانی طلب کرنا۔ رحم چاہنا۔
العَطْف: کجی۔ جھکاؤ۔
العِطْف: بغل۔۔۔۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا کنارہ۔ عِطْفُ القَوْسِ: کمان کا گوشہ۔ عِطْفَا الرَّجُلِ: مرد کے دونوں پہلو ج أَعْطَاف وعِطَاف وعُطُوف کہا جاتا ہے "ثَنَى عَنِّي عِطْفَهُ" یعنی مجھ سے اعراض کیا اور روگردانی کی "هُوَ يَنْظُرُ فِي عِطْفَيْهِ" یعنی وہ متکبر ہے "مَرَّ ثَانِيَ عِطْفِهِ" یعنی وہ تکبر سے چلا۔
العِطْفَة: انگور کی بیل کے لٹکے ہوئے حصے۔
العَطَف: پلکوں کی درازی۔ درخت پر لپٹنے والی بیل۔ عشق پیچاں۔ واحد عَطَفَة۔
العِطَاف: چادر۔ ازار۔ تلوار۔ ج عُطُف وأَعْطِفَة۔
العَاطِف: فا۔ ازار۔ گھوڑ دوڑ کا چھٹا گھوڑا۔ ج عُطُف وعَطَفَة۔ والعَاطِف عِنْدَ النُّحَاةِ: حرف عطف جیسے واؤ۔ فا۔ ثم۔ حتی وغیرہ۔
العَاطِفَة: مؤنث عاطف: شفقت۔ ج عَاطِفَات وعَوَاطِف۔
العَطِيف. مِنَ النِّسَاءِ: نازک فرمانبردار عورت۔
العُطَيْفَة: کمان۔ ج عَطَائِف۔
العَطُوف: مہربان۔ محسن۔ اِمْرَأَةٌ عَطُوف: شوہر اور بیٹوں سے محبت کرنے والی عورت ج عُطُف (۔۔۔۔ والعَاطُوف) پھندا جس میں ٹیڑھے سرے کی لکڑی لگی ہو ج عَوَاطِيف۔
قَوْسٌ عَطْفَى: ٹیڑھی کمان۔
المِعْطَف: چادر۔ تلوار۔ ج مَعَاطِف۔
مُنْعَطِفُ الوَادِي ومُنْعَطَفُهُ: وادی کا موڑ۔
المَعْطِف: گلا ج مَعَاطِف۔
عَطِلَ (س) عَطَلًا الرَّجُلُ مِنَ المَالِ أو الأدَبِ وكَذَا القَوْسُ مِنَ الوَتَرِ والفَرَسُ مِنَ الرَّسَنِ: خالی ہونا۔ صفت عَاطِل وعُطُل وعُطْل۔ ج أَعْطَال۔
عَطِلَتْ (س) وعَطَلَتْ (ن) عَطَلًا وعُطُولًا. المَرْأَةُ: عورت کے بے زیور ہونا۔ صفت عَاطِل وعَاطِلَة وعُطُل ج عَاطِلَات وعَوَاطِل وعُطَّل وأَعْطَال۔
عَطَلَ (ن) عَطَالَةً. الأجِيرُ: مزدور کا بیکار ہونا۔
عَطَّلَ. الشَّيْءَ: بیکار چھوڑ دینا۔۔۔۔ المَرْأَةَ: زیور اتار لینا۔۔۔۔ القَوْسَ: کمان سے تانت نکال لینا۔ عُطِّلَتِ الإبِلُ: بغیر چرواہے کے ہونا۔ عَطَّلَ الإبِلَ: بغیر چرواہے کے چھوڑ دینا۔ البِئْرَ: کنوئیں پر جانا چھوڑ دینا۔ ہر وہ چیز جس کو شائع و ضائع کرکے چھوڑ دیا جائے اس پر لفظ تعطیل کا اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "عُطِّلَتِ الحُدُودُ أوِ الثُّغُورُ" یعنی سرحدیں بلا محافظ کے چھوڑ دی گئیں۔ و "عُطِّلَتِ المَزَارِعُ" یعنی کھیتیاں جو بوئی نہیں گئیں "عُطِّلَتِ الرَّعِيَّةُ" رعیت بغیر والی کے رہ گئی ایسی قوم کو "مُعَطَّلُون" کہیں گے۔
تَعَطَّلَ: بے کار ہونا۔ تَعَطَّلَتْ و[illegible] المَرْأَةُ: عورت کا بے زیور ہونا۔
العَطَل: گلا۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "مَا أَحْسَنَ عَطَلَهُ" یعنی اس کا قد کتنا اچھا ہے۔

العُطْلَة: بیکاری۔
العَطِیْل و العَیْطَل: نر کھجور کے خوشے کا تنہ۔
العَیْطَل: خوبصورت دراز گردن۔
العُطْلاءُ مِنَ النِّسَاءِ: بے زیور عورت۔
المِعْطَالُ مِنَ النِّسَاءِ: بے زیور رہنے کی عادی۔
التَّعْطِیْل: بیکار رہنا۔مَذْهَبُ التَّعْطِیْل: صفات باری تعالی کے انکار کرنے والوں کا مذہب۔
المُعَطِّلَة: مذہب تعطیل والے۔
اِعْطَمَ الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔صفت عَاطِمٌ وعَطِیْمٌ ج عُطُم۔
العُطْم: دھنکی ہوئی اون۔
عَطَنَ (ن ض) عَطْنًا الجِلْدَ: کھال کو گوبر یا نمک میں ڈالنا۔صفت مفعول عَطِیْنٌ ومَعْطُوْنٌ (...... عُطُوْنًا) البَعِیْرُ: اونٹ کا سیراب ہوکر بیٹھنا۔صفت عَاطِنٌ ج عُطَّانٌ وعُطُوْن عَطَنَةٌ: مؤنث عَاطِنَة ج عَاطِنَات وعَوَاطِنُ وعُطُوْنٌ۔
عَطِنَ (س) عَطَنًا۔ الجِلْدُ: کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔صفت عَطِنٌ۔
عَطَّنَ الجِلْدَ: کھال کو نمک یا گوبر میں ڈالنا (...... واَعْطَنَ) الإِبِلَ: دوبارہ پانی پلانے کے لئے آرام دینا۔عَطَّنَ لِلإِبِلِ: اونٹ کے لئے بیٹھنے کی جگہ بنانا۔عَطَّنَتِ الإِبِلُ: اونٹ کا سیراب ہوکر بیٹھنا۔
اِنْعَطَنَ الجِلْدُ: کھال کا نمک یا گوبر میں سڑنا۔
العَطَن و المَعْطِن و المَعْطَن: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔حوض کے اردگرد بکریوں کے بیٹھنے کی جگہ۔ج مَعَاطِن۔
العِطَان: گوبر یا نمک جس میں کھال کو ڈالا جائے تا کہ بال الگ ہو جائیں۔
رَجُلٌ عَطِیْنٌ وعَطِیْنَةٌ: بدبودار مرد۔
عَطَا یَعْطُوْ عَطْوًا۔ الشَّیْءَ وإِلَیْهِ: لینا۔اِلَیْهِ یَدَهُ: بلند کرنا۔
عَطَّی تَعْطِیَةُ الرَّجُلِ: جلدی کرانا۔خدمت کرنا۔
أَعْطَی إِعْطَاءً ه الشَّیْءَ: دینا۔اَعْطَی البَعِیْرُ او اَعْطَی البَعِیْرُ بِیَدِهِ: مطیع ہونا۔
عَاطَی مُعَاطَاةً وعِطَاءً الرَّجُلَ الشَّیْءَ: دینا ...... ه: خدمت کرنا۔
تَعَاطَی تَعَاطِیًا۔ الشَّیْءَ: لینا۔الاَمْرَ: مشغول ہو جانا...... الرَّجُلُ: کسی چیز کو پکڑنے کے لئے پیر کی انگلیوں پر کھڑا ہونا۔کہا جاتا ہے "تَعَاطَیْنَا فَعَطَوْتُهُ" وادو وں میں ایک نے دوسرے پر غلبہ حاصل کرنا چاہا میں غالب ہوگیا۔
تَعَطَّی تَعَطِّیًا: جلدی کرنا...... الاَمْرَ: مشغول ہو جانا۔
تَعَطَّی واسْتَعْطَی اِسْتِعْطَاءً: عطیہ مانگنا۔
العَطَا والعَطَاء: جو چیز دی جائے۔ج اَعْطِیَة: جج اَعْطِیَات۔
العَطِیَّة: بمعنی عَطَا ج عَطَایَا وعَطِیَّات۔
العَطَاءَة والعَطَاوَة: بمعنی عطا۔
المِعْطَاء: بہت زیادہ دینے والا (مذکر مؤنث ج مَعَاطٍ ومَعَاطِی۔
عَظَّهُ (ن) عَظًّا بِالاَرْضِ: چپکا دینا۔عَظَّتْهُ الحَرْبُ: تکلیف پہنچانا۔
عَاظَّهُ مُعَاظَّةً وعِظَاظًا: سختی کرنا۔تکلیف پہنچانا۔عَاظَّ القَوْمُ: جنگ میں ایک دوسرے پر سختی کرنا۔
العِظَّة: جنگ میں سختی۔
عَظَبَ (ض) عَظْبًا الطَّائِرُ: پرندے کا دم کی جڑ کو جلدی جلدی ہلانا۔
عَظَبَ (ن ض) عَظْبًا وعُظُوْبًا جِلْدُهُ: کھال خشک ہونا...... یَدُهُ: کام کرنے سے ہاتھ کا موٹا ہونا۔
عَظِبَ (س) عَظَبًا عَلَی العَمَلِ: صبر سے برداشت کرنا۔موٹا ہونا۔صفت عَظُوْب۔
عَظَّبَهُ عَنْ حَاجَتِهِ: ٹالنا۔تاخیر کرنا...... ه عَلَی الشَّیْءِ: عادی اور صابر بنانا۔
العَاظِب والعَظِب: جنگل اور خشک مقامات میں اترنے والا۔
عَظِبَ۔ الخُلُق: بدخلق۔
عَظَرَ (س) عَظَرًا۔ الإِنَاءَ: برتن کو بھرنا۔
اَعْظَرَهُ الشَّرَابُ: معدہ میں ثقل ہونا اور اسم اس سے (العِظَارَة) ہے۔
العَظُوْر: شراب سے شکم سیر ج عُظُر۔
العِظَار: شراب کی وجہ سے امتلاء۔
عَظْعَظَ السَّهْمُ: تیر کا کانپتا ہوا ٹیڑھا جانا ...... الجَبَانُ: بزدل کا لڑائی میں پیٹھ پھیرنا ...... فِی الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
عَظَلَ (ن) وعَظِلَ (س) عَظْلًا وتَعَاظَلَ وعَظَّلَ واعْتَظَلَ الکِلَابُ او الجَرَادُ: کتے کا یا ٹڈیوں کا ایک دوسرے پر سوار ہونا۔
عَاظَلَ الشَّیْءَ: سوار ہونا...... الکَلَامَ: کلام میں تعقید لانا اور مکرر کہنا...... الشَّاعِرُ فِی القَافِیَةِ: تضمین کرنا۔الکَلَامَ: اپنے ہی اوپر لوٹ کر آنے والی بات کہنا۔
عَظَّلَ وتَعَظَّلَ۔ القَوْمُ عَلَیْهِ: مارنے کے لئے ہجوم کرنا۔تَعَظَّلَ فِی اَثَرِهِ: تلاش کرنا۔
العَاظِلُ والعَاظِلَةُ والعَظْلَی مِنَ الجَرَادِ: ایک دوسرے پر چڑھی ہوئی ٹڈی۔
تَعَظْلَمَ اللَّیْلُ: سخت تاریک ہونا۔
العَظْلَمَة: تاریکی۔
عَظُمَ (ک) عِظَمًا وعَظَامَةً: بڑا ہونا۔صفت عَظِیْم ج عُظَمَاءُ وعِظَامٌ وعُظُمٌ ...... الاَمْرُ عَلَیْهِ: دشوار ہونا اور باعث مشقت ہونا۔
عَظَمَ (ن) عَظْمًا۔ الکَلْبَ: کتے کو ہڈی کھلانا ...... عَظَمَةَ الرَّجُلِ: ہڈی پر مارنا۔
اَعْظَمَ الاَمْرُ: بڑا ہونا...... الشَّیْءَ: بڑا کرنا۔بڑا سمجھنا۔اعظم الکَلْبَ عَظْمًا: کتے کو ہڈی کھلانا۔کہا جاتا ہے "مَا یَعْظُمُنِیْ اَنْ اَفْعَلَ کَذَا" مجھ کو ایسا کرنے سے کوئی چیز ہول میں ڈالنے والی نہیں۔
عَظَّمَهُ: تعظیم کرنا۔توقیر کرنا۔عَظَّمَ الشَّاةَ: ہڈی۔ہڈی کاٹنا۔
تَعَظَّمَ: تکبر کرنا۔

تَعَاظَمَ : تکبر کرنا۔ تَعَاظَمَهُ الْاَمْرُ : بڑا ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَمْرٌ لَا يَتَعَاظَمُهُ شَيْءٌ : وہ ایسا اَمر ہے جس سے کوئی اس کے لحاظ سے بڑا نہیں۔

اِسْتَعْظَمَ : تکبر کرنا...... الاَمْرَ : بڑا سمجھنا۔ انکار کرنا...... الشَّيْءَ : بڑا حصہ لے لینا۔

العَظْم : ہڈی ج اعظُم وعِظَام وعِظَامَة.

عَظْمُ الشَّيْءِ وعُظْمُه : چیز کا بڑا حصہ۔ ج اَعظَام.

العِظَم والعِظْم والعُظْم : بڑائی۔

عَظْمُ الطَّرِيق : راستہ کا درمیان۔

العُظَام والعُظَّام : بڑا۔ مؤنث عُظَامَة وعُظَّامَة.

العَظْمَة : ہڈی کا ٹکڑا۔

العَظْمَة مِنَ السَّاعِد او اللِّسَان : کلائی یا زبان کا موٹا حصہ ج عَظَمَات. عَظَمَاتُ القَوْم : سردارانِ قوم (...... والعَظَمُوت والعُظَّامَة) تکبر۔ نخوت۔ فخر۔

العِظَامَة والعُظَّامَة والعُظْمَة والاِعْظَامَة : گدی جس کو عورتیں سرین پر بڑا ظاہر ہونے کے لئے باندھتی ہیں۔

العَظِيمَة : مؤنث عَظِيم : سخت مصیبت۔ ج عَظَائِم. عَظَائِمُ اللّٰهِ : اللہ کے بڑے بڑے امور۔

العَظْمِيُّ : سفیدی مائل کبوتر۔

مُعْظَمُ الشَّيْءِ : چیز کا بڑا حصہ ج مَعَاظِم : کہا جاتا ہے " اِنَّ لِفُلَانٍ مَعَاظِمَ وَاجِبَةَ المُرَاعَاةِ" فلاں کے لئے بڑے بڑے حقوق ہیں جن کی رعایت واجب ہے۔

المُعْظَمَة : سخت مصیبت۔

عَظَا يَعْظُو عَظْوًا. فُلَانًا : غمگین کرنا۔ غیبت کرنا۔ بھلائی سے روکنا۔ زہر پلانا۔

عَظِي يَعْظَى عَظًى فُلَانًا : غمگین کرنا۔

العَظَايَة العِظَايَة والعِظَاءَة والعَظَاءَة : چھپکلی کے مشابہ ایک جانور ج عَظَاءٌ وعِظَاءٌ و عَظَايَات وعَظَايَا.

عَفَّ (ض) عَفًّا وعِفَّةً وعَفَافًا وعَفَافَةً وتَعَفَّفَ : حرام یا غیر مستحسن سے رکنا۔ پاک دامن ہونا۔ صفت مذکر عَفِيف وعَفٌّ ج اَعِفَّة واَعِفَّاء وعَفُّونَ : صفت مؤنث عَفِيفَة وعَفَّة : ج عَفِيفَات وعَفَائِف وعِفَّات

عَفَّ عَنْ كَذَا : باز رہنا۔ تَعَفَّفَ كذلك۔ پاک دامن بننا۔ تھن کے بقیہ دودھ کو پینا۔

اَعَفَّ اللّٰه فُلَانًا : پاکدامن کرنا۔

تَعَافَّ النَّاقَةَ : اونٹنی کو دوسری مرتبہ دوھنا...... المَرِيضَ : علاج کرنا۔

اِعْتَفَّ واِسْتَعَفَّ عَنِ الخَبِيثِ : رکنا...... البَعِيرُ اليَبِيسَ : اونٹ کا مٹی کے اوپر اور پر خشک گھاس چرنا۔

العِفَّة : مص۔ پارسائی۔ پاکدامنی۔ طہارت بدن۔

العُفَّة والعُفَافَة : تھن میں بقیہ دودھ اور اسی سے ہے سَأَلَه فما اَعطَاهُ اِلَّا عُفَافَةً : یعنی تھوڑا سا دیا۔ العِفَاف : زوال۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰى عِفَّانِ ذٰلِكَ" یعنی وہ فلاں وقت میں آیا۔

عِفَتَ (ض) عَفْتًا الشَّيْءَ : موڑنا اور توڑنا ...... كَلَامَه وفِي كَلَامِهِ : لکنت کی وجہ سے بولنے میں منہ ٹیڑھا کرنا۔ صفت عَفَّات.

العَفْت : لکنت۔

الاَعْفَت : بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا بےوقوف۔

عَفَجَه (ض) عَفْجًا بِالعَصَا : لاٹھی مارنا۔

العَفْج اوالعِفْجُ والعَفَج والعَفِج : آنت ج اَعْفَاج وعِفَجَة.

المِعْفَج : بےوقوف۔

المِعْفَجَة والمِعْفَاج : لاٹھی۔ کپڑے دھونے کی موگری اور عوام (مِخْبَاط) کہتے ہیں۔

عَفَدَ (ض) عَفْدًا وعَفَدَانًا : دونوں ٹانگیں ملا کر کودنا۔

اِعْتَفَدَ : بھوک کی وجہ سے مرنے کے لئے دروازہ بند کرنا اور سوال نہ کرنا۔

عَفَرَه (ض) عَفْرًا فِي التُّرَاب : مٹی میں گھسیٹنا۔ زمین میں دھنسا دینا...... الشَّيْءَ : زمین پر پٹک دینا۔

عَفِرَ (س) عَفَرًا واِسْتَعْفَرَ : خاکستری رنگ ہونا۔ خاک آلود ہونا۔ صفت اَعْفَر.

عَفَّرَه. فِي التُّرَاب : مٹی میں گھسیٹنا۔ زمین میں دھنسا دینا۔ جو شخص ذلیل کیا گیا ہو اس کے لئے "قَدْ عُفِّرَ واُرْغِمَ" بولا جاتا ہے "عَفَّرَ اللَّحْمَ" دھوپ میں ریت پر خشک کرنا ...... الشَّيْءَ : سفید کرنا۔ عَفَّرَتِ المَرْاَةُ فِي الفِطَام : عورت کا دودھ چھڑانے کے لئے پستان پر مٹی لگانا۔

اِعْتَفَرَ. الشَّيْءُ : خاک آلود ہونا...... الثَّوبَ فِي التُّرَابِ : کپڑے کو مٹی میں گھسیٹنا...... فُلَانٌ : قادر ہونا۔ قوی ہونا...... الرَّجُلَ : زمین پر پٹک دینا۔ کودنا...... الاَسَدُ : شیر کا پچھاڑنا۔

تَعَافَرَ. الثَّرِيدُ : ثرید کا سفید ہونا۔

تَعَفَّرَ وانْعَفَرَ فِي التُّرَابِ : مٹی میں لوٹ پوٹ لگانا...... الشَّيْءُ : خاک آلود ہونا۔ تَعَفَّرَ الوَحْشُ : وحشی جانور کا موٹا ہونا۔

العَفْر والعَفَر : مٹی۔ خاک۔ ج اَعْفَار.

العِفْر والعُفْر : نر سور یا مطلقاً سور۔ بہادر۔ سخت موٹا۔ العُفْر : بعد۔ بےرونق بازار۔ مہینے کی ساتویں' آٹھویں' نویں رات۔ مرد دلیر و چالاک۔ موٹا۔ ج اَعْفَار وعِفَار.

رَجُلٌ عِفْرٌ وعِفِرٌّ وعِفْرِّيٌّ وعِفْرِيَة : خبیث مرد۔

الاَعْفَر : ہرن کی ایک قسم جو کم دوڑتا ہے۔

العُفْرَة : خاکستری رنگ۔

العُفْرَة والعَفْرَة. مِنَ الدِّيكِ : مرغ کے گردن کے بال...... مِنَ الاِنْسَان : وسط سر کے بال...... مِنَ الاَسَدِ : شیر کے بال۔

عُفْرَةُ الحَرِّ : گرمی کی شدت۔

العُفُر : زمانہ۔ وقت۔ مہینہ۔

العُفْرَةُ : کھوٹا لوگ۔ عُفْرَة وعُفُرَّة الحَرِّ و البَرْدِ : گرمی یا سردی کی شدت۔

العَفَار : بغیر شکر وغیرہ کا ستو۔ درخت جس

سے آگ نکالنے کا کام لیا جاتا ہے واحد عفارۃ۔

العَفارۃ: خباثت۔ برائی۔

العِفْرِیۃ: بڑا سخت مکار۔ خبیث۔

العِفْرِیۃ والعِفْراۃ مِنَ الدِّیکۃ والاِنْسان: بمعنی عِفْرۃ: جب کوئی غضبناک ہوکر آئے تو کہا کرتے ہیں۔ "جَاءَ نافِشًا عِفْرِیَتَه"۔

العَفِیْر: گوشت جو دھوپ میں ریت پر خشک کیا جائے۔ خُبْزٌ عَفِیْرٌ: بلا سالن کے روٹی (...... والمَعْفُوْرُ) مٹی میں لتھڑا ہوا۔

العَفِیْر: وہ عورت جو پڑوسن کو ہدیہ نہ بھیجتی ہو۔

العُفَیْرۃ: کبریلا کی گولی۔

العَفّار: مؤنث کھجور میں نر کھجور کا پھول ڈالنے والا۔

العَفْراء. الاَعْفَر: کا مؤنث ج عُفْر: سفید زمین...... مِنْ لَیالی القَمَر: تیرھویں رات۔

العِفْرِیْن: مرد قوی کامل۔ چالاک اور کاموں کو کرڈالنے والا۔ لَیْثُ عِفْرِیْنَ: شیر۔

عِفْرِیْن: نام شیر کی جھاڑی کا۔

المُعافِر: ساتھیوں کے ساتھ چلنے والا تاکہ ان کے بچے ہوئے سے کچھ حاصل کرلے۔

تَعَفْرَتَ: دیو ہونا۔ شریر ہونا۔

العِفْرِیْت: سخت خبیث۔ چالاک اور کاموں کو کر ڈالنے والا اور یہ انسان' جنات' شیاطین سب میں سے ہوتا ہے۔ ج عَفارِیْت: مؤنث عِفْرِیْتَه۔

عَفْرَسَه: پچھاڑنا اور غالب ہونا۔

العِفْرِس والعِفْرِیْس والعِفْراس والعُفْرُوس والعَفَرْنَس: شیر۔

العَفارِیْس: شتر مرغ۔

عَفَزَ (ض) عَفْزًا. اَهْلَه: اپنی بیوی سے کھیل کود کرنا...... الجَمالُ بَعِیْرَه: ساربان کا اونٹ کو بٹھانا۔

العَفْز: جمع...... العَفاز: کھایا ہوا اخروٹ۔

العَفازۃ: ٹیلہ۔

عَفَسَه (ض) عَفْسًا: پچھاڑنا اور روندنا۔ قید کرنا...... عَنْ حَاجَتِه: حاجت سے باز رکھنا روکنا...... الماشِیَۃ: جانور کو بغیر چارے کے رکھنا...... هُ: زمین پر چھٹا دینا۔ سختی سے زمین پر کھینچنا...... هُ بِرِجْلِه: چوتڑ پر لات مارنا۔

عَافَسَه: کشتی کرنا۔ مزاولت کرنا۔ کہا جاتا ہے "بَاتَ یُعَافِسُ الاُمُوْرَ"۔

تَعافَسَ واعْتَفَسَ القَوْمُ: آپس میں کشتی کرنا۔

اِنْعَفَسَ فِی التُّراب: خاک آلود ہونا۔ فِی الماءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔

العِفاس: فساد۔

المَعْفُوْس: قیدی۔

عَفَشَ (ض) عَفْشًا الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

العُفاشۃ: بے خیر و برکت آدمی۔

الاَعْفَش: کمزور نگاہ والا۔

عَفَصَه (ض) عَفْصًا: اکھیڑنا۔ موڑنا۔ الرَّجُلَ: کشتی میں غالب آنا۔ عَفَصَ حَقَّه مِنْه: حق لینا۔

عَفَصَ واَعْفَصَ والقارُوْرَۃَ: شیشی میں کاگ لگانا۔ ڈاٹ لگانا۔ اَعْفَصَ الْحِبْرَ: روشنائی میں مازو ڈالنا۔

عَفَّصَ الثَّوْبَ: کپڑے کو مازو سے رنگنا۔

عَافَصَه مُعافَصَۃً: کشتی لڑنا۔

العَفْص: مازو۔ مازو کا درخت۔ بلوط کا درخت۔

العَفَص: ناک کی کجی۔

العَفِص: کسیلا۔

العُفُوْصَۃ: کسیلا پن۔

العِفاص: کاگ۔ ڈاٹ۔ شیشی کا سربند۔

عَفَطَتْ (ض) عَفْطًا وعَفِیْطًا وعَفَطانًا. العَنْزُ: بکری کا ریح خارج کرنا...... الضَّأنُ: بھیڑ کا چھینکنا...... (عَفْطًا) الرّاعِی: بکری کے گوز کے مانند ہونٹوں سے آواز نکالنا۔ بِغَنَمِه: بھیڑ کی چھینک کے مانند آواز سے بھیڑ کو ڈانٹنا یا بلانا...... فُلانٌ فِی کَلامِه: لکنت کرنا۔

العَفّاط: فا(...... والعَفِیط) بہت گوز کرنے والا۔

العافِطۃ: مؤنث عافط: بھیڑ اور اسی سے عرب کا قول ہے "مالَه عافِطَۃٌ ولا نافِطَه" یعنی اس کے پاس نہ بھیڑ ہے نہ بکری۔ مراد یہ ہے کہ کچھ بھی نہیں۔

الاَعْفَط: بے وقوف۔

العَفّاط العِفاطِیُّ والعِفْطِیُّ: ہکلا۔ لکنت والا۔

عَفَقَ (ض) عَفْقًا. الرَّجُلُ: غائب ہونا۔ بلا کسی ضرورت کے آنا جانا۔ تیز جانا۔ تھوڑا سا سونے کے بعد جاگنا پھر سونا۔ عَفَقَه بِالسَّوْط: کوڑے سے بہت مارنا...... ہ عَنِ الاَمْرِ: منع کرنا...... العَمَلَ: کام کو ادھورا کرنا...... الشَّیْءَ: جمع کرنا...... عَلَیْهِ الصَّیْدَ: کسی کی جانب شکار کو ہانک کرلانا...... الرِّیْحُ الشَّیْءَ: پراگندہ کرنا۔ عَفَقَ الحِمارُ: گدھے کا گوز کرنا۔

عَفَقَ الغنم بعضها علی بعض: بکریوں کا اکٹھا کرنا۔

عَافَقَه مُعافَقَۃً وعِفاقًا: فریب دینا۔ عَافَقَ الذِّئْبُ الغَنَمَ: بھیڑیے کا بکریوں کے آتے جاتے میں نقصان کرنا۔

اَعْفَقَ: بلا ضرورت کے اکثر آنا جانا۔

تَعَفَّقَ بِه: پناہ لینا۔

اِعْتَفَقَ القَوْمُ بِالسُّیُوْفِ: آپس میں تلوار بازی کرنا...... الاَسَدُ فَرِیْسَتَه: شیر کا شکار پر مائل ہونا۔

اِنْعَفَقَ فِی حاجَتِه: جلدی کرنا۔

العَفاقَۃ: دبر۔

رَجُلٌ مِعْفاقُ الزِّیارَۃِ: بہت ملاقات کرنے والا۔

المُنْعَفِق: پانی پر سے واپس ہونے والا۔

عَفَکَ (ض) عَفْکًا الکَلامَ: سیدھی طرح سے بات نہ کرنا۔ بے ہودہ کلام کرنا۔

عَفِکَ (س) عَفَکًا وعَفْکًا: سخت بے وقوف ہونا۔ صفت عَفِکٌ وعَفِکٌ

وعفیک: مؤنث عفکاء ج عُفک۔
الاَعْفَکُ: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔
عَفَنَ (ض) عَفْنًا وعَفَنَ اللَّحْمُ: گوشت کو بدبودار کرنا۔ عَفَنَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
عَفِنَ (س) عَفَنًا وعُفُونَةً وتَعَفَّنَ الشَّيْءُ: تری کی وجہ سے خراب ہونا۔۔۔۔۔۔ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت عَفِنٌ ومَعْفُونٌ ومُعْفِنٌ ومُتَعَفِّن۔
اَلْعَفَنُ وَالعُفُونَةُ: موذی مرض جو کہ اعضاء تناسل سے شروع ہوتا ہے اور ان کو خراب کر دیتا ہے یہ مرض کثرت کے ساتھ جنگ عظیم دوم کے دنوں میں ظاہر ہوئی۔ اس وجہ سے ان امراض متعدیہ کو ختم کرنے کے لئے جراثیم مار ادویات ایجاد کی گئیں۔
اَعْفَنَ الشَّيْءُ: بدبودار پانا۔
عَفَا يَعْفُو عَفْوًا عَنْهُ وَلَه ذَنْبَه وعَفَا عَنْ ذَنْبِه: درگزر کرنا۔ معاف کرنا۔ سزا کو چھوڑ دینا۔۔۔۔۔۔ اللّٰهُ عنه: گناہوں کو معاف کرنا۔۔۔۔۔۔ عَنِ الشَّيْءِ: رکنا۔۔۔۔۔۔ عَنِ الحَقِّ: ساقط کرنا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءُ: زیادہ کرنا۔۔۔۔۔۔ عَلَيْهِ فِي العِلْمِ: بڑھ جانا۔۔۔۔۔۔ الصُّوفَ: اون کاٹنا۔۔۔۔۔۔ فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لئے جانا۔
عَفَتِ الاَرْضُ: زمین کا سبزی سے ڈھک جانا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءُ: زیادہ اور لمبا ہونا۔ عَفَتِ الرِّيحُ الاَثَرَ اَوِ المَنْزِلَ: مٹا دینا۔۔۔۔۔۔ (عَفَا عَفْوًا وعَفَاءً وعُفُوًّا) الاَثَرُ او المَنْزِلُ: مٹنا۔ اَثَرُ فُلَانٍ: ہلاک ہونا۔ مرنا۔
عَفَا يَعْفُوا عَفْوًا وعُفِيَ يَعْفِي عَفْيًا الشَّعْرُ: بالوں کو چھوڑ دینا یہاں تک کہ لمبے اور زیادہ ہو جائیں۔ عَفَّى تَعْفِيَةً: بالوں کا لمبا اور زیادہ ہونا۔ عَفَتِ الرِّيحُ المَنْزِلَ: مٹا دینا۔۔۔۔۔۔ عَلَى مَا كَانَ مِنْهُ: بگاڑ کے بعد درست کرنا۔ عَفَتِ العِلَّةُ صَاحِبَهَا: ہلاک کرنا۔
عَافَى مُعَافَاةً وعِفَاءً وعَافِيَةً اللّٰهُ فُلَانًا: صحت دینا۔ بلا اور برائی سے بچانا۔
اَعْفَى اِعْفَاءً اللّٰهُ فُلَانًا: عافیت دینا۔۔۔۔۔۔ الشَّعْرَ: بالوں کو بڑھنے کے لئے چھوڑ دینا۔۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: بہت مال دار ہونا۔ زائد مال کو خرچ کرنا۔۔۔۔۔۔ مِنَ الاَمْرِ: بری کر دینا۔۔۔۔۔۔ زَيْدًا بِحَقِّه: حق کو پورے طریقہ سے ادا کر دینا۔۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: دینا۔۔۔۔۔۔ المَرِيضُ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔
تَعَفَّى تَعَفِّيًا: مٹنا اور مضمحل ہونا۔
تَعَافَى تَعَافِيًا: عافیت پانا۔۔۔۔۔۔ الشَّيْءُ: چھوڑنا۔
اِعْتَفَى اِعْتِفَاءً: فُلَانًا: کسی کے پاس طلب معروف کے لئے آنا۔ اِعْتَفَتْ وَاسْتَعْفَتْ الاِبِلُ اليَبِيسَ: اوپر اوپر سے خشک گھاس کو چرنا۔ اِسْتَعْفَى الرَّجُلُ مُكَلِّفَه: استعفیٰ دینا۔ معافی طلب کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَعْفَى مِنَ الخُرُوجِ فَاَعْفَاه" یعنی فلاں نے نکلنے سے معافی مانگی اور اس نے معاف کر دیا۔
العَفَاءُ: مٹی۔ بارش۔ گھروں کی بربادی۔ ہلاکت۔ آنکھ کا پھولا۔
العِفَاءُ: زیادہ لمبے بال۔ شترمرغ کے پر۔ اونٹ کے بال۔
العَفْوُ: عمدہ چیز۔ فضل ومعروف۔۔۔۔۔۔ مِنَ المَالِ: خرچ سے زائد جس کا دینا دشوار نہ ہو۔ زمین جس میں کوئی نشان نہ ہو۔
العَفَا والعَفْو والعِفْو والعُفْو: گدھے کا بچہ ج عِفَا وعِفَوَة۔
العَفُوَّةُ: دیت۔ گدھے کا مادہ بچہ۔ ج عَفو۔
الـعَـفْـوَة والعِفْوَة والعُفْوَة: ہانڈی کا جھاگ۔ عِفوة الشي: چیز کا خالص۔ عِفْوَةُ الطَّعَامِ والشَّرَابِ: عمدہ کھانا پانی۔ العِفْوَةُ والعُفْوَةُ: مرد کے سر کے بال۔
العِفَاوَة: شوربے کا اچھا حصہ جو کسی معزز کو دیا جائے۔
العِفَاوَة: دیگ کا نچلا شوربہ۔
الـعِـفَـاوَة والعَفَاوَة والعُفَاوَة: ہانڈی کا جھاگ۔
الـعَـفُـوُّ: معاف کرنے والا۔ بہت معاف کرنے والا۔
العَافِي: قاصد۔ بخشنے والا۔ درگزر کرنے والا۔ لمبے بال والا۔ مٹنے والا ج عُفِيٌّ: دیگ کا نچلا شوربہ۔ گھاس پانی طلب کرنے والا۔ گھاٹ پر اترنے والا مہمان۔ ہر طالب بخشش و رزق۔ ج عُفَاةٌ وعُفِيٌّ وعَافِيَةٌ: کہا جاتا ہے "كَثُرَتْ عَلَى الكَرِيمِ عَافِيَةٌ" کریم پر بخشش کے طلب کرنے والے بہت ہوئے۔
العَافِيَة: عافی کا مصدر یا اسم۔ کامل صحت ہر طالب رزق ج عَافِيَات وعَوَافٍ۔
المُعْفِي: قاصد۔ ساتھی جو سلوک کا طالب نہ ہو۔
عَقَّ (ن) عَقًّا الثَّوبَ: کپڑا پھاڑنا۔ عَقَّتِ الرِّيحُ المُزْنَ: بارش برسانا۔۔۔۔۔۔ الدَّلْوُ: کنوئیں سے بھرا ہوا ڈول نکلنا۔۔۔۔۔۔ عُقُوقًا ومَعَقَّةً الوَلَدُ وَالِدَه: والد کی نافرمانی کرنا اور شفقت نہ کرنا اور استخفاف کرنا۔ صفت عَقٌّ وعَاقٌّ ج عَقَقَةٌ واَعِقَّةٌ واَعَقٌّ وعُقُقٌ وعُقَّقٌ۔
عَقَّ (س) عَقَقًا: پھٹنا۔
عَقَّتْ (ض) عَقَقًا وعُقَاقًا وعِقَاقًا الفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوق۔
عَاقَّ مُعَاقَّةً اَبَاهُ: مخالفت کرنا۔
اَعَقَّ الكَرْمُ: انگور کی بیل کی جڑوں سے شاخ نکلنا۔ فُلَانٌ: نافرمانی کرنا۔ اَعَقَّتِ الفَرَسُ: گھوڑی کا حاملہ ہونا۔ صفت عَقُوق۔
اِنْعَقَّ الوَادِي: وادی گہری ہونا۔۔۔۔۔۔ الغُبَارُ: غبار بلند ہونا۔۔۔۔۔۔ العُقْدَةُ: گرہ مضبوط۔۔۔۔۔۔ البَرْقُ: بجلی کا بادل میں چھپ جانا۔ (واعتق) پھٹنا۔ اِعْتَقَّ السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔۔۔۔۔۔ المُعْتَذِرُ: عذر بیان کرنے میں مبالغہ کرنا۔
العَاقُّ: اسم فاعل ج عَاقُّونَ وعَقَقَةٌ واَعِقَّةٌ: مؤنث عَاقَّةٌ ج عَوَاقّ و[illegible]
العَقُّ والعَقَّة: گہرا گڑھا۔
العُقُّ والعُقَاقُ مِنَ المَاءِ: کڑوا پانی۔
العِقَّة: نوزائیدہ بچے کے بال ج عِقَق۔
العَقُوقُ مِنَ الخَيْلِ: حاملہ گھوڑی ج عُقُق۔

کوڑی ج عُقُق وعِقاق۔

العَقِیق: سرخ مہرے۔ واحد عَقِیقَة: وادی اور ہر پانی بہنے کی جگہ جس کو سیلاب نے وسیع کر دیا ہو ج اَعِقَّة: نوزائیدہ بچے کے بال۔ عرب میں چند مقامات کے نام۔

العَقِیقَة: نوزائیدہ بچے کے بال۔ توشہ دان۔ نہر۔ بکری جو پیدائش کے ساتویں دن بال مونڈتے وقت ذبح کی جائے۔ تیر جس کو زمانۂ جاہلیت میں سھم الاعتذار کہتے تھے اور خون کے بدلے کا فیصلہ کرنے کے لئے آسمان کی طرف پھینکتے تھے۔ اگر خون میں لت پت واپس آتا تھا تو قصاص لیتے تھے اور اگر صاف آتا تھا تو دیت پر مصالحت کر لیتے تھے۔

عِقّان الکرم او النخیل: شاخیں جو انگور کی بیل یا درخت خرما کی جڑ سے نکلیں۔

عقب (ض ن) عَقْبًا: ایڑی مارنا۔ عقب القوسَ او السھمَ: پٹھا لپیٹنا...... عَقْبًا وعُقُوبًا وعاقبۃً الرجلَ او مکانَ الرجلِ: پیچھے آنا۔ جانشین ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَبَ الشَّیْبُ" یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی۔

عُقِبَ عَقْبًا: ایڑی میں درد ہونا۔

عَقَّبَہ: پیچھے آنا۔ پیچھے لانا۔ عقّب الصَّلٰوۃ: نماز پوری کر لینے کے بعد دعا وغیرہ کے لئے بیٹھنا۔ کہا جاتا ہے "عَقَّبَ الشَّیْبُ" یعنی سیاہی کے بعد سفیدی آئی...... فی الامر: کسی چیز کے طلب کرنے کے لئے کوشش کرنا اور آمدورفت رکھنا...... الحاکمُ علی حکمِ سلفِہ: حاکم کا اپنے سلف کے فیصلے کے خلاف فیصلہ کرنا۔

علیہ: بدنام کرنا اور غلطیوں کو بیان کرنا۔

عاقبہ معاقبۃً: پیچھے آنا۔ عاقبہ فی الراحلۃ: نوبت بنوبت سوار ہونا۔

عاقبہ عِقابًا ومعاقبۃً بذنبِہ وعلی ذنبِہ: مواخذہ کرنا۔ سزا دینا۔ اسم العقوبۃ۔

اَعْقَبَہ: جانشین ہونا۔ اچھا بدلہ دینا۔ عرب کہتے تھے "اَعْقَبْتُ الرَّجُلَ" یعنی بہترین بدلہ پایا اور "عاقبۃ" یعنی برا بدلہ دیا۔ عاقبۃ: اچھے بدلے کو اور عِقاب برے بدلے کو کہتے ہیں۔ اَعْقَبَہ فی الراحلۃ: نوبت بنوبت سوار ہونا۔ اعقب فلانٌ: مرنا اور اولاد چھوڑ جانا...... الامرُ: اچھا انجام ہونا...... الرجلُ: برائی سے بھلائی کی طرف لوٹنا۔ اَعْقَبَتِ الارضُ: زمین کا چرے جانے کے بعد پھر سرسبز ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَعْقَبَ عِزُّہٗ ذُلًّا" یعنی اس کی عزت ذلت سے بدل گئی۔

تَعَقَّبَہٗ: تلاش کرنا۔ نقائص تلاش کرنا۔ پیروی کرنا۔ جرم پر گرفت کرنا۔ تَعَقَّبَ عَنِ الخبرِ: شک کی وجہ سے خبر کو دوسری مرتبہ پوچھنا۔ تعقّب من امرِہ: نادم ہونا۔

تَعاقَبَ الرَّجُلانِ او اللیلُ والنھارُ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔ تعاقبا علی الراحلۃ: نوبت بنوبت سوار ہونا۔ القومُ فی الشیءِ او الامرِ: باری باری کرنا۔

تعاقبو علی فلانٍ بالضربِ: کسی کو مارنے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِعْتَقَبَ البائعُ السلعۃَ: قیمت پر قبضہ کرنے کے لئے سامان کو روک لینا...... الرجلَ: قید کرنا...... من کذا ندامۃً: انجام میں ندامت اٹھانا...... القومُ علیہ: مدد کرنا۔

اِسْتَعْقَبَہ: عیوب ونقائص کو تلاش کرنا۔

العَقْب: ہر پیچھے آنے والی چیز۔

العَقِب والعَقْب: ایڑی۔ بیٹا۔ پوتا۔ ج اعقاب۔ اعقاب الامور: امور کے انجام۔ کہا جاتا ہے "جاءَ عَقِبَہٗ وبعقبِہ" جانشین ہوا "رَجَعَ عَلٰی عَقِبِہٖ" وہ جلدی سے اسی راستے سے واپس گیا جس سے آیا تھا "وَطِیَ عَقِبَہٗ" وہ اس کے نشانِ قدم پر چلا۔ "سافر علی عقبِ الشھرِ" اس نے مہینے کے آخر میں سفر کیا۔

العُقْب والعُقُب: انجام۔ نتیجہ۔ ج اعقاب۔

العَقَب: پٹھا جس سے تانت بنایا جاتا ہے۔ ج اَعْقاب۔

العُقْبَة: باری۔ بدل۔ تم کہتے ہو "تَمَّتْ عُقْبَتُکَ" تمہاری باری پوری ہو گئی "اَخَذْتُ مِنْ اَسِیرِی عُقْبَۃً" میں نے اپنے قیدی سے بدلہ لے لیا۔ العُقْبَۃُ مِنَ الجمالِ: حسن کا اثر۔

العُقْبَة: کھانے کے بعد جو میٹھی چیز کھائی جائے۔ شوربے کا بقیہ حصہ جو ہانڈی والے کو دیا جائے۔ رات دن۔ اس لئے کہ یہ باری باری آتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عُقْبَۃُ بنی فلانٍ" وہ بنی فلاں کا آخری ہے ج عُقَب

اَبُو عُقْبَۃ: سور۔

العِقْبَة: حسن کا اثر۔

العَقَبَة: دشوار گزار گھاٹی۔ پہاڑی دشوار راستہ۔ ج عِقاب وعَقَبات۔

العُقْبٰی: کام کا بدلہ۔ ہر چیز کا آخر۔ آخرت۔

العُقُوبۃ والعِقاب والمُعاقبۃ: بدی کا بدلہ۔ سزا۔

العُقاب: ایک قوی شکاری پرندہ ج عِقْبان واَعْقُب: جج عَقابِین۔ العُقاب: ایک ستارے کا نام۔ حوض کی طرف پانی کی نالی۔ ٹیلہ۔ پتھر جس پر ساقی کھڑا ہوتا ہے۔

العَقِیب: پیرو۔ پیچھے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَقِیبُہٗ" وہ اس کے پیچھے پیچھے آتا ہے۔

العَقُوب: اُمورِ خیر میں پیروی کرنے والا۔ اچھا جانشین۔

العاقِب: فا۔ نائب۔ اچھا جانشین۔

العاقِبَة: مؤنث۔ عاقب۔ نسل۔ ہر چیز کا آخر۔ اچھا بدلہ۔ ج عواقب۔

العُقْبان: بمعنی عاقبت۔

العُقَیْب: ایک شکاری پرندہ جو چڑیا اور خرگوش وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کو "مُرَزَّۃ" بھی کہتے ہیں۔

المِعْقَب: ہانکنے میں ماہر۔ اوڑھنی۔ بالی۔

المُعْقاب: وہ عورت جس کی عادت ہو کہ ایک بار لڑکا جنے اور دوسری مرتبہ لڑکی۔ وہ

مکان جس میں خشک انگور رکھا جائے۔
المُعَاقِب: فا۔ بدلہ لینے والا۔
المُعَقِّبَات: رات دن کے فرشتے۔ تسبیحات جو باری باری پڑھی جائیں۔
الیَعْقُوب: نر چکور۔ ج یَعَاقِیب یا زائدہ ہے۔
العُقْبُول و العُقْبُولَة: سختی۔ بیماری یا عداوت کا بقیہ۔ بخار کے بعد ہونٹوں پر کی پھنسیاں ج عَقَابِیل۔
عَقَدَ (ض) عَقْدًا الحَبْلَ: گرہ لگانا۔ البَیْعَ او الیَمِینَ: بیع یا قسم کو پکا کرنا...... الحَاسِبُ: حساب لگانا...... ہ عَلَی الشَّیْئِ: معاہدہ کرنا...... لَہُ الشَّیْئَ: ضامن ہونا...... الخَیْطَ: دھاگے میں گرہ لگانا...... البَنَّاءُ: معمار کا محراب بنانا...... البَنَّاءُ بِالْجِصِّ: عمارت کو چونے سے مضبوط کرنا...... الزَّهْرُ: پھول کے اجزا کا جمع ہو کر پھل بن جانا...... العَسَلُ ونحوہ: شہد کا گاڑھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَقَدَ نَاصِیَتَہ" یعنی غضبناک ہوا اور برائی کے لئے تیار ہوا۔ "عَقَدَ عُنُقَهٗ اِلَیْهِ" یعنی پناہ لی "عَقَدَ لَهُ الرِّئَاسَةَ فِي قَوْمِهٖ" یعنی اس کو اس کی قوم میں رئیس بنا دیا "عَقَدَ لَهٗ عَلَی الجَیْشِ" یعنی اس کو لشکر کا سردار بنا دیا۔
عَقِدَ (س) عَقَدًا: گرہ دار زبان والا ہونا...... اللِّسَانُ: زبان کا رکنا۔ صفت اَعْقَد وعَقِد۔
عَقَّدَ البَیْتَ: محراب بنانا...... الیَمِینَ: قسم کو پکا کرنا...... الحَبْلَ: رسی میں گرہ لگانے میں مبالغہ کرنا...... الکَلَامَ: مبہم کلام کرنا (...... واَعْقَدَ) الدِّبْسَ ونحوہ: شیرہ کو جوش دے کر گاڑھا کرنا۔
عَاقَدَهٗ مُعَاقَدَةً: معاہدہ کرنا۔
تَعَقَّدَ الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا...... الرَّمْلُ: ریت کا تہ بہ تہ ہونا...... السَّحَابُ: بادل کا محراب کے مانند ہونا...... الاَمْرُ: دشوار ہونا...... الاِخَاءُ: مضبوط ہونا۔
اِنْعَقَدَ: گرہ لگنا...... الاَمْرُ لِفُلَانٍ: خالص ہونا

...... الدِّبْسُ: شیرہ کا گاڑھا ہونا الزَّهْرُ: پھول کے اجزاء کا جمع ہو کر پھل بن جانا۔
تَعَاقَدَ القَوْمُ: ایک دوسرے کے ساتھ معاہدہ کرنا۔
اِعْتَقَدَ المَالَ: جمع کرنا...... الاَمْرَ: تصدیق کرنا۔ نہایت پختہ یقین رکھنا۔ دین بنانا...... الشَّیْئُ: سخت ہونا اور اسی سے ہے "اِعْتَقَدَ النَّوٰی" جبکہ گٹھلی سخت ہو جائے الاِخَاءُ بَیْنَهُمَا: سچی ہونا۔ ثابت ہونا۔ باندھنا اللؤلؤ ونحوہ: موتی وغیرہ کے ہار بنانا۔
العَقْد: محراب ج اَعْقَاد وعُقُود اور اعداد کے عقود دہائیوں کو کہتے ہیں جیسے دس بیس تیس نوے تک۔
العِقْد: ہار ج عُقُوْد۔
العَقِد والعَقَد: ریت کا ڈھیر واحد العَقِدَة والعَقَدَة۔
العُقْدَة: گرہ۔ جائیداد۔ شہر کی حکومت حاکموں کی بیعت...... مِنْ کُلِّ شَیْئٍ: ہر چیز کی مضبوطی۔ اتنی مقدار جو آدمی کو کافی ہو۔ بہت درختوں والی جگہ۔ جو کسی چیز کو روک لے اور باندھ لے۔ کہا جاتا ہے "تَحَلَّلَتْ عُقَدُہ" یعنی اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔
العَاقِد: فا۔ ج عَقَدَة کہا جاتا ہے "جَاءَ عَاقِدًا عُنُقَهٗ" تکبر سے گردن موڑتا ہوا آیا۔
العَاقِدَة: مؤنث عَاقِد۔ ج عَاقِد وعَاقِدَات العاقدات: جادوگرنیاں۔
العُقْدَة: زبان کی جڑ۔
العَقَّاد: بہت عقد کرنے والا۔ دھاگہ اور گھنڈی کا بنانے والا اور بیچنے والا۔
العِقَادَة: دھاگہ گھنڈی بنانے کا پیشہ۔
العَقِیْد: معاہدہ کرنے والا...... مِنَ الدِّبْسِ: گاڑھا شیرہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَقِیْدُ الکَرَمِ اَوِ اللُّؤْمِ" یعنی فلاں آدمی طبعًا کریم یا لئیم ہے۔
العَقِیْدَة: جس پر پختہ یقین کیا جائے جس کو انسان اپنا دین بنائے اور اس کا اعتقاد رکھے۔ ج عقائد۔

الاَعْقَد: وہ شخص جس کی زبان میں گرہ ہو۔ جس میں گرہیں ہوں۔ کتا یا بھیڑیا جس کی دم مڑی ہوئی ہو۔ مؤنث عَقْدَاء: ج عُقْد۔
العُنْقُوْد والعِنْقَاد مِنَ العِنَبِ ونحوہ: گچھا۔ ج عَنَاقِیْد۔
المَعْقِد: گرہ بندھنے کی جگہ۔ جوڑ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّیْ مَعْقِدَ الاِزَارِ" یعنی وہ مرتبہ کے لحاظ سے مجھ سے قریب ہے ج مَعَاقِد۔
المَعَاقِد: وہ منازل جہاں بار بار لوٹ کر آئیں۔
المِعْقَاد: بچوں کے گلے میں ڈالنے کے لئے تعویذ وغیرہ کی لڑی۔
المُعَقِّد: فا۔ جادوگر۔
المُعْتَقَد: اعتقاد جس کا انسان اعتقاد کرے۔
عَقَرَہ (ض) عَقْرًا: زخمی کرنا۔ ذبح کرنا۔
عَقَرَ الاِبِلَ: کونچیں کاٹنا۔ عَقَرَ بِهٖ: چلنے سے روک دینا...... بِالصَّیْدِ: شکار کے پیچھے لگانا۔
عَقَرَت (ض) عَقْرًا وعُقْرًا وعُقُوْرًا و
عَقُرَت (ک) عُقْرًا وعَقَارَةً وعِقَارَةً و
عَقِرَت۔ المراۃ او الناقۃ: بانجھ ہونا۔ صفت العَاقِر۔
عَقُرَ (ک) عُقْرًا۔ الاَمْرُ: بے نتیجہ ہونا۔
عَقِرَ (س) عَقَرًا: وحشت زدہ ہونا۔ متحیر ہونا کانپنا۔
عَقَّرَ الاِبِلَ: اونٹ کو بہت زخمی کرنا۔
عَاقَرَ مُعَاقَرَةً۔ الشَّیْئَ: لازم پکڑنا۔ چمٹ جانا...... الخَمْرَ: شراب پینے میں مداومت کرنا...... ہ: گالی دینا۔ برا بھلا کہنا۔ جو کرنا۔ اونٹ ذبح کرنے میں فخر کرنا۔
اَعْقَرَہٗ: وحشت زدہ کرنا۔ اَعْقَرَ اللّٰهُ المَرْأَةَ: عورت کو بانجھ کر دینا۔
تَعَقَّرَ النَّبَاتُ: نباتات کا لمبا ہونا...... الشَّحْمُ ...... النَّاقَةُ: چربی کا اکٹھا ہوا ہونا...... الغَیْثُ: ...... جائیداد زیادہ ہونا...... ہونا (...... واِعْتَقَرَ ولَعَقَّرَ) ظَهْرُ ...... الرَّحْلِ او السَّرْجِ: ......

کی پیٹھ کا زخمی ہونا۔ عُقِرَتْ قَوَائِمُ البَعِیْرِ : کونچیں کٹ جانا۔

تَعَاقَرَ الرَّاعِیَانِ : اونٹ کے ذبح کرنے میں مقابلہ کرنا۔

العُقْر : گھر کا درمیانی حصہ۔ محلہ۔ قوم۔ بلند عمارت اترنے کی جگہ۔ دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔

العُقْـر : عورت کا مہر۔ قوم کے اُترنے کی جگہ۔ حوض کا پچھلا حصہ۔ گھر کا درمیانی حصہ۔ گھر میں عمدہ جگہ۔ بہترین گھاس۔ قصیدے کا بہتر شعر۔ محل۔ ج أَعْقَار. بیضة العُقْر: مرغی کا پہلا انڈا۔ العُقْر: بانجھ (...... والعُقُر) بڑی آگ۔

العَقْرة والعُقْرَة والعَقَارَة : بانجھ پن۔

العَقْرَاء : مؤنث الأعْقَر: اونچا ٹیلہ۔

العَقَار : گھر کا سامان۔ جائیداد کا ہر غیر منقول چیز۔ سرخ رنگ ج عَقَارَات.

الـعَقَـار : گھر کا سامان۔ عمدہ مال۔ بہترین گھاس۔ شراب۔

العُقَر والعُقَرة والمِعْقَر : جانوروں کو تھکا کر زخمی کرنے والا۔ اِمرأة عقرة : رحم کی بیماری والی عورت۔

الـعَقَّار : بہت زخمی کرنے والا۔ درخت۔ جڑی بوٹی سے علاج کرنے والا۔ دوا۔ ج عَقَاقِیر.

العِقِّیر: صیغہ مبالغہ۔ درخت۔

العَقُوْر : کاٹ کھانے والا جانور ج عُقُر.

الـــمُعْقِرة والعَاقُوْر والمِعْقَر والمِعْقَار والـمُعَقِّر. مِنَ الـسروج: پیٹھ کو زخمی کرنے والی زین۔

العَقِیْر : زخمی۔ دہشت زدہ ج عَقْرٰی.

رَجُلٌ عَقِیْرٌ : بے اولاد مرد۔

الـعَقِیْرَة : زخمی شکار۔ کٹی ہوئی پنڈلی۔ گانے والے یا رونے والے یا پڑھنے والے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "رَفَعَ عَقِیْرَتَه" آواز بلند کی۔ نَخْلَةٌ عَقِیْرَةٌ : کٹے ہوئے سر کا درخت خرما۔

العَاقِر : بانجھ عورت ج عُقَّر وعَوَاقِر.

رَجُلٌ عَاقِرٌ : بے اولاد مرد ج عُقَّر.

الأعْقَر : اونٹ جس کے دانت ٹوٹ گئے ہوں مؤنث عَقْرَاء ج عُقْر.

العَقَرِی : جائیداد۔

المُعْقِر : بہت جائیداد والا۔

أَرْضٌ مَعْقَرَة : بہت بچھوؤں والی زمین۔

العَقْرَب : بچھو۔ نر و مادہ دونوں پر اطلاق ہوتا ہے اور غالب تانیث ہے۔ اُمُّ عِرِیْط او اُمُّ سَـاهِرَة کنیت ہے اور کہا جاتا ہے کہ نر کو عُـقْرُبان کہتے ہیں اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ مادہ کو عَـقْرَبَة کہتے ہیں۔ ج عَـقَارِب.

الـعَقْرَب : آسمان کے ایک برج کا نام۔

العَقَارِب : سختیاں۔ چغلیاں۔ کہا جاتا ہے دَبَّتْ عَـقَارِبُـه. ودَبَّتْ مِنْهُ عَقَارِبُ النَّمِیْمَةِ واِنَّه لَتَدِبُّ عَقَارِبُهُ" یعنی وہ لوگوں کی بے آبروئی کرتا ہے۔ عَیْـــــشٌ ذُوْ عَـقَارِبَ: سختی و تنگی کی زندگی۔ عَـقَارِبُ الشِّتَاءِ: ٹھنڈک کی سختی۔ عَـقْرَبُ السَّاعَةِ : گھڑی کی سوئی۔

العَقْرَبَاء : مادہ بچھو۔

أَرْضٌ مُعَقْرِبَة : بہت بچھوؤں والی زمین۔

الـمُـعَقْـرَب : موڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔ گٹھا ہوا مضبوط جسم۔ کامل مددگار۔

العَقَرْطَلَ والعِقَرْطِل : مادہ ہاتھی۔ ہتھنی۔

عَقَشَ (ن) عَـقْشًا. العُوْدَ: لکڑی کو موڑنا ...... المَالَ: جمع کرنا۔

عَقَصَ (ض) عَـقْصًا. الشَّعْرَ : بالوں کی چوٹی بنانا یا گوندھنا...... الـــمَرْأَةُ شَعْرَهَا : عورت کا جوڑا باندھنا۔

عَقِصَ (س) عَـقَصًا. التَّیْسُ : مینڈھے کا پیچھے مڑے ہوئے سینگوں والا ہونا ...... الـرَّجُلُ : بخیل ہونا۔ بدخلق ہونا۔ مڑی ہوئی انگلی والا ہونا۔

العَقِص : بخیل۔ بدخلق۔ جمع شدہ ریت جس میں راستہ نہ ہو۔

العُـقْـصَة. مِنَ القَرْنِ وغَیْرِهِ: سینگ وغیرہ کی گرہ ج عُقَص.

العِقْصَةُ : چوٹی ج عِقَص وعِقَاص.

العَقِیْصَةُ: چوٹی ج عَقَائِص وعِقَاص.

العِقَاص : موباف ج عُقُص.

الأعْقَص : وہ شخص جس کی انگلیاں مڑی ہوئی ہوں۔ جس کے دو اگلے دانت اندر کو گھسے ہوئے ہوں۔ بخیل...... مِـــنَ التُّـیُوْسِ : مینڈھا جس کے سینگ پیچھے کو مڑے ہوئے ہوں۔ مؤنث عَقْصَاء ج عُقْص.

المِعْقَص : ٹیڑھا تیر۔ ج مَعَاقِص.

الـمِـعْقَـاص : مڑے ہوئے سینگ کی بھیڑ بکری۔

عَقْعَقَ عَقْعَقَةَ الطَّائِرُ بِصَوْتِهِ : ٹکری کرنا۔

العَقْعَق : کوے کی شکل کا ایک پرندہ۔ کوا۔ عوام اسے قعق کہتے ہیں اور عرب اس سے بدفالی لیا کرتے تھے۔

عَقَفَ (ض) عَقْفًا وعَقَّفَ العُوْدَ ونَحْوَه : فَتَعَقَّفَ وانْعَقَفَ : کنارے سے موڑنا اور ٹیڑھا کرنا۔ پس مڑ جانا اور ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت أَعْقَف ومَعْقُوْف.

الـعَقْفَاء : مؤنث اعقف : لکڑی یا لوہا جس کے کنارے پر کجی ہو مڑے ہوئے سینگ کی بکری ج عُقْف (...... والـعُقَیْفَاء) ایک گھاس ہے جس سے بکریاں مرجاتی ہیں۔

العَقُوْف. مِنْ ضُرُوْعِ البَقَر : گائے کا تھن کہ دوہتے وقت دودھ سیدھا نہ نکلے۔

الـعُقَـاف : بکریوں کا ایک مرض جس سے ٹانگیں ٹیڑھی ہو جاتی ہیں ایسی بکری کو عاقف کہتے ہیں اور اس کی جمع عَوَاقِف ہے۔

الـعُقَّافَه : لکڑی جس کے ایک طرف کجی ہو

شَوْكَةٌ عَقِیْفَة : مڑا ہوا کانٹا۔

المَعْقُوْف : مڑا ہوا۔ وہ جانور جس کو عُقَاف کی بیماری ہو۔ شَیْـــخٌ مَـعْقُوْف : خمیدہ کمر بڈھا۔

عَقَلَ (ن ض) عَقْلاً. الدَّوَاءُ بَطْنَه : دواء کا قبض کر دینا...... الـبَعِیْرَ : ٹانگ ران ملا کر رسّی سے باندھنا...... الـــمَرْأَةُ شَعْرَهَا :

عُكَّازَةٌ بِهٖ: ڈنڈے پر سہارا لینا۔ تَعَكَّزَ قَوْسَهٗ: کمان کو سہارا بنانا۔
عَكِزَ (س) عَكَزًا: سکڑنا۔
عَكَزَ الرُّمْحَ: نیزے میں پھل لگانا۔
العِكْزُ: بخیل۔ بدخلق۔
العُكَّازُ والعُكَّازَةُ: ڈنڈا جس میں نیچے پھل لگا ہوا ہو ج عَكَاكِيزُ وعُكَّازَاتٌ۔
العَكَازِيلُ: شیر کا بچہ۔
عَكَسَ (ض) عَكْسًا الكلامَ ونَحْوَهٗ: کلام کو اُلٹ دینا۔ الشَّيْءَ: آخر کو اول کی طرف کر دینا۔ زمین کی طرف جھکا دے کر کھینچنا اور پٹک دینا۔ البَعِيرَ: اونٹ کو نکیل لگا کر رسی کو ٹانگ سے باندھ دینا...... رَأْسَ البَعِيرِ: اونٹ کے سر کو موڑنا...... ہ عَنِ الأَمْرِ: پھیر دینا۔ ہٹا دینا...... عَلٰى فُلَانٍ أَمْرَهٗ: کسی کے معاملہ کو اسی پر لوٹا دینا...... الطَّعَامَ: کھانے میں دودھ ملا ہوا شوربا ڈالنا۔
عَكِسَ (س) عَكَسًا: تنگ خو ہونا۔
عَاكَسَ مُعَاكَسَةً وعِكَاسًا الكلامَ: کلام کو پلٹ دینا...... ہ: ایک دوسرے کی پیشانی کو پکڑنا اور عوام کے استعمال میں بمعنی مخالفت کرنا۔
تَعَكَّسَ فِي مِشْيَتِهٖ: رینگ کر چلنا۔
تَعَاكَسَ واعْتَكَسَ وانْعَكَسَ: پلٹ جانا۔
اِعْتَكَسَ: دودھ ملا ہوا شوربا بنانا۔
عِكَاسُ البَعِيرِ: نکیل کی رسی جو اونٹ کے زانو میں باندھ دیتے ہیں۔
عَكْسُ القَضِيَّةِ: دوسرا قضیہ معکوسہ۔
التَّعَاكُسُ: علم ہیئت میں نقاط کو معکوس کرنا۔
الاِنْعِكَاسُ: شعاع ضوئی کو الٹ کرنا جیسے آئینہ کے منہ کو الٹ کرنا اور ساکن پانی کی سطح کو۔
اَلْمَعْكُوسُ: علم حساب میں عدد کو مقلوب کرنا۔
العُكَّاسُ: نر مکڑی۔
العَكِيسُ: دودھ جو شوربے میں ملایا جاتا ہے۔ رسی جس سے اونٹ کو روکتے ہیں۔

درخت کی شاخ جس کو زمین کے نیچے دبا دیتے ہیں کہ اس سے دوسرا درخت نکلتا ہے۔
العَكِيسَةُ: بہت سے اونٹ۔ تاریک رات۔ عَكِشَ (س) عَكَشًا الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا...... النَّبْتُ: نباتات کا بہت ہونا اور گنجان ہونا۔
عَكَشَ (ض) عَكْشًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ صفت عَكِشٌ: صفت مفعول معکوش...... الرجلَ: مضبوط باندھنا...... عَلَيْهِ: حملہ کرنا۔
تَعَكَّشَ الأَمْرُ: دشوار ہونا...... الشَّيْءُ: سکڑنا...... الشَّعْرُ: بالوں کا پیچیدہ اور تہ بتہ ہونا۔
العَكِشُ مِنَ الشَّعْرِ: پیچیدہ اور تہ بتہ بال۔ بیکار و فضول آدمی۔ شَجَرَةٌ عَكِشَةٌ: بہت زیادہ شاخ دار گنجان درخت۔
العُكَّاشُ والعُكَّاشُ والعُكَّاشَةُ والعُكَاشَةُ: مکڑی یا مکڑی کا جالا۔
عَكَصَهٗ (س) عَكْصًا عَنْ حَاجَتِهٖ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔
عَكِصَ (س) عَكَصًا: بدخو ہونا۔ صفت عَكِصٌ عَكِصَتِ الدَّابَّةُ: سرکشی کرنا۔
تَعَكَّصَ بِكَذَا عَلَيْهِ: بخل کرنا۔
رَمْلَةٌ عَكِصَةٌ: دشوار گزار تودہ ریت۔
عَكَظَهٗ (ض) عَكْظًا: مغلوب کرنا۔ فخر کو رد کر دینا۔ روکنا...... الشَّيْءَ: رگڑنا...... الادِيمَ: چمڑے کو دباغت کے لئے رگڑنا۔
عَكَّظَ بِالشَّيْءِ: فخر کرنا۔ عَكَّظَهٗ وعَكَّظَهٗ عَنْ حَاجَتِهٖ: ہٹانا۔ پھیر دینا۔
عَاكَظَهٗ مُعَاكَظَةً: ٹال دینا۔
تَعَكَّظَ عَلَيْهِ الأَمْرُ: دشوار ہونا...... القَوْمُ: اجتماع کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
تَعَاكَظَ القَوْمُ: مقابلہ کرنا۔ آپس میں فخر کرنا۔ جھگڑا کرنا۔
العَكِظُ والعَكِيظُ: چھوٹے قد والا۔
عُكَاظُ: عرب کے ایک بازار کا نام تھا جس میں عرب کے قبائل جمع ہوا کرتے اور بیع و فروخت کرتے تھے اور مفاخرت کے اشعار

پڑھا کرتے تھے (مذکر و مؤنث ہے)
عَكَفَهٗ (ن ض) عَكْفًا عَنِ الأَمْرِ: منع کرنا...... ہ عَلَى الأَمْرِ: کسی چیز پر روکے رکھنا۔ (...... عَكْفًا وعُكُوفًا) القَوْمُ حَوْلَهٗ وبِهٖ: گرداگرد چکر لگانا۔ عَكَفَ عَلَى الأَمْرِ: ہمیشہ لازم رہنا (...... واعْتَكَفَ وتَعَكَّفَ) فِي المَكَانِ: بند رہنا۔
عَكَّفَ الجَوْهَرَ: تہ بتہ رکھنا...... الشَّعْرَ: بالوں کو گھنگریالا کرنا...... ہ عَنْ كَذَا: روکنا۔ منع کرنا۔
عَاكَفَهٗ مُعَاكَفَةً: لازم رہنا۔
العَكِفُ مِنَ الشَّعْرِ: گھنگریالے بال۔
العَاكِفُ: قا۔ مقیم۔ ج عَاكِفُونَ وعُكَّفٌ وعُكُوفٌ شَعْرٌ مُعَكَّفٌ: کنگھی چوٹی کئے ہوئے بال۔
المُعَكَّفُ: مقیم۔ مڑا ہوا۔ ٹیڑھا۔
عَكَلَ (ن ض) عَكْلًا الشَّيْءَ: بکھرنے کے بعد اکٹھا کرنا...... المَتَاعَ: سامان تہ بتہ رکھنا۔ الرَّجُلَ: پچھاڑنا...... البَعِيرَ: اونٹ کو رسی سے بازو اور پاؤں ملا کر باندھنا۔ عَكَلَ فِي الأَمْرِ: کوشش کرنا...... فُلَانٌ: مرنا۔
واعْكَلَ واعْتَكَلَ عَلَيْهِ: مشکل و مشتبہ ہونا۔
اِعْتَكَلَ الرَّجُلُ: جدا ہونا۔ الثَّوْرَانِ: بیلوں کا سینگوں سے لڑنا۔
العُكْلُ والعِكْلُ: لئیم۔ کمینہ ج أَعْكَالٌ۔
العَكَالُ: قا۔ بخیل۔ چھوٹے قد والا ج عُكْلٌ۔
العِكَالُ: اونٹ کے زانو باندھنے کی رسی۔
المِعْكَلُ: جولاہے کی سوئی جس کو وہ درجہ سے بنا لیتا ہے۔ ج مَعَاكِلُ۔
عَكَمَ (ض) عَكْمًا المَتَاعَ: سامان کی گٹھری باندھنا...... عَلَيْهِ: حملہ کرنا...... الرَّجُلَ: انتظار کرنا...... عَنِ الأَمْرِ...... ہ عَنْ زِيَارَتِهٖ: ہٹانا...... البَعِيرَ: اونٹ کو باندھنا...... لِلأَرْضِ كَذَا: قصد کرنا۔
عُكِمَ عَنْهُ: ہٹایا جانا۔
عَكَمَتِ الإِبِلُ: اونٹوں کا موٹا ہونا۔

اَعْکَمَهٗ : ... بندھوانا۔
عَاکَمَهٗ مُعَاکَمَةً عَلٰی فُلَانٍ : مدد کرنا۔
اِعْتَکَمَ الشَّیْئُ : ڈھیر لگنا۔
العِکْمُ ج اعکام وعکوم. لعکام ج عُکُم : گٹھری۔
العِکَم : بوری۔ بنڈل۔ گٹھری۔ کنوئیں کی چرخی۔ عورتوں کے سامان رکھنے کا بیگ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهٗ عُکُوْمٌ عَنْ کَذَا" یعنی اس کے لئے فلاں چیز سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔
المِعْکَم : پرگوشت۔
تَعَکَّنَ البَطْنُ : موٹاپے کی وجہ سے سلوٹ پڑنا۔
العُکْنَةُ : پیٹ کی سلوٹ۔ ج عُکَن واَعْکَان ودِرْعٌ ذَاتُ عُکَنٍ : وسیع وکشادہ زرہ۔
العِکَان : گلا۔
العَکْنَاءُ مِنَ النُّوْقِ او الشَّاءِ : موٹے تھن والی اونٹنی یا بکری۔
العُکْنَان : بہت اونٹ۔ بہت شترمرغ۔
عَکَا یَعْکُوْ عُکُوًّا. ذَنَبُ الدَّابَّةِ : جانور کی دم کو اس کی جڑ کی طرف موڑنا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مَعْکُوٌّ" یعنی دم مڑا ہوا گھوڑا ...... ہٗ فِی الحَدِیْدِ : قید کرنا اور باندھنا۔ عَکَتِ الْاِبِلُ : موٹا ہونا۔ عَکَا الضَّبُّ بِذَنَبِهٖ : گوہ کا اپنی دم کو موڑنا۔ الدُّخَانُ : دھوئیں کا اوپر چڑھنا ...... عَلٰی قَوْمِهٖ : مائل ہونا ...... بِاِزَارِهٖ : ازار باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا۔
العُکْوَةُ والعِکْوَةُ : جانور کی دم کی جڑ۔ زبان کی جڑ۔ ازار بند کی موٹی گرہ۔ ہر چیز کا بڑا حصہ۔ ہر چیز کی موٹائی۔ العکوہ : گلا۔ ج عُکًا وعِکَاءٌ۔
العَکِیُّ مِنَ اَلْبَانِ الضَّانِ : ایک دوسرے پر دودھ دوہا ہوا اور جما ہوا۔
الاَعْکٰی : سخت دم کی جڑ والا۔ موٹی پیشانی والا۔ مؤنث عَکْوَاءُ۔
عَکِیَ یَعْکٰی عَکًا وعَکْیًا واَعْکٰی : مرنا۔
عَکِیَ بِاِزَارِهٖ : ازار بند باندھنے کی جگہ کو سخت کرنا ...... بِالمَکَانِ : اقامت کرنا۔ صفت عَاکٍ ج عُکَاةٌ. اَعْکَاهُ : مضبوط باندھنا۔ عَکَی الدُّخَانُ : دھوئیں کا اوپر چڑھنا۔
عَلَّ (ن ض) عَلًّا وعَلَلًا وتَعِلَّةً : دوسری مرتبہ پینا ...... ہٗ : دوسری مرتبہ پلانا ...... ہٗ ضَرْبًا : لگاتار مارنا۔
عَلَّ عِلَّةً : مریض ہونا۔
عَلَّلَهٗ : بار بار پلانا ۔ ہ بِکَذَا : مشغول کرنا۔ کھیل کود میں ڈالنا۔ عَلَّلَ الشَّیْئَ : علت بیان کرنا۔ دلیل سے ثابت کرنا ...... الکَلِمَةَ : کلمہ کی تعلیل کی وجہ سے بیان کرنا۔ تعلیل کرنا ...... الثَّمَرَةَ : بار بار پھل توڑنا۔ المَالَ : بہترین انتظام کرنا۔ ہٗ : علاج کرنا۔
اَعَلَّ الرَّجُلَ : گھونٹ گھونٹ پلانا ...... ہٗ اللّٰهُ : بیمار کرنا ...... الکَلِمَةَ : تعلیل کرنا۔
تَعَلَّلَ : حجت ظاہر کرنا ...... بِکَذَا : مشغول رہنا۔
تَعَلَّلَتْ وتَعَالَّتْ. المَرْاَةُ مِنْ نِفَاسِهَا : نفاس سے پاک ہوجانا۔ تَعَالَلَ الصَّبِیُّ ثَدْیَ اُمِّهٖ : بچے کا پستان سے سارے دودھ کو چوس لینا۔
اِعْتَلَّ : مریض ہونا ...... بِالْاَمْرِ : مشغول رہنا۔ عذر بیان کرنا۔ اِعْتَلَّتِ الرِّیْحُ : نرم ہونا ...... ہٗ : بہتان لگانا۔ اِعْتَلَّتِ الکَلِمَةُ : حرف علت والا ہونا ...... الرَّجُلُ : دوسری مرتبہ پینا ...... عَنْهُ : اس کی وجہ سے بیمار پڑنا۔
العَلُّ : موٹا بڑا بکرا۔ بڑی عمر کا لاغر۔ بیماری سے سکڑے ہوئے چمڑے والا بے خیر و برکت۔ ج اَعْلَالٌ۔
العَلَّةُ : بہلاوہ۔ سوکن ج عَلَّاتٌ کہا جاتا ہے بنو علات : یعنی ایک مرد سے چند ماؤں کے بیٹے اور اس کے عکس کو اولادِ اخیاف کہتے ہیں۔
عَلَّ. لعلَّ : میں ایک لغت ہے۔
العِلَّةُ : بیماری۔ مشغول کردینے والا واقعہ اور اسی سے ہے "لَا یَنْفَعُ مَانِعَ عِلَّةٍ" اس شخص کے لئے مثال بیان کی جاتی ہے جو عذر کرتا ہے اور اپنے مافی الید کے بچانے کے لئے منع کردیتا ہے عِلَّةُ الشَّیْئِ : سبب ج عِلَّاتٌ وعِلَلٌ جج اَعْلَالٌ العِلَّاتُ : حالات۔ مختلف احوال۔ کہا جاتا ہے "جَرٰی عَلٰی عِلَّاتِهٖ" یعنی ہر حال میں۔ یا وہ جو مختلف احوال کے قبول کیا گیا۔ والعِلَّةُ فِی العُرُوْضِ : وہ تغیر جو اشعار کے عروض وضرب میں لازمی طور پر لاحق ہو۔ سوائے نادر صورتوں کے حرف العلة : الف' واؤ' یا۔
العَلَلُ : دوسری مرتبہ پینا۔ کہا جاتا ہے عَلَلٌ بَعْدَ نَهَلٍ : پہلی مرتبہ پینے کے بعد دوسری مرتبہ پینا۔
العُلَالَةُ والتَّعِلَّةُ : بہلاوہ۔ العُلَالَةُ : پہلی مرتبہ دودھ دوہنے کی مہلت کے بعد دوہا ہوا دودھ۔ بقیہ دودھ' نیزہ بازی کے بعد نیزہ بازی' دوڑ کے بعد دوڑ۔
العَلِیْلُ : مریض ج اَعِلَّاءُ۔
المُعَلُّ والمَعْلُوْلُ : مریض۔
العَلِیْلَةُ : مؤنث عَلِیْلٍ : عورت جو بار بار خوشبو لگائے ۔ ج عَلِیْلَاتٌ وعَلَائِلُ۔
الیَعْلُوْلُ : سفید حوض۔ پانی کا بلبلا۔ سفید بادل تہ بتہ بادل۔ بارش کے بعد بارش۔ دو کوہان والا اونٹ ۔ ج یَعَالِیْلُ : یا زائدہ ہے۔
عَلَبَ (ن) عَلْبًا وعَلَّبَ الشَّیْئَ : کاٹنا۔ نشان لگانا۔ خراش لگانا۔
عَلَبَ (ن) عَلْبًا وعَلِبَ (س) عَلَبًا : سخت ہونا۔ صفت عَلِبٌ۔
عَلَّبَ وعَلِبَ واسْتَعْلَبَ اللَّحْمُ : سخت ہونے کے بعد بو کا بدل جانا۔ عَلِبَ السَّیْفُ : دندانہ دار ہونا۔
العَلْبُ : مار کا نشان (...... والعِلْبُ والعَلِبُ) سخت زمین جس میں کچھ نہ اگے۔ سخت چیز ج عُلُوْبٌ : کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلْبٌ" سخت ظالم آدمی۔

العِلْبَة: چمڑے یا لکڑی کا بڑا برتن ج عِلَاب وعُلَب۔

العِلْبَة: درخت کی موٹی گرہ ج عِلَب۔

العِلْبَاء: گردن کے پہلو کا پٹھا ج عَلَابِيّ کہا جاتا ہے "تَشَنَّجَ عِلْبَاءُهُ" وہ بوڑھا ہو گیا۔

عَلَثَ (ض) عَلْثًا. الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔ کہا جاتا ہے علث البُرَّ بالشعيرِ: گیہوں کو جو میں ملا دیا...... الزَّنْدُ: چقماق سے آگ نہ نکلنا۔

عَلِثَ (س) عَلَثًا القَوْمُ: آپس میں سختی سے لڑنا۔

تَعَلَّثَ لَهُ الذُّنُوبَ: حیلہ کرنا۔ مکر کرنا۔ بِهِ: چمٹنا...... الشَّيْءَ: اچھی طرح نہ بنانا۔

اِعْتَلَثَ: بغیر انتخاب کئے ہوئے لے لینا۔

العَلَث: گیہوں وغیرہ میں سے جو چیز نکال کر پھینکنے کے قابل ہو اس کو ملا دیا جائے (...... والعَلِيثَة) گیہوں جو سے ملا ہوا۔

العُلَاثَة: دوسری چیز سے ملائی ہوئی چیز ادھر ادھر سے جمع کرنے والا آدمی۔

أَعْلَاثُ الزَّادِ: جو بغیر انتخاب اور عادت کے کھایا جائے۔

العَلِيث: جو گیہوں کے روٹی۔

العَلِث والمُعْتَلِث: جو باپ کے علاوہ دوسرے کی طرف منسوب ہو۔ بے کار تیر۔

عَلَجَهُ (ن) عَلْجًا: معالجہ میں غالب آنا۔

عَلِجَ (س) عَلَجًا: مضبوط ہونا۔

عَالَجَهُ مُعَالَجَةً وعِلَاجًا: مشق کرنا...... المَرِيضَ: بیمار کا علاج کرنا۔

تَعَلَّجَ الرَّمْلُ: ریت کا اکٹھا ہونا۔

تَعَالَجَ: علاج کرنا...... القَوْمُ: آپس میں جنگ کرنا۔

اِعْتَلَجَ القَوْمُ: لڑائی کرنا۔ کشتی کرنا۔

اِعْتَلَجَتِ الوُحُوشُ: ایک دوسرے کو مارنا...... الأَرْضُ: لمبے لمبے سبزہ والی ہونا...... الأَمْوَاجُ: موجوں کا آپس میں ٹکرانا اور اسی سے ہے: اِعْتَلَجَتِ الهُمُومُ فِي صَدْرِهِ" غم اس کے سینہ میں موج مارنے لگے۔

الرَّمْلُ: ریت کا جمع ہونا۔

اِسْتَعْلَجَ جِلْدُهُ: کھال کا موٹا ہونا۔

فُلَانٌ: داڑھی نکلنا۔

العِلْج: گدھا۔ جنگلی گدھا۔ گورخر۔ موٹا قوی عجمی کافر اور بعض مطلقاً کافر پر اطلاق کرتے ہیں۔ ج عُلُوج وأَعْلَاج وعِلَجَة۔

رَجُلٌ عَلْجٌ وعَلِجٌ وعُلَج وعُلَّجٌ: مضبوط کاموں کا کرنے والا مرد۔

العِلَاج: دواء۔ مشق۔ دفاع۔

العَلَج: چھوٹے چھوٹے کھجور کے درخت۔

العَلُوج: پیغام۔ پیغامبر۔

العُلْجَان: کانٹے دار درخت۔

العَلْجَم: لمبا اونٹ یا گدھا۔ بہت پانی کا تالاب۔

العُلْجُمُ والعُلْجُوم: بہت سیاہ۔

العُلْجُوم: بہت کھجوروں والا باغ۔ سمندر کی موج۔ رات کی تاریکی۔ نر مینڈک۔ مینڈھا۔ پہاڑی بکرا۔ بوڑھا بیل۔ ایک سفید پرندہ۔ نر بطخ۔ نر شتر مرغ۔ بہت پانی۔ جھاڑی۔ لوگوں کی جماعت۔ ج عَلَاجِيم۔

عَلِدَ عَلَدًا: سخت و مضبوط ہونا۔ صفت عَلِد۔

العَلْد: گردن کا پٹھا۔ ج أَعْلَاد۔

العَلَنْدَى والعُلَنْدَى مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: سخت و موٹا ج عَلَانِد وعَلَادَى۔

العَلَنْدَد. مِنْ كُلِّ شَيْءٍ: سخت و موٹا۔

العَلَنْدَس: بہت سخت۔ العَلَنْدَسَة: مؤنث

العَلَنْبِي: پیٹو۔ بندۂ شکم۔

عَلِزَ (س) عَلَزًا وعَلَزَانًا: بے چین ہونا۔ صفت عَلِزٌ. عَلِزًا إِلَى الشَّيْءِ: مائل ہونا۔ مشتاق ہونا...... مِنْ كَذَا: بہ تکلف مریض بننا۔

أَعْلَزَهُ: عاجز کرنا...... هُ الوَجَعُ: بے چین کر دینا۔

عَلَسَ (ض) عَلْسًا المَاءَ: پینا...... الإِبِلُ: اونٹ کا کھانے کے لئے کچھ نہ پانا۔

عُلِسَ. الدَّاءُ: مرض کا سخت ہونا......

الرَّجُلُ: شور مچانا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَلَسُوهُ تَعْلِيسًا" انہوں نے اسے کچھ نہیں کھلایا۔

العَلْس والعَلَاس والعَلُوس: خوراک کھانا۔

العَلَس: گیہوں کی ایک قسم۔ مسور۔ ایک قسم کی چیونٹی۔ چچڑی۔

المُعَلَّس: تجربہ کیا ہوا۔

العِلَّوْش: گیدڑ۔ بھیڑیا۔

عَلِصَتِ التُّخْمَةُ فِي مَعِدَتِهِ: بدہضمی کی وجہ سے معدہ میں درد ہونا۔

عَالَصَهُ عِلَاصًا: ایک دوسرے کو مارنا۔

اِعْتَلَصَ مِنْهُ شَيْئًا: تھوڑا سا لینا۔

العُلْصَة: تھوڑا سا۔

العِلَّوْص: بدہضمی اور یہ لفظ صفت بھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلَّوْصٌ" بدہضمی والا مرد۔

عَلَضَهُ (ض) عَلْضًا. الوَتَدَ ونَحْوَهُ: کھونٹ کو اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔

عَلَطَ (ن ض) عَلْطًا وعَلَطَ النَّاقَةَ: اونٹنی پر داغ لگانا...... هُ بِشَرٍّ: بدگوئی کرنا۔ عَلَطَ البَعِيرَ: اونٹ کی گردن سے پٹہ کو نکال دینا۔

تَعَلَّطَ. القَوْسَ: تانت چڑھانا۔

اِعْتَلَطَ. الرَّجُلُ وبِهِ: جھگڑا کرنا۔

اِعْلَوَّطَ. البَعِيرَ: اونٹ کی گردن سے لٹک کر سوار ہونا...... الأَمْرَ: بلا سوچے سمجھے داخل ہونا۔

العُلُط مِنَ النُّوقِ: بے نشان و بے مہار اونٹنی ج أَعْلَاط. أَعْلَاطُ الكَوَاكِبِ: بے نام کے ستارے۔

العُلْطَة: گردن کا پٹہ۔ ج عُلَط۔

العِلَاط: گردن کا پہلو۔ آفتاب کی شعاع۔ لڑائی و جھگڑا۔ اونٹ کی گردن کی رسی ج عُلُط۔

أُعْلُوطَة وعُلُط (...... والأَعَالِيط) اونٹ کی گردن کا نشان۔

عَلَفَ (ض) عَلْفًا وعَلَّفَ وأَعْلَفَ. الدَّابَّةَ: جانور کو چارہ دینا۔ عَلَفَ النَّوْقَ: بہت پینا۔

أَعْلَفَ وعَلَّفَ الطَّلْحُ: پھل نکالنا۔

تَعَلَّفَ: چارہ گھوٹنا۔
اِعْتَلَفَتِ الدَّابَّۃُ: چارہ کھانا۔
اِسْتَعْلَفَتِ الدَّابَّۃُ: ہنہنا کر چارہ مانگنا۔
العِلِّفُ: بہت کھانے والا۔
العَلِيْفُ: چارہ ہی کھانے والا۔ج عَلائِف.
المَعْلُوفَۃُ: چارہ ہی کھانے والا۔
العَلَفُ: چارہ ج عُلُوفَۃ و اَعْلاف و عِلاف.
العَلّافُ: چارہ بیچنے والا ج عَلّافَۃ
العَلِيْفَۃُ: چارہ ہی کھانے والا جانور ج عَلائِف.
العَلُوفَۃُ: چارہ ہی کھانے والا جانور (واحد وجمع) العُلُوفَۃ: چارہ ج عُلُف.
المُعْلَف والمِعْلَف: تھان۔ چارہ کھانے کی جگہ ج مَعالِف.
عُلْف: ببول کی پھلی۔
عَلْفَطَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔
عَلَقَ (ن) عَلْقًا وعُلُوقًا البَعِيْرُ ونَحْوُہٗ النَّباتَ ومِنَ النَّباتِ: اوپر اوپر سے چرنا...... الصَّبِيُّ: انگلیاں چوسنا۔(...... عَلْقًا) الرَّجُلَ: گالی دینا...... ہٗ بِلِسانِہٖ: بدگوئی کر کے تکلیف پہنچانا۔
عَلِقَتْ (س) عُلُوقًا المَرْاَۃُ وکُلُّ اُنْثٰی بِالْوَلَدِ: حاملہ ہونا...... الوَحْشُ بِالحِبالَۃِ: وحشی جانور کا جال میں پھنس جانا...... الدّابَّۃُ: جانور کا پانی پینا اور جونک کا چمٹ جانا ...... الشَّوْکُ بِالثَّوْبِ: کپڑے میں کانٹے کا لگ جانا(...... عَلَقًا) الاِبِلُ فِي الوَادِي: چرنے کے لئے جانا۔
عَلِقَ (س) عُلُوقًا وعِلْقًا وعَلَقًا وعَلاقَۃً فُلانًا وعَلِقَ بِہٖ: محبت کرنا۔ حُبُّہٗ بِقَلْبِہٖ: محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَلِقَ مِنْہُ کُلَّ مَعْلَقٍ" یعنی اس سے اس نے محبت کی اور محبت دل کے پردے میں داخل ہوگئی۔ عَلِقَ فَمَ فُلانٍ: قتل کرنا۔ ہر وہ چیز جو اپنے موقع میں واقع ہو اس کے لئے عَلِقَ مَعالِقَہٗ:

بولتے ہیں (...... عِلْقًا) اَمْرَہٗ: جاننا۔ عَلِقَ يَفْعَلُ کَذا: کرنے لگا۔
عُلِقَ الرَّجُلُ: گلے میں جونک لگایا جانا۔ جس کو لگایا جائے اس کو مَعْلُوق کہتے ہیں۔
عَلَّقَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ وعَلَيْہِ ومِنْہُ: لٹکانا...... الاَمْرَ: چمٹ جانا...... البابَ: دروازہ بند کرنا۔ بابًا عَلٰی دارِہٖ: دروازہ لگانا۔
عَلِقَہٗ: دل کا مائل ہونا۔
اَعْلَقَ الرَّجُلُ: جونک لگانا...... القَوْسَ: کمان کو لٹکانے کے لئے علاقہ بنانا ...... الصّائِدُ: شکاری کے جال میں شکار کا پھنسنا ...... ظُفُرَہٗ بِالشَّيْءِ: ناخن چبھو دینا...... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: لٹکا دینا۔
تَعَلَّقَ الشَّيْءَ: لٹکانا...... الشَّوْکُ بِالثَّوْبِ: کانٹے کا کپڑے سے اُلجھنا...... الصَّيْدُ بِالحِبالَۃِ: شکار کا جال میں پھنسنا(...... واِعْتَلَقَ) فُلانًا وبِہٖ: محبت کرنا۔
العَلَقُ: مص اور کہا جاتا ہے "فِي ثَوْبِہٖ عَلَقٌ" یعنی اس کے کپڑے میں کسی چیز کے الجھنے سے پھٹن ہے (...... والعِلْقُ) ہر چیز کا نفیس۔ تھیلا۔ ج اَعْلاق وعُلُوق کہا جاتا ہے "ھُوَ عِلْقُ عِلْمٍ" یعنی وہ علم کا شائق ہے۔
العَلَقُ: مص۔ خون۔ ہاتھ سے چمٹنے والی مٹی لٹکائی ہوئی چیز۔ درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ جونک۔ واحد عَلَقَۃ.
العِلْقَۃُ: لٹکانے کی نوعیت۔ بغیر آستینوں کے قمیص۔ بہترین کپڑا۔
العُلْقَۃُ: درخت کا وہ حصہ جہاں جانور پہنچ سکے۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاؤ کے طور پر کھائیں۔ تھوڑی سی چیز۔ تعلق ج عُلَق: کہا جاتا ہے "لِي فِي ھٰذا المالِ عُلْقَۃٌ" یعنی مجھ کو اس مال سے تعلق ہے "لَمْ يَبْقَ عِنْدَہٗ عُلْقَۃٌ" اس کے پاس کچھ بھی باقی نہیں رہا۔
العُلُقُ: موت۔ جماعت کثیرہ۔ اشغال۔
العَلاقُ: درخت کا وہ حصہ جس کو جانور پا سکے۔ وہ چیز جس کو کھانے سے پہلے دل بہلاوے

کے طور پر کھائیں۔
العَلاقَۃُ: مص۔ دوستی۔ دشمنی۔ موت۔ گزر بسر کا ذریعہ جس کا انسان سے تعلق ہو جیسے مال زوجہ اولاد۔ تعلق۔ محبت۔ ج عَلائِق کہا جاتا ہے "لِي فِي ھٰذا الاَمْرِ عَلاقَۃٌ" یعنی مجھ کو اس معاملہ سے تعلق ہے۔
العِلاقَۃُ: ہانڈی وغیرہ لٹکانے کی چیز۔ ج عَلائِق.
العَلُوقُ: مصیبت۔ موت۔ ہر وہ جس کا انسان سے تعلق ہو۔ بہت چمٹنے والا۔ دائی پلائی۔
العَوْلَقُ: بھوت۔ چھلاوہ۔ کتیا۔ بھیڑیا۔ بھوک۔ دُم۔
العَلِيْقُ: جانوروں کا چارہ جیسے جو وغیرہ۔
العُلَّيْقُ والعُلَّيْقٰی: ایک قسم کی گھاس جو درخت پر لپٹتی ہے اور اس کا پھل توت کے مانند ہوتا ہے۔
التَّعْلِيْقَۃُ: کتاب کا حاشیہ۔ ج تَعالِيْق.
المُعَلَّقَۃُ: مؤنث معلق: وہ عورت جس کا شوہر غائب ہو گیا ہو اور کچھ پتہ نہ چلتا۔
المُعَلَّقاتُ: زمانہ جاہلیت کے سات قصائد ہیں جن کو کعبہ میں آویزاں کیا گیا تھا اسی وجہ سے ان کو معلقات کہتے ہیں۔
المِعْلَقُ: پیالہ جس کو سوار اپنے ساتھ لٹکائے رہتا ہے۔
المِعْلاقُ: زبان۔ ہر وہ چیز جس سے لٹکایا جائے۔ ج مَعالِيْق. ورَجُلٌ مِعْلاقٌ: جھگڑالو۔
عوام کے نزدیک (مِعْلاق) کا اطلاق ذبیحہ کے پھیپھڑے، جگر، دل پر ہوتا ہے اور فصیح (سُحارَۃ) ہے۔
عَلْقَمَ الشَّيْءُ: کڑوا ہونا...... الطَّعامَ: کھانے میں کڑوی چیز ڈالنا۔
العَلْقَمُ: اندرائن۔ حنظل۔ ہر کڑوی چیز۔
عَلَکَ (ن ض) عَلْکًا العِلْکَ ونَحْوَہٗ: چبانا...... فَاْسَہٗ: دانت پیسنا۔
عَلِکَ الجِلْدُ: کھال کی بھی طرح سے

دباغت کرنا ...... یَدَیْہِ عَلٰی مَالِہٖ: بخل کی وجہ سے ہاتھ روک لینا۔
اَلْعِلْکُ: ہر گوند جو چبایا جائے۔ ج عُلُوک و اَعْلاک: ایک ٹکڑے کو العِلْکَة کہتے ہیں۔
العَلِکَةُ: وہ زمین جو پانی کے قریب ہو۔
العَلِک: لیس دار چیز جو ہاتھوں سے چمٹ جائے۔
العُلاک و العَلاک: جو چیز چبائی جائے۔
العَلّاک: بہت چبانے والا۔ گوند بیچنے والا۔
عَلَمَة (ن ض) عَلْمًا: نشان لگانا۔ عَلَم الشَّفَةَ: ہونٹ چیرنا۔
عَلِمَ (س) عِلْمًا الرَّجُلَ: حقیقت علم کو پالینا۔ الشَّیْئَ: پہچاننا۔ یقین کرنا ...... الشَّیْئَ وبہ: جاننا۔ ادراک کرنا ...... الاَمْرَ: مضبوط کرنا۔
عَلِمَ (س) عَلَمًا: اوپر کا ہونٹ پھٹنا۔ صفت اَعْلَم۔
عَلَّمَہ تَعْلِیمًا وعِلاَّمًا والصَّنْعَةَ وغَیْرَھَا: سکھلانا۔ عَلَّمَ لَہُ عَلَامَةً: پہچاننے کے لئے علامت مقرر کرنا۔
اَعْلَمَہُ الاَمْرَ وبِالاَمْرِ: جتادینا۔ اطلاع دینا۔ اَعْلَمَ الفَرَسَ: لڑائی میں رنگے ہوئے اون کا نشان۔ گھوڑے پر لگانا ...... الثَّوْبَ: کپڑے پر نشان بنانا۔ نقش و نگار کرنا ...... نَفْسَہُ: لڑائی کی علامت لگانا ...... عَلٰی کَذَا مِنَ الکِتَابِ وَغَیْرِہٖ: علامت لگانا۔
عَالَمَہُ: علم میں غلبہ کرنا۔
تَعَلَّمَ: سیکھنا ...... الاَمْرَ: مضبوط کرنا اور تَعَلَّمْ: صیغہ امر اِعْلَمْ کے معنی میں ہے۔
اِعْتَلَمَ الماءُ: پانی بہنا ...... الشَّیْئَ: جاننا ...... البَرْقُ: پہاڑ میں بجلی کا چمکنا۔
تَعَالَمَ القَوْمُ الشَّیْئَ: جاننا۔
اِسْتَعْلَمَہُ الخَبَرَ: خبر دریافت کرنا۔
العَلَمُ: کپڑے کا نقش۔ جھنڈا۔ قوم کا سردار۔ ج اَعْلام۔ العَلَم: راستہ کا نشان اونچا پہاڑ۔ علامت نشان۔ منارہ ج اعلام وعِلام۔
العِلْم: مص۔ حقیقت شی کا ادراک۔ یقین و معرفت ج عُلُوم۔
عَلاَمَ: عَلٰی حرف جر اور ما استفہامیہ سے مرکب ہے اور الف حذف کر دیا گیا ہے۔
العَلَامَةُ: نشان۔ راستہ کا نشان۔ ج عَلَام و عَلَامَات۔
العَالَمُ: ساری مخلوق۔ ماسوی اللہ۔ ج عَوَالِم و عَالَمُوْنَ و عَلَالِم۔
العَالِمُ: فا۔ ج عُلَّام وعَالِمُوْنَ (...... والعَلِیْمُ) موصوف بالعلم ج عُلَمَاء۔
العَلَّام والعُلاَّم والعَلَّامَة والتِعْلَامَة: مبالغہ کے صیغے۔ بہت زیادہ جاننے والا۔
العَلَّام والعُلاَّم: شکرہ۔ باز۔
العَلَامِیُّ: سبک روح۔ تیز فہم۔
العَلَم: مص۔ عالم۔
اَلْعِلْمُ التَّعْلِیْمِی: علم ریاضی (حساب) علم موسیقی عِلْمُ التَّنْجِیْم: ستاروں کے آنے جانے کا علم جس کے ذریعے بقول اصحاب علم النجوم وہ لوگوں کو مستقبل کی معلومات، فوائد اور نقصانات سے آگاہ کرتے ہیں۔ اَلْعِلْمُ العَمَلِی: قواعد کے مطابق فنون کو تجربہ گاہ میں استعمال کرنا۔ عِلْمُ الفَلَک: اجرام فلکی کے مواقع کے بارے میں ان کے مادہ، مسافت اور ان کے دورانیے کے متعلق بحث کرنا۔
اَلْعِلْمُ النَّظْرِی: علم عملی کا صدیقی نظریات قائم کرنا بغیر عمل کے۔ اَلْعِلْمُ اللَّدُنِّی: وہ علم جو اللہ تعالیٰ سے بذریعہ وحی سیکھا جائے۔
اَلْعُلُوْمُ المُدَوَّنَة: وہ علوم جن کو کتابوں میں تحریروں کر دیا گیا ہے۔
اَلْعُلُوْمُ المُتَعَارِفَة: وہ ابتدائی معلوم معلومات جن کو علوم مرونہ میں پیش کیا گیا۔
اَلْعُلُوْمُ الآلِیَّة: وہ علوم جن کے ذریعے دوسرے علوم حاصل ہوں جیسے منطق۔
اَلْعُلُوْمُ العَرَبِیَّة: وہ علوم جو عربی زبان کو سمجھنے میں مدد دیں جیسے صرف، نحو، معانی اور بیان۔
اَلْعُلُوْمُ الشَّرْعِیَّة: وہ علوم جن میں شرعی احکام ذکر کئے جاتے ہیں خواہ عملی یا اعتقادی جیسے علم الکلام و علم الفقہ۔
اَلْعُلُوْمُ الحَقِیْقِیَّة: وہ علوم جو کہ شریعت کے بدلنے کے ساتھ نہیں بدلتے۔ جیسے علم کلام و منطق۔
اَلْعُلُوْمُ الاِلٰھِیَّة: وہ علوم جن میں اللہ تعالیٰ کے وجود اور صفات کے متعلق بحث کی جائے۔
عِلْمُ النَّفْس: سیکولوجیا۔
عِلْمُ طَبَقَاتِ الاَرْض: جولوجیا۔
عِلْمُ الحَیَاة: بیولوجیا۔
عِلْمُ الاِجْتِمَاع: علم سوسیولوجیا۔
عِلْمُ وَظَائِفِ البَدَن: فیزیولوجیا۔
عِلْمُ اَعْضَاءِ البَدَن: مورفولجیا۔
الاَعْلَم: اسم تفضیل۔ وہ شخص جس کے اوپر کا ہونٹ پھٹا ہوا ہو۔ مؤنث عَلْمَاء ج عُلْم
العَلْمَاء: زرہ۔
الاُعْلُوْمَة: علامت۔ ج اَعَالِیْم۔
العُلْمَة والعَلْمَة: اوپر کے ہونٹ میں پھٹن۔
العَیْلَم: سمندر۔ بہت پانی کا کنواں۔ مینڈک موٹا۔ نازک بدن (...... والعَیْلام) نر بجو ج عَیَالِم و عَیَالِیم۔
المَعْلَم: راستہ کی نشانی۔ مَعْلَم الشَّیْئِ: چیز کے پائے جانے کی جگہ۔ ج مَعَالِم۔ کہا جاتا ہے "خَفِیَتْ مَعَالِمُ الطَّرِیْقِ" راستہ کی نشانیاں مخفی ہو گئیں۔
المَعْلُوْمِیَّة: معلوم کی طرف نسبت۔
العِلْمَاد و العِلْمَادَة: جس پر دھاگے کا گولہ بنایا جائے۔ ج عَلَامِدَة وعَلَامِیْد۔
عَلَنَ (ن ض) وعَلُنَ (ک) وعَلِنَ (س) عَلَنًا وعَلَانِیَةً وعُلُوْنًا [illegible] وَاسْتَعْلَنَ الاَمْرُ: ظاہر ہونا۔ [illegible] وعَلِنَ و عَلِیْن۔
عَالَنَ مُعَالَنَةً وعِلَانًا العَدَاوَة [illegible] کھلم کھلا دشمنی کرنا۔

عَالَنَهٗ وَأَعْلَنَهُ الْأَمْرَ وَبِالْأَمْرِ وَعَلَّنَهٗ : ظاہر کرنا۔

إِسْتَعْلَنَ. الْأَمْرَ وَبِالْأَمْرِ : ظاہر کرنے کے درپے ہونا۔

العَلَانِيَةُ : مص۔ کھلم کھلا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عَلَانِيَةٌ" یعنی اس کا امر ظاہر ہے۔ ج عَلَانُوْنَ.

العَلَانِيُّ : وہ شخص جس کا معاملہ ظاہر ہو۔ ج عَلَانِيُّوْنَ.

العُلَنَةُ : جو شخص اپنے راز کو پوشیدہ نہ رکھے۔

عَلِهَ (س) عَلَهًا : منہمک ہونا۔ متحیر ہونا۔ دہشت زدہ ہونا۔ بھوکا ہونا۔ قابل ملامت ہونا۔ گھبراہٹ سے آنا جانا۔ بدفطرت ہونا۔ صفت مذکر عَلْهَانُ ج عِلَاهٌ: صفت مؤنث عَلْهَى ج عَلَاهَى.

العَلِهُ : وہ شخص جس کا نفس شرارت پسند ہو۔ وہ شخص جو متحیر ہو کر آئے جائے۔

العَالِهُ : شتر مرغ۔ عورت جو ایک راستہ پر نہ چلے مختلف قسم کے ارادے کرے۔

العَلَهُ : مص۔ برائی۔ غم۔

عَلَا يَعْلُوْا عُلُوًّا وَعَلِيَ يَعْلَى عَلَاءً وَاعْتَلَى الشَّيْءُ أَوِ النَّهَارُ : بلند ہونا۔ عَلَا الرَّجُلَ : غالب ہونا...... ہُ بِالسَّيْفِ : تلوار سے مارنا...... المَكَانَ وَبِهِ : چڑھنا...... الدَّابَّةَ : جانور پر سوار ہونا۔ عَلَا فِي الْأَرْضِ : تکبر کرنا۔ عَلَا بِهِ : بلند کرنا...... الْأَمْرَ وَلَهُ : طاقت رکھنا۔ صفت عَالٍ بِالْأَمْرِ : مستقل ہونا۔ قِرْنَهُ : ہمسر پر غالب آنا۔ عَلَتْ عَيْنِيْ عَنْ فُلَانٍ : کسی سے نگاہ کا ناموافق ہونا۔ عَلَا عَلِيَ فِي المَكَارِمِ : درجہ میں بلند ہونا۔ إِعْتَلَى الشَّيْءَ : قوی ہونا۔ غالب ہونا۔

عَلَّى وَأَعْلَى الشَّيْءَ : چڑھنا۔

عَلَّى وَأَعْلَى وَعَالَى الشَّيْءَ : بلند کرنا۔ عَلَّى الكِتَابَ : عنوان لکھنا۔ عَلَّى وَأَعْلَى المَتَاعَ عَنِ الدَّابَّةِ : اتارنا۔ عَلَّى اللهُ فُلَانًا : اللہ کا کسی کو بلند کرنا اور عالی مرتبہ بنانا۔ عَالَى الشَّيْءَ وَبِهِ : چڑھنا۔ کہا جاتا ہے عَالِ عَنِّيْ : یعنی مجھ سے دور ہو۔

تَعَلَّى الرَّجُلُ : آہستہ آہستہ چڑھنا۔ تَعَلَّتِ المَرْأَةُ مِنْ مَرَضِهَا : صحت پانا۔

تَعَالَى : بلند ہونا۔ تَعَالَتِ المَرْأَةُ مِنْ مَرَضِهَا : صحت پانا۔ "تَعَالَ" آ جا۔ (فعل امر)

إِسْتَعْلَى النَّهَارُ : بلند ہونا...... ہُ : غالب ہونا (...... وَاعْلَوْلَى) الشَّيْءَ : چڑھنا۔

عَلُ : اسم ہے بمعنی فوق۔ جب معرفہ ہو تو "مِنْ عَلُ" مبنی علی الضم اور نکرہ کی صورت میں "مِنْ عَلٍ" کہا جاتا ہے اور "أَتَيْتُهُ مِنْ عَلَاءٍ" بھی کہا جاتا ہے۔

العَلَا وَالعُلَى : بلندی شرافت۔

العَلْيَاءُ وَالعَلَايَةُ : بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عِلْيُ القَوْمِ" یعنی وہ لوگ قوم کے سردار ہیں۔

عَلُوُ الشَّيْءِ وَعُلْوُهُ وَعِلْوُهُ وَعُلَاوَتُهُ : بلندی۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ عُلْوًا" یعنی اس نے اس کو زبردستی لے لیا۔

العِلَاوَةُ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ : ہر چیز میں سے زیادہ بوجھ لادنے کے بعد جو لٹکا دیا جائے۔ سر یا گردن کا اوپر کا حصہ ج عَلَاوَى وَعَلَاوِيٌّ: کہا جاتا ہے أَعْطَيْتُكَ أَلْفَ دِيْنَارٍ وَدِيْنَارًا عِلَاوَةً : میں نے تجھ کو ہزار دینار دیے اور ایک دینار زائد دیا۔

العَلَاةُ : نہائی۔ بلند اونٹنی ج عَلَوَاتٌ وَعَلًا.

العَلِيُّ : اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک نام۔ بلند۔ شریف۔ سخت ج عِلِيُّوْنَ وَعِلْيَةٌ. کہا جاتا ہے "هُمْ عِلْيَةُ الْقَوْمِ" یعنی وہ قوم کے سردار اور اشراف ہیں۔

العِلِيُّ : بلندی۔

العَلَوِيُّ : حضرت علی رضی اللہ عنہ کی جانب نسبت۔ ج عَلَوِيَّةٌ.

العُلِّيَّةُ وَالعِلِّيَّةُ : بالاخانہ ج عَلَالِيُّ : کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ عِلْيَةِ قَوْمِهِ وَعِلِّيَّتِهِمْ وَعِلْيَتِهِمْ وَعُلْيَتِهِمْ" یعنی وہ اپنی قوم کے صاحب رفعت و شرف ہے۔

العَالِي فَلَانٌ رَجُلٌ عَالِي الْكَعْبِ : شریف۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ مِنْ عَالٍ" یعنی میں اس کے پاس اوپر سے آیا۔

العَالِيَةُ : مؤنث عالٍ۔ نیزے کا اوپر کا حصہ یا نیزے کا نصف اعلیٰ ج عَالِيَاتٌ وَعَوَالٍ.

العَوَالِي : نیزے۔ العَوَالِي : مدینہ طیبہ کے اردگرد کے گاؤں اور اُن کی طرف جب نسبت کرتے ہیں تو عَالِيٌّ وَعُلْوِيٌّ کہتے ہیں۔ عَالِيَةُ الشَّيْءِ : چیز کا بلند حصہ۔ عَالِيَةُ الوَادِي : وادی کا وہ حصہ جہاں سے پانی گرے۔

الأَعْلَى : اسم تفضیل۔ زیادہ بلند۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَعْلَى بِهِمْ عَيْنًا" یعنی وہ لوگوں کے احوال وکوائف کا زیادہ دیکھ بھال کرنے والا ہے۔ مؤنث عُلْيَا ج عُلًى.

المُعْتَلِي : شیر۔

العُلْيَا وَالعَلْيَا : ہر بلند جگہ۔ کہا جاتا ہے شَفَةٌ عُلْيَاءُ وَعَلْيَاءُ. العَلْيَاءُ : پہاڑ کی چوٹی۔ آسمان۔

العِلِّيُّوْنَ : اعلیٰ جنت کا نام اور یہ جمع عِلِّيٌّ کی ہے وہ لوگ جو شہر کے بلند حصوں میں رہیں اور تو انگر اور اہل شرافت کو "أَهْلُ عِلِّيِّيْنَ" کہتے ہیں۔ پست درجے کے لوگوں کو "سِفْلِيُّوْنَ".

العِلْيَانُ وَالعُلْيَانُ : موٹا لمبا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ عِلْيَانٌ وَامْرَأَةٌ عِلْيَانٌ" نر بجو۔

العِلْيَانُ وَالعِلِّيَانُ : بلند آواز۔

العُلْوَانُ : کتاب کا عنوان۔

المَعْلَاةُ : شرف و بلندی ج مَعَالٍ.

المُعَلَّى : جوئے کا ساتواں تیر۔

الحُرُوْفُ المُسْتَعْلِيَةُ : خ۔ ص۔ ض۔ ط۔ ظ۔ غ۔ ق۔

عَلْوَنَ عَلْوَنَةً وَعِلْوَانًا. الكِتَابَ : خط پر پتہ لکھنا۔

عُلْوَانُ الكِتَابِ : سرنامہ۔

عَلِيَ يَعْلَى عَلْيًا وَعُلِيًّا السَّطْحَ : چڑھنا۔

العَلٰی والعِلٰی والعُلْیَا والعَلْیَاء والعِلْیَان والعُلْیَان والعَلَایَۃ والعِلْیَۃ والعَلِیُّ والعِلِّیّ : مادہ ع ل و میں ذکر ہو چکا۔

عَلٰی : حروفِ جر میں سے ہے۔ مندرجہ ذیل معانی میں مستعمل ہے۔

(۱) استعلاء: جیسے حُمِلَ عَلَی الدَّابَّۃِ (جانور پر لادا گیا)

(۲) مصاحبت: جیسے بَذَلَ المَالَ عَلَی الفَقْرِ (مال کو باجود فقر کے خرچ کیا۔)

(۳) مجاوزہ: بمعنی عن: جیسے رَضِیَ عَلَیْہِ اَیْ رَضِیَ عَنْہُ : یعنی وہ اس سے راضی ہوا۔

(۴) تعلیل: جیسے عَلَامَ تَضْرِبُنِیْ (کس وجہ سے تم مجھ کو مار رہے ہو)

(۵) ظرفیت: جیسے دَخَلَ المَدِیْنَۃَ عَلٰی حِیْنِ غَفْلَۃٍ (شہر میں غفلت کے وقت میں داخل ہو۔)

(۶) موافقت باء: جیسے اِرْکَبْ عَلٰی اِسْمِ اللّٰہِ (اللہ کے نام سے سوار ہو۔)

(۷) استدراک: جیسے عَلٰی اِنَّ قُرْبَ الدَّارِ خَیْرٌ مِنَ البُعْدِ (لیکن گھر کا قرب دُوری سے بہتر ہے۔)

(۸) اور کبھی فوق کے معنی میں اسم ہو کر مستعمل ہے اور یہ اس وقت جبکہ مِن : کے بعد ہو جیسے اَقَامَ مِنْ عَلٰی جِنَاحِ الھَیْکَلِ (وہ ہیکل کے بازو پر کھڑا ہوا) اور کہا جاتا ہے عَلَیَّ کَذَا وبِکَذَا یعنی مجھ کو اتنا دو۔ عَلَیْکَ زَیْدًا یعنی زید کے ساتھ لازم رہو عَلَیْکَ بِکَذَا یعنی فلاں چیز کے ساتھ تمسک کرو اور یہ اس صورت میں اسم فعل ہوتا ہے۔

عَمَّ (ن) عُمُوْمًا الشَّیْئُ : عام ہونا...... المَطَرُ الاَرْضَ : بارش کا ساری زمین کو عام ہونا(...... عَمًّا) القَوْمَ بِالعَطِیَّۃِ : سب کو شامل کرنا(...... عمومۃ) چچا ہونا۔

عُمَّ رَاْسُہٗ عَمًّا وعُمِّمَ : پگڑی لپیٹا جانا۔

عُمِّمَ الرَّجُلُ : سردار بنایا جانا۔

اَعَمَّ : معزز چچوں والا ہونا۔

عَمَّمَ : عام کرنا...... ہٗ : عِمَامَۃً : بندھوانا ...... ہُ الاَمْرَ : کسی امر کا قلادہ ڈالنا۔

اِعْتَمَّ وتَعَمَّمَ واسْتَعَمَّ : عمامہ باندھنا۔ کہا جاتا ہے اِعْتَمَّ الشَّابُّ : طویل ہو گیا۔ "تَعَمَّمَتِ الاَکَامُ بِالنَّبتِ : ٹیلے نباتات سے بھر گئے۔ گویا کہ عمامہ جیسا معلوم ہوتا ہے۔

تعممہ : چچا کہہ کے پکارنا۔ اِسْتَعَمَّہٗ : چچا بنانا۔

العَمُّ : مص۔ جماعت کثیرہ۔ چچا ج عُمُوْمَۃٌ واَعْمَام واَعْمُمٌ اور نسبت کے لئے عَمَوِیٌّ (...... والعُمُّ) لمبے لمبے کھجور کے درخت۔

العَمَّۃ : پھوپھی ج عَمَّات.

العِمَّۃ : عمامہ باندھنے کی ہیئت۔

رَجُلٌ عُمِّیٌّ : عام۔

العُمُم : جسم کا کمال۔ جوانی اور مال وغیرہ کا کمال۔

العَمَم : کثرت۔ اجتماع۔ عامہ کا اسم جمع۔ ہر معاملہ کا عام وشامل۔ رَجُلٌ عَمَمٌ کامل العقل : کامل الخیر۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَوٰی فُلَانٌ عَلٰی عَمَمِہٖ".

العُمُوم : مص۔ عمومیت۔ شمولیت اور نسبت کے لئے عمومی۔

العِمَامَۃ : پگڑی۔ خود کا وہ حصہ جو سر کے برابر بنا کر ٹوپی کے نیچے پہنا جاتا ہے ج عَمَائِمَ وعِمَام کہا جاتا ہے "اَرْخٰی عِمَامَتَہٗ" وہ خوش حال ہو گیا۔ العِمَامَۃ : قحط۔ کال۔ قیامت۔

العَامّ : سب کو شامل ہونے والا۔ خلاف خاص۔

العَامَّۃ : مؤنث عام۔ عَامَّۃُ النَّاسِ : عام لوگ ج عَوَامُّ: کہا جاتا ہے "جَاءَ القَوْمُ عَامَّۃً" یعنی قوم ساری کی ساری آئی۔

العَمِیْم : ہر وہ چیز جو اٹھی ہو اور کثیر ہو۔ قوم کا خالص۔ ہر چیز کا کامل ج عُمُم.

العَمِیْمَۃ مِنَ النِّسَاءِ : پورے قد کی لمبی تڑنگی عورت۔ نَخْلَۃٌ عَمِیْمَۃٌ : لمبا کھجور کا درخت ج عُمٌّ.

الاَعَمُّ : اسم تفضیل۔ جماعت کثیرہ۔ موٹا۔

المَعِمُّ : مخیر۔ عام فیض والا۔

المُعَمَّمُ : سردار جس کو قوم نے مقتدی مان لیا ہو۔

العَمْبَر : عنبر۔

عَمَتَ (ض) عَمْتًا وعَمَتَ الصُّوْفَ : اون کی پونی بنانا۔ عَمَّتَہٗ : مغلوب کرنا۔ مقصد سے ہٹا دینا۔ اندھا دھند لاٹھی سے مارنا۔

رَجُلٌ عَمِیْتٌ : ظریف دلاور۔ عالم زیرک۔

العَمِیْت : نگہبان۔ سمجھدار ظریف۔ مدہوش۔ وہ شخص جو اپنی چال میں کسی جہت کی ہدایت نہ پائے۔ ج عَمَایِیْت.

العَمِیْتَۃ : اون کی پونی ج عَمَائِت وعُمُت واَعْمِتَۃ.

عَمَجَ (ض) عَمْجًا : پانی میں تیرنا...... فِیْ سَیْرِہٖ : دوڑنا(...... وتَعَمَّجَ) [illegible] الحَیَّۃُ : پیچ دار ہونا۔

العَمِج والمُعَمِّج والعَوْمَج : سانپ۔

عَمَدَ (ض) عَمْدًا السَّقْفَ : چھت کو ستون لگانا...... لِلشَّیْءِ والَی الشَّیْءِ : قصد کرنا...... اِلَی الرَّجُلِ : کسی کا ارادہ کرنا...... الشَّیْئَ : گرانا...... ہٗ : ستون سے مارنا [illegible] المَرَضُ او الاَمْرُ : دبلا کرنا۔ تکلیف [illegible] (...... وعَمَّدَ) الوَلَدُ [illegible] السَّیْلَ : بند لگا دینا۔

عَمِدَ (س) عَمَدًا عَلَیْہِ : [illegible] بہٖ : لازم ہونا...... الثَّرٰی : تر کرنا...... [illegible] تعجب کرنا...... فُلَانٌ : دردمند ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَمَدَنِی الاَمْرُ فَعَمِدْتُ" یعنی [illegible] نے مجھے دردمند کر دیا اور میں دردمند ہوا۔

اَعْمَدَ الشَّیْئَ : ستون لگانا۔

تَعَمَّدَ الاَمْرَ : قصد کرنا(...... [illegible]) چسپاں کرانا۔ اِعْتَمَدَ الحَائِطَ [illegible] الحَائِطِ : دیوار پر ٹیک لگانا۔ [illegible] واعْتَمَدَ عَلَیْہِ : بھروسہ کرنا۔ کہا جاتا ہے [illegible]

اِعْتَمَدَ لَیْلَۃً : رات میں سوار ہو کر جانا [illegible]

اِنعَمَدَ الشَّیُ: ستون کے بل کھڑا ہونا۔

العَمْد: مص کہا جاتا ہے "فَعَلَهُ عَمْدًا و عَنْ عَمْدٍ" جان بوجھ کر کیا۔ "وفَعَلَهُ عَمْدَ عَيْنٍ وعَمْدًا علٰی عَيْنٍ" اس نے اس کو کوشش اور یقین کے ساتھ کیا۔

العَمِد: وہ جگہ جس کو بارش نے تر کر دیا ہو' کہا جاتا ہے "هُوَ عَمِدُ الثَّرٰى" یعنی وہ بڑا فیاض ہے۔

العُمْدَة: جس پر ٹیک لگائی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔ لشکر کا پیغامبر۔ ج عُمَد.

العِمَاد: جس کا سہارا لیا جائے ج عُمُد وعُمُد: بلند عمارتیں۔ واحد۔ العِمَادَة اور یہ عَمَدَ الوَلَدَ (یعنی بچھمہ دینا) سے اسم ہے۔ لشکر کا پیغام بر۔ اَهْلُ العِمَادِ: بلند عمارتوں والے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ طَوِيْلُ العِمَادِ" فلاں کا مکان زائرین کے لئے علامت ہے "هُوَ رَفِيْعُ العِمَادِ" وہ شریف آدمی ہے۔

العَمُوْد: ستون۔ سہارا۔ لوہے کا ڈنڈا ج اَعْمِدَة وعَمَدَ وعُمُد. العَمُوْد: سردار۔ لشکر کا پیغامبر۔ رگ جو جگر کو سیراب کرتی ہے۔ کان کا بڑا حصہ۔ سخت غمزدہ۔ عَمُوْدُ البَطْن: پیٹھ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَهُ عَلٰى عَمُوْدِ بَطْنِهِ" یعنی اس کی پیٹھ پر مارا۔ عَمُوْدُ المِيْزَان: ترازو کی ڈنڈی۔ عَمُوْدُ الصُّبح: صبح کی روشنی۔ عَمُوْدُ النَّسَب: جو خط مستقیم پر ہو۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامُوْا عَلٰى عَمُوْدِ رَاْيِهِمْ" یعنی ایسے طریقہ پر کہ جس پر بھروسہ کر سکتے ہیں اَهْلُ العَمُوْدِ واَهْلُ العُمُد: وہ لوگ جو خانہ بدوش ہوں۔ العَمُوْدُ او الخَطُّ العَمُوْدِی عِنْدَ المُهَنْدِسِيْنَ: وہ خط جو دوسرے خط پر قائم ہو جس کے دونوں جانب دو زاویے برابر برابر نکلیں۔

ب ت عمودی یا خط عمودی۔

العَامِد: فا۔ مؤنث عَامِدَة. لَيْلَةٌ عَامِدَةٌ: لمبی رات۔

مُتَعَامِدَان: زاویہ قائمہ بناتے ہیں۔ ایک 'ن' دو میں سے ایک دوسرے پر عمودی ہوتے ہیں۔

العَمِيْد: سخت غمزدہ۔ وہ شخص جس کو عشق نے شکستہ دل کر دیا ہو۔ عَمِيْدُ القَوْمِ: قوم کا سردار۔ ج عُمَدَاء عَمِيْدُ الاَمْرِ: قوام امر۔ عَمِيْدُ الوَجْع: درد کا مقام۔ العَمِيْد: وہ مریض جو اپنی بیماری کی وجہ سے بیٹھنے کی طاقت نہ رکھتا ہو اور اسے تکیوں کا سہارا لگایا جاتا ہو۔

المَعْمُوْدِيَة: بپتسمہ۔

العُمُد والعُمُدَّانِی: کامل ترین نوجوان۔

العَمَيْذَر: نازک بدن لڑکا۔

عَمَرَ (ن) عَمْرًا. المنزلُ باهله: آباد ہونا ...... المَنْزِلَ: آباد کرنا۔ صفت مفعولی مَعْمُوْر ...... الدَّارَ: گھر تعمیر کرنا اور اسم العماره: ہے۔ ...... بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ...... فُاللّٰه: زندہ رکھنا (...... عَمَارَةً) اللّٰه مَنْزِلَهُ: آباد کرنا۔

عَمَرَ (ض ون) عُمُوْرًا وعَمَارَةً وعُمْرَانًا الرَّجُلُ بَيْتَهُ: لازم پکڑنا۔ عَمَرتُهُ كَذَا: زندگی بھر کے لئے دینا (...... عَمْرًا وعَمَارَةً) رَبَّهُ: عبادت کرنا۔ خدمت کرنا۔ روزہ رکھنا۔ نماز پڑھنا (...... عُمْرًا وعَمْرًا. وعَمَارَةً وعَمِرَ (س) عُمْرًا وعَمْرًا وعَمَارَةً) لمبی عمر پانا (...... وعَمُرَ (ک) وعَمِرَ (س) عَمَارَةً) المَالُ: مال بہت زیادہ ہونا۔

عَمَّرَ واَعْمَرَ المَنْزِلَ: آباد کرنا۔ عَمَّرَهُ واَعْمَرَهُ اَرْضًا: زندگی بھر کے لئے دے دینا۔ عَمَّرَ الرَّجُلُ: لمبی زندگی پانا۔ عَمَّرَهُ اللّٰهُ: زندہ رکھنا۔ عَمَّرَ الثَّوْبَ: کپڑے کو اچھا بننا۔ جب تم کسی کو اللہ کی قسم دیتے ہو کہ فلاں کا کام عمر بھر کرے تو کہتے ہو۔ اَعْمَرَكَ اللّٰهُ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا. اَعْمَرَهُ المَكَانَ: آباد کرنے کے لئے دینا۔ اَعْمَرَ الاَرْضَ: آباد پانا۔ اَعْمَرَ عَلَيْهِ: غنی کرنا۔

اِعْتَمَرَ المكانَ: قصد کرنا۔ زیارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ مُعْتَمِرًا" فلاں زیارت کرنے کے لئے آیا "اِتَّخَذْنَا نَادِيًا نَعْتَمِرُهُ" ہم نے ایک مجلس بنا لی جس میں بیٹھتے ہیں۔ اِعْتَمَرَ الرَّجُلُ: پگڑی باندھنا۔

اِسْتَعْمَرَهُ فِی المَكَانِ: آباد کرنا۔ جیسے اِسْتَعْمَرَ اللّٰهُ عِبَادَهُ فِی الاَرْضِ: یعنی اللہ نے اپنے بندوں کو زمین میں آباد کرنا چاہا۔

العَمْر: زندگی ج اَعْمَار: دین اور قسم میں کہا جاتا ہے "لَعَمْرِی" ولَعَمْرُ اللّٰهِ واَعْمُرَ اللّٰهِ. العَمْر: دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ ج عُمُور.

العَمْرَان: حلق کے کوے کے دونوں طرف لٹکا ہوا گوشت۔

العَمْر والعُمُر: زندگی۔ عربوں کے نزدیک عمر کا اندازہ چالیس سال کا تھا۔ العُمْر: مسجد' گرجا۔ دانتوں کے درمیان کا گوشت۔ مسوڑھا۔

عُمَر: علم ہے اور علمیت وعدل کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔ خلیفہ' ثانی کا نام ہے۔

العمران: سیدنا ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما۔

عَمْرو: علم ہے اور اس میں حالت رفعی و جری میں خلیفہ' ثانی کے نام سے امتیاز کے لئے واؤ لگایا جاتا ہے۔ ج عُمْرُون واَعْمُرُ وعُمُوْر. اُمُّ عَمْرٍو: بجو کی کنیت۔

العُمْران: آبادی۔

العَمَر: مص۔ دین۔ عورتوں کے سر ڈھانکنے کا رومال۔

العَمْرَة: ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج' پگڑی وغیرہ۔ اَبُو عَمْرَة: بھوک اور افلاس کی کنیت۔

العُمْرَة: آباد مکان کا ارادہ اور اصطلاح شرع میں طواف اور سعی بین الصفا والمروۃ کا نام۔ ج عُمَرو عُمُرات.

العَمَار: سلام۔ پھول جس سے شراب کی مجلس کو مزین کرتے ہیں۔

العَمَارَة: مص۔ ہر وہ چیز جو سر پر رکھی جائے جیسے تاج' پگڑی وغیرہ۔ مزین کپڑے کا ٹکڑا جو خیمہ میں لگایا جاتا ہے۔ پھولوں کا دستہ جو

بادشاہ کو سلام کرتے ہوئے پیش کیا جائے۔
بڑا قبیلہ۔قبیلہ۔جنگی جہازوں کا بیڑا۔
العِمَارَة: مص۔جس سے مکان کی آبادی ہو
۔چھوٹا قبیلہ۔
العُمَارَة: عمارت کی مزدوری۔
العُمْریٰ: وہ مکان یا زمین جس کو زندگی بھر
کے لئے دے دیا جائے۔
مَکَانٌ عَمِیْرٌ: آباد۔ثَوْبٌ عَمِیْرٌ: گف
کپڑا۔
العَامِر: فا۔گھر کا رہنے والا ج عُمَّار:
مؤنث عَامِرَة ج عَوَامِر۔ مَکَانٌ عَامِرٌ:
آباد جگہ۔تم کہتے ہو "تَرَکْتُهُمْ عَامِرِیْنَ
بِمَکَانِ کَذَا" یعنی میں نے اُن کو فلاں جگہ
میں آباد چھوڑا۔العَامِر: بجو کا بچہ۔اُمُّ عَامِر:
بجو۔عَوَامِرُ البُیُوْتِ: سانپ وغیرہ۔واحد
عَامِر وعَامِرَة۔
العَمِیْرَة: شہد کا چھتہ۔بڑا قبیلہ۔ج عَمَائِر۔
العَمَّار: صیغہ مبالغہ۔قوی الایمان۔بردبار۔
صاحب وقار۔موت تک امر و نہی پر قائم
رہنے والا۔اچھی تعریف والا۔
العُمَّار: جنات جو مکانوں میں رہتے ہیں اور
یہ جمع ہے عامر کی۔
المَعْمَر: آباد۔خوش حال جگہ۔
الاِسْتِعْمَارُ: ایک ملک کا دوسرے ملک کے
حصے یا مکمل ملک پر قبضہ کرنا۔
المُسْتَعْمَرَة: نو آبادی (مولدة)
الیَعْمُوْر: بکری کا بچہ۔چھوٹی بھیڑ۔ج
یَعَامِیْر۔
العَمَرَّد: ہر چیز کا لمبا۔خوش۔قوی، سخت
مزاج مرد۔شیر نر۔بھیڑیا۔
العَمْرُس: مرد قوی۔العُمْرُوْس: بکری کا بچہ
ج عَمَارِیْس۔
العُمْرُوْط: چور۔سرکش ج عَمَارِط
وعَمَارِیْط وعَمَارِطَة۔
العَمَرَّط: جوان۔سبک۔دلیر۔بلا۔
مصیبت۔
عَمَسَ (ن) عَمْسًا الکِتَابَ: مٹانا۔

الاَمْرَ: دیدہ دانستہ جاہل بننا۔عَمَّسَ
واَعْمَسَ الشَّیْءَ: چھپانا۔
عَمِسَ (س) وعَمُسَ (ک) عَمْسًا
وعَمَسًا وعُمُوْسًا وعَمَاسَةً۔ الیَوْمُ: سخت
ہونا۔تاریک ہونا۔
عَامَسَهُ مُعَامَسَةً: راز بتانا۔دشمنی چھپانا۔
تَعَامَسَ: تغافل کرنا۔عَنْهُ: نہ جاننے والا
ظاہر کرنا۔کہا جاتا ہے "تَعَامَسَ عَلَیَّ" یعنی
اس نے مبہم رکھا اور مجھ کو شبہ میں رکھا۔
العَمْسُ والعَمَاس والعَمُوْس والعَمِیْس:
مشکل کام۔یَوْمٌ عَمَاسٌ: سخت دن۔حَرْبٌ
عَمَاسٌ وعَمِیْسٌ: سخت لڑائی۔لَیْلٌ عَمَاسٌ
: بہت تاریک رات۔العَمَاس: قوی شیر۔
مصیبت ج عُمُس وعُمْس۔
العَمُوْس والمُعَامِس: وہ شخص جو کاموں کو
نادانوں کے مانند بے باکانہ کرے۔
اَمْرٌ مُعَمَّسٌ: سخت کام۔
عَمِشَتْ (س) عَمَشًا عَیْنُهُ: آنکھ کا کمزور
ہونا۔چندھا ہونا۔صفت مذکر اَعْمَش:
صفت مؤنث عَمْشَاء ج عُمْش ..... فِیْهِ
الکَلَامُ: کلام کا اثر کرنا۔
عَمَشَهُ (ن) عَمْشًا: بلا قصد مارنا .....
الوَلَدَ: لڑکے کا ختنہ کرنا۔
عَمَّشَ وتَعَامَشَ عَنِ الشَّیْءِ: غافل ہونا .....
عَمَّشَهُ اللّٰهُ: چندھے پن کو دور کرنا۔
اِسْتَعْمَشَهُ: بے وقوف جاننا۔
العُمْشُوْش: انگور کا خوشہ جس میں سے کچھ
دانے کھالئے گئے ہوں۔
عَمَطَ (ن) عَمْطًا واعْتَمَطَ عِرْضَهُ:
عیب لگانا۔بے آبرو کرنا۔
عَمُقَ (ک) وعَمِقَ (س) عُمْقًا
المَکَانُ او الطَّرِیْقُ: دور ہونا۔کشادہ اور لمبا
ہونا۔صفت عَمِیْق۔ج عُمُق وعُمْق
وعِمَاق۔
عَمُقَتْ (ک) عُمْقًا وعَمَاقَةً البِئْرُ
ونَحْوُهَا: گہرا ہونا۔صفت عَمِیْقَة۔ ج
عَمَائِق۔

اَعْمَقَ وعَمَّقَ واَعْمَقَ. البِئْرَ: کنوئیں کو گہرا
کرنا۔کہا جاتا ہے "عَمَّقَ النَّظَرَ فِی
الامُوْرِ" اس نے امور میں گہری نظر ڈالی۔
تَعَمَّقَ فِی الاَمْرِ: معاملے کی تہہ تک پہنچنے کی
کوشش کرنا..... فِی کَلَامِهِ: خوب چرب
زبانی سے گفتگو کرنا۔
العَمْق والعُمْق، العُمُق: گہرائی۔العَمْق
والعُمْق: جنگل کے اطراف سے جو بعید ہو۔
ج اَعْمَاق۔
العَمَق: حق واستحقاق۔کہا جاتا ہے "لَفِیْهِ
عَمَقٌ" یعنی اس کے لئے حق واستحقاق ہے۔
العَمَقَة: برتن کی تہ میں لگی کا میل۔
رَجُلٌ عَمِقُ الکَلَامِ: ایسا شخص جس کی بات
بہت گہری ہو۔
عَمِلَ (س) عَمَلاً: کام کرنا۔محنت کرنا.....
لِلاَمِیْرِ عَلٰی بِلَادِهِ: عامل بننا۔حاکم بننا.....
عَلَی الصَّدَقَةِ: صدقہ جمع کرنے کی کوشش
کرنا..... البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا۔عَمِلَتْ
الکَلِمَةُ فِی الکَلِمَةِ: ایک کلمہ کا دوسرے کلمہ
میں اثر کرنا۔اعراب دینا۔
عَمَّلَه: عمل کی اجرت دینا..... ہُ عَلَی البَلَدِ:
عامل بنانا۔حاکم بنانا۔کہا جاتا ہے "عُمِّلَ
فُلَانٌ عَلَیْهِمْ" یعنی فلاں شخص ان کے اوپر
حاکم بنایا گیا۔
اَعْمَلَهُ: عامل بنانا۔حاکم بنانا۔اَعْمَلَ الرُّمْحَ
: صدر نیزہ سے مارنا..... الآلَةَ او الرَّأْیَ:
استعمال کرنا..... الکَلِمَةَ فِی الکَلِمَةِ: کلمے کا
دوسرے کلمے پر اثر کرانا..... الرَّجُلَ:
اجرت دینا۔
عَامَلَهُ مُعَامَلَةً: عمل کی تکلیف دینا۔معاملہ
کرنا۔
تَعَمَّلَ لِکَذَا: عمل کو برداشت کرنا۔عَنْ [illegible]
فُلَانٍ او فِی حَاجَتِهِ: کوشش کرنا و[illegible]
ہونا۔تَعَامَلَ القَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ
معاملہ کرنا۔
اِعْتَمَلَ: کام میں مضطرب ہونا۔اثر قبول کرنا
اپنے لئے کام کرنا۔

استعملہ: عامل بنانا۔ عمل کرنے کو کہنا۔
مستعمل الآلة: آلہ استعمال کرنا...... الثوب
: کپڑا استعمال کرنا۔ اُستُعمِل فلانٌ: شاغل
اعمال میں سے کسی عمل کے لئے مقرر ہونا۔
العَمَل: مص۔ الفعل۔ القصد۔ ارادۃً فعل
کرنا (...... والعاملة) وہ جس پر عامل والی
ہو۔ ج أعمال وأعمال البلد: ملک کے
مضافات۔
العَمِل: کاریگر۔ پسندیدہ کاریگر۔ برق
عَمِلٌ: لگاتار چمکنے والی بجلی۔
العَمِلة: مؤنث عَمِلٌ: وہ جو کیا جائے۔
العَمَلة: ایک مرتبہ کا عمل۔ خیانت۔ چوری۔
العِمْلَة: عمل کی ہیئت۔ جو عمل کیا جائے۔
(...... والعُمْلَة) عمل کی اُجرت اور عوام اس
کو نقود کے معنی میں استعمال کرتے ہیں۔
العامِل: فا۔ کام کرنے والا۔ وہ شخص جو کسی
کے امور مالی وغیرہ کا متولی ہو ج عُمّال
وعامِلُونَ وعَمَلَة: رئیس۔ والی۔ حاکم۔
عامِلُ الرُّمح: نیزے کے پھل کے قریب کا
حصہ۔
العامِلُ عِندَ النُّحاة: نحویوں کے نزدیک وہ
کلمہ جو دوسرے کلمہ کے آخر پر اعراب
واجب کردے جیسے قام الولد۔
العامِلُ بالتماس: وہ مادہ جو قلیل مقدار میں
کیمیاوی اجسام میں ملایا جائے اس میں
جلدی اثر انداز ہو جائے اس کی مقدار میں
کمی نہ آئے شروع سے لے کر آخر تک۔
العامِلة: مؤنث عامل ج عامِلات وعوامِل
عامِلةُ الرُّمح: نیزے کے پھل کے قریب کا
حصہ۔ العَوامِل: پاؤں۔ کھیتی اور دائیں
کرنے کے بیل۔
العَمّال: صیغہ مبالغہ۔ مؤنث عَمّالة۔
العِمالة: عامل کا پیشہ۔ العَمالة والعُمالة
والعُمالة: عامل کی اجرت۔ عوام کہتے ہیں
العُمولة: کمیشن ایجنٹ۔
المَعمُول: مزدور۔
المَعمَل عند التُّجار: ایجنٹ۔ آڑھتی۔

شریک عمل۔ ج عُمَلاء۔
المَعْمَل: کارخانہ۔ کام کرنے کی جگہ ج
معامِل
المُعامَلات: کاروباری معاملات۔
احکام شرعیہ جن کا تعلق امور دنیاوی سے ہو۔
جیسے بیع وشراء کے احکام۔
المُستَعمَل: مفع۔ استعمال کیا ہوا۔
اليَعمَل واليَعمَلة: کام کرنے والا اونٹ
اونٹنی ج يَعامِل ويَعمَلات۔
عَمَنَ (ض) وعَمِنَ (س) عَمْنًا بالمَكان
: اقامت کرنا۔
عَمَّنَ وأَعمَنَ الرَّجُلُ: ملک عمان میں جانا۔
کسی جگہ میں ہمیشہ رہنا۔
العُمُون: اقامت کرنے والا ج عُمُن۔
عَمَهَ وعَمِهَ (ف س) عَمَهًا وعُمُوهًا
وعُمُوهِيَّةً وعَمَهانًا وتَعامَهَ: متحیر ہونا۔
گمراہی میں بھٹکنا۔ صفت عَمِه ج عَمِهُونَ
وعامِه ج عُمَّه۔
عَمِهَ (س) عَمَهًا المَكانُ: بے نشان وبے
علامت ہونا۔ صفت مذکر أعْمَه: صفت
مؤنث عَمهاء ج عُمْه۔
عَمَهُ لِي ظُلمِ فُلانٍ: ناحق ظلم کرنا۔
العَمَه: مص۔ بصیرت کا فقدان۔
عَمِيَ يَعمَى عَمًى: اندھا ہونا۔ دل کا اندھا
ہونا اور جاہل ہونا۔ عَنِ الشَّيءِ وعَنهُ:
ہدایت نہ پانا۔ عَلَيهِ: مشتبہ ہونا۔ کہا جاتا ہے
"عَمِيَتِ الأخبارُ عَن فُلانٍ" یعنی پوشیدہ ہو
گئیں۔
عَمِيَ عَمايَةً: اصرار کرنا۔ گمراہ ہونا۔
عَمَى يَعمِي عَمْيًا. السَّحابُ: بہہ پڑنا۔
المَوجُ: جھاگ پھینکنا۔ فُلانٌ: سخت گرمی میں
آنا۔
عَمّى تَعمِيَةَ المَعنَى: معنی پوشیدہ رکھنا
(وأَعمَى) الرَّجُلُ: اندھا کرنا۔ اندھا پانا۔
تَعامَى: بتکلف اندھا بننا۔
تَعَمَّى تَعَمِّيًا: اندھا ہونا۔
إعتَمَى إعتِماءً الشيءَ: چننا۔ قصد کرنا۔

العَمْيَة والعُمْيَة والعَمايَة والعَماءة:
گمراہی۔ گمراہی پر اصرار۔
العِمِّيَّة والعُمِّيَّة: غرور۔ گمراہی۔
العَمِي: اندھا ج عَمُون: مؤنث عَمِيَة ج
عَمِيات۔
الأعمى: اندھا ج عُمْيٌ وعُمْيانٌ وأَعماء
وعُماة: مؤنث عَمياء. الأعمى: جاہل۔ کہا
جاتا ہے "رَجُلٌ عَمِي القَلبِ" یعنی جاہل
آدمی۔
العامِيَة: بہت گریہ وزاری کرنے والی
عورت۔
العَماء: بلند بادل۔ موسلا دھار برسنے والا
بادل۔
الأعمَيان: سیلاب وآتش زدگی۔
المَعمِيَة: بے نشان زمین۔ ج مَعامِي۔
مَكانٌ عَمِيٌّ وأَعمى: ایسی جگہ جس میں
ہدایت نہ ملے۔
العامِيُّ: وہ شخص جو اپنے راستے کو نہ دیکھتا
ہو۔
المُعَمَّى: مفع مِنَ الكَلامِ: چیستان۔ پہیلی۔
عَن: حروف جر میں سے ہے اور معانی ذیل
میں مستعمل ہے۔
(۱) مجاوزۃ: جیسے تَرَحَّلَ عَن مَكانٍ فِيهِ
ضَيْمٌ: اس جگہ سے چل دے جہاں ظلم ہو۔
(۲) بدل جیسے يَومَ لا تَجزِي نَفسٌ عَن
نَفسٍ شَيئًا: وہ یوم جس میں کوئی نفس کسی نفس
کا بدلہ نہیں دے گا۔ (۳) تعلیل: جیسے ما
فَعَلَ ذٰلِكَ إلّا عَن اضطِرارٍ: اس نے اُس
کو مجبور ہو کر کیا۔ (۴) بعد: جیسے عَن قَلِيلٍ
تَرَى: تھوڑی دیر کے بعد تجھے معلوم ہو جائے
گا۔ (۵) استعلاء جیسے أحبَبتُ الإحسانَ
إلى الفُقَراءِ عَن كَثرَةِ الصَّلوٰة: میں نے
فقراء کے ساتھ اچھے سلوک کو کثرت نماز پر
ترجیح دی اور کبھی اسم ہو کر جانب کے معنی میں
آتا ہے اور اس وقت اس پر حرف جر داخل
ہوتا ہے جیسے "جَلَسَ مِن عَن يَسارِ
الخَلِيفَةِ" خلیفہ کی بائیں جانب بیٹھنا۔

عَنَّ (ن ض) عَنًّا وعَنَنًا وعُنُونًا واعْتَنَّ لَهُ الشَّيْءُ: سامنے ظاہر ہونا۔ پیش آنا۔ عَنَّ عَنِ الشَّيْءِ: اعراض کرنا۔ عَنَّ فُلَانًا: گالی دینا۔
عَنَّ وعَنَّنَ الكِتَابَ: عنوان لکھنا۔ وعَنَّتَ الكِتَابَ: ایک نون کو یا سے بدل کر بھی کہتے ہیں۔
عَنَّ وعَنَّنَ واَعَنَّ اللِّجَامَ: لگام میں ڈوری لگانا۔
عَنَّ واَعَنَّ الفَرَسَ: گھوڑے کو لگام سے روکنا۔
عَانَّهُ مُعَانَّةً وعِنَانًا: مقابلہ کرنا۔
العَانُّ: فا۔ لمبی رسی۔ پھیلا ہوا بادل۔
العَانَّةُ: مؤنث۔ العَانُّ: بادل۔
العُنَّةُ: رسیٔ اونٹ یا گھوڑے کے لئے لکڑی کا باڑہ۔ ہانڈی رکھنے کا چولہا۔
العَنَانُ: بادل۔ والعَنَانَةُ: بادل کا ایک ٹکڑا۔
عَنَانُ السَّمَاءِ: آسمان کی بلندی۔ عَنَانُ الدَّارِ: گھر کا کنارہ۔ گھر کا گرداگرد۔
العِنَانُ: مص۔ لگام کی رسی۔ ج أَعِنَّةٌ وعُنُنٌ: کہا جاتا ہے "هُوَ قَصِيرُ العِنَانِ" یعنی وہ بے خیر آدمی ہے۔ "ورَجُلٌ طَوِيلُ العِنَانِ" شریف آدمی "وأَبِيُّ العِنَانِ" خوددار۔ و"اِمْتِلاءُ عِنَانِهِ" جبکہ اپنی کوشش کو پہنچ جائے۔ "وَذَلَّ عِنَانُهُ" یعنی تابع وفرمانبردار ہوگیا۔ و"هُمَا يَجْرِيَانِ فِي عِنَانٍ" جبکہ دونوں فضیلت وغیرہ میں برابر ہوں۔ "وجَرَى الفَرَسُ عِنَانًا" یعنی ایک چکر دوڑا۔ "وَكَبَا فِي عِنَانِهِ" یعنی اپنے چکر میں ٹھوکر کھا گیا۔ "وأَرْخِ مِنْ عِنَانِهِ" یعنی اس کو ڈھیل دے دو۔ و شَرِكَةُ العِنَانِ: دو آدمیوں کا مخصوص مال میں شرکت کرنا۔
العِنَانُ: سامنے آنے والی چیز۔
العَنَنُ: سامنے آنے والی چیز۔ کہا جاتا ہے "عَنَانَاكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا" انتہائی یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الاَعْنَانُ: درخت کے اطراف۔ اَعْنَانُ السَّمَاءِ: آسمان کے اطراف۔ افق۔

العَنَّانُ: بہت سبقت لے جانے والا۔
المِعَنُّ: لایعنی امور میں دخل دینے والا۔ خطیب۔ مؤنث مِعَنَّةٌ۔
المَعْنُونُ: مجنون۔ پاگل۔
عَنَّبَ الكَرْمُ: انگور کی بیل میں انگور آنا۔
العِنَبُ: انگور۔ ج أَعْنَابٌ: ایک دانے کو عِنَبَةٌ: کہتے ہیں۔
العَنَّابُ: انگور بیچنے والا۔ عِنَبُ الثَّعْلَبِ: کوے۔
عِنَبُ الثَّعْلَبِ: سفید پتوں والی سفید پھولوں والی دوائی کا نام۔
عِنَبُ الذِّئْبِ: چڑے کو رنگنے کے لئے ایک پودا جس کو طب میں اسہال کے ضد سمجھا جاتا ہے۔
اَلْعُنَيْبَةُ: انگور جیسا ایک پھل۔
العُنَابُ والاَعْنَبُ: بڑی ناک والا۔
العُنَّابُ۔ عُنَّابٌ: ایک دوا کا نام۔ واحد عُنَّابَةٌ۔
عَنْبَرَ الشَّيْءَ: عنبر سے خوشبودار کرنا۔
العَنْبَرُ: ایک قسم کی خوشبو۔ زعفران۔ ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ڈھال جو عنبر مچھلی کی کھال سے بنائی جاتی ہے۔ ج عَنَابِرُ۔
عَنْبَرُ الشِّتَاءِ وعَنْبَرَتُهُ: سردی کی شدت
عُنْبُرَةُ القِدْرِ: پیاز۔
العَنْبَرِيُّ: عنبر سے معطر کی ہوئی شراب۔
عَنِتَ (س) عَنَتًا: دشواری میں پڑنا۔ مصیبت سے ہلاک ہونا۔ گناہ کرنا...... الشَّيْءُ: خراب وفاسد ہونا...... العَظْمُ: درستی کے بعد ٹوٹ جانا۔ صفت عَنِتٌ۔
عَنَّتَهُ: سختی کرنا۔ ایسی چیز لازم کرنا جس کا ادا کرنا دشوار ہو۔ عَنَّتَ الشَّيْءُ العَظْمَ
المَجْبُورَ: درست شدہ ہڈی کو توڑ دینا۔
عَنَّتَ فِي الجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
اَعْنَتَ الجَابِرُ الكَسِيرَ: جڑے ہوئے کو پھر توڑنا۔ ٹوٹے ہوئے کی دیکھ بھال نہ کرنے کی وجہ سے فساد زیادہ ہونا...... الرَّاكِبُ الدَّابَّةَ: جانور پر سختی سے زیادہ لادنا......

الرَّجُلَ: ہلاکت میں ڈالنا۔
تَعَنَّتَهُ: تکلیف پہنچانا۔ کسی کی لغزش کو ڈھونڈنا۔ تَعَنَّتَ الرَّجُلَ وعَلَيْهِ فِي السُّؤَالِ: بطریق تلبیس سوال کرنا۔
العَنُوتُ: دشوار گزار ٹیلہ۔
عَنْتَرَ عَنْتَرَةً: لڑائی میں بہادری کرنا۔ عَنْتَرَهُ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ عَنْتَرَ العُنْتُرُ: مکھی کا بھنبھنانا۔
العَنْتَرُ والعُنْتُرُ والعُنْتَرُ: مکھی۔ نیلی مکھی۔ واحد عَنْتَرَةٌ۔
اَلْعَنْتَرَةُ: سبعہ معلقات کے شاعروں میں سے ایک شاعر کا لقب جس کی بہادری کی وجہ سے لوگوں کے لئے ضرب المثل بن گیا۔
عَنْتَلَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
العُنْتُلُ: سخت۔ ضِبَاعٌ عَنَاتِلُ: شکار کو ٹکڑے ٹکڑے کر دینے والے بجو۔
العِنْثَةُ والعُنْثَةُ والعِنَّثَةُ: جلی نام۔ ایک مخصوص گھاس جب کہ وہ خشک اور سیاہ ہو جائے۔ ج عِنَاثٌ۔
العَنْثُوَةُ والعُنْثُوَةُ: بمعنی عَنْثَةٌ ج عَنَاثِي
العَنْثُوَةُ: ٹھوڑی کے بال۔
عَنَجَ (ن ض) عَنْجًا واَعْنَجَ الشَّيْءَ: کھینچنا۔ الدَّلْوَ: ڈول کو رسی سے باندھنا۔
العِنَاجُ: پیندا کا دور۔ رسی جس کو بڑے ڈول کے نیچے باندھتے ہیں۔ ج أَعْنِجَةٌ وعُنُجٌ۔
عَنْجَةُ الهَوْدَجِ: ہودے کے دروازے کا بازو۔
العَنْجَجُ: بڑا۔
العُنْجُجُ: جنگلی ریحان۔
العُنْجُوجُ: عمدہ گھوڑا۔ عمدہ اونٹ۔ اوّل جوانی ج عَنَاجِيجُ۔
عَنْجَرَ عَنْجَرَةً: ہونٹوں سے سیٹی بجانا۔
العُنْجُورَةُ: شیشی کا غلاف۔
العُنْجُهُ: بڑی موٹی سیپی۔ اکڑ مرد۔
عِنْدَ: ظرف مکان وظرف زمان ہے۔ وقفت عِنْدَ البَابِ وسَافَرْتُ عِنْدَ مَغِيبِ الشَّمْسِ: اور یہ من کے داخل ہونے سے

مجرور ہوتا ہے جیسے اَتَیْتُ مِنْ عِنْدِہٖ۔
عَنَدَ (ن ض) وعَنِدَ (س) وعَنُدَ (ک) عُنُوْدًا عَنِ الطَّرِیْقِ اوِ القَصْدِ: تجاوز کرنا۔ ہٹ جانا۔ مائل ہونا...... الـرَّجُـلُ: دیدہ دانستہ حق کی مخالفت کرنا۔ صفت عَـنِـیْـدٌ ج عُـنُـد (...... واَعْنَدَ) العِرْقُ: رگ سے خون لگاتار بہنا۔ اَعْنَدَ فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔
عَنَدَ (ن) عُنُوْدًا عَنْ اَصْحَابِہٖ: سفر میں علیحدہ ہوجانا۔
عَانَدَہٗ مُعَانَدَۃً وعِنَادًا: علیحدہ ہونا۔ مقابلہ کرنا...... الشَّیْئُ: لازم ہونا...... الرَّجُلَ: کسی کے جیسا کام کرنا۔
تَعَانَدَ القَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ مخالفت کرنا۔
اِسْتَعْنَدَ الفَرَسُ: گھوڑے کا سرکشی کرنا۔ منہ زور ہونا...... ہٗ القَیْئُ: غالب ہونا...... فُلَانًا: قصد کرنا۔
الـعَـانِـدُ: ف۔ میانہ روی سے ہٹنے والا۔ ج عُـنَّـد۔ عَوَانِد۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَـہٗ طَعْنًا عَانِدًا" اس نے اس کو دائیں بائیں سے نیزہ مارا۔ دَمٌ عَـانِـدٌ: ایک جانب سے بہنے والا خون۔
اَلْعَنَادِیْ: عنادی مذہب کو ماننے والا۔
اَلْعَنَادِیَّۃُ: وہ لوگ جو چیزوں کو حقیقت ماننے سے انکاری ہیں۔
العِنْدُ: دل۔ معقول۔
العَنَدُ: جانب۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمْشِی وَسْطًا لَا عَنَدًا" وہ وسط میں چلتا ہے کنارہ میں نہیں۔
العُنْدُ والعِنْدُ والعَنَدُ: گوشہ۔
العَـنُـوْدُ: میانہ روی سے ہٹنے والا ج عُنُد کہا جاتا ہے "سَحَابَۃٌ عَنُوْدٌ" موسلا دھار برسنے والا بادل۔ عَقَبَۃٌ عَنُوْدٌ: دشوار گزار گھاٹی۔ رَجُلٌ عَنُوْدٌ: کسی کے ساتھ نہیں بلکہ تنہا اترنے والا فرد۔
عُنْدُرُ المَطَرِ: سخت بارش ہونا۔
عَنْدَلَ عَنْدَلَۃً الھَزَارُ: بلبل کا چہچہانا۔

العَنْدَلِیْبُ: بلبل۔ ج عَنَادِل۔
العَنْدَم (دم الاخوین)
عَنَزَہٗ (ن) عَنْزًا: نیزہ مارنا۔ عَنَزَ واعْتَنَزَ واِسْتَعْنَزَ عَنَزَۃً: علیحدہ ہونا اور ایک گوشہ میں اترنا۔
اَعْنَزَ الشَّیْئَ: جھکانا۔
تَعَنَّزَ: لوگوں سے علیحدہ ہونا۔
العَنْزُ: مص۔ بکری۔ مادہ چکور۔ مادہ شکرہ۔ ہرنی۔ مادہ گدھ ج عِنَاز واَعْنُز وعُنُوْز۔
العَنْزَۃُ: بکری۔
العَنَزَۃُ: ڈنڈا جس کے نیچے پھل لگا ہو۔ عَنَزَۃُ الـفَـاسِ: پھاوڑے کی دھار ج عَنَز وعَنَزَات۔
اَلْـقَـزُوْقَۃُ: جھولا۔ اس سے فعل مشتق غزق نکالا گیا ہے۔
العَنُوْزُ والعَنِیْزُ: مصیبت میں مبتلا۔
عَنَسَ (ض) عَنْسًا العُوْدَ: لکڑی کو جھکانا۔ موڑنا۔
عَنَسَتْ (ن ض) وعَنِسَتْ (س) عُنُوْسًا وعِنَاسًا وعَنَّسَتْ وعُنِّسَتْ واَعْنَسَتِ الجَارِیَۃُ: لڑکی کا بالغ ہونے کے بعد دیر تک بلا شادی کے رہنا۔ صفت عَانِس ج عَوَانِس وعُنَّس وعُنْس وعُنُوْس عَنَسَ الرَّجُلُ: بغیر نکاح کے بڑی عمر تک رہنا۔ صفت عَانِس۔ اَعْنَسَ الشَّیْئُ: متغیر کرنا۔ اَعْنَسَ الشَّیْبُ وَجْھَہٗ: بڑھاپے کا چہرے کو بدل دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَمْ تَعْنُسْ او لَمْ تُعْنِسِ السِّنُّ وجھہ" یعنی فلاں کی عمر نے بڑھاپے کی طرف رخ نہیں کیا۔ وعَنَّسَ الجَارِیَۃَ اَھْلُھَا: لڑکی کو اس کے گھروالوں نے نکاح کرنے سے روکے رکھا۔ صفت مُعَنَّسَۃ ج مُعَنَّسَات ومُعَانِس۔
عَـنِـسَ (س) عَـنَـسًـا: ہر وقت آئینہ میں دیکھنا۔
العَـنَـسُ: مص۔ عقاب۔ قوی اونٹنی ج عِنَاس وعُنُوْس۔
العَنَّاسُ: آئینہ ج عُنُس

عَـنَـشَ (ن ض) عَـنْـشًـا العُوْدَ: لکڑی کو موڑنا۔ جھکانا۔ الـرَّجُـلَ: تکلیف پہنچانا۔ غضبناک کرنا۔
عَانَشَہٗ مُعَانَشَۃً وعِنَاشًا: لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔ مفاخرت کرنا۔
اِعْتَنَشَہٗ: لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا۔ ظلم کرنا۔
تَعَانَشَا: ایک دوسرے سے معانقہ کرنا۔
تَعَنَّشَ المَالَ: ہر طریقہ سے مال جمع کرنا۔
الاَعْنَشُ: چھ انگلیوں والا۔ بھینگا۔
العُنْصُرُ والعُنْصَرُ: اصل۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہُ الکَرِیْمُ العُنْصُرِ" وہ اصلاً شریف ہے۔ حسب۔ ہمت۔ حاجت۔ مصیبت۔ ہیولی۔ مادہ جسم بسیط۔ ج عَنَاصِر: اورقدماء کے نزدیک عناصر چار تھے۔ آگ' پانی' ہوا اور مٹی۔
عِیْدُ العُنْصَرَۃِ: نصرانیوں کی ایک عید ہے جو عید فصح کے پچاس دن کے بعد ہوتی ہے۔ اور یہودیوں کے نزدیک طور سینا پر احکام شریعت کے نزول کی یادگار میں عید ہے۔
العُنْصُل والعُنْصَل والعُنْصُلَاء والعُنْصَلَاءِ: جنگلی پیاز۔ جس کو بصل الفار بھی کہتے ہیں۔
العُنْصُوَۃ والعِنْصُوَۃ والعُنْصُوَۃ والعِنْصِیَۃ والعِنْصَاۃ: متفرق تھوڑے سے بال یا گھاس وغیرہ ج عَنَاصٍ۔
العُنْظُب والعُنْظُبَان والعُنْظُوْب: ایک قسم کی ٹڈی۔ مؤنث عُنْظُوْبَۃ۔
عَنْظَی بِہٖ: ٹھٹھا کرنا۔ بری بات سنانا۔ گالی دینا۔
العُنْظُوَان والعِنْظِیَان: فحش بکنے والا۔
العُنْظُوَان: ایک ترش قسم کی نباتات۔
العُنْظُوَانَۃ: واحد ہے عُنْظُوَان کی مادہ ٹڈی ج عُنْظُوَانَات۔
عَنْعَنَ عَنْعَنَۃً: ہمزہ کو عین کی طرح پڑھنا...... الرَّاوِی: روایت کو عَنْ فُلَانٍ عَنْ فُلَانٍ: سے بیان کرنا۔
عَنُفَ (ک) عُنْفًا وعَنَافَۃً بالرَّجُلِ

وعَلَیْهِ: سختی کرنا۔ صفت عَنِیْف ج عُنُف.

عَنَفَه واَعْنَفَهٗ: سختی سے معاملہ کرنا۔ وعَنَّفَهٗ: سختی سے جھڑکنا۔ عتاب کرنا۔ اَعنف الْاَمرَ: سختی سے لینا۔

اِعْتَنَفَ الْاَمْرَ: سختی سے لینا۔ الشَّیْءُ: شروع کرنا...... المجلس: سے پھر جانا۔

العَنف والعِنف والعُنف: سختی۔ سخت دلی۔

العُنُفَة والعُنْفَة: ابتدا۔ شروع۔

الاعْنَف: سختی سے پیش آنے والا۔

عُنْفُوَانِ الشَّبَابِ وعُنْفُوَّة: ابتدائی جوانی۔

عُنْفُوَانُ الخَمرِ: شراب کی تیزی۔

المَعْنَفَة: سختی کا سبب۔

تَعَنْفَصَ: ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا۔

العُنْفقَة: داڑھی بچہ۔ ج عَنَافِق.

عَنِقَ (س) عَنَقًا: لمبی گردن والا ہونا۔ صفت اَعْنَق.

عَنَّقَ. طلع النخل: کھجور کے شگوفہ کا لمبا ہونا۔ عَنَقَه: گردن پکڑنا۔ عَنَّقَ عَلَیْهِ: چلنا اور گردن اٹھا کر دیکھنا۔

عَانَقَهٗ مُعَانَقَةً وعِنَاقًا: بغل گیر ہونا۔ گلے لگانا۔ عَانَقَتِ الْاِبِلُ: تیز چلنا۔

اَعْنَقَ. الزَّرْعُ: کھیتی کا لمبا ہونا۔ خوشہ نکلنا۔ الکَلْبُ: کتے کی گردن میں پٹہ ڈالنا۔ النَّجْمُ: ستارہ کا غروب ہونا۔ اَعْنَقَتِ الْبِلَادُ: دور دور ہونا الدَّابَّةُ: جانور کا چوڑے قدم ڈال کر تیز چلنا...... الرِّیْحُ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔

تَعَنَّقَ الیَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا بل میں گھسنا۔

تَعَانَقَ. الرَّجُلَانِ: ایک کا دوسرے سے گلے ملنا۔

اِعْتَنَقَ. الشَّیْءُ: لازم ہونا۔ سختی سے پکڑنا۔

اِعْتَنَقَ الرَّجُلَانِ: لڑائی وغیرہ میں ایک کا دوسرے کے گلے کو پکڑنا۔

العُنُقُ والعُنْق: گلا (مذکر ہے اور مؤنث بھی مستعمل ہے) ج اَعْنَاق. وعُنُقُ کُلِّ شَیْءٍ: ہر چیز کا اوّل۔ کہا جاتا ہے مَاتَ فُلَانٌ فِی عُنُقِ الصَّیْفِ" وہ گرمی کی ابتداء میں مرگیا "قَدْ اَخَذَ بِعُنُقِ السِّتِّیْنَ" وہ ساٹھ سال کی ابتدا میں پہنچ گیا۔ "وکَانَ ذٰلِکَ عَلٰی عُنُقِ الدَّهْرِ" وہ زمانہ قدیم سے تھا۔ "وَلَهٗ عُنُقٌ فِی الْخَیْرِ" اس کے لئے پہلی ہی نیکی میں سبقت ہے۔ "وهُمْ عُنُقٌ اِلَیْکَ" وہ لوگ تیری طرف مائل ہیں۔ تیرے منتظر ہیں۔ والعُنُق: رئیس لوگ۔ جماعت۔

اَلْعَنَاقِیَّةُ: سفید پھولوں والی زمین پر ایک ویل۔

العَنَق: مص۔ جانور کی تیز چال۔

العَنَاقُ: بکری کا بچہ سال پورا ہونے سے پہلے۔ ج اَعْنُق وعُنُوق. عَنَاقُ الْاَرْضِ: بلی کی قسم کا ایک شکاری جانور۔ العَنَاق: مصیبت...... والعَنَاقَة: سختی ومحرومی۔

الاعْنَق: لمبی گردن والا۔

العَنْقَاء. اَعْنَق: کا مؤنث۔ ج عُنُق. عَنْقَاءُ مُغْرِب والعَنْقَاء المُغْرِبُ والمُغْرِبَة: ایک فرضی پرندہ کا نام۔ مصیبت۔ ٹیلہ کی چوٹی۔ کسی چیز کی ہلاکت وبربادی کی خبر دینی ہوتی ہے تو کہتے ہیں حَلَّقَتْ بِهٖ فِی الْجَوِّ عَنْقَاءُ مُغْرِب: یعنی عنقاء مغرب اس کو فضاء آسانی میں لے کر اڑا۔ هَضْبَةٌ عَنْقَاءُ: بلند ٹیلہ۔

العَانِقَاء: جنگلی چوہے کا سوراخ۔

العَنِیْق: گردن۔ بغل گیر ہونے والا۔

المُعْنِق: تیز دوڑنے والا۔ زمین کا سخت و بلند حصہ۔ لمبی گردن والا۔ ج مَعَانِیْق.

المِعْنَاق: عمدہ گردن والا گھوڑا یا تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ ج مَعَانِیْق.

المِعْنَقَة: پٹہ۔ ہار۔

عَنْقَشَ. بِالشَّیْءِ: چمٹ جانا۔

تَعَنْقَشَ بِهٖ: سخت ہونا۔ پیچ کھانا۔

عَنَکَ (ن) عُنْکًا وعُنُوْکًا وتَعَنَّکَ الرَّمْلُ: ریت کا ڈھیر ہو کر بلند ہونا۔ صفت عَنِیْک: ج عُنُک. عَنَکَ البَابَ: دروازہ بند کرنا...... الرَّجُلُ: سفر کرنا...... الفَرَسُ: حملہ کرنا اور پھرنا۔

عَنَّکَهٗ: ملامت کرنا اور مشقت میں ڈالنا۔

اَعْنَکَ. الرَّجُلُ: تودہ ریگ میں چڑھنا۔ البَابَ: دروازہ بند کرنا۔

العِنْک: تودہ ریگ۔

العَنْکَبُوْت: مکڑی ج عَنَاکِبُ عَنْکَبُوْتَات

العنکب: نر مکڑی ج عَنَاکِب وعَنَاکِیْب.

العَنْکَبَة والعَنْکَبَاة والعَنْکَبَاة: مادہ مکڑی ج عَنَاکِب وعَنَاکِیْب.

اَلْعَنْکَبُوْتِیَّات: عنکبوت بچھو وغیرہ جیسے جانوروں کی جماعت۔

عَنَّمَ. البَنَانَ: پورے کو عنم سے رنگنا (دیکھئے عَنَم)

اَعْنَمَتِ المَاشِیَةُ: جانور کا عنم کو چرنا۔ (دیکھئے عنم)

العَنَم: ایک درخت ہے جس کا پھل سرخ رنگ کا ہوتا ہے اور جس سے رنگے ہوئے پورے کو تشبیہ دیتے ہیں۔ واحد العَنَمَة.

العَنَم: انگور کی بیل کے دھاگے جو ٹہنی کی لکڑیوں سے لپٹ جاتے ہیں۔

العَنَمَة: انسان کے ہونٹ کا کٹن۔

العَنَمِیُّ: سرخی آمیز خوبصورت چہرہ۔

العُنْثُوم: نر مینڈک۔

عَنَا یَعْنُوْ عَنَاءً وعُنُوًّا. لَهٗ: خضوع کرنا۔ جھکنا۔ فرمانبردار ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت عَانٍ وعَنِیٌّ: مؤنث عَانِیَة وعَنِیَّة...... الشَّیْءُ: ظاہر کرنا۔ عَنَتِ الْاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: اگانا۔ عَنَاهُ الْاَمْرُ: غم میں ڈال دینا۔ عَنَا الْاَمْرُ عَلَیْهِ: دشوار ہونا۔ عَنَتِ الْاُمُوْرُ بِفُلَانٍ: نازل ہونا۔ (...... عَنْوَنَ) الکِتَابَ: عنوان لکھنا۔ خط پر پتہ لکھنا۔

عَنَا یَعْنُوْ عَنْوَةً: زبردستی لے لینا۔ سلجھانا۔

عَنَا یَعْنُوْ وعَنِیَ یَعْنَی عَنًا. فِی الْقَوْمِ: قیدی ہونا۔ صفت عَانٍ ج عُنَاة مؤنث عَانِیَة ج عَانِیَات وعَوَان.

عَنَّی تَعْنِیَةً. الرَّجُلَ: قید کرنا۔

اَعْنَی اِعْنَاءً. الرَّجُلَ: فرمانبردار کرنا۔ ذلیل کرنا۔ اَعْنَتِ الْاَرْضُ النَّبَاتَ: اگانا۔

العَانِی: بہتا ہوا خون یا پانی۔

العِنو والعَنَا: کوشش۔ کنارہ۔ ج اَعْنَاء کہا جاتا ہے "جَاءَ نَا اَعْنَاءٌ مِنَ النَّاسِ" ہمارے پاس مختلف قبائل کے لوگ آئے۔
عَنْوَنَ عَنْوَنَةً: دیباچہ لکھنا۔
عُنْوَانُ الكِتَابِ وعِنْوَانُه وعُنْيَانُه وعِنْيَانُه: دیباچہ کتاب۔ "وعُنْوَانُ كُلِّ شَيْءٍ" وہ جس کے ظاہر سے باطن کا حال معلوم ہوجائے کہا جاتا ہے "الظَّاهِرُ عُنْوَانُ البَاطِنِ"۔
عَنَى يَعْنِيْ عَنْيًا الاَمْرُ لِفُلَانٍ: واقع ہونا۔ نازل ہونا...... فِيْهِ الاَكْلُ: مفید ہونا...... الاَرْضُ بِالنَّبَاتِ: اگانا (...... عَنْيًا وعِنَايَةً) بِمَا قَالَهُ كَذَا: مراد لینا۔
عَنَى اللّٰهُ بِهِ عِنَايَةً: حفاظت کرنا۔
عَنَى يَعْنِيْ عَنَايَةً وعِنَايَةً وعُنْيًا الاَمْرُ. فُلَانًا: مشغول کرنا۔ فکرمند کرنا۔ عُنِيَ بِالاَمْرِ وعَنِيَ بِهِ بمعنی عَنِيَ: مشغول ہونا۔ فکرمند ہونا۔ مشقت لاحق ہونا۔ صفت عَانٍ وعَنٍ.
عَنِيَ يَعْنَى عَنِيَ الاَكْلُ فِيْهِ: مفید ہونا۔
عَنِيَ يَعْنَى عَنَاءً: تھکنا۔
عَنَّى تَعْنِيَةً واَعْنَى اِعْنَاءَ الرَّجُلَ: تکلیف پہنچانا۔ امر دشوار کی تکلیف دینا۔ الكِتَابَ: دیباچہ لکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى شَيْئًا" یعنی کسی چیز کو فائدہ نہیں دیا۔
عَانَى مُعَانَاةَ الشَّيْءَ: مشقت برداشت کرنا ...... الرَّجُلُ مَالَهُ: مال کی حفاظت کرنا......ةً: مدارات کرنا۔ الهُمُوْمُ فُلَانًا: تفکرات کا آنا۔
تَعَنَّى تَعَنِّيًا: برداشت کرنا۔ تھکنا...... الاَمْرَ: برداشت کرنا۔ تکلیف اٹھانا...... فِيْ الاَمْرِ: قصد کرنا...... الحُمّٰى فُلَانًا: بخار کا بار بار آنا۔
اِعْتَنَى اِعْتِنَاءً. بِالاَمْرِ: اہتمام کرنا۔ پروا کرنا...... الاَمْرُ: واقع ہونا۔ نازل ہونا۔ کہا جاتا ہے هُوَ بِهِ اَعْنَى: یعنی زیادہ اہتمام کرنے والا ہے۔
العَنِيُّ: اہتمام کرنے والا۔ مؤنث عَنِيَّة.

العُنْيَان: عنوان۔
العَنِيَّةُ والعَنَاءُ والعَنَا: تھکن۔
المَعْنٰى: مقصود۔ معنی (الكلمة) کلمہ کا مدلول۔ معنى الكلام: کلام کا مضمون ج مَعَانٍ. معانی: سے انسان کے صفات محمودہ بھی مراد لئے جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ حَسَنُ المَعَانِيْ" فلاں اچھی صفات والا ہے۔
المَعْنَوِيُّ: معنی کی طرف منسوب۔
مَعْنِيُّ الكَلَامِ ومَعْنَاتُهُ ومَعْنِيَّتُهُ: مدلول کلام۔
عَهِدَ (س) عَهْدًا الاَمْرَ: پہچاننا...... الشَّيْءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرتے رہنا ...... فُلَانٌ وَعْدَهُ: حفاظت کرنا اور پورا کرنا۔ عَهِدَ اللّٰهَ: توحید بیان کرنا...... فُلَانًا بِمَكَانِ كَذَا: ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَهْدِيْ بِهِ قَرِيْبٌ" میری ملاقات اس سے قریب ہے۔
عَهِدَ اِلَى فُلَانٍ: وصیت کرنا اور شرط لگانا اِلَيْهِ فِيْ كَذَا: وصیت کرنا اور ذمہ دار بنانا۔
عَهِدَ المَكَانُ: موسم ربیع کی پہلی بارش کا ہونا۔
عَاهَدَهُ: معاہدہ کرنا۔ حلیف بننا۔
اَعْهَدَ. فُلَانًا مِنْ كَذَا: امین بنانا۔ بری کرنا۔ کفالت کرنا۔
تَعَاهَدَ القَوْمُ: ایک دوسرے سے معاہدہ کرنا۔ حلیف بننا۔
تَعَاهَدَ وتَعَهَّدَ واعْتَهَدَ الشَّيْءَ: حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ عہد کی تجدید کرنا۔
تَعَهَّدَ واعْتَهَدَ اَمْلَاكَهُ: اپنے املاک کی حفاظت و اصلاح کرنا۔ (تَعَاهَدَ) کا لفظ بھی اس کے لئے مستعمل ہے۔
اِسْتَعْهَدَ فُلَانٌ مِنْ صَاحِبِهِ: عہد لینا ...... فُلَانًا مِنْ نَفْسِهِ: اپنے حوادث نفس کا ذمہ دار ٹھہرانا۔
العَهْدُ: مص۔ وفا۔ ضمان۔ امان۔ ذمہ۔ دوستی۔ وصیت۔ میثاق۔ قسم۔ شاہی فرمان۔ ج عُهُوْد: وہ مکان جس میں کسی چیز کا عہد کیا گیا ہو۔ وَلِيُّ العَهْدِ: بادشاہ کا جانشین۔ کہا جاتا ہے "كَانَ ذٰلِكَ فِيْ اَوْ عَلٰى عَهْدِ فُلَانٍ" یعنی یہ فلاں کے زمانہ میں تھا۔ "وعَهْدِيْ بِهِ اِنَّهُ لَكَرِيْمٌ" یعنی میرے علم میں وہ کریم ہے و "هُوَ قَرِيْبُ العَهْدِ بِكَذَا" وہ فلاں کے قریب الحال ہے۔ "وعَلٰى عَهْدُ اللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ كَذَا" میرے اوپر اللہ کی قسم ہے کہ میں ایسا کروں گا۔ کہا جاتا ہے "مَتٰى عَهْدُكَ بِفُلَانٍ" تم نے اسے کب دیکھا۔ العَهْدِ القَدِيْمِ: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام سے پہلے لکھی گئیں۔ العَهْدِ الجَدِيْدُ: بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام کے بعد لکھی گئیں۔
العَهْد والعَهْدَة والعِهْدَة: موسم ربیع کی پہلی بارش۔ ج عِهَاد.
العِهَادَة: موسم ربیع کی پہلی بارش۔
العُهْدَة: ضمان۔ کفالت۔ اصلاح کے لئے واپسی۔ کہا جاتا ہے "لِيْ فِيْ الاَمْرِ عُهْدَةٌ" یعنی میں اصلاح کے لئے عنقریب لوٹوں گا۔ خط یا عقل کا نقص۔ کہا جاتا ہے "فِيْ خَطِّهِ عُهْدَةٌ" اس کا خط ردی ہے۔
العَهِد: عہدے کو پسند کرنے والا۔ معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔
العِهْدَان: ضمان و کفالت۔
العَهِيْد: معاہدہ کرنے والا۔ معاہدہ کیا ہوا۔ پرانا۔
المَعْهَدُ: وہ جگہ جس میں کوئی چیز معہود ہو۔ لوگوں کی واپسی کی جگہ۔ ج مَعَاهِد.
المَعْهُوْد: معلوم۔ معروف۔ مشہور۔
عَهَرَ (ف) عَهْرًا وعَهَرًا او عُهُوْرًا وعَهَارَةً وعُهُوْرَةً وعَهِرَ (س) عَهَرًا. اِلَيْهَا: زنا کرنے کے لئے جانا۔ صفت مذکر عَاهِرٌ ج عُهَّارٌ: صفت مؤنث عَاهِر وعَاهِرَة ج عَوَاهِر.
عَاهَرَهَا عِهَارًا: زنا کرنے کے لئے جانا۔
العَيْهَر: زنا کرنے کے لئے جانے والا۔ زناکار۔
العَاهِل: شہنشاہ۔ بڑا بادشاہ۔ بے خاوند

عورت۔ ج عَوَاهِل.

عَهَنَ (ن) عَهْنًا. بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ مِنَ الْمَكَانِ: نکلنا...... فِي الْعَمَلِ: کوشش کرنا ...... إِلَى فُلَانٍ: عہد لینا...... لِفُلَانٍ مَرَادَه: جلدی پورا کرنا...... الشَّيْءُ: ہمیشہ ہونا اور ثابت ہونا۔

عَهَنَتْ (ن ض) عُهُوْنًا. جَرَائِدُ النَّخْلِ: درخت خرما کی شاخوں کا خشک ہونا۔

عَهَنَ (ض) عَهْنًا. الْقَضِيْبُ: شاخ کا لچکنا اور ٹوٹنے کے قریب ہونا۔

عَهِنَ (س) عَهَنًا لَهُ كَذَا: جلدی کرنا...... الشَّيْءُ: حاضر ہونا۔

الْعِهْن: اون یا رنگی ہوئی اون ج عُهُوْن کہا جاتا ہے "هُوَ عِهْنُ مَالٍ" یعنی وہ مال کا بہتر انتظام کرنے والا ہے۔

الْعُهْنَة: شاخ کی لچک جو ٹوٹنے کے قریب ہو۔

الْعِهْنَة: اون یا رنگی ہوئی اون کا ایک ٹکڑا۔ ایک درخت ہے جس کا پھول سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

الْعَاهِن: فا فقیر حاضر۔ ثابت۔ جلدی کرنے والا۔ ڈھیلا۔ کاہل۔

الْعَوَاهِن: درخت خرما کی خشک شدہ شاخیں۔ عَاهِنَه کی جمع ہے۔ کہا جاتا ہے "رَمَى الْكَلَامَ عَلَى عَوَاهِنِه" جو کچھ منہ میں آیا کہہ دیا۔ بغیر سوچے دیئے کہ صحیح ہے یا غلط۔

عَاثَ يَعُوْثُ وعَوْثًا فُلَانًا عَنْ كَذَا: ہٹا دینا یہاں تک کہ متحیر ہو جائے۔ عَوْثَة: دیر کرا دینا۔

تَعَوَّثَ: متحیر ہونا۔

الْمَعَاث: مذہب۔ مسلک۔ گنجائش۔ کہا جاتا ہے "إِنَّ لِيْ عَنْ هٰذَا الْأَمْرِ لَمَعَاثًا" یعنی میرے لئے اس معاملے میں گنجائش ہے اس لئے اس کا چھوڑنا میرے لئے ممکن ہے۔

عَاجَ يَعُوْجُ عَوْجًا ومَعَاجًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا...... فُلَانًا بِالْمَكَانِ: مقیم کرانا ...... السَّائِرُ: ٹھہرنا۔ إِلَى أَوْ عَلَى الْمَكَانِ: مائل ہونا۔ متوجہ ہونا۔ فُلَانٌ عَمَّا عَزَمَ عَلَيْهِ: پختہ ارادہ سے ہٹ جانا۔ الْبَعِيْرَ: اونٹ کو لگام سے پھیرنا۔ کہا جاتا ہے مَا أَعُوْجُ بِكَلَامِه: میں اس کے کلام کی پروا نہیں کرتا (...... عِيَاجًا وعِوَجًا) إِلَيْهِ: مائل ہونا۔

عَوِجَ يَعْوَجُ عَوَجًا. الْعُوْدُ ونحوه: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا ہونا...... الْإِنْسَانُ: بدخلق ہونا۔ صفت أَعْوَج.

عَوَّجَ تَعْوِيْجًا. الْعُوْدَ ونَحْوَه: لکڑی وغیرہ کا ٹیڑھا کرنا...... الْعَصَا ونَحْوَهَا: لاٹھی وغیرہ پر ہاتھی دانت جڑنا۔ صفت مفعول مُعَوَّجَة: تسکین عین کے ساتھ ہے...... النَّاقَةَ: اونٹنی کو پھیرنا۔ عَوَّجَه عَنِ الشَّيْءِ: باز رکھنا۔

تَعَوَّجَ تَعَوُّجًا واعْوَجَّ اِعْوِجَاجًا الْعُوْدُ: لکڑی کا ٹیڑھا ہونا۔

اِنْعَاجَ اِنْعِيَاجًا عَلَيْهِ: مڑنا۔

اَلْعَاج: ہاتھی دانت۔ الْعَاجَة: ہاتھی دانت کا ایک ٹکڑا۔

الْعَوَّاج: ہاتھی دانت کا بیچنے والا۔

الْعِوَج: کجی۔ پیچیدگی۔

الْعَوْجَاء: مؤنث أَعْوَج: کمان۔ دبلی اونٹنی ج عُوْج.

الْمُعَاج: مص۔ ٹھہرنے کی جگہ۔

عَادَهُ يَعُوْدُهُ عَوْدًا: ہٹانا۔ عَادَ السَّائِلَ: واپس کرنا۔ عَادَ فُلَانًا بِالْمَعْرُوْفِ: احسان وبھلائی کرنا۔

عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا وعَوْدَةً ومَعَادًا لِكَذَا وإِلَى كَذَا: کسی کی طرف ہونا۔ اعراض کے بعد واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "عَادَ عَلَيَّ مِنْ فُلَانٍ مَكْرُوْهٌ" فلاں کی جانب سے مجھے تکلیف پہنچی۔

عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا وعِيَادًا. الشَّيْءُ: دوبارہ کرنا۔ اسی سے مثل ہے "الْعَوْدُ احمدُ. عَادَ الْأَمْرُ كَذَا: بمعنی صار اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور کبھی ایک حالت سے دوسری حالت کی طرف انتقال کے لئے آتا ہے جیسے "عَادَ فُلَانٌ شَيْخًا" یعنی فلاں جوان سے بوڑھا ہو گیا۔

عَادَهُ عَوْدًا: عادت بنا لینا۔

عَادَ يَعُوْدُ عَوْدًا وعِيَادًا وعِيَادَةً وعُوَادَةً الْمَرِيْضَ: بیمار پرسی کرنا۔ صفت مذکر عَائِد ج عُوَّاد وعُوْد وعَوْد: اور صفت مؤنث عَائِدَة: جمع عُوْد: اور صفت مفعول مَعُوْد: اور مَعُوُوْد.

عَوَّدَ فُلَانًا كَذَا: عادی بنا دینا...... الْبَعِيْرُ: اونٹ کا بوڑھا ہونا...... الرَّجُلُ: عمر رسیدہ ہونا۔

عَيَّدَ تَعْيِيْدًا: عید میں حاضر ہونا۔

عَاوَدَهُ مُعَاوَدَةً وعِوَادًا. الرَّجُلَ: امر اول کی طرف واپس آنا...... الشَّيْءَ: عادت بنا لینا۔ کہا جاتا ہے "عَاوَدَتْهُ الْحُمّٰى" بار بار بخار آیا و "عَاوَدَه بِالْمَسْأَلَةِ" بار بار سوال کیا۔

أَعَادَ إِعَادَةً الْأَمْرَ والْكَلَامَ: لوٹانا۔ دہرانا ...... الشَّيْءَ: عادت بنا لینا۔ طاقت رکھنا...... الشَّيْءَ إِلَى مَكَانِه: اس کی جگہ پر واپس کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا يُعِيْدُ ومَا يُبْدِئُ" جبکہ کوئی حیلہ نہ ہو۔ "رَأَيْتُ فُلَانًا مَا يُبْدِئُ ومَا يُعِيْدُ" یعنی کچھ بھی گفتگو نہیں کرتا نہ ابتدا نہ عادۃً۔

تَعَوَّدَ تَعَوُّدًا الْمَرِيْضَ: بیمار پرسی کرنا...... الشَّيْءَ: عادی ہونا۔

اِعْتَادَ اِعْتِيَادًا. الشَّيْءَ: خوگر ہونا۔ عادی ہونا۔

تَعَاوَدَ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: ہر فریق کا اپنے ساتھیوں کے پاس واپس جانا۔

اِسْتَعَادَ اِسْتِعَادَةً: لوٹنے کو کہنا...... الشَّيْءَ: فُلَانًا ومِنْ فُلَانٍ: لوٹانے کو کہنا...... الشَّيْءَ: عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔

عَاد: عرب اولیٰ کا ایک شخص۔ ایک پرانا قبیلہ جو اسی شخص کے نام سے موسوم تھا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَدْرِيْ أَيُّ عَادٍ هُوَ" مجھے نہیں معلوم کہ وہ کون ہے۔

العَادِیُّ: وہ امر جس کی عادت جاری ہو۔ پرانی چیز۔ اقوامِ قدیمہ کے کھنڈرات۔ ج عَادِیَّات.

العَوْد: مص۔ بوڑھا اونٹ۔ بوڑھی بکری۔ ج عِیَدَة: پرانا راستہ۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ عَوْدًا علٰی بَدْءٍ او "رَجَعَ عَوْدَہ علٰی بَدْئِہٖ" یعنی اس کا سفر ختم نہیں ہوا اور واپس آ گیا۔

العُوْد: لکڑی۔ کٹی ہوئی ٹہنی۔ ایک قسم کی خوشبو جس کو بطور بخور استعمال کیا جاتا ہے۔ زبان کی جڑ کی ہڈی۔ سارنگی ج عِیْدَان و اَعْوَاد و اَعْوُد.

عُوْدُ الصَّلِیْبِ و عُوْدُ القَرْحِ و عُوْدُ الانْجَبَارِ: دواؤں کے نام۔

العِیْدُ: عید۔ ہر وہ دن جس میں کسی صاحب فضل یا کسی بڑے واقعہ کی یادگار مناتے ہوں۔ کہا گیا ہے کہ اس کو عید اس وجہ سے کہتے ہیں کہ ہر سال لوٹ کر وہ دن آتا ہے اور اصل اس کی (عِوْد) ہے۔ اور اس کی جمع قاعدہ کے مطابق (اَعْوَاد) ہونی چاہئے تھی مگر (عُوْد) بمعنی لکڑی کی جمع سے فرق کے لئے اس کی جمع (اَعْیَاد) آتی ہے۔ العِیْدُ: بار بار آنے والی بیماری یا غم وغیرہ۔

العَادَة: عادت۔ ج عَادَات و عَاد و عِیَد و عَوَائِد (عوائد گویا عائدہ کی جمع ہے۔)

العَوَّاد: سارنگی بجانے والا۔

الأَعْوَد: نافع تر۔ زیادہ مفید۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَعْوَدُ عَلَیْکَ" یعنی یہ تمہارے لئے زیادہ نافع ہے۔

العَائِدَة: مؤنث عائد۔ ج عُوَّد و عَوَائِد و عَائِدَات: بھلائی۔ صلہ۔ مہربانی۔ منفعت۔ ج عَوَائِد. العَوَائِد: محصول۔

العَوَاد: مہربانی۔ بھلائی کا کام۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ لَکَ عِنْدَنَا عَوَادًا حَسَنًا" یعنی تمہارے لئے ہمارے پاس وہ ہے جو تم پسند کرو۔ عَوَاد تثلیث: عین کے ساتھ ہے۔

العُوَادَة: مص۔ کھانا جو ایک مرتبہ کھا لینے کے بعد نئے مہمان کے لئے دوبارہ لایا جائے۔ کہا جاتا ہے "لَکَ العَوَادَة وَلَکَ العَوْدُ و العَوْدَة" تیرے لئے واپسی کا حق ہے۔

المَعَاد: مص۔ لوٹنے کی جگہ۔ آخرت۔ جنت۔ ج (...... و المَعَادَة) رونے کی جگہ، نوحہ کرنے کی جگہ ج مَعَاوِد.

المُعِیْد: فا۔ حاذق۔ تجربہ کار۔ عالم بالامور۔ بار بار جہاد کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فرس مُبْدِئٌ مُعِیْدٌ" سدھایا ہوا گھوڑا۔

المُعَاوِد: فا۔ ہمیشگی کرنے والا۔ اپنے عمل میں ماہر۔ جواں مرد۔

المُتَعَیِّد: غضبناک۔ سخت ظالم۔

عَاذَ یَعُوْذُ عَوْذًا و عِیَاذًا و مَعَاذًا و مَعَاذَةً تَعَوُّذًا و اسْتَعَاذَ بِفُلَانٍ مِنْ کَذَا: پناہ لینا۔ عَاذَ بالشَّیْءِ: لازم ہونا۔

عَوَّذَ تَعْوِیْذًا و اَعَاذَ اِعَاذَةً و اَعْوَذَ اِعْوَاذًا الرَّجُلَ: حفاظت کی دعا کرنا اور اُعِیْذُکَ بِاللّٰہِ: کہنا۔ منتر کرنا۔ عَوَّذَ الرَّجُلَ: کسی پر تعویذ لٹکانا۔

تَعَاوَذَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی پناہ لینا۔ ایک دوسرے پر بھروسہ کرنا۔

العَوْذ: پناہ۔ کہا جاتا ہے "عَوْذٌ بِاللّٰہِ مِنْکَ" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

العِیَاذ: مص۔ پناہ کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "العِیَاذُ بِاللّٰہِ منک" یعنی میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

العُوَذ: پناہ کی جگہ۔ کراہت۔ درختوں سے گرے ہوئے پتے۔ ناکس و فرومایہ لوگ۔

العُوْذَة ج عُوَذ و التَّعْوِیْذ ج تَعَاوِیْذ والمَعَاذَة ج مَعَاذَات: تعویذ۔ اسماء یا آیاتِ قرآنی جو لکھ کر آدمی کے گلے وغیرہ میں دفع بیماری وغیرہ کے لئے لٹکایا جائے۔

العَوَاذ: کراہت۔ کہا جاتا ہے "مَا تَرَکْتُ فُلَانًا اِلَّا عَوَاذًا مِنْہُ" میں نے فلاں کو صرف کراہت کی وجہ سے چھوڑ دیا۔

العَائِذ: فا ج عُوْذ ...... : نئی جننے والی ہرنی یا اونٹ یا گھوڑا ج عُوْذ و عُوْذَان ج عُوْذَات.

العَائِذَة: مؤنث عائذ ج عَوَائِذ و عَائِذَات

العَوَائِذ: چاند ستارے جن کے وسط میں ایک ستارہ ہے جس کا نام ربع ہے۔

المَعَاذ: مص۔ جائے پناہ۔ منتر۔ کہا جاتا ہے "مَعَاذَ اللّٰہِ و مَعَاذَ وَجْہِ اللّٰہِ" و "مَعَاذَةَ اللّٰہِ و مَعَاذَةَ وَجْہِ اللّٰہِ" یعنی اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

المَعْوَذ: ٹپکا ڈالنے کی جگہ۔ تعویذ لٹکانے کی جگہ۔ گھروں کے ارد گرد اونٹوں کی چراگاہ۔

المُعْوِّذ و المُعَوَّذ و العُوَّذ: کانٹوں یا درختوں کی جڑ میں یا پتھر کے نیچے کی نباتات۔

عَارَہٗ یَعُوْرُہٗ عَوْرًا: کانا کر دینا۔ عَارَ الشَّیْءَ: لے جانا اور تلف کرنا (...... و اَعَار) عَیْنَ المَاءِ او الرَّکِیَّةِ: پانی کے چشمہ یا کنوئیں کو بند کر دینا۔ عَارَتْ عَیْنُ المَاءِ او الرَّکِیَّةُ: پانی کے چشمہ یا کنوئیں کا بند ہونا۔

عَوِرَ یَعْوَرُ عَوَرًا و اعْوَرَّ: کانا ہونا۔ صفت مذکر۔ اَعْوَر: صفت مؤنث عَوْرَاءُ ج عُوْر و عُوْرَان.

عَوَّرَہٗ: کانا کرنا ...... و عَنِ الأَمْرِ: باز رکھنا۔ عَوَّرَ عَلَیْہِ اَمْرَہٗ: قباحت ظاہر کرنا۔ عَوَّرَ المَکَائِیْلَ: پیمانوں کا اندازہ کرنا ...... عَیْنَ البِئْرِ: کنوئیں کو مٹی سے بھر دینا۔ عَنْ فُلَانٍ: دوسرے کی جانب سے جھوٹ بولنا۔ فُلَانًا: رد کر دینا اور حاجت پوری نہ کرنا۔

اَعْوَرَہٗ اِعْوَارًا: کانا کر دینا۔ اَعْوَرَ الشَّیْءُ: ظاہر ہونا۔ اعضاء مستورہ کا کھل جانا۔ اعور الفارسُ: سوار میں نیزہ لگنے کی جگہ ظاہر ہونا ...... الرَّجُلُ: شک کرنا۔

اَعَارَہٗ اِعَارَةً الشَّیْءَ و مِنَ الشَّیْءِ: منگنی دینا۔

عَاوَرَہُ الشَّیْءَ مُعَاوَرَةً: منگنی دینا۔ عَاوَرَ الشَّمْسَ: انتظار کرنا۔ عَارَہُ الشَّیْءَ: جیسا

کسی نے کچھ کیا ویسا ہی اس کے ساتھ کرنا۔
عَاوَرَ وَعَايَرَ. المَكَاييل: پیمانوں کا اندازہ کرنا۔
اِعْوَرَّ: کانا ہونا۔ اِعْوَرَتْ واِعْوَارَّتِ العَيْنُ: آنکھ کا کانی ہو جانا۔
تَعَوَّرَ والعَارِيَةَ: منگنی مانگنا (...... وتَعَاوَرَ ......واعْتَوَرَ) القَوْمُ الشَّيْءَ: باری باری لینا۔ دست بدست لینا۔ کہا جاتا ہے "تَعَاوَرَتِ الرِّيَاحُ رَسْمَ الدَّارِ" مکان کے نشانات و کھنڈرات پر مختلف ہوائیں۔ کبھی جنوبی کبھی شمالی کبھی غربی کبھی شرقی چلیں۔
اِسْتَعْوَرَ الرَّجُلُ: منفرد ہونا۔ اکیلا ہونا۔
اِسْتَعَارَ. الشَّيْءَ مِنْ فُلَانٍ واسْتَعَارَ فُلَانًا الشَّيْءَ: منگنی دینے کو کہنا اور اسی سے ہے "أَرَى الدَّهْرَ يَسْتَعِيرُ فِي ثِيَابِي" میں زمانہ کو دیکھتا ہوں کہ وہ میرے کپڑوں کو عاریت دینے کو کہتا ہے اور یہ آدمی اس وقت کہتا ہے جبکہ وہ بوڑھا ہو جاتا ہے اور اسے موت کا خوف ہوتا ہے۔
العَوْرَةُ: خَلَلٌ جو سرحد میں ہو اور جس سے خوف کیا جائے۔ العَوْرَةُ مِنَ الْجِبَالِ: شگاف...... مِنَ الشَّمْسِ: جائے طلوع و غروب۔ العَوْرَةُ: ہر امر جس سے شرم کی جائے۔ انسان کے اعضاء جن کو حیا سے چھپایا جاتا ہے ج عَوْرَاتٌ عَوَرَاتٌ.
العَائِرُ: فا۔ وہ شخص جس کی آنکھ میں تنکا ہو۔ آشوب چشم۔ تنکا۔ ہر وہ چیز جو آنکھ کو تکلیف پہنچائے۔ العَائِرُ مِنَ السِّهَامِ والحِجَارَةِ: وہ تیر یا پتھر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "أَصَابَهُ سَهْمٌ أَوْ حَجَرٌ عَائِرٌ" اس کو ایسا تیر یا پتھر آ کر لگا جس کے پھینکنے والا معلوم نہیں۔
العَائِرَةُ: مؤنث عائر: کثرت۔ کہا جاتا ہے "لَهُ مِنَ الْمَالِ عَائِرَةُ عَيْنَيْنِ" اس کے پاس اتنا مال ہے جو دونوں آنکھوں کو بھر دیتی ہے۔ عَيْنٌ عَائِرَةٌ: تکنے والی آنکھ ج عَوَائِرُ.
العَوَائِرُ مِنَ الجَرَادِ: ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔

العَارَةُ والعَارِيَةُ والعَارِيَّةُ: منگنی۔ منگنی دینا۔ وہ چیز جس کو لوگ آپس میں لیں دیں۔ ج عوار وعَوَارِيُّ.
العَوَارُ والعِوَارُ والعُوَارُ: عیب۔ کپڑے کا پھٹن۔
الاَعْوَرُ: کانا۔ مؤنث عَوْرَاءُ ج عُوْرٌ وعُوْرَانٌ. وعِيْرَانٌ. المَعَانِي العُوْرُ: معانی مشکلہ۔ فَلَاةٌ عَوْرَاءُ: بے پانی کا جنگل۔ كَلِمَةٌ عَوْرَاءُ: کلمہ قبیحہ۔ الاَعْوَرُ: کوا۔ ردی۔ ضعیف۔ بزدل۔ بری رہنمائی کرنے والا۔ پھٹی ہوئی کتاب۔ وہ شخص جس کا حقیقی بھائی نہ ہو۔ وہ راستہ جس میں کوئی علامت نہ ہو۔ ج اَعَاوِرُ.
العَوِرُ: ردی۔ سیرت۔ شَيْءٌ عَوِرٌ: وہ چیز جس کا نگہبان کوئی نہ ہو۔ مؤنث عَوِرَةٌ.
العُوَيْرُ: کوا۔
العِيْرَانُ: ٹڈیوں کی متفرق ڈار۔
العُوَّارُ: تنکا۔ ابابیل۔ راستہ سے ناواقف۔ کمزور۔ بزدل۔ ج عواوير.
المِعْوَارُ: دبلا کیا ہوا گھوڑا اور بقول بعض دم نچا ہوا گھوڑا۔
المَعْوِرُ. مِنَ الاَمْكِنَةِ: دہشتناک۔ رَجُلٌ مُعْوِرٌ: بری عادت والا۔ شَيْءٌ مُعْوِرٌ: جس کا کوئی نگہبان نہ ہو۔
عَازَ يَعُوزُ عَوْزًا الشَّيْءُ فُلَانًا: محتاج ہونا اور کامیاب نہ ہونا۔
عَوِزَ يَعْوَزُ عَوَزًا. الشَّيْءُ: دشوار ہونا۔ باوجود حاجت کے کمیاب ہونا...... الاَمْرُ: سخت ہونا...... الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ صفت عَوِزٌ وعَائِزٌ واَعْوَزُ.
اَعْوَزَ اِعْوَازًا. الرَّجُلُ: محتاج وبدحال ہونا۔ صفت مُعْوِزٌ ومُعْوَزٌ. اَعْوَزَهُ المَطْلُوبُ: مطلوب کا عاجز کر دینا اور اس کا حصول دشوار ہونا۔ اَعْوَزَنِي الشَّيْءُ: محتاج ہونا اور قادر نہ ہونا۔ اَعْوَزَ الشَّيْءُ: دشوار ہونا...... الدَّهْرُ فُلَانًا: زمانہ کا کسی کو محتاج کر دینا۔
اِعْوَزَّ اِعْوِزَازًا: حیلہ کرنا۔ حالت کا گڑبڑ ہونا۔
العَوْزُ: مص۔ دانہ انگور۔ واحد عَوْزَةٌ.
العَوَزُ: حاجت۔ تنگی۔
المِعْوَزُ والمِعْوَزَةُ: پرانا بوسیدہ کپڑا۔ ہر وہ کپڑا جس سے دوسرے کپڑے کی حفاظت ہو۔ ج مَعَاوِزُ ومَعَاوِزَةٌ.

عَاسَ يَعُوسُ عَوْسًا وعَوَسَانًا: رات میں چکر لگانا...... عَلَى عِيَالِهِ: آل اولاد کے لئے محنت سے کمانا...... عِيَالَهُ: خوراک دینا...... عَوْسًا وعِيَاسَةً. الذِّئْبُ: بھیڑیے کا رات میں خوراک ڈھونڈنا (...... عَوْسًا) الشَّيْءَ: تعریف کرنا...... مَعِيشَتَهُ: درست کرنا۔
عَوِسَ يَعْوَسُ عَوَسًا: ہنسنے میں رخساروں میں گڑھا پڑنا۔ صفت اَعْوَسُ.
العُوسُ: سپید مینڈھے اور نسبت کے لئے عُوسِيٌّ: کہا جاتا ہے كَبْشٌ عُوسِيٌّ.
العَوَّاسُ: صیغہ مبالغہ۔
عَاصَ يَعَاصُ وعَوِصَ يَعْوَصُ عِيَاصًا وعَوَصًا. الشَّيْءُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا...... الكَلَامُ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
اِعْتَاصَ اِعْتِيَاصًا. الاَمْرُ عَلَيْهِ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا جس کی وجہ سے صواب کو نہ پانا۔ ...... عَوَّصَ: فعل یا قول میں راہ راست پر نہ ہونا۔ الشَّاعِرُ اَوِ الخَطِيبُ: ایسا شعر یا کلام کہنا جس کا سمجھنا دشوار ہو۔
اَعْوَصَ عَوْصًا وعِيَاصًا. والعِيَاصُ ... اِعْوَاصًا: بِخَصْمِهِ وعَلَى خَصْمِهِ: دلائل سے حیران کر دینا...... فِي الكَلَامِ: باریک بات کہنا۔
عَاوَصَهُ مُعَاوَصَةً: کشتی لڑنا پچھاڑنا۔
الاَعْوَصُ: باریک بات۔ مؤنث عَوْصَاءُ.
العَوْصَاءُ: مؤنث اعوص: سختی۔ ...
كَلِمَةٌ عَوْصَاءُ: کلمہ نادرہ۔
العَوَصُ: دشواری۔
العَائِصُ والعَوِصُ والعَوِيصُ ...: حاجت۔ العَوْصُ: نفس قوت۔ حرکت۔

المُعَوِّص مِنَ الْاَمُوْرِ: دشوار..... مِنَ الکَلَامِ: جس کا سمجھنا دشوار ہو..... مِنَ المَعَاوِص: سخت مصیبتیں۔ مؤنث عَوِیْصَة۔
التَّعْوِیص: سختی۔ نفس۔ قوۃ۔ حرکت۔
عَاصَ یَعُوْصُ عَوْضًا وعِوَضًا وعِیَاضًا وعَوَّضَ وعَاوَضَ واَعَاضَ اِعَاضَةً فُلَانًا مِنْ کَذَا: بدلہ دینا۔
تَعَوَّضَ واعْتَاضَ مِنْهُ: بدلہ لینا۔
اِعْتَاضَ واسْتَعَاضَ فُلَانًا: بدلہ مانگنا۔
عَوْضُ: یہ کلمہ مبنی ہے اور تینوں حرکتوں کے ساتھ مستعمل ہے اور اسم ظرف ہے۔ استغراق مستقبل کا کام دیتا ہے جیسے "لَا اُفَارِقُکَ عَوْضُ" یعنی میں تجھ سے کبھی جدا نہیں ہوں گا یا استغراق ماضی کے کام میں آتا ہے جیسے "مَا رَاَیْتُ مِثْلَهُ عوض" یعنی میں نے اس کے مانند کبھی نہیں دیکھا اور نفی کے ساتھ مختص ہے اور اضافت کی حالت میں معرب ہوتا ہے جیسے "لَا اَفْعَلُهُ عَوْضَ العَائِضِیْنَ" یعنی میں اس کو کبھی نہیں کروں گا۔
العِوَض ج اَعْوَاض ...... العَائِض والمَعُوْضَة: بدلہ
تَعَوَّطَ المَرْاَةُ او النَّاقَةُ: عورت یا اونٹنی کا کئی سال بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا ......
العنق: گردن لمبی ہونا۔
اِعْتَاطَتِ المَرْاَة او النَاقة: عورت یا اونٹنی کا کئی سال تک بغیر بانجھ پن کے حاملہ نہ ہونا۔
ج عُوْطٌ وعَوَائِط وعِیْطٌ وعُیَّط وعِیْطَات.
عَافَ یَعُوْفُ عَوْفًا الطَّائِرُ: پرندہ کا منڈلانا۔
تَعَوَّفَ الْاَسَدُ: شیر کا رات میں شکار کو ڈھونڈنا اور پھاڑنا۔
العَاف: نرم۔
العَوْف: مص۔ حال۔ حصہ۔ مہمان۔ مرغ۔ شیر۔ بھیڑیا۔ اہل وعیال کے لئے مشقت برداشت کرنے والا۔ پرندہ۔ ایک خوشبودار نباتات۔ اَبُو عَوْف: نر بری کا نام
عَوْف: مادہ ٹڈی۔
العُوَاف والعُوَافَة: شکار جس کو شیر رات میں پھاڑے۔ غنیمت۔
عَاقَهُ یَعُوْقُهُ عَوْقًا وعَوَّقَهُ واَعَاقَهُ اِعَاقَةً واعْتَاقَهُ اِعْتِیَاقًا عَنْ کَذَا: روکنا۔ باز رکھنا۔ ہٹا دینا۔ کہا جاتا ہے "اَعْوَقَ بِی الزَّادُ او الدَّابَّةُ اِعْوَاقًا" یعنی مجھ کو سفر سے توشہ یا سواری نے باز رکھا۔
تَعَوَّقَ: پیچھے ہٹنا۔ تَعَوَّقَ فُلَانًا: باز رکھنا۔ روک دینا۔
العَوَّق والعُوَّق: روکنے والا۔ بے فیض آدمی۔ لوگوں کو اچھے کاموں سے روکنے والا۔ وادی کا موڑ۔ ج اَعْوَاق.
العُوَق والعَوِق والعِوَق والعَیِّق والعُوَّق والعُوَقَة: بزدل۔ روکنے والا۔
رَجُلٌ عَوَقَةٌ وعُوَقَةٌ وعُوْقٌ وعَیِّقٌ وعَیْقٌ: لوگوں کو اعمال خیر سے روکنے والا۔
العَوَق: بھوک۔
اَلعَائِقُ: پھولوں کی ایک قسم۔
العَائِق: فا۔ ہر روکنے والی چیز۔ ج عَوَائِق وعُوْق. عَوَائِقَ الدَّهْرِ: زمانے کے مشاغل۔
العَائِقَة: مؤنث عَائِق: عمل سے روکنے والی چیز۔ ج عَوَائِق.
العَیُّوْق: نام ایک ستارے کا جو ثریا کے پیچھے ہوتا ہے۔
العُوَاق والعُوَیْق: چلتے ہوئے جانور کے پیٹ کی آواز۔
عَاکَ یَعُوْکُ عَوْکًا ومَعَاکًا عَلَیْهِ: حملہ کرنا۔ متوجہ ہونا...... بِهِ: پناہ لینا...... مَعَاشَهُ: کمائی کرنا۔ صفت عَائِک.
تَعَاوَکَ القَوْمُ: باہم لڑنا۔
اِعْتَوَکَ...... القَوْمُ: ہجوم کرنا۔
اَلعَوْک: مص۔ کہا جاتا ہے "مَا بِهِ عَوْکٌ" یعنی اس میں کوئی حرکت نہیں۔
اَلعَوِیْکَةُ والمَعُوْکَة: لڑائی۔
المَعَاک: جائے پناہ۔ راستہ۔ برداشت۔
عَالَ یَعُوْلُ عَوْلًا فِی حُکْمِهِ: ظلم کرنا۔ راہ حق سے ہٹ جانا (...... یَعُوْلُ عَوْلًا وعَالَ یَعِیلُ عَیْلًا) فِی المِیْزَان: خیانت کرنا...... المِیْزَان: گھٹنا...... اَمْرَ القَوْمِ: مضطرب ہونا ...... الشَّیْءُ فُلَانًا: بھاری ہونا۔ عَالَتِ النَّاقَةُ ذَنَبَهَا: اونٹنی کا دم اٹھانا۔
عَالَ یَعُوْلُ عَوْلًا وعَیَالَةً: کثیر العیال ہونا۔
عَالَ یَعُوْلُ عَوْلًا وعِیَالَةً وعُوُوْلًا الرَّجُلُ عِیَالَهُ: اہل وعیال کے معاش کی کفالت کرنا...... الیَتِیْمَ: کفالت کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَالَ عَوْلُهُ وعِیْلَ عَوْلُهُ" یعنی اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔
عَالَ وعِیْلَ صَبْرُهُ: صبر جاتا رہنا۔
الرَّجُلُ محتاج ہونا۔ صفت۔ معول۔
اَعَالَ اِعَالَةً واَعْوَلَ اِعْوَالًا واَعْیَلَ اِعْیَالًا الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔ اَعَالَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ اَعَالَ واَعْیَلَ: حریص ہونا۔ صفت مُعْوِلٌ ومُعْیِلٌ اَعَالَ عِیَالَهُ: اہل و عیال کے معاش کے لئے کافی ہونا۔
اَعْوَلَ: چیخ کر رونا۔ اَعْوَلَتِ القَوْسُ: کمان کا آواز کرنا۔ اَعْوَلَ الرَّجُلُ: حرص کرنا...... عَلٰی فُلَانٍ: ناز کرنا۔ بھروسہ کرنا۔
عَوَّلَ: چیخ کر رونا...... عَلٰی فُلَانٍ وبِهِ: مدد مانگنا۔ بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَوِّلْ عَلَیَّ بِمَا شِئْتَ" یعنی جو تم چاہو مجھ سے مدد لو اور عَوَّلَ عَلَیْهِ مُعَوَّلًا: کہا جاتا ہے اور تَعْوِیْلًا: نہیں کہا جاتا اور اسم العول ہے اور کہا جاتا ہے "عَوَّلْنَا اِلٰی فُلَانٍ فِی حَاجَتِنَا فَوَجَدْنَاهُ نِعْمَ المعول" یعنی ہم نے فلاں کی اپنی حاجت میں پناہ لی اور ہم نے اس کو بہتر جائے پناہ پایا۔
عَیَّلَ تَعْیِیْلًا عِیَالَهُ: اہل وعیال کے معاش کے لئے کافی ہونا۔
اِعْتَوَلَ اِعْتِوَالًا: چیخ کر رونا۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ عَالٌ وَلَا مَالٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

العَوْل والعَوْلَة والعَوِيْل : چیخ کے ساتھ گریہ وزاری۔ العَوْل: ہر تکلیف دہ کام۔ اہل و عیال کی خوراک' مدد طلب کیا ہوا۔
العِوَل : بھروسہ۔ اعتماد۔ مدد طلب کرنا۔ عمدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلاَن عِوَلِی مِنَ النَّاسِ" یعنی لوگوں میں فلاں آدمی میرے لئے قابل اعتماد ہے۔
العَالَة: شتر مرغ۔ بارش سے بچنے کے لئے لکڑی وغیرہ کی جھونپڑی۔
عَيَلُ الرَّجُلِ : گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو مذکر و مؤنث دونوں کو شامل ہے ج عِيَال وعِيَائِل وعَالَة.
المِعْوَل: کدال ج مَعَاوِل.
المُعَوَّل : جس سے فریاد کی جائے۔ جس پر بھروسہ کیا جائے۔
عَامَ يَعُوْمُ عَوْمًا فِي المَاءِ : تیرنا۔ صفت عَائِم. عَامَتِ السَّفِيْنَةُ فِي المَاءِ: کشتی کا چلنا۔ عَامَ الزِّمَامُ : لگام کا ہلنا۔ عَامَتِ النُّجُومُ: ستاروں کا چلنا۔
عَوَّم: کٹی ہوئی کھیتی کا دستہ دستہ رکھنا۔ عَوَّم السَّفِيْنَةَ : کشتی چلانا۔ کھینا...... الکَرْمُ: درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔
عَوَّمَت وعَاوَمَت النَّخْلَة : درخت خرما کا ایک سال چھوڑ کر پھل لانا۔ عَاوَم فُلاَنٌ فُلاَنًا : ایک سال کے لئے کرایہ پر معاملہ کرنا۔
اَعْوَم اِعْوَامًا : ایک سال کا ہونا۔ سال کے اوّل میں ہونا۔
العَام : جمع عامة: کی۔ دن' سال۔ ج اَعْوَام: تصغیر عُوَيْم: نسبت کے لئے عَامِیٌّ.
العَامَة: عمامہ کا پیچ۔ سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ کشتی۔ العَامَة: کٹی ہوئی کھیتی کے جمع کئے ہوئے گٹھے ج عَامٌ.
العُوْمَة : پانی میں تیرنے والا ایک کیڑا۔ ایک قسم کا سانپ ج عُوَم.
العَوَّام. عَائِم: کا مبالغہ۔ تیز رفتار گھوڑا۔
العَوَّامَة : پھنسی کی ڈوری کی وہ لکڑی وغیرہ جو پانی پر تیرتی رہتی ہے اور جس کی حرکت سے اندازہ ہوتا ہے کہ مچھلی پھنسی ہے۔
المُعَوَّم :سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُهُ ذَاتَ العُوَيْمِ" یعنی میں سالوں میں کسی سال ملا۔
المُسْتَعَام: جہاز۔ کشتی۔
عَانَتْ تَعُوْن عَوْنًا المَرْأَةُ :عورت ادھیڑ عمر کی ہونا۔
عَوَّنَهُ تَعْوِيْنًا وعَاوَنَهُ مُعَاوَنَةً وعِوَانًا واَعَانَهُ اَعَانَةً عَلَى الشَّيْءِ :مدد کرنا۔ عَوَّنَتِ المَرْأَةُ: ادھیڑ عمر کی ہونا۔ اَعَانَهُ مِنْهُ : اس نے اس کو اس سے خلاصی دی۔
تَعَاوَنَ اِعْتَوَنَ. القَوْمُ :ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
اِسْتَعَان. فُلاَنًا وبِفُلاَنٍ: مدد طلب کرنا۔
العَوْن :مص۔ مدد کرنا۔ مددگار۔ خادم (واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے) ج اَعْوَان.
العَانَة : گدھی۔ گورخر کا ریوڑ۔ پیڑو۔ ج عُوْن وعَانَات.
العَوَان : بارش شدہ زمین جنگ جس میں بار بار لڑائی ہو۔ الحربُ العَوَان :سخت جنگ
العَوَان: ادھیڑ عمر کا۔ ج عُوْن.
العَوَانَة: کھجور کا لمبا درخت۔ ریت کا ایک کیڑا۔ ایک جانور جو سیہہ سے چھوٹا ہوتا ہے۔
المَعَانَة والمَعُوْنَةُ والمَعُوْن: مدد۔
المِعْوَان : بہتر مددگار۔ بہت مددگار۔ ج مَعَاوِيْن.
اَلتَّعَاوُنِيَّةُ: کھانے پینے اور لباس وغیرہ اشیاء کا سستا سٹور جس کو یوٹیلٹی سٹور بولا جاتا ہے۔
اَلْمُعَيَّنُ: چار برابر اضلاع والی شکل قائم زاویہ کے علاوہ۔ شکل معین بنانا۔
المُتَعَاوِنَة: بوڑھی عورت۔
عَاهَ يَعُوْهُ عُوُوْهًا وعِيْهَةً الزَّرْعُ :کھیتی کا آفت رسیدہ ہونا...... الرَّجُلُ: آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ صفت عَاهَة وعَاهٍ وعَاهٌ واَعْوَهُ.
عَوَّهَ الرَّجُلَ : آفت پہنچانا(...... واَعَاهَ واَعْوَهُ اِعَاهَةً واِعْوَاهًا وتَعَوَّهَ تَعَوُّهًا) آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔
عَوَّهَ القَوْمُ : کچھ دیر سونے کے لئے سفر میں ٹھہر جانا۔ عَوَّهَ عَلَيْهِمْ :ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔
العَاهَة: آفت۔ اَهْلُ العَاهَات: آفت رسیدہ لوگ۔
المَعْيُوه والمَعُوْهُ والمَعِيه مِنَ المَوَاشِي وَغَيْرِهَا: آفت رسیدہ۔
عَوَى يَعْوِي عُوَاءً وعَيًّا وعَوَّةً وعَوِيَّةً الكَلْبُ او الذِّئْبُ وابن آوى: بھونکنا۔ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ مَا يَعْوِي وَمَا يَنْبَحُ" جبکہ کسی کو ضعیف سمجھا جاتا ہے۔ القَوْمُ اِلَى الفِتْنَةِ: بلانا(...... عَوَاهُ يَعْوِيْهِ عَيًّا: عَنِ الشَّيْءِ) باز رکھنا(...... وعَوَّى) القَوْسَ ونَحْوَهَا : کمان کو جھکانا...... الحَبْلُ او الشَّعْرُ :رسی یا بال کو موڑنا...... عَنِ الرَّجُلِ :جواب دینا اور[illegible] سے کرنے والے کی تکذیب کرنا۔
اِعْتَوَى اِعْتِوَاءً الشَّيْءُ :موڑنا...... الكَلْبُ: کتے کا بھونکنا۔
عَاوَى. الكِلاَبَ مُعَاوَاةً : بھونک کرنے کو اُکسانا۔
تَعَاوَى تَعَاوِيًا القَوْمُ عَلَى فُلاَنٍ : کسی پر ہجوم کرنا۔
اِنْعَوَى اِنْعِوَاءً : مڑنا۔
اِسْتَعْوَى اِسْتِعْوَاءً القَوْمَ :فریاد کرنا۔ فتنہ پر اُبھارنا......ہ : بھونکوانا۔
العَوَّاء : بہت بھونکنے والا کتا۔
العَوَّة :مص۔ آواز۔ شور(...... العُوَّة) چوتڑ۔
المُعَاوِيَة : کتیا۔ لومڑی کا بچہ۔
عَابَ يَعِيْبُ عَيْبًا الشَّيْءَ :عیب دار بنانا۔ صفت فاعل عَائِب :اور صفت مفعول مَعِيْب ومَعْيُوْب.

فُلانًا: عیب کی طرف منسوب کرنا۔ عَابَ الشَّئُ: عیب ناک ہونا۔ صفت عَائِب۔
عَیَّبَ وتَعَیَّبَ الرَّجُلَ: عیب کی نسبت کرنا ...... الشَّئُ: عیب دار بنانا۔
تَعَایَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔
العَیْب: مص۔ برائی۔ ج عُیُوب.
العَیْبَة: ایک مرتبہ عیب جوئی۔ العَیْبَ: چمڑے کی زنبیل۔ کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا صندوق۔ ج عِیَب وعِیَاب وعِیَبَات، والعَیْبَةُ مِنَ الرَّجُلِ: بھید کی جگہ۔
العَاب: عیب برائی۔
العَیَّاب والعَیَّابَةُ والعُیَبَة: بڑا عیب جو۔
المَعَاب والمَعَابَة: عیب۔ برائی۔ ج مَعَایِب.
المَعِیب والمَعْیُوبُ: عیب دار۔
المُعَیِّب: زنبیل بنانے والا۔
عَاثَ یَعِیثُ عَیْثًا وعُیُوثًا وعَیَثَانًا الشَّئَ: فاسد کرنا ...... فِیْ مَالِهِ: فضول خرچی کرنا اور خرچ کرنے میں جلدی کرنا۔ صفت مذکر عَیْثَان: صفت مؤنث عَیْثَی.
عَیَّثَ: اندھیرے میں ہاتھ سے ٹٹولنا اور کہا جاتا ہے عَیَّثَ یَفْعَلُ کَذَا: یعنی وہ ایسا کرنے لگا۔
تَعَیَّثَتِ الْإبِل: سیرابی سے کم پینا۔
العَیُوْث والعَیَّاث: بہت زیادہ فساد کرنے والا (...... والعَائِث) شریر۔
العَیْثَة: ایک مرتبہ فساد انگیزی۔ نرم زمین۔
عَاجَ یَعِیجُ عَیْجًا بِالشَّئْ: پروا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لا أَعِیجُ بِکَلامِهِ" یعنی میں اس کی گفتگو کی پروا نہیں کرتا۔ وَمَا عِجْتُ بِالشَّئْ: یعنی میں اس پر راضی نہیں۔ "وشَرِبْتُ الدَّوَاءِ فَمَا عِجْتُ بِهِ" یعنی میں نے دوا پی اور کوئی فائدہ نہیں اٹھایا (یہ کلمہ ہمیشہ منفی ہی مستعمل ہوتا ہے۔)
عَارَ یَعِیْرُ عَیْرًا: حیرانی کے ساتھ آنا جانا ...... الفَرسُ: گھوڑے کا ناک کی سیدھ پر

بھاگنا کہ کوئی چیز اس کو پھیر نہ سکے۔ اسم العَیَّار ...... فُلانًا: عیب لگانا۔ عَارَتِ القَصِیْدَة: قصیدہ کا مشہور ہونا۔
عَیَّرَ فُلانًا: عار کی طرف نسبت کرنا۔ فعل کی برائی بیان کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَیَّرَهُ کَذَا وَعَیَّرَهُ بِکَذَا عَیَّرَ المَاءُ" کائی والا ہونا۔
عَایَرَ ومُعَایَرَة وعِیَارًا المِکْیَالَ او المِیْزَانَ: اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ عَایَرَ فُلانًا: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
أَعَارَ إِعَارَةً الفَرَسَ: چرنے کے لئے چھوڑنا۔ موٹا کرنا۔
تَعَایَرَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا۔
العَار: عیب ہر وہ قول یا فعل جس سے انسان کو شرم آئے۔ ج أَعْیَار.
العَیْرَ: مص۔ گدھا یا گورخر اور گورخر کے معنی میں زیادہ مستعمل ہے۔ ج أَعْیَار وعِیَار وعُیُوْر وعُیُوْرَة وعِیَارَات مؤنث عَیْرَة
العَیْرَ: ہری بھری چیز۔ آنکھ کی پتلی یا پلک۔ کھونٹی۔ لکڑی جو ہودج کے آگے لگی ہوتی ہے۔ پہاڑ۔ سردار۔ بادشاہ۔ ڈھول۔ عَیْرُ القَدَمِ: قدم کے وسط میں ابھرا ہوا حصہ۔
عَیْرُ النَّصْلِ: تیر کے پھل کا درمیان کا حصہ۔
عَیْرُ الوَرَقَةِ: پتے کے درمیان کا خط۔
العِیْر: قبیلہ حمیر کا قافلہ۔ پھر سارے قافلوں پر بولا جانے لگا۔ ج عِیَرَات وَعِیْرَات.
العَائِر: فا۔ حیران۔ مزدور۔ چکر لگانے والا
سَهْمٌ عائِر: جس تیر کا چلانے والے معلوم نہ ہو۔ شَاةٌ عَائِرَة: بکری جو دو گلوں کے درمیان پریشان ہو کر کدھر جائے۔
العِیَار: جمع عَیْر. عِیَارُ الشَّئ: ہر چیز کا اندازہ ج عِیَارَات عِیَارُ الدَّرَاهِم او الدَّنَانِیر: دراہم اور دنانیر کا شیشہ۔
العَیَّار: بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔
فَرسٌ عَیَّار: تیز رفتار گھوڑا۔
المِعْیَار: کسوٹی۔ ج مَعَایِیْر.

راستہ سے ایک طرف ہو جائے۔
المَعَایِر: عیوب۔
المُسْتَعِیْر: جو گدھے کے مشابہ ہو۔ موٹا گھوڑا۔
أَعْیَسَ إِعْیَاسًا الزَّرْعُ: کھیتی کا مرجھانا۔ خشک ہونا۔
تَعَیَّسَتْ. الإبِلُ: بھورے رنگ کا ہونا۔
العَیَس والعِیْسَة: بھورے رنگ کا اونٹ۔
العِیْس: بھورے رنگ کا اونٹ۔ واحد۔ مذکر أَعْیَس: واحد مؤنث عَیْسَاء. العِیْس: عمدہ قسم کے اونٹ۔ العَیْسَاء: مادہ ٹڈی۔
عِیْسٰی: عبرانی لفظ ہے نام ایک نبی (علیہ السلام) کا ہے نسبت کے لئے عیسوی اور عیسٰی ہے۔
عَاشَ یَعِیْشُ عَیْشًا وعِیْشَةً ومَعَاشًا ومَعِیْشًا ومَعِیْشَةً وعَیْشُوْشَةً: زندہ رہنا۔
عَیَّشَهُ وأَعَاشَهُ وإِعَاشَةً: زندہ رکھنا۔
عَایَشَهُ: ساتھ زندگی بسر کرنا۔
تَعَیَّشَ: اسباب زندگی کے لئے کوشش کرنا۔
تَعَایَشُوا. بِالأُلْفَةِ والمَوَدَّةِ: محبت و پیار سے ایک ساتھ زندگی بسر کرنا۔
العَائِش: فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ" اس کی حالت اچھی ہے۔
العَیْش: مص۔ زندگی۔ کھانا۔ روٹی (...... والعِیْشَة) زندگی کی حالت۔
العَیَّاش: روٹی بیچنے والا۔ کھانے بیچنے والا۔ عَائِش: کا مبالغہ۔
المَعَاش والمَعِیْشَة: کھانے پینے کی جس چیز سے زندگی بسر ہو سکے۔ زندگی کا ذریعہ۔
المَعَاش: زندگی کے گزران کے ڈھونڈنے کا وقت یا زمانہ ج مَعَائِش.
المُتَعَیِّش: فا۔ جس کے پاس کچھ گزر بسر کے قابل ہو۔
العِیْص: گنجان درخت۔ اچھے درختوں کے اگنے کی جگہ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ عِیْصٍ کَرِیْمٍ" یعنی شریف اصل سے ہے۔

المَغِيص: درخت کے اگنے کی جگہ۔
عَاطَت تَعِيط عَيطًا. العُنُق: گردن لمبی ہونا۔
عَيِط يَعيَط عَيطًا الرَّجُلُ: لمبی گردن کا ہونا۔ صفت مذکر اَعيَط: اور صفت مؤنث عَيطاء ج عِيط.
عَيَّط تَعييطًا: چیخنا۔ چلانا۔
تَعَيَّط: غضبناک ہونا...... القَومُ: چیخنا۔ شور مچانا۔ تَعَيَّطَت العُنُقُ: گردن لمبی ہونا۔ تَعَيَّط العُودُ: لکڑی میں سے پانی جیسا بہہ کر گوند بن جانا۔
العِياط: چیخ۔ شور۔
العَائِط: فا۔ چیخنے والا۔ ج عُوط وعِيط وعُيَّط و عُوطَط وعِيطات: اور مبالغہ کے لئے کہا جاتا ہے عائِط عِيط وعُوطِ وعُوطَط.
هَضبَة عَيطاء: اونچا ٹیلہ۔
عَافَ يَعِيف ويَعاف عَيفًا وعِيافًا وعَيَفانًا. الطَّعامَ وَغَيرَهُ: کراہت کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
عَافَ يَعِيف عِيافَة. الطَّيرَ: پرندہ اڑا کر شگون لینا۔
عَافَت تَعِيف عَيفًا الطَّيرُ: منڈلانا اور اسم عَيفَة.
اَعَافَ اِعَافَةً. القَومُ: پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔
اِعتَافَ. اِعتِيافًا: سفر کے لئے توشہ لینا...... الطَّعامَ وَغَيرَهُ: ناپسندیدگی کی وجہ سے چھوڑ دینا۔
العائِف: فا۔ شگون لینے والا۔
العَيفَة: ایک مرتبہ مکروہ جاننا۔ عَيفَةُ الطَّائِر: منڈلانا۔ پرندہ کا چکر۔
العِيفَة: کراہت کی نوعیت۔ عمدہ مال۔
العَيفان والعَيُوف: شگون لینے والا۔
نُسور عَوائِف: مقتولین پر منڈلانے والے گدھ۔
العَيفان: نفرت کرنے کا عادی۔

المَعِيف: مکروہ۔
المُستَعِيف: شگون لینے والا۔ فال نکالنے والا۔
عاقَ يَعِيق عَيقًا: بمعنی عاقَ يَعُوق عَوقًا.
عاكَ يَعِيك عَيكًا وعَيَكانًا: مونڈھے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
عالَهُ يَعِيلُه عَيلًا ومَعِيلًا. الشَّيُّ: عاجز کرنا۔ محتاج کرنا۔ عالَ فِي مَشيِه: ناز و انداز سے چلنا۔
عالَ يَعِيل عَيلًا وعَيُولًا وعُيُولًا فِي الأَرضِ: جانا اور پھرنا۔
عالَ يَعِيل عَيلًا وعَيلَةً وعُيُولًا ومَعِيلًا: محتاج ہونا۔ صفت عائِل: مؤنث عائِلَة اسم عَيلَة. عالَ الرَّجُلُ: کثیر العیال ہونا۔
عَيَّلَ: کثیر العیال ہونا...... عَيالَهُ: معاش کی کفالت کرنا...... القَومَ: عیال بنا لینا۔ بیکار چھوڑ دینا...... فَرَسَهُ: مہمل کر دینا۔ بے کار چھوڑ دینا۔
اَعيَلَ اَعيالًا: کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعيِل: صفت مؤنث مُعيِلَة.
تَعَيَّلَ فِي المَشيِ: ناز و انداز سے چلنا۔
العائِل: فا۔ محتاج ج عالَة وعُيَّل وعِيل وعَيلَى.
العَيلان: نر بجو۔
عَيِّلُ الرَّجُلِ: گھر کے لوگ ج عَيائِل.
عَيلَةُ الرَّجُلِ وعائِلَتُه: گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہا جاتا ہے "اَمسَيتُ اَخاعَيلَة" یعنی فقیر محتاج ہو گیا۔
العالَة: فاقہ۔
العَيّال: ناز سے چلنے والا۔
العِيالَة المُعالَة. لِلبِرذَون وغيرِه: چارہ۔
رَجُلٌ مُعَيَّل: صاحب عیال۔ اہل وعیال والا۔
عامَ يَعامُ ويَعِيمُ عَيمًا وعَيمَة: دودھ کا خواہش مند ہونا۔
اَعامَهُ اِعامَةً. اللّٰهُ: بغیر دودھ کے چھوڑنا۔
اَعيَمَ الرَّجُلُ: بغیر دودھ کے رہنا۔ القَومُ: دودھ کم ہونا۔

اِعتامَ اِعتِيامًا: عمدہ مال چھانٹ لینا۔
العَيمَة: دودھ کی بہت زیادہ خواہش۔
العِيمَة: عمدہ مال۔
العَيام: دن۔ کہا جاتا ہے "سِرنا العَيامَ كُلَّهُ" یعنی سارے دن چلتا رہا۔
العَيمان: دودھ کا خواہش مند۔ مؤنث عَيمَى ج عَيامَى.
عانَ يَعِين عَينًا. الرَّجُلَ: نظر لگانا۔ صفت عائِن: صفت مفعول مَعِين ومَعيُون (عَينًا وعَيَانًا وعَيَنانًا) الماءُ او الدَّمعُ: پانی یا آنسو جاری ہونا۔ عانَتِ البِئرُ: کنوئیں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہا جاتا ہے "حَفَرتُ حَتّٰى عِنتُ" یعنی میں نے کنواں یہاں تک کھودا کہ پانی کے چشمہ تک پہنچ گیا۔
(...... عِيانَة) القَومَ: خبر لانا...... عَلَى القَومِ: جاسوس بننا۔
عَيِنَ يَعيَن عَيَنًا وعِينَة: آنکھ کی بڑی چوڑی پتلی والا ہونا۔
عَيَّنَ تَعيِينًا. الشَّجَرُ: سرسبز ہونا۔ شگوفہ دار ہونا...... التَّاجِرُ: سامان کو ایک مدت کے وعدے پر بیچنا اور پھر پہلے ثمن سے کم میں دوبارہ خرید لینا...... العَينَ: عین لکھنا...... اللُّؤلُؤَةَ: بیندھنا۔
القِربَةَ: مشک میں پانی ڈالنا تاکہ ڈھیلائی سے سوراخ بند ہو جائیں...... الحَربَ بَينَهُم: لڑائی جاری کرا دینا...... الشَّيَّ: خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا...... فُلانًا: برائیوں کو رو در رو کہہ دینا...... عَلَى فُلانٍ: جاسوسی کرنا...... عَلَى السَّارِقِ: تہمتیں میں سے چور کو متعین کرنا...... الشَّيَّ لِفُلانٍ: کسی کے لئے مخصوص کر دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا عَيَّنَ لِي بِشَيءٍ وَلَا عَيَّنَنِي شَيئًا" یعنی مجھ کو کچھ نہیں دیا۔
اَعَانَ اِعانَةً: دیکھو مادہ عون۔ کہا جاتا ہے "حَفَرتُ حَتّٰى اَعيَنتُ" یعنی میں نے کھودا یہاں تک کہ پانی کے چشموں تک پہنچ گیا۔
"وَمَا اَعيَنَهُ" وہ کتنا بدنظر ہے۔

عَایَنَہٗ عِیَانًا ومُعَایَنَۃً: خود دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔

تَعَیَّنَہٗ: نظر بد لگنا۔ تَعَیَّنَ الرَّجُلَ: یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَیَّنَ الشَّیْئَ: دیکھنا...... الجِلْدُ: کھال کا آبلہ دار ہونا...... الرَّجُلُ: کسی شے کے حاصل کرنے کے لئے توقف کرنا۔ تَعَیَّنَ عَلَیْہِ الشَّیْئُ: معین چیز پر لازم ہونا...... السِّقَاءُ: کہنگی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دائرے پڑ جانا۔

اِعْتَانَ الشَّیْئَ: عمدہ لے لینا۔ ادھار خریدنا...... القَوْمَ: خبر لانا...... لِفُلَانٍ مَنْزِلاً: تلاش کرنا۔

العَائِن: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ عَائِنٌ" یعنی کوئی نہیں "وَشَرِبَ مِنْ عَائِنٍ" یعنی بہتے ہوئے پانی سے پیا۔

العَائِنَۃ: مؤنث عَائِن: کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ اَوَّلَ عَائِنَۃٍ وَاَدْنٰی عَائِنَۃٍ" یعنی ہر چیز سے پہلے عَائِنَۃ بنی فُلَان: مال و محافظین مال۔

العَیْن: مص۔ آنکھ۔ آنکھ کے ڈھیلے پر بولا جاتا ہے۔ یا پلک وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔ کلمہ مؤنث ہے ج اَعْیُنٌ وعُیُوْن وعِیُوْن واَعْیَان و جج اَعْیُنَات اور تصغیر عُیَیْنَۃ۔

العَیْن: اہل شہر۔ اہل مکان۔ بدنظری۔ کہا جاتا ہے "بِہٖ عَیْنٌ" یعنی وہ بدنظر ہے۔ انسان اور اسی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَیْنٌ" یعنی کوئی نہیں۔ خالص۔ واضح۔ کہا جاتا ہے "ذَکَرَ الحَقَّ بِعَیْنِہٖ" یعنی حق کو خالص اور واضح طریقہ سے بیان کیا۔ نفیس۔ عزت۔ جھنڈا۔ عَیْنُ الاِبْرَۃِ: سوئی کا ناکہ۔ دیدبان۔ جاسوس۔ جماعت۔ ہر موجودہ چیز۔ کہا جاتا ہے "بِعْتُہٗ عَیْنًا بِعَیْنٍ" یعنی موجود کو موجود سے بیچا۔ عمدہ چیز۔ کھال کے چھوٹے چھوٹے حلقے۔ دینار۔ نقد موجود۔ ذات شی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ھُوَ عَیْنًا او بِعَیْنِہٖ" سود۔ سردار۔ شریف قوم۔ کمانڈر۔ فوج کا ہراول۔ آفتاب یا شعاع۔ مال۔ تیار مال۔ نالی کے پانی کے گرنے کی جگہ۔ کنوئیں کے پانی پھوٹنے کی جگہ۔ پانی کا چشمہ ج اَعْیُن وعُیُوْن: ترازو کا جھکاؤ۔ گوشہ نظر۔ دیکھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَیْنٌ عَلٰی فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے اوپر نگہبان ہے۔ "ھُوَ عَبْدُ عَیْنٍ او صَدِیْقُ عَیْنٍ" وہ دکھاوے کا خادم یا دوست ہے لَقِیْتُہٗ عَیْنَ عُنَّۃٍ: میں اس کو ایسی حالت میں ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا و "لَقِیْتُہٗ اَوَّلَ عَیْنٍ" میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی "لَا تَطْلُبْ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" یعنی بعد معائنہ کے اثر کو مت طلب کرو اور یہ ضرب المثل ہے اس شخص کے لئے جو کسی چیز کو دیکھے اور چھوڑ دے اور اس چیز کے مفقود ہونے کے بعد اس کے نشان کے پیچھے پڑ جائے۔ "صَارَ خَبَرًا بَعْدَ عَیْنٍ" و "اَنْتَ عَلٰی عَیْنِیْ" تم میری حفاظت میں ہو تمہارا اکرام میری نگاہ میں ہے "مَا ھُوَ عَرْضُ عَیْنٍ" یعنی وہ قریب ہے "فَعَلَہٗ عَلٰی عَیْنٍ وعَلٰی عَیْنَیْنِ و عَمْدَ عَیْنٍ وعَمْدَ عَیْنَیْنِ وعَمْدًا عَلٰی عَیْنٍ" یعنی یقین کے ساتھ کوشش کی۔ وفَقَأَ عَیْنَہٗ: یعنی اسے طمانچہ مارا اور سخت سست کہا "وَنَعِمَ اللّٰہُ بِکَ عَیْنًا" اللہ تمہاری آنکھ کو ٹھنڈی رکھے۔

العِیْن: نیل گائے۔

العَیَن: مص۔ اہل شہر۔ جماعت۔

العِیَان: مص۔ شخص۔ کہا جاتا ہے "لَقِیَہٗ او رَاٰہُ عِیَانًا" یعنی اس نے اس سے ملاقات کی یا اس کو دیکھا اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں۔ العِیَان: ہل کا پھل ج عُیُن واَعْیِنَۃ۔

العِیْنَۃ: عمدہ مال۔ عِیْنَۃُ الخَیْلِ: عمدہ گھوڑے۔ العِیْنَۃُ مِنَ النَّعْجَۃِ: بکری کی آنکھ کا گرداگرد۔ عِیْنَۃُ الحَرْبِ: مادہ جنگ۔ کہا جاتا ہے ثَوْبٌ عِیْنَۃٌ: خوش نما کپڑا۔ بَیْعُ العِیْنَۃِ: کسی چیز کو اس کی اصلی قیمت سے زیادہ قیمت پر ادھار بیچنا۔

العِیَانِی مِنَ الشُّھُوْدِ: عینی گواہ۔

العَیْنِیَّۃ: عین کی طرف منسوب۔

العَیُوْن: بہت نظر لگانے والا۔ ج عِیْن وعُیُن۔

الاَعْیَن: وہ شخص جس کی پتلی بڑی اور چوڑی ہو۔ العَیْنَاءُ: خوبصورت آنکھ والی۔ بہترین کلمہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ عَیْنَاءُ" یعنی سرسبز زمین۔

المُعَایَنَۃ: مص۔ برادری۔

المَعَان: منزل۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ مِنْکَ بِمَعَانٍ" یعنی وہ لوگ ایسی جگہ میں ہیں کہ تم ان کو دیکھ سکتے ہو۔

العَیَّان والمِعْیَان: بہت نظر لگانے والا۔

المَاءُ المَعِیْن والمَعْیُوْن: جاری پانی۔ عَیْنٌ مَعْیُوْنَۃٌ: بہت پانی والا چشمہ۔

المُعَیَّن فا "فِی الھِنْدَسَۃِ" شکل مسطح مربع مساوی الاضلاع۔

المُعَیَّن: مفع۔ بیل۔ آنکھ کی شکل کا منقش کپڑا۔ نِیَّۃٌ مُعَیَّنَۃٌ ومُعَیِّنَۃٌ: یعنی نیت ظاہرہ۔

المُعْتَان: گھاس پانی تلاش کرنے والا۔

عَاہَ یَعِیْہُ عَیْھًا: آفت پہنچنا۔

العَائِھَۃ: شور۔ چیخ۔

العَاھَۃ: آفت۔

ارض مَعْیُوْھَۃ: آفت رسیدہ زمین۔

عَیَّ یَعَیُّ وعَیِیَ یَعْیَی عَیًّا وعَیَاءً بِاَمْرِہٖ وعَنْ اَمْرِہٖ: عاجز ہونا۔ ناقابل ہونا...... الاَمْرَ: جاہل ہونا۔

عَیِیَ یَعْیَی عِیًّا فِی المَنْطِقِ: کلام میں رک جانا۔ عاجز ہونا۔ صفت عَیٌّ وعَیِیٌّ۔

عَیَّا تَعْیِیَۃً وعَایَا مُعَایَاۃً – الرَّجُلُ: غیر مفہوم کلام کہنا۔ عَایَا صَاحِبَہٗ: پیچیدہ گفتگو کرنا۔

اَعْیَا اِعْیَاءً المَاشِی: چلنے والے کا تھکنا۔ اَعْیَاہُ: تھکانا۔ اَعْیَا الدَّاءُ الطَّبِیْبَ: مرض کا طبیب کو عاجز کر دینا...... الاَمْرُ عَلَیْہِ: عاجز بنا دینا۔

تَعَایَا الاَمْرُ عَلَیْہِ وتَعَیَّا عَلَیْہِ وتَعَایَاہُ: عاجز کرنا۔

تَعَایَا وتَعَیَّا واِسْتَعْیَا بِالاَمْرِ: ناقابل ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔

العَیَاء: مص۔ عاجزی۔ دَاءٌ عَیَاءٌ: ناقابلِ علاج مرض۔

العَیُّ: تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز۔ ج اَعْیَاءٌ۔

العَیِیّ: تھکنے والا۔ گفتگو میں عاجز ج اَعْیِیَاء واَعْیِیَۃ۔

العَیَّان: تھکا ہوا۔ عاجز۔

الاُعْیِیَّۃ: پیچیدہ کلام۔

غ

غ : اَلْـغَيْـن : انیسواں حرف بنیادی حروف میں سے۔ حروف حلقی میں سے ہے۔

غَبَّ (ن) غَبًّا وغِبًّا : چند دن کے بعد ملاقات کرنا۔ عَـنْـهُ : ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّتْ عَلَيْهِ الحُمّٰی : بخار کا ایک دن ناغہ دے کر آنا۔ غَبَّ عِنْدَهٗ : رات بسر کرنا ..... الـرَّأيَ: رائے اختیار کرنے میں توقف کرنا۔

غَبًّا وغِبًّا وغُبُوْبًا وغُبُوْبَةً. الطَّعَامُ : کھانے کا باسی ہونا۔ بدبودار ہونا۔ غَبَّتِ الْاُمُوْرُ : کاموں کا انتہا کو پہنچنا۔

غَبَّتْ (ض) غَبًّا وغِبًّا وغُبُوْبًا الماشِيَةُ : جانوروں کو ایک دن ناغہ دے کر پانی پینا۔ صفت غَابَّةٌ: ج غَوَابٌّ وغَابَّاتٌ.

اَغَبَّ. الـمَاشِيَةَ : جانوروں کو ایک دن ناغہ دے کر پانی پلانا ...... القَوْمَ : ایک دن ناغہ دے کر ملاقات کو آنا۔ اَغَبَّتْـهُ الـحُمّٰـى واَغَبَّتْ عَلَيْهِ : تیسرے دن بخار آنا۔ اَغَبَّ الطَّعَامُ : کھانے کا بدبودار ہونا...... عِنْدَهٗ: رات بسر کرنا۔

غَبَّبَ. الشَّيْئُ : فاسد ہونا...... فِي الْاَمْرِ: مبالغہ نہ کرنا...... عَنْهُمْ : دفع کرنا۔ الذِّئْبُ بھیڑیے کا بکری وغیرہ کے گلے کو پکڑ لینا۔

الغَابُّ : فا۔ باسی گوشت۔ نَجْمٌ غَابٌّ : ثابت ستارہ۔

الغِبُّ : مص۔ نتیجہ انجام۔ بمعنی بعد۔ حُمّٰی الـغِـبِّ : تیسرے دن کا بخار اور صفت موصوف کی صورت میں حُمّٰی غِبٌّ بھی بولا جاتا ہے۔ مَاءٌ غِبٌّ: دور کا پانی ج اَغْبَاب.

الـغُـبّ : لہر جو کنارے سے ٹکرائے۔ پست زمین۔ ج اَغْبَاب وغُبُوْب وغُبَّان.

الغُبَّة : زندگی کے گزر بسر کا تھوڑا سا سامان۔

الـغَبَب : مرغ اور بیل وغیرہ کے حلق کے نیچے لٹکنے والا گوشت۔ ج اَغْبَاب.

الغَبِيْب : باسی گوشت۔ چھوٹی ندی پہاڑی یا زمنی۔

الـغَبِيْبَة : صبح کا دودھ کہ اسی پر شام کو دوہا جائے۔ اور پھر اگلے دن بلویا جائے۔

التَّغِبَّة : جھوٹی شہادت۔

المُغِبُّ : شیر۔

المَغَبَّة : انجام۔

المُتَغَبِّبُ : انجام کا انتظار کرنے والا۔

غَبَثَ (ن) غَبْثًا. الجُبْنَ بِالسَّمْنِ : پنیر کو گھی سے لت کرنا۔

اِغْبَثَّ : مٹیالا رنگ کا ہونا۔ صفت "اَغْبَث".

الغُبْثَة : مٹیالا رنگ۔

غَبَجَ (س) غَبْجًا. الـمَاءَ : لگاتار گھونٹ گھونٹ پینا۔

الغُبْجَة : گھونٹ۔

غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا: گزرنا۔ ٹھہرنا۔ گرد آلود ہونا۔

غَبِرَ (س) غَبَرًا. الجُرْحُ : زخم کا خراب ہو کر مندمل ہونا اور پھر ٹوٹ جانا۔ صفت "غَبِرٌ" غبار لگنا۔

غَبَّرَ : غبار اُڑانا...... الشَّيئَ: غبار میں تھیڑنا۔ الـرَّجُلُ : لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰه : کہنا۔ یا قرأت وغیرہ میں آواز کو لوٹانا اور کہا جاتا ہے "غَبَّـرَ فِي وَجْهِ فُلَانٍ" اس نے فلاں کے چہرہ میں غبار ڈال دیا یعنی بڑھ گیا۔

اَغْبَرَ : غبار اڑانا۔ گرد آلود ہونا۔ فِي الْاَمْرِ : متوجہ ہونا اور کوشش کرنا۔ اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ : زور سے برسنا۔

اِغْبَرَّ : گرد آلود ہونا...... اليَوْمُ : بہت غبار والا ہونا۔

الغِبْر : چیز کا بقیہ۔ ج اَغْبَار.

الـغُبْر : چیز کا بقیہ۔ ج غُبْرَات کہا جاتا ہے "غُبْرُ المَرَضِ" یعنی مرض کا بقایا۔

الغُبْرَة : خاکستری رنگ۔

والغُبْرَة والغُبَار : مٹی۔ خاک۔

الـغَبَر : بقاء۔ دَاهِيَةُ الـغَبَرِ : منقطع نہ ہونے والی بڑی مصیبت۔ مٹی۔

الغَبَرَة : گرد۔ غبار۔

الـغَبِـر : گرد و غبار۔ ناسور۔ جُـرْحٌ غَبِرٌ : خراب شدہ زخم۔

الْاَغْبَــــر : خاکستری رنگ والا۔ بھیڑیا۔ جانے والا۔ کہا جاتا ہے "لَا يَغُرَّنَّكَ عِزُّ الـدُّنْيَا فَاِنَّهٗ اَغْبَرُ" دنیا کی عزت تم کو دھوکا نہ دے اس لئے کہ وہ جانے والی ہے۔ نا غُبر۔ سخت بھوک کی صفت میں یہ لفظ مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "الـجُـوْعُ الْاَغْبَـر والمَوْتُ الْاَحْمَرُ".

الغَبْرَاءُ : مؤنث اَغْبَر : مادہ چکور۔ زمین۔ کہا جاتا ہے "مَا اَظَلَّتِ الخَضْرَاءُ وَلَا اَقَلَّتِ الغَبْرَاءُ مِثْلَ فُلَانٍ" مثل فلاں پہ نہ آیا آسمان

نے سایہ ڈالا اور سبزہ زمین نے اٹھایا۔ بنو
غَبْرَاءَ وبَنُو الغَبْرَاءِ :فقراء۔ سِنَةٌ غَبْرَاءُ :
خشک سال۔
الغُبَيْرَاء :چینا کی شراب۔ایک قسم کا پودہ۔
الغُبْرَان :ایک غلاف میں دو کھجور۔
الغَابِر :قا۔گزرا ہوا۔باقی۔کہا جاتا ہے"و
هُوَ غَابِرُ بَنِي فُلَانٍ" وہ بنی فلاں کا بقیہ ہے۔
ج غُبَّر وغَابِرُوْن. غُبْرُ الشَّیْ :چیز کا بقیہ۔
غُبْرُ اللَّيْلِ :رات کا آخری حصہ۔غُبْرُ
النَّاسِ :رتبہ کے لحاظ سے آخری۔
المِغْبَار. مِنَ النَّخْلِ وَغَيْرِهَا :گردآلود۔
درخت خرما وغیرہ۔
المُغَبِّرَة :وہ لوگ جو اللہ کو یاد کرتے رہیں۔
غَبَسَ (ن) غَبْسًا وأَغْبَسَ واغْبَسَّ
واغْبَاسَّ. اللَّيْلُ :رات کا تاریک ہونا۔
صفت(أَغْبَس) ج غُبْس. أَغْبَسَ الشَّیْ :
خاکستری رنگ کا ہونا۔
الغُبْسَة والغَبَس :خاکستری رنگ۔رات
کی ابتدائی تاریکی۔
غَبِشَ (س) غَبْشًا وأَغْبَشَ. اللَّيْلُ :
رات کی تاریکی کا صبح کی سفیدی سے مخلوط
ہونا۔
تَغَبُّشَة :دھوکا دینا۔ظلم کرنا۔جھوٹا دعویٰ
کرنا۔
الغَابِش :دھوکا باز۔فریبی،ظالم۔
الغَبَش :رات کا بقیہ۔آخری رات کی
تاریکی ج أَغْبَاش.
الغُبْشَة :رات کا بقیہ۔لَيْلٌ (غَبِشٌ
وأَغْبَشُ) تاریک رات۔ولَيْلَةٌ غَبْشَاءُ ج
غُبْش.
غَبِصَتْ (س) غَبْصًا. العَيْنُ :ہمیشہ رونے
کی وجہ سے بہت کیچڑ والی ہونا۔
الغَبَص :آنکھ کی کیچڑ۔کہا جاتا ہے"فِي
عَيْنِهِ غَبَصٌ"اس کی آنکھ میں کیچڑ ہے۔
غَبَطَ (ض) غَبْطًا. الكَبْشَ :مینڈھے کا
موٹاپا معلوم کرنے کے لئے ہاتھ سے ٹٹولنا۔
غَبَطَهُ (ض) وغَبِطَ (ف) غَبْطًا وغِبْطَةً
:کسی کی نعمت کو دیکھ کر ویسا ہی اپنے لئے بھی
تمنا کرنا۔صفت(غَابِط) ج غُبُط.
غَبَّطَهُ :رشک دلانا۔
أَغْبَطَ. السَّحَابُ :لگاتار بارش ہونا۔کہا
جاتا ہے"أَغْبَطَ عَلَيْنَا المَطَرُ" النَّبَاتُ :
زمین کو ڈھانپ لینا۔أَغْبَطَتِ الحُمَّى عَلَيْهِ
:بخار کا لگاتار رہنا۔
اِغْتَبَطَ واُغْتُبِطَ :خوشی اور اچھی حالت میں
رہنا۔
الغَبْط والغَبِط :کٹی ہوئی کھیتی کے مٹھے ج
غُبُوْط.
الغِبْطَة :حسن حال،خوشی،رشک،پادری کا
لقب۔
الغَبِيط :کجاوہ۔پست زمین جس کے دونوں
طرف بلندی ہو۔پانی کی لہر جو زمین کی
بلندی کو کاٹ دے۔ج غُبُط.
الغَبُوْط مِنَ النُّوْقِ :اونٹنی جس کی چربی بغیر
ہاتھ سے ٹٹولے ہوئے معلوم نہ ہو۔
سَمَاءٌ (غَبْطَى) لگاتار برسنے والا بادل۔
أَرْضٌ (مُغْبِطَةٌ) نباتات سے گھری ہوئی
زمین۔
الغَبْغَب :گائے یا مرغ کے گلے کے نیچے کا
لٹکا ہوا گوشت۔
غَبَقَهُ (ن ض) غَبْقًا وغَبْقَة :شام کو پینے کی
چیز پلانا۔غَبَقَ الغَنَمَ :بکری کو شام کو پلانا یا
دوھنا۔
اِغْتَبَقَ :شام کو پینے کی چیز پینا......الخمر :
شام کے وقت شراب پینا(تَغَبَّقَ)
النَّاقَةَ :شام کے وقت دوہنا۔(الغَبُوْق)شام
کو پینے کی چیز اور یہ صبوح کے خلاف ہے۔
وہ جو شام کو دوہا جائے(الغَبُوْق والغَبُوْقَة)
اونٹنی جو شام کو دوہی جائے۔ج غَبَائِق تم
کہتے ہو"لَقِيتُهُ ذَا صَبُوْحٍ وَذَا غَبُوْقٍ"یعنی
میں نے صبح اور شام میں ملاقات کی۔
الغَبَقَة :وہ رسی جو ہل چلاتے وقت بیل کے
کوہان والی لکڑی کے سرے پر باندھتے
ہیں۔
الغَبَقَان :شام کے وقت پینے والا۔کہا جاتا
ہے"رَجُلٌ غَبْقَانٌ اِمْرَأَةٌ غَبْقَى"ج غَبَاقَى.
غَبَنَ (ن) غَبْنًا. الثَّوْبَ :کپڑے کو تنگ یا
چھوٹا کرنے کے لئے موڑ کر سینا......الرَّجُلُ
:کسی کے سامنے اس طرح گزر جانا کہ نہ وہ
دیکھے نہ اسے علم ہو......الطَّعَامَ :کھانے کو
حاجت کے وقت کے لئے چھپانا۔
غَبَنَهُ (ن) غَبْنًا وغَبَنًا. فِي البَيْعِ او
الشِّرَاءِ :دھوکا دینا......فُلَانًا :قیمت وغیرہ
میں نقصان پہنچانا۔صفت(غَابِن)صفت
مفعولی(مَغْبُوْن)
غَبِنَ (س) غَبْنًا وغَبَنًا. الشَّیْ وفِيهِ :
بھولنا۔غلطی کرنا۔(غَبَنًا وغَبَانَةً رَأْيُهُ) کم سمجھ
ہونا۔کند ذہن ہونا۔
تَغَابَنَ :بعض کا بعض کو نقصان پہنچانا۔
اِغْتَبَنَ. الشَّیْ :بغل میں چھپانا۔
الغَبْن والغَبَن :مص۔خرید و فروخت میں
دھوکا......والغَبَانَة :کند ذہنی۔بھول چوک۔
الغَبَن :کپڑے کی کترن۔
الغَابِن :قا۔کام سے سستی کرنے والا۔کام
چور۔
الغَبِين والمَغْبُوْن :کم سمجھ۔
الغَبْنُ وَالغَبَنُ وَالغَبَانَةُ :کمزور رائے۔بھول
جانا۔
الغَبِيْنَة :دھوکا۔
المُغَابَنَة :خرید و فروخت میں نقصان۔
المَغْبِن :بغل۔جسم کی لوٹ ج مَغَابِن.
غَبِيَ يَغْبَى غَبًا وغَبَاوَةً. الشَّیْ وعَنْهُ :
ناسمجھ ہونا۔کند ذہن ہونا......الشَّیْ عَلَيْهِ:
مخفی رہنا......عَنْهُ الخَبَرُ :جاہل ہونا۔غافل
ہونا۔مِنْهُ الشَّیْ :مخفی ہونا۔
تَغَابَى عَنْهُ تَغَابِيًا وتَغَابَاهُ :غفلت برتنا۔
تَغَبَّاهُ واسْتَغْبَاهُ :غبی جاننا۔غبی سمجھنا۔
الغَبَاء :زمین کی پوشیدگی......مِنَ التُّرَابِ:
بلند غبار۔
الغَبْوَة والغُبْوَة :غفلت۔
الغَبَاوَة والغَبِي :جہالت۔ناسمجھی۔غفلت۔

الغَبِيّ : کم سمجھ جاہل ج اَغْبِيَاء و اَغْبَاء۔
غَبِيَ غَبْيَةً. الشَّيْءُ : چھپانا...... الشَّعْرَ : بال کو چھوٹا کرنا یا جڑ سے اکھیڑنا۔
اَغْبَى. السَّحَابُ : کم برسنا' بوچھار برسانا۔
الغَبَاء. مِنَ التُّرَابِ : بلند غبار۔
الغَبْيَة : کم بارش یا بوچھار۔
مِنَ التُّرَابِ : بلند غبار۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ عَلٰى غَبْيَةٍ مِنَ الشَّمْسِ" یعنی آفتاب کے غائب ہونے کے وقت آیا۔
الاَغْبَى مِنَ الاَغْصَان : گنجان ٹہنی۔ مؤنث غَبْيَاء ج غُبْيٌ شَجَرَةٌ غَبْيَاء : گنجان درخت۔
المَغْبَاة : درندہ جانوروں کے شکار کا گڑھا۔ ج مَغَاب۔
غَثَّ (ن) غَثًّا. الطَّعَامُ او الكَلَامُ : خراب ہونا...... الشَّيْءُ فِي المَاءِ : پانی میں ڈبونا...... فُلَانًا : غمگین کرنا' گلا گھونٹنا...... فُلَانًا بِالاَمْرِ : تھکانا اور غمگین کرنا...... هٗ بِالكَلَامِ : سرزنش کرنا۔ غَثَّ الضِّحْكَ : ہاتھ یا کپڑا رکھ کر ہنسی روکنا...... المَاءَ : برتن کے منہ سے بغیر علیحدہ کئے ہوئے گھونٹ گھونٹ پانی پینا۔
غَثَّتَ واَغَثَّتَ. الطَّعَامَ : کھانے کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
غَثِلَ (س) غَثَلًا. المَكَانُ : بہت درخت والا ہونا۔ صفت (غَثِل)
اَغْثَمَ. الزِّيَارَةَ : زیادہ ملاقات کر کے طول کرنا۔
الغَثَمُ : سخت گرمی جس سے دم گھٹے۔
الغُثْمَة : گفتگو میں رکاوٹ۔
الاَغْثَمُ والغُثْمِيُّ : جو اچھی طرح گفتگو نہ کر سکے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَغْثَمُ وقَوْمٌ غُثْمٌ واَغْثَام وامْرَاَةٌ غَثْمَاء"۔
غَثَّ (ض-س) غَثَاثَةً وغُثُوثَةً. الشَّاةُ : بکری کا دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔ صفت (غَثَّة)
...... اللَّحْمُ : لاغر ہونا...... حَدِيثُ القَوْمِ : ردی ہونا۔ فاسد ہونا۔
غَثَّ (ض) غَثًّا وغَثِيثًا. عَلَيْهِ المَكَانُ : ناموافق ہونا...... الجُرْحُ : زخم سے پیپ وغیرہ بہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَغِثُّ عَلَيْهِ شَيْءٌ" یعنی کسی چیز کے متعلق نہیں کہتا کہ وہ ردی ہے تاکہ اس کو چھوڑ دے۔
اَغَثَّ : دبلا ہونا۔ فاسد ہونا۔ فِي الكَلَامِ : بے کار گفتگو کرنا...... اللَّحْمَ : دبلا گوشت خریدنا۔
اِغْتَثَّتِ. الخَيْلُ : موسم بہار کی گھاس پر پہنچنا۔
تَغَثَّثَ. الشَّيْءُ : کم سمجھنا۔
اِسْتَغَثَّ. الجُرْحُ : علاج کر کے پیپ وغیرہ نکالنا۔
الغَثُّ : دبلا۔ مِنَ الكَلَامِ : ردی کلام۔
الغَثِيثُ : دبلا۔
غَثِيثُ الجُرْحِ وغَثِيثَتُهٗ : پیپ' خون وغیرہ۔ الغَثِيثَة : بے فائدہ چیز۔ عقل کا فتور۔
غَثَرَ (ن) غَثْرًا. المَكَانُ بِالنَّبَاتِ : سبزی سے لہلہانا۔
اَغْثَرَ. الشَّجَرُ : درخت سے گوند بہنا۔
اِغْثَارَّ. الثَّوْبُ : زیادہ رواں والا ہونا۔ صفت (اَغْثَر)
الغَثَر : کپڑے کا رُواں والا ہونا۔
الغُثْر والغَثَرَة والغَثْرَاء والغَيْثَرَة : کمینے لوگ۔
الغَثْرَة : ارزانی و تر و تازگی۔
الغُثْرَة : سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ۔
الاَغْثَر : سبزی مائل بھورا یا سرخ رنگ والا۔ مؤنث (غَثْرَاء) ج غُثْر : زیادہ رواں کا کمبل۔ شیر' بھیڑیا' کیچڑ۔ جاہل۔
المِغْثَر والمِغْثَار والمُغْثُور : بعض درختوں کا گوند ج مَغَاثِير۔
اَرْضٌ (مُغْثِرَةٌ) سبزہ سے لہلہانے والی زمین۔
غَثَمَ (ن) غَثْمَالَةً : یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الغَثْمَة : اوجھ کا وہ حصہ جس میں بہت سے پرت ہوتے ہیں۔
الغُثْمَة : سیاہی مائل سفید رنگ۔
الاَغْثَم : سیاہی مائل سفید رنگ والا۔
المَغْثُوم : مخلوط۔
الغَثِيمَة : ایک قسم کا کھانا جس میں ٹڈی پڑتی ہے۔
غَثَا يَغْثُو غَثْوًا وغُثُوًّا واَغْثَى. الوَادِي : زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا۔
السَّيْلُ المَرْتَعَ : سیلاب کا چراگاہ کو بدمزہ بنا دینا۔
الغُثَاء والغُثَّاء : جھاگ۔ کوڑا کرکٹ جو سیلاب کی جھاگ سے ملا ہوا ہو۔
غَثِيَ يَغْثِي غَثْيًا. الوَادِي : زیادہ کوڑے کرکٹ والی ہونا...... الكَلَامَ : مخلوط کرنا۔
غَثَتْ تَغْثِي غَثْيًا وغَثَيَانًا وتَغَثَّتِ النَّفْسُ : متلی آنا۔ اَغْثَتِ السَّمَاءُ بِالسَّحَابِ : آسمان پر بادل چھا جانا۔
غَثِيَ يَغْثِي غَثْيًا. الكَلَامَ : مخلوط کرنا۔
غَدَّ (س) غَدًّا وغُدَّةً. البَعِيرُ : اونٹ کا غدود والا ہونا۔
غُدَّ وغُدَّ وغُدِّدَ واُغِدَّ : غدود والا ہونا۔ صفت (مُغِدّ)
غَدَّدَ. نَصِيبَهٗ : حصہ لینا۔
اَغَدَّ : غدود والا ہونا۔ عَلَيْهِ : غصہ سے پھولنا۔
الغُدَد : اونٹوں کا طاعون۔ ج غِدَاد۔
الغُدَّة : مال کا ایک حصہ۔ سامان ج غَدَائِد۔
(...... والغُدَدَة) اونٹوں کا طاعون' گوشت کا سخت ٹکڑا جو مرض کی وجہ سے کھال اور گوشت کے درمیان پیدا ہو جاتا ہے۔ ج غُدَد وغَدَائِد۔
المِغْدَاد : بہت غضبناک (مذکر و مؤنث)
غَدَرَ (ن ض س) غَدْرًا وغَدَرَانًا : خیانت کرنا۔ عہد توڑنا۔
غَدِرَ (س) غَدَرًا. المَكَانُ : بہت پتھروں والا ہونا...... عَنْ اَصْحَابِهٖ : اپنے ساتھیوں سے پیچھے رہ جانا...... الرَّجُلُ : تالاب کا پانی پینا...... اللَّيْلُ : رات کا تاریک ہونا۔
اَغْدَرَهٗ : پیچھے چھوڑنا۔ آگے بڑھ جانا۔ باقی

رکنا۔ کیچڑ میں پھینکنا۔ اَغْدَرَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غَادَرَهُ غِدَارًا و مُغَادَرَةً: چھوڑ دینا۔ باقی رکھنا۔
تَغَدَّرَ: پیچھے رہ جانا۔
اِغْتَدَرَ. الرَّجُلُ: چوٹی بنانا۔
اِسْتَغْدَرَ. المَكَانُ: تالابوں والا ہونا۔
الغَدَرُ: مص۔ پتھر والی جگہ۔ درخت والے پتھر۔ کیچڑ جو تالاب میں پانی خشک ہونے کے بعد رہ جائے۔
الغَدَرُ والغَدَرَةُ والغَدَارَةُ: جو چھوڑا جائے۔
الغَدِيرُ: نہر۔ تالاب۔ پانی جس کو سیلاب چھوڑ جائے۔ سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدُرٌ وغُدْرٌ وغُدْرَانٌ واَغْدِرَةٌ.
الغَدِيرَةُ: چوٹی ج غَدَائِرُ. الغَدِيرَةُ: سبزی کا ٹکڑا۔ ج غُدْرَانٌ.
الغَادِرُ: فا۔ خیانت کرنے والا ج غَادِرُوْنَ وغَدَرَةٌ وغُدَّارٌ: مؤنث غَادِرَةٌ ج غَادِرَاتٌ وغَوَادِرُ.
الغَدْرَاءُ: تاریکی۔ لَيْلَةٌ (غَدْرَاءُ وغَدِرَةٌ ومُغْدِرَةٌ) تاریک رات۔
الغُدَرُ والغُدَرَةُ والغِدِّيرُ والغَدَّارُ والغَدُورُ: بہت غدر کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ غَدُورٌ وامْرَأَةٌ غَدُورٌ". ج غُدُرٌ اور مذکر کی گالی میں یاغُدَرُ: بمعنی یاغادر: اور جمع میں یا آلَ غُدَرَ مستعمل ہے۔
يَاغَدَارِ. مبنی علی الکسرۃ: عورت کی گالی میں مستعمل ہے۔
غَدَفَ (ن) غَدْفًا وغَدَّفَ. لَهُ فِي العَطَاءِ: بہت دینا۔
اَغْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا بہت تاریک ہونا ......الشَّبَكَةَ عَلَى الصَّيْدِ: شکار پر جال ڈالنا ......البَحْرُ: سمندر کا بہت لہروں والا ہونا ......المَرْأَةُ قِنَاعَهَا عَلَى وَجْهِهَا: عورت کا چہرہ پر نقاب ڈالنا۔
اِغْتَدَفَ. مِنْهُ: زیادہ لے لینا ......الثَّوْبَ:
کپڑا کاٹنا۔
اِغْدَوْدَفَ. اللَّيْلُ: رات کا آنا۔ تاریک ہونا۔ الغَادِفُ: ملاح۔
الغُدَافُ: لمبا کالا بال۔ سیاہ بازو۔ بڑا کوا۔ بڑا گدھ۔ ج غِدْفَانٌ.
الغَدَفُ: نعمت۔ ارزانی۔ تروتازگی۔ کہا جاتا ہے "هُمْ فِي غَدَفٍ" وہ لوگ خوش حالی میں ہیں۔
المِغْدَفُ والغَادُوفُ: چپو۔
الغِدَفْلُ: کامل لمبا۔ بڑے ڈیل ڈول کا اونٹ ج غَدَافِلُ.
غَدِقَ (س) غَدَقًا واَغْدَقَ واِغْدَوْدَقَ. المَطَرُ: بکثرت بارش ہونا ......عَيْنُ المَاءِ: کثیر ہونا اور خوشگوار ہونا۔ صفت (غَدِقَةٌ)
اَغْدَقَ العَيْشُ: آسودہ ہونا۔ اَغْدَقَتِ الاَرْضُ: زمین کا سرسبز ہونا۔
غَدَقَ (ض) غَدْقًا. المَكَانُ: بارش سے تر ہونا اور سرسبز ہونا۔ صفت (غَدِقٌ)
تَغَدَّنَ. الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔
اِغْدَوْدَنَ. النَّبْتُ: سبز ہونا اور زیادتی و شادابی کی وجہ سے سیاہی کی طرف مائل ہونا ......الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا اور گرنا ......الشَّعْرُ: لمبا ہونا اور لپٹا ہوا ہونا صفت (غُدَوْدِنٌ)
الغَدَنُ: نیند۔ اونگھ۔ ڈھیلا پن۔ سستی ...... والغُدْنَةُ: نرمی۔ نزاکت۔
الغِدَانُ: شاخ جس پر کپڑے لٹکائے جائیں۔
الغُدَانِيُّ: نازک بدن جوان۔
غَدَا يَغْدُو غُدُوًّا: صبح کے وقت جانا۔ جانا اور صار کے معنی میں مستعمل ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے۔
غَدَا يَغْدُو غُدُوًّا وغُدْوَةً اِغْتَدَى. عَلَيْهِ: سویرے آنا۔
غَدِيَ يَغْدَى غَدًا وتَغَدَّى: صبح کا کھانا کھانا۔ کہا جاتا ہے "هَلْ لَكَ اَنْ تَتَغَدَّى بِهِ قَبْلَ اَنْ يَتَغَشَّى بِنَا" یعنی کیا تیرے لئے ممکن ہے کہ ہم کو کھا لے کر لینے سے پہلے
اس کو ہلاک کرے۔
غَدَّى. الرَّجُلَ: دن کے ابتدائی حصہ میں کھلانا۔
غَادَى مُغَادَاةً. الرَّجُلَ: صبح کے وقت آنا۔
الغَدُ: آئندہ کل۔ دور کا دن جس کا انتظار ہو۔ نسبت کے لئے (غَدِيٌّ وغَدَوِيٌّ)
الغُدْوَةُ: صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان، دن کا ابتدائی حصہ ج غُدًى وغُدُوٌّ.
الغَدَاةُ: صبح، فجر اور طلوع آفتاب کا درمیان۔ دن کا ابتدائی حصہ ج غَدَوَاتٌ کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ غَدَاتَيْنِ" یعنی وہ دو دن کا ہے۔
الغَدِيَّةُ: بمعنی غُدْوَةٌ وغَدَاةٌ ج غَدَايَا و غَدِيَّاتٌ.
الغُدَيَّةُ: غداۃ کی تصغیر۔
الغَدَاءُ: صبح کا کھانا اور اس کے مقابل عشاء ہے ج اَغْدِيَةٌ.
الغَادِي: فا۔ شیر۔
الغَادِيَةُ مؤنث غادی۔ بادل جو صبح کے وقت اٹھے۔ صبح کی بارش۔ ج غَوَادٍ وغَادِيَاتٌ.
الغَدْيَانُ: صبح کا کھانا کھانے والا۔ مؤنث غَدْيَا.
المَغْدَى والمَغْدَاةُ: صبح کو جانے کی جگہ۔
غَذَّ (ن ض) غَذًّا. الشَّيءُ: کم کرنا۔ گھٹانا۔ الجُرْحُ: خون پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
اَغَذَّ اِغْذَاذًا. السَّيْرَ وفِي السَّيْرِ: چلنے میں جلدی کرنا ......الجُرْحُ: خون، پیپ وغیرہ جاری ہونا۔
الغَاذُ: فا۔ آنکھ کی رگ جو ہمیشہ جاری رہتی ہے۔ جس۔
الغَذِيذَةُ: زخم کا خون پیپ وغیرہ۔
غَذَمَ (ن) غَذْمًا. لَهُ مِنَ المَالِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
وغَذِمَ (س) غَذْمًا وتَغَذَّمَ واغْتَذَمَ الشَّيءَ: بہت حرص سے کھانا۔
اَغْذَمَ وتَغَذَّمَ والفَصِيلُ مَا فِي ضَرْعِ اُمِّهِ

اونٹنی کے بچہ کا تھن سے سب دودھ پی لینا۔
الغُذْمَةُ : مال کا ایک حصہ۔ ج غُذَم۔۔۔۔
والغَذْمَة: بہت دودھ۔ ج غَذَم۔
بِئْرٌ غَذِيمَةٌ : وسیع کنواں۔
الغَذِم والمُتَغَذِّم: بہت زیادہ کھانے والا۔
غَذْمَرَ غَذْمَرَةً : غضبناک ہونا۔
۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ : جدا جدا کرنا۔ بعض کو بعض سے ملانا۔ انکل سے بیچنا۔
تَغَذْمَرَ. فِي المَجْلِسِ :غصہ سے چلانا۔
الغَذْمَرَة :مص۔ شور۔ ڈانٹ۔ گفتگو اور چیخ کا مخلوط ہونا۔ ج غَذَامِير۔
غَذَا يَغْذُو غَذْوًا. الرَّجُلَ بِالطَّعَامِ: خوراک دینا۔۔۔۔۔ الطَّعَامُ الصَّبِيَّ : بچہ کو فائدہ دینا اور کافی ہونا۔۔۔۔۔ العِرْقُ :خون بہانا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ : جلدی کرنا۔۔۔۔ الفَرَسُ: تیز گزرنا۔
غَذَّى تَغْذِيَةً. الرَّجُلَ :غذا دینا۔ پرورش کرنا۔ غَذَّى العِرْقُ: خون بہانا۔
تَغَذَّى تَغَذِّيًا واغْتَذَى اِغْتِذَاءً :خوراک کھانا۔
اِسْتَغْذَى اِسْتِغْذَاءً. الرَّجُلَ :سخت پچھاڑنا۔
الغِذَاء :خوراک۔ ج اَغْذِيَة۔
الغَاذِي: فا۔ غَاذِي المَال :مال کا منتظم۔ ج غُذَاة وغَاذُون: مؤنث غَاذِيَة ج غَوَاذٍ۔
الاَغْذَى :اسم تفضیل۔
الغَذِيّ :رحم کا بچہ (بکری کے لئے خاص ہے) ج غِذَاء : جانوروں کے چھوٹے چھوٹے بچے۔
الغَذَوِيّ :رحم کا بچہ۔
الغَذَوَان :بدزبان۔ تیز رفتار گھوڑا۔
غَرَّهُ (ن) غَرًّا وغِرَّةً وغُرُورًا :دھوکا دینا۔ بے ہودہ اُمید دلانا۔ کہا جاتا ہے "مَا غَرَّكَ بِفُلَانٍ" یعنی تو نے اس پر دلیری کیونکر کی؟ غَرُّ المَاءِ: پانی گرانا۔
غَرًّا وغِرَارًا. الطَّائِرُ فَرْخَهُ :پرندہ کا اپنے بچہ کو چوگا دینا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ :غرغر پرندہ کھانا ۔۔۔۔۔ الرَّاعِي :اونٹ کو چرانا۔۔۔۔۔ المَاءُ :پانی کا نایاب ہونا۔
غَرَّ (ن) غَرًّا وغِرَارًا وغَرِرَ (س) غَرَارَةً :شریف ہونا۔ ناتجربہ کار رہنا۔
غَرَّ (ض) غَرًّا وغَرَارَةً : تجربہ کے باوجود بچوں جیسا کام کرنا۔
غَرَّ (س) غَرَرًا وغُرَّةً وغَرَارَةُ الوَجْهُ : خوبصورت سفید رنگ والا ہونا۔ الشَّيْءُ:سفید ہونا۔
غَرَّرَ تَغْرِيرًا وتَغِرَّةً. بِالشَّيْءِ :ہلاکت کے لئے پیش کرنا۔۔۔۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کے لئے پر پھیلانا۔۔۔۔۔ القِرْبَةَ : مشک بھرنا۔
غَرَّرَتْ ثَنِيَّةُ الغُلَامِ: بچہ کا اگلے دانت نکلنا۔
غَارَتْ غِرَارًا ومُغَارَّةً. السُّوقُ :بازار کا ماند پڑجانا۔ غَارَّ التَّحِيَّةَ: کم کرنا۔ غَارَتِ النَّاقَةُ :اونٹنی کا دودھ کم ہونا۔
تَغَرَّرَ. الفَرَسُ :گھوڑے کی پیشانی سفید ہونا۔
اِغْتَرَّ واسْتَغَرَّ. بِكَذَا :دھوکا کھانا۔
اِغْتَرَّهُ واسْتَغَرَّهُ :بے خبری میں آنا۔
واغْتَرَّهُ: بے خبری کا طالب ہونا۔
الغَرُّ :مص۔ زمین میں شگاف۔ کپڑے یا کھال کی شکن۔ کہا جاتا ہے "طويت الثوب على غره" یعنی میں نے کپڑے کو اس کی پہلی تہہ پر لپیٹا۔ چھوٹی ندی ج غُرُور۔
الغَرُّ والغِرَار: تلوار کی دھار۔ الغِرَار: نیند وغیرہ کی کمی۔ کساد بازاری۔ اونٹنی کے دودھ کی کمی ج اَغِرَّة: کہا جاتا ہے "اَتَانَا عَلَى غِرَارٍ" یعنی وہ ہمارے پاس جلدی آیا۔
الغِرَار :تیر بنانے کا نمونہ اور اسی سے ہے "هُمْ عَلَى غِرَارٍ وَاحِدٍ" یعنی وہ ایک جیسے ہیں۔ کہا جاتا ہے "وَلَدَتْ ثَلَاثَةً بَنِينَ عَلَى غِرَارٍ" یعنی اس نے تین بچے پے در پے جنے جن کے درمیان کوئی لڑکی نہیں۔
لَبِثَ القَوْمُ غِرَارَ شَهْرٍ :قوم ایک مہینہ کی مدت ٹھہری رہی۔
الغَرَارَة :غفلت۔ نو عمری۔ کہا جاتا ہے "كان ذلك على غرارتي" یعنی یہ میری نو عمری کے زمانہ میں تھا۔
الغُرْغُرُ :ایک آبی پرندہ جو گھرے جوہڑ میں زندگی گزارتا ہے۔
الغُرَّة :گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ :ہر چیز کا ابتدائی اور معظم حصہ۔۔۔۔۔ مِنَ القَوْمِ :شریف۔۔۔۔ مِنَ الرَّجُلِ :چہرہ۔ روشنی یا صبح ظاہر ہو تو کہا جاتا ہے قَدْ بَدَتْ غُرَّتُهُ غلام۔ باندی۔ ج غُرَر. الغُرَر مہینہ کی ابتدائی تین راتیں یعنی پہلی' دوسری' تیسری رات۔ عرب مہینے کی تقسیم تین تین راتوں سے کرتے تھے کہ پہلی تین راتوں کو غُرَر :دوسری تین راتوں کو نُفَل اور اس کے بعد تُسَع :پھر عُشَر: پھر بِيض : پھر دُرَع :پھر ظُلَم: پھر حَنَادِس :پھر دَآدِئ: پھر محاق کہتے ہیں۔
الغِرُّ :ناتجربہ کار جوان۔ مؤنث غِرٌّ وغِرَّة ج اَغْرَار۔
الغُرَّى: اپنے قبیلہ میں سردار عورت۔
الغِرَّة :مص۔ غفلت۔ ناتجربہ کاروں کی جماعت ج غِرَر۔
الغُرَّة: مہینے کا پہلا دن۔ ایک کالے رنگ کا آبی پرندہ۔
الغَرَر :ہلاکت کے درپے۔ کہا جاتا ہے "اَنَا غَرَرٌ مِنْكَ" میں تم سے دھوکے میں ہوں۔
الغَرُور :دھوکا دینا اور یہ دنیا کی صفت میں بھی آتا ہے۔ کہا جاتا ہے "الدُّنْيَا الغَرُورُ" غرغرہ کی دوائیں۔
الغُرُور :مص۔ بے ہودہ باتیں۔
الغَارُّ :فا۔ غافل۔ کنواں کھودنے والا۔ مؤنث غَارَّة۔
الغَرَّار :بہت دھوکہ دینے والا۔
الغَرِيرُ :اچھی عادت اور اسی سے مثل ہے "اَدْبَرَ غَرِيرُهُ وَاَقْبَلَ هَرِيرُهُ" یعنی اس کی اچھی عادت جاتی رہی اور بری عادت آ گئی۔ اچھی زندگی۔ ج غُرَّان: ضامن۔ دھوکا زدہ۔ ناتجربہ کار جوان۔ ج اَغِرَّةُ واَغِرَّاء مؤنث غَرِيرَة ج غَرِيرَات وغَرَائِر۔

الـغُـرْغُـر: کتے اور بلی کے درمیان چھوٹی ٹانگوں کا بھورے رنگ کا ایک جانور اور عرب کے امثال میں ہے "اَسْـمَـنُ مِـنَ غُـرْغُـرٍ" اور اس کا نام ہَغْرَ اور غُـرْغُوْزَ بھی ہے۔

الاَغَرُّ: خوبصورت۔ ہر چیز کا سفید۔ فیاض۔ سردار شریف...... مِنَ الاَیَّامِ: سخت گرم دن۔ مِنَ الخَیْلِ: پیشانی پر سفیدی والا۔ مؤنث غَرَّاء ج غُرٌّ و غُرَّان.

الغِرَارَةُ: بورا۔ تھیلا۔ ج غَرَائِر.

الـغُـرَّانُ: پانی کے بلبلے۔ کہا جاتا ہے "اَقْبَلَ المَاءُ بِغُرَّانِهِ" پانی بلبلے کے ساتھ آیا۔

المُغَارُ: کم دودھ والی اونٹنی۔ ج مَغَارُ کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ مُـغَـارُ الکَفِّ" یعنی بخیل ہے۔

المَغْرُوْر: مغع۔ فریب خوردہ۔

غَرَبَ (ن) غَرْبًا: جانا...... فُلاَنٌ عَنَّا: جدا ہونا۔ علیحدہ ہونا...... فِیْ سَفَرِهٖ: طویل سفر کرانا (...... غروبا) الرجل: دور ہونا...... النجم: ستارہ کا غائب ہونا۔ ڈوبنا۔

غَرُبَ (ن) غُـرْبَةً وغُـرْبًا وغَرَابَةً: پردیسی ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔

غَرُبَ (ک) غَرَابَةً. الکَلاَمُ: مخفی ہونا۔ پوشیدہ ہونا...... الشَّیْئُ: غیر مانوس ہونا۔

غَرِبَ (س) غَرَبًا: لو سے چہرہ کا لا ہونا۔

غَرَّبَ: دور ہونا۔ وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم میں پہنچنا...... ہ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ مسافرت پر برانگیختہ کرنا۔ جلا وطن کرنا...... فِی الاَرْضِ: دور تک لے جانا۔

اَغْـرَبَ: مغرب میں جانا۔ شہروں میں دور تک جانا۔ اچھی حالت ہونا۔ عجیب چیز لانا۔ فصیح ہونا اور نوادرات بیان کرنا...... فِـی الـضِّـحْکِ و نَـحْـوِهٖ: مبالغہ کرنا...... الـحَوْض: حوض کو بھرنا...... الـفَرَسُ فِیْ جَرْیِهٖ: گھوڑے کا بہت دوڑنا...... الفَرَسَ: گھوڑے کو دوڑانا۔ یہاں تک کہ مر جائے...... ہٗ: علیحدہ کرنا اَغْـرَبَ واُغْـرِبَ بالتَّرِیْقِ: تکلیف زیادہ ہونا۔ اَغْرَبَ عَلَیْهِ وبِهٖ: برا سلوک کرنا۔

تَغَرَّبَ: وطن سے علیحدہ ہونا۔ پچھم سے آنا۔

اِغْـتَـرَبَ: وطن سے علیحدہ ہونا۔ غیر اقارب میں شادی کرنا۔

اِسْتَغْرَبَ. الشَّیْئُ: نادر پانا یا سمجھنا۔ ...... الدَّمْعُ: آنسو بہانا۔ ...... واُسْتُغْرِبَ. فِیْ الضِّحْکِ: ہنسنے میں مبالغہ کرنا۔

الـغَـرْب: مص۔ پچھم۔ ہر چیز کا اوّل۔ دھار۔ نشاط۔ تیزی۔ کہا جاتا ہے "اِنِّـی اَخَـافُ عَـلَیْکَ غَرْبَ الشَّبَابِ" یعنی جوانی کی تیزی اور نشاط کا مجھے تمہارے اوپر خوف ہے۔ بڑا ڈول۔ آنکھ کی وہ رگ جو ہمیشہ جاری رہے۔ آنسو۔ آنسو بہنے کی جگہ۔ آنکھ کا پچھلا حصہ۔ دوری۔ آنکھ کی پھنسی۔ گوشۂ چشم کا ورم۔ تھوک کی کثرت۔ تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "سَهْـمُ غَرْبٍ" اضافت سے اور "سَهْـمٌ غَرْبٌ" وصف سے یعنی وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ ج غُرُوْب.

الغُرْبَة: دوری۔

الـغَـرَبُ: مص۔ سونا' چاندی' پیالہ' شراب' پانی جو کنوئیں اور حوض کے درمیان ڈول سے ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "سَهْمُ غَرَبٍ وسَهْمٌ غَـرَبٌ" وہ تیر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ و "بِعَیْنِهٖ غَرَبٌ" جبکہ آنسو تھمتا نہ ہو۔

الغُرَاب: کوا۔ مختلف قسمیں ہیں۔ غـراب اسـود. ابقع. زاغ ج اَغْـرُب وغُـرُبٌ غِـرْبَـان واَغْرِبَةٌ جج غَـرَابِیْنُ کہا جاتا ہے "طَـارَ غُرَابُهٗ" یعنی بوڑھا ہو گیا اس کے بال سفید ہو گئے۔ وَاَرْضٌ لاَیَطِیْرُ غُرَابُهَا: یعنی سرسبز ہے۔ الـغُـرَاب: اولہ و برف۔ سر کا پچھلا حصہ۔ مِـنْ کُـلِّ شَـیْئٍ: ہر چیز کی ابتداء اور دھار۔ جیسے غُـرَابُ الفَاسِ اور کوے کی مثال سیاہی اور بعد اور صبح سویرے اٹھنے اور چوکنا رہنے میں دی جاتی ہے۔ کہا جاتا ہے "بَـکَـرْتُ بُکُوْرَا الغُرَابِ" کوے کی مانند صبح سویرے اٹھا۔ "فُلاَنٌ اَحْـذَرُ مِـنَ الغُرَابِ" فلاں کوے سے زیادہ چوکنا ہے۔ و "دُوْنَ هٰـذَا شَیْبُ الغُرَابِ" اس سے کم کوے کی سیاہی ہے اَغْرِبَةُ العَرَب: عرب کے سیاہ لوگ۔ الـغُـرَاب: پرانی قسم کی ایک کشتی۔

الغُـرَابَـان: دونوں سرین کے نچلے حصے جو ران سے ملے ہوئے ہوں۔

الغَارِب: فا۔ کندھا۔ پیٹھ اور گردن یا کوہان اور گردن کے درمیان کا حصہ۔ ہر چیز کا اعلیٰ حصہ۔ ج غَـوَارِب اور اسی سے ہے۔

غَوَارِب المَاءِ: بلند موجیں۔

الـغَرِیْـب: مسافر۔ وطن سے دور۔ اجنبی ج غُرَبَاء: عجیب و غیر مانوس مِنَ الکَلاَمِ: جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مؤنث غَـرِیْبَةٌ ج غَرَائِب.

الغُرُب: بمعنی غریب۔

الـمُـغْـرَب: صبح۔ ہر سفید چیز یا جس کے کنارے سفید ہوں۔ غُـنْـقَـاء (مُغْرِب ومُغْرِبَة) دیکھئے لفظ "غُنْقَاء".

المَغْرَب: پچھم۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ ممالک افریقیہ اور بزبان حال ممالک یورپ۔

مَغْرِبَانُ. الشَّمْسِ: آفتاب کے طلوع و غروب کی جگہ۔

المَغْرِبِیُّ: ممالک مغرب کی طرف منسوب۔ ج مَغَارِبَة.

الـغِرْبِیْـب: سخت سیاہ اور اکثر بطور تاکید مستعمل ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَسْـوَدُ غِرْبِیْب".

غَرْبَلَ غَرْبَلَةً الحِنْطَةَ: گیہوں چھاننا۔ ...... البَـلَـدَ: ملک کے رہنے والوں کا حال کھولنا۔ ...... فِیْ الاَرْضِ: جانا...... الشَّیْئَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ جدا جدا کرنا...... القَوْمَ: قوم کو قتل کرنا اور کچل دینا۔

السِغِرْبَال : چھلنی۔ دف۔ چغل خور ج غَرَابِيل.
المُغَرْبَل : مفع۔ گھٹیا، پھولا ہوا۔ مقتول۔ زوال پزیر ملک۔
الغِرْبِيل : چھلنی۔ دف۔ چغل خور۔
غَرِثَ (س) غَرَثًا : بھوکا ہونا۔ صفت (غَرْثَان) ج غَرْثَى وغَرَاثَى وغِرَاث: مؤنث (غَرْثَى) ج غِرَاث.
غَرَّثَ. الكَلْبَ : کتے کو بھوکا رکھنا۔
الغَرِث والغَارِث : بھوکا۔
غَرِدَ (س) غَرَدًا وغَرَّدَ وأَغْرَد وتَغَرَّدَ. الطَّائِرُ : پرندہ کا گانے میں آواز بلند کرنا اور ٹکری کرنا أَغْرَدَهُ الطَّائِر : گا کر خوش کرنا۔
اِسْتَغْرَدَهُ : گانے پر برانگیختہ کرنا۔
الأُغْرُوْد والأُغْرُوْدَة : پرندہ کی سریلی آواز ج أَغَارِيْد.
الغَرْد والغَرِد والغِرِّيْد : گانے والا۔
غَرَزَهُ (ض) غَرْزًا. بِالإِبْرَة ونَحْوِهَا : سوئی وغیرہ چبھونا۔ غَرَزَ الإِبْرَة فِي الشَّيْءِ : داخل کرنا۔
الرَّاكِبُ رِجْلَه فِيْ الغَرْزِ : رکاب میں پاؤں ڈالنا۔ غُرُوْزًا بِالأَرْضِ : زمین میں لکڑی گاڑنا۔ غَرَزَتِ الجَرَادَةُ : انڈا دینے کے لئے زمین میں دُم چبھونا۔ صفت (غَارِزٌ وغَارِزَةٌ)
غَرَّزَ. الإِبْرة فِي الشَّيْءِ : داخل کرنا۔
غَرَّزَتِ الجَرَادَةُ: انڈا دینے کے لئے زمین میں دُم چبھونا۔
الغَنَم : بکری کو موٹی ہونے کے لئے دوھنے سے چھوڑ دینا۔
أَغْرَزَ. الإِبْرَةَ : بمعنی غَرَزَ...... الوَادِي: غرز نامی پودہ اگانا...... فِي الشَّيْءِ : داخل ہونا۔
اِغْتَرَزَ السَّيْر : روانگی قریب ہونا...... فُلَانٌ السَّيْرَ : روانگی کے قریب ہونا۔ سوار ہونا ...... الرَّاكِبُ رِجْلَهُ فِيْ الغَرْزِ : سوار کا رکاب میں پاؤں رکھنا۔
الغَرْز : مص۔ رکاب۔ زمین میں گاڑی ہوئی لکڑی۔ ج غُرُوْز : کہا جاتا ہے "اِلْزَم غَرْزَ فُلَانٍ" یعنی اس کے امر و نہی کی اطاعت کرو۔ "أَشْدُدْ يَدَيْكَ بِغَرْزِهِ" مطلب یہ ہے کہ اپنے آپ کو اس کے سپرد کر دو۔
الغَرَز : ایک چھوٹی قسم کا پودہ۔
الغَرِيْزَة : طبیعت ج غَرَائِز.
الغَارِز : فا۔ اونٹنی جس کا دودھ کم ہو گیا ہو۔ عُيُوْن (غَوَارِز) نہ بہنے والے چشمے۔
التَّغْرِيْز : کھجور کا پودا جو ایک جگہ سے نقل کر کے دوسری جگہ لگایا جائے۔ ج تَغَارِيْز.
المَغْرِز : گاڑنے کی جگہ۔ ج مَغَارِز.
غَرَسَ (ض) غَرْسًا وغِرَاسَةً الشَّجَرَ : درخت کا پودہ لگانا۔
اِنْغَرَسَ : پودہ لگنا۔
الغَرْسُ : مص۔ پودہ لگایا ہوا ج غِرَاس وأَغْرَاس.
الغِرْس : پودہ۔ پانی جو رحم سے نکلے۔ چھوٹا کوا۔ ج أَغْرَاس.
الغَرِيْس : پودا لگایا ہوا۔ بھیڑ۔
الغَرِيْسَة : کھجور کا پودا جو ابھی اُگا ہو۔ گٹھلی جو بوئی جائے۔ انگور کی بیل جو ابھی بٹھائی گئی ہو۔ پودہ بٹھانے سے پھلدار ہونے تک۔ ج غَرَائِس وغِرَاس.
الغِرَاس : پودہ۔ پودہ لگانے کا وقت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الغِرَاس" جس طرح کہا جاتا ہے "هٰذَا زَمَنُ الحَصَاد".
المَغْرِس : پودہ لگانے کی جگہ ج مَغَارِس.
الغِرْش. مِنَ المسكوكات : ایک سکہ ہے جو دو آنے کے مساوی ہوتا ہے۔ ج غُرُوْش.
غَرِضَ (س) غَرَضًا. إِلَيْهِ : مشتاق ہونا۔ صفت (غَرِض) ...... مِنْهُ : تنگ دل ہونا۔ ملول ہونا۔ خوف کرنا۔
غَرَضَ (ض) غَرْضًا. الإِنَاءَ : برتن بھرنا۔ کم بھرنا ...... الشَّيْءَ : تازہ چننا۔ وقت سے جلدی کرنا۔ روکنا۔ توڑنا اس طرح کہ جدا نہ ہو جائے (...... غَرِيْضًا) لَهُ : تازہ دودھ پلانا۔
غَرُضَ (ک) غَرَاضَةً : اللَّحْمُ : گوشت تازہ ہونا۔ صفت (غَرِيْض) ج أَغَارِيْض.
غَرَّضَ : مزاح کرنا۔ تازہ گوشت کھانا۔
...... الشَّيْءَ : تازہ چننا ...... فِيْ سِقَائِهِ : مشک میں نہ بھرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ بَحْرٌ لَا يُغَرَّضُ" یعنی فلاں آدمی سمندر کی مانند ہے جو خالی نہیں کیا جا سکتا۔ غَرَّضَ فُلَانًا : نشانہ بنانا۔
أَغْرَضَ. فُلَانًا : تنگ دل کرنا...... الغَرَضَ : نشانہ پر ٹھیک مارنا...... الإِنَاءَ : برتن بھرنا۔
غَارَضَ. الإِبِلَ : اونٹوں کو ترکے گھاٹ پر لے جانا۔
تَغَرَّضَ وانْغَرَضَ. الغُصْنُ : شاخ کا مڑنا اور ٹوٹنا مگر جدا نہ ہونا۔
اِغْتَرَضَ. الشَّيْءَ : کسی چیز کو اپنی غرض بنانا۔
اِغْتَرَضَ فُلَانٌ : جوان مرنا۔
الغَارِض : فا۔ تڑکے پانی پر جانے والا۔ لمبی ناک۔ کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ غَارِضًا" یعنی دن کے ابتداء میں۔
الغَرْض : مص۔ وادی کی ناقص شاخ ج غُرْضَان وغِرْضَان وأَغْرُض...... : کجاوہ کا تنگ ج أَغْرَاض وغُرُوْض.
الغُرْضَة : کجاوہ کا تنگ ج غُرُض وغُرَض۔
الغَرَض : مص۔ مطلوب۔ حاجت۔ قصد۔ کہا جاتا ہے "فَهِمْتُ غَرَضَكَ" میں نے تیرے قصد کو سمجھ لیا نشانہ جس پر گولی ماری جائے۔ ج أَغْرَاض.
الغَرِيْض : طرب انگیز گیت۔ بہترین گویا۔ ہر سفید تازہ بارش کا پانی۔ پانی جس پر تڑکے آیا جائے۔ تازہ گوشت۔
الإِغْرِيْض : شگوفہ۔ ہر سفید تر و تازہ۔ ج أَغَارِيْض.
المَغْرِض : اونٹ کا تنگ۔ ج مَغَارِض۔
المَغْرُوْض : مفع بارش کا پانی۔
الغُرْضُوْف : نرم ہڈی جیسے کان ناک کی ج غَرَاضِيْف. الغُرْضُوْفَان : دو لکڑیاں جو کجاوہ

کے دائیں یا بائیں باندھی جاتی ہیں۔

غَرْغَرَ غَرْغَرَةً: غرغرہ کرنا۔غرغرت القِدْرُ: ہانڈی کا جوش کے وقت آواز دینا۔

غَرْغَرَهُ: ذبح کرنا۔غرغرہ بالرمح: حلق میں نیزہ مارنا......الـرَّجُـلُ: آواز کو گیر نکالنا۔موت کے وقت خرخر کرنا......اللَّحْمُ: گوشت میں بھونتے وقت آواز ہونا۔

تَغَرْغَرَ. بِالمَاءِ او الدَّوَاءِ: پانی یا دوا سے غرغرہ کرنا اور اسی سے ہے "تَـغَـرْغَـرَتِ العَيْنُ بِـالدَّمْعِ" آنکھ آنسوؤں سے ڈبڈبا گئی۔

الـغِرْغِر: ایک قسم کی مرغی جس کو چینی مرغی کہتے ہیں۔واحد (غِرْغِرَة)

الغُرْغُور: بمعنی الغُرَيْرُ (دیکھئے الغُرَيْن)

الـغُرْغُرَة: پوٹا۔پیشانی کی سفیدی۔کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ غُرْغُرَةٌ" یعنی فلاں شریف ہے۔

غَرَفَ (ض) غَرْفًا. الشَّئْ: کاٹنا۔النَّاصِيَةَ: پیشانی کے بال کترنا۔

وإِغْتَرَفَ. المَاءَ بِيَدِهِ: پانی کا چلو لینا۔

تَغَرَّفَهُ: کسی چیز کے ساتھ جتنی چیزیں ہوں سب لے لینا۔

إِنْـغَـرَفَ. الشَّـئْ: کٹنا۔مرنا اور ٹوٹنا......العَظْمُ: ہڈی کا ٹوٹنا......فُلاَنٌ: مرنا۔

الـغَرَف: مص(...... والـغَرَف) پودہ جس سے چمڑے کو دباغت دیا جائے۔

الـمِـغْـرَفَةُ: چلو لینے کی ہیئت۔جوتی۔ج غِرَف۔

الغُرْفَةُ: چلو۔ج غِرَاف......: کوٹھری کے اندر کوٹھری، بالاخانہ، بالوں کا گچھا۔ ج غُرَف وغُرُفَاتٌ وغُرَفَاتٌ وغُرْفَاتٌ۔

الغَارِفَةُ مؤنث غَارِف: اسم فاعل......مِنَ الـنُّـوْقِ: تیز دوڑنے والی اونٹنی۔ج غَوَارِف۔

الغَرَاف: ایک قسم کا بڑا پیمانہ۔

الغَرَّاف: بہت چلو لینے والا۔نَهَرٌ غَرَّافٌ: بہت پانی کی نہر۔غَيْثٌ غَـرَّافٌ: بہت بارش۔

الغَرُوْف. مِنَ الآبارِ: وہ کنوئیں جن سے پانی چلو سے لیا جائے۔

الغَرِيْف. مِنَ الشَّجَرِ: گھنا درخت۔بانس، نرکل وغیرہ کی جھاڑی۔

الـغَـرِيْفَة: گھنا درخت۔جوتی۔تلوار کے تلے کے نچلے حصہ کا چمڑا۔

الـمِـغْـرَف: تیز رفتار گھوڑا اور "فَـارِسٌ مِغْرَفٌ" بھی کہا جاتا ہے ج مَغَارِف۔

المِغْرَفَة: چمچہ۔ڈوئی۔ج مَغَارِف۔

غَرِقَ (س) غَـرَقًا. فِي الـمَاءِ: ڈوبنا۔صفت (غَرِقٌ وغَارِقٌ وغَرِيْقٌ) ج غَرْقَى

غَـــرِقَ فُلاَنٌ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔مستغنی ہونا۔

غَرَقَ (ن) غَرْقًا. مِنَ اللَّبَنِ: دودھ وغیرہ کا گھونٹ لینا۔

اَغْرَقَ. فِي الأَمْرِ: مبالغہ کرنا۔

اَغْرَقَهُ وغَرَّقَهُ: ڈبو دینا۔اَغْرَقَ وغَرَّقَ فِي الْـقَـوْسِ: کمان کو بہت زیادہ کھینچنا۔اَغْـرَقَ وغَـرَّقَ اللِّجَامَ بِالفِضَّةِ: لگام کو چاندی سے مزین کرنا۔کہا جاتا ہے "اَغْـرَقَ اَعْـمَـالَـهُ بِـالمَعَاصِي" یعنی اپنے اعمالِ صالحہ کو معاصی کی وجہ سے ضائع کر دیا۔

غَارَقَهُ: قریب ہونا۔کہا جاتا ہے "غَـارَقَـتْنِي لَمَنِيَّةُ" یعنی موت مجھ سے قریب ہوئی۔

اِغْتَرَقَ. النَّفَسَ: بہت ہانپنا۔

لَتَغَيُّرُ التَّصْدِيْرَ: اونٹ کے پیٹ کے موٹے ہو جانے کی وجہ سے تنگ کا تنگ ہو جانا۔

الـفَـرَسُ الـخَيْلَ: گھوڑوں کی جماعت میں داخل ہونا اور آگے بڑھ جانا۔کہا جاتا ہے "فُلاَنٌ يَـغْـتَـرِقُ الـعَيْنَ: یعنی فلاں اپنی خوبصورتی کی وجہ سے نظر کو اپنی طرف کھینچتا ہے دوسری طرف نہیں ڈالنے دیتا۔

إِسْتَغْرَقَ. الشَّئْ: کل لے لینا......الغَايَةَ: مقررہ حد سے آگے بڑھ جانا......فِي النَّوْمِ: گہری نیند سونا......فِي الـضَّـحْـكِ: کھلکھلا کر ہنسنا۔

إِغْرَوْرَقَتْ. العَيْنُ: ڈبڈبا آنا۔

الـغُـرْقَة: دودھ وغیرہ ایک مرتبہ پینے کی مقدار ج غُرَق۔

غَرْقَلَتِ. الـدَّجَاجَةُ بَيْضَتَهَا: مرغی کا کچا انڈا دینا......البَيْضَةُ: کچا انڈا کرنا۔

الغِرْقِئُ: انڈے کے سفیدی کی جھلی۔انڈے کی سفیدی۔

غَرِلَ (س) غَـرَلاً. الصَّبِيُّ: بچے کا غیر مختون ہونا۔صفت (اَغْرَل) مؤنث غَرْلاَءُ ج غُرْلٌ۔

الغَرِل: ڈھیلا ڈھالا آدمی۔بہت ہی زیادہ لمبا نیزہ۔

الأَغْـــرَل: ارزانی کا سال۔خوش عیش زندگی۔

الـغُـرْلَة: چمڑا جس کو ختنے کے وقت کاٹتے ہیں۔

غَرِمَ (س) غُـرْمًا وغَرَامَةً ومَغْرَمًا. الدَّيْنَ ونَحْوَهُ: قرض وغیرہ ادا کرنا۔

فِي التِّجَارَةِ: تجارت میں نقصان اٹھانا۔

اَغْـرَمَـهُ وغَـرَّمَهُ الدَّيْنَ: قرض کی ادائیگی کو لازم کرنا۔کہا جاتا ہے "غَـرَّمَ السَّحَـابُ" یعنی بارش ہوئی۔

اُغْرِمَ. بِالشَّئْ: بہت خواہش مند ہونا۔

تَغَرَّمَ: تاوان برداشت کرنا۔

إِغْتَرَمَ: تاوان کو اپنے اوپر لازم کرنا۔

الـغَـرَامَة والغُرم: تاوان۔مال جس کا ادا کرنا ضروری ہو۔ضرر۔مشقت۔

الـــغَـرَام: اشتیاق۔محبت جو دل کو مبتلائے عذاب کرنے والا ہو۔ہلاکت۔عذاب۔

الـغَرِيْم: قرض خواہ۔قرض دار۔مخالف۔ج غُرَمَاء وغُرَّام۔

اَلـغَرَامَالِيْقُ اَو اَنْغَرَامَاطِيقُ: وہ علم جو بولنے اور لکھنے میں غلطی سے بچائے یعنی علم صرف، علم نحو اور علم عروض۔اس لفظ کا اطلاق اس کتاب پر بھی ہوتا ہے جس میں یہ علم پایا جائے۔

المَغْرَم: تاوان۔ج مَغَارِم۔

غَرِنَ (س) غَرَنًا العَجِيْنُ: گندھے ہوئے آٹے کا خشک ہونا۔

الغَوِن : کمزور۔
الغَرِیْن والغِرْیَن : تر یا خشک مٹی جو سیلاب میں بہہ کر آئے اور زمین پر رہ جائے۔ بے وقوفی۔
الغِرْنِیْق والغُرْنَیْق والغُرْنُوق والغُرانِق : ایک قسم کا آبی پرندہ جو سارس کے مشابہ ہوتا ہے سفید خوبصورت جوان کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "شَابٌ غُرَانِقٌ وصَبِیَّةٌ غُرَانِقٌ وغُرَانِقَةٌ" ج غَرَانِق وغَرَانِیْق وغَرَانِقَة.
غَرَ یَغْرُو غُرُوًّا. الرَّجُلُ : تعجب کرنا...... الجِلْدَ : سریش سے جوڑنا...... الشَّحْمَ قَلْبَهُ : چربی کا دل پر چھا جانا۔
اَلْغَرْنُوقِی : ایک افریقی پھول کا نام۔
غَرِیَ یَغْرَیٰ غَرَاءً وغَرًا وغُرِیَ وغُرِّیَ واُغْرِیَ. بِکَذَا : بہت خواہش مند ہونا۔ بہت رغبت رکھنا۔ غَرِیَ الغَدِیْرُ : تالاب کا پانی ٹھنڈا ہونا ...... فُلَانٌ : بہت زیادہ غضبناک ہونا (...... غَرَاةً) بِہٖ : چمٹنا۔ لازم ہونا۔
غَرَّیٰ تَغْرِیَةً. الشَّیْءَ : سریش سے جوڑنا۔
اَغْرَیٰ. الرَّجُلَ بِکَذَا : برانگیختہ کرنا۔ اَغْرَیٰ العَدَاوَةَ بَیْنَهُمْ : دشمنی ڈالنا اور فساد پیدا کرنا۔
غَارَیٰ غِرَاءً ومُغَارَاةً. فُلَانًا : سخت جھگڑا کرنا...... بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ : ایک کے بعد دوسرے کا لگاتار کرنا۔
الغَرَاء والغِرَاء : ہر وہ چیز جس کا طلا کیا جائے جس سے ورق یا کھال کو جوڑیں جیسے سریش یا لیئی۔ الغِرَاءُ : خوبصورتی۔
الغَرَاء والغَرْوَیٰ : خواہش مندی۔ کہا جاتا ہے "لاَ غَرْوَ ولاَ غَرْوَیٰ مِنْ کَذَا" یعنی اس سے تعجب نہیں۔
الغَرِیُّ : خوبصورت۔ عمدہ عمارت۔
المِغْرَاة : سریش پگھلانے کا آلہ۔
غَزَّ (ن) غَزْزًا واغْتَزَّ. بِفُلَانٍ : خاص کرنا ...... الإِبِلَ او الصَّبِیَّ : اونٹ یا بچہ پر نظر بد سے حفاظت کے لئے رنگی ہوئی اون لٹکانا۔
غَازَّهُ مُغَازَّةً : سبقت کرنا۔ جھگڑنا۔
اَغَزَّ. الشَّجَرُ : درخت میں بہت اور سخت کانٹے ہونا۔ اَغَزَّتِ البَقَرَةُ : گائے پر وضع حمل کا دشوار ہونا۔
تَغَازَّ. القَوْمُ الشَّیْءَ : آپس میں جھگڑا کرنا۔
الــغُــزُّ : جبڑا۔ ترکوں کی ایک قوم۔ واحد (غُزِّیٌّ)
غَــزُرَ (ک) غَزْرًا وغَزَارَةً وغُزُرًا. الــمَــاءُ وغیــرہ : پانی وغیرہ کا کثیر ہونا۔
غَــزُرَتِ الــنَّاقَةُ : اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
تَــغَزَّرَ الرَّجُــلُ : زیادہ گوشت والا اور موٹا ہونا۔
غَازَرَ واسْتَغْزَرَ : زیادہ لینے کے لئے تھوڑا دینا۔
الغَزْرُ : مص۔ کھجور کے پتوں کی بکری۔
...... والغَزَارَة : کثرت۔
اَلْغَزَّارُ : باریک کانوں کا بورا جس سے تحریر کے لئے قلمیں بنائی جاتی ہیں۔
الغَزِیْرُ : ہر چیز کا بہت۔ ج غِزَار.
الغَزِیْرَة : مؤنث غزیر ...... مِنَ النُّوقِ : بہت دودھ والی اونٹنی ...... مِنَ العُیُوْنِ : بہت آنسوؤں والی آنکھ ...... مِنَ الآبَارِ والیَنَابِیْع : بہت پانی والے کنوئیں اور چشمے ج غِزَار.
المِغْزَار. مِنَ الإِبِلِ : بہت دودھ والی اونٹنی۔
مَــکَانٌ (مَغْزُوْرٌ) کثیر بارش سے سیراب شدہ۔
غَزَلَ (ض) غَزْلاً واغْتَزَلَ. الصُّوْفَ : اون کاتنا۔
غَزِلَ (س) غَزَلاً بِالنِّسَاءِ : عورتوں سے باتیں کرنا۔ عشق بازی کرنا۔ عورتوں کے حسن وجمال کی تعریف کرنا۔
غَــازَلَ. المَرْاَةَ : عورت سے بات کرنا اور پھسلانا۔ کہا جاتا ہے "غَازَلَ فُلَانٌ الاَرْبَعِیْنَ مِنَ الــعُــمُــرِ" یعنی فلاں چالیس سال کے قریب ہو گیا او "هُوَ یُغَازِلُ رَغَدًا مِنَ العَیْشِ" یعنی وہ نہایت آسودگی کی زندگی بسر کرتا ہے۔
اَغْزَلَت. الظَّبْیَةُ : ہرنی کا بچے والی ہونا...... المَرْاَةُ : عورت کا تکلہ گھمانا۔
تَغَزَّلَ. فُلَانٌ : بتکلف عشق بازی کرنا۔
تَــغَازَلَ القَوْمُ : بعض کا بعض سے عشق بازی کرنا۔
الغَزْل : مص۔ کاتا ہوا۔
الغَزَل : مص۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود۔
الغَزَال : ہرن کا بچہ۔ ج غِزْلَة وغِزْلاَنٌ. ثم
الغَزَال : نام ایک نباتات کا۔
الــغَزَالَة : غزال کا مؤنث۔ چڑھتے وقت کا سورج غَزَالَةُ الضحیٰ وغَزَالاتُہٗ : چاشت کی ابتداء۔
الــغَزِل : عورتوں سے بات کرنے والا۔ عشق بازی کرنے والا وہ شخص جو ہر چیز میں کمزور ہو۔
الغَازِلَة : کاتنے والی۔ ج غُزَّل وغَوَازِل۔
الغَزِیْل : عورتوں سے باتیں کرنے والا۔
الغَزَّال : بہت کاتنے والا۔
الاَغْزَل. غزل : کا اسم تفضیل۔
مِنَ الحُمّٰی : بار بار آنے والا بخار۔
الــمِغْزَل والــمَغْزَل والمُغْزَل : تکلہ ج مَغَازِل:
غَزَاہُ یَغْزُوْہُ غَزْوًا : طلب کرنا۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَرَفْتُ مَا یُغْزیٰ مِنْ هٰذَا الــکَلاَمِ" یعنی اس کلام کے مقصود کو میں نے جان لیا۔
غَــزْوًا وغَزَاوَةً وغَزَوَانًا. القَوْمَ : کسی قوم سے جنگ کے لئے چلنا۔ جہاد کے لئے نکلنا۔
غَــزّیٰ واَغْزَیٰ. فُلَانًا : جہاد کے لئے بھیجنا۔ سامان دینا۔ برانگیختہ کرنا...... ہٗ : مہلت دینا۔ مطالبہ کو مؤخر کر دینا۔
اِغْتَزَیٰ اِغْتِزَاءً. فُلَانًا : قصد کرنا...... بِہٖ : مخصوص کرنا۔
الغَزْوَة. غزا کا اسم مرۃ۔ ج غَزَوَات.

الغازي: قاتل ج غُزاة وغُزّی وغُزّ وغَزِيّ وغُزّاء: مؤنث غازية ج غوازٍ وغازيات۔
الغزاة: اسم ہے غزو کا ج غزوات۔
الغزوة: جس کا قصد کیا جائے۔ جس کو طلب کیا جائے۔
المغزی: جنگ کرنا۔ جنگ کرنے کی جگہ۔
مغزی الکلام: مقصد کلام۔ ج مغازٍ۔
المغازي: غازیوں کے مناقب۔ غازیوں کے افعال۔
امرأة (مُغزِيَة) عورت جس کا شوہر جہاد میں ہو۔ اتان او ناقة مُغزِيَة: دیر سے جننے والی گدھی یا اونٹنی۔
غسّ (ن) غسًّا. في البلاد: داخل ہونا ...... الكلام: کلام میں عیب لگانا ...... ه في الماء: پانی میں غوطہ دینا ...... الهِرّة: بلی کو ڈانٹنا اور غس کہنا۔
انغسّ. في الماء: پانی میں ڈوبنا۔
الغسّ: کمزور نالائق۔
غسر (ن) غسرًا. على الغريم: قرض دار پر سختی کرنا۔
تغسّر الغزل: کتے ہوئے سوت کا لپٹ جانا۔ الجھا ہوا ہونا ...... الأمر: ملتبس ہونا۔ مختلط ہونا۔ صفت (غَسِر)
الغسر: جس چیز کو ہوا اڑا کر تالاب میں ڈال دے۔
اغسف: تاریکی میں داخل ہونا۔
الغسف: تاریکی۔
غسق (ض) غسقًا وغسَقًا وغسقانًا واغسق. الليل: رات کا تاریک ہونا۔
اغسق الرجل: تاریکی میں داخل ہونا ...... المؤذن: موذن کا دیر میں مغرب کی اذان کہنا۔
غسق (ض) غسقًا وغسوقًا وغسِقًا (س) غسقانًا. الماء: پانی گرنا ...... الغيم: بارش ہونا ...... العين: آنکھ کا ڈبڈبانا اور تاریک ہونا۔
الغسق: اول شب کی تاریکی۔

الغاسق: فا۔ چاند۔ رات جبکہ تاریکی بڑھ جائے۔ گیہوں کی ایک قسم۔
الغَسّاق والغَسَاق: ٹھنڈا۔ بدبودار۔
غسل (ض) غَسلًا وغُسلًا. الشئ: پانی سے میل کچیل دور کرنا ...... ه: تکلیف دہ طریقہ سے مارنا۔ جماع کرنا۔
غسّل. الشئ: دھونے میں مبالغہ کرنا۔ بہت جماع کرنا۔
انغسل: دُھلنا ...... الشئ: بہنا۔
اغتسل: نہانا ...... بالطيب: خوشبو لگانا ...... الفرس: گھوڑے کو پسینہ آنا۔
الغَسل والغُسل: اسم ہے غسل سے۔
الغِسل والغُسل: ہاتھ منہ دھونے کی چیز جیسے صابن وغیرہ ج اغسال۔
الغِسلة والغَسول والغَسول: ہاتھ منہ دھونے کی چیز۔
الغُسالة. من الشئ: پانی جس سے دھویا جائے۔ دھونے سے جو پانی گرے۔ کپڑا جو دھویا جائے۔
الغسيل: نہلایا ہوا۔ ج غَسلی وغُسلاء۔ مؤنث غسيلة ج غسالٰی۔
الغاسول: صابون۔ اور ہر وہ چیز جس سے عموماً دھویا جائے۔ ایک پودہ کا نام ہے جس سے دھوتے ہیں۔
الغَسّال: اسم مبالغہ۔ مؤنث غَسّالة۔
المَغسَل والمَغسِل: غسل خانہ۔ ج مغاسل۔
المُغتسَل: غسل خانہ ج مُغتَسَلات۔
المُغتسِل: وہ پانی جس سے نہایا جائے۔
المِغسل: وہ چیز جس سے دھویا جائے۔
المَغسلة: وہ برتن جس میں کپڑے دھوئے جائیں۔
الغِسلين: دوزخیوں کے جسموں سے نکلنے والی پیپ۔
غَسلب. الشئ من فلان: کسی سے کسی چیز کو چھین لینا۔
غسم (ن) غسمًا واغسم. الليل:

رات کا تاریک ہونا۔ صفت (غاسم)
الغسم: سیاہی۔ تاریکی۔ خاکستری۔
الغسم والاغسام: آسمان میں بادل کے ٹکڑے۔
غسن (ن) غسنًا. الشئ: چبانا۔
غُسّان القلب وغسّانه: دل کے انتہائی گوشے۔ کہا جاتا ہے "علمت انّ ذلك من غسّان قلبك" میں نے جان لیا کہ یہ تمہارے دل کی گہرائی سے ہے۔
الغَسّان والغَيسان: جوانی کی تیزی اور کہا جاتا ہے "ما انت من غسّانه" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔
الغسّاني: بہت خوبصورت۔
الغُسنة والغُسناة: بالوں کا گچھا۔ ج غُسَن: غسنات وغُسنات۔
الاغسان: لوگوں کے اخلاق و عادات۔ پرانے کپڑے۔
الغيسانة: نرم و نازک عورت۔
غسا يغسو غسوًا وغسى يغسي غسيًا واغسى. الليل: رات کا تاریک ہونا۔
اغساه الليل: تاریکی ڈالنا۔
الغساة: کچی کھجوریں۔ ج غسوات
وغسی: شیخ (غاسی) پیر فانی۔
غشّه (ن) غشًّا وغششه: خلاف ضمیر ظاہر کرنا اور خلاف مصلحت کو مزین کرنا۔ دھوکا دینا۔
اغشّه: دھوکے میں ڈالنا۔ اغشّه عن حاجته: جلدی کرنا اور حاجت سے باز رکھنا۔
اغتشّ واستغشّ. الرجل: خیانت کا گمان کرنا۔ خائن سمجھنا۔
الغش: دھوکا۔ فریب۔ کینہ۔ خیانت۔ دل کی سیاہی۔ ترش روئی۔ ہر چیز کی کدورت۔
الغِشّ: دھوکا باز۔ ج غُشّون۔
الغاش: دھوکا باز ج غَشَشة وغُشّاش۔
الغشش: گدلا پانی۔
الغِشاش والغَشاش: تاریکی کا اول و آخر۔ قوم (غشاشة) دھوکہ باز لوگ۔

المَغْشُوْش: ملمع۔ غیر خالص۔ کہا جاتا ہے "لَبَنٌ مَغْشُوْشٌ" غیر خالص پانی ملا ہوا دودھ۔
غَشَمَهُ (ن ض) غَشْمًا تَغَشَّمَهُ: ظلم کرنا۔
غَشَمَ (ض) غَشْمًا الحَاطِبُ: لکڑی چننے والے کا رات کو لکڑی چننا اور بغیر سوچے بوجھے جو ہاتھ لگے اس کو کاٹنا۔
الغَاشِم والغَشُوْم والغَشَّام: ظالم۔ غاصب۔
المِغْشَم: خودرائے دلیر کہ جو چاہے کرے۔ ظالم۔
الغَشَمْشَم: بمعنی مِغْشَم: بہت ظلم کرنے والا۔
الغَشَمْشَمَة والغَشَمْشَمِيَّة: دلیری۔ جرأت۔
غَشْمَرَ غَشْمَرَةً. السَّيْلُ: سیلاب کا آنا ...... الرَّجُلُ: حق یا باطل میں خودرائی کرنا اور کوئی پروا نہ کرنا ...... الامْرَ: بے سوچے سمجھے کام کرنا ...... فُلانًا: ظلم کرنا۔
تَغَشْمَرَ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ فُلانًا: زبردستی لے لینا اور ظلم کرنا۔ تَغَشْمَرَ السَّيْلُ او الجَيْشُ: سیلاب یا لشکر کا آنا۔
الغَشْمَرَة: مص۔ آواز۔ ج غَشَامِر۔
الغَشْمَرِيَّة: ظلم۔
الغَشْمِيْر: سختی۔ زبردستی۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بالغَشْمِيْر" یعنی اس کو سختی سے لیا۔
غَشَا يَغْشُوْ غَشْوًا. فُلانًا: کسی کے پاس آنا۔
غَشِيَ (س) غَشَاوَةً. الامْرُ فُلانًا: مبتلا کر دینا۔
غَشَا. الفَرَسُ وغیرہ: سفید سر والا ہونا۔
غَشِيَ (س) غَشَيَانًا. فُلانًا: کسی کے پاس آنا ...... ه بالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَهُ وبِثَوْبِه: ڈھانپ لینا تاکہ نہ دکھائی دے نہ سنائی دے۔
الغَشْوَة والغَشَاوَة: دونوں میں غین کی تثلیث ہے۔ پردہ۔ الغَشْوَةُ: غشا کا اسم مرۃ۔
الاَغْشٰى. مِنَ الخَيْلِ وغَيْرِهَا: سارے جسم کے خلاف سفید سر والا گھوڑا۔ مؤنث غَشْوَاء۔
غَشِيَ يَغْشَى غَشْيًا وغِشَايَةً الاَمْرُ وفُلانًا: نازل ہونا۔ ڈھانکنا۔ غَشِيَ المَرْأَةَ: جماع کرنا ...... المَكَانَ: آنا ...... اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔
غُشِيَ عَلَيْهِ غَشْيًا وغُشْيًا وغَشَيَانًا: بے ہوشی طاری ہونا۔ صفت مفعولی مَغْشِيٌّ عَلَيْهِ۔
اَغْشَى. الاَمْرُ فُلانًا: نازل کرانا۔ ڈھکوانا ...... اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا ...... اللّٰه عَلٰى بَصَرِه: نگاہ پر پردہ ڈال دینا۔ اَغْشَانِي فُلانًا: فلاں کے پاس آنے کے لئے برانگیختہ کرنا۔
غَشَّى. الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: ڈھانکنا۔ غَشَّيْتُهُ الاَمْرَ: میں نے اس کو کام سے ڈھانک دیا۔
تغشّٰى. بِثَوْبِه: اپنے آپ کو ڈھانکنا۔ تغشى المرأة: جماع کرنا۔ تغشاه الامر: کام نے اس کو ڈھانک لیا۔
اِسْتَغْشَى. ثَوْبَهُ وبِثَوْبِه: اپنے آپ کو ڈھانک لینا۔
الغِشَاء: پردہ۔ ج اَغْشِيَة۔
الغِشَايَة والغُشَايَة والغِشْيَة: پردہ۔
الغَشْيَة والغَشْي والغُشْي والغَشَيَان: بے ہوشی۔ غشی۔
غَشَائِيَاتُ الاَجْنِحَة: پروں کے چار حصے والی کیڑے جن میں بھونرا اور بعض چیونٹی کی اقسام ہیں۔
الغَاشِيَة: مؤنث غَاشِي: پردہ۔ دل کا پردہ۔ ج غَوَاشٍ: مصیبت۔ قیامت۔ اندرونی بیماری کا نام۔ غَاشِيَةُ فُلانٍ: خدام۔ ملاقاتی۔ دوست احباب جو بار بار آئیں۔
الغِشْيَان: آنا۔
غَصَّ (س۔ن) غَصَصًا. بالطَّعَامِ والمَاءِ: کھانے یا پانی سے پھندا لگنا۔ اچھو لگنا۔ صفت (غَاصّ وغَصَّان) ...... المَكَانُ بِهِمْ: بھر جانا اور تنگ ہونا۔
غَضَّ (ن) غَصًّا. الشَّيْءَ: قطع کرنا۔
اَغَصَّهُ: اچھو لگوانا۔ کسی کے گلے میں پھندا لگوانا۔ کہا جاتا ہے "اغص علينا الارض" اس نے ہمارے اوپر زمین تنگ کر دی۔
اِغْتَصَّ. المَكَانُ بِهِمْ: تنگ ہونا۔
الغُصَّة: جس کا پھندا لگے۔ غم۔ اندوہ۔ ج غُصَص۔
غَصَبَهُ (ض) غَصْبًا عَلَى الشَّيْءِ: مجبور ہونا ...... الشَّيْءَ: زبردستی لے لینا ...... المَرْأَةَ: زنا بالجبر کرنا ...... الجِلْدَ: کھال سے بال اور اُون دور کرنا۔ صفت (غَاصِب) ج غَاصِبُوْن وغُصَّاب اور اس کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے غَصَبَهُ مَالَهُ اور کبھی مفعول اول میں من کی زیادتی ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "غَصَبْتُ مِنْهُ مَالَهُ"
اِغْتَصَبَ. الشَّيْءَ: ظلم و دوستی سے لینا ...... المَرْأَةَ: زنا بالجبر کرنا۔
غَاصَبَه: ہر ایک کا دوسرے سے چھیننا۔
الغَصْب: مص۔ چھینی ہوئی چیز۔
غَصَنَ (ض) غَصْنًا. الغُصْنَ: ٹہنی کو کاٹنا ٹہنی کو کھینچنا ...... الشَّيْءَ: لینا ...... ه عَنْ حَاجَتِه: پھیرنا منع کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا غَصَنَكَ عَنِّي" کس چیز نے تم کو مجھ سے باز رکھا۔
اَغْصَنَ وغَصَّنَ. العُنْقُودُ: بڑے دانوں والا ہونا۔ اَغْصَنَتِ الشَّجَرَةُ: درخت کا شاخ دار ہونا۔
الغُصْن: شاخ ج غُصُوْن واَغْصَان وغِصَنَة۔
الغُصْنَة: شاخ میں نکلی ہوئی چھوٹی ٹہنی [illegible]
(اَغْصَنُ) سفید دم کا بیل۔
غَضَّ (ن) غَضًّا وغَضَاضًا [illegible] وغَضَاضَةً. طَرْفَهُ ومِنْ طَرْفِه او صَوْتَه ومِنْ صَوْتِه: نگاہ یا آواز پست کرنا [illegible] ...... الغُصْنَ: شاخ کو بغیر جدا کئے [illegible]

توڑنا......الشَّیْءُ: نرم کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَا أَغْطِفُكَ بِدِرْهَمٍ" میں ایک درہم کو نہیں کروں گا...... مِنْ فُلَانٍ: کسی کا مرتبہ گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "غَضَّ بَصَرَہ" یعنی جس چیز کا دیکھنا جائز نہیں اس سے منع کیا۔ "غَضَّ طَرْفَهُ لِفُلَانٍ" فلاں کی وجہ سے مکروہ بات برداشت کر لی۔ "وغُضَّ لِي سَاعَةً" یعنی اپنی سواری کو تھوڑی دیر کے لئے روک لو اور ٹھہر جاؤ۔

غَضَّ (س ض) غَضَاضَةً وغُضُوضَةً النَّبَاتُ وغیرہ: نباتات کا تروتازہ ہونا۔ صفت (غَضٌّ) ج غِضَاض۔

غَضَّضَ: تروتازہ کو کھانا۔ تروتازہ و نرم و نازک ہونا۔ ذلت و خواری لاحق ہونا۔

اِنْغَضَّ الطَّرْفُ: نگاہ کا بند ہونا۔

تَغَاضَضَ عَنْهُ: غفلت برتنا۔

الغَضَاضُ والغُضَاضُ: سر کا اگلا حصہ یا چہرے یا اوپر کا حصہ۔

الغُضَّةُ: ذلت و نقصان ج غُضَض۔

الغَضِيضَةُ والغَضَاضَةُ ج غَضَائِض: ذلت و نقصان۔

المَغَضَّةُ ج مَغَاضُّ: ذلت و نقصان۔

الغَضُّ: مص۔ تروتازہ۔ نازک بدن۔ کہا جاتا ہے "شَبَابٌ غَضٌّ" یعنی تروتازہ نئی جوانی ج غِضَاض۔

الغَضِيضُ: تروتازہ۔ ناقص۔ ذلیل۔ طَرْفٌ غَضِيضٌ: پست نگاہ۔ ج أَغِضَّاء وأَغِضَّة: مؤنث غَضِيضَةٌ ج غَضَائِض۔

غَضِبَ (س) غَضَبًا ومَغْضَبَةً عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ صفت (غَضِبٌ وغَضُبٌ وغَضْبَانُ) مؤنث غَضْبَى وغَضُوبٌ وغَضْبَانَةٌ۔ ج غَضْبَى وغِضَاب وغَضَابَى وغُضَابَى اور کہا جاتا ہے "غَضِبَ لِفُلَانٍ" یعنی فلاں کے لئے غضبناک ہو گیا۔ "وغَضِبَ مِنْ لَا شَيْءٍ" یعنی بغیر کسی سبب کے غضبناک ہوا۔

أَغْضَبَهُ وغَاضَبَهُ مُغَاضَبَةً: غضب پر برانگیختہ کرنا۔ وغَاضَبَهُ: ایک کا دوسرے کو غصہ دلانا۔ غَاضَبَ فُلَانًا: ناراض کرنا۔ ایک دوسرے کو ناراض کرنا۔ اَغْضَبَتِ العَيْنُ: آنکھ کا تنکا وغیرہ نکال دینا۔

تَغَضَّبَ واسْتَغْضَبَ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔

الغَضْبَةُ: غضب کا اسم مرۃ۔ مچھلی کی کھال۔ سر کی کھال۔

الغِضَابُ والغُضَابُ: آنکھ کا تنکا۔

الغَضَابِيُّ: مکدر زندگی بسر کرنے والا۔

الغَضْبُ والغُضْبَةُ والغَضْبَةُ والغَضَبَةُ: غضبناک۔

غَضَرَهُ (ن ض) غَضْرًا اللّٰهُ: خوش حال کرنا۔ آسودہ حال بنانا۔ غَضَرَ الرَّجُلَ: کسی کو روکنا۔ منع کرنا...... الشَّيْءَ: کاٹنا۔

غَضِرَ (س) غَضَرًا وغَضَارَةً: آسودہ حال ہونا۔ بہت مال دار ہونا۔ اچھی زندگی والا ہونا۔ صفت (غَضِرٌ)

غَضَرَ (ض) غَضْرًا وتَغَضَّرَ عَنْهُ: تجاوز کرنا۔ پھر جانا۔ غَضَرَ عَلَيْهِ: مائل ہونا...... لِفُلَانٍ مِنْ مَالِهِ: مال میں سے کچھ دینا۔

اُغْتُضِرَ: جوان مرنا۔

الغَضَارُ: خالص چکنے والی مٹی۔ چکنے والی مٹی کا بنا ہوا پیالہ۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے رکھتے ہیں۔

الغَضَارَةُ: مص۔ نعمت۔ آسودہ زندگی۔ وسعت و آسودہ حالی۔ سبز رنگ کی ٹھیکری جو نظر بد سے بچنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ خالص مٹی۔ بڑا پیالہ۔ ج غَضَائِر۔

الغَضْرَاءُ مِنَ الأَرْضِ: پانی کے قریب کی عمدہ زمین۔ وہ زمین جس میں خالص مٹی ہو اور قطاۃ: ایک پرندہ ہے اس کو بھی غضراء کہتے ہیں۔ ج غَضَارِيُّ کہا جاتا ہے "هُمْ فِي غَضْرَاءَ مِنَ العَيْشِ" وہ لوگ آسودہ حالی اور خیر میں ہیں۔

الغَاضِرُ: فا۔ مانع۔ کھال جس کی دباغت اچھی ہوئی ہو۔ اپنی ضروریات کے لئے ترک کے جانے والا۔ مؤنث (غَاضِرَة)

الغَضِيرُ: نرم و نازک۔ سبز رنگ والا۔ ارض غَضِيرَةٌ: خالص مٹی والی زمین۔

المُغْضِرُ: صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مُغْضِرُون۔

المَغْضُورُ: صاحب نعمت و آسودہ حال۔ ج مَغْضُورُون ومَغَاضِير۔

الغُضْرُوفُ: بمعنی غُرْضُوف۔

غَضْغَضَ الماءَ: پانی کم کر دینا۔

...... وتَغَضْغَضَ الماءُ: پانی کم ہونا۔ پایاب ہونا۔

غَضَفَ (ض) غَضْفًا العُودَ: لکڑی توڑنا...... الكَلْبُ أُذُنَهُ: کتے کا اپنے کان کو ڈھیلا کرنا...... الوِسَادَةَ: تکیہ کو موڑنا۔ دوہرا کرنا (...... غُضُوفًا) آسودہ حال ہونا۔

غَضِفَ (س) غَضَفًا اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ غَضِفَتِ الأُذُنُ خِلْقَةً: ڈھیلا ہونا۔ صفت (غَضْفَاء) ج غُضْفٌ۔

غَضِفَ العَيْشُ: آسودہ ہونا۔ صفت (أَغْضَفُ وغَاضِفٌ)

أَغْضَفَ اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا۔ ...... السَّحَابُ: بادل کا چھا جانا اور آمادۂ بارش ہونا۔

غَضَّفَ الشَّيْءَ: لٹکانا۔

تَغَضَّفَتِ الجَارِيَةُ: لچکنا۔ نازو انداز سے چلنا...... الحَيَّةُ: کنڈلی مارنا اور کہا جاتا ہے "تَغَضَّفَتِ الدُّنْيَا عَلَيْهِ" دنیا اس کی طرف متوجہ اور مائل ہے۔ تَغَضَّفَ عَلَيْهِ اللَّيْلُ: رات کا آنا۔ البِئْرُ: کنوئیں کا منہدم ہونا۔

اِنْغَضَفَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا گرنا۔ اِنْغَضَفَتْ أُذُنُهُ: کان کا ٹوٹنا...... الضَّبَابُ: کہر کا تہہ بتہ ہونا...... القَوْمُ فِي الغُبَارِ: قوم کا غبار میں داخل ہونا۔

الغَاضِفُ: فا۔ خوش حال۔ خوش عیش۔ کتا جس کا کان آگے کو لٹکا ہوا ہو۔

الغَضَفُ: درخت خرما کے مانند ایک درخت واحد (غَضَفَة)

الغَضَنْفَرُ: شیر۔ سخت جسم والا مرد۔

الغضفة :سگ خوار کے مانند ایک پرندہ۔
الاغضف :لٹکے ہوئے کان کا کتا۔موٹے پیروں کا تیر۔تاریک رات۔غیش اغضف:خوش حال زندگی۔
غَضَنَهُ (ن ض) غَضْنًا. عَنْ كَذَا :منع کرنا۔روکنا...... النَّاقَةُ :اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا اور اسم (الغضان) ہے۔
اَغْضَنَ. السَّحَابُ :لگاتار بارش ہونا۔
اَغْضَنَتْ عَلَيْهِ الحُمّٰى :تیز بخار آنا اور ہمیشہ رہنا...... عَلَيْهِ اللَّيْلُ :رات کا تاریک ہونا۔
غَاضَنَ مُغَاضَنَةً. عَيْنَهُ :آنکھ کا جھپکانا...... المَرْأَةَ :آنکھ جھپکا کر عورت سے بات چیت کرنا۔
غَضَّنَ. الشَّيْءَ :موڑنا۔شکن ڈالنا۔
غَضَّنَتِ السَّمَاءُ :لگاتار برسنا...... النَّاقَةُ :اونٹنی کا ناتمام بچہ گرانا۔
تَغَضَّنَ :مڑنا۔شکن پڑنا۔
الغَضْنُ والغَضَنُ :کپڑے یا کھال کی شکن۔تھکن۔مشقت۔غَضَنُ العَيْنِ :آنکھ کی ظاہری کھال ج غُضُون. غُضُونُ الاُذُنِ :کان کی سلوٹ۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُو غُضُونٍ" پیشانی پر شکن والا آدمی "وَكَانَ الاَمْرُ فِي غُضُونِ ذٰلِكَ" یعنی اس کے درمیان میں۔
الغُضْنَةُ الغَضَنَةُ :باریک چھلکا جو چیچک والے کی جلد پر ہوتا ہے۔
الغَضِين :اونٹنی کا ناتمام بچہ۔
الاَغْضَنُ :خلقتاً تکبر یا عداوت کی وجہ سے آنکھ سمیٹنے والا۔
غَضَا يَغْضُو غَضْوًا. اللَّيْلُ :تاریک ہونا...... البَعِيرُ :اونٹ کا درخت غضا چرنا۔صفت (غَاضٍ)
غُضُوًّا :نعمت اور آسودہ حالت میں ہونا۔صفت (غَاضٍ) مؤنث (غَاضِيَةٌ) ج غَوَاضٍ.
غَضِيَ يَغْضَى غَضًى. البَعِيرُ :درخت غضا کے کھانے سے اونٹ کے پیٹ میں درد ہونا۔صفت (غَضٍ) مؤنث غَضِيَةٌ ج غَضَايَا غَضِيَتِ الاَرْضُ :بہت درخت والی ہونا۔
اَغْضَى اِغْضَاءً. اللَّيْلُ :رات کا تاریک ہونا۔صفت (غَاضٍ) خلاف قیاس۔اَغْضَى عَيْنَهُ :آنکھ بند کرنا۔عَلَى الاَمْرِ :خاموش رہنا۔صبر کرنا۔کہا جاتا ہے "اَغْضَى عَنْهُ طَرْفَهُ" اس سے اُس نے نگاہ پھیر لی۔و "اَغْضَى عَلَى القَذَى" اس نے صبر کیا اور معاف کر دیا۔
تَغَاضَى :آنکھیں بند کر لینا...... عَنْهُ :غفلت برتنا۔
الغَضَا :جھاؤ کا درخت جس کی لکڑی بہت سخت ہوتی ہے اور اس کی چنگاری دیر تک نہیں بجھتی۔واحد (غَضَاة) جھاڑی۔اَهْلُ الغَضَا :نجد کے رہنے والے۔
الغَاضِيَةُ. غَاضٍ :کا مؤنث۔تاریک۔روشن۔کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ غَاضِيَةٌ" یعنی تاریک رات "نَارٌ غَاضِيَةٌ" یعنی روشن آگ۔آگ ج غَوَاضٍ.
الغَضْيَاءُ. غَضًا :کے اُگنے کی جگہ۔اَرْض غَضْيَاءُ :بہت درخت غضا والی زمین۔
غَطَّ (ن ض) غَطًّا واَغَطَّ الشَّيْءَ فِي المَاءِ :پانی میں ڈبونا و غوطہ دینا۔
غَطَّ (ن) غَطًّا :سخت نچوڑنا۔
غَطَّ (ض) غَطِيطًا. النَّائِمُ :سونے والے کا خراٹے لینا۔البَعِيرُ :اونٹ کا بلبلانا۔
تَغَاطَّ. الرَّجُلَانِ فِي المَاءِ :ایک دوسرے کو پانی میں ڈبونا۔
اِنْغَطَّ فِي المَاءِ :پانی میں ڈوبنا۔
الغَطَاط :سگ خوار پرندے کی ایک قسم۔
والغُطَاط :صبح کی ابتداء۔
الغُطَيْطَةُ :تیز تلوار۔
غَطْرَسَ غَطْرَسَةً. عَلَى فُلَانٍ :تکبر کرنا...... الرَّجُلُ :اجنبی امر پر دست درازی کرنا...... بِالغِنَى :خود پسند ہونا...... ہٗ :غضبناک کرنا۔
تَغَطْرَسَ :ناز کرنا۔تکبر کرنا...... غضبناک ہونا۔بخل کرنا۔
الغِطْرِس :متکبر۔خود پسند۔ج غَطَارِس.
الغِطْرِيس :متکبر۔خود پسند۔ج غَطَارِيس.
غَطْرَشَ. اللَّيْلُ بَصَرَهُ :رات کا نگاہ کو تاریک کرنا...... بَصَرُهُ :لگاتار تاریک ہونا۔
الرَّجُلُ :بڑائی ظاہر کرنا۔
تَغَطْرَفَ :ناز و انداز سے چلنا۔تکبر کرنا۔
الغَطْرَفَةُ :تکبر۔
الغِطْرَاف والغِطْرِيف :سخی۔سردار۔خوش طبع جوان۔خوبصورت ج غَطَارِفَة وغَطَارِيف. الغِطْرِيف :باز کا بچہ بھی۔
الغُطْرُوف والغِطْرُوف :خوبصورت خوش طبع جوان۔
غَطَسَ (ض) غَطْسًا. فِي المَاءِ :پانی میں غوطہ کھانا...... ہٗ فِي المَاءِ :غوطہ دینا...... فِي الاِنَاءِ :برتن میں منہ لگا کے پینا۔
غَطَّسَهُ. فِي المَاءِ :پانی میں غوطہ دینا۔
تَغَاطَسُوا. فِي المَاءِ :پانی میں ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔تَغَاطَسَ الرَّجُلُ :غفلت برتنا۔
الغَاطِسُ. فا. لَيْلٌ غَاطِسٌ :تاریک رات۔
الغِطَاس عِنْدَ النَّصَارٰى :نصرانیوں کی ایک عید۔
الغَطَّاس :قعر دریا تک غوطہ لگانے والا۔ایک پرندہ جس کو غواص بھی کہتے ہیں۔
الغَطُوس :لڑائیوں میں پیش قدمی کرنے والا۔
المَغْطِس :غوطہ لگانے کی جگہ۔
المِغْطَس :بڑا برتن جس میں غوطہ لگائیں۔ج مَغَاطِس.
غَطَشَ (ض) غَطْشًا. اللَّيْلُ :رات کا تاریک ہونا۔صفت (غَاطِش وغَطْشَان)

اَلْغَطِيْسُ: عیسائیوں کے اصطباغ کا دن۔
غَطَشَ (ض) غَطْشًا وغَطْشَانًا: مرض یا بڑھاپے کی وجہ سے آہستہ آہستہ چلنا۔
غَطِشَ (س) غَطَشًا: کمزور نظر والا ہونا۔ صفت (اَغْطَش وغَطِش) مؤنث (غَطْشَاء وغَطِشَة) ج غُطْش وغَطِشَات.
اَغْطَشَ. اللَّيْلُ: رات تاریک ہونا۔
اللّٰهُ اللَّيْلَ: رات کو تاریک کرنا۔
تَغَطَّشَ. عَيْنُهٗ: نگاہ کمزور ہونا۔
تَغَاطَشَ. عَنْهُ: اندھا بننا، غفلت برتنا۔
اِغْطَاش: کمزور نظر والا ہونا۔
الغُطَاش: رات کی تاریکی۔
الغَطَش. فِي العَيْنِ: سیلانِ اشک کے ساتھ نظر کی کمزوری۔
فَــلَاةٌ (غَطْشَاء وغَطِيش وغَطْشَى) چٹیل میدان جس میں راستہ کا پتہ نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فَلاةٌ غَطْشَى و نَحْنُ كَرمَالِهَا غَطْشَى" چٹیل میدان تھا اور ہم اس میں اسی میدان کی ریت کے مانند پیاسے تھے۔
ليلة غطشاء: تاریک رات۔
غَطْغَطَتْ غَطْغَطَةً. القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا...... النَّوْمُ عَلَى فُلَانٍ: نیند کا غالب آنا ...... وتَغَطْغَطَ البَحْرُ: سمندر میں موجوں کا بلند ہونا۔ تَغَطْغَطَ الشَّيْءُ: بکھرنا، متفرق ہونا۔
الـغَـطَـاغِـط: بکری کے مادہ بچے، واحد (غُطْغُط).
الـغَطْغَطَة: مص۔ سنگ خوار کی آواز کے مانند نقل کرنا۔
غَطِفَ (س) غَطَفًا: پلکوں کا طویل ہونا اور مڑ جانا۔ صفت (اَغْطَف) مؤنث (غَطْفَاء) ج غُطْف.
الغَطَفُ: مص۔ وسعت عیش۔
الاَغْطَف. مِنَ العَيْشِ: آسودہ زندگی۔
الغِطَمُّ: بڑا سمندر۔ وسیع الاخلاق آدمی۔ جماعت کثیر۔

غَطْمَطَ. البَحْرُ: سمندر کا بلند موجوں والا ہونا...... القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ السَّيْلُ: آواز دینا۔
تَغَطْمَطَ. البَحْرُ: سمندر کا جوش مارنا اور موجوں کا بلند ہونا...... الصَّوْتُ: آواز کا گلوگیر ہونا۔
بَحْرٌ (غُطَامِط) بڑی موجوں والا سمندر۔
الغَطْمَطَم: بڑا سمندر۔
غَطَا يَغْطُو غَطْوًا وغُطُوًّا. الشَّيْءَ: چھپانا ...... المَاءُ وغَيْرُهٗ: بلند ہونا...... اللَّيْلُ: رات کی تاریکی کا سب چیزوں کو چھپا لینا۔
غَطَّى تَغْطِيَةً واَغْطَى اِغْطَاءً. الشَّيْءَ: چھپانا۔ اَغْطَى الكَرْمُ: پانی جاری ہونا اور بیل کا پھیلنا۔
تَغَطَّى واغْتَطَى: چھپنا۔
الغِطَاء: پردہ۔ سرپوش۔ ج اَغْطِيَة.
الغِطَايَة: عورت کی کرتی۔
غَطِيَ يَغْطَى غَطًى وغَطْيًا. اللَّيْلُ: رات کا تاریک ہونا...... الشَّبَابُ: جوانی کا بھرپور ہونا...... المَاءُ: پانی کا بہت ہونا۔ صفت (غَاطٍ) ...... الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: چھپانا۔ ...... واَغْطَى. الشَّجَرُ: درخت میں لمبی لمبی شاخوں کا ہونا۔ اَغْطَاهُ: چھپانا۔
الغَاطِيَة: مؤنث غَاطِي: انگور کی بیل۔
غَفَّ الطَّائِرُ: پرندے کا گرنا۔
اِغْتَفَّتْ وتَغَفَّفَتْ. الدَّابَّةُ: جانور کا موسم بہار کے چارہ پر پہنچنا۔ اِغْتَفَّتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چارہ پانا۔ اِغْتَفَّ فُلَانًا: تھوڑا دینا۔
تَغَفَّفَ. الاِنَاءَ او الضَّرْعَ: برتن یا تھن کے بقیہ کو لینا۔
الغَفّ: خشک شدہ پتے۔
الغُفَّة: چارہ جس کو اونٹ منہ سے جلدی لے سکے۔ گزارہ۔ غُفَّةُ الاِنَاءِ او الضَّرْعِ: برتن یا تھن کا بقیہ۔ الغُفَّة: چوہا۔
اِنْفَتَّ وتَفَتَّتَ: ٹوٹنا۔

الفَتُّ: مص۔ پتھر میں پھٹن۔ کہا جاتا ہے "هُمْ اَهْلُ بَيْتٍ فَتٍّ وفِتٍّ وفُتٍّ" یعنی وہ لوگ منتشر ہیں۔

الفَتَّة الفِتَّة: خشک مینگنیاں جو توڑی جائیں اور چقماق کے نیچے رکھ کر آگ روشن کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَا يُسَاوِيْ فَتَّةً" یعنی یہ مینگنی کے برابر نہیں۔ کھجوروں کا ڈھیر۔

الفُتَات: چورا۔

الــفَتِيْتَة: ریزہ ریزہ شدہ چیز کا ایک ٹکڑا ج فَتَائِت.

الفَتِيْت والفَتُوْت والمَفْتُوْت: چورا کیا ہوا۔

فَتَأَ (ف) فَتْأً. النَّارَ: آگ بجھانا۔ فَتَأَهٗ عَنِ الاَمْرِ: کسی کام سے روک دینا۔

فَتِئَ (س) فَتْأً عَنْهُ: رکنا۔ بھولنا۔ کہا جاتا ہے "مَا فَتَأَ (ف س) وما فَتِئَ (س) يفعل ذٰلِكَ": یعنی ہمیشہ یہ کرتا رہا اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور سوائے ماضی و مضارع کے دوسرے افعال کا استعمال نہیں۔

فَتَحَ (ف) فَتْحًا. البَابَ: دروازہ کھولنا۔

...... القَنَاةَ: پانی بہنے کے لئے نالی نکالنا۔

...... البِلَادَ: ملک پر غالب ہونا۔ مالک ہونا۔ فتح کرنا...... الحَاكِمُ بَيْنَ النَّاسِ: حاکم کا فیصلہ کرنا...... اللّٰهُ عَلَيْهِ: سکھلا دینا۔ پہنچا دینا...... سِرَّهٗ عَلٰى فُلَانٍ: کسی پر بھید ظاہر کر دینا۔

فَتْحًا وفَتَاحَةً. اللّٰهُ عَلٰى فُلَانٍ: مدد کرنا۔

فَتَّحَ: بمعنی فتح تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

تَفَتَّحَ: کھلنا...... فِي الكَلَامِ. بِالمَالِ عَلٰى فُلَانٍ: اظہار کرنا اور فخر کرنا۔ تَفَتَّحَتِ الاَكْمَةُ عَنِ الشَّيْءِ: کھل جانا۔ النَّوْرُ: کلیوں کا کھلنا۔ اِنْفَتَحَ: کھلنا۔ اِنْفَتَحَ عَنِ الشَّيْءِ: کھل جانا۔

فَاتَحَهٗ: فیصلہ کے لئے لے جانا۔ فَاتَحَهٗ بِالاَمْرِ: پہلے مخاطب کرنا۔ فَاتَحَ فُلَانًا: بھاؤ کرنا اور کچھ نہ دینا۔ فَاتَحَ البَيْعَ: بیع میں آسانی کرنا...... المَرْأَةَ: عورت سے جماع کرنا۔

تَفَاتَحَ. القَوْمُ كَلَامًا بَيْنَهُمْ: آپس میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔

اِفْتَتَحَ. البِلَادَ: ملک فتح کرنا۔ (...... واستفتح) الاَبْوَابَ: دروازے کھولنا...... الاَمْرَ بِكَذَا: شروع کرنا۔ اِسْتَفْتَحَ الرَّجُلَ: مدد طلب کرنا۔

الفَاتِح: فا۔ ج فَتَحَة وفَاتِحُوْن.

الــفَتْح: مص۔ مدد۔ روزی۔ دریاؤں کا جاری پانی۔ بہار کی پہلی بارش ج فُتُوْح.

يَوْمُ الفَتْحِ: قیامت کا دن۔ الفَتْحُ: زبر۔

الاِفْتِتَاحِيَّة: اداریہ اخبار۔ (ایڈیٹوریل)

الفُتُوْحَات: لڑائی سے جو ممالک فتح ہوں۔

الفَتْحَة: ایک مرتبہ کھولنا۔ زبر۔

الفَتَاحَة: مص۔ مدد۔

الفِتَاحَة والفُتَاحَة: دو دشمنوں کے درمیان فیصلہ۔ کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمَا فُتَاحَاتٌ" یعنی ان دو کے درمیان خصومتیں ہیں۔

الفُتُح: کھلا ہوا وسیع دروازہ۔ کھلی ہوئی وسیع شیئ۔

الفُتْحٰى: ہوا۔

الفُتْحَة: کشادگی۔ مال یا علم وادب پر ناز۔ ج فُتَح.

الفَاتِحَة. مِنَ الشَّيْءِ: ابتدا اور اسی سے ہے فَاتِحَةُ الكِتَابِ ج فَوَاتِح.

الفَتُوْح: بہار کی پہلی بارش ج فُتُح.

الفَتَاح والفِتَاح والفُتُوْحَة: حکومت۔

الفَتَّاح: اسم مبالغہ۔ حاکم۔ قاضی۔

الاِسْتِفْتَاح: مص اور حرف استفتاح: نحویوں کے نزدیک اَلَا ہے۔

المَفْتَح: خزانہ۔ دفینہ۔ ج مَفَاتِح.

المِفْتَح: کنجی۔ ج مَفَاتِح. المِفْتَح: پانی کی نالی۔

المِفْتَاح: کنجی۔ ج مَفَاتِيْح.

فَتِخَ (س) فَتَخًا: ڈھیلے نرم وکمزور جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْتَخ)

فَتَخَ (ف) فَتْخًا وفَتَّخَ. اَصَابِعَهٗ: انگلیوں کو مروڑنا اور نرم کرنا۔

اَفْتَخَ. الرَّجُلُ: تھکنا اور سانس پھولنا۔

تَفَتَّخَ: چھلا پہننا۔

الــفَتَخَة والــفَتْخَة: چھلا۔ بغیر نگینے کے انگوٹھی۔ نگینہ والی انگوٹھی کو خاتم کہتے ہیں۔ ج فَتَخ (فَتَخَات وفُتُوْخ وفِتَاخ. فُتُوْخُ الاَسَدِ) شیر کے پنجے۔

الاَفْتَخ: نرم وکمزور ڈھیلے جوڑوں والا۔ مؤنث فَتْخَاء ج فُتْخ. اَسَدٌ اَفْتَخُ: چوڑے ہاتھ پاؤں والا شیر۔ رَجُلٌ اَفْتَخُ الطَّرْفِ: کمزور نگاہ والا امرد۔

الفَتْخ والفَتَخَة: گٹے سے بازو تک کا باطنی حصہ۔

فَتَرَ (ن ض) فُتُوْرًا وفِتَارًا وتَفَتَّرَ: تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا۔ ...... المَاءُ: حرارت کم ہونا...... عَنِ العَمَلِ: کوتاہی کرنا۔

فَتْرًا وفُتُوْرًا جِسْمُهٗ: کمزور نرم جوڑوں والا ہونا۔

فَتْرَةً وفُتُوْرًا. الحَرُّ: کم ہونا۔

فَتَرَهٗ (ن ض) فَتْرًا: انگوٹھا اور انگشت شہادت کے درمیان ناپنا۔

فَتَّرَ: تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے بعد نرم پڑنا...... السَّحَابُ: ٹھہرنا اور آمادہ

بارش ہونا۔فَترَ: سکون ونرمی پر ہوا بجھ
کرنا۔فَتر الماءُ: گرم پانی کی حرارت کم
کرنا۔

اَفتَرَ: کمزور پلکوں والا ہونا......الشَّرابُ:
شراب کا مست کردینا......هُ الداءُ او
السُّکر: بیماری یا نشہ کا کسی کو ضعیف و کمزور کر
دینا۔
اِستَفتَرَ. الفَرَسُ: سواری چھوڑ دیے جانے
کی وجہ سے تھکن دور ہو کر آرام پانا۔
اَلفَاتُورَةُ: سامان خرید و فروخت کا تفصیلی بل
جس میں قیمت سامان اور حساب لکھا ہوتا
ہے۔(بیلنس شیٹ)
الفَترُ: کمزوری۔فتور۔
الفِترُ: انگشت شہادت اور انگوٹھا کے درمیان
کھلی ہوئی حالت میں۔
الفَترُ: آٹا چھاننے کے لئے کھجور کی چٹائی۔
الـفَترَةُ: سستی و کمزوری۔صلح۔بخار کے
دو باری کے درمیان کا زمانہ۔دو نبیوں کے
درمیان کا زمانہ۔ج فَترَات.
والفِترُ: ایک قسم کی مچھلی جس کے پکڑنے سے
کپکپی پیدا ہوتی ہے۔
الـفُتَار: مص۔بے ہوشی کی ابتدا ماءٌ.
فَتُوٌن: نیم گرم پانی۔
فَترَصَةٌ فَترَصَة: کاٹنا۔
فَتَشَ (ض) فَتشًا وفَتَّشَ. الشَّئ:
ڈھونڈنا۔تلاش کرنا۔فتش وفتش عنه:
سوال کرنا اور بحث کرنا۔
اَلمُفَتِّش: تفتیشی (انکوائری) افسر۔
اَلـفَتُوشُ: وہ کھانا جو روٹی کے ٹکڑوں، پیاز،
اجمور اور کھیرو وغیرہ سے تیار کر کے پھر اس پر
کھٹائی لگائی جاتی ہے۔
اَلفِتِّيشُ: راکٹ۔
الفَتَّاش: بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔
فَتَغَ (ف) فَتغًا الشَّئ: روند کر ریزہ ریزہ
کرنا۔
تَفَتَّغَ: ریزہ ریزہ ہونا۔
فَتَفَتَ اِلَيهِ فَتفَتَةً: چپکے چپکے بات کہنا۔کہا
جاتا ہے "مَاهٰذِهِ الفَتفَتَةُ والنَّبنَبَةُ".
الفَتافِت: پوشیدہ اقوال۔
فَتَقَ (ن ض) فَتقًا وفَتَّقَ. الشَّئ: پھاڑنا......
الثَّوبَ: کپڑے کی سیون توڑنا۔اُدھیڑنا......
المِسکَ: مشک کی خوشبو نکالنا۔
العَجِينَ: گندھے ہوئے آٹے میں خمیر
ڈالنا۔
......بَينَ القَومِ: اختلاف پیدا کرانا۔
الکَلامَ: واضح کہنا۔
فَتِقَ (س) فَتَقًا. المکان: سرسبز ہونا۔
اَفتَقَ. القَومُ: کھلے بادل پر جانا۔قَرنُ
الشَّمسِ: آفتاب کا بادلوں میں ظاہر ہونا۔
......السَّحَابُ: بادل کا کھل جانا......
الرَّجُلُ: مختلف مصائب و آفات والا ہونا۔
تَفَتَّقَ وانفَتَقَ: پھٹنا۔وانفَتَقَتِ المَاشِيَةُ:
مویشی کا موٹا ہونا۔تَفَتَّقَ فُلانٌ بالکَلامِ:
زبان کا رواں ہونا۔
الـفَتقُ: مص۔کشادہ جگہ۔کہا جاتا ہے
"خَرَجَ فُلانٌ اِلٰى فَتقٍ" فلاں ایسے مقام کی
طرف نکلا جہاں بارش نہیں اور اردگرد میں
بارش ہے ج فُتُوق: کہا جاتا ہے "عَامٌ ذُو
فُتُوقٍ" کم بارش کا سال۔سرسبزی۔قحط
سالی۔زندگی میں خلل۔
الفَتقُ والفَتَق: صبح۔
الفِتَاق: خمیر کا بڑا پیڑا۔آفتاب۔آفتاب کی
شعاع۔درخت خرما کی سفید جڑ۔دوائیوں کا
مرکب۔
الـفُتُوق: آفات جیسے مرض بھوک فقیری
تھوڑی بارش۔
الفَتِيقُ: موٹائی سے پھٹ پڑنے والا۔
الصُّبحُ الفَتِيقُ: چمکنے والی صبح۔رَجُلٌ فَتِيقُ
اللِّسَان: تیز زبان مرد۔
اِمرَأَةٌ (فُتُق ومُفَتَّقَةٌ) تیز زبان۔جلد
جواب دینے والی عورت۔
المَفتُوق: مفع فتق کی بیماری والا۔
الفَيتَق: دربان۔بڑھئی۔لوہار۔بادشاہ۔
مَفتَقُ القَمِيصِ: قمیص کا گریبان۔
الفَتقَاءُ: کشادہ شرمگاہ والی عورت۔
فَتَکَ (ن ض) فَتکًا وفِتکًا وفُتکًا
وفُتُوکًا. الرَّجُلُ: دلیر ہونا۔بہادر ہونا۔
نڈر ہونا۔
......بِفُلانٍ: غفلت میں پکڑنا یا قتل کرنا۔
...... فِي الاَمرِ: کسی کام میں اصرار کرنا۔
مبالغہ کرنا۔
فَتَکَ (ن ض) فُتُوکًا. فِي صَنَاعَةٍ: اپنے
پیشے میں ماہر ہونا......فِي الخُبثِ: خیانت
میں مبالغہ کرنا۔
فَتَّکَ. القُطنَ: روئی دھنا۔
اَفتَکَ. الرَّجُلُ: بمعنی فَتَکَ.
فَاتَکَهُ مُفَاتَکَةً: کھلم کھلا قتل کرنا۔فَاتَکَ
الشَّئَ والاَمرَ: کسی کام کو سختی سے کرنا......هُ:
ہنرمندی سے مقابلہ کرنا۔مانگی ہوئی قیمت
دینا۔
تَفَتَّکَ. بِاَمرِهِ: خودرائی سے کام کرنا اور
کسی سے مشورہ نہ کرنا۔
الفَاتِک: فا۔دلیر۔بہادر۔ج فُتَّاک کہا
جاتا ہے "هُوَ فَاتِکُ القَلبِ" یعنی وہ کر
گزرنے والا۔کہا جاتا ہے "مَا اَفتَکَهُ" یعنی
کس قدر جھگڑالو ہے۔
فَتَلَ (ض) فَتلًا وفَتَّلَ. الحَبلَ: رسی بٹنا۔
کہا جاتا ہے "فَتَلَ وَجهَهُ عَنهُم" یعنی ان
سے اپنے چہرے کو پھیر لیا۔"وفَتَلَ ذُؤابَةَ
فُلانٍ" یعنی اس کو رائے سے ہٹا دیا۔فَتَلَ
البُلبُلُ: چہچہانا اور مثال ہے "مَا زَالَ يَفتِلُ
مِن فُلانٍ فِي الذِّروَةِ والغَارِبِ" یعنی وہ
فلاں کے قریب دہی کے لئے چکر لگاتا
ہے۔
فَتِلَ (س) فَتَلًا: بعید پہلوؤں والا ہونا۔
صفت (افتل) مؤنث (فَتلاءُ)
تَفَتَّلَ وانفَتَلَ: رسی وغیرہ کا بٹ جانا۔
الفَتلَةُ. فتل: کا اسم مرۃ۔ہاتھ کے پٹھے کی
سختی۔بیری اور ببول کے دانہ رکھنے کا
برتن۔ج فَتَل.
الفَتلَة: درخت عرفط: اور عضاہ کا دانہ ج

فتل: کہا جاتا ہے "مَا اَغْنَى عَنْكَ فَتْلَةً او فَتَـلَةً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دوں گا۔

الفَتِيل: بٹا ہوا۔ مؤنث فَتِيلَةٌ: کھجور کی گٹھلی کے شگاف کی باریک بتی (...... والفَتِيلَةُ) بدن کے میل کی بتی جو بدن کے ملنے سے بنتی ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا اغْنَى عَنْكَ فَتِيلاً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہیں دے سکتا۔

الفَتِيْلَة: بتی۔ ج فَتَائِل وفَتِيْلات.

الفَتَّال: بہت بٹنے والا...... بلبل۔

المِفْتَل: بٹنے کا آلہ۔

المَفْتُوْل: مفع۔ مفتول الخلق: مضبوط اور گٹھا ہوا جسم والا۔

فَتَنَهُ (ض) فَتْنًا وفُتُوْنًا وفَتَّنه وافْتَنَهُ: تعجب میں ڈالنا۔ مائل کرنا۔ فریفتہ کرنا۔ فتنہ میں ڈالنا۔ فَتَنَ الرَّجُلُ: فتنہ میں پڑنا۔ (لازم و متعدی) صفت (فَاتِن) ج فُتَّان.

فَتَنَ (ض) فُتُوْنًا وفُتِنَ. اِلَى النِّسَاءِ: عورتوں سے بدکاری کا ارادہ کرنا۔

فَتَنَ (ض) فِتْنَةً ومَفْتُوْنًا فُلانًا: گمراہ کرنا۔ آزمائش کرنا۔

فَتْنًا. الشَّیْءُ: جلانا...... فُلانًا عَنْ رَأيِه: روک دینا۔ پھیر دینا۔

فِتْنَةً. الصَّائِغ الذَّهَبَ: سنار کا سونے کو پگھلا کر کھوٹا کھرا معلوم کرنا۔

فُتِنَ وافْتُتِنَ: مصیبت زدہ ہو کر مال یا عقل جاتی رہنا...... فِیْ دِیْنِه: اعراض کرنا۔

اِفْتَتَنَ: فتنہ میں پڑنا۔ اِفْتَتَنَهُ: فتنہ میں ڈالنا۔

تَفَتَّنَه: فتنہ میں ڈالنے کے لئے تکلف کرنا۔

الفَاتِن: فا۔ چور' شیطان' حق سے گمراہ کرنے والا۔

الـفَتْـنُ: مص۔ حال۔ قسم اور اسی سے ہے "الـعُـمُـرُ فَـتْـنَانِ" یعنی عمر کی دو قسمیں ہیں۔ اچھی اور بری۔

الـفِـتْـنَـة: مص۔ آزمائش۔ گمراہی و کفر رسوائی۔ رنج۔ دیوانگی۔ عبرت۔ عذاب۔ مرض۔ مال واولاد۔ اختلاف آراء و وقوع جنگ وجدال ج فِتَن.

الـفَتَّـان: بہت فتنہ انگیز۔ چور۔ شیطان۔ سنار۔ الفَتَّانَان: چاندی سونا۔

الفَتَّانَة: مؤنث۔ فتان: کسوٹی۔

الـفَتِيْن: پتھریلی زمین کہ جس کے پتھر جلے ہوئے ہوں جیسے ج فُتُن. ذَهَبٌ فَتِيْنٌ: جلا ہوا سونا۔

الفَتِيْن: بڑھئی۔

المَفْتُوْن: مص۔ مفع۔ دیوانہ۔ پاگل۔

فَتَا يَفْتُوْ فَتْوًا. الرَّجُلَ: سخاوت و جوانمردی میں غالب ہونا۔

فَتِيَ (س) فَتًى وتَفَتَّى تَفَتِّيًا: جوان ہونا۔

فُتِّيَ تَفْتِيَةً وتَفَتَّى تَفَتِّيًا. فُتِيت البنت وتفتت: پردہ نشینی کرنا۔ لڑکوں کے ساتھ کھیلنے سے رُکنا۔ تَفَتَّى الرَّجُلُ: صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمرد بننا۔ کہا جاتا ہے "اَبْرَزُ مِنْ شَيْخٍ يَتَفَتَّى".

اَفْتَى اِفْتَاءً. فُلانًا فِی الْمَسْأَلَةِ: فتویٰ دینا۔

فَاتَى. الرَّجُلَ: جوانمردی میں غالب ہونا۔ فتویٰ پوچھنا۔

تَـفَـاتَى: صاحب سخاوت ہونا۔ جوانمردی ظاہر کرنا۔ تَـفَـاتَـوْا اِلَى الـعَالِم: فتویٰ دریافت کرنے کے لئے جانا۔

اِسْتَفْتَى اسـتـفـتـاءً. العَالِم فِیْ مسـالة: فتویٰ طلب کرنا۔

الـفَتَاءُ والـفُتُوَّةُ: جوانی۔ الـفُتُوَّة: سخاوت کرم۔ مروت۔

الفُتْوى والفَتْوى والفُتْيا: شرعی مسائل میں ماہر شریعت کا فیصلہ ج الفَتَاوِی والفَتَاوی.

الـفَتَـی: نوجوان۔ سخی۔ غلام۔ اس کا تثنیہ فَتَوان وفَتَيَان: اور ج فِتْيَان وفِتْيَة وفُتُوَّة وفُتُوٌّ وفُتِّی وفِتِيٌّ.

الفَتَيَان: دن رات۔

الفَتَاة: نوجوان عورت۔ باندی۔ ج فتیات وفَتَوات.

الفَتِيُّ: ہر ایک جوان سال ج فِتَاءٌ واَفْتَاء: مؤنث فَتِيَّةٌ.

الفَتِيَّة: سفید پھول کی ایک قسم۔

الـمُـفْتِی: فا...... ماہر علم فقہ جو مسائل کا جواب دے۔

فَثَّ (ن) فَثًّا. القُفَّة: ٹوکری سے بکھیر دینا۔ الـحَـارَّ بِالبَارِدِ: ٹھنڈا کر دینا۔ جوش کم کر دینا۔

اِنْفَثَّ. العُوْدُ: لکڑی کا ٹوٹنا...... الرَّجُلُ: شکستہ دل ہونا۔

تَمرٌ (فَثٌّ) متفرق کھجور۔

المَفَثَّة: زیادتی کثرت۔

فَثَأَ (ف) فَثْأً وفُثُوْءًا. القِدْرَ: ہانڈی کا جوش ٹھنڈا کرنا...... الـغَضَبَ: غصہ کی تیزی کم کرنا...... الشَّیْءَ عَنْهُ: روکنا۔

اَفْثَأَ: تھکنا' سست ہونا...... بالمَكَان: اقامت کرنا (...... وانْفَثَأَ) الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا۔

فَثَجَ (ن) فَثْجًا. الشَّیْءَ: کم کرنا...... الـمَاءَ الـحَـارَّ بِالبَارِدِ: گرمی کم کرنا (...... وفَثِجَ وافْثَجَ وانْفَثَجَ) بوجھل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ بَـحْـرٌ لا يُـفْـثَـجُ" فلاں بحر نا پیدا کنار ہے۔

الفَاثِج: فا۔ حاملہ اونٹنی ج فَوَاثِج.

الفَاثُوْر: سنگ رخام کی میز۔ آفتاب کی ٹکیہ۔ فرش۔ بڑا پیالہ۔ شربا کا برتن۔ جاسوس۔

فَثَغَ (ف) فَثْغًا. رَاسَهٗ: پھوڑنا۔

فَجَّ (ن) فَجًّا. القَوْسَ: کمان کو کھینچنا...... مـابـين رجلـيه: کشادہ و بعید کرنا۔ فَجَّتِ النَّـاقَةُ لِلْحَلْبِ: اونٹنی کا دوہنے میں ٹانگیں پھیلانا۔

فَجِجَ (س) فَجَجًا: چلنے میں ٹانگوں کے درمیان کشادہ ہونا۔ صفت (اَفَجُّ) مؤنث (فَجَّاء) ج فُجّ.

اَفَجَّ. مَـابَيْـنَ رِجْلَيْهِ: کشادہ اور بعید کرنا۔ صفت (مُفِجٌّ) ...... فِـی الـمَشْـی: جلدی جلدی چلنا۔ درہ میں چلنا۔ اَفَـجَّ الأرْضَ بِالمِحْرَاثِ: ہل چلانا۔

تَفَاجَّ: ٹانگیں پھیلا کر چلنا۔

اِنْفَجَّتْ. القَوْسُ: کمان کا کھنچ جانا۔

اِفْتَجَّ. الرَّجُلُ: درّے میں چلنا۔
الفَجّ: درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔ ج فِجاج.
الـفُـجَـاج: درہ۔ دو پہاڑوں کے درمیان کشادہ راستہ۔
الفِجّ والفِجاجة. مِنَ الفَوَاكِه وغيرِهَا: کچا میوہ وغیرہ۔
الفُجّة: دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی۔ کہا جاتا ہے فُلانٌ يَـمْـشِـي (مُـفَاجًّا) یعنی فلاں ٹانگیں پھیلائے ہوئے چلتا ہے۔
الأَفْجِيج: کشادہ وادی۔ تنگ و گہرا۔
الـفَـجْـفَـج: کاہل و سست لوگ۔ ایسے لوگ جن کی صحبت کو ناپسند کیا جائے۔
فَـجَـأَ (ف) وفَـجِـئَ (س) فَـجْـأً وفَـجْـأَةً وفُـجَاءَةً وفَاجَأَ مُفَاجَأَةً وافْتَجَأَ افْتِجَاءً. الرَّجُلَ: اچانک آجانا۔ جلدی کرنا۔
الفُجَاءَة: مص۔ اچانک۔
حَـرْفُ (الـمُـفَـاجَـاة) لفظ اذا: ہے جیسے خَرَجْـتُ فَـإِذَا الأَسَـدُ بِالبَابِ: اور اس کو الفُجَائِيَه: بھی کہا جاتا ہے۔
فَجَرَ (ن) فَجْرًا. المَاءَ: پانی بہانا۔ جاری کرنا۔ القناةَ: نالی نکالنا۔
اللّٰهُ الفَجْرَ: فجر طلوع کرنا۔ فلانًا: جھٹلانا۔ نافرمانی کرنا۔ مخالفت کرنا۔
فَجَرَ (ن) فُجُورًا. عَنِ الحَقِّ: تجاوز کرنا۔ عَنْ سَرْجِه: زین سے ایک طرف کو جھک جانا۔
فَـجَرَ (ن) فَـجْـرًا وفُجُورًا: جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ گناہ کرنا۔ کمزور نگاہ والا ہونا...... أَمْرُهُمْ: بگڑنا۔ خراب ہونا۔ ......مِنْ مَرَضِه: صحیح و تندرست ہونا۔
فَجِرَ (س) فَجَرًا: فیاضی کرنا۔
فَـجَّرَ. المَاءَ: پانی بہانا جاری کرنا۔ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔ الـرَّجُـلَ: بدکاری کی طرف نسبت کرنا۔
فَاجَرَ فِجَارًا ومُفَاجَرَةً. المَرْأَةَ: زنا کرنا۔
أَفْجَرَ: جھوٹ بولنا۔ زنا کرنا۔ کفر کرنا۔ حق سے تجاوز کرنا۔ فجر میں داخل ہونا۔ مال کثیر لانا۔ ......اليَنْبُوعَ: چشمہ جاری کرنا۔ ......فلانًا: فاجر پانا۔
اِنْـفَـجَرَ. عَـلَيْهِمُ العَدُوُّ: دشمنوں کی طرف سے بکثرت آجانا۔
......وتَفَجَّرَ. المَاءُ: پانی کا جاری ہونا۔ ......الصبح: صبح کا روشن ہونا...... بالعطاء: فیاضی کرنا۔ اِنْـفَـجَرَ عَنْهُ اللَّيْلُ: رات کا ختم ہونا۔
اِفْتَـجَـرَ. فِيْ الكَلامِ: گھڑنا۔ بناوٹی بات کہنا۔
تَفَاجَرَ. القَوْمُ: گناہوں میں منہمک ہونا۔
الـفَـجَـر: بخشش۔ عطیہ۔ بھلائی۔ مال و کثرت مال۔ الفَجْر: مص۔ صبح کی روشنی۔ کہا جاتا ہے "طَـرِيْـقٌ فَـجْـرٌ" یعنی کھلا ہوا صاف راستہ۔
الفَـجْـرَةُ. فَجْر: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "رَكِـبَ فَـجْرَةَ" وہ جھوٹ پر سوار ہوا یعنی جھوٹی بات بنائی اور یہ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
الفُـجْـرَة. مِنَ الوَادِي: وادی کا وسیع حصہ جس میں پانی بہہ رہا ہو۔ ج فُجَرٌ.
الـفُجْرَة والمَفْجَرَة والمُنْفَجَر: پانی بہنے کی جگہ۔ مُـنْـفَـجَـر الرَّمْلِ: ریگستان میں راستہ۔
فَـجَـارِ. الفجور: کا اسم ہے اور معرفہ ہے جیسے "فَحَمَلْتُ بَرَّةَ واحْتَمَلْتِ فَجَارِ" اور عورت کے لئے بھی فَـجَـارِ: بمعنی فاجرہ آتا ہے اور صرف ندا ہی کی صورت میں استعمال ہوتا ہے۔
الفِـجَـار: کشادہ راستے جو دو پہاڑوں کے درمیان ہوں۔
الـفَـاجِـر: فا۔ زانی۔ گناہوں کا تابعدار۔ جادوگر ج فَاجِرُوْن وفَجَرَةٌ وفُجَّار.
الفَاجِرَة: مؤنث فَاجِر: کہا جاتا ہے "يَمِيْنٌ فَاجِرَةٌ" یعنی جھوٹی قسم۔
الفُجُور: مص۔ زنا...... گناہوں میں منہمک...... ج فُجُر.
الفَاجُوْر: زناکار۔ گناہوں میں منہمک۔
فَجَزَ (ن) فَجْزًا: تکبر کرنا۔
فَـجَـسَ (س) فَـجْـسًـا: تکبر کرنا۔ شرارت گھڑنا...... فلانًا: غالب آنا۔
أَفْجَسَ: باطل پر فخر کرنا۔
تَفَجَّسَ. عَلَيْهِ: تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا۔
فَجَشَ (ن) فَجْشًا: سر توڑنا۔ چوڑا بنانا۔
فَجَعَهُ (ف) فَـجْعًا وفَجَّعَهُ: دردمند کرنا۔ مصیبت زدہ بنانا۔ کہا جاتا ہے "فُـجِـعَ فِيْ مَالِه وبِمَالِه" اس کو مال کی وجہ سے مصیبت لاحق ہوئی۔
أَفْجَعَتْه. المُصِيبَةُ: مصیبت زدہ کرنا۔
تَفَجَّعَ: دردمند ہونا۔ صلہ اس کا لام ہے۔
الـفَـاجِـع: فا۔ بڑا غم جو انسان کو لاحق ہو۔ جدائی کا کوا۔ کہا جاتا ہے "اِمْـرَأَةٌ فَاجِعٌ" دردمند عورت۔ رَجُـلٌ (فَـاجِعٌ ومُتَفَجِّعٌ) دردمند مصیبت زدہ مرد۔ حسرت و افسوس کرنے والا مرد۔
مَـوْتٌ فَاجِعٌ وفَجُوْعٌ: مصیبت لانے والی موت۔
الفَاجِعَة: مصیبت ج فَوَاجِع.
الفَجِيْعَة: مصیبت ج فَجَائِع.
فَـجَلَ (ن) فَـجْلاً وفَـجِـلَ (س) فَجَلاً. الشَّيْءُ: ڈھیلا اور موٹا ہونا۔
فَجَّلَ. الشَّيْءَ: چوڑا کرنا۔
اِفْتَجَلَ. الأَمْرَ: ایجاد کرنا۔
الفَاجِل: فا۔ جواری۔
الفُجْلُ والفُجُلُ: مولی۔ واحد فُجْلَة.
الفَجَّال: مولی بیچنے والا۔
الأَفْـجَـل: وہ شخص جس کے دونوں قدموں کے درمیان دوری ہو۔
فَـجِـمَ (س) فَـجَـمًـا: موٹے جبڑے والا ہونا۔ صفت (أَفْجَم)
تَـفَـجَّـمَ وانْفَجَمَ. الوَادِي: وادی کا کشادہ ہونا۔ فَـجْمَةُ. الوَادِي وفُجْمَتُهُ: وادی کی کشادہ جگہ۔

اَفْجَن: سداب کھانے کی مداومت کرنا۔
الفَیْجَن: سداب (ایک قسم کی گھاس)
فَجَا یَفْجُو فَجْوًا۔ البَابَ: دروازہ کھولنا ...... القَوسَ: کمان کھینچنا۔
فَجِیَ یَفْجَی فَجًا: پنڈلیوں یا پیروں کے درمیان دوری کرنا۔ صفت (اَفْجَی) مؤنث فجواء فجیت القوس: کمان کا کھنچا ہوا ہونا۔ النَاقَة: اونٹنی کا بڑے پیٹ والی ہونا۔
تَفَاجَی: کشادہ جگہ ہونا۔
اِنْفَجَی۔ البَابُ: دروازہ کھلنا ...... القَوْمُ عَنْ فُلَانٍ: علیحدہ ہونا۔ ہٹ جانا۔ القَوْسُ: کمان کھنچ جانا۔
الفَجْوَةُ: دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ مکان کا میدان۔ صحن۔ کشادہ جگہ۔ ج فَجَوَات وفِجَاء۔
الفَجْوَاءُ: مؤنث اَفْجَی: کشادہ زمین۔
فَجِیَ یَفْجَی فَجًی: بمعنی فَجِی الوَادِی۔
فَجَّی تَفْجِیَةً۔ الشَّیْءَ: ظاہر کرنا۔ ننگا کرنا۔ الشَّیْءُ عَنْهُ: دور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔
اَفْجَی اِفْجَاءً۔ الرَّجُلُ: بال بچوں پر خرچ میں وسعت کرنا۔
فَحَّ (ن ض) فَحًّا وفَحِیحًا وتَفْحَاحًا النَّائِمُ: سونے والے کا خراٹے لینا ......
الاَفْعَی: سانپ کا پھنکارنا۔
فَحَّةُ الفِلْفِلِ: مرچ کی تیزی۔
الفُحْفُح: پھنکارنے والے سانپ۔
الفَحِیحُ: مص۔ فحیح الافعی: سانپ کے منہ کی آواز۔
فَحَجَ (ف) فَحْجًا: تکبر کرنا۔
فَحِجَ (س) فَحْجًا وفَحَجَةً وفَحَجَ فِی مِشْیَتِهِ: قدم کے اگلے حصہ کو قریب اور ایڑیوں کو دور کرنا۔ صفت (اَفْحَج) فَحَّجَ رِجْلَیْهِ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اَفْحَجَ عَنِ الاَمْرِ: رکنا۔ ہٹ جانا۔
تَفَحَّجَ۔ الرَّجُلُ: ٹانگوں کو پھیلانا۔
اِنْفَحَجَتْ سَاقَاهُ: کشادہ و بعید ہونا۔

فَحَسَ (ف) فَحْسًا۔ الشَّیْءَ: مِنَ الْمَاءِ وغیرہ: ہاتھ میں لے کر زبان سے چاٹنا۔ جوں کو ہاتھ سے ملنا۔
تَفَحَّسَ۔ فِی مِشْیَتِهِ: ناز سے چلنا۔
فَحُشَ (ک) فُحْشًا وفَحَاشَةً الاَمْرُ: برا ہونا۔ فَحُشَتِ الْمَرْأَةُ: قبیح ہونا اور بوڑھی ہونا۔
فَحَشَ بِهِ: طعن و تشنیع کرنا۔
اَفْحَشَ وتَفَاحَشَ: بری بات کہنا۔ بری بات کرنا۔ اَفْحَشَ الرَّجُلُ: بخل کرنا۔
تَفَاحَشَ الاَمْرُ: قباحت میں زیادہ ہونا۔
تَفَحَّشَ۔ عَلَیْهِمْ بِلِسَانِهِ: بدکلامی کرنا۔ گالی سنانا۔
الفَاحِشُ: قبیح۔ بدخلق۔ بہت بخیل۔ ہر وہ چیز جو حد سے بڑھ جائے۔ کہا جاتا ہے غَبْنٌ فَاحِشٌ: جبکہ اتنا زیادہ نقصان ہو جائے جو عادتاً برداشت نہ کیا جا سکتا ہو۔ رَجُلٌ فَاحِشٌ: یعنی قول یا جواب میں حد سے گزرنے والا۔ مؤنث فَاحِشَة۔
الفَاحِشَةُ: زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ ج فَوَاحِش۔
الفَحْشَاءُ: زنا۔ بہت سخت قبیح گناہ۔
الفَحَّاش: فاحش کا اسم مبالغہ مؤنث فَحَّاشَة۔
الفُحْش: مص۔ قبیح قول یا فعل۔
المُتَفَحِّش: بدزبان۔ بے حیا۔
فَحَصَ (ف) فَحْصًا۔ عَنْهُ: تفتیش کرنا۔ کھود کرید کرنا ...... المَطَرُ التُّرَابَ: بارش کا مٹی کو الٹ پلٹ دینا ...... التُّرَابَ: کھودنا ...... بِرِجْلِهِ: پاؤں سے کھودنا۔ الظَّبْیُ: ہرن کا تیز دوڑنا ...... لِلخُبْزَةِ: روٹی کے لئے آگ میں جگہ بنانا۔
فَاحَصَهُ فِحَاصًا ومُفَاحَصَةً: ایک دوسرے کے عیوب اور بھیدوں کی تلاش و جستجو کرنا۔
فَحَّصَهُ وافْحَصَهُ۔ عَنْهُ: دور کرنا۔
تَفَحَّصَ وافْتَحَصَ۔ عَنْهُ: کھود کرید کرنا۔
الفَحْصُ: مص امتحان۔ سیر رہنے کی جگہ۔ ج الفُحُوص۔
الفَحْصَةُ۔ فحص: کا اسم مرة۔ چاہ زنخدان۔
الفَحِیص: ساتھی کے عیب اور بھید کی ٹوہ میں رہنے والا۔
الفَحَّاص: بہت تلاش و جستجو کرنے والا۔
المَفْحَص: گڑھا جو سنگ خوار نے انڈے دینے کے لئے بنایا ہو ج مَفَاحِص کہا جاتا ہے لَیْسَ لَهُ مَفْحَصُ قَطَاةٍ۔
الاُفْحُوص: بمعنی مفحص ج اَفَاحِیص۔
فَحَضَ (ف) فَحْضًا: توڑنا۔ اکثر اس کا استعمال تر چیز کے لئے آتا ہے جیسے ککڑی وغیرہ۔
فَحْفَحَ: خراٹے لینا۔ آواز پڑ جانا۔
الفَحْفَاح: وہ شخص جس کی آواز بیٹھ گئی ہو۔ بہت بولنے والا۔ مؤنث فَحْفَاحَة۔
اَرْضٌ (فَحْقٌ) کشادہ زمین۔
اِنْفَحَقَ: کشادہ ہونا۔
فَحَلَ (ف) فَحْلًا واَفْحَلَ۔ اِبِلَهُ فَحْلًا کَرِیمًا: عمدہ سانڈ جفتی کے لئے ڈھونڈنا۔
تَفَحَّلَ: سانڈ کے مشابہ ہونا ...... الشَّجَرُ: درخت کا بے پھل ہونا۔
اِسْتَفْحَلَ۔ الاَمْرُ: بڑا ہونا۔ اِسْتَفْحَلَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما کا نر کھجور جیسا ہونا۔
الفَحْل: سانڈ۔ نر ہر حیوان کا۔ ج فُحُول واَفْحُل وفِحَال وفِحَالَة وفُحُولَة فُحُول الشُّعَرَاءِ: فضیلت رکھنے والے شعراء۔ ہجو کرنے میں غالب ہونے والے شعراء۔
الفَحْل والفُحَّال: نر کھجور ج فَحَاحِیل۔
الفَحْلَةُ مِنَ النِّسَاءِ: تیز زبان عورت۔ ایسے اخلاق والی جو جنس عورت کے لائق نہ ہو۔
الفِحْلَةُ والفُحُولَةُ والفِحَالَةُ: مردانگی۔
الفَحِیل: بمعنی فحل: صاحب مردی۔ الفَحِیل: شریف۔
فَحَمَ (ف) فَحْمًا: جواب سے بند ہو کر [illegible] ہونا۔

فَحَمَتْ (ن) فُحُوْتًا. البِئْرُ: پانی ختم ہو جانا۔

فَحِمَ (س) وفُحِمَ فَحْمًا وفَحَامًا وفُحُوْمًا وأَفْحَمَ. الصَّبِي: بچے کا روتے روتے آواز بند ہونا۔

فَحُمَ (ک) فُحُوْمًا وفُحُوْمَةً: کالا ہونا۔

فَحَّمَ. الشَّيْءُ: کالا کرنا۔

أَفْحَمَهٗ: دلیل دے کر خاموش کر دینا۔ کہا جاتا ہے "هَاجَاهُ فَأَفْحَمَهٗ و" وَجَدَهٗ مُفْحَمًا" یعنی اس کی ہجو کی اور خاموش کر دیا یا خاموش پایا یعنی وہ شعر کہنے پر قادر نہیں تھا ...... أَفْحَمَ الرَّجُلُ: عشاء کے وقت کی تاریکی میں داخل ہونا ...... أُفْحِمَ الشَّاعِرُ: غم نے شعر کہنے سے منع کر دیا۔

الفَحْم والفَحَم والفَحِيْم: کوئلہ۔

الفَحْمَة: کوئلے کا ٹکڑا۔ فحمة الليل: سخت تاریکی ج فِحَام وفُحُوْم.

الفُحُوْمَة: سیاہی۔

الفَحَّام: کوئلہ بیچنے والا۔ ج فَحَّامَة.

الفَحُوْم: جواب نہ دے سکنے والا۔

الفَاحِم: قا۔ مَاءٌ فَاحِمٌ: ٹھہرا ہوا پانی۔

الفَاحِم والفَحِيْم: کالا۔

المُفْحِم: قا۔ جواب مفحم: خاموش کر دینے والا جواب۔

المُفْحَم: مقفع لاجواب۔ شعر نہ کہہ سکنے والا۔

المَفْحَمَة: کوئلہ کی جگہ۔

فَحَا يَفْحُوْ فَحْوًا وفَحْيٌ. بِكَلَامِهٖ إِلٰى كَذَا: اپنے کلام سے کسی مضمون کی طرف اشارہ کرنا۔

الفَحَا والفِحَي: مسالہ یا خشک مسالہ ج أَفْحَاء.

الفَحْوَى والفَحْوَاء والفُحْوَاء. مِنَ الكَلَامِ: مضمون کلام ج فَحَاوٍ.

فَحُثَ (ض) فَخًّا وفَخْعَةً وفَخَخًا رِجْلَاهُ: ٹانگوں کا کمزور ہونا۔ صفت (أَفَخُّ) مؤنث فَخَّاء ج فُخّ.

فَخَّ (ن) فَخًّا وفَخِيْخًا انْفَخَّ. النَّائِمُ: خراٹے لینا۔ فخت الافعی: سانپ کا پھنکارنا ...... الرَّائِحَة: خوشبو کا بھڑکنا۔

الفَخّ: جال۔ ج فِخَاخ وفُخُوْخ: کہا جاتا ہے "وَثَبَ فُلَانٌ مِنْ فَخِّ الشَّيْطَانِ" یعنی توبہ کرلیا۔

الفَخَّة: خراٹے لینے والے کی نیند۔ گندی عورت۔

فَخَتَ (ف) فَخْتًا. السَّقْفَ: چھت میں سوراخ کرنا ...... رَأْسَهٗ بِالسَّيْفِ: سر پر تلوار مارنا ...... الشَّيْءَ: کاٹنا ...... الإِنَاءَ: برتن کھولنا۔ فَخَتَ الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔

فَخَتَتِ. الفَاخِتَة: فاختہ کا کوکو کرنا۔

تَفَخَّتَ: فاختہ کی چال چلنا۔ تعجب کرنا۔

اِنْفَخَتَ. السَّقْفُ: چھت کا سوراخ دار ہونا۔

الفَخْت: مص۔ جال۔ چھت میں گول سوراخ چاند کی روشنی یا اس کا سایہ۔

الفَاخِتَة: فاختہ۔ ج فَوَاخِت.

فَخَجَ (ف) فَخْجًا. الرَّجُلُ: تکبر کرنا۔ ...... فُلَانًا وبِهٖ: ڈینگ مارنا اور بڑائی ظاہر کرنا۔

فَخِجَ (س) فَخَجًا: جدا جدا رانوں والا ہونا۔ صفت (أَفْخَج)

فَخَذَهٗ (ف) فَخْذًا: ران پر مارنا۔ ران کو توڑنا۔ فُخِذَ: اس کی ران ٹوٹ گئی۔

فَخَّذ. قَوْمَهٗ: قبیلے قبیلے کو پکارنا۔ بَيْنَهُمْ: جدا جدا کرنا ...... القَوْمَ عَنْ فُلَانٍ: مدد نہ دینا ...... فُلَانًا: قبیلہ سے بھگا دینا۔

تَفَخَّذ: معاملہ سے ہٹ جانا۔ تَفَخَّذَهٗ: کسی کی ران پر ران رکھنا۔

اِسْتَفْخَذَ: جھک جانا۔ مطیع ہو جانا۔

الفَخْذ الفِخْذ والفَخِذ: ران کلمہ مؤنث ہے ج أَفْخَاذ.

الفَخْذ: قبیلہ ج أَفْخَاذ: یہ کلمہ مذکر ہے۔

فَخَرَ (ف) فَخْرًا وفَخَرًا وفَخَارًا وفَخَارَةً وفِخِيْرَى فِخِّيْرَاءُ وافْتَخَرَ: فخر کرنا۔

فَخَرَهٗ: فخر کرنے میں غالب ہونا۔

فَخَرَهٗ (ف) وفَخَّرَهٗ وأَفْخَرَهٗ. عَلٰى فُلَانٍ: فخر کرنے میں فضیلت دینا۔

فَخِرَمِنْهُ (س) فَخَرًا وتَفَخَّرَ: ننگ سمجھنا۔ ناک چڑھانا۔ تکبر کرنا۔

فَاخَرَهٗ فِخَارًا ومُفَاخَرَةً: فخر کرنے میں غالب ہونا۔

تَفَاخَرَ. القَوْمُ: بعض کا بعض پر فخر کرنا۔ ہر ایک کا دوسرے کے مفاخر پر فخر کرنا۔

اِسْتَفْخَرَ. الشَّي: قابلِ فخر سمجھنا۔ قابلِ فخر بنانا۔

الفَخْر والفَخَر: مص فضیلت بڑائی۔

الفَخْرَة: فخر۔

الفَاخِر: ہر چیز میں کا عمدہ۔

الفِخِّيْر والفِخِّيْرَة: بہت فخر کرنے والا تا مبالغہ کے لئے ہے۔

الفَخُوْر والفَخِيْر: فخر کرنے والا الفَخِيْر: فخر کرنے میں مغلوب۔

الفَخَّار: ٹھیکری۔ پکی ہوئی مٹی۔ واحد (فَخَّارَة)

الفَخَّارِی: ٹھیکری بیچنے والا کمہار۔

الفَاخُوْر: ایک قسم کا پھول ج فَيَاخِيْر.

المَفْخَرَة والمَفْخُرَة: افعالِ حمیدہ۔ وہ چیز جس پر فخر کیا جائے۔ ج مَفَاخِر.

فَخَزَ (ف) وفَخِزَ (س) فَخْزًا وفَخَزًا وتَفَخَّزَ: تکبر کرنا۔ بڑائی ظاہر کرنا۔

الفَخْز: مص۔ فضیلت۔

فَخَشَ (ف) فَخْشًا. الأَمْرَ: ضائع کرنا۔

فَخْفَخَ فَخْفَخَةً. الرَّجُلُ: لغو و باطل کرنا۔

الفَخْفَخَةُ: مص۔ کاغذ یا نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ۔

تَفَخَّلَ: حلم و وقار ظاہر کرنا۔ عمدہ کپڑے پہننا۔

فَخُمَ (ک) فَخَامَةً: موٹا ہونا۔ عظیم المرتبہ ہونا۔

فَخَّمَهٗ: تعظیم کرنا۔ فَخَّمَ الحُرُوْفَ فِي اللَّفْظِ: حروف کو پڑھنا۔

الفخم: عظیم الرتبہ...... مِنَ المَنْطِقِ: درست بات۔
الفُخْمِیَّۃ: بڑائی۔ برتری۔ الاَفْخَم: اعظم۔ بڑے مرتبہ والا۔
فَدَّ (ض) فَدِیْدًا. الرَّجُلُ: آواز بلند کرنا۔ دوڑنا...... الطَّائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑانا۔ فدت الابل: اونٹ کا زمین کو کھروں سے روندنا۔
فَدَّدَ: خرید و فروخت میں چلانا۔ تکبر و غرور سے چلنا۔
الفَدَّاد: متکبر۔ بہت چلانے والا۔ بہت روندنے والا۔ سینکڑوں سے ہزار تک اونٹوں کا مالک ج فَدَّادُون. الفَدَّادُوْن: چرواہے۔ اونٹ والے۔ گائے بیل والے کاشتکار اور ان کے علاوہ جن کی آواز کھیتی باڑی اور مویشی میں بلند ہوتی ہے۔
الفَدَّادَۃ: مؤنث۔ فَدَّاد: مینڈک۔ بزدل۔
فَدَحَہُ (ف) فَدْحًا. الاَمْرُ او الحَمل او الدَّیْنُ: کسی معاملہ کا یا حمل کا یا قرض کا گرانبار بنا دینا۔
اَفْدَحَ واسْتَفْدَحَ. الاَمْرَ: بوجھل پانا۔
الفَادِح: مشکل جو بوجھل کرنے والا ہو۔ کہا جاتا ہے "نَزَلَ بِہٖ اَمْرٌ فَادِحٌ وَرَکِبَ دَیْنٌ فَادِحٌ" اس پر امر گرانبار آ پڑا۔ اس پر قرض گرانبار ہوگیا۔
الفَادِحَۃ: مصیبت ج فَوَادِح.
فَوَادِحُ الدَّھْرِ: مصائبِ زمانہ۔
فَدَخَ (ف) فَدْخًا. الشَّیْءَ: توڑنا۔
العُوْدَ: تازہ لکڑی توڑنا۔
فَدَرَ (ض) فَدْرًا وفُدُوْرًا. اللَّحْمُ المَطْبُوْخُ: پکے ہوئے گوشت کا ٹھنڈا ہونا۔
فَدَّرَ. الحِجَارَۃَ: چھوٹے بڑے پتھر توڑنا۔
تَفَدَّرَ. الحَجَرُ: پتھر کا ٹوٹنا۔
الفَدَر: پہاڑی بکرا۔ ج فُدُوْر.
الفَدُوْر: پہاڑی بکرا ج فُدُر.
الفَدِر: بے وقوف۔ جلدی ٹوٹنے والی لکڑی۔

الفِدْرَۃ: پکے ہوئے گوشت کا سرد ٹکڑا۔ پہاڑ کا ایک حصہ۔ رات کا ایک ٹکڑا۔ ج فِدَر.
الفَدَرَۃ: قوم سے علیحدہ رہنے والا۔ تنہا چلنے والا۔
الفَدْرُ: چاندی۔ موٹا لڑکا۔
الفَادِر: پکا ہوا ٹھنڈا گوشت۔ پہاڑی بکرا۔ علیحدہ رہنے والی اونٹنی ج فُدْر وفَوَادِرُ وفُدُوْر.
الفَادِرَۃ: مؤنث فَادِر: پہاڑ کی چوٹی پر بڑی چٹان۔
المَفْدَرَۃ: بہت سے پہاڑی بکروں کی جگہ۔
اَفْدَسَ. الرَّجُلُ: کسی کے گھر یا دروازہ پر مکڑیوں کا ہونا۔
الفُدْس: مکڑی۔ ج فِدَسَۃ.
الفَیْدَس: منکا۔ بڑا ٹکڑا۔
فَدَشَ (ن) فَدْشًا. رَاْسَہُ: سر پھوڑنا۔
فَدَشَہُ (ض) فَدْشًا: دفع کرنا۔
الفَدْش: مادہ مکڑی۔
فَدِعَ (س) فَدَعًا: ٹیڑھے جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْدَع) مؤنث (فَدْعَاء) ج فُدْع.
فَدَعَہُ (ف) فَدْعًا: کچلنا یا تھوڑا اجاڑنا۔
فَدَّعَہُ: ٹیڑھے جوڑوں والا کر دینا۔
الفَدَع: ہاتھ یا پیر کے جوڑ میں کجی' جوڑوں کی کجی۔
الفَدْعَۃ: جوڑوں کی کجی کی جگہ۔
فَدَغَہُ (ف) فَدْغًا: توڑنا۔
اِنْفَدَغَ: ٹوٹنا...... الشَّیْءُ الیَابِسُ: نرم ہونا۔
المِفْدَغ: توڑنے کا آلہ ج مَفَادِغ.
فَدْفَدَ فَدْفَدَۃً: آواز بلند کرنا۔ بھاگتے ہوئے دوڑنا۔
الفَدْفَد: سخت آواز والا۔ بلند آواز والا۔ بہت زیادہ روندنے والا۔ الفُدَیْفِد: جما ہوا دودھ۔
فَدَکَ. القُطْنَ: روئی دھننا۔ فَدَّکَہُ القُطْنَ: روئی دھنوانا۔
فَدَمَ (ض) فَدْمًا. الابریقَ وعلی الابریقِ: چھاگل پر سر بند لگانا۔
فَدُمَ (ک) فُدُوْمَۃً وفَدَامَۃً: بے وقوف ہونا۔
فَدَّمَ واَفْدَمَ. فَمَ الآنِیَۃِ: برتن پر سرپوش رکھنا۔
الفَدْم: کلام میں عاجز۔ بے وقوف۔ کم سمجھ۔ گاڑھے خون والا۔ ج فِدَام: گہرے سرخ رنگ والا مؤنث فَدْمَۃ.
الفِدَام والفَدَّام: چھوٹی سی چھلنی یا کپڑا جو لوٹے وغیرہ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ جو کچھ اس میں ہے صاف ہو جائے ج فُدُم.
الفَدَام والفَدَامَۃ والفُدُّوْم بمعنی الفِدَام.
الفِدَام والفِدَامَۃ: چھینکا جو اونٹ کے منہ پر باندھ دیں تاکہ کاٹ نہ سکے یا کھا نہ سکے۔
المُفَدَّمَات: قبضے والے لوٹے۔ مٹکے۔
فَدَنَ. الابلَ: اونٹ کو موٹا کرنا...... البِنَاءَ: عمارت کو بلند کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑے کو سرخ رنگنا۔
الفَدَن: سرخ رنگ۔ بلند عمارت ج اَفْدَان.
الفَدَان والفَدَّان: بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جتے ہوئے ہوں۔ ج فُدُن واَفْدِنَۃ وفَدَادِیْن. الفَدَن: کھیتی۔ وفی المساحۃ: چار سو مربع زمین۔
الفَادِن. فی اصطلاح البنائین: سَاھِل ج فَوَادِن.
الفَدَوْکَس: شیر۔ مضبوط مرد۔
فَدَی یَفْدِی فَدًی وفِدًی وفِدَاءً. الرَّجُلَ مِنَ الاَسْرِ ونحوِہٖ: مال وغیرہ دے کر چھڑانا۔ صفت فاعلی (فَادٍ) اور صفت مفعولی (مَفْدِیّ) کہتے ہیں "فَدَتِ المَرْأَۃُ نَفْسَھَا مِنْ زَوْجِھَا" یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کر لیا۔
فَدَّی وفَدَّی تَفْدِیَۃً. فلانًا بنفسہ: اس کے متعلق کہنا کہ میں تمہارے اوپر فدا کیا جاؤں۔
فَادَی فِدَاءً ومُفَادَاۃً. الرَّجُلَ: چھوڑ دینا اور فدیہ لے لینا۔ چھڑانا۔

اَفْدَى اِفْدَاءً. فُلَانًا الاَسِيْرَ: کسی سے قیدی کا فدیہ قبول کرنا۔..... الرَّجُلُ: موٹا ہونا۔

تَفَادَى تَفَادِيًا القَوْمُ: ایک دوسرے پر فدا ہونا۔ بعض کا بعض کے ذریعے سے بچنا۔ الرَّجُلُ مِنْ كَذَا: پرہیز کرنا اور یکسو ہونا۔

اِنْفَدَى اِنْفِدَاءً: فدیہ دیا جانا۔

اِفْتَدَى. بِهٖ: فدیہ دینا..... مِنْهُ بِكَذَا: پرہیز کرنا۔ کہتے ہیں افتدت المراۃ نفسها من زوجها: یعنی عورت نے مال دے کر طلاق لے لی اور چھٹکارا حاصل کرلیا۔

اَلْـفَادِي: عیسائی عقیدہ کے مطابق حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب یعنی بقول ان کے اپنی جان کریم دے کر انسانی جرائم کا فدیہ بنے۔

اَلْـفِدَائِيُّ: خطرناک مقامات ومہمات پر اپنی جان کا نذرانہ پیش کرنے والا۔

اَلْـمُـفَـادَاةُ: گرفتار قیدی کے بدلے قیدی کا تبادلہ کرنا۔

الْفَدَاءُ: حجم۔ موٹاپا۔ ڈھیر۔ انبار جو گیہوں کھجور وغیرہ رکھنے کا برتن۔ تاجر کے سامان و غلے وغیرہ کی جگہ۔ ج اَفْدِيَةٌ.

الفِـدَاءُ والفَدَى والفِدَى: مص۔ مال جو چھڑانے کے لئے دیا جائے کہا جاتا ہے "فَدَى لَكَ اَبِيْ وفِدَاكَ اَبِي" یعنی میں تمہارے اوپر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں اور اس جملہ سے دعا اور اظہار محبت اور تعریف و توصیف کا ارادہ کرتے ہیں اور کبھی فعل محذوف ہوتا ہے اور صرف حرف با کو باقی رکھتے ہیں اور کہتے ہیں "بِاَبِيَ الـتِّـلْـمِيْـذ الـمُـجْـتَهِد" یعنی میں اس پر اپنے باپ کو فدا کرتا ہوں۔

الفِدْيَةُ: مال جو چھڑانے کے لئے دیا جائے ج فِدًى وفِدْيَاتٌ.

فَلَذَهٗ(ن) فَلْذًا: سختی سے دھتکارنا۔

فَذَلَتْ. الشَّاةُ: ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفِذٌّ ومُـفِذَّةٌ) اور اگر یہی عادت ہوجائے تو اس کو (مِفْذَاذٌ) کہتے ہیں۔

فَذَّذَهٗ واسْتَفَذَّ. بِالاَمْرِ: خود رائی کرنا۔

الفَـذُّ: مص۔ اکیلا۔ جوئے کے تیروں سے پہلا تیر ج اَفْذَاذٌ وفُـذُوْذٌ وكَلِمَةٌ (فَذَّةٌ وفَاذَّةٌ) کلمہ شاذہ۔

الاَفَذُّ: بے پر کا تیر۔ کہا جاتا ہے "اَكَـلْـنَـا فَـذَاذَى وفُذَاذَى وفَذَاذًا وفُذَاذًا" یعنی ہم نے جدا جدا ہو کر کھایا۔

فَذْفَذَ فَذْفَذَةً: اچانک کودنے کے لئے سمٹنا۔

فَذْلَكَ فَذْلَكَةً. الحِسابَ: فارغ ہونا۔

الفَذْلَكَةُ: مص۔ میزان کل، مفصل کا خلاصہ۔ حساب کا ہو یا کسی اور چیز کا (مولد)

فَرَّ (ض) فَـرًّا وفِـرَارًا ومَـفَرًّا مَفِرًّا: بھاگنا۔ پویہ دوڑنا۔

فَرَّ (ن) فَـرًّا وفَـرَارًا وفِرَارًا وفُـرَارًا. الـدَّابَّةَ: جانور کی عمر معلوم کرنے کے لئے دانتوں کو دیکھنا..... اِلَى الشَّيْءِ: جانا..... عَنِ الاَمْرِ: کھود کرید کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُـرَّ الاَمْرُ جَذَعًا" معاملہ اپنی پہلی حالت پر لوٹ آیا۔

فَـارَرْتُهٗ: میں نے اُس کے حال کی اور اُس نے میرے حال کی تحقیق کی۔

اَفَرَّ اِفْرَارًا. رَاْسَهٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے سر پھاڑ دینا۔ اَفَـرَّتِ الخَيْلُ اوالاِبِلُ: اونٹ یا گھوڑے کا دودھ کے دانت گرنا۔ اَفَـرَّهٗ: بھگانا۔

تَفَارَّ. القَوْمُ: ایک دوسرے سے بھاگنا۔

تَفَرَّرَ. بِالشَّيْءِ: ہنسنا۔

اِفْتَرَّ. البَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔ آہستہ آہستہ ہنسنا..... الشَّيْءَ: سونگھنا۔

الفَـرُّ: مص۔ بھاگنے والا۔ (واحد جمع مذکر و مؤنث)

الـفَرُّ: جمع ہے (فَـارٌ) کی جیسے رَكْـبٌ: جمع (راكـب) کی۔ کہا جاتا ہے (هو فُـرُّ قَوْمِهٖ وفُرَّتُهُمْ) وہ اپنی قوم کا بہترین آدمی ہے۔

الفُرَّةُ والافُرَّةُ والاُفُرَّةُ: اختلاط۔ شدت..... مِنَ الحَرِّ ونَحْوِهٖ: گرمی کی شدت اور اس کی ابتداء۔

الفِرَّةُ: مسکراہٹ۔

الاَفَـــرُّ: خوبصورت طریقہ سے ہنسنے اور مسکرانے والا۔

الـفَرَّار والفَرُوْر والفُرَرَة والفُرُوْرَة: تیز بھاگنے والا۔ الفَرَّار: پارہ۔

الفُـرُوْر والفَرِير والفُرَار: بھیڑ اور بکری کا بچہ۔ الفَرِيْر: منہ۔

المَفَرُّ: بھاگنے کی جگہ۔

الـمِفَرُّ. مِنَ الخَيْلِ: تیز گھوڑا۔ وہ گھوڑا جو بھاگنے کے کام میں آئے۔

اَلْفَـرْبِيُوْنُ: ایک کثیر پیدائش پودا جس کے پتوں سے زہریلا دودھ نکلتا ہے اگر یہ مادہ آنکھوں میں پڑ جائے تو انتہائی ضرر رساں ہو سکتا ہے۔

الـفَـرَاُ والفَـرَاءُ: جنگلی گدھا ج افـراء وفراء اور عرب کا قول "كُـلُّ الصَّـيْـدِ فِيْ جَـوْفِ الفَـرَا" بغیر ہمزہ کے مثل ہے۔ وہ شخص کہتا ہے جس کی بہت سی حاجتیں ہوں اور ان میں سے بڑی حاجت پوری ہوجائے اور اس مقصد کے لئے بھی بولا جاتا ہے کہ وہ باقی حاجتوں کے فوت ہونے کی پروا نہیں کرتا۔

اَفَرُّ (فَرِيٌّ) گھڑا ہوا بڑا۔

فَرَتَ (ن) فَرْتًا: بدکار ہونا۔

فَرُتَ (ک) فُرُوْتَةً. المَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونا۔ میٹھا ہونا۔

فَرِتَ (س) فَرَتًا: ضعیف العقل ہونا۔

الفُـرَات: ایک بڑا دریا ہے جو بحر فارس میں گرتا ہے۔ بہت میٹھا پانی۔ کہا جاتا ہے "مَاءٌ فُرَاتٌ ومِيَاهٌ فُرَاتٌ" الفرات: سمندر۔

الفُرَاتَان: فرات و دجلہ۔

فَـرْتَكَ فَرْتَكَةً: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا..... الشَّيْءُ: ریزہ ریزہ ہونا..... العَمَلَ: فاسد کرنا۔ بگاڑنا۔

اَلْفَرْنِكَةُ: کھانے کے لئے ایک کانٹا۔

فَـرْتَـنَ فَـرْتَـنَةً: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا۔

فَرْتَنَى: امت الفرنونة: سمندر کا جوش۔

الفَرْتَنى: بجو کا بچہ۔ زانیہ۔
فَـرَثَ (ن) فَـرْثًا وانْـفَـرَثَ. الحُبْلى: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
فَرَثَ (ض) فَرْثًا. كَبِدَهٗ: جگر پر مارنا۔
فَـرِثَ (س) فَـرَثًا: شکم سیر ہونا۔ القَـوْمُ: متفرق ہونا۔
اَفْرَثَ وفَرَّثَ. الكَرِشَ: اوجھ کو چیر کر گوبر نکالنا...... الحُبُّ كَبِدَهٗ: محبت کا جگر کو ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَـفَـرَّثَ. القَوْمُ: متفرق ہونا...... تَـفَـرَّثَتِ الحُبْلى: حاملہ عورت کا جی متلانا۔
الفَـرْثُ: گوبر جب تک اوجھ میں رہے ج فُرُوْث.
الفَرَاثَةُ: اوجھ کا گوبر۔
فَرْثَدَ فَرْثَدَةً. وجهه: چہرہ پر گوشت ہونا۔
فَرَجَ (ض) فَـرْجًا وفَرَّجَ. الشَّيْءَ: کھولنا۔ کشادہ کرنا۔ اللّٰـه الغَمَّ عَنْهُ: غم کو دور کرنا۔ زائل کرنا۔
اَفْرَجَ. الغُبَارُ: غبار کا دور ہونا۔ چھٹ جانا۔ ...... القَومُ عَنِ الـمَكَـانِ: علیحدہ ہو جانا۔ ہٹ جانا۔ اَفْـرَجَـتِ الـدَّجَاجَةُ: مرغی کا بچوں والی ہونا۔ صفت (مُفْرِجٌ)
تَفَرَّجَ. الغَمُّ: غم کا دور ہونا۔
اِنْفَرَجَ: کھلنا...... الغَمُّ: غم کا دور ہونا۔ مَا بَيْنَ الشَّيْـئَيْـنِ: کشادہ ہونا...... الـرَّجُـلُ مِنْ ضِيقَةٍ: تنگی سے نجات پانا۔ رہائی پانا۔
الـفَـرْجُ: مص۔ دو چیزوں کے درمیان خلل۔ سرحد...... مِـنَ الـثَّـوْبِ: کپڑے کا پھٹن۔
مِنَ الإِنْسَانِ: شرمگاہ اور قبل و دبر دونوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ ج فُرُوْج فَرْجُ الوَادِي: وادی کا بطن۔ فَـرْجُ الـطَّـرِيقِ: راستہ کا درمیانی حصہ۔
الفَرَجُ والفُرُجُ: تانت سے علیحدہ کمان۔
...... والفِرْجُ والفُرْجَةُ. مِنَ الرِّجَالِ: بھید نہ چھپانے والا مرد۔
الفَرَجُ: کشادگی۔

الـفُـرْجَةُ: دو چیزوں کے درمیان کشادگی۔ ج فُرَج.
الفُرْجَةُ والفِرْجَةُ والفَرْجَةُ: تنگی اور غم سے نجات۔
الـفَـرُّوْجُ: بچے کی قمیص۔ قبا جس میں پیچھے پھاڑ آگیا ہو۔ ج فَرَاوِيْج.
والفُرُّوْجُ: مرغی کے چوزے۔ ج فَرَاوِيْج واحد الفَرُّوْجَة.
التِفْرِجَةُ: انگلیوں یا دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ ج تَـفَارِج...... والتِفْرَاجَةُ: کمزور بزدل ج تَفَارِيْج.
الفَرِيْجُ: ظاہر کھلا ہوا۔ قَـوْسٌ فَرِيْجٌ: تانت سے علیحدہ کمان۔
المُفْرَجُ: مقتول جو جنگل میں ہے اور اس کا قاتل معلوم نہ ہو۔ وہ شخص جس کے مال، اولاد اور کنبہ نہ ہو۔
المُفْرَجُ: کنگھی۔ وہ شخص جس کی کہنی بغل سے دور ہو۔
الـفِـرْجَـارُ: پرکار۔ کہا جاتا ہے خَـطٌّ (فِرْجَارِي) یعنی گول دائرہ۔
الفِرْجَوْنُ: کھریرا۔
اِفْـرَنْـجَمَ اِفْرِنْجَامًا: گوشت کا اوپر سے جل جانا اور نہ بھننا۔
فَرِحَ (س) فَـرَحًـا. بِـالشَّيْءِ: خوش ہونا۔ اَکڑنا۔ صفت (فَارِحٌ وفَرِحٌ)
فَرَّحَهٗ: خوش کرنا۔
اَفْـرَحَـهٗ: خوش کرنا اَفْـرَحَـهُ الدين: بوجھل کرنا۔ غمگین کرنا۔ تم کہتے ہو "اَفْـرَحَتْـنِـي الدُّنْيَا ثُمَّ اَفْرَحَتْنِي" یعنی دنیا نے مجھ کو خوش کیا پھر غمگین بنا دیا۔ ہمزہ سب کے لئے ہے۔
الفَرَحُ: خوشی۔
الفُرْحَةُ والفَرْحَةُ: خوشی: خوشخبری۔ سنانے والے کا انعام عوام کے نزدیک اس انعام کو حُلْوَان اور بَشَارَة کہتے ہیں۔
الـفَـرْحَـانُ: خوشی والا۔ مؤنث فَـرْحَى وفَرْحَانَةٌ ج فَرْحَى وفَرَاحَى.

الفَرُوْحُ: خوشی والا۔ ج فُرُح.
المُفْرَحُ: مفلس۔ قرضدار۔ محتاج۔ گمنام نسب والا۔
المِفْرَاحُ: بہت زیادہ خوش (مذکر و مؤنث)
المَفْرُوْحُ: مسرور۔ جس پر خوشی کی جائے۔
فَرِخَ (س) فَرَخًا. إِلَى الأَرْضِ: چمٹنا۔ ...... الرَّجُلُ: گھبراہٹ دور ہونا۔
فَرِخَ. القَوْمُ: کمزور ہونا۔ گھبرانا...... فَرَّخَتِ الـطَّـائِرَةُ: پرندہ کا بچوں والا ہونا۔ صفت (مُفْرِخٌ)...... البَيْضَةُ: انڈے کا بچہ سے جدا ہونا۔ فَـرَّخَ الشَّجَرُ: درخت کا پھوٹنا...... الأَمْـرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہو جانا۔ ...... الرَّوْعُ: خوف دور ہونا۔
اَفْرَخَ. الرَّوْعُ: خوف دور ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرِخْ رَوْعَكَ" یعنی اپنی گھبراہٹ کو دور کرو اور دل کو مطمئن کرو۔ اَفْرَخَتِ البَيْضَةُ والطَّـائِرَةُ: بمعنی فرخت. اَفْرَخَ الأَمْرُ: اشتباہ کے بعد انجام کا ظاہر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَفْرَخَ القَوْمُ بَيْضَتَهُمْ" یعنی قوم نے اپنا بھید ظاہر کر دیا۔
اِسْتَفْرَخَ. الحمَامَ: کبوتر کو بچے نکالنے کے لئے لینا...... الحـمَـامُ: کبوتری کا بچہ والی ہونا۔
الفَرْخُ: پرندہ کا بچہ۔ چھوٹا پودہ یا حیوان...... مِنَ الشَّجَرِ: درخت کی جڑ میں جو پودے نکل آئیں۔ ج فِـرَاخٌ واَفْرَاخٌ واَفْرُخٌ واَفْرِخَةٌ وفِرْخَانٌ وفُرُوْخٌ. الفَرْخُ: کمزور ذلیل دھتکارا ہوا آدمی۔ فَـرْخُ الـرَّاْسِ: دماغ۔
الفَرْخَةُ: پرندہ کا مادہ بچہ۔ ج فِرَاخٌ: تیر کی چوڑی ناک۔
المَفْرَخُ: بچے نکالنے کی جگہ۔ ج مَفَارِخ.
فَرَدَ (ن) وفَرِدَ (س) وفَرُدَ (ک) فُرُوْدًا والفَرَدَ: اکیلا ہونا...... بِالأَمْرِ: تنہا کام کرنا۔
فَرَدَ عَنِ الشَّيْءِ: علیحدہ ہونا۔
فَرَّدَ: لوگوں سے جدا ہونا۔ فقیہ ہونا۔
فَرَّدَ بِرَأْيِهِ: رائے میں اکیلا ہونا۔
اَفْرَدَ. الشَّيْءَ: جدا کرنا...... إِلَيْهِ رَسُوْلًا:

قاصد بھیجنا ۔۔۔۔ بالأمر: تنہا کام کرنا۔
أَفْرَدَتِ الأُنْثَى: ایک بچہ جننا۔ صفت (مُفْرِدٌ)
تَفَرَّدَ و اِنْفَرَدَ و اِسْتَفْرَدَ. بالأمرِ: بغیر نظیر کے تنہا ہونا۔ تنہا کام کرنا۔ و اِسْتَفْرَدَهٗ: اکیلا پانا۔ ساتھیوں میں سے نکال لینا۔ اِنْفَرَدَ بِهٖ: یکتا کو لینا جس کا کوئی ثانی اور مثیل نہ ہو۔
الفارِد: فا۔ (الفارِد و الفَرَد) بیل۔
الفارِدَة: مؤنث فَارِد: بکری جو گھر میں اکیلی رکھی جائے۔ نَاقَةٌ فَارِدَةٌ: چراگاہ میں تنہا چرنے والی اونٹنی ج فَوَارِد۔
الفَرْد: ایک طاق۔ ج فِرَاد: بے مثال ج أَفْرَاد و فُرَادَى: داڑھی کی ایک جانب۔ ایک کوے کی جوتی ج أَفْرَاد: کہا جاتا ہے "هٰذَا شَيْءٌ فَرْدٌ" یہ منفرد چیز ہے۔
أَفْرَادُ النُّجُوْمِ و فُرُوْدُهَا: الگ الگ طلوع ہونے والے ستارے۔ أَفْرَادُ النَّاسِ بڑے لوگ۔
الفَرَد و الفَرِد: ایک۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا سَيْفٌ فَرَدٌ و فُرُدٌ" یہ بے مثال تلوار ہے۔ "و شَيْءٌ فَرَدٌ و فَرِدٌ و فَرْدٌ و فُرُدٌ" یعنی یہ منفرد چیز ہے۔
الفَرْدَة: فرد کا مؤنث ج فَرْدَات و أَفْرَاد و فِرَد۔
الفَرْدَان: ایک۔ کہا جاتا ہے "شَيْءٌ فَرْدَان" یعنی منفرد ہے اور مؤنث فَرْدَى: کہا جاتا ہے لَقِيْتُهٗ (فَرْدَيْن) یعنی ہمارے ساتھ کوئی نہیں تھا۔
الفَرُوْدَة: تنہا جانے والا۔ کہا جاتا ہے جَاءُوْا (فُرَادًا و فُرَادًا و فَرْدَى و فِرَادًا و فُرَادَى) یعنی اکیلے اکیلے آئے۔ واحد (فَرْدٌ و فَرِدٌ و فَرِيْدٌ و فَرْدَان)
الفَرِيْد: ایک یکتا۔ چھوٹا موتی جو سونے اور بڑے موتیوں کے بیچ میں ہو۔ موتی۔ نفیس جوہر ج فَرَائِد۔
الفَرِيْدَة: مؤنث فَرِيْد: نفیس جوہر۔
ریڑھ کی ہڈی کا وہ مہرہ جو دُم کی ہڈی سے ملا ہوا ہے ج فَرَائِد۔ کہا جاتا ہے "أَتَى بِالفَرَائِد" یعنی ایسے الفاظ جو فصاحت و بلاغت اور عربی الاصل ہونے پر دلالت کرتے ہیں۔
الفَرَّاد: موتیوں کا بیچنے والا۔
المُفْرَد: مثنٰی۔ واحد اور اس کے مقابلہ میں جمع ہے۔ جنگلی بیل۔
المُفْرَد. مِنَ اللَّقَب: موتی لگا کر جدا کیا ہوا۔
المُفْرِد: فا۔ کہا جاتا ہے "رَاكِبٌ مُفْرِدٌ" سوار جس کے پاس اپنے اونٹ یا گھوڑے کے سوا نہ ہو۔
فَرْدَسَهٗ فَرْدَسَةً: پچھاڑ دینا۔ زمین پر پٹک دینا۔
الفِرْدَوْس: باغ۔ جنت۔ سرسبز وادی (مذکر و مؤنث) ج فَرَادِيْس. فِرْدَوْسُ النَّعِيْم: ایک جنت کا نام ہے۔
الفَرْدَسَة: مص۔ گنجائش۔
المُفَرْدَس: فا۔ کشادہ سینہ والا۔ صَدْرٌ (مُفَرْدَس) کشادہ سینہ۔
كَرْمٌ مُفَرْدَسٌ: اُلٹی لگی ہوئی انگور کی بیل۔
فَرَزَ (ض) فَرْزًا و أَفْرَزَ. الشَّيْءَ مِنْ غَيْرِهٖ: جدا کرنا۔ علیحدہ کرنا و أَفْرَزَ الصَّيْدُ الصَّائِدَ: شکار کا شکاری کو قریب سے مارنے کا موقعہ دینا۔ افرز فلانًا بِشَيْءٍ: خاص کرنا اور کسی کو شریک نہ کرنا۔
فَرَّزَ تَفْرِيْزًا. عَلَى بَرَايَةٍ: قطعی حکم لگانا۔
فَارَزَ. شَرِيْكَهٗ: الگ کرنا۔
اِفْتَرَزَ. الأَمْرَ: اپنے لوگوں کے مشورہ کے بغیر فیصلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَرَزَ أَمْرَهٗ دُوْنَ أَهْلِ بَيْتِهٖ" اس نے اپنے معاملہ میں اپنے گھر والوں سے مشورہ کے بغیر فیصلہ کر لیا۔
تَفَارَزَ. الشَّرِيْكَانِ الشَّرِكَةَ: شرکت کو فسخ کرنا۔
الفَرْز: مص دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین
الفُرْزَة: سخت زمین میں شگاف۔
الفِرْز: ٹیلہ کا راستہ۔ ساتھی کے لئے علیحدہ کیا ہوا حصہ۔ ج أَفْرَاز و فُرُوْز۔
الفِرْزَة: جدا کی ہوئی چیز کا ایک حصہ۔
الفُرْزَة: باری۔ فرصت۔ ٹیلہ کا راستہ۔
الفَارِز. فا. كَلَامٌ فَارِزٌ: صاحب واضح کلام۔ لِسَانٌ فَارِزٌ: فیصلہ کن زبان۔
الإِفْرِيْز. مِنَ الحَائِط: کارنس ج أَفَارِيْز (دخیل)
الفَرَزْدَق: روٹی جو تنور میں گر پڑے۔ روٹی کے ٹکڑے۔ گوندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔ واحد (فَرَزْدَقَة) اور اس کی تصغیر فُرَيْزِق یا فُرَيْزِد ج فَرَازِق اور قیاس کے لحاظ سے فَرَازِد۔ الفرزدق: لقب ایک مشہور شاعر کا۔
أَفْرَنْزَعَ. الكَلَأُ: گھنا گھنا ہونا۔
الفُرْزُع: بنولہ۔
الفُرْزُعَة. فُرْزُع: کا واحد۔ گھاس کا گچھا ج فَرَازِع۔
فَرْزَلَهٗ فَرْزَلَةً: قید کرنا۔
الفِرْزِل: قید۔ ہتھکڑی لگانا۔ لوہا کاٹنے کی قینچی۔
الفُرْزُل: موٹا آدمی۔
تَفَرْزَنَ. البَيْذَق: شطرنج میں پیادہ کا ملکہ بننا۔
الفِرْزَان: شطرنج کی ملکہ ج فَرَازِيْن (دخیل)
فَرَسَ (ض) فَرْسًا و افْتَرَسَ. الأَسَدُ فَرِيْسَةً: گردن توڑ دینا۔ شکار کرنا۔ فَرَسَ الذَّبِيْحَةَ: رگِ گلو کاٹ دینا۔ گردن جدا کرنا ۔۔۔۔۔ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا۔
فَرَسَ (ض) فِرَاسَةً. بِالعَيْنِ: ظاہر نظر سے باطن کو معلوم کرنا۔
فَرُسَ (ك) فَرَاسَةً و فُرُوْسَةً و فُرُوْسِيَّةً: شہسواری میں ماہر ہونا۔
فَرَّسَهٗ. الشَّيْءَ: پھاڑنے کے لئے پیش کرنا۔
اِفْتَرَسَ. عَنْ بَقِيَّةِ مَالٍ: مال لینا اور کچھ باقی

چھوڑ دینا...... الرَّاعِي: گلّے کی حفاظت سے
غافل ہونا...... فُلَانٌ الْاَسَدَ حِمَارَهُ: اپنی
نجات کے لئے گدھے کو پھاڑنے کے لئے
شیر کے سامنے کر دینا۔
تَفَرَّسَ. فِيْهِ: نظر جما کر دیکھنا۔ فِيْهِ الْخَيْرَ:
کسی کے اندر علامت سے خیر پہچاننا......
الرَّجُلُ: بتکلف شہسوار ظاہر کرنا کہا جاتا ہے
فُلَانٌ لَيْسَ بِفَارِسٍ وَلٰكِنَّهُ يَتَفَرَّسُ: فلاں
شہسوار نہیں ہے لیکن وہ شہسوار بنتا ہے۔
الْفُرْسُ وَفَارِسُ: مملکت فارس کے
باشندے ان کے ملک کو (فارس) اور ان
کی زبان کو (الفَارِسِيَّة) کہتے ہیں۔
الْفَارِسِيُّ: فارس کی طرف نسبت۔ فُرْسٌ کا
واحد۔
الفِرْسُ: ایک قسم کی گھاس۔
الفَرَسُ: گھوڑا۔ گھوڑی۔ مذکر کو حصان اور
مؤنث کو حِجْرٌ کہتے ہیں اور بسا اوقات
مؤنث کے لئے (فرسة) بھی استعمال کرتے
ہیں اور فَرَسٌ کی جمع غیر لفظ سے خیل آتی ہے
اور اسی سے اَفْرَاس ہے۔ تین گھوڑیوں کے
لئے ثَلَاثَةُ اَفْرَاسٍ اور تین گھوڑیوں کے لئے
ثَلَاثُ اَفْرَاسٍ کہیں گے اور جمع کثرت
فُرُوْسٌ آتی ہے اور عرب کا قول ہے
"هُمَا كَفَرَسَيْ رِهَانٍ" مثل ہے ان دو
شخصوں کے لئے جو کسی ایک مقصد کی طرف
مسابقت کریں اور کوشش اور فضل میں برابر
ہوں۔ فَرَسُ الْبَحْرِ: ایک دریائی جانور ہے
جو بڑے جسم اور بڑے سر کا ہوتا ہے اور اس
کی ٹانگیں اور دم چھوٹی ہوتی ہے اور اس کی
ہر ٹانگ میں چار کھر ہوتے ہیں اور اس کو
فَرَسُ النَّهْرِ اور جَامُوْسُ الْبَحْرِ بھی کہتے
ہیں۔
الفُرَيْسَةُ: تصغیر فَرَسٌ کی مؤنث کے لئے۔
الفُرَيْسُ: تصغیر فَرَسٌ کی مذکر کے لئے۔
الفِرْسَةُ. فَرَسَ: کا اسم مرة (...... والفِرسَة)
پھوڑا جو گردن میں ہوتا ہے۔
الفَارِسُ: فا۔ گھڑ سوار۔ گھوڑے والا ج
فُرْسَانٌ وفَوَارِسُ اور کہا جاتا ہے "هُوَ
فَارِسٌ بِالْاَمْرِ" وہ معاملہ کا جاننے والا ہے۔
الْاَفْرَسُ: شہسواری کا ماہر۔ زیادہ سمجھدار۔
اَبُوْفِرَاس و الفَرَّاس: شیر۔ الفَرَّاسُ: ذکی۔
الفَرِيْسُ: مقتول کہا جاتا ہے ثَوْرٌ فَرِيْسٌ
وبَقَرَةٌ فَرِيْسٌ ج فَرْسٰى: حلقہ جو رسّی کے
سرے پر باندھا جاتا ہے۔
الفَرِيْسَةُ. فریس کا مؤنث۔ جس کو شیر
وغیرہ پھاڑ دیں۔
الفُرَانِسُ والفِرْنَاسُ: شیر۔ موٹی گردن
والا۔
الفِرْنَاسُ: بہت زیادہ بہادر۔ دیہاتیوں کا
چودھری۔ ج فَرَانِسَةٌ.
المَفْرُوْسُ: گردن کے پھوڑنے والا۔
الفَرُوْسُ: شیر۔
فَرْسَخَ فَرْسَخَةً. الشَّيْءُ: کشادہ ہونا۔
(...... وتَفَرْسَخَ وافْرَنْسَخَ) البَرْدُ
او المَرَضُ: سردی یا بیماری کی تیزی کا کم
ہونا۔ تَفَرْسَخَ وافْرَنْسَخَ الهم عَنْهُ: غم کا
دور ہونا۔ زائل ہونا۔
الفَرْسَخُ: راحت۔ سکون۔ مدت طویل۔
ہمیشہ رہنے والی چیز۔ شگاف۔ فَرْسَخُ
الطَّرِيْقِ: تین میل ہاشمی اور بقول بعض بارہ
ہزار گز اور یہ تقریباً آٹھ کلومیٹر کے برابر ہوتا
ہے ج فَرَاسِخُ (کلمۂ فارسیہ ہے)
سَرَاوِيْلُ (مُفَرْسَخَةٌ): کشادہ شلوار۔
اَلْفِرْسِنُ: اونٹ کے کھر کا کنارہ (مؤنث)
ج فَرَاسِنُ.
رَجُلٌ (مُفَرْسَنُ) الوَجْهِ: پُر گوشت چہرہ والا
مرد۔
فَرَشَ (ن ض) فَرْشًا وفِرَاشًا. الشَّيْءُ:
بچھانا...... فلانًا امْرًا: کشادہ کرنا...... الرَّجُلُ:
جھوٹ بولنا...... الاَمْرُ: پھیلانا...... عَنْهُ:
ارادہ کرنا۔ تیار ہونا۔
...... فَرْشًا. النَّبَاتُ: نباتات کا زمین پر
پھیلنا۔
فَرَّشَ. فُلانًا بِسَاطًا: کسی کے لئے بچھونا
بچھانا۔
...... فَرَّشَ الدَّارَ: فرش لگانا۔ اینٹ اور پتھر
بچھانا...... الزَّرْعُ: پھیلنا اور پتوں کا بڑھنا
...... الطَّائِرُ: پرندہ کا پَر پھڑانا۔
اَفْرَشَهُ. بِسَاطًا: کسی کے لئے بچھونا بچھانا۔
اَفْرَشَ السَّيْفَ: تلوار کی دھار کا پتلا کرنا۔ تیز
کرنا۔ الشَّجَرُ: درخت کا لمبی ٹہنی والا ہونا۔
عَنْهُ: علیحدہ ہونا۔ دور ہونا...... الرَّجُلُ: غیبت
کرنا اور بری بات کہنا...... المَكَانُ: زیادہ
پڑنے والا ہونا...... الشَّاةَ للذبح: زمین پر
ذبح کرنے کے لئے لٹانا...... الرَّجُلُ:
بچھونے والا ہونا۔
تَفَرَّشَ. الطَّائِرُ: پرندہ کا پَر پھڑانا۔
اِفْتَرَشَ. ذِرَاعَيْهِ: بازو پھیلانا...... الشَّيْءَ:
روندنا...... الطَّرِيْقَ: چلنا...... الرَّجُلُ:
پچھاڑنا...... اِثْرَ فُلَانٍ: پیچھا کرنا...... عِرْضَهُ:
بے عزتی کرنا...... الشَّجَّةُ الدماغ: بغیر
ٹوٹنے کے پھٹنا...... المَالَ: غصب کرنا
الشَّيْءُ: پھیلنا
الفَرْشُ: مص۔ بچھونا۔ کشادہ زمین چھوٹے
چھوٹے درخت چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔
چھوٹے چھوٹے اونٹ (اور اس معنی کے
لحاظ سے جمع نہیں) جھوٹ۔ کھیتی۔ جبکہ اس
کے تین پتے نکل آئیں۔ وہ جگہ جہاں
بکثرت نباتات ہوں۔ گائے بکری جو ذبح
کے قابل نہ ہوں۔
الفَرْشَةُ. فَرَشَ: کا اسم مرة...... [illegible]
بچھونا۔
الفِرْشَةُ: بچھانے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے هُوَ
حَسَنُ الفِرْشَةِ: یعنی وہ اچھی حالت میں بچھا
ہوا ہے۔
الفَرَاشُ: زمین پر خشک شدہ کیچڑ...... مِنَ
النَّبِيْذِ: شراب کے بلبلے زبان کے [illegible]
سرخ رگیں دو لوہے جس سے لگام کو
باندھتے ہیں۔ الفَرَاشُ مِنَ الرِّجَالِ: [illegible]
ہلکا پھلکا مرد۔
الفِرَاشُ: بچھونا۔ گھونسلہ۔ خشکی جو [illegible]

زبان کی جگہ ج اَفْرِشَۃٌ واُفْرُوْش۔

اَلْفَرَّاشُ: بہت بچھانے والا۔

اَلْفَرَاشَۃُ: پتلی ہڈی یا پتلا لوہا۔ تھوڑا پانی...... من القفل: تالے کا جبڑ۔ کندھوں کا اٹھا ہوا حصہ اور (فَـرَاشُ الدِّمَاغِ) کا واحد ہے اور فَرَاشُ الدِّمَاغِ: ان پتلی پتلی ہڈیوں کو کہتے ہیں کہ جو کھوپڑی تک پہنچتی ہیں۔ الفَرَاشَۃُ: پروانہ' اوچھی طبیعت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "مَا هُوَ اِلَّا فَرَاشَۃٌ" اور یہ حقارت اور خست کے لئے مثل ہے ج فَرَاش.

اَلْفَرِیْشُ. مِنَ النَّبَاتِ: زمین پر پھیلی ہوئی بیل۔ گھوڑی جس نے حال ہی میں بچہ دیا ہو۔ ج فَرَائِش.

اَلْمِفْرَاشُ: بچھونا۔

اَلْـمِـفْـرَشَۃُ: کجاوہ پر بچھانے کا چھوٹا سا بچھونا۔ ج مَفَارِش.

اَلْمُفَرَّشُ: منع کہا جاتا ہے "جَمَلٌ مُفَرَّشٌ" بغیر کوہان کے اونٹ۔

فَرْشَحَ فَرْشَحَۃً وفَرْشَحی: ٹانگیں کشادہ کرنا۔ ڈھیلے طریقے سے رانوں کو زمین سے ملا کر بیٹھنا۔ قریب قریب کودنا۔

اَلْـفِـرْشَاحُ: بے بارش کا بادل۔ بے ڈول بلند عورت۔ چوڑا کمر۔ کشادہ زمین (اَلْفِرْشِیْحُ) عضو تناسل۔

فَرَصَ (ن) فَرْصًا. الشَّیْءَ: کاٹنا۔ الجِلْدَ: چیرنا۔ پھاڑنا...... الفُرْصَۃَ: فرصت پانا۔

فَرَصَ (ض) فَـرْصًـا. الرَّجُلَ: رگِ گلو پر مارنا۔ شانہ کے گوشت پر مارنا۔

فُرِصَ فَرْصًا وفَرَصًا: شانہ کے گوشت میں درد ہونا۔

فَـرَّصَ. النَّعْلَ: جوتے پر لوہے کی نوک سے منقش کرنا۔

فَارَصَہٗ مُفَارَصَۃً. فِیْ الشَّیْءِ: نوبت بنوبت کرنا۔

اَفْـرَصَتْـہُ الفُرْصَۃُ: فرصت ملنا۔ اَفْرَصَ وتَفَرَّصَ الفُرْصَۃَ: مہلت پانا۔

تَفَارَصَ. القَوْمُ البِئْرَ: قوم کا کنوئیں پر باری باری آنا۔

اِفْتَـرَصَ. الـفُـرْصَۃَ: موقع پانا۔ فرصت کو غنیمت جاننا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا یَفْتَرِصُ اِحْسَـانَہٗ وبِرَّہٗ" یعنی فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا ہے۔

اَلْفُرْصَۃُ: باری اور یہ اسم ہے۔ تَفَـارِص الـقَـوْمُ البِـئْـرَ: کا کہا جاتا ہے جَـاءَتْ فُرْصَتُکَ مِـنَ الـسَّقْیِ: یعنی تمہاری باری آئی۔ وقت مناسب اِنْتَهَزَ الفُرْصَۃَ: فرصت کو غنیمت جاننا۔ ج فُرَص.

اَلْفُرْصَۃُ والفِرْصَۃُ والفَرْصَۃُ: اُون یا روئی کا ٹکڑا۔

الـفَـرِیْـصُ: پانی کا شریک کہتے ہو "هُـوَ فَرِیْصِیْ" گلے کی رگیں۔ واحد (فَـرِیْصَۃ) ہے۔

اَلفَرِیْصَۃُ: باری۔ پہلو اور مونڈھے یا پستان اور مونڈھے کے درمیان کا گوشت جو خوف کے وقت اچھلنے لگتا ہے کہا جاتا ہے ارتعدت فَـرِیصَۃُ یعنی بہت گھبرایا "هُـوَ ضَـخـم الـفَرِیْصَۃِ" یعنی وہ جری اور بہادر ہے۔ ج فَرِیْص وفَرَائِص.

الـمِـفْـرَصُ: لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِص.

الـمِـفْرَاصُ: لوہا یا چاندی کاٹنے کی چھینی ج مَفَارِیْص.

الـفِـرْصَـاد: سرخ رنگ۔ توت یا توت کا درخت۔

والـفِـرْصِد والفِرْصِیْد: انگور کا بیج۔ فَرَضَ (ض) فَـرْضًا. الخَشَبَۃَ وفِیْهَا: لکڑی کاٹنا' چھیدنا...... اَلْاَمْرَ: فرض کرنا۔ معین کرنا۔ ......لَہٗ کَـذَا فِیْ الدِّیْوَانِ: عطیہ دینا۔ تنخواہ مقرر کرنا...... لِـفُلَانٍ کَـذَا: فرض مقرر کرنا ......لَہٗ: وقت معین کرنا...... الـلّٰـہُ الاَحْکَام عَلٰی عِبَادِہٖ: واجب ٹھہرانا۔

فَرَضَتْ (ض) وفَرُضَتْ (ک) فُرُوْضًا وفَـرَاضَۃً. البَقَرَۃُ: گائے کا عمر رسیدہ ہونا۔ صفت (فَارِض)

فَرُضَ (ک) فَرَاضَۃً: علم فرائض کا جاننے والا ہونا۔

فَرَّضَ. الخَشَبَۃَ: لکڑی میں سوراخ کرنا۔ ......اَلْاَمْرَ: واجب کرنا۔

اَفْـرَضَ. فُلَانًا شَیْئًا: دینا...... لِفُلَانٍ کَذَا: فرض قرار دینا۔ اَفْرَضَتِ المَاشِیَۃُ: نصاب کو پہنچانا۔ زکوۃ کے قابل ہونا۔

اِفْتَرَضَ. الـلّٰـہُ الاَحْـکَامَ عَلٰی عِبَادِہٖ: واجب ٹھہرانا...... الـقَـوْمُ: قوم کا ختم ہو جانا ......الجُنْدُ: فوج کا تنخواہ لینا۔

اَلفَرْضُ: مص ......مِنَ القَوْسِ: چلہ کمان کی جگہ۔ ج فِرَاض. الفَرْض: اللہ کا بندوں پر مقرر کیا ہوا قانون۔ اپنے پر لازم کی ہوئی چیز عَلَیْہِ: تنخواہ۔ تنخواہ دار فوج ج فُرُوْض وفِرَاض.

اَلْفُرْضُ: کاٹ۔

اَلاِفْتِـرَاضُ: منطقیوں کے نزدیک۔ قضایا کے برعکس طرق میں سے ایک طریق۔

الـفُـرْضَۃُ. مِنَ الـنَّهْرِ: دریا کا دہانہ۔ لکڑی جس میں دروازہ کی چول ہو...... مِنَ البَحْرِ: بندرگاہ...... مِـنَ الـقَـوْسِ: کمان کا سرا جو تانت لگانے کے لئے کاٹا جائے...... مِـنَ الـدَّوَاۃِ: دوات میں سیاہی کی جگہ۔ فُـرْضَـۃُ الجَبَلِ: پہاڑ کے وسط کی پست جگہ ج فُرَض وفِرَاض.

اَلفِرَاضُ: کپڑا۔ دریا کا دہانہ۔

اَلفَارِضُ: قا۔ موٹا۔ پرانا ج فُرَّض: مؤنث فَارِضَـۃ ج فَارِضَات وفَوَارِض.

......والـفَـرْضِیّ والفَرِیْض والفَرَّاض: علم فرائض کا جاننے والا۔

الـفَـرِیْضَۃُ: فرض۔ زکوۃ۔ مقرر کردہ حصہ۔ ج فَرَائِض عِلْمُ الفَرَائِض: وہ علم جس میں وارثین کے حصص بیان کئے جائیں۔

اَصْـحَـابُ الفَرَائِض: وہ ورثہ جن کے حصے مقرر ہیں۔

المِفْرَاض والمِفْرَض: کاٹنے کے اوزار۔

المَفْرُوْض: مص اللہ کا حکم جو بندوں پر واجب ہو۔ کاٹا ہوا۔ محدود۔
الفِرْضِم: بوڑھی بکری۔
فَرَطَ (ن) فُرُوْطًا: آگے بڑھنا۔ مقدم ہونا
فَرْطًا فِي الأمر: کوتاہی کرنا۔ فرط منه القول: بغیر سمجھے بوجھے کہنا...... منه شَئٌ: جاتا رہنا...... عَلَيْهِ فِي القَوْلِ: پیش دستی کرنا اور حد سے گزرنا۔ فَرَطَ عَلَى فُلَانٍ: جلدی کرنا اور تکلیف دینا۔ فَرَطَ: غالب ہونا۔ فَرَطَ اِلَيْهِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا اور جلدی کرنا ...... وَلَدًا: چھوٹا بچہ مرنا۔
فَرَطَ (ن ض) فَرْطًا وفَرَاطَةً القَوْمَ: گھاس پانی کی طرف قوم سے پہلے جانا۔ صفت (فَارِطٌ) جمع فَارِطُوْن وفُرَّاط۔
فَرَّطَ. الشَّئَ وفِي الشَّئِ: ضائع کرنا۔ متفرق کرنا...... فِي الشَّئِ: کوتاہی کرنا۔ عاجزی کرنا۔ فَرَّطَهُ: چھوڑ دینا اور آگے بڑھ جانا۔ مدح یا ہجو کرنا اور حد سے گزرنا...... عَنْهُ: مہلت دینا۔
...... اِلَيْهِ رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا...... اللّٰهُ عَنْهُ مَا يَكْرَهُ: دور کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
اَفْرَطَ: جانب زیادتی اور حد سے بڑھ جانا۔ جلدی کرنا...... رَسُوْلًا: قاصد بھیجنا...... الامرَ: بھولنا اور چھوڑنا...... الاِنَاءَ: برتن کو لبالب بھرنا...... بِيَدِهِ اِلَى السَّيْفِ لِيَسُلَّهُ: تلوار کھینچنے میں جلدی کرنا...... عَلَى الرَّجُلِ......: طاقت سے زیادہ بوجھ ڈالنا...... فُلَانٌ وَلَدًا: نابالغ بچے کا وفات پانا...... الشَّئَ: بھولنا۔ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَفْرَطَ مِنْهُمْ اَحَدًا" یعنی کسی کو نہیں چھوڑا۔
فَارَطَهُ فِرَاطًا ومُفَارَطَةً: سبقت لے جانا۔ پا لینا۔
تَفَرَّطَ. الشَّئُ: وقت گزر جانا...... الفَرَسُ الخَيْلَ: گھوڑے کا سابق ہونا۔ آگے بڑھ جانا۔
تَفَارَطَ: آگے بڑھنا...... القَوْمَ: آگے بڑھنے کی کوشش کرنا...... الشَّئُ: وقت کا جاتا رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَارَطَتِ الصَّلَاةُ عَنْ وَقْتِهَا" یعنی نماز اپنے وقت سے مؤخر ہوگئی
تَفَارَطَتْهُ الهُمُوْمُ: غموں کا لاحق ہونا۔
اِفْرَطَ: کھلنا۔
اِفْتَرَطَ. وَلَدًا: چھوٹے بچے کا مرنا۔
اِلَيْهِ فِي الامرِ: آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُفْتَرَطُ اِحْسَانُهُ" یعنی فلاں کے احسان کے فوت ہونے کا خوف نہیں کیا جاتا۔
الفَرْطُ: مص۔ افراط کا اسم ہے۔ ٹیلہ کا سرا۔ پہاڑی کی چوٹی۔ راستہ کا نشان۔ ج اَفْرُطٌ و اَفْرَاطٌ۔ الفَرْطُ: وقت اور کہا جاتا ہے اٰتِيْتُهُ فَرْطًا: میں اس کے پاس چند دن کے بعد آیا اور یہ پندرہ دن سے زائد اور تین دن سے کم نہیں ہوتا۔ آتِيْكَ فَرْطَ يَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ: یعنی ایک یا دو دن کے بعد آؤں گا "وَلَا اَلْقَاهُ اِلَّا فِي الفَرْطِ" یعنی چند ایام میں ایک مرتبہ ملوں گا۔
الفُرُطُ: دامنِ کوہ۔
اَفْرَاطُ. الصَّبَاحِ: صبح کی پہلی شعاعیں۔
...... الإِنَاءَ: برتن بھر دینا...... الرَّجُلَ: خوشی سے بھر دینا۔
تَفَاغَمَا: ایک دوسرے کو بوسہ دینا۔
اِنْفَغَمَ الْمَكَانُ: خوشبو سے بھر جانا۔
وانْفَغَمَ الزُّكَامُ: زکام کا اچھا ہونا۔
الْفَغْمُ: مص۔ کھانے کا وہ حصہ جو دانتوں کے درمیان سے نکالا جائے۔
فَغْمَةُ الطِّيبِ: خوشبو کی بھڑک۔
الْفُغْمُ والْفَغْمُ: منہ۔ تھوڑی مع جبڑوں کے۔
الْفَغِمُ: مشتاق۔ حریص کہا جاتا ہے "كَلْبٌ فَغِمٌ عَلَى الصَّيْدِ" کتا شکار کا حریص ہے۔
الْمُفْغَمُ: مفع مشتاق۔ حریص۔
الْمَفْغُومُ: مفع۔ زکام زدہ۔ شَيْءٌ مَفْغُومٌ: خوشبوؤں سے بسایا ہوا۔
فَغَا يَفْغُو فَغْوًا: الأَمْرُ: پھیلنا...... الزَّرْعُ: کھیتی کا خشک ہونا۔
أَفْغَى الرَّيْحَانُ: شگوفہ دار ہونا...... فُلَانٌ: غنا کے بعد محتاج ہونا۔ حسن کے بعد بدصورت ہونا۔ طاعت کے بعد نافرمان ہونا ...... ہ: غضبناک کرنا...... الشَّجَرُ:...... درخت میں کلی کھلنا۔
الْفَغْوُ: مص۔ حنا کا پھول۔
الْفَاغِيَةُ: حنا کی کلی اور کہا گیا ہے کہ وہ پھول جو حنا کی شاخ کو اُلٹا گاڑ دینے سے نکلتا ہے اور وہ حنا کے پھول سے زیادہ اچھا ہوتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ فَاغِيَةٌ ہر خوشبودار کلی کو کہتے ہیں۔
الْفَغْوَةُ: خوشبو کہا جاتا ہے "فَغْوَةُ الطِّيبِ" خوشبو کی بھڑک۔
الْفَوْفَلُ: چھالیہ۔
فَقَأَ (ف) فَقْأً وفَقَّأَ تَفْقِئَةً الدُّمَّلَ: پھوڑے کو چیرنا۔ شگاف کرنا...... الْعَيْنَ: آنکھ پھوڑنا۔

تَفَقَّأَ وانْفَقَأَ: شگاف ہونا۔ پھوٹنا۔
الْفَقْءُ: باریک سی جھلی جو جنین کے سر کے گرداگرد ہوتی ہے اور ولادت کے وقت پھٹ جاتی ہے۔ ج فُقُوءٌ۔
الْفُقَأَةُ والْفُقَيْئَاءُ: بمعنی الفقء۔
الْفَقِيءُ والْفُقْيُ: پتھر کا گڑھا۔ سخت زمین کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔
فَقَحَ (ف) فَقْحًا وفَقَّحَ الْجَرْوُ: کتے کے بچے کا آنکھیں کھولنا...... النَّبَاتُ: نباتات کا کلی دار ہونا۔ شگوفہ کھلنا...... فُلَانًا: کسی کے دُبر پر مارنا...... الشَّيْءَ: کسی چیز کا سفوف کرنا۔
تَفَقَّحَ: کھلنا۔ شر کے لئے آمادہ ہونا۔
تَفَاقَحَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کی طرف پیٹھ کرنا۔
الْفُقْحَةُ مِنَ النَّبْتِ: کلی۔ دُبر کا حلقہ۔ ج فِقَاحٌ (...... والْفُقَّاحَةُ) ہتھیلی۔
الْفُقَّاحُ مِنْ كُلِّ نَبْتٍ: کلی کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُتَفَقِّحٌ لِلشَّرِّ" فلاں شر کے لئے آمادہ ہے۔
فَقَدَهُ (ض) فَقْدًا وفِقْدَانًا وفُقْدَانًا وفُقُودًا وافْتَقَدَهُ: گم کرنا۔ کھونا۔
أَفْقَدَهُ الشَّيْءَ: گم کرنا۔
تَفَقَّدَهُ وافْتَقَدَهُ: گم شدہ کی تلاش کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا افْتَقَدْتُهُ مُنْذُ افْتَقَدْتُهُ" یعنی جب سے میں نے اُسے گم کیا تلاش نہیں کیا۔
تَفَاقَدَ الْقَوْمُ: بعض کا بعض کو کھونا۔
الْفَاقِدُ: فا۔ وہ عورت جس کا شوہر یا لڑکا مر گیا ہو۔
الْفَقِيدُ: گم شدہ کہا جاتا ہے "مَاتَ غَيْرَ فَقِيدٍ او غَيْرَ مَفْقُودٍ" یعنی وہ مرگیا اور اس کے مرنے کی کوئی پروا نہیں۔
فَقَرَ (ن ض) فَقْرًا وفَقَرًا: کھودنا...... الْخَرَزَ: پرونے کے لئے بیندھنا...... الشَّيْءَ: کاٹنا اور اثر کرنا کہا جاتا ہے "فَقَرَتْهُ وفَقَرَتْهُ الدَّاهِيَةُ" اس پر ایسی مصیبت نازل ہوئی جس نے اس کی ریڑھ کی ہڈی کو توڑ دیا۔

فَقَرَ الْفَسِيلَةَ: پودا لگانے کے لئے گڑھا کھودنا۔
فَقِرَ (س) فَقَرًا: ریڑھ کی ہڈی میں مرض یا شکستگی کی وجہ سے درد ہونا۔ صفت فَقِيرٌ وفَقِرٌ ومَفْقُورٌ۔
فَقُرَ (ک) فَقَارَةً وافْتَقَرَ: مفلس ہونا۔
افْتَقَرَ إِلَيْهِ: محتاج ہونا۔ صفت فَقِيرٌ ج فُقَرَاءُ مؤنث فَقِيرَةٌ ج فَقِيرَاتٌ وفَقَائِرُ وفُقَرَاءُ۔
أَفْقَرَهُ: مفلس بنانا...... ہ الصَّيْدُ: شکار کا اپنی جانب سے موقع دینا ...... ہ الأَرْضَ: زراعت کے لئے عاریت پر دینا۔ أَفْقَرَهُ أَفْقَرَهُ لِظَهْرٍ سواری کے لئے بچھیرا عاریۃ دینا۔ أَفْقَرَ ظَهْرُ الْمُهْرِ: بچھیرے کا سواری کے قابل ہونا۔
تَفَاقَرَ: فقیری ظاہر کرنا۔
الْفَقْرُ: مص مفلسی۔ غم۔ ج فُقُورٌ ومَفَاقِرُ: پھٹن۔ کاٹ۔ ج أَفْقُرٌ۔
الْفُقْرُ: مفلسی۔ جانب ج فُقَرٌ۔
الْفِقْرَةُ: ریڑھ کی ہڈی ج فِقَرٌ وفِقَرَاتٌ وفِقْرَاتٌ۔
الْفَقَارَةُ: ریڑھ کی ہڈی ج فَقَارٌ۔
ذُو الْفِقَارِ: سیدنا علی رضی اللہ عنہ کی تلوار کا لقب۔ فَقَارُ الْجَوْزَاءِ: برج جوزا کے ستارے۔
الْفِقْرَةُ: فقر کا اسم نوع۔ نشان پہاڑ کا ہو یا کسی اور چیز کا۔ کلام یا جملہ کا لطیف نکتہ۔ قصیدہ کا عمدہ شعر ج فِقَرٌ۔
الْفُقْرَةُ: قرب۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْكَ فُقْرَةٌ" یعنی تم سے قریب ہے گڑھا۔ گریبان۔ امر عَظِيمٌ ج فُقَرٌ وفُقَرَاءُ۔
الْفَقَارِيُّ: ریڑھ کی طرف منسوب۔
الْفَاقِرَةُ: سخت مصیبت جو گویا ریڑھ کی ہڈی کو توڑ دے۔ ج فَوَاقِرُ۔
الْفَقِيرُ: مفلس۔ محتاج ج فقراء مؤنث فقيرة ج فقيرات وفقائر وفقراء: حوض کی نالی۔ گڑھا جس میں کھجور کا پودا لگایا جائے۔ عوام اسے بیش کہتے ہیں۔ ج فُقُرٌ۔

المُفْقر : ترتیب وار کنوئیں۔ جن کا پانی ایک دوسرے میں جاتا ہو۔ رَكِيَّةٌ فَقِيرَةٌ : کھدا ہوا کنواں۔

الفَيْقر: مصیبت۔

المُفْقِر: قوی مرد۔ سواری کے قابل بچھیرا۔

المَفَاقِر : اسباب فقر اور اس کے لئے کوئی واحد نہیں اور کہا گیا ہے کہ یہ فقر کی جمع خلاف قیاس ہے جیسے حسن کی جمع محاسن اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ مُفْقِرة بمعنی فقر کی جمع ہے۔

المُفَقَّر : مضبوط ریڑھ والا کہا جاتا ہے "سَيْفٌ مُفَقَّرٌ" تلوار کہ جس کی پشت پر ہموار خراشے ہوں۔ رَجُلٌ مُفَقَّرٌ : بالکل فرمانبردار مرد۔

فَقَسَ (ض) فَقْسًا. البيضة : انڈے کو ہاتھ سے توڑنا۔ پھاڑنا۔ ......الطائرُ بَيْضَتَهُ : پرندہ کا انڈے کو توڑنا اور بچہ نکالنا۔ ......الحَيَوانَ: قتل کرنا۔ ......الرَجُلَ: بالوں کو پکڑ کر نیچے گھسیٹنا ...... عَنِ الامْرِ : زبردستی ہٹانا۔

...... عَنِ الشَيْئِ: چھین لینا۔

...... فُقُوسًا: اچانک مرنا۔ کودنا۔

تَفَقَّسَ وانْفَقَسَ الشَيْئُ: اُلٹ جانا۔

تَفَاقَسَ الرَجُلانِ : ایک دوسرے کے بالوں کو پکڑ کے نیچے گھسیٹنا۔

الفُقَاسُ: جوڑوں کا مرض۔

الفَقُّوسُ: خربوزہ کی ایک قسم واحد فَقُّوسَةٌ۔

المِفْقَاس : جال کی لکڑی جو پرند پر اُلٹ پڑتی ہے۔

فَقَشَ (ن) فَقْشًا البَيْضَةَ : انڈے کو ہاتھ سے توڑنا۔

فَقَصَ (ض) فَقْصًا وفَقَّصَ. البَيْضَةَ ونَحْوَهَا: انڈا وغیرہ کو ہاتھ سے توڑنا۔ پھاڑنا۔ صفت مفعول فَقِيصَةٌ ومَفْقُوصَةٌ۔

تَفَقَّصَتْ وانْفَقَصَتْ. البَيْضَةُ عَنِ الفَرْخِ: انڈے کا ٹوٹنا اور بچہ کا ظاہر ہونا۔

الفَقُّوصُ: کچا خربوزہ۔

الفَقِيصُ: ہل کے لوہے کا پھل۔

المِفْقَاص: گرز کے سرے کا گول حصہ۔

فَقَطْ: کلمہ ہے جو فا اور قط سے مرکب ہے اور اس کے معنی لا غیر کے ہیں۔ یعنی صرف۔ بس۔

فقط الحِسَاب: تعیین مقدار کے بعد فقط لکھنا تا کہ کوئی کچھ بڑھا نہ سکے۔

فَقَعَ (ف ن) فَقْعًا وفُقُوعًا لَوْنُهُ : رنگ کا صاف و خالص ہونا یا گہرا زرد ہونا ...... الرَجُلُ: سخت گرمی سے مرجانا...... الغُلامُ: لڑکے کا بڑھنا...... (فَقْعًا) الشيْئَ: چرانا۔ کہا جاتا ہے "فَقَعَتْهُ الفَوَاقِعُ" مصائب نے اسے ہلاک کردیا۔

فَقِعَ (س) فَقَعًا: سرخ رنگ ہونا۔ گہرا رنگ ہونا اور اکثر اس کا استعمال زرد رنگ کے لئے ہے۔

فَقَّعَ: بے معنی گفتگو کرنا...... اَصَابِعَهُ: انگلیاں چٹخانا...... الوَرْدَةَ: گلاب کی پتی کو ایک ہاتھ پر رکھ کر دوسرے ہاتھ سے مار کر پھاڑنا اور آواز نکالنا۔

...... الادِيمَ: چمڑے کو سرخ رنگنا۔

اَفْقَعَ: محتاج ہونا۔ بُرا حال ہونا۔

تَفَاقَعَتْ عَيْنَاهُ: آنکھوں کا سفید ہونا۔

اِنْفَقَعَ: پھٹنا۔

الفَقْعُ والفِقْعُ : سانپ کی چھتری جو نرم اور سفید ہوتی ہے۔ ج اَفْقُعٌ وفُقُوعٌ وفِقَعَةٌ

الفَقْعُ: محتاجی۔

الفَاقِعُ : قا۔ خالص صاف رنگ اور مشہور یہ ہے کہ یہ زرد رنگ کے لئے صفت کے طور پر مستعمل ہے۔

الفَاقِعَةُ: مؤنث فاقع: مصیبت ج فَوَاقِعُ۔

الافْقَعُ : بہت زیادہ سفید مؤنث فَقْعَاءُ ج فُقْعٌ۔

الفُقَيْعُ : مرد سرخ فام۔ کبوتر کی ایک قسم۔ واحد فُقَيْعَةٌ۔

الفَقَعُ: سخت سپیدی۔

لَوْنٌ (فُقَاعِيٌّ) گہرا رنگ کہا جاتا ہے اَبْيَضُ فُقَاعِيٌّ: بہت سفید۔

الفُقَّاعُ: بدبو دار خبیث۔

الفُقَّاعُ: جو کی شراب۔

الفُقَّاعِي: جو کی شراب بیچنے والا۔

الفُقَّاعَةُ: بلبلہ ج فَقَاقِيعُ۔

المُفَقَّعُ: نوکدار موزہ۔

المُفَقِّعَةُ: ایک کالے رنگ کا پرندہ ہے جس کے دم کی جڑ سفید ہوتی ہے۔

فَقْفَقَ فَقْفَقَةً: سخت محتاج ہونا۔

...... الكَلْبُ: کتے کا ڈر سے بھونکنا۔

(...... وتَفَقْفَقَ) الرَجُلُ فِي كَلامِهِ : حلق سے نکالنا۔

الفَقْفَاقُ والفَقْفَاقَةُ : بے وقوف۔ بکواس کرنے والا۔

فَقَلَ (ن) فَقْلاً. البَيْدَرَ : کھلیان میں غلہ بکھیرنا۔

اَفْقَلَ. المَكَانُ: سرسبز ہونا۔

الفَقْلُ: مص۔ سرسبزی۔

المِفْقَلَةُ: غلہ بکھیرنے کا آلہ۔ ج مَفَاقِلُ۔

فَقَمَ (ن) فَقْمًا وتَفَقَّمَ الرَجُلُ او الكَلْبَ : ناک کو پکڑنا ...... المَرْأَةَ: جماع کرنا۔

فَقِمَ (س) فَقَمًا الإنَاءُ: پُر ہونا کہا جاتا ہے "أكَلَ الرَجُلُ حَتَّى فَقِمَ" مرد نے کھایا یہاں تک کہ تخمہ ہو گیا۔ (...... فَقْمًا وفَقَمًا) الرَجُلُ: سامنے کے دانتوں کا باہر نکلنا۔ صفت اَفْقَمُ: مؤنث فَقْمَاءُ ج فُقْمٌ ...... الرَجُلُ: اکڑنا۔

فَقِمَ (س) فَقْمًا وفَقَمًا وفُقُومَةً وفَقُمَ (ک) فَقَامَةً وفَقَاماً. الامْرُ: عظیم ہونا اور نا ہموار ہونا۔ صفت اَفْقَمُ فَقِمٌ. الشيْئُ: وسیع ہونا۔

الفَقْمُ والفُقْمُ: ٹھوڑی کا کنارہ۔ جبڑا۔

الفَقِمُ : بحر دار آدمی جو مقابل پر غالب آئے۔

الفُقْمُ: منہ۔

الفَقْمَةُ والفُقْمَةُ : ایک قسم کی مچھلی اور یہ بھی دودھ دینے والے جانوروں میں سے ہے۔

فَقِهَ (س) فَقَهًا وفَقْهًا (ک)
فَقَاهَةً: جاننا۔ فقیہ ہونا۔
فَقِهَ (س) فِقْهًا وتَفَقَّهَ الشَّيْءَ او الكَلَامَ: سمجھنا کہا جاتا ہے "فَقِهَ عَنْهُ الكَلَامَ" اس نے اُس کی گفتگو کو سمجھ لیا"
وتَفَقَّهَ الرَّجُلُ: علم فقہ سیکھنا اور حاصل کرنا۔
فَقُهَ (ک) فَقَاهَةً۔ الرَّجُلُ: علم میں غالب ہونا۔
فَقَّهَ وأَفْقَهَ فُلَانًا: سکھلانا۔ سمجھانا۔
فَاقَهَهُ فُلَانًا: فقہ میں غالب ہونا۔
الفِقْهُ: کسی شے کا جاننا اور سمجھنا۔ احکام شرعیہ کا علم ادلہ تفصیلیہ کے ساتھ حذاقت زیرکی۔
الفَقِهُ والفَقُهُ والفَقِيهُ: بہت سمجھدار ذکی علم۔ علم فقہ کا جاننے والا۔ ج فُقَهَاءُ مؤنث فَقِيهَةٌ وفَقِيهَةٌ ج فَقَائِهُ۔
المُسْتَفْقِهَةُ: نوحہ کرنے والی کا ساتھ دینے والی عورت۔
فَقَا يَفْقُو فَقْوًا۔ أَثَرَهُ: نشان قدم پر جانا۔ پیچھے جانا۔
فُقْوَةُ السَّهْمِ: سوفار۔ تیر۔ ج فُقًى۔
فَكَّ (ن) فَكًّا۔ الشَّيْءَ: جدا جدا کرنا...... المُعْقَدَةَ: گرہ کھولنا...... العَظْمَ: ہڈی کو جگہ سے ہٹا دینا...... الخَتْمَ: مہر کو توڑنا۔
فَكَّ (ن) فَكًّا وفَكَاكًا وفِكَاكًا الأَسِيرَ: قیدی کو چھڑانا...... يَدَهُ: ہاتھ کھولنا ...... الإِدْغَامَ: ادغام نہ کرنا جیسے لا تَمْدُدْ ولا تَمُدَّ: میں۔
فَكَّ (ن) فَكًّا وفُكُوكًا الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔
فَكَّ (س) فَكًّا وفُكُوكًا وافْتَكَّ الرَّهْنَ: رہن چھڑانا۔
فَكَّ (س) فَكَكًا والفَكُّ العَظْمُ: ہڈی کا جگہ سے ہٹ جانا۔
فَكَّ (س ن) فَكًّا وفَكَّةً: سُست و بے وقوف ہونا۔
انْفَكَّ الظَّبْيُ مِنَ الحِبَالَةِ: ہرن کا جال میں پھنس کر نکل بھاگنا۔
فَكَّكَهُ: الگ الگ کرنا۔ چھڑانا۔
تَفَكَّكَ: الگ الگ ہونا۔ چھٹنا۔
...... المُتَفَكِّكُ: خفیف الحرکاتی کی چال چلنا۔
انْفَكَّ: جدا ہونا۔ کھلنا...... العَبْدُ: آزاد کیا جانا کہا جاتا ہے "مَا انْفَكَّ يَفْعَلُ كَذَا" ہمیشہ ایسا کرتا رہا اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور نفی اس کے لئے لازم ہے۔
اسْتَفَكَّهُ: رہائی طلب کرنا۔
الفَكُّ: مص۔ جبڑا۔ ج فُكُوكٌ۔
الفِكَاكُ والفَكَاكُ: جس سے رہن وغیرہ کو چھڑایا جائے۔
الفَاكُّ: فا۔ بہت بوڑھا۔ بہت بے وقوف۔ ج فَكَكَةٌ وفُكَّاكٌ۔
فَكُّوْرَبَا ملكية: بڑے پتوں والے ایک پودے کا نام بعض دفعہ اس کے پتے کا قطرہ دو میٹر ہو جاتا ہے۔
الفَكَّاكُ: صیغۂ مبالغہ۔
الأَفَكُّ: وہ شخص جس کی ہڈی جوڑ سے ہٹ گئی ہو۔ مؤنث فَكَّاءُ ج فُكٌّ۔
فَكَرَ (ض) فَكْرًا وفِكْرًا وفَكَّرَ وأَفْكَرَ وتَفَكَّرَ فِي الأَمْرِ: سوچنا۔ غور کرنا۔ تامل کرنا۔
الفِكْرُ: سوچ بچار۔ غور و فکر۔ ج أَفْكَارٌ کہا جاتا ہے "مَا لِي فِي الأَمْرِ فِكْرٌ وفَكْرٌ" مجھے معاملہ میں کوئی حاجت نہیں۔ "وَلِي فِي الأَمْرِ فِكْرٌ" میرے لئے معاملہ میں غور و فکر ہے۔
الفِكْرَةُ والفِكْرَى: معاملہ میں سوچ بچار۔ غور و فکر۔ ج فِكَرٌ۔
الفَاكُورَةُ ج فَوَاكِيرُ: دروازے کو خود کھلنے سے بچانے کے لئے لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا۔
الفِكِّيرُ والفَيْكَرُ: بہت سوچ بچار کرنے والا۔
فَكِعَ (س) فَكَعًا وفُكُوعًا الرَّجُلُ: غم یا غصہ کی وجہ سے سر جھکانا۔
فَكِعَ (ف) فَكْعًا وفُكُوعًا: جانا۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ فَمَا يُدْرَى أَيْنَ فَكَعَ" گیا اور نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔
الفَكِعُ: کمالی۔
افْتَكَلَ فِي فِعْلِهِ: اچھی طرح سرانجام دینا۔
الأَفْكَلُ: لوگوں کی جماعت۔ کپکی۔ کہا جاتا ہے اخذه الفكل: جبکہ خوف یا سردی سے کانپنے لگے اور یہ تنوین کے ساتھ مستعمل ہے۔ "وجَاءَ القَوْمُ بِأَفْكَلِهِمْ وبِأَفَاكِيلِهِمْ" یعنی تمام قوم آگئی۔
المَفْكُولُ: کپکی والا۔
فَكَنَ (ن) فَكْنًا فِي الكَذِبِ: جھوٹ بولنے میں اصرار کرنا۔
تَفَكَّنَ: تعجب کرنا۔ فکر کرنا۔ افسوس کرنا۔ پشیمان ہونا۔
فَكِهَ (س) فَكَهًا وفَكَاهَةً: خوش طبع۔ ہنسنے ہنسانے والا ہونا۔ صفت فَاكِهٌ وفَكِهٌ وفَيْكَهَانٌ...... مِنْهُ: تعجب کرنا فَكِهَ لِلشَّيْءِ: متعجب ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَوْ سَمِعْتَ حَدِيثَ فُلَانٍ لَمَا فَكِهْتَ لَهُ" اگر تم فلاں کی بات سنو تو متعجب نہیں ہوگے۔
فَكَّهَ الرَّجُلَ: میوہ کھلانا۔ کلام شیریں کر کے خوش کرنا۔
تَفَكَّهَ: میوہ کھانا...... بِالشَّيْءِ: لذت حاصل کرنا...... بِهِ: فائدہ اٹھانا...... مِنْهُ: تعجب کرنا۔ پشیمان ہونا...... بِفُلَانٍ: غیبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُ القَوْمَ يَتَفَكَّهُونَ بِعِرْضِ فُلَانٍ" یعنی میں نے لوگوں کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ فلاں کی غیبت سے لذت حاصل کر رہے تھے۔
فَاكَهَ مُفَاكَهَةً الرَّجُلَ: مزاح کرنا۔
تَفَاكَهَ القَوْمُ: آپس میں مزاح کرنا۔
الفُكَاهَةُ والفُكَيْهَةُ: خوش طبعی۔
الأُفْكُوهَةُ: خوش طبعی۔ تعجب انگیز۔
الفَكِهُ: خوش طبع۔ ہنسوڑ۔ خود پسند۔ اکڑ باز۔ میوہ خور مؤنث فَكِهَةٌ ج فَكِهَاتٌ۔
الفَاكِهُ: فا۔ میوہ والا۔ خوش طبع ......

الفَاكِهَة: مؤنث فَاكِه: ہر قسم کا پھل جس کو کھا کر لذت حاصل کی جائے ج فَوَاكِه
فَاكِهَة الشِتَاءِ: آگ۔
الافْكَه: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِنْ اَفْكَهِ النَاسِ" فلاں بہت مزاح کرنے والا ہے۔
الفَاكِهَانى: میوہ فروش۔
فَلَّ (ن) فَلًّا وفَلَّلَ السَيْفَ: تلوار کو دندانہ دار کرنا...... القَوْمَ: قوم کو شکست دینا۔
فَلَّ (ض) فَلًّا عَنْ فُلَانٍ عَقْلُهُ: عقل زائل ہونے کے بعد لوٹ آنا۔
اَفَلَّ الرَجُلُ: مال ضائع ہونا...... القَوْمُ: قوم کا بنجر زمین پر پہنچنا۔
تَفَلَّلَ وانْفَلَّ القَوْمُ: قوم کا شکست کھانا۔
تَفَلَّلَ وانْفَلَّ وافْتَلَّ السَيْفَ: تلوار کا دندانہ دار ہونا۔
اِسْتَفَلَّ السَيْفَ: تلوار کو دندانہ دار کرنا...... الشَيْءَ: کسی چیز کا ادنیٰ حصہ لینا۔ رَجُلٌ فَلٌّ وقَوْمٌ فَلٌّ: شکست خوردہ واحد جمع برابر اور کبھی اَفْلَالٌ وفُلُوْلٌ: جمع آتی ہے۔
الفَلُّ: مص تلوار کی دھار میں ٹوٹ یا دندانہ ج فُلُول: جو کسی چیز سے گرے جیسے لوہے کا برادہ۔ آگ کی چنگاری۔ جماعت ج فُلُوْل وفِلال.
الفَلُّ: خشک زمین جس میں کچھ نہ اُگے کہا جاتا ہے "هُوَ فَلٌّ مِنَ الخَيْرِ" وہ خیر سے خالی ہے ج فُلٌّ واَفلال.
الفِلُّ والفِلِّيَة: خشک زمین جس میں کچھ نہ اُگے ج فَلَالِي.
الفُلُّ: پھول جو چنبیلی کے مشابہ ہوتا ہے اور خوشبو تیز ہوتی ہے۔
الفَلَل: تلوار کی دھار کا کند ہونا۔
الفَلَّة: تلوار کی دھار کا دندانہ۔
سَيْفٌ فَلِيْلٌ وافَلُّ ومَفْلُوْلٌ ومُنْفَلٌّ: کند تلوار۔ دندانہ دار تلوار۔
كَتِيْبَةٌ فُلٌّ: شکست خوردہ فوج۔
الفَلِيْل: جماعت (...... والفَلِيْلَة) گچھا۔

فَلَتَهُ (ض) فَلْتًا وافْلَتَهُ: رہا کرنا۔ چھوڑنا۔
فَلَتَ وافْلَتَ وتَفَلَّتَ وانْفَلَتَ: رہا ہونا۔ چھوٹنا۔ اَفْلَتَ وتَفَلَّتَ اِلَى شَيْءٍ: جھگڑا کرنا۔ تَفَلَّتَ عَلَيْهِ: کودنا۔ حملہ کرنا۔
فَالَتَهُ فِلَاتًا ومُفَالَتَةً: اچانک آنا۔ پانا۔
اِفْتَلَتَ الكَلَامَ: فی البدیہ کہنا۔
الاَمْرَ: بغیر توقف کے کام کرنا۔ اِفْتَلَتَ عَلَيْهِ: بغیر کسی دوسرے کے کام کو پورا کر دینا...... الشَيْءَ: جلدی سے لینا۔
اُفْتُلِتَ: اچانک مرنا...... بِاَمْرِ كَذَا: تیاری سے پہلے اچانک مشغول کیا جانا۔ اُفْتُلِتَ الشَيْءُ: اچانک لیا جانا۔
اِسْتَفْلَتَ الشَيْءَ مِنْ يَدِهِ: چھین لینا۔
الفَلَت: رہائی۔ کہا جاتا ہے "مَالَكَ مِنْهُ فَلَتٌ" تمہیں اس سے رہائی نہیں۔
فَرَسٌ فَلَتَان: تیز گھوڑا ج فِلْتَان ورَجُلٌ فَلَتَان: چست، دلیر، قوی دل، شر کی طرف جانے والا۔
اَلْفَلْتِيُّ: وہ شخص جو اپنے آپ کو برائیوں سے محفوظ نہ رکھے۔ اَلْفَالِتُ: وہ جانور مویشی جو باندھا نہ گیا ہو۔ (عامی لفظ) اپنی ہوس پر چلنے والا نوجوان۔ اَلْفَالِتَةُ مؤنث اَلْفَالِتُ: برائی سے غیر محفوظ خاتون۔ النَغْمَةُ الفَالِتَةُ: وہ گانا جو مروجہ موسیقی آوازوں کے مطابق نہ ہو۔
الاِنْفِلَاتُ: مختصر وقت کے لئے گیس کی تیزی ست پڑ جانا۔ جیسے انجن میں ہوتا ہے۔
فَرَسٌ فُلُتٌ وفُلَتٌ: تیز گھوڑا۔
الفَلْتَة. فَلَتَ: کا اسم مرۃ۔ بغیر غور و فکر کے کام۔ مہینہ کی آخری رات ج فَلَتَات.
فَلَتَاتُ الكَلَامِ: کلام کی لغزشیں۔ غلطیاں۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ الرَجُلُ فَلْتَةً" مرد اچانک نکل گیا وحدث الاَمْرُ فَلْتَةً: اچانک واقعہ ہو گیا وهو فِيْ بردة لَهُ فلتة: وہ ایک چھوٹی اور تنگ چادر میں ہے جس کے دونوں کنارے مل نہیں سکتے۔
كِسَاءٌ فُلُوْتٌ: چھوٹی تنگ چادر۔

فَلَجَ (ن ض) فَلْجًا وفُلُوْجًا الشَيْءَ: پھاڑنا۔ دو ٹکڑے کرنا...... الحَرَّاثُ الاَرْضَ: کاشتکار کا زمین کو جوتنا...... الوَالِي الجِزْيَةَ بَيْنَهُمْ وعَلَيْهِمْ: والی کا جزیہ کو تقسیم کرنا...... مقرر کرنا...... فَلْجًا وفُلُجًا القَوْمَ وعَلَى القَوْمِ: کامیاب ہونا...... سَهْمُهُ: غالب آنا...... الرَجُلُ: مطلوب پر فتح مند ہونا...... لَهُ: موافق فیصلہ کرنا۔ فَلَجَ بِحَاجَتِهِ: ثابت کرنا۔
فَلِجَ (س) فَلَجًا وفَلَجَةً: قدموں یا ہاتھوں یا دانتوں کے درمیان فاصلہ والا ہونا۔ صفت اَفْلَج: مؤنث فَلْجَاء ج فُلْج: فالج زدہ ہونا۔
فُلِجَ: فالج زدہ ہونا۔
فَالَجَهُ: کامیابی میں غالب آنا۔
فَلَّجَ الشَيْءَ: تقسیم کرنا...... الاَمْرَ: غور کرنا۔ تدبیر کرنا۔
اَفْلَجَ: مطلوب پر فتح مند ہونا...... عَلَى خَصْمِهِ: غالب آنا اور کامیاب ہونا...... اللّٰه فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ: غالب کرنا...... بُرْهَانَهُ: دلیل ظاہر کرنا اور پیش کرنا...... لِيْ: موافق فیصلہ کرنا۔
تَفَلَّجَ: پھٹنا۔
اِنْفَلَجَ الصُبْحُ: صبح کا روشن ہونا۔
الفَلْج: مص آدھا۔ چاند۔ ج فُلُوْج.
...... والفُلْج والفُلْجَة: کامیابی۔ فتح مندی۔
الفِلْج: آدھا (...... والفَالِج) ایک قسم کا پیمانہ ج فَوَالِج.
الفَلَج: مص دونوں قدم یا دانتوں کے درمیان فاصلہ۔ صبح۔ ندی۔
الفَالِج: فا۔ ایک مرض ہے جس سے پورے بدن کا آدھا حصہ بالکل بے کار ہو جاتا ہے۔ دو کوہان والا اونٹ...... مِنَ السِهَامِ: کامیاب تیر۔
الفَلِيْجَة: خیمہ کا ایک تختہ۔
المُفَلَّجَة مِنَ الاَسْنَانِ: علیحدہ علیحدہ

دانت۔

المَفْلُوج: فالج زدہ ج مَفَالِيج.

الفَلُّوج: کھنے والا۔

الـفَـلُّـوجَة: کاشت کے قابل زمین ج فَلالِيج.

فَلَحَ (ف) فَلْحًا الارْضَ: زمین جوتنا۔ ..... فُلانًا: مکر کرنا (..... فَلاحَةً) لِـلْقَوْم وبالقَوْم: خرید وفروخت میں دھوکا دینا۔

فَلِحَ (س) فَلَحًا: نیچے کے ہونٹ کا پھٹنا۔ صفت اَفْلَح اور ہونٹ کو فَلْحاء کہتے ہیں ج فُلْح.

فَلَّحَ بہ: ٹھٹھا کرنا۔ استہزاء کرنا۔ مکر کرنا۔

اَفْلَحَ الرَّجُلُ: مطلوب پر کامیاب وفتح مند ہونا۔ کوشش میں کامیاب ہونا ..... بالشَّیْءِ: زندگی گزارنا۔

اِسْتَفْلَحَ بہ: کامیاب وفتح مند ہونا۔

الفَلْح: مس۔ پھٹن۔ ج فُلُوح.

الفَلَح والفَلْحَة: نیچے کے ہونٹ کا پھٹن۔

الفَلْحَة: زمین قابل کاشت۔

الفَلَح والفَلاح: کامیابی۔ درستی۔ حال۔ بقا۔ نجات کہا جاتا ہے "حَيَّ عَلَى الفَلاح" یعنی کامیابی اور نجات کے راستے کی طرف آؤ۔ الفَلاح: سحری۔

الفِلاحَة والفَلاحَة: کھیتی باڑی۔

الـفَـلّاح: کاشتکار۔ ملاح۔ کرایہ پر جانور دینے والا ج فَلّاحَة وفَلّاحُون.

المَفْلَحَة: باعث کامیابی۔

مُـتَـفَـلِّـحُ الشَّـفَةِ او الـیَـدَیْنِ او القَدَمَیْنِ: سردی کی وجہ سے پھٹے ہوئے ہونٹ یا ہاتھ یا قدم والا۔

تَفَلْحَسَ: بے بلائے مہمان ہونا۔

الـفَـلَـحْـس: حریص۔ لالچی۔ کتا۔ بوڑھا ریچھ۔ وہ شخص جو لوگوں کے کھانے کے انتظار میں رہے۔

الفَلْحَسَة: لاغر سرین کی بدصورت عورت۔

الفِلْحاس: قبیح بدصورت۔

فَلَخَ (ف) فَلْخًا الشَّیْءَ: پھاڑنا۔

الامْرَ: واضح کرنا۔

فَلَّخَہ: مارنا۔

الفَيْلَخ: ہاتھ کی چکی ج فَيالِخ.

غُلامٌ فَلْوَد: موٹا تازہ لڑکا۔

فَلَذَ (ض) فَـلْـذًا لَہ مِنَ المالِ شَيْئًا: حصہ جدا کرنا۔

فَلَّذَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اِفْـتَـلَذَ المالَ: کچھ حصہ لینا۔ اِفْـتَـلَذَ مِنْ فُلانٍ حَقَّہ: کسی سے اپنا حق لینا۔

الـفِـلْـذ: اونٹ کا کلیجہ ج اَفْلاذ. اَفْلاذُ الارْضِ: زمین کے خزانے۔

الفِـلْذَة: جگر یا گوشت یا سونے وغیرہ کا ٹکڑا ج فِلَذ وفِلِذ واَفْلاذ.

الفالُوذ والفالُوذَج والفالُوذَق: فالودہ ج فَوالِيذ.

الفُولاذ: فولاد لوہا ج فَوالِيذ.

المُـفَـلْـوَذ مِنَ السُّیُوفِ: فولاد کی بنی ہوئی تلوار۔

الفِـلِـزّ والفِـلِـزّ والفُلُزّ: سپید تانبا۔ لوہے کا میل۔ زمین کی ساری دھاتوں پر اطلاق ہوتا ہے۔ بڑا سخت آدمی۔ بخیل۔ جس پر تلوار کو آزمائیں۔

فَـلَّـسَ القاضِی فُلانًا: کسی کے دیوالیہ ہونے کا حکم لگانا۔

اَفْـلَـسَ: مال باقی نہ رہنا۔ اور اس سے یہ ارادہ کیا جاتا ہے کہ وہ ایسی حالت پر پہنچ گیا ہے کہ اس کے بارے میں یوں کہا جا سکے کہ "لَيْسَ مَعَہٗ فَلْسٌ" یعنی اس کے پاس پیسے نہیں۔ صفت مُـفْـلِـس ج مُـفْـلِـسُون ومَفالِيس.

الفَلْس: پیسہ ج اَفْـلُـس وفُلُوس. فُلُوس الـسَّـمَـک: مچھلی کے سفنے اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ فَـلْـسٌ مِنْ کُلِّ خَيْرٍ" یعنی فلاں ہر خیر سے خالی ہے۔

الفَلّاس: صراف پیسے فروخت کرنے والا۔

الـمُفَلَّس: مفع جس کی کھال پر مچھلی کے سفنے جیسے ہوں۔

تَـفَـلْـسَـفَ: فلسفی بننا۔ مسائل علمیہ میں بحث کرنا۔ حذاقت کا دعویٰ کرنا۔

الفَلْسَفَة: حکمت۔ مسائل علمیہ میں غور وفکر۔ اشیاء کا علم بِحَسْبِ الطّاقَةِ البَشَرِیَّة.

الفَيْلَسُوف: فلسفی ج فَلاسِفَة.

فَلْشَ الامْتِعَةَ وَ فَلَشَها: سامان بکھیر دینا۔

(سریانی لفظ) اَلـمَـفْـلُـوش: وہ شخص جو اپنے کام درست نہ کر سکے۔

فَلَصَ الرَّجُلُ: چھڑانا۔ رہائی دینا۔

اَفْلَصَ وانْفَلَصَ وتَفَلَّصَ: رہائی پانا۔

اِفْتَلَصَ مِنْ یَدِہ: لینا۔

فَلَطَ (ن) فَـلْطًا عَنِ الشَّیْءِ: سرگشتہ ہونا۔ حیران ہونا۔

فَالَطَہ: اچانک آنا۔ پانا۔

اَفْلَطَہ الامْرُ: اچانک آنا۔

اُفْتُلِطَ بالامْرِ: اچانک مشغول کیا جانا۔

الفَلَط: اچانک۔

فَلْطَحَ فَلْطَحَةً القُرْصَ: ٹکیہ کو پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔

تَـفَـلْـطُحُ او تَبَطُّطُ الارْضِ: زمین کے دو قطر استوائی اور قطبی کے درمیان فرق جب کہ اس کو قطر استوائی پر تقسیم ہو اس کی مقدار کا فرق ۱/۲۹۷ تک ہے۔ اور مشتری کا ۱/۱۵ ہے۔

الفِلْطاح والمُفَلْطَح: چوڑا کیا ہوا۔

فَلَعَ (ف) فَلْعًا وفَلَّعَ الشَّیْءَ: پھاڑنا۔

تَفَلَّعَ: پھٹنا۔

اِنْفَلَعَ: پھٹنا۔

الفَلْع والفِلْع: بوائی۔ پھٹن ج فُلُوع.

الفِلْعَة: کوہان کا ایک ٹکڑا ج فِلَع.

الفالِعَة: مصیبت ج فَوالِع.

سَيْفٌ فَلُوعٌ: شمشیر براں ج فُلُع.

سَيْفٌ مِفْلَع: شمشیر براں۔

مَـزادَةٌ مُـفَـلَّـعَة: چمڑے کے ٹکڑوں کا پیوند لگا ہوا توشہ دان۔

فَلَغَ (ف) فَلْغًا راسَہ: سر توڑنا۔ کچلنا۔

تَفَلَّغَ الشَّیْءُ: ریزہ ریزہ ہونا۔

فَلْفَلَ الطَعَام: کھانے میں مرچ ڈالنا۔
فَلْفَلَ وتَفَلْفَلَ: چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا اور تکبر سے چلنا۔تَفَلْفَلَتْ. حَلَمَات الضَرْع: پستان کی گھنڈی کا سیاہ ہونا۔تَفَلْفَلَ شَعْرُ الاَسْوَدِ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا۔
الفُلْفُل والفِلْفِل: مرچ واحد فُلْفِلَة.
الفُلَيْفِلَة: ایک قسم کی نباتات ہے جس کی دو قسمیں ہیں۔ایک قسم مرچ کی مانند تیز ہوتی اور دوسری قسم میں تیزی نہیں ہوتی۔
شَرَابٌ مُفَلْفَل: تیز شراب و شعو.
مُفَلْفَل: سخت گھنگھریالے بال۔
فَلَقَ (ض) فَلْقًا وفَلَّقَ الشَئْ: پھاڑنا۔
اللّٰهُ الصُبحَ: رات کی تاریکی دور کرنا اور صبح ظاہر کرنا۔
اَفْلَقَ الشَاعِرُ: عجیب کلام کہنا۔صفت مُفْلِق بالاَمْرِ: ماہر ہونا۔
تَفَلَّقَ: پھٹنا۔دوڑنے میں کوشش کرنا۔
الصُبحُ: صبح ہونا۔
افتلق: عجیب کام کرنا۔دوڑنے میں کوشش کرنا۔
اِنْفَلَقَ: پھٹنا۔
الفَالِق: فا۔پہاڑ کا شگاف۔
الفَالِقَة. فَالِق: کا مؤنث۔دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔
الفَلْق: مص پھٹن ج فُلُوق. فَلْقُ الرَّاسِ: مانگ۔
الفِلْق: امر عجیب۔مصیبت۔آدھا۔
الفَلَق: صبح۔کل مخلوق۔اشکال کے بعد حق کی وضاحت۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین۔دوزخ۔پہاڑ کا شگاف۔
ج فُلْقَان: پیالہ کی تلی کا دودھ۔بطور حقارت کے کہا جاتا ہے "یَا ابْنَ شَارِب الفَلَقِ" مجرم کو سزا دینے کی ایک قسم کی لکڑی۔والفَلَق مِنَ اللَّبَن: پھٹا ہوا دودھ ج اَفْلاَق.
الفَلْقَةُ: پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔داغ جو اُونٹ کے کان کے نیچے لگائیں۔
الفِلْقَةُ: ٹکڑا۔ج فِلَق.

الفَلاَقَة: ٹکڑا۔ج فِلاَق.
الفِلْقَة: پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔مصیبت ج فِلَق.
الفَلِيق والفَلِيقَة والمَفْلَقَة والفَلَقَى: مصیبت۔امر عجیب الفَلِيق: گردن کی اُبھری ہوئی رگ۔
الفُلْقَان: سفید جھوٹ۔خالص جھوٹ لَبَنٌ فُلاَق وفُلُوق پھٹا ہوا دودھ۔کہا جاتا ہے "صَارَ اللَبَنُ فُلاَقًا وفِلاَقًا وفِلاَقًا" یعنی ترشی کی وجہ سے دودھ پھٹ گیا۔
الثَمَرُ الفُلُق والمُفْلَق: خشک پھل جو گٹھلی سے جدا ہو گیا ہو۔
الفَيْلَق: بڑا لشکر۔بڑا آدمی ج فَيَالِق. رَجُلٌ فَيْلَق: کانا مرد۔اِمْرَأَةٌ فَيْلَق: بڑی چالاک شور مچانے والی عورت۔
المُفْلِق: فا۔شَاعِرٌ مُفْلِق: عجیب کلام کہنے والا شاعر۔
المِفْلاَق: ناپسندیدہ افعال کرنے والا مفلس ج مَفَالِيق. رَجُلٌ مِفْلاَق: کمینہ و رذیل آدمی۔
المَفْلَقَة: بلا و سختی۔
المَفْلُوق: کان کے نیچے داغ لگا ہوا اونٹ۔
فَلْقَعَ مَا فِيْ الاِنَاء: برتن کا کل پی جانا یا کھا جانا۔
تَفَلْقَحَ اِلَى القَوْمِ: خوش خبری دینا۔
الفَلْقَحِي: ہنس مکھ۔
فَلَكَ (ن) فَلْكًا ثَدْىُ الجَارِيَةِ: لڑکی کی پستان کا گول ہونا۔
فَلَكَتْ وفَلَّكَتْ الجَارِيَةُ: گول پستان والی ہونا۔صفت فَالِك ج فَوَالِك.
فَلَّكَ واَفْلَكَ الثَدْىُ: پستان کا گول ہونا ...... الرَّجُلُ فِيْ الاَمْرِ: کسی معاملہ میں اصرار کرنا۔
تَفَلَّكَ واِسْتَفْلَكَ ثَدْىُ الجَارِيَةِ: لڑکی کے پستان کا گول ہونا۔
الفَلَك: آسمان۔ج فُلُك وفُلْك واَفْلاَك والفَلَكُ مِنْ كُلِّ شَئْ: گول اور بڑا بِنَ البَحْرِ: موج۔ریت کا ٹیلہ جس کے اردگرد کھلا میدان ہو۔زمین کے گول ٹکڑے جو اردگرد کی زمین سے بلند ہوں۔واحد فَلَكَة وفَلْكَة ج فِلاَك.
الفَلِك: اُبھری ہوئی ہڈیوں والا۔سخت جوڑوں والا۔جس کے زانو کی چپنی میں درد ہو۔رَجُلٌ فَلِكٌ: بڑے سرین والا۔
الفَلَكِي: فلک کی جانب منسوب۔علم نجوم کا ماہر۔
الفَلْكَة: فلک کا واحد۔ہر وہ چیز جو بلند اور گول ہو۔ج فَلَكٍ وفَلَك فَلَكَةُ المَغْزَل: چرخے کا دمڑکا ج فِلَك.
الاَفْلَك: گول زمین کے گرد گھومنے والا۔
الاِفْلِيْكَان: حلق کے کوے کے اردگرد گوشت کے دو ٹکڑے۔
المُفَلَّك والمُفْلِك. مِنَ النِسَاءِ: گول پستان والی عورت۔
اَلْفِلْكِسْرَة: انگور کے تنے کو چھیدنے والا کیڑا۔
اِفْتَلَمَ. اَنْفَهُ: ناک کاٹنا۔
اَلْفِلْمُ ج اَفْلاَمٌ: کیسٹ۔فوٹوگرافی میں استعمال والا نیگیٹو۔قصہ، کہانی۔
عِلْمُ الفُلْك: آسمان کے برجوں کا علم۔یہ بات رکھنی ضروری ہے کہ ہر ماہ ستاروں کے طلوع ہونے میں دو گھڑیوں (گھنٹوں) کا فرق ضروری ہوتا ہے۔اس وجہ سے جو ستارہ آٹھ بجے حزیران (جون) کے شروع میں طلوع ہوتا ہے وہی ستارہ دس بجے ایار (مئی) کے شروع میں طلوع ہوگا۔اس کے برعکس یہ ستارہ چھ بجے (تموز) جولائی کے شروع میں طلوع ہوگا۔
الفَيْلَم: بڑے جثہ کا مرد۔چوڑا کنواں۔کنگھی۔بزدل۔بڑی زلفوں والا۔عجیب لشکر۔دسترخوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔
فُلاَنٌ وفُلاَنَة: ذوی العقول کے علم کا کنایہ کیا جاتا ہے اور اس صورت میں ان پر الف لام داخل نہیں ہوتا اور فُلاَنَة: غیر منصرف

ہے۔ کہا جاتا ہے جَاءَ فُلاَنٌ: تنوین کے ساتھ اور جَاءَتْ فُلاَنَۃُ: بغیر تنوین کے اور کبھی غیر ذوی العقول کے علم سے بھی کنایہ کیا جاتا ہے اس صورت میں الف لام داخل ہوتا ہے جیسے رَکِبْتُ الفُلاَنَ وحَلَبْتُ الفُلاَنَۃَ۔

فَلاَ یَفْلُوْ فَلْوًا وفَلاَۃً: سفر کرنا۔ وبـــــــالسَّیْفِ: تلوار سے مارنا...... القَوْمَ: درمیان میں آنا۔ وأفْلَی وافْتَلَی الصَّبِیَّ او المُهْرَ: بچے یا بچھیرے سے دودھ چھڑانا...... الـــغُلاَمَ: لڑکے کی پرورش کرنا۔ افْتَلاَهُ لِنَفْسِهِ: اپنے لئے لینا۔ أفْلَى الـرَّجُلُ: جنگل میں داخل ہونا۔ أفْلَتِ الفَرَسُ: بچھیرے والی ہونا۔ دودھ چھڑانے کے قابل بچھیرے والی ہونا۔ صفت مُفْلٍ ومُفْلِیَۃٌ۔

الفِلْوُ: بچھیرا یا گدھے کا بچہ جو دودھ چھڑانے کے قابل ہو یا جن کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو۔ ج افْلاَءٌ وفِلاَءٌ۔

الفَلُوُّ والفُلُوُّ: بمعنی فِلْوٌ ج افْلاَءٌ وفَلاَوَى مؤنث فِلْوَۃٌ وفَلُوَّۃٌ۔

الفَلاَۃُ: وسیع بیابان ج فَلَوَاتٌ وفَلاً وفُلِيٌّ وفِلِيٌّ: اور فَلاً کی جمع افْلاَءٌ۔

فَلَى يَفْلِي فَلْيًا الاَمْرَ: کسی معاملہ کے اسباب ووجوہ پر غور کرنا...... الشِّـــعْرَ: شعر میں غور کرنا اور معانی وغرائب کا استخراج کرنا...... وبـــالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا...... زَيْدًا فِيْ عَقْلِهِ: آزمائش کرنا...... وفَلَّى تَفْلِيَۃً رَاْسَهُ او ثَوْبَهُ: سر یا کپڑے سے جوئیں نکالنا۔

فَلِيَ يَفْلَى فَلًى. الشَّيْءُ: کٹنا۔

فَالَى وَافْلَى وافْتَلَى. القَوْمَ: درمیان میں آنا۔ افْتَلَى القَوْمَ بِعَيْنِهِ: قوم کو غور سے دیکھنا۔

تَفَلَّى: سر یا کپڑے میں سے جوئیں نکالنا۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا چونچ سے پروں کو کھجلانا۔

تَـفَالَى واسْتَفْلَى: کسی سے جوئیں نکالنے کی خواہش کرنا۔ تَـفَـالَتِ النِّسَاءُ: ایک دوسرے کی جوئیں نکالنا...... الحُمُرُ: گدھوں کا ایک دوسرے کو کھانا۔

اِسْتَـفْلاَهُ: تلوار سے سر پھاڑنے کے درپے ہونا۔

الفَلاَيَۃُ: جوئیں نکالنا۔

الفَالِيَۃُ: چھری۔ داغ دار گبریلا سانپوں کے بلوں کے قریب رہا کرتا ہے اور اسی وجہ سے اس کو فَالِيَۃُ الاَفَاعِي: بھی کہتے ہیں۔ فَالِيَۃُ الاَفَاعِي: شرکا پیش خیمہ۔

الفَمُ والفُمُ والفِمُ مِنَ الاِنْسَانِ: منہ اصل وضع کے لحاظ سے (فـــوہ) ہے۔ اس کا تثنیہ فَمَانِ فَمَوَانِ وفَمَيَانِ اور جمع افْوَاهٌ (باعتبار اصل وضع کے) اور افْـمَـامٌ: اور نسبت کے لئے فَمَوِيٌّ وفَمِيٌّ۔

فَنَّ (ن) فَنًّا الشَّيْءُ: مزین کرنا...... الرَّجُلُ: مشقت میں ڈالنا...... ه فِـيْ البَيْعِ: نقصان دینا۔ فَـنَّ الـــدَّيْـنَ: قرض کو ٹالنا...... الاِبِلَ: اونٹ کو دفع کرنا۔ ہانکنا۔

فَـنَّـنَ. الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا...... النَّاسَ: جدا جدا کرنا۔ جماعت وار کرنا...... رَايَـــهُ: رنگ برنگ رائے بدلنا۔

تَفَـنَّـنَ. الشَّيْءُ: قسم بہ قسم ہونا۔ مضطرب ہونا...... والفَنَّ فِـيْ الـحَدِيْثِ: اچھے اسلوب سے بیان کرنا۔ افْتَنَّ فِيْ خُصُوْمَتِهِ: قسم قسم کی باتیں کہنا۔

اِسْتَـفَـنَّ. فَرَسَـهُ: گھوڑے کو گوناگوں چال چلانا۔

الفَنُّ: مص۔ قسم۔ حال ج افْنَانٌ وفُنُوْنٌ جج افَـانِيْنُ. افَـانِيْنُ الكَلاَمِ: کلام کے مختلف اسلوب۔ کہا جاتا ہے "لَقِيْتُ مِنْهُ فَنًّا" یعنی اس سے مجھے تکلیف ہوئی۔ کہا جاتا ہے "هُـوَ فَنُّ عِـلْـمٍ" وہ علم کے ساتھ بہتر تعلق رکھنے والا ہے۔

الفَنُّ: سے مراد وہ عمل جس کو کرنے والا اعلیٰ جمال وکمال میں پیش کرے۔ فُـــنُـــوْنُ الشِّعْرِ: شعروں کی انواع واقسام۔ الفُنُوْنُ الـجَـمِـيْلَۃُ: وہ فنون جو خوبصورتی کو اجاگر کریں جیسے موسیقی' فوٹوگرافی' شعر' بلاک سازی' ڈیزائن سازی' تعمیر اور رقص۔ اَلْفُنُوْنُ اللَّذِيْذَۃُ: جن کے کرنے سے لذت (اگرچہ گناہ والی) محسوس ہو جیسے ناچ' گانا اور گھوڑ سواری۔ اَلْفُنُوْنُ الحُرَّۃُ: وہ فنون جن میں ہاتھ کے بجائے ذہن زیادہ کام کرے۔ اَلْفُنُوْنُ البَدَوِيَّۃُ: وہ فنون جن میں ہاتھ زیادہ زیادہ استعمال ہو بہ نسبت عقل کے۔ جیسے: سنگ تراشی وغیرہ۔

الفَنَنُ: سیدھی شاخ ج افْنَانٌ جج افَانِيْنُ۔

الفَنَّۃُ: فن کا اسم مرۃ۔ مدت۔

الفَنَّۃُ: بہت گھاس۔

شَـــــجَرَۃٌ فَنَّاءُ وفَنْوَاءُ: بہت شاخ والا درخت۔

الفَـنَّانُ: لمبے بال والا۔ شَـعْرٌ فَيْنَانٌ: لمبے اچھے بال۔

الافْـــنُـوْنُ: قسم۔ گنجان ٹہنی۔ ابتداءِ جوانی۔ ابتداءِ بادل۔ مضطرب کلام۔ سانپ۔ ج افَانِيْنُ۔

المِفَنُّ: عجیب عجیب اُمور کرنے والا مؤنث مِفَنَّۃٌ۔

المُفَنَّۃُ: بدخلق بوڑھی عورت۔

الـمُـتَـفَـنِّـنُ: فا۔ گوناگوں حالات والا۔ گوناگوں صنعت والا۔

الفَنْءُ: جماعت۔

الفَنَاءُ: کثرت۔

فَـنْـجَرَ عَيْنَيْهِ: آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر تیز نگاہ سے دیکھنا۔

الفَنَاجِرَۃُ: ماہرین شہ سواری۔

الفِنْجَانُ: چائے پینے کی پیالی جمع فناجين۔

الفِنْجَانُ: سونے تانبے کا سر پر گول زیور۔

فَنَخَهُ (ن) فَـنْـخًا وفَنْخَۃً: غالب ہونا۔ ذلیل کرنا۔ فَـنَـخَ عَـظْـمَـهُ: بغیر خون نکلے ہوئے ہڈی کو چورہ کرنا۔

فَـنَّخَهُ فُنْخًا وفُنُوْخًا: خوب اچھی طرح قتل کرنا۔

أَفْنَخَ رَاسَهُ: کچلنا۔
تَفَنَّخَهُ: مقہور کرنا۔ بہت بری طرح سے ذلیل کرنا۔
الفَنِيخ: نرم و کمزور۔ بڑھا۔
المِفْنَخ: دشمنوں کو بہت ذلیل کرنے والا۔ ان کے سروں کو بہت توڑنے والا۔
فَنْخَرَ و فَنْخَرَةً: نتھنے پھلانا۔
الفُنَاخِرُ: بڑی ناک والا(...... والفُنْخُر) بڑے ڈیل ڈول والا مؤنث فُنَاخِرَةٌ و فُنْخُرَةٌ۔
الفِنْخِيرَة: بہت فخر کرنے والا۔
فَنِدَ (س) فَنَدًا و أَفْنَدَ: کھوسٹ ہونا۔ بڑھاپے کی وجہ سے ضعیف العقل ہونا۔ جھوٹ بولنا...... فِي الرَّاي او القَوْل: خطا کرنا۔ أَفْنَدَهُ: خطا کار ٹھہرانا۔ أَفْنَدَهُ الكِبَرُ: بڑھاپے کا کسی کو ضعیف العقل کر دینا۔
فَنَّدَهُ: جھٹلانا۔ ملامت کرنا۔ خطا کار ٹھہرانا۔ ضعیف العقل بنانا۔ فَنَّدَ فِي الشراب: مداومت کرنا...... الفَرَسَ: گھوڑے کو دُبلا کرنا۔ چھریرا بنانا۔
وفانَدَ و تفنّد فلانًا على الامرِ: طلب کرنا۔
تفنّد مِنْ كذا: نادم و پشیمان ہونا۔
الفَنَد: مص۔ عاجزی۔ کفرانِ نعمت ج افناد۔
الفَنَد: بڑا پہاڑ۔
الفِنْد: بڑا پہاڑ۔ ٹہنی۔ نوع۔ جمع شدہ قوم۔ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔ ج فُنُود و أَفْنَاد: کہا جاتا ہے "أَتَوا أَفْنَادًا" یعنی گروہ گروہ آئے۔ و أَفْنَادُ اللَّيْلِ: رات کے حصے۔
الفُنْدُق: سرائے ج فَنَادِق: بندوق۔
الفُنْدَاق: حساب کا رجسٹر ج فَنَادِيق۔
الفَنَار: مشعل۔ روشنی کا منارہ۔ ج فَنَارَات۔
الفَانُوس: چغل خور۔ مشعل۔ لالٹین ج فَوَانِيس۔
فَنَشَ فِي الامرِ: سست ہونا۔

...... عَنِ الامرِ: رُک جانا۔
الفِنْطَاس: جہاز میں میٹھے پانی کا حوض۔ میٹھے پانی کے تقسیم کرنے کا پیالہ ج فَنَاطِيس۔
أَنْفٌ فِنْطَاس: چوڑی ناک۔
الفِنْطِيس: کمینہ۔ چوڑی ناک والا۔ ناک جس کے نتھنے چوڑے ہوں اور بانسہ پست ہو۔ ج فَنَاطِيس۔
الفِنْطِيسَة: سور کی تھوتھنی۔
فَنِعَ (س) فَنَعًا: مالدار ہونا۔ صفت فَنِعٌ و فَنِيعٌ۔
الفَنَع: مص۔ بہت بخشش۔ فیاضی۔ مشک کی بھڑک۔
المِفْنَع: اچھی شہرت والا۔ نیک نام۔
فَنَّقَ و فَانَقَ: ناز و نعمت سے پالنا۔
أَفْنَقَ: سختی کے بعد صاحب نعمت ہونا۔
تَفَنَّقَ. الغُلام: ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا ...... فِي الامرِ: مبالغہ کرنا۔
جَارِيَةٌ فُنُقٌ و مِفْنَاق: ناز و نعمت میں پلی ہوئی لڑکی۔
الفَنِيق: نر اونٹ کہ جس کو بوجہ اس کی شرافت کے نہ تو سواری کے کام میں لائیں اور نہ اس کو تکلیف پہنچائیں ج فُنُق ج أَفْنَاق۔
الفَنِيقَة: پوری ناز و نعمت میں پلی ہوئی عورت ج فَنَائِق۔
عَيْشٌ مُفَانِق: خوش عیش زندگی۔
الفَنْقَع: موت۔
فَنَكَ (ن) فُنُوكًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا۔
...... و افنک عَلَى الامرِ: مداومت کرنا۔
...... فِي الامرِ: اصرار کرنا۔ جھوٹ بولنا۔
فَانَكَ مُفَانَكَةً فِي الامرِ: دخل دینا۔
...... و فَنَّكَ تَفْنِيكًا فِي الشَّرِّ او الكَذِبِ: اصرار کرنا۔
الفَنَك و الفَنَك: تعجب۔ الفَنَک: رات کا ٹکڑا۔ لومڑی کی جنس سے ایک جانور ہے جو لومڑی سے چھوٹا ہوتا ہے اور جس کی کھال [illegible]

الفِنْك: [illegible] ...... و [illegible] رات کا ٹکڑا۔
المَفْنِك: انسان کے جبڑوں کے ملنے کی جگہ۔
الفِنِيك: ترشکار بالک۔ (فرانسیسی لغة)
والافنيك: پرندہ کا دھڑ۔
المُفَنِّكَة: بے وقوف عورت۔
الفَتَاة: بیٹی ج فَنَوَات کوے ج فنا.
شَجَرٌ فَنْوَاءُ: بہت شاخوں والا سایہ دار درخت۔
فَنِيَ و فَنَى يَفْنَى فَنَاءً: معدوم ہونا۔
...... الرَّجُلَ: بہت بوڑھا ہونا کہا جاتا ہے "صَارَ شَيْخًا فَانِيًا"۔
فَانَى مُفَانَاةً. الرَّجُلُ: مدارات کرنا۔ تسکین دینا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ يُفَانِي الايام لاهِيًا" یعنی وہ زمانے کو کھیل کود میں بسر کرتا ہے۔
...... المَالَ: مال کا اچھا انتظام کرنا۔
أَفْنَى إِفْنَاءً الشَّيْ: معدوم کرنا۔ ہلاک کرنا۔
تَفَانَى: بعض کا بعض کو ہلاک کرنا۔
الفَانِي: فا۔ بیر فانی۔ کھوسٹ بڈھا۔
الفَنَاءِ: مص۔ معدومی۔ ہلاکت۔
الفِنَاء: گھر کے سامنے کا میدان ج أَفْنِيَة و فُنِيّ: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ أَفْنَاءِ النَّاسِ" وہ غیر معروف النسب ہے۔
فَهَّ (ف) و فَهِهَ (س) فَهَاهَةً: بول چال میں درماندہ و عاجز ہونا۔ صفت فَهٌّ و فَهِيهٌ۔
فَهَّ (س) فَهًّا الشَّيْ و عَنِ الشَّيْ: بھلانا۔
فَهَّهَ و أَفَهَّ اللّٰه الرَّجُلَ: عاجز کرنا۔ فَهَّهَهُ الشَّيْ: بھلوانا۔
الفَهَّة: مؤنث فَهّ: عاجزی۔ غفلت۔
فَهِدَ (س) فَهَدًا: تیندوے جیسا ہونا۔ صفت فَهِدٌ و فَهِدٌ. فَهِدَ عَنْهُ: غافل ہونا۔
فَهَدَ (ف) فَهْدَ الفلان: کسی کے کام کو اس کی غیر موجودگی میں اچھا کرنا۔
الفَهْد: تیندوا ج فُهُود و أَفْهُد۔
الفَهْدَة: مادہ تیندوا ج فَهْدَات: [illegible]

الفَهَّاد: تیندوے والا۔ تیندوے کو شکار سکھانے والا۔
الفُوهَد: موٹا تازہ قریب البلوغ لڑکا۔ مؤنث فُوهَدَة.
الاَفْهُود: بمعنی فُوهَد: ج اَفَاهِید.
فَهَرَ الفَرَسُ او الرَّجُلُ: تھک جانا۔
اَفْهَرَ: یہودیوں کی عید میں شریک ہونا۔
زَیْدٌ: موٹائی کی وجہ سے سلوٹ والا ہونا۔
تَفَهَّرَ. فِی المَالِ او الکَلامِ وسعت ہونا۔
الفِهْر. عِندَ الاَطِبَّاء: دوا پیسنے کا پتھر۔ ج اَفْهَار وفُهُور.
الفِهْرَة: بمعنی الفِهر.
الفِهْرِس والفِهْرِست: کتاب جس میں کتابوں کے نام جمع کئے جائیں۔ کتاب کے اول یا آخر میں چند اوراق جس میں کتاب کے ابواب وفصول بیان کر دیئے جائیں۔ ج فَهَارِس.
فَهَضَهٗ (ف) فَهْضًا: توڑنا۔ کچلنا۔
فَهَقَ (ف) فَهْقًا. الرَّجُلَ: چنبر گردن پر مارنا۔
فَهِقَ (س) فَهَقًا وفُهُوقًا. الاِنَاءُ: برتن کا لبریز ہو کر چھلکنا۔
اَفْهَقَ. الاِنَاءَ: برتن کو بھرنا...... البَرْقُ وغَیْرُهٗ: بجلی وغیرہ کا چمک کر چمکنا۔
تَفَیْهَقَ وانْفَهَقَ الحَوْضُ بِالمَاءِ: حوض کا پانی سے چھلکنا...... البَرْقُ وغَیْرُهٗ: بجلی وغیرہ کا چمک کر چمکنا۔
الفَهْقَة: گردن کی جڑ کی ہڈی۔ ج فِهَاق.
الفَاهِقَة: زخم جس سے خون جاری ہو۔ بِئْرٌ مُفْهَاق: بہت پانی والا کنواں۔
اَلْمُنْفَهِق: کشادہ۔
الفَیْهَق: کشادہ۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔
فَهِمَ (س) فَهْمًا وفَهَمًا وفَهَامَةً وفَهَامِیَةً: سمجھنا۔
فَهَّمَهٗ واَفْهَمَهٗ: سمجھانا۔
تَفَهَّمَ. الکَلامَ: تھوڑا تھوڑا سمجھنا۔
تَفَاهَمَ. القَوْمُ: بعض کا بعض سے سمجھنا۔

اِسْتَفْهَمَهُ الاَمْرَ: دریافت کرنا۔ سمجھانے کے لئے کہنا۔
الفَهْم: مص۔ سمجھ۔ کسی چیز کا تصور۔
الفَهِم: تیز سمجھ دار۔
الفَهَّامَة: بہت سمجھنے والا۔ تا مبالغہ کے لئے ہے۔
الفَهِیم: سمجھ دار۔ ج فُهَمَاء. فَهًا (ن) فُهُوًّا. عَنِ الاَمْرِ: بھولنا۔
الاَفْهَاء: بے وقوف لوگ۔
فو. ف و ہ: کا مادہ دیکھئے۔
فَاتَ یَفُوتُ فَوْتًا وفَوَاتًا الاَمْرُ: گزرنا۔ وقت جاتا رہنا۔ ہٗ الاَمْرُ: حاصل کرنے میں ناکام رہنا...... ہٗ فُلانٌ فِی کَذَا: آگے بڑھ جانا...... الشَّیْءُ: تجاوز کرنا۔
اَفَاتَهٗ اِفَاتَةَ الاَمْرِ: گزرنے دینا......
تَفَوَّتَ عَلَیْهِ فِی مَالِهٖ: غلبہ کرنا۔
تَفَاوَتَ تَفَاوُتًا وتَفَاوِتًا وتَفَاوَتًا الشَّیْئَانِ: مختلف ہونا۔ دور دور ہونا۔
تَفَاوَتَا فِی الفَضْلِ: فضل وکمال میں مختلف ہونا۔
اِفْتَاتَ الکَلامَ: نئی گفتگو کرنا...... بِرَأْیِهٖ: خود رائی کرنا...... بِاَمْرِهٖ: کر گزرنا اور مشورہ نہ کرنا۔
...... عَلٰی فُلانٍ فِی الاَمْرِ: حکم کرنا۔ فیصلہ کرنا۔
...... ہٗ الاَمْرُ: فوت ہونا کہا جاتا ہے "فُلانٌ لایُفْتَاتُ عَلَیْهِ" فلاں کی اجازت کے بغیر کوئی کام نہیں کیا جاتا۔
الفَوْت: مص۔ دو انگلیوں کے درمیان کشادگی ج اَفْوَات کہا جاتا ہے "جَعَلَ اللّٰہُ رِزْقَهٗ فَوْتَ فَمِهٖ" یعنی اللہ نے اس کے رزق کو ایسا بنایا ہے کہ وہ دیکھتا ہے اور اُس تک پہنچتا نہیں۔
الفَوَات: مص مَوْتُ الفَوَاتِ: اچانک موت۔
الفُوَیْت: خود رائے جو کسی سے مشورہ نہ کرے۔ (مذکر ومؤنث)

فَاجَ یَفُوجُ فَوْجًا. المِسْکُ: مشک کی خوشبو کا بکھرنا...... النَّهَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا۔
فَوَّجَ. عَنْ نَفْسِهٖ: ٹھنڈا کرنا۔
اَفَاجَ الرَّجُلُ: جلدی کرنا...... الفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنا۔
اُسْتُفِیجَ: ہلکا سمجھا جانا۔ ذلیل سمجھا جانا۔
الفَوْج: جماعت۔ گروہ۔ ج اَفْوَاج وفُوُوج جج اَفَاوِج واَفَایِج واَفَاوِیج.
الفَائِجَة: جماعت۔ ریت یا سخت زمین کے دو ٹیلوں کے درمیان کشادگی۔
فَاحَتْ تَفُوحُ فَوْحًا وفُوُوحًا وفَوَحَانًا القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا...... الشَّجَّةُ: زخم کا خون پھینکنا۔ فَاحَ وتَفَاوَحَ الزَّهْرُ: پھول کا مہکنا۔ خوشبو بکھرنا۔ فَاحَ المِسْکُ او الطِّیبُ: مشک یا خوشبو کا بکھرنا۔
اَفَاحَ. الدَّمَ: خون گرانا...... القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔
فَوْحُ الحَرِّ: گرمی کی شدت۔
فَاخَتْ تَفُوخُ فَوَخَانًا. الرِّیحُ: ہوا کا چلنا اور آواز نکلنا۔
فَاخَ واَفَاخَ. الرَّجُلُ: گوز کرنا۔ اَفَاخَ الزِّقَّ: مشک کا منہ کھول کر ہوا نکالنا۔
فَادَ یَفُودُ فَوْدًا: مرنا...... الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: ملانا...... المَالُ لِفُلانٍ: ثابت ہونا۔ اور اسم اس سے الفَائِدَة ہے۔
اَفَادَ. اِفَادَةَ الرَّجُلَ: مارنا۔ ہلاک کرنا۔ اَفَادَ وفُلانٌ المَالَ: جمع کرنا۔ کمائی کرنا...... فُلانًا مَالًا او عِلْمًا: دینا یا نفع پہنچانا۔
تَفَوَّدَ. الوَعْلُ فَوْقَ الجَبَلِ: پہاڑی بکری کا پہاڑ پر چڑھنا۔
اِسْتَفَادَهٗ: حاصل کرنا۔
الفَوْد: مص۔ کنپٹی۔ کنپٹی کے بال کہا جاتا ہے "بَدَا الشَّیْبُ بِفَوْدَیْهِ" یعنی اس کی دونوں کنپٹیاں سفید ہو گئیں۔ الفَوْد: بڑا تھیلا۔ بوری۔ فوج۔ کنارہ۔ فود الخِبَاءِ او الوَادِی: خیمہ یا وادی کا کنارہ ج اَفْوَاد.
المِفْوَاد: تلف کرنے والا۔

الفَوْدَج: ہودج۔ دُلہن کی پالکی۔
فَارَتْ تَفُورُ فَوْرًا وفَوَرَانًا وفُؤُورًا. القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔ اُبلنا۔ فَارَ المَاءُ: پانی کا زمین سے نکلنا اور بہنا...... العِرْقُ: رگ کا مضطرب ہونا(...... فَوَارًا وفَوَرَانًا المِسْكُ) خوشبو کا بھڑکنا۔
فَوَّرَ وأَفَارَ. القِدْرَ: ہانڈی کو جوش دینا۔
...... فَارَ المِيزَانُ: ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے بنانا۔
الفَار: چوہا۔ واحد فَارَةٌ. فَارَةُ الإبِلِ: کھال کے تر ہوجانے کے بعد کی بو۔
الفَوْر: مص۔ جلدی۔ کہا جاتا ہے "رَجَعَ مِنْ فَوْرِه" جلدی واپس ہوا۔ فَوْرُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر چیز کا اوّل۔
الفُوْر: ہرنیاں۔ واحد فَائِر: کہا جاتا ہے "لاَ أَفْعَلُهُ مَا لاَلاَتِ الفُوْرُ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک ہرنیاں اپنی دُم ہلاتی رہیں گی یعنی کبھی نہیں کروں گا۔
الفَوْرَة مِنَ الحَرِّ او الغَضَبِ: گرمی یا غصہ کی تیزی۔ فَوْرَةُ النَّهَارِ: دن کی ابتداء۔
فَوْرَةُ النَّاسِ: لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔
فَوْرَةُ العِشَاءِ: عشاء کی نماز کے بعد کا وقت کہا جاتا ہے "أَخَذْتُ الشَّيْءَ بِفَوْرَتِه" میں نے چیز کو اس کی ابتداء ہی میں لے لیا۔
الفِيَارَان: ترازو کے زُبان کے اِدھر اُدھر کے لوہے۔
الفَائِر: فا۔ کہا جاتا ہے "فَارَ فَائِرُه" اس کا غصہ بھڑکا۔
الفُوَارَة: ہانڈی کا اُبال۔
الفَوَّار: اسم مبالغہ۔
الفَيُّور: بہت جلدی غضبناک ہونے والا۔
الفَوَّارَة: مؤنث فَوَّار: پانی کا چشمہ۔ فوارہ۔
فَازَ يَفُوزُ فَوْزًا. بالأمْرِ: کامیاب ہونا...... مِنَ المَكْرُوهِ: نجات پانا...... الرَّجُلُ: ہلاک ہونا۔ مرنا۔
فَوَّزَ تَفْوِيزًا الرَّجُلُ: گزرنا۔ مرنا...... الطَّرِيقُ: ظاہر ہونا...... الرَّاكِبُ

بِإِبِلِه: جراوہے کا اُونٹوں کے ساتھ جنگل طے کرنا۔
...... وتَفَوَّزَ: ایک مُلک سے دوسرے مُلک میں جانا۔
أَفَازَ فُلانًا بِكَذَا: کامیاب کرانا۔
المَفَازَة: دو کھمبوں والا خیمہ۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَ الفَازَةَ بالمَفَازَةِ" اس نے بیابان میں خیمہ لگایا۔
المَفَازَة: نجات۔ کامیابی۔ ہلاکت۔ بیابان جس میں پانی نہ ہو ج مَفَازَات ومَفَاوِز.
فَوَّضَ تَفْوِيضًا. إلَيْهِ الأمْرَ: سپرد کر دینا۔
الفُوضَيَا: خوبصورت پھولوں کا پودا۔
...... المَرْأَةَ: بغیر مہر کے نکاح کر دینا۔
فَاوَضَهُ مُفَاوَضَةً فِي الأمْرِ: برابر ہونا۔ شریک ہونا۔ اہم بات چیت کرنا۔
تَفَاوَضَ القَوْمُ فِي كَذَا: بعض کا بعض کے ساتھ شریک ہونا...... الشَّرِيكَانِ فِي المَالِ: شریک ہونا اور برابر ہونا تَفَاوَضُوا فِي الحَدِيثِ: بات چیت میں مشغول ہونا کہا جاتا ہے قَوْمٌ فَوْضَى: ایسی قوم جس میں سب برابر ہوں اور ان کا کوئی رئیس نہ ہو "وأمْرُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ وفَوْضُوضَى وفَوْضُوضَاء" ان کا معاملہ مختلط ہے۔ ہر ایک تصرف کا حق رکھتا ہے "أمْوَالُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ وفَوْضُوضَى وفَوْضُوضَاء" وہ سب مال میں برابر کے شریک ہیں کوئی فرق نہیں۔ کہا جاتا ہے شِرْكَةُ مُفَاوَضَةٍ وشِرْكَةٌ مُفَاوَضَةٌ: وہ شرکت جس میں شرکاء مال اور تصرف اور دین کے لحاظ سے برابر ہوں اور اس کے مقابلہ میں شرکت عنان ہے۔ مُفَاوَضَةُ العُلَمَاءِ: علمی مسائل کا مذاکرہ۔
المُفَوِّضِيَّة: وہ دائرہ جس کو ذمہ دار افسر لگائے۔ منصب ذمہ دار افسر۔
الفَوْضَوِيَّة: وہ غیر منظم سیاسی نظام حکومت جس میں عوام پر حکام کا غیر مؤثر یا معطل تصور [illegible]

الفَوْضَوِي: غیر منظم حکومت کا ساتھ دینے والا۔ لاقانونیت برتنے والا۔
فَوَّطَهُ: ازار پہنانا۔
الفُوطَة: ازار جس کو خدام استعمال کرتے ہیں ج فُوَط: اور عوام کے نزدیک رومال کو کہتے ہیں۔
فَاظَ يَفُوظُ فَوْظًا وفَوَاظًا: مرنا۔ کہا جاتا ہے "حَانَ فَوْظُهُ" یعنی اس کی موت کا وقت آ گیا۔
الفَوْعَة. مِنَ الطِّيبِ: خوشبو۔
...... مِنَ السُّمِّ: زہر کی تیزی...... مِنَ الشَّبَابِ: جوانی کی ابتداء۔
فَاغَ يَفُوغُ فَوْغًا الطِّيبُ: خوشبو بھڑکنا۔ مہکنا۔
الفَوْغَة مِنَ الطِّيبِ: خوشبو کی بھڑک۔
الفَائِغَة: تیز خوشبو جو ناک کو بھر دے۔
الفَوَغ: منہ کی موٹائی۔
الأفْوَغ: موٹے منہ والا۔ کہا جاتا ہے فَمٌ أفْوَغ: موٹا منہ "ورَجُلٌ أفْوَغُ" موٹے منہ والا امرد۔
فَافَ يَفُوفُ فَوْفًا: انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے ناخنوں کو ملا کر سائل کو کچھ نہ دینے کا اشارہ کرنا۔
الفَوْف والفُوف: گائے کے تھن کا [illegible] جوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔ واحد فَوْفَة وفُوفَة ج أفْوَاف.
الفُوف والفُوفَة: دانہ کا چھلکا۔
ثَوْبُ أفْوَافٍ وثَوْبٌ مُفَوَّف: باریک کپڑا۔ سفید دھاری دار کپڑا۔
فَاقَ يَفُوقُ فَوْقًا وفَوَاقًا الشَّيءُ: بلند ہونا۔
...... أصْحَابَهُ بالفَضْلِ او العِلْمِ: بڑھ جانا۔ سبقت لے جانا۔
فُوَاقًا ہچکی آنا (...... فُوَاقًا وفُؤُوقًا) الرَّجُلُ: قریب المرگ ہونا یا مرنا (...... فَوْقًا) السَّهْمَ: سوفار تیر کو توڑنا الشَّيءَ: توڑنا۔
فَاقَ يَفَاقُ وفَوِقَ يَفْوَقُ فَوَقًا وفَوْقًا وفُوَاقًا السَّهْمُ: سوفار میں کجی ہونا۔

فَوَّقَهُ عَلٰی قَوْمِهِ: فضیلت دینا۔ فَوَّقَ السَّهْمَ: سوفار لگانا...... الفَصِیْلَ: مہلت دے دے کے دودھ پلانا۔

اَفَاقَ اِفَاقَةً مِنْ مرضه: صحت یاب ہونا۔ ...... الحَالِبُ: دو دفعہ کے دوہنے کے بیچ میں آرام لینا۔ اَفَاقَتِ النَّاقَةُ: تھن میں دودھ جمع ہونا۔ صفت مُفِیْقٌ ومُفِیْقَةٌ ج مَفَاوِیْقُ ومُفُقٌ...... السَّکْرَانُ مِنْ سُکْرِهِ: ہوش میں آنا۔ مِنَ النوم: بیدار ہونا...... المَجْنُوْنُ مِنْ جُنُوْنِهِ: ہوشیار ہونا...... الزَّمَانُ: تنگی کے بعد فراخی آنا...... عَنْهُ النُّعَاسُ: نیند کا اُچٹ جانا مِنْ غَفْلَتِهِ: چوکنا ہونا...... واَفْوَقَ اِفْوَاقًا واَوْفَقَ اِیْفَاقًا) السَّهْمَ: تانت پر سوفار رکھنا۔

تَفَوَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑا تھوڑا کر کے پینا۔ عَلٰی قَوْمِهِ: بلند ہونا...... النَّاقَةَ: دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا...... الفَصِیْلُ: مہلت دے کر دودھ پینا...... مَالَهُ: ٹھہر ٹھہر کے خرچ کرنا۔

اِنْفَاقَ اِنْفِیَاقًا. السَّهْمُ: سوفار ٹوٹنا۔ ...... الجَمَلُ: اُونٹ کا لاغر ہونا اور ہلاک ہونا۔

اِفْتَاقَ الرَّجُلُ: محتاج ہونا۔ فقیر ہونا۔

اِسْتَفَاقَ الرَّجُلُ مِنْ نَوْمِهِ او مَرَضِهِ او غَفْلَتِهِ: بمعنی افاق...... النَّاقَةَ: اُونٹنی کو دوہنے کے بعد مہلت دے کر دوہنا۔

الفَاقُ: کھانے سے بھرا ہوا بڑا پیالہ۔ جنگل۔ کنکھا۔ لمبے قد کا مرد۔ لمبی گردن کا ایک دریائی جانور۔

الفَاقَةُ: حاجت۔ فقر۔ محتاجی۔

فَوْقَ: ضد تحت۔ اوپر۔ اور یہ ظرف مکان ہے اور کبھی زمانہ کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے اَقَمْتُ فَوْقَ شَهْرٍ اور کبھی زیادتی اور فضل پر دلالت کرتا ہے جیسے العَشَرَةُ فَوْقَ التِّسْعَةِ و "هٰذَا فَوْقَ ذَاكَ" اور کبھی بطور اسم کے استعمال ہوتا ہے۔ کقوله. وَاِذَا ذُکِرَتْ فَکُلٌّ فَوْقَ دُوْنٍ.

الفَوْقَانِيُّ: اُوپر والا۔ اعلیٰ۔ نقیض تحتانی۔

الفُوْقُ: سوفار۔ ج فُوَقٌ واَفْوَاقٌ: زبان کا کنارہ۔ پہلا راستہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ارْتَدَّ عَلٰی فُوْقِهِ" یعنی گیا اور لوٹا نہیں وَلَهُ مِنْ کَذَا سَهْمٌ ذُوْفُوْقٍ: یعنی وہ ان میں سے اکثر حصے والا ہے۔

الفَوَقُ: سوفار میں کجی۔

الفُوْقَةُ: سوفار ج فُوَقٌ وفُقًا.

الفِیْقَةُ: دودھ جو دو دفعہ دوہنے کے درمیان میں تھن میں جمع ہو جائے۔ الفِیْقَةُ مِنَ اللَّیْلِ: رات کا اکثر حصہ۔ فِیْقَةُ الضُّحٰی: چاشت کی ابتداء۔ فِیَقٌ وفِیَقٌ وفِیْقَاتٌ واَفْوَاقٌ واَفَاوِیْقُ: تم کہتے ہو "اَرْضَعَتْنِی اَفَاوِیْقَ بِرِّهِ" اس نے میرے ساتھ بہترین احسانات کئے۔ الاَفَاوِیْقُ: پانی جو بادل میں جمع ہو جائے اور تھوڑا تھوڑا برسے۔

الفَوَاقُ والفُوَاقُ: ضد۔ دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت۔ دوہنے والے کے ہاتھ کے بند کرنے اور کھولنے کے درمیان کا وقت اور اسی سے ان کا قول ہے "اَمْهِلْنِی قَدْرَ فُوَاقِ حَالِبٍ" یعنی مجھے ذرا سی مہلت دو "وَلَهُ مِنْ کَذَا سَهْمٌ ذُوْفُوَاقٍ" اس کے لئے فلاں چیز سے حصہ کامل ہے۔

الفُوَاقُ: جانکنی کے وقت کی ہچکی ج اَفْوِقَةٌ واٰفِقَةٌ وجمع اَفْوِقَات. الفُوَاقُ: اسم ہے اَفَاقَ واسْتَفَاقَ العَلِیْلُ سے جبکہ وہ لاغر ہو جائے۔

الفَائِقُ: فا۔ برگزیدہ۔ عمدہ خالص ہر چیز کا ج فَائِقُوْنَ وفُوَقَةٌ. الفائق: سر اور گردن کی جوڑ کی جگہ۔

السَّهْمُ الاَفْوَقُ: وہ تیر جس کا سوفار ٹوٹ گیا ہو۔ شَاعِرٌ مُفِیْقٌ: شاعر بلیغ۔

طَعَامٌ مُفَوَّقٌ: کھانا جو تھوڑا تھوڑا لیا جائے۔

الفُوْلُ: لوبیا۔

الفُوْلِیُّ: لوبیا بیچنے والا۔ [illegible]

فَوَّمَ: روٹی پکانا۔

الفُوْمُ: لہسن۔ گیہوں۔ چنا۔ روٹی۔ بڑا لقمہ۔ کل وہ غلے جن کی روٹی پک سکے ج فُوْمَان.

الفُوْمَةُ: فوم کا واحد۔ خوشہ چُنگی جو دو اُنگلیوں کے درمیان لی جائے۔ ج فُوَم.

الفَامِیُّ: سبزی فروش۔

اَلْفَوْفَلُ والفُوْفَلُ: ہندوستان میں ایک انگوری کا پھل جس کو کمزوری دور کرنے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کی طاقت صندل کی طرح ہوتی ہے۔

اَلْفَاوَانِیَا: اس کا دوسرا نام عود الصلیب ہے۔ ایک دوائی کا نام۔

فَاهَ یَفُوْهُ فَوْهًا وتَفَوَّهَ بِکَذَا: بولنا۔ وتَفَوَّهَ المَکَانَ: دہانہ میں داخل ہونا۔

فَوِهَ (س) فَوَهًا: فراخ دہن ہونا۔

فَوَّهَهُ: فراخ دہن بنانا۔

فَاوَهَ مُفَاوَهَةً وفَاهٰی مُفَاهَاةً فُلَانًا: گفتگو کرنا۔ مفاخرت کرنا۔

تَفَاوَهَ القَوْمُ بِکَذَا: آپس میں گفتگو کرنا۔

اِسْتَفَاهَ اِسْتِفَاهًا واِسْتِفَاهَةً: کمی کے بعد بہت کھانا پینا۔

الفُوْهُ والفَاهُ والفِیْهُ: مندرج افواہ

فُوْ: اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے اس کا اعراب حالت رفعی میں واو اور حالت نصبی میں الف اور حالت جری میں یا کے ساتھ آتا ہے۔ بشرطیکہ مفرد ہو اور یاء متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف اضافت ہو۔ تم کہو گے سَقَطَ لِفِیْهِ: یعنی وہ اپنے منہ کے بل گرا۔ و "کَلَّمْتُهُ فَاهُ اِلٰی فِیَّ" یعنی میں نے اس سے رو در رو گفتگو کی فاہ حالیت کی بنا پر منصوب ہے اور ابتدائیت کی بنا پر اس کا مرفوع پڑھنا بھی جائز ہے۔ اس صورت میں جملہ حال واقع ہو گا۔ جیسے کَلَّمْتُهُ فُوْهُ اِلٰی فِیَّ.

الفُوَیْهُ: فوہ کی تصغیر۔ چھوٹا منہ۔

[illegible]

نکلنا۔

الفُوَّةُ و الفُوَةُ: ایک درخت کی جڑیں جو سرخ رنگ کی ہوتی ہیں اور رنگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض میں بطور دواء اس کا استعمال ہوتا ہے۔

الفُوهَة: فاہ کا اسم مرۃ۔ منہ۔

الفُوهَة مِنَ الوَادِي و الطَّرِيق و جَبَلِ النَّارِ: وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ ج فُوهَات۔

الفَيه: بہت بولنے والا۔ بلیغ۔ بہت کھانے والا۔ مؤنث فَيِهَة۔

الفُوهَة: اوّل شی ...... مِنَ الطَّرِيق و الوَادِي وجَبَلِ النَّارِ: راستہ یا وادی یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج فُوهَات و اَفْوَاه فَوَائِه۔

الفُوهَة: گفتگو۔ چغلی۔ تم کہو گے "فُلَانٌ يَخَافُ فُوهَة النَّاسِ" فلاں لوگوں کی گفتگو سے خائف ہے۔ اِنَّهُ لَذُو فُوهَةٍ: وہ بڑا تیز زبان زبان زور ہے "وإنَّ رَدَّ الفُوهَة لَشَدِيدٌ" نکلی ہوئی بات کو لوٹانا دشوار بات ہے۔

الأفْوَه: چوڑے منہ والا۔ مؤنث فَوْهَاء ج فُوْه۔ طَعْنَةٌ فَوْهَاء: چوڑا زخم کرنے والی نیزہ کی ضرب۔

الأفْوَاه: مسالے۔ خوشبو کی ڈبیاں۔ قسمیں۔ ج اَفَاوِيه واحد فُوه۔

المُفَوَّه: بڑا بولنے والا۔ بلیغ۔ کہا جاتا ہے خطیب مُفَوَّه شراب مفوّہ: خوشبو ملی ہوئی شراب (...... والمَفْوِيّ) فوہ سے رنگا ہوا۔ دیکھئے الفُوَّة۔

الفُوَه: ایک قسم کی نباتات ہے جس سے وجع الجنب اور داء الثعلب کا علاج کرتے ہیں ارض (مَفُوهَة) زمین جس میں فُوَہ بہت ہو (دیکھئے الفُوَّة)

فِي: حرف جر۔ معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے

(۱) ظرفیت جیسے الخَمْرُ فِي الزِّقِّ

(۲) مصاحبت: جیسے جَاءَ فِي القَوْمِ قَوْمٌ

فِي شُرُوقِ الشَّمْسِ (۳) تعلیل جیسے قُتِلَ فِي ذَنْبِه (۴) مقابلہ جیسے مَا عِلْمِي فِي بَحْرِه إلا قَطْرَةٌ استعلاء جیسے لَاُصَلِّبَنَّكُمْ فِي جُذُوعِ النَّخْلِ (۶) بمعنی با جیسے أنْتَ بَصِيرٌ فِي عَمَلِكَ۔ بمعنی الی: جیسے رَدُّوا أيْدِيَهُمْ فِي أفْوَاهِهِمْ۔ بمعنی مِن: جیسے مَضَتْ عَلَى ثَلَاثَةِ أشْهُرٍ فِي ثَلَاثِ سِنِينَ۔

فَاءَ يَفِيءُ فَيْئًا: لوٹنا ...... الظِّلُّ: سایہ کا ہٹ جانا ...... الغَنِيمَةَ: غنیمت حاصل کرنا ......

(...... فَيْئًا وفُيُوءًا) الأمْرِ: لوٹ آنا۔

فَيَّأَ تَفْيِئَةً الشَّجَرُ: درخت کا سایہ دار ہونا۔

فَيَّأَتِ الرِّيَاحُ الغُصُونَ: ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا۔

أفَاءَ إفَاءَةً. الظِّلُّ: سایہ کا لوٹنا ...... ہ إلى كَذَا: لوٹانا۔ أفَاءَ اللهُ عَلَيْهِ مَالَ القَوْمِ: مال غنیمت حاصل کرا دینا ...... عَلَى القَوْمِ فَيْئًا: دوسری قوم سے مال غنیمت حاصل کر کے دینا۔

تَفَيَّأَ تَفَيُّؤًا. الظِّلُّ: سایہ کا پلٹنا ...... الشَّجَرَةَ وفِي الشَّجَرَةِ: درخت کا سایہ لینا۔ سایہ ڈھونڈنا ...... الأخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔ کہا جاتا ہے تَفَيَّأَ بِفَيْئِهِ: سایہ میں پناہ لینا۔

اِسْتَفَاءَ اِسْتِفَاءَةً: لوٹنا ...... المَالَ: مال غنیمت لینا ...... الأخْبَارَ: خبر کی سن گن لینا۔

الفَيْءُ: مٹی۔ سایہ۔ غنیمت۔ خراج ج أفْيَاء وفُيُوء. الفَيْءُ: پرندوں کی ایک ٹکڑی۔

الفَيْئَة: فاء کا اسم مرۃ۔ لوٹنا۔ وقت۔

الفِيئَة: فاء کا اسم نوع۔ کہا جاتا ہے "إنَّهُ حَسَنُ الفِيئَةِ" وہ بہتر واپسی والا ہے۔ کہا جاتا ہے دَخَلَ عَلَى (تَفِيئَة) فُلَانٍ: یعنی فلاں کے نشانِ قدم پر داخل ہوا۔

المُفَاء. افاء: کا اسم مفعول۔

المَفْيَأَة و المَفْيُؤَة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ ہو۔ سایہ دار جگہ۔

أفَاجَ. فِي عَدْوِه: دوڑنے میں دیر کرنا ...... القَوْمُ فِي الأرْضِ: ملک میں پھیل جانا۔ ...... [illegible]

لوگوں کی جماعت۔ پست زمین۔ ج الفُوُوج۔

الفَائِجَة: دو پہاڑوں کے درمیان وادی۔ ج فَوَائِج۔

فَاحَ يَفِيحُ فَيْحًا و فَيَحَانًا. الحَرُّ: گرمی کا تیز ہونا۔ فَاحَتِ القِدْرُ: ہانڈی کا جوش مارنا (...... فَيْحًا وفُيُوحًا) الرَّبِيعُ: سرسبز ہونا ...... الدَّمُ: خون گرنا ...... الشَّجَّةُ: زخم کا بہت خون بہانا۔

فَاحَ يَفِيحُ وفَاحَ يَفَاحُ فَيْحًا: کشادہ ہونا۔

فَاحَتِ الغَارَةُ: وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔

فَيَّحَ الشَّيْءَ: بکھیرنا۔ متفرق کرنا اور اسی سے ہے "لَوْ مَلَكْتَ الدُّنْيَا يَفَيِّحُهَا فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ" اگر تم دنیا کے مالک ہو جاؤ گے تو ایک ہی دن میں بکھیر دو گے۔

أفَاحَ. القِدْرَ: جوش دینا ...... الدِّمَاءَ: خون بہانا۔

الفَيْح و الفَيَح: کشادگی۔

فَيَاحِ: اسم ہے غارت کا کہا جاتا ہے "فِيحِي فَيَاحِ" یعنی اے غارت پھیل جا اور منتشر ہو جا۔ اور غارت لوٹ ڈالنے والے گھوڑے کو کہتے ہیں۔

الفَيَّاح: اسم مبالغہ۔ فیاض۔ [illegible]

فَيَّاح: بہت وسیع سمندر۔ [illegible]: فیاض۔ بڑا داد یا لو والو۔ مؤنث فَيَّاحَة۔

الأفْيَح: کشادہ۔ مؤنث فَيْحَاء۔ ج فِيح۔

الفَيْحَاء: وسیع مکان۔ [illegible] اور طرابلس شام کا لقب۔

فَاخَ يَفِيخُ فَيْخًا و فَيَخَانًا: بمعنی فَاحَ يَفُوحُ: وادی۔

فَادَ يَفِيدُ فَيْدًا: مرنا ...... المَالُ لَهُ: ثابت ہونا اور بعضوں نے کہا ہے ۔ جاتا رہنا۔

فَادَتْ لَهُ فَائِدَةٌ: حاصل ہونا (...... و[illegible]) الرَّجُلُ: ناز سے چلنا۔ فَيَّدَ: الو کی آواز سے بد فالی لینا۔

[illegible] الرَّجُلُ عِلْمًا او مَالًا [illegible] پہنچانا۔

...... الرَّجُلُ: ......

کرنا۔(...... واسْتَفَادَ) مِنْهُ عِلْمًا او مَالًا: حاصل کرنا۔

تَفَايَدَ. القَوْمُ بِالمَالِ: ہرایک کا دوسرے کو فائدہ پہنچانا۔

تَفَيَّدَ الرَّجُلُ: ناز سے چلنا۔

الفَيْدُ: مص۔ زعفران کی پتی۔

الفَائِدَةُ: ادھار مال دے کر یا قرض دے کر اپنے مال کے عوض فیصدی کے حساب سے قرض خواہ مقروض سے کچھ مال لے۔

الفَائِدَةُ البَسِيطَة: حاصل شدہ نفع جو اصل مال میں ملایا جائے۔ الفَائِدَةُ المُرَكَّبَة: سالانہ ششماہی یا سہ ماہی مدت کے بعد حاصل ہونے والا نفع جو اصل مال ضم کر دیا جائے۔

الفَيْدَة: زیادتی جو انسان کو حاصل ہو۔ علم یا مال وغیرہ سے انسان جو حاصل کرے ج فوائد۔

الفَيَّاد: نزالو (...... والفَيَّادَة) ناز سے چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَمْشِي عَلَى الأَرْضِ فَيَدَانًا مَيَادًا: وہ زمین پر ناز سے اکڑتا ہوا چلتا ہے۔

الفَيْرُوز والفَيْرُوزُ والفَيْرُوزَج والفَيْرُوزَج ایک قسم کا قیمتی پتھر۔

فَاشَ يَفِيشُ فَيْشًا: فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔ صفت فَيُوش۔

فَيَّشَ. عَنِ الأَمْرِ: بزدلی کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔

فَايَشَهُ فِيَاشًا ومُفَايَشَةً: مفاخرت کرنا۔

فَايَشَ الرَّجُلُ: لڑائی میں ڈینگ مارنا اور فضول دھمکی دینا۔

تَفَيَّشَ. الأَمْرَ: لتو دعوی کرنا ...... عَنْهُ: عاجزی سے پلٹ جانا۔

تَفَايَشَ. القَوْمُ: ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

الفَيَّاشُ: بہت فضیلت والا سردار۔ فخر کرنے والا۔

الفَائِشُ: (پانی پر تیرنے والا ج الفَيْش)

الفَيُوشُ: فخر کرنے والا۔ بزدل۔ کمزور۔

فَاضَ يَفِيضُ فَيْضًا. فِي الأَرْضِ: جانا۔ ...... عَنْهُ: ہٹ جانا اور کہا جاتا ہے "مَا يَفِيضُ بِحَقِيقٍ" یعنی ہمیشہ کرتا رہوں گا۔ ...... فَاضَةً: جدا ہونا۔

فَاصَ. الكَلامَ: ظاہر کرنا۔ أَفَاصَتْ يَدُهُ: انگلیوں کا کسی چیز کے پکڑنے سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ عَنْهُ مَفِيصٌ" تمہارے لئے کوئی بچنے کی جگہ نہیں۔

فَاضَ يَفِيضُ فَيْضًا وفَيَضَانًا وفُيُوضًا وفُيُوضَةً وفَيْضُوضَةً. السَّيْلُ: کثرت سے ہونا اور وادی کے کنارہ سے بہنا۔

الرِّعْدَۃُ: کپوانا......بِرَأْیِہٖ: رائے میں منفرد
ہونا......بِکَذَا: اکیلا ہونا اور کسی کو شریک نہ
کرنا......فُلَانٌ غَضَبًا: ناراضی کی وجہ سے
اٹھ جانا......بِالاَمْرِ: طاقت رکھنا
السَّحَابُ: بادل کا بلند ہونا۔
......چھوٹی دیوار۔کپکی۔

القِلّ والقُلّ : کم......مِنَ الشَّیْءِ :کمتر۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قُلٌّ" اکیلا آدمی "ھُوَ قُلٌّ اَیْنَ قُلٌّ" وہ غیر معروف ہے "قُلَّ رَجُلٌ او اَقَلُّ رَجُلٌ یَقُوْلُ ذٰلِکَ اِلاَّ زَیْدٌ" یعنی سوائے زید کے کوئی نہیں کہتا۔

القِلَّۃ: مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔

القُلَّۃ: سر کا یا پہاڑ کا یا ہر چیز کا بالائی حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔بڑا گھر۔چھوٹا کوزہ قُلَّۃُ السَّیْفِ: تلوار کے قبضہ کی زیبائش ج قُلَل وقِلال۔

قِلالَۃُ الجَبَلِ: پہاڑی کی چوٹی۔

القِلَّۃ: کمی۔مرض سے صحت یا حصولِ دولت۔کپکپی۔ج قِلَل اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ طَوِیْلُ القِلَّۃِ" یعنی لمبے قد کا مرد۔ "اَخَذَہٗ بِقِلِّیَّتِہٖ وبِقِلِّیْلَتِہٖ وبِاَقْلِیْلاہٗ وبِقِلِّیْلاہٗ :اس نے سب لے لیا و"رَحَلُوْا بِقِلِّیَتِھِم" وہ سب کوچ کر گئے اور اپنے پیچھے کچھ نہیں چھوڑا۔وَاَکَلَ الضَّبَّ بِقِلِّیَتِہٖ: یعنی گوہ کو کھال وہڈی سمیت کھا گیا۔

القِلِّیَّۃ: عمارت۔مشابہ معبد نصاریٰ۔

القَلِیْل: کم۔لاغر۔ج قَلِیْلُوْن واَقِلاّء وقُلُل وقُلُلُوْن: مؤنث قَلِیْلَۃ ج قَلِیْلات وقَلائِل: کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلِیْلُ الخَیْرِ" مرد کم خیر و "قَلِیْلٌ مِنَ الرِّجَالِ یَقُوْلُ ذٰلِکَ" یعنی اس کو کوئی نہیں کہتا۔ "مَا اَخَذْتُ مِنْہُ قَلِیْلَۃً وَلاَ کَثِیْرَۃً" میں نے اس سے کچھ نہیں لیا۔تائے تانیث صرف نفی کی صورت میں داخل ہوتی ہے۔

القَلال والقُلال: کم۔ج قُلُل۔

القَلال: زمین سے انگور کی شاخوں کو اٹھانے کے لئے تھونی۔

القُلَل مِنَ النَّاسِ: متفرق لوگ۔

الاَقَلُّ: کمتر (...... والمُقِلّ) فقیر جس کے پاس کچھ ہو۔

القُلّی: پستہ قد لڑکی۔

قَوْمٌ اَقِلَّۃ: خسیس درجہ کے لوگ۔

المِقْلَل: مفع......مِنَ السُّیُوفِ : جس کے قبضہ میں چاندی یا لوہا لگا ہوا ہو۔

المُسْتَقِلّ: فا۔کہا جاتا ہے "ھُوَ مُسْتَقِلٌّ بِنَفْسِہٖ" وہ خودمختار ہے۔

قَلَبَ (ض) قَلْبًا الشَّیْءَ: پلٹ دینا۔اُوپر کا نیچے کر دینا۔اندر کا باہر کر دینا......القَوْمَ: پھیر دینا۔لوٹا دینا۔کہا جاتا ہے "قَلَبَ المُعَلِّمُ الصِّبْیَانَ" معلم نے بچوں کو ان کے گھر لوٹا دیا المَجْنُوْنُ عَیْنَہٗ: غضبناک ہونا۔

قَلَبَتِ البُسْرَۃُ: کچی کھجور کا سرخ ہونا۔قَلَبَ الاَرْضَ لِلزِّرَاعَۃِ: زمین کو جوتنا اور کہا جاتا ہے "قَلَبَ الاَمْرَ ظَھْرًا لِلْبَطْنِ" اس نے معاملہ کی آزمائش کی۔

قَلَبَہٗ (ن ض) قَلْبًا: دل پر مارنا۔قَلَبَ النَّخْلَۃَ: گودا نکالنا......اللّٰہُ فُلانًا اِلَیْہِ: موت دینا۔

قَلِبَ (س) قَلَبًا: اُلٹے ہونٹوں والا ہونا۔صفت اَقْلَبُ. قَلِبَتِ الشَّفَۃُ: اُلٹا ہونا۔صفت قَلْبَاء.

قُلِبَ البَعِیْرُ: اُونٹ کا دل کی بیماری والا ہونا۔

قَلَّبَہٗ: بمعنی قَلَبَہٗ اور تشدید مبالغہ یا تکثیر کے لئے ہے۔کہا جاتا ہے "اَصْبَحَ یُقَلِّبُ کَفَّیْہِ" وہ نادم ہونے لگا۔ "وقَلَّبَ الاُمُوْرَ" اس نے انجام پر نظر ڈالی۔

اَقْلَبَ الشَّیْءَ: اُلٹ دینا......ہُ اللّٰہُ اِلَیْہِ: موت دینا۔اَقْلَبَ العِنَبُ: انگور کے اوپر کا حصہ خشک ہونا......الخُبْزُ: روٹی اُلٹنے کے قابل ہونا......القَوْمُ: دل کی بیماری میں مبتلا شدہ اُونٹوں کا مالک ہونا۔

تَقَلَّبَ: پلٹنا......عَلٰی فِرَاشِہٖ: کروٹیں لینا۔ فِی الاُمُوْرِ: اپنی مرضی سے تصرف کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنَا اَتَقَلَّبُ فِی نَعْمَائِہٖ" میں اس کی نعمتوں میں اپنی مرضی سے تصرف کرتا ہوں۔

اِنْقَلَبَ: اُلٹا جانا۔اوندھا جانا۔واپس ہونا۔

القَلْب: مص۔دل۔عقل۔قَلْبُ کُلِّ شَیْءٍ: گودا۔خالص۔کہا جاتا ہے "جِئْتُکَ بِھٰذَا الاَمْرِ قَلْبًا" میں تمہارے پاس محض اس کام کے لئے آیا۔قَلْبُ العَقْرَبِ: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ج قُلُوْب اَفْعَالُ القُلُوْبِ: ظن اور اس کے امثال۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ قَلْبٌ" یعنی خالص النسب اور اس میں مذکر و مؤنث واحد جمع سب برابر ہیں اور کبھی کہا جاتا ہے "اِمْرَاَۃٌ قَلْبَۃٌ".

القُلْب والقَلْب والقِلْب مِنَ الشَّجَرِ: درخت کے اندر کا نرم گودا ج اَقْلاب وقُلُوْب وقِلَبَۃ. القُلْبُ: کنگن۔سفید سانپ۔

القُلْبَۃ: سرخی۔

القُلَبَۃ: وہ بیماری جس سے بیمار بچھونے پر تڑپے۔

القُلاب: دل کی بیماری۔

القالِبُ: فا۔سرخ رنگ کی کچی کھجور۔کہا جاتا ہے "شَاۃٌ قَالِبُ اللَّوْنِ" ماں کے خلاف رنگ کی بکری (...... والقَالَب) سانچہ۔موزہ۔جوتا بنانے کا فرمہ۔ج قَوَالِب.

المُقَلَّب: پلٹنے والا۔بہت اُلٹنے پلٹنے والا۔کہا جاتا ہے "رَجُلٌ حُوَّلٌ قُلَّبٌ" اور "حُوَّلِیٌّ وقُلَّبِیٌّ" یعنی حیلہ گر۔معاملہ کے اُلٹ پھیر کا ماہر۔

القَلُوْب: بہت اُلٹنے پلٹنے والا...... والقِلاب) بھیڑیا۔

القَلِیْب: کنواں۔کنواں بغیر من کا۔پرانا کنواں (مذکر اور کبھی مؤنث استعمال کیا جاتا ہے) ج قُلُب وقُلْب واَقْلِبَۃ.

القَلُوْب والقِلَوْب والقِلِّیْب: بھیڑیا۔شیر۔

المِقْلَب: کھیتی کے لئے زمین کو اُلٹنے پلٹنے کا ایک آہنی اوزار۔

المُنْقَلَب: مص۔انقلاب کا اسم ظرف۔لوٹنے کی جگہ۔کہا جاتا ہے "کُلٌّ بِشَیْءٍ سَیَصِیْرُ اِلٰی مُنْقَلَبِہٖ".

المَقْلُوْبَۃ: مفع۔کان۔

قَلِتَ (س) قَلَتًا: ہلاک ہونا۔
اَقْلَتَهُ: ہلاک کرنا۔ اَقْلَتَتِ الْمَرْأَةُ وکُلُّ
نَفْسٍ: بےاولاد ہونا۔ اور اسم قلت ہے۔
۔القَلَت: خوف۔ اَقْلَتَهُ فَقَلِتَ: اس نے
فاسد کیا پس وہ فاسد ہوگیا۔
القَلْت: چٹان کا گڑھا۔ آنکھ کا گڑھا۔ ج
قِلات۔ کہا جاتا ہے "طَعَنَهُ فِي قَلْتِ
عَاصِرَتِهٖ" اس نے اُس کے کوکھ کے گڑھے
میں نیزہ مارا "وطَعَنَهُ فِي قَلْتَيْ
تَرْقُوَتِهٖ" اس نے اس کی دو ہنسلیوں کے بیچ
کے گڑھے میں نیزہ مارا۔ عضو کے ہر گڑھے
کو قلت کہتے ہیں۔
ورَجُلٌ قَلْتٌ وقَلِتٌ: کم گوشت۔ دُبلا پتلا
مرد۔ القَلْتَة: دونوں مونچھوں کے درمیان کا
گڑھا۔ شَاةٌ قَلْتَةٌ: بکری جس کا دودھ میٹھا
نہ ہو۔
اَلْمَقْلَتَة: ہلاکت۔ خوفناک جگہ۔
المِقْلات: وہ عورت جس کا بچہ زندہ نہ
رہے۔ وہ عورت جس کا ایک بچہ ہوا اور پھر
اس کے بعد وہ حاملہ نہ ہو۔ ج مَقَالِيت۔
قَلِحَ (س) قَلَحًا: زرد دانتوں والا ہونا۔
قَلِحَتْ اَسْنَانُهٗ: دانتوں کا زرد ہونا۔ صفت
مذکر قَلِحٌ واَقْلَحُ: صفت مؤنث قَلِحَةٌ
وقَلْحَاء۔ ج قُلْح۔
قَلَّحَهُ: دانتوں کو زردی سے صاف کرنا۔
تَقَلَّحَ: میلے کپڑے والا ہونا و تَقَلَّحَ البِلادَ
: قحط کے زمانے میں شہروں میں کمائی تلاش
کرنا۔
القَلَح: بڑا گدھا۔
القَلَح والقُلاح: زردی جو دانتوں پر آجاتی
ہے۔
القِلْح: میلا کپڑا۔
اَلْقَلَحُوْمِن: توت کی تر شاخ۔
الاَقْلَح: زرد دانتوں والا۔ گبریلا۔
رَجُلٌ اَقْلَحُ: تجربہ کیا ہوا۔
المُقَلَّح: تجربہ کیا ہوا۔
القَلْحَزَة: پست قد کی چال۔ القِلَحْز: موٹا

متکبر۔
القِلْحَاس: مرد بدصورت۔ بدقوارہ۔
اِقْلَحَمَّ الرَّجُلُ: بہت بوڑھا ہونا۔
القِلْحَم: متکبر۔ بوڑھا۔
شَيْخٌ قِلْحَامَة: بہت بوڑھا۔
قَلَخَ (ف) قَلْخًا وقَلِيخًا الشَجَرَة
: درخت اُکھاڑنا۔
قَلَخَ (ف) قَلْخًا وقَلِيخًا وقُلاخًا البَعِيرُ:
اونٹ کا بڑبڑانا۔
قَلَخَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑا مارنا۔ قَلَخَ النَّبْتُ:
نباتات کا سخت ہونا۔
القَلَخ: مص۔ کھوکھلا۔ نرکل بانس۔ بوڑھا
گدھا۔۔۔۔۔ والقُلاخ) بڑے سر والا۔
قَلَدَ (ض) قَلْدًا الحَبْلَ: رسّی بٹنا۔۔۔۔
الحَدِيْدَة: لوہے کو باریک کرنا اور کسی چیز پر
موڑنا۔۔۔۔ الرِّجْلَ السَّيْفَ: تلوار کو حمائل
کرنا۔
۔۔۔۔ المَاءَ فِي الحَوْضِ او الشَرَابَ فِي
البَطْنِ: جمع کرنا۔۔۔۔ الزَّرْعَ: کھیتی سیراب
کرنا۔۔۔۔ الشَّيْئَ: موڑنا۔ الحُمّٰى فُلانًا
: بخار ہر روز آنا۔
قَلَّدَهُ السَّيْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ ڈالنا۔
۔۔۔۔ القِلادَة: ہار پہنانا۔۔۔۔ ہ العَمَلَ: کام
سپرد کرنا۔۔۔۔ ہ الدَّيْنَ: قرض سونپ دینا۔
قَلَّدَ البَعِيرَ: اونٹ کی گردن میں کھینچنے کے
لئے پٹہ ڈالنا۔
۔۔۔۔ فُلانًا القَضَاءَ فِي بَلَدِ كَذَا: قاضی
بنانا۔ کہا جاتا ہے "قُلِّدَ حَبْلَهٗ" وہ آزاد چھوڑ
دیا گیا "وقَلَّدَهٗ فِي كَذَا" اس نے اُس کی
فلاں بات میں بغیر غور و فکر کے پیروی کی۔
اَقْلَدَ البَحْرُ عَلَيْهِم: غرق کر دینا۔ ڈوبا
دینا۔
تَقَلَّدَتِ المَرْأَةُ القِلادَةَ: عورت کا ہار
پہننا۔ تَقَلَّدَ الاَمْرَ: ذمہ دار ہونا۔ برداشت
کرنا۔۔۔۔ السَّيْفَ: گلے میں تلوار کا پرتلہ
ڈالنا۔
تَقَالَدَ القَوْمُ المَاءَ: پانی باری باری پینا

اِقْتَلَدَ المَاءَ: پانی کا چلو لینا۔
اِقْلَوَّدَ النُّعَاسُ فُلانًا: نیند کا غالب آنا۔
القَلْد: مص۔ بیچ دیا ہوا اینٹھا ہوا کنگن۔ کہا
جاتا ہے "سِوَارٌ قَلْدٌ" رسّی میں بٹی ہوئی
رسّی۔ ج اَقْلاد وقُلُود۔
القِلْد: بخار کی باری کا دن۔ چوتھیا بخار کا
دن۔ پانی کا حصہ۔ جماعت۔ ہر ہفتہ کی
بارش۔ کہا جاتا ہے "سُقِيْنَا السَّمَاءَ قِلْدًا
فِي كُلِّ اُسْبُوْعٍ" یعنی ہم پر ہر ہفتہ میں
بارش ہوئی۔ بڑے پیالہ کے مشابہ۔ ج
اَقْلاد کہا جاتا ہے "اَعْطَيْتُهٗ قِلْدَ
اَمْرِي" میں نے اپنے معاملہ کو در و بست اس
کے سپرد کر دیا۔
القِلْدَة: گھی کا تلچھٹ۔ کھجور۔
القَلْدَة: دونوں مونچھوں کے درمیان گڑھا۔
القِلاد والاِقْلِيْد: انگوٹھی یا بالی کے گرد لپیٹنے
کے لئے پیتل یا تانبے کا تار۔
القِلادَة: ہار۔ مالا۔ ج قَلائِد وقِلاد: چھ ستارے
جن کو قوس بھی کہتے ہیں۔ قَلائِدُ
الشِّعْرِ: اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے
جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔
القَلادَة: امریکی علاقوں کا ایک خوبصورت
پودہ جس کو زیب و زینت کے لئے استعمال
کیا جاتا ہے۔
القَلُوْد: بہت پانی والا کنواں۔
القَلِيْد والمَقْلُوْد: بٹا ہوا۔
القِلِّيْد والمِقْلاد: خزانہ۔
التَقْلِيْد: مص۔ ج تَقَالِيْد وتَقْلِيْدات
التَقَالِيْد عِنْدَ النَّصَارٰى: نصرانیوں کی سینہ
بہ سینہ مذہبی باتیں اور تقلید کا اطلاق اس
فرمانِ شاہی پر بھی ہوتا ہے جو پیروی حکم کے
لئے جاری ہوتا ہے۔
الاِقْلِيْد ج اَقَالِيْد۔ المِقْلَد ج مَقَالِد
والمِقْلاد ج مَقَالِيْد: کنجی۔ کہا جاتا ہے
"ضَاعَتْ مَقَالِدُ او مَقَالِيْدُ" اُس کے اوپر
اُس کے معاملات تنگ ہو گئے "والْقٰى اِلَيْهِ
مَقَالِيْدَ الاُمُوْرِ" اس نے اپنے اُمور اسے

سونپ دیئے الْمِقْلَد: برتن۔ توبرہ۔ پیمانہ۔ ٹیڑھے سر کی چھڑی۔

الْمُقَلَّد: مفع۔ سردار قوم۔ آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ہار پہننے کی جگہ۔ مونڈھوں پر پرتلہ ڈالنے کی جگہ۔ مُقَلَّدَاتُ الشِّعْرِ: اشعار جو نفاست کی بنا پر یاد کئے جائیں اور محفوظ رکھے جائیں۔

الْقَلَذ: ایک کیڑا ہے جو پاؤں کو چمٹ جاتا ہے اور ان کی موت تک جدا نہیں ہوتا۔

قَلَزَهٗ (ن ض) قَلْزًا: مارنا۔ قَلَزَ الْاَرْضَ بِعَصَاهُ: کریدنا...... بِسَهْمِهٖ: تیر پھینکنا...... بِقَيْئِهٖ: اُلٹی کرنا...... الرَّجُلُ: پینا۔ چست ہونا۔ کودنا۔ لنگڑانا...... ہ الْمَاءِ: گھونٹ گھونٹ پلانا۔

(...... قَلَزَ وَاَقْلَزَ) الْجَرَادُ: انڈے دینے کے لئے دُم کو زمین پر مارنا۔

تَقَلَّزَ: چست ہونا...... الْوَعِلُ: پہاڑی بکری کا دوڑنا۔

اِقْتَلَزَ الْكَاسَ: گھونٹ گھونٹ لینا۔

الْقُلَّزُ مِنَ الرِّجَالِ: ہلکا پھلکا کمزور مرد۔

الْقِلِزُّ والْقُلُزُّ: سخت تانبا کہ جس کو لوہا کاٹ نہ سکے۔ مضبوط مرد۔ مؤنث قِلِزَّة وقُلُزَّة۔

قَلْزَم وتَقَلْزَمَ الشَّیْءَ: نگلنا۔ تَقَلْزَمَ الرَّجُلُ: کنجوسی کی وجہ سے مرنا۔

الْقِلْزِم: کمینہ۔

الْقُلْزُم: مصر اور مکہ کے درمیان ایک شہر کا نام اور اسی کے نام پر بحر قلزم ہے۔

الْقُلْزُمَة: مص۔ کمینہ پن۔ شور۔

قَلَسَ (ض) قَلْسًا وقَلَسَانًا: کھانا یا پانی کا پیٹ سے منہ تک آنا۔ بہت شراب پینا...... نَفْسُهٗ: جی متلانا...... الْكَاسُ بِالشَّرَابِ: چھلک پڑنا...... الْاِنَاءُ: بہہ پڑنا...... النَّحْلُ الْعَسَلَ: شہد بنانا...... السَّحَابَةُ بِالنَّدٰى: جھلا پڑنا...... الرَّجُلُ: گانے میں ناچنا۔ عمدہ گانا۔

قَلَّسَ: دف بجانا اور گانا۔ سجدہ کرنا...... الْقَوْمُ: گا بجا کر اور کھیل کود سے بادشاہوں کا استقبال کرنا...... لَهٗ: سینے پر ہاتھ رکھ کر عجز و انکساری ظاہر کرنا...... الرَّجُلَ: ٹوپی پہنانا۔

تَقَلَّسَ: ٹوپی پہننا۔

الْقَلْس: مص۔ کشتی و جہاز کی موٹی رسی۔ ج قُلُوْس واَقْلَاس۔ الْقَلَس: بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی جو منہ تک آئے۔ قے۔ قَلْسُ الْبَحْرِ: بادل۔

الْقَالِس: وہ شخص جس کے منہ تک بدہضمی کی وجہ سے کھانا پانی آ جائے۔

الْقَلَّاس: اسم مبالغہ۔ ٹوپی بنانے والا۔ بَحْرٌ قَلَّاسٌ: زیادہ جھاگ پھینکنے والا سمندر۔

الْقَلِيْس: شہد۔ شہد کی مکھی۔

قَلْسَى الرَّجُلَ: ٹوپی پہنانا۔

تَقَلْسَى تَقَلْسِيًا: ٹوپی پہننا۔

الْاِنْقَلِيْس والْاِنْقِلِيْس: ایک قسم کی مچھلی جو سانپ کے مانند ہوتی ہے۔ بام مچھلی۔

الْقَلَاش: چھوٹا۔ سکڑا ہوا۔

الْقَلَاشَة: کوتاہی۔ چھوٹا پن۔

الْقَلَّاش والْاَقْلَش: حیلہ گر (دخیل)

قَلَصَ (ض) قُلُوْصًا۔ الرَّجُلُ: کودنا...... الْقَوْمُ: اکٹھا ہو کر چلنا...... الْقَوْمُ عَنِ الدَّارِ: ہلکا پھلکا ہونا اور اکٹھا ہو کر چلنے کا وقت آنا۔

...... الْمَاءُ: پانی کا ختم ہونا...... الْبِئْرُ: اوپر تک چڑھنا...... الظِّلُّ عَنْ كَذَا: سایہ کا سمٹ آنا۔ صفت قَالِص...... الثَّوْبُ بَعْدَ الْغَسْلِ: کپڑے کا سکڑنا...... الْغُلَامُ: جوان ہونا...... الشَّفَةُ: ہونٹ کا اوپر کو سکڑنا۔

قَلَصَت (ض) قُلُوْصًا وقَلِصَت (س) قَلَصًا نَفْسُهٗ: جی متلانا۔

قَلَّصَ قَمِيْصَهٗ فَقَلَّصَ هُوَ: سمیٹنا۔ سمٹنا۔ لازم ومتعدی۔ قَلَّصَتِ الدِّرْعُ: زرہ کا چست ہونا...... النَّاقَةُ بِرَاكِبِهَا: اونٹنی کا سوار کو لے کر تیز دوڑنا۔ دوڑے جانا...... الْقَوْمُ: اونٹنیوں پر سوار ہونا۔

اَقْلَصَ الْبَعِيْرُ: کوہان کا کچھ ظاہر ہونا...... النَّاقَةُ: گرمی میں موٹی ہونا

تَقَلَّصَ: اکٹھا ہونا۔ سکڑنا۔ قریب قریب ہونا۔

الْقَلْصَة: پانی جو کنوئیں میں بکثرت جمع ہو کر ختم ہو جائے۔ ج قَلَص وقَلَصَات اور کہا جاتا ہے "مَا وَجَدْتُ فِي الْبِئْرِ اِلَّا قَلْصَةً مِنَ الْمَاءِ" کنوئیں میں میں نے صرف تھوڑا سا پانی پایا۔

الْقَلُوْص مِنَ الْاِبِلِ: لمبی ٹانگوں والی اونٹنی۔ جوان اونٹنی یا چلتی ہوئی اونٹنی۔ اونٹنی جس پر پہلی مرتبہ سواری کی جائے۔ ج قَلَائِص وقِلَاص وقُلُص وقُلْصَان۔ الْقَلُوْص: مادہ شتر مرغ۔ شتر مرغ کا مادہ بچہ۔ شوات کا بچہ۔ جوان لڑکی۔ جاری نہر جس میں گندگی وغیرہ بہہ کر جاتی ہے۔

الْقَلِيْص: بہت...... مِنَ الْمِيَاهِ: ختم ہونے والا پانی۔

الْقَلَّاص مِنَ الْمِيَاهِ: ختم ہونے والا پانی۔ اونٹنی کو دوہنے والا۔

الْمِقْلَاص: اونٹنی کو دوہنے والا...... مِنَ النُّوْقِ: گرمی کے زمانہ میں موٹی ہونے والی اونٹنی۔

فَرَسٌ مُقَلِّصٌ: لمبی ٹانگوں والا گھوڑا۔

قَلِطَ (ن) قَلْطًا: بدصورت ہونا۔

الْقَلَط: جن کے بچے۔ شیطان کے بچے۔

الْقَلَطِي والْقِلِيْط: مرد خبیث سرکش (...... والْقِلَّاط) بہت پستہ قد۔ آدمی ہو یا بلی یا کتا۔

الْقَلِيْط: میل اور گندگی جمع ہونے کی جگہ۔

الْقُلَيْطَة: تیتر کی ایک قسم۔

الْقَلِيْط: خصیہ میں سوجن۔

الْقَيْلَط والْقَيْلِيط: خصیہ میں سوجن والا۔

الْقَلْطَبَان: بیوی کے بارے میں غیرت نہ رکھنے والا۔ بھڑوا۔

قَلَعَ (ف) قَلْعًا وقَلَّعَ واقْتَلَعَ الشَّيْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔ قَلَعَ الْوَالِيَ فُلَانًا: معزول کرنا۔ اِقْتَلَعَ الشَّيْءَ: چھیننا۔

قَلِعَ (س) قَلَعًا وقَلْعَةَ الرَّاكِبُ: سوار کا

زین پر جم کر نہ بیٹھنا......الرَّجُلُ: کند ذہنی کی وجہ سے کلام کو نہ سمجھنا......الْمُصَارِعُ: کشتی کے وقت قدم ثابت نہ رہنا۔

قَلِعَ قَلَعًا. الرَّجُلُ: حملہ میں ثابت نہ رہنا۔ زین پر جم کر نہ بیٹھنا۔

اَقْلَعَ عَنْ كَذَا: باز رہنا اور چھوڑنا...... الْمَلَّاحُ السَّفِيْنَةَ: بادبان اٹھانا...... اَصْحَابُ السَّفِيْنَةِ: روانہ ہونا......الشَّيْئُ: روشن ہونا......الاَمِيْرُ: قلعہ بنانا...... الحُمّٰى عَنْ فُلَانٍ: بخار کا اتر جانا۔ قرآن مجید میں ہے "يَاسَمَاءُ اقْلِعِيْ" یعنی اے آسمان بارش سے رُک جا۔

قَالَعَا مُقَالَعَةً: ایک دوسرے کو اُکھیڑنا۔

تَقَلَّعَ وانْقَلَعَ واقْتَلَعَ: جڑ سے اُکھڑنا۔ تَقَلَّعَ فِي مَشْيِهِ: آگے کو جھکتے ہوئے چلنا۔

القَلْعُ: مص۔ بسولی۔ چرواہے کا تھیلا۔ ج اَقْلُعٌ وقُلُوْعٌ. قَلْعُ الحُمّٰى: بخار اُترنے کا دن۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ فِي قَلْعٍ وقِلْعٍ وقَلَعٍ مِنْ حُمَّاهُ" میں نے اس کو بخار اتری ہوئی حالت میں چھوڑا۔ القلع: کان جس کی طرف عمدہ رانگ کو منسوب کرتے تھے کہتے تھے "رَصَاصٌ قَلْعِيٌّ وقَلَعِيٌّ".

القِلْعُ: بادبان۔ ج قُلُوْعٌ وقِلَاعٌ.

القِلَعُ: بخار کے اُترنے کا دن۔ مردوں کے پہننے کی صدری۔ وہ شخص جو گھوڑے پر اچھی طرح نہ بیٹھ سکے۔

القُلَعُ: چلنے میں قوی مرد۔

القَلَعُ: مص۔ خون۔ کھرنڈ جو کھجلی والے کے جسم پر ہو۔ پتھر جو چٹان کے نیچے ہو...... مِنَ الحُمّٰى: بخار اُترنے کا دن۔

القَلِعُ: جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ کند ذہن جو کلام کو نہ سمجھے۔ کھرنڈ والے۔ وشَيْخٌ قَلِعٌ: کھڑے ہونے کی حالت میں آگے کو جھکنے والا بڈھا۔

القَلْعَةُ: قلعہ۔ ج قِلَاعٌ وقُلُوْعٌ. القِلْعَة: کھجور کا چھوٹا پودہ جو کھجور کی جڑ سے اُکھیڑا جائے۔ چرواہے کا توشہ دان۔

القِلْعَة. قِلَعٌ: کا اسم نوع۔ لمبا پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ ج قِلَعٌ.

القُلْعَةُ: کھرنڈ والا، کمزور جو کشتی میں جلد مغلوب ہو جائے، ہمیشہ نہ رہنے والا مال، منگنی کا مال، درخت سے جو اُکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰى قُلْعَةٍ" وہ سفر پر ہے "ومَنْزِلُنَا مَنْزِلُ قُلْعَةٍ وقُلَعَةٍ وقُلُعَةٍ" یعنی ہم مالک نہیں و"هٰذَا المَنْزِلُ مَنْزِلُ قُلْعَةٍ" یعنی جب کوئی صاحب عزت آدمی آجاتا ہے تو بیٹھنے والے کو ہٹانا یا بار بار اُٹھنا پڑتا ہے۔

القَلَعَةُ: بڑا ٹیلہ۔ قلعہ۔ بادل کا پہاڑ جیسا ٹکڑا۔ ج قَلَعٌ: چٹان جو پہاڑ سے جدا ہو گئی ہو اور دشوار گزار ہو۔ ج قِلَاعٌ وقَلَعٌ.

القُلَعَةُ: کھرنڈ والا۔

القُلَاعُ: جو خشک ہونے کے بعد پھٹی ہوئی مٹی پھنسیاں۔ جو منہ یا زبان پر ہوں۔ واحد قُلَاعَة القُلَاعُ: مٹی جو خشک ہونے کے بعد پھٹ جائے اور اس کے نیچے سانپ کی چھتری ہو۔ قُلَاعُ الاُذُنِ: کان کی جڑ میں شگاف کہ جس سے پیپ وغیرہ نکلے۔

القُلَاعَة: پتھر یا ڈھیلا جو پھینکنے کے لئے زمین سے اُکھیڑا جائے۔ کہا جاتا ہے "رُمِيَ بِقُلَاعَةٍ" یعنی لاجواب کر دیا گیا۔

القِلَاعَة: کشتی و جہاز کا بادبان۔

القَلَّاعُ: وہ شخص جو حملہ میں یا زین پر قائم نہ رہ سکے۔ بڑا جھوٹا۔ داڑھ اکھیڑنے والا۔ بادشاہوں کے پاس چغلی کھانے والا۔ سپاہی۔ سپہ سالار۔ کفن چور۔

القَلُوْعُ: بڑی اونٹنی۔ کمان جو کھینچنے میں الٹ جائے۔ ج قُلُعٌ.

اِقْلَاعُ الحُمّٰى ومُقْلَعُهَا: بخار کا اُترنا۔

المَقْلَعُ: پتھر اکھیڑنے کی جگہ۔ ج مَقَالِعُ.

المِقْلَاعُ: گوپھن۔ ج مَقَالِيْعُ.

اِقْلَعَدَّ الشَّعَرُ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا۔

اِقْلَعَدَّ الشَّعَرُ: بال کا سخت گھنگھریالے ہونا ......فُلَانٌ: خودسری کے ساتھ جانا۔

اِقْلَعَفَّ الشَّيْئُ: سمٹنا...... [illegible] یا بڑھاپے کی وجہ سے جھری دار ہونا۔

قَلْعَطَ وتَقَلْعَطَ: زیادہ میلا کرنا اور میلا ہونا۔

المُقَلْعَطُ: میلا اور کنجوس آدمی۔

القَلْعَطَة: بالوں کا سخت گھنگھریالا پن۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا الشَّجَرَةَ: درخت سے چھال اُتارنا......الشَّيْئُ: پلٹنا(...... واقْتَلَفَ) الظُّفُرُ: جڑ سے کاٹ لینا۔ قَلَفَ العَصِيْرُ: جھاگ لانا۔

قَلَفَ (ن) قَلْفًا. القُلْفَة: کاٹنا۔

قَلَفَ (ض) قَلْفًا وقُلْفَةَ الدِّنِّ: مٹکے کے سرے پر کی مٹی چھڑانا(...... وقَلَّفَ) السَّفِيْنَةَ: کشتی کے تختوں کو درخت خرما کی چھال سے جوڑنا اور ان کے درمیان تارکول ڈالنا۔ اسم القِلَافَة: ہے وقَلَّفَ الجزور: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

قَلِفَ (س) قَلَفًا الصَّبِيُّ: بے ختنہ ہونا یا عضو تناسل کی کھال کا بڑا ہونا۔ صفت اَقْلَف.

تَقَلَّفَ القِشْرُ عَنِ الشَّجَرَةِ: درخت سے چھال کا اُترنا۔

اِنْقَلَفَتِ السُّرَّةُ: ناف کا موٹائی کی وجہ سے لوٹ جانا۔

القِلْف: درخت کی چھال۔ واحد قِلْفَة: سخت جگہ۔

القِلْفَة: ناخن جڑ سے کٹا ہوا۔

القُلْفَة والقَلَفَة: عضو تناسل کی کھال۔ ج قُلَف.

القَلِفَة مِنَ الشِّفَاهِ: ہونٹ جس میں موٹائی ہو۔

القُلَافَة: درخت وغیرہ کی چھال۔

القَلِيْف ج قُلُف والقَلِيْفَة ج قَلِيْف والمَقْلُوْفَة ج مَقْلُوْفَات: کھجور رکھنے کا بڑا ٹوکرا۔

القَلِيْف والمَقْلُوْف: مٹکا جس کے سرے سے مٹی چھڑا دی گئی ہو۔ القَلِيْف: خشک دریائی کھجور جس کا چھلکا اُتر گیا ہو۔

کھجور کا بڑا ٹوکرا۔ واحد قلیفۃ.

الاقلف: بے ختنہ۔ عضو تناسل کی بڑی کھال والا۔ مؤنث قلفاء ج قُلف: کہا جاتا ہے "ھو اقلف القلب" وہ اچھی باتوں کو نہیں قبول کرتا "عام اقلف" سرسبز سال "عیش اقلف" خوش حال زندگی۔

التقلیف: کھجور سے گٹھلی جدا کرنا اور برتن میں ذخیرہ کرنا۔

قلفح. الطعام: سب کچھ کھا لینا۔

تقلفع عنہ الشیٔ: چھل جانا۔

القلفع والقلفع: خشک کیچڑ کا پھٹا ہوا ٹکڑا۔ لوہے کے ذرات جو ڈھالتے وقت گریں۔

القلفعۃ: سانپ کی چھتری۔ زمین کی مٹی جو سانپ کی چھتری کے اُگنے سے ہٹ جائے۔ اونٹ کی کھال پر چھال کی مانند داغ۔

قلق (س) قلقا: مضطرب ہونا۔ بے قرار ہونا۔ صفت مذکر قلق ومقلاق: صفت مؤنث قلقۃ ومقلاق.

قلق (ن) قلقا الشیٔ: حرکت دینا۔

اقلقہ: بے قرار کرنا۔ اقلق الشیٔ من مکانہ: حرکت دینا..... القوم السیوف فی الغمد: آسانی کے لئے تلوار کو میان ہی میں حرکت دینا۔

القلقاس: اروی۔

قلقل قلقلۃ: آواز نکالنا(..... قلقلۃ وقلقالا وقلقالا) الشیٔ: حرکت دینا۔ الحزن ومعہ: آنسو بہانا..... فی الارض: سفر کرنا۔

تقلقل: متحرک ہونا۔ ہلکا ہونا اور تیز دوڑنا ..... فی البلاد: ملک میں پھرنا۔

القلقل والقلقلان: ایک درخت ہے جو انار کے مشابہ ہوتا ہے اور جس کا پھل کالے رنگ کا چکنا گول کالی مرچ کے برابر ہوتا ہے۔

حروف القلقلۃ: پانچ حروف ہیں۔ ب ج د ط ق۔

القلقال: ہمیشہ سفر کرنے والا۔

القلاقل والقلقل: پھرتیلا مددگار۔ القلقل: سفر میں ہلکا پھلکا۔

قلم (ض) قلما وقلم الشیٔ: کاٹنا ..... الظفر: ناخن تراشنا۔ قلّم: تھوڑا تھوڑا کاٹنا.....

القلم: قلم۔ قلم کا اطلاق بن جانے کے بعد ہے بننے سے پہلے قصبۃ اور یراعۃ: کہتے ہیں۔

القلم: جوئے کا تیر۔ تیر جو جواریوں کے درمیان گھمایا جاتا ہے۔ ج اقلام وقلام.

القالم: قا۔ جس کے بیوی نہ ہو۔ ج قلمۃ.

القلامۃ: تراشہ۔ قلامۃ الظفر: ناخن کا تراشہ۔ اور اس سے گھٹیا اور حقیر چیز کی تشبیہ دی جاتی ہے۔

الاقلیم: ملک۔ صوبہ۔ ربع مسکون کا ساتواں حصہ۔ ج اقالیم (دخیل)

الاقلیمی: نظریہ اقلیمیہ کو ماننے والا۔ علاقائی سطح پر لوگوں کے اجتماع کا نظریہ۔

المقلمۃ: قلم دان۔ ج مقالم.

مقالم. الرمح: نیزے کی گرہیں۔

المقلمۃ: بیوہ عورت اور کہا جاتا ہے "سارت الف مقلمۃ" یعنی ہزار سپاہیوں کی ہتھیار بند فوج روانہ ہوئی۔ کہا جاتا ہے "فلان مقلوم الظفر ومقلم الظفر" یعنی ضعیف وذلیل ہے۔

المقلام: قینچی۔

القلمس: بہت پانی والا کنواں۔ بہت فیاض۔ دور اندیش۔ ہوشیار۔ غیر معروف۔

قلمع راسہ: سر پر مار کر جدا کرنا۔ مونڈنا۔ ..... الشیٔ: جڑ سے اکھیڑنا۔

القلمعۃ: مس۔ کمینے لوگ۔

قلنسہ: ٹوپی پہنانا۔ قلنس الشیٔ: چھپانا۔ ..... الرجل: سینہ پر ہاتھ رکھ کر کھڑا ہونا۔

تقلنس: ٹوپی پہننا۔

وقلانیس وقلانی وقلاتی: اور تصغیر قلیسنۃ وقلیسۃ: اور پادری جس ٹوپی کو استعمال کرتے ہیں اس کو عوام قلوسۃ: کہتے ہیں۔

قلا یقلو قلوا. اللحم وغیرہ: گوشت کڑاہی میں بھونا۔ صفت فاعل۔ قلاء: اور صفت مفعول مقلو..... الابل: اونٹوں کو ہانکنا۔

..... القلۃ وبالقلۃ: گلی ڈنڈا کھیلنا..... قلا وقلاء) الرجل: بغض رکھنا۔

تقلی الیہ: نفرت کرنا۔ بغض ظاہر کرنا..... علی فراشہ: مضطرب ہونا۔ تلملانا۔

تقالی الرجلان: ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔ کہا جاتا ہے "بینہم تقال" ان کے درمیان بغض ہے۔

اقلولی اقلیلاء: کوچ کرنا۔ بے آرام ہونا۔ سکڑنا۔ جگہ سے علیحدہ ہونا..... فی الجبل: پہاڑ کی چوٹی پر چڑھ کر جھانکنا..... الطائر: پرندہ کا اڑنے میں بلند ہونا۔ درخت کے اوپر کے حصہ پر اترنا..... ۂ: بیچ پر سوار ہونا۔

القلو: ہلکا پھلکا۔ جوان ہلکا گدھا۔

القلۃ ج قلات وقلون وقلون (المقلی والمقلاء) گلی ڈنڈا۔ القلۃ: ہرن کے پھنسانے کے لئے ایک قسم کا پھندا۔

القلوۃ: جانور جو اپنے سوار کو لے کر سب سے آگے بڑھ جائے۔

القلولی: بلند پرواز پرندہ۔

قلی یقلی قلیا اللحم وغیرہ: گوشت بھوننا صفت فاعل قلاء: صفت مفعول مقلی.....

قلاتا: سر پر مارنا(..... الرجل وقلیہ بقلاہ قلی وقلاء ومقلیۃ) بغض رکھنا۔ صفت فاعل قال: اور صفت مفعول مقلی.

القلی والقلی: سجی۔

القلی: پہاڑوں کی چوٹیاں۔ مردوں کی کھوپڑیاں۔ واحد قلۃ.

المقلاء: کڑاہی بنانے والا۔ کڑاہی میں

گوشت بھوننے والا۔

المَقلاة: وہ جگہ جہاں کڑاہیاں تیار ہوتی ہیں۔

المَقلیّة: جو بھونا جائے۔ شوربا جو اونٹ کے گوشت سے بنایا جائے۔ راہب کی کوٹھری۔ ج مقالیا۔

المِقلٰی والمِقلاة: کڑاہی۔ فرائی پان۔ ج مَقالٍ۔

المَقلاة: وہ مقام جہاں کڑاہی بنائی جائے۔

المَقلِیّ: جو بھونا جائے۔

قَمّ (ن) قَمًّا: خشک ہونا...... شارِبَهٗ: مونچھ جڑ سے مونڈنا...... البیتَ: گھر میں جھاڑو دینا۔ صفت قامّ و قمّام (...... واقتَمّ) ما علی المائدة: کھانا واقتمّ الشیئَ: مزاولت کرنا۔ اعتماد کرنا۔ خطا نہ کرنا۔

قَمَّمهٗ: خشک کرنا۔ قَمَّم النجمُ: ستارے کا وسط آسمان میں پہنچنا۔

تَقَمَّمَ ما علی المائدة: دسترخوان پر سے سب کچھ کھا لینا...... الشیئَ: کسی چیز پر چڑھنا۔ ...... النخلةَ: درخت خرما پر چڑھنا اور سرے تک پہنچنا...... الرجلُ قِرنَهٗ: ہمسر پر غالب آنا۔

القِمّة: ہر چیز کی چوٹی۔ لوگوں کی جماعت۔ بدن۔ قد و قامت۔ ج قِمَم۔

القُمّة: شیر کا لقمہ۔ کوڑا گھر۔

القَمیم: خشک سبزی۔ ستو۔

القُمامة: کوڑا کرکٹ۔ لوگوں کی جماعت ج قُمَم۔

المِقَمّ والمُقتَمّ: دسترخوان پر کا سب کچھ کھا لینے والا۔

المِقَمّة: جھاڑو ج مَقامّ (...... والمِقَمّة) پھٹے ہوئے کھر والے جانوروں کے ہونٹ۔

قَمَأَ (ف) وقَمُؤَ (ک) قَمأةً وقُمأةً وقَماءةً وقَماءً: ذلیل و خوار ہونا۔ صفت قَمِیء ج قُمآء و قِماء۔

قَمَأَ (ف) قَمَأَ المکانَ وبهٖ: داخل ہونا اور اقامت کرنا...... ۂ: اکھیڑنا۔

قَمَأَتْ (ف) قَمأً وقُموءًا (ک) قُموءًا وقُموءةً وقَمأً وقَماءً وقَماءةً. الماشیةُ: جانور کا موٹا ہونا...... بالمکانِ: سرسبزی کی وجہ سے اقامت کرنا اور موٹا ہونا۔

اَقمأَ الرجلَ: ذلیل کرنا...... الشیئُ او المکانُ فلانًا: تعجب میں ڈالنا اَقمأتِ الماشیةُ: جانور کا موٹا ہونا۔

قامأهٗ مقامأةً: موافقت کرنا۔ کہا جاتا ہے مَا قامأهُ المکانُ: جگہ اس کو موافق نہیں آئی۔

تَقَمَّأَ فلانٌ المکانَ: موافق ہونا اور اقامت کرنا...... الشیئَ: تھوڑا تھوڑا جمع کرنا۔ عمدہ لینا۔

اِقتَمأ الشیئَ: جمع کرنا۔

المَقمأ: وہ جگہ جہاں اقامت کریں اور موٹے ہو جائیں۔

القِمأة ج قِماء والمَقمأة والمَقموءة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پہنچے۔

القَمأة والقُمأة: سرسبزی۔ آرام۔

القَمِیء: ذلیل و خوار۔

قَمَحَ (ن) قُموحًا وقامَحَ وتَقَمَّحَ وانقَمَحَ البعیرُ: سیرابی کی وجہ سے پینے سے باز رہنا اور سر اٹھانا صفت قامح ج قِماح وقُمَّح وتَقَمَّحَ الشرابَ ومن الشرابِ: ناپسند کرنا۔

قَمِحَ (س) قَمحًا واقتَمَحَ وتَقَمَّحَ السویقَ: ستو پھانکنا...... الشرابَ: ہتھیلی پر لینا اور چاٹنا۔

قَمَّحَ فلانًا: حق سے کم دے کر ہٹانا۔

اَقمَحَ السنبلُ: خوشہ میں دانہ بیٹھنا...... البُرُّ: تیار گیہوں ہونا...... الرجلُ: سر اٹھانا اور آنکھ بند کرنا...... بانفهٖ: بڑائی جتانا۔ مغرور ہونا...... الغلُّ الاسیرَ: تنگی کی وجہ سے سر کو نکلا ہوا چھوڑ دینا...... فلانٌ: شراب پینا۔

القَمح: گیہوں۔ واحد قَمحة۔

القُمحة: پھنکی یا پانی سے منہ بھرا ہوا۔

(...... والقُمَّحان والقُمُحان) زعفران۔

القِمَحانة: سر کے پچھلے حصہ میں اٹھی ہوئی جگہ اور گدی کے گڑھے کے درمیان کی جگہ۔

القَمِیحة: پھنکی (دوا یا ستو وغیرہ کی)

رَجُلٌ قَمُوحٌ لِلنَّبِیذ: بہت پینے والا۔

القَمَحدُوَة: سر کے پچھلے حصہ میں اٹھی ہوئی جگہ۔

اَقمَحَ اِقماحًا بانفهٖ: بڑائی جتانا۔ متکبرین کی طرح بیٹھنا۔

قَمَدَ (ض) قَمدًا وقُمودًا: انکار کرنا۔ باز رہنا۔ نیکی یا بدی میں لگا رہنا۔

قَمِدَ (س) قَمَدًا: لمبی اور موٹی گردن والا ہونا۔ صفت اَقمد مؤنث قَمداء۔

اَقمَدَ الرجلُ: گردن بلند کرنا۔

القُمُد والقُمُدّ والقُماد: مضبوط۔ موٹا۔

القُمُدّ والقُمُدّة والقُمُدّانیّة: لمبی گردن والی اور بقول بعض موٹی اور لمبی گردن والی۔

القُمْدُر: لمبے قد والا۔

قَمَرَ (ض) قَمرًا: جوا کھیلنا...... الرجلُ: جوئے میں غالب آنا۔

قَمَرَ (ن ض) قَمَرَ الرجلُ مالَهٗ: مال چھین لینا۔

قَمِرَ (س) قَمَرًا الشیئُ: بہت سفید ہونا۔ ...... الرجلُ: برف کی وجہ سے چندھیانا۔ چاندنی رات میں بے خواب ہونا...... الکلأُ والماءُ وغیرُهما: گھاس پانی وغیرہ بہت ہونا...... الابلُ: اونٹ کا سیراب ہونا۔

قامَرَهٗ مقامَرةً وقِمارًا: باہم جوا کھیلنا۔

اَقمَرَ اللیلُ: چاندنی کا کھیت کرنا...... الهلالُ: پورا چاند بننا...... القومُ: چاندنی میں ہونا۔ چاند کے نکلنے کا انتظار کرنا...... الثمرُ: پھل کے پکنے میں تاخیر ہونا یہاں تک کہ سردی کا آ جائے پکنے سے پہلے سردی کا آ جانا اور مٹھاس کا جاتا رہنا...... الابلُ: اونٹ کا سیراب ہونا۔ بہت گھاس میں چرنا۔

تَقَمَّرَ: چاندنی رات میں شکار کے لئے نکلنا۔ ......الرَّجُلَ: جوئے میں غالب آنا۔چاندنی رات میں آنا......الطَّيْرَ والظِّبَاءَ: پرندوں یا ہرنوں کا چاند کی روشنی میں شکار کرنا...... الطَّيْرَ: پرندہ کو شکار کے لئے رات میں آگ سے چندھا کر دینا۔
تَقَامَرَ القَوْمُ: باہم جوا کھیلنا۔
اِقْمَارَّ اِقْمِيرَارًا: سفید ہونا۔چاند کے رنگ کا ہونا۔
القَمَرُ: چاند۔تین رات کے بعد آخر ماہ تک قمر کہتے ہیں اور اس سے پہلے ہلال ج اَقْمَارٌ القَمَرَان: آفتاب و ماہتاب۔اَقْمَارُ العِلْمِ وشُمُوسُه: علماء اور کہا گیا ہے "اِسْتَرْعَيْتُهُ الشَّمْسَ والقَمَرَ" یعنی میں نے اس کو مہلت دی۔
القُمْرَةُ: سبزی مائل۔سفید رنگ۔
المَاءُ القَمِرُ: بہت پانی۔لَيْلَةٌ قَمِرَةٌ: چاندنی رات۔
الحُرُوفُ القَمَرِيَّةُ: چودہ حروف جن کے ساتھ تلفظ میں لام پڑھا جاتا ہے جیسے اَلْقَمَرَ.
القُمْرِيّ: فاختہ کی مانند ایک مشہور پرندہ مؤنث قُمْرِيَّة ج قُمْر وَقَمَارِيّ.
اَلْقَمَرِيَّةُ: زمین پر پھیلنے والی بوٹی جس کے پھولوں کے بیج چاند کی طرح ہوتے ہیں زیب و زینت کے لئے لگائی جاتی ہے۔امریکہ کے علاقہ میں پائی جاتی ہے۔
القِمَارُ: مص۔جوا۔
القَمِيرُ: جواری۔کہا جاتا ہے "هُوَ قَمِيرُكَ" وہ جوئے میں تمہارا ساتھی ہے ج اَقْمَار: جیسے نَصِير واَنْصَار.
قُمْرَةُ الْمِرْكَبِ: (عِنْدَ الْمَلَّاحِيْنَ): بحری جہاز کا کمرہ۔
الاَقْمَر: سبزی مائل سفید رنگ والا۔سفید وَجْهٌ اَقْمَر: چاند کے مشابہ چہرہ۔سَحَابٌ اَقْمَر: پانی سے بھرا ہوا بادل۔
القَمْرَاءُ. الاقمر: کا مؤنث۔چاندنی۔
لَيْلَةٌ مُقْمِرٌ ومُقْمِرَةٌ: چاندنی رات

کے امثال میں سے ہے "اَنْشَطُ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ" بیان کیا گیا ہے کہ چاندنی میں ہرن کو نشاط حاصل ہوتا ہے اور وہ کھیلتا کودتا ہے اور کبھی دھوکے میں آجاتا ہے اور درندہ شکار کر لیتا ہے۔اسی وجہ سے دوسری مثال میں کہا گیا ہے "اَغَرُّ مِنْ ظَبْيٍ مُقْمِرٍ."
المَقْمُوْرُ: مفع۔برائی۔ناپسندیدہ بات اور اسی سے مثال ہے "وَضَعْتُ يَدِي بَيْنَ اِحْدٰى مَقْمُوْرَتَيْنِ" دو برائیوں میں سے ایک برائی میں میں نے ہاتھ ڈالا۔
قَمَزَ (ن ض) الشَّيْءَ: جمع کرنا...... الشَّيْءَ......: انگلیوں کے کناروں سے پکڑنا۔
اَقْمَزَ الرَّجُلُ: بے کار چیزوں کا ذخیرہ کرنا۔
القَمَزُ: بے کار مال۔
القُمْزَةُ: کھجور کی ایک مٹھی۔نباتات کا شگوفہ جس میں دانہ نہ ہو۔ج قُمَز.
قَمَسَهُ (ن ض) قَمْسًا واَقْمَسَهُ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ دینا۔اَقْمَسَ الكَوْكَبُ: ستارے کا غروب ہونا......قَمَسَتِ الدَّلْوُ فِي المَاءِ: ڈول کا ڈوب جانا۔قَمَسَ بِهِ فِي البِئْرِ: کنوئیں میں پھینکنا۔
الوَلَدُ فِي البَطْنِ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔
قَمَسَ (ن ض) قَمْسًا وقُمُوْسًا واِنْقَمَسَ فِي المَاءِ: پانی میں غوطہ لگانا۔اِنْقَمَسَ الكَوْكَبُ: ستارہ کا غروب ہونا۔اِنْقَمَسَ فِي الرَّكِيَّةِ: کنوئیں میں کود پڑنا۔
قَمَّسَ: الرَّجُلُ: اونٹوں کو سیراب کرنا۔
قَامَسَهُ قِمَاسًا ومُقَامَسَةً: غوطہ لگانے میں مقابلہ کرنا۔مناظرہ کرنا۔مباحثہ کرنا۔کہا گیا ہے "هُوَ يُقَامِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ لگانے میں مقابلہ کرتا ہے یعنی اپنے سے زیادہ علم والے سے مباحثہ کرتا ہے۔
تَقَامَسُوْا. فِي المَاءِ: باہم غوطہ زنی کرنا۔
القَمَّاس: غوطہ خور۔
القَامُوس: سمندر۔سمندر کا گہرا حصہ۔ج

القَامُوس: علامہ مجد الدین فیروز آبادی کی علم لغت میں ایک مشہور کتاب زمانہ موجودہ میں ہر لغت کی کتاب کو قاموس: کہتے ہیں۔
القِمَاس: کنوئیں میں پانی کی زیادتی۔
القَمِيْس ج قَمَامِيْس القَمِيْس: سمندر۔
القَمُوْس: کنواں جس میں پانی زیادہ ہونے کی وجہ سے ڈول ڈوب جائے۔
القُمُس: مرد شریف ج قَمَامِس وقَمَامِسَة.
القَوْمَس: امیر۔سمندر کا گہرا حصہ۔ج قَوَامِس. القَوَامِس: مصیبتیں۔
قَمَشَ (ن ض) قَمْشًا وقَمَّشَ القُمَاشَ: اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔
تَقَمَّشَ: جو کچھ ملے اس کو کھا جانا اگرچہ معمولی ہو۔
اِقْتَمَشَ. القُمَاشَ: اِدھر اُدھر سے کھانا۔
القُمَاش: ردی اور گھٹیا چیزیں۔قُمَاشُ النَّاسِ: رذیل لوگ۔قُمَاشُ البَيْتِ: گھر کا سامان۔ج اَقْمِشَه.
القَمْش: مص۔ردی چیز۔
القَمَّاش: سامان بیچنے والا۔
قَمَصَ (ن ض) قَمَاصًا وقِمَاصًا وقَمْصًا الفَرَسُ وغَيْرُهُ: گھوڑے کا اگلی دونوں ٹانگوں کو اکٹھا ہی اٹھانا اور اکٹھا ہی رکھنا...... العَيْرُ: گدھے کا کودنا اور بھاگنا(...... قَمْصًا) مِنْهُ: نفرت کرنا۔اعراض کرنا...... النَّاقَةُ بِالرَّدِيْفِ: اونٹنی کا اُچھلتے ہوئے لے جانا(...... وقَمَّصَ) البَحْرُ بِالسَّفِيْنَةِ: موج سے حرکت دینا۔وقَمَّصَهُ: قمیص پہنانا۔
قَمَّصَ الثَّوْبَ: کرتا قطع کرنا۔
تَقَمَّصَ: کرتا پہننا اور استعارہ کی بنا پر کہا جاتا ہے "تَقَمَّصَ الوِلَايَةَ والاِمَارَةَ وتَقَمَّصَ لِبَاسَ العِزِّ" تَقَمَّصَتِ الرُّوْحُ: ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا۔
القَمَص: انڈے سے نکلے ہوئے ٹڈی کے تازہ بچے۔کھیاں یا مچھر جو پانی کے اوپر اڑتے ہیں۔واحد قَمَصَة.
القِمَاص: مص۔قلق۔

القَمِيْصُ : کرتا (مذکر ومؤنث) ج اَقْمِصَة وقُمُص وقُمْصَان. القَمِيْصُ : لوزائیدہ بچے کے اوپر کی جھلی۔ دِل کا غلاف۔ کہا جاتا ہے "شَقَّ الخَوْفُ قَمِيْصَ قَلْبِهٖ" خوف نے اس کے دِل کے غلاف کو پھاڑ دیا۔

القَمِيْص والقَمُوْص : وہ جانور جو اپنے سوار کو لے کر اُچھلے۔ القَمُوْص : شیر۔ بے آرام جس کو قرار نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ قَمُوْصُ الحَنْجَرَةِ" فلاں بڑا جھوٹا ہے۔

قَمَطَهٗ (ن ض) قَمْطًا وقِمَاطَةً : گہوارہ میں چھوٹے بچے کے ہاتھ پاؤں باندھ دینا...... الإبِلَ : اُونٹوں کو قطار میں کرنا...... طَعَم الشَّيْ : چکھنا...... الشَّيْ : لینا۔ قَمَطَ الدِّيْكَ : مرغ کا جفتی کرنا...... المَرْأةَ : عورت سے جماع کرنا۔

القِمَاط : رسّی جس سے ہاتھ پاؤں باندھیں۔ چوڑا کپڑا جس سے گہوارہ میں بچے کو لپیٹ دیں۔ ج قُمُط (...... والقِمْط) رسّی جس سے بکری کی ٹانگوں کو ذبح کرنے کے لئے باندھیں۔

عَامٌ قَمِيْطٌ : پورا سال۔ کہا جاتا ہے "اَقَمْتُ عِنْدَهٗ حَوْلًا قَمِيْطًا او شَهْرًا قَمِيْطًا" میں اس کے پاس ایک سال کامل یا ایک مہینہ کامل ٹھہرا۔

القَمَّاط : چور۔ بچوں کو گہوارہ میں باندھنے کے لئے پٹی بنانے والا۔

القُمَّاط : بہت سے چور۔

قَمْطَرَ قَمْطَرَةً الشَّيْ : جمع ہونا...... الشَّيْ : جمع کرنا...... القِرْبَةَ : مشک کو بندھن سے باندھنا۔ مشک کو بھرنا...... العَدُوُّ : دشمن کا بھاگنا۔ قَمْطَرَ الجَارِيَةَ : جماع کرنا۔

اِقْمَطَرَّ : منتشر ہونا۔ سکڑنا...... لِلشَّرِّ : آمادہ ہونا...... اليَوْمُ : دن کا سخت ہونا...... عَلَيْهِ الشَّيْ : بھیڑ ہونا۔

القِمَطْرُ والقِمَطْرُ : بستہ۔ جزدان۔ مجرمین کے پاؤں پھنسانے کی لکڑی۔ پستہ قد موٹا مرد۔ مذکر ومؤنث اور اِمْرَأةٌ قِمَطْرَةٌ کہتے ہیں۔ ج القَمَاطِر القِمَطْر : شکر والی۔

القُمَاطِر والقَمْطَرِيْر : سخت دن یا سخت لڑائی۔

القِمَطْرَى : پست قد موٹا مرد۔ اکڑی چال۔

قَمَعَهٗ (ف) قَمْعًا : آنکس سے مارنا۔ ارادہ سے ہٹا دینا۔ خوار وذلیل کرنا۔ قَمَعَ السِّقَاءَ : باہر کی طرف مشک کے منہ کو موڑنا قَمَعَ فِي الشَّيْ : داخل ہونا۔ الكُتُبَ : عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔ قَمَعَتِ المَرْأةُ بَنَانَهَا بِالحِنَاءِ : عورت کا پوروں کو مہندی سے رنگنا...... ـهٗ : سر کے بالائی حصہ پر مارنا...... البَرْدُ النَّبَاتَ : سردی کا نباتات کو جلا دینا...... مَا فِي السِّقَاءِ : ڈگڈگا کے پینا ...... الشَّرَابُ : آسانی سے حلق سے اُترنا ...... سَمْعَهٗ لِفُلانٍ : خاموش ہونا...... الوَطْبَ : قیف لگانا۔

قَمِعَتْ (س) قَمَعًا عَيْنُهٗ : گوشہ چشم میں ورم والی ہونا۔ صفت قَمِعَة ...... الفَرَسُ : ایک موٹے گھٹنے والا ہونا...... غُرْقُوْبُ الفَرَسِ : ایڑی کے سرے کا موٹا ہونا...... الظَّبْيَةُ : ہرن کی ناک میں مکھی داخل ہونا اور اس کی وجہ سے اس کا سر ہلانا ...... فُلانٌ الدَّوَاءَ : دوا پھانکنا۔

قَمَّعَ البُسْرَةَ ونَحْوَهَا : کھجور وغیرہ کی پلیدی کو دُور کرنا۔ قَمَّعَتِ البُسْرَةُ ونَحْوُهَا : کھجور وغیرہ کی پینڈی کا دُور ہونا۔

اَقْمَعَهٗ : ذلیل وخوار کرنا۔ رد کرنا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ تم کہو گے "اَقْمَعْتُهٗ" یعنی فلاں میرے پاس آیا میں نے اس کو ہٹا دیا۔

تَقَمَّعَ : متحیر ہونا مدہوش ہونا۔ تنہا۔ بیٹھنا۔ ذلیل ہونا...... الذُّبَابَ : مکھی مارنا۔ تم کہو گے تَرَكْتُهٗ يَتَقَمَّعُ : میں نے اس کو مکھی مارتا ہوا چھوڑا (...... واقْتَمَعَ) الشَّيْ : چننا اور کہا گیا ہے "اقتمع ما في الإنَاءِ" یعنی برتن میں جو کچھ تھا سب پی گیا۔

اِنْقَمَعَ : خوار وذلیل ہونا۔ پوشیدہ مکان میں داخل ہونا...... الرَّجُلُ : تنہا بیٹھنا۔

القَمْع والقِمْع والقِمَع : قیف۔ ج أقْمَاع : کھجور وغیرہ کے نیچے کی پینڈی اور تشبیہ کی بنا پر انگشتانہ کو بھی قُمَع کہتے ہیں۔ ج قُمُوْع.

القَمَع : آنکھ کے گوشوں میں ورم یا سرخی۔ گھوڑے کے گھٹنے میں یا ایڑی میں موٹاپا۔ حلق کا کنارہ۔ سانس کی نالی کا کنارہ۔ زخرہ کی اُبھری ہوئی ہڈی۔

الاَقْمَع : مؤنث قَمْعَاء ج قُمْعٌ والقَمُوْع : وہ شخص جس کی آنکھ کے گوشے میں ورم یا سرخی ہو الاَقْمَع مِنَ الخَيْلِ : گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔

القَمِعَة : کوہان کی چوٹی۔ آنکھ کا زخم۔ حلق کا کنارہ۔ قَمَعَة الذَّنَبِ : دُم کا کنارہ۔ قَمَعَة الشَّيْ : عمدہ چیز۔ ج قَمَع. القَمَعَة : مکھی جو سخت گرمی میں اُونٹوں اور ہرنوں کو لگ جاتی ہے۔ ج مَقَامِع.

القَمِع. مِنَ الخَيْلِ : گھوڑا جس کے ایک گھٹنے میں موٹاپا ہو۔ سَنَامٌ قَمِعٌ : بڑا کوہان۔ طَرْفٌ قَمِعٌ : پھنسیوں والی آنکھ۔

القَمْعَة : توشہ دان وغیرہ کا سر بند۔ بہترین مال ج قَمْعٌ.

اَلْقُمْعُ وَالْقَمْعُ وَالْقِمْعُ : قیف (برتن کے منہ پر رکھ کر مائع چیز بھرنے کا آلہ)۔

اَلْقِمَعِيَّةُ : یورپ برازیل اور ایشیاء کے ممالک میں پایا جانے والا ایک پھول جو کہ خوبصورت ہوتا ہے اور اس میں زہریلا مواد ہوتا ہے۔ اس سے پیشاب آور اور مسکن دواء جتالین حاصل کی جاتی ہے۔ ایسے ہی دل کے مریضوں کو دی جاتی ہے۔

القَمِيْعَة. مِنَ الدَّوَابِّ : دونوں کانوں کے درمیان اُبھرا ہوا حصہ۔ دم کا سرا ج قَمَائِع.

المِقْمَعَة : آنکس۔ لکڑی یا لوہا جس سے انسان کو مارا جائے۔ ج مَقَامِع.

المَقْمُوْع : مقمع۔ مغلوب۔ تخمہ زدہ...... مِنَ المَالِ : چنا ہوا مال۔

قَمْعَلَ قَمْعَلَةً النَّبْتُ : نباتات کا غلاف نکلنا یا

شگوفہ نکلنا......الرَّجُلُ: سردارِ قوم ہونا۔
القُمْعَال: سردارِ قوم: چرواہوں کا سردار۔
القَمْعَل: تنگ منہ کی ہانڈی (...... والقُمْعُول) بڑا پیالہ ج قَمَاعِل وقَمَاعِيل۔
القُمْعُولَة: نباتات کا غلاف یا پھول کی کلی۔ کونپل۔ سر کے اندر گھسا۔ ج قَمَاعِيل۔
قَمْقَمَ قَمْقَمَةً مَا عَلَى المَائِدَةِ: دسترخوان کے بچے ہوئے کو جمع کرنا۔
تَقَمْقَمَ: بہت پانی میں گھسا یہاں تک کہ ڈوب جانا۔ الشَّیءَ: چڑھنا۔
القُمْقُمُ: حلق کی نالی۔ گھڑا۔ پانی گرم کرنے کے لئے تانبے کا برتن۔ عطر فروش کا برتن۔ گلاب پاش۔
القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم والقُمْقُان: بڑی تعداد سمندر یا سمندر کا گہرا حصہ۔ چھوٹی چچڑیاں۔ ایک قسم کی جوئیں۔ اس کا واحد قُمْقَامَة. القَمْقَام والقُمْقَام والقُمَاقِم: بڑا فیاض سردار ج قَمَاقِم وقَمَاقِمَة القَمْقَام: امرِ عظیم۔ بڑا معاملہ۔ رَجُلٌ قَمْقَام: کمینہ جو ردی اور گھٹیا قسم کے کھانے پر راضی ہو جائے۔ القَمَاقِم: ماہِ تمبر کے آخری بارہ دن جن سے آنے والے سال کے ہر مہینے کی ہوا کا پتہ لگایا جائے۔
القِمْقِم: بُسر۔ خشک کچی کھجور۔
القُمْقُمَة: لکڑی کا پیالہ۔ لوٹا۔
قَمِلَ (س) قَمَلاً القَوْمُ: زیادہ تعداد ہونا۔ سرسبزی و شادابی والا ہونا......فُلَانٌ: لاغری کے بعد موٹا ہونا......رَاسُهُ: سر میں جوں ہونا یا بہت جوں ہونا۔ صفت قَمِلٌ بَطْنُهُ: توند نکلنا۔
قَمِلَ واَقْمَلَ المَرْعٰی: چراگاہ کا اُگنا اور سیاہ ہونا۔
تَقَمَّلَ الرَّجُلُ: کچھ موٹائی شروع ہونا۔
القَمْلُ: جوں واحد قَمْلَة: کہا جاتا ہے "دَبَّ قَمْلُهُ" یعنی موٹا ہوا۔ قَمْلُ قُرَیْش: دانہ صنوبر۔
القَمَّال: جوں۔

القُمَّل: چچڑی۔ چھوٹی چیونٹی۔ واحد قُمَّلَة.
القِمْقِل: فقیری کے بعد تونگر۔
تَقَمَّنَ الامْرَ: قصد کرنا......الشَّیءَ: پکڑنے کے قریب ہونا۔
القَمَن: لائق۔ قریب۔ مناسب۔ یہی لفظ واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے اور کہا جاتا ہے "هٰذَا المَنْزِلُ لَكَ مَوْطِنٌ قَمَنٌ" یعنی یہ مکان اس لائق ہے کہ تم اس میں رہو۔ "وَجِئْتُ بِالحَدِيثِ عَلٰی قَمَنِهِ" یعنی میں نے اس کی روش پر بیان کیا۔
القَمِن: لائق۔ سزاوار۔ حمام کی بھٹی۔ قَمِن اور قَمِين کے ساتھ با یا مِن یا لام کا استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "هُوَ قَمِنٌ وَقَمِينٌ بِكَذَا. وقَمِنٌ وقَمِينٌ مِنْ كَذَا ولِكَذَا" ج قُمَنَاء وقَمِينُونَ مؤنث قَمِينَة ج قَمِينَات وقَمَائِن کہا جاتا ہے۔ اَقْمَنُ بِهٰذَا الامْرِ: یعنی وہ اس کے لئے سزاوار تر ہے۔ وهٰذَا الامْرُ مَقْمَنَة لِذَاكَ: یعنی زیادہ مناسب ہے۔
المُقْمَئِنّ: سکڑا ہوا۔
قَامَی مُقَامَاةً: موافق ہونا۔ کہا جاتا ہے: مَا يُقَامِينِي هٰذَا یہ میرے موافق نہیں۔
قَمَهَ (س) قُمُوهًا البَعِيرُ: حوض سے سر اُٹھا لینا اور پانی نہ پینا......الشَّیءُ: فِی المَاءِ: ڈوبنا اور اُچھلنا۔
تَقَمَّهَ فِی الارْضِ: آوارہ پھرنا۔ کہا جاتا ہے "خرج فلانٌ يقمه" فلاں نکلا اس حال میں کہ نہیں جانتا کہ کہاں جائے۔
القَمَهُ: کھانے کی کم خواہش۔
القامه: فا۔ ج قُمَّه.
اِقْمَهَدَّ: مرنا......الرَّجُلُ او البَعِيرُ: سر اُٹھانا......بِالمَكَانِ: ہمیشہ اقامت کرنا۔ تیز دوڑنا۔
القُمْهُد: کمینہ۔ بداصل۔ بدصورت۔
قَامَاهُ مُقَامَاةً (یائی) موافقت کرنا۔ تم کہو "مَا يُقَامِينِي هٰذَا الشَّیءُ" یعنی یہ چیز مجھے
موافق نہیں۔

قَنَّ (ن) قَنًّا نگاہ ڈال کر ڈھونڈنا۔ خبروں کو تلاش کرنا۔ لاٹھی سے مارنا۔ قَنَّ فِی الجَبَلِ: پہاڑ کی چوٹی پر چڑھنا۔
اِقْتَنَّ: غلام بنانا۔ خاموش ہونا (...... واقْتَانَّ اِقْتِنَانًا) کھڑا ہونا۔
اِسْتَقَنَّ بِالامْرِ: مستقل ہونا۔ بکریوں میں رہ کر انہیں کے دودھ پر گزارہ کرنا۔
القُنّ: چھوٹی پہاڑی (...... والقُنَان) کرتے کی آستین۔
القِنّ: غلام۔ خود مملوک ہوا ہو یا اس کے ماں باپ اور یہ لفظ مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے ہے اور کبھی جمع اَقْنَان واَقِنَّة آتی ہے۔
القِنَانَة والقُنُونَة: غلامی۔ بندگی۔
القُنَّة: چھوٹی پہاڑی۔ پہاڑ کی چوٹی۔ وقُنَّة كُلِّ شَیءٍ: ہر چیز کا بالائی حصہ۔ ج قُنَن وقِنَان وقُنُون وقُنَّات۔
القِنَّة: رسّی کی لڑیوں میں ایک لڑی۔ ایک دوا کا نام۔ ج قِنَن.
القَنَن: طریقہ۔ روش۔
القِنِّينَة: شیشہ کی بوتل۔ ج قَنَانِی وقِنَان.
القَانُون: قاعدہ۔ اصل۔ ہر چیز کا پیمانہ۔ ایک قسم کا باجہ۔ ج قَوَانِين (دخیل).
قَنَأَ (ف) قُنُوءًا. الشَّیءُ: گہرا سرخ رنگ والا ہونا......اللِّحْيَةُ مِنَ الخِضَابِ: داڑھی کا خضاب سے سیاہ ہونا (قَنَأَ) اللَّبَنَ: دودھ میں پانی ملانا۔
قَنَأَ (ف) قَنْأً وقَنَأً وتَقْنِئَةً وتَقْنِيئًا لِحْيَتَهُ: داڑھی کو خضاب سے سیاہ کرنا۔ قَنَّأَ الشَّیءَ: گہرا سرخ رنگنا۔
(قَنَأَ (ف) قَنْأً واَقْنَأَ) الرَّجُلَ: قتل کرنا یا کسی دوسرے کو قتل کرنے پر برانگیختہ کرنا۔ اَقْنَأَ الادِيمَ: چمڑے کو خراب کرنا......الشَّیءُ فُلَانًا: ممکن ہونا اور قریب ہونا۔
قَنِیءَ (س) قُنُوءًا: مرنا......الادِيمُ: چمڑا خراب ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قَانِیءٌ" بہت گہرا سرخ۔

المقناة والمقنوة: وہ جگہ جہاں دھوپ نہ پڑے۔
القنبل: ہاتھی کی گردن۔ پستہ قد عورت۔
قَنَبَ (ن ض) قُنُوبًا فِي الشيءِ: داخل ہونا۔ الشَّمسُ: آفتاب کا غروب ہونا......
الکَرْمَ: انگور کی تکلیف دہ ٹہنیوں کو کاٹ دینا۔
قَنَبَ الزَّرْعُ: خوشہ کے پتے ظاہر ہونا......
الزَّهْرُ: کلی سے نکلنا......الکَرْمَ: انگور کی شاخ تراشی کرنا......الاسَدُ بِمِخْلَبِه: شیر کا چنگل کو سمیٹ لینا۔ قَنَّبَتْ واقْنَبَتْ وتَقَنَّبَتْ۔
الخَیْلُ: چالیس کی جماعت کا دستہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَنَّبُوا وتَقَنَّبُوا نحو العَدُوِّ" جب کہ اکٹھے ہوں اور چالیس کے عدد کو پہنچ جائیں۔ وتَقَنَّبَ الرَّجُلُ فِي بَیْتِه: داخل ہونا۔
اَقْنَبَ: سفر میں دور جانا۔ قرض خواہ سے یا طاقتور سے چھپنا۔
قُنْبُ الزَّهْرِ: پھول کا غلاف ج قُنُوب.
القَانِب: فا۔ بلبلانے والا بھیڑیا۔ تیز رفتار قاصد۔ وَادٍ قَانِبٌ: وادی جس کا سیلاب دور سے جاری ہو۔
القُنْب: بڑا بادبان۔ شیر کا چنگل۔ مِنْ کَفِّ الاسَدِ: شیر کی ہتھیلی کا وہ حصہ جس میں چنگل سمٹا رہے۔
القُنَاب والقِنَاب والقُنَابَة: پتے جن میں خوشہ ہوتا ہے۔ القِنَاب: شیر کا پنجہ۔ کمان کی تانت۔
القِنَّبُ والقُنَّب: جوٹ۔ سن جس سے ستلی بناتے ہیں۔
القَنِیب: لوگوں کا گروہ۔ گھنا بادل۔
القَیْنَاب: تیز رفتار قاصد۔ تیز رفتار چٹھی رساں۔
المِقْنَب: تیس سے لے کر چالیس تک گھوڑوں کی جماعت جو لوٹ ڈالنے کے لئے جمع ہوں ج مَقَانِب (...... والمِقْنَاب) شیر کا چنگل۔ المِقْنَب: شیر کی

ہتھیلی۔ کہا جاتا ہے "مِخْلَبُ الاسَدِ فِي مِقْنَبِه" شیر کا چنگل اس کی ہتھیلی میں ہے۔ شکاری کا حیلہ۔
القُنْبُرة والقُنْبَرة: چنڈول نامی ایک قسم کی چڑیا جسے فارسی میں چکاوک کہتے ہیں۔ ج قَنَابِر. القُنْبَرة: سر پر کچھ زائد پر۔ کلغی۔
دَجَاجَةٌ قُنْبُرَانِیَّةٌ: چوٹی والی مرغی۔ کلغی دار مرغی۔
القُنْبُض: سانپ۔ پستہ قد۔ مؤنث قُنْبُضَة.
القُنْبُضَة: بدصورت عورت یا پستہ قد عورت۔
القُنَّبِیط: گوبھی اور عوام قَرْنَبِیط بھی کہتے ہیں۔
قَنْبَعَ فِي بَیْتِه: چھپنا۔ روپوش ہونا۔ قَنْبَعَتِ الشَّجَرَةُ: غلاف کے اندر پھول یا پھل والا ہونا۔
......الرَّجُلُ: غصہ کی وجہ سے پھولنا۔
القُنْبُع: درخت کی کلی کا غلاف۔ خوشہ میں گیہوں کا غلاف۔ پستہ قد خسیس مرد۔
القُنْبُعَة: بمعنی القُنْبُع: ایک قسم کا بچوں کے لئے کپڑا۔ پستہ قد عورت۔ قُنْبُعَةُ
الخِنْزِیرِ: سور کی خرخراہٹ۔
القَنْبَل والقَنْبَلَة: لوگوں کی یا گھوڑوں کی جماعت ج قَنَابِل.
القُنَابِل: بڑے سر والا (...... والقُنْبُل) موٹا قوی مرد۔
قَنْبَلَ العَدُوَّ: دشمن پر بم کے ساتھ حملہ کرنا۔
القُنْبُلَة: بم اس بم کی کئی اقسام ہیں۔
(۱) اَلْقُنْبُلَةُ الْحَارِقَة: آگ لگانے والا بم۔
(۲) اَلْقُنْبُلَةُ الْجُرْثُومِیَّة: جراثیمی بم۔
(۳) اَلْقُنْبُلَةُ السَّامَّة: زہریلا بم۔
(۴) اَلْقُنْبُلَةُ الذَّرِّیَّة: ایٹم بم۔
قَنَتَ (ن) قُنُوتًا: اطاعت کرنا۔ نماز میں کھڑا ہونا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ کہا جاتا ہے "قَنَتَ اللهَ وقَنَتَ لِلّٰهِ".
......لَهُ: ذلیل ہونا۔

قَنُتَ (ک) قَنَاتَةً: کم خوراک ہونا۔
اَقْنَتَ: نماز میں قیام طویل کرنا۔ اللہ تعالیٰ کے سامنے خاکساری کرنا۔ دشمن پر بددعا کرنا۔ ہمیشہ حج کرنا۔ دیر تک جنگ کرنا۔
اِقْتَنَتَ: فرمانبردار ہونا۔
القَانِت: فا۔ ہمیشہ اطاعت وفرمانبرداری میں رہنے والا۔ نماز پڑھنے والا۔ ج قُنَّت.
القَنِیت: کم خوراک (مذکر ومؤنث) کہا جاتا ہے "سِقَاءٌ قَنِیت" پانی کو روکنے والی مشک جو ٹپکے نہیں۔
اِمْرَاَةٌ قَنُوتٌ: شوہر کی تابعدار عورت۔
القُنْجُل: غلام۔
قَنَحَ (ف) قَنْحًا العُودَ: لکڑی کا سرا موڑنا ......الشَّارِبُ: پینے والے کا سیراب ہو کر سر اٹھانا۔ سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا (...... واقْتَنَحَ) البَابَ: دروازہ کو لکڑی سے اٹھانا۔
قَنَّحَ البَابَ: دروازے کے لئے لمبی ٹیڑھی کنجی بنانا۔
تَقَنَّحَ: سیرابی کے بعد پینے کو ناپسند کرنا۔
القُنَاح: دروازے کے پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔
القُنَّاح: لمبی ٹیڑھی کنجی۔ لکڑی جس کو دوسری لکڑی کے نیچے ڈال کر حرکت دیں۔
القُنَاخِر. ج قَنَاخِر والقِنْخِر: بڑے جسم والا الانْفُ قُنَاخِر: موٹی ناک۔
القِنْخِر: کشادہ نتھنوں اور سخت آواز منہ والا۔
القُنْخُورَة والقِنْخِیرَة والقِنْخَرَة والقُنْخُور: بڑی چٹان۔
القَنْد. ج قُنُود والقِنْدِید ج قَنَادِید: شکر۔
القِنْدِید: کافور۔ ایک قسم کی خوشبو جو زعفران سے بنائی جاتی ہے۔ خوشبودار شراب۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالاَمْرِ عَلٰى قَنَادِیدِه" وہ معاملہ کو اپنی روش پر لایا...... سَوِیقٌ مُقَنَّدٌ و مَقْنُودٌ: شکر ملا ہوا ستو۔ کَلَامٌ مُقَنَّدٌ: شیریں گفتگو۔
اَلْقِنْدِیَةُ الْحَمْرَاء: بڑے پتوں والا پودا

جس کی بلندی دس میٹر ہوتی ہے بڑے بڑے پتے ہوتے ہیں زینت کے لئے بولا جاتا ہے۔

رَجُلٌ مَقْنُوْدُ الکَلامِ: شیریں کلام مرد۔

القُـنْـدُرُ والقُنْدُس: ایک آبی جانور جس کی دُم چوڑی ہوتی ہے اور اس کا رنگ سیاہی مائل سرخ ہوتا ہے اور اس کی کھال سے پوستین بنتی ہے۔

قَـنْـدَسَ: گناہ کے بعد توبہ کرنا......فِـی الاَرْضِ: سیر وسفر کرنا۔

القِنْدَعْل: بے وقوف۔

قَنْدَلَ: بڑے سر والا۔ صفت قَنْدَل وقُنَادِل وقِنْدِیْلٌ۔

رَاسٌ قُنَادِل: بڑا اور مضبوط سر۔

القِـنْدِیْل: چراغ۔ فانوس۔ ج قَـنَـادِیْل (دخیل)

الـقُـنْـدُوْل: ایک خاردار درخت۔ واحد قُنْدُوْلة.

القُنْذُع: مرد دیوث۔

اَقْنَز: چھوٹے مٹکے سے پینا۔

القِنز والاِقْنِیز: چھوٹا مٹکا۔

القانِز والقَنَّاز: شکاری۔

القَنز: قنص میں ایک لغت ہے۔

القُـنْزُعة والقَنْزَعة والقِنْزِعة والقُنْزَعة والـقُـنْـزُع: بالوں کا گچھا جو سر پر چھوڑ دیا جائے۔ سر کے گرداگرد بال۔ پروں کا بقیہ مرغ کی کلغی۔ الـقُـنْـزُعة: بہت پستہ قد عورت۔ ج قُـنْـزُعَـات وقَـنَـازِع.

الـقَنَازِع: بلائیں۔ سخت وتلخ بات۔ چھوٹے لوگ۔

اَقْنَسَ الرَّجُلُ: کمینہ ہوتے ہوئے شریف کی طرف اپنی نسبت کرنا۔

القِنْس والقَنَس: اصل۔

القِنْس ج قُـنُوس والقَوْنَس ج قَـوَانِس والـقَوْنُوس: سر کا بالائی حصہ۔ خود کی چوٹی۔ راستہ کا درمیان۔ گھوڑے کے دونوں کانوں کے درمیان اُبھری ہوئی ہڈی

القَیْنَس: بیل۔ ج قَیَانِس.

قَنْسَرَتْهُ. الشَّدَائِدُ والسِّنُّ: بوڑھا کرنا۔

تَقَنْسَرَ: بوڑھا ہونا اور جھری پڑنا۔

الـقِنَسْر والقِنَسْرِیّ والقِنَّسْر: بہت بوڑھا عمر رسیدہ۔

قَـنَّشَـه تَـقْـنِیْشًا: کم کرنا۔ اہل وعیال پر نفقہ میں تنگی کرنا۔ قُنِّشَ فِیْ الشَّیْ: کمی کیا جانا۔

القَنْشُوْرَة: عورت جس کو حیض نہ آئے۔

قَـنَصَ (ض) قَـنْـصًـا الطَّیْرَ: پرندہ کا شکار کرنا۔

تَـقَـنَّصَ واقْتَنَصَ الطَّیْرَ او الظَّبْیَ: پرندہ یا ہرن کا شکار کرنا۔

القِنْص: اصل۔

القَنَص: شکار۔

القَنَّاص: شکاری۔

القُنَّاص: شکاری لوگ۔

القَانِص والقَنِیْص: شکاری۔

القَنِیْص: شکار۔ مؤنث قَنِیْصَة.

الـقَانِصَة: پرندے کا پوٹا ج قَـوَانِص: شکار کرنے والے۔

القُنَاصِر: سخت۔

الـقُـنْـصُـعـر: چھوٹی گردن والا۔ چھوٹی پیٹھ والا۔ گٹھے بدن کا۔

الـقُنْصُل: پستہ قد۔ ایک حکومت کا معتمد علیہ جو دوسری حکومت میں رہے۔ سفیر۔ ج قناصل (دخیل)

القُنْصُلِیَّة. قُنْصُل: کے رہنے کی جگہ۔

قَنِطَ (س) قَـنَطًا وقَنَطَ (ض ن) قُنُوْطًا وقَـنُطَ (ک) قَـنَاطَةً: مایوس ہونا۔ صفت قَنِط وقَانِط وقَنُوْط.

قَنَطَهُ (ض ن) قَنْطًا: منع کرنا۔ باز رکھنا۔

قَنَّطَهُ واَقْنَطَهُ: مایوس کرنا۔

قَنْطَکَ قَنْطَکَةً: خوف سے دوڑنا۔

قَـنْـطَـرَ قَـنْـطَـرَةً: بہت مال کا مالک ہونا۔ دیہات چھوڑ کر شہر میں اقامت کرنا...... عَـلَـیْـنَـا: دیر تک ٹھہرنا......الشَّیْ: مضبوط [illegible]

الـقِـنْـطِـر: ایک قسم کا پرندہ......والقِنْطِرِیّ مصیبت۔

الـقَـنْطَرَة: مص۔ پل۔ بلند عمارت ج قَنَاطِر.

الـقِنْطَار: ایک وزن جس کی مقدار مختلف زمانوں میں مختلف رہی۔ سو (۱۰۰) رطل۔ مال کثیر۔ ج قَنَاطِیْر.

القِنْطَارِیُوْن: ایک کڑوی گھاس جو مقوی معدہ ہے۔ کہا جاتا ہے قَنَاطِیْر مُقَنْطَرَة: بہت زیادہ۔

قَـنَـعَت وقَنِعَت (ف س) قَـنْـعًا. الاِبِلُ: اونٹوں کا تھان بھر آنا۔

قَنَعَتْ (ف) قَنْعًا واَقْنَعَتْ واسْتَقْنَعَتْ الشَّاةُ: بلند تھان والی ہونا۔

قَنَّعَهُ: راضی کرنا۔ قَـنَّـعَ الْمَرْأَةَ: عورت کو دوپٹہ اوڑھانا......رَاسَـهُ بِـالسَّیْفِ او بِـالْعَصَاءِ: سر پر تلوار یا لاٹھی سے مارنا...... خِـزْیَةً وعَـارًا: رُسوائی اور عار میں مبتلا کر دینا۔ قَـنَّـعَ الدِّیْکُ: مرغ کا لڑنے کے وقت گردن کے پردوں کو کھڑا کرنا اور کہا جاتا ہے "قَنَّعَهُ الشَّیْبُ خِمَارَهُ" یعنی اس پر بڑھاپا چھا گیا۔

اَقْنَعَ رَاسَهُ او صَوْتَهُ: سر یا آواز بلند کرنا۔ یَـدَیْهِ فِی الصَّلاةِ: ہاتھ پھیلانا اور اللہ تعالیٰ سے رحم طلب کرنا......الاِنَـاءَ: برتن سے اُنڈیلنا۔ بھر جانے کے لئے پانی کے بہاؤ کی طرف کر دینا۔ کہا جاتا ہے "اَقْنَعَ الاِنَاءَ فِی النَّهْرِ" یعنی بھر جانے کے لئے برتن کو نہر میں پانی کے بہاؤ کی طرف کر دیا۔ اَقْنَعَ الاِبِلَ: اونٹوں کو چراگاہ کی طرف لوٹانا۔

تَـقَـنَّـعَ: بتکلف قناعت کرنا۔ کپڑے میں لپٹنا۔ فِی السِّلاحِ: ہتھیار بند ہونا۔ تَـقَـنَّـعَتِ الْمَرْأَةُ بِالقِنَاعِ: دوپٹہ اوڑھنا۔

اِقْتَنَعَ بِالشَّیْ: راضی ہونا......الاِبِلُ: اونٹوں کا تھان پر واپس آنا......الرَّجُلُ الاِبِلَ او الغَنَمَ لِمَا وَاهَا: اونٹوں کو تھان پر واپس

لانا۔

القِنْع ج اَقْنَاع والقِنَاع ج قُنُع: ہتھیار۔

القِنْع والقُنْع: کھجور کی لکڑی کی تھالی جس میں کھانا رکھا جاتا ہے۔ القِــنْـع: پہاڑ کے قرب میں بقیہ پانی' ریت کا گول ٹیلہ۔ ج قِنَعَة واَقْنَاع. القُنْع: بگل۔

القِنْعَة: دو ٹیلوں کے درمیان ہموار جگہ۔ ج قِنَع و ج قِنْعَان.

القُنْعَة: سوال۔ دیوار میں روشن دان۔

القُنْعَة مِنَ الجَبَلِ والسَنَام: پہاڑ یا کوہان کی چوٹی۔ انسانی سر کا اُبھرا ہوا حصہ۔ باریک ریت۔

القِنَاع: دوپٹہ۔ کھانا رکھنے کی تھالی ج اَقْنَاع واَقْنِعَة: دِل کا غلاف۔ کَشَفَ القِنَاعَ عَنِ الشَّیْ: کنایہ ہے تصریح کرنے سے۔

الـقَـنِـع: جو تقسیم میں مل جائے اس پر راضی ہونے والا۔

القَنُوع ج قُنُع والقَنِيع ج قُنَعَاءُ بمعنی قَنِع.

الـقَـانِع: فا۔ بمعنی قَـنِـع: عاجزی سے سوال کرنے والا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔ قوم کا خادم۔ قوم کا اُجرت پر کام کرنے والا۔ ج قَانِعُون وقُنُع.

رَجُـلٌ قُنْعَان: تھوڑی سی چیز پر راضی ہونے والا مرد۔

شَـاهِدٌ قُنْعَان: شاہد عادل کہ جس کی گواہی کافی سمجھی جائے (مذکر مؤنث مفرد جمع سب کے لئے)

رَجُـلٌ قُـنْـعَـانِـي: جس کی رائے پسند ہو

القِنْعَان: بڑا پہاڑی بکرا۔

الـقُـنُـوع: مص۔ لالچ۔ میلان۔ سوال۔ اظہار۔ عاجزی۔ تقسیم شدہ پر رضامندی۔

شَـاهِدٌ مَقْنَع: شاہد عادل کہ وہ خود یا اس کی گواہی کافی سمجھی جائے۔ ج مَـقَـانِع اور کہا جاتا ہے فُلَانٌ لَـنَـا مَـقْـنَـع: فلاں کے لئے رضامندی ہے۔ جس پر اہم قانع ہیں۔

المِقْنَع والمِقْنَعَة: سر پر ڈالنے کی اوڑھنی۔

المُقْنَع: مفع۔ وہ شخص جو اپنے سر کو خلقتاً اوپر اٹھائے ہوئے ہو۔ فَـمٌ مُقْنَع: ایسا منہ جس کے دانت اندر کی طرف ہوں۔

الـمُـقْـنِـع: فا۔ ذلت کے ساتھ سر کو اوپر اٹھانے والا۔

الـمُـقَنَّع: مفع۔ سر پر خود رکھنے والا۔ کپڑے میں لپٹا ہوا سر چھپانے والا۔

قَنِفَ (س) قَـنَـفًا المَكَانُ: جگہ کا پھٹی ہوئی مٹی والا ہونا...... الـفَـرَسُ: گھوڑے کا سفید گدی والا ہونا۔

قَـنَّـفَـهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنے۔

اَقْـنَـفَ: ڈھیلے کان والا ہونا۔ بہت لشکر والا ہونا(...... واسْتَـنْـقَفَ) رائے اور تدبیر کا درست ہونا۔ اِسْتَـنْـقَفَ الـمَجْلِـسُ: گول ہونا۔

القَنَف: مص۔ کان کا چھوٹا اور سر سے ملا ہوا ہونا۔

الـقِـنْـف: سیلاب کا کیچڑ جو زمین پر باقی رہ جائے اور پھٹ جائے۔

القَنِف: سر پر تھوڑے بال والا۔

القِـنَـاف والقُنَاف: بڑی ناک' لمبی داڑھی' لمبے قد والا۔

اَلْـقَـنْـغَرُ: کنگرو یعنی آسٹریلیا کا قومی جانور۔ جس کی پچھلی ٹانگیں بڑی اور اگلی چھوٹی ہوتی ہیں۔ مؤنث کے پیٹ کے نیچے چھوٹا تھیلا بنا ہوتا ہے بچے کو خطرے کے وقت اس میں بٹھا لیتی ہے۔ انتہائی تیز رفتار جانور ہے۔

القَنِيف: لوگوں کی جماعتیں۔ بہت پانی والا بادل۔ کم خوراک مرد۔ سر پر کم بال والا مرد۔ رات کا ایک حصہ۔ ج قُنُف.

الاَقْنَف: چھوٹے کان والا...... مِنَ الخَيْلِ: سفید گدی والا گھوڑا۔ موٹی ناک والا۔ مؤنث قَـنْـفَاءُ ج قُنْف. القَنْفَاء: انسان کا کان جس کے لئے دائرہ نہ ہو۔

القَنْفَج: موٹی گدھی۔

الـقُـنْـفُذ: ج قَـنَـافِذ والـقُـنْـفَذ والقُنْفَذ: قَـنَـافِذ: ج سیہی۔ مؤنث قُنْفُذَة۔

الـقُـنْـفُذ: چوہا۔ درخت جو ریت کے درمیان ہو۔ ریت کا بلند ڈھیر۔ کہا جاتا ہے "هُــوَ قُنْفُذُ لَيْلٍ" یعنی وہ چغل خور ہے۔

القَنَافِذ: چھوٹے پہاڑ۔

قَنْفَشَـةُ قَنْفَشَةً: جلدی جمع کرنا۔

تَقَنْفَشَ: سکڑنا۔

الـقُـنَـافِـش: پھیلی ہوئی ناک' سخت داڑھی والا۔

الـمُـقَنْفِش: فا...... فِي اللِّبَاسِ: بُری ہیئت اور لباس والا۔ کہا جاتا ہے "جَـاءَ مُـقَـنْـفِشًا لِـحْيَتَهُ" داڑھی کو بُری ہیئت میں کئے ہوئے آیا۔

تَقَنْفَذَ، القُنْفُذَةُ: سیہی کا سمٹنا۔

الـقُـنْـفُع: پستہ قد۔ کمینہ (...... و الـقِـنْـفِع) چوہیا۔

القُنْفُعة: چوتڑ۔ مادہ سیہی۔

الـقَـنْـقَن والقِنْقِن: ایک قسم کا چوہا۔ سمندری سیپی۔ واحد قِـنْـقِـنَـة. القِنْقِن: راہ نما۔(...... والـقُـنَاقِن) زمین کے نیچے پانی معلوم کر لینے والا انجینئر ج قَنَاقِن...... (دخیل)

قَنِمَ (س) قَـنَـمًا الجَوْزُ: اخروٹ کا خراب ہونا۔ فاسد ہونا۔ صفت قَـانِـم ...... الفَرَسُ ونَـحْـوهُ: نمی پہنچنے کے بعد غبار وغیرہ لگ کر میلا کچیلا ہونا...... الطَّعَامُ واللَّحْم والسِقَاءِ وغَـيْـرِهَـا: خراب ہونا اور بدبودار ہونا۔ صفت قَنِم واَقْنَم: اور اسی سے ہے جو کہا جاتا ہے "يَدِیْ قَنِمَةٌ مِنَ الزَّيْتِ".

القَنَمة: تیل وغیرہ کی بدبو۔

الاَقْنُوم: شخص۔ اصل۔ ج اَقَانِيم (دخیل)

قَـنَـا يَقْنُـو قَـنْـوًا وقُـنْـوَانًا وقُنُوًّا واقْتَنَی المَالَ: جمع کرنا۔ اپنے لئے حاصل کرنا۔

قَـنَا يَقْنُو قَنْوًا اللّٰهُ الشَّیْ: پیدا کرنا...... لَوْنُ الشَّیْ: گہرا سرخ رنگ ہونا۔

قَـنَـا يَقْنِيْ وقَنِيَ يَقْنٰی قَنْوًا وقَنًی واقْتَنٰی واسْـتَـقْـنٰی الـحَيَـاءَ: لازم پکڑنا۔ قَـنّٰـی

القَنَاة: نالی کھودنا۔ اَقْنَاهُ اللّٰهُ: غنی کرنا' مالدار...... اَقْنَتِ السَّمَاءُ: بارش رُک جانا......

قَنِیَ یَقْنٰی قَنًا الاَنْفُ: نتھنوں کا تنگ ہونا اور درمیان سے اونچا ہونا۔ صفت اَقْنٰی.

تَقَنّٰی: نفقہ سے بچے ہوئے کا ذخیرہ کرنا۔

القَنَا والقِنٰی والقُنُو والقِنْو: کھجور کا گچھا ج اَقْنَاء وقُنْیَان وقِنْیَان وقُنْوَان وقِنْوَان.

القَنَا: نیزہ ج قِنَآء: مخلوق۔

القُنْوَۃ والقِنْوَۃ: کمائی۔ کہا جاتا ہے "لَهُ غَنَمٌ قُنْوَةٌ وقِنْوَةٌ" خالص اسی کی بکریاں ہیں۔

اَلقَنَا: پھولوں کی ایک قسم جس سے سرخ گوند نکالی جاتی ہے۔ زیب و زینت کے لئے زراعت کی جاتی ہے۔

القِنَاوَۃ: بدلہ۔

القَنَاۃ: نیزہ یا نیزہ کی لکڑی۔ ج قَنًا وقُنِیّ وقَنَوَات وقَنَیَات: کہا جاتا ہے "فُلانٌ صُلْبُ القَنَاةِ" فلاں سخت قد والا ہے ڈنڈا۔ جنگلی گائے۔ مادہ نیل گائے۔ درخت خرما لگانے کا تھالا۔ نالی۔ ج قُنِیّ وقِنَاء وقَنَوات.

القَانِی: فا۔ کہا جاتا ہے "اَحْمَرُ قَانٍ" بہت گہرا سرخ۔

القَنْوَان: موٹا۔

القِنْی والقِنْیَۃ: بکری یا اونٹنی جس کو ذخیرہ بنایا جائے۔

القَنَّاء والمُقْنِی: نیزہ والا۔ القَنَّاء: نالی کھودنے والا۔

اِسْتَکْتَبَہُ الشَّیْءَ: لکھنے کو کہنا......ہٗ القَصِیْدَۃَ: قصیدہ املا کرانے کو کہنا......الغُلَامَ: کاتب بنانا۔
الکِتْبَۃ: مص ۔ کتاب کی نقل۔ حالت۔ حصہ یا رزق میں رجسٹرڈ ہونا۔
الکُتْبَۃ: سینے کا تسمہ۔ مشک وغیرہ کی درز۔
الکِتَاب: مص ۔ جس میں لکھا جائے۔ خط۔ صحیفہ۔ فرض۔ حکم۔ اندازہ۔ ج کُتُبٌ وکُتْبٌ والکِتَابُ عَلَی الاِطْلَاقِ: ہر وہ کتاب جو منزل من اللہ ہو۔ اَھْلُ الکِتَابِ: وہ لوگ جن کے پاس آسمانی کتاب ہو۔ اُمُّ الکِتَاب: اصل کتاب۔ سورۂ فاتحہ۔
الکُتُبِیُّ: کتابوں کا محافظ۔ کتب فروش۔
الکِتَابَۃ: مص ۔ لکھا ہوا۔ مال معین کی ادائیگی پر غلام کو آزاد کرنا۔
الکَتِیْب: بندھن سے بندھی ہوئی مشک۔
الکَتِیْبَۃ: لشکر کا ایک حصہ۔ گھوڑوں کا ریوڑ۔ سواروں کا دستہ۔ ج کَتَائِب۔
الکَاتِب: فا۔ عالم۔ محرر۔ ج کَاتِبُوْنَ وکَتَبَۃ وکُتَّاب۔
الکُتَّاب: جمع کاتب۔ مکتب۔ تعلیم گاہ ج کَتَاتِیْب۔
المَکْتَب: تعلیم گاہ۔ لکھنے کی جگہ۔ ج مَکَاتِب۔
المَکْتَبَۃ: لائبریری۔ کتب خانہ ج مَکَاتِب۔
[illegible] کرانے والا۔
المُکَتِّب: فا کتابت کی تعلیم دینے والا۔
المَکْتُوْب: مفع۔ خط۔ ج مَکَاتِیْب۔
کَتَحَ (ف) کَتْحًا الطَّعَامَ: شکم سیر ہو کر کھانا۔ کَتَحَتْہُ الرِّیْحُ: ہوا کا غبار اڑانا۔ الدَّبَی الاَرْضَ: کیڑے مکوڑوں کا نباتات اور درخت وغیرہ کو چاٹ جانا۔
الکَتَد والکَتِد: دونوں کندھوں کے درمیان کا حصہ۔ ج اَکْتَاد و کُتُوْد اور کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا عَلَیْنَا اَکْتَادًا واَکْتَادًا" وہ ہمارے خلاف گروہ گروہ ہو کر نکلے۔
الاَکْتَد: کندھوں کے درمیان سے بلند حصہ والا۔
الکَتْر والکِتْر والکُتْر والکُتْرَۃ: بلند کوہان۔ الکِتْر: بلند عمارت۔ اندازہ۔ چھوٹا ہودہ۔ ہر چیز کا درمیان۔
الکَتْر والکَتْرَۃ: لڑکھڑاہٹ کی چال۔
الکِتْرَۃ: قبہ۔ گنبد۔ کوہان کا ایک ٹکڑا۔
کَتَشَ (ن) کَتْشًا لِاَھْلِہٖ: کمائی کرنا۔
کَتِعَ (س) کَتَعًا: سکڑنا۔ لجانا......فِی العَمَلِ: مستعد ہونا۔ کوشش کرنا۔
کَتَعَ (ف) کَتْعًا بِہٖ: لے جانا...... کُتُوْعًا فِی الاَرْضِ: دور ہونا اور بھاگنا۔
کَتَّعَ اللَّحْمَ: گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
کَاتَعَہُ اللّٰہُ: تباہ و برباد کرنا۔
تَکَاتَعَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کا پیچھا کرنا۔
الکُتَع ج کِتْعَان والکُتَیْع: لئیم ذلیل
الکُتَع: مرد ہلکا پھلکا۔ چست۔ لجا۔ راستہ کا واقف۔ لومڑی کا بچہ۔ بھیڑیا۔ الکُتَیْع: اکیلا منفرد۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ کُتَیْعٌ اَوْ کُتَاعٌ" یعنی گھر میں ایک بھی نہیں۔ حَوْلٌ کَتِیْعٌ: پورا سال۔
الکُتْعَۃ ج کُتَاع والکُتَعَۃ ج کُتَع والکِتْعَۃ ج کِتَع: ڈولچی۔
کُتَع کَتْعَاء: کی جمع ہے مؤنث کی تاکید میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "[illegible]

الدار جَمْعَاءَ كَتْعَاءَ" میں نے اس سارے گھر کو خرید لیا۔ "رَأَيْتُ أَخَوَاتِكَ جُمَعَ كُتَعَ" میں نے تیری ساری بہنوں کو دیکھا اور كُتَعُ: وصف اور عدل کی بنا پر غیر منصرف ہے اور كُتَعُ: کو جُمَع: پر مقدم نہیں کرتے اور بغیر جُمَع: کے استعمال بھی نہیں کرتے۔ اس لئے کہ یہ اس کے توابع میں سے ہے۔

الأَكْتَعُ: لنجا۔ جس کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ لفظ أَجْمَعُ: کے توابع میں سے ہے اور بغیر أَجْمَعُ: کے استعمال نہیں کیا جاتا۔ کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُمْ أَجْمَعِينَ أَكْتَعِينَ" یعنی سب کو دیکھا۔ مؤنث كَتْعَاءُ.

الكُتْعَاءُ: باندی۔ لونڈی۔ تاکید مؤنث کے لئے جَمْعَاءُ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرَيْتُ الدَّارَ جَمْعَاءَ كَتْعَاءَ" میں نے سارا مکان خرید لیا۔

رَأْيٌ مُكْتَعٌ: قوی رائے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مُكْتِعًا ومُكَوْتِعًا" یعنی تیز رفتاری سے آیا۔

كَتَفَ (ض) كَتْفًا وكَتِيفًا: آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔

......فِي الأَمْرِ: نرمی برتنا (...... كَتْفًا وكِتَافًا) الرَّجُلَ: مشکیں کسنا: کندھے کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔ شانہ پر مارنا ...... السَّرْجُ الدَّابَّةَ: زین کا کندھے کو زخمی کرنا ......الإِنَاءَ: برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا......الأَمْرَ: ناپسند کرنا (...... كَتْفًا وكَتَفَانًا) الطَّائِرُ: پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی جانب ملا کر اڑنا۔

كَتِفَ (س) كَتَفًا: چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا۔ درد مند مونڈھے والا ہونا۔

كَتِفَ الرَّجُلَ: آہستہ چلنا۔

كَتَّفَ الرَّجُلَ: مشکیں کسنا۔ مونڈھوں کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا......الإِنَاءَ: برتن لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا ...... اللَّحْمَ ونَحْوَهُ: گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹنا......الفَرَسُ: گھوڑے کا چلنے میں مونڈھوں کو ہلانا۔

تَكَتَّفَ: پیچھے پر ہاتھ باندھنا۔ تَكَتَّفَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں کندھوں کو اٹھانا۔

الكَتِفُ والكِتْفُ والكَتْفُ: شانہ۔ کندھا مؤنث۔ ج كِتَفَةٌ وأَكْتَافٌ اور عرب کے امثال میں سے ہے "إِنَّهُ لَيَعْلَمُ مِنْ أَيْنَ تُؤْكَلُ الكَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو امور کے گھات پیچ سے خوب واقف ہو۔

الكَتَفُ: مرض درد شانہ کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ شانہ کی کوتاہی۔

الكُتَافُ: درد شانہ۔

الكِتَافُ: مشکیں کسنے کی رسی۔ ج أَكْتِفَةٌ وكُتُفٌ وكُتْفٌ.

الكَاتِفُ: فا۔ ناپسند کرنے والا۔

الأَكْتَفُ مِنَ الخَيْلِ والجِمَالِ: درد شانہ والا۔ مؤنث كَتْفَاءُ ج كُتْفٌ. الأَكْتَفُ مِنَ الرِّجَالِ: مرد جس کے شانہ میں درد ہو۔ مِنَ الخَيْلِ: گھوڑا جس کا شانہ کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو۔

الكَتِيفُ: لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی تلوار۔ ج كُتُفٌ.

الكَتِيفَةُ: دروازے کی بلی۔ دروازے کی چٹخنی۔ جماعت۔ کینہ۔ ج كَتَائِفُ.

الكُتْفَانُ والكِتْفَانُ: ٹڈی جو پہلی مرتبہ اڑے۔ واحد كِتْفَانَةٌ.

المِكْتَافُ: جانور جس کا شانہ زین سے زخمی ہو گیا ہو۔

كَتْكَتَ الرَّجُلُ: بغیر قہقہ کے ہنسنا۔ (...... وتَكَتْكَتَ) آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے دوڑنا۔

الكَتْكَاتُ: جلدی جلدی بولنے والا۔

كَتَلَهُ (ن) كَتْلاً: قید کرنا۔ باز رکھنا۔

كَتِلَ (س) كَتَلاً: چمٹنا۔ صفت كَتِلٌ ...... [illegible] آلودہ ہونا۔

كَعْتَلَهُ اللّٰهُ: تباہ و برباد کرنا۔ ملعون کرنا۔

كَتَّلَ الشَّيْءَ: جمع کرنا اور گول بنانا۔

تَكَتَّلَ القَصِيرُ: پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا......الشَّيْءُ: جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔

اِكْتَتَلَ: گزرنا۔ جانا۔

الكُتْلَةُ مِنَ الطِّينِ ونَحْوِهِ: مٹی وغیرہ کا جمع شدہ ٹکڑا۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجوروں کا گچھا ج كُتَلٌ.

الكَتَالُ: نفس۔ حاجت جس کو تم پورا کرو۔ مشقت۔ تنگ زندگی۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ گوشت۔ قوت (...... والكَتَلُ) موٹاپا اور کہا جاتا ہے "أَلْقَى عَلَيْهِ كَتَالَهُ" اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔

اَلْكَتَلِيَّةُ: شمالی امریکہ میں ایک خوبصورت درخت جس کے پتے چوڑے اور پھول بڑے اور سفید ہوتے ہیں۔

الكَتِيلَةُ: درخت خرما جس پر ہاتھ نہ پہنچ سکے۔ ج كَتَائِلُ.

الأَكْتَلُ: سخت مصیبت۔

المِكْتَلُ والمِكْتَلَةُ: کھجور کے پتوں کا بنا ہوا ٹوکرا جس میں پندرہ صاع آ سکے۔ ج مَكَاتِلُ المِكْتَلُ: زمانہ کے مصائب میں سے ایک مصیبت۔

الكَاثُولِيكُ: رومن کیتھولک۔ عیسائیوں کا ایک فرقہ۔ کاتولیکی ج كَاثُولِيكِيُّونَ (دخیل)

كَتَمَ (ن) كَتْمًا وكِتْمَانًا وكَتَّمَ واكْتَتَمَ الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ اور کبھی كَتَمَ کا تعدیہ دو مفعول کی طرف ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے كَتَمْتُ زَيْدًا الحَدِيثَ (میں نے زید سے بات چھپائی) اور مفعول اوّل میں مِن کی زیادتی بھی ہوتی ہے اور کہا جاتا ہے "كَتَمْتُ مِنْ زَيْدٍ الحَدِيثَ كَتَّمَ الشَّيْءَ" چھپانے میں مبالغہ کرنا۔ واِكْتَتَمَ الشَّيْءَ:

كَتَمَ (ن) كُتُومًا و كِتمَانًا الإِنَاءُ : بہنے سے روکے رکھنا۔
كَاتَمَهُ مُكَاتَمَةً السِرَّ : چھپانا۔ کہا جاتا ہے كَاتَمَهُ العَدَاوَةَ: یعنی دشمنی کو چھپایا۔
تَكَاتَمَ الرَجُلَانِ الحَدِيثَ : ایک دوسرے سے پوشیدہ رکھنا۔
اِنكَتَمَ: چھپنا۔
اِستَكتَمَ السِرَّ فُلَانًا: بھید چھپانے کو کہنا۔
الكِتمَة: پوشیدگی۔
الكَتَم و الكِتمَان: وسمہ جس سے خضاب بناتے ہیں اور اس کی جڑ کو جوش دے کر روشنائی تیار کرتے ہیں۔
الكَاتِم: فا۔ کہا جاتا ہے سِرٌّ كَاتِمٌ بمعنی مَكتُومٌ: یعنی چھپا ہوا بھید وقَوسٌ كَاتِمٌ: کمان ثابت و درست جس میں پھٹن وغیرہ نہ ہو۔
الكَتمَة: کتم کا اسم مرة۔ کہا جاتا ہے "مَا رَاجَعتُهُ كَتمَةً" میں نے اس سے ایک کلمہ جواب میں نہیں کہا۔
الكُتَمَة و الكَتَّام و الكَتَّامَة: بھید کو بہت چھپانے والا۔
الكَتُوم: بھید کو چھپانے والا (...... و الكَتِيم) مِنَ القِسِيِّ: ثابت و درست کمان۔ یا وہ کمان جس سے آواز نہ نکلے۔ خَرزٌ كَتِيمٌ: درز جو کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔
الاكتَم: بڑے پیٹ والا۔ شکم سیر۔
المُكتَتِم: فا۔ سَحَابٌ مُكتَتِمٌ: بادل جس میں گرج نہ ہو۔
كَتِنَ (س) كَتَنًا. الوَسَخُ عَلَى الشَيءِ: میل کا چسپاں ہونا...... الشَيءُ: میل کچیل لگنا...... دھوئیں سے سیاہ ہونا...... النَخلَةُ: درخت خرما کی جڑوں پر مٹی چڑھ جانا...... فُلَانٌ: سیاہ لب ہونا۔
كَتَّنَ و اَكتَنَ الشَيءَ: چپکانا۔
تَكَتَّنَتِ المَرأَةُ: برقع دستانے اور موزے پہننا۔
الكَتَن: ہونٹ کی سیاہی۔ دیوار کی دھوئیں کی وجہ سے سیاہی۔ میل کچیل۔ چمن پیدگی۔ کھجور کی جڑ کی مٹی۔
الكَتْن و الكَتِن: پیالہ۔ سِقَاءٌ كَتِنٌ: میلی کچلی مشک۔
الكَتَّان: السی کا پودہ۔ الكَتَّان: سبز کائی۔ کہا جاتا ہے "لَبِسَ المَاءُ كَتَّانَهُ" یعنی پانی کائی والا ہو گیا۔
اَلكَتَانِيَّاتُ: ایک فصل جو کہ السی کے ساتھ مشابہت رکھتی ہے اس کی ایک قسم بڑے پھولوں والی زرد رنگ سٹے کی طرح اکٹھے۔ زیب و زینت کے لئے لگایا جاتا ہے۔
الكَتُّونَة : کاہن کی قمیص جس کو ڈیوٹی کے وقت کپڑوں کے نیچے پہنتا ہے۔ (دخیل)
الكُتَّان: کھٹمل۔
كَتَا يَكتُو كَتوًا : چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔
اَكتَى اِكتَاءً ا: دشمن پر غالب آنا۔
اَكتَوتَى اِكتِيتَاءً ا : غصہ سے بھر جانا۔ بغیر عمل کے اپنی آپ تعریف کرنا۔
كَثَّ (ض) كَثَاثَةً و كُثُوثَةً و كَثَّ (س) كَثًّا : گاڑھا ہونا...... الشَعرُ: بالوں کا گھنا ہونا...... اللِحيَةُ: داڑھی گھنی اور گھنگریالی ہونا...... بِسَلحِه: پاخانہ کرنا۔
اَكَثَّ الرَجُلُ: گھنی داڑھی والا ہونا۔
صفت كَثٌّ. ج كِثَاث و اَكَثُّ مؤنث كَثَّاء. ج كُثٌّ.
الكَثُّ و الكَثِيث: گھنی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَثُّ اللِحيَةِ و كَثِيثُهَا" وہ گھنی داڑھی والا ہے۔ "وامرَاَةٌ كَثَّةٌ و كَثَّاء" گھنے بال والی عورت۔ الكَثُّ: میلا کچیلا۔
الكَثِيث: سن وغیرہ کا باریک دھاگا جو بکھر جائے۔
الكَثَاث : کٹی ہوئی کھیتی کے دانوں سے جو دوبارہ اُگ آئے۔
كَثَا (ف) كَثأً و كَثَاً تَكثِئَةً اللَبَنُ ونَحوُهُ: دودھ کا پانی کے اوپر اور پانی کا نیچے آنا...... القِشرُ: ...... اللِحيَةُ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا...... الزَرعُ: کھیتی کا سخت اور گنجان ہونا...... القِدرُ: ہانڈی سے جھاگ علیحدہ کرنا...... الرَجُلُ: بالائی کھانا...... اَوبَارُ الاِبِلِ: اونٹ کے بال کا نکلنا۔
اَكثَاَتِ اللِحيَةُ: داڑھی گھنی اور لمبی ہونا۔
الكَثأَة و الكُثأَة مِنَ اللَبَنِ: بالائی۔ ...... مِنَ المَاءِ: پانی کی سطح پر جو آ جائے۔ کہا جاتا ہے "خُذ كُثأَةَ قِدرِكَ" اپنی ہانڈی کے جھاگ علیحدہ کرو۔
...... الصَيدُ فُلَانًا : شکار کا قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَثَبَكَ الصَيدُ فَارمِهِ" شکار تمہارے قریب آ چکا ہے تیر چلاؤ۔ جَاءَ يَكثُبُهُ: وہ اس کے پیچھے پیچھے آیا۔ كَثَبَ لَبَنُ النَاقَةِ: اونٹنی کا دودھ کم ہوا۔
كَثُبَ الشَيءُ: کم ہونا۔
كَاثَبَ القَومَ: قوم سے قریب ہونا۔
اَكثَبَ الرَجُلَ و اِلَيهِ و مِنهُ و لَهُ: قریب ہونا۔ فُلَانًا: تھوڑا دودھ یا پانی پلانا۔
اِنكَثَبَ الرَملُ: ریت کا ڈھیر ہونا۔
الكَثَب : قرب۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ مِن كَثَبٍ او عَن كَثَبٍ" یعنی اس نے اس کو نزدیک سے مارا۔
الكُثبَة : تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی اکٹھی چیز۔ پہاڑوں کے درمیان کی پست زمین۔ ج كُثَب.
الكَاثِبَة: كَاثِب: کا مؤنث...... مِنَ الفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی حصہ۔ ج كَوَاثِب.
الكُثَاب: بہت۔
الكُثَاب و الكُثَّاب: بے پیکان و بے پر کا تیر۔
الكَثِيب: ریت کا ٹیلہ۔ ج كُثُب و كُثبَان و اَكثِبَة.
الكَثبَاء: مٹی۔
كَثَجَ (ض) كَثجًا. مِنَ الطَعَامِ: بقدرِ کفایت کھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ غلہ بہت لے جانا۔

كَثَحَ (ف) كَثْحًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ بکھیرنا۔ كَثَحَتِ الرِّيحُ التُّرَابَ عَلَيْهِ: غبار ڈالنا۔ كَثَحَ مِنَ الْمَالِ: خواہش کے موافق لینا (...... وكَثَّحَ) عَنْ كَذَا: ننگا کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَثَّحَتْهُ الرِّيحُ" یعنی اس کو ہوا نے ننگا کر دیا۔

تَكَاثَحَ الْقَوْمُ بِالسُّيُوفِ: تلوار بازی کرنا۔

تَكَثَّحَ بِالْحَصَى: بتکلف کنکریوں سے مارنا۔

الْكُثْحَةُ مِنَ النَّاسِ: چھوٹی سی جماعت۔

رَجُلٌ كُثْحُمُ اللِّحْيَةِ: گھنی اور چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی والا مرد۔ كُثْحُمَةٌ مِنْ دَرِينٍ: خشک چارے کا چورہ۔ لِحْيَةٌ كُثْحُمَةٌ: گھنی چھوٹی اور گھنگھریالی داڑھی۔

كَثُرَ (ك) كَثْرَةً وكَثَارَةً: بہت ہونا۔ صفت كَثْرٌ وكَثِيرٌ وكُثَارٌ وكَاثِرٌ وكَيِّثٌر۔

كَثَرَ (ن) كَثْرًا۔ الرَّجُلَ: کثرت میں غالب ہونا۔

كَثَّرَهُ: زیادہ کرنا۔

أَكْثَرَ الرَّجُلُ: بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔ ...... الشَّيْءَ: بہت کرنا۔ بہت شمار کرنا۔ بہت پانا...... النَّخْلُ: درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَكْثَرَ اللّٰهُ فِينَا مِثْلَكَ" اللہ تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر زیادہ کرے۔

كَاثَرَهُ: کثرت میں غالب آنا۔ کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر کرنا۔ كَاثَرَ الْمَاءَ: پینے کے لئے پانی زیادہ چاہنا۔

تَكَثَّرَ بِمَالِ غَيْرِهِ: دوسرے کے مال سے غنی ہونا...... مِنَ الشَّيْءِ: بہت لے لینا...... بالکلام: بہت گفتگو کرنا...... فُلَانٌ: کثرت کا دکھلاوا کرنا۔

تَكَاثَرَ الْقَوْمُ: کثیر ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے پر غلبہ کرنا...... الشَّيْءَ: بہت سمجھنا۔

اِسْتَكْثَرَ الشَّيْءَ: بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا ...... مِنَ الشَّيْءِ: بہت کرنا۔ بہت کی رغبت کرنا۔

الْكِثْرُ والْكُثْرُ: بہت۔ كُثْرُ الشَّيْءِ: چیز کی بہتات۔ کہا جاتا ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلَى الْقُلِّ وَالْكُثْرِ" قلت و کثرت پر اللہ ہی کا شکر ہے۔

الْكُثْرَةُ: بہتات۔ زیادتی۔

الْكِثْرَةُ: کثرت فتح کاف میں ایک لغت ردیہ ہے۔ مگر بعضوں نے کہا ہے کہ اگر لفظ قلت کے ساتھ مستعمل ہو تو صحیح ہے جیسا کہ کہا جائے الْقِلَّةُ والْكِثْرَةُ۔

الْكُثْرَى مِنَ النَّبِيذِ وَنَحْوِهِ: نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔

الْكَثِيرُ: بہت۔ کہا جاتا ہے رِجَالٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرُونَ۔ ونِسَاءٌ كَثِيرٌ وكَثِيرَةٌ وكَثِيرَاتٌ: اور کہا جاتا ہے "كَثِيرًا مَا يَعْمَلُونَ كَذَا (بہت سے اس طرح نہیں کرتے) ظرفیت کی بنا پر منصوب ہے اس لئے کہ احیان کی صفت ہے اور ما تاکید کے لئے ہے اور بعضوں نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے منصوب کہا ہے اور ما کو مبالغہ فی الکثرت کے لئے مانتے ہیں۔

الْكُثَّارُ: بہت (...... والْكِثَارُ) جماعتیں۔ کہا جاتا ہے "فِي الدَّارِ كُثَّارٌ أَوْ كِثَارٌ مِنَ النَّاسِ" یعنی گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں اور صرف جانداروں ہی کے لئے مستعمل ہیں۔

الْكَوْثَرُ: بہت فیاض مرد۔

الْمُكْثِرُ: مالدار۔

الْمِكْثَارُ والْمِكْثِيرُ: بہت بولنے والا (مذکر و مؤنث)

الْمَكْثُورُ: مفع۔ مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی اکٹھے ہو جائیں اور دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے اور لوگوں کے حقوق و مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔

كَثَعَ (ف) كَثْعًا اللَّبَنُ: دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔

كَثَعَتْ (ف) كُثُوعًا الْغَنَمُ: بکری کا نرم پیٹ والی ہونا۔ پیٹ چلنے والی ہونا۔

كَثِعَتْ (ف) كَثْعًا وكُثُوعًا وكَثِعَتْ (س) كَثَعًا الشَّفَةُ: ہونٹ کا بہت خون والا ہونا یہاں تک کہ اُلٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو كَاثِعَةٌ: اور ایسے ہونٹ والے کو أَكْثَعُ: کہتے ہیں۔

كَثَّعَ اللَّبَنُ أَوِ الْغَنَمُ: بمعنی كَثَعَ۔ كَثَّعَتِ الْأَرْضُ: روئیدگی کا ظاہر ہونا...... الْقِدْرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا...... الْجُرْحُ: زخم کا اوپر کا حصہ اچھا ہونا...... لِحْيَةُ فُلَانٍ: داڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔ ...... فُلَانٌ السِّقَاءَ: مشکیزہ کی اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔

الْكُثْعَةُ والْكُثَعَةُ: بالائی۔ ہانڈی کی جھاگ۔ الْكُثَعَةُ: اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا گڑھا۔

الْكَثْعَةُ: گارا۔ کیچڑ۔

الْمُكَثِّعُ: فا۔ اِمْرَأَةٌ مُكَثِّعَةٌ: ہونٹوں یا مسوڑوں میں بہت خون والی عورت۔

الْكُثْعُمُ: چیتا اور بقول بعض تیندوا۔

كَثُفَ (ف) كَثَافَةً وتَكَاثُفَ: موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت كَثِيفٌ۔

كَثَّفَهُ: موٹا کرنا۔

أَكْثَفَ مِنْهُ: قریب ہونا۔ قدرت دینا۔

اِسْتَكْثَفَ الشَّيْءُ: گاڑھا ہونا...... الشَّيْءَ: گاڑھا پانا۔ گاڑھا شمار کرنا...... الْأَمْرُ: بلند ہونا۔

اَلْمُكَثِّفُ: بیڑی جو کہ ساکن بجلی کے ساتھ چارج ہوتی ہے ریڈیو اور ٹیلیفون وغیرہ کے آلات کے لئے ہے۔

الْكَثْفُ: جماعت۔

الْكَثِيفُ: گاڑھا۔ موٹا۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ كَثِيفٌ: یعنی سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد (...... والْكِثَافُ) بہت۔

كَثَلَ (ن) كَثْلًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

الْكُثْلُ: گروہ۔ گیہوں کا انبار۔

الْكَوْثَلُ والْكَوْثَلَ: دنبالۂ کشتی۔

الکَاثُولِیکِ: دیکھئے کاثُولیک.
کَثَمَ (ض) کَثْمًا الشَیْءَ: جمع کرنا......الاَثَرَ: تابعداری کرنا۔ پیروی کرنا......الشَیْءَ: منہ میں رکھ کر توڑنا......ہُ عَنِ الاَمْرِ: باز رکھنا۔
کَثِمَ (س) کَثَمًا: شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت اَکْثَم.
کَاثَمَہُ: قریب آنا۔ میل ملاپ کرنا۔
اَکْثَمَ القِرْبَۃَ: مشک بھرنا......فِی بَیْتِہِ: روپوش ہونا۔ اَکْثَمَہُ الصَیْدُ: شکار کا قریب ہونا اور موقعہ دینا۔
تَکَثَّمَ: حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔
اِنْکَثَمَ: غمگین ہونا......عَنْ وَجْہِ کَذَا: پھر جانا۔
الکَثِم والکَاثِم مِنَ الطِیْنِ ونحوہ: گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔
کَثَمُ الطَرِیْقِ: راستہ کا ظاہری حصہ۔ کہا جاتا ہے "رَمَاہ عَنْ کَثَمٍ" اس نے اس پر نزدیک سے تیر مارا۔
الاَکْثَمُ: کشادہ راستہ۔ "وَطْبٌ اَکْثَمُ" بھرا ہوا دودھ کا برتن۔
الکُثْنَۃ: گلدستہ۔ پھولوں کی ٹوکری۔
الکُحُّ: خالص۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ عَرَبِیٌّ کُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔
کَحَّبَ الکَرْمُ: کچا انگور ظاہر ہونا۔
الکَحْب: کچا انگور واحد۔ کَحْبَۃ:......ذُبر۔
الکَاحِب: بہت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ دَرَاھِمٌ کَاحِبَۃٌ" اس کے پاس بہت دراہم ہیں۔ الکاحِبَہ: آگ کا شعلہ بلند ہو۔
کَحَثَ (ف) کَحْثًا لَہٗ مِنَ المَالِ: دونوں ہاتھوں میں بھر کر مال دینا۔
کَحَصَ (ف) کُحُوْصًا الاَثَرُ: نشان مٹنا۔
الظَلِیْمُ: شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ دکھلائی نہ دے......الرَجُلُ: پشت دے کر بھاگنا(...... کَحْصًا) البِلٰی فُلَانًا: مٹانا۔ محو کرنا۔
بِرِجْلِہٖ: پاؤں سے کریدنا......الاَرْضَ: زمین سے غبار اُڑانا......الشَیْءَ: [illegible]

کَحْصًا و کَحَصَ) الاَثَرَ: نشان مٹانا۔
الکَاحِص: فا۔ پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث ج کَاحِصَۃٌ. کَوَاحِص. اَطْلَالٌ کَوَاحِص: مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔
کَحَطَ (ف) کَحْطًا العَامُ: خشک سالی ہونا۔ صفت کَاحِطٌ.
الکُحْوُف: جسم کے اعضاء۔
کَحْکَحَ: عاجز کرنا۔
کَحَلَ (ف ن) کَحْلًا و کَحَّلَ العَیْنَ: آنکھ میں سرمہ لگانا......فُلَانًا: دوسرے کی آنکھ میں سرمہ لگانا۔ صفت کَاحِلٌ و کَحَّال اور کہا جاتا ہے کَحَلَ السُھَادُ عَیْنَہٗ: کنایہ ہے بے خوابی سے۔
کَحَلَ (ف) کَحْلًا و اَکْحَلَ العَامُ: سخت خشک سالی ہونا۔ کَحَلَتِ السِنُوْنُ القَوْمَ: قحط لاحق ہونا۔
کَحَلَ و اَکْحَلَ و تَکَحَّلَ و اِکْتَحَلَ و اِکْحَالَّ المکانُ بِالخَضْرَۃِ: ابتدائی سبزی والا ہونا۔
کَحِلَتْ (س) کَحَلًا و اِکْحَالَّتِ العَیْنُ: آنکھ کا سرگیں ہونا۔ و کَحِلَ الرَجُلُ: سرگیں آنکھ والا ہونا۔
تَکَحَّلَ و اِکْتَحَلَ: آنکھوں میں سرمہ لگانا۔
اِکْتَحَلَ فُلَانٌ: نرمی کے بعد سختی میں پڑنا۔
اِکْتَحَلَ السُھَادَ: بیدار رہنا اور نیند کا اچٹ جانا......وَجْھُہٗ بِالھَمِّ: چہرہ پر غم کا اثر ظاہر ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا اکْتَحَلَتْ عَیْنِی بِکَ" یعنی میں نے تم کو نہیں دیکھا۔
الکَحْلُ: مص۔ سخت قحط کا سال (کلمہ غیر منصرف ہے)
کَحْلُ و کُحَلُ و کَحْلَۃُ: تینوں کلمات غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے اسماء ہیں۔ کہا جاتا ہے "صَرَّحَتْ کُحَلُ" جبکہ بالکل بادل نہ ہو۔
الکُحْل: سنگ سرمہ۔ سرمہ۔ مال کثیر۔
الکَحَل: خلقتاً آنکھوں کا سرگیں ہونا۔
[illegible]

والمِکْحَلَۃ مہرا تھویا اور قبول بعض مہرۂ نظر بد۔
عَیْنٌ کَحِلٌ و کَحِیْلٌ و کَحِیْلَۃٌ: سرگیں آنکھ ج کَحْلٰی و کَحَائِل.
اَعْیُنٌ کَحْلَاءُ: سرگیں آنکھیں۔
الکُحَیْل: نفط۔ قطران۔
الاَکْحَل: مرد سرمہ لگا ہوا۔ بازو کی ایک رگ کا نام۔
الکَحْلَاءُ. الاَکْحَل کا مؤنث۔ وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔ ج کُحْل.
الکَحْلَاءُ والکُحَیْلَاءُ: گاؤزبان۔
الکُحْلِی: سرمہ بنانے والا۔
المِکْحَل والمِکْحَال: سرمہ کی سلائی۔
المُکْحُلَۃ: سرمہ دانی۔
اَلمُکْحُلَۃُ: پھول کی ایک قسم جس کا رنگ نیلا اور عمدہ خوشبو ہوتی ہے۔ لبنان اور بالبک میں پیدا ہوتا ہے۔
الکَحْمَۃ: آنکھ۔
کَحِی یَکْحِی کَحْیًا الشَیْءُ: خراب ہونا۔ تباہ ہونا۔
کَخَّ (ض) کَخًّا و کَخِیْخًا فِی نَوْمِہٖ: خراٹے لینا۔
کَخَمَہٗ (ف) کَخْمًا: ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الکَیْخَم: بڑا۔
کَدَّ (ن) کَدًّا: کام میں محنت کرنا۔ روزی طلب کرنا۔ اُنگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا......الرَجُلَ: تھکانا......الرَاسَ: سر میں کنگھی کرنا یا خوب کھجانا......الشَیْءَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
کَدَّدَہٗ: سختی سے ہٹانا۔
تَکَدَّدَ: مشقت برداشت کرنا۔
اَکَدَّ و اکْتَدَّ: کنجوسی کرنا۔ بخل کرنا۔ و اکْتَدَّ الشَیْءَ: ہاتھ سے چھین لینا۔
اِکْتَدَّہٗ و اسْتَکَدَّہٗ: کام میں محنت کرانا۔
الکَدُّ: مص۔ جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون۔ کہا جاتا ہے "لَیْسَ ھٰذَا مِنْ

كَدَّكَ وَلا كَدًّا لَكَ: تیری محنت
محنت وکوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔
الكِدْيَة والكُدَيْد: سخت زمین۔ الكُدَيْد:
موٹا موٹا پیا ہوا نمک۔ زمین۔ شکم فراخ۔
الـكُدَادَة والكُدَدَة والكَدَدَة: ہانڈی کا
باقی ماندہ کھانا۔ ہانڈی کی کھرچن۔
كُدَادَة السَّمْن: گھی کا تلچھٹ۔ كُدَاوَة
الكَلأ: تھوڑی گھاس۔
الكَدُود: بہت محنتی۔ بخیل۔ بِئْر كَدُودٌ:
کنواں جس کا پانی مشکل سے نکالا جائے۔
الأَكُدَّة: چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ۔
قَوْمٌ أَكُدَاد وأَكَادِيد: شکست خوردہ قوم
(ان کے لئے واحد نہیں) اور کہا جاتا ہے
"رَأَيْتُهُمْ أَكُدَادًا وأَكَادِيدَ" میں نے ان کو
گروہوں میں دیکھا "وإِبِلٌ أَكُدَاد" تیز چلنے
والا اونٹ۔
المِكَدّ: کنگھی۔
المَكْدُود. مفع مغلوب۔ أَرْضٌ مَكْدُودَة:
کھروں سے روندی ہوئی زمین۔
كَدَأَ وكَدِئَ (ف س) كَدْءًا وكُدُوءًا
النَّبْتُ: نباتات کا سردی کی وجہ سے مرجھانا یا
پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے نہ بڑھنا۔
كَدِئَ (س) كَدَأَ الغُرَابُ: کوے کا قے
کرنے جیسی آواز نکالنا۔۔۔۔البَقْلُ: چھوٹا
ہونا اور تباہ ہونا۔۔۔۔الإِبِلُ: اونٹ کا کم بال
والا ہونا۔
كَدَأَ وكَدَّأَ البَرْدُ النَّبَاتَ: زمین پر بٹھا دینا
اور اُگنے نہ دینا۔
أَرْضٌ كَادِئَة: دیر سے اُگنے والی یا اُگانے
والی زمین۔ إِبِلٌ كَاوِئَةُ الأَوْبَار: کم بال
والے اونٹ۔
الكَدْب والكُدْب والكَدِب:
جوانوں کے ناخن کی سپیدی واحد كَدْبَة. دَمٌ
كَدِبٌ: تازہ خون۔
كَدِجَ (س) كَدْجًا الرَّجُلُ: بقدر کفایت
پینا۔
كَدَحَ (ف) كَدْحًا فِي العَمَلِ: محنت کرنا۔
مشقت اٹھانا۔ كَدَحَ لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔
رَأْسَهُ بِالمُشْطِ: کنگھی سے سر کے بالوں کو
علیحدہ علیحدہ کرنا (۔۔۔۔ وكَدَّحَ) الوَجْهَ: چہرہ
پر خراش لگانا۔ چہرہ کو نوچنا۔
اِكْتَدَحَ لِعِيَالِهِ: کوشش کرنا۔ کمائی کرنا۔
تَكَدَّحَ الجِلْدُ: خراش لگنا۔ کہا جاتا ہے
"وَقَعَ مِنَ السَّطْحِ فَتَكَدَّحَ" چھت سے گر
پڑا پس خراش لگ گئی۔
الكَدْح: مص۔ خراش۔ ج كُدُوح.
كَدَرَ (ن) وكَدُرَ (ك) وكَدِرَ (س)
كَدَرًا وكَدَارَة وكُدُورًا وكُدُورَة
وكُدْرَة: تیرہ گوں ہونا۔ مٹیالا ہونا۔ گدلا
ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَدِرَ عَلَى فُلاَنٍ"
غضبناک ہوا۔ كَدِرَ العَيْشُ: زندگی تلخ
ہوئی۔
كَدَّرَ الشَّيْءَ: تیرہ گوں کرنا کہا جاتا ہے
"كَدَّرَ عَيْشَ فُلاَنٍ" فلاں کی زندگی تلخ
کردی۔
تَكَدَّرَ واكْدَرَّ الشَّيْءُ: تیرہ گوں ہونا۔
اِنْكَدَرَ فِي السَّيْرِ: تیز دوڑنا۔۔۔۔عَلَيْهِ
القَوْمُ: قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔ اِنْكَدَرَتِ
النُّجُومُ: بکھر جانا۔
الكُدْرَة: مص۔۔۔۔مِنَ الأَلْوَانِ: مٹیالا۔
الـكُدْرَة مِنَ الحَوْضِ: کیچڑ یا کائی۔ کٹی
ہوئی کھیتی کا ایک مثاج كُـدَر (۔۔۔۔
والكُدْرِيّ والكُدْرِيَة ی) پتلا بادل۔
الكَدَر والكَدِر والكَدِير مِنَ العَيْشِ او
الأَلْوَان وغَيْر ذٰلِكَ: غیر صاف۔ تکلیف
دہ۔
الكُدُرّ: موٹا قوی گٹھے بدن کا جوان۔ حِمَارٌ
كُـدُرٌّ: موٹا گدھا۔ مؤنث كُدُرَّة: موٹا
گدھا۔ مؤنث كُدُرَّة.
الكُدَارَة: ہانڈی میں گھی کا تلچھٹ۔
الأَكْدَر: مٹیالا۔ مؤنث كَدْرَاء. ج كُدْر
سخت سیلاب۔ عَيْشٌ أَكْدَر: تلخ زندگی۔
كَدَسَ (ض) كَدْسًا وكُدَاسًا: دفع کرنا۔
ہٹانا۔ كَدَسَ بِـهِ الأَرْضَ: بچھاڑنا۔۔۔۔
الـكَدْس: الدابّة: چوپائے کا چھینکنا۔۔۔۔
المُثْقَل فِي سَيْرِهِ: گرانبار آدمی کا دوڑنا
۔۔۔۔الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے میں ایک
دوسرے کے اوپر چڑھنا (۔۔۔۔ كَـدْسًا)
بدفالی لینا (۔۔۔۔ وكَدَّسَ) الحَصِيدَ: کٹی
ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر
لگانا۔
تَـكَـدَّسَ: ڈھیر کا ایک دوسرے کے اوپر
ہونا۔ تَكَدَّسَتِ الخَيْلُ: گھوڑوں کا چلنے
میں ایک دوسرے پر چڑھنا۔ تَـكَـدَّسَ
الرَّجُلُ: کندھے ہلاتے ہوئے دوڑنا۔ سینہ
ابھار کر چلنا۔۔۔۔الفَرَسُ: گھوڑے کا گرانبار
کی مانند چلنا۔
الكُدْسَة والكُدَاس: جانوروں کی چھینک
اور کبھی انسان کے لئے استعمال کیا جاتا ہے
والكُدَاس مِنَ الثَّلْجِ او الحَصِيدِ ومَا
أَشْبَهَ: برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر اور جوان
کی طرح ہو۔
الـكُدْس ج أَكْدَاس والـكُدَّاس ج
كَدَادِيس: کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔ أَكْدَاس
الرَّمْلِ: ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔
الـكُـدَاسَة: ایک دوسرے پر جمع کیا ہوا
ڈھیر۔
الكَادِس: فا۔ جس سے بدفالی لی جائے۔ ج
كَوَادِس.
الـمُـتَـكَادِس: فا۔ مِنَ الشَّجَرِ: گنجان
درخت۔
كَدَشَه (ض) كَدْشًا: خراش لگانا۔ تلوار یا
نیزہ سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ ہانکنا۔
ہٹانا۔ كَدَشَ لِعِيَالِهِ: حیلہ کرنا اور محنت
مشقت سے کمائی کرنا (۔۔۔۔ واكْـتَـدَشَ
واكْتَدَشَ) مِنْ فُلاَنٍ عَطَاءً: حاصل کرنا
واكْدَشَ بِخَبَرٍ: تھوڑی سی خبر دینا۔
تَكَدَّشَ الرَّجُلُ: پیچھے سے دھکا دیئے جانے
کی وجہ سے گرنا۔
الكَدْش: زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ كَدْشٌ"
خراش زدہ کھال۔

الــکَـدَّاش: بہت کمائی کرنے والا۔ باصرار مانگنے والا۔
کَدَعَهُ (ف) کَدْعًا: ہٹانا۔ دفع کرنا۔
الکُدَعَۃ: ذلیل ورسوا۔
اَکْدَفَ الفَرَسُ: گھوڑے کی ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔
الکَدَفَۃ: ٹاپ یا چاپ کی آواز۔
کَدْکَدَ الرَّجُلُ: زور سے ہنسنا۔ چلنے میں گرانبار ہونا۔ حملہ کرنا۔ کَدْکَدَهُ وتکدکدہ: سختی سے ہٹانا۔
الکَدْکَدَۃ: مص۔ سخت چیز پر کسی چیز کے مارنے کی آواز۔
کَدَم (ض ن) کَدْمًا: اگلے دانتوں سے کاٹنا ...... الصَّیْدَ: شکار کو بھگانا۔ کہا جاتا ہے "کَدَمَ فِی غَیرِ مَکْدَمٍ" بے موقع طلب کیا۔
کَادَمَتِ الدَّابَّۃُ الحَشِیْشَ: چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔
اُکْدِمَ الاَسِیْرُ: قیدی کو مضبوط باندھا جانا۔
تَکَادَمُوْا بِالاَفْوَاہِ: ایک دوسرے کو دانت کاٹنا۔
الکَدْم: مص۔ اثر۔ انسان۔ ج کُدُوْم۔
الکَدَم: دانت کاٹنے کا نشان۔
الکُدَم: دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ بہت لڑاکا۔ سبز سروالی کالی ٹڈی۔ واحد کُدَمَۃ۔
الکَدْمَۃ: کَدَمَ کا اسم مرۃ۔ داغ، نشان۔
الکَدَمَۃ: حرکت۔
الکَدُوْم والکَدَّام: دانت کاٹنے والا۔
الــکُدَام: گھاس کی جڑیں جو پانی پڑنے کے بعد پھر اُگ آئیں۔ بوڑھا مرد۔
الــکُدَامَۃ: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔ دانت سے کاٹ کر علیحدہ کیا ہوا۔
الکُدَامَۃ والکُدَام: کھائی ہوئی چیز کا بقیہ۔
المَکْدَم: دانت کاٹنے کی جگہ۔
المُکَدَّم مِنَ الحِبَال والاَکْسِیَۃ: مضبوط بنی ہوئی۔ قَدَحٌ مُکَدَّمٌ: موٹے دل کا شیشے کا پیالہ۔ اَسِیرٌ مُکَدَّمٌ: رسّی سے بندھا ہوا قیدی۔

المُکَدَّم: دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مُکَدَّم: جنگ کا زخمی شدہ۔
کَدَنَ (ن) کَدْنًا۔ بِالثَّوْبِ: پٹکا باندھنا۔
الکِدْن والکِدَن: کپڑا جس کو عورت پردہ میں رہتے ہوئے پہنے۔ پالکی۔ کجاوہ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ج کُدُوْن۔
کَدَنَ یَکْدُنُ الفَدَّانَ: زراعت کے لئے دو بیل اکٹھے چلانا۔
الکِدْنَۃ: کوہان۔
الــکِـدْنَۃ والــکُـدْنَۃ: چربی اور گوشت کی کثرت۔
الکَدَانَۃ: نااہلی۔ فرومایگی۔
الکَدِن: بہت چربی اور گوشت والا۔ مؤنث کَدِنَۃ ج کَدِنَات۔
الکَدَن: ٹمیالا۔
الکَدَّان: نرم پتھر (اور یہ کَذَّان: کی تحریف ہے)
الکَدَّانَۃ: نرم پتھر کا ٹکڑا۔
کَدَهَ (ف) کَدْهًا وکَدَهَ۔ الشَّیئَ: توڑنا۔ ...... بِالحَجَرِ: سخت پتھر سے رگڑنا ...... عَلَیْہِ: غالب ہونا ...... ہ الہَمّ: مشقت میں ڈالنا۔ کہا جاتا ہے "ہُوَ مَکْدُوْہٌ مِنَ الہَمِّ" وہ غم کی وجہ سے غمگین ہے۔
...... لِاَہْلِہٖ: مشقت سے کمائی کرنا ...... شَعْرَہٗ بِالمُشْطِ: بالوں میں کنگھی سے مانگ نکالنا۔
تَکَدَّہَ: ٹوٹنا۔
الکَادِہ: فا۔ توڑنے والا۔ ج کُدَّہ۔
الکَدْہ: مص۔ خراش۔ پتھر کی رگڑ کا اثر۔ ج کُدُوْہ۔
کَدَا یَکْدُو کَدْوًا وکُدُوًّا۔ الزَّرْعُ: خراب فصل ہونا ...... الاَرْضُ: دیر سے اُگنا ......
کِدَاءٌ ا) الشَّیئَ: کاٹنا۔ منع کرنا۔
کَدِیَ یَکْدَیٰ کَدًی بِالعَظْمِ: ہڈی کا گلے میں اٹکنا ...... السِّمِّنَکَ: بے خوشبو ہونا۔
[illegible]

انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا۔
تَکَدَّیٰ تَکَدِّیًا: مشقت برداشت کرنا۔
کَدِیَ یَکْدَیٰ کَدْیًا۔ الرَّجُلَ: روکنا۔ مشغول کرنا ...... الوَجْہَ: چہرے میں خراش لگانا ...... الرَّجُلُ: دینے میں بخل کرنا۔
اَکْدَیٰ اِکْدَاءً۔ الرَّجُلُ: حاجت میں ناکام رہنا۔ دینے میں بخل کرنا۔ اَکْدَاہُ عَنْ کَذَا: باز رکھنا۔ منع کرنا۔ اَکْدَی المَعْدِنُ: جوہر نہ بتانا۔ الحَافِرُ: کھودتے کھودتے سخت زمین پر پہنچنا اور آگے کو نہ کھود سکنا۔ کہا جاتا ہے "سَأَلَہٗ فَاَکْدَیٰ" یعنی اس نے اس سے سوال کیا تو اس کو سخت زمین کی مانند پایا ...... النَّبْتُ: سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا ...... العَامُ: خشک سالی ہونا ...... المَطَرُ: بارش کم ہونا ...... الرَّجُلُ: غنا کے بعد محتاج ہونا۔
کَدَّیٰ تَکْدِیَۃً: سوال کرنا۔ خیرات مانگنا۔
تَکَدَّیٰ تَکَدِّیًا: عطیہ طلب کرنا۔
الــکُـدْیَۃ: سخت ٹھوس زمین۔ بڑی سخت چٹان۔ ج کُدًی۔ الکُدْیَۃ: طلب عطیہ۔ باصرار مانگنے کا پیشہ۔ زمانہ کی سختی۔ (...... والکداۃ والکدایۃ) مٹی یا غلے کا ڈھیر۔
الکَادِیَۃ: زمانہ کی سختی۔
کَذَّ (ن) کَذًّا: کھردرا ہونا۔
اَکَذَّ: نرم پتھر پر چلنا۔
اَلْکَذَّان: نرم پتھر۔ واحد کَذَّانَۃ: کَذَبَ (ض) کَذِبًا وکِذْبًا وکَذِبَۃً وکِذْبَۃً وکِذَابًا وکِذَّابًا: جھوٹ بولنا۔ جان بوجھ کر غلط خبر دینا۔ کَذَبَتِ العَیْنُ: دھوکا دینا۔ کَذَبَ الرَّائِی: غلط ہونا۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَتْکَ عَیْنُکَ" یعنی تیری نظر نے تجھ کو دھوکا دیا۔ وکَذَبَ السَّیْرَ: چلنے میں کوشش نہ کرنا۔ وکَذَبَ القَوْمُ السُّرَیٰ: لوگ رات کو چلنے پر قادر نہیں ہوئے اور بھی دو مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَہٗ الحَدِیْثَ" جبکہ غلط خبر دے اور خلاف واقعہ بیان کرے اور مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک ہی مفعول آتا ہے۔

كَذَبَ الرَّجُلُ: جھوٹا ٹھہرایا جانا۔
كَذَّبَهٗ: جھوٹا بنانا۔ جھوٹ کی طرف نسبت کرنا۔ كَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَهٗ: رُک جانا......
الحَرُّ: گرمی کا کم ہونا...... عَنْ فُلَانٍ: فلاں کی طرف سے جواب دینا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَذَّبَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" یعنی اس نے کرنے میں دیر نہیں کی كَذَّبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا (...... تَكْذِيبًا و كِذَّابًا) انکار کرنا۔ کہا جاتا ہے "كَذَّبَ بِآيَاتِ رَبِّهٖ" اس نے پروردگار کی نشانیوں کا انکار کیا۔
اَكْذَبَهٗ: جھوٹ پر آمادہ کرنا۔ جھوٹا پانا۔ جھوٹ ظاہر کرنا۔ اَكْذَبَ نَفْسَهٗ: جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا اور کہا جاتا ہے "اَكْذَبَ فُلَانٌ" جب کہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے یہ ظاہر کرے گویا سویا ہوا ہے اس سے اسم الاِكْذَاب ہے۔
كَاذَبَهٗ كِذَابًا و مُكَاذَبَةً: کسی کو یہ کہنا کہ تو نے جھوٹ کہا۔
تَكَذَّبَ: بتکلف جھوٹ بولنا...... فُلَانًا و عَلَيْهِ: جھوٹا سمجھنا۔
تَكَاذَبَ. القَوْمُ: ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔
الكَذَاب. بتثليث الكاف والكُذْبَى والكُذْبَان: جھوٹ۔
الاُكْذُوبَة: جھوٹ۔ ج اَكَاذِيب.
الكَاذِب: فا ج كَذَبَة و كَذَّاب و كُذُب.
الكَاذِبَة. كاذب: کا مؤنث ج كَاذِبَات و كَوَاذِب: جھوٹ۔
الكَذُوب ج كُذُب والكَذْبَان والكَيْذَبَان والكَيْذُبَان: بڑا جھوٹا۔
الكَذُوب: نفس۔
الكَذَّاب والكُذَبَة والكَذُوبَة والتِكْذَاب والمَكْذَبَان والمَكْذَبَانَة: بڑا جھوٹا۔
الكَذُوبَة: نفس۔
المَكْذَبَة والمَكْذُبَة ج مَكَاذِب والمَكْذُوب والمَكْذُوبَة ج مَكَاذِيب: جھوٹ۔
التَكَاذِيب: جھوٹی باتیں۔ لغو و باطل باتیں۔

كَذَا: دو طریقے سے مستعمل ہے۔
(۱) یہ کہ دونوں کلے کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر رہیں جیسے رَاَيْتُ زَيْدًا فَاضِلاً وَرَاَيْتُ عَمْرًو كَذَا اور اس صورت میں ہا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے ھٰكَذَا۔
(۲) یہ کہ کلمہ انہیں دونوں کلموں سے مرکب ہو اور کنایہ ہو عدد سے جیسے قَبَضْتُ كَذَا و كَذَا دِرْهَمًا: یا غیر عدد سے جیسے بِمَكَانِ كَذَا و كَذَا.
الكَاذِي: کیوڑہ۔
كَرَّ (ن) كُرُورًا: لوٹنا۔ مڑنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْهَزَمَ عَنْهُ ثُمَّ كَرَّ عَلَيْهِ" یعنی اس نے فلاں سے شکست کھائی اور پھر لوٹ پڑا۔ پینترا بدلنے کے لئے بھاگنا پھر دوبارہ حملہ کرنا۔ صفت كَرَّار اور اسی سے کہا جاتا ہے "الجَوَادُ يَصْلُحُ لِلكَرِّ والفَرِّ" گھوڑا گھومنے اور حملے کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
...... اللَّيْلُ والنَّهَارُ: رات دن کا باری باری آنا...... كَرًّا الرَّجُلُ: لوٹانا...... كَرًّا و كُرُورًا و تَكْرَارًا الفَارِسُ عَلَى العَدُوِّ: شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا اور لوٹ پڑنا۔
كَرَّ (ن) كَرِيرًا. المَرِيضُ: جان دینا۔
كَرَّ (س ن) كَرًّا صَدْرُهٗ: گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔
كَرَّرَ تَكْرَارًا و تَكْرِيرًا و تَكِرَّةً. الشَّيْءَ: بار بار کرنا۔
تَكَرَّرَ: بار بار ہونا۔
الكَرُّ: مص۔ کھجور کے پتوں کی رسی۔ درخت خرما پر چڑھنے کی رسی۔ جہاز کا رسا۔ ج كُرُور (...... والكَرُّ) کنواں۔ ج كِرَار.
الكُرُّ: نماز پڑھنے کے لئے مصلّٰی۔ ج اَكْرَار و كُرُور.
الكُرُّ: ایک پیمانہ کا نام۔ چادر ج اَكْرَار.
الكَرَّة: لڑائی میں حملہ...... عند المولدين

مِنَ المُحَاسِبِينَ: ایک لاکھ ج كَرَّات.
الكُرَّة: سڑی ہوئی مینگنیاں جس سے زرہ کو صاف کرتے ہیں۔ صبح اور شام اور ان دونوں کو كَرَّتَان اور قَرَّتَان: کہتے ہیں۔
الكَرَّى: لڑائی میں حملہ۔
الكَرِير: مص۔ گلا گھونٹے ہوئے والے کی طرح سینہ کی آواز۔ غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔
الكَرَّار والمِكَرّ: لڑائی میں بہت زیادہ حملہ کرنے والا۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ مِكَرٌّ مِفَرٌّ" یعنی گھوڑا ایسا سدھا ہوا کہ حملہ کے وقت حملہ کرے اور جب بھاگنے کا ارادہ کریں تو لے کر بھاگ جائے۔ نَاقَةٌ مِكَرَّة اونٹنی جس کو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔
المَكَرّ: حملہ کی جگہ۔
كَرَبَ (ن) كَرْبًا الحَبْلَ: رسی بٹنا...... القَيْدَ عَلَى المُقَيَّدِ: قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔
...... ہ الاَمْرُ: دشوار ہونا...... ہ الغَمُّ: سخت غم ہونا۔ كَرَبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ میں چھوٹی رسی باندھنا...... فُلَانٌ: درخت خرما کے تنہ سے ملحق ٹہنی کی جڑ لینا (...... كُرُوبًا) قریب ہونا۔
النَّارُ: آگ بجھنے لگنا۔ كَرَبَتِ الشَّمْسُ: آفتاب ڈوبنے کے قریب ہونا...... فُلَانٌ: کھجور کے تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ كَرَبَ النَّاقَةَ: بوجھل کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "كَرَبَ يَفْعَلُ" یعنی وہ کرنے لگا اور اس صورت میں یہ افعالِ مقاربہ میں سے ہے (...... كَرْبًا و كِرَابًا) الاَرْضَ لِلزَّرْعِ: کھیتی کے لئے زمین جوتنا۔
كَرِبَ (س) كَرَبًا الرَّجُلُ: ڈول کے دستہ کی ٹوٹی ہوئی رسی والا ہونا۔
كُرِبَ: غم لاحق ہونا۔
كَرُبَ الدَّلْوَ: ڈول کے دستہ پر چھوٹی سی

رسّی باندھنا......الرَّجُلُ: بے درخت اور بے پانی والی زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے نزدیک کی چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔
اَکْرَبَ: قریب ہونا......الاَمْرُ: قریب الوقوع ہونا......الاِنَاءَ: برتن بھرنے کے قریب ہونا۔
فِي السَّيْرِ: دوڑنا......القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
کَارَبَہ مُکَارَبَةً و کِرَابًا: قریب ہونا۔
تَکَرَّبَ: تنہ کے نزدیک کی کھجوریں چننا۔
اِکْتَرَبَ اِکْتِرَابًا و اِکْرَابَّ اِکْرِبْبَابًا: سخت غمگین ہونا۔
الکَرْب ۔ج کُرُوْب والکُرْبَة ج کُرَب: غم اور مشقت۔
الکَرَب: ڈول کے دستہ پر کی چھوٹی رسّی کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد کَرَبَة۔
الکَرَبَة: گول لکڑی جس میں خیمہ کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے جس کو فارسی میں کماج اور بادریس کہا جاتا ہے۔ ج کَرَب.
الکَرَابَة: سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب.
الکُرَابَة والمُکْرَابَة: کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج اَکْرِبَة.
الکِرَاب: وادی میں پانی بہنے کی جگہیں۔ واحد کَرَبَة.
الکَرُوْبِيُّوْن والکَرُوْبِيَّة: اشراف ملائکہ۔ مقرب فرشتے۔ عبرانی زبان میں کَرُوْبِیم کہتے ہیں۔ ج کَرُوْب اور کبھی عبرانی لفظ ہی کو استعمال کرتے ہیں واحد کَرُوْب.
الکَرِیْبُ: نے کی گرہ۔ روٹی پکانے والے کا بیلن۔ الکَرِیْبُ مِنَ الاَرْضِ: بے پانی اور بے درخت والی زمین (...... والمَکْرُوْب) غمگین۔
الکَرِیْبَة. کَرِیْب: کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج کَرَائِب: کہا جاتا ہے "مَا فِي الدَّارِ کَرَّابٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔
اَلْمِکْرُوْبُ: جرثومہ۔ یعنی پانی، خون اور ہوا میں باریک جانور جو بغیر دوربین کے نظر نہ آئے۔
الاِکْرَاب: مص جلد بازی۔ تم کہتے ہو "خُذْ رِجْلَیْکَ بِاِکْرَابٍ" یعنی جانے میں جلدی کرو۔
المُکْرَب مِنَ المَفَاصِلِ: پٹھوں سے بھرا ہوا۔ مضبوط رسّی یا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔
حَافِرٌ مُکْرَبٌ: مضبوط کھر۔
اَلْکَرْبُوْنُ اَوِ الْفَحِیْمُ: (کیمیا) کیمیائی عناصر میں سے ایک ہے جس کا رمز (علامت) ایٹمی نمبر اور کیت نمبر درج ذیل ہیں۔ ۱۲.۱ کاربن-6 -C۔ کوئلہ کے استعمال کے لئے ایک جسم بسیط ہے۔ زندگی والی کائنات اور ملائم میں کاربن داخل ہوتا ہے۔
اَلْکَرْبُوْنَاتْ: کاربونات۔ سفید باریک پیسا ہوا کھا مادہ جو کہ دوسرے جسم کے ساتھ ہو۔ (سوڈا یا کاربونیٹ)۔
الکَرْبَج: دُکان یا دُکان کا سامان۔ ج کَرَابِج (دخیل)
کَرْبَدَ فِي عَدْوِهٖ: دوڑنے میں کوشش کرنا۔ تیز دوڑنا۔
الکِرْبِز: بڑا کھیرا۔
کَرْبَسَ: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔
تَکَرْبَسَ مِنْ ظَهْرِ فَرَسِهٖ: گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔
الکِرْبَاس: کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج کَرَابِیس (دخیل)
رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَّاسِ: گول سر والا مرد۔
کَرْبَشَ: چھلانگ لگانے کے لئے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ......الشَّيْءَ: لپیٹنا اور باندھنا۔
تَکَرْبَشَ الجِلْدُ: کھال کا سکڑنا۔
کَرْبَعَهٗ: پچھاڑنا......الشَّيْءَ بِالسَّیْفِ: تلوار سے کاٹنا......قَوَائِمَهٗ: ٹانگیں جدا کرنا۔
تَکَرْبَعَ: چوتڑوں کے بل گرنا۔
کَرْبَلَ: کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا...... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا......الحِنْطَةَ: گیہوں میں چھاننا صاف کرنا۔
الکِرْبَال: گیہوں صاف کرنے کی چھلنی۔ رُوئی دھننے کی کمان۔ ج کَرَابِیل.
الکَرْبَلَة: مص۔ پاؤں کی سستی۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ یَمْشِي مُکَرْبِلًا" یعنی وہ اس طرح آیا گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔
فَرَاشَةُ الکَرْنَبِ: اَوْدُوْدَةُ المَلْفُوْفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔
اَلْکَرْوِیْنَا: درختوں کی ایک قسم جو کہ سڑکوں کے کنارے زیب و زینت کے لگائے جاتے ہیں ان درختوں کا ملک آسٹریلیا ہے۔
کَرَثَ (ض ن) کَرْثًا و اَکْرَثَ الغَمُّ فُلَانًا: سخت غمگین کرنا۔
اِنْکَرَثَ الحَبْلُ: رسّی کا ٹوٹنا۔
اِکْتَرَثَ لِلاَمْرِ: پروا کرنا...... کہا جاتا ہے "هُوَ لَا یَکْتَرِثُ لِهٰذَا الاَمْرِ" وہ اس معاملہ کی پروا نہیں کرتا۔
الکُرَّاث والکُرَّاث: گندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں۔ واحد کُرَّاثَة.
الکَارِث: غم انگیز معاملہ۔ ج کَوَارِث.
الکَرِیْث: غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَکَرِیْثُ الاَمْرِ" جبکہ بزدلی کرے اور پیچھے ہٹے۔
کَرْثَأَ و تَکَرْثَأَ الشَّعْرُ وَنَحْوُهٗ: بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔
الکِرْثِئُ: تہ بتہ بادل۔ انڈے کا اوپر کا چھلکا۔
الکِرْثِئَة والکِرْثَاة: گنجان سبزی۔
الکَرِیْثَاء: پکی کھجور۔
کَرِجَ (س) کَرَجًا و کَرِجَ و اَکْرَجَ و تَکَرَّجَ الخُبْزُ: خراب ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام "عَفَّنَ" سے تعبیر کرتے ہیں۔
الکَرَج: ایک قوم کا نام۔ واحد کَرَجِيّ (...... والکُرَّج) ایک چیز ہے بچھیرے کی شکل کا جس سے کھیلتے ہیں۔
الکُرَّجِيّ: مخنث۔

الكَرْخ: راہب کی کوٹھری۔ ج كُرُوخ۔
كَرَّخَ (ف) كَرْخًا الْمَاءَ إِلَى مَوَاضِعِهِ: چلانا۔
كَرَدَ (ن) كَرْدًا: ہانکنا...... الْعَدُوَّ عَنْ: دشمن کو ہٹانا...... الشَّيْءَ: کاٹنا۔
كَارَدَهُ مُكَارَدَةً: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
الكَرْد: گردن کی جڑ۔ کہا جاتا ہے "أَخَذَهُ بِكَرْدِهِ أَوْ بِكَرْدَنِهِ" اس نے اس کی گردن کی جڑ کو پکڑ لیا۔
الكِرْدِيدَة: کھجور کی بڑی ڈھیری۔
كَرْدَحَ: پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ فُلَانًا: پچھاڑنا۔
تَكَرْدَحَ فِي عَدْوِهِ: پستہ قد کی طرح دوڑنا۔
الكِرْدَح: بڑھیا۔ مضبوط مرد۔
الكُرَادِح: پستہ قد۔
الكِرْدَاح: دوڑنے میں قریب قریب قدم رکھنے والا۔
الكَرْدَحَة: مص۔ تیز دوڑ۔
المُكَرْدَح: فا۔ ذلیل وخوار۔
كَرْدَسَ الخَيْلَ: گھوڑوں کو جمع کرنا اور دستہ دستہ بنانا...... الشَّيْءَ: باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا ...... الحِمَارَ: گدھے کو تیز ہانکنا...... هُ: پچھاڑنا۔
كُرْدِسَ الرَّجُلُ: ہاتھ پاؤں اکٹھا باندھا جانا۔
تَكَرْدَسَ: سکڑنا اور بعض کا بعض پر جمع ہونا۔
الكُرْدُوس: کندھے کی ہڈی۔
الكُرْدُوسَة: گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی دونوں ہڈیاں۔ ج كَرَادِس وكَرَادِيس۔
كَرَادِيسُ الفَرَسِ: گھوڑے کے جوڑ۔
المُكَرْدَس: گٹھے بدن کا۔
الكَرْدِينَال ج كَرَادِلَة: گرجا میں ایک بڑا عہدہ۔
كَرْدَمَ: موٹے پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ القَوْمَ: جمع کرنا۔
تَكَرْدَمَ: گھبرا کر دوڑنا۔

الكُرْدُم والكُرْدُوم مِنَ الرِّجَالِ: موٹا پستہ قد۔ ج كَرَادِم وكَرَادِيم۔ الكُرْدُم: بہادر۔
كَرَزَ (ض) كُرُوزًا: داخل ہونا۔ پوشیدہ ہونا...... إِلَى فُلَانٍ: پناہ لینا (...... كَرْزًا) انجیل کا وعظ کہنا۔
كَرَّزَ البَازِيَ: باز کو سدھانے کے لئے آنکھوں کو سینا اور رکھلانا۔
كُرِّزَ البَازِيُّ: باز کے پروں کا گرنا۔
كَارَزَ مُكَارَزَةً إِلَى المَكَانِ: دوڑ کر چھپنا۔ عَنْهُ: بھاگنا...... هُ: بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا...... القَوْمَ: ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری کو لینا۔
الكُرْز: چرواہے کا تھیلا۔ چھوٹی بوری۔ كُرْزُ الجُعَلِ: گبریلا کی گولی۔ ج أَكْرَاز وكِرَزَة۔
الكَرَز: ایک درخت کا نام جس کا پھل شفتالو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ واحد كَرَزَة۔
الكُرَّز: حاذق۔ نجیب۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ باز۔ ایک سال کا پرندہ ج كَرَارِزَة (...... والمُكَرَّز والكُرَّزِيّ) لئیم۔ خبیث۔
الكَارِز والكَارُوز: انجیل کا واعظ۔
الكُرَاز۔ ج كِرْزَان والكُرَّاز: شیشی۔ تنگ سر کا کوزہ۔
الكُرَّاز: چرواہے کا تھیلا اٹھانے والا۔ بے سینگ کا مینڈھا...... مِنَ المَعْزِ: گھنٹی وار بکری۔ ج كَرَارِيز۔
الكَرِيز: پنیر۔
الكِرَازَة: انجیل کا وعظ۔
كَرْزَمَ كَرْزَمَةً الرَّجُلُ: دوپہر میں کھانا۔
الكُرْزُم: بہت کھانے والا۔ چھوٹی ناک والا۔ کلہاڑا۔
الكِرْزِم والكِرْزِيم: کلہاڑا۔ سخت مصیبت۔ ج كَرَازِم وكَرَازِيم۔
كَرَّسَ البِنَاءَ: عمارت کی بنیاد رکھنا۔ الأُسْقُفُ البِيعَةَ أَوِ الإِنَاءَ الكَنَسِيَّ وغَيْرَهَا: وقف کرنا۔ خدمت اللہ کے لئے مخصوص کرنا۔

أَكْرَسَ: المَكَانُ: بول و براز سے لتھڑنا۔ هُ: بول و براز والی جگہ میں داخل ہونا۔
تَكَرَّسَ: بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔ خدمت اللہ کے لئے مخصوص ہونا...... الشَّيْءُ: تہ بتہ ہونا اور سخت ہونا...... أُسُّ البِنَاءِ: عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا۔ لتھڑنا...... الحَبَّ ونَحْوَهُ: دانہ وغیرہ جمع کرنا۔
اِنْكَرَسَ عَلَيْهِ: اوندھا ہونا...... فِي الشَّيْءِ: اوندھا ہو کر داخل ہونا۔
الكِرْس: ہر چیز کا انبوہ۔ بول و براز سے لتھڑا ہوا۔ بکریوں کے بچوں کا باڑہ۔ جڑ۔ ج أَكْرَاس وجج أَكَارِيس۔ كِرْسُ الحَوْضِ: حوض کے اردگرد بول و براز سے لتھڑی ہوئی زمین۔
الكُرَّاسَة والكُرَّاس: کتاب کا جزء۔ پمفلٹ۔ ج كَرَارِيس۔
الكُرْسِيّ: تخت۔ کرسی۔ ج كَرَاسِيّ وكَرَاسٍ كُرْسِيُّ الأُسْقُفِ: پادری کی اقامت گاہ۔ كُرْسِيُّ المَلِكِ: تخت شاہی۔ الكُرْسِيّ: علم: کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ أَهْلِ الكُرْسِيِّ" یعنی وہ اہل علم میں سے ہے اور کہا جاتا ہے "اِجْعَلْ لِهَذَا الحَائِطِ كُرْسِيًّا" اس دیوار کے لئے پشتہ بنادو۔
كُرْسِيُّ الجَوْزَاءِ: چند ستاروں کا مجموعہ۔
الكَرَاسِيّ: علماء۔
الكِرْيَاس: چھت کے اوپر کا پائخانہ۔ ج كَرَابِيس۔
الكِرْوَس: بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔
المُكَرَّس والمُكْرَس: مفع...... مِنَ القَلَائِدِ: دودھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہرے کو گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔ المُكَرَّس: جوان پستہ قد پُر گوشت۔
الكُرْمَتَة: موچیوں کی اصطلاح میں وہ چمڑا جس سے جوتیاں تیار کی جاتی ہیں۔

كَرْسَعَ كَرْسَعَةً الرَّجُلَ: دوڑنا...... فلانًا: گٹے ہوئے چھنگلیا والے حصے پر مارنا۔
الكُرْسُوع: گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ۔ ج كَرَاسِيع. كُرْسُوعُ القَدَمِ: ٹخنے کا جوڑ۔
الكُرْسُعَة والكُرْسُوعَة: لوگوں کی جماعت۔
المُكَرْسَع: گٹے کے چھنگلیا کی طرف اُبھرا ہوا حصہ۔ مؤنث مُكَرْسَعَة.
كَرْسَفَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کی کونچ کاٹنا۔ ...... البَعِيرَ: اُونٹ کے پاؤں باندھنا۔ ...... الدَّوَاةَ: دوات میں صوف ڈالنا۔
تَكَرْسَفَ: کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف پڑنا ...... الشَّيْءُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الكِرْسَافَة: آنکھ کی کدورت۔
الكُرْسُف والكُرْسُوف: رُوئی۔
الكُرْسُفَة والكُرْسُوفَة: رُوئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔
الكِرْسِنَّة والكِرِسْنَة: ایک چھوٹے سے پودے کا نام جس کے بیج کو گاؤ دانہ کہتے ہیں جو چنے کے برابر گول سیاہ سرخی مائل ہوتا ہے اور دوا میں کام آتا ہے۔
كَرِشَ (س) كَرَشًا الجِلْدُ: کھال سکڑنا۔ ...... الرَّجُلُ: تنہائی کے بعد جماعت والا ہونا۔
كَرَّشَ: ترش رُوئی کرنا۔ مُكَرَّشَة (ایک قسم کا کھانا) بنانا۔
تَكَرَّشَ وَجْهُهُ: ترش رُو ہونا۔ تیوری چڑھنا ...... القَوْمُ: اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔
اِسْتَكْرَشَ الجَدْيُ: بکری کے بچے کا بڑے پیٹ والا ہونا۔ اِسْتَكْرَشَتْ اِنْفَحَةُ الجَدْيِ: بکری کے بچے کے اِنْفَحَة کا کرش ہونا (بکری کے بچہ جب تک کچھ نہ کھائے اور صرف دودھ پیتا رہے تو اس کی آنت کو اِنْفَحَة کہتے ہیں اور جب وہ کچھ کھانے لگے تو پھر کرش کہتے ہیں) ...... الرَّجُلُ: تیوری چڑھانا۔ ترش رُوئی کرنا۔

الكِرْش والكَرِش: جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ (مؤنث) ج كُرُوش.
الكَرْش والكِرْش: لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل وعیال۔ چھوٹی اولاد۔ ایک بہترین قسم کی گھاس۔ خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھری۔ ج أَكْرَاش وكُرُوش. كَرِشُ القَوْمِ: قوم کا بڑا حصہ۔ كَرِشُ كُلِّ شَيْءٍ: ہر ایک چیز کا اجتماع۔
الكَرِيشَة: اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔
الأَكْرَشُ مِنَ الرِّجَالِ: بڑے پیٹ والا اور بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث كَرْشَاء ج كُرْش. قَدَمٌ كَرْشَاءُ: پُرگوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی اُنگلیوں والا قدم۔ دَلْوٌ كَرْشَاءُ: بڑا ڈول۔ أَتَانٌ كَرْشَاءُ: بھرے ہوئے کوکھ کی گدھی۔
المُكَرَّشَة: کھانا جو گوشت چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔
كَرَصَ (ض) كَرْصًا الشَّيْءَ: کوٹنا۔ ہاتھ سے تجوڑنا۔
كَرَّصَ: پنیر کھانا۔
اِكْتَرَصَ الشَّيْءَ: جمع کرنا۔
الكَرِيص: پنیر۔ پنیر بنانے کی جگہ۔
المِكْرَص: دودھ دوہنے کا برتن۔
كَرَضَ (ن) كَرْضًا الشَّيْءَ: تہ بتہ رکھنا۔
كَرَظَ (ن) كَرْظًا فِي عِرْضِ فُلَانٍ: طعنہ دینا۔ عزت میں عیب لگانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكْرُوظُ الحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔
كَرَعَ (ف) وكَرِعَ (س) كَرْعًا وكُرُوعًا فِي المَاءِ او الإِنَاءِ: پانی یا برتن میں منہ لگا کر پانی پینا۔
كَرَعَهُ (ف) كَرْعًا: پنڈلی پر تیر مارنا۔
كَرِعَ (س) كَرَعًا: دردمند پنڈلی والا ہونا۔ پایہ کھانے کا مشتاق ہونا۔ باریک پنڈلی والا ہونا ...... السَّاقُ: پنڈلی کے اگلے حصہ کا باریک ہونا۔ كَرِعَتِ السَّمَاءُ:

أَكْرَعَهُ الصَّيْدُ: شکار کا قریب ہونا۔ أَكْرَعَ القَوْمُ: منہ سے پانی پینے کے قابل پانا۔
تَكَرَّعَ ...... الرَّجُلُ: وضو کرنا۔ اطراف پر پانی بہانا۔
الكَرَع: مینہ۔ منہ لگا کر پینے کے قابل پانی۔ جانور کی ٹانگیں۔ کمینے وفرومایہ لوگ۔ دنی طبیعت کا۔ واحد جمع دونوں کے لئے مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَرَعٌ ورِجَالٌ كَرَعٌ" الكُرَاعُ مِنَ البَقَرِ والغَنَمِ: گائے بکری کے پائے (مذکر ومؤنث) اور بقول بعض كُرَاع: ٹخنوں کے نیچے کو کہتے ہیں۔ والكُرَاعُ مِنَ الإِنْسَانِ: گھٹنے سے نیچے۔ پنڈلی۔ ج أَكْرُع وأَكَارِع.
الكُرَاع: گھوڑے۔ خچر۔ گدھے۔ ہر شے کا کنارہ۔
كُرَاعُ الأَرْضِ: زمین کے گوشے۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِي كُرَاعِ الطَّرِيقِ" یعنی راستے کے کنارے میں چلو۔ أَكَارِعُ الأَرْضِ: زمین کی آخری حدیں۔
الكُرَاعِي: پائے کا بیچنے والا۔
الكَارِع: فا۔ پانی میں گھسنے والا پیے یا نہ پیے۔
الكَارِعَة: كَارِع کا مؤنث۔ ج كَارِعَات.
الكَارِعَات: پانی کے اوپر کھجور کے درخت۔
الكَرِيع: برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پانی پینے والا۔
الأَكْرَع: پتلی پنڈلیوں والا۔
المِكْرَاع: اسم مبالغہ۔ فرومایہ لوگوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔
المَكْرَع: جانوروں کے پانی پینے کی جگہ۔ ج مَكَارِع.
فَرَسٌ مُكْرَعُ القَوَائِمِ: مضبوط ٹانگوں والا گھوڑا۔
المُكْرَعَةُ مِنَ النَّخِيلِ وغَيْرِهِ: پانی لگائی ہوئی کھجور۔
كَرَفَ (ن ض) كَرْفًا و

الحمار وغیرہ: گدھے کا پیشاب [illegible] کر سر اُٹھانا اور ہونٹوں کو [illegible]
کَرِفَ الشَّيْءُ: سونگھنا۔ اُكْرِفَتِ البَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔
اَلْكَرْشَنَةُ: عربی حروف غیر عربی زبان میں یا اس کا برعکس۔ الكَرْشُونِي: عربی الفاظ جو کہ سریانی میں لکھے جاتے ہیں۔ (سریانی لفظ)
الكِرْف: ایک ہی چمڑے کا ڈول۔
كَـرْفَـاتِ الـقِـدْرُ: ہانڈی کا جھاگ دینا۔
كَرْفَأَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔
تَكَرْفَأَ السَّحَابُ: بادل کا تہ بتہ ہونا۔
الـكِـرْفِـئُ: بلند بادل۔ اور ایک ٹکڑے کو كِرْفَئَة: کہتے ہیں۔ الكِرْفِئُ: انڈے کا اوپر کا چھلکا۔
المُكَرْفَح: بدصورت چہرہ والا۔
اَلْكَرَافِئَةُ: شیشہ کی بوتل۔
كَـرْفَسَ كَرْفَسَةً: بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔۔۔۔البَعِيرَ: تنگ باندھنا۔
تَكَرْفَسَ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
الكُرْفُس: زُوئی۔
الكَرَفْس: اجوائن۔
الكُرْكِيّ: سارس۔ ج كَرَاكِي.
الكَرْكَدَنّ: گینڈا۔ اس کو مرمیس بھی کہتے ہیں اور عوام كَرْكَدَنّ کہتے ہیں۔
كَرْكَرَ كَرْكَرَةَ الشَّيْءُ: بار بار اعادہ کرنا ۔۔۔۔الرحٰی: چکی گھمانا۔۔۔۔السَحبُ: دانہ پیسنا۔
الشَّيْءَ: جمع کرنا۔۔۔۔الرَّجُلَ: قید کرنا۔۔۔۔فِي الضِحْک: بہت ہنسا۔۔۔۔الرَّجُلُ: ہنسا۔ شکست کھانا۔۔۔۔الرِيَاحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل کو اُڑا دینا۔ متفرق ہونے کے بعد اکٹھا کر دینا۔۔۔۔الاَمْرَ عَنْهُ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔ رد کرنا۔۔۔۔بِالدَّجَاجَة: مرغی کو بلانا۔
تَكَرْكَرَ فِي الاَمْرِ: مضطرب ہونا۔۔۔۔المَاءُ: اپنے بہنے کی جگہ میں لوٹ جانا۔۔۔۔الطَّائِرُ: پرندہ کا فضا میں منڈلانا۔
الكَرْكَر: ایک آبی پرندہ۔

الـكَـرْكَرَة: مص گاڑھا دودھ۔ پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔
الكِرْكِرَة: سُم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج كَرَاكِر. الكَرَاكِر: گھوڑے کے جوڑ۔
الكُرْكُورَة: گہری وادی۔
كَرْكَسَ الشَّيْءُ: رد کرنا۔ ہٹانا۔۔۔۔الدَّابَة: چوپائے کو باندھنا (۔۔۔۔ وتَـكَـرْكَـسَ) الاِنْسَانُ: اوپر سے نیچے لڑھکنا۔
الـكُـرْكُم: زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔
الكُرْكُنْد: سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔
كَرُمَ (ک) كَرَمًا وكَرَمَةً وكَرَامَةً: عزیز و نفیس ہونا، آسانی سے دینا اور بخشش کرنا۔ فیاض ہونا۔۔۔۔السَّحَابُ: بارش لانا۔
كَرَمَهُ (ن) كَرْمًا: کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "كَـارَمَـهُ فَكَرَمَهُ" اس نے اُس سے کرم میں مفاخرت کی اور غالب ہوگیا۔
كَرَّمَهُ تَـكْرِيْمًا وتَكْرِمَةً: تعظیم کرنا۔ تنزیہ کرنا۔ كَرَّمَ اللّٰهُ وَجْهَهُ: اللہ تعالیٰ ان کو باعزت کرے (۔۔۔۔ وكَـرَّمَ) السَّحَابُ: بادل کا بہت پانی والا ہونا۔
كَارَمَهُ: کرم میں مفاخرت کرنا۔ وكَارَمْتُ فُلَانًا: میں نے اس کے پاس ہدیہ بھیجا تاکہ وہ بدلہ دے۔
اَكْـرَمَ: کریم اولاد والا ہونا۔۔۔۔فُلَانًا: تعظیم کرنا۔۔۔۔نَفْسَـهُ عَنِ الـمَعَاصِي: بچانا، محفوظ رکھنا اور تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا اَكْرَمَهُ لِي" یعنی وہ میری تعظیم کس قدر کرتا ہے اور فعل رُباعی سے ہونے کی وجہ سے یہ شاذ ہے۔
تَكَرَّمَ: بہ تکلف کرم کرنا (۔۔۔۔ وتَكَارَمَ) عَنْ كَذَا: بچنا۔ دُور رہنا۔
اِسْـتَـكْرَمَ: عمدہ عمدہ چھانٹ لینا۔۔۔۔الشَّيْءَ: اچھی چیز طلب کرنا۔ اچھی چیز پانا۔
الـكَرْمُ: مص۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔

الـكَـرَم: صفت بمعنی کریم وطیب اور یہی لفظ واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے جیسے رَجُلٌ كَـرَمٌ ونِسَاءٌ كَرَمٌ واَرْضٌ كَرَمٌ.
الـكَـرْم: انگور کی بیل۔ فصیل والا گنجان باغ (عامیہ) ج كُـرُوْم. بِـنْـتُ الـكَـرْمِ او الكَرْمَةِ او الكُرُوْمِ: شراب۔ الكَرْم: ہار۔
الكَرْمَة: انگور کی بیل۔ یہ کرم سے خاص ہے
الـكَرْمَة: سرین کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ كَرْمَة" سرد کریم۔
الكَرَامَة: مص۔ کہا جاتا ہے "اَفْعَلُ ذٰلِکَ حُبًّا وكَرَامَةً لَکَ" میں اس کو تمہاری محبت و تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں۔ "ولَـهُ عَـلَيَّ كَـرَامَة" فلاں کے لئے میرے اوپر بزرگی ہے۔ الـكَـرَامَة: امر خارق عادت جو اولیاء اللہ سے ظاہر ہو۔ کہا جاتا ہے كُرْمًا وكُرْمَةً وكَرْمَةً وكُـرْمَـى وكُـرْمَانًا وكُرْمَةَ عَيْنٍ لَکَ: یعنی تمہاری تعظیم کے لئے۔
الاُكْرُوْمَة: کرم کا فعل۔
التَّـكْرِمَة: مص۔ تکیہ۔ تکیہ جس پر انسان کو عزت و تعظیم کے خیال سے بٹھایا جائے۔
الـكَـرِيْم: صاحب کرم۔ درگزر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنٰی میں سے ہے رَجُلٌ كَرِيْمٌ: مردِ سخی۔ دیالو۔ ج كِرَام وكُرَمَاء اور لفظ "كَـرِيْـم" کا اطلاق ہر اچھی اور پسندیدہ اور قابلِ تعریف چیز پر ہوتا ہے۔
رِزْقٌ كَرِيْمٌ: بہت روزی۔ قَوْلٌ كَرِيْم: نرم و پسندیدہ قول۔ كِـتَـابٌ كَرِيْمٌ: معنی الفاظ اور فوائد کے لحاظ سے پسندیدہ کتاب۔ وَجْهٌ كَـرِيْمٌ: جمال ومحاسن کے لحاظ سے پسندیدہ چہرہ۔ الكَرِيْمَان حج اور جہاد۔
الـكَـرِيْمَة: کریم کا مؤنث ج كَـرِيْمَات وكَرَائِم وكِرَام. الكَرِيْمَة: ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ کان الـكَـرِيْـمَـتَـان: دونوں آنکھیں۔ كَرِيْمَةُ الرَّجُل: بیٹی الـكَرِيْمَة: صاحب کریم وحسب۔ کہا جاتا ہے "فُلَانَ كَـرِيْـمَـةُ قَوْمِـهِ" فلاں اپنی قوم میں شریف

ہو۔ کَرِیمَۃٌ میں تا مبالغہ کے لئے ہے۔
کَرَائِمُ المَال: عمدہ اور بہترین مال۔
الکُرَام: کریم۔ ج کُرَامُوْن.
الکَرَّام: انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا۔
الکُرَّام والکُرَّامۃ: بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج کُرَّامُوْن.
المَکْرُمَانُ: کریم بہت وسیع اخلاق والا اور یہ ندا ہی کے لئے مخصوص ہے۔ کہا جاتا ہے یَا مَکْرُمَانُ.
المَکْرَم والمَکْرَمَۃ: شریف۔ فیاض۔ ج مَکَارِم. اَرْضٌ مَکْرَمَۃٌ لِلنَّبَاتِ: عمدہ زرخیز زمین۔
المَکْرُم والمَکْرُمَۃ: کرم کا فعل۔ کریم۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الخَیرِ مَکْرُمَۃٌ" یعنی فعل خیر کرم یا تعظیم کا سبب ہے۔
المِکْرَام: لوگوں کا اکرام کرنے والا۔ بہت فیاض۔
المُکْرَم: مفع۔ ہر ایک کے نزدیک باعزت شخص۔
کَرْنَبَ الرَّجُلُ: چھوارے کو دودھ کے ساتھ کھانا...... ضَیفَہٗ: مہمان کو کرم کلا کھلانا۔
الکُرُنْب والکَرَنْب: کرم کلا۔
الکُرُنْبِیَّۃ: ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے بنایا جاتا ہے۔
فَرَاشَۃُ الکَرَنْب: او دُوْقَۃُ المَلْفُوفِ: کرم کلا کو تباہ کرنے والا سفید کیڑا۔
کَرْنَفَ الکَرَانِیفَ: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں جو حصہ باقی رہ جائے اس کو کاٹنا کَرْنَفَہٗ بِالعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔
کَرْنَفَ الشَّیئَ بِالسَّیفِ: تلوار سے کاٹنا۔ النَّخْلَۃَ: تنہ کو کھجور کی ٹہنی کے باقی ماندہ حصہ سے صاف کرنا۔
الکِرْنَاف والکُرْنَاف: کھجور کی ٹہنی کو کاٹ لینے کے بعد تنہ میں باقی ماندہ حصہ۔ وا

کُرْنَافَۃ ج کَرَانِیف.
اَنْفٌ مُکَرْنَفٌ: موٹی ناک۔
کَرِہَ (س) کَرْھًا و کُرْھًا و کَرَاھَۃً و کَرَاھِیَۃً و مَکْرَھَۃً و مَکْرُھَۃً الشَّیئَ: ناپسند کرنا۔ صفت فاعلی کَارِہ: صفت مفعولی مَکْرُوْہ.
کَرُہَ (ک) کَرَاھَۃً و کَرَاھِیَۃً الاَمْرُ او المَنْظَرُ: قبیح ہونا۔ صفت کَرِیْہ.
کَرَّہَ الشَّیئَ فُلَانًا و کَرَّہَ الشَّیئَ اِلٰی فُلَانٍ: ناپسند کرانا۔
اَکْرَہَ فُلَانًا عَلَی الاَمْرِ: مجبور کرنا۔ الرَّجُلَ: ناپسندیدہ امر پر اکسانا۔
تَکَرَّھَہٗ و تَکَارَہَ الشَّیئَ: ناپسند کرنا۔ تَکَرَّہَ و تَکَارَھَہٗ: غضبناک ہونا۔
اِسْتَکْرَہَ الشَّیئَ: قبیح پانا' قبیح سمجھنا۔
الکَرْہ والکُرْہ: مص۔ انکار۔ مشقت جس پر کسی کو مجبور کیا جائے اور بقول بعض کُرْہ بالضم: جس پر تم اپنے آپ کو مجبور کرو اور کَرْہ: بالفتح جس پر کسی غیر کو مجبور کرو۔ اور کہا جاتا ہے "شَیئٌ کَرْہٌ" مکروہ چیز۔ "رَجُلٌ کَرْہٌ" ناراض مرد "وَجْہٌ کَرْہٌ" قبیح چہرہ "وَفَعَلَہٗ کَرْھًا" یعنی اس نے اس کو مجبوراً کیا۔
الکَرِہ: قبیح۔
الکَرَاھَۃ: مص۔ سخت زمین۔
الکَرَاھِین: کراہت۔ کہا جاتا ہے: "اَتَیتُکَ کَرَاھِینَ اَنْ تَغْضَبَ" تیرے غضبناک ہونے کی کراہت سے میں تیرے پاس آیا۔
الکَرِیھَۃ: مؤنث کَرِیہ: لڑائی کی شدت۔ مصیبت۔ ج کَرَائِہ. ذُوالکَرِیھَۃِ: شمشیر براں۔ کہا جاتا ہے "لَقِیتُ دُوْنَہٗ کَرَائِہَ وَمَکَارِہَ" اس کے ورے مصیبتوں اور مکروہات سے میں دوچار ہوا۔
المَکْرَہ: مکروہ۔ ج مَکَارِہ.
المَکْرَھَۃ والمَکْرُوْھَۃ: ناپسندیدہ ودشوار

المَکْرُوْہ: مفع۔ شر۔ ناپسندیدہ۔
المَکْرُوْھَۃ: تنگی۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ذُو مَکْرُوْھَۃٍ" وہ تنگی میں ہے۔
کَرَا یَکْرُو کَرْوًا. الاَرْضَ: کھودنا...... الاَمْرَ: بار بار اعادہ کرنا...... البِئْرَ: کنوئیں کا مٹی درخت کے تنوں سے بنانا...... بِالکُرَۃِ: گیند کھیلنا۔ کَرَتِ الدَّابَّۃُ: تیز دوڑنا۔
کَرِیَتْ تَکْرِی کَرًا. السَّاقُ: پنڈلی کا باریک ہونا...... المَرْاَۃُ: موٹے بازوؤں والی ہونا۔
الکَرَا: بازوؤں کی موٹائی۔ قدم کے پنجے کا قریب ہونا اور ایڑیوں کا دور ہونا یا پنڈلیوں کی باریکی۔ کَرَوَان کا مذکر۔
الکَرَوَان: ایک پرندہ۔ بھورے رنگ کا لمبی چونچ کا اور کہا جاتا ہے کہ وہ رات کو سوتا نہیں اور اس کا نام ایسا رکھا گیا ہے جو ضد پر دلالت کرتا ہے اس وجہ سے کہ کریٰ کے معنی نیند کے ہیں مؤنث کَرَوَانَۃ. ج کِرْوَان و کَرَاوِین.
الکُرَۃ: ہر وہ چیز جس کو تم گول بناؤ۔ ہر گول چیز اور نسبت کیلئے کُرَوِی و کُرِی ج کُرًی و کُرِین و کِرِین و کُرَات و اُکَر.
الکَرَوِیَا والکَرَاوِیَاءُ: زیرہ۔
کَرَی یَکْرِی کَرْیًا الرَّجُلُ: تیز دوڑنا...... النَّھْرَ: نہر کو کھودنا...... بِالکُرَۃِ: گیند کھیلنا۔
کَرِیَ یَکْرٰی کَرًی الرَّجُلُ: اونگھنا۔ صفت کَرٍ و کَرْیَان و کَرِیّ.
کَارَاہٗ مُکَارَاۃً و کِرَاءً الدَّابَّۃَ او الدَّارَ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا۔ صفت مُکَارٍ.
اَکْرٰی اِکْرَاءً الشَّیئُ: زیادہ ہونا۔ کم ہونا۔ (ضد)...... فُلَانٌ: اطاعت الٰہی میں شب بیداری کرنا۔ الاَمْرَ: مؤخر کرنا۔ پیچھے ڈالنا ...... الحَدِیثَ: بات طویل کرنا...... فُلَانًا دَابَّۃً او دَارَہٗ: چوپایہ یا مکان کرایہ پر دینا اور اسم۔
شادی والوں کو تاج پہنایا پس تاج والے
ہوئے۔
اَلْاِکْلِیْلُ الدَّائِرِیُّ اَوِ الْحَلْقَةُ الدَّائِرِیَّةُ: وہ
سطح جو متحد مرکز دو دائروں کو گھیرتی ہو۔
اَلْاِکْلِیْلُ: تاج۔ جواہر سے مزین پٹکا۔ ج
اَکِلَّةٌ واَکَالِیْلُ: ناخن کے ارد گرد کا
گوشت۔ اِکْلِیْلُ الْمَلِکِ: ناخنہ۔
واِکْلِیْلُ الْجَبَلِ: ایک قسم کی نباتات۔
الْکَلِیْلُ: تھکا ہوا۔ کہا جاتا ہے "بَصَرٌ
کَلِیْلٌ" کمزور نگاہ "سَیْفٌ کَلِیْلٌ" کند
تلوار۔ ج کِلَالٌ۔
کَلَأَ (ف) کَلْأً وکِلَاءً وکِلَاءَةً اَللّٰهُ
فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ کَلَأَهُ بِالسَّوْطِ:
کوڑے مارنا۔ کَلَأَ بَصَرَهُ فِی الشَّیْءِ: بار
بار دیکھنا.... النَّجْمَ مَتٰی یَطْلُعُ: ستارے
کے طلوع ہونے کا انتظار کرنا (.... کَلَا
وکُلُوْءَةً) الدَّیْنُ: ادائیگی میں دیر ہونا۔
صفت کَالِیٌٔ وکَالٍ.... عُمْرُهُ: عمر کا ختم
ہونا۔
کَلَا وکَلِیَٔ (س) کَلَأَ الْمَکَانُ: سبزہ زار
ہونا.... واَکْلَأَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا سبزی
کھانا۔

کَلَّأَ تَکْلِیئًا وتَکْلِئَةً السَّفِیْنَةَ: کشتی کو
کنارے سے قریب کرنا.... الرَّجُلَ: باز
رکھنا.... فِی الْاَمْرِ: غور سے دیکھنا.... اِلٰی
فُلَانٍ فِی الْاَمْرِ: آگے بڑھنا (.... تَکْلِیئًا)
بیعانہ لینا۔ (.... تَکْلِئَةً) ہوا سے پناہ کی جگہ
میں آنا.... فِی الطَّعَامِ وغَیْرِهِ: بیع سلم
کرنا۔
کَالَأَهُ مُکَالَأَةً وکِلَاءً: انتظار کرنا۔
تَکَلَّأَ واسْتَکْلَأَ الْکُلْأَةَ: بیعانہ لینا۔
اِسْتَکْلَأَ الْمَکَانُ: سبزہ زار ہونا۔
اِکْلَأَ کُلُوْءًا: بیعانہ لینا۔ اِکْلَأَتْ عَیْنُهُ: بے
خوابی میں مبتلا ہونا اور نہ سونا۔ اِکْلَأَ مِنْ
فُلَانٍ: بچنا۔
الْکَلَّاءُ: بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔
الْکَالِیٔ والْکَالِی: بیعانہ۔ ادھار ج کَوَالِی
وکَوَالٍ۔
مَکَانٌ کَلِیٌٔ ومُکْلِیٌٔ: بہت سبزہ زار۔
مؤنث کَلِئَةٌ ومُکْلِئَةٌ۔
رَجُلٌ کَلُوْءُ الْعَیْنِ: مرد بیدار چشم جس پر نیند
کا غلبہ نہ ہو۔ عَیْنٌ کَلُوْءٌ: بے نیند کی آنکھ۔
الْکُلْأَةُ: بیعانہ۔ ادھار۔
الْاَکْلَأُ: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "بَلَّغَ اللّٰهُ
بِکَ اَکْلَأَ الْعُمُرِ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری
انتہائی عمر کرے۔
اَرْضٌ مَکْلَأَةٌ: بہت سبزہ زار زمین۔
الْمُکَلَّأُ: بندرگاہ۔ دریا کا کنارہ۔ ہر وہ
جگہ جہاں ہوا سے پناہ لے سکیں۔
کَلَبَ (ن) کَلْبًا الْفَرَسَ: گھوڑے کو مہمیز
مارنا.... الْمَزَادَةَ: توشہ دان میں تسمہ لگانا۔
کَلَبَ (ض) کَلْبًا الرَّجُلُ: کتوں کے
بھونکنے کے لئے انہیں کی طرح آواز نکالنا۔
الْکَلْبُ: کتے کالا گو ہونا۔
کَلِبَ (س) کَلَبًا: پیاسا ہونا.... الْکَلْبُ:
دیوانہ ہونا.... الرَّجُلُ: پاگل کتے کے کاٹنے
سے دیوانگی والا ہونا.... عَلَی الْاَمْرِ:
حریص ہونا.... فِی کَذَا: امید رکھنا....
عَلَی الرَّجُلِ: اصرار کرنا.... الرَّجُلُ: بغیر

آسودگی کے بہت کھانا۔ دیوانہ کتے کا
کاٹنا۔ دیوانہ کتے کے کاٹنے سے چیخنا۔
غضبناک کرنا۔ فرومایگی کرنا.... الْکَلْبُ:
کتے کا لاگو ہونا.... الْقِدُّ عَلَی الْاَسِیْرِ:
خشک ہونا.... الشَّجَرُ: درخت کی سیرابی نہ
ہونے کی وجہ سے پتوں کا خشک ہونا اور
گزرنے والے کے کپڑوں سے الجھنا....
الشِّتَاءُ والزَّمَانُ: سخت ہونا۔
کُلِبَ کَلَبًا الرَّجُلُ: کتے کے کاٹنے کی وجہ
سے دیوانہ ہونا۔
کَلَّبَ الْکَلْبَ: کتے کو سدھانا۔
کَالَبَ کِلَابًا ومُکَالَبَةً الرَّجُلَ: کھلم کھلا
دشمنی کرنا اور تنگی ڈالنا۔ کَالَبَتِ الْاِبِلُ:
اونٹوں کا کانٹے دار درخت چرنا۔
اَکْلَبَ الْقَوْمُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔
تَکَالَبَ الْقَوْمُ: کھلم کھلا آپس میں دشمنی کرنا
.... عَلٰی کَذَا: ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
کہا جاتا ہے "تَکَالَبَ النَّاسُ عَلَی الدُّنْیَا"
یعنی لوگ دنیا کے بہت حریص ہو گئے۔
اِسْتَکْلَبَ الرَّجُلُ: کتوں کی طرح بھونکنا۔
.... الْکَلْبُ: کتے کا لاگو ہونا۔ انسان کے
کھانے کا عادی ہونا۔
الْکَلْبُ: ہر ایک کاٹنے والا درندہ۔ ج
کِلَابٌ. واَکْلُبٌ وجج اَکَالِبُ وکِلَابَاتٌ
الْکَلْبُ: چکی کے دھرے کے سرے کا لوہا۔
کجاوہ کے کنارہ کی میخ۔ جس پر مسافر اپنے
توشہ وغیرہ کو لٹکائے۔ دیوار میں ٹیک لگانے
کی تھونی۔ ٹیلہ کا کنارہ۔ تلوار کے قبضہ کی میخ
مِنَ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کی دھاری۔ کہا
جاتا ہے "اِسْتَوٰی عَلٰی کَلْبِ فَرَسِهِ" وہ
اپنے گھوڑے کی پیٹھ پر جم کے بیٹھ گیا اور کہا
جاتا ہے "کَفَّ عَنْهُ کِلَابَهُ" یعنی اس نے
گالی دینی اور تکلیف پہنچانی چھوڑ دی اور
فُلَانٌ بِوَادِی الْکَلْبِ: جبکہ گھر بار نہ ہو
جہاں وہ ٹھکانا لے سکے۔ الْکَلْبُ: وادی
کے پانی کی پہلی زیادتی۔ ہر وہ چیز جس سے
کوئی چیز باندھی جائے۔ کَلْبُ الْمَاءِ او

كَلْبُ البَحْرِ: ایک قسم کی مچھلی جو کتے سے کچھ مشابہ ہوتی ہے اور دم لمبی اور کان اور ٹانگیں چھوٹی چھوٹی ہوتی ہیں اور رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے۔ الكَلْبُ وكَلْبُ الجَبَّار والكَلْبُ الاكْبَر والكَلْبُ الاَصْغَر وكَلْبُ الرَّاعِي: ستاروں کے نام۔ كَفُّ الكَلْب: ایک قسم کی پھیلی ہوئی گھاس۔ لِسَانُ الكَلْب: ایک نباتات۔

الـــكَلَاب: کتے کے کاٹنے کی وجہ سے دیوانگی۔

الكَلَب. كَلِبَ: کا مصدر۔ کتے کی دیوانگی۔ سخت پیاس۔ ابتدائی سرما اور کہا جاتا ہے "دَفَعْتُ عَنْکَ كَلَبَ فُلَانٍ" یعنی میں نے تم سے فلاں کے شر کو دور کر دیا۔

الكَلبة: کتیا۔ کانٹا۔ اُمّ كَلْبَة: بخار۔

الكَلْبَتَان: لوہا کا زنبور۔ دانت اکھاڑنے کا زنبور۔ اور اس کو كَلَّابَة: بھی کہتے ہیں۔

الكُلْبَة: سختی۔ تنگی۔ قحط۔ شدت سرما۔ بلی کتے کی تھوتھنی کے دونوں طرف کے بال۔ شراب فروش کی دکان۔

الكُلَّاب والكَلُّوب: مہمیز۔ آگ نکالنے کے لئے مڑے ہوئے سر کی سلاخ۔ آنکس ج كَلَالِيب. كَلَالِيبُ البَازِي: باز کے پنجے۔ كَلَالِيبُ الشَّجَرِ: درخت کے کانٹے۔

الكَلَّاب والكَالِب: کتے والا۔ الكَلَّاب: کتوں کو سدھانے والا۔ کجاوہ کے کنارہ پر کچھ لٹکانے کے لئے میخ۔ گوشت وغیرہ لٹکانے کے لئے لوہے کا کنڈا۔ ج كَلَالِيب.

الكَالِب والكَلِيب: کتوں کا جھنڈ۔

الكَلِب ج كَلِبُون والكَلِيب ج كَلْبَى کتے کے کاٹنے سے دیوانہ۔ عَامٌ كَلِبٌ: سخت اور قحط کا سال۔ دَهْرٌ كَلِبٌ: غم میں مبتلا کرنے والا دور۔ سَائِلٌ كَلِب: بہت اصرار سے مانگنے والا سائل اور کہا جاتا ہے "هُوَ كَلِبٌ عَلَى كَذَا" وہ فلاں چیز کا بہت حریص ہے۔

الكَلِبَة. كَلِب: کا مؤنث۔ خاردار درخت۔ اَرْض كَلِبَة واَرْض كَلِبَةُ الشَّجَرِ: خشک زمین۔

المُكَلَّب: مفع بیڑی پڑا ہوا قیدی۔ كِلَابٌ مُكَلَّبَةٌ: سدھے ہوئے کتے۔

الـمُكَلِّب: کتوں کو سدھانے والا۔ شکار پکڑنے والے جانور۔

المُكَالِب: دلیر۔

اَرْضٌ مَكْلَبَة: بہت کتوں والی زمین۔

كَلَتَ (ض) كَلْتًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ كَلَتَ بِهِ: پھینکنا۔ كَلَتَهُ فِي الإِنَاءِ: برتن میں انڈیلنا۔ الفَرَسَ: گھوڑے کو چلانا۔

اِنْكَلَتَ المَاءُ: ڈالا جانا...... الرَّجُلُ: منقبض ہونا۔

اِكْتَلَتَ المَاءَ: پینا۔

الكُلْتَة: کھانے کا حصہ۔

الكَلِيت والكِلِّيت: لما پتھر جس سے بجو کے بھٹ کو بند کیا جائے۔

كَلْتَبَ كَلْتَبَةً فِي اَمْرِهِ: مداہنت برتنا۔ سستی کرنا۔

الكَلْتَب والكُلْتُب: کاموں میں سستی کرنے والا۔

كَلْثَمَ كَلْثَمَةً لَحْمُ الوَجْهِ: بلا ترش روئی کے چہرے کا گوشت سمٹنا۔

الكَلَج: بہادری۔

الكُلَج: قوی لوگ۔

كَلَحَ (ف) كُلُوحًا وكُلَاحًا وَجْهُهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا۔ صفت كَالِح: کہا جاتا ہے "كَلَحَ فِي وَجْهِ الصَّبِيِّ او المَجْنُونِ" یعنی بچے یا مجنون کو گھبراہٹ میں ڈال دیا۔

كَلَّحَ وَجْهَهُ: ترش رو بنانا۔ تیوری چڑھانا۔

اَكْلَحَ وَجْهَهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا...... وَجْهَهُ: تیوری چڑھانا۔

كَالَحَ فُلَانًا: قوت میں مقابلہ کرنا۔ باہم سختی کرنا...... القَمَرُ: چاند کا بادل میں چھپنا۔ منزل سے آگے نہ بڑھنا۔

تَكَلَّحَ. الوَجْهُ: تیوری چڑھا ہوا ہونا...... البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا...... الرَّجُلُ: مسکرانا۔

اَكْلُوحَ وَجْهُهُ: تیوری چڑھ جانے میں دانت نکالنا۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ كُلَاحٌ" سخت اور تنگی کا سال۔

كَلَاحِ: مبنی بر کسرہ۔ قحط زدہ سال۔

الكَلْحَة: منہ اور اس کا ارد گرد۔

الـكَالِح: فا۔ وہ شخص جس کے ہونٹ کھلے ہوئے ہوں۔ کہا جاتا ہے "دَهْرٌ وشِتَاءٌ كَالِحٌ" سخت زمانہ اور سخت سردی۔

الكَوْلَح: قبیح۔

كَلَذَ (ض) كَلْذًا وكَلَذًا الشَّيْءَ: تہ بتہ جمع کرنا۔

تَكَلَّذَ الرَّجُلُ: موٹے گوشت والا ہونا۔ قوی ہونا۔

الكَلَذ: سخت زمینیں۔ واحد كَلَذَة.

الاَكْلِيذ: کنجی۔ (دخیل)

كَابُورِي اَو خَرِيرَة: ایک گرام پانی کو گرم کرنے کے لئے سو (۱۰۰) درجہ کی حرارت۔

الكُلُور: کیمیت نمبر علامت ایٹمی نمبر۔

كُلُورِين: ۳۵٬۴۵۷۔ 17-C-L
جسم بسیط زرد سبزی مائل گیس جس کی بو سانس روکنے والی ہوتی ہے۔ یہ زہریلا گیس ۱۹۱۵ء کی جنگوں میں پہلی دفعہ استعمال کی گئی۔
صفائی کرنے والے اور رنگوں کو مٹانے والے مواد میں داخل کی جاتی ہے۔

اَلْكُلُورُومِيتِين: ٹائیفائیڈ بخار کے علاج میں استعمال ہونے والی دوا کا نام۔

كَلَزَ (ض) كَلْزًا وكَلَزًا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔

اِكْلَأَزَّ اِكْلِئْزَازًا. البَازِي: باز کا سمٹ کر شکار پکڑنے کا ارادہ کرنا...... الرَّجُلُ: سکڑنا۔

الكِلِز: مضبوط پٹھے والا مرد۔

كَلَّسَ البَيْتَ: گچ سے استرکاری کرنا...... الشَّيْءَ: گچ کی مانند بنانا۔ كَلَّسَ عَنْ قِرْنِهِ: بزدل ہونا اور بھاگنا...... عَلَيْهِ: حملہ

کرنا۔ ......مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

تَکَلَّسَ: چونا یا گچ ہونا۔ چونا یا گچ کی مانند ہونا۔

......مِنَ المَاءِ: پانی سے سیراب ہونا۔

الکِلس: چونا یا چونا راکھ ملا ہوا۔

الکُلسَة: بھورا رنگ۔

اَلکَلسِیُوم: کَیلشِیَم: کیمیت نمبر ۴۰،۰۸۔ A-C-۲۰

ایک سفید بسیط مادہ جو ہڈیوں اور دانتوں کے جوڑنے میں کام آتا ہے اس کے مرکبات سے چونا اور چونا والے پتھر۔

الاَکلَس: چونہ والا۔ چونا بیچنے والا۔ سَیفٌ کَلّاس: شمشیر براں۔

اَلکَلَسَة ج اَلکَلَسَات: جوار بین۔ اس کو اَلقَلبشِین ج قَلاشِین: بھی کہا جاتا ہے۔

اَلکَلاسِیکِیَّة اَوالاَدَب الکَلاسِیکِیّ: کلاسکی ادب کو پڑھانے کا وہ نظریہ جو کہ قدماء یونان نے اختیار کیا۔

المُتَکَلِّس: تیز دوڑنے والا۔

الاَنکَلِیس: ایک مچھلی جو سانپ کی مانند ہوتی ہے اور اس کو حَنکَلِیس بھی کہتے ہیں (دخیل)

کَلسَمَ اِلَیهِ: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا۔

......الرَّجُلُ: تیز جانا۔ اداء حقوق میں کاہلی کی وجہ سے تاخیر کرنا۔

الکَلشَمَة: بڑھیا۔

کَلصَمَ الرَّجُلُ: بھاگنا۔

کَلِعَتْ (س) کَلَعًا قَدَمُهُ: قدم کا میلا ہونا اور پھٹنا۔

کَلِعَ (س) وکَلَعَ (ف) کَلَعًا الوَسَخُ عَلٰی رَاسِهِ او فِی رَاسِهِ: سر پر میل کا خشک ہونا۔ کَلِعَ رَاسُهُ: سر کا میلا ہونا۔ کُلِعَتْ قَوَائِمُ الدَّابَّةِ: چوپائے کی ٹانگوں میں سخت خارش ہونا۔ ...... کَلَعًا وکُلَاعًا البَعِیرُ: پھٹے ہوئے کھر والا ہونا۔

اَکلَعَهُ الوَسَخُ: میلا کچیلا ہونا۔ میل کچیل کا تہ بہ تہ جمنا۔

تَکَلَّعَ القَومُ: جمع ہونا اور باہم قسم کھانا۔

الکَلِعُ: مرد بدقوارہ۔ فرومایہ۔ ج کِلَعَة۔

الکَلِعُ: بوائی۔ پیر کی پھٹن۔

اَلاَکلَعُ: بوائی والا۔ جس شخص یا چیز پر میل جم گیا ہو۔ مؤنث کَلعَاء کہا جاتا ہے "هُوَ اَسوَدُ کُلَّعٌ" یعنی وہ کالا ہے اور اس کی سیاہی میل کی مانند ہے۔

الکُلعَة: بکریوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔ بہت سی بکریاں۔

الکُلَعَة: ایک مرض ہے جو اونٹ کے پچھلے حصہ میں ہوتا ہے۔

الکَوَلَع: میل کچیل۔

الکُلَاع: مص۔ سختی۔ شدائد میں صبر۔ مواقع جنگ۔

الکُلَاعِیُّ: مرد دلیر۔

کَلِفَ (س) کَلَفًا الوَجهُ: چہرہ کا چھائیں والا ہونا۔ صفت اَکلَف: مؤنث کَلفَاء۔ بِهِ: عاشق زار ہونا۔ صفت کَلِفٌ...... الاَمرَ: مشقت پر برانگیختہ کرنا۔ کَلَّفَهُ: دشوار کام کا حکم دینا۔

اَکلَفَهُ بِکَذَا: عاشق زار بنانا۔ تَکَلَّفَ الاَمرَ: دشوار کام برداشت کرنا۔ تکلف کرنا۔

اِکلَافَّ اِکلِیفَافًا: چھائیں کے رنگ کا ہونا۔

الکَلَف: سیاہی زردی مائل۔ چھائیں۔

الکَلِف: عاشق زار۔

الکُلفَة: چھائیں کا رنگ۔

الکُلفَة: مشقت۔ رنج۔ سختی۔ کسی مصیبت یا حق کے بارے میں جو رنج تمہیں لاحق ہو ج کُلَف۔

التَّکلِفَة: مشقت۔ ج تکالیف۔

الکَلُوف: دشوار امر۔

الکَلَافَة: سخت محبت۔ اشتیاق۔

الکَلفَاء۔ اَکلَف: کا مؤنث۔ تیز سرخ شراب جو سیاہی مائل ہو۔ سرخی سیاہی مائل شراب کا مٹکا۔

الکَلَّاف ......

والا۔ اُمور لایعنی میں پڑنے والا۔

الکَلَک: چھوٹی کشتیاں جو عراق کے دریاؤں میں چلائی جاتی تھیں۔ ج کَلَکَات۔

الکَلکَل ج کَلَاکِل والکَلکَال: سینہ۔ پسلی کی ہڈیوں کے درمیان کا حصہ۔ ......مِنَ الفَرَسِ: بیٹھنے کی حالت میں سینہ کا جتنا حصہ زمین پر لگے۔ الکَلَاکِل: جماعتیں۔

الکُلکُل والکُلَاکِل: مضبوط۔ گٹھے بدن کا پستہ قد مرد۔ مؤنث کُلکُلَة و کُلَاکِلَة۔

کَلَمَهُ (ن ض) کَلمًا: زخمی کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِمَّا یَکلِمُ العِرضَ والدِّینَ" یہ ان چیزوں میں سے ہے جو دین اور آبرو میں عیب لگائے۔

کَلَّمَهُ تَکلِیمًا: زخمی کرنا(...... تَکلِیمًا وکِلَّامًا) بات چیت کرنا۔

کَالَمَهُ مُکَالَمَة: گفتگو کرنا۔

تَکَالَمَ الرَّجُلَانِ: جدائی کے بعد گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَانَا مُتَصَارِمَینِ فَاَصبَحَا یَتَکَالَمَانِ" دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے۔ پھر گفتگو کرنے لگے۔ اس موقعہ پر یَتَکَالَمَانِ: ہی کہا جائے گا۔ یَتَکَلَّمَانِ: نہیں۔

تَکَلَّمَ تَکَلُّمًا وتِکِلَّامًا الرَّجُلُ کَلِمَةً وبِکَلِمَةٍ: بات کہنا۔

الکَلم: مص۔ زخم۔ ج کُلُوم وکِلَام۔

الکَلِمَة۔ ج کَلِم وکَلِمَات والکِلمَة ج کِلَم والکَلمَة ج کَلِمَات: لفظ۔ مفرد یا مرکب جو انسان بولے۔ کَلِمَةُ التَّوحِید: لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ۔ کَلِمَةُ التَّقوٰی: بِسمِ اللّٰهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیم:

العَشرُ الکَلِمَات: اللہ تعالیٰ کے دس احکامات جو بنی اسرائیل پر نازل ہوئے تھے۔ الکَلِمَةُ وکَلِمَةُ اللّٰهِ: سیدنا عیسیٰ علیہ السلام کا لقب اور کلمۃ کا اطلاق خطبہ اور قصیدہ پر بھی ہوتا ہے۔

کَلِمَةُ اللّٰهِ: (عیسائیوں کے نزدیک): اقنوم

ثانی تین میں سے۔

الْكَلَام: قول۔ گفتگو۔ جملہ۔

عِلْمُ الْكَلَام: اسلامی نظریات کے مطابق وہ علم جس میں اللہ تعالیٰ کی ذات، صفات پیدائش مخلوق اور آخرت کے متعلق بحث کی جائے۔

الْكُلَام: سخت زمین۔

الْكُلْمَانِيُّ والْكُلَمَانِيُّ والْكِلِمَّانِيُّ والْكِلِمَّانِي: فصیح اور عمدہ گفتگو کرنے والا۔ بہت بولنے والا۔ انہی میں تا لگانے سے مؤنث کا صیغہ ہو جائے گا۔

رَجُلٌ تِكْلَامٌ وتِكِلَّامٌ وتِكْلَامَة وتِكِلَّامَة: عمدہ اور فصیح گفتگو کرنے والا۔

الْكَلِيْم: مجروح۔ ج كَلْمَى...... تمہارا ہم کلام ج كُلَمَاء. الْكَلِيْم وكَلِيْمُ اللّٰهِ: حضرت سیدنا موسیٰ علیہ السلام کا لقب۔

رَجُلٌ كَلِيْمٌ: بہت بولنے والا۔

الْمُتَكَلِّم: فا۔ علم کلام کا ماہر۔

الْمُتَكَلَّم: گفتگو کی جگہ۔ تم کہتے ہو مَا اَجِدُ مُتَكَلَّمًا: یعنی گفتگو کی جگہ میں نہیں پاتا ہوں۔

كَلَى يَكْلِي كَلْيًا. الرَّجُلَ: گردے پر مارنا۔ صفت مفعولی مَكْلِي۔

كَلِيَ (س) كَلًى واكْتَلَى: گردے پر لگنا۔ واكْتَلَاهُ: گردے پر مارنا۔

كُلِيَ: درد گردہ میں مبتلا ہونا۔

كَلَّى تَكْلِيَةً: چھپنے کی جگہ میں آنا۔

اِكْلَوْلَى اِكْلِيْلَاءً: شکست کھانا۔

اَلْكُلْيَة والْكُلْوَة: گردہ۔ مثنّٰی كُلْيَتَان وكُلْوَتَان ج كُلًى وكُلْيَات. كُلَى الْوَادِي: وادی کے اطراف وجوانب۔ کہا جاتا ہے "غَنَمٌ حَمْرَاءُ الْكُلَى" دبلی پتلی بکریاں "لَقِيْتُهُ بِشَحْمِ كُلَاهُ" میں نے اُس سے آغازِ جوانی اور ایامِ نشاط میں ملاقات کی۔ والْكُلْيَة مِنَ الْقَوْس: کمان کے قبضہ سے تین بالشت...... مِنَ السَّحَاب: بادل کے نیچے کا حصہ الْكُلَى

الطَّيْر: باز کے چار پر۔

الْكَلِيُّ: درد گردہ والا۔

كِلَا وكِلْتَا: یہ دونوں اسم لفظاً مفرد اور معناً مثنّٰی ہیں اور كلا سے مذکر کی اور كلتا سے مؤنث کی تاکید ہوتی ہے اور ہمیشہ ایسے کلمہ کی طرف اضافت ہوتی ہے جو معرفہ اور تثنیہ پر دلالت کرتا ہو اور جب اسم ظاہر کی طرف اضافت ہوتی ہے تو الف اپنی حالت پر باقی رہتا ہے اور اعراب تقدیری ہوتا ہے جیسے "رَاَيْتُ كِلَا الرَّجُلَيْنِ وكِلْتَا الْمَرْاَتَيْنِ" اور جب ضمیر کی طرف اضافت ہو تو مثنی جیسا اعراب ہوتا ہے جیسے "جَاءَ الرَّجُلَانِ كِلَاهُمَا وَرَاَيْتُ الرَّجُلَيْنِ كِلَيْهِمَا والْمَرْاَتَيْنِ كِلْتَيْهِمَا" اور جب ضمیر ان کی طرف راجع ہو تو لفظ کی رعایت جائز ہے جیسے "كِلْتَا الْجَنَّتَيْنِ اٰتَتْ اُكُلَهَا" و "زَيْدٌ وعَمْرٌو كِلَاهُمَا قَائِمٌ" اور یہی افصح ہے اور رعایت معنی بھی جائز ہے۔ جیسے "كِلَاهُمَا قَامَا" و زَيْدٌ وعَمْرٌو كِلَاهُمَا قَائِمَانِ اور یہ کم ہے۔ اور "كِلَاهُمَا مُحِبٌّ لِصَاحِبِهِ" جیسی ترکیب میں رعایت لفظ متعین ہے اس لئے کہ معنی كُلٌّ مِنْهُمَا کے ہیں۔

الِاكْلِيْرُوْس: گرجا کے خادم۔ واحد اِكْلِيْرِيْكِيٌّ. ج اِكْلِيْرِيْكِيُّوْنَ.

كَمْ: دو قسمیں ہیں۔ (۱) استفہامیہ اور اس کا ممیز منصوب ہوتا ہے جیسے كَمْ دِرْهَمًا لَكَ: یعنی تمہارے کتنے درہم ہیں۔

(۲) خبریہ بمعنی کثیر اس کا ممیز مجرور ہوتا ہے جیسے كَمْ عَبْدٍ او عَبِيْدٍ مَلَكْتُ میں بہت غلاموں کا مالک ہوں۔

كَمَّ (ن) كَمًّا: چھپانا۔ پوشیدہ ہونا۔ الْبَعِيْرَ: اونٹ کے منہ پر تھوتھنی چڑھانا...... النَّاسُ: لوگوں کا اکٹھا ہونا۔

كَمَّتْ وكُمَّتْ كَمًّا وكُمُوْمًا النَّخْلَةُ: درخت خرما میں شگوفہ آنا۔ صفت مَكْمُوْم.

كَمَّمَ واَكَمَّ الْقَمِيْصَ: کرتے میں آستین

خرما کا شگوفہ دار ہونا۔

تَكَمَّمَ بِثِيَابِهِ: اوڑھنا۔ چھپنا۔ تَكْمِمَة: بند کرنا۔ لپیٹنا۔

تُكُمِّمَ الْقَوْمُ: مدہوش ہونا۔ ڈھانکا جانا۔

الْكَمُّ والْكَمِّيَّةُ: مقدار۔

الْكَمِّي: کم کی طرف نسبت۔ مؤنث كَمِّيَّة.

الْكُمُّ: آستین۔ ج اَكْمَام وكِمَمَة.

الْكُمَّة: گول ٹوپی۔ ڈھکنا۔

الْكِمُّ: غلاف شگوفہ۔ ج اَكِمَّة واَكْمَام وكِمَام واَكَامِيْم.

اَكِمَّةُ الْخَيْلِ: توبڑہ۔ واحد كِمَام.

الْكِمَامَة: پھول کا غلاف۔ کھجور کے شگوفہ کا غلاف۔

الْكِمَامَة والْكِمَام: تھوتھنی جس سے جانور کے منہ کو باندھ دیا جائے تاکہ وہ کھا اور کاٹ نہ سکے۔

الْمَكْمُوْم: مفع...... مِنَ النَّخْلِ: درخت خرما جس میں غلاف شگوفہ نکل آئے۔

الْمِكَمَّة: تھوتھنی۔

كَمِيَ (س) كَمْيًا: پوشیدہ ہونا...... عَنِ الْاَخْبَارِ: ناواقف ہونا۔ بے خبر ہونا۔

كَمِئَتْ يَدُهُ مِنَ الْبَرْدِ او الْعَمَلِ: ہاتھ کا سردی یا کام سے پھٹنا۔

كَمَاَهُ (ف) كَمْاً: سانپ کی چھتری کھلانا۔

اَكْمَاَ اِكْمَاءً. الْمَكَانُ: بہت سانپ کی چھتری والا ہونا...... الرَّجُلَ: سانپ کی چھتری کھلانا...... السِّنُّ فُلَانًا: بوڑھا کر دینا۔

تَكَمَّاَهُ: ناپسند کرنا۔ برا جاننا۔ تَكَمَّاَتْ عَلَيْهِ الْاَرْضُ: پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّاسُ يَتَكَمَّؤُوْنَ" یعنی لوگ سانپ کی چھتری چننے کے لئے نکلے۔

الْكَمْءُ: مص۔ سانپ کی چھتری اور اس کو شحم الارض بھی کہتے ہیں ج اَكْمُؤ وكَمْاَة.

الْكَمَّاءُ: سانپ کی چھتری بیچنے والا۔ سانپ کی چھتری بیچنے کیلئے چننے والا۔

الكَمْأَةُ والكَمْءُ: سانپ کی چھتری کی جگہ۔

الكُمْبِيَالَةُ: سند یا ورق جو لکھا جائے۔

الكَمْبِيُو: نقدی سکوں کا تبادلہ۔

كَمُتَ (ك) كُمْتًا وكَمَاتَةً وكُمْتَةً الفَرَسُ: کمیت ہونا۔

كَمَتَ (ن) كَمْتًا الغَيْظَ: غصہ کو دبانا۔

كَمَّتَ الثَّوْبَ: کپڑے کو سیاہی مائل سرخ رنگنا۔

كَمَّتَ تَكْمِيتًا الخَمْرَ والفَرَسَ وغَيْرَهُمَا: کمیت بنایا جانا۔

اِكْمَتَّ واِكْمَتَّ واِكْمَاتَّ الفَرَسُ: گھوڑے کا کمیت ہونا۔

الكُمْتَةُ: کمیت رنگ۔

الكُمَيْتُ مِنَ الخَيْلِ (للمذكر والمؤنث) سرخ سیاہ رنگ والا اور یہ خلاف قیاس اَكْمَت کی تصغیر ہے۔ ج كُمْت۔

الكُمَيْتُ: شراب۔ کہا جاتا ہے خَيْلٌ كُمَاتِيٌّ: تو مرکیت گھوڑے۔

الكَمِيتَةُ: جڑ۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَهُ بِكَمِيتَتِهِ" یعنی اس نے اس کو مع جڑ کے لے لیا۔

كَمْتَرَ: چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا...... القِرْبَةَ: مشک کو بندھن سے باندھنا۔ السِّقَاءَ: مشک بھرنا...... القَصِيرُ: پستہ قد کا دوڑنا۔

الكُمْتُرُ والكُمَاتِرُ: موٹا۔ پستہ قد۔ سخت مضبوط

كَمْتَرَ الشَّيْءُ: جمع ہونا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔

الكُمَاتِرُ: پستہ قد۔

الكُمَّثْرَى: امروت۔ واحد كُمَّثْرَاةٌ: ناسپاتی۔

الكَمَجُ: بن ران۔

الكُمَاجُ: اس کا واحد۔ کماجۃ گول موٹی روٹی جو عام روٹی سے بڑی اور نسبتاً موٹی ہوتی ہے۔

كَمَحَ (ف) كَمْحًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔

اَكْمَحَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو کھینچ کر ٹھہرانا۔

الكَرْمُ: پتے نکالنے کے قریب ہونا اور خوشہ انگور نکلنے کی جگہ ظاہر ہونا۔

اَكْمَحَ الرَّجُلُ: بڑا بنایا جانا۔

المُكْمَحُ: بڑا بنایا ہوا۔

كَمَخَ (ف) كَمْخًا بِأَنْفِهِ: تکبر کرنا...... الفَرَسَ بِاللِّجَامِ: گھوڑے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔

اَكْمَخَ الكَرْمُ: پتے نکالنے کے وقت خوشہ انگور نکلنے کی جگہ کا ظاہر ہونا۔

الكُمَّاخُ: غرور۔ بڑا بننا۔

الكَامَخُ: سالن اور بعضوں نے سرکہ کی چٹنی کے لئے خاص کیا ہے۔ ج كَوَامِخُ (دخیل)

كَمِدَ (س) كَمَدًا: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا...... الرَّجُلُ: غم سے بیمار دل والا ہونا۔ صفت كَامِدٌ وكَمِدٌ وكَمِيدٌ. وكَمِدَ الثَّوْبُ: پرانے ہونے کی وجہ سے بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔

كَمَدَ (ن) كَمْدًا وكُمُودًا القَصَّارُ الثَّوْبَ: دھوبی کا کپڑے کو کاٹنا۔ اور اسم الكِمَادُ: ہے۔

اَكْمَدَ الهَمُّ فُلَانًا: غمگین کرنا۔ اداس کرنا۔ دل کو بیمار کرنا...... وكَمَّدَ العُضْوَ: ٹکور کرنا۔ سینکنا۔ صفت مفعولی مُكَمَّدٌ.

الكُمْدُ والكَمَدُ والكُمْدَةُ: رنگ کا بدلنا۔ صفائی کا جاتا رہنا۔ غم۔ سخت اندوہ۔

الكِمَادُ: ٹکور کرنا۔ سینکنا (...... والكِمَادَةُ) ٹکور کرنے کی پٹی۔

اَكْمَدُ اللَّوْنِ: بدلے ہوئے رنگ والا ہونا۔

الكَمَرُ: ہر وہ عمارت جس میں محراب جیسا ہو جیسے پل وغیرہ۔

كَمَزَ (ض) كَمْزًا العَجِينَ ونَحْوَهُ: گندھے ہوئے آٹے کو ہاتھ سے گول بنانا۔

الكُمْزَةُ: [illegible]

ٹیلہ۔ ج كُمَز۔

كَمَسَ (ن) كُمُوسًا: تیوری چڑھانا۔

الاَكْمَسُ: جو دیکھ نہ سکتا ہو۔

كَمَشَ (ن) كَمْشًا النَّاقَةَ: اونٹنی کے تھن باندھنا...... فُلَانًا بِالسَّيْفِ: تلوار سے اعضاء کو کاٹنا...... الزَّادُ: توشہ ختم ہونا۔

كَمِشَ (س) كَمَشًا: پھرتیلا اور پکے ارادہ والا ہونا۔

كَمُشَ (ك) كَمَاشَةً: دلیر ہونا۔ كَمُشَتِ المَرْأَةُ: چھوٹے پستان والی ہونا...... واَكْمَشَ) فِي السَّيْرِ وغَيْرِهِ: تیز چلنا۔

اَكْمَشَ بِالنَّاقَةِ: اونٹنی کے پورے تھن کو باندھ دینا۔

كَمَّشَ الحَادِي بِالسَّوْقِ: حدی پڑھنے والے کا کوشش سے ہانکنا...... فُلَانًا: جلدی کرانا...... ذَيْلَهُ: دامن سمیٹنا۔

اِنْكَمَشَ وتَكَمَّشَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔ تَكَمَّشَ الجِلْدُ ونَحْوُهُ: سکڑنا۔ اِنْكَمَشَ الثَّوْبُ بَعْدَ الغَسْلِ: کپڑے کا دھونے کے بعد سکڑنا سمٹنا۔

الكَمْشُ والكَمِشُ والكَمِيشُ مِنَ الرِّجَالِ: پھرتیلا۔ پکے ارادہ والا۔ عرب کے امثال سے ہے "كَمِيشُ الاِزَارِ" ازار سمیٹنے والا۔ یعنی پھرتیلا۔

الكَمْشُ والكَمُوشُ والكَمِشَةُ والكَمِيشَةُ مِنَ الإِنَاثِ: چھوٹے تھن یا پستان والی۔

الاَكْمَشُ: چھوٹے قدم والا جو دیکھ نہ سکتا ہو۔ مؤنث كَمْشَاءُ ج كُمْش۔

كَمَعَ (ف) كَمْعًا فِي الإِنَاءِ: برتن میں منہ لگا کر پینا...... قَوَائِمَ الدَّابَّةِ: چوپایہ کی ٹانگیں کاٹنا...... فِي المَاءِ: پانی میں اترنا۔

كَمَعَتِ الدَّابَّةُ: آہستہ چلنا۔

كَامَعَهُ: ملانا۔ ہم بستری کرنا۔

اِكْتَمَعَ الإِنَاءَ: برتن میں منہ لگا کر پینا۔

الكَمْعُ: اترنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي كَمْعِهِ" یعنی فلاں اپنے گھر اور اپنی جگہ

میں ہے۔ وادی کا گوشہ۔ قبا۔ پست زمین
(...... والکمیع) ہم خوابہ۔
الکمع: ران کی گرہ۔
المکامع: فا۔ اپنے قریب جس سے کوئی بات پوشیدہ نہ رہے۔
کمکم کمکمۃ الشیٔ: پوشیدہ کرنا۔
تکمکم: گول ٹوپی پہننا...... فی ثیابہ: چھپنا۔
الکمکام: پستہ قد گٹھے بدن کا۔ مؤنث کمکامۃ۔
کمل (ن) وکمل (ک) وکمل (س) کمالاً وکمولاً وتکمّل وتکامل واکتمل: پورا ہونا۔ کامل ہونا۔
کمّل واکمل واستکمل الشیٔ: پورا کرنا۔ کمّل واکمل الشیٔ: ٹوٹل کر دینا۔
الکمل: کامل۔ پورا۔ کہا جاتا ہے "اعطیتہ المال کملا" میں نے اس کو پورا مال دیا اور یہ لفظ جمع اور واحد میں برابر ہے اور یہ نہ تو مصدر ہے اور نہ صفت اور یہ تمہارے قول اعطیتہ المال کلّہ: جیسا ہے۔
الکمال: مص۔ اسم مصدر۔ کہا جاتا ہے "لک کمال الشیٔ" یعنی تمہارے لئے یہ چیز کل ہے۔
الکمیل: کامل۔
الکاملیا: ایک درخت جو کہ ہمیشہ سبز ہوتا ہے اسکے پتے چمکیلے پھول بڑے بڑے سرخ رنگ کے ہوتے ہیں۔ محض آرائش کے لئے اگایا جاتا ہے
الکامل: فا۔ جس کے اجزاء پورے ہوں جس کی صفات پوری ہوں۔ ضد ناقص ج کملۃ۔
تکملۃ الشیٔ: جس سے کوئی چیز پوری کی جائے۔
المکمّل: خیر یا شر میں کامل مرد۔
کمن (ن) وکمن (س) کمونا: چھپنا۔ ...... سمجھ میں نہ آنے والے کام میں دخل [illegible]

کمن (ن) کمونا الشیٔ: پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔
کمن (س) وکُمِن کمونا: آنکھ میں تاریکی یا پلکوں میں ورم والا ہونا۔ کمنت وکُمنت عینہ: تاریکی والی یا پلکوں میں ورم والی ہونا۔
اکمن الشیٔ: چھپانا۔
تکمّن واکتمن: چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
الکمنۃ: آنکھ کی تاریکی یا پلکوں میں ورم۔ ایک بیماری جس سے آنکھ کی پلکیں سرخ ہو جاتی ہیں۔
الکمین: بغیر سمجھے بوجھے کام میں دخل دینے والا۔ ج کُمناء: گھات اور کہا جاتا ہے "ھذا امر فیہ کمین" یہ ایسا معاملہ ہے جس میں ایسا فساد ہے جو نا قبل سمجھ ہے۔
الکمّون: زیرہ۔ الکمّون الحلو: انیسون واحد کمّونۃ۔
المکمن: چھپنے کی جگہ۔ ج مکامن۔
المکتمن: غمگین۔
الکمنجۃ: دوتارہ۔ سارنگی (دخیل)
کمہ (س) کمھا: اندھا ہونا۔ رتوندی والا ہونا...... بصرہ: تاریک ہونا اور بینائی کو ناپید کرنا...... النھار: دن کا غبار والا ہونا...... الرجل: رنگ بدلا ہوا ہونا۔ عقل زائل ہونا۔ سارے معانی میں صفت اکمہ: مؤنث کمھاء ج کُمہ۔ الاکمہ: اندھا۔ مادرزاد اندھا۔
تکمّہ فی الارض: حیران پھرنا صفت کامہ ومتکمّہ: کہا جاتا ہے ذھبت ابلہ کمّھی یعنی نہیں معلوم کہ اس کے اونٹ کہاں گئے۔
مکمّہ العینین: جس کی آنکھیں نہ کھل سکیں۔
کمھل الرجل: کپڑوں کو جمع کرنا اور سفر کے لئے باندھنا...... علینا: حق روکنا...... الحدیث: پوشیدہ کرنا۔ معمہ جیسا کرنا...... [illegible]

تکمھل الشیٔ: جمع ہونا۔
اکمھلّ الرجل: سمٹ کر بیٹھنا۔ سردی سے سکڑنا۔
کمی یکمی کمیا واکمی. شھادتہ وغیرھا: چھپانا کمی وکمّی نفسہ: زرہ اور خود سے اپنے آپ کو چھپانا۔ اکمی علی الامر: پکا ارادہ کرنا۔ اکمی المحارب: لشکر کے زرہ پوش کو قتل کرنا۔
اکمی الرجل منزلہ: مکان کو لوگوں کی نگاہ سے پوشیدہ رکھنا۔
تکمّی الشیٔ: چھپنا...... الشیٔ: حفاظت کرنا اور چھپانا۔ تکمّت الفتنۃ الناس: گھیر لینا۔
تُکُمّی الجیش: لشکر کے دلاور یا زرہ پوش کا قتل کیا جانا...... القوم: مدہوش ہونا۔ گھیر لیا جانا۔
انکمی: پوشیدہ ہونا۔
اکتمی اکتماء: چھپنا۔
الکمیّ: بہادر۔ دلاور۔ ہتھیار بند۔ زرہ پوش۔ بھید کا محافظ۔ ج کُماۃ واکماء۔
المتکمّی: ہتھیار بند۔ دلیر۔
کنّ (ن) کنّا وکنونا وکنّن واکنّ الشیٔ: گھر میں چھپانا اور دھوپ سے بچانا...... العلم وغیرہ فی نفسہ: دل میں چھپانا۔
اکنّ الرجل: چھپنا...... الشیٔ: سفید ہونا۔ ...... المرأۃ: عورت کا شرم وحیا سے منہ چھپانا...... الشیٔ: چھپانا۔
تکنّی تکنّیا: ہمیشہ گھر میں رہنا (اصل اس کی تکنّن ہے)
استکنّ: چھپنا۔ گھر کی طرف لوٹنا۔
الکنّ: ہر چیز کی حفاظت اور پوشیدگی۔ منزل۔ گھر۔ ج اکنان وکنّۃ۔
الکنّۃ: کنّ کا اسم مرہ۔ بہو یا بھاوج۔ ج کنائن۔
الکنّۃ: چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی سفیدی۔

الکُنَّة: بھوجائی۔ کوٹھری کے اندر چھوٹی کوٹھری۔ ج کُنَّاتٌ و کِنَانٌ۔

الکِنَان: چیز کی حفاظت اور اس کی پوشیدگی۔ ج اَکِنَّة۔

الکِنَانَة: ترکش۔ تیر دان۔ ج کَنَائِن کِنَانَاتٌ۔

کَانُوْنُ الاوّل و کَانُوْنُ الثّانِی: رومی مہینے مطابق دسمبر و جنوری۔

الکَانُوْن و الکَانُوْنَة: انگیٹھی۔ ج کَوَانِین: وہ شخص جس کی صحبت سے پرہیز کیا جائے: وہ شخص جو بیٹھ کر خبر و واقعات کا پتہ لگائے تا کہ ان کو دوسری جگہ نقل کرے۔

الکَنِیْن: چھپا ہوا۔

المُسْتَکِنَّة: کینہ۔

کَنَبَ (ن) کُنُوْبًا الرَّجُلُ: سخت ہونا۔ فقیری کے بعد مال دار ہونا۔

کَنَبَ (ض) کَنْبًا الشَّیْئَ فِیْ جِرَابِہٖ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔

کَنِبَ (س) کَنَبًا الیَدُ: ہاتھ کا کام کرنے سے سخت ہونا۔

اَکْنَبَ الشَّیْئُ والیَدُ: سخت ہونا...... عَلَیْہِ لِسَانُہٗ: زبان رکنا عَلَیْہِ بَطْنُہٗ: سخت ہونا۔

الکَانِب: فا۔ شکم سیر۔

الکَنْب: مص۔ کام کرنے سے ہاتھ کی سختی۔

الکِنَاب: خوشہ خرما۔

الکَنِیْب: خشک درخت۔

الکُنْبَة: ظالم خبیث۔

المِکْنَب والمُکْنِب: کھودنے والا جس کے ہاتھ غم کی وجہ سے سخت ہو گئے ہوں۔

حَافِرٌ مِکْنَبٌ و مُکْنِبٌ: سخت کھر۔

المُکْنَبِث: مرد پستہ قد۔ سخت بدن والا۔

کَنْبَثَ و تَکَنْبَثَ الرَّجُلُ: سکڑنا۔

رَجُلٌ کُنْبُثٌ و کُنَابِثٌ: گٹھے بدن کا مرد مضبوط و قوی مرد۔

الکِنْبَاث: گرنے والی ریت۔

وَجْہٌ کُنَابِد: بدصورت چہرہ۔

رَجُلٌ کُنَابِد: مرد بدصورت۔

الکُنْبُرَة: ناک کا موٹا سرا۔

تَکَنْبَشَ القَوْمُ: خلط ملط ہونا۔

الکُنْبُوْش والکُنْبُوْش: عرق گیر۔ منہ چھپانے کا برقع۔ ج کَنَابِیْش (دخیل)

کَنُثَ (ن) کَنْثًا فِیْ خَلْقِہٖ: مضبوط ہونا۔ قوی ہونا۔

کَنِثَ (س) کَنَثًا السِّقَاءُ: مشک کا کھردرا اور سخت ہونا۔

اِکْتَنَثَ الرَّجُلُ: خضوع کرنا۔ راضی ہونا۔

سِقَاءٌ کَنِیْثٌ: پانی روکنے والی مشک جس میں ٹپکے نہیں۔

اَلْکُوْنْت: عزت داروں کا لقب جس کا معنی ہے امیر یا عزت دار (لاطینی لفظ)

اَلْکُنْتُرَاتُو: دو یا دو سے زیادہ آدمیوں کا باہمی معاہدہ کسی کام یا امر مخصوص شرائط کے ساتھ معاہدہ کو توڑنا۔

الکُنْتِیّ: قوی مضبوط۔

کَنْثَأَ کَنْثَأَةً اللِّحْیَةُ: داڑھی طویل اور گھنی ہونا۔

رَجُلٌ کَنْثَأُ اللِّحْیَةِ و کَنْثَأُوْهَا: لمبی داڑھی والا مرد۔

کَنَدَ (ن) کُنُوْدًا النِّعْمَةَ: نعمت کی ناشکری کرنا۔

کَنَدَ (ن) کَنْدًا الشَّیْئَ: کاٹنا۔

الکِنْدَة: پہاڑ کا ایک ٹکڑا۔

الکُنُد: ناشکرا۔ (مذکر و مؤنث)

الکَنُوْد: ناشکرا۔ بخیل۔ گنہگار۔ خدا کو ملامت کرنے والا۔ نعمتوں کو بھولنے والا اور مصائب کو شمار کرنے والا (مذکر و مؤنث) اَرْضٌ کَنُوْدٌ: کچھ نہ اگانے والی زمین۔

الکَنَّاد: ناشکرا۔ بہت کاٹنے والا۔

الکُنْدُر: ایک خاردار درخت کا گوند۔ مضبوط بناوٹ والا اور جمع کی صورت میں کہا جاتا ہے "فِتْیَانٌ کَنَادِرَةٌ" مضبوط بناوٹ کے جوان۔

الکُنْدُرَة: باز کے بیٹھنے کی جگہ۔ بہت اونچی زمین۔

اَلْکُنْدُرَة: جوتیوں کی ایک قسم۔

الکُنَّار: بیر (دخیل)

الکَنَارِیّ: ایک خوش الحان پرندہ ہے جس کے بازو کے اگلے پر لمبے ہوتے ہیں اور اس کا رنگ زردی مائل ہوتا ہے اور جزائر خالدات میں پایا جاتا ہے۔

الکِنَّارَة والکَنَّارَة: بربط یا ڈھول یا دف۔ ج کَنَانِیْر و کِنَّارَات۔ الکِنَّارَة: کتان کے کپڑے کا ٹکڑا۔

کَنَزَ (ض) کَنْزًا المَالَ: جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔ زمین میں دفن کرنا...... الرُّمْحَ: نیزہ کو زمین میں گاڑنا...... الشَّیْئَ فِیْ وِعَاءٍ او اَرْضٍ: برتن یا زمین میں ہاتھ سے دبانا...... السِّقَاءَ: مشک بھرنا (...... کَنَازًا و کِنَازًا) التَّمْرَ: خرما کو سردی کے زمانہ کے لئے ذخیرہ کر کے رکھنا۔

اِکْتَنَزَ: بھرنا۔ جمع ہونا...... اللَّحْمُ: جمع ہونا اور سخت ہونا...... الشَّیْئُ فِی الوِعَاءِ: برتن میں ہاتھ سے دبانا۔

تَکَنَّزَ لَحْمُہٗ: گوشت کا اکٹھا ہونا اور سخت ہونا۔ گوشت کا گٹھا ہونا۔

الکَنْز: مص۔ ہر ذخیرہ کی ہوئی قابل رغبت چیز۔ زمین میں دفن کیا ہوا مال۔ جس میں مال محفوظ رکھا جائے جیسے صندوق وغیرہ۔ ج کُنُوْز اور کہا جاتا ہے "شَدَّ کَنْزَ القِرْبَةِ" یعنی بھر دیا۔

رَجُلٌ کَنِزُ اللَّحْمِ و کَنِیْزُهٗ و مَکْنُوْزُهٗ و مُکْتَنِزُهٗ: بہت اور سخت گوشت والا اور کہا جاتا ہے "کِتَابٌ مُکْتَنِزٌ بِالفَوَائِدِ" فوائد سے بھری ہوئی کتاب۔

الکَنَاز: کھجور یا گیہوں ذخیرہ کرنے کا وقت۔

الکِنَاز: ٹھوس اور مضبوط گوشت والا۔ کہا جاتا ہے "جَارِیَةٌ او نَاقَةٌ کِنَازٌ" بہت اور ٹھوس گوشت والی لونڈی یا اونٹنی۔ ج کُنُز و کِنَاز

کرنا۔
اَکْهَمَ بَصَرُهُ : نگاہ کمزور ہونا۔
الکَهَام والکَهِیم : سست۔ عمر رسیدہ جس کے پاس کوئی مال نہ ہو اور جمع کی صورت میں بھی "قَوْمٌ کَهَام" کہا جاتا ہے۔
کَهْمَسَ الرَّجُلُ : چلنے میں دونوں پاؤں کو قریب قریب رکھنا۔ چلنے میں غبار اُڑانا۔
الکَهْمَس : شیر۔ بھیڑیا۔ بدصورت پستہ قد مرد۔
الکَهْمَل : ایسا شخص جس کی صحبت کو لوگ پسند نہ کریں۔
کَهَنَ (ف۔ ن) کَهَانَةً وتَکَهَّنَ تَکَهُّنًا وتَکْهِینًا لِفُلَان : غیب کی باتیں بتلانا۔
کَهُنَ (ک) کَهَانَةً : کاہن ہونا یا کہانت طبیعت ثانیہ بن جانا۔
کَاهَنَ مُکَاهَنَةً : عطا کرنا۔ ایک دوسرے کو مدد دینا۔ میل ملاپ کرنا۔
الکِهَانَة : کاہن کا پیشہ۔
الکَهْنُوت : کاہن کا فریضہ۔ کاہن کی تنخواہ۔ کاہن کا درجہ۔
الکَاهِن : ق۔ غیب دانی کا مدعی ...... عِندَ الیَهُود وعَبَدَة الاَوْثَان : پروہت ...... عِندَ النَّصَارٰی : جو کہنوت کے درجہ پر ہو ج کَهَنَة وکُهَّان۔ الکَاهِن : دوسرے کے کام کا متکفل اور کوشش کرنے والا۔
کَهِیَ یَکْهَی کَهًی : چہرے پر چھائیں والا ہونا۔ گندہ ذہن ہونا۔ بزدل وکمزور ہونا۔
کَاهَی مُکَاهَاةً الرَّجُلَ : باہم فخر کرنا۔
اَکْهَی : انگلیوں کے اطراف کو سانس سے گرمی پہنچانا ...... عَنِ الطَّعَام : باز رہنا۔
اِکْتَهَاهُ اِکْتِهَاءً : تعظیم واجلال کرنا۔
الاَکْهَی : چہرے میں چھائیں والا۔ گندہ ذہن۔ بزدل وکمزور۔ الاَکْهَی : بے شگاف کا پتھر۔
الاَکْهَاء : شرفاء۔
کَاءَ یَکُوءُ کَوْءًا او کَاْوًا عَنْهُ : خوف کرنا۔ بزدل ہونا۔
اَکَاءَهُ اِکَاءَةً و اِکَاءَةً : کسی کام پر اچانک پہنچنا اور پھر خوف سے چھوڑ دینا۔
الکَاءُ والکَاءَة والکَیُّ والکَیْئَة : کمزور دل والا۔ بزدل۔
کَابَ یَکُوبُ کَوْبًا واکْتَابَ : بے دستہ کے کوزہ سے پینا۔
کَوَّبَ الشَّیْءَ : بٹے سے کوٹنا۔
الکُوب : بے دستہ کا کوزہ۔ ج اَکْوَاب۔
الکُوبَة : فوت شدہ پر حسرت وافسوس۔
الکُوبَة : شطرنج۔ نرد۔ ڈگڈگی۔ بربط۔ دوا وغیرہ پیسنے کا بٹا۔
کَوَّثَ الزَّرْعُ : چار پانچ پتوں والی ہونا۔
الکَوْث : جوتا۔
الکَوْثَة : فراخ سال۔
تَکَوْثَرَ الغُبَارُ : زیادہ اور تہ بتہ ہونا۔
الکَوْثَر : بہت اور تہ بتہ۔ بہت اور تہ بتہ غبار۔ بہت بڑا فیاض سردار۔ جنت کی ایک نہر۔
الکَوْثَل والکَوْثَلُ : جہاز کا پچھلا حصہ۔
کَاخَهُ یَکُوخُهُ کَوْخًا وکَوَّخَهُ وکَاوَخَهُ مُکَاوَخَةً واَکَاخَهُ اِکَاخَةً : لڑائی میں غالب آنا۔ کَاخَ الشَّیْءَ : پانی میں ڈبونا۔ مٹی میں دبانا۔ کَوَّخَهُ : غالب بنانا۔ کَوَّخَ فُلانًا : ذلیل کرنا۔ رد کرنا۔ کَوَّخَ الزِّمَامُ البَعِیرَ : مغلوب کرنا۔ کَاوَخَهُ : گالی گلوچ کرنا۔ اَکَاخَهُ : ہلاک کرنا۔
تَکَاوَخَ الرَّجُلَانِ : باہم جنگ وجدال کرنا۔
الکَاخُ والکِیخ : دامن کوہ۔ ج کُیُوخ واَکْیَاخ : کہا جاتا ہے "رَجَعَ اِلٰی کُوخِهِ" یعنی پہلے اس نے کچھ بھلائی کی اور پھر باز رہا۔
الکُوخ والکَاخ : جھونپڑی اور اسی سے ہے کُوخُ الصَّائِد : کھیت یا باغ کی جھونپڑی جس کو کاشتکار کھیت کی حفاظت کے لئے اور باغبان باغ کی حفاظت کے لئے بنالیا کرتے ہیں۔ ج اَکْوَاخ وکُوخَان وکِیخَان وکِوَخَة۔
لَیْلَةٌ کَاخٍ : تاریک رات۔
الکَاخِیَةُ عِندَ اَرْبَابِ السِّیَاسَةِ : والی کا معتمد۔ محافظ اسرار۔ یہ اصل میں کتخدا تھا تحریف ہو کر کاخیہ بن گیا۔ ج کَوَاخ (دخیل)
کَادَهُ یَکُودُهُ کَوْدًا : روکنا۔ کَادَ بِنَفْسِهِ : جان دینا۔
کَادَ یَکَادُ کَوْدًا ومَکَادًا ومَکَادَةً : فعل کرنے کے قریب ہونا اور نہ کرنا۔ جیسے "کَادَ یَضْرِبُ" مارنے کے قریب ہوا مگر مارا نہیں۔ اور یہ افعال مقاربہ میں سے ہے اور اس کے خبر کے ساتھ حرف ان بہت کم آتا ہے اور کبھی ارادہ کرنے کے معنی میں بھی آتا ہے اور اسی سے ہے اَکَادُ اُخْفِیهَا یعنی میں نے اس کو پوشیدہ کرنے کا ارادہ کیا اور "عَرَفَ مَا یُکَادُ مِنْهُ" یعنی جو ارادہ کیا جائے اور کاد کے عوض میں "کِیدَ یَفْعَلُ کَذَا" بھی سنا گیا ہے اور کبھی "کَادَ" زائدہ ہوتا ہے اور کلام کا صلہ واقع ہوتا ہے جیسے "لَمْ یَکَدْ یَرَاهَا" معنی میں لَمْ یَکَدْ یَرَاهَا کے۔
کَوَّدَ الشَّیْءَ : جمع کرنا اور ایک ڈھیر بنانا۔
اِکْوَادَّ اِکْوِیدَادًا : بوڑھا ہونا اور لرزہ زدہ ہونا۔
الکُودَة : مٹی وغیرہ کا تودہ۔
المَکَادَة : مص۔ کہا جاتا ہے "لَا مَهَمَّ لِیْ وَلَا مَکَادَةَ" نہ تو مجھے اس کا قصد ہے اور نہ اس کے قریب ہوں۔
الکَوْدَن والکَوْدَنِیُّ : غیر اصیل گھوڑا۔ ہاتھی۔ خچر ٹٹو۔ کَوْدَن کی جمع کَوَادِن۔
کَوَّذَ الاِزَارَ : ازار کا گرنا اور ران کے اوپر حصہ تک آجانا۔
الکَاذَة : ران کے اوپر کا ابھرا ہوا گوشت۔
الکَاذِیُّ : کیوڑہ۔
کَارَ یَکُورُ کَوْرًا العِمَامَةَ ونَحْوَهَا عَلٰی رَأسِهِ : سر پر پگڑی باندھنا ...... الاَرْضَ : زمین کھودنا۔

...... تیز چلنا ...... الحمار

الکَارَۃُ : گٹھری اُٹھانا ...... کَوْزًا) الفرسُ ذَنَبَہٗ : گھوڑے کا دوڑنے میں دم اٹھانا۔
کَوْرَ العِمَامَۃَ : سر پر پگڑی باندھنا ...... ۂ : پچھاڑنا۔ نیزہ مار کر گرا دینا ...... المتاعَ : بتہ بتہ رکھنا ...... اللّٰہُ اللَّیلَ علی النَّھارِ : ایک کو دوسرے میں داخل کرنا۔
کُوِّرَتِ الشَّمْسُ : آفتاب کی روشنی کو تہ کر دینا اور بقول بعض مضمحل کر دینا۔
اَکَارَ اِکَارَۃً عَلَیْہِ : ضعیف و کمزور سمجھنا۔ ذلیل کرنا۔
تَکَوَّرَ : گرنا۔ پچھاڑا جانا۔ تیز گزر جانا۔
اِکْتَارَ اِکْتِیَارًا : عمامہ باندھنا ...... الفرسُ : دوڑنے میں دم اٹھانا ...... الشَّیئُ : بعض کو بعض پر پٹکنا ...... الرَّجُلُ : تیز چلنا۔ پچھاڑا جانا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "کَوَّرَہٗ فَاکْتَارَ" یعنی اس نے پچھاڑا وہ گر گیا ...... الرَّجُلُ لِلرَّجُلِ : گالی دینے کے لئے آمادہ ہونا۔
اِسْتَکَارَ اِسْتِکَارَۃً : تیز دوڑنا۔ اپنی پیٹھ پر گٹھری اٹھانا۔
الکَارُ : ایک قسم کا جہاز۔ غلہ سے بھرا ہوا جہاز ج کَارَات۔
الکَوْرُ : مص۔ عمامہ کا پیچ۔ بڑی جماعت۔ اونٹوں یا گایوں کا گلہ۔ زیادتی۔ ج اَکْوَار۔ الکَوْرُ : طبیعت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "لَہٗ کَوْرٌ کَرِیْمٌ" اس کی طبیعت اچھی ہے۔
الکُوْرُ : مٹی کی انگیٹھی۔ ج اَکْوَار و اَکْوُر و کِیْرَان و کُوْرَان۔ الکُوْرُ : بھڑوں کا چھتا۔ لوہار کی بھٹی۔ (...... والمَکْوَرُ) اونٹ کا کجاوہ۔ کجاوہ مع سامان۔
الکَارَۃُ مِنَ الثِّیَابِ : دھوبی کے کپڑوں کی گٹھری۔ غلہ کی ایک مقدار معلوم۔ ج کَارَات۔
الکُوْرَۃُ : ضلع۔ ج کُوَر۔
الکُوَّارَۃُ والکِوَارَۃُ الکَوَارَۃ : شہد کی مکھیوں کے لئے ٹہنی یا مٹی کا بنایا ہوا گھروندہ۔ شہد مع موم کے۔
الکِوَارَۃُ : عمامہ۔ پگڑی۔ والکُوَّارَۃ : تیز دوڑ۔
اَلْکُوْزَار : ایک زہریلا پودا جس کو استعمال کیا جائے تو انسانی پٹھے کمزور سے کمزور ہوتے جاتے ہیں خاص کر اس وقت خطرناک ہوتی ہے جب زخمی انسان کے خون میں سرایت کر جائے۔
المِکْوَرُ والمِکْوَرَۃُ : عمامہ۔
المَکْوَرِیُّ والمِکْوَرِیُّ : فرومایہ۔ کمینہ۔ چوڑے بدن کا پستہ قد۔
کَازَ یَکُوْزُ کَوْزًا : کوزے سے پینا ...... الشَّیئَ : جمع کرنا۔
تَکَوَّزَ القَوْمُ : قوم کا اکٹھا ہونا۔
اِکْتَازَ : کوزے سے پینا ...... المَاءَ : کوزے سے لینا۔
الکُوْزُ : کوزہ۔ ج اَکْوَاز و کِیْزَان و کِوَزَۃ (دخیل)
مَکْوُوْزُ الرَّاسِ : لمبے سروالا۔
الکَاز النَّفط : پٹرول۔
کَاسَ یَکُوْسُ کَوْسًا البَعِیْرُ : ایک ٹانگ کے زخمی ہونے کی وجہ سے تین ٹانگوں پر چلنا ...... فِی السَّیْرِ : آہستہ چلنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَکُوْسُ فِی السَّیْرِ" فلاں چلنے میں دیر کرتا ہے ...... عَلٰی رَاسِہٖ : سر کے بل اُلٹ پڑنا ...... فِی البَیْعِ : قیمت گھٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَا تَکِیْسِیْ یَا فُلَانُ فِی البَیْعِ" اے فلاں میرے لئے قیمت مت گھٹا ...... الحَیَّۃُ : کنڈلی مارنا۔
کَاسَہٗ واَکَاسَہٗ اِکَاسَۃً : پچھاڑنا۔
کَوَّسَ الشَّیئَ عَلٰی رَاسِہٖ : سرنگوں کرنا۔
تَکَوَّسَ الرَّجُلُ : سرنگوں ہونا۔
تَکَاوَسَ لَحْمُہٗ : گوشت کا تہ بتہ ہونا ...... العُشْبُ : گھاس کا گنجان اور بہت ہونا۔
اِکْتَاسَہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ : روکنا۔
الکَاس ، کَاس : کا مخفف بمعنی پیالہ۔
الکُوْسُ : مص ...... قریب ہونا۔
الکُوْسُ : ڈھول۔ ایک مثلث پیمانہ جس کو بڑھئی استعمال کرتے ہیں۔ ج کُوْسَات (دخیل) لُمعَۃٌ کَوْسَاءُ : خشک گھاس کا مٹھا۔ آپس میں ایک دوسرے پر لپٹا ہوا۔ ج کُوْس۔ رِمَالٌ کُوْسٌ : ریت تہ بتہ جما ہوا۔
الکُوْسِیُّ مِنَ الخَیْلِ : چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا۔ مؤنث کُوْسِیَّۃ۔
المَکَاس : سانپ کے کنڈلی مارنے کی جگہ۔
المِکْوَس : چکی کے پتھر درست کرنے کی چھینی ج مَکَاوِس۔
کَوْسَجَ وتَکَوْسَجَ الرَّجُلُ : کوسج ہونا۔
الکَوْسَجُ : صرف ٹھوڑی پر داڑھی والا۔ کم دانتوں والا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا۔ ج کَوَاسِج۔
الکَوْسَج : ایک قسم کی مچھلی جس کی ناک آرہ کی طرح ہوتی ہے۔
کَاشَ یَکُوْشُ کَوْشًا عَنْہُ : بہت گھبرانا۔
الجَارِیَۃَ : جماع کرنا۔
کَوِعَ (س) کَوَعًا : بڑے بند دست والا ہونا۔ مڑے ہوئے بند دست والا ہونا۔ صفت اَکْوَع مؤنث کَوْعَاء ج کُوْع۔
کَاعَ یَکُوْعُ کَوْعًا الکَلْبُ : گرمی کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔ زخمی ہونے کی وجہ سے بند دست پر چلنا۔
کَوَّعَہٗ بِالسَّیْفِ : تلوار مارنے سے بند دست کا ٹیڑھا کرنا۔
تَکَوَّعَتْ یَدُہٗ : بند دست کا ٹیڑھا ہونا۔
الکَاعُ والکُوْعُ : انگوٹھے کی جانب بند دست کا کنارہ۔ ج اَکْوَاع۔
الکَوَعُ : مص۔ بند دست کی ہڈی میں ٹیڑھا پن۔ پیر کے انگوٹھے کا دوسری انگلیوں کی طرف بہت جھکاؤ۔
کَافَ یَکُوْفُ کَوْفًا الادِیْمَ : چمڑے کے کناروں کو ملا کر سینا۔
کَوَّفَ الادِیْمَ : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ......
...... : علیحدہ کرنا۔ الکَاف : حرف کاف

لکھنا۔ الرَّجُلُ: کوفہ میں آنا۔

تَكَوَّفَ الْقَوْمُ تَكَوُّفًا وَكُوْفَانًا عَلٰى غَيْرِ الْقِيَاسِ: جمع ہونا ...... الرَّجُلُ: اہل کوفہ کے مشابہ ہونا یا اہل کوفہ کی طرف منسوب ہونا۔

الْكُوْفَة: عراق کے ایک شہر کا نام۔ ریت کا گول سرخ ٹیلہ۔

الْكُوْفِيّ: کوفہ کی جانب منسوب اور اسی سے ہے خط کوفی۔

الْكُوْفِيُّوْن: کوفہ کے نحوی حضرات۔

الْكُفُوْفِيَة. كُوْفِي کا مؤنث۔ سر پر لپیٹنے کا رومال اور عوام اسے الْكَفِيَّه کہتے ہیں۔

كُوْفَلَت الْمَرْأَةُ ابْنَهَا: عورت کا بچے کو گول کپڑا لپیٹنا۔ اَلْكَافُوْلِيَة: مربع شکل کا سفید کپڑا جو کہ بچوں کو لپیٹا جاتا ہے۔

الْكُوْفَان والْكَوْفَان والْكُوَّفَان: گول تودہ ریت۔ گول چیز۔ عزت و شوکت و بلندی و مشقت۔ نرکل بانس۔ لکڑی کا جھنڈا۔ اور کہا جاتا ہے "ظَلُّوْا فِي كُوْفَانٍ مِنْ اَمْرِهِمْ" ان کا معاملہ گڑبڑ ہوگیا "وَهُمْ فِيْ كُوْفَانٍ مِنْ ذٰلِكَ" وہ لوگ اس سے عزت و شوکت میں ہیں۔ یعنی لوگ گڑبڑی میں ہیں۔ کہا جاتا ہے "النَّاسُ فِيْ كُوْفٰى مِنْ اَمْرِهِمْ".

اَلْكُوْكَة: ایک درخت جو دو یا تین میٹر سے زیادہ لمبا ہوتا ہے۔ اس کے پتے انڈے کی شکل میں ہوتے ہیں اس کو کائین حاصل کیا جاتا ہے۔

اَلْكُوْكَائِيْنُ: ایک نشہ آور مادہ جو "کوکہ" سے نکالا جاتا ہے۔

كَوْكَبَ الْحَدِيْدُ: چمک اٹھنا۔ چم چم کرنا۔

الْكَوْكَب: ستارہ۔ تلوار۔ پانی۔ گرمی کی سختی۔ لوہے کی چمک دمک۔ لمبی نباتات۔ سردار قوم۔ شہسوار قوم۔ میخ۔ قید خانہ۔ ہتھیار بند۔ قریب البلوغ لڑکا۔ باغ کی کلی۔ فوج۔ پہاڑ۔ آنکھ کا پھولا۔ چیز کا بڑا حصہ۔ شبنم جو گھاس وغیرہ پر پڑی ہوئی ہو۔ زمین کا خطہ کہ اس کا رنگ دوسرے خطہ سے مختلف ہو۔ كَوْكَبُ الْبِئْرِ: کنویں کا سوت۔ ج كَوَاكِب کہا جاتا ہے "فَقَبُوا الْخَمْسَ كُلَّ كَوْكَبٍ" یعنی متفرق ہوگئے "وَيَوْمٌ ذُوْ كَوَاكِب" سختیوں والا دن۔

الْكَوْكَبَة: ایک ستارہ۔ ایک کلی۔ جماعت۔

الْمُكَوْكَب: آنکھ کے پھولے والا۔

كَوْكَى كَوْكَوَةً. الرَّجُلُ: تیز چلنے میں جھومنا۔ قد کا دوڑنا۔

الْكَوْكَاة والْكَوَاكِيَة: پست قد۔

الْمُكَوْكَى: بے برکت۔ کبڑا۔

تَكَوَّلَ الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا (...... وانْكَالَ انْكِيَالًا) الْقَوْمُ عَلَيْهِ: مار پیٹ گالی گلوچ کے لئے کسی پر ٹوٹ پڑنا۔

تَكَاوَلَ الرَّجُلُ: کوتاہی کرنا۔ باز رہنا۔

الْكَوْلَان والْكُوْلَان: بردی نام کی ایک گھاس واحد كُوْلَانَة.

الْاَكْوَل: پہاڑ کی مانند بلند زمین۔ ج اَكَاوِل.

كَامَ (ن) كَوْمًا وَكُوْمَةً الْجَارِيَة: جماع کرنا ...... الْفَرَسُ وَغَيْرُهٗ: جفتی کرنا۔

كَوِمَتْ (س) كَوَمًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا بڑی کوہان والی ہونا۔

كَوَّمَ تَكْوِيْمًا التُّرَابَ: مٹی کو تودہ تودہ کرنا ...... الْمَتَاعَ: سامان کا ڈھیر لگانا ...... ثِيَابَهٗ فِيْ ثَوْبٍ وَاحِدٍ: کپڑوں کو ایک کپڑے میں باندھنا۔

اِكْتَامَ اِكْتِيَامًا الرَّجُلُ: پیر کی انگلیوں کے اطراف پر بیٹھنا۔

الْكُوْم: اونٹوں کا گلہ۔ ج اَكْوَام: بلند جگہ۔ ٹیلہ۔ ج کیمان.

الْكُوْمَة والْكَوْمَة: مٹی کا ڈھیر۔ ج كُوَم واَكْوَام.

الْاَكْوَم: بلند۔ بڑے کوہان والا اونٹ۔ مؤنث كَوْمَاء ج كُوْم.

اَلْكُوْمِسْيُوْن: بڑی کی اجرت۔ کمیشن ایجنٹ [illegible] میاں [illegible] تجارتی [illegible] درست کرنے کے لئے ایک منظم جماعت جس کو عربی میں لَجْنَة بولتے ہیں۔

اَلْكُوْمِسْيُوْنِجِي: سامان برآمد کرنے والا۔

كَانَ يَكُوْنُ كَوْنًا وَكِيَانًا وَكَيْنُوْنَةً الشَّيْءُ: نو پید ہونا۔ واقع ہونا۔ پایا جانا۔ ہونا۔ کان افعال ناقصہ میں سے ہے۔ مبتدا و خبر پر داخل ہوتا ہے۔ مبتدا کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور خبر کو مبتدا کے لئے ثابت کرتا ہے اور مبتدا کو اسم کان کہا جاتا ہے جیسے "كَانَ زَيْدٌ قَائِمًا" اور کبھی تامہ ہوتا ہے جیسے "قَالَ اللّٰهُ لِيَكُنْ نُوْرٌ فَكَانَ نُوْرٌ" اور ثبت کے معنی میں بھی آتا ہے جیسے "كَانَ اللّٰهُ وَلَا شَيْءَ مَعَهٗ" اور حصر کے معنی میں بھی جیسے "اِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى مَيْسَرَةٍ" اور وقع کے معنی میں جیسے "مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ" اور ینبغی کے معنی میں جیسے "مَا كَانَ لَكُمْ اَنْ تُنْبِتُوْا شَجَرَهَا" اور استقبال کے معنی کے لئے جیسے "يَخَافُوْنَ يَوْمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسْتَطِيْرًا" اور زمانہ ماضی کے لئے جیسے "كَانَ فِي الْمَدِيْنَةِ تِسْعَةُ رَهْطٍ" اور زمانہ حال کے لئے جیسے "كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ" اور کبھی دوام و استمرار کا فائدہ دیتا ہے جیسے "كَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا" اور کہا جاتا ہے "صَارَ فِيْ كَانَ" یعنی مرگیا اور شئی اور جمع میں کہا جاتا ہے "صَارُوْا اِلٰى كَانُوْا" اور "كُنْتُ الْكُوْفَة" یعنی میں کوفہ میں تھا "وَمَنَازِلُ اَقْفَرَتْ كَانَ لَمْ يَكُنْهَا اَحَدٌ" یعنی منازل خالی ہو گئے گویا کہ وہاں کوئی نہیں تھا۔ "وَكُنَّاهُمْ" بمعنی كُنَّا لَهُمْ.

كَانَ يَكُوْنُ كَوْنًا وَكِيَانًا عَلٰى فُلَانٍ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

كَوَّنَ تَكْوِيْنًا الشَّيْءَ: پیدا کرنا۔ ایجاد کرنا۔

تَكَوَّنَ: پیدا کرنا۔ ایجاد ہونا۔ متحرک ہونا۔

اِكْتَانَ اِكْتِيَانًا بِفُلَانٍ وَعَلَيْهِ: ضامن ہونا۔ ذمہ دار بننا۔

اِسْتَكَانَ اِسْتِكَانَةً لِفُلَانٍ : فروتنی کرنا۔ عاجزی ظاہر کرنا۔

اَلْكَوْنُ : مص۔ عالم وجود۔

اَلْكَوْنِيُّ : کون کی جانب منسوب۔

اَلْكُوْنِيُّ : عمر رسیدہ۔ بڑی عمر والا۔

اَلْكِيَانُ : مص۔ طبیعت۔ فطرت۔

اَلْكِيَالَه : ضمانت۔ کفالت۔

اَلتَّكْوِيْنُ : مص۔ معدوم کو عدم سے وجود میں لانا۔ سِفْرُ التَّكْوِيْنِ : بائبل کی پہلی کتاب موسوم بہ کتاب پیدائش۔

اَلْكَائِنُ : فا۔ ہونے والا۔ واقعہ۔ حادثہ۔

اَلْكَائِنَةُ : مؤنث كائن حادثہ ج كَائِنَات وكَوَائِن۔ اَلْكَائِنَات : موجودات۔

اَلْكُنْتِيُّ والْكُنْتِيُّ : بڑی عمر والا۔ گویا کہ وہ اپنے قول "كُنْتُ فِي شَبَابِي كَذَا وكَذَا" کی طرف منسوب کیا گیا ہے۔ تم کہتے ہو "اَصْبَحْتُ كُنْتِيًّا" یعنی میں بڑی عمر والا ہو گیا ج كُنْتِيُّوْنَ وكُنْتِيُّوْنَ اور كُنْتِنِي میں نون وقایہ ہے تا کہ ضمہ ظاہر ہو جائے جس طرح کی ضَرَبَنِي : میں فتحہ ظاہر ہونے کے لئے نون لاتے ہیں۔

اَلْمَكَانُ : کسی شے کے ہونے کی جگہ ج اَمَاكِن واَمْكِنَة واَمْكُن (اخیر نادر ہے)

اَلْمَكَانَةُ : موضع۔ جگہ۔ مرتبہ۔ ج مَكَانَات۔

اَلْمَكِيْنُ : مرتبہ والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَكِيْنٌ عِنْدَ فُلَانٍ" فلاں فلاں کے نزدیک صاحب مرتبہ ہے۔ کہا جاتا ہے مَكُوْنٌ فِيْهِ : یعنی موجود۔

كَوِهَ (س) كَوَهًا : متحیر ہونا۔

كَاهَ يَكُوْهُ كَوْهًا الشَّيْءَ : منہ سونگھ کر بو معلوم کرنا۔

كَوَّهَ النَّارَ : آگ بھڑکانا۔

تَكَوَّهَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ : پراگندہ و پریشان ہونا۔

كَوَّى فِي دَارِهِ كُوَّى : روشندان بنانا۔

تَكَوَّى تَكَوِّيًا الرَّجُلُ : تنگ جگہ میں داخل ہونا اور سمٹنا۔

اَلْكَوُّ والْكَوَّةُ والْكُوَّةُ : روشن دان۔ ج كِوَاءٌ وكُوًى وكَوَّات وكُوَّات۔ كُوَى النَّهْرِ : دریا کے نالے۔

كَوَى يَكْوِي كَيًّا فُلَانًا : لوہے وغیرہ سے داغ دینا۔ كَوَتِ الْعَقْرَبُ فُلَانًا : بچھو کا ڈسنا۔ ڈنک مارنا۔ تم کہتے ہو "كَوَانِي بِعَيْنِهِ" یعنی اس نے مجھ کو تیز نظر سے دیکھا۔

اَكْوَى اِكْوَاءً : زبان سے تکلیف پہنچانا۔

كَاوَى مُكَاوَاةً : باہم گالی گلوچ کرنا۔

اِكْتَوَى : داغ لگنا..... الرَّجُلُ : اپنے آپ کو داغ دینا۔ اپنی آپ تعریف کرنا ان صفات سے جو فی الحقیقت نہ ہوں۔

اِسْتَكْوَى فُلَانًا : داغ لگانے کو کہنا..... الرَّجُلُ : داغے جانے کا وقت قریب ہونا۔

اَلْكَيَّةُ. كَوَى : کا اسم مرۃ۔ داغ لگانے کی جگہ۔

اَلْكَوَّاءُ : اسم مبالغہ۔ بدزبان۔ بہت گالی بکنے والا۔

اَلْمِكْوَاةُ : داغ دینے کا لوہا۔ استری کرنے کا لوہا۔ ج مَكَاوٍ۔

اَلْمِكْوَلَةُ والْكَاوِيَاءُ : بکریوں پر نشان لگانے کا آلہ۔

كَيْ : حرف تعلیل ہے۔ فعل مضارع پر داخل ہوتا ہے اور تقدیر ان کی وجہ سے نصب دیتا ہے جیسے "جَاءَ كَيْ يَسْئَلَ" یعنی آیا تا کہ پوچھے اور ما استفہامیہ پر داخل ہوتا ہے جیسے "كَيْمَ جِئْتَ" یعنی تم کیوں آئے اس صورت میں یہ حرف جر ہوگا۔

وقف کی صورت میں اس کے ساتھ ہا متصل ہے تو کہا جاتا ہے كَيْمَهْ جیسا کہ لِمَهْ کہا جاتا ہے اور مَا مصدریہ پر بھی داخل ہوتا ہے جیسے "يُرْجَى الْفَتَى كَيْمَا يَضُرُّ ويَنْفَعُ"۔

اور اَنْ مصدریہ مقدرہ پر وجوبا داخل ہوتا ہے جیسے "جِئْتُكَ كَيْ تُكْرِمَنِي" میں تمہارے پاس اس لئے آیا کہ تم میرا اکرام کرو اور اکثر اس کا استعمال لام کے بعد ہوتا ہے جیسے جِئْتُ لِكَيْ تُكْرِمَنِي

كَاءَ يَكِيْءُ كَيْئًا عَنِ الْاَمْرِ : اعراض کرنا۔

اَلْكَاءُ والْكَيْءُ والْكَاءَةُ والْكَيَاةُ : بزدل۔

كَيَّتَ الْوِعَاءَ : برتن بھرنا.....

الْجِهَازَ : سامان تیار کرنا اور آسان کرنا۔

كَيْتَ وكَيْتَ اور کبھی كَيْتِ وكَيْتِ مکسورًا کہتے ہیں اور ان سے بات کا کنایہ کیا جاتا ہے۔ تم کہتے ہو "قَالَ فُلَانٌ كَيْتَ وكَيْتَ" یعنی فلاں نے ایسا ایسا کہا اور كَيْتَ كَيْتَ بغیر واو کے بھی استعمال کرتے ہیں اور ان کا استعمال مکرر ہی ہوتا ہے۔

كَاحَ يَكِيْحُ كَيْحًا السَّيْفُ فِيْهِ : تلوار کا اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا كَاحَ فِيْهِ السَّيْفُ" یعنی تلوار نے اس پر کام نہیں کیا۔

اَكَاحَهُ اِكَاحَةً : ہلاک کرنا۔

اَلْكِيْحُ : موٹا (مذکر و مؤنث) كِيْحٌ اَكْيَحُ : کھردرا۔ موٹا۔ جیسے کہا جاتا ہے يَوْمٌ اَيْوَمُ۔

اَلْكَيَحُ : سختی۔ موٹاپا۔

كَادَهُ يَكِيْدُهُ كَيْدًا : مکر کرنا۔ فریب کرنا۔ مکر سکھلانا۔ جنگ کرنا۔ بر ارادہ کرنا......

الزَّنْدُ : چقماق کا آگ نکالنا۔ كَادَ لِفُلَانٍ : حیلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَكِيْدُ اَمْرًا مَا اَدْرِي مَا هُوَ" جبکہ وہ پھسلائے اور فریب دے و "بَلَغُوْا الْاَمْرَ الَّذِيْ كَادُوْا" یعنی جس امر کا وہ ارادہ کرتے تھے اس کو انہوں نے حاصل کر لیا..... بِنَفْسِهِ : جان دینا......

الشَّيْءَ : تیار کرنا..... الرَّجُلُ : قے کرنا۔

كَايَدَهُ مُكَايَدَةً : مکر و فریب کرنا۔

تَكَايَدَ الرَّجُلَانِ : ایک دوسرے کے ساتھ مکر کرنا۔

اِكْتَادَ اِكْتِيَادًا : حیلہ کرنا۔ مکر و فریب کرنا۔

اَلْكَيْدُ : مص۔ حیلہ۔ مکر۔ خباثت۔ لڑائی۔ قے ج كِيَاد کہا جاتا ہے "غَزَا فَلَمْ يَلْقَ كَيْدًا" یعنی اس نے مقاتلہ نہیں کیا "وَلَا كَيْدًا وَلَا هَمًّا" یعنی نہ تو سختی کرتا ہوں اور نہ اس کا ارادہ۔

اَلْكَيَّادُ : بہت مکر کرنے والا۔

اَللَّام: بنیادی حروف میں سے تیئسواں حرف ہے۔ یہ حرف ذلقیہ سے ہے۔
للام: تین قسمیں ہیں:
(۱) عامل بعمل جر (۲) عامل بعمل جزم (۳) غیر عامل۔
(۱) جارہ۔ اسم ظاہر اور ضمیر واحد متکلم کے ساتھ مکسور ہوتا ہے جیسے لِزَیْدٍ وَلِیْ اور مستغاث بِنَا اور ضمائر غیر واحد متکلم کے ساتھ مفتوح جیسے یا للّٰہِ وَلَکَ وَلَنَا وَلَہ۔
یہ اسم اور فعل دونوں پر داخل ہوتا ہے اسم پر داخل ہونے والے کئی معنوں میں آتا ہے۔
(۱) اختصاص جیسے "اَلْجَنَّةُ لِلْمُؤْمِنِ" جنت مومنین کے لئے خاص ہے۔
(۲) استحقاق جیسے "اَلْعِزَّةُ لِلّٰہِ" عزت کا مستحق اللہ تعالیٰ ہے۔
(۳) ملکیت جیسے ﴿لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ﴾: اللہ ہی مالک ہے ان چیزوں کا جو آسمان وزمین میں ہیں۔
(۴) تبلیغ جیسے "قُلْتُ لَہٗ وَفَسَّرْتُ لَہٗ" میں نے اس سے کہہ دیا میں نے اس سے بیان کردیا۔
(۵) تعدیہ جیسے "مَا اَشَدَّ حُبَّ زَیْدٍ لِعَمْرٍو" زید کو عمرو سے کتنی شدید محبت ہے۔
(۶) قسم جیسے "لِلّٰہِ لَا یَفْعَلَنَّ ھٰذَا" قسم اللہ کی میں اس کو ضرور کروں گا۔
(۷) صیرورت جیسے "وُلِدَ الْاِنْسَانُ لِحَیٰوةٍ اَبَدِیَّةٍ" انسان ہمیشہ کی زندگی کے لئے پیدا کیا گیا ہے اور اس کو لام عاقبت اور المال بھی کہتے ہیں۔
(۸) تعلیل جیسے "وَیَوْمَ عَقَرْتُ لِلْعَذَارٰی مَطِیَّتِیْ" اور اس دن کہ باکرہ چھوکریوں کے لئے میں نے اپنی اونٹنی کو ذبح کیا۔
(۹) موافقت الیٰ جیسے "بِاَنَّ رَبَّکَ اَوْحٰی لَھَا"۔
(۱۰) موافقت علیٰ جیسے "یَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ"۔
(۱۱) موافقت فی جیسے "وَنَضَعُ الْمَوَازِیْنَ الْقِسْطَ لِیَوْمِ الْقِیٰمَةِ"۔
(۱۲) بمعنی عند جیسے "کَتَبْتُہٗ لِخَمْسٍ خَلَوْنَ" پانچویں تاریخ کے گزرنے پر میں نے اس کو لکھا۔ اور اس کو لام تاریخ بھی کہتے ہیں۔
(۱۳) موافقت بعد جیسے "اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوْکِ الشَّمْسِ"۔
(۱۴) موافقت مع جیسے "فَلَمَّا تَفَرَّقْنَا کَاَنِّیْ وَمَالِکًا. لِطُوْلِ اِجْتِمَاعٍ لَمْ نَبِتْ مَعًا."
(۱۵) موافقت من جیسے "سَمِعْتُ لَہٗ صُرَاخًا" میں نے اس سے چیخ سنی۔
(۱۶) موافقت عن جیسے "قَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَوْ کَانَ خَیْرًا مَا سَبَقُوْنَا اِلَیْہِ"۔
(۱۷) زائدہ جیسے "ضَرَبْتُ لِزَیْدٍ" میں نے زید کو مارا اور فعل پر داخل ہونے والا۔ تقدیر اَنْ سے فعل مضارع کو نصب دیتا ہے اور ان مع اپنے مدخول کے مصدر مجرور باللہ کی [illegible] ہوتا ہے [illegible]

لئے ہوتا ہے جیسے "جِئْتُکَ لِتُعَلِّمَنِیْ" میں تیرے پاس اس لئے آیا کہ تو مجھے تعلیم دے اور یا تاکید نفی کے لئے اور اس صورت میں کان منفی اس سے پہلے آتا ہے اور اس کو لازم جحود کہتے ہیں جیسے "مَا کَانَ زَیْدٌ لِیُکْرِمَکَ" زید ہرگز تیری تعظیم کے لئے نہ تھا۔
(۲) لازم جازمہ اور وہ لام امر ہے اور اس کا نام لام طلب بھی ہے اور یہ مکسور ہوا کرتا ہے جیسے "لِیَحْکُمَ اللّٰہُ" اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے اور واؤ اور فا کے بعد اکثر ساکن ہوتا ہے جیسے "فَلْیَسْتَجِیْبُوْا لِیْ وَلْیُؤْمِنُوْا بِیْ" اور ثم کے بعد بھی کبھی ساکن ہوتا ہے جیسے "ثُمَّ لْیَقْضُوْا"۔
(۳) غیر عاملہ اور یہ ہمیشہ مفتوح ہوتا ہے اور وہ لام ابتدا ہے جیسے "لَزَیْدٌ قَائِمٌ وَاِنَّ زَیْدًا لَقَائِمٌ"۔
اور لام جواب بعد لَوْ وَلَوْلَا اور قسم جیسے "لَوْ عُدْتُمْ لَعُدْنَا وَلَوْلَا زَیْدٌ لَھَلَکْنَا" و "وَاللّٰہِ لَزَیْدٌ کَرِیْمٌ" اور لام زائدہ جیسے "اَرَاکَ لَشَاتِمِیْ"۔
اور منجملہ انہیں غیر عاملہ کے وہ لام ہے جو بُعد پر دلالت کرنے کے لئے اسمائے اشارہ کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور اصلاً یہ ساکن ہوتا ہے جیسے تِلْکَ میں مگر ذٰلِکَ میں اجتماع ساکنین کی وجہ سے کسرہ دیا گیا ہے۔
لا: تین طرح پر ہے۔
(۱) نافیہ اور یہ چار طرح پر مستعمل ہے۔

(الف) نفی جنس کے لئے۔ اس صورت میں اس کا اسم مبنی بر فتحہ ہوتا ہے اور مضاف اور شبہ مضاف کی صورت میں منصوب ہوتا ہے جیسے "لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ" گھر میں کوئی مرد نہیں۔ "وَلَا غُلَامَ رَجُلٍ حَاضِرٌ" مرد کا کوئی غلام حاضر نہیں۔

(ب) بمعنی لَیْسَ: اس صورت میں اسم کو رفع اور خبر کو نصب دیتا ہے اور یہ نفی واحد کے لئے ہے جیسے "لَا رَجُلٌ قَائِمًا" مرد قائم نہیں اور لائے نفی جنس اور لا بمعنی لَیْسَ میں فرق یہ ہے کہ جب تم لَا رَجُلَ فِی الدَّارِ کہو گے تو اب اس کے بعد بَلْ رَجُلَانِ اَوْ رِجَالٌ کہنا صحیح نہیں ہو گا۔ اس لئے کہ اس مثال میں جنس رجال کی نفی کر دی گئی ہے۔ بخلاف لَا رَجُلٌ فِی الدَّارِ کے کہ وہاں بَلْ رَجُلَانِ او رِجَالٌ کہنا صحیح ہو گا اس لئے کہ لا بمعنی لَیْسَ: صرف واحد کی نفی کرتا ہے ماسوا کی نہیں۔

(ج) لا نافیہ عطف کے لئے جیسے "جَاءَ زَیْدٌ لَا عَمْرٌو" زید آیا نہ کہ عمرو۔

(د) حرف جواب نقیض نعم جیسے کوئی پوچھے "اَقَامَ زَیْدٌ" تو تم اس کے جواب میں کہو "لا"۔

(۲) طلب ترک فعل کے لئے اور اس کا نام لا نہی ہے اور یہ صرف مضارع پر داخل ہوتا ہے اور اس کو جزم دیتا ہے جیسے "لَا تَخَفْ" مت ڈر۔

(۳) زائدہ۔ اور یہ تقویت معنی کے لئے ہوتا ہے حذف کر دینے سے خلل واقع نہیں ہوتا جیسے "مَا مَنَعَکَ اَنْ لَا تَقُوْمَ" بمعنی "مَا مَنَعَکَ اَنْ تَقُوْمَ"

لَاتَ: حرف نفی ہے لَیْسَ کا عمل کرتا ہے اور اس کے بعد صرف ایک ہی معمول ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً اسم ہی محذوف ہوا کرتا ہے جیسے نَدِمَ الْبُغَاةُ وَلَاتَ سَاعَةَ مَنْدَمٍ بمعنی لَاتَ السَّاعَةُ سَاعَةَ مَنْدَمٍ یعنی باغی پشیمان ہوئے مگر وقت اب پشیمانی کا نہیں رہا۔

اللَّاتَّکِب: سیدھا۔

اللَّازَوَرْدُ: لاجورد۔ ایک مشہور معدنی چیز ہے جو آرمینیا اور فارس کے پہاڑوں میں ہوتا ہے اور عمدہ وہ ہوتا ہے جو صاف شفاف نیلگوں مائل بہ سرخی یا سبزی ہو۔ زیورات میں لگایا جاتا ہے اور بہت مفید چیز ہے۔

اللَّازَوَرْدِی: جو لاجورد کے رنگ کا ہو۔

لَاظَّهُ (ف) لَاظًّا: اصرار سے کسی کام کے لئے کہنا۔ لَاظَّ عَلٰی فُلَانٍ تنگی کرنا۔ لَاظَّهُ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَاظَّ فُلَانٌ فِی مُرُوْرِهٖ: بغیر اِدھر اُدھر التفات کے تیز بھاگنا...... فُلَانًا: دیر تک دیکھتے رہنا یہاں تک کہ نظر سے غائب ہو جائے...... هُ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔

لَاظَّهُ (ف) لَاظًّا: تنگ کرنا۔ دھتکارنا۔ مقابلہ کرنا...... فُلَانًا فِی الْقَضِیِّ: تقاضا کرنے میں سختی و اصرار کرنا۔

لَاکَ (ف) لَاکَ الطَّعَامَ: اچھی طرح سے کھانا۔

اَلَاکَهُ اِلَاکَةً اِلٰی فُلَانٍ: پیغامبری کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلِکْنِیْ اِلٰی فُلَانٍ" یعنی میرا پیغام اس کو پہنچا دو (اصل اَلْاَکَ ہے)

اِسْتَلَاکَ لَهٗ: پیغام لے جانا۔

الْمَلَاکُ وَالْمَلَاکَةُ: پیغام۔ پیغامبری۔

الْمَلَاکُ وَالْمَلَکُ: فرشتہ جو اللہ کے احکام بندوں تک پہنچاتے ہیں۔ ج مَلَائِکَةٌ وَمَلَائِکُ وَاَمْلَاکٌ اور مفرد مَلَاکٌ ورجمع مَلَئِکَةٌ: بنائی جاتی ہے۔

لَالَا لَالَاةً النَّجْمُ او الْبَرْقُ: ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ لَالَاتِ النَّارُ: آگ کا روشن ہونا۔ بھڑکنا۔ لَالَا الثَّوْرُ بِذَنَبِهٖ: بیل کا دُم ہلانا۔ لَالَاتِ النَّوَائِحُ: بین کرنے والی عورتوں کا ہاتھوں کو الٹنا پلٹنا۔ لَالَا الدَّمْعَ: آنسو بہانا۔

تَلَالَا النَّجْمُ او الْبَرْقُ او النَّارُ بمعنی لَالَا وَجْهُهٗ: چہرہ کا چمک اٹھنا۔

اللُّؤْلُؤُ [illegible]

اللُّؤْلُؤِی وَاللُّؤْلُؤَانُ: موتی کے رنگ کا۔

اللِّئَالَةُ: موتی فروشی کا پیشہ۔

اللَّأْلَاءُ: بہت زیادہ خوشی۔ لَأْلَاءُ السِّرَاجِ: چراغ کی روشنی (......... والـلَّآل واللَّاء) موتی فروش۔

لَامَ (ف) لَامًا وَلَامَ تَلْئِیْمًا الرَّجُلَ: کمینگی کی طرف نسبت کرنا...... السَّهْمَ: پر لگانا۔ الْجُرْحَ: زخم باندھنا(...... لَامَ (ف) لَامًا وَلَامَ تَلْئِیْمًا وَاَلَامَ اِلَامًا) الشَّیْءَ: درست کرنا۔ جمع کرنا اور باندھنا۔

اَلَامَ الرَّجُلُ: کمینے بچوں کا باپ ہونا۔ ایسا کام کرنا جس سے لوگ کمینہ کہیں۔

لَؤُمَ (ک) لُؤْمًا وَمَلْأَمَةً وَلَآمَةً دنی الاصل ہونا۔ بخیل ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت لَئِیْمٌ ج لِئَامٌ وَلُؤَمَاءُ۔

لَاءَمَ مُلَاءَمَةً الشَّیْءَ: درست کرنا۔ جمع کرنا۔ لَاءَمَهُ الشَّیْءُ: موافقت کرنا۔ لَاءَمَ بَیْنَ الْقَوْمِ: صلح کرانا۔

تَلَامَ وَتَلَاءَمَ. الشَّیْءُ الْفَاسِدُ: درست ہونا۔ تَلَامَ لَامَتَهٗ اَیْ دِرْعَهٗ: زرہ پہننا۔

اِلْتَامَ الْفَاسِدُ: درست ہونا...... الشَّیْءُ: ملنا اور چمٹ جانا...... الْجُرْحُ: انگور بننا اور اچھا ہونا...... الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا...... الشَّیْئَانِ: متفق ہونا...... الْفَرِیْقَانِ: مصالحت کرنا۔

اِسْتَلَامَ اِسْتِلَامًا: زرہ پہننا۔ کمینوں میں شادی کرنا...... اَصْهَارًا: کمینوں کو داماد بنانا...... الْحَجَرَ الْاَسْوَدَ: چومنا...... الْاَبَ: کمینہ باپ والا ہونا۔

اللَّامُ: مص۔ جمع لَامَةٌ: بمعنی زرہ۔ مخفف۔ ہر سخت چیز۔ کہا جاتا ہے "شَیْءٌ لَامٌ" مجتمع چیز۔ "سَهْمٌ لَامٌ" پر لگا ہوا تیر۔

اللِّئْمُ ج اَلْآمٌ وَلِئَامٌ. وَاللُّمَةُ: مثل۔ مانند۔ اللِّئْمُ: لوگوں کے درمیان اتفاق۔ تلوار۔ شَهِدَ اللُّمَةُ: تین سے لے کر دس تک مردوں کی جماعت۔ ج لُمَاتٌ کہا جاتا ہے "هُوَ لِئَامَتُهٗ" وہ اس کی مانند ہے۔

اللُّوْمَةُ: حاجت۔

اللامة : زرہ۔ ج لأمٌ ولُؤم.
اللُّؤمَة : اوزار کاشت کاری۔ ہر نفیس چیز جس پر بخل کیا جائے۔ دوسروں کے فعل کی نقل کرنے والا۔
اللَّئِيم : کمینہ۔ بخیل۔ دَنِيُّ الاصل : بہت زیادہ حریص۔ ذلیل۔ ج لِئَام ولُؤَمَاء.
اَللَّئِيم : شہر۔
المَلأم والمِلأم والمِلأم : کمینوں کی عذر خواہی کرنے والا۔ ندا کے موقع پر یا مَلأم بمعنی یا لئیم کہا جاتا ہے۔
اللامان واللُّؤمان ولَمَلأمان. دنِیُّ الطبع : اور یہ ندا کے لئے مخصوص ہے۔
المُلأم : زرہ پہننے والا۔ رَجُلٌ مُلأمٌ : کمینگی کی طرف منسوب مرد۔
المُلْئِم : کمینہ۔ کمینوں کے پاس آنے جانے والا۔
لَأى يَلْأى لأيًا : دیر کرنا۔ رکنا۔
اَلْأَى اِلْآءً : سختی میں پڑنا۔
اِلْتَأى اِلْتِناءً : دیر کرنا۔ تنگ گزاران والا ہونا۔ مفلس ہونا۔
اللأى واللَّأى واللأواء : سختی۔ رنج وتکلیف۔
اللأى : ڈھال۔ جنگلی بیل۔ مؤنث لَآة. ج آلْآء.
لَبَّ (ن) لَبًّا بالمَكَان : اقامت کرنا...... الدَّابَةَ : جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا...... اللَّوزَةَ : بادام توڑ کر گری نکالنا...... الرَّجُلَ : سینہ پر مارنا۔
لَبَبَ (س) لَبًّا ولَبًا ولُبًّا ولَبَابَةً : عقلمند ہونا۔ لَبَبَ يَلْبُبُ : بھی بیان کیا گیا ہے مگر یہ مضاعف میں نادر ہے۔
لَبَّ (ض س) لَبًّا ولَبَابَةً : عقلمند ہونا۔ اور لَبُبْتَ ولَبِبْتَ تَلَبُّ : بھی آیا ہے مگر باب فَعُلَ يَفْعَلُ : سے اس کے سوا کوئی نہیں اور حقیقت میں یہ باب تداخل سے ہے۔
لَبَّ تَلْبِيبًا الحَبُّ : دانہ کا گودے دار ہونا...... فُلَانًا : گریبان پکڑ کر کھینچنا...... فِی الاَمْرِ : تردد کرنا۔
اَلَبَّ بالمَكَان : اقامت کرنا......

الاَمْرَ : لازم ہونا...... الدَّابَةَ : جانور کے سینہ پر تنگ باندھنا...... السَّرج : زین کا تنگ بنانا...... لَهُ الشَّيْءُ : پیش آنا اور کہا جاتا ہے "دَارُ فُلَانٍ تُلِبُّ دَارِی" فلاں کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔
تَلَبَّبَ لِلْقِتَالِ : مستعد ہونا۔ کمر کسنا...... الرَّجُلَانِ : ہر ایک کا دوسرے کے گریبان کو پکڑ کر کھینچنا۔
اِسْتَلَبَّ. زَيْدًا : عقل کی آزمائش کرنا۔
اللَّبُّ : قریبی مہربان۔ مؤنث لَبَّةٌ. ج لِبَاب رَجُلٌ لَبٌّ عَلَى الاَمْرِ : کام سے لازم رہنے والا امر دائم لَبَّةٌ : مہربان ماں۔
اللُّبُّ : ہر چیز کا خالص۔ خالص عقل۔ جو وہم وغیرہ کی آزمائش سے پاک ہو یا تیز فہمی۔ اس لئے لُبّ : پر عقل کا اطلاق ہوگا مگر عقل پر لب کا اطلاق ضروری نہیں۔
اللُّبُّ : دل۔ زہر۔ ج اَلْبَاب واَلُبّ واَلْبُبُ (آخری جمع صرف اشعار میں آتی ہے)
اللُّبُّ مِنَ الجَوْزِ واللَّوزِ ونَحوِ ذٰلِكَ : بادام اخروٹ وغیرہ کی گری۔ ج لُبُوب.
اللَّبَّة. لَبَّ : کا اسم مرة۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ شوہر کے ساتھ اچھی طرح گزر بسر کرنے والی عورت۔ ج لَبَّات.
اللَّبَب : مص۔ سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔ سینہ کا اوپر کا حصہ۔ باریک ریت۔ گھوڑے وغیرہ کے سینہ پر باندھنے کا تنگ۔ ج اَلْبَاب اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فِي لَبَبٍ رَخِيٍّ" فلاں آسودہ حال ہے۔
اللَّبَب : دل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ رَخِيُّ اللَّبَبِ" وہ کشادہ دل ہے۔
اللَّبَاب : تھوڑی گھاس۔ کہا جاتا ہے "لَبَابِ لَبَابِ" کوئی حرج نہیں۔
اللُّبَاب : ہر چیز کا خالص۔ برگزیدہ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُبَابُ قَوْمِهِ وهُمْ لُبَابُ قَوْمِهِمْ وهِيَ لُبَابُ قَوْمِهَا" فلاں اپنی قوم کا برگزیدہ ہے "حَسَبٌ لُبَابٌ وعَيشٌ لُبَابٌ" خالص [illegible]

ونَحْوِهِ : اخروٹ وغیرہ کی گری۔
اللَّبَابَة : لباس جو لڑائی کے وقت کپڑوں پر پہنا جائے۔
لُبَابُ الحُقُول : کھیتی کے درمیان پھیلنے والا پودا جو کھیتی کو نقصان دیتا ہے۔
اللَّبِيب : عقلمند۔ ج اَلِبَّاء مؤنث لَبِيبَة ج لَبِيبَات ولَبَائِب. رَجُلٌ لَبِيبٌ : کام سے چپٹے رہنے والا۔ سستی نہ کرنے والا۔ بَنَاتُ اَلْبُبِ دل کی چند رگوں کا نام جو مرکز لطف و مہربانی میں کہا جاتا ہے "اَنَا اُحِبُّكَ مِنْ بَنَاتِ اَلْبُبِي" میں تجھ سے تہ دل سے محبت کرتا ہوں۔ اور اَلْبُب : کی جمع اَلْاَلْبُب : اور تصغیر لُبَيب.
التَّلْبِيب : مص۔ گریبان ج تَلَابِيب
التَّلَبُّب : بہ تکلف عقل کا اظہار۔
اَلْاَلْبُوب : بیر کی گٹھلی۔ کہا جاتا ہے "لَبَّيْكَ" میں حاضر ہوں۔ میں موجود ہوں میں تمہاری طاعت پر قائم ہوں۔ تثنیہ تاکید کے لئے ہے اور نصب مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے اور اس کی اصل اِلْبَابٌ لَكَ اِلْبَابًا بَعْدَ اِلْبَابٍ ہے۔
المَلْبُوب : جودت عقل سے متصف۔
المُتَلَبَّب : سینہ پر ہار پڑنے کی جگہ۔
لَبِيبَة : بغیر آستینوں کی قمیص۔
لَبَأَ (ف) لَبْأَ الشَّاةَ : بکری کی پیوسی دوہنا۔ لَبَأَتِ الاُمُّ وَلَدَهَا : ماں کا بچے کو پیوسی پلانا۔ لَبَأَ الزَّرْعَ : پہلی بار پانی دینا...... والقَوْمَ : پیوسی کھلانا...... اللِّبَأَ : پیوسی تیار کرنا۔ اَلْبَأَتِ الشَّاةُ : پیوسی اتارنا...... الجَدْيُ : بکری کے بچہ کا خود پیوسی پی لینا۔ اَلْبَأَ القَوْمُ : بہت پیوسی والا ہونا...... الفَصِيلَ : پیوسی پینے کے لئے تھن سے لگا دینا۔
لَبَّأَتْ تَلْبِئَةً. الشَّاةُ : بکری کے تھن میں پیوسی اترنا۔ صفت مُلَبِّئٌ. لَبَّأَ بالحَجِّ : لَبَّيكَ اللّٰهُمَّ لَبَّيكَ : کہا (مانند لَبَّى : ناقص یائی کے۔ اور اصل میں ہمزہ نہیں بلکہ یا ہے)

اِلْتَبَأَ . التبأ اللبأ: پیوسی پینا ...... وَاسْتَلْبَأَ الْجَدْیُ الشَّاةَ : پیوسی پینا۔

اللبأ : پیوسی۔ کھیس۔

اللَّبْأَةُ واللَّبَاءَةُ واللَّبُوءَةُ واللَّبْوَةُ واللَّبُوَةُ والـلَّبْوَةُ واللَّبَةُ واللَّبَاةُ واللَّبُ : شیرنی۔ ج لَبَآت ولَبَا ولَبُوء ولَبُوَات.

لَبَثَ (ن) لَبْثًا يَدَهُ : ہاتھ اینٹھنا۔ مروڑنا ...... فُلَانًا : کسی کے سینہ پیٹ کمر پر لاٹھی سے مارنا۔

لَبِثَ (س) لَبْثًا ولُبْثًا ولَبَثًا ولَبَاثًا ولُبَاثًا ولَبَاثَةً ولَبَثَانًا ولَبِثَةً . بِالْمَكَانِ : ٹھہرنا۔ اقامت کرنا اور کہا جاتا ہے "مَا لَبِثَ اَنْ فَعَلَ كَذَا" اس نے ایسا کرنے میں تاخیر نہیں کی۔

لَبَّثَ والْبَثَ فُلَانًا فِی الْمَكَانِ : ٹھہرانا۔ مقیم کرانا۔

تَلَبَّثَ بِالْمَكَانِ : ٹھہرنا۔

اِسْتَلْبَثَهُ : سست پانا۔ سست سمجھنا۔

اللَّابِثُ واللَّبِثُ بِالْمَكَانِ : اقامت گزیں۔ ٹھہرنے والا۔

اللُّبْثَة : تھوڑی دیر۔

اللَّبِيثَة : مص۔ مختلف قبائل کی جماعت۔ ج لَبَائِث.

لَبَجَ (ن) لَبْجًا بِهِ الْأَرْضَ : زمین پر پٹک دینا اور پچھاڑ دینا اور کہا جاتا ہے "لُبِجَ بِالرَّجُلِ او الْبَعِيرِ" یعنی مرض یا تھکن کی وجہ سے گر پڑنا۔ صفت لَبِيج ...... ہٗ بِالْعَصَا : لاٹھی سے مارنا۔

اللُّبْجَة واللَّبَجَة : شاخ دار لوہا جس سے بھیڑیئے کو شکار کیا جاتا ہے۔ ج لُبَج ولُبَج.

اللَّبَاج : بے وقوف۔ کمزور عقل والا۔

لَبِخَ (س) لَبْخًا ولَبَخَ والْبَخَ الرَّجُلَ : بڈھا ہونا۔

اللَّبْخ : بوڑھا۔ عمر رسیدہ۔ بہادری۔

لَبَخَ (ف) لَبْخًا فُلَانًا : مارنا۔ گالی دینا۔ قتل کرنا ...... الرَّجُلَ : پکڑنے کے لئے حیلہ کرنا ...... الشَّیْءَ : لیپنا ...... لَبُوخًا جَسَدُهُ : بہت گوشت والا ہونا۔ صفت لَبِيخ.

لَابَخَهُ لِبَاخًا ومُلَابَخَةً : باہم طمانچہ مارنا۔ باہم مار پیٹ کرنا۔

تَلَبَّخَ : مشک لگانا۔

اللَّبَخ : ایک درخت ہے جس کے پتے اخروٹ کے پھل کے مانند ہوتے ہیں۔ واحد لَبَخَة.

اللَّبِيخ : زیادہ گوشت والا۔

اللَّبِيخَة : مشک کا نافہ۔

لَبَدَ (ن) لُبُودًا بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا۔ الْقَوْمُ بِالرَّجُلِ : لازم ہونا ...... بِالشَّیْءِ : چمٹنا ...... الشَّیْءُ بِالشَّیْءِ : گتھ جانا ...... الثَّوْبَ : کپڑے میں پیوند لگانا۔

لَبِدَ (س) لَبَدًا بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا۔

لَبَدَ (ض) لَبْدًا الصُّوفَ : اون دھنک کر پانی میں تر کر کے نمدہ بنانا ......

لَبَّدَ الصُّوفَ : بمعنی لَبَدَهُ ...... الْكِسَاءَ : پیوند لگانا ...... الشَّیْءَ : نمدہ جیسا ہونا ...... الْمَطَرُ الْأَرْضَ : تر کرنا ...... شَعْرَهُ : لیس دار چیز یا گوند سے چپکانا۔

اَلْبَدَ بِالْأَرْضِ : چمٹ جانا ...... بِالْمَكَانِ : اقامت کرنا ...... السَّرْجَ : زین کے لئے نمدہ بنانا ...... الْفَرَسَ : گھوڑے پر نمدہ باندھنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ : چپکانا ...... الرَّجُلُ رَأْسَهُ : دروازہ میں داخل ہونے کے وقت سر جھکانا ...... الْخِرَقَ : پیوند لگانا ...... بَصَرُ الْمُصَلِّی : سجدہ گاہ میں نگاہ ہونا۔

تَلَبَّدَ الصُّوفُ ونَحْوُهُ : نمدہ بننا ...... الطَّائِرُ بِالْأَرْضِ : پرندہ کا زمین پر بیٹھنا۔ الرَّجُلُ : دیکھ کر معلوم کرنا۔ تَلَبَّدَتِ الْأَرْضُ بِالْمَطَرِ : بارش کی وجہ سے زمین کا ٹھوس ہونا۔

اِلْتَبَدَ الْوَرَقُ ونَحْوُهُ : آپس میں چمٹنا ...... الشَّجَرَةُ : بہت پتوں والا ہونا۔

اللَّبَد : مص۔ نمدہ۔ کہا جاتا ہے "مَالَهُ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ" اس کے پاس نہ بال ہے نہ اون یعنی نہ قلیل ہے نہ کثیر۔

اللَّبَد : تہ بتہ شدہ بال۔

اللَّبِد واللُّبَد : جو سفر نہ کرے اور ہمیشہ گھر ہی میں رہے۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لُبَدٌ" یعنی بہت مال گویا کہ ایک پر ایک جمع ہے۔ اَبُو لُبَدٍ : شیر۔

اللِّبْد : بال یا اون تہ بتہ شدہ۔ اون کا بچھونا۔ نمدہ ج لُبُود واَلْبَاد : کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَجِفُّ لِبْدُهُ" فلاں کا عرق گیر خشک نہیں ہوتا یعنی وہ ہمیشہ سفر میں رہتا ہے۔

اللُّبَادَة : اون کی ایک چیز جو سر پر پہنی جاتی ہے یا نمدے کی قبا۔

اللِّبْدَة : تہ بتہ جما ہوا بال یا اون۔ کپڑے کا ٹکڑا جس سے کرتے کے سامنے کا پیوند لگایا جائے۔ ران کا اندرونی حصہ۔ ٹڈی۔

اللُّبْدَة : تہ بتہ جما ہوا بال یا اُون۔

اللِّبْدَة واللُّبْدَة : شیر کے ایال۔ ج لِبَد ولُبَد ولِبَاد ولُبُود.

اللَّابِد : فا۔ شیر۔ کہا جاتا ہے "مَالٌ لَابِدٌ" یعنی بہت مال۔

اللَّبَّاد : نمدے بنانے والا۔

اللَّبُّود : چیچڑی۔

اللُّبَيْد : توبرہ۔ چھوٹا بورا (...... واللُّبَادَی واللُّبَادَی واللُّبَدَی) ایک قسم کا پرندہ۔ جو بغیر اڑائے نہیں اڑتا اور ہر وقت زمین ہی سے چمٹا رہتا ہے۔ اللُّبَدَی : جمع شدہ لوگ۔

المُلْبِد : فا۔ زمین پر پٹک دینے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلْبِدٌ" ای فَقِيرٌ مُدْقِعٌ یعنی بہت زیادہ فقیر ہے۔ شیر۔ زمین سے چمٹنے والا۔

المَلْبُود والمُلْبَد والمُلَبَّد : پیوند لگا ہوا تَيْسٌ مَلْبُودٌ : ٹھوس گوشت والا بکرا۔

لَبَزَهُ (ض) لَبْزًا : بہت سخت مارنا۔ لَبَزَ الشَّیْءَ : بہت تیز کھانا۔ توڑنا ...... فُلَانًا : عیب

لگانا۔ برالقب دینا۔ پیٹھ پر ہاتھ سے مارنا۔

لَبَسَ (ض) لَبْسًا عَلَيْهِ الْأَمْرَ: مشتبہ کر دینا۔ گڑبڑ کر دینا۔

لَبَسَهٗ (ن) لَبْسًا: شبہ میں ڈال دینا۔ تم کہتے ہو "لَبَسَنِی" یعنی اس نے ایسا کر دیا کہ میں اپنے معاملہ میں شبہ میں پڑ گیا۔

لَبِسَ (س) لُبْسًا الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔ فُلَانًا: مدت تک کسی کی معاشرت و مصاحبت سے فائدہ اُٹھانا ...... فُلَانًا عَلٰی مَا فِيْهِ: برداشت کرنا۔ قبول کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "لَبِسْتُ عَلٰی ذٰلِکَ اُذُنِیْ" یعنی میں بتکلف بہرا بن گیا اور میں نے گفتگو نہیں کی "وَلَبِسْتُ لِفُلَانٍ اُذُنِیْ" یعنی میں نے اس سے تغافل برتا۔

لَبَّسَ عَلَيْهِ الْأَمْرَ: خلط ملط کرنا ...... الشَّیْءَ: عیب چھپانا۔

اَلْبَسَهٗ: چھپانا۔ پوشیدہ کرنا ...... هٗ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔

لَابَسَهٗ: ملانا۔ اندرونی حالت معلوم کرنا

لَابَسَ الْأَمْرَ: ہمیشہ کرنا۔

تَلَبَّسَ بِالْأَمْرِ وَبِالثَّوْبِ: کام میں لگنا۔ کپڑا پہننا ...... الطَّعَامُ بِالْيَدِ: چپکنا۔ تَلَبَّسَ بِیَ الْأَمْرُ: تعلق ہونا ...... عَلَى الْأَمْرِ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَبَّسَ حُبُّهٗ بِلَحْمِیْ" اس کی محبت میرے خون میں پیوست ہو گئی "وَتَلَبَّسَ لِبَاسًا حَسَنًا" عمدہ لباس پہننا۔

اِلْتَبَسَ عَلَيَّ الْأَمْرُ: مشتبہ ہونا۔ دشوار ہونا۔ وَالْتَبَسَ بِعَمَلٍ كَذَا: ملانا۔ اِلْتَبَسَتْ بِهِ الْخَيْلُ: لاحق ہونا۔

اللَّبْسُ واللُّبْسُ واللُّبْسَةُ والْإِلْبَاسُ واللَّبُوْسَةُ واللُّبُوْسَةُ: شبہ۔ دشواری۔ عدم وضاحت۔ اللَّبْسُ واللُّبْسُ: تاریکی کا ملنا۔

اللُّبْسُ: ایک قسم کا کپڑا۔

اللِّبْسُ: لباس۔ ج لُبُوْس۔ لِبْسُ الْهَوْدَجِ وَنَحْوِهٖ: ہودہ کا کپڑا۔ کھال اور گوشت کے درمیان جو باریک سی جھلی ہوتی ہے اس پر بھی لِبْس: کا اطلاق ہوتا ہے۔

اللِّبَاسُ: جو کپڑا پہنا جائے ج لُبُس وَاَلْبِسَة: شوہر و بیوی۔ مخلط ہونا۔ اختلاط لِبَاسُ الزَّهْرِ: کلی کا غلاف۔ لِبَاسُ التَّقْوٰی: حیاء۔ ستر عورت وغیرہ۔

اللِّبْسَةُ: ایک قسم کا کپڑا۔ لَبِسَ کا اسم نوع۔

اللَّبُوْسُ: لباس۔ زرہ۔ بہت پہننے والا۔

اللَّبِيْسُ: کپڑا۔ قَمِيْصٌ لَبِيْسٌ: بہت پہننے سے پرانا کرنا۔ مثل و نظیر۔

التَّلْبِيْسُ: مص۔ کتمان حقیقت۔ اخفاء حقیقت۔

اللَّبَّاسُ: بہت لباس پہننے والا۔ بہت خلط ملط کرنے والا۔

الْمَلْبَسُ والْمِلْبَسُ: لباس۔ ج مَلَابِس

الْمِلْبَسُ: رات۔

الْمُلَبَّسُ: مع ...... عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ: بادام وغیرہ جس پر شکر چڑھائی گئی ہو۔

لَبَّشَ: سفر پر جانے کے لئے بے ترتیب سامان جمع کرنا۔

لَبَطَ (ض ن) لَبْطًا بِفُلَانٍ الْأَرْضَ: زمین پر پھینک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ لُبِطَ بِهٖ: گرایا جانا۔ کسی مرض یا کسی اچانک معاملہ کے پیش آ جانے کی وجہ سے گر پڑنا۔ زکام والا ہونا۔

لَبَطَ (ض) لَبْطًا وَتَلَبَّطَ وَالْتَبَطَ الْبَعِيْرُ او الْبَغْلُ: اونٹ یا خچر کا زمین پر لات مارنا، دوڑنے میں لات پھینکنا۔ اِلْتَبَطَ وَتَلَبَّطَ الرَّجُلُ: زمین پر لوٹنا۔ مضطرب ہونا۔ متحیر ہونا ...... فِی الْأَمْرِ: کوشش کرنا۔ حیلہ کرنا۔

اللَّبْطَةُ. لَبَطَ: کا اسم مرۃ۔ زکام۔

اللَّبْطَةُ. اللِّبَاطُ: کا اسم۔ لنگڑے کی دوڑ۔

الْأَلْبَاطُ: کھالیں۔ واحد لَبْط۔

الْمَلْبُوْطُ: مع ۔ رَجُلٌ مَلْبُوْطٌ بِهٖ: اپنے کام میں متحیر مرد۔

لَبَعَ: لالچ کے ساتھ کھانا۔

لَبَقَ (ن) لَبْقًا وَلَبَّقَ الشَّیْءَ: نرم کرنا۔

لَبِقَ (س) لَبَقًا وَلَبُقَ (ک) لَبَاقَةً: حاذق ہونا۔ ذہین ہونا۔ نرم اخلاق والا ہونا۔ لَبَّقَ وَلَبَّقَ الثَّوْبَ وَنَحْوَهٗ بِفُلَانٍ: پھبنا۔

اللَّبِقُ واللَّبِيْقُ: نرم اخلاق والا۔ پاکیزہ اخلاق والا۔ ذکی۔ ذہین۔ مؤنث لَبِقَةٌ وَلَبِيْقَةٌ۔

لَبَکَ (ن) لَبْكًا وَلَبَّکَ الْأَمْرَ او الشَّیْءَ: ملانا ...... الثَّرِيْدَ: کھانے کے لئے جمع کرنا ...... الْقَوْمُ بَيْنَ الشَّاءِ: بکریوں کو ملا دینا۔

لَبِکَ (س) لَبَكًا وَالْتَبَکَ وَتَلَبَّکَ الْأَمْرُ: گڑبڑ ہونا۔ مشتبہ ہونا۔

اَلْبَکَ: فحش کلامی کرنا۔ گفتگو میں غلطی کرنا۔

اللَّبْکُ واللَّبْكَةُ: مخلوط چیز۔ اَمْرٌ لَبْکٌ وَلَبِيْکٌ: گڑبڑ معاملہ۔ مشتبہ معاملہ۔

اللَّبْكَةُ: ثرید کا ایک لقمہ۔ ثرید کا ایک حصہ۔

اللُّبَاكَةُ واللَّبِيْكَةُ: جماعت۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِیْ لَبْكَةٍ وَلَبِيْكَةٍ" یعنی وہ گڑبڑ میں پڑ گیا۔

لَبَّلَبَتِ الْمَرْأَةُ بِوَلَدِهَا: عورت کا بچے سے لاڈ پیار کرنا۔ مہربان ہونا ...... الشَّاةُ بِوَلَدِهَا بَعْدَ الْوَضْعِ: بکری کا بچے کو جننے کے بعد ہونٹوں سے چاٹنا اور مہربان ہونا۔

تَلَبْلَبَ الْقَوْمُ: قوم کا متفرق و پراگندہ ہونا۔

اللَّبْلَبُ واللُّبْلُبُ: اپنے لوگوں سے مہربانی کرنے والا۔ اپنے پڑوسیوں سے اچھا سلوک کرنے والا۔

تَبَالَبَ الْغَنَمُ: بکریوں کا شور اور ان کی آواز۔

اللَّبْلَابُ: عشق پیچہ (ایک پھول دار بیل جو جھاڑوں پر پھیلتی ہے اس کا پھول پیالے کے پیچ کے مشابہ ہوتا ہے)۔

لَبَنَ (ن ض) لَبْنًا الرَّجُلَ: دودھ پلانا۔ فُلَانًا بِالْعَصَا: سخت لاٹھی مارنا (لَبَنَ ض)

لَبَنَ الرَّجُلُ: بہت کھانا۔

لَبِنَ (س) لَبَنًا الرَّجُلُ: تکیہ کی وجہ سے درد گردن والا ہونا ...... الشَّاةُ: بکری کا دودھ والی ہونا۔

اَلْبَنَ الْقَوْمُ: بہت دودھ والی ہونا۔ صفت لَابِنُوْنَ وَمُلْبِنُوْنَ ...... النَّاقَةُ: تھن میں دودھ

اُترنا ...... تَلْبِنَۃ)

لَبَّنَ: اینٹ بنانا۔ فیصلے کرنے کے لئے مجلس بنانا...... الشَّیءَ: چوکور بنانا۔

تَلَبَّنَ الرَّجُلُ: دیر کرنا۔

اِلْتَبَنَ: اپنا دودھ چوسنا۔

اِسْتَلْبَنَ: دودھ طلب کرنا۔

اللَّبَنُ: مص۔ دودھ ج اَلْبَان: تھوڑے سے کو لُبْنَۃ کہتے ہیں۔ لَبَنُ الشَّجَرَۃِ: درخت کا دودھ۔

اللَّبِنُ واللِّبِنُ واللِّبْنُ: کچی اینٹیں۔ واحد لَبِنَۃ۔

اللَّبِنُ واللَّبُوْنُ: دودھ کا خواہش مند۔ دودھ پینے والا۔ لَبِنُ الْقَمِیْصِ: کرتے کی کلی۔

مَجْلِسُ لَبِنٍ: فیصلے کی مجلس۔ اللَّبِنَۃُ واللَّبِنَۃُ: دودھ والی۔

اللَّبَانُ: سینہ یا دونوں پستان کا درمیان اور اکثر استعمال گھوڑے وغیرہ کے سینے کے لئے ہوتا ہے۔

اللِّبَانُ: دودھ پلانا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ اَخُوْہُ بِلِبَانِ اُمِّہٖ اور بِلَبَنِ اُمِّہٖ نہیں کہا جاتا ہے۔

اللُّبَانُ: صنوبر۔ کندر۔ ایک قسم کا گوند جو دھونی کے کام آتا ہے۔

اللُّبَانَۃُ: حاجت۔ ضرورت۔ ج لُبَانَات ولُبَان۔

لُبْنَان: ملک شام کا ایک پہاڑ جس کی چوٹی پر ہمیشہ برف رہتی ہے۔

اللَّابِنُ: فا۔ دودھ والا۔ زیادہ دودھ والا۔ دودھ پلانے والا۔ مؤنث لَابِنَۃ ج لَابِنَات لَوَابِن۔ اللَّوَابِن: تھن۔

اللَّبُوْنُ والْمُلْبِنَۃ: دودھ والی۔ ج لِبَان ولُبْن ولُبُن ولَبَائِن: کہا جاتا ہے "کَمْ لُبْنُ غَنَمِکَ" تمہاری بکریوں میں کتنی دودھ والی ہیں۔

اللَّبِیْنُ: دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھار۔ مؤنث لَبِیْنَۃ: کرتے کی کلی۔

اللُّبْنٰی: ایک درخت ہے جس سے شہد کی طرح دودھ نکلتا ہے اور کبھی اس سے دھونی کا کام لیا جاتا ہے عَسَلُ اللُّبْنٰی لُبْنٰی: درخت کا دودھ۔

اللَّبَّانُ والمُلَبِّنُ: اینٹیں بنانے والا۔

الْمُلَبَّنُ والْمُلَبَّنَۃ: بھوری دودھ شہد سے بنا ہوا حریرہ۔

الْمِلْبَنُ: دودھ صاف کرنے کا چھنا۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ اینٹ بنانے کا سانچہ۔ کچی اینٹوں کو جس میں رکھ کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جائیں۔

الْمَلْبُوْنُ: دودھ سے پرورش پایا ہوا۔ دودھ پینے سے جس کو نشہ جیسا ہو۔

الْمِلْبَنَۃ: چمچہ۔

عُشْبٌ مَلْبَنَۃ: زیادہ دودھ والی گھاس۔

اللَّبُوَۃ واللَّبْوَۃ: شیرنی اس کو لَبُوْءَۃ اور لَبَاءَۃ اور لَبَاۃ بھی کہا جاتا ہے (لَبَأَ کے مادہ میں ذکر ہو چکا ہے)

لَبِیَ یَلْبٰی لَبًا مِنَ الطَّعَامِ: بہت کھانا۔

لَبّٰی تَلْبِیَۃُ الرَّجُلَ: جواب دینا۔ لَبَّیْکَ کہنا۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمُ الْمُلَبِّیَۃ" ان کے درمیان ایسی موافقت ہے کہ ان میں سے کوئی اپنے راز کو دوسرے سے نہیں چھپاتا۔

لَتَّ (ن) لَتًّا الشَّیءَ: کوٹنا۔ ریزہ ریزہ کرنا۔ پیسنا۔ باندھنا...... السَّوِیْقَ: ستو کو پانی سے تر کرنا۔ گھی ملانا...... الْمَاءُ الثِّیَابَ وغَیْرَھَا: تر کرنا۔ صفت لَاتٌّ۔

لُتَّ فُلَانٌ بِفُلَانٍ: چمٹنا۔

اَلَتَّ الطَّائِرُ: پرندہ کا اپنے سر کو پروں میں چھپانا۔

اللَّاتُ واللَّاتُّ: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

اللَّتُّ: مص کلہاڑی۔ بڑا کلہاڑا۔

اللُّتَاتُ: درخت کی چھال جو باریک کی جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا اَبْقٰی مِنِّی الْمَرَضُ اِلَّا لُتَاتًا" مرض نے مجھ میں سوائے خشک کھال کے کچھ نہیں چھوڑا۔

لَتَأَ (ف) لَتْأً فُلَانًا فِیْ صَدْرِہٖ: دھکا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَتَأَتْ بِہٖ اُمُّہٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا...... بِالْحَجَرِ: پتھر مارنا۔ لَتَأَ اِلَیْہِ بِعَیْنِہٖ: گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا...... الشَّیءَ: کم کرنا...... اَلْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔ لَتَأَ: گوز کرنا۔

اللَّتِیُّ: ہمیشہ اپنی جگہ پر رہنے والا۔

لَتَبَ (ن) لَتْبًا ولُتُوْبًا بِہٖ: چپکنا...... فِیْہِ: ثابت رہنا...... فِیْ مَنْحَرِ النَّاقَۃِ: بھالا مارنا (...... ولَتَّبَ) السَّرْجَ عَلَی الْفَرَسِ: زین کسنا اور کہا جاتا ہے "لَتَبَ عَلَیْہِ ثَوْبَہٗ" جب کہ کپڑا اپنے اور اتارنا نہ چاہے۔

اَلْتَبَ عَلَیْہِ الْاَمْرَ: واجب کرنا۔

تَلَاتَبَ الْقَوْمُ: قوم کا باہم ملنا...... بِالرِّمَاحِ: ایک دوسرے کو نیزہ مارنا۔

اِلْتَتَبَ الثَّوْبَ: کپڑا پہننا۔

اللَّاتِبُ: چپکنے والا۔ ثابت رہنے والا۔

الْمِلْتَبُ: ہمیشہ گھر میں رہنے والا۔ گوشہ نشین۔

الْمَلَاتِبُ: پرانے کپڑے۔

لَتَحَہٗ (ف) لَتْحًا: کنکری مار کر چہرہ یا جسم کو زخمی کرنا...... ہٗ بِبَصَرِہٖ: نگاہ ڈالنا...... فُلَانًا: سب کچھ لے لینا کچھ باقی نہ چھوڑنا...... الْجَارِیَۃَ: جماع کرنا۔ لَتَحَہٗ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے مارنا۔

لَتِحَ (س) لَتْحًا: بھوکا ہونا۔ صفت لَتْحَان: مؤنث لَتْحٰی۔

رَجُلٌ لَتِحٌ ولَاتِحٌ ولُتَاحٌ ولُتَحَۃٌ: چالاک عقل مند ج لُتَاح کہا جاتا ہے "ھُوَ اَلْتَحُ شِعْرًا مِنْہُ" وہ بہ نسبت اس کے معانی پر زیادہ قابو یافتہ ہے۔

لَتَخَہٗ (ف) لَتْخًا: آلودہ کرنا...... الشَّیءَ: پھاڑنا۔

تَلَتَّخَ بِالشَّیءِ: آلودہ ہونا۔

لَتَدَ (ض ن) لَتْدًا فُلَانًا بِیَدِہٖ: مکا مارنا۔

لَتَزَہٗ (ض ن) لَتْزًا: مکا مار کر دفع کرنا۔

لَتَغَ (ف) لَتْغًا فُلَانًا: ڈسنا...... ہٗ بِیَدِہٖ: ہاتھ سے مارنا۔

اللَّثلَثة: جھوٹی قسم۔

اَلـلَّـثـلَـة: بے فائدہ کلام۔ کم قیمت کاموں میں مشغول ہونا۔ اس کا باپ: لَثـلَـثَ فَهُوَ لَثلاثٌ وَهِيَ لَثلاثَةٌ.

لَـثَـمَـهُ (ن ض) لَـثـمًـا: مارنا۔ نتھنے پر نیزہ مارنا۔ لَثَمَ السَّهمَ: تیر پھینکنا...... هُ بِسَهمٍ: تیر مارنا...... فُلانٌ بِشَفـرَتِهٖ فِيْ لَبَّةِ بَعِيرِهٖ: اُونٹ کے سینے پر چھری چلانا۔ لَـثَـمَـتِ الـحِجَـارَةُ رِجلَ الـمَاشِي: پتھروں کا چلنے والے کے پیر کو زخمی کرنا۔

اللَّثم: زخم۔

اَللَّا تِـيـنِـي ج لاتِـيـنُـون ولا تِـيـن: مؤنث لاتِـيـنِـيَّـةُ لاتِـيـنُـوم: کی طرف نسبت یہ اٹلی کا مقام مشہور ہے۔ کہا جاتا ہے شعب لاتینی ولغة لاتينة.

اللَّتِن: میٹھا۔

اللَّتنَة: سیپی۔

اَلَّتِيْ واَلَّتِ والـلَّـتْ. اَلَّذِيْ: کا مؤنث ج اللَّاتِيْ واللاتِ واللَّوَاتِيْ واللَّوَاتِ واللَّوَا واللاتِـي واللَّاءِ واللاء ات اور تثنیہ کے لئے اللَّتَان واللَّتَانّ: تشدید نون کے ساتھ۔ واللَّتَا: بغیر نون کے حالتِ رفعی میں واللَّتَيْ: حالتِ نصبی وجری میں۔

الـلُّتَـيَّـا والـلَّـتَيَّا. اَلَّتِيْ: کی تصغیر اور تثنیہ کی صورت میں الـلَّـتَـيَّـان واللُّتَيَّـان اور جمع کے لئے الـلَّتَيَّات واللُّتَيَّات: کہا جاتا ہے "وَقَعَ فِـيْ الـلَّـتَـيَّـا والَّتِـي" یعنی بڑی بڑی مختلف مصیبتوں میں پڑ گیا۔ "وَبَـعْـدَ اللَّتَيَّا والَّتِي صَـارَ كَـذَا" یعنی بہت جھگڑوں کے بعد ایسا ہوا۔

لَثَّ (ن) لَثًّا والَـثَّ بِـالْمَكَانِ: اقامت کرنا...... اَلْـمَـطَـرُ: چند روز تک برسنا...... عَلَيْهِ: اصرار کرنا ولَثَّ الشَّجَرُ: درخت کو تری پہنچنا۔

اللَّثُّ: مص۔ تری۔

لَثَأَ (ف) لَثَأَ الكَلْبُ: کتے کا منہ ڈالنا۔

اللَّثَأ: وہ چیز جو درخت سے ٹپکے یا بہے

لَثَدَ (ض) لَثدًا. اَلْمَتَاعَ: سامان تہ بہ تہ رکھنا۔

اللِّثدَة: جماعت جو مقیم ہو اور کوچ نہ کرے۔

لَثَطَ (ض) لَثـطًـا فُلانًـا: آہستہ آہستہ مارنا۔ هٗ: آہستہ سے پھینکنا۔ آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔

اللِّثَة: دانت کی جڑوں سے ہونٹ کا ملا ہوا حصہ۔

اللَّثَغ: ہکلا۔ مؤنث لَثغَاء ج لُثغ.

لَثِغَ (س) لَثَـغًـا ولَثَـلَـغَ: ہکلا پن ہونا۔ صفت اَلثَغ مؤنث لَثغَاء ج لُثغ.

الـلُّثغَة: سین کی جگہ میں ثاء۔ راء کی جگہ میں غین یا لام وغیرہ بولنا۔ ہکلا پن۔

اللُّثغَة: منہ۔

لَثِقَ (س) لَثَـقًـا اليَـوْمُ: بند ہوا والا۔ اور نمناک ہونا...... اَلْـمُسَـافِرُ: کیچڑ میں پڑنا...... ثِيَابُـه: کپڑوں کا تر ہونا...... الـطَّـائِرُ: پروں کا تر ہونا۔ صفت لَثِقٌ.

لَثَّـقَ الشَّـيْءَ: خراب کرنا۔ فاسد کرنا۔ تباہ کرنا۔

اَلثَقَ الشَّيْءَ: تر کرنا۔

اِلتَثَقَ وتَلَثَّقَ: تر ہونا۔

الـلَّـثَـقُ: تری۔ کیچڑ۔ گارا۔ کہا جاتا ہے "مَشَيْنَا فِيْ لَثَقٍ" ہم کیچڑ میں چلے۔

الـلَّثِق: چپکنے والی مٹی "يَوْمٌ لَثِقٌ" بند ہوا اور نمناک دن۔

لَثلَثَ الْمَطَرُ: بارش کا چند دن تک برسنا۔ ...... الـرَّجُلُ: کمزور ہونا...... عَلَى فُلَانٍ: اصرار کرنا...... هُ عَنْ كَذَا: منع کرنا۔ روکنا ...... هُ فِـي الـتُّرَابِ: لوٹ لگوانا۔ لَثـلَـثَ الْبَعِيْرَ: اونٹ کو تھکانا...... كَلَامَهٗ: صاف نہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لَثلِثُوْا بِنَا" ہمیں تھوڑا سا آرام لینے دو(...... وتَلَثلَثَ) فِي الْاَمْرِ: تردد کرنا۔ دیر کرنا...... بِـالْـمَكَان: اقامت کرنا۔ تَـلَثلَثَ فِي التُّرَابِ: مٹی میں لوٹ لگانا...... الـغَيْمُ والسَّحَابُ: بادلوں کا آنا

اللَّثلَث واللَّثلاث واللَّثلاثة واللُّثَلِث: ہر معاملے میں دیر کرنے والا جب کبھی تمہیں گمان ہو کہ تمہاری حاجت پوری کرے گا تو کاہلی کر جائے۔

لَثَمَ (ض) ولَثِمَ (س) لَثـمًـا الفَمَ اولوَجنَة: بوسہ لینا۔

لَثَمَ (ض) لَثمًا اَنفَه: ناک پر مکا مارنا...... اَلْـحِجَـارَةُ خُفَّ البَعِيرِ: ٹھوکر لگنا اور خون آلود کر دینا...... البَـعِيـرُ الْـحِجَارَةَ بِخُفِّهٖ: ٹھوکر سے توڑ دینا۔

لَثَمَ ولَثِمَ ولَثَّمَ وتَـلَثَّم والتَثَمَ الرَّجُلُ: ڈھاٹا باندھنا۔

لاثَمَهٗ: بوسہ لینا۔

تَلاثَمَا: ایک دوسرے کا بوسہ لینا۔

اللَّثم: مص۔ ناک اور اس کا ماحول۔

اللاثِم: فا۔ ج لُثَّم.

اللِّثمَة: بوسہ لینے کی ہیئت۔

اللَّثمَة. لَثَمَ: کا اسم مرۃ۔ بوسہ۔

الـلِّثَـام: ڈھاٹا۔ کپڑا جو ناک اور اس کے ارد گرد لپیٹا جائے۔ نقاب۔ ج لُثُم.

لَثِيَ يَلثَى لَثًى: تھوڑا پانی پینا۔ اَلْقِدرُ: ہانڈی کو خوب چاٹنا...... واَلثَى شَجَرُ الـسَّمُرِ: نمناک ہونا اور گوند بہنا۔ لَثِيَتِ الْيَـدُمِنَ طِيْـنٍ ونَـحْوِه: ہاتھ کا لت پت ہونا۔ دودھ کی چکناہٹ سے چکنا ہونا۔ لَثِـيَ الثَّوبُ: کپڑے کا پسینہ سے تر ہونا اور میلا ہونا۔

اَلثَتِ الشَّجَرَةُ مَاحَوْلَهَا: نمناک کرنا۔

تَـلَثَّى والتَثَى: گوند نکالنا۔ تَلَثَّى الشَّجَرُ: گوند بہنا۔

الـلَّثَى: مص۔ گوند۔ دودھ کی چکناہٹ۔ تری۔ لَثَى الثَّوبِ: کپڑے کا میل۔

اللِّثَة: مسوڑھا۔ ج لِثًى ولِثَات ولُثِيّ.

اللَّثِي: نمناک۔ ثوب لَثٍ: پسینہ سے تر اور میلا۔

اللَّثِيُّ: گوند کھانے کا حریص۔

اللَّثَاة: حلق کا کوا۔ ایک درخت کا نام۔

الحُرُوف اللَّثَوِيَّة: ثاء۔ ذال۔ ظاء۔

لَجَّ (ض س) لَجَجًا ولَجَاجًا ولَجَاجَةً: سخت جھگڑا کرنا۔ دشمنی میں مداومت کرنا ...... فِی الْاَمْرِ: لازم ہونا اور باز رہنے سے انکار کرنا ...... بِہِ الْھَمُّ ونَحْوُہٗ: لازم رہنا ...... عَلٰی فُلَانٍ فِی الْمَسْاَلَةِ: اصرار کرنا اور جلدی فیصلہ کی خواہش کرنا۔

لَجَّجَ واَلَجَّ الْقَوْمُ: قوم کا پانی کے گہرے حصے میں داخل ہونا۔ لَجَّجَتِ السَّفِینَۃُ: کشتی کا پانی کے گہرے میں چلنا۔ اَلَجَّتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا بڑبڑانا۔

لَاجَّ. خَصْمَہٗ: جھگڑے میں مداومت کرنا۔

تَلَجَّجَ واسْتَلَجَّ مَتَاعَ فُلَانٍ: کسی کے سامان پر دعویٰ کرنا۔ اِسْتَلَجَّ بِیَمِینِہٖ: اصرار کرنا اور یہ گمان کرتے ہوئے کہ صادق ہے کفارہ ادا نہ کرنا۔

اِلْتَجَّ الْبَحْرُ: سمندر کا متلاطم ہونا ...... الْاَرْضُ بِالسَّرَابِ: موج جیسا ہونا ...... الْاَمْرُ او الْمَوْجُ: معاملہ کا یا موج کا بڑا ہونا ...... الظَّلَامُ: اندھیرے کا گھٹا ٹوپ ہونا۔

اِلْتَجَّتِ الْاَرْضُ: زیادہ اور لمبی نباتات والی ہونا ...... الْاَصْوَاتُ: آوازوں کا مخلوط ہونا۔

اللُّجُّ: پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ وادی کا کنارہ۔ تلوار۔ پہاڑ میں سخت جگہ۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَدْھَمُ لُجٌّ" بہت سیاہ گھوڑا۔

اللُّجَّۃ: پانی کا بڑا حصہ۔ بڑی جماعت۔ چاندی۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لُجَّۃٌ وَاسِعَۃٌ" فلاں کشادگی میں سمندر کے مشابہ ہے۔ ج لُجٌّ ولُجَجٌ ولِجَاجٌ واللُّجَّۃ: آئینہ۔

اللُّجِّیُّ لُجٌّ: کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ لُجِّیٌّ" یعنی بحر بے پایاں۔ اتھاہ سمندر۔

اللَّجَّۃ. لَجَّ: کا اسم مرۃ۔ شور۔

اللَّاجُّ واللَّجُوجُ واللَّجُوجَہ واللَّجَاجَۃ والمِلْجَاجُ: سخت جھگڑالو۔

المُلْتَجَّۃ: بہت سیاہ آنکھ۔ بہت سبزہ زار زمین۔

لَجَأَ (ف) لَجْأً ولُجُوْءًا ولَجِیَ (س) لَجَأً والْتَجَأَ اِلَی الْحِصْنِ وَغَیْرِہٖ: قلعہ وغیرہ کی پناہ لینا۔

لَجَّأَ تَلْجِئَۃً. فُلَانًا مَالَہٗ: بعض ورثاء کے لئے خاص کر دینا ...... واَلْجَأَ فُلَانًا: مضطر کرنا۔ مجبور کرنا۔ اَلْجَاَہٗ: بچانا۔ اَلْجَأَ اَمْرَہٗ اِلَی اللّٰہِ: سپرد کرنا۔

تَلَجَّأَ اِلَیْہِ: سہارا لینا ...... مِنَ الْقَوْمِ: قوم سے علیحدہ ہونا اور دوسروں کا سہارا لینا۔

اللَّجَأُ: مص۔ قلعہ۔ جائے پناہ۔ ج اَلْجَاء: وارث۔ بیوی۔ کچھوے کی ایک قسم جو خشکی اور تری دونوں میں رہتا ہے واحد اس کا لَجَاۃٌ ہے۔

التَّلْجِئَۃ: مص ...... عِنْدَ الْفُقَھَاءِ: کسی ایسے فعل کے کرنے پر مجبور کرنا جس کا ظاہر باطن کے خلاف ہو۔

اللُّجَاءَۃ: ایک پہاڑی پودا جس کے پھول بطور سبزی استعمال ہوتے ہیں۔

المَلْجَأُ: جائے پناہ۔ قلعہ۔ پناہ لینا۔ ج مَلَاجِیُٔ.

لَجِبَ (س) لَجَبًا الْبَحْرُ: سمندر کا جوش میں آنا ...... الْقَوْمُ: شور مچانا۔

لَجُبَتْ (ک) لُجُوبَۃً ولَجِبَتْ الشَّاۃُ: کم دودھ والی ہونا۔ زیادہ دودھ والی ہونا۔

لَجَّبَہٗ بِالسَّیْفِ: تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

اللَّجَبُ: مص۔ گھوڑے کی ہنہناہٹ۔ بہادروں کا شور۔ کہا جاتا ہے "بَحْرٌ ذُوْ لَجَبٍ" شور مچانے والا سمندر۔

اللَّجِبُ: شور مچانے والا۔ سخت شور مچانے والا۔ کہا جاتا ہے "جَیْشٌ لَجِبٌ" شور مچانے والی فوج۔

اللَّجْبَۃ واللِّجْبَۃ واللُّجْبَۃ واللَّجَبَۃ واللَّجِبَۃ واللِّجِبَۃ: کم دودھ والی بکری۔ زیادہ دودھ والی بکری۔ ج لِجَابٌ ولَجَبَاتٌ.

المِلْجَابُ: تیر کہ جس میں پر لگا دیئے گئے ہوں اور پیکان نہ ہو۔

لَجَذَ (ن) ولَجِذَ (س) لَجْذًا ولَجَذًا. الْکَلْبُ الْاِنَاءَ: کتے کا برتن کو اندر سے چاٹنا ...... لَجَذَ الرَّجُلُ: کھانا۔ ایک دفعہ دیئے جانے کے بعد زیادہ سوال کرنا ...... الْحِمَارُ: گدھے کا پہلی مرتبہ چرنا ...... الْمَاشِیَۃُ الْکَلَأَ: جانور کا گھاس کو دانتوں کے اطراف سے کھانا ...... مِنَ الشَّیْءِ: تھوڑا سا لینا ...... فُلَانًا: برانگیختہ کرنا۔ تم کہتے ہو "لَجَذَنِی عَلٰی کَذَا" اس نے مجھ کو فلاں کام پر برانگیختہ کیا۔

لَجَفَہٗ (ن) لَجْفًا: سخت مارنا۔

لَجِفَتْ (س) لَجَفًا الْبِئْرُ: کنواں وسیع و کشادہ ہونا۔ صفت لَجْفَاءُ.

لَجَّفَ الْبِئْرَ: کنوئیں کو وسیع کرنا ...... الشَّیْءَ: جوانب سے کشادہ کرنا۔

تَلَجَّفَ الْبِئْرَ: جوانب سے کھودنا۔ تَلَجَّفَتْ والْتَجَفَتِ الْبِئْرُ: جوانب سے کھدا ہوا ہونا۔ کنوئیں کا گرنا۔ منہدم ہونا۔ تَلَجَّفَ الْوَحْشُ الْکِنَاسَ: وحشی جانور کا ہرن کی جھاڑی کے اردگرد کھودنا۔

اللَّجَفُ: مص۔ کنوئیں کے جوانب میں کھدائی۔ کنوئیں کی تہ کا وہ حصہ جس کو پانی گرا دے۔ سیلاب کے بند ہونے کی جگہ۔ وسط وادی۔ ج اَلْجَاف.

اللِّجَافُ: پہاڑ میں غار کے اوپر بڑھا ہوا حصہ۔ دروازے کی چوکھٹ۔ ج اَلْجِفَۃ ولُجُف.

اللَّجِیفَۃ: دروازے کے پہلو۔

بِئْرٌ مُلْتَجِفَۃ: منہدم کنواں۔

لَجْلَجَ لَجْلَجَۃً وتَلَجْلَجَ: ہکلانا ...... فِی صَدْرِہٖ شَیْءٌ: کھٹکنا۔ لَجْلَجَ اللُّقْمَۃَ فِی فِیْہِ: بغیر چبانے کے منہ میں پھرانا۔ تَلَجْلَجَ بِالشَّیْءِ: سبقت کرنا اور کہا جاتا ہے "تَلَجْلَجَ دَارَہٗ مِنْہُ" یعنی اس نے اس کے گھر کو لے لیا۔

اللَّجْلَاجُ: توتلا۔ ہکلا۔

لَجَمَ (ن) لَجْمًا الثَّوْبَ: کپڑا سینا۔

اَلْجَمَ الدَّابَةَ: چوپایہ کو لگام لگانا۔
اَلْقِدْرَ: دیگ کے کڑے میں لکڑی لگا کر اٹھانا۔ النَّاقَةَ: لگام سے داغ لگانا ...... ہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ: روکنا۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ فَاَلْجَمَهُ وَالْمَقْتَهُ الْحَجَر" اس نے گفتگو کی تو میں نے اس سے بند کر دیا۔
اَلْجَمَ وَالْجَمَ الْمَاءُ فُلَانًا: پانی کا منہ تک پہنچنا۔
اِلْتَجَمَتِ الدَّابَةُ: لگام لگنا۔
اِسْتَلْجَمَ فُلَانًا الْفَرَسَ: لگام لگانے کو کہنا۔
اَللَّجَمُ: زمین نہ پست نہ بلند۔ ج اَلْجَام۔ (...... واللُّجُم واللُّجَم) گرگٹ۔ مینڈکیں۔ جانور جس سے بدفالی لیں۔
اللُّجُم: فضاء آسمانی۔
اللِّجَام: لگام۔ ج لُجُم ولُجْم واَلْجِمَة: اونٹوں کا نشان اور کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ وَقَدْ لَفَظَ لِجَامَهُ" یعنی فلاں شخص اپنی حاجت سے تھک کر واپس ہوا اور عرب کے امثال میں سے ہے "اَتْبِعِ الْفَرَسَ لِجَامَهَا" بھلائی کو پورے طریقے سے کرنے کے لئے کہنے کے موقع پر استعمال کیا جاتا ہے۔
اللَّجَّام: لگامیں بنانے والا۔
اللُّجَام: جس سے بدشگونی لی جائے۔
اللَّجَمَةُ والمُلْجَم: لگام دینے کی جگہ۔
اللَّجَمَةُ: لَجَم: کا واحد۔ زمین کے لئے علم۔ لَجَمَةُ الْوَادِي: کنارہ وادی۔
اللُّجْمه: مسطح پہاڑ۔ زمین کے لئے علم لُجْمَةُ الوَادِي: وادی کا کنارہ۔
المِكْيَالُ المُلْجَم: ڈھائی صاع کا پیمانہ۔
لَجَنَ (ن) لَجْنًا ولَجَّنَ وَرَقَ الشَّجَرِ وَنَحْوِهٖ: پتوں کو کوٹ کر آٹا جو ملا کے چارہ تیار کرنا۔
لَجَنَ (ن پ) لُجُونًا ولِجَانًا البَعِيرُ: اونٹ کا اڑیل ہونا ...... فِي الْمَشْيِ: آہستہ چلنا۔
لَجِنَ (س) لَجْنًا بِهٖ: چمٹنا۔
تَلَجَّنَ الشَّيْءُ: لیس دار ہونا ...... رَاْسُهٗ: میلا ہونا ...... القَوْمُ: پتے اور آٹا جو ملا کر چارہ [illegible]

بنانا۔
اللَّجِن: میلا۔
اللَّجِيْن: کٹے ہوئے پتے اور آٹا باہم ملا کر تیار کیا ہوا چارہ۔
اللَّجْنَة: جماعت۔ پارٹی۔
اللَّجُوْن مِنَ الْجِمَالِ والنُّوْقِ: سست رفتار اونٹ یا اونٹنی۔
اللُّجَيْن: چاندی (تصغیر ہی کے وزن پر مستعمل ہے)
اللُّجَيْنِيَّة: دراہم (لُجَيْن: کی طرف منسوب ہونے کی وجہ سے)
اِلْتَحٰى اِلٰى غَيْرِ قَوْمِهٖ: غیر قوم کی طرف اپنے کو منسوب کرنا۔
لَحَّتْ (ن ض) لَحًّا القَرَابَةُ بَيْنَنَا: رشتہ داری نزدیک ہونا۔
لَحِحَتْ (س) لَحًّا ولَحَحًا الْعَيْنُ: کیچڑ سے پلکوں کا چپکنا۔
اَلَحَّ فِي السُّؤَالِ: سوال میں اصرار کرنا ......
السَّحَابُ بِالْمَطَرِ: بادل کا لگاتار برسنا ...... الْمَطِيُّ: سواری کا تھک کر دیر کرنا ......
القَتَبُ عَلٰى ظَهْرِ الدَّابَةِ: پالان کا چوپایہ کی پیٹھ کو زخمی کرنا ...... الْجَمَلُ: اونٹ کا اڑیل ہونا۔
تَلَحَّحَ عَلَيْهِ: مثل اَلَحَّ عَلَيْهِ.
اللَّحُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ابْنُ عَمِّي لَحًّا" وہ میرا قریبی چچازاد ہے اور لحا حالیت کی بنا پر منصوب ہے اس لئے کہ اس کا ماقبل معرفہ ہے اور نکرہ کی صورت میں تم کہو گے "هُوَ ابْنُ عَمٍّ لَحٍّ" جر کے ساتھ اس لئے کہ یہ عم کی صفت ہے اور ایسا ہی مؤنث اور تثنیہ اور جمع۔
اللَّاحُّ: مَكَانٌ لَاحٌّ ولَحِحٌ: تنگ جگہ۔
المِلْحَاح: بہت اصرار کرنے والا۔ پالان جو پیٹھ کو زخمی کردے۔ سَحَابٌ مِلْحَاحٌ: لگاتار برسنے والا بادل۔
لَحَبَ (ف) لَحْبًا الطَّرِيْقَ: راستہ پر چلنا۔ [illegible]

بِفُلَانٍ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا۔ ہٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا ......
اللَّحْمَ: گوشت کو لمبائی میں کاٹنا ...... اللَّحْمَ عَنِ الْعَظْمِ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا ...... الرَّجُلُ: سیدھا چلنا یا تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ يَلْحَبُ" (...... لُحُوبًا) الطَّرِيْقُ: راستہ کا واضح ہونا ...... ظَهْرُ الْفَرَسِ: گھوڑے کی پیٹھ کا تھوڑی سی پستی کے ساتھ چکنا ہونا ...... الْمَرْاَةَ: جماع کرنا۔
لَحِبَ (س) لَحَبًا الرَّجُلُ: بڑھاپے کی وجہ سے دبلا ہونا ...... لَحْمُ زَيْدٍ: لاغر ہونا۔
لَحَّبَ الشَّيْءَ: اثر کرنا۔ نشان چھوڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ...... فُلَانًا: ذلیل کرنا ...... ہٗ بِالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔
اِلْتَحَبَ الطَّرِيْقَ: راستہ پر چلنا۔
اَللَّحْبُ: مص (...... واللَّاحِب) کشادہ راستہ۔ کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ لَحْبٌ ولَاحِبٌ" کشادہ راستہ۔
اللَّحِيْبُ: پیٹھ پر کم گوشت والی اونٹنی۔
المِلْحَبُ: بہت گالی بکنے والا بدزبان۔ کاٹنے یا چھیلنے کا اوزار۔ فصیح زبان۔
المَلْحُوْب: مفع رَجُلٌ مَلْحُوْبٌ: لاغر مرد۔ طَرِيْقٌ مَلْحُوْبٌ ومُلَحَّبٌ: واضح راستہ۔
لَحَتَ (ف) لَحْتًا الْعَصَا: لاٹھی کو چھیلنا ...... فُلَانًا بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا ...... الرَّجُلَ: سب کچھ لے لینا اور کچھ نہ چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "لَحَتُوْكُمْ كَمَا يُلْحَتُ الْقَضِيْبُ" انہوں نے تم سے مال وغیرہ لے کر تم کو ایسا ننگا کر دیا جس طرح شاخ چھیل دی جاتی ہے۔
اللَّحْت: مص۔ خالص۔
اللُّحَاتَة: اتاری ہوئی چھال۔
لَحَجَه (ف) لَحْجًا: مارنا ...... ہٗ بِعَيْنِهٖ: نظر بد لگانا۔ لَحَجَ اِلَيْهِ: پناہ لینا۔
لَحِجَ (س) لَحَجًا السَّيْفُ ونَحْوُهٗ: تلوار کا میان میں چمٹ کر رہ جانا ...... بِالْمَكَانِ: لازم پکڑنا ...... الشَّيْءُ: تنگ ہونا۔

اللحج: گھورنا۔ عنہ اللحج. لحمت عَیْنُہٗ: کیچڑ والی آنکھ ہونا۔
لَحَجَ عَلَیْہِ الْخَبَرَ: غلط خبر دینا۔
اَلْحَجَہٗ اِلَیْہِ: مجبور کرنا۔
اِلْتَحَجَ اِلَیْہِ: مائل ہونا.....اِلَیْہِ: مائل کرنا۔ مجبور کرنا۔
تَلَحَّجَ الْاَمْرَ عَلٰی فُلَانٍ: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
اِسْتَلْحَجَ الْبَابُ: دروازہ کا بند ہونا۔
اللُّحْج: مص آنکھ کا گڑھا۔
الْلُحْج: آنکھ کا گڑھا۔ گھر کا گوشہ۔ کجاوہ۔ پہاڑ کا ابھرا ہوا حصہ۔ وادی کا گوشہ و کنارہ۔ ج اَلْحَاج. مکان لَحِجٌ: تنگ مکان۔
اللَّحَج: آنکھ کی کیچڑ۔
الْمُلْحَج والْمُلْتَحَج: جائے پناہ کہا جاتا ہے "اِنَّ فِی النَّاسِ لَمُلْحَجًا" لوگوں میں جائے پناہ ہے قُفْل مُلْحَج: بند تالا۔
الْمَلَاحِج: تنگیاں۔
الْمَلَاحِیج: پہاڑ کے تنگ راستے۔
لَحْوَجَ عَلَیْہِ الْاَمْرَ: ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
لَحَدَ (ف) لَحْدًا. اَلْمَیِّتَ: میت کو دفن کرنا.....اللَّحْدَ: کھودنا.....لِلْمَیِّتِ: بغلی قبر کھودنا.....السَّہْمَ عَنِ الْہَدَفِ: نشانہ سے خطا کرنا.....اِلٰی فُلَانٍ: مائل ہونا.....فِی الدِّیْنِ: بے دینی اختیار کرنا.....عَلٰی فِیْ شَہَادَتِہٖ: گنہگار ہونا۔
اَلْحَدَ اِلْحَادًا. اَلْمَیِّتَ: مردہ کو دفن کرنا.....اللَّحْدَ: کھودنا.....لِلْمَیِّت: بغلی قبر کھودنا.....عَنِ الدِّیْنِ: دین سے ہٹنا۔ دین میں طعن کرنا۔ جھگڑا کرنا۔ احکامِ خداوندی کو چھوڑنا اور ظلم کی طرف مائل ہونا اور اللہ کے بارے میں شک کرنا.....فِی الْحَرَم: محارم کو حلال سمجھنا اور بے عزتی کرنا.....السَّہْمُ الْہَدَفَ: نشانہ کے ایک جانب میں لگنا.....بِہٖ: عیب لگانا اور باطل بات کرنا۔

لَاحَدَ مُلَاحَدَۃً صَاحِبَہٗ: ہر ایک کا ایک دوسرے سے کجی برتنا۔
اِلْتَحَدَ عَنِ الدِّیْنِ: دین سے پھرنا.....اِلٰی کَذَا: مائل ہونا.....اِلٰی فُلَانٍ: پناہ لینا۔
اللَّحْد واللُّحْد: بغلی قبر۔ قبر۔ ج اَلْحَاد ولُحُوْد.
الْاِلْحَاد. اَلْحَدَ: کا مصدر۔ کفر۔ بے دینی۔
اللَّحُوْد: مائل ہونے والا۔
اللَّاحِد: فا۔ گورکن۔ کہا جاتا ہے "قَبْرٌ لَاحِدٌ وَمَلْحُوْدٌ" بغلی قبر۔
الْمُلْحِد: فا۔ کافر۔ بے دین۔ ج مَلَاحِدَۃ ومُلْحِدُوْن الْمَلَاحِدَۃ: کافروں کی ایک جماعت جس کو دہریہ کہتے ہیں۔
الْمُلْحَد والْمَلْحُوْد: بغلی قبر۔ قبر۔
الْمُلْحَادَۃ: دین میں بہت طعن کرنے والا۔
الْمُلْتَحَد: جائے پناہ۔
لَحِزَ (س) لَحْزًا: بخیل ہونا۔ صفت لِحْز ولَحِزٌ.
لَحَزَہٗ (ف) لَحْزًا: اصرار کرنا۔
تَلَحَّزَ: بخیل ہونا۔ کسی چیزوں کے کھانے کے لئے منہ میں پانی بھر آنا۔ جنگ یا سفر کے لئے کمر کسنا.....عَنْہُ: پیچھے ہٹنا۔
تَلَاحَزَ الْقَوْمُ: کلام میں مقابلہ کرنا.....الصِّبْیَانُ: اشعار کا نقل کرنا۔
الْمَلْحَز: تنگ جگہ۔ ج مَلَاحِز کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِی الْمَلَاحِزِ" لوگ تنگ جگہوں یا تنگیوں میں پڑ گئے۔
الْمُتَلَاحِزُ مِنَ الشَّجَرِ: گنجان ایک میں ایک گھسا ہوا۔
اللُّحَیْزَاء: ذخیرہ۔ خزانہ۔
لَحَسَ (ف) لَحْسًا الدُّوْدُ الصُّوْفَ: کیڑے کا اون کو چاٹنا.....الْجَرَادُ الْخَضِرَ: ٹڈیوں کا سبزیوں کو چٹ کر جانا۔
لَحِسَ (س) لَحْسًا ولَحْسَۃً ولُحْسَۃً ومَلْحَسًا الْقَصْعَۃَ: پیالہ کو زبان یا انگلی سے چاٹنا اور اسی سے مثل ہے "اَسْرَعُ مِنْ لَحْسِ الْکَلْبِ اَنْفَہٗ" کتے کا اپنی ناک چاٹنے سے بھی زیادہ تیز۔
لَحَّسَہ الشَّیْءَ: چٹانا۔
اَلْحَسَ الْمَاشِیَۃَ: تھوڑا سا چرنا۔ اَلْحَسَتِ الْاَرْضُ: سبزی کا ابتدائی حصہ نکالنا۔
اِلْتَحَسَ مِنْہُ حَقَّہٗ: حق لینا۔
اَللَّحْس: مص۔ سبزی کی ابتدائی روئیدگی۔
سَنَۃٌ لَاحِسَۃٌ: سخت سال۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتْہُمْ لَوَاحِسُ" یعنی ان کے اوپر سخت قحط سالیاں واقع ہوئیں جو ساری پیداوار کو چٹ کر گئیں۔ کہا جاتا ہے مَا لَکَ عِنْدِیْ لُحْسَۃٌ: تمہارے لئے میرے پاس کوئی چیز نہیں۔
اللَّحُوْس: مٹھاس کے پیچھے لگنے والی جیسے مکھی۔
اللَّاحُوْس: بدبخت۔ منحوس (.....واللَّحُوْسُ والْمُلْحِس والْمِلْحَس) لالچی جو ہر چیز کو لے الْمِلْحَس: بہادر۔
اللَّحَّاس: بہت چاٹنے والا۔
اللَّحَّاسَۃ. لَحَّاس: کا مؤنث۔ شیرنی۔
اللُّحْسُم: وادی کی تنگ نالی۔ ج لَحَاسِم.
لَحَصَ (ف) لَحْصًا فِی الْاَمْرِ: مشغول ہونا۔ خَبَرَ فُلَانٍ: پورے طریقہ سے معلوم کرنا اور تھوڑا تھوڑا بیان کرنا۔
لَحَّصَ خَبَرَہٗ: بمعنی لَحَصَہٗ.....فِیْ کَذَا: سختی کرنا۔ تنگی کرنا.....ہٗ عَنْ کَذَا: روکنا۔ سست کرنا.....الْکِتَابَ: پختہ کرنا۔
اِلْتَحَصَ الْاَمْرُ: معاملہ کا سخت ہونا۔
اِلْتَحَصَتِ الْاِبْرَۃُ: سوئی کے ناکہ کا بند ہونا۔
اِلْتَحَصَہٗ الشَّیْءُ: مشغول ہونا.....ہٗ اِلٰی کَذَا: مجبور کرنا.....الْبَیْضَۃَ ونَحْوَہَا: انڈے کو تھوڑا تھوڑا مہلت سے پینا.....ہٗ عَنْ کَذَا: روکنا۔ سست کرنا۔ اِلْتَحَصَتْ عَیْنُہٗ: کیچڑ سے آنکھ کا چپک جانا۔
لَحَاصِ: بنی بر کسرہ۔ سختی۔ مصیبت۔
اللَّحَص: اوپر کے پپوٹے کی شکن۔
اللَّحَصَان: دوڑ۔ تیزی۔
اللَّحِیْص: تنگ۔ سکڑا۔

المَلْحَص: جائے پناہ۔
لَحَظَهُ (ف) لَحْظًا: پانی چھڑکنا۔ زینت دینا۔
اِلْتَحَظَ الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔
لَحَظَ (ف) لَحْظًا ولَحَظَانًا فُلانًا و اِلٰی فُلانٍ بِالْعَیْنِ: گوشۂ چشم سے دیکھنا۔ انتظار کرنا۔ (لَحْظًا و لَحَّظَ تَلْحِیْظًا) البَعِیْرَ: اُونٹ کو آنکھ کے نیچے داغ کی علامت لگانا۔
لاحَظَہ لِحَاظًا و مُلاحَظَةً: انتظار کرنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔
تَلَحَّظَ الشَّیْءُ: تنگ ہونا۔
تَلاحَظَتِ الْاَشْیَاءُ: ایک دوسرے کے مشابہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَخْوَالُهُمْ مُتَشَاكِلَةٌ مُتَلاحِظَةٌ" یعنی ان کے احوال ایک جیسے ہیں۔
اللَّحْظ: مص۔ آنکھ کا اندرونی حصہ۔ ج لِحَاظ و اَلْحَاظ.
اللَّحَاظ واللِّحَاظ: کنپٹی کی جانب گوشۂ چشم۔ آنکھ کے نیچے کا داغ۔ ج لُحُظ.
اللِّحَاظ: گھر کا صحن۔ و لِحَاظُ السَّهْمِ: تیر کے اوپر کا پر۔ لِحَاظُ الرِّیْشَةِ: پر کا سفید نچلا حصہ۔
اللَّحَّاظ: بہت سخت دیکھنے والا۔
التَّلْحِیْظ: مص آنکھ کے نیچے کا داغ۔
اللاحِظَة. لاحِظ: کا مؤنث۔ آنکھ۔ ج لَوَاحِظ.
اللَّحْظَة. لَحَظ: کا اسم مرة۔ ج لَحَظَات کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ عِنْدَهُ لَحْظَةً" میں اس کے پاس ایک لحظہ بیٹھا۔
اللَّحُوْظ: تنگ۔
اللَّحِیْظ: شبیہ و نظیر۔
المَلْحَظ: دیکھنا۔ دیکھنے کی جگہ ج مَلاحِظ.
لَحَفَهُ (ف) لَحْفًا: لحاف اوڑھانا ...... ۂ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا ...... ۂ بِجُمْعِ كَفِّهِ: مکا مارنا ...... ۂ سَهْمًا: تیر مارنا ...... النَّارَ الْحَطَبَ: آگ میں لکڑی ڈالنا۔ لَحَفَ الشَّیْءَ: چاٹنا ...... عَنْهُ اللَّحْمَ: گوشت اتارنا۔ لَحِفَ الْقَمَرُ: چاند کا آخری تین راتوں میں ہونا۔ لَحِفَ لَحْفَةَ الرَّجُلُ فِی مَالِهٖ: کچھ ضائع ہونا اور کہا جاتا ہے "لَحَفَنِیْ فَضْلَ لِحَافِهٖ" یعنی اس نے مجھے زائد عطیہ دیا۔
لَحَفَ اِزَارَهُ: ازار کو تکبر سے زمین پر گھسیٹنا۔
اَلْحَفَ السَّائِلُ: اصرار سے مانگنا۔ ۂ الثَّوْبَ: کپڑا پہنانا۔ دوسرے کے لئے لحاف بنانا الرَّجُلَ: دوسرے کے لئے لحاف خریدنا ...... ضَیْفَهُ: سرما میں مہمان کے لئے بچھونا اور لحاف مہیا کرنا ...... شَارِبَهُ: مونچھ کاٹنے میں مبالغہ کرنا ...... بِهٖ: نقصان پہنچانا ...... الظُّفُرَ: جڑ سے ناخن کاٹنا ...... الرَّجُلُ: دامن کوہ میں چلنا۔ تکبر سے ازار کو زمین پر گھسیٹ کر چلنا۔
لاحَفَهُ: مدد کرنا۔ ایک دوسرے کے لئے لازم رہنا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ یُضَاجِعُ السَّیْفَ ویُلاحِفُ الْخَوْفَ" یعنی فلاں تلوار ساتھ رکھتا ہے اور ڈرتا ہے۔
تَلَحَّفَ والْتَحَفَ: اپنے لئے لحاف بنانا۔ بِاللِّحَافِ وغَیْرِهٖ: لحاف وغیرہ سے ڈھانکنا۔
اللِّحْف: دامنِ کوہ۔
اللِّحْفَة. لَحَفَ: کا اسم نوع۔ لحاف اوڑھنے والے کی حالت۔
اللِّحَاف: رضائی۔ لحاف۔ ج لُحُف.
المِلْحَف والمِلْحَفَة: چادر۔ اوپر کا لباس ج مَلاحِف.
لَحِقَ (س) لَحْقًا ولَحَاقًا فُلانًا وبِفُلانٍ: پا لینا۔ آملنا۔ آپہنچنا ...... اِلٰی قَوْمِ كَذَا: چمٹنا۔
لَحِقَ (س) لُحُوْقًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا دبلا ہونا ...... الثَّمَنُ فُلانًا: قیمت لازم ہونا۔
لاحَقَهُ: پیچھے ہونا۔
اَلْحَقَهُ: پا لینا۔ آملنا ...... ۂ بِفُلانٍ: ملا [illegible]
تَلاحَقَ: ایک دوسرے کے پیچھے ہونا۔
تَلاحَقَتِ الْمَطَایَا: سواریوں کا بعض کا بعض سے ملنا۔
اِلْتَحَقَ بِهٖ: ملنا یا چمٹنا۔
اِسْتَلْحَقَهُ: اپنے خاندان میں ملانا۔
اِسْتَلْحَقَ الرَّجُلُ: وادی کی لگی ہوئی زمین میں کھیتی کرنا۔
اللَّحَق: جو اپنے پہلے کے ساتھ ملے۔ پھل جو پہلے پھل کے بعد ہو۔ ج اَلْحَاق.
اللَّحَق: قوم جو اپنے سے پہلی قوم کے ساتھ اس کے گزر جانے کے بعد لاحق ہو۔ لَحَقُ الْغَنَمِ: بکری کے بچے (...... والمُلْحَق) شی زائد۔ تتمۂ کتاب۔
اللَّحَاق: وادی کے وہ قطعات جہاں پانی خشک ہو جانے کے بعد زراعت کریں۔ مفرد اللَّحَق: ہے۔
اللِّحَاق: کمان کا غلاف۔
اللاحِق: فا۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ ھُوَ لاحِق: باز۔
اللاحِقَة. لاحِق: کا مؤنث۔ پہلے پھل کے بعد کا پھل۔ ج لَوَاحِق.
اللُّوَیْحِق: باز کے انواع میں سے ایک شکاری پرندہ۔ جس کی پیٹھ خیالی اور سینہ سفید ہوتا ہے۔
المُلْحَاق: تیز تیر پھینکنے والی کمان۔ اونٹنی جس سے اونٹ آگے نہ بڑھ سکیں۔
المُلْحَق: خاندان میں ملایا ہوا۔
لَحَكَ (ف) لَحْكًا ولاحَكَ وتَلاحَكَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: چپکنا۔
تَلاحَكَ الشَّیْءُ: ایک دوسرے میں داخل ہونا۔ تَلاحَكَ الْبُنْیَانُ: عمارت کا مضبوط ہونا۔ ولَحَكَ الصَّبِیَّ: بچے کے منہ میں دوا ٹپکانا۔
لُوْحِكَتْ فِقَارُ ظَهْرِهٖ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
لَحِكَ (س) لَحْكًا الْعَسَلَ: شہد چاٹنا۔
اللُّحَكَة واللُّحَكَاء: چھپکلی کی مانند ایک کیڑا

جو ریت میں رہتا ہے۔

اللَّحِک: وہ شخص جسے انزال دیر میں ہو۔

المَلاحِک: تختیاں۔

لَخلَخَ وتَلَخلَخَ القَومُ: ایک جگہ پر قائم رہنا۔ دور چلا جانا۔

اللَخلَخ: تنگ جگہ۔

المُلَخلَخ: قوم کا بڑا۔ سردار۔

لَحَمَ (ن) لَحمًا الاَمرَ: مضبوط کرنا۔ القَصَّابُ العَظمَ: قصائی کا ہڈی سے گوشت کو جدا کرنا ...... ہٗ: نقصان دینا۔ تکلیف پہنچانا۔ الصَّائِغُ الفِضَّۃَ: سنار کا چاندی کو درست کرنا۔

لَحَمَہٗ (ف) گوشت کھلانا۔

لَحِمَ (س) لَحمًا بِالمَکَانِ: لازم ہو کے رہنا۔ الصَّقرُ ونَحوُہٗ: گوشت کا خواہش مند ہونا۔

لَحِمَ (س) لَحَمًا ولَحُمَ (ک) لَحَامَۃً: موٹا ہونا جسم میں زیادہ گوشت والا ہونا۔ گوشت کا بہت خواہش مند ہونا۔

لُحِمَ لَحمًا: قتل کیا جانا۔ صفت لَحِیم۔

لاحَمَ الحَبلَ: رسّی مضبوط بٹنا۔ الشَّیءَ بِالشَّیءِ: ملانا۔ لاحَمَ بَینَ الشَّیئَینِ: ایک کو دوسرے کے ساتھ چپکانا۔

اَلحَمَ الثَّوبَ: کپڑا بننا...... الشِّعرَ: اشعار کہنا...... الزَّرعُ: کھیتی میں دانہ بیٹھنا...... بَینَ القَومِ شَرًّا: قوم کے درمیان فساد کرا دینا الشَّیءَ بِالشَّیءِ: ملانا...... ہٗ بَصَرَہٗ: تیز نظر سے دیکھنا۔ گھورنا۔ اُلحِمَ الرَّجُلُ: تمکین کرنا ...... فُلانًا الاَرضَ: زمین پر پٹک دینا۔ پچھاڑ دینا...... ہٗ عِرضَ فُلانٍ: گالی دینے کا موقع دینا۔ اَلحَمَتِ الدَّابَّۃُ: ٹھہر جانا۔ آگے نہ بڑھنا۔ اَلحَمَ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا...... الرَّجُلُ: گھر میں بہت گوشت والا ہونا...... القَومَ: گوشت کھلانا...... الشَّیءَ: درست کرنا۔ اُلحِمَۃُ القِتَالُ: گھیر لینا اور رہائی نہ ملنا۔ اُلحِمَ الرَّجُلُ: مرنا۔

تَلاحَمَ القَومُ: باہم مقاتلہ کرنا۔ تَلاحَمَت الشَّجَّۃُ: زخم کا بھر جانا اور درست ہو جانا

(...... والتَحَمَ) الشَّیءُ: جڑ جانا اور درست ہونا...... اِلتَحَمَتِ الحَربُ بَینَہُم: گھمسان کی جنگ ہونا۔ "اِلتَحَمَ الجُرحُ لِلبُرءِ" زخم بھر جانا اور درست ہو جانا۔

اِستَلحَمَ الطَّرِیقُ: راستہ کا کشادہ ہونا۔ الطَّرِیقَ او الطَّرِیدَۃَ: پیچھے پڑنا...... الخَطبُ فُلانًا: مشغول کر دینا...... الزَّرعُ: گنجان ہونا۔ اُستُلحِمَ الرَّجُلُ: جنگ میں پھنس جانا اور رہائی نہ ملنا۔

اللَّحمُ واللَّحَمُ مِن جِسمِ الحَیَوَانِ: گوشت۔ ج لِحَام ولُحُوم ولِحمَان ولُحمَان والُحُم۔ لَحمُ کُلِّ شَیءٍ: مغز لَحمُ البَحرِ: ایک کیڑا ہے۔ کہا جاتا ہے "اَکَلَ لَحمِی ورَتَعَ لَحمِی" یعنی میری غیبت کی۔

اللَّحمَۃ: گوشت کا ایک ٹکڑا۔ لَحمَۃُ الثَّوبِ: کپڑے کا بانا۔

اللُّحمَہ: قرابت۔ کپڑے کا بانا۔ باز کو اس کے شکار سے جو کھلایا جائے۔ ج لُحَم۔

اللَّحَّام: جس سے پھٹن کو درست کیا جائے۔

اللَّحَّام: گوشت بیچنے والا۔

اللاحِم: گوشت کھلانے والا۔ جس کے پاس گوشت ہو۔ بَازٌ لاحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔

اللَّحِم: جسم میں زیادہ گوشت والا۔ گوشت کا زیادہ خواہش مند۔ بَازٌ لَحِمٌ: گوشت کھانے والا یا گوشت کا خواہش مند باز۔ اللَّحِم: شیر۔

اللَّحِیم: جسم میں زیادہ گوشت والا۔ مقتول۔ اور کہا جاتا ہے "ھٰذَا لَحِیمُ ذاکَ" یعنی یہ اس کے موافق اور ہم شکل ہے۔

المُلحَم: مفع۔ گوشت کھانے کا عادی۔ قوم کے ساتھ ملا ہوا قیدی۔ ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا ریشم کا اور بانا غیر ریشم کا ہوتا ہے۔

المُلحِم: فا۔ گوشت کھلانے والا۔ جس کے پاس گوشت زیادہ ہو۔

المَلحَمَۃ: گھمسان کی جنگ کا موقع۔ ج مَلاحِم۔

المُلاحِمِ مِنَ الحِبَالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ کہا جاتا ہے شَجَّۃٌ مُتَلاحِمَۃٌ: زخم کہ جس میں گوشت پھٹ جائے اور پھر جڑ جائے۔

المُستَلحِمُ: فا۔ شیر۔

لَحَنَ (ف) لَحنًا ولَحَنًا ولُحُونًا ولَحَانَۃً ولَحَانِیَۃً فِی کَلامِہٖ او فِی القِرَاءَۃِ: اعرابی غلطی کرنا۔ صفت لاحِن ولَحَّان ولَحَّانَۃ

(...... لَحنًا) لِفُلانٍ: کسی سے اشارہ کنایہ میں بات کرنا تا کہ دوسرا نہ سمجھ سکے۔ صفت لاحِن: اور لَحَّان: نہیں کہا جاتا اِلَیہِ: قصد کرنا۔ مائل ہونا...... قَولَہٗ: سمجھنا۔

لَحِنَ (س) لَحنًا الرَّجُلُ: ذہین ہونا۔ اپنی دلیل سے خبردار ہونا...... الکَلامَ: سمجھنا۔

لَحَّنَہٗ: غلطی کی طرف منسوب کرنا۔ لَحَّنَ فِی القِرَاءۃ: خوش آوازی کے ساتھ پڑھنا۔

لاحَنَ القَومُ: گفتگو کو ایک دوسرے پر دہرانا۔

اَلحَنَ فُلانًا القَولَ فَلَحِنَہٗ: اس نے فلاں کو بات سمجھائی پس وہ سمجھ گیا۔

اللَّحن: مص...... مِنَ الاَصوَاتِ: موزوں آواز سر۔ ج اَلحَان ولُحُون۔ صَنَاعَۃُ الاَلحَانِ: فن موسیقی لَحنُ الکَلامِ: مضمون کلام۔ اللَّحنُ فِی الکَلامِ: اعراب دینا کی غلطی۔

اللَّحَن: لغت۔ سمجھ۔

اللَّحِن: زیرک۔ سمجھدار۔

اللاحِن: فا۔ نتائج کلام کا جاننے والا۔

اللُّحَنَۃ: وہ شخص جس کی غلطی لوگ بہت پکڑیں۔

اللُّحَنَۃ: بہت غلط بولنے والا۔ جو لوگوں کی غلطی بہت پکڑے۔

اَلاَلحَنُ: بہت زیادہ سمجھدار۔ خوش آوازی گانے والا یا پڑھنے والا۔

لَحَا يَلْحُو لَحْوًا والْتَحَى اِلْتِحَاءً الشَّجَرَةَ: درخت کو چھیلنا۔ لَحَاهُ: گالی دینا۔

المِلْحَى: لکڑی چھیلنے کا اوزار۔

لَحْوَجَ لَحْوَجَةً عَلَيْهِ الْخَبَرَ: گڑبڑ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔

لَحَى يَلْحَى لَحْيًا الشَّجَرَةَ: درخت کو چھیلنا۔ فُلَانًا: ملامت کرنا۔ گالی دینا۔ عیب نکالنا۔

صفت فاعل لَاحٍ: صفت مفعول مَلْحِيٌّ: کہا جاتا ہے "لَحَا اللّٰهُ فُلَانًا" اللہ فلاں پر لعنت کرے۔

لَاحَى لِحَاءً ومُلَاحَاةً الرَّجُلَ: جھگڑا کرنا اور اسی سے مثل ہے "مَنْ لَاحَاكَ فَقَدْ عَادَاكَ" جس نے تم سے جھگڑا کیا اس نے تم سے دشمنی کی...... فُلَانًا: دفع کرنا۔ منع کرنا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔

اَلْحَى اِلْحَاءً: قابلِ ملامت کام کرنا۔ العُوْدُ: چھیلے جانے کے قابل ہونا۔

تَلَحَّى تَلَحِّيًا: ٹھوڑی کے نیچے عمامہ لپیٹنا۔

تَلَاحَى تَلَاحِيًا الْقَوْمُ: باہم لعن کرنا۔ باہم گالی گلوچ کرنا۔ باہم ملامت کرنا۔ باہم بغض رکھنا۔ باہم جھگڑنا۔

اِلْتَحَى اِلْتِحَاءً: داڑھی اُگنا۔ داڑھی رکھنا...... العُوْدَ: لکڑی چھیلنا۔

اللَّحْى: جبڑا۔ داڑھی اُگنے کی جگہ۔ لَحْيَان: دونوں جبڑے۔ لَحْيَا الْغَدِيْرِ: تالاب کے دونوں کنارے۔ ج اَلْحٍ ولُحِيٌّ.

اللِحَاء: مص۔ لکڑی یا درخت کی چھال اور امثال عرب سے ہے "لَا تَدْخُلْ بَيْنَ الْعَصَا ولِحَائِهَا" لاٹھی اور اس کی چھال کے درمیان داخل مت ہو ان دو دوستوں کے حق میں بولتے ہیں جن کے درمیان کوئی فساد نہ کرا سکے۔

اللَّحْيَان: لمبی داڑھی والا۔ مؤنث لَحْيَانَة.

اللِحْيَة: داڑھی۔ ج لِحًى ولُحًى: اور نسبت کے لئے لَحَوِيٌّ. لِحْيَةُ الْحِمَار

سیاوشاں (نام ایک دوا کا) لِحْيَةُ التَّيْسِ: نام ایک نباتات کا جس کے پتے گندنا کے پتے کے مانند ہوتے ہیں لیکن اس سے بلند ہوتے ہیں۔

اللِحْيَان: تھوڑا پانی۔ سیلاب کے بنائے ہوئے گڑھے۔ واحد لِحْيَانَة.

الأَلْحَى واللِحْيَانِيُّ: لمبی یا بڑی داڑھی والا۔

لَخَّهُ (ن) لَخًّا: طمانچہ مارنا۔ لَخَّ الْخَبَرَ: پوری خبر معلوم کرنا...... فِي الْكَلَامِ: مشتبہ اور سربستہ بات کہنا...... هُ بِالطِّيْبِ: خوشبو لگانا...... فِي الْجَبَلِ: پہاڑ میں چھپا کرنا...... فِي الْحَفْرِ: کھودنے میں جھکنا۔

لَخِخْتُ لَخًّا ولَخِيخًا ولَخَخْتَ (س) لَخِخَا عَيْنُه: زیادہ آنسو اور موٹی پلکوں والا ہونا۔ صفت لَخِخَة.

اِلْتَخَّ الْاَمْرُ: خلط ملط ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَخَّ عَلَيْهِ الْاَمْرُ" معاملہ ان کے اوپر خلط ملط ہو گیا۔

العُشْبُ: گھنی و گنجان ہونا۔

تَلَاخَّ الْوَادِي: تنگ وادی ہونا اور درختوں سے بھری ہوئی ہونا۔

وَادٍ لَاخٌّ: تنگ اور گنجان درختوں والی وادی۔

اللَّخَّة: ناک۔ اِمْرَاَةٌ لَخَّةٌ: گندی بدبودار عورت۔ اَصْلٌ لَخُوْخٌ: عیب دار اصل۔

سَكْرَانُ مُلْتَخٌّ: بدمست۔ ہوش و حواس زائل شدہ وَادٍ مُلْتَخٌّ: بہت اور گنجان درختوں والی وادی۔

لَخَبَهُ (ف ن) لَخْبًا ولَاخَبَهُ مُلَاخَبَةً: طمانچہ مارنا...... الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

اللَّخْب: گوگل کا درخت۔ واحد لَخْبَة.

المُلَخَّب: طمانچہ مارا ہوا۔ جھگڑوں میں پھنسا ہوا۔

اللَّخَج: آنکھ کی بری کیچڑ۔

اللَّخَز: تیز چھری۔

پپوٹے والا ہونا۔ لَخِصَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کے اردگرد کا متورم ہونا۔ لَخِص کی صفت اَلْخَص: آنکھ کی صفت۔ لَخْصَاء۔ ج لُخْص.

لَخَّصَ الكَلَامَ: مختصر کرنا۔ خلاصہ کرنا۔ کھول کر بیان کرنا اور کہا جاتا ہے "لَخِّصْ لِيْ خَبَرَكَ" مجھ سے اپنی خبر کو تھوڑا تھوڑا بیان کرو۔

الشَّيْءَ: خالص لینا۔

اللَّخَص: مص۔ خلقتاً۔ آنکھ کے پپوٹے کی موٹائی۔

اللَّخْصَة: آنکھ کے اندر کا گوشت۔ ج لِخَاص.

الأَلْخَص: ظاہر۔ مختصر۔

ضَرْعٌ لَخِصٌ: زیادہ گوشت والا تھن جس سے دودھ مشکل سے نکلے۔ وَرَجُلٌ لَخِصٌ: اوپر کے موٹے پپوٹے والا مرد اور کہا جاتا ہے "جَفْنٌ لَخِص" موٹا پپوٹا۔

المُلَخَّص: مفع کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلَخَّصُ مَا قَالُوْهُ" یہ لوگ کے قول کا خلاصہ ہے۔

لَخَفَهُ (ف) لَخْفًا: زور سے مارنا۔

اللَّخْف: مص۔ پتلے جھاگ۔

اللَّخَفَة: سفید باریک پتھر ج لِخَاف.

لَخَمَهُ (ن) لَخْمًا: طمانچہ مارنا...... لَخَمَ الشَّيْءَ: کاٹنا۔

لَخُمَ (ف) لَخَامَةً الرَّجُلُ: پُر گوشت چہرے والا ہونا۔

لَاخَمَهُ لِخَامًا ومُلَاخَمَةً: باہم طمانچہ بازی کرنا۔

اللَّخْمَة: سستی۔ افسردہ دلی۔

رَجُلٌ لَخْمَة ولَخِمَة: افسردہ دل مرد لئیم۔

اللُّخْمَة: سخت زمین میں دشوار گزار جگہ۔

اللَّخَام: ہڈیاں۔

لَخِنَ (س) لَخَنًا: بدبودار ہونا...... الرَّجُلُ: فحش کلامی کرنا۔ بن ران وغیرہ بھی بدبودار ہونا۔ صفت اَلْخَن مؤنث لَخْنَاء۔ ج لُخْن.

لَخْنَةُ. يا ابن اللخناء: کہنا۔

اللَّخَن: بچے کے ختنہ سے پہلے کی تلذّق (بدبو) پیدی۔
لَخَاہ یَلْخُوہُ لَخْوًا: ناک میں دوائی چڑھانا۔
لَخَاہُ یَلْخِیہِ لَخْیًا وَأَلْخَاہُ: مال دینا۔ ناک میں دوائی چڑھانا۔ حلق میں دوا ٹپکانا۔
لَخِی یَلْخَی لَخًی: ہرزہ سرائی کرنا۔ بکواس کرنا۔
لَاخَی لِخَاءً وَمُلَاخَاۃً۔ الرَّجُلَ: دوستی کرنا۔ مخالفت کرنا۔ باہم نرمی برتنا...... فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: اکسانا۔ بھڑکانا...... بِہٖ: چغل خوری کرنا۔
اِلْتَخَی اِلْتِخَاءً۔ الصَّبِیُّ: تر کردہ روٹی کھانا اسم لَخَاء ہے۔
اللَّخَا وَاللَّخْی وَاللَّخَاء وَالمِلْخَی: جس سے ناک میں دوا چڑھائی جائے۔
الأَلْخَی: ہرزہ سرا۔ بکواس کرنے والا (...... وَالِلخَی مِنَ الجِمَالِ) جس کا ایک گھٹنا دوسرے سے بڑا ہو۔
اللَّخْوَاءُ۔ الأَلْخَی: کا مؤنث۔ عقاب کہ اس کی چونچ کے اوپر کا حصہ نیچے سے بڑا ہو۔
لَدَّ (ن) لَدًّا وَلَادَّ لِدَادًا وَمُلَادَّۃً وَأَلَدَّ الرَّجُلَ: سخت جھگڑا کرنا اور غالب ہونا۔ لَدَّہُ عَنِ الشَّیْءِ: منع کرنا۔ لَادَّ عَنْہُ: مدافعت کرنا۔
لَدَّ (ن) لَدًّا وَلُدُودًا وَأَلَدَّ الرَّجُلَ: منہ کے کنارے سے دوا پلانا۔ لَدًّا لِلدُّوْدِ: منہ کے کنارے سے پلائی جانے والی دوا تیار کرنا۔
لَدَّہُ: سخت جھگڑالو پانا۔ اَلَدَّ بِہٖ: ٹالنا۔ کہا جاتا ہے اَلْدَدْتُ بِہٖ: میں نے اس سے جھگڑا کرنے میں سختی کی۔
لَدَّ (س) لَدَدًا: بہت جھگڑالو ہونا۔ صفت اَلَدُّ: کہا جاتا ہے "ھُوَ الأَلَدُّ الأَلَدُّ" یعنی وہ بہت ہی سخت جھگڑالو ہے۔
لَدَّدَہٗ: حیران کرنا۔ لَدَّدَ بِہٖ: بدنام کرنا۔

تَلَدَّدَ: متحیر ہونا۔ دائیں بائیں دیکھنا۔ فِی المَکَانِ: ٹھہرنا۔
اِلْتَدَّ: منہ کے کنارے سے دوا پینا۔ عَنِ الشَّیْءِ: مائل ہونا۔ ٹیڑھا ہونا۔
اللَّدُّ: مص۔ پورا۔
اللَّدَدُ: مص۔ سخت جھگڑالو۔
اللَّدُّ وَاللَّادُّ وَاللَّدُودُ وَاللِّدِّیْدُ۔ ج اَلِدَّۃ وَالأَلَدُّ: مؤنث لَدَّاءُ۔ ج لِدَادٌ وَلُدٌّ۔ وَالأَلَنْدَدُ وَالیَلَنْدَدُ: سخت جھگڑالو۔ اللَّدِیْدُ وَاللَّدُوْدُ: دوا جو منہ کے کنارہ سے ٹپکائی جائے۔ اللَّدِیْدَانِ: کانوں کے نیچے گردن کے دونوں طرف کے کنارے، ہر چیز کے دونوں جانب۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ عَنْہُ مُحْتَدٌّ وَلَا مُلْتَدٌّ" یعنی اس کے لئے کوئی چارہ نہیں۔
المُتَلَدَّدُ: گردن۔
لَدَحَہٗ (ف) لَدْحًا: پیٹھ پر آہستہ آہستہ تھپکی دینا۔
لَدَسَ (ن) لَدْسًا الشَّیْءَ: چاٹنا۔ ہٗ بِیَدِہٖ: مارنا...... ہٗ بِحَجَرٍ: پتھر مارنا۔
لَدَّسَ الخُفَّ: پیوند لگانا۔ درست کرنا۔
اَلْدَسَتِ الأَرْضُ: کچھ نباتات اگانا۔
اللِّدْسُ: سست و نرم۔
اللَّدِیْسُ: موٹا۔ ج اَلْدَاس۔
المِلْدَسُ: گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ ج مَلَادِس۔
لَدَغَہٗ (ف) لَدْغًا وَتَلْدَاغًا: ڈسنا کہا جاتا ہے "لَدَغَہٗ بِکَلِمَۃٍ" یعنی اس نے اسے طعن و تشنیع کیا۔
اَلْدَغَ۔ العَقْرَبَ فُلَانًا: ڈسنے کے لئے بچھو چھوڑنا۔ بچھو سے ڈسوانا۔
اللَّادِغُ: فا۔ مؤنث لَادِغَۃ ج لُدَّغ۔
اللَّدْغَۃ۔ لدغ: کا اسم مرۃ۔
اللُّدَّاغُ: کانٹا یا اس کا نوکیلا کنارہ۔
اللُّدَاغَۃ مِنَ الرِّجَالِ: طعن و تشنیع کرنے والا۔
اللَّدِیْغُ: ڈسا ہوا (مذکر و مؤنث) ج لَدْغٰی

وَلُدَغَاء اور کہا جاتا ہے "ھُمْ قَوْمٌ لُدَغٰی وَلُدَغَاء" وہ ایسے لوگ ہیں جو لوگوں پر طعن و تشنیع کرتے ہیں۔
المِلْدَغ: وہ شخص جس کی عادت طعن و تشنیع کی ہو۔
لَدِکَ (س) لَدَکًا وَلَدَکَابۃ: چپکنا۔
لَدَمَہٗ (ض) لَدْمًا: طمانچہ مارنا۔ کسی بھاری چیز سے مارنا جس کی آواز سنائی دے۔
الخُبْزَ مِنَ المَلَّۃِ: روٹی کو بھوبھل سے نکالنا (...... وَلَدَّمَ) الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا، درست کرنا۔
اَلْدَمَتْ عَلَیْہِ الحُمّٰی: لگاتار بخار رہنا۔
تَلَدَّمَ: بوسیدہ ہونا۔ پیوند لگانے کے قابل ہونا...... الثَّوْبَ: کپڑے میں پیوند لگانا۔
اِلْتَدَمَ: پریشان و مضطرب ہونا۔ اِلْتَدَمَتِ النِّسَاءُ: نوحہ و ماتم میں منہ پر طمانچہ مارنا۔
اِلتَّلْدَمَۃُ: مارنا اور ہٹانا۔
اللَّدْمُ: مص پتھر کے زمین پر گرنے کی آواز۔
اللَّدَمُ: عزت۔ قرابت۔
اللَّادِمُ: فا۔ ج لَدَم (کخادم و خَدَم)
اللِّدَامُ: پیوند۔
اللَّدَّامُ: پیوند لگانے والا۔
اللَّدِیْمُ۔ مِنَ الثِّیَابِ: پیوند لگا ہوا کپڑا۔
المِلْدَمُ: بے وقوف۔ سست۔ پر گوشت اُمُّ مِلْدَمٍ: بخار (...... وَالمِلْدَام) گٹھلی توڑنے کا پتھر۔
لَدُنَ (ک) لَدَانَۃً وَلُدُوْنَۃً: نرم ہونا صفت لَدْنٌ مؤنث لَدْنَۃ ج لُدْن وَلِدَان۔
لَدُنَتْ اَخْلَاقُہٗ: نرم اخلاق ہونا۔
لَدَّنَ الشَّیْءَ: نرم کرنا...... ہٗ فِی الأَمْرِ: ٹھہرانا۔ لَدَّنَ تَوْبَۃً: تر کرنا۔
تَلَدَّنَ: ٹھہرنا...... بِالمَکَانِ: اقامت کرنا...... عَلَیْہِ: دیر لگانا۔ کہا جاتا ہے "تَلَدَّنَتْ عَلَیَّ رَاحِلَتِی" جبکہ وہ نہ چلے۔
اللَّدُنُ مِنَ الطَّعَامِ: خراب گیہوں جس کی روٹی اچھی نہ پکے اور کہا جاتا ہے "ھُوَ لَدْنٌ

الْـخَلِيْقَةِ" وہ نرم طبیعت پسندیدہ اخلاق والا ہے۔

لَـدُنْ ولَـدَنْ ولُـدْنُ ولَـدِنْ ولُدْنَ ولَدْنِ. عِنْدَ: کے معنی میں ظرف زمان ومکان ہے۔ مگر عِنْدَ: سے زیادہ قرب پر دلالت کرتا ہے اور اس سے اخص ہے اور مبنی ہے۔ کہا جاتا ہے "لِـىَ اِلَيْـهِ لُـدْنَةٌ" مجھے اس کے پاس حاجت ہے۔

اَلْدَىٰ اِلْدَاءً: زیادہ ہم عمر والا ہونا۔

لَدَىٰ: ظرف مکان ہے۔ مبنی ہے اور معنی میں لَدُنْ کے ہے۔

اللِـدَة: ہم عُمر یا جس کی ایک ساتھ پرورش ہوئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هُـوَلِدَتِى" وہ میرا ہم عمر ہے۔ ج لِـدَات ولِدُوْن. اللِدَة: وقت ولادت۔ (کلمہ یا مادہ وَلَـدَ سے ہے) جیسے عِدَة وعد: سے۔

لَذَّ (س وض) لَذَاذًا ولَذَاذَةً. الشَّئُ: خوش مزہ ہونا۔ مرغوب ہونا۔ لذیذ ہونا۔ صفت لَذٌّ ولَذِيْذٌ.

لَذَّ (س) لَـذًّا وتَـلَـذَّذَ واِلْتَذَّ الشَّئَ وبِـهٖ واِسْتَلَذَّ الشَّئَ: لذیذ پانا۔

لَذَّذَهٗ: لذیذ بنانا۔

تَلاذًّا: ایک دوسرے سے لذت اٹھانا۔

اللَـذُّ: مص۔ لذیذ۔ مرغوب۔ نیند۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَذٌّ" میٹھی گفتگو کرنے والا۔

للاَلَذُّ: زیادہ لذیذ۔

الـــلَذَّة: خوشی۔ مزہ۔ حصول مرغوبات۔ ج لَذَّات: شراب۔

الـــلَـذِيْـذ: مرغوب۔ مزیدار۔ شراب۔ ج لُذُّو ولِذَاذٌ.

المَلَذُّ: لذت کی جگہ۔ ج مَلاذُّ.

المَلَذَّة: خواہش۔ ج مَلَذَّات.

لَـذَبَ (ن) لُـــذُوْبًـــا ولاذَبَ مُلاذَبَةً بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

لَذَجَهٗ (ن) لَـذْجًا: سوال میں اصرار کرنا

لَذَجَ الْمَاءَ: گھونٹ لگانا۔

لَذَعَ (ف) لَذْعًا. فُلانًا بِلِسَانِهٖ: زبان سے تکلیف پہنچانا۔ لَـذَعَـتِ النَّـارُ الشَّئَ: آگ کا جھلس دینا۔ جلا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَـذَعَ الْحُبُّ قَلْبَهٗ" محبت نے اس کے دل کو تکلیف پہنچائی۔

لَـذَعَ الْبَـعِيْـرُ: داغنے کے لوہے کے ایک کنارے سے داغنا...... الـرَّجُلُ بِـذُكَائِهٖ: جلدی سمجھنا۔ الـطَّـائِرُ: پرندہ کا پھڑ پھڑا کر بازوؤں کو تھوڑا سا حرکت دینا۔

تَلَذَّعَ: دائیں بائیں متوجہ ہونا۔ ذہین ہونا۔ تیز ذہین ہونا۔ تَـلَـذَّعَـتِ النَّـارُ: آگ بھڑکنا۔

اِلْتَذَعَ: درد میں سوزش ہونا۔

اللاذِعَة: لاذِع کا مؤنث۔ ج لَـــوَاذِع لَـوَاذِعُ الْـكَلَامِ: تکلیف دہ گفتگو۔ کہا جاتا ہے "نَـعُـوْذُ بِـاللّٰـهِ مِنْ لَوَاذِعِهٖ" ہم اس کی تکلیف دہ گفتگو سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔

الـلَـذَّاع: اسم مبالغہ۔ کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ مَـذَّاعٌ لَـذَّاعٌ" یعنی بڑا اخلاف وعدہ۔ اس لئے کہ زبان سے خیر کا وعدہ کرتا ہے پھر خلاف وعدگی کر کے تکلیف پہنچاتا ہے۔

الـلَوْذَع واللَوْذَعِىُّ: تیز ذہن۔ تیز خاطر۔ فصیح۔

اللاذِقِيَّة: شام کے ایک شہر کا نام۔ اور نسبت کے لئے لاذِقَانِىٌّ ولاذِقِىٌّ.

لَذْلَذَ: چست وپھرتیلا ہونا۔

اللَذْلاذ: چست وپھرتیلا۔ بھیڑیا۔

لَذِمَهٗ (س) لَذْمًا الشَّئُ: تعجب میں ڈالنا۔ بوسہ دینا۔

لَذِمَ (س) لَـذْمًا بِالْمَكَانِ: چمٹے رہنا...... بِالشَّئِ: حریص ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلْذَمَهُ الشَّئَ وبِهٖ: حریص بنانا۔ شیفتہ کرنا۔ ......هُ بِفُلانٍ: لازم کرنا۔ اَلْـذَمَ بِـالْـمَكَانِ: ثابت رہنا اور کہا جاتا ہے "اَلْـذِمْ بِـفُلانٍ كَرَامَتَكَ" یعنی ہمیشہ کرو۔

اُلْذِمَ بِفُلانٍ: فریفتہ کیا جانا۔

الـلُـذَمَة: گھر سے جدا نہ ہونے والا۔ کسی چیز [illegible]

رَجُلٌ لَذِمٌ ولُذَمَةٌ ومِلْذَمٌ بِالشَّئِ: چیز کا شوقین۔ المِلْذَم: بہادر۔

اللاذَن واللاذَنَة: گوند کی ایک قسم۔

لَذِىَ يَلْذَىٰ لَذًى بِالْاَمْرِ: لازم ہونا۔ جدا نہ ہونا۔ شیفتہ ہونا۔

اَلَّـــذِىْ: اسم موصول ہے اور اس میں پانچ لغات ہیں۔ اَلَّـذِ والَّذْ والَّذِىُّ والَّذِىِّ وَلَّذِىْ: مؤنث اَلَّتِىْ (مادہ ل ت ی میں ذکر ہو چکا) تثنیہ الَّـذَان اللَّـذَا والَّـذَانِّ ج الَّذِيْنَ والَّاوْ دن والَّاوُدْ: اور بعضوں نے کہا ہے کہ اَلَّذُوْن: حالت رفعی میں اور اَلَّذِيْنَ بِـهٖ: حالت نصبی وجری میں۔ اور اَلَّـذِىْ: کی تصغیر اللُّذَيَّا: اور تثنیہ کی اللُّذَيَّان: اور جمع کی اللُّذَيُّوْنَ.

لَزَّ (ن) لَزًّا ولِزَازًا ولَزَزًا. الشَّئَ بِالشَّئِ: باندھنا۔ ملانا۔ لازم کرنا...... الشَّئُ بِالشَّئِ: ملنا۔ اَلْـقَـوْمُ: اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا۔ لَـزَّهٗ بِالرُّمحِ: نیزہ مارنا۔

......هٗ: اِلٰى كَذَا: مجبور کرنا۔

لَزَّزَ اللّٰهُ فُلانًا: مضبوط جسم والا بنانا۔

لازَ لِزَازًا ومُلازَّةً: چمٹنا اور جھگڑے میں تنگ کرنا۔

اَلَزَّ الشَّئَ: باندھنا اور چمٹانا۔

اِلْتَزَّ بِهٖ: چمٹنا۔ ملنا۔

اللَزّ: مص۔ دروازہ کا حلقہ۔

الـلِّزَز واللِزَاز: مص۔ دروازے کی بلی۔ سخت جھگڑا۔

اَلْـمِلَزّ: چمڑے یا سٹیل کی سوراخ دار واشل جو پیچ کے نیچے مضبوطی کے لئے ڈالی جاتی ہے۔

الـلِز: چمٹنے والا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لِزُّ شَرٍّ ولَـزِيْـزُ شَـرٍّ" فلاں شر کے ساتھ چمٹا ہوا ہے اس سے جدا نہیں ہوگا۔

اللزاب: سرو کے درختوں میں سے ایک بڑا درخت اس کے پتے شریان درخت کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس کی لکڑی عمدہ قسم کی لکڑی ہوتی ہے۔

عَیشٌ لَزِزٌ: تنگ زندگی۔
اللَّزِیزَۃُ لَزِیزٌ: کندھے کا گوشت۔ اللَّزَازُ: سینہ کی ہڈیاں۔
المِلَزّ: سخت جھگڑالو۔ (مذکر و مؤنث)
لَزَأَ (ف) لَـذْأً و اَلْـزَأَ و لَـزَأً: الاِنَاءَ: برتن بھرنا ...... الـمَـاشِیَۃَ: جانور کو سیر کرنا۔
لَزَأَفلانًا: دینا۔ کہا جاتا ہے "لَزَأَتْہُ اُمُّہٗ" اس کی ماں نے اس کو جنا۔
تَلَزَّأَالاِنَاءُ: برتن کا بھر جانا۔
لَزَبَ (ن) لُزُوْبًا: مضبوطی سے قائم رہنا۔ ...... بِہٖ: چمٹنا۔ لَـزَبَتِ السَّنَۃُ: خشک سالی ہونا۔ قحط ہونا۔
لَزَبَتْ (ض) لَـزْبًا. العَقرَبُ فُلَانًا: بچھو کا ڈسنا۔
لَزِبَ (س) لَـزَبًـا ولَزُبَ (ک) لَـزْبًـا ولُـزُوْبًـا الطِّیْنُ: چپکنے والی اور سخت ہونا۔
لَزَبَ الشَّیْئُ: بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
تَلَازَبَ الشَّیْئُ: تہ بتہ ہونا۔
اللِزْب: تنگ راستہ۔
اللَازِب: فا۔ ثابت۔ کہا جاتا ہے "صَـارَ الاَمْـرُ ضَـرْبَۃَ لَازِبٍ" یعنی لازم و ثابت ہو گیا۔ طِیْنٌ لَازِبٌ: ہاتھ میں چپکنے والی مٹی۔
الـلَزِب: کم۔ تھوڑا۔ ج لِزَاب کہا جاتا ہے "ھُوَ عَـزَبٌ لَـزَبٌ" اس کے نہ جورو ہے نہ جانا۔
اللَّزْبَۃ: سختی۔ قحط۔ ج لِـزَب ولَزَبَات سَنَۃٌ لَزْبَۃٌ: سخت سال۔
المِلْزَاب: بڑا کنجوس۔ ج مَلَازِیب۔
لَزِجَ (س) لَزَجًا ولُزُوْجًا: لیس دار ہونا۔ چکنے والا ہونا۔ صفت لَـزِج. لَـزِجَ الـعَسَـلُ بِاِصْبَعِہٖ: شہد کا انگلی میں چپکنا۔
تَلَزَّجَ: چپکنے والا ہونا ...... البَقلُ: نرم ہونے کی وجہ سے بعض کا بعض پر جھکنا ...... الـدَّابَۃُ البَقُولَ: سبزی کے لئے جانا۔
اللُزُوْجَۃ: چپک۔ چسپیدگی۔
رَجُلٌ لَزِجَۃٌ ولَزِجَۃٌ لَزِیْجَۃٌ: گھر ہی پڑے رہنے والا۔ جدا نہ ہونے والا۔

لَزِقَ (س) لَـزُوْقًـا والْتَزَقَ بِـہٖ: چپکنا۔ (...... لَـزَقًـا) الرِئَۃُ بِالجَنْبِ: پیاس کی وجہ سے پھیپھڑے کا پہلو سے چپکنا۔
لَازَقَہٗ لِزَاقًا ومُلَازَقَۃً: چپکانا۔
اَلْزَقَہٗ بِہٖ: چپکانا۔
لَـزَّقَ الشَّـیْئَ: چپکانا۔ بغیر مضبوطی کے کام کرنا۔
الـلِـزْق: قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "ھُـوَ لِزْقِیْ او بِلِزْقِیْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللِزَاق: مص۔ جس سے چپکایا جائے۔ جیسے لئی، گوند وغیرہ۔ لِـزَاقُ الـذَّھَـبِ ولِزَاقُ الحَجَرِ والِزَاقُ الرُّخَامِ: دواؤں کے نام۔
اللِزَاق: جماع۔
اُذُنٌ لَـزْقَـاء: کان جس کا کنارہ سر سے ملا ہوا ہو۔
الـلَّـزُوْق واللَازُوْق: زخم کا مرہم جو اچھے ہونے تک چپکا رہے۔
الـلَـزِیـق: قریب بہ پہلو۔ کہا جاتا ہے "ھُـوَ لَزِیقِیْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللَّزِیق: سمندری گھونگا۔
اَلْـلُزْقَۃُ: ہر دوا لے مقام پر مرہم وغیرہ لگائی گئی۔
الـلَـزَق واللُزَیْقَاء واللُزَیْقَی: خودرو گھاس جو بارش کی صبح میں پتھروں کے نیچے نکل آئے۔
اَلْمُلْزَق: خاندان میں ملا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔
لَـزِکَ (س) لَـزَکًـا الجُـرْحُ: بغیر اچھا ہوئے گوشت کا اوپر سے برابر ہو جانا اور یا صواب لدِک دال مہملہ سے ہے۔
لَزِمَ (س) لُـزُوْمًـا لَـزْمًـا ولِـزَامًـا ولَزَامًا ولِـزَامَۃً ولُـزْمَۃً ولُـزْمَانًا الشَّیْئَ: لازم رہنا ...... بَیْتَـہٗ: گھر سے جدا نہ ہونا ...... ہٗ اَلْـمَالُ: واجب ہونا ...... اَلْـغَـرِیْمَ وبِـہٖ: قرض دار کو چمٹے رہنا ...... اَلاَمْـرُ: حکم واجب ہونا ...... کَـذَا عَـنْ کَـذَا: لازم آنا۔ نتیجہ نکلنا (...... لَزْمًا) الشَّیْئَ: جدا کرنا۔ ممیز کرنا۔
لَازَمَہٗ لِزَامًا ومُلَازَمَۃً: چمٹ رہنا اور جدا نہ ہونا۔

اَلْزَمَ اِلْزَامًا الشَّیْئَ: لازم کرنا ...... ہٗ الْـمَالَ والعَمَلَ او بِالْمَالِ وبِالعَمَلِ: واجب کرنا اور کہا جاتا ہے "اَلْزَمْتُ خَصْمِیْ" یعنی میں اپنے خصم پر حجت میں غالب رہا۔
اِلْتَزَمَہٗ: بمعنی لَازَمَہٗ ...... فُلَانًا: گردن پکڑنا ...... العَمَلَ او المَالَ: اپنے اوپر واجب کر لینا ...... القَرْیَۃَ او العُشْرَ او غَیْرَھُمَا: مال گزاری یا عشر کا ضامن ہونا (آخری معنی میں مولد ہے)
اِسْتَلْزَمَ الشَّیْئَ: لازم سمجھنا۔ چاہنا۔
اللِـزَام: مص۔ موت۔ حساب۔ بہت چمٹنے والا۔ فیصلہ (...... واللِزَم) فیصلہ کرنے والا۔
لَـزَامِ بِـالْبِنَـاءِ عَلَی الکَسْرِ: لگاتار۔ پیوستہ۔ کہا جاتا ہے "ضَـرْبَۃٌ لَـزَامِ" یعنی لگاتار مار۔
اللُزَمَۃ: جدا نہ ہونے والا۔ چمٹا رہنے والا۔
اللُزُوْمِیَّۃ: اسم ہے لَزِم سے۔
الـمُلَازِم: بحری فوج کے اندر کمانڈر سے چھوٹا افسر جو کہ لیفٹیننٹ کے برابر ہو۔
الـلَازِم: فا۔ مؤنث لَازِمَۃ جمع لَوَازِم کہا جاتا ہے "صَارَ الاَمْرُ ضَرْبَۃَ لَازِمٍ" جیسا کہا جاتا ہے "ضَرْبَۃَ لَازِبٍ"۔
المِـلْـزَم والمِـلْزَمَۃ: لوہے یا لکڑی کا شکنجہ ج مَلَازِم۔
المَلْزُوْم: مفع۔ لازم کیا ہوا۔
لَزَنَ (ن) لَزْنًا ولَزِنَ (س) لَزَنًا وتَلَازَنَ القَوْمُ: ہجوم کرنا۔ بھیڑ کرنا۔
اللَزْن: مص۔ سختی۔ عَیْشٌ لَزِنٌ: تنگ زندگی۔ مَـاءٌ لَـزِنٌ: وہ پانی جو مشکل سے حاصل ہو۔
مَکَانٌ لَزْنٌ ولَزِنٌ ومَلْزُوْنٌ: بھیڑ والی جگہ۔
اللَزْنَۃ واللِزْنَۃ: سختی لَیْلَۃٌ لَزْنَۃٌ: بھوک، سردی یا خوف کی وجہ سے مصیبت کی رات۔ ج لِزَن۔
زَمَانٌ اَلْزَن: سخت زمانہ۔
اللَازْوَرْدُ واللَازَوَرْدُ: (فارسی لفظ) ایک کان جس کو زیورات میں لگایا جاتا ہے۔

اس کی عمدہ قسم صاف شفاف نیلی سرخ اور سبزی مائل ہوتی ہے۔
اَللَّازَوَرْدِيّ: جولا زورد کے رنگ میں ہو۔
لَسَّ (ن) لَسًّا الْقَصْعَةَ: پیالہ چاٹنا۔
لَسَّتِ الدَّابَّةُ الْكَلَأَ: چوپایہ کا زبان کی اطراف سے چرنا......الطَّعَامَ: کھانا۔
اَلَسَّ الْمَكَانُ: ابتداءِ نباتات کا نکالنا۔
اللُّسَاس واللُّسَّاس: ایک سخت اور کھردری گھاس۔اللُّسَاس: ہریاول جس کو جانور چر نہ سکے اور اطراف زُبان سے چرے۔
اللُّسُس: ہوشیار و ماہر اونٹ والے۔
لَسَبَهُ (ض) لَسْبًا الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔
لَسَبَهُ بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا......ہٗ بِلِسَانِهٖ: برا بھلا کہنا۔سخت سست کہنا۔
لَسِبَ (س) لَسَبًا بِهٖ: چپکنا......اَلْعَسَلَ: شہد چاٹنا۔
اَلْسَبَ الْحَيَّةُ فُلَانًا: سانپ سے ڈسوانا۔
رَجُلٌ لَسَّابَةٌ لِلنَّاسِ: لوگوں کو برا بھلا کہنے والا مرد۔کہا جاتا ہے "مَا تَرَكَ لَسُوْبًا وَلَسُوْبًا" یعنی کچھ نہیں چھوڑا۔
لَسَدَ (ض) لَسْدًا ولَسِدَ (س) لَسَدًا الْإِنَاءَ: برتن چاٹنا......الْعَسَلَ: شہد چاٹنا......اُمَّهٗ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔
فَصِيلٌ مِلْسَد: بہت چاٹنے والا اور اونٹنی کا بچہ۔
لَسَعَهُ (ف) لَسْعًا: ڈسنا۔اور کہا گیا ہے کہ لَسَعَ: ڈنک سے ڈسنے کو اور لَدَغَ منہ سے ڈسنے کو کہتے ہیں۔بچھو کے لئے تَلَسَّعَ اور سانپ کے لئے تَلَدَّغَ کا استعمال ہے۔
لَسَعَهُ بِلِسَانِهٖ: عیب لگانا۔گفتگو سے تکلیف پہنچانا۔لَسَعَ فِي الْاَرْضِ: جانا۔سفر کرنا۔
اَلْسَعَ فُلَانًا عَقْرَبًا: بچھو سے ڈسوانا......بَيْنَ الْقَوْمِ: دشمنی ڈالنا۔بھڑکا دینا۔
لُسِعَ الرَّجُلُ: خانہ نشین ہونا۔
اللَّسَّاع واللُّسَعَة: لوگوں کو گفتگو سے بہت تکلیف پہنچانے والا۔
اللَّسِيع: ڈسا ہوا۔ج لَسْعَى ولُسَعَاء۔

اللُّسُوْع: بہت سے شگاف۔
المِلْسَع: ماہر راہبر۔
المُلَسَّعَة: خانہ نشین جو گھر سے جدا نہ ہو۔
المُلَسَّعَة: مقیم جماعتیں۔
لَسِقَ (س) لُسُوْقًا والتَسَقَ: چپکنا۔
اَلْسَقَ: چپکانا۔کہا جاتا ہے "هُوَ لِسْقِي ولَسِيْقِي" وہ میرے پہلو میں ہے۔
المَلْسُوْق: دوا جو اچھے ہونے تک چپکی رہے۔
المُلَسَّق: خاندان میں ملایا ہوا۔منہ بولا بیٹا۔
لَسَمَ (ن) لَسْمًا: چکھنا۔کہا جاتا ہے "مَا لَسَمَ لِسَامًا" یعنی کچھ نہیں چکھا۔
لَسِمَ (س) لَسَمًا: حیا یا عاجزی کی وجہ سے چپ رہنا۔
لَسِمَهُ لُسُوْمًا: لازم ہونا۔
اَلْسَمَهٗ كَلَامًا: سمجھانا۔کلام سکھانا......ہٗ الطَّرِيْقَ: راستہ اختیار کرانا۔اَلْسَم واسْتَلْسَمَ الشَّيْءَ: ڈھونڈنا۔
لَسِنَ (س) لَسَنًا: فصیح و بلیغ ہونا۔
لَسَنَ (ن) لَسْنًا فُلَانًا: بہتر بیان والا ہونا۔برائی سے یاد کرنا۔گفتگو میں غالب آنا۔لَسَنَتْهُ الْعَقْرَبُ: ڈسنا(...... ولَسَّنَ) الشَّيْءَ: کنارہ کو زبان کے کنارہ کی مانند بنانا۔زبان کی شکل کا بنانا اور تیز کرنا۔
لَاسَنَ مُلَاسَنَةً الرَّجُلَ: جھگڑے اور گفتگو میں غالب ہونا۔
اَلْسَنَ فُلَانًا قَوْلًا او رِسَالَةً: پہنچانا۔کہا جاتا ہے "اَلْسِنِّي فُلَانًا واَلْسِنْ لِي فُلَانًا كَذَا وكَذَا" یعنی فلاں کو میری فلاں فلاں بات پہنچا دو۔
تَلَسَّنَ عَلَى فُلَانٍ: جھوٹ بولنا۔افترا کرنا......الجَمْرُ: چنگاری سے زُبان کی مانند شعلہ بلند ہونا۔
اللِّسْن: زبان۔لغت۔گفتگو۔
اللَّسَن: فصاحت۔
اللِّسَان: زبان (مذکر و مؤنث دونوں کا اکثر

استعمال ہوتا ہے ج اَلْسِنَة واَلْسُن ولُسْن ولِسَانَات: لغت۔پیغام۔لِسَانُ الْعَرَب: عرب کی زبان لِسَانُ الْقَوْمِ: قوم کا ترجمان۔لِسَانُ الْحَالِ: زبانِ حال یا کسی چیز کی ظاہری کیفیت۔لِسَانُ الصِّدْقِ: اچھی شہرت۔لِسَانُ الْمِيْزَانِ: ترازو کا وہ حصہ جو تولتے وقت ہاتھ سے پکڑا جائے۔
لِسَانُ النَّارِ: شعلہ۔لِسَانُ الْحَمَلِ و......الثَّوْرِ و......الْكَلْبِ و......السَّبُعِ و......العَصَافِيْرِ: مختلف نباتات کے نام۔
والحروفُ اللِّسَانِيَة: ر۔ز۔س۔ش۔ص۔ض۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ ذُوْ لِسَانَيْنِ" یعنی فریبی دغا باز۔منافق۔غیبت کرنے والا۔
"واَلْسِنَةُ النَّاسِ عَلَيْهِ حَسَنَةٌ" لوگوں کی ثنا و تعریف اس کے حق میں اچھی ہے۔
الْمَلْسَن: جو چیز زبان کی طرح نوکدار ہو (...... والاَلْسَن) فصیح بلیغ۔مؤنث لَسْنَاء ج لُسْن۔
المُلْسِن: فا۔فصیح۔بہت بولنے والا۔
المِلْسَن: پتھر جس کو دروازہ کے اوپر کے حصے میں لگا دیتے ہیں اور اس کے نیچے گوشت کا ٹکڑا رکھ دیتے ہیں۔جب کوئی درندہ آتا ہے اور اس گوشت کو لینا چاہتا ہے تو پتھر گر پڑتا ہے اور دروازہ بند کر دیتا ہے جس سے درندہ بند ہو جاتا ہے۔
المُلَسَّن: مفع۔زبان کی طرح نوکدار بنایا ہوا۔
المُلَسِّن: فا۔حیرت یا فکر کی وجہ سے زبان کو دبانے والا۔
المَلْسُوْن: جھوٹا۔باتونی کام چور۔زبان بریدہ۔
لَسَا يَلْسُوْ لَسْوًا: تھوڑا کھانا۔
لَشَّهُ (ن) لَشًّا: دھتکارنا۔دفع کرنا۔ہٹانا۔
اللَّشّ: مص۔ماش۔
لَشْلَشَ: گھبراہٹ کی وجہ سے جگر وغیرہ کا کانپنا۔

الشلاشی: [illegible] کاٹنے والا۔
لَشَا یَلْشُوْ لَشْوًا: رفعت کے بعد خسیس ہونا۔
لاشَی مُلاشَاۃً الشَّیْءَ: لاشی: کر دینا۔ معدوم کر دینا (یہ لاشی سے بنایا گیا ہے)
تَلاشٰی تَلاشِیًا الشَّیْءُ: معدوم ہونا۔ مضمحل ہونا۔
التَّلاشِی: مص۔ اضمحلال۔
لَصَّ (س) لَصَصًا ولَصَاصًا ولُصُوصِیَّۃً ولَصُوصِیَّۃً: چور ہونا۔
لَصَّ (ن) لَصًّا الْبَابَ: بند کرنا۔۔۔۔ الشَّیْءَ: چرانا۔ خفیہ طریقہ سے کرنا۔
لَصَّصَ الْبُنْیَانَ: مضبوط بنانا۔ لغت ہے رَصَّصَ: میں۔
تَلَصَّصَ: چور ہونا۔ چوروں کی عادات اختیار کرنا۔
اللَّصُّ واللِّصُّ واللُّصُّ: چور۔ ج لُصُوص واَلْصَاص ولَصَصَۃ ولِصَاص مؤنث لِصَّۃ۔ ج لِصَّات ولَصَائِص۔
اَلصَصُ: مص۔ موڈھوں کا یا اڑھ کا قریب قریب ہونا اور یہ عیوب انسانی سے ہے۔
الاَلَصُّ: قریب قریب موڈھوں والا۔
اللَّصَّاء۔ اَلَصّ: کا مؤنث۔ تنگ پیشانی۔ وہ بکری جس کا ایک سینگ آئے اور دوسرا پیچھے ہو۔ ج لُصّ۔
المَلَصَّۃ: بہت چوروں والی سر زمین۔ اسم جمع بمعنی لُصُوص۔
لَصِبَ (س) لَصَبًا۔ اَلْجِلْدُ بِاللَّحْمِ: گوشت کا کھال سے لاغری کی وجہ سے چمٹنا۔ اَلْخَاتَمُ فِی الاِصْبَعِ: انگوٹھی کا انگلی میں تنگ ہونا۔ السَّیْفُ فِی الْغِمْدِ: تلوار کا میان میں چمٹ کے رہ جانا۔
اِلْتَصَبَ الشَّیْءُ: تنگ ہونا۔
اللِّصْبُ: وادی میں تنگ جگہ۔ پہاڑ کی چھوٹی گھاٹی۔ ج لُصُوْب ولِصَاب۔

اللَّصِب: بخیل۔ تنگ اخلاق والا۔
اللَّوَاصِب: گہرے تنگ کنوئیں۔
کہا جاتا ہے "سَیْفٌ مِلْصَابٌ" میان میں پھنس کے رہنے والی تلوار۔
طَرِیْقٌ مُلْتَصِبٌ: تنگ راستہ۔
اَللِّصْتُ واللَّصْتُ واللُّصْتُ: چور۔ ج لُصُوْت۔
لَصَغَ (ف) لُصُوْغًا الْجِلْدُ: کھال کا لاغری کی وجہ سے ہڈی پر خشک ہونا۔
لَصِفَ (س) لَصَفًا الْجِلْدُ: کھال کا ہڈی پر خشک ہونا اور چمٹنا۔
لَصَفَ (ن) لَصْفًا الْحِجَارَۃَ: ترتیب سے جوڑنا (۔۔۔۔ لَصَفًا ولَصِیْفًا ولُصُوْفًا) لَوْنُہٗ: رنگ کا چمکنا۔
لَصِقَ (س) لَصَقًا ولُصُوْقًا والْتَصَقَ بِالشَّیْءِ: چپکنا۔
اَلْصَقَ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ: چپکانا۔۔۔۔ بِغُرْقُوْبِ الْبَعِیْرِ: زخمی کرنا۔
لاصَقَہٗ مُلاصَقَۃً: چپکانا۔
اللِّصْقُ واللَّصِیْقُ: جو شخص یا چیز قریب ہو۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ لِصْقِیْ وبِلِصْقِیْ ولَصِیْقِیْ" وہ میرے پہلو میں ہے۔
اللَّصُوْق: زخم کا مرہم جو چپکا رہے۔ عضو پر باندھنے کی پٹی۔
المُلْصَق: مفع۔ خاندان میں ملایا ہوا۔ منہ بولا بیٹا۔ مؤنث مُلْصَقَۃ۔
لَصْلَصَ الْوَتَدَ ونَحْوَہٗ: اکھیڑنے کے لئے ہلانا۔
لَصَا یَلْصُو لَصْوًا۔ اَلْمَرْأَۃَ: عورت پر تہمت لگانا۔ گالی دینا۔ لَصَاہُ ولَصَا اِلَیْہِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔
لَصَی یَلْصِی لَصْیًا ولَصِیَ یَلْصٰی لَصًی اِلَیْہِ: تہمت و شک کی وجہ سے ملنا۔ لَصَاہُ لَصْیًا: عیب لگانا۔ ولَصِیَ الرَّجُلُ: گنہگار ہونا۔
اللَّصَاۃ: عیب۔
لَضْلَضَ لَضْلَضَۃً: دائیں بائیں بہت زیادہ

التفات کرنا۔
اللَّضْلاضُ: ماہر راہبر۔
لَضَمَہٗ (ن) لَضْمًا: سختی کرنا۔ اصرار کرنا۔
لَضَا یَلْضُو لَضْوًا الرَّجُلُ: راہبری میں ماہر ہونا۔
لَطَّ (ض) لَطًّا الْبَابَ: دروازہ بند کرنا۔۔۔۔ الشَّیْءَ: چھپانا۔۔۔۔ السِّتْرَ: پردہ لٹکانا۔۔۔ الرَّجُلَ حَقَّہٗ وعَنْ حَقِّہٖ: حق کا انکار کر دینا۔۔۔ عَنْہُ وعَلَیْہِ الْخَبَرَ: پوشیدہ رکھنا۔۔۔ بِالاَمْرِ: لازم ہونا۔۔۔ الشَّیْءُ بِکَذَا: چمٹانا۔ لَطَّتِ النَّاقَۃُ بِذَنَبِہَا: اونٹنی کا دوڑنے میں دم کو رانوں میں دبالینا۔
لَطَّہٗ (ن) لَطًّا بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا۔
اَلَطَّ عَلَیْہِ الْاَمْرَ: چھپانا۔۔۔ الرَّجُلُ: جھگڑے یا معاملے میں سختی کرنا۔۔۔ اَلْغَرِیْمُ: حق روکنا فلاتا: مدد کرنا۔ اَلَطَّ بِالْحِجَابِ: پردہ لٹکانا۔ (۔۔۔ وتَلَطَّطَ) حَقَّ فُلانٍ: انکار کرنا۔ اور تین طا کے اکٹھے ہونے کی وجہ سے تَلَطّٰی حَقَّہٗ: بھی کہا جاتا ہے۔
اِلْتَطَّ: چھپنا۔۔۔ الشَّیْءَ: چھپانا۔ اِلْتَطَّ بِالْمِسْکِ: مشک سے لت پت ہونا۔
اللَّطُّ: مص۔ اندرائن کے رنگین دانوں کا ہار۔ ج لِطَاط۔ اللَّطُّ: خصم۔
اللَّطَّۃ واللَّطِیْطَۃ: سویاں۔
اللَّطَط: قرض خواہ کا قرض روکنا۔ دانتوں کا گرنا یا دانتوں کا کھدر جانا۔ چیز کا چھپانا۔
اللِّطَاط والمِلْطَاط: پہاڑ کی بالائی چوٹی کا کنارہ۔ پہاڑ کا پہلو۔
اللِّطَاط: وادی کا کنارہ۔
اللاطُّ: فا (۔۔۔ والمُلِطّ) خبیث۔ وہ شخص جس کے ساتھی بھی سب خبیث ہوں۔
الاَلَطُّ: جس کے دانت گر گئے ہوں یا جس کے دانتوں کو کیڑوں نے کھا لیا ہو اور جڑیں باقی رہ گئی ہوں۔
المِلْطَاط: سمندر کا کنارہ۔ کشادہ راہ گزر۔ گھر کا صحن۔ پلاستر کرنے والوں کی کرنی۔ بیلن۔ چکی یا ہتھ چکی۔ زخم جو دماغ تک پہنچ

جائے۔ وادی کا کنارہ۔

الـمَلْطُوط : مفع تَـرْسٌ مَلْطُوطٌ : اوندھی کی ہوئی ڈھال۔

لَطَأَ (ف) لُـطُوءً ا ولَطِئَ لَطَأً بِالْاَرْضِ : زمین سے چمٹنا۔ لَـطَأَهُ بِالْعَصَا : پیٹھ پر لاٹھی سے مارنا۔

اللاَطِـئَة : اچھا نہ ہونے والا پھوڑا۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے۔ چھوٹی ٹوپی جو سر سے چپک کے رہ جائے۔

اللَطَأ : بھیڑیا۔ شکاری۔

المِـلْطَأ والمِلْطَاة : سر کے گوشت اور ہڈی کے درمیان باریک جھلی۔

لَطَثَهُ (ن) لَطْثًا : چوڑی چیز سے مارنا۔ پتھر مارنا...... ہٗ بِحَجَرٍ : پتھر مارنا۔ لَطِثَ الشَّيْءُ : جمع کرنا...... الشَّيْءُ : بگاڑنا۔ خراب کرنا...... ہٗ الْاَمْرُ : دشوار ہونا۔

تَلاطَثَ الْمَوْجُ : موجوں کا ٹکرانا...... الْقَوْمُ : ہاتھوں سے ایک دوسرے کو مارنا۔

الـمَلاَطِـث : جسم کے وہ حصے جو مار یا بوجھ اٹھانے کی وجہ سے درد کر رہے ہوں۔

لَطَحَهُ (ف) لَطْحًا : باطن کف دست سے مارنا۔ تھپکی دینا۔ لَـطَحَ بِـهٖ : زمین پر پٹک دینا۔

لَطَخَ (ف) لَـطْخًا ولَطَّخَ الشَّيْءَ بِالمِدَادِ ونَحْوِهٖ : آلودہ کرنا...... ہٗ بِشَرٍّ : شر کی نسبت کرنا۔

تَلَطَّخَ : آلودہ ہونا...... بِـاَمْرٍ قَبِيحٍ : ملوث ہونا...... بِشَرٍّ : برائی کا ارتکاب کرنا۔

الـلَّـطْـخ : مص۔ تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے سَمِعْتُ لَطْخًا مِنْ خَبَرٍ : میں نے تھوڑی سی خبر سنی "وفِي السَّمَاءِ لَطْخٌ مِنَ السَّحَابِ" آسمان میں تھوڑا سا بادل ہے۔

الـلَّطِخ : گندی غذا کھانے والا۔ وہ چیز جو اپنے رنگ کے علاوہ دوسرے رنگ میں لتھیڑی گئی ہو۔

اللَّطُوخ : جس سے کسی چیز کو آلودہ کریں۔

اللُّطَخَة : بے وقوف۔ ج لُطَخَات.

اللِطِّيخ : بے وقوف۔

لَـطَسَهٗ (ن) لَـطْسًا : طمانچہ مارنا۔ چوڑی چیز سے مارنا۔ لَطَسَ الشَّيْءَ : سخت کوٹنا...... ہٗ بِـحَـجَرٍ : پتھر مارنا...... الشَّيْءَ : سخت روندنا...... الحَجَرَ بِالْحَجَرِ : پتھر کو پتھر سے مارنا۔

لاَطَسَهٗ مُلاَطَسَةً : آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔

تَلاَطَسَ الْمَوْجُ : موجوں کا تھپیڑے مارنا۔

المِـلْطَس ج مَلاَطِس. المِلْطَاس. ج مَلاَطِيس : گٹھلی توڑنے کا پتھر۔ پتھر توڑنے کی سخت اور بڑی کدال۔ پتھر یا چکی میں کھودنے کا آلہ۔ اونٹ کا کھر۔

لَطَشَ يَلْطُشُ : ہاتھ کے ساتھ مارنا۔

لَطَّشَ الثِّيَابَ : کپڑے خراب کرنا۔

لَطَعَ (ف) ولَطِعَ (س) لَـطْعًا. الشَّيْءَ بِلِسَـانِهٖ : زبان سے چاٹنا...... فُلاَنًا : پیچھے سے لات مارنا۔ لَـطَعَ الـغَرَضَ : نشانہ لگانا...... فُلاَنًا بِـالْعَصَا : لاٹھی مارنا...... عَيْنَهٗ : آنکھ پر طمانچہ مارنا...... الْكَلْبُ او الذِّئْبُ الْمَاءَ : پینا...... اِسْمَهٗ : نام کو دیوان سے مٹا دینا۔ دیوان میں نام لکھنا۔ لَـطَعَتِ الْبِئْرُ : کنوئیں کا پانی خشک ہو جانا۔ کہا جاتا ہے "لَطَعَ اِصْبَعَهٗ" یعنی مر گیا۔

لَطِعَ (س) لَطَعًا : دانتوں کا گرنا اور جڑوں کا باقی رہنا۔ صفت اَلْطَع.

تَلَطَّعَتِ الْاِبِلُ : اونٹ کا بڑھاپے کی وجہ سے بے دانت ہونا۔

اِلْتَطَعَ : برتن یا حوض کا سب پانی پی جانا۔ الشَّيْءَ : چاٹنا۔

اللَّطْع : مص۔ تالو۔ ج اَلْطَاع.

اللَّطْعَاء. الْاَلْطَع : کا مؤنث۔ دبلی پتلی۔ ج لُطْع.

اللَّـطَع : مص۔ ہونٹ کے اندر کی سفیدی۔

رَجُلٌ لُطَعٌ : کمینہ آدمی۔

اللَّطَّاع : کھا کر انگلیوں کو چاٹنے والا۔

لَطَفَ (ن) لُـطْفًا بِفُلاَنٍ ولِفُلاَنٍ : مہربانی کرنا...... اللّٰهُ بِالْعَبْدِ ولَهٗ : توفیق دینا۔ بچانا

لَطُفَ (ک) لُطْفًا ولَطَافَةً : باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ صفت لَطِيف. كَلاَمُهٗ : نرم ہونا اور کہا جاتا ہے "لَـطُفَ عَنْـهُ" چھوٹا ہونا۔ "لَطَفَ بِهٖ" اس کے ساتھ مہربانی کی گئی۔

لَطَّفَ الشَّيْءَ : نرم بنانا۔ باریک کرنا۔

لاَطَفَهٗ مُلاَطَفَةً : بھلائی کرنا۔ نرمی برتنا۔ نرم گفتگو کرنا۔

اَلْطَفَ السُّؤَالَ : خوبصورتی سے سوال کرنا...... ہٗ بِكَذَا : تحفہ دینا۔ بھلائی کرنا۔ اَلْطَفَ الشَّيْءَ بِجَنْبِهٖ : پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔

تَـلَطَّفَ : خاکساری کرنا...... بِـهٖ : حیلہ کر کے بھیدوں کو معلوم کرنا...... الْاَمْرَ وفِي الْاَمْرِ : نرمی برتنا۔

تَلاَطَفَ الْـقَـوْمُ : باہم میل ملاپ کرنا۔

تَلاطَفُوا فِي الْاَمْرِ : باہم نرمی برتنا۔

اِسْتَـلْطَفَهٗ : لطیف پانا۔ اِسْـتَـلْطَفَ الشَّيْءَ بِجَنْبِهٖ : پہلو میں کوئی چیز چپکانا۔

الـلَّـطَف : بھلائی کرنا۔ تحفہ دینا۔ تحفہ۔ تھوڑا کھانا۔ ج اَلْـطَاف کہا جاتا ہے "هٰؤُلاَءِ اَلْطَافُ فُلاَنٍ" یہ لوگ فلاں کے اصحاب اور اہل ہیں۔

اللَّطَفَة : تحفہ۔ ہدیہ۔

الـلُّطْف : مص...... مِنْ قِـبَلِ اللّٰهِ : توفیق و عصمت خداوندی۔ ج اَلْطَاف.

اللَّطِيف : باریک۔ نرم۔ پاکیزہ۔ مہربان ج لِطَاف ولُطَفَاء. اللَّطِيف : اللہ تعالیٰ کے اسم حسنیٰ میں سے ہے۔ یعنی بندوں کے ساتھ بھلائی اور احسان کرنے والا تمیز باریک سے باریک امور کا جاننے والا۔

اللَّطِيفُ مِنَ الْكَلاَمِ : کلام غامض جس کے معنی پوشیدہ ہوں...... مِنَ الْاَجْرَامِ : نازک جسم۔

اللَّطَّاف : بہت نرمی برتنے والا۔

الـلَّـطِـيفَة : لطیف کا مؤنث۔ نکتہ جس سے انبساط پیدا ہو۔ ج لَطَائِف.

اللَّوَاطِف. مِنَ الْاَضْلاَعِ : سینہ کے قریب پہلو کی ہڈیاں

اللَّطْفَان: مہربان۔ نرمی کرنے والا۔

التَّلْطِيف: مص ...... عِنْدَ الْقُرَّاءِ: حرکت کو حرف کی جانب جھکا دینا۔

لَطَمَهُ (ض) لَطْمًا: تھپڑ مارنا ...... هُ بِكَذَا: چپکانا۔ لَطَمَتِ الْغُرَّةُ الْفَرَسَ: ایک جانب چہرہ پر سفید داغ ہونا۔

لُطِمَ. الْفَرَسُ: گھوڑے کے ایک رخسارہ پر سفید داغ ہونا۔ صفت لَطِيم (مذکر و مؤنث) ج لُطُم. لُطِمَ الرَّجُلُ: ظلم کیا جانا۔

لَطَّمَهُ: زور سے تھپڑ مارنا۔ لَطَّمَ الْكِتَابَ: خط پر مہر لگانا۔

لَاطَمَهُ لِطَامًا و مُلَاطَمَةً: تھپڑ مارنا۔ ایک دوسرے کو تھپڑ مارنا۔

تَلَطَّمَ وَجْهُهُ: چہرے کا خاکستری رنگ کا ہونا۔

تَلَاطَمَتْ و الْتَطَمَتِ الْأَمْوَاجُ: موجوں کا تھپیڑے مارنا ...... الْقَوْمُ: باہم طمانچہ مارنا۔

اللَّطْمَة. لَطَم: کا اسم مرۃ۔ ج لَطَمَات.

اللَّطِيم: طمانچہ زدہ۔ ایک رخسارے پر سفیدی والا گھوڑا۔ میدانِ گھوڑ دوڑ کا نواں (۹) گھوڑا۔ مشک۔ جوان اونٹ۔ لڑکا جس کے ماں باپ دونوں مر گئے ہوں۔

اللَّطِيمَة: مشک۔ مشک کا نافہ۔ عطر فروشوں کا بازار۔ ج لطائم۔

المَلْطَم: رخسارہ۔

المِلْطَم: بچھانے کا چمڑا۔

المَلْطِم: وہ موقع جہاں پر سمندر کی موجیں ٹوٹ جائیں۔

المُلَطَّم: مقع۔ لئیم و ناکس۔

لَطَهَهُ (ن ض) لَطْهًا: تھپڑ مارنا۔

لَطَا يَلْطُو لَطْوًا: بارش وغیرہ سے کسی غار یا پتھر کی پناہ لینا۔

لَطَى يَلْطِي لَطْيًا الرَّجُلُ: زمین سے چمٹنا۔

لَطِيَ يَلْطَى لَطًى الرَّجُلُ: بوجھل کرنا۔

فلانًا بذلك: کسی چیز کے متعلق گمان کرنا۔

تَلَطَّى تَلَطِّيًا عَلَى الْعَدُوِّ: دشمن کی غفلت کا انتظار کرنا۔

اللَّطَاة: زمین۔ جگہ۔ پیشانی یا پیشانی کا درمیانی حصہ۔ لَطَاةُ الرَّجُلِ: مرد کا سامان۔ کہا جاتا ہے "أَلْقَى بِلَطَاتِهِ" اس نے اپنا بوجھ اتار دیا۔

اللُّطَاة: چور جو تم سے قریب ہوں۔

المِلْطَى و المِلْطَاة: سر کی ہڈی اور گوشت کے درمیان باریک جھلی۔

لَظَّهُ (ن) لَظًّا و لَظِيظًا: لازم ہونا۔ اصرار کرنا۔ لَظَّ بِالشَّيْءِ: چمٹے رہنا۔ لَظَّهُ لَظًّا: دھتکارنا۔

لَاظَّهُ لِظَاظًا و مُلَاظَّةً فِي الْحَرْبِ: اصرار کرنا۔

أَلَظَّ: اصرار کرنا ...... الْمَطَرُ: لگاتار برسنا ...... بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا ...... بِالشَّيْءِ: چمٹے رہنا۔ اور جدا نہ ہونا۔

تَلَاظَّ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ: ایک دوسرے کو ہٹانا۔

تَلَظَّظَتْ تَلَظُّظًا الْحَيَّةُ: سخت غصہ سے سر ہلانا۔

اللَّظُّ: مص سخت عادت کا مرد۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَظٌّ كَظٌّ" تابع مہمل ہے۔

المُلَظَّة: پیغام۔

المِلَظُّ و المِلْظَاظ: سخت اصرار کرنے والا۔

اللَّظَا: تھوڑی چیز۔

لَظْلَظَتْ لَظْلَظَةً الْحَيَّةُ رَأْسَهَا: سانپ کا سخت غصہ سے سر ہلانا۔

تَلَظْلَظَتِ الْحَيَّةُ: سانپ کا سخت غصہ سے لہرانا۔

اللَّظْلَاظ مِنَ الرِّجَالِ: درشت خو۔ سختی کرنے والا۔ فصیح۔ يَوْمٌ لَظْلَاظٌ: گرم دن۔

لَظِيَتْ تَلْظَى لَظًى النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔

لَظَّى تَلْظِيَةً النَّارَ: آگ کا بھڑکانا۔

تَلَظَّتْ و الْتَظَتِ النَّارُ: آگ بھڑکانا۔

تَلَظَّى و الْتَظَى فُلَانٌ: غصہ سے بھڑک اٹھنا۔

تَلَظَّتِ الْمَفَازَةُ: بیابان میں گرمی کی بھڑک کا تیز ہونا ...... الْحَيَّةُ مِنَ السَّمِّ: پھنپھنانا۔

اللَّظَى: مص۔ آگ یا آگ کی بھڑک۔

لَظَى مَعْرِفَةً: دوزخ۔ کلمہ تانیث اور علمیت کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔

أَلْعَى الْمَكَانُ: ابتدائی روئیدگی کو اگانا۔

تَلَعَّى اللُّعَاعَ: ابتدائی روئیدگی کو کھانا۔ ابتدائی روئیدگی کو جمع کرنا (اصل تَلَعَّعَ ہے ایک عین کو یا سے بدل دیا گیا ہے۔)

اللُّعَاع: ابتدائی روئیدگی واحد لُعَاعَة ہے اور اسی سے ہے "إِنَّمَا الدُّنْيَا لُعَاعَةٌ" یعنی دنیا ابتدائی روئیدگی کی مانند ہے جس کے لئے بقا نہیں۔

اللُّعَاعَة: کاسنی۔ ارزانی سال۔ دنیا ایک گھونٹ۔ لُعَاعَةُ الْإِنَاءِ: برتن کا خالص حصہ اور کہا جاتا ہے "مَا بَقِيَ إِلَّا لُعَاعَةٌ" یعنی صرف تھوڑا سا باقی رہا۔ ج لُعَاع.

اللَّعَّاعَة: بتکلف سر نکالنے والا۔ کہا جاتا ہے "مُطْرِبٌ لَعَّاعَةٌ".

اللَّعَّةُ مِنَ النِّسَاءِ: خوبصورت پاک دامن عورت۔

عَسَلٌ مُتَلَعِّعٌ: شہد جس کا گاڑھے پن کی وجہ سے تار نہ ٹوٹے۔

لَعَبَ و لَعِبَ (س) لَعْبًا الصَّبِيُّ: رال ٹپکانا۔

لَعِبَ (س) لَعْبًا و لِعْبًا و لَعِبًا و تِلْعَابًا: کھیل کرنا۔ مزاح کرنا۔ لذت و تفریح کے لئے کوئی فعل کرنا۔ ایسا فعل کرنا جس پر کوئی نفع متصور نہ ہو ...... بِكَذَا: کھیل کی چیز بنانا ...... فِي الْأَمْرِ: سبک سمجھنا۔ لَعِبَتِ الرِّيَاحُ بِالدِّيَارِ: گھروں پر ہوائیں قابض ہو گئیں یعنی مکانات ویران و برباد ہو گئے۔

لَعَّبَ بمعنی لَعِبَ.

أَلْعَبَ بمعنی لَعِبَ ...... هُ: کھلانا یا کھیل کی چیز لانا ...... الصَّبِيُّ: رال ٹپکانا۔

لَاعَبَهُ مُلَاعَبَةً: باہم کھیلنا۔ عورتوں کے ساتھ کھیل کود کرنا۔

تلاعَبَ وتَلَعَّبَ: بمعنی لَعِبَ کہا جاتا ہے "لَعِبَتْ بِهِمُ الهُمُومُ وتلَعَّبَتْ بِهِمْ" ان کے ساتھ غموں نے کھیل کود کیا یعنی ان پر غم واقع ہوئے۔
اِسْتَلْعَبَتِ النَّخلَةُ: خرما باقی رہتے ہوئے دوبارہ شگوفہ دار ہونا۔
اللَّعْبَة. لَعِب: کا اسم مرۃ۔
اللِّعْبَةُ. لَعِب: کا اسم نوع۔
اللُّعْبَة: کھیل۔ کھیل کی باری۔ کہا جاتا ہے "اُقْعُدْ حَتّٰی اَفْرُغَ مِنْ هٰذِهِ اللُّعْبَة" جب تک میں اس کھیل کی باری سے فارغ ہوں بیٹھو۔ جس سے کھیلا جائے جیسے شطرنج۔ گڑیا وغیرہ۔ بے وقوف جس کا مذاق بنایا جائے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لُعْبَةٌ" یعنی ایسا مرد جس سے کھیل و تفریح کیا جائے' ج لُعَب.
الاَلْعُوبَة: کھیل۔
اللُّعَاب: منہ کی رال۔ لُعَابُ النَّحْلِ: شہد لُعَابُ الْحَيَّةِ ونَحْوِهَا: سانپ وغیرہ کا زہر۔ لُعَابُ الشَّمْسِ: وہ چیز جو گرمی کے زمانہ میں دوپہر کے وقت چلچلاتی دھوپ میں مکڑی کے جالے کی مانند فضاء میں اوپر سے نیچے اُترتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اور اس کو مُخَاطُ الشَّيْطَان بھی کہتے ہیں۔
لُعَابُ السَّفَرْجَلِ ونَحْوِهٖ: ایک قسم کی دوا ہے جو بہی کے بیج سے تیار کی جاتی ہے۔
اللُّعَابِيّ. لُعَاب: کی جانب منسوب۔
اللُّعَابِيَّة: پھلوں کا رس۔
اللَّعِب: مص کھیلنے والا۔
اللَّعُوب: ناز و انداز والی حسینہ۔ کہا جاتا ہے "جَارِيَةٌ لَعُوبٌ" ج لَوَاعِب ولَعَائِب.
اللُّعَبَة واللَّعَّاب واللِّعِّيب والتِّلْعَاب والتِّلْعَّاب والتِّلْعَابَة والتِّلِعَّابَة والتِّلْعَاب والتِّلْعَابَة والتِّلْعِيبَة والاَلْعُبَان: بڑا کھلاڑی۔ بڑا مذاق کرنے والا۔ اللَّعَّاب: بازی گر۔
المَلْعَب: کھیل کی جگہ۔ ج مَلاعِب.
مَلاعِبُ الرِّيَاح: ہواؤں کی آمد و رفت کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهٗ فِي مَلاعِبِ الجِنِّ" میں نے اس کو گمنام جگہ میں چھوڑ دیا۔
المِلْعَبَة والمُلْعِبَة: بے آستین کی قمیص کہ جس کو پہن کر بچے کھیلتے ہیں۔
المُلاعِب: قا۔ مُلاعِبُ ظِلِّهٖ: ایک پرندہ ہے جس کی گردن چھوٹی ہوتی ہے اور بازو بڑے ہوتے ہیں۔
ثَغْرٌ مَلْعُوبٌ: رال بہانے والے دانت۔
لَعِثَ (س) لَعَثًا: ست ہونا۔ صفت اَلْعَث: مؤنث لَعْثَاء. ج لُعْث.
لَعْثَمَ وتَلَعْثَمَ فِي الاَمْرِ: توقف کرنا۔ ٹھہرنا۔ غور سے دیکھنا۔ ہٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "سَأَلْتُهٗ عَنْ شَيْءٍ فَلَمْ يَتَلَعْثَمْ" یعنی میں نے اس سے فلاں چیز کے متعلق دریافت کیا تو اس نے جواب دینے میں تاخیر نہیں کی "وَمَا تَلَعْثَمَ عَنْ شَيْءٍ" نہ تو وہ پیچھے ہٹا اور نہ تاخیر کی۔
لَعَجَ (ف) لَعْجًا الضَّرْبُ فُلانًا: تکلیف پہنچانا اور کھال میں سوزش ہونا...... الشَّيْءُ فِي صَدْرِهٖ: کھٹکنا...... الحُبُّ او الْحُزْنُ فِي قَلْبِهٖ: گرمی پھونکنا۔
لاعَجَهٗ مُلاعَجَةً الاَمْرُ: سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔
اَلْعَجَ النَّارَ فِي الْحَطَبِ: آگ کو سلگانا۔
اِلْتَعَجَ: غم سے جلنا۔
اللاعِج: قا۔ دِلِ سوزِ محبت۔ ج لَوَاعِج.
اللَّعَج: ہر جلانے والی چیز۔ مار کی تکلیف۔ جلن۔
لَعْذَمَ فِي الاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ تامل کرنا۔
تَلَعْذَمَ عَنِ الكَلامِ: حیرت سے متردد ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَرَأْتُهٗ فَمَا تَلَعْذَمَ" اس نے پڑھا تو نہ تو ٹھہرا اور نہ متردد ہوا "وَمَا تَلَعْذَمْنَا شَيْئًا" ہم نے کچھ نہیں کھایا۔
اللَّعْذَمِيُّ: لالچی۔
لَعَزَ (ف) [illegible]
النَّاقَةُ فَصِيلَهَا: بچے کو زبان سے چاٹنا...... المَرْأَةَ: جماع کرنا۔
لَعَسَهٗ (ف) لَعْسًا: دانت سے کاٹنا۔
لَعِسَ (س) لَعَسًا: سیاہی مائل سرخ ہونٹ والا ہونا۔ خوبصورت سیاہ ہونٹ والا ہونا۔ صفت اَلْعَس مؤنث لَعْسَاء ج لُعْس. ولَعِسَتِ الشَّفَةُ: سیاہی مائل سرخ ہونا۔ بہترین سیاہ ہونا۔
اللُّعْسَة: سیاہی مائل سرخ رنگ۔ کہا جاتا ہے "مَاذُقْتُ لَعُوسًا" میں نے کچھ نہیں چکھا۔
اللَّعُوس: کم خوراک۔ حریص۔ بھیڑیا۔ ج لَعَاوِس.
الاَلْعَسُ مِنَ النَّبَاتِ: گنجان پودہ۔
المُتَلَعِّس مِنَ الرِّجَالِ: بہت کھاؤ۔
لَحْمٌ مَلْعُوسٌ: کچا سرخ گوشت۔
تَلَعْسَمَ فِي اَمْرِهٖ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔
لَعِصَ (س) لَعَصًا الاَمْرُ: دشوار ہونا۔ الرَّجُلُ فِي الاَكْلِ والشُّرْبِ: بہت حرص سے کھانا۔ پینا۔ صفت لَعِص.
تَلَعَّصَ عَلَيْنَا: سختی کرنا...... الرَّجُلُ: کھانے پینے میں بہت حریص ہونا۔
لَعَضَهٗ (ف) لَعْضًا بِلِسَانِهٖ: زبان سے لینا۔
اللُّعْوَض: گیدڑ۔
لَعَطَ (ف) لَعْطًا: دوڑنا۔ لَعَطَتِ الاِبِلُ: گھروں کے اردگرد چرنا...... ہٗ: گردن کے عرض میں داغ لگانا...... ہٗ بِاَبْيَاتٍ: اشعار میں ہجو کرنا...... ہٗ بِسَهْمٍ او بِعَيْنٍ: تیر مارنا۔ نظر بد لگانا...... ہٗ بِحَقِّهٖ: ٹال مٹول کرنا......
المَاشِيَةُ النَّبَاتَ: جانور کا نباتات کو چرنا۔
اَلْعَطَ الرَّجُلُ: پہاڑ کے دامن میں چلنا۔
اِلْتَعَطَتِ الاِبِلُ: چراگاہ میں دور نہ جانا اور گھروں کے اردگرد ہی چرنا۔
اللَّعْط: مص۔ واحد الاَلْعَاط: سیاہ یا زرد خطوط جو عورتیں اپنے چہرہ پر کرتی ہیں۔
اللُّعْط: دیوار یا پہاڑ کا پہلو۔ لُعْطُ الرَّمْلِ: ریت کا گوشہ۔ لُعْطُ الجَبَلِ: دامنِ کوہ۔

اللَّعْطَة: اسم ہے لَعْطَة سیاہی یا زردی کا خط جو عورتیں اپنے رخسارے پر کرتی ہیں۔ بکری کے گردن کی سیاہی۔ شکرے کے چہرے کی تیرگی۔

اللَّعْطَاء: گردن میں سیاہ داغ والی بکری۔

المَلْعَط: گھروں کے اردگرد کی چراگاہ۔ ج مَلَاعِط.

المُلَعْلَعَة: فربہ دراز لڑکی۔

اَلْعَفَ وتَلَعْفَ الاَسَدُ او البَعِيرُ: شیر یا اونٹ کا بار بار آنکھ کھولنا اور بند کرنا۔ غضبناک ہونا اور حملہ کے لئے تیار ہونا۔

لَعِقَ (س) لَعْقًا ولُعْقَةً ولَعْقَةَ العَسَلَ ونَحْوَهُ: شہد کو زبان یا انگلی سے چاٹنا۔ صفت لَاعِق ج لَعَقَة کہا جاتا ہے "لَعِقَ فُلَانٌ اِصْبَعَه" یعنی مرگیا۔

اَلْعَقَ ولَعَّقَ: چٹانا۔ اَلْعَقَ النَسَّاجُ الثَوْبَ: ہلکے کتائی کے دھاگے سے بننا۔

اَلْعِق...... لَوْنُهُ: رنگ سے متغیر ہونا۔

اللَعْقَة: مص۔ اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "فِي الاَرْضِ لَعْقَةٌ مِنْ رَبِيعٍ" زمین میں تھوڑی سی سبزی ہے۔

اللُعْقَة: مص چمچہ یا انگلی میں جتنا آئے۔ چاٹنے کے قابل چیزوں میں سے تھوڑا سا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَغِقٌ لَعِقٌ" یعنی لالچی مرد۔

اللُعَاق: چاٹی ہوئی چیز کا وہ حصہ جو منہ میں باقی رہ جائے۔

اللَعُوق: ہر وہ چیز جو چاٹی جاسکے جیسے شہد دوا وغیرہ۔ چٹنی۔ تھوڑا سا توشہ۔ کہا جاتا ہے "مَا مَعَنَا اِلَّا لَعُوقٌ" ہمارے ساتھ صرف تھوڑی سی چیز ہے۔

المِلْعَقَة: چمچہ۔ ج مَلَاعِق.

اللِعْقِط: بدزبان عورت۔

لَعَلَّ: حرف مشبہ بالفعل میں سے ہے۔ اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور توقع کا فائدہ دیتا ہے جیسے لَعَلَّ الحَبِيبَ قَادِمٌ: اور خوف کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے جیسے "لَعَلَّ الشِدَّةَ نَازِلَةٌ" اور ایسے ممکن کے ساتھ خاص ہے جس کے حصول کا وثوق نہ ہو۔ (مفردات امام راغب اصفہانی میں ہے کہ بعض مفسرین نے بیان کیا ہے کہ لَعَلَّ جب باری تعالیٰ عزّ اسمُہ کی طرف سے ہو تو وجوب کے معنی ہوتے ہیں اور قرآن پاک کے بہت سے مواقع میں لَعَلَّ: کی تفسیر کئی سے کی گئی ہے) اس کے لام اوّل کو حذف کر کے عَلَّ بھی کہا جاتا ہے اور اس پر ما کافہ بھی داخل ہوتا ہے جیسے لَعَلَّمَا اَضَاءَتْ لَكَ النَّارُ اور اس سے کے ساتھ جب یاء متکلم متصل ہو تو اکثر نون وقایہ نہیں لاتے۔ کہا جاتا ہے "لَعَلِي" اور "لَعَلَّنِي" بھی۔

اللَعْل: ایک مشہور نہایت بیش قیمت پتھر۔

لَعْلَعَ العَظْمَ ونَحْوَهُ: ہڈی توڑنا...... الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا...... السَّرَابُ: سراب کا چمکنا ...... مِنَ الشَّيْءِ: تنگ دل ہونا۔ رنج ہونا ...... مِنَ الجُوعِ: بھوک کی وجہ سے غمگین ہونا...... بِالعَاثِرِ: پھسلنے والے سے لَعْ یا لَعْلَعْ یا لَعًا: کہنا۔

تَلَعْلَعَ: ٹوٹنا...... مِنَ الجُوعِ: بلبلانا اور پیچ و تاب کھانا...... الرَّجُلُ: تھکن یا مرض کی وجہ سے کمزور ہونا...... السَّرَابُ: سراب کا چمکنا ...... الكَلْبُ: کتے کا پیاس کی وجہ سے زبان لٹکانا۔

اللَعْلَع: سراب۔ بھیڑیا۔ ایک حجازی درخت۔

اللَعْلاع: بزدل۔

عَسَلٌ مُتَلَعْلِعٌ: شہد جس میں لمبا تار نکلے۔

تَلَعْلَمَ فِي اَمْرِهِ: دیر لگانا۔

اللَعَم: لعاب دہن۔

لَعَمَظَ لَعْمَظَةً ولَعْمَاظًا اللَّحْمَ: ہڈی سے گوشت چھوڑنا۔

اللَعْمَظ واللُعْمُوظ واللُعْمُوظَة: بہت حریص وخواہش مند۔ ج لَعَامِظَة ولَعَامِيظ. اللُعْمُوظ: طفیلی۔ صرف کھانے پر خدمت کرنے والا۔ رَجُلٌ لُعْمُظَةٌ: بہت حریص۔

اللِعْمَاظ: مص۔ ڈینگ مارنے والا۔

لَعَنَ (ف) لَعْنًا فُلَانًا: لعنت کرنا۔ رسوا کرنا۔ گالی دینا۔ خیر سے بعید کرنا۔ دھتکارنا۔ لَعَنَ نَفْسَهُ: عَلَيَّ لَعْنَةُ اللّٰهِ: کہنا۔ اپنے اوپر لعنت کرنا۔

لَعَّنَهُ تَلْعِينًا: عذاب دینا۔

لَاعَنَهُ لِعَانًا ومُلَاعَنَةً: ایک دوسرے پر لعنت کرنا...... الحَاكِمُ بَيْنَهُمَا: فیصلہ کرنا۔

اِلْتَعَنَ: اپنے اوپر لعنت کرنا (...... وتَلَاعَنَ) بعض کا بعض پر لعنت کرنا۔

اللَعْن: مص "وَاَبَيْتَ اللَعْنَ" زمانہ جاہلیت میں بادشاہوں کے لئے سلام۔ یعنی اے بادشاہ تو ایسے فعل سے باز رہ جو مستحق لعنت ہو۔

اللَعْنَة۔ لَعَنَ: کا اسم مرۃ۔ لعنت۔ عذاب ج لِعَان ولَعَنَات.

اللَعَان واللَعَانِيَة: اسم ہیں لعنت سے۔

اللَاعِن: فا۔ اَمْرٌ لَاعِنٌ: باعث لعنت۔

اللَعَّان: بہت لعنت کرنے والا۔

اللُعْنَة: جس پر لوگ بہت لعنت کریں۔

اللُعَنَة: جو لوگوں پر بہت لعنت کرے۔ ج لُعَن.

اللَعِين: لعنت کیا ہوا۔ گالی دیا ہوا۔ دھتکارا ہوا۔ بدبخت۔ مسخ کیا ہوا۔ رسوا۔ ہلاک شدہ۔ شیطان۔ اچکا (جو کھیتوں میں پرندوں کو ڈرانے کے لئے کھڑا کیا جاتا ہے)

اللَعِينَة: بمعنی ملعون جیسے رَهِينَةٌ: بمعنی مَرْهُونٌ.

المَلْعَنَة: پاخانہ۔ ج مَلَاعِن (...... واللَّاعِنَة) وسط راستہ۔

المَلْعُون: مفع۔ ج مَلَاعِين.

تَلَعَّى العَسَلُ: شہد کا گاڑھا ہونا...... اللُعَاعَ اى اَوَّلَ النَّبَاتِ: ہریاول نکلنا۔ شروع ہونا۔

اَلْعَتِ الاَرْضُ: ہریاول والی زمین ہونا۔

اللَعْو: بدخلق۔ کمینہ۔ لالچی۔ ج لِعَاء.

اللَغوۃ۔ اللَغو: کا مؤنث۔ سرپستان کے اردگرد کی سیاہی۔ لَغوَۃُ الْجُوعِ: بھوک کی تیزی۔ (...... والـلَـغَاۃ) کتیا۔ کَلْبَۃٌ او ذِئْبَۃٌ لَـغُـوَۃٌ: لالچی کتیا یا مادہ بھیڑیا۔ ج لِـغَـاء ولَغَوات.

اللَغْوَۃ: سرپستان کے اردگرد کی سیاہی۔

اللَاعِی: جس کو ذرا سی چیز گھبراہٹ میں ڈال دے۔

اللَاعِیَۃ اللاعی: کا مؤنث۔ ایک چھوٹا سا پودہ جس کا پھول زرد رنگ کا اور خوشبو عمدہ ہوتی ہے۔

اللَـعَـا: بہت حریص اور پھسلنے والے کے لئے۔ کہا جاتا ہے "لَعًالَکَ" یعنی خدا تمہیں اُٹھائے اور "لَالَعًالَکَ" بددعا ہے یعنی خدا تمہیں نہیں اٹھائے۔

الاَلْغَاء: انگلیوں کی گرہوں کے جوڑ۔

لَغوَق: کام میں جلدی کرنا۔

اللَغوَق: کم عقل۔ بے وقوف۔

لَغَبَ (ف ن) ولَغِبَ (ک) لَغْبًا ولُغُوبًا ولُغُوبًا ولَغِبَ (س) لَغَبًا: بہت تھکنا۔

لَغَبَ (ف) لَغْبًا. القَومَ: جھوٹی بات کہنا ...... عَلَیهِمْ: فساد ڈالنا ...... اَلْکَلْبُ فِی الْإنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔

لَغَّبَ والغَبَ وتَلَغَّبَ السَّیْرُ فُلَانًا: بہت تھکا دینا۔ لَغَّبَ دَابَّتَہٗ: جانور پر اتنا لاد دینا جس سے تھک جائے' تھکا ہوا پانا ...... اَلْغَبَ فُلَانًا: تھکا دینا۔ تَلَغَّبَ الْاِنْسَانَ وَالحَیْوَانَ: دور بھگا دینا یا ہانک دینا' کہا جاتا ہے "تَلَغَّبَتْهُمُ الاَسْفَارُ و تَلَغَّبْتُ بِهِمِ القِفَارُ" یعنی سفر نے انہیں دور ڈال دیا' میدانوں نے انہیں دور پھینک دیا۔ مطلب یہ کہ وہ دور چلے گئے تَلَغَّبَ سَیْرَ القَوْمِ: قوم کے تھکنے تک چلنا۔ تَلَغَّبَ الدَّابَّۃَ: تھکا ہوا پانا۔

اللاغِب: فا۔ کمزور۔ ج لُغَّب کہا جاتا ہے "اَتَانَا سَاغِبًا لَاغِبًا" ہمارے پاس بھوکا تھکا ہوا آیا۔

اللاغِبَۃ. اللاغِب: کا مؤنث ج لَوَاغِب کہا جاتا ہے "رِیَاحٌ لَـوَاغِـبُ" یعنی نرم ہوائیں۔

اللَـغْب واللَغُوب: کمزور۔ بے وقوف۔

الـلَـغْـب: اگلے دانتوں کا مسوڑھا۔ کلام فاسد۔ کہا جاتا ہے اُکْفُفْ عَنَّا لَغْبَکَ: یعنی ہم سے اپنے کلام فاسد کو بند کرو ...... سَهْـمٌ لَغْبٌ: خراب تراشا ہوا تیر۔

اللَغْب واللُغَب واللَغِب واللَغِیب: خراب پر۔ اللَغَب: گردن کے بال۔ کہا جاتا ہے اَخَذَ بِلَغَبِ رَقَبَتِہٖ: یعنی اس نے اس کی گردن کے بال کو پکڑ لیا۔

اللُغَاب: خراب تراشا ہوا تیر۔

اللَغَابَۃ واللُغُوبَۃ: بے وقوفی۔ کمزوری۔

اللَغِیث: زہر ملائی ہوئی چیز جو گدھ کے پھنسانے کیلئے پھیلائیں۔ جو ملا ہوا گیہوں (گوجی)

اللُغْثُون: ناک کا نتھنا۔ ج لَغَاثِین.

لَغَدَ (ف) لَغْدًا الإبِلَ العَوَائِدَ: سیدھے راستہ پر اونٹوں کو لانا ...... عَنْ کَذَا: روکنا ...... فُلَانًا: کنارہ گردن کے گوشت پر مارنا۔

اللُغْد ج اَلْغَاد. واللُغْدُود واللِغْدِید. ج لَغَادِید: حلق کا گوشت۔ حلق کا کوا۔ کان کے اندرونی حصہ کا زائد گوشت۔ کہا جاتا ہے "عِلْجٌ مِنَ الاَوْغَادِ ضَخْمُ الاَلْغَادِ".

المُتَلَغِّد: سخت غضبناک۔

اللَغْذَمِیّ والمُتَلَغْذِم: بہت کھاؤ۔

لَغَزَ (ن) لَغْزًا الشَّیءَ: چیز کو اس کے صحیح طریقے سے پھیر دینا ...... فِی یَمِینِہٖ: قسم کھانے میں تلبیس سے کام لینا (...... وَالْغَزَ) الیَرْبُوعُ جُحْرَہٗ: جنگلی چوہے کا سوراخ کو پیچ دار کھودنا۔ (لَغَزَ واَلْغَزَ فِی الکَلَامِ واَلْغَزَ الکَلَامَ) کلام سربستہ کہنا۔ پیچ دار بات کہنا۔

لَاغَزَہٗ مُلاغَزَۃً: پہیلی جیسی گفتگو کرنا۔

اللُغَز واللَغَز واللُغْز: چوہے یا جنگلی چوہے یا گوہ کا بل۔

اللُغْز ج اَلْغَاز. اللَغَز ج اَلْغَاز واللُغَّیْزَاء واللُغَّیْزَی والاُلْغُوزَۃ مِنَ الکَلَامِ: چیستان۔ معمہ۔ پہیلی۔ الاَلْغَاز: پیچ دار اور مشکل راستے۔

اللَغَّاز: لوگوں کی بہت غیبت کرنے والا۔

المُلْغَز مِنَ الکَلَامِ: پیچیدہ و دشوار کلام۔

اللَغْوَس: بھیڑیا۔ کھانے میں تیز مرد۔ بہت فربہی چوزہ۔ نرمی و نازکی کی وجہ سے کملانے والی گھاس۔

اللَغْوَسَۃ: غیر محقق خبر۔

المُلَغْوَس: پکی چربی۔

لَغَطَ (ف ت) لَغْطًا ولِغَاطًا والْغَطَ ولَغَّطَ القَوْمُ: شور کرنا۔

لَغَطَ (ف) لَغْطًا ولَغِیطًا الحَمَامُ او القَطَا: کبوتر یا قطا کا غٹرغوں کرنا۔

اللَغْط: مص۔ دروازے کے آگے کا صحن۔ (...... واللَغَط) آواز۔ شور۔ مبہم آواز جو سمجھ میں نہ آئے۔ ج اَلْغَاط.

لَغَفَ (س) لَغْفًا. الإنَاءَ: برتن چاٹنا ...... الإدَامَ: سالن کو لقمہ بنانا۔

لَغَفَ (ف) لَغْفًا الرَّجُلَ او الاَسَدَ: مرد یا شیر کا تیز نظر سے دیکھنا۔

لَاغَفَہٗ مُلَاغَفَۃً: بوسہ دینا۔ دوستی کرنا۔

اَلْغَفَ: تیز دوڑنا۔ نظر تیز کرنا۔ چوروں کے ساتھ رہنا اور ان کے مال و متاع کا محافظ بننا ...... فُلَانًا الإدَامَ: سالن کا لقمہ نگلوانا۔ ...ہٗ: برا معاملہ کرنا اور ظلم کرنا۔ اَلْغَفَ عَلَیْہِ: سخت سست باتیں کہنا۔

اللُغْفَۃ: لقمہ۔

اللَغِیف: مرد کے خاص لوگ۔ چوروں کا ساتھی اور ان کے کپڑے وغیرہ کا محافظ۔ ج لُغَفَاء.

اللَغِیفَۃ: ایک قسم کا کھانا جس کو عصیدہ بھی کہتے ہیں۔

المُلْغَفَۃ: چوروں کا گروہ۔

اللَغْلَغَۃ: کلام میں لکنت۔

لَغَمَ (ف) لَغْمًا البَعِیرُ: جھاگ پھینکنا ...... ہٗ: منہ چومنا ...... الرَّجُلُ: غیر متیقن خبر دینا۔

(...... ولَغَمَ فلانٌ بالطِّيبِ: ناک اور منہ پر خوشبو لگانا۔

لَغِمَ (س) لَغْماً ولَغَماً: غیر یقینی خبر دریافت کرنا۔

لَغَمَ يَلْغَمُ الأرضَ اوِ الحَجَرَ: بارودی سرنگ بچھانا۔

اللَّغَمُ: بارودی سرنگ کبھی خشکی والی اور کبھی سمندری ہوتی ہے۔

الْغَمَ الذَّهَبَ وماشابهَهُ مِن كُلِّ جَوهَرٍ مُذابٍ: سونے وغیرہ میں پارہ ملایا جانا۔ صفت مُلْغَم۔

الغَمَ الذَّهَبَ: سونے کا پارہ سے ملنا۔

تَلَغَّمَ بالطِّيبِ: ناک اور منہ پر خوشبو لگانا ...... القَومُ بالكَلامِ: گفتگو میں منہ کے کناروں کو ہلانا ...... الغَنَمُ بالعُشْبِ والشُّربِ: تر ہونٹوں والی ہونا۔

اللَّغَم: تھوڑی خوشبو۔ زبان کی رگیں۔

اللُّغام: اونٹ کے منہ کی جھاگ۔ لعاب۔

اللَّغْماء: سفید منہ والی بکری۔

اللَّغِيم: بھید۔

المَلْغَم: ناک اور منہ اور ان دونوں کا اردگرد۔ ج مَلاغِم۔

اِلْغانَّ النَّبتُ: نباتات کا گنجان اور دراز ہونا ...... الأرضُ: بہت گھاس والی زمین ہونا۔

اللَّغَن: جوانی کا جوش۔

لَغا يَلْغُو لَغْوًا بِكَذا: بولنا ...... الشَّيءُ: باطل ہونا ...... الرَّجُلُ: محروم ہونا ...... عَنِ الطَّرِيقِ: ہٹ جانا۔

لَغا يَلْغُو لَغْوًا ولَغا يَلْغى ولَغِيَ يَلْغى لَغًى ولَغايَةً ولاغِيَةً ومَلْغاةً فِي قَولِهِ: غلطی کرنا۔ بغیر سمجھے بوجھے بولنا۔

لَغِيَ يَلْغى لَغًى بالأمرِ: مشتاق ہونا ...... بالماءِ: بہت پانی پینا اور سیراب نہ ہونا ...... بالشَّيءِ: چمٹے رہنا اور جدا نہ ہونا ...... الطَّيرُ بِأَصواتِها: پرندوں کا سر نکالنا اور کہا جاتا ہے هُم يَلْغَونَ فِي الحِسابِ: وہ حساب میں غلطی کرتے ہیں۔

لاغَى مُلاغاةً الرَّجُلَ: ہنسی مذاق کرنا۔

ألْغَى الشَّيءَ: باطل کرنا ...... فُلانًا: محروم کرنا۔

اِسْتَلْغَى فُلانًا: گفتگو کرانا۔ لغت سننا۔

اللَّغا: مص۔ آواز۔ بے ہودہ۔ بے ہودہ کلام وغیرہ۔

اللُّغَة: ہر قوم کی کلام مصطلح جس سے وہ اپنے مقاصد کو ظاہر کرے۔ ج لُغًى ولُغات ولُغُون: اور نسبت کے لئے لُغَوِي۔ عِلْمُ اللُّغَة: مفردات کے اوضاع کی معرفت کا علم۔ كُتُبُ اللُّغَةِ: فن لغت کی کتابیں۔ أهلُ اللُّغَةِ: فن لغت کے ماہرین اور کبھی عِلْمُ اللُّغَة: کا اطلاق علوم عربیہ کے سارے اقسام پر ہوتا ہے۔

اللَّغْو: مص۔ بے ہودہ کلام وغیرہ۔ کتے کی آواز۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ بِاللَّغْوِ واشْتَغَلَ بِاللَّغْوِ" وہ بے ہودہ گفتگو اور افعال میں مشغول ہوا۔ قسم کھانے میں گناہ۔

اللاغِيَة: مص۔ بے ہودہ کلام وغیرہ۔ كَلِمَةٌ لاغِيَةٌ: قبیح کلمہ۔

اللَّغاة: آواز۔

اللَّغْوَى: قطا پرندہ کا شور۔ بے ہودہ کلام وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "اِسْمَعْ لَغْواهُم ولا تَخَفْ طَغْواهُم" ان کے بے ہودہ کلام کو سنو اور ان کی سرکشی سے خوف مت کرو۔

لَفَّ (ن) لَفًّا الشَّيءَ: لپیٹنا۔ ملانا۔ جمع کرنا ...... المَيِّتَ فِي أكفانِهِ: میت کو کفن میں لپیٹنا ...... الكَتِيبَتَيْنِ: دو لشکروں کو ملانا ...... فِي الأكْلِ: مختلف قسم کے کھانوں کو ملا کر بری طرح سے کھانا اور اسی سے ہے "إنْ أكَلَ لَفَّ وإنْ شَرِبَ اشْتَفَّ" اگر کھاتا ہے تو سب ہڑپ کر جاتا ہے اور اگر پیتا ہے تو سب صاف کر دیتا ہے ...... الشَّيءَ بالشَّيءِ: چیز کو چیز سے ملانا۔ جوڑنا ...... هُ حَقَّهُ: حق کا انکار کرنا۔ منع کرنا۔ لَفَّتِ الأشجارُ: گنجان ہونا۔

لَفَّ (س) لَفًّا ولَفَفًا: [illegible]

ہونا۔ صفت ألَفّ مؤنث لَفّاء ج لُفّ۔

ألَفَّ بمعنی لَفَّ تشدید مبالغہ کے لئے ہے۔

لافَّ الصَّقْرُ الصَّيدَ: شکرے کا شکار پر ٹوٹ پڑنا اور پنجوں میں کر لینا۔ کہا جاتا ہے "لافَفْنا القَومَ" یعنی ہم قوم سے مل گئے۔

ألَفَّ الطّائِرُ رأسَهُ: پرندہ کا پروں میں سر کو چھپا لینا ...... الرَّجُلُ رأسَهُ: جبے میں سر کو چھپا لینا۔

اِلْتَفَّ وتَلَفَّفَ فِي ثَوبِهِ: کپڑے میں لپٹنا ...... عَلَيهِ القَومُ: اکٹھا ہونا۔ اِلْتَفَّ النَّباتُ: گنجان ہونا ...... لَهُ عَلى حَنَقٍ: غضبناک ہو کر لپٹنا ...... الشَّيءُ: گنجان ہونا۔

تَلافَّ القَومُ: باہم ملنا۔

اللَّفّ: مص۔ کہا جاتا ہے "جاؤوا بِلَفِّهِم ولَفِيفِهِم" یعنی جماعت کے ساتھ سب آئے۔

اللِّفّ: پارٹی۔ گروہ۔ اکٹھی قوم۔ جو ادھر ادھر سے جمع کیا جائے۔ گنجان باغ۔ ج ألْفاف ولُفُوف کہا جاتا ہے "جاءَ القَومُ ومَن لَفَّ لِفَّهُم او لَفَّهُم او لُفَّهُم" قوم آئی اور ان کے ساتھ ان کے لگے بندھے بھی آئے "وجاؤوا ألْفافًا" مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت آئی رَوضَةٌ لَفٌّ ولِفٌّ ولَفَّةٌ ولِفَّةٌ ولَفّاء: گنجان باغ۔

اللِّفافَة: جو چیز کسی چیز پر لپیٹی جائے۔ دل پر لپٹی ہوئی چربی۔ سگریٹ (مولدة) ج لَفائِف۔

اللَّفَف: کام کرنے والے کے بازو کی رگ کا مڑ جانا جس کی وجہ سے وہ کام میں بیکار ہو جاتا ہے۔ کھانے میں ملانا جلانا اور زیادہ کھانا جس چیز کو قوم یہاں وہاں سے جمع کرے۔

اللَّفِيف: جھنڈ دار اور گنجان درخت مختلف قسم کے لوگوں کی جماعت جس میں شریف، رذیل، فرمانبردار، نافرمان، قوی، کمزور سبھی قسم کے ہوں اور کہا جاتا ہے "طَعامٌ لَفِيفٌ"

مخلوط رکھنا و"هُوَ لَفِيفُ فُلَانٍ" وہ فلاں کا دوست ہے و"جَمْعٌ لَفِيفٌ" ہر جگہ سے اکٹھا کیا ہوا۔
اَللَّفِيفَة: مجموعہ۔ اونٹ کی پیٹھ کا گوشت۔ سگریٹ۔ ج لَفَائِف.
الاَلَفّ: بازو کی ایک رگ۔ گفتگو میں عاجز و درماندہ۔ کاموں میں عاجز و سست۔ ملے ہوئے ابرؤوں والا۔ لوگوں سے بھری ہوئی جگہ۔ مؤنث لَفَّاءُ ج لُفّ. فَخِذٌ لَفَّاءُ: موٹی ران۔
التَّلَافِيف: گنجان گھاس...... مِنَ الْاَمْعَاءِ وَالدِّمَاغِ فِي اِصْطِلَاحِ الطِّبِّ: ایک کے اوپر ایک لپٹا ہوا۔
اَلْمِلَفّ وَالْمِلْفَاف: چادر۔ لحاف۔ وَالْمِلَفُّ فِي اِصْطِلَاحِ عُلَمَاءِ الْكَهْرُبَائِيَة: چکر جس پر تار لپیٹا جائے۔
الْمَلْفُوف: مفع۔ ایک قسم کی نباتات۔ واحد مَلْفُوفَة.
لَفَا (ن) لَفْواً وَلَفَا الْعُودَ: لکڑی چھیلنا۔ اللَّحْمَ عَنِ الْعَظْمِ: گوشت اتارنا...... الرِّيحُ السَّحَابَ عَنْ وَجْهِ الْاَرْضِ: بادلوں کو پراگندہ کر دینا فُلَاناً عَنْ مُرَادِهِ: رد کرنا۔ ہٹانا...... ہٗ: غیبت کرنا...... ہٗ حَقَّهُ: حق سے کم دینا۔ پورا حق دینا...... ہٗ بِالْعَصَا: لاٹھی مارنا۔
لَفِيَ (س) لَفَا الشَّيْءُ: باقی رہنا۔
اَلْفَا اَلْفَاءً الشَّيْءَ: باقی رکھنا۔
اِلْتَفَا الْعُودَ: لکڑی چھیلنا۔ چھلکا اتارنا۔
اللَّفَاء: مٹی۔ تھوڑی چیز۔ حق سے کم۔
اللَّفِيَة: بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا۔ ج لَفَايَا وَلَفِيّ.
لَفَتَ (ض) لَفْتاً الشَّيْءَ: دائیں یا بائیں موڑنا...... رِدَاءَهُ عَلَى عُنُقِهِ: چادر کو گردن پر موڑنا۔ فُلَاناً عَنْ رَأْيِهِ: رائے سے پھیرنا...... الرِّيشَ عَلَى السَّهْمِ: پر کو تیر پر کیفما اتفق لگا دینا...... الرَّاعِي الْمَاشِيَةَ: مارنا اور اس کی پرواہ نہ کرنا کہ کس کو لگے...... ال
عَنِ الشَّجَرَةِ: درخت سے چھال اتارنا...... الْكَلَامَ: لاپروائی سے گفتگو کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَفَتَهُ بِكَذَا" یعنی اس نے اس کو دیا۔
لَفَّتَ الشَّيْءَ: موڑنا۔
اِلْتَفَتَ وَتَلَفَّتَ اِلَيْهِ: چہرہ پھیرنا۔
اِلْتَفَتَ بِوَجْهِهِ يُمْنَةً وَيُسْرَةً: جھکنا۔
اللِّفْت: شلغم۔
اللِّفْت: چیز کی ایک جانب۔ گائے۔ بے وقوف عورت۔
اللَّفْت فِي التَّيْسِ: مینڈھے کے ایک سینگ کا ٹیڑھا ہونا...... فِي الْاِنْسَانِ: بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔
اللَّفَات: بے وقوف۔ سخت خو۔
اَللُّفَتَة: جانوروں کو ہمیشہ مارنے والا چرواہا۔
الاَلْفَت: ایک پیچ دار سینگ والا بکرا۔ مضبوط ہاتھ والا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ بے وقوف۔ بھینگا۔ مؤنث لَفْتَاء. ج لُفْت.
اللَّفُوت: سخت خو۔ چغل خور عورت۔ اونٹنی جو دوہنے کے وقت بے قرار رہے۔ عورت جس کی نگاہ ایک جگہ نہ ٹھہرے۔
اللَّفِيتَة: ایک قسم کا گاڑھا حلوا۔
الْمَتْلِفَة: کندھے کی ہڈی کا اوپر کا حصہ۔
اِسْتَلْفَتَ: باہر نکالنا۔ چیز کی حقیقت کو پہنچنا۔ خبر کو چھپانا۔ حاجت روائی کرنا۔ تمام چارے کو کھانا۔
الاَلْفَت: بے وقوف۔
اَلْفَجَ: مفلس ہونا۔ بے مال و دولت ہونا۔ غم وغیرہ کی وجہ سے زمین سے چپٹے رہنا۔ فُلَاناً: محتاج بنانا۔ مجبور کرنا۔
اللَّفَج: ذلت۔
الْمُلْفَج وَالْمُسْتَلْفَج: مفلس۔ لاغری کی وجہ سے زمین سے چپٹنے والا۔ الْمُسْتَلْفَجُ: خوف کی وجہ سے پراگندہ دل۔
لَفَحَ (ف) لَفْحاً فُلَاناً بِالسَّيْفِ: تلوار مارنا اللَّفَحَتُ (ف) لَفْحاً وَلَفَحَاناً. النَّارُ
نَارٌ لَفُوحٌ وَلَافِحٌ: جلانے والی آگ۔ ج لَوَافِح کہا جاتا ہے "اَصَابَهُ مِنَ الْحَرِّ لَفْحٌ وَمِنَ الْبَرْدِ نَفْحٌ".
اللُّفَّاح: ایک قسم کا پودہ۔ واحد لُفَّاحَة.
لَفَخَهُ (ف) لَفْخاً فِي اَوْ عَلَى رَأْسِهِ: مارنا۔
اللَّفْخ: مص سارے سر پر مارنا۔
لَفَظَ (ض) وَلَفِظَ (س) لَفْظاً الشَّيْءَ وَبِالشَّيْءِ مِنْ فَمِهِ: منہ سے پھینکنا۔ ڈال دینا۔ صفت مفعولی لَفِيظٌ وَمَلْفُوظٌ...... الْبَحْرُ دَابَّةً: دریا کا کنارے پر پھینک دینا...... فُلَانٌ نَفْسَهُ اَوْ عَصَبَهُ: مرنا (عصب سے مراد تھوک ہے جو منہ سے چمٹ کر خشک ہو جاتا ہے) اور کہا جاتا ہے "لَفَظَتْنَا الْبِلَادُ اَهْلَهَا" یعنی ہماری جانب نکال دیا و "جَاءَ وَقَدْ لَفَظَ لِجَامَهُ" یعنی وہ آیا اس حال میں کہ پیاس اور تھکن کی وجہ سے تکلیف میں تھا (...... وَتَلَفَّظَ) بِالْكَلَامِ: بولنا۔
اللَّفْظ: مص۔ کلمات جو بولے جائیں۔ کلام۔ ج اَلْفَاظ.
اللَّفْظَة. لَفَظَ: کا اسم مرۃ۔ کلمہ ج لَفَظَات.
اللَّافِظَة. لَافِظ: کا مؤنث۔ سمندر اس وجہ سے کہ جواہر کو پھینکتا ہے (ہا مبالغہ کے لئے ہے) چلی۔ دنیا۔
لَافِظَة: سمندر۔ اور یہ علمیت اور تانیث کی وجہ سے غیر منصرف ہے۔
اللُّفَاظ: جو پھینکا جائے۔
اللِّفَاظ: ترکاری۔
اللُّفَاظَة: جو منہ سے پھینکا جائے۔ جو دسترخوان سے جھاڑا جائے۔ کسی چیز کا تھوڑا سا بقیہ۔ ج لُفَاظ وَلُفَاظَات: کلام۔
اللَّفِيظ: پھینکی ہوئی چیز۔
اللَّفْظِي: جس کا لفظ سے تعلق ہو۔
لَفَعَ (ف) لَفْعاً الشَّيْبُ رَأْسَهُ: سارے سر کا سفید ہونا۔ لَفَعَتْهُ النَّارُ: بھڑک اور شعلہ پہنچنا۔

لَفَعَ بمعنی لَفَّعَ...... الغُلَامَ: اپنی جانب کھینچ کر بغل گیر ہونا...... فُلَانٌ: بہت کھانا اور کہا جاتا ہے "لَفَعَ زَادَهُ" جبکہ ڈھانپ لے۔

تَلَفَّعَ: بڑھاپا آنا۔ تَلَفَّعَتِ النَّارُ: شعلہ بھڑکنا...... الحَرْبُ بِالشَّرِّ: سبھی کو گھیر لینا......

المَالُ: مال یعنی مویشیوں کو چرنے سے نفع پہنچنا...... القَوْمُ عَلَى جَيْشِ العَدُوِّ: دشمن کی فوج کو گھیر لینا اور سب کو قتل کر دینا (...... والْتَفَعَ) الرَّجُلُ بِالثَّوْبِ والشَّجَرُ بِالْوَرَقِ: لپٹنا۔ ڈھک جانا والْتَفَعَتِ الأَرْضُ: سبزی سے ڈھک جانا۔

اِلْتُقِعَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔

اللِّفَاعُ: چادر یا کمبل۔ اُونٹنی کا تھنوں میں سے اگلے تھن۔

اللِّفَاعَةُ واللِّفِيعَةُ: قمیص کا پیوند۔

المِلْفَعَةُ: چادر یا کمبل وغیرہ۔

لَفَقَ (ض) لَفْقًا الثَّوْبَ: کپڑے کو دوہرا کر کے سینا...... الأَمْرَ: طلب کرنا اور نہ پانا۔

الصَّقْرُ: شکار پر چھوڑا جانا اور شکار نہ کرنا۔

لَفَّقَ الحَدِيثَ: باطل سے مزین کرنا...... الرَّجُلُ: طلب کرنا اور نہ پانا...... الشِّقَّتَيْنِ: دونوں سرے ملا کر سینا اور کہا جاتا ہے "لَفَّقَ بَيْنَ الثَّوْبَيْنِ" جبکہ دوہرا کر کے سیئے۔

تَلَفَّقَ بِهِ: لاحق ہونا...... مَا بَيْنَهُمْ: درست ہونا۔

تَلَافَقَ القَوْمُ: معاملات درست ہونا۔

اللِّفْقُ: چادر کے دو پاٹوں میں سے ایک پاٹ۔ اور دو آدمی جو جدا نہ ہوں۔ ان کے متعلق کہا جاتا ہے "هُمَا لِفْقَانِ"۔

اللَّفَّاقُ: مطلوب کو نہ پانے والا۔

اللِّفَاقُ: دو کپڑے جو ایک ساتھ ملا کر جوڑے گئے ہوں اور ان میں سے ہر ایک کپڑے کو لفاق کہتے ہیں۔

اللَّفِيكُ والأَلْفَكُ: بے وقوف۔

اللَّفِيكُ: بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔

لَفْلَفَ: گفتگو میں عاجز و درماندہ ہونا۔ خوب اچھی طرح سے کھانا...... فِي ثَوْبِهِ: کپڑے میں لپٹنا۔

تَلَفْلَفَ بِثَوْبِهِ: کپڑے میں لپٹنا۔

اللَّفْلَفُ والأَلْفَلَافُ: کمزور (...... والمُلَفْلَفُ) کلام میں عاجز و درماندہ۔

لَفَمَتْ (ض) لَفْمًا وتَلَفَّمَتْ والْتَفَمَتْ المَرْأَةُ: عورت کا نقاب ڈالنا۔ ناک پر نقاب باندھنا۔ تَلَفَّمَ بِعِمَامَتِهِ: ڈھاٹا باندھنا۔ لَفَمَتِ المَرْأَةُ فَاهَا: منہ پر نقاب ڈالنا۔ لَفَمَهُ: مضبوط باندھنا۔

اللِّفَامُ: ناک کے اوپر کا نقاب۔

لَفَا يَلْفُو لَفْوًا فُلَانًا حَقَّهُ: حق کم کرنا...... اللَّحْمَ عَنِ العَظْمِ: ہڈی سے گوشت اتارنا۔

أَلْفَاهُ إِلْفَاءً: پانا۔

تَلَافَى الأَمْرَ: تدارک کرنا۔

اللَّفِيَةُ: گوشت کا ٹکڑا۔ ج لَفَايَا۔

اللَّفَاءُ: مٹی۔ خسیس۔ حقیر اور کہا جاتا ہے "رَضِيَ فُلَانٌ مِنَ الْوَفَاءِ بِاللَّفَاءِ" فلان شخص اپنے پورے حق میں سے تھوڑے پر راضی ہو گیا۔

التَّلَافِي: مص خون کا بدلہ حاصل کرنا۔

لَقَّ (ن) لَقًّا عَيْنَهُ: آنکھ پر ہاتھ سے مارنا۔ صفت لاقّ۔ ج لَقَقَةٌ۔

اللَّقُّ: مص زمین میں شگاف۔ بلند زمین۔ بہت بولنے والا۔ ہر تنگ اور لمبی زمین۔

اللَّقَقَه۔ لاقّ: کی جمع۔ تنگ منہ کے گڑھے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لَقَّاقٌ بَقَّاقٌ" بہت باتونی مرد۔

لَقَّبَ فُلَانًا بِكَذَا: لقب دینا۔

لَاقَبَهُ: بُرے القاب سے گالی دینا۔

تَلَقَّبَ بِكَذَا: لقب پانا۔

تَلَاقَبَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو بُرے لقب سے گالی دینا۔

اللَّقَبُ: اصلی نام کے علاوہ کوئی دوسرا نام جو اپنے وضع اوّل کے اعتبار سے مدح یا ذم کی طرف مشعر ہو۔ ج أَلْقَابٌ۔

لَقَحَ (ف) لَقْحًا النَّخْلَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

لَقِحَتْ (س) لَقْحًا ولَقَحًا ولَقَاحًا النَّاقَةُ ونَحْوُهَا: حاملہ ہونا۔ صفت لاقِحٌ ولَقُوحٌ (...... لَقَحًا) الحَرْبُ: سکون کے بعد بھڑک اٹھنا۔

المَرْأَةُ والنَّخْلَةُ: حاملہ ہونا۔

أَلْقَحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

أَلْقَحَ الفَحْلُ النَّاقَةَ: حاملہ کرنا۔ گابھن کرنا۔ صفت مفعولی مَلْقُوحَةٌ۔ ج مَلَاقِيحُ۔ أَلْقَحَ بَيْنَهُمْ شَرًّا: فساد پیدا کرا دینا۔ أَلْقَحَتِ الرِّيحُ الشَّجَرَ او السَّحَابَ: باردار کرنا۔

لَقَّحَ النَّخْلَةَ: نر کھجور کا شگوفہ مادہ کھجور میں ڈالنا۔

تَلَقَّحَتِ النَّاقَةُ: حاملہ نہ ہوتے ہوئے حاملہ جیسی معلوم ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّحَ زَيْدٌ عَلَيَّ" زید نے میری طرف ناکردہ گناہ کی نسبت کی...... يَدَاهُ: گفتگو کرنے میں دونوں ہاتھوں سے اشارہ کرنا۔

اِلْتَقَحَتِ الأُنْثَى: مادہ منویہ کو قبول کرنا۔

اِسْتَلْقَحَتِ النَّخْلَةُ: نر کھجور کے شگوفہ کو مادہ کھجور میں ڈالنے کا وقت قریب آنا۔

اللَّقَاحُ: مص۔ نر کھجور کا شگوفہ جو مادہ کھجور میں ڈالا جائے۔

اللِّقَاحُ۔ لَقُوحٌ: کی جمع۔ گھوڑے اونٹ کا مادہ منویہ۔

اللَّقَحُ: مص۔ حاملہ ہونا۔

اللِّقَحَة: دائی پلائی۔ عقاب۔ کوا۔ ج لِقَحٌ ولِقَاحٌ۔ اللِّقَحة: نفس۔ ج لِقَاحٌ۔

اللِّقْحَةُ واللَّقْحَةُ۔ ج لِقَحٌ ولِقَاحٌ واللَّقُوحُ: ج لِقَاحٌ ولَقَائِحُ: بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔

اللَّاقِحُ: فا۔ رِيحٌ لَاقِحٌ: وہ ہوا جس سے درخت باردار ہو جائیں۔ وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کرلے۔ ج لَوَاقِحُ

اللَّقُوحُ: وہ اونٹنی جو مادہ منویہ کو قبول کر لے۔ ج لُقُحٌ۔

اللَّوَاقِحُ والمَلَاقِحُ: حاملہ عورتیں۔ اللَّوَاقِح

مِنَ الرِّيَاحِ: درختوں کو باردار کرنے والی ہوائیں۔ بارش لانے والی ہوائیں۔
اللَّوَاقِح: کوڑے۔
المَلاقِح: حاملہ کرنے والے۔ واحد مُلْقِح: حاملہ عورتیں، واحد مُلْقِحَة.
المُلَقَّح: مفع۔ آزمودہ کار۔
المَلاقِيح: مائیں۔ واحد مَلْقُوحَة: جنین۔ مادہ منویہ۔
لَقَزَهُ (ن) لَقْزًا: مکا مارنا۔
لَقَسَهُ (ن ض) لَقْسًا: عیب لگانا۔ صفت لاقِسٌ.
لَقِسَت (س) لَقَسًا نَفْسُ فُلانَ اِلَى الشَّئْ: دل کھینچنا۔ مائل ہونا...... نَفْسُهُ مِنَ الشَّئْ: جی متلانا۔ صفت لَقِسَة. ولَقِسَ بِاَمْرٍ: سمجھنا۔ صفت لَقِسٌ.
لاقَسَ لِقَاسًا ومُلاقَسَةً: ایک دوسرے کو بُرا لقب دینا۔
تَلَقَّسَتْ نَفْسُهُ مِنَ الشَّئْ: تنگ ہونا۔
تَلاقَسَ القَوْمُ: ایک دوسرے کو گالی دینا۔
اللَّقَس واللاقِس: خارش۔
اللَّقِس: لوگوں کا مذاق اڑانے والا اور بُرے القاب دینے والا۔ بدخلق۔ ہر چیز کا لالچی۔ جو ایک طریقہ پر مستقل نہ رہے۔
المُلاقِس: صبر کرنے والا۔ شَنٌّ لِقْسٌ: پرانی مشک۔
لَقَصَ (ض) لَقْصًا الشَّئُ جِلْدَهُ: کھال کو جلانا۔
لَقِصَ (س) لَقَصًا الشَّئُ: تنگ ہونا۔
لَقِصَتْ نَفْسُهُ: جی متلانا۔
اِلْتَقَصَ الشَّئَ: لینا۔
اَللَّقِص: تنگ۔ شرارت میں جلدی کرنے والا۔ بہت باتونی۔
لَقَطَ (ن) لَقْطًا الشَّئَ: زمین سے اُٹھانا...... اَلْعِلْمَ مِنَ الْكُتُبِ: مختلف کتابوں سے حاصل کرنا...... الثَّوْبَ: پیوند لگانا...... الطَّائِرُ الْحَبَّ: پرندہ کا چونچ سے چگنا۔ صفت لاقِطٌ ولَقَّاطٌ.

لاقَطَهُ لِقَاطًا ومُلاقَطَةً: مقابل ہونا۔ لاقَطَ الفَرَسَ: چاروں ٹانگیں پکڑ لینا۔
اِلْتَقَطَ الشَّئَ: بغیر قصد وطلب کے مطلع ہونا...... الشَّئَ: زمین سے اٹھانا...... اللِقَاطَ: جمع کرنا (...... وتَلَقَّطَ) الشَّئَ: اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔
اللَقَط: اُٹھائی ہوئی چیز۔ چھوارے وغیرہ کا نچھاور۔ واحد لَقَطَة. لَقَطُ الْمَعْدَنِ: سونے وغیرہ کے ٹکڑے جو کان میں ملیں۔ کہا جاتا ہے "فِي الْمَكَانِ لَقَطٌ لِلْمَاشِيَةِ" یعنی مکان میں جانور کے لئے تھوڑا سا چارہ ہے۔
اللَّقَطَة: ایک قسم کی اچھی سبزی جس کے جانور حریص ہوتے ہیں۔ ج لَقَط.
اللُّقَطَة واللُّقْطَة: وہ چیز جو تم کو راستہ میں پڑی ہوئی ملے اور تم اٹھالو یا وہ شے متروک جس کا مالک معلوم نہ ہو۔
اللُّقَاط واللِّقَاط: خوشہ جس کو کھیتی کاٹنے والا خطا چھوڑ دے اور لوگ اسے چن لیں۔ پڑی ہوئی چیز جو تمہیں ملے اور تم لے لو۔
اللِّقَاط: گرے ہوئے خوشوں کا جمع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "دَارُهُ بِلِقَاطِ دَارِي" اس کا مکان میرے مکان کے مقابل ہے۔ و "لَقِيتُهُ لِقَاطًا" میں اس سے رودررو ملا۔
اللُّقَاطَة: گرے ہوئے خوشے۔ گری پڑی بے قیمت چیز۔ ج اَلْقَاط.
اللاقِط: فا۔ کھیتی کٹنے کے بعد خوشے چننے والا۔ آزاد کردہ غلام۔
اللاقِطَة. لاقِط کا مؤنث اور اسی سے مثل ہے "لِكُلِّ سَاقِطَةٍ لاقِطَةٌ" یعنی ہر کلمہ جو منہ سے نکلے اس کے لئے کوئی نہ کوئی سننے والا ہے (حفاظت زبان کی نصیحت کے موقع پر بولا جاتا ہے) اللاقِطَة: رذیل مرد یا عورت۔ لاقِطَةُ الْحَصَى: پرندہ کا سنگدانہ۔
اللَّقَّاط اللَّقَّاطَة: بہت اُٹھانے والا۔
[illegible]

جائے۔
اللَّقِيطَةُ. لَقِيط: کا مؤنث۔ رذیل مرد یا عورت ج لَقَائِط کہا جاتا ہے "رَجُلٌ لُقَّيْطَى خُلَّيْطَى" چغلی کھانے کے لئے خبروں کے کھوج میں رہنے والا مرد۔
الاَلْقَاط: آوارہ واوباش لوگ۔ تھوڑے متفرق لوگ۔
المَلْقَط: مطلب۔ دھات کی کان۔ کہا جاتا ہے یا مَلْقَطَانُ یعنی اے بے وقوف۔ مؤنث مَلْقَطَانَة.
المِلْقَط: جس سے اٹھایا جائے جیسے دستپناہ۔ موچنا۔ ج ملاقط.
المِلْقَاط: قلم۔ نقش کرنے کا آلہ۔ لکڑی۔ ج مَلاقِيط.
المَلْقُوط: مفع نومولود پھینکا ہوا بچہ۔ جو اٹھایا جائے۔ ج مَلاقِيط.
لَقَعَ (ف) لَقْعًا الشَّئَ: پھینکنا...... فُلانًا بِعَيْنِهِ: نظر بد لگانا۔ لَقَعَتْهُ الْحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ لَقَعَ فُلانًا: عیب لگانا...... لَقَعَهُ بِالْكَلامِ: کلام میں غالب آنا۔
لَقَعَ (ف) لَقَعَانًا: تیز گزرنا (...... لَقْعًا) عیب دار ہونا۔
لاقَعَ فُلانًا بِالْكَلامِ: کلام میں غالب آنا۔
تَلَقَّعَ بِالْكَلامِ: بکواس کرنا۔
اِلْتَقَعَ لَوْنُهُ: رنگ متغیر ہونا۔
اللُّقَّاع واللِّقَّاع: سبز رنگ کی مکھی جو لوگوں کو کاٹتی ہے۔ واحد لُقَّاعَة ولِقَّاعَة.
اللُّقَعَة اللُّقَاعَه واللُّقَّاع والتِلِقَّاع والتِلِقَّاعَة: بے وقوف۔ لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ برے لقب رکھنے والا۔ بہت باتونی۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ تِلِقَّاعٌ ومِلْقَعَةٌ: بے ہودہ گو عورت۔
لَقِفَ (س) لَقْفًا ولَقَفَانًا والْتَقَفَ الشَّئَ: جلدی سے لینا۔
لَقِفَ (س) لَقَفًا الْحَوْضُ: نیچے سے گر کر وسیع ہونا۔ صفت لَقِفٌ...... الْحَائِطُ: دیوار کا گرنا۔

لَقَفَهُ الشَّيْءَ: اُچکنے کے لئے جھپٹنا ...... الطَّعَامَ: نگلوانا۔ لَقَفَ الطَّعَامَ: نگلنا ...... الفَرَسُ: دو اگلی ٹانگوں سے سختی سے روندنا۔
تَلَقَّفَ الشَّيْءَ: جلدی سے لینا ...... الطَّعَامَ: نگلنا ...... الحَائِطُ اوِ الحَوْضُ: دیوار یا حوض کا منہدم ہونا۔ گرنا۔ کہا جاتا ہے "تَلَقَّفَ مِنْ فِيهِ كَذَا" جبکہ کسی سے سن کر یاد کرے۔
اللَّقَفُ: مص۔ کنوئیں یا حوض کا کنارہ۔ ج أَلْقَافٌ. اللَّقَفُ: بمعنی اِلْتِقَافٌ وتَلَقُّفٌ: یعنی جلدی سے لینا۔
اللَّقَافَةُ: حذاقت۔ ہوشیاری۔
اللَّقْفُ واللَّقِفُ واللَّقِيفُ مِنَ الرِّجَالِ: چست وزیرک۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ثَقْفٌ لَقْفٌ وثَقِفٌ لَقِفٌ وثَقِيفٌ لَقِيفٌ".
أَقْلَقَ. اللَّقْلَاقُ: سارس کا آواز کرنا۔
لَقْلَقَتِ. الْحَيَّةُ: سانپ کا زبان نکالنا۔
لَقْلَقَ الشَّيْءَ: حرکت دینا۔
تَلَقْلَقَ. الشَّيْءُ: ہلنا۔
اللَّقْلَقُ ج لَقَالِقُ واللَّقْلَاقُ: سارس کی قسم کا ایک پرندہ ہے جس کی گردن اور ٹانگیں لانبی ہوتی ہیں اور سانپوں کو کھاتا ہے۔ ذکاوت اور فطانت کے ساتھ متصف ہے اور اس کی کنیت "أَبُو حُدَيْج" ہے اللَّقْلَقُ: زبان۔
اللَّقْلَاقُ: آواز۔ شور۔
اللَّقْلَقَةُ: سارس کی آواز۔ ہر آواز جس میں حرکت واضطراب ہو اور کہا جاتا ہے "فِي لِسَانِهِ لَقْلَقَةٌ" یعنی اس کی زبان میں رکاوٹ ہے۔ ج لَقَالِقُ.
حُرُوفُ اللَّقْلَقَةِ: ب' ج' د' ط' ق۔ طرق
مُلَقْلَقٌ: تیز نگاہ جو ایک جگہ میں نہ ٹھہرے۔
لَقَمَ (ن) لَقْمًا الطَّرِيقَ وَغَيْرَهُ: راستہ کا دہانہ بند کرنا۔
لَقِمَ (س) لَقْمًا الطَّعَامَ: جلدی کھانا' ہڑپ کرنا۔
لَقَّمَهُ وأَلْقَمَهُ الطَّعَامَ: لقمہ لقمہ کھلانا۔ کہا جاتا ہے "أَلْقَمَهُ الْحَجَرَ" یعنی اس نے اسے خاموش کر دیا۔
تَلَقَّمَ الشَّيْءَ: جلدی سے کھانا۔ ہڑپ کرنا۔ ...... الحَامِلُ بِطْنِهِ: پانی کی زیادتی کی وجہ سے پیٹ میں بولنا۔
إِلْتَقَمَ الطَّعَامَ: نگلنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْتَقَمَ أُذُنَهُ" یعنی چپکے چپکے کان میں بات کی۔
اللَّقَمُ واللُّقَمُ: راستہ کا بڑا حصہ۔ راستہ کا درمیان۔
اللَّقْمَةُ. لَقَمَ: کا اسم مرۃ۔
اللُّقْمَةُ: ایک مرتبہ جتنا نگلا جائے۔ ج لُقَمٌ.
اللَّقِيمُ: لقمہ۔
التِّلْقَامُ والتِّلْقَامَةُ والتِّلِقَّامُ والتِّلِقَّامَةُ: بڑے بڑے لقمے نگلنے والا۔
رَكِيَّةٌ مُتَلَقِّمَةٌ: بہت پانی والا کنواں۔
لَقُنَ (ک) لَقَانَةً: تیز فہم وذکی ہونا۔
لَقِنَ (س) لَقْنًا ولَقَنَةً ولَقَانَةً ولَقَانِيَةً وتَلَقَّنَ الْكَلَامَ مِنْ فُلَانٍ: بالمشافہ حاصل کرنا اور سمجھنا۔
لَقَّنَهُ الْكَلَامَ: بالمشافہ سمجھانا۔
أَلْقَنَ الْكَلَامَ: جلدی سے یاد کرنا۔
اللِّقْنُ: ستون۔ کنارہ۔
اللَّقَانَةُ واللَّقَانِيَةُ: مص۔ زود فہمی۔
اللَّقِنُ: زود فہم۔ تیز سمجھ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ ثَقِفٌ لَقِنٌ" یعنی وہ سنی ہوئی چیز کو بہت جلدی سمجھنے اور یاد کرنے والا ہے۔
اللَّقَنُ: لگن (دخیل)
اللُّقَنُ: تانبے کا برتن ہاتھ دھونے کے لئے۔
اللَّوَاقِنُ: پیٹ کا نچلا حصہ۔
لَقَا يَلْقُو لَقْوًا فُلَانًا: مبتلاء لقوہ کرنا۔
لُقِيَ لَقْوًا: مبتلائے لقوہ ہونا۔
اللَّقْوَةُ: ایک بیماری ہے جس سے منہ ایک جانب کو ٹیڑھا ہو جاتا ہے (...... واللِّقْوَةُ) مادہ عقاب۔ تیز عقاب۔ ج لِقَاءٌ وأَلْقَاءٌ.
المَلْقُوُّ: لقوہ زدہ۔
لَقِيَ يَلْقَى لِقَاءً ولِقَاءَةً ولِقَايَةً ولَقَاءَةً ولُقْيَانًا ولِقْيَانًا ولِقْيَانَةً ولُقِيًّا ولِقِيًّا ولَقْيَةً ولُقْيَةً ولُقًى فُلَانًا: استقبال کرنا۔ پانا۔ دیکھنا۔ ملاقات کرنا۔
لَقَّى تَلْقِيَةً فُلَانًا الشَّيْءَ: پھینکنا۔
لَاقَى لِقَاءً ومُلَاقَاةً الرَّجُلَ: پانا۔ ملاقات کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَاقَى بَيْنَ طَرَفَي الْقَضِيبِ" شاخ کے دونوں کنارے موڑ کر ملانا اور کہا جاتا ہے "لُوقِيَ بَيْنَهُمَا".
أَلْقَى الشَّيْءَ إِلَى الْأَرْضِ: ڈال دینا ...... إِلَيْهِ الْقَوْلَ وبِالْقَوْلِ: پہنچانا ...... عَلَيْهِ الْقَوْلَ: املاء کرانا۔ پہنچانا ...... فِيهِ الشَّيْءَ: رکھنا ...... عَنْهُ الشَّيْءَ: ڈال دینا ...... إِلَيْهِ السَّمْعَ: کان لگانا ...... إِلَيْهِ خَيْرًا: بہتر سلوک کرنا ...... إِلَيْهِ بَالًا: پروا کرنا اور کہا جاتا ہے "أَلْقَيْتُ إِلَيْهِ الْمَوَدَّةَ وبِالْمَوَدَّةِ" میں نے اس سے محبت کی۔
تَلَقَّى الشَّيْءَ: ملنا۔ استقبال کرنا ...... الشَّيْءَ مِنْهُ: سیکھنا ...... تَلَقَّتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا حاملہ ہونا۔ صفت مُتَلَقٍّ.
إِلْتَقَى الشَّيْءَ: ملنا (...... وتَلَاقَى) الْقَوْمُ: باہم ملنا۔ وتَلَاقَوْا: باہم جھگڑا کرنا۔
إِسْتَلْقَى عَلَى قَفَاهُ: چت سونا۔
اللَّقَى: پھینکی ہوئی چیز۔ ج أَلْقَاءٌ.
اللَّقْيَةُ واللُّقْيَةُ: مص۔ اللَّقْيَةُ: لَقِيَ کا اسم مرۃ۔ ج لُقًى کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ لُقًى كَثِيرَةً" میں نے اس سے بہت ملاقات کی۔
اللُّقَى: پرندے۔ درد۔ تمام حیوان جو جلدی گابھن ہو جائیں۔
اللُّقْيَا. لِقَاء کا اسم ہے۔
أَلتِّلْقَاءَ. لِقَاء کا اسم۔ ملاقات کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "جَلَسَ تِلْقَاءَهُ" یعنی وہ اس کے مقابل بیٹھا "و فَعَلَ الْأَمْرَ مِنْ تِلْقَاءِ نَفْسِهِ" یعنی اس نے اس کام کو خود بخود بغیر کسی کے مجبور کئے ہوئے کیا۔
اللَّقَاةُ: راستہ کا درمیان۔
اللَّقِيُّ: خیر یا شر کے لئے ملاقات کرنے والا۔ اور اکثر استعمال شر ہی کے لئے ہوتا ہے۔ مؤنث لَقِيَّةٌ اللَّقِي: آمنے سامنے آنے والا۔ کہا جاتا ہے "هُمَا لَقِيَّانِ

ولَـقِيَـان" وہ دونوں آمنے سامنے آنے والے ہیں "وَهُوَ شَقِي لَقِيٌّ" کے جملہ میں لقی تابع مہمل ہے۔

اللَّقَاء: خیر یا شر کے لئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔

الأُلْقِيَّة: چیستان۔ پہیلی۔ ج الاَلاقِيُّ۔

اَلاَلاقِي: سختیاں۔

المَلْقَى والمُلْتَقَى: ملنے کی جگہ۔

المَلاقِي. مَلْقَى کی جمع۔ مَلاقِي الاَجْفَانِ: پپوٹوں کے ملنے کی جگہ۔

التَلاقِي: مص یَوْمُ التَلاقِي: قیامت کا دن۔

المُتَلاقِي: فا۔ اوزان شعر میں سے ایک وزن۔

المُلْقَى: چیز ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْقَى الكُنَاسَاتِ" یہ کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے و "فِنَاءُ فُلَانٍ مُلْقَى الرِّحَالِ" فلاں کا صحن دار کجاووں کے اتارنے کی جگہ ہے۔ کنایہ ہے اس سے کہ فلاں بڑا مہمان نواز ہے۔

المُلْقَى والمُلَقَّى والمُلْقِي: خیر یا شر کے لئے ملاقات کرنے والا۔ شر میں زیادہ استعمال ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مُلْقًى" فلاں مصائب سے آزمایا ہوا ہے۔ والشُّجَاعُ مُوَقًّى و الجَبَانُ مُلَقًّى کہا جاتا ہے "هُوَ جَارِي مُلاقِيَّ" وہ میرا مقابل پڑوسی ہے۔

لَكَّهُ (ن) لَكًّا: گدی پر مکا مارنا۔ بھینچنا۔ لَكَّ اللَّحْمَ: گوشت کو ہڈی سے جدا کرنا..... الشَّيْءَ: ملانا..... الجِلْدَ: لک سے کھال رنگنا۔

اِلْتَكَّ الوِرْدُ: گھاٹ پر آنے والوں کا بھیڑ کرنا..... العَسْكَرُ: لشکر کا آپس میں ملنا۔ ہجوم کرنا..... فِي كَلامِهِ: غلطی کرنا..... فِي حُجَّتِهِ: دیر لگانا۔

اللُّكَاكُ: بھیڑ۔ اژدھام۔ سخت گوشت والی اونٹنی ج لُكُكٌ ولِكَاكٌ۔

اللَّكُّ: مص۔ گوشت۔ ایک سرخ رنگ

جس سے کھال رنگتے ہیں۔ ایک نباتات جس سے گوند بناتے ہیں..... جِنْدُ خَشَّابِ المُوَلَّدِينَ: لاکھ ج الكَاكٌ ولُكُوكٌ۔

اللَّكُّ واللُّكُّ: نباتات مذکور کا عصارہ یا اس کی تلچھٹ۔ لک سے رنگی ہوئی کھال کا چھیلن۔ سخت و پرگوشت۔

اللُّكَّة: شدت۔

اللَّكَّاءُ مِنَ الجُلُودِ: لک سے رنگی ہوئی کھال۔ رَجُلٌ لَكِيٌّ: موٹا و سخت گوشت والا آدمی۔

الكِيكُ: گنجان لشکر۔ سخت گوشت۔ سخت اور موٹے گوشت والا۔ قطران۔ ایک کمزور درخت۔ ج لِكَاكٌ۔

المُلَكَّكُ: سخت موٹے گوشت والا۔

سَكْرَانُ مُلْتَكٌّ: مست جو مستی کی وجہ سے خشک ہو گیا ہو۔

لَكَأَ (ف) لَكْأً بِالسَّوْطِ فُلَانًا: کوڑے سے مارنا۔
..... فُلَانًا: پچھاڑنا..... بِهِ الاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا..... الرَّجُلَ: پوراحق دینا۔

لَكِئَ (س) لَكَأً بِالمَكَانِ: اقامت کرنا ..... بِفُلَانٍ: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَلَكَّأَ تَلَكُّؤًا عَلَيْهِ: عذر کرنا۔ بہانہ کرنا..... عَنِ الاَمْرِ: دیر کرنا۔ توقف کرنا۔ ہچکچانا۔

لَكَتَهُ (ن) لَكْتًا بِالسَّوْطِ: کوڑے سے مارنا۔ لَكَثَ فُلَانًا: طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔

لَكِثَ (س) لَكَثًا البَعِيرُ: منہ میں پھنسیوں والا ہونا..... الوَسَخُ عَلَيْهِ وبِهِ: میل جمنا۔

اللَّكَثُ: مص۔ دودھ کا میل جو دودھ کے برتن کے کناروں پر جم جائے۔ اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ نَاقَةٌ لَكِثَةٌ: موٹی اونٹنی۔

اللُّكَاثُ: اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔ چونے کے چمکنے والے پتھر۔

اللُّكَاثِيُّ: بہت سفید۔

اللَّكَّاثُ: چونہ بنانے والا۔

لَكَحَهُ (ف) لَكْحًا

لَكَدَهُ (ن) لَكْدًا: ہاتھ سے مارنا۔ ہٹانا۔

لَكِدَ (س) لَكَدًا الوَسَخُ عَلَى فُلَانٍ وبِهِ: میل جمنا۔ چمٹنا۔ لَكِدَ الشَّعْرُ: بالوں کا گتھا ہوا ہونا۔

لاكَدَ الغُلُّ: طوق سے لگے رہنا..... قَيْدَهُ: بیڑی کی وجہ سے اچھی طرح نہ چل سکنا..... فُلَانًا: لازم ہونا۔ چمٹنا۔

تَلَكَّدَ فُلَانٌ: موٹے گوشت والا ہونا۔ الشَّيْءُ: چمٹنا..... بِهِ او عَلَيْهِ الوَسَخُ: میل کا جم جانا ..... فُلَانًا: گردن میں ہاتھ ڈالنا۔

اِلْتَكَدَ فُلَانًا وبِفُلَانٍ: چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔

اللَّكِدُ: بدخلق۔ بخیل۔

الاَلْكَدُ: کمینہ قوم سے ملا ہوا۔

المِلْكَدُ: کوٹنے کا دستہ۔

لَكَزَهُ (ن) لَكْزًا: مکا مارنا۔

لاكَزَهُ: مکابازی کرنا۔ ایک دوسرے کو مکا مارنا۔

تَلاكَزَا: ایک دوسرے کو مکا مارنا۔

اللِّكَازُ: چھترا جس سے چرخی کے دھرے کو تنگ کرتے ہیں۔

اللَّكِزُ: بخیل۔

المُلَكَّزُ: ذلیل۔ دروازوں سے ہٹایا ہوا۔

لَكِسٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ شَكِسٌ لَكِسٌ" یعنی مرد دشوار خو۔ سرکش نافرمان۔

لَكَشَهُ (ض) لَكْشًا: مکا مارنا۔

لَكَضَهُ (ن) لَكْضًا: مکا مارنا۔

لَكَعَتْهُ (ف) لَكْعًا العَقْرَبُ: بچھو کا ڈسنا

لَكَعَ الرَّجُلُ: سخت ستانا..... الوَلَدُ: بچے کا دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَرَكْتُهُ يَلْكَعُ" میں نے اس کو کھاتا پیتا چھوڑا۔

لَكِعَ (س) لَكَعًا ولَكَاعَةً: لئیم ہونا۔ بے وقوف ہونا..... لَكَعًا عَلَيْهِ الوَسَخُ: میل جمنا۔ کہا جاتا ہے اِمْرَأَةٌ لَكَاعِ: مَبْنِي عَلَى الكَسْرِ یعنی اے لئیمہ اور ندا ہی میں استعمال ہوتا ہے۔

رَجُلٌ لُكَاعٌ: لئیم و کمینہ مرد۔

الـلـكـاغـة: ایک قسم کا کاغذ (؟) ... ج لُكاغ۔

اللَّكَع: پستہ قد۔

الـلُّـكَع: کمینہ اور کہا جاتا ہے ندا کی صورت میں یـا لُكَعُ اور ندا تثنیہ کی صورت میں یا فَوَى لُـكَـع اور معرفہ کی صورت میں غیر منصرف ہوگا۔ اس لئے کلمہ اَلْـكَـع سے معدول ہے۔ الـلُّكَع: غلام۔ بے وقوف۔ گھوڑے کا بچہ۔ گدھے کا بچہ۔ چھوٹا بچہ۔ میلا کچیلا۔ گھوڑا یا وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔

اللُّكَعَة: کمینی۔ گھوڑی۔

الاَلْكَع: مؤنث لَكْعَاءِ ج لُكْعٌ واللَّكُوع واللَّكِيْع: کمینہ۔ الاَلْكَع: وہ گھوڑا جس کے دانت گر گئے ہوں۔

المَلْكَعَان: کمینہ۔ مؤنث مَلْكَعَانَة۔

اللُّكْلُك: پستہ قد (...... واللُّكَالِک) موٹا اُونٹ۔

اللُّكَاف: خوگیر۔

لَكَمَهُ (ن) لَكْمًا: مکا مارنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "لَكَمَ السَّيْلُ عَرْضَ الْجَبَل" سیلاب نے دامنِ کوہ میں نشان چھوڑا۔

لَاكَمَهُ مُلَاكَمَةً: ایک دوسرے کو مکا مارنا۔

اِلْتَكَمَ: بعض کا بعض کو طمانچہ مارنا۔

تَلَاكَمَا: ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

اللَّكْمَة: گھونسا۔ مکا۔

رَجُلٌ مِلْكَمٌ: بہت گھونسے مارنے والا۔

المَلْكُوم: مقع مظلوم۔

خُفٌّ لَكَّامٌ ومِلْكَمٌ ومُلَكَّمٌ: سخت کھر جو پتھر کو توڑ دے۔

المُلَكَّم: پیوند لگایا ہوا۔ چرمی موزہ۔

لَكِنَ (س) لَكَنًا ولُكْنَةً ولُكُونَةً ولُكُونَةً الرَّجُلُ: گفتگو میں اٹکنا۔ ہکلانا۔ صفت اَلْكَنُ: مؤنث لَكْنَاء ج لُكْنٌ۔

تَلَاكَنَ فِي كَلَامِه: ہنسانے کے لئے ہکلا کے بولنا۔

اللُّكْنَة: عص۔ ہکلا پن۔ تتلاہٹ۔

لٰكِن: اس کی اصل لاکن ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں۔ اس کی دو قسمیں ہیں۔

(۱) یہ کہ ثقیلہ سے مخفف ہو اس صورت میں عمل باطل ہوتا ہے اور حرف ابتداء ہے دو جملوں پر داخل ہوتا ہے اور کبھی واو کے ساتھ بھی ہوتا ہے جیسے قَـامَ زَيْـدٌ وَلٰـكِنْ عُمْرٌو جَالِسٌ۔

(۲) یہ کہ اصل وضع سے خفیفہ ہو اور اس وقت یہ حرف عطف ہے اگر عطف جملہ علی الجملہ ہو تو واؤ لانا ضروری ہے اور اگر اس کے بعد مفرد ہو تو واجب ہے کہ واؤ نہ آئے اور اس سے پہلے نفی یا نہی کا ہونا ضروری ہے جیسے "مَـا قَـامَ زَيْـدٌ لٰـكِن عَمْرٌو" و "لَا تَضْرِبْ زَيْدًا لٰكِنْ عَمْرًوا"۔

اللَّكَنُّ: لگن۔ ج اَلْكَان (دخیل)

لٰكِنَّ: اس کی اصل لاكِنَّ ہے۔ الف کتابت میں محذوف ہے پڑھنے میں نہیں اور یہ حروف مشبہ بالفعل میں سے ہے اسم کو نصب اور خبر کو رفع دیتا ہے اور استدراک یعنی دفع توہم کے لئے آتا ہے۔ جیسے "قَامَ الْقَوْمُ لٰكِنَّ زَيْدًا جَالِسٌ" اور کبھی تاکید کے لئے جیسے لَوْزَارَنِي زَيْدٌ لَاَكْرَمْتُهُ لٰكِنَّهُ لَمْ يَجِئْ لَوْ سے جو نفی سمجھ میں آتی تھی اس کی لٰكِن سے تاکید ہوگئی۔

لَكِيَ يَلْكَى لَكًى بِهٖ: مشتاق ہونا۔ چمٹنا۔ صفت لَكِيٌّ لَكِيَ بِالْمَكَان: اقامت کرنا۔

اللَّاكِي: عیب جو (لَامِک کا مقلوب ہے)

لَـمْ: حرف جزم ہے۔ فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے۔ جیسے لَمْ يَاْكُلْ اس نے نہیں کھایا اور لم پر ہمزہ استفہام داخل ہوتا ہے۔ لم کا عمل باقی رہتا ہے اور تقریر و توبیخ کا فائدہ دیتا ہے جیسے "اَلَمْ اَقُلْ لَكَ" کیا میں نے تم سے نہیں کہا اور کبھی ہمزہ اور لم کے درمیان واؤ اور فا بھی لاتے ہیں۔ جیسے اَفَلَمْ اَقُلْ لَکَ او لَمْ اُؤَدِّبْکَ۔

لَمَّا: تین صورتوں سے مستعمل ہے۔

(۱) لَـمَّـا: کی طرح فعل مضارع کو ماضی منفی کے معنی میں کر دیتا ہے مگر مندرجہ ذیل پانچ باتوں میں فرق ہے۔

(الف) حرف شرط کے ساتھ نہیں آتا مثلاً اِنْ لَمَّا تَقُمْ نہیں کہا جاتا ہے اور اِنْ لَمْ تَقُمْ کہنا جائز ہے۔

(ب) لَمَّا: کے منفی میں استغراق ہے اور لم: کے منفی میں انقطاع جیسے لَـمْ يَـكُنْ شَـيْـئًا مَـذْكُـوْرًا اور اسی وجہ سے "لَمْ يَكُنْ ثُمَّ كَانَ" کہنا جائز ہے اور "لَمَّا يَكُنْ ثُمَّ كَانَ" نہیں کہہ سکتے۔

(ج) لَـمَّـا: کا منفی اکثر حال کے قریب ہوتا ہے بخلاف منفی لَمْ کے۔

(د) لَمَّا کا منفی متوقع ہوتا ہے بخلاف منفی لَمْ کے۔

(ہ) لَـمَّـا: کے منفی کو قرینہ کی بنا پر حذف کیا جاتا ہے جیسے "فَـجِـئْـتُ قُـبُـوْرَهُـمْ بَـدْءًا وَلَمَّا" یعنی لَمَّا اَكُنْ بَدْءًا قَبْلَ ذٰلِکَ" اور "وَصَلْتُ اِلٰى بَغْدَادَ وَلَمْ" یعنی لَمْ اَدْخُلْهَا: کہنا جائز نہیں۔

(۲) لَـمَّـا: ماضی کے ساتھ مختص ہے۔ دو جملوں پر داخل ہوتا ہے جس میں سے فعل ثانی کا وجود فعل اول پر موقوف ہے۔ جیسے لَـمَّـا جَاءَنِي اَكْرَمْتُهُ: اور اس صورت میں اس کو حرف وجود لوجود کہا جاتا ہے (اور بعض حرف وجوب لوجوب کہتے ہیں) اور بعضوں نے کہا ہے کہ یہ فعل کے لئے ظرف ہے جو غیر کے واقع ہونے سے واقع ہو اور ایک جماعت نے کہا ہے کہ یہ حین کے معنی میں ظرف ہے۔

(۳) لَـمَّـا: حرف استثناء ہے اِلَّا کے معنی میں۔ جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا ہے۔ جیسے "اِنْ كُـلُّ نَفْسٍ لَمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ" ان لوگوں کی قرأت میں جو میم کو مشدد پڑھتے ہیں۔ اور ماضی لفظاً پر داخل ہوتا ہے جیسے اَنْشُـدُکَ الـلّٰـهَ لَـمَّـا فَعَلْتَ: یعنی مَا اَسْاَلُکَ اِلَّا فَعْلَکَ

لَمَّ (ن) لَمًّا الشَّيْءَ: جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ کہا جاتا ہے "لَمَّ اللّٰهُ شَعَثَ فُلَانٍ" یعنی اللہ تعالیٰ فلاں کے مختلف پراگندہ امور کو درست کر دیں۔ لَمَّ بِفُلَانٍ: کسی کے پاس آ کر نازل ہونا۔

لُمَّ فُلَانٌ: کچھ جنون لاحق ہونا۔ صفت مَلْمُوْم۔

اَلَمَّ: چھوٹے گناہوں کا مرتکب ہونا۔ الْغُلَامُ: بلوغ کے قریب پہنچنا۔ صفت مُلِمٌّ۔ اَلَمَّتِ النَّخْلَةُ: پختگی کے قریب ہونا...... بِهٖ مرضٌ: مرض لاحق ہونا...... بِالْقَوْمِ وعَلَى الْقَوْمِ: آ کر اتر پڑنا...... بِالْمَعْنٰى: سمجھ لینا...... بِالذَّنْبِ: گناہ کرنا...... الشَّيْءَ: قریب ہونا...... بِالْاَمْرِ: غور نہ کرنا...... بِالطَّعَامِ: کھانے میں اسراف نہ کرنا اور کبھی كَادَ کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جیسے "اَلَمَّ يَفْعَلُ كَذَا" بمعنی كَادَ يَفْعَلُ كَذَا۔

اِلْتَمَّ فُلَانًا: زیارت کرنا...... بِالْقَوْمِ: آ کر اترنا۔

اَللَّامَّةُ: نظر بد۔ ہر گھبراہٹ اور خوف کی چیز کہا جاتا ہے "اُعِيْذُهٗ مِنْ كُلِّ هَامَّةٍ وَلَامَّةٍ" کہا جاتا ہے "هُوَ يَزُوْرُنَا لِمَامًا" وہ ہم سے ناغہ سے ملاقات کرتا ہے۔

اللَّمُّ: مص۔ بے شمار جماعت۔

اللَّمَمُ: تھوڑی سی دیوانگی۔ گناہ کے قریب ہونا۔ چھوٹے گناہ۔

اللُّمَا: ایک قسم کی مچھلی۔

اللَّمَّةُ۔ لَمَّ کا اسم مرة۔ سختی۔ جمع شدہ چیز۔ کہا جاتا ہے "اَصَابَتْهُ لَمَّةٌ مِنَ الْجِنِّ" یعنی اس پر جنات کا کچھ اثر پہنچا۔ اللَّمَّةُ زمانہ اور کہا جاتا ہے "لِلشَّيْطَانِ لَمَّةٌ" یعنی شیطان کے لئے قربت ہے۔

اللُّمَّةُ: ساتھی۔ ہم سفر۔ کہا جاتا ہے "لَا تُسَافِرُوْا حَتّٰى تُصِيْبُوْا لُمَّةً" مت سفر کرو یہاں تک کہ ہم سفر پاؤ۔ مونس۔ (واحد و جمع)

اللِّمَّةُ: بالوں کی زلف جو کانوں کی لو

متجاوز ہو۔ پراگندہ بال۔ ج لِمَمٌ ولِمَامٌ۔

الْمِلَمُّ: ہر چیز میں سے سخت۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مِلَمٌّ" اپنے قبیلہ کے لوگوں کو جمع کرنے والا۔ "وَرَجُلٌ مِلَمٌّ مِعَمٌّ" لوگوں کے امور کی اصلاح اور عموماً ان کے ساتھ بھلائی کرنے والا امرد۔

الْمُلِمَّةُ: دنیاوی مصیبتوں میں سے سخت مصیبت۔ درخت خرما جو پکنے کے قریب ہو۔

الْمَلْمُوْمُ: جس کو تھوڑی سی دیوانگی ہو۔ گول جمع کیا ہوا۔

كَتِيْبَةٌ مَلْمُوْمَةٌ: گنجان فوج۔ صَخْرَةٌ مَلْمُوْمَةٌ: سخت گول چٹان۔

لَمَاهُ ولَمَا عَلَيْهِ (ف) لَمْوًا: ہاتھ ڈالنا...... الشَّيْءَ: سب لے لینا۔ دیکھنا...... بِهٖ: مشتمل ہونا اور کہا جاتا ہے "مَا يَلْمَأُ فَمُهٗ بِكَلِمَةٍ" یعنی کسی قبیح بات کے بولنے کو وہ کوئی بڑی بات نہیں سمجھتا۔

اَلْمَأَ اللِّصُّ عَلَى الشَّيْءِ وبِالشَّيْءِ: چور کا کسی چیز کو چوری سے لے جانا...... عَلٰى حَقِّهٖ: حق کا انکار کرنا۔ اَلْمَأَتِ الدَّوَابُّ الْمَكَانَ: جانوروں کا جگہ کو خالی چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے "كَانَ بِالْاَرْضِ مَرْعًى فَهَاجَتِ الدَّوَابُّ فَاَلْمَأَتْهُ" زمین میں چراگاہ تھی چوپائے پل پڑے...... عَلَى الشَّيْءِ: مشتمل ہونا...... بِمَا فِي الْجَفْنَةِ: اپنے لئے خاص کر لینا۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيْنَ اَلْمَأَ مِنْ بِلَادِ اللّٰهِ" مجھے نہیں معلوم کہ کہاں گیا۔

تَلَمَّأَتْ تَلْمُؤُا الْاَرْضُ بِهٖ وعَلَيْهِ: گھیر لینا۔

تَلَمَّأَ والْتَمَأَ بِمَا فِي الْجَفْنَةِ والْتَمَأَهُ: اپنے لئے خاص کر لینا اور غالب ہونا۔

اُلْتُمِئَ لَوْنُ الرَّجُلِ: رنگ متغیر ہونا۔

الْمَلْمُؤَةُ: جگہ جو لی جائے یا جہاں کوئی چیز پائی جائے۔ جال۔

لَمَجَ (ن) لَمْجًا الشَّيْءَ: منہ کے اطراف سے کھانا...... الْمَرْأَةَ: جماع کرنا کہا جاتا ہے

"مَا لَمَجُوْا ضَيْفَهُمْ بِشَيْءٍ" انہوں نے اپنے مہمان کو ناشتہ نہیں دیا۔

تَلَمَّجَ الرَّجُلُ: غذا سے پہلے کچھ کھانا کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهٗ يَتَلَمَّجُ بِالطَّعَامِ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ کھانے کو چکھ رہا تھا۔

اللَّمَاجُ واللَّمُوْجُ: تھوڑی خوراک۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّجْتُ عِنْدَهٗ بِلَمَاجٍ" یعنی میں نے اس کے پاس کچھ نہیں چکھا۔

الْمِلْجُ واللَّمِيْجُ: بہت کھانے والا۔

کہا جاتا ہے "سَمْجٌ لَمْجٌ وسَمِجٌ لَمِجٌ وسَمِيْجٌ لَمِيْجٌ" یعنی بہت برا۔

اللُّمْجَةُ: غذا سے پہلے کا ناشتہ۔ ج لُمَجٌ۔

الْمَلَامِجُ: منہ کے اردگرد۔

رُمْحٌ مُلَمَّجٌ: نرم و چکنا نیزہ۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا الْبَصَرُ: نگاہ اٹھنا...... الرَّجُلُ الشَّيْءَ واِلَى الشَّيْءِ: دزدیدہ نظر سے دیکھنا۔ اور اسم اللَّمْحَةُ ہے...... الشَّيْءَ بِالْبَصَرِ: نگاہ ڈالنا۔

لَمَحَ (ف) لَمْحًا ولَمَحَانًا وتَلْمَاحًا النَّجْمُ او الْبَرْقُ: ستارہ یا بجلی کا چمکنا۔ صفت لَامِحٌ ولَمُوْحٌ ولَمَّاحٌ۔

لَامَحَهٗ: دزدیدہ نگاہی کرنا۔

لَمَّحَ تَلْمِيْحًا اِلَى الشَّيْءِ: اشارہ کرنا...... اَلْمَحَ اِلٰى فُلَانٍ: اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا...... الشَّيْءَ: چمکدار بنانا۔ دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا...... الرَّجُلَ: دکھانا۔

اِلْتَمَحَهٗ: نظر خفیف سے دیکھنا۔

اُلْتُمِحَ بَصَرُهٗ: نگاہ جاتا رہنا۔

اللَّمْحُ: مص۔ کہا جاتا ہے "لَاُرِيَنَّكَ لَمْحًا بَاصِرًا" میں تم کو صاف و روشن معاملہ دکھاؤں گا۔ اکثر اس کا استعمال وعید کے موقع پر ہوتا ہے۔

اللَّمْحَةُ: جلدی کی نگاہ۔ اسم

مَلَامِحُ: کا واحد۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُ لَمْحَةَ الْبَرْقِ" میں نے اس کو دیکھا اتنی دیر تک میں ایک مرتبہ بجلی چمکتی ہے۔

اللَّامِحُ: فا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ لَامِحٌ

[illegible]

بہت زیادہ سفید۔

الملامح: مشابہ۔ چہرے کے خدوخال۔ لمحۃ کی جمع۔ کہا جاتا ہے "فِیْ فُلَانٍ لَمْحَۃٌ مِنْ اَبِیْہِ او مَلَامِحُ مِنْ اَبِیْہِ" فلاں میں اس کے باپ کی مشابہت ہے۔

لَمَحَہٗ (ف) لَمْحًا: طمانچہ مارنا۔

لَامَحَہ مُلَامَحَۃً ولِمَاحًا: ایک دوسرے کو طمانچہ مارنا۔

تَلَمَّخَ بِکَلَامٍ قَبِیْحٍ: بری گفتگو کرنا۔

لَمَدَہٗ (ن) لَمْدًا: فروتنی کرنا۔ انکساری کرنا۔

اَلْاَلْمَد واللُّمْدَان: عاجز۔ ذلیل۔

لَمَذَ (ن) لَمْذًا: منہ کے اطراف سے کھانا (رج میں ایک لغت ہے)

لِمَـــاذَا: کلمہ مرکب ہے لام تعلیل اور ما استفہامیہ اور ذا اسم اشارہ ہے۔

لَمَزَہٗ (ن ض) لَمْزًا: عیب لگانا۔ آنکھ سے اشارہ کرنا۔ ہٹانا۔ مارنا۔ لَمَزَہُ الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

لَامَزَہٗ: اشارہ کنایہ سے گفتگو کرنا۔

تَلَمَّزَہٗ: ڈھونڈنا۔ تَلَمَّزَ فِی السَّیْرِ: دوڑنا۔

اللَّمَّاز واللُّمَزَۃ: لوگوں کے عیوب نکالنے والا۔ سامنے عیب بیان کرنے والا۔ اللَّمَّاز: چغل خور۔

اللُّمَّاز: سامنے غیبت کرنے والے۔

لَمَسَہٗ (ن ض) لَمْسًا: چھونا۔ لَمَسَ الشَّیْئَ: طلب کرنا...... الشَّیْئَ: چھونے کے قابل ہونا...... الْمَرْاَۃَ: جماع کرنا...... زَیْدًا اِمْرَاَۃً: نکاح کرا دینا۔ کہا جاتا ہے "لَـہٗ شُعَاعٌ یَکَادُ یَلْمَسُ الْبَصَرَ" اس کے لئے شعاع ہے جو نگاہ کو چکا چوند کر دے۔

لَامَسَہٗ: ایک دوسرے کو چھونا۔ جماع کرنا۔

اَلْمَسَ فُلَانًا: ڈھونڈنے میں مدد کرنا۔

زَیْدًا اِمْرَاَۃً: نکاح کرا دینا۔

تَلَمَّسَ الشَّیْئَ: بار بار طلب کرنا۔

اِلْتَمَسَ الشَّیْئَ مِنْ فُلَانٍ: مانگنا۔ طلب کرنا۔

اَللَّمَاسَۃ واللُّمَاسَۃ: قریبی حاجت۔

اللَّمْــس: مص حواس خمسہ ظاہرہ میں ایک حاسہ جس سے حرارت و برودت، رطوبت یبوست معلوم ہوتی ہے۔

اللَّمِیْس: نازک بدن عورت۔

اللَّمُوْس: منہ بولا بیٹا یا جس کے حسب میں عیب ہو۔ کہا جاتا ہے کَوَاہُ لَمَاسٍ او کَوَاہُ الْمُتَلَمِّسَۃِ: یعنی مرض کی جگہ میں داغ لگا۔

الْمُلَامَسَۃ: مص...... فِی الْبَیْعِ: کپڑے چھو کر بیع کو واجب سمجھنا۔

الْمَلْمَس: چھونا۔ چھونے کی جگہ۔

الْمَـلْـمُوْس: مقع۔ کہا جاتا ہے "اِکَـافٌ مَـلْـمُوْسُ الْاَحْنَاءِ" پالان جس کی کجی وغیرہ ہموار کر دی گئی ہو۔

الْمَـلْـمُوْسَات: قوۃ لامسہ کے مدرکات۔ اوائل محسوسات۔

اللَّمُوْسَۃ: راستہ۔

صَحِیْفَۃُ الْمُتَلَمِّس: بدبختی کے لئے مثل ہے۔ اس لئے کہ خط میں یہ لکھا ہوا تھا کہ جب متلمس آئے تو اس کو قتل کر دو۔

لَمَصَ (ن) لَـمْصًا العَسَلَ وشِبْہَہٗ: شہد کو انگلی کے کنارہ سے لینا اور چاٹنا...... فُلَانًـا: چٹکی لینا۔ نقل اتارنا۔ عیب لگانا۔ منہ چڑانا۔ الصَّبِیُّ: پیشاب کر دینا۔

اَلْمَصَ الشَّجَر: انگلی سے پکڑنے کے قابل ہونا۔ اَلْمَصَ الکَرْمُ: انگور کی بیل میں نرم انگور ہونا۔

اللَّمْص: مص۔ لوگوں کی غیبت کرنا۔

اللَّامِص: انگور کی بیل کا محافظ۔

اللَّـمُوْص: جھوٹا۔ فریبی۔ غیبت کرنے والا چغل خور۔

لَـمَطَہٗ (ن) لَـمْطًا بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔

لَمَطَ فُلَانٌ: گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔

اِلْتَمَط. بِحَقِّیْ: حق مار لینا۔

لَـمَظَ (ن) لَـمْظًا: کھانے پینے کے بعد زبان سے ہونٹ چاٹنا۔ کھانے کے بعد زبان سے دانتوں کے درمیان کا نکالنا...... فُلَانًـا مِنْ حَقِّہٖ: حق میں سے کچھ دینا......

الْمَاءَ: زبان کے کنارے سے چکھنا۔

لَـمَّظَہ مِنْ حَقِّہٖ: حق میں سے کچھ دینا۔ کہا جاتا ہے "لَـمَّـظَ فُلَانًـا لُـمَاظَۃً" تھوڑا سا چکھانا۔

اَلْـمَظَہٗ: ہونٹوں پر پانی ڈالنا۔ اَلْـمَظَہٗ عَلٰی فُلَانٍ: غصہ دلانا۔ اَلْـمَظَ فُلَانًا: آہستہ نیزہ مارنا...... الْبَعِیْرُ بِذَنَبِہٖ: اونٹ کا ٹانگوں کے درمیان دُم کو دبانا...... الرَّجُلُ الْقَوْسَ: کمان پر تانت باندھنا۔

تَـلَـمَّظَ الرَّجُلُ: کھانے کے بعد زبان نکال کر ہونٹوں کو چاٹنا۔ کھانے کو منہ میں پھرانا اور کہا جاتا ہے "تَـلَـمَّـظَ بِذِکْرِہٖ" یعنی عیب لگایا۔ تَـلَـمَّـظَتِ الْحَیَّۃُ: سانپ کا زبان نکالنا۔

اِلْتَمَظَ الشَّیْئَ: جلدی سے منہ میں ڈالنا...... الطَّـعَـام: کھانا...... بِحَقِّہٖ: حق مار لینا...... بِالشَّیْئِ: لپٹنا...... بِشَفَتَیْہِ: ہونٹوں کو اس طرح ملانا کہ آواز نکلے۔

اِلْـمَظَّ الْفَرَسُ: نیچے کے ہونٹ پر سفیدی والا ہونا۔

اللَّمَاظ: تھوڑی سی چیز جو چکھی جائے کہا جاتا ہے "مَـالَہٗ لَمَاظٌ" اس کے پاس ایسی چیز بھی نہیں جس کو چکھے۔ "وَمَاذُقْتُ لَمَاظًا" میں نے کچھ نہیں چکھا۔ "وشَـرِبَـہ لَـمَاظًـا او لِمَاظًا" یعنی اس نے زبان کے کنارے سے چکھا۔

اللَّمَاظَۃ: فصاحت۔ زبان کی روانی۔

الـلُّـمَاظَۃ: منہ میں بقیہ کھانا۔ تھوڑی سی چیز کا بقیہ کہا جاتا ہے "مَـا الـدُّنْیَا اِلَّا لُمَاظَۃُ اَیَّامٍ" دنیا صرف دنوں کا بقیہ ہے۔

الـلَّـمَـظ: گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی۔

الـلُّـمْـظَۃ: گھوڑے کے نیچے کے ہونٹ کی سفیدی یا ہونٹوں کی سفیدی۔ دل کا سیاہ نقطہ تھوڑا سا گھی وغیرہ جس کو انگلی میں لے

سکیں۔
الالمظ من الخیل: نیچے کے ہونٹ میں سفیدی والا گھوڑا۔
التلماظ: جو کسی کی دوستی پر قائم نہ رہے۔ مؤنث تِلِمّاظة. التِلِمّاظة: بے ہودہ بکواس کرنے والی عورت۔
ملامظ الانسان: منہ اور ہونٹ کا گردا گرد۔
المُتلمّظ: تبسم کرنے کی جگہ۔
لَمَعَ (ف) لَمْعًا ولَمَعانًا ولُمُوعًا ولَمِيْعًا وتَلِمّاعًا البرقُ وغيرُهٗ: بجلی وغیرہ کا چمکنا۔ روشن ہونا۔
ضرعُ الناقة: تھن کا دودھ اترنے کے وقت رنگین ہونا...... فلانٌ بالشیئ: لے جانا...... بیدہ او بثوبه او بسیفه: ہاتھ یا کپڑا یا تلوار سے اشارہ کرنا...... الطائر بجناحیه: پرندہ کا بازو پھڑ پھڑانا...... فلانٌ الباب: دروازے سے نکلنا۔
اَلْمَعَتِ الشاۃُ بذنبها: بکری کا دُم اٹھانا جس سے معلوم ہو کہ گابھن ہو گئی۔ صفت مُلْمِعَةٌ ومُلْمِع...... الانثی: پیٹ میں بچہ کا حرکت کرنا...... فلانٌ بالشیئ وعلیه: اُچک لینا۔ چرانا۔ لے جانا۔ اَلْمَعَتِ البلادُ: خشک گھاس والا ہونا یا بہت گھاس والا ہونا۔
اَلْمَعَ الی فلانٍ بثوبه: کپڑے سے اشارہ کرنا...... الفرسُ ونحوُها: حمل کی وجہ سے تھنوں کا چمک اٹھنا اور تھنوں کے سرے کا کالا ہونا...... الطائر بجناحیه: پرندہ کا بازو کو پھڑ پھڑانا۔
لَمَّعَ النسجَ: مختلف رنگوں کا بننا۔
تَلَمَّعَ الشیئَ والتمعه: اچک لینا...... البرقُ وغیرُهٗ: بجلی وغیرہ کا روشن ہونا۔ اِلتمع القومَ: لے جانا۔
اِلتمع والتُمِعَ لونُهٗ: رنگ جاتا رہنا اور متغیر ہونا۔
اللامع: فا۔ ج لُمَّعٌ کہا جاتا ہے "مابالدار لامعٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

اللامِعة: لامع کا مؤنث۔ بچہ کی چندیا جب تک نرم رہے۔ ج لَوامِع۔
اللُمْعَة: گھاس کا خشک شدہ حصہ۔ لوگوں کی جماعت۔ تھوڑا سا گزارہ زندگی۔ کہا جاتا ہے "مَعَهٗ لُمْعَةٌ مِنَ الْعَيْشِ" اس کے ساتھ تھوڑا سا گزارہ زندگی ہے جو اس کے لئے کفایت کر سکے...... مِنَ الجسد: جسم کے رنگ کی چمک۔ اور بقول بعض لُمعة: خاص کر بدن کا سیاہ حصہ۔ اور بقول بعض ہر رنگ جو اصلی رنگ کے مخالف ہو۔ جسم کا وہ حصہ جو نہانے یا وضو کرنے میں خشک رہ جائے۔ ج لُمَعٌ ولِمَاع۔
اللَمّاع. لامع: کا اسم مبالغہ۔
اللُمّاعة: عقاب۔ میدان جس میں سراب چمکے۔ بچے کی چندیا جب تک نرم رہے۔
اللَمُوع: چمکنے والا۔ تیز جھپٹنے والا عقاب۔
الالمع والالمعی: تیز ذہن۔ تیز فہم۔
الالمعیة: ذکاوت۔
کہا جاتا ہے ذَهَبَتْ نَفْسُهٗ لِمَاعًا: اس کی جان آہستہ آہستہ نکلی۔
التلمیع فی الخیل وغیرها: جسم کے رنگ کے مخالف داغ۔ ج تلامیع کہا جاتا ہے "فیه تلمیع وتلامیع" جب کہ جسم میں مختلف رنگ ہوں۔
مِلْمَعا الطائر: پرندہ کے دونوں بازو۔
المُلَمَّع من الخیل وغیره: جسم کے رنگ کے مخالف داغ والا۔
اَرْضٌ مُلْمِعَةٌ ومُلْمَعَةٌ ومُلَمَّعَةٌ: زمین جس میں سراب چمکے۔
خدٌّ مُلمع: چمک دار رخسارہ۔
الیَلْمَع: بے بارش کی بجلی۔ سراب۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ اَکْذَبُ مِنْ یَلْمَع" فلاں سراب سے زیادہ جھوٹا ہے اور اس سے جھوٹے کو تشبیہ دی جاتی ہے کہا جاتا ہے "اِنَّمَا هُوَ یَلْمَعُ" یعنی وہ جھوٹا ہے۔ ج یَلامِع۔
والیلمع من السلاح: چمکنے والے ہتھیار جیسے خود زرہ وغیرہ۔ ج یلامع۔

الیَلْمَعِیّ: ذہین۔ تیز فہم۔ جھوٹ سچ ملانے والا۔
لَمَقَهٗ (ن) لَمْقًا ولُمُوقًا: لکھنا۔ مٹانا۔
لَمَقَ عَیْنَهٗ: آنکھ ملنا۔ کانی کرنا۔ لَمَقَ اِلَیْهِ: دیکھنا...... اِلَیْهِ بِبَصَرِهٖ: دیر تک دیکھنا۔
تَلَمَّقَ: چکھنا۔
اللَمَاق: چکھنے کی تھوڑی سی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَاذُقْتُ لَمَاقًا" میں نے کچھ نہیں چکھا "وَمَا بِالْاَرْضِ لَمَاقٌ" زمین میں چراگاہ نہیں۔
لَمَقُ الطریق راستہ کا درمیان۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ فِیْ لَمَقِ الطَّرِیْقِ" یعنی راستہ کے وسط میں چلا۔
الیَلْمَق: روئی دار قبا۔ (دخیل)
لَمَکَ (ن) لَمْکًا العجینَ: نرم گوندھنا۔
تَلَمَّکَ البعیرُ: اُونٹ کا جبڑوں کو حرکت دیتے ہوئے کھانا۔
اللَمَاک: چکھنے کی چیز۔ صرف نفی ہی میں مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "مَا تَلَمَّکَ بِلَمَاکٍ" یعنی کچھ نہیں چکھا۔
اللَمَاک واللُمَاک واللُمَک: سرمہ۔
اللَمِیْک: سرمہ لگایا ہوا۔
الیَلْمَک: قوی جوان۔ مردوں ہی کے لئے خاص ہے اور حرف یا زائد ہے۔
تَلَمَّلَ بِفَمِهٖ: کھانے کے بعد زبان کو ادھر اُدھر پھرانا۔
اللَمَال واللُمَال: سرمہ۔
لَمْلَمَ الحجرَ: پتھر کو گول گھڑنا...... الشیئَ: جمع کرنا۔
تَلَمْلَمَ: گول ہونا۔ جمع ہونا۔
اللَمْلَم: بہت جمع شدہ فوج۔
اللُمْلُوم: جماعت۔
رَجُلٌ مُلَمْلَمٌ وجَمَلٌ مَلَمْلَمٌ: گٹھے بدن کا مرد اور اونٹ۔ شعر مُلَمْلَم: تیل لگے ہوئے بال۔
المُلَمْلَمَة مُلَمْلَم: کا مؤنث۔ ہاتھی کی سونڈ۔

لَمّا یلمّو لمّوا الشّیء : سب لے لینا۔
اللُّمَة : جماعت۔ تین سے لے کر دس تک کے ساتھی۔ ہم عمر۔ ہم شکل۔ پیروی کے لئے نمونہ۔ ج لُمَات.
لَمٰی یَلمِی لَمْیًا ولَمِیَ یَلمی لَمًی الغُلَامُ : لڑکے کا سیاہ ہونٹوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَلْمٰی صفت مؤنث لَمْیَا.
اَلْمٰی اِلمَاءً. اللِصُّ بِکَذا : چور کا چپکے سے لے جانا۔ اڑا لے جانا۔
تَلَمَّتِ الْاَرْضُ بِہٖ وعَلَیْہِ : حاوی ہونا۔ مشتمل ہونا۔
اِلْتَمِیَ اِلْتِمَاءً ا. لَوْنُہٗ : رنگ متغیر ہونا......بہٖ : اپنے لئے خاص کرنا اور غالب ہونا۔
اللَّمٰی : بتثلیث اللام : ہونٹ کے اندرونی حصہ میں گندم گونی یا سیاہی۔
اَللَّامِیُون : گھاس کی قسم سے ایک پودا جس کے پتے گھنے پھول سفید یا گلابی ہوتے ہیں بے آباد زمین میں ہوتا ہے۔
الاَلْمٰی : گندم گوں یا سیاہ ہونٹ والا۔ رُمْحٌ اَلْمٰی : مضبوط و گندم گوں نیزہ۔ ظِلٌّ اَلْمٰی : گنجان سایہ۔ شَجَرٌ اَلْمٰی : گنجان سایہ دار درخت۔ غُلَامٌ اَلْمٰی : سرد ٹھوک والا لڑکا۔ مؤنث لَمْیَاء۔ ج لُمْیٌ. لِثَّةٌ لَمْیَاء : کم خون والا اور بقول بعض کم گوشت والا مسوڑھا۔
لَنْ : مضارع کے حروف ناصبہ میں سے ہے نفی اور استقبال کا فائدہ دیتا ہے جیسے "لَنْ اَفْعَلَ المنکر مَابَقِیْتُ" جب تک زندہ رہوں گا امور منکرہ ہرگز نہیں کروں گا اور دعا کے موقع پر بھی آتا ہے جیسے "لَنْ تَزَالُوْ مَلْجًا الفَقِیْرِ" ہمیشہ فقیر کے ملجا رہو۔
لَہٗ (ن) لَہًّا الشِّعْرَ : نازک و مستحسن شعر کہنا۔
لَہِبَتْ (س) لَہَبًا ولَہَبًا ولَہِیْبًا ولُہَابًا ولَہَبَانًا. النَّارُ : شعلہ بھڑکنا۔
لَہِبَ (س) لَہَبًا ولَہَبَانًا الرَّجُلُ : پیاسا ہونا۔ صفت لَہْبَان.

لَہَّبَ النَّارَ فَتَلَہَّبَتْ واَلْہَبَہَا فالتَہَبَ : آگ بھڑکانا۔ یہاں تک کہ شعلہ ہو کر بھڑک اٹھنا۔ اِلْتَہَبَ عَلَیْہِ : غضبناک ہونا۔ غصہ سے جلنا اور کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَلَہَّبُ او یَلْتَہِبُ جُوْعًا" فلاں بھوک سے بھڑک رہا ہے۔
اَلْہَبَ. النَّارَ : آگ بھڑکانا......الفَرَسُ : گھوڑے کا دوڑنے میں غبار اڑانا ...... البَرْقُ : بجلی کا پیاپے کوندنا۔ اَلْہَبَ فِی الکَلَامِ : جلدی سے کہہ گزرنا۔ کہا جاتا ہے "اَلْہَبَہٗ لِلْاَمْرِ" اس نے اس کو کام کے لئے اکسایا۔
اللُّہَاب : مص۔ پیاس۔
اللُّہَابَة : ایک قسم کی کملی جس میں پتھر رکھ کر ہودج یا بوجھ کے ایک جانب کو جھکاتے ہیں۔
اللِّہْب : دو پہاڑوں کے درمیان کشادگی یا پہاڑ کی دراڑ۔ ج اَلْہَاب ولُہُوْب ولِہَاب ولِہَابَة
اللَّہَب : مص۔ بے دھوئیں کا شعلہ۔ بلند غبار۔
اللَّہَبَان : مص گرمی کی شدت۔ گرم دن۔ پیاس۔
اللُّہْبَة : پیاس۔ خالص سفیدی۔
اللَّہِیْب : مص۔ آگ کی گرمی۔ المَلْہُوْب : حق کے نہ ملنے کی وجہ سے بھڑکنے والا۔
الاُلْہُوْب : گھوڑے کی دوڑ کی تیزی جس سے غبار اڑے یا اس کے کھر سے آگ نکلے۔
المِلْہَب : نہایت خوبصورت۔
المُلْہِبُ : تیز دوڑنے والا غبار اڑانے والا گھوڑا۔
المُلَہَّب مِنَ الثِّیَابِ : کم سرخی والا کپڑا۔
اللاہُوت : خداوندی۔ اور اس کی اصل "لاہٌ" بمعنی الٰہ ہے واؤ اور تا کی زیادتی مبالغہ کے لئے ہے جیسے جبروت وملکوت میں۔ عِلْمُ اللَّاہُوْت : عقائد متعلقہ ذات و صفات باری کا علم۔ ذ نیوی : عقائد متعلقہ ذات وصفات باری تعالیٰ کا علم۔
لَہِثَ ولَہَثَ لَہْثًا ولُہَاثًا الکَلْبُ وغیرہ : کتے وغیرہ کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔
لَہِثَ (س) لَہَثًا ولَہَثَانًا ولَہَاثًا الرَّجُلُ : پیاسا ہونا۔ صفت مذکر لَہْثَان صفت مؤنث لَہْثٰی.
اِلْتَہَثَ الکَلْبُ : کتے کا ہانپنے میں زبان نکالنا۔
اَللُّہَاث : مص پیاس کی جلن۔ موت کی سختی۔ تم کہتے ہو "ہُوَ یُقَاسِی لُہَاثَ الْمَوْتِ" وہ موت کی سختی کو برداشت کر رہا ہے۔
اللُّہْثَة : تھکن۔ پیاس۔
لَہِجَ (س) لَہَجًا بِالشَّیْءِ : شیفتہ ہونا۔ صفت لَہِجٌ ولَاہِجٌ...... الفَصِیْلُ اُمَّہٗ : چوسنا......الفَصِیْلُ بِاُمِّہٖ : ماں کے دودھ پینے کا عادی ہونا۔ صفت لَاہِج.
لَہَّجَ القَوْمَ : کھانے سے پہلے تھوڑا سا ناشتہ کھلانا۔
اَلْہَجَ الرَّجُلُ : دودھ پینے کے عادی بچوں والا ہونا......فُلَانًا بِالشَّیْءِ : فریفتہ کرانا۔ شیفتہ بنانا۔ الفَصِیْلَ : منہ میں لکڑی باندھنا تاکہ دودھ نہ پی سکے (آخری معنی میں ہمزہ سلب کے لئے ہے)
اُلْہِجَ بِالشَّیْءِ : شیفتہ و فریفتہ ہونا۔
اِلْہَاجَّ اِلْہِیْجَاجًا الشَّیْءُ : گڈمڈ ہونا۔
اِلْہَاجَّتْ عَیْنُہٗ : اونگھ آنا۔ اِلْہَاجَّ اللَّبَنُ : دودھ کا ناقص طریقے سے جمنا۔
اللَّہْجَة : زبان یا نوک زبان۔ مادری زبان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فَصِیْحُ اللَّہْجَةِ وصَادِقُ اللَّہْجَةِ".
اللُّہْجَة : کھانے سے پہلے کا ناشتہ۔
المُلَہَّج : مفع۔ وہ شخص جو سور ہے اور کام کرنے سے عاجز ہو۔
لَہْوَجَ الشَّیْءَ : ملانا......الاَمْرَ : ادھورا کرنا۔ مستحکم نہ کرنا......الشِّوَاءَ : نیم پختہ کرنا۔

اچھی طرح سے نہ بھونا۔ کہا جاتا ہے شِوَاءٌ مُلَهْوَجٌ: اچھی طرح سے نہ بھنا ہوا۔ حَدِيْثٌ مُلَهْوَجٌ وَرَأْيٌ مُلَهْوَجٌ: غیر محکم بات و رائے۔

تَلَهْوَجَ الشَّيْءَ: جلدی کرنا...... اللَّحْمَ: گوشت کو نیم پختہ کرنا۔ اچھی طرح سے نہ بھونا۔

تَلَهْجَمَ بِالشَّيْءِ: شیفتہ ہونا...... الطَّرِيْقُ: واضح ہونا۔ چلنے والوں کے پیر کا نشان ہونا۔

اللَّهْجَم: کشادہ چلتا ہوا راستہ۔ بڑا پیالہ۔

لَهَدَهُ لَهْدًا الْحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ دبانا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْدٌ وَلَهِيْدٌ. لَهَدَ دَابَّتَهُ: چوپایہ کو تھکانا۔ لاغر کرنا...... الشَّيْءَ: کھانا یا چاٹنا...... فُلَانًا: ذلیل کرکے ہٹانا یا پستان کی جڑ میں مونڈھے کی جڑ میں مارنا یا چبھونا۔

لَهَّدَ فُلَانًا: بمعنی لَهَدَهُ اور تشدید تکثیر کے لئے ہے۔

اَلْهَدَهُ: ظلم کرنا۔ اَلْهَدَ بِهِ: ذلیل کرنا۔ حقیر سمجھنا۔ اَلْهَدَ اِلَی الْاَرْضِ: بوجھ کی وجہ سے زمین کی طرف جھکنا...... بِفُلَانٍ: دو لڑنے والوں میں سے ایک کو پکڑ لینا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔

اللُّهَاد: ہچکی۔

اللَّهْد: مص۔ ایک مرض ہے جو انسان کی ٹانگ یا رانوں میں ہوتا ہے۔ صدمہ وغیرہ کی وجہ سے اونٹ کے سینہ میں شگافتگی۔ سست و ناکارہ مرد۔

اللَّهِيْد: عاجز۔ تھکا ہوا۔

اللَّهِيْدَة: ایک نرم قسم کا حلوا۔

الْمُلَهَّد: مفع "رَجُلٌ مُلَهَّدٌ" کمزور ذلیل۔ دروازوں سے دھکا دیا ہوا۔

اللَّهْذَب: ہمیشہ ثابت رہنے والی چیز۔

لَهْذَمَهُ: کاٹنا۔

تَلَهْذَمَهُ: کاٹنا۔ تَلَهْذَمَ الشَّيْءَ: کھانا۔

اللَّهْذَم: تیز کاٹنے والا۔ تلوار۔ بھالا۔ دانت وغیرہ ج لَهَاذِم وَلَهَاذِمَة.

اللَّهَاذِمَة: چوروں کی جماعت۔

لَهَزَ (ف) لَهْزًا الشَّيْءُ فُلَانًا: کسی چیز کا کسی کے اندر ظاہر ہونا...... الْقَوْمَ: قوم میں مل جانا۔ لَهَزَهُ الشَّيْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔ صفت مفعولی مَلْهُوْز. لَهَزَهُ بِالرُّمْحِ: سینہ میں نیزہ مارنا۔ لَهَزَ فُلَانًا: مکا مارنا اور بقول بعض کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا...... الْفَصِيْلُ ضَرْعَ اُمِّهِ: دودھ پیتے ہوئے سر سے تھن کو مارنا۔

لَهَّزَهُ تَلْهِيْزًا: کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنا۔

اللَّاهِز: فا۔ پہاڑ اور ٹیلہ جو راستہ کو تنگ اور دشوار گزار کر دے اور جب دو پہاڑ اتنے قریب ہوں کہ ان کے درمیان کا راستہ تنگ گلی کی مانند ہو جائے تو ان دونوں پہاڑوں کو لاهزان: کہیں گے۔

اللِّهَاز: چیتھڑا یا پچر جس سے چرخی وغیرہ کے سوراخ کو تنگ کریں۔

اللِّهْز: سخت۔

اللَّهْزَة: کان کے نیچے جبڑے میں اُبھری ہوئی ہڈی۔

الْمِلْهَز: کان کے نیچے کی ہڈی اور گردن پر مکا مارنے والا۔

الْمَلْهُوْز: مفع۔ گٹھے بدن والا۔ جبڑے کی ہڈی پر داغ لگا ہوا۔

لَهْزَمَهُ: جبڑے کی ہڈی کو کاٹنا۔ لَهْزَمَ الشَّيْبُ خَدَّيْهِ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

اللِّهْزِمَة: کان کے نیچے جبڑے کی اُبھری ہوئی ہڈی ج لَهَازِم.

لَهَسَ (ف) لَهْسًا الشَّيْءَ: چاٹنا (لحس میں لغت ہے)...... الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهِ: بے چوسے ہوئے چاٹنا...... عَلَی الطَّعَامِ: حرص کی وجہ سے ہجوم کرنا۔

لَاهَسَ مُلَاهَسَةً عَلَی الطَّعَامِ: کھانے پر ہجوم کرنا...... الْقَوْمَ اِلَی الشَّيْءِ: سبقت کرنا اور ہجوم کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يُلَاهِسُ بَنِيْ فُلَانٍ" جبکہ کھانے کے وقت آ جائے۔

اللَّاهِس: جلدباز۔ چابک دست۔ ج لَوَاهِس.

اللُّهَاس وَاللُّهَاسَة: تھوڑی خوراک۔

اللُّهْسَة: چاٹنے کے قابل چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا لَكَ عِنْدِيْ لُهْسَةٌ" تمہارے لئے میرے پاس کچھ نہیں۔

لَهْسَمَ مَا عَلَی الْمَائِدَةِ: دسترخوان سے سب کچھ کھا لینا۔

اللَّهَاسِم: وادی کی تنگ نالیاں واحد لُهْسُم.

لَهَطَهُ (ف) لَهْطًا: تھپڑ مارنا۔ لَهَطَ بِسَهْمٍ: تیر مارنا۔ لَهَطَ الثَّوْبَ: کپڑا سینا...... بِهِ الْاَرْضَ: زمین پر پچھاڑنا۔ لَهَطَتْ اُمُّهُ بِهِ: جننا۔

اللَّاهِط: فا۔ اپنے گھر کے دروازے پر چھڑکاؤ کرنے والا اور صاف ستھرا رکھنے والا۔

لَهْطَةٌ مِنَ الْخَبَرِ: افواہ جس کی نہ تم تصدیق کرو نہ تکذیب۔

لَهِعَ (س) لَهَعًا وَلَهَاعَةً الرَّجُلُ: ہر ایک سے بے تکلف ہونا۔ صفت لَهِعٌ وَلَهِيْعٌ وَلَهْيَعٌ...... فِي الْكَلَامِ: خوب بڑھ بڑھ کر باتیں کرنا۔

اللَّهَاعَة: غفلت۔

اللَّهْيَع: کارگزاری میں تیز۔

اللَّهْيَعَة: غفلت۔ سستی کاہلی۔ خرید و فروخت میں سستی کرنا یہاں تک کہ نقصان ہو جائے۔

لُهِفَ لَهْفًا: ظلم کیا جانا۔

لَهِفَ (س) لَهَفًا. عَلَی مَا فَاتَ: غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔ صفت لَهِفٌ وَلَهْفَانُ.

لَهَّفَ فُلَانٌ نَفْسَهُ او اُمَّهُ: وانفساہ و امّاہ والهفاہ کہنا اور کہا جاتا ہے "لَهَّفَ اَبَوَيْهِ" یعنی اَبَوَيْهِ یہاں پر لفظ ام کو اب پر غلبہ کر دیا گیا ہے اس لئے کہ ماں کی مامتا مشہور ہے۔

اور کہا جاتا ہے "تَلَهَّفْتُ اِلَيْكَ تَلَهُّفًا" یعنی میں نے تجھ سے فریادرسی کی۔

اَلْهَفَ : حریص ہونا۔ نہایت خواہش مند ہونا۔

تَلَهَّفَ. عَلَيْهِ : غمگین ہونا۔ افسوس کرنا۔

اِلْتَهَفَتِ النَّارُ : آگ کا بھڑکنا۔ اِلْتَهَفَ فُلَانٌ : کسی مصیبت کے نازل ہونے پر غم سے بھڑک اٹھا۔

اللَّاهِفُ : فا۔ مظلوم۔ مضطر۔ فریادی۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث لَاهِفَةٌ ولَاهِفَةٌ اور کہا جاتا ہے "هُوَ لَاهِفُ الْقَلْبِ" وہ شکستہ دل ہے۔

اللَّاهِفَةُ. لَاهِفٌ کا مؤنث۔ ج لَاهِفَات ولَوَاهِف.

اللَّهْفُ : مص۔ یا لَهْفَ فُلَانٍ کلمہ ہے جس سے مافات پر افسوس کیا جاتا ہے یعنی فلاں پر کس قدر افسوس ہے اور کہا جاتا ہے "يَا لَهْفِي عَلَيْكَ و يا لَهْفَ و يا لَهْفًا و يا لَهْفَ اَرْضِي وسَمَاى عَلَيْكَ و يا لَهْفَاه" یعنی تیرے اوپر افسوس ہے۔

اللَّهْفَانُ : افسوس کرنے والا۔ غمزدہ۔ مؤنث لَهْفَى ج لَهَافَى ولُهُف.

اللَّهْفَةُ. لَهْفٌ : کا اسم مرۃ اور فوت شدہ کے افسوس کے لئے کہا جاتا ہے "يَا لَهْفَةُ ويَا لَهْفَتَاهُ ويَا لَهْفَتَيَاهُ"

اللَّهُوفُ : موٹا۔ لمبا۔ افسوس کرنے والا۔ مؤنث اللَّهُوفَة.

اللَّهِيفُ : مضطر۔ افسوس کرنے والا۔ رَجُلٌ لَهِيفُ الْقَلْبِ : سوختہ دل۔ ج لِهَاف.

المَلْهُوفُ : غمگین جس کا مال ضائع ہو گیا ہو یا کوئی قریب فوت ہو گیا ہو۔ فریاد کرنے والا مظلوم رَجُلٌ مَلْهُوفُ الْقَلْبِ : سوختہ دل مرد۔

لَهَقَ (ف) ولَهِقَ (س) لَهْقًا ولَهَقًا الشَّيْءُ : بہت سفید ہونا۔

تَلَهَّقَ الشَّيْءُ : بہت سفید ہونا...... الرَّجُلُ : زیادہ گفتگو کرنا۔

اللَّهَاقُ : سفید یا سفید بیل۔ کہا جاتا ہے : "اَبْيَضُ لَهَاقٌ او لِهَاقٌ" بہت سفید "وبَقَرَةٌ لِهَاقٌ" بہت سفید گائے۔

اللَّهِقُ واللَّهَقُ : سفید بیل۔ سفید۔ مؤنث لَهِقَةٌ ولَهِقَةٌ. ج لَهِقَاتٌ ولِهَاقٌ کہا جاتا ہے "اَبْيَضُ لَهِقٌ ولَهَقٌ" بہت سفید۔

مُلَهَّقُ اللَّوْنِ : سفید رنگ والا۔

لَهْلَهَ لَهْلَهَةً. النَّسَّاجُ الثَّوْبَ : باریک بنا (هَلْهَلَ کا مقلوب ہے)

تَلَهْلَهَ الثَّوْبُ : باریک بنا ہوا ہونا...... الْكَلَاءُ : تھوڑی سی گھاس کے درپے ہونا۔

اللَّهْلَةُ مِنَ الثِّيَابِ او الكَلَامِ او الشِّعْرِ : ردی کپڑا یا گفتگو یا شعر۔

اللُّهْلُهُ : بدصورت۔ بَلَدٌ لُهْلُهٌ : کشادہ مقام جہاں سراب بہت ہوں۔ ج لَهَالِهُ (...... والْهُلْهَة) کشادہ زمین۔

اللَّهْلَهَةُ : کسی چیز سے رجوع کرنا۔ باریک بناوٹ۔

لَهِمَ (س) لَهْمًا ولَهَمًا الشَّيْءَ : ایک ہی مرتبہ میں نگلنا...... الْمَاءَ : گھونٹ لینا۔

اَلْهَمَهُ الشَّيْءَ : نگلوانا۔ اَلْهَمَ اللّٰهُ فُلَانًا خَيْرًا : وحی کرنا۔ سکھلانا۔ توفیق دینا۔ دل میں ڈالنا۔

تَلَهَّمَ والْتَهَمَ الشَّيْءَ : ایک ہی دفعہ میں نگلنا۔ ہڑپ کرنا۔ (الْتَهَمَهُ ہی بولا جاتا ہے)

اُلْتُهِمَ لَوْنُهُ : رنگ متغیر ہونا۔

اِسْتَلْهَمَ اللّٰهَ خَيْرًا : اللہ سے خیر کے الہام کی دعا کرنا۔ کہا جاتا ہے "اَسْتَلْهِمُ اللّٰهَ الرَّشَادَ" اللہ سے رشد و ہدایت کے الہام کی دعا کرتا ہوں۔

اللُّهَامُ : بڑا لشکر۔

اللِّهَمُ : عمر رسیدہ۔ ج لُهُوم.

رَجُلٌ لِهَمٌ ولُهَمٌ : کھاؤ۔ پیٹو۔

اللُّهْمَةُ مِنَ السَّوِيقِ : ایک مرتبہ پھانکنے کی مقدار ستو۔

اللَّهِمُ ...... بخشش والا ......

سمندر۔ کھاؤ۔ سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔ رَجُلٌ لَهِمٌ : مرد روشن رائے بخشش کرنے والا۔ کفایت کرنے والا۔ ج لَهِمُونَ (عورتوں کے وصف میں واقع نہیں ہوتا) رَجُلٌ لَهُومٌ : کھاؤ مرد۔

اللَّهَمُ واُمُّ اللُّهَيْمِ : موت۔ بخار۔ مصیبت۔ اللُّهْمُ : کشادہ دیگ۔

الإِلْهَامُ : مص۔ اللہ کا انسان کے دل میں ایسا داعیہ پیدا کرنا جو کسی فعل کے کرنے یا چھوڑنے پر آمادہ کرے۔

المِلْهَمُ والمُلْهَمُ مِنَ الرِّجَالِ : کھاؤ۔ پیٹو۔

لَهْمَسَ مَا عَلَى الْمَائِدَةِ : دسترخوان سے سب کچھ کھا لینا۔

اللُّهْمُومُ : بڑا لشکر۔ سخی آدمی۔ عمدہ گھوڑا۔ بے شمار۔ بہت برسنے والا بادل۔ بہت دودھ والی اونٹنی۔ ج لَهَامِيمُ ولَهَامِيمُ النَّاسِ : سخی لوگ۔

اللَّهْمِيمُ : سبقت کرنے والا گھوڑا یا آدمی۔

لَهَنَ الْقَوْمَ ولِلْقَوْمِ : ناشتہ کھلانا۔ سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

اَلْهَنَهُ : مسافر کو سفر سے واپسی پر تحفہ دینا۔

تَلَهَّنَ الرَّجُلُ : ناشتہ کھانا۔

اللُّهْنَةُ : تحفہ جو مسافر سفر سے واپسی پر دے۔ ناشتہ۔ تحفہ جو مسافر کو سفر سے واپسی پر دیا جائے۔ ج لُهَن.

لَهَا يَلْهُو لَهْوًا. الرَّجُلُ : کھیلنا...... بِهِ : فریفتہ ہونا (...... لَهْوًا ولُهُوًّا) الْمَرْأَةُ اِلَى حَدِيثِ الرَّجُلِ : مانوس ہونا۔ پسند کرنا (...... لُهِيًّا ولِهْيَانًا) ...... عَنِ الشَّيْءِ : غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ بھولنا۔

لَهِيَ يَلْهَى لَهًا بِكَذَا : محبت کرنا...... عَنْهُ : تسلی پانا۔ غافل ہونا۔ ذکر چھوڑنا۔ روگردانی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِلْهَ لَهُ كَمَا يَلْهَى لَكَ" تم بھی اس کے ساتھ ویسا ہی کرو جیسا وہ تمہارے ساتھ کرتا ہے۔

...... تَلْهِيَةً عَنْ كَذَا : غافل کر دینا......

بکذا: مشغول کرنا۔
لاھاہ ملاھاۃ: قریب ہونا۔ جھگڑا کرنا۔
لاھی الشیء: نزدیک ہونا......الغلام: دودھ چھوٹنے کے قریب ہونا۔
الھاہ الھاء۔ اللعب عن کذا: غافل کرنا۔
فلان الشیء: عاجزی سے چھوڑ دینا......
الرحی وفی الرحی وللرحی: چکی میں کول ڈالنا۔ الھی الرجل: بہتر اور کثیر عطیہ دینا۔
تلھی تلھیا بکذا: کسی چیز پر توجہ یا اعراض سے دل بہلانا......بالشیء: مشغول ہونا۔
تلاھی تلاھیا بالملاھی: کھیل کود میں مشغول ہونا......القوم: باہم کھیلنا۔
التھی الرجل بالشیء: کھیلنا......عنہ بغیرہ: مشغول ہونا۔
استلھی استلھاءا۔ صاحبہ: ساتھی کا انتظار کرنا۔ ٹھہرانا......الشیء: زیادہ لینا۔ نگلنا۔
اللھاء: مقدار۔ کہا جاتا ہے "ھم لھاء مائۃ" وہ لوگ سو (۱۰۰) کی مقدار ہیں۔
اللھو: کھیل کود۔ وہ چیز جس سے انسان لذت حاصل کرے۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔ ڈھول۔ فرزند۔
اللھاۃ: حلق کا کوا ج لھوات ولھیات ولھی ولھی ولھا ولھاء ولھاء۔
اللھوۃ۔ لھا کا اسم مرہ۔ عورت جس سے کھیل کود کیا جائے۔
اللھوۃ واللھوۃ: پیستے ہوئے چکی میں ایک مرتبہ جتنی مقدار میں غلہ ڈالیں۔ عطیہ۔ بہتر و کثیر عطیہ۔ لپ بھر مال۔ ج لھی۔
اللھیۃ: عطیہ یا بہتر و کثیر عطیہ۔ کہا جاتا ہے "فلان لھو عن الخیر" فلاں بھلائی سے بہت غافل ہے۔
اللھوی۔ لھاۃ کی طرف منسوب۔
والحرفان اللھویان: ق و ک۔
الالھوۃ والالھیۃ والتلھیۃ: جس سے کھیل کود کیا جائے۔

الملھی: کھیل کود۔ کھیل کود کا زمانہ۔ کھیل کود کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھذا ملھی القوم" یعنی یہ ان کی اقامت کی جگہ ہے۔ "وھذا ملھی الاثافی" یہ پایہ دیگ دان کی جگہ ہے۔
الملھی: کھیل کود کا آلہ۔ ج ملاہ۔ آلات
الملاھی: آلات موسیقی۔
لھوج: مادہ ل ہ ج میں گزر چکا۔
لھوق لھوقۃ وتلھوق الرجل: جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنا......فی العمل والکلام: ترک مبالغہ کرنا۔
رجل لھوق: ڈینگ مارنے والا۔ جو اپنے اندر نہ ہو اسے ظاہر کرنے والا۔
لو: یہ حرف چھ طریقے سے مستعمل ہے۔
(۱) زمانہ ماضی میں شرط کے لئے جیسے "لو جاءنی لاکرمتہ" اگر وہ میرے پاس آتا تو میں اس کا اکرام کرتا۔ یہ تین باتوں کا فائدہ دیتا ہے۔ ایک شرط۔ دوسرے شرط کو ماضی کے ساتھ مقید کرنا۔ تیسرے امتناع اور اسی وجہ سے بعض لوگوں نے کہا ہے کہ یہ حرف امتناع لامتناع ہے یعنی شرط کے منتفی ہونے کی وجہ سے جزاء منتفی ہوتی ہے مناطقہ نے اس کو ادوات اتصال قرار دیا ہے جیسے "لو کان زید حجرا کان جمادا"۔
(۲) زمانہ مستقبل میں شرط کے لئے مگر یہ جازمہ نہیں جیسے "ولو تلتقی اصداءنا بعد موتنا" الخ۔ اور اس قسم میں اور پہلی قسم میں فرق یہ ہے کہ شرط جب مستقبل ہو تو لو ان کے معنی میں ہوتا ہے اور جب ماضی ہو تو حرف امتناع ہوتا ہے اور جب اس کے بعد فعل مضارع واقع ہو تو ماضی کے معنی میں ہو جاتا ہے جیسے لو تقوم القوم بمعنی لو قمت قمت۔
(۳) یہ کہ حرف مصدری ہو بمنزلہ ان کے مگر یہ نصب نہیں دیتا اور اکثر ودّ یودّ کے بعد واقع ہوتا ہے جیسے "ودوا لو تاتیھم" تمنا کرتے ہیں کہ تم ان کے پاس آؤ "یود احدھم لو یعمر" ان میں ایک عمر دیئے جانے کی تمنا کرتا ہے۔
(۴) یہ کہ تمنا کے لئے ہو۔ اس کا جواب منصوب اور فا کے ساتھ ہوتا ہے جیسے "لو تاتینی فتحدثنی" تمنا ہے کہ تم میرے پاس آتے اور مجھ سے باتیں کرتے۔
(۵) عرض کے لئے مانند الا کے اس کا جواب بھی فاء سے ہوتا ہے اور منصوب ہوتا ہے جیسے "لو تنزل عندنا فتصیب خیرا" اگر تم ہمارے پاس اترتے تو بھلائی کو پہنچتے۔
(۶) تقلیل کے لئے جیسے "تصدقوا ولو بظلف محرق" صدقہ کرو اگرچہ جلا ہوا کھر ہی کیوں نہ ہو۔
لاب یلوب لوبا ولوابا ولوبانا الرجل او البعیر: مرد یا اونٹ کا پیاسا ہونا۔ پانی کے ارد گرد بغیر اس تک پہنچے ہوئے گھومنا۔ اسم اللوب واللوب واللووب واللواب۔
لوبہ تلویبا۔ ملاب (ایک قسم کی خوشبو) ملنا (دیکھئے ملاب)
الاب الابۃ الرجل: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔
اللائب: ق۔ ج لووب ولوب کہا جاتا ہے "ابل لوب او نخل لوب ولوائب" پیاسے پانی سے دور۔
اللواب: مثل لعاب۔
اللوباء واللوبیاء واللوبیا: لوبیا۔ لوبیا کی پھلی (دخیل)
اللوبۃ: جماعت جو دوسری جماعت کے ساتھ رہے مگر شریک مشورہ نہ کی جائے۔ سنگلاخ سوختہ ج لوب۔
اللوب: گوشت کا ٹکڑا جو دیگ میں پھرے۔ شہد کی مکھی۔
اللابۃ: سنگلاخ سوختہ۔ ج لابات ولاب۔
اللابۃ: کالے اونٹ جمع شدہ۔
الملاب: ایک قسم کی خوشبو جو زعفران کے

مشابہ ہے۔
الْمُلَوَّب: مفع۔ پیچ دار لوہا۔
اللَّوْلَبُ: پیچ۔ پیچ دار کیل۔ ج لَوَالِب۔
اللَّوْلَبِي: جو لَوْلَبْ کی ہیئت پر ہو۔
الْمُلَوْلَبُ: سرمہ کی سلائی۔
لَاثَ يَلُوْثُ لَوْثًا الرَّجُلُ: بغیر پوچھے ہوئے خبر دینا۔۔۔۔الْخَبَرَ: خبر کو چھپانا۔۔۔۔ فُلَانًا: حق گھٹانا۔
الَّلاتُ: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔
لَاتَ: حرف نفی ہے لَيْسَ کا عمل کرتا ہے مگر اس کے بعد دو معمول میں سے ایک ہی ذکر کیا جاتا ہے اور عموماً مرفوع محذوف ہوتا ہے جیسے "وَلَاتَ حِيْنَ مَنَاص" تقدیر عبارت کی یوں ہے "وَلَاتَ الْحِيْنُ حِيْنَ مَنَاص"۔
لَاثَ يَلُوْثُ لَوْثًا. الْعِمَامَةَ عَلٰى رَاسِه: سر پر عمامہ لپیٹنا۔۔۔۔الضَّبَابُ بِالْجَبَلِ: کہرے کے پہاڑ کو ڈھانکنا۔۔۔۔بِفُلَانٍ: پناہ لینا۔
لَاثَ بِهِ النَّاسُ: اردگرد جمع ہونا۔۔۔۔دَارَهٗ: ہمیشہ گھر میں رہنا۔۔۔۔الشَّیْئَ: منہ میں چبانا۔۔۔۔فِي الْاَمْرِ: دیر کرنا۔عَنِ الْحَاجَةِ: سستی کرنا۔۔۔۔ثَوْبَهٗ بِالطِّيْنِ: کپڑے کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔۔۔۔الشَّیْئَ: بھگا کر ملانا۔لَاثَ فُلَانٌ: گھومنا۔کہا جاتا ہے "لَاثَ لَوْثًا مِنَ الْكَلَامِ" بات کو اس نے چبا چبا کے کہا صاف نہیں بیان کیا۔"وَمَا لَاثَ فُلَانٌ اَنْ غَلَبَ فُلَانًا" وہ غالب آنے سے نہیں رکا۔
لَوَّثَ يُلَوِّثُ لَوْثًا فِي الْاَمْرِ: تاخیر کرنا۔
لَوَّثَ تَلْوِيْثًا الشَّیْئَ: بھگونا۔۔۔۔الْمَاءَ: گدلا کرنا۔۔۔۔ثِيَابَهٗ بِالطِّيْنِ: کپڑوں کو کیچڑ میں لتھیڑنا۔
۔۔۔۔التِّبْنَ بِالْقَتِّ: بھوسہ کو چارے میں ملانا۔۔۔۔فُلَانًا عَنْ كَذَا: روکنا۔۔۔۔الْاَمْرَ: مشتبہ کرنا۔
اَلَاثَ الْاِلَاثَةَ مَالَهٗ بِفُلَانٍ: ودیعت کرنا۔
اَلْوَثَتْ اِلْوَاثًا. الْاَرْضُ: خشک گھاس میں تر اگانا۔

تَلَوَّثَ تَلَوُّثًا ثَوْبَهٗ بِالطِّيْنِ: کپڑے کا کیچڑ میں لتھڑنا۔۔۔۔زَيْدٌ بِعَمْرٍو: پناہ لینا اور نفع کی امید سے صحبت میں رہنا۔
اِلْتَاثَ اِلْتِيَاثًا عَلَيْهِ الْاَمْرُ: پیچیدہ ہونا۔
۔۔۔۔بِرِدَائِهٖ: لپٹنا۔۔۔۔فِي الْعَمَلِ: دیر کرنا۔
۔۔۔۔فِي كَلَامِهٖ: حجت سے عاجز رہنا۔۔۔۔
بِالدَّمِ: خون سے لتھڑنا۔آلودہ ہونا۔۔۔۔
الْبَعِيْرُ: اونٹ کا موٹا اور قوی ہونا۔۔۔۔فُلَانًا عَنْ كَذَا: روکنا۔
اللَّائِثُ: فا۔شیر۔نَبَاتٌ لَائِثٌ: آپس میں لپٹے ہوئے پودے۔
اللُّوَاثُ: پلیتھن۔
اللُّوَاثَةُ: پلیتھن۔جماعت۔وہ شخص جو ہر چیز میں آلودہ ہو جائے۔
اللُّوْثُ: مص۔قوت۔برائی۔زخم۔کینہ کے مطالبات۔کمزور ثبوت۔
اللَّوْثُ: ڈھیل ڈھال۔
اللَّيْثُ: گنجان نباتات۔
اللَّوْثَةُ. لَاثَ: کا اسم مرۃ۔بے وقوفی۔
اللُّوْثَةُ: ڈھیل ڈھال۔تاخیر۔بے وقوفی۔زبان میں رکاوٹ۔اثر جنون۔کہا جاتا ہے "بِهٖ لُوْثَةٌ" اس کے ساتھ جنون کا اثر ہے۔گوشت و چربی کی زیادتی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ ذُوْ لُوْثَةٍ" سست و کمزور مرد۔کہا جاتا ہے نَبَاتٌ لَيِّثٌ: گنجان پودہ۔
اللُّوَيْثَةُ: جماعت۔کہا جاتا ہے "اِنَّ الْمَجْلِسَ لَيَجْمَعُ لُوَيْثَةً مِنَ النَّاسِ" مجلس مختلف قسم کی جماعتوں کو جمع کر لیتی ہے۔
الْاَلْوَثُ: ڈھیلا ڈھالا۔قوی۔سست۔موٹی زبان والا۔کمزور عقل والا۔مؤنث لَوْثَاءُ۔ج لُوْث۔
الْمَلَاثُ والْمِلْوَثُ: سردار شریف جس کی پناہ لی جائے۔ج الْمَلَاوِث والْمَلَاوِثَة والْمَلَاوِيْث کہا جاتا ہے "هُمْ مَلَاوِث" یعنی وہ اشراف ہیں۔
وَاِنَّهٗ لَنِعْمَ الْمَلَاثُ لِلضِّيْفَانِ: وہ مہمانوں کے لئے بہترین جائے پناہ ہے۔

الْمَلَاثُ: مرکز۔وہ جگہ جس پر کوئی چیز گھومے۔
الْمُلَيَّثُ: موٹاپے کی وجہ سے سست۔دِيْمَةٌ لَوْثَاءُ: لگاتار بارش جو گھاس کو بکھیر دے۔
لَاجَ يَلُوْجُ لَوْجًا الشَّیْئَ: منہ میں پھرانا۔
لَاحَ يَلُوْحُ لَوْحًا الشَّیْئُ: ظاہر ہونا۔۔۔۔الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔۔۔۔النَّجْمُ: ستارہ کا نکلنا۔۔۔۔اِلَيْهِ: دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا۔۔۔۔الشَّیْئَ: دیکھنا۔کہا جاتا ہے "لَاحَهٗ بِبَصَرِهٖ لَوْحَةً" جبکہ دیکھے اور پھر پوشیدہ ہو جائے۔
الْعَطَشُ او السَّفَرُ فُلَانًا: متغیر کرنا۔رنگ بدل دینا۔(۔۔۔۔ لَوْحًا ولُوْحًا ولُوَاحًا ولُؤُوْحًا ولَوَحَانًا) الرَّجُلُ: پیاسا ہونا۔
لَوَّحَ تَلْوِيْحًا: دور سے اشارہ کرنا۔لَوَّحَ بِسَيْفِهٖ: تلوار چمکانا۔۔۔۔بِثَوْبِهٖ: کپڑا بلند کر کے ہلانا۔کہا جاتا ہے "لَوَّحَ لِلْكَلْبِ بِرَغِيْفٍ فَتَبِعَهٗ" اس نے کتے کو روٹی ہلا کر دکھائی وہ پیچھے ہو لیا۔۔۔۔السَّفَرُ والْعَطَشُ فُلَانًا: چہرہ متغیر کر دینا۔۔۔۔الشَّيْبُ فُلَانًا: سفید بالوں والا کر دینا۔۔۔۔فُلَانًا بِالْعَصَا والسَّيْفِ والسَّوْطِ والنَّعْلِ: اٹھانا اور مارنا۔
۔۔۔۔الشَّیْئَ بِالنَّارِ: آگ سے گرم کرنا۔
اَلَاحَ اِلَاحَةً الشَّیْئُ: ظاہر ہونا۔۔۔۔الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا۔۔۔۔النَّجْمُ: ستارے کا روشن ہونا۔۔۔۔بِسَيْفِهٖ او ثَوْبِهٖ: تلوار یا کپڑے سے اشارہ کرنا۔۔۔۔بِحَقِّهٖ: حق مار لینا۔۔۔۔فُلَانًا: ہلاک کرنا۔۔۔۔مِنْهُ: خوف کرنا۔پرہیز کرنا۔۔۔۔مِنَ الْقَوْلِ: شرمانا۔۔۔۔عَلَى الشَّیْئِ: اعتماد کرنا۔
تَلَوَّحَ: ظاہر ہونا۔واضح ہونا۔
اِلْتَاحَ اِلْتِيَاحًا: پیاسا ہونا۔
اِسْتَلَاحَ فِي الْاَمْرِ اِسْتِلَاحًا: غور کرنا۔
اِسْتَلَاحَ: پیاسا ہونا۔
اللِّيَاحُ والْلَيَاحُ: صبح۔جنگلی بیل۔سفید اور تاکید کے موقع پر بولا جاتا ہے "اَبْيَضُ لِيَاحٌ" خالص سفید۔

اللائِحَة لائح: کا مؤنث۔ ظاہر ہونے والی۔ ج لَوَائِح کہا جاتا ہے "نَظَرْتُ اِلٰی لَوَائِحِهٖ وَالْوَاحِهٖ" میں نے اس کی ظاہری شکل وصورت کو دیکھا۔ اللائِحَة: رجسٹر۔ جس میں حساب درج کیا جائے۔ (مولدہ)

اللَوح: تختی۔ ہر چوڑی چیز لکڑی ہو یا ہڈی یا لوہا ج اَلْوَاح. لَوْحُ الْجَسَدِ: ہاتھ اور ٹانگ کی ہڈی کے علاوہ ہڈی۔ یا ہر وہ ہڈی جو چوڑی ہو۔ ج اَلْوَاح جج اَلَاوِيح۔

اَلْوَاحُ السِلَاح: چمکدار ہتھیار۔

اللُوح: پیاس۔ فضاء آسمانی۔

اِبِلٌ لَوْحَی: پیاسے اونٹ۔

التَلْوِيحَات: کتاب کے حواشی ونوٹ۔

المُلْتَاح: دھوپ یا سفر کی وجہ سے متغیر رنگ والا۔

المِلْوَاح: لمبا۔ دبلا۔ جلد دبلی ہونے والی عورت۔ بڑی اور چوڑی چکلی ہڈی والا۔ اُلو جس کی ٹانگ کو باز کے شکار کرنے کے لئے باندھ دیا جائے۔

تَمَحَّقَ واِنْمَحَقَ واَمَّحَقَ واِمْتَحَقَ: [illegible] ہونا۔ باطل ہونا۔ مٹنا۔ واِمْتَحَقَ الحَرُّ الشَّيْءَ: جلانا...... النَّبَاتُ: شدت گرمی سے خشک ہونا اور جلنا...... الرَّجُلُ: موت کے قریب ہونا...... الشَّيْءُ: بے برکت ہونا۔ واِنْمَحَقَ الْهِلَالُ: چاند آخری مہینہ میں دکھائی نہ دینا۔

المَحِق: مص ۔ کھجور کے قریب قریب لگے ہوئے پودے۔

المَحْقَةُ: ہلاکت۔

المَحَاق والمُحَاق والمِحَاق: مہینہ کی آخری رات یا آخری تین راتیں۔

بنانٌ مَحِقٌ: باریک و تیز بھالا۔

المَاحِق: فا۔ مَاحِقُ الصَّيْف: تخت گرمی کا موسم۔

مَاحِقٌ: سخت گرم دن۔

الاَمْحَق: بے برکت۔

المَمْحَقَة: باعث بے برکتی۔

مَحَکَ (ف) مَحْكًا ومَحِکَ (س) مَحَكًا وامْحَکَ وتَمَحَّکَ الرَّجُلُ: گفتگو میں جھگڑا کرنا۔ بھاؤ کرنے میں جھگڑنا۔ صفت مَحِکٌ ومَاحِکٌ ومَحْکان۔

اَمْحَکَ الْخُصُوْمُ فُلانًا: غضبناک کرنا۔

مَاحَکَ مُمَاحَکَةً فُلانًا: جھگڑا کرنا۔

تَمَاحَکَ الخَصْمَان: باہم جھگڑا کرنا۔

اللُمُتَمَحِّک: بداخلاق جھگڑالو۔

مَحِلَ (س) ومَحَلَ (ف) مَحْلاً ومُحُولاً ومَحُلَ (ک) مَحَالَةً الْمَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مَاحِل۔

مَحَلَ (ف) ومَحِلَ (س) ومَحُلَ (ک) مَحْلاً ومِحَالاً بِهٖ اِلَى الاَمِيْرِ: چغل خوری کرنا۔ صفت مَاحِل ومَحُول ومَحَّال۔ مَحَلَ بِصَاحِبِهٖ: بہتان رکھنا۔

مَحَّلَ فُلانًا: مضبوط کرنا...... الشَّیْءَ: لمبا کرنا۔

مَاحَلَه مِحَالاً ومُمَاحَلَةً: مکر کرنا۔ قوت معلوم کرنے کیلئے باہم زور آزمائی کرنا۔ دشمنی کرنا۔ ہٹانا۔ جھگڑا کرنا۔

اَمْحَلَ الْمَكَانُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِل والاَرْضُ مُمْحِلٌ ومُمْحِلَةٌ: قحط زدہ زمین...... الْمَطَرُ: بارش رکنا...... الْقَوْمُ: قحط زدہ ہونا۔ صفت مُمْحِلُوْنَ...... اللّٰهُ الاَرْضَ: قحط زدہ کرنا۔

تَمَحَّلَ الشَّیْءَ وَلَهٗ: حیلہ کرنا...... لِفُلانٍ حَقَّهٗ: حق حاصل کرنے کی تدبیر کرنا...... الدَّرَاهِمَ: پرکھنا۔

تَمَاحَلَ الْقَوْمُ: باہم کید و مکر کرنا۔ تَمَاحَلَتْ بِهِمُ الدَّارُ: دور ہونا۔

المَحْل: فریب۔ مکر۔ غبار۔ شدت۔ قحط۔ بارش کا نہ ہونا اور زمین کا خشک ہونا۔ سخت بھوک۔ ج مُحُوْل وامْحَال کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَحْلٌ: غیر مفید مرد۔

المَاحِل: فا۔ جھگڑالو۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهٗ مَاحِلاً" میں نے اس کو متغیر اللون دیکھا۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ مَاحِلٌ ومَحْلٌ ومَحْلَةٌ ومَحُوْلٌ ومَحْوْلَةٌ" قحط زدہ زمین اور جمع کے لئے اَرْضُوْن مَحْلٌ ومُحُوْلٌ۔

المَحَال: بڑی چرخی۔ ایک قسم کا زیور۔

المِحَال: کید۔ مکر۔ جھگڑا۔ عذاب۔ شدت وقوت۔ ہلاک ہونا۔ ہلاک کرنا۔ حیلوں سے کسی مقصد کو طلب کرنا۔ تدبیر۔ دشمنی۔

اَلْمَحَالَة: بڑی چرخی۔ اونٹ وغیرہ کی ریڑھ کی ہڈی کا ایک مہرہ۔ لکڑی جس پر کھڑے ہو کر کھگل کریں۔ ج مَحَال اور مَحَال کی جمع مُحُل اور کہا جاتا ہے "لامَحَالَةَ" یعنی ضرور ولابدی۔

المِحْل: وہ شخص جو دھتکارا جائے یہاں تک کہ تھک جائے۔ اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَحِلٌ" یعنی حیلہ گر۔ مکار۔

المَحَّال: مکار۔ دغاباز۔ شیطان۔

اَرْضٌ مُمْحِلٌ ومُمْحِلَةٌ: قحط زدہ زمین۔

المُتَمَاحِل: بہت لمبا تڑنگا مرد یا اونٹ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مُتَمَاحِلٌ" بہت لمبا تڑنگا مرد۔ "وَرَاَيْتُهٗ مُتَمَاحِلاً" یعنی میں نے اس کو دیکھا کہ اس کے بدن کا رنگ بدلا ہوا ہے۔ فَلاةٌ مُتَمَاحِلَةٌ: دو کنارے والا میدان۔ فِتْنَةٌ مُتَمَاحِلَةٌ: ایسا فتنہ جو ختم ہونے میں نہ آئے۔

اَرْضٌ مِمْحَال: قحط زدہ زمین۔

المَمْحَلَة: دودھ کا مشکیزہ۔

مَحَنَ (ف) مَحْنًا فُلانًا: آزمانا...... ـهٗ عِشْرِيْنَ سَوْطًا: کوڑے مارنا...... الفِضَّةَ: چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔ اسم المِحْنَة...... الثَّوبَ: کپڑے کو پہن کر پرانا کرنا...... فُلانًا شَيْئًا: دینا...... البِئْرَ: کنوئیں کی صفائی کرنا...... النَّاقَةَ: تھکانا...... الجَارِيَةَ: جماع کرنا......

ومَحَّنَ الاَدِيْمَ: چمڑے کو نرم کرنا۔

اِمْتَحَنَ الشَّیْءَ: آزمائش کرنا...... الْقَوْلَ: غور کرنا۔ سوچنا...... الفِضَّةَ: چاندی کو تاؤ دے کر صاف کرنا۔

المَحْن: مص۔ ہر چیز کا نرم۔ تمام دن چلنے یا اور کسی کام سے تھکن۔ کہا جاتا ہے "كَانَ فِيْ مَحْنٍ" وہ مشقت میں تھا۔ المَحْن: عطیہ۔

المِحْنَة: آزمائش۔ ج مِحَن۔

مَحَا يَمْحُوْ ويَمْحِي مَحْوًا ومَحْيًا الشَّیْءَ: مٹانا۔ صفت مفعول۔ مَمْحِيٌّ ومَمْحُوٌّ کہا جاتا ہے "مَحَتِ الرِّيْحُ السَّحَابَ والصُّبْحُ اللَّيْلَ" ہوا نے بادل کو پراگندہ کر دیا اور صبح نے رات کو زائل کر دیا۔

مَحَا يَمْحُوْ ويَمْحِي مَحْوًا وامَّحَى وامْتَحَى الشَّیْءُ: مٹنا (امْتَحَى اِمَّحَى میں ایک ضعیف لغت ہے)

تَمَحَّى تَمَحِّيًا مِنَ القَوْمِ: معافی کی درخواست کرنا۔

المَحْو: مص۔ چاند کا سیاہ داغ۔

المَحْوَة: محا کا اسم مرۃ۔ شرم و عار۔ بارش اس لئے کہ زمین کی خشکی کو دور کر دیتی ہے۔ کہا جاتا ہے "صَابَتِ الاَرْضَ مَحْوَةٌ" زمین پر بارش ہوئی اور کہا جاتا ہے "هَبَّتْ مَحْوَةُ" بغیر لام کے اور ضمہ کے ساتھ۔ یعنی باد شمالی چلی۔

المِمْحَاة: میل صاف کرنے کا چیتھڑا۔

مَحَاهُ يَمْحَاهُ ويَمْحِيْهِ مَحْيًا مٹانا (لغت ہے مَحَا واوی میں)

مَخَجَ (ف) مَخْجًا وتَمَخَّجَ وتَمَاخَجَ الدَّلْوَ او بِالدَّلْوِ: بھرنے کے لئے ڈول ہلانا۔ مَخَجَ الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

تَمَخَّجَ المَاءَ: حرکت دینا۔

مَخَخَ وتَمَخَّخَ وامْتَخَّ العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

اَمَخَّ العَظْمُ: گودے والی ہونا۔ اَمَخَّتِ

الشّاۃُ: موٹی ہونا......اَلعُودُ: لکڑی کا تر ہونا......الزَّرعُ: پُرمغز ہونا۔
المَخُّ: ہڈی کا گودا۔بھیجا۔آنکھ کی چربی۔خالص۔ج مِخَاخ ومِخَخَة: کہا جاتا ہے "لا اَرَیٰ لِاَمرِکَ مُخًّا" میں تمہارے معاملہ میں کوئی خیر نہیں دیکھتا ہوں۔
والمُخَّہ: گودے کا ٹکڑا۔کہا جاتا ہے "هٰؤلاءِ مُخُّ القَومِ ومُخَّةُ القَومِ" یعنی یہ لوگ قوم کے افضل ہیں۔
المَخُّ: نرم۔
المُخَاخَة: ہڈی کا گودا جو چوسنے سے منہ میں آئے۔
المَخِيخ: گودے والی ہڈی۔شاۃ مَخِيخَة: گودے والی یعنی موٹی بکری۔ج مَخَائِخ. اِبلٌ مَخَائِخ: عمدہ اونٹ۔کہا جاتا ہے "لَهُ لِسَانٌ مُمِخٌّ" یعنی زبان آور اور قادر الکلام ہے۔
مَخَرَتْ (ف ن) مَخرًا ومُخُورًا السَّفِينَةُ: آواز کے ساتھ پانی کو چیرنا۔مَخَرَ الاَرضَ: زمین کو کھیتی کے لئے کھودنا۔اچھی کھیتی کے لئے پانی دینا......السَّابِحُ: ہاتھوں سے پانی کو پھاڑنا۔الذِّئبُ الشَّاةَ: بھیڑیئے کا بکری کا پیٹ پھاڑنا۔
مَخَرَ (ف) مَخَرَ البَيتَ: عمدہ سامان لے لینا۔
اِمتَخَرَ وتَمَخَّرَ واستَمخَرَ الرِّيحَ: ہوا کی طرف پیٹھ کرنا۔اِمتَخَرَ العَظمَ: ہڈی سے گودا نکالنا......الشَّیءَ: اختیار کرنا۔
المَخرُ: مص بَنَاتُ مَخرٍ: پتلے سفید بادل۔
المَخرَة. مخر: کا اسم مرۃ۔منہ کی بدبو (......والمِخرَة والمُخرَة): پسند کی ہوئی چیز۔
المَاخِرَة. ماخر: کا مؤنث۔کشتی۔ج مَوَاخِر.
المَاخُور: بدکاروں کی مجلس۔بدکاروں کا اڈا۔بدکاری کے اڈے کا متولی۔ج مَوَاخِر و مَوَاخِير.

مَخرَقَ مَخرَقَةً: جھوٹ گھڑنا۔
مِخرَاق: گڑیا۔ج مَخَارِيق.
تَمَخَّسَ تَمَخُّسًا: بہت ہلنا۔
مَخَضَ (ن ف ض) مَخضًا اللَّبَنَ: دودھ بلونا۔مکھن نکالنا۔صفت مفعولی مَمخُوض ومَمخُوض. الشَّیءَ: بہت ہلانا......الرَّایَ: خوب غور کرنا......بالدَّلوِ: بھرنے کے لئے ڈول ہلانا......البِئرَ بالدَّلوِ: کنوئیں میں سے ڈول سے بہت پانی نکالنا۔
مَخِضَت (س) مِخَاضًا ومَخَاضًا ومُخِضَت ومُخِّضَت وتَمَخَّضَت الحَامِلُ: دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔صفت مَاخِض. ج مُخَّض و مَوَاخِض.
اَمخَضَ اللَّبَنُ: دودھ کے بلوئے جانے کا وقت قریب ہونا......الرَّجُلُ: قریب الولادۃ اونٹنیوں کا مالک ہونا۔
اِمتَخَضَ وتَمَخَّضَ اللَّبَنُ: مکھن نکلا ہوا ہونا۔مکھن نکالنے کے برتن میں ہلنا......الوَلَدُ: بچے کا پیٹ میں حرکت کرنا۔
تَمَخَّضَتِ السَّمَاءُ: برسنے کے قریب ہونا۔تَمَخَّضَ الدَّهرُ بِالفِتنَةِ: فتنہ ظاہر کرنا اور کہا جاتا ہے "تَمَخَّضَتِ اللَّيلَةُ عَن صَبَاحِ سُوءٍ" رات ختم ہوگئی اور اس کے بعد بری صبح آئی۔
اِستَمخَضَ اللَّبَنُ: دیر میں جمنے والا ہونا۔
اِستَمخَضَتِ الحَامِلُ بِوَلَدِهَا: حاملہ کا دردِ زہ میں مبتلا ہونا۔
المَخَاض: دردِ زہ۔
الاِمخَاض: دودھ جب تک مکھن نکالنے کے برتن میں رہے۔
المِمخَضُ والمِمخَضَةُ: مشکیزہ۔مکھن نکالنے کا برتن۔ج مَمَاخِض.
مَخَطَ (ف ن) مَخطًا الشَّیءَ: کھینچ کر لمبا کرنا۔الجَمَلُ بِهِ: تیز دوڑنا......الرَّجُلُ فِی الاَرضِ: تیز چلنا......الوَلَدُ: لڑکے کا باپ کے مشابہ ہونا۔

نگہبانی کرنا......السَّيفَ: تلوار سونتنا......
المَخَاط: رینٹ صاف کرنا......الصَّبِيَّ: بچے کی رینٹ صاف کرنا......لا بِيَدِهِ: مارنا (...... مَخطًا ومُخُوطًا) السَّهمُ: تیر کا پار ہونا۔صفت مَاخِط.
مَخَّطَ الوَلَدَ: بچے کی ناک سے رینٹ صاف کرنا۔
اَمخَطَ السَّهمَ: تیر کو پار کرنا۔
اِمتَخَطَ الشَّیءَ: چھین لینا۔اُچک لینا......السَّيفَ: تلوار سونتنا۔
اِمتَخَطَ وتَمَخَّطَ: رینٹ صاف کرنا۔و تَمَخَّطَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑکھڑانا۔
المَخط: مص۔راکھ۔چھوٹا کپڑا۔
المُخَاط: رینٹ۔ج اَمخِطَة. مُخَاطُ الشَّيطَان: وہ چیز جو دوپہر کے وقت میں مکڑی کے جالے کی مانند اوپر سے نیچے آتی ہوئی معلوم ہوتی ہے اس کو مُخَاطُ الشَّمسِ ولُعَابُ الشَّمسِ بھی کہتے ہیں۔
المُخَاطِيُّ: رینٹ والا۔
المَخِط: فیاض سردار۔ج اَمخَاط.
المَخطَة. مخط: کا اسم مرۃ۔ایک مرتبہ میں جتنی رینٹ صاف کی جائے۔
المُخل عِندَ المُوَلَّدِين: لوہے وغیرہ کا آلہ جس سے بڑے بڑے پتھر اٹھائے جائیں یا توڑے جائیں۔ج اَمخَال ومُخُول.
المَاخِل: بھاگنے والا۔
مَخمَخَة: گودا نکالنا۔
مَخَنَ (ن) مَخنًا: رونا......البِئرَ: کنوئیں سے پانی نکالنا......العُودَ: لکڑی چھیلنا......الجَارِيَةَ: جماع کرنا۔
مَخَنَ (ن) مَخنًا ومُخُونًا: لمبا ہونا۔صفت مَخِنٌ ومَخِنٌ مؤنث مَخِنَة ومَخِنَة.
المِخَنُّ: لمبا مرد۔
المِخَنَّة. المِخَنُّ: کا مؤنث۔گھر کا صحن۔
مَخَی الرَّجُلَ عَنِ الاَمرِ: الگ کر دینا۔دور کر دینا۔
اَمخَی اِمخَاءً و اِمتَخَی اِمتِخَاءً وتَمَخَّی

وامْتَخَى إِلَيْهِ: عذر خواہی کرنا......مِنْهُ: بیزار ہونا۔ وتَمَخَّى العَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

مَدَّ (ن) مَدًّا الشَّيْءَ وبِالشَّيْءِ: پھیلانا، کھینچنا......اللّٰهُ عُمْرَهُ: عمر طویل کرنا......مِنَ الدَّوَاةِ: قلم میں روشنائی لینا......النَّهْرُ او البَحْرُ: دریا یا سمندر کا چڑھنا۔ پانی زیادہ کرنا (لازم ومتعدی) کہا جاتا ہے "قَلَّ مَاءُ رَكِيَّتِنَا فَمَدَّتْهَا رَكِيَّةٌ أُخْرَى" ہمارے کنوئیں کا پانی کم ہوگیا تو دوسرے کنوئیں نے اس کے پانی کو زیادہ کردیا "وهٰذَا الوَادِي يَمُدُّ فِي وَادِي كَذَا" یہ وادی دوسری وادی کے پانی کو زیادہ کرتی ہے "ومَدَّ نَظَرَهُ إِلَيْهِ" اس نے اس کی طرف بلند نگاہ ڈالی۔ مَدَّ الأَرْضَ: کھاد یا دوسری مٹی ڈالنا......الحَرْفَ: کھینچ کر پڑھنا......الإِبِلَ: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر پلانا......السِّرَاجَ بِالسَّلِيطِ: چراغ میں تیل ڈالنا......فِي السَّيْرِ: گزرنا۔ مَدَّ وأَمَدَّ الرَّجُلَ: مہلت دینا۔ اعانت کرنا۔ فریاد رسی کرنا......هُ فِي غَيِّهِ: گمراہی میں زیادتی کرنا......الجُنْدَ: فوج کی مدد کرنا......النَّهَارُ: دن کا چڑھنا۔ بلند ہونا......الدَّوَاةَ: روشنائی ڈالنا۔ دوات میں روشنائی یا پانی زیادہ کرنا اور ایسا ہی "مَدَّ القَلَمَ" قلم میں روشنائی لگانا۔ أَمَدَّ فِي مِشْيَتِهِ: ناز و انداز سے چلنا۔ أَمَدَّهُ اللّٰهُ فِي الخَيْرِ: زیادہ کرنا......أَجَلَهُ: طویل کرنا اور مؤخر کرنا......فُلَانًا بِمَالٍ: دینا......الكَاتِبَ: قلم میں ایک ڈوبا دینا......البَعِيرَ: پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا کر چکانا......وأَمَدَّ الجُرْحُ: زخم میں پیپ ہونا۔

مَدَّدَ الشَّيْءَ: پھیلانا۔

مَادَّهُ مِدَادًا ومُمَادَّةً: کھینچنا۔ ٹال مٹول کرنا۔ مَادَّهُ الثَّوْبَ: ایک دوسرے کے کپڑے کو کھینچنا۔

تَمَادَّا الثَّوْبَ: باہم مل کر کھینچنا۔

تَمَدَّدَ وامْتَدَّ: پھیلنا۔ انگڑائی لینا۔ تَمَدَّدُوا الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ: کھینچنا۔ اِمْتَدَّ بِهِمُ السَّيْرُ: طویل ہونا......فِي مِشْيَتِهِ: ناز و انداز سے چلنا......إِلَى الشَّيْءِ: دیکھنا......النَّهَارُ: دن کا آدھا ہونا۔

اِسْتَمَدَّ القَوْمُ الأَمِيرَ عَلَى العَدُوِّ: مدد طلب کرنا......مِنَ الدَّوَاةِ: روشنائی لینا۔

المَدُّ: مص۔ سیلاب۔ ج مُدُودٌ۔ مُنْتَهٰی کہا جاتا ہے "بَيْنِي وبَيْنَهُ قَدْرَ مَدِّ البَصَرِ" میرے اور اس کے درمیان منتہائے نظر کی مقدار فاصلہ ہے۔ دن کا بلند ہونا کہا جاتا ہے "أَتَيْتُهُ مَدَّ النَّهَارِ ومَدَّ الضُّحٰى" میں اس کے پاس دن چڑھنے کے وقت آیا۔ مَدُّ البَحْرِ: دریا کا چڑھنا۔

المَدُّ والمَدَّةُ: حرف کو کھینچ کر پڑھنے کی علامت۔

المُدُّ: ایک پیمانہ جس کی مقدار اہلِ عراق کے نزدیک دو رطل اور اہلِ حجاز کے نزدیک ایک اور تہائی رطل ہے۔

المَدَّةُ: مد کا اسم مرۃ۔ قلم کا ایک مرتبہ دوات میں ڈالنا۔

المُدَّةُ: زمانہ کا حصہ قلیل ہو یا کثیر۔ غایت زمانی یا مکانی کہا جاتا ہے "لِهٰذِهِ الأُمَّةِ والأَرْضِ مُدَّةٌ" قلم کا ایک ڈوبا۔ ج مُدَدٌ.

المِدَّةُ: مد کا اسم نوع۔ پیپ۔

المَدَدُ: مدد۔ فریاد رسی کہا جاتا ہے "أَمْدَدْتُهُ بِمَدَدٍ" میں نے اس کو قوت پہنچائی میں نے اس کی اعانت کی۔

المِدَّانُ والإِمِدَّانُ: کھاری یا بہت سخت کھاری پانی۔ وہ زمین جہاں سے پانی رسے۔

المِدَادُ: مص۔ روشنائی۔ گوبر یا کھاد۔ چراغ میں جو تیل ڈالا جائے۔ مثال و طریقہ۔ تم کہتے ہو "هُمْ عَلٰى مِدَادٍ وَاحِدٍ" وہ ایک مثال پر ہیں و "سُبْحَانَ اللّٰهِ مِدَادَ السَّمٰوَاتِ" یعنی آسمان کی تعداد کے مطابق۔

المَادَّةُ: المَادُّ کا مؤنث۔ جس کسی چیز کی ترکیب و قوام ہو۔ المَادَّةُ الأُولٰى: وہ جس سے کسی چیز کا حصول بالقوہ ہو۔ ج مَوَادُّ. مَادَّاتٌ مَوَادُّ اللُّغَةِ: الفاظ لغت۔ مَوَادُّ العِلْمِ: مباحث علم۔

المَادِّيُّ: منسوب إِلَى المَادَّةِ: دہریہ جو اس بات کا قائل ہو کہ صرف مادہ ہی کا وجود ہے۔

الأَمِدَّةُ: تانا۔

الأُمْدُودُ: عادت۔

المَدِيدُ: کھینچا ہوا۔ لمبا۔ کہا جاتا ہے "قَدٌّ مَدِيدٌ" لمبا قد۔ "فُلَانٌ مَدِيدُ القَامَةِ" فلاں لمبے قد کا ہے۔ مؤنث مَدِيدَةٌ. مُدَّةٌ مَدِيدَةٌ: طویل مدت۔ ج مُدُدٌ: چارہ۔ پانی میں جو یا آٹا یا تل ملا ہوا۔ اوزانِ شعر میں سے ایک وزن۔

المُدَيْدَةُ: تھوڑی سی مدت (مدت کی تصغیر)

المَمَدُّ: مصدر میمی۔ چیز کے کھینچنے کی جگہ۔

المُمْتَدُّ: اوزانِ شعر میں ایک وزن جس کو بعض متاخرین نے استعمال کیا ہے۔ وزن اس کا فاعلن فاعلاتن چار مرتبہ ہے۔

المَمْدُودُ: مفع۔ مَالٌ مَمْدُودٌ: بہت مال۔

المَمْدُودُ فِي عِلْمِ الصَّرْفِ: ہر وہ اسم معرب جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ ہو جیسے صحراء۔

مَدَحَهُ (ف) مَدْحًا ومِدْحَةً: تعریف کرنا۔

مَادَحَهُ: تعریف کرنا۔

تَمَدَّحَ: غیر واقعی اوصاف پر فخر کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا......الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔ إِلَى النَّاسِ: اپنی تعریف چاہنا۔

اِمْتَدَحَ فُلَانًا: تعریف کرنا (...... وامَّدَحَ): وسیع ہونا۔

تَمَادَحَ القَوْمُ: ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔

المِدْحَةُ اسم ہے مَدَحَ سے۔ تعریف ج مِدَحٌ.

المَدِيحُ ج مَدَائِحُ. والأُمْدُوحَةُ ج أَمَادِيحُ: تعریف۔

المَمادِح: تعریفیں۔

مَدَخَ (ف) مَدْخًا: بڑا ہونا...... فُلانًا: پوری مدد کرنا۔

مَادَخَہ: خیر یا شر میں مدد کرنا۔

تَمَدَّخَ: تکبر کرنا۔ تَمَدَّخَتِ الْاِبِلُ: اونٹ کا پُر گوشت اور چربی والا ہونا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا بل کھاتی ہوئی چلنا۔

تَمَادَخَ وامْتَدَخَ عَلَیْهِ: ظلم کرنا۔ تَمَادَخَ عَنْهُ: سستی و کاہلی کرنا۔

المَادِخ والمَدِیخ والمِدْیَخ: معظم و معزز۔

المَدُّوخ والمُتَمَادِخ: جلد باز۔

مَدَرَ (ن) مَدْرًا ومَدَرَ المَكَانَ: مٹی سے لیپنا...... الحَوْضَ: حوض کے پتھروں کی جھری کو مٹی سے بند کرنا...... مَدَّرَ: بیٹ کرنا۔

مَدِرَ (س) مَدَرًا: بڑے پیٹ والا ہونا۔

تَمَدَّرَ: لیپا جانا۔ آلودہ ہونا۔

اِمْتَدَرَ. المَدَرَ: ڈھیلا لینا۔

المَدَر: مص۔ مٹی کا ڈھیلا۔ بغیر ریت کا کیچڑ۔ شہر اور دیہات اس لئے کہ اکثر ان کی عمارتیں مٹی کی ہوتی ہیں۔

المَدَرَة: مٹی کا ایک ڈھیلا۔ مَدَرَةُ الرَّجُلِ: مرد کا گھر کہا جاتا ہے فُلانٌ سَیِّدُ مَدَرَتِهِ: فلاں اپنے شہر کا سردار ہے۔

المَدَرِیّ: شہر کا رہنے والا۔

الاَمْدَر: بڑے پیٹ والا۔ بہت پاخانہ کرنے والا جو روکنے سے عاجز ہو۔ پھولے ہوئے پہلوؤں والا جس کے دونوں پہلو خاک آلود ہوگئے ہوں۔ گرد آلود۔

المَدْرَاء: بڑے پیٹ والی۔ بَنُو مَدْرَاء: شہر والے۔

مَكَانٌ مَدِیرٌ ومَمْدُورٌ: لپی ہوئی جگہ۔

المَمْدَرَة والمِمْدَرَة: جہاں سے مٹی کے ڈھیلے لئے جائیں۔

اِبِلٌ مُمَدَّرَة: موٹے اونٹ۔

مَدَسَ (ن) مَدْسًا الجِلْدَ ونَحْوَهُ: کھال وغیرہ کو ملنا۔

مَدِشَ (س) مَدَشًا عَیْنُهُ: بھوک وغیرہ سے چندھیانا...... یَدُهُ: ڈھیلے پٹھوں والا اور کم گوشت ہونا۔ صفت اَمْدَش مؤنث مَدْشَاء ج مُدْش۔

مَدَشَ (ن) مَدْشًا مِنَ الطَّعَامِ: تھوڑا سا کھانا...... لِفُلانٍ مِنَ العَطَاءِ: کم کرنا۔

مَدَّشَ وامْدَشَ: دینا۔

رَجُلٌ مَدَّاشُ الیَدِ: چور۔

المَدْش: مص۔ تھوڑا عطیہ۔

المَدَش: مص۔ گرمی یا بھوک کی وجہ سے چندھیا پن۔ ہاتھ کے پٹھوں کا ڈھیلا پن اور گوشت کی کمی۔ پاؤں کی پھٹن۔ عورت کے پستان میں گوشت کی کمی۔ چہرہ کی سرخی اور سختی۔ بے وقوفی اور کہا جاتا ہے "مَابِهِ مَدْش او مَابِهِ مَدْشَة" اس کو کوئی مرض نہیں۔

المَدِش: بے وقوف۔

المَدْعَة: ناریل کا خول جس میں سے مغز نکال لیا گیا ہو۔

المَدْعِیّ: نسب میں متہم۔

المَیْدَع: سمندر کی چھوٹی مچھلیاں۔

مَدَقَ (ن) مَدْقًا الصَّخْرَةَ: چٹان توڑنا۔

المِدَقْس: ریشم۔

تَمَدَّلَ بِالمِنْدِیلِ: سر پر رومال لپیٹنا یا عمامہ باندھنا۔

المَذْل: کمینہ۔ جما ہوا دودھ۔

المِدْل: سرد کم گوشت لاغر بدن۔

المُدْلُوج: بازو بند۔ مَدْمَدَ: بھاگنا۔

مَدَنَ (ن) مُدُونًا بِالمَكَانِ: اقامت کرنا (غیر مستعمل فعل ہے)...... المَدِینَةَ: شہر میں آنا۔

مَدَّنَ. المَدَائِنَ: شہر آباد کرنا۔

تَمَدَّنَ: شائستہ و مہذب ہونا۔

تَمَدْیَنَ: ناز پروردہ ہونا۔

المَدِینَة: شہر۔ قصبہ۔ ج مُدْن ومُدُن ومَدَائِن۔

المَدِینَة: مدینہ منورہ جس کا نام نبی کریم ﷺ کی [illegible]

السَّلامُ: بغداد۔

المَدَائِن: بغداد کے قریب ایک شہر کا نام جس میں کسریٰ کا محل تھا۔ بڑے ہونے کی وجہ سے جمع کا لفظ اطلاق کیا گیا اور نسبت کے لئے مَدَائِنِی۔

المَدِین: شہر۔

المَدَان: ایک بت کا نام۔

مَدَهَ (ف) مَدْهًا: تعریف کرنا۔ صفت مادہ۔ ج مُدَّه۔

تَمَدَّهَ الرَّجُلُ: تعریف کرنا۔ خود بخود تعریف کرنا۔

مَادَیٰ مُمَادَاةً فُلانًا: مہلت دینا۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ لَا یُمَادِیهِ اَحَدٌ" فلاں کا غایت تک کوئی مقابلہ نہیں کرتا۔

اَمْدَیٰ اِمْدَاءً فُلانًا: مہلت دینا۔ الرَّجُلُ: بڑی عمر والا ہونا۔ بہت دودھ پینا۔

تَمَادَیٰ فِی غَیِّهِ: دیر تک رہنا اور اصرار کرنا...... فِی الاَمْرِ: انتہا کو پہنچنا...... بِنَا السَّفَرُ: سفر کا طویل ہونا۔

المَدَیٰ والمُدْیَة والمِیدَاء: غایت انتہا۔ کہا جاتا ہے "بَلَغَ مَدَی الحَیَاةِ ومُدْیَتَهَا ومِیدَاءَهَا" یعنی زندگی کی انتہا کو پہنچ گیا و "دَارِی مِیدَاءَ دَارِهِ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے "مُدْیَةُ القَوْسِ" کمان کا وسط۔

المُدْیَة والمَدْیَة والمِدْیَة: بڑی چھری۔ ج مُدًی ومِدًی ومُدْیَات ومُدَیَات۔

المُدْیُ: شام و مصر کا ایک پیمانہ جس میں ۱۹ صاع آتے ہیں۔ ج امداء۔

المَدِیّ: جوہڑ۔ حوض کا نکلا ہوا پانی جو گندہ ہوگیا ہو۔ ج اَمْدِیَة۔

الاَمْدَیٰ: اسم تفضیل کہا جاتا ہے "فُلانٌ اَمْدَی العَرَبِ" فلاں عربوں میں سے بہت زیادہ معزز ہے۔

مُذْ: دیکھو مُنْذُ۔

مَذِجَ (س) مَذَجًا وتَمَذَّجَ الشَّیءُ: موٹا ہونا اور پھولنا۔ تَمَذَّجَ الاِنَاءُ: برتن کا بھرنا۔

......البطیخ: خربوزہ کا پانی ہونا۔

مذج تمذیجا الشیٔ: وسیع کرنا۔

مذح (س) مذحا: رگڑ کھانے یا پسینہ آنے سے رانوں یا خصیوں یا سرینوں میں سوزش ہونا۔ صفت امذح.

تمذح الشیٔ: چوسنا۔

الامذح: بدبودار۔

المذح: مص۔ جنگلی انار کے پھول کا شہد۔

تمذح الرجل: چوسنا۔

المذخ: جنگلی انار کے پھول کا شہد۔

مذرت (س) مذرا. البیضۃ: انڈے کا گندا ہونا۔ صفت مذرۃ عوام "موذرت البیضۃ" اور صفت "مموذرۃ" کہتے ہیں۔

مذرت نفسہ او معدتہ: جی متلانا یا معدہ بگڑنا...... الرجل: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنا جانا۔

مذر الشیٔ: پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔

امذرت الدجاجۃ البیضۃ: گندا کرنا۔

تمذر: پراگندہ ہونا۔ بکھرنا۔ تمذرت البیضۃ: انڈے کا گندا ہونا...... المعدۃ: بگڑنا...... النفس: جی متلانا۔ تمذر اللبن: دودھ کا مشکیزہ میں پھٹ جانا۔ کہا جاتا ہے "تفرق القوم شذر مذر" قوم ہر طرف کو بکھر گئی۔

المذر: گندا۔ بگڑا ہوا۔ امرأۃ مذرۃ: گندی عورت۔

الامذر: پانی کے خزانہ کی طرف بہت آنے جانے والا۔

المذار من النساء: چغل خورن۔

مذرق بہ: پھینکنا۔

مذع (ف) مذعا و مذعۃ یمینا: قسم کھانا۔ مذعت المیاہ: پہاڑ کی چوٹی پر بہنا

مذع لفلان: خبر کا کچھ حصہ بیان کرنا اور کچھ چھپانا (...... مذعا) الضرع: تھن کا آدھا دودھ دوہنا۔

تمذع الشراب: آہستہ آہستہ پینا۔

المذاع: جھوٹا۔ بے وفا۔ ایک جگہ قائم نہ رہنے والا۔ راز کو نہ چھپانے والا۔

مذق (ن) مذقا اللبن: دودھ میں پانی ملانا

...... فلانا و لفلان: پانی ملا ہوا دودھ پلانا

...... الود: خالص دوستی نہ کرنا۔

امتذق و امذق الشراب او اللبن: شراب یا دودھ کا پانی سے ملنا۔

لبن مذق و مذیق و ممذوق: پانی ملا ہوا دودھ۔ رجل مذق: ملول و رنجیدہ مرد۔

المذاق: غیر خالص دوستی کرنے والا۔

مذل (ن) مذلا و مذالا و مذل (ن) مذلا بسرہ: زچ ہو کر بھید کو ظاہر کر دینا (...... و مذلت (ک) مذالۃ) نفسہ بالشیٔ: فیاضی کرنا۔ جواں مردی کرنا۔ صفت مذیل: کہا جاتا ہے "مذل بمالہ و مذل بنفسہ" اس نے مال یا نفس کی سخاوت کی۔ مذلت رجلہ: پاؤں کا سن ہونا۔

امذلہ: تنگ دل کرنا۔ زچ کرنا۔ امذلت رجلہ: پاؤں کا سن ہونا۔

امذل امذلالا: سست و ڈھیلا ہونا۔

امذلت رجلہ: پاؤں کا سن ہونا۔

المذل: مص۔ سستی و ڈھیلا پن اور کہا جاتا ہے "فلان مذل الید او النفس" فلاں سخی و کریم ہے۔

المذل: چھوٹے جسم والا۔

المذل و المذیل: بے قرار۔ زچ ہونے والا۔ راز کو ظاہر کر دینے والا۔ مذیل کی جمع مذلی.

المذل و المازل: وہ شخص جس کا دل کسی چیز سے بھر جائے اور وہ اس کو چھوڑ کر دوسری چیز کی امید لگائے کہا جاتا ہے "ھو مذل بمھجتہ" وہ اپنی روح کی سخاوت کرنے والا۔

المذلۃ: کھجور کی گٹھلی۔ چٹان کا گڑھا۔

الممذل: جو بھید کے چھپانے سے زچ ہو جائے۔ بہت بے حس پاؤں والا۔

مذمذ مذمذۃ الرجل: جھوٹ بولنا۔

الملماذ: بہت چلانے والا۔ باتونی۔ مؤنث ملماذۃ.

المذمیذ: جھوٹ بولنے والا۔

مذی یمذی مذیا و مذی الفرس: گھوڑے کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔

مذی یمذی و امذی الرجل: مذی نکلنا۔

امذی الفرس: گھوڑے کو چرنے کے لئے چھوڑنا۔ کہا جاتا ہے "امذ بعنان فرسک" یعنی اپنے گھوڑے کی لگام کو چھوڑ دے۔

امذی الشراب: زیادہ پانی ملانا۔

المذی: پانی جو حوض کی نالی سے نکلے۔ مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔

الممذی: حوض میں پانی بہنے کی جگہ...... والممذی: مذی جو ملاعبت یا بوسہ لینے کے وقت نکلے۔

المذیانات: پانی بہنے کی جگہ۔ یادہ پیداوار جو پانی بہنے کی جگہ ہو۔

الماذی: شہد۔ لوہے کا ہر قسم کا ہتھیار۔

الماذیۃ: آسانی سے حلق سے نیچے اترنے والی شراب۔ نرم یا سفید زرہ۔

المذیہ و المذیۃ: آئینہ۔ ج مذاء و مذیات.

مر (ن) مرا و مرورا و ممرا: گزرنا۔ جانا مرہ و مر بہ و مر علیہ: گزرنا۔

مر (ن) مرا. البعیر: اونٹ کے رسی باندھنا۔

مر یمر مرا و مرۃ. بفلان: صفرا کا غلبہ ہونا۔ صفت ممرور.

مر (س ن) مرارۃ: کڑوا کرنا۔

مرر الشیٔ: کڑوا ہونا۔ زمین پر پھیلانا۔

امر فلانا بکذا: گزارنا...... الحبل: رسی بٹنا اور اسی سے ہے "ما زال فلان یمر علیہ" فلاں اس کے ساتھ لپٹا رہا تاکہ اسے پٹک دے "و فلان ذو نقض و امرار" یعنی فلاں صاحب حل و عقد ہے امر الشیٔ: کڑوا ہونا ...... الشیٔ: کڑوا کرنا۔ امرہ علی الجسر: اس نے اسے پل پر سے گزارا۔ ...... یدہ

عَلٰی الشَّیْءِ: ہاتھ پھیرنا اور کہا جاتا ہے "مَا اَمَرَّ فُلَانٌ" و "مَا اَحْلٰی" یعنی فلاں نے نہ کڑوی بات کی نہ میٹھی۔ "وَمَا یُمِرُّ وَمَا یُحْلِی" یعنی نہ ضار ہے نہ نافع۔

مَارَّ مِرَارًا وَمُمَارَّةً عَلَی الْاَرْضِ: کھینچنا۔ الرَّجُلَ: پچھاڑنے کے لئے لپٹنا۔ ساتھ گزرنا۔

اِمْتَرَّ بِہٖ وَعَلَیْہِ: گزرنا۔

تَمَارَّ الْقَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ گزرنا۔

تَمَارَّ مَا بَیْنَھُمْ: ایک دوسرے کے ساتھ بغض و دشمنی رکھنا کہا جاتا ہے "ھُمَا یَتَمَارَّان" وہ دونوں کشتی لڑ رہے ہیں۔

اِسْتَمَرَّ: گزرنا۔ جانا۔ ایک حالت پر باقی رہنا۔ ہیشگی کرنا...... بِہٖ عَلٰی کَذَا: باقی رکھنا۔ ثابت رکھنا...... الرَّجُلُ: درست معاملہ ہونا...... الشَّیْءُ: کڑوا پانا...... بِالشَّیْءِ: حملہ کرنے میں قوی ہونا۔

الْمَرُّ: مص۔ رسّی۔ پھاوڑی۔

الْمُرُّ: کڑوا۔ ایک قسم کی دوا جو ایک درخت سے نکل کر جم جاتی ہے جس کا مزا کڑوا ہوتا ہے اور بو اچھی ہوتی ہے۔ مُرُّ الصَّحَارَیٰ: اندرائن۔

الْمَرَّۃُ: ایک بار۔ ج مَرٌّ وَمِرَارٌ وَمِرَرٌ وَمُرُوْرٌ وَمَرَّات.

الْمِرَّۃُ: مص۔ وہ حالت کہ جس پر کوئی چیز ہمیشہ رہے۔ رسّی کی لڑی۔ جسم کی توانائی۔ ذہانت۔ ج مِرَر جج اَمْرَار: صفرا یا سودا۔ ج مِرَار. الْمِرَّۃُ: بٹنا۔ کہا جاتا ہے "حَبْلٌ شَدِیْدُ الْمِرَّۃِ" مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔ ذو مرۃ: لقب حضرت جبرئیل علیہ السلام کا۔

الْمُرَّۃُ. الْمُرُّ: کا مؤنث۔ کڑوی۔ ج مَرَائِر: بہت بخیل۔ ایک قسم کی سبزی۔ ج مُرٌّ وَاَمْرَار. اَبُوْ مُرَّۃَ: کنیت ابلیس عَلَیْہِ اللَّعْن کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنْہُ الْمُرَّتَیْنِ" شر کو اور بڑے امر کو۔

الْمَرَارَۃُ: پتا۔ ج مَرَائِر و مَرَارَات: تلخی۔

الْمُرَیْرَاء: ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے اور پھینک دیا جاتا ہے۔ نازک اندام لڑکی۔

الْمَارُوْرَۃ: نازک اندام لڑکی۔ ایک قسم کا کالا دانہ جو گیہوں میں ہوتا ہے۔

الْمُرِّیُّ: سالن۔ چٹنی۔ ایک قسم کی دوا۔

الْمُرَارُ: ایک درخت ہے جس کو عوام الْمُرَیْر کہتے ہیں اونٹ جب اس کو کھاتا ہے تو اس کے ہونٹ سکڑ جاتے ہیں اور دانت نکل آتے ہیں۔

الْمَرِیْر وَالْمَرِیْرَۃ: پختہ ارادہ...... مِنَ الْحِبَالِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ اَمْرٌ مَرِیْرٌ: مضبوط معاملہ۔ رَجُلٌ مَرِیْرٌ: قوی پختہ ارادہ والا۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَمَرَّ مَرِیْرٌ" یعنی ضعف کے بعد قوی ہو گیا۔

"وَاسْتَمَرَّتْ مَرِیْرَتُہٗ عَلٰی کَذَا" جبکہ کوئی شخص کسی چیز کا عادی ہو جائے۔ الْمَرِیْرَۃ: عزت نفس۔ رسّی کی لڑی۔ ج مَرَائِر.

الْاَمَرُّ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اَمَرُّ عَقْدًا مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں سے زیادہ عہد کا پابند ہے۔ مؤنث مُرّٰی. الْاَمَرُّ: گوبر جمع ہونے کی آنتیں (اور یہ اسم جمع ہے)

الْاَمَرَّانِ: فقر اور بڑھاپا یا انہیں کے مانند کہا جاتا ہے "لَقِیَ مِنْہُ الْاَمَرَّیْنِ" یعنی اس نے اس سے سختی اور تلخی دیکھی۔

الْمَمَرُّ: مص۔ گزرگاہ۔

الْمُمَرُّ: مفع۔ بہت مضبوط بٹی ہوئی رسّی۔

قِرْبَۃٌ مَمْرُوْرَۃٌ: بھری ہوئی خشک۔

مَرَأَ وَمَرِئَ (س) وَمَرُؤَ (ک) مَرَاءَۃً. الطَّعَامُ: خوشگوار ہونا اور "ھَنَانِیْ وَمَرَانِیْ الطَّعَامُ" اتباع کی بنا پر کہا جاتا ہے اور اگر بغیر ہنانی کے کہنا ہو تو اَمْرَأَنِی باب افعال سے کہا جائے گا۔

مَرَأَ (ف) مَرْءًا. الرَّجُل: کھانا۔ (...... وَاَمْرَأَ) الطَّعَامُ فُلَانًا: نافع و مفید ہونا۔

مَرِئَ (س) مَرْءًا: بول چال یا ہیئت میں عورت کی مانند ہونا۔

مَرُؤَ (ک) مُرُوْءَۃً فَھُوَ [illegible] صاحب مروت ہونا۔

(مَرَاءَۃً) الْمَکَانُ: اچھی ہوا کا ہونا۔

مَرَّأَہٗ: کسی کو ھَنِیْئًا مَرِیْئًا کہنا۔

تَمَرَّأَ: بتکلف مروت کرنا۔ صاحب مروت ہونا کہا جاتا ہے "فُلَانٌ یَتَمَرَّأُ بِنَا" فلاں ہمارے عیب یا نقصان کے ذریعے نخوت چاہتا ہے۔

اِسْتَمْرَأَ الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔ خوشگوار پانا۔

الْمَرْءُ مثلثۃ المیم: مرد۔ ج رِجَالٌ (من غیر لفظہ) اور مَرْؤُوْن بھی سنا گیا ہے اور نسبت کے لئے مَرْئِیٌّ مؤنث مَرْاَۃٌ وَمَرَۃٌ.

اِمْرُؤٌ: مرد۔ ہمزہ وصل کے ساتھ اور را کی حرکت آخر کی حرکت کے مطابق ہوتی ہے۔ تم کہو گے جَاءَ اِمْرُؤٌ رَاَیْتُ اِمْرَأً مَرَرْتُ بِامْرِئٍ: اور ہر حالت میں ضمہ و فتحہ بھی جائز ہے۔ مؤنث اِمْرَأَۃٌ ج نِسَاءٌ وَنِسْوَۃٌ (من غیر لفظھا) اور جب تصغیر بنائیں گے تو ہمزہ وصل ساقط ہو جائے گا۔ کہا جائے گا مُرَیْءٌ وَمُرَیْئَۃٌ اور اِمْرِئٌ: پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا اور اِمْرَأَۃٌ پر شاذ و نادر داخل ہوتا ہے۔

الْمَرْاَۃُ. مَرْءًا: کا اسم مرۃ۔ مَرِئَ الطَّعَامُ: کا اسم۔

الْمُرُوْءَۃ: نخوت۔ کامل مردانگی۔ مصباح میں ہے کہ مُرُوْءَۃ: ان آداب نفسانیہ کو کہتے ہیں جو انسان کو اخلاق حسنہ اور آداب جمیلہ پر برانگیختہ کریں۔ اور کبھی ہمزہ کو واؤ سے بدل کر ادغام کر دیتے ہیں اور کہتے ہیں مُرُوَّۃ.

الْمَرِیْءُ: نرخرہ۔ ج مُرُؤٌ وَاَمْرِئَۃٌ: صاحب مروت کہا جاتا ہے "طَعَامٌ مَرِیْءٌ" خوشگوار کھانا۔ وَکَلَأٌ مَرِیْءٌ: بدہضمی نہ کرنے والی گھاس۔ و "ھَنِیْئًا مَرِیْئًا" کھانے پینے والے کے لئے دعا ہے۔ یعنی رچتا پچتا کھاؤ۔

الْمَرِیْئَۃ. مَرِیْءٌ: کا مؤنث۔ اَرْضٌ مَرِیْئَۃٌ: اچھی ہوا والی زمین۔

مَرَثَ (ض) مَرْثًا. الشَّیْءَ: نرم و ملائم کرنا۔

کرنا۔

المَرْت: مص س(.....والمَرُوْت): جنگل جس میں سبزی نہ ہو اور کہا جاتا ہے أَرْضٌ مَرْتٌ: زمین سبزی سے خالی۔ ج أَمْرَات ومُرُوْتٌ وأَمَارِيْت رَجُلٌ مَرْتٌ: مرد جس کی ابروؤں پر بال نہ ہوں۔ مَرْتُ الْجَسَد: وہ شخص جس کے جسم پر بال نہ ہوں۔ غُلَامٌ مَرْتُ الْعِذَار: لڑکا جس کی مسیں نہ بھیگی ہوں۔

أَرْضٌ مَمْرُوْتَة: زمین سبزی سے خالی۔

المُرُوْتَة. المَرْت: کا اسم۔ زمین کا سوکھا پن۔

مَرَثَ (ن ض) مَرْثًا الشَّيْءَ: نرم کرنا...... الصَّبِيُّ اصْبَعَه: بچے کا انگلی چبانا..... ثَدْيَ أُمِّه: چوسنا..... الرَّجُلُ الرَّجُلَ: مارنا...... الدَّوَاءَ فِي الْمَاءِ: دوا بھگونا۔ مَرَثَ التَمر بِيَدِه فِي الْمَاءِ: بھگونا اور ریزہ ریزہ ہونے کے لئے ہلانا۔

مَرِثَ (س) مَرَثًا عَلَى الْخِصَام: صابر و بردبار ہونا۔ صفت مَرِثٌ ومِمْرَث. ج مَمَارِث.

مَرَثَ الثَّرِيْدَ: ثرید کو ریزہ ریزہ کرنا۔

مَرِجَ (س) مَرَجًا الْأَمْرُ والعَهْدُ والأَمَانَةُ والدِّين: خراب ہونا۔ فاسد ہونا...... الخَاتَمُ فِي الأَصْبَع: انگوٹھی کا انگلی میں ڈھیلا ہونا۔

مَرَجَ (ن) مَرْجًا الدَّابَّةَ: چوپایہ کو چراگاہ میں چرنے کے لئے چھوڑنا۔ مَرَجَتِ الدَّابَّةُ: چوپایہ کا چراگاہ میں چرنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَجَ لِسَانَه فِي أَعْرَاضِ النَّاس" اس نے لوگوں کی مذمت اور غیبت میں زبان چلائی۔ مَرَجَ الْكِذْبَ: جھوٹ میں ملوث ہونا...... السُّلْطَانُ رَعِيَّتَهُ: فساد کرنے دینا۔ مَرَجَ الأَمْرَ: ضائع کرنا۔ مضبوط نہ کرنا...... الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ: ملانا۔

أَمْرَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کو آزادی سے چرنے دینا...... الشَّيْءَ: ملانا...... العَهْدَ: پورا نہ کرنا۔ أَمْرَجَتِ النَّاقَةُ: جنین کو خون بستہ ہو جانے کے بعد گرادینا۔

المَرْج: مص۔ چراگاہ۔ ج مُرُوْج.

المَارِج: فا۔ بہت بھڑکنے والا شعلہ۔ بے دھوئیں کا انگارہ۔

المَرَّاج: باتوں میں زیادتی کرنے والا اور جھوٹ بولنے والا۔

المَرْجَان: چھوٹے موتی۔ واحد مَرْجَانَة: مونگا۔

المَرِيْج: سفید چھوٹی ہڈی جو سینگوں کے درمیان ہوتی ہے۔ ج أَمْرِجَة. أَمْرٌ مَرِيْج: گڑبڑ و بے ترتیب معاملہ۔ سَهْمٌ مَرِيْج: ہلتا ہوا تیر۔ غُصْنٌ مَرِيْج: شاخوں میں گھسی ہوئی شاخ۔

المِمْرَاج: وہ شخص جس کے اُمور مستحکم نہ ہوں۔ کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ مِمْرَاجٌ" وہ اونٹنی جس کو جنین گرادینے کی عادت ہوگئی ہو۔

مَرِحَ (س) مَرَحًا ومَرَحَانًا الزَّرْعُ: کھیتی میں خوشہ نکلنا...... السَّحَابُ: بادل کا برسانا۔ مَرِحَتْ عَيْنُه: آنکھ کا خراب ہونا اور پانی بہنا...... الْعَيْنُ بِمَائِهَا وقَذَاهَا: آنکھ کا پانی بہانا۔ مَرِحَ الرَّجُلُ: بہت زیادہ خوش ہونا۔ اِترانا۔ ناز سے چلنا۔ صفت مَرِحٌ. ج مَرْحَى ومَرَاحَى. ومِرِّيْح ج مِرِّيْحُوْن کہا جاتا ہے "لَا تَمْرَحْ بِعِرْضِك" اپنی آبرو کے درپے نہ ہو۔

مَرَّحَ الْجِلْدَ: کھال پر تیل ملنا...... المزادَةَ الْجَدِيْدَة: پانی بھر دینا تاکہ درز بند ہو جائے۔ البُرَّ: گیہوں صاف کرنا...... المُهْرَ: بچھیرے کو سدھانا...... الرَّجُلُ: بڑی جنگ میں شامل ہونا۔

أَمْرَحَ: اِترانے میں برانگیختہ کرنا۔ أَمْرَحَ الْكَلَأُ الفَرَسَ: نشاط میں ڈالنا۔

المِرَاح: نشاط و شادمانی۔ اتراہٹ۔ خرام ناز۔

مَرْحَى: کلمہ تعجب ہے جو تیرانداز کے لئے کہا جاتا ہے جب کہ تیر نشانہ پر لگے اور اسی کے مانند ہے "مَرْحَبًا"

المَرْحَى: بڑی لڑائی (مادہ رح ی سے)

المِرْحَة. مَرَح: کا اسم نوع۔ خشک انگور کا ڈھیر۔

المَرُوْح: شراب۔ چست و چالاک گھوڑا۔ قَوْسٌ مَرُوْحٌ: اچھے طریقہ سے تیر پھینکنے والی کمان۔

المِمْرَح والمِمْرَاح: چست۔ خوش وخرم۔

المِمْرَح والمِمْرَاح: بہت آنسوؤں والی آنکھ بہت جلد اُگانے والی زمین۔

المُمَرِّح: مفع۔ كَرْمٌ مُمَرِّح: ٹٹی پر پھیلی ہوئی انگور کی بیل۔

التِّمْرَاحَة: بہت خوش وخرم کہا جاتا ہے "هُوَ تِلْعَابَة تِمْرَاحَة" وہ بہت کھلاڑی اور بہت خوش وخرم ہے۔

مَرْحَبَ فُلَانًا وبِه: مرحبا کہنا۔ خوش آمدید کہنا...... اللّٰهُ فُلَانًا: وسعت و گنجائش میں رکھنا......ہ: وسعت کی طرف بلانا۔

مَرَخَ (ف) مَرْخًا: مذاق کرنا...... جَسَدَهُ بِالدُّهْنِ: جسم پر تیل ملنا۔

مَرِخَ (س) مَرْخًا. العُرْفُجُ: طویل شاخ اور اچھے پتوں والا ہونا۔ صفت مَرِخٌ.

مَرَّخَه: تیل ملنا۔ مَرَّخَ وأَمْرَخَ. العَجِيْنَ: خمیر کو پانی ملا کر ڈھیلا کرنا۔

تَمَرَّخَ بِالدُّهْنِ: اپنے آپ کو تیل ملنا۔

المَرْخ: مص۔ ایک قسم کا درخت جو جلدی آگ پکڑ لیتا ہے۔

المَرُوْخ: مالش کرنے کی چیز۔

المَارِخ: فا۔ مَاءٌ مَارِخٌ: بہتا ہوا پانی۔ رَجُلٌ مَارِخٌ: پانی بہانے والا مرد۔

المِمْرَخ والمِمْرِيْخ: بہت تیل لگانے والا بے وقوف...... مِنَ الشَّجَرِ: نرم و پتلا۔

المِرِّيْخ: سبعہ سیارہ سے ایک ستارہ کا نام جس کو ہندی میں منگل اور فارسی میں جلاد فلک کہتے ہیں۔

المُرْخَة: کچی کھجور۔ ج مُرَخ.

المُرَّخ: دم پونچھ۔

المَرِيْخ: سینگ کے اندر چھوٹا سینگ۔ ج

أمْرِخَة.
ثَوْرٌ أمْرَخ: سپید سرخ داغ والا بیل۔
المَرْخاء: چست تیز چلنے والی اونٹنی۔
مَرَدَ (ن) مُرُوْدًا و مَرُدَ (ک) مَرَادَةً و مُرُوْدَةً: سرکشی کرنا۔ نافرمانی کرنا۔ ہمسروں سے سبقت لے جانا۔ مَرَدَ عَلَی النِّفَاقِ و نَحوِهٖ: نفاق وغیرہ پر مداومت کرنا۔
مَرَدَ (ن) مَرْدًا الشَّيءَ: نرم کرنا اور صاف کرنا۔ کاٹنا...... فُلانًا: ہتک عزت کرنا...... الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا...... الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: ہاتھوں سے ملنا...... المَلّاحُ السَّفِيْنَةَ: کشتی کو چپو سے چلانا...... الشَّيءُ فِي المَاءِ: پانی میں ملنا...... الغُصْنَ: ٹہنی کی چھال چھڑانا۔
مَرِدَ (س) مَرَدًا و مُرُوْدَةً. الغُلامُ: لڑکے کے دیر تک بے داڑھی کے رہنا...... الرَّجُلُ: دودھ میں بھیگی ہوئی کھجور کھانے کی مداومت کرنا۔
مَرَّدَ تَمْرِيْدًا و تَمْرَادًا الغُصْنَ: ٹہنی سے پتے جھاڑ دینا...... البِنَاءَ: عمارت کو ہموار و چکنا کرنا۔ لمبی کرنا...... لِلْحَمَامِ تَمْرَادًا: کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے بنانا۔
تَمَرَّدَ: مدت تک بے داڑھی کے رہنا۔ نافرمانی کرنا...... عَلَی النَّاسِ: سرکشی کرنا...... الرَّجُلُ: ہمسروں سے بڑھ جانا۔ تکبر کرنا۔ سرکشوں کے پاس آنا۔
المَرَاد والمُرَاد: گردن۔ ج مَرَادِيْد.
المَرْد: پیلو کا تازہ پھل۔
المُرْدِيّ: کشتی چلانے کا چپو۔ ج مَرَادِيّ.
المَارِد: ف۔ سرکش۔ بلند۔ کہا جاتا ہے "بِنَاءٌ مَارِدٌ" بلند عمارت (اور یہ مجاز ہے) ج مَرَدَة و مَارِدُوْنَ و مُرَّاد.
المِرِّيْد: سخت سرکش۔ بڑا شریر۔ ج مُرَدَاء
المَرِيْد: دودھ میں بھگوئی ہوئی کھجور۔
الأمْرَد: بے داڑھی کا جوان۔ فَرَسٌ أمْرَدُ: گھوڑا جس کے کھر کے اردگرد بال

ہوں۔ مؤنث مَرْدَاء ج مُرْد کہا جاتا ہے "مُرْدٌ عَلَی جُرْدٍ" کم بال والے گھوڑوں پر بے داڑھی مونچھ کے جوان۔
المَرْدَاء: بے پتوں کا درخت۔ بنجر ریگستان۔ بنجر زمین۔ ج مَرَادٍ.
التِّمْرَاد: کبوتروں کی کابک میں چھوٹے چھوٹے خانے۔ ج تَمَارِيْد.
المِرِّيْد: سخت سرکش۔
المَرْدَقُوْش: دونا مروا۔ زعفران۔ رَجُلٌ مَرْدَقُوْش: نرم کان والا مرد۔
مَرَذَ (ن) مَرْذًا. الخُبْزَ: روٹی کو نرم کرنے کے لئے ملنا۔
مَرَزَهٗ (ن) مَرْزًا: کاٹنا۔ آہستہ آہستہ چٹکی لینا جس میں تکلیف نہ ہو اور جب تکلیف ہو تو اسے قرص کہتے ہیں...... الرَّجُلَ: عیب لگانا۔ ہاتھ سے مارنا...... الشَّيءَ: ٹکڑا کرنا...... الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ: بچے کا دودھ پیتے ہوئے پستان پر ہاتھ مارنا۔
مَارَزَهٗ مُمَارَزَةً: مشق کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔
اِمْتَرَزَ. عِرْضَهٗ: عیب لگانا...... شَرِيْكَهٗ: شریک کے مال کو اپنے مال سے جدا کرنا...... مِنْ مَالِهٖ مَرْزَةً: کچھ لے لینا۔
المُرْزَة والمِرْزَة: حصہ۔ ٹکڑا۔
المِرْزَتَان: لوسے اوپر ابھرا حصہ۔
المُرْزَة: ایک شکاری پرندہ جس کو عُقَيْب بھی کہتے ہیں۔
عِرْضٌ مَرِيْزٌ: آبرو جس کی بے عزتی ہوئی ہو۔
المَرْزُبَان عِنْدَ الفُرْسِ: رئیس۔ سردار۔ چودھری ج مَرَازِبَة. والمَرْزُبَةُ عِنْدَهُمْ: سرداری۔
المَرْزَنْجُوش: دونا مروا۔
مَرَسَ (ن) مَرْسًا الدَّوَاءَ: پانی میں بھگونا اور ملنا...... الصَّبِيُّ اِصْبَعَهٗ: بچے کا انگلی کو منہ میں ڈال کے چوسنا...... يَدَهٗ بِالمِنْدِيْلِ: [illegible] البَكَرَةُ [illegible]

سے اتر کر ایک جانب ہو جانا۔
مَرِسَتْ (س) مَرَسًا البَكَرَةُ: رسی کا چرخی اور ادھر ادھر کی لکڑی کے درمیان پھنس جانا۔ کہا جاتا ہے "مَرِسَتْ حِبَالُهٗ" یعنی اس کے امور گڑبڑ ہو گئے۔ مَرِسَ الرَّجُلُ: کاموں میں بہت مشغولیت والا ہونا۔
مَارَسَ مِرَاسًا و مُمَارَسَةً الأمْرَ: مشق کرنا۔ محنت کرنا۔ ہمیشگی کرنا۔ مہارت پیدا کرنا۔ خود کو کسی کام میں لگانا۔
أمْرَسَ. حَبْلَ البَكَرَةِ: چرخی پر رسی کو دوبارہ چڑھانا۔
تَمَرَّسَ و امْتَرَسَ بِالشَّيءِ: رگڑنا۔ تَمَرَّسَ بِالطِّيْبِ: خوشبو سے لت پت ہونا...... بِالرَّجُلِ: برائی کے درپے ہونا...... بِدِيْنِهٖ: دین سے کھیلنا...... بِالشَّيءِ: مارنا...... بِالنَّوَائِبِ و الخُصُوْمَاتِ: حوادثات اور جھگڑوں کا عادی ہونا۔ اِمْتَرَسَ الخُطَبَاءُ و الألْسُنُ فِي الخُصُوْمَةِ: خصومت میں اپنی بات پر اڑے رہنا۔
تَمَارَسَ القَوْمُ فِي الحَرْبِ: باہم جنگ و پیکار کرنا۔
المَرْس: مص۔ لگاتار چال۔
المَرِس: کاموں میں زیادہ مشغولیت رکھنے والا۔ جنگ آزمودہ۔ رسی جو چرخی سے علیحدہ ہو جائے۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَی مَرِسٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی اخلاق کے ہیں۔ ج أمْرَاس.
المَرَسَة: رسی۔ ج مَرَس و جج أمْرَاس.
أمْرَاسُ المَرْكَبِ: سواری کی رسیاں۔
المِرَاس و المَرَاسَة: طاقت۔ سختی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ سَهْلُ المِرَاسِ" وہ نرم مزاج ہے۔ اور اس کے مقابلہ میں صَعْبُ المِرَاسِ کہا جاتا ہے۔
المَرَّاس: مضبوط۔ طاقت ور۔ کہا جاتا ہے "لَيْلَةٌ مَرَّاسَةٌ" سخت اور تھکا دینے والی رات۔
المَرْوَس: چرخی جس سے رسی ایک طرف کو

کرتی ہو۔

المَرِیْس: پانی میں بھگوئی ہوئی کھجوریں وغیرہ۔

المَارِسْتَان والمَارَسْتَان: شفاخانہ ج مارِستانات (دخیل)

مَرَشَ (ن) مَرْشًا وَجْهَهٗ: چہرہ نوچنا۔ کھرچنا۔ منہ سے کاٹنا۔ چٹکی لینا...... ہٗ: کلام سے ایذا پہنچانا۔ مَرَشَ المَاءُ: پانی بہنا۔

اِمْتَرَشَ الشَّیْءَ: کھینچنا۔ اُچک لینا...... لِعِیَالِهٖ: کمائی کرنا...... الشَّیْءَ: جمع کرنا۔

المَرْش: مص۔ بارش سے صاف شدہ زمین۔ وہ زمین جو تھوڑی سی بارش میں بہہ نکلے۔ ج مُرُوْش وَأَمْرَاش. المَرْش: پہاڑ کا پست حصہ۔

الأَمْرَش: بہت شریر۔ مؤنث مَرْشَاء ج مُرْش. المَرْشَاء: ہر پاگل کٹ کھنا جانور۔ مختلف قسم کی گھاسوں والی زمین۔

المَرَّاش: بہت کماؤ۔

التَّمْرِیْش: تھوڑی بارش۔

مَرَصَ (ن) مَرْصًا الثَّدْيَ ونَحْوَهٗ: پستان کو انگلیوں سے دبانا۔

مَرَصَ (ن) مَرْصًا الرَّجُلُ: سبقت کرنا۔ آگے بڑھ جانا۔

تَمَرَّصَ القِشْرُ عَنِ الشَّعِیْرِ ونَحْوِهٖ: جو وغیرہ سے چھلکا اتر جانا۔

المَرُوْص: تیز رفتار اونٹنی۔

مَرِضَ (س) مَرَضًا ومَرْضًا: بیمار ہونا۔ صفت مَرِضٌ ومَرِیْضٌ ومَارِضٌ.

مَرَّضَهٗ: علاج کرنا۔ تیمارداری کرنا۔ مریض کر دینا۔ مَرَّضَ فِي الأَمْرِ: کاہل ہونا۔ کمزور ہونا۔ مضبوطی سے نہ کرنا...... البُرَّ: گیہوں بکھیرنا۔

أَمْرَضَ: مریض ہونا...... اللّٰهُ فُلَانًا: مریض بنانا...... ہٗ: مریض پانا۔ کہا جاتا ہے "أَتَیْتُ زَیْدًا فَأَمْرَضْتُهٗ" میں زید کے پاس آیا تو میں نے اس کو مریض پایا...... أَجْفَانَهٗ: پلکوں کو پست کرنا...... الرَّجُلُ: حاجت برآری کے قریب ہونا۔ القَوْمُ: مریض چوپائے والے ہونا۔

تَمَرَّضَ: کام میں کمزور ہونا [illegible]

تَمَارَضَ: بتکلف مریض بننا...... فِي أَمْرِهٖ: کمزور ہونا۔

المَرَضُ والمَرْضُ: بیماری ج أَمْرَاض کہا جاتا ہے "بِهٖ مَرْضَةٌ شَدِیْدَةٌ" یعنی اسے سخت مرض ہے۔

المَرِیْض ج مَرْضَی والمَرِض ج مِرَاض بیمار۔ قَلْبٌ مَرِیْضٌ: کمزور دین والا۔ رَأْيٌ مَرِیْضٌ: کمزور رائے۔ عَیْنٌ مَرِیْضَةٌ: کمزور آنکھ۔ رِیْحٌ مَرِیْضَةٌ: سست ہوا۔ لَیْلَةٌ مَرِیْضَةٌ: رات جس میں ستارے دکھائی نہ دیں۔ أَرْضٌ مَرِیْضَةٌ: تنگ زمین۔ چٹیل زمین۔ بہت فتنہ فساد جنگ و جدال والی زمین۔ شَمْسٌ مَرِیْضَةٌ: بادل وغیرہ کی وجہ سے اچھی طرح سے روشنی نہ دینے والا آفتاب۔ مَرِیْضَةٌ کی جمع مِرَاض و مَرْضَی.

المِمْرَاض: بہت بیماری والا۔

المَمْرُوْض والمُمْرَض: بیمار۔

مَرَطَ (ن) مَرْطًا ومُرُوْطًا. الشَّعْرَ أو الرِّیْشَ: بال یا پر نوچنا...... الشَّیْءَ: جمع کرنا...... بِسَلْحِهٖ: پاخانہ کرنا۔ مَرَطَتِ المَرْأَةُ بِوَلَدِهَا: جننا (...... مَرْطًا ومُرُوْطًا) الرَّجُلُ: جلدی کرنا...... فُلَانًا: ٹھکانا دینا۔ مَرَطَ الثَّوْبَ: آستینوں کو چھوٹا کر کے چادر کی مانند بنانا۔

مَرِطَ (س) مَرَطًا: کم بالوں والا ہونا۔

أَمْرَطَ الشَّعْرُ: بال کا نوچنے کے قابل ہونا۔ أَمْرَطَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما سے کچی کھجوریں گرانا...... النَّاقَةُ: اونٹنی کا چلنے میں تیز ہونا۔

مَارَطَهٗ مُمَارَطَةً: ایک دوسرے کے بال نوچنا۔

تَمَرَّطَ وامَّرَطَ وانْمَرَطَ الشَّعْرُ: بال گرنا۔ تَمَرَّطَ السَّهْمُ: تیر کا پر سے خالی ہونا۔

اِمْتَرَطَ الشَّیْءَ: اچک لینا۔

المِرْط: ہر بے سلا ہوا کپڑا۔ اون یا ریشم کی چادر۔ ج مُرُوْط.

الأَمْرَط: کم بال والا بھیڑیا جس کے بال نچے ہوئے ہوں۔ چور۔ مؤنث مَرْطَاء ج مُرْط شَجَرَةٌ مَرْطَاءُ: بے پتوں کا درخت۔ سَهْمٌ مَرِیْطٌ ومِرَاطٌ وأَمْرَطُ: بے پر کا تیر۔

المُرْط مِنَ السِّهَامِ: بے پر کا تیر کہا جاتا ہے "سَهْمٌ مُرْطٌ" ج أَمْرَاط ومِرَاط.

المُرَاطَة: جو بال نوچنے یا کنگھی کرنے میں گرے۔ المَرُوْط: تیز رفتاری۔ فَرَسٌ مَرَطَی: تیز رفتار گھوڑا۔

المِمْرَطَة مِنَ النُّوْقِ: تیز رفتار اونٹنی۔ ج مَمَارِط.

المُرَیْطَی: حلق کا کوا۔

المُرَیْطَاء: ناف یا سینہ اور پیڑو کے درمیان بغل۔ داڑھی بچہ کے گرد اگرد۔

المِرْطَاوَان: داڑھی بچہ کے گرد اگرد۔

مَرَعَ (ف) مَرْعًا رَأْسَهٗ بِالدُّهْنِ: سر پر تیل ملنا...... شَعْرَهٗ: بال میں کنگھی کرنا۔

مَرِعَ (س) مَرَعًا ومَرُعَ (ک) مَرَاعَةً المَكَانُ: سرسبز ہونا...... الرَّجُلُ: خوش حال ہونا مَرِعَ (س) مَرَعًا...... الرَّجُلُ: سبزہ زار میں پہنچنا۔

أَمْرَعَ المَكَانُ: سرسبز ہونا...... رَأْسَهٗ بِالدُّهْنِ: خوب تیل ملنا...... القَوْمُ: سرسبز جگہ پانا۔

تَمَرَّعَ: جلدی کرنا۔ گھاس طلب کرنا۔

اِنْمَرَعَ فِي البِلَادِ: جانا۔ سیر کرنا۔

المَرْعُ: گھاس۔ ج أَمْرُع وأَمْرَاع.

مَكَانٌ مَرِعٌ: سبزہ زار جگہ۔ رَجُلٌ مَرِعٌ: سبزہ زار ڈھونڈنے والا [illegible]

المُرْعَة والمِرَاع: چربی۔

المُرْعَة والمُرَعَة: ایک پرندہ تیر کے مانند۔ ج مُرَع ومِرْعَان.

مَكَانٌ مَرِیْعٌ: سبزہ زار جگہ۔ ج أَمْرَاع وأَمْرُع. کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَرِیْعُ الجَنَابِ" فلاں بہت سخی و فیاض ہے۔

الامْرُوْعَة: سبزہ زار زمین۔ ج اَمَارِیْع۔
المِمْرَاع: سبزہ زار۔
مَمَارِیْعُ الْاَرْضِ: عمدہ زمینیں (اس کا واحد نہیں)
المِرْعِزُّ والمِرْعِزِّیُ والمَرْعِزِّی والمِرْعِزَاء والمَرْعِزَاء: بکری کے بالوں کے نیچے کا رواں۔ نرم اُون۔
مَرَغَ (ف) مَرْغًا الحَیْوَانُ العُشْبَ: چارہ چرنا۔۔۔۔ فِی العُشْبِ: چرنے کے لئے ٹھہرنا۔۔۔۔ البَعِیْرُ: اُونٹ کا جھاگ ڈالنا۔
مَرِغَ (س) مَرَغًا. عِرْضُهٗ: عزت پر دھبہ لگنا۔
مَرَّغَهٗ تَمْرِیْغًا وتَمَرَّاغًا فِی التُّرَابِ: مٹی میں لوٹانا۔ مَرَّغَ العِرْضَ: آبرو کو داغ دار کرنا۔۔۔۔ رَاسَهٗ: خوب تیل لگانا۔
مَارَغَه: فریب دینا۔۔۔۔ هٗ فِی التُّرَابِ: مٹی میں چپکانا۔
اَمْرَغَ: سونے میں رال بہنا۔ بہت بکواس کرنا۔۔۔۔ العَجِیْنَ: گندھے ہوئے آٹے کو پانی بڑھا کر نرم کرنا۔۔۔۔ عِرْضَهٗ: آبرو کو داغ دار کرنا۔
تَمَرَّغَ. فِی التُّرَابِ: مٹی میں لوٹنا۔۔۔۔ فِی الْاَمْرِ: تردد کرنا۔۔۔۔ عَلٰی فُلَانٍ: دیر لگانا۔ الحَیْوَانُ: جانور کا جھاگ نکالنا۔ تَمَرَّغَتِ السَّائِمَةُ: چوپایہ کا دیر تک کسی جگہ میں چرنا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: برائی سے دور رہنا۔ بدن کو چمکیلا اور نرم کرنا۔ درد کی وجہ سے تلملانا۔۔۔۔ فِی النَّعِیْمِ: نعمت میں لوٹ پوٹ ہونا۔
المَرْغ: مص۔ لعاب۔ باغ۔ تیل کی خوب مالش۔
المَارِغ: فا۔ بے وقوف۔
المَرِغ مِنَ الشَّعْرِ: بہت تیل جذب کرنے والے بال۔
المَرَاغ والمَرَاغَة والمُتَمَرَّغ: جانور کے لوٹنے کی جگہ۔
المَرْغَة: مرغ کا اسم مرۃ۔ باغ۔
الاَمْرَغ: افعال رذیلہ میں آلودہ۔ مؤ

مَرْغَاء ج مُرْغ۔
المَمْرَغَة: ایک آنت کا نام جس کو اعور بھی کہتے ہیں۔
مَرَقَ (ن) مُرُوْقًا السَّهْمُ مِنَ الرَّمِیَّةِ: تیر کا شکار کو چھید کے پار ہو جانا۔۔۔۔ مِنَ الدِّیْنِ: گمراہی یا بدعت کی وجہ سے دین سے نکل جانا۔
مَرَقَ (ن ض) مَرْقًا القِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا۔۔۔۔ الجِلْدَ: کھال سے اون اکھیڑنا۔۔۔۔ هٗ بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔۔۔۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
مَرِقَتْ (س) مَرَقًا البَیْضَةُ: انڈے کا گندا ہو کر پانی بننا۔۔۔۔ النَّخْلَةُ: درخت خرما سے زیادتی کی وجہ سے پھلوں کا گر جانا۔
اَمْرَقَ القِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا۔۔۔۔ الجِلْدُ: اون اکھیڑنے کے قابل ہونا۔۔۔۔ النَّخْلَةُ: زیادتی کی وجہ سے پھلوں کا گرنا۔ اسم اَلْمَرَق: ہے۔
مَرَّقَ: گانا۔۔۔۔ القِدْرَ: شوربا زیادہ کرنا۔
تَمَرَّقَ الشَّعْرُ: بال اکھڑ جانا۔ مرض وغیرہ کی وجہ سے بال جھڑ جانا۔۔۔۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا عصفر سے رنگا جانا۔
اِنْمَرَقَ وامَّرَقَ السَّهْمُ: چھید کر پار ہونا۔ الشَّعْرُ: بال گرنا۔
اِمْتَرَقَ الشَّیْءُ: جلدی سے گزر جانا۔ السَّیْفَ مِنْ غِمْدِهٖ: تلوار کو میان سے سونتنا۔
المَرْق: مص۔ دھنکی ہوئی اون۔ بدبودار اون یا کھال۔ خوشہ کے خار۔ ج اَمْرَاق کہا جاتا ہے "اَصَابَهٗ ذٰلِکَ فِی مَرْقِکَ" یعنی یہ مصیبت اس کو تمہاری وجہ سے یا تمہارے جرم کی وجہ سے لاحق ہوئی۔
المِرْق: بدبودار اون یا کھال۔
المَرَق والمَرَقَة: شوربا۔
المُرَاقَة: اکھیڑی ہوئی اون۔ تھوڑی سی اکھیڑی ہوئی گھاس۔

مَارِقُوْنَ ومُرَّاق. المَارِق: چھید کر کے پار ہو جانے والا۔
المَارِقَة. المَارِق: کا مؤنث۔ خوارج۔
المُمَرَّق المُرَیَّق: عصفر۔ ثَوْبٌ مُمَرَّق: عصفر سے رنگا ہوا کپڑا۔
المَمْرَق: نکلنے کی جگہ۔ روشن دان۔
لَحْمٌ مُمَرَّق: بہت چکنا گوشت۔ المُمَرِّق: گویا۔ (گانے والا)
مَرْمَرَ: غضبناک ہونا۔۔۔۔ المَاءَ: سطح زمین پر پانی بہانا۔
مَرَکَ ومَرَّکَ: سامان تجارت پر نشان فارق لگانا۔
اَلْفَارِکَةُ: سامان پر نشان فارق۔
تَمَرْمَرَ الرَّمْلُ: ریت کا موج مارنا۔۔۔۔ الجِسْمُ: جسم کا تھلتھلانا۔۔۔۔ عَلٰی اَصْحَابِهٖ: امیر ہونا۔
المَرْمَر: سنگ مرمر۔ واحد مَرْمَرَة (۔۔۔۔ والمَرْمَار) بہت رس والا انار۔ نازک بدن تھلتھلانے والا۔
المُرَامِر: باطل۔ نازک بدن۔ تھلتھلانے والا۔
المَرْمَرَة: مص۔ بہت بارش۔
المَرْمَرِیْس: چکنا۔ سخت۔ مصیبت۔ لمبی گردن۔
المَرْمِیْس: گینڈا۔
مَرَنَ (ن) مُرُوْنَةً ومُرُوْنًا ومَرَانَةً: تھوڑی سختی کے ساتھ نرم ہونا۔۔۔۔ یَدُهٗ عَلَی العَمَلِ و وَجْهُهٗ عَلَی الْاَمْرِ: سخت ہونا۔۔۔۔ مُرُوْنًا ومَرَانَةً عَلَی الشَّیْءِ: عادی ہونا۔
مَرَنَ (ن) مَرْنًا الجِلْدَ: کھال کو نرم کرنا۔۔۔۔ مِنْ عَدُوِّهٖ: دشمن سے بھاگنا۔۔۔۔ بِهٖ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔
مَرَّنَ الشَّیْءَ: نرم کرنا۔ فُلَانًا عَلَی الْاَمْرِ: عادی بنانا۔۔۔۔ بِهٖ الْاَرْضَ: زمین پر پٹک دینا۔
تَمَرَّنَ: تکلف دانا و زیرک بننا۔ مہربان ہونا۔۔۔۔ عَلَی الشَّیْءِ: عادی ہونا۔

تَمَارَنَتِ النَّاقَةُ: دودھ دینے سے رک جانا۔
الـمَرْن: مص۔ ایک قسم کا کپڑا۔ نرم کھال؛ لباس پوستین۔ عطیہ۔ جانب۔ ج اَمْرَان: مرنا۔
الأَنْف: ناک کے دونوں جانب۔
المَرْن: مچان جس پر باغبان سوتا ہے۔
الـمَرِن: ملائم وسخت۔ عادت۔ کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰى مَرِنٍ وَاحِدٍ" جب کہ سب اخلاق میں ایک جیسے ہوں۔ حال۔ کہا جاتا ہے "مَا زَالَ ذٰلِكَ مَـرِنِـي" ہمیشہ میری یہ حالت رہی۔ المَرِن: شور وجنگ۔
الـمُـرَّان: ٹھوس ولچک دار نیزے۔ ایک درخت ہے جس کے نیزے بنائے جاتے ہیں۔ واحد مُرَّانَةٌ۔
المَارِن: فا۔ ناک کا کنارہ یا ناک کا نرم حصہ ج مَـوَارِن۔ رُمْـحٌ مَـارِنٌ: ٹھوس لچک دار نیزہ۔
المَيْرُون. عِنْدَ النَّصَارٰى: عیسائیوں کے اعتقاد میں ایک مقدس تیل جو بعض رسوم میں عیسائیوں کو لگایا جاتا ہے۔
اَمْرَانُ الذِّرَاعِ: ہاتھ کا پٹھا۔
مَرِهَتْ (س) مَـرَهًـا عَيْنُهُ: سرمہ چھوڑنے سے آنکھ کا خراب ہونا۔ صفت مَـرِهٌ واَمْرَهُ۔
رَجُـلٌ مَرِهُ الفُؤَادِ: مرد بیمار دل۔ سَـحَابٌ اَمْـرَهُ: سفید بادل جس میں سیاہی بالکل نہ ہو۔
الـمَرْهَاء. الأَمْرَه: کا مؤنث۔ شَاةٌ مَرْهَاء: سفید بکری جس میں کوئی اور داغ نہ ہو۔ ج مُرْهٌ اَرْضٌ مَرْهَاءُ: کم درخت والی زمین۔
المُرْهَة: سفیدی جس میں کوئی دوسرا رنگ ملا ہوا نہ ہو۔ گڑھا جس میں بارش کا پانی جمع ہو۔
مَرْهَمَ مَرْهَمَةً. الجُرْحَ: زخم پر مرہم لگانا۔
الـمَـرْهَـم: زخم پر لگانے والی دوا۔ ج مَرَاهِم۔
الـمَرْو: ایک سخت قسم کا پتھر جس کو صوان بھی کہتے ہیں۔ واحد المَرْوَة کہا جاتا ہے "قَرَعَ الـدَّهْرُ مَرْوَتَـه" یعنی زمانہ نے اس پر بلا نازل کی۔ المَرْو: ایک خوشبودار پودہ۔
المَرْوَة: مکہ معظمہ کی ایک پہاڑی کا نام۔
مَرَى يَمْرِي مَرْيًا النَّاقَةَ: دودھ اتارنے کے لئے تھن پر ہاتھ پھیرنا...... الـــدَّمَ ونَحْوَهُ: خون نکالنا...... حَقَّهُ: حق کا انکار کرنا ...... الـرِّيْحُ السَّحَابَ: ہوا کا بادل سے بارش برسانا...... الشَّئَ: نکالنا...... الفَرَسَ: کوڑے وغیرہ سے مار کر رفتار ظاہر کرانا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ يَمْرِي دَابَّتَهُ بِسَاقِهِ" وہ گزرا اس حال میں کہ اپنے جانور کو اپنی پنڈلی سے دبا دبا کر اس کی رفتار کو دکھلا رہا تھا۔ ...... فُـلَانًـا مِاةَ سَوْطٍ: کوڑے مارنا۔ مَرَى الفَرَسُ: گھوڑے کا تین پاؤں پر کھڑے ہو کر چوتھے کو زمین پر پٹکنا۔
اَمْرَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
مَارَى مِرَاءً ومُمَارَاةً: جھگڑا کرنا۔
تَمَارَيَا: باہم جھگڑا کرنا۔
اِمْتَـرٰى فِـي الشَّـئِ: شک کرنا(...... واِسْتَمْرَى اللَّبَنَ ونَحْوَهُ) دودھ دوہنا۔ نکالنا۔
تَمَرَّى تَمَرِّيًا. بِكَذَا: آراستہ ہونا۔
المِرْيَة والمُرْيَة: جھگڑا۔ کہا جاتا ہے "مَافِيهِ مِـرْيَةٌ" یعنی اس میں کوئی جھگڑا نہیں۔ شک
المِرْيَة: دودھ جو اونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا جائے۔ کہا جاتا ہے "اَخَـذْتُ مِـرْيَةَ النَّـاقَةِ" اونٹنی کے تھن پر ہاتھ پھیر کر دوہا ہوا دودھ میں نے لیا۔
الــمَـرِيّ: بہت دودھ والی اونٹنی۔ رگ جو دودھ سے بھر جاتی ہے۔ ج مَرَايَا. المَرَايَا: جمع مِرْآة: بمعنی آئینہ اور بجائے هَنِيْئًا مَرِيْئًا کے هَنِيًّا مَرِيًّا: بھی کہا جاتا ہے۔
المَرِيَّة: بہت دودھ والی اونٹنی۔
الـمَارِي: سفید چکنا چمڑا۔ مؤنث مَـارِيَةٌ: چھوٹی دھاری دار کملی۔ قطا پرندہ کا شکاری۔
الـمَارِيَة والمُمْرِيَة: سفید چکنے چمڑے والی گائے۔
مَرْيَم ج مَـرْيَمَاتٌ: خاتون کا نام (سریانی لفظ) اس کا معنی بلندی پانے والی ہے۔
اَلْمِزْكَا: شراب اور پانی کا نام جس کو مقدس کام کے وقت پیا جاتا۔ (سریانی لفظ)
ترجمہ: ملا ہوا۔
اَمْرٌ مُمِرٌّ: سیدھا معاملہ۔
مَزَّ (س) مَـزَازَةً الرَّجُلُ: فضیلت والا ہونا ...... الشَّـئُ: بہت ہونا۔ صفت مَـزِيْـزٌ (...... مَـزَازَةً ومُزُوْزَةً) الطَّعْمُ: کھٹ مٹھا ہونا۔
مَزَّ (ن) مَزًّا. الشَّئَ: چوسنا۔
مَازَّ مُمَازَّةً. بَيْنَهُمَا: دور دور کرنا۔
مَزَّزَهُ: فضیلت والا سمجھنا...... بِكَذَا: فضیلت دینا۔
تَمَازَّتِ النِّيَّةُ بِهِ: دور ہونا۔
تَمَزَّزَ الشَّرَابَ: چوسنا۔ گھونٹ گھونٹ کھانا یا پینا۔
الـمَزّ: دشوار۔ سخت۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا اَمْرٌ مَزٌّ" یہ سخت کام ہے۔
الـمِـزّ: مرتبہ وفضل۔ کثرت اور کہا جاتا ہے "شَئٌ مِزٌّ" فاضل چیز۔
المُزّ: کھٹ مٹھا۔ مؤنث مُزَّة۔
الـمُـزُّو الـمُـزَّاءُ والمَـزَّة: خوشگوار شراب
المَزَّة: ایک مرتبہ چوسنا کہا جاتا ہے "مَابَقِيَ فِيْ الإِنَاءِ اِلَّا مَزَّةٌ" برتن میں صرف تھوڑا سا باقی رہا۔
المَزْزُ: کثرت اور کہا جاتا ہے "فَعَلْتُهُ عَلٰى مَزَزٍ" یعنی میں نے اس کو مہلت سے کیا۔
المَزِيْز: فاضل۔ تھوڑا۔ بہت۔ دشوار۔
الأَمَـــزّ: فاضل۔ افضل۔ دشوار۔ مؤنث مَزَّاء ج مُزّ۔
مَـزَجَ (ن) مَـزْجًـا ومِـزَاجًـا الشَّـرَابَ بِـالْمَـاءِ: پانی ملانا...... فُلَانًـا عَلٰى فُلَانٍ: اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
مَازَجَهُ مُمَازَجَةً: مخالطت کرنا۔ فخر کرنا۔
مَـزَّجَ السُّنْـبُلُ: سبزی کے بعد زرد ہونا۔ ...... فُلَانًا: کچھ دینا۔
تَمَازَجَا: باہم ایک دوسرے کا ملنا۔

اِمْتَزَجَ بِهٖ: ملنا۔
اَلْمِزَاجُ والمَزِجُ: شہد۔ پانی جو شراب میں ملایا جائے۔
المِـزَاجُ: مص۔ ملانے کی چیز (جیسے پانی شراب میں) مزاج۔ ج اَمْزِجَة۔
رَجُلٌ مَزَّاجٌ: جھوٹا گڑبڑ کرنے والا۔ ایک عادت پر باقی نہ رہنے والا۔
المَزِيجُ: ملایا ہوا۔ کڑوا بادام۔
مَزَحَ (ف) مَـزْحًـا: مذاق کرنا۔ دل لگی کرنا۔
مَزَّحَ السُّنْبُلُ او العِنَبُ: رنگ پکڑنا۔
مَازَحَهٗ مِزَاحًا ومُمَازَحَةً: ہنسی مذاق کرنا۔
تَمَازَحَا: باہم ہنسی مذاق کرنا۔
تَمَزَّحَ بِهٖ: فخر کرنا۔
المَزَحُ: مص۔ خوشہ۔
المُزَاحَة والمُزَاحُ: ہنسی۔ مذاق۔ دل لگی۔
المَزَّاحُ: بہت ہنسی مذاق کرنے والا۔
المُـزَّحُ مِنَ النَّاسِ: ہنسی مذاق کرنے والے لوگ۔
المَزْدُ: سردی۔
مَزَرَ (ن) مَـزْرًا مِنَ اللَّبَنِ: تھوڑا سا پینا ......اللَّبَنَ: دودھ کو چکھنے کے لئے پینا......فُ: آہستہ سے چٹکی لینا۔ غصہ دلانا (...... ومَزَّرَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔
مَـزُرَ (ک) مَـزَارَةً: ظریف ہونا۔ سخت دل ہونا۔
تَـمَزَّرَ النَّبِيذَ: تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چکھنا۔
المَزْرُ: مص۔ مرد ظریف۔
المِزْرُ: جو یا گیہوں کی شراب۔ بے وقوف۔ اصل۔ کہا جاتا ہے "هُوَ كَرِيمُ المِزْرِ" وہ شریف الاصل ہے۔
المَزِيرُ: ظریف۔ سخت دل۔ ج اَمَازِرُ۔
الاَمْـزَرُ: اسم تفضیل ہے مـزر سے مؤنث مَزْرَاءُ ج مُزْرٌ واَمَازِرُ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَمَازِرِ النَّاسِ" وہ افاضل الناس میں سے ہے۔

المَزْرَةُ: ایک مرتبہ چوسنا۔
مَزَعَ (ف) مَزْعًا الظَّبْيُ ونَحْوُهٗ: ہرن کا آہستہ سے چھلانگ مارنا (...... ومَـزَّعَ) القُطْنَ: روئی تومنا۔ مَزَّعَ الشَّيْءَ: متفرق کرنا۔
تَمَزَّعَ: جدا جدا ہونا۔ تَمَزَّعُوا الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ: انہوں نے چیز آپس میں تقسیم کر لی اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَمَزَّعُ غَيْظًا" وہ غصہ کی وجہ سے پھٹ پڑا۔
المِزْعَةُ: روئی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج مزع (...... والمُزْعة) مِنْ لَحْمٍ او شَحْمٍ: گوشت یا چربی کا ٹکڑا۔
......مِنَ المَاءِ: پانی کا گھونٹ۔ ج مِزَع ومُزَع۔
المَزَّاعُ: بہت دوڑنے والا۔ سیپی۔
المُزَاعَةُ مِنَ الشَّيْءِ: روئی وغیرہ کا وہ حصہ جو تومتے وقت گرے۔
المَزْعِي: چغل خور۔
فَرَسٌ مِمْزَعٌ: تیز رفتار گھوڑا۔
مَزَقَ (ن ض) مَزْقًا ومَزْقَةَ الثَّوْبَ: پھاڑنا ......عِرْضَهُمْ: طعنہ مارنا۔ عیب لگانا۔ صفت مَزِقٌ ج مَزِقُونَ جیسے "اَتَانِيَ اِنَّهُمْ مَزِقُونَ عِرْضِيَ" مجھ کو یہ اطلاق ملی ہے کہ وہ میری آبرو میں عیب لگاتے ہیں...... الطَّائِرُ بِسِلْحِهٖ: پرندہ کا بیٹ کرنا۔
مَـزَّقَ الثَّوْبَ: چیر چیر کرنا کہا جاتا ہے "مَزَّقَهُمُ اللهُ كُلَّ مُمَزَّقٍ" اللہ ان کو پورے طریقہ سے پراگندہ کرے۔
مَازَقَهٗ: دوڑنے میں آگے بڑھ جانا۔
تَمَزَّقَ: پھٹنا...... القَوْمُ: متفرق ہونا۔
اِنْمَزَقَ: پھٹنا۔
المِزْقَةُ: کپڑے وغیرہ کا ٹکڑا اور کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ مِزَقٌ ومَزِقٌ ومَزِيقٌ" پھٹا ہوا کپڑا۔
نَاقَةٌ او فَرَسٌ مِزَاقٌ: تیز رفتار۔ گویا کہ تیز رفتاری کی وجہ سے کھال پھٹنے کے قریب ہے۔

تَمَزْمَزَ: حرکت کرنا......لِلْقِيَامِ: اٹھنے کے لئے تیار ہونا۔
مَزَنَ (ن) مَـزْنًا ومُزُونًا: چلا جانا...... وَجْهُهٗ: چہرہ کا چمک اٹھنا......مِنَ العَلُوِّ: دشمن سے بھاگنا (...... ومَـزَّنَ) القِرْبَةَ: مشک بھرنا...... فُلَانًا: تعریف کرنا۔ فضیلت دینا۔
تَمَزَّنَ: چلا جانا...... عَلَى القَوْمِ: مہربانی و سخاوت کرنا۔ بتکلف فضل ظاہر کرنا۔ بتکلف زیرک بننا...... عَلَى الاَمْرِ: عادی ہونا۔
المُزْنُ: بادل۔ سفید بادل۔ پانی سے بھرا ہوا بادل۔ حَبُّ المُزْنِ: اولہ۔
المُزْنَةُ: بادل کا ٹکڑا۔ بارش۔ اِبْنُ المُزْنَةِ: نیا چاند۔
المَـزْنُ: عادت۔ طریقہ۔ حال کہا جاتا ہے "مَا زَالَ عَلَى هٰذَا المَزْنِ" ہمیشہ اس حالت پر رہا۔
المَازِنُ: فا۔ چیونٹی کے انڈے۔
مُـزَيْنَةُ: مضر کا ایک قبیلہ اور نسبت کے لئے مُزَنِي۔
مَزَهَ (ف) مَزْهًا: ہنسی مذاق کرنا۔
مَزَا يَمْزُو مَزْوًا: تکبر کرنا۔
مَزَّاهُ تَمْزِيَةً: تعریف کرنا۔ فضیلت دینا کہا جاتا ہے "مَزَّيْتُ مَتَاعَهٗ حَتّٰى نَفَقْتُهٗ" میں نے اس کے سامان کی تعریف کی یہاں تک کہ اس کو رائج کر دیا۔
تَمَازَى القَوْمُ: قوم میں سے ہر ایک کا [illegible] فضیلت کا دعویٰ کرنا۔
المَـزْوُ والمَزِيَّةُ ج مَـزَايَا والمَلَاءَة۔ ج مَـازِيَـاتٌ: علم۔ کرم۔ شجاعت وغیرہ کی فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے امتیاز ہو جائے۔ خوبی۔ عمدگی۔
مَزَى يَمْزِي: تکبر کرنا۔
مَزَّى تَمْزِيَةً الرَّجُلَ: تعریف کرنا۔
کہا جاتا ہے "قَعَدَ عَنِّيْ مَازِيًا ومُعْتَزِلًا" یعنی مجھ سے دور مخالف ہو کر بیٹھا۔

الْمَرْأَةَ: سرکش لوگ۔ مغرور۔
الْمَازِيَةُ ج مَازِيَاتٌ. والْمَزِيَّةُ ج مَزَايَا: علم۔ کرم شجاعت شرافت وغیرہ میں فضیلت جس کی وجہ سے دوسرے سے ممتاز ہو جائے۔
الْمَزِيُّ: مردِ خوش طبع۔ زیرک۔
مَسَّ (ن س) مَسًّا ومَسِيسًا ومِسِّيسَى الشَّيْءَ: چھونا۔ پہنچنا......المرضُ او الكِبَرُ فُلَانًا: لاحق ہونا۔ مَسَّتِ الْحَاجَةُ اِلَى كَذَا: مجبور کرنا۔ مَسَّنِيَ الشَّيْطَانُ بِنُصْبٍ وعَذَابٍ: شیطان نے مجھ کو ایذا او تکلیف پہنچائی اور کہا جاتا ہے "مَسَّتْ فُلَانًا مَوَاسُّ الْخَيْرِ او الشَّرِّ" یعنی فلاں کو خیر یا شر پہنچ آئے۔ "ومَسَّتْ بِكَ رَحِمٌ فُلَانٍ" جبکہ تم دونوں کے درمیان قرابت قریبہ ہو۔
مُسَّ مَسًّا: جنون لاحق ہونا۔ صفت مَمْسُوسٌ۔
مَاسَّهُ مُمَاسَّةً مِسَاسًا: چھونا۔ جماع کرنا۔
اَمَسَّهُ الشَّيْءَ: چھوانا اور کہا جاتا ہے "اَمَسَّ وَجْهَهُ الْمَاءَ او بَدَنَهُ الطِّيبَ" چہرہ پر پانی لگایا یا بدن پر خوشبو۔
تَمَاسَّ الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کو چھونا۔
الْمَاسُّ: فا۔ حَاجَةٌ مَاسَّةٌ: شدید حاجت اور کہا جاتا ہے "بَيْنَهُمْ رَحِمٌ مَاسَّةٌ" ان کے درمیان قرابت قریبہ ہے۔
مَسَاسِ: اسم فعل بمعنی امر یعنی چھو۔ اور کہا جاتا ہے لَا مَسَاسِ: یعنی مت چھو۔
الْمَسُوسُ مِنَ الْمَاءِ: پانی جو ہاتھوں سے لیا جا سکے۔ میٹھا صاف پانی۔ کھاری پانی۔ پیاس دور کرنے والا پانی۔ کَلَأٌ مَسُوسٌ: چرنے والے جانوروں کے لئے مفید گھاس۔
الْمَسِيسَةُ: ایک حلوے کا نام۔
الْمَسِيسُ: جماع۔
الْاَمَسُّ: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے هُوَ اَمَسُّ مِنْ ذَاكَ بِكَذَا"

الْمَاسُوسُ والْمَمْسُوسُ: پاگل۔ مجنون۔ دیوانہ۔
مُسْتَمِسُّ الْحَاجَةِ: حاجت کا مجبور کرنا۔
تَمَاقَتُوْا: بعض کا بعض کے ساتھ بغض رکھنا۔
الـمَقْتُ: مص زَوَاجُ الْمَقْتِ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنا۔
الـمَقْتِيُّ: باپ کی بیوہ سے شادی کرنے والا۔
المَقِيْت و المَمْقُوْت: ناپسند۔
مَقَرَ (ن) السَّمَكَةَ مَقْرًا عُنُقَهٗ: لاٹھی مار کر گردن توڑ دینا...... الْمَالِحَة: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا۔
مَقِرَ (س) مَقَرًا الشَّيْئُ: کڑوا یا کھٹا ہونا۔ صفت مَقِر۔
اَمْقَرَ السَّمَكَةَ الْمَالِحَة: نمک لگی ہوئی مچھلی کو سرکہ میں بھگونا...... الشَّيْئُ: کڑوا ہونا...... اللَّبَنُ: دودھ کا بے مزہ ہونا۔
اِمْتَقَرَ الرَّكِيَّةَ: پانی ختم ہونے کے بعد کنوئیں کو پھر کھودنا۔
اِمْقَرَّ اِمْقِرَارًا الرَّجُلُ: اُبھری ہوئی رگ والا ہونا۔
الـمَقْر والمَقِر: ایلوا یا اس کے مشابہ کڑوی چیز۔
المَمْقُوْر: سرکہ میں بھگوئی ہوئی نمکین مچھلی۔
المُمْقِر: کم پانی والا کنواں۔
مَقَسَ (ن) مَقْسًا الْقِرْبَةَ: مشک بھرنا۔ الشَّيْئَ فِي الْمَاءِ: پانی میں ڈبونا...... الماءُ:

پانی کا جاری ہونا...... فلانٌ فِی الْاَرْضِ : جانا۔

مَقِسَتْ (س) مَقَسًا وتَمَقَّسَتْ نَفْسُهٗ : جی متلانا۔

مَاقَسَه مُمَاقَسَةً: باہم ڈبونا۔ غواصی میں مقابلہ کرنا اور کہا جاتا ہے "هُوَ يُمَاقِسُ حُوْتًا" وہ مچھلی سے غوطہ زنی میں مقابلہ کرتا ہے۔ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ اپنے سے زیادہ قوی سے جھگڑا کرے۔

مَقَطَهٗ (ن ض) مَقْطًا: غصہ میں ڈالنا مَقَطَهٗ بِالْعَصَا: لاٹھی سے مارنا۔ مَقَطَ الشَّيْءَ: باندھنا۔ مضبوط بٹی ہوئی رسّی سے باندھنا ...... عُنُقَهٗ: توڑ دینا...... الْكُرَةَ: زمین پر مارنا پھر اٹھانا ...... هٗ بِالْاَيْمَانِ: قسم دلانا ...... الْحَبْلَ: رسی بٹنا ...... الشَّيْءَ: گھونٹ لگانا۔

مَقَطَ بِالْقِرْنِ ومَقطَهٗ ومَقَّطَهٗ: پچھاڑنا......

مَقَطَ بِالْاِبِلِ: مضبوط بٹی ہوئی رسی سے باندھنا۔

الْمَاقِطُ: فا۔ کنکری ڈال کر شگون لینے والا۔ ڈول کی رسّی۔

الْمِقَاطُ: مضبوط بٹی ہوئی چھوٹی رسّی۔ ج مُقُط.

الْمَقِطُ: چھ مہینے میں پیدا ہونے والا بچہ۔

الْمُقْطُ: پرندہ پھنسانے کا دھاگہ۔ ج اَمْقَاط.

مَقَعَ (ف) مَقْعًا الشَّرَابَ: ڈگڈگا کے پینا۔

...... هٗ بِشَرٍّ: تہمت لگانا ...... الْفَصِيلُ اُمَّهٗ: اونٹ کے بچے کا اپنی ماں کا دودھ پینا۔

اِمْتَقَعَ الْفَصِيلُ مَا فِي ضَرْعِ اُمِّهٖ: تھن کا سارا دودھ پی لینا۔

اُمْتُقِعَ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے رنگ بدلنا۔

الْمَقْعُ: مص۔ ٹھہرا ہوا پانی۔ ج اَمْقُع.

مَقَلَهٗ (ن) مَقْلًا دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَقَلَتْهُ عَيْنِيْ" میری آنکھ نے اس کو دیکھا "وَمَا مَقَلَتْ عَيْنَايَ مِثْلَهٗ" میری آنکھوں نے اس کی مانند نہیں دیکھا۔

...... هٗ: پانی میں ڈبونا۔ مَقَلَ فِي الْمَاءِ: غوطہ لگانا۔

...... الْمَقْلَةَ: برتن میں کنکری رکھنا اور پھر اس پر پانی ڈالنا اور جب پانی اس سے اوپر آجائے تو تقسیم کرنا تاکہ اس طرح سب کو برابر برابر پانی مل جائے۔

مَاقَلَهٗ: ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔

تَمَاقَلَا: باہم غوطہ زنی کرنا۔

اِمْتَقَلَ: بار بار غوطہ لگانا۔

الْمَقْلُ: مص۔ کنوئیں کی تہ۔ کنوئیں کی تہ کی مٹی یا کنکری۔ سمندر میں غوطہ لگانے کی جگہ۔

الْمُقْلُ: گوگل کا پھل۔ گوگل۔

الْمَقْلَةُ. مقل: کا اسم مرۃ۔ کنوئیں کی تہ۔ کنکری جس کو سفر کی حالت میں پانی کی کمی کی وجہ سے برتن میں رکھتے تھے اور پھر اس پر پانی ڈالتے تھے اور جب پانی اس سے اوپر آجاتا تھا تو پلاتے تھے تاکہ اس طرح پانی سب کو برابر پہنچ جائے۔

الْمُقْلَةُ: آنکھ کا ڈھیلا۔ آنکھ۔ ج مُقَل.

مَقْمَقَ الشَّيْءُ: نرم اور آسان ہونا...... الشَّيْءَ: ذلیل کرنا ...... الْوَلَدُ اُمَّهٗ: زور سے چوسنا۔

الْمُقَامِقُ: حلق کے انتہائی حصے سے بولنے والا۔

مَقِهَ (س) مَقَهًا: سرخ پلکوں والا ہونا۔ صفت اَمْقَهُ.

الْمَقَهُ: سفیدی مائل نیلگونی اور یہ مذموم ہے۔

الْاَمْقَهُ: دور۔ بنجر زمین۔ سرخ پلکوں والا۔ خودسر آدمی جو یہ نہ جانتا ہو کہ کدھر جا رہا ہے۔ مؤنث مَقْهَاءُ ج مُقْهٌ.

مَقَا يَمْقُو مَقْوًا ومَقَى يَمْقِي مَقْيًا السَّيْفَ: تلوار پر صیقل کرنا۔ مَقَا الْفَصِيلُ اُمَّهٗ: زور سے دودھ پینا۔ مَقَا الطَّسْتَ: دھونا۔

مَكَّ (ن) مَكًّا وتَمَكَّكَ وامْتَكَّ الْعَظْمَ: ہڈی سے [illegible] دینا۔

الشَّيْءَ: ہلاک کرنا۔ برباد کرنا ...... غَرِيْمَهٗ: قرض دار سے وصولی میں اصرار کرنا۔

اِمْتَكَّ وتَمَكَّكَ الْفَصِيلُ مَا فِي ضَرْعِ اُمِّهٖ: سب کچھ چوس لینا۔

مَكَّكَ عَلٰى غَرِيْمِهٖ: قرض دار سے اصرار کرنا۔

الْمُكَاكُ والْمُكَاكَةُ: ہڈی کا گودا۔

الْمَكُّوْكُ: پینے کا پیالہ۔ ڈیڑھ صاع کا پیمانہ۔ کپڑا بننے کی نال۔ ج مَكَاكِيْك.

مَكَتَ (ن) مَكْتًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔

اِسْتَمْكَتَ: پھنسی کا پیپ سے بھرنا۔

مَكَثَ (ن) مَكْثًا ومَكْثًا ومُكُوْثًا ومُكْثَانًا ومِكِّيْثٰى ومِكِّيْثَاءَ بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔ صفت مَاكِثٌ اور اسم الْمُكْثُ والْمِكْثُ.

مَكُثَ (ك) مَكَاثَةً: ٹھہرنا۔

اَمْكَثَهٗ: ٹھہرانا۔

تَمَكَّثَ: انتظار کرنا اور ٹھہرنا ...... بِالْمَكَانِ: ٹھہرنا ...... فِي الْاَمْرِ: جلدبازی نہ کرنا۔

الْمَكِيْثُ: ٹھہرنے والا۔ رنجیدہ۔ ج مُكَثَاءُ ومَكِيْثُوْن.

مَكَدَ (ن) مَكْدًا ومُكُوْدًا بِالْمَكَانِ: اقامت کرنا۔ صفت مَاكِدٌ. مَاءٌ مَاكِدٌ: ختم نہ ہونے والا پانی نَاقَةٌ مَاكِدَةٌ: بہت دودھ والی اونٹنی۔ اور ایسا ہی نَاقَةٌ مَكْدَاءُ ومَكُوْدٌ. ج مُكُدٌ ومَكَائِد.

الْمِكَدُ: کنگھا۔

مَكَرَ (ن) مَكْرًا الرَّجُلَ وبِهٖ: دھوکہ دینا۔

اللّٰهُ فُلَانًا: مکر کی سزا دینا۔ مَكَرَ الثَّوْبَ: گیرو سے رنگنا ...... هٗ: رنگنا ...... الْاَرْضَ: سیراب کرنا۔

مَكِرَ (س) مَكَرًا: سرخ ہونا۔

مَاكَرَهٗ: فریب دینا۔

مَكَّرَ: گرانی کے انتظار میں غلہ کو روکنا۔

اَمْكَرَهٗ: دھوکا دینا ...... هٗ اللّٰهُ: مکر کی سزا دینا۔

تَمَاكَرُوْا: بعض کا بعض سے حیلہ کرنا۔
اِمْتَكَرَ و اِمْتَكَرَ: گیرو سے رنگا ہوا ہونا۔
الْمَكْرُ: مص۔ دھوکا۔ فریب۔ دھوکہ فریب کی سزا۔ گیرو۔
الْمَكْرَةُ: مکر کا اسم مرۃ۔ لڑائی میں حیلہ و تدبیر۔ بے پھولوں کا ایک قسم کا پودہ۔ کھیت کی سیرابی۔ خوبصورت موٹی پنڈلی۔ ج مَكْر و مُكُوْر.
الْمَاكِرُ: فریب کرنے والا۔ ج مَكَرَةٌ و مَاكِرُوْن.
الْمَكَّار و الْمَكُوْر: بہت دھوکہ فریب کرنے والا۔
مَكَسَ (ض) مَكْسًا: ٹیکس جمع کرنا......فِي الْبَيْعِ: قیمت گھٹانا......هٗ: ظلم کرنا۔
اَلْمَكْرُوْمَكُوْب: (یونانی لفظ) اس کی عربی اَلْمُجْهِرُ: دوربین۔
مُكِسَ الرَّجُلُ: خرید و فروخت وغیرہ میں نقصان پہنچنا۔
مَاكَسَهٗ مِكَاسًا و مُمَاكَسَةً: قیمت کم کرانا۔ مخالفت کرنا۔
تَمَاكَسَ الرَّجُلَانِ فِي الْبَيْعِ: خرید و فروخت میں باہم جھگڑنا۔
الْمَكْسُ: مص۔ محصول۔ ٹیکس۔ چنگی۔ ج مُكُوْس.
الْمَاكِسُ و الْمَكَّاس: ٹیکس وصول کرنے والا۔ صاحب کمس بھی کہا جاتا ہے۔
مَكْمَكَ الرَّجُلُ: چلنے میں لڑھکنا...... الْمُخَّ: سارا گودا چوس لینا۔
مَكُنَ (ک) مَكَانَةً عِنْدَ الْاَمِيْرِ: صاحب مرتبہ ہونا۔
مَكِنَتْ (س) مَكْنًا الْجَرَادَةُ وَنَحْوُهَا: ٹڈی کا انڈا دینا یا انڈے والی ہونا۔ صفت مَكُوْن. ج مِكَانٌ.
مَكَّنَهٗ وَاَمْكَنَهٗ مِنَ الشَّيْءِ: قدرت دینا۔ قادر بنانا۔
اَمْكَنَ الْاَمْرُ فُلَانًا وَلِفُلَانٍ: آسان ہونا۔ ممکن ہونا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يُمْكِنُهٗ النُّهُوْضُ" فلاں اٹھنے پر قادر نہیں۔ وَاَمْكَنَنِي الْاَمْرُ: یعنی معاملہ میرے قبضہ میں آگیا۔ اَمْكَنَتِ الْجَرَادَةُ: ٹڈی کا انڈا دینا۔
تَمَكَّنَ عِنْدَ الْاَمِيْرِ: بلند و صاحب مرتبہ ہونا۔ الْمَكَانُ وَبِهٖ: مضبوط اور جمے ہوئے قدم والا ہونا۔ (...... وَاسْتَمْكَنَ) مِنَ الْاَمْرِ: قادر ہونا یا فتح مند ہونا۔
الْمَكْنُ وَالْمَكِنُ: ٹڈی وغیرہ کے انڈے۔ واحد مَكْنَةٌ و مَكِنَةٌ ج مَكْنَات و مَكِنَات.
الْمُكْنَةُ: قوت۔ طاقت۔
الْمَكِنَةُ: قدرت۔ پرندوں کا گھونسلا۔ ج مَكِنَات.
الْمَكَان: موضع۔ جگہ (یہ ظرف ہے کون سے) ج اَمْكِنَة وَاَمْكُن. و جج اَمَاكِنُ اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنَ الْعِلْمِ بِمَكَانٍ" اس کے لئے علم کا ایک خاص مرتبہ حاصل ہے "وَهٰذَا مَكَانُ هٰذَا" یہ اس کے بدلے میں ہے۔
الْمَكَانَةُ: مص۔ مرتبہ۔ رفعت شان۔ سنجیدگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى مَكَانَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔ ج مَكَانَات.
الْمَكِيْنُ: صاحب مرتبہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَكِيْنٌ عِنْدَ الْاَمِيْرِ" اس کو امیر کے نزدیک مرتبہ حاصل ہے "وَهُوَ اَمْكَنُ مِنْ غَيْرِهٖ" یہ نسبت غیر کے زیادہ صاحب مرتبہ ہے۔ ج مُكَنَاءُ.
الْمَكِيْنَةُ: آہستگی۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى مَكِيْنَتِكَ" یعنی سنجیدگی اور وقار کے ساتھ چلو۔
الْمُتَمَكِّنُ فِيْ عِلْمِ النَّحْوِ: اصطلاح نحو میں وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت نہ رکھتا ہو۔
وَالْمُتَمَكِّنُ الْاَمْكَنُ: اسم منصرف جس کے آخر میں تینوں حرکات مع تنوین کے ظاہر ہوں۔
وَالْمُتَمَكِّنُ غَيْرُ الْاَمْكَنِ: اسم غیر منصرف جس کے آخر میں کسرہ اور تنوین نہ آئے۔
غَيْرُ الْمُتَمَكِّنِ: وہ اسم جو مبنی الاصل کے ساتھ مشابہت رکھتا ہو جیسے كَيْفَ وَاَيْنَ.
مَكَا يَمْكُوْ مُكَاءً وَمُكُوًّا: منہ سے سیٹی بجانا۔
مَكِيَتْ تَمْكٰى مَكًا يَدُهٗ: ہاتھ میں زیادہ کام کرنے کی وجہ سے چھالے ہونا۔
تَمَكّٰى تَمَكِّيًا الْفَرَسُ: گھوڑے کا پسینہ سے شرابور ہونا۔
الْمَكْيُ وَالْمَكْوُ: خرگوش وغیرہ کا بھٹ۔ ج اَمْكَاء.
الْمُكَّاءُ: سفید رنگ کا خوش آواز پرندہ۔ ج مَكَاكِيُّ.
الْمَكْوَةُ: دبر۔
مَلَّ (ن) مَلًّا الثَّوْبَ: کپڑے پر لنگر کرنا۔ کچا کرنا...... الشَّيْءَ فِي الْجَمْرِ: انگاروں میں رکھنا۔ صفت فاعلی مَلَّال صفت مفعولی مَمْلُوْلٌ ومَلِيْلٌ.
...... السَّهْمَ بِالنَّارِ: تیر کو آگ سے سیدھا کرنا۔
...... اللَّحْمَ اَوِ الْخُبْزَ: گوشت یا روٹی کو بھوبھل میں ڈالنا فِي الْمَشْيِ: تیز دوڑنا ...... عَلَيْهِ السَّفَرُ: سفر طویل ہونا۔
مَلَّ (س ن) مَلًّا: ملال لاحق ہونا۔ مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا...... الشَّيْءَ: الٹ پلٹ کرنا۔ الْمَحْمُوْمُ: بخار زدہ کا تلملانا۔
مَلَّ (س) مَلَلًا وَمَلَالًا وَمَلَّةً وَمَلَالَةً الشَّيْءَ وَمِنَ الشَّيْءِ: تنگ دل ہونا۔ زچ ہونا۔
مَلَّلَ تَمْلِيْلًا الشَّيْءَ: اُلٹ پلٹ کرنا۔
اَمَلَّ عَلَيْهِ السَّفَرُ: طویل ہونا۔ اَمَلَّهُ الْاَمْرُ وَاَمَلَّ عَلَيْهِ الْاَمْرُ: دشوار ہونا۔ ملال میں ڈالنا۔ اَمَلَّهُ الشَّيْءَ: بھوبھل میں ڈالنا۔
اَمْلَلْتُ اِمْلَالًا وَاَمْلَيْتُ اِمْلَاءً الْكِتَابَ عَلَى الْكَاتِبِ: املا کرانا۔
تَمَلْمَلَ: مرض یا غم کی وجہ سے تڑپنا...... فِي

الـمَشْي: تیز دوڑنا......مِلَّةَ كَذَا: مذہب اختیار کرنا......الْـخُبْزَةَ: روٹی کو بھوبھل میں پکانا۔

اِنْمَلَّ: کھینچا جانا۔ نکل آنا۔

اِسْتَمَلَّ الشَّيْئُ: زچ ہونا۔

اَلْمَلُّ: مص۔ رَجُلٌ مَلٌّ: اکتایا ہوا مرد۔

الـمَلَّة: اسم مرۃ۔ چنگاری۔ بھوبھل۔ بخار کا پسینہ۔ تنگ دلی۔ وخُبْزَةُ المَلَّةِ: بھوبھل کی پکی ہوئی روٹی اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَلَّةٌ" بہت جلدی طول ہونے والا۔

الـمِلَّة: مذہب۔ شریعت۔ خون بہا۔ ج مِلَل.

المُلَّة: پکی سلائی۔ ج مُلَل.

المُلّي: بھوبھل میں پکی ہوئی روٹی۔

المَلَل والمَلال: تنگ دل۔

الـمُلال: مرض یا غم کی وجہ سے اضطراب۔ پیٹھ کا درد۔ کمان کی پیٹھ۔ ہڈی کے اندر کی گرمی۔ بخار کا پسینہ۔ تلوار کے قبضہ کی لکڑی۔

الـمَلُول والمَلُولَة والمَلَّالة والمَالُولَة: تنگ دل۔ مذکر و مؤنث تا مبالغہ کے لئے ہے۔

الـمَلِيْل والمَمْلُوْل: بھوبھل میں بھنا ہوا۔

الشَّيئُ الـمَمْلُول: باعث ملال۔ الـمَلِيْل: کریلی۔ رَجُلٌ مَلِيْلٌ: آفتاب سے جھلسا ہوا مرد۔

اَلْمُلُوْلُ: واحد مُلُوْلَة: بلوط درخت کی ایک قسم جو کہ رنگنے کے کام آتا ہے۔

المَلِيْل والمُمَلّ مِنَ الطُّرُق: بہت چلتا ہوا راستہ۔

......الـمَلِيْلَة: اندرونی بخار۔ پیاس کی تیزی۔

مَلَاهُ (ف) مَلا ومَلَاةً ومِلَاةً: بھرنا۔

......الاِنَاءَ مَاءً وبالْمَاءِ ومِنَ الْمَاءِ: برتن کو لبالب کرنا۔ صفت مفعول مَمْلُوْءٌ اور کہا جاتا ہے مَلَاهُ عَلَى الْاَمْرِ: اس کی اس نے مدد کی "و نَظَرْتُ اِلَيْهِ فَمَلَاتُ مِنْهُ عَيْنِي" نے اس کو دیکھا مجھے اس کا دیکھنا بھلا معلوم ہوا و مَلَا عَلَيْهِ الْاَرْضَ: اس نے اس پر زمین تنگ کر دی۔

مَـلُؤَ (ک) مَلَاءَةً ومَلَاءَةً: توانگر ہونا۔

مَلُؤَ (ک) ومَلِئَ مَلَاءَةً: زکام والا ہونا۔

مَلِئَ (س) مَلا وتَمَلا: پر ہونا۔ صفت مَلْآن.

مَلاهُ تَمْلِئَةً: خوب بھرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) مَلا فِي قَوْسِهٖ: کمان کو خوب زور سے کھینچنا۔

اَمْلَاهُ: باعث زکام ہونا۔ صفت مَلْآن. اَمْلَا فِي الْقَوْسِ: خوب زور سے کھینچنا۔

تَمَلا۔ پُر ہونا۔ تَمَلاتِ الهُدَاةُ: عورت کا چادر اوڑھنا۔

مَالَاهُ مُمَالَاةً ومَلَاءً عَلَى الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔ مدد کرنا۔

تَمَالَا القَوْمُ عَلَى الْاَمْرِ: اکٹھا ہو کر باہم مدد کرنا۔

اِسْتَمْلَا فِي دَيْنِهِ: قابل اعتماد اغنیاء کو قرض دینا۔

المِلْ: برتن بھرنے کی مقدار۔ ج اَمْلَاءٌ اور کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ يَنَامُ مِلْ جَفْنِهٖ" وہ بے غم سوتا ہے و "فُلَانٌ مِلْ كِسَائِهٖ" فلاں موٹا ہے۔

الـمَـلا: قوم کی جماعت۔ اشراف قوم جن سے دلوں میں ہیبت طاری ہو۔ الـمَـلا الاَعْلٰى: ملائکہ مقربین۔ الـمَلا: مشورہ۔ کہا جاتا ہے "مَا كَانَ هٰذَا الْاَمْرُ عَنْ مَلَاءٍ مِنَّا" یہ کام ہمارے مشورہ سے نہیں تھا۔ گمان۔ لالچ۔ ج اَمْلَاءٌ اور کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ مَلَا بَنِيْ فُلَانٍ" یعنی ان کے عادات و اخلاق کس قدر اچھے ہیں۔

الـمَالِي: فا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَالِئٌ" مرد جلیل جس کے سامنے آنکھیں نہ ٹھہر سکیں۔ وشَابٌّ مَالِئُ الْعَيْنِ: آنکھوں کو بھر دینے والا جوان۔

[illegible] ةٌ: تہ بند۔ دہری چادر۔ ج مُلَاءٌ.

المِلْاَة: مص۔ بھرنے کی ہیئت۔ بدہضمی۔

الـمَلْآن: بھرا ہوا۔ زکام والا۔ مؤنث مَلْاٰى ومَلْآنَة ج مِلَاءٌ.

الـمَلِيْئُ والمَلِيُّ: توانگر۔ ج مِلَاءٌ واَمْلِيَاءُ ومُلَاءُ کہا جاتا ہے "هُوَ اَمْلَا الْقَوْمِ" یعنی وہ قوم میں سے زیادہ غنی اور قادر ہے و "فُلَانٌ اَمْلَا لِعَيْنِيْ مِنْ فُلَانٍ" یعنی فلاں فلاں کے لحاظ سے حسن میں زیادہ کامل ہے۔

مَلَتَهٗ (ض) مَلْتًا: حرکت دینا۔ زور سے ہلانا۔

مَلَثَهٗ (ن) مَلْثًا: بغیر نیت وفا کے محض زبانی وعدہ سے دل خوش کر دینا۔ آہستہ مارنا۔

مَلَثَهٗ بِالشَّرِّ: آلودہ کرنا۔ مَلَثَ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔

مَالَثَهٗ مِلَاثًا ومُمَالَثَةً: کھیل کود کرنا۔ مداہنت برتنا۔

مَلْثُ اللَّيْلِ ومَلَثَة: رات کی ابتدائی تاریکی۔

الـمَـلَثَة: مغرب کے وقت کی ابتدائی تاریکی۔

الـمِلْث: وہ شخص جو جماع کرنے سے حیرتہ ہو۔

مَلَجَ (ن) ومَلِجَ (س) مَلْجًا الصَّبِيُّ اُمَّهٗ: بچے کا ہونٹوں میں لے کر دودھ چوسنا۔

اَمْلَجَهٗ: دودھ پلانا۔

اِمْتَلَجَ۔ مَا فِي الثَّدْيِ: چوسنا۔

المُلَج: گوگل کے پھل کی گٹھلی۔ ج اَمْلَاج.

الـمُـلَّج: دودھ پینے والے میمنے۔ چھوٹے چھوٹے بکری کے بچے۔

المَلِيْج: دودھ پیتا بچہ۔ مرد بزرگ۔

الاَمْلَج: چٹیل میدان۔ آملہ۔

الاُمْـلُوج: ایک جنگلی درخت جس کے پتے سرو اور جھاؤ کی طرح ہوتے ہیں۔ نازک ٹہنی اور بقول بعض جڑ جو نرم ہونے کے لئے مٹی میں دبا دی جاتے۔ ج اَمَالِيج.

الملج: کرنی۔ گل کاری کرنے کا آلہ۔ ج مَوَالِج (دخیل)

ملح (ف ض) مَلْحًا الطَّعَامَ: کھانے میں نمک ڈالنا...... الرَّجُلَ: غیبت کرنا...... الطَّائِرُ: پرندہ کا بہت پھڑ پھڑانا...... الْمَاشِيَةَ: نونی کھلانا اور کہاجاتا ہے "مَلَحَ اللّٰهُ فِيْهِ" یعنی اللہ اس کی زندگی میں برکت دے۔

مَلَحَ (ف) ومَلُحَ (ک) مُلُوْحَةً ومَلَاحَةً ومُلُوْحًا الْمَاءُ: پانی کا کھاری ہونا۔ صفت مَلِيْح اور نادر طور پر مالح بھی مستعمل ہے۔

مَلُحَ (ک) مَلَاحَةً ومُلُوْحَةً: خوبصورت ہونا۔ حسن ملیح والا ہونا۔ صفت مَلِيْح ومُلَاح ومُلَّاح.

مَلِحَ (س) مَلَحًا: نیلگوں رنگ کا ہونا۔

ملح الشي: نمکین کرنا...... الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا...... السَّمَكَ ونَحْوَهُ: مچھلی وغیرہ میں نمک لگانا۔

الدَّابَّةَ: چوپائے کے جبڑے میں نمک ملنا۔

الْمَاشِيَةَ: جانور کو نونی کھلانا۔ الْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا۔

أَمْلَحَ الْمَاءُ: پانی کا خوشگوار ہونے کے بعد کھاری ہونا...... الطَّعَامَ: کھانے میں بہت نمک ڈالنا...... الإِبِلُ: کھاری پانی پر جانا...... الرَّجُلُ: کھاری پانی پر پہنچنا...... الرَّاعِيُ الإِبِلَ: کھاری پانی پلانا...... الشَّيْءُ: نیلگوں رنگ کا ہونا۔

الْمُتَكَلِّمُ: عمدہ بات کہنا اور تعجب کے موقع پر کہاجاتا ہے "مَا أَمْلَحَهُ وما أُمَيْلِحَهُ" یعنی کس قدر خوبصورت ہے۔

مَالَحَهُ مِلَاحًا ومُمَالَحَةً: ساتھ کھانا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَحْفَظُ حُرْمَةَ الْمُمَالَحَةِ" وہ ساتھ کھانے کا پاس کرتا ہے۔ مَالَحَ فُلَانًا: ایک بچے کا دوسرے بچے کے ساتھ دودھ پینا۔

تَمَلَّحَ الْبَعِيْرُ: اونٹ کا موٹا ہونا...... الرَّجُلُ: نمک توشہ میں لینا۔ نمک کی تجارت کرنا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَتَظَرَّفُ وَيَتَمَلَّحُ" فلاں خوش طبع اور دلچسپ باتیں کہتا ہے۔

اِمْلَحَّ الْكَبْشُ: مینڈھے کا سفید و سیاہ رنگ کا ہونا۔

اِمْلَاحَ النَّخْلُ: سرخ اور زرد کچی کھجور کا ہونا۔ اِسْتَمْلَحَ الشَّيْءَ: ملیح سمجھنا۔

الْمُلَحُ: عمدہ عمدہ باتیں۔

المِلْحُ: نمک (مذکر و مؤنث تانیث غالب ہے) تصغیر مُلَيْحَة ج مِلاح. المِلْحُ: چربی، موٹاپا۔ خوبصورتی۔ رضاعت۔ علم علماء. مَاءٌ مِلْحٌ: کھاری پانی اور کبھی مَاءٌ مَالِحٌ بھی کہا جاتا ہے۔ ج مِلَحٌ ومِلْحَة ومِلاح وأملاح کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِلْحُهُ عَلَى رُكْبَتَيْهِ" وہ بے وفا ہے یا وہ بہت جھگڑا کرنے والا ہے۔

المَلْح والمِلْحَة: حرمت۔ معاہدہ۔ کہا جاتا ہے بَيْنَهُمَا مِلْحٌ اور مِلْحَةٌ ان دونوں کے درمیان معاہدہ ہے۔ والمِلْحَة: کھاری۔ کہا جاتا ہے "بِئْرٌ مِلْحَةٌ" کھاری کنواں۔

المَلَح: سپیدی سیاہی ملی ہوئی۔ سخت نیلگونی۔ گھوڑے کی ایڑی کی سوجن۔

المَلْحَة: اسم مرۃ۔ موج دریا۔

المُلْحَة: سخت نیلگونی۔ ہیبت۔ خوف۔ برکت۔

المُلْحَة: مزیدار بات۔ ج مُلَح.

المُلْحَة: کلمہ ملیحہ۔

المَلَّاح: کشتی چلانے والی ہوا۔ نیزہ کا بھالا۔ پوشش۔ توبرہ۔

المُلَاح: خوبصورت۔ ج مُلَاحُوْن.

المَلَاحَة: خوبصورت ہونا۔

المِلَاحَة: جہاز رانی۔

المَمْلَحَة والمَلَّاحَة: نمک پیدا ہونے کی جگہ۔ المَلَّاحَة: نمک بکنے کی جگہ۔

الأُمْلُوْحَة مِنَ الْكَلَامِ: عمدہ مستحسن کلام ج أَمَالِيْح

المَلَّاح: نمک والا۔ نمک بیچنے والا۔ جہاز راں۔

المُلَّاح: ایک ترش نباتات۔ واحد مُلَّاحَة

رَجُلٌ مُلَّاح: خوبصورت خوش طبع مرد۔ ج مُلَّاحُوْن.

المُلَاحِيَّة: جہاز راں کا پیشہ۔

المُلُوْحَة: مص۔ نمکینی۔

المَلِيْح: خوبصورت۔ مؤنث مَلِيْحَة ج مِلَاح وأَمْلَاح...... مِنَ الْمَاءِ: کھاری پانی۔ سَمَكٌ مَلِيْحٌ: نمک لگی ہوئی مچھلی۔

الأَمْلَح: اسم تفضیل۔ سفید و سیاہ رنگ والا۔ ج مُلْحٌ. الأَمْلَح: شبنم جو رات کو سبزیوں پر پڑتی ہے۔

المَلْحَاء: تانیث أَمْلَح: سفید و سیاہ رنگ والی۔ درخت جس کے پتے جھڑ گئے ہوں۔ بڑا لشکر ج مَلْحَاوَات.

المُلَاحِي والمُلَّاحِي: سفید لمبا انگور۔ ایک قسم کا انجیر۔

المِمْلَحَة: نمک دان۔ ج مَمَالِح.

المُتَمَلِّح: نمک والا یا سوداگر نمک۔

مَلَخَ (ف) مَلْخًا الشَّيْءَ: ہاتھ یا دانت سے کھینچنا...... الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا...... الْفَرَسُ: گھوڑے کا کلیلیں کرنا......

الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ بھاگنا...... فِي الْبَاطِلِ: لغو باطل میں بہت مشغول ہونا......

الْجَارِيَةَ: جماع کرنا۔

مَلُخَ (ک) مَلَاخَةً الطَّعَامُ: کھانے کا خراب و بدمزہ ہونا۔

مَالَخَهُ مِلَاخًا ومُمَالَخَةً: باہم کھیل کود کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔

تَمَلَّخَ الشَّيْءُ: خراب و فاسد ہونا...... الشَّيْءَ: کھینچنا۔

اِمْتَلَخَ الشَّيْءَ: اکھیڑنا۔ کھینچنا...... يَدَهُ مِنَ الْقَابِضِ عَلَيْهِ: کھینچ لینا...... السَّيْفَ: تلوار کو جلدی سے سونتنا۔ کہا جاتا ہے "مَرَّ بِرُمْحٍ مَرْكُوْزٍ فَامْتَلَخَهُ" اس کا گزر ایک گڑے ہوئے نیزہ پر ہوا اور اس نے اسے اکھیڑ لیا۔

المَلَّاخ: بہت چاپلوسی کرنے والا۔ غند

مَلاخ: بہت بھاگنے والا غلام۔
المُلُوخِيَّة: ایک قسم کی سبزی جو پکا کر کھائی جاتی ہے۔
المَلِيخ: بگڑا ہوا کھانا۔ بے مزہ۔ کمزور۔
مُمْتَلِخُ العَقْل: محروم العقل۔
مَلَدَ (ن) مَلْدَ الشَّيْءَ: کھینچنا۔
مَلِدَ (س) مَلَدًا الغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا اور نرم ہونا۔
مَلَّدَ الأَدِيمَ: چمڑے کو نرم کرنا۔۔۔۔۔الرِّيُّ الغُصْنَ: ٹہنی کو نرم و نازک کرنا۔
المَلَد: جوانی۔ نزاکت۔ ج أَمْلَاد۔
المَلَدَان: ٹہنی کی نزاکت۔
المَلْد والأَمْلَد والأُمْلُد والأُمْلُود والإِمْلِيد والأُمْلُدَان والأُمْلُدَانِيّ: نرم و نازک ٹہنی یا آدمی۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ أُمْلُودٌ وشُبَّانٌ أَمَالِيد" المُلْد: بھوت۔
المَلْدَاء: تانیث أَمْلَد۔ ج مُلْد: کہا جاتا ہے إِمْرَأَةٌ مَلْدَاءُ وأُمْلُود وأُمْلُودَةٌ وأُمْلُدَانِيَّةٌ: یعنی نازک بدن عورت۔
مَلَذَ (ن) مَلْذًا الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا۔۔۔۔۔فُلَانًا: نیزہ مارنا۔۔۔۔۔الفَرَسُ: گھوڑے کا بازوؤں کو پھیلا کر تیز دوڑنا (۔۔۔۔۔ مَلْذًا ومَلَاذَةً) الرَّجُلَ: محض باتوں ہی سے خوش کرنا اور کہنے کے مطابق عمل نہ کرنا۔
مَلِذَ (س) مَلَذًا الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: خالص دوستی نہ کرنا اور ضمیر کے خلاف ظاہر کرنا۔
الأَمْلَذ والمَلَذَان والمَلَذَانِيّ والمَلَاذَانِيّ والمَلَّاذ والمَلُوذ: خالص دوستی نہ کرنے والا۔
مَلَزَ (ن) مَلْزًا: پیچھے رہنا۔۔۔۔۔بِالشَّيْءِ: لے جانا۔
مَلَزَهُ مِنْهُ: چھڑانا۔ مَلَزَ الشَّيْءُ عَنِّي: جاتا رہنا۔
أَمْلَزَهُ تَمَلَّزَهُ وامْتَلَزَهُ: نکال لینا۔ اُچک لینا۔ لے جانا۔ وتَمَلَّزَ مِنْهُ: چھٹکارا پانا۔
اِنْمَلَزَ وامَّلَزَ مِنْهُ: بچ کر نکل جانا وامَّلَزَ عَنْهُ: پیچھے رہنا۔
المِلْز مِنَ الرِّجَال: مضبوط پٹھوں والا۔
المِلَاز: بہت اچکنے والا۔ بھیڑیا۔
مَلَسَ (ن) مَلْسًا الشَّيْءَ: جڑ سے اکھیڑنا۔
الإِبِلَ: زور سے ہانکنا۔۔۔۔۔الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔۔۔۔۔الرَّجُلَ بِلِسَانِهِ: مداہنت کرنا۔ چاپلوسی کرنا۔
مَلِسَ (س) ومَلُسَ (ک) مُلُوسَةً ومَلَاسَةً: نرم اور چمکدار ہونا۔ صفت أَمْلَس۔
مَلَّسَ الشَّيْءَ: نرم و چمکدار کرنا۔۔۔۔۔الأَرْضَ: زمین کو ہموار کرنا۔۔۔۔۔هُ مِنَ الأَمْرِ: چھڑانا۔
أَمْلَسَ الظَّلَامُ: گھٹا ٹوپ اندھیرا ہونا۔
أَمْلَسَتِ الشَّاةُ: گرے ہوئے اون والی ہونا۔
تَمَلَّسَ: چکنا ہونا۔۔۔۔۔مِنْ بَيْنِ القَوْمِ: خارج ہونا۔۔۔۔۔مِنَ الشَّرَابِ: نشہ سے ہوش میں آنا (۔۔۔۔۔ وانْمَلَسَ وامَّلَسَ) مِنَ الأَمْرِ: بچ نکلنا، رہائی پانا۔
اِمْتَلَسَ الشَّيْءَ: اچک لینا۔ أُمْتُلِسَ بَصَرُهُ: اس کی نگاہ جاتی رہی۔
اِمْلَاسَّ: چکنا ہونا۔۔۔۔۔مِنَ الأَمْرِ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔
المَلَس: ہموار جگہ۔ ج مُلُوس وأَمْلَاس و جج أَمَالِيس۔ مَلَسُ الظَّلَامِ: سخت تاریکی اور یہ مغرب اور عشاء کے درمیان کا وقت ہے۔
المَلَسَى: بہت تیز رفتار اونٹنی اور کہا جاتا ہے بَايَعَهُ المَلَسَى اس نے اس سے بلاشرط بیع کی۔
الأَمْلَس: نرم چکنا۔ مؤنث مَلْسَاء۔
المَلْسَاء: آسانی سے حلق سے اترنے والی شراب۔ سَنَةٌ مَلْسَاء: خشک سال۔ ج أَمَالِس وأَمَالِيس۔ الأَلِفُ المَلْسَاء: الف لین۔ جیسے کتاب کا الف۔
المَلِيس: نرم اور چکنا۔
المُلَيْسَاء: وہ پہر مغرب اور عشاء کا درمیان۔
الإِمْلِيس والإِمْلِيسَة: خشک جنگل۔ ج أَمَالِيس اور أَمَالِس شاذ ہے۔
المِلَّاتَه والمِمْلَسَة: پیکا۔ سراون۔ چپلا۔
مَلَشَ (ن) مَلْشًا الشَّيْءَ: ہاتھ سے ٹٹول کر کسی چیز کو ڈھونڈنا۔
المَالُوش عِنْدَ العَامَّةِ: ایک کیڑا ہے جو نباتات کی جڑوں کو کھا جاتا ہے۔ ج مَوَالِيش۔
مَلِصَ (س) مَلَصًا الشَّيْءُ مِنْ يَدِهِ: چکنے ہونے کی وجہ سے ہاتھ سے پھسل جانا۔ کہا جاتا ہے "مَلِصَتِ السَّمَكَةُ مِنْ يَدِي" مچھلی میرے ہاتھ سے نکل گئی۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: بھاگ نکلنا۔
مَلَصَ (ن) مَلْصًا بِسَلْحِهِ: پاخانہ کرنا۔
أَمْلَصَتِ الحَامِلُ: حاملہ کا بچہ گرا دینا۔ صفت مُمْلِص ج مَمَالِص۔ أَمْلَصَ الشَّيْءَ: پھسلانا۔
تَمَلَّصَ وانْمَلَصَ وامَّلَصَ مِنْهُ: بچ نکلنا۔ رہائی پانا۔۔۔۔۔الشَّيْءُ: مِنْ يَدِي: پھسل جانا۔
المَلَص: ننگا۔
المَلَص: مص۔ پھسلن۔
المَلِص مِنَ الجِبَالِ ونَحْوِهَا: پہاڑ وغیرہ کی وہ چکنی جگہ جہاں سے ہاتھ پھسل جائے اور پکڑنا دشوار ہو۔ سَمَكَةٌ مَلِصَةٌ: پھسلنے والی مچھلی۔
المَلِيص: بمعنی مَلِص: اسقاط شدہ بچہ۔
الأَمْلَص: نرم و تر۔ رَجُلٌ أَمْلَصُ الرَّأْسِ: سر پر بغیر بالوں کا مرد۔
المِمْلَاص: وہ عورت جس کو اسقاط کی عادت ہو گئی ہو۔
المُمْلَص: ساقط شدہ بچہ۔
مَلَطَ (ن) مَلْطًا الحَائِطَ: مٹی سے لیپنا۔۔۔۔۔الشَّعْرَ: بال مونڈنا۔
مَلَطَتْ و أَمْلَطَتِ الحَامِلُ جَنِينَهَا: حاملہ کا ناتمام بچہ گرا دینا۔ أَمْلَطَ رِيشُ السَّهْمِ: تیر

کے پرکا کر جانا...... الرَّجُلُ محتاج ہونا۔
مَلَطَ (ن) ومَلُطَ (ک) مُلُوطًا الغُلامُ : غیر معروف النسب ہونا۔
مَلِطَ (س) مَلَطًا ومُلُطَةً : بے بال کے جسم والا ہونا۔
مَلَّطَ الحَائِطَ : دیوار کو مٹی سے لیپنا...... الشَّاعِرُ : ایک شاعر کا ایک مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
مَالَطَه مُمَالَطَةً : باہم ملنا۔ ایک شاعر کا مصرعہ پڑھنا اور دوسرے کا شعر کو پورا کرنا۔
تَمَلَّطَ الشَّیْءُ : چمک دار ہونا...... السَّهْمُ : تیر کا بے پر ہونا۔
اِمْتَلَطَ الشَّیْءَ : چھین لینا۔ اُچک لینا۔
المِلْط : شریر و بدکار جس پر بھروسہ نہ کیا جا سکے غیر معروف النسب ج اَمْلَاط ومُلُوط.
المِلَاط : لیپنے کی مٹی۔ ج مُلُط.
الاَمْلَط ج مُلْط والمَلِيْط : بے بال کے جسم والا۔ سَهْمٌ اَمْلَط ومَلِيْط : بے پر کا تیر۔ المَلِيْط : بے بال کا ساقط شدہ بچہ۔
المِمْلَاطَ مِنَ النُّوقِ : بچہ گرانے کی عادی اونٹنی۔
مَلَعَ (ف) مَلْعًا وامْتَلَعَ الشَّاةَ : بکری کی کھال اتارنا۔ مَلَعَ الفَصِيْلُ اُمَّهُ : دودھ پینا۔ اِمْتَلَعَ الشَّیْءَ : چھین لینا۔ اچک لینا۔
مَلَعَتْ واَمْلَعَتْ وامْتَلَعَتْ وانْمَلَعَتْ النَّاقَةُ : اونٹنی کا تیز دوڑنا۔
المَلْع : مص اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَيْهِ مَلْعٌ وَاحِدٌ" وہ سب اس کی دشمنی پر جمع ہیں۔
المَلِيْع ج مُلُعٌ والمَيْلَعُ : تیز رفتار گھوڑا یا اونٹنی۔ المَيْلَع : لمبا۔ اِدھر اُدھر حرکت کرنے والا۔
جَمَلٌ مَلُوْعٌ : تیز رفتار اونٹ۔ مؤنث مَلُوع عُقَابٌ مَلُوعٌ : تیزی سے جھپٹنے والا عقاب۔
المَلَاع والمَلِيْع : بے گھاس کا بیابان۔
مَالَغَهُ مُمَالَغَةً بِالكَلَامِ : ناشائستہ گفتگو سے مزاح کرنا۔

تَمَلَّغَ فِي كَلَامِهِ : بے وقوف بننا۔
تَمَالَغَ بِهِ : تمسخر کرنا۔
المِلْغ ج اَمْلَاغ والمَمَالِغ ج مُلَّاغ والاَمْلَغُ : مؤنث مَلْغَاء ج مُلْغ : فحش کلامی کرنے والا۔ بدکار۔ بے وقوف۔
المَلُوْغَة : بے وقوفی۔ فحش کلامی۔
مَلِقَهُ (س) مَلَقًا ومَلِقَ لَهُ ومَالَقَهُ : چاپلوسی کرنا۔ خوشامد کرنا۔ مَلِقَ الخَاتِمُ مِنَ الاِصبع : ڈھیلی ہونا۔
مَلَقَ (ن) مَلْقًا الشَّیْءَ : مٹانا۔ نرم کرنا...... الثَّوْبَ : کپڑا دھونا...... هُ بِالعَصَاءِ : لاٹھی سے مارنا۔ مَلَقَ الوَلَدُ اُمَّهُ : دودھ پینا...... الرَّجُلُ : تیز چلنا...... الجَارِيَةَ : جماع کرنا۔
مَلَّقَ الاَرْضَ او الحَائِطَ : زمین یا دیوار کو کرنی سے گلکاری کرنا...... هُ بِالعَصَاءِ : لاٹھی سے مارنا۔
مَلَقَ : محتاج ہو جانا...... الثَّوْبَ : کپڑا دھونا۔ ...... الدَّهْرُ مَالَهُ : ضائع کر دینا۔
تَمَلَّقَ تَمَلُّقًا وتِمِلَّاقًا. الرَّجُلَ ولِلرَّجُلِ : چاپلوسی کرنا۔ تَمَلَّقَتِ المَرْاَةُ العِلْكَ بِفِيْهَا : چبانا۔
اِنْمَلَقَ وامَّلَقَ : نرم و چمکدار ہونا...... مِنْهُ : بچ نکلنا۔ اِنْمَلَقَ الخِضَابُ : خضاب کا چھوٹ جانا۔
اِمْتَلَقَ الشَّیْءَ : نکالنا۔
اِسْتَمْلَقَ الوَلَدُ اُمَّهُ : دودھ پینا۔
المَلَق : مص۔ دوستی۔ بڑی مہربانی۔ دعا۔ ہموار زمین۔ تیز رفتاری۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا الفَرَسِ مَلَقٌ" اس گھوڑے میں تیز رفتاری ہے۔
المَلِق والمَلَّاق : بہت چاپلوسی کرنے والا۔
المَلِق : کمزور۔ فَرَسٌ مَلِقٌ : گھوڑا جس کی رفتار پر اعتماد نہ کیا جائے۔ مؤنث مَلِقَة.
المَلِيْق : تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ او فَرَسٌ مَلِيْقٌ" تیز رفتار مرد یا گھوڑا۔
المَلَقَة : چکنا پتھر۔
المَالَق والمِمْلَق والمِمْلَقَة : ہنگا۔ المَالَق : کرنی۔ (دھیل)

المِمْلَاق : بہت محتاج۔ بہت چاپلوسی و خوشامد کرنے والا۔
مَلَكَ (ض) مَلْكًا ومِلْكًا ومُلْكًا ومَلَكَةً ومَمْلَكَةً ومَمْلِكَةً ومَمْلُكَةً الشَّیْءَ : مالک ہونا...... عَلَى القَوْمِ : غالب ہونا...... عَلَى فُلَانٍ اَمْرَهُ : کسی کے کام پر حاوی ہونا...... نَفْسَهُ : قابو رکھنا...... المَرْاَةَ : نکاح کرنا (...... مَلْكًا) العَجِيْنَ : اچھی طرح سے گوندھنا۔
مَلَّكَ الشَّیْءَ : مالک بنانا۔ مَلَّكَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَيْهِمْ : بادشاہ بنانا...... هُ اِمْرَاَةً : نکاح کرانا۔ مَلَّكَ فُلَانًا اَمْرَهُ : کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا۔ مُلِّكَتِ المَرْاَةُ اَمْرَهَا : طلاق کا اختیار دے دینا۔
مَلَّكَ العَجِيْنَ : اچھی طرح گوندھنا۔
اَمْلَكَهُ الشَّیْءَ : مالک بنانا۔ اَمْلَكَ القَوْمُ فُلَانًا عَلَيْهِمْ : بادشاہ بنانا...... فُلَانًا اَمْرَهُ : کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا...... هُ المَرْاَةَ : نکاح کرانا۔
تَمَلَّكَ وامْتَلَكَ الشَّیْءَ : مالک ہونا۔
تَمَلَّكَ عَلَى القَوْمِ : بادشاہ بننا۔
تَمَالَكَ عَنْ كَذَا : اپنے نفس پر قابو رکھنا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَمَالَكَ اَنْ فَعَلَ او عَنْ اَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ" یعنی فلاں فعل کے کرنے سے وہ اپنے آپ کو نہیں روک سکا۔
المَلِك : بادشاہ۔ ج مُلُوك واَمْلَاك.
المُلْك : ملکیت۔ ج اَمْلَاك ومُلُوك قدرت کا ہل مٹر کا دانہ۔ تھوڑا پانی۔
مُلْكُ الدَّابَّةِ : چارپائے کی ٹانگیں اور گردنیں۔ واحد مِلَاك کہا جاتا ہے "مَالَهُ مُلْكٌ ومَالَه مِلْكٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو کہا جاتا ہے "هٰذَا مُلْكُ يَمِيْنِي" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور وہ میرے قبضہ اور تصرف میں ہے "وَلَيْسَ لَهُ مِلْكٌ" اس کے پاس پانی نہیں "وَاَعْطَانِي مِنْ مُلْكِهِ" اس نے مجھ کو اس

تو سے دیا جس پر وہ قادر ہے۔ وطَالَ مِلکُہ: اس کی غلامی طویل ہے "وَمُلْکُ الطَّرِیقِ" راستہ کا وسط یا کنارہ۔ سارے معانی میں میم کو تینوں حرکتیں ہیں۔

المَلَک: فرشتہ۔ انسان جس کا مالک ہو۔ کہا جاتا ہے "مَالَہٗ مَلَکٌ" یعنی اس کے پاس کوئی چیز نہیں جس کا وہ مالک ہو۔

المَلاک. مَالَک: کالمخفف۔ بمعنی فرشتہ ج ملائکۃ وملائِک. المَلاک: اقتدار۔ وملاکُ الاَمْرِ: سہارا۔ سرمایہ۔ بقا۔ کہا جاتا ہے القَلْبُ مَلاکُ الجَسَدِ: دل جسم کے لئے سرمایۂ بقا ہے۔

المِلاک: مثل مِلاکُ الاَمْرِ: سہارا۔ سرمایۂ بقا۔

المَلِک: اللہ تعالیٰ۔ بادشاہ۔ صاحبِ قوت واقتدار۔ ج مُلُوک وَاَمْلاک.

المَلَکِیّ. مَلِک: کی طرف نسبت۔ مؤنث مَلَکِیَّۃ.

المَلْکَۃ والمُلْکَۃ: ملکیت۔

المَلَکَۃ: ملکیت۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مَلَکَۃُ یَمِینِی" یعنی میں اس کا مالک ہوں اور اس پر قادر ہوں۔ المَلَکَۃ: وہ صفت جو نفس کے اندر راسخ ہو جائے اور جب تک راسخ نہ ہو اسے حال کہتے ہیں۔

المَالِک: فا۔ بادشاہ۔ ج مُلَّک ومُلَّاک. ابو مالک: بھوک یا بڑھاپا۔

مَالِکُ الحَزِین: بگلا۔

المَلاکَۃ والمِلاکَۃ والمُلُوکَۃ: ملکیت۔

المَلَکُوت: بادشاہی۔ عزت وقدرت۔

المَلَکُوتُ السَّمَاوِی: آسمان میں قدسیوں کی جگہ۔

المَمْلَکَۃ والمَمْلُکَۃ: شاہی شان وشوکت۔ بادشاہی۔ ج مَمَالِک.

المَلِیک: بادشاہ۔ ج مُلَکَاء. مَلِیکُ النَّحْلِ: شہد کی مکھیوں کی ملکہ۔ ج مُلُوک.

المُلَیْکَۃ: صحیفہ۔

الاُمْلُوک: اسم جمع ہے بمعنی مُلُوک

ریگستانی جانور ہے جو گرگٹ کے مشابہ ہوتا ہے۔

المَمْلُوک: مفع۔ غلام۔ ج مَمَالِیک اور اسی سے ہے مَمَالِیکُ مِصْر: جو چرکسی غلاموں کی ایک جماعت تھی جو مصر پر غالب آ گئی تھی اور مالک بن بیٹھی تھی۔

مَلْمَل: تیز دوڑنا۔ مَلْمَلَہُ المَرَضُ: مضطرب کرنا۔

تَمَلْمَل: غم یا مرض کی وجہ سے بستر پر کروٹیں بدلنا...... الجَالِسُ: کبھی ایک پہلو پر ٹیک لگانا کبھی دوسرے پر۔

المَلْمَلَۃ: مص ہاتھی کی سونڈ۔

المُلْمُول: سرمہ کی سلائی۔ ناک کا سوراخ۔ مُلْمُولُ البَعِیرِ والثَّعْلَبِ: اونٹ اور لومڑی کا ذکر۔

المَلْمَلی: تیز رفتار۔ کہا جاتا ہے نَاقَۃ مَلْمَلی: تیز رفتار اونٹنی۔

المَلَنْخُولِیَا: مالیخولیا۔

مَلاَ یَمْلُو مَلْوًا البَعِیرُ: اونٹ کا تیز چلنا۔ دوڑنا۔

مَلاَّہُ اللّٰہُ عُمْرَہٗ: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا۔ مَلاَّہُ اللّٰہُ حَبِیبَہٗ: اللہ تعالیٰ اس کو دیر تک حبیب سے نفع اٹھانے دے۔

مُلِّیَ وتَمَلَّی عُمْرَہٗ: عمر طویل ہونا اور فائدہ اٹھانا۔ مُلِّیَ وتَمَلَّی حَبِیبَہٗ: اس نے اپنے حبیب سے دیر تک نفع اٹھایا۔

اَمْلٰی اِمْلاءً. اللّٰہُ فُلانًا عمرہ: عمر طویل کرنا اور دیر تک نفع اٹھانے دینا...... البَعِیرَ و لِلْبَعِیرِ: بندھن کو ڈھیلا کرنا...... اللّٰہُ الظَّالِمَ وَلَہٗ: مہلت دینا...... عَلَیْہِ الکِتَابَ: بول کر لکھوانا۔

...... لَہٗ فِی غَیِّہٖ: گمراہی میں زمانہ دراز تک چھوڑنا۔

...... عَلَیْہِ الزَّمَنُ: لمبا ہونا۔

اِسْتَمْلَیْتُہُ الکِتَابَ: املا کرنے کی درخواست کرنا۔

[illegible]

زمانہ دراز۔ ج اَمْلاء.

المَلَوَان: رات دن۔ واحد ملا.

المَلاوَۃ والمَلْوَۃ. بتثلیث المیم: زمانہ دراز۔

المَلِیُّ: زندگی کی مدت۔

الاِمْلاء: مص۔ مہلت دینا۔ تاخیر کرنا۔ جو املا کیا جائے۔ ج اَمَالٍ وَاَمَالِیّ.

المَلاۃ: سنگریزہ ناک۔ بیابان۔ ج مَلاً.

المَلِیُّ: زمانہ طویل۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَظَرْتُہٗ مَلِیًّا" زمانہ دراز تک میں نے اس کا انتظار کیا۔ "وَمَرَّ مَلِیٌّ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا تہائی حصہ گزر گیا اور بقول رات کا ایک حصہ گزر گیا جس کی کوئی حد معین نہیں۔

الاَمَالِی: املا کئے ہوئے اقوال وغیرہ اور یہ اَمْلَی الکِتَابَ: کے مصدر الاِمْلاء کی جمع ہے۔

المَلْیُوْنُ فِی العَدَدِ: دس لاکھ۔ ج مَلایِین.

مِم: مرکب ہے من وما استفہامیہ سے۔

المَامُوس والمَامُوسَۃ: آگ۔ آتش دان۔ المَامُوسَۃ: بدزبان بے وقوف عورت۔

مِنْ: حروف جر میں سے ہے۔ معانی ذیل میں مستعمل ہے۔

(۱) ابتداء غایت زمانی جیسے مَرِضَ مِنْ یَوْمِ الجُمُعَۃِ۔

(۲) ابتداء غایت مکانی جیسے سَارَ مِنْ بَیْرُوْتَ۔

(۳) تبعیض۔ جیسے مِنْهُمْ مَنْ اَحْسَنَ وَمِنْهُمْ مَنْ اَسَاءَ۔

(۴) تعلیل۔ جیسے مِمَّا خَطِیْئَاتِہِمْ اُغْرِقُوا۔

(۵) بدل۔ جیسے اَتَرْضَوْنَ بِالحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مِنَ الاٰخِرَۃِ۔

(۶) مرادف با جیسے یَنْظُرُوْنَ مِنْ طَرْفٍ خَفِیٍّ۔

(۷) معنی فصل کا فائدہ بھی دیتا ہے جیسے

واللّٰهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ۔

(٨) زائدہ بھی ہوتا ہے اور زائدہ ہونے کے لئے تین چیزیں شرط ہیں۔ ایک یہ کہ اس سے پہلے نفی، نہی یا استفہام ہو۔ دوسرے یہ کہ مجرور نکرہ ہو۔ تیسرے یہ کہ مجرور فاعل یا مفعول یہ مبتدا ہو جیسے "مَا جَاءَنِي مِنْ رَجُلٍ" "وَبَلْ ضَرَبْتَ مِنْ اَحَدٍ" و "مَافِي الدَّارِ مِنْ اَحَدٍ" ان کے علاوہ اور بھی معانی ہیں جو قرینہ سے مفہوم ہوتے ہیں۔

مَنْ: اسم شرط جازم ہے جیسے مَنْ يَعْمَلْ خَيْرًا يُجْزَبِهٖ: اسم استفہام۔ جیسے مَنْ اَتٰى اسم موصول اکثر استعمال ذوی العقول کے لئے ہوتا ہے۔ جیسے يَسْجُدُ لِلّٰهِ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِي الْاَرْضِ: نکرہ موصوفہ جیسے مَرَرْتُ بِمَنْ مُعْجِبٍ لَكَ۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وَمِنِّيْنٰى عَلَيْهِ بِكَذَا: بھلائی کرنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وَمِنَّةً وَامْتَنَّ وَامْتِنَانًا. عَلَيْهِ بِمَا صَنَعَ: احسان جتانا۔ وَامْتَنَّ عَلَيْهِ بِكَذَا: بھلائی کرنا۔ وَامْتَنَّ فُلَانًا: فلاں کے انتہائی چیز پر پہنچنا۔

مَنَّ (ن) مَنًّا وَاَمَنَّ وَتَمَنَّنَ الرَّجُلَ: کمزور کرنا۔ قوت زائل کرنا۔ مَنَّ الْحَبْلَ: کاٹنا۔ مَنَّ الشَّيْءُ: کم ہونا...... النَّاقَةَ: سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔ تَمَنَّنَ فُلَانٌ فُلَانًا وَتَمَنَّنَ عَلَيْهِ: احسان جتا کر تکلیف پہنچانا۔

مَنَّنَ تَمْنِيْنًا النَّاقَةَ وَبِهَا: اونٹنی کو سفر کی وجہ سے لاغر کرنا۔

مَانَّهٗ مُمَانَّةً: کسی کی حاجت روائی کے لئے آنا جانا۔

اِسْتَمَنَّهٗ: طالب احسان ہونا۔

اَلْمَنُّ: مص۔ احسان۔ انعام۔ ایک قسم کی شبنم ہے جو پتھروں اور درختوں پر شہد کے مانند جم کر خشک ہو جاتی ہے۔ وَمَنُّ بَنِي اِسْرَائِيلَ: وہ چیز جس کو اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر نازل کیا تھا کہ اس سے وہ اپنی غذا حاصل کریں۔ اَلْمَنُّ: دو رطل کا پیمانہ یا میزان۔ ج اَمْنَان۔

اَلْمُنَّةُ: قوت۔ ضعف۔ ج مُنَن۔

اَلْمِنَّةُ: مص۔ احسان۔ کہا جاتا ہے "لَهٗ عَلَيَّ مِنَّةٌ اَوْ مِنَنٌ" اس کا میرے اوپر احسان یا احسانات ہیں۔ اَلْمِنَّةُ اسم ہے مَنَّ عَلَيْهِ سے اور اسی سے ہے اَلْمِنَّةُ تَهْدِمُ الصَّنِيْعَةَ: احسان کا جتانا احسان کو ضائع کر دیتا ہے۔ ج مِنَن۔

اَلْمِنَنَةُ: مکڑی۔ مادہ سیپی۔

اَلْمَنُوْنُ: موت (مؤنث ہے اور کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے) کہا جاتا ہے "ذَهَبَتْ بِهِمُ الْمَنُوْنُ" موت نے ان کو تباہ و برباد کیا۔ زمانہ۔ رَيْبُ الْمَنُوْنِ: حوادث زمانہ۔

اَلْمَنُوْنُ وَالْمَنُوْنَةُ: بہت احسان جتانے والا۔ تاء مبالغہ کے لئے ہے۔ مؤنث مَنُوْن۔

اَلْمَنُوْنَةُ: مکڑی۔

اَلْمَنَّانُ: بہت احسان کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔ بہت احسان جتانے والا۔ مؤنث مَنَّانَةٌ۔

اَلْمَنِيْنُ: کمزور۔ قوی۔ غبار یا ہلکا پراگندہ غبار۔ ج مُنُن وَاَمِنَّة۔

اَلْمَمْنُوْنُ: مفع۔ کٹا ہوا۔ کمزور۔ قوی۔ ہر چیز کا بہترین حصہ جو کسی کے پاس ہو۔ کہا جاتا ہے "بَلَغْتُ مَمْنُوْنَهٗ"۔

مَنَاَ (ف) مَنْاً الْجِلْدَ: کھال کو دباغت دینا...... فُلَانًا: فعل کی موافقت کرنا۔

اَلْمَنِيْئَةُ: کھال جس کو پہلی بار دباغت دی جائے۔ دباغت دینے کی جگہ۔

اَلْمَمْنَاةُ: کالی زمین۔

اَلْمَنْجَنِيْقُ وَالْمَنْجَلِيْقُ: جنگ میں قلعہ کی دیوار پر پتھر وغیرہ پھینکنے کی مشین۔ ج مَجَانِيْق وَمَجَانِق وَمَنْجَنِيْقَات۔

مَنَحَهٗ (ف ض) مَنْحًا الشَّيْءَ: دینا۔ عطا کرنا..... النَّاقَةَ وَكُلَّ ذَاتِ لَبَنٍ: اونٹنی یا دودھ والے جانور کو فائدہ اٹھانے کے لئے دینا۔ صفت مفعول الْمِنْحَة وَالْمَنِيْحَة۔ ج مِنَح وَمَنَائِح۔

مَانَحَهٗ مَنَاحًا وَمُمَانَحَةً: لگاتار عطیہ دینا۔ مَانَحَتِ الْعَيْنُ: لگاتار آنسو بہانا..... النَّاقَةُ: اونٹنی کا جاڑے کے زمانہ میں جبکہ اور اونٹنیوں کا دودھ دینا ختم ہو گیا ہو دودھ دینا۔

اَمْنَحَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا بچہ جننے کے قریب ہونا۔ صفت مُمْنِح۔

اِمْتَنَحَ الرَّجُلُ: عطیہ لینا اور کہا جاتا ہے "اُمْتُنِحَ مَالًا" یعنی وہ مال کا رزق دیا گیا۔

اِمْتَنَحَ الْمَنِيْحَ: عاریت پر لینا۔

تَمَنَّحَ الْمَالَ: دوسرے کو کھلانا۔

اِسْتَمْنَحَهٗ: عطیہ طلب کرنا۔

اَلْمِنْحَةُ: عطیہ۔ ج مِنَح۔

اَلْمَنَّاحُ: بہت دینے والا۔

اَلْمَنُوْحُ: جاڑے کے زمانہ میں اونٹنیوں کے دودھ ختم ہو جانے کے بعد دودھ والی اونٹنی۔

اَلْمَنِيْحُ: جوئے کے محروم تیروں میں سے ایک تیر۔

اَلْمُمَانِحُ: جاڑے کے زمانہ میں دودھ دینے والی اونٹنی۔ مَطَرٌ مُمَانِحٌ: لگاتار بارش۔ رِيْحٌ مُمَانِحٌ: ہوا جس کی بارش نہ رکے۔

اَلْمَنْدَرِيْنُ: ایک درخت جس کا پھل مالٹے سے چھوٹا ہوتا ہے اس کو لیموں یوسف آفندی بولتے ہیں۔ لذیذ پھل والا ہوتا ہے عام مالٹے کے باغوں میں پایا جاتا ہے۔

مُنْذُ وَمُذْ: کبھی ان کی میم مکسور ہوتی ہے ان کی تین حالتیں ہیں۔

پہلی یہ کہ دونوں حرف جر ہیں۔ اگر زمانہ ماضی ہو تو مِن کے معنی میں جیسے "مَا رَاَيْتُهٗ مُذْ يَوْمِ الْاَحَدِ" اور اگر زمانہ حال ہو تو فی کے معنی میں جیسے "رَاَيْتُهٗ مُذْ شَهْرِنَا" یعنی اس موجودہ مہینہ میں اور اگر معنی معدود ہوں تو مِن اور الی کے معنی میں جیسے مَا رَاَيْتُهٗ مُذْ ثَلٰثَةِ اَيَّامٍ یعنی میں نے اس کو تین دن سے یا تین دن تک نہیں دیکھا۔

دوسری یہ کہ اسم ان دونوں کے بعد مرفوع ہو جیسے "مَارَأَیْتُهُ مُذْ یَوْمَانِ" کہا گیا ہے کہ یہ دونوں اس حالت میں ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے جس میں فعل کو حذف کر دیا گیا ہے اور فاعل کو باقی رکھا گیا ہے اور اصل یوں ہے مُذْ کَانَ. یَوْمَانِ:۔ اور تیسری حالت یہ ہے کہ ان کے بعد جملہ فعلیہ یا اسمیہ ہو جیسے "مَازِلْتُ اَبْغِی الْمَالَ مُذْ اَنَا یَافِعٌ" میں جب سے جوان ہوا ہوں مال ہمیشہ تلاش کرتا رہا۔ مشہور یہ ہے کہ یہ دونوں اس وقت ظرف ہیں جن کی اضافت جملہ کی طرف ہے اور مُذْ مُنْذُ کا مخفف ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اجتماع ساکنین کے وقت مُذْ کی ذال کو ضمہ دیتے ہیں جیسے مُذُ الْیَوْمِ اگر اصل میں ضمہ نہ ہوتا تو کسرہ دیتے۔

اَلْمَنْغِنِیزِیُوم: میگنا ئیٹ۔
رمز (علامت) اٹیمی کمیتی نمبر
54.93 - 25 - M-N

المَنْسَة: کہن سال۔
المَنَس: خوشی۔
مَنَعَهُ (ف) مَنْعًا ومَنَعَهُ الشَّیْئَ ومِنْهُ وعَنْهُ: محروم رکھنا۔ روکنا......هُ الْقَاضِی عَنِ الْمِیرَاثِ: روکنا......هُ عَنِ الدَّعْوٰی: باز رکھنا۔ منع جَارَهُ: حمایت کرنا اور تکلیف سے بچانا۔
مَنُعَ (ک) مَنَاعَةً ومَنَاعًا: قوی ہونا۔ ......الحِصْنُ: قلعہ تک پہنچ دشوار ہونا...... الشَّیْئُ: بلند مرتبہ و دشوار ہونا۔ صفت مَنِیع۔
مَانَعَهُ: حمایت کرنا......هُ الشَّیْئَ: جھگڑا کرنا اور منع کرنا۔
تَمَنَّعَ وامْتَنَعَ عَنِ الشَّیْئِ: رکنا۔ اِمْتَنَعَ الشَّیْئُ: ناممکن الحصول ہونا۔ تَمَنَّعَ وامْتَنَعَ بِقَوْمِهِ: حفاظت میں آنا۔ قوت پکڑنا۔
تَمَانَعَا: باز رہنا......عَنْ اَنْفُسِهِمَا: ایک دوسرے کی حمایت کرنا۔
المَنْعُ: مص۔ کیکڑا۔ ج مُنُوع۔
رَجُلٌ مَنِعٌ: اپنے نفس کو باز رکھنے والا

المَنَعَة: عزت۔ قوت۔ ج مَنَعَات اور کہا جاتا ہے "لَهُمْ مَنَعَاتٌ" ان کے ایسے مضبوط قلعے ہیں جن پر دشمن قادر نہیں ہو سکتا۔
المَنْعَه والمِنْعَة: قوت۔ شوکت۔
المَنَاعَة: مص......فِی الطِّبِّ: ایسی قوت جو جسم کو حاصل ہو جائے اور آئندہ امراض سے محفوظ رکھے۔
المَانِع ج مَانِعُون ومَنَعَةٌ: فا۔ کنجوس۔ بخیل ج مَوَانِع: روکنے والا۔
مَنَاعِ: اسم فعل ہے بمعنی اِمْنَعْ۔
المَنُوع والمَنَّاع: بہت زیادہ منع کرنے والا۔ المَنَّاع: کنجوس۔ بخیل۔
المَنْعٰی: اسم ہے بمعنی اِمْتِنَاع۔
المَنِیع: غالب و قوی کہ جس پر کوئی قادر نہ ہو سکے۔ مؤنث مَنِیعَة. حِصْنٌ مَنِیعٌ: بلند و مضبوط قلعہ جس پر پہنچنا دشوار ہو۔
مَنَا یَمْنُو مَنْوًا الرَّجُلَ: آزمائش کرنا۔ صفت مفعولی مَمْنُوٌّ بِكَذَا.
المَنَا: پیمانہ یا وزن مساوی دو رطل۔ ثنی مَنَوَان ومَنَیَان ج اَمْنَاءٌ و اَمْنٍ ومُنِیٌّ اور اسی معنی میں المَنَّة بھی ہے۔ کہا جاتا ہے "دَارِیْ مَنَا دَارِهِ" میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔
مَنَاة: مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کے درمیان قبیلہ ہذیل اور خزاعہ کے ایک بت کا نام۔
المُنُوَّة: آرزو۔
مَنٰی یَمْنِیْ مَنْیًا اللّٰهُ الْخَیْرَ لِفُلَانٍ: مقدر کرنا۔ مَنَاهُ: آزمائش کرنا۔ کہا جاتا ہے مَنَاهُ اللّٰهُ بِكَذَا: یعنی اللہ اس کو فلاں چیز میں مبتلا کرے۔
مُنِیَ لِكَذَا: توفیق دیا جانا......بِكَذَا: آزمائش کیا جانا۔
مَنّٰی تَمْنِیَةً الرَّجُلَ الشَّیْئَ وبِالشَّیْئِ: آرزو دلانا۔
مَانٰی مُمَانَاةً الرَّجُلَ: مدارات کرنا۔ مہلت دینا اور انتظار کرنا۔ بدلہ دینا......الرَّفِیقَ: [illegible]

اَمْنٰی اِمْنَاءً النُّطْفَةَ: خون بہانا۔ گرانا......
الحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا۔ اَمْنٰی: منی گرانا۔
اِسْتَمْنٰی بِالْیَدِ: جلق لگانا۔ بغیر جماع کے منی نکالنا۔
اِمْتَنٰی اِمْتِنَاءً الشَّیْئَ: جھوٹ گھڑنا...... الحَاجُّ: حاجیوں کا منیٰ میں آنا یا نازل ہونا۔
تَمَنَّی الشَّیْئَ: ارادہ کرنا......الْكِتَابَ: پڑھنا ......الرَّجُلُ: جھوٹ بولنا......الحَدِیْثَ: جھوٹی بات گھڑنا۔
المَنِیَّة ج مَنَایَا والمَنٰی: موت۔ المَنٰی: ارادہ۔ تقدیر الٰہی۔ تم کہتے ہو "اَنَا رَاضٍ بِمَنَی اللّٰهِ" یعنی میں تقدیر الٰہی پر راضی ہوں اور کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّیْ بِمَنَی مِیْلٍ" وہ مجھ سے ایک میل کے اندازہ پر ہے۔
المُنْیَة والمِنْیَة ج مُنًی ومِنًی والاُمْنِیَّة ج اَمَانٍ واَمَانِی: آرزو۔ مطلوب۔ الاُمْنِیَّة: جھوٹ۔
المُتَمَنِّیَات: تمنائیں۔
اَلْمَنْمُوك: درمیانہ قد کا پودا جو برازیل کے جنگلات میں ہوتا ہے اس کے تنے سے آٹا نکالا جاتا ہے۔
مَهْ: اسم فعل مبنی علی السکون۔ بمعنی رک جا اور کبھی کہا جاتا ہے مَهٍ.
مَهَّ (ن) مَهًّا الْإِبِلَ: اونٹ کے ساتھ نرمی برتنا۔
مَهِهَ (س) مَهَهًا الشَّیْئُ: نرم ہونا۔
المَهَاهُ: نرمی۔ تازگی۔ خوبصورتی۔ خوبصورت (...... والمَهَهُ) سیر و سفر کا ساتھی۔ امیر۔ المَهَه: رفیق۔ نرمی۔
المِهْتَر والمِهْتَار: امیر۔ والی۔ (دخیل)
مَهَجَ (ف) مَهْجًا: بیماری کے بعد چہرے پر رونق آنا...... الوَلَدُ اُمَّهُ: دودھ پینا...... الجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
اُمْتُهِجَ الرَّجُلُ: خون کھینچ لیا جانا۔
المَاهِج: فا۔ خالص دودھ۔ پتلا دودھ

چربی۔

المُهْجَة: خون یا دل کا خون۔ روح۔ ومُهْجَة كُلُّ شَیٍ: ہر چیز کا بہترا اور خالص۔ ج مُهَج ومُهْجَات.

الاُمْهُج والاُمْهُوج والاُمْهُجَاج: خالص دودھ۔

کہا جاتا ہے رَجُلٌ مَمْهُوجُ الْبَطْنِ: ڈھیلے پیٹ کا مرد۔

مَهَدَ (ف). مَهَدَ الْفِرَاشَ: بستر بچھانا۔ لِنَفْسِهِ: کمائی کرنا۔ کام کرنا۔

مَهَّدَ الْفِرَاشَ: بستر بچھانا...... الْاَمْرَ: درست وہموار کرنا...... لَهُ الْعُذْرَ: عذر خواہی کرنا...... لِفُلَانٍ عُذْرَهُ: قبول کرنا...... لِنَفْسِهِ خَيْرًا: اپنے لئے بھلائی مہیا کرنا۔

تَمَهَّدَ الْفِرَاشُ: بستر بچھانا...... لَهُ الْاَمْرُ: آسان ہونا...... الرَّجُلُ: قادر ہونا۔

اِمْتَهَدَ الشَّیْءُ: بچھنا...... الرَّجُلُ: کمائی کرنا، کام کرنا۔

اِسْتَمْهَدَ فِرَاشًا: بستر بچھانا۔

الْمَهْدُ: گہوارہ۔ پست زمین ج مُهُوْدٌ.

الْمُهْدُ ج مِهَدَةٌ وَاَمْهَادٌ والْمُهْدَةُ ج مُهَدٌ: نرم و پست ہموار زمین۔

الْمِهَادُ: بچھونا۔ پست زمین۔ ج مُهُدٌ ومُهُدٌ واَمْهِدَةٌ.

الْمَهِيْدُ: خالص مسکہ۔

الْمُمَهَّدُ: مثلاً مَاءٌ مُمَهَّدٌ: پانی نہ گرم نہ سرد۔

مَهَرَ (ف ن) مَهْرًا ومُهُوْرًا ومَهَارًا ومَهَارَةً الشَّیْءَ وفِيْهِ وبِهِ: حاذق ہونا۔ صفت ماہر۔ کہا جاتا ہے "مَهَرَ فِی الْعِلْمِ" یعنی علم میں حاذق و ماہر ہوا۔ فِیْ صَنَاعَتِهِ: تجربہ کار و ماہر ہونا۔

مَهَرَ (ف ن) مَهْرًا واَمْهَرَ الْمَرْاَةَ: مہر دینا یا مہر مقرر کرنا۔ واَمْهَرَهَا: مہر کے بدلے میں کسی شخص سے نکاح کرنا۔ صفت مفعولی مُمْهَرَة. واَمْهَرَتِ الْفَرَسُ: بچھیرے یا بچھری والی ہونا۔

مَهَّرَ: بچھیرا مانگنا یا حاصل کرنا۔

مَاهَرَهُ مُمَاهَرَةً: ماہر ہونے میں مقابلہ کرنا۔

تَمَهَّرَ: ماہر ہونا، حاذق ہونا۔ تیرنا۔

الْمَهْرُ: مص۔ نکاح کے عوض مالی ج مُهُوْر ومُهُوْرَة اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَهْرُ ذٰلِكَ" یہ اس کے بدلے میں ہے۔

الْمُهْرُ: بچھیرا۔ گھوڑی گدھی کا پہلا بچہ۔ ج مِهَار واَمْهَار ومِهَارَة مؤنث ج مُهْرَة ج مُهَر ومُهَرَات ومُهْرَات. الْمُهْرُ: درمیانی سینہ کی ایک ہڈی۔ اندراین کا پھل۔ کبوتر کا بچہ۔ ج مِهَرَة.

الْمَهِيْرَةُ مِنَ النِّسَاءِ: بہت مہر والی عورت ج مَهَائِر.

الْمَاهِرُ: حاذق۔ اچھا تیرنے والا۔ ج مَهَرَة.

الْمَهْرِيَّة: سرخ گیہوں۔ الْاِبِلُ الْمَهْرِيَّةُ: مہرة بن حیدان کی طرف منسوب اونٹ جن کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ تیز رفتاری میں کوئی ان کا مقابلہ نہیں کر سکتا تھا۔ ج مَهَارِیّ ومَهَارٍ ومَهَارِیٌّ.

اَلْمَهْرَجَانُ: (فارسی لفظ) فرس (اہل فارس) کے نزدیک یہ دو لفظوں سے مرکب ہے۔ مہر کا معنی محبت اور جان کا معنی روح۔ یعنی روح سے محبت۔

الْمِهْرَجَان: پارسیوں کی ایک عید۔

مَهَزَهُ (ف) مَهْزًا. بِيَدِهِ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

مَهَشَهُ (ف) مَهْشًا: جلانا۔ کھرچنا۔

اِمْتَهَشَ: جلنا۔

مَهَّصَ الثَّوْبَ: کپڑا پاک صاف کرنا۔ سفید کرنا۔

تَمَهَّصَ فِی الْمَاءِ: پانی میں گھسنا۔

اِمْهَاصَّتِ الْاَرْضُ: بے نباتات ہونا۔ صفت مَهْصَاءُ.

مَهِقَ (س) مَهَقًا: بہت سفید ہونا۔

مَهَقَتْ (ف) مَهْقًا الْخَيْلُ: گھوڑے کا دوڑنا۔ مَهَقَ الْفَصِيْلَ: اونٹ کے بچہ کو پانی پلانا۔

تَمَهَّقَ الشَّرَابَ: تھوڑی تھوڑی [illegible] پینا۔

الْمَهَقُ: مص۔ پانی پر کی سبزی۔

الاَمْهَقُ: بغیر چمک کے بہت سفید جیسے چونا۔ مؤنث مَهْقَاءُ ج مُهْقٌ.

الْمُهْقَة: بغیر چمک کے بہت سفید رنگ۔

مَهَكَ (ف) مَهْكًا ومَهَّكَ الشَّیْءَ: خوب پیسنا۔ باریک پیسنا۔ مَهَكَهُ: نرم و چمکدار کرنا۔ مَهَكَ فِی السَّيْرِ: جلدی کرنا۔

تَمَهَّكَ فِی الْعَمَلِ: اچھے طریقہ سے کرنا۔ ہاتھ سے منقش کرنا۔

اِمْتَهَكَ الرَّجُلُ: کم گوشت والا ہونا...... فِی الْعَدْوِ: کوشش کرنا۔

تَمَاهَكَ الْقَوْمُ: باہم جھگڑنا۔

مَهْكَةُ الشَّبَابِ ومُهْكَتُهُ: جوانی کی رونق و تروتازگی۔

الْمَهُوْكُ: نرم کمان۔

الْمُمَهَّكُ والْمُتَمَهِّكُ: جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے شَبَابٌ مُمَهَّكٌ.

الْمُمَهَّكُ: لمبا بے ڈول۔

مَهَلَ (ف) مَهْلًا ومُهْلَةً وتَمَهَّلَ فِی الْعَمَلِ: اطمینان سے بغیر جلد بازی کے کام کرنا۔

مَهِلَ (س) مَهَلًا الرَّجُلُ: بھلائی میں پیش قدمی کرنا۔ صفت مَاهِل.

اَمْهَلَهُ ومَهَّلَهُ الدَّيْنَ: مہلت دینا۔ اَمْهَلَ ومَهَّلَ الرَّجُلَ: نرمی برتنا...... فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ عذر کرنا۔

اِسْتَمْهَلَهُ: مہلت مانگنا۔

الْمَهْلُ والْمَهَلُ: مص۔ نرمی آہستگی۔ میت کی پیپ اور کہا جاتا ہے "مَهْلًا وعَلٰی مَهْلٍ" یعنی ٹھہر جا جلدی نہ کر اور یہ مصدر ہے جو فعل کے قائم مقام ہے اور واحد تثنیہ جمع مذکر مؤنث سب کے لئے ہے الْمَهَلُ: کسی شخص کے گزرے ہوئے لوگ۔ سوار ہونے سے پہلے معاملہ کی ہدایت۔ پیش قدمی۔ کہا فُلَانٌ ذُوْ مَهَلٍ: فلاں بھلائی میں

پیش قدمی کرنے والا ہے۔
المُهْل: معدنی جواہر۔ جیسے چاندی تانبا لوہا وغیرہ پگھلی ہوئی دھاتیں۔ پتلا قطران۔ زیتون کا پتلا تیل۔ زہر۔ پیپ۔ یا خاص مردہ کی پیپ روئی سے جو راکھ جھڑے۔
المُهْلة: مص۔ راکھ میں بقیہ چنگاری۔ آہستگی ونرمی۔ کہا جاتا ہے "مَشٰی عَلٰی مُهْلَتِهٖ" وہ آہستہ آہستہ چلا۔ پتلا قطران۔ تیار۔ کہا جاتا ہے "خُذِ الْمُهْلَةَ فِیْ اَمْرِکَ" یعنی اپنے معاملہ میں سامان کو لو۔ "اَخَذَ عَلٰی فُلَانٍ الْمُهْلَةَ" یعنی وہ اس سے عمر یا ادب میں بڑھ گیا۔
المَهْلة والمِهْلَة والمُهْلَة والمَهَلة: پیپ یا خاص مردہ کی پیپ۔
المُتَمَهِّل: فا۔۔۔۔۔مِنَ الرِّجَالِ: لمبا۔
مَهْمَا: اسم شرط جازم ہے۔ غیر عاقل کے لئے استعمال کیا جاتا ہے اور ظرف زمان ہے جیسے مَهْمَا یَزُرْنِیْ زَیْدٌ اُکْرِمْهُ: جب زید مجھ سے ملے گا تو اس کا اکرام کروں گا اور کبھی غیر ظرف ہوتا ہے جیسے مَهْمَا تَفْعَلْ اَفْعَلْ: جو تو کرے گا میں کروں گا۔
مَهْمَهَهٗ عَنِ السَّفَرِ: روکنا۔ مَهْمَهَ فُلَانًا: مہ مہ کہہ کے ڈانٹنا۔
تَمَهْمَهَ عَنِ الشَّیْءِ: باز رہنا۔ رکنا۔
المَهْمَه والمَهْمَهة: دور کا جنگل۔ ویران ملک۔ ج مَهَامِه۔
مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا ومَهْنَةً ومِهْنَةً الرَّجُلَ: خدمت کرنا۔
مَهَنَ (ف ن) مَهْنًا: اپنا پیشہ کرنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلَ: مارنا اور سختی کرنا۔۔۔۔۔ الثَّوْبَ: کھینچنا۔ بوسیدہ کرنا۔۔۔۔۔ الْجَارِیَةَ: جماع کرنا۔
مَهُنَ (ک) مَهَانَةً: حقیر و کمزور ہونا۔
مَاهَنَهٗ مُمَاهَنَةً: مشق کرنا۔
اَمْهَنَهٗ: کمزور کرنا۔ خدمت لینا۔
اِمْتَهَنَ الشَّیْءَ: حقیر کرنا۔ بوسیدہ کرنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلَ: خدمت میں رکھنا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: خدمت میں مشغول ہونا۔

المِهْنَة والمَهْنَة والمَهَنَة والمِهَنَة: کام کی مہارت۔ خدمت۔ کہا جاتا ہے "قَامَتِ الْمَرْاَةُ بِمِهْنَةِ بَیْتِهَا" عورت اپنے گھر کے کام کاج کے لئے مستعد ہوئی "وَمَا مِهْنَتُکَ هٰهُنَا" یہاں پر تمہارا کیا عمل ہے "وَهُوَ فِیْ مِهْنَةِ اَهْلِهٖ" وہ اپنے لوگوں کی خدمت میں مشغول ہے "خَرَجَ فِیْ ثِیَابِ مِهْنَتِهٖ" وہ اپنے کام کاج کے کپڑوں میں نکلا۔ ج مِهَن ومُهَن۔
المَاهِن: فا۔ خادم۔ غلام۔ ج مُهَّان ومَهَنَة ومِهَان: مؤنث مَاهِنَةٌ ج مَوَاهِن۔
المَهِیْن: حقیر۔ کمزور۔ کم سمجھ۔ ج مُهَنَاء۔
مَهَا یَمْهُوْ مَهْوًا الرَّجُلَ: بہت مارنا۔
مَهَا یَمْهُوْ مَهَا۔ البَقَرَةُ الْوَحْشِیَّةُ: نیل گائے کا خالص سفید ہونا۔
مَهُوَ یَمْهُوْ مَهَاوَةً اللَّبَنُ اَوِ السَّمْنُ: دودھ یا گھی کا پتلا ہونا۔ صفت مَهْوٌ۔
اَمْهَی اللَّبَنَ: دودھ میں زیادہ پانی ملانا۔۔۔۔۔ الْحَدِیْدَةَ: لوہے کو تیز کرنا۔۔۔۔۔ الْفَرَسَ: رسی دراز کرنا۔ دوڑا کر گرم کرنا۔ اِسم اَلْمُهْیُ۔ اور کہا جاتا ہے "حَفَرَ الْبِئْرَ حَتّٰی اَمْهٰی" اس نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔ اَمْهٰی فُلَانٌ: تعریف میں خوب مبالغہ کرنا۔۔۔۔۔ الْحَبْلَ: رسی کو ڈھیل دینا۔۔۔۔۔ الْقِدْحَ: تیر کی کجی کو درست کرنا۔۔۔۔۔ الْقِدْرَ: ہانڈی میں پانی بڑھا دینا۔ اَمْهَتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا۔
المَهْو: مص۔ سفید کنکری۔ موتی۔ بلور۔ اولہ۔ تازہ کھجوریں۔ پتلی تلوار۔ بہت پانی والا دودھ۔
المَهَاة: نیل گائے (جس سے آنکھوں کی خوبصورتی میں تشبیہ دی جاتی ہے) آفتاب۔ بلور۔ ج مَهًا ومَهَوَات ومَهَیَات۔
مَهٰی یَمْهٰی ویَمْهِیْ مَهْیًا وَاَمْهٰی وَامْتَهٰی الشَّفْرَةَ اَوِ الْحَدِیْدَةَ: پتلا کرنا۔ تیز کرنا۔

اِسْتَمْهٰی الْفَرَسَ: گھوڑے کو پوری رفتار پر چھوڑ دینا۔۔۔۔۔ الْقَوْمُ: دشمن کی صفوں کو توڑ دینا اور شکست دینا۔
مَهْیَمْ: کلمہ استفہام ہے یعنی تمہارا کیا حال ہے یا تمہیں کیا ہوا۔ یا کیا خبر ہے۔
مَاءَ یَمُوْءُ مُوَاءً واَمْوَاَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔ واَمْوَاَ الرَّجُلُ: بلی کی طرح آواز کرنا۔
المَائِیَة والمَائِئَة والمَاءِیَة: بلی۔
مَاتَ یَمُوْتُ مَوْتًا: مرنا۔ مَاتَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا رک جانا۔۔۔۔۔ النَّارُ: آگ کی راکھ ٹھنڈی ہونا۔ مَاتَ الْحَرُّ وَ الْبَرْدُ: گرمی یا سردی کا زائل ہونا۔ مَاتَتِ الْحُمّٰی: بخار کا جوش کم ہونا۔ مَاتَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
مَاتَ یَمُوْتُ مَوَاتًا مَوَتَانًا الْمَکَانُ: ویران ہونا۔۔۔۔۔ الطَّرِیْقُ: راستہ چلنا بند ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ فَوْقَ الرَّحْلِ" یعنی گہری نیند سو گیا۔
مَوَّتَهٗ: مار ڈالنا۔ موت دینا۔
اَمَاتَهٗ اِمَاتَةً: مار ڈالنا۔ اَمَاتَ نَفْسَهٗ: مغلوب کرنا۔۔۔۔۔ غَضَبَهٗ: غصہ پی جانا۔۔۔۔۔ الرَّجُلُ: مرے ہوئے بچوں والا ہونا۔۔۔۔۔ النَّاقَةُ اَوِ الْمَرْاَةُ: مرے ہوئے بچہ والی ہونا۔ صفت مُمِیْت ومُمِیْتَة ج مَمَاوِیْت۔۔۔۔۔ الْقَوْمُ: مرے ہوئے جانوروں والا ہونا۔ لِقَابَتِ اللَّحْمَ: خوب اچھی طرح پکانا اور جوش دینا اور کہا جاتا ہے "مَا اَمْوَتَهٗ" یعنی وہ کیسا مردہ دل ہے۔
اُمِیْتَتِ اللَّفْظَةُ: لفظ کا استعمال چھوڑ دیا جانا۔
مَاوَتَ مُمَاوَتَةً قِرْنَهٗ: باہم صبر کرنا۔
تَمَاوَتَ: بتکلف مردہ بننا۔ خاموشی اور کمزوری ظاہر کرنا۔
اِسْتَمَاتَ اِسْتِمَاتَةً واِسْتِمَاتًا: موت چاہنا۔ ہر طریقے سے کسی چیز کو طلب کرنا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا۔۔۔۔۔ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔۔۔۔۔ الشَّیْءُ: ڈھیلا ہونا۔

اَلْمَوْتُ وَالْمَوْتَةُ: موت۔ اَلْمَوْتُ الْاَحْمَرُ: قتل سے جو موت واقع ہو۔ اَلْمَوْتُ الْاَبْيَضُ: موت طبعی یا اچانک موت۔ اَلْمَوْتُ الْاَسْوَدُ: گلا گھونٹنے سے جو موت واقع ہو۔

اَلْمُوْتَةُ: جنون کی ایک قسم۔ مرگی۔

اَلْمَيْتَةُ. اَلْمَيْتُ: کا مؤنث۔ مردار۔ ج مَيْتَات۔

اَلْمِيْتَةُ: مرنے کی حالت۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ مِيْتَةً صَالِحَةً" و "مَاتَ مِيْتَةَ سُوْءٍ" (اچھی اور بری طرح مرنا)

المیو: موت۔ (مولدة)

اَلْمَوَتَانُ وَالْمُوْتَانُ: جانوروں کی مری اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوَتَانُ الْفُؤَادِ" یعنی یہ بلید الطبع ہے۔ مؤنث مَوَتَانَةٌ۔

اَلْمَوَتَانُ: موت۔ غیر ذی روح۔ کہا جاتا ہے "اِشْتَرِ مِنَ الْمَوَتَانِ وَلَا تَشْتَرِ مِنَ الْحَيَوَانِ" یعنی زمین، مکانات وغیرہ خریدو اور غلام جانور وغیرہ مت خریدو اور کہا گیا ہے کہ مَوَتَان اس زمین کو کہتے ہیں جس میں آبادی نہ ہو۔

اَلْمَائِتُ: قریب المرگ۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ مَائِتٌ" یعنی سخت موت۔

اَلْمَيْتُ ج اَمْوَات وَمَوْتٰى وَمَيْتُوْن۔ وَالْمَيِّتُ ج مَيِّتُوْن: مردہ۔ مؤنث مَيِّتَةٌ ومَيْتٌ ومَيْتَةٌ ج مَيِّتَات ومَيْتَات۔

اَلْمَوَاتُ: مص۔ غیر ذی روح۔ غیر آباد زمین یا وہ زمین جس سے کوئی فائدہ نہ اٹھائے۔

اَلْمَمَاتُ: موت۔ یا زمانہ موت۔

اَلْمُمَاتُ مِنَ اللَّفْظِ: متروک الاستعمال لفظ۔

خَطِيْئَةٌ مُمِيْتَةٌ: گناہ کبیرہ۔

اَلْمُسْتَمِيْتُ: فا۔ طالب قتل جو لڑائیوں میں موت کی پروانہ کرے۔ بتکلف مجنوں بننے والا۔ انڈے کی سفیدی کا باریک چھلکا۔

مَاثَ يَمُوْثُ مَوْثًا وَمَوَثَانًا الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ: گھول کرنا...... الشَّيْئُ فِي الْمَاءِ: پانی میں گھسنا۔ اِنْمَاثَ: خلط ہونا۔ حل ہونا۔ گھل مل جانا۔

مَاجَ يَمُوْجُ مَوْجًا وَمَوَجَانًا وَتَمَوَّجَ الْبَحْرُ: سمندر کا موج مارنا۔ مَاجَ الْقَوْمُ: مضطرب ہونا۔ بے ترتیب ہونا۔ مَاجَ عَنِ الْحَقِّ: حق سے تجاوز کرنا۔

اَلْمَوْجُ: مص۔ لہر۔ واحد مَوْجَةٌ۔ ج اَمْوَاج۔ وَمَوْجَةُ الشَّبَابِ: آغاز جوانی۔

اَلْمَوَّاجُ: بہت موج مارنے والا۔

مَاخَ يَمُوْخُ مَوْخًا الْغَضَبُ: غصہ کا ٹھنڈا ہونا۔

اَلْمَاذُ: اچھی خصلتوں والا ہونا۔ خوش طبع (اصل اس کی مَوْذٌ ہے)

اَلْمَاذِيُّ: سفید شہد۔ یا عمدہ شہد۔ ہر قسم کے ہتھیار (...... وَالْمَاذِيَّةُ) نرم زرہ۔

الماذیۃ: شراب۔

مَارَ يَمُوْرُ مَوْرًا الْبَحْرُ: موج زن ہونا...... الدَّمُ عَلَى الْاَرْضِ: خون کا زمین پر پھیل کر بہنا...... الدَّمَ: خون کو زمین پر پھیلا کر بہانا...... الشَّيْئُ: آگے پیچھے تیزی سے ہلنا...... التُّرَابُ: غبار کا اٹھنا۔ برانگیختہ ہونا۔ مَارَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ وَبِالتُّرَابِ: ہوا کا مٹی کو اٹھانا۔ برانگیختہ کرنا۔ مَارَ الصُّوْفُ عَنِ الْجَسَدِ: پشم کو جسم سے اکھیڑنا۔ السِّنَانُ فِي الْمَطْعُوْنِ: بھالے کا زخمی کے بدن میں ہلنا۔ اَمَارَ الدَّمَ: خون بہانا۔ اَمَارَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اٹھانا برانگیختہ کرنا۔ اَمَارَ السِّنَانَ فِي الْمَطْعُوْنِ: بھالے کو زخمی کے بدن میں ہلانا۔

تَمَوَّرَ: تردد کی حالت میں آنا جانا...... الشَّعْرُ: بالوں کا ادھر ادھر ہونا اور کہا جاتا ہے "تَمَوَّرَ الْوَبَرُ وَنَحْوُهٗ عَنِ الدَّابَّةِ" جبکہ بال یا اون وغیرہ گر جائیں...... الشَّيْئُ: کسی چیز کا مضطرب ہونا اور جلدی جلدی حرکت کرنا۔

اِنْمَارَ الشَّعْرُ...... [illegible]

اِمْتَارَ اِمْتِيَارًا السَّيْفَ: تلوار سونتنا۔

مَارِيْ وَمَارٍ: سریانی کلمہ ہے اس کے معنے سید کے ہیں اور اکثر اس کا استعمال مقدس لوگوں کے لئے ہوتا ہے۔ اور مؤنث کے لئے مُرْتَ کہا جاتا ہے۔

اَلْمَوْرُ: مص۔ نرم چیز۔ چلتا ہوا ہموار راستہ۔ تیزی۔

اَلْمُوْرُ: ہوا میں اڑنے والا غبار۔ مٹی جس کو ہوا اڑائے۔ ایک قسم کے میمنے۔

اَلْمُوْرَةُ وَالْمُوَارَةُ: گری ہوئی اون۔

اَلْمُوَارَةُ: چیز جو کسی چیز سے گرے۔ فانی چیز کا کچھ باقی حصہ۔

اَلْمَائِرُ: فا۔ کم سمجھ۔ سَهْمٌ مَائِرٌ: گھس جانے والا ہلکا تیر۔ مؤنث مَائِرَةٌ۔ ج مَائِرَاتٌ وَمَوَائِرُ۔

اَلْمَوَّارُ: اسم مبالغہ۔ رِيْحٌ مَوَّارَةٌ وَاَرْيَاحٌ مُوْرٌ: مٹی برانگیختہ کرنے والی ہوا۔

اَلْمَوْرَجُ: کھیتی کرنے والوں کا آلہ جس کو کھلیان پر گھماتے ہیں اس کو پھلسا کہتے ہیں۔

اَلْمُوْرِكْسُ: ایک پتلی پاؤں والی پیٹ والے کھلے منہ والی کانٹے والی جس کو ہر سو چلاتی ہے سرخ رنگ والا سیلان بہاتی ہے پرانے زمانے میں لوگ اس سے سرخ رنگ حاصل کرتے تھے۔

اَلْمَوْزُ: کیلے کا درخت۔ کیلا۔ واحد مَوْزَةٌ۔

اَلْمَوَّازُ: کیلہ بیچنے والا۔

اَلْمَيْزَجُ: موزہ۔ ج مَوَازِجُ وَمَوَازِجَةٌ۔

مَاسَ يَمُوْسُ مَوْسًا الرَّاْسَ: سر مونڈنا۔

اَلْمَاسُ: ہیرا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَاسٌ" بے حس مرد جس پر عتاب و خفگی کا کوئی اثر نہ ہو۔

اَلْمُوْسٰى: استرا۔ (مذکر و مؤنث) ج مَوَاسٍ وَمُوْسِيَات۔

اَلْمُوْسِيْقٰى: گانے کا فن۔

اَلْمُوْسِيْقِيُّ: گانے والا۔ گویا۔

مَاشَ يَمُوْشُ مَوْشًا الْكَرْمَ: توڑنے کے

بعد باقی ماندہ انگور چننا۔

الـمَـاشُ: ارُد۔ واحد مَـاشَة: گھر کا معمولی سامان۔

اَلْمُوسِلِیْن: روئی کا باریک نرم کپڑا۔

النَّعَّارَة عِنْدَ الْمُوَلَّدِينَ: دستے والا مٹی کا آب خورہ ـ عوام عین کی تخفیف سے بولتے ہیں۔
النَّاعُور والنَّاعُورَة: رہٹ ـ ج نَوَاعِير.
نَعَسَ (ف ن) نَعْسًا الرَّجُلُ: اونگھنا ـ صفت مذکر نَاعِسٌ ج نُعُس: صفت مؤنث نَاعِسَة ج نَاعِسَات ونَوَاعِس. نَعَسَ جِسْمُهُ او رَايُهُ: جسم یا رائے کا نرم و کمزور ہونا ـ نَعَسَتِ السُّوقُ: بازار کا ماند پڑنا۔
اَنْعَسَهُ: سلانا...... فُلَانٌ: سست بیٹوں والا ہونا۔
تَنَاعَسَ: بتکلف سونا ـ اپنے آپ کو سوتا ہوا

ظاہر کرنا...... السوق: بھی کا سست پڑنا۔
تناعست السوق: بازار کا ماند پڑنا۔
النعاس: حواس کی سستی۔ اونگھ۔ ابتدائی نیند۔
النعسان: اونگھنے والا۔ مؤنث نعسی (اس کا استعمال عموماً اشعار میں مستحسن ہے)
امرأة نعسانة ونعوس: اونگھنے والی عورت۔ ناقة نعوس: دودھار اونٹنی۔
نعشه (ف) نعشا الله: بلند کرنا۔ اٹھانا۔ ہلاکت سے بچانا۔ فقیری کے بعد دولت والا بنانا...... الربیع الناس: خوش حال کرنا...... المیت: بھلائی سے یاد کرنا...... طرفه: نگاہ اٹھا کر دیکھنا...... الشجرة: جھکے ہوئے درخت کو اٹھانا۔
نعش: تابوت پر اٹھایا جانا۔ صفت منعوش...... فلان: پھسلنے کے بعد اٹھایا جانا۔
نعشه، انعشه الله: بلند کرنا اور اٹھانا۔
نعش فلان فلانا: نعشک الله من عثرتک: کہنا۔
انتعش: سستی کے بعد چست ہونا۔ سر اٹھانا...... من سقطته: گرنے کے بعد اٹھنا۔
استنعش: سستی کے بعد چست ہونا۔
النعش: مص۔ بقا۔ محافہ کے مانند چارپائی جس پر بادشاہ کو بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے تھے۔ تابوت۔ مردہ کا تخت۔ بنات نعش الکبری: سات ستارے جو قطب شمالی کی جہت میں ہیں اور انہیں کے قریب سات اور ستارے ہیں جن کو بنات نعش الصغری کہتے ہیں۔
نعص (ف) نعصا الشیء: حرکت دینا...... الجراد الارض: چٹ کر جانا۔
نعص (س) نعصا: جھکنا۔
انتعص: ہلنا...... الرجل: گرنے کے بعد اٹھنا۔ غضبناک ہونا۔
الناعصة: مددگار۔ اعوان وانصار۔
انعط الاکل: آدھا لقمہ کھانا آدھا ڈال دینا۔
النعط: کھانے اور دار و دہش میں بدتمیز لوگ۔ واحد ناعط۔
ناعفه مناعفة: باہم دو راستوں میں مقابلہ کرنا کہ ہر ایک آگے بڑھ جانا چاہتا ہو...... الطریق: راستہ میں مقابلہ کرنا۔
انعف: بلند جگہ پر بیٹھنا۔
انتعف: بلند جگہ پر چڑھنا...... لفلان: درپے ہونا...... الشیء: غیر کے لئے چھوڑ دینا۔ الراکب: ظاہر ہونا۔
النعف: پہاڑ سے نیچے اور وادی سے بلند ہموار جگہ...... من الرملة: ریت کا اگلا و پتلا حصہ۔ ج نعاف۔
النعفة: پشت پاؤں پر جوتے کا تسمہ۔
النعفة: گیسو۔ شملہ۔ گوشت میں فاسد گرہ۔ کجاوہ کے تسمے جو ادھر ادھر حرکت کریں۔
اذن ناعفة ونعوف ومنتعفة: لٹکتا ہوا کان۔
المناعف من الجبال: پہاڑوں کی چوٹیاں۔
المنتعف: نرم اور سخت زمین کے درمیان کی حد۔
نعق (ف ض) نعقا ونعیقا ونعاقا ونعقانا الغراب: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔ المؤذن: مؤذن کا بلند آواز سے اذان دینا۔ الراعی بغنمه: چرواہے کا بکریوں کو آواز دینا اور ڈانٹنا۔
النعاق: بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
الناعقان: جوزاء کے دو ستارے۔
نعل (ف) نعلا القوم: جوتے دینا۔ (نعل و نعّل و انعل) الدابة: نعل لگانا۔
نعل (س) نعلا: جوتہ پہننا۔
تنعّل وانتعل: جوتہ پہننا...... الثوب: روندنا۔ اور کہا جاتا ہے "انتعل الارض" اس نے پیدل سفر کیا۔
النعل: مص۔ جوتہ۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو بچایا جائے (مؤنث) تصغیر نعیلة نعل الدابة: گھوڑے کا نعل ج نعال وانعل۔ النعل: میان کے نچلے حصہ میں چاندی یا لوہے کا بنا ہوا۔ سخت زمین جس میں کچھ نہ اگے۔ ج نعال کہا جاتا ہے "اخضرت نعال القوم" یعنی قوم کی زمین سرسبز ہوگئی۔
النعلة: ہر وہ جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے اور یہ نعل سے خاص ہے۔
الناعل: فا۔ بہت جوتے والا۔ گورخر۔ رجل ناعل: جوتا پہنا ہوا مرد۔ حافر ناعل: سخت کھر۔
النعال: نعل بند۔
المنعل والمنعلة: سخت زمین۔ کہا جاتا ہے "مکان منعل و ارض منعلة"۔
المنعل: جوتے والا۔ فرس منعل: مضبوط نعل لگا ہوا گھوڑا۔ کہا جاتا ہے "رماه بالمنعلات" اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔
نعم (ف ن) ونعم (س) نعمة ومنعما الرجل: خوش حال ہونا...... عیشه: آسودہ و کشادہ ہونا اور کہا جاتا ہے "هذا منزل ینعمهم" یہ ایسی منزل ہے جو ان کے موافق ہے "ونعمت بهذا عینا" یعنی میں اس سے خوش ہوا "ونعمک الله عینا ونعم الله بک عینا" یعنی تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے اور تم سے تمہاری محبوب کی آنکھ ٹھنڈی کرے۔
نعم (س) نعما العود: لکڑی کا سرسبز و تر و تازہ ہونا۔
نعم (ک) نعومة: نرم و نازک ہونا۔ ملائم ہونا صفت ناعم۔
نعم افعال مدح میں سے ہے اور غیر منصرف ہے۔ تم کہتے ہو "نعم الرجل زید ونعم رجلا زید" اور تثنی اور جمع کا استعمال نادر ہے۔ کہا جاتا ہے نعما نعموا ونعمتا ونعمن اور کبھی اس کے آخر میں ما لاحق ہوتا اس وقت صلہ سے مستغنی ہوتا ہے جب کہ

کوئی قرینہ ہو۔ مثلاً تم کہو گے "دَقَقْتُہٗ دَقًّا نِعِمًّا" (کسرِ عین سے اور کبھی مفتوح بھی ہوتا ہے) جس کا معنی میں نِعْمَ مَا دَقَقْتُہٗ کے اور عرب کا قول "اِنْ فَعَلْتَ فَبِهَا وَنِعْمَتْ" تاء ساکنہ سے جس کی تقدیر نِعْمَتِ الْفِعْلَةُ ہے۔

نَعَمَ الشَّیْءُ: نرم و نازک بنانا...... الرَّجُلَ: آسودہ حال کر دینا۔ کسی سے نعم کہنا...... الْقَوْمُ: لوگوں کے پاس پاؤں آنا۔

اَنْعَمَ الشَّیْءُ: نرم و نازک بنانا...... فُلَانًا: آسودہ حال بنانا۔ کہا جاتا ہے "اَنْعَمَ اللّٰہُ صَبَاحَکَ" یعنی اللہ تعالیٰ تمہاری صبح اچھی کرے اور یہ امر کے موقعہ پر کہا جاتا ہے "اَنْعِمْ صَبَاحًا" اور کثرتِ استعمال کی وجہ سے ہمزہ اور نون حذف کر دیا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "عِمْ صَبَاحًا وَعِمْ مَسَاءً اَنْعَمَ اللّٰہُ النِّعْمَةَ عَلَیْہِ وَاَنْعَمَهٗ بِالنِّعْمَةِ" نعمت پہنچانا۔ انعم اللہ بک عینا: تمہاری آنکھیں ٹھنڈی کرنا یا تمہاری وجہ سے دوسرے کی آنکھیں ٹھنڈی کرنا اَنْعَمَ الرَّجُلُ: زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچنا الْقَوْمَ: لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ اَنْعَمَ صَدِیْقَہٗ: ننگے پاؤں ہو کر رخصت کرنا۔ اَنْعَمَ فِی الْاَمْرِ: مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح سے کرنا...... اَنْعَمَ النَّظَرَ فِی الْمَسْاَلَةِ: غور کرنا۔ اَنْعَمَ لَهٗ کسی سے نَعَمْ: کہنا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنْزِلٌ یَنْعَمُ" یہ ایسی منزل ہے جو بہت برکت والی اور موافق ہے۔

نَاعَمَ مُنَاعَمَةً الرَّجُلُ: آسودہ حال ہونا۔ الرَّجُلَ: آسودہ حال بنانا...... الْحَبْلَ وَغَیْرَهٗ: رسی کو مضبوط کرنا۔

تَنَعَّمَ الرَّجُلُ: ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔ ننگے پاؤں چلنا...... قَدَمَیْہِ: مشغول کرنا...... فُلَانًا بِالْمَکَانِ: ڈھونڈنا...... الدَّابَّةُ: خوب اچھی طرح ہانکنا اور کہا جاتا ہے "اَتَیْتُ اَرْضَهُمْ فَتَنَعَّمَتْنِیْ" یعنی میں ان کی زمین میں پہنچا اور وہ میرے لئے موافق ہوئی۔

تَنَاعَمَ: خوش عیش ہونا۔

نَعَمْ: کلمۂ ایجاب ہے اور اس میں چار لغت اور ہیں۔

نَعِمْ ونِعِمْ ونِعَامْ ونَحَمْ اور یہ چار معانی میں آتا ہے۔

(۱) خبر کے بعد واقع ہو تو حرف تصدیق ہے جیسے قَامَ زَیْدٌ کے جواب میں نَعَمْ ہو تو اس کے معنی قَامَ کے ہوں گے۔

(۲) امر اور نہی کے بعد واقع ہو تو حرف وَعْد: ہوگا جیسے "اِضْرِبْ زَیْدًا" کا جواب میں "نَعَمْ اَعِدُکَ بِضَرْبِهٖ" کے معنی میں ہوگا۔

(۳) اور استفہام کے بعد واقع ہو تو حرف اعلام ہوگا جیسے اَقَامَ زَیْدٌ: کے جواب میں نَعَمْ اُعْلِمُکَ بِقِیَامِهٖ کے معنی میں ہوگا۔

(۴) اور جب صدر کلام میں واقع ہو تو فائدہ تاکید کا ہوتا ہے جیسے نَعَمْ اِنَّ رَبِّیْ قَادِرٌ۔

النُّعْم: خوش حالی۔ تن آسانی۔ ج اَنْعُمْ تم کہتے ہو "هٰذَا یَوْمُ نُعْمٍ" یعنی یہ عیش و طرب کا دن ہے۔

النَّعَم: اونٹ۔ چوپایہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے ج اَنْعَام: جج اَنَاعِیْم۔

النَّعْمَة: اسم مرۃ۔ آسودگی۔ نَعْمَةُ الْعَیْشِ: زندگی کی آسودگی۔

النِّعْمَة: احسان۔ رزق وغیرہ کا انعام جو تمہارے اوپر ہو۔ خوشی۔ خوشگوار حالت۔ ج نِعَم واَنْعُم ونِعْمات ونِعِمات ونِعَمات کہا جاتا ہے فُلَانٌ وَاسِعُ النِّعْمَةِ: فلاں بہت مالدار ہے۔

النَّعْمَاء ج اَنْعُم والنُّعْمٰی: بابرکت ہاتھ۔ والنُّعْمٰی: آرام۔ خوش عیشی۔ مال۔ کہا جاتا ہے "سَاَفْعَلُهٗ نَعْمَ عَیْنٍ ونُعْمَ عَیْنٍ ونَعْمَة عَیْنٍ ونُعْمَة عَیْنٍ ونُعْمٰی عَیْنٍ ونَعِیْم عَیْنٍ ونَعَام عَیْنٍ ونِعَام عَیْنٍ ونُعَام عَیْنٍ ونُعَامٰی عَیْنٍ" یعنی عنقریب تمہارے اکرام کے لئے میں ایسا کروں گا اور کہا جاتا ہے "نُعْمَاکَ [illegible]"

ہے کہ تم ایسا کرو۔

النُّعْمَة: خوشی۔ نُعْمَةُ الْعَیْنِ: آنکھ کی ٹھنڈک۔

النَّعَامَة: شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج نَعَام ونَعَامَات ونَعَائِم اور مذکر کو ظلیم اور شتر مرغ کے گلہ کو بَنَاتُ الْهَیْقِ کہتے ہیں۔ شتر مرغ کے پر خوبصورت ہوتے ہیں جس کو زینت کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ بھاگنے اور عبادت میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔ النَّعَامَة: نفس، تاریکی۔ خوشی۔ اکرام۔ جہالت۔ واضح راستہ۔ کنوئیں میں اٹھا ہوا پتھر۔ راستہ کا نشان۔ پہاڑ پر سائبان کی مانند بنی ہوئی عمارت۔ دماغ کھلی۔ لوگوں کی جماعت۔ اِبْنُ النَّعَامَة: پنڈلی کی ہڈی۔ قدم یا تلوا اور کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَتْ نَعَامَتُهٗ" یعنی مر گیا یا کوچ کر گیا۔ "وَجَاءَ کَالنَّعَامَةِ" یعنی محروم لوٹا "وَرَکِبَ جَنَاحَی النَّعَامَةِ" یعنی اس نے اپنے معاملہ میں کوشش کی "وَشَالَتْ نَعَامَتُهٗ" یعنی مر گیا "وَشَالَتْ نَعَامَةُ الْقَوْمِ" یعنی متفرق ہو گئے اور انہوں نے اپنے منازل کو خالی کر دیا "وَاِنَّهٗ لَخَفِیْفُ النَّعَامَةِ" یعنی ضعیف العقل ہے "وَاَصَمُّ مِنْ نَعَامَةٍ" وہ شتر مرغ سے زیادہ بہرا ہے اس لئے کہ شتر مرغ جب بھاگتا ہے تو کسی جانب نہیں مڑتا۔

النَّعَام: اسم جمع ہے مفرد اس کا النَّعَامَة ہے۔ بیابان۔ النَّعَامُ الصَّادِرُ: چار ستاروں کے نام النَّعَامُ الْوَارِدُ: دوسرے چار ستاروں کے نام اور یہ سب منازل قمر میں سے ہیں۔

النَّعَائِم: منازلِ قمر میں سے ایک منزل کا نام۔ جس کی صورت شتر مرغ جیسی ہے اور یہ آٹھ ستارے ہیں۔

النُّعُوْمَة: مص۔ نرمی و نازکی۔ ملائمت۔

النُّعْمَان: حیرہ کے ہر بادشاہ کا لقب۔ خون شَقَائِقُ النُّعْمَانِ: گل لالہ۔ واحد شَقِیْقَةُ النُّعْمَانِ۔

الْاِنْعَام: مص۔ انعام۔ ج انعامات۔

الإنْعَامَة: انعام۔ عطیہ۔
النَّاعِمُ: فا ...... مِنَ الثِّيَابِ: ملائم کپڑا ...... مِنَ الْعَيْشِ: آسودہ زندگی ...... مِنَ النَّبَاتِ: سیدھا ہموار۔
النَّاعِمَة۔ النَّاعِم: کا مؤنث۔ آسودہ زندگی والی۔ باغ۔
النَّعِيْم: آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَعِيْمُ الْبَالِ" یعنی سکون قلب والا مرد۔ نَعِيْمُ اللّٰهِ: اللہ کا فضل۔
المِنْعَم: جھاڑو۔
المِنْعَام: بڑا فیاض۔
كَلَامٌ مُنَعَّمٌ: نرم کلام۔
المُنَاعِم والمُتَنَاعِم مِنَ النَّبَاتِ: سیدھی ہموار نباتات۔
المُنَعَّم والمُنَاعَم والمُتَنَعِّم والمُتَنَاعِم: خوش حال۔ مالدار۔
نَعْنَعَ لِسَانُ فُلَانٍ: زبان میں ہکلا پن ہونا۔
تَنَعْنَعَ الشَّيْءُ: مضطرب ہونا۔ جھکنا ...... عَنْهُ: دور ہونا۔
النَّعْنَع والنُّعْنَاع: پودینہ۔ واحد نَعْنَعَة ونُعْنَاعَة۔
النُّعْنُعَة: پوتا۔
نَعَا يَنْعُو نُعَاءَ السِّنَّوْرُ: بلی کا میاؤں میاؤں کرنا۔
النَّعْو: ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اُونٹ کے اوپر والے ہونٹ کی پھٹن۔ کھر کے پچھلے حصے کی کشادگی۔ تازہ کھجور۔
نَعَى يَنْعَى نَعْيًا ونَعِيًّا ونُعْيَانًا لَنَا وإِلَيْنَا فُلَانًا: موت کی اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "نَعَاهُ بِمَوْتِ فُلَانٍ" اس نے اس کو فلاں کی موت کی اطلاع دی ...... نَعَى الْقَوْمَ: میت کے دفن کے لئے بلانا۔ نَعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا ...... عَلَى الْقَوْمِ شَهْوًا تَهُمْ: عیب گیری کرنا کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْعَى عَلَى فُلَانٍ ذُنُوْبَهُ" یعنی وہ فلاں کے گناہوں کو ظاہر کرتا ہے اور شہرت دیتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى فُلَانًا" فلاں فلاں سے قصاص طلب کرتا ہے۔ "وفُلَانٌ يَنْعَى عَلَى نَفْسِهِ بِالْفَوَاحِشِ" یعنی فلاں اپنے آپ کے متعلق ارتکاب فواحش کی شہرت دیتا ہے۔
أَنْعَى عَلَيْهِ شَيْئًا قَبِيْحًا: کسی کے متعلق بری بات طعنہ کے طور پر کہنا۔ أَنْعَيْتُهُ الشَّيْءَ: خبر دینا۔
تَنَاعَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَى الْقَوْمُ: قتل اور طلب قصاص پر برانگیختہ کرنے کے لئے مقتولین کی خبر موت کو بیان کرنا۔ متفرق و منتشر ہونا۔ اِسْتَنْعَى ذِكْرُ فُلَانٍ: پھیلنا ...... حُبُّ الْخَمْرِ بِهِ: مدت تک رہنا ...... الرَّاعِي الْغَنَمَ: چرواہے کا آگے ہو کر اپنے پیچھے بکریوں کو بلانا۔
النَّعْيَة۔ نَعْي: کا اسم مرۃ۔ ج نَعَيَات۔
النَّاعِي: فا۔ خبر مرگ لانے والا۔ طعن تشنیع کرنے والا۔ ج نَاعُوْنَ ونُعَاة ونُعْيَان۔
النَّعِي: مص۔ خبر مرگ لانے والا۔ جس کی وفات کی خبر دی جائے۔
نَعَاءِ مبنی علی الکسر: اسم فعل بمعنی اِنْعَ کہا جاتا ہے نَعَاءِ فُلَانًا: یعنی فلاں کی موت کا پیغام پہنچاؤ۔
المَنْعَى والمَنْعَاة: خبر مرگ۔ ج مَنَاعٍ۔
نَغَبَ (ف ن) نَغْبًا الرِّيْقَ: تھوک نگلنا۔
نَغَبَ (ن) نَغْبًا الرَّجُلُ فِي الشُّرْبِ: گھونٹ گھونٹ پینا۔
نَغَبَ (ف) نَغْبًا الطَّائِرُ: پرندہ کا پانی پینا۔
النَّغْبَة والنُّغْبَة: گھونٹ ج نُغَب۔ النُّغْبَة: برا کام۔
النُّغْبُن: بے وقوف۔
النَّغْبَقَة والنَّغْبُوْقَة: جانور کے پیٹ کی آواز۔
النُّغْبُوْق: ایک قسم کا پرندہ۔
النُّغْبُوْل: ایک قسم کا پرندہ۔ ایک نباتات۔
نَغَثَ (ف) نَغْثًا الشَّعْرَ: بال کھینچنا۔
النَّغْث: دائمی سخت مصیبت۔
نَغَرَتْ (ف ض) ونَغِرَتْ (س) نَغِيْرًا ونَغَرَانًا الْقِدْرُ: ہانڈی کا ابلنا۔
نَغَرَ ونَغِرَ نَغْرًا ونَغَرَانًا الرَّجُلُ عَلَى فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَغِرَ عَلَيْهِ جَوْفُهُ" اس کا جوف اس پر بھڑک اٹھا۔ صفت مذکر نَغِر: صفت مؤنث نَغِرَة ......
النَّاقَة: اُونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
نَغِرَ (س) نَغْرًا مِنَ الْمَاءِ: بہت پانی پینا ...... الرَّجُلُ: کینہ رکھنا۔
نَغَّرَ الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَةِ: اُونٹنی کو آواز دینا۔ بلانا۔
تَنَغَّرَ الرَّجُلُ: غضب کی وجہ سے جوف کا بھڑک اٹھنا ...... عَنْ فُلَانٍ: دگرگوں ہونا یا غضبناک ہونا۔
أَنْغَرَتِ الْبَيْضَةُ: انڈے کا گندا ہونا۔
تَنَاغَرَ الرَّجُلُ: ناواقف بننا۔
النَّغْر: مص۔ کھاری پانی کا چشمہ۔
النُّغَر: بلبل۔ چڑیا کے بچے۔ ج نِغْرَان۔
النَّغَّار: بہت غضبناک۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ: بہت خون بہانے والا زخم۔
المُنْغِر: بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آئے۔
المِنْغَار: بکری جس کے دودھ کے ساتھ خون آنے کی عادت ہو۔
نَغَزَ (ف) نَغْزًا الصَّبِيَّ: بچے کو گدگدانا۔ بَيْنَ الْقَوْمِ: ایک دوسرے پر برانگیختہ کرنا۔
النَّغَّاز: فتنہ انگیز۔ تباہی لانے والا۔
نَغَشَ (ف) نَغْشًا ونَغَشَانًا: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ يَنْغَشُ إِلَى فُلَانٍ" وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔ "وسُقِيَ فُلَانٌ فَنَغَشَ" یعنی طاری ہونے کے بعد حرکت کی۔
تَنَغَّشَ وانْتَغَشَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَغَشَ وتَنَغَّشَ الْمَكَانُ بِأَهْلِهِ والرَّأْسُ بِالْقَمْلِ" جگہ اپنے لوگوں اور سر جوؤں سے بھر گیا۔
النَّغْشَة۔ نَغْش: کا اسم مرۃ۔

النُّغَاش والنَّغَاش والنُّغَاشِيُّ : بہت پستہ قد۔ النُّغَاش: رذیل لوگ۔ عیار لوگ۔
نَغِصَ (س) نَغَصًا اَلْبَعِيْرُ : سیراب نہ ہونا ...... الرَّجُلُ: مراد پوری نہ ہونا۔
نَغَصَهٗ (ف) نَغْصًا: پانی کا حصہ روک دینا یا پوری طرح سے پینے نہ دینا۔
نَغَّصَ واَنْغَصَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْعَيْشَ ونَغَّصَ عِيْشَتَهٗ: زندگی مکدر کردینا۔ ونَغَّصَ فُلَانًا: زندگی مکدر کردینا۔ اَنْغَصَ فُلَانًا رَعِيَّةً: کسی کے جانوروں کو چرنے سے روک دینا۔
نُغِّصَ تَنْغِيْصًا: خوشگواری کامل نہ ہونا۔
تَنَغَّصَ الْعَيْشُ: مکدر ہونا۔
تَنَاغَصَتِ الْاِبِلُ: ہجوم کرنا۔
النُّغْصَة: مراد پوری کرنے سے مانع ج نُغَص۔
نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا ونُغُوْضًا ونَغَضَانًا: کپکپی کے ساتھ ہلنا اور بے قرار ہونا۔
نَغَضُوْا اِلَى الْعَدُوِّ: مقابلے کے لئے اٹھنا ...... الشَّيْءُ وبالشَّيْءِ: ہلانا۔ نَغَضَ نَغْضًا الشَّيْءُ: بہت ہونا ...... السَّحَابُ: گھٹا ٹوپ بادل چڑھنا۔
نَغَّضَ الشَّيْءَ: ہلانا۔
اَنْغَضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔ رَاْسَهٗ: سر کو تعجب یا استہزاء سے ہلانا۔
تَنَغَّضَ الشَّيْءُ: ہلنا اور بے قرار ہونا۔
النُّغْض: مص۔ سر ہلانے والا۔ چلنے میں کانپنے والا۔
النَّاغِض: فا۔ ج نُغَّض۔ النَّاغِضُ مِنَ الْاِنْسَانِ: گردن کی جڑ جہاں سے سر کی حرکت ہوتی ہے۔ غَيْمٌ نَاغِضٌ: ایک دوسرے کے پیچھے پیچھے چلنے والا بادل (...... والنُّغْض) مِنَ الْكَتِفِ: مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النَّغَّاض مِنَ السَّحَابِ: ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والا بادل۔ رَجُلٌ نَغَّاضُ الْبَطْنِ: بڑے پیٹ والا جس کے پیٹ پر موٹاپے کی وجہ سے شکن ہو۔

النَّغُوْض: بڑے کوہان والی اونٹنی۔
نَغِفَ (س) نَغَفًا الْبَعِيْرُ: اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔
النَّغَف: مص۔ اونٹ اور بکری کے ناک کے کیڑے۔ واحد نَغَفَةٌ۔ النَّغَف: خشک رینٹ جو ناک سے نکلے۔
نَغَقَ (ف ض) نُغَاقًا ونَغِيْقًا الْغُرَابُ: کوے کا کاؤں کاؤں کرنا۔
النَّغَّاق: بہت کاؤں کاؤں کرنے والا۔
نَغِلَ (س) نَغَلًا الْجِلْدُ: کھال کا دباغت میں خراب ہونا ...... الْجُرْحُ: فاسد ہونا۔ زخم میں کچھ خرابی باقی رہ جانا۔ نَغِلَتْ نِيَّتُهٗ: نیت بری ہونا۔ نَغِلَ قَلْبُهٗ عَلَيَّ: کینہ رکھنا ...... بَيْنَهُمْ: فساد ڈالنا۔ چغل خوری کرنا ...... وَجْهُ الْاَرْضِ: سوکھا پڑنے کی وجہ سے سطح زمین کا خشک ہونا۔
نَغُلَ (ک) نُغُولة المولود: نسبت بگڑنا۔ النِّغْلَة اسم مصدر ہے۔
اَنْغَلَ الْجِلْدَ: دباغت میں خراب کرنا۔ اسم النُّغْلَة۔
النَّغْل: گھوڑے اور گدھی سے پیدا شدہ جانور۔
النَّغْل: مص۔ لوگوں کے درمیان فساد انگیزی۔ چغل خوری۔
النِّغْلَة: چغل خوری۔
النَّغْل والنَّغِل مؤنث نَغْلَةٌ ونَغِلَةٌ والنَّغِيْلُ: بگڑا ہوا۔ حرامی بچہ۔
النَّغِيْلَة: ایک قسم کا کیڑا جو چمڑے کو خراب کر دیتا ہے۔
نَغَمَ (ض ن) ونَغِمَ (س) نَغْمًا ونَغَمًا وتَنَغَّمَ الرَّجُلُ: گانے میں سر نکالنا۔ نَغَمَ فِي الشَّرَابِ: تھوڑا سا پینا اور کہا جاتا ہے "سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ" وہ خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَمَهٗ مُنَاغَمَةً: بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النَّغْم والنَّغَم: گانے میں سر۔ ج اَنْغَام ج
[illegible] الموسيقي [illegible]

آہستہ گفتگو۔
النَّغَّام: بہت سر نکالنے والا۔
النَّغْمَة والنَّغَمَة. نغم کا واحد۔ پڑھنے میں اچھی آواز۔ ج نَغَمَات۔
النُّغْمَة: گھونٹ۔ ج نُغَم۔
رَجُلٌ نَغُوْمٌ: اچھی آواز والا امرد۔
نَغَا يَنْغُوْ نَغْوًا ونَغَى يَنْغِيْ نَغْيًا واَنْغَى اِلَيْهِ: قابل سمجھ بات کرنا۔ کہا جاتا ہے "سَكَتَ فُلَانٌ فَمَا نَغَى بِحَرْفٍ" فلاں خاموش رہا ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَى الصَّبِيَّ: بچے سے دل پسند بات کرنا۔ الْمَرْاَةَ: عشق بازی کرنا ...... الرَّجُلَ: مقابلہ کرنا۔ غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ قریب ہونا ...... الْمَوْجُ السَّحَابَ: موج کا بادل کی طرف اٹھنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْجَبَلُ يُنَاغِي السَّمَاءَ" یہ پہاڑ اونچائی کی وجہ سے آسمان کے قریب ہے۔
تَنَاغَى الْقَوْمُ: باہم مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر غلبہ کی کوشش کرنا۔
النَّاغِيَة: کلمہ۔
النَّغْوَة والنَّغْيَة: سریلی آواز۔ اچھی گفتگو
النَّغْيَة: خبر جو ابھی تحقیق نہ کی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "سَمِعْتُ نَغْيَةً مِنْ كَذَا" میں نے فلاں چیز کی افواہ سنی ہے۔
نَفَّ (ن) نَفًّا الْاَرْضَ: بونا۔
نَفَّ (س) نَفًّا السَّوِيْقَ: ستو چھانٹنا۔
النَّفِيُّ: جس پر ستو چھانا جائے۔ ج [illegible]
النَّفِيَّة والنُّفْيَة والنُّفَى: کھجور کے پتوں سے بنا ہوا گراں دسترخوان۔
النَّفِيْف: اونٹ کے پالان کا تنگ۔
النُّفَا: نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے باغ یا اکٹھے بعض درخت جو بڑی بڑی گھاس سے بلند ہوگئے ہوں۔ واحد نُفَاةٌ۔
نَفَثَتْ (ض) نَفْثًا ونَفَثَانًا ونَفِيْثًا ونَافَثَتِ الْقِدْرُ: ہانڈی کا بہت زور سے ابلنا۔ صفت نَفُوْث۔ نفث ونافث الرَّجُلُ: غضبناک ہونا۔ غصہ سے پھولنا۔ ونَفَثَ الدَّقِيْقُ نَفْثًا:

آٹے کا پانی ڈالنے سے پھولنا۔
النَّفِيْئَة: آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا جائے۔
النَّفْثَالِيْنُ: (کیمیا) کاربن اور ہیڈروجن سے مرکب ایک سفید بلوری مادہ جس کی ہوا طاقت ور ہوتی ہے رنگ دار چیزوں کے بنانے اور کیڑوں کی مدافعت کے لئے استعمال ہوتی ہے۔
نَفَثَ (ن ض) نَفْثًا و نَفَثَانًا الْبُصَاقَ مِنْ فِيْهِ: منہ سے تھوک پھینکنا۔۔۔۔۔الْجُرْحُ الدَّمَ: زخم کا خون بہانا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: تھوکنا۔ نَفَثَتِ الْحَيَّةُ السَّمَّ: سانپ کا زہر نکالنا۔ نَفَثَ الْمَصْدُوْرُ: دردسینہ والے کا تھوک کھنکھار وغیرہ پھینکنا۔
الْقَلَمُ: لکھنا۔۔۔۔۔فُلَانًا: کسی پر جادو کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَثَ اللّٰهُ الشَّيْئَ فِيْ قَلْبِهٖ" اللہ نے اس کے دل میں ڈالا۔ "وَنُفِثَ فِيْ رَوْعِيْ او قَلْبِيْ كَذَا: مجھے فلاں چیز کا الہام ہوا۔ "وَفُلَانٌ يَنْفِثُ عَلَيَّ غَضَبًا" فلاں مجھ پر غصہ کی وجہ سے طیش میں ہے۔
نَافَثَهٗ مُنَافَثَةً: چپکے چپکے بات کرنا۔
النَّفْثُ: مص۔ نَظْم۔ نَفْثُ الشَّيْطَانِ: غزل کے اشعار۔
النَّفْثَةُ. نَفَثَ: کا اسم مرۃ۔ ج نَفَثَات کہا جاتا ہے "مَا اَحْسَنَ نَفَثَاتِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے اشعار کس قدر اچھے ہیں۔
النُّفَاثَةُ: تھوک وغیرہ جو دردسینہ والا پھینکے۔
النَّافِثُ والنَّفَّاثُ: جادوگر۔ مؤنث نَافِثَةٌ و نَفَّاثَةٌ۔
دَمٌ نَفِيْثٌ: زخم سے بہا ہوا خون۔
الْمَنْفُوْثُ: مفع۔ رَجُلٌ مَنْفُوْثٌ: جادو کیا ہوا مرد۔
نَفَجَ (ن) نَفْجًا و نَفَجَانًا و نُفُوْجًا الْاَرْنَبُ او الْيَرْبُوْعُ: خرگوش یا جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل بھاگنا۔ نَفَجَتِ الرِّيْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔۔۔۔۔الطَّرِيْقُ بِالْقَوْمِ: راستہ میں قوم کا اچانک ظاہر ہونا۔

نَفَّجَ نَفْجًا الْاِنْسَانُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔۔۔۔۔الْفَرُّوْجَةُ: مرغی کے بچے کا انڈے سے نکلنا۔۔۔۔۔الْاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا: خرگوش کو بھڑ کر نکالنا۔۔۔۔۔الشَّيْئَ: بلند کرنا۔۔۔۔۔السِّقَاءَ: مشکیزہ بھرنا۔
اَنْفَجَ الْاَرْنَبَ: خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔۔۔۔۔الْحَالِبُ: دوھنے کے وقت برتن کو تھن سے جدا کرنا۔
تَنَفَّجَ وانْتَفَجَ: بلند ہونا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: غیر واقعی صفات پر فخر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ تَنَفَّجَتِ الرِّيْحُ عَلَى الْقَوْمِ: غفلت کی حالت میں تیز ہوا کا چلنا۔ اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبُ: خرگوش کا دوڑنا۔ کودنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَفَجَتْ مِنْهُ الْاَرْنَبُ" "اِنْتَفَجَ الْاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا" خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔
اِسْتَنْفَجَ الشَّيْئَ: نکالنا۔ ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا الَّذِيْ اسْتَنْفَجَ غَضَبَكَ" یعنی کس چیز نے تمہیں غصہ دلایا۔
النَّافِجُ: فا۔ صَوْتٌ نَافِجٌ: سخت و بلند آواز۔
النَّافِجَة. النَّافِجُ: کا مؤنث۔ بہت بارش والا۔ بادل۔ ہوا جو پہلے زور سے چلے۔ آخری پسلی۔ بیٹی۔ اس وجہ سے کہ وہ اپنے مہر سے باپ کے مال کو بڑھاتی ہے۔ مشک کا نافہ۔ مشک رکھنے کا برتن۔ ج نَوَافِج۔
النَّفَّاجُ: غیر واقعی صفات پر فخر و غرور کرنے والا۔ ڈینگ مارنے والا۔
النِّفَاجَة: چوبغلا۔
النَّفِيْجَة: کمان۔ ج نَفَائِج۔
النَّفِيْجُ: اجنبی شخص جو کسی قوم میں شامل ہو اور نہ مصلح ہو نہ مفسد۔ ج نُفُجٌ۔
النُّفُجُ: بوجھل اور سست لوگ اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَفُجُ الْحَقِيْبَةِ" وہ موٹے سرین والا ہے "وَامْرَأَةٌ نَفُجُ الْحَقِيْبَةِ" موٹے سرین والی عورت۔
الْاَنْفُجَانِيُّ: قول میں افراط کرنے والا۔
الْمَنَافِجُ: چھوٹے تکیہ کے مانند ایک چیز جس سے عورتیں اپنے سرین کو بڑھا ظاہر کرتی ہیں۔
بَعِيْرٌ مُنْفَجٌ: کوکھ باہر نکلا ہوا اونٹ۔
الْمَنْفُوْجُ: کشادہ پہلوؤں والا اونٹ۔

نَفَحَ (ف) نَفْحًا و نَفَحَانًا و نُفُوْحًا و نُفَاحًا الطِّيْبُ: خوشبو پھیلنا۔ نفحت الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا۔ ابتدائی ہوا کا چلنا۔ نَفَحَ الْعِرْقُ: رگ سے خون نکلنا۔ نَفَحَتِ الدَّابَّةُ الرَّجُلَ: کھر کے کنارے سے مارنا۔ نَفَحَ فُلَانًا بِالسَّيْفِ: آہستہ تلوار سے مارنا۔ نَفَحَهٗ بِكَذَا: دینا۔ نَفَحَ لِمَّتَهٗ: کنگھا کرنا۔۔۔۔۔الشَّيْئَ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔
نَافَحَهٗ مُنَافَحَةً: جھگڑا کرنا۔ نَافَحَ عَنْ فُلَانٍ: کسی کی جانب سے مدافعت کرنا۔
اِنْتَفَحَ بِفُلَانٍ: سامنے آنا۔ اِنْتَفَحَ اِلٰى مَوْضَعِ كَذَا: واپس آنا۔
النَّفْحُ: مص۔ النَّفْحُ مِنَ الرِّيَاحِ: سردی میں ہوا کا چلنا اور گرمی میں ہوا کے چلنے کو اللَّفْحُ: کہتے ہیں۔
النَّفْحَة. نفح: کا اسم مرۃ۔ نَفْحَةُ الدَّمِ: خون کا فوارہ۔ نَفْحَةُ الرِّيْحِ: ہوا کا جھونکا۔ نَفْحَةُ الطِّيْبِ: خوشبو کی بھڑک۔۔۔۔۔مِنَ الْاَلْبَانِ: خالص دودھ۔ النَّفْحَةُ: عطیہ۔ ج نَفَحَات: کہا جاتا ہے۔ نِيَّةٌ نَفْحٌ: بلند ارادہ۔
النَّفُوْحُ مِنَ النُّوْقِ: اونٹنی جس کے تھن سے بغیر دوھے ہوئے دودھ نکلے۔۔۔۔۔مِنَ الْقِسِيِّ: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔ رِيْحٌ نَفُوْحٌ: تیز چلنے والی ہوا۔
النَّفَّاحُ: بہت داد و دہش والا۔ طَعْنَةٌ نَفَّاحَةٌ: زور سے خون بہانے والا نیزہ۔
النَّفِيْحَة: دور تک تیر پھینکنے والی کمان۔
النَّفِيْحُ والمِنْفَحُ: دخل درمعقولات کرنے والا مرد۔
الْاِنْفَحَةُ والْاِنْفِحَةُ والْاِنْفَحَّةُ والْمِنْفَحَةُ: بکری کا بچہ جو ابھی صرف دودھ ہی پیتا ہو اس کے پیٹ میں سے ایک چیز نکالتے ہیں اور کپڑے میں لت پت کر لیتے

ہیں پھر وہ پنیر کا مانند گاڑھا ہو جاتا ہے اور عوام اس کو مَجبَنَة کہتے ہیں۔

نَفَخ (ن) نَفْخًا ونَفَخ بِفَمِہ: منہ سے پھونک مارنا۔ کہا جاتا ہے نَفَخ فِی النَّار ونَفَخ النَّارَ. نَفَخ الضُّحٰی: بلند ہونا۔ نَفَخَتِ الرِّیحُ: ہوا کا اچانک آنا۔ اور کہا جاتا ہے "نَفَخ شِدْقَیْہِ" یعنی اس نے تکبر کیا۔ و"نَفَخ الشَّیْطَانُ فِی اَنْفِہ" شیطان نے اس کی ناک میں پھونک دیا۔ یعنی اس نے اپنے متعلق ایسی بڑھ چڑھ کر باتیں کہیں جو حقیقتاً اس کے اندر نہیں تھیں۔ نَفَخَہُ الطَّعَامُ: سیر کرنا۔

تَنَفَّخ: پھولنا۔

اِنْتَفَخ: پھولنا۔ اِنْتَفَخ الشَّیْئُ: بلند ہونا...... النَّهَارُ: دن چڑھنا...... الرَّجُلُ: بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔

النَّفْخ: فخر۔ تکبر۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ ذُو نَفْخ.

النَّفَخ: جانوروں کے ٹخنوں کا ورم جو چلنے سے کم ہو جائے۔

النُّفُخ: جوانی سے بھرپور۔ کہا جاتا ہے "شَابٌّ نُفُخ وجَارِیَةٌ نُفُخ."

النَّفْخَة. نفخ: کا اسم مرۃ۔ کھانے وغیرہ سے پیٹ کا پھولنا۔ نَفْخَةُ الشَّبَاب: کامل جوانی۔ نَفْخَةُ الرَّبِیع: موسم بہار کی تروتازگی۔

النُّفَّاخ: ورم جو بیماری کی وجہ سے پیدا ہو۔

النُّفَّاخَة: پانی کا بلبلہ۔ مچھلی کے پیٹ میں ایک پھولی ہوئی چیز۔ ج نُفَّاخات.

النَّافِخ: فا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ نَافِخ ضَرَمَةٍ" یعنی گھر میں کوئی نہیں۔

النَّافُوخ: یافوخ کی تحریف ہے بمعنی چندیا۔

النَّفِیخ: مص۔ جو شخص آگ پھونکنے پر مقرر ہو۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ اَنْفُخَان واِنْفَخَان واَنْفُخَانِی واِنْفَخَانِی" موٹائی کی وجہ سے پر گوشت مرد اور مؤنث تا کے ساتھ جمع کی صورت میں۔

المِنْفَاخ والمِنْفَخ: پھونکنی۔ لوہار کی دھونکنی۔ ج مَنَافِخ ومَنَافِیخ. مَنَافِخ الشَّیْطَان: شیطان کے وساوس۔

المَنْفُوخ: مفع۔ بڑے پیٹ والا۔ موٹا۔ بزدل۔

نَفِدَ (س) نَفَدًا ونَفَادًا. الشَّیْئُ: نیست و نابود ہونا۔ ختم ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفِدَ زَادُ القَوْمِ" قوم کا توشہ ختم ہو گیا۔

نَفَد (ن) نَفْدًا القَوْمَ: لوگوں سے آگے بڑھ جانا۔

اَنْفَدَ القَوْمُ: بے مال و بے توشہ ہونا۔

اَنْفَدَتِ البِئْرُ: کنوئیں کا پانی ختم ہونا۔ اَنْفَدَ الشَّیْئَ: نیست و نابود کرنا...... القَوْمَ: لوگوں کے درمیان گھس کر درمیان میں چلنا۔

نَافَدَہُ مُنَافَدَةً: باہم حاکم کے پاس جانا۔ جھگڑا کرنا۔ ایک دوسرے کی حجت کو نابود کرنے کی کوشش کرنا۔

اِنْتَفَد واسْتَنْفَدَ الشَّیْئَ: نیست و نابود کرنا۔

اِسْتَنْفَدَ وُسْعَہُ: پوری طاقت لگانا۔ اِنْتَفَد الحَقَّ: پورا حق لینا...... اللَّبَنَ: دودھ دوہنا اور کہا جاتا ہے "اِنْتَفَدَ مِنْ عَدُوِّہ" یعنی اس نے اپنے دشمن سے پورا بدلہ لے لیا۔

تَنَافَدَ الخَصْمَانِ اِلَی القَاضِی: فیصلہ کے لئے جانا۔ تَنَافَدَ القَوْمُ: جھگڑا کرنا۔

المُنَافِد فا خَصْمٌ مُنَافِدٌ: جھگڑے میں پوری طاقت صرف کرنے والا۔

المُنْتَفِد: فا۔ اور کہا جاتا ہے "قَعَدَ مُنْتَفِدًا" وہ گوشہ نشین ہوا۔

المُنْتَفَد: مفع۔ کہا جاتا ہے "فِی هٰذَا الشَّیْئِ مُنْتَفَدٌ عَنْ غَیْرِہ" اس چیز میں بہ نسبت غیر کے وسعت ہے "وفُلَانٌ مُنْتَفَدُ فُلَانٍ" یعنی جب ایک کے پاس سے سارا مال خرچ ہو جاتا ہے تو دوسرا اپنے مال سے اس کی مدد کرتا ہے۔

نَفَذَ (ن) نَفْذًا ونُفُوذًا ونَفَاذًا الشَّیْئُ: چھید کر پار ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَفَذَ السَّهْمُ الرَّمِیَّةَ وفِیهَا ومِنْهَا" تیر شکار سے چھید کر پار ہو گیا...... فُلَانٌ القَوْمَ: آگے گزر جانا۔ نَفَذَ (ن) نُفُوذًا ونَفَاذًا الاَمْرُ والقَوْلُ: جاری ہونا۔ نافذ ہونا۔ پورا ہونا۔ نَفَذَ المَنْزِلُ اِلَی الطَّرِیقِ: متصل ہونا۔ نَفَذَ الطَّرِیقُ: شاہراہ عام ہونا۔ صفت نَافِذ. نَفَذَ الکِتَابُ اِلَی فُلَانٍ: پہنچنا۔ نَفَذَ الرَّجُلُ فِی الاَمْرِ: جلدی کرنا۔ ماہر ہونا۔ نَفَذَ لِوَجْهِہ: اپنی حالت پر گزرنا۔

نَافَذَہُ: فیصلہ کے لئے جانا۔

نَفَّذَ واَنْفَذَ السَّهْمَ الرَّمِیَّةَ: تیر سے شکار کو چھید کر پار کرنا...... الکِتَابَ اِلَی فُلَانٍ: بھیجنا...... الحَاکِمُ الاَمْرَ: جاری کرنا۔ نافذ کرنا...... الرَّجُلُ القَوْمَ: وسط میں چلنا۔ آگے گزر جانا۔ واَنْفَذَ عَهْدَہُ: عمل میں لانا۔

تَنَافَذَ القَوْمُ اِلَی الحَاکِمِ: فیصلہ کے لئے حاکم کے پاس جانا۔

النَّفَذ: جاری کرنا۔ کہا جاتا ہے اَمَرَ بِنَفَذِ الکِتَابِ: اس نے کتاب کے لکھے ہوئے کے مطابق اجرا کا حکم دیا۔ نکلنے کی جگہ۔ رہائی کی جگہ۔ ج اَنْفَاذ اور کہا جاتا ہے "هٰذِہ طَعْنَةٌ لَهَا نَفَذٌ" یہ ضرب نیزہ والی ہے کہ آر پار ہے۔

النَّافِذ: فا۔ ہر کام کو کر گزرنے والا۔ طریق نَافِذ: عام راستہ۔ اَمْرٌ نَافِذٌ: ایسا حکم جس کی فرمانبرداری کی جائے۔ النَّافِذُ: یہ النَّوَافِذ کا واحد ہے۔ منوافذ: جسم انسانی کے ہر سوراخ کو کہتے ہیں جیسے ناک، منہ وغیرہ۔

النَّافِذَة. النَّافِذ: کا مؤنث۔ روشن دان۔ سوراخ اور کہا جاتا ہے "هٰذِہ طَعْنَةٌ نَافِذَةٌ" یہ ضرب نیزہ آر پار ہے۔ ج نَوَافِذ.

النَّفَاذ والنُّفُوذ: ہر کام کو کر گزرنے والا۔

النُّفْذَة: مہرہ۔ ج نُفَذ.

النَّفِیذ: نافذ۔ اَمْرٌ نَفِیذٌ: مانا ہوا حکم۔

المَنْفَذ: گزرگاہ۔ ج مَنَافِذ.

المَنْفَذ: کسی چیز کے جاری ہونے کی جگہ۔ ج

مُتَنَفَّسُ مَنْخِلَۃِ الْاِنْسَانِ: جسم انسانی کے
سوراخ جیسے منہ ناک وغیرہ۔
المُتَنَفَّذُ: گنجائش۔ کشادگی۔
نَفَرَت (ض ن) نُفُوْرًا ونِفَارًا ونَفُوْرًا
الدَّابَّۃُ مِنْ کَذَا: چوپائے کا بدکنا۔ ڈر کر دور
ہونا۔ صفت نَافِرٌ ونَفُوْرٌ۔
نَفَرَ (ض) نَفْرًا مِنْ کَذَا: نفرت کرنا۔
ناپسند کرنا۔ کہا جاتا ہے "نَفَرْتُ مِنْ صُحْبَۃِ
فُلَانٍ" مجھے فلاں کی صحبت ناپسند آئی...... عَنْ
کَذَا: روگردانی کرنا۔ اعراض کرنا......
الْقَوْمُ: متفرق ہونا۔ نَفَرَ اِلَی الشَّیْءِ: دوڑنا
(...... نُفُوْرًا) الْعَیْنُ وَغَیْرُھَا: آنکھ کا سوجنا
(...... نَفْرًا) فُلَانًا: غالب آنا (...... نَفْرًا
ونُفُوْرًا) الْحَاجُّ مِنْ مِنًی: مکہ کی طرف
کوچ کرنا (...... نَفْرًا ونُفُوْرًا ونِفَارًا
ونَفَرَانًا) الظَّبْیُ وَغَیْرُہُ: ہرن کا بھاگنا اور
دور ہونا (نِفَارًا ونُفُوْرًا ونَفِیْرًا) الْقَوْمُ
لِلْقِتَالِ او الْاَمْرِ: چل پڑنا۔
نَفَّرَہُ: بھگانا۔ نَفَّرَہُ عَلٰی فُلَانٍ: کسی پر غالب
ہونے کا فیصلہ دینا۔ نَفَّرَہُ الشَّیْءَ وعَلَی
الشَّیْءِ وبِالشَّیْءِ: غالب ہونا۔ نَفَّرَ عَنْ
فُلَانٍ: برالقب دینا۔
اَنْفَرَہُ: بھگانا۔ اَنْفَرَ الْقَوْمُ: بھاگے ہوئے
اونٹوں والا ہونا...... الْقَوْمُ فُلَانًا: مدد دینا
...... الْحَاکِمُ فُلَانًا عَلٰی فُلَانٍ: غالب
ہونے کا فیصلہ دینا۔
نَافَرَہُ نِفَارًا ومُنَافَرَۃً: فیصلے کے لئے جانا۔
حسب ونسب میں فخر کرنا۔ کہا جاتا ہے
"نَافَرْتُہُ اِلَی الْقَاضِیْ فَنَفَّرَنِیْ عَلَیْہِ" میں
اس کو قاضی کے پاس فیصلہ کے لئے لے گیا
اُس نے میرے غلبہ کا فیصلہ کیا۔
تَنَفَّرَ: کوچ کرنا۔
تَنَافَرَ الرَّجُلَانِ: باہم فیصلہ کے لئے جانا۔
باہم فخر کرنا...... الْقَوْمُ لِلْاَمْرِ: چل پڑنا۔
اِسْتَنْفَرَہُ: بھگانا۔ اِسْتَنْفَرَ الْقَوْمَ: قوم سے
مدد طلب کرنا۔ جنگ کے لئے کوچ کرنے کی
درخواست کرنا...... الظَّبْیُ: ہرن کا بھاگنا۔

اِسْتَنْفَرَ فُلَانٌ بِثَوْبِہٖ: کپڑے لے جا کر گرم کر
دینا۔
النُّفُرُ: مص۔ النَّافِرِ: کی جمع۔
النَّفَرُ والنَّفْرَۃُ: بھاگنے والوں کا گروہ۔ جنگجو
لوگوں کی جماعت۔ معاملہ میں آگے رہنے
والوں کی جماعت۔ تین سے دس تک کی
جماعت۔ النَّفْرَۃُ: نَفَرٌ کا اسم مرۃ۔ نَفْرَۃُ
الرَّجُلِ: خاندان کہا جاتا ہے عِفْرٌ نِفْرٌ
وعِفْرٌ نِفْرٌ: تابع مہمل کے طور پر بمعنے خبیث
وسرکش اور ایسا ہی عِفْرِیَۃٌ نِفْرِیَۃٌ وعِفْرِیْتٌ
نِفْرِیْتٌ وعِفْرِیَۃٌ نِفْرِیَۃٌ۔
النَّفَرُ: سارے لوگ۔ تین سے دس تک
مردوں کی جماعت۔ ج اَنْفَارٌ کہا جاتا ہے
"ثَلَاثَۃُ نَفَرٍ او ثَلَاثَۃُ اَنْفَارٍ" یعنی تین شخص۔
نَفَرُ الرَّجُلِ: مرد کا قبیلہ۔
یَوْمُ النَّفْرِ والنَّفَرِ والنَّفِیْرِ او
النُّفُوْرِ: حاجیوں کا منیٰ سے مکہ معظمہ کی طرف
واپس ہونے کا دن اور وہ ذی الحجہ کی
بارہویں تاریخ ہے۔
النُّفْرَۃُ: حکم۔ فیصلہ (...... والنُّفَرَۃ) نظر بد
سے حفاظت کے لئے تعویذ وغیرہ۔
النِّفَارُ: مص۔ اڑیل ہونا۔ کہا جاتا ہے "فِی
الدَّابَّۃِ نِفَارٌ" چوپایہ میں اڑیل ہونے کی
عادت ہے۔
النُّفَارَۃُ: حکم۔ فیصلہ۔ مغلوب سے جو غالب
لے۔
النَّافِرُ: فا۔ غالب۔ ج نَفْرٌ ونُفَّرٌ۔
النَّافِرَۃُ۔ النَّافِرُ: کا مؤنث۔ نَافِرَۃُ الرَّجُلِ و
نُفُوْرَتُہُ: مرد کا خاندان۔
النَّفُوْرُ والنَّیْفُوْرُ والمُسْتَنْفِرُ: بھاگنے والا۔
بہت تیز بھاگنے والا۔
النَّفِیْرُ: مص۔ دس مردوں سے کم کی
جماعت۔ کوچ کرنے والوں کی جماعت یا
جنگجو لوگوں کا گروہ۔ النَّفِیْرُ: بگل (دخیل)
ج اَنْفَارٌ۔ والنَّفِیْرُ الْعَامُّ: دشمن سے مقابلہ
کے لئے عوام کا اٹھ کھڑا ہونا اور کہا جاتا ہے
"مَا ھُوَ بِنَفِیْرِ فُلَانٍ" وہ فلاں کا فخر کرنے

میں مساوی نہیں۔
النَّافُوْرُ: عیسائیوں کے نزدیک: قربان
مقدس کا راز۔ مخصوص عبادتیں۔
النِّفَارِیْرُ: چڑا۔ چڑے۔ واحد نُفَّرُوْرٌ۔
المُسْتَنْفَرُ: مفع۔ ڈرایا ہوا۔
الْمَنْفُوْرُ: مفع۔ مغلوب۔
نَفْرَجَ نَفْرَجَۃً: بہت بات کہنا۔
النِّفْرِجُ والنِّفْرَجَۃُ والنِّفْرَاجُ والنِّفْرَاجَۃُ
والنِّفْرِجَاءُ: بزدل۔ ڈرپوک۔
النِّفْرِیْجُ: بہت کہنے والا۔
نَفَزَ (ض) نَفْزًا ونُفُوْزًا ونَفَزَانًا
الظَّبْیُ: ہرن کا کودنا۔ اُچھلنا۔ چھلانگ مارنا
...... الرَّجُلُ: مرنا۔
نَفَّزَہُ: کودانا۔ نَفَّزَتِ الْمَرْاَۃُ وَلَدَھَا: عورت
کا بچے کو اُچھالنا۔ نَفَّزَ واَنْفَزَ السَّھْمَ: تیر کی
درستی کو دیکھنے کے لئے ناخن پر گھمانا۔
تَنَافَزُوْا: باہم اچھلنا کودنا۔
النَّفِیْزُ والنَّفِیْزَۃُ: کھن جو منکی میں ادھر اُدھر
لگا ہوا رہ جائے۔
النَّیْفُوْزُ مِنَ الظِّبَاءِ: ہرن چھلانگ مارنے
والا۔
نَوَافِزُ الدَّابَّۃِ: جانوروں کی ٹانگیں۔
النُّفَّازُ: ایک قسم کا کھیل جس میں باہم کودتے
ہیں۔
نَفِسَ (س) نَفَسًا ونَفَاسِیَۃً بِالشَّیْءِ: بخل
کرنا...... عَلٰی فُلَانٍ بِخَیْرٍ: حسد کرنا
(...... نَفَاسَۃً) الشَّیْءَ عَلٰی فُلَانٍ: نا اہل
سمجھنا۔
نَفَسَہُ (ن) نَفْسًا بِنَفْسٍ (ای بعین) نظر
بد لگانا۔
نَفِسَتْ (س) ونُفِسَتْ ونَفَسًا ونَفَاسَۃً
ونِفَاسًا۔ الْمَرْاَۃُ غُلَامًا: زچہ ہونا۔ بچہ جننا۔
نُفِسَ فُلَانٌ: پیدا ہونا۔ صفت مَنْفُوْسٌ کہا
جاتا ہے "وَرِثَ فُلَانٌ ھٰذَا قَبْلَ اَنْ
یُنْفَسَ" فلاں اس کا پیدا ہونے سے پہلے
وارث ہوا۔
نَفُسَ (ک) نَفَاسَۃً ونِفَاسًا ونُفُوْسًا

ونفسا: نفیس ومرغوب ہونا۔
نفس تنفیسا عنه الکربة: غم دور کرنا۔ غم سے رہائی دینا۔ کہا جاتا ہے "نفس فلانا" اس نے فلاں کو مہلت دی یا اس کے غم کو زائل کیا۔ نفسه فی الامر: ترغیب دینا۔
نافس نفاسا ومنافسة فلانا فی الامر: باہم فخر کرنا۔ باہم مقابلہ کرنا..... فی الشیٔ: مبالغہ کرنا۔ گراں قیمت کرنا۔ کرم میں مقابلے کی رغبت کرنا۔
انفس الشیٔ: نفیس ہونا..... الشیٔ فلانا: پسند آنا..... فلانا فی الشیٔ: رغبت دلانا۔
تنفس: سانس لینا..... الصبح: صبح کا روشن ہونا..... القوس: کمان کا چٹخنا..... النهر: نہر میں زیادہ پانی ہونا..... النهار: دوپہر ہونا۔ الرجل: لمبی لمبی باتیں کرنا..... الرجل فی الاناء: برتن بغیر جدا کئے ہوئے پانی پینا۔ تین سانس میں پانی پینا (اضداد میں سے ہے) حدیث میں ہے "انه صلی الله علیه وسلم کان یتنفس فی الاناء ونهی عن التنفس فی الاناء" جناب نبی ﷺ تین سانس میں پانی پیتے تھے اور ایک سانس میں پانی پینے سے منع فرماتے تھے اور کہا جاتا ہے "تنفس الصعداء" یعنی اس نے تھکن یا غم کی وجہ سے لمبے لمبے سانس لئے۔
تنافس القوم فی الامر: مبالغہ کرنا۔ بطریق مقابلہ کے لئے رغبت کرنا۔
النفس: مص۔ روح۔ خون۔ کہا جاتا ہے "وفق نفسه" اس کا خون اچھل کر نکلا۔ بدن کہا جاتا ہے "هو عظیم النفس" یعنی وہ بڑے جسم کا ہے۔ نظر بد۔ کہا جاتا ہے "اصابته نفس" یعنی اسے نظر بد لگی۔ شخص۔ نفس الشیٔ: عین شیٔ اور یہ بطور تاکید بھی مستعمل ہے۔ کہا جاتا ہے "جاء فی هو نفسه وبنفسه" یعنی وہ خود ہی آیا۔ نفس الامر: حقیقت امر۔ النفس: عظمت۔ ہمت۔ عزت۔ ارادہ۔ رائے۔ عیب۔ سزا۔ پانی۔
...... نفس سے مراد اگر روح ہو تو مؤنث ہے جیسے خرجت نفسه: اور اگر شخص مراد ہو تو مذکر ہے جیسے عندی خمسة عشر نفسا ج انفس ونفوس اور کہا جاتا ہے "فی نفسی ان افعل کذا" میرا ارادہ ہے کہ ایسا کروں "وفلان یؤامر نفسیه ویشاورهما" یعنی فلاں اپنے معاملہ میں متردد ہے اور اس کی دورائیں ہیں اور کسی پر استقلال نہیں "وخرجت نفسه وجاد بنفسه" یعنی وہ مر گیا۔
النفس: مص۔ جھونکا۔ سانس۔ گنجائش۔ مہلت۔ کشادگی۔ کہا جاتا ہے "اعملوا الخیر وانتم فی نفس البقاء" خیر کا عمل کرو اس حال میں کہ تم کو زندگی کی مہلت حاصل ہے۔ لمبی گفتگو۔ کہا جاتا ہے "کتب کتابا نفسا" اس نے لمبا خط لکھا۔ گھونٹ جیسے "اکرع ما فی الاناء نفسا واحدا" برتن میں جو کچھ ہے اس کو ایک گھونٹ میں پی جاؤ۔ ج انفاس اور کہا جاتا ہے "هذا شراب ذو نفس" یعنی خوشگوار ہے۔ ونفس الساعة: آخری زمانہ ونفس الشاعر او المؤلف: طرز تحریر۔
النفاس: مص۔ زچگی۔ ولادت کے بعد کا خون۔
النفسة: مہلت۔ کہا جاتا ہے "لک فی الامر نفسة" تمہارے لئے معاملے میں گنجائش ہے۔
النافس: فا۔ حاسد۔ بیش قدر۔ نظر بد والا۔ جوئے کا پانچواں یا چوتھا تیر۔
النفیس: بہت مال۔ شیٔ نفیس: مرغوب و قیمتی چیز اور اس کے مقابلے میں خسیس آتا ہے۔ رجل نفیس: حاسد مرد۔
مال نفیس ومنفس ومنفس: بہت مال۔
الانفس: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هذا الثوب انفس من ذاک" یہ کپڑا اس سے بہتر ہے "وهذا المکان انفس من هذا" یہ جگہ اس سے وسیع ہے "وهذا انفس مالی" یہ میرا مرغوب مال ہے۔
النفساء النفساء والنفساء: زچہ۔ مثنی نفساوان۔ ج نفاس و نفس ونفس ونفس ونفاس ونوافس ونفساوات۔
النفوس: حاسد نگاہیں۔
المنفوس: نوپید بچہ۔ شیٔ منفوس: مرغوب چیز۔
المنفس: فا۔ بیش قدر چیز۔
المتنفس: سانس لینے کی جگہ۔
نفش (ن) نفشا ونفش القطن او الصوف: روئی یا اون دھننا۔
نفش نفوشا القوم: ارزانی میں ہونا۔
فلان علی الشیٔ: کھانے کے لئے متوجہ ہونا۔
نفشت (ض ن) ونفشت (س) نفشا الابل او الغنم: اونٹ یا بکریوں کا بغیر چرواہے کے لئے رات میں رتنا۔ صفت نافشة ونفاش ونوافش ونفش اور اسم النفش۔
انفش الراعی الابل: چرواہے کا اونٹ کو رات میں چرنے کے لئے چھوڑنا۔
تنفش الطائر: پرندہ کا پروں کو جھاڑنا۔
تنفشت الابل: اونٹ کا بغیر چرواہے کے رات میں چرنا۔ تنفشت وانتفشت الهرة: بلی کا بال کھڑے کرنا۔ وانتفش الصوف: دھنی ہوئی ہونا۔
النفش: دھنی ہوئی اون۔ متفرق سامان۔ کثرت کلام و کثرت دعوی۔ کہا جاتا ہے "بلد ذو نفش" یعنی سرسبز و شاداب شہر۔ ابل او غنم نفش: بغیر چرواہے کے رات میں چرنے والے اونٹ یا بکریاں۔ نفش کا اطلاق صرف رات ہی میں چرنے پر ہوتا ہے اور ہمل کا رات اور دن دونوں پر۔
النفیش: برتن میں متفرق سامان۔ کہا جاتا ہے "بقر او غنم نفش ونوافش"

ونفاش" رات میں بغیر چرواہے کے چرنے والی گائیں یا بکریاں۔
النفاش: مغرور۔ پھلانے والا۔ ایک قسم کا بڑا لیموں۔
المُتقبِّش والمُنتَفِش: پھولا ہوا اور نرم کہا جاتا ہے "اَنفٌ مُتَنَفِشٌ ومُنتَفِشٌ" چپٹی ناک۔
نَفَصَ (ض) نَفصًا وانفَصَ بِبَولِهِ: پیشاب کرنا۔ نَفَصَ وانفَصَ بالكَلِمَةِ: جلدی بولنا۔ اَنفَصَ فِی الضَحِکِ: بہت ہنسنا...... الشَلةُ بِبَولِهَا: بکری کا تھوڑا تھوڑا پیشاب کرنا۔
......الرَّجُلُ بِشَفتَيهِ: ہونٹوں سے اشارہ کرنا۔
النُفصَة: خون کا فوارہ۔ ج نُفَص۔
النُفَاص: بکریوں کی ایک بیماری جس میں بار بار پیشاب آتا ہے یہاں تک کہ مر جاتی ہے۔
النَفِيص: خوش گوار پانی۔
المِنفَاص: بہت ہنسنے والا۔
نَفَضَ (ن) نَفضًا الثَوبَ: کپڑا جھاڑنا...... الشَجرَةَ: درخت سے پھل گرانے کے لئے ہلانا...... الوَرَقَ مِنَ الشَجرَ: پتے گرانا ......المَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔
نَفَضَتهُ الحُمىٰ: بخار آنا۔ کپکپانا۔ نَفَضَ الزَّرعُ: آخری خوشہ نکالنا۔ نَفَضَتِ الاِبِلُ: سارے بچے جننا...... المَرأةُ: بہت بچوں والی ہونا۔ نَفَضَ القَومُ: بے توشہ یا بے مال ہونا۔ نَفَضَ الطَرِيقَ: تلاش و جستجو کرنا، چوروں سے پاک کرنا...... القَومُ حَلاَئِبَهُم: دودھ دینے والے جانوروں کا سارا دودھ نکال لینا۔ نَفَضَ الثَوبُ او الصِبغُ: رنگ کا مدھم پڑنا...... الكَرمُ: انگور کی بیل میں گچھے نکلنا...... فُلاَنٌ: چاروں طرف دیکھنا۔ کہا جاتا ہے "إذَا تَكَلَّمتَ نَهَارًا فَانفُض" جب دن میں گفتگو کرو تو اِدھر اُدھر دیکھ لو۔

نَفَضَ (ن) نُفُوضًا المَرِيضُ مِن مَرَضِهِ: بیمار کا صحت یاب ہونا۔
اَنفَضَ القَومُ: تباہ شدہ توشہ یا ختم شدہ مال والا ہونا...... القَومُ زَادَهُم: توشہ کو ختم کر دینا۔ اَنفَضَ فُلاَنًا عَنهُ: دور کر دینا۔ دوستی ختم کرا دینا۔ اِنفَضَتِ الاِبِلُ: سارے بچے جننا۔
نَفَّضَ الثَوبَ او الشَجرَةَ: کپڑا یا درخت جھاڑنا۔
اِنتَفَضَ الثَوبُ او الشَجرُ: کپڑا یا درخت کا جھڑنا...... الفَصِيلُ مَا فِی الضَرعِ: اونٹ کے بچے کا تھن سے سارا چوس لینا...... الكَرمُ: انگور کی بیل کا سرسبز ہونا۔
تَنَفَّضَ واستَنفَضَ المَكَانَ: اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔ اِستَنفَضَ القَومُ: تامل کرنا۔ غور کرنا...... الشَیءَ: نکالنا...... الاَمِيرُ: جاسوس بھیجنا۔
النَفَض والنِفَاض والنُفَاض والنُفَاضَة: جھاڑنے ہونے سے جو گرے۔ النُفَاضَة: توشہ کا بقیہ جو جھاڑا جائے۔ النَفَض: پتے یا کھجور جو گریں۔ النِفَاض: اسم ہے اَنفَضَ القَومُ زَادَهُم سے۔ النِفَاض: بچوں کا تہبند۔ ج نُفُض اور کہا جاتا ہے "مَا عَلَيهِ نِفَاضٌ" اس پر کچھ بھی کپڑا نہیں۔
النُفضَة والنُفَضَة والنُفَاض والنُفَضَاء: بخار کی کپکپی۔ النُفَضَة: بارش جو کہیں ہو اور کہیں نہ ہو۔
النَفَضَة: جاسوسوں کی جماعت۔
النَفَضىٰ والنِفِضّىٰ والنِفِيضىٰ: کپکپی۔
النافض: فا۔ جوڑی کا بخار۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَتهُ حُمّىٰ نَافِضٌ وحُمّىٰ نَافِضٍ وحُمّىٰ بِنَافِضٍ" اس کو جوڑی کا بخار آ گیا۔
ثَوبٌ نَافِضٌ: مدھم رنگ کا کپڑا۔
النَفُوضُ مِنَ النِسَاءِ: بہت اولاد والی عورت۔
النِفض: شہد کی مکھی کی بیٹ۔
النَفِيضَة: جاسوسوں کی جماعت۔ ج

نَفَائِض. النَفَائِض: کنکری پھینک کر آئندہ کی خبر دینے والے۔ دبلے اونٹ۔
الاِنفَاض: مص۔ بھوک۔ حاجت۔
الاَنَافِيض: درخت کے نیچے گرے ہوئے پھل۔ واحد اُنفُوضَة۔
المِنفَض: چھاج۔ سوپ۔ پنکھا۔ (...... والمِنفَاض) چادر وغیرہ جسے بچھا کر پتے یا میوے جھاڑیں۔
المُنفِض مِنَ الدَّجَاجِ: مرغی جو انڈے دے کر رک گئی ہو۔
المَنفُوض: مفع۔ تپ ولرزہ زدہ۔
نَفِطَتْ (س) نَفطًا ونَفَطًا ونَفِيطًا يَدُهُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔
نَفَطَ (ض) نَفطًا: غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔
نَفَطَتْ (ض) نَفطًا ونَفِيطًا العَنزَةُ: بکری کا چھینکنا...... القِدرُ: ہانڈی کا جوش مارنا۔
نَفَطَ الظَبیُ: ہرن کا آواز کرنا...... الرَّجُلُ: مبہم گفتگو کرنا۔
تَنَافَطَتِ القِدرُ: ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔
تَنَفَّطَ: غضبناک ہونا یا غصہ سے بھڑک اٹھنا۔ تَنَفَّطَتِ اليَدُ: ہاتھ کا زخمی ہونا یا آبلہ والا ہونا۔
النَفط والنِفط: ایک قسم کا معدنی تیل جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے اور جس سے آگ جلانے کا کام لیتے ہیں اور اس سے علاج بھی کرتے ہیں۔ النَفط: چیچک۔ آبلہ۔ آج کل کی زبان میں نِفط کا اطلاق مٹی کے تیل پر بھی ہے۔
النَفطَة والنِفطَة والنَفِطَة: آبلہ۔ چیچک۔
النُفَطَة: جلدی غضبناک ہونے والا۔
النَافِطَة: بکری۔ يَدٌ نَافِطَةٌ: آبلہ دار ہاتھ۔ رُغوَةٌ نَافِطَةٌ: بلبلہ والے جھاگ۔
النَفَّاط: معدن سے نَفط نکالنے والا۔ نَفط: چھینکنے والا۔ ج نَفَّاطَة ونَفَّاطُون۔
النَفَاطَة والنَفَّاطَة. نَفط: کا معدن۔ ایک قسم کا چراغ۔ تانبے کا ایک آلہ جس سے

نفط اور آگ پھینکا کرتے تھے۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ النَّفَّاطُوْنَ بِاَيْدِيْهِمُ النَّفَّاطَات" نفط پھینکنے والے اس حال میں نکلے کہ ان کے ہاتھوں میں نفط پھینکنے کے آلات تھے۔ النَّفَّاطَة: پھنسی۔

النَّفَطَان: کھانسی کے مشابہ۔ غصہ کے وقت پھولنا۔

النَّفِيط والمَنْفُوْط: ہاتھ میں آبلہ والا۔ مؤنث نَفِيطَة ومَنْفُوْطَة۔

النَّفَاطِيْر: متفرق گھاس یا موسم بہار کی پہلی گھاس۔ واحد نُفْطُوْرَة۔

نَفَعَهُ (ف) نَفْعًا بِكَذَا: نفع دینا۔

اِنْفَعَ الرَّجُلُ: لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔

اِنْتَفَعَ بِهٖ ومِنْهُ: فائدہ اٹھانا۔

اِسْتَنْفَعَهُ: فائدہ طلب کرنا۔

النَّفْع: فائدہ۔ نفع۔ خیر جو مطلوب تک پہنچنے کا ذریعہ ہو۔

النَّفَاع والنَّفِيْعَة: منفعت۔ فائدہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ حَاضِرُ النَّفِيْعَة" اس کا نفع موجود ہے۔

النَّفْعَة. نَفَع: کا اسم مرۃ۔ لاٹھی اس وجہ سے کہ اس کی مار سے فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ ج نَفَعَات۔

النِّفْعَة. نَفَع: کا اسم نوع۔ چمڑے کا ٹکڑا جو توشہ دان کے دونوں جانب لگا ہوتا ہے ج نِفَع ونِفَع۔

النُّفَاعَة: ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔

النَّافِع: قا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

اَلنَّفْعِي: منفعی مذہب کا قائل النفعية: وہ مذہب جس کے ماننے والے خالص منفعت کے قائل ہیں۔

النَّافِعَة: جس چیز سے فائدہ اٹھایا جائے۔ کہا جاتا ہے "مَا نَفَعَنِيْ فُلَانٌ بِنَافِعَةٍ" فلاں نے مجھ کو کچھ بھی نفع نہیں پہنچایا۔

النَّفَّاع: بہت فائدہ پہنچانے والا۔

النَّفُوْع: بہت فائدہ پہنچانے والا۔ ج نُفُع۔

المَنْفَعَة: ہر چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ فائدہ۔ ج مَنَافِع۔ مَنَافِعُ الدَّارِ: گھر میں آرام کی چیزیں۔ جیسے کنواں اور دھونے دھانے کی جگہ وغیرہ۔

نَفَقَتْ (ف) نَفْقًا ونُفُوْقًا ونَفِقَتْ (س) نَفَقًا وتَنَفَّقَتْ يَدُهُ: ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔ کام کرنے کی وجہ سے سوج جانا۔

نَفَقَ (ن) نَفَاقًا ونَفِقَ (س) نَفَقًا الشَّيْءُ: ختم ہونا۔ کم ہونا۔ نَفَقَ البَيْعُ: خرید و فروخت رائج ہونا۔ نَفَقَتِ السُّوْقُ: گرم بازار ہونا۔

نَفَقَ (ن) نُفُوْقًا الرَّجُلُ او الدَّابَّةُ: مرنا۔ روح نکلنا...... الجُرْحُ: زخم کا چھل جانا۔

نَفَقَ (ن) ونَفِقَ (س) نَفَقًا اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا۔ (ضد)

نَافَقَ مُنَافَقَةً ونِفَاقًا فِيْ دِيْنِهٖ: دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔ صفت مُنَافِق۔ نَافَقَ اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔

اَنْفَقَ: محتاج ہونا۔ توشہ ختم ہونا...... المَالَ: خرچ کرنا...... السِّلْعَةَ: سامان رائج کرنا...... القَوْمُ: رائج تجارت والی قوم ہونا...... الرَّجُلُ: سامان کو رائج پانا۔

تَنَفَّقَ اليَرْبُوْعَ: جنگلی چوہے کو سوراخ سے نکالنا...... اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا (ضد)

......

اِنْتَفَقَ الرَّجُلُ: سرنگ میں داخل ہونا۔

اليَرْبُوْعُ: جنگلی چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔ سوراخ سے نکلنا (ضد) ......

اليَرْبُوْعَ: جنگلی چوہے کا سوراخ سے نکالنا۔

اِسْتَنْفَقَ المَالَ: مال ختم کرنا۔

النَّفَق: سرنگ۔ ج اَنْفَاق۔

النَّفِق: جلدی منقطع ہونے والا۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ نَفِقُ الجَرْيِ: جلدی تھکنے والا گھوڑا۔

النِّفَاق والمُنَافَقَة: مص۔ منافق کا فعل۔

النَّفَقَة. الِانْفَاق: کا اسم۔ خرچ۔ ج نَفَقَات ونِفَاق واَنْفَاق۔

النَّافِق: قا...... مِنَ البَضَائِع: رائج سامان۔

النَّافِقَة. النَّافِق: کا مؤنث۔ مشک کا نافہ۔

النَّافِقَاء ج نَوَافِق والنُّفَقَة والنُّفَقَاء: جنگلی چوہے کے پوشیدہ سوراخوں میں سے ایک سوراخ۔

نَيْفَق السَّرَاوِيْل: پائجامہ کا نیفہ۔

المِنْفَاق: بہت خرچ کرنے والا۔

المُنَافِق: دل میں کفر اور زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا۔

المَنْفَقَة: باعث رواج پذیری اور اسی سے ہے "اليَمِيْنُ الكَاذِبَةُ مَنْفَقَةٌ لِلسِّلْعَةِ مَمْحَقَةٌ لِلْبَرَكَةِ" یعنی جھوٹی قسم سامان کو رائج کر دیتی ہے لیکن برکت کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔

النَّفْكَة: کان کی لو کے قریب جبڑے کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے غدود۔

نَفَلَ (ن) نَفْلًا: قسم کھانا...... الرَّجُلَ: کسی کو بغیر ارادہ ثواب کے عطیہ دینا۔ نَفَلَهُ النَّفَل: زائد عطیہ دینا۔ نَفَلَ القَائِدُ الجُنْدَ: مال غنیمت تقسیم کرنا...... الرَّجُلَ عَنْ نَسَبِهٖ: نفی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اُنْفُلْ عَنْ نَفْسِكَ اِنْ كُنْتَ صَادِقًا" یعنی جو کچھ تمہارے بارے میں کہا جاتا ہے اس کو دور کر دو اگر تم سچے ہو۔

نَفَّلَهُ: قسم کھلانا۔ حصہ سے زائد دینا۔ نَفَّلَهُ النَّفَل: غنیمت دینا۔ نَفَّلَ عَنْ فُلَانٍ: دفع کرنا۔ ہٹانا۔

اَنْفَلَهُ النَّفَل: غنیمت دینا۔ اَنْفَلَ لَهُ: قسم کھانا۔

تَنَفَّلَ: نفل نماز ادا کرنا...... عَلٰى اَصْحَابِهٖ: مال غنیمت میں سے ساتھیوں سے زیادہ حصہ لینا۔ وتَنَفَّلَ مِنْهُ الشَّيْءَ: طلب کرنا۔

اِنْتَفَلَ: نوافل پڑھنا...... الشَّيْءَ مِنْ فُلَانٍ: طلب کرنا...... مِنَ الاَمْرِ

والکَلَامِ: بیزار ہونا۔ کہا جاتا ہے "قَالَ لِیْ قَوْلاً فَانْتَفَلْتُ مِنْهُ" اس نے مجھ سے ایک بات بیان کی تو میں نے اس سے بیزاری ظاہر کی......مِنَ الْقَوْمِ: قوم کی مدد سے دور رہنا۔ اِنْتَفَلَ: عذر بیان کرنا۔ قسم کھانا۔

اَلنَّفْل: فرائض وواجبات سے زائد کام۔ واجبات وفرائض سے زائد کام جو کرنے کو کہا جائے۔

اَلنَّفَل: غنیمت۔ ہبہ۔ زیادتی۔ کہا جاتا ہے "لِهٰذَا نَفَلٌ عَلٰی ذَاكَ" اس چیز کو اس پر زیادتی ہے ج نِفَال وانْفَال. النَّفَل: ایک خوشبودار قسم کی گھاس جس سے گھوڑے موٹے ہوتے ہیں واحد نَفَلَة.

اَلنَّافِلَة: غنیمت۔ عطیہ۔ فرائض وواجبات سے زائد کام۔ پوتا۔ ج نَوَافِل کہا جاتا ہے "هُوَ كَثِيرُ النَّوَافِلِ" وہ بہت بخشش اور عطایا والا ہے۔

اَلنُّفَل: قمری مہینے کی چوتھی، پانچویں، چھٹی راتیں۔

اَلنَّوْفَل: بڑا فیاض۔ خوبصورت جوان۔ ج نَوْفَلُوْنَ. النَّوْفَل: سمندر۔ عطیہ۔ نر بجو۔

اَلنَّوْفَلَة: نمک دان۔

اَلنَّفْنَف: فضاء آسمانی۔ آسمان وزمین کا درمیان۔ دیوار کے بالائی اور زیریں سے کے درمیان۔ کنوئیں کے کنارے سے تہ تک کا حصہ۔ پہاڑ کا دیوار کے مانند گوشہ۔ بیابان ج نَفَانِف ونَفَانِفُ الدَّارِ: گھر کے اطراف ونواحی (...... والنَّفْنَاف) دو پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ ڈور۔

نَفَهَ (ف) نُفُوْهًا الرَّجُلُ: کمزوردل بزدل ہونا......الجَمَلُ: دشوار کے بعد مطیع ہونا۔

نَفِهَتْ (س) نَفَهًا نَفْسُهٗ: تھکنا۔

نَفَّهَ وانْفَهَ النَّاقَةَ: اونٹنی کو تھکانا اور کہا جاتا ہے "اَنْفَهَ لَهٗ مِنْ مَالِهٖ" اس نے اس کو تھوڑا مال دیا۔

اِسْتَنْفَهَ الرَّجُلُ: آرام لینا۔

النَّافِه: تھکا ہوا ج نُفَّه (...... وَالْمَنْفُوْه) کمزوردل۔ بزدل۔

جَمَلٌ مُنَفَّهٌ: تھکا ہوا اونٹ۔

نَفَاهُ يَنْفُوْهُ نَفْوًا لغت ہے نَفَاهُ يَنْفِيْهِ میں۔

نُفَاوَةُ الشَّيْءِ ونَفْوَتُهٗ: ہر چیز کا ردی حصہ۔ چیز کا بقیہ۔ النَّفْوَة: جلاوطنی۔

نَفَى يَنْفِي نَفْيًا الشَّيْءَ: انکار کرنا۔ نَفَاهُ عَنْهُ: علیحدہ کرنا۔ ہٹانا۔ نَفَى الرَّجُلَ: قید خانہ میں قید کرنا......الرَّجُلَ مِنْ بَلَدِهٖ: جلاوطن کرنا......السَّيْلُ الْغُثَاء: سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا کر لانا......السَّحَابُ مَاءَهَا: بادل کا پانی برسانا۔

"نَفَى يَنْفِيْ نَفْيًا ونَفَيَانًا الصَّيْرَ فِي الدَّرَاهِمِ" صراف کا درہموں کو پرکھنے کے لئے بکھیرنا۔ نَفَتِ الرِّيْحُ التُّرَابَ: ہوا کا مٹی کو اڑانا۔

نَفَى يَنْفِيْ نَفْيًا وانْتَفَى عَنْهُ: دور ہونا......الشَّعْرُ: بال گرنا وانْتَفَى الشَّيْءُ: نابود ہونا۔

اِنْتَفَى مِنْ وَلَدِهٖ: بچہ کا انکار کرنا۔ اِنْتَفَى فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: کراہت کے ساتھ اعراض کرنا۔ ونَفَاهُ فَانْتَفَى: اس نے اسے ہٹایا وہ ہٹ گیا۔

نَفَّاهُ: نفی کرنے میں مبالغہ کرنا۔

نَافَاهُ مُنَافَاةً: ایک دوسرے کو ہٹانا اور کہا جاتا ہے "هٰذَا يُنَافِي ذَاكَ" یعنی یہ اس کے منافی ومخالف ہے۔

تَنَافَى تَنَافِيًا الرِّجَالُ: ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔

تَنَافَتِ الْاَشْيَاءُ: مخالف ہونا۔ متباین ہونا۔

نَفَاءُ الشَّيْءِ ونَفَاتُهٗ ونَفِيَتُهٗ ونُفَيَتُهٗ ونُفَايَتُهٗ ونَفَايَتُهٗ ونَفِيُّهٗ: چیز کا وہ حصہ جو ردی ہونے کی وجہ سے دور کر دیا جائے۔ چیز کا بقیہ۔

اَلنَّفْيَة. نَفْي: کا اسم مرۃ۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت پھیلایا جائے۔ ج نُفَيَات.

اَلنَّفَيَان: مص۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔

اَلنَّافِي: فا۔ دھتکارا ہوا۔ دور کیا ہوا۔

اَلنَّفِي: نابود کیا ہوا جھاگ جس کو ہانڈی پھینکتی ہے۔ چکی سے نکلا ہوا آٹا۔ گھوڑوں کے سم سے بکھری ہوئی مٹی، کنکری وغیرہ۔ درختوں کی جڑ میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔ ڈھال جو کھجور کے پتوں سے بنائی گئی ہو۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا ابْنُ نَفِيٍّ" یعنی اس کے باپ نے بیٹا ہونے سے انکار سے کر دیا ہے۔

اَلنَّفِيَّة. النَّفِيُّ: کا مؤنث۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت یا پنیر دھوپ میں خشک کیا جائے یا ہوا میں پھیلایا جائے۔

اَلْمَنْفِي: دور کیا ہوا۔ ہٹایا ہوا، دھتکارا ہوا......فِي الْكَلَامِ: اثبات کے خلاف۔

اَلْمَنْفَى: جلاوطنی کی جگہ۔ ج مَنَافٍ.

نَقَّ (ض) نَقِيْقًا الضِّفْدَعُ: مینڈک کا ٹرانا (یہ لفظ مرغی، چکور، بچھو، شتر مرغ اور بلی وغیرہ کے لئے بھی مستعمل ہے) اور کہا جاتا ہے "نَقَّتْ ضَفَادِعُ بَطْنِهٖ" یعنی وہ بھوکا ہوا۔

اَنَقَّ: ٹرانے والا ہونا۔

اَلنَّقَّاق: اسم مبالغہ۔ مینڈک۔

اَلنَّقَّاقَة. النَّقَّاق: کا مؤنث۔ مینڈکی۔

اَلنِّقْنِق: نر شتر مرغ۔ اَلنَّقِيْقَات: چھوٹے آبی جانور جن کے جسم پر باریک بال ہوتے ہیں ٹھہرے پانی یا جاری پانی میں رہتے ہیں۔

اَلنَّقُوْق: چلانے والا۔ کہا جاتا ہے "ضِفْدَعٌ نَقُوْقٌ" ج نُقُقٌ ونُقٌّ.

نَقَبَ (ن) نَقْبًا الْحَائِطَ: دیوار میں سوراخ کرنا......الْخُفَّ: موزے میں پیوند لگانا......فُلَانٌ فِي الْاَرْضِ: جانا......عَنِ الْاَخْبَارِ: کھود کرید کرنا یا خبر دینا......الثَّوْبَ: بغیر نیفہ کے پائجامہ بنانا۔......الْفَرَسُ: گھوڑے کا دوڑنے میں تاخیر کرنا اور کہا جاتا ہے "نَقَبَتِ النَّكْبَةُ فُلَانًا" فلاں کو تکلیف پہنچی۔

نَقِبَ (س) نَقَبًا الخُفُّ المَلْبُوسُ: پہنے ہوئے موزے کا پھٹا ہوا ہونا ...... البَعِيرُ: اُونٹ کا گھسے ہوئے کھر والا ہونا ......الرَّجُلُ: پہاڑی راستوں میں چلنا...... فِي الْبِلَادِ: سیر کرنا۔ ملکوں میں جانا۔

نَقَبَ (ن) نِقَابَةً ونَقِبَ (س) نَقَبًا ونَقُبَ (ک) نَقَابَةً عَلَى الْقَوْمِ: سردار قوم ہونا (نَقَابَةٌ او نَقَابَة یا تو مصدر ہیں اور یا نِقَابَة بالکسر اسم ہے اور نَقَابَة بالفتح مصدر ہے)

نَقَّبَ فِي الْاَرْضِ: بھاگتے ہوئے ملک میں گھسنا...... عَنِ الشَّيْءِ: خوب اچھی طرح کھود کرید کرنا۔

نَاقَبَهُ نِقَابًا ومُنَاقَبَةً: مناقب پر فخر کرنا۔ نَاقَبَهُ نِقَابًا: رودررو ملنا یا بغیر وعدے کے ملنا اور کہا جاتا ہے "وَرَدْتُ الْمَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

اَنْقَبَ فِي الْاَرْضِ: ملک میں چلنا ...... البَعِيرُ: گھسے ہوئے کھر والا ہونا ...... الرَّجُلُ: قوم کا سردار بننا ...... فُلَانٌ: گھسے ہوئے کھرے والے اونٹ کا مالک ہونا۔

تَنَقَّبَ عَنِ الشَّيْءِ: تفتیش میں مبالغہ کرنا۔

تَنَقَّبَتْ وانْتَقَبَتِ الْمَرْأَةُ: عورت کا نقاب ڈالنا۔

النَّقْبُ: مص۔ سوراخ۔ پہلو کا زخم (...... والنُّقْب) پہاڑی راستہ ج نِقَاب وانْقَاب ونَقْبُ الْعَيْنِ: موتیا بند کا علاج۔

النَّقْبُ والنُّقْبُ والنُّقَبُ: کھجلی۔

النِّقْبَةُ: نقاب ڈالنے کی ہیئت۔ کہا جاتا ہے "اِمْرَأَةٌ حَسَنَةُ النِّقْبَةِ" عمدہ طریقے سے نقاب ڈالنے والی عورت۔ نیز کہا جاتا ہے "اِنَّ عَلَيْهِ نُقْبَةً مِنْ كَذَا" اس کے اوپر یقیناً فلاں چیز کا اثر ہے۔

النُّقْبَةُ: ابتدائی خارش۔ زنگ۔ رنگ۔ چہرہ۔ سوراخ۔ ایک قسم کا کپڑا جو پائجامہ کی مانند باندھا جاتا ہے۔ ج نُقَب۔

الانْقَاب: کان (جمع ہے اس کا واحد [illegible]

النِّقَابُ: مص۔ بڑا عالم۔ عورت کے منہ ڈھانکنے کا کپڑا۔ سخت زمین کا راستہ۔ پیٹ اور "فَرْخَانِ فِي نِقَابٍ" ضرب المثل ہے ان دو شخصوں کے حق میں بولا جاتا ہے جو شکل و شباہت میں مشابہ ہوں اور کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ نِقَابًا" یعنی میں اس سے رودررو ملا یا بغیر وعدہ کے ملا "وَرَدْتُ الْمَاءَ نِقَابًا" میں پانی پر اچانک بغیر تلاش کے پہنچ گیا۔

النَّاقِبُ: فا۔ ایک بیماری کا نام جو دیر تک سونے سے پیدا ہوتی ہے اور یا اس زخم کو کہتے ہیں جو پہلو میں ہوتا ہے اور اس کا منہ جوف کی جانب اندر کو ہوتا ہے۔

النَّاقِبَة النَّاقِب: کا مؤنث۔ مذکورہ بالا زخم۔

النَّقَّاب: کاموں میں گھسنے والا۔ کاموں کو بہت دریافت کرنے والا۔

النَّقِيبُ: قوم کا گواہ۔ قوم کا ضامن۔ قوم کا چودھری و سردار۔ نَقِيبُ الْاَشْرَافِ عِنْدَ الْمُسْلِمِينَ: لوگوں کے احوال کی تفتیش کرنے والا۔ ج نُقَبَاء النَّقِيب: بانسری۔ ترازو کی زبان۔ چھدا ہوا۔ كَلْبٌ نَقِيبٌ: کتا جس کے گلے میں سوراخ کر دیا گیا ہوتا کہ اس کی آواز پست ہو جائے اور ایسا بخیل آدمی کرتا ہے تاکہ کتے کی آواز سن کر مہمان نہ آ جائیں اور کھانا دینا پڑے۔

النَّقِيبَة: مؤنث النَّقِيب: نفس۔ عقل۔ طبیعت۔ مشورہ۔ رائے کا نفاذ۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ مَيْمُونُ النَّقِيبَةِ" فلاں پاک نفس ہے۔

المَنْقَب: جانور کے پیٹ میں سوراخ کرنے کی جگہ۔

المَنْقَب: پہاڑی راستہ۔ ج مَنَاقِب۔

المِنْقَب: پہاڑی راستہ۔ بہت بحث و تحقیقات کرنے والا عالم۔ (...... والمِنْقَبَة) نشتر جس سے جانور کی ناف میں سوراخ کیا جائے۔

[illegible] کے درمیان تنگ راستہ۔ دیوار۔ عمدہ فعل۔ فخر۔ ج مَنَاقِبُ۔ مَنَاقِبُ الْاِنْسَانِ: عمدہ خصائل اور شریف اخلاق۔

النِّقَابَةُ: محنت کشوں کی پارٹی اپنے حقوق مشترکین کے دفاع کے لئے۔

نَقَتَ (ن) نَقْتًا الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

نَقَثَ (ن) نَقْثًا وانْتَقَثَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا...... الشَّيْءَ الْمَدْفُونَ: کھود کر نکالنا۔ نَقَثَ الرَّجُلُ فِي الْاَمْرِ او السَّيْرِ: دوڑنا...... الْحَدِيثَ: بات میں گڑبڑ کرنا...... فُلَانًا بِالْكَلَامِ: بات سے تکلیف پہنچانا...... الْاَرْضَ بِيَدِهِ: کدال سے کھودنا ...... عَنِ الشَّيْءِ: کھود کرید کرنا۔

نَقَّثَ الرَّجُلُ: دوڑنا۔

تَنَقَّثَهُ: اپنی طرف مائل کرنا۔ مہربان بنانا۔

تَنَقَّثَ ضَيْعَتَهُ: جائیداد کی دیکھ بھال کرنا۔

نَقَاثِ: بجو۔

النَّقْثُ: بجو۔ چغل خوری۔

نَقْثَلَ نَقْثَلَةَ الشَّيْخِ: بوڑھے آدمی کا خاک اڑاتے ہوئے چلنا۔

نَقَحَ (ف) نَقْحًا ونَقَّحَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا...... الْجِذْعَ: تنے کی گرہیں چھیل کر صاف کرنا ...... الشَّيْءَ: چھیلنا اور خالص کو ردی سے جدا کرنا۔

نَقَّحَ وانْتَقَحَ الكَلَامَ: اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔ نَقَّحَتِ السِّنُونُ الرَّجُلَ: کمزور کر دینا ...... وانْتَقَحَ الرَّجُلُ: قحط یا فقر کی وجہ سے تلوار کی زیبائش اتار لینا۔

تَنَقَّحَ شَحْمُهُ: چربی کم ہونا۔

اِنْتَقَحَ الْعَظْمَ: ہڈی سے گودا نکالنا۔

النُّقَحُ: مص۔ گرمی کے زمانے کا سفید بادل۔

النَّقَح: خالص ریت۔

التَّنْقِيح: مص۔ ظہور معنی کے ساتھ الفاظ کا اختصار۔

نَقَخَهُ (ف) نَقْخًا: مارنا۔ نقخ

دِمَاغَهُ: توڑنا۔
اِنْتَقَخَ الْمُخَّ مِنَ الْعَظْمِ: ہڈی سے گودا نکالنا۔
النَّامُوْس: رازدار۔کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَامُوْسُ الْاَمِیْرِ" فلاں امیر کا رازدار ہے۔ وحی۔حاذق۔جھوٹا۔چغل خور۔شکاری کے گھات کی جگہ، راہب کی کوٹھری۔جال۔مکر و فریب۔حیلہ نہانی۔چیونٹی کی شکل کا ایک میلا جانور۔شیر کی جھاڑی ج نَوَامِیْسُ.

النَّامُوْسُ الْاَکْبَرُ: حضرت جبرئیل علیہ السلام کا لقب (دخیل).

النَّامُوْسَۃ: شیر کی جھاڑی۔مچھر۔

النَّامُوْسِیَۃ: مچھر دانی (دخیل)

النِّمْس: چھوٹی چھوٹی ٹانگوں اور لمبی دم کا بلی کے برابر ایک جانور جو سانپ اور چوہے وغیرہ کا شکار کرتا ہے اور اس کی بہت قسمیں ہیں۔ج نُمُوْس.

النَّمَس: گھی و خوشبو کی خرابی۔دودھ یا چکنائی کی بو۔

النَّمَسَۃ: بدبو۔

النَّمَّاسُ: چغل خور۔
الاَنْمَسُ: نیالا۔ مؤنث نَمْسَاء۔ ج نُمْس.
المُنَامِس: چپکے چپکے بات کرنے والا۔ گھات کی جگہ میں داخل ہونے والا۔
نَمْسَة: ملک آسٹریا (دخیل)
نَمْسَاوِيٌّ: آسٹریا کا باشندہ (دخیل)
نَمَشَ (ن) نَمْشًا: چغل خوری کرنا۔ جھوٹ بولنا...... الكَلَامَ: جھوٹی بات بنانا...... الجَرَادُ الاَرْضَ: کھا کے سب صاف کرنا۔ مِنَ الاَرْضِ: بے ہودہ لوگوں کی طرح کچھ اٹھانا۔
نَمَشَهُ (ض) نَمْشًا: منقش کرنا۔
نَمِشَ (س) نَمَشًا: داغ دار ہونا۔ دھاری دار ہونا۔ صفت اَنْمَشُ ونَمِشٌ.
نَمَّشَ فِي اُذُنِهِ: کان میں چپکے چپکے بات کہنا۔
اَنْمَشَ الرَّجُلُ: چغل خوری کرنا اور کہا جاتا ہے "اَنْمَشَ بَيْنَهُمْ" یعنی اس نے ان کے درمیان فساد ڈالا۔
النَّمْش: مص۔ چکنی چپڑی گفتگو۔
النَّمَش: مص۔ داغ۔ دھاری۔ نقش ونگار کے خطوط۔
النَّمِش: داغ دار۔ دھاری دار۔ سَيْفٌ نَمِشٌ: دھاری دار تلوار۔ وَجْهٌ نَمِشٌ: داغ دار چہرہ۔
الاَنْمَش: داغ دار۔ مؤنث نَمْشَاء۔ ج نُمْشٌ عَنْزٌ نَمْشَاء: داغ دار بکری۔
رَجُلٌ مُنْمِشٌ: فساد آمیز مرد۔
نَمَصَ (ن) نَمْصًا. الشَّعْرَ و النَّبْتَ: بال یا نباتات اکھیڑنا۔
نَمَّصَ تَنْمِيصًا وتَنَمَّصَا الشَّعْرَ: بال اکھیڑنا۔
اَنْمَصَ النَّبْتُ: جانور کے چرنے کے بعد دوبارہ اُگنا۔
تَنَمَّصَتِ المَاشِيَةُ: مویشی کا ابتدائی روئیدگی کو چرنا...... المَرْأَةُ: اکھیڑنے کے لئے پیشانی کے بال کو پکڑنا۔
النِّمَاص: سوئی کا دھاگا۔
النُّمَاص: مہینہ۔ ج نُمُصٌ واَنْمِصَة.
النَّمَص: روئیں کی طرح نرم وملائم بال۔ چھوٹے چھوٹے پر۔ ابتدائی نباتات۔ ایک قسم کی نرم گھاس جس سے سرپوش وغیرہ بناتے ہیں۔
النَّمِيص: اکھیڑا ہوا...... مِنَ النَّبْتِ: وہ گھاس جس کو جانور چر سکیں۔ یا وہ گھاس جو چرنے کے بعد پھر نکل آئے۔
المِنْمَص والمِنْمَاص: موچنا۔
نَمَّطَ تَنْمِيطًا بِفُلَانٍ الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: راہنمائی کرنا۔
اَنْمَطَ لَهُ العَطَاءَ: کم دینا۔
النَّمَط: ایک قسم کی چادر۔ ٹوکرے کے مانند ایک برتن۔ طریقہ۔ روش۔ نوع۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مِنْ نَمَطِ هٰذَا" یہ اس کی قسم سے ہے "وَمَا عِنْدَهُ نَمَطٌ مِنَ العِلْمِ" اسے کسی قسم کا علم نہیں۔
النَّمَط: ایک قسم کا اونی کپڑا جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے۔ ج اَنْمَاط ونِمَاط اور نسبت کے لئے اَنْمَاطِيٌّ ونَمَطِيٌّ. النَّمَط: لوگوں کی جماعت کہ ان کا معاملہ ایک ہو۔
الاَنْمَط: طریقہ۔
النَّمَغَة: پہاڑ کی چوٹی۔ مال کی کثرت۔ قوم کا بہترین حصہ۔ نومولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے۔
النَّمَاغَة: سر کا بالائی حصہ۔ نومولود بچہ کے سر کا وہ حصہ جو سخت ہونے سے پہلے حرکت کرتا رہتا ہے۔
نَمَقَ (ن) نَمْقًا عَيْنَ فُلَانٍ: آنکھ پر طمانچہ مارنا...... الكِتَابَ: لکھنا۔
نَمَّقَ الكِتَابَ: کتاب کو خوبصورت لکھنا...... الجِلْدَ: کھال کو منقش کرنا۔
اَنْمَقَتِ النَّخْلَةُ: درخت خرما میں بے گٹھلی کے کھجور ہونا۔
النَّمَق: کتاب...... نَمْقُ العِرْقِ ...... وسط۔
النَّمَقَة: بدبو۔
ثَوْبٌ نَمِيقٌ ومُنَمَّقٌ: منقوش کپڑا۔ وَعْدٌ او قَوْلٌ مُنَمَّقٌ: بناوٹی وعدہ یا گفتگو۔
نَمَلَ (ن) نَمْلًا ونَمِلَ (س) نَمَلًا و اَنْمَلَ: چغل خوری کرنا۔ نَمَلَ ونَمِلَ فِي الشَّجَرِ: درخت پر چڑھنا۔
نَمِلَتْ (س) نَمَلًا يَدُهُ: ہاتھ کا سن ہونا۔
تَنَمَّلَ القَوْمُ: حرکت کرنا اور بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
النَّامِل: فا۔ چغل خور۔
النَّامِلَة. النَّامِل: کا مؤنث عام راستہ۔
النَّمْل والنَّمُل: چیونٹی۔ واحد نَمْلَةٌ ونَمُلَةٌ (مذکر ومؤنث) ج نِمَال. النَّمْلُ: پہلو کی پھنسیاں۔
النَّمِل: چغل خور۔ بہت چیونٹیوں والی جگہ۔ کہا جاتا ہے "مَكَانٌ نَمِلٌ و اَرْضٌ نَمِلَةٌ" اور کہا جاتا ہے "فَرَسٌ نَمِلٌ او نَمِلُ القَوَائِمِ" گھوڑا جو کلیلیں کرنے کی وجہ سے ایک جگہ قائم نہ رہے و "رَجُلٌ نَمِلٌ او نَمِلُ الاَصَابِعِ" ہر کام میں پھرتیلا مرد۔
النَّمْلَة: جھوٹ۔ جانور کے کھر کی پھٹن۔ پہلو کی پھنسیاں۔ ایک قسم کی پھنسی جس میں سوزش ہوتی ہے اور جو جگہ بدلتی رہتی ہے۔
النَّمْلَة: حوض کا بقیہ پانی۔ کہا جاتا ہے "فَرَسٌ ذُو نُمْلَةٍ" بہت حرکت کرنے والا گھوڑا۔
النُّمْلَة: بتثليث النون: چغل خوری۔
النَّمَلَان: کسی چیز پر اوپر سے جھانکنا۔
النَّمَّال: چغل خور۔
النَّمِيلَة: چغل خوری۔
الاَنْمَلَة. تسع لغات بتثليث الهمزة والميم: سر انگشت اور بقول بعض انگلی کا اوپر کا پورا۔ ج اَنَامِل واَنْمُلَات (بتثليث الحرفين)
النَّمْلَى و المُنَمِّلَة مِنَ النِّسَاءِ: ایک جگہ پر قرار نہ لینے والی عورت۔

......الـمَـاءُ: پانی کا بہنا اور نہر بنالینا......
النَّھَرَ: نہر کھودنا۔ نہر جاری کرنا...... السَّائِلَ: سائل کو ڈانٹنا...... ونَھِرَ (س) نَھَرًا) الحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا کہا جاتا ہے "حَفَرْتُ الْبِئْرَ حَتّٰی نَھِرْتُ" میں نے کنواں کھودا یہاں تک کہ پانی تک پہنچ گیا۔
اَنْھَرَ النَّھرَ: نہر کو وسیع کرنا۔ چوڑا کرنا (اور یہ نیزہ کے زخم کے لئے بھی آتا ہے)...... الدَّمَ: نکالنا۔ بہانا۔ الدَّمُ: خون کا بہنا...... العِرْقُ: رگ سے خون کا نہ رکنا...... فُلَانٌ: بھلائی کو نہ پہنچنا...... فِي الْعَدْوِ: تاخیر کرنا۔ سستی کرنا...... الرَّجُلُ: دن کرنا...... البَطْنُ: پیٹ چلنا...... الحَافِرُ: کھودنے والے کا پانی تک پہنچنا۔
اِنْتَھَرَ السَّائِلَ: سائل کو ڈانٹنا...... العِرْقُ: رگ سے خون نہ رکنا...... بَطْنُہٗ: پیٹ چلنا۔
اِسْتَنْھَرَ النَّھرُ: نہر کا اپنے بہنے کے لئے مضبوط جگہ بنانا...... الشَّیْءُ: وسیع وکشادہ ہونا اور ہر وہ چیز جو بہت ہو اور بہہ پڑے اس کے لئے اِسْتَنْھَرَ کا استعمال کرتے ہیں۔
النَّاھِرُ: فا۔ سفید انگور۔
النَّھَارُ: دن۔ نہار شرعی صبح سے لے کر مغرب تک۔ ج اَنْھُرٌ و نُھُرٌ۔
النُّھَارُ: بہت تیتر۔ ترسرخاب۔ نرالو۔
النَّھَارِیُّ: کھانا جو دن کے ابتدائی حصہ میں کھایا جائے۔ ناشتہ۔
النَّھْرُ: ندی۔ دریا۔ ج اَنْھُرٌ و اَنْھَارٌ و نُھُرٌ و نُھُوْرٌ۔
النَّھَرُ: گنجائش۔ وسعت۔ نہر میں ایک لغت ہے۔
النَّھِرُ۔ سفید انگور۔ کہا جاتا ہے "نَھَرٌ نَھِرٌ" کشادہ نہر۔ "نَھَارٌ نَھِرٌ" روشن دن "مَاءٌ نَھِرٌ" بہت پانی۔
النَّھِیْرُ: بہت۔
النَّھِیْرَۃُ: بہت دودھ والی اونٹنی۔
الاَنْھَرُ: اسم تفضیل۔ نہار اَنْھَرُ: بہت روشن دن۔

دن۔
الاَنْھَرَانِ مِنْ مَنَازِلِ الْقَمَرِ: چاند کے منازل میں عَوَّاء اور سَمَاک نامی دو ستارے۔
النَّاھُوْرُ: بادل۔
المَنْھَرُ: پانی بہنے کی جگہ جس کو خود پانی نے بنا لیا ہو۔ قلعہ سے پانی باہر نکلنے کی نالی۔
المَنْھَرَۃُ: لوگوں کے گھروں کے درمیان کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَمَامَ دَارِھِمْ مَنْھَرَۃٌ" ان کے گھروں کے سامنے کوڑا کرکٹ ڈالنے کی جگہ ہے۔
نَھَزَہٗ (ف) نَھْزًا: دفع کرنا اور مارنا۔ نَھَزَ رَاْسَہٗ: سر ہلانا...... الشَّیْءُ: قریب ہونا...... فُلَانٌ: کچھ لینے کے لئے اٹھنا...... الفَصِیْلُ ضَرْعَ اُمِّہٖ: اونٹ کے بچے کا ماں کے تھن پر ٹکر مارنا...... الدَّابَّۃُ: چوپایہ کا سینہ نکال کر چلنا...... الدَّابَّۃُ بِرَاْسِھَا: چوپایہ کا اپنے آپ سے دفع کرنا اور جب دودھ چھڑانے کے قریب ہو تو کہا جاتا ہے "نَھَزَ لِلْفِطَامِ" صفت مذکر نَاھِزٌ و صفت مؤنث نَاھِزَۃٌ۔
نَھَزَ بِالدَّلْوِ فِی الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں میں بھر جانے کے لئے ہلانا...... الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ: ڈول کو کنوئیں سے نکالنا...... نَھَزَ الرَّجُلُ: قے کرنے کے لئے گردن اٹھا اور سینہ نکالنا...... قَیْحًا: پیپ پھینکنا اور کہا جاتا ہے "نَھَزَتْنِیْ اِلَیْکَ حَاجَۃٌ" مجھے ضرورت تمہارے پاس لے آئی۔
نَاھَزَہٗ مُنَاھَزَۃً: قریب ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَاھَزَ الْخَمْسِیْنَ" اس کی عمر پچاس کے قریب ہے "وَنَاھَزَ لِلْفِطَامِ" وہ دودھ چھڑانے کے قریب پہنچا...... الصَّیْدَ: سبقت کرنا...... الفُرْصَۃَ: غنیمت جاننا۔ نَاھَزْتُھُمْ الفُرَصَ: فرصت پانا۔
اَنْھَزَہٗ: دفع کرنا۔ اٹھانا۔
تَنَاھَزَا: سبقت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَنَاھَزُوا الْفُرَصَ" انہوں نے فرصت کو غنیمت جانتے ... سبقت کی

اِنْتَھَزَ الْفُرْصَۃَ: غنیمت جاننا اور سبقت کرتے ہوئے اٹھنا...... الشَّیْءَ: قبول کرنا اور لینے کی جلدی کرنا...... فِی الضَّحِکِ: بہت زور سے ہنسنا۔
النَّاھِزُ: فا۔ نَاھِزُ الْقَوْمِ: قوم کا سردار۔ قوم کا چودھری۔
النُّھَازُ و النِّھَازُ: قدر۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا نُھَازُ ذَاکَ" یہ اس کے مقدار ہے۔
النَّھْزُ: مص۔ ہاتھ میں لینا۔ لینے کے لئے اٹھنا اور کہا جاتا ہے "نَھْزُہٗ کَذَا" یعنی اس کی مقدار اتنی ہے۔
النُّھَزُ: شیر۔
النَّھَّازُ: اسم مبالغہ۔ چلنے میں سینہ نکالنے والا گدھا۔
النُّھْزَۃُ: فرصت۔ ج نُھَزٌ کہا جاتا ہے "ھُوَ نُھْزَۃُ الْمُخْتَلِسِ" وہ ہر ایک کا شکار ہے۔
المُنْھَزُ مِنَ الْبِئْرِ: کنوئیں کا منہ۔
المُنَاھَزَۃُ: مص۔ مسابقت۔
نَھَسَ (ف) ونَھِسَ (س) نَھْسًا اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا۔ نَھَسَتِ الْحَیَّۃُ فُلَانًا: سانپ کا ڈسنا۔ نَھَسَ الْکَلْبُ فُلَانًا: کتے کا کسی کو نوچ لینا۔
اِنْتَھَسَ اللَّحْمَ: گوشت کو اگلے دانتوں سے نوچنا...... فُلَانًا: غیبت کرنا۔
النَّھَسُ والنُّھَسُ: لٹورے کے مانند ایک پرندہ جو ہمیشہ اپنی دُم ہلاتا رہتا ہے اور چڑیوں کا شکار کرتا ہے۔ ج نِھْسَانٌ۔
النَّھَّاسُ و النَّھُوْسُ و المَنْھَسُ و المِنْھَسُ: بہت دانت سے کاٹنے والا۔ شیر۔ بھیڑیا۔
المَنْھَسُ: کاٹنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "اَرْضٌ کَثِیْرَۃُ الْمَنَاھِسِ" بہت چراگاہ والی زمین۔
النَّھِیْسُ: کم گوشت والا۔ دُبلا۔ المَنْھُوْسُ: مفع۔ کم گوشت والا۔ رَجُلٌ مَنْھُوْسُ الْقَدَمَیْنِ: دبلے پتلے قدم کا مرد۔
نَھْسَرَ نَھْسَرَۃً اللَّحْمَ: گوشت کاٹنا...... الطَّعَامَ: کھانا۔

النَّهْسَرُ: بھیڑیا۔ یا بجو سے بھیڑیئے کا بچہ۔ ہلکا پھلکا۔ تیز رفتار۔ گوشت کا بہت حریص۔
نَهَشَهُ (ف ض) نَهْشًا: اگلے دانتوں سے نوچنا۔ دانت سے کاٹ کر نشان ڈالنا..... الحَيَّةُ: سانپ کا ڈسنا۔ نَهَشَهُ الدَّهْرُ: مشقت میں ڈالنا۔
نُهِشَ وانْتُهِشَ اَعْضَاؤُنَا: لاغر ہونا۔
النَّهَاوِش: مظالم۔ عرب والوں کے قول نَهْشَة سے جبکہ مشقت میں ڈال دیں۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَهِشُ اليَدَيْنِ او القَوائِمِ" وہ ہاتھ پاؤں کا پھرتیلا ہے۔
المَنْهُوش: مفع۔ مشقت میں پڑا ہوا۔ دبلا۔
نَهْشَلَ الرَّجُلُ: بڑی عمر کا ہونا..... فُلانًا: دانت سے کاٹنا..... الشَّیْءَ: سخت بھوک کی مانند کھانا۔
النَّهْشَل: بھیڑیا۔ شکرا۔ بہت بڑھا۔ بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا۔ مؤنث نَهْشَلَة۔
نَهَضَ (ف) نَهْضًا ونُهُوضًا: کھڑا ہونا..... عَنْ مَكانِهِ: اٹھنا..... اِلَى عَدُوِّهِ: جلدی سے حملہ کرنا..... النَّبْتُ: نباتات کا سیدھا کھڑا ہونا..... لِلاَمْرِ: مستعد ہونا..... الطَّائِرُ: پرندہ کا اڑنے کے لئے بازو پھیلانا (..... نُهُوضًا) فُلانًا: ظلم کرنا..... الشَّيْبُ فِي الشَّبابِ: جلدی بڑھاپا شروع ہو جانا۔
نَاهَضَ قِرْنَهُ مُنَاهَضَةً: مقابلہ کرنا۔
اَنْهَضَهُ: اٹھانا۔ کھڑا کرنے کے لئے ہلانا۔
اَنْهَضَتِ الرِّيحُ السَّحابَ: ہوا کا بادلوں کو چلانا اور اٹھانا..... القِرْبَةَ: مشک کو چھلکنے تک بھرنا۔ اَنْهَضَهُ بالشَّيْءِ: ٹیک لگا کے اٹھنا۔
تَنَاهَضُوا فِي الحَرْبِ: جنگ میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔
اِنْتَهَضَ: کھڑا ہونا..... فُلانًا لِلاَمْرِ: مستعد کرنا۔ کھڑا کرنا..... القَوْمُ: مقاتلہ کے لئے کھڑا ہونا۔
اِسْتَنْهَضَهُ لِكَذَا: کسی کام کے لئے اٹھنے کو کہنا۔
النَّاهِض: فا۔ اڑنے کے لائق پرندہ کا بچہ۔ گھوڑے کے بازو کے اوپر کا گوشت۔ کہا جاتا ہے "عَامِلٌ نَاهِضٌ" کر گزرنے والا۔ "وَمَكَانٌ نَاهِضٌ" بلند جگہ۔
نَاهِضَةُ الرَّجُلِ: مرد کے باپ کی اولاد اور اس کے خدام وغیرہ۔ ج نَوَاهِض۔
النَّوَاهِض: بڑے ڈیل ڈول اور سخت بدن والے اونٹ۔
النِّهَاض مِنَ الطُّرُقِ: راستہ کی بلندیاں اور گھاٹیاں۔ النِّهَاض: جلدی۔
النَّهْض: مص..... مِنَ البَعِيرِ: اونٹ کے مونڈھے اور کندھے کے درمیان کا حصہ۔ ج اَنْهُض۔ النُّهُض: ظلم وزبردستی۔ سخت زمین۔
النَّهْضَة۔ نَهَض: کا اسم مرۃ۔ طاقت و قوت۔ زمین کی چڑھائی کہ جس میں انسان یا چوپایہ پست زمین سے چڑھتے ہوئے تھک جائے۔ ج نِهَاض کہا جاتا ہے "كَانَ مِنْهُ نَهْضَةٌ اِلَى كَذَا" اس کی حرکت فلاں جانب ہے "وَهُوَ كَثِيرُ النَّهَضَاتِ" وہ بہت حرکت والا ہے۔
النَّهَّاض: بہت اٹھنے والا۔ گلا۔ مَكَانٌ نَهَّاضٌ: بلند جگہ۔
النَّهْضَل: عمر رسیدہ آدمی یا گدھ یا باز۔
نَهَطَهُ (ف) نَهْطًا بالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔
نَهَعَ (ف) نُهُوعًا: قے کرنا اور کچھ نہ نکلنا۔
نَهَفَ (ف ن ض) نَهْفًا الرَّجُلُ: متحیر ہونا۔
نَهَقَ (ف) ونَهِقَ (س) نَهْقًا ونَهِيقًا ونُهَاقًا وتَنْهَاقًا الحِمَارُ: گدھے کا رینکنا۔ صفت نَاهِق۔
تَنَاهَقَتِ الحُمُرُ: گدھوں کا رینکنا۔
النَّاهِقَان: کھردار جانور کے جبڑے کی دو ابھری ہوئی ہڈیاں اور ان کو النَّوَاهِق بھی کہتے ہیں۔
نَاهِقُ الحِمَارِ ونَوَاهِقُهُ: گدھے کے گلے سے آواز نکلنے کی جگہ اور بقول بعض نَوَاهِق ان کو کہتے ہیں جو جانور کی ناک کے آخری حصہ کو گھیرے ہوئے ہیں۔ واحد نَاهِقَة۔
النَّهَق: مص۔ پرندہ کی ایک قسم (..... والنَّهَق) ایک قسم کی نباتات۔ واحد نَهَقَة وغَعَقَة۔
نَهَكَهُ (ف) نَهْكًا ونَهَاكَةً: غالب ہونا۔
نَهَكَ الثَّوْبَ: پہن کر بوسیدہ کرنا..... مِنَ الطَّعَامِ وفِيهِ: کھانے میں مبالغہ کرنا..... عِرْضَ فُلانٍ: آبروریزی میں مبالغہ کرنا..... الضَّرْعَ: تھن سے دودھ نکال لینا۔
نَهَكَتِ الاِبِلُ مَاءَ الحَوْضِ: سارا پی جانا..... الحُمَّى فُلانًا: لاغر کر دینا۔ مشقت میں مبتلا کر دینا..... الشَّرَابُ فُلانًا: دبلا کرنا۔
نَهِكَهُ (س) نَهْكًا ونَهْكَةً: سخت سزا دینا (..... نَهَكًا ونَهْكًا ونَهْكَةً ونَهَاكَةً) الحُمَّى فُلانًا: لاغر و دبلا کرنا (..... نَهْكًا) فُلانٌ الشَّرَابَ: ختم کرنا۔
نُهِكَ نَهْكًا: لاغر و دبلا ہونا۔ صفت مَنْهُوك۔
نَهُكَ (ک) نَهَاكَةً: دلیر ہونا۔
اَنْهَكَهُ: سخت سزا دینا۔
اِنْتَهَكَتْهُ الحُمَّى: لاغر و دبلا کرنا۔ اِنْتَهَكَ فُلانٌ الحُرْمَةَ: اپنے چال چلن کو خراب کرنا..... الشَّيْءَ: بے عزتی کرنا..... فُلانًا: بے آبروئی کرنا۔
النَّاهِك: فا۔ تمام چیزوں میں مبالغہ کرنے والا۔
النَّهْك: مص۔ بحر رجز کے دو ثلث کو حذف کرنا۔ جزء اخیر کو یا باقی کو مَنْهُوك کہتے ہیں۔
النَّهْكَة۔ نهك: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "بَدَتْ فِيهِ نَهْكَةُ المَرَضِ" اس میں مرض کا اثر دبلا پن ظاہر ہوا۔
النَّهُوك: دلیر۔
النَّهِيك: تمام چیزوں پر مبالغہ کرنے والا۔ ..... مضبوط اونٹ۔ تلوار قاطع۔ کہا جاتا

ہے "سَیفٌ نَهِیکٌ" اچھے اخلاق والا (...... و النُّهَیک) پسو کے مانند ایک کیڑا جس کو حرقوص بھی کہتے ہیں۔

المَنهَکَة: باعث پردہ دری۔ کہا جاتا ہے "هٰذا مَنهَکَةُ الاَعرَاضِ" یہ آبروریزی کا سبب ہے۔

نَهِلَتْ (ی) نَهَلاً ومَنهَلاً الاِبِلُ: پہلی بار پینا۔ پیاسا ہونا۔

اَنهَلَ الاِبِلَ: پہلی بار پلانا...... القَومُ: پہلی بار پئے ہوئے اونٹوں والا ہونا...... اَنهَلُوا زَرعَهُم: پہلی مرتبہ سیراب کرنا۔ اَنهَلَ فُلاناً: غضبناک کرنا۔

النَّاهِل: فا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نَهَلٌ ونُهَلٌ ونُهُولٌ ونَهَلَةٌ ونَهلَی ونِهَالٌ.

النَّاهِلَة مؤنث النَّاهِل: چشمہ کی طرف آنے جانے والی ج نِهَال ونَوَاهِل. النَّواهِل: بھوکے اونٹ۔

النَّهَل: مص۔ جمع نَاهِل: پہلی مرتبہ پینا۔ وہ خوراک جو کھائی جائے۔

النَّهلَان: پینے والا۔ سیراب۔ پیاسا۔ ج نَهلَی اِبِلٌ نَهلَی: بھوکے اونٹ۔

المِنهَال: بہت غصہ دلانے والا۔ ریت کا بلند ٹیلہ جس سے ریت گرتی رہے۔ قبر۔ بہت فیاض۔

المَنهَل: گھاٹ۔ پینا۔ راستہ پر پانی پینے کی جگہ۔ ج مَنَاهِل.

نَهَمَ (ف ض) نَهماً ونَهمَةً ونَهِیماً الاِبِلَ: اونٹ کو تیز دوڑنے کے لئے ڈانٹنا۔

نَهَمَ (ض) نَهماً: بہت کھانا۔

نَهَمَ (ض) نَهماً ونَهِیماً الفِیلُ: ہاتھی کا چنگھاڑنا۔

نَهِمَ (س) ونُهِمَ نَهَماً ونَهَامَةً فِی الاَکلِ: حریص ہونا...... فُلانٌ فِی الشَّیءِ: مشتاق ہونا۔

نَاهَمَهُ مُنَاهَمَةً: باہم ٹھنڈی سانس بھرنا۔

اِنتَهَمَ: جھڑکی کھانا۔

النَّاهِم: فا۔ چلانے والا۔

النِّهَام: بتثلیث النون۔ لوہار۔ بڑھئی۔

النُّهَام: اُلو۔ راہب۔ ج نُهُم.

النِّهَامِیّ: بتثلیث النون: لوہار۔ بڑھئی۔

النِّهَامِی والنُّهَامِیّ: راہب۔ آسان راستہ۔

النَّهِم: حریص۔

النَّهمَة: مص۔ نَهِمَ: کا اسم مرۃ۔ حاجت۔ کسی چیز کی خواہش۔ کہا جاتا ہے "لَهُ فِی هٰذَا الاَمرِ نَهمَةٌ" اس کو اس کی خواہش ہے وَقَضٰی مِنهُ نَهمَتَهُ اس نے اپنی خواہش پوری کی۔

النَّهَّام: اسم مبالغہ۔ شیر۔ واضح راستہ کا درمیان۔ النَّهَّامَة. النَّهَّام: کا مؤنث۔ شیر۔

النَّهِیم: حریص۔ شیر کی دھاڑ۔ ہاتھی کی چنگھاڑ۔

المِنهَام مِنَ الاِبِلِ: ڈانٹ پر مطیع ہونے والی اونٹنی۔ ج مَنَاهِیم.

المَنهُوم: مفع۔ حریص۔ مشتاق و فریفتہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مَنهُومٌ بِالمَالِ" وہ مال کا حریص ہے سیر نہیں ہوتا۔

نَهنَهَهُ نَهنَهَةً عَنِ الشَّیءِ: روکنا۔ ڈانٹنا۔

تَنَهنَهَ: رکنا۔

النَّهنَهُ: باریک بناوٹ کا کپڑا۔

نَهَاهُ یَنهُوهُ نَهواً: ایک لغت ہے نَهَاهُ یَنهَاهُ نَهیاً یائی میں۔

نَهَاهُ یَنهَاهُ نَهیاً عَن کَذَا: ڈانٹنا۔ منع کرنا۔ صفت مذکر نَاهٍ صفت مؤنث نَاهِیَةٌ اور جس سے منع کریں اس کو مَنهِیٌّ عَنهُ کہتے ہیں اور اسم النُّهیَة نَهَی اللّٰهُ عَن کَذَا: حرام کرنا اور کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ نَهَاکَ مِن رَجُلٍ" یہ ایسا شخص ہے جس نے تم کو دوسرے شخص کے طلب کرنے سے منع کر دیا ہے اور تم کہتے ہو "هِیَ اِمرَاَةٌ نَهَتکَ مِنِ امرَاَةٍ. وهُمَا رَجُلانِ نَهَیَاکَ مِن رَجُلَینِ وَهُم رِجَالٌ نَهَوکَ مِن رِجَالٍ".

نَهِیَ ونُهِیَ اِلَیهِ الخَبَرُ: پہنچنا۔

[illegible] عَنِ الحَاجَةِ [illegible] چھوڑ دینا۔

(کامیاب ہویا نا کامیاب)

نَهُوَ یَنهُو نَهَاوَةً: کامل العقل ہونا۔

نَهَّاهُ تَنهِیَةً: منع کرنا (تشدید مبالغہ کے لئے ہے) نَهِیَ الشَّیءُ: انتہا کو پہنچنا...... اِلَیهِ الخَبَرُ: پہنچانا۔

اَنهَی اِنهَاءً الشَّیءَ: پہنچانا...... الاَمرَ اِلَی الحَاکِمِ: اطلاع دینا۔ کہا جاتا ہے "طَلَبَ حَاجَةً حَتّٰی اَنهَی عَنهَا" اس نے حاجت طلب کی اور بغیر کامیابی و عدم کامیابی ترک کر دی۔ انهی الرَّجُلُ مِنَ اللَّحمِ: اکتفا کرنا اور آسودہ ہونا۔

تَنَاهَی تَنَاهِیاً عَنِ الشَّیءِ: رکنا...... القَومُ عَنِ المُنکَرِ: بعض کا بعض کو منع کرنا...... الشَّیءُ: انتہا کو پہنچنا...... المَاءُ: پانی کا تالاب میں ٹھہرنا...... تَنَاهَی الخَبَرُ: پہنچنا۔

اِنتَهَی اِنتِهَاءً ا. الشَّیءُ: انتہا کو پہنچنا...... عَنِ الشَّیءِ: رکنا...... اِلَیکَ المَثَلُ او الخَبَرُ: پہنچنا...... بِفُلانٍ اِلَی مَوضِعِ کَذَا: پہنچانا۔

اِستَنهَاهُ اِستِنهَاءً ا: کسی سے کہنا کہ رک جاؤ۔ وَاستَنهَیتُ فُلاناً مِن فُلانٍ: میں نے فلاں سے کہا کہ فلاں کو مجھ سے باز رکھو۔

النَّاهِی: فا۔ ج نُهَاة: شکم سیر۔ سیراب اور کہا جاتا ہے "نَاهِیکَ بِزَیدٍ فَارِساً" زید تمہارے لئے کافی شہسوار ہے اور یہ مقام تعجب و استعظام میں بولا جاتا ہے۔ مقصود یہ ہے کہ وہ تمہارے مطلوب کی انتہا ہے غیر کے طلب کرنے سے مانع ہے اور عرب کا قول "هٰذَا رَجُلٌ نَاهِیکَ مِن رَجُلٍ" (یہ شخص تمہارے لئے فلاں شخص سے کافی ہے) کلمہ ہے جو مقام مدح میں بطور تعجب کے بولا جاتا ہے اور پھر کثرت استعمال سے ہر تعجب میں بولا جانے لگا اور چونکہ یہ اسم فاعل ہے اس لئے مؤنث اور تثنیہ اور جمع ساری صورتوں میں مستعمل ہے۔ تم کہو گے "هٰذِهِ اِمرَاَةٌ نَاهِیَتُکَ مِنِ امرَاَةٍ وعَلٰی هٰذَا القِیَاسِ" اور کہا جاتا ہے "فُلانٌ مَالَهُ نَاهِیَةٌ" فلاں کے لئے عقل نہیں جو اس کو قبیح

سے روکے "وَمَا تَنْهَاهُ عَنَّا النَّهْيَةُ" ... ہم سے کوئی چیز روکنے والی نہیں۔ ج نَوَاهٍ۔ کہا جاتا ہے "مَا يَنْظُرُ فِي أَوَامِرِ اللّٰهِ وَنَوَاهِيهِ" وہ اللہ تعالیٰ کے اوامر ونواہی کی رعایت نہیں کرتا۔

النِّهَاءُ: چیز کا آخری مرتبہ ...... مِنَ النَّهَارِ وَالْمَاءِ: چڑھائی۔ النِّهَاءُ: ایک قسم کا سفید پتھر۔ ایک قسم کا خرمہرہ۔ اندازہ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نِهَاءُ مِائَةٍ" وہ لوگ بقدر سو کے ہیں۔

النُّهَاءُ: پانی کی چڑھائی۔ شیشہ۔ شیشہ کی صراحی۔ اندازہ۔ مقدار۔ کہا جاتا ہے "هُمْ نُهَاءُ مِائَةٍ" وہ لوگ سو کے قریب ہیں۔

نَفْسٌ نَهَاةٌ: باز رہنے والا نفس۔

النِّهَايَةُ: انتہا۔ آخری مرتبہ۔ ج نِهَايَات نِهَايَاتُ الدَّارِ: گھر کے حدود۔

النَّهْيُ: مص ...... عِنْدَ النُّحَاةِ: کسی سے ترک فعل کو طلب کرنا اور اس کا حرف کلمہ لا ہے جس کا نام لا ناہیہ ہے کہا جاتا ہے "هُوَ رَجُلٌ نَهْيُكَ مِنْ رَجُلٍ" بمعنی "نَاهِيكَ مِنْ رَجُلٍ" اور چونکہ یہ مصدر ہے اس لئے مؤنث اور تثنیہ وجمع نہیں لاتے۔

النَّهْيُ وَالنِّهْيُ: تالاب۔ جوہڑ۔ ج أَنْهٍ وَأَنْهَاءٌ وَنُهِيٌّ وَنِهَاءٌ۔

النَّهِيُّ وَالنَّهِيُ: کامل العقل۔ کہا جاتا ہے هُوَ نَهٍ وَنَهِيٌّ ج نَهُوْنَ وَنَهُوْن۔

النِّهْيُ: شیشہ۔

النُّهَى۔ النُّهْيَةُ: کی جمع۔ عقل اور عقل کو نُہی اس وجہ سے کہتے ہیں کہ وہ ہر قبیح اور منافی عقل سے مانع ہوتی ہے۔

النُّهْيَةُ: اسم ہے نہی سے۔ آخری مرتبہ چیز کی انتہا۔ میخ کے سرے کا سوراخ۔ عقل۔ ج نُهًى۔

نَاقَةٌ نَهْيَةٌ: انتہائی موٹی اونٹنی۔

النَّهُوُّ: منع کرنے والا۔ ضد ہے أَمُوْر کا بمعنی آمر۔ کہا جاتا ہے "هُوَ نَهُوٌّ عَنِ الْمُنْكَرِ أَمُوْرٌ بِالْمَعْرُوْفِ" وہ برائی سے روکنے والا اور بھلائی کا حکم دینے والا ہے۔

الْمَنْهِيُّ: انتہائی موٹا اور کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَهِيٌّ" یعنی کامل العقل مرد۔ "وَفُلَانٌ نَهِيُّ فُلَانٍ" فلاں فلاں کو منع کرتا ہے۔ ج أَنْهِيَاءُ۔

التَّنْهَاةُ والتَّنْهِيَةُ مِنَ الْوَادِي: وادی کا آخری کنارہ۔ ج تَنَاهٍ۔

التِّنْهَاةُ: سیلاب کے لئے روک۔ بند۔

مَنَاهِي الشَّرْعِ: شریعت کے ممنوعات۔

الْمُنْتَهَاةُ: انتہا۔ آخری حد۔ عقل۔ ایسی حالت جو گناہ سے دور رکھے۔ رَجُلٌ مَنْهَاةٌ: عقلمند۔ اچھی تدبیر والا۔

الْمُنْتَهَى: انتہا۔ آخری حد۔

نَاءَ يَنُوْءُ نَوْءًا وَتَنْوَاءً: مشقت جو تکلیف سے اٹھنا۔ گرنا۔ ...... بِالْحِمْلِ: مشکل سے اٹھانا ...... بِهِ الْحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ جھکا دینا ...... النَّجْمُ: مغرب میں ایک ستارہ کا غروب ہونا اور اسی وقت دوسرے ستارے کا مشرق میں طلوع ہونا اور نَاءَ ایک لغت ہے نَأَى میں بمعنی بعید ہونا۔

نَاوَأَهُ مُنَاوَأَةً وَنِوَاءً: فخر کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ دشمنی کرنا۔

أَنَاءَهُ إِنَاءَةً الْحِمْلُ: بوجھل کرنا۔ جھکانا۔

اِسْتَنَاءَ اِسْتِنَاءَةً النَّجْمُ: بمعنی نَاءَ النَّجْمُ ...... فُلَانًا: عطیہ طلب کرنا۔

النَّوْءُ: مص۔ ستارہ جو مائل بغروب ہو۔ بارش۔ عطیہ۔ ج أَنْوَاءٌ وَنُوْآن وَنُوْءٌ کہتے ہیں صَدَقَ النَّوْءُ جب کہ بارش ہو اور کہا گیا ہے کہ نَوْء کے معنی ایک ستارے کا مغرب میں غروب ہونا اور اس وقت مشرق میں دوسرے ستارے کا جو اس کے مقابل ہو طلوع ہونا اور یہ ہر رات میں تیرہ دن تک ہوتا ہے۔ سوائے جبہہ نامی ستارہ کے کہ اس کے لئے چودہ دن ہیں۔ اور نَوْء کو نَوْء اس وجہ سے کہتے ہیں کہ جب ایک غروب ہوتا ہے تو دوسرا اٹھتا ہے اور طلوع ہوتا ہے اور یہی طلوع نَوْء ہے۔ اور أَنْوَاء: نجمین کے نزدیک اٹھائیس ہیں۔ جن کے مطالع مشہور ہیں۔ ہر تیرہ دن میں ایک ستارہ مغرب میں غروب ہوتا ہے اور اس کے مقابلے میں اسی وقت دوسرا ستارہ مشرق میں طلوع ہوتا ہے اور ان اٹھائیس ستاروں کے خاتمہ کے ساتھ سال کا اختتام ہو جاتا ہے اور پھر از سر نو شروع ہوتا ہے۔ زمانہ جاہلیت میں عرب کا خیال تھا کہ ایک ستارے کے طلوع اور دوسرے کے غروب کے وقت بارش یا ہوا کا ہونا ضروری ہے اسی وجہ سے وہ بارش کو اسی ستارے کی طرف منسوب کرتے تھے جس کے طلوع کے وقت ہوتی تھی اور کہتے تھے مثلاً مُطِرْنَا بِنَوْءِ الثُّرَيَّا او بِنَوْءِ الدَّبَرَان۔

النُّوْءُ: نباتات۔ ساگ۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالْبَادِيَةِ أَنْوَأُ مِنْ فُلَانٍ" دیہات میں فلاں سے زیادہ انواء کا جاننے والا کوئی نہیں۔

الْمُسْتَنَاءُ: وہ شخص جس سے عطیہ مانگا جائے۔

نَابَ يَنُوْبُ نَوْبًا وَمَنَابًا وَنِيَابًا فِي الْأَمْرِ عَنْ زَيْدٍ: قائم مقام ہونا۔ صفت نائب اور جس کی قائم مقامی کی جائے اس کو مَنُوْبٌ عَنْهُ اور جس میں قائم مقامی کی جائے اس کو مَنُوْبٌ فِيْهِ کہتے ہیں ...... إِلَيْهِ بار بار واپس آنا۔ کہا جاتا ہے "النَّحْلُ تَنُوْبُ إِلَى الْخَلَايَا" شہد کی مکھی بار بار چھتے کی طرف واپس آتی ہے ...... إِلَى اللّٰهِ: توبہ کرنا ...... فُلَانٌ: خدا کی اطاعت کرنا۔

نَابَ يَنُوْبُ نَوْبًا وَنَوْبَةً فُلَانًا أَمْرٌ: پیش آنا۔

نَاوَبَهُ مُنَاوَبَةً: سزا دینا۔

نَوَّبَ فُلَانٌ: باری مقرر کیا جانا۔

أَنَابَ زَيْدٌ عَنْهُ وَكِيْلًا فِي كَذَا: قائم مقام کرنا۔ زید کو مُنِيْب وکیل کو مُنَاب اور امر کو مُنَابٌ فِيْهِ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "أَنَبْتُهُ مَنَابِي" میں نے اس کو اپنا قائم مقام کیا ...... إِلَيْهِ: باری باری واپس ہونا ...... إِلَى اللّٰهِ:

متوجہ ہونا اور توبہ کرنا اور کہا جاتا ہے "اَتَانِیْ فُلاَنٌ فَمَا اَبْتُ لَہٗ وَالَیْہِ" میرے پاس فلاں آیا میں نے اس کی پروا نہیں کی۔
تَنَاوَبُوْا تَنَاوُبًا عَلَی الْمَاءِ: تقسیم کی کنکری سے بانٹنا......اَلْاَمْرَ: باری باری کرنا......
تَنَاوَبَتْہُ الْخُطُوْبُ: حوادث ومصائب کا پیش آنا اور کہا جاتا ہے "اَلْمَنَایَا تَتَنَاوَبُنَا" موت ہر ایک کی باری سے آتی ہے "تَنَاوَبُوْا الْخُطَبَ اَوِ الْاَمْرَ" باری باری سے وہ کام کرنے کے لئے مستعد ہوئے۔
اِنْتَابَھُمْ اِنْتِیَابًا: پیاپے آنا......فُلَانًا اَمْرٌ: لاحق ہونا۔پیش آنا......زَیْدٌ عَمْرًوا: قصد کرنا۔
اِسْتَنَابَہٗ اِسْتِنَابَۃً: اپنا نائب بنانا۔
اَلنَّائِب: فا۔قائم مقام۔ج نُوَبٌ ونُوَّابٌ اور کہا جاتا ہے "خَیْرٌ نَائِبٌ" یعنی خیر کثیر۔
النَّائِبَۃ۔النَّائِب: کا مؤنث۔حادثہ۔مصیبت۔ج نَائِبَات ونَوَائِب۔ النَّوَائِب عام اس سے کہ خیر ہوں یا شر۔نَوَائِب الرَّعِیَّۃِ: پل اور سڑک وغیرہ کی درستی کے لئے شاہی ٹیکس۔الحُمّٰی النَّائِبَۃُ: روزانہ کا بخار۔
النِّیَابَۃ: مص۔قائم مقامی۔باری۔کہا جاتا ہے "جَاءَتْ نِیَابَتُکَ" تمہاری باری آئی۔
النُّوْب: مص۔نائب کی جمع۔ایک دن رات کا سفر۔نزدیکی۔قوت۔
النُّوْب: حبشیوں کا ایک گروہ۔نُوْبَہ: کا رہنے والا۔واحد نُوْبِیٌّ: شہد کی مکھی۔واحد النَّائِب۔
النَّوْبَۃ: مص۔فرصت۔باری۔دولت۔لوگوں کی جماعت۔کہا جاتا ہے "جَاءَتْ نَوْبَتُکَ" تمہاری باری آئی۔ج نُوَبٌ۔النَّوْبَۃُ عِنْدَ الْاَطِبَّاءِ: بخار شروع ہونے کا وقت۔
النُّوْبَۃ: حادثہ۔مصیبت۔ج نُوَب۔نَابَہٗ اَمْرٌ وانْتَابَہٗ: کا اسم۔نوبہ کے رہنے والے صعید (مصر) کے جنوب میں ایک صوبہ۔

الْمَنَاب: مص۔کہا جاتا ہے "نَابَ مَنَابَ الْقَاضِی" وہ قاضی کے قائم مقام ہوا۔پانی کی طرف راستہ۔
الْمُنِیْب: فا۔بکثرت بارش۔عمدہ بہار۔
نَاتَ یَنُوْتُ نَوْتًا: کمزوری کی وجہ سے جھک پڑنا۔
نُوتْرُون: ایٹم کے مرکزہ کے گرد منفی چارج والے ذرات جن کو الیکٹران کہتے ہیں۔مختلف مداروں میں گردش کرتے ہیں۔ایک الیکٹران برقی چارج کا سب سے چھوٹا یونٹ ہے۔
النُّوْتِی: کشتی بان۔جہاز راں۔ج نَوَاتِی اور بقول بعض معرب ہے۔
نَاجَ یَنُوْجُ نَوْجًا: ریاکاری کرنا۔فریب دینا۔
النَّوْجَۃ۔ناج: کا اسم مرۃ۔بگولا۔ج نُوَج۔
نَاحَتْ تَنُوْحُ نَوْحًا ونُوَاحًا ونِیَاحًا ونِیَاحَۃً ومَنَاحًا الْمَرْاَۃُ الْمَیِّتَ و عَلَی الْمَیِّتِ: مردہ پر واویلا کرنا۔اسم النِّیَاحَۃ......الحَمَامَۃُ: کوکو کرنا۔صفت نَائِحَۃٌ ونَوَّاحَۃٌ۔
نَاوَحَہٗ مُنَاوَحَۃً: مقابلہ کرنا۔
تَنَوَّحَ تَنَوُّحًا الشَّیْءُ: جھولنا۔
تَنَاوَحَ تَنَاوُحًا الْجَبَلَانِ: دو پہاڑوں کا باہم مقابل ہونا۔تَنَاوَحَتِ الرِّیَاحُ: ہواؤں کا تیز چلنا۔کبھی پروائی کبھی شمالی کبھی جنوبی ہوا کا چلنا۔
اِسْتَنَاحَتْ اِسْتِنَاحَۃً الْمَرْاَۃُ: نوحہ کرنا۔واویلا کرنا۔اِسْتَنَاحَ الذِّئْبُ: بھیڑیئے کا بھونکنا......الرَّجُلُ: رو کر دوسرے کو رلانا......فُلَانًا: رُلانا۔
النَّائِحَۃ: اسم فاعل مؤنث۔ج نُوَّحٌ وانْوَاحٌ ونُوْحٌ ونَوَائِحُ ونَائِحَاتٌ۔
النَّوْح: مص۔اکٹھی ہو کر نوحہ کرنے والی عورتیں۔کہا جاتا ہے "نِسَاءٌ نَوْحٌ" کتنی نَوَاحٌ۔
النَّوْحَۃ: اسم مرۃ۔میت پر بین۔قوت۔
النَّوَّاح: اسم مبالغہ۔مؤنث نَوَّاحَۃٌ قمری کی

مانند ایک پرندہ۔
اَلْمَنَاحَۃُ: نوحہ کی مجلس۔نوح کا اسم۔کہا جاتا ہے "کُنَّا فِیْ مَنَاحَۃِ فُلَانٍ" ہم فلاں کے اوپر بین کرنے میں تھے۔ج مَنَاحَات ومَنَاوِح۔
الْمُتَنَاحَۃُ: اکٹھی ہو کر نوحہ کرنے والی عورتیں۔
نَوَّخَ تَنْوِیْخًا اللّٰہُ الْاَرْضَ طَرُوْقَۃً لِلْمَاءِ: ہموار کرنا اور برداشت کرنے کی طاقت دینا۔
اَنَاخَ اِنَاخَۃً الْجَمَلَ: اونٹ کو بٹھانا۔کہا جاتا ہے "اَنَخْتُ الْبَعِیْرَ فَبَرَکَ وتَنَوَّخَ واسْتَنَاخَ" میں نے اونٹ کو بٹھایا وہ بیٹھ گیا اور نَاخَ اور اَنَاخَ نہیں بولا جاتا......فُلَانٌ بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا......الْبَلَاءُ اَوِ الذُّلُّ بِفُلَانٍ: نازل ہونا۔اَنَاخَ بِہِ الْحَاجَۃَ: نازل کرنا۔
اِسْتَنَاخَ اِسْتِنَاخَۃً۔الْجَمَلُ: اونٹ کا بیٹھنا۔
النَّائِخَۃ: دور کی زمین۔
الْمُنَاخ: اونٹ کے بیٹھنے کی جگہ۔اقامت گاہ۔غیر پسندیدہ جگہ کے لئے کہا جاتا ہے "ھٰذَا مُنَاخُ سُوْءٍ"۔
الْمُنِیْخ: فا۔شیر۔
نَادَ یَنُوْدُ نَوْدًا ونُوَادًا ونَوَدَانًا: نیند سے جھومنا۔
تَنَوَّدَ تَنَوُّدًا الْغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا۔
نَوْدَلَ نَوْدَلَۃً الرَّجُلُ: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنا۔
النَّوْدَل: پستان۔
الْمُنَوْدِل: بڑھاپے کی وجہ سے کانپنے والا بڈھا۔کہا جاتا ہے "مَشٰی الرَّجُلُ مُنَوْدِلًا" مرد بدن چھوڑ کر چلا۔
نَارَ یَنُوْرُ نَوْرًا ونِیَارًا: روشن ہونا......الْبَعِیْرَ: اونٹ پر داغ لگانا......الْقَوْمُ: شکست کھانا......النَّارُ مِنْ بَعِیْدٍ: آگ دور سے دیکھنا۔
(نَارَتِ الْمَرْاَۃُ نَوْرًا ونُوَارًا ونَوَارًا) تہمت سے بچنا۔شک وشبہ سے دور ہونا......

الفتنة: فتنہ کا واقع ہونا۔ پھیلنا۔ صفت نائرۃ.
نَوَّرَ تَنْوِیْرًا. الشَّیْئُ: روشن ہونا......المِصْبَاحَ: چراغ روشن کرنا......عَلٰی فُلَانٍ: مشتبہ کرنا......الثَّمَرُ: کلی پھٹنا......الصُّبْحُ: روشنی چمکنا......الشَّجَرُ: کلی نکالنا......لِفُلَانٍ: روشنی دکھانا......الزَّرْعُ: پکنا......المَرْأَۃُ: تہمت سے بچانا۔ شک وشبہ سے دور رکھنا۔
نَاوَرَ مُنَاوَرَۃً: باہم گالی گلوچ کرنا۔
اَنَارَ اِنَارَۃً الشَّیْئُ: روشن ہونا۔ خوبصورت ہونا۔ ظاہر ہونا......البَیْتَ: روشن کرنا......المَسْأَلَۃَ: واضح کرنا......اللّٰہُ بُرْھَانَہٗ: حجت کی تلقین کرنا......الشَّجَرُ: کلی نکالنا۔
اَنْوَرَ اِنْوَارًا. الشَّیْئُ: ظاہر ہونا۔
تَنَوَّرَ تَنَوُّرًا. المَکَانُ: روشن ہونا......الرَّجُلُ: بال دور کرنے کے لئے پاؤڈر استعمال کرنا۔ القَوْمُ: شکست کھانا......النَّارَ مِنْ بَعِیْدٍ: دور سے دیکھنا......الرَّجُلَ: کسی شخص کو آگ کے پاس ایسی جگہ سے دیکھنا کہ وہ اس کو نہ دیکھ رہا ہو۔
اِنْتَارَ اِنْتِیَارًا واِنْتَوَرَ اِنْتِوَارًا: بال اڑانے کا پاؤڈر استعمال کرنا۔
اِسْتَنَارَ اِسْتِنَارَۃً. البَیْتُ: روشن ہونا......بِہٖ: کسی سے روشنی کی مدد مانگنا......عَلَیْہِ: فتح مند ہونا۔ غالب ہونا......المَرْأَۃَ: تہمت سے بچانا۔ شک وشبہ سے دور رکھنا۔
النَّائِرَۃُ: اسم فاعل مؤنث۔ عداوت۔ بغض کینہ۔ ج نَوَائِرُ.
النَّوُوْرُ والنُّؤُوْرُ: کاجل۔ اثمد (سرمہ کا پتھر) کی مانند کنکری جس کو باریک پیس کر سوڑھے پر لگاتے ہیں۔ شک وشبہ سے دور رہنے والی عورت۔ گائے جو سانڈ سے علیحدہ رہے۔ ج نُوْرٌ.
النَّوَارُ: مص۔ شک وشبہ سے دور رہنے والی عورت۔ گائے جو سانڈ سے علیحدہ رہے۔ ج نُوْرٌ.
النِّوَارُ: شک وشبہ سے دوری۔ یا دوری خواہ کسی چیز سے ہو۔
النَّارُ: آگ۔ کلمہ مؤنث ہے اور کبھی مذکر استعمال کیا جاتا ہے۔ تصغیر نُوَیْرَۃٌ ج اَنْوُرٌ ونِیْرَانٌ ونِیْرَۃٌ. النَّارُ: داغ۔ رائے اور نار سے جہنم کا کنایہ کہا جاتا ہے جَبَلُ النَّارِ: کوہ آتش فشاں بَنُو النَّارِ: قعقاع و ضنان وثوب تین شاعر جو عمر بن ثعلبہ کے لڑکے تھے اور جودت اشعار کی بنا پر بنو النار کہلاتے تھے اور کہا جاتا ہے "اَوْقَدَ نَارَ الحَرْبِ" اس نے لڑائی کی آگ بھڑکائی "ولا تَسْتَضِیْٔ بِنَارِ فُلَانٍ" فلاں سے مشورہ مت لو۔ "لَا تَتَرَاءَی نَارَاھُمَا" وہ دونوں اکٹھے نہیں ہوتے۔ اس حیثیت سے کہ ایک کی آگ دوسرے کی آگ کے مقابل ہو۔
"نَارُ المُھَوِّلِ" زمانہ جاہلیت میں عرب کا طریقہ تھا کہ تحالف کے وقت آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک ڈالتے تھے جب وہ چٹختا تھا تو اس سے حلف کی تاکید سمجھتے تھے۔ "نَارُ القِرَی" مہمانی کی آگ۔ عادت تھی کہ بلند جگہ پر رات میں آگ روشن کر دیا کرتے تھے تاکہ بھولا بھٹکا مسافر اس کو دیکھ کر آ جائے اور جتنی ہی بلندی پر یہ آگ ہوتی تھی اتنی ہی باعث فخر تھی "نَارُ الاِنْذَارِ" اعلان جنگ یا مدافعت کی آگ اس طرح پر کہ جب کسی قوم سے لڑنے کا ارادہ یا کسی قوم کے حملہ کا خوف کرتے تھے تو آگ روشن کر دیا کرتے تھے اور لوگ اسے دیکھ کر جمع ہو جایا کرتے تھے۔ "نَارُ الاِسْتِکْثَارِ" اظہار زیادتی کی آگ۔ عرب جب کسی قوم سے مقابلہ کے لئے جاتے تھے اور کسی مقام پر پڑاؤ ڈالتے تھے تو بہت آگ جلاتے تھے اور بہت سے جانور ذبح کرتے تھے تاکہ کوئی آگ اور ذبح کی کمی سے قلت تعداد پر استدلال نہ کرے۔
النَّوْرُ: مص۔ کلی یا سفید کلی۔ واحد نَوْرَۃٌ. ج اَنْوَارٌ.
النُّوْرُ: روشنی اور بقول بعض نصرا اس کیفیت کا نام ہے جس کو قوت باصرہ اولاً ادراک کرتی ہے اور اسی کے واسطہ سے مبصرات کا ادراک کرتی ہے ج اَنْوَارٌ ونِیْرَانٌ.
النُّوْرُ: وہ جو چیزوں کو ظاہر کر دے۔ نباتات کی خوشنمائی اور لنبائی۔ ج نُوْرَۃٌ داغ۔
النُّوْرِ والنُّوْرَۃُ: ایک خانہ بدوش قوم جو ایشیا یورپ افریقہ اور امریکہ میں پائی جاتی ہے واحد نُوْرِیٌّ. النُّوْرِیُّ: اُچکا۔
النُّوْرَۃُ: داغ۔ چونہ کا پتھر۔ بال دور کرنے کا پاؤڈر۔ جادوگرنی۔
النَّوَّارُ: بہت روشن۔
النُّوَّارُ: کلی۔ واحد نُوَّارَۃٌ. ج نَوَاوِیْرُ.
النَّیِّرُ: روشن کرنے والا۔
النَّیِّرَۃُ. النَّیِّرُ: کا مؤنث۔ کہا جاتا ہے "بَغَاہُ اللّٰہُ نَیِّرَۃً" اللہ کی مار اس پر ایسی پڑے جو کسی سے پوشیدہ نہ رہے۔
الاَنْوَرُ: اسم تفضیل۔ ظاہر خوشنما۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَنْوَرُ مِنْ ذَاکَ" یہ اس سے واضح تر ہے۔
المَنَارُ: روشنی کی جگہ۔ علامت جو راستے کی راہنمائی کے لئے لگائی جائے۔ دو چیزوں کے درمیان کے حدود۔ ذُو المَنَارِ: ابرہہ تبع بن الرائش کا لقب کہ اس نے منارہ نصب کرنے کی ابتدا کی تھی۔
المُنِیْرُ: فا۔ خوش رنگ۔ چمکدار۔ کہا جاتا ہے "بَغَاہُ اللّٰہُ ذَاتَ مُنَوِّرٍ" اللہ کی مار اس پر ایسی پڑے جو روشن ہو اور کسی سے پوشیدہ نہ رہے۔
المَنَارَۃُ: روشنی کی جگہ۔ روشنی کا منارہ۔ آذان دینے کا منارہ۔ ج مَنَاوِرُ ومَنَائِرُ.
نَوْرَجَ نَوْرَجَۃً: آنے جانے میں مختلف۔ چغل خوری کے لئے چلنا پھرنا۔
النَّوْرَجُ: ہل کی پھالی۔ غلہ گاہنے کا ایک آلہ۔ خواہ لکڑی کا ہو یا لوہے کا۔
النَّوْرُوْزُ والنَّیْرُوْزُ. عِنْدَ الفُرْسِ: شمسی سال کا پہلا دن۔ خوشی کا دن۔
النَّوْرَسُ: کبوتر کے برابر یا اس سے کچھ بڑا

ایک آبی پرندہ جو فضا میں اڑتا رہتا ہے پھر یکبارگی پانی میں غوطہ لگاتا ہے اور سوائے مچھلی کے کچھ نہیں کھاتا اور اس کو زُمَّجُ الْمَاءِ بھی کہتے ہیں۔

نَوَّزَهُ تَنْوِيزًا: کم کرنا۔

نَاسَ يَنُوسُ نَوْسًا الْإِبِلَ: اونٹوں کو ہانکنا (...... نَوْسًا وَنَوَسَانًا) الشَّيْءُ: جھولنا۔ کہا جاتا ہے "لَهُ ضَفِيرَتَانِ تَنُوسَانِ عَلٰى عَاتِقِهِ" اس کے دو گیسو ہیں جو اس کے کندھوں پر لٹک رہے ہیں۔

نَوَّسَ بِالْمَكَانِ تَنْوِيسًا: اقامت کرنا۔

أَنَاسَ إِنَاسَةً الشَّيْءَ: ہلانا۔

تَنَوَّسَ الْغُصْنُ: ٹہنی کا ہوا کے چلنے سے ہلنا۔

النَّاوُوسُ والنَّاوُوس: نصرانیوں کا قبرستان (دخیل) ج نَوَاوِيسُ: اس سنگی تابوت کو بھی کہتے ہیں جس میں لاش رکھی جائے۔

نُوَاسُ الْعَنْكَبُوتِ: مکڑی کا جالا۔ نُوَاسُ الدُّخَانِ: دھوئیں کا جالا۔

النَّاسُ: اسم ہے جو رہط و قوم کے مانند جمع کے لئے وضع کیا گیا ہے۔ واحد انسان ہے اور تصغیر نُوَيْس.

النَّوَّاسُ: لٹکنے والا۔

النَّوْسَاتُ: چوٹیاں۔

الْمَنُوسُ: کھجور جس کا کنارہ کالا ہو گیا ہو۔

نَاشَ يَنُوشُ نَوْشًا الشَّيْءَ: پکڑنا۔ ڈھونڈنا ...... فُلَانٌ: چلنا ...... الْبَعِيرُ: اٹھنے میں جلدی کرنا۔ ...... فُلَانًا: سر اور داڑھی پکڑنا ...... زَيْدًا خَيْرًا: بھلائی پہنچانا۔ نَاشَ الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: چمٹنا۔ نُشْتُ مِنَ الطَّعَامِ: حاصل کرنا۔

نَاوَشُوهُمْ مُنَاوَشَةً فِي الْقِتَالِ: باہم حملہ کرنا۔ نَاوَشَ فُلَانٌ الشَّيْءَ: ملانا۔

تَنَاوَشَ الشَّيْءَ: پکڑنا۔ تَنَاوَشُوا بِالرِّمَاحِ: نیزہ بازی کرنا۔

انْتَاشَهُ انْتِيَاشًا: پکڑنا۔ نکالنا۔ کہا جاتا ہے "انْتَاشَهُ مِنَ الْهَلَكَةِ" اس نے اس کو ہلاکت سے بچا لیا۔

النَّوُوشُ: قوی۔ رَجُلٌ نَوُوشٌ: سخت پکڑنے والا مرد۔

نَاصَ يَنُوصُ نَوْصًا وَمَنَاصًا وَمَنِيصًا عَنْ قِرْنِهِ: مقابل سے بھاگنا۔ جدا ہونا ...... فُلَانًا: سبقت لے جانا ...... إِلَيْهِ: اٹھنا ...... الشَّيْءَ: کھینچنا ...... لِلْحَرَكَةِ: تیار ہونا ...... عَنْهُ: پیچھے ہٹنا (...... مَنَاصًا وَنَوِيصًا وَنِيَاصًا وَنِيَاصَةً وَنَوْصًا وَنَوَصَانًا) الرَّجُلُ: حرکت کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَقْدِرُ عَلٰى أَنْ يَنُوصَ" وہ حرکت کرنے پر قادر نہیں۔

نَاوَصَهُ مُنَاوَصَةً: باہم حملہ کرنا۔

أَنَاصَهُ إِنَاصَةً: ارادہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَنَصْتُ أَنْ آخُذَ مِنْهُ شَيْئًا" میں نے ارادہ کیا کہ اس سے کچھ لوں۔

انْتَاصَتْ انْتِيَاصًا الشَّمْسُ: آفتاب کا غروب ہونا۔

اسْتَنَاصَهُ اسْتِنَاصَةً: حرکت دینا اور ہلکا سمجھنا اور اپنی ضرورت کے لئے لے جانا۔

اسْتَنَاصَ الْفَرَسُ: چلنے کے لئے حرکت کرنا ...... الرَّجُلُ: سر بلند کرنا۔ پیچھے رہنا۔

النَّوْصُ: مص۔ گورخر۔ سخاوت (...... والنُّوص) گریز۔

النَّوْصَةُ. نَاصَ: کا اسم مرۃ۔ پانی وغیرہ سے دھلائی۔ کہا جاتا ہے "مَا بِهِ نَوِيصٌ" اس میں قوت یا حرکت نہیں۔

الْمَنَاصُ: مص۔ جائے پناہ۔ بھاگنے کی جگہ۔ تم کہتے ہو "مَا لَكَ مِنْ مَنَاصٍ" تمہارے لئے نجات کی جگہ نہیں۔ سخاوت۔

نَاضَ يَنُوضُ نَوْضًا: ملکوں میں جانا۔ پیچھے ہٹنا ...... الشَّيْءَ: اکھیڑنے کی کوشش کرنا ...... الْمَاءَ: پانی نکالنا ...... الْبَرْقُ: بجلی کا چمکنا ...... الشَّيْءُ: ہلنا ...... الرَّجُلُ: بھاگ کر نجات پانا۔

نَوَّضَ تَنْوِيضًا الثَّوْبَ بِالصِّبْغِ: کپڑے کو رنگنا۔

أَنَاضَ إِنَاضَةً: مشقت کا اثر آنکھوں میں [illegible] ...... : کھجور کا تیار ہونا، پکنا۔

النَّوْضُ: پانی نکلنے کی جگہ۔ وادی۔ سرینوں کے درمیان کی ہڈی ...... مِنَ الْبَعِيرِ: اونٹ کی پشت اور چوتڑ کا درمیانی حصہ۔ ج أَنْوَاضٌ وَأَنَاوِيضُ. الْأَنْوَاضُ وَالْأَنَاوِيضُ: بلند جگہیں۔

الْمَنَاضُ: جائے پناہ۔

نَاطَهُ يَنُوطُهُ نَوْطًا وَنِيَاطًا: لٹکانا۔ کہا جاتا ہے "نِيطَ عَلَيْهِ الشَّيْءُ" اس پر فلاں چیز لٹکائی گئی۔ نَاطَتِ الدَّارُ: گھر کا دور ہونا۔

نَاطَ الشَّيْءَ: بغیر مشورہ کے خود اپنی رائے سے کاٹنا۔

نِيطَ بِهِ الشَّيْءُ: ملایا جانا۔

نَوَّطَهُ: لٹکانا۔ نَوَّطَ الْقِرْبَةَ: مشک میں تیل لگانے کے لئے بوجھل کرنا۔ کہا جاتا ہے "أَبْطَأَ حَتّٰى نَوَّطَ الرُّوحَ" اس نے تاخیر کی یہاں تک کہ تنگ دل و ملول کر دیا۔

أَنَاطَهُ إِنَاطَةً بِكَذَا: لٹکانا۔ أُنِيطَ الْبَعِيرُ: نوط کی بیماری لاحق ہونا (دیکھئے لفظ نوطہ)

انْتَاطَ انْتِيَاطًا بِهِ: لٹکنا ...... الشَّيْءُ: دور ہونا ...... الشَّيْءَ: بغیر مشورہ کے خود اپنی رائے سے کاٹنا۔

اسْتَنَاطَ اسْتِنَاطَةً فُلَانًا بَعِيرَهُ: خوراک لادنے کے لئے اپنا اونٹ ہمراہ کرنا۔

النَّائِطُ: فا۔ پیٹھ کی ایک اندرونی رگ۔ (...... وَالنَّائِطَةُ) پوٹا۔

النِّيَاطُ: مص۔ دل ...... مِنَ الْمَفَازَةِ: بیابان کے راستہ کی دوری اور کہا جاتا ہے "مَفَازَةٌ بَعِيدَةُ النِّيَاطِ" دور حد والا بیابان۔ کہا جاتا ہے "قَطَعْتُ نِيَاطَ الْبَلَدِ" یعنی میں نے شہر کو طے کیا۔ النِّيَاطُ: چیز لٹکانے کی جگہ۔ دل کے متصل موٹی رگ کہ جب اس کو کاٹ دیتے ہیں تو موت واقع ہو جاتی ہے۔ پیٹھ کی اندرونی رگ ج أَنْوِطَةٌ وَنُوطٌ.

النَّوْطُ: مص۔ جانور کے دونوں طرف کے بوجھ کے درمیان زائد بوجھ۔ کہا جاتا ہے "أَثْقَلَ النَّوْطُ الدَّابَّةَ" جانور کو درمیان کے

زائد بوجھ نے گرانبار کر دیا۔ جو چیز لٹکائی جائے۔ ج اَنْوَاط و نِیَاط۔ محمل سے لگی ہوئی چھوٹی ٹوکری جس میں کھجور وغیرہ ہو۔

النَّوْطَة. نَاطَ: کا اسم مرۃ۔ پوٹا۔ اُونٹ کے سینے اور ران کی جڑ میں ورم۔ اُونٹ کے پیٹ میں غدود جو مہلک ہوتے ہیں۔ کینہ۔ جگہ جس کے وسط میں درخت ہو اور اس کے دونوں طرف درخت نہ ہوں اور وہ جگہ سیلاب سے بلند ہو۔ پانی سے بلند جگہ۔ پشت اور سرین کے درمیان کی جگہ۔

النَّيْط: کنواں جس کے صرف اطراف سے پانی نکلتا ہو۔ وسط۔ درمیان۔ تم کہتے ہو "لاَ كَثِير وَلاَ قَلِيل وَلٰكِنْ نَيْطٌ بَيْنَ الْاَمْرَيْنِ" یعنی وسط ہے درمیان قلیل و کثیر کے گویا کہ دونوں سے تعلق ہے۔

النَّيْطَة: اونٹ جس کو تم غلہ لانے والے کے ساتھ بھیجو تا کہ تمہارے لئے غلہ لائیں۔

الاَنْوَاط. نوط: کی جمع۔ لٹکی ہوئی چیزیں۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَهُ اَنْوَاطٌ مِنَ التَّمْرِ وَالْعِنَبِ" اس کے پاس کھجور اور انگور کے لٹکے ہوئے گچھے ہیں۔

النُّوَاط: ہودج پر جو چیز زینت کے لئے لٹکائی جائے۔

التَّنَوُّط والتُّنَوِّط: ایک قسم کا پرندہ۔ بیا واحد تَنَوُّطَة و تُنَوِّطَة.

المَنَاط: لٹکانے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنِّيْ مَنَاطَ الثُّرَيَّا" وہ مجھ سے اتنا ہی بعید ہے جتنا ثریا (مَنَاط ظرفیت کی وجہ سے منصوب ہے)

"وَبَنُوْ فُلاَنٍ مَنَاطُ الثُّرَيَّا" فلاں کے بیٹے شریف اور عالی مرتبہ ہیں۔

غَايَةٌ مُنْتَاطَةٌ: دور کی غایت۔

المَنُوْط: اسم مفعول۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَنُوْطٌ بِهِ" وہ اس کے ساتھ معلق ہے۔ "وَهُوَ مَنُوْطٌ بِالْقَوْمِ" وہ قوم میں اجنبی ہے اور کہا جاتا ہے "بَعِيْرٌ مَنُوْطٌ" جبکہ اس کے سینے یا رانوں کی جڑوں میں ورم ہو۔

نَاعَ يَنُوْعُ نَوْعًا الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا۔ الشَّيْءُ: راجح ہونا..... الرَّجُلُ: پیاسا ہونا ..... العُقَابُ: کسی چیز پر ٹوٹ پڑنے کے لئے جھکنا۔ فُلاَنٌ الشَّيْءَ: ڈھونڈھنا..... الرَّجُلُ: بھوکا ہونا۔ صفت نَائِعٌ ج نِيَاعٌ.

نَوَّعَ تَنْوِيْعًا الشَّيْءَ: قسمیں کرنا۔ نَوَّعَتِ الرِّيْحُ الشَّيْءَ: ہلانا۔ نَوَّعَ زَيْدٌ الشَّيْءَ: لٹکا کر جھولتے ہوئے چھوڑنا۔

تَنَوَّعَ الشَّيْءُ: قسمیں ہونا۔ جھولنا..... الغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا..... فِي السَّيْرِ: آگے بڑھنا۔

اِسْتَنَاعَ اِسْتِنَاعَةً الغُصْنُ: ٹہنی کا ہلنا..... الرَّجُلُ فِي السَّيْرِ: آگے بڑھنا..... الشَّيْءُ: مدت تک رہنا۔

النَّائِع: فا۔ پیاسا اور کہا جاتا ہے بطور تابع کے "جَائِعٌ نَائِعٌ" یعنی بھوک کی وجہ سے جھکا ہوا۔ وَعَلٰى هٰذَا الْقِيَاسِ قَوْمٌ جِيَاعٌ نِيَاعٌ".

النَّوْع: مص۔ قسم اور یہ جنس سے خاص ہے۔ ج اَنْوَاع.

النُّوْع: پیاس۔ کہتے ہیں "رَمَاهُ اللّٰهُ بِالْجُوْعِ وَالنُّوْعِ" اللہ اس کو بھوک پیاس میں مبتلا کرے اور جب بددعا کرتے ہیں تو کہتے ہیں "جُوْعًا نُوْعًا".

النَّوَعَان: شاخ کا ہلنا۔

النَّوْعَة: نَاعَ: کا اسم مرۃ۔ تازہ میوہ۔

مَكَانٌ مُتَنَوِّعٌ: دور کی جگہ۔

المِنْوَاع: طرز۔ طریقہ۔

نَافَ يَنُوْفُ نَوْفًا. الشَّيْءُ: بلند ہونا..... عَلَى الشَّيْءِ: نمایاں ہونا..... البَعِيْرُ: اونٹ کا لمبا اور بلند ہونا..... الصَّبِيُّ مِنَ الثَّدْيِ: بچے کا پستان سے چوسنا۔

نَيَّفَ تَنْيِيْفًا عَلٰى كَذَا: زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "نَيَّفَ الْعَدَدُ عَلٰى مَا تَقُوْلُ" جو تم کہہ رہے ہو اس سے عدد زائد ہے۔

اَنَافَ اِنَافَةً عَلَى الشَّيْءِ: نمایاں ہونا۔ طویل ہونا۔ بلند ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَنَافَ الْجَبَلُ وَاَنَافَ الْبِنَاءُ" پہاڑ بلند ہے۔ عمارت بلند ہے..... عَلٰى كَذَا: زائد ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَنَافَتِ الدَّرَاهِمُ عَلَى الْمِائَةِ" دراہم سو سے زائد ہیں۔

النِّيَاف مِنَ الْجِمَالِ او النُّوْق: بلند اونٹ یا اونٹنیاں۔ کہا جاتا ہے "جَمَلٌ نِيَاف وَنَاقَةٌ نِيَاف" "اِمْرَأَةٌ نِيَاف" پورے قد کی خوبصورت عورت۔ فَلاَةٌ نِيَاف: طویل عریض بیابان۔

النَّوْف: مص۔ بلند کوہان۔ آواز۔ دامن کا نچلا حصہ۔ ج اَنْوَاف.

النَّيْف والنَّيِّف: زیادتی۔ کہا جاتا ہے عَشَرَةٌ وَنَيْفٌ او وَنَيِّفٌ: دس اور دس سے زائد دس بیس تیس جیسی دہائیوں سے جتنی زیادتی ہو اس کو نَيِّف کہتے ہیں یہاں تک کہ دوسری دہائی آئے۔ اور لفظ نیف کا استعمال انہیں جیسی دہائیوں سے زیادتی کے لئے ہوتا ہے۔ اسی لئے عَشَرَةٌ وَنَيِّفٌ مائة وَنَيِّفٌ وَاَلْفٌ وَنَيِّفٌ تو بولا جاتا ہے مگر خَمْسَةَ عَشَرَ وَنَيِّفٌ نہیں کہا جاتا۔

النَّيِّف: فضل و احسان اور کہا جاتا ہے "هُوَ نَيِّفٌ عَلَيْهِ" وہ اس سے زائد ہے۔ کہا جاتا ہے "جَبَلٌ عَالِي الْمَنَافِ" پہاڑ جس کے چڑھنے کی جگہ بلند ہو۔

المُنِيْف: فا۔ جَبَلٌ مُنِيْفٌ: بلند پہاڑ اور بطور مجاز کے کہا جاتا ہے "لَهُ عِزٌّ مُنِيْفٌ" اس کی عزت بلند ہے۔ اِمْرَأَةٌ مُنِيْفَةٌ: پورے قد کی خوبصورت عورت۔

نَاقَ يَنُوْقُ نَوْقًا: گوشت سے چربی اتارنا۔

نَوَّقَ تَنْوِيْقًا الجَمَلَ: اونٹ کو سدھانا..... النَّخْلَ: مادہ کھجور میں نر کھجور کے پھول ڈالنا ..... الشَّيْءَ: ترتیب سے رکھنا۔

اَنَقَ اِنَاقًا وَنِيْقًا الشَّيْءُ فُلاَنًا: پسند آنا (آنق اَنَاق کا مقلوب ہے اور نِيْقًا مصدر غیر قیاسی ہے)

تَنَوَّقَ تَنَوُّقًا وَتَنَيَّقَ تَنَيُّقًا وَاِنْتَاقَ اِنْتِيَاقًا فِي مَلْبَسِهِ وَمَطْعَمِهِ وَاُمُوْرِهِ: کھانے پینے اور

دوسرے اُمور میں عمدگی اختیار کرنا (مانند تَانَّقَ کے) تَنَوَّقَ بِهِ: مہربانی برتنا۔اِنْتَاقَ الشَّیْءَ: چننا۔
اِسْتَنْوَقَ اِسْتِنْوَاقًا الْجَمَلُ: اُونٹنی کے مشابہ ہونا اور اسی سے مثل ہے "اِسْتَنْوَقَ الْجَمَلُ" اس موقع پر بولا جاتا ہے جبکہ کوئی شخص بات کرتا کرتا ایک بات میں بغیر کسی جوڑ کے دوسری بات ملادے۔
النَّوَقُ: تھوڑی سرخی کے ساتھ ملی ہوئی سپیدی۔
النِّیقُ: پہاڑ کی بلند جگہ۔ج نِیَاق واَنْیَاق ونُیُوق۔
النَّاقَةُ: اونٹنی ج نَاق ونُوق واَنْوُق واَنْؤُق واَوْنُق واَیْنُق ونِیَاق ونَاقَات واَنْوَاق و جج اَیَانِق ونِیَاقَات.
النَّاقَةُ: ایک قسم کی پھنسی جو ہاتھ میں نکلتی ہے۔ستارے جو اونٹنی کی شکل کے ہوتے ہیں۔
النُّوقَة: حذاقت۔مہارت۔ہوشیاری۔
النِّیقَة: اسم ہے تَنَوَّقَ کا۔
النَّاوَق: لکڑی کا پرنالہ۔ج نَاوَقَات (دخیل)
النَّوَّاق: وہ شخص جو اُمور کو ہوشیاری سے انجام دے۔
النَّیِّق: کھانے پینے اور دیگر اُمور میں عمدگی اختیار کرنے والا۔
المُنَوَّق: سدھا ہوا اونٹ جو اونٹنی کی مانند بنا دیا گیا ہو......مِنَ النَّخْلِ: نر کھجور کا پھول ڈالا ہوا۔
نَاقَةٌ مُنَوَّقَةٌ: سدھائی ہوئی اونٹنی۔
نَوِکَ یَنْوَکُ نُوکًا ونَوَاکًا ونَوَاکَةً: بے وقوف ہونا۔
اَنْوَکَهُ اِنْوَاکًا: بیوقوف پانا یا بیوقوف سمجھنا۔
اِسْتَنْوَکَ اِسْتِنْوَاکًا: بیوقوف ہونا۔
فُلَانًا: بیوقوف سمجھنا۔کہا جاتا ہے "مَا اَنْوَکَهُ" وہ کیسا بیوقوف ہے (اور اَنْوِکْ بِهِ نہیں کہا جاتا حالانکہ یہ قیاس کے مطابق ہے)

الاَنْوَک: بیوقوف۔بہت زیادہ بیوقوف و عاجز و جاہل۔بول چال میں عاجز ج نَوْکَی ونُوک مؤنث نَوْکَاءُ ج نُوک۔
المُسْتَنْوِک: بیوقوف۔
نَالَ یَنُولُ نَوَالًا ونَوْلًا. فُلَانًا العَطِیَّةَ وبِالعَطِیَّةِ ونَالَ لَهُ العَطِیَّةَ وبِالعَطِیَّةِ: دینا۔جیسے "نَالَنِی بِالْخَیْرِ" اس نے مجھ کو خیر پہنچائی "ونَالَ لَهُ بِشَیْءٍ" بخشش کی اور کہا جاتا ہے "نَالَ لَهُ اَنْ یَفْعَلَ کَذَا" اس کے لئے ایسا کرنے کا وقت آ گیا۔
نَوَّلَهُ تَنْوِیلًا: عطیہ دینا۔نَوَّلَهُ مَعْرُوفَهُ: بھلائی پہنچانا۔نَوَّلَ عَلَیْهِ بِشَیْءٍ: دینا۔
نَاوَلَهُ مُنَاوَلَةً الشَّیْءَ: دینا یا ہاتھ بڑھا کے دینا۔
اَنَالَهُ اِنَالَةً الشَّیْءَ وبِالشَّیْءِ: دینا۔کہا جاتا ہے "اَنَالَنِی بِخَیْرٍ" اس نے مجھے بھلائی پہنچائی۔اَنَالَ فُلَانٌ بِاللّٰهِ: قسم کھانا۔کہا جاتا ہے "مَا اَنْوَلَهُ: وہ کس قدر فیاض ہے۔
تَنَوَّلَ الشَّیْءَ: لینا......عَلَیْنَا فُلَانٌ بِشَیْءٍ یَسِیْرٍ: تھوڑا سا دینا۔
تَنَاوَلَ الشَّیْءَ: لینا......مِنْ یَدِهِ شَیْئًا: لینا۔پکڑنا۔کہا جاتا ہے "تَنَاوَلَتْ بِنَا الرِّکَابُ مَکَانَ کَذَا" سواریوں نے ہم کو فلاں جگہ پہنچا دیا۔
النَّائِل: فا۔مصدر۔عطیہ۔بھلائی۔
النَّائِلَة. النَّائِل: کا مؤنث۔قریش کے ایک بت کا نام۔
النَّوَال: داد و دہش۔حصہ۔درستی اور کہا جاتا ہے "نَوَالُکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے مناسب ہے کہ ایسا کرو۔
النَّال: داد و دہش۔رَجُلٌ نَالٌ: سخی مرد یا بہت بخشش والا اور کہا جاتا ہے "رَجُلَانِ نَالَانِ ورِجَالٌ اَنْوَالٌ.
النَّوْل: مص۔بننے والی وادی۔بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی اور کہا جاتا ہے "نَوْلُکَ اَنْ تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے [illegible]

تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے مناسب نہیں کہ اس کو حاصل کرو یا ایسا کرو۔
النَّوْلَة. نَالَ: کا اسم مرۃ۔داد و دہش۔کہا جاتا ہے "مَا اَصَبْتُ مِنْهُ نَوْلَةً" میں نے اس کا عطیہ نہیں پایا۔بوسہ۔
اَلْمُنَاوَلَةُ: قربان مقدس میں حاضر ہونا یعنی عیسائی مذہب کے نزدیک۔
النُّوَلَة: داد و دہش۔عطیہ۔
المِنْوَل والمِنْوَال: بننے والے کی کپڑا لپیٹنے کی لکڑی یا کرگہ۔ج مَنَاوِیل. المِنْوَال: کپڑا بننے والا اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلٰی مِنْوَالٍ وَاحِدٍ" وہ سب ایک ہی قسم کی عادت کے ہیں "وَلَا اَدْرِی عَلٰی اَیِّ مِنْوَالٍ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کس طریقہ پر ہے "وافْعَلْ عَلٰی هٰذَا الْمِنْوَالِ" اس طریقہ پر کرو۔"وَمِنْوَالُکَ اِلَّا تَفْعَلَ کَذَا" تمہارے لئے مناسب ہے کہ ایسا نہ کرو۔
نَامَهُ یَنُومُهُ نَوْمًا: سونے میں غالب ہونا۔کہا جاتا ہے "نَاوَمَنِی فَنِمْتُهُ" اس نے سونے میں مجھ سے مقابلہ کیا میں غالب رہا۔
النَّاوُلُون: گاڑی یا کشتی کی اجرت۔(یونانی لفظ)۔
نَامَ یَنَامُ نَوْمًا ونِیَامًا: اونگھنا یا سونا۔مرنا۔اور اسم النِّیمَة. نَامَتِ السُّوقُ: بازار کا ماند پڑنا......الرِّیْحُ: ہوا کا رک جانا......النَّارُ: آگ کا بجھنا۔نَامَ الْبَحْرُ: سمندر کا ٹھہر جانا......العِرْقُ: رگ کا حرکت نہ کرنا......الثَّوْبُ: کپڑا پرانا ہونا......الرَّجُلُ: اللہ کے لئے تواضع و خاکساری کرنا......اِلَیْهِ: اطمینان کرنا......عَنْ حَاجَتِهِ: غافل ہونا بے پرواہ ہونا اور کہا جاتا ہے "نَامَ هَمُّهُ" وہ بے ہمت ہے "وفُلَانٌ لَا یَنَامُ وَلَا یُنِیمُ" فلاں نہ سوتا ہے نہ سونے دیتا ہے۔
نَوَّمَهُ تَنْوِیمًا: سلانا۔نَوَّمَ الرَّجُلُ: خوب اچھی طرح سونا......الْاِبِلُ: اونٹوں کا مرنا۔
نَاوَمَهُ مُنَاوَمَةً: سونے میں غالب ہونا۔

اَنَامَہٗ اِنَامَۃً: سلانا۔ قتل کرنا۔ کہا جاتا ہے "طَعَنْتُ قِرْنِي فَاَنَمْتُهٗ" میں نے اپنے ہمسر کو نیزہ مار کر قتل کر دیا۔ اَنَامَ زَيْدًا: سوتا ہوا پانا۔

تَنَاوَمَ تَنَاوُمًا: اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا۔ نیند چاہنا...... اِلَيْهِ: مطمئن ہونا۔ سکون اختیار کرنا۔

اِسْتَنَامَ اِسْتِنَامَةً الرَّجُلُ: سونا۔ نیند چاہنا۔ اپنے آپ کو سوتا ہوا ظاہر کرنا...... اِلَيْهِ: سونے والے کی طرح مطمئن ہونا...... اِلَى الشَّيْءِ: مانوس ہونا۔

النَّائِم: فا۔ سونے والا۔ لیٹنے والا۔ ج نِيَام ونُوَّمٌ ونُيَّمٌ ونُوَّامٌ ونُيَّام ونَوْمٌ اور کہا گیا ہے کہ نَوْمٌ اسم جمع ہے اور کہا جاتا ہے "لَيْلٌ نَائِمٌ" گہری نیند والی رات۔

النَّائِمَة. النَّائِم: کا مؤنث۔ ج نُوَّم: موت۔ سانپ۔

النَّؤُوْم: بہت سونے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ نَؤُوْمٌ وامْرَاَةٌ نَؤُوْمٌ."

النُّوَام: نیند۔ نیند کی بیماری۔

النَّوْم: نیند۔ نَائِم: کی جمع۔ یا اسم جمع جیسا کہ گزر چکا رَجُلٌ نُوَمٌ ونَوَّامٌ: بہت سونے والا مرد۔

النِّيْم: لباس شب خوابی۔ پوستین اور بعض کے نزدیک سینہ تک کی چھوٹی پوستین۔ کامل نعت۔ وہ شخص جس سے اُنس حاصل کیا جائے۔ ایک نرم کانٹے والا درخت جس کے پتے چھوٹے ہوتے ہیں اور چنے کے برابر اس کے دانے ہوتے ہیں اور کھٹے ہوتے ہیں اور جب پک جاتے ہیں تو کالے پڑ جاتے ہیں اور میٹھے ہو جاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے يَا نَوْمَانُ یعنی اے بہت سونے والے اور یہ ندا ہی کے لئے خاص ہے۔

النَّوْمَة. نَام: کا اسم مرۃ۔ ج نَوْمَات.

النِّيْمَة: اسم ہے نام کا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَهٗ نِيْمَةُ لَيْلَةٍ" اس کے پاس ایک رات کا گزارہ نہیں ہے۔

النُّوَمَة: وہ شخص جس کی پرواہ نہ کی جائے۔

النُّوَمَة: بہت سونے والا۔ غافل۔ گمنام۔

النُّوَيْم: غافل۔ گمنام۔

الْمَنَام: نیند۔ سونے کی جگہ۔ خواب ج مَنَامَات.

الْمَنَامَة: سونے کی جگہ۔ لباس شب خوابی۔ قبر۔

الْمَنَام والْمُسْتَنَام: پست جگہ جہاں پانی ٹھہر جائے۔

طَعَامٌ مَنْوَمَةٌ: خواب آور کھانا۔

نَوَّنَ نُوْنًا: حرف نون لکھنا...... الْكَلِمَةَ: کلمہ پر تنوین لگانا۔

النُّوْن: حروف مبانی میں سے ایک حرف جس کے عدد ۵۰ ہیں اور حروف زوائد میں سے ہے ج نُوْنَات واَنْوَان.

النُّوْن: دوات۔ مچھلی۔ ج نِيْنَان اَنْوَان: تلوار کی دھار۔ تلوار۔ ذُوالنُّوْن: لقب یونس علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کا۔ عرب کی ایک تلوار کا نام۔ ذُوالنُّوْنَيْنِ: معقل بن خویلد کی تلوار کا نام۔

النُّوْنَة: مچھلی۔ عمدہ بات۔ چھوٹے بچے کی ٹھوڑی کا گڑھا۔ ج نُوْنَات.

نَاهَ يَنُوْهُ نَوْهًا النَّبَاتُ وَغَيْرُهٗ: بلند ہونا۔

نَاهَتِ الْهَامَةُ: اُلو کا سر اُٹھا کے چیخنا۔ نُهْتُ بِالشَّيْءِ: اُونچا کرنا۔

نَاهَتْ تَنُوْهُ وتَنَاهُ نَوْهًا نَفْسُهٗ عَنِ الشَّيْءِ: رک جانا۔ انکار کر کے چھوڑ دینا۔

نَوَّهَ تَنْوِيْهًا الشَّيْءَ: بلند کرنا...... بِفُلَانٍ: بلند آواز سے پکارنا۔ کسی کا نام بلند کرنا۔ تعریف کرنا۔ تعظیم کرنا اور کہا جاتا ہے "نَوَّهْتُ بِالْحَدِيْثِ" میں نے بلند آواز سے بات کی۔ نَوَّهَ بِاِسْمِهٖ: نام لے کر بلانا۔ پکارنا۔

تَنَوَّهَ تَنَوُّهًا: بلند ہونا۔

النَّوْه والْمَنُوْه: کسی چیز سے رکنا۔

النَّوْهَة. نَاهَ: کا اسم مرۃ۔ خوراک دن رات میں صرف ایک مرتبہ

النُّوْهَة: بدن کی طاقت۔

النَّوَّاهَة: نوحہ کرنے والی عورت۔ بین کرنے والی عورت۔

النُّوَّه: بین کرنے والی عورتیں کہا جاتا ہے "هُوَ اَنْوَهُ مِنْ فُلَانٍ" وہ فلاں سے زیادہ شریف ہے۔

نَوَى الشَّيْءَ يَنْوِيْهِ نَوَاةً ونِيَّةً ونِيَةً: ارادہ کرنا۔ نَوَى الْقَوْمُ مَنْزِلًا بِكَذَا: قصد کرنا۔ ارادہ کرنا...... اللّٰهُ فُلَانًا: حفاظت کرنا۔ مسافر سے کہا جاتا ہے "نَوَاكَ اللّٰهُ" یعنی اللہ تمہاری حفاظت کرے اور تمہارا سفر میں ساتھی ہو۔ ونَوَاكَ اللّٰهُ بِالْخَيْرِ: اللہ تم کو بھلائی پہنچائے (...... نَوًى) فُلَانٌ مِنْ مَكَانٍ اِلَى آخَرَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا...... النَّوَاةَ: گٹھلی پھینکنا (...... نِيَّةً ونَوًى) الْمُسَافِرُ: دور ہونا۔ (نَيًّا وَنَوَايَةً وَنَوَايَةً) النَّاقَةُ: موٹی ہونا۔ صفت نَاوِيَةٌ و نَاوٍ.

نَوَّى تَنْوِيَةً حَاجَتَهٗ: حاجت پوری کرنا۔

نَوَّتِ الْبُسْرَةُ: گٹھلی والی ہونا۔ نَوَّى فُلَانٌ: گٹھلی پھینکنا...... فُلَانًا: کسی کی نیت پر چھوڑ دینا۔

نَاوَاهُ مُنَاوَاةً: دشمنی کرنا (اس کی اصل ہمزہ سے ہے)

اَنْوَى اِنْوَاءً الرَّجُلُ: دور ہونا یا زیادہ سفر والا ہونا...... حَاجَتَهٗ: حاجت پوری کرنا۔

انوت الْبُسْرَةَ: گٹھلی بیٹھنا۔ اَنْوَى فُلَانٌ: گٹھلی پھینکنا۔

تَنَوَّى تَنَوِّيًا الشَّيْءَ: قصد کرنا۔

اِنْتَوَاهُ اِنْتِوَاءً: قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِنْتَوَاهُ بِنَوَاتِهٖ" اس نے اس کی حاجت پوری کر دی۔ اِنْتَوَى الْقَوْمُ: ایک شہر سے دوسرے شہر میں منتقل ہونا...... الْقَوْمُ بِمَوْضِعِ كَذَا: اقامت کرنا...... الْقَوْمُ مَنْزِلًا بِمَكَانِ كَذَا: قصد کرنا۔

اِسْتَنْوَى اِسْتِنْوَاءً الرَّجُلُ: گٹھلی پھینکنا۔

النَّاوِي: فا۔ وہ شخص جو منتقل ہونے کا پختہ

اراده کرے۔ اونٹنی کا کوہان۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ نَاوِیُ الْقَوْمِ وَمُنْتَوَاهُمْ" فلاں قوم کا ذی رائے اور ان کے امور کا مالک ہے۔

النَّوَّاءُ: کھجور کی گٹھلیوں کا بیچنے والا۔

النَّوَیٰ: مص۔ دوری۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے (اس معنی میں مؤنث ہے) گھر۔ گٹھلیاں (اس معنی میں مذکر و مؤنث دونوں ہے) کہا جاتا ہے "اِسْتَقَرَّتْ نَوَی الْقَوْمِ بِمَوْضِعِ كَذَا وَكَذَا" (یعنی فلاں جگہ میں قوم نے اقامت کی)۔

النَّیُّ: مص۔ چربی۔

النِّیُّ: موٹاپا۔

النَّوَاةُ: گٹھلی ج نَوًی ونَوَیَات و جج اَنْوَاءٌ ونُوِیٌّ ونَوِیٌّ.

النِّیَّةُ: قصد۔ ارادہ۔ دل کا عزم۔ جس کو انسان موافق سمجھے اس کی طرف اٹھنا۔ امر حاجت۔ کہا جاتا ہے "لِیْ فِیْ بَیْتِ فُلَانٍ نِیَّةٌ" فلاں کے گھر میں میری ایک ضرورت ہے۔ وہ جگہ قریب یا بعید جہاں کا مسافر ارادہ کرے۔ کہا جاتا ہے "شَطَّتْ بِهِمْ نِیَّةٌ قُذُفٌ" رحلة بعیدة: نے ان کو دور پھینک دیا "وَنَوَوْا نِیَّةً قُذُفًا" انہوں نے دوری جگہ کا ارادہ کیا اور کبھی یاء میں تخفیف کی جاتی ہے کہا جاتا ہے نِیَةٌ ج نِیَات.

النَّوِیُّ: ہم ارادہ ساتھی۔

نَاءَ یَنِیْءُ نَیْئًا ونُیُوْءًا ونُیُوْءَةً اللَّحْمُ وَغَیْرُهُ: گوشت وغیرہ کا کچا رہنا۔

نَیَّأَ تَنْیِیْئًا الْاَمْرَ: ناقص طور سے کرنا۔

اَنْیَأَ اللَّحْمَ اِنْیَاءً: گوشت کو کچا رکھنا۔

النِّیْءُ مِنَ اللَّحْمِ: کچا یا نیم پختہ گوشت۔ اور نِیٌّ ابدال وادغام سے بھی جائز ہے۔ النِّیْءُ خالص دودھ۔

نَابَهُ یَنِیْبُهُ نَیْبًا: دانت مارنا۔

نَیَّبَتْ تَنْیِیْبًا النَّاقَةُ: اونٹنی کا بوڑھی ہونا۔

نَیَّبَ النَّبْتُ: نباتات کی جڑیں پھوٹنا......

فُلَانٌ السَّهْمَ: تیر پر دانت مار کر سختی معلوم

کرنا اور دانتوں کا نشان ڈالنا...... زَیْدًا: دانت کاٹنا۔ دانت پیسنا...... فُلَانًا: دانت سے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "ظَفَّرَ فِیْهِ السَّبُعُ وَنَیَّبَ" درندہ نے اس کے اندر ناخن اور دانت گھسا دیا۔

تَنَیَّبَ تَنَیُّبًا النَّبْتُ: جڑیں نکلنا...... الشَّیْبُ: بڑھاپا ظاہر ہونا۔

النَّابُ: کچلی کا دانت (مؤنث) ج اَنْیُبٌ ونُیُوْبٌ واَنَابِیْبُ. النَّابُ: بوڑھی اونٹنی اور اس کی تصغیر نُیَیْب. ج اَنْیَابٌ ونُیُوْبٌ ونِیْبٌ

نَابُ الْقَوْمِ: سردارِ قوم ج اَنْیَاب.

النَّیُوْبُ: بوڑھی اونٹنی۔

الاَنْیَبُ: موٹے موٹے دانتوں والا۔ مؤنث نَیْبَاءُ ج نِیْبٌ.

نَاتَ یَنِیْتُ نَیْتًا: کمزوری سے ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔

نَاخَ یَنِیْخُ نَیْخًا ونَیَخَانًا الغُصْنُ: ٹہنی کا جھکنا (...... نَیْخًا) العَظْمُ: ہڈی کا سخت ہونا۔ مضبوط ہونا۔

نَیَّخَ تَنْیِیْخًا اللّٰهُ عَظْمَهُ: ہڈی مضبوط کرنا۔ ریزہ ریزہ کرنا (اضداد میں سے ہے) کہا جاتا ہے مَا نَیَّخْتُهُ بِخَیْرٍ: میں نے اس کو کچھ نہیں دیا۔ وَلَا نَیَّخَ اللّٰهُ عِظَامَهُ: اللہ اس کی ہڈیوں کو نہ سخت کرے اور نہ مضبوط۔

النَّیِّخُ: سخت۔ کہا جاتا ہے "عَظْمٌ نَیِّخٌ" سخت ہڈی۔

نَارَ الثَّوْبَ یَنِیْرُهُ نَیْرًا ونَیَّرَهُ تَنْیِیْرًا و اِنَارَةً: اِنَارَةً: کپڑا بننا۔ منقش کرنا۔

النَّائِرُ: فا۔ لوگوں کے درمیان فساد ڈالنے والا۔

النَّیَّارُ: کپڑے میں نقش ونگار کرنے والا۔ کپڑے میں گوٹ لگانے والا۔

النِّیْرُ: بیلوں کے کندھے پر رکھنے کا جوا۔ ج اَنْیَار. ونِیرَانِ النِّیْرُ: نے۔ اکٹھے دھاگے۔ کپڑے کے نقش ونگار۔ کپڑے کا جھور۔ راستہ کا کنارہ۔ راستہ کی نمایاں کھائی۔ کہا

وَحٰی یَحِیْ وَحْیًا اِلٰی فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ پیغام بھیجنا...... اِلَیْهِ او وَحٰی اِلَیْهِ کَلَامًا: چپکے سے گفتگو کرنا یا دوسروں سے پوشیدہ بات کہنا اَللّٰهُ فِیْ قَلْبِهٖ کَذَا: دل میں ڈالنا ...... اَلْکِتَابَ: لکھنا...... اَلذَّبِیْحَةَ: جلدی سے ذبح کرنا (...... وَحْیًا وَوَحِیَ وَوَحَاءً وَتَوَحّٰی) جلدی کرنا۔

اَوْحٰی اِیْحَاءً اِلٰی فُلَانٍ: اشارہ کرنا۔ دوسروں سے چھپا کر بات کہنا۔ برانگیختہ کرنا ...... اللّٰهُ اِلَیْهِ بِکَذَا: وحی بھیجنا...... اَلْکِتَابَ: لکھنا...... نَفْسُهٗ: خوفزدہ ہونا...... اَلرَّجُلُ: محتاجی کے بعد بادشاہ ہونا...... اَلْقَوْمُ: چلانا...... اَلْعَمَلَ: جلدی کرنا...... اَلدَّوَاءُ الْمَوْتَ: جلدی موت واقع کرنا۔

وَحّٰی تَوْحِیَةً ذَبِیْحَتَهٗ: جلدی ذبح کرنا۔

وَحَّاهُ: جلدی کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَحّٰی الدَّوَاءُ الْمَوْتَ" دوا نے فوراً موت واقع کی۔

تَوَاحٰی تَوَاحِیًا الْقَوْمُ: بعض کا بعض کے ساتھ جلدی کرنا۔

اِسْتَوْحَاهُ: پکارنا۔ جلدی کرانا...... ہٗ الشَّیْءَ: دریافت کرنا۔

اَلْوَحْیُ: مص۔ لکھا ہوا پیغام۔ ہر وہ چیز جو دوسرے کو معلوم ہونے کے لئے تم پیش کرو۔ پھر غالب طور پر انبیاء علیہم السلام کے پاس اللہ تعالیٰ کی طرف سے [illegible] پر استعمال ہونے لگا جس کی وحی ہو (...... والوَحَاة) آواز۔

اَلْوَحٰی: مص۔ آواز۔ جلدی۔ بڑا سردار۔ بادشاہ۔ آگ ج وُحِیٌّ اور جلدی کرانے کے لئے بولا جاتا ہے "اَلْوَحٰی اَلْوَحٰی" "وَالْوَحَاکَ الْوَحَاکَ" یعنی سبقت کرو، سبقت کرو۔

اَلْوَاحِیْ: فا۔ ج وَاحُوْنَ وَوُحَاة.

اَلْوَحِیُّ: بہت جلدی۔ کہا جاتا ہے "مَوْتٌ وَحِیٌّ" جلدی کی موت۔ "وَذَکَاةٌ وَحِیَّةٌ" جلدی کا ذبح۔

اَلْاَوْحٰی: زیادہ تیز۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَتْلُ بِالسَّیْفِ اَوْحٰی" تلوار سے قتل جلدی واقع ہوتا ہے۔

وَخَدَ یَخِدُ وَخْدًا وَوَخِیْدًا وَوَخَدَانًا اَلْبَعِیْرُ: اونٹ کا تیز دوڑنا اور ٹانگوں کو شتر مرغ کی طرح ڈالنا۔ صفت وَاخِدٌ وَوُخُوْدٌ وَوَخَّادٌ.

اَلْوَخْدُ. وَخَدَ: کا اسم ج وُخُوْد.

وَخَزَهٗ یَخِزُهٗ وَخْزًا: چبھونا...... ہٗ الشَّیْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا...... فُلَانٌ: شہد کا ثرید بنانا۔

اَلْوَخْزُ: مص۔ ہر چیز کا تھوڑا اور کہا جاتا ہے "جَاءُوْا وَخْزًا وَخْزًا" چار چار آئے۔

اَلْوَخِیْزُ: شہد کا ثرید۔

وَخُشَ یَوْخُشُ وُخُوْشَةً وَوَخَاشَةً وَوُخُوْشًا الشَّیْءُ: نکما اور ردی ہونا...... رَاْسُ الْکَبْشِ: خشک ہونا اور سکڑنا۔

وَخَّشَ الشَّیْءَ: نکما اور ردی کرنا...... اَلْعَطِیَّةَ: کم دینا۔

اَوْخَشَ لَهٗ بِالْعَطِیَّةِ: کم دینا...... فِیْ عِرْضِهٖ: بے عزتی کرنا...... اَلشَّیْءَ: خلط ملط کرنا۔

اَلْوَخْشُ: ہر چیز کا ردی۔ کمینے لوگ۔ لفظ واحد ہی جمع مذکر مؤنث سب کے لئے مستعمل ہے اور کبھی وخاش و اوخاش جمع آتی ہے۔

وَخَصَ یَخِصُ وَخْصًا وَوُخُوْصًا: حرکت کرنا۔

اَوْخَصَ اِيْخَاصًا فُلَانٌ لِيْ بِعَطِيَّةٍ: کم دینا۔

وَخَصَ يَخِصُ وَخْصًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ : نیزہ چبھونا......ہُ الشَّيْبُ : بڑھاپے کا سر کے بالوں کو کھچڑی کر دینا۔

اَلْوَخِيْصُ: نیزہ زدہ۔

وَخَطَ يَخِطُ وَخْطًا فُلَانًا بِالرُّمْحِ : نیزہ مارنا وَخَطَهُ بِالسَّيْفِ : دُور سے تلوار سے کوچنا۔

......ہُ الشَّيْبُ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔

وَخَطَ فِي الْبَيْعِ : کبھی فائدہ کبھی نقصان اٹھانا۔

وُخِطَ: سر کے بالوں کا کھچڑی ہونا۔

اَلْوَخَّاطُ : تیز اور کشادہ قدم چلنے والا۔ شتر مرغ یا اونٹ۔ طَعْنٌ او رُمْحٌ وَخَّاطٌ : پار ہونے والا نیزہ۔

اَلْمِيْخَطُ: پار ہونے والا۔

وَخَفَ يَخِفُ وَخْفًا السَّوِيْقَ : ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا......السَّوِيْقُ: ستو گوندھا ہوا اور لیس دار ہونا......الرَّجُلَ : بدگوئی کرنا۔ برائی سے یاد کرنا۔

وَخَّفَ و اَوْخَفَ السَّوِيْقَ : ستو گوندھنا اور لیس دار بنانا اور اسی سے عرب کا قول ہے "اِنَّهُ لَيُوْخِفُ فِي الطِّيْنِ" اس احمق کے لئے بولتے ہیں جو خود اپنے ہی قول کو نہیں جانتا۔

اِتَّخَفَتْ رِجْلُهُ: پاؤں کا پھسلنا۔

اَلْوَخْفَةُ: اسم مرۃ۔ خریطہ کے مانند چمڑے کا تھیلا۔

اَلْوَخِيْفَةُ: ستو وغیرہ جو گوندھا جائے۔

اَلْمُوْخِفُ: بے وقوف۔

اَلْمِيْخَفُ: ستو گوندھنے کا برتن۔

وَخَمَ يَوْخَمُ وَخَامَةً وَوُخُوْمَةً وُخُوْمًا الْمَكَانُ او الطَّعَامُ: مضر صحت یا نا قابل ہضم ہونا۔

وَخَمَهُ يَخِمُهُ وَخْمًا : زیادہ بدہضمی والا ہونا۔ وَخِمَ يَوْخَمُ وَخَمًا واتَّخَمَ مِنْ وعَنْهُ: بدہضمی ہونا۔

وَاخَمَهُ مُوَاخَمَةً فَوَخَمَهُ (ض) بدہضمی میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔

اَتْخَمَهُ اِتْخَامًا الطَّعَامُ : بدہضمی میں مبتلا کرنا (اس کی اصل اَوْخَمَهُ ہے اور اصل کا استعمال نادر ہے)

وَخَّمَ الشَّيْءَ: مضر صحت بنانا۔

تَوَخَّمَ واسْتَوْخَمَ الطَّعَامَ: کھانے کو ناخوشگوار سمجھنا۔ اِسْتَوْخَمَ الْمَكَانَ : کسی جگہ کی آب و ہوا کو نا موافق پانا۔

اَلْوَخْمُ والوَخِمُ مِنَ الرِّجَالِ : سست ج اَوْخَامٌ. شَيْءٌ وَخِمٌ: دبازدہ۔

اَلْوَخَمُ :مص ۔ بواسیر کے مانند ایک مرض۔ ہوا کا خراب ہونا جس سے امراضِ وبائیہ پیدا ہوں۔ ضرر کے لئے استعارہ کیا جاتا ہے۔

اَلْوَخِيْمُ والوَخُوْمُ مِنَ الرِّجَالِ: گندا۔ سست۔ ج وَخَامٰى ووِخَامٌ. بَلَدٌ وَخِيْمٌ : نا موافق شہر۔ شَيْءٌ وَخِيْمٌ: دبازدہ۔ اَمْرٌ وَخِيْمُ الْعَاقِبَةِ: مضر روی۔

اَرْضٌ وَخْمَةٌ ووَخِمَةٌ ووَخَامٌ ووُخُوْمٌ وَخِيْمَةٌ ومَوْخِمَةٌ ومَوْخَمَةٌ ومُوْخِمَةٌ : مضر صحت گھاس والی زمین۔ دبازدہ زمین۔

اَلتُّخَمَةُ :بدہضمی (اس کی اصل وُخَمَةٌ ہے) ج تُخَمَاتٌ وتُخَمٌ کہا جاتا ہے "هٰذَا الطَّعَامُ مَتْخَمَةٌ" یہ خوراک مضر صحت ہے (اس کی اصل مَوْخَمَةٌ ہے)

تَوَخَّنَ: خیر یا شر کا ارادہ کرنا۔

اَلْوَخْنَةُ: فساد۔

وَخٰى يَخِيْ وَخْيًا الْاَمْرَ: قصد کرنا۔ وَخَتِ النَّاقَةُ: اونٹنی کا متوسط چال چلنا۔ کہا جاتا ہے "وَخٰى وَخْيَهُ" اس نے اس کا ارادہ کیا "وَمَا اَدْرِيْ اَيْنَ وَخٰى" میں نہیں جانتا اس نے کہاں توجہ کی۔

وَخَّى الْاَمْرَ: طلب کرنا......هُ لِلْاَمْرِ: متوجہ کرنا۔

وَاخَى مُوَاخَاةً فُلَانًا: بھائی بندی کرنا (آخَاهُ [illegible]

تَوَخّٰى تَوَخِّيًا وتَاخّٰى تَاخِّيًا الْاَمْرَ : قصد کرنا۔ طلب کرنا۔

اِسْتَوْخٰى الْقَوْمَ: خیر طلب کرنا۔

اَلْوَخْيُ :مص ۔ ارادہ۔ قابل اعتماد راستہ۔ ارادہ کرنے والا۔ ج وُخِيٌّ ووِخِيٌّ.

اَلْوِخْيُ والوِخْيَةُ: ارادہ۔

وَدَّهُ يَوَدُّهُ وَدًّا ووُدًّا ووِدًّا ووَدَادًا ووُدَادًا ووِدَادًا ووَدَادَةً ومَوَدَّةً ومَوْدِدَةً ومَوْدُوْدَةً: خواہش کرنا۔ محبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَدِدْتُ لَوْ كَانَ كَذَا وَلَوْ اَنَّكَ فَعَلْتَ كَذَا" مجھے تمنا ہے کہ ایسا ہوتا مجھے تمنا ہے کہ تم ایسا کرتے۔ (لَوْ اس مقام میں موصول حرفی ہے)

وَادَّهُ وِدَادًا ومُوَادَّةً: محبت ظاہر کرنا۔

تَوَدَّدَهُ: دوستی چاہنا۔ تَوَدَّدَ اِلَيْهِ: دوستی کرنا۔

تَوَادَّ الرَّجُلَانِ : آپس میں ایک دوسرے سے محبت کرنا۔

اَلْوَدُّ والوِدُّ والوُدُّ : محبت۔ دوستی۔ تم کہتے ہو "تَوَدِّيْ اَنْ يَكُوْنَ كَذَا" میں چاہتا ہوں کہ ایسا ہو محبت کرنے والا یا بہت محبت کرنے والا۔ ج اَوْدَادٌ اَوُدٌّ واَوِدٌّ کہا جاتا ہے "هُوَ وُدُّكَ وَهُمْ اَوْدَادُكَ" اور وُدٌّ تثلیث واو سے اسم جمع بمعنی محبین ہے۔ جیسے قَوْمٌ وُدٌّ.

اَلْوَدُوْدُ : بہت محبت کرنے والا۔ محبوب۔ تم کہو گے هُوَ وَدُوْدٌ وهِيَ وَدُوْدٌ.

اَلْوَدِيْدُ: محبت کرنے والا۔ ج اَوِدَّةٌ واَوِدَّاءُ اور وَدِيْدٌ اسم جمع بمعنی محبین بھی ہے۔

الاَوَدُّ: اسم تفضیل ج اَوَدُّوْنَ.

اَلْمَوَدُّ: بہت محبت کرنے والا۔

وَدَأَ يَدَأُ وَآدَأَ الشَّيْءَ: برابر کرنا......بِالْقَوْمِ: بدسلوکی کرنا۔

وَدِئَ يَوْدَأُ وَدْءًا : منقطع ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَدِئَتِ الْاَخْبَارُ عَنْهُ" اس کی خبریں منقطع ہو گئیں۔

وَدَّأَ تَوْدِيْئًا وتَوْدِئَةً عَلَيْهِ الْاَرْضَ: ہموار کرنا......عَلَيْهِ وبِهِ: ہلاک کرنا۔ وَدَّأَتْهُ الْاَرْضُ: چھپا لینا۔

تَوَذَّأَ عَلَيْهِ: ہلاک کرنا۔ تَوَذَّأَتْ عَلَيْهِ الْأَرْضُ: اوپر گر پڑنا اور ہموار ہونا...... عَلَيْهِ وعَنْهُ الْأَخْبَارُ: خبریں منقطع ہونا۔ تَوَذَّأَ الرَّجُلُ: مرنا...... فُلَانٌ عَلٰى مَالِهٖ: لینا اور جمع کرنا۔

الْوَذَأُ: مص۔ ہلاکت۔ التَّوْذِئَةُ: مص۔ دفن کرنا۔

الْمُوَذَّأَةُ: ہلاکت۔ بیابان۔ میت کا گڑھا۔

الْوَدَبُ: بدحالی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ عَلٰى وَدَبٍ" وہ بدحالی میں مبتلا ہے۔

وَدَجَ يَدِجُ وَدْجًا وَوَدَجَ الدَّابَّةَ: چوپایہ کی گردن کی رگ کاٹنا۔ وَدَجَ بَيْنَ الْقَوْمِ: معاملات درست کرنا۔ شر وفساد دور کرنا۔

وَادَجَهُ مُوَادَجَةً: صلح کرنا۔ نرمی برتنا۔

الْوَدَجُ ج أَوْدَاجٌ والوِدَاجُ: گردن کی رگ جو غصہ کے وقت پھول جاتی ہے اور بقول بعض وَدَجٌ اس رگ کو کہتے ہیں جس کو ذبح کرنے والا کاٹتا ہے۔ الْوَدَجُ: وسیلہ۔ سبب۔ کہا جاتا ہے "كَانَ فُلَانٌ وَدَجِي إِلٰى كَذَا" یعنی فلاں شخص میرے لئے فلاں چیز کے لئے وسیلہ ہے ج أَوْدَاجٌ۔ الْوَدَجَانِ: دو بھائی۔ کہا جاتا ہے "بِئْسَ وَدَجَا حَرْبٍ هُمَا" وہ دونوں لڑائی کے دو بُرے بھائی ہیں۔

أَوْدَحَ لَهُ: مطیع ہونا۔ اقرار کرنا...... الْإِبِلُ: اُونٹ کا موٹا ہونا۔ اچھی حالت والا ہونا...... الْحَوْضَ: حوض کو درست کرنا۔

الْوَدَحَةُ: تھوڑی چیز۔ کہا جاتا ہے "مَا أَغْنٰى عَنِّي وَدَحَةً" اس نے مجھ کو کچھ فائدہ نہیں دیا۔

وَدِرَ يَوْدَرُ وَدَرًا: بے ہوشی طاری ہونے کے قریب تک مست ہونا...... الشَّيْءُ: دُور کرنا۔ علیحدہ کرنا۔

وَدَّرَهُ: بھڑکا کر ہلاکت میں ڈالنا۔ وَدَّرَ الرَّسُولَ: قاصد بھیجنا...... الشَّيْءَ: دُور کرنا۔ علیحدہ کرنا...... الْمَالَ: فضول خرچی کرنا...... الرَّجُلَ: گمراہ کرنا۔

تَوَدَّرَ: فضول خرچ ہونا...... فِي الْأَمْرِ: پڑنا...... ـهُ: ہلاکت میں ڈالنا۔

وَدَسَ يَدِسُ وَدْسًا عَلَيَّ الشَّيْءُ: پوشیدہ رہنا...... بِالشَّيْءِ: چھپانا...... إِلَيْهِ بِكَلَامٍ: ادھوری بات کہنا...... الرَّجُلُ: جانا۔

وَدَّسَ الشَّيْءُ: پوشیدہ ہونا۔ وَدَّسَتِ الْمَاشِيَةُ: ہریاول چرنا...... إِلَيْهِ بِكَلِمَةٍ: کوئی بات کہنا۔

وَدَسَ وَوَدَّسَ وَتَوَدَّسَ الْمَكَانُ: ہریاول والا ہونا۔

أَوْدَسَتِ الْأَرْضُ: اتنا اُگنا کہ سطح زمین چھپ جائے۔

الْوَدْسُ والوِدَاسُ والوَدَاسُ: نباتات جو سطح زمین کو چھپا لے۔ الْوَدْسُ: عیب۔

الْوَدِيسُ: خشک نباتات۔ پتلا شہد۔

أَرْضٌ مَوْدُوسَةٌ: کم گھاس والی زمین۔

وَدَصَ يَدِصُ وَدْصًا إِلَيْهِ بِكَلَامٍ: ادھوری بات کہنا۔

وَدَعَ يَدَعُ وَدْعًا الشَّيْءَ: چھوڑنا...... مَالًا عِنْدَهُ: امانت رکھنا...... الشَّيْءُ: ٹھہرنا (اس فعل کے مصدر اور ماضی قلیل الاستعمال ہیں) (...... وَدْعًا) الْمُسَافِرُ النَّاسَ: مسافر کا لوگوں کو عیش و آرام میں چھوڑنا اور کہا جاتا ہے "وَدَعُوهُ" جبکہ کسی کے لئے دُعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اس کی تکالیف سفر کو دور کرے اور اس کو آرام نصیب کرے...... الثَّوْبَ بِالثَّوْبِ: محفوظ کرنا (...... وَوَدُعَ يَوْدُعُ وَدَاعَةً) الرَّجُلُ: مطمئن ہونا۔ صفت وَدِيعٌ ووَادِعٌ۔

وَدَّعَ الْمُسَافِرُ الْقَوْمَ: مسافر کا لوگوں کو عیش وآرام سے چھوڑنا...... الْقَوْمُ الْمُسَافِرَ: رخصت کرنے کے لئے جانا...... فُلَانًا: چھوڑنا...... الصَّبِيَّ او الْكَلْبَ: گلے میں کوڑی ڈالنا...... الثَّوْبَ فِي صِوَانٍ وَنَحْوِهٖ: کپڑے کو گٹھری وغیرہ میں محفوظ کرنا...... فَرَسَهُ: گھوڑے کو خوشحال رکھنا۔

وَادَعَهُ مُوَادَعَةً وَوِدَاعًا: صلح کرنا۔ اسم الْوِدَاعُ.

أَوْدَعَهُ الشَّيْءَ: کسی کے پاس امانت رکھنا۔ ـهُ السِّرَّ: راز ظاہر کرنا اور دوسرے سے چھپانے کو کہنا۔ أَوْدَعَ كِتَابَهُ كَذَا: خط میں لکھنا...... الْكَلَامَ مَعْنًى حَسَنًا: لطیف معنی کی تضمین کرنا اور کہا جاتا ہے أَوْدَعْتُهُ مَالًا: یعنی میں نے اپنے پاس امانت رکھنے کے لئے اس سے مال لیا۔

تَوَدَّعَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو رخصت کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑے کو محفوظ کرنا...... فُلَانًا: اپنی ضرورت میں مشغول کرنا۔

تَوَادَعَ الْقَوْمُ: باہم صلح کرنا۔ ایک دوسرے کو رخصت کرنا۔

اِتَّدَعَ: آرام کرنا۔ تن آسانی اختیار کرنا۔ قرار پکڑنا۔

اِسْتَوْدَعَ فُلَانًا مَالًا: کسی کو امانت رکھنے کے لئے مال دینا۔

الْوَدْعُ: مص۔ قبر۔ تیراندازی کا نشانہ۔ ج وُدُوعٌ (...... والْوَدَعُ) کوڑی یا گھونگا۔ واحد وَدْعَة ووَدَعَةٌ۔ ج وَدَعَاتٌ۔

الأَوْدَعُ: جنگلی چوہا۔

الْوَدَاعُ: رخصت۔

الْوَدَاعَةُ۔ وَدُعَ: کا مصدر۔ سکون ووقار۔

الدَّعَةُ والتُّدْعَةُ والتَّدَاعَةُ: سکون۔ راحت۔ فراخی زندگانی۔

الْوَدِيعُ ج وُدَعَاءُ: چپ چاپ۔ ٹھہرنے والا ج وَدَائِعُ: عہد۔ مقبرہ۔

الْوَدِيعَةُ۔ وَدِيعٌ: کا مؤنث۔ امانت۔ ج وَدَائِعُ۔

الْمُسْتَوْدَعُ: حفاظت کی جگہ۔ رحم مادر۔

الْمِيدَعُ ج مَوَادِعُ والْمِيدَعَةُ والْمِيدَاعَةُ: پرانا استعمالی کپڑا۔ کپڑے وغیرہ محفوظ کرنے کی چیز۔ كَلَامٌ مِيدَعٌ: غم انگیز گفتگو۔ الْمِيدَاعَةُ: آرام طلب مرد۔

الْمُوْدَعُ: مقع...... مِنَ الْخَيْلِ: پُر سکون آرام پہنچایا ہوا گھوڑا۔

الْمَوْدُوعُ: سکون ووقار۔

زمین جو گرمی کے زمانے میں بارش ہونے کی وجہ سے سبزہ زار ہو جائے۔
الوَرَقَة فِی القَوسِ: کمان کا عیب۔
الوُرْقَة: مٹیالا رنگ۔
الــوَرَاق: گھاس کی وجہ سے زمین کی سبز گونی۔
الوِرَاق: پتے نکلنے کا زمانہ۔
الوِرَاقَة: کاغذ سازی کا پیشہ۔
الوَرَّاق: روپے پیسے والا۔ کاغذ کا بیچنے والا۔ کاغذ بنانے والا۔ کاتب۔
الوَارِق والوَرِق والوَرِيق مِنَ الشَّجَرِ: پتوں والا درخت۔ بہت پتوں والا۔ خوبصورت پتوں والا۔ شَــجَرَةٌ وَارِقَةٌ ووَرِقَةٌ ووَرِيــقَةٌ: سبز اور خوبصورت، بہت پتوں والا درخت۔
الاَوْرَق: خاکستری رنگ والا۔ راکھ۔ عَــامٌ اَوْرَق: بے بارش کا سال۔ زَمَانٌ اَوْرَق: قحط کا زمانہ۔ مؤنث وَرْقَاء۔ ج وُرْق۔
الــوَرْقَــاء: اَوْرَق کا مؤنث۔ مادہ بھیڑیا۔ ایک درخت کا نام جس کے پتے گول چوڑے اور نازک ہوتے ہیں۔ کبوتر و فاختہ یا وہ جس کا رنگ سبزی مائل ہو۔ ج وَرَاق۔
ووَرَاقی کہا جاتا ہے التِّجَارَةُ مُوْرَقَةٌ لِلْمَالِ: یعنی تجارت مال کے بڑھانے کا ذریعہ ہے۔
المُوَرِّق: فا۔ کاغذی۔ کاغذ کا بنانے والا۔
وَرَکَ یَــرِکُ وَرْکًــا: سرین پر سہارا لینا...... الــرَّجُلَ: سرین پر مارنا...... الشَّیْءَ: سرین کے مقابل کرنا (...... وُرُوْکًـــا)
الرَّاکِبُ: اترنے یا آرام لینے کیلئے سرین کو موڑنا...... بِالْمَکَانِ: اقامت کرنا...... عَلَی الْاَمْرِ: قادر ہونا۔
وَرَکَ یَرِکُ وُرُوْکًا: سرین کو زمین پر رکھ کر لیٹنا۔
وَرِکَتْ تَوْرَکُ وَرَکًا. الوَرِکُ: سرین کا بڑا ہونا۔
وَرَّکَ الْــحَبْــلَ اَوِ الــرَّجُــلَ: سرین کے مقابل کرنا۔
...... عَــلَــی الْاَمْرِ: قادر ہونا...... الشَّیْءَ: واجب کرنا۔
...... الــرَّاکِبُ: دوزانو بیٹھنے والے کی طرح ٹانگوں کو موڑنا اور دونوں سرین کو زمین میں رکھنا...... الــذَّنْبَ عَلَیْهِ: گناہ کا الزام لگا دینا...... الــیَمِیْنَ: قسم کھلانے والے کی نیت کے علاوہ نیت کرنا۔
وَارَکَ مُــوَارَکَةً الــجَبَــلَ: پہاڑ سے گزر جانا۔
تَــوَرَّکَ: سرین پر سہارا لینا...... الشَّــیْءَ: سرین پر بٹھانا...... الــرَّاکِبُ: اترنے یا آرام لینے کے لئے ٹانگ کو موڑنا...... عَــنِ الْاَمْرِ: دیر کرنا...... بِــالْــمَکَانِ: اقامت کرنا...... عَلَی الْاَمْرِ: قادر ہونا۔ لِلرَّجُلِ: کسی کی ٹانگ کو باندھ دینا۔ کہا جاتا ہے تَــوَرَّکَ لَهٗ فَصَرَعَهٗ: اس نے اس کی ٹانگ کو باندھ دیا اور پچھاڑ دیا۔
تَوَارَکَ: سرین پر ٹیک لگانا۔
الــوَرِک والــوِرْک والــوَرْک: چوتڑ۔ سرین (مؤنث) ج اَوْرَاک۔ الــوَرِک: کمان کا کنارہ یا تانت باندھنے کی جگہ۔ کہا جاتا ہے قَــعَــدَ الْــمَلَّاحُ عَــلٰــی وَرِکِ السَّفِیْنَةِ" ملاح کشتی کے پچھلے حصہ پر بیٹھا۔ "وَهُــمْ عَــلَــیَّ وَرِکٌ وَاحِــدٌ" وہ میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔
الــوَرْکی: خبر کی اصلیت۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ عِنْدَهٗ لَوَرْکَی الْخَبَرِ" اس کے نزدیک خبر کی اصلیت ہے۔
الـــوَارِک والـــوِرَاک ج وُرُوْک والــمَوْرِک والمَوْرِکَة مِنَ الرَّجُلِ: کجاوہ کا وہ حصہ جہاں سوار تھک کر ٹانگ پھیلا دے۔
الْاَوْرَک: بڑے سرین والا۔ مؤنث وَرْکَاء ج وُرْک۔
المُوَرَّک: مفع۔ کہا جاتا ہے "اِنَّهٗ لَمُوَرَّک ...... الْاَمْرِ" ...... ہے۔
الــمَوْرِک والــمَوْرِکَة: کجاوہ کا اگلا حصہ۔
الــمَوْرِکَة: تکیہ کے مانند ایک چیز جس کو سوار اپنے سرین کے نیچے رکھتا ہے۔
الــوَرَل: گوہ کی مانند ایک جانور ہے جو اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اور اس کی دم لمبی اور باریک ہوتی ہے۔ ج وِرْلَان اَوْرَال اَوْرُل مؤنث وَرَلَة۔
وَرِمَ یَــرِمُ وَرَمًــا وتَــوَرَّمَ الْــجِلْدُ: سوجنا۔ صفت وَارِم...... اَنْفُ فُلَانٍ: غضبناک ہونا۔
النَّبْتُ: لمبا اور موٹا ہونا۔
وَرَّمَ الْجِلْدَ: سوجن پیدا کرنا...... اَنْفَ فُلَانٍ: غضبناک کرنا...... بِاَنْفِهٖ: تکبر کرنا۔
اَوْرَمَ اِیْــرَامًــا: غضبناک کرنے والی باتیں سنانا۔ کہا جاتا ہے "فَعَلَ بِهٖ مَا اَوْرَمَهٗ" یعنی اس نے اس کے ساتھ وہ فعل کیا جس نے اسے غمگین کر دیا اور غضبناک بنا دیا۔
الوَرَم: مص۔ سوجن۔ ج اَوْرَام۔
الاَوْرَم: لوگ یا بہت سے لوگ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِیْ اَیُّ الْاَوْرَمِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون ہے۔
المَوْرِم: ڈاڑھ نکلنے کی جگہ۔
المُوَرَّم: مفع۔ بڑے ڈیل ڈول کا مرد۔
وَارَنَهٗ مُوَارَنَةً: رُو در رُو ہونا۔ مقابل ہونا۔
تَوَرَّنَ: بہت تیل ملنا۔ لاڈ پیار سے پالنا۔
الوَرَنَک: مچھلی کی ایک قسم۔
وَرِهَ یَــوْرَهُ وَرَهًــا: بے وقوف ہونا۔ صفت اَوْرَه۔ مؤنث وَرْهَاء۔ وَرِهَتِ الرِّیْحُ: ہوا کا تیز چلنا۔
وَرِهَت تَرِهُ وَرَهًا الْمَرْاَةُ: عورت میں بہت چربی ہونا۔
تَوَرَّهَ فُلَانٌ فِی عَمَلِ هٰذَا الشَّیْءِ: ماہر نہ ہونا۔
الــوَرِهُ مِنَ السَّحَابِ: بہت بارش والا بادل۔
الوَارِه: کشادہ۔ فراخ۔
وَرَّهَ النَّظَرَ: نظر تیز کرنا...... فِی الْکَلَامِ:

جلدی جلدی بولنا۔

الوَرْوَار: ایک پرندہ جس کی ٹانگیں چھوٹی اور چونچ لمبی اور کالی ہوتی ہے اور اس کے سر کے بالائی حصہ پر سرخی اور گلے میں حلقہ ہوتا ہے جس کا رنگ زردی مائل اور سارا بدن سبز نیلگوں مائل اور اس کی دم میں دو لمبے پر ہوتے ہیں۔

الوَرْوَرِیُّ: کمزور نگاہ والا۔

المُوَرْوِر: فا۔گانے والا۔

وَرَیٰ يَرِی وَرْيًا الرَّجُلَ: پھیپھڑے پر مارنا۔القَيْحُ جَوْفَهُ: خراب کرنا اور گلا دینا۔

اِسم الوَرِی وَرَت وَرْيًا ورِيَةَ النَّارُ: آگ کا بھڑکنا۔۔۔۔الإِبِلُ: اُونٹ کا موٹا اور زیادہ چربی اور گودے والا ہونا۔

وَرَیٰ ووَرِی يَرِیٰ وَرْيًا ووُرِيًّا ورِيَةَ الزَّنْدُ: چقماق کا آگ نکالنا۔صفت وارٍ۔

وَرِیَ يَرِی وَرْيًا۔المُخُّ: گودے کا ٹھوس ہونا۔

وُرِیَ الرَّجُلُ: پھیپھڑے میں پیپ والا ہونا۔صفت مَوْرُوٌّ ومَوْرِیٌّ۔

وَرَّیٰ تَوْرِيَةً الشَّيْءَ: پوشیدہ کرنا۔۔۔۔عَنْ كَذَا: اصل بات چھپا کے دوسری بات ظاہر کرنا۔۔۔۔الخَبَرَ وعَنِ الخَبَرِ: پس پشت ڈالنا اور چھپانا۔۔۔۔عَنْ فُلَانٍ بَصَرَهُ: نگاہ ہٹالینا۔وَرَّی النَّارَ: آگ نکالنا(۔۔۔۔وأَوْرَیٰ) الزَّنْدَ: چقماق سے آگ نکالنا۔

وَارَیٰ مُوَارَاةً الشَّيْءَ: چھپانا۔

تَوَرَّیٰ تَوَرِّيًا وتَوَارَیٰ تَوَارِيًا عَنْهُ: چھپنا۔

اِسْتَوْرَی الزَّنْدَ: آگ نکالنا۔کہا جاتا ہے اِسْتَوْرَيْتُهُ رَأْيَهُ: میں نے اس کی رائے دریافت کی۔

الوَرْیُ: مص۔جوف بدن کی پیپ۔پھیپھڑوں کا زخم۔

الوَرَیٰ: اسم ہے وَرَیٰ کا۔مخلوق۔اَبُو الوَرَیٰ: زمانے کی کنیت۔

الوَرَاءُ۔وَرَأَ کا مادہ دیکھئے۔

الزَّنْدُ الوَارِی والوَرِیُّ: آگ دینے والا چقماق۔الوَارِی والوَرِیُّ: موٹی چربی۔والوَرِیُّ: مہمان۔پڑوسی۔لَحْمٌ وَرِیٌّ: موٹا گوشت۔

وِرْيَةُ النَّارِ ووَرْيَتُهَا: آگ سلگانے کے لئے چیتھڑا وغیرہ۔

الوَزُّ۔اِوَزٌّ: میں ایک لغت۔بط۔مؤنث وَزَّةٌ ج وَزَّاتٌ۔

أَرْضٌ مَوَزَّةٌ: بہت بط والی زمین۔

وَزَأَ يَوْزَأُ وَزْأً اللَّحْمَ: گوشت خشک کرنا۔۔۔۔القَوْمَ: بعض کا بعض کو ہٹانا۔وَزَأَهُم: بعض کو بعض سے ہٹانا۔

وَزَّأَ تَوْزِئَةً وتَوْزِيئًا القِرْبَةَ: مشک بھرنا۔۔۔۔الفَرَسُ بِرَاكِبِهِ: گھوڑے کا سوار کو گرانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

وَزَّأَ فُلَانًا: سخت قسم کھلانا۔

تَوَزَّأَ الوِعَاءُ: برتن کا بھر جانا۔۔۔۔الرَّجُلُ: خوشنمائی میں بھرپور ہونا۔

وَزَبَ يَزِبُ وُزُوبًا المَاءُ ونَحْوُهُ: پانی وغیرہ کا بہنا۔

أَوْزَبَ إِيزَابًا فِي الأَرْضِ: جانا۔

الوَزَّابُ: شاطر چور۔

المِيزَابُ والمِئْزَابُ: پرنالہ ج مَيَازِيبُ ومَآزِيبُ اور بقول بعض مَوَازِيبُ۔

وَزَرَ يَزِرُ وَزْرًا الشَّيْءَ: اٹھانا۔۔۔۔الرَّجُلُ: بوجھل چیزوں کو پیٹھ پر اٹھانا(۔۔۔۔وَزْرًا) الرَّجُلَ: غالب ہونا۔۔۔۔الثُّلْمَةَ: رخنہ بند کرنا۔

وَزَرَ يَزِرُ ووَزِرَ يَوْزَرُ وِزْرًا وَزْرًا ووِزْرًا وزِرَةً: گنہگار ہونا۔وُزِرَ فُلَانٌ: گناہ سے منسوب کیا جانا۔

وَزَرَ يَزِرُ وِزَارَةً لِلْمَلِكِ: وزیر بننا۔

أَوْزَرَ إِيزَارًا الشَّيْءَ: محفوظ کرنا۔چھپانا۔لے جانا۔۔۔۔الرَّجُلَ: جائے پناہ دینا۔

وَازَرَهُ مُوَازَرَةً: وزیر بننا۔۔۔۔هُ عَلَى الأَمْرِ: مدد دینا۔تقویت دینا (یہ آزر کا مقلوب ہے)

تَوَزَّرَ لَهُ: ۔۔۔۔وزیر بننا۔

اِتَّزَرَ: چھوٹا سا کمبل اوڑھنا۔۔۔۔بِثَوْبِهِ: چھوٹے سے کمبل کی مانند پہننا۔گناہ کرنا۔

اِسْتَوْزَرَهُ: وزیر بنانا۔اِسْتَوْزَرَ الشَّيْءَ: لے جانا۔

الوِزْرُ: مص۔گناہ۔گرانی۔بھاری بوجھ۔کپڑوں کی گٹھری۔ج أَوْزَارٌ۔أَوْزَارُ الحَرْبِ: سامان جنگ۔کہا جاتا ہے "وَضَعَتِ الحَرْبُ أَوْزَارَهَا" یعنی جنگ ختم ہوگئی اس لئے کہ اس وقت ہتھیار رکھ دیتے ہیں۔

الوَزَرُ: جائے پناہ۔بلند پہاڑ۔

الوِزْرَةُ: چھوٹا کمبل ج وِزْرَات وِزَرَات وِزْرَات۔

الوِزَارَةُ والوَزَارَةُ: وزیر کا مرتبہ۔

الوَزِيرُ: امور سلطنت میں بادشاہ کا معین و مددگار۔مددگار۔ج وُزَرَاءُ وأَوْزَارٌ۔

المَوْزُورُ: مفع۔گنہگار۔گناہ سے متہم۔

وَزَعَ يَزَعُ ويَزِعُ وَزْعًا فُلَانًا وبِفُلَانٍ: روکنا۔منع کرنا۔وَزَعَ الجَيْشَ: ترتیب سے صفوں میں رکھنا۔کہا جاتا ہے "رَأَيْتُهُ يَزَعُ الجَيْشَ" میں نے اس کو دیکھا کہ وہ لشکر کی ترتیب سے صف بندی کر رہا تھا (۔۔۔۔وُزُوعًا) فُلَانًا بِفُلَانٍ: بھڑکانا۔

وَزَّعَ المَالَ بَيْنَهُمْ: پراگندہ کرنا۔۔۔۔المَالَ عَلَيْهِمْ: تقسیم کرنا۔

أَوْزَعَ المَالَ: تقسیم کرنا۔۔۔۔هُ بِكَذَا: بھڑکانا أَوْزَعَ بَيْنَهُمَا: تفریق کرنا۔اصلاح کرنا۔۔۔۔هُ الشَّيْءَ: الہام کرنا۔وأُوزِعَ الشَّيْءَ: الہام کیا جانا۔وأُوزِعَ بِهِ: بھڑکایا جانا۔صفت مُوزَعٌ۔

تَوَزَّعَ: پراگندہ ہونا۔۔۔۔القَوْمُ المَالَ: آپس میں تقسیم کرنا۔کہا جاتا ہے "تَوَزَّعَتْهُ الأَفْكَارُ" اس نے کبھی ایک کی فکر کی کبھی دوسرے کی۔وتَوَزَّعُوا ضُيُوفَهُمْ: انہوں نے مہمانوں کو آپس میں تقسیم کرلیا۔

اِتَّزَعَ: باز رہنا۔رکنا۔

اِسْتَوْزَعَ اللهَ شُكْرَهُ: شکر کی توفیق چاہنا۔

الوَازِع: فا۔ ڈانٹنے والا۔ کتا۔ فوج کا سردار ج وَزَعة ووُزّاع۔
الوَزَعة. وازِع: کی جمع۔ بادشاہ کے مددگار و محافظ۔ اللہ تعالیٰ کے محارم سے باز رکھنے والے حکام۔
الاَوْزَاع: جماعتیں (اس کا واحد نہیں)
المُتَّزِع: فا۔ سخت جان۔
وَزَّعَ يَزِعُ وَزْعًا واَوْزَعَ بِبَوْلِهِ: تھوڑا تھوڑا کر کے پیشاب کرنا اور اسی سے ہے اَوْزَعَتِ الطَّعْنَةُ بِالدَّمِ: نیزہ کے زخم سے تھوڑا تھوڑا خون نکلا۔
وَزَّعَ الْجَنِينُ: صورت بن کر حرکت کرنا۔
الوَزَع: کیکچی۔ بزدل مرد۔
الوَزَغة: چھپکلی۔ ج وَزَغ ووِزاغ واَوْزَاغ وزْغان واِزْغان. الاَوْزَاغ: کمزور لوگ۔
وَزَفَ يَزِفُ وَزْفًا ووَزِيفًا ووَزَّفَ تَوْزِيفًا واَوْزَفَ اِيزَافًا: جلدی کرنا (...... وَزَفَ) فُلانًا: جلدی کرانا۔
وَازَفَ مُوَازَفَةً وتَوَازَفَ تَوَازُفًا...... القَوْمُ: بعض کا بعض سے قریب ہونا۔
الوَزَّالُ: ایک خاردار درخت جس کے پتے نہیں ہوتے زرد رنگ کے خوبصورت پھول ہوتے ہیں۔
وَزَمَ يَزِمُ وَزْمًا فُلانًا بِفِيهِ: منھ سے آہستہ سے کاٹنا...... الشَّيْءَ: سوراخ کرنا...... الدَّيْنَ: قرض ادا کرنا (...... ووَزَّمَ) نَفْسَهُ: دن میں ایک مرتبہ کھانا۔
وُزِمَ وَزْمَةً فِي مَالِهِ: کچھ جاتا رہنا۔
تَوَزَّمَ: بہت روندنے والا ہونا۔
الوَزْم: مص۔ مقدار۔ اپنے وقت پر آنے والا۔ معاملہ (...... والوَزِيم والوَزِيمَة) سبزی کا گٹھا۔ گوشت جس کو عقاب اپنے گھونسلے میں جمع کرتا ہے۔ الوَزِيم: گوشت کا ٹکڑا خشک کیا ہوا۔ بڑا چوہا۔ رَجُلٌ وَزِيمٌ: گٹھے ہوئے گوشت کا مرد۔
الوَزْمَة: مص۔ مقدار۔ دن میں ایک مرتبہ کی خوراک۔

الوِزَام: جلدی۔
الوَزَّام: بہت گوشت اور عضلہ والا۔
الْوَزِيمُ عِنْدَ اَرْبَابِ عِلْمِ النَّبَاتِ: مؤنث نباتات کا عضو تانیث۔
الوَزِينِيَّةُ: امریکہ میں ایک لمبے تنے والے درخت زیب و زینت۔
وَزَنَ يَزِنُ وَزْنًا وَزِنَةً الشَّيْءَ: تولنا...... لَهُ الدَّرَاهِمَ وَغَيْرَهَا: تول کر دینا...... الشِّعْرَ: شعر کی تقطیع کرنا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا يَزِنُ رِطْلًا" یعنی یہ ایک رطل کے برابر ہے۔
وَزُنَ يَوْزُنُ وَزَانَةً الشَّيْءُ: بوجھل ہونا۔ صفت وَازِنٌ...... الرَّجُلُ: عقلمند و سنجیدہ رائے ہونا۔
وَزَنَ واَوْزَنَ نَفْسَهُ عَلَى كَذَا: دل لگانا۔
وَازَنَهُ وِزَانًا ومُوَازَنَةً: مقابل ہونا۔ وزن میں برابر کرنا۔ عمل کا بدلہ دینا...... بَيْنَ الشَّيْئَيْنِ: وزن معلوم کرنے کیلئے مقابلہ کرنا۔
تَوَازَنَ الشَّيْئَانِ: باہم برابر ہونا۔
اِتَّزَنَ: تلنا...... الدَّرَاهِمَ: پرکھنا...... العِدْلُ: گٹھڑی کا دوسرے کے برابر ہونا...... الشَّيْءَ: وزن سے لینا۔
الوَزْن: مص۔ مثقال۔ ج اَوْزَان کہا جاتا ہے "هٰذَا دِرْهَمٌ وَزْنٌ" وزن کیا ہوا ہے۔ "وَهٰذَا رَجُلٌ رَاجِحُ الْوَزْنِ" یہ شخص پختہ رائے اور کامل العقل ہے۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وِزَانَ الشَّيْءِ او وَزْنَ الشَّيْءِ او زِنَةَ الشَّيْءِ او بِوِزَانِهِ او بِوِزَانَتِهِ" وہ اس کے سامنے ہے یا وزن میں اس کے برابر ہے "وَهُوَ وَزْنَ الْجَبَلِ" وہ پہاڑ کی جانب میں ہے۔
الوَزْنَة: وزن کا اسم مرۃ۔ پختہ رائے۔ کامل العقل عورت۔ کہا جاتا ہے "مَا اَكَلَهُ فِي الْيَوْمِ اِلَّا وَزْنَةً وَاحِدَةً" دن میں اس کی خوراک صرف ایک ہی مرتبہ ہے۔
الوِزْنَة. وَزْن: کا اسم نوع۔
الوَازِن: فا۔ کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ وَازِنٌ" پورا......

الاَوْزَن: اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا الْقَوْلُ اَوْزَنُ مِنْ غَيْرِهِ" یہ قول دوسرے سے زیادہ قوی ہے "وَهُوَ اَوْزَنُ الْقَوْمِ" وہ قوم میں زیادہ وجاہت والا ہے۔
الوَزِين: اندرائن کے پسے ہوئے دانے۔ کہا جاتا ہے "فُلانٌ وَزِينُ الرَّأْيِ" فلاں سنجیدہ رائے ہے۔
المَوْزُونَة: پست قد عقلمند عورت۔
المِيزَان: ترازو۔ ج مَوَازِين. المِيزَان: مقدار۔ انصاف۔ کہا جاتا ہے "اِسْتَقَامَ مِيزَانُ النَّهَارِ" دن آدھا ہو گیا۔
وَزْوَزَ وَزْوَزَةً: جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔ ہلکا ہونا اور جلدی کودنا۔
الوَزْوَاز: جسم کو حرکت دیتے ہوئے قریب قریب قدم رکھ کر چلنے والا (...... والوَزْوَازَة) اوچھا پستہ قد مرد۔ ایک پرندہ۔
المُوَزْوِز: فا۔ گانے والا۔
وَزَى يَزِي وَزْيًا الشَّيْءُ: جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا...... الاَمْرُ فُلانًا: غصہ دلانا۔
وَازَاهُ مُوَازَاةً: مقابل ہونا۔
اَوْزَى اِيزَاءً ظَهْرَهُ اِلَى الْحَائِطِ: ٹیک لگانا...... لِدَارِهِ: دیواروں کو مٹی سے لیپنا...... الشَّيْءَ: اٹھانا اور ٹیک لگانا...... اِلَى فُلانٍ: پناہ لینا۔ اَوْزَيْتُهُ اِلَيْهِ: پناہ لینے پر مجبور کرنا۔
تَوَازَى تَوَازِيًا الشَّيْئَانِ: ایک دوسرے کے مقابل ہونا۔
اِسْتَوْزَى اِسْتِيزَاءً فِي الْجَبَلِ: پہاڑ پر چڑھنا۔
الوَزَى: پستہ قد گٹھے بدن کا مرد۔
المُسْتَوْزِي: فا۔ خود رائے۔ سیدھا کھڑا ہونے والا بلند۔
وَسِبَ يَوْسَبُ وَسَبًا واَوْسَبَ اِيسَابًا المَكَانُ: بہت گھاس والی ہونا۔ اَوْسَبَ الكَبْشُ: بہت اون والا ہونا۔
وَسِبَ يَوْسَبُ وَسَبًا الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

الوسب: گھاس۔
الوسب: مص میل۔
الميساب: ادھ کچری کھجور۔
وسجت تسج وسجا ووسيجا
ووسجانا الإبل: تیز چلنا۔ صفت واسجة.
أوسج البعير: تیز چلانا۔
الوساج والوسوج من الإبل: تیز رفتار ج
وسج اور کہا جاتا ہے "إبل وسوج" تیز
رفتار اونٹ۔
الوسج والوسجان والوسيج: اونٹ کی
تیز چال۔
وسخ يوسخ وياسخ وييسخ وسخا
الشيء: میلا ہونا۔ صفت وسخ.
وسخ وأوسخ الشيء: میلا کرنا۔
توسخ واتسخ استوسخ: میلا ہونا۔
الوسخ: میل کچیل۔ ج أوساخ.
وسده الوسادة: کسی کو تکیہ دینا۔ وسد إليه
الأمر: کسی کام کو کسی کے ذمہ کر دینا۔
أوسد في السير: تیز چلنا...... الكلب
بالصيد: کتے کو شکار پر اکسانا۔
توسد الوسادة: سر کے نیچے تکیہ رکھنا......
ذراعه: ہاتھ کو تکیہ کی طرح رکھ کر سونا۔
الوساد والوساد والوساد...... تکیہ ج
وسد کہا جاتا ہے "رجل عريض
الوساد" یعنی غبی۔ اور "إن وسادك
لعريض" کنایہ ہے کثرت نوم سے۔
الوسادة والوسادة والوسادة: تکیہ ج
وسادات ووسادات ووسادات
ووسائد.
وسط يسط وسطا وسطة المكان أو
القوم: بیچ میں بیٹھنا۔ صفت واسط
(......وساطة) القوم وفيهم: قوم میں حق و
عدل میں متوسط ہونا۔
وسط يوسط وساطة: شریف ہونا۔
صاحب حسب ہونا۔
وسط يسط وساطة وسطة ووسط في
حسبه: شریف و صاحب حسب ہونا۔

وسطه: ثالث بنانا۔ بیچ میں کرنا۔ وسط
الشيء: دو ٹکڑے کرنا۔
أوسط إيساطا القوم: بیچ میں داخل ہونا۔
توسط القوم أو المكان: بیچ میں بیٹھنا......
بينهم: ثالث و مصلح بننا...... الرجل: درمیانی
چیز لینا۔
الوسط (واحد جمع مذکر و مؤنث کے لئے)
معتدل۔ مثلاً کہا جاتا ہے "شيء وسط" یعنی
عمدہ اور ردی چیزوں کی درمیانی چیز ج
أوساط وسط الشيء: دونوں اطراف کے
درمیان جیسے وسط الحبل ووسط
الدار۔ رجل وسط صاحب حسب مرد اور کہا
جاتا ہے "هو في وسط القوم وفي
وسطهم" یعنی وہ قوم کے درمیان میں ہے
اور بعضوں نے کہا ہے کہ ہر وہ موقع جہاں پر
لفظ وسط کے عوض بين رکھ سکتے ہوں وہ
ساکن الاوسط ہوتا ہے ورنہ متحرک الاوسط
اور اسی لحاظ سے کہتے ہیں "وسط القوم"
اور "وسط الحبل".
الواسط: فا۔ دروازہ۔ پالان کا اگلا حصہ۔
الواسطة. واسط: کا مؤنث۔ پالان کا اگلا
حصہ۔ ہار کے بیچ کا عمدہ جوہر۔ ذریعہ۔
سبب۔ کہا جاتا ہے "كان بواسطة كذا" وہ
فلاں کے ذریعہ سے تھا۔ ثالث اور کہا جاتا
ہے "فلان في واسطة قومه" فلاں اپنی قوم
میں سب سے اچھا ہے۔
الوساطة: مص۔ ثالثی۔
الوسيط: دو جھگڑا کرنے والوں کے
درمیان ثالث ج وسطاء مؤنث
وسيطة اور کہا جاتا ہے "هو وسيط
فيهم" وہ بلند مرتبہ اور شریف النسب ہے۔
الأوسط: متوسط۔ معتدل ج أواسط
أوسط الشيء: دونوں اطراف کا درمیان۔
العلم الأوسط: علم ریاضی اور اس کو حکمت
وسطی بھی کہتے ہیں۔
الوسطى. أوسط: کا مؤنث ج وسط من
الأصابع: بیچ کی انگلی۔

الوسوط: درمیانی۔ بالوں کا خیمہ یا چھوٹا
خیمہ۔
وسوط الشمس: آفتاب کا آسمان کے بیچ
میں آنا۔
موسط البيت: گھر کا درمیانی حصہ۔
المتوسط: فا۔ البحر المتوسط: وہ سمندر
جو یورپ' ایشیا اور افریقہ کے درمیان ہے
اور جس کو بحر ابیض اور بحر روم بھی کہتے ہیں۔
وسع يسع ويسع سعة وسعة المكان
: کشادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "هذا الإناء
يسع عشرين كيلا" یعنی اس برتن میں بیس
کیل کی گنجائش ہے۔ "ووسعت رحمة
الله كل شيء ولكل شيء وعلى كل
شيء" اللہ تعالیٰ کی رحمت سب چیزوں کا
احاطہ کئے ہوئے ہے "وما أسع هذا" میں
اس کی طاقت نہیں رکھتا۔ "لا يسعك أن
تفعل هذا" تمہارے لئے جائز نہیں کہ تم یہ
کرو۔ تم اس کے کرنے پر قادر نہیں ہو
"ووسع القوم فضله" اس کا فضل ساری
قوم کو عام ہے "ووسع المال الدين" یعنی
مال بہت ہے یہاں تک کہ سارے قرض کی
ادائیگی کے لئے کافی ہے۔
وسع يوسع وسعا الله عليهم رزقه
: بکثرت دینا۔ کشادہ کرنا اور کہا جاتا ہے
"وسع عليه" جبکہ غنی کر دے۔
وسع يوسع سعة ووساعة المكان
: کشادہ ہونا...... الفرس: کشادہ قدم ہونا۔
أوسع: مالدار ہونا...... الموضع: کشادہ پانا
......النفقة: بہت خرچ کرنا (...... ووسع)
کشادہ کرنا...... الله عليه: مالدار بنانا۔
وأوسعه الشيء: کسی چیز کو گنجائش کا بنانا۔
توسع: کشادہ ہونا...... القوم في المكان:
کشادگی کرنا...... الرجل في النفقة: زیادہ
خرچ کرنا۔
اتسع: کشادہ ہونا...... الرجل: صاحب
وسعت و مالدار ہونا...... النهار: طویل و
[illegible]ز ہونا۔

اِسْتَوْسَعَ : کشادہ ہونا......الشَّئُ: کشادہ پانا یا طلب کرنا۔
الْوَاسِعِ : فا۔ کشادہ......فِی الْاَسْمَاءِ الْحُسْنٰی : اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے جس کے معنی ہیں بہت دینے والا یا ہر چیز پر احاطہ کرنے والا۔
الْوَسْعِ والْوِسْعِ الْوُسْعِ: طاقت۔ کہا جاتا ہے "لَيْسَ فِیْ وَسْعِهِ اَنْ يَفْعَلَ كَذَا" یعنی اس کے کرنے پر وہ قادر نہیں۔
السَّعَةُ والْوُسْعَةُ والتَّوْسِعَةُ: گنجائش السَّعَةُ تونگری۔ غنیٰ۔ طاقت۔ قدرت۔
الْوَسِيْعُ: کشادہ......مِنَ الْخَيْلِ : کشادہ قدم گھوڑا۔
الْوَسَاعُ مِنَ الْخَيْلِ : عمدہ یا کشادہ قدم گھوڑا۔
وَسَّفَ تَوْسِيْفًا. الشَّئُ: چھیلنا۔
تَوَسَّفَ الشَّئُ : چھلنا......الْبَعِيْرُ: موٹا ہونا اور پرانے بال گر کر نئے بال نکلنا......اَوْبَارُ الْاِبِلِ : اونٹ کے اُون کا جھڑ جانا۔
وَسَقَ يَسِقُ وَسْقًا الشَّئُ: جمع کر کے اٹھانا......الْبَعِيْرَ: اُونٹ پر ایک وسق (ساٹھ صاع) لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّاقَةُ وَغَيْرُهَا : اُونٹنی کا حاملہ ہونا۔ صفت وَاسِقٌ ج وَاسِقَات ووِسَاق اور مَوَاسِق ومَوَاسِيْق : خلاف قیاس جمع ہیں۔ وَسَقَتِ الْعَيْنُ الْمَاءَ : آنکھ میں پانی ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَا اَفْعَلُ ذٰلِكَ مَا وَسَقَتْ عَيْنِي الْمَاءَ" میں اس کو نہیں کروں گا جب تک میری آنکھوں میں پانی ہے۔ وَسَقَتِ النَّخْلَةُ : پھل دار ہونا(...... وسِيْقًا) الْبَعِيْرَ: ہانکنا۔
وَسَّقَ الْحِنْطَةَ : ساٹھ ساٹھ صاع کا گیہوں کا ڈھیر لگانا۔
اَوْسَقَ اِيْسَاقًا الدَّابَّةَ : لادنا۔ اَوْسَقَتِ النَّخْلَةُ: بہت پھل دار ہونا۔
وَاسَقَهُ مُوَاسَقَةً: برابری کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
اِتَّسَقَ الْاَمْرُ : مرتب ہونا......الْاِبِلُ: اُونٹوں کا اکٹھا ہونا......الْقَمَرُ: چاند کا پورا ہونا

اِسْتَوْسَقَ اِسْتِيْسَاقًا : اکٹھا ہونا۔ الْاَمْرُ : مرتب ہونا......لَهُ الْاَمْرُ: ممکن ہونا۔
الْوَسْقُ : مص۔ ساٹھ صاع اور بقول بعض ایک اُونٹ کا بوجھ ج اَوْسَاق. الْوَسْقُ : درخت خرما کا بوجھ۔ ج اَوْسَاق ووُسُوْق.
الْوَسِيْقُ: مص۔ دھتکار۔ بارش۔
الْوَسِيْقَةُ مِنَ الْاِبِلِ : اُونٹوں کا گلہ۔ ج وَسَائِق. الْوَسِيْقَةُ : حاملہ۔ کہا جاتا ہے نَاقَةٌ وَسِيْقَةٌ: حاملہ اونٹنی۔
الْمُتَّسِقُ عِنْدَ اَهْلِ الْعَرُوْضِ : اوزان شعر میں ایک وزن ہے۔ جس کا نام متدارک بھی ہے۔ الْمُتَّسِقُ: چاند کا نام۔
الْمِيْسَاقُ مِنَ الْحَمَامِ : بڑے بازوؤں والا کبوتر ج مَيَاسِيْق ومَآسِيْق. الْمِيْسَاقُ : پرندہ جو اڑنے میں پھڑ پھڑائے۔
وَسَلَ يَسِلُ وَسِيْلَةً ووَسَّلَ وتَوَسَّلَ اِلَى اللّٰهِ بِعَمَلٍ او وَسِيْلَةٍ: تقرب حاصل کرنا۔ صفت وَاسِل.
الْوَاسِلَةُ والْوَسِيْلَةُ :تقرب حاصل کرنے کا ذریعہ ج وَسِيْل ووَسَائِل ووُسُل الْوَاسِلَةُ والْوَسِيْلَةُ: مرتبہ۔ درجہ۔
وَسَمَهُ يَسِمُهُ وَسْمًا وسِمَةً : داغ لگانا۔
وَسَمَ الْوَسْمِيُّ الْاَرْضَ :بہار کی پہلی بارش ہونا۔
وَسُمَ يَوْسُمُ وَسَامًا ووَسَامَةً الْغُلَامُ : خوبصورت چہرے والا ہونا......الْوَجْهُ: خوبصورت ہونا۔
وَسَّمَ: حج کے موقعہ پر مکہ میں حاضر ہونا۔
وَاسَمَهُ مُوَاسَمَةً: خوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔
تَوَسَّمَ الشَّئُ : فراست سے معلوم کرنا۔ علامت طلب کرنا۔ پہچاننا۔ تَوَسَّمَ فِيْهِ الْخَيْرَ : بھلائی معلوم کرنا......الرَّجُلُ: موسم بہار کی گھاس کو تلاش کرنا۔ تَوَسَّمَ بِالْوَسِمَةِ : وسمہ لگانا۔
[illegible]

الْوَسْمُ : مص۔ ایک درخت ہے جس کے پتوں کو بطور خضاب کے استعمال کرتے ہیں۔ علامت داغ کا نشان۔ ج وُسُوْم.
اَسِمَةٌ : پھول کی پتی کا اوپر والا حصہ۔
جُزْءُ الْمَدِقَّةِ: پھول پتیوں کو جمع کرنے والا حصہ۔
السِّمَةُ: مص۔ علامت۔ داغ کا نشان۔ ج سِمَات.
الْوَسْمِيُّ: موسم بہار کی پہلی بارش۔
الْوِسَامُ: جانوروں کا داغ۔ تمغہ ج اَوْسِمَة.
الْوَسْمَةُ والْوَسِمَةُ: نیل کے پتے یا ایک قسم کی نباتات جس کے پتوں سے خضاب کرتے ہیں۔
الْوَسِيْمُ: خوبصورت چہرے والا ج وُسَمَاء ووِسَام مؤنث وَسِيْمَةٌ ج وَسِيْمَات ووِسَام.
الْوَسَامَةُ : مص۔ خوبصورتی کا اثر۔ حسن و جمال۔
الْاَوْسَمُ: خوبصورت۔
الْمَوْسِمُ :لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ۔ اکثر استعمال حج کے موقع کے لئے ہوتا ہے اور عید کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔ ج مَوَاسِم.
الْمِيْسَمُ : داغ لگانے کا آلہ۔ داغ کا نشان ج مَيَاسِم. الْمِيْسَمُ: حسن و جمال۔
الْمَوَاسِمُ: داغ لگائے ہوئے اونٹ۔
وَسِنَ يَوْسَنُ وَسَنًا وسِنَةً: اونگھنا۔ بیہوش ہونا (ضد) صفت مذکر وَسِنٌ ووَسْنَان ومِيْسَان. صفت مؤنث وَسِنَةٌ ووَسْنٰى ومِيْسَان. وسِنَ فُلَانٌ : کنوئیں کی بدبو سے غشی طاری ہونا۔
اَوْسَنَهُ الْبِئْرُ : غشی طاری کرنا۔
تَوَسَّنَهُ: نیند کے وقت آنا۔
اِسْتَوْسَنَ: اونگھنا۔
الْوَسَنُ : مص۔ ضرورت۔ حاجت۔ ج اَوْسَان.
السِّنَةُ : مص۔ اونگھ۔ غنودگی۔ کہا جاتا ہے "هُوَ فِيْ سِنَةٍ" وہ غفلت میں ہے۔

الوَسْنَة: نعس۔ نیند کی کمی۔ اونگھ۔
الوَسْنِیُّ: بہت اونگھنے والا۔
المَوْسُوْن: کاہل۔ مؤنث مَوْسُوْنَة.
وَسْوَسَ وِسْوَاسًا ووَسْوَسَةً الشَّیْطَانُ لَهُ وإِلَیْهِ: وسوسہ ڈالنا...... الرَّجُلُ: خرابی عقل کی وجہ سے بے تکی باتیں کرنا۔ وسوسہ والا ہونا۔ صفت مُوَسْوِس: آہستہ بولنا...... الحَلْیُ او القَصَبُ: جھنکار ہونا یا آواز نکلنا...... الرَّجُلَ: کسی سے آہستہ گفتگو کرنا۔
وُسْوِسَ بِهٖ: کلام میں گڑبڑی ہونا۔
الوَسْوَاس: وسوس کا اسم۔ شیطان۔ ایک مرض ہے جو غلبہ سوداء کی وجہ سے پیدا ہوجاتا ہے۔ دل میں جو برائی یا بے نفع بات گزرے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ ج وَسَاوِس.
وَسَی یَسِیْ وَسْیًا رَأْسَهٗ: مونڈنا۔
وَاسَی الرَّجُلَ مُوَاسَاةً. آسَاهُ مُوَاسَاةً: میں ایک لغت ہے بمعنی مدد دینا۔
أَوْسَی إِیْسَاءً ا. الرَّأْسَ: مونڈنا۔ الشَّیْءَ: کاٹنا۔
المُوْسَی: استرہ۔ ج مَوَاسٍ.
الوَشْب: سخت قسم کی کھجور وغیرہ۔
الوِشْب. أَوْشَاب: کا واحد بمعنی اخلاط ناس طرح طرح کے لوگ۔
وَشَجَتْ تَشِجُ وَشْجًا الأَغْصَانُ: ٹہنیوں کا ایک دوسرے میں گتھی ہوئی ہونا۔ کہا جاتا ہے "وَشَجَتْ بِکَ قَرَابَتُهٗ" تمہارے ساتھ اس کی قرابت مل گئی۔ "وَوَشَجَتْ فِیْ قَلْبِهٖ أُمُوْرٌ وَهُمُوْمٌ" اس کے دل میں مختلف قسم کے امور اور غم لاحق ہیں (...... وَوَشَجَ مَحْمَلَهٗ) کچھ کرنے سے بچانے کے لئے تسمہ سے باندھنا۔ وَشَجَ اللّٰهُ قَرَابَتَهٗ بِکُمْ: اللہ اس کی قرابت کو تم سے ملا دے۔ وَشَجَ اللّٰهُ بَیْنَ القَوْمِ: اللہ نے لوگوں کو آپس میں ملا دیا۔
تَوَشَّجَتْ وتَوَاشَجَتْ عُرُوْقُ الشَّجَرَةِ ونَحْوُهَا: پیچیدہ ہونا۔

الوَاشِج: فا۔ پیچیدہ۔ مؤنث وَاشِجَة
الوَاشِجَة: باہم پیوستہ قرابت۔
الوَشِیْج: قرابت و رشتہ داری کی باہم پیوستگی۔ نیزوں کا درخت۔ نیزوں کے لئے بھی بولا جاتا ہے کہتے ہیں تَطَاعَنُوْا بِالْوَشِیْجِ.
الوَشِیْجَة: درخت کے ریشہ کی رسی جس کو بن کر دو لکڑیوں میں پھنسا دیتے ہیں اور اس پر گیہوں وغیرہ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے ہیں۔ ج وَشَائِج کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِیْجَةُ القَوْمِ" وہ لوگ قوم میں اجنبی ہیں۔
الوَشِیْجَة: کان کی رگ۔ ج وَشَائِج.
وَشَّحَهٗ: حمیل پہنانا۔
تَوَشَّحَ واتَّشَحَ: حمیل پہننا۔ تَوَشَّحَ بِسَیْفِهٖ: تلوار کو گردن میں لٹکانا...... بِثَوْبِهٖ: کپڑا پہننا یا بغل کے نیچے سے نکال کر کندھے پر ڈالنا...... الجَبَلَ: پہاڑ پر چلنا۔
الوِشَاح: تلوار۔ کمان۔ ذُو الوِشَاحِ: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی تلوار کا نام۔ (الوُشَاح) حمیل۔ جڑاؤ پٹی۔ ج وُشُحٌ وأَوْشِحَة ووَشَائِح.
الوِشَاحَة: تلوار۔
الوَشْحَاء: کالی بکری جس کی گردن اور سینہ سفید ہو۔
المُوَشَّح: اشعار کی ایک قسم جو خاص اوزان اور قوافی پر نظم کئے جاتے ہیں مگر اس میں ناظم ایک ہی قافیہ کا پابند نہیں ہوتا اور یہ اندلسی شعراء کا اختراع ہے۔
المُوَشَّحَة مِنَ الطَّیْرِ او الظِّبَاءِ: پرندہ یا ہرن جس کے دونوں پہلوؤں پر دو سفید دھاریاں ہوں۔
وَشَرَ یَشِرُ وَشْرًا أَسْنَانَهٗ: دانتوں کو تیز اور باریک کرنا...... الخَشَبَةَ بِالْمِنْشَارِ: لکڑی کو آرہ سے چیرنا۔
اِتَّشَرَ واِسْتَوْشَرَ: دانت تیز اور باریک کرنے کو کہنا۔
المِیْشَار: آرہ۔

مُوَشَّر ثُلَاثِیٌّ رُبَاعِیٌّ خُمَاسِیٌّ: جس کے قاعدے ثلاثی رباعی اور خماسی ہوں۔
المُوَشَّر: مفع...... فِیْ عِلْمِ الطَّبِیْعِیَّاتِ: علم طبیعیات کی اصطلاح میں اس بلوری جسم کو کہتے ہیں جس کے تین ضلعے ہوں۔ ج مَوَاشِیْر.
وَشَزَ یَشِزُ وَشْزًا: جلدی کرنا۔
تَوَشَّزَ لِلشَّرِّ: آمادہ برائی ہونا۔
الوَشْز والوَشَز: جلدی۔ بلند مکان جس کی پناہ لی جائے۔ سختی زندگانی ج أَوْشَاز.
الوَشِیْزَة: بہت بھرا ہوا تکیہ ج وَشَائِز.
وَشَظَ یَشِظُ وَشْظًا العَظْمَ: ہڈی کا ٹکڑا توڑنا...... الفَأْسَ: کلہاڑے میں پچڑ لگا کر سوراخ تنگ کرنا...... القَوْمُ إِلَیْنَا: کم لوگوں کا آ کر ملنا۔
الوَشِیْظ: تابع۔ حلیف۔ قوم میں اجنبی آدمی ملا ہوا۔ خسیس۔ مختلف النسل لوگ۔ ج أَوْشَاظ (والوَشِیْظَة) لکڑی کا ٹکڑا جس سے پیالہ کو جوڑیں۔ کہا جاتا ہے "هُمْ وَشِیْظَةٌ فِیْ قَوْمِهِمْ" وہ لوگ اپنی قوم میں فرومایہ ہیں اور ایسا ہی "هُوَ وَشِیْظَةٌ فِیْهِمْ" ج وَشَائِظ.
وَشَعَ یَشَعُ وَشْعًا الشَّیْءَ: ملانا۔ القُطْنَ: روئی کو لپیٹنا (...... وَشْعًا و وُشُوْعًا) الجبلَ وفیه: پہاڑ پر چڑھنا...... البَقْلَةُ: پھولدار ہونا...... ہ الشَّیْءُ: بلند ہونا۔
وَشَّعَ القُطْنَ: روئی دھنکنے کے بعد لپیٹنا...... الثَّوْبَ: کپڑے پر نقش و نگار کرنا...... الشَّیْبُ رَأْسَهٗ: سر میں سفیدی چھا جانا...... الشَّیْءَ فِی الشَّیْءِ: داخل ہونا۔ وَشَّعُوْا عَلٰی کَرْمِهِمْ او بُسْتَانِهِمْ: باغ میں باڑ لگانا۔
أَوْشَعَ البَقْلُ او الشَّجَرُ: سبزی یا درخت کا پھولدار ہونا۔
تَوَشَّعَ الشَّیْءُ: پراگندہ ہونا...... فِی الجَبَلِ: پہاڑ میں دائیں بائیں جانا...... الشَّیْبُ رَأْسَهٗ: سر میں سفیدی چھا جانا۔ تَوَشَّعُوْا الضُّیُوْفَ: ہر ایک کا مہمانوں کی ایک

جماعت کو اپنے گھر لے جانا۔ تَوَشَّعَ بِہٖ
: بہت ہونا...... بِالْكَذِبِ: جھوٹ سے مزین
ہونا...... الْغَنَمُ فِي الْجَبَلِ: بکریوں کا چرنے
کے لئے پہاڑ پر چڑھنا۔
الوَشْعُ: مص۔ سبزیوں کے شگوفے۔ پہاڑ
میں تھوڑی سی نباتات ج وُشُوْع۔
الوُشْعُ: مکڑی کا جالا۔
الوُشُوْع: پہاڑ میں متفرق نباتات۔ حلق
میں ٹپکانے کی دوا۔
الوَشِيْعُ: کپڑے کا نقش و نگار، باغ کے
اردگرد کی باڑ۔ مکان کی چھت یا چٹائی وغیرہ
جو چھت کے قائم مقام ہو۔ خشک ہو کر گرا ہوا
درخت۔ سردار لشکر کا خیمہ جہاں سے وہ فوج
کی نقل و حرکت کو دیکھ سکے۔ کنوئیں کے
سرے کی موٹی سی لکڑی جس پر کھڑے ہو کر
پانی کھینچیں۔
الوَشِيْعَةُ: رنگ برنگ کے سوت لپیٹنے کی
لکڑی، بننے والے کی نال، ہر پیچیدہ چیز۔
غبار کی دھاری ج وَشِيْع و وَشَائِع۔
المُوَشَّعُ: مفع۔ بُرْدٌ مُوَشَّعٌ: منقش و دھاری
دار چادر۔
وَشَغَ يَشِغُ وَشْغًا بِبَوْلِهٖ: پیشاب کرنا۔
وَشَّغَ الثَّوْبَ بِالدَّمِ: کپڑے پر خون لت
پت کر کے دھاری دار کر دینا۔
اَوْشَغَ اِيْشَاغًا الْعَطِيَّةَ: کم دینا...... بِبَوْلِهٖ:
پیشاب کرنا۔
تَوَشَّغَ بِالسُّوْءِ: آلودہ ہونا۔
الْوَشْغُ وَالْوَشِيْغُ: تھوڑا۔
الْوُشُوْغُ: منہ میں ٹپکانے کی دوا۔
وَشَقَهٗ يَشِقُهٗ وَشْقًا: خراش کرنا...... هٗ
بِالرُّمْحِ: نیزہ مارنا۔ وَشَقَ اللَّحْمَ: گوشت
کے پارچے کاٹ کر خشک کرنا...... الرَّجُلُ
: جلدی کرنا۔
وَشَّقَ الشَّيْءَ: ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
اَوْشَقَ الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ: چمٹنا۔
تَوَاشَقَ وَاتَّشَقَ الْقَوْمُ الْعَدُوَّ بِاَسْيَافِهِمْ
: دشمن کو تلواروں سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
وَاتَّشَقَ فُلَانٌ اللَّحْمَ: گوشت کے پارچے
کاٹ کر خشک کرنا۔
الْوَاشِقُ: فا۔ تھوڑا دودھ۔ جلدی سے
گزرنے والی چیز جیسے عمر اور زمانہ۔ بَاشِق
: میں ایک لغت۔
الوَشْقُ: مص۔ متفرق چراگاہ۔
الوَشَقُ: ایک جانور کا نام جس کی کھال سے
عمدہ پوستین تیار ہوتی ہے۔
الوَشِيْقُ وَالوَشِيْقَةُ: خشک کیا ہوا گوشت کا
پارچہ ج وَشَائِق۔
المِيْشَاقُ: کنجی کا دندانہ۔ ج مَوَاشِيْق۔
وَشُكَ يَوْشُكُ وَشْكًا وَوَشَاكَةً
وَوَشُكَ الْاَمْرُ: جلدی ہونا۔ صفت
وَشِيْك۔
اَوْشَكَ: جلدی چلنا اور قریب ہونا اور اسی
سے ہے اَوْشَكَ اَنْ يَمُوْتَ: وہ مرنے
کے قریب ہی تھا اور یہ افعال مقاربہ میں
سے ہے۔ مضارع کا استعمال ماضی سے
زیادہ ہے اور اسم فاعل کا استعمال بہت کم
ہے اور اس کی خبر پر 'اَنْ' آتا ہے۔
وَاشَكَ مُوَاشَكَةً: جلدی چلنا۔
الوَشْكُ وَالوُشْكُ وَالوَشْكَانُ
وَالوِشْكَانُ وَالوُشْكَانُ: جلدی۔ اور کہا
جاتا ہے وَشْكَانَ مَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ: یعنی یہ
جلدی ہوا۔ یا یہ کس قدر جلدی ہونے کو
ہے۔ اور یہ اسم فعل ہے۔
الوِشَاكُ: جلدی۔
الوَشِيْكُ (مذکر و مؤنث) جلد باز۔
قریب۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ وَشِيْكًا" وہ
جلدی نکلا۔
وَشَلَ يَشِلُ وَشْلًا وَوَشَلَانًا الْمَاءُ: پانی کا
بہنا۔ ٹپکنا (...... وُشُوْلًا) کمزور ہونا۔ محتاج
ہونا...... اِلَيْهِ: عاجزی ظاہر کرنا۔
اَوْشَلَ الْمَاءُ: پانی کم پانا...... حَظَّهٗ: کم کرنا۔
الوَشَلُ: تھوڑا پانی جو پہاڑ یا چٹان سے ٹپکے
۔ تھوڑا آنسو۔ بہت پانی یا آنسو (ضد) ج
اَوْشَالٌ۔ الوَشَلُ: [illegible]۔ خوف۔ کہا جاتا
ہے "جَاءَ الْقَوْمُ اَوْشَالًا" قوم ایک
دوسرے کے پیچھے آئی۔
عُيُوْنٌ وَشِلَةٌ: کم پانی والے چشمے۔
الوَاشِلُ: فا...... مِنَ الْجِبَالِ: پہاڑ جس سے
ہمیشہ پانی ٹپکے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ وَاشِلُ
الرَّاْيِ" فلاں کمزور رائے والا ہے۔ "وَهُوَ
وَاشِلُ الْحَظِّ" وہ ناقص حصہ والا ہے۔
نَاقَةٌ وَشُوْلٌ: زیادہ دودھ والی۔ کم دودھ
والی اونٹنی۔
الوُشُوْلُ: دولت کی کمی۔ نقصان۔
وَشَمَ يَشِمُ وَشْمًا وَوَشَمَ الْيَدَ: ہاتھ میں
گودنا۔ وَشَّمَ الْغُصْنُ: ٹہنی میں پتے ظاہر
ہونا۔
اَوْشَمَ اِيْشَامًا الْمَكَانُ: ہریالی ہونا۔ الْكَرْمُ
: انگور کا رنگ پکڑنا...... الشَّيْبُ فِي رَاْسِهٖ:
بڑھاپے کی سفیدی پھیلنا...... الْبَرْقُ: بجلی کا
آہستہ چمکنا...... السَّمَاءُ: بجلی کوندنا...... فِي
عِرْضِ فُلَانٍ: گالی دینا۔ عیب لگانا...... فِي
الْاَمْرِ: غور و فکر کرنا۔ اَوْشَمَتِ الْجَارِيَةُ
: پستان کا اُبھار شروع ہونا اور کہا جاتا ہے
"اَوْشَمَ يَفْعَلُ كَذَا" وہ ایسا کرنے لگا۔
اِسْتَوْشَمَ اِسْتِيْشَامًا: گودنے کے لئے کہنا۔
الوَشْمُ: مص۔ گودائی۔ گودنے کا اثر۔
نباتات کی پہلی روئیدگی۔ ج وُشُوْم
و وِشَام۔
الوَشْمَةُ: وَشَمَ: کا اسم مرۃ۔ بارش کا قطرہ۔
کہا جاتا ہے "مَا عَصَاهُ وَشْمَةً" اس نے
اس کی ذرا بھی نافرمانی نہیں کی۔
الوَشِيْمَةُ: دشمنی، برائی۔
تَوَشَّنَ الْمَاءُ: پانی کم ہونا۔
الوَشْنُ: بلند زمین۔ موٹا اونٹ۔
الْاَوْشَنُ: دوسرے کے دسترخوان پر کھانا
کھانے والا۔
وَشْوَشَ وَشْوَشَةً فُلَانًا: آہستہ گفتگو کرنا
...... هٗ الشَّيْءَ: دھیرے سے دینا۔
تَوَشْوَشَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے سے آہستہ
آہستہ گفتگو کرنا۔

الوَشْوَشُ والوُشْواشُ: ہلکا جلد باز مرد۔ وَشْوَشِیُّ الذِّرَاعِ: کام کرنے میں پھرتیلا مرد۔

وَشَی یَشِی وَشْیًا وَشِیَةً ووَشْی الثَّوْبَ: منقش کرنا...... الکَلامَ: جھوٹ بولنا۔ وَشَّاهُ ثَوْبًا: کپڑا پہنانا۔

وَشَی یَشِی وَشْیًا وَشَاوَ وِشَایَةً بِهٖ إِلَی المَلِکِ: چغل خوری کرنا...... بَنُو فُلَانٍ: بکثرت ہونا۔

اَوْشَی اِیْشَاءً المَکَانُ: ابتدائی نباتات ظاہر ہونا...... الرَّجُلُ: بہت مویشی والا ہونا...... المَعْدِنُ: کان میں تھوڑا سا سونا پایا جانا...... النَّخْلَةُ: پہلا پھل نکالنا...... الشَّیْئَ: نکالنا۔ جاننا...... الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا...... الدَّوَاءُ المَرِیْضَ: دوا کا مریض کو تندرست کرنا...... فِی الدَّرَاهِمِ: کچھ لینا۔

تَوَشّٰی: نقش ونگار ہونا...... الشَّیْبُ فِیْ رَاْسِهٖ: سر میں سفیدی کا پھیلنا۔

اِیْتَشٰی اِیْتِشَاءً العَظْمُ: ٹوٹی ہوئی ہڈی درست ہونا۔

اِسْتَوْشَی الفَرَسَ: گھوڑے کو اُکسانا...... الحَدِیْثَ: بحث کرنا اور جمع کرنا...... الرَّجُلَ: مانگنا اور ہاتھ میں جو کچھ ہو اُسے نکال لینا...... المَعْدِنُ: تھوڑا سا سونا پایا جانا۔

الوَشْیُ: مص۔ کپڑے کا نقش ونگار۔ منقش کپڑے۔ ج وِشَاء. وَشْیُ السَّیْفِ: تلوار کا جوہر۔

الوَشَاءُ: اونٹوں کی کثرت۔

الوَاشِی: فا۔ چغل خور۔ بہت اولاد والا۔ یا بہت مویشی والا۔ جلاہا۔ ج وَاشُوْنَ وَوُشَاة. اَوْشَاة: سونے کا سکہ بنانے والا۔

الوَشَّاءُ. وَاشِی: کا اسم مبالغہ۔ منقش کپڑے بیچنے والا۔

الشِّیَةُ: مص۔ داغ۔ نشان۔ علامت ج شِیَات.

الاَشْیَةُ: داغوں والا۔ کہا جاتا ہے "ثَوْرٌ اَشْیَةُ" جیسے کہا جاتا ہے "فَرَسٌ اَبْلَقُ" اور نسبت کے لئے وِشَوِیٌّ.

وَصُؤَ یَوْصُؤُ وَصَاءَ العَمَلُ: مضبوط بنانا۔

وَصْوَصَتْ تَوْصِیْصًا المَرْاَةُ: منہ کا پردہ تنگ کرنا۔

وَصِیَٔ یَوْصَاُ وَصَاَ الثَّوْبُ: کپڑا میلا ہونا۔

وَصَبَ یَصِبُ وُصُوْبًا: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا...... الدَّیْنُ: قرض واجب ہونا...... عَلَی الاَمْرِ: مداومت کرنا۔ خوش اسلوبی سے کرنا۔

وَصِبَ یَوْصَبُ وَصَبًا ووَصَبَ وتَوَصَّبَ: مریض ہونا۔ صفت وَصِبٌ ج وَصَابٰی وَوِصَاب. تَوَصَّبَ. درد محسوس کرنا۔

اَوْصَبَ: مریض ہونا...... اللّٰهُ فُلَانًا: مریض کرنا...... الرَّجُلُ: بیمار اولاد والا ہونا...... الشَّیْئُ: ہمیشہ رہنا۔ ثابت ہونا(...... وواصَبَ) ہمیشہ مداومت کرنا۔

الوَصَبُ: بیماری۔ دائمی درد۔ جسم کی لاغری اور کبھی سستی اور تھکن کے لئے بھی بولا جاتا ہے الوَصَبُ: بصرہ اور سایہ کے درمیان کا حصہ۔ ج اَوْصَاف.

الوَاصِبُ: فا۔ دائم۔

الوَاصِبَةُ. واصب: کا مؤنث۔ بہت دُور تک پھیلا ہوا بیابان۔

المُوَصَّبُ: بہت دردوں والا۔

وَصَدَ یَصِدُ وَصْدًا: ثابت ہونا۔ بِالمَکَانِ: اقامت کرنا...... الثَّوْبَ: کپڑا بُننا۔

وَصَّدَ الثَّوْبَ: کپڑا بُننا...... الکَلْبَ بِالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر بھڑکانا...... فُلَانًا: خوف دلانا۔

اَوْصَدَ البَابَ: دروازہ بند کرنا...... القِدْرَ: ہانڈی ڈھانکنا...... عَلٰی فُلَانٍ: تنگی ڈالنا...... الکَلْبَ بِالصَّیْدِ: کتے کو شکار پر اکسانا۔ بھڑکانا(...... واسْتَوْصَدَ) پہاڑ میں مویشیوں کے لئے باڑہ بنانا۔

الوَصَّادُ: جلاہا۔

الوِصَادُ. اَوْصَدَ البَابَ وَاَوْصَدَ القِدْرَ: کا اسم بمعنی بندش وڈھکائی۔

الوَصِیْدُ: چوکھٹ۔ گھر کے سامنے کا صحن۔ غار۔ پہاڑ۔ قریب قریب جڑوں والی نباتات۔ دوبارہ ختنہ کیا ہوا۔ تنگ اور بند کیا ہوا ج وُصُد (...... الوَصِیْدَة) پہاڑ میں مویشیوں کے لئے پتھروں کا باڑہ ج وَصَائِد.

المُوْصَدُ: پردہ۔

الوِصْرُ: عہد ج اَوَاصِر (...... والوَصِیْرَة والاَوْصَرُ) عہدنامہ۔ چک۔ دستاویز اور بقول بعض یہ الفاظ معرب ہیں۔

وَصَعَ یَصَعُ وَصْعًا الشَّیْئُ: غائب کرنا۔ چھپانا۔

الوَصَعُ: مص۔ چڑیا سے چھوٹا ایک پرندہ۔ یا ممولا۔ ج وِصْعَان.

الوَصِیْعُ: چڑیا یا چڑیا کے بچوں کی چہچہاہٹ۔

وَصَفَ یَصِفُ وَصْفًا وَصِفَةً الشَّیْئَ: بیان کرنا۔ تعریف کرنا(...... وُصُوْفًا) الفَرَسُ: گھوڑے کا عمدہ چال چلنا(...... وَصْفَةً) الطَّبِیْبُ لِلْمَرِیْضِ: نسخہ تجویز کرنا۔

وَصُفَ یَوْصُفُ وَصَافَةً الغُلَامُ: لڑکے کا خدمت کے قابل ہونا اور اچھی طرح سے خدمت کرنا۔ صفت وَصِیْفٌ اور اسم الاِیْصَاف والوَصَافَة.

وَاصَفَهٗ: حالت بیان کر کے بیع کرنا۔

اَوْصَفَ اِیْصَافًا: خدمت کے قابل ہونا۔

اِتَّصَفَ الشَّیْئُ: قابل بیان ہونا۔ الرَّجُلُ: عمدہ صفات سے مشہور ہونا...... بِالصِّفَاتِ الحَمِیْدَةِ: آراستہ ہونا۔

تَوَصَّفَ وَصِیْفًا او وَصِیْفَةً: خادم بنانا۔

تَوَاصَفَ القَوْمُ الشَّیْئَ: ایک کا دوسرے سے بیان کرنا۔

اِسْتَوْصَفَ فُلَانًا الشَّیْئَ: بیان کرنے کو کہنا۔ الطَّبِیْبَ: نسخہ تجویز کرانا...... الغُلَامُ: لڑکے کا قابل خدمت ہونا۔

الصِّفَةُ: مص۔ نعت۔ خوبی۔ ہر وہ چیز جو موصوف کے ساتھ قائم ہو جیسے علم و جمال وغیرہ۔ علامت جس سے موصوف پہچانا

جائے۔

الصِفَاتِيَّة: ایک فرقہ جو اللہ تعالیٰ کی صفات کا انکار کرتا ہے۔ واحد صِفَاتِيٌّ.

الوَصْفِيَّة: صفت کی حالت۔

الوَصِيف: لڑکا جو خدمت کرنے کے قابل ہو گیا ہو ج وُصَفَاء مؤنث وَصِيفَةٌ ج وَصَائِف.

الوَصَّاف: وصف شناس۔ طبیب۔

وَصَلَ يَصِلُ وَصْلاً وَصِلَةً وَصُلَةً الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ: جوڑنا۔ جمع کرنا...... هُ بِأَلْفِ دِينَارٍ: احسان کرنا (...... وَصْلاً وَصِلَةً) فُلاَنًا: تعلق رکھنا...... زَيْدًا: نیکی کرنا۔ دینا۔ وَصَلَ رَحِمَهُ: رشتہ داروں سے صلہ رحمی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ نرمی برتنا (...... وُصُولاً وَوُصْلَةً وَصِلَةً) إِلَى الْمَكَانِ: پہنچنا۔ کہا جاتا ہے "وَصَلَنِي الْخَبَرُ وَوَصَلَ إِلَيَّ الْخَبَرُ" مجھے خبر پہنچی "وَضَرَبَهُ ضَرْبَةً لاَ تُوصَلُ" اس نے ایسی مار ماری کہ جس کا علاج نہیں۔

وَاصَلَهُ وِصَالاً وَمُوَاصَلَةً: تعلق رکھنا۔ وَاصَلَ الشَّيْئَ وَفِي الشَّيْئِ: ہمیشگی کرنا۔ لگا تار کرنا۔

وَصَّلَ الشَّيْئَ بِالشَّيْئِ: جوڑنا (وَأَوْصَلَ) فُلاَنًا إِلَى كَذَا: پہنچانا۔

تَوَصَّلَ إِلَى كَذَا: پہنچنا...... إِلَى فُلاَنٍ: پہنچنے کے لئے حیلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَوَصَّلَ إِلَيْهِ بِوُصْلَةٍ وَسَبَبٍ" اس نے اس کے پاس پہنچنے کے لئے تعلق اور سبب کو حیلہ بنانا۔

تَوَاصَلَ الرَّجُلاَنِ: ایک دوسرے سے تعلق رکھنا۔

اِتَّصَلَ بِالشَّيْئِ: جڑنا...... إِلَيْهِ: پہنچنا...... بِيْ خَبَرُ فُلاَنٍ: جاننا...... فُلاَنٌ بِالْوَزِيرِ: خدمت میں رہنا...... إِلَى بَنِي فُلاَنٍ: منسوب ہونا۔

اِسْتَوْصَلَ: میل ملاپ ڈھونڈنا۔

الوَصْلُ: مص۔ لَيْلَةُ الْوَصْلِ: قمری مہینے کی آخری رات۔ حَرْفُ الْوَصْلِ عِنْدَ أَهْلِ الْقَوَافِي: اہل عروض کی اصطلاح میں روی متحرک کے بعد کے حروف واؤ۔ یا او

اور ہاء اور کہا جاتا ہے "هٰذَا وَصْلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔

الوُصْلُ والوِصْلُ: ہر عضو علیحدہ علیحدہ ج أَوْصَال.

الوُصْلَة: مص۔ تعلق۔ دو چیزوں کو ملانے والی چیز۔ ہم سفر۔ ساعت۔ دُور کی زمین۔ ج وُصَل.

الصِلَة: مص۔ عطیہ۔ احسان۔ انعام۔ ج صِلاَت.

اِتِّصَالُ النَّيِّرَيْنِ: سورج چاند کا ملنا اور آمنے سامنے ہونا۔

الوَصُول: بہت میل ملاپ رکھنے والا۔ بہت دینے والا۔

الوُصُول: مص...... عِنْدَ الْمُوَلَّدِيْنَ: رسید۔ ج وُصُولاَت.

وَصِيلُ الرَّجُلِ: ہمیشہ ساتھ رہنے والا۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَجُلٌ وَصِيلُ هٰذَا" یہ اس کے مثل ہے۔

الوَصِيلَة. وَصِيل: کا مؤنث۔ عمارت۔ ارزانی۔ کسی چیز کو جوڑنے والی چیز۔ ہم سفر گروہ۔ دھاگے کا گولا۔ دور کی کشادہ زمین ج وَصَائِل. الوَصِيلَة: یمن کا ایک دھاری دار کپڑا ج وَصِيل وَوَصَائِل الوَصِيلَة: اونٹنی جو لگا تار دس سال تک بچے دے۔ بکری جو سات سال تک جڑواں مادہ بچے دے۔

المَوْصِل: ملنے کی جگہ۔ رسی وغیرہ کی گرہ۔ موت مَوْصِلُ الْبَعِيرِ: چوتڑ اور اُن کا درمیانی حصہ۔ المَوْصِل: عراق اور جزیرہ کے درمیان ایک شہر کا نام۔

المَوْصِلاَن: شہر موصل اور جزیرہ۔

المَوْصُول: مفع۔ بھڑ کی شکل کا ایک جانور۔

المُسْتَوْصِل: فا۔ المُسْتَوْصِلَةُ مِنَ النِّسَاءِ: اپنے بال میں دوسرے کے بال کو لگوانے والی عورت۔

وَصَمَ يَصِمُ وَصْمًا الْعُوْدَ أَوِ الْعَظْمَ: لکڑی ...

لگانا۔ جلدی سے باندھنا۔

وَصِمَ الرَّجُلُ: سستی و کاہلی اور اعضا شکنی والا ہونا...... فُلاَنًا: دردناک کرنا۔ سست و کاہل کرنا۔ وَصَمَتِ الْحُمَّى فُلاَنًا: دردناک کرنا۔

تَوَصَّمَ: تکلیف اٹھانا۔

تَوَاصَمَ الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو عیب لگانا۔

الوَصَم: مرض۔

الوَصْم: مص۔ لکڑی کی گانٹھ۔ عیب و عار۔ ج وُصُوم.

الوَصْمَة: عیب و عار۔ جسم کی سستی۔

الوَصِيم: خنصر اور بنصر کے درمیان کشادگی۔

المَوْصُوم: مفع۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ مَوْصُومُ الْحَسَبِ" عیب دار مرد۔

وَصْوَصَ عَيْنَهُ: نظر جمانے کے لئے آنکھ چھوٹی کرنا۔ پردے کے سوراخ سے دیکھنا...... الجَرْوُ: پلے کا آنکھیں کھولنا۔

وَصْوَصَتِ الْجَارِيَةُ: برقع سے سوائے آنکھوں کے کچھ دکھائی نہ دینا۔

الوَصْوَص والوَصْوَاص: آنکھ کے برابر پردہ وغیرہ کا سوراخ۔ چھوٹا برقع ج وَصَاوِص وَصَاوِيص. الوَصَاوِص: سخت زمین کے پتھر۔

وَصَى يَصِي وَصْيًا: عالی مرتبہ ہونے کے بعد خسیس ہونا...... الشَّيْئُ بِهِ: متصل ہونا...... الشَّيْئَ بِآخَرَ: ملانا (...... وَصْيًا وَوَصَايَةً) الْمَكَانُ: متصل نباتات والی ہونا...... النَّبْتُ: بہت ہونا اور متصل متصل ہونا۔

وَصَّى تَوْصِيَةً فُلاَنًا بِكَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ کسی کام کا اشارہ کرنا...... إِلَيْهِ بِالصَّلاَةِ: حکم دینا۔ کہا جاتا ہے "وَصَّاهُ بِفُلاَنٍ أَنْ يُحْسِنَ إِلَيْهِ" فلاں کے ساتھ اس کو احسان کرنے کا حکم دیا۔ "وَوَصَّيْتُ لَهُ بِعَبْدٍ مَوْتِيَ" میں نے اس کو اپنے مرنے کے بعد مالک بنانا۔ وَصَّى إِلَى فُلاَنٍ: مرنے کے بعد اپنے مال و اولاد پر وصی بنانا...... فُلاَنًا بِوَلَدِهِ: مہربان بنانا۔

أَوْصَى إِيْصَاءً فُلَانًا بِكَذَا: کسی کام کا عہد لینا۔ حکم دینا...... لَهُ بِكَذَا: کسی کے لئے کسی چیز کی وصیت کرنا...... إِلَيْهِ: وصیت جاری کرنے والا مقرر کرنا۔
وَاصَى الْبَلَدُ الْبَلَدَ: ایک شہر کا دوسرے شہر کے متصل ہونا۔
تَوَاصَى تَوَاصِيًا الْقَوْمُ: ایک دوسرے کو وصیت کرنا۔
اِسْتَوْصَى اِسْتِيصَاءً بِفُلَانٍ: وصیت کو قبول کرنا۔
الْوَصِيَّةُ. إِيْصَاءٌ: کا اسم ہے جس چیز کی وصیت کی جائے اس پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ وَصِيَّتُهُ" یہ اس کی وصیت ہے ج وَصَايَا۔ وَصَايَا اللهِ: اللہ تعالیٰ کے احکام جو اس نے اپنے بندوں پر واجب کئے ہیں۔ الْوَصِيَّةُ: کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔ ج وَصِيٌّ۔
الْوَصَاةُ. ج وَصًى والوَصَايَةُ والوِصَايَةُ: وصیت کھجور کی ٹہنی جس سے گٹھا باندھتے ہیں۔
الْوَصِيُّ (مذکر ومؤنث) وصیت کرنے والا۔ جس کو وصیت کی جائے۔ ج أَوْصِيَاءُ۔
الْوَاصِي: پیچیدہ گھاس۔ أَرْضٌ وَاصِيَةٌ: پیچیدہ گھاس والی زمین۔
وَضُؤَ يَوْضُؤُ وُضُوءًا ووَضَاءَةً الشَّيْءُ: پاکیزہ وخوبصورت ہونا۔
وَضَأَهُ يَضَؤُهُ وَضْأً: پاکیزگی وخوبروئی میں غالب ہونا۔
وَضَّأَ تَوْضِئَةً. بِالْمَاءِ: پاکیزہ کرنا۔ دھونا۔
وَاضَأَهُ: پاکیزگی وخوبصورتی میں مقابلہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "وَاضَأَهُ فَوَضَأَهُ" اس نے اس سے پاکیزگی وخوبصورتی میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔
تَوَضَّأَ بِالْمَاءِ لِلصَّلَاةِ: وضو کرنا...... الْغُلَامُ وَالْجَارِيَةُ: بالغ ہونا۔
الْوَضُوءُ: وضو کا پانی۔

الْوَضِيءُ ج وِضَاءٌ وأَوْضِيَاءُ والوَاضِئُ ج وَضَأَةٌ والوُضَّاءُ ج وُضَّاؤُونَ ووُضَاضِيٌّ: پاکیزہ وخوبصورت۔
الْأَوْضَأُ: زیادہ خوبصورت وپاکیزہ۔
الْمِيضَأَةُ والمِيضَاءَةُ: وضو کرنے کی جگہ۔ لوٹا۔
الْمُتَوَضَّأُ: وضو کرنے کی جگہ۔ پائخانہ کے لئے بھی بولا جاتا ہے۔
وَضَحَ يَضِحُ ضِحَةً وَضِحَةً وُضُوحًا وتَوَضَّحَ واتَّضَحَ الْأَمْرُ او الْكَلَامُ: واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ صفت وَاضِحٌ ووَضَّاحٌ۔
وَضِحَ يَوْضَحُ وَضَحًا: برص کے داغوں والا ہونا۔
أَوْضَحَ الْأَمْرُ: ظاہر ہونا۔ واضح ہونا...... الْأَمْرَ: ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ أَوْضَحَتِ الشَّجَّةُ فِي الرَّأْسِ: زخم کا ہڈی کو ظاہر کر دینا۔ أَوْضَحَ فِي رَأْسِهِ: زخم کرنا۔ کہا جاتا ہے "مِنْ أَيْنَ أَوْضَحْتَ" تم کہاں سے آئے۔
وَضَّحَ الْأَمْرَ: واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔
اِسْتَوْضَحَ اِسْتِيضَاحًا عَنِ الْأَمْرِ: بحث کرنا...... هُ الْأَمْرَ او الْكَلَامَ: وضاحت کرانا...... الشَّيْءَ وعَنِ الشَّيْءِ: آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر دیکھنا...... الشَّمْسَ: نگاہ تنگ کر کے گھورنا۔
الْوَضَحُ: مص۔ روشنی وسپیدی صبح۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فِي وَضَحِ الصُّبْحِ" وہ سفیدی صبح کے وقت آیا۔ الْوَضَحُ: چاندنی۔ گھوڑے کی پیشانی یا ٹانگوں کی سپیدی۔ بڑھاپے کی سپیدی۔ برص کی سپیدی کھر اور ہم۔ کہا جاتا ہے "دَرَاهِمُ وَضَحٌ" مؤنث یا تثنیہ جمع نہیں لاتے جیسے "امْرَأَةٌ صَوْمٌ" میں مؤنث یا تثنیہ یا جمع نہیں لاتے۔ الْوَضَحُ: دودھ۔ چھوٹی چھوٹی گھاس۔ چاندی کا زیور۔ پازیب۔ ج أَوْضَاحٌ وَضَحُ الطَّرِيقِ: شاہراہ۔ وَضَحُ الْقَدَمِ: تلوے کی سپیدی۔
أَوْضَاحٌ مِنَ النَّاسِ: مختلف قبائل کی جماعتیں (اس کے لئے واحد نہیں)

الْوَضَحَةُ: گدھی۔
وَلَّعَ الثَّوْرُ: بیل کے چتکبرے رنگ کا لمبا ہونا...... جَسَدَہٗ: سفید داغ والا بنانا...... ہٗ بِفُلانٍ: بھڑکانا۔ کہا جاتا ہے "اِتَّلَعَ فُلانًا وَالِعَةٌ" یعنی اس کا حال مجھ سے مخفی ہے مجھے نہیں معلوم کہ وہ مر گیا یا زندہ ہے۔
اِیْتَلَعَ فُلانٌ قَلْبِیْ: دل نکال لینا۔
الوَلْع: مص۔ جھوٹ۔
الوَالِع: فا۔ جھوٹا ج وَلَعَة مؤنث وَالِعَة کہا جاتا ہے "وَلْعٌ وَالِعٌ" بڑا جھوٹ۔
الوَلِع والوَلُوْع والوَلّاعَة: بہت محبت اور تعلق والا۔
الوُلَعَة: لایعنی باتوں کا گرویدہ۔
الوَلِیْع: کھجور کا شگوفہ نا شگفتہ واحد وَلِیْعَة.
المُوَلَّع: مفع۔ برص کی بیماری والا۔ المُوَلَّع مِنَ الدَّوَابِّ: وہ چوپایہ جس کے بدن پر سیاہ سفید کے علاوہ اور مختلف رنگ ہوں۔
المُوْتَلَعُ القَلْبِ والمُتَّلِعُ القَلْبِ: آشفتہ دل۔
وَلَغَ یَلَغُ ووَلِغَ یَلِغُ ویَوْلَغُ ویَالَغُ وَلْغًا ووُلُغًا ووُلُوْغًا ووَلَغَانًا الکَلْبُ الإِنَاءَ وفِی الإِنَاءِ: کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔ اطراف زبان سے پینا۔
اَوْلَغَ اِیلاغًا الکَلْبَ: کتے کو پلانا۔
الوَلْغَة: اسم مرۃ۔ چھوٹی ڈولچی۔
المِیْلَغ والمِیْلَغَة: برتن جس میں کتا منہ ڈال دے یا جس میں پانی پلایا جائے۔ ج مَیَالِغ.
المُسْتَوْلِغ مِنَ النَّاسِ: ننگ و عار کی پروانہ کرنے والا۔
وَلَفَ یَلِفُ وَلْفًا ووِلافًا ووَلافًا ووَلِیْفًا البَرْقُ: بجلی کا لگاتار چمکنا (...... وَلِیْفًا) القَوْمُ: اکٹھے آنا۔
وَالَفَہٗ وِلافًا ومُوَالَفَةً: محبت کرنا۔ اپنی کسی کی طرف نسبت کرنا اور متصل ہونا۔
تَوَالَفَ مُوَالَفَةً ووِلافًا (نادر) الشَّیْئَانِ: ایک دوسرے سے اُلفت و محبت کرنا۔
الوَلْف: ساتھی۔ دوست۔

الوَلِيف والوَلُوف: لگاتار چمکنے والی بجلی۔
الولاف والوَلِيف: مص۔ایک قسم کی دوڑ جس میں ٹانگیں یکبارگی زمین پر پڑتی ہیں۔
وَلَقَ يَلِقُ وَلْقًا فِي السَّيْرِ: جلدی چلنا......هُ بالرُّمحِ: ہلکا نیزہ مارنا......هُ بالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا......الحَدِيثَ: پھیلانا۔گھڑنا...... عَيْنَهُ: آنکھ پر مار کر پھوڑ دینا......فِي كَذِبِهِ او سَيْرِهِ: لگاتار جھوٹ بولنا یا ہمیشہ چلنا۔
أُولِقَ إِيلاقًا وأُلِقَ أَلْقًا: پاگل ہونا۔صفت مَألُوق ومُؤْلَق۔
الوَلَقَى: اونٹنی کی ایک تیز دوڑ۔کہا جاتا ہے "نَاقَةٌ وَلَقَى" تیز رفتار اونٹنی۔
الوَلِيقَة: ایک قسم کا کھانا جو آٹا، دودھ اور گھی سے تیار ہوتا ہے۔
الأَوْلَق: پاگل پن۔
أَوْلَمَ إِيلامًا: ولیمہ کرنا......فُلانٌ: خلقت میں یا اخلاق و عقل میں کامل ہونا۔
اَلوَلْم والوَلَم: بند۔زین یا کجاوہ کا تنگ۔
الوَلْمَة: تمامی۔کسی چیز کا اجتماع۔
الوَلِيمَة: شادی کی خوشی کا کھانا۔ج وَلائِم۔
تَوَلَّنَ الرَّجُلُ: مصائب کی وجہ سے چیخ پڑنا۔
وَلَهَ يَلِهُ ووَلِهَ يَلَهُ ويَوْلَهُ وَلَهًا وتَوَلَّهَ واتَّلَهَ: بہت زیادہ غمگین ہونا یہاں تک کہ عقل زائل ہونے کے قریب ہو جائے شدتِ غم کی وجہ سے متحیر ہونا۔صفت مذکر وَالِهٌ و آلِهٌ وَلْهَان: وصفت مؤنث وَالِهَةٌ والِهَةٌ ووَلْهَى وَلَهَ الصَّبِيُّ إِلَى أُمِّهِ: بچے کا گھبرا کر ماں کے پاس جانا......الأُمُّ إِلَى وَلَدِهَا: مشتاق ہونا۔
......مِنْهُ: خوف کرنا۔
وَلَّهَ الرَّجُلَ: شدتِ غم میں ڈالنا......المَرْأَةَ: عورت اور اس کے بچے میں جدائی کر دینا
(...... وأَوْلَهَ) الحُزْنُ او الوَجْدُ فُلانًا: سرگشتہ وحیران بنا دینا۔
اِتَّلَهَ النَّبِيذُ فُلانًا: مدہوش کر دینا۔عقل زائل کر دینا۔
اِسْتَوْلَهَ اِسْتِيلاهًا: بدحواس ہونا۔

مَاءٌ مُوَلَّهٌ ومُوْلَهٌ: بیابان کی طرف چھوڑا ہوا پانی۔المُولَة: مکڑی۔
المِيلَهَة: حیرانی و پریشانی میں ڈالنے والا بیابان۔
المِيلاه: تیز ہوا۔اِمْرَأَةٌ مِيلاهٌ: بچے کی موت کی وجہ سے بہت جزع فزع کرنے والی عورت۔ج مَوَالِيه۔
وَلْوَلَتْ وَلْوَلَةً ووَلْوالًا المَرْأَةُ: واویلا کرنا۔چیخنا۔وَلْوَلَتِ القَوْسُ: کمان سے آواز نکلنا۔
الوَلْوَال: شدتِ غم۔زلزلہ۔
وَلِيَ ووَلَى يَلِي وَلْيًا فُلانًا: قریب ہونا۔متصل ہونا (باب ضرب سے قلیل الاستعمال ہے) بغیر فصل کے پیچھے پیچھے چلنا۔کہا جاتا ہے "جَلَسْتُ مِمَّا يَلِيهِ"۔
وَلِيَ يَلِي وَلايَةً ووِلايَةً الشَّيْءَ وعَلَى الشَّيْءِ: والی ہونا۔متصرف ہونا......الرَّجُلَ و عَلَيْهِ: مدد کرنا......البَلَدَ: قابض و متصرف ہونا(...... وَلايَةً) الرَّجُلَ محبت کرنا۔
وَلِيَ المَكَانُ: موسم بہار کی بارش سے سیراب ہونا۔
وَلَّى تَوْلِيَةً فُلانًا الأَمْرَ: والی مقرر کرنا۔
وَلاَّهُ كَذَا: کسی کے پیچھے کرنا۔وَلاَّهُ ظَهْرَهُ: اپنے پیٹھ کے پیچھے کرنا۔وَلَّى الشَّيْءُ وعَنِ الشَّيْءِ: اعراض کرنا۔دور ہونا۔وَلَّى هَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا۔وَلَّى الرُّطَبُ: خشک ہونے لگنا۔عَنْ زَيْدٍ بِوُدِّهِ: دوستی کا بدل جانا۔
أَوْلَى إِيلاءً فُلانًا الأَمْرَ: والی مقرر کرنا۔
......هُ مَعْرُوفًا: کسی پر احسان کرنا۔اور اسی سے ہے جو تعجب کے موقع پر بولا جاتا ہے "مَا أَوْلاهُ لِلْمَعْرُوفِ" وہ کتنا فیاض ہے (اور یہ شاذ ہے اس لئے کہ ثلاثی مزید سے یہ صیغہ نہیں آتا) أَوْلاهُ عَلَى اليَتِيمِ: وصیت کرنا۔
وَالَى وِلاءً ومُوَالاةً الرَّجُلَ: دوستی کرنا۔مدد کرنا......الشَّيْءَ: لگاتار کرنا......الغَنَمَ:

تَوَلَّى تَوَلِّيًا الأَمْرَ: ذمہ داری لینا۔کسی کے کام کے لئے مستعد ہونا......فُلانًا: ولی مقرر کرنا......عَنْهُ: اعراض کرنا اور چھوڑ دینا
تَوَلَّى هَارِبًا: پیٹھ دے کر بھاگنا......الشَّيْءُ: کسی چیز کے ساتھ لازم ہونا......الرُّطَبُ: خشک ہونے لگنا......عَلَى بِوُدِّهِ: دوستی کا بدل جانا۔
تَوَالَى تَوَالِيًا: پیاپے ہونا۔اور کہا جاتا ہے "تَوَالَتِ الغَنَمُ عَنِ المَعْزِ" بھیڑیں بکریوں سے جدا ہو گئیں۔
اِسْتَوْلَى اِسْتِيلاءً عَلَيْهِ: غالب ہونا۔قدرت یافتہ ہونا......عَلَى الغَايَةِ: انتہا کو پہنچنا......عَلَى الشَّيْءِ: قابض ہونا۔
الوَلْي: مص۔قرب۔نزدیکی۔بارش بہار کے بعد دوسری بارش (پہلی بارش کو وسمی کہتے ہیں) اور کہا جاتا ہے "دَارُهُ وَلْيُ دَارِي" اس کا گھر میرے گھر کے قریب ہے۔
الوَلاء: محبت۔دوستی۔نزدیکی و قرابت۔مدد۔ملکیت۔الوَلاء: میراث جو آزاد کردہ غلام سے یا عقد موالاۃ کی وجہ سے حاصل ہو اور کہا جاتا ہے "جَاءُوا وَلاءً او عَلَى وَلاءٍ" وہ لوگ پے بہ پے آئے۔
الوَلِيُّ ج أَوْلِيَة: بہار کی بارش کے بعد دوسری بارش ج أَوْلِيَاء: محبت کرنے والا۔دوست۔مددگار۔پڑوسی۔حلیف۔تابع۔داماد۔ہر وہ شخص جو کسی کے کام کا منتظم ہو۔کہا جاتا ہے "اللهُ وَلِيُّكَ" اللہ تمہارا حافظ و مددگار ہے۔"وَالمُؤْمِنُ وَلِيُّ اللهِ" یعنی مومن اللہ تعالیٰ کا مطیع و فرمانبردار ہوتا ہے۔
وَلِيُّ العَهْدِ: وارث تخت و تاج۔وَلِيُّ اليَتِيمِ: یتیم کا والی۔
الوِلايَة: مص۔وہ بلاد جن پر ایک حاکم قابض ہو۔ج وِلايَات۔
الوِلايَة: حکومت۔امارت۔سلطنت۔وہ ممالک جن پر ایک حاکم قابض ہو۔الوَلايَة والوِلايَة والوُلاءَة: رشتہ داری۔اور کہا جاتا ہے "هُمْ عَلَى وَلايَةٍ او وِلايَةٍ"

واحِدَة" وہ لوگ میری مدد میں اکٹھے ہیں یا وہ سب میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔

الوَلِيَّة: ولی کا مؤنث۔ نزدیکی۔ عرق گیر۔ ج وَلَايَات وَوَلَايَا۔ دَارٌ وَلِيَّة: نزدیک کا گھر۔

الوَالِي: فا۔ وَالِي البَلَدِ: حاکم شہر۔ ج وُلَاة۔

الأَوْلٰى: زیادہ حقدار۔ زیادہ لائق۔ کہا جاتا ہے "هُوَ أَوْلٰى بِكَذَا" وہ اس کا زیادہ حقدار ہے۔ تثنیہ أَوْلَيَان ج الأَوْلَوْنَ و الأَوَالِي: مؤنث الوُلْيٰ تثنیہ الوُلْيَيَان ج الوُلٰى والوُلْيَيَات "وَأَوْلٰى لَكَ" دھمکی اور وعید کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور مقصد یہ ہے کہ شر تمہارے قریب ہے بچو۔ اور بعضوں نے کہا ہے کہ اس کے معنی "اَلْوَيْلُ لَكَ يَا أَوْلَاكَ اللّٰهُ مَا تَكْرَهُهُ" کے ہیں۔ اس صورت میں لام زائدہ ہے اور ایسا ہی "أَوْلٰى لِي وَأَوْلٰى لَهُ" کہا جاتا ہے۔

المَوْلٰى: مالک و سردار۔ غلام۔ آزاد کرنے والا۔ آزاد شدہ۔ انعام دینے والا۔ جس کو انعام دیا جائے۔ محبت کرنے والا۔ ساتھی۔ حلیف۔ پڑوسی۔ مہمان۔ شریک۔ بیٹا۔ چچا کا بیٹا۔ بھانجا۔ چچا۔ داماد۔ رشتہ دار۔ ولی۔ تابع ج المَوَالِي اور کہا جاتا ہے "هُوَ يَتَمَوْلٰى عَلَيْنَا" وہ ہمارا سردار بننا چاہتا ہے۔

المَوَالِيَا: ایک قسم کے اشعار جن کو گایا کرتے تھے اور جن کے آخر میں یا موالیا کہا کرتے تھے اور اپنے سرداروں کی طرف اشارہ کرتے تھے (اور عوام مَوَّال: کہتے ہیں ج مَوَاوِيل)

المُوَلّٰى: بچہ جس پر ولی مقرر کیا گیا ہو۔ مؤنث مُوَلَّاة.

المَوْلَوِيُّ: مولی کی طرف منسوب عِنْدَ المُسْلِمِيْنَ: زاہد۔

المَوْلَوِيَّة: ایک قسم کی لمبی ٹوپی جس کو فرقہ مَوْلَوِيَّة کے لوگ پہنا کرتے تھے اور کہا جاتا ہے "فِيْهِ مَوْلَوِيَّة" اس میں سرداروں کی مشابہت ہے۔

المُتَوَالِي: فا۔ ج مُتَاوِلَة: شیعوں کی جماعت۔

وَمَأَ يَمَأُ وَمْأً وَوَمَّأَ تَوْمِئَةً و أَوْمَأَ إِيْمَاءً بِحَاجِبِهِ او بِيَدِهِ او غَيْر ذٰلِكَ: اشارہ کرنا۔

وَامَأَ مُوَامَأَةً الرَّجُلَ: وَاءَمَ: میں ایک لغت ہے۔

المُوْمَأُ إِلَيْهِ: جس کی طرف اشارہ کیا جائے مذکورہ بالا کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے۔

الوَمْحَة: دھوپ کا اثر۔

وَمِدَتْ تَوْمَدُ وَمَدًا اللَّيْلَةُ: گھٹن کے ساتھ تیز گرمی والی ہونا۔ صفت وَمِدٌ وَمِدَةٌ وَمِدَ عَلَيْهِ: غضبناک ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُوَ وَمِدٌ عَلَيْهِ" وہ اس پر غضبناک ہے۔

الوَمَدَة: رات کی تیز گرمی۔

الوِمْدَة: خالص سپیدی۔

وَمَزَ يَمِزُ وَمْزًا بِأَنْفِهِ: غصے سے نتھنے پھلانا۔

تَوَمَّزَ: اٹھنے کا ارادہ کرنا۔

وَمَسَ يَمِسُ وَمْسًا الشَّيْءُ بِالشَّيْءِ: رگڑنا یہاں تک کہ چھلکا جدا ہو جائے۔

أَوْمَسَتِ المَرْأَةُ: بدکار ہونا۔ أَوْمَسَ العِنَبُ: پکنے کے لئے نرم ہونا۔

المُومِسُ والمُومِسَة: بدکار و فاجرہ عورت ج مُومِسَات ومَوَامِس ومَوَامِيْس ومَيَامِس ومَيَامِيْس.

الوَمْشَة: بدن انسانی پر سفید تل۔

وَمَضَ يَمِضُ وَمْضًا وَوَمِيْضًا ووَمَضَانًا البَرْقُ: آہستہ چمکنا۔ صفت وَامِض.

أَوْمَضَ إِيْمَاضًا البَرْقُ: بجلی کا آہستہ چمکنا ...... الرَّجُلُ: سر سے اشارہ کرنا۔ بجلی یا آگ کی چمک دیکھنا۔ مسکرانا۔ أَوْمَضَتِ المَرْأَةُ بِعَيْنِهَا: عورت کا دزدیدہ نگاہوں سے دیکھنا۔

الوَمْطَة: تھکن سے زمین پر گرنا۔

الوَمْعَة: بارش کی بوچھاڑ۔

الوَمْغَة: لمبا بال۔

وَمِقَهُ يَمِقُهُ مِقَةً ووَمْقًا: محبت کرنا۔

وَامَقَهُ وِمَاقًا ومُوَامَقَةً: ایک دوسرے سے محبت کرنا۔

تَوَامَقَ الرَّجُلَانِ: باہم محبت کرنا۔

تَوَمَّقَهُ: دوستی کرنا۔

الوَمِيْقُ والمَوْمُوْقُ: محبوب۔

الوَمْكَة: فراخی و کشادگی۔

وَمِهَ يَوْمَهُ وَمَهًا النَّهَارُ: دن کا سخت گرم ہونا۔

تَوَمَّنَ الرَّجُلُ: بہت اولاد والا ہونا۔

وَمّٰى تَوْمِيَةً بِالشَّيْءِ: لے جانا۔

اِسْتَوْمٰى عَلَيْهِ: غالب ہونا (مانند اِسْتَوْلٰى عَلَيْهِ)

المَوْمَاة والمَوْمَاء: بیابان ج المَوَامِي.

الوَنُّ: کمزوری۔ چنگ کہ جس کو انگلیوں سے بجاتے ہیں (دخیل)

وَنَّبَهُ: جھڑکنا۔ سرزنش کرنا۔

الوَنَج: ایک قسم کا بربط۔ (دخیل)

وَانَحَهُ مُوَانَحَةً: موافقت کرنا۔

وَنَمَ يَنِمُ وَنْمًا ووَنِيْمًا الذُّبَابُ: مکھی کا بیٹ کرنا۔

الوَنْمَة والوَنِيْم: مکھی کی بیٹ۔

وَنٰى يَنِي وَوَنِيَ يَوْنٰى وَنْيًا ووُنِيًّا ووَنَاءً ووِنْيَةً ووَنْيَةً ووَنًى: سست ہونا۔ کمزور ہونا۔ تھکنا۔ صفت وَانٍ مؤنث وَانِيَةٌ ...... ہ: چھوڑنا ...... عَنْ كَذَا: مہمل چھوڑ دینا ...... الكَرْمُ: سینچنا ...... السَّحَابَةُ: برسانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ لَا يَنِي يَفْعَلُ كَذَا" فلاں ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔

وَنّٰى تَوْنِيَةً: عمل میں سستی کرنا۔

أَوْنٰى إِيْنَاءً الرَّجُلَ: تھکانا۔ کمزور کرنا۔

تَوَانٰى تَوَانِيًا فِي حَاجَتِهِ: سستی کرنا۔ کوتاہی کرنا۔ اہتمام نہ کرنا۔

الوَنَاء: سستی۔

اِمْرَأَةٌ وَنَاةٌ وأَنَاةٌ وَانِيَةٌ: سست حرکات والی عورت۔

الوُنُوَّة: عقل کی کمزوری۔

الوَنَاة والوَنِيَّة: مروارید۔ موتی۔

الوَانِي: فا۔ کمزور بدن والا۔ نَسِيمٌ وَانٍ: نرم نرم چلنے والی ہوا۔
الوَانِيُّ: موتی۔
المِينَا والمِينَاء: بندرگاہ۔ اور "مِينَاءُ السَّاعَةِ" گھڑی کے ڈائل کو کہتے ہیں۔
وَهَبَ يَهَبُ وَهْبًا ووَهَبًا وَهِبَةً المَالَ فُلَانًا ولِفُلَانٍ: ہبہ کرنا (بعضوں نے کہا ہے کہ وَهَبَ دو مفعول کی طرف متعدی بنفسہٖ نہیں ہوتا مگر اس وقت کہ جَعَلَ کے معنی کو متضمن ہو) اور کہا جاتا ہے "هَبْنِي فَعَلْتُ كَذَا" فرض کرو کہ میں نے ایسا کیا (هَبْ أَنِّي فَعَلْتُ كَذَا نہیں کہا جاتا) اور اس معنی میں صرف امر ہی کا صیغہ مستعمل ہے (...... ووَهَبَ يَهَبُ) الرَّجُلَ: داد و دہش میں غالب ہونا۔
وَاهَبَهُ مُوَاهَبَةً: ہبہ کرنے میں مقابلہ کرنا۔
اَوْهَبَ إِيهَابًا الأَمْرَ لِفُلَانٍ: تیار کرنا۔ ......الشَّيْءُ لِفُلَانٍ: لینے کے لئے ممکن ہونا۔ ......الشَّيْءُ لَهُ: زیادہ و بکثرت ہونا یہاں تک کہ اسی میں سے ہبہ کرے۔ اور کہا جاتا ہے "أَوْهَبْتُ لِكَذَا" یعنی میں اس پر قادر ہوا۔
تَوَاهَبَ القَوْمُ: بعض کا بعض کو ہبہ کرنا۔
اِتَّهَبَ اِتِّهَابًا الهِبَةَ: ہبہ قبول کرنا۔
اِسْتَوْهَبَ اِسْتِيهَابًا الهِبَةَ: ہبہ طلب کرنا ......فُلَانًا ومِنْ فُلَانٍ الهِبَةَ: ہبہ کرنے کی درخواست کرنا۔
الهِبَةُ: مص۔ کسی کو کسی چیز کا بغیر عوض کے مالک بنانا۔ ہبہ کی ہوئی چیز ج هِبَات.
الوَهَّاب والوَهَّابَة والوَهُوب: بہت ہبہ کرنے والا۔
المَوْهِب والمَوْهِبَة. وَهَب: کا اسم ہے۔
المَوْهِبَة والمَوْهَبَة: عطیہ۔ ہبہ کی ہوئی چیز۔ چھوٹا سا تالاب جیسے "هُوَ أَشْهَى مِنْ مَاءِ مَوْهِبَةٍ عَلَى خَمْرٍ" وہ تالاب کے پانی سے شراب کا زیادہ راغب ہے ج "مَوَاهِب. المَوْهِبَة" پہاڑ کا گڑھا جس میں پانی جمع ہوجائے۔

وَهَتَ يَهِتُ وَهْتًا الشَّيْءَ: دبانا۔ سخت روندنا۔
اَوْهَتَ اللَّحْمُ: گوشت کا بدبودار ہونا۔
الوَهْتَة: پست زمین۔ ج وَهْتٌ.
لَحْمٌ مُوهِتٌ: بدبودار گوشت۔
وَهَثَ يَهِثُ وَهْثًا وهِثَةً فِي الشَّيْءِ: مشغول ہونا ......الشَّيْءَ: سخت روندنا۔
تَوَهَّثَ تَوَهُّثًا فِي الأَمْرِ: خوب غور کرنا۔
وَهَجَتْ تَهِجُ وَهْجًا ووَهِيجًا ووَهَجَانًا النَّارُ او الشَّمْسُ: آگ بھڑکنا۔ آفتاب روشن ہونا۔
اَوْهَجَ النَّارَ: آگ بھڑکانا۔
تَوَهَّجَ: بھڑکنا ......الحَرُّ: گرمی سخت ہونا۔ ......يَوْمُنَا: سخت گرمی والا ہونا ......الجَوْهَرُ: چمکنا ......رَائِحَةُ الطِّيبِ: بھڑکنا۔ خوشبو پھیلنا۔
الوَهَج: آگ کی بھڑک یا آفتاب کی چمک۔ آفتاب کی یا آگ کی گرمی جو دور سے محسوس ہو وَهَجُ الطِّيبِ خوشبو کی بھڑک۔
يَوْمٌ وَهْجَان ووَهِجٌ: سخت گرم دن۔
الوَهَّاج: سخت بھڑکنے والا۔ نَجْمٌ وَهَّاجٌ: روشن ستارہ۔ اور ایسا ہی سِرَاجٌ وَهَّاجٌ.
وَهَّدَهُ الفِرَاشَ: بچھونا بچھانا۔
تَوَهَّدَ الفِرَاشُ: بچھنا۔
الوَهْد: پست زمین ج اَوْهُد ووُهْدَان اور کہا جاتا ہے "مَكَانٌ وَهْدٌ" پست جگہ۔
الوَهْدَة: پست زمین۔ گڑھا۔ ج وِهَاد ووَهْد.
وَهَرَهُ يَهِرُهُ وَهْرًا ووَهَّرَهُ: سخت مشکل میں پھنسا دینا۔
تَوَهَّرَ اللَّيْلُ او الشِّتَاءُ: رات یا سردی کا اکثر حصہ گزر جانا ......هُ فِي الكَلَامِ: گفتگو میں ایسی چیز کی طرف مجبور کرنا جس سے حیرانی ہو۔
اِسْتَوْهَرَ واسْتَيْهَرَ اِسْتِيهَارًا بِهِ: یقین کرنا۔
الوَهْر: دھوپ کا زمین پر اس طرح تیزی [illegible]

اضطراب ظاہر ہو۔
لَهَبٌ وَاهِرٌ: بھڑک دار شعلہ۔
الوَهْرَة: ایسی مشکل میں پھنسنا جس سے رہائی نہ ہو۔
الوَهْرَان: ڈرنے والا۔
وَهَزَهُ يَهِزُهُ وَهْزًا: روندنا۔ ہاتھ سے مارنا یا ہٹانا۔ وَهَزَهُ عَلَى كَذَا: برانگیختہ کرنا۔ وَهَزَ الشَّيْءَ: توڑنا ......القَمْلَةَ بَيْنَ أَصَابِعِهِ: جوں کو انگلیوں کے درمیان مار ڈالنا۔
وَهَّزَهُ: بوجھل کرنا۔
تَوَهَّزَ: سخت روندنا۔ بوجھل چال سے چلنا۔
تَوَهَّزَ خَلْفَ فُلَانٍ: کودنا اور کہا جاتا ہے "مَرَّ يَتَوَهَّزُ" وہ گزرا اس حال میں کہ زمین کو سخت دباتا ہوا چلتا ہے۔
الوَهْز: مص۔ پستہ قد مضبوط بدن والا۔
الوَهَازَة: شرمیلی عورت کی چال۔
الأَوْهَز: اچھی چال والا۔
المُوَهَّز والمُوهِز: سخت روندنے والا۔
وَهَسَ يَهِسُ وَهْسًا الشَّيْءَ: توڑنا۔ سخت روندنا ......الرَّجُلُ: تیز چلنا ......فِي الأَمْرِ: حیلہ کرنا ......عَلَى قَوْمِهِ: ظلم کرنا۔ دست درازی کرنا۔
وَاهَسَ مُوَاهَسَةً: تیز چلنا ......هُ: جھگڑا کرنا۔
تَوَهَّسَ وتَوَاهَسَ: بوجھل چال چلنا۔ تیز چلنا۔ تَوَهَّسَتِ الإِبِلُ: اونٹوں کا اچھی چال چلنا اور کہا جاتا ہے "تَوَهَّسَ الأَرْضَ فِي مِشْيَتِهِ" اس نے اپنی چال میں زمین کو بہت دبایا۔
الوَهْس: مص۔ برائی۔ چغل خوری۔
الوَهْسَة: عام راستہ۔
الوَهَّاس: اسم مبالغہ۔ شیر۔
وَهَصَ يَهِصُ وَهْصًا الشَّيْءَ الرِّخْوَ: نرم چیز کو توڑنا۔ سخت روندنا۔ سختی سے پھینکنا۔ زمین پر پٹکنا ......الرَّأْسَ: سر کچل دینا ......الحَيَوَانَ: جانور کو خصی کرنا۔
الوَهْصَة. وَهَص: کا اسم مرۃ۔ پست زمین۔

الوَهّاص: بڑا روندنے والا۔
المَوهِص: پست زمین۔ روندنے یا توڑنے کی جگہ ج مَواهِص.
المَوهُوص والمُوهَّصُ الخَلقِ: گٹھے بدن والا۔
الوَهصَة: پست زمین۔
وَهَطَهُ يَهِطُهُ وَهطًا: توڑنا۔ روندنا۔ نیزہ مارنا۔ مارنا۔۔۔۔ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔
اَوهَطَهُ: کمزور کرنا۔ مار کر سست کرنا۔ پچھاڑنا۔ مصیبت میں ڈالنا۔ اَوهَطَ جَنَاحَ الطَّائِرِ: پرندہ کا بازو توڑ دینا۔
تَوَهَّطَ: ٹوٹنا۔ روندا جانا۔۔۔۔ الفِرَاشَ: بچھانا۔۔۔۔ فِي الطِّينِ: نرم مٹی میں غائب ہونا۔
الوَهط: مص۔ لاغری۔ جماعت ج اَوهَاط کہا جاتا ہے "بَينَهُم اَوهَاط" ان کے درمیان جھگڑا اور شوروغل ہے۔
الوَهطَة: پست زمین ج وَهطٌ ووِهَاط.
وَهَفَ يَهِفُ وَهفًا ووَهِيفًا اِلَى كَذَا: قریب ہونا۔۔۔۔ النَّبَاتُ: سبز اور پتے والا ہونا۔۔۔۔ لَهُ شَيءٌ مِنَ الدُّنيَا: سامنے آنا۔ ظاہر ہونا (۔۔۔۔ وَهفًا ووِهَافَةً) النَّصرَانِيُّ: گرجا کی خدمت کے لئے مستعد ہونا۔
اَوهَفَ اِيهَافًا الشَّيءُ اِلَى كَذَا: قریب ہونا۔ اَوهَفَ لَهُ الشَّيءُ: سامنے آنا۔ ظاہر ہونا۔
الوَاهِف: فا۔ گرجا کا خادم یا منتظم۔
الوِهَافَة والوُهفِيَّة: گرجا کی خدمت۔
وَهَقَ يَهِقُ وَهقًا الدَّابَّةَ: جانور کی گردن میں رسی ڈالنا۔۔۔۔ ہٗ عَن كَذَا: روکنا۔ باز رکھنا۔ کہا جاتا ہے "وَالقَلبُ عِندَكُم مَوهُوقٌ" دل تم لوگوں کے پاس اٹکا ہوا ہے۔
وَاهَقَ مُوَاهَقَةً والبَعِيرُ البَعِيرَ: چلنے میں گردن لمبی کر کے ایک دوسرے کے ساتھ مقابلہ کرنا۔
اَوهَقَ الدَّابَّةَ: جانور کی گردن میں رسی ڈالنا۔
تَوَهَّقَ الحَصَى: کنکریوں کا دھوپ سے گرم ہونا۔۔۔۔ فُلَانًا فِي الكَلَامِ: گفتگو میں ایسی چیز کی طرف مجبور کرنا جس سے حیرانی ہو۔
تَوَاهَقَ القَومُ فِي الاَمرِ: برابر ہونا یا مقابلہ کرنا۔ تَوَاهَقَتِ الاِبِلُ: چلنے میں گردن لمبی کر کے مقابلہ کرنا۔۔۔۔ السَّاقِيَانِ: مقابلہ کرنا۔
الوَهقُ الوَهَقُ: رسی کہ جس کے ایک طرف پھندا ہوتا ہے اور جس کو جانور کی گردن میں ڈالتے ہیں ج اَوهَاق.
وَهَلَ يَهِلُ ويَوهَلُ وَهلًا اِلَى الشَّيءِ: ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو۔
وَهِلَ يَوهَلُ وَهَلًا: کمزور ہونا۔ گھبرانا۔ صفت وَهِلٌ. وَهِلَ اِلَيهِ: فریاد طلب کرنا۔ پناہ لینا۔۔۔۔ فِي الاَمرِ وعَنهُ: غلطی کرنا۔ بھولنا۔
وَهَّلَهُ: خوف دلانا۔ گھبرا دینا۔
تَوَهَّلَهُ: غلطی میں ڈالنا۔
الوَهَل والوَهلَة: گھبراہٹ۔ خوف۔ ڈر۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ اَوَّلَ وَهلَةٍ او وَهلَةٍ او وَاهِلَةٍ": میں نے اس سے سب سے پہلے ملاقات کی۔
وَهَمَ يَهِمُ وَهمًا فِي الشَّيءِ: ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ نہ ہو۔۔۔۔ الشَّيءَ: خیال کرنا۔ تصور کرنا۔
وَهِمَ يَوهَمُ وَهَمًا فِي الحِسَابِ: غلط کرنا۔ بھولنا۔
وَهَّمَهُ: وہم میں ڈالنا۔
اَوهَمَ اِيهَامًا: وہم میں پڑنا۔۔۔۔ ہٗ: وہم میں ڈالنا۔۔۔۔ فُلَانًا بِكَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا۔۔۔۔ كَذَا مِنَ الحِسَابِ: غلطی کرنا۔۔۔۔ الشَّيءَ: کل چھوڑ دینا۔
اَتهَمَ: تہامہ میں داخل ہونا۔ اَتهَمَهُ بِكَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا (یہ عوام کی بول چال میں ہے فصیح اِتَّهَمَهُ ہے)
اِتَّهَمَهُ بِكَذَا: تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا۔۔۔۔ ہٗ فِي قَولِهِ: سچائی میں شک کرنا۔ اِتَّهَمَ الرَّجُلُ: بدنام ہونا۔ متہم ہونا۔
تَوَهَّمَ الاَمرَ: خیال کرنا۔ گمان کرنا۔ تَوَهَّمَ فِيهِ الخَيرَ: کسی کے اندر خیر کا اندازہ کرنا۔
الوَهم: مص۔ دل میں جو خطرہ گزرے۔ ج اَوهَام: قوتِ وہمیہ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ قوتِ وہمیہ اس حس باطنی کو کہتے ہیں جس کا کام معانی جزئیہ کا ادراک کرنا ہے جن کا تعلق محسوسات سے ہے جیسے زید کی شجاعت۔ سخاوت۔ بکری کی بزدلی۔ ماں کی محبت وغیرہ۔۔۔۔ کشادہ راستہ۔ بڑا مرد۔ مضبوط موٹا سدھا ہوا اونٹ۔ ج اَوهَام ووُهُم ووُهُوم کہا جاتا ہے "لَا وَهمَ مِن كَذَا" اس سے کوئی چارہ نہیں۔
الوَهمَة: موٹی اونٹنی۔
الوَاهِمَة: قوتِ وہمیہ۔
الوَهمِيُّ: وہم والا۔
التُّهَمَة والتُّهْمَة۔ اِتِّهَام: کا اسم۔ تہمت۔ شک۔ ج تُهَم وتُهَمَات.
التَّهِيم: جس پر تہمت لگائی جائے۔
المَوهُوم مِنَ الاَشيَاءِ: وہم کیا ہوا۔ تصور کیا ہوا۔ خیال کیا ہوا۔
وَهَنَهُ يَهِنُهُ وَهنًا واَوهَنَهُ: کمزور کرنا۔ وَهَنَ واَوهَنَ الرَّجُلُ: آدھی رات میں داخل ہونا۔
وَهَّنَهُ: کمزور کرنا۔
وَهَنَ ووَهِنَ يَهِنُ ووَهُنَ يَوهُنُ وَهنًا ووَهَنًا ووَهِنَ يَوهَنُ وَهَنًا: کام میں سست ہونا۔ کمزور ہونا۔
تَوَهَّنَ البَعِيرُ: لیٹنا۔۔۔۔ الطَّائِرُ: پرندہ کا زیادہ کھانے سے اُڑ نہ سکنا۔
الوَهن: مص۔۔۔۔ مِنَ الرِّجَالِ او الاِبِلِ: موٹا پستہ قد۔۔۔۔ مِنَ اللَّيلِ: آدھی رات یا اس کے کچھ بعد (۔۔۔۔ والوَهَن) کام میں سستی۔ بدن میں کمزوری۔
الوَهُون: کمزور۔
الوَاهِن: فا۔ کمزور۔ کندھے کی ایک رگ کا نام۔
الوَاهِنَة۔ واهن: کا مؤنث۔ کمزوری۔

بازو۔ گردن کا مہرہ۔ ریاح جو بڑھاپے کے وقت کندھوں میں یا بازو میں یا ان دو رگوں میں جن کا نام اَخْدَعَان ہے پیدا ہو جاتی ہے۔ سب سے نیچے کی پسلی۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَشَدِیْدُ الوَاھِنَتَیْنِ" وہ مضبوط سینہ والا ہے۔

الوَھْنَانَۃُ مِنَ النِّسَاءِ: ناز ونعمت کی وجہ سے کام میں سستی کرنے والی عورت۔

المَوْھِنُ مِنَ اللَّیْلِ: آدھی رات یا اس کے کچھ بعد۔

المَوْھُوْن: کمزور۔ مؤنث مَوْھُوْنَۃ۔

وَھْوَہَ وَھْوَھَۃً فِیْ صَوْتِہٖ: غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے بڑبڑانا......اَلْاَسَدُ فِیْ زَئِیْرِہٖ: شیر کا دھاڑنا۔ صفت وَھْوَاہٌ۔

الوَھْوَاہُ والوَھْوَہُ مِنَ الخَیْلِ: تیز وچست رَجُلٌ وَھْوَاہٌ: بزدل مرد۔

وَھٰی ووَھِیَ یَھِیْ وَھْیًا الثَّوْبُ: کپڑے کا پھٹنا......الشَّیْءُ: بندش ڈھیلی ہونا۔ بوسیدہ ہونا۔ کمزور ہونا......الحَائِطُ: دیوار کرنے کے قریب ہونا......الرَّجُلُ: بے وقوف ہونا......السَّحَابُ: بادل کا موسلا دھار برسنا۔

اَوْھٰی اِیْھَاءً فُلَانًا: کمزور کرنا۔ سست کر دینا۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ فَاَوْھٰی یَدَہٗ" اس نے اسے مارا اور اس کے ہاتھ کو توڑ دیا۔

الوَھْیُ: مص۔ شگاف۔ پھٹن ج وُھِیٌّ واَوْھِیَۃ۔

الوَھْیَۃ: اسم مرۃ۔ شگاف۔

الوَاھِی اسم فاعل ج وَاھُوْن ووُھَاۃ: مؤنث وَاھِیَۃ۔

الوَھِیَّۃُ: موٹی۔ ذبح کرنے کے لئے موٹا اونٹ۔

الاُوْھِیَّۃ: پہاڑ کی چوٹی سے وادی تک کا فاصلہ۔

وَاہِ ووَاہٍ ووَاھًا ووَاھًا لَہٗ وَبِہٖ: چیز کی خوبی کے لئے کلمہ تعجب گویا تم کہتے ہو "اَعْجِبْ بِہٖ مَا اَطْیَبَہٗ" اور اظہار افسوس کے لئے بھی آتا ہے جیسے "وَاھًا عَلٰی مَافَاتَ"۔

وَیْ: کلمہ تعجب جیسے وَیْ لِزَیْدٍ یعنی زید سے مجھے تعجب ہے اور ڈانٹ ڈپٹ کے لئے بھی آتا ہے اور وَیْل سے کنایہ ہے تم کہتے ہو "وَیْکَ اِسْتَمِعْ قَوْلِیْ" تیرا برا ہو میری بات پر کان لگا۔ اور دھمکی کے لئے بھی مستعمل ہے جیسے وَیْ بِکَ یَا فُلَانُ۔

وَیْبٌ: بمعنی ویل۔ کہا جاتا ہے "وَیْبَکَ ووَیْبٌ لَکَ ووَیْبٌ لِزَیْدٍ ووَیْبًا لَہٗ ووَیْبٍ لَہٗ ووَیْبِہٖ ووَیْبِ غَیْرِہٖ: کسرہ اور ضمیر واسم ظاہر کی طرف اضافت کے ساتھ۔ ووَیْبَ زَیْدٍ: فتحہ اور اضافت کے ساتھ۔ ووَیْبٌ فُلَانٌ کسرہ اور رفع کے ساتھ۔ اور معنی ہر صورت میں ویل کے ہیں۔ یعنی اللہ اس کے لئے ویل لازم کرے اور ویب کا استعمال مقام تعجب میں بھی ہوتا ہے کہا جاتا ہے "وَیْبًا لِھٰذَا" یعنی اس کے لئے تعجب ہے۔

الوَیْبَۃ: بائیس یا چوبیس مد کا ایک پیمانہ ج وَیْبَات (مولدۃ) الوَیْبَۃ: مصیبت۔ بلا۔ رسوائی۔

وَیْح: کلمہ ترحم وتوجع۔ اور کبھی مدح اور تعجب کے موقع پر آتا ہے اور کہا گیا ہے کہ وَیْلٌ کے معنی میں ہے تم کہتے ہو "وَیْحٌ لِزَیْدٍ ووَیْحًا لِزَیْدٍ وَیْحَہٗ" رفع ابتدا کی وجہ سے ہے اور نصب اضمار کی فعل کی بنا پر۔ گویا کہ تم کہتے ہو اَلْزَمَہُ اللّٰہُ وَیْحًا۔

الوَاحُ والوَاحَۃُ: ریگستان میں سرسبز زمین ج الوَاحَات۔

وَیْخ: بمعنی وَیْح۔

وَیْس: بمعنی وَیْح اور اس کے احکام بھی وَیْح کے احکام جیسے ہیں۔

الوَیْسُ: محتاجی۔ ارادہ کی ہوئی چیز۔ نہ چاہی ہوئی چیز۔

وَیْکَ: کلمہ ہے جو وَیْ اور کاف خطاب سے مرکب ہے۔

وَیَّلَ تَوْیِیْلًا فُلَانًا ولِفُلَانٍ: کسی کے لئے بہت ویل کہنا۔

تَوَیَّلَ: ویل کو پکارنا۔ یَاوَیْلِیْ: کہنا۔

تَوَایَلَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے کے لئے ویل ویل کہنا کہا جاتا ہے "ھُمَا یَتَوَایَلَانِ"۔

الوَیْل: شر و برائی کا نزول۔ ہلاکت۔ جہنم کی ایک وادی کا نام۔ کہا جاتا ہے "وَیْلَہٗ ووَیْلَکَ ووَیْلِیْ ووَیْلٌ لِزَیْدٍ ووَیْلًا لَہٗ" نصب اضمار فعل کی بنا پر رفع ابتدا کی وجہ سے جبکہ اضافت نہ ہو اور اضافت کی صورت میں صرف نصب ہی ہوگا۔ اس وجہ سے کہ اگر رفع دیں گے تو بلا خبر کے رہ جائے گا۔ کہا جاتا ہے "وَیْلٌ وَائِلٌ ووَیْلٌ وَیْلٌ" یعنی بہت زیادہ ویل۔

الوَیْلَۃ: بلا رسوائی۔ ج وَیْلَات۔

وَیْلُمِّہٖ: یہ مرکب کلمہ ہے اس کی اصل "وَیْلٌ لِاُمِّہٖ" ہے بمعنی بددعا کے مگر بعد میں تعجب اور استحسان کے موقع پر استعمال ہونے لگا مانند "قَاتَلَہُ اللّٰہُ" اور "لَا اَبَ لَکَ" کے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ وَیْلُمِّہٖ ووَیْلِمِّہٖ" ضمہ لام وکسرہ لام کے ساتھ بمعنی چالاک وتیز فہم مرد۔

الوَیْمَۃ: تہمت اور بقول بعض چغل خوری۔

الوَیْن: کالا انگور۔ عیب۔

الوَیْنَۃ: کالا خشک انگور۔

وَیْہَ ووَیْہِ ووَیْھًا: کلمہ تحریض واغراء ہے مفرد جمع مذکر ومؤنث سب کے لئے بھی آتا ہے۔

ہ

الھاء : یہ حروف تہجی میں چھبیسواں حرف ہے اور حروف حلقی سے ہے۔

ہ: تین صورتوں میں مستعمل ہے۔

(۱) ضمیر غائب ہے۔ منصوبا و مجروراً۔ جیسے قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗ" اس سے اس کے ساتھی نے باہم بات کرتے ہوئے کہا اور یہ کسرہ یا یاء ساکنہ کے بعد ہو تو مکسور ہوتی ہے بشرطیکہ اس کے بعد الف نہ ہو اور اس کے علاوہ مضموم ہوتی ہے۔

(۲) حرف غیبت جیسے اِیَّاهُ کی ھا.

(۳) ھَاءِ: سکتہ اور یہ حرکت یا حرف کے ظاہر کرنے کے لئے لاحق ہوتی ہے جیسے مَاهِيَهْ وَهَاهُنَاهْ. وَوَازَيْدَاهْ.

ھا: اس کی بھی تین صورتیں ہیں۔

(۱) اسم فعل بمعنی خُذْ: جیسے "هَا الْكِتَابَ" کتاب لو۔ اس کے الف کو ممدودہ کرنا بھی جائز ہے اور یہ ممدودہ مقصورہ کاف خطاب اور بغیر خطاب کے دونوں طرح مستعمل ہیں اور ممدودہ ہونے کی صورت میں کاف کو حذف کرنا بھی جائز ہے اس طرح پر کہ ہمزہ کی گردان کاف کی گردان کی طرح کریں اور کہیں ھَاءَ مذکر کے لئے۔ ھَاءِ مؤنث کے لئے و ھَاؤُم جمع مذکر کے لئے۔ ھَاؤُمَا تثنیہ مذکر و مؤنث کے لئے ھَاؤُنَ جمع مؤنث کے لئے۔

(۲) مؤنث کی ضمیر منصوب جیسے ضَرَبَهَا اور مجرور جیسے كِتَابَهَا. ہ: ضمیر ہے اور الف علامت تانیث۔

(۳) تنبیہ کے لئے اور اس کی چار صورتیں ہیں۔

(الف) اشارہ سے پہلے جیسے : هٰذَا وهٰذَاک۔

(ب) ضمیر مرفوع جیسے "هَا اَنْتُمْ هٰؤُلَاءِ".

(ج) ای: کی صفت ندا کی صورت میں جیسے يَا اَيُّهَا الرَّجُلُ.

(د) قسم کی صورت میں لفظ اللہ سے پہلے حرف قسم کو حذف کرنے کے وقت جیسے "هَا اللّٰهِ".

ھِيْ ھِيْ: اسم صوت ہے جس سے اُونٹ کو چارہ کھلانے کے لئے بلاتے ہیں۔

هَاهَا: اُونٹوں کو ڈانٹنے کی آواز۔

هَاهَا هنهاءً وهَاهَاءً: ٹھٹھا مار کر ہنسنا۔ صفت هَاهَا وهَاهَاءٌ ...... بالاِبِلِ : اونٹ کو چارہ کے لئے بلانا اور ھِیْ ھِیْ کہنا یا ڈانٹنا اور هَاهَا کہنا اور اسم الھی ہے۔

جَارِيَةٌ هَاْهَاءَةٌ: بہت ٹھٹھا مار کر ہنسنے والی لڑکی۔

هٰؤُلَاءِ: ھا کلمہ تنبیہ اور اُولا: اسم اشارہ۔

هَبْ. وَهَبْ : اسے امر کا صیغہ ہے اور کہا جاتا ہے "هَبْنِي فَعَلْتُ" فرض کر کہ میں نے کیا اور یہ کلمہ امر کا ہے جو دو مفعولوں کو نصب دیتا ہے۔

هَبَّتِ (ن) هُبُوْبًا وهَبِيْبًا وهَبًّا الرِّيْحُ: ہوا کا چلنا۔ هَبَّ الرَّجُلُ مِنَ النَّوْمِ: نیند سے بیدار ہونا...... النَّجْمُ: ستارہ کا طلوع ہونا۔

هَبَّ (ض) هَبًّا وهُبُوْبًا وهَبِيْبًا وهِبَابًا: چست و تیز رفتار ہونا۔ هَبَّ يَفْعَلُ كَذَا: وہ ایسا کرنے لگا اور کہا جاتا ہے "مِنْ اَيْنَ هَبَبْتَ" تم کہاں سے آئے (...... هَبًّا وهُبُوْبًا) السَّيْفُ: تلوار کا ہلنا...... فِي الْحَرْبِ: شکست کھانا (...... هَبًّا وهَبَّةً وهِبَّةً). السَّيْفُ الشَّيْئَ: تلوار کا کسی چیز کو کاٹنا۔

هَبَّ (س) هِبَابًا: مدت تک غائب رہنا۔ کہا جاتا ہے "هَبَّ فُلَانٌ حِيْنًا ثُمَّ قَدِمَ" فلاں ایک مدت تک غائب رہا پھر آ گیا۔ "وَاَيْنَ هَبَبْتَ عَنَّا" تم ہم سے کہاں غائب رہے؟

هَبَّبَ تَهْبِيْبًا الثَّوْبَ: کپڑا اپھاڑنا۔

اَهَبَّهُ مِنْ نَوْمِهٖ: نیند سے بیدار کرنا۔ اَهَبَّ السَّيْفَ. تلوار کو ہلانا...... الرِّيْحَ: ہوا کا چلانا۔

تَهَبَّبَ الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

اِهْتَبَّ الشَّيْئَ: کاٹنا۔

اِسْتَهَبَّ الرِّيْحَ: ہوا کا چلانا۔

الهَبَابُ : ذرات جو دھوپ پڑنے پر روشن دان وغیرہ میں معلوم ہوتے ہیں۔ کہا جاتا ہے "ثَوْبٌ هَبَائِبُ وهِبَبٌ واَهْبَابٌ" پارہ پارہ شدہ کپڑا۔

الهَبَّةُ. هَبَّ : کا اسم مرۃ۔ صبح کی باقی ماندہ ایک ساعت۔ زمانہ کی ایک مدت۔ کہا جاتا ہے "رَاَيْتُهٗ هَبَّةً" میں نے اس کو ایک مرتبہ دیکھا "وَاَحْذَرْ هَبَّةَ السَّيْفِ" تلوار کے چلنے سے بچو۔

الهِبَّةُ. هَبَّ : کا اسم نوع۔ حال۔ کپڑے کا

ایک ٹکڑا۔ تلوار کی کاٹ اور اس کا ہلنا۔ ج
کی باقی ماندہ ساعت ۔ زمانہ کی ایک
مدت۔
الهَبُوبُ والهَبُوبَةُ والهَبِيبُ مِنَ الرِّيَاحِ:
گردوغبار اڑانے والی ہوا۔
الهَبَّاب: بہت گردوغبار اُڑانے والی ہوا۔
المَهَبُّ: ہوا چلنے کی جگہ۔ ج مَهَابُّ.
المُهِبُّ: کمزور۔ ج مُهِبُّوْن: بیدار کرنے
والا۔
هَبَتَهُ (ض) هَبْتًا: مارنا۔ کسی کا سر جھکا دینا۔
مرتبہ سے گھٹا دینا۔ ذلیل کرنا۔
هَبَتَهُ بِالسَّيْفِ: تلوار سے مارنا۔
هُبِتَ الرَّجُلُ: بزدل و ہوش باختہ ہونا۔
صفت هَبِيْت ومَهْبُوْت.
الهَبْتَةُ. هَبَتَ: کا اسم مرۃ۔ کمزوری۔ کہا جاتا
ہے "فِي عَقْلِهِ هَبْتَةٌ" اس کی عقل کمزور
ہے۔
الهَبْتَر: پستہ قد۔
هَبَجَهُ (ف) هَبْجًا بِالعَصَا: لگاتار لاٹھی
سے مارنا۔
هَبِجَ (س) هَبَجًا وَجْهُ الرَّجُلِ: چہرے کا
سوجنا۔ صفت هَبِج.
هَبَّجَهُ: متورم کرنا۔
تَهَبَّجَ: سوجنا۔
المُهَبَّجُ: سست۔ بھدی طبیعت کا۔
هَبَدَ (ض) هَبْدًا وتَهَبَّدوا اِهْتَبَدَ الهَبِيْدَ:
اندرائن کا پھل توڑنا اور پکانا اور چننا۔ هَبَّدَ
فُلانًا: اندرائن کا پھل کھلانا۔
الهَبْد والهَبِيْد: اندرائن یا اس کا دانہ۔
واحد هَبِيْدَة.
الهَوَابِد: اندرائن کے دانے چننے والیاں۔
هَبَذَ (ض) هَبْذًا وهَابَذَ وأَهْبَذَ واِهْتَبَذَ
الفَرَسُ او الطَّائِرُ: گھوڑے کا تیز چلنا یا پرندہ
کا تیز اڑنا۔
الهَابِذَة: تیز رفتار اونٹنی ج هَوَابِذ.
هَبَرَ (ن) هَبْرًا اللَّحْمَ: گوشت کے بڑے
بڑے ٹکڑے کاٹنا۔ کہا جاتا ہے "هَبَرَ لَهُ مِنَ
اللَّحْمِ هَبْرَةً" اس نے اس کے لئے گوشت
کے ٹکڑے کاٹے "وَهَبَرْنَاهُمْ بِالسُّيُوْفِ"
ہم نے ان کو تلواروں سے کاٹ دیا۔
هَبِرَ (س) هَبَرًا البَعِيْرُ: اُونٹ کا زیادہ
گوشت والا ہونا۔
اَهْبَرَ الرَّجُلُ: خوشنما موٹا ہونا۔
اِهْتَبَرَ البَعِيْرُ: اونٹ کا دبلا پتلا ہونا ..... فُلانًا
بِالسَّيْفِ: تلوار سے کاٹنا۔
الهَبْر: مص۔ بغیر ہڈی کا گوشت۔ واحد
هَبْرَةٌ. الهَبْر: پست زمین یا ریت کا قطعہ ج
هُبُوْر. وَهَبْر. الهَبْر فِي القِرَاءَةِ: آیت پر
وقف کرنا۔
الهُبْر: انگور کا بیج۔ کتان سے جو گرے۔
الهَبِر مِنَ الجِمَالِ: بہت گوشت والا
اونٹ۔ کہا جاتا ہے "بَعِيْر هَبِرٌ دَبِرٌ" بہت
گوشت اور اون والا اونٹ۔ مؤنث هَبِرَةٌ.
الهَبِير: کٹا ہوا۔
الهِبْرِيَة: روئی کے اڑنے والے روئیں۔ سر
کی بھوسی۔ بانس اور نرکل سے جو بکھرے اور
جمع ہو کر جم جائے۔
الهُبُور: مکڑی۔
الهَبِير: پست زمین کہ اس کے اردگرد بلندی
ہو ج هُبُرٌ و اَهْبِرَةٌ: اندام نہانی۔ کہا جاتا
ہے "ضَرْبٌ هَبْرٌ وهَبِيْرٌ" گوشت کو ٹکڑے
ٹکڑے کرنے والی ضرب۔
الهُبَيْرَة: بجو۔ اَبُو هُبَيْرَةَ: مینڈک۔ اُم
هُبَيْرَةَ: مینڈکی۔
الاَهْبَر: بہت گوشت والا۔ مؤنث هَبْرَاء ج
هُبْر.
الهُبَارِيَة: اڑنے والے پر۔ سر کی بھوسی۔
رِيْحٌ هُبَارِيَةٌ: غبار والی ہوا۔
الهَبَّار: بہت بالوں والا بندر۔
سَيْفٌ هَبَّارٌ: کاٹنے والی تلوار۔
الهَبُوْرُ: چھوٹی چیونٹی۔ کھیتی کے گرے ہوئے
خوشے۔
هَبْرَجَ الرَّجُلُ: ڈگمگاتے ہوئے چلنا۔
الثَّوْبَ: منقش کرنا۔
الهَبْرَج: تیز و سبک چال۔ مرد جبر۔ اکڑ
کر چلنے والا۔ منقش کپڑا۔ موٹا و بڑا گوشت
بیل۔ بوڑھا ہرن۔
الهِبْرِج: موٹا و بڑا گوشت۔
المُهَبْرَج مِنَ الاَوْتَارِ: خراب شدہ تانت۔
الهِبْرِزِيّ: فارسیوں کا گلن۔ نیا دینار۔ ہر
خوبصورت و خوشنما چیز۔ عمدہ موزہ۔ خالص
سونا۔ وَاُمُّ الهِبْرِزِيّ: بخار۔
تَهَبْرَسَ: نازو انداز سے چلنا۔
هَبَزَ (ض) هَبْزًا وهُبُوْزًا وهَبَزَانًا: مرنا۔ یا
اچانک مرنا۔
هَبَشَ (ن) وهَبِشَ (س) هَبْشًا الرَّجُلُ:
پورے ہاتھوں سے دوہنا ..... الشَّيْءَ: جمع
کرنا۔ پہنچنا ..... لِعِيَالِهِ: کمائی کرنا۔
..... فُلانًا: تکلیف دہ مار مارنا۔
هَبَّشَ تَهْبِيْشًا المَالَ: جمع کرنا۔
تَهَبَّشَ القَوْمُ: اکٹھا ہونا ..... الشَّيْءَ: جمع
کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَجَ يَتَهَبَّشُ لِعِيَالِهِ"
وہ اپنے اہل و عیال کے لئے کمائی کرنے
کے لئے نکلا۔
اِهْتَبَشَ المَالَ: اکٹھا ہونا ..... الشَّيْءَ: جمع
کرنا ..... مِنْهُ عَطَاءً: حاصل کرنا۔
الهَابِشَة: جماعت۔ الهَابِشَة والهُبَاشَة:
مختلف قبیلوں کی جماعت۔ ج هَوَابِش
هُبَاشَات. الهُبَاشَات: کمائیاں۔
الهَبَّاش: بہت کمائی کرنے والا۔ بہت جمع
کرنے والا۔
هَبِصَ (س) وهَبِصَ (ح) هَبَصًا
وهَبْصًا: پھرتیلا و جلد باز ہونا ..... الكَلْبُ:
کتے کا شکار کا حریص ہونا ..... عَلَى الشَّيْءِ:
مشتاق ہو کر بے قرار ہونا۔ صفت هَبِص.
اِهْتَبَصَ فِي العَمَلِ: جلدی کرنا ..... فِي
المَشْيِ: تیز چلنا ..... (وانْهَبَصَ)
لِلضَّحِكِ: بہت زور سے ہنسنا۔
الهَبَصَى: تیز چال۔ کہا جاتا ہے مَشَى
الهَبَصَى: وہ تیز چال چلا۔
هَبَطَهُ (ن) هَبْطًا مِنَ الجَبَلِ: پہاڑ سے

اُتارنا.....المَرَضُ لَحْمَہٗ: بیماری کا گوشت کو لاغر کرنا۔ فُلاَنًا: مارنا..... بَلَدَ کَذَا: شہر میں داخل ہونا..... السُّوقَ: بازار میں پہنچنا..... الوَادِیَ: وادی میں اترنا۔ صفت ھَبَّاط..... فُلاَنًا البَلَدَ: شہر میں داخل ہونا..... ثَمَنَ السِّلْعَۃِ وَمِنْ ثَمَنِہَا: قیمت گھٹانا۔

ھَبَطَ (ض ن) ھُبُوْطًا الثَّمَنُ: قیمت گھٹانا۔ کم ہونا۔ فُلاَنٌ: خاکساری کرنا ..... فُلاَنٌ مِنَ الْجَبَلِ: پہاڑ سے اترنا..... مِنْ مَوْضِعٍ اِلٰی آخَرَ: ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھَبَطَ مِنَ الْخَشْیَۃِ" اس نے خوف کی وجہ سے خاکساری کی "وَھَبَطَہٗ الزَّمَانُ" اس کو زمانہ نے مفلوک الحال بنا دیا۔

ھَبَطَ الْعِدْلَ: بوری کو اونٹ پر درست کر کے رکھنا۔

اَھْبَطَہٗ: اتارنا۔ اَھْبَطَ الثَّمَنَ: قیمت گھٹانا۔

تَھَبَّطَ مِنْ کَذَا: نیچے اترنا..... الشَّیْئُ: بجھنا۔

اِنْھَبَطَ الرَّجُلُ: نیچے اُترنا۔

الھَابِطُ: فا۔ لاغر۔

الھَبْطُ: مص۔ نقصان۔ برائی میں پڑنا۔ ذلت۔ کہا جاتا ہے "اَللّٰھُمَّ غَبْطًا لَاھَبْطًا" یعنی اے اللہ ہم تجھ سے اس کا سوال کرتے ہیں کہ لوگ ہم پر غبطہ کریں اور اس سے پناہ مانگتے ہیں کہ اپنی حالت سے پستی میں آجائیں۔

الھَبْطَۃُ۔ ھَبْطٌ: کا اسم مرۃ۔ پست و ہموار زمین۔ کہا جاتا ہے "ھُمْ فِیْ ھَبْطَۃٍ مِنَ الْاَرْضِ" وہ لوگ پست زمین میں ہیں۔

الھُبُوْطُ: ڈھلوان۔ نشیب کی زمین۔

الھَبِیْطُ: دبلا پتلا لاغر۔

المَھْبِطُ: اترنے کی جگہ۔

اَلْمَھْبِطُ: گرڈ اسٹیشن۔ ایرفیلڈ۔

المَھْبُوْطُ: دبلا پتلا۔ رَجُلٌ مَھْبُوْطٌ: محتاج ومفلس مرد۔

ھَبَعَ (ف) ھَبْعًا وھُبُوْعًا الْحِمَارُ: گدھے کا سست رفتاری سے چلنا اور جس کی ایسی حالت ہو اس کو ھبع کہتے ہیں..... البَعِیْرُ: اونٹ کا گردن پھیلا کر چلنا۔ ھَبَعَ بِعُنُقِہٖ: جلدی کرنا اور گردن کا سہارا لینا۔ صفت ھَابِعٌ وھُبُوْعٌ۔

اِسْتَھْبَعَ الْبَعِیْرُ: اونٹ کو گردن پھیلا کے چلوانا۔

الھُبَعُ: گدھا۔ اونٹ کا بچہ جو گرمی میں پیدا ہوا ہو۔ ج ھُبَعَاتٌ وھِبَاعٌ مؤنث ھُبَعَۃٌ ج ھُبَعَاتٌ۔

المُھْبِعُ: اونٹ کے بچوں کا مالک۔

اِبِلٌ ھُبَّعٌ: گردن پھیلا کے چلنے والے اونٹ۔

ھَبَغَ (ف) ھُبُوْغًا وھَبْغًا الرَّجُلُ: سونا۔

الھَبْغَۃُ: نیند۔

الھَبِیْغُ: بہت سونے والا۔

اِنْھَبَکْتُ بِہِ الْاَرْضُ: دھنسانا۔

الھَبَکَۃُ: احمق۔ بے وقوف۔ زمین جس میں پاؤں دھنس جائیں۔ ج ھَبَکَاتٌ وھُبُکٌ۔

ھَبِلَتْ (س) ھَبَلاً فُلاَنًا اُمُّہٗ: گم کرنا۔ بے فرزند ہونا۔ صفت ھَابِلٌ بد دعا کے موقع پر کہا جاتا ہے "ھَبِلَتْہُ اُمُّہٗ" یعنی اس کی ماں اس کو گم کرے اور بسا اوقات مقام مدح و استحسان میں بولا جاتا ہے۔ مراد یہ ہے کہ وہ کتنا بڑا عالم اور صائب الرائے ہے۔

ھَبَّلَ الرَّجُلُ لِعِیَالِہٖ: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا..... فُلاَنًا: کسی سے ھَبِلَتْکَ اُمُّکَ کہنا..... اللَّحْمُ فُلاَنًا: گوشت تہ بتہ چڑھنا۔

اَھْبَلَ الرَّجُلُ: بے اولاد کرنا۔ عقل وتمیز کھونا..... اللَّحْمُ: گوشت تہ بتہ چڑھنا۔

تَھَبَّلَ لِعِیَالِہٖ: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔

اِھْتَبَلَ فُلاَنٌ: بہت جھوٹ بولنا اور حیلہ کرنا..... الصَّیْدَ: شکار کو فریب دینا۔ ..... لِعِیَالِہٖ: اہل وعیال کے لئے کمائی کرنا۔ ..... الشَّیْئَ: غنیمت جاننا۔ کہا جاتا ہے "اِھْتَبِلْ کَلِمَۃَ حِکْمَۃٍ" حکمت کے کلمہ کو غنیمت جان۔ ..... عَلٰی وَلَدِہٖ: بے اولاد کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِھْتَبِلْ ھَبَلَکَ" اپنی حالت کی درستی کو لازم جانو۔

الھَابِلُ: کمائی کرنے والا۔ حیلہ گر۔ بہت گوشت وچربی والا۔

الھَبَالُ: ایک درخت ہے جس سے تیر بنائے جاتے ہیں۔ واحد ھَبَالَۃٌ۔

الھَبَالَۃُ: عقل وتمیز کھونا۔ جستجو۔ کہا جاتا ہے "نَالَہٗ بِھَبَالَۃٍ"۔

الھُبَالَۃُ: غنیمت۔

الھَبَّالُ: کمائی کرنے والا۔ حیلہ ساز۔ فریب دینے والا شکاری۔

الھَبَلُ: مص۔ حالت۔

الھِبِلُّ: بھیڑیا۔ فریب دینے والا۔

الھُبْلَۃُ: بوسہ۔

ھُبَلُ: زمانہ جاہلیت کے ایک بت کا نام۔

الاَھْبَلُ: عقل وتمیز کھونے والا۔ ج ھُبْلٌ۔

الھِبِلُّ والھِبَلُّ: بڑا ایا لمبا مرد۔ حیلہ جو۔

الھِبِلُّ: ایک درخت کا نام۔

الھِبْلٰی: نازکی رفتار۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمْشِی الْھِبْلٰی" وہ خرام ناز سے چلتا ہے۔

الھَبُوْلُ: بچہ گم کرنے والی عورت۔

المُھَبَّلُ: جس کو بددعا دی جائے کہ تیری ماں تجھے گم کرے۔ سوجے ہوئے چہرے والا۔ پر گوشت۔ پاگل۔

المِھْبَلُ: ہلکا۔

المُھَبِّلُ: جھوٹا۔

المَھْبُوْلُ: مفع۔ وہ جس کو اس کی ماں نے گم کر دیا ہو۔

الھَبَلَّقُ: پستہ قد۔

الھَبَنَّقُ: بے وقوف۔ پستہ قد۔

الھَبَنْکُ: بے وقوف۔ کمزور۔ چغل خور۔

الھَبَنْکَۃُ۔ ھَبَنْکٌ: کا مؤنث۔ سست کاہل۔

هَبْهَبَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ نیند سے بیدار ہونا ......السَّرَابُ: سراب چمکنا۔ هَبْهَبَهٗ: ڈانٹنا۔

هَبْهَبَ الکَبْشَ: مینڈھے کو ذبح کرنا۔

تَهَبْهَبَ الشَّیْئُ: ہلنا۔ حرکت کرنا۔

الهَبْهَب: تیز رفتار۔ ہلکا پھلکا بھیڑیا۔

الهَبْهَاب: تیز رفتار۔ چلانے والا۔ سراب۔

الهَبْهَبِیُّ: اچھی حدی گانے والا۔ اچھی خدمت کرنے والا۔ پکانے والا۔ بکریوں کا چرواہا۔ گوشت بھوننے والا۔ قصائی۔ عمدہ طریقے سے محنت و مشقت کرنے والا۔ تیز رفتار ہلکا پھلکا اونٹ مؤنث هَبْهَبِیَّة۔

هَبَا یَهْبُو هُبُوًّا: سست چلنا......الغُبَارُ: غبار کا بلند ہونا......الْفَرَسُ: گھوڑے کا بھاگنا...... فُلَانٌ: مرنا......الرَّمَادُ: راکھ کا مٹی سے ملنا۔

اَهْبَی اِهْبَاءً الْفَرَسُ: گھوڑے کا غبار اڑانا۔

تَهَبَّی تَهَبِّیًا: دونوں ہاتھ جھاڑنا۔

الهَابِی: فا۔ ج هُبِّی کہا جاتا ہے "نُجُوْمٌ هُبِّی" غبار سے چھپے ہوئے ستارے۔

الهَابِی: قبر کی مٹی۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا مَوْضَعٌ هَابِی التُّرَابِ" یہ غبار والی مٹی کی جگہ ہے وتُرَابٌ اَوْرَمَادٌ هَابٍ: فضا میں اڑنے والی مٹی یا راکھ۔

الهَبَاء: غبار۔ باریک مٹی کے ذرات جو زمین پر بلند اور پھیلے ہوئے ہوں۔ کم عقل لوگ۔ ج اَهْبَاء۔

الهَبَاءَة: غبار کا قطعہ۔

هُبَابَة الشَّجَرِ: درخت کی چھال۔

الهَبْوَة: گرد و غبار۔ ج هَبَوَات واَهْبَاء (خلاف قیاس) اَهْبَاءُ الزَّوْبَعَة: بگولا۔

الهَبِیُّ: چھوٹا بچہ۔ مؤنث هَبِیَّة۔

المُتَهَبِّی: کمزور نظر والا۔

هَتَّ (ن) هَتًّا الکَلَامَ: پیہم نقل کرنا۔ خوش سلیقگی سے بیان کرنا......الثَّوْبَ: کپڑے پھاڑنا......العِرْضَ: آبرو ریزی کرنا...... المَاءَ: پانی گرانا......فُلَانًا: مرتبہ گھٹانا......المَرْاَةُ غَزْلَهَا: عورت کا لگاتار کاتنا...... فُلَانٌ فِی کَلَامِهٖ: جلدی جلدی بولنا...... وَرَقَ الشَّجَرَة: درخت کے پتے جھاڑنا۔ الشَّیْئَ: توڑنا اور چورہ کرنا(...... هَتِیْتًا) البَکْرُ: جوان اونٹ کا آواز کرنا۔

الهَتُّ: مص۔ کہا جاتا ہے "تَرَکَهُمْ هَتَّابَتًّا" اس نے ان کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے چھوڑا۔

الهَتَّات: ہلکا پھلکا۔ بہت بک بک کرنے والا۔

المِهَتُّ: بمعنی هَتَّات۔

هَتَاهٗ یَهْتَاهُ هَتْأً بِالعَصَا ونَحْوِهَا: لاٹھی وغیرہ سے مارنا......الطَّعَامَ: کھانا۔

هَتِیَ یَهْتَأُ هَتَأً الرَّجُلُ: ٹیڑھا ہونا۔

تَهَتَّأَ تَهَتُّؤًا الثَّوْبُ: کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

الهَتْءُ الهِتْءُ و الهَتِیُّ والهِتَاءُ والهِتِیُّ والهِیْتَاءُ والهَتْأَةُ: وقت۔ کہا جاتا ہے "مَضٰی مِنَ اللَّیْلِ هَتْءٌ" رات کا کچھ حصہ گزر گیا۔

الهَتَأُ والهُتُوْءُ: شگاف۔ پھٹن۔

الاَهْتَاء: کبڑا۔

هَتَرَ (ض) هَتْرًا عِرْضَ فُلَانٍ: آبرو ریزی کرنا......الکِبَرُ فُلَانًا: بڑھاپے کا عقل کو زائل کرنا۔

هَتَّرَ عِرْضَ فُلَانٍ: بہت زیادہ آبرو ریزی کرنا۔

هَاتَرَهٗ مُهَاتَرَةً: بری گالی دینا۔

اُهْتِرَ الرَّجُلُ: بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت مُهْتَر بفتح التاء اور یہ شاذ ہے واُهْتِرَ فُلَانٌ کسی چیز کے بارے میں کہنے کے لئے فریفتہ ہونا۔

اُهْتِرُوا فِی ذِکْرِ اللّٰهِ: اللہ کی یاد کرتے ہوئے بوڑھا ہونا۔

تَهَاتَرَ الرَّجُلَانِ: ایک دوسرے پر جھوٹا دعویٰ کرنا اور کہا جاتا ہے "تَهَاتَرَتِ الشَّهَادَاتُ" شہادتیں ایک دوسرے کے برخلاف ہوئیں۔

اُسْتُهْتِرَ فُلَانٌ: ...... کے ساتھ خواہشات کا اتباع کرنا۔ بڑھاپے کی وجہ سے نہ سمجھنا۔

اِسْتَهْتَرَ الرَّجُلُ بِکَذَا: بہت فریفتہ ہونا...... الرَّجُلُ: لغو والا طائل افعال کا مرتکب ہونا۔

الهَاتِر: فا۔ ج هَاتِرُوْنَ وهَتَرَة۔

الهِتْر: جھوٹ۔ مصیبت۔ امر عجیب۔ بے ہودہ گفتگو۔ رات کا نصف اول۔ ج اَهْتَار کہا جاتا ہے "فُلَانٌ هِتْرُ اَهْتَارٍ" فلاں بڑا چالاک ہے۔

الهُتْر: بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے عقل کی خرابی۔

التَّهَاتُر: ایک دوسرے کے خلاف شہادتیں۔

التِّهْتَار والتَّهْتَر: حماقت و جہالت۔

المُهْتَر: کسی چیز کے متعلق کچھ کہتے رہنے پر فریفتہ۔ بڑھاپے یا مرض یا غم کی وجہ سے خراب عقل والا۔ رَجُلٌ مُهْتَرٌ گفتگو میں خطا کار۔

المُسْتَهْتَر بِالشَّیْئِ: سخت فریفتہ۔ بہت باطل کار آدمی۔

الهَتْرَک: شیر۔ سخت و مشکل زمانہ۔

هَتَشَ (ض) هَتْشًا الکَلْبَ: کتے کو برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ کہا جاتا ہے "هُتِشَ الکَلْبُ فَاهْتَتَشَ" کتے کو بھڑکایا گیا وہ بھڑک گیا۔ (اور یہ کتے اور درندوں ہی کے لئے خاص ہے)

هَتَعَ (ف) هَتْعًا اِلٰی قَوْمِهٖ: جلدی متوجہ ہونا۔

هَتَفَ (ض) هَتْفًا وهُتَافًا الحَمَامَةُ: کبوتری کا کوکو کرنا(...... هُتَافًا) فُلَانٌ بِفُلَانٍ: چلا کر بلانا......فُلَانًا وبِفُلَانٍ: تعریف کرنا۔

هَتَّفَتْ تَهْتِیْفًا الحَمَامَةُ: کبوتری کا نوحہ کرنا۔

الهَاتِفُ: ٹیلیفون۔

الهَاتِف: فا۔ جس کی آواز سنائی دے اور دکھلائی نہ دے۔ ٹیلی فون۔ تم کہتے ہو "سَمِعْتُ هَاتِفًا یَهْتِفُ" جبکہ تم آواز سنو اور کوئی دکھلائی نہ دے......کہا جاتا ہے هُتُوْفٌ

هَتَـفَـةً وهُتُوفًا وهَتَفِي: آواز دینے والی
کمان۔ حَمَامَةٌ هَتُوفٌ: بہت کوکو کرنے
والی کبوتری۔ رِيحٌ هَتُوفٌ: سائیں سائیں
کرنے والی ہوا۔ سَحَابَةٌ هَتُوفٌ: گرجنے
والا بادل اور اسم الهَتْفِي ہے۔
الهَتف و الهُتَاف: مص۔ سخت و بلند آواز۔
هَتَكَ (ض) هَتْكًا السِّتْرَ ونَحْوَهُ: پردہ
پھاڑنا۔ کاٹ کر علیحدہ کرنا۔ یا کچھ تھوڑا سا
سوراخ کرنا تاکہ پردہ کے پیچھے کی چیز ظاہر
ہو جائے..... الثَّوبَ: کپڑے کو لمبا پھاڑنا۔
کہا جاتا ہے "هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَ الْفَاجِرِ"
یعنی اللہ تعالیٰ فاجر کو رسوا کریں۔ "وَهُتِكَ
عِرْضُهُ" جبکہ عزت جاتی رہے۔
هَتَّكَ السِّتْرَ: بمعنی هَتَكَ: تشدید مبالغہ
کے لئے ہے۔
تَهَتَّكَ وانْهَتَكَ السِّتْرُ ونَحْوُهُ: پردہ کا
پھٹنا۔ تَهَتَّكَ فُلانٌ: رسوا ہونا..... فِي
البَطَالَةِ: بیکاری میں [illegible]ڑنا۔
هَاتَكَ مُهَاتَكَةً: باہم رات کی تاریکی میں
چلنا۔ کہا جاتا ہے "هَاتَكْنَا اللَّيْلَ" یعنی رات
کی تاریکی میں ہم نے سفر کیا۔
الهُتْكُ: آدھی رات۔
ثَوبٌ هَتِيكٌ: پارہ پارہ شدہ کپڑا۔
الهُتْكَةُ: پردہ دری۔ رات کی ایک
ساعت۔
الهَتِيكَةُ: رسوائی۔ بے عزتی۔ کہا جاتا ہے
"رَجُلٌ مُنْهَتِكٌ ومُتَهَتِّكٌ
ومُسْتَهْتِكٌ" بے عزتی سے لا پرواہ۔
رسوا۔ بدنام۔
الهَتِكُ: پارہ پارہ شدہ۔
هَتَلَتْ (ض) هَتْلاً وهُتُولاً وتَهْتَالاً وهَتَلاناً
السَّمَاءُ: آسمان کا لگاتار برسنا۔
سَحَائِبُ هُتُلٌ: لگاتار برسنے والے بادل۔
الهَتَلانُ: ہلکی لگاتار بارش۔
هَتْلَمَ هَتْلَمَةً الرَّجُلانِ: دوسروں سے چھپا
کر چپکے چپکے باتیں کرنا۔
الهَتْلَمَةُ: مص۔ پوشیدہ بات۔

هَتَمَ (ض) هَتْمًا فَاهُ: اگلے دانتوں کو توڑنا
..... الثَّنِيَّةَ: جڑ سے توڑنا۔
هَتِمَ (س) هَتَمًا: سامنے کے جڑ سے ٹوٹے
ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت أهْتَمُ:
مؤنث هَتْمَاءُ ج هُتْمٌ۔
هَتَّمَهُ بالضَّرْبِ: مار مار کر ضعیف و کمزور کر
دینا۔
اهْتَتَمَ: دانتوں کو توڑنا۔
تَهَتَّمَ الشَّيْءُ: ٹوٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَتَّمَتْ
أَسْنَانُهُ" اس کے دانت ٹوٹ گئے۔
تَهَاتَمَا: ایک دوسرے پر جھوٹا دعویٰ کرنا۔
الهُتَامَةُ: ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔
هَتْمَرَ الرَّجُلُ: بہت بولنا۔
هَتْمَلَ الرَّجُلُ: آہستہ بولنا..... الرَّجُلانِ:
دوسرے سے چھپا کر چپکے چپکے باتیں کرنا۔
الهَتْمَلَةُ: پوشیدہ بات۔
هَتَنَتْ (ض) هَتْنًا وهُتُونًا وهَتَنَانًا وتَهْتَانًا
وتَهَاتَنَتِ السَّمَاءُ: آسمان سے لگاتار بارش
ہونا..... الدَّمْعُ: آنسو کا ٹپکنا۔
الهَتْنُ: لگاتار بارش۔
..... سَحَابٌ هَاتِنٌ وهَتُونٌ: لگاتار بارش
والا بادل ج هُتُنٌ وهُتْنٌ۔ عَيْنٌ هَتُونٌ
الدَّمْعِ: لگاتار آنسو ٹپکانے والی آنکھ۔
التَّهْتَانُ: لگاتار برسنے والی بارش۔
هَتْهَتَ الشَّيْءَ: توڑنا..... فِي الكَلامِ:
جلدی جلدی بولنا..... البَعِيرَ: اونٹ کو "هَتْ
هَتْ" کہہ کے پینے کے وقت ڈانٹنا۔
الهَتْهَاتُ: ہلکا پھلکا۔ جلدی بولنے والا۔
هَتَاهُ يَهْتُوهُ هَتْوًا: پیروں سے روند کر توڑنا۔
هَاتَاهُ مُهَاتَاةً: دینا (اس فعل کی گردان عاطی
کی گردان کی مانند ہے) کہا جاتا ہے
"هَاتِ يَا رَجُلُ" اے مرد دے "وَهَاتِي
يَا امْرَأَةُ" اے عورت دے "وَمَا أُهَاتِيكَ"
میں تم کو نہیں دوں گا۔
هَثَّ (ن ض) هَثًّا: جھوٹ بولنا۔ صفت
هَثَّاتٌ: یعنی جھوٹا۔
هَثْرَمَ هَثْرَمَةً: بہت بولنا۔

هَثَمَهُ (ض) هَثْمًا: کوٹ کر باریک کرنا۔
هَثَمَ لَهُ مِنْ مَالِهِ: یکبارگی عمدہ مال دینا۔
الهَيْثَمُ: ایک کھٹے مزے کا درخت۔ شکرا اور
بقول بعض گدھ یا عقاب کا بچہ۔ سرخ رنگ
کا ریت کا ٹیلہ۔
هَثْهَثَ هَثْهَثَةً الشَّيْءُ: مخلط ہونا۔
..... الوَالِي النَّاسَ: ظلم کرنا..... السَّحَابَةُ
بِقَطْرِهَا: بہت زور سے برسانا..... الشَّيْءَ:
سخت روندنا۔
الهُثْهَاثُ: جلدی کرنے والا۔ شَيءٌ هُثْهَاثٌ:
ملی ہوئی بے ترتیب چیز۔ رَجُلٌ هُثْهَاثٌ:
جھوٹا مرد۔
الهَثْهَثَةُ: مص۔ لڑائی میں مخلط آوازیں۔
هَثَى يَهْثِي هَثْيًا التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔
هَاثَاهُ مُهَاثَاةً: مذاق اڑانا۔
هَجَّ (ن) هَجًّا وهَجِيجًا البَيْتَ: گھر
ڈھانا (..... هَجِيجًا) العَيْنُ: آنکھ کا دھنس
جانا۔
..... النَّارُ: آگ کا زور سے بھڑکنا۔ هَجَّجَ
النَّارَ: آگ زور سے بھڑکانا۔
وهَجَّجَتْ عَيْنُهُ: آنکھ دھنس جانا۔
اِهْتَجَّ فِي الأَمْرِ: دیر لگانا اور کسی سے مشورہ
نہ کرنا۔
اِسْتَهْجَ فُلانٌ: خود رائے ہونا۔ السَّيَّارَةَ او
القَافِلَةَ: تیز چلانا۔
عَيْنٌ هَاجَّةٌ: دھنسی ہوئی آنکھ۔
الهَجَاجُ: تیز چال۔ کہا جاتا ہے "رَكِبَ
هَجَاجِ" مبنی علی الکسر یعنی وہ خود سر ہوا (اور
کبھی هَجَاجِ کے آخر کو فتحہ بھی دیا جاتا ہے)
اور اگر کوئی شخص لوگوں کو کسی چیز سے روکنا
چاہتا ہے تو کہتا ہے "هَجَاجَيْكَ وهَذَا
ذَيْكَ" یعنی دور رہو۔
الهَجَاجَةُ: گرد و غبار جو ہر چیز کو ڈھانپ
لے۔ بے وقوف۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ
هَجَاجَةٌ"۔
الهَجُّ: بیل کی گردن کا جوا۔
الهُجُجُ: پوکھرے۔

الهَجِيج :مص ۔گہری وادی ۔لمبی زمین جو چلنے والوں کو جلدی لائے ۔ کہانت کی لکیریں جو زمین پر کھینچیں جائیں ۔ ج هُجّان.
الاهجِيج: گہری وادی۔
عَينٌ مُهَجَّجة: دھنسی ہوئی آنکھ۔
المُهَجِّج: فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ والا۔
المُستَهجِج: ہر حق وناحق میں بولنے والا۔
هَجَأ يَهجَأُ هَجأً وهُجُوءًا جُوعُه: بھوک بند ہونا (...... هَجَأ) الطَّعَامَ: کھانا...... بَطنَهُ: پیٹ بھرنا...... هُ الطَّعامُ: آسودہ کر دینا۔
هَجِئَ يَهجَأُ هَجَأً: بہت بھوکا ہونا۔
اَهجَأ اِهجَاءً جُوعُه: بھوک زائل کرنا۔
فُلانًا حَقَّهُ: حق ادا کرنا...... فُلانًا الشَّيءَ: کسی کو کچھ کھلانا۔
تَهَجَّأ الحَرفَ: ہجے کرنا۔
الهَجأُ: ہر وہ چیز جو تمہارے اندر ہو اور ختم ہو جائے۔
الهَجَأة: بے وقوف مرد یا عورت۔
هَجَب (ض) هَجبًا: ہانکنا۔دوڑنا۔لاٹھی سے مارنا۔
هَجَدَ (ن) هُجُودًا: رات میں سونا۔بیدار رہنا (ضد) اور بقول بعض هُجُود دن میں سونے اور هُجُوع رات میں سونے کیلئے ہے۔
هَجَّدَ تَهجِيدًا الرَّجُلُ: بیدار ہونا۔رات میں سونا۔رات میں نماز پڑھنا...... فُلانًا: جگانا۔سلانا (ضد)
اَهجَدَ الرَّجُلُ: سونا...... فُلانًا: سلانا۔سوتا ہوا پانا۔
تَهَجَّدَ الرَّجُلُ: رات میں سونا۔بیدار رہنا۔
الهَاجِد: سونے والا۔رات میں نماز پڑھنے والا ج هُجُود وهُجَّد.
الهَجُود: رات میں نماز پڑھنے والا۔ ج هُجُود وهُجَّد.
التَّهَجُّد: مص۔رات کی نماز۔

المُتَهَجِّد: فا۔ رات کی نماز کے لئے نیند سے بیدار ہونے والا۔ازہری کا قول ہے کہ کلام عرب میں هَاجِد کا اطلاق رات میں سونے والے پر اور متہجد کا رات میں نماز کے لئے بیدار ہونے والے پر ہے۔
هَجَرَهُ (ن) هَجرًا وهِجرَانًا: قطع تعلق کرنا۔چھوڑنا۔هَجَرَ الشَّيءَ: ترک کرنا۔اعراض کرنا...... زَوجَتَهُ: بغیر طلاق دیئے ہوئے الگ ہونا (...... هَجرًا وهِجِّيرَى واهجِيرى) فِي نومه او مَرَضِه: نیند یا مرض میں بکواس کرنا (...... هَجرًا) بِهِ فِي النَّوم: خواب دیکھنا (...... هَجرًا و هُجُورًا) البَعِيرَ: پاؤں باندھنے کی رسی سے باندھنا۔
هَجَرَ القَومُ: دوپہر میں چلنا...... النَّهَارُ: سخت گرم ہونا...... اِلَى الشَّيءِ: سویرے جانا اور سبقت کرنا۔
هَاجَرَ مُهَاجَرَةً مِنَ البَلَدِ وعَنهُ: ہجرت کرنا۔
اَهجَرَهُ اِهجَارًا: چھوڑنا۔اَهجَرَ القَومُ: دوپہر میں چلنا۔اَهجَرَ فِي مَنطِقِه: بکواس کرنا...... بِفُلانٍ: ٹھٹھا کرنا اور بری بات کہنا۔
تَهَجَّرَ القَومُ: دوپہر میں چلنا...... فُلانٌ: مہاجرین کے مشابہ ہونا۔
تَهَاجَرُوا واهتَجَرُوا: باہم قطع تعلق کرنا۔
تَهَاجَرُ المَاءَ: لینا۔
اِهتَجَرَهُ: چھوڑنا۔
الهَاجِر: اسم فاعل۔شَيءٌ هَاجِرٌ: نہایت عمدہ چیز۔
الهَاجِرَة.الهَاجِر: کا مؤنث۔گرمی کا دوپہر یا زوال آفتاب سے عصر تک کا وقت۔سخت گرمی۔ج هَاجِرَات و هَوَاجِر اور کبھی هَاجِرَة ان مصادر میں سے ہوتا ہے جو فَاعِلَة کے وزن پر آتے ہیں جیسے عَاقِبَة وعَافِيَة وغیرہ۔نَاقَةٌ هَاجِرَةٌ: عمدہ اونٹنی اور کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِهَاجِرَاتٍ" اس نے اس کو افعال [illegible]

الهَاجِرِيّ: بہت عمدہ۔احمق وقاتل۔معمار۔شہری۔
هَاجَرة: حضرت اسماعیل علی نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کی والدہ ماجدہ کا اسم گرامی۔
الهَجر: مص۔حفاظت کے قابل چیز کا چھوڑنا۔بہت عمدہ۔مہار۔دوپہر۔سخت گرمی۔کہا جاتا ہے "لَقِيتُهُ عَن هَجرٍ" میں اس سے ایک سال کے بعد یا چھ روز یا اس سے زائد یا غیوبیت کے بعد ملا۔"وَذَهَبَتِ الشَّجَرَةُ هَجرًا" یعنی درخت لمبا اور بڑا ہو گیا۔
الهِجر: عمدہ اونٹ یا اونٹنی۔
الهُجر: قبیح گفتگو۔فحش گوئی۔اِهجَار کا اسم۔
الهِجِر: نہایت عمدہ۔آہستہ چلنے والا۔
الاَهجَر: اسم تفضیل اور کہا جاتا ہے "هٰذَا اَهجَرُ مِن ذَاكَ" یعنی یہ اس سے لمبا موٹا بڑا ہے۔
الهِجرَاءُ: قبیح گفتگو۔کفایت کہا جاتا ہے "مَا عِندَهُ غَنَاءُ ذٰلِكَ وَلَا هَجرَاؤُهُ" اس کے نزدیک نہ تو اس کے لئے غناء ہے اور نہ کفایت۔
الهَجرَة. هَجر: کا اسم مرۃ۔موٹی عورت۔
الهِجرَة. هجر: کا اسم نوع۔تَهَاجُر کا اسم۔
الهِجرَة والهُجرَة: ترک وطن۔ایک ملک سے دوسرے ملک کو جانا۔
الهِجرُ: دیہات میں منتقل ہونا۔
الهَجِير: دوپہر۔سخت گرمی۔بڑا اور کشادہ حوض۔بڑا پیالہ۔جما ہوا دودھ۔موٹا گورخر۔پاؤں باندھنے کی رسی سے بندھا ہوا اونٹ ج هُجُر.
الهُجَير: کوفہ اور بصرہ کے درمیان کا علاقہ۔
الهَجِيرَة: دوپہر۔سخت گرمی۔
الهِجَار: تانت۔طوق۔تاج۔اونٹ کے پاؤں باندھنے کی رسی۔
الهِجِير والهِجِّيرَة: عادت۔
الهِجِّيرَى. هَجَرَ فِي نَومِه او مَرَضِه: کا

مصدر عادت۔ کہا جاتا ہے "هٰذا هِجِّيراه" یہ اس کی عادت ہے۔

الهِجِّيراء: عادت۔

الهَجُورِيُّ: دوپہر کے وقت کا کھانا۔

الأُهْجُورَة والإهْجِيرَى والإهْجِيراءُ: عادت۔

المُهْجِر: شریف۔ خوبصورت۔ ہر چیز سے عمدہ۔ دوسروں سے بڑھا چڑھا۔ عَدَدٌ مُهْجِر: بہت عدد۔ کہا جاتا ہے "رَمَاهُ بِمُهْجِرَات" اس نے اس کو افعال قبیحہ سے متہم کیا۔

المَهَاجِر: ہجرت کے مقامات۔ کہا جاتا ہے "تَكَلَّمَ بِالمُهَاجِر" اس نے فحش گفتگو کی۔

المَهْجُوْر: مفع۔ بیمار یا سوئے ہوئے کی بکواس۔ وہ لفظ جس کا استعمال چھوڑ دیا گیا ہو۔

الهِجْرِس: لنگور۔ لومڑی اور بقول بعض لومڑی کا بچہ۔ ریچھ۔ نالائق آدمی ج هَجَارِس اُنْهَجَارِس: زمانہ کی سختیاں۔

الهِجْرِع والهَجْرَع: بے وقوف پاگل۔ لمبے قد کا لنگڑا۔ ایک بہترین قسم کا شکاری کتا۔

هَاجَزَهٗ مُهَاجَزَةً: چپکے چپکے بات کہنا۔

هَجَسَ (ن ض) هَجْسًا الشَّئُ فِي صَدْرِهٖ: وسوسہ گزرنا...... فلانًا: کام سے روکنا۔

هَاجَسَهٗ: چپکے چپکے بات کہنا۔

اِنْهَجَسَ عَنِ الأَمْرِ: باز رہنا۔

الهَاجِس: فا۔ اندیشہ وسوسہ ج هَوَاجِس.

الهَجْس: مص۔ پست آواز جو سنائی دے اور سمجھ میں نہ آئے۔ اندیشہ۔ وسوسہ۔

الهَجَّاس: آواز کو سننے والا شیر۔

الهَجِيعَة: مشکیزہ میں بگڑا ہوا دودھ۔

خُبْزٌ مُتَهَجِّس: فطیری روٹی، بے خمیر کی روٹی۔

المَهْجُوْس: مفع۔ کہا جاتا ہے "وَقَعُوْا فِيْ مَهْجُوْسٍ مِنَ الأَمْرِ" وہ گڑبڑی میں پڑ گئے۔

هَجَشَ (ن) هَجْشًا: اکسانا...... الدَّابَّةَ: چوپایہ کو نرمی سے ہانکنا...... بَيْنَ القَوْمِ: فساد ڈالنا۔ هَجَشَتْ لَهٗ نَفْسِي: بہت خواہش مند ہونا۔

الهَاجِشَة: لوگوں کی جماعت۔ ج هَوَاجِش کہا جاتا ہے "جَاءَتْ هَاجِشَةٌ مِنَ النَّاسِ" لوگوں کی جماعت آئی۔

الهَجْشَة: اسم مرۃ۔ اٹھنا۔

هَجَعَ (ف) هُجُوْعًا وتَهْجَاعًا: رات میں سونا۔ سونا اور کہا جاتا ہے "هَجَعَ جُوْعَهٗ هَجْعًا فَهَجَعَ جُوْعُهٗ هُجُوْعًا" اس نے اس کی بھوک کو تسکین دی۔ پس اس کی بھوک تسکین پا گئی (لازم و متعدی) "وَهَجَعْتُ اِلَيْهِ فَخَدَعَنِي" میں اس سے مانوس ہوا اور اس کے سامنے جھک گیا اور اس نے مجھے دھوکا دیا۔

هَجَّعَ تَهْجِيْعًا القَوْمُ: سونا۔

اَهْجَعَ جُوْعَهٗ: بھوک کو تسکین دینا۔

الهَاجِع: فا۔ ج هُجُوْعٌ وهُجَّعٌ.

الهَاجِعَة: رات میں سونے والی ج هُجَّعٌ وهُجُوْعٌ وهَوَاجِع وجج هَوَاجِعَات.

الهِجْع والهُجَع والهَجِع والهُجَعَة: غافل۔ بے وقوف۔ الهُجَعَة: بہت سونے والا۔

الهَجْعَة. هَجَعَ: کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "اَتَيْتُ فُلَانًا بَعْدَ هَجْعَة" میں فلاں کے پاس ابتدائی رات میں تھوڑی سی نیند کے بعد آیا۔

الهِجْعَة. هَجَعَ: کا اسم نوع۔ رَجُلٌ هِجْعَة: غافل بے وقوف مرد۔

الهَجِيْع مِنَ اللَّيْلِ: رات کا ایک حصہ۔ کہا جاتا ہے "مَضٰى هَجِيْعٌ مِنَ اللَّيْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔

التَّهْجَاع: ہلکی نیند۔

المِهْجَع: غافل، بے وقوف۔ ہر ایک کا مطیع و فرمانبردار۔

هَجِفَ (س) هَجَفًا: بھوک کا زور ڈھیلے پیٹ والا ہونا۔ کوکھ کا پہلوؤں سے لگا ہوا ہونا۔

اِنْهَجَفَ: لاغری کی وجہ سے نکلی ہوئی ہڈیوں والا ہونا۔

الهَجْفَان: پیاسا۔

الهِجَفّ: سخت بدن سست (شترمرغ یا آدمی) موٹا اور لمبا آدمی۔ بڑے پیٹ والا۔

الأَهْجَف: دبلا۔ مؤنث هَجْفَاء.

هَجَلَ (ن) هَجْلًا بِالقَصَبِ وَغَيْرِهَا: پھینکنا۔ هَجَلَتِ المَرْأَةُ بِعَيْنِهَا: آنکھ مارنا۔ هَجَلَ عِرْضَهٗ: بے عزتی کرنا...... بِفُلَانٍ: فحش سنانا اور گالی دینا۔

هَاجَلَ مُهَاجَلَةً: پست اور ہموار زمین میں چلنا...... فُلَانًا: مقابلہ کرنا۔

اَهْجَلَ الإِبِلَ: اونٹوں کو بیکار چھوڑ دینا...... الشَّئَ: کشادہ کرنا...... المَالَ: مال ضائع کرنا...... القَوْمُ: قوم کا پست اور ہموار زمین میں آنا۔

اِهْتَجَلَ الشَّئَ: ایجاد کرنا۔

الهَاجِل: فا۔ سونے والا۔ بہت سفر کرنے والا۔

الهَجْل: مص۔ پست و ہموار زمین۔ ج اَهْجَال وهِجَال وهُجُوْلٌ.

الهَجْلَةُ. هَجَلَ: کا اسم مرۃ۔ پست و ہموار زمین۔ ج هَجَلات.

الهَجُوْل: بدکار عورت۔

الهَجِيْل: پست و ہموار زمین۔ حوض جو اچھی طرح سے نہ بنا ہو۔

دُمُوْعٌ هُجُوْلٌ: بہنے والے آنسو۔ مفرد هَاجِل.

هَجَمَ (ن) هُجُوْمًا عَلَيْهِ: غفلت کی حالت میں اچانک آنا۔ یا بغیر اجازت کے آنا...... البَيْتُ: مکان کا گرنا...... البَرْدُ او الشِّتَاءُ: سردی یا جاڑے کا جلدی شروع ہونا (...... هَجْمًا) فُلَانًا: دھتکارنا۔ دفع کرنا...... فُلَانًا عَلَى القَوْمِ: اچانک لانا...... الدَّابَّةَ: چوپایہ کو زور سے ہانکنا...... البَيْتَ: گھر کو ڈھا دینا

......الهَوَاجِرُ فُلَانًا: پسینہ بہانا......مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا(...... هَجْمًا وهُجُومًا) الشَّيْءُ: قرار وسکون پانا...... المَرَضُ: بیماری کا زائل ہونا اور سست پڑنا......فُلَانٌ: چپ رہنا اور سر جھکانا۔ هَجَمَتْ عَيْنُهُ: آنکھ کا دھنس جانا۔

هَجَّمَهُ: اچانک لانا۔

هَاجَمَهُ مُهَاجَمَةً: ایک دوسرے پر اچانک آنا۔

اَهْجَمَهُ عَلَيْهِمْ: اچانک لانا۔ اَهْجَمَ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا...... الإِبِلَ: اونٹوں کو باڑہ کی طرف واپس لانا......اللّٰهُ المَرَضَ: بیماری کو زائل کرنا۔

تَهَاجَمَا: ایک دوسرے پر اچانک آنا۔

تَهَجَّمَ عَلَى الشَّيْءِ: کسی چیز پر اچانک آنا۔

اِنْهَجَمَ البَيْتُ: مکان کا شکستہ و ویران ہونا......الدَّمْعُ او العَرَقُ: آنسو یا پسینہ بہنا۔ اِنْهَجَمَتِ العَيْنُ: آنکھ کا آنسو بہانا۔

اِهْتَجَمَ مَا فِي الضَّرْعِ: تھن سے سارا دودھ لینا۔

اُهْتُجِمَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا۔

الهَجْمُ: مص۔ بڑا پیالہ۔ پسینہ ج اَهْجَام.

الهِجْمُ: بڑا پیالہ۔

الهَجْمَة. هَجْم: کا اسم مرة......مِنَ الشِّتَاءِ: سخت سردی......مِنَ الصَّيْفِ: سخت گرمی......مِنَ الإِبِلِ: چالیس یا ستر اونٹوں سے لے کر سو تک کا گلہ۔ الهَجْمَةُ: بوڑھی بھیڑ۔ رات کی ابتدائی تاریکی۔ کہا جاتا ہے "جِئْتُهُ بَعْدَ هَجْمَةٍ مِنَ اللَّيْلِ" میں اس کے پاس رات کی ابتدائی تاریکی کے بعد آیا۔

الهَجَّامُ: قوم پر بہت ہجوم کرنے والا۔ بہادر۔ شیر۔

الهَجُومُ: جلد ہجوم کرنے والا......مِنَ الرِّيَاحِ: تیز ہوا۔ پسینہ آور۔ کہا جاتا ہے "تَحَمَّمْ فَإِنَّ الحَمَّامَ هَجُومٌ" حمام میں داخل ہو جاؤ اس لئے کہ حمام پسینہ آور ہے۔

الهَجِيمَةُ: گاڑھا دودھ۔

الأُهْجُومُ: رات کا آخری حصہ۔

المَهْجُومُ: مفع۔ بَيْتٌ مَهْجُومٌ: گرا ہوا گھر۔ خیمہ جس کی طنابیں کھول دی جائیں۔

الهَيْجُمَانَةُ: موتی۔ زمرکری۔

هَجَنَ (ن ض) هَجْنًا: ہاجن ہونا (دیکھئے لفظ هاجن)

الهِمْلَاج: عمدہ چال کا ترکی گھوڑا۔ ج هَمَالِيْج اور کہا جاتا ہے "دَابَّةٌ هِمْلَاجٌ" تیز رفتاری کے ساتھ اچھی چال والا جانور۔ مذکر مؤنث اس میں برابر ہیں۔

الهَمَلَّع: بے وفا آدمی۔ تیز رفتار اونٹ۔ تیز رفتار آدمی جو سختی سے قدم ڈالے۔ بھیڑیا۔

هَمْلَقَ هَمْلَقَةً: تیز چلنا۔

هَمْهَمَ هَمْهَمَةً: آہستہ بولنا۔ غم کی وجہ سے آواز کو سینہ میں پھرانا ...... الرَّعْدُ: بادل کا گرجنا۔

الهُمَهَام: بہادر سخی سردار۔ شیر۔

الهَمْهَامَة والهُمْهُوْمَة: اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔

هَمَهَامِ: مبنی علی الکسر: اسم فعل بمعنی کچھ باقی نہیں۔

الهَمْهَمَة: مص۔ گائے ہاتھی وغیرہ کی

آواز۔ ہر آواز جس میں کچھ گڑگڑی ہو ج ھَمَاھِم۔

الھُمْھُوْم والھِمْھِیْم: شیر۔ الھُمْھُوْم: آواز لگانے والا۔ ہوا کی وجہ سے بجنے والا بانس۔

الھِمْھِیْم: ریکنے والا گدھا۔

ھَمَا یَھْمُو ھَمْوًا المَاءُ او الدَّمْعُ: بمعنی ھَمَی یَھْمِی۔

ھَمَی یَھْمِی ھَمْیًا وھُمِیًّا وھَمَیَانًا الْمَاءُ او الدَّمْعُ: پانی یا آنسو بہنا۔ جاری ہونا۔

ھَمَتِ الْعَیْنُ: آنسو بہانا......المَاشِیَةُ: جانوروں کا چرنے کے لئے منتشر ہونا (......ھَمْیًا) الشَّیْئُ: گرنا۔ ضائع ہونا۔

الھَامِیَة: اسم فاعل مؤنث ج ھَوَامٍ ھَوَامِی الْاِبِلِ: چراگاہ میں گم شدہ اونٹ۔

الھِمْیَان: پیٹی۔ وہ پیٹی جو تھیلی یا بٹوے کا کام دے ج ھَمَایِیْن (دخیل)

ھَنَّ (ض) ھَنًّا وھَنِیْنًا: رونا......اِلَیْہِ: مشتاق ہونا۔

اَھَنَّ الْجَمَلَ: قوی کرنا۔ صفت مفعول مَھْنُوْن خلاف قیاس ہے جیسے اَحَمَّہٗ کا صفت مفعول مَحْمُوْم قیاس کے مطابق مُھَنّ ومُحَمّ آنا چاہئے تھا۔

الھَانَّة والھُنَانَة: آنکھ کی پتلی کے نیچے کی چربی۔ کہا جاتا ہے "مَابِہٖ ھَانَّةٌ" یعنی اس کے اندر کچھ بھی خیر نہیں۔

الھَنَّانَة: رونے والی عورت۔

ھَنَّا: بتشدید الھَاءِ: دُور کی جگہ کے لئے اشارہ۔ وہاں۔ اس جگہ اور کہا جاتا ہے "تَنَحَّ ھَاھُنَا وھَاھَنَّا وھَھُنَّا" کچھ ہٹ جاؤ۔

ھَنَاْہُ یَھْنُؤُہٗ ویَھْنِئُہٗ ھَنْاً: کھلانا۔ ھَنَا فُلَانًا: دینا......الاِبِلَ: اُونٹ پر قطران ملنا...... الرَّجُلَ: مدد کرنا۔

ھَنَأَ یَھْنِئُ ویَھْنَأُ ویَھْنُؤُ ھُنْأً وھَنْأً وھَنَاءً الطَّعَامُ الرَّجُلَ وللرَّجُلِ: خوشگوار ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھَنَأَتْنِیْہِ الْعَافِیَةُ" یعنی عافیت میرے لئے خوشگوار ہے اور عرب دعا کے موقع پر کہا کرتے تھے۔ "لِیَھْنِئْکَ الْوَلَدُ" یعنی لڑکا تمہیں مبارک ہو۔

ھَنَّأَہٗ یَھْنَأُہٗ ھَنْأً بِالْاَمْرِ: کسی سے "لِیَھْنِئْکَ" کہنا (...... ھَنْأً وھِنْأً وھَنَاءَةً) الطَّعَامَ: کھانا تیار کرنا۔ درست کرنا۔

ھَنِئَ (س) ھَنْأً وھَنَاْبِہٖ: خوش ہونا۔ ......الطَّعَامَ: کھانے سے لطف اٹھانا۔ لذت پانا اور کہا جاتا ہے "اَکَلْنَا مِنْ ھٰذَا الطَّعَامِ حَتّٰی ھَنِئْنَا مِنْہُ" اس کھانے کو ہم لوگوں نے کھایا یہاں تک کہ شکم سیر ہو گئے۔

ھَنُؤَ یَھْنُؤُ ھَنَاءَةً وھَنَاْةً وھَنْأً: بغیر رنج و مشقت کے حاصل ہونا۔

ھَنَّأَہٗ تَھْنِئًا وتَھْنِئَةً بِکَذَا: مبارکباد دینا۔

اَھْنَأَہٗ اِھْنَاءً: دینا۔

تَھَنَّأَ تَھَنُّؤًا بِہٖ: خوش ہونا......بِالطَّعَامِ: کھانے سے لطف اٹھانا۔ لذت پانا۔

اِھْتَنَأَ اِھْتِنَاءً: درست کرنا۔

اِسْتَھْنَأَہٗ اِسْتِھْنَاءً: مدد طلب کرنا۔ عطیہ مانگنا ......الطَّعَامَ: خوشگوار سمجھنا۔

الھَانِئ: فا۔ خادم۔

الھِنَاء: قطران (تارکول) کھجوروں کا گچھا۔

الھِنْء: قطران یعنی تارکول ملنا۔ عطیہ۔ رات کا حصہ۔

الھَنِیْء: خوشگوار۔ بلا مشقت کے حاصل ہونے والی چیز۔ ابدال اور ادغام کر کے الھَنِیُّ بھی کہنا جائز ہے۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَمْرٌ اَتَاکَ ھَنِیْئًا" یہ بات تم کو بلا مشقت حاصل ہوئی "وَاَکَلْتُہٗ ھَنِیْئًا مَرِیْئًا" میں نے اس کو بغیر کسی مشقت کے بڑے مزے سے کھایا "وَھَنِیْئًا لَکَ" تمہارے لئے بغیر مشقت کے ہے۔

المَھْنَأ: بلا مشقت حاصل ہونے والی چیز۔

ھَنُبَتْ ھَنْبَةً الرَّجُلُ: ڈھیلا ہونا۔ سست ہونا۔

الھَنْبَثَة: مشکل کام۔ قول میں گڑبڑی۔ ج ھَنَابِث۔ الھَنَابِث: مصیبتیں۔ گڑبڑ معاملے۔ گڑبڑی

الھَنْبَذَة: سخت کام۔ ج ھَنَابِذ۔

الھَنَابِیْر: ریت کے بلند ٹیلے۔ واحد ھُنْبُوْرَة (اور یہ نَھَابِیْر کا مقلوب ہے)

الھِنْبِر: گدھے کا بچہ۔ بجو کا بچہ۔

الھِنْبِر والھِنْبِرَة والھَنْبَر: بجو۔

الھِنْبِرَة ھَنْبَر: کا مؤنث۔ گدھی۔

الھِنْبَر: بیل۔ گھوڑا۔ خراب چمڑا۔ یا اس کا کنارہ۔

الھُنْبُوْر: ریت کا بلند ٹیلہ۔

ھَنْبَس وتَھَنْبَس: خبروں کی کھوج میں ہونا۔

الھُنْبُع: لڑکیوں کے لئے نقاب جیسی ایک چیز جس کے اگلے حصہ کو سی دیتے ہیں۔

ھَنِبَعَ الرَّجُلُ: بھوکا ہونا......العَجَاجُ: غبار کا بہت ہونا اور اڑنا۔

الھُنْبُغ: ذرا سی حرکت سے اڑنے والی خاک۔ شریر۔ بدکار بیوقوف عورت۔ بھوک کی سختی اور بھوک کی صفت میں کبھی واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جُوْعٌ ھُنْبُغٌ وھُنَابِغٌ وھُنْبُوْغٌ" یعنی سخت بھوک۔

ھَنْبَلَ الرَّجُلُ: لنگڑا ہونا اور بجو کی طرح چلنا۔

ھَنَّتَ فِی اَمْرِہٖ: سستی کرنا۔

تَھَنَّجَ الفَصِیْلُ: اونٹ کے بچے کا ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔

ھَنَّدَ الرَّجُلُ: اُلو کی طرح چیخنا......فِی الْاَمْرِ: کوتاہی کرنا......فُلَانًا: قبیح گالی دینا ......زَیْدٌ: گالی برداشت کرنا اور گالی دینے والے کو گالی دینے سے باز رکھنا ......السَّیْفَ: تلوار تیز کرنا اور کہا جاتا ہے "مَاھَنَّدَ عَنِ الْاَمْرِ" وہ کام سے پیچھے نہیں ہٹا۔

ھَنَّدَتْہُ الْمَرْأَةُ: نرمی اور ملاطفت سے اپنے عشق میں مبتلا کرنا اور کہا جاتا ہے "ھَنَّدَتْ بِقَلْبِہٖ" وہ اس کے دل کو اڑا لے گئی۔

ھِنْد وھُنَیْدَة: سو یا سو سے زائد اونٹوں کا ریوڑ ج اَھْنُد واَھْنَاد وھُنُوْد۔ ھند: عورت کا نام۔ پھر عورتوں کے لئے علم جنس کے طور

پر استعمال ہونے لگا جیسے زید عمرو مَردوں کے لئے ج هُنُوْد وهِنْدَات. والهِنْد : ہندوستانی ملک کو بھی ہند کہتے ہیں اور نسبت کے لئے هِنْدِيّ. ج هُنُوْدٌ : اور بسا اوقات امریکہ کے اصلی باشندوں کو بھی هُنُوْدٌ کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "لَقِي هِنْدَ الْاَحَامِسِ" یعنی وہ مرگیا۔

الهِنْدُوَانِيُّ والهُنْدُوَانِيُّ : ہند کی جانب منسوب۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ هِنْدُوَانِيٌّ" ہندی تلوار (اور یہ نسبت شاذہ ہے)

الْاَهَانِد والهَنَادِک : ہندوستان کے مرد۔

المُهَنَّد : ہندوستانی لوہے کی تلوار۔

الهِنْدَب والهِنْدَبَاء والهِنْدِبَا والهِنْدِبَاء : کاسنی۔

الهِنْدَبَاة والهِنْدِبَاة : ہندبا کا واحد۔

الهِنْدَاز : حد و قیاس۔ اندازہ۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَاهُ بِلاَ هِنْدَازٍ وَلاَحِسَابٍ" اس نے اسے بلا اندازہ اور حساب کے دیا۔ (دخیل)

الهِنْدَازة : گز۔

المُهَنْدِز : انجینئر۔

هَنْدَسَ هَنْدَسَةً : عمارت کا اندازہ کرنا اور نقشہ بنانا۔

الهِنْدِس مِنَ الرِّجَالِ : تجربہ کار۔ دُور اندیش۔

الهَنْدَسَة : مص۔ حد و قیاس اور اس کی اصل اندازہ فارسی زبان کا لفظ ہے۔ جامیٹری۔

هُنْدُوْس الْاَمْرِ : کام کا جاننے والا۔ ج هَنَادِسَةٌ.

المُهَنْدِس : انجینئر۔ جامیٹری کا جاننے والا۔

الهَنَادِک : ہندوستان کے مرد (کاف تحقیر کے لئے ہے) واحد هِنْدِكيٌّ.

الهَنْدَلِيق : بہت باتونی مرد۔

هَنْدَمَ الشَّيْءَ : بقدرِ تناسب ترتیب دینا۔ مضبوط کرنا...... العُوْدَ وَغَيْرَهُ : اندازہ سے درست کرنا۔

الهِنْدَام : قد کی خوبصورتی اور اعتدال۔

هَنَعَ (ف) هَنْعًا الشَّيْءَ : موڑنا۔ دُہرا کرنا ...... لِفُلاَنٍ : فروتنی کرنا۔ صفت هَانِعٌ ج هُنَّعٌ.

هَنِعَ (س) هَنَعًا : پست گردن اور جھکے ہوئے قد والا ہونا۔ صفت اَهْنَع.

اِسْتَهْنَعَ الرَّجُلُ : جواب سے عاجز ہونا۔

الهُنَاع : ایک قسم کی بیماری جو آدمی کی گردن میں ہوتی ہے۔

الهَنَع : قد کا جھکاؤ۔ اونٹ کے گردن کا جھکاؤ۔

الهَنْعَاء. اَهْنَع کا مؤنث۔ نَعَامَةٌ هَنْعَاءُ : پیچیدہ گردن کا شتر مرغ۔ اَكَمَةٌ هَنْعَاءُ : چھوٹا ٹیلہ۔

الهَنْعَة. هَنَعَ : کا اسم مرۃ : اونٹ کی گردن کی جڑ کا داغ۔ چاند کی ایک منزل جو صف بستہ پانچ ستاروں پر مشتمل ہے اور جَوْزَاء کے بائیں جانب واقع ہے۔

الاَهْنَع : جھکے ہوئے قد والا۔ زین پر اِدھر اُدھر مائل ہونے والا۔

هَنَفَ الرَّجُلُ : دوڑنا۔ تیز چلنا۔

هَانَفَتْ مُهَانَفَةً وهِنَافًا الْمَرْاَةُ خَاصَةً : مخول کرنے والے کی مانند ہنسنا۔ هَانَفَ فُلاَنٌ صَاحِبَهُ : باہم کھیل کود کرنا۔

اَهْنَفَ : مخول کرنے والے کی مانند ہنسنا...... الرَّجُلُ : تیز چلنا...... الصَّبِيُّ : بچے کا رُوانسا ہونا۔

تَهَنَّفَ : رونا۔

اَهْنَفَتِ الْمَرْاَةُ : بمعنی هَانَفَت.

تَهَانَفَ : مخول سے ہنسنا...... الصَّبِيُّ : بچے کا روانسا ہونا۔ تَهَانَفَ بِهِ : تعجب کرنا۔

الهُنُوْف : مسکراہٹ سے کچھ زیادہ ہنسی۔

الهَنَق : بے آرامی۔ بے قراری۔

الهَنَم : کھجور یا اس کی ایک قسم۔

الهَيْنَم : روئی۔

الهَيْنَمَة : نرم و پست آواز۔ ایک قسم کی ...

الهِنْو : وقت۔

الهَنُ. بتخفيف النون وقد تشدد في الشعر : ہر اسم جنس سے کنایہ کے لئے بمعنی شی کہا جاتا ہے "هٰذَا هَنُکَ" یہ تمہاری چیز ہے اور اس کی تصغیر هُنَيٌّ ہے اور مؤنث هَنَة اور اس کا لام کلمہ محذوف ہے بعض لغت میں وہ لام کلمہ ہاء ہے تو اس کی تصغیر هُنَيْهَة ہوگی اور اسی سے ہے "اُمْكُثْ هُنَيْهَةً" یعنی تھوڑی دیر ٹھہرو اور بعض لغت میں لام کلمہ واؤ ہے تو اس کی تصغیر مؤنث کی صورت میں هُنَيَّة ہوگی اور اس کی جمع هَنَوَات اور کبھی جمع لفظ کے لحاظ سے ہوتی ہے تو کہتے ہیں هَنَات اور اس کا اعراب حروف سے ہے۔ حالت رفعی میں هَنُوْها اور نصبی میں هَنَاها اور جری میں هَنِيْهَا کہیں گے اور هَنٌ کا تثنیہ هَنَان لفظ کے لحاظ سے اور هَنَوان اصل کے لحاظ سے اور جمع هَنُوْن اور کہا جاتا ہے "فِي فُلاَنٍ هَنَاتٌ" فلاں کے اندر بُری خصلتیں ہیں اور اس کا استعمال خیر میں نہیں ہوتا۔

الهَنَا : خسیس و کمینہ نسب۔ وَهَنَا : بمعنی اَنَا تم کہتے ہو هَنَا فَعَلْتُ : بمعنی اَنَا فَعَلْتُ.

هُنَا : اسم اشارہ ہے۔ مکان قریب کے لئے بمعنی یہاں اور اس میں هَاء : تنبیہ اور کاف خطاب لاحق ہوتے ہیں تو کہا جاتا ہے "هٰهُنَا" اور "هُنَاکَ" اور کاف خطاب کے ساتھ ساتھ لام بُعد بھی لگایا جاتا ہے تو کہا جاتا ہے "هُنَالِکَ".

هُنَا مَعْرِفَةً : کھیل کود۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ مِنْ هَنِيْ" یعنی وہ یہاں سے آیا۔

الهَنَاة : مصیبت ج هَنَوَات.

هَهْ : تذکرہ اور دھمکی کے لئے اسم صوت۔

هَهَّ (س) هَهًّا وهَهْهَةً : تتلانا۔ زبان رکنا۔

هُوَ : مفرد مذکر غائب کی ضمیر ہے اور تثنیہ کے لئے هُمَا جمع مذکر کے لئے هُمْ مفرد مؤنث کے لئے هِيَ اور جمع کیلئے هُنَّ : واؤ اور فاء کے بعد هُوَ : اور هِيَ : کے هَاء : کو ساکن کرنا بھی جائز ہے۔ کہا جاتا ہے "وَهْوَ فَهْوَ وَهْيَ

وفَهِیَ" اورلام کے بعد جیسے "اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْحَقُّ" مگر یہ قلیل ہےاور بھی اشعار میں ہمزہ استفہام کے بعد بھی ساکن ہوتا ہے۔

الهُوِیَّــہ: چیز یا شخص کی حقیقت جو صفات جوہری پر مشتمل ہواور یہ ھُــــوَ کی جانب منسوب ہے۔

الهُوْهُوْ: لفظ ہے جو مرکب ہے هُوَ: مکرر سے اس کو اسم معرف بنالیا گیا ہے۔ اور اس کے معنی اتحاد بالذات کے ہیں۔

هَاءَ يَهُوْءُ هَوْءً بِنَفْسِهِ اِلَى الْمَعَالِي: بلند کرنا۔ هَاءَ هُ بِخَيْرٍ اَوْ شَرٍّ وَهَاءَ بِهِ خَيْرًا اَوْ شَــرًّا: گمان کرنا یا تہمت لگانا۔ "هَــاءَ بِفُلاَنٍ" خوش ہونا اور کہا جاتا ہے "هَاءَ هَيْئَةً حَسَـنَةً" وہ اچھی شکل وصورت پر ہوگیا۔

هَوِئَ يَهْوَأُ هَوَأً اِلَيْهِ: ارادہ کرنا۔

هَاءَ: کلمہ اجابت ہے مبنی بر فتحہ ہے۔ کہا جاتا ہے "هَاءَ يَا رَجُلُ بكسر الهمزه" یعنی لاؤ اور اس میں هَـــاتِ: کی گردان جیسی گردان ہوتی ہے۔ کہا جاتا ہے "هَـاءِ هَـائِيَـا هَاءُوْا هَـائِي هَـائِيَا هَائِيْنَ" همزه هَاتِ کی تا کے قائم مقام ہے اور جب تم هَـــاءَ يَـا رَجُلُ فتح ھمزہ کے ساتھ کہو گے تو اس وقت اس کے معنی میں ہوں گے۔ اے مرد لے۔ مذکر کی صورت میں "هَـاءَ هَاؤُمَا هَاؤُم" اور مؤنث کی صورت میں هَــاءِ: کسرہ کے ساتھ بغیر یاء کے اور هَــاؤُ هَاؤُنَّ اور تم کہہ سکتے ہو هَاکَ هَـاكُمَا هَاكُمْ هَاكِ هَاكُمَا هَاكُنَّ: کاف ھمزہ کے قائم مقام ہے۔

الهَوْءِ: مص۔ ہمت۔ رائی صائب' ارادہ۔ گمان۔ کہا جاتا ہے "وَقَـعَ كَـذَا فِي هَوْئِي او هُوْئِي" میرے گمان میں ایسا واقع ہوا۔

الهَـــوْب: دُوری۔ بکواس کرنے والا۔ بیوقوف۔ آگ کی بھڑک۔

الهَــوْبَــر: سوس یا سرخ سوس۔ چیتا۔ بہت بالوں والا بندر۔

نَاقَةٌ مُهَوْبَرَة: بہت گوشت والی اونٹنی۔

اُذُنٌ مُهَوْبِـرَةٌ ومُهَوْبَرَةٌ: کان جس پر بال یا اُون ہو۔

هَوَّتَ بِـهِ تَهْوِيْتًا: چلانا...... فُلاَنٌ: پست زمین میں آنا۔

الهُــوْتَةُ والهَــوْتَة: پست زمین۔ ڈھلوان راستہ جو پانی کی طرف جاتا ہو۔ ج هُوَت.

الهَوْتَة: پیاس۔

هَــوِجَ يَهْــوَجُ هَوَجًا: لمبا بیوقوف۔ جلد باز ہونا۔ صفت اَهْوَج.

اَهْوَجَهُ: لمبا بیوقوف جلد باز پانا۔

تَهَوَّجَ الْحَرُّ: شدت سے گرمی پڑنا۔

الهَــوْجَـاء. الاَهْــوَج: کا مؤنث۔ تیز رفتار اونٹنی (اونٹ کو اَهْوج نہیں کہتے) الهَــوْجَاء مِنَ الـرِّيَاح: تیز آندھی ج هُوْج کہا جاتا ہے "لَـعِبَــتْ بِهَــا هُــوْجُ الـرِّيَــاحِ" تیز آندھیوں نے اس کے ساتھ کھیل کود کیا۔

ضَرْبَةٌ هَوْجَاء: ایسی مار جس کا اثر جوف تک ہو۔

الاَهْــــوَج: بہادر جنگ آزمودہ اور کہا جاتا ہے "هُوَ اَهْوَج الطُّوْل" وہ بہت لمبا ہے۔

هَــوْجَـلَ. الـرَّجُلُ: تھوڑا سا سونا۔ بےنشان راستہ پر چلنا۔

الهَــوْجَل: بےنشان دُور کا بیابان' بےنشان راستہ' ایسی زمین جس میں کچھ پتہ نہ چلے' سست' بیوقوف' بدکار عورت' لمبی رات' اونگھ کا بقیہ' کشتی کا لنگر' ماہر رہبر' سست رفتاری اور کہا جاتا ہے "مَشْــيٌ هَــوْجَلٌ" ڈھیلی ڈھالی چال۔

هَــادَ يَهُــوْدُ هَـوْدًا: توبہ کرنا۔ حق کی طرف لوٹنا۔ کہا جاتا ہے "هَـادَ الْمُذْنِبُ اِلَى اللّٰهِ" گنہگار نے توبہ کی۔ صفت هَــــائِـــد. ج هُــوْدٌ...... فُلاَنٌ: یہودی بننا (...... تَهَــوَادًا) نرم آواز سے بولنا...... فِـي الْـمَـنْطِقِ: نرمی اور آہستگی سے بولنا۔

هَــوَّدَ تَهْــوِيْـدًا: نرمی سے گلے میں آواز پھرانا۔ گانا۔ آہستہ آہستہ ٹھہر ٹھہر کے چلنا۔ کوہان کا گوشت کھانا...... فُلاَنًــــا: یہودی بنانا۔ طرب میں ڈالنا۔ کھیل کود میں ڈالنا...... الشَّــرَابُ فُلاَنًــا: مست کرنا...... فُلاَنٌ فِـي الْـمَنْطِقِ: نرمی اور آہستگی سے بولنا...... فِي السَّيْرِ: دیر کرنا۔ هَوَّدَ: سونا۔

هَـاوَدَهُ مُهَاوَدَةً: ایک دوسرے کو مائل کرنا۔ صلح کرنا۔ باہم وعدہ کرنا۔

تَهَــوَّدَ تَهَــوُّدًا: توبہ کرنا۔ حق کی طرف لوٹنا۔ یہودی ہونا...... فِــي الْـمَـنْـطِقِ: نرمی اور آہستگی سے بولنا۔

الهَــوَادَة: نرمی۔ وہ چیز جس سے قوم کے درمیان بھلائی کی امید کی جائے۔ تخفیف و سہولت۔ میلان اور اسی سے ہے "لاَ بُعَثْنَكَ اِلَى رَجُلٍ لاَ تَـاْخُـذُهُ فِيْكَ هَوَادَةٌ" میں تم کو ایسے شخص کے پاس بھیجوں گا جس کو تمہارے بارے میں کوئی میلان نہ ہوگا۔

الهُوْد: یہود...... هَائِد: کی جمع۔

هُــــوْد: ایک نبی (علیہ السلام) کا اسم گرامی۔ وَقَوْمُ هُوْدٍ: قوم عاد۔

الهَوْدَة والهُوْدَة: کوہان ج هَوَد.

التَّهْــوِيْد: مص۔ ریت میں ہوا کی سائیں سائیں کی آواز۔

التَّهْــوِيْــد والتَّهْــوَاد: کمزور و نرم آواز۔

التَّهْوَاد: نرمی وملائمت۔

يَهُــوْدُ: یہودی۔ علمیت اور وزن فعل کی وجہ سے غیر منصرف ہے اور اس پر الف لام داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے اليَهُوْد.

اليَهُوْدِيُّ. اليهود: کا واحد۔

اليَهُــوْدِيَّة: یہودن۔ بیت المقدس اور اس کے اردگرد کا علاقہ۔

المُهَاوَدَة: مص۔ مراجعت۔

الـــمُهَــوِّد: فا۔ کھیل کود طرب میں ڈالنے والا۔

اَهْوَد: پیر کا دن۔ دوشنبہ۔

الهَوْدَج: ہودہ ج هَوَادج.

الهَوْدَع: شتر مرغ۔ واحد هَوْدَعة.

الهَوْدَک: موٹا۔ هَوْدَكَة.

هُــوَذَا. هُوَ: مبتدا اور ذا خبر سے مرکب ہے

اور کبھی اس پر ھاء تنبیہ داخل ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے "هَاهُوَذَا".

الهَاذَة: ایک قسم کا درخت ج هَاذ.

الهَوْذَة: سنگ خوار پرندہ ج هَوْذ.

اليَهُوْدِيُّ: یہودی۔

هَارَ يَهُوْر هَوْرًا فُلانًا بِالأَمْرِ: تہمت لگانا ......ہٗ بِكَذَا: گمان کرنا۔ خیال کرنا......ہٗ عَنِ الشَّیْءِ: باز رکھنا......ہٗ عَلَى الشَّیْءِ: برانگیختہ کرنا......فُلانًا: دھوکا۔ پچھاڑنا......الشَّیْءَ: تخمینہ کرنا۔ اندازہ کرنا......البِنَاءَ: عمارت ڈھانا......البِنَاءُ: عمارت منہدم ہونا۔ شکستہ و ویران ہونا (......هَوْرًا وهُؤُورًا) البِنَاءُ: عمارت کا پھٹ جانا۔ صفت هَائِر اور هَارٍ بھی کہا جاتا ہے جیسا "شَائِكُ السِّلَاحِ میں شَاكِيُ السِّلَاحِ.

هَوَّرَهٗ تَهْوِيْرًا: پچھاڑنا۔ ہلاکت میں ڈالنا۔

تَهَوَّرَ تَهَوُّرًا وتَهَيَّرَ وتَهَيُّرًا البِنَاءُ: عمارت کا منہدم ہونا۔ گرنا......الرَّجُلُ: لاپروائی سے کسی کام میں گھس پڑنا......الوَغْكُ النَّاسَ: بخار پھیل جانا......اللَّيْلُ: گزر جانا یا اکثر حصہ گزر جانا......الشِّتَاءُ: جاڑے کا قریب قریب ختم ہونا۔

اِنْهَارَ اِنْهِيَارًا البِنَاءُ: عمارت شکستہ و ویران ہونا۔ گرنا......الخَرْقُ: پھٹنا اور گرنا۔

اِهْتَوَرَ اِهْتِوَارًا الشَّیْءُ: ہلاک ہونا۔

الهَوْر: مص۔ چھوٹا سمندر جس میں ندی نالوں کا پانی آ جانے سے وسعت پیدا ہو جائے ج اَهْوَار.

الهُوْر: بکریوں کا ریوڑ اس وجہ سے کہ وہ بھی کثرت کی وجہ سے ایک دوسرے پر گرتی ہیں۔ خَرْقٌ هَوْرٌ: کشادہ پھٹن۔ کہا جاتا ہے رَجُلٌ هَارٍ وهَارٌ: زمانہ کی سختی کی وجہ سے کمزور مرد۔

الهَوَارَة: ہلاکت۔

الهَوْرَة: ہلاکت کی جگہ ج هَوْرَات.

الهُوْرَة: تہمت اور گمان اور یہ هَارَهٗ کا اسم ہے۔

الهَيَّار: کمزور۔

الهَيِّر: بے باکی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔

التَّيْهُوْر: ریت کے تودہ سے گری ہوئی ریت۔ پست زمین۔

هَوَّزَ تَهْوِيْزًا: مرنا۔

الهُوْز: آفرینش پیدائش۔ تم کہتے ہو "مَافِي الهُوْزِ مِثْلُكَ" مخلوق میں تمہارے مانند کوئی نہیں۔ "وَمَا اَدْرِيْ اَيُّ الهُوْزِ هُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون مخلوق ہے۔

هَوَّزَ: حسابِ جمل کے حروف کا دوسرا مجموعہ۔

الاَهْوَاز: بصرہ اور فارس کے درمیان کا ایک علاقہ جو نو آبادیوں پر مشتمل ہے ہر آبادی کا علیحدہ علیحدہ نام ہے اور ان سب کے مجموعہ کو اَهْوَاز کہتے ہیں اور ان آبادیوں میں سے ایک کو هُوْز نہیں کہتے۔

الهَوْزَب: گدھ۔ مضبوط و قوی اونٹ۔

الهَوْزَن: غبار۔

هَاسَ يَهُوْسُ هَوْسًا الشَّیْءَ: کوٹنا۔ توڑنا۔ کہا جاتا ہے "حَمَلَ عَلَى العَسْكَرِ فَدَاسَهُمْ وَهَاسَهُمْ" اس نے لشکر پر حملہ کیا اور ان کو تتر بتر کر دیا......بِاللَّيْلِ: رات میں گھومنا پھرنا ......الطَّعَامَ: بہت کھانا......الإِبِلَ: اونٹوں کو آہستہ ہانکنا......الرَّجُلُ: زمین پر سخت ٹیک لگاتے ہوئے چلنا......الذِّئْبُ فِي الغَنَمِ: بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی پھیلا دینا...... حَوْلَ الشَّیْءِ: اردگرد گھومنا۔

هَوِسَ يَهْوَسُ هَوَسًا القَوْمُ: حیرت و اضطراب میں پڑنا......فُلَانٌ: ہوس والا ہونا (دیکھئے لفظ ہوس)

هَوَّسَهٗ: ہوس پر ابھارنا۔ کوٹنا۔

تَهَوَّسَ: ہوس والا ہونا۔ نرم زمین میں سخت چال چلنا۔

الهَوْس: مص۔ جنون کی ایک قسم۔ ہلکی عقل اور کہا جاتا ہے "بِرَاْسِهٖ هَوَسٌ" اس کے سر میں چکر ہے۔

الهَوَّاس والهَوَّاسَة: رات میں گھومنے والا شیر۔ تجربہ کار بہادر۔ رَجُلٌ هَوَّاسٌ: بہت کھانے والا مرد۔

الهَوِيْس: فکر۔ وہ چیز جس کو تم اپنے دل میں چھپاؤ۔

الاَهْوَس: ہوس والا۔ بہت کھانے والا مؤنث هَوْسَى: کہا جاتا ہے "النَّاسُ هَوْسَى والزَّمَانُ اَهْوَس" یعنی لوگ زمانہ کی لذیذ اور پاکیزہ چیزوں کو کھاتے ہیں اور زمانہ لوگوں کو کھا جاتا ہے۔

المُهَوَّس: مفع۔ رَجُلٌ مُهَوِّسٌ: خود بخود باتیں کرنے والا۔

هَاشَ يَهُوْشُ هَوْشًا المَالَ: حرام طریقہ سے جمع کرنا......القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔ قوم کے درمیان فتنہ واقع ہونا ......اَهْلُ الحَرْبِ بَعْضُهُمْ اِلَى بَعْضِهِمْ: بعض کا بعض کی طرف اٹھنا......هَاشَتِ الخَيْلُ فِي الغَارَةِ: بدکنا۔ اِدھر اُدھر ہونا۔ صفت هَوَائِش.

هَوِشَ يَهْوَشُ هَوَشًا: مضطرب ہونا اور بقول بعض لاغری کی وجہ سے چھوٹے پیٹ والا ہونا......القَوْمُ: مضطرب ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔

هَوَّشَ تَهْوِيْشًا الشَّیْءَ: ملانا۔ هَوَّشَتِ الرِّيْحُ بِالغُبَارِ: ہوا کا طرح طرح کا غبار اڑا کے لانا......القَوْمَ: فتنہ اور اختلاف ڈالنا ......الشَّیْءَ: اِدھر اُدھر سے جمع کرنا۔

هَاوَشَهُمْ مُهَاوَشَةً: باہم ملنا۔

تَهَوَّشَ القَوْمُ تَهَوُّشًا وتَهَاوَشُوْا تَهَاوُشًا: ملنا۔ تَهَوَّشُوْا عَلَى فُلَانٍ: جمع ہونا۔

الهَائِش: فا۔ هَوْش کی تاکید میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالهَوْشِ الهَائِشِ" وہ بہت تعداد میں لایا۔

الهَوْش: مص۔ پیٹ کا خالی ہونا۔ عدد کثیر۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ بِالهَوْشِ والبَوْشِ" وہ لوگوں کی بڑی جماعت لے کر آیا۔

الهَوْشَة: اسم مرۃ۔ مخلوط جماعت۔ فتنہ و

اضطراب۔ ج هَوْشَات اور کہا جاتا ہے "اِيَّاكُمْ وَهَوْشَاتِ اللَّيْلِ" اپنے آپ کو رات کے حوادث اور مکروہات سے بچاؤ۔ "وَاتَّقُوْا هَوْشَاتِ السُّوْقِ" اس سے بچو کہ بازار میں کوئی تمہارے ساتھ حیلہ کر کے تمہارا مال چرالے۔

الهُوَاشَات : لوگوں کی جماعتیں۔ اونٹوں کے ریوڑ۔ مال حلال وحرام جمع کیا ہوا۔

الهَوِيْشَة: مخلوط جماعت۔

التَّهَاوِش: مال حرام۔

المَهَاوِش: حرام طریقہ سے جمع کیا ہوا مال۔

هَاعَ يَهَاعُ هَوْعًا : سبک ہونا اور گھبرانا...... القَوْمُ بَعْضُهُمْ إِلٰى بَعْضٍ : ایک دوسرے پر حملہ کا ارادہ کرنا (...... يَهَاعُ وَيَهُوْعُ هَوْعًا) الرَّجُلُ : بغیر تکلف کے قے کرنا۔ اسم الهَوْع والهُوَاع والهَيْعُوْعَة.

هَوَّعَ تَهْوِيْعًا الرَّجُلَ مَا أَكَلَهُ : قے کرا دینا اور تہویل کے موقع پر کہا جاتا ہے "لَأُهَوِّعَنَّهُ مَا أَكَلَهُ" جو کچھ اُس نے کھایا پیا ہے اس کے حلق سے نکال لوں گا۔

تَهَوَّعَ تَهَوُّعًا: تکلف سے قے کرنا۔ خون کی قے کرنا اور کہا جاتا ہے "تَهَوَّعَ القَيْءَ" اس نے بتکلف قے کی۔ "وَتَهَوَّعَ نَفْسَهُ" اس نے اپنے نفس کی قے کی گویا کہ وہ اسے نکال رہا ہے۔

الهُوَاع والهُوَاعَة : قے۔ اَلْهُوَاع: مادہ ذی تعدہ ج هُوَاعَات وأَهْوِعَة.

الهَاع : حیص۔ لالچی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَاعٌ وَلَاعٌ" یعنی لالچی مرد (اور یہ هَائِع کا مقلوب ہے)

الهَوْع: مص۔ بدترین قسم کا لالچ۔

الهَوْع والهُوْع: دشمنی۔

المِهْوَع والمِهْوَاع : لڑائی میں چلانے والا۔

الهَوْغ: بہت چیز۔

الهَوْف والهُوْف : گرم ہوا۔ ٹھنڈی ہوا۔

الهُوْف : خیر و برکت سے خالی مرد۔ بیوقوف مرد۔

الهَوْفَة: جماعت۔ گروہ۔

هَوِكَ يَهْوَكُ هَوَكًا : احمق ہونا۔ صفت هَوْك.

هَوَّكَ تَهْوِيْكًا: گڑھا کھودنا۔ هَوَّكَهُ: بیوقوف بنانا۔

تَهَوَّكَ تَهَوُّكًا وانْهَاكَ انْهِيَاكًا : حیران ہونا اور لاپرواہی اور بے فکری کی وجہ سے مشکل میں پھنسنا۔ مضطرب القول ہونا۔

الهَوْك والهَوِك والأَهْوَك والهِوَكُّ واليَهْكُوْك : بیوقوف جس میں تھوڑی سی بھی عقل ہو۔

الهَوَك: مص۔ تھوڑی عقل کے ساتھ بیوقوفی۔

الهُوْكَة: گڑھا۔

الهَوَّاك: حیران وسرگشتہ۔

الهَوَّاكَة. هَوَّاك : کا مؤنث۔ أَرْضٌ هَوَّاكَةٌ وهَوِكَة: زمین شور۔

الأَهْكَاء: متحیر لوگ۔

المُتَهَوِّك: حیران۔ ہلاکت کے گڑھے میں گرنے والا۔

هَالَ يَهُوْلُ هَوْلًا الأَمْرُ فُلَانًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوفناک ہونا۔

هِيْلَ هَوْلًا السَّكْرَانُ : حالتِ نشہ میں مختلف قسم کے رنگ دیکھ کر گھبرانا۔ کہا جاتا ہے "هِلْتُ مِنْهُ" میں اس سے گھبرایا۔

هَوَّلَهُ تَهْوِيْلًا: گھبراہٹ میں ڈالنا۔ هَوَّلَتِ المَرْأَةُ: لباس اور زیورات سے مزین ہونا۔ هَوَّلَ الأَمْرَ : بڑا دکھانا...... عِنْدِي الأَمْرَ: خوفناک بنانا...... القَوْمُ عَلَى الرَّجُلِ بِكَذَا: گھبرا دینا...... عَلَى الرَّجُلِ : حملہ کرنا۔

تَهَوَّلَ تَهَوُّلًا الرَّجُلُ : خوفناک ہونا...... مَالَهُ: نظر بد لگانے کا ارادہ کرنا۔

اِهْتَالَ اِهْتِيَالًا : گھبرانا۔ تم کہتے ہو "هِلْتُهُ فَاهْتَالَ" میں نے اس کو گھبراہٹ میں ڈالا وہ گھبرا گیا۔

اِسْتَهَالَ يَسْتَهِيْلُ فُلَانٌ الأَمْرَ : خوفناک پانا۔ بعض لوگ "يَسْتَهْوِلُهُ" کہتے ہیں مگر جید لغت "يَسْتَهِيْلُهُ" ہی ہے۔

الهَائِل : گھبراہٹ میں ڈالنے والا۔ مِنَ الأُمُوْرِ : خوفناک۔ تاکید کے لئے کہا جاتا ہے "هَوْلٌ هَائِلٌ" مانند "لَيْلٌ لَائِلٌ" کے۔

الهَال: سراب۔

الهَوْل: مص۔ خوف۔ ج أَهْوَال وهُؤُوْل.

أَبُو الهَوْل : ایک شاعر کا نام۔ اہرامِ مصر کے قریب ایک مجسمہ۔

الهَالَة: چاند کا کنڈل۔

الهُوْلَة: خوف دلانے کی آگ۔ اس کی صورت یہ ہوا کرتی تھی کہ کسی کنوئیں میں آگ روشن کرتے تھے اور اس میں نمک اور گندھک ڈالتے تھے جب آگ بھڑک جاتی اور نمک چٹخنے لگتا تو اس شخص سے جس کو قسم کھلانی ہوتی تھی اور وہ پہلے سے وہیں موجود ہوتا تھا کہا جاتا کہ یہ آگ تجھ کو دھمکا رہی ہے اور وہ قسم کھانے سے اعراض کرتا۔ وہ چیز جس سے بچہ کو ڈرایا جائے۔ تعجب۔

الهِيْلَة: کسی کام کا خوف۔

التَّهَاوِيْل : سرخ زرد۔ سبز مختلف قسم کے رنگ۔ تصاویر اور زیورات کی زینت۔ واحد تَهْوِيْلٌ. تَهَاوِيْلُ الرَّبِيْعِ : موسم بہار کے مختلف رنگ کے پھول۔

التَّهْوِيْل: مص۔ ڈرانے کی چیز۔

المَهَال والمَهِيْل: خوفناک جگہ۔

المُهُوْل: خوفناک۔

المُهَوِّل : فا اور تاکید کے لئے کہا جاتا ہے "هَوْلٌ مُهَوِّلٌ".

المُهَوِّل: قسم کھلانے والا۔

هَوَّمَ تَهْوِيْمًا وتَهَوَّمَ تَهَوُّمًا : اُونگھ کی وجہ سے سر جھکانا۔ تھوڑا سا سونا۔

الهُوَام: سخت پیاس۔

الهَوْم : پست زمین۔ ہلکی نیند۔ هَوْمُ المَجُوْسِ: چنبیلی کے مانند ایک پودہ۔ اس

کوهَوْمُ الْمَجُوْسِ: اس وجہ سے کہتے ہیں کہ آتش پرست اس کو عبادت کے موقعہ پر استعمال کرتے ہیں اور اس کے بہت منافع بیان کرتے ہیں۔

الهَامَة: ہر چیز کا سرا۔ دھڑ پر بھی اطلاق ہوتا ہے۔ سردارِ قوم۔ لوگوں کی جماعت۔ گھوڑا۔ ج هَامٌ وهَامَاتٌ. الهَامَة: ایک چھوٹی قسم کا اُلو جس کو "الصدی" بھی کہتے ہیں اور کہا جاتا ہے "هٰذَا هَامَةُ الْيَوْمِ اَوْ غَدٍ" یعنی وہ آج یا کل مرجائے گا "وَاَصْبَحَ فُلَانٌ هَامَةً" فلاں مرگیا۔ بَنَاتُ الْهَامِ: دماغ کا مغز۔

الهِيَم: ریگستان جو کبھی سیراب نہ ہوتے ہوں۔ قَوْمٌ هِيْمٌ: پیاسے لوگ۔

الهَوْمَاة والهَوْمَة: بے آب وگیاہ میدان۔

الهَوَّام: شیر۔

الاَهْوَم: بڑے سر والا۔

هَانَ يَهُوْنُ هَوْنًا الْاَمْرُ عَلٰى فُلَانٍ: نرم و آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "هُنْ عِنْدِي الْيَوْمَ" یعنی آج میرے پاس اقامت کرو اور آرام کرو۔

هَانَ يَهُوْنُ هُوْنًا ومَهَانًا ومَهَانَةً الرَّجُلُ: ذلیل وحقیر ہونا۔ کمزور اور مسکین ہونا۔

هَوَّنَ تَهْوِيْنًا عَلَيْهِ الْاَمْرَ: نرم وہلکا کرنا۔ کہا جاتا ہے "هَوِّنْ عَلَيْكَ" کوئی پروا نہ کر۔ هَوَّنَ الشَّيْئَ: ہیچ سمجھنا۔

هَاوَنَ مُهَاوَنَة. نَفْسَهُ: نرمی کرنا۔

اَهَانَهُ اِهَانَةً: حقیر وہیچ سمجھنا۔

تَهَاوَنَ بِهٖ تَهَاوُنًا واسْتَهَانَ بِهٖ اِسْتِهَانَةً: حقیر سمجھنا۔ استہزاء کرنا۔ ہیچ سمجھنا۔

اِهْوَاَنَّتْ اِهْوِئْنَانًا الْمَفَازَةُ: بیابان کا وسعت کے ساتھ پست ہونا۔

الهَاوَن والهَاوُن والهَاوُوْن: دوا وغیرہ کو کُٹنے کا ہاون ج هَوَاوِيْن.

الهَوْن: مص۔ سکون ووقار۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ عَلٰى هَوْنِكَ" یعنی اپنی روش پر چلو۔ "وَهٰذَا شَيْئٌ هَوْنٌ" یہ حقیر چیز ہے "اَحْبِبْ حَبِيْبَكَ هَوْنًا مَّا" اپنے دوست سے دوستی کرو جس میں افراط نہ ہو۔

الهُوْن: مص۔ رسوائی۔ قرآن میں ہے "فَاَخَذَتْهُمْ صَاعِقَةُ الْعَذَابِ الْهُوْنِ" مخلوق۔ کہا جاتا ہے "مَا اَدْرِيْ اَيُّ الْهُوْنِ هُوَ" مجھے نہیں معلوم وہ کون مخلوق ہے۔

الهُوْنَة: تسکین۔ صلح ج هُوَن (...... والهُوْنَة) آہستگی سے کام کرنے والی عورت۔

الهِيْنَة: اسم نوع۔ سکون۔ وقار۔ کہا جاتا ہے اِمْشِ عَلٰى هِيْنَتِكَ: نرمی سے چلو۔

الهُوَيْنَا: نرمی وملائمت اور یہ هُوْنٰى کی تصغیر ہے اور هُوْنٰى اَهْوَن کی تانیث ہے۔

الهَيِّن والهَيْن: نرم۔ کمزور۔ ذلیل۔ آہستہ کار۔ ج اَهْوِنَاء وهَيِّنُوْنَ وهَيْنُوْنَ و مؤنث هَيِّنَةٌ وهَيْنَةٌ ج هَيِّنَاتٌ وهَيْنَاتٌ.

الاَهْوَن: اسم تفضیل۔ نرم۔ آسان۔ کہا جاتا ہے "هُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ" وہ اس پر آسان ہے۔

المُهْوَئِنُّ والمُهْوَاَنُّ: دور جگہ یا پست ہموار زمین ج مُهْوَئِنَّات.

المِهْوَان: بہت نرم۔ ج مَهَاوِيْن.

المَهَانَة: رسوائی۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فِيْهِ مَهَانَةٌ" کمزور وذلیل مرد۔

تَهَوَّهَ الرَّجُلُ: دردمند ہونا۔

الهُوْهَة والهَوَاهِيَة: بزدل۔

الهَوَاهِي: واہی تباہی باتیں۔

الهَوْهَاءَة: بیوقوف (...... والهُوْهَا) کنواں جس میں اُترنے والے کیلئے کوئی سہارا نہ ہو۔

رَجُلٌ هَوْهَاة: کمزور دل۔ بیوقوف۔

الهَوُّ: جانب۔ کنارہ۔ روشندان۔

الـهُوَّة: پست زمین۔ گہرا گڑھا۔ فضاء آسمانی۔ ج هُوَى وهُوٌّ وهُوِيٌّ.

الهُوَّاءَة: پست زمین۔ گہرا گڑھا۔

هَوَتْ تَهْوِيْ هُوِيًّا الطَّعْنَةُ: نیزے کے زخم کا چوڑا ہونا...... العُقَابُ: عقاب کا شکار وغیرہ پر ٹوٹ پڑنا ...... [illegible] کا ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا ...... [illegible] ہوا کا چلنا ...... [illegible] بِرَاكِبِهَا: اونٹنی کا تیز دوڑنا۔ هَوَى الرَّجُلُ: مرنا...... فِي السَّيْرِ: گزرنا...... فِي الْاَرْضِ: جانا۔

هَوَى يَهْوِيْ هَوِيًّا وهُوِيًّا وهَوَيَانًا الشَّيْئُ: اُوپر سے نیچے گرنا۔ بلند ہونا اور چڑھنا اور کہا گیا ہے کہ الهَوِيُّ بِفَتْحِ الْهَاءِ ارتفاع کیلئے اور الهُوِيُّ انحدار کیلئے۔ هَوَتْ اُمُّهُ: ہلاک ہونا اور بقول بعض لڑکا گم کرنا۔ صفت هَاوِيَةٌ.

هَوَى يَهْوِيْ هُوَّةً. الجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔

هَوَتْ تَهْوِيْ هَوِيًّا الاُذُنُ: کان کا سننا۔

هَوِيَهُ يَهْوَاهُ هَوًى: محبت کرنا۔ خواہش کرنا۔ صفت هَوٍ.

هَاوَاهُ مُهَاوَاةً وهِوَاءً: مدارات کرنا۔

هَاوَى فُلَانٌ: تیز چلنا۔

اَهْوَى اِهْوَاءً. الشَّيْئُ: گرنا۔ اَهْوَتْ يَدُهُ لَهُ: ہاتھ کا بڑھنا اور بلند ہونا اور کہا جاتا ہے "اَهْوَى اِلَيْهِ بِيَدِهٖ لِيَاْخُذَهُ" اس نے پکڑنے کے لئے اس کی طرف ہاتھ بڑھایا اور بعض لوگوں کے نزدیک باء زائدہ ہے اور اس کی اصل "اَهْوٰى يَدَهُ اِلَيْهِ" ہے۔ یعنی اس نے اس کی طرف ہاتھ جھکا دیا اور کہا گیا ہے "اَهْوَيْتُ بِالشَّيْئِ" یعنی میں نے اس کا اشارہ کیا۔ "وَاَهْوَيْتُ لَهُ بِالسَّيْفِ فَاَطَرْتُ اَرْنَبَةَ اَنْفِهٖ" یعنی میں نے اس کی طرف تلوار سے اشارہ کیا اور اس کی ناک کا بانسہ اڑا دیا۔ اَهْوَتِ الْعُقَابُ: عقاب کا شکار پر ٹوٹ پڑنا۔ اَهْوَى الشَّيْئَ: اوپر سے گرانا۔

تَهَاوَى الْقَوْمُ فِي الْمَهْوَاةِ: بعض کا بعض کے پیچھے گڑھے میں گرنا۔ تَهَاوَى الرَّجُلُ: تیز چلنا۔

اِهْتَوَى اِهْتِوَاءً. اِلَيْهِ بِشَيْئٍ: اشارہ کرنا۔

اِنْهَوَى اِنْهِوَاءً الشَّيْئُ: اوپر سے نیچے گرنا۔

اِسْتَهْوَاهُ اِسْتِهْوَاءً: سرگشتہ وحیران بنا دینا۔

مدہوش کردینا۔ عشق کو مزین کر کے دکھلانا۔
الھَـــاوِی: قاـ نڈی۔ حرف الف کو بھی "ھَاوِی" کہتے ہیں اس وجہ سے کہ واؤ اور یاء کے مخرج سے اس کا مخرج زیادہ وسیع ہے اور معنی ذُو الھَوَاء: کے ہیں جیسے نَابِلٌ: بمعنی ذُو النَّبلِ والنَّاشِب: بمعنی ذُو النُّشَّاب.
الھَاوِیَۃ: قضا۔ بچہ گم کرنے والی عورت۔
ھَـــاوِیَۃ: دوزخ۔ معرفہ اور غیر منصرف ہے اور کبھی الف لام بھی صفت کا لحاظ کر کے داخل کرتے ہیں۔
الھَوَاء: فضاء آسمانی۔ ج اَھْوِیَۃ: خالی چیز۔ بزدل۔ واحد اور جمع اس میں برابر ہیں۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ ھَوَاءٌ او ھُم ھَوَاءٌ" وہ بزدل ہے یا وہ سب بزدل ہیں۔ الھَـوَاء: ہر وہ چیز جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو۔ جس کی وجہ سے چیز کی حفاظت نہ ہو سکے جیسے توشہ دان کہ جس کا نچلا حصہ پھٹ گیا ہو۔ ھَـــوَا: کا اطلاق ہر اس بہنے والی چیز پر بھی ہوتا ہے جس کو تم سونگھ سکو۔
الھِوَاء واللِّوَاء: کبھی نرمی اور کبھی سختی سے معاملہ کرنا۔ کہا جاتا ہے "عَـامَلَہٗ بِالْھِوَاءِ واللِّوَاءِ" اس نے اس سے نرم گرم معاملہ کیا۔
الھَوَیٰ. ھَـوِیَ: کا مصدر۔ خواہش۔ عشق چاہے خیر ہو یا شر۔ محبوب و معشوق محمود ہو یا مذموم مگر غیر محمود کا غلبہ ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ اِتَّبَعَ ھَوَاہُ" فلاں نے اپنی خواہش نفس کا اتباع کیا اور یہ مذمت کے وقت بولا جاتا ہے۔ ایسا ہی "فُلَانٌ مِنْ اَھْلِ الْاَھْوَاءِ" فلاں ان لوگوں میں سے ہے جو راہِ راست سے ہٹ گئے ہیں۔
الھَوِیٰ: مشتاق۔ شائق۔ مؤنث ھَوِیَۃٌ.
الھَـوِیُّ: کان میں سنسناہٹ۔ محبوب اور کہا جاتا ہے "مَضیٰ ھَوِیٌّ او ھُوِیٌّ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا ایک حصہ گزر گیا۔ "وَجَـلَسْـتُ عِنْدَہٗ ھَوِیًّا" میں اس کے پاس دیر تک بیٹھا رہا۔

الھُوِیَّۃ: گہرا کنواں ج ھَوَایَا.
الاَھْوَیٰ. ھَوِیَ: کا اسم تفضیل۔ تم کہتے ہو "ھٰذَا الشَّیْءُ اَھْوَیٰ اِلَیَّ مِنْ کَذَا" یہ چیز میرے نزدیک فلاں چیز سے زیادہ محبوب ہے۔
الاُھْـوِیَّۃ: فضاء آسمانی۔ گہرا گڑھا۔ کہا جاتا ہے "مَضیٰ تَھْوَاءٌ مِنَ اللَّیْلِ" یعنی رات کا ایک حصہ گزر گیا۔
الـمَھْوَیٰ والْمَھْوَاۃ: فضا۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا فاصلہ ج مَھَاوٍ.
ھَـاءَ یَھِیءُ وھَـیْـئَ یَھَاءُ ویَھْیَاءُ وھَیُوءَ یَھْیُوءُ ھَیْـئَـۃً وھَیَاءَۃً: خوش شکل ہونا۔ ھَاءَ یَھَاءُ ھَیَـاءَۃً اِلَیْـہِ: مشتاق ہونا (..... یَھَاءُ ویَھِیءُ ھَیَاءۃً لِلْاَمْرِ) تیار ہونا۔
ھَیَّاَہٗ تَھْیِئَۃً وتَھْیِیْئًا: درست کرنا۔ تیار ہونا۔
ھَـایَاَہٗ مُھَایَاَۃً فِی الْاَمْرِ: موافقت کرنا۔ کبھی ہمزہ کو یاء سے تخفیفاً بدل دیتے ہیں اور کہتے ہیں "ھَـایَیْتُہٗ مُھَایَاۃً" کہا جاتا ہے "ھَایَاَہٗ فِی دَارِ کَذَا" یعنی کچھ مدت تک ایک رہا اور کچھ مدت تک دوسرا اور بقول بعض اس کے معنی یہ ہیں کہ ہر ایک نے اپنے حصہ سے نفع اٹھایا۔
تَھَیَّـأَ تَھَیُّؤًا لِلْاَمْرِ: تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔ مستعد ہونا ..... الشَّیْءُ لِفُلَانٍ: قدرت دینا۔
تَھَایَأُوْا وتَھَایَوْا عَلَی الْاَمْرِ: باہم موافقت کرنا ..... عَلٰی کَذَا: مجتمع ہونا۔
الھَیْءُ والھِیْءُ: کھانے پینے کا بلاوا۔
الھَیْـئَۃ والھِیْـئَۃ: حالت۔ کیفیت۔ شکل صورت ج ھَیْـئَـات. عِلْمُ الْھَیْـئَۃ: وہ علم جو اجرام سماویہ کے احوال سے بحث کرے۔
الھَیِیْءُ والھَیِّیءُ: خوش شکل۔
ھَابَہٗ یَھَابُہٗ ھَیْبًا وھَیْبَۃً ومَھَابَۃً: خوف کرنا۔ بچنا۔ چوکنا رہنا۔ صفت فاعل ھَـــائِـــبٌ وھَیُـوْبٌ وھَیُوْبَۃٌ وھَیَّابٌ وھَیِّبٌ وھَیَّبَان وھَیِّـــبَان وھَیَّابَۃ اور مَھُوْبٌ ومَھِیْـبٌ وھَیُوْبٌ وھَـیَّـان اس کو کہتے ہیں جس سے لوگ ڈریں اور ایک لغت ھَـابَـہٗ

یَھِیْبُہٗ: کی بھی ہے ھَابَ الرَّجُلُ فُلَانًا: تعظیم و توقیر کرنا۔
ھَیَّبَـہٗ تَھْیِیْبًـا اِلٰی فُلَانٍ: ہیبت دار بنانا۔ رعب دار بنانا۔
اَھَابَ اِھَابَۃً الرَّاعِیْ بِغَنَمِہٖ: بکریوں کو ٹھہرنے یا لوٹنے کے لئے چلانا ..... بِالْاِبِلِ: اونٹوں کو "ھَــــاب" کہہ کے ڈانٹنا ..... بِالْخَیْلِ: گھوڑے کو ھَبْ یَاھَبِیْ کہہ کے بلانا یا ڈانٹنا۔ اَھَابَ بِصَاحِبِہٖ: پکارنا۔ بلانا۔
تَھَیَّبَــــہٗ تَھَیُّبًـــا: خوف کرنا۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔ خوف دلانا۔ کہا جاتا ہے "تَھَیَّـبَـنِـیْ زَیْدٌ" زید نے مجھ کو خوف دلایا۔
اِھْتَابَ اِھْتِیَابًا: ڈرنا۔ خوف کرنا۔
الھَاب: سانپ۔
الھَیْبَۃ: مص۔ خوف۔
الھَیَّبَـــان: لوگوں سے ڈرنے والا۔ بزدل۔ ہلکا۔ چرواہا۔ مٹی۔ اونٹ کے منہ کے جھاگ۔ بہت۔
الاَھْیَب: زیادہ رعب والا۔
مَکَانٌ مَھَابٌ ومَھُوْبٌ: خوفناک جگہ۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا الشَّیْءُ مَھْیَبَۃٌ لَکَ" یعنی یہ چیز تمہارے لئے ڈر کا باعث ہے۔
ھَیَّتَ تَھْیِیْتًا بِفُلَانٍ: چلانا۔ پکارنا۔
ھَـاتِ: اسم فعل بمعنی اَعْـطِـنِـیْ کہا جاتا ہے "ھَـاتِ یَـا رَجُـلُ وھَـاتِیْ یَا اِمْرَأَۃُ وھَاتِیَا یَا رَجُلَانِ و یَا اِمْرَأَتَـانِ وھَـاتُـوْا یَـا رِجَال وھَاتِیْنَ یَانِسَاءِ".
الھِیْـــت: بہت گہری زمین۔ کہا جاتا ہے "ھَیْتَ وھَیْتَ لَکَ (بِتَثْلِیْثِ التَّاءِ فِیْھِمَا) بمعنی ھَلُمَّ وتَعَالَ: یعنی آ، حاضر ہو واحد جمع مذکر مؤنث میں کوئی فرق نہیں۔ مگر عدد کا اظہار بعد والے کلمے میں ہوتا ہے جیسے ھَیْتَ لَکُمَا وھَیْتَ لَکُم وھَیْتَ لَکُنَّ.
ھَاتَ یَھِیْتُ ھَیْتًا وھَیْتَانًا لِفُلَانٍ: تھوڑا سا دینا ..... مِنَ الْمَالِ: ضرورت کے مطابق پانا ..... فِی الشَّیْءِ: فساد ڈالنا اور ایسا ہی ھَاتَ الذِّئْبُ فِی الْغَنَمِ: بھیڑیے نے بکریوں

میں تباہی ڈالی......بِرِغلِهِ التُّرَابَ: مٹی کو
پاؤں سے کریدنا(...... هَيْثًا) الـقَـوْمُ:
جھگڑے کے وقت آپس میں ایک دوسرے
سے گتھ جانا......الشَّيْءُ: ہلنا۔
هَايَثَهُ مُهَايَثَةً: کثرتِ مال یا کثرتِ عدد پر فخر
کرنا۔
تَهَايَثُوا: جھگڑے کے وقت آپس میں ایک
دوسرے سے گتھ جانا۔
اِسْتَهَاثَ اِسْتِهَاثَةً مَا اَعْطَاهُ: زیادہ کرنا
......المَالَ: تباہ کرنا۔
الهَيْثُ: حرکت۔
الهَيْثَةُ: لوگوں کی جماعت۔
هَايَثَةُ القَوْمِ: قوم کا شور۔
المُهَايِثُ: بہت لینے والا۔
هَاجَ يَهِيجُ هَيْجًا وهِيَاجًا وهَيَجَانًا الشَّيْءُ:
بھڑکنا۔ برانگیختہ ہونا......البَحْرُ: سمندر کا
جوش مارنا......الرَّجُلُ: بیوقوف سے
مضطرب ہونا۔ بہادر ہونا۔ کود پڑنا......
الشَّيْءُ وبالشَّيْءِ: برانگیختہ کرنا هَاجَتِ الإِبِلُ:
اُونٹوں کا پیاسا ہونا۔ هَاجَتِ النَّبْتُ:
نباتات کا خشک ہونا۔ هَاجَتِ الأَرْضُ:
سوکھی نباتات والی ہونا۔ هَاجَ الإِبِلَ:
اونٹوں کو رات میں گھاس یا گھاٹ کی طرف
چلانا۔ کہا جاتا ہے "هَاجَتِ السَّمَاءُ
فَمُطِرْنَا" آسمان میں ابر و باد ظاہر ہوا اور
ہمارے اوپر بارش ہوئی۔
هَيَّجَ تَهْيِيجًا الشَّيْءَ: برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔
کہا جاتا ہے "هَيَّجَ بَيْنَهُمَا الشَّرَّ" اس نے
ان دونوں کے درمیان شر و فساد کو بھڑکا دیا۔
هَايَجَهُ ومُهَايَجَةً وهِيَاجًا: برانگیختہ کرنا اور
لڑائی کرنا۔
اَهَاجَتْ اِهَاجَةً الرِّيحُ النَّبْتَ: ہوا کا
نباتات کو خشک کرنا۔
اَهْيَجَ اِهْيَاجًا الأَرْضَ: سوکھی نباتات والی
پانا۔
تَهَيَّجَ تَهَيُّجًا: برانگیختہ ہونا۔ بھڑکنا۔
تَهَايَجَ تَهَايُجًا القَوْمُ: باہم لڑائی کرنا۔

اِهْتَاجَ اِهْتِيَاجًا الشَّيْءُ: بھڑکنا۔
الهَائِجُ: فا۔ جوش۔ غضب۔ کہا جاتا ہے
"هَاجَ هَائِجُهُ" اس کا غصہ بھڑک گیا "وَهَدَأَ
هَائِجُهُ" اس کا غصہ ٹھنڈا پڑ گیا۔
الهَائِجَةُ. الهَائِجُ: کا مؤنث۔ اَرْضٌ
هَائِجَةٌ: خشک یا زرد شدہ گھاس والی زمین۔
الهَيْجُ: مص۔ لڑائی۔ زردی۔ خشک شدگی۔
حرکت۔ تیز ہوا۔ کہا جاتا ہے "يَوْمُ هَيْجٍ"
ہوا یا بادل بارش کا دن۔ جب بادل اوّل
اوّل اٹھنا شروع ہوتا ہے تو کہا جاتا ہے
"هَاجَ لَهُ هَيْجٌ حَسَنٌ".
شَيْءٌ هَيُوجٌ ومِهْيَاجٌ: بھڑکی ہوئی
چیز۔ مؤنث کیلئے بھی هَيُوجٌ مستعمل ہے۔
الهَاجَةُ: مینڈکی۔ ج هَاجَات.
الهَيْجَا والهَيْجَاءُ: لڑائی۔
هَادَهُ يَهِيدُهُ هَيْدًا وهَادًا: گھبراہٹ میں
ڈالنا۔ غم زدہ کرنا۔ ہلانا۔ درست کرنا۔
زائل کرنا۔ منہدم کرنا۔ باز رکھنا۔ جھڑکنا۔
ڈانٹنا۔ کہا جاتا ہے "مَا يَهِيدُنِي ذٰلِكَ" یہ
چیز مجھ کو برانگیختہ نہیں کرتی اور نہ اس کی میں
پروا کرتا ہوں۔ بعض کا قول ہے کہ يَهِيدُ کا
استعمال حرف نفی کے ساتھ خاص ہے۔
هَيَّدَهُ تَهْيِيدًا: بمعنی هَادَه (مذکورہ بالا معانی
میں) هَيَّدَ الرَّجُلُ: تیز چلنا۔ کہا جاتا ہے
"مَاهَيَّدَ عَنْ شَتْمِيْ" وہ مجھے گالی دینے سے
نہ پیچھے ہٹا نہ رکا۔
الهَادُ: مص۔ اونٹ کی ڈانٹ کلمہ۔ کہا جاتا
ہے "مَالَهُ هَادٌ" یعنی وہ ایسا ہے کہ نہ تو اسے
منع کیا جاسکتا ہے نہ ڈانٹا جاسکتا ہے۔
الهَيْدُ: مص۔ مضطرب و پریشان۔
الهَيْدَانُ: بزدل۔ مضطرب۔ بیوقوف۔
بخیل۔
هَيَّرَهُ فَتَهَيَّرَ هَوَّرَهُ فَتَهَوَّرَ: میں ایک لغت۔
الهَيَّارُ: جو منہدم اور ساقط ہو۔
الهَيْرُ والهِيَرُ: بادِ شمالی۔ الهَيْرُ والهِيَرُّ مِنَ
اللَّيْلِ: رات کا نصف اول۔ رَجُلٌ هَيِّرٌ:
لاپرواہی سے کاموں میں گھس پڑنے والا۔

الهَيْرَةُ: نرم زمین۔
رَجُلٌ هَيَّارٌ: کمزور مرد۔
الهَيْرُونُ: ایک قسم کی کھجور۔ واحد هَيْرُونَةٌ.
هَاسَ يَهِيسُ هَيْسًا الشَّيْءَ وَمِنَ الشَّيْءِ:
بکثرت لینا......فُلَانٌ: تیز چلنا۔
الأَهْيَسُ: بہادر۔ بہت کھانے والا۔
......مِنَ الإِبِلِ: کسی چیز سے نہ رکنے والا
اونٹ۔
الهَيْسُ: مص۔ جوتنے کے لئے بیلوں کی
جوڑ اور بقول بعض اس کا کل سامان۔
هَاشَ يَهِيشُ هَيْشًا الشَّيْءَ: خراب کرنا۔
بگاڑنا......القَوْمُ: جوش و حرکت میں آنا۔ کہا
جاتا ہے "هِشْتُمْ عَلَيْنَا" تم ہم لوگوں کے
اوپر جوش و حرکت میں آئے...... فُلَانٌ:
بہت بولنا......النَّاقَةَ: اونٹنی کو آہستہ آہستہ
دوھنا......المَالَ: جمع کرنا......الرَّجُلُ: شا[illegible]
ہونا۔
الهَيْشَةُ: مخلوط جماعت۔ اضطراب۔ فتنہ ج
هَيْشَات.
هَاضَ يَهِيضُ هَيْضًا بِالشَّيْءِ: قے کرنا......
عُنُقَهُ: گردن توڑنا......الطَّيْرُ: پرندہ کا بیٹ
کرنا۔
المَهَايِضُ: پرندہ کے بیٹ کرنے کی جگہ۔
واحد مَهِيضٌ.
الهَيْضُ: پرندے کی بیٹ۔
هَاضَ يَهِيضُ هَيْضًا الطَّائِرُ: پرندہ کا بیٹ
کرنا......فُلَانٌ العَظْمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے
بعد توڑ دینا اور کہا جاتا ہے "تَمَاثَلَ
المَرِيضُ فَهَاضَهُ كَذَا" مریض اٹھ کھڑا ہوا
تھا کہ اس کو فلاں چیز نے پھر دوبارہ مبتلاء
مرض کردیا......الحُزْنُ قَلْبَهُ: بار بار غم لاحق
ہونا۔
هَاضَهُ: توڑنا اور ریزہ ریزہ کرنا۔
هَيَّضَهُ: برانگیختہ کرنا۔ بھڑکانا۔ اُکسانا۔
تَهَيَّضَ تَهَيُّضًا وانْهَاضَ انْهِيَاضًا العَظْمُ:
ہڈی کا جڑ جانے کے بعد ٹوٹنا۔ تَهَيَّضَهُ
المَرَضُ ونَحْوُهُ: بیماری کا بار بار لوٹنا۔

اِهْتَاضَ اِهْتِيَاضًا الْعَظْمَ: ہڈی کو جڑ جانے کے بعد توڑنا۔

الْهَيْض: پرندے کی بیٹ۔

الْهَيْضَاء: لوگوں کی جماعت۔

الْهَيْضَة. هَاضَ: کا اسم مرة۔ رنج وغم کا عود۔ بیماری کے بعد بیماری۔ پیٹ کا چلنا الْهَيْضَةُ الْكُرَى: نیند لاحق ہونے کی وجہ سے سستی

عَظْمٌ مَهِيْضٌ: جڑنے کے بعد توڑی ہوئی ہڈی۔

الْمُسْتَهَاض: وہ شخص جس کی ہڈی جڑ جانے کے بعد دوبارہ ٹوٹ جائے' وہ مریض جو صحت پانے کے بعد دوبارہ بیمار ہو جائے۔

هَاطَ يَهِيْطُ هَيْطًا: شور مچانا۔

هَايَطَ مُهَايَطَةً وهِيَاطًا: شور مچانا۔

فُلَانًا: کمزور سمجھنا۔

تَهَايَطَ تَهَايُطًا الْقَوْمُ: اکٹھا ہونا اور آپس میں اپنے معاملات کو درست کرنا۔

الْهَيْطُ: مص۔ کہا جاتا ہے "مَازَالَ فِي هَيْطٍ ومَيْطٍ" وہ ہمیشہ شور وغوغا اور برائی میں رہا۔ کہا جاتا ہے هُمْ فِي هِيَاطٍ ومِيَاطٍ: وہ لوگ اضطراب اور آنے جانے میں ہیں۔

هَاعَ يَهِيْعُ ويَهَاعُ هَيْعًا الشَّيْءُ: زمین پر پھیلنا۔۔۔۔۔الرَّصَاصُ: پگھلنا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: بھوکا ہونا۔۔۔۔۔الْإِبِلُ إِلَى الْمَاءِ: خواہش مند ہونا۔۔۔۔۔الرَّجُلُ: بتکلف قے کرنا(۔۔۔۔۔ هَيْعًا وهَيْعَةً وهُيُوْعًا وهَيْعُوْعَةً وهَيَعَانًا) بزدل ہونا۔ گھبرانا(۔۔۔۔۔ هَيْعَةً وهَاعًا) سخت حریص ہونا۔۔۔۔۔مِنَ الشَّيْءِ: تنگ دل ہونا' رنج ہونا۔

تَهَيَّعَ تَهَيُّعًا وانْهَاعَ اِنْهِيَاعًا الشَّيْءُ: زمین پر پھیلنا۔ کہا جاتا ہے "تَهَيَّعَ وانْهَاعَ السَّرَابُ" سراب زمین پر پھیلا ہوا ہے۔

الْهَائِع: فا۔ لَيْلٌ هَائِعٌ: تاریک رات۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَائِعٌ لَائِعٌ" بزدل۔ کمزور۔ گھبرانے والا مرد۔

الْهَائِعَة. الْهَائِع: کا مؤنث۔ تیز آواز۔ دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔

الْهَيَاع: پھیلاؤ۔ کہا جاتا ہے "رِيْحٌ هَيَاعٌ لَيَاعٌ" تیز ہوا۔

الْهَاع: سخت لالچ۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ هَاعٌ لَاعٌ" یعنی کمزور بزدل مرد اور ایسا ہی اِمْرَأَةٌ هَاعَةٌ لَاعَةٌ"۔

الْهَيْعَة: دشمن کی آواز جس سے تم خوف کرو اور گھبراؤ۔ سطح زمین پر بہنے والی چیز۔ سخت لالچ۔ ہر آواز یا برائی جو تم کو گھبراہٹ میں ڈال دے۔ اَرْضٌ هَيْعَةٌ: کشادہ پھیلی ہوئی زمین۔

رَجُلٌ هَيِّعٌ لَيِّعٌ: کمزور گھبرانے والا مرد۔

الْمُتَهَيِّعُ: برائی کی طرف جلدی کرنے والا۔ حیران۔

الْمَهْيَعُ: کھلا ہوا کشادہ راستہ اور کہا جاتا ہے "طَرِيْقٌ مَهْيَعٌ" ج مَهَايِعُ. بَلَدٌ مَهْيَعٌ: کشادہ شہر۔

هَيْعَرَتْ هَيْعَرَةً الْمَرْأَةُ: بدکار ہونا(۔۔۔۔۔ وتَهَيْعَرَتْ) ایک جگہ پر نہ ٹھہرنا۔

الْهَيْعَرَة: مص۔ خفت۔ طیش۔ بھوتنی۔ بدکار عورت یا ایک حالت پر قائم نہ رہنے والی عورت۔

هَيَّغَ تَهْيِيْغًا الْمَطَرُ الْأَرْضَ: بارش کا زمین کو اچھی طرح سے تر کرنا۔

اَهْيَغَ. الْقَوْمُ: قوم کا خوش حال ہونا۔

الْأَهْيَغ: تروتازہ زندگی۔ بہت پانی۔ سرسبز سال۔ والْأَهْيَغَان: تروتازگی اور اچھی حالت یا کھانا پینا۔

هَافَ يَهِيْفُ هَيْفًا: بہت پیاسا ہونا(۔۔۔۔۔ يَهَافُ هَيْفًا) الْعَبْدُ: غلام کا بھاگنا۔ (۔۔۔۔۔ هَيْفًا وهَيَافًا) الْإِبِلُ: اونٹوں کا سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر گرم ہوا کی طرف رخ کرنا۔

هَيِفَ يَهْيَفُ وهَافَ يَهَافُ هَيَفًا وهَيْفًا الْغُلَامُ: پتلی کمر والا ہونا۔ صفت مذکر اَهْيَفُ. صفت مؤنث هَيْفَاءُ ج هِيْفٌ.

اَهَافَ اِهَافَةً الرَّجُلُ: پیاسے اونٹوں والا ہونا۔

اِهْتَافَ اِهْتِيَافًا: پیاسا ہونا۔ صفت مُهْتَاف.

اِسْتَهَافَ: بادِ هَيْف: کے لگنے سے پیاسا ہونا (دیکھئے هَيْف)

الْهَائِف: فا۔ سخت پیاس والا۔

الْهَائِفَة. هَائِف: کا مؤنث۔ سخت پیاس کی وجہ سے منہ کھول کر بادِ هَيْف کی طرف رخ کرنے والی اونٹنی (دیکھئے هَيْف)

الْهَيْف: مص۔ گرم ہوا جو نباتات کو خشک کر دیتی اور پانی کو سکھا دیتی ہے اور حیوانات کو پیاس میں مبتلا کر دیتی ہے۔ امثالِ عرب میں سے ہے "ذَهَبَتْ هَيْفٌ لِأَدْيَانِهَا" اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو اپنی عادت پر اڑا رہے' یا اس وقت جب کہ ہر شخص اپنی اپنی حالت پر متفرق ہو جائیں۔

رَجُلٌ هَافٌ: پیاس پر صبر نہ کر سکنے والا۔ اِبِلٌ هَافَةٌ: جلد پیاسے ہونے والے اونٹ۔

الْمِهْيَافُ والْهَيْفَانُ والْهَيُوْفُ: پیاسا۔ سخت پیاسا۔ جلد پیاسا ہونے والا۔

اَهْيَقَ الظَّلِيْمُ: شتر مرغ کا لمبا ہونا۔

الْهَيْقُ مِنَ الرِّجَالِ: بہت لمبا تڑنگا اور بقول بعض لمبا پتلا۔ شتر مرغ۔ ج اَهْيَاقٌ وهُيُوْقٌ: مؤنث هَيْقَة.

الْأَهْيَق: لمبی گردن والا۔

هَيَّكَ تَهْيِيْكًا: جلدی کرنا۔ کھودنا۔

هَيْكَل: ہ ک ل کا مادہ دیکھئے۔

هَالَ يَهِيْلُ هَيْلًا عَلَيْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا۔

هَيَّلَ تَهْيِيْلًا عَلَيْهِ التُّرَابَ: مٹی ڈالنا (تشدید کثرت کے لئے ہے)

تَهَيَّلَ تَهَيُّلًا وانْهَالَ اِنْهِيَالًا التُّرَابُ: مٹی پڑنا۔ مٹی ڈالا جانا۔ کہا جاتا ہے "هَالَهُ فَانْهَالَ وَهَيَّلَهُ فَتَهَيَّلَ" اس نے اس پر مٹی ڈالی اور وہ پڑ گئی۔ اِنْهَالُوْا عَلَى فُلَانٍ: فلاں کو لوگوں نے مارا پیٹا گالی دی۔

الْهَال: ڈالی ہوئی ریت۔ کہا جاتا ہے "رَمْلٌ هَالٌ" گرنے والی ریت۔

الْهَيْل: مص۔ گری ہوئی ریت یا خاک وغیرہ۔ اسی سے مثال ہے "جَاءَ بِالْهَيْلِ

والھَیلَمان" یعنی وہ بہت مال لایا وہ ریت اور ہوا لایا۔

الھَیال: ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔

الھَیلاَن: ڈھیر لگی ہوئی ریت۔ جمع شدہ ریت۔

الھَالَة: چاند کے اردگرد کا حلقہ۔ ج ھَالاَت۔

الھَیول: ذرات جو روشندان میں دھوپ پڑنے وقت معلوم ہوں۔

الھَیولی والھَیُولی: مادۂ اولیٰ۔ نسبت کے لئے ھَیُولِیّ وھَیُولَانِیّ ج ھَیُولاَت۔

ھَیلَل ھَیلَلَة۔ لاَ اِلٰهَ اِلاَّ اللّٰهُ: کہنا۔

ھَامَ یَھِیمُ ھَیمًا وھُیُومًا وھِیَامًا وھَیَمَانًا وتَھیَامًا بِکَذَا: محبت کرنا ...... عَلٰی وَجھِهٖ: آوارہ پھرنا (...... ھیَامًا) پیاسا ہونا۔ کہا جاتا ہے "ھِم لِنَفسِکَ" یعنی اپنی ذات کے لئے طلب کرو اور اسی کے لئے اہتمام کرو۔

ھَیَّمَهُ الحُبُّ: محبت کا کسی کو پاگل کر دینا۔

تَھَیَّمَ تَھَیُّمًا الھَوٰی فُلاَنًا: پاگل ہونے پر برانگیختہ کرنا ...... فُلاَنٌ: اچھی چال چلنا۔

اِھتَامَ اِھتِیَامًا لِنَفسِهٖ: حیلہ کرنا۔

اُستُھِیمَ فُؤَادُہٗ: محبت وغیرہ کی وجہ سے دل کا شیفتہ و سرگشتہ ہونا۔ صفت مُستَھَامُ الفُؤَاد۔

الھَائِم: فا۔ حیران۔ ج ھُیَّم وھُیَّام۔ الھُیَّام: وسوسہ میں مبتلا عشاق۔

الھَیَام: ہمیشہ گرتے رہنے والی ریت ج ھُیُم۔

الھُیَام: جنون۔ عشق۔ سخت پیاس۔ الھُیَام: سخت پیاس کی بیماری جو اونٹوں کو ہوتی ہے۔

الھَیم: مص۔ کہا جاتا ہے "ھَیمُ اللّٰهِ" بمعنی "اَیمُ اللّٰهِ" یعنی خدا کی قسم۔

الھَیمَاء: بے پانی کا بیابان۔

الاَھیَم۔ ھُیَام: کی بیماری والا۔ مؤنث ھَیمَاء ج ھِیم۔ لَیلٌ اَھیَمُ ولَیلَةٌ ھَیمَاءُ: رات جس میں ستارے نہ ہوں۔

الھَیمَان: پیاسا۔ ھُیَام: کی بیماری والا۔ مؤنث ھَیمٰی ج ھِیَام وھَیمٰی۔ رَجُلٌ ھَیمَان: محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ مرد۔

الھَیُوم: حیران۔

رَجُلٌ اَھیَم: سخت پیاس والا مرد۔

قَلبٌ مُستَھَام: عشق و محبت کی وجہ سے شیفتہ و سرگشتہ دل۔

المَھیُوم: سخت پیاس والا۔ ھُیَام: کی بیماری والا۔ ھَیمَنَ ھَیمَنَةً: آمین کہنا۔ الطَّائِرُ عَلٰی فِرَاخِهٖ: پرندے کا بچے پر پر پھیلانا۔

فُلاَنٌ عَلٰی کَذَا: نگہبان ہونا۔

المُھَیمِنُ والمُھَیمَن: اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہیں۔ بمعنی خوف سے امن دینے والا یا عمل روزی موت و حیات وغیرہ کا کفیل۔

الھَینَم: روئی۔

الھَینَمَة: پست آواز۔

الھَینُوم: غیر مفہوم کلام۔

ھِیھٖ ھِیھٖ: کسی چیز کو دفع کرنے کے لئے بولا جاتا ہے (کلمہ استزادہ ہے)

ھَیھَاتَ: بتثلیث الاخر: اسم فعل ہے بمعنی دور ہوا اور اس میں چند لغات اور ہیں اَیھَاتَ وَاَیھَانَ وھَیھَانَ وھَایھَاتَ وھَایھَانَ: حرف آخر میں تینوں حرکتیں ہیں۔ معرب بھی ہیں اور مبنی بھی اور ایک لغت اَیھَا ہے۔

اَلیھُوفَارِیقُون: زرد پھولوں والا پودا بعض طبی فوائد رکھتا ہے۔

ھَیَا: بعید کے لئے حروف ندا میں سے ہے اور اس کی اصل ایا: ہے۔

ھَیُّ بنُ بَیٍّ وھَیَّانُ بنُ بَیَّانَ: غیر معروف شخص جس کے والد کا بھی پتہ نہ ہو۔

ھَيَّ: اسم فعل بمعنی امر ہے یعنی جس کام میں تم ہو جلدی کرو۔ اس کے آخر میں کاف خطاب لاحق ہوتا ہے جیسے رُوَیدَکَ اور ھَاکَ کہا جاتا ہے ھَیکَ اور کبھی تثنیہ کے لئے "ھَیَا" اور جمع کے لئے "ھَیُو" کہا جاتا ہے۔

ھَیَاھَیَا: اسماء افعال میں سے ہے یعنی جلدی کرو۔

الھَیَاة: شان۔ معاملہ۔ کہا جاتا ہے "مَا ھَیَاتُهٗ" اس کا کیا معاملہ ہے۔ اس کی کیا حالت ہے۔

ی : الیاءُ: حروفِ تہجی میں سے اٹھائیسوں حرف ہے۔ یہ حرف جوف سے ہے۔

الیاءُ: ضمیر مؤنث کے لئے آتی ہے جیسے تقُومِینَ وقُومِی: اور ضمیر متکلم کا کام دیتی ہے۔ جیسے ضَرَبَنِی وکِتَابِی۔

یـا: حرف ندا ہے۔ بعید وقریب دونوں کے لئے اور کبھی منادیٰ محذوف ہوتا ہے جیسے یـا "لَیْتَنِی کُنْتُ مَعَهُمْ" وَیَا "رُبَّ کَاسِیَةٍ فِی الدُّنْیَا عَـارِیَةٌ یَـوْمَ الْـقِیَـامَةِ": اور یا یہ کہ ان جیسی تراکیب میں یا صرف تنبیہ کے لئے ہے۔

اور "اَتَـانِی رَجُلٌ وَیَالَهُ رَجُلاً اَوْمِنْ رَجُلٍ" وَ "یَـالَکَ مِنْ فَـارِسٍ": جیسی ترکیبوں میں یا حرف ندا اور لام تعجب کے لئے ہے۔

یَئِـسَ یَیْأَسُ وَیَیْئِسُ یَأْسًا وَیَآسَـةً مِنْهُ: ناامید ہونا۔ صفت فاعلی یَائِسٌ ویَؤُسٌ ویَؤُوسٌ جمع یُؤُوسٌ اور صفت مفعولی مَیْؤُوسٌ مِنْهُ اور کبھی یَئِس: جاننے کے معنی میں آتا ہے۔ جیسے "اَلَمْ تَیْأَسُوا اَنِّی ابْنُ فَارِسٍ زَهْدَمٍ": کیا تمہیں معلوم نہیں کہ میں فارس زہدم کا بیٹا ہوں۔

یَئِسَتِ الْمَرْأَةُ تَیْأَسُ: بانجھ ہونا۔ صفت یَائِس۔

أَیْـأَسَـهُ إِیْـاسًا وَآیَسَـهُ إِیَاسًا ومُؤَایَسَةً: ناامید کرنا۔ أَیْـأَسَ اللّٰهُ الْمَرْأَةَ: بانجھ کرنا۔

اِتَّـأَسَ اِتِّـئَـاسًا وَاسْتَیْأَسَ اِسْتِیْأَسًا مِنْهُ: مایوس ہونا۔

الیَأْسُ والیَآسَة: ناامیدی۔

یَأْیَأَیَأْیَأَةً وَیَأْیَاءً القَوْمَ: پکارنا۔ بِالْإِبِلِ: اَیْ: کہہ کے ٹھہرانا (ای ایک کلمہ ہے جس سے اونٹوں کو ڈانٹتے ہیں)

یَـایَـا: لوگوں کے جمع ہونے کے لئے پکارنے کا اسم صوت۔

الیَأْیَاء: مص۔ یُؤْیُؤ: نامی شکاری پرندہ کی چیخ۔

الیُـؤْیُؤ: ایک قسم کا شکاری پرندہ۔ باز کے مشابہ مگر اس سے کچھ چھوٹا جس کو جَلَم بھی کہتے ہیں ج یَآیِی۔

یَبَّبَ الْمَنْزِلَ: ویران کرنا۔ کہا جاتا ہے "خَرَّبُوهُ وَیَبَّبُوهُ": انہوں نے اسے تباہ و ویران کیا۔

الیَبَـاب: ویران۔ کہا جاتا ہے "مَـنْـزِلٌ خَرَابٌ یَبَابٌ": ویران منزل۔

الاَیْبَد: ایک قسم کی نباتات۔

یَبِس یَیْبَسُ ویَیْبِسُ یَبْسًـا ویُبْسًـا واتَّبَس: خشک ہونا۔ صفت یَبْس ویَبِس ویَابِس ویَبُوس ویَبِیس وأَیْبَس: کہا جاتا ہے "یَبِسَ مَابَیْنَهُمَا": ان دونوں کے تعلقات منقطع ہو گئے۔

یَبَّـسَ وأَیْبَـسَ الشَّیْءَ: خشک کرنا۔ اَیْبَـسَ الْمَکَانُ: خشک نباتات والی ہونا۔ اَیْبَسَ الْقَوْمُ: خشک زمین میں چلنا۔ اَیْبَـسَ الْعُوْدُ: خشک ہونا اور کہا جاتا ہے "اَیْبِـسْ یَارَجُلُ": یعنی چپ رہو۔

اِسْتَیْبَسَ الرِّیقُ: تھوک خشک ہونا۔

اَلْیَابِس: فا۔ ج یُبَّس۔ رَجُلٌ یَابِسٌ: بے برکت آدمی۔ حَجَرٌ یَابِسٌ: سخت پتھر۔

الیَـبَـس: خشک جس میں کبھی تری نہ رہی ہو۔ خشک جگہ جو پہلے تر رہی ہو۔ شَـاةٌ یَبَسٌ بے دودھ کی بکری۔

الیَبْس: مص۔ خشک۔ یَـابِـس: کی جمع۔ جیسے رَاکِـبٌ کی جمع رَکْـبٌ کہا جاتا ہے "رَجُـلٌ یَبْسٌ": بے برکت شخص۔

الیُبُوسَة: خشکی۔

یَبِیْسُ الْمَاءِ: پسینہ۔

الاَیْبَسَـان: کلائی یا پنڈلی کے کنارے کی ہڈیاں جن پر گوشت نہیں ہوتا۔

الاَیَابِس: سخت چیزیں جن پر تلوار کی آزمائش کی جاتی ہے اَیْبَس کی جمع۔

المِیْبَاس: پودوں کو خشک کرنے والی ہوا۔

الیَتْـوع والیُتُّـوع: دودھ والے پودے ج یَتُوعَات۔

یَتَمَ یَیْتِمُ ویَتِمَ یَیْتَمُ ویَتُمَ یَیْتُمُ یُتْمًا ویَتْمًا الصَّبِیُّ مِنْ اَبِیهِ: یتیم ہونا۔

یَتَمَ: (ض) یَتْـمًا: کوتاہی کرنا۔ سستی کرنا۔ تھکنا۔ دیر کرنا ...... عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ: رہائی پانا۔ تَیَتَّمَ الصَّبِیُّ: یتیم ہونا۔

یَتَّمَـهُ وأَیْتَمَهُ: یتیم کرنا۔ اَیْتَمَتِ الْمَرْأَةُ: یتیم بچوں والی ہونا۔ صفت مُوْتِم۔ ج مَیَاتِیْم۔

الیَتِـیْمُ: نابالغ بچہ جس کا باپ مرگیا ہو...... مِنَ الْبَهَـائِم: جس کی ماں مرگئی ہو ج اَیْتَـام ویَتَامٰی ویَتَمَةٌ ومَیْتَمَةٌ ویَتَـائِم۔ الیَتِیْمُ: اکیلا۔ کہا جاتا ہے بَیْتٌ یَتِیْمٌ وبَلَدٌ یَتِیْمٌ: علیحدہ ریگستان۔ بے نظیر۔ بے مثل۔

الیَتِیْمَة: یتیم کا مؤنث۔ ج یَتَـامٰی: علیحدہ ریگستان۔ دُرَّةٌ یَتِیْمَةٌ: بیش قیمت بے نظیر موتی۔

الیُتْم: مص۔ غم۔

الیُتْم: مص۔ یکتائی۔ یتیمی کی حالت۔

الیَتَـم: مص۔ یکتائی۔ یتیمی کی حالت۔ حاجت اور کہا جاتا ہے "فِـیْ سَیْرِهٖ یَتَمٌ": اس کی چال میں ضعف وفتور ہے۔

صَبِـیٌّ یَتْمَان: یتیم بچہ۔ کہا جاتا ہے اَلْحَرْبُ

مَیْتَمَۃٌ: یعنی لڑائی بچوں کو یتیم بنانے والی ہوتی ہے۔

یَتَّنَتْ تَیْتِیْنًا وَاَیْتَنَتْ اِیْتَانًا الْمَرْاَۃُ او النَّاقَۃُ الْوَلَدَ: پاؤں کی جانب سے پیدا ہونے والے بچہ کو جننا۔ صفت مُوْتِنٌ ومُوْتِنَۃٌ: صفت مفعول مَوْتُوْنٌ اور قیاس مُوْتَنٌ ہے۔

الیَتْنُ: وہ بچہ جس کے پیر پیدائش سے پہلے ظاہر ہوں۔

المِیْجَار: کھیلنے کا ڈنڈا۔ چوگان۔

الیَحْمُوْر: سرخ۔ چھوٹی دم والا بارہ سنگھا۔

الیَحْمُوْم: بہت کالا۔

اَلْیَخْتُ: وہ بڑی کشتی جو سیر کرنے اور جلسے منعقد کرنے کے لیے ہو اور اس میں آرام و آسائش کا تمام سامان ہوتا ہے۔

یَدَّعَ الثَّوْبَ: اَیْدَع: سے رنگنا (دیکھئے لفظ اَیْدَع)۔

اَیْدَعَ الحَجَّ عَلٰی نَفْسِہٖ: احرام کے وقت خوشبو لگا کر حج واجب کرنا۔

الاَیْدَع: زعفران اور بقول بعض قسم کی لکڑی۔

یَدٰی یَدِیَ یَدْیًا الرَّجُلَ: ہاتھ پر مارنا۔ صفت فاعل یَادٍ: صفت مفعول مَیْدِیٌّ۔

یُدِیَ وَیَدِیَ یَیْدَیٰ یَدًیا فُلَانٌ مِنْ فُلَانٍ: فائدہ حاصل کرنا۔ یَدِیَ فُلَانٌ مِنْ یَدِہٖ: ہاتھ جاتا رہنا۔ خشک ہونا۔ یَدِیَ الرَّجُلُ: کمزور ہونا اور کہا جاتا ہے "اِنَّ لِفُلَانٍ مَا لَا یَیْدٰی بِہٖ وَیَبُوْعُ": اس کے پاس مال ہے جس کی وجہ سے وہ ہاتھ اور باع کو کشادہ رکھتا ہے (باع دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کا نام ہے)

یَادٰی مُیَادَاۃً الرَّجُلَ: بدلہ دینا یا دست بدست دینا۔

اَیْدٰی اِیْدَاءً عِنْدَ فُلَانٍ وَاِلَیْہِ: انعام کرنا۔ صفت فاعل مُوْدٍ وصفت مفعول مُوْدًی اِلَیْہِ۔

الیَدُ: ہاتھ۔ ہتھیلی۔ کلمہ مؤنث ہے اور اس کا لام محذوف ہے۔ اصل یَدْیٌ ہے۔ تثنیہ یَدَانِ ج الاَیْدِی والیُدِیّ جج الاَیَادِی اور اَیَادِی کا اکثر استعمال نعمت کے معنی میں ہوتا ہے اور الاَیْدِی کی جمع الاَیْدِیْنَ بھی آتی ہے۔ الیَدُ: نعمت و احسان ج یُدِیٌّ ویَدِیٌّ ویُدِیٌّ واَیْدٍ۔ الیَدُ: دو مرتبہ۔ قدرت۔ طاقت۔ کہا جاتا ہے "مَالَکَ عَلَیْہِ یَدٌ": تم کو اس پر طاقت حاصل نہیں۔ ندامت۔ ذلت۔ جماعت۔ کھانا۔ ظلم سے روک۔ راستہ۔ کہا جاتا ہے "اَخَذَ بِہِمْ یَدَ الْبَحْرِ": وہ ان لوگوں کو سمندر کے راستہ سے لے گیا۔ فریاد رسی اور کہا جاتا ہے "لَقِیْتُہٗ اَوَّلَ ذَاتِ یَدَیْنِ" میں اس سے سب سے پہلے ملا۔ "وَسُقِطَ فِی یَدَیْہِ" وہ پشیمان ہوا۔ "وَلَہٗ یَدٌ بَیْضَاءُ فِی ہٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس کام میں ماہر کامل ہے "وَضَرَبَ الْقَاضِی عَلٰی یَدِہٖ": قاضی نے اس کو تصرف سے منع کر دیا "وَاَعْطٰی بِیَدِہٖ": وہ مطیع وفرمانبردار ہوا۔ یَدُ الطَّائِرِ: پرندہ کے بازو۔ یَدُ الدَّھْرِ: مدت زمانہ۔ یَدُ الْفَاسِ: کلہاڑے کا دستہ یَدُ الْقَوْسِ: کمان کے دونوں جانب جو جھکائے جائیں۔ الیَدُ الْعُلْیَا: دینے والا ہاتھ۔ الیَدُ السُّفْلٰی: مانگنے والا ہاتھ یا روکنے والا ہاتھ اور کہا جاتا ہے "الْقَوْمُ عَلَیْہِ یَدٌ وَاحِدَۃٌ": قوم اس کے اوپر ظلم کرنے میں یا دشمنی کرنے میں متفق ہے "وَہٰذَا فِی یَدِیْ": یہ میری ملکیت میں ہے۔ "وَالْاَمْرُ بِیَدِ فُلَانٍ": معاملہ فلاں کے قبضہ میں ہے۔ وَیَدِیْ رَھْنٌ بِکَذَا: میں اس کا ضامن ہوں "وَلَا یَدَیْنِ لَکَ بِھٰذَا": تم کو اس کی طاقت نہیں اور امثال عرب سے ہے۔ "یَدُ اللّٰہِ عَلَی الْجَمَاعَۃِ": جماعت پر اللہ کی حفاظت ہے۔ "وَالْیَدُ لِفُلَانٍ عَلٰی فُلَانٍ": فلاں کو فلاں پر طاقت و غلبہ ہے۔ "وَبِعْتُہٗ یَدًا بِیَدٍ": میں نے دست بدست بیع کی "وَذَھَبُوْا اَیَادِی سَبَا او اَیْدِی سَبَا": وہ سب پراگندہ ہو گئے "یَدُ الْجَوْزَاءِ": چند ستارے۔

الیَدُ: بالتحدید و الیَدَیٰ والیَدَۃ: ہاتھ۔ ید میں لغات ہیں۔

الیَدِیُّ: ماہر۔ حاذق۔ ثَوْبٌ یَدِیٌّ: وسیع کپڑا۔ عَیْشٌ یَدِیٌّ: آسودہ زندگی (...... والیَدَوِیُّ) ید کی جانب منسوب۔

الیُدَیَّۃ: ید کی تصغیر۔

الیَدْیَاءُ: ماہر عورت۔

المُوْدِی: احسان کرنے والا۔ انعام کرنے والا۔

المُوْدٰی اِلَیْہِ: جس پر انعام کیا جائے۔

المَیْدِیُّ: جس کے ہاتھ کٹا ہوا۔ ظَبْیٌ مَیْدِیٌّ: جال میں اگلی ٹانگ پھنسی ہوئی ہرنی۔

الیَرَّۃ: آگ۔

الیَرْبُوْع: چوہے کے مانند ایک جانور جس کی اگلی ٹانگیں چھوٹی اور پچھلی بڑی اور دم لمبی ہوتی ہے۔ ج یَرَابِیْع۔

الیَارَج: کنگن (دخیل)

الیَارُوْج: تلوار۔

الاِیَارَجَۃ: دست آور معجون۔ ج اَیَارِج: (دخیل)

یَرِعَ یَیْرَعُ یَرَعًا: بزدل ہونا۔

الیَرَع: گائے کا بچہ۔

الیَرَاع: جگنو۔ نرکل۔ قلم۔ بانسری جس کو پھونک کر بجایا جاتا ہے۔ بزدل۔ کمزور۔ بے عقل۔ چھوٹے چھوٹے بھیڑ بکری۔

الیُرَاع والیَرَع: بھنگا۔

الیَرَاعَۃ: جگنو۔ نرکل۔ ج یَرَاع پھونک کر بجائی جانے والی بانسری۔ قلم۔ بیوقوف۔ بزدل۔ جھاڑی۔ شتر مرغ۔

الیَرْزَع: خوف۔ ڈر۔

یُرِقَ: یرقان کی بیماری والا ہونا۔

الیَرَقَان والاَرَقَان: کھیتی کے لئے ایک آفت جس میں کھیتی پیلی پڑ جاتی ہے۔ یا کیڑے جو کھیت کو تباہ کر دیتے ہیں۔ ایک مشہور بیماری کا نام جس سے بدن پیلا ہو جاتا ہے۔

المَیْرُوْق والمَارُوْق، مِنَ الزَّرْعِ والنَّاسِ: یرقان زدہ۔

الیَرْقَانَۃ: ولادت کی قوت۔ جانوروں کا اپنی صورت کو غضبناک اور خطرناک حالت میں کرنا۔

الیَرْمَع: بھرکی۔ سفید چمکنے والی کنکر یا پتھر ج یَرَامِع۔

الیَرُوْن: ہاتھی کا دماغ۔ جانور کا پسینہ۔ نر جانور کی منی۔

یَرَّنَا یُرَنَّۃ الشَّئَ: مہندی سے رنگنا۔

الیَرَنَّا والیُرَنَّا والیُرَنَّاء: مہندی۔

یَسَرَ یَیْسِرُ یَسْرًا ویَسَرًا: نرم ہونا۔ ...

يَسَرَتِ الْمَرْأَةُ: آسانی سے جننا ...... يَسْرًا) جوا کھیلنا ...... الرَّجُلَ: بائیں جانب سے آنا ...... الْقَوْمُ النَّاقَةَ: حصے کر کے گوشت کو تقسیم کر لینا۔

يَسُرَ يَيْسُرُ يُسْرًا: کم ہونا۔ صفت يَسِيْرٌ.

يَسُرَ يَيْسُرُ يُسْرًا وَيَسِرَ يَيْسَرُ يَسَرًا الْأَمْرُ: آسان ہونا۔ صفت يَسِيْرٌ.

يَسَّرَ الشَّيْئَ لِفُلَانٍ: آسان کرنا۔ توفیق دینا (خیر و شر دونوں کے لئے مستعمل ہے)

يَسَّرَتِ الْغَنَمُ: زیادہ دودھ و بچے والی ہونا۔

يَسَّرَ الرَّجُلُ: آسانی سے بچے جننے والی بکری اور اونٹ والا ہونا۔

أَيْسَرَ إِيْسَارًا: دولت مند ہونا۔ صفت مُوْسِرٌ ج مَيَاسِيْرُ. أَيْسَرَ الرَّجُلَ: مطالبہ میں سختی نہ کرنا۔ أَيْسَرَتِ الْمَرْأَةُ: آسانی سے جننا۔

يَاسَرَهُ مُيَاسَرَةً: نرمی برتنا۔ بائیں جانب سے آنا۔ يَاسَرَ الشَّيْئَ: بائیں جانب لینا۔ بِالْقَوْمِ: باہم آسانی و نرمی کرنا۔

تَيَسَّرَ لِلْقِتَالِ: مقاتلہ کے لئے تیار ہونا ...... الْبِلَادُ: سرسبز ہونا ...... النَّهَارُ: دن کا ٹھنڈا ہونا

(...... وَاسْتَيْسَرَ) الْأَمْرُ: آسان ہونا۔ وَاسْتَيْسَرَ لَهُ الْأَمْرُ: تیار ہونا۔

تَيَاسَرَ: باہم آسانی کرنا ...... الرَّجُلُ: بائیں جانب سے کرنا ...... الْقَوْمَ: بائیں جانب لینا (...... وَاتَّسَرَ وَايْتَسَرَ) الْقَوْمُ: جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو باہم تقسیم کرنا اور کہا جاتا ہے "تَيَاسَرَتِ الْأَهْوَاءُ قَلْبَهُ": خواہشات نے اس کے دل کو تقسیم کر لیا۔

الْيُسْرُ وَالْيُسُرُ وَالْيَسَارَةُ: آسانی، نرمی۔ توانگری۔ الْيُسْرُ: ایک درخت کا نام جس کا دانہ بہت کالے رنگ کا ہوتا ہے اور خوشبو اچھی ہوتی ہے اس کو کھیلنے کے لئے دھاگے میں پرو لیتے ہیں۔

الْيَسَارُ: آسانی۔ توانگری (...... وَالْيِسَارُ) بایاں۔ ج يُسُرٌ وَيُسْرٌ.

الْيَسَرُ: مص۔ آسان۔ تیار کیا ہوا۔ جوا کھیلنے والوں کی جماعت ج أَيْسَارٌ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ أَعْسَرُ يَسَرٌ": دونوں ہاتھوں سے یکساں کام کرنے والا مرد اور مؤنث کے لئے عَسْرَاءُ يَسَرَةٌ.

الْيَاسِرُ: فا۔ آسان۔ بایاں۔ جوئے کے ذبیحہ کے گوشت کو تقسیم کرنے کا منتظم۔ قصائی ج أَيْسَارٌ.

الْيَسَرَةُ: ہاتھ کی غیر متصل لکیریں۔ دونوں ران کے داغ ج أَيْسَارٌ يَسَرَاتٌ الْيَسَرَاتُ: ہلکی ٹانگیں۔

الْيُسْرَى ج يُسْرَيَاتٌ وَالْيَسْرَةُ: بایاں۔

الْأَيْسَرُ: بائیں جانب والا۔ نرم و آسان۔

الْيَسِيْرُ: کم۔ نرم آسان (...... وَالْيَسُوْرُ) غالب۔ جوئے باز۔ ج يُسُرٌ.

الْمَيْسِرُ: جوا۔ تیروں کا جوا۔ ذبح شدہ جانور جن پر جوا کھیلا جائے۔ زمانہ جاہلیت میں قاعدہ تھا کہ اونٹوں کو ذبح کرتے تھے اور اٹھائیس یا دس حصے کرتے تھے اور پھر ان پر تیروں سے قرعہ ڈالتے تھے اور تیروں میں حصے والے اور بے حصے والے دونوں ہوتے تھے جس شخص کے نام حصہ والا تیر نکلتا تھا وہ اتنا حصہ لے لیتا تھا اور جس شخص کے نام پر بے حصہ تیر نکلتا تھا وہ تاوان بھگتتا تھا۔

الْمَيْسَرَةُ: بائیں جانب۔ بائیں جانب کا دستہ فوج ج مَيَاسِرُ (...... وَالْمَيْسِرَةُ وَالْمَيْسُرَةُ) آسانی۔ توانگری۔

الْمَيْسُوْرُ: آسان کیا ہوا۔ آسان ج مَيَاسِيْرُ.

الْيَاسَمِيْنُ وَالْيَاسَمُوْنُ: چنبیلی۔

يَسِنَ يَيْسَنُ يَسَنًا الْمَاءُ: متغیر ہونا۔

الْيَشْبُ وَالْيَشْفُ وَالْيَشْمُ: یشب ایک نہایت بیش قیمت پتھر۔

الْيَصْبُ وَالْيَصْفُ: یشب۔

الْأَيْصَرُ: سوکھی گھاس ج أَيَاصِرُ.

يَعَرَتْ تَيْعِرُ وَتَيْعَرُ يُعَارًا الشَّاةُ او الْمَعْزَى: بکری کا ممیانا۔

الْيَعْرُ وَالْيَعْرَةُ: بکری کا بچہ جس کو شیر اور بھیڑیئے کے شکار کے لئے گڑھے کے پاس باندھ دیتے ہیں ج يُعَارٌ.

الْيَعْسُوْبُ: شہد کی مکھیوں کا بادشاہ ج يَعَاسِيْبُ.

الْيَعْفُوْرُ: ہرن۔

الْيَعْفُرُ: ایک جانور جو کتے سے چھوٹا [illegible] بڑا ہوتا ہے اور اس کی ٹانگیں چھوٹی ہوتی ہیں اور خاکستری رنگ کا ہوتا ہے اور اس کو غُرَيْرٌ بھی کہتے ہیں۔

يَفَخَ يَيْفَخُ يَفْخًا الْوَلَدَ: لڑکے کی چندیا پر مارنا۔

الْيَافُوْخُ وَالْيَأْفُوْخُ: نومولود بچے کے سر کا وہ حصہ جو حرکت کرتا رہتا ہے ج يَوَافِيْخُ اور کہا جاتا ہے "صَدَعَ الْقَوْمُ يَافُوْخَ اللَّيْلِ" جب کہ رات میں چلیں۔ "وَمَسَّ بِيَافُوْخِهِ السَّمَاكَ": جبکہ تکبر کرے "وَوَطِئَ فُلَانٌ يَوَافِيْخَ الْقُرُوْمِ": جبکہ سب لوگ سرداری کو تسلیم کر لیں۔

يَفَعَ يَيْفَعُ يَفْعًا وَأَيْفَعَ الْغُلَامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا۔ يَفَعَ الْجَبَلَ: پہاڑ پر چڑھنا۔

تَيَفَّعَ الْغُلَامُ: لڑکے کا بلوغ کے قریب پہنچنا ...... الرَّجُلُ: ٹیلہ پر چڑھنا۔ ٹیلہ پر آگ روشن کرنا۔

الْيَفَعُ وَالْيَفَاعُ: بلند ٹیلہ۔ بلند زمین۔ ج يُفُوْعٌ. غُلَامٌ يَفَعٌ: نوجوان لڑکا۔ ج أَيْفَاعٌ.

الْيَافِعُ: فا۔ غُلَامٌ يَافِعٌ: نوجوان لڑکا۔ ج يَفَعَةٌ وَيُفْعَانٌ. مَجْدٌ يَافِعٌ: بڑی بزرگی۔

الْيَفَعَةُ: لڑکا جو نوجوان ہو اور بلوغ کے قریب ہو۔ کہا جاتا ہے غُلَامٌ يَفَعَةٌ وَغُلَامَانِ يَفَعَةٌ وَغِلْمَانٌ يَفَعَةٌ.

الْيَافِعَةُ. يَافِعٌ: کا مؤنث ج يَافِعَاتٌ الْيَافِعَاتُ مِنَ الْأُمُوْرِ: طاقت سے باہر کام ...... مِنَ الْجِبَالِ: بلند پہاڑ۔

الْمَيْفَعَةُ: بلند زمین ج مَيَافِعُ.

الْيَفَنُ: بہت بوڑھا۔ پیر فرتوت۔ بوڑھا بیل صاحب فنون ج يُفُنٌ.

يَقَّ يَيَقُّ يُقُوْقَةً: سفید ہونا۔

الْيَقَقُ: روئی۔ کھجور کے اندر کا سفید گودا۔ ایک ٹکڑے کو يَقَقَةٌ کہتے ہیں۔ کہا جاتا ہے أَبْيَضُ يَقَقٌ وَيَقِقٌ": بہت سفید ج يَقَائِقُ.

الْيَاقُوْتُ: ایک بیش قیمت پتھر واحد يَاقُوْتَةٌ ج يَوَاقِيْتُ.

الْيَقْطِيْنُ: بغیر تنے والی نباتات جیسے کھیرا ککڑی وغیرہ۔ عام طور پر اس کا استعمال گول کدو کے لئے ہوتا ہے واحد يَقْطِيْنَةٌ.

يَقِظَ يَيْقَظُ يَقَظًا وَيَقُظَ يَيْقُظُ يَقَاظَةً: بید

ہونا۔ چوکنا ہونا۔ صفت مذکر یَقِظ ویَقُظ ویَقْظان ج اَیقاظ :صفت مؤنث یَقْظی ج یَقاظی۔
اَیقَظ اِیقاظًا ویَقَّظ تَیقِیْظًا الغُبارَ: غبار اڑانا ...... فُلانًا: بیدار کرنا۔ جگانا۔
تَیَقَّظ تَیَقُّظًا واسْتَیقَظ اِسْتِیقاظًا: بیدار ہونا۔ کہا جاتا ہے "تَیَقَّظ لِلاَمْرِ": وہ معاملہ پر متنبہ ہوگیا۔ اسْتَیقَظَه: بیدار کرنا۔
الیَقْظة: بیداری۔
ابو الیَقْظان: مرغ۔
یَقِن یَیْقَن یقْنًا ویَقَنًا الاَمْرُ: واضح ہونا۔ صفت یَقِیْنٌ (...... واَیقَن وتَیقَّن واسْتَیقَن) الاَمرَ وبِه: جاننا۔ یقین کرنا۔
الیَقْن والیَقِن والیُقُن والیَقَنة والمِیقان: ہر کہی ہوئی چیز پر یقین کرنے والا مؤنث مِیقانَة.
الیَقَن: زوال شک۔ رَجُلٌ یَقِنٌ بِالشَّیْ: کسی چیز پر فریفتہ مرد۔
الیَقِیْن: زوال شک۔ یقینی امر۔ نظر واستدلال سے حاصل ہونے والا علم۔ حق الیقین۔ واضح اور خالص بے شبہ۔ اَمْرٌ یَقِیْنٌ: سچا واضح معاملہ۔
الیَکَّة: زمین پر پھیلی ہوئی بیل جس کے ارد گرد تلوار کی صورت میں پتے ہوتے ہیں۔ اس پر پھولوں کا خوشہ سفید پھول ہوتے ہیں۔
یَلّ ویَلِل یَیْلَلُ یَلًّا ویَلَلاً: چھوٹے اور ناہموار اور اندر کو گھسے ہوئے دانتوں والا ہونا۔ صفت مذکر اَیَلّ صفت مؤنث یَلّاء ج یُلّ۔
الیَلَب: کھال۔ چمڑے کی ڈھال یا چمڑے کی نیمتی زرہیں اور بقول بعض وہ کھالیں جن کو ایک دوسرے کے ساتھ سی کر سر پر اوڑھتے ہیں واحد یَلَبَة. الیَلَب: فولاد۔ خالص لوہا۔ ہر چیز میں سے بڑی چیز۔
الیَلَق: سفید۔ کہا جاتا ہے اَبْیَض یَلَقٌ واَبْیَض لَهِق واَبْیَض یَقَق: بمعنی بہت زیادہ سفید۔
الیَلَقَة والیَلْقَق: سفید بکری۔
الیَلْمَق: قبا۔ ج یَلامِق.
الیَلَنْجَج والاَلَنْجَج والیَلَنْجُوج والاَلَنْجُوج: خوشبودار لکڑی۔
یَمَّ یَیَمُّ یَمًّا: مص۔ سمندر میں پھینکا جانا ...... السَّاحِلُ: سمندر کے نیچے آنا۔
یَمَّمَهُ: قصد کرنا۔ یَمَّمَ المَرِیْضَ لِلصَّلاة: تیمم کرانا ...... فُلانًا بِرُمْحِه: خاص طور سے نیزہ کا نشانہ بنانا۔
تَیَمَّمَ الاَمْرَ: قصد کرنا ...... لِلصَّلاة: مٹی سے ہاتھ منہ پر مسح کرنا۔
الیَمّ: مص۔ سمندر۔ سانپ (...... والیَمَم) جنگلی کبوتر۔
الیَمام: جنگلی کبوتر۔
الیَمَامَة: جنگلی کبوتری۔ ارادہ اور کہا جاتا ہے اِمْضِ یَمَامَتِی: میرے آگے چلو۔
المُیَمَّم: اپنے مطالب ومقاصد پر فتح مند۔
یَمَنَ ویَمِنَ یَیْمَنُ یَمْنًا الرَّجُلَ: داہنی جانب سے آنا۔
یَمَنَ یَیْمُنُ یَمْنًا ویُمْنًا اللّٰہُ فُلانًا: بابرکت بنانا۔ صفت مفعولی مَیْمُوْن صفت فاعلی یَامِن ویَمِیْن: جیسے قادِرٌ وقَدِیْرٌ.
یَمَنَ یَیْمَنُ ویَامِنُ یَمْنًا ویَمْنَ ویَامَنَ یُیَامِنُ مُیَامَنَةً بِه: دائیں طرف لے جانا۔
یَمَنَ یَیْمَنُ ویَمِنَ یَیْمَن ویَامَنَ یَمُنَ یَیْمُنُ یُمْنًا ومَیْمَنَةً لِقَوْمِه وعَلٰی قَوْمِه: بابرکت ہونا۔ صفت یَامِن ویَمِیْن واَیْمَن ومَیْمُوْن.
یَمَّنَ عَلَیْه: برکت دینا (...... ویَامن) بِفُلانٍ: دائیں جانب لے جانا (...... ویَامَن وتَیَامَنَ واَیْمَنَ) دائیں جانب جانا۔ ملک یمن کی طرف جانا۔ ملک یمن میں جانا۔
تَیَمَّنَ بِکَذَا: برکت حاصل کرنا۔ ملک یمن کی جانب منسوب ہونا ...... بِالمَیِّتِ: قبر میں دائیں پہلو پر رکھنا ...... الرَّجُلُ: مرنا۔ داہنے ہاتھ یا پیر پر داہنی جانب سے شروع کرنا۔
اِسْتَیْمَنَ اِسْتِیْمَانًا بِکَذَا: برکت حاصل کرنا ...... الرَّجُلَ: قسم کھلانا۔
الیَامِن: برکت والا۔ مؤنث یَامِنَة.
الیُمْن: برکت۔
الیَمَن والیَمْنَة: داہنی جانب۔
الیَمَن: ملک یمن جو بلاد عرب میں سے ہے نسبت کے لئے الیَمَنِیّ والیَمانِیّ والیَمانی ج یَمَنِیُّوْن ویَمانُوْن ویَمانِیَة.
الیَمِیْن: داہنا ہاتھ۔ داہنی جانب۔ ج اَیْمُن واَیْمان واَیامِن واَیامِیْن تصغیر یُمَیْن: بغیر ہاء کے ج یَمائِن.
الیَمِیْن ج اَیْمُن واَیْمان: قسم (مؤنث) اَیْمُنُ اللّٰہِ: اسم ہے جو قسم کے لئے وضع کیا گیا ہے اور اس کی تقدیر اَیْمُنُ اللّٰہِ قَسَمِیْ ہے اور اس میں اور بھی لغات ہیں۔ اَیْمُنُ اللّٰہِ واِیْمُنُ اللّٰہِ واَیْمَنُ اللّٰہِ واِیْمِنُ اللّٰہِ اور اسی کے معنی میں "اَیْمُ اللّٰہِ واِیْمُ اللّٰہِ واَمِ اللّٰہِ: میم کی تثلیث سے ومن اللّٰہ: میم اور نون کی تثلیث سے وَمُ اللّٰہِ میم کی تثلیث سے اور کہا جاتا ہے "یَمِیْنُ اللّٰہِ لاَ اَفْعَلُ": قسم اللہ کی میں نہیں کروں گا۔
الیَمِیْن: برکت وقوت۔ ج اَیْمان: کہا جاتا ہے "فُلانٌ عِنْدَنا بِالیَمِیْنِ": فلاں ہمارے نزدیک اچھے رتبہ پر ہے۔ "وَقَدِمَ عَلٰی اَیْمَنِ الیَمِیْنِ" وہ برکت کے ساتھ آیا۔
الیُمْنٰی: دایاں ہاتھ یا داہنی جانب۔ ثنی یُمْنَیَان ج یُمْنَیات.
الیُمْنَة والیَمْنَة: یمنی چادر۔
الاَیْمَن: داہنی جانب۔ مؤنث یَمْناء ج یُمْن واَیامِن: کہا جاتا ہے "ذَهَبَ اِلٰی اَیْمَنِ الاِبِلِ": وہ اونٹوں کی داہنی جانب گیا "وَنَظَرَ اَیْمَنَ مِنْهُ": اس نے داہنی جانب دیکھا۔
التَّیْمَن: دکھن۔
المَیْمَنَة: برکت۔ داہنی جانب کا دستہ فوج ج مَیامِن.
المُیَمَّن: برکت لانے والا۔
المَیْمُوْن: مبارک۔ ج مَیامِیْن کہا جاتا ہے "هُوَ مَیْمُوْنُ الطَّائِرِ": وہ مبارک چہرہ والا ہے "وَسِرْ عَلَی الطَّائِرِ المَیْمُوْنِ": مسافر کے لئے دعا ہے یعنی توفیق کے ساتھ سفر کرو۔
الیَنْبُوْت: ایک قسم کی نباتات۔
یَنْبُوْع: دیکھئے مادہ نبع.
الیَانْسُوْن: ایک قسم کی خوشبودار نباتات۔
یَنَعَ یَیْنَعُ ویَیْنِعُ یَنْعًا ویُنْعًا ویُنُوْعًا واَیْنَعَ الثَّمَرُ: پھل کا پختہ ہونا۔ صفت یَانِع ج یَنْع. وَیَنِعَ.
الیَانِع: ہر چیز کا سرخ۔ یَنِعَ الشَّیْءُ: تیز سرخ ہونا۔

الیُنُوع: خون کی سرخی۔
الیَنَع: سرخ مہرہ۔ واحد یَنَعَةٌ: عقیق کی ایک قسم۔
الیَنَم: ایک قسم کی نباتات واحد یَنَمَةٌ۔
اَیْهَتَ اِیْهَانًا۔ اللَّحْمُ: گوشت بدبودار ہونا۔
اِسْتَیْهَرَ: بے عقل ہونا ...... فِی الْاَمْرِ: کسی کام میں مدت گزارنا ...... بِالْاَمْرِ: یقین کرنا۔
الیَهْر والیَهَر: کشادہ جگہ۔ کسی کام میں مدت گزاری۔
الیَهْیَرُّ: سراب۔ سخت پتھر۔ لجاجت جھوٹ، اندرائن۔ زہر۔
الیَهْیَرَی: بہت پانی۔ باطل۔
المُسْتَیْهِر: فا۔ بہت لجاجت کرنے والا۔
الیَهْفُوف: بزدل۔ بیوقوف۔ چٹیل زمین۔ تیز قلب۔
الیَهَم: دیوانگی۔ جنون۔
الاَیْهَم: دیوانہ۔ مجنون۔ خشکی۔ بلند پہاڑ۔ بہرا۔ دلیر، چکنا پتھر، بے نشان شہر لَیْلٌ اَیْهَم: بے تاروں والی رات۔ مؤنث یَهْمَاء ج یُهْم

الیَهْمَاءُ۔ اَیْهَمُ: کا مؤنث۔ بے پانی اور بے نشان بیابان۔ سخت سال۔ مضبوط اونٹنی اَرْضٌ یَهْمَاءُ: بے نام ونشان و بے چراگاہ زمین۔ سِنُوْنَ یُهْمٌ: بے گھاس، پانی اور بے درخت والے سال۔
یَهُوْد: دیکھئے مادہ ہود۔
یُوْح ویُوْحٰی: آفتاب کے ناموں میں سے ہے۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَکَ اللّٰهُ اَعْمَرَ مِنْ نُوْحٍ وَاَنْوَرَ مِنْ یُوْحٍ": اللہ تعالیٰ عمر نوح علیہ السلام کی عمر سے بھی زیادہ دراز کرے اور آفتاب سے زیادہ روشن کرے۔
اَلْیُوْدُ: سیاہ خاکستری بلوری رنگ کا جسم جس کا دھواں تیزی سے پھیل جاتا ہے۔
اَلْیَوْمُ الشَّمْسِ الْحَقِیْقِی: وہ وقت جب سورج خط جرہ سے دو دفعہ گزرتا ہے۔
یَاوَمَهُ یِوَامًا ومُیَاوَمَةً: دنوں کے لحاظ سے معاملہ کرنا۔
الیَوْمَ: دن۔ وقت۔ کہا جاتا ہے "ذَخَرْتُکَ لِهٰذَا الْیَوْم": تم کو میں نے اسی دن کے لئے ذخیرہ بنایا تھا ج اَیَّام وجج اَیَاوِیْم، اَیَّامُ اللّٰهِ: خدا کے دن یعنی خدا کے انعامات یا سزائیں اَیَّامُ الْعَرَبِ: جنگ ہائے عرب۔ اِبْنُ الْاَیَّامِ: زمانہ شناس۔ "اِبْنُ الْیَوْم": زمانہ ساز۔ کہا جاتا ہے "یَوْمٌ اَیْوَمُ": مہینے کا آخری دن۔ وَیَوْمٌ اَیْوَمُ وَیَوِمٌ ووَوْمٌ وذُوْ اَیَّام وذُوْ اَیَاوِیْم وذُوْ اَیَایِیْم: سخت طویل دن۔
الیُوْنَان: یونانی لوگ۔ ایک ملک کا نام۔
یُوْنَانِیٌّ: یونان کا رہنے والا ج یُوْنَانِیُّوْن۔
الیَاوِیُّ: یا کی جانب منسوب۔
الیَنِمِیَّة: خود۔
یَاءٌ یَنِیَّةٌ۔ الیَاءَ: لکھنا۔

تمّت

عربی کی ضرب الامثال واقوالِ حکمت

ا

ابِلِیٰ لَمْ اَبِعْ وَلَمْ اَھَبْ

میں نے اپنا اونٹ نہ فروخت کیا' نہ تحفتاً دیا۔
ناحق جھگڑا کرنے والے ظالم سے یہ مثل بنائی گئی ہے۔

یا ابلِیٰ عُوْدِی اِلیٰ مُبَارَکِ

اے میرے اونٹ اپنے مقام پر واپس پلٹ جا۔
ایسا شخص جو فائدہ والا کام ترک کرنا چاہے۔

اَتیٰ عَلَیْھِمْ ذُوْاَتیٰ

ان پر اسی طرح مصیبت آئی جیسا کہ آیا کرتی ہے۔
یعنی انسانوں پر ملی جلی تکالیف والی کیفیات آتی جاتی رہتی ہیں

اَتاکَ رَیَّانَ بِلَبَنِہٖ

(پی کر سیراب ہو گیا تو اپنا دودھ تیرے پاس لایا) یہ مثال اُس وقت دی جاتی ہے جب کوئی شخص کسی چیز کو تخی ہونے پر ہبہ نہ کرے بلکہ اپنی ضرورت سے زائد ہونے کی بناء پر کسی کو دے۔

اَتتکَ بِخَائِنٍ رِجْلاہ

(خائن کو خود اس کے قدم تمہارے پاس لے آئے) مطلب یہ ہے کہ برائی خود کرنے والے پر ہی لوٹتی ہے۔ گیدڑ کی موت آتی ہے تو وہ شہر کی طرف بھاگتا ہے۔ اسی موقع پر اتتک بخائن رجلاہ بھی بولتے ہیں۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو برائی کی طرف چلتا ہے اور اس میں مبتلا ہو جاتا ہے۔ خائن: قریب الموت شخص۔ یہ مثالیں ایسے موقع پر بولی جاتی ہیں جب آدمی اپنی برائی کا بدلہ دُنیا میں ہی پالے۔

اَتَتکُمْ فَالِیَۃُ الْاَفَاعِی

(تمہارے پاس سانپوں کا پیش خیمہ آ چکا ہے) یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب بڑے شر سے پہلے اس کے مقدمے کے طور پر چھوٹا شر آ چکا ہو۔ فالیۃ: ایک دھاری دار کیڑا ہے جو سانپ اور بچھوؤں کے بل کے مُنہ پر رہتا ہے۔

یَاْتِیکَ کُلُّ غَدٍ بِمَا فِیْہِ

کل آئندہ تیرے تیرے پاس اپنے اندر والا لائے گی۔
یعنی وقت کے ساتھ ساتھ نفع یا نقصان آتا ہی ہے۔

وَیَاْتِیکَ بِالاَخبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ

اور تیرے پاس وہ خبریں لائے گا جس کو تو نے راہ خرچ نہیں دیا۔
یعنی توقع کے بغیر معلومات مہیا ہوتی رہتی ہیں۔

لاَ اٰتِیکَ حَتّٰی یَئُوبَ الْقَارِظَانَ

(سلم نامی درخت کے) پتوں کو توڑنے والے دو آدمیوں کے آنے تک میں تیرے پاس نہیں آؤں گا۔
یہ اُن کے لیے بولا جاتا ہے جنہوں نے کسی نہ کسی بہانے قطع تعلق کر ہی لینا ہے۔

لا اٰتِیکَ سِنَّ الحِسْلِ

(میں تیرے پاس اس وقت تک نہیں آؤں گا جب تک کہ گوہ کے دانت نہ ٹوٹ جائیں) مطلب یہ ہے کہ کبھی نہیں آؤں گا کیونکہ حسل گوہ کو کہتے ہیں اور گوہ کے دانت ہمیشہ قائم رہتے ہیں۔

کُلُّ اٰتٍ قَرِیْبٌ

(ہر آنے والی چیز نزدیک ہے) یعنی جو چیز آ رہی ہے وہ خواہ کتنی ہی دُور ہو' قریب ہی ہے اور ہر لحظہ مزید قریب آ رہی ہے۔

ذاکَ اَحَدُ الاَحَدِیْنَ

یہ دو یکتاؤں میں کا ایک ہے' یعنی بکھری اشیاء میں سے منتخب چیزوں کا انتخاب۔

اَخَذَہٗ بِرُمَّتِہٖ

اس کو اس نے رسی سمیت لے لیا۔
یعنی اصل کے ساتھ (فرع) متعلقہ چیزیں بھی ہاتھ آنا۔

قَدْ یُؤْخَذُ الجَارُ بِذَنْبِ الجَارِ

کبھی پڑوسی کے جرم میں پڑوسی گرفتار ہو جاتا ہے۔

خُذْ مِنَ الرَّضْفَۃِ مَا عَلَیْھَا

پتھر پر جو لگا ہے لے لو۔ یعنی کنجوس سے جو مل جائے غنیمت جانو۔

خُذِ الْاَمْرَ بِقَوَابِلِهٖ

(معاملہ کو اس کے مقدمات کے ساتھ لو) معاملے کے پیش آنے سے پہلے اس کی تدابیر اختیار کرو۔ اس میں باء بمعنی فی ہے یعنی بقوابلہ بمعنی فی بقوابلہ ہے۔

خُذْ مِنَ الدَّهْرِ ما صفى وَمِنَ الْعَيْشِ مَا كَفٰى

زمانہ سے وہ چیز لو جو پاک ہو اور روزی اتنی جو کفایت کرے۔

خُذْ مَا طَفَّ لَکَ

جو چیز نزدیک ہو اس کو حاصل کرنا۔

لَا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْيَوْمِ لِغَدٍ

آج کے کام کل پر مت ڈالو۔

آخر الدَّوَاءِ الْكَيُّ

(مرض کی انتہا داغ دینا ہے) مرض کے انتہائی حد تک پہنچ جانے کے وقت بولتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ مریض کا ہر قسم کی دوا سے علاج کیا جاتا ہے مگر کوئی دوا اس کو راس نہیں آتی۔ تب آخری علاج کے طور پر داغا جاتا ہے اس سے بھی تندرست نہ ہو تو پھر کوئی علاج باقی نہیں رہتا۔ اچھا ہو تو ہو ورنہ وہی موت ہے۔

آخِ الْاَکْفَاءَ دَاهِنِ الاَعْدَاءَ

(ساتھیوں سے بھائی چارہ کے ساتھ پیش آؤ اور دشمنوں سے ظاہری اخلاق کے ساتھ ملو) اسی طرح ایک قول ہے: خالص المؤمن و خالق الفاجر: (مؤمن سے (دلی) اخلاص سے اور فاجر سے ظاہری اخلاق کے ساتھ ملو)۔

اَخُوکَ اَمِ الذِّئْبُ

(وہ تیرا بھائی ہے یا بھیڑیا) جو شخص تیری ہمدردی کے لئے آیا ہے وہ تیرا بھائی ہے یا تیرا چھپا دشمن۔ اسی طرح بولا جاتا ہے اصاحب انت فار کن الیک ام عدو فاحذر منک (آیا تو دوست ہے کہ تیری طرف مائل ہوں یا دشمن ہے کہ تجھ سے عافیت مانگو)۔

اخوکَ مَنْ صَدَقَکَ

تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے خالص محبت کرے۔

اَخُوکَ مَنْ وَاسکَ بِنَشَبٍ لَامَنْ وَاسَکَ بِنَسَبٍ

تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے مال کے ساتھ ہمدردی کرے فقط قرابت داری کے ساتھ تعاون نہ کرتا رہے یعنی مالی تعاون کرنا بھائی چارہ ہے اور قرابت کا ذکر کرنا دوسرے بھائی کے لئے (اکثر) سودمند نہیں۔

اَنَ اَخَا الْهَيْجَاءِ مَنْ يَسْعٰى مَعَکَ

تیرا بھائی وہ ہے جو تیری مدد کرے۔

اَنَ اَخَاکَ مَنْ اَسَاکَ

(تیرا بھائی وہ ہے جو تیری اعانت کرے)۔ آسیتُ فلانا بمالی او غیرہ: ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جب کسی شخص کو مال دے کر اپنے برابر کر لیا جائے اور اپنے نفس پر اس کو ترجیح دی جائے۔ یہ بھائیوں کے ساتھ احسان کرنے کیلئے اُبھارنے پر بولا جاتا ہے۔

لِاَخِيْکَ عَلَيْکَ مِثل الذی لَکَ عَلَيْهِ

(تیرے بھائی کا تجھ پر وہی حق ہے جو تیرا اس پر ہے)۔

رُبَّ اَخٍ لَمْ تلده والدة

(بہت سے بھائی ایسے ہیں جو ماں جائے نہیں ہوتے) سچے دوست کے لئے کہا جاتا ہے جو بعض اوقات حقیقی بھائی سے بھی زیادہ مشکلات میں کام آتا ہے۔

اَدَبُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِنْ ذَهَبِهٖ

آدمی کا علم اس کو اس کے سونے سے زیادہ سودمند ہوتا ہے۔

اَلْاَدَبُ مَالٌ وَاسْتِعْمَالُهٗ کَمَالٌ

علم ایک دولت ہے اور اس سے کام لینے میں کمال ہے۔

نِعْمَ الْمُؤَدِّبُ الدَّهْرُ

زمانہ سب سے اچھا ادب سکھانے والا (استاد) ہے۔

مَارَبَةٌ لَاحَفَاوَةٌ

(حاجت سبب ہے نہ کہ اکرام) یعنی اکرام و احترام ضرورت کی بنا پر ہے محبت کی وجہ سے نہیں۔

اَلارضُ الوَاطِئَةُ تَشْرَبُ مَاءَ هَا وَمَاءَ غَيْرِهَا

گوڈی کی ہوئی نرم زمین اپنا پانی بھی پی جاتی ہے اور دوسرے کا بھی۔ ٹھنڈا لو یا گرم کو کہا جاتا ہے۔

بِالْاَرْضِ وَلَدَتْکَ اُمُّکَ

(تیری ماں نے تجھے زمین پر ہی تو جنا ہے) ''آدمی خاک کا پتلا ہے''۔ غرور و تکبر سے روکنے اور انسان کو اس کی حیثیت یاد دلانے کے لئے بولا جاتا ہے۔

لِلْاَرْضِ مِنْ کَاسِ الْکِرَامِ نَصِيْبٌ

سخاوت کرنے والوں کی طرف سے ان کے پیالے میں زمین ح[illegible] لیتی ہے۔

وَفِی الْاَرْضِ لِلْحُرِّ الْکَرِيْمِ مَنَادِحُ

زمین میں آزاد عزت دار کے لئے ذرائع آمدن بھرے پڑے۔

ہیں۔

لَا اَصْلَ لَهٗ وَلَا فَصْلَ

اس کے پاس نہ تو خاندانی عزت ہے اور نہ حسن کلام۔
اصل کا اطلاق حسب ونسب پر ہوتا ہے۔

اَلْاَصِیْلُ یَجُوْدُ

شریف آدمی سخاوت کیا کرتا ہے۔

اَلْاَصِیْلُ یَعْمَلُ بِاَصْلِهٖ

شریف اپنی شرافت کے مطابق عمل کرتا ہے۔

آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْیَانُ

بھول علم کی مصیبت ہے۔

اَکَلَ عَلَیْهِ الدَّهْرُ وَشَرِبَ

زمانے نے اس پر کھایا پیا ہے۔
یعنی لمبی عمر پانے والے نے دنیا کی اونچ نیچ دیکھ لی۔

اَکَلْتُمْ تَمْرِیْ وَعَصَیْتُمْ اَمْرِیْ

تم نے میری کھجوریں کھائیں اور میری ہی نافرمانی کی۔
یعنی جس تھالی میں کھانا اسی میں سوراخ کرنا۔

آکُلُ لَحْمِیْ وَلَا اَدَعُهٗ لِآکِلٍ

میں اپنا گوشت خود کھاؤں اور دوسرے کھانے والے کے لئے نہ چھوڑوں گا۔ یہ مثل اس پر ہے جو نفع خود لے اور بوجھ دوسرے پر ڈالے۔ یعنی میٹھا میٹھا ہپ ہپ کڑوا کڑوا تھو۔

یَاْکُلُ التَّمْرَ وَاُرْجَمُ بِالتَّمْرِ

(کھجور وہ کھا رہا ہے اور گٹھلیاں مجھے ماری جا رہی ہیں) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو نفع خود اٹھائے اور مشقت دوسروں کیلئے چھوڑ دے۔

یَاْکُلُنِیْ سَبُعٌ وَلَا یَاْکُلُنِیْ کَلْبٌ

مجھے ایک درندہ کھا رہا ہے کتا نہیں کھا رہا ہے۔

یَاْکُلُهُمْ بِضِرْسٍ وَیَطَؤُهٗ بِظِلْفٍ

(اس کو داڑھوں سے چباتا ہے اور سُم سے کچلتا ہے) محسن کے ساتھ برائی کرنے کے وقت کہتے ہیں۔

یَاْکُلُ بِالضِّرْسِ الَّذِیْ لَمْ یُخْلَقْ

وہ اس داڑھ کے ساتھ کھاتا ہے جو ابھی پیدا نہیں ہوئی۔
یعنی نیکی کی تعریف سننے والے پر کہا جاتا ہے۔

غَیْرِیْ یَاْکُلُ الدَّجَاجَ وَاَنَا اَقَعُ فِی السِّیَاجِ

دوسرے مرغیاں کھاتے رہیں اور میں [illegible]

اَکْلٌ وَحَمْدٌ خَیْرٌ مِنْ اَکْلٍ وَصَمْتٍ

کھانا اور تعریف کرنا کھانے اور خاموش رہنے سے بہتر ہے۔ محسن کی جائز تعریف پر رغبت دلاتا۔

اَکْلًا وَذَمًّا

(کھانا اور پھر مذمت بھی کرنا) اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی سے نفع بھی اٹھایا جائے اور اس کی مذمت بھی کی جائے حالانکہ وہ برائی کی مستحق نہ ہو۔ "کھانا اور کیڑے نکالنا"۔

رُبَّ اُکْلَةٍ تَمْنَعُ مِنْ اَکَلَاتٍ

کبھی ایک لقمہ بہت سے لقموں سے روک دیتا ہے۔ کیونکہ کبھی ایک لقمہ بیمار کر دیتا ہے اور پھر بہت سی چیزوں سے انسان پرہیز کرتا ہے ہے۔ پرہیز پر آمادہ کرنے کے لئے بولتے ہیں۔

آکَلُ مِنْ حُوْتٍ

مچھلی سے بھی زیادہ کھانے والا۔ مچھلی کے تالاب میں وقت بے وقت زیادہ خوراک ڈال دی جائے تو وہ کھا کھا کر ہی ہلاک ہو جاتی ہے۔

آکَلُ مِنَ الرَّحٰی

چکی سے زیادہ کھانے والا۔

آکَلُ مِنَ السُّوْسِ

گھن سے زیادہ کھانے والا۔

آکَلُ مِنْ ضِرْسٍ

داڑھ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

آکَلُ مِنَ النَّارِ

آگ سے بھی زیادہ کھانے والا۔

حَتّٰی یُؤَلَّفَ بَیْنَ الضَّبِّ وَالنُّوْنِ

(یہاں تک کہ گوہ اور مچھلی جمع ہو جائیں۔ نون مچھلی کو کہتے ہیں مچھلی اور گوہ ہرگز جمع نہیں ہو سکتیں کیونکہ مچھلی پانی میں رہتی ہے اور گوہ کبھی پانی نہیں پیتی اسی طرح حتی یرد الضب بولتے ہیں کیونکہ گوہ کو پانی کی ضرورت نہیں تعلیق بالمحال مراد ہے۔ جیسے جب تک آگ پانی یا شیر بکری جمع نہ ہوں اور ہرگز جمع نہ ہوں گے۔

آلَفُ مِنْ حَمَامِ مَکَّةَ

(مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ مانوس) کیونکہ مکہ میں نہ کبوتر کا شکار کیا جاتا ہے اور نہ اس کو کوئی پریشان کرتا ہے۔

آلَفُ مِنَ الْحُمّٰی

[illegible]

بخار کا وقفہ وقفہ سے اتر نا چڑھنا۔

آلفُ مِنْ کَلْب

کتے سے زیادہ مانوس۔

کتا اپنے وطن کو ترک کر کے مالک کے ساتھ جاتا ہے۔

اُمٌّ فَرَشَتْ فَاَنَامَتْ

ماں نے بستر بچھا اور سلا دیا۔

ماں کی طرح مشفق سربراہ کی تعریف میں کہا جاتا ہے۔

اُمُّ الاخرس تعرِفُ بلُغاتِ الخُرسانِ

گونگے کی ماں گونگے کی رمز شناس ہوتی ہے۔

اُمٌّ سَقَتْکَ الغَیْلَ مِنْ غیرِ حَبَلٍ

(وہ ایسی ماں ہے جس نے بغیر حمل کے تجھے حالتِ حمل کا دودھ پلایا ہے۔ غیل: اس دودھ کو کہتے ہیں جو ماں کے حاملہ ہونے کی حالت میں بچہ پئے۔ یہ دودھ بچہ کو مضر ہوتا ہے۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو پہلے تو کسی کو مقرب بنالے اور پھر بغیر کسی قصور کے اس کو نکال دے اور زیادتی کرے۔

اِلٰی اُمِّهٖ یَلْهَفُ اللَّهْفَانُ

(فریاد کرنے والا اپنی ماں ہی کے پاس فریاد کرتا ہے) آدمی اپنے اہل اور بھائیوں ہی سے اعانت چاہتا ہے۔ لهفان: مصیبت زدہ اور مبتلائے غم کے متعلق کہا جاتا ہے۔

اَلْاَمْرُ یَعْرِضُ دُوْنَهُ الْاَمْرُ

ایک کام کے سامنے دوسرا کام رکاوٹ بن کر کھڑا ہو جاتا ہے۔
یعنی انسانی زندگی میں مشکلات یکے بعد دیگرے آتی رہتی ہیں۔

اَمْرٌ مُبْکِیَاتِکَ لَا اَمْرُ مُضْحِکَاتِکَ

رلانے والی باتوں پر غور کرو ہنسانے والی باتوں پر توجہ نہ دو۔
یعنی جو برائیوں سے آگاہ کرے اس پر دھیان دو اور جو بے خوف کرے اس کو چھوڑ دو۔

لِاَمْرٍ مَا جَدَعَ قَصِیْرٌ اَنْفَهٗ

کسی سازش کے لئے قصیر نے اپنی ناک کاٹی۔ یہ زباء کا مقولہ ہے۔
اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو فقط اپنا کام نکالنے کے لیے حیلہ سازی کرے۔

لِاَمْرٍ مَا یَسُوْدُ مَنْ یَسُوْدُ

(جو سردار بنتا ہے کسی وجہ ہی سے بنتا ہے) کوئی شخص استحقاق ہی کی وجہ سے قوم کا سردار بنا کرتا ہے۔ یعنی کوئی نہ کوئی خوبی تو ہوتی ہی ہے تو انسان سر کہلاتا ہے۔

لَیْسَ لِلاُمُوْرِ بِصَاحِبٍ مَنْ لَمْ یَنْظُرْ فِی الْعَوَاقِبِ

(جو شخص انجام پر نظر نہ رکھے وہ معاملات پر حاوی نہیں ہو سکتا)۔

اَلْاَمِیْرُ مَنْ لَا یَعْرِفُ الْاَمِیْرَ

(امیر وہ ہے جو کسی دوسرے امیر کو نہ جانے)۔

یَا حَبَّذَا الْاِمَارَةُ وَلَوْ عَلَی الْحِجَارَةِ

حکومت کس قدر بھلی ہے اگرچہ پتھروں پر ہے۔

تَاَمُّلُ الْعَیْبِ عَیْبٌ

عیب تلاش کرنا بذاتِ خود ایک عیب ہے۔

مَنْ اٰمِنَ الزَّمَانَ خَانَهٗ

جس نے زمانہ کو امانت دی اس کی اس نے خیانت کی۔
یعنی زمانہ پر بے خوف مت ہو۔

آمَنُ مِنْ حَمَامِ مَکَّةَ

(مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ مامون) کیونکہ نہ اس کو شکار کیا جاتا ہے اور نہ پریشان۔ آمن امن سے مشتق ہے۔

اٰمَنُ مِنَ الْاَرْضِ

بہت امانت دار شخص۔ زمین سے زیادہ امین کیونکہ زمین میں جس جنس کی امانت رکھی جاتی ہے اسی جنس کو اُگا دیتی ہے۔

اَلْمُؤْمِنُ بِشْرُهٗ فِیْ وَجْهِهٖ وَحُزْنُهٗ فِیْ قَلْبِهٖ

مومن کی کشادہ روئی اس کے چہرے پر ہوتی ہے اور اس کا غم دل میں چھپا ہوتا ہے۔

اَلْاِیْنَاسُ قَبْلَ الْاِبْسَاسِ

مانوس کرنا دودھ دوہنے سے پہلے ہے۔ یعنی کسی سے کام لینا مقصود ہو تو نرم رویہ اختیار کرنا ہوگا۔

لیس عَلَی الْاِنْسَانِ اِلَّا مَا مَلَکَ

انسان پر وہ چیز فرض ہے جو اس کے قبضہ میں ہے۔

اَلْاِنْسَانُ عَبْدُ الْاِحْسَانِ

انسان احسان کا غلام ہے۔

اَلْاِنْسَانُ ابْنُ یَوْمِهٖ

(انسان اپنے دن کا بیٹا ہے) یعنی وقت کا بندہ۔

اَلْاِنْسَانُ بِالتَّفْکِیْرِ وَاللّٰهُ بِالتَّدْبِیْرِ

انسان غور و فکر میں مشغول ہے اور خدا تعالیٰ تدبیر میں ہے "تدبیر کند بندہ تقدیر زند خندہ"۔

کُلُّ اِنْسَانٍ وَهَمُّهٗ

ہر شخص اپنے غم کی تدبیر خود بہتر کرتا ہے ہر شخص اپنا کام خود ہی جانتا

ہے یا ہر شخص اپنی مصیبت میں مبتلا ہے۔

اَنفٌ فِی الْمَاءِ واِستٌ فِی السَّمَاءِ

ناک پانی میں اور دبر آسمان میں ہے۔

یعنی کم مرتبہ انسان بلندی دعویٰ کرتا ہے۔

اَنفکَ مِنکَ وَاِنْ کان اَذَنٌ

تیری تیری ہی ہے اگر چہ وہ پانی بہاتی ہو۔

یعنی تیری قوم کے حقیر لوگ تیری مدد کے محتاج ہیں۔

اَنفکَ مِنکَ وَاِنْ کَانَ اَجْدَع

مخلوق حوادث کا شکار ہے۔

یعنی سب نے فنا ہونا ہے۔

اَلاَنَامُ فَرائِسُ الاَیَّامِ

(مخلوق زمانہ کا شکار ہے) آخر کار زمانہ سب کو ختم کر دے گا۔

مَنْ تَانّٰی اَدْرَکَ مَا تَمَنّٰی

(جس نے آہستگی سے کام لیا اس نے اپنی مراد پائی) صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے۔

کُلُّ اِنَاءٍ بِالَّذِیْ فِیْهِ یَرْشَحُ

(ہر برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں ہوتا ہے) یرشح کے بجائے ینضح بھی مروی ہے مطلب ایک ہی ہے۔

عَلٰی اَھْلِھَا تَجْنِی البَرَاقِشُ

براقش (کتیا) اپنے ہی مالکوں کو تباہ کرنے والی ہے۔

یعنی آدمی کا عمل اس کے لئے نقصان دہ ہوتا ہے۔

آفَةُ المُرُوْءَةِ خُلْفُ الوَعْدُ

مروت پر مصیبت وعدہ خلافی ہے۔

آفَةُ الجُوْدِ الاِسْرَافُ

بات پر مزید مصیبت دروغ گوئی ہے۔

آفَةُ الحَدِیْثِ الکَذِبُ

سخاوت پر آفت فضول خرچی ہے۔

آفَةُ العِلْمِ النِّسَان

علم کی آفت نسیان ہے۔

اَوَّلُ الغَضَبِ جُنُوْن وآخرِ نَدَمٌ

غصہ کی ابتداء جنون اور انتہا ندامت پر ہے۔

اَوَّلُ الغَیْثِ قَطْرٌ

بارش کی ابتداء بوند ہے۔ (یعنی قطرہ قطرہ ہی دریا بنتا ہے)۔

اَوَّلُ الشَّجرةِ النَّوَاة

درخت کی ابتداء گٹھلی سے ہوتی ہے۔

لَسْتُ اَوَّلَ مَنْ غَرَّہ السَّرَابُ

تو پہلا شخص نہیں جس کو سراب سے دھوکا ہوا۔

اِیْوَانِ کِسْرٰی

نوشیروان محل:

یہ مثل عجیب وغریب نادر الوقوع پر بولی جاتی ہے۔

یہ محل بیس سال میں تعمیر ہوا تھا۔

ب

اَلْبِئْرُ اَبْقٰی مِنَ الرِّشَاءِ

(کنواں رسی سے زیادہ باقی رہتا ہے) رشاء: ڈول کی رسی۔

کَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهِ بِظِلْفِهِ

اپنے ہی کھر سے اپنی موت کو کھودنے والے کی طرح۔ اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا۔ اپنی ہلاکت کا خود سبب بننا۔

کَالْبَاحِثِ عَنِ الْمُدْیَةِ

(چھری کھودنے والے کی طرح) ''اپنی موت بلانا'' ایسے شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو ایسی چیز تلاش کرے جو خود اس کے لیے باعث ہلاکت ہو۔

اَبْخَرُ مِنْ اَسَدٍ

شیر سے منہ کی بدبو والا۔

اَبْخَرُ مِنْ صَقْرٍ

شکرہ سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔

اَبْخَرُ مِنْ فَهْدٍ

چیتے سے زیادہ منہ کی بدبو والا۔

یَبْخرِ الفَمِ

(منہ سے بدبو پیدا ہونا) گندہ دہن۔

اَبْخَلُ مِنْ مَادِرٍ

(مادر سے بھی بخیل) مادر بنی ہلال کا ایک شخص جو بخل میں مشہور تھا۔

هٰذِہٖ بِتِلْکَ وَالْبَادِیُٔ اَظْلَمُ

یہ سزا پہلے عمل کے بدلہ میں ہے اور ابتداء کرنے والا ہی ظالم ہے یعنی بدی کرنے والے کو اس کی سزا بھی دی جاتی ہے اور بدی کی ابتداء کرنے کی وجہ سے ظالم بھی پکارا جاتا ہے۔

اَبْدَی الصَّرِیْحُ عَنِ الرَّغْوَۃِ

خالص دودھ جھاگ سے الگ ہوگیا۔

کل مبذولٍ مملولٌ

زیادہ استعمال کی گئی چیز سے اکتاہٹ و بیزاری ہو ہی جاتی ہے۔

بالبر یستعبد الحر

اچھے سلوک سے آزاد آدمی کو بھی غلام بنایا جا سکتا ہے۔

برئت قائبۃ من قوب

(انڈا چوزہ سے بے تعلق ہو چکا ہے) قائبہ: انڈے کو اور قوب: چوزہ کو کہتے ہیں یعنی ''بات بہت دور ہو گئی'' - ''تیر کمان سے نکل چکا'' یا ''اب پچھتائے کیا ہوت جب چڑیاں چگ گئی کھیت''۔

بردُ غداۃٍ غرّ عبدًا من ظمأٍ

صبح کی ٹھنڈک نے آدمی کو پیاس کے بارے میں فریب دیا۔ مقولہ ہے کہ ایک شخص ٹھنڈی صبح میں جانور لے کر جنگل میں گیا اور پانی ساتھ نہ لیا اور پھر تپتی ہوئی دوپہر میں پیاس کی شدت سے ہلاک ہو گیا۔ یعنی پیش بندی کرنا اور مارا جانا۔

ابردُ من غبّ المطر

بارش کے اگلے دن سے بھی زیادہ سرد۔ غب المطر: دراصل غب یوم المطر ہے)۔

ابردُ من عضرس

اولے سے بھی زیادہ ٹھنڈا۔

ابردُ من فلحس

فلحس (ایک سردار کا نام جو بغیر جہاد کئے مالِ غنیمت کا طالب ہوتا تھا) سے بھی زیادہ حق طلب کرنے والا۔

برضٌ من عدٍّ

بڑے خزانے سے تھوڑا۔

انما هو كبرق الخلّب

(وہ تو دھوکہ دینے والے بجلی کی طرح ہے) یعنی بجلی چمکتی ہے مگر بارش نہیں ہوتی ''جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں''۔

ما كلّ بارقةٍ تجود بمائها

(امید ہے کہ بجلی والا بادل وعدہ خلافی نہیں کرے گا) یعنی بارش کی امید پوری ہوگی۔ احسان کی امید میں بولا جاتا ہے۔

عسى البارقة لا تخلف

ہر بجلی والا بادل پانی نہیں برسایا کرتا۔

الّذي لا يبصر من الغربال يكون اعمى

جو شخص چھلنی میں سے نہیں دیکھ سکتا اندھا ہوتا ہے۔

ابصر وَ غ فلعک

دیکھ اور اپنے لاٹری والے تیر پر نشان لگا۔
مخاطب کو نفع یا نقصان کی طرف متوجہ کرنا۔

ابصر من عقاب

عقاب سے زیادہ تیز نظر۔

ابصر من نسر

(گدھ سے بھی زیادہ تیز نظر)

ابصر من الوطواط في الليل

رات میں چمگادڑ سے بھی زیادہ تیز نظر۔

ابصر من زرقاء اليمامة

یمامہ کی زرقاء سے بھی زیادہ تیز نظر۔ زرقاء جدیس قبیلے کی عورت تھی جو تین منزل کے فاصلے سے دیکھ لیتی تھی۔

لا يبضّ حجره

اس کے پتھر (دل) کو پسینہ (رحم) نہیں آتا۔
یعنی شدید کنجوس سے خیر کی توقع نہیں۔

ابطا من غراب نوح

نوح کی کوے سے بھی زیادہ دیر کرنے والا۔
حضرت نوح نے کوّے کو پانی اترنے کی خبر لینے کے لئے بھیجا مگر وہ واپس نہ آیا۔

ابطش من دوسر

نعمان بن منذر کے لشکر۔ دوسرے سے زیادہ تیز حملے والا۔

بطني عطري وسائري ذري

(صرف میرے پیٹ پر عطر ملو اور میرے باقی حصہ بدن کو چھوڑ دو) ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اہم چیز کو چھوڑ کر غیر اہم کو اختیار کرے۔

البطنة تأمن القطنه

(زیادہ کھانا ذہانت کو ختم کر دیتا ہے۔ افن الفصیل: اس وقت بولتے ہیں جب اونٹ کا بچہ اونٹنی کے تھن کا سارا دودھ پی لے۔ مطلب یہ کہ مال و دولت نے عقل خراب کر دی۔

ما ابعد ما فات وما اقرب ما ياتي

(جو نکل گیا وہ دُور گیا اور جو آنے والا ہے وہ بہت ہی قریب ہے)۔

ابعد من النجم

ثریا ستارے سے زیادہ دُور۔

ابعد من بيض الانوق

عقاب کے انڈوں میں سے بھی زیادہ دور یعنی نا حاصل ہونے والی

چیز۔

اَبْعَدُ مِنْ بَنَاتِ الثُّرَیَّا

عیوق ستارے کے ساتھ لٹکی ہوئی چیز سے زیادہ دُور۔

اَبْعَدُ مِنْ مَنَاطِ الْعَیُّوقِ

(عیوق کے لٹکن سے بھی زیادہ دور) عیوق ثریا کے ساتھ طلوع ہونے والا ایک ستارہ ہے۔

اَلْبُعْدُ جَفَاءٌ

(دوری ستم ہے) یعنی دور رہنے سے محبت کم ہوتی ہے۔

رُبَّ بَعِیْدٍ اَنْفَعُ مِنْ قَرِیْبٍ

(بہت سے دور والے پاس والوں سے زیادہ نافع ہوتے ہیں)۔

اِنَّ الْبُغَاثَ بِاَرْضِنَا یَسْتَنْسِرُ

ہمارے علاقے میں بغاث (سبزی مائل سفید رنگ پرندہ) گدھ بن جاتا ہے یعنی ہماری حمایت کے ساتھ ذلیل عزت والا ہو جاتا ہے۔

اِنْ تَبْغِ عَلَیْکَ قَوْمُکَ لاَ یَبْغِ عَلَیْکَ الْقَمَرُ

اگر تیری قوم تجھ پر ظلم کرتی ہے تو چاند تجھ پر ظلم نہ کرے گا۔

ایک بات سمجھانے سے پہلے دوسری پیش کرنا۔

مِنِ ابْتِغَاءِ الْخَیْرِ اِتِّقَاءُ الشَّرِّ

برائی سے بچنا بھی بھلائی تلاش کرنا ہے۔

عَلَی الْبَاغِیْ تَدُوْرُ الدَّوَائِرُ

(ظالم ہی کے سر پر مصیبتیں گھومتی ہیں) باغی ظالم کو کہتے ہیں۔

کَمُبْتَغِی الصَّیْدِ فِیْ عَرِیْسَۃِ الْاَسَدِ

(شیر کی کچھار میں شکار تلاش کرنے والے کی طرح) اس شخص کے بارے میں بولا جاتا ہے جو غیر محل میں اپنی ضرورت طلب کرے یا جہاں وہ مغلوب ہو جائے یا اس چیز کے لئے جو محال چیز کا طالب ہو۔ "چیل کے گھونسلے میں ماس تلاش کرنا" "ہاتھی سے گنا مانگنا"۔

بَقْبَقَۃٌ فِیْ زَقْزَقَۃٍ

(ہنسی میں شور و شر) بقبقۃ: شور اور بہت بولنے کو کہتے ہیں اور زقزقہ: ہنسی کو کہتے ہیں اور بے مقصد باتیں کرنے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔ شیخی بگھارنا یا بے پر کی اڑانا۔

بَقْلُ شَھْرٍ وَشَوْکُ دَھْرٍ

ایک ماہ کا ساگ اور کانٹا ہمیشہ کا۔

یعنی کم خیر اور زیادہ شر والا آدمی۔

مَا اَسْتَبْقَاکَ مَنْ عَرَّضَکَ لِلْاَسَدِ

جس نے تجھے شیر کے سامنے ڈال دیا اس نے تجھ کو زندہ نہ چھوڑا۔ اس کے لئے مثل ہے جو تم کو برے انجام والے کام پر ابھارے۔

لاَ یَبْقٰی شَیْءٌ عَلٰی حَالِہٖ

کسی چیز کی ایک حالت نہیں ہوتی۔

بَقِّ نَعْلَیْکَ وَابْذُلْ قَدَمَیْکَ

(اپنے جوتے کو باقی رکھو اور پاؤں کام میں لاؤ) اپنے نفس پر تکلیف برداشت کرو اور مال کو بچاؤ تا کہ معاملات قابو میں رہیں۔

اَبْقٰی مِنْ وَحْیٍ فِیْ حَجَرٍ

(پتھر پر لکھی ہوئی حکمت سے بھی زیادہ باقی رہنے والا) یمن کے عرب حکمت کی باتیں پتھروں پر لکھتے ہیں تا کہ پائیدار رہیں لوگوں میں بولا جاتا ہے العلم فی الصغر کالنقش فی الحجر: "بچپن کا علم پتھر پر لکیر کی مانند ہے۔"

اَبْقٰی مِنَ الْعَصْرَیْنِ

(صبح و شام سے بھی زیادہ باقی رہنے والا) عصرین صبح و شام کو کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ صبح و شام میں کوئی تغیر نہیں ہوتا۔ ہمیشہ ایک ہی طرز پر آتے ہیں۔

اَبْقٰی مِنَ النَّسْرَیْنِ

نسر طائر اور نسر واقع دو ستاروں سے زیادہ باقی رہنے والا۔

اَبْقٰی مِنَ الدَّھْرِ

زمانہ سے زیادہ دیر باقی رہنے والا۔

اَبْقٰی مِنَ الْحَجَرِ

پتھر سے زیادہ باقی رہنے والا۔

بَاکِرْ تَسْعَدْ

صبح اٹھا کرو تا کہ نیک بخت بنو۔ (حدیث کا مفہوم ہے کہ صبح کے وقت میں اللہ عزوجل نے برکت پنہاں کر دی ہے۔)

اَبْکَرُ مِنَ الْغُرَابِ

کوّے سے بھی سویرے اٹھنے والا کوا سب پرندوں سے پہلے اٹھتا ہے۔

مَا تَبُلُّ اِحْدٰی یَدَیْہِ الْاُخْرٰی

اس کا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ کو بھی تر نہیں کرتا۔ انتہائی کنجوس کو کہا جاتا ہے۔

بَلَغَ مِنْہُ الْمُخَنَّقُ

وہ انتہائی سخت تکلیف میں مبتلا ہے۔

مراد اس سے موت کو پہنچ چکا ہے۔

بَلَغَ الْحِزَامُ الطُّبْیَیْنِ

تک پستان تک پہنچ گیا۔
مراد معاملہ انتہا کو پہنچ چکا۔

بَلَغَ السَّیْلُ الزُّبٰی
سیلاب ٹیلوں تک پہنچ گیا۔ مراد: لوگ حد سے گزر چکے۔

بَلَغَ السِّکِّیْنُ الْعَظْم
(چھری ہڈی تک پہنچ گئی) کسی معاملے کے انتہاء تک پہنچنے کے وقت بولتے ہیں۔

بَلَغَ الدِّمَاءُ الثُّنَنَ
(خون چوپایوں کے ٹخنوں تک پہنچ گیا۔ ثنن، ثنۃ کی جمع ہے وہ بال جو چوپایہ کے پیچھے ٹخنوں میں ہوتے ہیں۔ یہ مثال بھی شر کے انتہائی حد تک پہنچنے کے وقت بولا جاتا ہے۔

لَوْ بَلَغَ الرِّزْقُ فَاهُ لَوْلَاهُ قَفَاه
(اگر رزق اس کے منہ تک پہنچ جائے تب بھی (وہ پشت پھیر لے گا۔ ہر حالت میں خیر سے محروم رہنے والے کے لیے کہا جاتا ہے۔

مَا عَسٰی اَنْ یَبْلُغَ عَضَّ النَّمْلِ
امید ہے کہ وہ چیونٹی کے کاٹنے کے برابر بھی نہ پہنچے گا۔
اس کے لئے مثل ہے جس کے دھمکی کا اثر نہ ہو۔

اَبْلَغُ مِنْ قُسٍّ
قس بن ساعدہ سے بھی زیادہ بلیغ ہے۔ قس دنیا عرب میں سب سے اوّل اَمَّا بَعْد اور اَلْبَیِّنَۃُ عَلَی الْمُدَّعِی والیمین علی من انکر بولنے والا ہے۔

اَبْلَهُ مِنَ الحُبارٰی
حباری سے بھی زیادہ بے سمجھ۔ یہ پرندہ اپنے انڈے بھول کر دوسرے پرندوں کے انڈوں پر جا بیٹھتا ہے۔

اِنَّ البلاء مُؤَکَّلٌ بِالْمَنْطِقِ
خاموشی ہر بلا سے بچاتی ہے۔ کہتے ہیں: ایک چپ سو سکھ

اَلْبَلَایَا عَلَی الْحَوَایَا
مصیبتیں حوایا پر بھی پڑتی ہیں۔ حوایا حویۃ کی جمع ہے۔ اس نمدہ کو کہتے ہیں جس میں گھاس بھر کر اونٹ کے کوہان پر رکھا جاتا ہے۔
مثال کا مطلب یہ ہے کہ تقدیر کا لکھا ہوا پورا ہونا ضروری ہے۔

بَنَانُ کَفٍّ لَیْسَ فِیْهَا سَاعِدٌ
ایسے ہاتھ کی انگلیاں ہیں جن کا بازو نہیں۔ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جس میں ہمت تو ہو مگر عمل کی طاقت نہ ہو۔

اَنَا اِبْنُ جَلا
میں مشہور و معروف ہوں۔

اَنَا ابنُ جَلا وَطَلَّاعِ الثَّنایا. متی اَضَعُ العَمَامَةَ تعرفونی
میں جلا کا بیٹا ہوں گھاٹیوں پر چڑھ جانے والا۔ جب عمامہ اتاروں گا تو تم مجھے پہچان لوگے۔

رُبَّ ابنِ عَمٍّ لَیْسَ بِابْنِ عَمٍّ
کئی چچازاد بھائی چچازاد نہیں ہوتے۔ یعنی جو نفع نہ دے وہ کہاں کا بھائی۔

بِنْتُ صَفا تَقُوْلُ عَنْ سَماع
(بنت صفا ہر آواز کا جواب دیتی ہے) بنت صفا اور بنت جبل سے مراد صدائے بازگشت ہے۔ یہ مثال ایسے شخص کے لئے کہی جاتی ہے جو کسی بھی کام کی طرف مدعو کیا جائے اور فوراً ہی قبول کر لے۔

یَبْنِیْ قَصْرًا وَیَهْدِمُ مِصْرًا
(محل تعمیر کر رہا ہے اور شہر برباد کر رہا ہے) اس کو کہا جاتا ہے جس کی خیر کم اور شر زیادہ ہو۔

اَبْهٰی مِنَ الْقَمَرَیْنِ
(چاند سورج سے بھی زیادہ پُر رونق) ''چندے آفتاب چندے ماہتاب''۔

بَالَ حِمَارٌ فَاسْتَبَالَ اَحْمِرَةً
ایک گدھے نے پیشاب کر کے باقی گدھوں کو پیشاب کروا دیا۔
اس قوم کے لئے کہا جاتا ہے جو برے لوگوں کی تقلید کرتے ہیں۔

بَالَتْ بَیْنَهُم الثَّعالِبُ
ان کے درمیان لومڑی نے پیشاب کر دیا۔
اس قوم کے لئے مثل جن میں فساد و اختلاف ہو جائے۔

لَوْ کَانَ فِی الْبُوْمَةِ خَیْرٌ مَا تَرَکَها الصَّیَّادُ
الو میں کوئی نفع ہوتا تو اس کو شکاری نہ چھوڑتا۔

بَیْتِی یَبْخَلُ لا اَنَا
(میرا مکان بخیل ہے میں نہیں) دینے کے لئے گھر میں کچھ بھی نہیں۔

اَبَادَ اللّٰه خَضْرَاءَ هُم
اللہ تعالیٰ ان کی سرسبزی کو برباد کرے۔ بددعا ہے۔

کَانَتْ بَیْضَةُ الدِّیْک
(وہ چیز مرغ کا انڈا تھی) اس چیز کے لئے بولا جاتا ہے جو صرف ایک مرتبہ پائی جائے پھر نایاب ہو جائے کیونکہ بعض عرب کے گمان میں مرغ بھی ایک مرتبہ انڈا دیتا ہے۔

بَیْضَةُ الْیَوْمِ خَیْرٌ مِنْ دَجاجةِ الغَدِ

آج کا انڈا کل آئندہ کی مرغی سے زیادہ قیمتی ہے۔

بَیضَۃُ البَلَد: شہر کا بڑا آدمی

دُونَہٗ بَیضُ الاَنُوق

اس کے آگے عقاب کا انڈہ ہے۔ نایاب چیز کے لئے یہ مثل ہے۔

ما کل بیضاء شحمۃ ولا کل سوداء تمرۃ

ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی۔ ہر چمکدار چیز سونا نہیں ہوتی۔

مَنْ بَاعَ لِعِرضہ انفق

جو شخص اپنی آبرو بیچے گا آبرو دے بیٹھے گا۔ جو شخص گالیاں سننے کا سامان کرے گا تو گالیاں اس کو تیار ملیں گی۔ انفق کے معنی ہیں بکتا ہوا پایا۔ سہولت سے سودا ہوگیا۔

بِعتُ جاری وَلَم اَبِعْ دَارِیْ

میں نے پڑوسی بیچا ہے مکان نہیں بیچا۔ یعنی میں نے بدخلق پڑوسی سے بچنے کے لئے مکان فروخت کیا ہے۔

لا تبع نقدًا بدَینٍ

نقد کو ادھار کے بدلے میں نہ فروخت کر۔

قَدْ بَیَّنَ الصُّبحُ لذی عَینَینِ

آنکھوں والوں کے صبح روشن ہوگئی۔

اَبیَنُ مِنْ فَلَقِ الصُّبح او فَرَقِ الصُّبحِ

صبح کی روشنی سے زیادہ روشن۔

اِنَّ مِنَ البَیانِ لَسِحرا

بعض بیان جادو اثر والے ہوتے ہیں۔

ت

اَنَا تَئِقٌ وَاَنتَ مَئِقٌ فَکَیفَ نَتَّفِقُ

(میں غضبناک ہوں اور تجھ میں سہارا نہیں پھر ہم کیسے متفق ہوں؟)

تئق: غصہ سے بھرا ہوا اور مئق: گھبرانے والا۔ دو مختلف العادات لوگوں کے لئے بولا جاتا ہے۔

اِتبَعِ الفَرَسَ لِجَامَھَا وَالنَّاقَۃَ زِمَامَھَا

(گھوڑے کے ساتھ لگام اور ناقہ کے ساتھ لگام بھی دو) تاکہ بخشش مکمل ہو۔

اِتبَعِ الدَّلوَ بالرِّشَاءِ

ڈول کے ساتھ رسی بھی دو۔ رشاء: پانی کھینچنے کی رسی۔

اَتبَعُ مِنَ الظِّلِّ

سایہ سے بھی زیادہ پیچھا کرنے والا۔

لَوِ اتَّجَرْتُ بِالاَکفَانِ مَامَاتَ اَحَدٌ

اگر تو کفن کی تجارت کرتا تو کوئی نہ مرتا۔

لا تِجارۃَ کَالعَمَلِ الصَّالِح

نیک کام جیسی تجارت نہیں ہوسکتی۔

تَرَکَ ظَبیٌ ظِلَّہٗ

(ہرن نے اپنا سایہ چھوڑ دیا) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو عیش و آرام کی جگہ سے سختی و تنگی میں چلا جائے۔

تَرَکتُہٗ عَلٰی اَنقٰی مِنَ الرَّاحَۃِ

میں نے اس کو ہتھیلی کی طرح صاف حالت میں چھوڑا۔ یعنی اچھی حالت میں نہیں چھوڑا ہے۔

تَرَکتُہٗ عَلٰی مثل مِشفَرِ مِنَ الاَسَدِ

میں نے اس کو گویا شیر کے ہونٹ کے پاس چھوڑا دیا ہے۔

تَرَکتُھُم فِی حَیصَ بَیصَ او حَیصِ بَیصِ

میں نے ان کو بھاگنے والا افراد میں پایا۔

کسی خطرناک کام میں پھنسے افراد کے لئے یہ مثل ہے۔

مَاتَرَکَ الاَوَّلُ لِلاٰخِرِ شَیئًا

جس نے خواہشات کو چھوڑا اس نے آزاد زندگی گزاری۔

مَنْ تَرَکَ الشَّھَوَاتِ عَاشَ حُرًّا

اگر رات میں چھوڑا جائے تو سو جائے۔

یہ اس شخص کے لئے مثل جو مصیبت پر مجبور کیا جائے یا ظلم پر ابھارا جائے وہ ظلم کرنے لگے۔

لَو ترک القطا لَیلاً لَنَام

(اگر قطا (رات میں دیکھنے والی چڑیا) کو رات میں چھوڑتا تو آرام سے سو جاتا) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو بلا ارادہ کسی مصیبت پر مجبور کیا جائے یا جو ظلم کرنے پر ابھارا جائے اور ظلم کرنے لگے۔

لا یَترُکُ السَّاقَ اِلَّا مُمسِکًا سَاقًا

وہ ایک تنہ کو بغیر دوسرے تنہ کے پکڑے نہیں چھوڑتا۔ یہ گرگٹ کے لئے کہا جاتا ہے۔ مراد محتاط آدمی۔

لا یَترُکُ الظَّبیُ ظِلَّہٗ

تو شر کو چھوڑ دے شر تجھے چھوڑ دے گا۔

اُترُکِ الشَّرَّ یَترُککَ

تم شر کو چھوڑ دو وہ تجھے چھوڑ دے گی۔

تَرکُ الجَوَابِ [illegible] الجَاھِلِ جَوَابٌ

جاہل کو جواب نہ دینا اس کو جواب ہے۔

تَرْکُ مَا لَا یَصْلُحُ اَصْلَحُ

جو درست نہیں ہو سکتا اس کو اس کے حال پر چھوڑنا بہت اچھا ہے۔

اِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْکَلَامُ

جب عقل کامل ہو جاتی ہے تو کلام کم ہو جاتا ہے۔

تَمَامُ الرَّبِیْعِ الصَّیْفُ

(فصل ربیع کا ختم ہونا ہی گرمی ہے۔ اسی طرح عرب کا قول ہے **الاعمال بخواتیمها**: اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے۔

اَتَمُّ مِنْ قَمَرِ التَّمِّ

پورے چاند (چودھویں کے چاند) سے بھی زیادہ پورا۔ تمّ کے معنی یہاں تمام کے ہیں یعنی بدره التمام.

اَلتمرہ والجمرۃ

(کھجور اور انگارا) یعنی نفع اور نقصان۔

اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَا ذَنْبَ لَهٗ

گناہ سے توبہ کرنے والا بے گناہ جیسا ہے۔

تَاجُ الْمُرُوَّةِ التَّوَاضُعُ

عاجزی شرافت کا تاج ہے۔

اَتْیَهُ مِنْ قومِ موسیٰ

قوم موسیٰ سے زیادہ حیران۔

ث

ثَاطَةٌ مُدَّتْ بِمَاءٍ

(سڑی کیچڑ کے ساتھ پانی بھی ملے گا۔ ثاطة: اس بدبودار کیچڑ کو کہتے ہیں جس کے ساتھ کوئی اور سڑی ہوئی چیز بھی شامل ہو۔ کریلا اور نیم چڑھا۔

اَثْبَتُ فِی الدَّارِ مِنَ الْجِدَارِ

دیوار سے بھی زیادہ گھر میں جمنے والا۔

اَثْبَتُ مِنَ الْوَشْمِ

گودنے کے نشانوں سے زیادہ پائیدار۔

مَالَهٗ ثَاغِیَةٌ وَلَا رَاغِیَةٌ

اس کے پاس نہ بھیڑ ہے اور نہ اونٹنی۔

اَثْقَلُ مِنْ رَضْوٰی

رضوی مدینہ کے پہاڑ سے بھاری۔

اَثْقَلُ مِنْ تَوْدٍ

بڑے پہاڑ سے زیادہ بھاری۔

ثَکِلَتْکَ اُمُّکَ اَیَّ جَرْدٍ تَرْقَعُ

تیری ماں تجھے روئے تو کون سے کپڑے کو پیوند لگا رہا ہے۔ جرد: پرانے کپڑے کو کہتے ہیں۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو غلط اور غیر نافع کام کرے۔

اَلثَّکْلٰی تُحِبُّ الثَّکْلٰی

(گم شدہ بچے کی ماں گم شدہ بچے کی ماں کو ہی پسند کرتی ہے) ''کند ہم جنس با ہم جنس پرواز''۔

لَا یُثْمِرُ الشَّوْکُ الْعِنَبَ

کانٹا انگور کا پھل نہیں دیتا۔

ثَمْرہ الْجُبْنِ لَا رِبْحٌ وَلَا خُسْر

بزدلی کا نتیجہ نہ نفع نہ نقصان۔

لِکُلِّ ثَوْبٍ لَابِسٌ

ہر کپڑے کو پہننے والا ہوتا ہے۔

ثار حابلهم عَلٰی نَابِلِهِم

ان کے جال والے نے ان کو تیر والے پر غصہ کیا۔

الثور یَحْمِی اَنْفَه بِرَوْقِه

بیل بھی اپنی ناک کی حفاظت اپنے سینگوں سے کرتا ہے۔

ج

اَجْبَنُ مِنْ نُعَامَة

شترمرغ سے بھی زیادہ بزدل۔

اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ

صافر سے زیادہ بزدل۔ صافر ایک پرندہ ہے جو اپنی ٹانگوں سے درخت کی شاخ کو پکڑ کر الٹا لٹک جاتا ہے اور تمام رات سیٹی کی آواز نکالتا رہتا ہے تاکہ وہ سو نہ جائے اور شکار نہ کر لیا جائے۔

اِنَّ الْجَبَانَ حَتْفُهٗ مِنْ فَوْقِه

بزدل کی موت اوپر سے نازل ہوتی ہے۔ نامرد کے لئے بولا جاتا ہے۔

بِجَبْهَةِ الْعِیْرِ یُفْدٰی حَافِرُ الْفَرَسِ

گدھے کی پیشانی گھوڑے کے کھر کے فدیہ میں دی جاتی ہے۔

اَنْحَجِشْ لَمَّا فَاتَکَ الْاَعْیَارُ

جب گدھے نہ ملیں تو ان کا بچہ حاصل کرو۔

قَدْ عَدَّ اشیاعکم فجدوا

تمہارے ساتھیوں نے کوشش کی ہے تم بھی کوشش کرو۔

مَنْ جَدَّ وَجَدَ

جو کوشش کرتا ہے وہ پالیتا ہے۔

جِدَّ لِامْرِئٍ یَجِدُّ لَکَ

جس شخص کے لئے تو کوشش کرے گا وہ تیرے لئے کوشش کرے گا۔

جِدُّکَ یَرْعٰی نَعَمَکَ

تیری نعمت تیرے چوپایوں کو چراتی ہے۔ مالدار مال اڑانے والے کے لئے بولا جاتا ہے۔

جِدُّکَ لَا کَدُّکَ

تیری کوشش فائدہ مند ہے لیکن اصرار طلب فائدہ مند نہیں۔

کُلُّ جِدَّةٍ سَتُبْلِیْهَا عِدَّةٌ

ہرنئی چیز۔ عنقریب اس کو مرورِ ایام بوسیدہ کردیں گے۔

نِعْمَ الْجُدُوْدُ وَلٰکِنْ بِئْسَ مَا خَلَفُوا

آباءواجداد اچھے تھے مگر ان کی بعد والی نسل بری ثابت ہوئی۔

لا جَدِیدَ لِمَنْ لا خَلَقَ لَهٗ

جس کے پاس پرانا نہ ہو اس کے پاس نیا بھی نہیں رہتا۔ اس لئے پرانے کی حفاظت کرو کہ نیا بھی محفوظ رہے۔

جُدَیْدَةٌ فِی لُعَیْبَةٍ

(ایک بڑی سنجیدگی ہے کھیل میں) جدیدۃ جد کی تصغیر ہے وہ بات جو سنجیدگی سے کہی جائے۔ مراد یہ ہے کہ یہ بڑی سنجیدہ بات ہے جو کھیل ہی کھیل میں کہی گئی ہے۔

مَنْ اَجْدَبَ اِنْتَجَعَ

(جو قحط زدہ ہوتا ہے وہ گھاس کی تلاش میں نکلتا ہے) محاورہ ہے انتجع القوم الکلا: (قوم گھاس کی جستجو میں مختلف جگہ گئی) یعنی ضرورت پوری کرنے کے لئے اچھی طرح کوشش کرو۔

وَبَعْضُ الْجَدْبِ اَمْرَأُ لِلْهُزَیْلِ

بعض قحط سالی لاغر کے بڑی موافق ہوتی ہے۔ یعنی بعض لوگوں کو مالداری کے بجائے غریبی صحیح رہتی ہے۔

جَذَحَ جُوَیْنٌ مِنْ سَوِیقِ غَیْرِهٖ

جوین نے اپنے غیر کا ستون گھولا ہے۔

اَجْدٰی مِنَ الْغَیْثِ فِی اَوَانِهٖ

بروقت بارش سے زیادہ نفع مند۔

جَذْبُ الزِّمَامِ یُرِیْضُ الصِّعَابَ

باگ کھینچ کر رکھنا بے سدھ گھوڑوں کو سدھا دیتا ہے۔ سرکش شخص کے لئے کہتے ہیں جو ابتداء میں حکم نہ مانے مگر آخر میں مطیع ہو جائے۔ صعاب: سرکش گھوڑے کو کہتے ہیں۔

جُذَیْلُهَا الْمُحَکَّکُ

(کھجلی دور کرنے والا لکڑی کا ٹھا) جذل: درخت کی جڑ کو کہتے ہیں یہ اونٹوں کے باڑہ میں نصب کردی جاتی ہے اور خارشی اونٹ اس سے کھجلا کر سکون حاصل کرتے ہیں۔ حکاک: خارش کی طرح ایک بیماری سے اس شخص کے لئے کہتے ہیں جس کی رائے اور عقل سے لوگ اپنے کام درست کرتے ہیں۔

اَنَا جُذَیْلُهَا الْمُحَکَّکُ وَعُذَیْقُهَا الْمُرَجَّبُ

(میں اس کے لئے خارش کے وقت کھجلانے والا تنہ ہوں اور چبوترہ سے مضبوط کیا ہوا کھجور کا درخت ہوں) جذیل جذل کی تصغیر ہے بمعنی درخت کی جڑ۔ محک وہ چیز جس سے خارشی اونٹ کھجلائیں۔ عذیق عذق کی تصغیر ہے بمعنی کھجور کا درخت مرجب۔ وہ چیز جس کے چاروں طرف پتھر کا چبوترہ بنا کر مضبوط کیا گیا ہو کھجور کے اچھے درخت کی حفاظت کے لئے اس کے چاروں طرف پتھر کا چبوترہ بنا کر سہارا دیتے ہیں۔ تصغیر تعظیم کے لئے ہے جس شخص کی عقل و رائے سے لوگ مستفید ہوتے ہیں۔

کُلٌّ یَجُرُّ النَّارَ اِلٰی قُرْصِهٖ

ہر شخص اپنی ٹکیا کی طرف آگ کھینچتا ہے۔

اَجْرَأُ مِنْ اُسَامَةَ

اسامہ (شیر) سے زیادہ بہادر ہے۔

اَجْرَأُ مِنْ لَیْثٍ بِخِفَّانَ

خفان (جھاڑی برائے شیر) کے شیروں سے زیادہ بہادر۔

اَجْرَأُ مِنْ ذُبَابٍ

(مکھی سے زیادہ جری) جو بادشاہ کی ناک اور شیر کی پلک دونوں پر جا بیٹھتی ہے۔

اَجْرَدُ مِنْ صَلْعَةٍ

گنجے کے سر کا بغیر بالوں والے حصے سے بھی زیادہ ننگا۔

اَجْرَدُ صَخْرَةٍ

چٹان سے زیادہ صاف۔ جس پر کوئی روئیدگی نہیں ہوتی۔ اس پر کوئی چیز نہیں جمتی۔

کَجَرَادٍ لا یُبْقِیْ وَلَا یَذَرُ

ٹڈی کی طرح جو نہ باقی رکھتی ہے اور نہ چھوڑتی ہے۔

سیراب ہونا اور تھوڑا پانی۔
کفایت شعاری پر رغبت کے لئے مثل ہے۔

اَلجرع اروی وَالوَشِیْفُ انقَعُ
زیادہ پینا سیراب تو کر دیتا ہے لیکن چوسنا اور پینا زیادہ فرحت بخش ہے۔

لاجُرمَ بَعْدَ النَّدَامَةِ
ندامت کے بعد کوئی جرم باقی نہیں رہتا۔

اذا جَرَی المُذَکِّی حَسَرَتْ عَنْهُ الحُمُرُ
جب کامل گھوڑا چلتا ہے تو گدھے اس سے عاجز رہ جاتے ہیں۔ مذکی وہ گھوڑا جس کی قوت اور نشوونما مکمل ہو چکی ہو۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو اپنی خوبیوں کی وجہ سے اپنے ساتھیوں سے سبقت لے جائے۔ ''گھوڑے اور گدھے میں کیا مقابلہ''۔

یَجْرِیْ بُلَیْقٌ وَیُذَمُّ
بلیق دوڑتا ہے پھر بھی اس کی مذمت ہوتی ہے۔ بلیق ایک گھوڑے کا نام ہے جو دوڑ میں جیتا کرتا تھا پھر بھی اس کی برائی ہوتی تھی یہ مثل اس موقع پر بولی جاتی ہے جب محسن کی مذمت کی جائے۔

تَجْرِی الرِّیَاحُ بِمَا لا تَشْتَهِی السُّفُنُ
ہوائیں اس چیز کے ساتھ چلتی ہیں جس کو کشتی والے پسند نہیں کرتے۔

اَجْرِ الامُوْرَ عَلٰی اَذْلالِہَا
کاموں کو آسانی والے طریقوں پر چلا۔

جَرْیُ المُذَکِّیَاتِ غِلاءٌ
اچھے گھوڑوں کی دوڑ میلوں تک ہوتی ہے۔

اَلْجَزَعُ عند المُصِیبَةِ مُصِیبَةٌ اُخْرٰی
(مصیبت کے وقت گھبراہٹ ایک دوسری مصیبت ہے)۔

جزاہ جزاء سِنِمَّار
(اس کو سنمار جیسی جزا دی) سنمار شاہ نعمان ابن امراء القیس کے مشہور اور پر اسرار محل خوانق کا رومی معمار تھا جس کو محل کی تعمیر کے بعد نعمان نے اسی محل سے گرا کر ہلاک کر دیا تا کہ کسی اور کے لئے ایسا محل نہ بنا سکے ایسے محسن کے لئے کہا جاتا ہے جس کو بھلائی کا بدلہ برائی سے دیا جائے۔

جَزَیْتُهٗ کَیْلَ الصَّاعِ بالصَّاعِ
(میں نے اس کو پیمانہ کا بدلہ پیمانہ سے دیا) یعنی بھلائی کا بدلہ بھلائی سے اور برائی کا بدلہ برائی سے۔

هذا جزاءُ مُجیرِ اُمِّ عامِرٍ
یہ بجو کو پناہ دینے والے کا بدلہ ہے۔
اعرابی نے بجو کو پناہ دی بجو نے اس کو قتل کر دیا۔

اَلْجَزاءُ مِنْ جِنْسِ العَمَلِ
عمل کا بدلہ عمل جیسا ہوتا ہے۔ جیسا کرنا ویسا بھرنا۔

تَجَشَّأَ لُقْمَانُ مِن غَیْرِ شِبَعٍ
لقمان نے پیٹ بھرے بغیر ڈکاری۔
یعنی غریب ہو کر امیری ظاہر کرنا۔

جَعْجَعَةٌ وَلا اَرَی لَهَا طِحْنًا
(چکی کا شور ہے مگر آٹا نظر نہیں آتا) ''شورا شوری و بے نمکی''۔

مَنْ جَعَلَ نَفْسَهٗ عَظْمًا اَکَلَتْهُ الکِلابُ
(جو اپنے آپ کو ہڈی بنائے گا اس کو کتے کھائیں گے)۔

لا تَجْعَلْهَا بَیْضَةَ الدِّیْکِ
(اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ) مشہور ہے کہ مرغا اپنی عمر میں ایک بار انڈا دیتا ہے۔ اسی مفروضے پر ایک شاعر نے کہا ہے۔
زُرْتَنا مَرَّةً فی الدهر واحدةً ثَنِّی ولا تجعلیها بَیْضَةَ الدِّیکِ
اے محبوبہ تم نے ہم سے ایک دفعہ ملاقات کی دوبارہ ملو اور اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ۔

جِلْدُ الخِنْزِیْرِ لا یَنْدَبِغُ
خنزیر کے چمڑے کو رنگا نہیں جا سکتا۔
یعنی اس شخص پر نصیحت کا اثر نہیں ہوتا۔

اَجْفٰی مِنَ الدَّهْرِ
زمانہ سے زیادہ بے وفا۔

تَحْتَ جِلْدِ الضَّأْنِ قَلْبُ الاَذْوَبِ
(بھیڑ کی کھال کے نیچے بھیڑیے کا دل) یعنی ظاہر میں بھیڑ کی طرح بھولا اور دل بھیڑیے کی طرح بے رحم۔

جَلِیْسُ المَرْءِ مِثْلُهٗ
(آدمی کا ہم نشین اسی جیسا ہوتا ہے)۔

جَلّٰی مُحِبًّا نَظَرُهٗ
(دوست کو اس کی نظر نے ہی ظاہر کر دیا ہے) دوست کی نگاہ بتا دیتی ہے۔

لا یَجْتَمِعُ سَیْفَانِ فِی غِمْدٍ
ایک میان میں دو تلواریں جمع نہیں ہو سکتی۔

مَا یَجْمَعُ بینَ الاَرْوٰی وَالنَّعَامِ

پہاڑی بکرا اور شتر مرغ جمع نہیں ہو سکتے۔
یعنی دو مخالف الطبائع اکٹھے نہیں ہوتے۔

اَجْمَعُ مِنْ نَمْلَةٍ
چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا۔

مَنْ اَجْمَلَ قِيلاً سَمِعَ جَمِيلاً
(جو اپنی گفتگو اچھی رکھے گا وہ اچھی ہی سنے گا)۔

اَلْجَمَلُ مِنْ جَوْفِهِ يَجْتَرُّ
(اونٹ اپنے ہی منہ سے جگالی کرتا ہے) اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو اپنے کسب سے روزی کماتا ہے اور اس کے لئے بھی جو ایسے چیز سے نفع اٹھائے جو اس کو نقصان پہنچانے والی ہے۔

اَلْجُنُونُ فُنُونٌ
جنون کی بہت سی قسمیں ہیں۔

لِكُلِّ جَنْبٍ مَضْجَعٌ
ہر پہلو کے لئے سونے کی جگہ ہے۔

لِكُلِّ جَنْبٍ مَصْرَعٌ
ہر پہلو کے لئے گرنے کی جگہ موت ہے۔

جَنَتْ عَلٰى اَهْلِهَا بَرَاقِش
براق کتیا نے اپنے مالکوں پر ہی ظلم کیا۔

اِنَّكَ لَا تَجْنِي مِنَ الشَّوْكِ الْعِنَبَ
(تو کانٹوں سے انگور کا پھل نہیں چنے گا) ''کانٹے بو کر پھول چن نہیں سکتے''۔

اَجْنَاءُ هَا اَبْنَاؤُهَا
(دست درازی کرنے والے اس کے معمار ہی ہیں) اجناء: جانی کی جمع ہے۔ جرم کرنے والا اور ابناء: بانی کی جمع ہے بمعنی معمار۔ جمع کی یہ مثال نادر ہے مثل ایک یمنی بادشاہ کا مقولہ ہے جس نے ایک جنگ پر جاتے ہوئے اپنی لڑکی کو قائم مقام بنایا تھا۔ لڑکی نے درباری امراء کے مشورہ سے ایک عمارت گرانے کا حکم دیتے ہوئے اس نے یہ جملہ کہا جو مثل بن گیا۔ مطلب یہ ہے کہ عمارت گرانے کا جرم وہی لوگ کر رہے ہیں جنہوں نے اس کی تعمیر کی تھی۔ بے سوچے سمجھے کام کو مٹانے کی ضرورت پڑے تو یہ مثل کہی جاتی ہے۔

هَلْ يَجْهَلُ فُلَانًا اِلَّا مَنْ يَجْهَلُ الْقَمَرَ
(فلاں چیز سے وہی بے خبر ہو سکتا ہے جو چاند سے بے خبر ہو) یعنی فلاں چیز چاند کی طرح روشن و مشہور ہے ''چاند نکلا سب نے دیکھا''۔

اَلْجَهْلُ مَطِيَّةٌ مَنْ رَكِبَهَا ذَلَّ وَمَنْ صَحِبَهَا ضَلَّ
جہالت ایک سواری ہے جو اس پر سوار ہو گا ذلیل ہو گا اور جو اس کے ساتھ رہے گا گمراہ ہو گا۔

اَلْجَهْلُ شَرُّ الْاَصْحَابِ
جہالت بدترین ساتھی ہے۔

اَجْهَلُ مِنْ عَقْرَبٍ
بچھو سے بھی زیادہ جاہل۔ پتھر پر ڈنگ مار کر اپنے جسم کو ہی نقصان پہنچاتا ہے۔

اَجْهَلُ مِنْ فَرَاشَةٍ
پروانہ سے بھی زیادہ جاہل) جو خود کو ہی ہلاک کر لیتا ہے۔

عِنْدَ جُهَيْنَةَ الْخَبَرُ الْيَقِيْنُ
یقینی خبر تو جہینہ کے پاس ہے۔

اَجْوَدُ مِنْ حَاتِمٍ
حاتم سے بھی زیادہ سخی۔

اِنَّ الْجَوَادَ قَدْ يَعْثُرُ
اصیل گھوڑا بھی غلطی کر لیتا ہے۔
یعنی تجربہ کار آدمی بھی کبھی لغزش کر لیتا ہے۔

اِنَّ الْجَوَادَ عَيْنُهُ فِرَارُهُ
اصیل کی آنکھ دانت دیکھنے سے مستغنی کر دیتی ہے۔

لِكُلِّ جَوَادٍ كَبْوَةٌ
ہر اصل گھوڑے کو کبھی کبھی ٹھوکر لگتی ہے۔

جَاوِرْ مَلِكًا اَوْ بَحْرًا
(بادشاہ کے پڑوس میں رہ یا سمندر کے) دولت اہل ثروت ہی سے حاصل کرنی چاہئے۔

كَمُجِيْرِ اُمِّ عَامِرٍ
(بجو کو پناہ دینے والے کی طرح) شکاریوں نے ایک مرتبہ بجو کو گھیر لیا تھا۔ ایک اعرابی نے اس کو شکار دے دی۔ شکاری تو واپس چلے گئے لیکن بجو نے سوتے میں پناہ دینے والے اعرابی کا پیٹ پھاڑ دیا جس نے اس کو دودھ پلا کر سیراب کیا تھا۔ اس اعرابی کے چچا کے بیٹے کو جب معلوم ہوا تو اس نے کہا

مَنْ يَصْنَعِ الْمَعْرُوْفَ مَعَ غَيْرِ اَهْلِهِ
يُلَاقِي الَّذِي لَاقَى مُجِيْرُ اُمِّ عَامِرٍ

(جو کوئی نا اہل کے ساتھ احسان کرتا ہے اس کو وہی جزا ملتی ہے جو ام عامر کے پناہ دہندہ کو ملی جیسے: سانپ کو دودھ پلانا''۔

المستجیر بعمرو وعند کربتہ کالمستجیر من الرمضاء بالنار
مصیبت کے وقت عمر سے پناہ لینے والا جیسے نرم زمین سے بچ کر آگ کے پاس جانے والا۔

الجار ثم الدار
پہلے پڑوس کو دیکھیے پھر گھر کو۔

الرفیق قبل الطریق
اپنے قریب ترین پڑوسی کا خیال کرو تم پر بعید ترین غالب نہ آئے گا۔

جارک الادنی لا یغلک الاقصی
ادنی پڑوسی کی حفاظت کرو تا کہ اعلیٰ تم پر غالب نہ ہو سکے۔

جاوز الحزام الطبیین
(تنگ پستان سے بھی متجاوز ہو گیا) پانی کا سر سے گزرنا۔

تجوع الحرۃ ولا تاکل بثدیھا
(شریف عورت بھوکی رہتی ہے مگر اپنے پستانوں کی کمائی نہیں کھاتی) یعنی دودھ پلانے والی دایہ نہیں بنتی ''ذلیل پیشہ سے بچانے کے لئے کہا جاتا ہے)۔

اجع کلبک یتبعک
اپنے کتے کا بھوکا رکھ تیرے پیچھے رہے گا۔

اجوع من ذوالۃ (الذئب)
بھیڑیے سے بھیڑیے زیادہ بھوک والا۔

اجوع من کلبۃ حومل
حومل کی کتیا سے زیادہ بھوکا۔

اجوع من قراد
(چیچڑی سے زیادہ بھوکا) ازوالہ بھیڑیے کا مخصوص نام ہے۔ کہتے ہیں کہ بھیڑیے کے منہ میں کوئی چیز ہونی ضروری ہے گویا وہ ہمیشہ بھوکا رہتا ہے۔ بھیڑیے کا پیٹ ہڈی کو پگھلا دیتا ہے۔ دشمن کو بددعا میں کہتے ہیں رماہ اللہ بداء الذئب: خدا اس کو بھیڑیے کی بیماری (بھوک) میں مبتلا کرے۔

من جال نال
(جو دوڑ دھوپ کرتا ہے حاصل کر لیتا ہے) ''حرکت میں برکت ہے''۔

اجول من قطرب
(قطرب سے زیادہ چکر لگانے والا) قطرب ایک جانور ہے جو تمام رات نہیں سوتا بلکہ چکر لگاتا رہتا ہے)۔

جولۃ باطل ساعۃ وجولۃ الحق الی قیام الساعۃ
باطل کا زمانہ ایک گھڑی اور حق کا زمانہ قیامت تک ہے۔

جاء بمطفئۃ الرضف
وہ گرم پتھر کو مات کرنے والا پایا۔

جاء بالطم والرم
وہ سمندر اور زمین کی تہہ کو لایا۔

جاء الصیان فالوی بالاسانید
(مشاہدہ آیا اور اسناد کو لے گیا) مشاہدہ کے بعد سند بیان کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

جاء بماصای وصمت
(وہ بولنے والا اور خاموش مال لایا) یعنی چوپائے اور سونا چاندی وغیرہ۔

جاء بقرنی حمار
(وہ گدھے کے دو سینگ لایا) یعنی جھوٹ اور ناممکن بات۔

جاء بذات الرعک والصلیل
وہ گرجنے والا اور آواز دینے والا لایا۔

جاء ناشرا اذنیہ
اپنے کانوں کو پھیلا کر آیا۔

جاء نافشا عفریتہ
اپنی کلغی کو پھیلا کر آیا۔

جاء وعلی بکرۃ ابیھم
(وہ تمام کے تمام آگئے) یعنی پیچھے کوئی باقی نہ رہا۔ بکرۃ: لوگوں کی جماعت کو کہتے ہیں۔ یہ مثل یوں بھی کہی جاتی ہے۔ جاؤا علی بکرتھم وبکرۃ ابیھم: تمام ہی آگئے۔

اذا جاء الحین حارت العیون
موت آتی ہے تو آدمی اندھا ہو جاتا ہے۔

اذا جاء القدر غشی البصر
جب قضا آتی ہے تو آنکھوں پر پردے پڑ جاتے ہیں۔

جاء واقضا قضیضا
وہ سارے کے سارے آگئے۔

جاء القوم قضھم وقضیضھم
قوم اور ساری کی ساری آگئی۔

جیفۃ لا تعکر بحرا
ایک مردار سمندر کو گدلا نہیں کرتا۔

ح

مَنْ اَحَبَّ شَيْأً اَكْثَرَ ذِكْرَه
جو کسی چیز سے محبت کرتا ہے اس کا ذکر زیادہ کرتا ہے۔
لا اُحِبُّ دَمِیْ فِیْ طَشْتٍ ذَهَبٍ
مجھے اپنا خون سونے کے طشت میں بھی پسند نہیں۔ موت کے بعد تمام شان وشوکت بے کار ہے۔
حُبُّکَ الشیء یُعْمِیْ وَیُصِمُّ
کسی چیز سے تمہاری محبت اندھا اور بہرا بنا دیتی ہے۔ یہی مفہوم اس شعر میں کہا گیا۔
وَعَيْنُ الرِّضٰی عَنْ كُلِّ عَيْبٍ كَلِيْلَةٌ
ولكن عَيْنَ السُّخْطِ تُبدى المَسَاوِيَا
پسند کی نگاہ ہر عیب سے بند ہوتی لیکن ناراضگی کی آنکھ عیبوں کو ظاہر کرتی ہے۔
اَلْحُبُّ اَعْمٰی
محبت اندھی ہوتی ہے۔
لَيْسَ فِي الْحُبِّ مَشْوَرَةٌ
محبت میں مشورہ کی ضرورت نہیں۔
اَحَبُّ شَیْءٍ اِلَی الْاِنْسَانِ مَا مُنِعَا
سب سے زیادہ محبوب چیز انسان کو وہ معلوم ہوتی ہے جس سے اس کو منع کیا جائے۔ یہی اس شعر کا مطلب ہے۔
رَاَیْتُ النَّفْسَ تَكْرَهُ مالديها. وَتَطْلُبُ كُلَّ مُمْتَنِعٍ عَلَيْهَا
میں نے نفس کو دیکھا کہ اپنے پاس موجود چیز کو پسند نہیں کرتا اور ہر ممنوع چیز کو طلب کرتا ہے۔
مِنَ الْحَبَّةِ تَنْشَأُ الشَّجَرَةُ
دانہ ہی سے تو درخت پیدا ہوتا ہے۔ یعنی چھوٹے کام سے ہی بڑے نتیجے پیدا ہوتے ہیں۔
كُلُّ حَبَّةٍ لَهَا كَيَّالٌ
ہر دانہ کو پیمانہ میں بھرنے والا ہے۔
حَبْلُکَ عَلٰی غَارِبِکَ
تیری رسی تیرے کندھے پر ہے۔ یعنی تو اپنے کام میں آزاد ہے۔
رُبَّ حَثِيْثٍ مَكِيْثٌ
بہت سے جلد باز لیٹ ہونے والے ہیں۔
مَا فِي الْحَجَرِ مَبْغًى
پتھر میں کوئی مطلوب چیز نہیں۔ پتھر میں دھرا ہی کیا ہے۔ قلت خیر کے لئے بولا جاتا ہے۔
اَلْمُحَاجَزَةُ قَبْلَ الْمُنَاجَزَةِ
آڑ میں آنا لڑائی سے پہلے ہونا چاہئے۔ محاجزة: دو چیزوں کے درمیان آ جانا۔ آڑ میں آ جانا۔ مناجزة: لڑائی کی سرعت یعنی شر میں پڑنے سے پہلے ہی باز رہو۔ اگر مقابلے کی طاقت نہ ہو تو بھاگنے میں عجلت کرو۔
اِنَّ الْحَدِيْدَ بِالْحَدِيْدِ يُفْلَحُ
لوہے کو لوہے سے ہی چیرا جاتا ہے۔ فلح: چیرنا۔ فلاح: کسان "لوہے کو لوہا کاٹتا ہے"۔
وَيُحْدَثُ مِنْ بَعْضِ الْاُمُوْرِ اُمُوْرٌ
باتوں سے باتیں پیدا ہوتی ہیں۔
حَدِّثْ عَنْ مَعْنٍ وَلَا حَرَجَ
معن سے روایت کر کوئی حرج نہیں۔
وسعت ظرفی والے کے لئے بولا جاتا ہے۔
حَدِّثْ عَنِ الْبَحْرِ وَلَا حَرَجَ
سمندر کی بات کر کوئی حرج نہیں۔
حَدِيْثُ خُرَافَةَ
خرافہ کی بات۔ خرافہ ایک شخص کا نام ہے جس کے متعلق خیال تھا کہ ایک مدت تک جن اس کے اوپر مسلط رہے۔ اس حالت میں جو کچھ وہ دیکھتا اپنی قوم سے بیان کرتا اور لوگ اس کی تکذیب کرتے اسی مناسبت سے ہر نا قابل فہم بات کو حدیث خرافہ کہنے لگے۔
اَلْحَدِيْثُ ذُوْ شُجُوْنٍ
بات مختلف شاخیں رکھتی ہیں۔ شجون جمع ہے شجن کی وہ راستہ جو کسی وادی سے یا وادی کے بالائی حصہ سے گزرتا ہو یا جمع شجن بمعنی شاخ یا ہر وہ چیز یا شاخ جو کسی دوسری شاخ میں لپٹی ہوئی ہو۔ ذو شجون شاخ در شاخ ہونے والی ہے ایک بات سے بھی شاخوں کی طرح بہت سی باتیں پھوٹتی ہیں اسی معنی میں عوام کا مقولہ ہے الحديث يجر بعضه بعضا: گفتگو کا ایک حصہ دوسرے حصے کو کھینچتا ہے۔
اَلْحَادِیْ وَلَيْسَ لَهٗ بَعِيْرٌ
اس ہانکنے والے کی طرح جس کے پاس اونٹ ہی نہ ہوں۔ الحدو: پیچھے سے ہانکنا۔ قود آگے سے کھینچنا۔ یہ مثل ایسے شخص کے لئے بولتے ہیں جو غیر مملوکہ چیز پر شیخی بگھارے یا غیر مستحق کی طرف [illegible] "حلوائی کی دکان نانا جی کی فاتحہ"۔

اَلحَذَرُ اَشَدُّ مِنَ الوَقِيعَةِ
ڈر واقعہ میں مبتلا ہونے سے زیادہ سخت ہے۔
اِنَّ الحذرَ لاَ يَدْفَعُ المَقْدُوْرَ
احتیاط تقدیر کو نہیں روک سکتی۔
اَحْذَرُ مِنْ قِرْلَى
قرلی پرندہ سے زیادہ ڈرنے والا۔
یہ پرندہ پانی اور فضا سے ڈرتے ڈرتے شکار پکڑتا ہے۔
اَحْذَرُ مِنْ غُرابٍ
کوّے سے زیادہ محتاط۔ کوّے سے زیادہ سیانا۔
اَحْذَرُ مِنْ ذِئْبٍ
بھیڑیئے سے زیادہ چالاک۔ عربوں کا خیال ہے کہ بھیڑیا اس قدر چالاک ہے کہ سوتے ہوئے بھی باری باری ایک آنکھ کھلی رکھتا ہے۔
كُلُّ الحِذاء يَحْتَوِى الحَافِي الوَقِعُ
دکھتے ہوئے اور ننگے پاؤں والا ہر قسم کا جوتا پہن لیتا ہے۔ وقع یوقع وقعا: ننگے پاؤں ہونا اور پتھر یا سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے پاؤں کے گوشت میں درد ہو جانا۔ وقع: وہ برہنہ پا جس کے پاؤں سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے دکھنے لگے ہوں۔ یہ مثل ایسے مصیبت زدہ کے لئے بولی جاتی ہے جو معمولی چیز پر قناعت کرے "بھوکے کو دو روٹی غنیمت ہیں"۔
اَلحُرُّ حُرٌّ وَ اِنْ مَسَّهُ الضُّرُّ
عزت دار عزت دار ہی ہوتا ہے اگرچہ اس کو تنگی ہو۔
حِرَّةٌ تَحتَ قِرَّةٍ
ٹھنڈک کے نیچے پیاس۔
اَحَرُّ مِنَ نَارِ الغَضَى
غضی لکڑی کی آگ سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنَ النَّارِ
آگ سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنَ مِرْجَلٍ
ہنڈیا سے زیادہ گرم۔
اَحَرُّ مِنْ دَمْعِ المِقْلاتِ
بچے کی سوگوار ماں کے آنسوؤں سے زیادہ گرم۔ مقلات: وہ عورت ہے جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ کہتے ہیں کہ غم کے آنسو گرم ہوتے ہیں اور خوشی کے آنسو ٹھنڈے ہوتے ہیں۔
اَلحَرْبُ خَدْعَةٌ
لڑائی دھوکہ ہے۔
اَلحَرْبُ سِجَالٌ
لڑائی میں ردعمل ہے۔
اَلحَرْبُ غَشُوْمٌ
لڑائی ظالم ہے۔
اَحْرَزَ اِمْرَأ اَجَلُهُ
آدمی کو اس کی موت نے ذخیرہ کر لیا۔ موت نے ڈھیر کر دیا۔ کہتے ہیں کہ یہ عرب کی سب سے سچی ضرب المثل ہے۔
اَحْرَسُ مِنْ كَلْبٍ
کتے سے زیادہ نگہبان۔
اَلحِرْصُ قَائِدُ الحِرمَانِ
لالچ محرومی کا پیش خیمہ ہے۔
اَلحَرِيْصُ مَحْرُوْمٌ
لالچی محروم رہتا ہے۔
اَحْرَصُ مِنْ نَمْلَةٍ
چیونٹی سے زیادہ لالچی۔
لَيْس الحَرِيْصُ بزائد فِي رِزْقِهِ
لالچی اپنا رزق زیادہ نہیں کر سکتا۔
اِنَّهُ لَيُحَرِّقُ عَلَى الْاُرَّمِ
وہ مجھ پر دانت پیستا ہے۔ ارم: ڈاڑھوں کو کہتے ہیں مطلب یہ کہ اس کا غیظ و غضب مجھ پر شدید ہے۔
حَرِّكْ لَهَا حُوارَها تَحِنُّ
اونٹنی کے بچے کو حرکت دے گا تو وہ پکارے گی۔ حوار۔ اونٹنی کا دودھ پیتا بچہ۔ فصیل: وہ بچہ جس کا دودھ چھوٹ گیا ہو حن: غم یا خوشی میں آواز نکالنا۔ مطلب یہ ہے کہ اس کو غم یاد دلاؤ تب وہ حرکت میں آئے گا۔
اَلحَرَكَةُ بَرَكَةٌ
حرکت میں برکت ہے۔
اَلحَزْمُ حِفظُ ماوُلِّيتَ وَتَرْكُ مَا كُفِيتَ
احتیاط قبضہ والی چیز کی حفاظت کرنا اور غیر ضروری چیز کو چھوڑنا ہے۔
اَلحَزْمُ ظَنٌّ بِالنَّاسِ
احتیاط لوگوں کے ساتھ بدگمانی کرنا ہے۔
اَحْزَمُ مِنَ الحِرْبَاءِ
گرگٹ سے زیادہ محتاط۔

لا یَحْزُنْکَ دَمٌ ھَرَاقَهٗ اَھْلُهٗ
اس خون پر تجھے رنج نہ ہونا چاہئے جو اس کے اہل ہی نے بہایا ہے۔
یَحْسِبُ الْمَطُوْرُ اَنَّ کُلًّا مُطِرَ
بارش میں بھیگا ہوا سمجھتا ہے کہ ہر شخص بارش میں بھیگا ہے۔
لاحَسَبَ کالتّواضُع
تواضع جیسی کوئی شرافت نہیں۔
حَسْبُکَ مِنْ غِنیً شَبْعٌ وَرَیٌّ
سیراب ہونا اور پیٹ بھرنا کافی مالداری ہے۔
یعنی قناعت کرو اور سخاوت کرو۔
حَسْبُکَ مِنْ شَرٍّ سِمَاعُهٗ
تجھے شر کو سن لینا ہی ہے۔
اَلْحَسَدُ مَطِیَّةُ التَّعَبِ
حسد تھکاوٹ کی سواری ہے۔
مَنْ حَسُنَ ظَنُّهٗ حَسُنَ عَیْشُهٗ
جس کا گمان نیک ہو گیا اس کی زندگی اچھی ہو گئی۔
حَسَنٌ فِی کُلِّ عَیْنٍ مَا تَوَدُّ
ہر آنکھ کی نظر میں وہی چیز اچھی ہے جس کو وہ محبوب رکھتی ہے۔
حُسْنُ الظَّنِّ وَرْطَةٌ
حسن ظن بھنور ہے۔ ورطہ بھنور اور ایسا معاملہ جس سے نجات مشکل ہے۔ ہلا کی مطلب یہ کہ لوگوں کے ساتھ حسن ظن ہی کی وجہ سے آدمی دھوکے کھاتا ہے۔ یہ مثال الحزم سوء الظن بالناس کے ہم معنی ہے۔
لِکُلِّ حُسْنٍ عَائِبٌ
ہر نیک میں عیب والی چیز بھی ہوتی ہے۔
اَلْحَسَنَةُ بَیْنَ السَّیِّئَتَیْنِ
نیکی دو برائیوں کے درمیان ہوتی ہے۔ یعنی درمیانی راہ نیکی ہے۔
اَحْسَنُ مِنَ الدُّنْیَا الْمُقْبِلَةِ
آنے والی دنیا سے زیادہ اچھا۔
اَحْسَنُ مِنَ النَّارِ
آگ سے زیادہ خوبصورت۔
اَحْسَنُ مِنَ الطَّاؤس
مور سے زیادہ خوبصورت۔
اَحْسَنُ مِنَ الْبَرَامِکَةِ
برمی وزراء کے زمانہ سے زیادہ خوبصورت۔

اَحْسَنُ مِنَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ
سورج اور چاند سے زیادہ خوبصورت۔
اَلْاِحْسَانُ یَقْطَعُ اللِّسَانَ
احسان زبان کو بند کرتا ہے۔
اُحْشُکَ وَتَرُوْثُنِی
میں تجھے گھاس کھلاتا ہوں اور تو مجھ پر گوبر گراتا ہے۔
اَحَشَفًا وَسُوْءَ کِیْلَةٍ
کھجور بھی ردی اور پیمانہ بھی کم۔ کیلة کیل: اسے اسم نوع ہے۔ حشف: ردی کھجور۔ یعنی نکما اور تھوڑا دو مکروہ خصلتوں کا جامع یا دو طرف سے ظلم کرنے والا۔
اَلْحَصَاةُ مِنَ الْجَبَلِ
کنکری بھی پہاڑ کا جزء ہے۔
کُلٌّ یَحْتَطِبُ فِی حَبْلِهٖ
ہر کوئی اپنی لکڑی میں رسیاں باندھتا ہے۔
کَحَاطِبِ لَیْلٍ
رات میں لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح۔
حَظٌّ فِی السَّحَابِ وَعَقْلٌ فِی التُّرَابِ
نصیبہ آسمان پر اور عقل مٹی میں۔
حَظٌّ جَزِیْلٌ بَیْنَ شَدْقَی ضَیْغَمٍ
بڑا حصہ شیر کی دو جبڑوں کے درمیان۔
بڑی منفعت مگر شدید خطرات کے درمیان۔
اِلَّاحَظِیَّةً فَلا اَلِیَّةً
صاحب نصیب نہیں تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ بن۔ حظیة خطوة سے مشتق ہے بمعنی مرتبہ۔ عزت اور الیة الو: بمعنی تقصیر سے ماخوذ ہے اس مثل کی اصل مقدر یہ ہے۔
اِنْ لَمْ تَکُوْنُوْا حَظِیَّةً وَلَا تَکُوْنِیْ اَلِیَّةً (مُقَصِّرَةً)
اگر تو معزز و صاحب رتبہ نہ ہو تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ ہو۔ اس عورت کے لئے کہا گیا ہے جو اپنے خاوند کو محبوب نہ ہو۔ اگر خاوند کی محبت میسر نہیں تو اپنی طرف سے خدمت و محبت میں کوتاہی نہ کر۔ مطلب یہ کہ لوگوں کی مدارات کر کے ان سے اپنا مطلب نکالو۔
مَنْ حَفَرَ حُفْرَةً وَقَعَ فِیْهَا
جو کوئی اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودے گا۔ اسی کی موت اس گڑھے میں ہوگی۔
مَنْ حَفَرَ حُفَیْرًا الْاَخِیْهِ کَانَ حَتْفُهٗ فیه

جس نے اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودا اس کی موت اس میں واقع ہوگی۔

تحفظ اخاک الا من نفسہ

اپنے بھائی کی حفاظت کرسکتا ہے مگر اس کی جان سے۔

یعنی لوگوں کے شر سے بچاسکتا ہے اس کو خودکشی سے نہیں بچاسکتا۔

خفظت شیئًا وَغابت عنک اشیاءُ

ایک چیز کو تو نے یاد کیا اور دیگر چیزیں تجھ سے غائب ہوگئیں۔

حافظ علی الصدیق ولو فی الحریق

دوست کی حفاظت کر خواہ آگ میں کود کر ہی ہو۔

اِحفظ ما فی الوعاء لشدّ الوکاء

جو کچھ برتن میں ہے اس کی حفاظت برتن کا منہ باندھ کر کرو۔ وکاء مشکیزہ کا سر بند۔

اَحفظُ مِنَ الارض

زمین سے زیادہ حفاظت کرنے والا۔

اَلحفیظُ تُحَلّلُ الاحقادُ

غیرت دشمنی کو ختم کردیتی ہے۔

یعنی قومی حمایت آدمی کو اپنے عزیز سے ہمدردی دلاتی ہے۔

عند الشّدائِدِ تذھبُ الاحقادُ

سختیوں کے وقت مصائب ختم ہوجاتے ہیں۔

حقٌ یَضُرُّ خیرٌ مِن باطلٍ یَسُرُّ

مضرت رساں حق مسرت رساں باطل سے بہتر ہے۔

اَلحقُّ خیرُ ما یُقالُ

کہنے کی چیزوں میں بہترین چیز حق بات ہے۔

اَلحقُّ اَبلَجُ وَالباطِلُ لَجلَجُ

حق روشن اور باطل گڑبڑ ہوتا ہے۔ ابلج: روشن۔ لجلج: ملتبس غیر واضح۔

ھٰذا حقُّ مَنزِلٍ بِتَرکِ

یہ مقام چھوٹتے کے مقامات میں سے اچھا ہے۔

اَحقَدُ مِن جَمَلٍ

اونٹ سے زیادہ کینہ والا۔

مَن حَقَرَ حرَم

جس نے حقیر سمجھا وہ محروم رہا۔

اَحقَرُ مِنَ التُّرابِ

خاک سے زیادہ حقیر۔

مَا حَکَّ جِلدَکَ مِثلُ ظُفرِکَ

تیری کھال کو تیرے اپنے ناخن کی طرح کوئی چیز نہ کھجلائے گی۔ یعنی تم اپنی ضرورت کو آپ اچھی طرح پوری کرسکتے ہو۔

اذا حَکَکتُ قَرحَۃً ادمَیتُھا

جب میں نے کسی زخم کو کھجایا تو اس سے خون نکال لیا۔ جب کسی مقصد کا ارادہ کیا تو اس کو انتہا تک پہنچادیا۔

تُحَکّکتِ العَقرَبُ بالافعیٰ

بچھو سانپ سے ٹکرایا۔ یعنی اپنے سے زیادہ طاقت ور سے ٹکرانا۔

اَحکمُ مِن لُقمان

لقمان سے زیادہ دانا۔

اَلحِکمۃُ ضالّۃُ المُؤمِنِ

دانائی مؤمن کی گم شدہ چیز ہے۔

اذا حلّتِ المقادیرِ بطَلَتِ التّدبیرُ

تقدیر اتر آئی تو تدبیریں بیکار ہوگئیں۔

اَحَلُّ مِن لَبَنِ الاُمّ

ماں کے منہ سے زیادہ حلال۔

حَلَبَ الدّھرَ اَشطُرَہ

اس نے زمانے کے تھنوں کو دوہا ہے۔ یہ قول کہ عرب حلب اشطر الناقۃ سے مستعار لیا گیا ہے۔ شطر وہ دو تھن جو ایک ساتھ دوہے جائیں۔ مطلب یہ ہے کہ اس نے زمانے کے دو شطروں کو آزمایا ہے یعنی خیر کو بھی اور شر کو بھی۔ زمانے کے سرد و گرم دیکھے ہیں۔

حَلَبتُھا بالسّاعِدِ الاَشَدِّ

میں نے اس کو طاقتور کلائی سے دوہا۔

اُحلُب حَلَبًا لکَ شَطرُہٗ

اچھی طرح دھولے تیرا بھی حصہ ہے۔

حَلُوبَۃٌ تُثمِلُ وَلا تُصَرِّحُ

ایسی دودھ دینے والی جو جھاگ والا دودھ دیتی ہے اور خالص نہیں دیتی۔

لَستَ مِن اَحلاسِھا

تو اس کے ساتھیوں میں سے نہیں ہے۔ احلاس: جانے پہچانے والے ساتھی۔ احلاس الخیل: سائیس، گھوڑوں کے خدمت گار۔

حلّقت بہٖ عَنقاءُ مُغرِبٌ

عنقاء مغرب نے اس کا احاطہ کرلیا ہے۔ ناپائیدار اور نامانوس چیز

کے لئے کہا جاتا ہے۔ مغرب انجانی چیز۔ مذکر و مؤنث مستعمل ہے۔ اور عنقاء مغرب صفت اور اضافت دونوں طرح سے استعمال کیا جاتا ہے۔

هُمْ كَالْحَلْقَةِ الْمُفْرَغَةِ لَا يُدْرٰى اَيْنَ طَرَفَاهَا

وہ ڈھلے ہوئے حلقے کی طرح ہیں معلوم نہیں کہ اس کے دونوں سرے کہاں ہیں؟

حِلْمِي اَصَمُّ وَاُذُنِيْ غَيْرُ صَمَّاءَ

میرا حلم بہرا اور میرے کان بہرے نہیں۔

اَحْلَمُ مِنَ الْاَحْنَفِ

احنف سے زیادہ حلیم۔

اَلْحَكِيْمُ مَطِيَّةُ الْجَهُوْلِ

بردبار جاہل کی سواری ہے۔

لَا تَكُنْ حُلْوًا فَتُسْتَرَطَ وَلَا مُرًّا فَتُعْقٰى

نہ میٹھا بن کہ نگل لیا جائے اور نہ کڑوا کہ اُگل دیا جائے۔

استراط: نگل جانا۔ اعقاء: تلخی کی وجہ سے اُگل دینا۔ یہی مفہوم اردو میں ضرب المثل کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ

شہد سے زیادہ شیریں۔

اَحْلٰى مِنْ نَيْلِ الْمَرَامِ

حصول مراد سے زیادہ شیریں۔

اَحْلٰى مِنْ حَيَاةٍ مُعَاوَدَةٍ

دوبارہ زندگی سے زیادہ میٹھا۔

اَلْحَمْدُ مَغْنَمٌ وَالْمَذَمَّةُ مَغْرَمٌ

تعریف حاصل ہونا غنیمت ہے اور مذمت ملنا تاوان ہے۔

كَانَ حِمَارًا فَاسْتَاتَنَ

وہ گدھا تھا گدھی بن گیا۔

یعنی طاقتور تھا کمزور ہو گیا۔

اَحْمَقُ مِنْ دُغَةَ

دغہ سے زیادہ احمق۔ دغہ ایک عورت تھی جس نے اپنے بچے متحرک تالو کو پھوڑا سمجھ کر چیرا اور دماغ کو پیپ سمجھ کر نکال دیا جب اس سے پوچھا گیا تو جواب دیا بچہ تکلیف کی وجہ سے روتا تھا اب آرام سے سو گیا۔

اَحْمَقُ مِنْ رِجْلَةٍ

رجلہ سے زیادہ احمق۔ رجلہ ایک گھٹیا ساگ ہے جو تیار کھیتوں کی بجائے سیلاب سے تباہ شدہ نالیوں میں اگتا ہے۔

اَحْمَقُ مِنْ عِجْلٍ

شر نبث سے زیادہ احمق۔ شر نبث کی حماقتیں مشہور ہیں۔ ایک دفعہ اس نے بدلی کے سائے کو علامت مقرر کر کے صحرا میں اپنا مال دفن کیا تھا۔ سایہ ہٹ گیا اور مال کی جگہ گم ہو گئی۔

اَحْمَقُ مِنْ نَعَامَةٍ

شتر مرغ سے زیادہ بے وقوف۔

اَحْمَقُ مِنْ هَبَنَّقَةَ

هَبَنَّقَه: سے بیوقوف۔ یہ شخص موٹی بکریوں کو خوب کھلاتا اور کمزور کو گھاس سے دور رکھتا۔

اَحْمَقُ مِنْ مَاضِحِ الْمَاءِ

پانی چبانے والے سے زیادہ احمق۔

اَحْمَقُ مِنَ الْقَابِضِ عَلَى الْمَاءِ

پانی کو پکڑنے والے سے زیادہ احمق۔

اَحْمَقُ مِنْ نَاطِحِ الْمَاءِ

پانی کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق۔

اَحْمَقُ مِنْ لَاطِمِ الْاَرْضِ بِخَدَّيْهِ

اپنے رخساروں سے زمین کو تھپڑ مارنے والے سے زیادہ احمق۔

اَحْمَقُ مِنْ نَاطِحِ الصَّخْرِ

چٹان کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق۔

يَحْمِلُ التَّمْرَ اِلَى الْبَصْرَةِ

بصرہ کی طرف کھجور لے جاتا ہے۔

لَا يُحَمِّلُ اللّٰهُ نَفْسًا غَيْرَ طَاقَتِهَا

اللہ تعالیٰ کسی جان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا۔

لَمْ يَحْمِلْ خَاتَمِيْ مِثْلُ خِنْصَرِيْ

میری کن انگلی کی طرح کسی نے میری انگوٹھی کو برداشت نہ کیا۔ اپنا کام آپ ہی سادھے سنوارے۔

اِنَّمَا يَحْمِلُ الْكَلَّ عَلٰى اَهْلِ الْفَضْلِ

بوجھ اہل فضل پر ہی ڈالا جاتا ہے۔ کل بوجھ یا ایسا شخص جو بار ہو۔

يَا حَامِلَ اُذْكُرْ حَلًّا

اے لادنے والے کھولنے کے وقت کو بھی یاد رکھنا۔

اَحْمَلُ مِنَ الْاَرْضِ

زمین سے زیادہ بوجھ برداشت کرنے والے۔

خُوصٌ فُجَاشٌ مِنْ رِجْلَةٍ

وہ گرم ہوا اور اس کی ہانڈی جوش مارنے لگی۔

يَحْمِيَ جَوَابَهُ نَقِيقُ الضِّفْدَعِ

مینڈک کی ٹرٹراس کے تالابوں کی حفاظت کرتی ہے۔

رُبَّ حَامٍ لِاَنْفِهِ وَهُوَ جَادِعُهُ

بہت سے اپنی ناک بچاتے ہیں مگر اصل وہ اس کو کاٹنے والے ہوتے ہیں۔

حِمَاكَ اَحْمٰى لَكَ

اپنا گھیر ہی تیرا زیادہ محافظ ہے۔

اَحْمٰى مِنْ اَنْفِ الْاَسَدِ

ٹڈی کو پناہ دینے والے سے زیادہ محافظ

حَانِيَةٌ مُخْتَضِبَةٌ

مہربان خضاب لگانے والی عورت۔

اَلْحَاجَةُ تَفْتُقُ الْحِيلَةَ

ضرورت حیلہ کو پیدا کرتی ہے۔

حَالَ الْجَرِيضُ دُوْنَ الْقَرِيضِ

غم شعر کے آگے حائل ہوگیا۔ یعنی خوشی کے دن غمی آگئی۔

حَالَ الْاَجَلُ دُوْنَ الْاَمَلِ

امید کے ورے موت حائل ہوگئی۔ یہ پہلی مثل کے قریب قریب ہی ہے۔

اِنْ حَالَتِ الْقَوْسُ فَسَهْمِي صَائِبٌ

اگر میری کمان ٹیڑھی ہے مگر میرا تیر نشانہ پر لگتا ہے۔

رُبَّ حَالٍ اَفْصَحُ مِنْ لِسَانٍ

بہت مرتبہ حال زبان سے زیادہ فصیح ہوتا ہے۔

اَحْوَلُ مِنْ اَبِي قَلَمُوْنَ

ابوقلمون (کپڑا) سے زیادہ بدلنے والا۔

اَحْوَلُ مِنْ اَبِي بَرَاقِشَ

ابی براقش (پرندے) سے زیادہ رنگ بدلنے والا۔

اَلْحَاوِي لَا يَنْجُو مِنَ الْحَيَّاتِ

سانپوں کے منتر والا سانپوں سے نجات نہیں پاتا۔

اَحْيَرُ مِنْ ضَبٍّ

گوہ سے زیادہ متحیر۔ جو اپنے بل سے نکل کر واپسی کا راستہ بھول جاتی ہے۔

حِيلَةٌ لَا حِيلَةَ لَهُ الصَّبْرُ

جس شخص کے لئے کوئی حیلہ نہ رہے اس کے لئے حیلہ صبر

مصیبت کی کوئی تدبیر نہ ہو تو کم از کم صبر تو کیا جا سکتا ہے۔

مَا حِيلَةُ الرَّامِي اِذَا انْقَطَعَ الْوَتَرُ

جب تانت ہی ٹوٹ جائے تو تیرانداز کیا کرے۔

اِذَا حَانَ الْقَضَاءُ ضَاقَ الْفَضَاءُ

جب قضا (موت) آئے تو فضا تنگ ہوجاتی ہے۔

لَا تُحْيِ الْبَيْضَ وَتَقْتُلِ الْفِرَاخَ

چوزہ کو قتل کر کے انڈا کو باقی مت رکھ۔

یعنی بڑی چیز کو ضائع نہ کر۔

حَيَّاكَ مَنْ خَلَا فُوْهُ

تجھے خالی منہ والے نے سلام کیا ہے۔

لَا حَيٌّ فَيُرْجٰى وَلَا مَيِّتٌ فَيُنْسٰى

نہ زندہ ہے جس سے امید کی جائے اور نہ مردہ جس کو بھلا دیا جائے، ناکارہ۔

اَحْيَا مِنْ فَتَاةٍ

نوجوان عورت سے زیادہ باحیا۔

اَحْيَا مِنْ مُخَدَّرَةٍ

پردہ نشین عورت سے زیادہ حیادار۔

اَحْيَا مِنْ هَدِيٍّ

دلہن سے زیادہ باحیا۔

اَحْيَا مِنْ ضَبٍّ

گوہ سے زیادہ زندگی والا۔

اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ

حیاء ایمان کا حصہ ہے۔

خ

اِمَّا خَبَّتْ وَاِمَّا بَرَكَتْ

یا تیزی دوڑی یا بیٹھ ہی گئی۔ الخبب: تیز دوڑنا یا خیر کی انتہا یا شر کی انتہا۔

اَخْبَرْتُهُ بِعُجَرِي وَبُجَرِي

میں نے اس کو اپنے تمام رازوں کی خبر دے دی۔ عجر: پیچ در پیچ رگیں۔

تُخْبِرُ عَنْ مَجْهُولِهِ مَرْاٰتُهُ

اس کا ظاہر منظر ان جانے کی خبر دے رہا ہے۔ ظاہر باطن کی شہادت

يُخبِرُكَ اَدْنى الاَرْضِ عَنْ اَقْصَاهَا

زمین کا ابتدائی حصہ اس کے انتہائی حصہ کی خبر دے رہا ہے۔

لَيسَ الخَبَرُ كَالمُعَايَنَةِ

خبر آنکھوں کے دیکھے کی طرح نہیں۔

عَلَى الخَبِيْرِ سَقَطْتُ

جاننے والے کے پاس پہنچے ہو۔

يَخبِطُ خَبطَ عَشْواء

اندھی اونٹنی کی طرح روندرہا ہے۔عشواء: کمزور نظر اونٹنی جو ہر چیز کو روندڈالتی ہے۔اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو بے سوچے سمجھے کسی کام میں پڑ جائے یا کسی کام کی ذمہ داری لے اور اس کے انجام کا انتظام نہ کرے۔

اَخبَطُ مِنْ حَاطِبِ اللَّيلِ

رات کو لکڑیاں جمع کرنے والے سے زیادہ گڑبڑ کرنے والا۔ ضروری اور غیر ضروری اشیاء کو جمع کرنے والا۔

اَختَلُ مِنَ الذئب

بھیڑیے سے زیادہ دھوکے باز۔ختل: دھوکہ دینا۔

مَنْ خَدَمَ الرِّجَالَ خُدِمَ

جس نے لوگوں کی خدمت کی اس کی خدمت کی گئی۔

اَلْخَاذِلُ اَخُو الْقَاتِلِ

رسوا کرنے والا قاتل کا بھائی ہے۔

تُخْرِجُ الْمِقْدَحَةُ مَا فِي قَعْرِ الْبُرْمَةِ

چمچہ وہ نکالتا ہے جو ہنڈیا کے پیندے میں ہوتا ہے۔

قَدْ يخرج من الصدف غير الدر

کبھی سیپ سے موتی کے سوا کچھ اور بھی نکل آتا ہے۔

لاَ تَخْرُجُ النَّفْسُ مِنَ الاَمَلِ حَتّٰى تَدْخُلَ فِي الْاَجَلِ

نفس امیدوں کے پھندے سے نہیں نکلتا جب تک موت کی حد میں نہ داخل ہو جائے۔

دُوْنَهُ خَرْطُ الْقَتَادِ

اس سے آسان تو قتاد کے کانٹوں کو سونتنا ہے۔خرط: یعنی سخت مشکل ہاتھ سے پتے سونتنا۔قتاد ایک خاردار درخت ہے۔

اَلْخَرُوْفُ يَتَقَلَّبُ عَلَى الصُّوفِ

بھیڑ کا بچہ اون پر کروٹیں لیتا ہے۔

اَخْرَقُ مِنْ فَاكِشَةِ الْغَزْلِ

سوت توڑنے والی سے زیادہ احمق۔

خَرْقَاءُ ذَاتُ نِيْقَةٍ

پھوہڑ چتر سگھڑ بننے والی (خرقاء وہ عورت جو کام کو اچھی طرح کر نہیں سکتی ہے)۔پھوہڑ چتر سگھڑ بننے والی۔

خَرْقَاءُ عَيَّابَةٌ

پھوہڑ عیب نکالنے والی خود نہیں جانتی مگر دوسروں کے کام میں عیب نکالتی ہے۔

اَخْرَ مِنَ الْقَابِضِ عَلَى الْمَاءِ

مٹھی سے پانی پکڑنے والے سے زیادہ نقصان اٹھانے والا۔

مَنْ خَشِيَ الذِّئْبَ اَعَدَّ كَلْبًا

جو شخص بھیڑیے سے ڈرے اس کو کتا تیار کرنا چاہئے۔جو بھیڑیے کا شکار کر سکے۔دشمنوں کے لئے تیاری کرنے کی ترغیب۔

لاَ تُخَاصِمْ مَنْ اِذَا قَالَ فَعَلَ

اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کہے تو کر گزرے۔

اِيَّاكُمْ وَخَضْرَاءَ الدِّمَنِ

کوڑی پر اگی ہوئی سبزی سے بچو۔

الخطأ زاد العجول: (خطا جلد بازی کی راہ ہے)

زادراہ کی طرح غلطیاں ساتھ لے کر چلنا۔

مع الخواطي ء سهمٌ صائبٌ

خطا کرنے والے تیروں کے ساتھ نشانہ پر بیٹھنے والا تیر بھی ہوتا ہے۔ایسا اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بہت مرتبہ غلطی کرنے کے بعد ایک مرتبہ ٹھیک کام کر جائے۔خواطی: وہ تیر جو نشانہ سے خطا کریں۔

مِنَ الْحَسْنَاءِ يُعْطِي مَهْرَهَا

جو کسی حسینہ کو منگنی کا پیغام بھیجے گا اس کا مہر بھی ادا کرے گا۔

اَخْطَبُ مِنْ سَحْبَانِ وَائِلٍ

سحبان ابن وائل سے زیادہ خطیب۔سحبان قبیلۂ باہلہ کا نہایت ماہر فصیح و بلیغ شاعر اور خطیب تھا۔

لِكُلِّ سُؤَالٍ جواب

ہر سوال کا جواب ہے۔

ليس المخاطر ومحموداً ولو سَلِيمًا

خطرہ میں کود پڑنے والا قابل تعریف نہیں ہوتا اگرچہ سلامت ہو۔

خفت يعامَتُهُمْ

ان کا شتر مرغ اور جلد کوچ کر گیا۔

[illegible] يقامك

ہلکا پھلکا کھاؤ تا کہ بیماریوں سے محفوظ رہو۔

اَخف حطمًا من عصفورٍ

چڑیا سے بھی زیادہ جلد طیش میں آجانے والا۔ عقل کی کمی اور طیش کے لئے چڑیا کی مثال دی جاتی ہے۔ چڑا ہوتا بھی غضبناک ہے۔

اَخفُّ مِنْ یَرَاعَةٍ

نرسل سے زیادہ ہلکا۔ براعة: نرکل۔ نئے۔

اَخفُّ مِنْ رِیْشَةٍ

پر سے زیادہ ہلکا۔

اخف من النسیم

بادنسیم سے زیادہ ہلکا۔

اَخفُّ مِنَ الْھَباء

غبار سے زیادہ ہلکا۔

وَھَلْ یَخفٰی عَلَی النَّاسِ الْقَمَرُ

کیا لوگوں پر چاند بھی مخفی رہتا ہے۔ ایسے معاملے یا خوبی کے لئے کہا جاتا ہے جو چھپ نہ سکے۔

مَا عِنْدَہٗ خِلٌ وَلاَ خَمَرٌ

نہ اس کے پاس سرکہ ہے نہ شراب۔ یعنی خیر ہے نہ شر۔

مَا اَنْتَ بِخِلٍّ وَلاَ خَمَرٌ

تیرے پاس تو سرکہ ہے نہ شراب۔

اَلخَلاءُ تَدعُوا اِلَی السَّلَّةِ

تفرچوری کی طرف بلاتا ہے۔

تَصَلَّصَتْ قَایَبَةٌ مِنْ قُوْبٍ

انڈہ چوزے سے نجات پا چکا ہے یعنی اپنی ذمہ داری سے آدمی نکل چکا ہے۔

اِختَلَطَ الْمَرْعَی بِالْجَمَلِ

چڑیا ہوا اور اونٹ مخلوط ہو گئے۔

اِختَلَطَ الْھَابِلُ بِالْقَابِلِ

جال والا تیر والے کے ساتھ مخلوط ہو گیا یعنی معاملہ بگڑ گیا۔

اِختَلَطَ الْخَاثِرُ بِالزُّبَادِ

گاڑھا دودھ خراب دودھ کے ساتھ مل گیا۔ یہ مثلیں ایسے لوگوں کے لئے دی جاتی ہیں جن کا معاملہ گڑبڑ میں پڑ جائے۔

خَالِفْ نَفْسَکَ تَسْتَرِحْ

اپنے نفس کی مخالفت کرو تا کہ راحت پاؤ۔

خَالِفْ ھَوَاکَ تَرْشُدْ

اپنی خواہش کے خلاف کرو تا کہ ہدایت پاؤ۔

خَالِفْ تُذْکَرْ

مخالف کرو تا کہ زیادہ ذکر کیا جائے۔

اَخْلَفُ مِنْ عُرْقُوبٍ

عرقوب سے زیادہ وعدہ خلاف۔

اَخْلَفُ مِنْ نَارِ الْحُبَاحِبِ

جگنو کی آگ سے زیادہ وعدہ خلاف جو نہ سلگتی ہے اور نہ روشنی دیتی ہے۔

خلقَ اللّٰہُ لِلْحُرُوبِ رِجَالاً

اللہ تعالیٰ نے لڑائی کے لئے اور ہی مرد پیدا کئے ہیں۔

خَلاَلَکَ الجَوُّ فَبِیْضِی وَاصْفِرِی

تیرے لئے میدان خالی ہو گیا۔ اب انڈے دے اور چہچہا۔

لاَ یَخلُوا المرءُ مِنْ وَدُوْدٍ یُمْدَحُ وَعَدُوٍّ یَقْدَحُ

کوئی شخص بھی ایسا نہیں جو کسی تعریف کرنے والے دوست اور برائی کرنے والے دشمن سے خالی ہو۔

خَلِّ مَنْ قَلَّ خَیْرُہٗ لَکَ فِی النَّاسِ غَیْرُہٗ

اس شخص کو چھوڑ جس میں بھلائی کم ہو یا نہ ہو لوگوں میں تجھے اس کے علاوہ مل جائیں گے۔

خَلِّ الْحِسَابَ لِیَوْمِ الْحِسَابِ

حساب کو روز حساب کے لئے چھوڑ دو۔

خلاءٌ وکَ اَفْنٰی لِحیائک

تنہائی تیری حیا کی زیادہ محافظ ہے۔

مَنْ لاَ یَخافُ احدًا لا تَخافُہٗ احدٌ

جو کسی سے نہیں ڈرتا اس سے کوئی نہیں ڈرتا۔

مَنْ خَانَ ھَانَ

جس نے خیانت کی ذلیل ہوا۔

بارُبَّما خَانَ النَّصِیْحُ الْمُوتَمَنُ

کبھی امانت دار خیرخواہ بھی خیانت کر جاتا ہے۔

اَخیَبُ من قابض علی الماءِ

پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے سے زیادہ ناکام۔

اَخْیَبُ مِن حُنَیْنٍ

حنین سے زیادہ ناکام۔

لاَ خْتَرَتْ

اگر [illegible] اختیار کر لیتی۔

خَیرُ الامُور اَوْسَاطُہا

معاملات میں میانہ روی بہترین چیز ہے۔

خَیرُ الامُور اَحمَدُھا مَغَبَّۃً

بہترین کام وہ ہے جس کی انجام میں تعریف کی جائے۔

خَیرُ اناءَ یُکَ تکفِیئن

تو نے اپنے بہترین کو الٹ رہی ہے یعنی مستحق محروم اور غیر مستحق فیضیاب ہو رہے ہیں۔

کَفاءُ الاِنَاء

برتن کو اوندھا کرنا۔

خَیرُ اَھلِکَ مَنْ کَفاکَ

تیرا بہترین رشتہ دار وہ ہے جو تیرے لئے کافی ہو جائے۔

خَیرُ البُیُوع نَاجِزٌ بِنَاجِزٍ

بہترین خرید و فروخت نقد ہے۔

خَیرُ حَالِبَیکَ تَنطَحِینَا

اپنے بہترین دوہنے والے کو سینگ مارتی ہے۔ایک بکری کو دو آدمی دوہتے تھے۔نرمی سے دوہنے والے کو وہ سینگ مارتی تھی اور دوسرے کو وہ کچھ نہیں کہتی تھی۔یہ مثل ایسے شخص کے لئے استعمال کی جاتی ہے جو اپنے خوش معاملہ لوگوں سے برائی کرے۔

خَیرُ الخِلال حِفظُ اللِّسَانِ

بہترین خصلت زبان کی حفاظت کرنا ہے۔

خَیرُ سِلاَحِ الْمَرءِ مَا وَقَّاہُ

آدمی کا بہترین ہتھیار وہ ہے جو اس کو بچائے۔یعنی جو بھی وقت پر کام کر جائے۔

خَیرُ الاَصْحاب مَنْ دَلَّکَ عَلَی الْخَیرِ

بہترین ساتھی وہ ہے جو تیری خیر کی طرف رہنمائی کرے۔

خَیرُ عَفوٍ مَا کَانَ عِندَ القُدرَۃِ

بہترین معافی وہ ہے جو قدرت حاصل کرنے کے وقت دی جائے۔

خَیرُ الْعِلمِ مَا حَضَرکَ

بہتر علم وہ ہے جو ضرورت کے وقت کام آئے۔

خَیرُ الغِنیٰ القُنُوع

بہترین مال داری قناعت ہے۔

خَیرُ الکَلام مَا قَلَّ وَدَلَّ

بہترین کلام وہ ہے جو مختصر اور مراد کو ظاہر کرنے والا ہو۔

خَیرُ المَالِ مَا نَفَعَ

بہترین مال وہ ہے جو نفع پہنچائے۔

خَیرٌ مِنَ الْخَیرِ فَاعِلُہٗ

اچھوں میں اچھا وہ ہے جو کام کرے۔

خَیرُ النَّاسِ مَنْ فَرِحَ لِلنَّاسِ بِالْخَیرِ

بہترین وہ ہے جو لوگوں کی بھلائی سے خوش ہو۔

خَیرُ الوعظ مَا رَدَع

بہترین وعظ وہ جو برائی سے ہٹائے۔

اَلْخَیرُ اَبْقیٰ وَاِن طَالَ الزَّمَانُ بِہٖ

بہترین علم وہ ہے جو وقت پر حاضر کر سکے۔

اِنَّ خَیرَ الْفقہ مَا حضرت بہ

بہترین علم وہ ہے جو تو وقت پر حاضر کر سکے۔

لاَ خَیرَ فِی اَرَبِ الْقَاکَ فِی لَھَبٍ

اس مقصد میں کوئی خیر نہیں جو تجھے شعاعوں میں ڈال دے۔

لاَخَیرَ فِی السَّرَفِ وَلاَ سَرَفَ فِی الْخَیرِ

اسراف میں کوئی بھلائی نہیں اور بھلائی میں اسراف نہیں۔

لاَ خَیرَ فِی وُدِّیکُونُ بِشَافِعٍ

ایسی محبت میں کوئی بھلائی نہیں جو کسی سفارش کرنے والے کا ذریعہ ہو۔

اَلْخَیلُ تَجرِی عَلیٰ مساویھا

گھوڑا اپنے عیبوں کے باوجود چلتا ہے۔یعنی شریف آدمی تنگی کے باوجود سخاوت کرتا ہے۔

الخیل اَعْلَمُ بِفُرسَانِھا

گھوڑے اپنے سواروں کو خوب جانتے ہیں۔مطلب یہ کہ معاملہ شناس آدمی کو اختیار کرو۔

اَخْیَلُ مِن غُرَابٍ

کوے سے زیادہ اترانے والا۔کوا بڑے انداز سے چلتا ہے۔

اَخیل مِنْ دِیکٍ

مرغ سے زیادہ ناز دکھانے والا۔

د

دَاْمَاء لاَ یَقْطَعُ بِالاَمَارَتِ

سمندر لکڑیوں کے بیڑہ سے طے نہیں۔

اَدْبَرَ غَرِیرُہٗ وَاَقْبَلَ ہَرِیرُہٗ

اس کی اچھی عادت نے پیٹھ پھیر لی اور بدخلقی سامنے آ گئی۔

اَلتَّدبِیر نِصْفُ الْمَعِیْشَةِ
تدبیر آدمی روزی ہے۔

کَدَابِغَةٍ وَقَدْ حَلِمَ الْاَدِیْمُ
کھال رنگنے والے کی طرح جب کہ کھال فاسد ہو چکی ہو۔

حَلِمَ الجِلْدُ
کھال خراب ہو گئی اور اس میں کیڑے پڑ کر سوراخ ہو گئے۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو کسی معاملے کی اصلاح کی اس وقت کوشش کرے جب وہ فساد کی وجہ سے نا قابل اصلاح ہو چکا ہو۔

دَخَل فُضُولی نَارً فَقَال حَطَب رَطَبٌ
فضولی خواہ مخواہ دخل دینے والا۔ آگ میں گھس گیا اور کہنے لگا کہ ایندھن گیلا ہے۔

یُدْخِلُ شَعْبَانُ فِی رَمَضَانَ
شعبان کو رمضان میں داخل کر رہا ہے۔ یعنی بے سر و پا باتیں کرتا ہے۔

لاتَدْخُلَ بَیْنَ الْبَصَلة وَقِشْرِها
پیاز اور اس کے چھلکے کے درمیان مت گھسو۔

لاتَدْخُلَنَّ بَیْنَ الْعَصَا وَلِحَائِها
ڈنڈے اور اس کی چھال کے درمیان ہرگز داخل نہ ہو۔

لِکُلِّ دَرٍّ حَالِبٌ
ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا بھی ہے۔

اَدِرَّها وَاِنْ اَبَتْ
اس کو دودھ لو خواہ وہ انکار کرے۔ یہ مقولہ اس اونٹنی کے لئے کہا جاتا ہے جو میانہ باندھے بغیر دودھ نہ دوہنے دے۔ یعنی ضرورت یا بھلائی کو با اصرار حاصل کرو۔

دَرْءُ المَفَاسِدِ اَوْلٰی مِن جَلْبِ النِّعَم
مفاسد کو دفع کرنا نعمتیں حاصل کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔

یَدْرُجُ فِی کُلِّ وَکْرٍ
ہر گھونسلے میں گھس جاتا ہے۔

اَلدَّرَاهِمُ مَرَاهِمُ
روپے مرہم کا کام کرتے ہیں۔

اَلدَّرَاهِمُ اَرْوَاحٌ تَسِیْلُ
روپے بہتی ہوئی روحیں ہیں۔

مَنْ لَمْ یُدَارِ لِمُشْطِ یَنْتِفْ لِحیَتَهُ
جو شخص کنگھی سے نرمی نہ برتے گا وہ اپنی ہی داڑھی کے بال

اُکھاڑے گا)۔

لاَیُدْعیٰ لِلْحُلٰی اِلاَّ اَخُوهَا
بڑے معاملے کے لئے اس کا ماہر ہی بلایا جاتا ہے۔

اُدْعُ اِلٰی طِعَانِکَ مَنْ تَدْعُوهُ اِلٰی جِفَانِکَ
اپنی نیزہ بازی کے لئے اسی کو بلاؤ جس کو اپنے پیالے پر دعوت دیتے ہو۔

اِدْفَع الشَّرَّ بِعُودٍ اَوْ عَمُودٍ
شر کو دفع کرو خواہ لکڑی سے یا لوہے کی سلاخ سے۔

اَدَقُّ مِن الهَبَاء
غبار سے زیادہ باریک۔

اَدَقُّ مِنَ الْکُحْلِ
سرمے سے زیادہ باریک۔

اَدَقُّ مِنَ الدَّقِیْقِ
آٹے سے زیادہ باریک۔

اَدَقُّ مِنْ حَدِّ السَّیْفِ
تلوار کی دھار سے زیادہ باریک۔

دَلَّ عَلٰی عَاقِلٍ اِخْتَارَهُ
عقلندی کا انتخاب عقلندی کو ظاہر کر دیتا ہے۔

اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِه
نیکی بتانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے۔

دَلِیْلُ عَقْلِ الْمَرْءِ فِعْلُهِ وَدَلِیْلُ عِلْمِهٖ قَوْلُهُ
آدمی کی عقل کی دلیل اس کا عمل ہے اور اس کے علم کی دلیل اس کا قول ہے۔

لَیْسَ الدَّلْوُ اِلاَّ بالرِّشَاء
ڈول رسی کے بغیر کچھ نہیں۔ ڈول رسی کے بغیر بے کار رہتا ہے۔ اسی طرح آدمی کو قوت و ہمت اپنے رشتہ داروں ہی سے ہوتی ہے۔

دَمِّثْ لِجَنْبِکَ قَبْلَ النَّوْمِ مُضْطَجِعًا
لیٹ کر سونے سے پہلے اپنے پہلو کے لئے بستر نرم کر لو۔ تدمیث: نرم کرنا مطلب یہ ہے کہ حادثات کے نازل ہونے سے پہلے ہی تیار رہو۔

دَمْعَةٌ مِن عَوْراء غَنِیْمَةٌ بَارِدَةٌ
اندھی کی آنکھ سے ایک آنسو بھی غنیمت ہے۔

اَدْنَاءُ مِنَ الشَّسعِ
تسمے سے زیادہ حقیر

كُلُّ دَنِيِّ دُوْنَهٗ دَنِيٌّ

ہر قریب سے درے کوئی قریب موجود ہوتا ہے۔

اَدْنٰى مِنْ حَبْلِ الْوَرِيْدِ

شہ رگ سے زیادہ قریب۔ حبل الورید۔ رگ گلو (شہ رگ)۔

دُنْيَاکَ مَا اَنْتَ فِيْهِ

تیری دُنیا تو وہی ہے جس میں تو موجود ہے۔

اَلدَّهْرُ يَوْمَانِ يَوْمٌ لَکَ وَيَوْمٌ عَلَيْکَ

زمانہ کے دو دن ہیں۔ ایک دن تیرے نفع کا ہے اور دوسرا تیرے ضرر کا۔

لِكُلِّ دَهْرٍ الرِّجَالٌ

ہر زمانہ کے لئے آدمی ہوتے ہیں۔

مَا الدَّهْرُ اِلَّا هٰكَذَا فَاصْبِرْ لَهٗ

زمانہ ایسا ہی ہے لہٰذا صبر کرو۔

يُدْهِنُ مِنْ قَارُوْرَةٍ فَارِغَةٍ

خالی شیشی سے تیل مل رہا ہے۔ یعنی وعدوں سے ہی خوش کرتا ہے۔

بِهٖ دَاءُ ظَبْيٍ

اس کو ہرن کی بیماری ہے۔ عرب کا خیال تھا کہ ہرن کبھی بیمار نہیں ہوتا۔

لِكُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ

ہر مرض کی دوا ہوتی ہے۔

بَيْنَهُمْ دَاءُ الضَّرَائِرِ

ان کے درمیان سوکنوں (حسد) کی بیماری ہے۔

دَوَاءُ الدَّهْرِ الصَّبْرُ عَلَيْهِ

زمانہ کی سختیوں کا علاج صبر کرنا ہے۔

ان دواء الشَقِ ان تحُوصَه

پھٹنے کی دوا ٹانکنا ہے۔

نعم الدواء لشق ان تحف

بہترین دوا پرہیز ہے۔

اَنَا دُوْنَ هٰذَا وَفَوْقَ مَا فِيْ نَفْسِکَ

میں اس سے تو کم ہوں مگر تیرے دل کی بات سے اوپر ہوں۔

كَمَا تَدِيْنُ تُدَانُ

جیسا بدلہ دو گے ایسا ہی بدلہ دیا جائے گا۔

اَلدِّيْنُ النَّصِيْحَةُ

دین خیر خواہی کا نام ہے۔ نصح: کے معنی ... نصیحت کے معنی ہیں لوگوں کو باہم نزدیک کرنا اور ان کو جدا کرنے والی چیزوں سے دور کرنا۔

اَلدِّيْنُ مِيْسَمُ الْكِرَامِ

مکافات و جزا شریفوں کی علامت ہے۔

ذ

ذِئْبٌ اِسْتَنْعَجَ

بھیڑیا بھیڑ بن گیا۔

اَلذِّئْبُ خَالِيًا اَسَدٌ

بھیڑیا خالی میدان میں شیر ہوتا ہے۔

مَنْ لَمْ يَكُنْ ذِئْبًا اَكَلَتْهُ الذِّئَابُ

جو بھیڑیا نہ بنے گا اس کو بھیڑیے کھا جائیں گے۔

مَا الذُّبَابُ وَمَا مَرَقَتُهٗ

کیا مکھی اور کیا اس کا شوربا۔ "کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا"۔

اَلذِّبَّانُ يَعْرِفُ وَجْهَ اللَّبَّانِ

مکھیاں دودھ والے کے چہرے کو پہچانتی ہیں۔

ذَخَائِرُ الرِّجَالِ اَوْلٰى مِنْ اِدِّخَارِ الْمَالِ

آدمیوں کا ذخیرہ کرنا مال کے ذخیرہ کرنے سے بہتر ہے۔ نیکی اور احسان سے آدمیوں کا ذخیرہ کرو۔ کوشش میں سستی نہ کرو۔

ذُقْهُ تَغْبِطْ

چکھ کر دیکھ تو غبطہ کرے گا۔

ذَكَّرْتَنِي الطَّعْنَ وَكُنْتُ نَاسِيًا

تو نے مجھے نیزہ یاد دلایا بلکہ میں بھولا ہوا تھا۔

اُذْكُرِ النِّعْمَةَ الْقَدِيْمَةَ عَلَيْکَ وَاَنْسَ النِّعْمَةَ الْجَدِيْدَةَ لَکَ

اپنے اوپر پرانی نعمت کو یاد رکھو اور اپنے لئے نئی نعمت کو بھول جاؤ یعنی پرانی نعمتوں پر شکر کرو اور نئی آسائش کی حرص نہ کرو۔

اُذْكُرْ مَعَ كُلِّ نِعْمَةٍ زَوَالَهَا

ہر نعمت کے ساتھ اس کے زوال کو بھی یاد کرو۔

اُذْكُرْ غَائِبًا يَقْتَرِبْ

غائب کا ذکر کرو قریب ہو جائے گا۔

وَكُنْ ذَكُوْرًا اِذَا كُنْتَ كَذُوْبًا

جھوٹا بنے تو یاد بھی رکھ۔

ذَلَّ مَنْ لَا سَيْفَ لَهٗ

... تلوار نہیں وہ ذلیل ہو گیا۔

لَقَدْ ذَلَّ مَنْ بَالَتْ عَلَیْهِ الثَّعَالِبُ
وہ ذلیل ہو گیا جس پر لومڑیاں موت گئیں۔ یعنی بت کی پوجا ذلت والی ہے۔

ذَلٌّ لَوْاَجِدُ نَاصِرًا
بڑی ذلت ہے اگر مجھے مددگار مل جائے اس مہم کی مدد جستجو کو ذلت سمجھتا ہوں۔

اَذَلُّ مِنْ بیضۃ البَلَدِ
شترمرغ کے چھوڑے ہوئے انڈے سے زیادہ ذلیل۔

اَذَلُّ مِنَ النَّقَدِ
حقیر بکری سے زیادہ ذلیل۔

اَذَلُّ مِنْ وَتَدٍ
میخ سے زیادہ ذلیل۔ کیوں کہ میخ کو ہمیشہ ٹھوکا پیٹا جاتا ہے۔

اَذَلُّ مِنَ النَّعْلِ
جوتے سے زیادہ ذلیل۔

اَذَلُّ مِنَ الشِّسْعِ
تسمہ سے زیادہ ذلیل۔

اَذَلُّ مِنَ البَاسِطِ
سب سے زیادہ ذلیل وہ ہے جو کمینہ سے معذرت طلب کرے۔

اَذَلُّ النَّاسِ مُعْتَذِرٌ اِلٰی لَئِیْمٍ
سب سے زیادہ ذلیل وہ ہے جو کمینہ سے معذرت طلب کرے۔

اِنَّ الذَّلِیْلَ الَّذِی لَیْسَتْ لَهُ عَضُدٌ
ذلیل وہ ہے جس کا بازو نہ ہو۔ مددگار نہ ہو۔

اِنَّ الذَّلِیْلَ مَنْ ذَلَّ فِی سُلْطَانِهٖ
درحقیقت ذلیل وہ ہے جو اپنے اقتدار کی جگہ بھی ذلیل ہو جائے۔

لَا ذَنْبَ لِی قَدْ قُلْتُ لِلقَوْمِ اسْتَقُوْا
میرا کوئی گناہ نہیں۔ میں نے قوم سے کہہ دیا کہ پانی لے لو۔

مَا ذَنْبِی یَدَاکَ اَوْ کَتَاوَفُوکَ نَفَخَ
میرا کوئی قصور نہیں تیرے ہاتھوں نے اس کا منہ باندھا ہے اور تیرے منہ کے پھینک بھری ہے۔ مشکیزے میں کم پھونک بھرنے کی وجہ سے دریا میں ڈوبنے والے کے لئے مثال ہے۔

ذَهَبَ امس بِمَافِیْهِ
کل اپنے حالات کے ساتھ گزر چکی۔

ذَهَبَ الحِمَارُ یَطْلُبُ قَرْنَیْنِ فَعَادَ مَصْلُوْمَ الْاُذُنَیْنِ
گدھا سینگ لینے گیا تھا۔ کان کٹوا کے لوٹا۔ اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو فائدے کے لالچ میں اپنا سرمایہ بھی کھو بیٹھے۔

ذهب دمُهٗ دَرَجَ الرِّیَاحِ اَوْ اَدْرَجَ الرِّیَاحِ
اس کا خون ہوا کے راستے گیا۔ یعنی رائیگاں کہ اس کے قصاص کوئی طلب گار نہ ہوا۔

ذَهَبَ بَیْنَ الصَّحْوَةِ وَالسَّکْرَةِ
وہ ہوش اور مدہوشی کے درمیان گیا۔ یعنی ایسی حالت میں کہ کچھ شعور تھا اور کچھ نہ تھا۔

ذَهَبَ فِی السَّمٰی
وہ فضا میں چلا گیا۔

ذَهَبَتْ حَیْفَ لَاذَیَانَهَا
گرم ہوا اپنی عادت کے مطابق چلی۔ یعنی آدمی عادت پر مجبور ہے۔

اِنْ ذَهَبَ عَیْرٌ فَعَیْرٌ
ایک گورخر نکل گیا تو کیا' ایک تو جال میں موجود ہے۔

ذَهَبُوْ تَحْتَ کُلِّ کَوْکَبٍ
ہر ستارہ کے نیچے گئے۔ ان لوگوں کے لئے کہتے ہیں جن کے سفر کے راستے مختلف اور متضاد ہوں۔

ذهبوا وتفرقوا یدی سبا اور ایادی سبا
وہ اہل صبا کی طرح چلے گئے یا منتشر ہو گئے۔ یعنی ایسے منتشر ہوئے کہ پھر اجتماع ہی نہ ہوا۔ مثل قصہ طلب ہے۔ سبا کے باشندوں کو سیلاب عرم سے ڈرایا گیا تو وہ یمن سے نکل گئے اور جس کا جدھر منہ اٹھا چلا گیا۔

یَذْهَبُ العُرْفُ بَیْنَ اللّٰهِ وَالنَّاسِ
احسان خدا اور بندہ کے درمیان چلتا ہے۔ یہ مثال حطیۃ کے شعر کا آخری مصرع ہے۔

وَمَنْ یَفْعَلِ العُرْفَ لَا یَعْدِمُ جَوَائِزَهٗ
جو احسان کرتا ہے اس کا احسان نہیں مٹتا۔

اِذْهَبْ اِلٰی حَیْثُ اَلْقَتْ رَحْلَهَا اُمُّ قَشْعَمٍ
وہاں جا جہاں ام قشعم نے اپنا کجاوہ ڈالا تھا۔

وَمَنْ لَمْ یَذُدْ عَنْ حَوْضِهٖ یُهَدَّمِ
یعنی جو شخص اپنے تالاب کی مدافعت نہیں کرتا وہ منہدم ہو جاتا ہے۔

کُلُّ ذَاتِ ذَیْلٍ تَخْتَالُ
ہر دامن والی ناز و ادا سے چلتی ہے۔

Marfat.com

ر

رَاسُ الدِّینِ صِحَّۃُ الیَقِینِ
اصل دین یقین کا صحیح ہونا ہے۔
کُلَّ رَاسٍ بِہٖ صُدَاعٌ
ہر سر میں درد ہوتا ہے۔ ہر سر میں کوئی سودا ہے۔
رُبَّ رَاسٍ حَصِیْدُ لِسَانٍ
بہت سے سر زبان کے کاٹے ہوئے ہیں۔
کَاَنَّ عَلٰی رُؤُسِھِم الطَّیر
گویا کہ ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوتے ہیں۔
رَایَ الکُوکَبَ ظُھرًا
اس نے ظہر کے وقت ستارہ دیکھا۔
اِذَا رَأیتَ الرِّیحَ عَاصِفَۃً فَتطَامَنْ
جب آندھی سخت دیکھو تو پست ہو جاؤ۔
رَآ الصَّادِرُ وَالوَارِدُ
اس کو ہر آنے جانے والے نے دیکھا ہے۔ سورج نکلا سب نے دیکھا۔
اُرِیھا السُّھٰی تُرِیْنِی القَمَرَ
میں اس کو سہا دکھا رہا ہوں اور وہ مجھے چاند دکھا رہی ہے۔ باریک باتوں کو نہ سمجھنا۔
یَرَی الشَّاھِدُ مَا لَا یَرَی الغَائِبُ
حاضر وہ کچھ دیکھ لیتا ہے جو غائب نہیں دیکھتا۔
وَمَا تَرانِی یَا جَمِیل اَرَاکَ
جمیل جیسا تم مجھے جانتے میں بھی تمہیں جانتا ہوں۔
سُوفَ تَرای اِذَا انْجَلٰی الغُبَار اَفَرَسٌ تَحتَکَ اَمْ حِمَارٌ
جب غبار چھٹے گا تو دیکھ لوگے کہ تمہارے نیچے گھوڑا ہے یا گدھا۔
اَرَانِیْھَا النَّمِرَۃَ اَرِکَھَا مَطِرَۃً
تو مجھے دکھا کہ وہ چتکبرا ہے میں تجھے دکھا دوں گا کہ وہ برس رہا ہے۔
رَأیَ الشیخ خیر من مشھد غلام
بوڑھے کی رائے لڑکے کی موجودگی سے بہتر ہے۔
لَا رَأیَ لِمَن لَا یُطَاعُ
اس شخص کی کوئی رائے نہیں جس کی اطاعت نہ کی جائے۔ حضرت علیؓ نے اپنے ساتھیوں پر عتاب کرتے ہوئے ایک خطبہ میں فرمایا۔

اِنَّ الرَّایَ لَیسَ بِالتَّظَنِّی
رائے محض گمان ہی سے نہیں ہوتی۔ حال کی ترغیب کے لئے بولا جاتا ہے۔
رَبُّکَ وَصَاحِبُکَ لَا تَکْذِبْ عَلَیْھِمَا
اپنے آقا اور دوست پر جھوٹ نہ لگاؤ۔
کَالْرِبوطِ وَالمرعٰی خَصِیْبٌ
بندھا ہوا اور چراگاہ سرسبز۔
اِنَّ تَفْشَاءُ الرَّثِیْئَۃَ الغَضَبَ
دودھ غصہ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے یعنی ناراض کو تحفہ راضی کرتا ہے۔
رَجَعَ بِخُفَّی حُنَینٍ
وہ حنین کے موزے لے کر لوٹا۔
حَتّٰی یَرْجِعَ الدَّرُّ فِی الضَّرْعِ
یہاں تک کہ دودھ تھنوں میں لوٹ جائے۔ محال چیز کے لئے بولتے ہیں۔
حَتّٰی یَرْجِعَ السھم علٰی فُوقِہٖ
یہاں تک کہ تیرا اپنے فوق (چلہ) پر لوٹ جائے۔ ناممکن چیز کے لئے بولتے ہیں۔
اَلرِّجَالُ اَرْبَعَۃٌ
آدمی چار ہی قسم کے ہیں۔
ھَلْ یُرْتَجٰی مَطر مِنْ غَیرِ سَحَابٍ
کیا بادل کے بغیر بارش کی امید کی جاتی ہے۔
لَا تَرْجُ خَیرَ مَنْ لَا یَرْجُوْ خَیرَکَ
ایسے شخص پر خیر کی امید نہ رکھو جو تیری خیر کی امید نہیں رکھتا۔
رَحل یعض غَارِبًا مَجْرُوحًا
کجاوہ بھی زخمی کوہان کو ہی کاٹتا ہے۔ غارب: کوہان کا بالائی حصہ۔
اِرْحَمْ مَنْ دُوْنَکَ یَرْحَمکَ مَنْ فَوْقَکَ
اپنے سے نیچے پر تم رحم کر دتا کہ تم سے اوپر والے تم پر رحم کریں۔
اَرْخَصُ مِنَ التَّمْرِ بِالْبَصرۃ
بصرہ میں کھجور سے زیادہ سستا۔
اَرْخَص مِنْ تُرَابٍ
مٹی سے بھی زیادہ سستا۔
رُدَّ الحَجَرَ مِنْ حَیْثُ جَاءَکَ
پتھر جہاں سے آیا وہیں لوٹا دو۔
مَنْ رُدَّ ... [illegible]

سیلاب کو اس کے بالائی راستوں کی طرف کون لوٹا سکتا ہے۔

اَدْرَاجُ السَّیْلِ

بلندی سے آتی ہوئی سیلاب کی گزرگاہیں ناممکن بات کے لئے کہا جاتا ہے۔

بِئسَ الرِّدف لاَ بَعْدَنعَم

ہاں کے بعد نہیں بہت برا تابع ہے۔

اِذَا رَزَقَکَ اللّٰه مَغرفَةً فلاَ تُحرِق یَدَک

جب اللہ نے تجھے چمچہ دیا ہے تو تو اپنا ہاتھ مت جلا۔

رِزْقُ اللّٰهِ لاَ کَدُّکَ

اللہ کا دیا رزق ہے تیری محنت نہیں۔

رَزَمَةٌ وِلاَ دِرَّةٌ

اونٹنی کی آواز نہیں مگر دودھ نہیں۔

اَرسِلْ حَکِیْمًا وَلاَ تُوْصِیهِ

عقلمند کو قاصد بناؤ اور اس کو وصیت نہ کرو۔

لاَ رَسُوْلَ کَالدِرْهَم

روپیہ جیسا کوئی قاصد نہیں۔

اَلرَّشْفُ اَنْقَعُ

تھوڑا تھوڑا پینا زیادہ سیراب کرتا ہے۔ آہستگی اور وقار اختیار کرنے کی ترغیب کے لئے کہتے ہیں۔

رَضِیتُ مِن لغَنِیمَةِ بالْاِیَابِ

میں واپس لوٹ آنے کی غنیمت پر راضی ہوں۔

جان بچی سو لاکھوں پایا' لوٹ کے بدھو گھر کو آیا۔

رَضِیْتُ مِن الوَفَاءِ بِاللَّفَاءِ

میں تھوڑی سی وفاء پر راضی ہوں۔

مَن رضي عن نفسه کَثُر السَّاخِطِین عَلَیْهِ

جو اپنے نفس پر راضی ہو گیا اس نے اپنے پر ناراض ہونے والے زیادہ کر لیا۔

اِذَا تَرَضَّیْتَ اخاکَ فَلاَ اخالکَ

جب تو نے محنت سے اپنے بھائی کو راضی کیا گو اب وہ تیرا بھائی ہی نہیں۔

رِضَا النَّاسِ غَایَةٌ لاَ تُدْرَکُ

لوگوں کی رضامندی ایسا مقصد ہے جو کبھی حاصل نہیں ہو سکتا۔

لاَ تَکُن رطبًا فتعصر وَلاَ یَابِسًا فتکسر

نہ اتنا تر ہو جا کہ تجھے نچوڑ لیں اور نہ اتنا خشک کہ تجھے توڑ دیں۔

مَنِ اسْتَرعَی الذِّئبَ ظَلَم

جس نے بھیڑیئے کو چرواہا بنایا اس نے ظلم کیا۔ یعنی اس نے بکریوں پر ظلم کیا۔

مَسْرَعَی وَلاَ اَکُوْلَةٌ

چراگاہ موجود ہے مگر کھانے والی بکریاں موجود نہیں۔ ایسے مالدار کیلئے بولا جاتا ہے جس کا کوئی وارث نہ ہو۔

تَحْتَ الرَّغْوَةِ الصَّرِیْحُ

جھاگ کے نیچے خالص دودھ موجود ہے۔

من الرَّفْشِ اِلَی العرشِ

بیلچہ کے کام سے تخت کے اوپر۔

ترفض عند المحفظات الکتائف

غیرت انگیز موقعوں پر کینے متفرق ہو جاتے ہیں۔

اَرْفَعُ مِنَ السَّمَاء

آسمان سے زیادہ بلند۔

اَلرَّفِیْقُ قَبْلَ الطَّرِیْقِ

راستے سے پہلے ساتھی۔ ناموافق ساتھی سفر میں خصوصاً مصیبت کا سبب ہوتا ہے۔

بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِین

موافقت اور بچوں کے ساتھ شادی کرنے والے کے لئے دعا ہے۔

اَرَقُّ مِنَ النَّسِیم

بادِ نسیم سے زیادہ لطیف۔

اَرَقُّ مِنَ المَاءِ

پانی سے زیادہ پتلا۔

اَرَقُّ مِنْ رَقْرَاقِ السَّرَاب

سراب (ریت) کی چمک سے زیادہ لطیف۔

اَرَقُّ مِنَ الدمع الغمام

ابر کے آنسوؤں سے زیادہ پتلا۔

اُرْقُبِ البَیْتَ من الرَّاقبة

گھر کی حفاظت اس کے محافظ سے ہی کر۔ کسی نے گھر کی حفاظت کیلئے اپنے غلام کو چھوڑ دیا۔ غلام سامان لے کر چلتا بنا تب اس نے یہ جملہ کہا۔

کالراقم علی الماء

پانی پر لکھنے والے کی طرح بے وفا۔

اِرْقَ عَلَی ظَلْعِکَ

اپنے لنگڑے پن کا خیال رکھ کر چڑھو۔
رَکِبَ جَنَاحَی النَّعَامَةِ
وہ شتر مرغ کے بازوؤں پر سوار ہو گیا۔
یَرْکَبُ الصَّعْبَ مَنْ لَا ذَلُوْلَ لَهٗ
سرکش پر وہ سوار ہو جس کے پاس سدھایا ہوا نہ ہو۔ آسانی سے مقصد حاصل ہو تو سخت رویہ کیوں اختیار کرے۔
مَنْ لَمْ یَرْکَبِ الْاَهْوَال لَمْ یَنَلِ الْآمَالَ
جو ہولناک اشیاء پر سوار نہ ہوگا وہ امیدیں حاصل نہ کر سکے گا۔ مصیبت کے بغیر راحت نہیں ملتی۔
کَرَاکِبَ اِثْنَیْنِ
دو سواریوں کا سوار۔ جو شخص کاموں میں متردد ہو۔
رَمَی الْکَلَامَ عَلٰی غَوَاهِنِه
اس نے کلام کو کھجور کی ٹہنیوں پر دے مارا۔
رَمَاهُ اللّٰهُ بِلَیْلَةٍ لَا اُخْتَ لَهَا
اللہ تعالیٰ اس پر ایسی رات لائے جس کی بہن کوئی دوسری رات نہ ہو۔
رَمَاهُ اللّٰهُ مِن کُلِّ اَکَمَةٍ بِحَجَرٍ
اللہ تعالیٰ اس کو ہر ٹیلے سے پتھر مارے۔
رَمَاهُ بِاَحْقَافِ رَاسِه
اس کے سر کی کھوپڑی پر مارا۔
رَمَاهُ اللّٰهُ بِثَالِثَةِ الاَثَافِی
اللہ تعالیٰ اس کو چولہے کے تیسرے پتھر کے ساتھ مارے۔
رَمَاهُ بِدَاءِ الذِّئْبِ
اللہ تعالیٰ اس کو بھیڑیے کے مرض (نہ ختم ہونے والی بھوک) میں مبتلا کرے۔
رَمَاهُ بِنَبْلَةِ الصَّائِبِ
اس کو اپنے نشانے پر لگنے والے تیر سے مارا۔
رَمَتْنِی بِدَائِهَا وَانْسَلَّتْ
اپنی بیماری میری طرف منسوب کر دی اور کھسک گئی۔
لَا تَرْمِ سَهْمًا یَعْسُرُ عَلَیْکَ رَدُّهٗ
وہ تیر مت پھینک جس کا لوٹانا تجھ پر مشکل ہو۔
قَبْلَ الرَّمْیِ یُرَاشُ السَّهْمُ
تیر پھینکنے سے پہلے اس کو پر لگایا جاتا ہے۔ یراش یعنی تیر کے پر لگائے گئے۔ انہیں معنی میں کہا جاتا ہے قبل الرماء

تَمْلَاءُ الْکَنَائِنُ
تیر اندازی سے پہلے ترکش بھر لئے جاتے ہیں۔
مَا کُلُّ رَامِی غَرَضٍ یُصِیْبُ
ہر نشانہ باز نشانہ پر نہیں مار سکتا۔
قَبْلَ الرِّمَاءِ تُمْلَاءُ الْکَنَائِنُ
تیر اندازی سے پہلے ترکش بھرا جاتا ہے۔
رُبَّ رَمْیَةٍ مِنْ غَیْرِ رَامٍ
کبھی تیر اندازی وہ بھی کر لیتا ہے جو تیر اندازی نہیں جانتا۔
عِنْدَ الرِّهَانِ تُعْرَفُ السَّوَابِقُ
گھوڑ دوڑ کے وقت آگے نکلنے والے گھوڑے پہچانے جاتے ہیں۔
اِسْتَرَاحَ مَنْ لَا عَقْلَ لَهٗ
جس کو عقل نہیں اس نے راحت پائی۔ غم اور فکر عقل کے ساتھ ہیں۔
اَلرَّائِدُ لَا یَکْذِبُ اَهْلَهٗ
پیش رو جاسوس۔ اپنے لوگوں سے جھوٹ نہیں کہتا۔ رائد: وہ شخص جو قافلے سے آگے گھاس و پانی کی تلاش کے لئے جاتا ہے اگر وہ جھوٹ بولے گا تو لوگوں کے ساتھ خود بھی ہلاک ہو جائے گا۔
اَرْوَغُ مِنْ ثَعْلَبٍ
لومڑی سے زیادہ چال باز۔
اروغانا یا ثعالب وقد علقت بالجبال
کیا اب بھی حیلہ بازی کرے گی اے لومڑی جب کہ تو جال میں پھنس چکی ہو۔
اَرْوٰی مِنْ حَیَّةٍ
سانپ سے زیادہ سیراب۔
اَرْوٰی مِنْ ضَبٍّ
گو سے زیادہ سیراب۔
اَلرَّاوِیَةُ اَحَدُ الشَّاتِمَیْنِ
نقل کرنے والی دو گالی دینے والوں میں سے ایک ہے۔
رُبَّ رَیْثٍ یَعْقَبُ فَوْتًا
بسا اوقات دیر کرنا فوت ہونے کا نتیجہ دیتا ہے۔ یعنی تاخیر ناکامی کا سبب ہوتی ہے۔ ریث: دیر کرنا۔
اِنْ کُنْتَ رِیْحًا فَقَدْ لَاقَیْتَ اِعْصَارًا
اگر تو ہوا تھا تو بگولے سے مل گیا۔ سیر کو سوا سیر مل گیا۔
ان اردت المعاجزة فقبل المناجزة
اگر آڑ لینا چاہتا ہے لڑائی یا فنا ہونے سے پہلے۔ صلح کرنے والے

کے لئے بولا جاتا ہے۔

أُرید حباءہٗ ویرید قتلی

میں اس کو عطیہ دینے کا ارادہ رکھتا ہوں اور وہ میرے قتل کا ارادہ (رکھتا ہے) کرتا ہے۔

اِذَا رَادَ اللّٰہُ ھلاک نملۃ انبت لھا جناحین

جب چیونٹی کی موت آتی ہے تو اس کے پر نکل آتے ہیں۔

مَنْ لَمْ یُرِدْکَ فَلَا تُرِدْہُ

جو شخص تیرا ارادہ نہ کرے تو اس کا ارادہ نہ کر۔

کَمْ بَین مَرِیدٍ وَ مُراد

ارادہ اور مراد میں بڑا فاصلہ ہے۔

ز

جَعَلَ الزُّجَّ قُدَام السِّنَانِ

اس نے زج کرانی کے سامنے لگا لیا۔ حالانکہ اس کی جگہ انی کے پیچھے ہے۔

اِنْ لَمْ تُزاحِم لَمْ یَقَعْ فِی الخُرْجِ شَیٌٔ

اگر تو مزاحمت نہ کرتا تو خرجین میں کوئی چیز نہ پڑتی۔

مَنْ یَزْرع الشَّوکَ لَا یَحْصُد بہ العِنَبَا

جو کانٹے بوئے گا اس سے انگور نہیں کاٹے گا۔ انگور توڑنے کے لئے قطف العنب: بولتے ہیں۔

کَمَا تَزْرَعُ تَحْصُدُ

جیسا بوئے گا ویسا کاٹے گا۔

ھُوَ اَزْرَقُ العَیْنِ

وہ نیلگوں آنکھ والا ہے۔

لِکُلِّ زَعْمٍ خَصْمٌ

ہرگمان کے لئے کوئی مقابل ہے۔

زَقَّہٗ زَقَّ الحمامۃ فَرْخَھا

اس کو چگا دیا جیسے کبوتری اپنے بچے کو چوگا دیتی ہے۔ کسی کو کوتاہی کے بغیر محبت وشفقت سے پرورش کی۔

اِذَا زَلَّ العَالِمُ بِذَلَّتِہ عَالَمٌ

عالم کی لغزش سے ایک جہان لغزش میں مبتلا ہو جاتا ہے۔

وَزَلَّۃُ الرَّأی تَنسی زَلَّۃَ القَدَم

رائے کا پھسلنا قدم کے پھسلنے کو بھلا دیتا ہے۔ رائے کی لغزش ٹھوکر لگنے سے زیادہ سخت ہوتی ہے۔

لِکُلِّ زَمانٍ رِجَالٌ

ہر زمانے کے لئے کچھ لوگ ہوتے۔

ھُمَا زَنْدَانِ فِی وِعَاءٍ

وہ دونوں ایک ہی برتن میں آگ سلگانے والے ہیں۔

اَزْھٰی مِنْ وَعَلٍ

کوے سے زیادہ متکبر۔

اَزْھٰی مِنْ طَاؤُوسٍ

طاؤس سے زیادہ متکبر اتراتا ہے۔

زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا

ایک چھوڑ کر زیارت کرنا کہ محبت زیادہ ہو۔ روز کا آنا جانا قدر کھو دیتا ہے۔

اَلزَّیْتُ فِی العَجِینِ لَا یَضِیعُ

روغن آٹے میں ضائع نہیں ہوتا۔ گھی کہاں گیا کھچڑی میں۔ رشتہ داروں کے ساتھ احسان کرنے والے کے لئے بولتے ہیں۔

زَادَ فِی الطُّنْبُورِ نغمۃ

اس نے طنبور میں ایک نغمے کا اضافہ کیا۔

زُیِّنَ فِی عَیْنِی وَالِدٍ وَلَدُہٗ

باپ کی نظر میں بیٹا خوبصورت ہوتا ہے۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو اپنے اہل وعیال کو اچھا سمجھے۔

س

اِن سأل اَلْحَفَ وَاِنْ سُئِلَ سَوَّفَ

اگر وہ سوال کرتا ہے تو لپٹ جاتا ہے اور اگر اس سے سوال کیا جاتا ہے تو ٹال دیتا ہے۔

تَسْأَلُنِی اُمُّ الخِیَارِ جَمَلاً. یَمْشِی رَوِیدًا وَیَکُونَ اولاً

ام خیار مجھ سے ایسا اونٹ مانگتی ہے جو آہستہ چلے اور اوّل آئے۔ دشوار چیز مانگتی ہے۔

سَائِلُ اللّٰہِ لَا یَخِیبُ

خدا سے مانگنے والا محروم نہیں رہتا۔

سَبَّکَ مَنْ بَلَّغَکَ السَّبَّ

اسی نے تمہیں گالی دی جس نے تمہارے پاس گالی پہنچائی۔

سُبَّنِی وَاصْدُقْ

مجھے گالی دو اگر سچ کہو۔ سچ بولنے پر رغبت کے لئے بولا جاتا ہے۔

مَالَہٗ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ

نہ اس کے بال ہیں نہ اون۔

سَبَقَ سَیْلُہ مَطَرَہٗ

اس کا سیلاب اس کی بارش سے بھی پہلے آ گیا۔نفع سے پہلے نقصان ہو گیا۔

سَبَقَ السَّیفُ الْعَذَلَ

تلوار ملامت سے سبقت لے گئی۔ضبہ ابن اد نے اپنے لڑکے کے قاتل کو حرم میں قتل کر دیا۔لوگوں نے ملامت کی تو اس نے یہ جملہ کہا۔

سَبَقَ دِرَّتُہٗ غِرَارَہٗ

اس کے زیادہ دودھ سے کم دودھ سابق ہو گیا۔شر خیر سے پہلے آ گیا اور احسان سے پہلے ہی بدی کی۔

مَنْ سَابَقَ الدَّھرَ عَثَرَ

جو زمانہ سے آگے بڑھے گا وہ پھسل جائے گا۔

مَا استَتَرَ مَنْ قَادَ الجَمَلَ

جو اونٹ کو کھینچ کر لے جائے گا وہ چھپا نہیں رہے گا۔

سَحَابَۃ صَفٌ عَنْ قَلِیلٍ تَقْشَعُ

گرمی کی بدلی جلد ہی چھٹ جاتی ہے۔کم ٹھہرنے والے کے لئے مثال ہے۔

لَمَّا اَسْتَدَ سَاعِدَہ رِمَانِی

جب اس کی کلائی درست ہو گئی تو اس نے مجھے ہی تیر مارا۔

اَلسِرُّ اَمَانَۃٌ

راز ایک امانت ہے۔

سِرُّکَ مِنْ دَمِکَ

تیرا راز تیرے خون سے ہے۔بسا اوقات افشائے راز موت کا سبب بن جاتا ہے۔

مَالَہٗ سَارِحَۃ وَلاَ رَائِحَۃ

اس کے پاس نہ چرنے والے جانور ہیں نہ چر کر واپس آنے والے۔

اَسْرَعُ مِنَ الْبَرقِ

بجلی سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسْرَعُ مِنَ الْبَیْنِ

جدائی سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسْرَعُ مِنَ الطَّرْفِ

نگاہ سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسْرَعُ مِنَ اللَّمْعِ

نظر سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسْرَعُ مِنْ لَمْعِ الْبَصرِ

آنکھ جھپکنے سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسْرَعُ مِنْ رَجْعِ الصَّدٰی

آواز سے باز گشت سے زیادہ تیز رفتار۔

اَسْرَعُ مِنَ الْیَدِ اِلَی الْفَمِ

منہ کی طرف ہاتھ سے زیادہ تیز رفتار۔

یَسْرِقُ الکُحْلَ مِنَ العین

آنکھ سے سرمہ چرا لیتا ہے۔

اَسرَی مِنَ الْخَیَال

خیال سے زیادہ چلنے والا۔

اَلسَّعِیدُ مَنْ کُفِیَ

نیک بخت وہ ہے جس کو استغناء حاصل ہو گیا۔

بَالسَّاعِدِ یَبْطِشُ الْکَفُّ

کلائی کے ذریعہ ہی ہاتھ مضبوط پکڑتا ہے یعنی کامیابی کے لئے قوت و قدرت ضروری ہے۔جو میرے پاس نہیں اور مددگاروں کی کمی کے موقع پر بھی مثال دی جاتی ہے۔اسی طرح کا ایک شعر ہے

اولئک اخوانی الذین رایتھم
وما الکف الا اصبع ثم اصبع

یہ میرے بھائی ہیں جن کو تو نے دیکھ لیا اور ہاتھ انگلی در انگلی کے علاوہ نہیں۔ایک ایک انگلی سے ہی پورا ہاتھ بنتا ہے۔

مَالَہٗ سِعَتہ وَلاَ مَعْنَۃٌ

نہ اس کے پاس تھوڑا کھانا ہے نہ زیادہ۔

مَنْ سَعٰی رَعٰی

جو دوڑا وہ چر گیا۔

رُبَّ سَاعٍ لِقَاعِدٍ

بعض آدمی بیٹھے ہوئے کے لئے دوڑتے ہیں۔

یَسْتَفُّ التُّرابَ وَلاَ یَخْضَعُ لِاَحَدٍ عَلٰی بَابٍ

خاک پھانکتا ہے مگر کسی کے دروازے پر نہیں جھکتا۔

سَفِیۃٌ لَمْ یَجِد مُسَافِھا

سبک سر بے وقوف ہے کسی گالی دینے والے سے واسطہ نہیں پڑا۔

حَیثُمَا سَقَطَ لَقَطَ

جہاں کہیں جا پڑا وہیں سے کچھ اٹھا لیا۔حیلہ ساز اور چالاک شخص کے

لئے بولتے ہیں ”جہاں دیکھا توا پرات وہیں گزار دی ساری رات“۔

لِکُلِّ سَاقِطَةٍ لَاقِطَةٌ

ہر گرنے والی چیز کو کوئی اٹھانے والی مل جاتی ہے۔

یُسقی مِن کُلِّ یَدٍ بِکَاسٍ

ہر ہاتھ سے ایک پیالہ پی لیتا ہے۔

سَاقِیَة لَا تُعَکِّرِ بُحرًا

چھوٹی ہر سمندر کو گدلا نہیں کرتی۔

سَکَتَ اَلفًا وَنَطَقَ خَلفًا

ہزار لحظہ خاموش رہا۔

اَلسُّکُوت اَخُوا لرضا

خاموشی رضامندی کی طرح ہے۔

رُبَّ سُکُوتٍ اَبلَغ مِن کَلَامٍ

بہت سی خاموشیاں کلام سے زیادہ بلیغ ہوتی ہیں۔

رُبَّمَا کَانَ السُّکُوت جوابًا

بسا اوقات خاموشی ہی جواب ہوتی ہے۔

سَلعِ الحُبَارَی سَلَاحُهُ

سرخاب کا بیٹ کرنا ہی اس کا ہتھیار ہے۔

سَلَاحُ الضُّعفَاءِ الشِّکَایَةُ

کمزوروں کا ہتھیار شکایت ہی ہے۔

اَسلَحُ مِنَ الحُبَارَی

سرخاب سے زیادہ بیٹ کرنے والا۔

اَلسُّلطَان ظِلُّ اللّٰهِ فِی اَرضِهٖ

بادشاہ خدا کی سرزمین پر خدا کا سایہ ہے۔ مخلوق کو اس سایہ میں پناہ ملنی چاہئے۔

لَا سُلطَان بِلَا رِجَالٍ

بغیر آدمیوں کے کوئی بادشاہ نہیں بنتا۔

لَیسَ لِسُلطَانِ العلم زَوال

سلطان علم کو زوال نہیں۔

مَن سَلَکَ الجَدَ اَمِنَ العِثَار

جو شخص ہموار زمین پر چلے گا وہ پھسلنے سے محفوظ رہے گا۔

اِن سَلِمتَ مِنَ الاَسَدِ فَلَا تَطمَع فِی صَیدِهٖ

اگر تو شیر سے بچ جائے تو اس کا شکار کا لالچ نہ کر۔

مَن سَلِمَت سَرِیرَتُهُ سَلِمَت عَلَانِیَتُهُ

جس کی باطنی خصلت درست ہوگی اس کا ظاہر بھی سالم ہوگا۔

اِن تَسلَمِ الجِلَّةُ فَالنِّیبُ هَدَرٌ

اگر بڑے اونٹ بچ جائیں تو بوڑھی اونٹنیاں رائیگاں ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ جب قیمتی چیز بچ جائے تو بے قیمت چیزوں کی پرواہ نہیں ہوتی۔

اَلسَّلَامَةُ غَنِیمَة

سلامتی ایک غنیمت ہے۔

اِنَّ السَّلَامَةَ مِنهَا تَرکُ مَا فِیهَا

اس کی سلامتی یہ ہے کہ اس میں جو کچھ ہے اس کو چھوڑ دیا جائے۔

اَسمَحُ مِنَ لَافِظَةٍ

پرندے سے زیادہ سخی جو اپنے پیٹ کا کھانا اپنے بچوں کو چگا دیتا ہے۔

لَقَد اسمعت لو نادیت حیًا

اگر تو کسی زندہ کو پکارتا تو اس کو سنا دیتا۔

اَسمع جَعجَعَة وَلَا اَرَی طِحنًا

چکی کی گڑگڑاہٹ تو سنتا ہوں مگر آٹا دکھائی نہیں دیتا۔ بزدل اور بخیل کا شور تو سنائی دیتا ہے مگر عمل نظر نہیں آتا۔

اَن تَسمَعَ المُعَیدِی خَیر مِن ان تَرَاهُ

تیرا معیدی کو سننا اس کو دیکھنے سے بہتر ہے۔ منذر ابن ماء السماء نے کہا تھا جو شقہ بن حمرۃ المعیدی کے متعلق اچھی خبریں سن کر خوش فہمی رکھتا تھا۔ دیکھا تو وہ انتہائی بدصورت نکلا۔ اس کا یہ قول ضرب المثل بن گیا۔

اِذَا لم تُسمِع فَالمَعُ

جب تو سنا نہ سکے تو اشارہ ہی کر دے۔

اِسمَع وَلَا تُصَدِّق

سن لے خواہ تصدیق نہ کر۔

سَامِعًا دَعَوت

تو نے سننے والے کو پکارا ہے۔

بین سَمعِ الارض وَبَصرِها

زمین کے کان اور آنکھ کے درمیان۔

اَسمَعُ مِن قُرَاد

چچڑی سے زیادہ سننے والا۔ کہتے ہیں کہ چچڑی ایک دن کی مسافت کی راہ سے اونٹ کے پاؤں کی آواز سن کر اس طرف حرکت شروع کر دیتی ہے۔

قَد اِستَسمَنتَ ذَاوَرَمٍ

تو نے ورم والے کو موٹا سمجھ لیا ہے۔ ظاہر سے فریب کھایا ہے۔

سَمنُکُم هُرِیقَ فِی اَدِیمِکُم

تمہارا گھی تمہاری کھال میں ہی انڈیل دیا گیا ہے۔ تمہارا مال تم ہی پر خرچ ہوا۔

اَسمَنُ مِن یَعَرٍ

یعر سے زیادہ فربہ۔

مَن لِی بِالسَّانِحِ بَعدَ البَارِحِ

کون میرے لئے مبارک ہوگا منحوس کے بعد۔

کَانَ سَندَانًا فَصَارَ مِطرَقَۃً

وہ اہرن تھا پھر ہتھوڑا بن گیا۔

اِذَا کُنتَ سَندَانًا فَاصبِرُوا اذا کنت مطرقۃ فاوجِعْ

اگر تو اہرن ہے تو صبر کر اور اگر ہتھوڑا ہے تو درد پہنچا۔

اَسهَرُ مِنَ النَّجمِ

ستارے سے زیادہ جاگنے والا۔

اَسهَرُ مِن قُطرُبٍ

قطرب (رات بھر جاگنے والا کیڑا) سے زیادہ جاگنے والا۔

سَهمٌ لَکَ وَسَهمٌ عَلَیکَ

ایک حصہ تیرے موافق دوسرا تیرا مخالف۔

اَسَاءَ سَمعًا فَاسَاءَ اجابۃً

اس نے غلط سنا اور غلط جواب دیا۔

اَسَاءَ کَارِهٌ مَا عمل

مجبور شخص نے برا کام کیا۔

اَسَاءَ رَعیًا فسقی

اس نے بری طرح چرایا اور پھر پانی بھی پلا دیا۔ اس نے کم چرانے کے بعد خالی پیٹ سے پانی پلا دیا۔ کام اچھا نہ کیا اور اصلاح کی کوشش سے مزید فساد پھیلا دیا۔

سُوءُ الظَّنِّ مِن شِدَّۃِ الضِّنِّ

بدگمانی انتہائی دوستی کی وجہ سے ہوتی۔ اس کے ہم معنی ہے ان الشفیق بسوء ظن مولع: مہربان بدگمانی کا حریص ہے۔

سَیِّدُ القوم اَشقَاهم

